زبدۃ العارفین قدوۃ السالکین حجۃ الاسلام امام
ابو حامد محمد بن محمد غزالی رحمۃ اللہ
کی تحقیق انیق اور علوم معارف کے بے بہا خزانہ
احیاء علوم الدین
المعروف احیاء العلوم کا با محاورہ مستند اُردو ترجمہ
مصباح السالکین
مترجم: مولانا محمد صدیق ہزاروی
پروگریسو بکس
GRAFIX

عُمدۃ السالکین زبدۃ العارفین قُدوۃ السالکین حُجۃ الاسلام امام

ابو حامد محمد بن محمد غزالی رحمۃ اللہ

کی تحقیق انیق اور علوم معارف کے بے بہا خزانہ

احیاءِ علوم الدّین

الموف احیاء العلوم کا با محاورہ مستند اردو ترجمہ

مِصباحُ السّالکین

جلد چہارم

مترجم: مولانا محمد صدیق ہزاروی

پروگریسو بکس

۴۰-بی اردو بازار، لاہور

فون: ۷۳۵۲۷۹۵

نام کتاب	....	احیاء العلوم
مصنف	....	حجۃ الاسلام حضرت امام محمد غزالیؒ
مترجم	....	مولانا محمد صدیق ہزاروی سعیدی
جلد	....	چہارم
حوالہ جات	....	حق نواز نقشبندی
تصحیح / پروف ریڈنگ	....	مولانا محمد یٰسین قصوری / محمد عبداللہ قادری
		مولانا محمد اختر رضا القادری / محمد ادریس قادری
پرنٹرز	....	حاجی حنیف اینڈ سنز پرنٹرز' لاہور
ناشر	....	چوہدری غلام رسول
		میاں جواد رسول
قیمت	....	مکمل 4 جلد سیٹ

فہرست مضامین احیاء العلوم اُردو جلد چہارم

عنوان	صفحہ نمبر
۱- پہلا باب	
توبہ کا بیان	۱۷
پہلی فصل توبہ کی حقیقت اور اس کی تعریف	۱۹
دوسری فصل توبہ کا وجوب اور اس کی فضیلت	۲۰
تیسری فصل توبہ فوراً واجب ہے	۲۸
چوتھی فصل ہر شخص پر اور ہر حال میں توبہ واجب ہے	۳۱
پانچویں فصل شرائط توبہ کے جمع ہونے پر اس کی قبولیت یقینی ہے۔	۴۰
دوسرا رکن کس سے توبہ	۴۷
پہلی فصل بندوں کی صفات کے اعتبار سے گناہوں کی اقسام	۴۷
دوسری فصل آخرت میں جنت اور دوزخ کے درجات کی نیکیوں اور برائیوں کے اعتبار سے تقسیم	۶۰
تیسری فصل صغیرہ گناہ کیسے کبیرہ بنتے ہیں	۷۹
تیسرا رکن پہلی فصل توبہ کی تکمیل اس کی شرائط اور آخر عمر تک اس کا باقی رہنا	۸۴
دوسری فصل دوام توبہ کے سلسلے میں بندوں کی اقسام	۱۰۴
تیسری فصل توبہ کرنے والے سے گناہ سرزدہ ہو تو کیا کرے	۱۱۱
چوتھی فصل توبہ کی دوا اور اصرار کے خاتمہ کیلئے علاج	۱۱۸

عنوان	صفحہ نمبر
۲- دوسرا باب	
صبر اور شکر کا بیان	۱۴۲
پہلا حصہ صبر کا بیان	″
فصل ۱ فضیلت صبر	۱۴۲
فصل ۲ صبر کی حقیقت اور اس کا معنی	۱۴۸
فصل ۳ صبر نصف ایمان ہے	۱۵۵
فصل ۴ جن امور سے صبر کیا جاتا ہے ان کی نسبت سے صبر کے مختلف نام	۱۵۶
فصل ۵ قوت وصف میں اختلاف کے اعتبار سے صبر کی اقسام	۱۵۸
فصل ۶ صبر کی حاجت کا مقام اور بندہ کسی حال میں بھی صبر سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔	۱۶۲
فصل ۷ صبر کی دوا اور اس پر مدد	۱۷۱
دوسرا حصہ شکر کا بیان	۱۸۸
فصل ۱ نفس شکر، شکر کی فضیلت	″
فصل ۲ شکر کی تعریف اور حقیقت	۱۹۳
فصل ۳ اللہ تعالیٰ کے حق میں شکر کی وضاحت	۱۹۹
فصل ۴ اللہ تعالیٰ کی پسند و ناپسند میں امتیاز	۲۱۰
شکر کے ارکان اور کس پر شکر واجب ہے	۲۳۰
فصل ۱ نعمت کی حقیقت اور اقسام	″
اس بات کا بیان کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتیں بے شمار ہیں	۲۵۲

عنوان	صفحہ نمبر
پہلا نکتہ اسباب ادراک کی تخلیق کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی نعمتیں	٢٥٣
دوسرا نکتہ اردوں کی تخلیق میں نعمتوں کی اقسام	٢٥٦
تیسرا نکتہ قدرت اور آلات حرکت کی تخلیق میں اللہ تعالیٰ کی نعمتیں۔	٢٥٧
چوتھا نکتہ جن چیزوں سے کھانے حاصل ہوتے ہیں ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا بیان	٢٦٥
پانچواں نکتہ کھانوں کی انسان تک رسائی کے اسباب کے سلسلے میں انعامات خداوندی۔	٢٧٠
چھٹا نکتہ کھانوں کی اصلاح	٢٧١
ساتواں نکتہ اصلاح کرنے والوں کی اصلاح	٢٧٢
آٹھواں نکتہ فرشتوں کی پیدائش میں اللہ تعالیٰ کی نعمت	٢٧٤
تیسرا بیان مخلوق کو شکر سے بھرنے والا سبب	٢٨٠
تیسرا رکن صبر و شکر کا باہمی تعلق واشتراک	٢٨٨
پہلا بیان صبر و شکر کا ایک چیز پر جمع ہونے کا سبب	
فصل ٢ مصیبت بر نعمت کی فضیلت	٣٠٣
فصل ٣ صبر و شکر میں افضل کیا ہے۔	٣٠٦
٣- تیسرا باب	
خوف اور امید کا بیان	٣١٩
فصل ١ امید کی حقیقت	٣٢٠
فصل ٢ امید کی فضیلت اور ترغیب	
فصل ٣ امید کی دوا اور حالت رجاء کیسے حاصل ہوتی ہے۔	٣٢٨

عنوان	صفحہ نمبر
دوسرا حصہ خوف کا بیان	٣٤٩
فصل ١ حقیقت خوف	"
فصل ٢ خوف کے درجات اور قوت و ضعف کے اعتبار اس کا مختلف ہونا۔	٣٥٣
فصل ٣ جس چیز کا خوف ہوتا ہے اس کی نسبت سے اقسام خوف	٣٥٥
فصل ٤ فضیلت خوف اور اس کی ترغیب	٣٦٠
فصل ٥ غلبہ خوف افضل ہے یا غلبہ رجاء یا اعتدال	٣٧٠
فصل ٦ حالت خوف میں کیا علاج کیا جائے۔	٣٧٦
فصل ٧ برے خاتمہ کا مفہوم	٣٩٢
فصل ٨ خوف کے سلسلے میں انبیاء کرام اور فرشتوں کے احوال	٤٠٦
فصل ٩ شدت خوف کے سلسلے میں صحابہ کرام تابعین اور اولیاء کرام کے حالات	٤١٢
٤- چوتھا باب	
فقر و زہد کا بیان	٤٢٥
پہلا حصہ فقر کا بیان	"
فصل ١ حقیقت فقر اور فقیر کے احوال اور ناموں کا اختلاف	٤٢٦
فقر کی پانچ حالتیں	٤٢٧
فصل ٢ فقر کی مطلق فضیلت	٤٣٤
نبی کے خواص	٤٣٥
فصل ٣ خاص فقراء راضی قانع اور صادق کی فضیلت	٤٤٥

عنوان	صفحہ نمبر
فصل ۴ مال داری پر فقر کی فضیلت	۴۵۰
فصل ۵ فقر میں آداب فقیر	۴۵۹
فصل ۶ بغیر سوال کے ملنے والے عطیہ کو فقیر قبول کرلے تو اس کے آداب	۴۶۲
فصل ۷ ضرورت کے بغیر سوال حرام ہے اور مجبور فقیر کے آداب	۴۶۹
فصل ۸ کس قدر مالداری سے سوال حرام ہوتا ہے	۴۷۷
فصل ۹ مانگنے والوں کے حالات	۴۸۰
دوسرا حصہ زہد کا بیان	۴۸۲
فصل ۱ زہد کی حقیقت	۴۸۳
فصل ۲ زہد کی فضیلت	۴۸۹
فصل ۳ زہد کے درجات	۵۰۴
مرغوب فیہ کے اعتبار سے زہد کے درجات	۵۰۶
فصل ۴ ضروریات زندگی میں زہد کی تفصیل	۵۱۴
فصل ۵ زہد کی علامات	۵۳۷
۵۔ پانچواں باب	
توحید اور توکل کا بیان	۵۴۲
مقصد توکل کی فضیلت	۵۴۳
فصل ۱ حقیقت توحید جو توکل کی اصل ہے	۵۴۸
دوسرا حصہ توکل اور اس کے اعمال	۵۷۹
فصل ۱ توکل کا حال	//
فصل ۲ احوال توکل سے متعلق بزرگوں کے اقوال	۵۸۹
فصل ۳ متوکلین کے اعمال	۵۹۱

عنوان	صفحہ نمبر
متوکلین اور اسباب	۵۹۷
متوکلین کے اسباب سے تعلق کی مثال	۶۱۳
متوکلین کا سامان چوری ہوجائے تو کیا کریں۔	۶۲۶
فصل ۱ ترک علاج اور توکل	۶۳۶
فصل ۲ ہر حال میں ترک علاج کو افضل سمجھنے والوں کا رد	۶۴۵
مرض کو ظاہر کرنے اور چھپانے کے سلسلے میں متوکلین کے احوال	۶۴۹
۶۔ چھٹا باب	
محبت شوق، انس اور رضا کا بیان	۶۵۳
فصل ۱ بندے کی اللہ تعالیٰ سے محبت کے شرعی شواہد	۶۵۴
فصل ۲ محبت کی حقیقت و اسباب اور بندے کی اللہ تعالیٰ سے محبت کا معنیٰ	۶۵۹
حسن و جمال کا معنیٰ	۶۶۴
فصل ۳ مستحق محبت صرف اللہ تعالیٰ ہے	۶۶۸
فصل ۴ سب سے بڑی لذت معرفت خداوندی ہے۔	۶۸۲
فصل ۵ معرفت دینی کی نسبت آخرت میں لذت دیدار کے زیادہ ہونے کا سبب۔	۶۹۲
فصل ۶ محبت خداوندی کو مضبوط کرنے والے اسباب	۶۹۹
فصل ۷ محبت میں لوگوں کے درمیان تفاوت کا سبب	۷۰۸

عنوان	صفحہ نمبر
فصل ۸ معرفت خداوندی میں مخلوق کی سمجھ کیوں کوتاہ ہوتی ہے۔	۷۱۰
فصل ۹ شوق خداوندی کا مفہوم	۷۱۴
فصل ۱۰ محبت خداوندی اور اس کا مفہوم	۷۲۳
فصل ۱۱ بندے کی اللہ تعالیٰ سے محبت کی علامات	۷۳۱
فصل ۱۲ اللہ تعالیٰ سے انس کا معنیٰ	۷۵۵
فصل ۱۳ غلبہ انس کا نتیجہ کشادگی اور محبت کا مفہوم	۷۵۷
فصل ۱۴ اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر راضی ہونے کا مفہوم	۷۶۶
فصل ۱۵ فضیلت رضا	۷۶۷
فصل ۱۶ رضا کی حقیقت اور خواہش کے خلاف اس کا تصور	۷۷۵
فصل ۱۷ گناہوں کے مراکز سے بھاگنا اور گناہوں کی مذمت رضا کے خلاف نہیں	۷۹۱
فصل ۱۸ محبت کرنے والوں کے کچھ واقعات اقوال اور مکاشفات	۷۹۴
خاتمہ محبت سے متعلق متفرق مفید کلمات	۸۰۳
۷۔ ساتواں باب	
نیت و اخلاص کا بیان	۸۰۷
پہلا باب نیت کا بیان	۸۰۸
فصل ۱ فضیلت نیت	"
فصل ۲ حقیقت نیت	۸۱۵
فصل ۳ مومن کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے	۸۱۸
فصل ۴ نیت سے متعلق اعمال کی فضیلت	۸۲۳
فصل ۵ نیت اختیاری چیز نہیں	۸۳۴

عنوان	صفحہ نمبر
دوسرا باب اخلاص کی فضیلت، حقیقت اور درجات	۸۳۸
فصل ۱ فضیلتِ اخلاص	۸۳۸
فصل ۲ حقیقتِ اخلاص	۸۴۵
فصل ۳ اخلاص کے بارے میں بزرگوں کے اقوال	۸۵۰
فصل ۴ اخلاص میں پائی جانے والی آفات	۸۵۲
فصل ۵ مخلوط عمل کا حکم اور ثواب	۸۵۵
تیسرا باب۔ صدق اور اس کی فضیلت و حقیقت	۸۶۲
فصل ۱ فضیلت صدق	۸۶۲
فصل ۲ صدق کی حقیقت، معنیٰ اور مراتب	۸۶۵
۸۔ آٹھواں باب	۸۷۸
مراقبہ اور محاسبہ کا بیان	۸۷۸
فصل ۱ نگہداشت کا پہلا مقام، باہم شرط رکھنا۔	۸۸۱
فصل ۲ نگہداشت کا دوسرا مقام، مراقبہ	۸۸۷
فصل ۳ مراقبہ کی حقیقت اور اس کے درجات	۸۹۲
فصل ۴ نگہداشت کا تیسرا مقام عمل کے بعد نفس کا محاسبہ۔	۹۰۶
فصل ۵ عمل کے بعد محاسبہ کی حقیقت	۹۰۹
فصل ۶ چوتھی نگہداشت۔ کوتاہی پر نفس کو سزا	۹۱۱
فصل ۷ پانچویں نگہداشت۔ مجاہدہ	۹۱۵
فصل ۸ عبادت گزار خواتین	۹۲۹
فصل ۹ چھٹی نگہداشت نفس کو جھڑکنا اور اس پر غصہ کرنا	۹۳۴
۹۔ نواں باب	
فکر اور عبرت کا بیان	۹۴۹

عنوان	صفحہ نمبر
فصل ۱ تفکر کی فضیلت	۹۵۰
فصل ۲ فکر کی حقیقت اور اس کا نتیجہ	۹۵۵
فصل ۳ فکر کی گزرگاہیں	۹۵۸
فصل ۴ مخلوق خدا میں تفکر کی کیفیت	۹۷۳
۱۰۔ دسواں باب	
موت اور اس کے بعد کا بیان	۱۰۰۳
پہلا باب۔	۱۰۰۵
فصل ۱ موت کا ذکر اور بکثرت ذکر کی ترغیب۔	۱۰۰۵
فصل ۲ موت کا ذکر باعث فضیلت ہے جیسا بھی ہو	۱۰۰۹
فصل ۳ دل میں موت کی یاد کا طریقہ	۱۰۱۱
دوسرا باب۔	۱۰۱۲
فصل ۱ مختصر امید کی فضیلت	۱۰۱۲
فصل ۲ طویل امید کا سبب اور اس کا علاج	۱۰۲۲
فصل ۳ امید کے زیادہ اور کم ہونے میں لوگوں کے مراتب	۱۰۲۴
فصل ۴ عمل میں جلدی کرنا اور تاخیر کی آفت سے بچنا۔	۱۰۲۷
تیسرا باب۔	۱۰۳۳
فصل ۱ موت کی سختیاں اور اس وقت کیا مستحب ہے	۱۰۳۳
فصل ۲ موت کے وقت کیا کیا باتیں مستحب ہیں۔	۱۰۴۲
فصل ۳ ملک الموت کی ملاقات کے وقت زبان حال سے بیان کی گئی حسرت	۱۰۴۶
چوتھا باب۔	۱۰۵۰
رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء راشدین کا	۱۰۵۰

عنوان	صفحہ نمبر
وصال مبارک	
فصل ۱ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک	۱۰۵۰
فصل ۲ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وصال مبارک	۱۰۶۵
فصل ۳ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا وصال مبارک	۱۰۶۷
فصل ۴ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا وصال	۱۰۷۱
فصل ۵ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا وصال	۱۰۷۳
پانچواں باب۔	۱۰۷۴
موت کے وقت خلفاء امراء اور صالحین کے اقوال۔	۱۰۷۴
فصل ۱ صحابہ کرام، تابعین اور تبع تابعین میں سے خاص لوگوں کے اقوال۔	۱۰۷۸
چھٹا باب۔	۱۰۸۵
جنازے اور قبرستان میں کہے گئے کلمات اور زیارت قبور	۱۰۸۵
فصل ۱ جنازے سے عبرت پکڑنا۔	۱۰۸۵
فصل ۲ قبر کی حالت اور قبروں کے پاس بزرگوں کے اقوال۔	۱۰۸۸
فصل ۳ قبروں پر لکھے گئے چند قطعات	۱۰۹۳
فصل ۴ اولاد کی موت پر بزرگوں کے اقوال	۱۰۹۶
زیارت قبور کا طریقہ	۱۱۰۱
ساتواں باب۔	۱۱۰۷

عنوان	صفحہ نمبر
موت کی حقیقت اور صور پھونکنے تک میت پر کیا گذرتی ہے۔	۱۱۰۷
فصل ۱ موت کی حقیقت	۱۱۰۷
فصل ۲ قبر کا میت سے کلام کرنا۔	۱۱۱۷
فصل ۳ عذاب قبر اور منکرین کے سوالات	۱۱۱۸
آٹھواں باب۔	
حالتِ خواب میں کشف کے ذریعے مُردوں کے حالات کا علم۔	۱۱۲۹
فصل ۱ مردوں کے اُخروی فوائد پر مبنی احوال سے متعلق خوابیں۔	۱۱۳۵
فصل ۲ بزرگوں کے خواب	۱۱۳۷
دوسرا حصّہ	
صور پھونکنے سے جنت یا دوزخ میں جانے تک کے حالات	۱۱۴۶
فصل ۱ صور پھونکنا	۱۱۴۶
فصل ۲ میدان محشر اور اہل محشر	۱۱۵۱
فصل ۳ پسینے کی کیفیت	۱۱۵۳
فصل ۴ قیامت کے دن کی بڑائی	۱۱۵۵
فصل ۵ قیامت کا دن اس کے مصائب اور نام۔	۱۱۵۸
فصل ۶ سوال کا بیان	۱۱۶۱
فصل ۷ میزان کا ذکر	۱۱۶۸
فصل ۸ حقوق کا مطالبہ اور ان کی واپسی	۱۱۷۰
فصل ۹ پُل صراط کا ذکر	۱۱۷۶
فصل ۱۰ شفاعت کا ذکر	۱۱۸۱
فصل ۱۱ حوض کا ذکر	۱۱۸۷
فصل ۱۲ جہنم کی سختیوں اور عذاب کا ذکر	۱۱۹۰
فصل ۱۳ جنت کی کیفیت اور اس کی نعمتوں کی اقسام	۱۲۰۴
فصل ۱۴ جنت کے باغات، زمین، درخت اور نہریں۔	۱۲۱۱
فصل ۱۵ جنتیوں کا لباس بچھونے، تخت مسندیں اور خیمے۔	۱۲۱۳
فصل ۱۶ جنتیوں کا کھانا	۱۲۱۴
فصل ۱۷ حورعین اور بچوں کی کیفیت	۱۲۱۶
فصل ۱۸ اہلِ جنت کے مختلف اوصاف سے متعلق احادیث مبارکہ۔	۱۲۱۹
فصل ۱۹ اللہ تعالیٰ کی زیارت اور دیدار	۱۲۲۲
خاتمہ	۱۲۲۴
رحمت خداوندی کی وسعت۔	۱۲۲۴

توبہ کا بیان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم :

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس کی تعریف سے ہر کتاب کا افتتاح ہوتا ہے اور اس کے ذکر سے ہر خطاب کا آغاز ہوتا ہے، اسی کی حمد کے باعث جنت میں نعمتوں کا حصول ہوگا اسی کے نام سے بدبخت تسلی حاصل کرتے ہیں اگرچہ ان کے آگے پردہ ڈال دے اور ان کے اور خوش بخت لوگوں کے درمیان ایک ایسی دیوار بنا دے جس میں دروازہ ہو اس کے اندر رحمت ہو اور اس کا ظاہر اس ذات والاصفات کی جانب سے عذاب ہو۔

ہم اس کی بارگاہ میں اس طرح توبہ کرتے ہیں جیسے وہ لوگ توبہ کرتے ہیں جو اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ وہی تمام پالنے والوں کا پالنہار ہے اور اسے مسبب الاسباب سمجھتے ہیں اور اس سے اس طرح امید رکھتے ہیں جس طرح وہ لوگ امید رکھتے ہیں جو اسے رحیم، غفور اور توبہ قبول کرنے والا بادشاہ جانتے ہیں۔

ہم اپنی امید کو خوف کے ساتھ اس طرح ملاتے ہیں جس طرح وہ لوگ ملاتے ہیں جنہیں اس بات میں شک نہیں ہوتا کہ وہ باوجود اس بات کے کہ گناہ کو بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا ہے، سخت عذاب دینے والا بھی ہے۔

ہم اس کے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں اور آپ کی آل واصحاب پر بھی، ایسا درود جو ہمیں پیشی کے دن کی پریشانی سے بچائے۔ ہمارے لیے اللہ تعالیٰ کے ہاں قرب اور اچھا ٹھکانہ بنائے۔

حمد و صلوٰۃ کے بعد ——

عیبوں پر پردہ ڈالنے والے اور غیب کی باتیں جاننے والے کی طرف رجوع کے ذریعے گناہوں سے توبہ کرنا سالکین کے راستے کا آغاز، کامیاب لوگوں کا اصل سرمایہ، مریدین کا پہلا اقدام، بھٹکنے والوں کی استقامت کی چابی اور مقربین اور ہمارے جد امجد حضرت آدم (آپ پر اور تمام انبیاء کرام پر رحمت و سلام ہو) کے مصطفیٰ و مجتبیٰ ہونے کا مطلع ہے

اور اولاد کے لیے اپنے آباء و اجداد کی پیروی نہایت ضروری ہے یہ بات تعجب خیز نہیں کہ آدمی گناہ اور جرم کرے تو وہ طبیعت و خصلت میں اپنے آباء و اجداد کے مشابہ ہوتا ہے۔

لیکن جب باپ توڑنے کے بعد جوڑے اور گرانے کے بعد تعمیر کرے تو اولاد کے لیے بھی ضروری ہے کہ نفی اور اثبات اور وجود و عدم دونوں طرفوں میں اس کی اتباع کرے۔

حضرت آدم علیہ السلام نے ندامت کا راستہ دیا کہ اپنے کئے پر پشیمانی کا اظہار فرمایا تو جو شخص گناہ (لغزش) کے لیے ان

کو مقتدا قرار دے لیکن توبہ کرنے میں ان کی پیروی نہ کرے اس کے قدم پھسل گئے بلکہ صرف بھلائی مقربین فرشتوں کا طریقہ ہے اور برائی ہی برائی ہو اور اس کی تلافی نہ ہو تو یہ شیطانوں کی خصلت ہے جب برائی میں پڑنے کے بعد نیکی کی طرف رجوع کرنا انسانی ضرورت ہے جو صرف نیکی کرتا ہے وہ فرشتہ ہے جو اللہ تعالیٰ کا مقرب ہے اور جو صرف برائی کرتا ہے وہ شیطان ہے اور جو برائی ہو جانے کے بعد بھلائی کی طرف رجوع کرکے اس کی تلافی کرنے والا واقع میں انسان ہے کیوں کہ انسان کے خمیر میں دونوں باتیں رکھی گئی ہیں اب انسان اپنا نسب فرشتے سے صحیح ثابت کرے یا آدم علیہ السلام سے یا شیطان سے نسبت کرے تو جو آدمی توبہ کرتا ہے وہ اس بات پر دلیل قائم کرتا ہے کہ آدم علیہ السلام کی طرف اس کی نسبت صحیح ہے کیوں کہ وہ انسان کی تعریف کو اپناتا ہے اور جو آدمی گناہوں پر ڈٹ جاتا ہے وہ شیطان سے نسبت اور نسب کو ثابت کرتا ہے۔

فرشتوں سے نسب کی تصحیح کہ آدمی صرف نیکی ہی کرے بندے کے لیے ممکن نہیں ہے کیوں کہ انسانی خمیر میں نیکی کے ساتھ برائی نہایت مضبوطی سے ملی ہوئی ہے اسے یا تو ندامت کی آگ الگ کر سکتی ہے یا جہنم کی آگ تو شیطانی خباثتوں سے انسانی جوہر کو الگ کرنے کے لیے آگ سے جلانا ضروری ہے اب تمہیں چاہیے کہ جو آگ ہلکی ہے اسے اختیار کرو اور کم درجہ کی خرابی کی طرف جلدی کرو اس سے پہلے کہ اختیار کی بساط لپیٹ دی جائے اور مجبوری کے گھر کی طرف لے جائے یا تو جنت کی طرف اور یا جہنم کی جانب۔

اور جب دین میں توبہ کا یہ مقام ہے تو نجات دینے والے امور کے بیان میں توبہ کی حقیقت، شرائط، سبب، علامت، نتیجہ، اس سے روکنے والی آفات اور اسے آسان کرنے والی دواؤں کی تشریح کو مقدم کرنا ضروری ہے اور اس بات کی وضاحت چار ارکان سے ہوتی ہے۔

پہلا رکن:

نفس توبہ، اس کی تعریف و حقیقت، نیز یہ کہ توبہ فوری واجب ہے تمام لوگوں کے لیے اور تمام حالات میں ضروری ہے اور جب وہ صحیح ہو تو مقبول ہوتی ہے۔

دوسرا رکن:

جس چیز سے توبہ کی جائے اور وہ گناہ ہیں ان کی صغیرہ و کبیرہ میں تقسیم، بندوں سے متعلق گناہ اور اللہ تعالیٰ کی ذات سے متعلق گناہ، نیکیوں اور برائیوں پر درجات کی تقسیم اور ان کو پانے کی کیفیت اور وہ اسباب جن سے صغیرہ گناہ کبیرہ گناہوں میں بدل جاتے ہیں۔

تیسرا رکن:

توبہ اور اس کے دوام کی شرائط، گذشتہ مظالم کا تدارک کیسے کیا جائے گناہوں کے کفارے کی کیفیت اور

دوام توبہ میں توبہ کرنے والوں کی اقسام۔

چوتھا رکن:

توبہ کا باعث اور گناہ کے مرتکبین کے اصرار کی گرہ کیسے کھل سکتی ہے ان چار ارکان سے مقصود پورا ہو جائے گا انشاءاللہ تعالیٰ

پہلی فصل:

توبہ کی حقیقت اور اس کی تعریف

جان لو! توبہ تین ترتیب وار امور کا نام ہے اور ان ہی سے منظم ہوتی ہے (۱) علم (۲) حال (۳) فعل ——— پہلا (یعنی علم) دوسرے کا باعث ہے اور دوسرا (یعنی حال) تیسرے (فعل) کا سبب ہے اور یہ انتظام و ایجاب ملک و ملکوت میں جاری سنت الٰہیہ کے مطابق ہوتا ہے۔

علم ——— گناہوں کے بہت بڑے ضرر کی معرفت کا نام ہے اور یہ کہ گناہ بندے اور اس کے ہر محبوب کے درمیان حجاب ہے جب اسے اس بات کی معرفت ایسے یقین کے ساتھ حاصل ہو جائے جو اس کے دل پر غالب ہے تو اس معرفت سے دل میں ایک درد اٹھتا ہے جس کا سبب محبوب سے نہ ملنا ہے کیونکہ جب دل کو محبوب کے نہ ملنے کا شعور ہوتا ہے تو اسے رنج ہوتا ہے اور اگر اس کا سبب اس کا اپنا فعل ہو تو اسے اس پر افسوس ہوتا ہے تو اس کا یہ رنج جو اس کے اپنے فعل کے ذریعے ہوا جس کے سبب سے اس کا محبوب اسے نہ مل سکا، ندامت کہلاتا ہے۔

اور جب یہ رنج اس کے دل پر چھا جاتا ہے تو اس سے دل میں ایک دوسری حالت پیدا ہوتی ہے جسے ارادہ اور قصد کہتے ہیں اور یہ اس فعل کے لیے ہوتا ہے جس کا حال ماضی اور استقبال تینوں زمانوں سے تعلق ہوتا ہے حال کے ساتھ تعلق اس گناہ کو چھوڑنے کے ساتھ ہے جو محبوب کی ملاقات میں رکاوٹ بنا مستقبل کے ساتھ تعلق کی صورت یہ ہے کہ جس گناہ کی وجہ سے محبوب نہیں ملا زندگی بھر اس کے قریب نہ جانے کا عزم کرنا اور ماضی کے ساتھ ندامت کے تعلق کی نوعیت یہ ہے کہ اگر نیکی کے ذریعے اس کی تلافی ہو سکتی ہے تو اس نقصان کو پورا کرے۔ پس علم پہلی سیڑھی اور ان نیکیوں کا مطلع ہے اور اس علم سے مراد ایمان اور یقین ہے کیونکہ ایمان اس بات کی تصدیق کا نام ہے کہ گناہ مہلک زہر ہیں اور یقین اس تصدیق کی تاکید اور اس سے شک کو دُور کرنا ہے نیز ایسے دل پر غالب کرنا ہے تو اس ایمان کا نور دل پر چمکتا ہے تو ندامت کی آگ بھڑک اٹھتی ہے اب دل میں رنج پیدا ہوتا ہے حتیٰ کہ نورِ ایمان کی چمک سے اسے پتہ چلتا ہے کہ وہ اپنے محبوب سے پردے میں ہے جس طرح آدمی اندھیرے میں ہو اور سورج طلوع ہو تو بادلوں کے چھٹ جانے یا ظاہری رکاوٹوں کے دور ہونے سے اسے روشنی حاصل ہوتی ہے تو وہ اپنے محبوب کو دیکھ لیتا ہے اور بعض اوقات وہ ہلاکت کے قریب ہوتا ہے اور محبت کی آگ اس کے دل میں شعلہ زن ہوتی ہے اور یہ آگ اسے کسی تدبیر پر آمادہ کرتی ہے۔

تو علم اور ندامت اور حال و استقبال میں گناہ کے ترک کا ارادہ اور ماضی کی تلافی تین چیزیں ہیں جو ترتیب سے حاصل ہوتی ہیں اور ان سب کے مجموعہ پر توبہ کا اطلاق ہوتا ہے اکثر توبہ کا اطلاق صرف ندامت پر ہوتا ہے اور علم اس کے لیے ایک مقدمے کی حیثیت رکھتا ہے ترکِ گناہ پھل کی طرح ہوتا ہے اور آخر میں حاصل ہوتا ہے اسی لیے سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلنَّدَمُ التَّوْبَۃُ۔ (۱) ندامت (ہی) توبہ ہے۔

کیوں کہ ندامت اس علم کی وجہ سے ہوئی ہے جس کا یہ نتیجہ ہے اور وہ عزم اس کی بنیاد ہے جو اس کے بعد آرہا ہے گویا ندامت دونوں طرفوں سے محفوظ ہے یعنی پھل دینے والی چیز اور پھل، اس اعتبار سے توبہ کی تعریف میں کہا گیا ہے کہ خطاء سابق پر باطن کا پگھلنا توبہ ہے اور اس میں صرف دل کا رنج پایا جاتا ہے اسی لیے کہا گیا کہ توبہ دل کی آگ ہے جو بھڑکتی ہے اور جگر میں ایک درد ہے جو پھیلتا نہیں اور گناہوں کے ترک کے حوالے سے توبہ کی تعریف میں کہا گیا ہے کہ یہ ظلم و جفا کا لباس اتار کر وفا کی بساط بچھانا ہے۔

حضرت سہل بن عبداللہ تستری رحمہ اللہ نے فرمایا توبہ، حرکات مذمومہ کو حرکات محمودہ سے بدلنا ہے اور یہ کام خلوت خاموشی اور حلال کھانے سے پایہ تکمیل کو پہنچتا ہے گویا انہوں نے توبہ کے تیسرے معنیٰ کی طرف اشارہ کیا ہے۔

توبہ کی تعریف میں بے شمار اقوال ہیں جب ان باتوں کو سمجھ لو اور ان کو ترتیب کے ساتھ لازم کر لو تو جان لو کہ جو کچھ بھی اس کی تعریف میں کہا گیا ہے ان میں سے کوئی بھی تعریف ان باتوں کا احاطہ نہیں کر سکتی۔ حقائق امور کا علم طلب کرنا محض الفاظ کی طلب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔

دوسری فصل:

توبہ کا وجوب اور اس کی فضیلت

جان لو! آیات و احادیث سے توبہ کا وجوب واضح ہوتا ہے اور یہ اس شخص کے لیے نورِ بصیرت کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے جس کی بصیرت کھلی ہو اور اللہ تعالیٰ نے نورِ ایمان کے ذریعے اس کے سینے کو کھول دیا ہو حتیٰ کہ وہ اس جہالت کی اندھیریوں میں اس نور کے ساتھ چلنے پر قادر ہو جائے جو اس کے آگے آگے ہے اور قدم قدم پر قائد کی ضرورت باقی نہ رہے۔

تو سالک یا تو اندھا ہوتا ہے کہ وہ چلنے میں قائد کا محتاج ہوتا ہے یا اسے دکھائی دیتا ہے کہ جب راستہ مل گیا تو خود بخود چل پڑتا ہے دین کے بارے میں بھی لوگوں کا یہی حال ہے اور ان اقسام کی تقسیم ہی بعض لوگ طاقت نہیں رکھتے اور وہ تقلید

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۳۷۶ مرویات عبداللہ

سے ایک قدم آگے نہیں بڑھ سکتے انہیں اس بات کی ضرورت ہوتی ہے کہ ہر قدم پر قرآن پاک یا سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی نص ملیں اور کبھی یہ بات ان کے لیے مشکل ہوتی ہے تو حیران ہو جاتے ہیں تو ایسے لوگوں کی سیر مختصر ہوتی ہے اگرچہ ان کی عمر لمبی اور محنت زیادہ ہو کیوں کہ قدم چھوٹے چھوٹے پڑتے ہیں اور بعض خوش بخت ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے سینے کو اسلام کے لیے کھول دیتا ہے تو وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہوتے ہیں اور وہ مشکل راستے پر چلنے کے لیے بھی ایک ادنیٰ اشارے سے بیدار ہو جاتے ہیں اور سخت گھاٹیاں طے لیتے ہیں ان کے دلوں میں قرآن پاک اور ایمان کا نور چمکتا ہے اور نور کی شدت کے باعث ان کے لیے ادنیٰ بیان بھی کافی ہوتا ہے قریب ہے کہ اس کا تیل اسے روشن کر دے اگرچہ اسے آگ نہ پہنچے اور جب آگ پہنچے تو یہ نور علیٰ نور ہوتا ہے اللہ تعالیٰ جسے چاہے اپنے نور کی طرف ہدایت دیتا ہے اور ایسے لوگوں کو کسی منقول نص کی ضرورت نہیں ہوتی۔

تو جس آدمی کی یہ حالت ہو وہ جب وجوب توبہ کے بارے میں معلوم کرنا چاہتا ہے تو پہلے نور بصیرت سے توبہ کی ماہیت کو دیکھتا ہے پھر وجوب کا معنیٰ معلوم کرتا ہے پھر وجوب اور توبہ کو جمع کرتا ہے تو اسے توبہ کے واجب ہونے میں کوئی شک نہیں ہوتا۔ اس کی تفصیل اس طرح ہے کہ اسے معلوم ہو کہ واجب وہی چیز ہے جو ابدی سعادت تک پہنچاتی ہے اور ہمیشہ کی ہلاکت سے نجات دیتی ہے اس لیے کہ اگر کسی کام کے کرنے اور اسے چھوڑنے کے ساتھ سعادت اور بدبختی کا تعلق نہ ہو تو اس کے وجوب سے موصوف ہونے کا کوئی مطلب نہ ہو اور یہ جو کہا جاتا ہے کہ فلاں کام واجب کرنے سے واجب ہو گیا تو یہ محض ایک بات ہے کیونکہ جس کام کے کرنے یا چھوڑنے سے فوری طور پر یا مستقبل میں کوئی غرض نہ ہو اس میں مشغول ہونے کا کوئی مطلب نہیں ہے اسے کوئی دوسرا ہم پر واجب کرے یا نہ۔

جب وجوب کا معنیٰ معلوم ہو گیا اور وہ ابدی سعادت کا وسیلہ ہے اور معلوم ہو کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی ملاقات کے سوا کوئی سعادت نہیں اور اس سے جو پردے اور رکاوٹ ہیں رہ وہ لامحالہ بدبخت ہے اور یہ بدبختی اس کے اور اس کی خواہش کے درمیان حائل ہو گی اور وہ آتش فراق اور آتش جہنم سے جلے گا اور یہ بھی معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ملاقات سے دور رکھنے والی چیز خواہشات کی پیروی اس فانی جہاں سے مانوس ہونا اور اس چیز پر جھکنا ہے جس سے لازماً جدا ہونا ہو گا۔ اور یہ بھی معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ملاقات کے قریب صرف یہی بات کرتی ہے کہ آدمی اس دنیا کی زیب و زینت سے قلبی تعلق ختم کر دے اور مکمل طور پر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو یعنی اس کے ذکر کے ذریعے اس سے مانوس ہو اور حسب طاقت اس کے جمال و جلال کی معرفت کے ذریعے اس سے محبت کرے۔

یہ بات بھی جان لے کہ وہ گناہ جو اللہ تعالیٰ سے پھیر دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے دشمن جو اس سے دور کر دیتے ہیں اور وہ شیطان ہیں ان کی پسندیدہ باتوں کے پیچھے پیچھے چلنا دربار الٰہیہ سے انسان کو دور کر دیتا ہے تو اس میں شک نہیں کہ حصول قرب کے لیے دور کرنے والے راستوں سے ہٹنا ہو گا اور یہ ہٹنا علم، ندامت اور عزم کے ذریعے مکمل ہوتا ہے کیونکہ

جب تک معلوم نہ ہو کہ گناہ محبوب سے دُوری کا سبب ہیں آدمی نادم نہیں ہوتا اور دوری کے راستے پر چلنے کی وجہ سے اسے رنج نہیں ہوتا اور جب تک رنج نہ ہو وہ واپس نہیں آتا اور واپسی کا مطلب گناہ کا چھوڑنا اور عزم و ارادہ ہے تو اس میں کوئی شک نہیں کہ محبوب تک پہنچنے کے لیے یہ تین باتیں ضروری ہیں۔ اور نور بصیرت سے حاصل ہونے والا ایمان اس طرح ہوتا ہے اور جو لوگ اس بلند مقام پر فائز نہ ہوں اور اکثر لوگوں کا یہی حال ہے تو اس کے لیے تقلید اور اتباع کا میدان کھلا ہے وہ اس کے ذریعے ہلاکت سے نجات کی طرف جا سکتا ہے وہ اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور سلف صالحین کے اقوال کو پیش نظر رکھے۔

ارشاد خداوندی ہے:

وَتُوبُوا إِلَى اللهِ جَمِيعًا أَيُّهَا الْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ۔ (۱)

اور اے مومنو! تم سب اللہ تعالیٰ کی طرف توبہ (رجوع) کرو تاکہ تم کامیابی پاؤ۔

یہ عمومی حکم ہے اور ارشاد باری تعالیٰ ہے،

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللهِ تَوْبَةً نَصُوحًا۔ (۲)

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کے ہاں ایسی توبہ کرو جو نصیحت کارگر (اور خالص ہو)

نصوح کا معنیٰ یہ ہے کہ وہ خالص اللہ تعالیٰ (کی رضا) کے لیے ہو اور اس میں کسی قسم کی ملاوٹ نہ ہو یہ لفظ نُصح سے بنا ہے۔

توبہ کی فضیلت پر یہ آیت کریمہ بھی دلالت کرتی ہے۔

إِنَّ اللهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ۔ (۳)

بے شک اللہ تعالیٰ بہت توبہ کرنے والوں اور خوب پاک ہونے والوں کو پسند کرتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلتَّائِبُ حَبِيبُ اللهِ وَالتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَا ذَنْبَ لَهُ۔

توبہ کرنے والا اللہ تعالیٰ کا محبوب ہے اور گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے کہ گویا اس نے گناہ کیا ہی نہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ نور آیت ۳۱

(۲) قرآن مجید، سورۃ تحریم آیت ۸

(۳) قرآن مجید، سورۃ تحریم آیت ۸

(۴) سنن ابن ماجہ ص ۳۲۳، ابواب الزھد

اَللّٰہُ اَفْرَحُ بِتَوْبَۃِ الْعَبْدِ الْمُؤْمِنِ مِنْ رَجُلٍ نَزَلَ فِیْ اَرْضٍ دَوِیَّۃٍ مُّہْلِکَۃٍ مَعَہٗ رَاحِلَتُہٗ عَلَیْہَا طَعَامُہٗ وَشَرَابُہٗ ثُمَّ وَضَعَ رَأْسَہٗ فَنَامَ نَوْمَۃً فَاسْتَیْقَظَ وَقَدْ ذَہَبَتْ رَاحِلَتُہٗ فَطَلَبَہَا حَتّٰی اِذَا اشْتَدَّ عَلَیْہِ الْحَرُّ وَالْعَطَشُ اَوْمَا شَاءَ اللّٰہُ قَالَ اَرْجِعُ اِلٰی مَکَانِیَ الَّذِیْ کُنْتُ فِیْہِ فَاَنَامُ حَتّٰی اَمُوْتَ فَوَضَعَ رَأْسَہٗ عَلٰی سَاعِدِہٖ لِیَمُوْتَ فَاسْتَیْقَظَ فَاِذَا رَاحِلَتُہٗ عِنْدَہٗ عَلَیْہَا زَادُہٗ وَشَرَابُہٗ فَاللّٰہُ تَعَالٰی اَشَدُّ فَرَحاً بِتَوْبَۃِ الْعَبْدِ الْمُؤْمِنِ مِنْ ھٰذَا بِرَاحِلَتِہٖ۔ (۱)

اللہ تعالیٰ مومن بندے کی توبہ پر اس آدمی سے بھی زیادہ خوش ہوتا (پسند کرتا ہے) جو شخص کسی ناموافق ہلاکت خیز جگہ پر اترے اس کے ساتھ اس کی سواری بھی ہو جس پر اس کا کھانا اور مشروب ہے وہ نیچے سر رکھے ہی گہری نیند سو جاتا ہے پس جب بیزار ہوتا ہے تو اس کی سواری جا چکی ہوتی ہے وہ اسے تلاش کرتا ہے حتی کہ اسے سخت گرمی اور پیاس کا سامنا کرنا پڑتا ہے یا جو کچھ اللہ تعالیٰ چاہے وہ (دل میں) کہتا ہے کہ میں اپنی اس جگہ کی طرف لوٹ جاتا ہوں جہاں میں تھا وہاں سو جاتا ہوں حتی کہ مر جاؤں وہ اپنے بازو پر سر رکھتا ہے کہ مر جائے پھر وہ بیدار ہوتا ہے تو کیا دیکھتا ہے کہ اس کی سواری اس کے پاس ہے اور اس کا سامان اور پانی وغیرہ بھی اس پر موجود ہے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) جس قدر وہ بندہ اس سواری کے ملنے پر خوش ہوتا ہے اللہ تعالیٰ بندے کی توبہ کو اس سے بھی زیادہ پسند فرماتا ہے اور بعض روایات میں ہے کہ وہ بہت زیادہ خوشی کی وجہ سے شکر ادا کرتے ہوئے یہ الفاظ کہتا ہے "میں تیرا رب ہوں اور تو میرا بندہ ہے"

حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے جب حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول فرمائی تو فرشتوں نے ان کو مبارکباد دی اور حضرت جبریل اور حضرت میکائیل علیہما السلام زمین پر اترے اور عرض کیا اے آدم (علیہ السلام) اللہ تعالیٰ نے آپ کی توبہ قبول فرمائی تو اس سے آپ کی آنکھوں کو ٹھنڈک حاصل ہوگئی۔

حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا اے جبریل علیہ السلام! اگر اس توبہ کی قبولیت کے بعد بھی سوال ہوا تو میرا ٹھکانہ کیا ہوگا تو اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ اے آدم! آپ نے اپنی اولاد کے لیے بطور وراثت رنج و تکلیف بھی چھوڑی اور توبہ بھی۔ ان میں سے جو مجھے پکارے گا تو میں اس کی دعا قبول کروں گا جس طرح آپ کی دعا قبول کی ہے جو مجھ سے بخشش مانگے میں اس سے بخل نہیں کروں گا کیونکہ میں قریب ہوں اور دعا قبول کرنے والا بھی اے آدم علیہ السلام۔ میں توبہ کرنے والوں کو قبروں سے اس طرح باہر لاؤں گا کہ وہ خوش ہوں گے اور ہنس رہے ہوں گے

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۳۲ کتاب الدعوات / صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۵۵ کتاب التوبۃ

اور ان کی دعا قبول ہو گی۔

اس سلسلے میں احادیث و آثار بے شمار ہیں اور امت کا توبہ کے وجوب پر اجماع ہے کیوں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ گناہوں کے ہلاکت خیز اور اللہ تعالیٰ سے دوری کا باعث ہونے کا علم ہو اور یہ وجوبِ ایمان میں داخل ہے مگر کبھی اس سے غفلت ہو جاتی ہے تو اس علم کا معنی غفلت کا ازالہ ہے اور اس کے واجب ہونے میں کوئی اختلاف نہیں۔

اور توبہ کے معانی میں سے گناہوں کو زمانہ حال میں چھوڑنا اور مستقبل میں چھوڑنے کا عزم کرنا ہے نیز پہلے حالات میں جو کوتاہی ہو چکی ہے اس کا تدارک کرنا ہے اور اس کے واجب ہونے میں بھی کوئی شک نہیں جہاں تک گذشتہ گناہوں پر ندامت اور غمگین ہونے کا تعلق ہے تو یہ بھی واجب ہے اور یہ توبہ کی روح ہے اور اس سے تلافی مکمل ہوتی ہے تو یہ کس طرح واجب نہ ہو گی بلکہ وہ تو ایک قسم کی تکلیف ہے جو لامحالہ حاصل ہوتی ہے لیکن ایسا اس وقت ہوتا ہے جب اللہ تعالیٰ کی ناراضگی میں ضائع ہونے والی عمر سے جو نقصان ہوا اس کی پہچان حاصل ہو جائے۔

سوال:

دل کی تکلیف تو لازمی بات ہے جو آدمی کے اختیار میں نہیں ہے تو اسے واجب کیسے کہا جا سکتا ہے۔

جواب:

اس کا سبب محبوب کے فوت ہونے کا حقیقتاً علم ہونا ہے اور اس کے سبب تک پہنچنے کا بھی ایک راستہ ہے اور اسی قسم کے مفہوم کے تحت علم، وجوب میں داخل ہے یہ مطلب نہیں کہ آدمی خود ذاتی طور پر علم کو پیدا کرتا ہے یہ محال ہے بلکہ علم، ندامت، فعل، ارادہ قدرت اور قادر سب کچھ اللہ تعالیٰ کے پیدا کرنے اور اس کے فضل سے ہیں۔

ارشاد خداوندی ہے:

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ۔ (۱) اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں اور تمہارے اعمال کو پیدا فرمایا۔

ارباب بصیرت کے نزدیک یہی بات حق ہے اور اس کے علاوہ گمراہی ہے

سوال:

کیا بندے کو کام کرنے یا چھوڑنے کا اختیار نہیں ہے۔

جواب:

ہاں ہے لیکن یہ ہمارے قول کے خلاف نہیں ہے کہ ہر چیز کو اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا بلکہ اختیار بھی تو اللہ تعالیٰ کا پیدا

---

(۱) قرآن مجید، سورہ الصافات آیت ۹۶

کردہ ہے اور بندہ اس اختیار میں بھی مجبور ہے اللہ تعالیٰ جب صحیح ہاتھ پیدا کرتا ہے اور اس نے لذیذ کھانا بھی پیدا کیا معدے میں کھانے کا شوق بھی پیدا فرمایا اور دل میں یہ علم پیدا کیا کہ یہ کھانا خواہش کو پورا کر دیتا ہے اور یہ تردد بھی پیدا کیا کہ خواہش کے پورا ہونے کے بعد کیا یہ کھانا مضر ہو گا اور کیا کوئی ایسی رکاوٹ ہے جس کی وجہ سے کھانا نہ کھا سکے پھر علم پیدا کیا کہ کوئی رکاوٹ نہیں ہے پھر ان اسباب کے جمع ہونے پر کھانے کا ارادہ پکا ہو جاتا ہے تو متعارض خیالات کے بعد ارادے کے پکا ہونے اور کھانے کی خواہش پیدا ہونے کے بعد ارادے کی پختگی کو اختیار کہا جاتا ہے اور جب اسباب مکمل ہو جاتے ہیں تو اختیار کا حصول ضروری ہوتا ہے پس جب اللہ تعالیٰ کے پیدا کرنے سے ارادہ پختہ ہو جاتا ہے تو صحیح اور تندرست ہاتھ لازماً کھانے کی طرف بڑھتا ہے کیوں کہ ارادے اور قدرت کے پورا ہونے کے بعد فعل کا حصول ضروری ہوتا ہے پس حرکت پیدا ہوتی ہے اور یہ حرکت قدرت اور ارادے کی پختگی کے بعد اللہ تعالیٰ کے پیدا کرنے سے وجود میں آتی ہے

اور یہ دونوں باتیں بھی اللہ تعالیٰ کے پیدا کرنے سے پیدا ہوتی ہیں اور ارادے کی پختگی بھی خواہش اور رکاوٹ نہ ہونے کے علم کے بعد ہوتی ہے اور یہ دونوں باتیں بھی تخلیق خداوندی سے ہیں لیکن ان مخلوقات میں ایک ترتیب ہے جو تخلیق خداوندی سے متعلق اس کی عادت مبارکہ کے مطابق ہے اور اللہ تعالیٰ کے طریقے اور عادت مبارکہ میں تم ہرگز کوئی تبدیلی نہیں پاؤ گے۔

اللہ تعالیٰ ہاتھ میں لکھنے کے لیے حرکت اس وقت تک پیدا نہیں کرتا جب تک اس (ہاتھ) میں صفت قدرت نہ ہو اور جب تک وہ اس میں حیات پیدا نہ کرے نیز جب تک پختہ ارادہ پیدا نہ فرمائے اور مضبوط ارادے کو اس وقت پیدا کرتا ہے جب خواہش اور میلانِ نفس پیدا فرمایا ہے۔ اور یہ میلان مکمل طور پر اس وقت تک نہیں اٹھتا جب تک اس بات کا علم پیدا نہ کرے کہ یہ نفس کے موافق ہے چاہے فی الحال ہو یا مستقبل میں۔ اور علم کو بھی دوسرے اسباب سے پیدا کرتا ہے جو حرکت ، ارادے اور علم کی طرف لوٹتے ہیں۔ تو علم اور طبعی میلان ہمیشہ پختہ ارادے کے پیچھے چلتا ہے اور قدرت و ارادہ ہمیشہ حرکت کی اتباع کرتا ہے۔ تو ہر فعل میں اسی طرح ترتیب ہے اور یہ سب اللہ تعالیٰ کے پیدا کرنے سے ہے لیکن بعض مخلوقات دوسری بعض کے لیے شرط قرار پائی ہیں۔

اسی لیے بعض کو مقدم اور بعض کو مؤخر کرنا واجب ہے جیسے ارادہ علم کے بعد، علم حیات کے بعد اور حیات جسم کے بعد ہی پیدا ہوتی ہے تو زندگی کے پیدا ہونے کے لیے جسم کی تخلیق شرط ہے یہ نہیں کہ زندگی جسم سے پیدا ہوتی ہے اور حیات کا پیدا ہونا علم کی تخلیق کے لیے شرط ہے یہ مطلب نہیں کہ علم، حیات سے پیدا ہوتا ہے لیکن محل قبول علم کے لیے اسی وقت تیار ہوتا ہے جب اس میں حیات ہو اور علم کا پیدا ہونا ارادے کی پختگی کے لیے شرط ہے یہ نہیں کہ علم ارادے کو پیدا کرتا ہے لیکن ارادے کو وہی جسم قبول علم کے لیے اسی وقت تیار ہوتا ہے جب اس میں حیات ہو اور علم کا پیدا ہونا ارادے کی پختگی کے لیے شرط ہے یہ نہیں کہ علم ارادے کو پیدا کرتا ہے لیکن ارادے کو وہی جسم قبول کرتا ہے جو زندہ (اور) عالم ہو اور وجود میں وہی چیز داخل ہوتی ہے جو ممکن ہو اور امکان

کے لیے ترتیب ہے جو تغیر کو قبول نہیں کرتی کیوں کہ اس کے لیے تبدیلی محال ہے پس جب وصف کی شرط پائی جاتی ہے تو محل اس وصف کو قبول کرنے کے لیے تیار ہو جاتا ہے پس یہ وصف استعداد کے حاصل ہونے پر اللہ تعالیٰ کے جود و کرم اور ازلی قدرت کے تحت حاصل ہوتا ہے۔

اور جب شروط کے سبب سے استعداد میں ترتیب ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ کے فعل سے حوادث کا حصول بھی ترتیب سے ہوتا ہے اور بندہ ان مرتب حوادث کا محل ہے اور یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی قضا میں پل جھپکنے میں مرتب ہو جاتا ہے اور یہ ایسی ترتیب کلی ہے جس میں تغیر نہیں اور تفصیل کے ساتھ ان کا ظہور ایسے اندازے کے ساتھ مقرر ہے جس سے آگے نہیں بڑھتا ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّا كُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ۔ (۱) بے شک ہم نے ہر چیز کو ایک اندازے کے ساتھ پیدا کیا۔

اور قضائے کلی کو اس آیت میں بیان فرمایا۔

وَمَا اَمْرُنَا اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ۔ (۲) اور ہمارا امر تو ایک ہی ہے (اور وہ) پلک جھپکنے کی طرح ہے۔

بندے اللہ تعالیٰ کی قضا و قدر کے جاری ہونے کے لیے مسخر ہیں اور قدریں سے ایک قدر کاتب کے ہاتھ میں حرکت کو پیدا کرنا بھی ہے اور یہ حرکت اس مخصوص صفت کی تخلیق کے بعد ہوتی ہے جو اس کاتب کے ہاتھ میں ہے اور اسے قدرت کہا جاتا ہے اور اس مضبوط توجہ کی تخلیق کے بعد ہے جو اس کاتب کے نفس میں ہے اور وہ قصد ہے اسی طرح یہ حرکت اس چیز کے علم کے بعد ہوتی ہے جس کی طرف میلان ہوتا ہے اسے ادراک اور معرفت کہتے ہیں۔

جب ملکوت کے باطن سے یہ چار باتیں مسخر بندے کے جسم پر ظاہر ہوتی ہیں تو ظاہری دنیا والے جن کو غیب کا علم نہیں ہے کہتے ہیں اسے فلاں شخص! تم نے حرکت کی تم نے کنکری پھینکی، تم نے لکھا لیکن پردۂ غیب سے آواز آتی ہے۔

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى۔ (۳) اور آپ نے (کنکریاں) نہیں پھینکیں جب آپ نے پھینکیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے پھینکیں۔

اور تم نے قتل نہیں کیا جب تم نے قتل کیا

قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ۔ (۴) تم ان سے لڑو اللہ تعالیٰ ان کو تمہارے ہاتھوں عذاب دے گا

---

(۱) قرآن مجید سورۃ القمر آیت ۴۹

(۲) قرآن مجید سورۃ القمر آیت ۵۰

(۳) قرآن مجید سورۃ انفال آیت ۱۷

(۴) قرآن مجید سورۃ توبہ آیت ۱۴

یہاں آکران لوگوں کی عقلیں حیران ہوجاتی ہیں جو ظاہری عالم سے وابستہ ہیں اب بعض کہتے ہیں بندہ محض مجبور ہے کوئی کہتا ہے کہ وہ خود اپنے افعال کا خالق ہے کچھ اعتدال پر ہیں وہ کہتے ہیں بندہ اپنے افعال کا کاسب ہے۔ اگران کے لیے آسمانوں کے دروازے کھولے جائیں اور وہ عالم غیب اور عالم ملکوت کو دیکھیں توان کے لیے ظاہر ہوجائے کہ ان میں سے ہر ایک من وجہ سچ کہتا ہے اور سب کے سب قصور وار بھی ہیں کیوں کہ ان میں سے کوئی بھی اس بات کی حقیقت کا ادراک نہیں کر سکا اور نہ اس کے علم نے اس کے کناروں کو گھیرا ہے، اور پورا علم اس وقت حاصل ہوتا ہے جب عالم غیب کی طرف کھلنے والی کھڑکی سے نور کی چمک پڑے اور اللہ تعالیٰ غیب اور ظاہر کو جانتا ہے وہ اپنے غیب کو سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے کسی پر ظاہر نہیں کرتا اور ظاہر پر توان لوگوں کو بھی مطلع کرتا ہے جو اس کے پسندیدہ نہ ہوں۔

اور جو شخص سلسلہ اسباب اور مسببات کو حرکت دے اور ان کے تسلسل اور مسبب الاسباب کے ساتھ ربط کی وجہ معلوم کرلے تو اس پر تقدیر کا راز منکشف ہوجاتا ہے اور اسے اس بات کا یقینی علم حاصل ہوجاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی خالق اور موجد نہیں ہے۔

سوال:

آپ نے فرمایا کہ انسان کو مجبور محض سمجھنے والے بندے کو اپنے افعال کا خالق ماننے والے اور محض کاسب ماننے والے سب من وجہ سچے ہیں اور اس سچائی کے باوجود ان میں کوتاہی پائی جاتی ہے تو یہ تناقض ہے اس بات کو کس طرح سمجھا جائے کیا کسی مثال کے ذریعے اس بات کو سمجھا جاسکتا ہے۔

جواب:

نابینا لوگوں کی ایک جماعت نے سنا کہ فلاں شہر میں ایک عجیب حیوان لایا گیا ہے جسے ہاتھی کہتے ہیں اور انہوں نے کبھی بھی اس کی صورت نہیں دیکھی تھی اور نہ اس کا نام سنا تھا کہنے لگے ہمیں چاہیے ہم اسے دیکھیں اور جس قدر ہو سکے ہاتھ لگا کر اس کی پہچان حاصل کریں چنانچہ انہوں نے اسے تلاش کیا اور جب اس تک پہنچے تو اسے ہاتھوں سے چھوا کسی نابینے کا ہاتھ اس کے پاؤں پر پڑا کسی کا اس کے ہونٹ پر اور کسی کا ہاتھ اس کے کان پر پڑا ان سب نے کہا ہم نے ہاتھی کی پہچان حاصل کرلی ہے جب واپس آئے تو کچھ دوسرے اندھوں نے ان سے سوال کیا تو ان کے جواب مختلف تھے جس نے اس کے پاؤں کو چھوا تھا اس نے کہا وہ تو ایک کھردرے ستون کی طرح ہے البتہ یہ اس سے نرم ہے جس نے اس کے ہونٹ کو ہاتھ لگایا تھا اس نے کہا جس طرح تم کہتے ہو اس طرح نہیں بلکہ وہ سخت ہے اس میں ذرا بھی نرمی نہیں ہے اور چکنا ہے کھردرا نہیں وہ ستون کی طرح موٹا بالکل نہیں ہے بلکہ مرچ مصالحہ کوٹنے والے ڈنڈے کی طرح ہے جس نے اس کے کان کو پکڑا تھا اس نے کہا وہ نرم اور کھردرا ہے تو انہوں نے بعض باتوں میں ایک دوسرے کی تصدیق کی لیکن کہا کہ وہ ڈنڈے کی طرح نہیں ہوتا اور ستون کی طرح ہے بلکہ وہ ایک چوڑا اور موٹا چمڑا ہے تو ان میں سے ہر ایک نے من وجہ تصدیق کی کیوں کہ ان میں سے ہر ایک نے ہاتھی

کی جس قدر پہچان حاصل کی اس کی خبر دی سب نے ہاتھی کے وصف کی خبر دی لیکن مجموعی طور پر وہ ہاتھی کی صورت کی حقیقت تک نہ پہنچ سکے۔

تو اس مثال کو سامنے رکھیئے اور اس پر قیاس کیجئے کیوں کہ اکثر اختلافات کی مثال یہی ہے چونکہ یہ کلام علوم مکاشفہ سے مل جاتا ہے اور اس کی موجوں کو حرکت دیتا ہے اور یہ ہماری غرض نہیں ہے لہذا ہم اپنے مقصد کی طرف لوٹتے ہیں وہ یہ کہ توبہ اپنے تینوں اجزاء کے ساتھ واجب ہے وہ اجزاء علم، ندامت اور ترکِ گناہ ہے ندامت وجوب میں اس لیے داخل ہے کہ وہ ان افعال الٰہیہ میں داخل ہے جو بندے کے علم اور اس کے ارادے اور قدرت کے درمیان ہے اور جس چیز کا یہ وصف ہو اس کو وجوب کا اسم شامل ہوتا ہے۔

تیسری فصل :

توبہ فوراً واجب ہے

توبہ کے فوری واجب ہونے میں کسی کو شک نہیں کیوں کہ اس بات کی پہچان حاصل کرنا کہ گناہ ہلاکت میں ڈالتے ہیں نفسِ ایمان سے ہے اور وہ فوری طور پر واجب ہے اور اس وجوب سے عہدہ برآ وہی شخص ہوگا جو اس (توبہ) کو اس طرح جانے کہ یہ فعل مکروہ سے روکنے والا ہے یہ معرفت ان علوم مکاشفہ میں سے نہیں ہے جو عمل سے تعلق نہیں رکھتے بلکہ یہ علوم معاملہ میں سے ہے اور ہر وہ علم جس سے مراد یہ ہو کہ وہ عمل کا باعث بنے اس سے عہدہ برآ اس صورت میں ہو سکتا ہے جب وہ عمل کا باعث بنے تو گناہوں کے نقصان دِہ ہونے کا علم اس لیے مقصود ہوتا ہے کہ وہ ترکِ گناہ کا باعث بنے اور جو شخص اسے نہیں چھوڑتا وہ ایمان کے اس جزء سے محروم ہے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشادِ گرامی کا یہی مطلب ہے آپ نے فرمایا۔

لَا یَزْنِی الزَّانِیْ حِیْنَ یَزْنِیْ وَھُوَ مُؤْمِنٌ (۱) مومن جب زنا کرتا ہے تو وہ زنا کرتے وقت مومن نہیں ہوتا۔

اس سے آپ کی مراد ایمان کی نفی نہیں ہے جو علوم مکاشفہ کی طرف لوٹتی ہے جیسے اللہ تعالیٰ، اس کی وحدانیت، اس کی صفات اس کی کتب اور اس کے رسولوں پر ایمان لانا۔ کیوں کہ زنا اور گناہ ایمان کی نفی نہیں کرتے بلکہ آپ کی مراد یہ کہ زنا اللہ تعالیٰ سے دُور کرنے والا اور اس کی ناراضگی کا موجب ہے جیسے ایک ڈاکٹر کہتا ہے یہ زہر ہے اس کو نہ کھانا اور جب وہ شخص کھاتا ہے تو کہا جاتا ہے اس نے ڈاکٹر کی بات نہیں مانی اس لیے کھایا ہے یہ مطلب نہیں کہ وہ ڈاکٹر کے موجود ہونے اور اس کے ڈاکٹر ہونے کو نہیں مانتا اور اس کی تصدیق نہیں کرتا بلکہ مراد یہ ہے کہ وہ اس کی بات کی تصدیق نہیں کرتا کہ یہ زہر ہے جو ہلاکت میں ڈالتا ہے کیوں کہ جو آدمی زہر کو مہلک جانتا ہے وہ اسے بالکل نہیں کھاتا۔ تو گناہ گار آدمی لازماً ناقص الایمان ہے

---

(۱) سنن ابن ماجہ ص ۲۹۱، ابواب الفتن

اور ایمان کا ایک دروازہ نہیں بلکہ وہ ستر سے کچھ اوپر ہیں سب سے اعلیٰ دروازہ شہادت ہے اور سب سے ادنیٰ دروازہ راستے سے اذیت پہنچانے والی چیزوں کو دور کرنا ہے۔

اس کی مثال کسی شخص کا یہ قول ہے کہ ایک ہی طرح کے انسان موجود نہیں ہیں بلکہ وہ ستر سے کچھ اوپر قسم کے ہیں سب سے اعلیٰ قلب اور روح ہے اور سب سے ادنیٰ ظاہری جسم سے خرابی کو دور کرنا ہے کہ اس کی مونچھیں کٹی ہوئی ہوں اور ناخن بھی کٹے ہوئے ہیں چہرے کو گندگی سے پاک رکھے تاکہ جانوروں سے ممتاز ہو جو کھلے پھرتے ہیں اور گوبر سے آلودہ ہوتے ہیں ان کے ناخنوں اور کھروں کے بڑا ہونے کی وجہ سے ان کی صورتیں پسندیدہ نہیں ہوتیں۔

یہ مثال مناسب ہے اور مطابق ہے پس ایمان انسان کی طرح ہے اور اس میں توحید کی شہادت کا نہ ہونا اسے کلی طور پر باطل کر دیتا ہے جیسے انسان میں روح کا نہ ہونا اس کے معدوم ہونے کی دلیل ہے۔

اور جس کے پاس صرف توحید و رسالت کی شہادت ہو وہ اس انسان کی طرح ہے جس کے اعضاء کٹے ہوئے ہوں اور آنکھیں پھوڑی گئی ہوں وہ تمام ظاہری اور باطنی اعضاء سے محروم ہے البتہ روح سے محروم نہیں اور جس طرح اس قسم کی حالت والا آدمی مرنے کے قریب ہوتا ہے کہ اس کی ضعیف روح تنہا رہ گئی ہے اور وہ ان اعضاء سے الگ ہو گئی جو اسے مدد اور تقویت پہنچاتے ہیں اور وہ کسی بھی وقت اس سے جدا ہو سکتی ہے اسی طرح اس شخص کا حال ہے جس کے پاس صرف ایمان ہے اور وہ اعمال میں کوتاہی کرتا ہے قریب ہے کہ اس کے ایمان کا درخت جڑ سے اکھڑ جائے جب ذرا سی بھی تیز ہوا آئے۔

یعنی جب ملک الموت آتا ہے تو اس وقت ایمان ہل جاتا ہے تو ہر وہ ایمان جس کی اصل یقین میں ثابت نہ ہو اور اعمال میں اس کی شاخیں پھیلی ہوئی نہ ہوں وہ اس وقت قائم نہیں رہتا جب موت کے فرشتے کا ظہور ہوتا ہے اور ہولناک منظر کی تند و تیز ہوا چلتی ہے اسے اس وقت برے خاتمے کا ڈر ہوتا ہے وہ ایمان جسے عبادات کا پانی ہر وقت پلایا جاتا ہے وہ مضبوط اور راسخ ہو جاتا ہے۔

کسی گناہ گار کا کسی عبادت گار سے کہنا کہ میں بھی تمہاری طرح مومن ہوں ایسا ہی ہے جیسے کدو کے درخت نے صنوبر کے درخت سے کہا کہ میں بھی درخت ہوں اور تو بھی درخت ہے اور صنوبر کے درخت نے کیا ہی اچھا جواب دیا اس نے کہا عنقریب جب خزاں کی ہوا چلے گی تو تجھے نام کی شرکت کی وجہ سے پیدا ہونے والے دھوکے کا پتہ چل جائے گا۔ اس وقت تیری جڑیں اکھڑ جائیں گی اور تیرے پتے بکھر جائیں گے اور تجھے جو نام کی شرکت کی وجہ سے دھوکہ ہوا ہے وہ واضح ہو جائے گا تو نے سمجھا کہ تو بھی درخت ہے اور میں بھی درخت ہوں لیکن تو ان اسباب سے غافل ہے جو درخت کو قائم رکھتے ہیں۔

وَسَوْفَ تَرَىٰ إِذَا انْجَلَى الْغُبَارُ أَفَرَسٌ تَحْتَكَ أَمْ حِمَارٌ۔ — عنقریب جب گرد و غبار چھٹ جائے گا تو تو دیکھ لے گا کہ گھوڑے پر سوار ہے یا گدھے پر۔

اور یہ بات خاتمے کے وقت ظاہر ہوگی یہی وجہ ہے کہ موت کے گھائل کرنے والے آثار سے عارفین کی رگِ جان کٹ

جاتی ہے کیوں کہ اس وقت بہت سے لوگ ثابت قدم رہتے ہیں پس گناہ گار آدمی جب اس بات سے نہیں ڈرتا کہ وہ اپنے گناہ کی وجہ سے ہمیشہ جہنم میں رہے گا جیسے ایک تندرست آدمی جب نقصان دہ خواہشات کی تکمیل میں رہتا ہے اور وہ اپنی صحت کی وجہ سے موت کا خوف نہیں رکھتا اور موت عام طور پر اچانک نہیں آتی پس اس سے کہا جاتا ہے کہ تندرست آدمی کو بیماری کا خوف ہوتا ہے پھر جب وہ بیمار ہوتا ہے تو موت کا ڈر ہوتا ہے اسی طرح گناہ گار کو برے خاتمے کا خوف ہوتا ہے (اللہ تعالیٰ سب کو بچائے) تو ہمیشہ کے لیے جہنم میں رہنا ہوگا۔

تو گناہ ایمان کے لیے اس طرح (نقصان دہ ہیں) جیسے مضر صحت کھانے جسم کو نقصان پہنچاتے ہیں وہ معدے میں جمع ہوتے رہتے ہیں حتیٰ کہ اخلاط (صفرا بلغم وغیرہ) کے مزاج کو بدل دیتے ہیں اور اس کو پتہ بھی نہیں چلتا۔ یہاں تک کہ مزاج بگڑ جاتا ہے اور اچانک بیمار ہو جاتا ہے اور پھر اچانک مر جاتا ہے تو گناہوں کا معاملہ بھی یہی ہے

تو یہ نتیجہ یہ ہوا کہ جب اس فانی دنیا میں ہلاکت کے خوف سے وہ زہر سے بچتا ہے اور ان کھانوں سے فوری طور پر بھی اور ہر حال میں بچتا ہے جو نقصان دہ ہوتے ہیں تو ابدی ہلاکت سے ڈرنے والے پر بدرجہ اولیٰ گناہوں سے اجتناب واجب ہے اور جب زہر کھانے والے پر واجب ہے کہ جوں ہی نادم ہوتے کرے اور اس کے کھانے سے رجوع کرے اور اسے معدے سے نکال دے اور یہ عمل فوری طور پر کرے تاکہ اس کا جسم ہلاکت سے بچ جائے حالاں کہ اس کا نقصان صرف دنیوی ہے اور دین کے معاملے میں زہر کھانا جو گناہوں کی صورت میں ہے بدرجہ اولیٰ نقصان دہ ہے تو اسے اس سے رجوع کرنا چاہیے اور جس قدر ممکن ہو تدارک کرے جب تک اس کے لیے مہلت ہے اور وہ اس کی زندگی ہے کیوں کہ جس کو اس زہر کا خوف اس لیے ہے کہ باقی رہنے والی آخرت سے محروم ہو جائے گا جس میں ہمیشہ کی نعمتیں اور بہت بڑی سلطنت ہے اور اس کے فوت ہونے سے جہنم کی آگ اور ہمیشہ کے عذاب کا سامنا ہوگا اور دنیوی زندگی اس کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں کیوں کہ اس کی کوئی انتہا نہیں پس توبہ کی جلدی کرنا ضروری ہے اس سے پہلے کہ گناہوں کا زہر روح ایمان پر اثر انداز ہو اور یہ ایسا اثر ہوگا جس کا ڈاکٹروں کے پاس بھی کوئی علاج نہیں اور نہ ہی اس کے بعد کوئی پرہیز اثر کرے گی اس کے بعد نصیحت کرنے والوں کی نصیحت اور واعظین کا وعظ بھی فائدہ نہیں دے گا اس پر یہ بات ثابت ہو جائے گی کہ وہ ہلاک ہونے والوں میں سے ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کے عموم میں داخل ہے

ارشاد خداوندی ہے،

اِنَّا جَعَلْنَا فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۝ وَسَوَآءٌ	ہم نے ان کی گردنوں میں طوق ڈال دیئے پس وہ ان کی ٹھوڑیوں تک پہنچے ہوئے ہیں اور ہم نے ان کے سامنے ایک دیوار بنا دی اور ان کے پیچھے بھی ایک دیوار، تو ہم نے ان کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا پس وہ دیکھ نہیں سکتے

عَلَيْهِمْ ءَ أَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ہ (۱)

اور ان کے لیے برابر ہے آپ ان کو ڈرائیں یا نہ ڈرائیں وہ ایمان نہیں لاتے۔

تمہیں لفظ ایمان دھوکہ نہ دے کہ تم کہو اس آیت سے کافر مراد ہے کیونکہ تمہارے لیے بیان کیا گیا کہ ایمان کے ستر سے زائد دروازے ہیں اور زانی جب زنا کا مرتکب ہوتا ہے تو وہ حالت ایمان میں زنا نہیں کرتا تو جو شخص ایسے ایمان سے پردے میں ہو جس کی شاخیں اور فروع ہیں تو وہ عنقریب خاتمے کے وقت اصل ایمان سے بھی پردے میں ہوگا جیسے وہ شخص جس کے اعضاء نہ ہوں حالانکہ وہ روح کے اطراف اور فروع ہیں تو عنقریب وہ موت کی طرف جائے گا جو روح کو ختم کر دیتی ہے جو اصل ہے تو فرع کے بغیر اصل باقی نہیں رہتی اور اصل کے بغیر فرع کا وجود نہیں ہوتا اصل اور فرع میں صرف ایک بات کا فرق ہے وہ یہ کہ فرع کا وجود اور اس کا بقا دونوں وجود اصل کو چاہتے ہیں لیکن اصل کا وجود فرع کے وجود کو نہیں چاہتا تو اصل کا باقی رہنا فرع کے ساتھ ہے اور فرع کا وجود اصل پر موقوف ہوتا ہے تو علوم مکاشفہ اور علوم معاملہ ایک دوسرے کو لازم ہیں جس طرح فرع اور اصل لازم و ملزوم ہیں اور یہ دونوں ایک دوسرے سے بے نیاز نہیں ہو سکتے اگرچہ ایک اصل کے رتبہ میں ہے اور دوسرا فرع کے مرتبہ میں۔

اور علوم معاملہ اگر عمل کی ترغیب نہ دیں تو ان کا معدوم ہونا ان کے وجود سے بہتر ہے کیونکہ اگر وہ اپنے مقصود کے مطابق عمل نہ کریں تو وہ اس شخص کے خلاف ہوں گے جو ان علوم سے موصوف ہے یہی وجہ ہے کہ جاہل بدکار کے مقابلے میں عالم بدکار کا عذاب زیادہ ہوتا ہے جیسا کہ ہم نے علم کے بیان میں احادیث نقل کی ہیں۔

چوتھی فصل:

ہر شخص پر اور ہر حال میں توبہ واجب ہے

قرآن پاک کی واضح آیت توبہ کے وجوب پر دلالت کرتی ہے۔

ارشاد خداوندی ہے:

وَتُوْبُوْا إِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔ (۲)

اور اے مومنو! تم سب اللہ تعالیٰ کے ہاں توبہ کرو تاکہ تم کامیابی حاصل کرو۔

اس میں عام خطاب ہے اس کے علاوہ نور بصیرت بھی راہنمائی کرتا ہے کیوں کہ توبہ کا معنیٰ اس راستہ سے واپس لوٹنا ہے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ یسین آیت ۸، ۹، ۱۰

(۲) قرآن مجید، سورۂ نور آیت ۳۱

جو اللہ تعالیٰ سے دُور اور شیطان کے قریب کرتا ہے اور یہ بات اسی شخص سے متصور ہوتی ہے جو غافل ہو اور اصل عقل کا کمال اس وقت ہو سکتا ہے جب خواہشات غضب اور تمام مذموم صفات جو انسان کی گمراہی کے لیے شیطان کے جال ہیں، کامل ہوں کیوں کہ چالیس سال کی عمر میں عقل کامل ہوتی ہے اور اس کی اصل اس وقت کامل ہوتی ہے جب بلوغت کی علامات ظاہر ہوتی ہیں اور اس کی علامات سات سال کے بعد ظاہر ہو جاتی ہیں اور خواہشات شیطان کا لشکر ہیں جب کہ عقل فرشتوں کے لشکر ہیں اور جب وہ دونوں جمع ہوں تو لازماً ان کے درمیان لڑائی ہوتی ہے کیونکہ ایک دوسرے کی ضد ہونے کی وجہ سے دونوں اکٹھی نہیں ہو سکتیں جس طرح رات اور دن تیز روشنی اور اندھیرا جمع نہیں ہو سکتے اور جب ان میں سے ایک غالب ہو تو وہ دوسرے کو نکال پھینکتا ہے اور جب خواہشات بچپن اور جوانی میں عقل کے کامل ہونے سے پہلے ہی کامل ہو جاتی ہیں تو شیطانی لشکر سبقت لے جاتا ہے اور وہ دل پر قبضہ کر لیتا ہے اور اسے خواہشات سے اُنس اور اُلفت ہو جاتی ہے کیونکہ عادتاً شہوت کا یہی تقاضا ہوتا ہے اب خواہشات دل پر غالب آتی ہیں اور ان سے نکلنا دشوار ہوتا ہے پھر عقل جو اللہ تعالیٰ کی جماعت اور اس کا لشکر ہے، چمکتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے دوستوں کو آہستہ آہستہ اس کے دشمنوں سے بچاتی ہے اور اگر وہ مضبوط اور کامل نہ ہو تو دل کا میدان شیطان کے قبضے میں رہتا ہے اور وہ لعین اپنا وعدہ پورا کرتا ہے جس کے بارے میں قرآن پاک میں اس طرح مذکور ہے۔

لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا۔ (۱)

میں اس (آدم علیہ السلام) کی اولاد پر ضرور غالب آؤں گا البتہ چند ایک (بچ جائیں گے)

اور اگر عقل کامل اور قوی ہو تو پہلے مرحلے میں وہ خواہشات کو توڑ کر شیطانی لشکر کا قلع قمع کرتی ہے اور بری عادات کو ختم کرتی ہے اور زبردستی طبیعت کو عبادت کی طرف لوٹاتی ہے اور توبہ کا یہی معنیٰ ہے اور وہ اس راستے سے لوٹتا ہے جس پر خواہش راہبر اور شیطان گڑھا کھودنے والا ہو اب وہ اسے اللہ تعالیٰ کے راستے پر چلاتی ہے اور ہر شخص کی خواہش عقل پر سبقت رکھتی ہے اور اس کی وہ فطرت جو شیطان کا آلہ ہے اس طبیعت پر مقدم ہوتی ہے جو فرشتوں کا سامان ہے تو جو کام خواہش کے مطابق کئے ہوں ان سے رجوع کرنا ہر انسان کے لیے ضروری ہے وہ نبی ہو یا کوئی غیر عاقل، لہٰذا یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ توبہ کی یہ ضرورت حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ خاص ہے اور کہا گیا ہے۔

فَلَا تَحْسَبَنَّ هِنْدًا لَهَا الْغَدْرُ وَحْدَهَا
سَجِيَّةُ نَفْسٍ كُلِّ غَانِيَةٍ هِنْدُ۔

یہ خیال نہ کرو کہ صرف ہند (عورت) ہی دھوکہ باز ہے ہر خوبصورت عورت کی طبیعت ہند کی طرح ہے۔

بلکہ یہ حکم ازلی ہے جو انسانی جنس پر لکھ دیا گیا اس کے خلاف فرض نہیں کیا جا سکتا جب تک سنت الٰہیہ نہ بدلے اور اس

---

(۱) قرآن مجید سورۂ اسراء آیت ۶۲

میں تبدیلی کی توقع نہیں لہذا جو شخص کفر اور جہالت کے ساتھ بالغ ہوا اس پر واجب ہے کہ اپنے کفر اور جہالت سے توبہ کرے اور اگر وہ اپنے والدین کے تابع ہونے کی وجہ سے مسلمان بالغ ہو لیکن اسلام کی حقیقت سے غافل ہو تو اس پر اپنی غفلت سے توبہ واجب ہے یعنی اسلام کو سمجھنا ضروری ہے کیونکہ جب تک خود ایمان نہ لائے ماں باپ کا ایمان اسے کافی نہیں ہے اور اگر اسے اسلام کی سمجھ ہے تو اس مطلق العنانی سے توبہ کرے جو خواہشات کی محبت والفت میں عادت بن گئی اور روکنے، اجازت دینے، وغیرہ میں اللہ تعالیٰ کی حدود کی رعایت کرے اور یہ توبہ کے ابواب میں سے سب سے زیادہ سخت دروازہ ہے اکثر لوگ اس میں ہلاک ہوئے کیوں کہ وہ اس سے عاجز رہے اور یہ سب کچھ توبہ اور رجوع ہے۔

تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ توبہ ہر شخص کے حق میں فرض عین ہے کسی انسان کا اس سے بے نیاز ہونا تصور نہیں کیا جا سکتا جس طرح حضرت آدم علیہ السلام اس سے بے نیاز نہیں ہوئے تو باپ کی خلقت میں جس چیز کی گنجائش نہیں تھی اولاد کی خلقت میں اس کی گنجائش کہاں؟

جہاں تک اس کے دائمی اور ہر حال میں واجب ہونے کا تعلق ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ کوئی بھی انسان اعضاء کے گناہوں سے خالی نہیں ہے کیوں کہ انبیاء کرام علیہم السلام سے بھی لغزش واقع ہوئی جیسے قرآن پاک اور احادیث مبارکہ میں انبیاء کرام علیہم السلام کی لغزشوں اور ان پر ان کے رونے کا ذکر ہے۔

اور اگر آدمی کسی وقت اعضاء سے گناہ کا مرتکب نہ بھی ہو تو بھی وہ دل کے ساتھ گناہوں کے ارادے سے خالی نہیں ہوتا اور بعض حالات میں ارادے سے بھی خالی ہو تو اللہ تعالیٰ، اس کی صفات اور افعال کے علم سے غفلت ضرور ہوتی ہے اور یہ سب کچھ نقص ہے اور اس کے کئی اسباب ہیں اور کسی چیز کی ضد میں مشغول ہو کر اس چیز کے اسباب کو چھوڑنا اس راستے سے دوسرے راستے کی طرف رجوع ہے اور توبہ سے مراد بھی رجوع ہے پس انسان کے حق میں اس کوتاہی سے خالی ہونے کا تصور نہیں ہو سکتا البتہ مقدار میں فرق ہے اصل ہر ایک میں ضروری ہے۔

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

وَاِنَّهٗ لَیُغَانُ عَلٰی قَلْبِیْ حَتّٰی اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِی الْیَوْمِ وَاللَّیْلَةِ سَبْعِیْنَ مَرَّةً۔ (۱)

بے شک میرے دل پر کچھ پردہ آجاتا ہے یہاں تک میں ایک دن رات میں ستر بار سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگتا ہوں۔

اسی لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کو بزرگی عطا کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

لِیَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ

تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کے (ہجرت سے) پہلے کے الزام بھی

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۴۶ کتاب الذکر

وَمَا تَاَخَّرَ۔ دور کردے اور (ہجرت کے) بعد کے الزام بھی (دُور فرمادے) (۱)

جب آپ کا یہ حال ہے تو دوسروں کا کیا حال ہو گا (حالانکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم گناہوں سے معصوم ہیں تعلیم امت اور مزید درجات کے حصول کے لیے آپ استغفار فرماتے تھے ۱۲ ہزاروی)

سوال :

دل پر جو غم یا خیالات آتے ہیں وہ نقصان ہے اور کمال اس سے خالی رہنے میں ہے اور جلال خداوندی کی گہرائی کی معرفت میں کمی بھی نقص ہے اور جوں جوں معرفت بڑھتی ہے کمال بھی زیادہ ہوتا ہے اور نقصان کے اسباب سے کمال کی طرف انتقال رجوع ہے اور رجوع کا دوسرا نام توبہ ہے لیکن یہ فضائل ہیں فرائض نہیں ہیں حالانکہ ہر حال میں توبہ کے وجوب کا قول کیا گیا ہے جب کہ ان امور سے توبہ واجب نہیں ہے کیوں کہ کمال کا حصول شرعی طور پر واجب نہیں ہے تو آپ کے اس قول سے کیا مراد ہے کہ ہر حال میں توبہ واجب ہے۔

جواب :

یہ بات پہلے گزر چکی ہے کہ انسان اپنی ابتدائے خلقت میں خواہشات کی اتباع سے خالی نہیں ہے اور توبہ کا معنیٰ صرف خواہشات کو چھوڑنا ہی نہیں بلکہ گذشتہ گناہوں کے تدارک سے توبہ کی تکمیل ہوتی ہے اور ہر وہ خواہش جس کے پیچھے انسان چلتا ہے اس سے ایک تاریکی اس کے دل کی طرف اٹھتی ہے جس طرح سانس کی بھاپ سے صاف شیشے کا منہ دھندلا جاتا ہے اور جب خواہشات کی تاریکی بڑھتی ہے تو وہ رین (زنگ) بن جاتی ہے جس طرح سانس کے بخارات جب شیشے کے منہ پر جمع ہوتے ہیں تو اسے زنگ لگ جاتا ہے۔ ارشاد خداوندی ہے۔

كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ۔ (۲) ہرگز نہیں! بلکہ ان کے دلوں پر ان کے اعمال کے باعث زنگ چڑھ گیا ہے۔

پھر جب زنگ جمع ہو جاتا ہے تو وہ پکا ہو جاتا ہے اور اس کے دل پر مہر لگ جاتی ہے جس طرح شیشے کے منہ پر لگنے والا زنگ جب زیادہ ہوتا ہے اور عرصہ دراز تک رہتا ہے تو وہ اس کے اندر سرایت کر کے اس کو خراب کر دیتا ہے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ فتح آیت ۲

(۲) اس آیت کریمہ کا ترجمہ کرنے میں علماء اہل سنت سے نہایت احتیاط سے کام لیا ہے ہم نے اپنے خیال میں جو ترجمہ مناسب سمجھا اسے درج کر دیا اس کا یہ مطلب نہیں کہ دیگر تراجم اہلسنت صحیح نہیں ہیں ۱۲ ہزاروی)

(۳) قرآن مجید سورۃ المطففین آیت ۱۴

اور اب اسے صیقل نہیں کیا جا سکتا ہے اور وہ اس کی طبعی میل کی طرح ہو جاتا ہے۔

توبہ میں صرف مستقبل میں گناہ چھوڑنا کافی نہیں بلکہ دل پر جو زنگ جم چکا ہے اس کو دور کرنا بھی ضروری ہے جیسا کہ شیشے میں صورتوں کے ظہور کے لیے صرف اتنی بات کافی نہیں کہ آئندہ اس پر سانس اور بخارات نہیں ڈالیں گے بلکہ اس کے لیے پہلے سے چڑھا ہوا زنگ بھی دور کرنا پڑے گا اور جس طرح گناہوں اور خواہشات سے دل کی طرف ایک تاریکی اٹھتی ہے اسی طرح عبادات اور طاعات سے ایک نور پیدا ہوتا ہے اور اس نور سے گناہ کی تاریکی دور ہو جاتی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔

اَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا۔ (۱) گناہ کے پیچھے نیکی لاؤ وہ اس کو مٹا دے گی۔

تو بندہ کسی حال میں بھی دل سے گناہوں کے آثار کو مٹانے سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔ اور وہ نیکیوں کے ذریعے مٹتے ہیں جن کے آثار گناہوں کے آثار کی ضد ہیں اور یہ ایسے دل میں ہوتا ہے جو پہلے سے صاف ہو اور پھر عارضی اسباب سے تاریک ہو گیا ہو اور اگر اسے شروع سے پالش کرنا ہو تو یہ عمل بہت طویل ہے جیسے شیشے سے زنگ کو ختم کرنا اتنا مشکل نہیں جتنا شروع سے اسے شیشہ بنانا مشکل ہے پس یہ نہایت طویل اعمال ہیں جو انسان سے کبھی جدا نہیں ہوتے۔

جہاں تک آپ کی اس بات کا تعلق ہے کہ اسے واجب نہیں کہنا چاہیے بلکہ یہ محض فضیلت اور طلب کمال ہے تو جان لو کہ واجب کے دو معنی ہیں ایک وہ جو شریعت کے فتویٰ میں داخل ہے اور اس میں تمام مخلوق شریک ہے اور یہ وہ مقدار ہے کہ اگر تمام مخلوق اس میں مشغول ہو جائے تو نظام عالم خراب نہیں ہوگا اور اگر تمام لوگوں کو اس بات کا پابند بنایا جائے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے اس طرح ڈریں جیسا اس سے ڈرنے کا حق ہے تو وہ اسباب رزق کی تلاش چھوڑ دیں گے اور دنیا سے بالکل لاتعلق ہو جائیں گے اور اس طرح تقویٰ بالکل ہی باطل ہو جائے گا۔ کیوں کہ جب معیشت تباہ ہو جائے گی تو کوئی بھی شخص تقویٰ کے لیے فارغ نہ ہوگا بلکہ کپڑے بننے، کاشتکاری کرنے، روٹی پکانے وغیرہ میں مشغول ہوں گے اور ہر شخص جس چیز کا محتاج ہوگا وہ اس میں اپنی زندگی صرف کر دے گا۔ تو اس اعتبار سے یہ درجات واجب نہیں ہیں۔

واجب کی دوسری صورت وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے قرب کے حصول اور صدیقین کے مقام محمود تک رسائی کے لیے ضروری ہے اور اس تک پہنچنے کے لیے ان تمام کاموں سے توبہ ضروری ہے جن کا ہم نے ذکر کیا ہے جیسے کہا جاتا ہے کہ نفلی نماز میں طہارت واجب ہے یعنی جو اس کا ارادہ کرے گا وہ طہارت کے بغیر اسے ادا نہیں کر سکتا لیکن جو آدمی نفلی نماز سے محروم رہتا ہے اور اس نقصان کو برداشت کرتا ہے تو اس پر اس نماز کے لیے طہارت واجب نہیں ہے جیسے کہا جاتا ہے کہ آنکھ، کان، ہاتھ اور پاؤں انسانی وجود میں شرط ہیں یعنی اس شخص کے لیے شرط ہیں جو کامل انسان بننا چاہتا ہے جس

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۱۵۸ مرویات ابوذر

کی انسانیت نفع بخش ہو اور اس کے ذریعے وہ دنیا میں بلند مقام حاصل کرے لیکن جو شخص صرف اصل حیات پر اکتفا کرتا ہے اور وہ اس بات پر راضی ہو کر وقصاب کے پھٹے پر پڑے ہوئے گوشت اور (ڈھیر) پر پڑے ہوئے چھیچھڑے کی طرح ہو تو ایسی زندگی کے لیے آنکھ، ہاتھ اور پاؤں ضروری نہیں ہیں۔

پس اصل واجبات جو عام لوگوں سے متعلق فتوی میں داخل ہیں ان سے صرف نجات ملتی ہے اور اصل نجات محض اصل حیات کی طرح ہے اور اس سے اوپر جو سعادتیں ہیں جن کے ساتھ زندگی کی تکمیل ہوتی ہے وہ ان اعضاء اور آلات کی طرح ہیں جن سے زندگی کی زیبائش وآرائش ہے انبیاء کرام، اولیاء عظام اور علماء دین اسی کے لیے کوشاں ہیں اور حسب مقام ان کی کوشش میں فرق ہے۔ وہ اسی کی حرص کرتے اور اسی کے گرد چکر لگاتے تھے اور اسی مقصد کے لیے انہوں نے دنیا کی کی تمام لذتوں کو ترک کر دیا تھا حتی کہ حضرت عیسی علیہ السلام ایک پتھر کو تکیہ بنا کر آرام فرما ہوئے شیطان آپ کے پاس آیا اور کہنے لگا کیا آپ نے آخرت کے لیے دنیا چھوڑ نہیں دی تھی؟ آپ نے فرمایا ہاں میں نے چھوڑ دی تھی لیکن ہوا کیا ہے؟ اس نے کہا آپ نے دنیا سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پتھر کو تکیہ بنایا ہے آپ سر زمین پر کیوں نہیں رکھتے؟ (یہ سن کر) حضرت عیسی علیہ السلام نے وہ پتھر پھینک دیا اور اپنا سر مبارک زمین پر رکھ دیا آپ کا اس پتھر کو پھینکنا دنیوی لذت سے توبہ کرنا تھا تمہارا کیا خیال ہے حضرت عیسی علیہ السلام اس بات کو نہیں جانتے تھے کہ زمین پر سر رکھنا عام لوگوں سے متعلق فتوی کے مطابق واجب نہیں ہے۔

اور کیا تم نہیں جانتے کہ جب نماز میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی توجہ اس کپڑے کی وجہ سے ہٹ گئی جس پر بیل بوٹے تھے تو آپ نے اس کو اتار دیا (۱) اور آپ کے نعلین مبارک کے تسمے نے آپ کی توجہ پھیر دی تو آپ نے پرانا تسمہ لگا دیا۔ (۲)

کیا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم نہ تھا کہ آپ جو شریعت لے کر تشریف لائے ہیں اس کے مطابق یہ تمام لوگوں پر واجب نہیں ہے اور اس علم کے باوجود آپ نے رجوع کیوں کیا، کیا اس کا مقصد صرف یہی بات نہیں تھی کہ آپ نے دیکھا کہ وہ آپ کے دل مبارک پر ایسا اثر کر رہا ہے جو اس مقام محمود تک پہنچنے میں رکاوٹ ہے جس کا آپ سے وعدہ کیا گیا تھا۔

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دودھ نوش فرمایا پھر پتہ چلا کہ یہ جائز طریقے پر نہیں ہے تو آپ اس کو نکالنے کے لیے اپنے حلق میں انگلی ڈالی حتی کہ قریب تھا آپ کی جان نکل جائے کیا آپ کو فقہ کا یہ مسئلہ معلوم نہ تھا کہ لاعلمی میں کسی چیز کے کھانے سے آدمی گناہ گار نہیں ہوتا اور فقہی فتوی کے مطابق اس کا نکالنا ضروری نہیں ہے تو آپ نے

---

(۱) صحیح بخاری جلد اول ص ۵۲ کتاب الصلوٰۃ

ممکن حد تک یعنی معدے کو خالی کرنے کے ذریعے اس سے توبہ کیوں کی؟ کیا اس کی وجہ وہ راز نہ تھا جو آپ کے سینے میں پنہاں تھا کہ عام لوگوں کے لیے فتویٰ الگ چیز ہے اور طریقِ آخرت کے خطرات سے صرف صدیقین ہی آگاہ ہوتے ہیں۔

تو ان لوگوں کے حالات پر غور کیجیے جو تمام مخلوق میں اللہ تعالیٰ کی پہچان سب سے زیادہ رکھتے تھے وہ اللہ تعالیٰ کے راستے، اس کی خفیہ تدابیر، اللہ تعالیٰ کی ذات کے حوالے سے دھوکے کے مقام کو اچھی طرح جانتے تھے دنیوی زندگی کے دھوکے سے ایک بار بچو اور پھر اللہ تعالیٰ پر دھوکہ کھانے سے ہزاروں مرتبہ بچو یہ وہ اسرار ہیں کہ جس شخص کو ان کی خوشبو حاصل ہو جائے وہ جان لیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے راستے پر چلنے والے سالک کے لیے ہر گھڑی توبۃ النصوح لازم ہے اگرچہ اسے حضرت نوح علیہ السلام کی عمر حاصل ہو جائے اور یہ کسی مہلت کے بغیر فی الفور واجب ہے۔

حضرت ابوسلیمان دارانی رحمہ اللہ نے سچ فرمایا کہ اگر عقلمند آدمی اپنی زندگی میں صرف اس بات پر روئے کہ اس کی گذشتہ زندگی عبادت کے بغیر گذر گئی اور ضائع ہو گئی تب بھی اسے مرتے دم تک غمگین ہونا لائق ہے تو اس کا کیا حال ہو گا جو امی کی طرح مستقبل میں بھی جہالت سے کام لیتا ہے۔

آپ نے یہ بات اس لیے فرمائی کہ عقلمند آدمی کو جب ایک نفیس موتی ملتا ہے اور وہ کسی فائدے کے حاصل کیے بغیر ضائع ہو جاتا ہے تو وہ یقیناً اس پر روتا ہے اور اگر اس کا ضائع ہونا اس کی ہلاکت کا باعث ہو تو اس کا رونا اور زیادہ ہو گا (تو غور کیجیے) زندگی کی ہر گھڑی بلکہ ہر سانس ایک نفیس جوہر ہے جس کا کوئی بدل نہیں ہے وہ اس بات کی صلاحیت رکھتا ہے کہ تجھے ابدی سعادت تک پہنچا دے اور دائمی بدبختی سے بچائے اس لیے اس سے زیادہ نفیس جوہر کیا ہو سکتا ہے اگر تم اسے غفلت میں ضائع کر دو گے تو واضح نقصان اٹھاؤ گے۔ اور اگر اسے گناہ میں صرف کرو گے تو واضح طور پر ہلاک ہو جاؤ گے اب اگر تم اس مصیبت پر نہیں روتے تو یہ تمہاری جہالت ہے اور جہالت کی مصیبت تمام مصیبتوں سے بڑھ کر ہے لیکن جاہل کو اس بات کی پہچان نہیں ہوتی کہ یہ مصیبت ہے کیونکہ غفلت کی نیند اس کے اور معرفت کے درمیان حائل ہوتی ہے اور لوگ غفلت کی نیند سوئے ہوئے ہیں جب موت آتی ہے تو جاگ جاتے ہیں اس وقت ہر مفلس کو اپنے افلاس کا اور ہر مصیبت زدہ کو اس کی مصیبت کا علم ہوتا ہے لیکن اس وقت اس کا تدارک نہیں ہو سکتا۔

بعض عارفین فرماتے ہیں کہ حضرت عزرائیل علیہ السلام جب کسی بندے کے سامنے آتے ہیں تو فرماتے ہیں تمہاری زندگی کی ایک گھڑی باقی ہے اور تو پلک جھپکنے کے برابر بھی اس سے آگے نہیں بڑھے گا اس وقت بندہ افسوس اور حسرت کا اظہار کرتا ہے کہ اگر دنیا اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ بھی اسے ملتی تو اسے حاصل نہ کرتا اور اگر اس ساعت کے ساتھ ایک اور ساعت کا اضافہ ہو اور وہ اس میں تکلیف برداشت کر کے گذشتہ کوتاہیوں کا ازالہ کرتا تو کیا ہی اچھا ہے! لیکن اس وقت مہلت کہاں! اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کا پہلا معنی یہی ہے۔

ارشاد خداوندی ہے:

وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ ـ (۱)

اور ان کے اور ان کی خواہشات کے درمیان رکاوٹ پیدا کھڑی کر دی گئی۔

اور اس ارشادِ گرامی میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے:

مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَا اَخَّرْتَنِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَاۗءَ اَجَلُهَا ـ (۲)

(توبہ کرو) اس سے پہلے کہ تم میں سے کسی ایک کو موت آئے تو وہ کہے اے میرے رب تو نے مجھے قریب کے وقت تک مہلت کیوں نہ دی کہ میں صدقہ کرتا اور نیک لوگوں میں سے ہو جاتا اور اللہ تعالیٰ کسی نفس کے وقت موت کو پیچھے نہیں کرتا جب وہ آجاتا ہے

کہا گیا کہ اجل قریب جو اس کے پیچھے لگی ہوتی ہے اس کا معنیٰ یہ ہے کہ جب بندے کی نگاہوں سے پردہ اٹھتا ہے تو وہ کہتا ہے اے موت کے فرشتے! مجھے ایک دن کی مہلت دے دے میں اپنے رب کی بارگاہ میں عذر پیش کر سکوں اور توبہ کروں اور اپنے لیے اچھا توشہ لے لوں فرشتہ جواب دیتا ہے تم نے اپنی زندگی کے (دن تباہ کر دیئے اب کوئی دن نہیں مل سکتا وہ کہتا ہے مجھے ایک ساعت کی مہلت دے فرشتہ جواب دیتا ہے تم نے تمام ساعتیں ضائع کر دیں اب کوئی ساعت نہیں ہے پس اس پر توبہ کا دروازہ بند ہو جاتا ہے اور جان حلق تک آجاتی ہے اور اسی افسوس کی حالت میں اس کی سانس اکھڑ جاتی ہے وہ گذشتہ نقصان کی تلافی نہ کرنے پر نا امیدی اور زندگی کے ضیاع پر حسرت و ندامت کے گھونٹ پیتا ہے ان حالات کے صدمات میں اس کا اصل ایمان مضطرب ہو جاتا ہے اب جب اس کی روح نکلتی ہے تو اگر اس کی تقدیر میں اچھا لکھا تھا تو اس کی روح توحید پر نکلتی ہے اور یہی حسن خاتمہ ہے اسی سلسلے میں فرمایا گیا۔

وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَھُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّىْ تُبْتُ الْـٰٔنَ ـ (۳)

اور ان لوگوں کی توبہ قبول نہیں ہوتی جو برے کام کرتے ہیں حتیٰ کہ جب ان میں سے کسی ایک کو موت آتی ہے تو کہتا ہے میں اب توبہ کرتا ہوں۔

اور ارشادِ خداوندی ہے،

اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَي اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ

بے شک اللہ تعالیٰ ان لوگوں کی توبہ قبول کرتا ہے جو نادانی

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ سبا، آیت ۵۴

(۲) قرآن مجید، سورۂ المنافقون آیت ۱۰

(۳) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۱۸

السُّوٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوبُونَ مِن قَرِيبٍ (۱) میں برائی کر بیٹھتے ہیں پھر جلد ہی توبہ کر لیتے ہیں
یعنی گناہ کے فوراً بعد وہ نادم ہونے کے ذریعے توبہ کرتے ہیں اور اس (گناہ) کے بعد نیکی کر کے اس (گناہ) کے
اثر کو زائل کرتے ہیں اس سے پہلے کہ دل پر زنگ چڑھ جائے اس وقت وہ زائل ہونے کے قابل نہیں رہتا۔

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا۔ (۲) برائی کے پیچھے نیکی لاؤ وہ اس (برائی) کو مٹا دے گی۔

اسی لیے حضرت لقمان رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا اے میرے بیٹے! توبہ میں تاخیر نہ کرنا کیوں کہ
موت اچانک آتی ہے۔

اور جو شخص ٹال مٹول کرتے ہوئے توبہ کی طرف سبقت نہیں کرتا وہ دو عظیم خطروں کے درمیان ہوتا ہے ایک یہ کہ اس کے
دل پر گناہ کی تاریکی مسلسل جمع ہوتی رہتی ہے حتیٰ کہ وہ زنگ اور مہر کی شکل اختیار کر لیتی ہے اور اب وہ زائل نہیں ہو سکتی دوسرا
خطرہ یہ کہ ہو سکتا ہے بیماری یا موت آ جائے اب اسے گناہ کے ازالے کی مہلت نہیں ملے گی اسی لیے حدیث شریف میں
آیا ہے۔

اِنَّ اَكْثَرَ صِيَاحِ اَهْلِ النَّارِ مِنَ التَّسْوِيْفِ۔ جہنمیوں کی زیادہ چیخ و پکار (توبہ میں) ٹال مٹول کرنے کی
وجہ سے ہوگی۔

اور جو بھی ہلاک ہوا وہ ٹال مٹول کرنے کی وجہ سے ہوا تو ایسے آدمی کا اپنے دل کو سیاہ کرنا نقد اور عبادت کے ذریعے
اسے روشن کرنا بطور ادھار ہوتا ہے یہاں تک کہ اسے موت اٹھا لیتی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے حضور ایک مریض دل کے
ساتھ جاتا ہے تو دل بندے کے پاس اللہ تعالیٰ کی امانت ہے زندگی بھی اس کی امانت ہے بلکہ عبادت کے تمام اسباب اللہ تعالیٰ
کی طرف سے بندے کے پاس امانت ہیں تو جو شخص امانت میں خیانت کرے پھر اس کا ازالہ بھی نہ کرے اس کا معاملہ خطرناک ہوتا ہے۔

بعض عارفین فرماتے ہیں کہ بندے کے پاس اللہ تعالیٰ کے دو راز ہیں جو بطور الہام اس کو بتاتا ہے ایک یہ کہ جب وہ
اپنی ماں کے پیٹ سے نکلتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے میرے بندے! میں نے تجھے دنیا میں پاک اور طاہر بھیجا ہے
اور تیرے پاس تیری زندگی بطور امانت رکھی ہے تو میں دیکھوں گا کہ تم کس طرح اس کی حفاظت کرتے ہو اور دوسرا یہ کہ جب
اس کی روح پرواز کرتی ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے میرے بندے! تو نے میری امانت کی حفاظت کیسے کی ہے کیا میری
اس ملاقات تک تو وعدہ پر قائم رہا تو میں بھی اپنا قول پورا کروں گا یا تو نے اسے ضائع کر دیا تو میں مطالبے اور عذاب کے ذریعے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۱۷

(۲) مسند امام احمد بن حنبل ۵ ص ۱۵۸ از روایت ابوذر

تجھ سے ملاقات کروں گا قرآن پاک کی اس آیت کریمہ میں اسی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

اَوْفُوْا بِعَهْدِیْ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ۔ (۱)

تم مجھ سے کیا ہوا (اپنا) وعدہ پورا کرو میں تم سے کیا ہوا (اپنا) وعدہ پورا کروں گا۔

اور اس آیت کریمہ میں بھی اسی طرح اشارہ ہے۔

وَالَّذِیْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ۔ (۲)

اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں اور وعدوں کا خیال رکھتے ہیں۔

پانچویں فصل:

شرائط توبہ کے جمع ہونے پر اس کی قبولیت یقینی ہے

جب تمہیں قبولیت کا معنی معلوم ہو گیا تو اب تمہیں کسی بھی صحیح توبہ کے قبول ہونے میں شک نہیں ہونا چاہیئے جو لوگ بصیرت کے نور سے دیکھتے اور انوار قرآن سے فیضیاب ہوتے ہیں وہ جانتے ہیں کہ ہر سلیم دل اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول ہوتا ہے اور قیامت کے دن اسے قرب خداوندی کا اعزاز حاصل ہو گا وہ اس قابل ہوتا ہے کہ باقی رہنے والی آنکھ سے اللہ تعالےٰ کا دیدار کر سکے۔

ان لوگوں کو یہ بھی معلوم ہے کہ دل اپنی اصل کے اعتبار سے صحیح سالم پیدا کیا گیا ہے اور ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے اور اس کی سلامتی گناہوں کی گرد و غبار چھا جانے سے زائل ہوتی ہے انہیں یہ بھی معلوم ہے کہ ندامت کی آگ اس غبار کو جلا کر راکھ کر دیتی ہے اور نیکی کا نور دل کے چہرے سے گناہ کی تاریکی کو مٹا دیتا ہے اور یہ کہ نیکیوں کے نور کے سامنے گناہوں کے اندھیرے نہیں ٹھہرتے جیسے دن کی روشنی کے سامنے رات کے اندھیروں کا بس نہیں چلتا۔ بلکہ اس طرح سمجھو کہ صابن کی سفیدی کے مقابلے میں میل کی کدورت ٹھہر نہیں سکتی اور جس طرح بادشاہ میلے کپڑے کو اپنا لباس بنانا پسند نہیں کرتا اسی طرح اللہ تعالیٰ بھی تاریک دل کو اپنے قرب کے لیے قبول نہیں کرتا اور جس طرح ادنیٰ کاموں میں کپڑے کا استعمال اسے میلا کر دیتا ہے اور اسے صابن اور گرم پانی سے صاف کیا جاتا ہے تو خواہشات کی تکمیل سے بھی دل میلا ہو جاتا ہے اور اسے آنسوؤں کے پانی اور ندامت کی حرارت کی ضرورت ہوتی ہے جس سے وہ پاک اور صاف ہوتا ہے اور ہر پاک دل اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول ہوتا ہے جس طرح پاک کپڑا ہی پسندیدہ اور قبول ہوتا ہے لہٰذا تم پر طہارت اور پاکیزگی کا حصول لازم ہے جہاں

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۴۰

(۲) قرآن مجید، سورۂ مومنون آیت ۸

تک قبولیت کا تعلق ہے تو اس کے لیے ازلی حکم موجود ہے جسے رد نہیں کیا جا سکتا اور اسے فلاح کہا جاتا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا۔ تحقیق اس نے کامیابی حاصل کی جس نے اسے نفس کو پاک کیا۔ (۱)

اور جو شخص تحقیق کی بنیاد پر آنکھ کے مشاہدہ سے زیادہ مضبوط اور روشن معرفت نہیں رکھتا کہ دل گناہوں اور عبادات سے متاثر ہوتے ہیں اور یہ تاثیر ایک دوسرے کی ضد ہوتی ہے ایک کے لیے بطور مجاز اندھیرے کا لفظ استعمال ہوتا ہے جیسے جہالت کو مجازی طور پر اندھیرا کہتے ہیں اور دوسرے کے لیے لفظ نور بولا جاتا ہے جیسے علم کو مجازی طور پر نور کہا جاتا ہے اور نور اور اندھیرے کے درمیان تضاد ضروری اور واضح ہے دونوں جمع نہیں ہو سکتے تو گویا دین سے اس کا تعلق ایسا ہے جیسے چھلکا حاصل کرے اور نام کی حد تک واسطہ ہے اور اس کا دل دین کی حقیقت سے بڑے سخت پردے میں ہے بلکہ وہ اپنے نفس کی حقیقت اور اس کی صفات سے بھی حجاب میں ہے اور جو شخص اپنے نفس سے ناواقف ہو وہ دوسروں سے بہت زیادہ لاعلم ہوتا ہے اور اس سے مراد دل ہے کیوں کہ دل کے ذریعے ہی دوسری چیزوں کا پتہ چلتا ہے تو جو شخص اپنے دل کی معرفت نہیں رکھتا اسے دوسروں کی پہچان کیسے حاصل ہو گی۔

اور جو شخص یہ وہم کرے کہ توبہ کے صحیح ہونے کے باوجود وہ قبول نہیں ہوتی تو یہ اسی طرح ہے جیسے کسی کو وہم ہو جائے کہ سورج طلوع ہوتا ہے لیکن اندھیرا دور نہیں ہوتا اور کپڑا صابن کے ساتھ دھویا جاتا ہے لیکن میل زائل نہیں ہوتی۔ ہاں جب میل تہ بہ تہ جمع ہو کر کپڑے کے اندر داخل ہو جائے تو اب اسے صابن بھی دور نہیں کر سکتا اس کی مثال یہ ہے کہ گناہ اکٹھے ہوتے ہیں اور کئی تہیں بن جاتی ہیں حتیٰ کہ مہر لگ جاتی ہے اور دل زنگ آلود ہو جاتا ہے تو اس قسم کا دل نہ رجوع کرتا ہے اور نہ ہی توبہ۔

ہاں بعض اوقات زبان سے کہتا ہے کہ میں نے توبہ کی اور یہ ایسے ہی جیسے دھوبی اپنی زبان سے کہے کہ میں نے کپڑے کو دھویا لیکن یہ زبانی قول کپڑے کو بالکل پاک نہیں کرتا جب تک کپڑے کی اس صفت کو اس کی ضد کے ساتھ تبدیل نہ کیا جائے مگر یہ حال اصل توبہ سے باز رہنے کا ہے اور کچھ بعید بھی نہیں۔ بلکہ عام لوگ جو دنیا کی طرف متوجہ اور آخرت سے منہ پھیرنے والے ہیں ان پر یہی بات غالب ہے تو توبہ کی قبولیت کے سلسلے میں ارباب بصیرت کے لیے اتنا بیان کافی ہے لیکن ہم اس کے پردوں کو آیات، احادیث اور آثار کے ذکر کے ساتھ مضبوط کرتے ہیں۔ کیوں کہ قرآن و سنت کی شہادت کے بغیر بات یقینی نہیں ہوتی۔

ارشاد خداوندی ہے،

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الشمس آیت ۹

وَهُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِہٖ وَیَعْفُوْ عَنِ السَّیِّاٰتِ (۱)

اور وہی (اللہ) ہے جو اپنے بندوں سے توبہ قبول کرتا اور گناہ معاف کرتا ہے۔

اور ارشاد فرمایا:

غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ۔ (۲)

(وہ) گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا ہے

اس کے علاوہ بھی آیات ہیں۔

اور یہ حدیث پیچھے گزر چکی ہے کہ بندہ اپنی گمشدہ سواری کے ملنے پر اتنا خوش نہیں ہوتا جس قدر اللہ تعالیٰ کو بندے کی توبہ پسند ہے۔ (۳)

اور خوشی (اور پسندیدگی) قبولیت کے بعد ہوتی ہے لہٰذا یہ حدیث قبولیت پر کچھ زیادتی کی دلیل ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ یَبْسُطُ یَدَہٗ بِالتَّوْبَةِ لِمُسِیْٔ اللَّیْلِ اِلَی النَّھَارِ وَلِمُسِیْٔ النَّھَارِ اِلَی اللَّیْلِ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنَ الْمَغْرِبِ۔ (۴)

اللہ تعالیٰ کا دست رحمت توبہ کے ساتھ کشادہ ہوتا ہے اس کے لیے جو رات سے صبح تک اور صبح سے شام تک گناہ کرتا ہے حتیٰ کہ سورج مغرب سے طلوع ہو جائے۔

ہاتھ کا پھیلانا قبولیتِ توبہ سے کنایہ ہے اور کسی چیز کا طالب قبول کرنے والے سے بڑھ کر ہے کئی قبول کرنے والے طالب نہیں ہوتے لیکن جو طالب ہوگا وہ قبول بھی کرے گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لَوْعَمِلْتُمُ الْخَطَایَا حَتّٰی تَبْلُغَ السَّمَاءَ ثُمَّ نَدِمْتُمْ لَتَابَ اللّٰہُ عَلَیْکُمْ۔ (۵)

اگر تم گناہوں کا ارتکاب کرو حتیٰ کہ وہ آسمان تک پہنچ جائیں پھر تم نادم ہو تو اللہ تعالیٰ تمہاری توبہ قبول کرے گا۔

اور آپ نے یہ بھی فرمایا:

اِنَّ الْعَبْدَ لَیُذْنِبُ الذَّنْبَ فَیَدْخُلُ بِہٖ

بے شک بندہ ایک گناہ کرتا ہے پس اس کے ساتھ جنت

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ شوریٰ آیت ۲۵

(۲) قرآن مجید، سورۂ غافر آیت ۳

(۳) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۳۳ کتاب الدعوات

(۴) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۵۸ کتاب التوبہ

(۵) سنن ابن ماجہ ص ۳۲۳، ابواب الزھد

الْجَنَّةَ۔ میں چلا جاتا ہے۔

عرض کیا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم وہ کیسے؟ فرمایا وہ اسے پیش نظر رکھتا ہے اور توبہ کرتے ہوئے اس سے بھاگتا ہے حتی کہ جنت میں داخل ہو جاتا ہے (۱)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

كَفَّارَةُ الذَّنْبِ النَّدَامَةُ۔ (۲) گناہ کا کفارہ ندامت ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔

اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَّا ذَنْبَ لَهٗ۔ (۳) گناہ سے توبہ کرنے والا اس شخص کی طرح ہے جس کا کوئی گناہ نہ ہو۔

ایک حبشی نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں بے حیائی کے کاموں کا مرتکب ہوتا ہوں کیا میری توبہ قبول ہوگی؟ آپ نے فرمایا! ہاں قبول ہوگی وہ چلا گیا اور پھر واپس آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ! کیا اللہ تعالیٰ مجھے گناہ کرتے ہوئے دیکھتا تھا؟ آپ نے فرمایا ہاں (یہ سن کر) اس حبشی نے ایک ایسی چیخ ماری کہ اس کی روح پرواز کر گئی۔ (۴)

ایک روایت میں ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ابلیس پر لعنت فرمائی تو اس نے مہلت مانگی اللہ تعالیٰ نے اسے قیامت تک مہلت دے دی اس نے کہا مجھے تیری عزت کی قسم جب تک انسان کے جسم میں رُوح ہے میں اس سے نہیں نکلوں گا اللہ تعالیٰ نے فرمایا مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم! جب تک اس میں روح ہے میں اس سے توبہ کو نہیں روکوں گا۔ (۵)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ كَمَا يُذْهِبُ الْمَاءُ الْوَسَخَ۔ (۶) بے شک نیکیاں، برائیوں کو اس طرح زائل کرتی ہیں جیسے پانی میل کو دور کر دیتا ہے۔

اس سلسلے میں بے شمار احادیث وارد ہیں۔

---

(۱) کنز العمال جلد ۴ ص ۲۱۰ حدیث ۱۰۱۸۸

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد اوّل ص ۲۸۹ مرویات ابن عباس

(۳) سنن ابن ماجہ ص ۳۲۳، ابواب الزھد

(۴)

(۵) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۲۹ مرویات ابو سعید خدری

(۶) حلیۃ الاولیاء جلد اوّل ترجمہ ۱۴ ص ۲۷۰

آثار :

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد گرامی :۔

فَاِنَّهُ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا۔ (۱) پس بے شک وہ خوب توبہ کرنے والوں کو بخش دیتا ہے۔

اس آدمی کے حق میں نازل ہوئی جس سے گناہ سرزد ہوتا ہے پھر وہ توبہ کرتا ہے پھر گناہ کرتا ہے اور اس کے بعد پھر توبہ کرتا ہے۔

حضرت فضیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

گناہ گاروں کو (اس بات کی) خوشخبری دیجئے کہ اگر وہ توبہ کریں گے تو ان سے قبول کی جائے گی اور صدیقین کو اس بات سے ڈرائیں کہ اگر میں نے عدل سے کام لیا تو ان کو عذاب دوں گا۔

حضرت طلق بن حبیب رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کے حقوق اتنے بڑے ہیں کہ بندہ ان کو ادا نہیں کر سکتا لیکن صبح و شام توبہ کیا کرو۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جو شخص اپنی خطا کو یاد کرے جس کا وہ مرتکب ہوا اور اس سے اس کا دل دہل جائے تو نامۂ اعمال سے وہ گناہ مٹ جاتا ہے ایک روایت میں ہے کہ بنی اسرائیل کے ایک نبی علیہ السلام سے کچھ لغزش ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی بھیجی (فرمایا) مجھے اپنی عزت کی قسم اگر آپ نے دوبارہ یہ کام کیا تو میں عذاب دوں گا انہوں نے عرض کیا اے میرے رب! تو تُو ہے اور میں میں ہوں تیری عزت کی قسم اگر تو مجھے محفوظ نہیں رکھے گا تو یہ لغزش دوبارہ ہو سکتی ہے تو اللہ تعالیٰ نے ان کو بچا لیا۔

بعض بزرگ فرماتے ہیں بندہ گناہ کر کے اس پر مسلسل نادم رہتا ہے حتیٰ کہ جنت میں داخل ہو جاتا ہے، شیطان کہتا ہے افسوس میں اسے گناہ میں مبتلا نہ کرتا۔

حضرت حبیب بن ثابت رحمہ اللہ فرماتے ہیں قیامت کے دن آدمی کے گناہ اس کے سامنے پیش کئے جائیں گے ایک گناہ سے آمنا سامنا ہو گا تو وہ کہے گا میں اسی سے ڈرتا تھا فرماتے ہیں' پس' اس کی بخشش ہو جائے گی۔

ایک روایت میں ہے کہ ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ایک گناہ کے بارے میں پوچھا جس کا وہ مرتکب ہوا تھا کہ کیا اس سے توبہ ہو سکتی ہے انہوں نے اس سے منہ پھیر لیا پھر اس کی طرف متوجہ ہوئے تو دیکھا کہ اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہیں آپ نے اس سے فرمایا کہ جنت کے آٹھ دروازے ہیں توبہ کے دروازے کے علاوہ باقی تمام کھلتے اور بند ہوتے ہیں۔ اس (توبہ کے دروازے) پر ایک فرشتہ مقرر ہے جو اسے بند نہیں کرتا پس تو عمل کر اور مایوس نہ ہو۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ اسراء آیت ۲۵

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوالقاسم رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم نے حضرت ابراہیم رحمہ اللہ سے کافر کی توبہ اور اس آیت کریمہ کے بارے میں گفتگو کی۔

اِنْ یَّنْتَهُوْا یُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ۔ (۱) اگر وہ باز آجائیں تو گذشتہ گناہ معاف ہو جائیں گے۔

تو انہوں نے فرمایا مجھے امید ہے کہ مسلمان اللہ تعالیٰ کے ہاں اچھے حال میں ہوگا اور مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ مسلمان کی توبہ گویا اسلام کے بعد اسلام لانا ہے۔

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں تم سے جو بات بھی بیان کروں گا وہ کسی بھیجے ہوئے نبی یا اتاری گئی کتاب سے بیان کروں گا بے شک بندہ جب گناہ کا مرتکب ہوتا ہے پھر پلک جھپکنے کے برابر بھی نادم ہو تو پلک جھپکنے سے بھی جلدی وہ گناہ زائل ہو جاتا ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا توبہ کرنے والوں کے پاس بیٹھا کرو کیونکہ ان کے دل بہت نرم ہوتے ہیں۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں مجھے معلوم ہے کہ کب اللہ تعالیٰ میری بخشش فرمائے گا پوچھا گیا کب؟ فرمایا جب میری توبہ قبول فرمائے گا ایک دوسرے بزرگ فرماتے ہیں مجھے مغفرت سے محرومی کا اتنا خوف نہیں جتنا توبہ کی محرومی سے ڈرتا ہوں یعنی مغفرت تو توبہ کے لوازمات اور اس کے پیچھے آنے والی ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک نوجوان تھا اس نے بیس سال تک اللہ تعالیٰ کی عبادت کی پھر بیس سال اس کی نافرمانی کی اس کے بعد شیشے میں دیکھا تو داڑھی میں سفید بال آگئے تھے اسے برا معلوم ہوا تو بارگاہ خداوندی میں عرض کیا یا اللہ! میں نے بیس سال تیری عبادت کی پھر بیس سال تیری نافرمانی کی اگر میں تیری طرف رجوع کروں تو میری توبہ قبول کرے گا؟ تو اس نے ایک کہنے والے کو سنا وہ کہہ رہا تھا لیکن دکھائی نہیں دیتا ہے کہ تو نے ہم سے دوستی کی تو ہم نے بھی تم سے محبت کی اور تم نے ہمیں چھوڑا تو ہم نے تمہیں چھوڑ دیا تم نے ہماری نافرمانی کی تو ہم نے تمہیں مہلت دی اب اگر تو ہماری طرف رجوع کرے گا تو ہم تجھ سے قبول کریں گے۔

حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جنہوں نے گناہوں کے درخت اس طرح لگائے ہیں جیسے دلوں میں جان ہوتی ہے ان کو توبہ کا پانی دیا تو ان پر ندامت اور غم کا پھل لگا تو وہ جنون کے بغیر ہی مجنون بن گئے اور عاجزی اور گونگے پن کے بغیر ہی وہ غبی بن گئے لیکن وہ بلیغ و فصیح ہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت رکھتے ہیں پھر انہوں نے جام صفا نوش کیا تو طویل آزمائش پر صبر کرتے رہے پھر ان کے دل عالم ملکوت کے مشتاق ہوگئے اور پردہ ہائے جبروت کے خفیہ امور میں غور و فکر کرنے لگے اور انہوں نے ندامت کے سائبان کے سائے

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ انفال آیت ۳۸

میں بیٹھ کر گناہوں کا صیفہ پڑھنا شروع کیا تو ان کے نفسوں پر جزع فزع طاری ہو گیا حتیٰ کہ وہ تقویٰ کی سیڑھی کے ذریعے زُہد کے بلند مقام تک پہنچ گئے، ان کو ترکِ دین کی کڑواہٹ میٹھی اور بستر کی سختی نرمی معلوم ہونے لگی حتیٰ کہ وہ نجات اور سلامتی کی رسی کے ساتھ کامیاب ہوئے ان کی رُوحیں اپنی خوراک حاصل کرتی کرتی نعمتوں کے باغوں میں چلی گئیں انہوں نے زندگی کے سمندر میں غوطہ لگایا، جزع فزع کی خندقوں اور خواہشات کے پُلوں کو پار کر گئے حتیٰ کہ وہ علم کے صحن میں اتر گئے اور حکمت کے تالاب سے پانی پیا، پھر ہوشیاری کی کشتی میں سوار ہوئے اور سلامتی کے سمندر سے نفع حاصل کیا یہاں تک کہ راحت کے باغوں اور عزت و کرامت کی کان تک پہنچ گئے ـــــ اس بات کے لیے اتنا بیان کافی ہے کہ توبہ بہر حال صحیح اور مقبول ہوتی ہے۔

سوال:

کیا آپ بھی معتزلہ کی طرح یوں کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پر توبہ کا قبول کرنا واجب ہے۔

جواب:

جو کچھ میں نے ذکر کیا ہے اس سے میری مراد یہ نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ پر توبہ کا قبول کرنا واجب ہے بلکہ وہی مراد ہے جو کہا جاتا ہے کہ کپڑا جب صابن سے دھویا جائے تو میل کا دُور ہونا لازمی ہے اور پیاسا جب پانی پیئے تو پیاس کا زائل ہونا ضروری ہے اور جب ایک مدت تک پانی نہ ملے تو پیاس واجب ہو جاتی ہے اور جب مسلسل پیاسا رہے تو موت واجب ہوتی ہے اور ان تمام باتوں سے وہ بات مراد نہیں ہے جو معتزلہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پر یہ کام واجب ہیں بلکہ میں کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے عبادت کو گناہوں کے کفارے کے طور پر پیدا فرمایا ہے اور نیکی کو برائی کے مٹانے کے لیے تخلیق فرمایا جیسا کہ پانی کو پیاس بجھانے کے لیے پیدا کیا اور اس کی قدرت میں اس کے خلاف کی بھی گنجائش ہے اگر اس کی مشیئت کا تقاضا ہو۔ پس اللہ تعالیٰ پر کچھ بھی واجب نہیں ہے لیکن جس کام کے لیے اس کا ازلی ارادہ ہو چکا ہے وہ کام لازماً ہو گا۔

سوال:

ہر توبہ کرنے والے کو اپنی توبہ کی قبولیت میں شک ہوتا ہے جب کہ پانی پینے والے کو پیاس کے بجھنے میں شک نہیں ہوتا تو توبہ کی قبولیت میں شک کیوں ہوتا ہے؟

جواب:

اس کا قبولیت میں شک اسی طرح ہے جیسے شرائطِ صحت کے وجود میں شک ہوتا ہے کیونکہ توبہ کے ارکان اور شرائط بہت باریک ہیں جیسا کہ آگے آرہا ہے اور عام طور پر تمام شرائط پائی نہیں جاتیں جیسے ایک شخص اسہال کی دوائی پیتا ہے لیکن اسے شک ہوتا ہے کہ معلوم اس سے اسہال ہوں گے یا نہیں؟ اور یہ شک دوائی میں اسہال کی شرائط کے حصول کی وجہ سے ہوتا ہے اور اس کی وجہ حال، وقت، دوائی کی ترکیب اور اس کے اجزا کے کھرا ہونے میں شک ہے تو اس قسم کی مثالیں توبہ کے پائے جانے کے بعد خوف کا موجب ہوتی ہیں اور اس کی یقینی قبولیت میں شک پیدا کرتی ہیں

جیسا کہ شرائط کے بیان میں ذکر کیا جائے گا۔

دوسرا رکن :

کس سے توبہ ؟

اور یہ صغیرہ و کبیرہ گناہ ہیں ـــــ جاننا چاہیے کہ توبہ گناہ کو چھوڑنے کا نام ہے اور کسی چیز کو اسی وقت چھوڑا جا سکتا ہے جب اس کی معرفت حاصل ہو اور جب توبہ واجب ہے تو جس عمل کے ذریعے اس تک رسائی ہوتی ہے وہ بھی واجب ہوگا لہٰذا گناہ کی پہچان ضروری ہے اور گناہ ہر اس کام کو کہتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے حکم کے خلاف ہو چاہے وہ مخالفت عمل کو چھوڑنے کی صورت میں ہو یا کرنے کے اعتبار سے ـــ اس کی تفصیل امورِ تکلیفیہ کی اول سے آخر تک تشریح کا تقاضا کرتی ہے اور یہ ہماری غرض نہیں ہے بلکہ ہم اجمالی طور پر گناہوں اور ان کی اقسام کا ذکر کریں گے۔

پہلی فصل :

بندوں کی صفات کے اعتبار سے گناہوں کی اقسام

جان لو! بندے کے اوصاف و اخلاق بہت زیادہ ہیں جیسا کہ اس کی تشریح قلبی عجائب اور مہلکات کے سلسلے میں معلوم ہو چکی ہے لیکن گناہ کے مراکز اور چشمے چار صفات میں بند ہیں صفاتِ ربوبیت، شیطانی صفات، بہیمی صفات اور سبعی (درندوں کی) صفات کیوں کہ انسان کا خمیر مختلف آمیزشوں سے تیار کیا گیا ہے تو اس معجون میں سے ہر جز ایک اثر کا تقاضا کرتی ہے جیسے سکنجبین میں شکر، سرکہ اور زعفران کا الگ الگ اثر ہوتا ہے۔

صفتِ ربوبیت کا تقاضا تکبر، فخر، جبر، مدح و ثنا، عزت اور مالداری اور ہمیشہ رہنے کی چاہت، تمام لوگوں سے بلندی کی خواہش ہے، گویا وہ یہ کہنا چاہتا ہے کہ میں تم سب کا بلند ترین رب ہوں اس سے کبیرہ گناہ پھوٹتے ہیں جن سے لوگ غافل ہیں اور وہ ان کو گناہ شمار نہیں کرتے یہ بہت بڑے ہلاکت خیز امور ہیں جو تمام گناہوں کی اصل جیسے ہیں جیسا کہ ہم نے مہلکات کے بیان میں ذکر کیا ہے۔

دوسری شیطانی صفت ہے جس سے حسد، سرکشی، بہانہ بازی، مکر و فریب اور فساد نیز برائی کا حکم دیتا ہے اس میں کھوٹا پن، منافقت نیز بدعات اور گمراہی کی طرف دعوت دینا بھی شامل ہے۔

تیسری صفت، صفتِ بہیمیہ یعنی جانوروں والی صفت ہے جس سے حرص، پیٹ اور شرمگاہ کی خواہشات کو پورا کرنا ہے اسی سے زنا، لواطت، چوری، یتیموں کا مال کھانا اور خواہشات کے لئے مال و متاع جمع کرنا ہے۔

چوتھی صفت، صفت سبعیہ (درندوں والی صفت) ہے اس سے غصہ، کینہ، لوگوں کو مارنا پیٹنا، قتل کرنا، لوگوں کے مال ضائع کرنا ہے اور اس سے کئی گناہ پیدا ہوتے ہیں۔

فطرت میں یہ صفات تدریجاً آتی ہیں سب سے پہلے جانوروں والی صفت غالب آتی ہے اس کے بعد درندوں والی صفت آتی ہے پھر جب دونوں جمع ہو جاتی ہیں تو دھوکہ بازی کے لیے عقل کو استعمال کرتی ہیں نیز مکروفریب اور حیلے بہانے کی ترغیب دیتی ہیں اور یہ شیطانی صفت ہے پھر آخر میں صفت ربوبیت غالب آتی ہے اور وہ فخر، غلبہ، بلندی، بڑائی کی طلب اور تمام مخلوق پر غالب آنے کا قصد ہے۔

تو یہ صفات گناہ کی جڑیں اور چشمے ہیں پھر ان سے اعضا پر گناہ پھوٹتے ہیں ان میں سے بعض کا تعلق صرف دل سے ہے جیسے کفر، بدعت، منافقت اور لوگوں کے بارے میں بری سوچ، بعض آنکھ اور کان سے متعلق ہیں، بعض زبان پر جاری ہوتے ہیں اور بعض پیٹ اور شرمگاہ سے تعلق رکھتے ہیں کچھ گناہ ہاتھوں اور پاؤں سے سرزد ہوتے ہیں اور بعض کا تعلق تمام بدن سے ہے اور ان کی تفصیل بیان کرنے کی ضرورت نہیں کیوں کہ واضح ہیں۔

دوسری تقسیم:

جان لو! گناہ یا تو بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہوتے ہیں یا حقوق العباد سے متعلق ہوتے ہیں جو گناہ خاص ایک بندے سے متعلق ہیں وہ نماز، روزے اور خاص اس سے متعلق واجبات کو چھوڑنا ہے اور جو حقوق العباد سے تعلق رکھتے ہیں وہ زکوٰۃ نہ دینا، کسی کو قتل کر دینا، لوگوں کا مال غصب کرنا اور ان کی عزت کے درپے ہونا ہے دوسرے کا جو حق بھی لیا جائے گا وہ اس کی ذات سے متعلق ہوگا یا کسی عضو سے یا مال سے یا عزت سے اس کا تعلق ہوگا یا دین اور جاہ و مرتبہ سے متعلق ہوگا۔ دین لینے کی صورت یہ ہے کہ اسے گمراہ کرے اور بدعت کی طرف بلائے نیز گناہوں کی ترغیب دے اور اللہ تعالیٰ پر امید کی جانب کو ترجیح دیتے ہیں۔

بندوں کے حقوق سے متعلق گناہ زیادہ سخت ہیں اور جو بندے اور اس کے رب کے درمیان ہیں اگر وہ گناہ شرک سے متعلق نہ ہو تو اس میں معافی کی زیادہ امید ہوتی ہے حدیث شریف میں آیا ہے۔

اَلدَّوَاوِيْنُ ثَلَاثَةٌ دِيْوَانٌ يُغْفَرُ وَدِيْوَانٌ لَا يُغْفَرُ وَدِيْوَانٌ لَا يُتْرَكُ فَالدِّيْوَانُ الَّذِيْ يُغْفَرُ ذُنُوْبُ الْعِبَادِ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاَمَّا الدِّيْوَانُ الَّذِيْ لَا يُغْفَرُ فَالشِّرْكُ بِاللّٰهِ تَعَالٰى وَاَمَّا الدِّيْوَانُ الَّذِيْ لَا يُتْرَكُ فَمَظَالِمُ الْعِبَادِ۔ (۱)

دیوان (نامۂ اعمال) تین قسم کے ہیں ایک وہ دیوان ہے جس کی بخشش ہو جائے گی، دوسرا وہ دیوان ہے جس کی بخشش نہیں ہوتی اور تیسرا دیوان وہ ہے جسے (حساب کے بغیر) چھوڑا نہیں جائے گا جو دیوان بخش دیا جائے گا وہ بندوں کے وہ گناہ ہیں جو حقوق اللہ سے متعلق ہیں اور جس دیوان کی بخشش نہیں ہوگی وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانا ہے اور جس دیوان کو چھوڑا نہیں جائے گا وہ بندوں کے حقوق ہیں۔

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۵۷۵ کتاب الاھوال

یعنی ان کا مطالبہ ضرور ہو گا۔ حتی کہ اسے معاف کیا جائے۔

تیسری تقسیم:

گناہ صغیرہ بھی ہوتے ہیں اور کبیرہ بھی اس سلسلے میں لوگوں کا اختلاف ہے بعض کہتے ہیں صغیرہ اور کبیرہ کی تقسیم صحیح نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے احکام کی جو بھی مخالفت ہے وہ کبیرہ گناہ ہے لیکن یہ قول ضعیف ہے۔

کیوں کہ ارشاد خداوندی ہے:

اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا۔ (۱)

اور اگر ان کبیرہ گناہوں سے بچتے رہو جن سے تم کو روکا جاتا ہے تو ہم تمہارے (صغیرہ) گناہوں کو معاف کر دیں گے اور تمہیں عزت والی جگہ میں داخل کریں گے۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ۔ (۲)

وہ لوگ جو کبیرہ گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے بچتے ہیں مگر جو شاذ و نادر ہو جائے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَلصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ وَالْجُمُعَةُ اِلَى الْجُمُعَةِ يُكَفِّرْنَ مَا بَيْنَهُنَّ اِنِ اجْتُنِبَتِ الْكَبَائِرُ۔ (۳)

پانچ نمازیں اور جمعہ دوسرے جمعہ تک درمیان والے گناہوں کو مٹا دیتے ہیں اگر کبیرہ گناہوں سے اجتناب کیا جائے۔

دوسری حدیث میں یہ الفاظ ہیں:

كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُنَّ اِلَّا الْكَبَائِرَ۔ (۴)

اس دوران کبیرہ گناہوں کے علاوہ جو گناہ سرزد ہوں ان کے لیے (یہ نمازیں) کفارہ ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْكَبَائِرُ الْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ

کبیرہ گناہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانا، ماں باپ کی

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۳۱

(۲) قرآن مجید، سورۂ النجم آیت ۳۲

(۳) صحیح مسلم جلد اول ص ۱۲۲ کتاب الطہارۃ

(۴) 〃 〃 〃 〃

وَقَتْلُ النَّفْسِ وَالْيَمِيْنُ الْغَمُوْسُ۔ (۱) نافرمانی کرنا کسی کو قتل کرنا اور جھوٹی قسم ہے

کبیرہ گناہوں کی تعداد کے سلسلے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان اختلاف ہے چار، سات گیارہ اور اس سے بھی زیادہ تعداد بیان ہوئی ہے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں گناہ کبیرہ چار ہیں حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں سات ہیں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نو ہیں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ تک یہ بات پہنچی کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سات کا قول کرتے ہیں تو انہوں نے فرمایا ستر کہنا زیادہ مناسب ہے کبھی آپ فرماتے جس کام سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے اس کا ارتکاب گناہ کبیرہ ہے کچھ حضرات نے فرمایا کہ جس پر اللہ تعالیٰ نے دوزخ سے ڈرایا ہے وہ کبیرہ گناہ ہے بعض بزرگوں کا قول ہے کہ دنیا میں جس گناہ کی سزا مقرر ہے وہ کبیرہ ہے یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس میں ابہام ہے ان کی تعداد معلوم نہیں جیسے لیلۃ القدر اور جمعۃ المبارک کے دن قبولیتِ دعا کی گھڑی۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے جب سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا سورۂ نساء کے شروع سے پڑھنا شروع کرو یہاں تک کہ تیس نمبر آیت میں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی تک پہنچو۔

اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ۔ (۲) اگر تم ان کبیرہ گناہوں سے بچتے رہو جن سے تمہیں روکا گیا ہے (تو ہم تمہارے صغیرہ گناہ مٹا دیں گے۔

تو اس سورت میں اس مقام تک جن جن کاموں سے منع کیا گیا ہے وہ سب کبیرہ گناہ ہیں حضرت ابوطالب مکی فرماتے ہیں کبیرہ گناہ ستر ہیں میں نے ان کو مختلف احادیث اور حضرت ابن عباس، حضرت ابن مسعود اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہم کے اقوال سے جمع کیا ہے ان میں سے چار کا تعلق دل سے ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانا، گناہ پر اصرار کرنا، اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس ہونا اور ناپسندیدہ بات کے پہنچنے سے بے خوف ہونا ہے چار زبان سے متعلق ہیں جھوٹی گواہی دینا، کسی پاکدامن پر زنا کا الزام لگانا، جھوٹی قسم اٹھانا اور یہ، وہ ہے جس سے کسی باطل کو حق یا حق کو باطل قرار دیا جاتا ہے بعض نے کہا اس سے وہ قسم مراد ہے جس کے ذریعے کسی مسلمان کا مال ناحق طریقے پر لیا جاتا ہے اگرچہ پیلو کی مسواک ہی کیوں نہ ہو اس قسم کو یمین غموس کہا جاتا ہے کیونکہ قسم اٹھانے والا جہنم میں غوطہ زنی کرتا ہے اور چوتھی بات جادو ہے اور یہ ہر اس کلام کا نام ہے جو انسان اور اس کے اجزا کو اس کی اصلی تخلیق سے بدل دے۔

تین گناہوں کا تعلق پیٹ سے ہے اور یہ شراب نوشی اور ہر نشے والی چیز پینا، یتیم کا مال ظلم کے طریقے پر کھانا جان اور بوجھ کر سود کھانا۔

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۱۰۱۵ کتاب الدیات

(۲) قرآن مجید، سورہ نساء آیت ۳۱

دو گناہ شرمگاہ سے تعلق رکھتے ہیں زنا اور غیر فطری فعل، دو گناہ ہاتھوں سے متعلق ہیں اور وہ قتل اور چوری کرنا ہے ایک پاؤں سے تعلق رکھتا ہے اور وہ میدان جنگ سے بھاگنا ہے اس طرح کہ ایک دو کے مقابلے سے اور دس بیس کے مقابلے سے بھاگ جائیں ایک گناہ کا تعلق پورے جسم سے ہے اور وہ ماں باپ کی نافرمانی ہے یعنی ماں باپ کی نافرمانی کی صورت یہ ہے کہ وہ کسی حق کے بارے میں اس پر قسم کھائیں تو وہ ان کی قسم کو پورا نہ کرے اور اگر اس سے کسی حاجت کا سوال کریں تو وہ پورا نہ کرے اگر وہ اسے برا کہیں تو وہ ان کو مارے وہ بھوکے ہوں تو ان کو کھانا نہ دے (۱)

یہ قول اگرچہ (مقصد کے) قریب ہے لیکن اس سے بھی پوری طرح تسلی نہیں ہوتی کیونکہ اس میں کمی زیادتی ممکن ہے کیونکہ انہوں نے سود خوری اور یتیم کا مال کھانے کو کبیرہ گناہوں میں شامل کیا ہے اور گناہ مال سے متعلق ہیں اور جسمانی کبیرہ گناہوں میں صرف قتل کا ذکر کیا ہے کسی کی آنکھ پھوڑ دینا اور ہاتھ کاٹ دینا نیز اس قسم کی دیگر تکالیف جو مسلمانوں کو پہنچائی جاتی ہیں اور انہیں مارا پیٹا جاتا ہے اور طرح طرح کی اذیتیں دی جاتی ہے ان کا ذکر نہیں کیا۔ حالانکہ یتیم کو مارنا اور اس کو اذیت پہنچانا، نیز اس کے اعضاء کاٹنا اس کا مال کھانے سے بڑا گناہ ہے کیونکہ حدیث شریف میں آتا ہے۔

مِنَ الْكَبَائِرِ السُّبَّتَانِ بِالسُّبَّةِ وَمِنَ الْكَبَائِرِ اِسْتِطَالَةُ الرَّجُلِ فِي عِرْضِ اَخِيْهِ الْمُسْلِمِ (۲)

ایک گالی کے مقابلے میں دو گالیاں دینا بھی کبیرہ گناہوں میں شامل ہے اور کسی شخص کا اپنے مسلمان بھائی کی عزت کے سلسلے میں دست درازی کرنا بھی کبیرہ گناہ ہے۔

حضرت ابوسعید خدری اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں۔

تم کچھ ایسے اعمال کرتے ہو جو تمہاری نگاہ میں بال سے بھی زیادہ باریک ہیں حالانکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں ہم ان کو کبیرہ گناہوں میں شمار کرتے تھے۔ (۳)

---

(۱) حوالہ جات

(۱) صحیح بخاری جلد دوم ص ۱۰۱۵ کتاب الایمان
(۲) صحیح بخاری جلد اول ص ۳۸۸ کتاب الوصایا
(۳) صحیح بخاری جلد دوم ص ۸۸۴ کتاب الادب
(۴) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۸۸۷ کتاب الادب
(۵) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۱۱ ص ۲۶۴ حدیث ۱۲۰۲۲
(۶) مجمع الزوائد جلد اول ص ۱۰۴ کتاب الایمان
(۷) ایضاً ص ۱۰۵
(۸) ایضاً ص ۱۰۴
(۹) کنزالعمال جلد ۱۰ ص ۲۲۷ حدیث ۲۹۳۵۵
(۱۰) ایضاً جلد ۶ ص ۱۹۶ حدیث ۱۵۳۲۶
(۱۱) مجمع الزوائد جلد اول ص ۲۰۷ کتاب الطہارۃ
(۱۲) شعب الایمان جلد ۲ ص ۲۰ حدیث ۱۰۵۰
(۱۳) الفردوس بماثور الخطاب جلد اول ص ۲۱۱ حدیث ۸۰۵
(۱۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۹۱ مرویات عبادہ بن قرطہ

ایک جماعت کہتی ہے کہ ہر وہ گناہ جسے جان بوجھ کر کیا جائے وہ بھی کبیرہ گناہ ہے اور جس کام سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا وہ بھی کبیرہ گناہ ہے۔

پتہ کیسے چلے؛

چوری کے کبیرہ گناہ ہونے اور نہ ہونے کا پتہ اس وقت تک نہیں چل سکتا جب تک یہ معلوم نہ ہو کہ کبیرہ گناہ کیا ہوتا ہے؛ اور اس سے کیا مراد ہے جیسے ایک شخص کہتا ہے کہ چوری حرام ہے یا نہیں؛ تو جب تک حرام کا معنیٰ معلوم نہ ہو اس پر کوئی حکم نہیں لگا سکتے۔ پھر ہم بحث کریں گے کہ آیا یہ معنیٰ چوری میں پایا جاتا ہے؛

تو کبیرہ گناہ اپنے لفظ کے اعتبار سے مبہم ہے لغت اور شرع میں اس کا کوئی خاص موضوع نہیں ہے کیوں کہ صغیرہ اور کبیرہ دونوں اضافی ہیں کیونکہ ہر گناہ اپنے سے کم تر گناہ کے مقابلے میں کبیرہ ہے اور اپنے سے اوپر والے گناہ کے مقابلے میں صغیرہ ہے کسی غیر عورت کے ساتھ لیٹنا اس کی طرف دیکھنے کے مقابلے میں کبیرہ گناہ ہے لیکن زنا کے مقابلے میں صغیرہ ہے کسی مسلمان کا ہاتھ کاٹنا اسے مارنے کی نسبت گناہ کبیرہ ہے لیکن اسے قتل کرنے کی نسبت صغیرہ ہے۔

ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ کہا جائے جن گناہوں پر جہنم میں جانے سے ڈرایا گیا ہے ان کو کبیرہ کہا جائے مطلب یہ ہوگا کہ ہم ان گناہوں کو اس لیے کبیرہ کہتے ہیں کہ آگ کا عذاب بہت بڑا ہے۔

یہ بھی اصطلاح بنائی جا سکتی ہے کہ جن گناہوں پر سزا مقرر ہے وہ کبیرہ ہیں کیوں کہ جو سزا دنیا میں بطور وجوب ملتی ہے وہ بہت سزا ہے یہ اصطلاح بھی ہو سکتی ہے کہ کتاب اللہ میں جن گناہوں کو واضح طور پر منع کیا گیا ہے وہ کبیرہ ہیں تو یوں کہا جائے گا کہ قرآن پاک میں ان کے ذکر کی تخصیص ان گناہوں کے بڑا ہونے کی دلیل ہے پھر بھی ان کا کبیرہ و عظیم ہونا لامحالہ اضافی ہوگا کیوں کہ قرآن پاک میں جو کچھ مذکور ہے اس میں بھی درجات کا فرق ہے۔

تو ان اصطلاحات میں کوئی حرج نہیں ہے اور صحابہ کرام سے جو الفاظ منقول ہیں وہ ان سب میں آجاتے ہیں اور ان کو ان میں سے کسی بھی احتمال پر اتارنا عقل سے بعید نہیں ہے ہاں یہ بات اہم ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اس قول کا مفہوم معلوم کیا جائے۔

اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ۔ (۱)

اگر تم کبیرہ گناہوں سے بچتے رہو جن سے تمہیں منع کیا گیا ہے تو ہم تم سے تمہارے (صغیرہ) گناہوں کو مٹا دیں گے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلصَّلَوٰتُ كَفَّارَاتٌ لِمَا بَيْنَهُنَّ اِلَّا الْكَبَائِرَ۔ (حوالہ گزر چکا ہے)

نمازیں درمیان والے گناہوں کے لیے کفارہ ہیں سوائے کبیرہ گناہوں کے۔

---

(۱) قرآن مجید سورۃ نساء آیت ۳۱

تو یہ کبیرہ گناہوں کو ثابت کرتا ہے۔

اس سلسلے میں حق یہ ہے کہ شریعت کی نظر میں گناہ تین قسموں میں منقسم ہیں ایک وہ جن کا کبیرہ ہونا معلوم ہے دوسرے وہ جن کے بارے میں معلوم ہے کہ وہ صغیرہ گناہوں میں شمار ہوتے ہیں اور تیسری قسم ان گناہوں کی ہے جن میں شک ہے ان کا حکم معلوم نہیں ہے تو ایسے گناہوں کی جامع مانع تعریف جاننے کے لیے طلب ایک ناممکن بات کی تلاش ہے یہ تو صرف رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سماعت کے ذریعے ہی معلوم ہو سکتی ہے یعنی آپ نے فرمایا ہوتا کہ کبیرہ گناہوں سے میری مراد دس یا پانچ گناہ ہیں اور آپ ان کی تفصیل بھی بیان کر دیتے لیکن اس طرح نہیں آیا بلکہ بعض روایات میں ہے کہ تین گناہ کبیرہ ہیں (۱) بعض میں ہے کہ سات گناہ کبیرہ گناہ ہیں (۲) پھر یہ بھی آیا کہ ایک گالی کے مقابلے میں دو گالیاں دینا گناہ کبیرہ ہے اور وہ ان سات اور تین سے خارج ہے تو معلوم ہوا کہ آپ کی مراد کوئی خاص عدد نہیں ہے تو جس چیز کی تعداد شریعت نے بیان نہیں کی اس کی تعداد کے پیچھے طمع کیسے کی جا سکتی ہے یا یہ کہ شریعت کا مقصود اسے مبہم چھوڑنا ہے تاکہ لوگ خوف زدہ رہیں جیسا کہ لیلۃ القدر کو مبہم رکھا تاکہ اس کی طلب میں لوگ خوب کوشش کریں۔

ہاں ہمارے لیے ایک راستہ ہے جس کے ذریعے کبیرہ گناہوں کی جنس اور انواع کی پہچان حاصل کر سکتے ہیں اور یہ پہچان حقیقی ہوگی۔ لیکن ان کے افراد کی پہچان محض گمان اور اندازے سے ہی ہو سکتی ہے اور ہم سب سے بڑے گناہ کو بھی معلوم کر سکتے ہیں لیکن سب سے چھوٹے گناہ کی معرفت کے لیے کوئی راستہ نہیں ہے۔

اس کا بیان یوں ہے کہ ہمیں شرعی دلائل اور انوار بصیرت دونوں کے ذریعے معلوم ہے کہ تمام شریعتوں کا مقصود مخلوق کو اللہ تعالیٰ کے قرب سے بہرہ ور کرنا اور اس کی ملاقات کی سعادت کا حصول ہے اور اس مقصد تک پہنچنے کے لیے اللہ تعالیٰ اور اس کی صفات، اس کی کتب اور اس کے رسولوں کی معرفت ضروری ہے۔ اور اسی طرف اس ارشاد خداوندی میں اشارہ ہے۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ۔ اور ہم نے جنوں اور انسانوں کو صرف اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔ (۳)

یعنی اس لیے پیدا کیا کہ وہ صرف میرے بندے بنیں اور بندہ اس وقت تک بندہ بن نہیں سکتا جب تک اسے اپنے رب کی ربوبیت اور اپنی بندگی کی پہچان نہ ہو اور ضروری ہے کہ اپنے آپ کو اور اپنے رب کو پہچانے انبیاء کرام کی بعثت کی

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۸۸۴، کتاب الادب

(۲) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۷، ص ۸۴ حدیث ۱۰۲

(۳) قرآن مجید سورۂ الذاریات ۵۱ آیت ۵۶

غایت بھی یہی تھی لیکن یہ مقصد یہ صرف دنیوی زندگی سے ہی پورا ہو سکتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشادِ گرامی کا بھی یہی مقصد ہے۔

آپ نے فرمایا،

اَلدُّنْیَا مَزْرَعَۃُ الْاٰخِرَۃِ (۱) دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔

تو دین کے تابع کرتے ہوئے دنیا کی حفاظت بھی مقصود بن گئی کیوں کہ اس کا وسیلہ ہے اور دنیا میں سے آخرت کے ساتھ دو چیزیں متعلق ہیں ایک جان اور دوسرا مال۔ اور ہر وہ عمل جو اللہ تعالیٰ کی معرفت کا دروازہ بند کر دے وہ سب سے بڑا گناہ ہے اور اس کے بعد وہ جو انسانی زندگی میں خلل انداز ہو اور اس سے کم وہ جو انسانی معیشت کا راستہ مسدود کر دے جس سے انسانی زندگی متعلق ہوتی ہے تو ترتیب مرتبے میں اللہ تعالیٰ کی معرفت میں رکاوٹ، حیاتِ انسانی میں رکاوٹ اور معیشت میں رکاوٹ۔ دلوں میں معرفت، بدن میں حیات اور لوگوں پر مال کی حفاظت ضروری ہے اور تمام شریعت میں مقصود ہے اور ان تین باتوں میں مختلف ادیان اور ملتوں کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے۔

ایسا نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی نبی کو بھیجے اور اس کی بعثت سے مخلوق کی دینی و دنیوی اصلاح کا ارادہ فرمائے پھر ان کو اس بات کا حکم دے جو ان کو اس کی معرفت اور اس کے رسولوں کی معرفت سے روک دے یا ان کو جان و مال ہلاک کرنے کا حکم دے تو اس گفتگو کا خلاصہ یہ ہوا کہ گناہ کبیرہ کے تین مراتب ہیں۔

پہلا مرتبہ:

وہ گناہ جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں کی معرفت میں رکاوٹ ہو اور یہ کفر ہے اور اس سے بڑا گناہ کوئی نہیں۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ اور بندے کے درمیان حجاب ہی جہالت ہے اور اس کے قرب کا وسیلہ علم و معرفت ہے اور اس کا قرب و بُعد، معرفت اور جہالت کے انداز سے پر ہوتا ہے اور وہ جہالت جو کفر ہے اس کے قریب قریب گناہ اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے بے خوفی اور اس کی رحمت سے ناامیدی ہے کیونکہ یہ بھی بعینہٖ جہالت ہے اس لیے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کر لیتا ہے اس سے اس بات کا تصور نہیں کیا جا سکتا ہے کہ وہ بے خوف یا ناامید ہوگا۔

اس سے نچلے درجے میں وہ تمام بدعات ہیں جو اللہ تعالیٰ ذات، اس کی صفات اور اس کے افعال سے متعلق ہیں اور ان میں سے بعض دوسری بعض کے مقابلے میں زیادہ سخت ہیں اور جس قدر ان سے لاعلمی میں فرق ہے اسی قدر ان میں بھی فرق ہے اسی طرح جس قدر اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کے افعال، شریعتوں اور اوامر و نواہی سے تعلق ہے اسی مناسبت سے ان بدعات کے درمیان فرق ہوگا اور ان کے مراتب بے شمار ہیں قرآن پاک میں مذکورہ کبائر میں داخل ہونے کے

---

(۱) الاسرار المرفوعۃ ص ۱۲۳ حدیث ۲۷۲

اعتبار سے ان کی تین قسمیں ہیں ایک وہ جن کے بارے میں معلوم ہے کہ وہ ان کبائر کے ذکر میں شامل ہیں جو قرآن پاک میں مذکور ہیں دوسری وہ جن کے بارے میں معلوم ہے کہ وہ داخل نہیں ہیں اور تیسری وہ جن کے بارے میں شک ہے اور اس شک کے ازالے کی طمع سعی لا حاصل ہے۔

دوسرا مرتبہ:

انسانی جانیں ہیں کیونکہ ان کے باقی رہنے اور ان کی حفاظت کے ذریعے زندگی کو دوام حاصل ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہوتی ہے تو کسی نفس کا قتل یقیناً کبیرہ گناہوں میں سے ہے اگرچہ کفر سے کم درجہ میں ہے کیوں کہ اس کے ذریعے مقصود کا وسیلہ ختم ہو جاتا ہے اس لیے کہ دنیوی زندگی سے آخرت کا ارادہ کیا جاتا ہے اور اس تک پہنچنا اللہ تعالیٰ کی معرفت سے ہوتا ہے پھر اس کبیرہ گناہ سے اعضاء کا کاٹنا متصل ہوتا ہے اور ہر وہ کام جو ہلاکت تک پہنچائے حتیٰ کہ مارنا بھی اس میں شامل ہے ان میں سے بعض گناہ دوسرے بعض کے مقابلے میں زیادہ بڑے ہیں اور اس درجہ میں زنا اور غیر فطری فعل کی حرمت بھی آتی ہے کیونکہ اگر لوگ صرف مردوں سے خواہشات کی تکمیل پر متفق ہو جائیں تو نسلِ انسانی منقطع ہو جائے اور موجود کو ختم کرنا وجود کے خاتمے کے قریب قریب ہے۔

زنا اصل وجود کو ختم نہیں کرتا لیکن نسب کو خراب کرتا ہے اور باہمی وراثت اور مدد بلکہ ان تمام امور کو باطل کر دیتا ہے جن کے بغیر زندگی کا نظام درست نہیں ہو سکتا بلکہ زنا کے جواز کی صورت میں یہ نظام کیسے پایۂ تکمیل کو پہنچے گا حالانکہ جانوروں کے معاملات کا انتظام نہیں ہو سکتا جب تک ان میں سے خاص مادہ کے لیے خاص نر کا امتیاز نہ کیا جائے یہی وجہ ہے کہ شریعت میں زنا کے جواز کا تصور بھی نہیں ہو سکتا کیوں کہ اس (شریعت) کا مقصد اصلاح ہے اور مناسب یہ ہے کہ زنا کا درجہ قتل کے بعد ہو کیونکہ اس سے وجود کا دوام ختم نہیں ہوتا اور نہ ہی یہ اس کی اصل میں رکاوٹ بنتا ہے بلکہ نسبوں کے درمیان امتیاز ختم ہو جاتا ہے اور یہ ان اسباب کو حرکت دیتا ہے جو قریب ہے کہ باہمی لڑائی تک پہنچا دیں۔

اور مناسب ہے کہ غیر فطری فعل کے مقابلے میں یہ زیادہ سخت گناہ ہو کیونکہ دونوں طرف سے شہوت اس عمل کی داعی ہوتی ہے اس لیے یہ زیادہ واقع ہوتا ہے اور اس کی کثرت کی وجہ سے اس کے نقصان کا اثر بھی زیادہ ہوتا ہے۔

تیسرا مرتبہ:

مال ہیں کیونکہ ان سے لوگوں کا گزر اوقات ہوتا ہے لہٰذا لوگوں کو اس کے حصول کی کھلی چھٹی نہیں دی جا سکتی کہ جیسے چاہیں حاصل کریں غنڈہ گردی سے یا چوری کے ذریعے یا کسی دوسرے ناجائز طریقے سے لیں بلکہ مال کی حفاظت ضروری ہے کیوں کہ اس کے ذریعے انسانی جانیں باقی رہتی ہیں لیکن مال لیا جائے تو اس کی واپسی بھی ممکن ہے اور اگر کھا لیا تو اس کا تاوان دیا جا سکتا ہے لہٰذا اس کا معاملہ اتنا بڑا نہیں ہے ہاں جب اس طریقے پر لیا ہو کہ اس کا تدارک مشکل ہو تو اب یہ گناہ کبیرہ میں سے ہونا چاہیے اور اس کے چار طریقے ہیں۔

(۱) خفیہ طریقے پر لینا جیسے چوری ہے کیوں کہ جب مالک کو اس کی اطلاع نہیں تو تدارک کیسے ہوگا۔
(۲) یتیم کا مال کھانا یہ بھی خفیہ طریقہ ہے یعنی اس کے ولی اور سرپرست کے حوالے سے خفیہ ہے کیونکہ ان کے پاس یہ مال امانت ہوتا ہے اور اب دعویٰ کرنے والا صرف وہ یتیم ہی ہوتا ہے اور وہ چھوٹا ہے اسے کوئی سمجھ نہیں ہے لہذا یہ بہت بڑا معاملہ ہے بخلاف کسی کا مال چھیننے کے کیوں کہ یہ ظاہر ہے اور اس کی پہچان ہو جاتی ہے اسی طرح کسی نے امانت رکھی ہو تو اس میں خیانت کی صورت میں امانت رکھنے والا دعویٰ دار ہے جو اپنے لیے انصاف کا طالب ہے۔
(۳) جھوٹی گواہی کے ذریعے کسی کے مال کو نقصان پہنچانا۔
(۴) جھوٹی قسم کے ذریعے امانت وغیرہ لینا۔

یہ وہ طریقے ہیں جن کا تدارک ممکن نہیں ہے اور نہ ان کے حرام ہونے میں شریعتوں کا اختلاف ہے البتہ ان میں سے بعض دوسری بعض کے مقابلے میں زیادہ سخت ہیں لیکن یہ تمام، دوسرے مرتبہ سے نچلے درجے میں ہیں کیوں کہ وہ جانوں سے متعلق ہے۔

ان چاروں کو گناہ کبیرہ میں شمار کرنا چاہیے اگرچہ ان میں سے بعض کے بارے میں شریعت نے سزائیں مقرر نہیں کی ہیں لیکن عام طور پر وعید آتی ہے (سزا سے ڈرایا گیا ہے) اور دنیوی معاملات میں ان کی تاثیر بھی زیادہ ہے۔

جہاں تک سود کا تعلق ہے تو وہ دوسرے آدمی کا مال اس کی مرضی سے کھانا ہے لیکن شرعی اعتبار سے اس میں خلل واقع ہوتا ہے اور اس جیسے مسائل میں شریعتوں کا باہم اختلاف ہو سکتا ہے اور غصب کرنا دوسرے کا مال اس کی مرضی اور شریعت کی رضا کے بغیر کھایا جاتا ہے اس کے باوجود اسے کبیرہ گناہوں میں شمار نہیں کیا گیا جب کہ سود مالک کی مرضی سے کھایا جاتا ہے البتہ شریعت کی مرضی کے خلاف ہوتا ہے اور شریعت نے بڑی سختی کے ساتھ اس سے روکا ہے لیکن غصب وغیرہ ذریعے ظلم کو بھی بہت بڑا جرم قرار دیا گیا اور خیانت بھی بہت بڑا جرم ہے لیکن خیانت اور غصب کے ذریعے ایک دمڑی کھانے کو بھی گناہ کبیرہ قرار دینا محل نظر ہے اور یہ مقام شک ہے اور اکثر گمان کا میلان اسی طرف ہے کہ یہ گناہ کبیرہ نہ ہو بلکہ گناہ کبیرہ ان گناہوں کے ساتھ خاص ہو جن پر تمام شریعتوں کا اتفاق ہو کیوں کہ وہ ضروریات دین سے ہیں۔

تو ابوطالب مکی کے بیان کردہ کبائر سے تہمت لگانا، جادو کرنا شراب پینا، میدان جہاد سے بھاگنا اور ماں باپ کی نافرمانی کرنا باقی رہ گئے شراب اس لیے کہ وہ عقل کو زائل کر دیتی ہے لہذا وہ کبیرہ گناہوں میں سے ہونے کے زیادہ لائق ہے اس پر شریعت کی طرف سے بھی سخت سزا کا ذکر آیا ہے اور عقل کا تقاضا بھی یہی ہے کیونکہ نفس کی حفاظت کی طرح عقل کی حفاظت بھی ضروری ہے بلکہ عقل کے بغیر نفس میں کوئی بھلائی نہیں ہے لہذا عقل کو زائل کر دینا گناہ کبیرہ ہے لیکن یہ بات شراب کے ایک قطرے میں جاری نہیں ہوتی لہذا اس بات میں کوئی شک نہیں کہ اگر کوئی شخص پانی پیئے جس میں ایک قطرہ شراب ہو تو یہ گناہ کبیرہ نہیں ہے یہ ناپاک پانی پینا ہے اور قطرۂ شراب پانی کے بغیر ہو تو اس میں شک ہے اور شراب نوشی پر شریعت

نے حد اس لیے مقرر کی ہے کہ اس کے بہت بڑا جرم ہونے کا پتہ چلے پس شریعت میں اسے کبیرہ گناہوں میں شمار کیا گیا اور شریعت کے تمام اسرار پر مطلع ہونا انسانی قوت کے بس میں نہیں ہے پس اگر اجماع اس کے کبیرہ ہونے پر ثابت ہو تو اتباع واجب ہے ورنہ خاموشی کی گنجائش باقی ہے۔

جہاں تک قذف (زنا کے الزام) کا تعلق ہے تو اس میں صرف عزتوں پر حملہ ہوتا ہے اور عزتیں مال کے مقابلے میں نچلے درجہ میں ہیں اور اس کے بھی کئی مراتب ہیں سب سے بڑا الزام کسی کی طرف زنا کی نسبت کرنا ہے اور شریعت نے اسے بہت بڑی بات قرار دیا۔ اور میرا ظنِ غالب یہ ہے کہ صحابہ کرام ہر اس گناہ کو کبیرہ گناہ شمار کرتے تھے جس کی وجہ سے حد واجب ہوتی ہے۔

تو اس اعتبار سے پانچ نمازیں اس کا کفارہ نہیں بنتیں اور کبیرہ سے ہماری مراد یہی ہے۔ لیکن چونکہ یہ بات جائز ہے کہ اس میں شریعتوں کا اختلاف ہو تو محض قیاس اس گناہ کے کبیرہ اور عظیم ہونے پر دلالت نہیں کر سکتا بلکہ یوں ہو سکتا تھا کہ شریعت کہتی اگر ایک غیر فاسق شخص کسی دوسرے آدمی کو زنا کرتے ہوئے دیکھے تو اس کے لیے جائز ہوتا کہ وہ گواہی دے اور جس کے خلاف گواہی دی ہے اسے صرف اس گواہی کی وجہ سے کوڑے لگائے جاتے اور اگر اس کی گواہی قبول نہ ہوتی تو دینوی مصالح کے حوالے سے حد لگانا ضروری نہ ہوتا اگرچہ بعض ظاہری مقاصد کے تحت ضرورت کے بعض مراتب کے حوالے سے حد لگانا اچھا ہوتا تو اس صورت میں اسے اس آدمی کے حق میں کبیرہ گناہوں کے ساتھ ملایا جا سکتا ہے جو شرعی حکم کی معرفت رکھتا ہے لیکن جسے محض یہ گمان ہو کہ وہ تنہا گواہی دے سکتا ہے یا اس کا خیال ہو کہ گواہی دے کر دوسرے کی مدد کر رہا ہے تو اس کے حق میں اسے کبیرہ گناہ نہیں کہا جا سکتا۔

جہاں تک جادو کا تعلق ہے تو اگر اس میں کفریہ کلمات ہوں تو یہ کبیرہ گناہ ہے ورنہ اس کے جرم کا بڑا ہونا اس سے پیدا ہونے والے ضرر کے مطابق ہوتا ہے کہ اس سے کسی کی ہلاکت واقع ہوئی ہے یا کوئی بیمار ہوا ہے وغیرہ وغیرہ۔

میدان جنگ سے بھاگنا اور ماں باپ کی نافرمانی کرنا بھی قیاس کے مطابق محل توقف میں ہیں اور جب قطعی طور پر معلوم ہوا کہ لوگوں کو دی جانے والی ہر قسم کی گالی سوائے زنا کے نیز ان کو مارنا اور مال وغیرہ غصب کرنے کے بعد ان پر ظلم کرنا اور ان کو ان کے گھروں اور شہروں سے نکال کر جلاوطن کرنا کبیرہ گناہوں میں سے نہیں ہیں کیوں کہ یہاں سترہ گناہوں میں شامل نہیں ہیں جن کا ذکر ہوا ہے اور وہ سب سے زیادہ تعداد ہے جیسا کہ کہا گیا ہے تو اس میں خاموشی اختیار کرنا عقل سے بعید بات نہیں ہے لیکن چونکہ حدیث شریف ان کے کبیرہ ہونے پر دلالت کرتی ہے لہٰذا ان کو کبیرہ گناہوں کے ساتھ ملایا گیا۔

خلاصہ یہ ہوا کہ ہمارے نزدیک کبیرہ گناہ وہ ہیں جن کا کفارہ شرعی طور پر پانچ نمازیں نہ بن سکیں اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو کسے لیے ان کو کفارہ بنا چاہیے اور بعض کے بارے میں توقف کیا جاتا ہے اور جن کے بارے میں توقف کیا جاتا ہے ان میں سے بعض کے بارے میں گمان ہے کہ وہ گناہ کبیرہ ہیں اور بعض میں شک ہے اور یہ ایسا شک ہے جسے صرف

کتاب وسنت کی واضح دلیل سے ہی زائل کیا جا سکتا ہے لہذا اس میں کوئی طمع نہیں ہو سکتا پس اس کا شک دور کرنا محال ہے۔

سوال:

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کبیرہ گناہ کی تعریف معلوم کرنا محال ہے تو جس چیز کی تعریف محال ہو شریعت کا حکم اس سے کس طرح متعلق ہو سکتا ہے۔

جواب:

دنیا میں جس چیز سے کوئی حکم متعلق نہ ہو اس میں ابہام آسکتا ہے کیونکہ آدمی عمل کا مکلف تو دنیا میں ہی ہوتا ہے اور گناہ کبیرہ پر بالخصوص اس کے کبیرہ ہونے کے حوالے سے دنیا میں کوئی حکم نہیں لگتا بلکہ جن جن گناہوں سے حد واجب ہوتی ہے وہ اپنے ناموں سے معروف ہیں جیسے چوری اور زنا وغیرہ۔

اور کبیرہ کے بارے میں یہ حکم کہ پانچوں نمازیں اس کا کفارہ نہیں بنتیں یہ آخرت کے اعتبار سے ہے اور ابہام اس کے زیادہ لائق ہے تاکہ لوگ خوف زدہ رہیں اور پرہیز کریں اور پنجگانہ نمازوں پر تکیہ کر کے صغیرہ گناہوں کی جرأت بھی نہ کریں کیونکہ ارشاد خداوندی ہے۔

وَاِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ (۱)

اور اگر تم ان کبیرہ گناہوں سے بچتے رہو جن سے تمہیں روکا جاتا ہے تو ہم تم سے تمہارے (صغیرہ) گناہ مٹا دیں گے۔

لیکن کبیرہ گناہوں سے بچنا اس وقت صغیرہ گناہوں کا کفارہ بنتا ہے جب قدرت اور ارادے کے باوجود بچتا رہے جیسے ایک شخص کسی عورت سے جماع پر قادر ہونے کے باوجود اس سے جماع کرنے سے بچتا ہے اور صرف دیکھنے یا چھونے پر اکتفا کرتا ہے تو جماع سے بچنے کے سلسلے میں اس کے نفس کا مجاہدہ اس کے دل کو روشن کرنے میں اس حالت سے زیادہ موثر ہوتا ہے جب وہ اسے دیکھے تو دل تاریک ہو جائے کفارہ بننے کا یہی مطلب ہے اور اگر وہ شخص جماع کرنے پر قادر ہو یا کسی ضرورت کے تحت عاجز ہو یا طاقت تو رکھتا ہو لیکن کسی دوسرے خوف کی وجہ سے رُک جائے تو یہ رکاوٹ بالکل کفارہ نہیں بن سکتی جس شخص کی طبیعت شراب پینے کو نہ چاہتی ہو حتی کہ اگر اس کے لیے مباح بھی ہو تو کبھی نہیں پیتا تو اس کا یہ بچنا شراب خوری کے ابتدائی صغیرہ گناہوں سے نہیں بچاتا جیسے گانا وغیرہ سننا۔

ہاں جو شخص شراب نوشی اور مزامیر سننے کی خواہش رکھتا ہے لیکن اس کے باوجود وہ کوشش کر کے اپنے آپ کو شراب سے روکتا ہے لیکن مزامیر سے باز نہیں آتا تو اس کے نفس کا یہ مجاہدہ ہو سکتا اس کے دل سے اس اندھیرے کو مٹا دے جو مزامیر سننے کے گناہ سے پیدا ہوا ہے۔

یہ تمام آخروی احکام ہیں اور ہو سکتا ہے ان میں سے بعض محلِ شک میں رہیں اور متشابہات میں سے ہوں لہذا ان کی تفصیلات نص (واضح حکم) کے بغیر معلوم نہیں ہوتی اور نص میں نہ ان کی گنتی آئی ہے اور نہ ہی جامع تعریف۔ بلکہ مختلف الفاظ

آئیے ہیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلصَّلٰوۃُ اِلَی الصَّلٰوۃِ کَفَّارَۃٌ وَّ رَمَضَانُ اِلٰی رَمَضَانَ کَفَّارَۃٌ اِلَّا مِنْ ثَلٰثٍ اِشْرَاکٌ بِاللّٰہِ وَتَرْکُ السُّنَّۃِ وَنَکْثُ الصَّفْقَۃِ۔

(ایک نماز دوسری) نماز تک اور رمضان، رمضان تک (گناہوں کا) کفارہ ہے سوائے تین گناہوں کے ایک اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانا دوسری سنت کو چھوڑنا اور تیسرا سودا توڑنا۔

عرض کیا گیا یا رسول اللہ! سنت کو چھوڑنے کا کیا مطلب ہے فرمایا (مسلمانوں کی) جماعت سے نکل جانا اور سودا توڑنا یہ ہے کہ کسی شخص سے سودا طے کرکے اس کے خلاف تلوار لے کر نکل کھڑا ہو اور اس سے لڑے۔ (۱)

تو یہ اور اس قسم کے دوسرے الفاظ گناہ کبیرہ کی جامع تعریف کا احاطہ نہیں کرتے اور نہ ان کی تعداد کا احاطہ کرتے ہیں لہٰذا لامحالہ یہ مبہم رہیں گے۔

سوال:

اسی شخص کی گواہی قبول ہوتی ہے جو کبیرہ گناہوں سے اجتناب کرتا ہے اور قبولیتِ شہادت کے لیے صغیرہ گناہوں سے پرہیز شرط نہیں ہے تو یہ دنیوی احکام ہیں۔

جواب:

ہم شہادت کے رد کرنے کو کبیرہ گناہوں کے ساتھ مخصوص نہیں کرتے اور اس بات میں کوئی اختلاف نہیں کہ جو شخص مزامیر سنتا ہے یا ریشمی کپڑا پہنتا ہے سونے کی انگوٹھی پہنتا ہے اور سونے چاندی کے برتنوں میں (کھاتا) پیتا ہے اس کی گواہی بھی قبول نہیں ہوتی اور یہ کسی کا قول نہیں ہے کہ یہ امور کبیرہ گناہوں سے ہیں۔

حضرت امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب کوئی حنفی (انگور وغیرہ کا) نبیذ (رس) پیئے تو میں اسے حد لگاؤں گا لیکن میں اس کی گواہی کو رد نہیں کرتا تو انہوں نے اسے کبیرہ گناہ قرار دیا کیونکہ حد لگانے کا ذکر فرمایا لیکن اس وجہ سے اس کی گواہی کو رد نہیں کیا معلوم ہوا کہ گواہی کی قبولیت و عدم قبولیت کا تعلق صغیرہ یا کبیرہ گناہوں سے نہیں ہے بلکہ تمام گناہ انسان کی عدالت کو نقصان پہنچاتے ہیں ہاں جن گناہوں سے آدمی بچ نہ سکتا ہو یوں کہ ان کی عادت ہو چکی ہوتی ہے جیسے غیبت، جاسوسی، بدگمانی، گفتگو میں جھوٹ، غیبت سننا نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کا عمل چھوڑ دینا شبہ والی چیزیں کھانا اولاد اور غلام کو گالی دینا اور ضرورت سے زیادہ محض غصے کی وجہ سے ان کو مارنا، ظالم بادشاہوں کی عزت کرنا، فاسق و فاجر لوگوں کی مجلس اختیار کرنا اہل و اولاد کو دین کی بنیادی ضرورتوں سے متعلق تعلیم دلانے میں سستی کرنا۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۵۰۶ روایات ابوہریرہ

تو یہ ایسے گناہ ہیں کہ گواہی دینے والے کا ان سے بچنا ناممکن ہے تھوڑے ہوں یا زیادہ ہاں اس طرح بچ سکتا ہے کہ لوگوں سے الگ تھلگ رہے اور محض اخروی امور کے لیے گوشہ نشینی اختیار کرے اور ایک عرصہ دراز تک اپنے نفس کو مجاہدے میں ڈالے حتیٰ کہ لوگوں سے میل ملاپ رکھنے کے باوجود اسی طریقے پر رہے اور اگر اس قسم کے آدمی کی گواہی ہی قبول کی جائے تو اس کا ملنا مشکل ہو گا اور احکام باطل ہو جائیں گے نیز شہادت بھی نہیں دی جا سکے گی۔

جب کہ ریشمی لباس پہننا، مزامیر سننا، شطرنج وغیرہ کھیلنا شراب نوشی کے وقت شراب نوشوں کی مجلس اختیار کرنا اجنبی عورتوں کے ساتھ علیحدگی میں رہنا اور اس قسم کے صغیرہ گناہ بہت زیادہ ہیں تو شہادت کی قبولیت اور عدم قبولیت کے سلسلے میں اس قسم کے معیار کو پیش نظر رکھا جائے کبیرہ اور صغیرہ گناہوں کو معیار نہ بنایا جائے۔

پھر یہ صغیرہ گناہ جن کی وجہ سے گواہی کو رد نہیں کیا جاتا اگر بار بار ان کا مرتکب ہو گا تو اس کا شہادت کے رد کرنے پر اثر ہو گا جیسے کوئی شخص غیبت اور عیب جوئی کو اپنی عادت بنالے اسی طرح فاجر لوگوں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا ہے اور صغیرہ گناہ، بار بار کرنے سے کبیرہ بن جاتا ہے جیسے مباح (جائز) کام بار بار کیا جائے تو وہ صغیرہ گناہ بن جاتا ہے جیسے شطرنج وغیرہ کھیلنا اور ہمیشہ ترنم کے ساتھ گانے گانا ——— تو یہ صغیرہ اور کبیرہ گناہوں کا بیان ہے۔

دوسری فصل:

آخرت میں جنت اور دوزخ کے درجات کی نیکیوں اور برائیوں کے اعتبار سے تقسیم

جان لو! دنیا ظاہری عالم کا نام ہے اور آخرت پوشیدہ عالم ہے اور دنیا سے مراد موت سے پہلے کی حالت ہے اور آخرت موت کے بعد کی حالت ہے پس تمہاری دنیا اور آخرت تمہاری صفات اور احوال ہیں جو ان میں سے قریب اور ملی ہوئی ہے وہ دنیا ہے اور جس میں تاخیر ہے وہ آخرت ہے اب ہم دنیا میں سے جو آخرت ہے اس کے بارے میں گفتگو کرتے ہیں یعنی دنیا جو عالم ملک ہے ہم اس میں گفتگو کرتے ہیں لیکن ہماری غرض آخرت کی تشریح مثالوں کے بغیر نہیں ہو سکتی اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ وَمَا يَعْقِلُهَا إِلَّا الْعَالِمُونَ۔ (۱)

اور یہ مثالیں ہیں جنہیں ہم لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں اور ان کو وہی سمجھتے ہیں جو علم والے ہیں۔

اور اس کی وجہ یہ ہے کہ عالم ملکوت کے مقابلے میں عالم ملک نیند کی طرح ہے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ عنکبوت آیت ۴۳

اَلنَّاسُ نِیَامٌ فَاِذَا مَاتُوْا انْتَبَهُوْا۔ لوگ سوئے ہوئے ہیں پس جب مرجائیں گے تو بیدار ہوں گے (۱)

اور جو کچھ بیداری میں ہوتا ہے وہ خواب کی حالت میں مثالوں کے ذریعے ہوتا ہے جو تعبیر کے بغیر واضح نہیں ہوتا اسی طرح جو کچھ عنقریب آخرت میں ہوگا وہ دنیا کی نیند میں زیادہ مثالوں کے ذریعے ظاہر ہوتا ہے یعنی خواب کی طرح ان کی پہچان بھی تعبیر سے حاصل ہوتی ہے۔

اگر تم سمجھ لو تو تمہارے لیے تین مثالیں ہی کافی ہیں۔

ایک شخص نے حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ کے پاس حاضر ہو کر عرض کیا میں نے دیکھا کہ گویا میرے ہاتھ میں انگوٹھی ہے جس کے ساتھ میں لوگوں کے مونہوں اور عورتوں کی شرمگاہوں پر مہر لگا رہا ہوں (اس کی تعبیر کیا ہے ؟) آپ نے فرمایا! تم موذن ہو اور رمضان المبارک میں طلوع فجر سے پہلے اذان دیتے ہو اس نے کہا آپ نے سچ فرمایا۔

ایک دوسرا شخص آیا اور اس نے کہا میں دیکھتا ہوں کہ گویا میں زیتون کا تیل زیتون میں ڈال رہا ہوں، انہوں نے فرمایا تم نے ایک لونڈی خریدی ہے اس کا حال معلوم کرو وہ تمہاری ماں ہے جو تمہارے بچپن میں قید کی گئی تھی۔

ایک اور شخص نے عرض کیا کہ میں نے دیکھا گویا میں خنزیروں کی گردنوں میں موتیوں کا ہار ڈال رہا ہوں، آپ نے فرمایا تو نااہل لوگوں کو حکمت کی تعلیم دیتا ہے ـــــ تو واقعی ایسا ہی تھا۔

اور تعبیر اول سے آخر تک مثالیں ہیں جو تجھے ضرب الامثال کا طریقہ بتاتی ہیں اور مثال سے ہماری مراد یہ ہے کہ معنیٰ کو ایسی صورت میں بیان کرنا کہ اگر اس کے معنیٰ کی طرف نظر کی جائے تو وہ سچ ہو اور اگر اس کی صورت کو دیکھیں تو وہ جھوٹ ہو۔

اگر موذن، مہر (انگوٹھی) کی شکل اور اس سے شرمگاہوں پر مہر لگانے کی ظاہری صورت کو دیکھے تو یہ جھوٹ ہوگا کیونکہ وہ اس سے کبھی بھی مہر نہیں لگا سکتا اور اگر اس کے معنیٰ کو دیکھا جائے تو وہ سچا ہوگا کیونکہ اس سے مہر کی روح اور معنیٰ صادر ہوا اور وہ روکنا ہے اور مہر سے بھی یہی مقصود ہوتا ہے۔ اور انبیاء کرام علیہم السلام لوگوں سے مثال کے طریقے پر گفتگو کرتے ہیں کیوں کہ ان کو اس بات کا مکلف بنایا گیا ہے کہ لوگوں سے ان کی عقل کے مطابق بات کریں اور ان کی عقل کا اندازہ یہی ہے کہ وہ سوئے ہوئے ہیں اور سوتے والے کے لیے جو چیز منکشف ہوتی ہے وہ مثالی صورت میں ہوتی ہے اور جب مرجائیں گے تو بیداری کی حالت ہوگی اور انہیں معلوم ہوگا کہ وہ مثالی صورت سچی تھی۔

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

---

(۱) الاحادیث الضعیفۃ الموضوعۃ جلد اول ص ۱۲۷ حدیث ۱۰۲

قَلْبُ الْمُؤْمِنِ بَيْنَ اِصْبَعَيْنِ مِنْ اَصَابِعِ الرَّحْمٰنِ (۱)

مومن کا دل رحمٰن کی دو انگلیوں کے درمیان ہے (جیسا اس کے شایان شان ہے)

اور یہ مثالی صورت ہے جسے صرف معرفت والے سمجھ سکتے ہیں جب کہ جاہل آدمی کی عقل کا اندازہ ظاہری مثال سے آگے نہیں بڑھ سکتا کیونکہ وہ اس تفسیر سے لاعلم ہے جسے تاویل کہا جاتا ہے جیسے خواب میں دیکھی جانے والی مثالوں کی وضاحت کو تعبیر کہا جاتا ہے تو جاہل آدمی اللہ تعالیٰ کے لیے ہاتھ اور انگلی ثابت کرے گا اور اللہ تعالیٰ اس کے اس قول سے بہت بلند بڑا ہے۔

اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهٖ۔ (۲)

بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی (یا ان کی) صورت پر پیدا فرمایا۔

کیوں کہ صورت سے رنگ اور شکل وہیئت کا تصور آتا ہے اور یہ باتیں اللہ تعالیٰ کے لیے ثابت ہو رہی ہیں جب کہ اللہ تعالیٰ اس سے پاک اور بلند ہے یہی وجہ ہے کہ بعض لوگ صفات الٰہیہ کے سلسلے میں پھسل گئے حتیٰ کہ کلام کے بارے میں بھی ___ اور انہوں نے اسے آواز اور حروف قرار دیا اسی طرح دیگر صفات کا بھی معاملہ ہے اور اس میں تفصیلی گفتگو ہے۔

اسی طرح بعض اوقات آخرت کے معاملے میں بھی مثالیں دی جاتی ہیں لیکن بے دین آدمی اسے جھٹلاتا ہے کیوں کہ اس کی نظر ظاہری مثال اور اس کے تناقض پر پڑتی ہے۔

جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔

يُؤْتٰى بِالْمَوْتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيْ صُوْرَةِ كَبْشٍ اَمْلَحَ فَيُذْبَحُ۔ (۳)

قیامت کے دن موت کو ایک سفید وسیاہ مینڈھے کی صورت میں لا کر ذبح کیا جائے گا۔

تو ملحد بیوقوف اس کو تسلیم نہیں کرتا اور جھٹلاتا ہے اور وہ اسے انبیاء کرام کو جھٹلانے کے لیے استدلال کرتا ہے اور کہتا ہے سبحان اللہ موت تو ایک عرض ہے (جو دوسری چیز کے ساتھ قائم ہوتی ہے) اور مینڈھا جسم ہے تو ایک عرض (وصف) کیسے جسم میں بدل سکتا ہے اور یہ تو محال ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے اس قسم کے بیوقوں کو اپنے اسرار کی معرفت سے الگ تھلگ رکھا ہے ارشاد فرمایا۔

---

(۱) الدر المنثور جلد ۲ ص ۸، تحت آیت ربنا لا تزغ قلوبنا

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۲۴۴ مرویات ابوہریرہ

(۳) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۶۹۱ کتاب التفسیر

وَمَا يَعْقِلُهَا اِلَّا الْعَالِمُوْنَ۔ (۱) اور اسے وہی سمجھتے ہیں جو اہل علم ہیں۔

اور یہ بیچارہ اتنی بات نہیں سمجھتا کہ جو آدمی کہتا ہے میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک مینڈھا لایا گیا اور کہا گیا کہ یہ وہ بیماری ہے جو شہر میں پھیلی ہوئی ہے اور اسے ذبح کر دیا جاتا ہے تو تعبیر بتانے والا کہتا ہے تم نے ٹھیک دیکھا ہے معاملہ اسی طرح ہے جس طرح تو نے دیکھا ہے اور یہ اس بات پر دلالت ہے کہ یہ بیماری ختم ہو جائے گی اور پھر کبھی نہیں آئے گی کیوں کہ جسے ذبح کیا جاتا ہے اس کے واپس آنے کی امید نہیں ہوتی اور تعبیر بتانے والے نے اس کی صحیح تصدیق کی ہے اور یہ شخص بھی اپنے خواب میں سچا ہے اور اس کی حقیقت اور اصل یہ ہے کہ جو فرشتہ خوابوں پر مقرر ہے اور یہ وہ فرشتہ ہے جو روحوں کو سوتے وقت اس بات پر مطلع کرتا ہے جو لوح محفوظ میں ہے اور وہ بات مثال کے ذریعے بتاتا ہے کیوں کہ سونے والا مثال کے بغیر سمجھ نہیں سکتا تو اس کی مثال صادق اور معنیٰ صحیح ہے۔

تو رسل عظام بھی دنیا میں لوگوں سے اس طرح کلام کرتے ہیں کہ وہ آخرت کے مقابلے میں نیند کی حالت میں ہیں تو ان کی سمجھ تک معانی مثالوں کے ذریعے پہنچاتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کی حکمت اور بندوں پر اس کی مہربانی ہے نیز جس بات کو مثال کے بغیر سمجھنے سے وہ عاجز ہیں اس کا ادراک آسان کر دیا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی کہ موت کو ایک سفید و سیاہ مینڈھے کی صورت میں لایا جائے گا ایک مثال ہے تاکہ ذہنوں تک بات پہنچے اور موت سے مایوسی ہو اور دلوں میں یہ بات پیدا کر دی گئی ہے کہ وہ مثالوں سے متاثر ہوتے ہیں اور ان کے واسطہ سے معانی کا ثبوت ہوتا ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں اپنی قدرت کی انتہا کو یوں تعبیر فرمایا۔

كُنْ فَيَكُوْنَ۔ (۲) (فرماتا ہے) ہو جا پس وہ ہو جاتا ہے۔

اور فوری بدلنے کو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح ذکر فرمایا۔

قَلْبُ الْمُؤْمِنِ بَيْنَ اِصْبَعَيْنِ مِنْ اَصَابِعِ الرَّحْمٰنِ۔ (۳) مومن کا دل رحمٰن کی انگلیوں میں سے دو انگلیوں کے درمیان ہے۔

ہم نے قواعد عقائد کے ضمن میں اس کی حکمت کی طرف اشارہ کیا ہے اب ہم اپنی اصل غرض کی طرف لوٹتے ہیں۔

تو نیکیوں اور برائیوں کے حوالے سے درجات اور سزاؤں کی تقسیم مثالیں بیان کئے بغیر سمجھ نہیں آتی تو جو مثال ہم بیان کرتے ہیں اس سے اس کا معنیٰ سمجھنا چاہیے صورت کی طرف نظر نہیں کرنی چاہیے تو ہم کہتے ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ عنکبوت آیت ۴۳

(۲) قرآن مجید، سورۃ یٰسین آیت ۸۲

(۳)

آخرت میں لوگوں کی بہت سی اقسام ہیں وہ جنت کے درجات کے حوالے سے ہیں یا جہنم کے طبقات کے اعتبار سے خوش بختی اور بد بختی دونوں وجہ سے یہ تقسیم ہے۔ اور یہ تفاوت اور فرق شمار سے باہر ہے جس طرح دنیوی خوش بختی اور بدبختی کے لحاظ سے تفاوت ہے اور اس معنیٰ کے اعتبار سے دنیا اور آخرت میں کوئی فرق نہیں ہے کیوں کہ ملک اور ملکوت دونوں کا مدبر ایک ہی ذات ہے جس کا کوئی شریک نہیں اور ازل سے اس کا جو طریقہ چلا آرہا ہے وہ بھی یکساں ہے اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی لیکن ہم درجات کے افراد کو شمار کرنے سے عاجز ہیں البتہ ان کی جنس کو شمار کر سکتے ہیں تو ہم کہتے ہیں آخرت میں لوگ چار قسموں میں تقسیم ہوں گے (۱) ہلاک ہونے والے (۲) عذاب میں مبتلا (۳) نجات پانے والے اور کامیاب ہونے والے (ہالک، معذّب، ناجی اور فائز) دنیا میں اس کی مثال اس طرح ہے کہ کوئی بادشاہ کسی ملک پر قابض ہوتا ہے تو بعض لوگوں کو قتل کر دیتا ہے یہ ہلاک ہونے والے ہیں بعض کو ایک خاص مدت تک سزا دیتا ہے قتل نہیں کرتا تو یہ عذاب میں مبتلا ہیں بعض کو چھوڑ دیتا ہے تو یہ نجات پانے والے ہیں اور کچھ کو خلعت (لباس وغیرہ) عطا کرتا ہے تو یہ کامیاب ہونے والے (فائزین) ہیں اگر بادشاہ عادل ہو تو استحقاق کی بنیاد پر تقسیم کرتا ہے وہ اسی کو قتل کرتا ہے جو اس سے استحقاقِ حکومت کا منکر اور حکومت کے حوالے سے اس کا دشمن ہو اور سزا اسی کو دے گا جو اس کی حکومت اور بلندئ درجہ کا اعتراف کرتا ہے لیکن اس کی خدمت میں کوتاہی کرتا ہے رہائی اسے دیتا ہے جو اس کے منصب کا اعتراف کرتا ہے اور اس میں کوتاہی نہیں کرتا کہ اسے سزا دے البتہ اس کی خدمت نہیں کرتا کہ اسے خلعت عطا کرے۔ اور خلعت اسے ہی دیتا ہے جو اپنی تمام عمر اس کی خدمت اور مدد میں صرف کر دیتا ہے پھر کامیاب ہونے والوں کی خلعتوں میں بھی فرق ہونا چاہیے یعنی خدمت کے اعتبار سے ان کے درجات کو سامنے رکھا جائے جب کہ ہلاک ہونے والوں کو ہلاک کرنا یا تو حقیقتاً گردن مارنے سے ہوتا ہے یا اعضاء کاٹنے کے ذریعے سزا دی جاتی ہے گویا دشمنی کے درجات کے اعتبار سے ہلاکت میں بھی فرق ہوگا۔

اور جن کو سزا دی جاتی ہے ان کی سزا میں بھی فرق ہوتا ہے کسی کو سخت کسی کو ہلکی پھلکی نیز کسی کو زیادہ مدت اور کسی کو تھوڑی مدت کی سزا ہوتی ہے یعنی ان کی کوتاہی کے درجات کے اعتبار سے تفریق ہوگی۔

ان مراتب میں سے ہر مرتبہ بے شمار درجات میں تقسیم ہوتا ہے تو اسی طرح سمجھنا چاہیے کہ آخرت میں بھی لوگوں کے درجات میں فرق ہوگا کوئی ہلاک ہوگا کوئی ایک مدت تک عذاب میں بند ہوگا کوئی نجات پاکر سلامتی کے گھر میں جائے گا اور کوئی کامیاب ہوگا اور کامیاب ہونے والے کئی درجات میں تقسیم ہوں گے بعض جنت عدن میں جائیں گے کوئی جنت الماویٰ اور کوئی جنت الفردوس کا مستحق ہوگا۔ اور جن کو عذاب ہوگا وہ بھی مختلف درجات میں تقسیم ہوں گے کسی کو تھوڑا عذاب ہوگا کسی کو ایک ہزار سال اور کسی کو سات ہزار سال اور یہ وہ شخص ہے جو جہنم سے سب سے آخر میں نکلے گا جیسا کہ حدیث شریف میں آتا ہے (۱)

اسی طرح ہلاک ہونے والے جو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس ہوں گے ان کے طبقات میں بھی فرق ہے اور ایسا درجات عبادات اور گناہوں میں اختلاف کے باعث ہوگا اب ہم اس تقسیم کی کیفیت ذکر کرتے ہیں۔

پہلا مرتبہ :

یہ ہلاک ہونے والوں کا درجہ ہے اور ہلاک ہونے والوں سے ہماری مراد اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس ہونے والے ہیں کیونکہ جو مثال ہم نے بیان کی ہے اس میں جس کو بادشاہ نے قتل کیا وہ اس بات سے مایوس ہوگیا کہ بادشاہ اس سے راضی ہوگا اور اس کی عزت کرے گا تو مثال کے معانی سے تمہیں غافل نہیں ہونا چاہیے اور یہ درجہ ان لوگوں کا ہے جو منکر ہیں اور منہ پھیرتے ہیں وہ صرف دنیا کے ہوکر رہ گئے اور وہ اللہ تعالیٰ اس کے رسولوں اور کتابوں کو جھٹلاتے ہیں کیونکہ اخروی سعادت تو اللہ تعالیٰ کا قرب اور اس کی زیارت ہے اور اس کا حصول صرف اس صورت میں ہوتا ہے جب وہ معرفت حاصل ہو جس کو ایمان اور تصدیق کہتے ہیں۔ اور اس کا انکار کرنے والے منکر ہیں اور جو لوگ جھٹلانے والے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ہمیشہ کے لیے مایوس ہیں اور یہی وہ لوگ ہیں جو تمام جہانوں کے رب اور اس کے بھیجے ہوئے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں اور وہ اس دن لازماً اس سے پردے میں ہوں گے اور جو بھی اپنے محبوب سے جدا رہتا ہے اس کے اور اس کی خواہشات کے درمیان لازماً حجاب ہوتا ہے تو وہ یقیناً اللہ تعالیٰ کے فراق میں نارِ جہنم میں جلتے رہیں گے اسی لیے عارفین فرماتے ہیں ہمیں نہ تو جہنم کا خوف ہے اور نہ ہی حور عین کی امید ہمارا مقصود تو ملاقات ہے اور گریز صرف حجاب سے ہے اور وہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ جو شخص کسی عوض کی خاطر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرے وہ کمینہ ہے گویا وہ جنت کے حصول یا جہنم سے بچنے کے لیے عبادت کرتا ہے بلکہ عارف تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے عبادت کرتا ہے اور اس کا مقصود بھی صرف ذاتِ خداوندی ہوتی ہے جہاں تک حور عین اور جنتی میووں کا تعلق ہے تو وہ ان کی خواہش نہیں رکھتا اور آگ سے بھی نہیں ڈرتا کیوں کہ جب فراق کی آگ غالب آتی ہے تو وہ اس آگ پر غالب آجاتی ہے جو جسموں کو جلاتی ہے فراق کی آگ اللہ تعالیٰ کی وہ آگ ہے جو دلوں پر چڑھتی ہے اور جہنم کی آگ کے شعلے صرف جسموں تک محدود ہوتے ہیں اور جب دل میں تکلیف ہو تو جسم کی تکلیف معمولی معلوم ہوتی ہے اسی لیے کہا گیا ہے۔

وَفِي فُؤَادِ الْمُحِبِّ نَارُ جَوًى اَحَرُّ نَارِ الْجَحِيْمِ اَبْرَدُهَا۔	اور محب کے دل میں محبت کی آگ ہے جس کے مقابلے میں جہنم کے گرم ترین آگ بھی سرد تر ہے۔

اور عالم آخرت میں اس کا انکار نہیں کیا جا سکتا کیوں کہ دنیا میں اس کی نظیر ہے جس کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے دیکھا گیا ہے کہ جس پر وجد (غلبۂ عشق) طاری ہوتا ہے وہ آگ اور پاؤں کو زخمی کرنے والے کانٹوں پر بھی چلتا ہے لیکن اسے کچھ بھی محسوس نہیں ہوتا کیوں کہ اس کے دل کی حالت غالب ہوتی ہے اور تم دیکھتے ہو کہ جس شخص کو لڑائی کی حالت میں غصہ آتا ہے اور اسے کئی زخم آتے ہیں تو اسے اس وقت پتہ نہیں چلتا کیونکہ غصہ ایک قلبی آگ کا نام ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْغَضَبُ قِطْعَۃٌ مِّنَ النَّارِ۔ (۱) غصہ، آگ کا ایک ٹکڑا ہے

اور جسم کے جلنے سے دل کا جلنا زیادہ سخت ہوتا ہے اور جو چیز زیادہ سخت ہو وہ کمزور کے احساس کو باطل کر دیتی ہے جیسا کہ تم دیکھتے ہو۔ تو آگ اور تلوار سے ہلاکت صرف دو ٹکڑوں کو الگ کرتی ہے جو ظاہر میں ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہوتے ہیں اور جسمانی رابطہ جس قدر ممکن ہے ان کے درمیان تھا تو جو شخص دل اور اس کے محبوب کے درمیان جدائی ڈالتا ہے تو وہ زیادہ تکلیف پہنچاتا ہے بشرطیکہ آدمی صاحبِ بصیرت اور ذی شعور ہو کیونکہ یہ تعلق جسمانی پیوستگی سے زیادہ سخت ہوتا ہے اور یہ بات بعید از عقل نہیں ہے کہ جو دل سے خالی ہے وہ اس تکلیف کا ادراک نہ کر سکے اور جسمانی تکلیف کے مقابلے میں اسے ہلکا سمجھے۔

اگر بچے کو اختیار دیا جائے کہ بادشاہت یا گیند بلے میں سے کسی ایک کو چھوڑ دے تو وہ بادشاہی سے محرومی کو بالکل محسوس نہیں کرے گا اور نہ ہی اسے اپنے لیے تکلیف سمجھے گا اور وہ کہے گا کہ مجھے گیند کے ساتھ میدان میں دوڑنا بادشاہی کے ہزار تخت سے بہتر ہے اگرچہ اس میں بیٹھا ہی ہو بلکہ جس آدمی پر پیٹ کی خواہش غالب ہو اگر اسے ہریسہ اور حلوہ کھانے یا ایسا کام کرنے کے درمیان اختیار دیا جائے جس سے دشمن مغلوب ہوتا ہے اور دوست خوش ہوتے ہیں تو وہ ہریسہ اور حلوہ کھانے کو ترجیح دے گا اور یہ تمام باتیں اس لیے ہیں کہ اس شخص میں وہ باتیں نہیں ہیں جن کے ذریعے جاہ و مرتبہ محبوب ہوتا ہے۔ اور نہ وہ بات ہے جس کے پائے جانے سے کھانا لذیذ معلوم ہوتا ہے۔

اور یہ ان لوگوں کے لیے جن کو جانوروں اور درندوں کی صفات اپنا غلام بنا لیتی ہیں اور ان میں فرشتوں کی صفات ظاہر نہیں ہوتیں جو ان کی ضد ہیں اور ان کے لائق صرف اللہ تعالیٰ کے قرب کی لذت ہے اور اس سے بعد اور حجاب تکلیف دہ ہوتا ہے۔

اور جس طرح قوتِ ذائقہ صرف زبان میں اور قوتِ سماعت صرف کانوں میں ہوتی ہے اسی طرح یہ صفات بھی صرف دل سے تعلق رکھتی ہیں اور جو دل سے محروم ہے اس میں یہ احساس نہیں ہوتا جیسے کوئی شخص سماعت اور بصارت سے محروم ہو تو وہ خوش آوازی اور اچھی صورتوں اور رنگوں کی لذت نہیں پا سکتا اور ہر شخص کے پاس دل نہیں ہوتا اگر ایسا ہوتا تو اللہ تعالیٰ کا یہ ارشادِ گرامی صحیح نہ ہوتا ارشادِ خداوندی ہے۔

اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَذِکْرٰی لِمَنْ کَانَ لَہٗ قَلْبٌ۔ (۲) بے شک اس (قرآن) میں اس شخص کے لیے نصیحت ہے جس کے پاس دل ہے۔

---

(۱) جامع ترمذی ص ۳۱۹، ابواب الفتن (۲) قرآن مجید، سورۂ ق آیت ۲۷

اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو دل سے مفلس قرار دیا جو قرآن پاک سے نصیحت حاصل نہیں کرتا اور اس دل سے وہ (گوشت کا لوتھڑا) مراد نہیں جسے سینے کی ہڈیوں نے ٹھہر رکھا ہے بلکہ اس سے وہ لطیفہ مراد ہے جو عالم امر سے تعلق رکھتا ہے اور یہ وہ گوشت ہے کہ اس کا عرش عالم خلق سے ہے سینہ اس کی کرسی ہے اور تمام اعضاء اس کا جہاں اور مملکت ہے اور خلق و امر کا مالک، اللہ تعالیٰ ہی ہے لیکن یہ لطیفہ جس کے بارے میں ارشاد خداوندی ہے۔

قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ۔ (۱) آپ فرما دیجئے روح میرے رب کے حکم میں سے ہے

یہ امیر اور بادشاہ ہے کیونکہ عالم امر اور عالم خلق کے درمیان ترتیب ہے اور عالم امر، عالم خلق پر امیر ہے اور یہی وہ لطیفہ ہے کہ جب یہ درست ہو تو تمام جسم درست ہوتا ہے اور جس نے اسے پہچان لیا اس نے اپنے آپ کو پہچان لیا اور جس نے اپنے نفس کی پہچان حاصل کی اسے اس کے رب کی پہچان حاصل ہوگئی۔

اس وقت بندہ اس معنیٰ کی ادنیٰ خوشبو سونگھ لیتا ہے جو (معنی) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی میں لپٹا ہوا ہے آپ نے فرمایا۔

اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ۔ (ترجمہ اور حوالہ پیچھے گزر چکا ہے)

ایک جماعت اس کے ظاہری لفظ کو اٹھائے پھرتی ہے اور دوسرا گروہ اس کی تاویل کے راستے میں بھٹک رہا ہے اللہ تعالیٰ ان دونوں پر رحم فرمائے اگرچہ اس کی تاویل میں بھٹکنے والوں کے مقابلے میں ظاہری لفظ پر محمول کرنے والے زیادہ رحم کے مستحق ہیں کیونکہ رحمت مصیبت کے مطابق ہوتی ہے اور ان لوگوں کی مصیبت زیادہ ہے اگرچہ حقیقت امر سے محرومی کی مصیبت میں دونوں شریک ہیں۔ حقیقت تو اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ بہت بڑے فضل والا ہے اور یہ اس کی حکمت ہے اس کے ساتھ جسے چاہے خاص کر لیتا ہے اور جس کو حکمت دی گئی اسے بہت زیادہ بھلائی عطا کی گئی۔

اب ہم اصل غرض کی طرف لوٹتے ہیں اور اس طرف لگام کو پھیرتے ہیں جو علوم معاملات سے اعلیٰ ہے اور اس کتاب میں ہمارا مقصود یہی ہے یہ بات ظاہر ہو چکی ہے کہ ہلاکت صرف ان لوگوں کے لیے ہے جو جاہل بھی ہیں اور جھٹلانے والے بھی، اور اس پر قرآن و سنت کی اس قدر شہادت موجود ہے جو شمار سے باہر ہے اسی لیے ہمیں ان کے لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

دوسرا مرتبہ:

یہ ان لوگوں کا رتبہ ہے جن کو عذاب دیا جائے گا اور یہ اصل ایمان کے زیور سے آراستہ ہوتے ہیں لیکن اس کے تقاضوں کو پورا کرنے میں کوتاہی کرتے ہیں کیونکہ ایمان کی بنیاد اور اصل توحید ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرے اور جو آدمی اپنی

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ اسراء آیت ۸۵

خواہش کی پیروی کرتا ہے اس نے اپنی خواہش کو معبود بنا لیا وہ زبان سے توحید کا قائل ہے لیکن حقیقت میں موحد نہیں ہے بلکہ "لا الہ الا اللہ" کا معنیٰ ان دو آیتوں میں بیان ہوا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِي خَوْضِهِمْ يَلْعَبُونَ۔ (۱) آپ فرما دیجئے "اللہ ہے" پھر ان لوگوں کو ان کی بیہودگیوں میں کھیلتا ہوا چھوڑ دیں۔

مطلب یہ ہے کہ غیر اللہ کو بالکل چھوڑ دیں۔ اور ارشاد خداوندی ہے:

اَلَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا۔ (۲) وہ لوگ جنہوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے پھر وہ ثابت قدم رہے۔

اور جب صراط مستقیم کہ اس پر استقامت کے بغیر توحید مکمل نہیں ہوتی بال سے بھی زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے اور اس پل صراط کی طرح ہے جو آخرت میں ہوگا تو کوئی بھی شخص اس پر استقامت سے ادھر اُدھر ہونے سے بچ نہیں سکتا اگرچہ تھوڑا سا ہی ہو، کیونکہ کوئی شخص خواہشات کی اتباع سے خالی نہیں ہوتا اگرچہ کم ہی ہو اور یہ بات کمال توحید میں اس قدر نقص پیدا کرتی ہے جس قدر وہ صراط مستقیم سے ادھر اُدھر ہوتا ہے اور اس سے لامحالہ قرب کے درجات میں کمی آتی ہے اور ہر نقصان کے ساتھ دو قسم کی آگ ہے ایک اس کمال سے جدائی کی آگ جو اس کمی کی وجہ سے ناقص ہو گیا اور دوسری جہنم کی آگ جیسا کہ قرآن پاک نے اسے بیان کیا ہے تو جو آدمی بھی صراط مستقیم سے ادھر اُدھر ہوتا ہے وہ دو وجہ سے دو مرتبہ عذاب میں مبتلا ہوتا ہے لیکن عذاب کی شدت اور نرمی اور مدت کے اعتبار سے اس میں تفاوت دو باتوں کی وجہ سے ہوتا ہے ایک ایمان کی قوت و ضعف اور خواہشات کی زیادہ اور کم اتباع کی وجہ سے — کیونکہ عام طور پر کوئی بھی شخص ان دو باتوں میں سے کسی ایک سے خالی نہیں ہوتا ارشاد خداوندی ہے:

وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا۔ (۳) اور تم میں سے ہر ایک کا اس (دوزخ) پر گزر ہو گا یہ آپ کے رب کا حتمی فیصلہ ہے پھر ہم ان لوگوں کو نجات دیں گے جو پرہیزگار رہیں اور ظالموں کو دوزخ میں چھوڑ دیں گے کہ وہ گھٹنوں کے بل گرے ہوں گے۔

اسی لیے بزرگوں میں سے جو لوگ ڈرنے والے تھے وہ کہتے تھے ہمارا خوف اس وجہ سے ہے کہ ہمیں جہنم کے اوپر

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ انعام آیت ۹۱

(۲) قرآن مجید، سورۃ فصلت آیت ۳۰

(۳) قرآن مجید، سورۃ مریم آیت ۷۱، ۷۲

سے گزرنے کا یقین ہے جب کہ نجات میں شک ہے جب حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے وہ حدیث بیان کی جس میں اس شخص کا حال بیان ہوا جو دوزخ سے ہزار سال بعد نکلے گا اور وہ پکارے گا اے حنان اے منان! (اے بہت رحم فرمانے اور بہت احسان فرمانے والے) حضرت حسن نے فرمایا کاش وہ شخص میں ہوتا۔ (۱)

جان لو، حدیث شریف سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ جہنم سے سب سے آخر میں نکلنے والا شخص سات ہزار سال بعد نکلے گا البتہ ایک لحظہ اور سات ہزار سال کے درمیان مدت میں اختلاف ہے حتیٰ کہ بعض جہنم کے اوپر سے بجلی کی چمک کی طرح گزر جائیں گے اور وہ وہاں ٹھہریں گے نہیں۔ ایک لحظہ اور سات ہزار سال کے درمیان چھ مختلف درجے ہوں گے ایک دن، پھر ایک ہفتہ پھر ایک مہینہ اور باقی تمام مدتیں۔

اختلاف شدت میں ہے جس کی سب سے زیادہ شدت بے انتہا ہوگی اور کم از کم یہ کہ حساب میں الجھا دیا جائے گا جس طرح بادشاہ کام میں کوتاہی کرنے والے بعض لوگوں کو حساب میں الجھا دیتا ہے اور پھر معاف کر دیتا ہے اور بعض اوقات کوڑوں سے مارتا ہے اور کبھی مختلف قسم کی سزائیں دیتا ہے ــــ عذاب کے سلسلے میں ایک تیسرا اختلاف ہے جس کا مدت اور شدت سے کوئی تعلق نہیں ہے اور یہ عذاب کی انواع کا اختلاف ہے کیوں کہ جس شخص کو مالی جرمانہ ہوا وہ اس کی طرح نہیں جس کا مال ضبط ہوا، اولاد قتل ہوئی، عورتیں لونڈیاں بنائی گئیں رشتہ داروں کو سزا دی گئی اور مارا گیا زبان، ہاتھ، ناک اور کان وغیرہ کاٹے گئے تو جس طرح دنیا میں مختلف قسم کی سزائیں ہیں اسی طرح آخرت میں بھی مختلف سزائیں ہوں گی جن پر شریعت کے قطعی دلائل پائے جاتے ہیں اور یہ ایمان کی قوت و ضعف، عبادت کی کثرت و قلت نیز گناہوں کی کثرت و قلت کے اعتبار سے ہے۔

عذاب کی سختی گناہوں کے زیادہ قبیح اور کثرت کی وجہ سے ہے اور عذاب کی کثرت گناہوں کی کثرت کے باعث ہے اور اس کی انواع کا مختلف ہونا گناہوں کی انواع کے اختلاف کے سبب سے ہے یہ بات ارباب قلوب پر قرآن پاک کے شواہد اور نور ایمان سے منکشف ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کا یہی مطلب ہے۔

وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۔ (۲) اور تمہارا رب بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

اور ارشاد خداوندی ہے:

اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ (۳) آج ہر نفس کو اس کے عمل کا بدلہ دیا جائے گا۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۲۳۰ مرویات انس

(۲) قرآن مجید سورۂ فصلت آیت ۴۶

(۳) قرآن مجید سورۂ غافر آیت ۱۷

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے :
وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ۔ (۱) اور انسان کے لیے وہی ہے جو اس نے کوشش کی ۔
ارشاد باری تعالیٰ ہے :
فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۔ (۲) پس جو آدمی ذرہ برابر بھی نیکی کرے گا اسے دیکھ لے گا اور جو ذرہ برابر بھی برائی کرے گا اسے دیکھ لے گا ۔

اور ان کے علاوہ آیات و احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ عذاب اور ثواب ، اعمال کا بدلہ ہے ۔ اور دونوں صورتوں میں عدل ہی ہے ظلم نہیں ہے جب کہ رحمت اور عفو و درگزر کی جانب کو ترجیح ہے اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں یوں بتایا ۔

سَبَقَتْ رَحْمَتِيْ غَضَبِيْ ۔ (۳) میری رحمت ، میرے غضب سے سبقت لے گئی ۔

اور ارشاد خداوندی ہے :
وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ۔ (۴) اور اگر وہ نیکی ہو تو وہ اسے بڑھاتا ہے اور اپنی طرف سے بہت بڑا اجر عطا فرمائے گا ۔

تو یہ امور یعنی درجات اور طبقات کا نیکیوں اور گناہوں سے مربوط ہونا شریعت کے قطعی دلائل اور نورِ معرفت سے معلوم ہوا اور تفصیل صرف ظن غالب سے معلوم ہوتی ہے اور اس کی دلیل احادیث کا ظاہر اور ایک قسم کا الہام ہے جو عبرت کی نگاہ سے دیکھنے کی صورت میں حاصل ہوتا ہے ۔

تو ہم کہتے ہیں کہ جس شخص کا اصل ایمان مضبوط ہو اور وہ کبیرہ گناہوں سے بچے تمام فرائض یعنی پانچوں ارکانِ اسلام اچھی طرح ادا کرے اور اس سے صادر ہونے والے گناہ صرف صغیرہ ہوں اور وہ بھی متفرق ہوں اور ان پر اصرار نہ کرے تو ہو سکتا ہے اس سے صرف حساب و کتاب ہی ہو کیونکہ جب اس کا حساب ہوگا تو نیکیاں ، گناہوں کے مقابلے میں وزنی ہوں گی کیوں کہ حدیث شریف میں ہے کہ پانچ نمازیں جمعۃ المبارک (کی نماز) اور رمضان المبارک کے روزے درمیان والے گناہوں کا کفارہ ہیں اسی طرح قرآن پاک کی رو سے کبیرہ گناہوں سے اجتناب بھی صغیرہ گناہوں کا کفارہ ہوتا ہے اور کفارہ

---

(۱) قرآن مجید سورۃ النجم آیت ۳۹
(۲) قرآن مجید ، سورۃ زلزال آیت ۷ ، ۸
(۳) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۵۶ کتاب التوبۃ
(۴) قرآن مجید سورۃ نساء آیت ۴۰

کا کم از کم درجہ یہ ہے کہ اگر حساب سے نہ بھی بچے عذاب سے محفوظ رہتا ہے اور جس آدمی کی یہ حالت ہو اس کی نیکیوں کا پلڑا بھاری ہوتا ہے پس مناسب ہے کہ میزان میں نیکیوں کے وزنی ہونے اور حساب سے فراغت کے بعد پسندیدہ زندگی میں ہو۔

ہاں اس کا اصحاب یمین (دائیں جانب والوں) یا مقربین سے لاحق ہونا اور جنت عدن یا جنت الفردوس میں جانا ایمان کی اقسام پر منحصر ہے کیوں کہ ایمان دو قسم کا ہے ایک تقلیدی ایمان جیسے عوام کا ایمان ہے کہ وہ جو کچھ سنتے ہیں اس کی تصدیق کر کے ڈٹ جاتے ہیں اور دوسرا کشفی ایمان ہے جو اللہ تعالیٰ کے نور سے سینے کے کھل جانے سے حاصل ہوتا ہے حتیٰ کہ تمام موجودات اس پر اپنی حقیقت کے ساتھ منکشف ہو جاتی ہیں۔

معلوم ہوا کہ تمام کا لوٹنا اللہ تعالیٰ کی طرف ہے کیونکہ (حقیقی) وجود تو صرف اللہ تعالیٰ اور اس کی صفات و افعال کا ہے۔ اور اس قسم کے لوگ مقربین ہیں جو جنت الفردوس میں جاتے ہیں اور وہ ملاء اعلیٰ (بلند مرتبہ فرشتوں) کے زیادہ قریب ہوتے ہیں ان کی بھی کئی قسمیں ہیں۔ ان میں سے بعض سابقون ہیں بعض ان سے نچلے درجہ میں ہیں اور ان کے درجات میں فرق اس لیے ہے کہ ان کو حاصل ہونے والی معرفت خداوندی میں بھی تفاوت ہے اور اللہ تعالیٰ کی معرفت کے سلسلے میں عارفین کے درجات بے شمار ہیں کیونکہ جلال الٰہی کی حقیقت کا ادراک ناممکن ہے اور معرفت کے سمندر کا نہ کوئی ساحل ہے اور نہ ہی گہرائی، اور اس میں غوطہ لگانے والے اپنی اپنی قوت کے حساب سے غوطہ لگاتے ہیں نیز جو کچھ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے ازل میں لکھ دیا ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف راستے کی منازل بے انتہا ہیں اس لیے اللہ تعالیٰ کے راستے میں چلنے والوں کے درجات بھی بے حساب ہیں۔

اور وہ مومن جن کا ایمان تقلیدی ہے اور ان کا درجہ مقربین کے درجہ سے کم ہے ان کے بھی کئی درجات ہیں اصحاب یمین کا سب سے اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ ان کا رتبہ مقربین کے درجات میں سے ادنیٰ درجہ کے قریب ہوتا ہے یہ ان لوگوں کا حال ہے جو تمام کبیرہ گناہوں سے بچتے ہیں اور تمام فرائض ادا کرتے ہیں یعنی پانچوں فرائض ادا کرتے ہیں اور وہ زبان سے کلمہ شہادت ادا کرنا اور نماز، زکوٰۃ، روزہ اور حج ہے۔

لیکن جو شخص ایک یا زیادہ کبیرہ گناہوں کا ارتکاب کرتا ہے یا بعض ارکان اسلام کو چھوڑ دیتا ہے اگر وہ مرنے سے پہلے اچھی طرح توبہ کر لے تو وہ ان لوگوں سے مل جائے گا جو کبیرہ گناہوں کے مرتکب نہیں ہوتے کیوں کہ گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہی ہے جیسے گناہ نہ کرنے والا اور دھلا ہوا کپڑا ایسا ہو جاتا ہے جیسے کبھی وہ میلا ہوا ہی نہیں۔

اور اگر وہ توبہ کرنے سے پہلے مر جائے تو موت کے وقت اس کے حال کا خوف ہے کیونکہ بعض اوقات گناہوں پر اصرار کی صورت میں آنے والی موت ایمان کے متزلزل ہونے کا باعث بنتی ہے اور اس طرح اس کا خاتمہ برا ہوتا ہے خاص طور پر جب کہ اس کا ایمان تقلیدی ہو کیوں کہ تقلید اگرچہ کتنی ہی پختہ کیوں نہ ہو ادنیٰ شک اور خیال سے ڈھیلی پڑ جاتی ہے

جب کہ عارف بصیر اس بات سے زیادہ دُور ہوتا ہے کہ اس کے بارے میں برے خاتمہ کا ڈر ہو۔

اور یہ دونوں اگر ایمان پر فوت ہوں تو بھی عذاب کا خوف ہوتا ہے مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ معاف فرمادے اور یہ عذاب حساب و کتاب کے مناقشہ سے زیادہ ہوتا ہے اور جس قدر گناہوں پر اصرار کی مدت زیادہ ہوتی ہے اسی قدر عذاب بھی زیادہ ہوتا ہے اور شدت کی بنیاد کبیرہ گناہوں کی برائی کے حساب سے ہوتی ہے اسی طرح گناہوں کی مختلف اقسام عذاب کی شدت میں تفاوت پیدا کرتی ہیں اور جب عذاب کی مدت ختم ہوجاتی ہے تو تقلیدی ایمان والے اصحاب یمین کے درجات میں اور عارفین اعلیٰ علیین میں جاتے ہیں ایک حدیث شریف میں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اٰخِرُ مَنْ یَخْرُجُ مِنَ النَّارِ یُعْطٰی مِثْلَ الدُّنْیَا كُلِّهَا عَشَرَةَ اَضْعَافٍ۔ (۱)

جو شخص جہنم میں سے سب سے آخر میں نکلے گا اسے تمام دنیا کی مثل دس گنا دیا جائے گا۔

تمہیں یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ اس سے جسمانی پیمائش مراد ہے کہ ایک کوس کی جگہ دو اور دس کی جگہ بیس کوس ہوں مثال کے طور پر اسے بیان کرنے میں لاعلمی ہے بلکہ اس کو اس طرح سمجھیں جس طرح کوئی شخص کہتا ہے کہ اس نے ایک اونٹ لیا اور اسے اس کی مثل دے دیے گویا ایک اونٹ جب دس دینار کے مقابلے میں ہو تو اس آدمی نے ایک سو دینار دیئے اور اگر اس سے وزن اور بوجھ میں ہی مثل سمجھے تو اگر ترازو کے ایک پلڑے میں ایک سو دینار رکھے دسویں حصے کے برابر بھی نہیں ہوسکتے بلکہ اجسام کے معانی اور ارواح کا مقابلہ ہوتا ہے شکلوں اور جسموں کا نہیں کیوں کہ اونٹ اپنے بوجھ، طول اور عرض وغیرہ کی وجہ سے نہیں بلکہ مالیت کی وجہ سے مقصود ہوتا ہے تو اس کی رُوح مالیت ہے جب کہ اس کا جسم گوشت اور خون ہے اور ایک سو دینار اس کی دس مثل اس صورت میں بنتے ہیں جب رُوحانی موازنہ کیا جائے جسمانی موازنہ سے نہیں اور جو شخص سونے اور چاندی سے مالیت کی رُوح کو پہچانتا ہے اس کے نزدیک یہ بات سچی ہے بلکہ اگر اسے ایک جوہر دیا جائے جس کا وزن ایک مثقال ہو جب کہ اس کی قیمت ایک دینار ہو اور وہ کہے کہ میں نے اسے اس کی دس مثل دیا تو وہ سچا ہوگا لیکن اس بات کی سچائی صرف جوہریوں کو معلوم ہوتی ہے کیونکہ جوہریت کی رُوح صرف آنکھ سے نہیں دیکھی جاسکتی بلکہ آنکھ کے پیچھے ایک دانائی ہوتی ہے اسی طرح بچہ بلکہ دیہاتی آدمی بھی اسے جھٹلاتا ہے اور کہتا ہے یہ جوہر تو ایک پتھر ہے جس کا وزن ایک مثقال ہے جب کہ اونٹ کا وزن اس سے ہزار گنا زیادہ ہے تو یہ شخص جو کہتا ہے کہ میں نے دس گنا دیا، جھوٹ بولتا ہے حالانکہ حقیقت میں وہ بچہ جھوٹ بول رہا ہے لیکن اس کے نزدیک اس بات کی تحقیق کا یہی ایک راستہ ہے کہ وہ بلوغت اور عقل کے کامل ہونے کا انتظار کرے اور اس کے دل میں وہ نور آجائے جس کے ذریعے وہ جواہر اور باقی تمام اموال کی ارواح کا ادراک کرسکے اس وقت اس کے لیے سچائی منکشف ہوگی اور

---

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۱۰۵ کتاب الایمان

عارف آدمی، مقلد کوتاہ بین کو یہ بات سمجھا نہیں سکتا کہ اس موازنہ کے سلسلے میں یہ حدیث سچی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْجَنَّۃُ فِی السَّمٰوَاتِ۔ (۱) جنت آسمانوں میں ہے۔

اور آسمان دینوی ہیں تو پھر دنیا میں اس کی اپنی دس مثل کس طرح آسکتی ہیں یہ بات جس طرح ایک بالغ آدمی بچے کو نہیں سمجھا سکتا اور نہ ہی کسی دیہاتی کو ـــــ

اور جس طرح جوہری کو کسی دیہاتی کو سمجھانا پڑ جائے تو وہ قابلِ رحم ہوتا ہے اسی طرح اس موازنہ کے سمجھانے کے سلسلے میں عارف بھی قابلِ رحم ہوتا ہے جب اسے کسی بیوقوف کو یہ موازنہ سمجھانا پڑ جائے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِرْحَمُوْا ثَلَاثَۃً عَالِمًا بَیْنَ الْجُھَّالِ وَغَنِیَّ قَوْمٍ اِفْتَقَرَ وَعَزِیْزَ قَوْمٍ ذَلَّ۔ (۲) تین آدمیوں پر رحم کرو عالم جو جاہلوں کے درمیان ہو محتاج قوم کے درمیان مال دار اور ذلیل قوم کے درمیان معزز آدمی ـ

اس اعتبار سے انبیاء کرام علیہ السلام امت کے درمیان قابلِ رحم ہوتے ہیں کہ امت کی عقل کی کمی کے باعث جو کچھ ان کو برداشت کرنا پڑا وہ ان کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے آزمائش تھی جو تقدیر ازلی کے طور پر ان پر آپڑی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کا یہی مطلب ہے۔ آپ نے فرمایا۔

اَلْبَلَاءُ مُوَکَّلٌ بِالْاَنْبِیَاءِ ثُمَّ الْاَوْلِیَاءِ ثُمَّ الْاَمْثَلِ فَالْاَمْثَلِ۔ (۳) انبیاء کرام علیہ السلام کو آزمائشوں میں ڈالا گیا پھر اولیاء کرام کو پھر ان کے مشابہ اس کے بعد ان جیسے لوگوں کو آزمایا گیا)

تمہیں یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ آزمائش تو صرف حضرت ایوب علیہ السلام پر ہی نازل ہوئی اور آپ کو جسمانی طور پر مبتلا کیا گیا حالانکہ حضرت نوح علیہ السلام کو بھی آزمائش میں ڈالا گیا اور وہ بہت بڑی آزمائش تھی کیونکہ آپ کو ایک ایسی جماعت کے ساتھ آزمایا گیا جو آپ کی دعوت سے مزید بھاگتے تھے اسی لیے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بعض لوگوں کی باتوں سے اذیت پہنچی تو آپ نے فرمایا۔

رَحِمَ اللّٰہُ اَخِیْ مُوْسٰی لَقَدْ اُوْذِیَ بِاَکْثَرَ مِنْ ھٰذَا فَصَبَرَ۔ (۴) اللہ تعالیٰ میرے بھائی حضرت موسیٰ علیہ السلام پر رحم فرمائے بے شک انہیں اس سے بھی زیادہ اذیت دی گئی لیکن انہوں نے صبر کیا۔

---

(۱) صحیح بخاری جلد اول ص ۴۸۳ کتاب الانبیاء

(۲) الموضوعات لابن الجوزی جلد اول ص ۲۴۶ باب الرحمۃ للعالم

(۳) المستدرک للحاکم جلد ۲ ص ۳۴۳ کتاب معرفۃ الصحابۃ۔

(۴) صحیح بخاری جلد اول ص ۴۸۲ کتاب الانبیاء

توکوئی بھی منکرین کے ذریعے ابتلا و آزمائش سے خالی نہیں رہا اور اولیاء و علماء کی آزمائش جاہلوں کے ذریعے ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ اولیاء کرام طرح طرح کی ایذا اور مختلف قسم کی آزمائشوں سے خالی نہیں ہوتے۔ انہیں ملک بدر کر دیا جاتا ہے حکمرانوں کے سامنے ان کی چغلی کھائی جاتی ہے ان کے خلاف کفر کی گواہی دی جاتی ہے اور کچھ لوگ دین چھوڑ جاتے ہیں اور یہ بات ضروری ہے کہ اہل معرفت، جاہلوں کے نزدیک کافروں میں شمار ہوتے ہیں جیسے کوئی شخص اپنا بہت بڑا اونٹ چھوٹے سے موتی کے بدلے میں دے دے تو جاہل لوگوں کے نزدیک یہ فضول خرچی اور مال ضائع کرنا ہے۔

جب تم نے یہ باریک باتیں معلوم کر لیں تو سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس بات پر ایمان رکھنا چاہیے کہ جو شخص جہنم سے آخر میں نکلے گا اس کو دنیا کا دس گنا دیا جائے گا اور تمہیں تصدیق کو ایسی باتوں پر منحصر کرنے سے بچنا چاہیے جن کا ادراک محض آنکھ اور دیگر حواس سے ہوتا ہے اس طرح تو دو پاؤں والا گدھا شمار ہو گا کیوں کہ حواس خمسہ میں گدھا تمہارے ساتھ شریک ہے جب کہ تو ان اسرارِ الٰہیہ کے باعث گدھے سے ممتاز ہے جن کو آسمانوں، زمین اور پہاڑوں پر ڈالا گیا تو انہوں نے اسے اٹھانے سے انکار کیا اور ڈر گئے۔ تو جو بات حواس خمسہ کے ادراک سے باہر ہو وہ اس عالم سر سے تعلق رکھتی ہے جس کی وجہ سے انسان، گدھے اور باقی جانوروں سے ممتاز ہوتا ہے۔

تو جو شخص اس بات کو بھول جائے اور چھوڑ دے اور صرف جانوروں کے درجہ پر قناعت کرے اور محسوسات سے آگے نہ بڑھے وہ اس کوتاہی کی وجہ سے اپنے آپ کو ہلاک کرتا ہے تو تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جنہوں نے اللہ تعالیٰ کو بھلا دیا تو اس نے ان کو ان کے نفسوں سے غافل کر دیا تو جو شخص صرف اسی چیز کا ادراک کرتا ہے جس کا تعلق حواس ظاہرہ کے ساتھ ہے اس نے اللہ تعالیٰ کو بھلا دیا کیوں کہ اس عالم میں اللہ تعالیٰ کو حواس کے ذریعے معلوم نہیں کر سکتے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کو بھلا دیتا ہے یقیناً وہ اسے خود اس کی اپنی ذات سے غافل کر دیتا ہے وہ جانوروں کے مقام پر اتر آتا ہے اور ملاء اعلیٰ کی طرف ترقی رک جاتی ہے نیز وہ اس امانت میں خیانت کرتا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس کے پاس رکھی ہے اور وہ ان انعاماتِ خداوندی کا ناشکرا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اسے عطا فرمائے ہیں، اور یوں وہ اپنے آپ کو عذاب کے لیے پیش کرتا ہے مگر اس کا حال جانوروں سے بھی بدتر ہوتا ہے کیوں کہ جانور مرنے کے بعد چھٹکارا حاصل کر لیتے ہیں لیکن اس کے پاس تو امانت ہے تو عنقریب امانت والے کی طرف لوٹانا ہو گی کیوں کہ امانت کا لوٹنا اسی کی طرف ہے اور یہ امانت روشن سورج کی طرح ہے یہ اس فانی جسم کی طرف اتاری گئی اور اس میں آ کر غروب ہو گئی عنقریب جب یہ جسم بگڑ جائے گا تو وہ اپنے غروب ہونے کے مقام سے طلوع ہو کر اپنے خالق و مالک کی طرف لوٹ جائے گی یا تو تاریک گرہن لگی ہوئی اور چمکتی ہوئی روشن۔ اور وہ جو چمکتی ہوئی روشن ہے وہ بارگاہ ربوبیت سے حجاب میں نہیں ہے جو تاریک ہے وہ بھی بارگاہِ خداوندی کی طرف لوٹے گی کیوں کہ سب کا مرجع وہی ہے لیکن وہ اپنے سر کو اعلیٰ علیین سے اسفل السافلین کی طرف جھکائے ہو گی اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ — اور اگر تم دیکھو جب مجرم اپنے رب کے ہاں سر جھکائے

عِنْدَ رَبِّهِمْ (۱) ہوں گے۔

اس آیت میں بیان فرمایا کہ وہ اپنے رب کے پاس ہی ہوں گے لیکن ان کے چہرے پیٹھ کی طرف ہوں گے اور ان کے سراوپر والی جہت سے نچلی جانب ہوں گے یہ اللہ تعالیٰ کا علم ہے ان لوگوں کے بارے میں جو اس کی توفیق سے محروم ہیں وہ اپنے راستے کی طرف ان کی راہنمائی نہیں کرتا ہم گمراہی سے اور جاہلوں کے مقامات کی طرف اترنے سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں۔

تو یہ ان لوگوں کی تفریق کا بیان ہے جو جہنم سے نکالے جائیں گے اور ان کو دنیا کی دس مثل یا اس سے زیادہ دیا جائے گا اور جہنم سے وہی نکلے گا جو موحد ہوگا اور توحید سے میری مراد یہ نہیں کہ زبان سے کلمہ طیبہ پڑھ دے کیونکہ زبان کا تعلق اس ظاہری عالم سے ہے اس لیے یہ صرف ظاہری عالم میں نفع دیتی ہے یعنی اس کی گردن اور مال کی مدت زندگی تک ہے اور جب گردن اور مال نہیں رہے گا تو زبانی قول فائدہ نہیں دے گا نفع تو توحید میں صداقت سے ہوگا اور کمالِ توحید یہ ہے کہ تمام امور کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جانے اور اس کی علامت یہ ہے کہ جو کچھ اسے پہنچے اس کی وجہ سے مخلوق پر غصہ نہ کھائے کیوں کہ وہ وسیلے کو نہیں دیکھتا بلکہ مسبب الاسباب کو دیکھتا ہے جیسا کہ توکل کے باب میں اس کی تحقیق آئے گی اور اس توحید میں بھی مختلف درجات ہیں بعض لوگوں کا عقیدۂ توحید پہاڑ کی طرح ہوتا ہے اور بعض کا ایک مثقال جتنا جب کہ کچھ لوگوں کا عقیدۂ توحید رائی کے دانے اور ذرے کے برابر ہوتا ہے پس جس شخص کے دل میں ایک دینار کے برابر ایمان ہوگا وہ جہنم میں سے سب سے پہلے نکلے گا۔

اور حدیث شریف میں ہے۔

اَخْرِجُوا مِنَ النَّارِ مَنْ فِیْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ دِیْنَارٍ مِنَ الْاِیْمَانِ۔ (۲)	اس شخص کو جہنم سے نکالو جس کے دل میں ایک دینار کے برابر ایمان ہے۔

اور سب سے آخر میں وہ نکلے گا جس کے دل میں ذرے کے برابر ایمان ہوگا اور مثقال اور ذرے کے درمیان جس قدر مختلف درجات ہیں وہ مثقال والے طبقے اور ذرے والے طبقہ کے درمیان حسب مراتب نکلتے جائیں گے مثقال اور ذرے کے ساتھ موازنہ مثال کے طریقے پر بیان کیا گیا ہے جیسا کہ ہم نے جنس اور نقد کے درمیان موازنہ ذکر کیا ہے۔

اکثر موحد لوگوں کے حقوق ادا نہ کرنے کی وجہ سے جہنم میں جائیں گے کیوں کہ حقوق العباد کا دیوان (نامہ اعمال)

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ سجدہ آیت ۱۲

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۲۸۲ مرویات، ابن عباس

چھوڑا نہیں جائے گا لیکن دوسرے گناہوں کی فوری معافی اور کفارہ ہوگا۔ حدیث شریف میں ہے۔
کہ بندے کو اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا کیا جائے گا اور اس کی نیکیاں پہاڑوں جیسی ہوں گی کہ اگر محفوظ رہیں تو وہ جنتی ہو اب اصحاب حقوق کھڑے ہوں گے کسی کو اس نے گالی دی ہوگی کسی کا مال لیا ہوگا اور کسی کو مارا ہوگا تو ان کے حقوق اس شخص کی نیکیوں سے پورے کئے جائیں گے حتیٰ کہ اس کے لیے کوئی نیکی باقی نہیں رہے گی اب فرشتے کہیں گے اے ہمارے رب! اس کی نیکیاں ختم ہوگئی ہیں اور مطالبہ کرنے والے بہت سے لوگ باقی ہیں اللہ تعالیٰ فرمائے گا ان کے گناہ اس کے کھاتے میں ڈالو اور اس کے لیے جہنم کی طرف ایک پروانہ لکھ دو۔ تو جس طرح وہ بطور قصاص دوسروں کے گناہوں سے ہلاک ہوا اسی طرح مظلوم ظالم کی نیکیوں کے باعث نجات پائے گا کیونکہ وہ اس کے ظلم کی وجہ سے مظلوم کی طرف منتقل ہوں گی۔ ابن جلاء رحمہ اللہ سے منقول ہے کہ کسی نے ان کی غیبت کی پھر ان کے پاس کسی کو معافی کے لیے بھیجا تو انہوں نے فرمایا میں معاف نہیں کروں گا۔ میرے نامہ اعمال میں اس سے افضل کوئی نیکی نہیں ہے تو میں اسے کیسے مٹادوں! انہوں نے اور دوسرے حضرات نے بھی فرمایا کہ ہمارے بھائیوں کے گناہ ہماری نیکیاں ہیں ہم ان کے ذریعے اپنے نامہ اعمال کو سجانا چاہتے ہیں۔

تو اُخروی سعادت اور بدبختی کے درجات کے سلسلے میں بندوں کے درمیان تفاوت کا تذکرہ ہم کرنا چاہتے تھے وہ یہی یہاں ہے۔ اور یہ سب ظاہری اسباب کے حکم سے ہے جو ڈاکٹر کے اس فیصلے کے مشابہ ہے کہ یہ مریض لامحالہ مر جائے گا اور یہ لا علاج ہے اور دوسرے مریض کے بارے میں فیصلہ کرتا ہے کہ اس کی بیماری معمولی ہے اور علاج بھی آسان ہے یہ ایک خیال ہے جو عام طور پر صحیح ہوتا ہے لیکن بعض اوقات ہلاک ہونے والا مریض ٹھیک ہو جاتا ہے اور ڈاکٹر کو اس کا شعور نہیں ہوتا اور معمولی بیماری والا موت کے منہ میں چلا جاتا ہے اور ڈاکٹر کو پتہ تک نہیں چلتا، کیوں کہ یہ اللہ تعالیٰ کے خفیہ اسرار میں سے ہے جو زندوں کی رُوح سے متعلق ہیں اور یہ خفیہ اسرار اسباب کو پیدا کرنے والے نے معلوم مقدار پر مرتب کئے ہیں اور بندہ اس کی گہرائی تک نہیں جا سکتا آخرت میں کامیابی اور نجات کا بھی یہی معاملہ ہے۔ ان کے بھی خفیہ اسباب ہیں بندے کی طاقت نہیں ہے کہ ان پر مطلع ہو سکے یہ خفیہ سبب جو نجات کی طرف لے جاتا ہے اسے عفو و رضا کہتے ہیں اور جو ہلاکت کی طرف لے جاتا ہے اسے غضب اور انتقام سے تعبیر کیا جاتا ہے اور اس سے آگے مشیت الٰہیہ ازلیہ کا راز ہے جس پر مخلوق مطلع نہیں ہو سکتی۔

اسی لیے ہم پر واجب ہے کہ ہم گناہ گار پر عفو درگزر کو جائز سمجھیں اگرچہ اس کے ظاہری گناہ زیادہ ہی ہوں اسی طرح اطاعت گزار پر غضب کو بھی جائز جانیں اگرچہ اس کی ظاہری نیکیاں زیادہ ہی کیوں نہ ہوں کیوں کہ تقویٰ پر اعتماد ہے اور تقویٰ دل میں ہوتا ہے۔ اور وہ اس قدر دقیق ہے کہ خود متقی اس پر مطلع نہیں ہو سکتا دوسرا کس طرح اطلاع پائے گا لیکن بعض اوقات اربابِ قلوب پر منکشف ہوتا ہے کہ بندے کی معافی کسی خفیہ سبب سے ہوئی ہے جو معافی کا تقاضا کرتا تھا اور غضب کا سبب

بھی مخفی ہے جو اللہ تعالیٰ سے دوری کا مقتضی تھا اگر یہ بات نہ ہوتی، تو معانی اور غضب اعمال واوصاف کا بدلہ نہ ہوتے اور اگر جزاو سزا نہ ہوتی تو عدل نہ ہوتا اور اگر عدل نہ ہوتا تو اللہ تعالیٰ کا یہ قول صحیح قرار نہ پاتا۔

وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ۔ (۱) اور تمہارا رب بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔

اور نہ ارشاد خداوندی صحیح قرار پاتا۔

إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ۔ (۲) بے شک اللہ تعالیٰ ایک ذرہ کے برابر بھی ظلم نہیں کرتا۔

حالانکہ یہ سب قول صحیح ہیں اور انسان کے لیے وہی کچھ ہے جس کے لیے وہ کوشش کرتا ہے اور وہ اپنی کوشش (کا پھل) دیکھے گا اور ہر شخص اپنی کمائی کے ساتھ گروی ہے اور جب انہوں نے ٹیڑھا راستہ اختیار کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا اور جب انہوں نے خود اپنی حالت کو بدلنے کی کوشش کی تو اللہ تعالیٰ نے بھی ان کی حالت کو بدل دیا۔

ارشاد خداوندی ہے:

إِنَّ اللَّهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا بِأَنفُسِهِمْ۔ (۳) بے شک اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت کو اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک وہ خود بدلنے کی کوشش نہ کریں۔

یہ تمام باتیں اہل دل پر منکشف ہوتی ہیں اور یہ انکشاف آنکھوں کے ساتھ دیکھنے سے بھی زیادہ واضح ہوتا ہے کیونکہ نگاہ کو غلطی لگ سکتی ہے اس لیے کہ وہ بعید کو قریب اور بڑے کو چھوٹا دیکھتی ہے لیکن قلبی مشاہدہ کو غلطی نہیں لگتی اور یہ معاملہ بصیرتِ قلبی کی کیفیت میں ہوتا ہے ورنہ جب وہ کھل جاتی ہے تو اس میں جھوٹ کا تصور بھی نہیں ہوتا اسی ارشاد خداوندی میں اسی طرف اشارہ ہے۔

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَىٰ (۴) جو کچھ آنکھوں نے دیکھا دل نے اس کو نہیں جھٹلایا۔

<u>تیسرا رتبہ:</u>

یہ نجات پانے والوں کا رتبہ ہے اور نجات سے فقط سلامتی مراد ہے سعادت اور کامیابی مراد نہیں ہے یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے خدمت بھی نہ کی کہ خلعت حاصل کرتے اور کوتاہی بھی نہ کی کہ سزا پاتے ان لوگوں کا حال کفار کے پاگل بچوں اور بیہوش لوگوں کے زیادہ مشابہ ہے بلکہ ان لوگوں کی طرح بھی ہے جن کو اطراف واکناف میں اسلام کی دعوت نہ پہنچی اور

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ فصلت آیت ۴۶

(۲) قرآن مجید، سورۂ النساء آیت ۴۰

(۳) قرآن مجید، سورۂ الرعد آیت ۱۱

(۴) قرآن مجید، سورۂ النجم آیت ۱۱

وہ جہالت اور عدم معرفت پر رہے نہ انہیں معرفت حاصل ہے اور نہ انکار اسی طرح نہ تو وہ عبادت کرتے ہیں اور نہ ہی نافرمانی۔ نہ قربِ خداوندی کا وسیلہ ہے اور نہ کوئی جرم جو ان کو اللہ تعالیٰ سے دُور کرے یہ لوگ جنتی ہیں نہ جہنمی بلکہ وہ ان دونوں منزلوں کے درمیان ایک منزل اور ان دونوں مقاموں کے درمیان مقام پر اتریں گے شریعت نے اسے اعراف کا نام دیا ہے اور مخلوق میں سے ایک جماعت کا اس میں داخل ہونا قرآن پاک کی آیات اور احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے یقینی طور پر ثابت ہے (۱)

اور انوارِ بصیرت سے بھی پتہ چلتا ہے لیکن معین کرکے کسی پر حکم لگانا مثلاً یہ کہ بچے اعراف والوں میں سے ہوں تو یہ بات غیر یقینی ہے محض گمان ہے حقیقتاً اس کی اطلاع عالم نبوت میں ہوتی ہے اولیاء اور علماء کا رتبہ یہاں تک نہیں جاتا۔ اور بچوں کے بارے میں مروی روایات میں بھی تعارض ہے حتیٰ کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کسی بچے کے فوت ہونے پر فرمایا۔

یہ جنت کی چڑیوں میں سے ایک چڑیا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی اس بات کو رد کرتے ہوئے فرمایا۔ تمہیں کیسے پتہ چلا؟ (۲)

لہٰذا اس مقام پر اشکال واشتباہ زیادہ غالب ہے۔

<u>چوتھا درجہ :</u>

یہ کامیاب ہونے والوں کا رتبہ ہے اور وہ عارفین ہیں مقلدین نہیں ہیں یہ لوگ مقربین سابقین ہیں کیوں کہ مقلد اگر جنت میں کچھ نہ کچھ کامیابی پائے گا تو وہ اصحاب یمین سے ہوگا اور یہی لوگ مقرب ہوں گے اور جو کچھ ان کو عطا ہوگا وہ حد بیان سے باہر ہے اور جس قدر بیان ہو سکتا ہے وہ قرآن پاک میں مذکور ہے اور اللہ تعالیٰ کے بیان کے بعد کسی کا بیان نہیں ہو سکتا اور اس عالم میں جس کی تعبیر ناممکن ہے وہ اس ارشاد خداوندی میں اجمالاً بیان ہوا ہے۔

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم مِّن قُرَّةِ أَعْيُنٍ۔ (۳)

اور ہر نفس آنکھوں کی اس ٹھنڈک کو نہیں جانتا جو اس کے لیے پوشیدہ رکھی گئی ہے۔

اور اللہ تعالیٰ کا قول ہے کہ میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے وہ کچھ تیار کر رکھا ہے جسے نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی انسان کے دل میں اس کا خیال گزرا۔ اور عارفین کا مطلوب یہی حالت ہے جس کے بارے میں

---

(۱) المعجم الصغیر للطبرانی جلد اول ص ۲۲۸ من اسمہ عبید اللہ

(۲) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۳۷ کتاب القدر

(۳) قرآن مجید، سورۂ سجدہ آیت ۱۷

یہ تصور نہیں ہوسکتا کہ اس عالم میں کسی انسان کے دل میں اس کا خیال گزرا ہو گا حور وقصور، پھل اور دودھ، شہد وشراب، زیورات وکنگن وغیرہ کی انہیں حرص نہیں ہے اور اگر وہ انہیں دیئے جائیں تو وہ اس پر قناعت نہیں کریں گے وہ تو صرف اللہ تعالیٰ کے دیدار کی لذت کے طالب ہیں اور یہ انتہائی درجہ کی سعادت اور لذت ہے یہی وجہ ہے کہ حضرت رابعہ عدویہ رحمہا اللہ سے پوچھا گیا کہ جنت میں آپ کی رغبت کا کیا عالم ہے ؛ فرمایا پہلے صاحبِ خانہ پھر گھر، —— تو یہ وہ لوگ ہیں جن کو مالکِ مکان نے مکان اور اس کی زینت سے بے خبر رکھا ہے بلکہ اس کے سوا ہر چیز حتی کہ اپنے نفسوں سے بھی بے خبر ہیں۔

ان کی مثال اس عاشق جیسی ہے جو اپنے معشوق کا گرویدہ ہو وہ اپنی پوری ہمت اس کا چہرہ دیکھنے اور اس کے بارے میں سوچنے میں گزار دیتا ہے وہ حالتِ استغراق میں ہوتا ہے اور اپنے نفس سے غافل ہوتا ہے اس کے بدن کو جو تکلیف پہنچتی ہے اسے اس کا احساس بھی نہیں ہوتا اس حالت کو اپنے نفس سے فنا سے تعبیر کرتے ہیں مطلب یہ ہے کہ وہ اپنے غیر میں مستغرق ہو گیا اور اس کے تمام غم ایک ہو گئے اور وہ اس کا محبوب ہے، اب اس میں محبوب کے غیر کے لیے کوئی گنجائش نہیں ہوتی کہ اس کی طرف متوجہ ہو نہ اپنی اور نہ کسی اور کی — یہی حالت آخرت میں آنکھوں کی ایسی ٹھنڈک تک پہنچائے گی جس کے بارے میں تصور نہیں کیا جا سکتا کہ اس عالم میں کسی انسان کے دل میں اس کا خیال گزرے جس بہرے اور گونگے کے دل پر رنگوں اور آواز کی صورت کا خیال متصور نہیں ہو سکتا جب تک اس کی سماعت و بصارت سے پردہ نہ اٹھ جائے اس وقت اسے اس کی حالت کا ادراک ہوتا ہے اور وہ قطعی طور پر جان لیتا ہے کہ اس سے پہلے اس کے دل میں اس صورت کا خیال نہیں آ سکتا تھا تو حقیقت میں دنیا ایک حجاب ہے اور اس کے اٹھنے سے پردہ اٹھ جائے گا اور اس وقت حیاتِ طیبہ کے ذوق کا ادراک ہو گا اور یہ کہ آخرت کا گھر ہی اصل زندگی ہے اگر وہ جانتے۔

نیکیوں کے حساب سے درجات کی تقسیم کے سلسلے میں اس قدر بیان کافی ہے اور اللہ تعالیٰ ہی اپنے لطف وکرم سے توفیق دینے والا ہے۔

تیسری فصل :

صغیرہ گناہ، کیسے کبیرہ بنتے ہیں

جاننا چاہیے کہ چند اسباب سے صغیرہ گناہ، کبیرہ بن جاتے ہیں ان میں سے ایک بات گناہ پر ڈٹ جانا اور اسے بار بار کرنا ہے اسی لیے کہا گیا ہے کہ اصرار کی صورت میں گناہ، صغیرہ نہیں رہتا۔ اور استغفار کی صورت میں کبیرہ گناہ باقی نہیں رہتا۔
اگر ایسا ہو سکے کہ ایک کبیرہ گناہ کے بعد آدمی باز رہے اور دوسرا کبیرہ نہ کرے تو اس صغیرہ گناہ کے مقابلے میں معافی کی زیادہ امید ہوتی ہے جس صغیرہ پر آدمی ڈٹا رہتا ہے اس کی مثال اس طرح ہے کہ جیسے ایک پتھر پر پانی کا ایک قطرہ مسلسل گرتا ہے

تو اس میں اثر کرتا ہے اور اگر اتنا پانی ایک ہی مرتبہ ڈال جائے تو وہ اثر انداز نہیں ہوتا۔
اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

خَيْرُ الْاَعْمَالِ اَدْوَمُهَا وَاِنْ قَلَّ (۱) بہترین عمل وہ ہے جو ہمیشہ کیا جائے اگرچہ وہ کم ہو۔

اور اشیاء اپنی اضداد سے پہچانی جاتی ہیں اور جب دائمی عمل نفع بخش ہوتا ہے اگرچہ کم ہو تو دل کو منور و مطہر کرنے کے لیے زیادہ اور ٹوٹ جانے والا عمل کم نفع دیتا ہے اسی طرح قلیل گناہ جب بار بار کیے جائیں تو دل کو تاریک کرنے میں ان کی تاثیر زیادہ ہوتی ہے البتہ ایسا کم ہوتا ہے کہ آدمی اچانک کبیرہ گناہ کا مرتکب ہو اور اس کے آگے پیچھے کوئی صغیرہ گناہ نہ ہو بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ زنا کرنے والا اچانک زنا کرنے اور اس سے پہلے ارادہ اور زنا کے مقدمات نہ ہوں اور ایسا بھی بہت کم ہوتا ہے کہ کسی سابقہ دشمنی کے بغیر اچانک قتل کر دے تو ہر کبیرہ گناہ سے پہلے اور بعد صغیرہ گناہ ہوتے ہیں اور اگر کبیرہ گناہ کا اچانک ہو جانا منصور ہو اور وہ اسے دوبارہ بھی نہ کرے تو اس میں اس صغیرہ کے مقابلے میں معافی کی زیادہ امید ہوتی ہے جو صغیرہ عمر بھر کرتا رہا۔

صغیرہ گناہ کے کبیرہ بن جانے کا ایک سبب یہ ہے کہ گناہ کو معمولی سمجھا جائے انسان جب گناہ کو بڑا سمجھتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے ہاں وہ چھوٹا ہو جاتا ہے اور جب اسے چھوٹا سمجھتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے ہاں وہ بڑا ہوتا ہے کیونکہ اسے بڑا سمجھنا اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے دل میں اس سے نفرت پائی جاتی ہے اور وہ اسے ناپسند کرتا ہے اور یہی نفرت اس کی شدت تاثیر کے راستے میں رکاوٹ بنتی ہے اور اس کو معمولی سمجھنا اس سے الفت کی علامت ہے اور اس سے دل پر گہرا اثر مرتب ہوتا ہے اور عبادات کا مقصد دل کو روشن کرنا اور گناہوں کے ذریعے اس پر چڑھنے والی سیاہی سے اسے محفوظ رکھنا ہے یہی وجہ ہے کہ جو کچھ اس سے غفلت میں صادر ہوتا ہے اس پر اس کا مواخذہ نہیں ہوتا اور حدیث شریف میں ہے۔

اَلْمُؤْمِنُ يَرٰى ذَنْبَهٗ كَالْجَبَلِ فَوْقَهٗ يَخَافُ اَنْ يَّقَعَ عَلَيْهِ وَالْمُنَافِقُ يَرٰى ذَنْبَهٗ كَذُبَابٍ مَرَّ عَلٰى اَنْفِهٖ فَاَطَارَهٗ۔ (۲)

مومن اپنے گناہ کو اس طرح دیکھتا ہے جیسے اس کے اوپر پہاڑ ہو اور اس کے اس پر گرنے کا ڈر ہو اور منافق اپنے گناہ کو مکھی کی طرح دیکھتا ہے جو اس کے ناک سے گزرتی ہے تو وہ اسے اڑا دیتا ہے۔

بعض بزرگوں نے فرمایا وہ گناہ جس کی بخشش نہیں ہوتی بندے کا یہ قول ہے کہ کاش وہ سب گناہ جو میں نے کئے ہیں ایسے ہی ہوتے مومن کے دل میں گناہ کی بڑائی اس وجہ سے ہوتی ہے کہ وہ جلال الٰہی کا علم رکھتا ہے اور جب وہ دیکھتا ہے کہ

---

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۲۶۶ کتاب صلوٰۃ المسافرین۔

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۳۲ کتاب الدعوات / شعب الایمان جلد ۴ ص ۱۱م حدیث ۱۰۴)

اس نے جس کی نافرمانی کی ہے وہ بڑی ذات ہے تو صغیرہ گناہ کو بھی کبیرہ سمجھتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک نبی کی طرف وحی بھیجی کہ تحفے کی قلت کو نہ دیکھو یہ دیکھو کہ بھیجنے والا کتنا بڑا ہے اور گناہ کے چھوٹا ہونے کو نہ دیکھو بلکہ اس ذات کی بڑائی کو دیکھو جس کا سامنا کرنا پڑے گا۔

اسی اعتبار سے بعض عارفین نے فرمایا کہ گناہ صغیرہ کا وجود ہی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی ہر مخالفت گناہ کبیرہ ہے اسی طرح بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے تابعین سے فرمایا کہ تم ایسے اعمال کرتے ہو جو تمہاری نگاہ میں بال سے بھی زیادہ باریک ہیں جب کہ ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ان اعمال کو ہلاکت خیز امور سے سمجھتے تھے کیوں کہ جلالِ خداوندی کے حوالے سے صحابہ کرام کو معرفت تامہ حاصل تھی۔

تو وہ جلالِ خداوندی کی نسبت سے صغیرہ گناہ کو بھی کبیرہ سمجھتے تھے یہی وجہ ہے کہ جاہل کے مقابلے میں عالم کا گناہ بڑا ہوتا ہے۔ اور بعض باتیں جو عام آدمی سے معاف ہو جاتی ہیں عارف سے معاف نہیں ہوتیں کیونکہ گناہ اور مخالفت، حکم خداوندی کی مخالفت کرنے والے کی مناسبت سے بڑھ جاتی ہے (صغیرہ گناہ کے کبیرہ ہونے کا) ایک سبب صغیرہ گناہ پر خوش ہونا اور فخر کرنا ہے نیز یہ کہنا کہ مجھ سے یہ کام نعمت خداوندی کی وجہ سے ہوا ہے حالانکہ وہ اس بات سے غافل ہے کہ اس کا سبب بدبختی ہے پس جب بھی بندے کو صغیرہ گناہ کی لذت حاصل ہوتی ہے وہ گناہ کبیرہ ہو جاتا ہے اور دل کی سیاہی میں اس کا اثر زیادہ ہوتا ہے حتیٰ کہ گناہ کے مرتکب بعض لوگ اپنے گناہ پر خوش ہوتے اور فخر کرتے ہیں کہ ان سے یہ کام سرزد ہوا۔ جیسے وہ کہتا ہے تم نے مجھے دیکھا نہیں میں نے کس طرح اس کی عزت کو تار تار کر دیا اور مناظر اپنے مناظرہ میں کہتا ہے تم نے دیکھا میں نے کس طرح اسے رُسوا کیا۔ اور کس طرح میں نے اس کی برائیاں ذکر کر کے اسے کو شرمندہ کیا اور کس طرح میں نے اسے ہلکا کیا اور اسے دھوکے میں مبتلا کیا۔

اور تجارت میں معاملہ کرنے والا کہتا ہے تم نے دیکھا میں نے کس طرح اس پر کھوٹا سکہ چلا دیا اور کس طرح اسے دھوکے میں مبتلا کیا میں نے کس طرح اسے مالی نقصان پہنچایا اور اسے بیوقوف بنایا۔ اس قسم کی باتوں سے صغیرہ گناہ، کبیرہ میں بدل جاتا ہے پس بے شک گناہ ہلاکت میں ڈالتے ہیں تو جب بندہ ان میں مبتلا ہوتا ہے اور شیطان اسے گناہ پر مجبور کرنے کے ذریعے اس پر غالب آتا ہے تو مصیبت اور افسوس کا مقام ہے کہ دشمن اس پر غالب آگیا اور اس وجہ سے وہ اللہ تعالیٰ سے دُور ہو گیا وہ مریض جو دوائی کا برتن ٹوٹنے پر خوش ہوتا ہے کہ چلو دوائی پینے کی تکلیف سے جان چھوٹی تو اس بیمار کی شفا کی امید نہیں ہو سکتی۔

(گناہ صغیرہ کے کبیرہ بننے کا) ایک اور سبب بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو اس کی پردہ پوشی کی ہے اور بردباری فرمائی ہے نیز اسے ڈھیل دی ہے اسے معمولی سمجھے اور اسے معلوم نہ ہو سکے کہ یہ ڈھیل سزا ہے تاکہ اس طرح اس کا گناہ بڑھ جائے اور وہ یہ سمجھتا ہے کہ گناہوں پر اس کا قادر ہونا اللہ تعالیٰ کی عنایت ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے بے خبری کی وجہ سے ہوتا ہے

اور وہ اللہ تعالیٰ کی ذات سے مغالطے کی وجہ سے بے علم ہے۔ جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

وَيَقُولُونَ فِي أَنفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللَّهُ بِمَا نَقُولُ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمَصِيرُ۔ (۱)

اور وہ اپنے آپ سے کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہماری باتوں پر ہمیں عذاب کیوں نہیں دیتا، تو انہیں جہنم کافی ہے وہ اس میں داخل ہوں گے اور کیا ہی بُری جگہ ہے لوٹنے کی۔

(گناہ صغیرہ کے کبیرہ میں بدلنے کی) ایک اور وجہ یہ ہے کہ آدمی گناہ کر کے اسے ظاہر کرے یعنی ارتکابِ گناہ کے بعد اس کا ذکر کرے یا دوسرے کے سامنے کرے یہ اس کا جرم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس پر پردہ ڈالا ہے اور وہ اسے اٹھا رہا ہے اور جس کے سامنے اپنے گناہ کا ذکر کرتا ہے اسے برائی کی ترغیب دیتا ہے یا اسے اپنے فعل پر گواہ بناتا ہے تو یہ دونوں باتیں جرم ہیں جو پہلے گناہ کے ساتھ مل کر اسے سخت کر دیتی ہیں اور اگر اس کے ساتھ دوسروں کو ترغیب بھی دے اور ان کو اس پر ابھارے اور ان کے لیے اسباب تیار کرے تو یہ چوتھا جرم بن جائے گا اور معاملہ بہت خراب ہو جائے گا۔

حدیث شریف میں ہے،

كُلُّ النَّاسِ مُعَافًى إِلَّا الْمُجَاهِرِينَ يَبِيتُ أَحَدُهُمْ عَلَى ذَنْبٍ قَدْ سَتَرَهُ اللَّهُ عَلَيْهِ فَيُصْبِحُ فَيَكْشِفُ سِتْرَ اللَّهِ وَيَتَحَدَّثُ بِذَنْبِهِ۔ (۲)

تمام لوگوں کے لیے معافی ہے لیکن گناہ کو ظاہر کرنے والوں کے لیے نہیں تم میں سے ایک گناہ کی حالت میں رات گزارتا ہے تحقیق اللہ تعالیٰ نے اس پر پردہ ڈالا پس صبح وہ اللہ تعالیٰ کے پردے کو پھاڑ دیتا ہے اور اپنا گناہ بیان کرتا پھرتا ہے۔

یہ اس لیے ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صفات اور نعمتوں میں سے یہ بات بھی ہے کہ وہ خوبصورت چیزوں کو ظاہر کرتا اور بُری چیزوں کو چھپاتا ہے اور وہ پردہ دری نہیں فرماتا پس گناہ کا اظہار نعمت کی ناشکری ہے۔

بعض بزرگوں نے فرمایا کہ گناہ نہ کرو اور اگر ہو جائے تو دوسروں کو ترغیب نہ دو اس طرح دو گناہ ہو جائیں گے۔

اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ بَعْضُهُم مِّن بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمُنكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوفِ۔ (۳)

منافق مردوں اور منافق عورتوں کا باہمی تعلق ہے وہ برائی کا حکم دیتے اور نیکی سے روکتے ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید سورۂ مجادلہ آیت ۸

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۸۹۶ کتاب الادب

(۳) قرآن مجید، سورۂ توبہ آیت ۶۷

بعض بزرگوں نے فرمایا آدمی اپنے بھائی کی پردہ دری اس سے بڑھ کر نہیں کرتا کہ پہلے گناہ پر اس کی مدد کرے اور پھر اسے اس کے سامنے معمولی قرار دے۔

(گناہ صغیرہ کے کبیرہ ہو جانے کی) ایک وجہ یہ بھی ہے کہ گناہ کرنے والا عالم ہو اور لوگ اس کی اقتدا کرتے ہوں جب وہ اس کا ارتکاب یوں کرے کہ لوگ دیکھ رہے ہوں تو یہ کبیرہ گناہ ہو جائے گا جیسے کوئی عالم ریشمی کپڑا پہنے اور سونے کی سواری پر سوار ہو بادشاہوں سے شبہ کے ساتھ مال حاصل کرے بادشاہوں کے پاس آمد و رفت رکھے اور ان کے حال کو برابر جانے بلکہ ان کی مدد کرے مسلمانوں کی عزت کے خلاف زبان کھولے، مناظرے میں حد سے تجاوز کرے اور مقصود دوسرے فریق کی توہین کرنا ہو نیز ایسے علوم میں مشغول ہو جن کا مقصد محض مرتبے کا حصول ہے جیسے جدل و مناظرے کا علم، یہ وہ گناہ ہیں جن میں عالم کی اتباع کی جاتی ہے اب وہ عالم دنیا سے رخصت ہو جاتا ہے لیکن اس کی برائی باقی رہتی ہے اور عرصہ دراز تک دنیا میں پھیلتی رہتی ہے اس شخص کے لیے خوشخبری ہے جس کے مرنے کے ساتھ ہی اس کے گناہ بھی مر جاتے ہیں۔ ایک حدیث شریف میں ہے۔

مَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعَلَيْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا لَا يَنْقُصُ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْئًا۔ (۱)

جس نے کوئی برا طریقہ جاری کیا اس پر اس کا گناہ ہوگا اور ان لوگوں کا گناہ بھی جو اس پر عمل کریں گے (لیکن) ان کے گناہ میں بھی کمی نہیں ہوگی۔

اور ارشاد خداوندی ہے:

وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ۔ (۲)

اور ہم لکھتے ہیں جو کچھ انہوں نے آگے بھیجا اور جو ان کے نشانات ہیں۔

آثار سے مراد وہ اعمال ہیں جو اس عمل کرنے والے اور اس کے عمل کے ختم ہو جانے کے بعد وجود میں آتے ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں عالم کے لیے خرابی اس کی اتباع کی وجہ سے ہوتی ہے اس سے کوئی لغزش ہو جاتی ہے پھر وہ اس سے رجوع کر لیتا ہے لیکن لوگ اس کام کو کرتے لگتے ہیں اور پورے عالم میں پھیلا دیتے ہیں۔

بعض بزرگوں نے فرمایا عالم کی لغزش کشتی کے ٹوٹنے کی طرح ہے وہ خود بھی ڈوبتی ہے اور اس میں جو سوار ہیں وہ بھی ڈوبتے ہیں۔ اسرائیلی روایات میں ہے کہ ایک عالم بدعت کے ذریعے لوگوں کو گمراہ کرتا تھا پھر اس نے توبہ کر لی اور عرصہ دراز تک لوگوں کی اصلاح میں مشغول رہا تو اللہ تعالیٰ نے اس دور کے نبی علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ آپ اس

---

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۳۲۷ کتاب الزکوٰۃ

(۲) قرآن مجید، سورۂ یٰسین آیت ۱۲

سے فرمائیں کہ اگر تمہارا گناہ صرف میرے اور تیرے درمیان ہوتا تو میں تجھے بخش دیتا لیکن ان لوگوں کا کیا کروں جو تیری وجہ سے گمراہ ہو کر جہنم کے مستحق ہوئے۔

اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ علما کا معاملہ زیادہ خطرناک ہے لہٰذا ان پر دو ذمہ داریاں ہیں ایک ترکِ گناہ اور دوسرا گناہ کا چھپانا اگر کبھی سرزد ہو جائے۔

اور جیسا کہ گناہوں کی وجہ سے علما کے لیے سزا زیادہ ہے اسی طرح ان کی نیکیوں کا ثواب بھی زیادہ ہوتا ہے اگر شریعت کے مطابق چلیں پس جب وہ زیب و زینت اور دنیا کی طرف میلان چھوڑ دیں اور تھوڑے سے مالِ دنیا پر قناعت کریں حسبِ ضرورت رزق اور پرانے کپڑوں پر صبر کر لیں اور یوں اس کی اتباع کی جائے اور علما، و عوام اس کی اقتدا کرنے لگیں تو اسے ان کے ثواب کے برابر ملے گا۔ اور اگر وہ زیب و زینت کی طرف مائل ہو تو اس سے نچلے درجہ کے لوگوں کی طبیعت اس سے مشابہت کی طرف میلان رکھے گی اور زیب و زینت کے لیے حکمرانوں کی چاپلوسی نیز حرام مال جمع کرنا ضروری ہو جائے گا تو گویا یہی عالم ان امور کا باعث ہو گا تو علما کی حرکات کے آثار نفع و نقصان دونوں صورتوں میں زیادہ ہوتے ہیں۔ جن اعمال سے توبہ کرنی چاہیئے ان سے توبہ کے بارے میں اس قدر تفصیل کافی ہے۔

تیسرا رکن:

توبہ کی تکمیل اس کی شرائط اور آخر عمر تک اس کا باقی رہنا

ہم نے ذکر کیا ہے کہ توبہ ندامت کا نام ہے جو عزم اور قصد کو پیدا کرتی ہے اور یہ ندامت اس بات کے علم کا نتیجہ ہے کہ گناہ بندے اور اس کے محبوب کے درمیان حائل ہوتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک یعنی علم، ندامت اور عزم کے لیے دوام کے لیے کچھ شرائط ہیں اور ان سب کا بیان ضروری ہے۔

علم کا بیان تو سببِ توبہ کا بیان ہے جو بعد میں آئے گا اور ندامت دل کے درد کا نام ہے اور یہ اس وقت ہوتی ہے جب محبوب کے نہ ملنے کا شعور ہو اور اس کی علامت طویل حسرت، غم اور آنسوؤں کا بہانا اور رونا اور فکر ہے جب آدمی کو اس بات کا علم ہو کہ اس کی بعض اولاد یا رشتہ داروں پر کوئی مصیبت نازل ہونے والی ہے تو اس کی پریشانی اور رونا دھونا زیادہ ہو جاتا ہے اور نفس سے زیادہ عزیز کیا چیز ہے اور جہنم سے زیادہ سخت سزا کونسی ہو سکتی ہے نیز گناہوں سے بڑھ کر عذاب کا باعث کیا چیز ہو سکتی ہے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے زیادہ سچا خبر دینے والا کون ہے اگر کوئی ڈاکٹر کسی شخص کو خبر دے کہ اس کے بیمار بیٹے کی بیماری لاعلاج ہے یا وہ عنقریب مر جائے گا تو اسی وقت اس کا غم بڑھ جاتا ہے حالانکہ اس کا بیٹا اس کے لئے اپنے نفس سے زیادہ عزیز نہیں ہے اور نہ ڈاکٹر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ علیہ وسلم سے زیادہ عالم اور سچا ہے نہ موت جہنم سے زیادہ سخت ہے اور نہ موت، گناہوں کی نسبت اللہ تعالیٰ کی ناراضگی اور جہنم میں داخل

ہونے پر زیادہ دلالت کرتی ہے تو جب ندامت کا درد زیادہ ہو گا تو اس کے سبب گناہوں کے مٹنے کی امید بھی زیادہ ہوگی۔ اور صحیح ندامت کی علامت دل کی نرمی اور آنسوؤں کا بہنا ہے حدیث شریف میں ہے۔

جَالِسُوا التَّوَّابِيْنَ فَاِنَّهُمْ اَرَقُّ اَفْئِدَةً۔ خوب توبہ کرنے والوں کے پاس بیٹھا کرو کیوں کر ان کے دل زیادہ نرم ہوتے ہیں۔ (۱)

ندامت کی ایک پہچان یہ ہے کہ اس کے دل میں گناہوں کی حلاوت کی بجائے ان کی کڑواہٹ قرار پکڑے اور گناہ کی طرف میلان کی بجائے ناپسندیدگی اور رغبت کی بجائے نفرت پیدا ہو۔

اسرائیلی روایات میں ہے کہ ایک نبی علیہ السلام نے ایک بندے کی قبولیت توبہ کے بارے میں پوچھا کہ اس نے سالہا سال عبادت کی لیکن توبہ کی قبولیت ظاہر نہ ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم اگر تمام آسمانوں اور زمین والے اس کی سفارش کریں تو بھی میں اس کی توبہ قبول نہیں کروں گا کیوں کہ جس گناہ سے وہ توبہ کر رہا ہے اس کی مٹھاس اب بھی اس کے دل میں موجود ہے۔

سوال:

گناہ تو وہ اعمال ہیں جن کی خواہش طبعی ہوتی ہے تو ان کی کڑواہٹ کیسے محسوس کرے گا۔

جواب:

جو شخص ایسا شہد کھائے جس میں زہر ملا ہوا ہو اور وہ اسے اس کی لذت اور ذائقے کی وجہ سے محسوس نہ ہو پھر وہ بیمار ہو جائے اور اس کی بیماری اور درد طویل ہو جائے اس کے بال بکھر جائیں اور اعضاء جواب دے جائیں پھر جب اس کے سامنے شہد لایا جائے جس میں اسی قسم کا زہر ہو اور اسے سخت بھوک بھی لگی ہوئی ہو اور اس کی مٹھاس کی وجہ سے خواہش بھی ہو تو کیا وہ اس شہد سے نفرت کرے گا یا نہیں؟ اگر تم کہو کہ نہیں تو یہ مشاہدہ اور تجربہ کے خلاف ہے بلکہ وہ تو بعض اوقات اس شہد سے بھی نفرت کرتا ہے جس میں زہر نہ ہو کیوں کہ اسے اس کا شبہ پڑتا ہے۔

پس توبہ کرنے والا جو گناہوں کی تلخی دل میں پاتا ہے اس کا بھی یہی حال ہوتا ہے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ ہر گناہ کا ذائقہ شہد کی طرح اور اس کا عمل زہر والا ہوتا ہے اور جب تک ایسا ایمان نہ ہو توبہ صحیح اور سچی نہیں ہوتی اور چونکہ ایسا ایمان بہت کم پایا جاتا ہے اس لیے توبہ بھی کم ہوتی ہے اور توبہ کرنے والے بھی۔

لہٰذا تم اللہ تعالیٰ سے دور کرنے والے گناہوں کو معمولی خیال کرنے والوں اور ان پر اصرار کرنے والوں کو ہی دیکھتے ہو توبہ ندامت کی تکمیل کی شرط ہے اور اسے موت تک رہنا چاہیئے اور تمام گناہوں میں یہ کڑواہٹ بھی محسوس ہونی چاہیے۔

---

(۱) الاحادیث الضعیفۃ جلد اول ص ۱۲۷ حدیث ۱۰۳

اگرچہ اس نے پہلے ان کا ارتکاب نہ کیا ہو۔ جیسے شہد میں ملا ہوا زہر کھانے والا ٹھنڈے پانی سے بھی نفرت کرتا ہے جب اسے یہ معلوم ہو کہ اس میں بھی زہر ہے کیوں کہ اسے شہد سے تکلیف نہیں پہنچتی بلکہ اس میں جو زہر تھا اس سے پہنچی ہے اور جو آدمی چوری اور زنا سے توبہ کرتا ہے اسے چوری اور زنا سے ضرر نہیں پہنچا بلکہ اس کی وجہ اللہ تعالیٰ کی حکم عدولی ہے اور یہ بات تمام گناہوں میں جاری ہوتی ہے۔

باقی رہا وہ قصد جو ندامت سے پیدا ہوتا ہے وہ تدارک کا ارادہ ہے اس کا حال سے تعلق ہے اور وہ ہر اس ممنوع کام کے ترک کو واجب کرتا ہے جس میں وہ ملوث ہو نیز ہر اس فرض کی ادائیگی کرے جو فی الحال اس کی طرف متوجہ ہے اور اس کا ماضی سے تعلق ہے اور وہ کوتاہی کا تدارک کرتا ہے اور اس کا مستقبل سے بھی تعلق ہے اور وہ عبادت کا دائمی ہونا اور مرتے دم تک گناہ کو چھوڑے رکھنا ہے۔

ماضی کے ساتھ تعلق کے حوالے سے اس توبہ کے صحیح ہونے کی شرط یہ ہے کہ اپنے فکر کو اس پہلے دن کی طرف لوٹائے جس دن عمر کے اعتبار سے یا احتلام کے باعث بالغ ہوا اور گذشتہ زندگی کے ایک ایک سال ایک ایک مہینے ایک ایک دن اور ایک ایک سانس کی چھان بین کرے اور دیکھے کہ کونسی کونسی عبادات میں کوتاہی ہوئی ہے اور کن کن گناہوں کا ارتکاب کیا ہے اگر نماز چھوڑی ہو یا ناپاک کپڑوں میں ادا کی ہو یا غیر صحیح نیت کے ساتھ ادا کی ہو کہ اسے نیت کی شرط کا علم نہ ہو تو آخر تک ان تمام نمازوں کی قضا کرے اگر فوت شدہ نمازوں کی تعداد میں شک ہو تو بالغ ہونے سے حساب شروع کرے اور جن نمازوں کی ادائیگی کا یقین ہو ان کو چھوڑ کر باقی نمازیں ادا کرے اور اس سلسلے میں غالب گمان پر عمل کرے اور غور و فکر بھی کرے۔

اور روزہ اگر سفر میں چھوڑا اور اسے قضا نہیں کیا یا جان بوجھ کر توڑ دیا یا رات کو نیت کرنا بھول گیا اور قضا نہیں کیا (احناف کے نزدیک ماہ رمضان کے روزوں کے نیت رات کے وقت ضروری نہیں ۱۲ ہزاروی) تو غور و فکر کے ذریعے ان روزوں کی تعداد معلوم کر کے ان کی قضا کرے۔

جہاں تک زکوٰۃ کا تعلق ہے تو تمام مال کا حساب لگائے اور جب سے اس کا مالک ہوا ہے اس وقت سے سالوں کا شمار کرے بلوغت سے نہیں کیونکہ زکوٰۃ بچے کے مال میں بھی واجب ہے اب جو غالب گمان ہو کہ اتنی زکوٰۃ اس کے ذمہ ہے وہ ادا کرے اور اگر اس کی ادائیگی میں اپنے مذہب کی مطابقت کا خیال نہ کیا مثلاً شافعی مسلک سے تعلق تھا اور زکوٰۃ کے آٹھوں مصارف کو ادائیگی نہیں کی یا جو مال واجب ہوا تھا اس کا عوض دے دیا تو تمام زکوٰۃ دوبارہ دے کیوں کہ یہ زکوٰۃ بالکل ادا نہیں ہوئی۔ زکوٰۃ کا حساب اور اس کی معرفت ایک طویل بات ہے اور اس کا حساب معلوم کرنے میں مکمل غور و فکر چاہیئے۔ اسے چاہیے کہ علما سے ادائیگی کا طریقہ پوچھے۔

حج کا مسئلہ اس طرح ہے کہ بعض سالوں میں اسے حج کی طاقت ہوتی ہے لیکن جانے کا اتفاق نہیں ہوتا اب

وہ مفلس ہوگیا تو بھی اس پر حج لازم ہے اگر وہ افلاس کی وجہ سے حج کرنے پر قادر نہ ہو تو اس پر لازم ہے کہ زادراہ کا اندازہ حلال مال کمائے اور اگر مال کمانے کی کوئی تدبیر بھی نہ ہو اور اس کے پاس مال بھی نہ ہو تو لوگوں کو متوجہ کرے کہ وہ اسے زکوٰۃ اور دیگر صدقات سے اس قدر مال دیں کہ وہ حج کر سکے اگر وہ حج کرنے سے پہلے مرگیا تو گناہ گار مرا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

وَمَنْ مَّاتَ وَلَمْ یَحُجَّ فَلْیَمُتْ اِنْ شَاءَ یَھُوْدِیًّا وَاِنْ شَاءَ نَصْرَانِیًّا۔ (۱)

اور جو شخص مر جائے اس حال میں کہ (فرض ہونے کے باوجود) اس نے حج نہیں کیا تو چاہے وہ یہودی ہو کر مرے چاہے عیسائی ہو کر (مرے)

اور طاقت کے حصول کے بعد طاری ہونے والا عجز اس سے حج کو ساقط نہیں کرتا۔ تو عبادات کی چھان بین اور ان میں کی گئی کوتاہی کا یوں تدارک کرنا چاہیئے۔

جہاں تک گناہوں کا تعلق ہے تو جب سے بالغ ہوا ہے اس وقت سے غور و فکر کرے کہ اس کا کان، آنکھ، زبان، پیٹ، ہاتھ پاؤں، شرمگاہ اور دوسرے اعضاء سے کون کون سے گناہ سرزد ہوئے پھر تمام دنوں اور ساعتوں کا حساب لگائے اور گناہ کا دفتر کھول کر ایک ایک گناہ کی تفصیل معلوم کرے حتیٰ کہ تمام صغیرہ اور کبیرہ گناہوں پر مطلع ہو جائے پھر ان میں غور کرے ان میں سے جو گناہ حقوق اللہ کے حوالے سے ہوں لوگوں کے حقوق سے متعلق نہیں ہیں مثلاً غیر محرم عورت کی طرف دیکھنا، حالت جنابت میں مسجد میں بیٹھنا، قرآن پاک کو بے وضو ہاتھ لگانا، بدعت کا اعتقاد رکھنا، شراب نوشی کرنا، گانے سننا اور ان کے علاوہ دوسرے گناہ جن کا حقوق العباد سے کوئی تعلق نہیں تو ان سے توبہ یہ ہے کہ ان پر ندامت اور حسرت ظاہر کرے اور ان کی مقدار کا حساب لگائے یعنی ان کے کبیرہ ہونے اور مدت کے حساب سے دیکھے پھر ہر گناہ کے مناسب کوئی نیکی تلاش کرے اور ان گناہوں کے برابر نیک اعمال کرے یہ، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی پر عمل کرنا ہے۔

آپ نے فرمایا:۔

اِتَّقِ اللّٰہَ حَیْثُ کُنْتَ وَاَتْبِعِ السَّیِّئَۃَ الْحَسَنَۃَ تَمْحُھَا۔ (۲)

اللہ تعالیٰ سے ڈرو جہاں بھی ہو اور برائی کے بعد نیکی لاؤ وہ اسے مٹا دے گی۔

بلکہ اللہ تعالیٰ کے اس قول کو بھی سامنے رکھے۔

---

(۱) الکامل لابن عدی جلد ۲ ص ۱۶۲۰ ترجمہ عبدالرحمان بن قطامی

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۱۵۳ مرویات ابوذر

إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ (۱)   بے شک نیکیاں، برائیوں کو لے جاتی ہیں۔

تو گانا، سننے کے گناہ کو قرآن پاک کی سماعت اور مجالسِ ذکر کے ذریعے ختم کرے مسجد میں حالتِ جنابت میں بیٹھنے کا کفارہ عبادت میں مشغولیت کے ساتھ اعتکاف کے ذریعے ادا کرے بے وضو قرآن پاک کو ہاتھ لگانے کے گناہ کا کفارہ قرآن پاک کی عزت اور کثرتِ تلاوت کو بنائے نیز قرآن پاک کو بہت زیادہ چومے نیز ایک نسخۂ قرآن پاک اپنے ہاتھ سے لکھ کر وقف کردے (۲)

شراب نوشی کا کفارہ یوں ادا کرے کہ حلال مشروب جو شراب سے بھی زیادہ عمدہ اور پسندیدہ ہو صدقہ کرے تمام گناہوں کا شمار ناممکن ہے مقصود تو ان کے خلاف راستے پر چلنا ہے کیونکہ بیماری کا علاج اس کی ضد کے ساتھ کیا جاتا ہے کسی گناہ کی وجہ سے دل پر جو تاریکی آتی ہے اسے وہی نور ختم کر سکتا ہے جو اس گناہ کے مقابلے نیکی کے باعث پیدا ہوتا ہے گناہ کی ضد نیکی ہی مناسب ہوتی ہے لہٰذا چاہیے کہ ہر گناہ کو اس کی ہم جنس نیکی کے ذریعے مٹائے مگر یہ نیکی اس کی ضد سے ہو، کیوں کہ سفیدی، سیاہی کے ذریعے زائل ہوتی ہے گرمی یا ٹھنڈک کے ذریعے نہیں گناہوں کے مٹانے کا یہ تدریجی طریقہ بہت مناسب ہے اس میں گناہوں کے دور ہونے کی امید زیادہ ہے نیز ایک ہی قسم کی عبادت میں مصروفیت کے مقابلے میں اس پر یقین زیادہ ہے اگرچہ وہ بھی گناہوں کے مٹانے میں موثر ہے۔ یہ تو حقوق اللہ کا معاملہ ہے۔ اور یہ اس بات پر دلالت ہے کہ کسی چیز کا کفارہ اس کی ضد کو بنانا چاہیئے کیوں کہ دنیا کی محبت تمام گناہوں کی جڑ ہے اور دنیا کی اتباع کا اثر دل میں اس طرح ہوتا ہے کہ آدمی اس پر خوش ہوتا اور اس کا شوق رکھتا ہے پس اگر مسلمان کو کوئی ایسی تکلیف پہنچے جس کے سبب سے اس کا دل دنیا سے اُچاٹ ہو جائے تو یہ بھی اس کے لیے کفارہ ہوگا کیوں کہ دل کو غم اور رنج کی وجہ سے دنیا سے علیحدگی ہوتی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مِنَ الذُّنُوْبِ ذُنُوْبٌ لَا يُكَفِّرُهَا إِلَّا الْهُمُوْمُ۔   بعض گناہ ایسے ہیں جن کا کفارہ صرف رنج و غم ہے

ایک روایت میں ہے۔

إِلَّا الْهَمَّ بِطَلَبِ الْمَعِيْشَةِ۔ (۳)   طلب معیشت کا غم ان گناہوں کا کفارہ ہے۔

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے۔

---

(۱) قرآن مجید سورۂ ہود آیت ۱۱۴

(۲) آج کل اس کی صورت چھپا ہوا قرآن پاک خرید کر وقف کر دینا ہے ۱۲ ہزاروی

(۳) مجمع الزوائد جلد ۴ ص ۶۴، کتاب البیوع۔

إِذَا كَثُرَتْ ذُنُوبُ الْعَبْدِ وَلَمْ تَكُنْ لَهُ أَعْمَالٌ تُكَفِّرُهَا أَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْهُمُومَ فَتَكُونُ كَفَّارَةً لِذُنُوبِهِ۔ (۱)

جب بندے کے گناہ زیادہ ہو جاتے ہیں اور اس کے پاس ایسے اعمال نہیں ہوتے جو ان کا کفارہ بنیں تو اللہ تعالیٰ اسے پریشانیوں میں مبتلا کر دیتا ہے جو اس کے گناہوں کا کفارہ بنتی ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ دل میں جو غم آتا ہے اور بندے کو اس کا علم نہیں ہوتا وہ گناہوں کی تاریکی اور ان پر غمگین ہونا ہے اسے چاہیئے کہ حساب کے لیے کھڑا ہونے اور حشر کی دہشت سے واقف ہو۔

سوال:

انسان کا غم عام طور پر مال، اولاد اور جاہ و مرتبہ کا ہوتا ہے اور یہ گناہ ہے تو کفارہ کیسے بنے گا؟

جواب:

جان لو! ان چیزوں کی محبت گناہ ہے اور ان سے محرومی کفارہ ہے اگر محبت کی بنیاد پر ان سے نفع اٹھاتا ہے تو گناہ مکمل ہو جائے گا ایک روایت میں ہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام نے جیل میں حضرت یوسف علیہ السلام سے ملاقات کی انہوں نے پوچھا آپ نے اس غمگین بزرگ (حضرت یعقوب علیہ السلام) کو کس حالت میں چھوڑا؟ حضرت جبریل علیہ السلام نے جواب دیا ان کو آپ کا اتنا رنج ہے جتنا ان سو عورتوں کو ہوتا ہے جن کے بچے مر جاتے ہیں انہوں نے پوچھا اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کے لیے کیا ثواب ہے؟ فرمایا ایک سو شہید کا ثواب ہے۔

تو غم بھی حقوق اللہ کی ادائیگی میں کوتاہی کا کفارہ بنتے ہیں یہ بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہے۔

جہاں تک بندوں کے حقوق کا تعلق ہے تو ان میں بھی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور اس کا گناہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بندوں پر ظلم کرنے سے بھی منع فرمایا ہے تو جو گناہ حقوق اللہ سے متعلق ہیں ان کا تدارک ندامت اور افسوس کے ذریعے ہوتا ہے نیز مستقبل میں ان گناہوں کو چھوڑا جائے اور ان کے مقابل نیکیوں کو اپنایا جائے لوگوں کی ایذارسانی کے مقابلے میں ان پر احسان کیا جائے ان کے مال غصب کئے ہوں تو حلال مال سے صدقہ کیا جائے اور اگر غیبت و عیب جوئی وغیرہ کے ذریعے ان کی عزت پر حملہ کیا ہے تو ان کی تعریف کرے بشرطیکہ وہ دین دار ہوں اور اپنے ہم پلہ لوگوں کی جو اچھی باتیں معلوم ہوں ان کو ظاہر کرے اگر لوگوں کو قتل کیا ہے تو اس کا کفارہ غلاموں کو آزاد کرنا ہے (آجکل غلامی کا سلسلہ نہیں ہے) کیوں کہ یہ بھی زندہ کرنا ہے کیوں کہ غلام ذاتی طور پر مفقود اور مالک کے ذریعے زندہ ہے اور آزاد کرنا ایک طرح کا کسی کو وجود میں لانا ہے انسان اس سے زیادہ پر قادر نہیں ہو سکتا لہٰذا کسی کو ختم کر دینا اس کو وجود میں لانے

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۱۵۷ مرویات عائشہ

کے مقابل ہے۔

اس سے تمہیں معلوم ہو گیا کہ ہم نے گناہ کے کفارے اور اسے مٹانے کے سلسلے میں جو کچھ اس کے مخالف راستے پر چلنے سے متعلق لکھا ہے اس پر شریعت کی گواہی پائی جاتی ہے کیونکہ قتل کا کفارہ غلام آزاد کرنا رکھا گیا ہے پھر جب یہ سب کچھ کرلے تو بھی اس وقت تک نجات نہیں پا سکتا اور نہ ہی یہ عمل اسے کفایت کر سکتا ہے جب تک بندوں کے حقوق ادا نہ کرے اور حقوق العباد یا تو جان سے متعلق ہوتے ہیں یا مالوں سے اور یا عزت سے تعلق رکھتے ہیں یا ان کا تعلق دلوں سے ہوتا ہے اور اس سے محض ایذا رسانی مراد ہے۔

جہاں تک جانوں کا تعلق ہے تو اگر قتل خطاء کا معاملہ ہے تو اس سے توبہ یہ ہے کہ دیت ادا کی جائے اور وہ مستحق تک پہنچے یا تو وہ خود دے یا اس کی عاقلہ (ورثاء) ادا کریں جب تک خون بہا مستحق تک نہ پہنچے یہ گناہ گار رہے گا۔

اور اگر جان بوجھ کر قتل کیا ہے جس سے قصاص واجب ہوتا ہے تو قصاص سے توبہ قبول ہوگی اور اگر مقتول کے ورثاء کو قاتل کا علم نہ ہو تو اسے (قاتل کو) چاہیئے کہ مقتول کے ولی کو جا کر بتا دے اور اپنے آپ کو اس کے اختیار میں دے دے اب اس کی مرضی اسے قتل کرے یا معاف کر دے اسی عمل کی بدولت گناہ سے جان چھوٹے گی اس کے لیے قتل کو چھپانا جائز نہیں اور یہ گناہ شراب، زنا، چوری ڈاکہ زنی یا ایسے عمل کی طرح نہیں ہے جس کے باعث حد واجب ہوتی ہے ان صورتوں میں توبہ کے لیے ضروری نہیں کہ اپنے آپ کو رسوا کرے اور پردہ اٹھا دے اور حاکم سے مطالبہ کرے کہ وہ اس سے اللہ تعالیٰ کا حق وصول کرے بلکہ اس پر لازم ہے کہ گناہ پر پردہ ڈالے اور اپنے آپ کو طرح طرح کے مجاہدات اور عذابِ نفس میں ڈالنے کے ذریعے اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کی حد قائم کرے محض حقوق اللہ میں توبہ کرنے اور نادم ہونے والوں کے لیے معافی زیادہ قریب ہے اور اگر وہ اپنا معاملہ حکمران کے پاس لے جائے کہ وہ اس پر حد قائم کرے تو بھی صحیح ہے اور اس کی توبہ اللہ تعالیٰ کے ہاں صحیح مقبول ہوگی اور اس کے دلیل حضرت ماعز رضی اللہ عنہ والی روایت ہے حضرت ماعز بن مالک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ میں نے اپنے آپ پر ظلم کیا ہے مجھ سے زنا سرزد ہوا میں چاہتا ہوں کہ آپ مجھے پاک کر دیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو واپس کر دیا جب دوسرا دن ہوا تو پھر حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! مجھ سے زنا سرزد ہوا ہے آپ نے دوبارہ واپس کر دیا جب تیسرا دن ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے ان کے لیے ایک گڑھا کھودا گیا پھر آپ نے حکم دیا تو ان کو رجم کیا گیا اب ان کے بارے میں صحابہ کرام دو حصوں میں بٹ گئے ایک گروہ کہتا تھا کہ وہ ہلاک ہوئے اور ان کو ان کے گناہوں نے گھیر لیا ہے جب کہ دوسرے گروہ نے کہا کہ ان کی توبہ سے زیادہ سچی توبہ کسی کی نہیں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لَقَدْ تَابَ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ بَيْنَ أُمَّةٍ — بے شک انہوں نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر اسے امت

لَوَسِعَتْهُمْ (۱) کے درمیان تقسیم کر دیا جائے تو وہ ان سب کو کافی ہو۔
غامدیہ، حاضر ہوئیں اور عرض کیا یا رسول اللہ! مجھ سے زنا کا گناہ سرزد ہوا ہے پس مجھے پاک کیجئے آپ نے انہیں واپس بھیج دیا جب دوسرا دن ہوا تو انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ نے مجھے واپس کیوں بھیجا ہے؟ شاید آپ مجھے بھی حضرت ماعز کی طرح لوٹانا چاہتے ہیں اللہ کی قسم! میں حاملہ ہوں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اب تم جاؤ جب بچہ پیدا ہو جائے (تو آنا) جب بچہ پیدا ہوا تو وہ اسے کپڑے کے ایک ٹکڑے میں لے کر حاضر ہوئیں اور عرض کیا یا رسول اللہ! یہ بچہ ہے جو پیدا ہو چکا ہے آپ نے فرمایا جاؤ اور اسے دودھ پلاؤ یہاں تک کہ یہ دودھ چھوڑ کر غذا کھانے لگے جب بچے نے غذا کھانا شروع کی اور دودھ پینا چھوڑ دیا تو وہ اسے لے کر حاضر ہوئیں اور اس کے ہاتھ میں روٹی کا ٹکڑا تھا انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم اس نے دودھ پینا چھوڑ دیا اور کھانا کھانے لگا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بچہ ایک مسلمان مرد کے حوالے کیا پھر حکم دیا تو ان کے سینے تک گڑھا کھودا گیا اس کے بعد آپ نے لوگوں کو حکم دیا تو انہوں نے اس خاتون کو سنگسار کر دیا حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ ایک پتھر لے کر آئے اور اس کے سر میں مارا اس سے خون کے چھینٹے آپ کے چہرے پر پڑے تو آپ نے اس کو برا بھلا کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو یہ کلمات کہتے ہوئے سنا تو فرمایا۔

مَهْلًا يَا خَالِدُ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ (۲) لَقَدْ تَابَ تَوْبَةً لَوْتَابَهَا صَاحِبُ مَكْسٍ لَغُفِرَ لَهُ۔

رک جاؤ اے خالد! پس اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے البتہ اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر ٹیکس وصول کرنے والا بھی ایسی توبہ کرے تو اسے بخش دیا جائے ۔۔۔ پھر آپ کے حکم سے اس خاتون کو دفن کر دیا گیا۔

جہاں تک قصاص اور حدِ قذف کا تعلق ہے تو اس میں صاحبِ حق کو اپنے اوپر اختیار دینا ضروری ہے اور اگر کسی کا مال لیا ہے تو وہ غصب یا خیانت کے ذریعے لیا ہوگا یا کسی قسم کا دھوکہ کر کے معاملے میں غبن کیا ہوگا جیسے کھوٹا سکہ رائج کرنا یا مبیع کا عیب چھپانا یا مزدور کی مزدوری میں کمی کرنا یا اسے بالکل اجرت نہ دینا تو ان تمام باتوں کی چھان بین شروع سے کرے بالغ ہونے کے بعد سے نہیں کیوں کہ جو کچھ بچے کے مال میں واجب ہے بالغ ہونے کے بعد اس کا نکالنا اس بچے پر لازم ہے اگر اس کے ولی نے اس میں کوتاہی کی ہو اور اگر اس نے ایسا نہیں کیا تو وہ ظالم ہے اس سے مطالبہ کیا جائے کیوں کہ مالی حقوق میں بچہ اور بالغ برابر ہیں۔

آدمی کو چاہیے کہ ایک ایک دانے اور ایک ایک پیسے کا حساب کرے اور یہ زندگی کے پہلے دن سے توبہ کے دن

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۶۸ کتاب الحدود

(۲) 〃 〃 〃 〃

ہم ہو۔اس سے پہلے کہ قیامت کے دن حساب لیا جائے اور قیامت کی پوچھ گچھ سے پہلے ہی احتساب کرے جو شخص دنیا میں اپنے نفس کا احتساب نہیں کرتا آخرت میں اس کا حساب طویل ہو جاتا ہے اگر غالب گمان یا کسی قسم کے اجتہاد سے اسے معلوم ہو جائے کہ اس کے ذمہ کس قدر ہے تو اسے لکھ لے پھر شہروں میں گھوم پھر کر ان کو تلاش کرے اور ان سے معاف کروائے یا ان کے حقوق ادا کر دے ظالموں اور تاجروں کے لیے اس قسم کی توبہ مشکل ہوتی ہے کیوں کہ معاملہ کرنے والے تمام لوگوں کو تلاش کر سکتے اور نہ ہی ان کے ورثاء کو ڈھونڈھ سکتے ہیں لیکن ہر شخص پر لازم ہے کہ جس قدر ممکن ہو سکے کرے۔

اگر عاجز ہو جائے تو صرف ایک ہی طریقہ ہے وہ یہ کہ اپنی نیکیوں میں اضافہ کرے تاکہ قیامت کے دن حق دار کا حق ان سے ادا کیا جائے یعنی اس کی نیکیاں لے کر ان لوگوں کے پلڑے میں ڈال جائیں جن کے حقوق اس کے ذمہ ہیں لیکن اس کی نیکیاں اس قدر زیادہ ہوں جس قدر مظالم زیادہ تھے کیوں کہ جب اس کی نیکیاں کفایت نہیں کریں گی تو حقوق والوں کے گناہ اس کے کھاتے میں ڈالے جائیں گے۔ تو اس طرح وہ دوسروں کے گناہوں کے سبب سے ہلاک ہوگا۔

تو حقوق کی ادائیگی کے سلسلے میں پوری توبہ کرنے والوں کے لیے یہی طریقہ ہے اور اس سے لازم آتا ہے کہ تمام زندگی نیکی میں گزارے اگر عمر لمبی ہو یعنی جتنا طویل عرصہ حقوق پر ڈاکہ ڈالا ہے اسی قدر نیکیوں کا زمانہ بھی ہونا چاہیے۔

اور چوں کہ عمر کا کوئی پتہ نہیں کہ کس قدر ہو گی اور بعض اوقات موت قریب ہوتی ہے تو تنگ وقت میں نیکیوں کے لیے اس سے بھی زیادہ مستعد ہو جس قدر وہ کشادہ وقت میں برائیوں کے لیے مستعد تھا یہ ان حقوق کا معاملہ ہے جو اس کے ذمہ ہیں لیکن جو مال موجود ہے تو اگر اس کے مالک کا علم ہے تو اس کی طرف لوٹا دے اور جس کے مالک کا علم نہ ہو اس پر اسے صدقہ کرنا لازم ہے اگر حلال و حرام باہم مل جائے تو اسے چاہیئے کہ سوچ بچار کے ذریعے حرام کی مقدار معلوم کرے اور یہ مقدار صدقہ کر دے جیسا کہ اس سے پہلے حلال و حرام کی بحث میں گزر چکا ہے اور اگر ان کے دلوں کو یوں اذیت پہنچائی ہے کہ لوگوں کے سامنے ایسی باتیں کی ہیں جو ناپسندیدہ ہیں یا پیٹھ پیچھے عیب لگایا تو جس کے ساتھ زبان درازی کی یا اپنے کسی عمل سے اس کا دل دکھایا ہو تو ان میں سے ایک ایک کو تلاش کر کے معافی مانگے اور جو فوت ہو گیا یا غائب ہو گیا اس کا معاملہ بھی اس کے ساتھ چلا گیا اور اب اس کا تدارک اسی طرح ہو سکتا ہے بہت زیادہ نیکی کرے تاکہ قیامت کے دن ان کے ذریعے بدلہ دے سکے لیکن جو شخص مل جائے اور وہ دل کی خوشی سے معاف کر دے تو یہ اس گناہ کا کفارہ ہے اور اسے چاہیئے کہ اس شخص کو بتا دے کہ اس نے کس قدر جرم کیا اور اس کے در پے ہوا کیونکہ وضاحت کے بغیر مبہم معافی کافی نہیں ہے اس لیے بعض اوقات جب اس شخص کو اس کی زیادتی کی کثرت کا علم ہوتا ہے تو وہ برضا و رغبت معاف کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتا اور یہ قیامت کے لیے جمع ہو جاتا ہے پھر اس کی نیکیوں سے کفارہ ادا کیا جاتا ہے یا اس کے گناہ اس کے کھاتے میں ڈالے جاتے ہیں۔

اور اگر ان جرائم میں ایسے جرم بھی ہوں کہ ان کے ذکر کرنے یا اس شخص کو بتانے سے اسے اذیت پہنچتی ہے مثلاً

اس کی لونڈی یا بیوی سے زنا کا ارتکاب کیا ہو یا اس کے کسی خفیہ عیب کو زبان پر لایا ہو تو اس کے بیان کرنے سے تکلیف بڑھ جاتی ہے اور اس طرح معافی مانگنے کا راستہ مسدود ہو جاتا ہے ہاں مبہم طور پر معافی مانگ سکتا ہے کہ میں نے تم سے جو زیادتی کی ہے معاف کر دو) اب جو ظلم و زیادتی رہ جائے گی اسے نیکیوں کے ذریعے پورا کرے جس طرح مرنے والے اور غائب سے زیادتی کو پورا کیا جاتا ہے۔

جہاں تک اس کے ذکر کرنے اور آگاہ کرنے کا تعلق ہے تو یہ ایک نیا گناہ ہے جس سے الگ معافی مانگنا پڑے گی اور اگر اس جرم کا ذکر کیا اور جس کے ساتھ زیادتی کی تھی اسے بتا دیا لیکن وہ معاف کرنے پر راضی نہ ہوا تو گناہ اس کے ذمہ رہے گا کیونکہ وہ اس (دوسرے شخص) کا حق ہے اب اسے چاہیے کہ اس سے نرمی کا سلوک کرے اور اس کے کام کاج میں مدد کرے اس سے محبت اور شفقت کا اظہار کرے تاکہ اس کا دل اس کی طرف مائل ہو کیونکہ انسان، احسان کا بندہ ہے اور جو شخص برائی کی وجہ سے بھاگتا ہے وہ نیکی کے ذریعے مائل ہوتا ہے لہٰذا جب زیادہ محبت اور مہربانی کی وجہ سے اس کا دل خوش ہوگا تو وہ خود بخود معاف کرنے پر تیار ہو جائے گا۔

اور اگر اس کے باوجود معاف نہ کرنے پر اصرار کرے تو بھی اس سے مہربانی کا سلوک اور عذر پیش کرنا مجرم کی ان نیکیوں میں شمار ہوگا جو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے حکم سے ان مظالم کا بدلہ ہوگا۔ جیسے کوئی شخص دنیا میں کسی کا مال ہلاک کرے پھر اس کی مثل لائے لیکن مال کا مالک اسے قبول کرنے یا معاف کرنے سے انکار کر دے تو حاکم فیصلہ دے گا کہ وہ اس مال پر قبضہ کرے اس کا دل چاہے یا نہ۔ اسی طرح میدانِ قیامت میں سب سے بڑا حاکم اور سب سے زیادہ انصاف کرنے والا اللہ تعالیٰ حکم جاری کرے گا۔

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"تم سے پہلے لوگوں میں ایک شخص تھا جس نے ننانوے قتل کئے تھے اس نے زمین والوں میں سے سب سے زیادہ علم والے کے بارے میں پوچھا تو ایک راہب کی طرف اس کی راہنمائی کی گئی وہ اس کے پاس آیا اور کہا کہ میں نے ننانوے قتل کئے ہیں کیا میری توبہ قبول ہوگی اس نے کہا نہیں، چنانچہ اس شخص نے اسے بھی قتل کر دیا پھر کسی بڑے عالم کے بارے میں پوچھا تو ایک عالم کی طرف راہنمائی کی گئی اس نے کہا ہاں، تمہارے اور تمہاری توبہ کے درمیان کون حائل ہو سکتا ہے فلاں علاقے کی طرف جاؤ وہاں کچھ لوگ اللہ تعالیٰ کے عبادت گزار ہیں ان کے ساتھ مل کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اپنے علاقے کی طرف واپس نہ آنا کیوں کہ وہ برا علاقہ ہے وہ چلا گیا جب راستے کے درمیان میں پہنچا تو اسے موت آگئی اب رحمت کے فرشتے کہنے لگے یہ شخص صدقِ دل سے توبہ کر کے اللہ تعالیٰ کی طرف جا رہا تھا جب کہ عذاب کے فرشتوں نے کہا اس نے کبھی بھی اچھا عمل نہیں کیا تو ایک فرشتہ انسانی صورت میں آیا اور انہوں نے اسے اپنا فیصل بنا لیا اس نے کہا دونوں زمینوں کے درمیان فاصلے کی پیمائش کرو وہ جس علاقے کے قریب ہوگا اسے اسی سے قرار دیا جائے گا انہوں نے زمین

کی پیمائش کی تو دیکھا کہ وہ اس زمین کے زیادہ قریب تھا جدھر کا اس نے قصد کیا تھا چنانچہ رحمت کے فرشتوں نے اس پر قبضہ کر لیا ایک روایت میں ہے کہ وہ نیکو کار لوگوں کی بستی کے ایک بالشت زیادہ قریب تھا چنانچہ اسے ان میں سے قرار دیا گیا۔

ایک دوسری روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس (پہلی زمین) سے فرمایا دور ہو جا اور اس دوسری بستی سے فرمایا قریب ہو جا اور فرمایا ان دونوں کے درمیان فاصلے کی پیمائش کرو چنانچہ انہوں نے اسے ایک بالشت زیادہ قریب پایا تو اسے بخش دیا گیا (۱)

اس سے معلوم ہوا کہ جب تک نیکیوں کا پلڑا بھاری نہیں ہو گا چھٹکارا نہیں ہو گا اگرچہ وہ ذرے سے برابر ہی بھاری ہو لہٰذا توبہ کرنے والے کو چاہیے کہ اپنی نیکیوں میں اضافہ کرے۔

جہاں تک مستقبل سے مربوط عزم وارادے کا تعلق ہے تو اس کی صورت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے پکا وعدہ کرے کہ آئندہ کبھی بھی ان گناہوں کی طرف نہیں آئے گا اور نہ ہی ان جیسے دوسرے گناہوں کا مرتکب ہو گا۔

مثلاً ایک شخص بیماری کی حالت میں جانتا ہے کہ اسے پھل نقصان دیتے ہیں تو وہ نہایت پختہ عہد کرتا ہے کہ جب تک وہ بیمار ہے پھل نہیں کھائے گا یہ عزم فی الحال پختہ کرنا چاہیے اگرچہ یہ خیال بھی ہو کہ دوسری حالت میں اس پر خواہش غالب آجائے گی لیکن جب تک وہ فی الحال اس کو چھوڑنے کا پکا ارادہ نہ کرے وہ توبہ کرنے والا شمار نہیں ہو گا۔ اور پہلے ہی مرحلہ میں یہ بات پایۂ تکمیل کو اس وقت پہنچے گی جب وہ تنہائی اختیار کرے، خاموش رہے، کھانا کم کھائے، سونے میں کمی کرے اور حلال روزی جمع کرے اگر اسے وراثت میں حلال مال ملا ہے تو اسی پر اکتفا کرے یا کسی پیشے سے بقدر ضرورت کماتا ہے تو اسی پر قناعت کرے کیوں کہ گناہوں کی جڑ اور بنیاد حرام مال کھانا ہے اور جب تک حرام مال پر ڈٹا رہے گا توبہ کرنے والا کیسے قرار پائے گا۔

اور جو آدمی کھانوں اور لباس کے سلسلے میں خواہش کو چھوڑنے پر قادر نہیں ہوتا وہ حلال پر اکتفا بھی نہیں کر سکتا اور شبے والی چیزوں کو بھی چھوڑ نہیں سکتا اور بعض بزرگوں نے فرمایا جو شخص خواہش کو چھوڑنے میں سچا ہو اور سات مرتبہ اللہ تعالیٰ کے لیے اپنے نفس سے جہاد کرے وہ اس خواہش میں مبتلا نہیں ہو گا اور ایک دوسرے بزرگ فرمایا جو آدمی گناہ سے توبہ کرے اور پھر سات سال تک اس پر استقامت اختیار کرے وہ کبھی بھی اس (گناہ) کی طرف نہیں لوٹے گا۔

توبہ کرنے والا اگر عالم نہ ہو تو اس کے لیے ایک اہم بات یہ ہے کہ وہ اس بات کا علم حاصل کرے کہ مستقبل میں اس پر کیا واجب ہے اور کیا حرام ہے یہاں تک کہ اس کے سبب استقامت ممکن ہو۔ اور اگر وہ تنہائی کو ترجیح نہیں دے گا تو اس کے لیے استقامتِ مطلقہ ممکن نہیں ہو گی البتہ یہ کہ بعض گناہوں سے توبہ کرے جیسے کوئی شخص شراب

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۵۹ کتاب التوبۃ۔

نوشی، زنا اور غصے سے توبہ کرے تو یہ مطلق توبہ نہیں ہے۔

بعض بزرگوں نے فرمایا کہ یہ توبہ صحیح نہیں ہے اور بعض کہنے والوں نے کہا کہ یہ صحیح ہے اور اس مقام پر لفظ صحت مجمل ہے بلکہ جو آدمی اس کی صحت کا انکار کرتا ہے اس سے پوچھا جائے کہ صحیح نہ ہونے سے تمہاری کیا مراد ہے؟ اگر تمہاری مراد یہ ہے کہ بعض گناہوں کے چھوڑنے سے اسے کوئی فائدہ نہیں ہوتا بلکہ اس کا وجود اور عدم برابر ہے تو تم نے کتنی بڑی غلطی کی ہے۔

کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ گناہوں کی کثرت عذاب کے زیادہ ہونے کا سبب ہے اور گناہوں کی کمی، عذاب کی کمی کا باعث ہے اور جو شخص کہتا ہے کہ اس کی توبہ صحیح ہے اس سے پوچھو کہ اگر تمہاری مراد یہ ہے کہ بعض گناہوں سے توبہ ایسی قبولیت کا باعث ہے جو نجات یا کامیابی تک پہنچاتی ہے تو یہ بات بھی غلط ہے بلکہ نجات اور کامیابی اس وقت حاصل ہوتی ہے جب تمام گناہوں کو چھوڑ دے یہ ظاہر کا حکم ہے اور ہم اللہ تعالیٰ کے عفو و درگزر کے مخفی اسرار میں گفتگو نہیں کرتے۔

اور جو شخص کہتا ہے کہ یہ توبہ صحیح نہیں اگر وہ کہے کہ میری مراد یہ ہے کہ توبہ ندامت کا نام ہے اور چوری پہ وہ اس لیے نادم ہوتا ہے کہ یہ گناہ ہے اس لیے نہیں کہ یہ چوری ہے اور محال ہے کہ وہ چوری پر نادم ہو لیکن زنا پر پشیمان نہ ہو اگر اس کے گناہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہوتا ہے کیوں کہ دونوں کی علت ایک ہی ہے کیوں کہ جس آدمی کو اپنے بیٹے کے تلوار سے قتل ہونے کا دکھ ہوتا ہے اسے اس کے چھری سے قتل ہونے پر بھی دکھ ہوتا ہے کیونکہ اس کی پریشانی تو محبوب (بیٹے) کے چلے جانے کی وجہ سے ہے چاہے وہ تلوار کے ذریعے ہو یا چھری کے ساتھ ضائع ہو۔

تو جب بندے کو اپنے محبوب کے ضائع ہونے کا دکھ ہوتا ہے اور یہ نافرمانی کی وجہ سے ہوتا ہے چاہے وہ چوری کے ذریعے ہو یا زنا کے باعث ـــــ تو بعض گناہوں پر پریشانی ہو اور بعض پر نہ ہو یہ کیسے ہو سکتا ہے تو ندامت ایک حالت ہے جو اس بات کے علم سے واجب ہوتی ہے کہ گناہ، محبوب کو ضائع کرنے کا باعث ہے یہ بات نہیں کہ بعض گناہوں سے ایسا ہوتا ہے اور بعض سے نہیں۔

اگر یہ بات جائز ہوتی تو شراب کے ایک مٹکے سے توبہ کرنا اور دوسرے سے نہ کرنا جائز ہوتا اور جب یہ بات محال ہے کیوں کہ گناہ دونوں مٹکوں کی شراب میں ایک جیسا ہے مٹکے تو محض برتن ہیں۔ تو اسی طرح گناہوں کا مسئلہ ہے کیوں وہ سب اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کا باعث ہیں اور نافرمانی اس اعتبار سے کہ نافرمانی ہے ایک طرح کی ہے۔

اس وقت توبہ کے صحیح نہ ہونے کا معنیٰ یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے توبہ کرنے والوں سے ایک مقام و مرتبہ کا وعدہ فرمایا ہے جو ندامت کے بغیر حاصل نہیں ہوتا اور یہ نہیں ہو سکتا کہ ایک جیسے گناہوں میں سے بعض پر ندامت ہو اور بعض پر نہ ہو یہ ایسے ہی ہے جیسے ملک کا حصول ایجاب و قبول دونوں کے مکمل ہونے سے ہوتا ہے جب تک ایجاب و قبول کی تکمیل نہیں ہوگی عقد صحیح نہیں ہوگا یعنی اس کا نتیجہ حاصل نہیں ہوگا اور وہ مالک بننا ہے۔

اور اس کی تحقیق یہ ہے کہ محض گناہ کو چھوڑنے کا فائدہ صرف اتنا ہو گا کہ جس قدر گناہ چھوڑا ہے اس کا عذاب نہیں ہو گا جب کہ ندامت کا فائدہ یہ ہے کہ گذشتہ گناہ معاف ہو جائیں گے پس چوری چھوڑنے سے پہلے کی گئی چوری کا کفارہ ادا نہیں ہو گا بلکہ اس پر ندامت کفارہ بنے گی ۔ اور ندامت کا تصور اسی صورت میں ہو سکتا ہے جب اسے گناہ سمجھے اور یہ بات تمام گناہوں کو شامل ہے ۔

یہ ایسا کلام ہے جس کا مفہوم واقع ہے اور انصاف پسند اس کی ایسی تفصیل بیان کرتا ہے جس سے مطلب واضح ہو جاتا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ بعض گناہوں سے توبہ تین حال سے خالی نہیں یا تو کبیرہ گناہوں سے ہو گی صغیرہ سے نہیں یا صغیرہ سے ہو گی ، کبیرہ سے نہیں یا بعض کبیرہ سے ہو گی اور بعض سے نہیں ۔

جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ کبیرہ گناہ سے ہو صغیرہ سے نہ ہو تو یہ بات ممکن ہے کیوں کہ وہ جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں کبیرہ گناہ بڑے گناہ شمار ہوتے ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی اور عذاب کو دعوت دیتے ہیں جب کہ صغیرہ گناہوں کی معافی ہو سکتی ہے تو یہ بات محال نہیں کہ وہ بڑے گناہ سے توبہ کرے اور اس پر نادم ہو جیسے ایک شخص بادشاہ اور اس کی بیوی کے خلاف جرم کا مرتکب ہوتا ہے اور اس کے جانور کو بھی نقصان پہنچاتا ہے تو وہ اس کے گھر والوں کے حوالے سے کئے گئے جرم سے خوف زدہ ہوتا ہے جب کہ جانور کی نسبت سے کئے گئے جرم کو معمولی سمجھتا ہے اور ندامت گناہ کو برا سمجھنے اور اس کے اللہ تعالیٰ سے دوری کا باعث ہونے کے اعتبار سے ہوتی ہے اور شریعت میں اس کا وجود ممکن ہے گذشتہ زمانوں میں توبہ کرنے والے لوگ بے شمار تھے اور ان میں سے کوئی بھی معصوم نہ تھا کیوں کہ توبہ کے لیے معصوم ہونا ضروری نہیں اور ڈاکٹر بعض اوقات مریض کو شہد سے نہایت سختی سے منع کرتا ہے لیکن شکر سے ممانعت نچلے درجہ کی ہوتی ہے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ بعض اوقات شکر کا نقصان بالکل ظاہر نہیں ہوتا تو مریض شہد سے توبہ کرتا ہے شکر سے نہیں اس بات کا پایا جانا محال نہیں ہے اور اگر وہ اپنی خواہشات کے تحت دونوں کو کھائے تو اسے شہد کے کھانے پر ندامت ہو گی شکر کے استعمال پر نہیں دوسری صورت یہ ہے کہ بعض کبیرہ گناہوں سے توبہ کرے اور بعض سے نہ کرے اور یہ بات بھی ممکن ہے کیوں کہ اس کا یہ عقیدہ ہوتا ہے کہ بعض کبیرہ گناہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک نہایت سخت ہیں جیسے کوئی شخص قتل لوٹ مار ظلم اور بندوں کے حقوق سلب کرنے سے توبہ کرتا ہے کیوں کہ وہ جانتا ہے کہ بندوں کے حقوق سے متعلق گناہوں کو احساب کے بغیر چھوڑا نہیں جائے گا جب کہ وہ گناہ جن کا حقوق اللہ سے تعلق ہے وہ جلدی معاف ہو جاتے ہیں اور یہ بات بھی ممکن ہے جیسا کہ کبیرہ اور صغیرہ گناہوں میں تفاوت ہے کیوں کہ کبیرہ گناہوں میں بھی تفاوت ہے اور ان کے مرتکب کے انتقاد میں بھی اختلاف ہے ، اسی لیے وہ بعض اوقات ان کبیرہ گناہوں سے بھی توبہ کرتا ہے جن کا حقوق العباد سے کوئی تعلق نہیں ہے جیسے وہ شراب سے توبہ کرتا ہے لیکن زنا سے توبہ نہیں کرتا کیونکہ اس کے سامنے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ شراب تمام برائیوں کی چابی ہے اور یہ کہ جب عقل زائل ہو جائے تو وہ تمام گناہوں کا ارتکاب کرے گا اور اسے علم بھی نہیں ہو گا ۔ تو

اس کے نزدیک شراب نوشی جس سے خوف پیدا ہوتا ہے اسے ترجیح دینا اس کو اس بات پر مجبور کرتا ہے کہ وہ مستقبل میں لے چھوڑ دے اور گذشتہ پر ندامت اختیار کرے۔

تیسری صورت یہ ہے کہ وہ کسی ایک صغیرہ یا زیادہ صغیرہ گناہوں سے توبہ کرے حالانکہ وہ کبیرہ گناہ پر ڈٹا ہوا اور وہ جانتا بھی ہو کہ یہ کبیرہ گناہ ہے جیسے ایک شخص غیبت یا غیر محرم کی طرف دیکھنے وغیرہ سے توبہ کرتا ہے لیکن وہ بار بار شراب پیتا ہے تو ایسا بھی ہو سکتا ہے کیوں کہ ہر مومن گناہوں سے ڈرتا ہے اور ان پر نادم ہوتا ہے چاہے وہ کمزور ہو یا طاقت ور لیکن اس گناہ میں اس کی لذت نفس اس گناہ کے خوف کی وجہ سے پیدا ہونے والے قلبی دکھ اور تکلیف سے زیادہ مضبوط ہوتی ہے کیوں کہ کچھ ایسے اسباب ہیں جو خوف کو کمزور کرتے ہیں مثلاً جہالت اور غفلت وغیرہ اور کچھ اسباب خواہش کو مضبوط کرتے ہیں۔

پس ندامت موجود ہوتی ہے لیکن اتنی نہیں ہوتی کہ اس سے تحریک عزم پر قادر ہو پس اگر قوی شہوت سے بچ جائے یعنی اس کے مقابلے میں کمزور شہوت ہو تو خوف اس خواہش پر غالب ہو کر اسے دبا لے گا اور اس سے گناہ کا چھوڑنا لازم ہو گا اور بعض اوقات فاسق کو شراب کی اس قدر رغبت ہوتی ہے کہ وہ اس سے صبر نہیں کر سکتا اور اسے غیبت، عیب جوئی اور غیر محرم کی طرف دیکھنے کی بھی کچھ خواہش ہوتی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے لیکن یہ خوف اسی قدر ہوتا ہے جس سے کمزور خواہش کا قلع قمع ہو سکے مضبوط خواہش کا نہیں۔ اب خوف کا لشکر اسے چھوڑنے کا عزم پیدا کر سکتا ہے بلکہ یہ فاسق اپنے دل میں کہتا ہے کہ اگر شیطان اس غلبۂ شہوت کے واسطے سے بعض گناہوں میں مجھ پر غالب آجائے تو مجھے ایسا نہیں کرنا چاہئے کہ لگام بالکل ڈھیلی چھوڑ کر اسی کے قابو میں چلا جاؤں بلکہ میں بعض گناہوں میں اس سے لڑوں گا ہو سکتا ہے میں اس پر غالب آجاؤں تو بعض گناہوں کے سلسلے میں میرا اس پر غالب آنا میرے بعض گناہوں کا کفارہ ہو گا اگر اس بات کا تصور نہ ہوتا تو فاسق سے نماز پڑھنے اور روزہ رکھنے کا تصور نہ کیا جاتا — اور اس سے کہا جاتا کہ اگر تمہاری نماز اللہ تعالیٰ کے غیر کے لیے ہے تو یہ صحیح نہیں اور اگر اللہ تعالیٰ کے لیے ہے تو اللہ تعالیٰ کے لیے ہی فسق کو چھوڑ دے کیوں کہ اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ کا حکم یکساں ہے۔

یہ نہیں ہو سکتا کہ تمہاری نماز تقرب خداوندی کے لیے ہو جب تک تم اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لیے اس نافرمانی ترک نہ کرو اور یہ کہنا محال ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لیے مجھ پر دو امر ہیں اور میرے لیے اس کی نافرمانی میں دو سزائیں ہیں ایک کے سلسلے میں تو میں شیطان پر غالب آسکتا ہوں لیکن دوسری کے بارے میں عاجز ہوں تو جس میں مجھے قدرت حاصل ہے میں اس پر غالب آؤں گا اور مجھے امید ہے کہ اس کے لیے شیطان کے ساتھ میرا مقابلہ ان بعض گناہوں کا کفارہ بن جائے گا جن میں زیادہ خواہش کی وجہ سے میں عاجز ہوں تو اس بات کا تصور کیسے نہیں ہو گا اور یہ ہر مسلمان کی حالت ہے کیوں کہ ہر مسلمان اللہ تعالیٰ کی اطاعت بھی کرتا ہے اور نافرمانی بھی اور اس کا سبب یہی بات ہے۔

جب یہ بات معلوم ہو گئی تو یہ بھی معلوم ہو گیا کہ بعض گناہوں کی خواہش کے سلسلے میں خوف کا غلبہ ممکن الوجود ہے اور خوف اگر گزشتہ عمل سے متعلق ہو تو اس سے ندامت پیدا ہوتی ہے اور ندامت، عزم کو جنم دیتی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

«اَلنَّدَمُ التَّوْبَةُ» ندامت، توبہ ہے۔ اور ہر گناہ پر ندامت شرط نہیں ہے اور آپ نے فرمایا۔

اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَا ذَنْبَ لَهٗ۔ گناہ سے توبہ کرنے والا گناہ نہ کرنے والے کی طرح ہے۔

آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ تمام گناہوں سے توبہ کرنے والا ایسا ہے)

ان معانی کی بنیاد پر یہ بات کہنے والے کا قول ساقط ہو گیا کہ بعض گناہوں سے توبہ غیر ممکن ہے کیوں کہ وہ خواہش کے حق میں اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا باعث بننے میں ایک جیسے ہوتے ہیں۔

ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ وہ شراب نوشی سے توبہ کرے لیکن نبیذ (انگور کے رس) سے توبہ نہ کرے کیوں کہ ناراضگی کے اقتضاء میں دونوں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ نیز وہ کثیر سے توبہ کرے قلیل سے نہ کرے کیونکہ گناہوں کی کثرت عذاب کے زیادہ ہونے میں مؤثر ہوتی ہے تو جس قدر چھوڑنے سے وہ عاجز ہوتا ہے اس مقدار کے مطابق خواہشات مددگار ہوتی ہیں اور بعض خواہشات کو وہ اللہ تعالیٰ کے لیے چھوڑ دیتا ہے جیسے کسی مریض کو ڈاکٹر نے پھل کھانے سے روکا ہو تو وہ تھوڑا پھل کھاتا ہے زیادہ نہیں کھاتا۔ تو اس سے معلوم ہوا کہ یہ بات ممکن نہیں ہے کہ وہ کسی گناہ سے توبہ کرے لیکن اسی جیسے دوسرے گناہ سے توبہ نہ کرے بلکہ جس سے اس نے توبہ کی ہے وہ اس کے خلاف ہو گا جو ابھی باقی ہے اور یہ اختلاف گناہ کی شدت کے اعتبار سے ہو گا یا غلبہ شہوت کی وجہ سے۔ اور جب توبہ کرنے والے کے اعتقاد میں یہ تفاوت و اختلاف حاصل ہوتا ہے تو خوف اور ندامت کے اعتبار سے بھی اس کی حالت مختلف ہوتی ہے اور یوں اس گناہ کو چھوڑنے کے اعتبار سے بھی اس کی حالت کا اختلاف متصور ہو گا تو اس کا اس گناہ پر نادم ہونا اور اسے چھوڑنے کا پکا ارادہ کرنا اسے ایسے لوگوں کے ساتھ ملا دیتا ہے جو گناہ نہیں کرتے اگرچہ وہ تمام اوامر و نواہی میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت نہیں کرتا۔

سوال:

جو شخص عنین ہو (جسے جماع کی طاقت نہ ہو) اور اس نے اس بیماری سے پہلے زنا کیا ہو کیا اس کی توبہ صحیح ہے؟

جواب:

میں کہتا ہوں اس کی توبہ قبول نہ ہو گی کیونکہ توبہ اس ندامت کا نام ہے جس سے گناہ چھوڑنے کا مضبوط ارادہ پیدا ہوتا ہے اور یہ ایسے شخص کے لیے ہے جو گناہ پر قادر ہو۔ اور جو آدمی گناہ پر قادر ہی نہیں اس کے لیے گناہ کا وجود خود بخود ختم ہو گیا اس کے چھوڑنے سے نہیں۔

لیکن میں کہتا ہوں کہ اگر اس بیماری کے بعد اسے ایسی معرفت حاصل ہو جس سے گذشتہ کئے گئے گناہ کا نقصان متحقق ہو جائے اور اس سے جلن، افسوس اور ندامت پیدا ہو یعنی اگر اسے جماع کی خواہش باقی ہو تو ندامت کی جلن اس شہوت کا قلع قمع کر دے اور اس پر غالب آجائے تو مجھے اس بات کی امید ہے کہ یہ اس کے گناہ کا کفارہ بنے اور اسے مٹا دے کیونکہ اس بات میں اختلاف نہیں ہے کہ اگر وہ عنین بننے سے پہلے توبہ کرتا ہے اور اس کے فوراً بعد مر جاتا تو وہ توبہ کرنے والوں میں شمار ہوتا ہے۔

اور اگر اس پر ایسی حالت طاری نہ ہو جس میں شہوت برانگیختہ ہوتی ہے اور اسباب شہوت کا پورا کرنا آسان ہوتا ہے لیکن وہ توبہ کرنے والا ہوگا کیونکہ اس کی ندامت اس حد تک پہنچ گئی جو اس کے ارادے کو زنا سے پھیرنا ضروری قرار دیتی ہے یا اس کا ارادہ ظاہر ہو جاتا ہے اور جب عنین کے حق میں ندامت کی قوت کا یہاں تک پہنچنا محال نہیں ہے لیکن وہ خود جانتا نہیں کیوں کہ جس آدمی کو کسی چیز کی خواہش نہ ہو وہ ادنیٰ خوف کے ساتھ بھی اپنے نفس کو اس کے چھوڑنے پر قادر سمجھتا ہے۔

اور اللہ تعالیٰ اس کی ضمیر اور ندامت کی مقدار پر مطلع ہے تو ہو سکتا ہے کہ وہ اسے قبول فرمائے بلکہ اس کی قبولیت ظاہر ہے۔ ان تمام باتوں میں حقیقت اس بات کی طرف لوٹتی ہے کہ گناہ کا اندھیرا دل سے دو چیزوں کو مٹا دیتا ہے ایک ندامت کی جلن اور دوسری بات مستقبل میں اسے چھوڑنے کے ذریعے سخت مجاہدہ کرنا۔ اور زوالِ شہوت سے مجاہدہ ممتنع ہو گیا لیکن ندامت کا مضبوط ہونا محال نہیں ہے کیوں کہ ندامت، مجاہدے کے بغیر بھی اسے مٹانے پر قادر ہوتی ہے۔ اگر یہ بات نہ ہوتی تو ہم کہتے کہ توبہ کرنے والا جب تک توبہ کے بعد زندہ نہ رہے اس کی توبہ قبول نہ ہوگی کیوں کہ اسے زندگی میں کئی بار اس شہوت کے سلسلے میں اپنے نفس سے مجاہدہ کرنا پڑے گا لیکن شریعت کا ظاہر اس قسم کی شرط پر بالکل دلالت نہیں کرتا۔

سوال :

فرض کیا دو قسم کے توبہ کرنے والے ہیں ایک وہ ہے جو توبہ کے بعد گناہ کی طرف میلان نہیں رکھتا جب کہ دوسرے کے نفس میں اب بھی میلان باقی ہے لیکن وہ نفس سے مجاہدہ کر کے اسے اس کی طرف جانے سے روکتا ہے اور منع کرتا ہے تو ان میں سے کونسا افضل ہے ؟

جواب :

اس سلسلے میں علماء کا اختلاف ہے حضرت احمد بن ابی الحواری اور ابو سلیمان دارانی کے اصحاب فرماتے ہیں کہ نفس سے مجاہدہ کرنے والا افضل ہے کیوں کہ اسے توبہ کے ساتھ ساتھ مجاہدے کی فضیلت بھی حاصل ہے جب کہ بصرہ کے علماء فرماتے ہیں دوسرا آدمی افضل ہے کیونکہ اگر وہ اپنی توبہ میں کوتاہی بھی کرے پھر بھی وہ اس مجاہد کی نسبت سلامتی کے زیادہ

قریب ہے جس کے مجاہدے میں کوتاہی آسکتی ہے۔ دونوں فریقوں نے جو کچھ فرمایا وہ حق بھی ہے اور کمال حقیقت میں کوتاہی سے خالی بھی نہیں ہے لیکن اس میں حق بات یہ ہے کہ جس شخص کا گناہ کی طرف میلان نہیں رہا اس کی دو حالتیں ہیں پہلی حالت یہ کہ اس کے میلان کا ختم ہونا محض اس وجہ سے ہے کہ نفس شہوت میں کمی آگئی تو اس کے مقابلے میں مجاہد افضل ہے کیونکہ وہ مجاہدے کی وجہ سے چھوڑتا ہے جو اس کی قوتِ نفس پر دلالت کرتا ہے نیز یہ کہ اس کے دین کو اس کی شہوت پر غلبہ حاصل ہے اور یہ قوتِ یقین اور قوتِ دین پر قطعی دلیل ہے۔

اور قوتِ دین سے ہماری مراد وہ ارادہ ہے جو اشارۂ یقین سے برانگیختہ ہوتا ہے اور شیاطین کے ارادے سے برانگیختہ ہونے والی شہوت کا خاتمہ کر دیتا ہے تو مجاہدہ ان دونوں پر قطعی طور پر دلالت کرتا ہے۔

اور یہ کہنا کہ یہ شخص سلامتی کے زیادہ قریب ہے کیوں کہ جب خواہش میں کمی ہوگی تو وہ گناہ کی طرف نہیں لوٹے گا تو یہ بات صحیح ہے لیکن اس کے لیے "افضل" کا لفظ استعمال کرنا صحیح نہیں یہ ایسے ہی ہے جیسے کوئی کہے کہ جسے جماع کی طاقت نہیں وہ اس سے افضل ہے جسے اس کی طاقت ہے کیوں کہ وہ شہوت کے خطرے سے محفوظ ہے اور بچہ، بالغ سے افضل ہے کیوں کہ اسے سلامتی حاصل ہے اور مفلس اس بادشاہ سے افضل ہے جو اپنے دشمنوں پر غالب اور ان کا قلع قمع کرنے والا ہے کیوں کہ مفلس کا کوئی دشمن نہیں ہوتا اور بادشاہ بعض اوقات مغلوب ہو جاتا ہے اگرچہ کئی بار غالب ہو۔

ایسی باتیں وہی لوگ کرتے ہیں جن کا دل محفوظ ہے اور ان کی نگاہ صرف ظاہر پر ہوتی ہے وہ سیدھے سادے لوگ ہوتے ہیں انہیں معلوم نہیں ہوتا کہ عزت تو خطرناک مقامات پر جانے میں ہے اور بلندی کے لیے یہی شرط ہے کہ وہ دھوکے کے مقامات پر جائے بلکہ یہ تو اس آدمی کے قول کی طرح ہے جو کہتا ہے کہ وہ شکاری جس کے پاس گھوڑا اور کتا نہ ہو وہ شکار کے فن میں افضل ہے اور رکھنے والے سے بلند مرتبہ ہے کیوں کہ اسے گھوڑے کی سرکشی کا خطرہ نہیں ہوتا جس کی وجہ وہ گر جائے اور اس کے اعضا ٹوٹ جائیں اور اس بات سے بھی بے خوف ہوتا ہے کہ کتا اسے کاٹے اور اس پر زیادتی کرے — تو یہ بات غلط ہے۔

بلکہ جس کے پاس گھوڑا یا کتا ہوتا ہے جب وہ مضبوط ہو اور وہ ان کی عمدہ تربیت کا طریقہ جانتا ہو وہ شکار کرنے کی سعادت کی وجہ سے دوسروں سے بلند مرتبہ ہوگا۔

دوسری حالت:

قوتِ یقین کی وجہ سے گناہ کی طرف میلان نہ رہا ہو اور پہلے کی نسبت سچا مجاہدہ کر کے شہوت کے غلبہ کا استیصال کر چکا ہو حتیٰ کہ وہ آدابِ شریعت سے مزین ہو چکا ہو اور اب اس کی خواہش دین کے اشارے کے مطابق ہو اور دین کے اس پر غلبہ کی وجہ سے وہ ٹھہر چکی ہو یہ اس شخص کی نسبت اعلیٰ مرتبہ پر ہے جسے شہوت کے خاتمے کے لیے تکلیف اٹھانا پڑے۔

اور کسی شخص کا یہ کہنا کہ اسے مجاہدے کی فضیلت حاصل نہ ہوگی، جہاد و مجاہدے کے مقصود سے ناواقف ہونے کی

دلیل ہے کیوں کہ مجاہدہ بعینہٖ مقصود نہیں ہے بلکہ مقصود تو دشمن کو اپنے آپ سے دُور کرنا ہے تاکہ وہ تجھے اپنی خواہشات کی طرف نہ کھینچے اور اگر وہ تجھے اپنی طرف کھینچنے سے عاجز ہو تو دین کے راستے کی طرف چلنے سے نہ روکے پس جب تم اس پر غالب آجاؤ اور مقصود حاصل ہو جائے تو تم نے کامیابی حاصل کر لی اور جب تک تم مجاہدہ میں رہو گے کامیابی کے طالب شمار ہو گے اس کی مثال اس طرح ہے جیسے کسی نے دشمن پر غلبہ پایا اور اسے اپنا غلام بنا لیا ہو جب کہ دوسرا ابھی تک لڑ رہا ہو اور لڑائی میں مصروف ہو اسے معلوم نہیں کہ وہ کیسے محفوظ رہے گا۔

نیز اس کی مثال اس شخص کی طرح ہے جس نے شکاری کتے کو سکھا لیا اور گھوڑے کو سدھا لیا ہو اور اب وہ دونوں اس کے پاس سوئے ہوئے ہوں کتے نے کاٹنا اور گھوڑے نے سرکشی ترک کر دی ہو جب کہ دوسرا شخص وہ ہے جو ابھی تک ان کو سکھانے میں مشغول ہے۔

اس سلسلے میں ایک فریق کے قدم پھسل گئے انہوں نے گمان کیا کہ جہاد ہی مقصودِ اعلیٰ ہے انہیں معلوم نہیں کہ یہ تو راستے کی خرابیوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کا نام ہے اور کچھ دوسرے لوگوں نے گمان کیا کہ خواہشات کا مکمل طور پر قلع قمع کرنا مقصود ہے حتیٰ کہ بعض لوگوں نے اپنے نفسوں پر اس بات کا تجربہ کیا لیکن وہ اس سے عاجز رہے اور کہنے لگے یہ محال ہے چنانچہ انہوں نے شریعت کو جھٹلا دیا اور اباحت کے راستے پر چل پڑے اور خواہشات کی اتباع شروع کر دی یہ تمام باتیں جہالت اور گمراہی ہیں ہم نے ریاضتِ نفس کے بیان میں ذکر کیا ہے

سوال:

ان دو توبہ کرنے والوں کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے جن میں سے ایک نے اپنے گناہ بھلا دیئے اور وہ غور و فکر میں مشغول نہ ہوا جب کہ دوسرے نے ان کو پیشِ نظر رکھا اور وہ ہمیشہ غور و فکر کرتا ہے اور ان پر ندامت کی آگ میں جلتا ہے تو ان میں سے کونسا افضل ہے؟

جواب:

اس سلسلے میں بھی اختلاف ہے بعض حضرات نے فرمایا حقیقتِ توبہ یہ ہے کہ تم اپنے گناہوں کو اپنے پیشِ نظر رکھو۔ کسی دوسرے نے کہا کہ حقیقتِ توبہ گناہوں کو بھلانے کا نام ہے ہمارے نزدیک یہ دونوں مذہب حق ہیں لیکن دو نوں حالتوں کی طرف اضافت کرتے ہوئے اور صوفیوں کا کلام ہمیشہ ناقص ہوتا ہے کیوں کہ ان میں سے ہر ایک کی عادت ہے کہ وہ صرف اپنے حال کی خبر دیتا ہے دوسروں کے معاملے کی ان کو فکر نہیں ہوتی پس حال کے اختلاف سے جواب بھی مختلف ہوتے ہیں اور یہ ارادے، ہمت اور کوشش کی طرف نسبت کے حوالے سے نقصان ہے کیوں کہ ایسا آدمی اپنی حالت پر ہی نظر رکھتا ہے دوسرے کے حال سے اسے غرض نہیں ہوتی کیوں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف اس کا راستہ محض اس کا نفس ہے

اور اس کی منازل اس کے احوال ہیں اور بعض اوقات بندے کا اللہ تعالیٰ کی طرف راستہ علم سے ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف راستے بے شمار ہیں اگرچہ قرب و بُعد کے لحاظ سے ان میں اختلاف ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ کون زیادہ صحیح راستے پر ہے جب کہ اصل ہدایت میں وہ مشترک ہوتے ہیں۔

تو میں (امام غزالی رحمہ اللہ) کہتا ہوں کہ گناہ کا تصور، اس کا ذکر اور اس پر رونا دھونا مبتدی کے حق میں کمال ہے کیوں کہ جب وہ اسے بھول جائے گا تو اس کا جلنا زیادہ نہیں ہوگا پس اس کا ارادہ اور سلوک کے راستے کی طرف شوق نہیں ہوگا یہی وجہ ہے کہ اس سے خوف اور غم جو اس قسم کے گناہ کی طرف لوٹنے سے روکتا ہے، زائل ہو جائے اور سالک کے لیے یہ نقصان کی بات ہے کیوں کہ یہ ایسی مشغولیت ہے جو سلوکِ طریق سے مانع ہے بلکہ سالک کے لیے مناسب یہی ہے کہ وہ سلوک کے علاوہ کسی طرف توجہ نہ دے اور اگر اس کے لیے منزل تک پہنچنے کے آثار واضح ہوں، انوار معرفت اور غیب کی چمک منکشف ہو تو وہ اس میں مستغرق ہو جائے گا اور اس کے لیے دوسری جانب توجہ کی گنجائش نہ ہوگی اور یہ کمال ہے۔

بلکہ اگر کسی مسافر نے کسی شہر کی طرف جانا ہو اور راستے میں نہر پڑتی ہو جس کا پل پہلے ہی اس نے توڑ دیا ہو تو وہ ایک مدت تک اسے عبور کرنے کی مشقت اٹھائے گا اور اگر وہ نہر کو عبور کر کے کنارے پر بیٹھ جائے اور پل کے ٹوٹنے پر افسوس کا اظہار کرے تو یہ دوسری رکاوٹ ہے جو پہلی رکاوٹ سے فراغت کے بعد پیش آئی ہے۔

ہاں اگر جانے کا وقت نہ ہو مثلاً رات کا وقت ہو اور چلنا مشکل ہو یا اس کے راستے میں نہریں ہوں اور اسے وہاں سے گزرنے کا خوف درپیش ہو تو پل کے ٹوٹنے پر رات بھر روتا رہے تا کہ طویل غم کی وجہ سے دوبارہ ایسا کام کرنے کا ارادہ نہ کرے۔ اور اگر اسے تنبیہ ہو چکی ہو اور نفس پر پختہ یقین ہو کہ وہ آئندہ ایسا کام نہیں کرے گا، تو پل کی یاد میں رونے اور افسوس کرنے کی بجائے راستے پر چلنا زیادہ بہتر ہے اور یہ بات وہی شخص جانتا ہے جو راستے کی معرفت رکھتا ہے۔

نیز وہ مقصد، رکاوٹ اور راستے پر چلنے سے واقف ہو ہم نے علم کے بیان میں اشارتاً اور ہلاکت خیز امور کے بیان میں بھی ذکر کیا ہے۔

بلکہ ہم کہتے ہیں کہ دوام توبہ کی شرط یہ ہے کہ اُخروی نعمتوں کے بارے میں زیادہ غور و فکر کرے تاکہ اس کی رغبت زیادہ ہو لیکن اگر وہ نوجوان ہے تو ان چیزوں کے بارے میں زیادہ غور نہ کرے جن کی مثل دنیا میں ہے مثلاً حوریں اور محلات وغیرہ کیوں کہ بعض اوقات یہ فکر رغبت کو حرکت دیتا ہے اور وہ فوری طور پر ملنے والی نعمت طلب کرتا ہے اور اُخروی نعمت پر راضی نہیں ہوتا بلکہ اسے چاہیے کہ وہ صرف دیدار خداوندی کی لذت کے بارے میں سوچے کیوں کہ دنیا میں اس کی کوئی مثل نہیں ہے اسی طرح بعض اوقات گناہ کی یاد شہوت کو حرکت دیتی ہے اور مبتدی کو بھی اس سے نقصان پہنچتا ہے اس وقت بھول جانا ہی افضل ہے۔

اور تمہیں اس بات کو سچ سمجھنے سے اس لیے اعراض نہیں کرنا چاہیئے کہ حضرت داؤد علیہ السلام اپنی خطا پر روئے تھے کیوں کہ اپنے آپ کو انبیاء کرام علیہم السلام پر قیاس کرنا انتہائی کج فہمی ہے کیوں کہ وہ بعض اوقات اپنے اقوال وافعال کو اس قدر نیچے لے آتے ہیں کہ وہ درجات ان کی امتوں کے لائق ہیں وہ تو ہدایت دینے کے لیے مبعوث ہوئے ہیں پس وہ امت کی تعلیم اور نفع کے لیے اپنے مقام سے نیچے اتر کر بعض کام کرتے ہیں (مثلاً وہ گناہوں کی بخشش مانگتے ہیں حالانکہ وہ (انبیاء کرام) گناہوں سے معصوم ہوتے ہیں تو یہ محض امت کی تعلیم کے لیے ہوتا ہے کسی نبی کے استغفار سے یہ سمجھنا کہ وہ بھی معاذاللہ گناہ گار تھے انتہائی درجہ کی جہالت ہے ۱۲ ہزاروی)

کئی مشائخ اپنے مرید کو کسی ریاضت کا حکم دیتے ہیں تو خود اس کے ساتھ شریک ہوتے ہیں حالانکہ وہ مجاہدہ سے فراغت کے بعد اس سے بے نیاز ہوتے ہیں وہ اپنے نفس کی تادیب کر چکے ہوتے ہیں لیکن مرید کی آسانی کے لیے اس طرح کرتے ہیں۔ اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَمَا اِنِّیْ لَا اَنْسٰی وَلٰکِنْ اُنَسّٰی لِاُشَرِّعَ۔	سنو! میں بھولتا نہیں بلکہ مجھے بھلایا جاتا ہے تاکہ تمہارے لیے جواز کی دلیل ہو۔ (۱)

اور ایک روایت میں ہے کہ میں اس لیے بھولتا ہوں کہ تمہارے لیے سنت بنے اور اس بات سے تمہیں تعجب نہیں ہونا چاہیے کیونکہ امتیں انبیاء کرام کی شفقت کے سائے میں اسی طرح ہوتی ہیں جیسے بچے باپ کے سایہ عاطفت میں ہوتے ہیں اور جیسے جانور چرواہے کی حمایت میں ہوتے ہیں (۲)

کیا تم نہیں دیکھتے کہ جب باپ اپنے بچے کو بولنا سکھاتا ہے تو کیسے وہ بچوں کی طرح باتیں کرتا ہے جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے فرمایا "کخ کخ" کسی چیز کے کھانے پینے سے بچوں کو منع کرنے کے لیے بولا جاتا ہے) یہ اس وقت کی بات ہے جب انہوں نے صدقہ کی ایک کھجور اٹھا کر منہ میں ڈال لی تھی۔ (۳)

حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی فصاحت اس بات سے کوتاہ نہ تھی کہ آپ فرماتے یہ کھجور پھینک دو یہ حرام ہے لیکن جب آپ نے دیکھا کہ بچہ آپ کی بات سمجھ نہیں سکے گا تو فصاحت کو چھوڑ کر توتلی زبان کی طرف رجوع کیا بلکہ جو شخص کسی بکری یا پرندے کو سکھاتا ہے تو بکری کی آواز اور سیٹی کی آواز نکالتا ہے اور یہ اس کی تعلیم کی وجہ سے ہے تو تمہیں اس قسم کی باریک باتوں سے غافل نہیں ہونا چاہیے کیوں کہ یہاں عارفین کے قدم پھسلتے ہیں غافل لوگوں کا ذکر ہی کیا ہے ہم اللہ تعالیٰ کے لطف و کرم

---

(۱) موطا امام مالک ص ۸۴ کتاب السہو

(۲) سنن ابی داؤد جلد اول ص ۲ کتاب الطہارۃ

(۳) صحیح بخاری جلد اول ص ۲۰۲ کتاب الزکوٰۃ

سے حسن توفیق کا سوال کرتے ہیں۔

دوامِ توبہ کے سلسلے میں بندوں کی اقسام

جان لو! توبہ کرنے والے چار طبقات میں تقسیم ہوتے ہیں۔

پہلا طبقہ:

گناہ گار توبہ کرے اور آخر عمر تک توبہ پر قائم رہے اس طرح وہ اپنی کوتاہی کا تدارک کرتا ہے اور اس کا نفس اسے گناہ کی طرف رجوع کرنے کی دعوت نہیں دیتا البتہ وہ لغزشیں ہوتی رہتی ہیں جن سے عام طور پر انسان خالی نہیں ہوتا جب تک نبوت کے رتبہ پر فائز نہ ہو ـــــ توبہ توبہ پر استقامت ہے اور ایسا شخص نیکیوں میں سبقت لے جانے والا اور برائیوں کو نیکیوں میں بدلنے والا ہوتا ہے اس توبہ کو توبۃ النصوح کہتے ہیں اور یہ نفس، نفس مطمئنہ کہلاتا ہے جو اپنے رب کی طرف یوں لوٹتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے راضی اور اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہوتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی میں اسی طرف اشارہ ہے۔ آپ نے فرمایا۔

سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ الْمُسْتَهْتِرُوْنَ بِذِكْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَضَعَ الذِّكْرُ عَنْهُمْ اَوْزَارَهُمْ فَوَرَدُوْا الْقِيَامَةَ خِفَافًا۔ (۱)

اللہ تعالیٰ کا بہت زیادہ ذکر کرنے والے اور اس میں اور اس پر فریفتہ ہونے والوں سے ذکر الٰہی ان کے بوجھ اتار دیتا ہے تو وہ قیامت کے دن ہلکے بوجھ سے آئیں گے۔

اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ یہ لوگ بوجھوں کے نیچے دبے ہوئے تھے اور ذکر خداوندی نے ان سے یہ بوجھ اتار دیئے۔

خواہشات سے مزاحمت کے اعتبار سے ان لوگوں کے کئی طبقات ہیں کچھ توبہ کرنے والے ایسے ہیں کہ معرفت کے غلبہ کے نیچے ان کی خواہشات دب جاتی ہیں تو ان کا نزاع کم ہو جاتا ہے اور ان کے سلوک کے راستے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی اور بعض وہ ہیں جو نفس کے نزاع سے خالی نہیں ہوتے لیکن وہ مجاہدۂ نفس اور شہوات کے رد میں تاخیر کرتے ہیں۔

پھر نزاع کے درجات بھی کثرت و قلت اور اختلاف مدت و اختلاف انواع کے اعتبار سے مختلف ہوتے ہیں اسی طرح طول عمر کی وجہ سے بھی اختلاف ہوتا ہے بعض وہ ہوتے ہیں کہ توبہ کرتے ہی فوت ہو جاتے ہیں ایسے لوگ قابل رشک ہوتے ہیں کیوں کہ وہ سلامتی کے ساتھ اور کوتاہی کے ارتکاب سے پہلے ہی رخصت ہو گئے جب کہ بعض وہ ہوتے ہیں جو توبہ کے بعد عرصہ دراز تک زندہ رہتے ہیں ان کا مجاہدہ اور صبر تادیر رہتا ہے ان کی استقامت بھی زیادہ ہوتی ہے اور نیکیوں میں بھی اضافہ

---

(۱) جامع ترمذی ص ۵۱۰، ابواب الدعوات

ہوتا ہے ان لوگوں کا حال افضل و اعلیٰ ہوتا ہے کیوں کہ ہر گناہ کو آنے والی نیکی مٹا دیتی ہے حتیٰ کہ بعض علماء نے فرمایا کہ گناہ گار نے جس گناہ کا ارتکاب کیا وہ اس وقت تک معاف نہیں ہوتا جب تک وہ شخص صدقِ شہوت کے ساتھ اس پر دس مرتبہ قادر نہ ہو پھر اس سے صبر کرے اور محض خوفِ خداوندی کی وجہ سے شہوت کو توڑ دے۔

یہ شرط بعید از قیاس ہے لیکن اگر اسے فرض کیا جائے تو اس کے عظیم اثر کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن کمزور مرید کو اس راستے پر نہیں چلنا چاہیے اس طرح شہوت برانگیختہ ہوگی اور اسباب حاضر ہوں گے حتیٰ کہ وہ قادر ہو جائے گا پھر اس سے باز رہنے کی طمع کرے گا۔ کیوں کہ اس بات کا خوف موجود ہے کہ شہوت کی باگ اس کے اختیار سے باہر ہو جائے اس طرح وہ گناہ کی طرف بڑھے گا اور توبہ ٹوٹ جائے گی۔ بلکہ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایسے اسباب کے پیدا کرنے سے گریز کرے جو اس گناہ کو آسان کرنے والے ہیں حتیٰ کہ اپنے اوپر ان کا راستہ بند کر دے اور اس کے ساتھ شہوت کو توڑنے کی کوشش کرے جس قدر ہو سکے تاکہ شروع سے اس کی توبہ محفوظ رہے۔

دوسرا طبقہ:

یہ ایسا توبہ کرنے والا ہے جو اصل عبادات کی بجا آوری اور کبیرہ گناہوں کو چھوڑنے میں استقامت کا راستہ اختیار کرتا ہے لیکن پھر بھی ایسے گناہوں سے خالی نہیں ہوتا جو قصد و ارادہ کے بغیر ہو جاتے ہیں یعنی وہ ان گناہوں میں پھنس جاتا ہے وہ ارادے سے ان کا اقدام نہیں کرتا بلکہ جب وہ ان گناہوں کا ارتکاب کرتا ہے تو اپنے نفس کو ملامت کرتا، نادم ہوتا اور افسوس کا اظہار کرتا ہے، بلکہ وہ اپنے اس عزم کی تجدید کرتا ہے کہ وہ اس گناہ کے اسباب سے بچتا رہے گا یہ نفس، نفس لوامہ (ملامت کرنے والا) کہلانے کے زیادہ لائق ہے کیوں کہ یہ آدمی کو ان بُرے احوال پر ملامت کرتا ہے جو بے ارادہ ہو جاتے ہیں ارادے اور قصد سے نہیں ہوتے، یہ بھی ایک بلند مرتبہ ہے اگرچہ پہلے مرتبہ کے مقابلے میں کم ہے۔

توبہ کرنے والوں کا عام حال یہی ہوتا ہے کیوں کہ انسان کی فطرت میں شر موجود ہے وہ بہت کم اس سے الگ ہوتی ہے۔ انسان کی انتہائی کوشش یہی ہے کہ وہ خیر کو شر پر غالب کرے تاکہ اس کے نامہ اعمال کا نیکیوں والا پلڑا بھاری ہو اور نیکیوں کا وزن زیادہ ہو جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ گناہوں کا پلڑا بالکل ہی خالی ہو تو یہ بات نہایت بعید ہے، ان لوگوں سے اللہ تعالیٰ کا اچھا وعدہ ہے ارشادِ خداوندی ہے۔

اَلَّذِیْنَ یَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ۔ (۱)

وہ لوگ جو کبیرہ گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے بچتے ہیں سوائے چھوٹے گناہوں کے تو بے شک تمہارا رب وسیع مغفرت والا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ النجم آیت ۳۲

توہر وہ چھوٹا گناہ کہ آدمی کا دل اس پر نہ جمے تو وہ اس لائق ہے کہ اسے لمم قرار دیا جائے جس کو معاف کیا گیا ہے۔
ارشاد خداوندی ہے:

وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللَّهَ فَاسْتَغْفَرُوا لِذُنُوبِهِمْ۔ (۱)

اور وہ لوگ جو بے حیائی کا ارتکاب کرتے ہیں یا اپنے نفسوں پر ظلم کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے اور اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرتے ہیں۔

تو اس کے باوجود کہ ان لوگوں نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا اللہ تعالیٰ نے ان کی تعریف فرمائی ہے کیوں کہ وہ لوگ نادم ہوتے اور اپنے نفسوں کو ملامت کرتے ہیں اسی قسم کے مرتبہ کی طرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول میں اشارہ ہے۔
حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

خِيَارُكُمْ كُلُّ مُفْتَتَنٍ تَوَّابٍ۔ (۲)

تم میں سے بہترین آدمی وہ ہے جو گناہ میں مبتلا ہونے کی صورت میں توبہ کرے۔

اور ایک دوسری حدیث میں ہے:

اَلْمُؤْمِنُ كَالسُّنْبُلَةِ يَفِيءُ أَحْيَانًا وَيَمِيلُ أَحْيَانًا۔ (۳)

مومن گندم کی بالی کی طرح ہے کبھی لوٹا کرتا ہے کبھی جھکتا ہے۔

اور ایک دوسری حدیث میں ہے۔

لَا بُدَّ لِلْمُؤْمِنِ مِنْ ذَنْبٍ يَأْتِيهِ الْفَيْنَةَ بَعْدَ الْفَيْنَةِ۔ (۴)

مومن کے لیے ضروری ہے کہ کبھی کبھار اس سے گناہ سرزد ہو تاکہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے اس کا یہ مطلب نہیں کہ قصداً گناہ کرے ہزاروی)

یہ سب اس بات کے قطعی دلائل ہیں کہ اس قدر گناہ توبہ کو نہیں توڑتا اور ایسا شخص گناہ پر اصرار کرنے والوں میں شامل نہیں ہوتا اور جو شخص ایسے لوگوں کو درجۂ تائبین سے مایوس کرے وہ اس ڈاکٹر کی طرح ہے جو تندرست آدمی کو دائمی صحت سے مایوس کرتا ہے کیوں کہ وہ بار بار گرم پھل اور کھاتے کھاتا ہے لیکن وہ ہمیشہ نہیں کھاتا اور یہ شخص اس فقیہ کی طرح ہے

---

(۱) قرآن مجید سورۂ آل عمران آیت ۱۳۵
(۲) شعب الایمان جلد ۵ ص ۴۱۸ حدیث ۷۱۲۰
(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۳۹۴، ۳۸۵، مرویات جابر
(۴) سنن ابن ماجہ جلد ۳ ص ۲۲۳

جو فقہ کے کسی طالب علم کو فقہاء کے درجہ پر پہنچنے سے مایوس کرتا ہے کیوں کہ وہ کبھی کبھی سبق کا تکرار نہیں کرتا حالانکہ وہ عام طور پر کوتاہی نہیں کرتا یہ بات ڈاکٹر اور فقیہ کی کوتاہی اور ناقص ہونے پر دلالت ہے بلکہ دین کا فقیہ تو وہ ہوتا ہے جو مخلوق کو سعادتوں کے درجات کے حصول سے صرف اس وجہ سے مایوس نہیں کرتا کہ وہ کبھی کبھی گناہ کا ارتکاب کرتے ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

كُلُّ بَنِيْ آدَمَ خَطَّاءُوْنَ وَخَيْرُ الْخَطَّائِيْنَ التَّوَّابُوْنَ الْمُسْتَغْفِرُوْنَ (۱)

تمام انسان غلطی کرتے ہیں لیکن بہترین خطاکار وہ ہیں جو توبہ کرتے اور بخشش مانگتے ہیں۔

نیز آپ نے ارشاد فرمایا۔

اَلْمُؤْمِنُ وَاهٍ رَاقِعٌ فَخَيْرُهُمْ مَنْ مَاتَ عَلٰى رَقْعِهٖ۔ (۲)

مومن پھاڑنے والا پیوند لگانے والا ہوتا ہے اور ان میں سے بہتر وہ ہے جو پیوند لگاتے لگاتے فوت ہو۔

یعنی گناہ کے ذریعے اپنے ایمان کو پھاڑتا ہے اور توبہ و ندامت کے ذریعے پیوند لگاتا ہے ارشاد خداوندی ہے

اُولٰئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ۔ (۳)

ان لوگوں کو دوگنا اجر دیا جائے گا کیونکہ انہوں نے صبر کیا اور وہ نیکی کے ذریعے برائی کو دور کرتے ہیں۔

تو اللہ تعالیٰ نے گناہ نہ ہونے کے باعث تعریف نہیں فرمائی۔

تیسرا طبقہ:

وہ لوگ جو توبہ کرکے ایک عرصہ تک اس پر استقامت اختیار کرتے ہیں پھر بعض گناہوں میں ان پر خواہش غالب آجاتی ہے تو وہ قصداً وارادے سے اس گناہ کا ارتکاب کرتے ہیں کیوں کہ غلبۂ شہوت کی وجہ سے وہ عاجز ہو جاتے ہیں لیکن اس کے باوجود وہ ہمیشہ عبادت وطاعت میں مصروف رہتے ہیں اور قدرت اور خواہش کے باوجود گناہوں کو چھوڑ دیتے ہیں ان پر صرف یہ ایک یا دو خواہشیں غالب آتی ہیں لیکن اس کے باوجود یہ لوگ اس بات کی خواہش رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں اس خواہش کو ختم کرنے کی طاقت دے اور اس کے شر سے بچائے وہ اس خواہش کو پورا کرتے وقت بھی یہ تمنا کرتے ہیں اور جب اس سے فارغ ہوتے ہیں تو نادم ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کاش میں ایسا نہ کرتا اور میں عنقریب اس سے توبہ کروں گا اور اس شہوت کے خاتمہ کے لیے نفس سے لڑوں گا لیکن اس کا نفس اسے ٹالتا رہتا ہے اور بار بار اپنی توبہ کو توڑتا ہے یہ وہ

---

(۱) سنن ابن ماجہ جلد

(۲) شعب الایمان جلد ۵ ص ۴۱۹ حدیث ۷۱۲۲

(۳) قرآن مجید، سورۃ القصص آیت ۵۴

نفس ہے جسے نفس مسولہ گمراہ کرنے والا نفس کہا گیا ہے اور ایسا آدمی ان لوگوں میں سے ہے جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا۔ (۱)

اور کچھ دوسرے لوگ ہیں جنہوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کیا اور انہوں نے اچھے اور برے اعمال کو باہم ملا دیا۔

تو ایسا آدمی جو عبادت واطاعت بھی کرتا ہے اور جس برائی کا مرتکب ہوتا ہے اسے ناپسند بھی کرتا ہے اس لیے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو بخش دے لیکن توبہ میں تاخیر کی وجہ سے اس کا انجام خطرناک بھی ہے کیوں کہ ہوسکتا ہے توبہ سے پہلے مر جائے اور اللہ تعالیٰ جو چاہے فیصلہ فرمائے۔

اب اگر اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کا تدارک کرے اس کے نقصان کو پورا کر دے اور اس کی توبہ قبول فرمائے تو وہ سابقین کے ساتھ مل جائے گا اور اگر اس پر بدبختی اور شہوت غالب آئے گی تو یہ خوف ہے کہ خاتمے کے وقت ازلی قول ،صادق آجائے کیوں جب علم حاصل کرنے والا علم کے مشاغل سے احتراز کرتا ہے تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ازل میں اسے جاہلوں میں لکھا گیا ہے ۔تو اس کے حق میں امید کمزور ہو جاتی ہے اور جب اس کے لیے تحصیل علم کے اسباب کا دوام آسان ہوتا ہے تو یہ اس بات کی دلالت ہوتی ہے کہ ازل میں اس کے لیے لکھ دیا گیا ہے کہ یہ علماء میں سے ہے اسی طرح اخروی سعادتوں کا ارتباط اور ان کا حصول نیز برائیوں کا تعلق بھی اسباب سے متعلق ہے جس طرح مرض اور صحت غذاؤں اور دواؤں سے متعلق ہیں یونہی نفس کا فقہ سے تعلق کہ اس کے ذریعے بلند مناصب حاصل کرتا ہے سستی چھوڑنے اور نفس کو مسلسل فقہ کا عادی بنانے سے ہے تو جس طرح ریاستی منصب اور عہدۂ قضا نیز علمی سبقت کا استحقاق اسی نفس کو ہوتا ہے جو طویل فقہی تعلق کی وجہ سے فقیہ بن جاتا ہے پس آخرت کا ملک اور اس کی نعمتوں کا حصول اور رب العالمین کا قرب اسی وقت حاصل ہوتا ہے جب دل طویل تزکیہ اور تطہیر کے باعث سلیم اور طاہر ہو تمام ارباب کے رب کی ازلی تدبیر اسی طرح ہے۔

اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا۔ (۲)

اور قسم ہے نفس کی اور جس نے اس کو ٹھیک بنایا پھر اس کے دل میں گناہ اور تقویٰ ڈالا تحقیق اس نے کامیابی پائی جس نے اسے پاک کیا اور وہ نامراد ہوا جس نے اسے گناہ میں چھپایا۔

تو جب بندہ گناہ میں مبتلا ہوتا ہے تو گناہ نقد اور توبہ ادھار ہوتی ہے ۔اور یہ ذلت ورسوائی کی علامت ہے نبی اکرم صلی اللہ

---

(۱) قرآن مجید سورۃ توبہ آیت ۱۰۲

(۲) قرآن مجید سورۃ والشمس آیت ۷تا ۱۰

علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

إِنَّ الْعَبْدَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ سَبْعِيْنَ سَنَةً حَتّٰى يَقُوْلَ النَّاسُ إِنَّهُ مِنْ أَهْلِهَا وَلَا يَبْقَى بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ إِلَّا شِبْرٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ فَيَدْخُلُهَا۔ (۱)

"بندہ ستر سال جنتیوں والے عمل کرتا ہے حتیٰ کہ لوگ کہتے ہیں یہ اہل جنت سے ہے اور اس کے اور جنت کے درمیان صرف ایک بالشت کا فاصلہ رہ جاتا ہے تو اس پر تقدیر ازلی سبقت کرتی ہے تو وہ جہنمیوں والے عمل کرنے لگتا ہے پس جہنم میں داخل ہو جاتا ہے"

تو توبہ سے پہلے خاتمہ کا خوف ہوتا ہے اور ہر سانس پہلی زندگی کے لئے خاتمہ ہے کیوں کہ ممکن ہے موت اس سے ملی ہوئی ہو لہٰذا تمام سانسوں کی حفاظت کرنی چاہیے ورنہ ممنوع کام میں پڑ جائے گا اور اس وقت دائمی حسرت میں مبتلا ہوگا جب اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

چوتھا طبقہ:

یہ لوگ توبہ کر کے ایک مدت تک اس پر استقامت اختیار کرتے ہیں پھر گناہ یا گناہوں کی طرف لوٹ آتے ہیں اور نئے سرے سے توبہ نہیں کرتے اور نہ ہی اپنے فعل پر افسوس کا اظہار کرتے ہیں بلکہ غافل آدمی کی طرح خواہشات کی مکمل طور پر اتباع کرتے ہیں یہ بھی گناہوں پر اصرار کرنے والوں میں سے ہے یہ نفس، برائی کا حکم دینے والا نفس ہے جو بھلائی سے بھاگتا ہے اس کو برے خاتمہ کا خوف ہوتا ہے اور اس کا معاملہ مشیت خداوندی کی حوالے ہوتا ہے اگر اس کا خاتمہ برائی پر ہو تو وہ ایسا بدبخت ہے جس کی بدبختی کی انتہا نہیں اور اگر بھلائی پر خاتمہ ہو حتیٰ کہ اسے توحید پر موت آئے تو جہنم سے چھٹکارے کی امید ہوتی ہے اگرچہ ایک عرصہ کے بعد ہی ہو اور یہ بات بھی محال نہیں ہے کہ کسی خفیہ سبب کے باعث اسے عام معافی میں شامل کیا جائے جیسے کوئی شخص خزانے کے لیے کسی ویران جگہ چلا جائے تو اتفاقاً اسے خزانہ مل جائے تو یہ بات محال نہیں ہے اسی طرح وہ کسی گھر میں اس لیے بیٹھے کہ سیکھنے کے بغیر اسے اللہ تعالیٰ کوئی علوم کا عالم بنا دے جیسے انبیاء کرام علیہم السلام کا معاملہ ہے۔

تو عبادات کے ذریعے بخشش طلب کرنا، محنت اور تکرار کے ذریعے علم حاصل کرنے اور تجارت نیز سمندری سفر کے ذریعے طلب مال کی طرح ہے جب کہ خراب اعمال کے ساتھ محض امید پر طلب مغفرت ایسے ہی ہے جیسے ویران جگہ خزانہ تلاش کرنا اور فرشتوں کی تعلیم کے ذریعے علوم تلاش کرنا (ایسا ممکن ہے لیکن عام طور پر یوں نہیں ہوتا) کوشش کے بعد علم کا حصول، تجارت کرنے والے کو مالداری اور نماز پڑھنے اور روزہ رکھنے والے کی بخشش ہو جانا بھی غنیمت ہے پس علماء کے علاوہ تمام لوگ محروم ہیں اور باعمل علماء کے علاوہ باقی تمام علماء محروم ہیں اور عمل کرنے والے بھی سب محروم ہیں سوائے مخلص لوگوں کے

---

(۱) صحیح بخاری جلد اول ص ۴۶۹ کتاب الانبیاء/ مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۲۷۸ مرویات ابی ہریرہ

اور مخلص لوگوں کے لیے بھی بہت بڑا خطرہ ہے۔

تو جس طرح وہ شخص جو اپنے گھر کو ویران اور مال کو ضائع کر دیتا ہے اپنے آپ کو اور اہل وعیال کو بھوکا رکھتا ہے اس کا خیال یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے فضل کا منتظر ہے کہ وہ اسے خزانہ عطا فرمائے گا جسے وہ ویران گھر میں زمین کے نیچے پائے گا تو ایسا شخص عقلمند لوگوں کے نزدیک بیوقوف اور دھوکے میں شمار ہوتا ہے اگرچہ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور فضل میں وہ چیز محال نہیں ہے جس کا وہ منتظر ہے اسی طرح جو آدمی اللہ تعالیٰ کے فضل سے مغفرت کی انتظار کرتا ہے حالانکہ وہ عبادات میں کوتاہی کرتا ہے گناہوں پر مصر ہے اور مغفرت کے راستے پر نہیں چلتا تو وہ بھی اہل دل لوگوں کے ہاں بے عقل لوگوں میں شمار ہوتا ہے تو ایسے بے عقل شخص اور نیکی کو ضائع کرنے کے سلسلے میں اپنی حماقت کو رواج دینے والے پر تعجب ہے کہ جب وہ کہتا ہے اللہ تعالیٰ کریم ہے اور اس کی جنت میرے جیسے لوگوں کے لیے تنگ نہیں ہے اور نہ ہی میرے گناہ نقصان دیں گے۔ پھر تم دیکھو گے کہ وہ سمندر میں سفر کرتا ہے اور دینار (روپے پیسے) کی طلب میں مشکلات برداشت کرتا ہے اور جب اسے کہا جاتا ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ کریم ہے اور اس کے خزانوں کے دینار تمہارے فقر سے قاصر نہیں ہیں اور تجارت سے تمہاری سستی تمہیں نقصان نہیں پہنچائے گی لہٰذا تو گھر میں بیٹھ جائے شاید وہ تجھے یہاں ہی ایسے طریقے پر رزق عطا کرے جو تیرے وہم وگمان میں بھی نہیں ہے۔

تو وہ شخص اس قائل کا مذاق اڑائے گا اور اسے بیوقوف قرار دیتے ہوئے کہے گا یہ کیسی حرص ہے؟ آسمان سے سونا اور چاندی نہیں برستے یہ چیزیں تو کمانے سے حاصل ہوتی ہیں اللہ تعالیٰ جو مسبب الاسباب ہے اس نے اسی طرح ان کو مقدر فرمایا ہے اور اپنا طریقہ اسی طرح جاری کیا اور اس کی سنت (طریقے) میں کوئی تبدیلی نہیں ہوسکتی اور وہ دھوکے کا شکار شخص یہ بات نہیں جانتا کہ آخرت اور دنیا کا رب ایک ہی ہے اور اس کی سنت دونوں جہانوں میں تبدیل نہیں ہوتی اور اس نے فرمایا ہے۔

وَاَنْ لَّیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی۔ اور انسان کے لیے وہی کچھ ہے جو اس نے محنت کی۔

تو وہ کس طرح یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ آخرت میں کریم ہے اور دنیا میں کریم نہیں ہے۔ اور وہ کس طرح کہتا ہے کہ مال کمانے میں کوتاہی اس کے کرم کا تقاضا نہیں ہے اور عمل میں کوتاہی کے باوجود دائمی نعمت مل جائے گی اور یہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہے جو اسے کسی محنت کے بغیر آخرت میں عطا فرمائے گا۔ لیکن یہ (دنیوی مال) سخت محنت کے باوجود عام طور پر نہیں ملتا، (وہ یہ بات کہتا ہے لیکن) اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کو بھول جاتا ہے۔

وَفِی السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ اور آسمانوں میں تمہارا رزق ہے اور جس کا تم سے

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ النجم آیت ۳۹

وَمَا تُوعَدُونَ۔ (۱) وعدہ کیا جاتا ہے۔

توہم اندھے پن اور بھٹکنے سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں اور یہ عقیدہ جہالت کے اندھیرے کنویں میں سر کے بل گرنے اور غوطہ لگانے کی وجہ سے ہوتا ہے اور اس قسم کا آدمی اس بات کے لائق ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اس قول کا مصداق ہو۔ ارشاد خداوندی ہے۔

وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الْمُجْرِمُونَ نَاكِسُوا رُءُوسِهِمْ عِندَ رَبِّهِمْ رَبَّنَا أَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا۔ (۲) اور اگر تم دیکھو جب مجرم اپنے رب کے پاس اپنے سروں کو جھکائے ہوئے کہیں گے اے ہمارے رب ہم نے دیکھا اور سنا پس ہمیں واپس لوٹا دے تاکہ ہم اچھے کام کریں۔

یعنی ہم نے دیکھ لیا کہ تو نے جو کچھ کہا تھا وہ سچ ہے یعنی تو نے فرمایا۔

وَأَن لَّيْسَ لِلْإِنسَانِ إِلَّا مَا سَعَىٰ۔ (۳) انسان کے لیے وہی کچھ ہے جس کے لیے اس نے کوشش کی۔

توہمیں واپس بھیج دے تاکہ ہم کوشش کریں۔ لیکن اس وقت واپسی ممکن نہ ہوگی اور اس پر عذاب ثابت ہو جائے گا توہم جہالت اور شک کی دعوت دینے والے (ایسے) امور سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں جو برے انجام کا باعث ہیں۔

فصل

توبہ کرنے والے سے گناہ سرزد ہو تو وہ کیا کرے

جس شخص نے توبہ کرلی ہو اب اگر وہ قصداً یا غلبۂ شہوت وغیرہ کی وجہ سے کسی گناہ کا مرتکب ہو جائے تو اس پر (دوبارہ) توبہ اور ندامت واجب ہے نیز اسے چاہیئے کہ وہ اس گناہ کے مقابل نیکی کے ذریعے کفارہ کی ادائیگی میں مشغول ہو جیسا کہ ہم نے اس کا طریقہ ذکر کیا ہے اور اگر شہوت کے غلبہ کی وجہ سے اس کا نفس ترکِ گناہ کے ارادے پر اس کی مدد نہ کرتا ہو تو وہ دو واجب باتوں میں سے ایک سے عاجز آگیا۔ لہٰذا اسے چاہیے کہ دوسرے واجب کو نہ چھوڑے وہ یہ کہ وہ نیکی کے ذریعے برائی کو دور کرے تاکہ وہ مٹ جائے اب یہ ان لوگوں میں سے ہو جائے گا جن کے اچھے اور برے اعمال ملے

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الذاریات آیت ۲۲

(۲) قرآن مجید، سورۃ السجدہ آیت ۱۲

(۳) قرآن مجید سورہ النجم آیت ۳۹

چلے ہیں۔ وہ نیکیاں جو گناہوں کا کفارہ بنتی ہیں ان کا تعلق دل سے ہوتا ہے یا زبان سے یا وہ اعضاء سے تعلق رکھتی ہیں تو جس عضو سے گناہ کا ارتکاب ہوا ہے یا بدی کے اسباب کا جس سے تعلق ہے اسی سے نیکی عمل میں لائے۔

جہاں تک دل کا تعلق ہے تو مغفرت اور عفو کے حصول کے لیے اللہ تعالیٰ کے ہاں گریہ و زاری کرے اور بھاگے ہوئے غلام کی طرح ذلت کا اظہار کرے حتیٰ کہ سب لوگوں پر اس کی ذلت ظاہر ہو جائے۔

اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ ان کے درمیان تکبر میں کمی کرے کیوں کہ بھاگنے والے غلام کو حق نہیں پہنچتا کہ دوسرے غلاموں پر بڑائی کا اظہار کرے اسی طرح مسلمانوں کے لیے خیرات اور عبادت پر عزم کا قلبی ارادہ ہونا چاہیے۔

اور جہاں تک زبان کا تعلق ہے تو ظلم کا اعتراف کرے اور بخشش طلب کرے اور کہے اسے میرے رب! میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا اور برا عمل کیا پس تو میرے گناہوں کو بخش دے اور استغفار کی تمام اقسام کو عمل میں لائے جیسا کہ ہم نے دعاؤں اور اذکار کے باب میں بیان کیا ہے۔

اور اعضاء کے ساتھ نیکی عبادات اور صدقات ہیں جو مختلف اقسام پر مشتمل ہیں روایات میں اس بات پر دلالت پائی جاتی ہے کہ جب ایک گناہ کے بعد آٹھ اعمال صالحہ لائے جائیں تو معافی کی امید ہوتی ہے چار اعمال کا تعلق دل سے ہے اور یہ، توبہ، توبہ کا عزم، گناہ چھوڑنے کی چاہت اور اس پر گناہ کا خوف نیز اس کی مغفرت کی امید ہے۔

اور چار اعمال کا تعلق اعضاء سے ہے ایک یہ ہے کہ گناہ کے بعد دو رکعتیں پڑھے اس کے بعد ستر بار استغفار کرے اور ایک سو مرتبہ "سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ" (پاک ہے اللہ تعالیٰ جو عظمت والا ہے اور اسی کی تعریف ہے) پڑھے پھر کوئی صدقہ کرے اور اس کے بعد روزہ رکھے۔

بعض روایات میں ہے کہ کامل وضو کر کے مسجد میں جائے اور دو رکعتیں پڑھے۔ (۱)

اور بعض احادیث مبارکہ میں ہے کہ چار رکعات پڑھے (۲)

ایک حدیث شریف میں آیا ہے۔

اِذَا عَمِلْتَ سَيِّئَةً فَاَتْبِعْهَا حَسَنَةً تُكَفِّرْهَا اَلسِّرُّ بِالسِّرِّ وَالْعَلَانِيَةُ بِالْعَلَانِيَةِ۔ (۳)

جب تم سے کوئی برائی ہو جائے تو اس کے بعد نیکی کرو وہ اسے مٹا دے گی پوشیدہ کے بعد پوشیدہ اور علانیہ کے بدلے علانیہ۔

---

(۱) کنز العمال جلد ۴ ص ۲۲۶ حدیث ۱۰۲۷۸

(۲) شعب الایمان جلد اول ص ۲۷۴ حدیث ۶۱۰

(۳) کنز العمال جلد ۱۵ ص ۸۳۴ حدیث ۴۳۰۹۹

اسی لیے کہا گیا ہے کہ پوشیدہ صدقہ رات کے گناہوں کو اور ظاہری صدقہ دن کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔
اور صحیح حدیث میں ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے ایک عورت سے زنا کے علاوہ سب کچھ کیا تو آپ مجھ پر اللہ تعالیٰ کا حکم نافذ کیجئے۔ آپ نے فرمایا کیا تم نے ہمارے ساتھ صبح کی نماز نہیں پڑھی؟ اس نے کہا جی ہاں پڑھی ہے آپ نے فرمایا بے شک نیکیاں گناہوں کو دور کر دیتی ہیں۔ (۱)
یہ حدیث شریف اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ عورتوں کے ساتھ زنا کے علاوہ جو حرکت کی (مثلاً بوسہ وغیرہ) تو وہ صغیرہ گناہ ہے کیوں کہ نماز کو اس کا کفارہ قرار دیا گیا۔ اور اس سلسلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔

اَلصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ كَفَّارَاتٌ لِمَا بَيْنَهُنَّ إِلَّا الْكَبَائِرَ۔ (۲)
پانچ نمازیں درمیان کے گناہوں کے لیے کفارہ ہیں سوائے کبیرہ گناہوں کے،

تو ان تمام احوال کے مطابق مناسب یہی ہے کہ ہر دن اپنا محاسبہ کرے اور تمام گناہوں کا حساب لگا کر نیکیوں کے ذریعے ان کو دور کرنے کی کوشش کرے۔

سوال:

جب تک (گناہوں پر) اصرار کا عقیدہ حل نہ ہو استغفار کیا فائدہ دے گا؟ جب کہ حدیث شریف میں ہے۔

اَلْمُسْتَغْفِرُ مِنَ الذَّنْبِ وَهُوَ مُصِرٌّ عَلَيْهِ كَالْمُسْتَهْزِئِ بِآيَاتِ اللّٰهِ۔ (۳)
اصرار کی حالت میں گناہ سے استغفار کرنے والا اس آدمی کی طرح ہے جو اللہ تعالیٰ کی آیات کا مذاق اڑاتا ہے۔

بعض بزرگ فرماتے تھے میں لفظ "استغفر اللہ" سے بھی استغفار کرتا ہوں (یعنی جب گناہ ترک نہ کرے) اور کہا گیا ہے کہ محض زبانی استغفار، جھوٹوں کی توبہ ہے حضرت رابعہ عدویہ نے فرمایا کہ ہمارا بخشش طلب کرنا خود بے شمار استغفار کا محتاج ہے۔

جواب:

استغفار کے سلسلے میں اس قدر روایات آئی ہیں کہ شمار سے باہر ہیں ہم نے اذکار اور دعوات کے بیان میں ان کا ذکر کیا ہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے باقی رہنے اور استغفار کو اکٹھا ذکر کیا ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ
اور اللہ تعالیٰ کے شایان شان نہیں کہ وہ ان کو عذاب

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۵۸ / ۳۵۹
(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۳۵۹ مرویات ابوہریرہ
(۳) الترغیب والترہیب جلد ۳ ص ۹۷، کتاب التوبہ

وَمَا كَانَ اللهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ۔ (۱) — اور جب تک آپ ان میں موجود ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کو عذاب نہیں دیتا جب کہ وہ بخشش طلب کر رہے ہوں۔

پس بعض صحابہ کرام فرمایا کرتے تھے کہ ہمارے لئے دو پناہیں تھیں ایک چلی گئی یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا (ظاہری طور پر) ہمارے درمیان موجود ہونا (۲) (باقی نہ رہا) اور استغفار ہمارے پاس موجود ہے اگر یہ بھی چلی جائے تو ہم ہلاک ہو جائیں تو ہم کہتے ہیں کہ وہ استغفار جو جھوٹوں کی توبہ ہے وہ محض زبانی استغفار ہے اس میں دل شریک نہیں ہوتا جیسے آدمی عادتاً یا غفلت کی حالت میں کہتا ہے "استغفر اللہ"، میں اللہ تعالیٰ سے بخشش کا طالب ہوں اور جیسے وہ جہنم کی آگ کے بارے میں سن کر کہتا ہے "میں اس سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں لیکن اس سے اس کا دل متاثر نہیں ہوتا یہ محض زبان کی حرکت سے ہوتی ہے اس سے کوئی زیادہ نفع نہیں ہوتا۔ مگر جب اس کے ساتھ بارگاہ خداوندی میں دل کا تضرع اور انکساری شامل ہو ارادہ سچا ہو، نیت اور رغبت میں خلوص ہو تو وہ ذاتی طور پر نیکی ہے جو اس بات کی صلاحیت رکھتی ہے کہ اس سے برائی کو دور کیا جائے۔

فضیلتِ استغفار کے سلسلے میں جو روایات آئی ہیں وہ اسی مفہوم پر محمول ہیں حتیٰ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَا اَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ وَلَوْ عَادَ فِي الْيَوْمِ سَبْعِيْنَ مَرَّةً۔ (۲) — جو شخص استغفار کرتا ہے وہ گناہ پر اصرار کرنے والا نہیں ہوتا اگرچہ دن میں ستر مرتبہ گناہ کرے۔

اس سے مراد دل سے بخشش طلب کرنا ہے اور توبہ و استغفار کے کئی درجات ہیں اور ان کا آغاز بھی فائدہ سے خالی نہیں ہوتا اگرچہ آخر تک نہ پہنچے اسی لیے حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا بندے کو ہر وقت اپنے مولا کی ضرورت ہوتی ہے اور اس کی سب سے اچھی حالت یہ ہوتی ہے کہ ہر معاملے میں اسی کی طرف رجوع کرے اور اگر گناہ کا ارتکاب ہو جائے تو یوں کہے اے میرے رب میرے گناہ پر پردہ ڈال دے۔ اور جب گناہ سے فارغ ہو تو کہے" یا اللہ! میری توبہ قبول کر اور جب توبہ کر چکے تو کہے یا اللہ مجھے محفوظ فرما پھر جب نیک عمل کرئے تو کہے یا اللہ! مجھ سے قبول فرما۔

حضرت سہل رحمہ اللہ سے استغفار کے بارے میں پوچھا گیا جو گناہوں کا کفارہ بنتا ہے تو انہوں نے فرمایا استغفار کا آغاز قبولیت ہے پھر رجوع اور پھر توبہ ہے استجابت (قبولیت) اعضاء کے اعمال ہیں رجوع (انابت) دل کے اعمال ہیں اور توبہ اپنے مولا کی طرف متوجہ ہونا ہے یعنی مخلوق کو چھوڑ دے پھر اپنی کوتاہی کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرے اللہ تعالیٰ

---

(۱) قرآن مجید، سورہ انفال آیت ۳۳

(۲) جامع ترمذی ابواب التفسیر ص ۴۹۶

(۳) شرح السنۃ للبغوی جلد ۵ ص ۸۰ حدیث ۱۲۹۷

کی نعمت سے بے خبر رہنے اور شکر کو ترک کرنے کے سلسلے میں جو کوتاہی ہوتی ہے اس کے لیے بھی استغفار کرے اس وقت اسے بخش دیا جائے گا اور مالک کے پاس اس کا ٹھکانہ ہو گا اس کے بعد تنہائی اختیار کرنا ہے پھر ثابت قدمی اس کے بعد بیان، پھر فکر، بعدازاں معرفت، پھر مناجات اس کے بعد خالص دوستی، پھر باہمی تعلق پھر راز کی گفتگو ہے (جسے خُلت کہتے ہیں) اور یہ بات بندے کے دل میں اسی وقت ٹھہرتی ہے جب علم اس کی غذا ہو ذکر اس کے قیام اور مضبوطی کا سبب ہو، رضا اس کا زادِ راہ ہو اور توکل اس کا دوست ہو پھر اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر رحمت فرماتا ہے اور اسے عرش کی طرف اٹھاتا ہے اب اس کا مقام وہی ہوتا ہے جو عرش کو اٹھانے والے فرشتوں کا ہوتا ہے حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے اس حدیث کے بارے میں بھی پوچھا گیا۔

کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ توبہ کرنے والا اللہ تعالیٰ کا محبوب ہوتا ہے اس کا کیا مطلب ہے تو انہوں نے فرمایا محبوب اس وقت ہوتا ہے جب اس میں وہ تمام شرائط پائی جائیں جن کا اس آیت میں ذکر ہوا ہے۔

اَلتَّائِبُوْنَ الْعَابِدُوْنَ السَّائِحُوْنَ الرَّاكِعُوْنَ السَّاجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحَافِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ۔ (۱)

توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے روزہ رکھنے والے رکوع کرنے والے سجدہ کرنے والے نیکی کا حکم دینے والے، برائی سے روکنے والے اور اللہ تعالیٰ کی حدود کی حفاظت کرنے والے۔

اور فرمایا محب وہی ہوتا ہے جو ان کاموں کو نہیں کرتا جن کو اس کا محبوب پسند نہیں کرتا۔

مقصود یہ ہے کہ توبہ کے دو فائدے ہیں ان میں سے ایک گناہوں کا کفارہ بنتا ہے حتیٰ کہ وہ یوں ہو جاتا ہے کہ گویا اس کا کوئی گناہ ہی نہیں۔ اور دوسرا فائدہ درجات کا حصول ہے حتیٰ کہ وہ محبوب بن جاتا ہے اور کفارے کے بھی کئی درجات ہیں ان میں سے بعض گناہ کو بالکل مٹا دیتے ہیں اور بعض اس میں تخفیف کا باعث ہوتے ہیں اور یہ تفاوت، توبہ کے درجات میں تفاوت کے باعث ہوتا ہے۔

پس دل سے استغفار اور نیکیوں کے ذریعے تدارک اگرچہ پہلے درجات میں اصرار کے عقدے کو حل نہیں کرتے لیکن فائدہ سے بالکل خالی نہیں ہوتے لہٰذا یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ ان کا وجود نہ ہونے کے برابر ہے بلکہ اہلِ مشاہدہ اور ارباب قلوب کو اس بات کا یقین ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ کا یہ قول سچا ہے۔

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَه۔ (۲)

پس جو شخص ذرا برابر بھی نیکی کرے گا اس کے اجر کو دیکھ لے گا۔

---

(۱) قرآن مجید سورۃ توبہ آیت ۱۱۲

(۲) قرآن مجید، سورۃ زلزال آیت ۷

اور نیکی کا ایک ذرہ بھی اثر سے خالی نہیں ہوتا جیسا کہ ترازو میں جَو کا ایک دانہ بھی (ترازو کے جھکاؤ کے لیے) کچھ نہ کچھ اثر رکھتا ہے اور اگر پہلا اثر سے خالی ہوتا تو دوسرا بھی اس کی مثل ہوتا اور کئی ذرات اٹھانے کے باوجود ترازوں میں جھکاؤ نہ ہوتا اور یہ بات لازماً محال ہے بلکہ نیکیوں کا پلڑا نیکی کے ذرات کے باعث جھکا ہوا ہوتا ہے یہاں تک کہ وہ بھاری ہو جاتا ہے اور برائی والا پلڑا اوپر کو اٹھ جاتا ہے تو تمہیں اس بات سے بچنا چاہیے کہ عبادات کے ذرات کو معمولی سمجھ کر ان کو عمل میں نہ لاؤ۔

اور گناہوں کے ذرات کو بھی معمولی نہ سمجھے اور اس بیوقوف عورت کی طرح نہ ہو جائے جو سُوت کاتنے سے بچنے کے لیے یہ بہانہ کرتی ہے کہ وہ ایک ساعت میں ایک ہی دھاگہ کات سکتی ہے اور کہتی ہے کہ ایک دھاگے سے کیا مالداری آئے گی اور اس سے کتنے کپڑے بنیں گے حالانکہ اس بیوقوف کو معلوم نہیں کہ دنیا کے تمام کپڑے ایک ایک دھاگے سے مل کر ہی بنے ہیں۔ اور یہ تمام اجسام عالم اس قدر وسعت کے باوجود ایک ایک ذرہ سے مل کر بنے ہیں۔

تو دل سے عاجزی کا اظہار اور طلب مغفرت ایک ایسی نیکی ہے جو اللہ تعالیٰ کے ہاں بالکل ضائع نہیں ہوتی بلکہ میں (امام غزالی) کہتا ہوں کہ زبان سے استغفار بھی نیکی ہے کیوں کہ غفلت کی حالت میں استغفار کے ساتھ زبان کی حرکت اس گھڑی میں کسی مسلمان کی غیبت یا فضول کلام سے بہتر ہے بلکہ استغفار سے خاموشی اختیار کرنے سے بھی بہتر ہے۔ تو اس کی فضیلت، خاموشی کے مقابلے میں ظاہر ہوتی ہے اور دل کے عمل کے مقابلے میں اس کا نقصان ظاہر ہوتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ کسی نے اپنے شیخ ابوعثمان مغربی سے کہا کہ بعض اوقات میری زبان پر ذکر اور قرآن جاری ہوتا ہے جب کہ میرا دل غافل ہوتا ہے انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرو کہ اس نے تمہارے ایک عضو کو اچھے کام میں مصروف رکھا اور اس کا عادی بنایا اس کو برائی میں نہیں لگایا اور فضول کاموں کا عادی نہیں بنایا۔

انہوں نے جو کچھ ذکر کیا وہ حق ہے اگر اعضاء کو نیک کاموں کی عادت پڑ جائے حتیٰ کہ وہ اس کے لیے فطرت کی طرح ہو جائے تو وہ تمام گناہوں کو دور کر سکتا ہے پس جو شخص اپنی زبان کو استغفار کا عادی بناتا ہے جب وہ دوسرے آدمی سے جھوٹ سنتا ہے تو فوراً استغفر اللہ کہتا ہے جس کی اس کو عادت ہو چکی ہے اور جس آدمی کو فضول باتیں کرنے کی عادت ہو اس کی زبان سے نکلتا ہے تم کتنے بیوقوف ہو اور تمہارا جھوٹ کتنا برا ہے اور جس شخص کو استعاذہ (نعوذ باللہ) کہنے کی عادت ہو جب کسی شریر کے افعالِ شر کے بارے میں سنتا ہے تو زبان کی عادت کے مطابق کہتا ہے "نعوذ باللہ"، اور جب فضول بات کہنے کی عادت ہوگی تو کہے گا اللہ تعالیٰ کی اس پر لعنت ہو تو ایک کلمہ گناہ کا باعث ہے اور دوسرے کلمہ کے ساتھ سلامت رہتا ہے اور اس کی سلامتی کی وجہ یہ ہے کہ اس کی زبان اچھی بات کہنے کی عادی ہے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کا ایک مطلب یہ بھی ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ۔ (۱) بے شک اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

---

(۱) قرآن مجید سورۃ توبہ آیت ۱۲۰

اور اللہ تعالیٰ کے اس ارشادِ گرامی کا بھی یہی مفہوم ہے۔

وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا۔ (۱)

اور اگر نیکی ہو تو اللہ تعالیٰ اسے بڑھا دیتا ہے اور اپنی طرف سے اسے بہت بڑا اجر عطا فرماتا ہے۔

تو دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ نے اس نیکی کو بڑھایا کہ غفلت میں بھی استغفار کو زبان کی عادت بنایا حتیٰ کہ اس عادت کے ذریعے غیبت، لعنت اور فضول باتوں کے ذریعے نافرمانی کے شر کو دُور فرمایا یہ تو دنیا میں ایک معمولی نیکی کا بڑھنا ہے اور آخرت کا بڑھنا بہت بڑا ہے اگر وہ جانتے تمہیں محض آفات کا خیال کر کے عبادات کو معمولی نہیں سمجھنا چاہیے اس طرح عبادات میں رغبت کم ہو جائے گی یہ شیطانی مکر ہے جس کے ذریعے وہ دھوکے میں مبتلا لوگوں کو پھنساتا ہے اور ان کو یہ تصور دیتا ہے کہ وہ عقلمند ہیں نیز وہ پوشیدہ باتوں کو جاننے والے سمجھ دار ہیں دل کی غفلت کے ساتھ زبان سے ذکر کرنے میں کیا بھلائی ہے تو اس مکر و فریب کے حوالے سے لوگوں کی تین قسمیں ہیں۔

اپنے آپ پر ظلم کرنے والے، درمیانی راہ اختیار کرنے والے اور نیکیوں میں سبقت کرنے والے۔

جہاں تک سبقت کرنے والوں کا تعلق ہے تو وہ کہتے ہیں اسے لعنتی! تو نے سچ کہا لیکن تمہارا مقصد باطل ہے یقیناً میں تجھے دو مرتبہ ستاؤں گا اور دو طریقوں سے تجھے ذلیل کروں گا میں زبان کی حرکت کے ساتھ دل کی حرکت کو ملاؤں گا تو یہ اس شخص کی طرح ہے جو شیطانی زخم پر نمک چھڑکتا ہے۔

لیکن جو ظالم مغرور ہیں وہ اپنے آپ کو اس باریک بات سے واقف سمجھ کر دل کے اخلاص سے عاجز ہوتے ہیں اور وہ زبان کو ذکر کا عادی نہیں بناتے تو وہ شیطان کی مدد کرتے ہیں وہ دھوکے کی رسی کے ساتھ لٹک جاتے ہیں اور اب ان دونوں کے درمیان موافقت اور مشارکت ہو جاتی ہے جیسے کہا گیا ہے مشکیزے کے منہ کو بند کرنے والی چیز اس کے موافق ہو گئی تو اس نے اسے گلے میں لٹکا لیا۔

جہاں تک میانہ روی اختیار کرنے والے کا تعلق ہے تو وہ شیطان کے خلاف عمل میں اپنے دل کو شریک نہیں کر سکتا اور وہ جانتا ہے کہ محض زبانی ذکر دل کی نسبت ناقص ہوتا ہے لیکن خاموشی اور فضول باتوں کے مقابلے میں (محض زبانی ذکر) افضل ہے وہ اس پر برقرار رہتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہے کہ بھلائی کی عادت کے سلسلے میں وہ اس کے دل کو بھی زبان کے ساتھ شریک کر لے۔

تو سبقت کرنے والا اس جولاہے کی طرح ہے جو اپنے کام کو برا جان کر کاتب بن جائے اور ظالم جو زبانی ذکر کو بھی چھوڑ دیتا ہے اس جولاہے کی طرح ہے جو اپنا پیشہ چھوڑ کر خاکروب بن جائے اور درمیانہ راستہ اختیار کرنے والے کی

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ النساء آیت ۴۰

مثال اس کی طرح ہے جو کتابت سے عاجز آجاتا ہے تو کہتا ہے میں جولاہے کے پیشے کی مذمت سے انکار نہیں کرتا لیکن یہ کاتب کے مقابلے میں مذموم ہے خاکروب کے مقابلے میں نہیں لہٰذا جب میں کتابت سے عاجز ہوں تو جولاہے کے پیشے کو نہیں چھوڑ سکتا اسی لیے حضرت رابعہ عدویہ رحمہا اللہ نے فرمایا تھا کہ ہمارا استغفار کئی استغفار کا محتاج ہے تو تمہیں یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ انہوں نے زبان کی مذمت محض ذکر خداوندی کی وجہ سے کی ہے بلکہ وہ قلبی غفلت کی مذمت کرتی ہیں تو یہ استغفار، مزید استغفار کی محتاج دل کی غفلت کی وجہ سے ہے زبان کی حرکت کی وجہ سے نہیں اور اگر وہ زبانی استغفار سے بھی خاموش ہو جائے تو دوہرے استغفار کا محتاج ہوگا ایک کا نہیں۔

توجس کی مذمت کی گئی یا جس کی تعریف کی گئی اس کو اسی طرح سمجھنا چاہیئے ورنہ سچ کہنے والی ذات (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) کی اس حدیث کا مطلب سمجھ نہیں آئے گا کہ آپ نے فرمایا "نیک لوگوں کی نیکیاں، مقربین کے گناہ ہیں" کیونکہ یہ امور اضافی طور پر ثابت ہوتے ہیں لہٰذا ان کو اضافت کے بغیر نہیں اپنانا چاہیے بلکہ مناسب یہ ہے کہ عبادات اور گناہوں کے ذرات کو بھی حقیر نہ جانے اسی لیے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

اللہ تعالیٰ نے تین چیزیں، تین چیزوں میں رکھی ہیں اپنی رضا کو عبادت میں رکھا ہے پس تم اس سے کسی چیز کو بھی حقیر نہ جانو ہو سکتا ہے اس کی رضا اسی میں ہو غضب اپنی نافرمانی میں رکھا پس اس سلسلے میں کسی بات کو معمولی نہ سمجھو ہو سکتا ہے اس کا غضب اسی میں ہو اور اپنی ولایت کو اپنے بندوں میں رکھا لہٰذا ان میں سے کسی کو حقیر نہ جانو ہو سکتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کا ولی ہو اور قبولیت کو زیادہ کیا اور اپنی دعا میں پوشیدہ رکھا پس دعا کو نہ چھوڑو شاید قبولیت اسی میں ہو۔

چوتھی فصل :

توبہ کی دوا اور اصرار کے خاتمہ کے لیے علاج

جان لو انسان کی دو قسمیں ہیں ایک وہ نوجوان جس میں بچوں والی عادات پائی جاتی ہیں وہ نیکی کرتے اور برائی سے بچنے پر نشوونما پاتا ہے اسی نوجوان کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تَعَجَّبَ رَبُّكَ مِنْ شَابٍ لَيْسَتْ لَهُ صَبْوَةٌ۔ (۱)

تیرے رب کو وہ نوجوان پسند ہے جس میں بچپن والی عادات نہ ہوں۔

اس قسم کے نوجوان نادر ہیں بہت کم پائے جاتے ہیں۔

اور دوسری قسم ان لوگوں کی ہے جو گناہ کے ارتکاب سے خالی نہیں ہوتے پھر ان کی دو قسمیں ہیں ایک وہ جو گناہ پر

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۵۱ مرویات عقبہ بن عامر

مصر رہتے ہیں اور دوسرے توبہ کرنے والے، اور ہماری غرض یہ ہے کہ ہم اصرار کو دور کرنے کا علاج بیان کریں اور اس سلسلے میں دوا کا ذکر کریں۔

تو جاننا چاہیے کہ توبہ کی شفاء، دوا سے ہوتی ہے اور دعا سے وہی واقف ہوتا ہے جو بیماری سے آگاہ ہوتا ہے کیونکہ مرض کے اسباب کی ضد علاج ہے تو جو بیماری کسی سبب سے آتی ہے اس کا علاج اس سبب کو دور کرنا اسے ختم کرنا اور باطل کرنا ہے اور ہر چیز کا بطلان اس کی ضد سے ہوتا ہے اور اسرار کا سبب غفلت اور خواہش ہے اور غفلت کی ضد علم ہے جب کہ خواہش کی ضد ان اسباب کو ختم کرنے پر صبر کرنا ہے جو خواہش کو حرکت دیتے ہیں اور غفلت خطاؤں کی اصل ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ۔ (۱)

اور وہی لوگ غافل ہیں یقیناً وہ آخرت میں خسارہ پانے والے ہیں۔

تو، توبہ کی دوا ایک معجون ہے جو علم کی مٹھاس اور صبر کی کڑواہٹ سے مرکب ہوتا ہے۔ تو جس طرح سکنجبین، شکر کی مٹھاس اور سرکے کی ترشی سے مل کر بنتی ہے اور ان میں سے ہر ایک سے ایک غرض ہوتی ہے جو دونوں کے مجموعے سے حاصل ہوتی ہے تو ان اسباب کا خاتمہ ہو جاتا ہے جو صفرا کے ہیجان کا باعث بنتے ہیں تو جس آدمی کو اصرار کی بیماری ہو اسے دل کے علاج کا یہی طریقہ سمجھنا چاہیے۔

تو اب دوا کی اصل دو چیزیں ہیں ان میں سے ایک علم ہے اور دوسری چیز صبر ہے اور ان دونوں کا بیان ضروری ہے۔

سوال:

کیا اصرار کے خاتمہ کے لیے ہر علم نفع دیتا ہے یا اس کے لیے کوئی مخصوص علم ہے تو جان لو کہ دل کے امراض کے علاج کے لیے کئی علوم ہیں لیکن ہر مرض کے لیے ایک مخصوص علم ہے۔ جیسا کہ علمِ طب تمام امراض کے علاج کے لیے نفع بخش ہے لیکن ہر بیماری ایک مخصوص علم کے ساتھ خاص ہے اسی طرح اصرار کی دوا کا مسئلہ ہے۔

تو اب ہم جسمانی بیماریوں کی مثال پر اس خاص علم کا ذکر کرتے ہیں تاکہ سمجھنا آسان ہو تو ہم کہتے ہیں۔ بیمار کو کئی باتوں کی تصدیق کی حاجت ہوتی ہے۔

۱۔ مجموعی طور پر وہ اس بات کی تصدیق کرے کہ بیماری اور صحت کے کئی اسباب ہیں جن تک اختیار کے ساتھ رسائی ہوتی ہے۔ جیسا کہ مسبب الاسباب (اللہ تعالیٰ) نے ان کو مرتب فرمایا ہے تو یہ اصل طب کا یقین ہے کیوں کہ جو آدمی طب پر یقین نہیں رکھتا وہ علاج میں مشغول نہیں ہو سکتا اور اس پر ہلاکت ثابت ہوتی ہے تو ہمارے زیر بحث مسئلہ کی یہ مثال ہے کہ

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ النحل آیت ۱۰۸، ۱۰۹

ایمان شریعت کی اصل ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ اُخروی سعادت کا ایک سبب ہے اور وہ عبادت ہے اور بدبختی کا ایک سبب ہے جو گناہ ہے اور یہ احکام شریعت پر ایمان کی بنیاد ہے اور اس کا حصول ضروری ہے تحقیق کے ساتھ ہو یا تقلید کے ذریعے، اور یہ دونوں باتیں مجموعی ایمان میں شامل ہیں۔

۲۔ ضروری ہے کہ مریض خاص ڈاکٹر پر یقین رکھتا ہو کہ وہ طب کا عالم اور ماہر ہے جو کچھ بتاتا ہے اس میں سچ کہتا ہے نہ دھوکہ دیتا ہے اور نہ جھوٹ بولتا ہے کیوں کہ جب تک یہ یقین نہ ہو محض طب پر یقین رکھنا نفع بخش نہیں ہوتا اور ہمارے موضوع کے سلسلے میں اس کی مثال یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کا یقین ہو اور اس بات پر ایمان ہو کہ آپ جو کچھ فرماتے ہیں وہ حق اور سچ ہے اس میں جھوٹ اور خلاف واقعہ بات نہیں ہے۔

۳۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ طبیب کی بات غور سے سنے کہ وہ کن پھلوں کے کھانے سے روکتا اور کن مضر اسباب سے ڈراتا ہے حتیٰ کہ پرہیز نہ کرنے کے سلسلے میں اس پر خوف غالب آجائے تو شدتِ خوف پرہیز کا باعث بنتا ہے دین کے سلسلے میں اس کی مثال یہ ہے کہ ان آیات اور احادیث کی طرف خوب دھیان دے جو تقویٰ کی ترغیب دیتی اور گناہوں کے ارتکاب نیز خواہشات کی اتباع سے روکتی ہیں۔ اور اس سلسلے میں جو کچھ سنے اس کی تصدیق کرے اور اسے کسی قسم کا شک اور تردد نہ ہو حتیٰ کہ اس سے ایسا خوف پیدا ہو جو صبر پر تقویت پہنچاتا ہے علاج کے سلسلے میں یہ آخری رکن ہے۔

۴۔ طبیب کی اس بات کو غور سے سنے جو اس کے مرض کے ساتھ خاص ہے اور جس سے پرہیز ضروری ہے تاکہ پہلے اسے ان افعال واحوال اور ماکولات ومشروبات کا تفصیلی علم حاصل ہو جو نقصان دہ ہیں کیونکہ ہر مریض پر ہر چیز سے پرہیز لازم نہیں اور نہ ہی ہر دوا اسے فائدہ دیتی ہے بلکہ ہر خاص بیماری کے لیے علم بھی مخصوص ہے اور علاج بھی۔

اور دین سے اس کی مثال یہ ہے کہ ہر انسان ہر قسم کی خواہش میں مبتلا نہیں ہوتا اور نہ ہی ہر قسم کے گناہ کا مرتکب ہوتا ہے بلکہ ہر مومن کے لیے ایک یا زیادہ مخصوص گناہ ہیں فی الحال اسے اتنی بات کی ضرورت ہے کہ اسے ان کے گناہ ہونے کا علم ہو جائے۔

پھر ان کی آفات اور ضرر کی مقدار کا علم ہو اس کے بعد اس بات کا علم ہو کہ ان سے صبر کیسے ہو سکتا ہے اور پھر اس بات کو جانے کہ سابقہ گناہوں کا کفارہ کیسے ادا ہوگا یہ علوم دین کے معالجوں کے ساتھ خاص ہیں اور یہ علماء ہیں جو انبیاء کرام کے وارث ہیں گناہ گار کو اگر اپنے گناہ کا علم ہو جائے تو اس پر لازم ہے کہ طبیب سے علاج کروائے اور طبیب عالم ہے اور اگر اس کو اس بات کا علم نہ ہو کہ جو کچھ اُس نے کیا ہے وہ گناہ ہے تو عالم پر لازم ہے کہ اسے اس بات سے آگاہ کرے اور اس کی صورت یہ ہے کہ عالم کسی علاقہ، شہر، محلے یا مسجد یا کسی مجمع کی ذمہ داری سنبھالے اور وہاں کے لوگوں کو دین سکھائے اور ان کے سامنے واضح کرے کہ کیا کام ان کے لیے نقصان دہ ہے اور کونسا کام نفع بخش ہے کیا بات ان کی بدبختی کا باعث ہے اور کونسی بات میں سعادت مندی ہے اور وہ اس بات کا انتظار نہ کرے کہ اس سے پوچھا جائے بلکہ لوگوں کو

خود بخود دین کی دعوت دے کیوں کہ علماء کرام انبیاء عظام کے وارث ہیں اور انبیاء کرام نے لوگوں کو جاہل نہیں چھوڑا بلکہ وہ ان کو ان کے اجتماعات میں پکارتے اور شروع شروع میں وہ ان کے دروازوں پر جاتے اور ان کو ہدایت دیتے کیوں کہ دل کے مریض اپنی بیماری کا علم کا نہیں رکھتے جیسے کسی شخص کے چہرے پر سفید داغ پیدا ہو جائیں اور اس کے پاس آئینہ نہ ہو تو جب تک اسے دوسرا نہ بتائے اسے اس بات کا علم نہیں ہو سکتا اور یہ بات تمام علما پر فرض عین ہے۔

اور تمام حکمرانوں پر لازم ہے کہ وہ ہر بستی اور ہر محلے میں کسی دیندار عالم کا یقین کریں جو لوگوں کو ان کا دین سکھائے کیونکہ لوگوں کی پیدائش جہالت پر ہوتی ہے لہٰذا اصل اور فرع دونوں کو اسلام کی دعوت دینا ضروری ہے۔ اور دنیا بیماروں کی جگہ ہے کیوں کہ زمین کے اندر فوت شدہ اور اس کی پیٹھ پر بیمار رہتے ہیں اور دلوں کے مریض جسم کے مریضوں سے زیادہ ہیں علما طبیب اور حکمران بیماری کے گھر کے حاکم ہیں تو جس مریض کا علاج علما سے نہ ہو سکے اسے حکمران کے سپرد کیا جائے تاکہ وہ اس کے شر کو دُور کرے جیسے وہ بیمار جو پرہیز نہیں کرتا یا جس پر جنوں غالب ہو تو اسے ڈاکٹر پاگل خانے کے نگران کے پاس بھیجتا ہے تاکہ وہ اسے طوق اور زنجیر پہنائے اور اپنے آپ کو بھی اور لوگوں کو بھی اس کے شر سے محفوظ رکھے دلوں کے امراض، بدنی امراض سے تین وجوہ سے بڑھ گئے ہیں۔

(۱) دل کا مریض یہ نہیں جانتا کہ وہ بیمار ہے۔

(۲) اس کا انجام اس دنیا میں نظر نہیں آتا جب کہ بدن کے مرض کا انجام موت ہے جو دکھائی دیتی ہے اور طبیعتیں اس سے نفرت کرتی ہیں اور جو کچھ موت کے بعد ہے وہ دکھائی نہیں دیتا اور گناہوں کا انجام دل کی موت ہے جو اس دنیا میں نظر نہیں آتی تو گناہوں سے نفرت کم ہوتی ہے اگرچہ اس کے مرتکب کو اس کا علم بھی ہو اسی لیے تم اسے دیکھو گے کہ قلبی بیماری میں وہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتا ہے جب کہ بدنی بیماری میں بھروسہ کئے بغیر علاج کرواتا ہے۔

(۳) لا علاج مرض یہ ہے کہ طبیب نہ ملے اور طبیب تو علما ہیں اور اس زمانے میں وہ خود شدید بیمار ہو گئے حتیٰ کہ وہ علاج کرنے سے عاجز آ گئے۔ اور چوں کہ یہ مرض سب میں موجود ہے حتیٰ کہ ان کا نقصان ظاہر نہیں ہوتا تو وہ لوگوں کو گمراہ کرنے پر مجبور ہو گئے اور وہ ان کو ایسے اشارے دیتے ہیں جو ان کی مرض کو بڑھاتے ہیں کیوں کہ مہلک بیماری تو دنیا کی محبت ہے اور یہ بیماری خود اطباء پر غالب آ گئی ہے وہ اس بات کے خوف سے لوگوں کو ڈرانے پر قادر نہیں کہ لوگ کہیں گے تمہیں کیا ہوا دوسروں کو علاج کا حکم دیتے ہو اور اپنے آپ کو بھول جاتے ہو یہی وجہ ہے کہ تمام مخلوق اس بیماری میں مبتلا ہو گئی دبا بڑھ گئی اور دوا ختم ہو گئی اور لوگ طبیبوں کے نہ ہونے کی وجہ سے ہلاک ہو گئے۔ بلکہ طبیب (علما) لوگوں کو گمراہ کرنے میں مشغول ہو گئے کاش جب وہ نصیحت نہیں کرتے تو خیانت تو نہ کرتے اصلاح نہیں کر سکتے تو فساد پھیلانے سے باز رہتے کاش وہ خاموش رہیں اور کچھ نہ بولیں۔

یہ لوگ جب بولتے ہیں تو ان کا بنیادی مقصد لوگوں کو اپنی طرف مائل کرنا ہوتا ہے اور اس مقصد تک تب ہی پہنچ

سکتے ہیں جب امید دلائیں اور امید کے اسباب کو ترجیح دیں نیز رحمت کے دلائل ذکر کریں کیوں کہ ان باتوں سے کانوں کو زیادہ لذت حاصل ہوتی ہے اور طبیعت پر یہ باتیں ہلکی ہوتی ہیں اب جب لوگ وعظ کی مجلس سے اٹھ کر جاتے ہیں تو انہیں گناہوں پر زیادہ جرأت ہو جاتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضل پر بھروسہ بڑھ جاتا ہے۔

پس جب طبیب جاہل یا خائن ہوگا تو دوائی کے ساتھ ہلاک کرے گا کیونکہ غیر مناسب جگہ پر استعمال کرے گا تو امید اور خوف دو دوائیں ہیں لیکن ان دو آدمیوں کے لیے جو متضاد بیماریوں میں مبتلا ہیں جس آدمی پر خوف غالب ہو حتیٰ کہ وہ دنیا کو بالکل چھوڑ دے اور اپنے آپ کو ایسے کام کا مکلف بنائے جس کی طاقت نہیں رکھتا اور اپنے آپ پر زندگی کو بالکل تنگ کر دے تو ایسے شخص کے زیادہ خوف کو امید کے اسباب ذکر کرکے توڑا جائے تاکہ وہ اعتدال کی طرف آجائے۔

اسی طرح وہ شخص جو گناہوں پر مصر ہو اور توبہ کی خواہش بھی رکھتا ہو لیکن ناامیدی اور مایوسی کی وجہ سے اس سے رکتا ہو کہ گذشتہ گناہ بہت بڑے ہیں اس کا علاج بھی امید کے اسباب کے ذریعے کیا جائے حتیٰ کہ وہ توبہ کی قبولیت کا طمع کرکے توبہ کرے۔

لیکن جو شخص گناہوں میں ڈوبا ہوا ہو اور فضل خداوندی پر مغرور ہو امید کے اسباب کے ذریعے اس کا علاج کرنا اس طرح ہے جیسے حرارت والے کا علاج شہد سے کرنا تاکہ اسے شفا حاصل ہو یہ جاہلوں اور غبی قسم کے لوگوں کا طریقہ ہے غرضیکہ طبیبوں کا فساد مرض کو لاعلاج کئے ہوئے ہے کہ وہ دوا کو بالکل قبول نہیں کرتی۔

سوال:

کوئی ایسا طریقہ ذکر کریں جسے واعظ، مخلوق کو وعظ کرتے ہوئے اختیار کرے؟

جواب:

جان لو کہ یہ لمبا طریقہ ہے اور اس کا احاطہ ناممکن ہے ہاں ہم اصرار کے ترک کے سلسلے میں کچھ نفع بخش انواع کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو لوگوں کو گناہوں کے چھوڑنے پر مجبور کرے اور اس کی چار قسمیں ہیں۔

۱۔ قرآن پاک کی وہ آیات ذکر کرے جو گناہ گاروں اور نافرمانوں کو ڈرانے والی ہیں اسی طرح جو احادیث و آثار مروی ہیں ان کو بیان کرے جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔

مَا مِنْ يَوْمٍ طَلَعَ فَجْرُهُ وَلَا لَيْلَةٍ غَابَ شَفَقُهَا اِلَّا وَمَلَكَانِ يَتَجَاوَبَانِ بِاَرْبَعَةِ اَصْوَاتٍ يَقُوْلُ اَحَدُهُمَا يَا لَيْتَ هٰذَا الْخَلْقَ لَمْ يُخْلَقُوْا وَيَقُوْلُ الْاٰخَرُ يَا لَيْتَهُمْ اِذْ خُلِقُوْا عَلِمُوْا لِمَاذَا خُلِقُوْا فَيَقُوْلُ الْاٰخَرُ	نہیں ہے کوئی دن جس میں فجر طلوع ہوتی ہے اور نہیں کوئی رات جس میں شفق غائب ہوتی ہے مگر چار فرشتے چار آوازوں کے ساتھ ایک دوسرے کو جواب دیتے ہیں ان میں سے ایک کہتا ہے کاش! یہ مخلوق پیدا نہ ہوتی دوسرا کہتا ہے جب یہ پیدا ہوئے ہیں تو کاش ان کو اس بات کا

يَا لَيْتَهُمْ إِذْ لَمْ يَعْلَمُوا لِمَاذَا خُلِقُوا عَمِلُوا بِمَا عَلِمُوا۔ (۱)

علم ہوتا کہ ان کو کیوں پیدا کیا گیا پہلا کہتا ہے اگر ان کو یہ معلوم نہیں ہوا کہ یہ کیوں پیدا ہوئے تو جس بات کا علم تھا اس پر عمل کرتے۔

اور بعض روایات میں ہے۔

کاش یہ ایک دوسرے کے پاس بیٹھ کر ان باتوں کا ذکر کرتے جو ان کو معلوم تھیں تو دوسرا کہتا ہے کاش جب انہوں نے اس بات پر عمل نہیں کیا جس کا ان کو علم تھا تو جو عمل کیا اس سے توبہ بھی کر لیتے (۲)

بعض بزرگوں نے فرمایا جب بندہ گناہ کرتا ہے تو دائیں طرف والا فرشتہ بائیں طرف والے کو حکم دیتا ہے اور وہ اس پر امیر ہے کہ چھ گھڑیاں اس سے قلم کو اٹھائے رکھے اگر وہ توبہ و استغفار کرے تو نہ لکھے اور اگر استغفار نہ کرے تو لکھ دے۔

بعض بزرگوں نے فرمایا جو بندہ گناہ کرتا ہے تو زمین کے جس حصے پر وہ ہوتا ہے وہ زمین اللہ تعالیٰ سے اجازت مانگتی ہے کہ اسے اندر دھنسا دیا جائے اور آسمان سے چھت اس پر گرنے کی اجازت طلب کرتی ہے تو اللہ تعالیٰ زمین و آسمان سے فرماتا ہے میرے بندے سے رک جاؤ اور اسے مہلت دو تم نے اسے پیدا نہیں کیا اگر تم اسے پیدا کرتے تو تمہیں اس پر رحم آتا، شاید وہ میری بارگاہ میں توبہ کرے تو میں اسے بخش دوں اور ہو سکتا ہے وہ اس گناہ کو نیکی میں بدل دے تو میں اسے نیکی کا ثواب عطا کروں۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کا یہی مطلب ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ بَعْدِهٖ۔ (۳)

بے شک اللہ تعالیٰ زمین و آسمان کو جنبش کرنے سے روکے ہوئے ہے اور وہ ہٹ جائے تو اس کے سوا انہیں کون روکے۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ایک حدیث میں ہے۔

اَلطَّابِعُ مُعَلَّقٌ بِقَائِمَةِ الْعَرْشِ فَإِذَا انْتُهِكَتِ الْحُرُمَاتُ وَاسْتُحِلَّتِ الْمَحَارِمُ أَرْسَلَ اللّٰهُ الطَّابِعَ فَيَطْبَعُ عَلَى الْقُلُوبِ

مہر لگانے والا عرش کے پائے سے لٹکا ہوا ہے پس جب بہت زیادہ بے حرمتی ہوتی ہیں اور حرام کو حلال سمجھا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ مہر لگانے والے کو بھیجتا ہے

---

(۱) کنز العمال جلد ۱۵ ص ۹۶۹ حدیث ۴۳۱۶۲
(۲) کنز العمال جلد ۱۶ ص ۱۵۱ حدیث ۱۴۰۱۲
(۳) قرآن مجید سورۃ فاطر آیت ۴۱

بِمَا فِيهَا۔ (۱)

تو وہ لوگوں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے۔

اور حضرت مجاہد رحمہ اللہ کی روایت ہیں۔

اَلْقَلْبُ مِثْلُ الْكَفِّ الْمَفْتُوحَةِ كُلَّمَا أَذْنَبَ الْعَبْدُ ذَنْبًا انْقَبَضَتْ إِصْبَعٌ حَتَّى تَنْقَبِضَ الْأَصَابِعُ كُلُّهَا فَيُسَدُّ عَلَى الْقَلْبِ فَذٰلِكَ هُوَ الطَّبْعُ۔ (۲)

دل کھلی ہتھیلی کی طرح ہے جب بندہ کوئی گناہ کرتا ہے تو ایک انگلی بند ہو جاتی ہے حتیٰ کہ تمام انگلیاں بند ہو جاتی ہیں تو یوں دل بند ہو جاتا ہے یہی مہر لگانا ہے۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا۔

بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان گناہوں سے حد معلوم ہے جب بندہ وہاں تک پہنچتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل پر مہر لگا دیتا ہے اب اس کے بعد اسے نیکی کی توفیق نہیں دی جاتی۔

گناہ کرنے والے کی مذمت اور توبہ کرنے والوں کی تعریف میں بے شمار احادیث و آثار وارد ہوتے ہیں واعظ کو چاہیے کہ ان میں سے اکثر کو بیان کرے اگر وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وارث ہے۔ آپ نے کوئی درہم اور دینار نہیں چھوڑا بلکہ آپ نے علم و حکمت چھوڑی ہے اور ہر عالم کو جس قدر پہنچی وہ اس میں آپ کا وارث ہے (۳)

دوسری قسم:

انبیاء کرام اور سلف صالحین کی حکایات اور ان کو لغزشوں کے باعث جو مصائب اٹھانے پڑے یہ حکایات مخلوق کے دلوں میں خوب جمتی ہیں اور ان کا نفع زیادہ ہے۔ جیسے حضرت آدم علیہ السلام کی لغزش کا واقعہ اور کس طرح آپ کو جنت سے باہر آنا پڑا حتیٰ کہ روایت میں ہے کہ جب آپ نے اس (ممنوعہ) درخت سے کھایا تو آپ کے جسم سے لباس اتر گیا اور شرمگاہ ظاہر ہو گئی مگر تاج اور دستار کو شرم آئی کہ آپ کے سر سے اتر جائیں تو حضرت جبریل علیہ السلام نے آکر آپ کے سر سے تاج اتارا اور آپ کی پیشانی سے دستار کو کھولا اور عرش کے اوپر سے آواز آئی تم دونوں (حضرت آدم و حوا علیہما السلام) میرے پڑوس سے اتر جاؤ جو میرے حکم کی خلاف ورزی کرے میرے پڑوس میں نہیں رہتا حضرت آدم علیہ السلام نے روتے ہوئے حضرت حوا علیہا السلام کی طرف دیکھا اور فرمایا ہماری لغزش کی پہلی نحوست یہ ہے ہم محبوب کے پڑوس

---

(۱) الکامل لابن عدی جلد ۳ ص ۱۱۳۴ ترجمہ سلیمان بن مسلم الخشاب

(۲) شعب الایمان جلد ۵ ص ۴۴۱ حدیث ۷۲۰۶)

(۳) سنن ابی داؤد جلد ۲ ص ۲۹ کتاب الوصایا۔

سے نکال دیئے گئے ۔ (۱)

اور روایات میں ہے کہ جب حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام کو ان کی خطا پر تنبیہ کی گئی کہ آپ کے گھر میں چالیس دن تک ایک مورتی کی پوجا ہوتی رہی کہا گیا ہے اس لیے تنبیہ کی گئی کہ ایک عورت نے آپ سے درخواست کی کہ میرے باپ کے حق میں فیصلہ کرنا آپ نے وعدہ کیا لیکن اس پر عمل نہ فرمایا، بعض نے کہا آپ نے اس بات کو پسند کیا کہ اس عورت کی خاطر اس کے باپ کے حق میں فیصلہ کریں تو آپ سے چالیس دن حکومت واپس لی گئی تو آپ جدھر منہ آیا پریشان حال بھاگ کھڑے ہوئے آپ اپنے ہاتھ سے مانگتے لیکن آپ کو کھانا نہ دیا جاتا۔ جب وہ کہتے کہ مجھے کھانا دو میں سلیمان بن داؤد ہوں تو آپ کو زخمی کیا جاتا ہے دُور کیا جاتا اور مارا جاتا منقول ہے کہ آپ نے ایک عورت سے گھر سے کھانا طلب کیا تو اس نے آپ کو دُور کر دیا اور آپ کے چہرۂ مبارکہ پر تھو کا ایک روایت میں ہے کہ ایک بڑھیا نے گھڑا نکالا جس میں پیشاب تھا تو اسے آپ کے سر پر ڈال دیا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مچھلی کے پیٹ سے ایک انگوٹھی نکالی تو چالیس دن کی سختی کے بعد آپ نے اسے پہنا پس پرندے اگر آپ کے سر مبارک پر جھکنے لگے اور جن شیطان اور جنگلی جانور آپ کے گرد جمع ہو گئے اب بعض وہ لوگ جنہوں نے آپ سے ناروا سلوک کیا تھا معذرت کرنے لگے تو آپ نے فرمایا تم نے اس سے پہلے مجھ سے جو سلوک کیا میں اس پر تمہیں ملامت نہیں کرتا اور تمہاری اس معذرت پر تمہاری تعریف بھی نہیں کرتا یہ تو آسمان کی طرف سے آنے والا ایک معاملہ تھا جو ضروری تھا۔

اسرائیلی روایات میں مروی ہے کہ ایک شخص نے کسی دوسرے شہر میں ایک عورت سے نکاح کیا تو اس نے اپنا غلام بھیجا تاکہ وہ اس عورت کو اس کے پاس لے کر آئے تو اس عورت کے دل میں اس کا خیال آگیا اور اس نے اس سے قرب کا مطالبہ کیا لیکن اس غلام نے مجاہدہ کر کے اپنے آپ کو بچا لیا تو اس کے تقویٰ کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اسے نبی بنا دیا تو وہ بنی اسرائیل میں نبی تھے ۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعات میں ہے کہ آپ نے حضرت خضر علیہ السلام سے پوچھا اللہ تعالیٰ نے کس وجہ سے آپ کو غیب پر مطلع فرمایا؟ انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے لیے گناہوں کو چھوڑنے کی وجہ سے ۔

مروی ہے کہ سلیمان علیہ السلام کے لیے ہوا چلتی تھی آپ نے اپنی نئی قمیص کی طرف دیکھا تو گویا انہوں نے اسے پسند کیا راوی کہتے ہیں ہوا نے اسے اتار دیا، انہوں نے فرمایا تم نے ایسا کیوں کیا میں نے تو تجھے اس بات کا حکم نہیں دیا تھا ہوا نے جواب دیا ہم آپ کی اطاعت اس وقت کرتے ہیں جب آپ اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرتے ہیں ۔

---

(۱) انبیاءِ کرام علیہم السلام کے ایسے واقعات میں اللہ تعالیٰ کی کئی حکمتیں ہوتی ہیں نیز ان کے ایسے کاموں کو زلۃ (لغزش) سے تعبیر کیا گیا اور لغزش یا زلہ پھسلنے کو کہتے ہیں لہٰذا ایسے کاموں کو گناہ نہیں کہہ سکتے انبیاءِ کرام گناہوں سے معصوم ہیں اور پھسلنا اپنے ارادے یا مرضی سے نہیں ہوتا ۱۲ ہزاروی

مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت یعقوب علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ آپ کو معلوم ہے میں نے آپ کے اور آپ کے بیٹے یوسف علیہ السلام کے درمیان جدائی کیوں ڈالی ہے؟ انہوں نے عرض کیا مجھے معلوم نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اس لیے کہ آپ نے ان کے بھائیوں سے فرمایا مجھے اس بات کا ڈر ہے کہ اسے بھیڑیا کھا جائے اور تم اس سے غافل ہو آپ نے اس پر بھیڑیئے کا خوف کیوں کیا؟ مجھ سے توقع کیوں نہیں کی ان کے بھائیوں کی غفلت کی طرف نظر کیوں کی میری حفاظت کو کیوں نہیں دیکھا اور کیا آپ جانتے ہیں کہ میں نے ان کو آپ کی طرف واپس کیوں کیا؟ انہوں نے عرض کیا نہیں۔ فرمایا اس لیے کہ آپ نے مجھ سے امید رکھتے ہوئے یوں کہا۔

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا۔ (۱)	قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب کو میرے پاس لائے۔

اور آپ نے یہ بھی فرمایا۔

اِذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَيْاَسُوْا۔ (۲)	جاؤ پس یوسف علیہ السلام اور ان کے بھائی کو تلاش کرو اور مایوس نہ ہو۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

فَاَنْسٰهُ الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِى السِّجْنِ بِضْعَ سِنِيْنَ۔ (۳)	تو شیطان نے اس (قیدی) سے بھلا دیا کہ وہ (یوسف علیہ السلام کا) ذکر اپنے مالک سے کرتا تو (یوں) آپ کئی سال قید خانے میں رہے۔

اس قسم کی حکایات کی بے شمار مثالیں ہیں اور قرآن پاک نیز احادیث میں یہ حکایات محض قصہ کہانی کے طور پر نہیں آئے بلکہ ان کا مقصد عبرت حاصل کرنا ہے تاکہ معلوم ہو جائے کہ انبیاء کرام علیہم السلام سے معمولی لغزشیں معاف نہیں ہوئیں تو دوسروں سے کبیرہ گناہ کس طرح معاف ہوں گے ہاں ان کی سعادت یہ تھی کہ انہیں فوری طور پر تنبیہ کی گئی اور ان کا معاملہ آخرت تک موخر نہیں کیا گیا جب کہ بدبخت لوگوں کو مہلت دی جاتی ہے تاکہ ان کے گناہ بڑھ جائیں نیز آخرت کا عذاب زیادہ سخت اور زیادہ بڑا ہے اس قسم کی باتیں گناہوں پر اصرار کرنے والوں کے سامنے زیادہ بیان کی جائیں تو بہ توبہ کو دعوت دینے والے امور کو حرکت دینے کے لیے یہ بات نفع بخش ہے۔

تیسری قسم:

لوگوں کے سامنے یہ بات بیان کی جائے کہ گناہوں پر دنیا میں سزا متوقع ہے اور بندے کو جو مصیبت پہنچتی ہے

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ یوسف آیت ۸۳

(۲) قرآن مجید، سورۃ یوسف آیت ۸۷

(۳) قرآن مجید، سورۃ یوسف آیت ۴۲

وہ اس کے گناہوں کے سبب ہوتی ہے اس لیے کہ کئی لوگ آخرت کے معاملے میں سستی کا مظاہرہ کرتے ہیں اور اپنی جہالت کے باعث دنیوی سزا سے ڈرتے ہیں تو مناسب یہی ہے کہ ان کو دنیوی سزا سے ڈرایا جائے کیوں کہ عام طور پر تمام گناہوں کی نحوست دنیا میں ہی ہوتی ہے جیسا کہ حضرت داؤد سلیمان علیہما السلام کے واقعہ میں مذکور ہے حتیٰ کہ بعض اوقات بندے پر اس کے گناہوں کے سبب سے رزق تنگ ہو جاتا ہے اور بعض اوقات لوگوں کے دلوں سے اس کی قدر و منزلت ختم ہو جاتی ہے اور اس پر اس کے دشمن مسلط ہو جاتے ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ الْعَبْدَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ بِالذَّنْبِ يُصِيْبُهُ (۱)	بے شک بندہ اپنے گناہ کے باعث جس کا وہ مرتکب ہوتا ہے، رزق سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میرا خیال ہے کہ بندہ گناہ کی وجہ سے علم کو بھول جاتا ہے (۲)
اور بعض بزرگوں نے فرمایا لعنت چہرے کا سیاہ ہونا اور مال کا نقصان نہیں ہے بلکہ لعنت یہ ہے کہ انسان ایک گناہ سے نکل کر اس جیسے یا اس سے بھی برے گناہ میں مبتلا ہو جائے — اور بات اسی طرح ہے جس طرح انہوں نے فرمایا ہے کیوں کہ لعنت کا معنیٰ (رحمت سے) دور کر دینا اور پھینک دینا ہے۔ اور جب انسان کو نیکی کی توفیق نہ ملے اور اس کے لیے برائی کا ارتکاب آسان ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دور کر دیا گیا اور توفیق کے ملنے سے محرومی سب سے بڑی محرومی ہے اور ہر گناہ دوسرے گناہ کی دعوت دیتا ہے اور وہ دوگنا ہوتا ہے پس بندہ ان علماء کی مجالس سے حاصل ہونے والے نفع سے محروم ہو جاتا ہے جو گناہوں سے نفرت کرتے ہیں نیز وہ صالحین کی ہمنشینی سے بھی محروم رہتا ہے بلکہ ایسے شخص سے اللہ تعالیٰ بھی ناراض ہوتا ہے تاکہ اس سے نیک لوگ بھی ناراض رہیں۔

ایک بزرگ کے بارے میں منقول ہے کہ وہ کیچڑ میں کپڑوں کو لپیٹے ہوئے چل رہے تھے تاکہ پاؤں پھسل نہ جائے حتیٰ کہ ان کا پاؤں پھسل گیا اور وہ گر گئے وہ کھڑے ہوئے اور روتے روتے کیچڑ کے درمیان چلنے لگے وہ کہہ رہے تھے۔ بندے کی یہی مثال ہے وہ گناہ سے بچتا اور کنارہ کش رہتا ہے حتیٰ کہ وہ ایک یا دو گناہوں میں جا پڑتا ہے اس وقت وہ گناہوں میں ڈوب جاتا ہے یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ گناہ کی فوری سزا یہ ہے کہ وہ دوسرے گناہ کی طرف لے جاتا ہے۔

اسی لیے حضرت فضیل رحمہ اللہ نے فرمایا کہ تم پر جو گردش زمانہ یا دوسرے بھائیوں کی طرف سے ظلم آتا ہے وہ تمہارے گناہوں کی وجہ سے ہوتا ہے اور کسی بزرگ نے فرمایا کہ اگر میرے گدھے کی عادت بگڑ جائے تو میں سمجھ جاتا ہوں کہ میرے گناہ کی

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۲۸۰ مرویات ثوبان

وجہ سے ہے۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں میں اپنے گناہوں کی سزا اپنے گھر کے چوہے میں بھی معلوم کر لیتا ہوں۔

شام کے ایک صوفی بزرگ فرماتے ہیں میں نے ایک خوبصورت عیسائی غلام کی طرف دیکھا تو پھر دیکھتا ہی رہ گیا اتنے میں حضرت ابن جلاد دمشقی رحمہ اللہ میرے پاس سے گزرے انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا تو مجھے ان سے حیا آیا اس نے کہا اے ابو عبداللہ! سبحان اللہ! مجھے یہ صورت اچھی لگی تھی اور یہ صنعت پسند آئی مجھے اس بات پر تعجب ہوا کہ یہ کیسے آگ کے لیے پیدا کیا گیا انہوں نے میرا ہاتھ دبایا اور فرمایا تم کچھ عرصہ بعد اس گناہ کی سزا پاؤ گے فرماتے ہیں تین سال بعد مجھے اس کی سزا ملی۔

حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں احتلام بھی ایک سزا ہے اور جب کسی شخص سے نماز با جماعت چھوٹ جاتی ہے تو یہ اس کے کسی گناہ کی سزا ہوتی ہے حدیث شریف میں ہے۔

مَا اَنْكَرْتُمْ مِنْ زَمَانِكُمْ فَبِمَا غَيَّرْتُمْ مِنْ اَعْمَالِكُمْ۔ (۱)

تم جو بات اپنے حالات میں ناپسند کرتے ہو وہ تمہارے اعمال کی وجہ سے بدل کر آئی۔

اور حدیث شریف میں ہے۔

يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ اَدْنٰى مَا اَصْنَعُ بِالْعَبْدِ اِذَا اٰثَرَ شَهْوَتَهٗ عَلٰى طَاعَتِهٖ اَنْ اُحْرِمَهٗ لَذِيْذَ مُنَاجَاتِيْ۔ (۲)

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ بندہ جب اپنی خواہش کو میری عبادت پر ترجیح دیتا ہے تو میں اسے کم از کم سزا یہ دیتا ہوں کہ اپنے ساتھ مناجات کی لذت سے محروم کر دیتا ہوں۔

ابو عمرو بن علوان کے ایک طویل واقعہ میں منقول ہے وہ فرماتے ہیں میں ایک دن کھڑا نماز پڑھ رہا تھا تو میرے دل میں ایک خواہش پیدا ہوئی جو نہایت طویل ہو گئی حتیٰ اس سے مردوں کے ساتھ شہوت کی تکمیل کا خیال پیدا ہوا تو میں زمین پر گر گیا اور میرا تمام جسم سیاہ ہو گیا میں گھر میں چھپ کر بیٹھ گیا اور تین دن تک باہر نہ نکلا میں حمام میں جا کر اپنے جسم کو صابن سے دھوتا لیکن سیاہی بڑھتی چلی جاتی یہاں تک کہ تین دن بعد وہ سیاہی دور ہو گئی میں نے حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ سے ملاقات کی انہوں نے مجھے موضع رقہ سے بغداد بلایا تھا جب میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے فرمایا تجھے شرم نہ آئی کہ تو اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہے اور تیرا نفس شہوت میں اس قدر ڈوبا کہ تجھ پر غالب آ گیا اور تجھے اللہ تعالیٰ کے حضور حاضری سے نکال دیا اگر میں تمہارے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا نہ مانگتا اور تیری طرف سے توبہ نہ کرتا تو تو اسی رنگ کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے ملاقات

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۱۳۱ کتاب الزھد

(۲)

کرتا۔ ابو عمرو فرماتے ہیں مجھے تعجب ہوا کہ ان کو یہ بات کیسے معلوم ہو گئی حالانکہ وہ تو بغداد میں ہیں اور میں مقام رقہ میں تھا۔ (۱)

تو جاننا چاہیے کہ انسان جو گناہ بھی کرتا ہے اس سے اس کے دل کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے اگر وہ نیک بخت ہے تو تنبیہ کے لیے وہ سیاہی چہرے پر ظاہر ہو جاتی ہے اور اگر وہ بد بخت ہے تو اس سے مخفی رہتی ہے حتی کہ اسی میں ڈوبا رہتا ہے اور جہنم کا مستحق ہو جاتا ہے۔

گناہوں کی دینوی آفات کے سلسلے میں بے شمار احادیث مروی ہیں اور یہ آفات فقر اور مرض وغیرہ کی صورت میں ظاہر ہوتی ہیں بلکہ دنیا میں گناہ کی ایک شامت یہ بھی ہے کہ اس کے بعد بھی اسی گناہ کی صفت میں رہے پس اگر کسی مصیبت میں مبتلا ہو تو وہ اس کی سزا ہو اور وہ اچھی طرح صبر سے بھی محروم رہے حتیٰ کہ بدبختی دوگنا ہو جائے اور اگر اسے کوئی نعمت پہنچے تو اس کے حق میں مہلت ہو اور اچھے شکر سے محروم ہو جائے حتیٰ کہ ناشکری کی سزا ملے۔

لیکن اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرنے والے کو اس اطاعت کی برکت حاصل ہوتی ہے اور ہر نعمت اس کے حق میں اس کی اطاعت کی جزا ہوتی ہے اور اسے اس کے شکر کی توفیق حاصل ہوتی ہے ہر آزمائش اس کے گناہوں کا کفارہ اور درجات کی بلندی کا باعث ہوتی ہے۔

چوتھی قسم:

ایک ایک گناہ پر جو سزائیں وارد ہوئی ہیں مثلاً شراب نوشی، زنا، چوری، قتل، غیبت، تکبر، حسد وغیرہ کی سزائیں بیان کرے اور یہ اس قدر ہیں کہ ان کا شمار ممکن نہیں ہے اور غیر اہل کے سامنے ان کا ذکر ایسے ہی ہے جیسے کسی نامناسب جگہ پر دوائی استعمال کی جائے۔ بلکہ عالم کو ماہر طبیب کی طرح ہونا چاہیے کہ پہلے وہ نبض، رنگ اور حرکات و سکنات سے باطنی بیماریوں سے آگاہی حاصل کرتا ہے اور ان کے علاج میں مشغول ہوتا ہے تو عالم کو بھی چاہیے کہ احوال کے قرائن سے پوشیدہ صفات معلوم کرے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا کرتے ہوئے انہی صفات کا حال بیان کرے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص نے عرض کیا کہ مجھے نصیحت فرمائیں لیکن زیادہ نہ ہو آپ نے فرمایا غصہ نہ کھاؤ (۱)

اور ایک دوسرے شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے نصیحت کیجیے تو آپ نے فرمایا۔

عَلَيْكَ بِالْيَأْسِ مِمَّا فِي أَيْدِي النَّاسِ فَإِنَّ ذٰلِكَ هُوَ الْغِنَىٰ وَإِيَّاكَ وَالطَّمَعَ فَإِنَّهُ	جو کچھ لوگوں کے پاس ہے تم اس سے مایوس ہو جاؤ بے شک یہی مالداری ہے نیز طمع سے بچو یہ حاضر فقر ہے اور

---

(۱) معلوم ہوا اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو پوشیدہ باتوں پر بھی مطلع کر دیتا ہے مسلمانوں کا یہی عقیدہ ہونا چاہیے اس کے خلاف عقیدہ بدعت ہے ۱۲ ہزاروی

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۴۶۶ مرویات ابوہریرہ

اَلْفَقْرُ الْحَاضِرُ وَصَلِّ صَلَاۃَ مُوَدِّعٍ وَاِیَّاکَ وَمَا یُعْتَذَرُ بِہٖ۔ (۱)

رخصت ہونے والے کی طرح نماز پڑھو اور ایسے کام سے بچو جس سے عذر پیش کرنا پڑے۔

حضرت محمد بن واسع رحمہ اللہ کی خدمت میں ایک شخص نے عرض کیا کہ مجھے نصیحت کیجئے انہوں نے فرمایا میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ دنیا اور آخرت میں فرشتہ بن جاؤ اس نے کہا یہ بات کیسے ہوگی؟ فرمایا دنیا سے بے رغبتی اختیار کرو۔

تو گویا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے شخص میں غصے کی علامات ملاحظہ فرما کر اسے اس سے منع فرمایا اور دوسرے آدمی میں لوگوں سے طمع اور لمبی امید کے اسباب دیکھے اور حضرت محمد بن واسع رحمہ اللہ نے پوچھنے والے شخص میں دنیوی حرص کے اسباب دیکھ کر اسے نصیحت کی۔

ایک شخص نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ مجھے کوئی نصیحت فرمائیں انہوں نے فرمایا رحم کرنے والے بن جاؤ میں تمہارے لیے جنت کا ضامن ہوں گویا انہوں نے اس میں سختی کے آثار بھانپ لیے تھے۔

ایک آدمی نے حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ سے عرض کیا کہ مجھے نصیحت فرمائیں انہوں نے فرمایا لوگوں سے دور رہو، لوگوں کے ساتھ رہا کرو لوگوں کا ہونا ضروری ہے کیوں کہ لوگ ہی تو لوگ ہیں اور سب لوگ بھوسہ بننے والے ہیں لوگ تو چلے گئے اور باقی بھوسہ رہ گیا میں ان کو لوگ نہیں سمجھتا بلکہ وہ مایوسی کے پانی میں غوطہ زن ہو گئے۔

گویا انہوں نے اس شخص میں میل جول کی آفت کو ملاحظہ فرمایا اور اس بات کی خبر دی جو اس وقت اس پر غالب تھی اور اس پر لوگوں کو اذیت دینے کا عمل غالب تھا اور لوگوں سے ان کی حالت کے مطابق کلام کیا جاتا ہے۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں لکھا کہ مجھے ایک تحریر عنایت فرمائیں جس میں مجھے کوئی نصیحت کریں مختصر بات ہو تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف سے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو ایک تحریر بھیجی گئی جس میں لکھا تھا آپ پر سلامتی ہو بعد اس کے میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا۔

مَنِ الْتَمَسَ رِضَا اللّٰہِ بِسَخَطِ النَّاسِ کَفَاہُ اللّٰہُ مُؤْنَۃَ النَّاسِ وَمَنِ الْتَمَسَ سَخَطَ اللّٰہِ بِرِضَا النَّاسِ وَکَلَہُ اللّٰہُ اِلَی النَّاسِ۔ (۲)

جو شخص لوگوں کی ناراضگی میں اللہ تعالیٰ کی رضا تلاش کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے مشقت سے بچا لیتا ہے اور جو آدمی لوگوں کی رضا حاصل کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کو ناراض کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے لوگوں کے سپرد کر دیتا ہے۔

اس کے بعد لکھا آپ پر سلامتی ہو۔

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۳۲۲ کتاب الرقاق

(۲) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۲۲۵ کتاب الزھد

تو غور کیجیے ام المومنین نے کس طرح اس آفت کا ذکر کیا کہ حکمران جس کے درپے ہیں اور وہ لوگوں کی رعایت کرنا اور ان کی رضا جوئی ہے اس کے بعد ایک مرتبہ انہوں نے ان کو لکھا کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اگر تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو گے تو وہ تمہیں لوگوں سے بچائے گا اور جب لوگوں سے ڈرو گے تو وہ تمہیں اللہ تعالیٰ سے بچا نہیں سکیں گے، والسلام۔

تو ہر نصیحت کرنے والے کو چاہیے کہ اس کی توجہ باطنی صفات کی طرف ہو اور اس کے لائق حالات معلوم کرے تاکہ وہ ضروری امور کو بیان کرے کیوں کہ شریعت کے تمام مواعظ ہر ایک تک پہنچانا ممکن ہے اور اسے اس بات کا وعظ کرنا جس کی اسے ضرورت نہیں ہے وقت ضائع کرنا ہے۔

سوال:

اگر واعظ ایک اجتماع کو وعظ کر رہا ہو یا جس آدمی نے اس سے وعظ کا سوال کیا ہے وہ اس کی باطنی حالت کو نہ جانتا ہو تو وہ کیا کرے؟

جواب:

جان لو! اس کا طریقہ یہ ہے کہ وہ ان باتوں کا ذکر کرے جن کی سب کو ضرورت ہو یا اکثر لوگ اس کے محتاج ہوں کیوں کہ علوم شرعیہ میں غذائیں اور دوائیں دونوں چیزیں ہیں غذائیں سب لوگوں کے لیے ہیں اور دوائیں صرف بیماروں کے لیے ہیں۔

اس کی مثال اس روایت میں ہے ایک شخص نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کیا کہ مجھے کوئی نصیحت فرمائیں انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ سے ڈرو کیونکہ تقویٰ تمام بھلائیوں کی اصل ہے نیز تم پر جہاد لازم ہے کیونکہ اسلام کی رہبانیت (گوشہ نشینی) یہی ہے قرآن پاک سے تعلق قائم کرو یہ زمین والوں میں تمہارے لیے نور اور اہل آسمان میں تمہاری یاد ہے نیز تم پر لازم ہے کہ اچھی بات کے علاوہ خاموشی اختیار کرو کیوں کہ اس سے شیطان غلبہ حاصل کرتا ہے۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کی خدمت میں ایک شخص نے نصیحت کی درخواست کی تو انہوں نے فرمایا تم اللہ تعالیٰ کے دین کی عزت کرو اللہ تعالیٰ تمہیں عزت عطا فرمائے گا۔

حضرت لقمان حکیم نے اپنے بیٹے سے فرمایا اے میرے بیٹے اعلماء کے سامنے دو زانو ہو جا اور ان سے جھگڑا نہ کرو ورنہ وہ تجھے برا سمجھیں گے۔ دنیا سے اپنی ضرورت کے مطابق لو اور زائد کمائی اپنی آخرت کے لیے خرچ کرو۔ دنیا کو بالکل ہی نہ چھوڑو ورنہ محتاج ہو جاؤ گے اور لوگوں کے کاندھوں کا بوجھ بنو گے، ایسا روزہ رکھو جو تمہاری خواہش کو توڑ دے ایسا روزہ نہ رکھو جو تمہاری نماز کو نقصان پہنچائے کیوں کہ نماز، روزے سے افضل ہے، بیوقوف لوگوں کے پاس نہ بیٹھو اور نہ منافق سے میل جول رکھو۔

انہوں نے اپنے بیٹے کو یہ نصیحت بھی کی فرمایا اے بیٹے! تعجب کے بغیر نہ ہنسو اور حاجت کے بغیر نہ پھرو بے مقصد

بات کا سوال نہ کرو اپنا مال ضائع نہ کرو اور دوسروں کے مال کی اصلاح کرو کیوں کہ تمہارا مال وہ ہے جو تم نے آگے بھیجا اور جو کچھ تم نے چھوڑا وہ دوسروں کا مال ہے۔

اے میرے بیٹے! جو رحم کرتا ہے اس پر رحم کیا جاتا ہے، جو خاموش رہتا ہے وہ محفوظ رہتا ہے جو اچھی بات کرتا ہے غنیمت پاتا ہے اور جو بری بات کرتا ہے وہ گناہ گار ہوتا ہے جو آدمی اپنی زبان پر کنٹرول نہیں کرتا وہ پشیمان ہوتا ہے۔

ایک شخص نے حضرت ابو حازم سے کہا کہ مجھے کوئی نصیحت فرمائیں انہوں نے فرمایا جس عمل پر تجھے مرنا اچھا لگتا ہو اسے لازم پکڑو اور جس کام کی حالت میں تمہیں موت کا آنا مصیبت معلوم ہو اس سے بچو۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت خضر علیہ السلام سے فرمایا مجھے کوئی نصیحت کیجئے انہوں نے فرمایا اے عمران کے بیٹے! ہنستے رہا کرو غصے میں نہ رہا کرو نفع دینے والے بنو، نقصان پہنچانے والے نہ بنو جھگڑوں سے بچو اور ضرورت کے بغیر کہیں نہ جاؤ۔ نیز تعجب کے بغیر نہ ہنسو۔ لوگوں کی خطاؤں پر انہیں عار نہ دلاؤ بلکہ اپنی خطا پر روؤ۔

ایک شخص نے حضرت محمد بن کرام رحمہ اللہ سے عرض کیا کہ مجھے کوئی نصیحت فرمائیں انہوں نے فرمایا اپنے خالق کی رضا جوئی کے لیے اس قدر کوشش کر جتنی کوشش اپنے نفس کو راضی کرنے کے لیے کرتا ہے۔

ایک شخص نے حضرت حامد لفاف سے کہا مجھے کوئی نصیحت کریں انہوں نے فرمایا اپنے دین کو میل کچیل سے بچانے کے لیے اس طرح غلاف بناؤ جیسے قرآن پاک کا غلاف ہوتا ہے انہوں نے پوچھا دین کا غلاف کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا ضرورت کے بغیر دنیا کی طلب نہ کرنا، ضرورت کے علاوہ گفتگو نہ کرنا اور ضرورت کے بغیر لوگوں سے میل جول نہ رکھنا۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کو لکھا حمد و صلوٰۃ کے بعد! اس بات سے ڈریں جس سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو ڈرایا اور اس چیز سے پرہیز کریں جس سے اللہ تعالیٰ نے بچنے کا حکم دیا جو کچھ آپ کے پاس ہے اس سے آگے کا سامان کریں کیوں کہ موت کے وقت یقینی خبر آئے گی۔ والسلام۔

حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ نے حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کو لکھا کہ انہیں کوئی نصیحت کریں تو انہوں نے لکھا۔

"حمد و صلوٰۃ کے بعد! بے شک سب سے بڑا خطرہ اور پریشان کن امور آپ کے آگے ہیں اور آپ کو ان کا مشاہدہ ضرور کرنا ہے یا تو نجات حاصل ہو گی یا تباہی ہو گی۔ اور جان لو کہ جو شخص اپنے نفس کا محاسبہ کرتا ہے وہ نفع اٹھاتا ہے اور جو ان امور سے غافل رہتا ہے وہ نقصان اٹھاتا ہے جو آدمی انجام کار پر نظر رکھتا ہے وہ نجات پاتا ہے اور جو اپنی خواہش کی بات مانتا ہے وہ گمراہ ہوتا ہے جو شخص بردباری اختیار کرتا ہے وہ غنیمت حاصل کرتا ہے، جو ڈرتا ہے وہ امن میں رہتا ہے جو امن میں ہوتا ہے وہ عبرت حاصل کرتا ہے اور عبرت پکڑنے والا صاحبِ بصیرت ہوتا ہے اور اہل بصیرت ہی سمجھتے ہیں اور جو سمجھتے ہیں وہ جانتے ہیں جب کوئی لغزش ہو جائے تو باز آ جاؤ اور جب ندامت پیدا ہو تو گناہ کو جڑ سے اکھاڑ پھینکو۔

جب کوئی بات معلوم نہ ہو تو اس کے بارے میں پوچھو اور جب غصہ آئے تو رک جاؤ۔"

حضرت مطرف بن عبداللہ نے حضرت عمر بن عبدالعزیز (رحمہما اللہ) کی طرف لکھا۔ "حمد وصلوٰۃ کے بعد! دنیا سزا کا مقام ہے اور اس کے لیے وہی جمع کرتا ہے جس کے پاس عقل نہیں اور اس کے دھوکے میں وہی آتا ہے جس کو علم نہیں ہوتا تو اے امیر المومنین! دنیا میں اس شخص کی طرح رہو جو اپنے زخم کا علاج کرتا ہے اور دوائی کی شدت پر صبر کرتا ہے کیوں کہ وہ بیماری کے انجام کو جانتا ہے۔"

اور حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے حضرت عدی بن ارطاۃ رحمہ اللہ کو لکھا "حمد وصلوٰۃ کے بعد! بے شک دنیا اولیاء اللہ کی دشمن ہے اور اللہ تعالیٰ کے دشمن کی بھی دشمن ہے اللہ تعالیٰ کے دوستوں کو غم اور رنج پہنچاتی ہے اور اس کے دشمنوں کو دھوکہ دیتی ہے۔"

آپ نے اپنے بعض گورنروں کو لکھا۔

حمد وصلوٰۃ کے بعد انہیں بندوں پر ظلم کی قدرت حاصل ہے پس جب تم کسی پر ظلم کا ارادہ کرو تو اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کی قدرت کو یاد کرو۔ اور جان لو! انسانوں کی طرف جو تکلیف آئے گی وہ زائل ہو جائے گی لیکن تمہارے اوپر باقی رہے گی اور یہ بات بھی جان لو کہ اللہ تعالیٰ ظالموں سے مظلوموں کا بدلہ لینے والا ہے والسلام۔

تو عام لوگوں کو اس طرح وعظ کیا جائے نیز جس کے کسی خصوصی واقعہ کا علم نہ ہو اسے بھی اسی طرح نصیحت کی جائے یہ وعظ غذاؤں کی طرح ہیں جن سے نفع اٹھانے میں سب لوگ مشترک ہیں چونکہ اس قسم کے واعظین باقی نہیں رہے اس لیے نصیحت حاصل کرنے کا دروازہ بھی بند ہو گیا اور گناہ غالب آ گئے، فساد پھیل گیا اور لوگ ایسے واعظوں کے ساتھ آزمائش میں مبتلا ہو گئے جو قافیے اور سجع ملاتے ہیں اور اشعار پڑھتے ہیں۔ اور جو کچھ ان کی وسعتِ علم میں نہیں اس کے لیے تکلف کرتے ہیں اور دوسروں کی حالت کی مشابہت اختیار کرتے ہیں چنانچہ عام لوگوں کے دلوں سے ان کا وقار ختم ہو گیا اور چونکہ ان کی گفتگو دل سے نہیں نکلتی اس لیے دلوں تک نہیں پہنچتی بلکہ بولنے والا لاف زن اور سننے والے تکلف برتنے والے ہیں اور ان میں سے ہر ایک دین سے پیچھے ہٹنے والا ہے تو اس صورت میں طبیب کو پہلے مریض کا اور علما کو پہلے نافرمان لوگوں کا علاج کرنا چاہیے یہ علاج کے ارکان اور اصول میں سے ایک رکن اور اصل ہے دوسرا اصل صبر ہے اور اس کی حاجت اس لیے ہے کہ مریض کا مرض بڑھنے کی وجہ ضرر رساں چیز کھانا ہے اور وہ نقصان دہ چیز اس لیے کھاتا ہے کہ اس کے نقصان سے غافل ہوتا ہے یا اس پر شہوت کا غلبہ ہوتا ہے پس اس کے دو سبب ہیں جو کچھ ہم نے ذکر کیا ہے وہ غفلت کا علاج ہے پس شہوت کا علاج باقی رہ گیا اور اس کے علاج کا طریقہ ہم نے ریاضتِ نفس کے بیان میں ذکر کیا ہے۔

اس کا خلاصہ یہ ہے کہ مریض کو جب مضر کھانے کا اشتیاق زیادہ ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ اس کے ضرر کی زیادتی سے واقف ہو پھر وہ چیز اس کی آنکھوں سے غائب کر دی جائے اور اس کے سامنے نہ لائی جائے پھر ایسی چیز جو صورتاً اس کے مشابہ ہو لیکن اس کا نقصان زیادہ نہ ہو، کے ذریعے تسلی حاصل کرے پھر وہ چیز جسے استعمال کر رہا ہے اس سے

حاصل ہونے والی تکلیف کے خوف کی قوت سے اسے بھی چھوڑ دے اور صبر کرے پس ہر حالت میں صبر کا کڑوا گھونٹ پینا ضروری ہے۔

اسی طرح گناہوں کے سلسلے میں خواہش کا علاج کیا جائے مثلاً جب کسی نوجوان پر شہوت غالب ہو جائے اور وہ اپنی آنکھوں کی حفاظت پر قادر نہ ہو نہ دل کی حفاظت کر سکے اور نہ ہی شہوت کے تقاضوں کو پورا کرنے سے اعضاء کو روک سکے تو اسے چاہیے کہ گناہ کے نقصان کا شعور حاصل کرے یعنی قرآن پاک اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں جو تنبیہات آئی ہیں ان کو تلاش کرے پس جب خوف زیادہ ہو جائے تو شہوت کو ابھارنے والے اسباب سے دُوری اختیار کرے۔

شہوت کو برانگیختہ کرنے والے اسباب یا تو خارجی ہوتے ہیں مثلاً جس چیز کی خواہش ہے وہ سامنے ہو اور اسے دیکھ رہا ہو تو اس کا علاج اس سے بھاگنا اور کنارہ کش ہونا ہے اور کچھ اسباب داخلی ہوتے ہیں مثلاً لذیذ کھانے کھانا تو اس کا علاج بھوک اور دائمی روزہ ہے اور یہ تمام باتیں صرف صبر سے پوری ہو سکتی ہیں۔

صبر کے لیے خوف اور خوف کے لیے علم ضروری ہے اور علم اس وقت حاصل ہوتا ہے جب بصیرت اور غور و فکر ہو یا سن کر اور تقلید کے ذریعے حاصل ہو۔ تو سب سے پہلے مجالس ذکر کی حاضری ہے۔

پھر دل کو تمام مشاغل سے خالی کر کے غور سے سننا ہے یعنی سماع کی طرف مصروف ہو پھر اس کو اچھی طرح سمجھنے کے لیے غور و فکر کرے اس طریقے سے لامحالہ خوف پیدا ہو گا اور جب خوف مضبوط ہو جائے تو اس کی مدد سے صبر حاصل ہوتا ہے اور طلب علاج کے اسباب پیدا ہوتے ہیں پھر اللہ تعالیٰ کی طرف سے توفیق حاصل ہو گی اور اس کے بعد معاملہ آسان ہو جائے گا۔

تو جو شخص دل لگا کر سنے اور خوف کا شعور حاصل کر کے اللہ تعالیٰ سے ڈرے، ثواب کا انتظار کرے اور اچھی بات کی تصدیق کرے اللہ تعالیٰ اس کو آسانی تک پہنچا دیتا ہے لیکن جو شخص بخل سے کام لے اور بے نیاز ہو جائے اور اچھی بات کو جھٹلائے اللہ تعالیٰ اسے تنگی اور سختی کی طرف لے جائے گا پھر جب تک وہ اس میں مشغول رہے گا دنیا کی کوئی لذت اسے فائدہ نہیں دے گی جب وہ ہلاک ہو کر گڑھے میں گرے گا۔ انبیاء کرام کا کام تو صرف ہدایت کے راستے کو کھول کر بیان کرنا ہے باقی دنیا اور آخرت (کی باز پرس تو) اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

سوال :

نتیجہ یہ ہوا کہ تمام معاملے کا رجوع ایمان کی طرف ہے کیونکہ گناہ کو اس وقت تک چھوڑنا ممکن نہیں جب تک اس سے صبر نہ کرے اور صبر اس وقت تک ممکن نہیں جب تک خوف کی معرفت نہ ہو اور خوف علم کے بغیر حاصل نہیں ہوتا ہے اور علم کا حصول اس وقت ہوتا ہے جب گناہ کے ضرر کی زیادتی کی تصدیق ہو اور گناہ کے نقصان کی تصدیق دراصل اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق ہے اور یہی ایمان ہے تو گویا جو شخص گناہ پر ڈٹ جاتا ہے وہ اسی لیے

اصرار کرتا ہے کہ وہ مومن نہیں ہے۔

جواب:

جان لو! یہ بات ایمان کے نہ ہونے کی وجہ سے نہیں ہوئی بلکہ اس کا باعث ایمان کی کمزوری ہے کیوں کہ ہر مومن اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ گناہ اللہ تعالیٰ سے دوری اور آخرت میں اس کے عذاب کا باعث ہے۔ لیکن اس کے گناہ میں مبتلا ہونے کا سبب کچھ امور ہیں پہلی بات یہ ہے کہ جس عذاب سے ڈرایا گیا ہے وہ غائب ہے سامنے نہیں ہے اور فطرت انسانی موجودہ چیز سے متاثر ہوتی ہے تو موجودہ سے متاثر ہونے کے مقابلے میں موعود چیز سے متاثر ہونا ضعیف ہے دوسری بات یہ ہے کہ وہ خواہشات جو گناہوں کا سبب بنتی ہیں وہ فوری اور نقد ہیں اور وہ فی الحال گلے کا ہار بنتی ہیں اور عادت والفت کے سبب سے وہ قوی اور غالب ہو جاتی ہیں اور عادت پانچویں طبیعت ہے اور آنے والے خوف کے پیش نظر فوری لذت کو چھوڑنا نفس پر دشوار ہوتا ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

كَلَّا بَلْ تُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ وَتَذَرُونَ الْآخِرَةَ۔ (۱)

ہرگز نہیں بلکہ تم (اے کافرو!) جلدی ملنے والے (دنیوی فائدے) کو پسند کرتے ہو اور آخرت کو چھوڑ دیتے ہو۔

اور ارشاد فرمایا:

بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا۔ (۲)

بلکہ تم دنیوی زندگی کو ترجیح دیتے ہو

اس شدت امر کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں بیان فرمایا۔

حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ وَحُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ۔ (۳)

جنت ناپسندیدہ باتوں سے اور جہنم خواہشات سے گھیری گئی ہے۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اللہ تعالیٰ نے آگ کو پیدا فرمایا پھر حضرت جبریل علیہ السلام کو حکم دیا کہ جا کر اسے دیکھیں انہوں نے اسے دیکھا تو عرض کیا یا اللہ! تیری عزت کی قسم جو اس کے بارے میں سنے گا وہ اس میں نہیں جائے گا تو اللہ تعالیٰ نے اسے خواہشات کے ساتھ ڈھانپ دیا پھر فرمایا اب جا کر دیکھو انہوں نے دیکھنے کے بعد عرض کیا یا اللہ! تیری عزت کی قسم ڈر ہے کہ اس میں داخل ہونے سے کوئی بھی پیچھے نہیں رہے گا۔ اور اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا فرمایا تو حضرت جبریل علیہ السلام سے فرمایا جا کر اسے دیکھیں انہوں نے دیکھا تو عرض کیا یا اللہ!

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ القیامۃ آیت ۲۰

(۲) قرآن مجید، سورۃ الاعلیٰ آیت ۱۶

(۳) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۷۸ کتاب الجنۃ

تیری عزت کی قسم جو بھی اس کے بارے میں سنے گا اس میں داخل ہو گا تو اللہ تعالیٰ نے اسے ناپسندیدہ امور سے چھپا دیا پھر فرمایا جا کر اسے دیکھو انہوں نے اسے دیکھنے کے بعد عرض کیا کہ مجھے ڈر ہے اس میں کوئی بھی داخل نہیں ہو گا۔ (۱)

تو شہوت کا فی الحال موجود ہونا اور عذاب کا دیر سے ہونا (گناہوں پر) اصرار کے دو سبب ہیں اس کے باوجود کہ اصل ایمان موجود ہے۔ جو شخص بیماری کی حالت میں برف کا پانی پیتا ہے وہ اصل طب کو جھٹلاتا نہیں ہے اور نہ اس بات کی تکذیب کرتا ہے کہ یہ کام اس کے حق میں مضر ہے لیکن اس پر شہوت کا غلبہ ہوتا ہے اور صبر کی تکلیف بھی موجود ہوتی ہے تو آئندہ کی تکلیف اسے آسان معلوم ہوتی ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ مومن عام طور پر توبہ کے عزم وارادے سے گناہ کا مرتکب ہوتا ہے اور سوچتا ہے کہ وہ نیکیوں کے ذریعے گناہوں کا کفارہ ادا کر دے گا اور اس سے وعدہ کیا گیا ہے کہ نیکیاں، گناہوں کے زوال کا باعث بنتی ہیں۔

لیکن چونکہ طبیعتوں پر ڈھیل غالب ہوتی ہے اس لیے وہ توبہ میں تاخیر کرتا رہتا ہے تو توبہ کی توفیق کی امید میں وہ ایمان کے باوجود گناہ کا مرتکب ہوتا ہے۔

چوتھی بات یہ ہے کہ ہر مومن یقیناً اس کا اعتقاد رکھتا ہے کہ گناہوں کی وجہ سے ایسی سزا واجب نہیں ہوگی جس سے معافی نہ ہو سکے پس وہ گناہ کرتا اور اللہ تعالیٰ کے فضل پر بھروسہ کرتے ہوئے معافی کا منتظر رہتا ہے۔ تو ایمان کے باوجود گناہ پر اصرار کے یہ چار اسباب ہیں ہاں کوئی گناہ گار ایک پانچویں سبب سے بھی گناہ کرتا ہے جس سے اس کے اصل ایمان میں خرابی لازم آتی ہے اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سچا ہونے میں شک کرنا ہے اور یہ کفر ہے اور یہ اس شخص کی طرح ہے جسے طبیب بیماری کی حالت میں مضر چیز کھانے سے روکتا ہے۔

پس اگر وہ شخص جس کو ڈرایا جا رہا ہے ان لوگوں میں سے ہو جو اس کے عالم طب ہونے پر یقین نہیں رکھتے تو وہ اسے جھٹلائے گا یا اس میں شک کرے گا تو اس کی پرواہ نہ کی جائے کیونکہ وہ منکر ہے۔

سوال:

ان پانچ اسباب کا علاج کیا ہے۔

جواب:

اس کا علاج غور و فکر ہے وہ یوں کہ پہلے سبب یعنی عذاب کے موخر ہونے کے بارے میں اپنے دل میں اس بات کو مضبوط کرے کہ جو چیز آنے والی ہے وہ ضرور آئے گی اور دیکھنے والوں کے لئے کل کا دن قریب ہے۔ اور موت ہر آدمی کے جوتے کے تسمے سے بھی زیادہ قریب ہے اسے کیا معلوم کہ شاید قیامت قریب ہو اور جو چیز مؤخر ہو وہ جب واقع ہوتی ہے تو فوراً واقع ہوتی ہے وہ اپنے دل میں سوچے کہ اس نے دنیا میں فی الحال ایک ایسے کام کے خوف سے اپنے آپ کو تھکانا شروع کر دیا ہے جو مستقبل میں واقع ہو گا مثلاً وہ اس نفع کے لیے جس کے بارے میں اس کا گمان ہوتا ہے کہ وہ دوسری

حالت میں اس کا محتاج ہو گا بحری اور بری سفر کرتا ہے بلکہ اگر وہ بیمار ہو جائے اور کوئی عیسائی ڈاکٹر کہہ دے کہ ٹھنڈا پانی پینا اس کے لیے نقصان دہ ہے اور وہ اسے موت تک لے جا سکتا ہے حالانکہ ٹھنڈا پانی سب سے زیادہ لذیذ ہوتا ہے لیکن وہ اسے چھوڑ دیتا ہے اور موت کی تکلیف تو ایک لحظہ کے لیے ہے جب اس کے بعد کا خوف نہ ہو، اور دنیا سے اس کا جدا ہونا ضروری ہے اور دنیا کے وجود کو ازل و ابد کے ساتھ کیا نسبت ہے؟ تو غور کا مقام ہے کہ وہ ایک عیسائی کے کہنے پر لذت والی چیز چھوڑ دیتا ہے حالانکہ اس کے ڈاکٹر ہونے پر کوئی معجزہ قائم نہیں ہے

تو دل میں کہنا چاہیے کہ یہ بات میری عقل کے لائق کیسے ہو سکتی ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام جن کی معجزات کے ساتھ تائید کی گئی ہے ان کا قول ایک عیسائی کے قول سے کم درجہ میں ہو جو ڈاکٹر ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اور اس کی ڈاکٹری پر کوئی معجزہ مؤید نہیں ہے اس کی گواہی تو صرف عام لوگ دیتے ہیں۔ اور کس طرح جہنم کا عذاب میرے لیے بیماری سے ہلکا ہو سکتا ہے حالانکہ آخرت کا ہر دن دنیا کے پچاس ہزار دنوں کے برابر ہو گا۔

تو اسی سوچ بچار کے ساتھ اس لذت کا علاج کرے جو اس پر غالب آتی ہے نیز اپنے نفس کو اس کے چھوڑنے کا مکلف بنائے اور یوں سوچے کہ جب میں زندگی کے ان دنوں میں جو تھوڑے سے دن ہیں اپنی لذت کو چھوڑ نہیں سکتا تو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اس پر کیسے قادر ہوں گا اور جب میں صبر کی تکلیف برداشت نہیں کر سکتا تو آگ کی تکلیف کیسے برداشت کروں گا۔ اور جب میں دنیا کی زیبائش نہیں چھوڑ سکتا حالانکہ اس میں گندگی ہے اور اس کا صاف میل کچیل سے ملا ہوا ہے تو میں آخرت کی نعمتوں سے کیسے صبر کروں گا۔

جہاں تک توبہ میں ٹال مٹول کا تعلق ہے تو اس بات کو سوچے کہ دوزخیوں کی اکثر فریاد اسی وجہ سے ہو گی کیونکہ ٹال مٹول کرنے والا اپنے معاملے کی بنیاد ایسی بات کو بناتا ہے جو اس کے اختیار میں نہیں ہے اور وہ باقی رہنا ہے ہو سکتا ہے وہ باقی نہ رہے اور اگر باقی رہے تو کل بھی گناہ چھوڑ نہ سکے جیسے آج نہیں چھوڑ سکتا۔ آج بھی وہ شہوت کے غلبہ کی وجہ سے توبہ کرنے سے عاجز ہے اور کل اس سے شہوت دور نہیں ہو گی بلکہ بڑھ جائے گی کیوں کہ عادت کے ذریعے یہ پکی ہو جاتی ہے اور جس شہوت کو انسان عادت کے ذریعے پکا کرتا ہے وہ اس کی طرح نہیں ہے جسے اس نے پکا نہیں کیا ہے اسی وجہ سے (توبہ میں) ٹال مٹول کرنے والے ہلاک ہوئے کیوں کہ وہ ایک جیسی دو چیزوں میں فرق سمجھتے ہیں اور یہ خیال نہیں کرتے کہ تمام دن اس بات میں ایک جیسے ہیں کہ ان میں شہوات کو چھوڑنا بڑا مشکل ہوتا ہے۔

توبہ میں آج کل کرنے والے شخص کی مثال اس شخص کی طرح ہے جو ایک درخت کو اکھاڑنے پر مجبور ہے لیکن جب وہ دیکھتا ہے کہ درخت مضبوط ہے سخت مشقت کے بغیر اکھاڑا نہیں جا سکتا تو کہتا ہے میں اسے ایک سال کے لیے مؤخر کر دیتا ہوں پھر اس کی طرف رجوع کروں گا حالانکہ وہ جانتا ہے کہ درخت باقی رہنے سے زیادہ مضبوط ہو جاتا ہے اور جوں جوں اس کی عمر بڑھتی ہے اس کی کمزوری میں اضافہ ہوتا ہے تو دنیا میں اس سے بڑی حماقت کوئی نہیں کہ وہ قوت کے باوجود ضعیف کا مقابلہ

کرنے سے عاجز رہا اور اس انتظار میں رہا کہ جب یہ خود کمزور ہو جائے گا اور کمزور، مضبوط ہو گا تو یہ اس پر غلبہ پائے گا۔
چوتھی بات یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے معافی کے انتظار کا جہاں تک تعلق ہے تو اس کا علاج پہلے بیان ہو چکا ہے اور وہ اس آدمی کی طرح ہے جو اپنا تمام مال خرچ کر دیتا ہے اور اپنے آپ کو اور اہل و عیال کو فقیر بنا کر چھوڑ دیتا ہے اور وہ اس بات کا منتظر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے ویران جگہ میں خزانہ بتائے گا تو گناہ کی معافی کا امکان بھی اسی طرح ہے اور اس کی مثال اس شخص کی طرح ہے جسے معلوم ہے کہ یہاں لوٹ مار کرنے والے لوگ ہیں لیکن وہ اپنے مال کو چھپانے اور دفن کرنے پر قادر ہونے کے باوجود اسے مکان کے صحن میں رکھ دیتا ہے اور اس بات کا منتظر رہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے لوٹنے والوں پر غفلت مسلط کر دے گا یا ظالم لیٹرے کو سزا دے گا۔ حتیٰ کہ وہ میرے گھر کی طرف آنے کے لیے فارغ ہی نہیں ہو گا یا جب وہ میرے گھر کے قریب پہنچے گا تو دروازے پر ہی مر جائے گا کیوں کہ موت اور غفلت دونوں ممکن ہیں۔
اور واقعات میں اس قسم کی باتیں منقول ہیں لہٰذا میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے اسی قسم کی بات کا انتظار کرتا ہوں تو اس قسم کا منتظر، ایک ممکن بات کا منتظر ہے لیکن وہ انتہائی درجے کا احمق اور جاہل ہے کیوں کہ بعض اوقات اس قسم کی بات ممکن نہیں رہتی اور عمل میں نہیں آتی۔
پانچویں بات یعنی شک کرنا کفر ہے اور اس کا علاج وہ اسباب ہیں جن سے صدقِ رسول کا پتہ چلتا ہے یہ ایک لمبی بات ہے لیکن اس کے لیے ممکن ہے کہ علم قریب سے اس کا علاج کرے جو اس کی حد عقل کے قریب ہے۔ تو اس سے کہا جائے گا کہ انبیاء کرام علیہم السلام جن کو معجزات سے تائید حاصل تھی جو کچھ انہوں نے فرمایا کیا اس کا صدق تمہارے نزدیک ممکن ہے یا تو کہتا ہے کہ پھر علم کے مطابق یہ محال ہے۔ جیسے میں اس بات کو محال جانتا ہوں کہ ایک شخص ایک ہی حالت میں دو جگہ میں ہو اگر وہ کہے کہ میں اسی طرح محال جانتا ہوں تو وہ شخص عقلمندوں کی فہرست سے خارج ہے اور اگر وہ کہے کہ مجھے اس میں شک ہے تو اسے کہا جائے گا اگر تجھے کوئی مجہول شخص یہ خبر دے کہ تم نے جو کھانا گھر میں چھوڑ رکھا ہے اس میں سانپ نے منہ مارا ہے اور اس میں اس کا زہر پڑ گیا ہے اور تجھے اس بات میں شک ہو کہ معلوم نہیں یہ سچ کہتا ہے کہ جھوٹ؟ تو کیا تم اسے کھاؤ گے یا چھوڑ دو گے اگرچہ وہ لذیذ ترین کھانا ہو تو وہ کہتا ہے میں یقیناً اسے ترک کر دوں گا کیوں کہ میں کہوں گا کہ اگر یہ شخص جھوٹ بولتا ہے تو زیادہ سے زیادہ یہی ہو گا کہ مجھ سے یہ کھانا چھوٹ جائے گا تو اس سے صبر کرنا اگرچہ مشکل ہے لیکن قریب ہے اور اگر وہ سچ کہتا ہے تو زندگی سے ہاتھ دھونا پڑیں گے اور کھانے سے صبر کرنے اور اس کو ضائع کرنے کی تکلیف کے مقابلے میں موت کا سامنا کرنا زیادہ سخت ہے۔
تو ایسے شخص سے کہا جائے گا سبحان اللہ! تو کس طرح تمام انبیاء کرام علیہم السلام کے سچ کو مستقبل کے لیے چھوڑتا ہے حالانکہ ان کے معجزات ظاہر ہوئے اور تمام اولیاء کرام، علماء و حکماء بلکہ تمام عقلمند لوگوں نے ان کی تصدیق کی ہے اور یہ لوگ عوام

جاہل تو نہ تھے بلکہ عقلمند تھے حالانکہ تو ایک مجہول آدمی کی بات کو سچ مانتا ہے ہو سکتا ہے کہ اس نے جو کچھ کہا ہے اس میں اس کی کوئی غرض ہو ــــــ تو کوئی عقل مند آدمی ایسا نہیں جس نے یوم آخرت کی تصدیق نہ کی ہو یا ثواب و عذاب کو ثابت نہ کیا ہو اگرچہ اس کی کیفیت میں اختلاف ہے۔ اگر یہ لوگ سچے ہیں تو تجھے ایسا عذاب ہو گا جو ہمیشہ باقی رہے گا اور اگر (معاذ اللہ) وہ جھوٹے ہیں تو تجھ سے صرف دنیا کی بعض خواہشات ہی چھوٹیں گی جو فنا ہونے والی اور کدورت سے بھرپور ہیں۔

اب اگر وہ شخص عقل مند ہے تو اس (بیان کئے گئے) فکر کے بعد اس کے لیے توقف کی گنجائش باقی نہیں رہے گی کیوں کہ زندگی کو ابدالاباد سے کوئی نسبت نہیں ہے بلکہ اگر فرض کیا جائے کہ دنیا چیونٹیوں (یا ذرات) سے بھری ہوئی ہے اور ہم ایک پرندہ تصور کرتے ہیں جو دس لاکھ سال کے بعد ایک چیونٹی (یا ذرہ) اٹھاتا ہے تو بھی وہ ختم ہو جائیں گے اور ابدالاباد میں سے کچھ بھی فنا نہیں ہو گا تو ایک عقلمند شخص کی رائے (مثلاً) ایک سو سال کی خواہشات سے کیسے کوتاہی کرے گی اور وہ اس کے لیے ابدی سعادت کو ترک کر دے گا اسی لیے ابوالعلاء احمد بن سلیمان تنوخی معری نے کہا۔

قَالَ الْمُنَجِّمُ وَالطَّبِيْبُ كِلَاهُمَا لَا تُبْعَثُ الْأَمْوَاتُ قُلْتُ إِلَيْكُمَا إِنْ صَحَّ قَوْلُكُمَا فَلَسْتُ بِخَاسِرٍ أَوْ صَحَّ قَوْلِيْ فَالْخَسَارُ عَلَيْكُمَا۔	نجومی اور طبیب دونوں نے کہا کہ مُردوں کو دوبارہ زندہ نہیں کیا جائے گا میں نے کہا اپنی بات اپنے پاس رکھو اگر تمہاری بات سچی ہو تو مجھے کوئی خسارہ نہیں ہو گا اور اگر میری بات ٹھیک ہوئی تو تم دونوں خسارے میں ہو گے۔

اسی لیے حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ نے اس آدمی سے فرمایا جس کی عقل امور کی تحقیق سے قاصر تھی اور وہ شک کرتا تھا۔

"اگر تمہارا قول ٹھیک ہوا تو ہم سب نے چھٹکارا پایا اور اگر ہماری بات درست ہوئی تو ہم نجات پائیں گے اور تم ہلاک ہو گے۔

یعنی عقل مند آدمی تمام حالات میں امن کے راستے پر چلتا ہے۔

سوال:

یہ باتیں واضح ہیں لیکن غور و فکر کے بغیر حاصل نہیں ہوتیں تو دلوں کو کیا ہوا کہ انہوں نے غور و فکر چھوڑ دیا اور اسے بھاری سمجھا اور دلوں کو فکر کی طرف لوٹانے کا علاج کیا ہے خصوصاً اس شخص کے لیے جو شریعت کی اصل اور اس کی تفصیل دونوں پر ایمان رکھتا ہے۔

جواب:

غور و فکر کے راستے میں رکاوٹ دو باتیں ہیں ایک یہ کہ نفع بخش فکر، عذاب آخرت میں اور اس کی سختیوں میں غور کرنا ہے نیز یہ کہ نافرمان لوگوں کی جنت کی نعمتوں سے محرومی اور حسرت کے بارے میں سوچے یہ فکر ایک ڈسنے والا ہے جو دل کو اذیت پہنچاتا ہے لہٰذا دل اس سے بھاگتا ہے اور دنیوی امور سے راحت اور فرحت کے ذریعے لذت اٹھاتا ہے اور دوسری رکاوٹ یہ ہے کہ غور و فکر فوری مشغولیت ہے جو دنیوی لذتوں اور خواہشات کی تکمیل سے روکتی ہے اور ہر شخص کے لیے ہر حال اور ہر گھڑی

میں ایک خواہش ہوتی ہے جو اس پر غالب ہوتی ہے اور اسے اپنا غلام بناتی ہے تو اس کی عقل خواہشات کے سامنے مسخر ہو جاتی ہے اور کوئی حیلہ سوچنے میں مشغول ہوتی ہے تو اس کی لذت طلبِ حیلہ یا تکمیل شہوت میں ہوتی ہے اور غور و فکر اس بات سے مانع ہے۔

ان دو رکاوٹوں کا علاج یہ ہے کہ اپنے دل سے کہے کہ تو کس قدر غبی ہے تو موت اور اس کے بعد والے حالات کے بارے میں نہیں سوچتا اور اس کے ذکر سے تکلیف محسوس کرتا ہے اور اس کے آنے کی تکلیف کو حقیر جانتا ہے اور جب وہ واقع ہوگا تو کیسے صبر کرے گا حالانکہ تو موت اور اسی کے مابعد کا تصور کر کے ہی پریشان ہو جاتا ہے۔

جہاں تک دوسری بات کا تعلق ہے کہ فکر کے باعث لذتِ دنیا کے فوت ہونے کا خوف ہوتا ہے تو ذہن میں یہ بات پکی طرح بٹھا لینی چاہئے کہ اخروی لذت کا فوت ہونا زیادہ سخت اور بڑا نقصان ہے کیوں کہ اس کی کوئی انتہا نہیں ہے اور اس میں کوئی کدورت بھی نہیں جب کہ دنیوی لذات فوری طور پر زائل ہونے والی بھی ہیں اور ان میں خرابیاں بھی ہیں کوئی بھی دنیوی لذت ایسی نہیں ہے جس میں گدلاپن نہ ہو اور دوسری بات یہ ہے کہ گناہوں سے توبہ کرنے اور اطاعت کی طرف متوجہ ہونے میں اللہ تعالیٰ سے مناجات کی لذت اس کی معرفت اور اطاعت کا سکون اور اس سے ایک طویل اُنس ہے اور اگر اطاعت کرنے والے کو اس کے عمل کی جزا نہ بھی ملے تو بھی عبادت کی حلاوت اور اللہ تعالیٰ سے مناجات کے اُنس کی رُوح جو اسے حاصل ہو رہی ہے، وہی کافی ہے تو کیا کیفیت ہوگی جب اسے اس کے ساتھ آخرت کی نعمتیں بھی ملیں گی۔ ہاں! یہ لذت توبہ کی ابتدا میں حاصل نہیں ہوتی بلکہ ایک طویل مدت تک صبر کرنے کے بعد حاصل ہوتی ہے اب بھلائی اس کی عادت بن جائے گی جس طرح پہلے برائی اس کی عادت بن گئی تھی اور نفس اس بات کے قابل ہے کہ تم اسے جس بات کا عادی بناؤ گے اس کا عادی ہو جائے گا بھلائی ایک عادت ہے اور برائی دائمی دشمن ہے۔

تو اس وقت یہی افکار اس خوف کو ابھارتے ہیں جو لذات سے صبر کی قوت کو برانگیختہ کرتا ہے اور ان افکار کو واعظوں کا وعظ حرکت دیتا ہے نیز وہ تنبیہات ہیں جو اتفاقاً کبھی اسباب کے ساتھ دل پر واقع ہوتی ہیں اور وہ بے شمار ہیں اب فکر طبیعت کے موافق ہو جاتا ہے اور دل اس کی طرف مائل رہتا ہے اور وہ سبب جو طبیعت اور فکر کے درمیان موافقت پیدا کرتا ہے اسے بھلائی کی توفیق کا سبب کہتے ہیں کیوں کہ توفیق سے ہی ارادہ اور وہ معنیٰ جو اطاعت ہے اور آخرت میں نفع دیتا ہے آپس میں ملتے ہیں۔

ایک طویل حدیث میں مروی ہے کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کیا اے امیر المومنین! بتائیے کہ کفر کی بنیاد کیا چیز ہے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کفر کی بنیاد چار ستون ہیں جفا، نابینائی، غفلت اور شک ——— کیونکہ جو شخص جفا (ظلم) کرتا ہے وہ حق کو حقیر جانتا ہے باطل کو ظاہر کرتا ہے اور علماء کو برا جانتا ہے، اور جو (دل کا) اندھا ہوگا وہ ذکر کو بھول جائے گا، غفلت کرنے والا راہ حق سے پھر جاتا ہے

اور شک کرنے والے کو آرزوئیں دھوکہ دیتی ہیں پس اسے حسرت اور ندامت کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے لیے وہ کچھ ظاہر ہوتا ہے جس کا اسے گمان بھی نہیں ہوتا ـــــــ جو کچھ ہم نے بیان کیا ہے یہ تفکر سے غفلت کے بارے میں کچھ باتیں ہیں اور توبہ کے سلسلے میں اتنی بات کافی ہے اور جب صبر، دوام کے ارکان میں سے ایک رکن ہے تو صبر کا بیان بھی ضروری ہے تو ان شاء اللہ ہم اسے اگلے باب میں بیان کریں گے۔

۲- صبر اور شکر کا بیان

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو حمد و ثنا کے لائق ہے، کبریائی کے لباس کے ساتھ یکتا ہے، بزرگی اور بلندی میں منفرد ہے خوشی اور تکلیف میں صبر اور انعامات پر شکر کے ساتھ اپنے دوستوں کی تائید کرتا ہے اور رحمت کاملہ حضرت محمد مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ہو جو انبیاء کرام کے سردار ہیں اور آپ کے صحابہ کرام پر جو اصفیاء کے قائد ہیں اور آپ کی آل پر جو نیکوکار متقی ہیں ایسی رحمت جو دوام کے ذریعے فنا سے اور تسلسل کی وجہ سے ٹوٹنے سے محفوظ ہے۔

حمد و صلوٰۃ کے بعد —— ایمان دو حصوں میں منقسم ہے ایک حصہ صبر ہے اور دوسرا حصہ شکر ہے (۱) جیسا کہ روایات میں آیا ہے اور اس پر احادیث مبارکہ شاہد ہیں اور یہ دونوں باتیں اللہ تعالیٰ کا وصف ہیں اور اس کے اسمائے حسنہ میں سے ہیں کیوں کہ اس نے اپنے آپ کو صبور اور شکور فرمایا۔

لہٰذا صبر اور شکر سے جہالت ایمان کے دونوں حصوں سے جاہل رہنا ہے علاوہ ازیں یہ رحمٰن کے اوصاف میں سے دو وصفوں سے غفلت ہے اور اللہ تعالیٰ کے قرب کے لیے ایمان کے علاوہ کوئی راستہ نہیں اور جب تک ایمان کے ارکان کی معرفت نہ ہو ایمان کے راستے پر چلنا کیسے متصور ہو سکتا ہے نیز یہ بھی معلوم ہونا ضروری ہے کہ کس پر ایمان لانا ضروری ہے لہٰذا صبر و شکر کی معرفت سے خاموش بیٹھ جانا اس کی معرفت کو چھوڑنا ہے جس پر ایمان لایا جاتا ہے نیز اس چیز کو چھوڑنا ہے جس کے ذریعے ایمان حاصل ہوتا ہے پس (ایمان کے) یہ دونوں حصے وضاحت اور بیان کے کس قدر محتاج ہوں گے ہم ان دونوں باتوں کو ایک ہی بیان میں ذکر کریں گے کیوں کہ یہ دونوں ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں۔

پہلا حصہ:

صبر کا بیان

اس میں مندرجہ ذیل امور کا بیان ہو گا۔

(۱) صبر کی فضیلت (۲) صبر کی تعریف اور حقیقت (۳) صبر، نصف ایمان ہے (۴) صبر کے متعلقات کے اعتبار سے اس کے مختلف نام (۵) قوت و ضعف کے اعتبار سے اس کی مختلف اقسام (۶) صبر کی ضرورت کا گمان کہاں کہاں ہے (۷) صبر کی دوا اور جس چیز سے اس پر مدد حاصل کی جاتی ہے

---

(۱) الفردوس بماثور الخطاب جلد اول ص ۱۱۱ حدیث ۳۷۸

یہ سات فصلیں ہیں جو ان شاء اللہ صبر کے تمام مقاصد پر مشتمل ہوں گی۔

فصل ۱

فضیلت صبر

آیات:

اللہ تعالیٰ نے صبر کرنے والوں کے کئی اوصاف ذکر کیے ہیں اور قرآن مجید میں ستر سے زیادہ مقامات پر اس کا ذکر کیا گیا ہے اور اکثر درجات اور بھلائیوں کی نسبت صبر کی طرف کی گئی ہے اور ان کو اسی کا نتیجہ قرار دیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا۔ (۱)

اور ہم نے ان میں سے کچھ راہنما بنائے جو ہمارے حکم سے راہنمائی کرتے ہیں جب انہوں نے صبر کیا۔

اور ارشاد خداوندی ہے،

وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔ (۲)

اور ہم صبر کرنے والوں کو ان کا اجر ضرور بضرور دیں گے جو ان کے اعمال سے زیادہ بہتر ہو گا۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيْ اِسْرَآءِيْلَ بِمَا صَبَرُوْا۔ (۳)

اور تیرے رب کے اچھے کلمات بنی اسرائیل پر ان کے صبر کے سبب سے پورے ہو گئے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا۔ (۴)

ان لوگوں کو ان کے صبر کی وجہ سے ان کا اجر دوبار دیا جائے گا۔

اور ارشاد فرمایا:

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ السجدہ آیت ۲۴

(۲) قرآن مجید، سورۃ نحل آیت ۹۶

(۳) قرآن مجید، سورۃ اعراف آیت ۱۳۷

(۴) قرآن مجید، سورۃ قصص آیت ۵۴

اِنَّمَا یُوَفَّی الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَھُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ۔ (۱)
بے شک صبر کرنے والوں کو ان کا اجر کسی حساب کے بغیر دیا جائے گا۔

صبر کے سوا ہر نیکی کا اجر اندازے اور حساب سے ہوتا ہے

اور چونکہ روزے میں صبر ہوتا اور وہ نصفِ صبر ہے اس لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا (حدیث شریف میں ہے)

اَلصَّوْمُ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِہٖ۔ (۲)
روزہ میرے لئے ہے اور میں ہی اس کا اجر دوں گا۔

اللہ تعالیٰ نے باقی عبادات کو چھوڑ کر صرف اسے اپنی طرف منسوب کیا نیز صبر کرنے والوں سے وعدہ فرمایا کہ میں ان کے ساتھ ہوں چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَاصْبِرُوْا اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ۔ (۳)
اور صبر کرو بے شک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

اور مدد کو صبر کے ساتھ مشروط کیا ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

بَلٰۤی اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَیَاْتُوْکُمْ مِّنْ فَوْرِھِمْ ھٰذَا یُمْدِدْکُمْ رَبُّکُمْ بِخَمْسَۃِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِکَۃِ مُسَوِّمِیْنَ۔ (۴)
ہاں کیوں نہیں اگر تم صبر کرو اور پرہیز گاری اختیار کرو اور وہ (کفار) تم پر فوری حملہ کردیں تو اللہ تعالیٰ پانچ ہزار نشان والے فرشتوں کے ذریعے تمہاری مدد کرے گا۔

اور صبر کرنے والوں کے لیے وہ امور جمع فرمائے جو ان کے علاوہ کسی کے لیے جمع نہیں کیے ارشاد خداوندی ہے:

اُولٰٓئِکَ عَلَیْھِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّھِمْ وَرَحْمَۃٌ وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُھْتَدُوْنَ۔ (۵)
ان لوگوں پر ان کے رب کی طرف سے رحمتیں ہیں اور رحمت اور وہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔

تو ہدایت، رحمت اور صلوات کو صبر کرنے والوں کے لیے جمع کیا گیا۔ صبر کے سلسلے میں تمام آیات کا احاطہ طوالت کا تقاضا کرتا ہے۔

احادیث:

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ زمر آیت ۱۰

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۲۷۳ مرویات ابوہریرہ

(۳) قرآن مجید، سورۃ انفال آیت ۴۶

(۴) قرآن مجید، سورۃ آل عمران آیت ۱۲۵

(۵) قرآن مجید، سورۃ بقرہ آیت ۱۵۷

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

الصَّبْرُ نِصْفُ الْإِيمَانِ۔ (۱)

صبر ایمان کا نصف ہے۔

اس کے نصف ہونے کی وجہ آگے بیان ہوگی۔

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مِنْ أَقَلِّ مَا أُوتِيتُمُ الْيَقِينُ وَعَزِيمَةُ الصَّبْرِ وَمَنْ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنْهُمَا لَمْ يُبَالِ بِمَا فَاتَهُ مِنْ قِيَامِ اللَّيْلِ وَصِيَامِ النَّهَارِ وَلَأَنْ تَصْبِرُوا عَلَى مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يُوَافِيَنِي كُلُّ امْرِئٍ مِنْكُمْ بِمِثْلِ عَمَلِ جَمِيعِكُمْ وَلَكِنِّي أَخَافُ أَنْ تُفْتَحَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا بَعْدِي فَيُنْكِرَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا وَيُنْكِرَكُمْ أَهْلُ السَّمَاءِ عِنْدَ ذَلِكَ فَمَنْ صَبَرَ وَاحْتَسَبَ ظَفِرَ بِكَمَالِ ثَوَابِهِ۔ (۲)

کم از کم چیز جو تمہیں دی گئی ہے وہ یقین اور صبر کی عزیمت ہے اور جس آدمی کو ان دونوں باتوں میں سے حصہ مل گیا اس کا قیام لیل اور دن کو روزہ رکھنا فوت بھی ہو جائے تو کوئی پرواہ نہیں اور تم جس حالت پر ہو اس پر تمہارا صبر کرنا مجھے اس بات سے زیادہ پسند ہے کہ کوئی شخص تم سب کے عمل کے برابر عمل میرے پاس لائے لیکن مجھے خوف ہے کہ تم پر دنیا کھول دی جائے تو تم ایک دوسرے سے اجنبی ہو جاؤ گے اس وقت آسمان والے بھی تمہیں نہیں پہچانیں گے جس نے صبر کیا اور ثواب کا ارادہ کیا وہ پورے ثواب کے ساتھ کامیاب ہوا۔

اس کے بعد آپ نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی۔

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللَّهِ بَاقٍ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِينَ صَبَرُوا أَجْرَهُمْ۔ (۳)

جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا اور جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ باقی رہنے والا ہے اور ہم ضرور بضرور صبر کرنے والوں کو ان کا اجر عطا کریں گے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایمان کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا۔

الصَّبْرُ السَّمَاحَةُ۔ (۴)

صبر کرنا سخاوت ہے۔

---

(۱) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۲۷۷ کتاب الجنائز

(۲)

(۳) قرآن مجید، سورۃ النحل آیت ۹۶

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۳۸۵ مرویات عمرو بن عبسہ

نیز آپ نے فرمایا۔
اَلصَّبْرُ كَنْزٌ مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ۔ (۱) صبر جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے
ایک مرتبہ آپ سے ایمان کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا صبر (ایمان) ہے (۲)
اور آپ کا یہ ارشاد گرامی، آپ کے اس قول کے مطابق ہے کہ آپ نے فرمایا۔
اَلْحَجُّ عَرَفَةُ۔ (۳) حج عرفہ (میں وقوف کا نام) ہے
اس کا مطلب یہ ہے کہ عرفات میں ٹھہرنا حج کا سب سے بڑا عمل ہے (رکن ہے)
آپ نے یہ بھی ارشاد فرمایا۔
اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ مَا اُكْرِهَتْ عَلَيْهِ النُّفُوْسُ۔ (۴) سب سے بہتر عمل وہ ہے جس پر نفسوں کو مجبور ہونا پڑے۔
کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ اللہ تعالیٰ کے اخلاق سے موصوف ہو جائیں اور میرے (اللہ تعالیٰ کے) اخلاق میں سے یہ ہے کہ میں بہت صبر کرنے والا ہوں۔
حضرت عطاء، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انصار کے پاس تشریف لے گئے تو فرمایا کیا تم مومن ہو؟ وہ خاموش رہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا۔ تمہارے ایمان کی علامت کیا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کیا ہم فراخی کی حالت میں شکر کرتے ہیں، آزمائش کے وقت صبر کرتے اور اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر راضی رہتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رب کعبہ کی قسم! تم مومن ہو (۵)
رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
فِي الصَّبْرِ عَلٰى مَا تَكْرَهُ خَيْرٌ كَثِيْرٌ۔ (۶) ناپسندیدہ بات پر صبر کرنے میں بہت بھلائی ہے۔
حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا۔
اِنَّكُمْ لَا تُدْرِكُوْنَ مَا تُحِبُّوْنَ اِلَّا بِصَبْرِكُمْ تم اپنی پسندیدہ چیز اس وقت تک حاصل نہیں کر

---

(۱) الاسرار المرفوعہ ص ۱۴۵ حدیث ۵۵۴
(۲) الفردوس بماثور الخطاب جلد ۲ ص ۴۱۴ حدیث ۳۸۰۰
(۳) سنن ابن ماجہ ص ۲۲۳، ابواب المناسک
(۴) یہ حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ کا قول ہے ابن ابی الدنیا نے "کتاب محاسبۃ النفس" میں نقل کیا ہے۔
(۵) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۱۱ ص ۱۵۲ حدیث ۱۱۳۲۶
(۶) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۳۰۷ مرویات ابن عباس

عَلٰی مَا تَکْرَھُوْنَ۔ — سکتے جب تک ناپسندیدہ باتوں پر صبر نہ کرو۔

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لَوْ کَانَ الصَّبْرُ رَجُلًا لَکَانَ کَرِیْمًا وَاللّٰہُ یُحِبُّ الصَّابِرِیْنَ۔ (۱) — اگر صبر مرد ہوتا تو وہ کریم آدمی ہوتا اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

اس سلسلے میں احادیث بے شمار ہیں۔

آثار:

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو جو خط لکھا اس میں یہ الفاظ بھی ہیں عَلَیْکَ بِالصَّبْرِ (تم پر صبر لازم ہے) اور جان لو کہ صبر کی دو قسمیں ہیں (اور) ان میں سے ایک، دوسرے سے افضل ہے مصیبتوں میں صبر کرنا اچھا ہے لیکن جو کچھ اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہے اس سے صبر کرنا افضل ہے اور جان لو کہ صبر ایمان کی اصل ہے کیوں کہ تقویٰ سب سے افضل نیکی ہے اور تقویٰ، صبر سے حاصل ہوتا ہے۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایمان کی عمارت چار ستونوں (یعنی) یقین، صبر، جہاد اور عدل پر قائم ہے آپ نے یہ بھی فرمایا کہ ایمان کے ساتھ صبر کا تعلق اسی طرح ہے جس طرح سر کا جسم سے تعلق ہے اور جس کا سر نہ ہو اس کا جسم نہیں ہوتا اسی طرح صبر کے بغیر ایمان (کامل) نہیں ہوتا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے دو گٹھڑیاں کتنی اچھی ہیں اور صبر کرنے والوں کا بوجھ کتنا اچھا ہے دو گٹھڑیوں سے مراد نماز اور رحمت ہے اور صبر کرنے والوں کے بوجھ سے مراد ہدایت ہے العلاوہ وہ بوجھ ہوتا ہے جو اونٹ کی دو گٹھڑیوں کے اوپر ہوتا ہے اس سے انہوں نے قرآن پاک کی اس آیت کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَاُولٰٓئِکَ عَلَیْھِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّھِمْ وَرَحْمَۃٌ وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُھْتَدُوْنَ۔ — اور ان لوگوں پر ان کے رب کی طرف سے رحمتیں ہیں اور وہی لوگ ہدایت پانے والے ہیں۔

حضرت حبیب بن ابی حبیب جب یہ آیت کریمہ پڑھتے۔

اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا نِعْمَ الْعَبْدُ اِنَّهٗ اَوَّابٌ۔ (۳) — بے شک ہم نے ان (حضرت ایوب علیہ السلام) کو صبر کرنے والا پایا وہ کیا ہی اچھا بندہ ہے وہ بہت رجوع کرنے والا ہے۔

---

(۱) العلل المتناہیۃ جلد ۲ ص ۸۲۴ حدیث ۱۴۵۴

(۲) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۱۵۷

(۳) قرآن مجید سورۂ ص آیت ۴۴

(یہ آیت پڑھ کر) آپ روتے اور فرماتے ہائے تعجب ہے اس نے عطا کیا (اور تعریف بھی کی یعنی وہی صبر کی توفیق دیتا ہے اور وہی تعریف کرتا ہے۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایمان کی کوہان (چوٹی) حکم پر صبر کرنا اور تقدیر پر راضی رہنا ہے۔

فضیلتِ صبر کا یہ بیان نقلی دلائل سے ہے جہاں تک عقل سے سمجھنے کا تعلق ہے تو اس کے لیے پہلے صبر کی حقیقت اور اس کے معنیٰ کا سمجھنا ضروری ہے کیوں کہ فضیلت اور رتبہ کی معرفت، صفت کی پہچان ہے اور وہ موصوف کی معرفت سے پہلے حاصل نہیں ہوتی لہٰذا ہم صبر کی حقیقت اور اس کا معنیٰ بیان کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے۔

فصل ۲

صبر کی حقیقت اور اس کا معنیٰ

جان لو! صبر، دین کے مقامات میں سے ایک مقام اور سالکین کی منازل میں سے ایک منزل ہے اور دین کے تمام مقامات تین امور پر مشتمل ہیں (۱) معارف (۲) احوال (۳) اعمال پس معارف، اصول ہیں اور ان سے احوال پیدا ہوتے ہیں اور احوال کا نتیجہ اعمال ہیں لہٰذا معارف، درختوں کی طرح، احوال ٹہنیوں کی مثل اور اعمال پھلوں کی طرح ہیں اور یہ بات سالکین الی اللہ کی تمام منازل کو شامل ہے۔

اور لفظ ایمان کبھی تو صرف معارف کے لیے بولا جاتا ہے اور بعض اوقات ان تینوں باتوں پر اس کا اطلاق ہوتا ہے جیسا کہ ہم نے قواعدِ عقائد کے بیان میں ایمان اور اسلام کے نام میں اختلاف کے ضمن میں ذکر کیا ہے اور اسی طرح صبر کی تکمیل، معرفتِ سابقہ اور حالتِ قائمہ کے بغیر نہیں ہوتی اور حقیقت میں صبر اسی بات کا نام ہے اور عمل پھل کی طرح ہے جو اس سے حاصل ہوتا ہے اور اس کی پہچان کے لیے فرشتوں، انسانوں اور جانوروں کے درمیان ترتیب کی کیفیت کی معرفت ضروری ہے بیشک صبر، انسان کا خاصہ ہے اور یہ بات فرشتوں اور جانوروں میں نہیں پائی جاتی۔ جانوروں میں نقصان کی وجہ سے اور فرشتوں میں ان کے کمال کی وجہ سے۔

اس کی تفصیل یوں ہے کہ جانوروں پر خواہشات مسلط کی گئی ہیں اور وہ خواہشات کے سامنے مسخر ہیں تو ان کی حرکت و سکون کا باعث صرف شہوت ہی ہے ان میں ایسی قوت نہیں ہے جو خواہشات سے متصادم ہو اور ان کو ان کے تقاضوں سے پھیر دے حتیٰ کہ شہوت کے تقاضے کے مقابلے میں اس قوت کے باقی رہنے کو صبر قرار دیا جائے اور جہاں تک فرشتوں کا تعلق ہے تو ان کو صرف بارگاہ ربوبیت کی حاضری کا شوق عطا کیا گیا ہے اور یہ کہ وہ درجۂ قرب سے خوش رہیں اور ان کو شہوت نہیں دی گئی جو ان کو اس درجہ اور شوق سے روکے حتیٰ کہ وہ ایسی قوت کے محتاج ہوں جو ایک دوسرے لشکر کے ذریعے ان رکاوٹوں کو دور کرے۔

انسان کو ابتدا میں جانور کی طرح ناقص پیدا کیا گیا اور اسے صرف غذا کی خواہش عطا کی گئی جس کا وہ محتاج ہوتا ہے پھر اس میں کھیل کود اور زیب و زینت کی خواہش ظاہر ہوتی ہے پھر اسی ترتیب سے نکاح کی خواہش ہوتی ہے اور اسے (بچے کو) صبر کی قوت بالکل حاصل نہیں ہوتی کیوں کہ صبر کا مطلب ایک لشکر کے مقابلے میں دوسرا لشکر کھڑا کرنا ہے جب ان دونوں کے درمیان لڑائی واقع ہو کیوں کہ ان دونوں کے تقاضوں اور مطالبات میں تضاد ہے۔ اور بچے میں جانوروں کی طرف صرف اور صرف خواہش ہوتی ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم اور جود و سخا کی وسعت کے تحت انسان کو عزت بخشی ہے اور جانوروں کے مقام سے ان کے درجات کو بلند فرمایا ہے پس بلوغت کے قریب اس کی شخصیت کمال کو پہنچتی ہے تو اللہ تعالیٰ دو فرشتے مقرر کر دیتا ہے ان میں سے ایک اسے راہنمائی مہیا کرتا ہے اور دوسرا اسے قوت فراہم کرتا ہے چنانچہ وہ ان دو فرشتوں کی مدد سے جانوروں سے ممتاز ہو جاتا ہے اور اب وہ دو صفات کے ساتھ مختص ہو جاتا ہے۔

ایک صفت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی معرفت ہے نیز انجام سے متعلق جو مصالح ہیں ان کی معرفت بھی اس میں شامل ہے۔ اور یہ تمام باتیں اس فرشتے سے حاصل ہوتی ہیں جو ہدایت اور معرفت بہم پہنچانے پر مقرر ہے تو جانوروں کو کسی قسم کی معرفت نہیں ہوتی اور نہ ہی انہیں بہتر انجام کی معرفت ہوتی ہے بلکہ ان کو صرف اسی بات کا پتہ ہوتا ہے جو بالفعل ان کی خواہشات کی تکمیل کا باعث ہو۔ اسی لیے وہ صرف لذیذ چیزیں طلب کرتے ہیں اور نفع بخش دوا جو فی الحال مضر ہو وہ اسے پہچانتے بھی نہیں اور اس کا مطالبہ بھی نہیں کرتے۔

تو انسان نورِ ہدایت کے ذریعے اس بات کو جانتا ہے کہ خواہشات کی اتباع کا انجام برا ہے لیکن اس کے لیے صرف یہ ہدایت کافی نہیں جب تک اسے مضر اشیاء کو چھوڑنے کی طاقت حاصل نہ ہو۔ کتنی ہی نقصان دہ باتیں ہیں جن کا انسان کو علم ہے مثلاً اسے پہنچنے والی بیماری کا اسے علم ہوتا ہے لیکن وہ اسے دور کرنے کی طاقت نہیں رکھتا لہٰذا وہ ایسی قدرت اور قوت کا محتاج ہوتا ہے جس کے ذریعے وہ خواہشات کے سینے پر دھکا دے اور اس قوت کے ذریعے اس سے لڑے حتیٰ کہ ان کی دشمنی کو اپنے نفس سے علیحدہ کرے تو اللہ تعالیٰ نے ایک دوسرا فرشتہ مقرر کیا ہے جو اسے سیدھی راہ پر رکھتا اور اس کی مدد کرتا ہے نیز اسے ایسے لشکروں کے ذریعے طاقت فراہم کرتا ہے جن کو تم نہیں دیکھتے۔ اور اس لشکر کو خواہش سے لڑنے سے حکم دیتا ہے۔ تو بعض اوقات یہ لشکر کمزور ہو جاتا ہے اور بعض اوقات مضبوط ہوتا ہے اور یہ بات اللہ تعالیٰ کی تائید سے حاصل ہونے والی بندے کی امداد کے اعتبار سے ہوتی ہے جیسا کہ نورِ ہدایت مخلوق میں بہت زیادہ مختلف ہوتا ہے تو ہم اس صفت کو جس کے ذریعے انسان خواہشات کے قلع قمع اور ان پر غالب ہونے کے اعتبار سے جانوروں سے ممتاز ہوتا ہے، باعثِ دینی کہتے ہیں۔ اور خواہشات کے مطالبہ کو ان کے مقتضیات کے ساتھ باعث ہوائی (خواہش کا باعث) قرار دیتے ہیں۔

تو یہ بات سمجھنا ضروری ہے کہ دینی باعث اور باعثِ ہویٰ میں جنگ جاری ہے اور اس جنگ میں کبھی ایک فاتح ہوتا ہے اور کبھی دوسرا، اور لڑائی کا میدان بندے کا دل ہے دینی باعث کو فرشتوں سے مدد ملتی ہے جو اللہ تعالیٰ کی جماعت کی مدد کرتے ہیں اور شہوت کے باعث کو شیطانوں کی طرف سے مدد حاصل ہوتی ہے جو اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کے مددگار ہیں۔

تو صبر، باعثِ شہوت کے مقابلے میں دینی باعث کو ثابت قدم رکھنے کا نام ہے پس اگر وہ ثابت قدم رہے حتیٰ کہ اس پر غالب آجائے اور شہوت کی مخالفت پر برقرار رہے تو اس نے اللہ تعالیٰ کی جماعت کی مدد کی، اور صبر کرنے والوں کے ساتھ مل گیا اور اگر اس کے مقابلے میں کمزور اور رسوا ہوا حتیٰ کہ اس پر شہوت غالب ہوگئی اور وہ اس کو دور کرنے پر صبر نہ کر سکا تو وہ شیطان کے پیروکاروں سے مل جاتا ہے۔

تو شہوت والے کاموں کو چھوڑنا ایسا عمل ہے جو حالتِ صبر کا نتیجہ ہے اور باعثِ دینی کا ثابت رہنا ہے جو باعثِ شہوت کے مقابلے میں ہے اور باعث دینی کا ثابت رہنا ایک ایسا حال ہے جو خواہشات کی عداوت اور اس کی ضد کو جاننے کا نتیجہ ہوتا ہے جو دنیا اور آخرت میں اسباب سعادت کی ضد ہیں اور جب اس کی معرفت کا یقین زیادہ ہوتا ہے اور ایسے ایمان کہا جاتا ہے اور وہ اس بات کا یقین رکھتا ہے کہ شہوت دشمن ہے اور اللہ تعالیٰ کے راستے کی رکاوٹ ہے تو اس سے باعثِ دینی کا ثبات مضبوط ہو جاتا ہے اور جب اس کا ثبات مضبوط ہوتا ہے تو شہوت کے تقاضے کے خلاف اعمال مکمل ہو جاتے ہیں تو شہوت کے ترک کی تکمیل اس وقت تک نہیں ہوتی جب تک دینی باعث کو جو باعثِ شہوت کی ضد ہے، قوت حاصل نہ ہو، اور معرفت و ایمان کی قوت، خواہشات کے برے انجام کو قبیح جانتی ہے۔

اور یہ دونوں فرشتے اللہ تعالیٰ کے حکم اور اس کے مسخر کرنے سے ان دونوں لشکروں کے کفیل ہوتے ہیں اور یہ دونوں کرام کاتبین فرشتوں میں سے ہیں اور وہ دونوں فرشتے ہر آدمی کے ساتھ مقرر ہیں۔

اور جب تمہیں معلوم ہوگیا کہ ہادی فرشتے کا درجہ، قوت دینے والے فرشتے سے اعلیٰ ہے تو تم پر یہ بات مخفی نہیں ہے کہ داہنی جانب جو افضل ہے مناسب ہے کہ وہ اسے سونپ دی جائے لہٰذا وہی ہادی فرشتہ دائیں جانب والا ہے اور دوسرا بائیں طرف والا ہے اور بندے کے لیے غفلت و فکر اور مجاہدے اور اس کے علاوہ کے حوالے سے دو طریقے ہیں اور وہ غفلت کی وجہ سے دائیں طرف والے سے اعراض کرنے والا اور اس سے برا سلوک کرنے والا ہوتا ہے لہٰذا اس پر گناہ لکھ دیا جاتا ہے اور مجاہدہ کے ذریعے وہ اس کے لشکر سے مدد حاصل کرتا ہے تو اس کے ذریعے اس کے لیے نیکی ثابت ہوتی ہے اور یہ نیکیاں اور برائیاں ان دونوں کے ثابت رکھنے سے ہوتی ہیں اسی لیے ان دونوں فرشتوں کو کراماً کاتبین کہا گیا ہے کرام اس لیے کہتے ہیں کہ بندہ ان کے کرم سے نفع حاصل کرتا ہے کیونکہ تمام فرشتے کرم والے اور نیکوکار ہیں اور کاتب اس لیے کہلاتے ہیں کہ وہ نیکیوں اور برائیوں کو درج کرتے ہیں اور وہ ان کو صحیفوں میں لکھتے ہیں جو دل کے سر (راز) میں لپٹے ہوتے ہیں اور سرِ قلب سے مخفی ہوتے ہیں حتیٰ کہ اس عالم میں ان پر اطلاع نہیں ہوتی کیوں کہ وہ دونوں فرشتے ان کا لکھنا،

ان کا نمط، ان کے صحیفے اور جو کچھ ان دونوں سے متعلق ہوتا ہے اس کا تعلق عالم غیب اور ملکوت سے ہے ظاہری عالم سے نہیں ہے اور جن باتوں کا تعلق عالم ملکوت سے ہے آنکھیں اس عالم میں ان کا ادراک نہیں کر سکتیں پھر یہ صحیفے جو پلٹے ہیں دو مرتبہ کھلیں گے ایک مرتبہ قیامتِ صغریٰ میں اور دوسری مرتبہ قیامت کبریٰ میں اور قیامت صغریٰ سے موت کی حالت مراد ہے کیوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ مَاتَ فَقَدْ قَامَتْ قِيَامَتُهُ۔ (۱)

جو شخص فوت ہوگیا تو تحقیق اس کی قیامت قائم ہوگئی۔

اور اس قیامت میں بندہ اکیلا ہوتا ہے اور اس وقت کہا جاتا ہے۔

وَلَقَدْ جِئْتُمُونَا فُرَادَىٰ كَمَا خَلَقْنَاكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ۔ (۲)

اور بے شک تم ہمارے پاس اکیلے اکیلے آئے جیسا کہ ہم نے تمہیں پہلی مرتبہ (اکیلا اکیلا) پیدا کیا۔

اور اسی کے بارے میں فرمایا گیا۔

كَفَىٰ بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ حَسِيبًا۔ (۳)

آج تمہارا نفس حساب کرنے کے لیے کافی ہے۔

جب کہ قیامتِ کبریٰ جس میں تمام مخلوق جمع ہوگی اس وقت آدمی تنہا نہیں ہوگا بلکہ بعض صورتوں میں لوگوں کی ایک جماعت کے سامنے محاسبہ ہوگا اور اس میں متقی لوگوں کو جنت کی طرف اور مجرموں کو جہنم کی طرف جماعتوں کی صورت میں لے جایا جائے گا اکیلے اکیلے نہیں پہلا ہولناک منظر، قیامت صغریٰ کا ہے اور قیامت کبریٰ کے تمام ہولناک مناظر کی نظر قیامت صغریٰ میں موجود ہے مثلاً زمین میں زلزلے کا برپا ہونا کیوں کہ کسی کی موت کے وقت خاص وہ مقام زلزلے کی زد میں ہوتا ہے جب کسی شہر میں زلزلہ آتا ہے تو یہ کہنا صحیح ہوتا ہے کہ ان کی زمین میں زلزلہ آیا اگرچہ اس کے اردگرد دوسرے شہروں میں زلزلہ نہ آئے۔

بلکہ انسان کا مسکن حرکت کرے تو اس کے حق میں یہ زلزلہ ہی کہلاتا ہے کیوں کہ اسے تمام زمین کی حرکت کی وجہ سے اسی وقت نقصان ہوتا ہے جب خود اس کا اپنا مکان حرکت کرے دوسرے آدمی کے مکان کی حرکت سے نہیں۔

تو اسے اپنے حصے کا زلزلہ کسی نقصان کے بغیر حاصل ہوا اور جاننا چاہیے کہ مٹی سے پیدا ہونے والی مخلوق میں سے تم سب سے زیادہ پسندیدہ مخلوق ہو۔ اور مٹی سے تمہارا خصوصی حصہ صرف تمہارا بدن ہے۔ دوسروں کا بدن تمہارا حصہ نہیں ہے اور زمین کے جس حصے پر تم بیٹھے ہوئے ہو وہ تمہارے بدن کے لیے ظرف اور مکان ہے اور تم اس کے زلزلے سے اس لیے

---

(۱) الفردوس بماثور الخطاب جلد اول ص ۵ ۲۸ حدیث ۱۱۱۷

(۲) قرآن مجید، سورۂ انعام آیت ۹۴

(۳) قرآن مجید، سورۂ اسراء آیت ۱۴

خوف زدہ ہو کر اس کے باعث تمہارا بدن حرکت کرنے لگے۔ ورنہ ہوا ہر وقت زلزلے میں رہتی ہے لیکن اس سے تمہیں ڈر نہیں لگتا کیونکہ اس کی وجہ سے تمہارے جسم میں حرکت نہیں آتی تو تمام زمین کے زلزلے سے تمہارا حصہ صرف تمہارے بدن کا زلزلہ ہے اور وہ زمین اور مٹی کا وہ حصہ ہے جو خاص تمہارے ساتھ متعلق ہے۔ تمہاری ہڈیاں تمہاری زمین کے پہاڑ ہیں، تمہارا سر تمہاری زمین کا آسمان ہے تمہارا دل تمہاری زمین کا سورج ہے، تمہارے کان اور آنکھیں اور باقی تمام حواس تمہارے آسمان کے ستارے ہیں تمہارے بدن سے پسینے کا بہنا تمہاری زمین کا دریا ہے تمہارے بال تمہاری زمین کی سبزی ہے اور باقی اعضا اس زمین کے درخت ہیں اسی طرح تمام اعضا کا معاملہ ہے اور جب موت کی وجہ سے تمہارے بدن کے ارکان ختم ہو جائیں گے تو زمین میں زلزلہ بپا ہو گا اور جب ہڈیوں سے گوشت الگ ہو جائے گا تو زمین اور پہاڑ اٹھا لیے جائیں گے تو ایک چوٹ سے وہ گر کر برابر برابر ہو جائیں گے اور جب ہڈیاں گل جائیں گی تو پہاڑ اڑائے جائیں گے اور جب موت کے وقت دل پر تاریکی چھا جائے گی تو سورج لپیٹا جائے گا اور جب تیرے کان، آنکھ اور تمام حواس بیکار ہو جائیں گے تو گویا ستارے ٹوٹ جائیں گے اور جب تمہارا دماغ پھٹ جائے گا تو گویا آسمان پوری طرح پھٹ گیا اور جب موت کے خوف سے تیری پیشانی پر پسینہ آئے گا تو گویا دریا پوری طرح جاری ہو گئے اور جب تمہاری ایک پنڈلی دوسری پنڈلی پر لپٹے گی اور وہ دونوں تمہاری سواریاں ہیں تو گویا سواری معطل ہو گئی اور جب روح و جسم کی جدائی ہو گی تو گویا زمین کو پھیلا دیا گیا حتیٰ کہ جو کچھ اس میں تھا اس نے اسے باہر ڈال کر خالی ہو گئی۔

میں احوال و اہوال کے تمام موازنہ کا ذکر لمبا کرنا نہیں چاہتا لیکن یہ بات کہتا ہوں کہ محض موت سے تم پر قیامت صغریٰ قائم ہو جائے گی اور قیامت کبریٰ میں سے جو کچھ تمہارے ساتھ خاص ہے وہ بھی تجھ سے نہیں چھوٹے گا۔ بلکہ جو کچھ دوسروں کے ساتھ خاص ہے وہ تجھے نہیں ملے گا۔

مثلاً دوسروں کے حق میں ستاروں کا باقی رہنا مردے کو کیا فائدہ دیتا ہے جب کہ مرنے والے کے وہ حواس جن کے ذریعے ستاروں کو دیکھنے کا فائدہ حاصل کرتا ہے وہ بجھ گئے جیسے نابینا آدمی کے لیے دن اور رات نیز سورج کا چمکنا اور گرہن برابر ہیں کیوں کہ اس کے حق میں ایک ہی بار سورج کو گہن لگ گیا اور اس کا اسی قدر حصہ ہے اور جس آدمی کا سر پھٹ جائے اس کا آسمان پھٹ گیا کیوں کہ آسمان اس چیز کا نام ہے جو سر کی طرف ہے تو جس کا سر نہیں اس کا آسمان بھی نہیں تو دوسروں کے لیے آسمان کا باقی رہنا اسے کیا فائدہ دے گا۔

تو یہی قیامتِ صغریٰ ہے خوف اور دہشت تو اس کے بعد ہے اور یہ اس وقت ہو گا جب بڑی مصیبت آئے گی اور کوئی امتیاز باقی نہیں رہے گا زمین و آسمان تباہ ہو جائیں گے پہاڑ ختم ہو جائیں گے اور خوف و پریشانی اپنے کمال کو پہنچ جائے گی۔

جان لو کہ یہ قیامت صغریٰ ہے اگرچہ ہم نے اس کے اوصاف میں بہت کچھ لکھا ہے لیکن ہم نے اس کے اوصاف

کاعشر عشیر بھی ذکر نہیں کیا۔ اور قیامت کبریٰ کی نسبت سے یہ اسی طرح ہے جیسے ولادتِ صغریٰ کو ولادت کبریٰ سے نسبت ہوتی ہے۔ کیوں کہ انسان کی دو پیدائشیں ہیں ایک وہ ہے جب وہ باپ کی پیٹھ سے ماں کے پیٹ میں آتا ہے اور وہ رحم میں ایک مقررہ مدت تک ایک ٹھکانے میں رہتا ہے اور اسے کمال تک پہنچنے کے لیے کئی مراحل طے کرنے پڑتے ہیں پہلے نطفہ (مادہ منویہ) ہوتا ہے پھر جما ہوا خون اور پھر لوتھڑا وغیرہ بنتا ہے یہاں تک کہ وہ رحم کے تنگ مقام سے وسعتِ عالم میں نکلتا ہے تو قیامت کبریٰ کے عموم کی نسبت قیامتِ صغریٰ کے خصوص سے اسی طرح ہے جس طرح فضائے عالم کی وسعت کو فضائے رحم سے نسبت ہوتی ہے اور بندہ موت کے ذریعے جس عالم کی طرف جاتا ہے اس کی وسعت فضائے دنیا کی وسعت کی نسبت سے اسی طرح ہے جیسے فضائے دنیا، فضائے رحم کے مقابلے میں ہے۔ بلکہ یہ اس سے زیادہ وسیع اور بڑی ہے تو آخرت کو پہلی پر قیاس کرو۔ تمہارا پیدا کرنا اور اٹھانا ایک نفس کی طرح ہے اور دوسری بار پیدا کرنا پہلی پیدائش پر قیاس کی طرح ہے بلکہ پیدائشوں کا شمار دو میں محصور نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے۔

وَنُنْشِئَكُمْ فِي مَا لَا تَعْلَمُونَ۔ (۱) اور ہم تمہاری وہ صورتیں بنا دیں گے جن کی تمہیں خبر نہیں۔

تو وہی شخص دونوں قیامتوں کا اقرار کرتا ہے جو غیب و شہادت پر ایمان رکھتا ہے اور اسے ملک و ملکوت (ظاہری اور باطنی بادشاہی) پر یقین ہے اور جو شخص قیامت صغریٰ کو دیکھتا ہے، کبریٰ کو نہیں وہ دو جہانوں میں سے ایک کو بھینگی آنکھ سے دیکھتا ہے یہ جہالت اور گمراہی ہے نیز کانے دجال کی پیروی ہے تو اے مسکین! تو کتنا بڑا غافل ہے اور ہم سب اس میں برابر ہیں اور تمہارے سامنے یہ خوفناک منظر ہے اگر تم جہالت اور گمراہی کی وجہ سے قیامت پر ایمان نہیں رکھتے تو کیا قیامت صغریٰ کی دلالت تمہارے لیے کافی نہیں کیا تو نے سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی نہیں سنا:

وَكَفٰى بِالْمَوْتِ وَاعِظًا۔ (۲) اور موت، بطور واعظ کافی ہے

اور کیا تم نے وصال کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سختی کے بارے میں نہیں سنا تھا کہ آپ نے دعا مانگی۔

اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ۔ (۳) یا اللہ! حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر موت کی سختیاں کو آسان کر دے۔

کیا تمہیں شرم نہیں آتی کہ موت کے آنے میں تاخیر سمجھ کر غافل بیوقوف لوگوں کی پیروی کرتے ہو جو ایک چیخ کی انتظار کرتے ہیں

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ واقعہ آیت ۶۱

(۲) شعب الایمان جلد ۷ ص ۳۵۴ حدیث ۱۰۵۵۶

(۳) سنن ابن ماجہ ص ۱۱۸، ابواب الجنائز

جوان کو پکڑے اس حال میں کہ وہ آپس میں جھگڑ رہے ہوں گے اس وقت وہ نہ تو وصیت کر سکیں گے اور نہ ہی اپنے گھر والوں کی طرف لوٹیں گے ان کے پاس بیماری موت سے ڈرانے کے لیے آتی ہے لیکن وہ نہیں ڈرتے۔ اور ان کے پاس بڑھاپا موت کا پیغام لے کر آتا ہے لیکن وہ عبرت نہیں پکڑتے تو بندوں پر افسوس ہے ان کے پاس جو بھی رسول آتا ہے اسے جھٹلاتے ہیں کیا ان کا خیال ہے کہ وہ دنیا میں ہمیشہ رہیں گے کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی بستیوں کو ہلاک کیا اور وہ ان کی طرف نہیں لوٹیں گے یا ان کا خیال ہے کہ مردے ان کے پاس سے سفر کر گئے اور وہ معدوم ہیں؟ ہرگز نہیں۔

بلکہ سب کو ہمارے ہاں حاضر ہونا پڑے گا لیکن ان کے پاس ان کے رب کی آیات میں سے جو بھی آیت آتی ہے اس سے وہ منہ پھیر لیتے ہیں یہ اس لیے ہے کہ ہم نے ان کے آگے بھی رکاوٹ کھڑی کر دی اور ان کے پیچھے بھی، پس ہم نے ان کو ڈھانپ لیا تو وہ دیکھتے ہیں اور ان پر برابر ہے آپ ان کو ڈرائیں یا نہ ڈرائیں وہ ایمان نہیں لاتے۔

اب ہم اصل غرض کی طرف آتے ہیں یہ تقریر ایسے امور کی طرف اشارہ کرتی ہے جو علوم معاملہ سے اعلیٰ ہیں تو ہم کہتے ہیں یہ بات ظاہر ہو گئی کہ باعثِ شہوت کے مقابلے میں دینی باعث کے ثابت و قائم رہنے کا نام صبر ہے اور یہ مقابلہ انسانوں کا خاصہ ہے کیوں کہ ان پر کراماً کاتبین مقرر ہیں اور وہ بچوں اور پاگلوں کے اعمال میں سے کچھ بھی نہیں لکھتے، کیوں کہ جیسا کہ ہم نے ذکر کیا کہ اگر ان سے استفادہ کی طرف توجہ کی جائے تو نیکی اور اگر ان سے اعراض کیا جائے تو برائی لکھتے ہیں جب کہ بچوں اور پاگلوں کا استفادہ کی طرف کوئی راہ نہیں ہوتا پس ان سے توجہ اور اعراض کا تصور نہیں ہوتا۔ جب کہ فرشتے ان لوگوں کی توجہ اور اعراض کو نقل کرتے ہیں جو ان باتوں پر قادر ہوتے ہیں۔

ہاں بعض اوقات نورِ ہدایت کی چمک کا آغاز سن تمیز سے ہو جاتا ہے اور وہ بلوغت کی عمر تک بتدریج بڑھتا ہے جس طرح صبح کی روشنی ظاہر ہوتی ہے یہاں تک کہ سورج کی ٹکیہ طلوع ہو جاتی ہے لیکن یہ ہدایتِ قاصرہ ہے اس سے روگردانی اُخروی نقصان نہیں پہنچاتی البتہ دنیوی نقصان پہنچتا ہے یہی وجہ ہے کہ (بچے کو) نماز چھوڑنے پر فوری سزا دی جاتی ہے اور اس کے ترک پر اسے اُخروی سزا نہیں ہوتی اور اس کا وہ نامۂ اعمال نہ لکھا جاتا جو آخرت میں کھلے گا۔ بلکہ جو شخص بچے کا کفیل عادل ہو یا نیکوکار شفیق ولی ہو اور وہ کراماً کاتبین کی طرح نیکوکار ہو تو وہ اپنے دل کے صحیفے پر بچے کی نیکیوں اور برائیوں کو لکھتا ہے اور یاد کرتا ہے پھر وہ اس کے سامنے واضح کر کے اس کی سزا دیتا ہے تو جس ولی نے بچے کے بارے میں یہ طریقہ اختیار کیا وہ فرشتوں کے اخلاق کا وارث ہے اور اسے بچے کے حق میں استعمال کرتا ہے اور یوں اسے رب العالمین کی طرف سے ایک درجہ حاصل ہوتا ہے جیسا کہ فرشتوں کو یہ مقام ملتا ہے پس اسے انبیاء کرام مقربین اور صدیقین کی معیت حاصل ہوتی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس ارشاد گرامی میں اسی بات کی طرف اشارہ کیا ہے آپ نے فرمایا۔

أَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ كَهَاتَيْنِ فِي ... میں اور یتیم کی پرورش کرنے والا جنت میں اس طرح

الْجَنَّةِ۔ (۱) ہوں گے۔
آپ نے یہ بات اپنی دو انگلیوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمائی۔
فصل ۲۱:

صبر نصف ایمان ہے

جان لو! بعض اوقات ایمان کا اطلاق اصول دین پر ہوتا ہے اور کبھی یہ اعمال صالحہ کے ساتھ خاص ہوتا ہے جو حالتِ ایمان میں سرزد ہوتے ہیں اور بعض اوقات اس کا اطلاق ان دونوں پر ہوتا ہے تو معارف کی بھی بہت سی اقسام ہیں اور اعمال کے بھی کئی دروازے ہیں اور چونکہ لفظ ایمان ان دونوں کو شامل ہوتا ہے اس لیے ایمان کے شعبے ستر سے زائد ہیں ہم نے ان اطلاقات کا اختلاف قواعدِ عقائد کے بیان میں ذکر کیا ہے لیکن صبر دونوں اعتبار اور دونوں اطلاق سے نصف ایمان ہے۔

ایک یہ کہ تصدیقات اور اعمال دونوں پر اس کا اطلاق ہو پس اس طرح ایمان کے دو رکن ہوں گے ایک یقین اور دوسرا صبر، اور یقین سے مراد وہ معارف قطعیہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندے کو اصول دین کی طرف راہنمائی سے حاصل ہوتے ہیں ــــ اور صبر سے مراد یقین کے مطابق عمل ہے۔

کیوں کہ یقین اسے اس بات کی پہچان کراتا ہے کہ گناہ نقصان دہ ہے اور عبادت نفع بخش ہے اور گناہ کا ترک اور عبادت پر مواضبط رہمیشگی) صبر کے بغیر ناممکن ہے اور وہ خواہش اور سستی کے باعث پر دین کے باعث کو غالب کرنا ہے تو اس اعتبار سے صبر، نصفِ ایمان ہے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کو جمع فرمایا۔

مِنْ اَقَلِّ مَا اُوْتِيْتُمُ الْيَقِيْنُ وَعَزِيْمَةُ الصَّبْرِ۔ تمہیں کم از کم جو چیز دی گئی ہے وہ یقین اور قصدِ صبر ہے۔

یہ ایک طویل حدیث کا کچھ حصہ ہے۔

دوسرا اعتبار: ان احوال کو ایمان کہا جائے جو اعمال کا نتیجہ ہیں، معارف پر اس کا اطلاق نہ ہو اس صورت میں بندے کو جو کچھ حاصل ہوتا ہے اسے دنیوی اور اُخروی نفع یا دنیوی اور اُخروی نقصان میں تقسیم کیا جا سکتا ہے اب نقصان دہ امور کی نسبت سے حالتِ صبر اور نفع بخش امور کی طرف نسبت سے شکر کی حالت پیدا ہوتی ہے تو اس اعتبار سے شکر، ایمان کا ایک نصف ہے جس طرح پہلے اعتبار سے یقین نصفِ ایمان ہے اسی لیے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۹، کتاب الطلاق

ایمان کے دو حصے ہیں نصف ایمان صبر ہے اور نصف شکر، یہ حدیث مرفوعاً بھی بیان کی گئی ہے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کو حدیث مرفوع کہتے ہیں) جب صبر کا مطلب یہ ہے کہ دینی باعث کو ثابت رکھتے ہوئے خواہش کے باعث سے صبر کیا جائے اور خواہش کا باعث

دو باتیں ہیں یا تو یہ خواہش کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے یا غضب کی وجہ سے، خواہش لذیذ چیز کی طلب یا تکلیف دہ بات سے بھاگنا، اور روزہ محض شہوت کے تقاضے سے صبر کرنا ہے اور یہ پیٹ اور شرمگاہ کی شہوت ہے، اس میں غضب کا تقاضا نہیں ہوتا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "روزہ نصف صبر ہے" کیوں کہ کامل صبر، شہوت کو دعوت دینے والے امور اور غضب کے داعی امور دونوں سے بچنے کا نام ہے تو اس اعتبار سے روزہ ایمان کا چوتھا حصہ بن جاتا ہے۔

اسی طرح تقدیراتِ شرعیہ کو اعمال واحوال کی حدود کے ساتھ اور ایمان کی طرف نسبت سے سمجھنا چاہیئے اور اس میں اصل یہ ہے کہ ایمان کے بے شمار ابواب کو پہچانا جائے کیوں کہ ایمان کا اطلاق مختلف طریقوں پر ہوتا ہے۔

فصل ۴:

جن امور سے صبر کیا جاتا ہے ان کی نسبت سے صبر کے مختلف نام

جاننا چاہیے کہ صبر کی دو قسمیں ہیں ایک قسم بدنی صبر ہے جیسے بدنی مشقتیں برداشت کرنا اور ان پر ثابت قدم رہنا وہ یا تو فعل کے ذریعے ہوتا ہے جیسے سخت اعمال برداشت کرنا یا عبادات وغیرہ سے ہوتا ہے۔

یا اس کا تعلق برداشت سے ہوتا ہے مثلاً سخت مار بہت بڑی بیماری اور تکلیف دہ زخموں کو برداشت کرنا یہ صبر بعض اوقات قابلِ تعریف ہوتا ہے جب شریعت کے موافق ہو لیکن مکمل طور پر تعریف کے قابل دوسری قسم ہے اور طبعی خواہشات اور خواہش کے تقاضوں سے نفس کا صبر کرنا ہے اب اگر اس قسم میں پیٹ اور شرمگاہ کی خواہش سے صبر ہو تو اسے عفت کہتے ہیں۔

اور اگر بری بات سے ہو تو چوں کہ وہ مکروہ امور جن پر صبر غالب آتا ہے لوگوں کے نزدیک مختلف ہیں اس لیے ان کے نام بھی مختلف ہیں اگر وہ مصیبت میں ہو تو اسے صبر ہی کہا جاتا ہے اور اس کے خلاف حالت کو جزع فزع کہتے ہیں یعنی خواہش کے تقاضوں کو کھلی چھٹی دی جائے کہ وہ خوب آواز بلند کرے، رُخسار پیٹے اور گریبان پھاڑے نیز اس قسم کی دوسری حرکات کرے اور اگر مالداری کی برداشت میں صبر کرے تو اسے ضبطِ نفس کہتے ہیں اور اس کے خلاف حالت کو بطر (اکڑ) کہتے ہیں اگر یہ لڑائی اور جنگ میں ہو تو اسے بہادری کہا جاتا ہے جس کا مقابل نامردی اور بزدلی ہے اگر غصہ پی جانے کے سلسلے میں صبر ہو تو اسے بُردباری کہتے ہیں اور اس کے مقابلے میں غضبناکی ہے، اور اگر زمانے کی کسی آفت پر صبر ہو تو اسے دل کی کشادگی کہتے ہیں اور اس کی ضد کم حوصلگی دل کی تنگی اور رنج ہوتا ہے اگر کلام کو چھپانے کے سلسلے

ہیں صبر ہو تو اسے کتمان سر کہا جاتا ہے اور ایسے شخص کو کتوم (چھپانے والا) کہا جاتا ہے اگر ضروریات زندگی سے زائد سے صبر کیا جائے تو اسے زہد کہتے ہیں اور اس کے مقابلے میں حرص ہے اگر تھوڑے حصے پر صبر کیا جائے تو اسے قناعت کہتے ہیں اور اس کے مقابلے میں حرص ہے تو ایمان کے اکثر اخلاق صبر میں داخل ہیں اسی لیے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایمان کے کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا وہ صبر ہے کیوں کہ یہی تمام اعمال سے زیادہ اور معزز ہے جیسے آپ نے فرمایا "حج عرفات (کا قیام) ہے" (یعنی تمام اعمال حج میں سے اہم ہے) (۱)

اور اللہ تعالیٰ نے اس کی اقسام کو جمع کر کے ان کا نام صبر رکھا ارشاد خداوندی ہے۔

وَالصَّابِرِيْنَ فِى الْبَاْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ۔ (۲)

اور وہ لوگ جو سختی فقر اور لڑائی کے وقت صبر کرتے ہیں وہی لوگ سچے ہیں اور وہی لوگ متقی ہیں۔

(تو مصیبت، فقر اور جہاد سب صورتوں میں صبر کا ذکر کیا)

تو یہ صبر کی اقسام ہیں جو اپنے متعلقات کے اعتبار سے مختلف ہیں اور جو شخص الفاظ کے معانی پر نظر کرتا ہے وہ جانتا ہے کہ یہ احوال اپنی ذاتوں اور حقائق کے اعتبار سے مختلف ہیں کیوں کہ الفاظ مختلف ہیں اور جو آدمی صراط مستقیم پر چلتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے وہ پہلے معانی کو دیکھتا ہے اور ان کے حقائق پر مطلع ہوتا ہے پھر ان الفاظ (ناموں) کو دیکھتا ہے کیوں کہ وہ معانی پر دلالت کے لیے وضع کئے گئے ہیں تو معانی اصل ہیں اور الفاظ ان کے تابع ہیں۔ اور جو شخص توابع سے اصول تلاش کرتا ہے وہ یقیناً پھسل جاتا ہے اور قرآن مجید میں ان دونوں فریقوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا گیا۔

اَفَمَنْ يَّمْشِىْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِىْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔ (۳)

تو کیا وہ شخص ہے جو اپنے چہرے کے بل جھکا ہوا ہے وہ زیادہ ہدایت پر ہے یا وہ جو سیدھے راستے پر سیدھا چلتا ہے۔

اور کفار سے جو غلطی ہوئی وہ اسی تبدیلی کی وجہ سے ہوئی ہے ہم اللہ تعالیٰ سے اس کے کرم و لطف کے ساتھ حسن توفیق کا سوال کرتے ہیں۔

---

(۱) سنن ابن ماجہ ص ۲۲۳، ابواب المناسک

(۲) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۱۷۷

(۳) قرآن مجید، سورۂ ملک آیت ۲۲

فصل ۵:

قوت وضعف میں اختلاف کے اعتبار سے صبر کی اقسام

جان لو! خواہش کے باعث کی طرف نسبت کے حوالے سے دینی باعث کے تین احوال ہیں۔

ایک یہ کہ وہ خواہش کے داعی کو مغلوب کر دے اور اس کے لئے جھگڑے کی قوت باقی نہ رہے اور یہ بات دائمی صبر سے حاصل ہوتی ہے اسی موقعہ کے لیے کہا جاتا ہے کہ جس نے صبر کیا اس نے کامیابی حاصل کی۔ اس مرتبہ تک پہنچنے والے لوگ بہت کم ہیں اور وہ لازماً صدیقین مقربین ہیں اور یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ تعالیٰ ہے پھر اس پر ثابت قدم رہے ان لوگوں نے صراط مستقیم کو اختیار کیا اور اسی پر قائم رہے اور ان کے نفس باعث دینی کے تقاضے کے مطابق مطمئن ہوئے اور ایسے ہی لوگوں کو ندا دینے والا آواز دیتا ہے۔

يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِي إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً۔ (۱)

اے نفسِ مطمئنہ! اپنے رب کی طرف اس طرح لوٹ جا کہ تو اس سے راضی اور وہ تجھ سے راضی۔

دوسری حالت یہ ہے کہ خواہش کی طرف بلانے والے امور غالب آجائیں اور باعث دینیہ کا جھگڑا بالکل ختم ہو جائے اور انسان اپنے نفس کو مکمل طور پر شیطان کے حوالے کر دے اور مجاہدے سے مایوس ہو کر جہاد بالنفس ترک کر دے یہ لوگ غافل ہیں اور بہت زیادہ ہیں یہی لوگ خواہشات کے غلام ہیں اور ان پر ان کی بدبختی غالب آگئی ہے اب ان کے دل جو اسرار خداوندی میں ایک سر اور امور الٰہیہ میں سے ایک امر ہیں دشمنان خداوندی کے سامنے مغلوب ہو گئے۔ اسی طرف اس آیت کریمہ میں اشارہ ہے۔

وَلَوْ شِئْنَا لَآتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدَاهَا وَلَٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّي لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ۔ (۲)

اور ہم چاہتے تو ہر نفس کو اس کی ہدایت عطا کر دیتے لیکن میری طرف سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ میں جہنم کو جنوں اور انسانوں سب سے بھر دوں گا۔

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے آخرت کے بدلے دنیوی زندگی کو خرید لیا تو انہیں سودے میں نقصان ہوا اور جو لوگ ان کو ہدایت دینا چاہتے ہیں ان سے فرمایا گیا۔

فَأَعْرِضْ عَن مَّن تَوَلَّىٰ عَن ذِكْرِنَا

اور ان لوگوں کو چھوڑ دیجئے جو ہمارے ذکر سے منہ

---

(۱)

(۲) قرآن مجید، سورۂ سجدہ آیت ۱۳

وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِنَ الْعِلْمِ۔ (۱)

پھرتے ہیں اور وہ صرف دنیا کا ارادہ کرتے ہیں یہ ان کا مبلغ علمی ہے۔

اس حالت کی علامت مایوسی اور آرزوؤں کے ساتھ مغرور ہونا ہے اور یہ انتہائی درجہ کی بیوقوفی ہے۔ جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهٗ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْاَحْمَقُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَهٗ هَوَاهَا وَتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ۔ (۲)

دانا وہ ہے جو اپنے نفس کو دبا دے اور موت کے بعد کے لیے عمل کرے اور وہ شخص بیوقوف ہے جو اپنے نفس کو اس کی خواہش کے پیچھے لے جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ پر تمنا کرتا ہے۔

جو شخص اس حالت میں ہوتا ہے جب اسے وعظ کیا جائے تو کہتا ہے میں توبہ کا شوق رکھتا ہوں لیکن مجھ سے ہو نہیں سکتا اس لیے میں اس کی طمع بھی نہیں کرتا یا وہ توبہ کا اشتیاق نہیں رکھتا تو کہتا ہے اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے لہذا مجھے توبہ کی کوئی ضرورت نہیں اس بیچارے کی عقل خواہش کی غلام بن گئی لہذا وہ اپنی عقل کو صرف اس لیے استعمال کرتا ہے کہ اس کے ذریعے دقیق حیلے تلاش کرے جو تقاضائے شہوت تک پہنچا سکتے ہوں تو اس کی عقل اس کی خواہشات کے قبضے میں چلی گئی جیسے کوئی مسلمان کفار کے ہاتھوں میں قید ہو جائے اور وہ اس سے خنزیر چرائیں اور شرابوں کی حفاظت اور ان کو اٹھانے کا کام لیں۔ ایسے شخص کا حال اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایسا ہی ہوگا جیسے کوئی شخص کسی مسلمان کو مغلوب کر کے اسے کفار کے سپرد کر دے اور ان کو ان کے ہاں قیدی بنا دے۔ کیوں کہ اس کا بڑا جرم یہی ہے کہ جس شخص کو مسخر نہیں ہونا چاہیئے تھا اسے اس نے مسخر کر دیا اور جس کو مغلوب نہیں ہونا چاہیئے تھا اسے مغلوب کر دیا۔

مسلمان کا حق تو یہ ہے کہ وہ مسلط ہو کیوں کہ وہ معرفت خداوندی اور باعث دینی کا حامل ہے اور کافر پر تسلط ہونا چاہیئے کیوں کہ وہ دین سے جاہل ہے اور اس میں شیاطین کا باعث پایا جاتا ہے اور مسلمان کا اپنے نفس پر حق دوسروں کے اس پر حق سے زیادہ واجب ہے۔

تو جب شریف معنیٰ جو اللہ تعالیٰ کی جماعت اور فرشتوں کے لشکر میں سے ہے اس خسیس معنیٰ کے سامنے مسخر ہو جائے جو شیطانوں کی جماعت ہے اور وہ اللہ تعالیٰ سے دور کرنے والے ہیں تو یہ ایسا ہی ہے جیسے کوئی مسلمان کسی کافر کا غلام بن جائے بلکہ وہ اس آدمی کی طرح ہے جو کسی انعام عطا کرنے والے محسن بادشاہ پر چڑھائی کر کے اس کے سب سے عزیز

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ النجم آیت ۲۹

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۲۴ روایات شداد بن اوس

بیٹے کو اس کے سبب سے ناپسندیدہ دشمن کے حوالے کر دے۔

تو دیکھو کس طرح وہ کفرانِ نعمت کر رہا ہے اور وہ کتنے بڑے انتقام کا مستحق ہے۔ کیوں کہ خواہش ان میں سے سب سے زیادہ ناپسندیدہ معبود ہے جن کی زمین میں پوجا کی جاتی ہے، اور عقل زمین پر سب سے زیادہ معزز مخلوق ہے۔

تیسری حالت یہ ہے کہ دونوں لشکروں کے درمیان جنگ جاری رہے کبھی ایک غالب آ جائے اور کبھی دوسری، اس قسم کا آدمی مجاہدین میں سے ہی شمار ہوتا ہے کامیاب لوگوں میں شمار نہیں ہوتا۔ اور اس حالت کے اہل لوگ وہ ہیں جنہوں نے اچھے اور برے اعمال کو ملا دیا امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول فرمائے اور یہ قوت وضعف کے اعتبار سے ہے۔ اور جن باتوں سے صبر کیا جاتا ہے ان کے حوالے سے تین حالتیں اور بھی ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ تمام شہوات پر غالب آ جائے یا بعض پر غالب آئے اور بعض پر غالب نہ آئے اور اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کا نزول تیسری حالت والوں کے حق میں زیادہ مناسب ہے۔ ارشاد خداوندی ہے:

خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَیِّئًا۔ (۱) — انہوں نے اچھے اور برے اعمال کو خلط ملط کر دیا۔

اور وہ لوگ جو شہوات کے باوجود مجاہدے کو مطلقاً چھوڑ دیتے ہیں وہ جانوروں کے مشابہ ہیں بلکہ ان سے بھی بھٹکے ہوئے ہیں کیوں کہ جانوروں میں معرفت اور وہ قدرت پیدا نہیں کی گئی جس کے ذریعے شہوتوں کے تقاضوں سے جہاد کیا جاتا ہے جب کہ انسان کے لیے یہ قوت پیدا کی گئی ہے لیکن اس نے اسے معطل کر رکھا ہے لہٰذا ایسا شخص یقیناً ناقص اور پیٹھ پھیرنے والا ہے اسی لیے کہا گیا ہے۔

وَلَمْ اَرَ فِیْ عُیُوْبِ النَّاسِ عَیْبًا کَنَقْصِ الْقَادِرِیْنَ عَلَی التَّمَامِ۔ (۲) — اور میں لوگوں کے عیوب میں ایسا عیب نہیں دیکھتا جو پورا کرنے کی قدرت رکھنے والوں نے ناقص چھوڑا ہو۔

آسانی اور تنگی کے اعتبار سے بھی صبر کی تقسیم ہوتی ہے ایک یہ کہ نفس پر شاق گزرے اور اس پر دوام ممکن نہ ہو جب تک سخت مشقت برداشت نہ کی جائے اور اسے تصبر (بزور صبر کرنا) کہتے ہیں اور دوسری قسم یہ ہے کہ اس میں سخت تھکاوٹ نہ ہو بلکہ تھوڑی سی محنت سے حاصل ہو جائے اسے صبر ہی کہتے ہیں اور جب تقویٰ دائمی ہو اور انجام کی بہتری کا یقین قوی ہو تو صبر کرنا آسان ہوتا ہے۔

اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْیُسْرٰی۔ (۲) — پس جس نے دیا اور پرہیزگاری اختیار کی اور اچھے کاموں کو اختیار کیا تو ہم اسے آسانی مہیا کریں گے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ توبہ آیت ۱۰۲ (۲) قرآن مجید، سورۃ اللیل آیت ۵

اس قسم کی مثال ایسے ہے جیسے پہلوان کو دوسرے آدمی پر طاقت ہوتی ہے کیوں کہ طاقت ور آدمی، ضعیف شخص کو ایک ادنیٰ حملے اور آسانی کے ساتھ پچھاڑنے پر قادر ہوتا ہے اسے پچھاڑتے وقت نہ تو وہ تھکاوٹ محسوس کرتا اور نہ ہی کمزوری بلکہ اس کا سانس بھی نہیں پھولتا۔ جب کہ سخت آدمی پچھاڑنے پر سخت تھکاوٹ اور مشقت کے بعد قادر ہوتا ہے اور پیشانی پر پسینہ بھی آتا ہے تو دینی باعث اور خواہش کے باعث کے درمیان اسی طرح مقابلہ ہوتا ہے اور یہ مقابلہ در حقیقت فرشتوں کے لشکر اور شیطانوں کے لشکر کے درمیان ہوتا ہے۔

اور جب شہوات بالکل ختم ہو جاتی ہیں ان کا قلع قمع ہو جاتا ہے اور دینی باعث مسلط اور غالب ہو جاتا ہے اور طویل عرصہ تک صبر کو اپنانے سے صبر کرنا آسان ہو جاتا ہے تو اس سے مقام رضا جنم لیتا ہے جیسے کتاب الرضا میں آئے گا تو صبر کے مقابلے میں رضا کا مقام بلند ہے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اُعْبُدُ اللّٰهَ عَلَى الرِّضَا فَاِنْ لَّمْ تَسْتَطِعْ	اللہ تعالیٰ کی عبادت حالت رضا میں کرو اور اگر ایسا نہ ہو
فَفِي الصَّبْرِ عَلَى مَا تَكْرَهُ خَيْرٌ كَثِيْرٌ۔ (۱)	سکے تو ناپسندیدہ بات پر صبر کرنے میں بہت بھلائی ہے۔

بعض عارفین کا قول ہے کہ صبر کرنے والوں کے تین مقامات ہیں۔

(۱) شہوت کو چھوڑنا اور یہ توبہ کرنے والوں کا درجہ ہے۔

(۲) جو کچھ مقدر میں ہے اس پر راضی رہنا، اور یہ زاہدین کا درجہ ہے۔

(۳) اس سلوک کی چاہت جو اس کا مولیٰ اس سے کرتا ہے اور یہ صدیقین کا درجہ ہے۔

ہم عنقریب محبت کے بیان میں ذکر کریں گے کہ محبت کا مقام، رضا کے مقام سے اعلیٰ ہے جیسے مقام رضا، صبر کے مقام سے بلند ہے گویا یہ تقسیم خاص صبر میں جاری ہوتی ہے اور وہ مصیبتوں اور آزمائشوں پر صبر کرنا ہے۔

حکم کے اعتبار سے صبر کی اقسام

حکم کے اعتبار سے صبر کی چار قسمیں ہیں۔
فرض، نفل، مکروہ، اور حرام

ممنوع کاموں سے صبر کرنا فرض ہے ناپسندیدہ امور پر صبر کرنا نفل ہے شرعی طور پر ممنوع اذیت پر صبر کرنا ممنوع ہے جیسے کسی شخص یا اس کے بیٹے کا ہاتھ کاٹا جائے اور وہ اس پر صبر کرتے ہوئے خاموشی اختیار کرے اور جیسے کوئی آدمی شہوت کے ساتھ اس کی بیوی کا قصد کرے اور اس سے اس کی غیرت جاگ اٹھے لیکن غیرت کے اظہار سے صبر کرے اور اس کی بیوی سے جو سلوک کیا جائے۔ اس پر خاموشی اختیار کرے تو یہ صبر حرام ہے اور مکروہ صبر وہ ہے جو ایسی اذیت پر ہو جو شرعی طور پر مکروہ طریقے سے پہنچے۔

---

(۱)

گویا صبر کی کسوٹی اور معیار شریعت ہے لہٰذا صبر کے نصف ایمان ہونے سے تمہیں یہ خیال نہیں ہونا چاہیے کہ ہر قسم کا صبر محمود ہے بلکہ اس سے صبر کی مخصوص انواع مراد ہیں۔

فصل ۴:

صبر کی حاجت کا مقام اور بندہ کسی حال میں بھی صبر سے بے نیاز نہیں ہو سکتا

اس زندگی میں بندے کو جو کچھ پہنچتا ہے وہ دو قسموں سے خالی نہیں ایک یہ کہ وہ اس کی خواہش کے مطابق ہوگا دوسرا وہ جو اس کی خواہش کے مطابق نہیں ہوتا بلکہ وہ اسے مکروہ جانتا ہے اور وہ دونوں صورتوں میں صبر کا محتاج ہے نیز اسے ہر حال میں ان دو میں سے ایک یا دونوں سے واسطہ پڑتا ہے لہٰذا وہ کسی صورت میں بھی صبر سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔

پہلی قسم:

یعنی جو کچھ اسے حاصل ہے وہ اس کی خواہش کے مطابق ہے اور وہ صحت و سلامتی، مال، مرتبہ، خاندان کا بڑا ہونا، اسباب کی وسعت اور اتباع کرنے والوں اور مددگاروں کی کثرت اور تمام دنیوی لذات کا حصول ہے۔ اس حالت میں اسے صبر کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے کیوں کہ اگر وہ ان لذات میں پڑ کر اپنے نفس کو مباح امور سے بھی نہیں روکے گا تو اس میں اکڑ اور سرکشی پیدا ہوگی۔ کیونکہ انسان سرکشی کرتا ہے کہ اپنے آپ کو مستغنی دیکھے۔ حتیٰ کہ بعض عارفین نے فرمایا آزمائش پر ہر مومن صبر کرتا ہے لیکن عافیت پر صرف صدیق ہی صبر کر سکتا ہے۔

حضرت سہل رحمہ اللہ نے فرمایا عافیت پر صبر کرنا آزمائش پر صبر کرنے سے زیادہ سخت ہے اور جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر دنیا کے دروازے کھل گئے تو انہوں نے فرمایا ہم تکلیف کے فتنے میں مبتلا ہوئے تو ہم نے صبر کیا لیکن جب کشادگی کے فتنے میں مبتلا ہوئے تو ہم سے صبر نہ ہو سکا اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو مال عورت اور اولاد کے فتنے سے ڈرایا ارشاد خداوندی ہے،

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ۔ (۱)	اے ایمان والو! تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہیں اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل نہ کر دے۔

اور ارشاد فرمایا۔

إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَكُمْ فَاحْذَرُوهُمْ۔ (۲)	بے شک تمہاری بیویوں اور اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن ہیں پس ان سے بچو۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ منافقین آیت ۹

(۲) قرآن مجید، سورۃ التغابن آیت ۱۴

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَلْوَلَدُ مَبْخَلَۃٌ مَجْبَنَۃٌ مَحْزَنَۃٌ۔ (۱) اولاد، بخل، بزدلی اور غم کا سبب ہے۔

اور جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ قمیص میں اٹک کر گر رہے ہیں تو آپ منبر سے اتر گئے اور انہیں گود میں لے لیا اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا۔

اِنَّمَا اَمْوَالُکُمْ وَاَوْلَادُکُمْ فِتْنَۃٌ۔ (۲) بے شک تمہارے مال اور تمہاری اولاد آزمائش ہیں۔

میں نے جب اپنے لخت جگر کو دیکھا کہ وہ گرنے والا ہے تو میں ان کو اٹھانے سے رُک نہ سکا۔ (۳)

اس میں عقل مند لوگوں کے لیے عبرت ہے اور کامل مرد وہی ہے جو عافیت پر صبر کرتا ہے اور اس پر صبر کا مطلب یہ ہے کہ اس کی طرف جھکاؤ نہ ہو اور یہ خیال کرے کہ سب کچھ اس کے پاس امانت ہے اور ہو سکتا ہے کہ عنقریب یہ واپس ہو جائے اسے چاہیے کہ اس پر خوش ہونے میں نفس کو کھلی چھٹی نہ دے اور عیش و عشرت، لذت اور لہو و لعب میں مشغول نہ ہو جائے نیز اپنے مال میں اللہ تعالیٰ کے حقوق کا خیال رکھے کہ اسے خرچ کرے اور بدن میں بھی حقوق خداوندی کا خیال رکھے یعنی اسے مخلوق کی مدد کرنے میں استعمال کرے زبان کو سچائی کے لیے استعمال کرے اسی طرح ان تمام نعمتوں میں اللہ تعالیٰ کے حقوق کا خیال رکھے جو اللہ تعالیٰ نے اسے عطا فرمائی ہیں یہ صبر، شکر کے ساتھ متصل ہے اور اس کی تکمیل اسی صورت میں ہو سکتی ہے کہ شکر کا حق ادا کرے جیسا کہ آگے آئے گا۔

خوشی کی حالت میں صبر کرنا زیادہ مشکل ہوتا ہے کیوں کہ یہ طاقت سے ملا ہوا ہوتا ہے اور قادر نہ ہونا بھی حفاظت ہے اگر کوئی دوسرا آدمی پچھنے لگائے تو خود لگانے کی صورت میں صبر کرنے سے یہ آسان ہوتا ہے بھوکے آدمی کے پاس کھانا نہ ہو تو اس صورت میں وہ اس حالت کی نسبت سے زیادہ صبر کرتا ہے، جب اس کے پاس نہایت عمدہ اور لذیذ کھانے موجود ہوں اسی وجہ سے خوشی کی حالت میں صبر کرنے کی عظمت زیادہ ہے۔

دوسری قسم:

یہ وہ قسم ہے جو خواہش اور طبیعت کے موافق نہ ہو اس کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ بندے کے اختیار سے اس کا کوئی تعلق ہو جیسے عبادات اور گناہ دوسری صورت یہ ہے کہ بندے کے اختیار کے ساتھ اس کا کوئی رابطہ نہ ہو جیسے مصیبتیں اور تکالیف، لیکن اسے زائل کرنا اس کے اختیار میں ہوتا ہے جیسے موذی سے بدلہ لے کر دل کو تسلی دی جائے۔

---

(۱) کنز العمال جلد ۱۶ ص ۲۸۹ حدیث ۴۴۵۱۰

(۲) قرآن مجید، سورۂ تغابن آیت ۱۵

(۳) جامع ترمذی ص ۵۴۲، ابواب المناقب

تو اس کی تین اقسام ہیں۔

پہلی قسم:

جو کچھ اس کے اختیار میں ہو اور یہ اس کے وہ تمام افعال ہیں جن کو عبادت یا گناہ کہا جاتا ہے اور اس کی تین صورتیں ہیں پہلی صورت عبادت ہے اور بندہ اس پر صبر کا محتاج ہوتا ہے اور عبادت پر صبر کرنا بڑا مشکل ہوتا ہے کیوں کہ نفس کو فطری طور پر بندگی سے نفرت ہوتی ہے اور وہ رب بننے کی خواہش رکھتا ہے، اسی لیے بعض عارفین نے فرمایا کہ ہر نفس میں وہ بات پوشیدہ ہے جو فرعون نے ظاہر کی اس نے کہا تھا۔

اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى (۱) (القرآن) میں تمہارا بلند ترین رب ہوں

لیکن فرعون نے اس کے لیے میدان اور قبولیت پائی اس لیے اس بات کو ظاہر کر دیا جب اس نے قوم کو حقیر جانا تو انہوں نے اس کی اطاعت کی ہر شخص اپنے غلام، خادم، متبعین اور ان تمام لوگوں پر رب ہونے کا دعویٰ کرتا ہے جو اس کے ماتحت اور مغلوب ہیں اگرچہ وہ اسے ظاہر نہیں کرتا۔ جب وہ اس کی خدمت میں کوتاہی کرتے ہیں تو اس وقت ان پر اس کا غصہ اسی تکبر کی وجہ سے ہوتا ہے جو اس کے اندر چھپا ہوا ہے نیز اس کا سبب اس کا دعویٰ ربوبیت ہی تو ہے تو عبادت مطلقاً لوگوں پر گراں گزرتی ہے پھر بعض عبادات سستی کی وجہ سے ناپسند ہوتی ہیں جیسے نماز بعض بخل کی وجہ سے جیسے زکوٰۃ اور بعض ان دونوں باتوں کے باعث ناپسند ہوتی ہیں جیسے حج اور جہاد —— تو عبادت پر صبر کرنا سخت امور پر صبر کرنا ہے اور عبادت کرنے والا تین حالتوں میں صبر کا محتاج ہوتا ہے۔

پہلی حالت عبادت سے پہلے کی ہے اور یہ نیت کو صحیح رکھنا اور اخلاص ہے ریا کے شائبوں اور آفات کے دواعی سے صبر کرنا اور اخلاص ووفا کا عزم ہے اور جو شخص نیت اور اخلاص کی حقیقت نیز ریا کی آفات اور نفس کے مکروفریب سے آگاہ ہے اسے معلوم ہے کہ اس پر صبر کس قدر مشکل ہے۔ اور اس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں تنبیہ فرمائی ہے۔

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ وَاِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوٰى۔ (۱) بے شک اعمال (کے ثواب) کا دارومدار نیتوں پر ہے اور ہر شخص کے لیے وہی کچھ ہے جس کی اس نے نیت کی۔

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَمَا اُمِرُوْا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ اور ان کو نہیں حکم دیا گیا مگر اس بات کا کہ وہ اللہ تعالیٰ

---

(۱) صحیح بخاری جلد اول ص ۲ کیف کان بدؤ الوحی

لَهُ الدِّیْنَ۔ (۱) کی عبادت کریں اس کے لیے دین کو خالص کرتے ہوئے۔

اسی لیے اللہ تعالیٰ نے صبر کو عمل پر مقدم کیا ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۔(۲) مگر جن لوگوں نے صبر کیا اور اچھے کام کئے۔

دوسری حالت، عمل کی حالت ہے تاکہ وہ عمل کے دوران اللہ تعالیٰ سے غافل نہ ہو اور اس کے آداب و سنن کی بجاآوری میں سستی کا مظاہرہ نہ کرے اور آخری عمل تک ادب کی شرط پر قائم رہے اور جو امور عمل میں خلل ڈالتے ہیں ان سے صبر اختیار کرے اور یہ بھی سخت قسم کا صبر ہے اور شاید اللہ تعالیٰ کے اس قول سے یہی بات مراد ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ الَّذِیْنَ صَبَرُوْا۔ (۳) ان عمل کرنے والوں کا اجر کتنا اچھا ہے جنہوں نے صبر کیا۔

یعنی عمل کی تکمیل تک صبر کیا۔

تیسری حالت عمل سے فراغت کے بعد کی ہے کیوں کہ اب اس بات کی ضرورت ہے کہ اسے افشاء کرنے اور ریا کاری کے لیے ظاہر کرنے سے صبر کرے نیز اس عمل کو خود پسندی کی نظر سے دیکھنے اور ہر اس بات سے صبر کرے جو اس کے عمل کو باطل کر دیتی اور اس کے اثر کو مٹا دیتی ہے۔

جیسے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَلَا تُبْطِلُوْا اَعْمَالَکُمْ۔ (۴) اور اپنے اعمال کو باطل نہ کرو۔

اور جیسے ارشاد فرمایا۔

وَلَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِکُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰی۔ (۵) اور اپنے صدقات کو احسان جتانے اور تکلیف دینے کے ذریعے باطل نہ کرو۔

تو جو شخص صدقہ دینے کے بعد احسان جتانے اور اذیت پہنچانے سے صبر نہیں کرتا اس نے اپنا عمل باطل کر دیا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ البینہ آیت ۵

(۲) قرآن مجید سورۃ ہود آیت ۱۱

(۳) قرآن مجید، سورۃ عنکبوت آیت ۵۸، ۵۹

(۴) قرآن مجید، سورۃ محمد آیت ۳۳

(۵) قرآن مجید سورہ بقرہ آیت ۲۶۴

عبادات فرض بھی ہیں اور نوافل بھی اور آدمی ان سب میں صبر کا محتاج ہے اور اللہ تعالیٰ نے ان سب کو اس میں جمع فرما دیا۔

ارشاد خداوندی ہے:

اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَاءِ ذِی الْقُرْبٰی (۱)

بے شک اللہ تعالیٰ انصاف، احسان اور قریبی رشتہ داروں کو دینے کا حکم دیتا ہے۔

عدل فرض، احسان نفل اور قرابت داروں کو دینا مروت اور صلہ رحمی ہے اور یہ تمام امور صبر کے محتاج ہیں۔
دوسری قسم گناہوں پر مشتمل ہے اور ان پر صبر کرنے کی بھی بہت زیادہ حاجت ہے اللہ تعالیٰ نے مختلف قسم کے گناہوں کو اپنے اس ارشاد گرامی میں جمع فرمایا۔

وَیَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ۔ (۲)

اور وہ (اللہ تعالیٰ) بے حیائی، برے کاموں اور سرکشی سے منع فرماتا ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْمُھَاجِرُ مَنْ ھَجَرَ السُّوْءَ (۳) وَالْمُجَاھِدُ مَنْ جَاھَدَ ھَوَاہُ۔ (۴)

مہاجر وہ ہے جو برائی کو ترک کر دیتا ہے اور مجاہد وہ ہے جو اپنی خواہش سے لڑتا ہے۔

اور گناہ خواہش کے باعث کا تقاضا ہیں اور گناہوں سے سخت ترین صبر ان گناہوں سے صبر کرنا ہے جن سے عادت کے باعث الفت ہو گئی ہو کیوں کہ عادت پانچویں طبیعت ہے اور جب گناہوں کے ساتھ عادت مل جائے تو شیطان کے دو لشکر باہم مل کر اللہ تعالیٰ کے لشکر پر غالب آجاتے ہیں تو دینی باعث اس کے قلع قمع پر طاقت نہیں رکھتا۔
پھر اگر وہ کام ان کاموں میں سے ہو جن کا کرنا آسان ہوتا ہے تو اسے صبر کرنا نفس پر بہت گراں گزرتا ہے جیسے غیبت، جھوٹ، ریاکاری اور کنایتاً یا صراحتاً اپنی تعریف کرنا وغیرہ۔ اسی طرح مختلف قسم کے مذاق جو دلوں کو اذیت پہنچاتے ہیں اور ایسے کلمات جن سے دوسروں کی حقارت مقصود ہو نیز مُردوں کا ذکر کر کے ان کی عیب جوئی کرنا یا ان کے علوم، سیرت اور مناصب پر انگشت نمائی کرنا کیوں کہ یہ باتیں ظاہری طور پر غیبت ہیں اور باطنی طور پر اپنی تعریف کرنا ہے تو نفس کے لیے دو خواہشیں ہیں ان میں سے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ النحل آیت ۹۰
(۲) قرآن مجید، سورۃ النحل آیت ۹۰
(۳) مسند امام احمد بن حنبل ج ۶ ص ۲۰۶ مرویات فضالہ بن عبید۔
(۴) کنز العمال جلد ۴ ص ۴۳۰ حدیث ۱۱۲۶۲

ایک، دوسروں کی نفی کرنا اور دوسری خواہش اپنے آپ کو اچھا ثابت کرنا ہے اور اس سے وہ جذبۂ ربوبیت مکمل ہوتا ہے جو اس کی فطرت میں ہے اور یہ اس عبودیت کی ضد ہے جس کا اسے حکم دیا گیا ہے نیز اس میں دو شہوتیں جمع ہونے زبان کی حرکت آسان ہونے اور محاورات میں اس کے عادت بن جانے سے ان امور سے صبر کرنا مشکل ہو جاتا ہے اور یہ سب سے بڑی ہلاکت خیز بات ہے حتیٰ کہ دلوں سے اس کا انکار اور اسے قبیح قرار دینے کا خیال باطل ہو جاتا ہے کیوں کہ ان امور کا تکرار زیادہ ہوتا ہے اور ان سے انس بھی زیادہ ہوتا ہے مثلاً تم کسی انسان کو ریشمی لباس پہنے ہوئے دیکھتے ہو تو اسے بہت ہی ناپسند کرتے ہو لیکن وہ تمام دن لوگوں کو برا بھلا کہتا رہے تو اسے برا نہیں کہتے (۱) حالانکہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ غیبت، زنا سے بھی زیادہ سخت گناہ ہے اور جو شخص گفتگو میں اپنی زبان کو کنٹرول نہ کر سکے اور اس سے صبر کرنے پر قادر نہ ہو تو اس پر گوشہ نشینی لازم ہے تاکہ کوئی اس سے گفتگو نہ کرے کیوں کہ میل جول کی صورت میں خاموشی سے صبر کرنا تنہائی اختیار کرنے پر صبر کرنے سے زیادہ آسان ہے اور گناہوں کی انفرادی صورت میں صبر کی شدت مختلف ہو جاتی ہے کیونکہ ان گناہوں کے داعی شدت و ضعف کے اعتبار سے مختلف ہوتے ہیں۔

اسی طرح وسوسوں کے ساتھ دلوں کی حرکت زبان کی حرکت سے آسان ہے کیوں کہ دل کی گفتگو تو تنہائی میں بھی باقی رہتی ہے اور اس سے صبر کرنا بالکل ممکن نہیں ہے ہاں دل پر کوئی دوسرا دینی غم غالب ہو جائے جو اس کو اس طرف متوجہ کر دے جیسے کسی شخص کے تمام غم ایک ہی غم بن جائیں ورنہ جب تک فکر کو کسی معین بات کی طرف متوجہ نہیں کرے گا وسوسوں کا اس سے دور ہونا ممکن نہ ہوگا۔

دوسری قسم:

وہ افعال جن کا آنا اختیار میں نہ ہو لیکن ان کو دور کرنا اختیار میں ہو۔ جیسے کسی شخص کو کسی فعل یا عمل کے ذریعے اذیت دی جائے اور اسے مالی یا جانی نقصان پہنچایا جائے تو بعض اوقات اس پر صبر کرنا اور بدلہ نہ لینا واجب ہوتا ہے اور بعض اوقات صرف فضیلت کا باعث ہوتا ہے واجب نہیں ہوتا، بعض صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے فرمایا ہم کسی مومن کے ایمان کو ایمان شمار نہیں کرتے تھے جب تک وہ اذیت پر صبر نہ کرتا اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ۔ (۲)

اور ہم ضرور بضرور اس اذیت پر صبر کریں گے جو تم نے ہمیں پہنچائی اور توکل کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ پر ہی توکل کرنا چاہیے۔

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۸ ص ۹۱ کتاب الادب

(۲) قرآن مجید، سورۂ ابراہیم آیت ۱۲

ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مال تقسیم فرمایا تو کسی مسلمان اعرابی نے کہا کہ اس تقسیم سے اللہ تعالیٰ کی رضا کا ارادہ نہیں کیا گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کی خبر دی گئی تو آپ کے رخسار مبارک سرخ ہو گئے۔

پھر آپ نے فرمایا۔

يَرْحَمُ اللّٰهُ اَخِيْ مُوْسٰى لَقَدْ اُوْذِيَ بِاَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ۔ (۱)

اللہ تعالیٰ میرے بھائی حضرت موسیٰ علیہ السلام پر رحم فرمائے بے شک ان کو اس سے زیادہ اذیت دی گئی لیکن انہوں نے صبر کیا۔

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَدَعْ اَذٰاهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ۔ (۲)

اور ان کی اذیت کو نظر انداز کریں اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کریں۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا۔ (۳)

اور ان کی باتوں پر صبر کریں اور ان کو اچھی طرح چھوڑ دیں۔

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ۔ (۴)

اور بے شک ہم جانتے ہیں کہ آپ ان کی باتوں سے اپنے سینۂ مبارک میں تنگی محسوس کرتے ہیں پس آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح بیان کریں۔

اور ارشاد خداوندی ہے:

وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا اَذًى كَثِيْرًا وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ۔ (۵)

اور تم ضرور بضرور ان اہل کتاب سے جو تم سے پہلے گزر گئے اور مشرکوں سے بے شمار اذیت ناک باتیں سنو گے اور اگر تم صبر کرو اور پرہیز گاری اختیار کرو تو یہ نہایت ہمت کے کاموں سے ہے۔

---

(۱) صحیح بخاری جلد اول ص ۴۸۳ کتاب الانبیاء

(۲) قرآن مجید، سورۂ احزاب آیت ۴۸

(۳) قرآن مجید، سورۂ مزمل آیت ۱۰

(۴) قرآن مجید، سورۂ الحجر آیت ۹۷

(۵) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۸۶

مطلب یہ ہے کہ بدلہ لینے سے صبر کرو اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کی تعریف فرمائی جو اپنے حقوق مثلاً قصاص وغیرہ معاف کر دیتے ہیں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِہٖ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَہُوَ خَیْرٌ لِّلصّٰبِرِیْنَ۔ (۱)

اور اگر تم بدلہ لو تو اتنی ہی تکلیف پہنچاؤ جتنی تمہیں پہنچی اور اور اگر تم صبر کرو تو یہ بات صبر کرنے والوں کے لیے بہتر ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

صِلْ مَنْ قَطَعَکَ وَاَعْطِ مَنْ حَرَمَکَ وَاعْفُ عَمَّنْ ظَلَمَکَ۔

جو تم سے قطع تعلق کرے اس سے صلہ رحمی کرو جو تمہیں نہ دے اسے دو اور جو تم پر ظلم کرے اسے معاف کر دو۔

اور میں (امام غزالی رحمہ اللہ) نے انجیل میں دیکھا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اس سے پہلے تم سے کہا گیا کہ دانت کے بدلے دانت اور ناک کے بدلے ناک لیکن میں تم سے کہتا ہوں کہ شر کا بدلہ شر سے نہ دو۔ بلکہ جو آدمی تمہارے دائیں رخسار پر مارے تو بایاں رخسار بھی اس کے سامنے کر دو، اور جو شخص تمہاری چادر لے لے اسے تہبند بھی دے دو اور جو آدمی تمہیں ایک میل تک اپنے ساتھ لے جانے پر مجبور کرے تم اس کے ساتھ دو میل چلو، تو یہ سب باتیں اذیت پر صبر کے زمرے میں آتی ہیں اور لوگوں کی طرف سے پہنچنے والی اذیت پر صبر کرنا صبر کے اعلیٰ مراتب میں سے ہے کیوں کہ اس صورت میں باعث دینی کے مقابلے شہوت اور غضب دونوں کا باعث ہوتا ہے۔

تیسری قسم:

وہ اعمال جن کی ابتدا اور انتہا کچھ بھی بندے کے اختیار میں نہیں ہوتا جیسے مصیبتیں ہیں مثلاً رشتوں کا فوت ہو جانا، مالوں کا ہلاک ہو جانا، بیماری کی وجہ سے صحت کا زائل ہونا، بینائی کا چلا جانا اعضاء کا خراب ہونا اور اس طرح کی تمام آزمائشوں پر صبر کرنا اعلیٰ درجہ کا صبر ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں قرآن پاک میں صبر کی تین صورتیں مذکور ہیں ـــ (۱) اللہ تعالیٰ کی طرف سے عائد فرائض کی ادائیگی پر صبر کرنا اور اس کے لیے تین سو درجات ہیں، (۲) جو کچھ اللہ تعالیٰ نے حرام کیا اس سے صبر کرنا اس کے چھ سو درجات ہیں اور (۳) مصیبت پر پہلے صدمہ کے وقت صبر کرنا اس کے نو سو درجات ہیں اور اس درجہ کو باوجود فضائل کے دوسرے درجے پر فضیلت دی گئی حالانکہ وہ فرض ہے، کیوں کہ حرام سے اجتناب پر ہر مومن صبر کر لیتا ہے لیکن مصیبت پر صرف انبیاء کرام ہی صبر کر سکتے ہیں کیوں کہ صدیقین کا سرمایہ ہے یہ صبر نفس پر بہت گراں ہوتا ہے اسی لیے نبی اکرم

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ النحل آیت ۱۲۶

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۴۸ مرویات عقبہ بن عامر

صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگی۔

أَسْأَلُكَ مِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ عَلَىَّ بِهِ مَصَائِبُ الدُّنْيَا۔ (١)

(یا اللہ!) میں تجھ سے اس یقین کا سوال کرتا ہوں جس کے ذریعے مجھ پر دنیا کے مصائب آسان ہو جائیں۔

تو یہ وہ صبر ہے جس کا منشا حسن یقین ہے۔

حضرت ابوسلیمان رحمہ اللہ نے فرمایا! اللہ کی قسم! ہم اپنی پسندیدہ چیز پر صبر نہیں کر سکتے تو ناپسندیدہ بات پر کیسے صبر کریں گے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِذَا وَجَّهْتُ إِلَى عَبْدٍ مِنْ عَبِيْدِي مُصِيْبَةً فِي بَدَنِهِ أَوْ مَالِهِ أَوْ وَلَدِهِ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ ذٰلِكَ بِصَبْرٍ جَمِيْلٍ اسْتَحْيَيْتُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَنْ أَنْصِبَ لَهُ مِيْزَانًا أَوْ أَنْشُرَ لَهُ دِيْوَانًا۔ (٢)

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے جب میں اپنے کسی بندے کے بدن یا اس کے مال یا اس کی اولاد کی طرف کسی مصیبت کو متوجہ کرتا ہوں پھر وہ صبر جمیل کے ساتھ اس کا استقبال کرتا ہے تو قیامت کے دن مجھے اس سے حیا آئے گا کہ میں اس کے لیے میزان قائم کروں یا اس کا نامۂ اعمال کھولوں۔

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنْتِظَارُ الْفَرَجِ بِالصَّبْرِ عِبَادَةٌ۔ (٣)

صبر کے ساتھ کشادگی کا انتظار عبادت ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

جب کسی بندے کو مصیبت پہنچے اور وہ اللہ تعالیٰ کے حکم مطابق یہ کلمات کہے۔

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔ (٤)

(بے شک ہم اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اور ہم نے اسی کی لوٹنا ہے۔

اَللّٰهُمَّ أْجُرْنِي فِي مُصِيْبَتِي وَأَعْقِبْنِي خَيْرًا مِنْهَا۔ (٥)

یا اللہ! مجھے اس مصیبت میں اجر عطا فرما اور مجھے اس سے بہتر عطا فرما تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا کو قبول فرماتا ہے۔

---

(١) جامع ترمذی ص ٥٠٤، ابواب الدعوات

(٢) الفردوس بماثور الخطاب جلد ٣ ص ١٧٢ حدیث ٤٤٥٩

(٣) الترغیب والترہیب جلد ٢ ص ٤٨٢ کتاب الذکر

(٤) قرآن مجید، سورۃ بقرہ آیت ١٥٦

(٥) مسند امام احمد بن حنبل جلد ٦ ص ٣٠٩ مرویات ام سلمہ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے جبریل علیہ السلام! جس کی دو کریم چیزیں (آنکھیں) لے لی جائیں اس کا بدلہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا یا اللہ! تو پاک ہے ہمیں اتنا ہی علم ہے جتنا تو نے ہمیں سکھایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اس کا بدلہ میرے گھر (جنت) میں ہمیشہ رہنا اور میری زیارت کرنا ہے۔ (۱)

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے جب میں اپنے بندے کو کسی آزمائش میں ڈالتا ہوں پھر وہ صبر کرتا ہے اور بیمار پرسی کرنے والوں سے شکایت نہیں کرتا تو میں اسے پہلے سے بہتر گوشت اور اس کے خون سے بہتر خون عطا کرتا ہوں اور جب میں تندرست کرتا ہوں تو اس کا کوئی گناہ باقی نہیں رہتا اور اگر اسے وفات دوں تو اپنی رحمت عطا کرتا ہوں۔ (۲)

حضرت داؤد علیہ السلام نے بارگاہ خداوندی میں عرض کیا اے میرے رب! جو آدمی تیری رضا کے حصول کے لیے مصیبتوں پر صبر کرتا ہے اس پریشان اور غمگین آدمی کا بدلہ کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اس کا بدلہ یہ ہے کہ میں اسے ایمان کا لباس پہناؤں گا اور اس سے کبھی بھی نہیں اتاروں گا۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے اپنے خطبہ میں فرمایا اللہ تعالیٰ کسی بندے پر انعام فرماتا ہے پھر اس سے وہ نعمت لے لیتا ہے اور اس کے بدلے اسے صبر عطا کرتا ہے تو جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اسے عطا فرمایا وہ اس سے بہتر ہے جو اس سے لے لیا اور آپ نے یہ آیت پڑھی۔

اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔ (۳)

بے شک صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بے حساب دیا جاتا ہے۔

حضرت فضیل رحمہ اللہ سے صبر کی حقیقت پوچھی گئی تو انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر راضی ہونا صبر ہے عرض کیا گیا یہ کیسے؟ فرمایا جو آدمی راضی ہوتا ہے وہ اپنے مقام سے اوپر کی تمنا نہیں کرتا۔

کہا گیا ہے کہ حضرت شبلی رحمہ اللہ بیمارستان کے قید خانے میں قید کئے گئے تو ان کے پاس ایک جماعت آئی انہوں نے پوچھا تم کون ہو؟ ان لوگوں نے جواب دیا آپ سے محبت کرنے والے ہیں جو آپ کی ملاقات کے لیے آئے ہیں آپ نے پتھر لے کر ان کو مارنا شروع کر دیا تو وہ بھاگنے لگے آپ نے فرمایا اگر تم میرے دوست ہوتے تو میری مصیبت پر صبر کرتے

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۲ ص ۳۰۹ کتاب الجنائز

(۲) سنن الکبریٰ للبیہقی جلد ۳ ص ۳۷۵ کتاب الجنائز

(۳) قرآن مجید، سورۂ زمر آیت ۱۰

کسی بزرگ (عارف) کی جیب میں ایک رقعہ تھا وہ ہر وقت اسے نکال کر دیکھتے تھے اور اس میں لکھا تھا
وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا۔ (۱) اور اپنے رب کے حکم پر صبر کر دبے شک تم ہمارے سامنے ہو (ہماری حفاظت میں ہو)

کہا جاتا ہے کہ فتح موصلی کی بیوی پھسل گئیں تو ان کا ناخن ٹوٹ گیا وہ ہنس پڑیں پوچھا گیا کہ کیا تمہیں درد نہیں ہوتا؟ اس نے کہا اس کے ثواب کی لذت نے میرے دل سے درد کی تلخی کو زائل کر دیا ہے۔

حضرت داؤد علیہ السلام نے حضرت سلیمان علیہ السلام سے فرمایا کہ مومن کے تقویٰ پر تین باتوں سے استدلال کیا جاتا ہے (۱) جو کچھ نہیں ملا اس کے بارے میں اچھی طرح توکل کرنا (۲) جو کچھ حاصل ہوا اس کے سلسلے میں اچھی طرح راضی ہونا اور (۳) جو کھو گیا اس پر اچھی طرح صبر کرنا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مِنْ اِجْلَالِ اللّٰهِ وَمَعْرِفَةِ حَقِّهِ اَنْ لَا تَشْكُوَ وَجَعَكَ وَلَا تَذْكُرَ مُصِيْبَتَكَ۔ (۲) اللہ تعالیٰ کی تعظیم اور اس کے حق کی معرفت کا تقاضا ہے کہ تو اپنے درد کی شکایت نہ کرے اور نہ ہی اپنی مصیبت کا تذکرہ کرے۔

ایک بزرگ کے بارے میں منقول ہے کہ وہ باہر تشریف لائے اور ان کی آستین میں ایک تھیلی تھی پھر اسے تلاش کیا تو نہ ملی معلوم ہوا کہ وہ ان کی آستین سے چوری ہو گئی ہے۔ انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس شخص (چور) کو اس میں برکت عطا فرمائے ہو سکتا ہے اسے مجھ سے زیادہ ضرورت ہو۔

ایک بزرگ کے بارے میں منقول ہے وہ فرماتے ہیں میں حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت سالم رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرا وہ شہیدوں کے درمیان تھے اور ابھی ان میں زندگی کی کچھ رمق باقی تھی میں نے کہا میں آپ کو پانی پلاتا ہوں انہوں نے فرمایا مجھے تھوڑا سا دشمن کی طرف سرکا دو اور پانی میری ڈھال پر رکھ دو میں روزے سے ہوں اگر میں رات تک زندہ رہا تو پی لوں گا۔

تو اللہ تعالیٰ کے راستے میں چلنے والوں کا اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے والی آزمائشوں پر اس طرح صبر ہوتا تھا۔

سوال:

مصائب میں صبر کا درجہ کیسے پایا جا سکتا ہے جب کہ یہ بات بندے کے اختیار میں نہیں ہے اور وہ مجبور ہے مانے یا

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ طور آیت ۴۸

(۲)

انکار کرے، تو اگر صبر سے مراد یہ ہے کہ اس کے دل میں مصیبت کی کراہت (ناپسندیدگی) نہ ہو تو یہ بات اختیار میں نہیں ہے۔

جواب:

جان لو کہ آدمی جب روتا پیٹتا ہے، گریبان پھاڑتا اور چہرے پر ضربیں لگاتا ہے، بہت زیادہ شکایت کرتا ہے رنج کو ظاہر کرتا ہے لباس، بچھونے اور کھانے میں تبدیلی کرتا ہے تو وہ صابرین کے مقام سے خارج ہو جاتا ہے اور یہ باتیں اس کے اختیار میں ہیں لہٰذا اسے ان سب سے بچنا چاہیئے اور اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر رضا کا اظہار کرے نیز اپنی عادت پر برقرار ہے اور یہ عقیدہ رکھے کہ یہ چیز اس کے پاس امانت تھیں پس واپس لے لی گئی۔ جیسے ایک روایت میں حضرت ام سلیم رمیصاء رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں میرا بیٹا فوت ہو گیا اور میرے خاوند حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ موجود نہیں تھے میں اٹھی اور گھر کے ایک کونے میں اس پر کپڑا ڈال دیا حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو میں نے اٹھ کر افطاری کا انتظام کیا وہ کھانا کھا رہے تھے اور ساتھ ہی پوچھنے لگے بچے کا کیا حال ہے؟ میں نے کہا اللہ تعالیٰ کا شکر اور احسان ہے اچھے حال میں ہے وہ جب سے بیمار ہوا اسے کسی رات بھی ایسا سکون نہیں ملا پھر میں نے ان کے لیے اپنے آپ کو اچھی طرح سنوارا حتیٰ کہ انہوں نے اپنی حاجت کو مجھ سے پورا کیا پھر میں نے کہا گیا آپ کو پڑوسیوں پر تعجب نہیں ہوتا؟ فرمایا ان کو کیا ہوا؟ میں نے کہا انہوں نے ایک چیز ادھار لی تھی جب ان سے واپس مانگی گئی تو وہ شور مچانے لگے فرمایا یہ تو انہوں نے برا کیا میں نے کہا آپ کا بیٹا بھی اللہ تعالیٰ کی امانت تھا اور اللہ تعالیٰ نے اسے اٹھا لیا ہے اس پر انہوں نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی اور "انا للہ وانا الیہ راجعون" پڑھا پھر دوسرے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو واقعہ کی اطلاع دی آپ نے ان کے حق میں یوں دعا مانگی "اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَھُمَا فِیْ لَیْلَتِھِمَا" یا اللہ! ان کی رات کے عمل میں برکت پیدا فرما۔

راوی کہتے ہیں میں نے اس کے بعد مسجد میں ان کے سات بیٹے دیکھے وہ سب کے سب قرآن پاک کے قاری تھے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے اپنے آپ کو دیکھا کہ جنت میں داخل ہو رہا ہوں تو وہاں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی زوجہ رمیصاء موجود ہیں۔

کہا گیا ہے صبر جمیل یہ ہے کہ مصیبت زدہ دوسروں سے پہچانا نہ جائے دل کا دکھ اور آنسو بہانا اسے صبر کرنے والوں کے درجہ سے باہر نہیں نکالتا کیوں کہ موت کی وجہ سے وہ (دکھ) تمام حاضرین کے لیے ایک جیسا ہے کیوں کہ یہ بات بشریت کا تقاضا ہے اور موت تک انسان کے ساتھ رہتی ہے اسی لیے حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو آپ کی مبارک آنکھوں سے آنسو جاری ہوئے عرض کیا گیا کہ کیا آپ ہمیں اس بات سے منع نہیں فرماتے؟ آپ نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ ھٰذِہٖ رَحْمَۃٌ یَرْحَمُ اللّٰہُ مِنْ ... بے شک یہ رحمت ہے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ اپنے

عِبَادِہِ الرُّحَمَاءَ۔ (۱) رحم کرنے والے بندوں پر رحم فرماتا ہے۔

بلکہ اس وجہ سے آدمی مقام رضا سے بھی نہیں نکلتا آدمی جب پچھنا لگواتا ہے تو اس سے پہلے وہ اس پر راضی ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود اسے تکلیف ضرور ہوتی ہے اور بعض اوقات زیادہ درد کی وجہ سے اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں۔ یہ بحث رضا کے بیان میں آئے گی ان شاء اللہ ابن نجیح نے بعض خلفاء کی تعزیت میں لکھا ہے کہ جو شخص اس بات کو جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ اس سے لیا وہ اس کا حق تھا تو وہ اس بات کا زیادہ مستحق ہے کہ جو کچھ اس کے پاس باقی ہے اس میں اللہ تعالیٰ کا حق زیادہ جانے۔

جان لو جو کچھ گزر گیا وہ تمہارے لیے باقی ہے اور جو کچھ تمہارے بعد رہے گا اس میں تمہیں ثواب ملے گا اور یہ بات بھی جان لو کہ صبر کرنے والوں کا اجر اس مصیبت میں جو ان کو پہنچی ہے اس نعمت سے بڑھ کر ہے جو مصائب سے بچنے کی صورت میں ہوتی ہے کیوں کہ جب وہ غور و فکر کے ذریعے ملنے والی ثواب کی نعمت کے ذریعے نفس کی کراہت کو ٹال دیتا ہے تو صبر کرنے والوں کا درجہ پاتا ہے ہاں مرض، فقر اور تمام مصیبتوں کو پوشیدہ رکھنا کمال صبر سے ہے اور یہ بھی کہا گیا کہ مصائب، تکالیف اور صدقہ پوشیدہ رکھنا نیکی کے خزانوں میں سے ہے۔

ان تقسیمات سے تمہارے سامنے واضح ہو گیا کہ تمام احوال و افعال میں صبر پایا جاتا ہے جو شخص تمام خواہشات سے بچا یا گیا اور اس نے گوشہ نشینی اختیار کر لی اسے بھی اس گوشہ نشینی پر صبر کی حاجت ہوتی ہے یہ تو ظاہر میں ہے اور باطنی طور پر شیطانی وسوسوں سے صبر کرنا ضروری ہے کیونکہ دل کا خلجان سکون پذیر نہیں ہے اور زیادہ قلبی پریشانیاں ان فوت شدہ چیزوں پر ہوتی ہیں جن کا تدارک نہیں ہو سکتا یا آئندہ چیزوں کے بارے میں ہوتا ہے حالانکہ جو مقدر میں ہے وہ ضرور ملے گا بہر حال جو بھی صورت ہو وقت کو ضائع کرتا ہے اور بندے کا آلہ دل ہے اور اس کا سرمایہ اس کی زندگی ہے اگر دل ایک گھڑی بھی اس ذکر سے غافل ہو جو اللہ تعالیٰ سے اُنس کا فائدہ دیتا ہے یا وہ فکر جو معرفت خداوندی کے لیے مفید ہے تاکہ اس معرفت کے ذریعے محبت خداوندی حاصل ہو تو ایسا شخص نقصان میں ہے۔

یہ اس صورت میں ہے جب اس کا فکر اور وسوسے مباح (جائز) امور میں ہوں اور اکثر ایسا نہیں ہوتا بلکہ وہ خواہشات کی تکمیل کے لیے مختلف حیلوں میں غور و فکر کرتا ہے کیوں کہ وہ عمر بھر اس آدمی سے جھگڑتا رہتا ہے جو اس کی غرض کے خلاف حرکت کرے یا جس کے بارے میں خدشہ ہو کہ وہ اس سے جھگڑے گا اور اس کی بات یا غرض کی مخالفت کرے گا بایں معنیٰ کہ اس سے کوئی علامت ظاہر ہوتی ہے بلکہ جو لوگ اس کے لیے مخلص ہوتے ہیں حتیٰ کہ بیوی بچے بھی، ان کو بھی مخالف فرض کرتا ہے پھر ان کو تنبیہ کرنے اور ان پر غصہ نکالنے اور ان کو جواب دینے کا طریقہ سوچتا ہے اور ہمیشہ اسی قسم میں مشغول رہتا ہے۔

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۸۴۴ کتاب العقیقہ / حلیۃ الاولیاء جلد ۲ ص ۵۹، ۶۰ ترجمہ ۱۲۹

تو شیطان کے دو لشکر ہیں ایک لشکر اڑتا ہے اور دوسرا چلنے والا ہے وسوسے اڑنے والے لشکر کا نام ہے اور چلنے والے لشکر کی حرکت کو شہوت کہتے ہیں کیوں کہ شیطان آگ سے پیدا کیا گیا ہے اور انسان کھنکھناتی مٹی سے جو ٹھیکری کی طرح ہے اور ٹھیکری میں گارے کے ساتھ آگ بھی جمع ہوتی ہے مٹی (گارے) کی طبیعت میں سکون ہے جب کہ آگ کی فطرت حرکت ہے اور ایسی آگ کا تصور نہیں کیا جا سکتا جو شعلہ زن نہ ہو بلکہ وہ اپنی فطرت کے مطابق ہمیشہ حرکت میں رہتی ہے وہ ملعون (شیطان) جسے آگ سے پیدا کیا گیا تھا اسے مٹی سے پیدا ہونے والے کے سامنے سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا تاکہ اس کی حرکت رک جائے لیکن اس نے انکار کیا، تکبر اور نافرمانی کی اور اپنی اس نافرمانی کا سبب یوں بیان کیا۔

خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِیْنٍ ۔ (یا اللہ!) تونے مجھے آگ سے پیدا کیا اور اس (آدم علیہ السلام) کو مٹی سے پیدا کیا۔ (۱)

تو جب اس ملعون نے ہمارے باپ حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ نہیں کیا تو اس سے یہ امید بھی نہیں رکھنی چاہیے کہ وہ آپ کی اولاد کو سجدہ کرے گا۔

اولادِ آدم کو شیطانی سجدے کا مطلب یہ ہے کہ وہ ان کے دلوں سے وسوسوں اور حرکات سے باز آجائے اور یہی ان کے سامنے جھکنا ہے کیوں کہ سجدے کی رُوح تو یہی ہے پیشانی کا زمین پر رکھنا سجدے کا جسم اور اصطلاحاً ظاہری علامت ہے اگر پیشانی کو زمین پر رکھنا اصطلاحاً گستاخی کی علامت سمجھا جاتا تو اس کا تصور بھی ہو سکتا تھا جیسے کسی قابلِ تعظیم و احترام شخص کے سامنے منہ کے بل گرنا عادتاً گستاخی سمجھی جاتی ہے۔

تو یہ بات مناسب نہیں کہ جوہر کا ظاہر تمہیں اصل جوہر سے، رُوح کا جسم، رُوح سے اور مغز کا چھلکا، مغز سے غافل کر دے ایسا نہ ہو کہ ظاہری دنیا کو دیکھ عالمِ غیب سے بے خبر ہو جائے اور یہ بات ثابت ہے کہ شیطان کو مہلت دی گئی ہے تو وہ قیامت تک ایسا نہیں کرے گا کہ تمہارے دل میں وسوسے ڈالنے سے باز رہ کر تمہارے لیے تواضع اختیار کرے ہاں جب تمہارے تمام افکار صرف ایک فکر میں بدل جائیں اور تمہارا دل صرف اللہ تعالیٰ کی ذات میں مشغول ہو جائے تو اب اس لعنتی کی کوئی مجال نہ ہو گی اس وقت تو اللہ تعالیٰ کے مخلص بندوں میں سے ہو گا جو اس لعین کے غلبے سے مستثنیٰ لوگوں میں داخل ہیں۔

اور یہ خیال بھی نہیں ہونا چاہیے کہ فارغ دل شیطان سے خالی ہوتا ہے بلکہ وہ تو انسان میں خون کی طرح گردش کرتا ہے اور اس کا چلنا پیالے میں ہوا کے چلنے کی طرح ہے اگر تم چاہو کہ پیالے میں پانی وغیرہ کچھ بھی نہ ہو اور پھر بھی پیالہ ہوا سے خالی ہو تو یہ طمع غلط ہے بلکہ پیالے کا جتنا حصہ پانی سے خالی ہو گا اس میں لامحالہ ہوا داخل ہو گی اسی طرح وہ دل جو اہم دینی فکر میں مشغول ہو وہ شیطان کی جولانگاہ بننے سے محفوظ رہتا ہے ورنہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے ایک لحظہ بھی غافل ہو اس کے لیے اس ایک لحظہ میں شیطان ساتھی ہوتا ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَمَنْ یَّعْشُ عَنْ ذِکْرِیْ نُقَیِّضْ لَهٗ شَیْطَانًا اور جو شخص میرے ذکر سے منہ پھیرتا ہے ہم اس کے لیے

فَهُوَ لَہٗ قَرِیْنٌ ۔ (۱) ایک شیطان مقرر کر دیتے ہیں پس وہ اس کا ساتھی ہوتا ہے

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ اللّٰہَ یُبْغِضُ الشَّابَّ الْفَارِغَ ۔ بے شک اللہ تعالیٰ بے کار نوجوان کو ناپسند کرتا ہے۔

یہ اس لیے کہ جب کوئی نوجوان ایسا عمل نہ کرے جو اس کے دل کو ایسی بات میں مشغول کر دے جس کے ذریعے وہ اپنے دین پر مدد حاصل کرے تو اس کا ظاہر فارغ ہوگا لیکن اس کا دل فارغ نہ ہوگا بلکہ اس میں شیطان گھونسلا بنا کر انڈے دیتا اور بچے پیدا کرتا ہے پھر اس کے بچے جفتی کر کے دوبارہ انڈے دیتے ہیں اس طرح شیطان کی نسل حیوانات کی نسل سے جلدی بڑھتی ہے کیوں کہ اس کی سرشت میں آگ ہے اور جب آگ کے سامنے خشک گھاس آئے تو وہ خوب پھیلتی ہے اور آگ سے آگ نکلتی چلی جاتی ہے اور بجھتی نہیں ۔ بلکہ تھوڑی تھوڑی بڑھتی جاتی ہے تو نوجوان کے نفس میں شہوت اسی طرح ہوتی ہے جیسے آگ کے لیے خشک گھاس ــــــ اور جس طرح آگ کا ایندھن باقی نہ رہے تو وہ بھی باقی نہیں رہتی اسی طرح شہوت نہ ہو تو شیطان کا عمل دخل بھی ختم ہو جاتا ہے۔

اور جب تم غور کرو گے تو تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ تمہارا سب سے بڑا دشمن شہوت ہے اور وہ تمہارے نفس کی صفت ہے۔ اسی لیے حضرت حسین بن منصور حلاج کو جب سولی پر چڑھایا گیا تو تصوف کے بارے میں پوچھا گیا انہوں نے جواب دیا یہ تمہارا نفس ہے اگر تم اسے مشغول نہیں رکھو گے تو وہ تمہیں مشغول کر دے گا۔

تو گویا صبر کی حقیقت اور اس کا کمال ہر مذموم حرکت سے صبر کرنا ہے اور باطنی حرکت سے صبر کرنا بدرجہ اولیٰ ضروری ہے اور یہ دائمی صبر ہے اسے صرف موت ہی ختم کر سکتی ہے ہم اللہ تعالیٰ کے احسان اور کرم کے باعث اس سے حسن توفیق کے طالب ہیں۔

فصل ۷ :

صبر کی دوا اور اس پر مدد

جان لو! جس ذات نے بیماری اتاری ہے اس نے علاج بھی اتارا اور شفاء کا وعدہ بھی کیا ہے اگرچہ صبر کا حاصل کرنا بہت مشکل ہے لیکن علم و عمل کے معجون سے اسے حاصل کیا جا سکتا ہے علم اور عمل دو ایسی چیزیں ہیں جن سے تمام قلبی بیماریوں کی دوائی تیار ہوتی ہے لیکن ہر بیماری کے لیے جداگانہ علم اور عمل ہے اور جس طرح صبر کی مختلف اقسام ہیں اسی طرح اس کے راستے میں رکاوٹ بننے والی علتیں بھی مختلف ہیں اور جب بیماریاں مختلف ہوں تو علاج بھی مختلف ہوتا ہے، کیوں کہ علاج

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ زخرف آیت ۳۶

کا معنیٰ بیماری کی ضد اور اس کا قلع قمع کرنا ہے یہ ایک طویل بحث ہے لیکن ہم بعض مثالوں کے ذریعے اس کی پہچان حاصل کرتے ہیں تو ہم کہتے ہیں۔

مثلاً ایک شخص جماع کی شہوت سے صبر کرنے کی ضرورت محسوس کرتا ہے اور اس پر شہوت غالب ہے کہ وہ اپنی شرمگاہ کو قابو میں نہیں رکھ سکتا یا شرمگاہ پر کنٹرول کر لیتا ہے لیکن آنکھیں اس کے قابو میں نہیں ہیں یا آنکھیں بھی قابو میں ہیں لیکن دل اور نفس پر کنٹرول نہیں ہے کیوں کہ وہ اس سے مسلسل شہوت کے تقاضوں کا ذکر کرتا ہے اور ذکر و فکر اور اعمال صالحہ سے اس کی توجہ ہٹا دیتا ہے۔ تو ہم کہتے ہیں کہ جیسے پہلے بیان ہوا صبر باعث دینی اور باعث شہوت کے درمیان کشتی کا نام ہے ہم ان میں سے جس کی جیت چاہتے ہیں اسے مضبوط کرتے ہیں اس کا پلڑا بھاری اور دوسرے کو کمزور کر دیا جاتا ہے تو یہاں ہم پر لازم ہے کہ دینی باعث کو مضبوط کریں اور باعثِ شہوت کو کمزور کر دیں اور اس کو کمزور کرنے کے تین طریقے ہیں۔

۱۔ ہم اس کی قوت کے مادہ کو دیکھیں اور وہ ایسی غذا ہے جو شہوت کو حرکت دیتی ہے۔

یعنی اچھی قسم کی غذا ہونے یا زیادہ ہونے کے اعتبار سے شہوت پیدا کرتی ہے تو ضروری ہے کہ روزے کے ذریعے شہوت کو ختم کیا جائے اور افطاری کے وقت بھی تھوڑا اور معمولی قسم کا کھانا کھایا جائے گوشت اور ان کھانوں سے پرہیز کیا جائے جو شہوت کو ابھارتے ہیں۔

۲۔ فی الحال اسباب کو ختم کرنا ــــ جب آدمی شہوت کے مقامات کو دیکھتا ہے تو وہ برانگیختہ ہوتی ہے کیوں کہ نظر، دل کو حرکت دیتی ہے اور دل شہوت کو متحرک کرتا ہے اور یہ فائدہ گوشہ نشینی اختیار کرنے اور شہوت پیدا کرنے والی تصاویر سے نظر کو بچانے اور مکمل طور پر ان سے علیحدگی اختیار کرنے سے حاصل ہوتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلنَّظْرَةُ سَهْمٌ مَسْمُوْمٌ مِنْ سِهَامِ اِبْلِيْسَ ـ (۱) نظر شیطان کے زہر آلود تیروں میں سے ایک تیر ہے۔

اور یہ وہ تیر ہے جسے شیطان ملعون پھینکتا ہے اور اس کو روکنے والی کوئی ڈھال نہیں ہوتی البتہ یہ کہ آنکھیں بند کی جائیں یا جس طرف سے تیر آ رہا ہے آدمی ادھر سے بھاگ جائے وہ صورتوں کی کمان سے یہ تیر پھینکتا ہے تو جب آدمی ان صورتوں کی جانب سے ہٹ جائے گا تو اسے یہ تیر نہیں لگے گا۔

۳۔ جس بات کی خواہش ہے اس کی جنس سے مباح چیز کے ذریعے نفس کو تسلی دے اور یہ نکاح کے ذریعے ہو سکتا ہے کیوں کہ طبیعت جس چیز کی خواہش رکھتی ہے اس کی جنس سے مباح موجود ہوتی ہے جو ممنوعات سے بے نیاز کر دیتی ہے عام لوگوں کے حق میں یہ علاج زیادہ نفع بخش ہے کیوں کہ غذا کا چھوڑنا تمام اعمال سے کمزور کر دیتا ہے پھر عام لوگوں کے

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۸ ص ۶۳ کتاب الادب

حق میں شہوت ختم نہیں ہوتی اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

عَلَيْكُمْ بِالْبَاءَةِ فَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ فَإِنَّ الصَّوْمَ لَهُ وِجَاءٌ۔ (۱)

تم پر نکاح کرنا لازم ہے پس جس کو اس کی طاقت نہ ہو اسے روزہ رکھنا لازم ہے کیوں کہ روزہ اس کے حق میں خصی ہوتا ہے۔

تو یہ تین اسباب ہیں پہلا علاج کھانا چھوڑنا ہے اور یہ اسی طرح ہے جس طرح سرکش جانور اور ایذا رساں کتے سے گھاس اور کھانا چھڑوا دیتے ہیں تاکہ وہ کمزور ہو اور اس کی قوت ختم ہو جائے اور دوسرا علاج کتے سے گوشت اور جانور سے جو اس کے دانے (غائب کرنا ہے تاکہ مشاہدہ کے سبب سے اس کے اندر حرکت پیدا نہ ہو۔ اور تیسرا علاج اس تھوڑی سی چیز کے ذریعے اسے تسلی دینا ہے جس کی طرف اس کی طبیعت مائل ہو تاکہ اس میں کچھ طاقت باقی ہو جس کے ذریعے وہ تادیب پر صبر کر سکے۔

دینی باعث کی تقویت کے دو طریقے ہیں۔ پہلا یہ کہ اسے مجاہدہ کے فوائد اور اس سے دینی و دنیوی ثمرات کی لالچ دینا ہے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ وہ ان روایات میں غور و فکر کرے جو ہم نے صبر کی فضیلت اور دنیا اور آخرت میں اس کے انجام کے سلسلے میں ذکر کی ہیں۔ اور ایک روایت میں ہے کہ مصیبت پر صبر کا ثواب فوت شدہ چیز پر صبر کے ثواب سے زیادہ ہے اور اسی وجہ سے مصیبت پر وہ قابل رشک ہوتا ہے کیوں کہ فوت ہونے والی چیز تو صرف زندگی میں اس کے پاس رہتی ہے لیکن جو کچھ حاصل ہوا وہ موت کے بعد بھی اس کے پاس رہے گا اور جو شخص خسیس چیز کے بدلے میں نفیس چیز کی بیع سلم کرتا ہے (۲) اسے خسیس چیز کے فی الحال فوت ہونے پر غمگین نہیں ہونا چاہیے۔

یہ بات معرفت سے متعلق ہے اور اس کا تعلق ایمان سے ہے وہ کبھی کمزور ہوتا ہے اور کبھی طاقت ور۔ اگر مضبوط ہو جائے تو باعثِ دینی مضبوط ہوتا ہے اور اس میں بہت جوش پیدا ہوتا ہے اور اگر وہ کمزور ہو تو باعثِ دینی کمزور ہو جاتا ہے اور ایمانی قوت کو یقین سے تعبیر کیا جاتا ہے اور وہی صبر کے ارادے کو حرکت دیتا ہے۔ اور لوگوں کو یقین اور صبر کی عزیمت کم ہی حاصل ہوتی ہے دوسرا طریقہ یہ ہے کہ اسے آہستہ آہستہ تھوڑا تھوڑا کر کے خواہش کے باعث کو پچھاڑنے کا عادی بنائے یہاں تک کہ اسے اس (پچھاڑنے) کی کامیابی کی لذت حاصل ہو جائے اور وہ اس پر دلیر ہو جائے اور اسے پچھاڑنے کی طاقت زیادہ ہو کیونکہ سخت اعمال کا عادی ہونا اور ان کی مہارت ان قویٰ کو مضبوط کر دیتی ہے جن سے یہ اعمال صادر ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ بوجھ اٹھانے والوں کاشتکاری کرنے والوں اور لڑنے والوں کی قوت زیادہ ہوتی ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ سخت کام

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۷۵۸ کتاب النکاح

(۲) بیع سلم اس سودے کو کہتے ہیں جس میں رقم پہلے دی جائے اور سامان ادھار ہو ۱۲ ہزاروی

کرنے والوں کو درزیوں، عطر بیچنے والوں، فقہاء اور صالحین کے مقابلے میں زیادہ طاقت حاصل ہوتی ہے۔

پہلا علاج تو ایسا ہے جیسے کسی پچھاڑنے والے پہلوان کو غالب آنے کی صورت میں خلعت دینے کا لالچ دیا جائے اور طرح کے اعزاز کا وعدہ کیا جائے جس طرح فرعون نے جادوگروں سے وعدہ کیا تھا کہ اگر تم حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلے میں جیت جاؤ گے تو تمہیں مقرب بنایا جائے گا۔ اس نے کہا۔

وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ۔ (۱) اور بے شک تم اس وقت مقرب لوگوں میں سے ہو گے۔

دوسرا علاج اس بات کی طرح ہے کہ جس بچے کو پہلوان یا مجاہد بنانا ہو اسے بچپن ہی سے اس عمل کے اسباب سے متعلق کر دیا جاتا ہے تاکہ وہ اس عمل سے مانوس ہو اور اس پر اسے جرأت ہو اور اس کی قوت بڑھے تو جو شخص صبر کے ساتھ مجاہدے کو مکمل طور پر چھوڑ دے اس میں باعث دینی کمزور ہو جاتا ہے اور وہ شہوت پر قابو نہیں پا سکتا اگرچہ شہوت کم ہی کیوں نہ ہو اور جو آدمی اپنے نفس کو خواہش کی مخالفت کا عادی بناتا ہے وہ جب چاہے اس پر غالب آجاتا ہے۔

تو صبر کی تمام اقسام میں علاج کا منہاج یہی ہے اور اس کی تفصیل بیان کرنا ممکن نہیں۔ ان میں سے سب سے سخت، باطن کو نفس کی باتوں سے روکنا ہے۔

اور یہ بات اس آدمی پر گراں ہوتی ہے جو اس کے لیے فارغ رہتا ہے مثلاً وہ ظاہری طور پر خواہشات کا قلع قمع کر دیتا ہے اور گوشہ نشینی کو ترجیح دیتا ہے وہ مراقبہ، ذکر اور فکر کے لیے بیٹھ جاتا ہے تو وسوسے اسے مسلسل ایک جانب سے دوسری جانب کھینچتے ہیں اور اس بات کا علاج یہی ہے کہ تمام ظاہری و باطنی تعلقات کو توڑ دے اہل و اولاد، مال، جاہ و مرتبہ دوست احباب سب سے بھاگے پھر معمولی سی غذا لے کر ایک کونے میں بیٹھ جائے اور اسی پر قناعت کرے۔

پھر یہ سب کچھ بھی اسی وقت ہو گا جب اس کا ایک ہی مقصد ہو اور وہ اللہ تعالیٰ (تک رسائی) ہے پھر جب یہ بات دل پر غالب آجائے تو بھی اس وقت تک کفایت نہیں کرے گی جب تک وہ فکر کے میدان میں نہ جائے آسمانوں اور زمین کی سلطنتوں میں باطنی سیر نہ کرے اللہ تعالیٰ کی قدرت کے عجائبات اور معرفت خداوندی کے تمام دروازوں تک نہ چلا جائے حتیٰ کہ جب یہ بات اس کے دل پر غالب آئے گی تو اس سے شیطان کی کشش اور وسوسوں میں مشغولیت دور ہو جائے گی۔

اور اگر اسے باطنی سیر حاصل نہ ہو تو نجات کا راستہ صرف یہ ہے کہ مسلسل اوراد و وظائف یعنی قرآن پاک کی قرأت، اذکار اور نمازوں میں مشغول رہے اور اس کے ساتھ ساتھ اسے دل کی حاضری کی بھی حاجت ہو گی کیوں کہ باطنی فکر ہی دل کو مشغول رکھتا ہے ظاہری وظائف نہیں۔

پھر جب یہ سب کام کرے تو اس کے لیے تھوڑا سا وقت بچے گا کیوں کہ تمام اوقات میں کوئی نہ کوئی حادثہ پیش آتا رہتا ہے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ شعراء آیت ۴۲

جو ذکر و فکر کی راہ میں رکاوٹ بنتا ہے مثلاً بیماری، خوف، انسانی ایذا اور ملنے والے کی نافرمانی وغیرہ کیونکہ اسے ضرور کچھ لوگ ایسے ملتے ہیں جو کہ ہوں کے بعض اس باب میں اس کی مدد کرتے ہیں۔ مشغولیت کی ایک قسم یہ ہے (جو ذکر کی گئی)

دوسری قسم میں وہ امور شامل ہیں جو پہلے سے بھی زیادہ ضروری ہیں یعنی کھانے لباس اور دیگر اسباب معیشت میں مشغول ہونا۔ کیوں کہ خود ان کاموں میں مشغول ہونا بھی دل کو مشغول رکھنے کا ایک ذریعہ ہے اور اگر دوسروں کو ان کاموں کا کفیل بنائے تو دل کا شغل ضرور اس پر غالب آئے گا لیکن تمام تعلقات منقطع کرنے کے بعد اکثر اوقات صحیح سالم بچتے ہیں بشرطیکہ اس دوران کوئی عارضہ پیش نہ آئے ان اوقات میں دل صاف ہوتا ہے اور اس کے لیے غور و فکر آسان ہو جاتا ہے جس کی بنیاد پر زمین و آسمان کی سلطنت میں پائے جانے والے اسرار خداوندی منکشف ہوتے ہیں جب کہ دل دنیوی تعلقات میں مشغول ہو تو ایک طویل عرصہ میں بھی ان کا سواں حصہ بھی منکشف نہیں ہوتا اور اس مقام تک عارف کا پہنچنا انتہائی درجہ تک پہنچتا ہے جو جدوجہد کے بغیر مشکل ہے۔

اور جس قدر انکشاف ہوتا ہے اور احوال و اعمال میں اللہ تعالیٰ کا لطف و کرم حاصل ہوتا ہے وہ شکار کی طرح ہے اور اس کی مثال رزق جیسی ہے بعض اوقات تھوڑی سی کوشش سے بڑا شکار مل جاتا ہے اور کبھی طویل جدوجہد کے بعد معمولی حصہ ملتا ہے اس میں کوشش کا دخل نہیں ہوتا صرف کشش خداوندی پر اعتماد ہوتا ہے وہ ثقلین کے اعمال کے مقابل ہے اور یہ بندے کے اختیار میں نہیں ہے ہاں بندے کا یہ اختیار ضرور ہے کہ وہ اس کشش کے لیے تیاری کرے یعنی دل سے دنیا کی کشش کی باتوں کو نکال دے کیونکہ جسے اسفل السافلین (سب سے نچلے گڑھے) کی طرف کھینچا جاتا ہے وہ اعلیٰ علیین (بلند مقام) کی طرف نہیں جاتا۔ اور دنیا کے تمام رشتے اسی (اسفل السافلین) کی طرف کھینچتے ہیں لہٰذا ان تعلقات کو قطع کر دیا جائے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کا یہی مطلب ہے آپ نے فرمایا۔

اِنَّ لِرَبِّكُمْ فِيْ اَيَّامِ دَهْرِكُمْ نَفَحَاتٍ اَلَا فَتَعَرَّضُوْا لَهَا۔ — بے شک تمہارے رب کے تمہارے زمانے کے لیے نفحات (جھونکے) ہیں ان کے سامنے ہو جاؤ۔

کیوں کہ ان نفحات اور جذبات الٰہیہ کے لیے کچھ آسمانی اسباب ہیں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ۔ — اور آسمان میں تمہارا رزق ہے اور جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ (۱)

اور یہ (معرفت خداوندی) سب سے اعلیٰ رزق ہے اور آسمانی امور ہم سے غائب ہیں اور ہم نہیں جانتے کہ کب اللہ تعالیٰ رزق کے اسباب آسان کرتا ہے ہمیں تو ان اسباب کے لیے جگہ فارغ رکھنا اور نزول رحمت کے لیے منتظر رہنا ہے نیز وقت

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الذاریات آیت ۲۲

میں کا انتظار کیا جائے جیسے کوئی شخص زمین کو ٹھیک کرتا ہے اور اسے جڑی بوٹیوں سے پاک کر کے اس میں بیج ڈالتا ہے اور ان سب کے لیے بارش کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے بارش کے اسباب کے لیے کون سا وقت مقرر کر رکھا ہے لیکن چوں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحمت کی امید رکھتا ہے کہ کوئی بھی سال بارش سے خالی نہیں ہوتا اسی طرح کوئی بھی سال یا مہینہ یا دن اللہ تعالیٰ کشش و جذب رحمانی سے خالی نہیں ہوتا تو بندے کو چاہیئے کہ وہ شہوتوں کی جڑی بوٹیوں سے دل کو پاک کرے اور اس میں ارادت و اخلاص کا بیج بو کر رحمت کی ہواؤں کے لئے پیش کر دے جس طرح موسم بہار میں بارش کی قوی انتظار ہوتی ہے اور بادل ظاہر ہوں تو بارش کا برسنا یقینی ہوتا ہے اسی طرح اوقاتِ شریفہ میں اور جب ہمت اور قلوب کی مدد شامل ہو تو رحمت کی امید زیادہ ہوتی ہے مثلاً عرفہ کے دن، جمعۃ المبارک میں اور رمضان المبارک کے دنوں میں قبولیت کی زیادہ توقع ہوتی ہے۔

کیوں کہ ہمتیں اور انفاس (سانس) اللہ تعالیٰ کے حکم سے نزول رحمت کے اسباب ہیں حتیٰ کہ ان کے طفیل قحط سالی میں بھی بارش برس جاتی ہے اور مکاشفات اور لطائفِ معارف جو ملکوت کے خزانوں میں سے ہیں ان کو پانی کے قطرات سے زیادہ مناسبت ہے جب پہاڑوں اور سمندروں کے کناروں سے بادل اٹھتے ہیں بلکہ احوال اور مکاشفات تو تیرے پاس دل میں حاضر ہیں لیکن تو خواہشات وغیرہ کے ذریعے ان سے روگردان ہے اور یہ بات تمہارے اور ان مکاشفات کے درمیان حجاب ہے پس تم اس بات کے محتاج ہو کہ شہوت کو توڑو اور پردہ اٹھاؤ تو دل کے اندر سے انوار معارف روشن ہوتے ہیں زمین کو کھود کر اس سے پانی نکالنا دور سے اور بالخصوص پست جگہ سے لانے کی نسبت زیادہ آسان ہے۔

اور چوں کہ معارف ایمانی دل میں موجود ہوتے ہیں اور کسی مشغولیت کی نسبت بھولے ہوئے ہوتے ہیں اس لیے اللہ تعالیٰ نے تمام ایمانی معارف کو تذکر (یاد) سے تعبیر کیا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ۔ (۱) بے شک ہم نے ذکر اتارا اور بے شک ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

اور ارشاد فرمایا۔

وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُوا الْأَلْبَابِ۔ (۲) اور چاہیے کہ عقلمند لوگ نصیحت حاصل کریں۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ اور ہم نے ذکر کے لیے قرآن پاک کو آسان کیا تو کیا کوئی ہے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ حجر آیت ۹

(۲) قرآن مجید، سورۂ ابراہیم آیت ۵۲

مِنْ مُّدَّكِرٍ۔ (۱) جو یاد کرے۔

تو وسوسوں اور قلبی مشاغل سے صبر کا یہ علاج ہے اور یہ صبر کا آخری درجہ ہے اور تمام قلبی رکاوٹوں سے صبر دل کے خیالات سے صبر کے مقابلے میں مقدم ہے حضرت جنید رحمہ اللہ فرماتے ہیں دنیا سے آخرت کی سیر مومن کے لیے آسان ہے اور حق کی محبت میں مخلوق کو چھوڑنا مشکل ہے نفس سے اللہ تعالیٰ کی طرف جانا سخت مشکل ہے جب کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ صبر اس سے بھی زیادہ سخت ہے۔

تو آپ نے پہلے قلبی مشاغل سے صبر کی شدت کا ذکر کیا پھر مخلوق کو چھوڑنے کی شدت بیان فرمائی اور نفس پر سب سے زیادہ سخت رکاوٹ مخلوق سے تعلق اور جاہ و مرتبہ کی محبت ہے کیوں کہ ریاست و حکومت کی لذت، غلبہ، بلندی کی طلب اور دوسروں کو اپنا متبع بنانا عقل مند لوگوں کے نفسوں پر سب سے زیادہ غالب آنے والی لذت ہے اور کیسے یہ سب سے زیادہ غالب لذت نہ ہوگی جب کہ اس سے اللہ تعالیٰ کی ایک صفت یعنی ربوبیت مطلوب ہوتی ہے اور ربوبیت فطری طور پر دل کو محبوب اور مطلوب ہوتی ہے کیوں کہ اس میں امورِ ربوبیت سے مناسبت ہوتی ہے اسی سلسلے میں ارشاد خداوندی ہے۔

قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ۔ (۱) آپ فرما دیجئے کہ روح میرے رب کے حکم سے ہے۔

اور اس (ربوبیت) کی محبت پر دل قابلِ مذمت نہیں ہے بلکہ مذمت تو اس غلط طریقے کی ہے جو شیطانی دھوکے کی وجہ سے واقع ہوتی ہے اور وہ اسے عالم امر سے دور کر دیتا ہے کیوں کہ وہ اسی وجہ سے حسد کرتا ہے کہ یہ دل عالم امر سے ہے پس وہ اسے گمراہ کرتا اور بھٹکاتا ہے اور طلب ربوبیت کیسے قابل مذمت ہوگی یہ تو اخروی سعادت کی طلب ہے کیوں کہ اس کا مطلب ایسی بقا کی طلب ہے جس میں فنا نہ ہو ایسی عزت جس میں ذلت نہ ہو، امن جس میں خوف نہ ہو، غنا جس میں فقر نہ ہو اور ایسا کمال جس میں نقصان نہ ہو۔ —— اور یہ تمام باتیں ربوبیت کے اوصاف میں سے ہیں اور ان اوصاف کی طلب ممنوع نہیں ہے بلکہ ہر شخص کا حق ہے کہ وہ ایسی بادشاہی طلب کرے جس کی انتہا نہ ہو اور جو آدمی بادشاہی کا طالب ہوتا ہے وہ بلندی، عزت اور کمال کی طلب ضرور کرتا ہے لیکن حکومت دو قسم کی ہوتی ہے ایک وہ جو طرح طرح کی تکلیفوں سے بھرپور ہوتی ہے اور جلد ختم ہو جاتی ہے لیکن اس کا حصول فوری ہوتا ہے اور یہ دنیا میں ہے۔ اور دوسری حکومت یا سلطنت دائمی ہے اس میں کوئی تکلیف یا کدورت نہیں ہے اور نہ ہی اسے کوئی چیز ختم کر سکتی لیکن وہ فوری طور پر حاصل نہیں ہوتی اور انسان کی فطرت میں عجلت رکھی گئی ہے وہ فوری ملنے والی چیز میں رغبت رکھتا ہے لہٰذا شیطان آکر اسے اس جلدی کے واسطے سے جو اس کی فطرت میں ہے، گمراہ کر دیتا ہے اور موجودہ سلطنت کو اس کے لیے مزین کر دیتا ہے اور اس کی بیوقوفی

---

(۱) قرآن مجید سورۃ القمر آیت ۱۷

(۲) قرآن مجید، سورۃ اسرا آیت ۸۵

کی وجہ سے اسے آخرت کے سلسلے میں دھوکہ دیتا ہے اور دنیوی بادشاہت کے ساتھ ساتھ اُخروی سلطنت کی توقع بھی اس کے دل میں ڈال دیتا ہے جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

وَالْاَحْمَقُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَهٗ هَوَاهَا وَتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ الْاَمَانِيَّ۔

اور بیوقوف وہ ہے جو اپنے نفس کو اس کی خواہش کے پیچھے لے جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ پر امیدیں رکھتا ہے۔

تو توفیق سے محروم شخص اس کے دھوکے میں پڑ کر بقدر امکان دنیوی عزت اور حکومت کی طلب میں مشغول ہو جاتا ہے اور جس کو توفیق کی دولت نصیب ہوتی ہے وہ اس کے دھوکے کے جال میں نہیں پھنستا کیوں کہ وہ اس (شیطان لعین) کی گھاتوں سے خوب واقف ہے اللہ تعالیٰ نے اس قسم کے لوگوں کا حال یوں بیان فرمایا۔

كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ۔ (۱)

ہرگز نہیں! بلکہ تم فوری نفع کو پسند کرتے اور آخرت کو چھوڑتے ہو۔

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا۔ (۲)

بے شک یہ لوگ فوری نفع کو پسند کرتے ہیں اور بھاری دن کو اپنے پیچھے چھوڑتے ہیں۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ۔ (۳)

پس ان لوگوں سے منہ پھیر لیں جو ہمارے ذکر سے پھر جاتے ہیں اور صرف دنیا کا ارادہ کرتے ہیں ان کے علم کی پہنچ یہی ہے۔

اور جب شیطان کا مکر تمام مخلوق میں پھیل گیا تو اللہ تعالیٰ نے رسولوں کی طرف فرشتوں کو بھیجا اور ان کو بتایا گیا کہ دشمن مخلوق کو کس طرح ہلاک کرتا اور گمراہ کرتا ہے تو وہ مخلوق کو حقیقی سلطنت کی طرف بلانے اور مجازی حکومت کو چھوڑنے کی دعوت دینے لگے اور بتایا کہ دنیا فانی اور بے اصل ہے اس کے لیے دوام نہیں ہے تو انہوں نے یوں دعوت دی۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ

اے ایمان والو! تمہیں کیا ہو گیا ہے جب تمہیں کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں نکلو تو تم زمین سے لگ جاتے

(۱) قرآن مجید، سورۃ القیامۃ آیت ۲۰

(۲) قرآن مجید، سورۃ الدھر آیت ۲۷

(۳) قرآن مجید، سورۃ النجم آیت ۲۹، ۳۰

اَرَضِیْتُمْ بِالْحَیَاۃِ الدُّنْیَا مِنَ الْاٰخِرَۃِ فَمَا مَتَاعُ الْحَیَاۃِ الدُّنْیَا فِی الْاٰخِرَۃِ اِلَّا قَلِیْلٌ ۔ (۱)

ہو گیا تم آخرت کے مقابلے میں دنیوی زندگی پر راضی ہو گئے پس دنیا کی زندگی کا سامان آخرت کے مقابلے میں تھوڑا ہے۔"

پس تورات، انجیل، زبور، قرآن پاک اور حضرت موسیٰ اور حضرت ابراہیم علیہما السلام کے صحیفے اور ہر وہ کتاب جو اتاری گئی ان سب کے اتارنے کا مقصد مخلوق کو ہمیشہ رہنے والی بادشاہی کی طرف دعوت دینا تھا مقصود یہی ہے کہ اس دنیا میں بھی بادشاہ رہیں اور آخرت میں بھی، دنیوی بادشاہی سے مراد اس میں زہد اختیار کرنا اور تھوڑے مال پر قناعت کرنا ہے اور آخرت کی بادشاہی اللہ تعالیٰ کے قرب کی وجہ سے ایسے بقا کا حصول ہے جس میں فنا نہ ہو اور ایسی عزت حاصل کرنا ہے جس میں ذلت نہ ہو اور آنکھوں کی ایسی ٹھنڈک جو اس عالم میں مخفی ہے کوئی بھی نفس اس کا علم نہیں رکھتا۔ شیطان دنیوی بادشاہی کی طرف بلاتا ہے کیوں کہ اسے معلوم ہے کہ اس طرح وہ آخرت کی بادشاہی سے محروم ہوگا۔ اس لیے کہ دنیا اور آخرت دو سوتنیں ہیں اور اسے یہ بھی معلوم ہے کہ دنیا بھی اس کے پاس باقی نہیں رہے گی اگر دنیا باقی رہتی تو شیطان اس سے اس پر بھی حسد کرتا لیکن دنیا کی سلطنت جھگڑوں، خرابیوں اور تدبیروں کے سلسلے میں طویل پریشانیوں کی جگہ ہے تمام اسباب جاہ و مرتبہ کا یہی حال ہے پھر جب اسباب مکمل ہوتے ہیں اور سلامتی حاصل ہوتی ہے تو زندگی ختم ہو جاتی ہے ارشاد خداوندی ہے۔

حَتّٰی اِذَا اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّیَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَا اَنَّهُمْ قَادِرُوْنَ عَلَیْهَا اَتَاهَا اَمْرُنَا لَیْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنَاهَا حَصِیْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ۔ (۲)

یہاں تک کہ جب زمین نے اپنا سنگھار لے لیا اور وہ مزین ہو گئی اور اس کے رہنے والوں نے خیال کیا کہ وہ اس پر قادر ہیں تو اس کے پاس ہمارا حکم رات یا دن کو آیا تو ہم نے اسے کٹی ہوئی کھیتی کی طرح کر دیا گویا کل وہ تھی ہی نہیں۔

تو اس کے لیے اللہ تعالیٰ نے مثال بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَیَاۃِ الدُّنْیَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِیْمًا

اور ان کے لیے دنیوی زندگی کی مثال بیان کیجئے کہ یہ اس پانی کی طرح ہے جسے ہم نے آسمان سے اتارا پس اس سے زمین کی سبزی مل گئی پس وہ چورہ چورہ ہو گئی جسے ہوائیں

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ توبہ

(۲) قرآن مجید، سورۂ یونس آیت ۲۴

تَذْرُوْهُ الرِّیَاحُ۔ (۱) اڑاتی ہیں۔

اور دنیا میں زہد جب موجودہ سلطنت ہے تو اس پر بھی شیطان نے حسد کیا اور اس سے انسان کو روکا اور زہد کا معنیٰ یہ ہے کہ بندہ اپنی خواہش اور غصے کو قابو میں رکھے اور یہ دونوں دینی باعث اور اشارۂ ایمان کے سامنے جھک جائیں۔ اور حقیقتاً بادشاہی یہی ہے کیوں کہ اس طرح آدمی آزاد ہوتا ہے اور جب اس پر شہوت کا غلبہ ہو تو وہ اپنی شرمگاہ پیٹ اور تمام اغراض کا غلام ہوتا ہے وہ جانوروں کی طرح مسخر ہوتا ہے اور مملوک ہوتا ہے جسے شہوت کی لگام کھینچتی ہے اور اس نے اسے گلے سے پکڑا ہوا ہوتا ہے اور وہ جہاں چاہتی ہے اسے لے جاتی ہے تو انسان کا دھوکہ کتنا بڑا ہے جب وہ شہوت کا غلام بن کر اپنے آپ کو مالک خیال کرتا ہے اور غلامی کو ربوبیت (مالکیت) تصور کرتا ہے تو اس قسم کا آدمی دنیا میں بھی اُلٹا چلتا ہے اور آخرت میں بھی اوندھا ہوگا اسی لیے کسی بادشاہ نے کسی زاہد سے کہا کیا آپ کو کوئی حاجت ہے؟ انہوں نے فرمایا میں تم سے حاجت کا سوال کیسے کروں جب کہ میری حکومت تمہاری سلطنت سے بڑی ہے اس نے پوچھا وہ کیسے؟ انہوں نے فرمایا تم جس کے غلام ہو وہ میرا غلام ہے اس نے پوچھا وہ کیسے؟ فرمایا تم شہوت، غضب، شرمگاہ اور پیٹ کے غلام ہو اور میں ان تمام کا مالک ہوں تو یہ سب میرے غلام ہیں تو یہ دینوی بادشاہی ہے جو اُخروی بادشاہی کی طرف لے جاتی ہے پس جو لوگ شیطان کی دھوکہ دہی سے دھوکے میں ہیں وہ دنیا اور آخرت میں نقصان میں ہیں اور جن لوگوں کو صراط مستقیم پر سختی سے کاربند ہونے کی توفیق دی گئی وہ دنیا اور آخرت دونوں جہانوں میں کامیاب ہوئے اب جب تمہیں معلوم ہو گیا کہ بادشاہی اور ربوبیت کا کیا مفہوم ہے نیز تسخیر اور غلامی کا کیا مطلب ہے اور اس میں غلطی کہاں واقع ہوتی ہے۔

نیز شیطان کس طرح اندھا کرتا اور دھوکہ دیتا ہے تو انسان کے لیے دینوی سلطنت اور جاہ و مرتبے سے نکلنا اس سے اعراض کرنا اور اس کے فوت ہونے پر صبر کرنا آسان ہو گیا کیوں کہ وہ فوری حکومت کے چھوڑنے پر صبر کر کے آخرت میں ملنے والی حکومت کی امید رکھتا ہے۔

جس آدمی کو پہلے جاہ و مرتبہ سے انس ہو اور عادتاً اس کے اسباب سے تعلق مضبوط ہو جائے تو اسے علاج کے سلسلے میں محض علم اور کشف کافی نہیں ہے بلکہ اس کے لیے ضروری ہے کہ اس کے ساتھ عمل کو بھی ملائے اور اس کا عمل تین امور میں ہوتا ہے۔

۱۔ جاہ و مرتبہ کی جگہ سے بھاگے تاکہ اس کے اسباب کا مشاہدہ نہ کرے کیوں کہ اسباب کے ساتھ صبر کرنا مشکل ہو جاتا ہے جیسے وہ شخص جس پر شہوت کا غلبہ ہو وہ شہوت کو حرکت دینے والی تصاویر کے مشاہدہ سے بھاگتا ہے اور جس نے ایسا نہ کیا اس نے اللہ تعالیٰ کی زمین میں اس کی نعمت کی ناشکری کی ارشاد خداوندی ہے۔

اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا کیا اللہ تعالیٰ کی زمین کشادہ نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت

فِيهَا۔ (۱) کرتے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نفس کو ان اعمال کا مکلف بنائے جو اس کی عادت کے خلاف ہیں پس تکلف کو عادت بنا دے تکلف کا لباس چھوڑ کر تواضع کا لباس اختیار کرے اسی طرح ہر صورت، حالت، فعل، رہائش، لباس، کھانے، اٹھنے بیٹھنے کے سلسلے میں جاہ و مرتبہ کے اعتبار سے جو عادت تھی اسے بدل ڈالے اور اسے چاہیے کہ ان چیزوں کو ختم کر دے حتیٰ کہ جو باتیں پہلے بطور عادت پکی ہو چکی تھیں اب ان کے خلاف نئے امور عادت بن جائیں تو اسے علاج بالضد کہتے ہیں۔

تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اس سلسلے میں نرمی اور تدریج کو ملحوظ رکھے اور یکدم انتہائی درجہ کی ذلت اختیار کرے کیوں کہ انسانی طبیعت میں نفرت و وحشت بھی ہوتی ہے اور وہ عادات کو تدریج سے ہی بدل سکتا ہے۔ پس بعض عادات کو چھوڑ دے اور بعض کے ذریعے نفس کو تسلی دے۔ پھر جب اس کا نفس ابتدائی طور پر ان بعض کے چھوڑنے پر قناعت کر لے تو ان میں سے بھی بعض کو چھوڑ دے یہاں تک کہ باقی عادات پر قناعت کرے اسی طرح کرتا رہے یہاں تک کہ وہ عادات جو اس میں جم چکی تھیں ان کا قلع قمع ہو جائے اسی تدریج کی طرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی میں اشارہ ہے آپ نے فرمایا۔

إِنَّ هَذَا الدِّينَ مَتِينٌ فَأَوْغِلْ فِيهِ بِرِفْقٍ وَلَا تُبَغِّضْ إِلَى نَفْسِكَ عِبَادَةَ اللهِ فَإِنَّ الْمُنْبَتَّ لَا أَرْضًا قَطَعَ وَلَا ظَهْرًا أَبْقَى۔ (۲)

بے شک یہ دین مضبوط ہے اس میں نرمی سے اور اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کی عبادت سے متنفر نہ کرو۔

اور اسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔

وَلَا تُشَادُّوا هَذَا الدِّينَ فَإِنَّ مَنْ يُشَادُّهُ يَغْلِبُهُ۔ (۳)

اس دین کا مقابلہ نہ کرو جو کوئی اس کا مقابلہ کرے گا اس پر یہ غالب آجائے گا۔

تو ہم نے وسوسوں، شہوت اور جاہ و مرتبہ سے صبر کے سلسلے میں جو کچھ لکھا ہے اسے طرق مجاہدہ کے ان قوانین سے ملا لو جن کا ذکر ہم نے ریاضت نفس کے بیان میں کیا ہے اسے بنا دستور بنا لو تاکہ تمہیں ان تمام اقسام میں جن کا ہم نے ذکر کیا صبر کا علاج معلوم ہو جائے۔ ایک ایک بات کو تفصیل سے بیان کرنا طویل بات ہے اور جو آدمی تدریج کا خیال رکھتا ہے صبر اسے ایسے مقام تک پہنچائے گا کہ اب اس کے لیے صبر چھوڑنا مشکل ہو جائے گا جیسے پہلے صبر کرنا مشکل تھا تو معاملہ

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۹۷

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۱۹۹ مرویات انس

(۳) التمہید لابن عبدالبر جلد اول ص ۱۹۵

پہلے کے برعکس ہو جائے گا اور وہ چیز جو پہلے محبوب تھی اب ناپسند ہو گی اور جو ناپسند تھی اب خوشگوار ہو جائے گی اور وہ اس سے صبر نہیں کر سکے گا اور یہ بات تجربے اور ذوق کے بغیر معلوم نہیں ہوتی اور عرف وعادت میں اس کی مثالیں ہیں مثلاً بچے کو ابتداً علم کے حصول پر مجبور کیا جاتا ہے اور اس کے لیے کھیل کو چھوڑنے اور علم حاصل کرنے پر صبر کرنا مشکل ہوتا ہے یہاں تک کہ جب اس کی بصیرت کھل جاتی ہے اور وہ علم سے مانوس ہو جاتا ہے تو معاملہ بدل جاتا ہے اب علم سے کنارہ کشی اور کھیل کود میں مشغولیت پر صبر کرنا مشکل ہو جاتا ہے بعض عارفین کی یہ حکایت اسی بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ ایک عارف نے حضرت شبلی رحمہ اللہ سے صبر کے بارے میں پوچھا کہ کونسا صبر زیادہ سخت ہے انہوں نے فرمایا۔ اللہ تعالٰے کے بارے میں صبر کرنا اس عارف کہا نہیں آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے لیے صبر کرنا اس نے کہا یہ بھی نہیں فرمایا اللہ تعالیٰ کے ساتھ صبر کرنا اس نے کہا نہیں آپ نے فرمایا پھر کونسا صبر زیادہ سخت ہے؟ اس نے کہا اللہ تعالیٰ سے صبر کرنا اس پر حضرت شبلی رحمہ اللہ نے ایک چیخ ماری قریب تھا کہ آپ کی رُوح پرواز کر جاتی۔

ارشاد خداوندی ہے۔

اِصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا۔ (۱) — صبر کرو اور صبر میں ایک دوسرے سے آگے بڑھو اور اسلامی سرحدوں کی حفاظت کرو۔

اس آیت کی تفسیر میں کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں صبر کرو اللہ تعالیٰ کے ساتھ صبر کرو اور اس کے ساتھ رابطہ اور تعلق رکھو اور کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لیے صبر مالداری ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ صبر وفا ہے اور اس سے صبر جفا (ظلم) ہے اور اس کے معنیٰ کے سلسلے میں یہ بھی کہا گیا ہے۔

وَالصَّبْرُ عَنْكَ فَمَذْمُوْمٌ عَوَاقِبُهٗ وَالصَّبْرُ فِي الْاَشْيَاءِ مَحْمُوْدٌ۔ — (اے اللہ!) تجھ سے صبر کا انجام مذموم ہے اور (دنیوی) اشیاء میں صبر محمود ہے۔

اور یہ بھی کہا گیا ہے۔

اَلصَّبْرُ يُجْمَلُ فِي الْمَوَاطِنِ كُلِّهَا اِلَّا عَلَيْكَ فَاِنَّهٗ لَا يُجْمَلُ۔ — صبر تمام مقامات پر اچھا ہے لیکن تجھ سے صبر اچھا نہیں ہے۔

صبر کے علوم اور اسرار کے سلسلے میں ہماری تشریح کا یہ آخر ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۲۰۰

دوسرا حصہ :

شکر کا بیان

ارکانِ شکر :

شکر کے تین ارکان ہیں۔

(۱) شکر کی فضیلت و حقیقت اور اقسام و احکام۔

(۲) نعمت کی حقیقت اور اس کی خاص و عام اقسام۔

(۳) شکر اور صبر میں سے افضل کونسی چیز ہے۔

پہلا رکن :

نفسِ شکر

شکر کی فضیلت

جان لو! اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں شکر کو ذکر کے ساتھ ملایا اور اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی فرمایا۔

وَلَذِكْرُ اللهِ اَكْبَرُ (۱)
اور البتہ اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت بڑا ہے۔

ارشادِ خداوندی ہے :

فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ۔ (۲)
پس مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا اور میرا شکر کرو اور میری ناشکری نہ کرو۔

اور ارشادِ خداوندی ہے :

مَا يَفْعَلُ اللهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ۔ (۳)
اللہ تعالیٰ تمہیں عذاب دے کر کیا کرے گا اگر تم شکر کرو اور ایمان لاؤ۔

اور ارشادِ خداوندی ہے :

وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ۔ (۴)
اور عنقریب ہم شکر کرنے والوں کو بدلہ دیں گے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ عنکبوت آیت ۴۵

(۲) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۱۵۲

(۳) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۱۴۷

(۴) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۴۵

اور اللہ تعالیٰ نے ابلیس لعین کے بارے میں خبر دیتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ۔ (۱) (شیطان نے کہا) میں ضرور بضرور ان کے لیے تیرے سیدھے راستے پر بیٹھوں گا۔

کہا گیا ہے کہ اس سے شکر کا راستہ مراد ہے اور رتبۂ شکر کی بلندی کی وجہ سے اس لعین پر طعن کیا گیا شیطان نے کہا (اللہ تعالیٰ اس کا قول نقل کرتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے)

وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شَاكِرِيْنَ۔ (۲) اور تو ان میں سے اکثر کو شکر کرنے والا نہیں پائے گا۔

اور ارشاد خداوندی ہے:

وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ۔ (۳) اور میرے بندوں میں سے شکر کرنے والے کم ہیں۔

اور اللہ تعالیٰ مزید نعمت کے حصول کو شکر کے ساتھ قطعی طور پر بیان کیا اور اس میں استثنا نہیں کی۔ ارشاد فرمایا۔

لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ۔ (۴) اگر تم نے شکر کیا تو ہم تمہیں زیادہ دیں گے۔

حالانکہ پانچ دوسری نعمتوں کو استثنا (اگر چاہے) کے ساتھ بیان فرمایا۔ مالدار کرنے، دعا قبول کرنے، رزق، مغفرت اور توبہ میں استثنا فرمائی ارشاد خداوندی ہے۔

فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖۤ اِنْ شَآءَ۔ (۵) پس عنقریب وہ تمہیں اپنے فضل سے مالدار کر دے گا اگر چاہے۔

اور ارشاد فرمایا:

فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ۔ (۶) پس وہ تم سے اس چیز کو دور کر دے گا جس کے لیے تم اسے پکارتے ہو۔

اور ارشاد فرمایا۔

يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔ (۷) جسے چاہتا ہے بغیر حساب کے رزق عطا فرماتا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ اعراف آیت ۱۶
(۲) قرآن مجید، سورۂ اعراف آیت ۱۷
(۳) قرآن مجید، سورۂ سبا، آیت ۱۳
(۴) قرآن مجید، سورۂ ابراہیم آیت ۷
(۵) قرآن مجید، سورۂ توبہ آیت ۲۸
(۶) قرآن مجید، سورۂ انعام آیت ۴۱ (۷) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۱۲

اور ارشاد خداوندی ہے:

وَيَغْفِرُ مَادُونَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاءُ۔ (۱)
اور اس (شرک) کے علاوہ جس کے لیے چاہتا ہے بخش دیتا ہے۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ يَّشَاءُ۔ (۲)
اور اللہ تعالیٰ جس کے لیے چاہے توبہ قبول کرتا ہے۔

اور شکر اللہ تعالیٰ کے اخلاق میں سے ایک خُلق ہے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ۔ (۳)
اور اللہ تعالیٰ شکر کا بدلہ دینے والا بردبار ہے۔

اللہ تعالیٰ نے شکر کو اہل جنت کا ابتدائی کلام قرار دیا ارشاد فرمایا۔

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ۔ (۴)
اور وہ کہیں گے اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے ہم سے کیا ہوا وعدہ پورا کیا۔

اور فرمایا۔

وَاٰخِرُ دَعْوَاهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ (۵)
اور ان کا آخری قول یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے۔

احادیث مبارکہ:

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَلطَّاعِمُ الشَّاكِرُ بِمَنْزِلَةِ الصَّائِمِ الصَّابِرِ۔ (۶)
کھانا کھا کر شکر ادا کرنے والا صبر کرنے والے روزہ دار کی طرح ہے۔

حضرت عطا رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس حاضر ہوا اور عرض کیا کہ مجھے سب سے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۴۸
(۲) قرآن مجید، سورۂ توبہ آیت ۱۵
(۳) قرآن مجید، سورۂ تغابن آیت ۱۷
(۴) قرآن مجید، سورۂ زمر آیت ۷۴
(۵) قرآن مجید، سورۂ یونس آیت ۱۰
(۶) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۳۴۳ مرویات سنان بن سنہ

تعجب خیز بتائیے جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دیکھی ہو اس پر ام المومنین رو پڑیں اور فرمایا آپ کی کونسی بات عجیب نہ تھی؟ آپ ایک رات تشریف لائے اور میرے ساتھ میرے بچھونے میں یا (فرمایا) میرے لحاف میں داخل ہوئے حتیٰ کہ میرا جسم آپ کے جسم سے مل گیا پھر فرمایا اے ابوبکر کی بیٹی ! (رضی اللہ عنہما) مجھے اجازت دو کہ میں اپنے رب کی عبادت کروں فرماتی ہیں میں نے عرض کیا میں آپ کا قرب پسند کرتی ہوں لیکن آپ کی خواہش کو ترجیح دیتی ہوں چنانچہ ام المومنین نے آپ کو اجازت دے دی پھر آپ پانی کے ایک مشکیزے کی طرف اٹھے اور وضو فرمایا لیکن زیادہ پانی نہیں ڈالا پھر کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی اس کے بعد آپ رونے لگے حتیٰ کہ آپ کے آنسو سینۂ اطہر کہ پر بہنے لگے پھر رکوع کیا اور روتے رہے پھر سجدہ کیا اور روتے رہے سجدے سے سر اٹھایا تو روتے ہوئے، آپ اسی طرح مسلسل روتے رہے حتیٰ کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے حاضر ہو کر آپ کو نماز کی اطلاع کی میں نے عرض کیا یارسول اللہ! صلی اللہ علیک وسلم آپ کیوں روتے ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو اوّل و آخر خلاف اولیٰ باتوں سے بھی محفوظ رکھا۔

آپ نے فرمایا کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں اور میں ایسا کیوں نہ کروں حالانکہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر نازل فرمایا (۱)

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِي تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ مَاءٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيهَا مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ وَتَصْرِيفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَآيٰتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۔ (۲)

بے شک آسمانوں اور زمینوں کی پیدائش اور رات اور دن کے بدلنے اور کشتی جو دریا میں لوگوں کے فائدے کے لیے چلتی ہے اور جو اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسا کر اس سے مردہ زمین کو زندہ کیا اور اس میں ہر قسم کے جانور پھیلائے اور ہواؤں کی گردش اور بادل جو آسمان و زمین کے درمیان قابو میں ہیں اس میں عقل مند لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں۔

یہ اس بات پر دلالت ہے کہ رونا کبھی ختم نہیں ہونا چاہیئے اور اس روایت میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے کہ ایک نبی علیہ السلام کسی پتھر کے پاس سے گزرے جس سے بہت سا پانی نکلتا تھا تو آپ اس سے متعجب ہوئے اس پر اللہ تعالیٰ نے اسے قوتِ گویائی عطا فرمائی تو اس نے کہا میں نے جب سے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد سنا ہے۔

وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۔ (۳) — اس (جہنم) کا ایندھن انسان اور پتھر ہوں گے۔

میں اس کے خوف سے روتا ہوں انہوں نے دعا مانگی کہ یا اللہ! اس کو جہنم سے بچالے تو اللہ تعالیٰ نے اسے محفوظ فرمایا

(۱) الترغیب والترہیب جلد ۲ ص ۲۷۳ کتاب قراۃ القرآن

(۲) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۱۶۴

(۳) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۴

پھر ایک مدت کے بعد اسی حالت میں دیکھا تو پوچھا اب کیوں روتے ہو؟ اس نے کہا وہ خوف کا رونا تھا اور یہ شکر اور خوشی کا رونا ہے اور بندے کا دل پتھر کی طرح ہے یا اس سے بھی زیادہ سخت اور جب تک وہ خوف اور شکر دونوں حالتوں میں نہ روئے اس کی سختی زائل نہیں ہوتی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپ نے ارشاد فرمایا۔

يُنَادِى يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِيَقُمِ الْحَمَّادُوْنَ فَتَقُوْمُ زُمْرَةٌ فَيُنْصَبُ لَهُمْ لِوَاءٌ فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قِيلَ وَمَنِ الْحَمَّادُوْنَ؟ قَالَ "الَّذِيْنَ يَشْكُرُوْنَ اللهَ تَعَالَى عَلَى كُلِّ حَالٍ" وَفِى لَفْظٍ آخَرَ "الَّذِيْنَ يَشْكُرُوْنَ اللهَ عَلَى السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ۔ (۱)

قیامت کے دن آواز دی جائے گی کہ حمادون (تعریف کرنے والے) کھڑے ہو جائیں تو ایک جماعت کھڑی ہو گی ان کے لیے جھنڈا قائم کیا جائے گا تو وہ جنت میں جائیں گے پوچھا گیا حمادون کون ہیں؟ فرمایا وہ لوگ جو ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں اور دوسری روایت میں ہے وہ لوگ جو خوشی اور سختی دونوں حالتوں میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْحَمْدُ رِدَاءُ الرَّحْمٰنِ۔ (۲)

حمد، رحمٰن کی چادر ہے۔

اور اللہ تعالیٰ نے حضرت ایوب علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ میں اپنے دوستوں کے عمل کا بدلہ یوں دیتا ہوں کہ ان کی شکر کرنے پر راضی ہوتا ہوں (طویل گفتگو میں سے ایک حصہ ہے) اور اللہ تعالیٰ نے صبر کرنے والوں کی صفت کے ضمن میں وحی فرمائی کہ ان کا گھر سلامتی کا گھر ہے جب وہ اس میں داخل ہوں گے تو میں ان کے دل میں شکر کا خیال ڈالوں گا اور وہ بہترین کلام ہے اور شکر کرنے پر انہیں زیادہ دوں گا اور وہ جس قدر زیادہ شکر کریں گے زیادہ دوں گا اور جب دفن شدہ خزانوں کے بارے میں حکم نازل ہوا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ہم کونسا مال حاصل کریں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لِيَتَّخِذْ اَحَدُكُمْ لِسَانًا ذَاكِرًا وَقَلْبًا شَاكِرًا۔ (۳)

چاہیئے کہ ذکر کرنے والی زبان اور شکر کرنے والا دل اختیار کرو۔

تو آپ نے مال کے بدلے شکر کرنے والے دل کے حصول کا حکم دیا اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا "شکر نصف ایمان ہے"

---

(۱) شعب الایمان جلد ۴ ص ۱۰۱ حدیث ۴۳۷۳

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۴۱۲ مرویات ابوہریرہ

(۳) المطالب العالیہ جلد ۳ ص ۱۴۱ حدیث ۳۱۰۲

فصل :

شکر کی تعریف اور حقیقت

جان لو! شکر، سالکین کے مقامات میں سے ایک مقام ہے اور اس میں بھی علم، حال اور عمل شامل ہیں علم اصل ہے جو حال کو جنم دیتا ہے اور حال سے عمل پیدا ہوتا ہے علم کا مطلب یہ ہے کہ نعمت کو منعم کی طرف سے سمجھا جائے حال انعامات سے حاصل ہونے والی خوشی کا نام ہے اور عمل اس بات پر قائم ہونے کا نام ہے جو منعم کا مقصود و محبوب ہے اور اس عمل کا تعلق دل، اعضاء اور زبان سے ہوتا ہے اور ان تمام کا بیان ضروری ہے تاکہ اس کے مجموعہ سے شکر کی حقیقت کا احاطہ حاصل ہو کیونکہ شکر کی تعریف میں جو کچھ کہا گیا ہے وہ اس کے معانی کے کمال کا احاطہ کرنے سے قاصر ہے۔

پہلا اصل یعنی علم تین امور کے علم پر مشتمل ہے ذات نعمت کا علم ہو، اس کے حق میں یہ نعمت کیوں ہے؟ اور منعم کی ذات کا علم ـــــ اور اس کی ان صفات کا علم جن کے ساتھ انعام کی تکمیل ہوتی ہے اور اس کی طرف سے اسے انعام ملتا ہے کیوں کہ نعمت، نعمت عطا کرنے والے اور جس کو نعمت دی گئی ان تینوں کا ہونا ضروری ہے جس کو نعمت ملتی ہے نعمت عطا کرنے والی ذات کے قصد و ارادے سے ملتی ہے ۔ تو ان امور کی معرفت ضروری ہے یہ تو اللہ تعالیٰ کے غیر کے حق میں ہے۔

جہاں تک اللہ تعالیٰ کے حق کا تعلق ہے تو اس کی تکمیل کے لیے اس بات کی پہچان بھی ضروری ہے کہ تمام نعمتیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہیں اور وہی منعم (حقیقی) ہے اور وسائل اس کی طرف سے مسخر ہیں اور یہ معرفت توحید و تقدیس (خداوندی) کے بعد ہے کیوں کہ تقدیس و توحید کا بھی ان میں دخل ہے بلکہ معارف ایمان میں پہلا مرتبہ تقدیس کا ہے پھر جب اس مقدس ذات کی پہچان حاصل ہو جائے اور وہ اس بات کو جان لے کہ (حقیقتاً) تقدیس کے لائق وہی ذات ہے اس کے علاوہ کو یہ مرتبہ حاصل نہیں ہے اور یہی توحید ہے اس کے بعد سے جاننا چاہیئے کہ اس عالم میں جو کچھ موجود ہے وہ فقط اسی ذات واحد کی طرف سے ہے، تو سب کچھ اسی کی طرف سے ملنے والا انعام ہے پس یہ معرفت تیسرے مرتبہ میں حاصل ہوتی ہے اس لیے کہ اس درجہ میں توحید و تقدیس کے ساتھ کمالِ قدرت اور عمل کی انفرادیت بھی پائی جاتی ہے ۔ اسی بات کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں بیان فرمایا۔

سُبْحَانَ اللهِ فَلَهُ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَمَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ فَلَهُ عِشْرُوْنَ حَسَنَةً وَمَنْ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ فَلَهُ ثَلَاثُوْنَ حَسَنَةً۔ (۱)	جس نے "سبحان اللہ" پڑھا اس کے لیے دس نیکیاں ہیں جس نے "لا الٰہ الا اللہ" پڑھا اس کے لیے بیس نیکیاں ہیں اور جس نے "الحمد للہ" پڑھا اس کے لیے تیس نیکیاں ہیں۔

---

(۱) الترغیب والترہیب جلد ۲ ص ۴۲۷ کتاب الذکر

اللہ آپ نے ارشاد فرمایا۔

اَفْضَلُ الذِّكْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَفْضَلُ الدُّعَاءِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔ (۱)

سب سے بہتر ذکر "لا الہ الا اللہ" ہے اور افضل دعا "الحمد للہ" ہے۔

اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

لَيْسَ شَيْءٌ مِنَ الْاَذْكَارِ يُضَاعِفُ مَا يُضَاعِفُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔ (۲)

اذکار میں سے "الحمد للہ" (کا پڑھنا) جس قدر ثواب کو بڑھاتا ہے کوئی دوسرا ذکر نہیں بڑھاتا۔

تمہیں یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ محض زبان کو حرکت دے کر یہ کلمات پڑھنا کافی ہے اور دل میں ان کے معانی کا حصول ضروری نہیں ہے "سبحان اللہ" ایسا کلمہ ہے جو تقدیس پر دلالت کرتا ہے "لا الہ الا اللہ" توحید پر دلالت کرتا ہے اور "الحمد للہ" اس بات کی معرفت پر دلالت کرتا ہے کہ نعمت واحد حق ذات کی طرف سے حاصل ہوئی ہے تو نیکیوں کا حصول ان معارف کے مقابلے میں ہوتا ہے جو ایمان اور یقین کے ابواب سے ہیں۔ اس معرفت کی تکمیل افعال میں شرک کی نفی کرتی ہے کیوں کہ جس شخص پر کوئی بادشاہ انعام کرے پس اگر وہ اس کے وزیر یا وکیل کا بھی اس میں دخل سمجھے تو یہ نعمت میں اس کے ساتھ شرک ہے وہ مکمل طور پر بادشاہ کی طرف سے نہیں سمجھتا بلکہ کچھ بادشاہ کی طرف سے اور کچھ وزیر وغیرہ کی طرف سے سمجھتا ہے اس لیے اس کی خوشی بھی ان دونوں پر تقسیم ہو جاتی ہے تو وہ صرف بادشاہ کا حق جاننے والا نہیں ہوتا۔ ہاں اگر یہ سمجھے کہ مجھے جو نعمت ملی ہے وہ بادشاہ کے دستخط سے مجھ تک پہنچی ہے تو اس سے بادشاہ کی انفرادیت میں فرق نہیں پڑے گا۔ اور نہ ہی کمالِ شکر میں کوئی نقصان ہوگا کیوں کہ وہ کاغذ اور قلم پر خوش نہیں ہوتا اور نہ ہی ان کا شکریہ ادا کرتا ہے کیوں کہ اس میں ان دونوں کا ذاتی طور پر دخل نہیں ہاں اس اعتبار سے دخل ہے کہ وہ بادشاہ کی قدرت کے سامنے مسخر ہیں اور یہ بھی معلوم ہے کہ اس تک پہنچانے والا دلیل اور خزانچی بھی اس سلسلے میں بادشاہ کی طرف سے مجبور ہیں اگر یہ معاملہ وکیل کے اپنے اختیار میں ہوتا اور بادشاہ کی طرف سے کوئی ایسا حتمی حکم نہ ہوتا جس کی وجہ سے اسے اپنے انجام کا خوف ہو تو وہ اس تک کوئی چیز نہ پہنچاتا۔

تو اس صورت میں خازن کی طرف اس کی نظر اسی طرح ہے جس طرح کاغذ اور قلم کی طرف ہوتی ہے اور اس سے بادشاہ کی طرف نعمت کی نسبت کے سلسلے میں شرکت لازم نہیں آتی۔ اسی طرح جو شخص اللہ تعالیٰ کو پہچان لیتا ہے اور اسے اس کے افعال کی پہچان بھی ہو جاتی ہے تو اسے معلوم ہو جاتا ہے کہ سورج، چاند اور ستارے اس کے حکم کے تحت مسخر ہیں جیسے کاتب کے ہاتھ میں قلم کا معاملہ ہے اور حیوانات جن کو کوئی اختیار حاصل ہوتا ہے وہ اپنے نفس کے تابع ہیں کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے ہی ان پر

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۳۰۲ مرویات ابی ہریرہ

(۲) سنن ابن ماجہ ص ۲۷۸، ابواب الادب

افعال کے دواعی (افعال کی طرف لے جانے والے) مسلط کئے ہیں تاکہ وہ عمل کریں اگر چاہیں یا انکار کر دیں جس طرح خزانچی جو بادشاہ کی اطاعت پر مجبور ہے اس کی مخالفت نہیں کر سکتا اور اگر بادشاہ اسے کھلی چھٹی دے دے تو وہ ایک ذرہ بھی نہ دے اسی طرح اگر اللہ تعالیٰ کی نعمت کسی دوسرے شخص کے ہاتھوں سے تمہارے پاس پہنچتی ہے تو وہ شخص بھی مجبور ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے اس پر ارادے کو مسلط کر دیا اور اسباب کو جمع کر دیا اور اس کے دل میں یہ بات ڈالی ہے کہ دنیا و آخرت میں اس کے لیے یہی بہتر ہے کہ اس نے جو کچھ تجھے دینا ہے، دے دے اور اس کے بغیر اس کا فوری یا بعد کا مقصود حاصل نہیں ہو سکتا۔ اور جب اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے اس عقیدے کی تخلیق فرمادی تو اس کے لیے اس کو چھوڑنے کا کوئی راستہ نہیں وہ اس صورت میں اپنی غرض کے لئے تمہیں دے رہا ہے تمہاری غرض کے لیے نہیں اگر اس میں اس کی اپنی غرض شامل نہ ہوتی تو تمہیں ہرگز نہ دیتا اور اگر اسے اس بات کا علم نہ ہوتا کہ اس کا نفع تجھے نفع پہنچانے میں ہے تو وہ تمہیں نفع نہ پہنچاتا۔ تو اس طرح وہ تمہارے نفع کے واسطے سے اپنا نفع طلب کرتا ہے اس لیے وہ انعام عطا کرنے والا نہیں ہے بلکہ اس نے تجھے ایک دوسری نعمت کے لیے وسیلہ بنایا اور وہ اس کی امید رکھتا ہے۔ جس ذات نے تمہیں نعمت عطا فرمائی ہے اسی نے اس شخص کو تمہارے لیے مسخر کر دیا ہے اور اس کے دل میں ایسا اعتقاد اور ارادہ ڈالا ہے جس کے باعث وہ اس نعمت کو تم تک پہنچانے میں مجبور ہو گیا۔

اگر تم امور کو اس طریقے پر جانو گے تو گویا تم نے اللہ تعالیٰ کو بھی پہچان لیا اور اس کے فعل کو بھی اور تم موحد ہو گئے اور اس کے شکر پر قادر بھی۔ بلکہ تم محض اس معرفت کی وجہ سے شاکر شمار ہوئے اسی لیے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی دعا میں کہا تھا ”الٰہی! تو نے آدم علیہ السلام کو اپنے دست قدرت سے پیدا فرمایا اور کیا کیا عمل ہوا تو انہوں نے کیسے تیرا شکر ادا کیا؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جان لو کہ یہ سب کچھ میری طرف سے ہوا اور اس کی معرفت ہی شکر ہے تو اب ہم اسی صورت میں شکر ادا کر سکتے ہیں جب یہ بات جان لیں کہ سب کچھ اسی کی طرف سے ہے اور اگر اس کے سلسلے میں تمہیں کوئی شک ہو تو نہ تمہیں نعمت کی پہچان ہے اور نہ ہی منعم کی، اور اب تم صرف منعم پر خوش نہیں ہوتے بلکہ اس کے ساتھ اس کے غیر کو بھی شریک کر رہے ہو پس معرفت میں نقصان کے باعث فرحت و سرور کے سلسلے میں تیرا حال بھی ناقص ہے اور جب خوشی ناقص ہے تو تیرا عمل بھی ناقص ہوگا تو اس اصل (علم و معرفت) کا یہ بیان ہے۔

دوسرا اصل:

وہ حال ہے جو اصل معرفت سے حاصل ہوتا ہے اور یہ منعم کے ساتھ خوش ہونا اور اس کے ساتھ خشوع و خضوع کو اختیار کرنا ہے تو فی نفسہ یہ بھی شکر ہے جیسا کہ معرفت، شکر ہے لیکن یہ اسی وقت شکر قرار پاتا ہے جب اپنی شرط پر حاوی ہو اور اس کی شرط یہ ہے کہ تیری خوشی منعم کے ساتھ ہو نعمت یا عطائے نعمت کے ساتھ نہیں شاید اس بات کو سمجھنے سے تم قاصر ہو تو ہم اس سلسلے میں ایک مثال پیش کرتے ہیں ہم کہتے ہیں۔

ایک بادشاہ سفر پر جانے کا ارادہ کرتا ہے تو کسی آدمی کو ایک گھوڑا دیتا تو اس صورت میں انعام یافتہ آدمی کی خوشی کی تین وجہ ہو سکتی ہیں۔ ایک یہ کہ وہ صرف اس کے گھوڑا ہونے وجہ سے خوش ہو کر وہ نفع بخش مال ہے سواری ہے جو اس کی غرض کے موافق ہے نیز وہ نہایت عمدہ گھوڑا ہے اس قسم کی خوشی کا بادشاہ سے کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ اس کی غرض فقط گھوڑا ہے۔ اگر وہ اسے کسی جنگل میں پاتا تو بھی اسی طرح خوش ہوتا دوسری وجہ یہ ہے کہ وہ محض اس کے گھوڑا ہونے کی وجہ سے خوش نہیں ہوتا بلکہ اس سے وہ اس کو بادشاہ کی عنایت اور اس کی شفقت سمجھ کر خوش ہوتا ہے اور اسی پہلو کا خیال رکھتا ہے حتیٰ کہ اگر اسے یہ گھوڑا کسی صحرا سے ملا ہو یا بادشاہ کے غیر نے دیا ہو تو وہ اس پر بالکل خوش نہیں ہوتا کیوں کہ اسے گھوڑے کی بالکل ضرورت نہیں یا وہ اسے اس لیے حقیر سمجھتا ہے کہ اس کا مقصود تو بادشاہ کے دل میں اپنی جگہ بنانا تھا۔

تیسری وجہ یہ ہے کہ وہ اس لیے خوش ہوتا ہے کہ اس پر سوار ہو کر بادشاہ کی خدمت کے لیے جائے گا اور سفر کی مشقت برداشت کرتا ہے تاکہ اس کی خدمت کے ذریعے مقام قرب حاصل کرے اور بعض اوقات وہ وزارت کے درجہ تک پہنچ جاتا ہے یعنی وہ صرف اس بات پر قناعت نہیں کرتا کہ بادشاہ کے دل اس کے لیے جگہ ہے اور اس نے اسے گھوڑا دیا ہے اور یہ کہ بادشاہ جس کو جو کچھ دے وہ میرے واسطے سے دے۔ پھر وزارت کے حصول سے بھی اس کا مقصد وزارت نہیں ہوتی بلکہ بادشاہ کا مشاہدہ اور اس کا قرب حاصل کرنا ہوتا ہے حتیٰ کہ اگر اسے قرب بادشاہ اور وزارت کے درمیان اختیار دیا جائے تو وہ قرب کو اختیار کرتا ہے۔

تو یہ تین درجے ہیں پہلے درجہ میں شکر کا معنیٰ بالکل داخل نہیں ہوتا کیوں کہ اس شخص کی نظر گھوڑے تک محدود ہوتی ہے اور اس کی خوشی کا تعلق گھوڑے سے ہوتا ہے دینے والے سے نہیں اور یہی حال ہر اس شخص کا ہوتا ہے جو نعمت پر اس لیے خوش ہوتا ہے کہ وہ لذیذ ہے اور اس کی غرض کے موافق ہے تو یہ شکر کے معنیٰ سے بعید ہے۔

دوسرا درجہ شکر کے مفہوم میں داخل ہوتا ہے کیوں کہ وہ شخص نعمت دینے والے کی وجہ سے خوش ہوتا ہے لیکن محض اس کی ذات کی وجہ سے نہیں بلکہ اس کی عنایت کی معرفت کی وجہ سے جو اسے مستقبل میں انعام پر برانگیختہ کرتی ہے اور یہ صالحین کا حال ہے جو اللہ تعالیٰ کے عذاب کے خوف اور ثواب کی امید پر اس کی عبادت کرتے اور شکر بجالاتے ہیں۔

مکمل شکر تیسری صورت میں ہوتا ہے وہ یہ کہ بندے کی خوشی اللہ تعالیٰ کی نعمت کے ساتھ ہو اس اعتبار سے کہ یہ قرب خداوندی تک رسائی اس کی بارگاہ کی حاضری اور دائمی زیارت کا وسیلہ ہے یہی سب سے بڑا رتبہ ہے اور اس کی علامت یہ ہے کہ دنیا پر صرف اس لیے خوش ہوتا ہے کہ یہ آخرت کی کھیتی ہے اور اس پر مدد کرتی ہے اور وہ ہر اس نعمت پر غمگین ہوتا ہے جو اسے اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل کرے اور اس کے راستے سے روک دے کیوں کہ وہ اس نعمت کا ارادہ اس لیے نہیں کرتا کہ وہ لذیذ ہے جیسے گھوڑے والا اس کے حصول پر اس لیے خوش نہیں ہوتا کہ وہ عمدہ اور تیز رفتار ہے بلکہ اسے اس بات کی خوشی ہوتی ہے کہ اس کے ذریعے اسے بادشاہ کی صحبت حاصل ہوتی ہے حتیٰ کہ اسے دائمی مشاہدہ اور قرب خداوندی کا

اعزاز حاصل ہوتا ہے اسی لیے حضرت شبلی رحمہ اللہ نے فرمایا شکر منعم کو دیکھنے کا نام ہے نعمت کو دیکھنے کا نہیں اور حضرت خواص رحمہ اللہ نے فرمایا عام لوگوں کا شکر کھانے، لباس اور مشروب پر ہوتا ہے جب کہ خاص لوگوں کا شکر قلبی واردات پر ہوتا ہے۔

اس درجے کا ادراک اس شخص کو نہیں ہوتا جس کے نزدیک لذات کا تعلق پیٹ، شرمگاہ اور حواس کے مدرکات مثلاً رنگ اور آوازوں وغیرہ سے ہو اور وہ قلبی لذت سے خالی ہو کیوں کہ دل حالتِ صحت میں ذکر خداوندی اور اللہ تعالیٰ کی معرفت و ملاقات کے سوا کسی چیز سے لذت نہیں پاتا دل کو دوسری چیزوں سے لذت اسی وقت حاصل ہوتی ہے جب وہ بری عادات کی۔ بیماری میں مبتلا ہو جس طرح بعض لوگ کیچڑ کھانے سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور جیسے بعض بیمار میٹھی چیزوں سے منہ بناتے اور کڑوی چیزوں کو میٹھا سمجھتے ہیں جیسے کہا گیا ہے۔

وَمَنْ يَكُنْ ذَا فَمٍ مُرٍّ مَرِيضٍ يَجِدْ مُرًّا بِهِ الْمَاءَ الزُّلَالَا۔

اور جو شخص بیمار ہو اور اس کے منہ میں کڑواہٹ ہو تو وہ اس کی وجہ سے میٹھے پانی کو بھی کڑوا پاتا ہے۔

ثواب اللہ تعالیٰ کی نعمت پر خوشی کی یہ شرط ہے پس اگر اونٹ نہ مل سکے تو بکری ہی کافی ہے اور اگر ایسا نہ ہو تو دوسرا درجہ اپنانا چاہیے پہلا درجہ تو ہر حساب سے خالی ہے ایک شخص بادشاہ کا ارادہ گھوڑے کے لیے کرتا ہے اور دوسرا گھوڑے کا ارادہ بادشاہ تک رسائی کے لیے کرتا ہے تو ان دونوں میں کس قدر فرق ہے اور ان دونوں میں بھی کس قدر فرق ہے جن میں سے ایک اللہ تعالیٰ کا ارادہ صرف اس لیے کرتا ہے کہ وہ اسے انعام عطا فرمائے اور دوسرا اللہ تعالیٰ کی نعمت اس لئے چاہتا ہے کہ اس کے ذریعے اسے قربِ خداوندی حاصل ہو۔

تیسرا اصل :

اس خوشی کے مطابق عمل کرنا ہے جو منعم کی معرفت سے حاصل ہوئی ہے اور یہ عمل دل، زبان اور اعضاء سے تعلق رکھتا ہے۔ جہاں تک دل کا تعلق ہے تو اس کا عمل بھلائی کا ارادہ اور تمام لوگوں کے لیے اس ارادۂ خیر کو مخفی رکھنا ہے زبان کا عمل اللہ تعالیٰ کے لیے شکر کا اظہار ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی حمد کرے جو اس شکر پر دلالت کرتی ہے اور اعضاء کا عمل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمت کو اس کی اطاعت کے لیے استعمال کرے اور گناہوں پر مدد حاصل کرنے سے بچے حتیٰ کہ آنکھوں کا شکر یہ ہے کہ کسی مسلمان کا عیب دیکھے تو اس پر پردہ ڈالے کانوں کا شکر یہ ہے کہ جو عیب سنے اس پر پردہ ڈالے اللہ تعالیٰ کے انعامات کا اعضاء سے شکر ادا کرنے میں یہ باتیں داخل ہیں زبان سے شکر ادا کرنا ایسے کلمات ادا کرنا ہے جو اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی ہونے پر دلالت کرتے ہوں اور اس بات کا اسے حکم دیا گیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے پوچھا تم نے صبح کیسے کی؟ اس نے عرض کیا بھلائی کے ساتھ، آپ نے دوبارہ سوال کیا حتیٰ کہ اس نے تیسری مرتبہ کہا بھلائی کے ساتھ صبح کی میں اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا اور اس کا شکر ادا کرتا ہوں۔

(اَحْمَدُ اللہَ وَاَشْکُرُہٗ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تم سے یہی بات چاہتا تھا۔

پہلے بزرگ ایک دوسرے سے خیریت کا سوال اس مقصد کے تحت کرتے تھے کہ دوسرے سے اللہ تعالیٰ کے شکر کا اظہار کرائیں تاکہ وہ شکر کرنے والا مطیع ہو اور جس نے یہ کلمات کہلوائے وہ بھی اطاعت گزار قرار پائے، وہ اظہار شوق کے ذریعے ریا کاری کا ارادہ نہیں کرتے تھے۔

جس شخص سے اس کا حال پوچھا جائے وہ شکر کا اظہار کرتا ہے یا شکایت کرتا ہے یا خاموش رہتا ہے تو شکر ادا کرنا اطاعت ہے جب کہ شکوہ کرنا نافرمانی ہے جو اہل دین سے نہایت قبیح ہوتی ہے اور جو تمام بادشاہوں کا بادشاہ ہے اور ہر چیز اس کے قبضہ میں ہے اس کا شکوہ ایسے بندوں سے کرنا کیسے قبیح نہ ہوگا جو کسی چیز پر قادر نہیں تو بندے کے لیے زیادہ مناسب بات یہی ہے کہ اگر وہ آزمائش اور قضا پر اچھی طرح صبر نہیں کرسکتا اور اس کی کمزوری شکوہ کی راہ دکھاتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شکایت کرے کیوں کہ اسی نے آزمائش میں ڈالا اور وہی اس آزمائش کو زائل کرنے پر قادر ہے اور بندے کا اپنے مولیٰ کے سامنے اظہارِ ذلت اس کی عزت ہے اور اس کے غیر سے شکایت کرنا ذلت ہے اور بندے کے سامنے ذلت کا اظہار جب کہ وہ بھی اس جیسا بندہ ہے قبیح ذلت ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللہِ لَا یَمْلِکُوْنَ لَکُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللہِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْہُ وَاشْکُرُوْا لَہٗ۔ (۲)

بے شک وہ جن کی تم پوجا کرتے ہو اور اللہ تعالیٰ کو چھوڑ دیتے ہو وہ تمہارے لیے رزق کے مالک نہیں ہیں پس اللہ تعالیٰ کے ہاں رزق تلاش کرو اور اس کی عبادت کرو اور اسی کا شکر ادا کرو۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللہِ عِبَادٌ اَمْثَالُکُمْ۔ (۳)

بے شک وہ کہ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر تم ان کی پوجا کرتے ہو وہ تمہارے جیسے بندے ہیں۔

تو زبان سے شکر ادا کرنا بھی شکر گزاری میں داخل ہے ایک روایت میں ہے کہ ایک وفد حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو ایک نوجوان گفتگو کے لیے کھڑا ہوا حضرت عمر رحمہ اللہ نے فرمایا بڑے کو کلام کرنے دو اس نے کہا اے

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۸ ص ۴۷ کتاب الادب

(۲) قرآن مجید، سورۂ عنکبوت آیت ۱۷

(۳) قرآن مجید، سورۂ اعراف آیت ۱۹۴

امیر المومنین اگر عمر کا معاملہ ہوتا تو مسلمانوں کا امیر آپ سے بڑی عمر کا کوئی شخص ہوتا آپ نے فرمایا گفتگو کرو اس نے کہا ہمارا وفد نہ تو کسی چیز کی رغبت رکھتا ہے اور نہ ہی خوف، جہاں تک رغبت کا تعلق ہے تو آپ کی سخاوت ہم تک پہنچ چکی ہے (مانگنے کی کیا ضرورت ہے) اور جہاں تک خوف کا تعلق ہے تو آپ کے انصاف نے ہمیں امن دے دیا ہے۔ ہم تو شکریہ ادا کرنے آئے ہیں ہماری حاضری کا مقصد یہ ہے کہ ہم اپنی زبان سے آپ کا شکریہ ادا کریں اور واپس چلے جائیں۔

تو شکر کے معانی کے یہ اصول ہیں جو اس کی تمام حقیقت کا احاطہ کرتے ہیں۔

اور جس نے یہ کہا کہ شکر منعم کی نعمت کے اعتراف کا نام ہے جو خضوع کے ساتھ ہو تو یہ دل کے بعض احوال کے ساتھ زبان کے فعل کے حوالے سے ہے اور جس نے کہا کہ شکر محسن کے احسان کا ذکر کر کے اس کی تعریف کرنے کا نام ہے تو اس نے محض زبان کے عمل کو دیکھا ہے اور یہ کہنا کہ شکر، بساط شہود پر اعتکاف بیٹھنے اور حرمت منعم کی حفاظت کا نام ہے تو یہ شکر کے اکثر معانی کو جامع ہے اس سے صرف زبان کا عمل نکل جاتا ہے حضرت حمدون قصار نے کہا شکریہ ہے کہ تم شکر میں اپنے نفس کو طفیلی سمجھو۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ شکر کے معانی میں صرف معرفت داخل ہے اور حضرت جنید رحمہ اللہ نے فرمایا شکر یہ ہے کہ تم اپنے نفس کو نعمت کا اہل نہ جانو تو یہ خاص طور پر احوال قلب میں سے ایک حال کی طرف اشارہ ہے۔

یہ سب اقوال ان لوگوں کی اپنی حالت کی خبر دیتے ہیں اسی لیے ان کے جوابات مختلف ہے ان میں کوئی اتحاد و اتفاق نہیں ہے۔

پھر ان کے جوابات میں اختلاف کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں ایک تو یہ کہ وہ اپنی اس حالت کے حوالے سے گفتگو کرتے ہیں جو ان پر غالب ہوتی ہے تاکہ وہ اہم بات میں مشغول ہوں بے مقصد بات میں نہیں یا وہ سائل کی حالت کے مطابق بات کرتے ہیں۔ یعنی صرف اسی بات پر اکتفا کرتے ہیں جس کی ضرورت ہوتی ہے غیر ضروری بات سے اعراض کرتے ہیں۔

یہ گمان مناسب نہیں کہ جو کچھ ہم نے ذکر کیا وہ ان پر طعن ہے اور وہ تمام معانی جو ہم نے ذکر کئے ہیں وہ ان کے سامنے آتے تو ان کا انکار کر دیتے بلکہ کوئی عقل مند آدمی ایسا گمان کرتا ہی نہیں البتہ یہ ہو سکتا ہے کہ لفظی۔ جھگڑا پیدا ہو جائے کہ کیا شکر کا لفظ لغوی اعتبار سے ان تمام معانی کو شامل ہوگا یا بعض معانی کو مقصوداً شامل ہوگا اور باقی معانی اس کے تابع اور لوازم میں سے ہوں گے اور اس کتاب میں ہمارا مقصود لغوی موضوعات کی تشریح نہیں ہے کیوں کہ یہ طریق آخرت کے علم میں سے نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ ہی اپنی رحمت سے توفیق عطا کرنے والا ہے۔

فصل:

اللہ تعالیٰ کے حق میں شکر کی وضاحت

شاید تمہارے دل میں یہ خیال پیدا ہو کہ شکر اسی انعام دینے والے کے حق میں سمجھا جا سکتا ہے جس کو شکر سے کوئی

فائدہ حاصل ہو ہم بادشاہوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی تعریف کرتے ہیں تاکہ دلوں میں ان کا مقام بڑھے اور لوگوں کے نزدیک ان کی عزت زیادہ ہو اس طرح ان کی شہرت اور مرتبہ زیادہ ہوگا۔ یا ہم خدمت کے ذریعے ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں جو ان کے بعض مقاصد میں مدد ہوتی ہے یا ہم نوکروں کی طرح ان کے سامنے کھڑے ہوتے ہیں اور اس طرح ان کا لشکر بڑھتا ہے اور ان کے جاہ و مرتبہ میں بھی اضافہ ہوتا ہے غرضیکہ شکر کے ذریعے انہیں ان باتوں میں سے کوئی بات حاصل ہوتی ہے اور یہ بات دو وجہ سے اللہ تعالیٰ کے حق میں باطل ہے۔

ایک وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فوائد اور اغراض سے پاک ہے اسے خادموں اور مدد کی حاجت نہیں ہے اور نہ ہی تعریف و توصیف کے ذریعے اس کے مقام و مرتبہ میں کوئی اضافہ ہوتا ہے اور اس کو ان خدام کی کثرت کی حاجت بھی نہیں ہے جو اس کے سامنے رکوع و سجود کی حالت میں کھڑے ہوں تو ہم اللہ تعالیٰ کا اس طرح شکر ادا کرتے ہیں کہ اس کی اس میں کوئی غرض نہیں ہوتی جیسے ہم کسی ایسے بادشاہ کا جو ہمیں انعام دیتا ہے، اس طرح شکریہ ادا کریں کہ اپنے گھروں میں سو جائیں یا سجدے اور رکوع میں مشغول ہوں کیوں کہ اس میں بادشاہ کا کوئی حصہ نہیں اور وہ غائب ہے اسے کوئی علم نہیں اور ہمارے افعال سے اللہ تعالیٰ کا کوئی فائدہ یا غرض متعلق نہیں ہے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ ہم جو کچھ اپنے اختیار سے کرتے ہیں وہ انعامات خداوندی میں سے ایک دوسری نعمت ہے کیوں کہ ہمارے اعضاء، ہماری طاقت، ہمارا ارادہ اور عمل کا داعیہ نیز وہ تمام امور جو ہماری حرکت کا سبب ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی تخلیق اور اس کی نعمت کے مرہون منت ہیں تو ہم اسی کی نعمت سے اس کا شکر کیسے ادا کریں۔

اور اگر کوئی بادشاہ ہمیں ایک سواری دے اور ہم اسی کی ایک دوسری سواری لے کر اس پر سوار ہو جائیں یا بادشاہ ہمیں دوسری سواری دے تو دوسری سواری پہلی سواری کے لیے ہماری طرف سے شکریہ قرار نہیں پاتی۔

بلکہ دوسری کا شکریہ ادا کرنا بھی اسی طرح ضروری ہے جس طرح پہلی سواری پر شکریہ ادا کیا جاتا ہے پھر اس کے شکر کے لیے بھی ایک اور نعمت کی ضرورت ہوگی تو نتیجہ یہ ہوا کہ ان دو وجہ سے اللہ تعالیٰ کے حق میں شکر محال ہے اور ہمیں ان دونوں باتوں میں کوئی شک نہیں ہے اور شریعت میں شکر ادا کرنے کا حکم آیا ہے تو ان دونوں باتوں کو جمع کرنے کی کیا صورت ہوگی؟ تو جاننا چاہیے کہ حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دل میں بھی اسی قسم کا خیال آیا تھا، حضرت داؤد علیہ السلام نے عرض کیا اے میرے رب! میں تیرا شکر کس طرح ادا کروں کیوں کہ جب تک دوسری نعمت مجھے حاصل نہ ہو میں شکر ادا نہیں کر سکتا اور دوسرے الفاظ میں اس طرح آیا ہے کہ میرا شکر ادا کرنا بھی تیری طرف سے مزید نعمت ہے جس کا شکر ادا کرنا مجھ پر واجب ہے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ جب آپ نے اس بات کو جان لیا تو شکر ادا ہو گیا۔

ایک دوسری روایت میں ہے کہ جب آپ کو اس کی بات کی معرفت حاصل ہو گئی کہ یہ نعمت میری طرف سے ہے تو آپ کا اس کے میری طرف سے ہونے پر راضی ہونا شکر ہے۔

سوال :

ہمیں سوال کی سمجھ آگئی لیکن ان کی طرف جو وحی آئی اس کی سمجھ نہیں آئی یہ تو میں جانتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے لیے شکر محال ہے لیکن شکر کے محال ہونے کا علم بھی شکر ہے یہ بات سمجھ نہیں آئی یہ علم بھی تو ایک نعمت ہے تو یہ شکر کیسے ہوگا۔ گویا حاصل کلام یہ ہے کہ جو شکر ادا نہیں کرتا گویا وہ بھی شکر ادا کر رہا ہے اور بادشاہ کی طرف سے دوسرا جوڑا قبول کرنا پہلے جوڑے کا شکریہ ہے اس میں جو راز ہے فہم اس کے ادراک سے عاجز ہے اگر مثال کے ذریعے اسے سمجھا جائے تو یہ اہم بات ہے۔

جواب :

جان لو! یہ معارف کا دروازہ کھٹکھٹانا ہے اور یہ علوم معاملہ میں سے اعلیٰ ہے لیکن ہم کچھ تشبیہات کی طرح اشارہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہاں دو نظریں ہیں ایک محض توحید کی آنکھ سے دیکھنا اور یہ نظر تمہیں قطعی طور پر اس بات کی پہچان کراتی ہے کہ وہی شاکر ہے وہی مشکور اور وہی محب ہے وہی محبوب، اور یہ اس شخص کی نظر ہے جو اس بات کو جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی موجود نہیں اور یہ کہ اس کی ذات کے سوا سب ہلاک ہونے والے ہیں اور یہ بات ہر حال میں ازل و ابد کے اعتبار سے صحیح ہے کیوں کہ غیر وہ ہوسکتا جو خود بخود قائم ہو اور اس قسم کے غیر کا کوئی وجود نہیں بلکہ اس کا پایا جانا محال ہے کیوں کہ موجود ثابت وہی ہے جو بالذات قائم ہے اور جو ذاتی طور پر قائم نہ ہو وہ ذاتی طور پر موجود نہیں ہے بلکہ وہ غیر کے ساتھ قائم ہے اور غیر کے ساتھ ہی موجود ہے۔

اور جب اسی کی ذات کا اعتبار کیا جائے اور اس کے غیر کی طرف توجہ نہ کی جائے تو اس غیر کا وجود بالکل نہیں ہوگا کیوں کہ موجود تو اسے کہتے ہیں جو ذاتی طور پر قائم ہو اور قائم بنفسہ وہی ہوتا ہے کہ اگر اس کے غیر کو معدوم تصور کیا جائے تو اس کے وجود میں کوئی فرق نہ پڑے اور اگر قائم بالنفسہ اپنے وجود کے ساتھ ساتھ دوسروں کے وجود کو بھی قائم رکھتا تو وہ قیوم ہے اور قیوم ایک ہی ہے اس کے غیر کا تصور بھی نہیں ہوسکتا تو نتیجہ یہ ہوا کہ حی قیوم کے علاوہ کسی کا وجود نہیں ہے اور وہ واحد بے نیاز ہے تو جب تم اس اعتبار سے دیکھو گے تو تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ سب کے نکلنے کا مقام (مصدر) اور مرجع وہی ہیں وہی شاکر ہے وہی مشکور ہے وہی محب ہے اور وہی محبوب ہے اور حضرت حبیب بن ابی حبیب نے اسی نظر سے دیکھا جب انہوں نے یہ آیت پڑھی۔

اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا نِعْمَ الْعَبْدُ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ۔ (۱) بے شک ہم نے اسے (حضرت ایوب علیہ السلام کو) صبر کرنے والا پایا بے شک وہ بہت رجوع کرنے والے تھے

تو انہوں نے (حضرت حبیب نے) فرمایا "تعجب کی بات ہے خود دیتا ہے اور خود ہی تعریف بھی کرتا ہے" یہ اس بات کی

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ ص آیت ۴۴

طرف اشارہ ہے کہ جب اس نے اپنے دیئے پر ان کی تعریف کی تو گویا اپنے نفس کی تعریف کی تو گویا وہی تعریف کرنے والا ہے اور اسی کی تعریف کی گئی ہے۔

اور جب حضرت شیخ ابوسعید مہینی کے سامنے پڑھا گیا۔

يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ ۔ (۱) وہ ان سے محبت کرتا ہے اور وہ اس سے محبت کرتے ہیں

توانہوں نے فرمایا "یقیناً" وہ ان کو چاہتا ہے اور اسے چاہنے دو کیوں کہ ان کو چاہنے کا اسے حق ہے کیوں کہ (اس طرح) وہ اپنے آپ کو چاہتا ہے انہوں نے اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ وہی محب ہے اور وہی محبوب ،

اور یہ بلند مرتبہ ہے جب تک کوئی عام فہم مثال نہ بیان کی جائے سمجھ نہیں آتا تو تم پر یہ بات مخفی نہیں ہے کہ جب کوئی مصنف اپنی تصنیف کو پسند کرتا ہے تو وہ اپنے آپ کو پسند کرتا ہے جب کوئی کاریگر اپنی مصنوع کو چاہتا ہے تو وہ اپنے آپ کو چاہتا ہے اور والد جب اپنے بیٹے سے محبت کرتا ہے تو وہ اپنے آپ سے محبت کرتا ہے اور جب وہ اپنے آپ کو ہی چاہتا ہے تو جو کچھ چاہتا ہے اسے چاہنے کا حق ہے ۔ اور یہ سب کچھ اس وقت ہے جب توحید کی نظر سے دیکھے۔ صوفیاء کرام نے اس حالت کو فنائے نفس سے تعبیر کیا ہے کہ یعنی وہ اپنے آپ سے بھی اور غیر خدا سے بھی فنا ہوتا ہے اور اب وہ صرف اللہ تعالیٰ کو ہی دیکھتا سمجھتا ہے۔

اور جو آدمی اس بات کو نہیں سمجھتا وہ ان بزرگوں کے اس قول کا انکار کرتا ہے اور کہتا ہے کہ جب آدمی کا سایہ چار گز لمبا ہو اور شاید وہ ایک دن میں کئی کلو غلہ کھا جاتا ہو وہ کیسے فنا ہو سکتا ہے ؟ تو جاہل لوگ ان صوفیاء کرام کے کلام کے معانی سمجھنے سے قاصر ہونے کی وجہ سے ان پر ہنستے ہیں اور یہ بات تو لازمی ہے کہ عارفین کا قول جاہلیں کے مذاق کا نشانہ بنے اس آیت کریمہ میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا كَانُوا مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا يَضْحَكُونَ وَإِذَا مَرُّوا بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ وَإِذَا انْقَلَبُوا إِلَى أَهْلِهِمُ انْقَلَبُوا فَكِهِينَ وَإِذَا رَأَوْهُمْ قَالُوا إِنَّ هَؤُلَاءِ لَضَالُّونَ وَمَا أُرْسِلُوا عَلَيْهِمْ حَافِظِينَ ۔ (۲)

بے شک وہ لوگ جو مجرم ہیں وہ ایمان والوں کی باتوں پہ ہنستے ہیں اور جب ان کے قریب سے گزرتے ہیں تو ایک دوسرے کو آنکھیں مارتے ہیں اور جب اپنے گھر والوں کی طرف لوٹتے ہیں تو خوشی مناتے ہوئے لوٹتے ہیں اور جب ان کو دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں کہ یہی لوگ گمراہ ہیں اور وہ ان پہ نگہبان بنا کر نہیں بھیجے گئے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ مائدہ آیت ۵۴

(۲) قرآن مجید، سورۂ مطففین آیت ۲۹ تا ۳۵

پھر بیان فرمایا کہ کل (قیامت کے دن) عارفین ان پر زیادہ ہنسیں گے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

فَالْيَوْمَ الَّذِينَ آمَنُوا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُونَ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنْظُرُونَ۔ (۱)

آج ایمان والے کفار پر ہنسیں گے اور وہ (مومن) تختوں پر بیٹھے دیکھتے ہوں گے۔

اسی طرح حضرت نوح علیہ السلام کی امت جب ان کو کشتی بنانے میں مشغول دیکھتی تو وہ ہنستے تھے۔ تو انہوں نے فرمایا۔ ارشاد خداوندی ہے۔

قَالَ إِنْ تَسْخَرُوا مِنَّا فَإِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُونَ۔ (۲)

فرمایا اگر تم ہم پر ہنستے ہو تو بے شک ہم بھی تم پر ہنسیں گے جیسا تم ہنستے ہو۔

تو یہ دیکھنے والوں کی حد ہے۔

دوسری نظر اس شخص کی ہے جو اپنے نفس سے فنا کے مقام کو نہیں پہنچا ان لوگوں کی دو قسمیں ہیں ایک وہ جو صرف اپنا وجود ثابت کرتے ہیں اور اس بات سے انکار کرتے ہیں کہ ان کے لیے کوئی رب ہو جس کی عبادت کی جائے یہی لوگ اندھے اور اوندھے ہیں اور ان کا اندھا پن دونوں آنکھوں میں ہے کیوں کہ انہوں نے اس بات کی نفی کی جو تحقیقاً ثابت ہے اور وہ قیوم جو بنفسہٖ قائم ہے اور ہر ایک کے عمل کو قائم رکھنے والا ہے اور جو بھی قائم ہے (اسی) کے ساتھ قائم ہے۔ ان بیوقوں نے صرف اسی بات پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اپنے آپ کو ثابت کیا اور اگر وہ سوچتے تو انہیں معلوم ہوتا کہ ان کا وجود کے لیے بقا نہیں ہے اور نہ ہی ان کا کوئی وجود ہے اور ان کا وجود اس لیے ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو وجود میں لایا اس اعتبار سے نہیں کہ وہ پائے گئے۔ موجود اور مُوجِد میں فرق ہے اور موجود دو ہی ہیں ایک موجود اور دوسرا وہ جسے وجود میں لایا گیا پس (حقیقی) موجود حق ہے اور جسے وجود دیا گیا وہ ذاتی طور پر باطل ہے اور موجود قائم اور قیوم ہے جب کہ مُوجَد (جسے وجود عطا کیا گیا) ہلاک ہونے والا اور فانی ہے اور جب حقیقت یہ ہے کہ۔

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ۔ (۳)

ہر ایک کے لیئے فنا ہے۔

تو صرف تیرے رب کی ذات ہی باقی رہے گی وہ جو جلال اور اکرام والا ہے دوسرا فریق اندھا نہیں بھینگا ہے کیوں کہ یہ لوگ ایک آنکھ سے موجود برحق کے وجود کو دیکھتے ہیں پس وہ اس کا انکار نہیں کرتے اور اگر دوسری آنکھ بالکل اندھی ہو چکی ہو تو وہ موجود برحق کے غیر کے فنا ہونے کو نہیں دیکھتے بلکہ اس کے ساتھ کسی اور کے وجود کو بھی دیکھتے ہیں ایسے لوگ یقیناً مشرک ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ مطففین آیت ۲۹ تا ۳۵

(۲) قرآن مجید، سورۂ ہود آیت ۳۸

(۳) قرآن مجید، سورۂ رحمٰن آیت ۲۶

جیسا کہ پہلے گروہ نے انکار کیا اور اگر اندھا پن تجاوز کر کے چند حیانے تک پہنچ جائے تو وہ دونوں موجودوں میں فرق ثابت کرتے ہیں ایک کو رب اور دوسرے کو بندہ کہتے ہیں تو اس قدر بات کر دونوں میں فرق اور دوسرے موجود میں نقصان دیکھنا توحید کی حد میں داخل ہے پھر اگر آنکھ میں ایسا سرمہ لگائے تو اس کے انوار میں اضافہ کرتا ہے تو چند حیانا کم ہو جاتا ہے اور جس قدر آنکھ کی روشنی بڑھتی جائے گی اسی قدر اس چیز میں کمی نظر آئے گی جسے اللہ تعالیٰ کے سوا ثابت کیا ہے اگر وہ اسی راستے پر برقرار رہے تو یہ کمی دوسرے وجود کے خاتمے کا باعث بنے گی اب وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں دیکھے گا اور صرف اللہ تعالیٰ کو ہی دیکھے گا اور یوں اسے کامل توحید کا رتبہ حاصل ہو گا اور جب غیر خدا کے وجود میں نقص پاتا ہے تو توحید کے آغاز میں داخل ہو جاتا ہے اور ان دونوں کے درمیان بے شمار درجات ہیں ۔ اسی لیے موحدین کے درجات میں تفاوت ہوتا ہے ۔

وہ سرمہ جس سے آنکھوں کو انوار حاصل ہوتے ہیں وہ کتابیں ہیں جو رسولوں پر نازل کی گئیں انبیاء کرام سرمہ لگانے والے ہیں اور وہ توحید محض کی طرف بلانے کے لیے تشریف لائے ہیں جس کا مضمون "لا الہ الا اللہ" ہے اور اس کا معنیٰ یہ ہے کہ صرف واحد حق کو دیکھے اور کمالِ توحید تک پہنچنے والے بہت کم ہیں مشرک اور منکر بھی کم ہیں اور وہ توحید کے بالمقابل دوسری طرف ہیں جب بت پرستوں نے کہا ۔

مَا نَعۡبُدُهُمۡ اِلَّا لِيُقَرِّبُوۡنَاۤ اِلَى اللّٰهِ زُلۡفٰى ۔ (۱) ہم ان (بتوں) کی پوجا اس لیے کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اللہ تعالیٰ کے قریب کر دیں ۔

تو یہ توحید کے اوائل ہی کچھ ضعف کے ساتھ داخل ہوئے اور درمیانے درجے کے لوگ زیادہ ہیں ان میں سے بعض وہ ہیں جن کی بصیرت بعض حالات میں کھلتی ہے اور ان کے لیے توحید کے حقائق روشن ہوتے ہیں لیکن وہ بجلی کی طرح چمکتے ہیں باقی نہیں رہتے اور بعض کے لیے چمکتے ہیں اور ایک عرصہ تک باقی رہتے ہیں لیکن دائمی نہیں ہوتے ان کا دوام بہت کم ہوتا ہے ۔

لِكُلٍّ اِلٰى شَاْوِ الْعَلَاءِ حَرَكَاتٌ وَلٰكِنْ عَزِيْزٌ فِى الرِّجَالِ ثَبَاتٌ ۔ ہر ایک کے لیے جو کچھ وہ چاہتے ہیں حرکات ہیں لیکن لوگوں کا ثابت رہنا بہت نادر ہے ۔

اور جب اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو طلبِ قرب کا حکم دیا تو آپ سے فرمایا گیا ۔

وَاسۡجُدۡ وَاقۡتَرِبۡ ۔ (۲) اور سجدہ کریں اور قرب حاصل کریں

اس پر آپ نے سجدے میں یوں دعا مانگی ۔

---

(۱) قرآن مجید، سورہ زمر آیت ۳

(۲) قرآن مجید، سورۂ علق آیت ۱۹

اَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ وَاَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِی ثَنَاءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰی نَفْسِكَ۔ (۱)	میں تیرے عفو کے ساتھ تیرے عذاب سے پناہ چاہتا ہوں۔ اور تیری رضا کے سبب تیری ناراضگی سے پناہ کا طالب ہوں اور تجھ سے تیرے ہاں پناہ کا طلب گار ہوں میں تیری تعریف کا حق ادا نہیں کر سکتا تو اسی طرح ہے جس طرح تو نے اپنی تعریف بیان کی۔

اس دعا کا پہلا جملہ "اعوذ بعفوك من عقابك" صرف اللہ تعالیٰ کے افعال کے مشاہدہ کی صورت کہا گیا گویا آپ نے صرف اللہ تعالیٰ اور اس کے افعال کو دیکھا تو اس کے فعل سے اس کے فعل کی پناہ طلب کی پھر جب قرب حاصل ہوا اور افعال کے مشاہدہ سے مقام فنا کا حصول ہو گیا اور مصادر افعال یعنی صفات کی طرف ترقی کی تو عرض کیا "اعوذ برضاك من سخطك" اور یہ دونوں صفتیں ہیں پھر توحید میں نقصان پایا تو مزید قرب حاصل کیا اور مشاہدہ صفات سے مشاہدہ ذات کی طرف ترقی کی اور عرض کیا "اعوذ بك منك" تو یہ اللہ تعالیٰ کے فعل اور صفت کو دیکھے بغیر اس کی ذات کی طرف جانا ہے لیکن اپنے آپ کو اسی سے اسی کی طرف بھاگنے والا دیکھا اور استعاذہ اور ثناء کرتے ہوئے دیکھا تو اپنی ذات کے مشاہدہ سے مقام فنا حاصل کیا کیوں کہ اس میں بھی کمی دیکھی اور مزید قریب ہوئے تو عرض کیا "لا احصی ثناء علیك انت كما اثنيت على نفسك" تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قول "لا احصی" فنائے نفس سے نیز مشاہدۂ نفس سے خروج کی خبر ہے اور "انت كما اثنيت على نفسك" اس بات کا بیان ہے کہ وہی ثنا بیان کرنے والا ہے اور اسی کی ثنا بیان کی جاتی ہے اور ان سب باتوں کا آغاز بھی اسی سے ہوتا ہے اور رجوع بھی اسی طرف ہوتا ہے اور یہ کہ اس کی ذات کے سوا سب کچھ ہلاک ہونے والا ہے۔ غرضیکہ جہاں موحدین کے مقامات کی انتہا ہوتی ہے وہاں سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام کا آغاز ہوتا ہے وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے افعال کے سوا کچھ نہ دیکھا تو آپ اسی کے فعل سے اسی کے فعل میں پناہ چاہتے ہیں۔ تو دیکھئے آپ کی انتہا کیا ہے جب آپ واحد برحق تک پہنچتے ہیں حتیٰ کہ آپ ذات حق کے سوا ہر قسم کے مشاہدہ سے بلندی تک پہنچ گئے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب ایک درجہ سے دوسرے درجہ تک ترقی کرتے تو دوسرے کے مقابلے میں پہلے مرتبہ کو دُوری خیال فرماتے تھے چنانچہ آپ پہلے مرتبہ سے استغفار کرتے تھے اور اسے اپنے سفر میں نقصان اور مقام میں کمی سمجھتے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے۔

آپ نے فرمایا۔

اِنَّهٗ لَيُغَانُ عَلٰی قَلْبِیْ حَتّٰی اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ	میرے دل پر کچھ پردہ سا آجاتا ہے یہاں تک کہ میں دن

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۵۸ مرویات عائشہ

فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ سَبْعِيْنَ مَرَّةً ۔ (۱)　　اور رات میں ستر مرتبہ استغفار کرتا ہوں۔

اور یہ اس لیے ہوتا تھا کہ آپ ستر مقامات تک ترقی حاصل کریں جن میں سے بعض دوسرے بعض سے بلند ہیں ان میں سے پہلا مقام اگرچہ مخلوق کی طاقت سے نہایت بلند تھا لیکن دوسرے کی نسبت سے نقصان میں ہوتا تھا۔ تو آپ کے استغفار کا یہی مقصد تھا۔ اور جب ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو تمام اگلی پچھلی خلاف اولیٰ باتوں سے محفوظ نہیں فرمایا تو یہ سجدے میں رونا اور یہ سخت محنت کس لیے ہے؟ تو آپ نے فرمایا۔

اَفَلَآ اَكُوْنَ عَبْدًا شَكُوْرًا ۔ (۲)　　کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں۔

مطلب یہ ہے کہ کیا میں مزید مقامات کا طلب گار نہ بنوں بے شک شکر مزید نعمت کے حصول کا سبب ہے ارشاد خداوندی ہے۔

لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ ۔ (۳)　　اگر تم شکر ادا کرو گے تو میں تمہیں مزید عطا کروں گا۔

اب جب ہم مکاشفہ کے سمندر میں جا گھسے ہیں تو ہمیں لگام پکڑ لینی چاہیے اور ہم ان باتوں کی طرف رجوع کریں جو علم معاملہ کے مناسب ہیں تو ہم کہتے ہیں۔ انبیاء کرام علیہم السلام کو اس مقصد کے لیے بھیجا گیا کہ وہ لوگوں کو کمال توحید کی دعوت دیں جس کا ذکر ہم نے کیا ہے لیکن ان کے اور کمال توحید کے درمیان بہت دُور کی مسافت ہے اور سخت گھاٹیاں ہیں اور شریعت تمام کی تمام اس مسافت اور گھاٹیوں کو طے کرنے کا طریقہ بتاتی ہے تو اس وقت کسی اور مشاہدہ اور مقام کی طرف نظر ہوتی ہے پس اس مقام پر اس مشاہدے کی طرف اضافت کرتے ہوئے شکر، شاکر اور مشکور ظاہر ہوتے ہیں۔ اور یہ بات مثال کے ذریعے واضح ہوتی ہے تو ہم کہتے ہیں تمہارے لیے یہ بات سمجھنا ممکن ہے کہ فرض کیجئے ایک بادشاہ نے اپنے غلام کی طرف جو اس سے دور تھا، سواری، لباس اور نقد رقم بھیجی تا کہ وہ اسے راستے کے اخراجات میں استعمال کرے دُور کا سفر طے کرے اور بادشاہ کے دربار کا قرب حاصل کرے پھر اس کی دو حالتیں ہوتی ہیں ایک یہ کہ وہ یہاں آکر کچھ امور انجام دے گا اور اس کی خدمت سے فائدہ ہوگا دوسرا یہ کہ اس غلام کے آنے سے بادشاہ کو کوئی فائدہ نہیں اور نہ ہی اسے اس کی کوئی حاجت ہے بلکہ اس کے آنے سے اس کی حکومت میں کوئی اضافہ بھی نہیں ہوتا کیوں کہ اس کی خدمت سے بادشاہ کو کوئی ایسا فائدہ حاصل نہیں ہوتا کہ وہ بے فکر ہو جائے اور اس کی عدم موجودگی سے بادشاہی میں کوئی خرابی بھی پیدا نہیں ہوتی لہٰذا اسے سواری اور زادِ راہ دینے کا مقصد صرف یہ ہے کہ غلام اس کا قرب حاصل کرے اور اس کے دربار کی سعادت سے بہرہ ور ہو کر خود اپنے آپ کو نفع پہنچائے یہ مقصد

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۴۶ کتاب الذکر

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۱۱۵ مرویات عائشہ

(۳) قرآن مجید، سورۃ ابراہیم آیت ۷

نہیں کہ اس سے بادشاہ کو نفع حاصل ہو تو اللہ تعالیٰ کی نسبت سے بندوں کو دوسرے مرتبے میں آنا چاہیے پہلے مرتبے میں نہیں کیوں کہ وہ اللہ تعالیٰ پر محال ہے دوسرا محال نہیں ہے۔

پھر یہ بات بھی معلوم ہونی چاہیئے کہ بندہ پہلی حالت میں محض سواری کے مل جانے اور بادشاہ تک پہنچ جانے سے شکر گزار نہیں ہو جاتا جب تک بادشاہ کی اس خدمت میں مصروف نہ ہو جائے جو اس (بادشاہ) کا مقصد ہے دوسری حالت میں خدمت کی حاجت بالکل نہیں ہوتی لیکن اس کے باوجود اسے شکر گزار یا ناشکری کرنے والا ہونا تصور کیا جا سکتا ہے شکر کی صورت یہ ہے کہ مالک نے اس کی جو ڈیوٹی لگائی ہے اس پر عمل کرے اور اس کی ذات کو سامنے رکھے اپنے لیے نہ کرے اور ناشکری اس کے خلاف ہے مثلاً یا تو وہ کام ہی نہ کرے یا ایسا کام کرے جو بادشاہ سے دوری کا باعث ہو پس جب غلام کپڑا پہنے یا گھوڑے پر سوار ہو اور زاد راہ راستے میں ہی خرچ کرے تو اس نے اپنے مالک کا شکر ادا کیا کیوں اس نے اس کی دی ہوئی نعمت کو اسی کی محبت میں استعمال کیا یعنی جس طرح وہ غلام کا نفع چاہتا تھا اپنا نہیں اور اگر سوار ہو کر اس کے پاس نہ آئے بلکہ دور چلا جائے تو اس نے اس کی نعمت کی ناشکری کی یعنی اس نے اس نعمت کو اس کام کے لیے استعمال کیا جسے بادشاہ اسی غلام کی خاطر ناپسند کرتا تھا اپنے لئے نہیں۔

اور اگر وہ بیٹھ جائے اور بالکل سوار نہ ہو نہ تو طلب قرب کے لیے اور نہ ہی طلب بُعد کے لیے، تو بھی اس نے اس کی نعمت کی ناشکری کی۔ کیونکہ اسے بے کار چھوڑ دیا اگرچہ یہ اس کے مقابلے میں کم درجہ میں ہے جب اسے دوری کے لیے استعمال کرے تو اللہ تعالیٰ نے اسی طرح مخلوق کو پیدا فرمایا وہ ابتدائے فطرت میں خواہشات کے استعمال کے محتاج ہیں تاکہ ان کے بدن مکمل ہوں تو ان خواہشات کی وجہ سے وہ بارگاہ خداوندی کی حاضری سے محروم رہتے ہیں جب ان کی سعادت قرب میں ہے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے وہ نعمتیں تیار کیں وہ درجۂ قرب کے پانے میں ان کے استعمال پر قادر ہیں اور اسی قرب و بُعد کو اللہ تعالیٰ نے اس طرح تعبیر فرمایا۔

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ ثُمَّ رَدَدْنَاهُ أَسْفَلَ سَافِلِينَ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا۔ (۱)

بے شک ہم نے انسان کو نہایت اچھے سانچے میں پیدا فرمایا پھر اسے سب سے نچلے درجے کی طرف پھیر دیا مگر وہ لوگ جو ایمان لائے۔

تو اللہ تعالیٰ نے بطور انعام ایسے آلات عطا فرمائے جن کے ذریعے بندہ اسفل السافلین سے ترقی کر سکتا ہے اللہ تعالیٰ نے وہ آلات بندے کے لیے پیدا فرمائے حتیٰ کہ وہ ان کے ذریعے قرب کی سعادت حاصل کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس سے بے نیاز ہے وہ قریب ہو یا بعید۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ والتین آیت ۴، ۵، ۶

اور بندے کو اختیار ہے ان آلات کو اطاعت کے لیے استعمال کرے اگر ایسا کرے گا تو اپنے مولی کی محبت کی موافقت کی وجہ سے اس نے شکر ادا کیا اور اگر گناہ میں استعمال کرتا ہے تو اس نے اللہ تعالیٰ کی ناشکری کی کیوں کہ ان آلات کے ذریعے وہ کام کیا جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے اور وہ اس پر راضی نہیں ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ بندے کے کفر اور نافرمانی کو پسند نہیں کرتا اور اگر وہ ان آلات کو معطل چھوڑ دیتا ہے نہ عبادت میں استعمال کرتا ہے اور نہ ہی گناہ میں تو نعمت کو ضائع کرنے کی وجہ سے یہ بھی ناشکری ہے اور دنیا میں جو کچھ پیدا کیا گیا ہے وہ بندے کے لئے بطور وسیلہ پیدا کیا گیا ہے تاکہ اس کے ذریعے اُخروی سعادت تک پہنچے۔ اور اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرے پس ہر اطاعت گزار اپنی اطاعت کی مقدار ان اسباب میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہے جن کو اس نے اطاعت میں استعمال کیا اور وہ شخص جو سستی کرتے ہوئے ان اسباب کا استعمال نہیں کرتا یا گناہ گار جو ان اسباب کو اللہ تعالیٰ سے دوری کے لیے استعمال کرتا ہے وہ ناشکرا ہے اور اللہ تعالیٰ کی محبت کے مطابق عمل نہ کرنے کی وجہ سے زیادتی کرنے والا ہے۔

تو نافرمانی اور اطاعت دونوں کو مشیئت شامل ہے لیکن ان کو محبت اور کراہت شامل نہیں ہے بلکہ بعض اوقات مراد محبوب ہوتی ہے اور کئی مرادیں ناپسندیدہ ہوتی ہیں اس دقیقہ سے آگے تقدیر کا راز ہے جس کے انشاء سے منع کیا گیا ہے اس سے پہلے مسئلہ حل ہو گیا وہ یہ کہ جب مشکور کا کوئی فائدہ نہیں تو شکر کا کیا مطلب؟

نیز اس سے دوسرا مسئلہ بھی حل ہو جاتا ہے وہ یہ کہ شکر سے ہماری مراد صرف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمت کو اس کی محبت کی جہت کی طرف پھیرا جائے اور جب نعمت اللہ تعالیٰ کے فضل سے جہت محبت کی طرف پھیری جائے گی تو مراد حاصل ہو جائے گی اور تمہارا فعل اللہ تعالیٰ کی عطا ہے اور چونکہ تم اس محل میں ہو لہذا تمہاری تعریف کی جاتی ہے اور اس کا تعریف کرنا اس کی طرف سے مزید ایک نعمت ہے وہی عطا کرتا ہے اور وہی تعریف بھی کرتا ہے اور اس کا ایک فعل دوسرے فعل کے لیے اس بات کا سبب ہے کہ وہ اس کی محبت میں کیا جائے تو ہر حال میں اسی کا شکر ہے اور تم شکر کرنے کی صفت سے موصوف ہو۔ یعنی تم اس معنیٰ کا محل ہو جو شکر سے عبارت ہے یہ مطلب نہیں کہ تم اس کے موجد ہو جیسا کہ تمہاری یہ صفت ہے کہ تم عارف و عالم ہو یہ مطلب نہیں کہ تم علم کے خالق اور موجد ہو بلکہ تم اس کے محل ہو اور قدرت ازلی کے ذریعے آپ میں ان صفات کا وجود پایا جاتا ہے پس تمہارا یہ وصف کہ تم شاکر ہو ایک چیز کو تمہارے لیے ثابت کرتا ہے اور تم بھی ایک چیز ہو کہ خالق اشیاء نے تمہیں بھی ایک شے بنایا ہے لیکن جب تم اپنے آپ کو ذاتی طور پر کچھ سمجھنے لگو تو تم کچھ بھی نہیں ہو لیکن جب اس ذات کی طرف نظر ہو جس نے اشیاء کو اشیاء بنایا تو تم ایک شے ہو کیوں کہ اس نے تمہیں ایک شے بنایا ہے لیکن جب یہ بات تمہارے پیش نظر نہ ہو تو تم کوئی چیز نہیں ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی بات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔

اِعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ ــــ عمل کرو جس کو جس مقصد کے لیے پیدا کیا گیا ہے وہ کام

لہٗ۔ (۱) اس کے لیے آسان کردیا گیا ہے۔

آپ نے یہ بات اس وقت ارشاد فرمائی جب آپ کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ جب اس سے پہلے ہی اشیاء سے فراغت ہو چکی ہے تو عمل کی کیا ضرورت ہے۔

تو واضح ہوا کہ مخلوق اللہ تعالیٰ کی قدرت کے جاری ہونے کی جگہ اور اس کے افعال کا محل ہے اگرچہ لوگ خود بھی اس کے افعال کا محل ہے اگرچہ لوگ خود بھی اس کے افعال میں سے ہیں لیکن بعض افعال، بعض کے لیے محل قرار پاتے ہیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی "اعملوا" (عمل کرو) اگرچہ آپ کی زبان پر جاری ہوا لیکن یہ بھی اللہ تعالیٰ کے افعال میں سے ایک فعل ہے اور وہ مخلوق کے اس کا سبب ہے کہ عمل نفع بخش ہے اور ان کا علم اللہ تعالیٰ کے افعال میں سے ایک فعل ہے اور علم اس داعیہ کو ابھارنے کا سبب ہے جو حرکت اور اطاعت کا باعث ہے اور اس داعیہ کا اٹھنا بھی اللہ تعالیٰ کے افعال میں سے ہے اور وہ حرکت اعضاء کا سبب ہے اور یہ بھی افعالِ خداوندی میں سے ہے لیکن اس کے بعض افعال، دوسرے بعض کا سبب ہیں یعنی پہلا، دوسرے کے لیے شرط ہے جیسے جسم کی تخلیق، عرض کی تخلیق کا سبب ہے کیوں کہ عرض اس سے پہلے پیدا نہیں ہوتا اور حیات کی تخلیق، علم کی تخلیق کے لیے شرط ہے اور علم کی تخلیق ارادے کی تخلیق کے لیے شرط ہے اور یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے افعال سے ہیں لیکن ان میں بعض، دوسرے بعض کا سبب ہیں یعنی شرط ہیں۔

اور شرط ہونے کا مطلب یہ ہے کہ فعل حیات کی قبولیت کے لیے صرف جوہر تیار ہوتا ہے اور قبول علم کے لیے وہی تیار ہوتا ہے جس میں حیات ہو اور ارادے کو صرف علم والا ہی قبول کرتا ہے تو اس کے بعض افعال دوسرے بعض کے لیے اس اعتبار سے سبب بنے اس معنی کے اعتبار سے نہیں کہ اس کے بعض افعال دوسروں کے لیے موجد ہیں بلکہ وہ غیر کے لیے شرط حصول کو تیار کرنے والے ہیں جب یہ بات ثابت ہو جائے تو آدمی توحید کے اس درجہ تک ترقی کرتا ہے جس کا ذکر ہم نے اوپر کیا ہے۔

سوال:

اللہ تعالیٰ نے یہ کیوں فرمایا کہ عمل کرو ورنہ تمہیں سزا ہوگی اور نافرمانی پر تمہاری مذمت کی جائے گی حالانکہ ہمارے اختیار میں تو کچھ بھی نہیں پس ہماری مذمت کیسے ہوتی ہے جب کہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔

جواب:

اللہ تعالیٰ کا یہ حکم ہمارے ایک عقیدے کا باعث بنتا ہے اور عقیدہ خوف پیدا کرنے کا سبب ہوتا ہے اور خوف کا پیدا ہونا خواہشات کو چھوڑنے اور دھوکے کے گھر (دنیا) سے کنارہ کشی کا سبب ہوتا ہے اور یہ بات بارگاہ خداوندی میں حاضری کا سبب بنتی ہے اور اللہ تعالیٰ اسباب کو پیدا کرنے والا اور ترتیب دینے والا ہے۔

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۷۰۸، کتاب التفسیر

پس جس شخص کے لیے ازل میں سعادت سبقت لے گئی اس کے لیے یہ اسباب آسان ہو جاتے ہیں حتیٰ کہ وہ اسے اسی ترتیب اور سلسلہ کے ساتھ جنت میں پہنچا دیتے ہیں اور اسی سلسلے میں کہا گیا ہے کہ ہر شخص کے لیے وہ کام آسان کر دیا گیا جس کے لیے اسے پیدا کیا گیا ہے اور جس شخص کے لیے ازل میں سعادت نے سبقت نہیں کی وہ اللہ تعالیٰ کے کلام، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث مبارکہ اور علماء کرام کے وعظ و نصیحت کو سننے سے دُور بھاگتا ہے تو جب سنے گا نہیں تو اسے علم نہیں ہوگا اور جب علم نہیں ہوگا تو ڈرے گا نہیں اور جب ڈرے گا نہیں تو دنیا کی طرف میلان کو ترک نہیں کرے گا اور جب دنیا کی طرف جھکاؤ کو نہیں چھوڑے گا تو شیطان کی جماعت میں رہے گا۔ اور ان سب کا ٹھکانہ جہنم ہے۔

جب تمہیں یہ بات معلوم ہو گئی تو تمہیں اس بات پر تعجب ہوگا کہ ایک قوم زنجیروں کے ساتھ جنت کی طرف کھینچی جا رہی ہے اور وہ اسباب کی زنجیروں میں کھینچے جا رہے ہیں یعنی ان پر علم اور خوف مسلط ہے اور ہر ذلیل و رسوا شخص کو جہنم کی طرف کھینچا جا رہا ہے اور اس کے لیے بھی اسباب ہیں اور وہ غفلت، بے خوفی اور مغالطہ ہے تو متقی لوگوں کو جنت کی طرف زبردستی کھینچا جا رہا ہے اور مجرموں کو جہنم کی طرف بھی زبردستی کھینچا جا رہا ہے اور زور و زبردستی والا تو صرف اللہ تعالیٰ ہے جو واحد و قہار ہے اور اس جبار بادشاہ کے سوا کوئی قادر نہیں ہے۔

اور جب غافل لوگوں کی آنکھوں سے پردہ دُور ہوگا تو وہ اس کیفیت کو اسی طرح دیکھیں گے اس وقت ایک منادی کی ندا سنیں گے۔

لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ۔ آج کس کی بادشاہی ہے؟ اللہ تعالیٰ کی بادشاہی ہے جو ایک ہے زبردست ہے۔ (۱)

حالانکہ وہ بادشاہ اللہ تعالیٰ واحد و قہار تو ہر دن موجود تھا صرف اسی دن تو نہیں ہوگا لیکن غافل اس ندا کو صرف اسی دن سنیں گے پس یہ اس بات کے بارے میں خبر ہے کہ غافلین کو نئے سرے سے کشفِ احوال ہوگا لیکن اس وقت وہ نفع نہیں دے گا۔ ہم جہالت اور اندھے پن سے اللہ تعالیٰ حلیم و کریم کی پناہ چاہتے ہیں کیوں کہ ہلاکت کے اصل اسباب یہی (جہالت اور غفلت) ہیں۔

فصل:

اللہ تعالیٰ کی پسند و ناپسند میں امتیاز

جب تک اس بات کی پہچان نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کو کیا پسند ہے اور کیا ناپسند اس وقت تک شکر بجالانے اور ناشکری ترک کرنے کا عمل مکمل نہیں ہوتا کیوں کہ شکر کا معنیٰ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو اس کے پسندیدہ مقامات میں استعمال کرنا ہے اور ناشکری کا مفہوم

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ غافر آیت ۱۶

اس کے برعکس ہے اور وہ یا تو نعمت کا استعمال بالکل چھوڑ دیتا ہے یا اسے اس جگہ استعمال کرتا ہے جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے۔

اللہ تعالیٰ کی پسند و ناپسند کے درمیان تمیز کا ادراک دو باتوں سے ہوتا ہے ایک سماعت ہے جس کا تعلق آیات و احادیث سے ہے اور دوسری بات قلبی بصیرت سے ہے یعنی اعتبار کی نظر سے دیکھنا اور یہ دوسری بات مشکل ہے اسی لیے یہ نادر ہے اور اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے رسل عظام کو مبعوث فرما کر ان کے ذریعے مخلوق کے لیے راستہ آسان کر دیا۔ اور اس بات کی پہچان بندوں کے افعال سے متعلق تمام احکام شرعیہ کی پہچان پر مبنی ہے تو جو آدمی اپنے تمام افعال میں احکام شرعیہ پر مطلع نہیں اس کے لیے شکر کا حق ادا کرنا بالکل ناممکن ہوتا ہے۔

دوسری بات یعنی غور و فکر اور اعتبار و قیاس کی نظر سے دیکھنا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جو مخلوق موجود ہے اس میں اللہ تعالیٰ کی حکمت کا ادراک ہو جائے کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے اس عالم میں جو کچھ پیدا فرمایا اس میں کوئی نہ کوئی حکمت ضرور ہے اور حکمت کے تحت مقصود ہے اور یہی مقصود محبوب ہے۔

پھر یہ حکمت دو قسموں یعنی جلی اور خفی میں تقسیم ہوتی ہے جلی (واضح) حکمت کی مثال یہ جاننا ہے کہ سورج کو پیدا کرنے کی حکمت یہ ہے کہ اس کے ذریعے رات اور دن میں امتیاز ہو جائے پس دن کمانے کے لیے ہو اور رات آرام کرنے کے لیے دیکھنے کے وقت حرکت آسان ہوتی ہے اور اندھیرے کے وقت سکون آسان ہوتا ہے سورج کی تمام حکمتیں یہی نہیں بلکہ یہ بھی اس کی حکمتوں میں سے ایک حکمت ہے اس میں دیگر کئی دقیق حکمتیں ہیں اسی طرح بادلوں اور بارش برسنے کی حکمت کا علم ہے کہ ان کے ذریعے زمین میں سے طرح طرح کی سبزیاں نکلتی ہیں جو مخلوق کا کھانا اور جانوروں کا چارہ بنتی ہیں قرآن پاک نے ان حکمتوں کو بیان فرمایا ہے جو واضح ہیں اور لوگوں کے ذہنوں میں آسکتی ہیں دقیق و باریک حکمتیں جن تک ذہن کی رسائی نہیں ہوتی ان کو بیان نہیں فرمایا ارشاد خداوندی ہے۔

أَنَّا صَبَبْنَا الْمَاءَ صَبًّا ثُمَّ شَقَقْنَا الْأَرْضَ شَقًّا فَأَنْبَتْنَا فِيهَا حَبًّا وَعِنَبًا وَقَضْبًا۔ (۱)

بے شک ہم نے اچھی طرح پانی بہایا (بارش برسائی) پھر زمین کو پوری طرح چیر کر اس میں سے غلہ اور انگور اور سبزی اگائے۔

تمام ستارے جن میں کواکب بھی ہیں اور ثوابت بھی، کی حکمت پوشیدہ ہے اس پر سب لوگ مطلع نہیں ہو سکتے مخلوق کے ذہن میں صرف اتنی بات آسکتی ہے کہ یہ آسمان کی زینت ہیں تاکہ ان کو دیکھنے سے آنکھیں لطف اندوز ہوں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے۔

إِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِزِينَةٍ

بے شک ہم نے آسمان دنیا (پہلے آسمان) کو ستاروں کے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ عبس آیات ۲۵ تا ۲۸

اَلْکَوَاکِب ۔ (۱) ساتھ زینت بخشی۔

تو عالم کے تمام اجزاء یعنی آسمان، ستارے، ہوائیں، سمندر، پہاڑ، کانیں، نباتات، حیوانات اور حیوانات کے اعضاء بلکہ ایک ذرہ بھی بے شمار حکمتوں سے خالی نہیں ہے ایک حکمت، دس حکمتیں اور ہزار دس ہزار حکمتیں ہیں اسی طرح حیوان کے اعضاء کی بعض حکمتیں سمجھ میں آتی ہیں جیسے اس بات کا علم کہ آنکھ دیکھنے کے لیے ہے پکڑنے کے لیے نہیں، ہاتھ پکڑنے کے لیے ہے چلنے کے لیے نہیں اور پاؤں چلنے کے لیے ہے سونگھنے کے لیے نہیں۔

لیکن باطنی اعضاء مثلاً آنتیں، پتہ، جگر، گردہ، رگیں، پٹھے عضلات (سخت گوشت) اور ان اعضاء میں سوراخ، خم، جال مڑا ہوا ہونا، نرمی سختی اور باقی تمام صفات کی حکمت کو سب لوگ نہیں جانتے اور جو لوگ جانتے ہیں وہ بھی اللہ تعالیٰ کے علم کی نسبت بہت کم جانتے ہیں ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَآ اُوْتِیْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلًا ۔ (۲) اور تمہیں علم سے تھوڑا سا حصہ دیا گیا ہے

تو جو شخص کسی چیز کو اس جہت کے غیر میں استعمال کرتا ہے جس کے لیے اسے پیدا کیا گیا ہے اور اس طریقے پر استعمال نہیں کرتا جس کا ارادہ کیا گیا ہے وہ اس میں اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری کرتا ہے جو شخص کسی کو اپنے ہاتھ سے مارتا ہے وہ ہاتھ کی نعمت کی ناشکری کر رہا ہے کیوں کہ ہاتھ کو پیدا کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اس کے ذریعے ہلاکت میں ڈالنے والی چیز کو دور کرے اور نفع بخش چیز کو پکڑے اس لیے نہیں کہ اس کے ذریعے دوسرے کو ہلاک کر دے۔

جو آدمی غیر محرم کے چہرے کو دیکھتا ہے وہ آنکھوں اور سورج کی صورت میں حاصل ہونے والی نعمت کی ناشکری کرتا ہے کیوں کہ دیکھنے کا عمل ان دونوں (آنکھ اور سورج) سے مکمل ہوتا ہے اور ان کو پیدا کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ان کے ذریعے ان چیزوں کو دیکھے جو اسے دین و دنیا میں نفع دیں اور نقصان دہ امور سے محفوظ رہے لیکن اس نے ان کو غیر مقصود امور میں استعمال کیا کیوں کہ مخلوق کو پیدا کرنے اور دنیا اور اس کے اسباب کو پیدا کرنے کا مقصد یہ ہے کہ لوگ ان چیزوں کی مدد سے اللہ تعالیٰ تک پہنچیں اور اللہ تعالیٰ کی محبت و انس کے بغیر اس تک پہنچنا ممکن نہیں نیز اس تک رسائی کے لئے دنیا کے دھوکے سے بچنا بھی ضروری ہے۔

نیز انس کے حصول کے لیے دائمی ذکر ضروری ہے اور محبت، اس معرفت کے بغیر نہیں ہو سکتی جو دوام فکر سے حاصل ہوتی ہے اور ذکر و فکر دوام اسی وقت ہو سکتا ہے جب بدن کو دوام حاصل ہو اور بدن کے بقاء کے لیے غذا ضروری ہے اور غذا کی تکمیل زمین، پانی اور ہوا کے بغیر نہیں ہو سکتی اور اس امر کی تکمیل کے لیے آسمان و زمین اور تمام ظاہری و باطنی اعضاء کی تخلیق

---

(۱) قرآن مجید سورۂ الصافات آیت ۶

(۲) قرآن مجید سورۂ اسراء آیت ۸۵

ضروری ہے تو یہ سب چیزیں بدن کے لیے ہیں اور بدن نفس کی سواری ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والا وہی نفس ہے جو طویل عبادت اور معرفت کے ذریعے نفس مطمئنہ بن جاتا ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ ۝ مَا أُرِيدُ مِنْهُمْ مِنْ رِزْقٍ۔ (۱)

اور میں نے جنوں اور انسانوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا فرمایا میں ان سے رزق نہیں چاہتا۔

تو جو آدمی کسی چیز کو اللہ تعالیٰ کی عبادت کے علاوہ میں استعمال کرتا ہے تو وہ ان تمام اسباب کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی ناشکری کرنے والا ہوتا ہے جو اس گناہ کے ارتکاب کے لیے ضروری تھے ہم خفیہ حکمتوں کے سلسلے میں ایک مثال ذکر کرتے ہیں جو زیادہ خفی نہیں تاکہ اس پر قیاس کر کے نعمتوں پر شکر اور ناشکری کا طریقہ معلوم کیا جا سکے۔

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت درہم اور دینار (روپے پیسے) کا پیدا کرنا بھی ہے اور ان دونوں کے ساتھ دنیا قائم ہے حالانکہ یہ دونوں پتھر ہیں جن کا ذاتی طور پر کوئی نفع نہیں لیکن انسان ان دونوں کا محتاج ہے کیوں کہ اسے بہت سی چیزوں مثلاً کھانے، لباس اور دیگر تمام حاجات میں ان کی ضرورت پڑتی ہے اور آدمی بعض اوقات اس چیز سے عاجز ہوتا ہے جس کا وہ محتاج ہوتا ہے اور ایسی چیز کا مالک ہوتا ہے جس کی اسے ضرورت نہیں ہوتی جیسے ایک شخص زعفران کا مالک ہے لیکن اسے اونٹ کی ضرورت ہے جس پر سوار ہو اور جو آدمی اونٹ کا مالک ہوتا ہے بعض اوقات اسے اس کی نہیں بلکہ اسے زعفران کی ضرورت ہوتی ہے لہٰذا دونوں کے درمیان معاوضہ کی ضرورت پڑتی ہے اور عوض کی مقدار مقرر کرنا ضروری ہے کیوں کہ اونٹ والا پورا اونٹ، زعفران کی پوری مقدار کے مقابلے میں خرچ نہیں کر سکتا کیوں کہ زعفران اور اونٹ کے درمیان کوئی مناسبت نہیں ہے کہ کہا جائے وزن اور صورت میں اس کی مثل دیا جائے اسی طرح جو آدمی کپڑے کے بدلے مکان خریدتا ہے یا موزے کے بدلے غلام یا گدھے کے بدلے میں آٹا خریدنا چاہتا ہے تو ان چیزوں کے درمیان کوئی مناسبت نہیں ہے اور معلوم نہیں کہ ایک اونٹ کتنے زعفران کے مقابلے میں ہوگا تو معاملات نہایت مشکل ہو گئے پس ان اشیاء کے درمیان جو ایک دوسرے سے دور اور متنفر ہیں ایک واسطہ کی ضرورت پڑی جو ان کے درمیان عدل کے ساتھ فیصلہ کرے اور ہر ایک کے رتبہ اور منزلت کی پہچان کرائے یہاں تک کہ جب منزلیں پکی اور رتبے مرتب ہو گئے تو اس کے بعد مساوی اور غیر مساوی کی پہچان ہو گئی تو اللہ تعالیٰ نے دینار اور درہم بطور حاکم پیدا فرمائے جو تمام احوال کے درمیان واسطے کا کام دیتے ہیں اور ان کے ذریعے مالوں کی قیمت کا اندازہ ہوتا پس کہا جاتا ہے کہ یہ اونٹ سو دینار کے برابر ہے اور اتنا زعفران ایک سو دینار کے برابر ہے تو اس اعتبار سے کہ یہ دونوں (اونٹ اور زعفران) ایک چیز کے ذریعے باہم برابر قرار دیئے گئے لہٰذا برابر ہو گئے۔

نقدین (درہم و دینار) کے ذریعے چیزوں کو برابر کرنا اس لیے ممکن ہوا کہ ذاتی طور پر ان کی کوئی غرض نہیں ہے اگر

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الذاریات آیت ۵۶، ۵۷

ذاتی طور پر بھی ان کی کوئی غرض ہوتی تو جس مقصد کے لیے ہوئے اسی مطلب والے کے حق میں ان کو ترجیح ہوتی دوسرے کے حق میں نہ ہوتی اور یوں معاملہ درست نہ ہوتا۔

تو اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو پیدا فرمایا کہ یہ سب لوگوں کے ہاتھوں میں جائیں اور مالوں کے درمیان عدل کے ساتھ فیصلہ کریں اور ان میں ایک حکمت یہ بھی رکھی ہے کہ ان کے ذریعے تمام اشیاء تک رسائی ہوتی ہے کیوں کہ یہ دونوں ذاتی طور پر محبوب ہیں لیکن ان دونوں سے کوئی غرض متعلق نہیں ہے اور تمام اشیاء کی طرف ان کی نسبت برابر ہے تو جو آدمی ان دونوں کا مالک ہو گیا گویا وہ تمام چیزوں کا مالک ہو گیا وہ اس شخص کی طرح نہیں ہے جو صرف کپڑے کا مالک ہے کیوں کہ وہ تو صرف کپڑے کا مالک ہے اگر اسے کھانے کی حاجت ہو تو بعض اوقات غلے کا مالک کپڑے میں رغبت نہیں رکھتا کیوں کہ ہو سکتا ہے وہ جانور میں رغبت رکھتا ہو تو ایسی چیز کی حاجت ہوئی جو ظاہر میں تو کچھ نہیں لیکن معنوی طور پر سب کچھ ہے اور ایسی کسی چیز کی نسبت مختلف اشیاء کی طرف مساوی ہوتی ہے اور وہ خصوصی طور پر فائدہ دیتی ہے مثلاً آئینے کا اپنا رنگ نہیں ہوتا لیکن وہ ہر ایک کا رنگ ظاہر کرتا ہے اسی طرح سونے چاندی (درہم و دینار) سے ذاتی طور پر کوئی غرض نہیں ہوتی لیکن یہ ہر غرض کے لیے وسیلہ ہیں اور جیسے حرف کا اپنا کوئی معنیٰ نہیں ہوتا لیکن اس کے ذریعے دوسرے کلمات میں معانی ظاہر ہوتے ہیں تو یہ دوسری حکمت ہے۔

ان (درہم و دینار) میں ایک حکم مزید ہے جس کا ذکر طویل ہے تو جو کوئی روپے پیسے میں وہ عمل نہ کرے جو ان کے لائق ہے بلکہ غرض مقصود کے خلاف ہو تو اس نے اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری کی لہٰذا جو آدمی ان کو خزانہ بنا کر رکھتا ہے وہ ان پر زیادتی کرتا ہے اور ان کی حکمت کو باطل کر رہا ہے۔ اور وہ اس طرح ہے جیسے کوئی مسلمانوں کے حاکم کو قید کر لے اور وہ اس قید کی وجہ سے کوئی حکم نہ دے سکے کیوں کہ جب مال جمع کر دیا گیا تو حکم ضائع ہو گیا اور غرض مقصود حاصل نہ ہوئی اور درہم و دینار کو کسی خاص آدمی زید، عمرو وغیرہ کے لیے نہیں پیدا کیا گیا کیوں کہ انفرادی طور پر اس میں کسی کی غرض نہیں ہے اس لیے کہ یہ تو پتھر ہیں یہ تو اس لیے پیدا کیے گئے ہیں کہ لوگوں کے ہاتھوں میں گردش کریں اور لوگوں کے درمیان حاکم بن جائیں نیز مقداروں کی پہچان کی علامت بنیں اور مراتب کی قیمت متعین کریں پس اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے بارے میں بتایا جو موجودات کے صفحات پر لکھی گئی تحریر خداوندی کو پڑھنے سے عاجز ہیں وہ تحریر جو قدرتی خط سے منقوش ہے جس میں حرف ہے نہ آواز اسے ظاہری آنکھوں سے دیکھا نہیں جاتا بلکہ بصیرت کی آنکھوں سے دیکھا جاتا ہے ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے اپنا کلام سنایا اور کلام حروف اور آواز کے ذریعے ان تک وہ معنیٰ پہنچا جس کے ادراک سے وہ عاجز ہیں تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ	اور وہ لوگ جو سونے اور چاندی کو جمع کرتے ہیں اور
وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ	اسے اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ نہیں کرتے ہیں انہیں

بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ۔ (۱) دردناک عذاب کی خبر دیجئے۔

تو جو شخص درہم اور دینار سے سونے چاندی کے برتن بناتا ہے وہ نعمت کی ناشکری کر رہا ہے اور اس کا حال تو جمع کرنے والے سے بھی برا ہے کیوں کہ اس کی مثال اس شخص جیسی ہے جو حاکم کو قابو کرے اس کو کپڑا بُننے یا جھاڑو پھیرنے پر لگا دیتا ہے یا دیگر گھٹیا قسم کے کام لیتا ہے قید تو اس سے آسان ہے سونے چاندی کے برتن اس لیے برے ہیں کہ برتن تو مائع چیزوں کی حفاظت کے لیے ہوتے ہیں اور اس مقصد کے لیے پیتل تانبا اور مٹی کے برتن کفایت کرتے ہیں لیکن درہم اور دینار کا مقصود مٹی اور لوہے سے حاصل نہیں ہوتا پس جس آدمی کے سامنے یہ حقیقت منکشف نہیں ہوتی اسے زبان رسالت سے اس کا ترجمہ سنا دیا اور اس کے لیے کہا گیا۔

مَنْ شَرِبَ فِیْ اٰنِیَۃٍ مِنْ ذَھَبٍ اَوْ فِضَّۃٍ فَکَاَنَّمَا یُجَرْجِرُ فِیْ بَطْنِہٖ ۔ (۲)

جو آدمی سونے یا چاندی کے برتن میں پیتا ہے گویا وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ ڈال رہا ہے۔

اور جو آدمی درہم اور دینار کے ذریعے سودی کاروبار کرتا ہے وہ وہ بھی نعمت کی ناشکری اور ظلم کرتا ہے کیوں کہ یہ تو دوسرے مقاصد کے لیئے پیدا کئے گئے اپنے لیے نہیں اس لیے کہ ان کی ذاتی غرض کوئی نہیں جب جب ان کی ذاتی تجارت کی گئی تو وضع حکمت کے خلاف کو مقصود بنایا گیا۔ کیوں کہ نقدی کو جس مقصد کے لئے وضع کیا گیا ہے اس کے غیر کے لیے طلب کرنا ظلم ہے اور جس آدمی کے پاس کپڑا ہو لیکن نقدی نہ ہو تو بعض اوقات وہ اس کے ذریعے کھانا اور جانور خریدنے پر قادر نہیں ہوتا کیوں کہ کبھی کھانے اور جانور کا سودا کپڑے کے بدلے نہیں ہوتا تو وہ اسے دوسری نقدی کے بدلے بیچنے پر مجبور ہوتا ہے تاکہ نقدی حاصل ہو اور اس کے ذریعے مقصود تک پہنچے۔

کیوں کہ نقدین (سونا چاندی) دوسری چیزوں تک پہنچنے کا وسیلہ ہیں ذاتی طور پر ان کی کوئی غرض نہیں ہے اور احوال میں ان کا مقام وہی ہے جو کلام میں جیسے حرف کا مقام ہے۔

نحوی کہتے ہیں کہ حرف وہ (کلمہ) ہے جو اپنے غیر میں پائے جانے والے معنی کے لیے آیا ہے یا جس طرح رنگوں میں آئینہ ہے۔

لیکن جس شخص کے پاس نقدی ہے اگر اس کے لیے نقدی کا نقدی کے عوض سودا درست ہو تو وہ اسی کام کو اختیار کرے گا اور نقدی اس کے پاس قید ہو جائے گی اور خزانے کی طرح ہو گی حالاں کہ بادشاہ یا قاصد جو دوسروں تک پہنچتا ہے، کو قید کر دینا ظلم ہے لہٰذا نقدی کو نقدی کے بدلے بیچنے کا مقصد ذخیرہ بنانا ہی ہوتا ہے اور یہ ظلم ہے۔

سوال:

سونے اور چاندی کو ایک دوسرے کے بدلے بیچنا جائز اور درہم کو درہم کے بدلے اس کی زیادتی کے ساتھ بیچنا ناجائز کیوں ہے؟

جواب:

مقصود تک پہنچنے کے معاملے میں یہ ایک دوسرے کے مخالف ہیں کیوں کہ بعض اوقات ان میں سے ایک کے ذریعے مقصود تک رسائی آسان ہوتی ہے کیوں کہ وہ زیادہ ہوتا ہے جیسے درھموں کو ضرورتوں میں تھوڑا تھوڑا خرچ کیا جاتا ہے اور اگر یہ سودا جائز نہ ہو تو خاص اسی سے مقصود کا حاصل کرنا مشکل ہو جائے اور مقصود اس کے ذریعے دوسرے تک پہنچتا ہے اور درہم کو درہم کے بدلے بیچنا جائز ہے کیوں کہ جب دونوں طرف کے درہم برابر ہوں تو عقل مند آدمی کو اس میں رغبت نہیں ہوتی اور کوئی بھی تاجر اس میں مشغول نہیں ہوتا کیوں کہ یہ ایک بے مقصد کام ہے جیسے درہم کو زمین پر رکھ کر پھر اسے ہی اٹھا لے اور ہمیں عقل مند لوگوں سے اس بات کا خطرہ نہیں ہے کہ وہ اپنا وقت درہم کو زمین پر رکھ کر پھر اسے اٹھانے پر صرف کریں اس لیے ہم اس چیز سے منع نہیں کرتے جس کی طرف نفس کا شوق نہ ہو البتہ یہ کہ ان میں سے ایک دوسرے کے مقابلے میں زیادہ عمدہ ہو۔ اور اس کے رواج کا تصور بھی نہیں ہے کیوں کہ عمدہ درہم والا ردی قسم کا درہم لینے کے لیے تیار نہیں ہوتا لہٰذا عقد کی کوئی صورت نہیں بنتی۔

اور اگر وہ ردی درہم زیادہ تعداد میں طلب کرے تو بعض اوقات اس کا قصد ہوتا ہے تو ہم یقیناً ایسے سودے سے منع کرتے ہیں اور یہ حکم دیتے ہیں کہ عمدہ اور ردی دونوں قسم کے درہم برابر ہیں یعنی کھرے پن اور کھوٹے پن کو اس چیزوں میں دیکھنا مناسب ہے جو ذاتی طور پر مقصود ہیں اور جن سے ذاتی طور پر کوئی غرض نہ ہو ان کی ایسی باریک تبدیلیوں کو دیکھنا مناسب نہیں ہے تو یہاں وہ شخص ظالم قرار پاتا ہے جو نقود کو کھوٹے اور کھرے میں تقسیم کرتا ہے حتیٰ کہ وہ ذاتی طور پر مقصود بن جاتے ہیں حالانکہ ان کا حق تو یہ تھا کہ وہ مقصود نہ ہوں۔

اگر ایک درہم دوسرے درہم کے بدلے (برابر، برابر) بطور ادھار بیچا جائے تو یہ جائز نہیں کیوں کہ اس صورت میں احسان کا ارادہ کرتے ہوئے چشم پوشی سے کام لیا جاتا ہے اور قرض جس کی فضیلت ہے، کی صورت میں اس بیع کی حاجت باقی نہیں رہتی اس میں نہ تعریف ہے نہ اجر جب کہ قرض کی صورت میں تعریف بھی ہے اور اجر بھی، نیز یہ بیع ظلم بھی ہے کیوں کہ یہ خصوصی چشم پوشی کو ضائع کرنا اور اسے معاوضے کی صورت میں لانا ہے۔

اسی طرح غلہ غذا کے لیے پیدا کیا گیا ہے یا یہ کہ اسے علاج کے لیے استعمال کیا جائے لہٰذا اسے اس جہت سے پھیرنا نہیں چاہیے اگر اس میں معاملات کا دروازہ کھول دیا جائے تو یہ لوگوں کے ہاتھوں میں بند ہو کر رہ جائے گا اور کھانا جو اس سے مقصود ہے پیچھے رہ جائے گا۔

اللہ تعالیٰ نے طعام کو کھانے کے لیے پیدا کیا ہے اور کھانے کی ضرورت بہت شدید ہے لہٰذا اسے غیر محتاج کے ہاتھ سے نکل کر محتاج کے ہاتھ میں آنا چاہیے اور غلے کا سودا وہی کرتا ہے جسے اس کی ضرورت نہ ہو کیوں کہ جس کے پاس طعام ہو تو اگر ضرورت مند ہے تو اسے کیوں نہیں کھائے گا وہ اسے تجارتی سامان کیوں بناتا ہے اور اگر اس نے اسے سامان تجارت قرار دیا ہے تو اسے چاہیے کہ اس پر بیچے جو اسے غلے کے علاوہ کوئی چیز بطور معاوضہ دیتا ہے جو آدمی اسے اس کے بدلے میں بعینہٖ یہ غلہ دیتا ہے وہ بھی

اس کو کھانے سے بے نیاز ہے اسی لیے شریعت میں ذخیرہ اندوز پر لعنت آئی ہے اور سخت سزا کا ذکر آیا جیسے ہم نے آداب کسب کے بیان میں ذکر کیا ہے۔

ہاں کھجور کے بدلے گندم بیچی جا سکتی ہے کیوں کہ ان میں سے ایک چیز دوسری چیز کی غرض کو پورا نہیں کر سکتی گندم کا ایک صاع گندم کے صاع کے بدلے میں بیچنے والا معذور نہیں ہے لیکن وہ فضول کام کرتا ہے اس لیے اسے منع کرنے کی ضرورت نہیں کیوں کہ ایسی باتوں کو کوئی بھی گوارہ نہیں کرتا ہاں جب عمدگی میں تفاوت ہو لیکن جس کے پاس عمدہ غلہ ہو وہ اس کے برابر ردی غلہ لینے پر تیار نہیں ہوتا لیکن دو صاع ردی کے مقابلے میں ایک صاع جید (عمدہ) کا قصد کیا جا سکتا ہے لیکن جب غلہ ضروریات میں سے ہے اور اصل فائدہ میں عمدہ اور ردی میں کوئی فرق نہیں ہے البتہ لذت میں اختلاف ہے اس لیے شریعت نے لذت کی غرض کو ان چیزوں میں ساقط کر دیا ہے جو انسانی قوام کا ذریعہ ہیں سود کو حرام قرار دینے میں شریعت نے اسی حکمت کو پیش نظر رکھا ہے فن فقہ سے اعراض کرنے کے بعد ہمیں (امام غزالی کو) اس حکمت کا انکشاف ہوا تو اسے بھی فقہیات میں شامل کرتے ہیں کیوں کہ جتنی باتیں ہم نے خلافیات کے سلسلے میں لکھی ہیں ان میں سے یہ سب سے زیادہ قوی ہے۔

اس سے حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے موقف کی ترجیح واضح ہوتی ہے کہ انہوں نے ربوا (سود) کے سلسلے میں احادیث شریف میں مذکور اشیاء میں) اس بات کو علت قرار دیا کہ وہ کھانے کی چیزیں ہیں (لہذا امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ایسی دو چیزوں کو کمی زیادتی کے ساتھ بیچنا سود ہے جو کھائی جانے والی ہوں جب کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک جو چیزیں تولی یا ماپی جاتی ہیں ان کو کمی زیادتی کے ساتھ بیچنا سود ہے چوں کہ حضرت امام غزالی رحمہ اللہ شافعی المسلک ہیں اس لیے انہوں نے اس مسلک کو ترجیح دی ہے ۱۲ ہزاروی)

(وہ فرماتے ہیں) اگر (تولے جانے کی وجہ سے) چونا سودی اشیاء میں داخل ہو تو کپڑے اور جانور بدرجہ اولیٰ داخل ہوں گے اور اگر حدیث شریف میں نمک کا ذکر نہ ہوتا تو حضرت امام مالک رحمہ اللہ کا مذہب سب سے زیادہ قوی ہوتا کیوں کہ ان کے نزدیک سودی اشیاء کو اس بات سے خاص کیا ہے کہ وہ رزق ہے۔

لیکن شریعت نے جن جن معانی کی رعایت کی ہے ان کا کسی تعریف کے ساتھ منضبط ہونا ضروری ہے اور یہاں یہ حد ممکن ہے کہ وہ روزی ہو اور یہ قید لگانا بھی ممکن ہے کہ وہ کھائی جانے والی چیزیں ہوں اور شریعت نے کھائی جانے والی اشیا کے ساتھ حد مقرر کرنا زیادہ مناسب سمجھا کیوں کہ بقا کے لیے یہ ضروری ہیں اور شریعت کا حد مقرر کرنا بعض اوقات ایسے اطراف کو محیط ہوتا ہے جن میں اصل معنیٰ جو حکم کا باعث ہے مضبوط نہیں ہوتا لیکن ضرورت کے تحت اس طرح کی تعریف کی جاتی ہے اور اگر حد مقرر نہ کی جائے تو لوگ جو ہر معنیٰ کی اتباع میں حیران ہو جاتے کیوں کہ احوال و اشخاص کے مختلف ہونے سے ایک ہی حکم بدل جاتا ہے اگرچہ وہ معنیٰ کتنا قوی ہی کیوں نہ ہو لہذا حد ضروری ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ — اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی حدود سے تجاوز کرتا ہے اس

نَفْسَهٗ۔ (۱) نے اپنے نفس پر ظلم کیا۔

اور اس لیے کہ ان الفاظ کے معانی میں شریعتوں کا اختلاف نہیں ہے حد بندی میں اختلاف ہے جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں شراب کی حرمت کی حد نشہ دینا ہے اور ہماری شریعت میں اس کا نشہ آور اشیا کی جنس سے ہونا ہے کیوں کہ اس کا قلیل استعمال، کثیر کی دعوت دیتا ہے اور جو اس کی تعریف میں داخل ہے وہ جنس ہونے کے اعتبار سے حرام ہونے میں شامل ہوگی جیسے اصل معنیٰ حرمت حکمتِ اصلیہ کے تحت ہے۔

تو نقدین (درہم و دینار) کی خفیہ حکمتوں میں سے یہ ایک مثال ہے لہٰذا اس مثال کے ذریعے نعمت کا شکر ادا کرنے اور ناشکری کو سمجھنا چاہیے تو جو چیز کسی حکمت کے تحت پیدا کی گئی ہے اس حکمت سے اسے پھیرنا مناسب نہیں اور اس بات کی پہچان اسے ہوتی ہے جو حکمت کی معرفت رکھتا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَنْ یُّؤْتَ الْحِکْمَةَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا کَثِیْرًا۔ (۲) اور جسے حکمت دی گئی اسے بہت زیادہ بھلائی دی گئی۔

لیکن جس دل میں خواہشات کے ڈھیر لگے ہوئے ہوں اور وہ شیطان کے کھیل کا میدان ہو اس میں حکمت کے جواہر نہیں آسکتے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَوْلَا اَنَّ الشَّیَاطِیْنَ یَحُوْمُوْنَ عَلٰی قُلُوْبِ بَنِیْ اٰدَمَ لَنَظَرُوْا اِلٰی مَلَکُوْتِ السَّمَاءِ۔ (۳) اگر شیطان انسانوں کے دلوں کے گرد نہ گھومتے تو وہ آسمان کے ملکوت (اسرار غیبیہ) کو دیکھتے۔

جب تم نے اس مثال کو پہچان لیا تو اپنی حرکت و سکون اور بولنے نیز خاموش رہنے اور اپنے ہر عمل کو قیاس کرو کہ وہ شکر ہوگا یا ناشکری کیوں کہ ان دو باتوں کے علاوہ کوئی بات متصور نہیں ہوئی ہم عوام الناس کے سمجھنے کے لیے ان میں سے بعض کو فقہی زبان میں کراہت سے موصوف کرتے ہیں اور بعض کو حظر (ممنوع) کہتے ہیں لیکن اہل دل کے نزدیک یہ سب ممنوع و حرام ہیں میں کہتا ہوں مثلاً اگر کوئی شخص دائیں ہاتھ سے استنجاء کرتا ہے تو اس نے ہاتھوں کی نعمت کی ناشکری کی کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے دو ہاتھ پیدا فرمائے اور ان میں سے ایک کو دوسرے کے مقابلے میں قوی بنایا اور جو قوی ہے وہ زیادہ فضیلت اور شرف کا مستحق ہے جب کہ ناقص کو فضیلت دینا عدل کے خلاف ہے اور اللہ تعالیٰ عدل ہی کا حکم دیتا ہے پھر جس ذات نے دو ہاتھ عطا فرمائے ہیں اس نے انسان کو ان دونوں ہاتھوں کا محتاج رکھا ہے کہ ان کو عمل میں

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ طلاق آیت ۱

(۲) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۶۹

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۳۵۳ مرویات ابو ہریرہ

لامیں جن میں سے بعض اعمال اچھے ہیں جیسے قرآن پاک کو ہاتھ لگانا اور بعض گھٹیا ہیں جیسے نجاست کو دور کرنا اب اگر قرآن پاک کو
بائیں ہاتھ سے چھوا جائے اور نجاست کو دائیں ہاتھ سے دور کیا جائے تو اس نے شریف کو خسیس کام پر لگا دیا تو اس طرح
اس کے حق میں بھی ظلم کیا اور عدل سے منہ پھیرا۔ اسی طرح اگر قبلہ رُخ تھوکتا ہے یا قضائے حاجت کے لیے ادھر منہ کرتا ہے
تو جہات اور وسعت عالم میں اللہ تعالیٰ نے جو نعمت پیدا کی ہے اس کی ناشکری کرتا ہے کیونکہ جہات کے پیدا کرنے کا مقصد
یہ ہے کہ تمہارے لیے حرکت کرنے میں کشادگی ہو اور جہات کو اس طرح تقسیم کیا کہ بعض میں کچھ شرف رکھا اور بعض میں نہیں رکھا۔
مثلاً اس نے شرافت والی جہت میں ایک گھر بنا کر اس کی نسبت اپنی طرف کی ہے تاکہ اس کی طرف دلوں کا میلان ہو
اور دل اس کے ساتھ مقید ہو جائیں اور جب تم اپنے رب کی عبادت کرو تو اس کے سبب تمہارا بدن بھی اسی جہت کی
طرف سکون اور وقار کے ساتھ مقید ہو پس جب تم اپنے افعال کو اچھے افعال جیسے عبادات اور خسیس افعال مثلاً قضائے
حاجت اور تھوکنے کے درمیان تقسیم کرو گے تو اب اگر تم قبلہ کی طرف تھوک ڈالتے ہو تو گویا تم نے اس پر ظلم کیا اور
اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری کی کیوں کہ اس نے قبلہ کو کمالِ عبادت کے لیے بنایا تھا۔

اسی طرح جب تم موزے پہنتے ہوئے بائیں طرف سے ابتدا کرتے ہو تو گویا تم نے ظلم کیا کیونکہ موزہ پاؤں کی حفاظت کرتا
ہے اور پاؤں کا اس میں حصہ ہے اور ان حصوں میں مناسب یہ ہے کہ اشراف سے شروع کریں یہی عدل ہے اور یہی حکمت
کو پورا کرنا ہے جب کہ اس کے خلاف ظلم ہے اور موزوں اور پاؤں کے سلسلے میں حاصل ہونے والی نعمت کی ناقدری و
ناشکری ہے اور عارفین کے نزدیک یہ بہت بڑا گناہ ہے اگرچہ فقہاء اسے مکروہ کہتے ہیں۔

حتیٰ کہ کسی عارف نے گیہوں کے بہت سے پیمانے جمع کئے اور ان کو صدقہ کرنے لگے اس کا سبب پوچھا گیا تو فرمایا میں
نے ایک مرتبہ بھول کر جوتا بائیں پاؤں سے پہننا شروع کیا تو میں صدقہ کے ذریعے اس کا کفارہ ادا کرنا چاہتا ہوں ہاں فقیہ اس
قسم کے بڑے بڑے امور نہیں لکھ سکتا کیوں کہ اس مسکین کے ذمہ عوام کی اصلاح ہے جو جانوروں کے درجہ میں ہیں اور
وہ ایسے بڑے بڑے گناہوں میں غوطہ زن ہیں کہاں ان کے سامنے اس قسم کی معمولی باتوں کی کوئی حقیقت نہیں مثلاً جو آدمی بائیں
ہاتھ میں پیالہ لے کر شراب پیئے تو اسے یہ کہنا صحیح نہیں کہ اس نے دو گناہ کئے ایک یہ کہ شراب پی اور دوسرا یہ کہ پیالہ بائیں ہاتھ
میں لیا یا کسی شخص نے نمازِ جمعہ کے وقت آزاد آدمی کا سودا کیا تو یہ نہیں کہا جائے گا کہ اس نے دو وجہ سے شریعت کی مخالفت
کی ایک تو اذانِ جمعہ کے وقت سودا کیا اور دوسرا آزاد آدمی کو بیچا۔

جس شخص نے مسجد کے محراب میں قبلہ رُخ ہو کر پاخانہ کیا تو یہ کہنا قبیح ہے کہ اس نے قضائے حاجت کے آداب کو نظر
انداز کر دیا اور قبلہ کو اپنی دائیں طرف نہیں رکھا کیوں کہ قبلہ رُخ ہونے سے اتنا بڑا گناہ لازم نہیں آتا جتنا مسجد کے محراب میں پاخانہ
پھرنا بڑا گناہ ہے ۱۲ ہزاروی) تو تمام گناہ اندھیریاں ہیں لیکن ان میں سے بعض دوسرے بعض کے مقابلے میں بڑے گناہ ہیں۔
لہٰذا بعض کے پہلو میں دوسرے بعض (چھوٹے گناہ) مٹ جاتے ہیں۔

مثلاً مالک بعض اوقات اپنے غلام کو اس بات پر جھڑکتا ہے کہ اس نے اس کی اجازت کے بغیر چھری استعمال کی اور اگر وہ اس (مالک) کے نہایت عزیز بیٹے کو اسی چھری سے قتل کر دے تو اجازت کے بغیر چھری کے استعمال کے لئے کوئی الگ حکم نہیں دے گا اور نہ ہی اسے اس پر سزا دے گا تو وہ تمام آداب کہ انبیاء کرام اور اولیاء عظام ان کی رعایت کرتے ہیں اور ہم فقہ کے سلسلے میں عوام سے چشم پوشی کرتے ہیں تو اس کا سبب یہی ضرورت ہے اور اس درجے میں نقصان جو بندے کو قرب کے درجات تک پہنچاتا ہے ہاں یہ ہے کہ بعض گناہ بندے کے قرب میں نقص ڈالنے اور مقام و مرتبے سے گرانے میں مؤثر ہیں جب کہ بعض گناہ اسے کلیتًہ حدودِ قرب سے نکال کر عالمِ بُعد کی طرف لے جاتے ہیں جو شیطان کا ٹھکانہ ہے۔

اسی طرح جو شخص کسی فوری اور اہم ضرورت اور کسی غرض صحیح کے بغیر درخت کی ٹہنی توڑتا ہے وہ درختوں اور ہاتھوں کی تخلیق کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری کرتا ہے ہاتھ کے سلسلے میں اس طرح کہ اسے فضول کاموں کے لیے پیدا نہیں کیا گیا بلکہ عبادت اور عبادت پر مددگار اعمال کے لیے پیدا کیا گیا اور درخت کو اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا اس کے رگیں بنائیں اس تک پانی پہنچایا اس میں غذا کے حصول بڑھنے کی قوت پیدا فرمائی تاکہ وہ مکمل طور پر نشوونما حاصل کرے اور اس سے بندے نفع اٹھائیں تو اس کی نشوونما کے مکمل ہونے سے اسے اس طرح توڑنا کہ اس سے بندوں کو نفع حاصل نہ ہو مقصودِ حکمت کے خلاف ہے اور عدل سے عدول بھی۔ اگر اس کو توڑنے میں کوئی صحیح غرض ہو تو توڑ سکتا ہے کیوں کہ درخت اور جانور انسانی اغراض پر فدا ہونے کے لیے بنائے گئے ہیں اور یہ دونوں فنا اور ہلاک ہونے والے ہیں پس اشرف کو کچھ مدت تک باقی رکھنے کے لیے ادنیٰ کو فنا کرنا اسے بے مقصد ضائع کرنے سے بہتر ہے اللہ تعالیٰ کے اس قول میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے۔

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ۔ (۱)

اور تمہارے لیے مسخر کر دیا جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے یہ سب کچھ اسی کی طرف سے ہے۔

ہاں اگر دوسرے کی ملک سے توڑے تو بھی وہ ظالم ہوگا اگرچہ محتاج ہو کیوں کہ ایک معین درخت سب لوگوں کی حاجتوں کو پورا نہیں کر سکتا بلکہ وہ صرف ایک شخص کی حاجت کو ہی پورا کرتا ہے اور اگر کسی وجہ ترجیح اور اختصاص کے بغیر ایک شخص کے لیے اسے خاص کر دیا جائے تو یہ ظلم ہے اور صاحبِ اختصاص تو وہ شخص ہے جس نے بیج حاصل کر کے زمین میں ڈالا اس کی طرف پانی چلایا اور اس کی نگرانی کی وہ دوسروں کی نسبت اس کا زیادہ حق رکھتا ہے اس طرح اسے ترجیح حاصل ہوگی۔

پھر اگر وہ درخت غیر مملوکہ زمین میں پیدا ہوا اور اس میں کسی خاص آدمی کی محنت شامل نہیں ہے جس نے اسے کاٹا تو اختصاص کی کوئی اور وجہ تلاش کرنا ہوگی اور وہ اسے لینے میں پہل کرنا ہے کیوں کہ پہل کرنے والے کو سبقت کی خصوصیت حاصل ہوتی ہے تو انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ وہی اس کا زیادہ حقدار ہو فقہاء نے اس ترجیح کو ملک سے تعبیر کیا ہے۔

اور یہ محض مجازی ملکیت ہے حقیقی مالک تو اللہ تعالیٰ کی ذات ہے جو تمام بادشاہوں کا بادشاہ ہے وہی آسمانوں اور زمین کا مالک ہے اور بندہ کیسے کسی چیز کا مالک ہو سکتا ہے وہ اپنی ذات کا بھی (ذاتی طور پر) مالک نہیں بلکہ وہ تو غیر کی ملکیت ہے ہاں مخلوق

اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں اور زمین اللہ تعالیٰ کا دستر خوان ہے اور اس نے اپنے دستر خوان سے حسبِ حاجت کھانے کی اجازت دی ہے جیسے کوئی بادشاہ اپنے غلاموں کے لیے دستر خوان بچھاتا ہے اب اگر ایک شخص دائیں ہاتھ میں لقمہ پکڑے اور انگلیوں میں دبالے اور ایک دوسرا غلام آکر اس سے چھیننا چاہے تو یہ ممکن نہیں لیکن اس کی یہ وجہ نہیں کہ پکڑنے کی وجہ سے وہ اس لقمے کا مالک ہوگیا کیوں کہ ہاتھ اور ہاتھ کا مالک دونوں مملوک ہیں لیکن ایک معین لقمہ تمام غلاموں کی حاجت کو پورا نہیں کرسکتا تو تخصیص میں عدل اسی صورت میں ممکن ہے جب ترجیح اور اختصاص کی کوئی وجہ پائی جائے اور لقمہ اٹھانا اختصاص ہے جس میں وہ غلام منفرد ہے لہٰذا جس کو یہ اختصاص نہیں ہے اسے وہ مزاحمت سے روکے گا۔

تو بندوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے معاملے کو بھی اسی طرح سمجھنا چاہیے اسی لیے ہم کہتے ہیں کہ جو شخص مال دنیا سے حاجت سے زائد لیتا ہے اور اسے خزانہ بناتا اور روک لیتا ہے جب کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے بعض اس چیز کے محتاج ہیں تو وہ ظالم ہے اور یہ ان لوگوں میں سے ہے جو سونا اور چاندی جمع کرتے ہیں اور اسے اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ نہیں کرتے اور اللہ کے راستے سے مراد اس کی اطاعت ہے اور اس کی اطاعت میں اموال دنیا کا اضافہ ہے کیوں کہ اس کے ذریعے ان کی ضروریات کی تکمیل ہوتی ہے اور ان کی حاجات پوری ہوتی ہیں۔

ہاں یہ فقہی فتاویٰ کی تعریف میں نہیں آتا کیوں کہ حاجت کی مقدار پوشیدہ ہے اور آئندہ زمانے میں پائے جانے والے فقر کے سلسلے میں نفوس کی سمجھ مختلف ہے اور زندگی کی انتہا معلوم نہیں اس لیے عوام کو ایسے امر کی تکلیف دینا ایسا ہے جیسے بچوں کو وقار اور سکون اختیار کرنے کی تعلیم دینا اور غیر ضروری کلام سے روکنا ہے کیوں کہ وہ نقصانِ عقل کی وجہ سے اس بات کی طاقت نہیں رکھتے اس لیے ہم ان کے کھیل کود پر اعتراض نہیں کرتے اور ان کے لیے اسے جائز قرار دیتے ہیں اس کا یہ مطلب نہیں کہ لہو ولعب حق ہے۔

اسی طرح ہم نے عوام کے لیے مالوں کی حفاظت کو جائز قرار دیا اور زکوٰۃ کی مقدار خرچ کرنے پر اکتفا کیا کیوں کہ ان کی فطرت میں بخل رکھا گیا ہے۔ تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ حق کی انتہا یہی ہے قرآن پاک نے اس طرف اشارہ کیا ہے۔

جب اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

اِنۡ یَّسۡـَٔلۡکُمُوۡهَا فَیُحۡفِکُمۡ تَبۡخَلُوۡا۔ (۱)	اور وہ تم سے ان (اموال) کو طلب کرے اور زیادہ طلب کرے تو تم بخل کروگے۔

بلکہ جو بات کسی کدورت کے بغیر حق ہے اور ایسا عدل ہے جس میں ظلم نہیں وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی بندہ اللہ تعالیٰ کے مال سے صرف اسی قدر لے جس قدر سامان سفر کوئی سوار لیتا ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے تمام بندے اپنے بدنوں کی سواریاں ہیں

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ محمد آیت ۳۷

تاکہ حقیقی بادشاہ کے حضور حاضر ہوں لیکن جو شخص اس سے زیادہ لے اور دوسرے سوار کو محروم رکھے جو اس کا محتاج ہے تو ایسا شخص ظالم ہے اور عدل کو ترک کرنے والا اور مقصود حکمت سے باہر نکلنے والا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری کرتا ہے قرآن پاک، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور عقل سے بلکہ ان تمام اسباب سے ثابت ہے جن کے ذریعے معلوم ہوتا ہے کہ مسافر کے زادِ راہ سے زائد اس کے لیے دنیا اور آخرت میں وبال ہے۔

تو جو شخص موجودات کی تمام انواع میں حکمتِ خداوندی کو سمجھتا ہے وہ شکر ادا کرنے کی ذمہ داری کو پورا کرنے پر قادر ہوتا ہے اس بات کے مکمل بیان کے لیے کئی جلدوں کی ضرورت ہے پھر بھی تھوڑا بیان ہی ہوگا ہم نے اس قدر لکھ دیا تاکہ اس سے اللہ تعالیٰ کے اس قول کی صداقت واضح ہو۔

ارشاد خداوندی ہے۔

وَقَلِيلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُورُ ۔ (۱) اور میرے بندوں میں سے شکر گزار بندے بہت کم ہیں۔

اور یہ بھی معلوم ہو کہ شیطان کی خوشی کا باعث کیا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

وَلَا تَجِدُ أَكْثَرَهُمْ شَاكِرِينَ ۔ (۲) (شیطان نے کہا) اور تو ان میں سے اکثر کو شکر کرنے والا نہیں پائے گا۔

اور جب تک کوئی شخص ان تمام (مذکورہ بالا) باتوں کو نہیں جانے گا وہ اس آیت کا معنی نہیں سمجھ سکتا اس کے علاوہ بھی کچھ امور ہیں جن کے مبادی (ابتدائی باتیں) بیان کرنے میں عمریں صرف ہو جائیں جہاں تک آیت کی تفسیر اور اس کے الفاظ کے معنی کا تعلق ہے تو ہر وہ شخص اسے جان لیتا ہے جو لغت کا علم رکھتا ہے اس سے تمہارے سامنے معنی اور تفسیر کا فرق واضح ہو گیا۔

سوال:

اس گفتگو کا مطلب یہ ہوا کہ ہر چیز میں اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے اور اس نے بعض افعال کو اس حکمت کی تکمیل کے لیے رکھا ہے کہ مراد حکمت کی انتہا حاصل ہو اور بعض افعال کو حکمت کے پورا ہونے میں رکاوٹ قرار دیا پس جو فعل حکمت کے تقاضے کے موافق ہوتا ہے حتیٰ کہ وہ حکمت کو اس کی انتہا تک پہنچاتا ہے وہ شکر ہے اور جو مخالف ہو اور ان اسباب کے راستے میں رکاوٹ ہو جو غایت مقصود تک پہنچاتے ہیں تو یہ ناشکری ہے اور یہ سب باتیں سمجھ میں آگئی ہیں لیکن ایک اشکال باقی ہے وہ یہ کہ بندے کے افعال جب دو حصوں میں تقسیم ہو گئے ایک قسم ان افعال کی ہے جو حکمت کی تکمیل کا باعث ہیں اور دوسری قسم ان افعال کی ہے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ سبا آیت ۱۳

(۲) قرآن مجید، سورۂ اعراف آیت ۱۷

جو اس کے خلاف ہیں اور یہ بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو بندہ درمیان میں کہاں سے آگیا کہ کبھی وہ شکر گزار ہوتا ہے اور کبھی ناشکری کرتا ہے۔

جواب:

جان لو! اس کی مکمل تحقیق علوم مکاشفہ کا ایک بحر بے کنار ہے اور ہم نے گزشتہ صفحات میں اس کے مبادیات کی طرف کچھ اشارہ کیا ہے اب ہم ایک مختصر عبارت میں اس کا حال اور غایت بیان کر دیتے ہیں جو شخص پرندوں کی گفتگو سمجھتا ہے وہ اسے سمجھ لے گا اور جو شخص تیز نہیں چل سکتا وہ اس کا انکار کرے گا ملکوت کی فضا میں پرندوں کی طرح چکر لگانا تو الگ بات ہے تو ہم کہتے ہیں اللہ تعالیٰ کے جلال اور کبریائی میں ایک صفت ہے جو تخلیق اور اختراع (بنانے) کا مصدر و مرکز ہے اور یہ صفت اس بات سے نہایت بلند اور عالی ہے کہ اس تک واضع لغت کی آنکھ پہنچ سکے کہ وہ اسے ایسی عبارت سے تعبیر کرے جو اس کے جلال کی گہرائی پر دلالت کرنے والی ہو اور اس کی حقیقت کی خصوصیت تک پہنچے لہٰذا اس کی بلندیٔ شان کی وجہ سے اس عالم میں اس کے لیے کوئی عبارت نہیں ہے اور چونکہ لغت کے واضعین کا مرتبہ اس کے اشراق کے مبادی کو سمجھنے سے بہت پست اور کمتر ہے اس لیے اس کی بلندی تک ان کی آنکھوں کی رسائی نہیں ہو سکتی۔ جس طرح چمگادڑ کی آنکھ سورج کی روشنی تک نہیں پہنچتی۔ اس کی وجہ سورج کی روشنی میں کمی نہیں بلکہ چمگادڑوں کی بینائی میں کمزوری رکاوٹ بنتی ہے تو جن لوگوں کی آنکھیں اس کے جلال کے ملاحظہ کے لیے کھلی ہیں وہ اس بات پر مجبور ہیں کہ وہ اہل لغات میں مروج کوئی ایسی عبارت بطور مجاز استعمال کریں جس سے اس حقیقت کے مبادی کا کچھ ضعیف حال معلوم ہو جائے تو انہوں نے لفظ قدرت استعمال کیا تو ان کے اس استعارہ (مجازی معنیٰ لینے) سے ہمیں بھی بولنے کی جرأت ہوئی تو ہم نے کہا اللہ تعالیٰ کی ایک صفت قدرت ہے اور اسی سے تخلیق اور اختراع کا صدور ہوتا ہے۔

پھر وجود کے اعتبار سے مخلوق بہت سی اقسام اور مخصوص صفات میں تقسیم ہوتی ہے اور ان اقسام اور ان کے مخصوص صفات کے ساتھ اختصاص کا مرکز و مصدر ایک دوسری صفت ہے اور پہلی صفت کی طرح اس کے لیے بھی لمجازی معنیٰ لینے کی ضرورت پڑی اور وہ صفت مشیئت ہے اور لغات جو حروف اور آواز کا نام، کے ذریعے گفتگو کرنے والوں کے لیے اس کا مفہوم مجمل ہے اور لفظ مشیئت اس صفت کی گہرائی اور حقیقت تک پہنچنے سے قاصر ہے جس طرح لفظ قدرت کی اس صفت تک رسائی میں کوتاہی ہے۔

پھر وہ افعال جو قدرت سے وجود میں آتے ہیں ان کی بھی دو قسمیں ہیں ایک وہ جو حکمت کی غایت تک پہنچتے ہیں اور یہ انتہا ہے اور بعض اس غایت سے پیچھے رہ جاتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کو مشیئت سے نسبت ہے کیوں کہ ان کا رجوع اختصاصات کی طرف ہوتا ہے جن کے ذریعے تقسیم اور اختلاف کی تکمیل ہوتی ہے اور اس نسبت کو محبت سے تعبیر کیا جاتا ہے جو انتہا تک پہنچتی ہے اور جو اس سے پیچھے رہ جاتی ہے اسے کراہت کہا جاتا ہے اور کہا گیا ہے کہ یہ

دونوں وصفِ مشیئت میں داخل ہیں لیکن نسبت کے اعتبار سے دونوں کی خاصیتیں مختلف ہیں الفاظ اور لغات کے ذریعے سمجھنے والوں کو ان کی سمجھ محبت و کراہت کے الفاظ سے اجمالی طور پر آتی ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ کے بندے جو اس کی تخلیق اور اختراع سے وجود میں آتے ہیں ان کی بھی دو قسمیں ہیں ایک وہ جن کے بارے میں مشیئت ازلی یوں واقع ہوئی کہ ان سے ایسے کام لیے جائیں جو حکمت کی غایت سے پیچھے رہیں اور یہ ان کے حق میں جبر ہوتا ہے کیونکہ ان افعال کی دعوت دینے والے اور ان کے باعث امور ان پر مسلط کیے جاتے ہیں اور دوسری قسم ان لوگوں کی ہے جن کے بارے میں ازل میں فیصلہ کیا گیا کہ ان سے ایسے کام لیے جائیں گے جو ان کو بعض امور کی حکمت کی انتہا تک پہنچاتے ہیں۔

ان میں سے ہر فریق کو مشیئت کے ساتھ ایک خاص نسبت ہے جن کو حکمت کی غایت تک لے جانے والے کاموں میں استعمال کیا گیا ان کی نسبت، نسبتِ رضا کہلاتی ہے اور جن کے لیے اسباب حکمت تک رسائی رکھی گئی ان کو غایت تک نہیں پہنچایا گیا ان کی نسبت کو ناشکری کہا جاتا ہے اور اس کے پیچھے لعن طعن اور غضب کا اضافہ کیا گیا اور جس شخص کے لیے ازل میں رضا تھی اس کے لیے ایسا فعل ظاہر کیا گیا جس کے ذریعے حکمت اپنی غایت کو پہنچتی ہے اور اس کے لیے بطور مجاز شکر کا لفظ استعمال کیا گیا اور اس کے بعد تعریف و ثناء اور قبول و اقبال کا انعام رکھا گیا۔

خلاصہ یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ جمال عطا بھی فرماتا ہے پھر اس کی تعریف بھی کرتا ہے اور بدبخت بھی بناتا ہے پھر اس کو برا بھی کہتا ہے تو اس کی مثال اس طرح ہے جیسے کوئی بادشاہ اپنے غلام سے میل کچیل دور کرے پھر اسے اچھے کپڑے پہنا دے اور جب اس کی زینت مکمل ہو جائے تو کہے اسے جمیل! تو کتنا خوبصورت ہے تیرے کپڑے کتنے اچھے ہیں اور تیرا چہرہ کتنا پاک صاف ہے تو حقیقت میں خود ہی خوبصورتی دیتا ہے اور خود ہی تعریف کرتا ہے گویا حقیقتاً وہ اپنی ہی تعریف کر رہا ہے بندہ ظاہری طور پر اور صورت کے اعتبار سے تعریف کا ہدف ہے۔

تو ازل میں امور کی یہی صورت تھی اسباب اور مسببات کا تسلسل رب الارباب اور مسبب الاسباب نے اسی طرح قائم فرمایا یہ محض اتفاقی بات نہیں ہے بلکہ اس کے ارادے، حکمت اور سچے حکم اور امر محکم کے تحت ہے اور اس کے لیے بطور مجاز لفظ قضا استعمال کیا جاتا ہے کہا گیا ہے کہ یہ پلک جھپکنے کی مقدار یا اس سے بھی جلدی ہوتا ہے تو اس محکم قضا کے حکم کے تحت تقدیر کے سمندر جاری ہوتے ہیں جو پہلے سے مقدر میں تو تقدیرات کا ایک دوسرے پر مرتب ہونے جانا لفظ قدر سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

گویا لفظ قضا ایک امر کلی کے لیے اور لفظ قدر اس تفصیل کے لیے ہے جس کی کوئی انتہا نہیں ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ ان میں سے کوئی بھی بات قضا و قدر سے خالی نہیں ہے تو بعض عبادت گزار لوگوں کو خیال ہوا کہ تقسیم اس تفصیل کا تقاضا کیوں کرتی ہے؟ اور اس تفاوت و تفصیل کی موجودگی میں عدل کا قیام کیسے ممکن ہوگا اور بعض حضرات اپنے قصور کی وجہ سے اس امر کی حقیقت

کو ملاحظہ کرنے کی طاقت نہیں رکھتے نہ بہ تفصیل ان کے احاطۂ خیال میں آسکتی ہے تو ان کو اس گہرائی میں غوطہ زن ہونے سے روک دیا گیا جس کی انہیں طاقت نہیں تھی۔ اور کہا گیا کہ ٹھہر جاؤ تمہیں اس مقصد کے لیے پیدا نہیں کیا گیا اور اللہ تعالیٰ جو کچھ کرتا ہے اس سے پوچھا نہیں جائے گا لیکن لوگوں سے سوال ہوگا۔

اور بعض کے دل اس نور سے بھر گئے جو آسمانوں اور زمین میں انوار الٰہی کی چمک بن کر آیا اور ان کی سرشت شروع سے ہی صاف تھی اور قریب تھا کہ روشن ہو اگرچہ اسے آگ نہ پہنچے پس اسے آگ پہنچی تو نور کی تجلی دوبالا ہوگئی۔

اور ان کے سامنے اطراف عالم ملکوت روشن ہوگئے اور یہ نور ربانی کا فیضان تھا چنانچہ انہوں نے تمام امور کی حقیقت کو جان لیا پس ان سے کہا گیا کہ آداب خداوندی سے متصف ہو جاؤ اور خاموش رہو۔ کیونکہ دیواروں کے بھی کان ہوتے ہیں (۱)

اور تمہارے اردگرد کمزور نظر والے لوگ ہیں تم بھی کمزوروں کے طریقے پر چلو اور چمگادڑوں کی آنکھوں کے لیے سورج کے حجاب کو نہ کھولو۔ یہ ان کی ہلاکت کا سبب بن جائے گا تم اللہ تعالیٰ کے اخلاق سے موصوف ہو جاؤ اور اپنے علوم کی بلندی سے آسمانِ دنیا کی طرف اترو تاکہ کمزور لوگ بھی تم سے مانوس ہوں اور وہ تمہارے اس نور سے فیض حاصل کریں جو تمہارے حجاب کے پیچھے چمکتا ہے جس طرح چمگادڑ سورج کے بقایا نور اور ستاروں کی چمک سے روشنی حاصل کرتے ہیں اور وہ اس زندگی کے ساتھ زندہ رہتے ہیں جسے ان کے وجود اور حالات برداشت کرسکتے ہیں اگرچہ ان کو اس قسم کی حیات میسر نہیں ہے جو سورج کی بھرپور روشنی میں آمدورفت رکھنے والوں کو حاصل ہوتی ہے تم ایسے لوگوں کی مانند ہو جاؤ جن کے بارے میں کہا گیا۔

شَرِبْنَا شَرَابًا طَيِّبًا عِنْدَ طَيِّبٍ كَذَالِكَ
شَرَابُ الطَّيِّبِيْنَ يَطِيْبُ شَرِبْنَا وَاَهْرَقْنَا
عَلَى الْاَرْضِ فَضْلَةً وَلِلْاَرْضِ مِنْ كَأْسِ
الْكِرَامِ نَصِيْبٌ۔

ہم نے پاک و طیب کے پاس طیب شراب پی پاک لوگوں کی شراب اسی طرح پاک ہوتی ہے ہم نے پینے کے بعد باقی ماندہ کو زمین پر بہا دیا اور زمین سخی لوگوں کے جام سے حصہ ملتا ہے۔

تو اس امر کے اول و آخر کی یہ صورت ہے اور تم اسے اسی وقت سمجھ سکتے ہو جب اس کے اہل ہو اور جب تم اس کے اہل بن جاؤ گے تو تو آنکھیں کھل جائیں گی اور تم دیکھ لو گے اور اب کسی راہنما کی ضرورت نہ ہوگی جو تمہاری راہنمائی کرے اندھے آدمی کو اپنے پیچھے لایا جاسکتا ہے لیکن اس کی ایک حد ہے جب راستہ تنگ ہو جائے اور وہ تلوار سے تیز اور بال سے زیادہ باریک ہو جائے تو پرندہ اس کے اوپر اوپر اڑ سکتا ہے لیکن اندھے آدمی کو اپنے پیچھے نہیں لا سکتا اور جب گزرگاہ تنگ ہو اور پانی بہت گہرا ہو (ملا ہوا ہو) اور تیرنے کے بغیر اسے عبور کرنا ممکن نہ ہو تو ماہر آدمی ذاتی طور پر تیر کر اسے پار کرسکتا ہے لیکن بعض اوقات

---

(۱) المطالب العالیہ جلد ۳، ص ۹، حدیث ۲۹۲۲

کسی کو اپنے پیچھے نہیں لا سکتا۔

تو ان لوگوں کی سیر کو عام لوگوں کی سیر کی طرف نسبت اسی طرح ہے جیسے پانی پر چلنے کو زمین پر چلنے سے نسبت ہوتی ہے اور تیراکی سیکھی جاسکتی ہے لیکن پانی پر چلنا سکھایا نہیں جاسکتا بلکہ اس کا حصول قوتِ یقین سے ہوتا ہے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ آپ پانی پر چلے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر یقین اور زیادہ ہوتا تو ہوا پر چلتے (۱)

تو کراہیت و محبت، رضا و غضب اور شکر و ناشکری کے سلسلے میں یہ رموز و اشارات ہیں جن میں سے اکثر کا علم معاملات سے کوئی تعلق نہیں اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو سمجھانے کے لیے ایک مثال بیان فرمائی ہے اس نے بتایا کہ انسانوں اور جنوں کو اس لیے پیدا کیا گیا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں تو ان کا عبادت کرنا ان کے حق میں حکمت کی غایت ہے پھر خبر دی کہ اس کے دو بندے ہیں جن میں سے ایک سے وہ محبت کرتا ہے اور وہ حضرت جبریل علیہ السلام ہیں وہ پاک روح اور امین ہیں وہ اس کے نزدیک محبوب ہیں مطاع ہیں (جن کی اطاعت کی جائے) اور امین اور مکین ہیں اور دوسرے کو وہ ناپسند کرتا ہے اور وہ ابلیس ہے وہ لعنت کا مستحق ہے اور اسے قیامت تک کے لیے مہلت دی گئی ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے راہ راست دکھانے کا سلسلہ حضرت جبریل علیہ السلام کی طرف پھیرتے ہوئے فرمایا۔

قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ۔ (۲)

آپ فرما دیجئے اس قرآن پاک کو روح القدس نے آپ کے رب کی طرف سے حق کے ساتھ اتارا۔

اور ارشاد فرمایا۔

يُلْقِي الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ۔ (۳)

اللہ تعالیٰ روح (حضرت جبریل علیہ السلام) کو اپنے بندوں میں سے جس کے پاس چاہے بھیجتا ہے

اور گمراہی کی نسبت ابلیس کی طرف کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ۔ (۴)

تاکہ وہ اس کے راستے سے گمراہ کرے۔

گمراہی کا مطلب بندوں کو غایتِ حکمت تک پہنچنے سے روکنا ہے۔ تو دیکھ اللہ تعالیٰ نے اسے کس طرح اس بندے کی

---

(۱) کنز العمال جلد ۳ ص ۲۶۸ حدیث ۵۸۹۳ (کچھ الفاظ کی تبدیلی کے ساتھ)

(۲) قرآن مجید، سورۂ نحل آیت ۱۰۲

(۳) قرآن مجید، سورۂ غافر آیت ۱۵

(۴) قرآن مجید، سورۂ زمر آیت ۸

طرف منسوب کیا جس پر اس نے غضب فرمایا۔ اور ہدایت دینا حکمت کی غایت تک پہنچاتا ہے تو دیکھئے اللہ تعالیٰ نے کس طرح اسے اپنے محبوب بندے (جبریل علیہ السلام) سے منسوب کیا عام عرف میں اس کی مثال یوں سمجھو کہ ایک بادشاہ کو ایسے آدمی کی بھی ضرورت ہوتی ہے جو اسے اچھا سا مشروب پلائے اور ایسے آدمی کی ضرورت بھی ہوتی ہے جو اس کی حجامت بنائے (یا خون نکالے) اور گھر کا صحن صاف کرے اور اس کے پاس دو غلام ہوں تو وہ حجامت اور صفائی کے لیے اس غلام کو مقرر کرے گا جو ان میں سے زیادہ قبیح اور خسیس ہوگا اور عمدہ مشروب کا اٹھانا ان میں سے اچھے غلام کے سپرد کرے گا جو اس کو محبوب بھی ہو اور کامل بھی۔

تمہیں یہ نہیں کہنا چاہیے کہ یہ تو میرا فعل ہے اللہ تعالیٰ کا فعل کیسے بن گیا اگر تم اسے اپنی طرف منسوب کرو گے تو تم غلطی پر ہو گے بلکہ اللہ تعالیٰ ہی تمہارے دل کو اس طرف پھیرتا ہے کہ مکروہ فعل، ناپسندیدہ شخص کے ذمہ لگاؤ اور اچھا کام پسندیدہ شخص کے سپرد کرو اور یہ عدل کو پورا کرتا ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کا عدل بعض اوقات ایسے امور سے پورا ہوتا ہے جس میں بندے کا کوئی دخل نہیں ہوتا اور بعض امور میں بندے کا دخل بھی ہوتا کیوں کہ بندہ بھی تو اللہ تعالیٰ کا ایک فعل ہے لہٰذا اس کا کسی عمل کی طرف متوجہ ہونا، اس کی قدرت، علم اور عمل نیز تمام اسباب حرکات اللہ تعالیٰ کا فعل ہوتا ہے کیوں کہ اس نے اسے عدل کے ساتھ ایسی ترتیب سے مرتب کیا جس سے عدل کے ساتھ ایسی ترتیب سے مرتب کیا جس سے مبنی بر اعتدال افعال صادر ہوتے ہیں۔ مگر بات یہ ہے کہ انسان اپنے آپ کو ہی دیکھتا ہے اور خیال کرتا ہے کہ عالم شہادت میں جو کچھ ظاہر ہوتا ہے اس کے لیے عالم غیب و ملکوت سے کوئی سبب نہیں ہے اس لیے وہ اسے اپنی طرف منسوب کرتا ہے تم تو ایک بچے کی طرح ہو جو رات کے وقت شعبدہ باز کی طرف دیکھتا ہے جو پردے کے پیچھے سے کچھ صورتیں ظاہر کرتا ہے جو رقص کرتی ہیں اچھلتی کودتی اور اٹھتی بیٹھتی ہیں یہ پتلیاں کپڑے سے بنی ہوئی ہیں اور خود بخود حرکت نہیں کرتیں ان کو ایسے دھاگے حرکت دیتے ہیں جو بالوں سے بٹے ہوئے اور نہایت باریک ہوتے ہیں اور وہ رات کے اندھیرے میں نظر نہیں آتے ان دھاگوں کے سرے شعبدہ باز کے ہاتھ میں ہوتے ہیں اور بچوں کی آنکھوں سے پوشیدہ ہوتے ہیں بچے اس تماشے سے خوش ہوتے ہیں اور تعجب کرتے ہیں کیوں کہ ان کے خیال میں یہ پتلیاں رقص کرتی اور اٹھتی بیٹھتی ہیں۔

لیکن عقل مند آدمی جانتے ہیں کہ انہیں حرکت دی جا رہی ہے وہ خود حرکت نہیں کرتیں لیکن بعض اوقات وہ اس کی تفصیل کو نہیں جانتے اور جو اس کی بعض باتوں کو جانتا ہے وہ بھی اس شعبدہ باز کی طرح نہیں جانتا جس کے ہاتھ میں یہ کام ہے اور وہ اپنے ہاتھ سے کھینچتا ہے۔

اسی طرح اہل دنیا کے بچوں کا معاملہ ہے اور (حقیقت یہ ہے کہ) علماء کے مقابلے میں باقی تمام لوگ بچے ہیں وہ لوگوں کو دیکھ کر سمجھتے ہیں کہ یہی حرکت کر رہے ہیں لہٰذا وہ ان کی طرف نسبت کرتے ہیں۔ لیکن علما جانتے ہیں کہ انہیں حرکت دی جا رہی ہے البتہ وہ حرکت کی کیفیت کو نہیں سمجھتے اور ایسے لوگ زیادہ ہیں جب کہ عارفین اور راسخ علما اپنی تیز نظر سے تنے ہوئے

جانے کے باریک دھاگوں کو دیکھتے ہیں بلکہ نہایت باریک دھاگے ہیں جو بہت زیادہ ہیں اور آسمان سے لٹک رہے ہیں اور زمین والوں کے ساتھ ان کے سرے ملے ہوئے ہیں وہ دھاگے اتنے باریک ہیں کہ ان ظاہری آنکھوں سے نظر نہیں آتے پھر وہ ان دھاگوں کے دوسرے کنارے کو دیکھتے ہیں جو اپنی لٹکنے کی جگہوں کے ساتھ لٹک رہے ہیں اور وہ چیزیں جن کے ساتھ یہ لٹکے ہوئے ہیں فرشتوں کے ہاتھ میں ہیں جو آسمانوں کو حرکت دیتے ہیں اور یہ فرشتے ان فرشتوں کو دیکھنے میں مصروف ہیں جو عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں کہ بارگاہ خداوندی سے کیا حکم آتا ہے تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی خلاف ورزی نہ کریں اور وہی عمل کریں جس کا ان کو حکم دیا جاتا ہے قرآن پاک نے اس مشاہدہ کو یوں بیان فرمایا ہے۔

وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ ۔ اور آسمان میں تمہارا رزق ہے اور جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ (۱)

اور فرشتے جو حکم خداوندی کا انتظار کرتے ہیں اس کی تعبیر یوں فرمائی۔

خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَمِنَ الْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ يَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ وَأَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ۔ اللہ تعالیٰ نے سات آسمان بنائے اور زمین بھی اسی طرح (سات زمینیں) بنائی ان کے درمیان حکم نازل ہوتا ہے تاکہ وہ جان لیں کہ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے اور ہر چیز کو اللہ تعالیٰ کے علم نے گھیر رکھا ہے۔ (۲)

ان امور کی تاویل کو اللہ تعالیٰ اور علم میں مضبوط لوگ جانتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے یہ آیت پڑھی۔

يَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ بَيْنَهُنَّ ۔ (۳) ان کے درمیان حکم نازل ہوتا ہے۔

تو انہوں نے اس بات کی وضاحت فرمائی کہ علم میں راسخ لوگ، ایسے علوم کے ساتھ خاص ہیں جو عام لوگوں کی سمجھ میں نہیں آتے چنانچہ آپ فرماتے ہیں اگر میں اس آیت کا وہ مفہوم بیان کروں جس کی مجھے سمجھ ہے تو تم مجھے پتھر مارو۔ اور ایک روایت میں ہے کہ تم مجھے کافر کہنے لگو۔

ہم اتنی گفتگو پر ہی اکتفا کرتے ہیں گفتگو کی لگام اختیار کے قبضہ سے نکل گئی اور علم معاملہ دوسری باتوں سے مل گیا اب ہم شکر کے مقاصد کی طرف رجوع کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

جب شکر کی حقیقت یہ ہوئی کہ بندہ ایسا عمل کرے جس سے حکمت الٰہیہ کی تکمیل ہو تو سب سے شکر گزار بندہ اللہ تعالیٰ

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الذاریات آیت ۲۲

(۲) قرآن مجید، سورۃ الطلاق آیت ۱۲

(۳) قرآن مجید، سورۃ الطلاق آیت ۱۲

کو سب سے زیادہ پسند اور اس کا سب سے زیادہ مقرب ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے زیادہ قرب فرشتوں کو حاصل ہے اور ان کے لیے بھی ترتیب ہے نیز ان میں سے ہر ایک کا ایک معلوم مقام ہے فرشتوں میں جس کو سب سے زیادہ رتبہ؛ قرب حاصل ہے وہ حضرت اسرافیل علیہ السلام ہیں۔ (۱)

فرشتوں کے درجات کی بلندی کا سبب یہ ہے کہ وہ ذاتی طور پر معزز اور نیکو کار ہیں اور ان کے واسطے سے اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہم السلام کو قرب عطا فرمایا اور وہ (انبیاء کرام) زمین پر بسنے والی تمام مخلوق سے اشرف واعلیٰ ہیں فرشتوں کے درجہ سے انبیاء کرام کا درجہ ملا ہوا ہے کیوں کہ یہ حضرات بھی ذاتی طور پر بھلائی اور خیر کے حامل ہیں ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوق کو ہدایت دی اور ان کے ذریعے اپنی حکمت کو مکمل کیا اور ان میں سے سب سے بڑے رتبہ والے ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ذریعے دین کو مکمل کیا اور آپ کو ختم نبوت کے تاج سے سرفراز فرمایا۔

انبیاء کرام علیہم السلام سے علماء کرام ملے ہوئے ہیں اور وہ انبیاء کرام کے وارث ہیں وہ بھی ذاتی طور پر مقرب ہیں اور ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوق کی اصلاح فرمائی ان میں سے ہر ایک کا درجہ اسی مقدار کے مطابق ہے جس قدر وہ اپنی اور دوسروں کی اصلاح کرتا ہے پھر علماء سے متصل عادل بادشاہوں کا درجہ ہے کیوں کہ وہ دنیوی اعتبار سے مخلوق کی اصلاح کرتے ہیں جیسے علماء ان کی دینی اصلاح کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات میں دین اور حکمرانی دونوں جمع تھیں تو آپ تمام انبیاء کرام سے افضل ہیں کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ذریعے لوگوں کی دینی اور دنیوی اصلاح فرمائی تلوار اور بادشاہی آپ کے علاوہ کسی نبی کو نہیں ملی پھر علماء و سلاطین کے ساتھ دوسرے نیک لوگوں کا درجہ ملا ہوا ہے جو لوگوں کے دین اور روح کی اصلاح کرتے ہیں اور بس ——— تو اللہ تعالیٰ کی حکمت ان کے ذریعے نہیں بلکہ ان میں پایہ تکمیل کو پہنچتی ہے اور ان کے علاوہ لوگ محض چرواہے ہیں۔

اور جان لو کہ حکمران کے ذریعے دین قائم رہتا ہے لہٰذا اس کی تحقیر نہیں کرنی چاہیے اگرچہ وہ ظالم و فاسق ہی ہو۔ حضرت عمرو بن عاص رحمہ اللہ نے فرمایا ظالم حکمران دائمی فتنہ سے بہتر ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

سَيَكُونُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ تَعْرِفُونَ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُونَ (۲) وَيُفْسِدُونَ وَمَا يُصْلِحُ اللّٰهُ بِهِمْ أَكْثَرُ فَإِنْ أَحْسَنُوا فَلَهُمْ	عنقریب تمہارے اوپر ایسے حکمران آئیں گے جن کی کچھ باتوں کو تم جانتے ہو گے اور بعض کی پہچان نہ ہو گی وہ فساد بھی کریں گے لیکن اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے زیادہ

---

(۱)

(۲) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۱۲۸ کتاب الامارۃ۔

الْاَجْرُ وَعَلَيْكُمُ الشُّكْرُ وَاِنْ اَسَاءُوْا فَعَلَيْهِمُ الْوِزْرُ وَعَلَيْكُمُ الصَّبْرُ۔ (۱)

لوگوں کی اصلاح فرمائے گا پس اگر وہ اچھا کام کریں تو ان کے لیے اجر ہے اور تم پر شکر لازم ہے اور اگر وہ برائی کریں تو ان پر گناہ ہو گا اور تم پر صبر لازم ہے۔

حضرت سہل رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو آدمی حکمران کا انکار کرے وہ زندیق ہے اور جس کو حکمران بلائے اور وہ نہ جائے تو ایسا شخص بدعتی ہے اور جو بن بلائے حکمران کے پاس جائے وہ جاہل ہے۔

آپ سے پوچھا گیا کہ کونسا آدمی سب سے بہتر ہے آپ نے فرمایا "بادشاہ" کہا گیا کہ ہم بادشاہ کو سب سے زیادہ بُرا انسان سمجھتے تھے فرمایا رک جاؤ بے شک اللہ تعالیٰ ایک دن میں دو قسم کی نظر فرماتا ہے ایک نظر رحمت جو اموال مسلمین کی سلامت کے لیے ہے اور دوسری نظر ان کے بدنوں کی سلامتی کے لیے، وہ اپنے نامۂ اعمال کو دیکھتا تو اس کے تمام گناہ بخش دیئے جاتے ہیں وہ کہتا ہے۔۔۔ ان کے دروازے پر لٹکی ہوئی سیاہ لکڑیاں ستر قصہ گو لوگوں سے بہتر ہیں جو قصے بیان کرتے ہیں۔

دوسرا رکن:

شکر کے ارکان اور کس پر شکر واجب ہے

شکر کا رکن یا جس پر شکر ادا کیا جائے وہ نعمت ہے پس ہم اس بات میں نعمت کی حقیقت، اس کی اقسام، درجات، اصناف اور کہاں نعمت خاص ہے اور کہاں عام وغیرہ امور کا ذکر کریں گے۔ کیوں کہ بندوں پر اللہ تعالیٰ کے جس قدر انعام ہیں ان کا شمار بندوں کی طاقت سے باہر ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا۔ (۲) اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمت کو شمار کرنا چاہو تو ان کو شمار نہیں کر سکتے۔

پس ہم چند قواعد بیان کرتے ہیں جو نعمتوں کی معرفت کے قوانین کی جگہ ہیں پھر ایک ایک کا ذکر کرنے میں مشغول ہوں گے اور اللہ تعالیٰ ہی صحیح راستے کی توفیق دینے والا ہے۔

فصل ۱:

نعمت کی حقیقت اور اقسام

جان لو! ہر بھلائی، لذت اور سعادت بلکہ ہر مطلوب و موثر کو نعمت کہا جاتا ہے لیکن حقیقی نعمت اُخروی سعادت ہے دوسری

---

(۱) الترغیب والترہیب جلد ۳ ص ۱۹۹ کتاب القضاء (۲) قرآن مجید، سورۃ نحل آیت ۱۸

چیزوں کو نعمت یا سعادت کہنا غلط ہے یا مجازی طور پر اسے نعمت کہتے ہیں جیسے دنیوی سعادت جو آخرت کے لیے معاون نہیں بنتی اسے نعمت کہنا محض غلط ہے اور کبھی کسی چیز کو نعمت کہنا سچ ہوتا ہے لیکن اُخروی سعادت کو نعمت کہنا بہت بڑا سچ ہے پس ہر وہ سبب جو اُخروی سعادت تک پہنچاتا اور اس پر مددگار ہوتا ہے چاہے ایک واسطے سے ہو یا کئی واسطوں سے، اسے نعمت کہنا صحیح بھی ہے اور سچ بھی، کیوں کہ وہ حقیقی نعمت تک پہنچاتا ہے وہ اسباب جو مددگار ہیں اور لذات جن کو نعمت کہا جاتا ہے ہم کئی تقسیموں کے تحت اس کی تشریح کرتے ہیں

پہلی تقسیم:

تمام امور ہماری طرف اضافت کی وجہ سے چار صورتوں میں تقسیم ہوتے ہیں۔(۱) وہ امور جو دنیا اور آخرت دونوں جہانوں میں فائدہ دیتے ہیں جیسے علم اور اچھے اخلاق۔ (۲) وہ امور جو دونوں جہانوں میں نقصان دہ ہیں جیسے جہالت اور بداخلاقی۔ (۳) وہ امور جو فی الحال فائدہ دیتے ہیں لیکن نتیجے کے اعتبار سے نقصان دہ ہیں جیسے خواہشات کی اتباع سے لذت حاصل کرنا (۴) وہ امور جو فی الحال نقصان پہنچاتے ہیں اور اذیت ناک ہیں لیکن نتیجے کے اعتبار سے نفع بخش ہیں جیسے خواہشات کا قلع قمع اور نفس کی مخالفت۔

تو جو امور دنیا اور آخرت میں نفع دیتے ہیں حقیقتاً وہی نعمت ہیں جیسے علم اور اخلاق، اور جو کام دنیا اور آخرت میں نقصان دیتے ہیں حقیقت میں وہ آزمائش ہیں اور وہ پہلے دو کی ضد ہیں (یعنی جہالت اور بداخلاقی) جو امور فی الحال نفع اور بعد میں نقصان دیں وہ عقلمند لوگوں کے نزدیک مصیبت اور آزمائش ہیں جب کہ جاہل لوگ ان کو نعمت سمجھتے ہیں اس کی مثال یہ ہے کہ ایک بھوکا شخص جب ایسا شہد پاتا ہے جس میں زہر ہے تو وہ اسے نعمت سمجھتا ہے اگر وہ ناواقف ہو۔ لیکن اسے علم ہو جائے تو وہ اسے ایک آفت سمجھتا ہے جو اس کی طرف چلائی گئی ہے وہ کام جو فوری طور پر نقصان دیتے ہیں لیکن مستقبل کے اعتبار سے نفع بخش ہیں وہ عقل مند لوگوں کے نزدیک نعمت ہیں جب کہ جاہلوں کے نزدیک مصیبت ہیں اس کی مثال وہ کڑوی دوائی ہے جس کا ذائقہ فی الحال بُرا معلوم ہوتا ہے لیکن وہ بیماریوں سے شفا دیتی ہے اور صحت و سلامتی لاتی ہے تو ناواقف بچے کو جب یہ دوائی پلائی جائے تو وہ اسے مصیبت سمجھتا ہے جب کہ عقل مند آدمی اسے نعمت سمجھتا ہے اور جو شخص اس کو یہ دوائی بتاتا ہے اور اس کے قریب کرتا نیز اس کے لیے اسباب مہیا کرتا ہے تو وہ اس کا شکریہ ادا کرتا ہے اسی لیے ماں پچھنے لگانے کے ذریعے بچے کا خون نکالنے نہیں دیتی جب کہ باپ اس بات کی دعوت دیتا ہے کیوں کہ باپ کی عقل کامل ہوتی ہے اس لیے وہ انجام کار کو دیکھتا ہے اور ماں زیادہ محبت اور عقل کی کمی کے باعث موجودہ صورت کو دیکھتی ہے اور بچہ اپنی نادانی کی وجہ سے ماں کا احسان مند ہوتا ہے باپ کا نہیں وہ ماں سے مانوس ہوتا ہے اور اس کی شفقت حاصل کرتا ہے اور باپ کو اپنا دشمن سمجھتا ہے۔ اگر بچے کو عقل ہوتی تو اسے معلوم ہوتا کہ ماں دوست کی صورت میں دشمن ہے کیوں کہ خون نکلوانے سے روک کر وہ اسے بیماریوں اور اس تکلیف کی طرف لے جاتی ہے جو خون نکالنے سے بھی زیادہ سخت ہے لیکن

جاہل دوست عقل مند دشمن سے برا ہوتا ہے۔ ہر آدمی اپنے نفس کا دوست ہے یہ جاہل دوست ہے اسی لیے اس سے وہ سلوک کرتا ہے جو دشمن بھی نہیں کرتا۔

دوسری تقسیم :

دنیوی اسباب باہم مخلوط ہیں ان میں خیر وشر کا گٹھ جوڑ ہے اسباب خیر بہت کم صاف ہوتے ہیں جیسے مال، اہل و اولاد رشتہ دار، جاہ و مرتبہ وغیرہ لیکن ان کی تین قسمیں ہیں ایک وہ جن کا نفع زیادہ ہوتا ہے جیسے مال وجاہ اور دیگر اسباب سے ضرورت کے مطابق حاصل کرنا دوسرے وہ جن کا نقصان اکثر لوگوں کے حق میں نفع سے زیادہ ہے جیسے زیادہ مال اور بہت بڑا مرتبہ وغیرہ اور تیسری قسم ان امور کی ہے جن کا نفع و نقصان برابر ہیں اور یہ امور شخصیات کے حوالے سے مختلف ہوتے ہیں کئی نیک لوگ اچھے مال سے نفع حاصل کرتے ہیں اگرچہ وہ زیادہ ہو پس وہ اسے اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرتے ہیں اور اچھے کاموں میں صرف کرتے ہیں اس توفیق کے ساتھ یہ مال ان کے حق میں نعمت ہے اور کئی لوگ تھوڑے مال سے بھی نقصان اٹھاتے ہیں کیوں کہ وہ اس (مال) کو ہمیشہ تھوڑا سمجھتے اور اپنے رب سے شکوہ کرتے ہوئے زیادہ طلب کرتے ہیں تو اس ذلت کے ساتھ یہ مال اس کے لیے مصیبت ہے۔

تیسری تقسیم :

ایک اور اعتبار سے نیکیوں کی تین قسمیں ہیں ایک قسم میں وہ نیکیاں شامل ہیں جو ذاتی طور پر مؤثر ہیں ان میں غیر کا دخل نہیں دوسری قسم ان نیکیوں پر مشتمل ہے جو کسی دوسری وجہ سے مؤثر ہیں اور تیسری قسم ان نیکیوں کی ہے جو ذاتی طور پر بھی مؤثر ہیں اور غیر کی وجہ سے بھی، پہلی قسم جو ذاتی طور پر مؤثر ہیں غیر کی وجہ سے نہیں اس کی مثال اللہ تعالیٰ کی زیارت کی لذت اور اس سے ملاقات کی سعادت ہے خلاصہ یہ ہے اخروی سعادت جو کبھی ختم نہ ہوگی اس کی طلب اس لیے نہیں ہوتی کہ اس کے ذریعے کسی دوسرے مقصود تک رسائی ہو بلکہ وہ ذاتی طور پر مطلوب ہوتی ہے۔

دوسری قسم جو کسی اور مقصد کے لیے مقصود ہے اس کی ذات سے کوئی غرض نہیں ہوتی جیسے درہم اور دینار (روپیہ پیسہ) اگر ان کے ذریعے ضرورتیں پوری نہ ہوں تو ان میں اور کنکریوں میں کوئی فرق نہ ہوگا۔ لیکن جب یہ لذتوں کا وسیلہ ہیں اور ان کے ذریعے لذات تک جلدی رسائی ہوتی ہے اس لیے جاہل لوگوں کے نزدیک یہ ذاتی طور پر محبوب ہیں حتیٰ کہ وہ ان کو جمع کر کے خزانہ بناتے ہیں اور ان کے ساتھ سودی کاروبار کرتے ہیں اور ان کے خیال میں یہی مقصود ہیں۔

ان کی مثال اس شخص کی طرح ہے جو کسی آدمی سے محبت کرتا ہے اور اس کے سبب سے اس کے قاصد سے محبت کرتا ہے جو ان دونوں کو جمع کرنے کا سبب بنتا ہے پھر قاصد کی محبت میں اصل کی محبت کو بھول جاتا ہے اور عمر بھر اس سے منہ پھیرے رکھتا ہے وہ مسلسل اس قاصد سے تعلق رکھتا اور اس کا خیال رکھتا ہے اور یہ انتہائی درجہ کی جہالت اور گمراہی ہے تیسری قسم جو ذاتی طور پر اور غیر کی وجہ سے دونوں طرح

مقصود ہوتی ہے جیسے صحت وسلامتی اس کا قصد اس لیے ہوتا ہے کہ اس کے ذریعے ذکر وفکر پر قادر ہو جو اللہ تعالیٰ کی ملاقات کا سبب ہیں یا ان کے ذریعے دنیوی لذات کے حصول کی راہ ہموار ہو، نیز صحت کا ذاتی طور پر بھی قصد کیا جاتا ہے کیوں کہ ایک شخص اس مقصود سے بے نیاز ہوتا ہے جس کے لیے پاؤں کی سلامتی ضروری ہے (مثلاً پیدل چلنا) پھر بھی وہ پاؤں کی سلامتی چاہتا ہے کیوں کہ وہ سلامتی ہے۔

تو نتیجہ یہ ہوا کہ جو بھلائی ذاتی طور پر مؤثر ہے حقیقتاً وہی خیر ہے اور نعمت بھی، اور جس کی تاثیر ذاتی طور پر بھی ہو اور غیر کی وجہ سے بھی وہ بھی نعمت ہے لیکن پہلی نعمت کے مقابلے میں اس کا درجہ کم ہے۔ اور جو چیز غیر کے لیے مؤثر ہو جیسے سونا چاندی تو وہ اس اعتبار سے کہ جوہر ہیں نعمت قرار نہیں پاتے بلکہ وسیلہ ہونے کے اعتبار سے اس آدمی کے حق میں نعمت ہیں جو کسی امر کا قصد کرتا ہے جس تک رسائی ان دونوں کے بغیر ممکن نہیں ہے۔

پس جو شخص علم اور عبادت کا ارادہ کرتا ہو اور اس کے پاس ضروریاتِ زندگی بقدر کفایت موجود ہوں اس کے نزدیک سونا اور مٹی کا ڈھیلا برابر ہے اور ان دونوں (سونے چاندی) کا ہونا نہ ہونا برابر ہوتا ہے بلکہ بعض اوقات ان کی موجودگی فکر و عبادت سے دور رکھتی ہے لہٰذا اس شخص کے حق میں یہ مصیبت ہوں گے نعمت نہیں۔

چوتھی تقسیم:

ایک اور اعتبار سے نعمت کی تین قسمیں ہیں (۱) نافع (۲) لذیذ (۳) اور جمیل —— لذیذ وہ ہے جس کی راحت فوری طور پر حاصل ہو نافع وہ ہے جو مستقبل میں فائدہ دے اور جمیل اسے کہتے ہیں جو ہر حالت میں اچھی ہو۔

اسی طرح برائی بھی تین قسموں میں منقسم ہوتی ہے (۱) نقصان دِہ (۲) قبیح اور (۳) دردناک —— پھر ان دونوں قسموں میں سے ہر ایک مطلق بھی ہے اور مقید بھی۔ مطلق وہ ہے جس میں تینوں اوصاف جمع ہوں بھلائی میں ان اوصاف کے جمع ہونے کی مثال علم وحکمت ہے علم وحکمت والے لوگوں کے نزدیک یہ نافع بھی ہے، جمیل بھی اور لذیذ بھی۔ اور شر کی مثال جہالت ہے یہ نقصان دِہ بھی ہے قبیح بھی اور ایذا رساں بھی۔ جاہل آدمی کو جب اپنی جہالت کا پتہ چلتا ہے تو وہ اذیت محسوس کرتا ہے کیوں کہ جب وہ دوسرے کو عالم اور اپنے آپ کو جاہل دیکھتا ہے تو نقصان کی اذیت کا احساس ہوتا ہے چنانچہ اس علم کی لذیذ خواہش ابھرتی ہے پھر بعض اوقات اسے حسد، تکبر اور بدنی خواہشات سیکھنے سے روکتی ہیں اور دو متضاد قوتیں اسے اپنی اپنی طرف کھینچتی ہیں جس سے اس کو سخت تکلیف ہوتی ہے کیوں کہ اگر وہ علم کو چھوڑتا ہے تو جہالت اور نقص کی اذیت پہنچتی ہے اور اگر حصول علم میں مشغول ہوتا ہے تو خواہشات چھوڑنے کی اذیت ہوتی ہے یا تکبر کو چھوڑنے اور سیکھنے کے لیے ذلت اٹھانے کا رنج ہوتا ہے اس قسم کا آدمی یقیناً مستقل عذاب میں رہتا ہے۔

دوسری قسم یعنی مقید وہ ہے جس میں بعض اوصاف جمع ہوتے ہیں اور بعض نہیں ہوتے کئی نفع بخش باتیں اذیت ناک ہوتی ہیں جیسے اس انگلی کا کاٹنا جس کا ناسور بڑھتا ہے اور بدن سے باہر جلد کو نقصان دینے والے زخم کو کاٹنا اور کئی نفع بخش باتیں

قبیح ہوتی ہیں جیسے بیوقوفی بعض حالات میں نفع دیتی ہے چنانچہ کہا گیا ہے کہ جس کی عقل نہیں اس نے آرام پایا کیوں کہ اسس کو انجام کار کا اہتمام نہیں ہوتا اسس لیے وہ فی الحال آرام پاتا ہے حتیٰ کہ اسس کی موت کا وقت آجائے ۔ اور بعض باتیں کسی اعتبار سے نافع اور کبھی وجہ سے نقصان دہ ہوتی ہیں جیسے ڈوبنے کا خوف ہو تو مال دریا میں پھینک دینا یہ عمل مال کے لیے نقصان دہ ہے لیکن اسس سے نجات کے اعتبار سے نفس کے لئے نافع ہے نافع کی دو قسمیں ہیں ایک ضروری ہے جیسے ایمان اور اچھے اخلاق جو اخروی سعادت تک رسائی کا ذریعہ ہیں اور اسس سے ہماری مراد علم و عمل ہے کیوں کہ کوئی بھی عمل ان دونوں جیسا نہیں ہوسکتا دوسری قسم وہ ہے جو ضروری نہیں ہے مثلاً صفرا کے خاتمے کے لیے سکنجبین کا استعمال، کیوں کہ صفرا کی تسکین کے لیے کوئی دوسری چیز بھی استعمال کی جاسکتی ہے۔

تیسری تقسیم :

جان لو کہ ہر لذیذ چیز کو نعمت سے تعبیر کیا جاتا ہے اور لذات کی انسان کی طرف نسبت کے اعتبار سے کہ وہ اس کے ساتھ خاص ہیں یا اسس کے ساتھ کوئی دوسرا بھی شریک ہے تین قسمیں ہیں ایک عقلی دوسری وہ بدنی جس میں بعض حیوانات بھی شریک ہیں اور تیسری وہ بدنی جن میں انسان کے ساتھ تمام حیوانات شریک ہوتے ہیں۔

پہلی لذت یعنی عقلی لذات کی مثال علم و حکمت کی لذت ہے کیوں کہ ان دونوں باتوں کی لذت کا تعلق سننے ، دیکھنے ، سونگھنے اور چکھنے سے نہیں اور نہ ہی یہ پیٹ اور شرمگاہ سے متعلق ہے بلکہ ان باتوں کی لذت دل کو حاصل ہوتی ہے کیوں کہ یہ ایک صفت کے ساتھ خاص ہیں جسے عقل سے تعبیر کیا جاتا ہے اور یہ لذت بہت کم پائی جاتی ہے لیکن اسس کا مرتبہ سب سے زیادہ ہے اسس کی قلت یہ ہے کہ علم سے صرف عالم ہی لطف اندوز ہوتا ہے اور حکمت کی لذت صرف حکیم کو حاصل ہوتی ہے اور علم و حکمت والے لوگ بہت کم ہیں اگرچہ نام کے علماء اور حکماء بے شمار ہیں ۔ اور اسس لذت کی شرافت اس اعتبار سے ہے کہ یہ انسان کے ساتھ لازم رہتی ہے کبھی زائل نہیں ہوتی نہ دنیا میں اور نہ ہی آخرت میں بلکہ انسان اسس سے اکتاتا نہیں جب کہ آدمی کھانے سے سیر ہو جائے تو اکتا جاتا ہے اور جماع کی خواہش پوری کرنے کے بعد بوجھ محسوس کرتا ہے لیکن علم و حکمت میں ملال اور بوجھ کا کوئی تصور نہیں ہوتا ۔ اور جو آدمی ایسی چیز پاتا ہو جو شرف کی حامل ہے اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے باقی رہتی ہے پھر وہ جلد فنا ہونے والی خسیس چیز پر راضی رہے تو اس کی عقل میں قصور ہے اور وہ اپنی بدبختی کی وجہ سے محروم ہے۔

اور سب سے کم بات یہ ہے کہ علم اور عقل کو مددگاروں اور حفاظت کرنے والوں کی حاجت نہیں ہوتی جب کہ مال کو ضرورت ہوتی ہے کیوں کہ علم تمہاری حفاظت کرتا ہے اور تم مال کی حفاظت کرتے ہو علم ، خرچ کرنے سے بڑھتا ہے جب کہ مال خرچ کرنے سے کم ہوتا ہے مال چوری ہو جاتا ہے اور اسس سے معزولی بھی ہوتی ہے جب کہ علم تک چوروں کے ہاتھ نہیں پہنچتے کہ اسے اٹھالیں اور نہ بادشاہوں کے ہاتھ پہنچتے ہیں کہ معزول کر دیں پس صاحب علم ہمیشہ روح امن میں ہوتا ہے

جب کہ مال اور دیوی جاہ و مرتبے والا آدمی ہمیشہ خوف کے کرب میں مبتلا رہتا ہے پھر یہ کہ علم ہمیشہ نفع بخش، لذیذ اور جمیل ہوتا ہے جب کہ مال کبھی ہلاکت کی طرف لے جاتا ہے اور کبھی نجات کی راہ پر گامزن کرتا ہے اسی لیے اللہ تعالی نے قرآن پاک میں کئی مقامات پر مال کی مذمت کی ہے اگرچہ کئی مقامات پر اس کو خیر (بھلائی) بھی قرار دیا ہے۔

اکثر لوگوں کا لذتِ علم کے ادراک سے کوتاہ رہنا یا تو عدم ذوق کی وجہ سے ہے کیوں کہ جس کو ذوق نہ ہوگا وہ تو نہ معرفت حاصل کرے گا اور نہ ہی اسے شوق پیدا ہوگا کیوں کہ شوق، ذوق کے بعد آتا ہے (ذوق چکھنے کو کہتے ہیں جب کوئی چیز چکھی جائے تو اس کے بعد اس کا شوق ہوتا ہے ۱۲ ہزاروی)

یا ان کو لذتِ علم کا ادراک اس وجہ سے نہیں ہوتا کہ ان کے مزاج خراب ہیں اور دل مریض ہیں کیوں کہ وہ خواہشات کے پیچھے چلتے ہیں جیسے وہ مریض جو شہد میں مٹھاس نہیں پاتا اور اسے کڑوا سمجھتا ہے اور تیسری وجہ ان کی ذہانت کی کمی ہے کیوں کہ ابھی تک ان کے لیے وہ صفت پیدا نہیں کی گئی جس کے ذریعے علم کی لذت حاصل ہوتی ہے جیسے دودھ پینے والا بچہ جسے شہد اور بھنے ہوئے پرندے کی لذت کا ادراک نہیں ہوتا وہ صرف دودھ سے لطف اندوز ہوتا ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ یہ چیزیں لذیذ نہیں ہیں اور اس کا دودھ کو خوشی سے قبول کرنا اس بات کی دلیل نہیں کہ سب سے زیادہ لذت اسی میں ہے۔

تو لذتِ علم و حکمت کے ادراک سے قاصر لوگوں کی تین قسمیں ہیں (۱) جس کا باطن ابھی تک زندہ نہیں ہوا جیسے بچہ (۲) جس کا باطن ہے زندہ ہونے کے بعد مر گیا کیوں کہ وہ خواہشات کے پیچھے چل پڑا (۳) یا خواہشات کی اتباع کے باعث وہ بیمار ہو گیا۔

ارشاد خداوندی ہے:

فِی قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ (۱) ان کے دلوں میں بیماری ہے۔

اس آیت میں عقلی بیماری کی طرف اشارہ ہے اور ارشاد باری تعالی ہے

لِیُنْذِرَ مَنْ کَانَ حَیًّا (۲) تاکہ وہ اس کو ڈرائیں جو زندہ ہے۔

اس میں ان لوگوں کی طرف اشارہ ہے جو باطنی حیات کے ساتھ زندہ نہ ہوں۔ اور ہر وہ شخص جو بدن کے ساتھ زندہ ہے لیکن اس کا دل مردہ ہے وہ اللہ تعالی کے ہاں مردہ شمار ہوتا ہے اگرچہ جاہل لوگوں کے نزدیک وہ زندہ ہو یہی وجہ ہے کہ شہداء اپنے رب کے ہاں زندہ ہیں ان کو رزق دیا جاتا ہے اور وہ خوش خوش ہیں اگرچہ وہ بدن کے اعتبار سے فوت ہو

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۱۰

(۲) قرآن مجید، سورۂ یٰسین آیت ۷۰

چکے ہیں۔

دوسری لذت وہ ہے جس میں انسان کے ساتھ بعض حیوانات بھی شریک ہیں جس طرح حکومت، غلبہ اور برتری کی لذت شیر، چیتے اور بعض دوسرے حیوانات کو بھی حاصل ہے۔

تیسری لذت وہ ہے جس میں انسان کے ساتھ تمام حیوانات شریک ہیں جیسے پیٹ اور شرمگاہ کی لذت ہے اور یہ بہت زیادہ پائی جاتی ہے اور یہی سب سے زیادہ خسیس ہے یہی وجہ ہے کہ اس میں تمام حیوانات شریک ہیں حتی کہ کیڑے مکوڑے اور حشرات الارض میں بھی یہ لذت پائی جاتی ہے اور جو شخص اس مرتبہ سے آگے بڑھتا ہے تو وہ لذتِ غلبہ کا شکار ہو جاتا ہے اور وہ غافل لوگوں میں زیادہ پائی جاتی ہے اور اگر اس سے بھی آگے بڑھ جائے تو تیسری لذت تک جا پہنچتا ہے اور اب سب سے زیادہ غالب آنے والی لذت، علم و حکمت کی لذت ہوتی ہے خصوصاً معرفت خداوندی اور اس کی صفات و افعال کی معرفت کی لذت زیادہ حاصل ہوتی ہے اور یہ صدیقین کا درجہ ہے اور اسے مکمل طور پر اسی وقت حاصل کیا جا سکتا ہے جب دل سے اقتدار کی محبت کا غلبہ خارج ہو جائے اور صدیقین کے دماغ سے سب سے آخر میں یہی بات باہر نکلتی ہے پیٹ اور شرمگاہ کی حرص کو توڑنے پر تو صلحاء بھی قادر ہوتے ہیں جب کہ ریاست کی خواہش کو توڑنے پر صرف صدیقین قادر ہوتے ہیں اور جہاں تک اسے بالکل ختم کرنے کا تعلق ہے کہ کبھی بھی اور کسی حال میں بھی اس کا احساس نہ ہو تو غالب یہی ہے کہ وہ انسانی طاقت سے خارج ہے ہاں بعض حالات میں اللہ تعالیٰ کی معرفت کی لذت غالب آتی ہے تو اس صورت میں ریاست اور غلبہ کی لذت کا احساس نہیں ہوتا لیکن یہ عمل ہمیشہ نہیں ہوتا بلکہ اس میں کمی آتی ہے تو بشری صفات لوٹ آتی ہیں اور یہ لذت موجود ہوتی ہے لیکن یہ مغلوب ہوتی ہے جو نفس کو عدل سے پھیرنے پر قادر نہیں ہوتی۔

دل کی اقسام:

اس صورت میں دل چار قسموں میں تقسیم ہوتے ہیں ایک وہ دل ہے جو صرف اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے اور اسے اسی صورت میں آرام ملتا ہے جب اللہ تعالیٰ کی معرفت اور اس کے بارے میں فکر زیادہ ہو۔

دوسری قسم کا دل وہ ہے جو لذتِ معرفت سے ناآشنا ہوتا ہے اور نہ یہ بھی معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اُنس کا کیا معنی ہے وہ جاہ و مرتبہ، ریاست، مال اور تمام بدنی شہوات سے لذت حاصل کرتا ہے۔

تیسری قسم کا دل وہ ہے جو عام طور پر اللہ تعالیٰ کے ساتھ مانوس ہوتا ہے اور اس کی معرفت و فکر سے لذت حاصل کرتا ہے لیکن بعض احوال میں وہ بشری صفات کی طرف رجوع کرتا ہے اور چوتھا وہ دل ہے جو عام طور پر بشری صفات سے لذت حاصل کرتا ہے البتہ بعض احوال میں وہ علم و معرفت سے لذت پاتا ہے۔

پہلی قسم کے دل کا وجود میں آنا اگرچہ ممکن ہے لیکن انتہائی بعید ہے دوسرے قسم کے دل سے دنیا پڑ ہے تیسری اور چوتھی قسم کے دل موجود ہیں لیکن بہت نادر ہیں اور ان کا تصور شاذ و نادر ہوتا ہے اور باوجود ان کے نادر ہونے کے قلت و کثرت

کے اعتبار سے ان میں تفاوت ہوتا ہے اس کی کثرت ان زمانوں میں تھی جو انبیاء کرام علیہم السلام کے زمانوں کے قریب تھے اور اب جس قدر وہ مبارک زمانہ دور ہوتا جا رہا ہے اس قسم کے دل کم ہوتے جا رہے ہیں حتیٰ کہ قیامت ہو جائے اور اللہ تعالیٰ اس کام کا فیصلہ کر دے جس نے ہونا ہے۔

اس قسم کے دلوں کا نادر ہونا اس وجہ سے ہے کہ یہ سلطنت آخرت کا آغاز ہے اور بادشاہ زیادہ نہیں ہوا کرتے اور جس طرح بادشاہی اور حُسن و جمال میں فوقیت رکھنے والے لوگ نادر ہوتے ہیں اور اکثر لوگ ان سے نچلے درجے میں ہوتے ہیں اسی طرح اُخروی مملکت کا حال بھی ہے کیوں کہ دنیا آخرت کا آئینہ ہے اس لیے کہ دنیا ظاہری عالم کا نام ہے اور آخرت عالم غیب کا عالم شہادت عالم غیب کے تابع ہوتا ہے جس طرح شیشے میں دیکھی جانے والی صورت دیکھنے والے کی صورت کے تابع ہوتی ہے اور شیشے میں جو صورت ہے وہ اگرچہ وجود کے مرتبہ میں دوسرے نمبر پر ہوتی ہے لیکن دیکھنے کے حق میں اول وہی ہوتی ہے کیوں کہ تم اپنے آپ کو دیکھ نہیں سکتے اور پہلے شیشے میں اپنی صورت دیکھتے ہو اور پھر اپنی اس صورت کو پہچانتے ہو جو تمہارے ساتھ قائم ہے تو جو چیز وجود میں تابع ہے وہ معرفت کے حق میں متبوع بن جاتی ہے اور جو پیچھے ہے وہ پہلے ہو جاتی ہے یہ ایک قسم کا تغیر ہے لیکن تغیر و تبدل اس دنیا کی ضرورت ہے پس اسی طرح عالم ملک و شہادت، عالم غیب و ملکوت کی حکایت کرتا ہے بعض لوگوں کے لیے عبرت سے دیکھنا آسان کر دیا گیا لہٰذا وہ عالم ملک (عالم شہادت) کی جس چیز کو دیکھتا ہے اس سے عالم ملکوت تک جانے والی راہ عبور کرتا ہے اور اس بات کو عبرت کہا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس بات کا حکم دیا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

فَاعْتَبِرُوْا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ۔ (۱) اے اصحاب بصیرت! عبرت حاصل کرو۔

اور ان میں سے بعض کی بصیرت اندھے پن کا شکار ہے لہٰذا وہ عبرت حاصل نہیں کرتے اور دنیا میں ہی پھنس کر رہ جاتے ہیں اور عنقریب ان کے اس قید خانے کی طرف جہنم کے دروازے کھلیں گے اور یہ قید خانہ ایسی آگ سے بھر جائے گا جو دلوں پر چڑھے گی لیکن اس کے اور اس کی تکلیف کے ادراک کے درمیان حجاب ہے اور جونہی موت کے ساتھ یہ حجاب اٹھے گا اسے اس بات کی سمجھ آجائے گی اللہ تعالیٰ جن لوگوں کی زبانوں پر کلمہ حق جاری کرتا ہے انہی کی زبان سے اس حق کو ظاہر کرتا ہے چنانچہ انہوں نے کہا کہ جنت اور جہنم دونوں مخلوق ہیں لیکن جہنم کا ادراک کبھی ایسے علم کے ذریعے ہوتا ہے جسے علم الیقین کہتے ہیں اور بعض اوقات عین الیقین کے ساتھ ادراک ہوتا ہے اور عین الیقین آخرت میں ہوگا جب کہ علم الیقین کبھی دنیا میں ہوتا ہے لیکن یہ ان لوگوں کے لیے ہے جنہوں نے نور یقین سے کامل حصہ حاصل کیا اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ۔ ہرگز نہیں! اگر تم علم الیقین کے ساتھ جانو تو جہنم کو ضرور بضرور دیکھو گے۔ (۲)

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ حشر آیت ۲

(۲) قرآن مجید، سورۂ تکاثر آیت ۵

یعنی دنیا میں ہی دیکھ لوگے۔

ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِينِ۔ (۱) پھر تم اسے ضرور بضرور یقین کی آنکھ سے دیکھ لوگے۔

اس سے مراد آخرت میں دیکھنا ہے۔

تو بات واضح ہوگئی کہ جو دل آخرت کے ملک کے لیے صلاحیت رکھتا ہے وہ بہت کم پایا جاتا ہے جس طرح دنیا میں نیک لوگ کم پائے جاتے ہیں۔

چھٹی تقسیم:

یہ تمام نعمتوں کو شامل ہے یعنی نعمتوں کی دو قسمیں ہیں ایک وہ جو ذاتی طور پر مطلوب ہیں اور وہی غایت ہیں اور دوسری قسم ان نعمتوں کی ہے جو غایت کے لیے مطلوب ہیں غایت اُخروی سعادت کا نام ہے اور اس بات کا خلاصہ چار باتوں کی طرف لوٹتا ہے یعنی ایسا بقا جس کے لیے فنا نہیں، ایسا سرور جس میں غم نہ ہو، ایسا علم جو جہالت سے خالی ہو اور ایسی مالداری جس کے بعد فقر نہ ہو یہی حقیقی نعمت ہے۔ اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْآخِرَةِ۔ (۲) حقیقی زندگی تو آخرت کی زندگی ہے۔

آپ نے یہ الفاظ ایک سختی کے وقت نفس کو تسلی دینے کے لیے فرمائے اور یہ اس وقت کی بات ہے جب خندق کھودتے ہوئے شدت کی تکلیف تھی۔ اور ایک بار حالتِ سرور میں یہی الفاظ ارشاد فرمائے تاکہ نفس دنیوی خوشی کی طرف مائل نہ ہو جائے اور یہ اس وقت کی بات ہے جب حجۃ الوداع کے موقعہ پر صحابہ کرام آپ کے گرد کھڑے تھے (۳)

ایک شخص نے کہا یا اللہ! میں تجھ سے تمام نعمت کا سوال کرتا ہوں تو آپ نے فرمایا کیا تم جانتے ہو تمام نعمت کیا ہوتی ہے اس نے عرض کیا نہیں آپ نے فرمایا جنت میں داخلہ تمام نعمت ہے (۴)

وسائل کی چار قسمیں ہیں پہلی قسم جو سب سے زیادہ خاص اور سب سے زیادہ قریب ہوں جیسے نفس کے فضائل دوسری قسم ان وسائل کی ہے جو قرب میں ان سے ملے ہوئے ہیں جیسے بدن کے فضائل تیسری قسم جو قرب میں اس سے ملی ہوئی ہے اور بدن کے غیر کی طرف تجاوز کرتی ہے جیسے وہ اسباب جو بدن کے قریب ہیں مثلاً مال اہل وعیال اور خاندان اور چوتھی قسم میں نفس سے خارج اور نفس میں داخل دونوں قسم کے اسباب جمع ہوتے ہیں جیسے توفیق و ہدایت ہے تو اس طرح

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ تکاثر آیت نمبر ۷

(۲) صحیح بخاری جلد اوّل ص ۵۳۵ کتاب المناقب

(۳) السنن الکبریٰ للبیہقی جلد ۷ ص ۴۸ کتاب النکاح

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۲۳۱ مرویات معاذ

یہ چار قسمیں ہیں۔

پہلی قسم جو سب سے خاص ہے نفس کے فضائل ہیں اگرچہ ان کے فروع بہت زیادہ ہیں لیکن ان کا ماحصل دو باتوں کی طرف لوٹتا ہے ایک ایمان اور دوسرا خلق حسن، ایمان کی دو قسمیں ہیں ایک کا تعلق علم مکاشفہ سے ہے اور وہ اللہ تعالیٰ، اس کی صفات اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں کا علم ہے اور دوسرا علم معاملہ ہے۔

حُسن خلق بھی دو قسموں میں منقسم ہوتا ہے شہوتوں اور غضب کے مقتضیٰ کو ترک کرنا اور اسے عفت کہا جاتا ہے اور خواہشات کو چھوڑنے یا ان پر عمل پیرا ہونے کے سلسلے میں عدل کا لحاظ رکھنا یعنی نہ تو بالکل ہی رُک جائے اور نہ ایسا ہو کہ جس طرح چاہے اقدام کرے بلکہ اس کا خواہش کی تکمیل اور اس سے باز رہنا اس میزان عدل کے مطابق ہو جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اتارا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

اَنْ لَّا تَطْغَوْا فِی الْمِیْزَانِ وَاَقِیْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِیْزَانَ۔ (۱)

اور ترازو (تول) میں زیادتی نہ کرو اور انصاف کے ساتھ وزن قائم کرو اور تول میں کمی نہ کرو۔

تو جو شخص شہوتِ جماع کو زائل کرنے کے لیے اپنے آپ کو خصی بنا لیتا ہے یا نکاح نہیں کرتا حالاں کہ وہ آفات سے محفوظ بھی ہے اور طاقت بھی رکھتا ہے یا کھانا چھوڑ دیتا ہے حتیٰ کہ عبادت اور ذکر و فکر سے کمزور ہو جاتا ہے تو ایسا شخص میزان عدل میں کوتاہی کر رہا ہے اور جو شخص پیٹ اور شرمگاہ کی شہوت میں ہی مصروف ہو جاتا ہے وہ میزان میں حد سے بڑھتا ہے عدل تو یہ ہے وزن اور اندازہ کرنے میں زیادتی اور نقصان دونوں سے خالی ہو اور ترازو کے دونوں پلڑے برابر برابر ہوں۔

تو نتیجہ یہ ہوا کہ وہ فضائل جو نفس کے ساتھ خاص ہیں اور اللہ تعالیٰ کے قریب کرتے ہیں وہ چار ہیں علم مکاشفہ، علم معاملہ، عفت اور عدالت، اور عام طور پر ان کی تکمیل دوسری قسم کے ساتھ ہوتی ہے اور وہ بدنی فضائل ہیں اور وہ بھی چار ہیں یعنی صحت، قوت، جمال اور لمبی زندگی اور ان چاروں کو تیسری قسم تیار کرتی ہے اور یہ خارجی نعمتیں ہیں جو بدن کے قریب ہیں اور وہ بھی چار ہیں یعنی مال، اولاد، جاہ و مرتبہ اور خاندانی شرافت اور ان بدنی اور خارجی اسباب سے نفع اسی صورت میں ہوتا ہے جب چوتھی قسم پائی جائے اور وہ بدن کے داخلی اور خارجی اسباب کو جمع کرتی ہیں اور یہ بھی چار ہیں اللہ تعالیٰ کی ہدایت، رُشد، تسدید (سیدھا اور قائم رکھنا) اور اس کی مدد تو ان نعمتوں کی مجموعی تعداد سولہ ہے کیوں کہ ہم نے ان کو چار قسموں میں تقسیم کیا پھر ہر ایک کو مزید چار قسموں میں تقسیم کیا پھر ہر ایک کو مزید چار قسموں میں تقسیم کیا اور یہ سب ایک دوسرے کی محتاج ہیں چاہے حاجت ضروریہ کے ساتھ ہوں یا حاجتِ نافعہ کے ساتھ۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ رحمٰن آیت، تا ۹

حاجت ضروریہ کی مثال اُخروی سعادت کی ایمان اور اخلاق حسنہ کی طرف حاجت ہے کیوں کہ ان دونوں کے بغیر اُخروی سعادت تک پہنچنے کا کوئی راستہ نہیں اور انسان کے لیے وہی کچھ ہے جس کے لیے وہ کوشش کرتا ہے اور آخرت میں انسان کے لیے وہی کچھ ہوگا جو سامان اس نے دنیا سے حاصل کیا ہے پس اسی طرح نفسانی فضائل کے لئے ان علوم کا حاصل کرنا ضروری ہے اور تہذیبِ اخلاق کے لیے بدن کی صحت ضروری ہے۔

اور جس حاجت میں کسی نہ کسی طرح کا فائدہ ہوتا ہے وہ نفس اور بدن کی یہ نعمتیں خارجی قسمتوں مثلاً مال، عزت اور اہل کی حاجت مند ہوتی ہیں کیوں کہ اگر یہ نہ ہوں تو بعض اوقات داخلی نعمتوں میں خلل واقع ہوتا ہے۔

سوال:

طریقِ آخرت کے لیے خارجی نعمتوں یعنی مال، اہل، جاہ و مرتبہ اور خاندان کی ضرورت کیوں ہوتی ہے!

جواب:

جان لو کہ یہ اسباب بازو کے قائم مقام اور اس آلہ کی طرح ہیں جو مقصود کو آسان کر دیتا ہے مال کی حاجت اس لیے ہے کہ مفلس آدمی علم اور کمال کی طلب میں اسی طرح ہوتا جیسے کوئی شخص اسلحہ کے بغیر شکار کرے یا باز پروں کے بغیر شکار کو پکڑنے کی کوشش کرے۔

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

نِعْمَ الْمَالُ الصَّالِحُ لِلرَّجُلِ الصَّالِحِ۔ (۱) نیک شخص کے لیے اچھا مال کیا ہی اچھا ہے۔

اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

نِعْمَ الْعَوْنُ عَلٰی تَقْوَی اللّٰہِ الْمَالُ۔ (۲) اللہ تعالیٰ سے ڈرنے پر بہترین مددگار مال ہے۔

اور ایسا کیوں نہیں ہوگا جب کہ مال سے محروم شخص اپنا تمام وقت روزی کی تلاش میں لباس، رہائش اور معیشت کی باقی تمام ضروریات میں صرف کر دیتا ہے پھر اسے طرح طرح کی اذیتیں پہنچتی ہیں جو اس کو ذکر و فکر سے دُور رکھتی ہیں اور وہ اپنا دفاع صرف مال سے کر سکتا ہے علاوہ ازیں مال نہ ہونے کی وجہ سے وہ حج، زکوٰۃ اور صدقات کی فضیلت اور دوسری نیکیوں کی انجام دہی سے محروم رہتا ہے کسی دانا سے پوچھا گیا کہ نعمت کیا چیز ہے؛ انہوں نے فرمایا "مالداری" کیوں کہ میں دیکھتا ہوں فقیر کی کوئی زندگی نہیں ہوتی کہا گیا مزید کچھ بتائیے فرمایا "امن" کیوں کہ میں دیکھتا ہوں خوف زدہ آدمی کی کوئی زندگی نہیں ہوتی کہا گیا مزید کچھ بتائیے فرمایا "صحت" کیوں کہ مریض کی کوئی زندگی نہیں ہے کہا گیا مزید کچھ بتائیں فرمایا جوانی کیوں کہ بڑھاپے کی کیا زندگی ہے

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۹۷ مرویات عمرو بن عاص

(۲) الفردوس بماثور الخطاب جلد ۴ ص ۲۵۶ حدیث ۶۷۵۶

گویا انہوں نے جو ذکر کیا وہ دینوی نعمتوں کی طرف اشارہ ہے لیکن اس اعتبار سے کہ یہ چیزیں آخرت پر مددگار ہوتی ہیں اس لیے نعمت ہیں اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ اَصْبَحَ مُعَافًى فِي بَدَنِهٖ آمِنًا فِي سِرْبِهٖ عِنْدَهٗ قُوْتُ يَوْمِهٖ فَكَاَنَّمَا حِيْزَتْ لَهُ الدُّنْيَا بِحَذَافِيْرِهَا۔ (۱)

جو آدمی اس حالت میں صبح کرے کہ اس کا بدن صحیح سلامت ہو اسے اطمینانِ قلبی حاصل ہو اس کے پاس ایک دن کی روزی ہو گویا اس کے لیے دنیا اپنے تمام اطراف کے ساتھ جمع کر دی گئی۔

اور جہاں تک بیوی اور نیک اولاد کا تعلق ہے تو ان کی حاجت کی وجہ پوشیدہ نہیں ہے کیوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

نِعْمَ الْعَوْنُ عَلَى الدِّيْنِ الْمَرْاَةُ الصَّالِحَةُ (۲)

دین پر بہترین مددگار نیک عورت ہے۔

اور اولاد کے بارے میں آپ نے ارشاد فرمایا۔

اِذَا مَاتَ الْعَبْدُ انْقَطَعَ عَمَلُهٗ اِلَّا مِنْ ثَلَاثٍ وَلَدٌ صَالِحٌ يَدْعُوْ لَهٗ۔ (۳)

جب آدمی مر جاتا ہے تو اس کے عمل کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے البتہ تین کام باقی رہتے ہیں (ان میں سے ایک) نیک اولاد ہے جو اس کے لیے دعا کرتی ہے۔

ہم نے کتاب النکاح میں اہل وعیال کے فوائد ذکر کیے ہیں۔ جہاں تک قریبی رشتہ داروں کا تعلق ہے تو جب آدمی کی اولاد اور رشتہ دار زیادہ ہوں تو وہ اس کے لیے آنکھوں اور بازوؤں کی طرح ہوتے ہیں ان کے ذریعے اس کے لیے وہ دینوی اور جو دین کے لیے ضروری ہیں، آسان ہو جاتے ہیں کیوں کہ اگر وہ اکیلا ہو تو کام لمبا ہو جاتا ہے اور جس کی وجہ سے آدمی کا دل ضروریاتِ دنیا سے فارغ ہو جائے وہ اس کے لیے دین پر مددگار ہوتا ہے پس اس اعتبار سے وہ نعمت ہے۔

جہاں تک عزت وجاہ کا تعلق ہے تو اس کے ذریعے انسان اپنے آپ سے ذلت اور ظلم کو دور کرتا ہے اور کوئی بھی مسلمان اس سے بے نیاز نہیں ہو سکتا کیوں کہ اس کا کوئی نہ کوئی دشمن ہوگا جو اس کو اذیت پہنچاتا ہو گا یا کسی ظالم کی وجہ سے اس کے علم، عمل اور فراغت میں تشویش پیدا ہوگی اور اس کا دل اس طرف متوجہ ہوگا اور دل ہی اصل مال ہے جب کہ عزت اور مرتبہ ومقام کے ذریعے ان باتوں کو دور کیا جا سکتا ہے۔ اسی لیے کہا گیا ہے کہ دین اور حکمران جڑواں بھائی ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

---

(۱) سنن ابن ماجہ ص ۳۱۲، ابواب الزھد

(۲) صحیح مسلم جلد اول ص ۴۷۵ کتاب الرضاع

(۳) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۴۱ کتاب الوصیۃ

وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ۔ (۱)

اور اگر اللہ تعالیٰ لوگوں کو ایک دوسرے کے ذریعے دُور نہ کرتا تو زمین میں فساد بپا ہو جاتا۔

اور جاہ و مرتبہ کا معنی دلوں پر حکومت کرنا ہے جیسے مالداری کا مطلب دراہم کا مالک ہونا ہے جو آدمی درھموں (روپے) کا مالک ہوتا ہے اس کے سامنے لوگ مسخر ہوتے ہیں اور اس سے اذیت کو دور کرتے ہیں تو جس طرح آدمی چھت کا محتاج ہوتا ہے کہ اس کے ذریعے بارش سے بچے کوٹ کی حاجت ہوتی ہے کہ اس کے ذریعے سردی سے محفوظ رہے اور کتے کی ضرورت ہوتی ہے کہ اس کے ذریعے جانوروں کو بھیڑیئے سے بچائے اسی طرح اسے ایسی چیز کی ضرورت بھی ہوتی ہے جو اس سے شر کو دور کرے اسی مقصد کے تحت وہ انبیاء کرام جن کے پاس حکومت اور سلطنت نہ تھی وہ بادشاہوں کا خیال رکھتے تھے اور ان کے ہاں ان کو عزت حاصل ہوتی تھی اور اسی طرح علماء دین کا معاملہ ہے وہ بادشاہوں کے پاس ان کے خزانے لینے اور دنیوی مال جمع کرنے کے لیے نہیں جاتے تھے (بلکہ دین کی حفاظت مقصود تھی) اور تمہیں یہ خیال نہیں کرنا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ نے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد فرمائی، آپ کے دین کو مکمل کیا تمام دشمنوں پر آپ کو غالب کیا اور لوگوں کے دلوں میں آپ کی محبت ڈال دی حتیٰ کہ آپ کی عزت وجاہ پھیل گئی تو اس وقت اللہ تعالیٰ کی نعمت آپ پر زیادہ تھی اور جب آپ کو اذیت دی جا رہی تھی یہاں تک کہ آپ ہجرت پر مجبور ہو گئے (۲)

اس وقت کم تھی (ایسا نہیں بلکہ دونوں صورتوں میں یکساں تھی)

سوال:

خاندانی شرافت اور نسب کی عمدگی بھی نعمت ہے یا نہیں؟

جواب:

ہاں نعمت ہے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْاَئِمَّۃُ مِنْ قُرَیْشٍ۔ (۳) ائمہ قریش سے ہوں گے۔

اور اسی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا بنو آدم کے سب سے اعلیٰ نسب سے تعلق ہے (۴)

اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ بقرۃ آیت ۲۵۱

(۲) صحیح بخاری جلد اول ص ۵۸۰ کتاب بدء الخلق

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۱۸۳ مرویات انس

(۴) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۲۴۵ کتاب الفضائل

تَخَيَّرُوْا لِنُطَفِكُمُ الْاَكِفَّاءَ۔ (۱) اپنے مادہ منویہ کے لئے ہم پلہ کو اختیار کرو۔

اور آپ نے فرمایا۔

اِيَّاكُمْ وَخَضْرَاءَ الدِّمَنِ۔ اپنے آپ کو کوڑے کرکٹ کے ڈھیر پر اگنے والے سبزے سے بچاؤ۔

عرض کیا اس سبزے سے کیا مراد ہے؟ آپ نے فرمایا برے خاندان کی خوبصورت عورت مراد ہے۔ (۲)

تو یہ بھی ایک نعمت ہے اس سے مراد ظالم لوگوں اور دنیاداروں سے منسوب ہونا نہیں بلکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے شجرۂ مبارکہ، بڑے بڑے علماء صالحین اور نیک لوگ جو علم وعمل کی دولت سے مالا مال ہیں، کی طرف نسبت کرنا ہے۔

سوال:

بدنی فضائل کا کیا مفہوم ہے؟

جواب:

صحت، قوت اور طویل زندگی کی سخت ضرورت کوئی پوشیدہ بات نہیں ہے کیوں کہ ان باتوں سے ہی علم وعمل کی تکمیل ہوتی ہے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَفْضَلُ السَّعَادَاتِ طُوْلُ الْعُمْرِ فِيْ طَاعَةِ اللهِ۔ (۳) سب سے افضل سعادت لمبی زندگی ہے جو اللہ تعالیٰ کی عبادت میں گزرے۔

ان امور میں سے حسن وجمال کے معاملے کو معمولی سمجھا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ بدن کا ایسی بیماریوں سے محفوظ ہونا کافی ہے جو نیکیوں کی تلاش سے مانع ہیں، یہ ٹھیک ہے جمال معمولی مالداری ہے لیکن یہ بھی اچھے امور میں سے ہے دنیا میں اس کا نفع مخفی نہیں ہے اور آخرت میں اس کی دو وجہ ہیں ایک تو یہ کہ بدصورت کو لوگ برا کہتے ہیں اور طبیعتیں اس سے نفرت کرتی ہیں جب کہ خوبصورت آدمی کی ضرورتیں جلدی پوری کی جاتی ہیں نیز لوگوں کے دلوں میں اس کی عزت ومرتبہ زیادہ ہوتا ہے گویا اس اعتبار سے وہ مال وجاہ کی طرح مقصد تک پہنچنے کا ایک ذریعہ ہے کیوں کہ یہ بھی ایک قسم کی قدرت ہے اور خوبصورت چہرے والے حاجتوں کی فوری تکمیل پر جس قدر قادر ہوتا ہے بدصورت کو اس قدر طاقت حاصل نہیں ہوتی۔ اور جو چیز دنیوی حاجات کو پورا کرنے پر مددگار ہو وہ اس کے واسطے سے آخرت میں بھی مددگار ہوگی۔

---

(۱) سنن ابن ماجہ ص ۱۴۲، ابواب النکاح

(۲) کنز العمال جلد ۱۶ ص ۳۰۰ حدیث ۴۴۵۸۰

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۸۸ مرویات عبد اللہ ابن بسر

اور دوسری بات یہ ہے کہ عام طور پر حُسن و جمال نفس کی فضیلت پر دلالت کرتا ہے کیونکہ جب نفس کا نور خوب چمکتا ہے تو وہ بدن پر ظاہر ہوتا ہے اور ظاہر و باطن اکثر یکساں ہوتے ہیں اسی لیے اصحاب فراست مکارم نفس کی معرفت میں بدن کا اعتبار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ چہرہ اور آنکھیں باطن کا آئینہ ہیں اسی لیے اس میں غصے، خوشی اور غم کا ظہور ہوتا ہے۔ اور اسی لیے کہا گیا ہے کہ چہرے کی بشاشت اندر کی خبر دیتی ہے اور کہا گیا ہے کہ دنیا میں جتنے بدصورت ہیں ان کے چہرے باطن کے مقابلے میں زیادہ خوبصورت ہیں۔

ایک دفعہ خلیفہ مامون کے سامنے کچھ لوگ فوج میں بھرتی ہونے کے لیے اٹھے ان میں ایک بدصورت شخص بھی تھا خلیفہ نے اس سے گفتگو کی تو اس کی زبان میں لکنت تھی اس نے اس کا نام فہرست سے نکال دیا اور کہا اگر روح کی چمک ظاہری بدن پر ہو تو خوبصورتی حاصل ہوتی ہے اور اگر باطن پر ہو تو فصاحت ہوتی ہے اس کا تو ظاہر و باطن کچھ بھی نہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اُطْلُبُوا الْخَيْرَ عِنْدَ صِبَاحِ الْوُجُوهِ۔ (۱) بھلائی خوبصورت لوگوں کے پاس تلاش کرو۔

اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب تم کوئی قاصد بھیجو تو اچھے چہرے اور اچھے نام والا تلاش کرو۔

اور فقہا فرماتے ہیں جب تمام نمازیوں کا درجہ ایک جیسا ہو تو ان میں سے زیادہ خوبصورت امامت کے زیادہ لائق ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس بات پر احسان جتاتے ہوئے فرمایا۔

وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ۔ (۲) اور اللہ تعالیٰ اسے (طالوت کو) علم و جسم میں زیادہ کشادگی عطا فرمائی۔

جمال سے ہماری مراد وہ حسن نہیں ہے جو شہوت کو حرکت دے یہ تو مونث ہوتا ہے ہماری مراد یہ کہ آدمی کا قد اعتدال پر ہو اس میں گوشت بھی مناسب انداز میں ہو اعضاء مناسب ہوں چہرہ ایسا ہو کہ لوگ اسے دیکھ کر نفرت نہ کریں۔

سوال:

آپ نے مال، جاہ و مرتبہ، نسب اور اہل و اولاد کو نعمتوں میں شامل کیا حالانکہ اللہ تعالیٰ نے مال و جاہ کی مذمت فرمائی ہے (۳)

اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ۔ (۴) بے شک تمہاری بیویوں اور تمہاری اولاد میں سے تمہارے دشمن ہیں پس ان سے بچو۔

---

(۱) شعب الایمان جلد ۳ ص ۲۷۸ حدیث ۳۵۴۱

(۲) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۴۷

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۴۶۰ مرویات کعب بن مالک

(۴) قرآن مجید سورۂ تغابن آیت ۱۴

اور ارشاد فرمایا۔

اِنَّمَا اَمْوَالُکُمْ وَاَوْلَادُکُمْ فِتْنَةٌ۔ (۱)　　　　بے شک تمہارے مال اور تمہاری اولاد آزمائش ہیں۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نسب کی مذمت کرتے ہوئے فرماتے ہیں لوگ اپنی نیکیوں کی اولاد ہیں اور ہر شخص کی قیمت وہی ہے جو اس کو اچھا کرتی ہے اور کہا گیا ہے کہ آدمی (کا مقام) اپنی ذات سے ہوتا ہے باپ کے ذریعے نہیں تو شرعی طور پر مذموم ہونے کی صورت میں اس کے نعمت ہونے کا کیا مطلب ہوا۔

جواب:

جو شخص الفاظ منقولہ مؤلہ اور عام مخصوص البعض سے علوم حاصل کرتا ہے اس پر گمراہی غالب ہوتی ہے جب تک اس کو اللہ تعالیٰ کے نور سے علوم کا اصل ماہیت پر ادراک نہ ہو پھر اس ادراک کے بعد وہ اسے منتقل کرے جس طریقے پر بھی ہو کبھی تاویل کے طریقے پر اور کبھی تخصیص کی صورت میں۔

تو اب جب ان چیزوں کو دیکھتے ہیں تو وہ امر آخرت پر مددگار ہیں اور اس بات کا انکار نہیں کیا جا سکتا لیکن اس میں فتنہ اور خوف بھی ہے مال کی مثال اس سانپ جیسی ہے جس میں نفع بخش تریاق بھی ہے اور ضرر رساں زہر بھی اگر اسے منتر جاننے والا پکڑے جو اس کے زہر سے بچنے کا طریقہ جانتا ہے اور اس کا نفع بخش تریاق نکال سکتا ہے تو یہ نعمت ہے اور دیہاتی مغرور پکڑے تو اس کے حق میں مصیبت اور وبال ہے اور یہ ایک سمندر کی طرح ہے جس کی تہہ میں طرح طرح کے جواہر اور موتی ہوتے ہیں اب جو شخص تیراکی جانتا ہے اور غوطہ لگا سکتا ہے نیز سمندر کی آفات سے بچ سکتا ہے تو وہ اس کی نعمتوں کے ساتھ کامیابی حاصل کرتا ہے اور اگر اس کو علم نہ ہو اور غوطہ لگا دے تو ہلاک ہو جاتا ہے

اسی لیے اللہ تعالیٰ نے مال کی تعریف فرمائی اور خیر قرار دیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کی تعریف فرمائی اور ارشاد فرمایا۔

نِعْمَ الْعَوْنُ عَلٰی تَقْوَی اللّٰہِ الْمَالُ۔ (۱)　　　　اللہ تعالیٰ کے خوف پر بہترین مددگار مال ہے۔

اور اسی طرح عزت و جاہ کی تعریف فرمائی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم پر اس بات کا احسان فرمایا کہ آپ کو تمام ادیان پر غالب کر دیا اور مخلوق کے دلوں میں آپ کی محبت ڈال دی جاہ و عزت کا یہی مطلب ہے لیکن ان دونوں باتوں کی تعریف بہت کم آئی ہے جب کہ مال و جاہ کی مذمت زیادہ منقول ہے کیوں کہ ریاکاری کی مذمت فرمائی اور جاہ و تکبر کی مذمت ہے اس لیے کہ ریاکاری کا مقصود لوگوں کے دلوں کو اپنی طرف کھینچنا ہے اور جاہ کا مطلب دلوں پر حکومت

---

(۱) قرآن مجید سورۂ تغابن آیت ۱۵

(۲) کنز العمال جلد ۳ ص ۲۴۱ حدیث ۶۳۴۲

کرتا ہے۔

ان کی مذمت کا زیادہ اور تعریف کا کم ہونا اس وجہ سے ہے کہ اکثر لوگ مال کے سانپ کا منتر نہیں جانتے اور جاہ کے سمندر میں غوطہ لگانے کے طریقے سے ناواقف ہیں اس لیے ان کو ڈرانا واجب ہے وہ مال کے تریاق تک پہنچنے سے پہلے ہی اس کے زہر سے ہلاک ہو جاتے ہیں اور وہ سمندر کے جواہرات تک رسائی سے پہلے ہی اس کی موج انہیں برباد کر دیتی ہے اور اگر یہ دونوں باتیں ذاتی طور پر ہر ایک کے حق میں مذموم ہوتیں تو نبوت کے ساتھ حکومت کا کوئی تصور نہ ہوتا جیسے ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوئی اور نہ اس کے ساتھ مالداری ہوتی جیسے حضرت سلیمان علیہ السلام کو عنایت ہوئی۔

تو تمام لوگ بچے ہیں اور مال سانپ ہیں انبیاء کرام عارفین ہیں اور ان کا منتر جانتے ہیں اور وہ چیز جو منتر جاننے والے کو تکلیف نہیں پہنچاتی بعض اوقات بچے کو اذیت پہنچاتی ہے اں منتر جاننے والے کی اولاد ہو تو وہ اس کو باقی رکھنے اور اس کی بہتری کا ارادہ کرتا ہے اور بعض اوقات جب سانپ کو پاتا ہے تو وہ جانتا ہے کہ اگر وہ اس کو تریاق کے لیے پکڑے گا تو اس کا بچہ بھی اس کی پیروی کرے گا اور اس کے ساتھ کھیلنے لگے گا اور ہلاک ہو جائے گا حالانکہ اس کی غرض تریاق حاصل کرنا بھی ہے اور بچے کو بچانا بھی۔

اب اس کے سامنے دو صورتیں ہیں اگر وہ تریاق کے حصول سے صبر کر سکتا ہے اور اسے کوئی زیادہ نقصان نہیں پہنچے گا لیکن اس کو پکڑنے کی صورت میں بچہ بھی اس کو پکڑے گا اور بچے کی ہلاکت کے باعث زیادہ نقصان ہو گا تو اب اس پر واجب ہے کہ سانپ کو دیکھ کر اس سے بھاگے اور بچے کو بھی بھاگنے کا اشارہ کرے نیز اس کی نگاہوں میں اسے نہایت قبیح قرار دے اور اسے بتائے کہ اس میں ہلاک کرنے والا زہر ہے جس سے کوئی بھی بچ نہیں سکتا نیز اس بچے کو ہرگز نہ بتائے کہ اس میں نفع بخش تریاق بھی ہے کیوں کہ ہو سکتا ہے بچہ واقفیت کے بغیر اس پر جرأت کر بیٹھے۔

اسی طرح غوطہ زن کا معاملہ ہے اگر وہ جانتا ہو کہ بچے کے سامنے غوطہ لگانے سے وہ بھی اس کے پیچھے آئے گا اور ہلاک ہو جائے گا تو اس پر واجب ہے کہ بچے کو دریا اور نہر کے کنارے پر جانے سے ڈرائے اور اگر بچہ محض ڈرانے سے نہ ڈرے جب وہ اپنے والد کو دریا کے کنارے چکر لگاتے ہوئے دیکھے تو اب ضروری ہے کہ خود بھی ساحل سے دور رہے اور بچے کو بھی دور رکھے اور اس کے سامنے دریا کے قریب نہ جائے۔

تو امت بھی اسی طرح انبیاء کرام علیہم السلام کی شفقت کی گود میں ناواقف بچوں کی طرح ہے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِنَّمَا أَنَا لَكُمْ مِثْلُ الْوَالِدِ لِوَلَدِهٖ۔ (1) میں تمہارے لیے اس طرح ہوں جیسے اولاد کے لیے والد ہوتا ہے۔

(1) سنن ابی داؤد جلد اول ص ۳ کتاب الطہارۃ

اور آپ نے ارشاد فرمایا،

اِنَّكُمْ تَتَهَافَتُوْنَ عَلَى النَّارِ تَهَافُتَ الْفَرَاشِ وَاَنَا اٰخِذٌ بِحُجَزِكُمْ۔ (۱)

تم آگ پر پروانوں کی طرح گرتے ہو اور میں تمہیں کمر سے پکڑتا ہوں (اور پیچھے ہٹاتا ہوں)

اور انبیاء کرام علیہم السلام کا سب سے بڑا مقصد اپنی اولاد (امت) کو ہلاکت خیز باتوں سے بچانا ہی تھا اور وہ اسی مقصد کے لیے مبعوث ہوئے مال کے ساتھ ان کا تعلق بقدر کفایت تھا پس انہوں نے اسی قدر پہ گذارہ کیا اور جو بچ گیا اسے انہوں نے روکا نہیں بلکہ خرچ کر دیا کیوں کہ یہ خرچ کرنا ہی تریاق ہے اور روکنا زہر قاتل ہے اور اگر لوگوں کے لیے مال کمانے کا دروازہ کھول دیا جائے اور وہ اس میں رغبت کریں تو وہ روکنے کے زہر کی طرف مائل ہوں گے اور خرچ کرنے کے تریاق سے اعراض کریں گے اسی وجہ سے مالوں کو قبیح قرار دیا گیا اور اس سے مراد ان کو روکنے کی صورت میں قباحت ہے زیادہ مال حاصل کرنے کی حرص رکھنا اور نعمتوں کی وسعت جو دنیا اور اس کی لذات کی طرف مائل کرتی ہے لیکن بقدر ضرورت حاصل کرنا اور زائد مال اچھے کاموں میں خرچ کرنا مذموم نہیں ہے اور ہر مسافر کا حق ہے کہ وہ سفر میں ضرورت کے مطابق زادراہ اختیار کرے بشرطیکہ اس بات کا پختہ ارادہ ہو کہ وہ اپنے اوپر ہی خرچ کرے گا لیکن جب دوسروں کو کھانا کھلانا ہو اور رفقاء پر صرف کرنا مقصود ہو تو زیادہ لے جانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لِيَكُنْ بَلَاغُ اَحَدِكُمْ مِنَ الدُّنْيَا كَزَادِ الرَّاكِبِ (۲)

تمہارا دنیوی توشہ مسافر کے زادراہ کی طرح ہونا چاہیے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے ذاتی اخراجات کے لیے اتنا ہونا چاہیئے ورنہ اس حدیث کے راویوں میں سے ایسے لوگ بھی تھے کہ وہ اس پر عمل بھی کرتے لیکن ایک جگہ وہ ایک لاکھ درہم لے جاتے اور وہاں ہی خرچ کر کے کچھ بھی واپس نہ لاتے۔

اور جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مال دار لوگ جنت میں سختی کے ساتھ داخل ہوں گے تو حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے اس بات کی اجازت مانگی کہ وہ اپنی تمام ملکیت صدقہ کر دیں تو آپ نے ان کو اجازت دے دی اس وقت حضرت جبریل علیہ السلام اترے اور عرض کیا کہ آپ ان کو حکم دیں کہ وہ مسکین کو کھانا کھلائیں، ننگے کو کپڑا پہنائیں اور مہمان کی مہمان نوازی کریں۔ (۳)

تو دنیوی نعمتوں میں ملاوٹ ہے ان کا علاج بیماری کے ساتھ ملا ہوا ہے اور امید و خوف بھی ساتھ ساتھ ہیں اسی طرح اس

---

(۱) صحیح بخاری جلد اول ص ۴۸۷ کتاب الانبیاء

(۲) سنن ابن ماجہ ص ۳۱۲، ابواب الزھد (۳) المستدرک للحاکم جلد ۳ ص ۳۱۱ کتاب معرفۃ الصحابۃ

کا نفع اور نقصان بھی ایک دوسرے سے متصل ہے پس جس شخص کو اپنی بصیرت اور کمالِ معرفت کی وجہ سے یقین ہو تو وہ اس کے قریب ہو سکتا ہے لیکن اس کی بیماری سے بچتے ہوئے اور اس کی دوا کی امید رکھتے ہوئے اور جسے یقین نہ ہوا سے خطرات کے مقام سے علیحدہ رہنا اور بھاگنا چاہیے ایسے لوگوں کے حق میں سلامتی ہی عمدہ ہے اور تمام لوگ اسی طرح کے ہیں مگر جس کو اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے اور اپنے راستے کی طرف راہنمائی فرمائے۔

سوال:

توفیق نعتیں جو ہدایت، رُشد، تائید اور تسدید (سیدھا رہنا) کی طرف لوٹتی ہیں ان کا کیا مطلب ہے۔

جواب:

توفیق سے کوئی بھی بے نیاز نہیں ہو سکتا اور اس کا مطلب بندے کے ارادے اور اللہ تعالیٰ کے قضاء و قدر کے درمیان رابطہ کا ہونا ہے اور یہ خیر و شر پر مشتمل ہوتا ہے نیز یہ کہ سعادت کیا ہے اور شقاوت کیا! لیکن عرف و عادت میں توفیق کا لفظ اسی بات کے ساتھ خاص ہے جو اللہ تعالیٰ کے قضاء و قدر میں سے سعادت کے موافق ہو جیسے الحاد لغوی طور پر میلان کو کہتے ہیں لیکن اب حق سے باطل کی طرف میلان کا نام الحاد ہے اور اسی طرح ارتداد کا معاملہ ہے اور توفیق کی حاجت میں کوئی پوشیدگی نہیں اسی لیے کہا گیا ہے۔

اِذَا لَمْ يَكُنْ عَوْنٌ مِنَ اللّٰهِ لِلْفَتٰى فَاَكْثَرُ مَا يَجْنِيْ عَلَيْهِ اِجْتِهَادُهٗ۔	جب بندے کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے توفیق و مدد حاصل نہ ہو تو اکثر اس کا اجتہاد ہی گناہ میں مبتلا کرتا ہے۔

اور ہدایت کے بغیر تو کوئی شخص سعادت تک رسائی حاصل نہیں کر سکتا۔ کیوں کہ انسان بعض اوقات ایسے کام کا ارادہ کرتا ہے جس میں اس کی اُخروی بھلائی ہو لیکن جب اسے معلوم نہ ہو کہ اس کی بہتری کس چیز میں ہے حتیٰ کہ وہ فساد کو بھی بہتری تصور کرتا ہو تو محض ارادہ اسے کیا نفع دے گا۔ لہٰذا ارادے قدرت اور اسباب میں فائدہ، ہدایت کے بعد ہی ہوتا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى۔ (۱)	ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو پیدا کر کے پھر اسے ہدایت دی۔

اور ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ۔ (۲)	اور اگر تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور رحمت نہ ہوتی تو تم میں کسی کو کبھی بھی پاکیزگی حاصل نہ ہوتی لیکن اللہ تعالیٰ جسے چاہیے پاک کرتا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ طٰہٰ آیت ۵۰ (۲) قرآن مجید سورۂ نور آیت ۲۱

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَا مِنْ اَحَدٍ یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ اِلَّا بِرَحْمَۃِ اللّٰہِ۔ — کوئی شخص بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت کے بغیر جنت میں نہیں جائے گا۔

یعنی اس کی ہدایت کے بغیر نہیں جائے گا عرض کیا گیا یا رسول اللہ! آپ بھی؛ فرمایا میں بھی نہیں جاؤں گا۔

منازل ہدایت:

ہدایت کی تین منزلیں ہیں پہلی منزل خیر و شر کے راستے کی معرفت ہے جس کی طرف اللہ تعالیٰ کے اس قول میں اشارہ کیا گیا ہے۔

وَھَدَیْنٰہُ النَّجْدَیْنِ۔ (۱) — اور ہم نے اسے (بچے کو) دو ابھری ہوئی چیزوں (ماں کے دودھ) کا راستہ بتایا۔

اور اللہ تعالیٰ نے اس ہدایت کے ذریعے اپنے تمام بندوں پر انعام فرمایا بعض کو عقل کے ذریعے اور بعض کو انبیاء کرام علیہم السلام کی زبان سے بتایا اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَھَدَیْنٰھُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰی عَلَی الْھُدٰی۔ (۲) — اور قوم ثمود کو ہم نے ہدایت دی پس انہوں نے ہدایت کے مقابلے میں اندھے پن کو پسند کیا۔

تو ہدایت کے اسباب کتابیں، رسل عظام اور عقلی بصیرت ہے اور ان سے کسی کو رکاوٹ نہیں البتہ حسد تکبر اور دنیا کی محبت اور دلوں کو اندھا کرنے والے اسباب رکاوٹ بنتے ہیں اگرچہ آنکھوں کی بینائی موجود ہو۔

ارشاد خداوندی ہے:

فَاِنَّھَا لَا تَعْمَی الْاَبْصَارُ وَلٰکِنْ تَعْمَی الْقُلُوْبُ الَّتِیْ فِی الصُّدُوْرِ۔ (۳) — بے شک آنکھیں اندھی نہیں ہیں لیکن وہ دل جو سینوں میں ہیں، اندھے ہیں۔

اور اس اندھا پن میں مانوس ہونا، عادت اور تعلق کا ہونا ہے اسی سلسلے میں ارشاد خداوندی ہے:

اِنَّا وَجَدْنَا اٰبَآءَنَا عَلٰی اُمَّۃٍ۔ (۴) — بے شک ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک راستے پر پایا۔

اور تکبر و حسد کے بارے میں فرمایا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ بلد آیت ۱۰

(۲) قرآن مجید، سورۂ فصلت آیت ۱۷

(۳) قرآن مجید، سورۂ حج آیت ۴۶

(۴) قرآن مجید، سورۂ زخرف آیت ۲۲

وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْآنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ۔ (۱)

اور وہ کہتے ہیں یہ قرآن پاک ان دو بستیوں (مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ) کی کسی عظیم شخصیت پر کیوں نازل نہیں ہوا۔

اور ارشاد خداوندی ہے:

اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗ۔ (۲)

کیا ہم ایک ایسے آدمی کی پیروی کریں جو ہم میں سے ہے۔

تو یہ دل کے اندھاپن سے متعلق امور ہیں جو ہدایت حاصل کرنے اور ہدایت دینے کے راستے میں رکاوٹ ہیں۔

ہدایت کی دوسری منزل اس عام ہدایت کے بعد ہے اور یہ وہ ہدایت ہے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ، بندے کی ایک حالت کے بعد دوسری حالت میں مدد کرتا ہے اور یہ مجاہدے کا نتیجہ ہے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا۔ (۳)

اور وہ لوگ جو ہمارے راستے میں کوشش کرتے ہیں انہیں کئی راستوں کی ہدایت دیتے ہیں۔

اور اس ارشاد خداوندی سے بھی یہی مراد ہے۔

وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى۔ (۴)

اور وہ لوگ جو ہمارے راستے پر چلے ان کی ہدایت بڑھ گئی۔

اور تیسری قسم کی ہدایت دوسری ہدایت کے بعد ہے اور یہ وہ نور ہے جو کمالِ مجاہدہ کے بعد عالم نبوت و ولایت میں چمکتا ہے۔ اور اس کے ذریعے انسان وہ ہدایت حاصل کرتا ہے جس تک وہ عقل کے ذریعے رسائی حاصل نہیں کر سکتا وہ عقل جس پر عمل اور علوم کے سیکھنے کا دار و مدار ہے۔

اور یہ ہدایتِ مطلق ہے اور اس کے بعد حجابات اور مقدمات ہیں اور اسی کو اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف نسبت کے ساتھ مشرف فرمایا اگرچہ ہر قسم کی ہدایت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے ارشاد خداوندی ہے۔

قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى۔ (۵)

آپ فرما دیجیے بے شک اللہ تعالیٰ کی ہدایت ہی ہدایت ہے

اور اسی کو قرآن پاک میں زندگی قرار دیا گیا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ

تو کیا وہ شخص جو مردہ تھا پس ہم نے اسے زندہ کیا اور

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ زخرف آیت ۳۱

(۲) قرآن مجید، سورۂ قمر آیت ۲۴

(۳) قرآن مجید، سورۂ عنکبوت آیت ۶۹

(۴) قرآن مجید، سورۂ محمد آیت ۱۷

(۵) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۱۲۰

نُوْرًا یَّمْشِیْ بِهٖ فِی النَّاسِ۔ (۱)
اس کے لیے نور پیدا کیا جس کے ساتھ وہ لوگوں کے درمیان چلتا ہے۔

اور اس ارشاد خداوندی سے بھی یہی مراد ہے۔

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ۔ (۲)
تو کیا وہ شخص جس کے سینے کو اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لیے کھول دیا پس وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے۔

رُشد سے مراد عنایتِ الٰہیہ ہے جب انسان اپنے مقاصد کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو یہ اس کی مدد کرتی ہے اور جس میں اس کی بھلائی ہو اس میں اسے طاقت دیتی ہے اور جس میں خرابی ہو اسے سست و کمزور کر دیتی ہے۔ اور یہ باطن میں ہوتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَلَقَدْ اٰتَیْنَآ اِبْرٰهِیْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِیْنَ۔ (۳)
اور بے شک ہم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اس سے پہلے ہی ان کی رُشد عطا کر دی اور ہم ان کو جاننے والے ہیں۔

تو رُشد اس ہدایت کو کہتے ہیں جو سعادت کی جہت کا باعث اور اس کے لیے قوت محرکہ ہے تو جو بچہ اس حال میں بالغ ہو کہ وہ مال کی حفاظت، تجارت کے طریقے اور مال بڑھانے سے واقف ہو لیکن اس کے باوجود وہ اسراف کرے اور مال میں اضافہ نہ کرے تو اسے رشید نہیں کہا جاتا کیوں کہ سب طریقے جاننے کے باوجود اس کے ارادے کے محرک میں ہدایت کی کمی ہے۔
کتنے ہی لوگ ایسے ہیں جو ایسے کام کی طرف بڑھتے ہیں جس کے بارے میں وہ جانتے ہیں کہ یہ اس کے لیے نقصان دہ ہے اور اس ہدایت کی وجہ سے وہ جاہل سے ممتاز ہوتا ہے لیکن اسے رُشد نہیں دی گئی تو اس اعتبار سے رُشد محض ہدایت کے مقابلے میں زیادہ کامل ہے اور یہ عظیم نعمت ہے۔
اور تسدید کا مطلب حرکات کو مطلوب کی طرف متوجہ کرنا اور ان کو آسان کرنا ہے تاکہ بہت جلد صحیح راستے کی طرف پختہ ہو جائے کیوں کہ محض ہدایت کفایت نہیں کرتی بلکہ ایسی ہدایت کی ضرورت ہے جو ارادے کو حرکت دے اور وہ رُشد ہے اور محض رُشد بھی کافی نہیں بلکہ اعضا اور آلات کی مدد سے حرکات کا آسان ہونا ضروری ہے یہاں تک کہ وہ مراد پوری ہو جس کی طرف ارادے کی انگیخت ہوئی ہے تو ہدایت محض پہچان کا نام ہے رُشد ارادے کو بیدار کرنا ہے تاکہ وہ بیدار ہو کر حرکت کرے اور تسدید درستگی تک پہنچنے میں اعضا کو حرکت

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ انعام آیت ۱۲۲
(۲) قرآن مجید، سورۂ زمر آیت ۲۲
(۳) قرآن مجید، سورۂ انبیاء آیت ۵۱

دینے کے ذریعے اعانت و مدد کرنا ہے۔
اور تائید ان سب کی جامع ہے اور وہ اندر سے بصیرت کے ساتھ قوت دینا اور باہر سے اسباب کی موافقت سے مضبوطی ہے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کا یہی مطلب ہے۔

اِذْ اَیَّدْتُّکَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ۔ (۱) جب میں نے پاک روح کے ساتھ تمہاری مدد کی۔

اور تائید کے قریب عصمت ہے یعنی انسان کے اندر وہ عنایت الٰہیہ ہو جس کے ذریعے آدمی خیر کی تلاش اور برائی سے اجتناب پر قادر ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی سے یہی مراد ہے۔

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ۔ (۲) اور اس (حضرت زلیخا) نے ان کا ارادہ کیا اور وہ (یوسف علیہ السلام) بھی اس کا ارادہ کرتے اگر اپنے رب کی برہان نہ دیکھتے۔

تو یہ نعمتوں کا مجموعہ ہے اور سب (نعمتیں) اسی وقت جمع ہوتی ہیں جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے صاف فہم، یاد رکھنے والے کان، بصیرت و تواضع اور خیال رکھنے والا دل، ناصح معلم، اور اس قدر مال حاصل ہو جو ضروری امور سے کم نہ ہو اور زیادہ ہونے کی وجہ سے دین سے دور نہ کرے نیز عزت حاصل ہو جو بیوقوفوں کی بیوقوفی اور دشمنوں کے ظلم سے محفوظ رکھے۔
ان میں سے ہر سبب سولہ اسباب کا تقاضا کرتا ہے پھر وہ اسباب مزید اسباب کے متقاضی ہوتے ہیں یہاں تک کہ یہ سلسلہ پریشان ہونے والوں کی دلیل مجبور ہونے والوں کی پناہ گاہ تک پہنچتا ہے اور وہ تمام ارباب کا رب ہے اور اسباب کو پیدا کرنے والا (مسبب الاسباب) ہے اور چونکہ یہ اسباب بہت طویل ہیں یہ کتاب ان کا احاطہ نہیں کر سکتی تو ہم ان میں سے کچھ مثالیں پیش کرتے ہیں تاکہ اس آیت کا معنیٰ معلوم ہو جائے ارشاد خداوندی ہے۔

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا۔ (۳) اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو شمار کرنے لگو تو گن نہیں سکتے۔

اور اللہ تعالیٰ ہی توفیق عطا فرمانے والا ہے۔

اس بات کے نمونہ کا بیان کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتیں بے شمار ہیں

ہم نے نعمتوں کو سولہ قسموں میں جمع کیا ہے اور بدن کی صحت کو ان نعمتوں میں شمار کیا ہے جو دوسرے مرتبہ میں ہیں پس

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ مائدہ آیت ۱۱۰

(۲) قرآن مجید، سورۂ یوسف آیت ۲۴

(۳) قرآن مجید، سورۂ ابراہیم آیت ۳۴

یہ ایک نعمت ہے اگر ہم ان اسباب کا احاطہ کرنا چاہیں جن کے ذریعے یہ مکمل ہوتی ہے تو ہم ایسا نہیں کر سکتے لیکن کھانا صحت کے اسباب میں سے ایک سبب ہے اب ہم ان اسباب میں سے کچھ کا ذکر کرتے ہیں جن کے ذریعے کھانے کی نعمت مکمل ہوتی ہے تو یہ بات مخفی نہیں ہے کہ کھانا ایک فعل ہے اور اس نوع کا ہر فعل حرکت ہے اور ہر حرکت کے لیے ایک متحرک جسم کی ضرورت ہوتی ہے جو اس حرکت کا آلہ ہوتا ہے اور حرکت پر قدرت بھی ضروری ہے نیز حرکت کے لیے ارادے کا ہونا بھی لازمی ہے علاوہ ازیں مراد کا علم اور ادراک بھی ضروری ہے کھانے والے کے لیے وہ چیز بھی ضروری ہے جسے وہ کھائے پھر اس کھانے کی کوئی اصل بھی ہوگی جس کے ذریعے وہ حاصل ہوتا ہے نیز اس کو بہتر بنانے والا کاریگر بھی ہوگا۔

تو ہم ادراک و علم کے اسباب کا ذکر کرتے ہیں پھر ارادوں کے اسباب اس کے بعد قدرت کے اسباب پھر ماکول (کھائی جانے والی چیز) کے اسباب کو اجمال کے ساتھ بیان کریں گے تفصیل کے ساتھ نہیں۔

پہلا نکتہ:

اسباب ادراک کی تخلیق کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی نعمتیں

جان لو! اللہ تعالیٰ نے سبزیوں کو پیدا کیا اور ان کا وجود پتھر، ڈھیلے، لوہے تانبے اور تمام جواہرات جو نہ بڑھتے ہیں نہ غذا حاصل کرتے ہیں، سے زیادہ کامل ہے کیوں کہ سبزیوں میں اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی قوت پیدا فرمائی ہے جس کے ذریعے وہ اپنی اصل اور ان جڑوں کے واسطے سے غذا کو جذب کرتی ہیں جو زمین میں ہیں اور یہ جڑیں اور رگیں ان میں آلات ہیں جو غذا حاصل کرتی ہیں اور وہ باریک باریک رگیں ہیں جن کو تم پتے میں دیکھتے ہو پھر وہ مضبوط جڑیں بن جاتی ہیں اور اس کے بعد شاخیں بنتی ہیں اور وہ مسلسل پتلی ہوتی اور پتوں میں پھیلتی ہیں حتیٰ کہ نظروں سے اوجھل ہوتی ہیں لیکن یہ سبزیاں اس کمال کے باوجود ناقص ہوتی ہیں کیوں کہ جو غذا ان تک پہنچتی ہے اگر وہ نہ پہنچے تو وہ خشک ہو جاتی ہیں اور کسی دوسری جگہ سے ان کو غذا پہنچانا مشکل ہوتا ہے کیوں کہ طلب، مطلوب کی معرفت اور اس کی طرف انتقال سے ہوتی ہے اور سبزیاں اس بات سے عاجز ہیں۔

تو یہ اللہ تعالیٰ کی تم پر نعمت ہے کہ اس نے تمہارے لیے آلات احساس اور طلب غذا کے سلسلے میں آلہ حرکت پیدا کیا ہے۔ حواس خمسہ کی تخلیق کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی حکمت کی ترتیب دیکھو اور یہ حواس آلہ ادراک ہیں سب سے پہلے چھونے والی حس ہے یہ انسان کے فائدے کے لیے پیدا کی گئی ہے یہاں تک کہ جب تمہیں جلانے والی آگ یا زخمی کرنے والی تلوار پہنچتی ہے تو تم اسے محسوس کرتے ہو اور بھاگ جاتے ہو۔

حیوان کے لیے پیدا کی جانے والی یہ پہلی حس ہے اور کوئی بھی حیوان ایسا نہیں ہے جس میں یہ حس نہ ہو کیوں کہ اگر وہ کسی چیز کو بالکل ہی محسوس نہ کرے تو اس میں حیات ہی نہیں ہے اور حس کا سب سے کم درجہ یہ ہے کہ جو چیز اس سے چھو جائے اسے محسوس کرے کیوں کہ دور سے احساس تو کامل احساس ہے اور یہ (ادنیٰ حس) ہر حیوان میں پائی جاتی ہے حتیٰ کہ کیڑے میں

پائے جانے والے کیڑے میں بھی ہوتی ہے اگر اسے سُوئی چبھائی جائے تو وہ بھاگنے کے لیے سکڑ جاتا ہے سبزیوں کی طرح نہیں ہوتا کیوں کہ سبزی کو کاٹا جاتا ہے لیکن وہ سکڑتی نہیں کیوں کر اسے کاٹنے کا احساس ہی نہیں ہوتا لیکن بات یہ ہے کہ اگر آدمی میں صرف یہی حس ہوتی تو وہ کیڑے کی طرح ناقص ہوتا اور غذا کے دور ہونے کی وجہ سے اسے تلاش نہ کر سکتا بلکہ صرف اتنی بات ہوتی کہ جو کچھ اس کے بدن سے لگتا وہ اسے محسوس کر کے اپنی طرف کھینچتا۔

لہٰذا انسان ایسی حس کا محتاج ہوا جس کے ذریعے وہ دُور کی چیز کا بھی ادراک کر سکے لہٰذا (اے انسان) تمہارے لیے سونگھنے کی حس پیدا کی گئی لیکن اس سے تو صرف بُو کا پتہ چلتا ہے تم نہیں جانتے کہ یہ کس طرف سے آئی ہے لہٰذا تم اس بات کی ضرورت محسوس کرتے کہ تمام اطراف کی طرف پھرو اور کبھی ایسا بھی ہوتا کہ جس کھانے کی خوشبو محسوس کی اس تک نہ پہنچ سکتے اور کبھی پہنچ جاتے لہٰذا اگر صرف یہی حس ہوتی تو تم انتہائی نقصان ہی میں تھے پس تمہارے لیے بینائی پیدا کی گئی تاکہ تم دور کی چیزوں کا بھی ادراک کر سکو اور اس کی جہت معلوم ہو جائے اور صرف اسی جہت کا قصد کرو اگر صرف یہی حس ہوتی تو بھی نقصان ہوتا کیوں کہ دیواروں اور پردوں کے پیچھے نہ دیکھ سکتے اور ان چیزوں کا علم نہ ہوتا اب تم صرف وہی دیکھتے جو تم سے پردے میں نہیں ہے اور اسی دشمن کو دیکھ سکتے جو تمہارے سامنے ہوتا۔ لیکن جو چیز پردے کے پیچھے ہوتی تم اسے نہ دیکھ سکتے اور بعض اوقات پردہ اس وقت ہٹتا ہے جب دشمن قریب آجاتا ہے اور اس وقت تم دوڑ نہیں سکتے۔

تو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے قوتِ سماعت پیدا کی تھی کہ تم اس کے ذریعے وہ آوازیں سنتے ہو جو دیواروں اور پردوں کے پیچھے سے حرکت کی صورت میں سنائی دیتی ہیں لیکن آنکھ سے تو صرف سامنے والی چیز کو دیکھ سکتے ہو جب کہ غائب چیز کی معرفت اس کلام کے ذریعے ہوتی ہے جو حروف اور آوازوں سے مرکب ہوتی ہے اور اس کا ادراک قوتِ سماعت سے ہوتا ہے۔

تو اس حاجت کے تحت تمہارے لیے کان پیدا کئے گئے اور تمہیں کلام سمجھنے کے ذریعے دوسرے تمام حیوانات سے ممتاز کر دیا گیا پھر بھی یہ سب کچھ تمہیں فائدہ نہیں دے سکتا جب تک تمہارے لیے چکھنے کی حس نہ ہو کیوں کہ غذا تم تک پہنچتی ہے اور تم نہیں جانتے کہ وہ تمہارے موافق ہے یا مخالف پس تم اسے کھا کر ہلاک ہو سکتے ہو جیسے درخت کے اُگنے کی جگہ پر سیال چیز ڈالی جاتی ہے لیکن اس کے پاس چکھنے کی حس نہیں ہے تو وہ اسے جذب کر لیتی ہے اور بعض اوقات وہ سیال چیز اس درخت کی خشکی کا سبب بن جاتی ہے۔

اور یہ سب کچھ بھی ناکافی ہوتا اگر تمہارے دماغ کے اگلے حصے میں ایک اور ادراک نہ ہوتا جسے حس مشترک کہتے ہیں اور یہ پانچوں حواس اس تک پہنچاتے ہیں اور اس میں جمع ہوتے ہیں اگر وہ حس مشترک نہ ہوتی تو معاملہ طول پکڑ جاتا مثلاً جب تم پیلے رنگ کی چیز کھاتے ہو اور اسے کڑوی پاتے ہو تو اسے چھوڑ دیتے ہو پھر جب دوسری بار اسے دیکھتے ہو تو تمہیں اس کی معرفت نہیں ہوتی کہ یہ کڑوی اور مضر چیز ہے جب تک دوبارہ نہ چکھو اگر حس مشترک نہ ہوتی (تو یہ دقت پیش آتی) کیوں کہ آنکھ پیلے رنگ کو دیکھ سکتی ہے لیکن کڑواہٹ کا احساس نہیں کر سکتی تو تم اس سے کس طرح رُکتے۔ ذائقہ کی حس سے کڑواہٹ کا ادراک

ہوتا ہے لیکن زردی کا پتہ نہیں چلتا لہذا ایک ایسی قوت حاکمہ کی ضرورت ہے جس کے پاس زردی اور کڑواہٹ دونوں جمع ہوں حتیٰ کہ جب اس کی زردی کا پتہ چلے تو وہ اس کی کڑواہٹ کا بھی فیصلہ کر دے اور دوسری بار اس کے کھانے سے وہ اجتناب کرے۔

ان تمام باتوں میں حیوانات بھی تمہارے ساتھ شریک ہوتے ہیں کیوں کہ بکری کے پاس بھی یہ تمام حواس ہوتے ہیں اور اگر تمہارے پاس بھی صرف یہی حواس ہوتے تو تم ناقص ہوتے جیسے جانور کو حیلے سے پکڑا جاتا ہے لیکن وہ اس سے اپنا دفاع کرنے کا طریقہ نہیں جانتا اور اسے معلوم نہیں کہ جب وہ قید ہو جائے تو اس سے کس طرح جان چھڑوائے۔ بعض اوقات جانور اپنے آپ کو کنویں میں گرا دیتا ہے لیکن اسے معلوم نہیں ہوتا کہ یہ کام اس کی ہلاکت کا باعث ہے اسی لیے جانور وہ چیز کھاتا ہے جو اسے فوری طور پر لذت پہنچاتی ہے لیکن دوسرے مرحلے میں وہ اس کو نقصان دیتی ہے اور وہ بیمار ہو کر مر جاتی ہے کیوں کہ اسے موجودہ چیز کا احساس ہوتا ہے لیکن وہ انجام سے بے خبر ہوتا ہے۔

تو اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک اور صفت کے ذریعے ممتاز کیا اور عزت بخشی اور یہ صفت باقی تمام صفات سے اشرف ہے اور یہ عقل ہے اسی کے ذریعے کھانوں کے نقصان اور فی الفور یا مستقبل میں پائے جانے والے نفع کا ادراک ہوتا ہے عقل سے کھانے پکانے ان کو مرکب کرنے اور ان کے اسباب تیار کرنے کی کیفیت معلوم ہوتی ہے تو تم اپنی عقل کے ذریعے کھانے سے نفع حاصل کرتے ہو جو تمہاری صحت کا سبب ہے اور یہ عقل کا سب سے اچھا فائدہ ہے حالانکہ یہ سب سے ہلکا فائدہ ہے بلکہ اس کی حکمت کبریٰ تو اللہ تعالیٰ اور اس کے افعال کی معرفت ہے نیز اس عالم میں اس کی حکمت کو جاننا ہے اس وقت حواس خمسہ تمہارے حق کی طرف لوٹتے ہیں پس حواس خمسہ جاسوسوں کی طرح اور ان مخبروں کی طرح ہوتے ہیں جن کو مملکت کے اطراف و اکناف میں مقرر کیا جاتا ہے۔ ان میں سے ہر ایک ایک ایسے امر کے ساتھ مقرر ہے جو اس کے ساتھ خاص ہے۔

ایک رنگوں کی خبر دینے کے ساتھ، دوسرا آوازوں کی خبر دینے کے ساتھ، تیسرا بُو کی خبر دینے کے ساتھ چوتھا ذائقوں کی خبر دینے کے ساتھ اور پانچواں گرمی، سردی، سختی نرمی، کھردرے پن اور ملائم ہونے کی خبر دینے کے ساتھ خاص ہے اور یہ جاسوس اور ڈاکیئے مملکت کے تمام اطراف سے خبریں لے کر حس مشترک تک پہنچاتے ہیں اور حس مشترک دماغ کے اگلے حصے میں بیٹھی ہوئی ہے جیسے واقعات اور عرضی نویس بادشاہ کی ڈیوڑھی میں بیٹھے ہوتے ہیں وہ ان تمام واقعات کو جمع کرتے ہیں جو اطراف عالم سے آتے ہیں وہ ان کو لے کر اسی طرح مہر لگے ہوئے بادشاہ تک پہنچاتے ہیں کیوں کہ ان کو صرف ان اخبارات اور درخواستوں کے لینے، جمع کرنے اور حفاظت کا اختیار ہوتا ہے ان میں مذکورہ حقائق کی پہچان حاصل کرنے کا انہیں کوئی اختیار نہیں ہوتا۔

لیکن جب وہ عقلمند دل ہوتا ہے اور وہی امیر اور بادشاہ ہے اور وہ مہر زدہ خطوط اس تک پہنچتے ہیں تو وہ ان کی تفتیش کرتا ہے اور ان کے ذریعے مملکت کے اسرار پر مطلع ہو کر عجیب احکام کا فیصلہ کرتا ہے اور اس مقام پر ان فیصلوں کا کامل بیان نہیں ہو سکتا ___ اور ان احکام و مصالح کے مطابق جو ظاہر ہوتے ہیں وہ لشکروں کو حرکت دیتا ہے اور اعضاء لشکر ہیں کبھی طلب کا حکم ہوتا ہے اور کبھی بھاگنے کا اور کبھی ان تدبیروں کو پورا کرنے کا جو اسے پیش آتی ہیں۔

غرضیکہ ادراکات (محسوس کرنا) کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا اس طرح انتظام ہے اور یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ ہم نے اس کا پورا بیان لکھ دیا ہے کیوں کہ ظاہری حواس تو بعض ادراکات ہیں اور تمام حواس میں سے ایک دیکھنے کی حس ہے اور اس کے لیے آنکھ آلہ ہے اور آنکھ دس طبقوں سے مرکب ہے جو مختلف ہیں بعض رطوبات ہیں بعض پردے ہیں اور پردوں میں سے بعض مکڑی کے جالے کی طرح ہیں اور بعض رحم کی جھلی کی طرح ہیں اور بعض رطوبات انڈے کی سفیدی کی طرح ہیں اور بعض برف کی مانند ہیں اور ان دس طبقات میں سے ہر ایک کے لیے ایک صفت ہے، صورت، شکل، ہیئت، چوڑائی گولائی اور خاص ترکیب ہے اگر ان دس طبقات میں سے ایک میں بھی خلل آجائے یا کسی طبقے کی کسی صفت میں گڑبڑ ہو جائے تو بینائی میں خلل واقع ہوتا ہے اور طبیب اور سرمہ لگانے والے سب عاجز ہو جائیں۔

یہ تو ایک حس کی بات ہے اس پر سننے اور باقی تمام حواس کو قیاس کر لو بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ آنکھ میں اللہ تعالیٰ نے جس قدر حکمتیں رکھی ہیں نیز اس کے طبقات میں جو کچھ پوشیدہ ہے وہ کئی جلدوں میں بھی بیان نہیں ہو سکتا۔ حالانکہ یہ سب کچھ مل کر چھوٹے سے اخروٹ سے زیادہ نہیں ہے تو پورے بدن اور تمام اعضاء کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے تو اللہ تعالیٰ نے ادراکات کی تخلیق کے اعتبار سے اپنی نعمتوں میں جو رموز رکھے ہیں یہ ان کا بیان ہے۔

دوسرا نکتہ:

ارادوں کی تخلیق میں نعمتوں کی اقسام

جان لو! اگر تمہارے لیے بینائی پیدا کی جاتی حتیٰ کہ تم دور سے غذا کا ادراک کر لیتے لیکن کھانے کی طرف میلان اور شوق پیدا نہ کیا جاتا اور نہ خواہش ہوتی جو تمہیں حرکت کرنے پر مجبور کرتی تو بینائی معطل ہو جاتی کتنے ہی مریض کھانا دیکھتے ہیں اور وہ ان کے لیے زیادہ نفع بخش ہوتا ہے لیکن خواہش نہ ہونے کی وجہ سے وہ اسے کھا نہیں سکتے تو اس طرح بینائی اور سماعت اس کے حق میں معطل ہو جاتی ہے لہٰذا تم اس بات پر مجبور ہو کہ موافق چیز کی طرف تمہارا میلان ہو۔ جسے خواہش کہتے ہیں اور مخالف چیز سے نفرت ہو جسے کراہت کہتے ہیں تاکہ تم خواہش کے ذریعے طلب کرو اور نفرت کی وجہ سے دور رہو تو اللہ تعالیٰ نے تمہارے اندر کھانے کی خواہش پیدا کر کے اسے تم پر مسلط کیا اور اسے تمہارے سپرد کر دیا کہ اشتہاء کے تقاضے سے کھانے کی طرف محتاج اور مجبور ہو حتیٰ کہ تم کھاؤ اور غذا کے ذریعے زندہ ہو اور یہ وہ چیز ہے جس میں تمہارے ساتھ حیوانات بھی شریک ہوتے ہیں البتہ سبزیاں اس میں شریک نہیں ہیں۔

پھر اگر ضرورت کی مقدار کھانے کے بعد بھی یہ خواہش نہ ٹھہرتی تو تم زیادہ کھا کر ہلاک ہو جاتے تو اللہ تعالیٰ نے سیر ہونے کے وقت کراہت پیدا فرمائی تاکہ اس کے ذریعے تم کھانا چھوڑ دو کھیتی کی طرح نہیں کہ وہ پانی کو ہمیشہ جذب کرتی ہے حتیٰ کہ جب کہ اس کے نیچے تک چلا جاتا ہے تو وہ خراب ہو جاتی ہے لہٰذا ایک آدمی کی ضرورت ہوتی ہے جو ضرورت کے بعد اس (کھیتی) کی

غذا کا اندازہ کر کے کبھی اسے پانی سے سیراب کرے اور کبھی اس سے پانی روک لے۔

اور جس طرح اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے یہ خواہش پیدا کی کہ تم کھاتے ہو اور اس سے تمہارے بدن کو بقا حاصل ہوتی ہے اسی طرح اس نے جماع کی خواہش بھی پیدا کی ہے حتیٰ کہ تم جماع کرتے ہو تو اس کے ذریعے نسل باقی رہتی ہے اگر تمہارے سامنے رحم اور حیض کے خون کی تخلیق نیز مادہ منویہ اور خونِ حیض کے ملنے سے جنین کے بننے، خصیتین (کپوروں) ان ان رگوں کی تخلیق جو پیٹھ سے ان کی طرف گئی ہیں اور وہ (پیٹھ) نطفے کا مرکز ہے، کی کیفیت، عورت کے سینے سے رگوں کے ذریعے مادہ منویہ کے گرنے کی کیفیت پھر رحم کے اندر کے سانچوں کی کیفیت جن میں سے بعض میں نطفے کے ٹھہرنے سے لڑکا پیدا ہوتا ہے اور بعض میں ٹھہرنے سے لڑکی پیدا ہوتی ہے، یہ سب کچھ بیان کریں نیز یہ کہ تخلیق کن کن مراحل میں چکر لگاتی ہے پہلے وہ خون ہوتا ہے پھر لوتھڑا پھر ہڈی اور گوشت اور خون بنتا ہے پھر اس کے اجزا سر پاؤں پیٹ پٹھے اور تمام اعضاء میں تقسیم ہوتے ہیں اگر یہ سب کچھ بیان کیا جائے تو تم اپنی ابتدائے آفرینش میں اللہ تعالیٰ کی طرح طرح کی نعمتوں کو دیکھ کر تعجب کرنے لگو چہ جائیکہ اب جب تندرست و توانا ہو لیکن ہم صرف کھانے سے متعلق اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا ذکر کرتے ہیں تاکہ کلام طویل نہ ہو جائے۔

تو کھانے کی خواہش ارادوں میں سے ایک ارادہ ہے اور یہ تمہیں کفایت نہیں کرتا کیوں کہ یہ اِدھر اُدھر سے مہلکات کو لاتا ہے اگر تمہارے اندر غصہ نہ رکھا ہو جس کے ذریعے تم ان چیزوں کو دور کرتے ہو جو تمہارے موافق نہیں ہیں تو تم آفات کا نشانہ بن جاتے اور تم نے جو غذا حاصل کی وہ تم سے چھین لی جاتی کیوں کہ جو کچھ تمہارے پاس ہے ہر ایک اس کا حاجتمند ہے تو ایک ایسے ارادے کی ضرورت تھی جو دُور کرنے اور لڑنے میں کام آئے اور وہ غصہ ہے جس کے ذریعے تم ہر اس چیز کو دُور کرتے ہو جو تمہارے خلاف ہے اور موافق نہیں ہے۔

پھر یہ قوت بھی کافی نہیں ہے کیوں کہ خواہش اور غصہ صرف ان چیزوں تک لے جاتے ہیں جو وقتی طور پر نفع یا نقصان دیں مستقبل کے اعتبار سے نہیں تو اللہ تعالیٰ نے ایک اور ارادہ پیدا فرمایا جو اشارۂ عقل کے تابع ہے اور وہ انجام سے خبردار کرتا ہے جیسے خواہش اور غضب کو پیدا فرمایا جو اس حس کے تابع ہیں جو موجودہ حالات کا ادراک رکھتی ہے تو عقل کے ذریعے تمہارا نفع مکمل ہوتا ہے کیوں کہ محض اس بات کی معرفت کہ مثلاً یہ خواہش تمہیں نقصان دیتی ہے، اس سے بچنے میں تمہارے کام نہیں آسکتی جب تک تم معرفت کے مطابق عمل کی طرف مائل نہ ہو اور اس ارادے کی وجہ سے تم جانوروں سے ممتاز ہو ہم نے اس ارادے کا نام باعث دینی رکھا ہے اور صبر کے بیان میں اسے اس سے زیادہ تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔

تیسرا نکتہ:

قدرت اور آلاتِ حرکت کی تخلیق میں اللہ تعالیٰ کی نعمتیں

جان لو! حس صرف ادراک (علم) کا فائدہ دیتی ہے اور ارادہ طلب یا بھاگنے کی طرف میلان کا نام ہے اور یہ بات

اس وقت تک کافی نہیں ہو سکتی جب تک تمہارے اندر طلب اور بھاگنے کا آلہ نہ پایا جائے تو کتنے ہی مریض ایسے ہیں جو کسی چیز کا شوق رکھتے ہیں اور وہ ان سے دور ہوتی ہے وہ اس کا علم بھی رکھتے ہیں لیکن پاؤں نہ ہونے کی وجہ سے اس کی طرف جا نہیں سکتے یا ہاتھ نہ ہونے یا فالج زدہ اور بے حس ہونے کی وجہ سے اسے کھا نہیں سکتے۔

لہٰذا حرکت کے لیے آلات ضروری ہیں نیز یہ کہ ان آلات میں حرکت کی طاقت بھی ہو تا کہ ان کی حرکت خواہش کے مطابق طلب بن جائے اور کراہت کے مطابق اس کے ذریعے بھاگنا ممکن ہو اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اعضا پیدا فرمائے تم ان کے ظاہر کو دیکھتے ہو لیکن ان کے اسرار سے آگاہ نہیں ہو سکتے۔

ان اعضاء میں سے بعض طلب اور بھاگ جانے کے لیے ہیں جیسے انسان کے پاؤں پرندوں کے پر اور جانوروں کے پاؤں، اور بعض (دشمن کے وار کو) روکنے کے کام آتے ہیں جیسے انسانوں کے لیے اسلحہ اور حیوانات کے سینگ ہیں اس اعتبار سے حیوانات مختلف ہوتے ہیں ان میں سے بعض کے دشمن زیادہ ہیں اور غذا دور ہے لہٰذا وہ تیز حرکت کے محتاج ہوتے ہیں اس لیے ان کے لیے پر پیدا کئے گئے تاکہ وہ تیزی سے اُڑ سکیں۔ بعض کے لیے چار پاؤں بنائے اور بعض کے صرف دو پاؤں ہیں بعض وہ ہیں جو زمین پر رینگتے ہیں ان تمام باتوں کا ذکر طویل ہے ہم صرف ان اعضاء کا ذکر کرتے ہیں جن کے ساتھ صرف کھانے کا عمل مکمل ہوتا ہے تاکہ ان پر دوسرے اعضاء کو قیاس کیا جا سکے پس ہم کہتے ہیں۔

تم دور سے کھانا دیکھتے ہو اور اس تک تمہاری حرکت کافی نہیں ہوتی جب تک تم اسے پکڑنے پر قادر نہ ہو لہٰذا تمہیں پکڑنے والے آلہ کی ضرورت ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ نے تمہارے ہاتھ پیدا کر کے تم پر احسان فرمایا۔ اور وہ لمبے ہیں جو اشیاء تک پہنچ جاتے ہیں نیز ان میں بہت سے جوڑ ہیں تاکہ مختلف جہات میں حرکت کر سکیں پس وہ آگے کی طرف بڑھتے ہیں اور واپس تمہاری طرف لوٹتے ہیں ایک سیدھی لکڑی کی طرح نہیں ہوتے پھر ہتھیلی کی پیدائش کے ذریعے ہاتھ کے سرے کو چوڑا بنایا پھر ہتھیلی کے اگلے حصہ کو پانچ قسموں یعنی انگلیوں میں تقسیم کیا، اور ان کو دو حصوں میں تقسیم کیا یعنی انگوٹھے کو ایک طرف رکھا جو باقی چاروں انگلیوں پر چکر لگاتا ہے۔

اگر انگلیاں اکٹھی ہوتیں یا ایک دوسرے پر چڑھی ہوئی ہوتیں تو ان کے ذریعے مکمل فائدہ اور غرض حاصل نہ ہوتی تو ان کو ایسے طریقے پر بنایا کہ اگر تم ان کو کھولو تو بیلچے کا کام دیں اور اگر ان کو ملاؤ تو چلو کا کام دیں اور اگر ان کو اکٹھا کر لو تو مُکا بن کر ضرب (مارنے) کا کام دیں اور اگر ان کو کھول کر پھر اکٹھا کرو تو پکڑنے کا کام دیتی ہیں پھر انگلیوں کے ساتھ ناخن بھی بنائے اور ان کو انگلیوں کے سروں پر رکھا تاکہ ٹوٹنے نہ پائیں اور ان کے ذریعے ان باریک چیزوں کو چُنے جن تک محض انگلیاں نہیں پہنچ سکتیں پس تم ان کو ناخن کے سروں سے پکڑتے ہو۔

پھر جب تم ہاتھوں سے کھانا پکڑتے ہو تو یہ بات بھی کفایت نہیں کرتی جب تک وہ معدے میں نہ پہنچے اور وہ اندر ہوتا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ اس کی طرف ایک دہلیز ہو یہاں تک کہ اس سے کھانا اندر داخل ہو تو منہ کا سوراخ رکھا جو معدے

کی طرف کھلتا ہے اس کے علاوہ بھی اس میں بے شمار حکمتیں ہیں صرف معدے تک کھانا پہنچانا ہی نہیں، پھر جب تم منہ میں کھانا رکھتے ہو اور وہ ایک ہی ٹکڑا ہے تو اس کا نگلنا آسان نہیں ہو لہذا ایک چکی کی ضرورت ہے جس سے کھانے کو پیسا جائے پس اللہ تعالیٰ نے تمہارے دو جبڑے بنائے جو دو ہڈیوں سے بنے ہیں اور ان میں دانت جڑ دیئے اور اوپر والے دانتوں کو نچلے دانتوں کے موافق اور برابر رکھا تاکہ کھانے کو اچھی طرح پیس سکیں پھر بعض اوقات کھانے کو توڑنے کی ضرورت ہوتی ہے اور کبھی کاٹنے کی اور اس کے بعد پیسنے کی حاجت ہوتی ہے تو دانتوں کو بھی مختلف صورتوں میں بنایا بعض چوڑے ہیں جو پیسنے کے کام آتے ہیں جیسے اضراس (داڑھیں) اور بعض کو دھار والے بنایا جو کاٹتے ہیں جیسے رباعیات (سامنے کے دانت) اور بعض توڑنے کی صلاحیت رکھتے ہیں جیسے انیاب (رباعیات کے ساتھ والے دانت) پھر جبڑوں کے جوڑوں کو ڈھیلا رکھا تاکہ نیچے والا جبڑا آگے پیچھے ہو سکے اور اوپر والے پر چکی کی طرح پھرے اگر یہ بات نہ ہوتی تو صرف ایک کی ضرب دوسرے پر پڑتی جیسے دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا اور اس صورت میں پسائی کا عمل مکمل نہ ہوتا پس نیچے والے جبڑے کو متحرک رکھا وہ چکر کی صورت میں حرکت کرتا ہے اور اوپر والا جبڑا اپنی جگہ ٹھہرا رہتا ہے حرکت نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ کی عجیب صنعت دیکھو مخلوق کی بنائی ہوئی چکی کا نچلا پتھر ٹھہرا رہتا ہے اور اوپر والا پتھر حرکت کرتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چکی کا نچلا پتھر حرکت کرتا ہے اور اوپر والا ٹھہرا رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ پاک ہے اس کی شان کس قدر عظیم اور اس کی بادشاہی کتنی غالب ہے۔ اس کی برہان کس قدر کامل اور اس کا احسان کتنا وسیع ہے۔

پھر دیکھو کہ جب تم منہ کے صحن میں کھانا رکھتے ہو تو دانتوں کے نیچے کھانا کس طرح حرکت کر سکتا ہے یا دانت اس کو کس طرح اپنی طرف کھینچ سکتے ہیں یا کس طرح انگلی کے ذریعے منہ کے اندر تصرف کیا جاتا ہے تو دیکھو اللہ تعالیٰ نے کس طرح انعام فرمایا کہ تمہارے لیے زبان پیدا کی وہ منہ کے اندر تمام اطراف میں چکر لگاتی اور کھانے کو درمیان والے حصے سے دانتوں کی طرف حسب ضرورت لے جاتی ہے جیسے چکی پیسنے والی عورت ایک ایک مٹھی چکی میں ڈالتی ہے علاوہ ازیں زبان چکھنے کا فائدہ بھی دیتی ہے اور بولنے کی قوت کے عجائب بھی اس میں پائے جاتے ہیں۔ اور وہ حکمتیں بھی جن کے ذکر سے ہم بات کو لمبا کرنا نہیں چاہتے۔

پھر دیکھو تم نے کھانے کو کاٹا اور پیسا اور وہ خشک تھا تم اسے نگلنے پر قادر نہ تھے جب تک کسی قسم کی رطوبت کے ساتھ حلق تک نہ جاتا تو دیکھو اللہ تعالیٰ نے کس طرح زبان کے نیچے ایک چشمہ جاری کر دیا جس سے لعاب نکلتا ہے اور ضرورت کے مطابق پہنچتا ہے حتیٰ کہ اس کے ذریعے کھانے کو گوندھا جاتا ہے تو دیکھئے اللہ تعالیٰ نے اس (لعاب) کو کس طرح اس مقصد کے لیے مسخر کر دیا۔

تم دور سے کھانے کو دیکھتے ہو تو دونوں جبڑے خدمت کے لئے تیار ہو جاتے ہیں اور لعاب بھی تیاری پکڑتا ہے حتیٰ کہ باچھوں تک رال پہنچ جاتی ہے حالانکہ کھانا ابھی تم سے بہت دور ہے پھر یہ پسا ہوا اور گوندھا ہوا کھانا معدے تک کون پہنچاتا ہے جب کہ وہ منہ سے بھی اندر ہے نہ تو تم اسے ہاتھ سے دھکیل سکتے ہو اور نہ ہی معدے میں کوئی ہاتھ ہوتا ہے جو آگے بڑھ کر کھانے

کو کھینچ لے تو دیکھو اللہ تعالیٰ نے مری اور خنجرے (سانس کی دو نالیاں) کو تیار کیا اور ان کے اوپر کئی طبقات بنائے جو کھانے
کو وصول کرتے ہیں۔ پھر وہ غذا کے لیے کھلتے اور بند ہوتے ہیں حتیٰ کہ ان کے بند ہونے کے سبب غذا لڑھکتی ہوئی معدے
تک جا پہنچتی ہے اور معدہ مری (ایک رگ یا نالی) کی دہلیز پر واقع ہے جب کھانا معدے میں پہنچتا ہے اور وہ روٹی یا پھلوں کے
ٹکڑوں کی صورت میں ہوتا ہے تو وہ اسی حالت میں گوشت، ہڈیاں اور خون بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا بلکہ اسے پوری طرح
پکانے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ ان کے اجزا ایک جیسے ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ نے معدے کو ہنڈیا کی شکل میں بنایا اس میں
کھانا پڑتا ہے تو اس پر دروازے بند ہو جاتے ہیں وہ اس میں اس وقت تک رہتا ہے جب تک ہضم اور پختگی کا عمل مکمل نہ ہو جائے
اور یہ اس حرارت سے ہوتا ہے جو اعضا باطنی سے معدے میں موجود ہوتی ہے اور ان اعضا نے معدے کو گھیر رکھا ہوتا ہے
کیوں کہ اس کی دائیں جانب جگر بائیں جانب تلی آگے چربی اور اور پیچھے پیٹھ کا گوشت ہوتا ہے تو اطراف سے ان اعضاء کی
گرمی معدے تک پہنچتی ہے حتیٰ کہ کھانا پک جاتا ہے اور ایک جیسا مائع بن جاتا ہے جو رگوں کے اندر جاری ہونے کی صلاحیت
رکھتا ہے اس وقت وہ اپنے اجزاء اور پتلے پن میں آبِ جو کے پانی کے مشابہ ہو جاتا ہے لیکن ابھی تک وہ غذائیت کی صلاحیت
نہیں رکھتا تو اللہ تعالیٰ نے معدے سے جگر تک رگوں کے ذریعے چند راستے بنائے ہیں اور ان کے لیے بہت سے منہ رکھے
ہیں حتیٰ کہ کھانا ان میں جانے کے بعد جگر تک پہنچتا ہے۔

اور جگر گاڑھے خون سے بنا ہے گویا وہ خون ہی ہے اور اس میں بہت سی باریک رگیں ہیں جو جگر کے اجزاء میں پھیلی ہوئی
ہیں تو رقیق کھانا ان میں ڈالا جاتا ہے اور وہ اس کے اجزاء میں پھیل جاتا ہے حتیٰ کہ جگر کی طاقت اس پر غالب آ جاتی ہے
اور اس پر خون کا رنگ چڑھا دیتی ہے پس وہ جگر میں اتنی دیر ٹھہرتی ہے کہ دوسری باریک جاتی ہے اور وہ صاف خون کی
شکل میں بدل جاتی ہے جو اعضاء کی غذا بننے کی صلاحیت رکھتی ہے مگر جگر کی گرمی جو اسے پکاتی ہے یہی خون ہے تو اس
خون سے دو قسم کی میل نکلتی ہے جس طرح دوسرے کھانوں سے نکلتی ہے جن کو پکایا جاتا ہے ان میں سے ایک تلچھٹ (گدلے
نیل) کی طرح ہوتی ہے اور یہ سوداوی ہے اور دوسری دودھ کی جھاگ کی طرح ہوتی ہے جسے صفراء کہتے ہیں اگر یہ دونوں قسم
کی زائد میل الگ نہ ہو تو اعضاء کا مزاج خراب ہو جائے تو اللہ تعالیٰ نے پتا اور تلی بنائی ہے اور ان دونوں کو لمبی گردن
دی ہے جو جگر تک پہنچی اور اس کے اندر داخل ہوتی ہے پتا صفراوی مادے کو جذب کرتا ہے اور تلی سوداوی مادے
کو جذب کرتی ہے تو اب صاف خون رہ جاتا ہے جو پتلا ہوتا ہے اور اس میں رطوبت ہی رطوبت ہوتی ہے کیوں اس
میں مائع والا وصف ہوتا ہے اگر یہ رطوبت نہ ہو تو وہ باریک رگوں میں نہ جاتے اور نہ ہی وہاں سے نکل کر اعضاء کی طرف چڑھے
تو اللہ تعالیٰ نے دو گردے پیدا کئے اور ان میں سے ہر ایک کو لمبی گردن عطا فرمائی جو جگر کی طرف جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ
کی عجیب حکمتوں میں سے ایک حکمت یہ ہے کہ ان دونوں کی گردنیں جگر کے اندر داخل نہیں ہوتیں بلکہ وہ ان رگوں کے ساتھ
ملی ہوتی ہیں جو جگر کے اوپر کو نکلی ہوئی ہیں تاکہ گردے اس خون کو اسی وقت جذب کر لیں جب وہ جگر کی باریک باریک

رگوں سے باہر نکلے کیوں کہ اگر وہ پہلے جذب کریں تو خون گاڑھا ہو جائے اور رگوں سے باہر نہ نکلے پھر جب خون میں سے رطوبت بھی نکل جاتی ہے تو وہ تینوں فضلوں سے صاف ہو کر ان تمام چیزوں سے پاک ہو جاتا ہے جو غذا خراب کرتی ہیں۔

پھر اللہ تعالیٰ نے جگر سے کچھ رگیں نکالی ہیں وہ نکلنے کے بعد کئی قسموں میں تقسیم ہو جاتی ہیں اور قسم کئی شعبوں میں بٹ جاتی ہے اور یہ پورے بدن میں پھیل جاتی ہیں سر کی چوٹی سے پاؤں تک ظاہری طور پر بھی اور باطنی طور پر بھی۔ اب ان میں صاف خون جاری ہوتا ہے اور تمام اعضا تک پہنچ جاتا ہے حتیٰ کہ وہ منقسم رگیں ریشوں میں بدل جاتی ہیں جس طرح پتوں اور درختوں کی رگیں ہوتی ہیں جو آنکھوں سے دکھائی نہیں دیتیں ان سے غذا چھن چھن کر تمام اعضا تک پہنچتی ہے اور اگر پتے میں کوئی آفت پیدا ہو جائے اور وہ صفراوی مادے کو جذب نہ کرے تو خون خراب ہو جاتا ہے اور اس سے صفراوی بیماریاں جیسے یرقان پھنسیاں اور سُرخ بادہ وغیرہ پیدا ہوتی ہیں اور اگر تلی پر کوئی آفت آجائے اور وہ سوداوی مادے کو جذب نہ کرے تو سوداوی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں جیسے برص (سفید داغ) جذام (کوڑھ) اور مالیخولیا وغیرہ۔ اور اگر رطوبت گردوں کی طرف نہ جائے تو اس سے استسقاء وغیرہ بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔

پھر اس پیدا کرنے والے حکیم کی حکمت دیکھو کس طرح ان تین خسیس فضلات پر منافع کو مرتب فرمایا پتا اپنی ایک گردن سے فضلات کو کھینچتا ہے اور دوسری سے اسے آنتوں کی طرف پھینک دیتا ہے تاکہ اس میں غذا کی آمد و رفت کے لیے چکناہٹ رہے اور آنتوں میں جلن پیدا کرے جس سے طبیعت میں قضائے حاجت کے لیے تحریک پیدا ہو اور چکناہٹ کے باعث فضلہ جلد نکلے پاخانے کی زردی اسی وجہ سے ہوتی ہے کہ اس میں صفرا کا میل ہوتا ہے جہاں تک تلی کا تعلق ہے تو وہ اپنے فضلے کو ایسا کر دیتی ہے کہ اس میں ترشی اور بستگی آجائے پھر وہ روزانہ کچھ نہ کچھ معدے کے منہ کی طرف بھیجتی ہے تاکہ ترشی کے باعث اشتہاء پیدا ہو اور وہ معدے کو غذا پر برانگیختہ کرے اور باقی فضلے کو پاخانے کے ساتھ باہر نکال دے اور گردہ اس میں سے اسی قدر غذا نکالتا ہے جس قدر اس میں خون ہوتا ہے اور باقی کو مثانے کی طرف بھیج دیتا ہے۔

کھانے کے سلسلے میں جو اسباب تیار کئے گئے ہیں ہم ان کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے اسی قدر بیان پر اکتفا کرتے ہیں اور اگر ہم جگر کی دل و دماغ کی طرف حاجت کی کیفیت اور اعضاء رئیسہ میں سے ہر ایک کی دوسرے کی طرف حاجت بیان کریں اور دل سے نکلنے والی رگیں تمام جسم میں کس طرح پھیلتی ہیں جن کے واسطے سے اعضاء میں حس ہوتی ہے نیز جگر میں ٹھہری ہوئی رگیں تمام بدن تک کس طرح پہنچتی ہیں جو غذا کے پہنچنے کا وسیلہ ہیں، پھر اعضاء کی ترکیب کی کیفیت اور ان کی ہڈیوں، پٹھوں، رگوں، جوڑوں اور رطوبتوں وغیرہ کی تعداد ذکر کریں تو کلام طویل ہو جائے گا۔ اور کھانے کے سلسلے میں ان میں سے ہر ایک کی ضرورت ہے بلکہ اس کے علاوہ دوسرے امور کے لیے بھی ان کی حاجت ہوتی ہے بلکہ انسان میں کئی ہزار مختلف پٹھے، رگیں اور پٹھے چھوٹے بڑے پتلے اور موٹے موجود ہیں اور ان کی زیادہ اور کم تقسیم بھی ہے اور ان میں سے ہر ایک میں ایک یا دو یا تین یا چار، دس تک بلکہ اس سے بھی زیادہ حکمتیں ہیں اور یہ سب کچھ تم پر اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ہیں۔

اگر ان میں سے کوئی متحرک رگ رک جائے یا ساکن رگن متحرک ہو جائے تو اے مسکین! تم ہلاک ہو جاؤ تو تم پہلے اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کی ان نعمتوں کو دیکھو تاکہ شکر کرنا تمہارے سے لیے آسان ہو جائے کیوں کہ تم تو اللہ تعالیٰ کی صرف ایک اور وہ بھی سب سے ہلکی نعمت کو دیکھتے ہو اور وہ کھانا ہے پھر اس میں بھی صرف اسی بات کو دیکھتے ہو کہ تم بھوکے ہوتے ہو تو کھانا کھاتے ہو یہ بات تو گدھا بھی جانتا ہے کہ وہ بھوکا ہوتا ہے تو کھاتا ہے تھکتا ہے تو سو جاتا ہے، شہوت آتی ہے تو جفتی کرتا ہے اٹھایا جاتا ہے تو اٹھ کر لاتیں مارتا ہے اگر تم اپنے نفس سے متعلق اتنی ہی بات جانتے ہو جس قدر گدھے کو علم ہوتا ہے تو تم کس طرح اللہ تعالیٰ کی نعمت کا شکر ادا کرو گے ہم نے جس بات کی طرف اختصار کے ساتھ اشارہ کیا ہے یہ اللہ تعالیٰ کے انعام کے سمندروں میں سے ایک سمندر کا فقط ایک قطرہ ہے اور جو کچھ ہم نے طوالت کے ڈر سے چھوڑ دیا اسے بھی اسی پر قیاس کر و اور نعمتوں کے بارے میں جو کچھ ہم نے بیان کیا اور وہ تمام مخلوق کو معلوم ہیں اگر ان کو ان نعمتوں کی نسبت دیکھیں جن کی پہچان ان کو نہیں ہے تو وہ سمندر کا ایک معمولی سا قطرہ ہے مگر جو آدمی اس سے تھوڑا سا بھی معلوم کرلے وہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کے معانی میں سے کچھ نہ کچھ جان لے گا۔

ارشاد خداوندی ہے:

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا۔ (۱) اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شمار کرنے لگو تو ان کو گن نہیں سکتے۔

پھر دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ نے ان اعضاء کا قوام ان کے منافع اور ادراکات اور قوتوں کا قیام ایک لطیف بخار سے منظم کر رکھا ہے جو اخلاط اربعہ سے چڑھتا ہے اور اس کا ٹھکانہ دل ہے پھر وہ تمام بدن میں پھیلی ہوئی رگوں کے ذریعے پورے جسم میں سرایت کرتا ہے اور بدن کے جس حصے تک پہنچتا ہے اس میں اس کی ضرورت کے مطابق حس، ادراک اور قوت حرکت وغیرہ پیدا کرتا ہے۔

یہ ایک چراغ کی مثل ہے جو گھر کے تمام کونوں میں پھرایا جاتا ہے تو وہ جس حصے میں پہنچتا ہے اس کے سبب سے گھر کے اجزاء روشن ہو جاتے ہیں اور یہ اللہ تعالیٰ کے حکم اور تخلیق سے ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے چراغ کو اپنی حکمت کے تحت روشنی کا سبب بنایا ہے اور یہ لطیف بخار وہی چیز ہے جسے طبیب روح کا نام دیتے ہیں اور اس کا محل دل ہے۔

اس کی مثال چراغ کی آگ کا وجود سمجھنا چاہیے اور اس کے لیے دل آلۂ چراغ کی طرح ہے اور سیاہ خون جو دل کے اندر ہے وہ بتی کی طرح ہے اور اس کے لیے غذا زیتون کے تیل کی طرح ہے اور بدن کے تمام اعضاء میں ظاہری حیات جو اس کے واسطے سے حاصل ہوتی ہے وہ چراغ کی اس روشنی کی طرح ہے جو تمام گھر میں ہوتی ہے اور جس طرح چراغ کا تیل ختم ہونے سے وہ بجھ جاتا ہے اسی طرح روح کا چراغ بھی غذا کے منقطع ہونے سے بجھ جاتا ہے اور جس طرح بتی جل جانے کی وجہ سے

---

(۱) قرآن مجید سورۃ نحل آیت ۱۸

راکھ بن جاتی ہے اور تیل کو قبول نہیں کرتی اور تیل کی کثرت کے باوجود چراغ بجھ جاتا ہے اسی طرح وہ خون جس کے ذریعے یہ بخار پیدا ہو۔ بعض اوقات حرارت قلبی کی وجہ سے جل جاتا ہے اور غذا کے باوجود وہ گل ہو جاتا ہے کیوں کہ وہ اس غذا کو قبول نہیں کرتا جس کے ذریعے رُوح کو بقا حاصل ہوتا ہے جیسے راکھ زیتوں کو اس طرح قبول نہیں کرتی جس سے شعلہ پیدا ہو۔

اور جس طرح چراغ بعض اوقات داخلی سبب سے بجھ جاتا ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا اور بعض اوقات خارجی سبب سے بجھتا ہے جیسے تیز ہوا چلے اسی طرح رُوح بھی بعض اوقات داخلی سبب سے مر جاتی ہے اور کبھی خارجی سبب سے اس کی موت واقع ہوتی ہے اور وہ قتل ہے اور جس طرح چراغ کا بجھنا تیل کے ختم ہونے یا بتی کے خراب ہو جانے یا آندھی کے چلنے یا کسی انسان کے بجھا دینے سے ہوتا ہے اور یہ تمام اسباب اللہ تعالیٰ کے علم میں مقدر و مرتب ہیں اور یہ سب کچھ تقدیر کے مطابق ہوتا ہے تو روح کے فنا ہونے کا بھی یہی مسئلہ ہے اور جس طرح چراغ کا بجھ جانا اس کے وقت وجود کی انتہا ہے اور یہ اس کی اجل ہے جو لوح محفوظ میں لکھ دی گئی ہے اسی طرح رُوح کے فنا ہونے کا معاملہ بھی ہے اور جس طرح چراغ کے بجھنے سے تمام گھر میں اندھیرا ہو جاتا ہے اسی طرح رُوح کے مٹ جانے سے تمام بدن کے اندر تاریکی ہو جاتی ہے اور وہ انوار اس سے جدا ہو جاتے ہیں جو رُوح سے حاصل کئے گئے تھے اور یہ احساسات، قدرت اور ارادوں کے انوار ہیں نیز وہ امور جن کو لفظ حیات شامل ہے۔

یہ بھی ایک مختصر رمز ہے جو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور اس کی صنعت و حکمت کے عجائبات کا ایک عالم ہے تاکہ معلوم ہو جائے کہ اگر سمندر اللہ تعالیٰ کے کلمات (لکھنے) کے لیے روشنائی بن جائیں تو میرے رب عزوجل کے کلمات ختم نہیں ہوں گے سمندر ختم ہو جائیں گے۔

پس جو شخص اللہ تعالیٰ کا منکر ہے اس پر ہلاکت ہے اور جو اس کی نعمت کا منکر ہے اس پر خوب پھٹکار ہے۔

سوال:

آپ نے رُوح کا ذکر کیا اور اس کی مثال بیان کی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے رُوح کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے صرف اتنا فرمایا۔

ارشاد خداوندی ہے:

قُلِ الرُّوۡحُ مِنۡ اَمۡرِ رَبِّیۡ۔ (۱) آپ فرما دیجئے رُوح میرے رب کا ایک امر ہے

آپ نے اس کی تعریف و وضاحت کیوں فرمائی (حالاں کہ حضور علیہ السلام نے وضاحت نہیں فرمائی)

جواب:

---

(۱) قرآن مجید سورۃ اسراء آیت ۸۵

یہ سوال لفظ روح میں پائے جانے والے اشتراک سے غفلت کی بنیاد پر ہے روح کا اطلاق کئی معانی پر ہوتا ہے ہم ان کا ذکر کر کے بات کو طول دینا نہیں چاہتے ہم نے ان میں سے ایک جسم لطیف کا ذکر کیا ہے جسے اطباء رُوح قرار دیتے ہیں۔ انہوں نے اس کی صفت، وُجود، اعضاء میں اس کے جاری ہونے کی کیفیت اور اس کے ذریعے اعضاء میں احساس اور قوت کی کیفیت بیان کی ہے حتیٰ کہ جب کوئی عضو بے حس ہو جاتا ہے تو وہ جان لیتے ہیں کہ اس پر بے حسی اس رُوح کے راستوں میں رکاوٹ واقع ہونے کی وجہ سے ہے تو وہ بے حس مقام کا علاج نہیں کرتے بلکہ اعصاب کے مراکز کا علاج کرتے ہیں کیوں کہ رکاوٹ کے مقامات وہاں ہی واقع ہیں اور وہ اس چیز کے ذریعے علاج کرتے ہیں جو رکاوٹ کو ختم کر دے بے شک یہ رُوح اپنی لطافت کی وجہ سے پٹھوں کے جال میں گھس جاتی ہے اور اس کے واسطے سے دل سے تمام اعضاء کی طرف پہنچتی ہے اور جس چیز تک اطباء کی معرفت جاتی ہے اس کا معاملہ آسان اترنے والا ہے۔

لیکن وہ رُوح جو اصل ہے اور اس کے فساد سے پورا جسم فاسد ہو جاتا ہے وہ اسرار الٰہیہ میں سے ایک سر (راز) ہے ہم اس کا وصف بیان نہیں کرتے اور نہ ہی اس کا وصف بیان کرنے کی اجازت ہے صرف یہی کہا جا سکتا ہے کہ وہ امر ربانی ہے جسے اللہ تعالیٰ نے خود ارشاد فرمایا۔

قُلِ الرُّوحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّی۔ (۱) آپ فرما دیجئے رُوح میرے رب کے حکم میں سے ہے۔

اور امور ربانی کا وصف بیان کرنا عقل کے دائرۂ قدرت میں نہیں ہے بلکہ اس سلسلے میں اکثر لوگوں کے عقلیں حیران و پریشان رہتی ہیں۔ جہاں تک وہم و خیالات کا تعلق ہے تو وہ لازماً نقصان میں ہیں جیسے قوت بینائی آوازوں کا ادراک نہیں کر سکتی غرضیکہ عقل کی گرہیں امور ربانیہ کے مبادی کے ذکر میں متزلزل ہوتی ہیں کیوں کہ وہ جوہر و عرض کی بیڑیوں میں مقید ہیں اس لیے عقل کے ذریعے اس کے وصف کا ادراک نہیں ہو سکتا بلکہ اس کا ادراک ایک دوسرے نُور سے ہوتا ہے جو عقل سے اعلیٰ و اشرف ہے اور وہ نُور عالم نبوت و ولایت میں چمکتا ہے عقل کی طرف اس کی نسبت اسی طرح ہے جس طرح عقل کی وہم و خیال کی طرف نسبت ہے۔

اور اللہ تعالیٰ نے مخلوق کے لیے مختلف طریقے رکھے ہیں تو جس طرح بچہ محسوسات کا ادراک کر سکتا ہے لیکن معقولات کا ادراک نہیں کر سکتا کیوں کہ فی الحال اس طریقے تک اس کی رسائی نہیں ہوئی اسی طرح بالغ آدمی کو معقولات کا ادراک ہو سکتا لیکن اس کے اوپر کا ادراک نہیں ہوتا کیوں کہ ابھی تک وہ اس تک رسائی حاصل نہیں کر سکا۔ کیوں کہ وہ شریف مقام، میٹھا چشمہ اور عالی رُتبہ ہے اس میں ایمان و یقین کے نور کے ذریعے بارگاہ حق تعالیٰ کو ملاحظہ کیا جا سکتا ہے اور یہ چشمہ اس بات سے بلند و معزز ہے کہ ہر آنے والے کا راستہ بن جائے بلکہ اس پر ایک کے بعد دوسرا مطلع ہوتا ہے بارگاہ حق

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ اسراء آیت ۸۵

کا ایک صدر مقام ہے اور اس میں ایک وسیع میدان ہے اور میدان کے شروع میں ایک آستان ہے جو امر ربانی کا ٹھکانہ ہے اور جس شخص کو اس آستان پر پہنچنے کی اجازت نہ ہو اور نہ ہی وہ اس آستان کے محافظ کو دیکھ سکتا ہو اس کے لیے اس میدان میں پہنچنا محال ہے۔ تو اس کے پیچھے جو مشاہدات عالیہ ہیں ان تک پہنچنا کیسے ممکن ہوگا اسی لیے کہا گیا ہے۔

"جو شخص اپنے آپ کو نہیں پہچانتا وہ اپنے رب کو بھی نہیں جان سکتا" یہ بات اطباء کی کتابوں میں کہاں پائی جا سکتی ہے اور طبیب اس کو کیسے ملاحظہ کر سکتا ہے بلکہ جس بات کو طبیب رُوح کہتے ہیں امر ربانی کی طرف اس کی نسبت اسی طرح ہے جیسے گیند کی بادشاہ کی طرف نسبت ہے اور بادشاہ ڈنڈے سے اسے حرکت دیتا ہے۔

پس جو شخص طبی رُوح کو جاننے کے بعد یہ خیال کرے کہ اس نے امر ربانی کو پا لیا وہ اس شخص کی طرح ہے جو اس گیند کو دیکھتا ہے جسے بادشاہ کے بلّے نے حرکت دی اور یہ خیال کرتا ہے کہ میں نے بادشاہ کو دیکھ لیا ہے بلاشبہ یہ واضح خطا ہے اور رُوح کے بارے میں یہ سوچ تو اس سے بھی بڑی خطا ہے اور جب وہ عقول جن کے ذریعے دنیا کے مصالح کا ادراک ہوتا ہے اور ان کی وجہ سے آدمی عبادات کا مکلف ہوتا ہے، اس امر کی حقیقت سے قاصر ہیں تو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اس کے بارے میں گفتگو کی اجازت نہیں دی بلکہ آپ کو حکم دیا کہ لوگوں کی عقلوں کے مطابق ان سے گفتگو کریں اور اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اس امر کی حقیقت کے بارے میں کچھ بھی ذکر نہیں کیا بلکہ اس کی نسبت ذکر فعل کا ذکر کیا ذات کا ذکر نہیں فرمایا نسبت کا ذکر ان الفاظ میں ہے "مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ" (یہ میرے رب کے امر سے ہے)

اور فعل کا ذکر اس آیت میں فرمایا۔

یٰۤاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَىِٕنَّةُ ارْجِعِیْۤ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرْضِیَّةً فَادْخُلِیْ فِیْ عِبٰدِیْ وَ ادْخُلِیْ جَنَّتِیْ۔ (۱)	اے مطمئن نفس! اپنے رب کی طرف اس طرح لوٹ جا کہ تو اس سے راضی اور وہ تجھ سے راضی پس تو میرے بندوں میں شامل ہو جا اور میری جنت میں داخل ہو جا۔

اب ہم اپنی غرض کی طرف لوٹتے ہیں کیونکہ مقصود کھانے کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا ذکر ہے تو ہم نے کھانے کے آلات کے سلسلے میں بعض نعمتوں کا ذکر کیا ہے۔

چوتھا نکتہ:

جن چیزوں سے کھانے حاصل ہوتے ہیں ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا بیان

یہ وہ اصول ہیں کہ ان کے ذریعے کھانا اس قابل ہوتا ہے کہ اب انسان اسے خود اپنے عمل سے تیار کر سکتا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ فجر آیت ۲۷ تا ۲۹

جاننا چاہیے کہ کھانے بے شمار ہیں اور ان کی تخلیق میں اللہ تعالیٰ نے بے شمار عجائبات اور غیر متناہی باہم پیوستہ اسباب رکھے ہیں ہر کھانے کے ضمن میں ان کا ذکر ایک طویل بحث ہے کیوں کہ کھانے یا تو دوائی کی صورت میں ہوں گے یا غذا کی شکل میں، تو ہم غذاؤں کو لیتے ہیں کیوں کہ یہ اصل میں پھر ان سب میں سے گندم کے دانے کو موضوع سخن بناتے ہیں باقی تمام غذاؤں کو چھوڑ دیتے ہیں تو ہم کہتے ہیں۔

جب تم ایک دانہ یا چند دانے پاتے ہو پس اگر تم ان کو کھا لو تو وہ ختم ہو جاتے ہیں اور تم بھوکے ہی رہتے ہو تو تم کس قدر ایک دانے کو بڑھانے کے محتاج ہو حتی کہ وہ تمہاری حاجت کو پورا کرے تو اللہ تعالیٰ نے گندم کے دانے میں اس قدر قوت پیدا کی ہے جس سے غذا حاصل کی جا سکے جس طرح تمہارے اندر قوت پیدا کی ہے نباتات تم سے حس و حرکت میں جدا ہیں اگر ان میں حس و حرکت نہیں ہوتی لیکن غذا میں تم سے جدا نہیں ہیں کیوں کہ وہ بھی پانی سے غذا حاصل کرتی ہیں اور جڑوں کے ذریعے وہ اسے اپنے اندر جذب کرتی ہیں جس طرح تم غذا کھاتے اور اپنے اندر جذب کرتے ہو۔

ہم نباتات کے ان آلات کا ذکر کر کے کلام کو طول نہیں دینا چاہتے جن کے ذریعے وہ غذا حاصل کرتے ہیں لیکن ہم صرف ان کی غذا کی طرف اشارہ کرتے ہیں پس ہم کہتے ہیں۔ کہ لکڑی اور مٹی تمہیں غذا نہیں پہنچاتی بلکہ تم ایک مخصوص طعام کے محتاج ہو اسی طرح (گندم کا) دانہ بھی ہر چیز سے غذا حاصل نہیں کرتا بلکہ ایک مخصوص چیز کا محتاج ہوتا ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ اگر تم اسے گھر میں چھوڑ دو تو اس میں اضافہ نہیں ہوتا کیوں کہ یہاں تو اسے صرف ہوا پہنچتی ہے اور صرف ہوا اس کی غذا بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی اور اگر تم اسے ایسی زمین میں چھوڑ دو جس میں پانی نہ ہو تو بھی اس میں اضافہ نہ ہوگا بلکہ ایسی زمین کی ضرورت ہے جس میں پانی ہو اور وہ پانی زمین سے مل کر گارا بنے اور اللہ تعالیٰ کے اس قول میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے۔

فَلْيَنْظُرِ الْإِنْسَانُ إِلَى طَعَامِهِ أَنَّا صَبَبْنَا الْمَاءَ صَبًّا ثُمَّ شَقَقْنَا الْأَرْضَ شَقًّا فَأَنْبَتْنَا فِيهَا حَبًّا وَعِنَبًا وَقَضْبًا وَزَيْتُونًا وَنَخْلًا۔ (۱)	پس انسان کو اپنے کھانے کی طرف دیکھنا چاہیے کہ بیشک ہم نے پانی بہایا پھر زمین کو اچھی طرح پھاڑا پس ہم نے اس میں غلہ اور انگور اور سبزی اور زیتون اور کھجور اگائی۔

پھر صرف پانی اور مٹی ہی کافی نہیں کیوں کہ اگر تم اس دانے کو ایک مرطوب زمین میں چھوڑ دو جو سخت اور باہم متصل ہے تو ہوا نہ ہونے کی وجہ سے غلہ نہیں اُگے گا تو اس بات کی حاجت ہے کہ دانا نرم زمین میں چھوڑا جائے جو ڈھیلی ہو اور اس میں ہوا داخل ہو سکے پھر ہوا خود بخود حرکت نہیں کرتی لہٰذا ایسی آندھی کی ضرورت ہے جو ہوا کو حرکت دے اور اسے زور زور سے زمین پر مارے تاکہ وہ اس کے اندر چلی جائے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے۔

وَأَرْسَلْنَا الرِّيَاحَ لَوَاقِحَ۔ (۲)	اور ہم نے پانی سے بھری ہوئی ہوائیں بھیجیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ عبس آیت نمبر ۲۴ تا ۲۹ (۲) قرآن مجید سورۂ حجر آیت ۲۲

اور اس کا القاح (پیوند) یہ ہے کہ وہ ہوا، پانی اور زمین کو ملا دے پھر یہ سب کچھ فائدہ نہیں دیتا اگر بہت زیادہ ٹھنڈک اور بہت سردی ہو لہذا ربیع (بہار) اور گرمی کی ضرورت ہوئی تو غلے کی غذا کی ان چار چیزوں کی طرف محتاجی ظاہر ہوئی تو دیکھو ان میں سے ہر ایک کس چیز کا محتاج ہے کیوں کہ پانی کو سمندروں (اور دریاؤں) چشموں نہروں اور نالیوں سے زرعی زمین کی طرف جانے کی ضرورت ہے تو دیکھو اللہ تعالیٰ نے کس طرح سمندر بنائے چشمے اور نہریں جاری کیں پھر بعض اوقات زمین بلندی پر ہوتی ہے اور پانی اس تک پہنچ نہیں سکتا تو دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ نے بادل بنائے اور ان پر کیسے ہوا کو مسلط کیا تاکہ وہ اذن خداوندی سے ان کو زمین کے مختلف کناروں تک لے جائے حالاں کہ بادل پانی سے بھرے ہوئے بھاری ہوتے ہیں پھر دیکھئے کس طرح اللہ تعالیٰ ضرورت کے مطابق ربیع اور خریف کے موسم میں برساتا ہے۔

اور دیکھو اللہ تعالیٰ نے کس طرح پہاڑ بنائے جو پانی کی حفاظت کرتے ہیں اور ان سے بتدریج پانی نکلتا ہے اگر یکدم پانی نکلے تو شہر غرق ہو جائیں اور کھیتی اور جانور ہلاک ہو جائیں پہاڑوں، بادلوں، سمندروں اور بارشوں میں جس قدر اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ہیں ان کا شمار کرنا ناممکن ہے۔

جہاں تک حرارت کا تعلق ہے تو وہ پانی اور زمین کے ملاپ سے حاصل نہیں ہوتی کیوں کہ یہ دونوں ٹھنڈے ہیں تو دیکھئے کس طرح سورج کو مسخر کیا اور باوجود اس کے کہ وہ زمین سے دور ہے، اسے ایسا بنایا کہ ایک وقت زمین کو گرم کرتا ہے دوسرے وقت میں نہیں تاکہ ٹھنڈک کی ضرورت ہو تو وہ ٹھنڈک دے اور گرمی کی حاجت ہو تو گرمی دے یہ سورج کا ایک مقصد ہے جب کہ اس کے مقاصد شمار سے باہر ہیں۔

پھر جب سبزی زمین سے بلند ہوتی ہے اور پھول پھلوں کی شکل اختیار کرتے ہیں اور سختی پیدا ہو جاتی ہے لہذا رطوبت کی ضرورت ہوتی ہے جو اسے پکائے تو دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ نے چاند کو پیدا کیا اور اس کی خاصیت مرطوب بنانا ہے جس طرح سورج کی خاصیت حرارت پہنچانا ہے تو وہ (چاند) پھلوں کو پکاتا اور رنگین کرتا ہے اور یہ سب کچھ پیدا کرنے والے حکیم کی طرف سے مقرر کردہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اگر درخت سائے میں ہوں اور ان پر سورج کی دھوپ اور چاند ستاروں کی چاندنی نہ پڑے تو وہ فاسد اور ناقص ہو جائیں۔

حتیٰ کہ جب چھوٹا درخت بڑے درخت کے سائے میں ہو تو وہ خراب ہو جاتا ہے اور چاند کے مرطوب بنانے کی پہچان اس طریقے سے ہوتی ہے کہ تم رات کے وقت ننگے سر کھڑے ہو تو تمہارے سر پر رطوبت غالب ہوگی جسے زکام کہا جاتا ہے تو جس طرح وہ تمہارے سر کو رطوبت پہنچاتا ہے اسی طرح پھلوں کو بھی رطوبت پہنچاتا ہے۔

جس بات کا احاطہ نہ ہو سکے اس میں طویل کلام کا کیا فائدہ ہے بلکہ ہم کہتے ہیں آسمان کے تمام ستاروں کو کسی نہ کسی فائدے کے لیے مسخر کیا گیا ہے جس طرح سورج کو حرارت دینے اور چاند کو رطوبت دینے کے لیے مسخر کیا گیا ہے پس ان میں سے ہر ایک میں بے شمار حکمتیں ہیں جن کا شمار کرنا انسانی طاقت سے باہر ہے اگر ایسا نہ ہوتا تو ان کو پیدا کرنا عبث اور باطل ہوتا

اور اللہ تعالیٰ کا یہ قول صحیح نہ ہوتا۔

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا۔ (۱) اے ہمارے رب! تو نے اس کو بیکار پیدا نہیں کیا۔

اور اسی طرح اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد گرامی بھی صحیح نہ ہوتا۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ۔ (۲) اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کھیل نہیں بنایا۔

اور جس طرح تمہارے بدن کے ہر عضو کا کوئی نہ کوئی فائدہ ہے اسی طرح عالم کے جسم کا کوئی عضو بھی فائدے سے خالی نہیں اور پورا عالم ایک شخص کی طرح ہے اور اس کے اجسام اس کے اعضاء کی طرح ہیں اور یہ ایک دوسرے سے اسی طرح تعاون کرتے ہیں جیسے تمہارے جسم کے اعضاء ایک دوسرے سے تعاون کرتے ہیں اور اس کی تشریح نہایت طویل ہے۔

اور تمہیں یہ گمان نہیں کرنا چاہیئے کہ ستاروں، سورج اور چاند کو جو اللہ تعالیٰ نے حکمت کے تحت بطور اسباب مسخر کیا ہے تو اس بات پر ایمان لانا خلافِ شریعت ہے کیوں کہ حدیث شریف میں علم نجوم اور ستاروں کا حال بتانے والوں کی تصدیق سے ممانعت آئی ہے (۳)

تو اس میں دو باتیں ممنوع ہیں۔

ایک بات یہ کہ ستارے اپنے آثار کے خود فاعل ہیں اور وہ کسی مدبر کی تدبیر کے تحت نہیں ہیں جس نے ان کو پیدا کیا اور مغلوب کیا اور یہ عقیدہ کفر ہے اور دوسری بات ان خبروں کی تصدیق کرنا ہے جو علم نجوم والے ان آثار کے بارے میں دیتے ہیں جن کے علم میں دوسرے لوگ شریک نہیں ہیں کیوں کہ ان کی یہ باتیں جہالت پر مبنی ہوتی ہیں۔ اور اگر یہ بات جانتا ہو کہ ستاروں کے احکام کا علم بعض انبیاء کرام علیہم السلام کا معجزہ تھا پھر یہ علم مٹ گیا اور جو کچھ بچا ہے وہ مخلوط ہے اور اس میں صحیح اور غلط کی تمیز نہیں ہو سکتی پس ستاروں کو ان آثار کا سبب ماننا جو اللہ تعالیٰ کے حکم سے زمین میں نباتات میں اور حیوانات میں پیدا ہوتے ہیں (یہ عقیدہ) دین میں کوئی خرابی پیدا نہیں کرتا بلکہ یہ حق ہے لیکن جہالت کے ساتھ ان آثار کے تفصیلی علم کا دعویٰ کرنا دین میں خلل ہے اسی لیے اگر تم کپڑا دھو کر اسے خشک کرنا چاہو اور کوئی شخص تمہیں کہے کہ دھوپ نکل چکی ہے نیز دن اور ہوا گرم ہو چکے ہیں لہٰذا تم کپڑے باہر ڈال دو تو تم پر اس کو جھٹلانا لازم نہیں ہے اور طلوع شمس کی وجہ سے ہوا کی گرمی کا جو اس نے ذکر کیا ہے تم اس پر اعتراض نہیں کر سکتے اور جب تم کسی آدمی سے اس کے چہرے کی تبدیلی کے بارے میں پوچھو اور وہ کہے کہ راستے میں سورج

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۹۱

(۲) قرآن مجید، سورۂ دخان آیت ۳۸

(۳) سنن ابن ماجہ ص ۲۷۳، ابواب الادب

کی دھوپ کی وجہ سے اس طرح ہو گیا ہے تو اس وجہ سے تم اس کو جھٹلا نہیں سکتے (کیوں کہ یہ سبب ہے جس کا انکار نہیں کیا جا سکتا) باقی تمام آثار کو بھی اس پر قیاس کر لو۔

البتہ بعض آثار معلوم ہیں اور بعض مجہول اور مجہول آثار کے بارے میں علم کا دعویٰ صحیح نہیں اور معلوم آثار میں سے بعض وہ ہیں جو تمام لوگوں کو معلوم ہوتے ہیں جیسے سورج کے طلوع ہونے سے روشنی اور گرمی کا حاصل ہونا اور بعض آثار صرف بعض لوگوں کو معلوم ہوتے ہیں جیسے چاند کے ہونے سے زکام کا لگنا کیوں کہ ستاروں کو بے فائدہ نہیں بنایا گیا۔ بلکہ ان میں بے شمار حکمتیں ہیں اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آسمان کی طرف دیکھ کر یہ آیت تلاوت فرمائی۔

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا۔ (۱) اے ہمارے رب! تُو نے اسے بیکار پیدا نہیں کیا۔

پھر آپ نے فرمایا۔

وَيْلٌ لِّمَنْ قَرَأَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ ثُمَّ مَسَحَ بِهَا سَبَلَتَهٗ۔ (۲) اس شخص کے لیے خرابی ہے جو یہ آیت پڑھے پھر اپنی مونچھوں پر تاؤ دے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص یہ آیت پڑھے اور اس میں غور و فکر نہ کرے اور آسمانی سلطنت کے سلسلے میں صرف اسی بات پر اکتفا کرے کہ آسمان کا رنگ اور ستاروں کی روشنی کو ہی پہچانے یہ بات تو جانوروں کو بھی معلوم ہے تو جو شخص صرف اسی قدر علم پر اکتفا کرتا ہے وہی اپنی مونچھوں کو تاؤ دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے لیے آسمانوں کی سلطنت میں آفاق میں، نفسوں اور حیوانات میں عجائبات ہیں جن کی معرفت وہی لوگ حاصل کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہیں کیونکہ جو شخص کسی عالم سے محبت کرتا ہے وہ ہمیشہ اس کی تصانیف کی طلب میں مشغول رہتا ہے تاکہ وہ اس کے عجائباتِ علم سے مزید آگاہی حاصل کرے اور وہ اس کی محبت میں ایسا کرتا ہے۔

تو اللہ تعالیٰ کے عجائب صنعت کا معاملہ بھی اسی طرح یہ تمام جہان اس کی تصنیف ہے بلکہ مصنفین کی تصانیف بھی اس کی تصنیف ہیں کہ اس نے اپنے بندوں کے دلوں کے واسطے سے بنائی ہیں پس اگر تمہیں کسی کی تصنیف اچھی لگے اور تمہیں تعجب ہو تو اس کے مصنف پر تعجب نہ کرو بلکہ اس ذات پر تعجب کرنا چاہیے جس نے مصنف کو اس کی تصنیف پر مسخر کیا اور اپنے انعام واکرام سے اسے اس کی ہدایت دی اور اس کو سیدھے راستے پر رکھا اور تعریف کے قابل بنایا جیسے تم پتلیوں کا تماشہ دیکھتے ہو کہ وہ رقص کرتی اور موزوں و مناسب حرکات کرتی ہیں تو اس کھلونے پر تعجب نہ کرو وہ تو کپڑے کا ایک ٹکڑا ہے جسے حرکت دی جاتی ہے وہ خود بخود حرکت نہیں کرتا بلکہ بازیگر کی ذہانت و مہارت پر تعجب کرو جو ایسے باریک باریک دھاگے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۹۱

(۲) کنز العمال جلد اول ص ۵۰۷ حدیث ۲۷۶۵

باندھ کر اسے حرکت دیتا ہے جو نظر نہیں آتے۔

تو مقصود یہ ہے کہ سبزیوں سے غذا کی تکمیل پانی، ہوا، سورج، چاند اور ستاروں کے بغیر نہیں ہوتی اور ان کے افلاک کی ضرورت ہے جن میں یہ جڑے ہوئے ہیں اور افلاک کے لیے حرکت ہے اور ان کی حرکت آسمانی فرشتوں کے بغیر مکمل نہیں ہوتی جو ان کو حرکت دیتے ہیں اور اسی طرح یہ بات اسباب بعیدہ تک پہنچتی ہے ہم نے ان کا ذکر چھوڑ دیا تاکہ اس مذکورہ سے اس چھوڑے ہوئے پر آگاہی ہو ہم سبزیوں کی غذائیت کے اسباب کے ذکر پر ہی اکتفا کرتے ہیں۔

پانچواں نکتہ:

کھانوں کی انسان تک رسائی کے اسباب کے سلسلے میں انعامات خداوندی

تمام کھانے ہر جگہ نہیں پائے جاتے بلکہ ان کے لیے کچھ مخصوص شرائط ہیں جو بعض جگہ پائی جاتی ہیں اور بعض جگہ نہیں اور لوگ زمین پر پھیلے ہوئے ہیں بعض اوقات ان سے کھانے دور ہوتے ہیں اور ان کے درمیان سمندر اور جنگل حائل ہوتے ہیں تو دیکھو اللہ تعالیٰ نے کس طرح تاجروں کو مسخر کیا ان پر مال کی حرص اور نفس کی خواہش غالب کر دی حالانکہ عام طور پر انہیں کوئی فائدہ نہیں ہوتا بلکہ وہ جمع کرتے ہیں اب یا تو وہ کشتیوں کے ساتھ ڈوب جاتے ہیں یا ڈاکو ان کو لوٹ لیتے ہیں یا وہ دوسرے شہروں میں مر جاتے ہیں تو وہ مال حاکموں کے قبضے میں آجاتا ہے اور اگر بہت اچھی حالت ہو تو اس کی صورت یہ ہے کہ ان کے ورثاء یہ مال لے لیتے ہیں حالانکہ وہ ان کے بڑے دشمن ہیں اگر ان کو اس بات کی سمجھ ہو۔

تو دیکھو اللہ تعالیٰ نے ان پر کس طرح جہالت اور غفلت مسلط کی ہے حتیٰ کہ وہ نفع کی طلب میں سختیاں برداشت کرتے اور خطرات کو سواری بناتے ہیں اور سمندری سفر میں ہواؤں سے دھوکہ کھاتے ہیں وہ مختلف کھانے اور انسانی ضرورت کی مختلف اشیاء مشرق بعید سے مغرب کی طرف تم تک پہنچاتے ہیں اور دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ نے ان کو کشتیاں بنانے اور ان میں سوار ہونے کا طریقہ سکھایا اور دیکھو کس طرح اس نے حیوانات کو پیدا کیا اور ان کو جنگلوں اور صحراؤں میں سواری اور بار برداری کے لیے مسخر کیا اونٹوں کو دیکھو ان کو کس انداز میں پیدا کیا گھوڑے کو دیکھا اسے کس طرح تیز رفتاری عطا کی نیز گدھے کی طرف نظر کرو کہ وہ کس طرح مشقت پر صبر کرتا ہے اور اونٹوں کو دیکھو کس طرح وہ بھوک اور پیاس برداشت کرتے ہوئے بھاری بوجھ کے ساتھ صحراؤں کو طے کر کے منزل تک پہنچتے ہیں دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ تاجروں کو کشتیوں اور حیوانات کے ذریعے خشکی اور سمندر میں سفر کراتا ہے تاکہ وہ تمہارے پاس کھانے اور باقی ضروریات کی چیزیں پہنچائیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ سب چیزیں حاجت کی حد تک بلکہ حاجت سے زیادہ پیدا کی ہیں جن کا شمار ناممکن ہے پھر یہ بے شمار خارجی امور تک پہنچاتے ہیں۔ اختصار کے پیش نظر ہم ان امور کا ذکر نہیں کرتے۔

چھٹا نکتہ:

کھانوں کی اصلاح

جاننا چاہیئے کہ زمین سے جو سبزیاں نکلتی ہیں اور جو کچھ حیوانات سے پیدا ہوتا ہے ان کو اسی طرح چبانا اور کھانا ممکن نہیں ہے بلکہ ان میں سے ہر ایک کی اصلاح پکانا، ترکیب اور بعض کو پھینکنے اور بعض کو باقی رکھنے کے ذریعے ان کی نظافت ضروری ہے بلکہ اس کے علاوہ بھی بے شمار امور ہیں۔ ہر کھانے کے ضمن میں ان کا احاطہ ایک طویل کام ہے۔ اس لیے ہم صرف ایک روٹی کو لیتے ہیں تاکہ ہم دیکھیں کہ ایک روٹی کس کس عمل کی محتاج ہوتی ہے حتیٰ کہ وہ گول ہو جاتی ہے اور کھانے کے قابل ہوتی ہے حالانکہ وہ بیج کی صورت میں زمین میں ڈالی گئی تھی۔

تو سب سے پہلے کسان کی ضرورت ہے تاکہ وہ زمین کو ٹھیک کر کے کھیتی باڑی کرے پھر بیل جو زمین میں ہل چلائیں اور ان کو جوتنے کی لکڑی اور اس کے تمام اسباب کی ضرورت ہوتی ہے پھر اس تیاری کے بعد ایک عرصہ تک اسے پانی دیا جاتا ہے پھر زمین سے جڑی بوٹیوں اور گھاس وغیرہ کو دور کیا جاتا ہے پھر گاہنے کے بعد اسے صاف کیا جاتا ہے اس کے بعد پسائی اور پھر گوندھنے کا مرحلہ ہوتا ہے اس کے بعد روٹی تیار ہوتی ہے تو ان کاموں کو شمار کیجیے جن کا ہم نے ذکر کیا اور بعض کا ذکر نہیں کیا اور ان لوگوں کی گنتی بھی کریں جو یہ سب کام کرتے ہیں نیز اس کام کے لیے لوہے، لکڑی اور پتھر وغیرہ کے جو آلات استعمال ہوتے ہیں ان کا شمار بھی کیجیے پھر جو کاریگر کھیتی باڑی کے آلات تیار کرتے ہیں جو گندم کو پیستے ہیں جو روٹی پکاتے ہیں بڑھئی لوہار اور نانبائی وغیرہ۔

پھر غور کرو لوہار کو لوہے پیتل اور تانبے کی ضرورت ہوتی ہے پھر یہ بھی دیکھو کہ اللہ تعالیٰ نے پہاڑ، پتھر اور معدنیات کی کانیں کس طرح بنائی ہیں اور زمین کو کس طرح مختلف ٹکڑوں کی صورت میں بنایا جو آپس میں ملے ہوئے ہیں۔

اگر تم غور کرو تو تمہیں معلوم ہو جائے کہ ایک گول روٹی تمہارے کھانے کے لیے اس وقت تک تیار نہیں ہو سکتی جب تک اس میں ایک ہزار سے زیادہ کاریگر کام نہ کریں۔ پہلے تو اس فرشتے کو دیکھو جو بادلوں کو ہانکتا ہے تاکہ بارش اترے دیکھتے دیکھتے فرشتوں کے آخری عمل تک پہنچو حتیٰ کہ انسانی عمل کی باری آجائے تو گویا سات ہزار کاریگروں نے کام کیا ہر کاریگر ایک ایسی اصل چیز بناتا ہے جس کے ساتھ مخلوق کی مصلحت مکمل ہوتی ہے پھر ان آلات میں انسان کے عمل کی کثرت کو دیکھو حتیٰ کہ سوئی ایک چھوٹا سا آلہ ہے جس کا فائدہ لباس کی سلائی ہے اور لباس تم سے سردی کو دور کرتا ہے اس کی شکل بھی محض اس لوہے سے مکمل نہیں ہوتی جو سوئی بننے کی صلاحیت رکھتا ہے بلکہ سوئی بنانے والوں کے ہاتھوں سے پچیس مرتبہ گزرنا پڑتا ہے اور ہر دفعہ ایک کام کرنا پڑتا ہے اگر اللہ تعالیٰ شہروں کو جمع اور بندوں کو مسخر نہ کرتا اور تم نے صرف ایک درانتی بنانا ہوتی جس سے تم گندم کو کاٹتے تو تمہاری ساری عمر خرچ ہو جاتی اور تم پھر بھی عاجز رہتے۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح اپنے اس بندے کی راہنمائی فرمائی جسے ایک ناپاک نطفے سے پیدا فرمایا کہ وہ اس قسم کے عجیب وغریب کام کرنے مثلاً قینچی کو دیکھو کہ اس کے دو پلے ایک دوسرے پر منطبق ہوتے ہیں وہ دونوں بیک وقت ایک چیز کو اپنی گرفت میں لے کر جلدی جلدی اسے کاٹ دیتے ہیں اگر اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کے بنانے کا طریقہ نہ بتاتا اور ہم اپنی سوچ سے اس کو بنانے پر مجبور ہوتے پھر پتھر سے لوہا نکالنا پڑتا اور ان آلات کی ضرورت بھی ہوتی جن کے ذریعے قینچی بنائی جاتی ہے اور ہم سے کسی ایک کو حضرت نوح علیہ السلام کی عمر حاصل ہوتی اور اسے نہایت کامل عقل بھی دی جاتی پھر بھی اس آلے کا طریقہ معلوم کرنے سے وہ عمر کم ہو جاتی دوسری چیزیں تو الگ رہیں۔

تو وہ ذات پاک ہے جس نے اندھوں کے ساتھ دیکھنے والے بھی رکھے اور وہ پاک ہے جس نے اس بیان کے ساتھ بیان کرنے سے منع کیا اب غور کرو اگر تمہارے شہر میں آٹا پیسنے والا کوئی نہ ہو یا لوہار نہ ہو یا خون نکالنے والے سے خالی ہو حالانکہ یہ خسیس ترین عمل ہے یا کوئی جولاہا نہ ہو یا کسی بھی کاریگر سے خالی ہو تو تمہیں کتنی پریشانی ہوگی اور تم تمام کاموں میں کس قدر مضطرب ہوگے تو وہ ذات پاک ہے جس نے بعض بندوں کو دوسرے بعض کے لیے مسخر کیا حتیٰ کہ اس کی مشیئت نافذ اور حکمت تمام ہوگئی۔

اس سلسلے میں بھی ہم مختصر کلام کر رہے ہیں کیوں کہ ہماری غرض آگاہی ہے تمام نعمتوں کا احاطہ مقصود نہیں۔

ساتواں نکتہ:

اصلاح کرنے والوں کی اصلاح

یہ لوگ جو کھانا وغیرہ تیار کرتے ہیں اگر ان کی آراء مختلف ہوتیں اور وحشی جانوروں کی طرح ان کی طبیعتوں میں نفرت ہوتی تو وہ ایک دوسرے سے نفرت کرتے اور دور رہتے اور ایک دوسرے کو نفع نہ پہنچا سکتے بلکہ وحشی جانوروں کی طرح ہوتے جو ایک جگہ پر نہیں رہ سکتے اور نہ ہی وہ ایک غرض پر اکٹھے ہو سکتے ہیں تو دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ ان کے دلوں کو جوڑ دیا اور ان کے دلوں میں ایک دوسرے سے اُنس اور محبت ڈال دی۔

ارشاد خداوندی ہے:

لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّا اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ۔ (۱)	اگر آپ وہ سب کچھ خرچ کرتے جو زمین میں ہے تو ان کے دلوں میں باہمی الفت پیدا نہ کر سکتے لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کے درمیان محبت پیدا کر دی۔

اسی الفت اور ارواح کے باہمی تعارف کی وجہ سے یہ لوگ اکٹھے ہوئے ایک دوسرے سے ملے شہر اور ملک بنے رہائش گاہیں اور گھر اس طریقے پر بنے کہ وہ ایک دوسرے کے قریب اور ملے ہوئے ہیں بازار اور دکانیں بنیں اور کئی قسم کے

کارخانے بنائے جن کا ذکر طویل ہے پھر جب ان کی اغراض ٹکراتی ہیں اور جھگڑے پیدا ہوتے ہیں تو یہ محبت زائل ہو جاتی ہے کیونکہ انسان کے فطرت میں غصہ، حسد، اور جنگ و جدل موجود ہے جس کی وجہ سے وہ لڑتے ہیں اور ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہیں تو دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ نے بادشاہوں کو مسلط کیا اور قوت اور سامان سے ان کی مدد کی پھر رعایا کے دلوں میں ان کا رعب ڈالا حتی کہ وہ خوشی و ناخوشی ان کے سامنے سر تسلیم خم کرنے لگے اور اللہ تعالیٰ نے کس طرح بادشاہوں کو ممالک کی اصلاح کا راستہ بتایا حتی کہ انہوں نے شہروں کو مختلف حصوں میں تقسیم کیا جس طرح ایک شخص کے مختلف اجزا ہوتے ہیں اور وہ ایک غرض پر باہم تعاون کرتے ہیں اور بعض دوسرے بعض سے نفع حاصل کرتے ہیں پھر انہوں نے سردار قاضی، قید خانے اور بازار کے رئیس مقرر کئے اور لوگوں کو انصاف پر مبنی قانون کی طرف مجبور کیا نیز ان کو باہمی تعاون کا پابند بنایا حتی کہ لوہار، قصاب اور نانبائی نفع حاصل کرتا ہے بلکہ تمام شہر والوں سے نفع اٹھاتا ہے اور وہ سب لوہار سے نفع حاصل کرتے ہیں اور یہ نفع اندوزی اسی ترتیب، اجتماع اور انضباط کے مطابق ہوتی ہے جو بادشاہ نے قائم کی ہے جس طرح تمام جسمانی اعضاء ایک دوسرے سے تعاون کرتے اور نفع اٹھاتے ہیں۔

اور غور کیجئے کس طرح اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہم السلام کو مبعوث فرمایا حتی کہ انہوں نے ان بادشاہوں کی اصلاح کی جو رعایا کی اصلاح کرتے ہیں اور انہوں نے مخلوق کے درمیان عدل کے حفظ کے بارے میں قوانین شریعت کی پہچان کرائی ان کی نظم و ضبط کے لیے سیاسی قوانین بتائے امامت و سلطنت کے احکام اور فقہ کے احکام واضح کئے تاکہ ان کو اصلاح دنیا کی راہنمائی حاصل ہو جب کہ اصلاح دین کی راہنمائی اس کے علاوہ ہے۔

اور دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے ذریعے اصلاح کی اور خود فرشتوں کی اصلاح ایک دوسرے کے ذریعے کی حتی کہ اس ملک مقرب تک معاملہ پہنچ گیا کہ اس کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی واسطہ نہیں۔

روٹی پکانے والا گوندھے ہوئے آٹے سے روٹی پکاتا ہے پینے والا پینے کے ذریعے اصلاح کرتا ہے کسان کاٹنے کے ذریعے تیار کرتا ہے لوہار کاشتکاری کے آلات تیار کرتا ہے بڑھئی لوہے کے آلات بناتا ہے اسی طرح وہ تمام کاریگر کام کرتے ہیں جو کھانے کے آلات کی اصلاح کرتے ہیں سلطان کاریگروں کی اصلاح کرتا ہے اور انبیاء کرام، علماء کی اصلاح کرتے ہیں جو ان کے وارث ہیں علماء بادشاہوں کی اصلاح کرتے ہیں انبیاء کرام کی اصلاح فرشتوں کے واسطے سے ہوتی ہے حتی کہ بارگاہ خداوندی تک معاملہ پہنچتا ہے جو تمام نظام کا سرچشمہ، تمام حسن و جمال کا مطلع اور ہر ترتیب و تالیف کے منبع ہے اور یہ سب تمام پالنے والوں کے پالنہار اور مسبب الاسباب کی نعمتیں ہیں اگر اللہ تعالیٰ کا فضل نہ ہوتا جس طرح اس نے اپنے کرم کو بیان فرمایا۔

وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا۔ (۱)	اور وہ لوگ جو ہمارے راستے میں کوشش کرتے ہیں ہم ضرور بضرور ان کو اپنے راستے دکھائیں گے۔

(۱) قرآن مجید، سورۃ عنکبوت آیت ۶۹

تو ہمیں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے اس تھوڑی سی بات کی پہچان تک راہنمائی حاصل نہ ہوتی۔
اور اگر اس نے ہمیں اپنی نعمت کی گہرائی کے احاطہ سے متعلق طمع سے روکا نہ ہوتا تو ہمیں ان کے احاطہ کا شوق ہوتا لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے غلبہ اور قدرت کے تحت ہمیں اس سے روک دیا ہے ارشاد خداوندی ہے۔
وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا۔ اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمت کا شمار کرنا چاہو تو ان کو شمار نہیں کر سکتے۔ (۱)
اگر ہم گفتگو کرتے ہیں تو اسی کی اجازت سے وسعت وکشادگی حاصل ہوتی ہے اور اگر ہم خاموش رہیں تو اسی کے غلبہ کے تحت خاموشی اختیار کرتے ہیں کیوں کہ جس چیز سے اللہ تعالیٰ روکے اسے کوئی دے نہیں سکتا اور جو کچھ عطا کرے اسے کوئی روک نہیں سکتا کیوں کہ ہم موت سے پہلے زندگی کے ہر لمحے میں دل کے کانوں سے جبار بادشاہ کی یہ آواز سنتے ہیں۔
لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ۔ آج کس کی بادشاہی ہے؟ اللہ واحد وقہار کی (بادشاہی ہے) (۲)
تو اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے ہمیں کفار سے ممتاز کرتے ہوئے زندگی کے اختتام سے پہلے یہ ندا سنادی۔

آٹھواں نکتہ:

فرشتوں کی پیدائش میں اللہ تعالیٰ کی نعمت

جو کچھ پہلے گزر چکا ہے اس سے یہ بات تم پر مخفی نہیں رہی کہ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو اس لیے پیدا کیا کہ انبیاء علیہم السلام کی اصلاح وہدایت اور ان تک وحی پہنچانے کا ان کو ذریعہ بنایا اور تمہیں یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ ان کا صرف یہی کام ہے بلکہ فرشتے کثرت اور مراتب کی ترتیب کے اعتبار سے تین طبقات میں تقسیم ہوتے ہیں۔

فرشتوں کے طبقات:

فرشتوں کے تین طبقے ہیں۔
(۱) زمین کے فرشتے (۲) آسمانی فرشتے (۳) عرش کو اٹھانے والے فرشتے تو دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ نے کھانے اور غذا سے متعلق امور پر ان کو مقرر کیا جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ان کے علاوہ جو ہدایت وارشاد پر مقرر ہیں ان کا ذکر ہم نہیں کرتے اور یہ بھی جان لو کہ تمہارے بدن کا ہر جزء بلکہ سبزیوں کے اجزاء ان کے حصول غذا کے لیے سات فرشتے مقرر ہیں اور یہ کم از کم ہیں یہ دس بلکہ سو بلکہ اس سے بھی زیادہ تک پہنچتے ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نحل آیت ۱۸
(۲) قرآن مجید، سورۂ غافر آیت ۱۶

اس کا بیان اس طرح ہے کہ غذا کا معنیٰ ایک جزو کا دوسرے جزو کے قائم مقام ہونا ہے جو مٹ چکی ہے اور یہ غذا آخری مرحلے میں خون بنتی ہے پھر گوشت اور ہڈیاں بنتی ہیں اور جب یہ گوشت اور ہڈیوں کی شکل اختیار کرے تو اب تمہاری غذا مکمل ہوگی خون اور گوشت ایسے جسم ہیں جن کو کوئی طاقت، معرفت اور اختیار حاصل نہیں ہے وہ خود بخود حرکت نہیں کر سکتے اور نہ ہی خود بخود تبدیل ہو سکتے ہیں اور محض طبیعت ان کے طور طریقوں کو بدلنے کے لیے کفایت نہیں کرتی جس طرح گندم خود بخود پس کر اپنے آپ کو گوندھتی اور روٹی کی شکل اختیار نہیں کرتی اس کے لیے کاریگر کی ضرورت ہوتی ہے اسی طرح خون بھی اپنے آپ گوشت، ہڈیاں، رگیں اور پٹھے نہیں بنتے بلکہ کسی بنانے والے کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ بنانے والے اندرونی فرشتے ہیں جس طرح ظاہری طور پر شہر والے کاریگر ہوتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے تم پر ظاہری اور باطنی نعمتوں کا فیضان فرمایا تو تمہیں اس کی باطنی نعمتوں سے غافل نہیں ہونا چاہیے تو میں (امام غزالی) کہتا ہوں ایک ایسا فرشتہ ضروری ہے جو گوشت اور ہڈی کی طرف غذا کو کھینچے کیوں کہ غذا خود بخود حرکت نہیں کرتی اور ایک دوسرا فرشتہ ایسا ہو جو اس کے پہلو میں غذا کو روک رکھے اور تیسرا فرشتہ ایسا ہو جو غذا کے اوپر سے خون کی صورت کو دور کرے چوتھا فرشتہ اسے گوشت، رگوں اور ہڈی کا لباس پہنائے پانچواں فرشتہ حاجت غذا سے زائد کو دور کرے اور چھٹا فرشتہ ان چیزوں کو ان کے مناسب کے ساتھ ملائے جس میں ہڈی کی صفت ہے اسے ہڈی سے ملائے گوشت کی صفت والے کو گوشت سے ملائے، تاکہ وہ جدا جدا نہ رہیں اور ساتویں فرشتے کی بھی ضرورت ہے جو ان کو ملانے میں مقدار اور اندازے کا خیال رکھے گول کے ساتھ اس قدر ملائے جس سے گولائی زائل نہ ہو چوڑائی والے سے اس قدر ملائے کہ اس کی چوڑائی باقی رہے اور جو اندر سے خالی ہے اس میں اس قدر ملائے کہ اس کی گہرائی اور خلا باقی رہے اور ان میں سے ہر ایک میں حاجت کے اندازے کی حفاظت کرے مثلاً بچے کے ناک پر اس قدر گوشت جمع کر دیا جو اس کی ران پر جمع ہونا چاہیئے تھا تو اس کی ناک بڑی ہو جائے گی اور اس کا خلا ختم ہو جائے گا نیز اس کی شکل و صورت بگڑ کر ڈراؤنی ہو جائے گی۔

بلکہ جس کے جو مناسب ہے وہی اختیار کرے پلکوں میں پتلا پن (آنکھ کے) ڈھیلے میں صفائی، رانوں میں موٹاپا، ہڈیوں میں سختی مناسب ہے تو ہر ایک کے لیے اسی قدر غذا پہنچائے جو مقدار اور شکل میں اس کے مناسب ہو ورنہ صورت بگڑ جائے گی اور بعض جگہیں بڑھ جائیں گی اور بعض کم ہو جائیں گی بلکہ اگر یہ فرشتہ تقسیم میں عدل کا خیال نہ رکھے اور بچے کے سر اور باقی تمام بدن تک اس قدر غذا پہنچائے جس سے وہ بڑھ جائے لیکن اس کے پاؤں کو چھوڑ دے تو وہ پاؤں اسی طرح رہے گا جس طرح بچپن میں تھا اور باقی جسم بڑھ جائے گا اور تم ایسے آدمی کو دیکھو گے جو ضخامت میں پورا آدمی ہے لیکن اس کا ایک پاؤں بچے کے پاؤں کی طرح ہے تو وہ اپنے جسم سے نفع حاصل نہیں کر سکے گا تو اس انداز میں تقسیم کی رعایت کرنا ایک فرشتے کے سپرد ہے۔

اور یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ خون خود اپنی طبیعت کے اعتبار سے شکل بدل لیتا ہے کیوں کہ ایسے کاموں کو طبیعت سے منسوب کرنے والا جاہل ہے وہ جانتا ہی نہیں کہ کیا کہہ رہا ہے۔

یہ تو زمین کے فرشتوں کی بات تھی وہ تمہارے اندر عمل میں مشغول ہیں جب کہ تم نیند کی حالت میں آرام کر رہے ہو اور غفلت

میں ادھر اُدھر پھر رہے ہو اور وہ تمہارے باطن میں تمہاری غذا کی اصلاح کر رہے ہیں جب کہ تم ان سے بے خبر ہو اور یہ تمہارے جسم کے تمام اجزا میں ہیں حتی کہ بعض اجزا مثلاً آنکھ اور دل وغیرہ ایک سو سے زائد فرشتوں کے محتاج ہیں ہم نے اختصار کے پیش نظر اس تفصیل کو چھوڑ دیا ہے۔

اور زمین کے فرشتوں کو آسمانی فرشتوں سے ایک معلوم ترتیب پر مدد پہنچتی ہے اس کی حقیقت اور گہرائی کو اللہ تعالی کے سوا کوئی نہیں جانتا اور آسمانی فرشتوں کو عرش کے اٹھانے والے فرشتوں سے مدد حاصل ہوتی ہے اور ان سب پر تائید و ہدایت اور درستگی کئے حوالے سے اس ذات کا انعام ہے جو حفاظت کرنے والا، پاک، ملک و ملکوت کا تنہا مالک عزت و جبروت والا زمین و آسمان میں قہر والا بادشاہی کا مالک اور عزت و جلال والا ہے۔

آسمانوں اور زمین، نباتات و حیوانات کے اجزا حتی کہ بارش کے ہر قطرے اور بادل جو ایک طرف سے دوسری طرف کو جاتے ہیں ان سب پر مقرر فرشتوں کا شمار نہیں ہو سکتا اسی لیے ہم نے احادیث سے استدلال کو چھوڑ دیا ہے۔

سوال:

یہ تمام افعال ایک فرشتے کے حوالے کیوں نہیں کئے گئے سات فرشتوں کی ضرورت کیوں پڑی ؟ گندم کے لیے بھی پہلے پیسنے کی ضرورت ہوتی ہے پھر آٹا چھاننے اور چھوگ نکالنے کی اس کے بعد اس میں پانی ڈالنے کی چوتھے نمبر پہ گوندھنے والا چاہیے پھر پانچویں مرحلے میں اسے گول گول (پیڑے) بنانے کی اس کے بعد اسے روٹی کی شکل دینا ہے یہ چھٹا مرحلہ ہے ساتویں مرحلے میں جو اسے تنور میں لگائے لیکن ایک ہی آدمی یہ سب کام کر لیتا ہے تو فرشتوں کا باطنی عمل انسانوں کے اس ظاہری عمل کی طرح کیوں نہیں ہے

جواب:

فرشتوں کی تخلیق اور انسانوں کی تخلیق میں فرق ہے ان (فرشتوں) میں سے ہر ایک کو ایک صفت عطا کی گئی ہے جس میں کسی دوسری صفت کا اختلاط اور ترکیب نہیں ہے لہذا ان میں سے ہر ایک کے ذمہ ایک ہی کام ہے اور اللہ تعالی کے اس ارشاد گرامی میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے۔

وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَہٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ۔ (۲) — اور ہم (فرشتوں) میں سے ہر ایک کے لیے ایک معلوم اور مقرر) مقام ہے۔

اسی لیے ان کے درمیان اختلاف نفرت اور لڑائی نہیں ہوتی بلکہ ہر ایک مرتبہ کے تعین میں حواس خمسہ کی مثل ہے

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۱۳۱۴ مرویات عبداللہ

(۲) قرآن مجید، سورۂ صافات آیت ۱۶۴

آوازوں کے حصول میں بینائی کا سماعت سے اور سونگھنے کی قوت کا ان دونوں سے کوئی جھگڑا نہیں ہوتا اور نہ ہی یہ دونوں سونگھنے کی قوت سے جھگڑتے ہیں اور یہ ہاتھ اور پاؤں کی طرح بھی نہیں کیوں کہ بعض اوقات، تم پاؤں کی انگلیوں سے پکڑتے ہو اگر چہ یہ پکڑنا کمزور ہوتا ہے تو اس کا ہاتھ سے ٹکراؤ ہوا اور تم دوسروں کو سر کے ساتھ مارتے ہو تو سر کا ہاتھ سے اختلاف ہوا کیوں کہ ہاتھ مارنے کا آلہ ہے اور یہ ایک انسان کی طرح بھی نہیں کیوں کہ ایک ہی آدمی پیستا، گوندھتا اور روٹی پکاتا ہے اور یہ ایک قسم کی کجی اور اعتدال سے عدول ہے اور اس کا سبب انسانی صفات میں اختلاف ہے چوں کہ وہ ایک ہی صفت نہیں رکھتا اس لیے وہ ایک ہی عمل کا پابند نہیں۔

یہی وجہ ہے کہ تم انسان کو دیکھتے ہوئے کبھی اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرتا ہے اور کبھی نافرمانی، کیوں کہ اس کے دواعی (ارادے) اور صفات میں اختلاف ہے جب کہ فرشتوں کی طبیعتوں میں یہ ممکن نہیں ہے بلکہ اطاعت خداوندی ان کی فطرت میں داخل ہے ان کو نافرمانی کی مجال ہی نہیں پس وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کرتے وہ رات دن اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتے ہیں اس میں کوتاہی نہیں کرتے ان میں سے رکوع کرنے والے ہر وقت حالتِ رکوع میں رہتے ہیں سجدہ کرنے والے ہمیشہ سجدے کی حالت میں رہتے ہیں اور جو قیام کی حالت میں ہیں وہ ہمیشہ حالتِ قیام میں رہتے ہیں ان کے افعال میں نہ تو اختلاف ہے اور نہ ہی کوتاہی، ان میں سے ہر ایک کا ایک مقرر مقام ہے وہ اس سے تجاوز نہیں کرتا۔

وہ اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری اس طرح کرتے ہیں کہ اس میں مخالفت کی کوئی مجال نہیں تمہارے اعضاء کے ساتھ تشبیہ دینا ممکن ہے (یعنی جس طرح انسان کے اعضاء اس کی حکم عدولی نہیں کرتے فرشتے بھی اپنے رب کی حکم عدولی نہیں کرتے) تم جب پلکیں کھولنا چاہو تو صحیح پلکوں کو اس میں کوئی تردد اور اختلاف نہیں ہو سکتا ایسا نہیں ہوتا کہ کبھی وہ تمہاری بات مانیں اور کبھی اختلاف کریں بلکہ یوں ہوتا ہے کہ وہ تمہارے امر و نہی کی منتظر رہتی ہیں وہ تمہارے اشارے پر کھلتی اور فوراً بند ہو جاتی ہیں یہ ایک طرح کی تشبیہ ہے لیکن ایک وجہ سے دونوں میں فرق بھی ہے کیوں کہ پلکوں کو اس حرکت کا علم نہیں ہوتا جو ان سے صادر ہوتی ہیں کھلیں یا بند ہوں جب کہ فرشتوں میں حیات ہے اور وہ اپنے عمل کا علم رکھتے ہیں۔

تو اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کے فرشتوں کے ذریعے تمہیں صرف کھانے میں اس قدر نعمت عطا فرمائی ہے باقی حرکات و حاجات اس کے علاوہ ہیں ہم ان کا ذکر کر کے کلام کو طول دینا نہیں چاہتے، یہ نعمتوں کے طبقات میں سے دوسرا طبقہ ہے اور تمام طبقات کا شمار ممکن نہیں ہے تو ان کے افراد کا شمار کیسے ممکن ہوگا۔

تو اللہ تعالیٰ نے تم پر ظاہری اور باطنی نعمتوں کی بارش برسائی پھر فرمایا۔

وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ۔(۲) اور ظاہری و باطنی گناہ چھوڑ دو۔

---

(۱) مجمع الزوائد، جلد ۵ ص ۲۶۲ کتاب الجہاد

(۲) قرآن مجید، سورۃ انعام آیت ۱۲۰

باطنی گناہ جن کو لوگ نہیں جانتے یعنی حسد، بدگمانی، بدعت، اور لوگوں کے بارے میں برائی کو دل میں چھپانا وغیرہ دل کے گناہوں میں سے ہیں اور ان سے لوگ ناواقف ہیں ان کو چھوڑنا باطنی نعمتوں پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا ہے اور ظاہری گناہ جو اعضاء سے ہوتے ہیں ان کو ترک کرنا ظاہری نعمتوں پر شکر ادا کرنا ہے۔

بلکہ میں (امام غزالی) کہتا ہوں جو شخص پلک جھپکنے کی صورت میں بھی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرے مثلاً جہاں آنکھ کو بند رکھنا چاہیے تھا وہاں آنکھ کھول دے تو اس نے اللہ تعالیٰ کی ان تمام نعمتوں کا انکار کیا جو اللہ تعالیٰ نے اسے آسمانوں، زمین اور اس کے درمیان میں عطا فرمائی ہیں کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ پیدا کیا ہے حتیٰ کہ ملائکہ، آسمان، زمین، حیوانات اور نباتات یہ سب کچھ بندوں پر اللہ تعالیٰ کا انعام ہے کہ اس کا نفع ان سے پورا ہوتا ہے اگرچہ اس کے علاوہ دوسرے لوگ بھی ان سے نفع اٹھاتے ہیں بے شک پلک جھپکنے میں اللہ تعالیٰ کی دو نعمتیں ہیں کیوں کہ ہر پلک کے نیچے کچھ پٹھے اور گوشت ہے جو دماغ کے اعصاب سے متصل ہے اس سے اوپر والی پلک کا جھکنا اور نیچے والی پلک کا اٹھنا ممکن ہوتا ہے اور ہر پلک پر سیاہ بال ہیں اور ان کے سیاہ ہونے میں اللہ تعالیٰ کی نعمت یہ ہے کہ وہ آنکھ کی روشنی کو جمع کرتی ہے کیوں کہ سفیدی روشنی کو بکھیرتی ہے اور سیاہی جمع کرتی ہے۔

اور ان بالوں کا ایک لائن میں ترتیب کے ساتھ ہونا اس اعتبار سے نعمت ہے کہ وہ کیڑے مکوڑوں کو آنکھوں کو اندر جانے سے منع کرتے ہیں۔ اور وہ گرد و غبار جو ہوا میں اڑتی ہے وہ آنکھوں میں نہ پڑے اور ہر بال میں دو نعمتیں ہیں کہ بالوں کی جڑیں نرم ہیں اور اس کے باوجود ان کو کھڑا رکھا اور دونوں پلکوں کے بال اوپر نیچے سے مل کر ایک بہت بڑی نعمت قرار پاتے ہیں وہ یوں کہ بعض اوقات ہوائی غبار آنکھ کے کھلنے میں رکاوٹ ہوتی ہے اور اگر وہ بند ہو جائے تو آدمی دیکھ نہ سکے اس لیے ایسے وقت میں اتنی مقدار میں آنکھ بند کر سکتا ہے کہ اوپر نیچے کی پلکوں کے بال مل جائیں اور وہ ان کی آڑ میں سے دیکھے تو بالوں کا ملنا خارج سے تنکوں وغیرہ کے آنکھوں میں داخل ہونے سے مانع ہوتا ہے لیکن اندر سے آنکھوں کے کھلنے سے مانع نہ ہو پھر اگر آنکھ کی پتلی تک غبار پہنچ جائے تو پلکوں کے کنارے اس ڈھیلے کے خادم کے طور پر پیدا کیے جو آئینے کو صاف شفاف کرنے والی چیز کی طرح ہیں ایک دو مرتبہ آنکھ بند کرنے سے ڈھیلا غبار سے صیقل (صاف) ہو جاتا ہے اور تنکا وغیرہ آنکھوں کے کناروں سے نکل جاتا ہے اور مکھی کے ڈھیلے کی چونکہ پلکیں نہیں ہیں تو اس کے لیے دو پاؤں زیادہ بنائے ہیں تو تم دیکھتے ہو کہ وہ ان پاؤں سے آنکھوں کو ملتی رہتی ہے تاکہ ان کو غبار سے صاف کر دے ہم نے نعمتوں کا تفصیلی بیان چھوڑ دیا ہے کیوں کہ اس میں طول زیادہ ہے جو اس کتاب کی اصل پر اضافہ کا باعث ہے اگر زمانے نے ہمیں مہلت دی اور توفیق شامل حال ہوئی تو ہم ایک الگ کتاب لکھیں گے جس کا نام اللہ تعالیٰ کی عجیب و غریب صنعت رکھیں گے۔ ہم اب اصل غرض کی طرف لوٹتے ہوئے کہتے ہیں۔

جو شخص غیر محرم عورت کو دیکھتا ہے وہ پلکوں کی صورت میں ملنے والی نعمت خداوندی کا انکار کرتا ہے جب وہ آنکھ کھولتا ہے

اور پلکیں آنکھوں کے بغیر، آنکھیں سر کے بغیر، سر باقی تمام بدن کے بغیر، بدن غذا کے بغیر اور غذا، پانی، زمین، ہوا، بارش، بادل، سورج اور چاند کے بغیر قائم نہیں ہوتی اور ان میں سے کوئی بھی چیز آسمانوں کے بغیر قائم نہیں ہوتی اور آسمان فرشتوں کے بغیر قائم نہیں ہوتے کیوں کہ یہ سب ایک چیز کی طرح ہیں اور بعض دوسری بعض کے ساتھ اس طرح مربوط ہیں جس طرح بدن کے اعضاء ایک دوسرے کے ساتھ متصل ہیں تو گویا اس نے ثریا سے لے کر تحت الثریٰ تک موجود ہر نعمت کا انکار کیا اب کوئی فلک، کوئی حیوان بلکہ نباتات و جمادات میں سے کوئی چیز نہیں جو اس پر لعنت نہ بھیجتی ہو اسی لیے حدیث شریف میں آتا ہے کہ جس حصۂ زمین میں لوگ جمع ہوتے ہیں یا وہ ان پر لعنت بھیجتا ہے یا ان کے لیے دعائے مغفرت کرتا ہے" اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

إِنَّ الْعَالِمَ يَسْتَغْفِرُ لَهُ كُلُّ شَيْءٍ حَتَّى الْحُوتِ فِي الْبَحْرِ۔ (۱)

بے شک عالم کے لیے ہر چیز بخشش مانگتی ہے حتیٰ کہ دریا کی مچھلیاں بھی۔

اور حدیث شریف میں ہے۔

أَنَّ الْمَلَائِكَةَ يَلْعَنُونَ الْعُصَاةَ۔ (۲)

بے شک فرشتے نافرمان لوگوں پر لعنت بھیجتے ہیں۔

متعدد اور بے شمار الفاظ میں لعنت کا ذکر ہے جن کا احاطہ ممکن نہیں یہ تمام احادیث اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہیں کہ نافرمانی کرنے والا پلک جھپکنے میں تمام ملک و ملکوت کا مجرم ٹھہرتا ہے اور اس نے اپنے آپ کو ہلاک کیا البتہ یہ کہ وہ گناہ کے بعد نیکی کر کے اسے مٹا دے تو لعنت، استغفار میں بدل جاتی ہے قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرما کر اسے معاف فرما دے۔

اور اللہ تعالیٰ نے حضرت ایوب علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ اے ایوب علیہ السلام آدمیوں میں سے ہر بندے کے ساتھ دو فرشتے ہوتے ہیں جب وہ میری نعمتوں پر میرا شکر ادا کرتا ہے تو فرشتے کہتے ہیں یا اللہ! اسے مزید نعمتیں عطا فرما تو حمد و شکر کا اہل ہے (تو اے ایوب علیہ السلام!) آپ بھی شکر کرنے والوں کے قریب ہو جائیں میرے نزدیک شکر کرنے والے کے بلند مرتبہ ہونے کے لیے یہی بات کافی ہے کہ میں ان کا شکر قبول کرتا ہوں اور میرے فرشتے ان کے لیے دعا مانگتے ہیں زمین ان سے محبت کرتی ہے اور پیچھے رہنے والے ان پر روتے ہیں جس طرح تمہیں معلوم ہوا کہ ایک پلک جھپکنے میں بے شمار نعمتیں ہیں تو جان لو کہ ہر سانس میں جب وہ نیچے جاتا یا باہر آتا ہے، دو نعمتیں ہیں کیوں کہ اس کے اوپر آنے سے جلا ہوا دھواں دل سے نکل جاتا ہے اگر وہ نہ نکلے تو آدمی ہلاک ہو جائے اور جب وہ نیچے جاتا ہے تو ہوا کی روح دل کی طرف جمع ہوتی ہے اور اگر اس کا سانس بند ہو جائے تو روح ہوا اور اس کی ٹھنڈک کے منقطع ہو جانے سے دل جل جاتے اور وہ

---

(۱) سنن ابی داؤد جلد ۲ ص ۱۵۰ کتاب العلم

(۲) السنن الکبریٰ للبیہقی جلد ۸ ص ۲۳ کتاب الجنایات

ہلاک ہو جاتے۔

بلکہ دن اور رات میں چوبیس گھنٹے ہوتے ہیں اور ہر گھنٹے میں تقریباً ہزار سانس ہوتے ہیں اور ہر سانس میں تقریباً دس لمحے ہوتے ہیں تو ہر لمحہ میں تقریباً تجھ پر تیرے بدن کے ہر جزو میں لاکھوں نعمتیں ہیں بلکہ عالم کے ہر جزو میں بے شمار نعمتیں ہیں تو دیکھو کیا ان کے شمار کا تصور کیا جاسکتا ہے یا نہیں!

اور جب حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کی حقیقت واضح ہوئی۔

وَاِنۡ تَعُدُّوۡا نِعۡمَةَ اللّٰهِ لَا تُحۡصُوۡهَا۔ (۱) اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمت کو گننا چاہو تو شمار نہیں کر سکتے۔

تو آپ نے عرض کیا یا اللہ! میں تیرا شکر کس طرح ادا کروں میرے جسم کے ہر بال میں تیری دو نعمتیں ہیں کہ تو نے اس کی جڑ کو نرم اور اس کے سر کو بلند کیا اور حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص صرف کھانے پینے میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو پہچانتا ہے اس کا علم کم اور عذاب حاضر ہے یہ جو کچھ ہم نے لکھا ہے یہ کھانے اور پینے سے متعلق ہے اس کے علاوہ نعمتوں کو ان پر قیاس کرو کیوں کہ دانا آدمی اس عالم میں کسی چیز کو جب دیکھتا ہے یا اس کے دل میں کسی موجود کا خیال آتا ہے تو وہ اس میں اللہ تعالیٰ کی نعمت کو دیکھتا ہے۔ اب ہم تفصیل کو چھوڑتے ہیں کیوں کہ یہ بے فائدہ طمع ہے

<u>تیسرا بیان:</u>

مخلوق کو شکر سے پھیرنے والا سبب

جان لیجئے کہ مخلوق کو شکر سے صرف جہالت اور غفلت باز رکھتی ہے کیونکہ وہ جہالت اور غفلت کی وجہ سے نعمتوں کی پہچان سے رک جاتے ہیں پھر اگر وہ نعمتوں کی پہچان حاصل کر بھی لیں تو بھی ان کے خیال میں شکر کے لیے اتنا کہہ دینا کافی ہے "الحمد للہ"، "الشکر للہ"، اور وہ جانتے نہیں کہ شکر کا معنیٰ یہ ہے کہ نعمت کو اس حکمت کی تکمیل کے لیے استعمال کیا جائے جس کا اس سے ارادہ کیا گیا ہے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری ہے۔

اب ان دو باتوں کا علم حاصل ہونے کے بعد شکر کے راستے میں رکاوٹ شہوت کا غلبہ اور شیطان کا تسلط ہوتا ہے جہاں تک نعمتوں سے غفلت کا تعلق ہے تو اس کے کئی اسباب ہیں اور ان میں سے ایک سبب یہ ہے کہ لوگ جہالت کی وجہ سے اس چیز کو نعمت نہیں سمجھتے جو تمام لوگوں کو اور ہر حالت میں حاصل ہوتی ہے اسی وجہ سے وہ ان نعمتوں کا شکر ادا نہیں کرتے جن کا ہم نے اس سے پہلے ذکر کیا ہے کیوں کہ یہ نعمتیں تمام لوگوں کو حاصل ہوتی ہیں اور وہ ہر حال میں ان کو استعمال کرتے ہیں لہٰذا کوئی بھی شخص اس کو اپنے ساتھ خاص نہیں سمجھتا اس لیے وہ اسے نعمت شمار نہیں کرتا یہی وجہ ہے کہ تم ان کو دیکھو گے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نحل آیت ۱۸

پر شکر کرتے ہوئے نہیں دیکھو گے حالانکہ اگر وہ ایک لحظہ کے لیے بھی ان کا گلا گھونٹ دے حتیٰ کہ ہوا بند ہو جائے تو وہ مر جائیں اور اگر وہ کسی حمام میں بند ہو جائیں جس میں گرم ہوا ہوتی ہے یا کنویں میں ہوں جس میں پانی کی رطوبت کی وجہ سے ہوا ثقیل ہوتی ہے تو دم گھٹنے سے مر جائیں اور اگر ان میں سے کوئی شخص اس امتحان میں ڈالا جائے پھر اسے نجات مل جائے تو وہ ہوا کو نعمت جان کر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے گا۔ تو یہ انتہائی جہالت ہے کیونکہ ان کا شکر اس بات پر موقوف ہو گیا کہ ان سے نعمت چھن جائے پھر بعض حالات میں واپس کی جائے۔ حالانکہ نعمت پر ہر وقت شکر گزار رہنا چاہیے پس کسی سمجھدار کو اس طرح کرتے ہوئے نہیں دیکھو گے کہ وہ آنکھوں کی صحت کا اس طرح شکر ادا کرے کہ پہلے اس کی بینائی لے لی جاتی پھر اگر بینائی لوٹائی جائے تو وہ اس کا احساس کرتے ہوئے شکر بجا لائے اور اسے نعمت سمجھے۔

اور چونکہ اللہ تعالیٰ کی رحمت وسیع ہے اس لیے اس نے تمام مخلوق کو عطا فرمائی اور وہ ہر حال میں اس سے نفع اٹھاتے ہیں لیکن جاہل آدمی اسے نعمت نہیں سمجھتا اور یہ جاہل برے غلام کی طرح ہے اور وہ اس لائق ہے کہ اسے ہر وقت مار پڑتی رہے۔ حتیٰ کہ ایک ساعت مار موقوف کر دی جائے تو وہ احسان مند ہوتا ہے لیکن ہمیشہ کے لیے مار بند کر دی جائے تو اکڑنے لگتا ہے اور شکریہ ادا کرنا چھوڑ دیتا ہے تو لوگوں کی حالت یہ ہے کہ وہ اسی مال پر شکریہ ادا کرتے ہیں جو خاص ان کو حاصل ہو چاہے وہ زیادہ ہو یا تھوڑا۔ اور اللہ تعالیٰ کی باقی تمام نعمتوں کو بھول جاتے ہیں۔

جس طرح کسی شخص نے کسی صاحبِ بصیرت سے اپنے فقر کی شکایت کی اور شدّتِ غم کا اظہار کیا تو اس سمجھدار آدمی نے جواب دیا کیا تم اس بات کو پسند کرتے ہو کہ تم اندھے ہو اور تمہارے پاس دس ہزار درہم ہوں؟ اس نے کہا نہیں اس نے پوچھا کیا تمہیں یہ اچھی لگتی ہے کہ تم گونگے ہو اور تمہارے پاس دس ہزار درہم ہوں؟ اس نے کہا نہیں اس نے پوچھا کیا تمہیں یہ بات پسند ہے کہ تمہارے دونوں ہاتھ اور پاؤں کٹے ہوئے ہوں اور تمہیں بیس ہزار درہم دیئے جائیں؟ اس نے کہا نہیں پوچھا کیا تم اس بات کو پسند کرتے ہو کہ تم پاگل ہو اور تمہیں دس ہزار درہم دیئے جائیں؟ اس نے کہا نہیں اس پر اس سمجھدار شخص نے کہا تمہیں حیا نہیں آتی کہ تم اپنے آقا و مولیٰ کی شکایت کرتے ہو حالانکہ تمہارے پاس اس کا پچاس ہزار کا سامان موجود ہے۔

منقول ہے کہ کسی قاری صاحب پر تنگدستی آگئی حتیٰ کہ وہ تنگدل ہو گیا پھر اس نے خواب میں دیکھا کہ کوئی کہنے والا کہہ رہا ہے۔

اگر تم چاہو کہ ہم تمہیں ایک ہزار دینار دے دیں اور اس کے بدلے تمہیں سورۂ انعام بھلا دیں اس نے کہا نہیں، پوچھا سورۂ ہود؟ اس نے کہا نہیں سوال کیا سورۂ یوسف؟ کہا نہیں اس نے کئی سورتوں کے نام لیے پھر کہا تمہارے پاس ایک لاکھ دینار مالیت ہے اور تم شکوہ کرتے ہو صبح وہ اٹھا تو اس کا افلاس جا تا رہا۔

حضرت ابن سماک کسی خلیفہ کے پاس تشریف لے گئے اس کے ہاتھ میں پانی کا ایک کوزہ تھا کہنے لگا مجھے کوئی نصیحت کریں

ابن سماک نے فرمایا اگر تمہیں یہ پانی تمام مال خرچ کرنے پر ملتا ورنہ تم پیاسے رہتے تو کیا تم وہ مال دے دیتے؟ اس نے کہا جی ہاں میں دے دیتا انہوں نے پوچھا اگر اس پانی کے بدلے تمہیں اپنی تمام سلطنت دینا پڑتی تو کیا تم حکومت چھوڑ دیتے؟ اس نے کہا جی ہاں انہوں نے فرمایا تو اس بادشاہی پر خوش نہ ہو جس کی قیمت پانی کا ایک گھونٹ ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ پانی کے ایک گھونٹ کی صورت میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملنے والی نعمت پیاس کے وقت تمام زمین کی حکومت سے زیادہ بڑی ہے۔

اور جب طبیعتیں اس بات کی طرف مائل ہیں کہ وہ عام نعمتوں کی بجائے خاص نعمتوں کو شمار کرتی ہیں اور ہم نے عمومی نعمتوں کا ذکر پہلے کر دیا تو اب ہم خاص نعمتوں کی طرف ایک مختصر سا اشارہ کرتے ہیں پس ہم کہتے ہیں۔

اگر ہر آدمی اپنے احوال کو گہری نظر سے دیکھے تو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نعمت یا کئی نعمتیں دیکھے گا جو اس کے ساتھ خاص ہیں ان نعمتوں میں اس کے ساتھ سب لوگ شریک نہیں ہیں بلکہ تھوڑے سے لوگ شریک ہیں بلکہ بعض اوقات تو اس کے ساتھ کوئی بھی شریک نہیں ہوتا۔ اور اس سلسلے میں ہر بندہ تین امور میں اعتراف کرتا ہے ایک عقل دوسری تخلیق اور تیسرا علم۔

عقل کی وضاحت یوں ہے کہ ہر بندے اپنی عقل کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ سے راضی ہوتا ہے اور وہ اپنے آپ کو سب سے زیادہ عقلمند سمجھتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ سے عقل کا سوال بہت کم کرتا ہے اور عقل کی شرافت سے یہ بات ہے کہ جو اس سے خالی ہے وہ بھی اس سے خوش ہے جیسا کہ عقل سے موصوف آدمی خوش ہوتا ہے اور جب اس کا عقیدہ یہ ہے کہ وہ سب سے زیادہ عقلمند ہے اس پر اس کا شکر واجب ہے کیوں کہ اگر حقیقت میں ایسا ہی ہے جیسا وہ خیال کرتا ہے تو تو شکر کرنا اس پر واجب ہے اور اگر ایسا نہیں ہے لیکن اس کا عقیدہ یہی ہے تو یہ اس کے حق میں نعمت ہے جو شخص زمین میں خزانہ دبا دیتا ہے تو وہ اس پر خوش ہوتا اور شکر بجا لاتا ہے اور اگر کوئی شخص اس کا خزانہ نکال کر لے جائے اور اسے علم نہ ہو تو بھی عقیدے و خیال کے مطابق اس کی خوشی باقی رہتی اور شکر بھی باقی رہتا ہے کیوں کہ اس کے حق میں وہ باقی کی طرح ہے۔

جہاں تک تخلیق کا تعلق ہے تو ہر آدمی دوسرے شخص میں ایسے عیب دیکھتا ہے جن کو وہ ناپسند کرتا ہے اور ایسی عادات جن کی وہ مذمت کرتا ہے اور وہ اس لیے مذمت کرتا ہے کہ اپنے آپ کو ان عیبوں سے پاک سمجھتا ہے پس جب وہ دوسروں کی مذمت میں مشغول نہ ہو تو چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کے شکر میں مشغول ہو کہ اس نے اس کو اچھی صورت دی اور دوسروں کو بری صورت میں مبتلا کیا۔

علم کا معاملہ یہ ہے کہ ہر شخص اپنے اندر کے امور کو جانتا ہے اور خفیہ افکار کا بھی علم رکھتا ہے اور اس میں اس کے ساتھ کوئی دوسرا شریک نہیں ہوتا اور اگر پردہ اٹھ جائے حتیٰ کہ مخلوق میں سے کوئی شخص ان باتوں پر مطلع ہو جائے تو اسے شرمندگی اٹھانا پڑے اور اگر سب لوگوں کو ان باتوں کا علم ہو جائے تو کیا صورت حال ہوگی؟

تو گویا ہر شخص کو ایک ایسا علم حاصل ہے جو اس کے ساتھ خاص ہے اس میں کوئی دوسرا بندۂ خدا اس کے ساتھ شریک نہیں ہے تو وہ اس بات پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیوں نہیں کرتا کہ اس نے اس کی برائیوں کی اچھی طرح پردہ پوشی فرمائی اس کے اچھے کاموں کو ظاہر کیا اور برائیوں پر پردہ ڈالا اور لوگوں کی نگاہوں سے ان کو پوشیدہ رکھا ان باتوں کا علم اسی تک محدود رکھا کہ کوئی دوسرا ان باتوں پر مطلع نہیں ہوتا۔

تو یہ تین نعمتیں خاص ہیں اور ہر بندہ ان کا اعتراف کرتا ہے اعترافِ مطلق ہو یا بعض امور میں ہو۔ اب ہم ایک اور طبقے کی طرف آتے ہیں جو ان کے مقابلے میں کچھ عام ہے تو ہم کہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ہر بندے کو اس کی صورت، شخصیت، اخلاق، صفات اہل و اولاد، مسکن، شہر، دوست، اقارب، عزت و جاہ یا اس کے علاوہ پسندیدہ باتوں میں کچھ ایسے امور عطا فرمائے ہیں کہ اگر یہ اس سے سلب کر لیے جائیں اور وہ چیز دی جائے جو اس کے غیر کے ساتھ خاص ہے تو وہ اس پر راضی نہیں ہو گا۔ مثلاً اللہ تعالیٰ نے اسے مومن بنایا کافر نہیں بنایا، اس میں حیات رکھی ہے جمادات میں سے نہیں بنایا، انسان بنایا، جانور نہیں بنایا مرد بنایا عورت نہیں بنایا تندرست رکھا بیمار نہیں بنایا، عیبوں سے محفوظ رکھا، عیب دار نہیں بنایا تو یہ سب خصائص ہیں اگرچہ ان سب امور میں کبھی عموم ہے۔

اب اگر ان سب باتوں کو ان کی ضدوں میں بدل دیا جائے تو وہ راضی نہیں ہو گا بلکہ اس کے لیے کچھ ایسے امور بھی ہیں کہ وہ ان کو انسانوں کے احوال سے بھی بدلنا نہیں چاہتا ان میں سے بعض وہ ہیں کہ وہ ان کو ان امور سے نہیں بدلنا چاہتا جو مخلوق میں سے کسی ایک کے ساتھ خاص ہیں یا ان کے ساتھ بدلنا نہیں چاہتا ہے جو اکثر لوگوں کے ساتھ خاص ہیں۔

تو جب وہ اپنی حالت کو دوسروں کی حالت سے بدلنا نہیں چاہتا تو گویا اس کی حالت دوسروں کی حالت سے بہتر ہے پس جب کوئی ایسا شخص معلوم نہیں ہے جو اپنی حالت کے بدلے کسی دوسری حالت پر عمومی طور پر یا کسی خاص حالت کے حوالے سے راضی ہو تو گویا اللہ تعالیٰ نے اس کو ایسی نعمتیں عطا فرمائی ہیں جو اس کے علاوہ کسی دوسرے کو نہیں دی گئیں اور اگر وہ دوسرے لوگوں میں سے بعض کی حالت کے ساتھ اپنی حالت کو بدلنا چاہتا ہے بعض کی حالت سے نہیں تو اس کے نزدیک جو لوگ قابلِ رشک ہیں ان کی تعداد کو دیکھے یقیناً وہ دوسروں کے مقابلے میں ان کو کم دیکھے گا تو جو لوگ اس سے کم درجہ والی حالت میں ہیں وہ ان کے مقابلے میں زیادہ ہیں جن کی حالت بلند تر ہے تو اسے کیا ہوا کہ وہ اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کے انعام کو حقیر جاننے کے لیے اپنے سے اوپر والوں کو دیکھتا ہے اور اپنے سے کم تر کی طرف نہیں دیکھتا تاکہ اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو عظیم جانے اسے کیا ہوا کہ وہ دین کو دنیا کے برابر بھی نہیں سمجھتا کیا ایسا نہیں ہے کہ جب اس کا نفس اسے کسی گناہ پر ملامت کرتا ہے تو وہ یہ بہانہ کرتا ہے کہ دنیا میں فاسق لوگ بے شمار ہیں تو وہ دین کے معاملے میں ہمیشہ اپنے سے کمتر کی طرف دیکھتا ہے اوپر والوں کی طرف نہیں دیکھتا دنیوی معاملے میں وہ اس طرح کیوں نہیں دیکھتا جب دین کے معاملے میں اکثر لوگوں کا حال اس سے بہتر ہے اور دنیوی معاملات میں اس کا اپنا حال دوسروں کے حال سے بہتر ہے تو اس پر شکر کرنا کیوں لازم نہیں ہو گا

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ نَظَرَ فِي الدُّنْيَا إِلَى مَنْ هُوَ دُوْنَهُ وَنَظَرَ فِي الدِّيْنِ إِلَى مَنْ هُوَ فَوْقَهُ كَتَبَهُ اللهُ صَابِرًا وَشَاكِرًا وَمَنْ نَظَرَ فِي الدُّنْيَا إِلَى مَنْ هُوَ فَوْقَهُ وَفِي الدِّيْنِ إِلَى مَنْ هُوَ دُوْنَهُ لَمْ يَكْتُبْهُ اللهُ صَابِرًا وَلَا شَاكِرًا۔ (۱)

جو شخص دنیوی معاملات میں اپنے سے کم لوگوں کی طرف دیکھے اور دینی معاملات میں اپنے سے اوپر والوں کی طرف نظر کرے تو اللہ تعالیٰ اسے صابر و شاکر لکھتا ہے اور جو شخص دنیا کے معاملات میں اپنے سے اوپر والوں کی طرف دیکھتا ہے اور دین کے معاملات میں اپنے سے کمتر کو دیکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے صابر و شاکر نہیں لکھتا۔

تو نتیجہ یہ ہوا کہ جو شخص اپنی حالت پر غور کر کے اس بات کا جائزہ لیتا ہے جو اس کے ساتھ خاص ہے تو اسے معلوم ہوتا ہے کہ اس پر اللہ تعالیٰ کے بے شمار انعام ہیں خصوصاً وہ شخص جسے سنت (حدیث)، ایمان، علم، قرآن، فراغت، صحت اور امن وغیرہ کی دولت حاصل ہو۔ اسی لیے کہا گیا ہے۔

مَنْ شَاءَ عَيْشًا رَحِيْبًا يَسْتَطِيْلُ بِهِ فِي دِيْنِهِ ثُمَّ فِي دُنْيَاهُ إِقْبَالًا فَلْيَنْظُرَنَّ إِلَى مَنْ فَوْقَهُ وَرَعًا وَلْيَنْظُرَنَّ إِلَى مَنْ دُوْنَهُ مَالًا۔

جو شخص اپنی زندگی میں کشادگی چاہتا ہے جو دینی اور دنیوی اعتبار سے اس کی طرف متوجہ رہے اور دائمی ہو تو وہ تقویٰ میں اپنے سے اوپر والے کی طرف اور مال کے اعتبار سے نیچے والوں کی طرف دیکھے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ لَمْ يَسْتَغْنِ بِآيَاتِ اللهِ فَلَا أَغْنَاهُ اللهُ۔ (۲)

جو شخص اللہ تعالیٰ کی آیات کے ساتھ اپنے آپ کو غنی نہیں سمجھتا اللہ تعالیٰ اسے مالدار نہیں بناتا۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

إِنَّ الْقُرْآنَ هُوَ الْغِنَى لَا غِنَى بَعْدَهُ وَلَا فَقْرَ مَعَهُ۔ (۳)

بے شک قرآن ہی مالداری ہے اس کے بعد مالداری نہیں اور اس کی موجودگی میں محتاجی نہیں۔

اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

---

(۱) کنز العمال جلد ۳ ص ۲۲۱ حدیث ۶۲۸۴

(۲)

(۳) مجمع الزوائد جلد ۷ ص ۱۵۸ کتاب التفسیر

مَنْ اٰتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْاٰنَ وَظَنَّ اَنَّ اَحَدًا اَغْنٰى مِنْهُ فَقَدِ اسْتَهْزَاَ بِاٰيَاتِ اللّٰهِ۔ (۱)

جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک (کا علم) عطا فرمایا پھر اس نے یہ خیال کیا کہ کوئی شخص اس سے زیادہ مالدار ہے تو بے شک اس نے اللہ تعالیٰ کی آیات کا مذاق اڑایا۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْاٰنِ۔ (۲)

جو شخص قرآن پاک (کی دولت) سے اپنے آپ کو مالدار نہیں سمجھتا وہ ہم میں سے نہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

كَفٰى بِالْيَقِيْنِ غِنًى۔ (۳)

مالداری کے لیے یقین کافی ہے۔

کسی بزرگ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنی نازل کردہ کسی کتاب میں فرمایا اگر میں کسی بندے کو تین باتوں سے بے پرواہ کر دوں تو میں نے اس پر اپنی نعمت کو پورا کر دیا۔ وہ بادشاہ کے پاس جانے کی حاجت نہ ہو، ڈاکٹر سے دوا لینے کی ضرورت نہ پڑے کسی دوسرے کے مال سے بے نیاز ہو جائے کسی شاعر نے اس کی یوں ترجمانی کی ہے۔

اِذَا مَا الْقُوْتُ يَاْتِيْكَ كَذَا الصِّحَّةُ وَالْاَمْنُ
وَاَصْبَحْتَ اَخَا حُزْنٍ فَلَا فَارَقَكَ الْحُزْنُ۔

جب تمہیں رزق، امن اور صحت حاصل ہو پھر بھی تم غم کرو تو غم تمہارا پیچھا کبھی نہیں چھوڑے گا۔

بلکہ سیدھی اور واضح عبارات اور افصح کلمات اس ذات والا صفات کا کلام ہے جس نے حق کی ادائیگی کی یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ اَصْبَحَ اٰمِنًا فِيْ سِرْبِهٖ مُعَافًى فِيْ بَدَنِهٖ عِنْدَهٗ قُوْتُ يَوْمِهٖ فَكَاَنَّمَا حِيْزَتْ لَهُ الدُّنْيَا بِحَذَافِيْرِهَا۔ (۴)

جو شخص یوں صبح کرے قلبی سکون اور صحت بدن حاصل ہو ایک دن کی روزی اس کے پاس تو گویا دنیا اپنے تمام اطراف کے ساتھ اس کے پاس جمع ہو گئی۔

اگر تم لوگوں کے حالات میں غور و فکر کرو تم دیکھو گے کہ وہ ان تین باتوں کے علاوہ باتوں کا شکوہ کرتے اور پریشان ہوتے ہیں حالانکہ وہ چیزیں ان کے لیے وبال ہیں اور وہ تین نعمتوں پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا نہیں کرتے اور نہ اس ایمان پر شکر ادا کرتے ہیں جو

---

(۱) التاریخ الکبیر للبخاری جلد ۳ ص ۱۱۳ ترجمہ ۱۰۵۸

(۲) صحیح بخاری جلد دوم ۱۱۲۳ کتاب التوحید

(۳) مجمع الزوائد جلد ۱ ص ۲۰۸ کتاب الزھد

(۴) الترغیب والترہیب جلد ۲ اول ص ۵۹۰ کتاب الصدقات

ہمیشہ کی نعمتوں اور بہت بڑی بادشاہی تک پہنچنے کا وسیلہ ہے بلکہ سمجھدار آدمی کو چاہیے کہ وہ معرفت، یقین اور ایمان پر خوش ہو اور ہم تو ایسے علمار کو جانتے ہیں کہ اگر ان کو وہ مال نوکر چاکر اور مددگار دیئے جائیں جو مشرق سے مغرب تک کے بادشاہوں کے ماتحت ہیں اور کہا جائے کہ اپنے علم کے عوض یہ چیزیں لے لو بلکہ اپنے علم کے سویں حصہ (۱/۱۰۰) کے بدلے میں لے لو تو وہ نہیں لیں گے کیوں کہ ان کو یہ امید ہے کہ علم کی نعمت انہیں آخرت میں قرب خداوندی تک پہنچائے گی بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ جس چیز کی تم امید رکھتے ہو وہ تمہیں آخرت میں مکمل طور پر ملے گی لیکن یہ دنیوی لذات علم کی اس لذت کے بدلے لے لو جو تمہیں دنیا میں حاصل ہے اور جس پر تم خوش ہوتے ہو تو وہ نہیں لیں گے کیوں کہ وہ جانتے ہیں کہ علم کی لذت دائمی ہے کبھی ختم نہ ہوگی باقی رہے گی چوری نہ ہوگی نہ غصب ہوگی نہ اس پر کوئی حسد کرے گا اور یہ نہایت صاف ہے اس میں کوئی گدلا پن نہیں ہے جب کہ دنیا کی تمام لذات ناقص ہیں گدلی ہیں تشویشناک ہیں ان کی توقع ان کے خوف کے برابر نہیں لذت، تکلیف کے مساوی اور خوشی غم کے برابر نہیں اب تک یہی صورت حال رہی ہے اور باقی زمانے میں بھی اسی طرح رہے گی۔ کیوں کہ دنیوی لذات صرف اس لیے پیدا کی گئیں کہ ناقص عقلیں ان کے دام میں پھنس جائیں اور دھوکہ کھائیں حتیٰ کہ جب وہ دھوکہ کھا لیتی ہیں اور ان کے جال میں پھنس جاتی ہیں تو وہ لذات انکار کرتی ہیں اور نزدیک نہیں آنے دیتیں جیسے کوئی حسینہ جمیلہ عورت کسی شہوت پرست مالدار نوجوان کے لیے بناؤ سنگھار کرتی ہے حتیٰ کہ جب اس کے دل کو قیدی بنا دیتی ہے تو اس کے قریب نہیں آتی اور پردہ کرتی ہے تو وہ مسلسل پریشانی اور غم کا شکار رہتا ہے اور یہ سب کچھ اس لیے ہوا کہ ایک لحظہ اسے دیکھنے کی وجہ سے وہ شخص دھوکہ کھا گیا۔ اگر وہ عقل سے کام لیتا اور آنکھیں بند کر لیتا اور اس لذت کو حقیر جانتا تو ساری زندگی محفوظ رہتا۔

تو دنیا دار اس طرح دنیا کے جال اور رسیوں میں جکڑے جاتے ہیں اور یہ بات کہنا مناسب نہیں کہ دنیا سے اعراض کرنے والا اس سے صبر کی وجہ سے دکھوں کا شکار ہوتا ہے کیوں کہ دنیا کی طرف متوجہ ہونے والا بھی اس پہ صبر اور اس کی حفاظت کی وجہ سے دکھ اٹھاتا ہے اسے حاصل کرنا اور پھر چوروں کو اس سے دور کرنا بھی تو پریشانی کا باعث ہے حالانکہ اعراض کرنے والے کی پریشانی اخروی لذت کی طرف لے جاتی ہے جب کہ اس کی طرف متوجہ ہونے والے کی پریشانی آخرت میں بھی پریشانی کا باعث ہے جو شخص دنیا سے اعراض کرتا ہے اسے یہ آیت پڑھنی چاہیے۔

وَلَا تَهِنُوا فِي ابْتِغَاءِ الْقَوْمِ إِن تَكُونُوا تَأْلَمُونَ فَإِنَّهُمْ يَأْلَمُونَ كَمَا تَأْلَمُونَ وَتَرْجُونَ مِنَ اللَّهِ مَا لَا يَرْجُونَ۔ (۱)	اور قوم کی تلاش میں سستی نہ کرو اگر تمہیں دکھ پہنچا ہے تو تمہاری طرح ان کو بھی دکھ پہنچا ہے جب کہ تم اللہ تعالیٰ سے اس چیز کی امید رکھتے ہیں جس کے وہ امیدوار نہیں ہیں۔

تو لوگوں پر شکر کا دروازہ اس لیے بند ہو گیا کہ وہ ظاہری و باطنی اور خاص و عام قسم کی نعمتوں سے جاہل ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورہ نساء آیت ۱۰۴

سوال :

توایسے غافل دلوں کا کیا علاج ہے تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شعور حاصل کر کے شکر کریں۔

جواب :

سمجھدار دلوں کا علاج تو یہ ہے کہ جن عمومی نعمتوں کی طرف ہم نے اشارہ کیا ہے وہ ان میں غور کریں لیکن غبی قسم کے دل جو صرف خاص نعمت کو ہی نعمت سمجھتے ہیں یا جب وہ مبتلا ہوتے ہیں تو ان کو سمجھ آتی ہے ان کے لیے راستہ یہ ہے کہ اپنے سے کم درجے کے لوگوں کو دیکھیں اور وہ کام کریں جو بعض صوفیا کرام کرتے تھے۔ وہ بزرگ روزانہ ہسپتال اور قبرستان میں نیز ان مقامات پر جاتے جہاں مجرموں پہ حدود نافذ کی جاتی تھیں ہسپتال میں اس لیے جاتے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے والی مختلف آزمائشوں کو دیکھیں پھر اپنی صحت و سلامتی کے بارے میں غور کریں تاکہ بیماریوں میں ابتلاء کو دیکھ کر دل کو صحت کی نعمت کا شعور حاصل ہو اور وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے اور وہ ان لوگوں کے جنازے میں جاتے جن کو قتل کیا جاتا اعضاء کاٹے جاتے اور طرح طرح کے عذاب میں مبتلا کئے جاتے تاکہ گناہوں اور ان سزاؤں سے محفوظ رہنے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں اور ان کے حصول پر بھی شکر ادا کریں وہ قبرستان میں جاتے اور معلوم کرتے کہ فوت ہونے والوں کو سب سے زیادہ پسند یہ بات ہے کہ ان کو دوبارہ دنیا میں بھیج دیا جائے چاہے ایک دن کے لیے ہی ہو۔ اگر وہ گناہ گار ہے تو وہ گناہوں کا تدارک کرے اور اگر نیکو کار ہے تو عبادت، اور نیکی میں اضافہ کرے کیوں کہ قیامت کا دن خسارے کا دن ہے اطاعت گزار کو خسارے کی صورت یہ ہے کہ جب وہ اپنی جزا دیکھتا ہے تو کہتا ہے میں اس سے زیادہ نیکیوں پر قادر تھا تو مجھے کتنا بڑا نقصان ہوا کہ میں نے وقت کا کچھ حصہ محض جائز کاموں پر خرچ کیا اور گناہ گار کا نقصان ظاہر ہے پس جب وہ قبرستان کو دیکھتے اور جان لیتے کہ ان (فوت شدہ لوگوں) کے نزدیک جو بات سب سے زیادہ پسندیدہ ہے وہ مجھے حاصل ہے کیوں کہ ابھی میری زندگی کے کچھ دن باقی ہیں تو وہ ان بقایا دنوں کو اس عمل پر خرچ کرتا ہے جس کے لیے اہل قبور واپسی کی خواہش رکھتے ہیں تاکہ اسے باقی عمر میں نعمتوں کی معرفت ہو بلکہ ایک ایک سانس کی مہلت بھی نعمت ہے پس جب وہ اس نعمت کو جان لے گا تو اس بات کا شکر ادا کرے گا کہ وہ زندگی کا باقی حصہ اس کام میں خرچ کرے جس کے لیے زندگی بنائی گئی ہے اور وہ دنیا سے آخرت کے لیے زادِ راہ حاصل کرے۔

تو غافل دلوں کا علاج یہ ہے تاکہ ان کو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شعور حاصل ہو اور ممکن ہے وہ شکر کریں حضرت ربیع ابن خیثم باوجود اس کے کہ صاحب بصیرت تھے اس طریقے سے مدد حاصل کرتے تھے تاکہ معرفت پکی ہو جائے انہوں نے اپنے گھر میں قبر کھود رکھی تھی اور اپنے گلے میں طوق ڈال کر اس قبر میں سو جاتے پھر کہتے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۱۰۳

رَبِّ ارْجِعُوْنِ لَعَلِّیْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا۔ (۱) اے میرے رب مجھے واپس لوٹا دے تاکہ میں نیک عمل کروں۔
پھر کھڑے ہوتے اور فرماتے اے ربیع! تمہیں وہ مل گیا جس کا تم نے سوال کیا تو اس سے پہلے کہ تم لوٹنے کا سوال کرو اور تمہیں واپس نہ کیا جائے، عمل کرو۔

وہ دل جو شکر سے دور رہتے ہیں ان کے علاج کے لیے مناسب ہے کہ اسے اس بات کی پہچان کرائی جائے کہ نعمت کا شکر ادا نہ کیا جائے تو وہ زائل ہوجاتی ہے اور واپس نہیں لوٹتی اسی لیے حضرت فضیل بن عیاض رحمہ اللہ فرماتے تھے۔
"تمہیں نعمتوں پر شکر ادا کرتے رہنا چاہیئے بہت کم نعمتیں ایسی ہیں جو کسی قوم سے زائل ہونے کے بعد دوبارہ ملی ہوں"
اور بعض بزرگوں نے فرمایا نعمتیں وحشی جانور کی طرح ہیں ان کو شکر کے ساتھ بیڑیاں ڈالو" اور حدیث شریف میں ہے۔
کسی بندے کو جتنی بڑی نعمت ملتی ہے اسی قدر لوگ اس کے زیادہ محتاج ہوتے ہیں تو جو آدمی اسے ہلکا جانے اس سے وہ نعمت زائل ہوجاتی ہے۔

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِہِمْ۔ (۲) بے شک اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت کو اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک وہ خود نہ بدلیں۔

یہ رکن مکمل ہوا۔

تیسرا رکن:

صبر و شکر کا باہمی تعلق و اشتراک

پہلا بیان:

صبر و شکر کا ایک چیز پر جمع ہونے کا سبب

شاید تم کہو کہ جن نعمتوں کا آپ نے ذکر کیا ہے اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ہر موجود میں اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے اور یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ مصیبت کا بالکل کوئی وجود نہیں تو صبر کا کیا مطلب ہوا؟ اور اگر مصیبت موجود ہے تو اس پر شکر کا کیا مطلب ہے؟ اور کچھ دعویٰ کرنے والوں نے دعویٰ کیا ہے کہ ہم تو مصیبت پر بھی شکر کرتے ہیں نعمت پہ شکر کرنا

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ مومنون آیت ۹۹

(۲) قرآن مجید، سورۃ رعد آیت ۱۱

تو ایک طرف رہا تو مصیبت پر شکر کا کیا تصور ہوگا۔ اور جس بات پر صبر کرتا ہے اس پر شکر کیسے کرے گا اور مصیبت پہ صبر دُکھ اور درد کو چاہتا ہے جب کہ شکر خوشی کا داعی ہے اور یہ دونوں باتیں متضاد ہیں اور جو کچھ آپ نے ذکر کیا کہ ہر موجود میں اللہ تعالیٰ کی بندوں پر نعمت ہے اس کا کیا مطلب ہے؟

تو جان لو کہ مصیبت بھی موجود ہے جیسے نعمت موجود ہے اور نعمت کے اثبات کا قول مصیبت کو ثابت کرنے کے قول کو واجب کرتا ہے کیوں کہ یہ دونوں ایک دوسرے کی ضد ہیں پس مصیبت کا نہ ہونا نعمت ہے اور نعمت کا نہ ہونا مصیبت ہے لیکن یہ بات پہلے گزر چکی ہے کہ نعمت دو قسموں میں تقسیم ہوتی ہے ایک وہ جو ہر اعتبار سے مطلقاً نعمت ہے آخرت میں اس کی صورت یہ ہے کہ بندے کو بارگاہ خداوندی میں حاضری کی سعادت حاصل ہوگی اور دنیا میں اس کی مثال ایمان، اچھے اخلاق اور وہ باتیں جو ان دونوں پر مددگار ہوتی ہیں۔ دوسری قسم وہ ہے جو مقید ہے یعنی ایک اعتبار سے نعمت ہے اور دوسری اعتبار سے مصیبت، جیسے مال جو ایک لحاظ سے دین کی اصلاح کرتا ہے اور کسی اعتبار سے اس کے فساد کا باعث ہوتا ہے۔

اسی طرح مصیبت بھی مطلق و مقید میں تقسیم ہوتی ہے آخرت کے حوالے سے مطلق یہ ہے کہ بندہ اللہ تعالیٰ سے کچھ مدت یا ہمیشہ کے لیے دُور رہے اور دنیا میں اس کی مثال کفر، نافرمانی اور بداخلاقی ہے اور یہ مطلق مصیبت تک پہنچاتی ہے مقید مصیبت کی مثال فقر، بیماری، خوف اور دیگر مختلف قسم کے مصائب ہیں جو دینی اعتبار سے نہیں بلکہ دنیوی اعتبار سے مصیبت ہیں۔

تو مطلق شکر، مطلق نعمت پر ہوتا ہے اور دنیا میں مطلق مصیبت پر بعض اوقات صبر کا حکم نہیں دیا جاتا کیوں کہ کفر مصیبت ہے لیکن اس پر صبر کا کوئی مطلق مطلب نہیں اور یہی حال گناہ اور نافرمانی کا ہے بلکہ کافر اور گناہ گار پر لازم ہے کہ کفر اور گناہ کو ترک کر دیں ہاں بعض اوقات کافر کو معلوم نہیں ہوتا کہ وہ کافر ہے پس وہ اس بیمار کی طرح ہوتا ہے جسے کوئی درد نہیں ہوتا مثلاً غشی وغیرہ تو اس پر صبر بھی نہیں ہوتا اور گناہ گار کو پتہ ہوتا ہے کہ وہ گناہ گار ہے تو اس پر گناہ کو چھوڑنا لازم ہے بلکہ ہر وہ گناہ جسے انسان ترک کر سکتا ہے اس پر اسے صبر کا حکم نہیں دیا جاتا۔ اگر ایک طویل۔ اس کے باوجود آدمی پانی نہ پیئے اور اس کی تکلیف اور درد بہت زیادہ ہو جائے تو اسے اس پر صبر کا حکم نہیں دیا جاتا بلکہ اس درد کے ازالے کا حکم دیا جاتا ہے صبر تو اس تکلیف پر ہوتا ہے جسے آدمی زائل نہ کر سکے۔

تو نتیجہ یہ ہوا کہ دنیا میں صبر اس مصیبت کی طرف نہیں لوٹتا جو مطلقاً مصیبت ہے بلکہ جائز ہے کہ وہ من وجہ نعمت ہو اسی اعتبار سے صبر اور شکر دونوں کی ذمہ داری یکجا ہو سکتی ہے مثلاً مالداری انسان کی ہلاکت کا سبب بن سکتی ہے حتیٰ کہ اس کے مال کی وجہ سے اس کا قصد لیا جاتا ہے اور اس کو نیز اس کی اولاد کو قتل کیا جاتا ہے اور صحت کا معاملہ بھی اسی طرح ہے تو ان دنیوی نعمتوں میں سے ہر نعمت مصیبت بھی بن سکتی ہے لیکن یہ اس شخص کے حوالے سے ہے اسی طرح ہر مصیبت نعمت بھی بن سکتی ہے لیکن یہ بھی اس آدمی کے حال کی طرف اضافت کرتے ہوئے ہوگی۔

تو کئی لوگ ایسے ہیں جن کی بھلائی فقر اور مرض کے اندر ہے اگر ان کا بدن صحیح اور مال زیادہ ہو تو وہ تکبر اور سرکشی کریں ارشاد خداوندی ہے،

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِي الْاَرْضِ۔ (۱)

اور اگر اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے لیے رزق کشادہ کر دے تو وہ زمین میں بغاوت کرنے لگیں۔

اور ارشاد فرمایا۔

كَلَّا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰى اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى۔ (۲)

ہرگز نہیں بے شک انسان سرکشی کرتا ہے جب اپنے آپ کو مالدار دیکھتا ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ لَيَحْمِيْ عَبْدَهُ الْمُؤْمِنَ مِنَ الدُّنْيَا وَهُوَ يُحِبُّهُ كَمَا يَحْمِيْ اَحَدُكُمْ مَرِيْضَهٗ۔ (۳)

بے شک اللہ تعالیٰ اپنے مومن بندے کو دنیا سے بچاتا ہے حالانکہ وہ اسے پسند کرتا ہے جیسا کہ تم میں سے کوئی ایک اپنے مریض کی حفاظت کرتا ہے۔

یہی حال بیوی، اولاد اور قریبی رشتہ داروں کا ہے۔

اور ہم نے ایمان اور اخلاق حسنہ کے علاوہ نعمتوں کی جو سولہ قسمیں بیان کی ہیں تو وہ بعض لوگوں کے حق میں مصیبت بھی ہو سکتی ہیں تو اس صورت میں ان نعمتوں کی ضد ان کے حق میں نعمت قرار پائے گی کیوں کہ یہ بات بیان ہو چکی ہے کہ معرفت کمال اور نعمت ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ایک صفت ہے لیکن بعض امور میں بندے کے لیے مصیبت ہوتی ہے اور اس کا نہ ہونا نعمت قرار پاتا ہے مثلاً انسان کا اپنی موت کے وقت سے لاعلم ہونا اس کے لیے نعمت ہے کیوں اگر اس کو اس بات کا علم ہو تو اس کی زندگی دوبھر ہو جائے اور غم بڑھ جائے اسی طرح لوگ جو اس کے بارے میں معلومات کو سینوں میں چھپائے ہوئے ہیں ان باتوں سے ناواقفیت بھی اس کے حق میں نعمت ہے کیوں کہ پردہ اٹھنے اور اس کے ان باتوں پر مطلع ہونے کی صورت میں اس کا دکھ، کینہ، حسد اور انتقام میں مشغولیت بڑھ جائے اسی طرح دوسروں کی صفات مذمومہ سے اس کی جہالت بھی اس کے حق میں نعمت ہے کیوں کہ اگر وہ ان باتوں سے آگاہ ہو جائے تو ان سے بغض رکھے اور ان کو اذیت پہنچائے اور یہ اس پر دنیا اور آخرت میں وبال ہے بلکہ بعض اوقات دوسروں کی اچھی صفات سے لاعلمی بھی

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ شوریٰ آیت ۲۷

(۲) قرآن مجید، سورۂ العلق آیت ۶

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۴۲۷ مرویات محمود بن لبید

اس کے لیے نعمت قرار پاتی ہے کیوں کہ ہو سکتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کا ولی ہو اور یہ اسے ایذا پہنچانے اور اس کی توہین کرنے پر مجبور ہو جائے اور اگر اسے ان صفات کا علم ہو اور اس کے باوجود اذیت پہنچائے تو یقیناً یہ بہت بڑا گناہ ہے جو شخص علم کے باوجود کسی نبی یا ولی کو اذیت پہنچائے اس میں اور اس شخص میں فرق ہے جو لاعلمی میں تکلیف پہنچاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے یہ بھی ایک نعمت ہے کہ اس نے قیامت کے معاملے لیلۃ القدر، یوم جمعہ کی قبولیت والی ساعت اور بعض کبیرہ گناہوں کو مخفی رکھا یہ اِخفاءِ نعمت ہے کیوں کہ اس لاعلمی کی وجہ سے طلب اور کوشش زیادہ ہوتی ہے۔

تو جہالت کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی یہ وجوہ ہیں تو علم کی صورت میں کیسا ہو گا؟ اور ہم نے جو یہ کہا ہے کہ ہر موجود میں اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے تو یہ حق ہے اور یہ بات ہر آدمی کے حق میں پائی جاتی ہے محض گمان سے استثناء نہیں ہو سکتی مگر تکالیف کی استثناء ہو سکتی ہے جو اللہ تعالیٰ نے بعض لوگوں میں پیدا کی ہیں یہ بھی بعض اوقات اس آدمی کے حق میں جسے اس سے تکلیف پہنچی ہے نعمت قرار پاتی ہیں۔

اگرچہ اس جرم کرنے والے کے حق میں نعمت نہ ہو جیسے گناہ کے سبب سے حاصل ہونے والا درد مثلاً خود اپنا ہاتھ کاٹ لے اور اپنے چہرے کو گوندے تو وہ تکلیف بھی اٹھاتا ہے اور گناہ گار بھی ہوتا ہے کفار کا جہنم میں تکلیف اٹھانا بھی نعمت ہے لیکن دوسروں کے حق میں، اس کے اپنے حق میں نہیں کیوں کہ ایک قوم کے مصائب، دوسری قوم کے حق میں فوائد ہوتے ہیں اگر اللہ تعالیٰ عذاب کو پیدا نہ کرتا اور اس میں ایک جماعت کو مبتلا نہ کرتا تو نعمت والوں کو نعمت کی قدر معلوم نہ ہوتی اور نہ ہی وہ نعمت پر زیادہ خوش ہوتے تو اہل جنت کی خوشی اس وقت دو چند ہوتی ہے جب وہ جہنمیوں کی تکالیف میں غور و فکر کرتے ہیں۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ دنیا والے سورج کی روشنی میں زیادہ خوش نہیں ہوتے حالانکہ ان کو اس کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے اس لیے کہ عام طور پر اس سے فائدہ حاصل کیا جاتا ہے اسی طرح آسمانی زینت کی طرف دیکھ کر بھی وہ زیادہ خوش نہیں ہوتے حالانکہ وہ ہر اس باغ سے زیادہ خوبصورت ہے جس کے بنانے کے لیے وہ دنیا میں جدوجہد کرتے ہیں۔ لیکن چوں کہ آسمان کی زینت عام ہے اس لیے ان کو اس کا شعور نہیں اور اس کے سبب سے وہ خوش نہیں ہوتے۔

تو اب یہ بات صحیح قرار پائی جو ہم نے ذکر کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جس چیز کو بھی پیدا فرمایا اس میں کوئی نہ کوئی حکمت ضرور ہے اور اسی طرح ہر مخلوق نعمت ہے یا تو سب بندوں کے لیے یا بعض کے لیے تو اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں مصیبت بھی نعمت ہے یا تو اس کے لیے جو اس میں مبتلا ہے یا دوسروں کے لیے لہٰذا ہر حالت کو نہ تو مطلقاً مصیبت کہہ سکتے ہیں اور نہ ہی مطلقاً نعمت کہا جا سکتا ہے تو اس صورت میں صبر و شکر دونوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

سوال:

یہ دونوں متضاد ہیں تو کس طرح جمع ہو سکتے ہیں کیوں کہ صبر غم پر اور شکر خوشی پر ہوتا ہے؟

جواب:

جان لو کہ ایک چیز بعض وجوہ سے غمگین کرتی ہے اور بعض دوسری وجوہ سے خوشی کا باعث ہوتی ہے تو غم کے اعتبار سے صبر اور خوشی کے حوالے سے شکر ادا کرنا ہوتا ہے اور ہر فقر، بیماری، خوف اور دنیوی آفات میں پانچ امور ہیں عقل مند آدمی کو ان پر خوش ہونا اور شکر کرنا چاہیے۔

(۱) ان میں سے ایک یہ ہے کہ ہر مصیبت اور مرض کے بارے یہ سوچے کہ اس سے بڑی بیماری بھی ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے تحت جو کچھ داخل ہے اس کی کوئی انتہا نہیں اگر اللہ تعالیٰ ان کو بڑھا دے اور اضافہ کرے تو اسے کیا چیز روکے گی اور رکاوٹ بنے گی۔ پس اسے شکر کرنا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے بڑی بیماری نہیں بھیجی۔

(۲) دوسری بات یہ کہ ممکن ہے اس کی یہ مصیبت دنیوی ہو (دینی نہیں ہے) ایک شخص نے حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ ایک چور میرے گھر میں داخل ہوا اور میرے گھر کا سارا سامان لے گیا آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرو اگر شیطان تمہارے دل میں داخل ہو کر تمہارے عقیدۂ توحید کو بگاڑ دیتا تو تم کیا کرتے؟

یہی وجہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی دعا میں پناہ مانگتے ہوئے یوں عرض کیا۔

اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتِيْ فِيْ دِيْنِيْ۔ یا اللہ! میرے دین میں کوئی مصیبت پیدا نہ کرنا۔

اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں جس آزمائش میں ڈالا گیا اس میں اللہ تعالیٰ کے مجھ پر چار انعام ہوئے ایک یہ کہ وہ مصیبت و آزمائش میرے دین میں نہ تھی دوسرا یہ کہ اسی مقدار پر ہوئی اس سے زیادہ نہ ہوتی تیسرا یہ کہ میں اس پر راضی ہونے کی دولت سے محروم نہ ہوا اور چوتھا یہ کہ مجھے ثواب کی امید ہے۔

کسی اہل دل کا ایک دوست تھا اسے بادشاہ نے قید کر دیا اس نے اپنے بزرگ دوست کو اطلاع کی اور شکوہ بھی کیا انہوں نے پیغام بھیجا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرو پھر ایک مجوسی کو لا کر اس کے پاس قید کر دیا گیا جسے پیچش کی بیماری تھی اسے قید کرکے دونوں کو ایک ہی زنجیر ڈال دی گئی پھر اس نے پیغام بھیجا تو جواب ملا اللہ تعالیٰ کا شکر کرو مجوسی کو حاجت کے لیے کئی بار اٹھنا پڑتا اور اس کو مجبوراً ساتھ ہی اٹھنا پڑتا اور وہ اس کی قضائے حاجت تک اس کے سر پہ کھڑا رہتا پھر اس نے لکھا تو جواب ملا اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرو اس نے کہا کب تک؟ اس سے بڑی مصیبت کیا ہو سکتی ہے؟ بزرگ نے جواب دیا اگر وہ زنار جو اس مجوسی کی کمر میں ہے تمہاری کمر میں ہوتا تو تم کیا کرتے۔

تو جس انسان کو بھی جو مصیبت پہنچتی ہے اگر وہ اس میں اچھی طرح غور کرے کہ اس کو یہ مصیبت اپنے مولیٰ کی ظاہری یا باطنی طور پر کی گئی بے ادبی کی وجہ سے پہنچی ہے تو وہ اس بات کو سمجھے گا کہ وہ فوری طور پر یا مستقبل میں اس سے بھی بڑی مصیبت اور ابتلا کا مستحق ہے اور جس نے تمہیں سو کوڑے مارنے ہوں اگر وہ دس کوڑے مارنے پر اکتفا کرے تو وہ شکر کا مستحق ہوتا ہے اور جس کو یہ حق حاصل ہو کہ وہ تمہارے دونوں ہاتھ کاٹ دے لیکن وہ تمہارا ایک ہاتھ چھوڑ دے تو وہ بھی شکر کا مستحق ہے یہی وجہ ہے کہ ایک بزرگ ایک سڑک سے گزر رہے تھے تو ان کے سر پہ راکھ کا ایک تھال گرا دیا گیا

تو وہ بارگاہ خداوندی میں سجدہ شکر بجا لائے پوچھا گیا کہ اس سجدے کا کیا مطلب ہے؛ فرمایا میں تو اس انتظار میں تھا کہ مجھ پر آگ ڈال جائے گی تو صرف راکھ کا ڈالا نا نعمت ہے۔

کسی بزرگ سے کہا گیا کہ آپ نماز استقساد کے لیے باہر نہیں جاتے کیوں کہ بارش بند ہو گئی ہے انہوں نے فرمایا تم سے تو بارش روکی گئی ہے مجھ سے تو پتھر روکے گئے ہیں۔

سوال:

میں کیسے خوش ہوں جب کہ ایک جماعت جن کے گناہ میرے گناہوں سے زیادہ ہیں اور ان کو وہ مصیبت نہیں پہنچی جو مجھے پہنچی ہے حتیٰ کہ کافر (جو منکر ہیں لیکن ان کو مصیبت نہیں پہنچی)

جواب:

کافر کے لیے تو بہت زیادہ مصائب پوشیدہ ہیں اسے مہلت اس لیے دی گئی ہے کہ اس کے گناہ زیادہ ہوں اور اس وجہ سے عذاب زیادہ دیا جائے۔ جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّمَا نُمْلِیْ لَھُمْ لِیَزْدَادُوْا اِثْمًا۔ (۱) بے شک ہم ان کو مہلت دیتے ہیں تاکہ ان کے گناہوں میں اضافہ ہو۔

جہاں تک گناہ گار کا تعلق ہے تو تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ دنیا میں کوئی تم سے بھی زیادہ گناہ گار ہے کئی دل اللہ تعالےٰ اور اس کی صفات میں بے ادبی کی وجہ سے شراب نوشی، زنا کاری اور اعضاء کے ساتھ کئے گئے باقی گناہوں سے بھی بڑے گناہ کے مرتکب ہوتے ہیں اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں کے بارے میں فرمایا۔

وَتَحْسَبُوْنَہٗ ھَیِّنًا وَّھُوَ عِنْدَ اللّٰہِ عَظِیْمٌ۔ (۲) اور تم اسے معمولی (گناہ) سمجھتے ہو جب کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ بہت بڑا گناہ ہے۔

تو تمہیں کیسے معلوم ہو کہ دوسرے لوگ تم سے زیادہ گناہ گار نہیں؛ ہو سکتا ہے ان کی سزا آخرت تک مؤخر کر دی گئی ہو اور تمہیں دنیا میں ہی سزا دی جا رہی ہو تو تم اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر کیوں ادا نہیں کرتے۔

۳۔ تو شکر کے سلسلے میں یہ تیسری وجہ ہے یعنی ہو سکتا ہے کہ سزا کو آخرت تک مؤخر کر دیا گیا ہو اور دنیا کی سزا تو بعض اسباب تسلی سے آسان بھی ہو سکتی ہے لیکن آخرت کی مصیبت دائمی ہے اور اگر دائمی نہ بھی ہو تو بھی تسلی کے ذریعے اس کی تخفیف نہیں ہو گی کیوں کہ آخرت میں عذاب میں مبتلا لوگوں سے تسلی کے اسباب بالکل منقطع ہوں گے اور جس کو دنیا میں سزا دے دی گئی

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۷۸

(۲) قرآن مجید، سورۂ نور آیت ۱۵

اسے دوبارہ آخرت میں سزا نہیں دی جائے گی۔ کیوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ (۱)
بندہ جب کوئی گناہ کرتا ہے پھر اسے دنیا میں کوئی سختی یا مصیبت پہنچتی ہے تو اللہ تعالیٰ اسے دوبارہ سزا دینے سے بہت بے نیاز ہے۔

۴۔ مصیبت اور آزمائش لوح محفوظ میں مکتوب ہے اور اس کا پہنچنا ضروری ہے اور وہ پہنچ گئی اور فراغت ہو گئی اب اس کے بعض یا کل سے راحت حاصل ہو گئی اور یہ بھی نعمت ہے۔

۵۔ اس مصیبت کی نسبت اس کا ثواب زیادہ ہے کیوں کہ دنیوی مصیبتیں دو وجہ سے آخرت کی طرف راستے ہیں ان میں سے ایک وجہ وہی ہے جس کی بنیاد پر مریض کے حق میں ناپسند دوا نعمت بن جاتی ہے اور بچے کے حق میں کھیلنے کے اسباب سے روکنا نعمت ہے کیوں کہ اگر اسے کھیلنے کی کھلی چھٹی دی جائے تو وہ علم وادب (کے حصول) کو چھوڑ دے گا تو یوں وہ عمر بھر خسارے میں رہے گا اسی طرح مال، اہل واولاد، اقارب، اعضاء حتیٰ کہ آنکھ جو سب سے زیادہ معزز سمجھی جاتی ہے بعض اوقات یہ تمام چیزیں انسان کی ہلاکت کا باعث بنتی ہیں بلکہ عقل جو سب سے زیادہ قیمتی ہے بعض اوقات اس کی ہلاکت کا باعث بنتی ہے چنانچہ ملحدین کل قیامت کے دن یہ تمنا کریں گے کہ کاش وہ پاگل یا بچے ہوتے اور دین خداوندی میں اپنی عقلوں کو استعمال نہ کرتے۔

ان اسباب میں جو سبب بھی بندے کی طرف سے پایا جائے اس کے بارے میں یہ تصور کیا جا سکتا ہے کہ اس میں اس کی دینی بھلائی ہو تو اس پر لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں اچھا گمان رکھے اور اس میں بھلائی کا خیال کرکے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے بے شک اللہ تعالیٰ کی حکمت وسیع ہے اور بندوں کی نسبت وہ ان کے بھلائی کو زیادہ جانتا ہے اور کل بروز قیامت جب لوگ مصیبتوں پر ملنے والے ثواب کو دیکھیں گے تو اس کا شکر ادا کریں گے، جس طرح بچہ عقل مند اور بالغ ہونے کے بعد اپنے استاذ اور باپ کے مارنے پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہے کہ انہوں نے ادب سکھایا کیوں کہ انہوں نے جو اس کی تربیت اور تادیب کی ہے اس کا پھل وہ اس وقت پاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے آزمائش بھی تادیب ہے اور بہت بڑی عنایت ہے جب کہ ماں باپ کی طرف سے اولاد پر اس قدر عنایت نہیں ہو سکتی ایک روایت میں ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا مجھے کوئی نصیحت فرمائیں آپ نے فرمایا۔

لَا تَتَّهِمِ اللّٰهَ فِيْ شَيْءٍ قَضَاهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ۔ اللہ تعالیٰ نے تیرے بارے میں جو فیصلہ فرمایا اس پر اسے تہمت نہ لگاؤ۔ (۲)

---

(۱) سنن ابن ماجہ ص ۱۹۰، ابواب الحد

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۳۱۹ مرویات عبادہ بن صامت

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آسمان کی طرف دیکھ کر مسکرائے اس کی وجہ پوچھی گئی تو آپ نے فرمایا۔
میں مومن کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر متعجب ہوں اگر وہ اس کے لیے آسانی کا فیصلہ فرمائے تو وہ راضی ہوتا ہے اور یہ اس کے لیے بہتر ہے اور اگر سختی کا فیصلہ کرے تو بھی راضی ہوتا ہے اور یہ اس کے لیے بہتر ہے دوسری وجہ۔ ہلاک کرنے والی خطاؤں کا منبع دنیا کی محبت ہے اور نجات کی بنیاد دھوکے والے گھر (دنیا) سے دل کے ساتھ الگ ہونا ہے اور اگر دنیا کی نعمتیں کسی ابتلاء اور مصیبت کے بغیر حاصل ہوں تو اس سے دل کا دنیا اور اس کے اسباب کی طرف میلان ہوگا اور وہ اس سے مانوس ہوگا حتیٰ کہ دنیا اس کے حق میں جنت کی طرح ہو جائے گی اور موت کے وقت دنیا کو چھوڑنا اس کے لیے بہت بڑی مصیبت ہوگی لیکن جب اس پر مصائب زیادہ آئیں گے تو اس کا دل بے قرار ہو جائے گا نہ تو اس کے ذریعے اسے سکون ملے گا اور نہ ہی وہ اس سے مانوس ہوگا بلکہ دنیا اس کے لیے قید خانہ بن جائے گی اور اس سے نجات میں بہت زیادہ لذت ہوگی جس طرح قید خانے سے چھوٹنے میں ہوتی ہے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ۔ دنیا مومن کے لیے قید خانہ اور کافر کے لیے جنت ہے۔

اور کافر وہ ہوتا ہے جو اللہ تعالیٰ سے منہ پھیرتا ہے اور صرف دنیا کا ہی ارادہ کرتا ہے اسی پر راضی اور مطمئن ہوتا ہے اور مومن ہر وہ شخص ہے جس کا دل دنیا سے منقطع ہوتا ہے اور اس سے نکلنے کے لیے وہ بہت زیادہ روتا ہے اور کفر کا کچھ حصہ ظاہر ہے اور بعض پوشیدہ، اور دل میں جس قدر دنیوی محبت ہوتی ہے اسی کے مطابق اس میں شرک خفی سرایت کرتا ہے بلکہ موحّد مطلق تو وہ ہوتا ہے جو صرف واحد حق سے محبت کرتا ہے۔

تو اس اعتبار سے مصیبتوں میں بھی نعمتیں ہیں لہٰذا اس پر بھی خوش ہونا چاہیے جہاں تک درد کا تعلق ہے تو وہ ضروری ہے اور یہ اسی طرح ہے جیسے تمہیں پچھنے لگوانے کی ضرورت ہو اور مفت پچھنے لگانے والا مل جائے تو تم خوش ہوتے ہو یا کوئی شخص نفع بخش کڑوی دوائی مفت میں پلا دے تو اس سے تمہیں درد بھی ہوتا ہے اور تم خوش بھی ہوتے ہو پس تکلیف پر صبر کرتے ہو اور خوشی کے باعث شکر کرتے ہو تو دنیوی امور میں تمام مصیبتوں کی مثال وہ دوائی ہے جو فی الحال تکلیف دیتی ہے لیکن مستقبل میں نفع پہنچاتی ہے بلکہ جو شخص بادشاہ کا محل دیکھنے کے لئے اس کے اندر جاتا ہے اور اسے معلوم ہے کہ وہاں سے لامحالہ نکلنا پڑے گا پھر وہ وہاں کسی خوبصورت (عورت) کو دیکھ لے جو اس کے ساتھ نکلنے والی نہیں تو یہ اس پر وبال اور مصیبت ہوگی کیوں کہ اس کی وجہ سے اسے مکان کے ساتھ انس پیدا ہو گیا جس میں اس کے لیے ٹھہرنا ممکن نہیں اور اگر اس کے دل میں یہ بات آجائے کہ اگر بادشاہ کو معلوم ہو گیا تو وہ اسے سزا دے گا تو وہ اس خطرے کی جہت سے اس مقام سے نفرت کرے گا تو یہ اس کے لیے نعمت ہے اور دنیا بھی ایک مکان ہے اس میں لوگ رحم (عورت کا پیٹ) اسے

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۴۰۷ کتاب الزہد

داخل ہونے اور قبر کے دروازے سے نکلتے ہیں تو جو چیز مکان سے اُنس کا باعث ہو وہ مصیبت ہے اور جو چیز ان کے دلوں کو اس مکان سے اچاٹ کر دے اور ان کے اُنس کو ختم کر دے وہ نعمت ہے اور جس شخص کو یہ بات معلوم ہو گئی اس سے مصیبتوں پر شکر کا تصور کیا جاسکتا ہے لیکن جو شخص اس بات کو نہیں سمجھا کہ ان مصیبتوں میں نعمتیں بھی ہیں اس سے شکر کا تصور نہیں ہو سکتا کیوں کہ شکر لازماً نعمت کی معرفت کے بعد ہوتا ہے اور جس آدمی کا اس بات پر ایمان ہو کہ مصیبت کے مقابلے میں اس کا ثواب، زیادہ ہوتا ہے اس سے مصیبت پر شکر متصور نہیں ہو سکتا منقول ہے کہ ایک دیہاتی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے والد کی وفات ایک تعزیتی قطعہ پیش کیا۔

اِصْبِرْ نَكُنْ بِكَ صَابِرِيْنَ فَإِنَّمَا صَبْرُ الرَّعِيَّةِ بَعْدَ صَبْرِ الرَّأْسِ خَيْرٌ مِّنَ الْعَبَّاسِ اَجْرُكَ بَعْدَهٗ وَاللّٰهُ خَيْرٌ مِّنْكَ لِلْعَبَّاسِ۔

صبر کیجئے تاکہ ہم بھی آپ کے ساتھ صبر کریں رعایا کا صبر سردار کے صبر کے بعد ہوتا ہے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے بعد آپ کو ان سے بہتر اجر ملے گا اور حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے اللہ تعالیٰ آپ سے بہتر ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں مجھ سے اس شخص کی تعزیت سے بہتر کسی نے تعزیت نہیں کی۔ اور مصائب پر صبر کے بارے میں بے شمار احادیث آئی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّصِبْ مِنْهُ۔ (۱)

اللہ تعالیٰ جس کے لیے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اسے کسی مصیبت میں مبتلا کرتا ہے۔

اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِذَا وَجَّهْتُ اِلٰى عَبْدٍ مِّنْ عَبِيْدِيْ مُصِيْبَةً فِيْ بَدَنِهٖ اَوْ مَالِهٖ اَوْ وَلَدِهٖ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ ذٰلِكَ بِصَبْرٍ جَمِيْلٍ اسْتَحْيَيْتُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَنْ اَنْصِبَ لَهٗ مِيْزَانًا اَوْ اَنْشُرَ لَهٗ دِيْوَانًا۔ (۲)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جب میں اپنے بندوں میں سے کسی بندے کے بدن، مال یا اولاد کی طرف مصیبت کو متوجہ کرتا ہوں پھر وہ صبر جمیل کے ساتھ اس کا استقبال کرتا ہے تو قیامت کے دن مجھے حیا آئے گی کہ میں اس کے لیے میزان نصب کروں یا اس کے نامہ اعمال کو کھولوں۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔

مَا مِنْ عَبْدٍ اُصِيْبَ بِمُصِيْبَةٍ فَقَالَ كَمَا اَمَرَهُ

جس شخص کو کوئی مصیبت پہنچتی ہے پھر وہ اللہ تعالیٰ کے

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۸۴۳ کتاب المرضیٰ

(۲) الفردوس بماثور الخطاب جلد ۳ ص ۱۷۲ حدیث ۴۴۷۹

اللہ تعالیٰ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ) اَللّٰھُمَّ اٰجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاَعْقِبْنِیْ خَیْرًا مِنْھَا اِلَّا فَعَلَ اللّٰہُ ذٰلِکَ بِہٖ ۔

حکم کے مطابق یوں کہتا ہے" اناللہ وانا الیہ راجعون" (بےشک ہم اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اور ہم نے اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے) یااللہ اس مصیبت کا مجھے اجر عطا فرما اور اس کے بعد مجھے بہتر عطا فرما تو اللہ تعالیٰ اس کی خواہش کو پورا فرماتا ہے۔

(۱)

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی مَنْ سَلَبْتُ کَرِیْمَتَیْہِ فَجَزَاؤُہٗ الْخُلُوْدُ فِیْ دَارِیْ وَالنَّظَرُ اِلٰی وَجْھِیْ۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں جس کی دو کریم چیزیں (آنکھیں) لے لیتا ہوں تو اس کی جزا میرے گھر میں ہمیشہ رہنا اور میری زیارت کرنا ہے۔

(۲)

ایک روایت میں ہے ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے مال چلا گیا اور میں بیمار ہوں آپ نے فرمایا۔

لَا خَیْرَ فِیْ عَبْدٍ لَا یَذْھَبُ مَالُہٗ وَلَا یَسْقَمُ جِسْمُہٗ اِنَّ اللّٰہَ اِذَا اَحَبَّ عَبْدًا ابْتَلَاہُ وَاِذَا ابْتَلَاہُ صَبَّرَہٗ۔

اس بندے میں کوئی بھلائی نہیں جس کا مال نہ جائے اور وہ بیمار نہ ہو بے شک اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت فرماتا ہے تو اسے آزمائش میں ڈالتا ہے اور جب اسے آزماتا ہے تو صبر کی توفیق دیتا ہے۔

(۳)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ الرَّجُلَ لَتَکُوْنُ لَہُ الدَّرَجَۃُ عِنْدَ اللّٰہِ تَعَالٰی لَا یَبْلُغُھَا بِعَمَلٍ حَتّٰی یُبْتَلٰی بِبَلَاءٍ فِیْ جِسْمِہٖ فَیَبْلُغُھَا بِذٰلِکَ۔

بے شک ایک شخص کا اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک درجہ ہوتا ہے اور وہ اپنے عمل کے ذریعے وہاں تک نہیں پہنچ سکتا تو اس کو جسمانی طور پر آزمائش میں ڈال دیا جاتا ہے تو وہ اس مقام تک پہنچ جاتا ہے۔

(۴)

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ نے کعبۃ اللہ کے سائے میں اپنی چادر مبارک سے تکیہ لگا رکھا تھا ہم نے آپ کی خدمت میں کوئی شکایت پیش کی اور عرض کیا آپ

---

(۱) کنز العمال جلد ۳ ص ۳۰۲ حدیث ۶۶۴۹

(۲) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۲ ص ۳۰۳ حدیث ۲۲۶۲

(۳) کنز العمال جلد ۱۱ ص ۱۰۱ حدیث ۹۴، ۳۰ (کچھ تبدیلی کے ساتھ)

(۴) المطالب العالیہ جلد ۲ ص ۳۲۷ حدیث ۲۴۱۴

اللہ تعالیٰ سے ہمارے لیے مدد کی دعا کیوں نہیں فرماتے، یہ سن کر آپ کے چہرے کا رنگ متغیر ہو گیا اور آپ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے پھر فرمایا۔

"تم سے پہلے زمانے میں ایک شخص کو لایا جاتا اور اس کے لیے ایک گڑھا کھودا جاتا پھر ایک آرا لا کر اس کے سر پہ رکھا جاتا اور اسے دو ٹکڑے کر دیا جاتا لیکن یہ تکلیف اسے اس کے دین سے نہ پھیرتی (۱)

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں جس شخص کو بادشاہ ظلم کے طور پر قید کر دے اور وہ مر جائے تو وہ شہید ہے اور اگر وہ اس کے مارنے سے مر جائے تو بھی شہید ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اللہ تعالیٰ کی بزرگی اور اس کے حق کی معرفت کا تقاضا یہ ہے کہ تو اپنی تکلیف کی شکایت نہ کر اور نہ ہی اپنی مصیبت کا تذکرہ کر۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں تمہیں موت کے لیے پیدا کیا جاتا ہے اور تم عمارات برباد ہونے کے لیے بناتے ہو تم اس چیز کی حرص کرتے ہو جو فنا ہو جائے گی اور جو کچھ باقی رہنے والا ہے اسے چھوڑ دیتے ہو سنو! تین ناپسندیدہ چیزیں کتنی ہی اچھی ہیں فقر، بیماری اور موت۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اور اسے پاک کرنا چاہتا ہے تو اس پر مصیبتیں ڈال دیتا ہے اور حوادث میں مبتلا کر دیتا ہے پھر جب وہ دعا کرتا ہے تو فرشتے کہتے ہیں یہ تو جانی پہچانی آواز ہے اور اگر وہ دوبارہ دعا کرے اور کہے اے میرے رب! تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندے! میں موجود ہوں تو جس چیز کا سوال کرے گا عطا کروں گا اور اگر کوئی اچھی چیز تجھ سے دور رکھوں گا تو اس سے افضل چیز اپنے پاس تیرے لیے ذخیرہ کروں گا۔ پھر جب قیامت کا دن ہو گا تو عمل والوں کو لا کر میزان کے ساتھ ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا وہ نمازی ہوں روزے دار ہوں صدقہ کرنے والے یا حج کرنے والے ہوں۔ پھر ان لوگوں کو لایا جائے گا جو آزمائشوں میں مبتلا ہوئے تو ان کے لیے نہ تو میزان قائم کیا جائے گا اور نہ ہی ان کا نامۂ اعمال کھولا جائے گا ان پر اجر اس طرح انڈیلا جائے گا جیسے ان پر مصیبتیں ڈالی جاتی تھیں یہ دیکھ کر وہ لوگ جن کو دنیا میں عافیت رہی اس بات کی تمنا کریں گے کہ کاش (دنیا میں) ان کے جسموں کو قینچیوں سے کاٹا جاتا ہے وہ مصیبت والوں کو اجر دیے جاتے ہوئے دیکھ کر یہ خواہش کریں گے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُونَ أَجْرَهُم بِغَيْرِ حِسَابٍ۔ (۲) بے شک صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بغیر حساب کے دیا جائے گا۔

---

(۱) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۴ ص ۶۲ حدیث ۳۶۴۰

(۲) الدر المنثور جلد ۵ ص ۲۴۳ تحت آیت انما یوفی الصابرون

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ ایک نبی علیہ السلام نے اپنے رب کی بارگاہ میں شکایت کرتے ہوئے عرض کیا اے میرے رب! مومن بندہ تیری فرمانبرداری کرتا ہے اور تیری نافرمانی سے بچتا ہے (لیکن) تو اس سے دنیا لپیٹ لیتا ہے اور اس کو آزمائشوں میں ڈالتا ہے اور کافر تیری فرمانبرداری نہیں کرتا بلکہ تجھ پر اور تیری نافرمانی پر جرأت کرتا ہے لیکن تو اس سے مصیبت کو دور رکھتا اور اس کے لیے دنیا کشادہ کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی کہ بندے بھی میرے ہیں اور مصیبت بھی میرے اختیار میں ہے اور سب میری حمد کے ساتھ میری تسبیح کرتے ہیں مومن کے ذمہ گناہ ہوتے ہیں تو میں اس سے دنیا کو دور کر کے اسے آزمائش میں ڈالتا ہوں تو یہ اس کے گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہے حتیٰ کہ وہ مجھ سے ملاقات کرے گا تو میں اسے نیکیوں کا بدلہ دوں گا اور کافر کی (دنیوی اعتبار سے) کچھ نیکیاں ہوتی ہیں تو میں اس کے لیے رزق کشادہ کرتا ہوں اور مصیبت کو اس سے دور رکھتا ہوں تو اس کی نیکیوں کا بدلہ دنیا میں ہی دے دیتا ہوں حتیٰ کہ جب وہ مجھ سے ملاقات کرے گا تو میں اس کے گناہوں کی سزا دوں گا۔

ایک روایت میں ہے جب یہ آیت نازل ہوئی۔

مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۔ (۱) جو شخص برا عمل کرتا ہے اسے اس کا بدلہ دیا جائے گا۔

تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اس آیت کے بعد کیسی خوشی؟

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اے ابوبکر! اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت فرمائے کیا تم بیمار نہ ہوگے کیا تمہیں کوئی اذیت نہیں پہنچے گی کیا تم غمگین نہ ہوگے تو یہی تمہارا بدلہ ہے۔ (۲)

مطلب یہ ہے کہ یہ سب تکالیف جو تمہیں پہنچتی ہیں تمہارے گناہوں کا کفارہ ہیں حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا۔

"جب تم کسی آدمی کو دیکھو کہ اللہ تعالیٰ اسے عطا فرماتا ہے حالانکہ وہ اپنے گناہ پر قائم ہوتا ہے تو جان لو کہ یہ مہلت ہے پھر آپ نے یہ آیت پڑھی۔

فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ۔ (۳) پس جب انہوں نے اس چیز کو بھلا دیا (چھوڑ دیا) جس کی ان کو نصیحت کی گئی تو ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کھول دیئے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۱۲۳

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۱۱ مرویات ابی بکر

(۳) قرآن مجید، سورۂ انعام آیت ۴۴

یعنی جب انہوں نے ہمارے حکم پر عمل کو ترک کر دیا تو ہم نے ان پر بھلائی کے دروازے کھول دیئے۔ (۱)

حَتّٰی اِذَا فَرِحُوْا بِمَا اُوْتُوْا۔ یہاں تک کہ جب وہ اس چیز پر خوش ہوئے جو ان کو دی گئی۔ (۲)

اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً۔ (۳) (تو) ہم نے ان کو اچانک پکڑا۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ ایک صحابی نے ایک عورت کو دیکھا جسے وہ دور جاہلیت سے جانتے تھے انہوں نے اس سے کلام کیا پھر اسے چھوڑ دیا لیکن چلتے ہوئے اسے مڑ مڑ کر دیکھتے تھے اسی دوران سامنے ایک دیوار سے ٹکرائے اور چہرے پر نشان پڑ گیا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور واقعہ عرض کیا تو آپ نے فرمایا۔

اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا عَجَّلَ لَهٗ عُقُوْبَةَ ذَنْبِهٖ فِي الدُّنْيَا۔ اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے گناہ کی سزا اسے دنیا ہی میں فوری طور پر دے دیتا ہے۔ (۴)

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا میں تمہیں قرآن پاک کی وہ آیت نہ بتاؤں جو بہت زیادہ امید دلاتی ہے پھر آپ نے یہ آیت پڑھی۔

وَمَا اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ۔ (۵) اور تمہیں جو مصیبت پہنچتی ہے وہ تمہارے اعمال کا بدلہ ہے اور وہ بہت کچھ معاف کر دیتا ہے۔

تو دنیا میں پہنچنے والی مصیبتیں گناہوں کی وجہ سے ہوتی ہیں جب اللہ تعالیٰ اسے دنیا میں عذاب دیتا ہے تو وہ اسے دوبارہ عذاب دینے سے بے نیاز ہے اور اگر اسے دنیا میں معاف کر دے تو قیامت کے دن عذاب دینا اس کے کرم کا تقاضا نہیں ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے نزدیک بندہ دو گھونٹوں سے زیادہ پسندیدہ گھونٹ نہیں بھرتا غصے کا گھونٹ جسے وہ بردباری سے رد کرتا ہے اور مصیبت کا گھونٹ جسے وہ صبر کے ساتھ پی جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں کوئی قطرہ خون کے اس قطرے سے زیادہ پسند نہیں جو اللہ تعالیٰ کے

---

(۱) شعب الایمان جلد ۴ ص ۱۲۸ حدیث ۴۵۴

(۲، ۳) قرآن مجید، سورۃ انعام آیت ۴۴

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۸۷ مرویات عبداللہ بن مغفل

(۵) قرآن مجید، سورۃ شوریٰ آیت ۳۰

راستے میں بہایا جاتا ہے یا رات کے اندھیرے میں حالتِ سجدہ میں نکلنے والا آنسو کا قطرہ جسے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں دیکھتا اور بندہ جو قدم اٹھاتا ہے اللہ تعالیٰ کو ان میں سے دو قدموں سے زیادہ کوئی قدم پسند نہیں ہے ایک فرض نماز کی طرف جاتے کے لیے اٹھنے والا قدم اور دوسرا صلہ رحمی کے لیے اٹھنے والا قدم۔ (۱)

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام کا ایک بیٹا فوت ہو گیا اس سے آپ کو سخت پریشانی ہوئی تو دو فرشتے حاضر ہوئے اور آپ کے سامنے مدعی، مدعی علیہ کی صورت میں دو زانو ہو کر بیٹھ گئے ان میں سے ایک نے کہا میں نے بیج ڈالا جب کھیتی تیار ہو گئی تو اس نے اسے خراب کر دیا آپ نے دوسرے شخص سے پوچھا تم کیا کہتے ہو؟ اس نے کہا میں راستے پر چلا تو ایک کھیتی کے پاس آیا میں نے دائیں بائیں دیکھا تو وہ کھیتی راستے پر ہی تھی حضرت سلیمان علیہ السلام نے پوچھا تم نے راستے میں بیج کیوں بویا؟ تمہیں معلوم نہیں کہ لوگوں کے لیے راستہ ضروری ہوتا ہے اس نے کہا آپ اپنے بیٹے کی جدائی پر کیوں غمگین ہیں آپ نہیں جانتے کہ موت آخرت کا راستہ ہے؟ تو یہ سن کر حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے رب کے حضور توبہ کی اور اس کے بعد بیٹے کی وفات پر افسوس کا اظہار نہ کیا۔

حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ اپنے مریض صاحبزادے کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا اے بیٹے! اگر تم میرے ترازو میں ہو تو مجھے یہ بات اس سے زیادہ پسند ہے کہ میں تمہارے ترازو میں ہوں بیٹے نے عرض کیا ابا جان! جو کچھ آپ چاہتے ہیں وہ مجھے اس بات سے زیادہ پسند ہے جو میں چاہتا ہوں۔ (یعنی تمہاری وفات پر میں صبر کروں تو اچھا ہے)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ان کی ایک صاحبزادی کی وفات کی خبر ان کو دی گئی تو انہوں نے "انا للہ وانا الیہ راجعون" پڑھنے کے بعد فرمایا اللہ تعالیٰ نے ایک قابلِ ستر کو ڈھانپ دیا اور ایک مشقت تھی اسے دور کر دیا اور ثواب پہنچایا۔ پھر اتر کر دو رکعتیں پڑھیں اور فرمایا ہم نے اللہ تعالیٰ کے امر کو ضائع کر دیا ارشاد خداوندی ہے۔

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ۔ (۲)　　　　اور صبر و نماز کے ذریعے مدد طلب کرو۔

حضرت ابن مبارک رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ ان کے ایک صاحبزادے کا انتقال ہو گیا تو ایک مجوسی جو آپ کو جانتا تھا تعزیت کرتے ہوئے کہنے لگا عقل مند آدمی کو آج وہ کام کرنا چاہیے جو جاہل شخص پانچ دن بعد کرتا ہے حضرت ابن مبارک رحمہ اللہ نے فرمایا اس سے یہ بات لکھ لو۔

بعض علماء کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ بندے کو آزمائش کے بعد آزمائش میں ڈالتا ہے حتیٰ کہ وہ زمین پر یوں چلتا ہے کہ اس کے ذمہ کوئی گناہ نہیں ہوتا۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۱۲۸ مرویات ابن عمر

(۲) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۴۵

حضرت فضیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ اپنے مومن بندے کو آزمائش میں ڈالتا رہتا ہے جس طرح آدمی اپنے گھر والوں سے اچھا سلوک کرتا رہتا ہے۔

حضرت حاتم اصم رحمہ اللہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن چار قسم کے لوگوں کے خلاف چار آدمیوں سے استدلال کرے گا مال دار لوگوں کے خلاف حضرت سلیمان علیہ السلام سے، فقراء کے خلاف حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے، غلاموں پر حضرت یوسف علیہ السلام سے اور بیماروں پر حضرت ایوب علیہ السلام سے ۔۔۔ (مطلب یہ ہے کہ تم نے ان لوگوں کی راہ کیوں نہیں اپنائی)

ایک روایت میں ہے کہ جب حضرت زکریا علیہ السلام بنی اسرائیل کے کفار لوگوں سے بھاگ کر ایک درخت میں چھپ گئے تو ان کو معلوم ہو گیا اور وہ ایک آرا لے کر آ گئے اور درخت کو پھاڑ دیا حتی کہ آرا حضرت زکریا علیہ السلام کے سر مبارک تک پہنچ گیا تو آپ نے ایک ٹھنڈا سانس لیا اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی بھیجی کہ اے زکریا علیہ السلام اگر آپ نے دوبارہ آہ نکالی تو میں نبوت کے رجسٹر سے آپ کا نام نکال دوں گا تو حضرت زکریا علیہ السلام نے صبر اختیار کیا حتی کہ آپ کے دو ٹکڑے ہو گئے۔

حضرت ابو مسعود بلخی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جس شخص کو مصیبت پہنچے اور وہ کپڑے پھاڑے یا سینہ پیٹے تو گویا وہ نیزہ لے کر اللہ تعالیٰ سے لڑنے کے لیے تیار ہوا۔

حضرت لقمان حکیم رحمہ اللہ نے اپنے بیٹے سے فرمایا اے بیٹے! سونے کا امتحان آگ کے ذریعے ہوتا ہے اور نیک بندے کی آزمائش مصائب کے ذریعے ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ جب کسی قوم کو پسند کرتا ہے تو ان کو آزمائش میں ڈال دیتا ہے جو راضی ہوا اس کے لیے رضا ہے اور جو اس پر ناراض ہوا اس کے لیے ناراضگی ہے۔

حضرت احنف بن قیس فرماتے ہیں ایک دن میری داڑھ میں درد ہوا تو میں نے اپنے چچا سے کہا میں داڑھ کے درد کی وجہ سے گذشتہ رات سو نہیں سکا حتی کہ میں نے یہ بات تین بار کہی تو میرے چچا نے کہا تم نے ایک رات میں درد کی اتنی زیادہ شکایت کر دی میری آنکھ تیس برس ہو گئے ضائع ہو گئی لیکن اس کا کسی کو علم نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت عزیر علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی (ارشاد فرمایا) جب آپ پر کوئی مصیبت نازل ہو تو میری مخلوق سے شکایت نہ کرنا مجھ سے شکایت کرنا جیسے آپ کی خطائیں میرے پاس آتی ہیں تو میں آپ کی شکایت فرشتوں سے نہیں کرتا۔

(لغزش اور خلافِ ادلیٰ بات مراد ہے انبیاء کرام گناہوں سے معصوم ہوتے ہیں ۱۲ ہزاروی)

فصل ۷

مصیبت پر نعمت کی فضیلت

شاید تم کہو کہ ان روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ دنیا میں نعمتوں کے مقابلے میں مصیبتیں زیادہ بہتر ہیں تو کیا ہم اللہ تعالیٰ سے مصیبتوں کا سوال کر سکتے ہیں؟ تو میں (امام غزالی) کہتا ہوں اس سوال کی کوئی وجہ نہیں ہے کیوں کہ حدیث شریف میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ اپنی دعا میں دنیا اور آخرت کی مصیبتوں سے پناہ مانگا کرتے تھے۔ (۱)

آپ اور دیگر انبیاء کرام علیہم السلام یوں عرض کرتے۔

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ (۲)

اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی عطا کرنا اور ہمیں جہنم کے عذاب سے بچانا۔

اور انبیاء کرام علیہم السلام مصیبت پر دشمنوں کی خوشی وغیرہ سے پناہ مانگا کرتے تھے (۳)

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے یوں دعا مانگی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الصَّبْرَ (یا اللہ! میں تجھ سے صبر کا سوال کرتا ہوں) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَقَدْ سَأَلْتَ اللّٰہَ الْبَلَاءَ فَاسْئَلْہُ الْعَافِیَۃَ۔ (۴)

آپ نے اللہ تعالیٰ سے مصیبت کا سوال کیا ہے پس اس سے عافیت کا سوال بھی کریں۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا۔

سَلُوا اللّٰہَ الْعَافِیَۃَ فَمَا اُعْطِیَ اَحَدٌ اَفْضَلَ مِنَ الْعَافِیَۃِ اِلَّا الْیَقِیْنَ۔ (۵)

اللہ تعالیٰ سے عافیت کا سوال کرو کسی شخص کو یقین کے علاوہ عافیت سے افضل چیز نہیں دی گئی۔

اور یقین سے آپ نے اس عافیت کی طرف اشارہ فرمایا جو جہالت اور شک کی بیماری سے دل کو حاصل ہوتی ہے

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۱۴۳ مرویات عائشہ

(۲) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۰۱ / صحیح بخاری جلد ۲ ص ۶۴۹ کتاب التفسیر

(۳) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۷۹ کتاب القدر

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۸۳ مرویات علی المرتضیٰ

(۵) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۸ مرویات ابی بکر

تو دل کی عافیت بدن کی عافیت سے اعلیٰ ہے۔
حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا وہ خیر جو شر سے خالی ہے وہ شکر کے ساتھ عافیت ہے کتنے ہی انعام یافتہ لوگ شکر نہیں کرتے۔
حضرت مطرف بن عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں مجھے عافیت حاصل ہو اور میں شکر کروں یہ بات مجھے اس بات سے زیادہ پسند ہے کہ میں مصیبت میں مبتلا ہو کر صبر کروں۔ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دعا میں فرمایا! یا اللہ تیری طرف سے ملنے والی عافیت مجھے زیادہ پسند ہے (۱)
یہ بات دلیل و استشہاد کی محتاج نہیں ہے کیوں کہ مصیبت دو اعتبار سے نعمت بنتی ہے ان میں سے ایک بات اس کا اپنے سے بڑی مصیبت کی طرف اضافت ہے چاہے دنیا میں ہو یا دین کے حوالے سے، اور دوسری درجہ ثواب کی امید کی طرف نسبت ہے تو آدمی کو چاہیے کہ دنیا میں پوری نعمت مانگے اور اس مصیبت سے زائد کو دور کرنے کا سوال کرے اور اللہ تعالیٰ کی نعمت پر شکر کے آخروی ثواب کا سوال کرے کیوں کہ اللہ تعالیٰ اس بات پر قادر ہے کہ شکر پر وہ کچھ عطا فرمائے جو صبر پر نہ دے۔

سوال :۔

بعض بزرگوں نے فرمایا میں چاہتا ہوں کہ جہنم کے اوپر پل بنوں اور لوگ مجھ سے گزر کر پار ہو جائیں اور نجات پائیں اور میں جہنم میں چلا جاؤں اور حضرت سمنون رحمہ اللہ نے فرمایا۔

وَلَيْسَ لِيْ فِيْ سِوَاكَ حَظٌّ فَكَيْفَمَا شِئْتَ فَاخْتَبِرْنِيْ۔	میرے لیے تیرے غیر میں کوئی حصہ نہیں پس تو جس طرح چاہے مجھے آزمالے تو ان لوگوں کی طرف سے یہ آزمائش کا سوال ہے۔

جواب :۔

منقول ہے کہ اس شعر کے بعد حضرت سمنون محب رحمہ اللہ قبض کی بیماری میں مبتلا ہو گئے اور اس کے بعد وہ مکتبوں کے دروازوں پر جاتے اور بچوں سے کہتے اپنے جھوٹے چچا کے لیے دعا کیا کرو۔
جہاں تک انسان کی اس چاہت کا تعلق ہے کہ صرف وہی جہنم میں ہو دوسرا کوئی نہ ہو تو یہ ممکن نہیں لیکن بعض اوقات محبت دل پر غالب آجاتی ہے حتیٰ کہ محب اپنے آپ کو اس قسم کا سمجھتا ہے جو شخص محبت کا پیالہ پیتا ہے وہ نشے میں ہوتا ہے اور جو نشے میں ہو وہ بہت زیادہ باتیں کرتا ہے اور اس کا نشہ زائل ہو جائے تو اسے معلوم ہوتا ہے کہ جو کچھ اس پر غالب تھا اس کی کوئی حقیقت نہیں اور جو کچھ تم نے اس سلسلے میں سنا وہ عشاق لوگوں کا کلام ہے جو محبت میں بڑھے ہوئے ہیں اور عشاق کے کلام سے کانوں کو لذت حاصل ہوتی ہے لیکن قابلِ اعتبار نہیں ہوتا۔

جیسے ایک حکایت میں ہے کہ ایک فاختہ کا نر اس کے قریب ہونا چاہتا تھا لیکن وہ اس کو روکتی تھی اس نے پوچھا تمہیں مجھ سے کس نے روکا؟ اگر تو چاہے کہ میں تیرے لیے دونوں جہانوں کو سلیمان علیہ السلام کی حکومت کے ساتھ الٹ دوں تو تیرے لیے یہ کام بھی کر ڈالوں گا حضرت سلیمان علیہ السلام نے یہ بات سنی تو اس کو بلا کر جھاڑ پلائی اس نے کہا اے اللہ کے نبی! عاشقوں کے کلام کو بیان نہیں کیا جاتا جیسے کسی شاعر نے کہا۔

أُرِيْدُ وِصَالَهُ وَيُرِيْدُ هَجْرِيْ فَأَتْرُكُ مَا أُرِيْدُ لِمَا يُرِيْدُ	میں اس کے وصال کا ارادہ کرتا ہوں اور وہ مجھے چھوڑنا چاہتا ہے تو میں اس کے ارادے کی خاطر اپنا ارادہ ترک کرتا ہوں۔

اور یہ بھی محال ہے مطلب یہ ہے کہ میں اس بات کا ارادہ کرتا ہوں جس کا وہ ارادہ نہیں کرتا کیوں کہ جو آدمی وصال کا ارادہ کرے وہ ہجر و فراق کا ارادہ نہیں کرتا تو اس نے اس ہجر کا ارادہ کیسے کیا جس کا اس نے ارادہ کیا ہی نہیں تھا دو تاویلوں کے ساتھ اس کلام کی تصدیق کی جاسکتی ہے ایک تو یہ کہ یہ بعض احوال کی بات ہے تاکہ اس کی رضا حاصل ہو جس کے واسطے سے مستقبل میں وصال کی مراد تک پہنچتا ہے تو فراق، رضا کا وسیلہ ہے اور رضا وصالِ محبوب کا وسیلہ ہے اور محبوب کی طرف وسیلہ بھی محبوب ہوتا ہے

اس کی مثال مال سے محبت کرنے والے کی مثل ہے جب وہ ایک درہم کے بدلے دو درہموں کی بیع سلم کرتا ہے تو وہ دو درہموں کی محبت میں ایک درہم فی الحال چھوڑ دیتا ہے (بیع سلم میں رقم پہلے دیتے ہیں اور سودا ادھار ہوتا ہے)

اس کلام کی تصدیق کے لیے دوسری تاویل یہ ہے کہ اس کے نزدیک محبوب کی رضا صرف اس لیے مطلوب ہے کہ وہ اس کی رضا ہے اور اس کو محبوب کی رضا کے شعور سے لذت حاصل ہوتی ہے اور ناپسندیدگی کے باوجود جب اس کا مشاہدہ کرتا ہے تو لذت بڑھ جاتی ہے تو اس وقت یہ تصور کیا جاسکتا ہے کہ وہ اس میں پائی جانے والی رضا کا ارادہ کر رہا ہو یہی وجہ ہے کہ بعض محبت کرنے والوں کی حالت یہاں تک پہنچی کہ وہ آزمائش سے لطف اندوز ہوتے ہیں جب انہیں پتہ چلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس میں راضی ہے اور یہ لذت اس عافیت سے زیادہ ہوتی ہے جو رضا کے شعور کے بغیر ہوتی ہے اور یہ لوگ جب ابتلاء و آزمائش میں راضی رہنے پر قادر ہوں تو ان کے نزدیک عافیت سے یہ آزمائش زیادہ پسندیدہ ہوتی ہے۔

تو محبت کے غلبہ کی صورت میں اس حالت کا وقوع کوئی بعید بات نہیں ہے لیکن یہ باقی نہیں رہتی اور اگر قائم رہے تو کیا یہ حالتِ صحیحہ ہے یا یہ ایسی حالت ہے جس کا تقاضا ایک دوسری حالت کرتی ہے جو دل پر وارد ہوئی ہے اور اس وجہ سے دل راہِ اعتدال سے دور ہو جاتا ہے؟ تو یہ بات محلِ غور ہے اور اس کی تحقیق کا ذکر ہمارے موضوع کے مناسب نہیں ہے اور گذشتہ بحث سے ظاہر ہوا کہ عافیت، مصیبت سے بہتر ہے ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ وہ تمام مخلوق

کو دنیا اور آخرت میں عفو و عافیت عطا فرمائے ہمیں بھی اور تمام مسلمانوں کو بھی۔

فصل ۳

صبر اور شکر میں سے افضل کیا ہے

اس سلسلے میں اہل علم کا اختلاف ہے بعض نے کہا کہ صبر، شکر سے افضل ہے اور دوسرے حضرات نے فرمایا شکر افضل ہے کچھ دوسرے حضرات نے کہا کہ دونوں برابر ہیں بعض دوسرے حضرات نے فرمایا کہ احوال کے اختلاف سے حکم میں اختلاف ہوتا ہے اور ہر فریق کے استدلال میں اضطراب ہے جو حصول مقصد سے بعید ہے۔ ان سب باتوں کو نقل کر کے کلام کو طویل کرنا بے مقصد ہے بلکہ اظہار کی طرف جلدی کرنا ہی بہتر ہے تو ہم کہتے ہیں اس کے بیان میں دو مقام ہیں۔

پہلا مقام:

تساہل کے طریقے پر بیان کرنا یعنی ظاہری امر کو دیکھنا اور حقیقت کی تلاش نہ کرنا۔ اور یہ وہ بیان ہے جس سے عوام کو خطاب کرنا مناسب ہے کیوں کہ وہ حقیقت کی گہرائی تک نہیں پہنچ سکتے اور یہ وہ فن کلام ہے جس پر واعظوں کو اعتماد کرنا چاہیے کیوں کہ عوام کو خطاب سے ان کے کلام کا مقصد ان کی اصلاح کرنا ہے۔ اور شفقت کرنے والی دایہ کے لیے یہ بات مناسب نہیں کہ وہ بچے کو موٹے موٹے پرندے اور میٹھی چیزیں کھلا کر اس کی اصلاح کرے بلکہ وہ اسے نہایت لطیف دودھ پلاتی ہے۔ اس پر لازم ہے کہ عمدہ کھانے اس وقت تک مؤخر رکھے جب بچہ ان کے کھانے کے قابل ہو جائے اور اس میں پائی جانے والی کمزوری ختم ہو جائے۔

تو اس مقام بیان پر ہم کہتے ہیں کہ یہاں بحث و تفصیل کی گنجائش نہیں اور اس کا تقاضا یہ ہے کہ شرعی دلائل سے صرف ظاہری مفہوم نکالے اور یہ بات صبر کا تقاضا کرتی ہے کیوں کہ شکر کی فضیلت کے بارے میں اگرچہ بہت سی روایات آئی ہیں لیکن صبر کی فضیلت میں وارد احادیث کو دیکھیں تو صبر کے فضائل زیادہ ہیں بلکہ اس سلسلے میں فضیلت کے لیے صریح الفاظ ہیں۔

جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مِنْ اَفْضَلِ مَا اُوْتِیْتُمُ الْیَقِیْنُ وَعَزِیْمَۃُ الصَّبْرِ (۱) — سب سے افضل چیز جو تمہیں دی گئی وہ یقین اور صبر کرنا ہے۔

---

(۱)

اور ایک دوسری حدیث شریف میں ہے۔

(قیامت کے دن) زمین والوں میں سے سب سے زیادہ شکر کرنے والے کو لایا جائے گا تو اللہ تعالیٰ اسے شکر کرنے والوں کی جزا عطا فرمائے گا اور زمین والوں میں سے سب سے زیادہ صبر کرنے والے کو لایا جائے گا تو اس سے کہا جائے گا کیا تم اس بات پر راضی ہو کہ تمہیں اس شاکر کی طرح جزا دی جائے وہ کہے گا ہاں میرے رب! اللہ تعالیٰ فرمائے گا ہرگز نہیں! میں نے اس پر انعام کیا تو اس نے شکر ادا کیا اور تجھے ابتلاء آزمائش میں ڈالا تو تو نے صبر کیا میں تجھے اس سے دوگنا اجر دوں گا چنانچہ اسے شکر کرنے والوں کے اجر سے دوگنا اجر دیا جائے گا۔ (۱)

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّمَا یُوَفَّی الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَھُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ۔ (۲)

بے شک صبر کرنے والوں کو ان کا اجر حساب کے بغیر دیا جائے گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلطَّاعِمُ الشَّاکِرُ بِمَنْزِلَۃِ الصَّائِمِ الصَّابِرِ۔ (۳)

شکر ادا کرتے ہوئے کھانے والا صبر کرنے والے روزے دار کی طرح ہے۔

یہ حدیث بھی اس بات کی دلیل ہے کہ صبر میں فضیلت ہے کیوں کہ اس کا ذکر درجۂ شکر کی بلندی کے سلسلے میں مبالغہ کے طور پر ہوا اور اس کو صبر کے ساتھ ملا تو گویا یہ اس کے درجہ کی انتہا ہے اور اگر شریعت کی جانب سے درجۂ صبر کی بلندی سمجھی نہ جاتی تو شکر کا اس کے ساتھ الحاق شکر کی تعریف میں مبالغہ نہ ہوتا جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْجُمُعَۃُ حَجُّ الْمَسَاکِیْنِ وَجِھَادُ الْمَرْاَۃِ حُسْنُ التَّبَعُّلِ۔ (۴، ۵)

جمعۃ المبارک مساکین کا حج ہے اور عورت کا جہاد خاوند کے ساتھ اچھی طرح رہنا ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

---

(۱)

(۲) قرآن مجید، سورۂ زمر آیت ۱۰

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۳۴۳ مرویات سنان بن سنۃ

(۴) کنز العمال جلد ۷ ص ۷۰۷ حدیث ۲۱۰۳۱

(۵) کنز العمال جلد ۵ ص ۸۶۲ حدیث ۴۵۶۹۱

شَارِبُ الْخَمْرِ كَعَابِدِ اَوْثَانٍ۔ (۱) شراب پینے والا بت پرست کی طرح ہے۔

اور مشبہ بہ (جس کے ساتھ تشبیہ دی جائے) اعلیٰ رتبہ کا ہونا چاہیے۔

اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔

اَلصَّبْرُ نِصْفُ الْاِيْمَانِ۔ صبر نصف ایمان ہے۔

یہ اس بات پر دلالت نہیں کرتا کہ یہ بھی اس (صبر) کی طرح ہے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی ہے۔

اَلصَّوْمُ نِصْفُ الصَّبْرِ۔ (۲) روزہ نصف صبر ہے۔

جو چیز دو حصوں میں تقسیم ہو اس کے ہر حصے کو نصف کہتے ہیں اگرچہ ان میں تفاوت ہو جیسے کہا جاتا ہے ایمان، علم و عمل کا نام ہے پس عمل نصف ایمان ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ عمل، علم کے مساوی ہے۔

اور حدیث شریف میں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپ نے فرمایا۔

آخِرُ الْاَنْبِيَاءِ دُخُوْلًا الْجَنَّةَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ لِمَكَانِ مُلْكِهِ وَآخِرُ اَصْحَابِيْ دُخُوْلًا الْجَنَّةَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ لِمَكَانِ غِنَاهُ۔ (۳)

انبیاء کرام علیہم السلام میں سے سب سے آخر میں سلیمان بن داؤد علیہما السلام جنت میں داخل ہوں گے اور یہ ان کی بادشاہی کی وجہ سے اور صحابہ کرام میں سے حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ سب سے آخر میں جنت میں جائیں گے اور یہ ان کی مالداری کی وجہ سے ہے۔

اور ایک دوسری حدیث میں ہے۔

يَدْخُلُ سُلَيْمَانُ بَعْدَ الْاَنْبِيَاءِ بِاَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا۔ (۴)

حضرت سلیمان علیہ السلام دوسرے انبیاء کے چالیس سال بعد جنت میں جائیں گے۔

ایک دوسری حدیث شریف میں ہے۔

اَبْوَابُ الْجَنَّةِ كُلُّهَا مِصْرَاعَانِ اِلَّا بَابَ الصَّبْرِ فَاِنَّهُ مِصْرَاعٌ وَاحِدٌ وَاَوَّلُ مَنْ

جنت کے تمام دروازوں کے دو دو کواڑ ہیں لیکن صبر کے دروازے کا ایک ہی کواڑ ہے اور سب سے پہلے جنت

---

(۱) المطالب العالیہ جلد ۲ ص ۵۰ حدیث ۱۷۷۲

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۲۶۰ حدیث رجل من بنی سلیم

(۳) الفردوس بماثور الخطاب جلد ۵ ص ۵۰۸ حدیث ۸۹۱۴

(۴) کنز العمال جلد ۱۱ ص ۱۷۶ حدیث ۳۲۴۹۹

يَدْخُلُهُ اَهْلُ الْبَلَاءِ اَمَامَهُمْ اَيُّوْبُ عَلَيْهِ السَّلَامُ (۱) | آزمائشوں میں مبتلا لوگ جائیں گے اور حضرت ایوب علیہ السلام ان کی قیادت کر رہے ہوں گے۔

فقر کی فضیلت کے سلسلے میں جو کچھ وارد ہوا ہے وہ صبر کی فضیلت پر دلالت ہے کیوں کہ یہ فقیر کی حالت ہے اور شکر مالدار کی حالت — یہی وہ مقام ہے جس پر عوام قناعت کریں اور ان کے لائق وعظ میں اسی پر اکتفا کیا جائے اور یہ اس بات کی تعریف ہے جس میں ان کی دین کی اصلاح ہے

دوسرا مقام :-

یہ وہ بیان ہے جس کے ذریعے ہم اہل علم اور اصحاب بصیرت کو بطور حقائق امور سے آگاہ کرنا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں ہم کہتے ہیں ہر وہ امر جو دو مبہم باتوں کے درمیان ہو تو ابہام کی موجودگی میں ان کے درمیان موازنہ ممکن نہیں جب تک ان میں سے ہر ایک کی حقیقت منکشف نہ ہو۔ اور مکشوف کئی قسموں پر مشتمل ہے ان میں اجتماعی طور پر برابری ممکن نہیں لہذا ایک ایک کا مقابلہ وموازنہ کیا جائے تاکہ ترجیح کا تعین ہو جائے۔

صبر و شکر کی اقسام اور شعبے بے شمار ہیں اس بے اجمالی صورت میں ترجیح ونقصان کے حوالے سے ان کا حکم واضح نہیں ہو سکتا۔ پس ہم کہتے ہیں ہم نے ذکر کیا کہ یہ مقامات تین امور یعنی علوم، احوال اور اعمال سے مرتب ہوتے ہیں اور شکر، صبر اور تمام مقامات اسی طرح ہیں اور ان تین امور میں سے بعض کا بعض سے موازنہ کیا جائے تو ظاہر بین لوگوں کے لیے ظاہر ہوتا ہے کہ علوم احوال کے لیے مراد ہوتے ہیں اور احوال کا ارادہ اعمال کے لیے ہوتا ہے اور اعمال ہی افضل ہیں۔

لیکن ارباب بصیرت کے لیے معاملہ اس کے برعکس ہوتا ہے کیوں کہ اعمال کا مقصد احوال اور احوال سے مقصود علوم ہوتے ہیں پس علوم افضل ہیں پھر احوال اور اس کے بعد اعمال — کیوں کہ جس چیز اس سے افضل ہوتی ہے لیکن ان تینوں میں سے ایک ایک کو دیکھا جائے تو بعض اوقات اعمال مساوی ہوتے ہیں اور کبھی ان میں تفاوت ہوتا ہے جب ان میں سے بعض کی دوسرے بعض کی طرف نسبت کی جائے ایک ایک عمل کا بھی یہی ہے جب ایک دوسرے کی طرف ان کی اضافت ہو اور معارف کا معاملہ بھی انفرادی طور پر اسی طرح ہے معارف میں سے افضل، علوم مکاشفہ ہیں اور یہ علوم معاملہ سے ارفع واعلیٰ ہیں بلکہ علوم معاملہ تو معاملات سے بھی کم درجہ میں ہیں کیوں کہ ان کا مقصد معاملہ ہے اس کا فائدہ اصلاح عمل ہے۔ اور معاملہ کی درجہ سے عالم کو عابد پر فضیلت حاصل ہے جب اس کے علم کا نفع عام ہو پس ایک خاص عمل کی طرف نسبت کی وجہ سے یہ افضل ہے۔ ورنہ عمل کے بارے میں علم قاصر، عمل قاصر سے افضل نہیں ہے تو ہم کہتے ہیں عمل کی اصلاح کا فائدہ حال دل کی اصلاح ہے اور حال قلب کی اصلاح کا فائدہ یہ ہے کہ اس کے لیے اللہ تعالیٰ

---

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۱۱۱ ۱۱۲ کتاب الایمان

کی ذات، صفات اور افعال میں اس کی جلالت کا انکشاف ہو۔ تو علوم مکاشفہ میں سے ارفع علم اللہ تعالیٰ کی معرفت ہے اور یہی مطلوب بالذات بات ہے کیوں کہ اس کے ذریعے سعادت حاصل ہوتی ہے بلکہ یہی عینِ سعادت ہے لیکن بعض اوقات دنیا میں دل کو اس بات کا شعور نہیں ہوتا کہ یہ عینِ سعادت ہے بلکہ اسے آخرت میں اس بات کا شعور حاصل ہوتا ہے یہ آزاد معرفت ہے جس پر کوئی قید نہیں لہٰذا یہ غیر کی قید میں نہیں جب کہ اس کے علاوہ جتنے معارف ہیں وہ اس کی طرف نسبت کرتے ہوئے غلام اور خادم ہیں کیوں کہ یہ تو خود مقصود ہوتا ہے اور جب یہ ذاتی طور پر مراد ہے تو اب اس کے نفع میں تفاوت ہوگا اور وہ معرفتِ خداوندی تک پہنچاتا ہے کیوں کہ بعض معارف دوسرے معارف تک ایک واسطے یا کئی واسطوں سے پہنچاتے ہیں پس جب بندے اور معرفتِ خداوندی کے درمیان واسطے کم ہوں تو یہ افضل ہے۔

احوال سے ہماری مراد دل کے احوال ہیں یعنی اس کی صفائی اور دنیوی تعلقات سے اس کی طہارت ہو اور مخلوق سے مشغولیت نہ ہو حتیٰ کہ جب وہ پاک صاف ہو جاتا ہے تو اس کے لیے حقیقتِ حق واضح ہو جاتی ہے تو احوال کے فضائل دل کی اصلاح اور تطہیر کے سلسلے میں ان کی تاثیر کی مقدار سے ہوتا ہے نیز اس کا علوم مکاشفہ کے لیے تیار ہونا ہے اور جس طرح شیشے کو کامل طور پر صاف کرنے اور جلا بخشنے میں اس کے احوال کو مقدم کیا جاتا ہے کہ اس کو صاف کرنے کے اعتبار سے بعض دوسرے بعض کی نسبت زیادہ قریب ہوتے ہیں اسی طرح دل کا حال ہے۔

تو وہ حالت جو قلبی صفائی کے قریب ہو یا قریب کرنے والی ہے وہ نچلے درجے والی سے لامحالہ افضل ہے کیوں کہ وہ مقصود کے قریب ہے پس اعمال کی ترتیب بھی اسی طرح ہے کیوں کہ ان کی تاثیر دل کی صفائی اور احوال کو اس کے قریب کرنے میں ہوتی ہے اور ہر عمل کی دو حالتیں ہیں یا وہ خود دل کی طرف ایسی حالت ہے جو مکاشفہ میں رکاوٹ ہے اور دل کی تاریکی کا باعث ہے وہ دنیوی زینتوں کی طرف لے جاتی ہے یا وہ عمل دل کی طرف ایسی حالت کو کھینچتا ہے جو مکاشفہ کی راہ ہموار کرتی اور دل کی صفائی کا موجب ہے اور اس سے دنیوی علائق کو دور کرتی ہے پہلی حالت کو معصیت اور دوسری کو اطاعت کہتے ہیں۔

اور دل کو تاریک اور سخت کرنے میں تاثیر کے حوالے سے گناہوں میں تفاوت ہے اسی طرح دل کو روشن اور صاف کرنے میں اطاعت کی حالت ہے تو احوال کے اختلاف سے درجات تاثیر کی بنیاد پر اطاعت کے درجات بھی مختلف ہوتے ہیں۔

مثلاً ہم مطلقاً کہہ سکتے ہیں کہ نفلی نماز ہر نفلی عبادت سے افضل ہے حج، صدقہ سے افضل ہے اور قیامِ لیل اپنے غیر سے افضل ہے لیکن تحقیق یہ ہے کہ وہ مالدار جس کے پاس مال ہو اور اس پر بخل اور مال روکنے کی محبت غالب ہو اس کا ایک درہم خرچ کرنا کئی راتوں کے قیام اور کئی دنوں کے روزے سے افضل ہے کیوں کہ روزہ اس آدمی کے لائق ہے جس پر پیٹ کی شہوت غالب ہو اور وہ اس کو توڑنے کا ارادہ کرے یا سیر ہو کر کھانا اسے علومِ مکاشفہ میں خالص فکر سے مانع ہو

پس وہ بھوک کے ذریعے دل کو صاف کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔

لیکن اس شخص کی یہ حالت نہیں ہے اس لیے اسے پیٹ کی شہوت نقصان نہیں دیتی اور نہ وہ اس قسم کے فکر میں مشغول ہے جس کے راستے میں شکم سیری رکاوٹ بن رہی ہو پس اس کا روزے میں مشغول ہونا اپنی حالت سے نکل کر دوسرے کی حالت میں جانا ہے اور وہ اس بیمار کی طرح ہے جسے پیٹ کی بیماری ہو اور وہ سر درد کا علاج کرے تو اسے نفع نہیں ہوتا بلکہ اس کو چاہیئے کہ وہ اس مہلک بیماری کو دیکھے جو اس پر غالب ہے اور بخل جس کی اطاعت کی جائے مہلکات میں سے ہے اور اسے ایک سال کے روزے اور ایک ہزار رات کا قیام بھی دور نہیں کر سکتا بلکہ اس کا ازالہ مال خرچ کرنے سے ہوتا ہے لہٰذا اس پر صدقہ کرنا لازم ہے ہم نے اس کی تفصیل مہلکات کے بیان میں ذکر کی ہے وہاں دیکھی جا سکتی ہے۔

خلاصہ یہ ہو کہ اطاعت و فرمانبرداری کی تاثیر حالات کے اعتبار سے ہوتی ہے اور اس وقت سمجھدار آدمی کو معلوم ہوتا ہے کہ مطلق جواب خطا ہے کیوں کہ کوئی شخص پوچھے کہ روٹی افضل ہے یا پانی؟ تو اس میں صحیح جواب یہی ہو گا کہ بھوکے کے لیے روٹی اور پیاسے کے لیے پانی افضل ہے اور اگر دونوں باتیں جمع ہوں تو غالب کو دیکھے اگر پیاس غالب ہو تو پانی افضل ہے اور اگر بھوک غالب ہو تو روٹی افضل ہے اگر دونوں باتیں مساوی ہوں تو دونوں چیزیں برابر ہوں گی۔

اسی طرح جب پوچھا جائے کہ سکنجبین افضل ہے یا نیلوفر کا شربت؟ تو مطلق جواب صحیح نہ ہو گا ہاں اگر ہم سے یہ پوچھا جائے کہ سکنجبین افضل ہے یا صفرا کا نہ ہونا تو ہم کہیں گے صفرا کا نہ ہونا افضل ہے کیوں کہ سکنجبین کی ضرورت اسی کے لیے ہوتی ہے اور جو چیز کسی دوسرے کے لیے مقصود ہو تو دوسری چیز افضل ہوتی ہے۔ تو مال کا خرچ کرنا بھی ایک عمل ہے اور اس سے ایک حالت حاصل ہوتی ہے اور وہ بخل کا زوال اور دل سے دنیا کی محبت کو نکالنا ہے اور اس محبت سے دل کو فارغ کر کے اسے اللہ تعالیٰ کی معرفت و محبت کے لیے تیار کرنا ہے تو معرفت افضل ہے حال اس سے کم اور عمل اس سے بھی کم درجے میں ہے۔

سوال:

شریعت نے اعمال کی ترغیب دی ہے اور اس کی فضیلت مبالغہ کے ساتھ بیان کی ہے حتیٰ کہ صدقہ دینے کی ترغیب دیتے ہوئے فرمایا۔

مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا۔ (۱) کون شخص اللہ تعالیٰ کو اچھا قرض دیتا ہے۔

اور ارشاد فرمایا۔

وَیَاْخُذُ الصَّدَقَاتِ۔ (۲) اور وہ صدقات لیتا ہے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۴۵

(۲) قرآن مجید، سورۂ توبہ آیت ۱۰۴

تو کس طرح فعل اور مال کا خرچ کرنا افضل نہ ہوگا۔

جواب:-

طبیب کا دوائی کی تعریف کرنا اس مقصد کے سبب نہیں ہوتا کہ بعینہٖ دوائی مراد ہوتی ہے با د صحت و شفا سے افضل ہوتی ہے لیکن اعمال دلوں کے مرض کا علاج ہیں اور قلبی بیماریوں کا عام طور پر پتہ نہیں چلتا جیسے کسی شخص کے چہرے پر سفید داغ ہوں اور اس کے پاس شیشہ نہ ہو تو اسے معلوم نہیں ہوتا اور اگر اسے بتایا جائے تو وہ سچ نہیں جانتا تو ایسے شخص کے سامنے گلاب کے پانی سے چہرہ دھونے کا مبالغہ کے ساتھ ذکر کیا جائے اگر گلاب کا پانی ان داغوں کو زائل کرتا ہو حتی کہ بہت زیادہ تعریف اسے مسلسل منہ دھونے پر مجبور کر دے گی اور یوں اس کا مرض زائل ہو جائے گا کیوں کہ اگر اسے کہا جائے کہ مقصود تمہارے چہرے سے برص کے داغ کو زائل کرنا ہے تو ہو سکتا ہے وہ علاج چھوڑ دے اور یہ خیال کرے کہ اس میں کوئی عیب نہیں ہے۔ اب ہم اس سے بھی قریب تر مثال بیان کرتے ہیں۔

ایک شخص جس نے اپنے بیٹے کو علم اور قرآن سکھایا اور وہ چاہتا ہے کہ یہ اسے ہمیشہ یاد رہے زائل نہ ہو اور اسے یہ بھی معلوم ہے کہ اگر وہ اسے تکرار کرنے یا پڑھنے کے لیے کہے گا تاکہ محفوظ رہے تو وہ کہے گا مجھے یاد ہے اور مجھے تکرار کرنے اور پڑھنے کی ضرورت نہیں کیوں کہ اس کا خیال ہے کہ جو کچھ اسے اس وقت یاد ہے وہ ہمیشہ اسی طرح رہے گا اور اس کے غلام بھی ہوں اور وہ بچے کو کہے کہ تم ان کو پڑھاؤ اور اس پر اچھے انعام کا وعدہ بھی کرے تاکہ سکھانے کے ذریعے وہ زیادہ تکرار کر سکے تو بعض اوقات بچہ بیچارہ سمجھتا کہ مقصود غلاموں کو قرآن پاک کی تعلیم دینا ہے اور وہ تعلیم کے ذریعے ان کی خدمت کر رہا ہے تو وہ پریشان ہو جاتا ہے اور کہتا ہے کہ کیا وجہ ہے کہ میرا باپ مجھ سے ان غلاموں کی خدمت لے رہا ہے حالانکہ میں والد کے نزدیک زیادہ معزز و محترم ہوں اور مجھے معلوم ہے کہ اگر میرے والد کا مقصد غلاموں کو تعلیم دینا ہوتا تو مجھے یہ کام سپرد کیے بغیر بھی مقصد حاصل ہو سکتا تھا اور میں یہ بھی جانتا ہوں کہ ان غلاموں کے چلے جانے سے میرے والد کو کوئی نقصان نہیں ہوتا چہ جائیکہ وہ قرآن پاک پڑھنا نہ جانتے ہوں تو بعض اوقات وہ سستی کرتا ہے اور باپ کی بے نیازی کی وجہ اور درگزر کرنے کے سلسلے میں اس کے کرم پر اعتماد کرتے ہوئے ان کو پڑھانا چھوڑ دیتا ہے یوں وہ علم اور قرآن کو بھول جاتا ہے اور وہ محروم ہو جاتا ہے حالانکہ اسے اس بات کا شعور بھی نہیں ہوتا۔

اس قسم کے خیال سے بعض لوگوں کو دھوکہ ہوا اور انہوں نے اباحت کا طریقہ اختیار کیا وہ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ کو ہماری عبادت کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی وہ ہم سے قرض لینے کا محتاج ہے لہٰذا اس آیت کا کیا مطلب ہوا۔

مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا (۱) کون ہے جو اللہ تعالیٰ کو اچھا قرض دے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۴۵

اور اگر اللہ تعالیٰ ان مساکین کو کھانا دینا چاہتا تو دے دیتا لہٰذا ہمیں ان پر اپنا مال خرچ کرنے کی ضرورت نہیں ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے کفار کی بات، نقل کرتے ہوئے فرمایا۔ (۱)

اور جب ان سے کہا جاتا ہے اس چیز سے خرچ کرو جو اللہ تعالیٰ نے تم کو عطا فرمائی ہے تو کافر لوگ، ایمان والوں سے کہتے ہیں کیا ہم ان لوگوں کو کھلائیں جن کو اللہ تعالیٰ چاہتا تو کھلا دیتا۔

اور وہ یہ بھی کہتے ہیں۔

لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا. اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو نہ ہم شرک کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا۔ (۲)

تو دیکھو وہ اپنے کلام میں کس قدر سچے ہیں اور کس طرح وہ اپنی (اس) سچائی کی وجہ سے ہلاک ہوئے تو وہ ذات، پاک ہے جو چاہے تو سچ بولنے پر بھی ہلاک کر دے اور جب چاہے تو جہالت کے باوجود سعادت مندی کی دولت سے مالا مال کر دے اور اس (قرآن) کے ذریعے بہت سے لوگوں کو گمراہ کرتا اور بہت سے لوگوں کو ہدایت دیتا ہے۔

تو ان لوگوں نے سمجھا کہ ان سے مساکین اور فقراء کی خدمت لی جا رہی ہے یا اللہ تعالیٰ کے لیے دینا ہے پھر کہنے لگے نہ تو ہمیں مساکین سے کچھ ملتا ہے اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کو ہم سے اور ہمارے مالوں سے کچھ حاصل ہوتا ہے ہمارا خرچ کرنا اور نہ کرنا برابر ہے — چنانچہ وہ ہلاک ہوئے جیسے وہ بچہ ہلاک ہوا جب اس نے سوچا کہ اس کے والد کا مقصد غلاموں کی خدمت لینا ہے اور اسے یہ بات معلوم نہ ہوئی کہ مقصود تو صفتِ علم کو اس کے دل میں قائم رکھنا اور پکا کرنا ہے تاکہ یہ اس کے لیے دنیا میں سعادت کا سبب بنے اور باپ اس کو شفقت کے طور پر اس بات کی طرف کھینچ رہا ہے جس میں اس کی سعادت ہے۔ اس مثال کے ذریعے تمہارے سامنے ان لوگوں کی گمراہی واضح ہوگئی جو اس طریقے سے گمراہ ہوتے ہیں۔

تو نتیجہ یہ ہوا کہ جو مسکین تیرا مال لے جاتا ہے وہ اس مال کے واسطے سے تیرے دل سے بخل کی خباثت اور دنیوی محبت کو نکالتا ہے کیوں کہ یہ دونوں باتیں تمہارے لیے ہلاکت کا باعث ہیں مسکین خون نکالنے والے کی طرح ہے وہ تم سے خون نکال کر تمہارے اندر سے مہلک بیماری کو نکالتا ہے تو خون نکالنے والا تمہاری خدمت کرتا ہے تم اس کی خدمت نہیں کرتے اور اگر وہ خون نکالنے پر کچھ لیتا ہے تو بھی خادم ہونے سے نہیں نکلتا۔

اور جب صدقات، باطن کی طہارت اور بری صفات سے تزکیہ کا باعث ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقات،

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ یٰسین آیت ۴۷

(۲) قرآن مجید، سورۂ انعام آیت ۱۴۸

پینے سے احتراز فرمایا اور صدقہ نہ لیا جیسا کہ پچھنے لگانے والے کی کمائی سے منع فرمایا(۱)
اور اس کا نام لوگوں کی میل رکھا اور اپنے اہل بیت کو اس سے محفوظ رہنے کا شرف عطا فرمایا (۲)
مقصود یہ ہے کہ اعمال دل میں اثر کرتے ہیں جیسا کہ مہلکات کے بیان (تیسری جلد) میں گزر چکا ہے اور دل اعمال کی تاثیر کے حوالے سے ہدایت اور نورِ معرفت کو قبول کرنے کے لیے مستعد ہوتے ہیں یہ ایک جامع بات اور ایسا اصل ضابطہ ہے کہ اعمال، احوال اور معارف کے فضائل کے سلسلے میں اس کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔ اب ہم خاص طور پر اپنی بحث یعنی صبر وشکر کے بیان کی طرف آتے ہیں تو ہم کہتے ہیں کہ ان دونوں میں سے ہر ایک میں معرفت، حال اور عمل ہے لہٰذا ایک میں پائی جانے والی معرفت کا دوسرے میں پائے جانے والے حال اور عمل کے ساتھ تقابل نہ کیا جائے بلکہ ہر ایک کا مقابلہ اس کی مثل کے ساتھ کیا جائے تاکہ مناسب ظاہر ہو اور اس کے بعد فضیلت واضح ہو۔
اور جب شاکر کی معرفت کا صبر کرنے والے کی معرفت کے ساتھ مقابلہ کیا جائے تو بعض اوقات دونوں کی معرفت ایک ہی ہو جاتی ہے مثلاً معرفت شاکر یہ ہے کہ آنکھوں کی نعمت کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے سمجھے اور صابر کی معرفت یہ ہے کہ اندھے پن کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے سمجھے اور یہ دونوں معرفتیں ایک دوسرے کو لازم اور مساوی ہیں اور یہ اس وقت ہے جب ہم (صبر کو) ابتلاء و مصائب میں اعتبار کریں اور ہم نے بیان کیا ہے کہ صبر کبھی عبادت پر اور کبھی گناہوں سے رکنے پر ہوتا ہے اور اس میں صبر وشکر متحد ہیں کیوں کہ عبادت پر صبر کرنا عین شکر ادا کرنا ہے کیوں کہ شکر کا معنیٰ اللہ تعالیٰ کی نعمت کو اس مقصود کی طرف پھیرنا ہے جو اس نعمت کی حکمت کا مقتضیٰ ہے اور صبر کا مطلب باعث خواہش کے مقابلے میں دینی باعث کو ثابت وقائم رکھنا ہے تو صبر اور شکر ایک ہستی کے دو نام ہیں جن میں اعتباری اختلاف ہے پس باعثِ دین کو باعثِ ہویٰ کے خاتمے کے لیے ثابت وقائم رکھنا باعث ہویٰ کی نسبت سے صبر کہلاتا ہے اور باعثِ دین کی طرف نسبت کے حوالے سے اسے شکر کہتے ہیں کیوں کہ دینی باعثِ شہوت کو پچھاڑا جائے اور اس نے اسے مقصود کی طرف پھیرا ہے تو یہ ایک مفہوم کے لیے دو عبارتیں ہیں تو ایک چیز اپنے آپ سے کیسے افضل ہو سکتی ہے تو صبر تین کاموں میں جاری ہوتا ہے ایک اطاعت، دوسری معصیت اور تیسری آزمائش اور مصیبت، اطاعت و معصیت میں اس کا حکم ظاہر ہو گیا۔
جہاں تک مصیبت کا تعلق ہے تو وہ عدم نعمت کا نام ہے اور نعمت یا تو ضروری ہوتی ہے جیسے آنکھیں، یا محل حاجت میں ہوتی ہے جیسے ضرورت سے زیادہ مال ہے آنکھوں سے نابینا آدمی کا صبر یہ ہے کہ وہ شکوہ ظاہر نہ کرے اور اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر رضامندی کا اظہار کرے اور اندھے پن کو بعض گناہوں کے لیے اجازت نہ سمجھے اور بینائی والے کا شکر

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۲۹۹ مرویات ابی ہریرہ
(۲) صحیح مسلم جلد اول ص ۳۴۴ کتاب الزکوٰۃ

عمل کے اعتبار سے دو باتوں کے ذریعے ہوتا ہے ایک یہ کہ آنکھوں کو گناہ پر مدد کے لیے استعمال نہ کرے اور دوسرا یہ کہ ان کو عبادت واطاعت میں استعمال کرے اور یہ دونوں باتیں صبر کی متقاضی ہیں کیوں کہ نابینا آدمی کو خوبصورت شکلیں دیکھنے سے خود بخود صبر حاصل ہے کیوں کہ وہ ان کو دیکھ ہی نہیں سکتا اور دیکھنے والے کی نگاہ کسی خوب صورت پر پڑے اور وہ صبر کرے تو وہ آنکھوں کی نعمت پر شکر کرنے والا ہے اور اگر وہ دیکھتا رہے تو اس نے آنکھوں کی نعمت پر ناشکری کی۔ تو صبر، شکر میں داخل ہو گیا اسی طرح جب عبادت واطاعت پر آنکھوں سے مدد لیتا ہے تو اس میں بھی اطاعت پر صبر کا پایا جانا ضروری ہے۔

پھر بعض اوقات عجائباتِ خداوندی کو دیکھنے کے ذریعے شکر کرتا ہے تاکہ اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی معرفت تک پہنچے تو یہ شکر، صبر سے افضل ہے۔

اگر یہ بات نہ ہوتی تو حضرت شعیب علیہ السلام جن کی آنکھوں میں بینائی نہیں تھی موسیٰ علیہ السلام اور دیگر انبیاء کرام علیہم السلام سے ان کا رتبہ بڑا ہوتا کیوں کہ انہوں نے بینائی کے نہ ہونے پر صبر کیا اور موسیٰ علیہ السلام نے مثلاً اس بات پر صبر نہیں کیا اور کمال یہ ہوتا کہ انسان تمام اعضاء سے محروم ہو اور وہ گوشت کا ایک لوتھڑا ہوتا اور یہ بالکل محال ہے کیوں کہ ہر عضو ایک دینی آلہ ہے اور اس کے فوت ہونے سے دین کا کوئی رکن فوت ہو جائے اور ان اعضاء پر اللہ تعالیٰ کا شکر یہ ہے کہ ان کو دین کے سلسلے میں بطور آلہ استعمال کرے پس جب اسے صرف ضرورت کے مطابق ملا اور اس سے زائد کا محتاج ہے تو اس (زائد) سے صبر کرنا مجاہدہ ہے اور یہ جہادِ فقر ہے جب کہ زائد کا پایا جانا نعمت ہے اور اس کا شکر یہ ہے کہ اسے اچھے کاموں میں خرچ کرے یا گناہ میں استعمال نہ کرے۔

پس جب صبر کی شکر کی طرف اضافت کی جائے جو اطاعت میں صرف کرنے کا نام ہے تو شکر افضل ہے۔ کیوں کہ اس میں صبر بھی شامل ہے اور اللہ تعالیٰ کی نعمت پر خوش ہونا بھی ہے اور اسے فقراء پر خرچ کرنے کے دکھ کا بھی امکان ہے نیز اسے جائز خوشیوں میں صرف کرنے سے باز رکھنا بھی ہے۔

گویا خلاصہ کلام اس بات کی طرف لوٹتا ہے کہ دو چیزیں، ایک چیز سے افضل ہوتی ہیں اور کل، بعض کے مقابلے میں اعلیٰ رتبہ رکھتا ہے اور اس بات میں بھی خلل ہے کیوں کہ کل اور اس کے بعض اجزا کے درمیان موازنہ نہیں ہو سکتا۔

اور اگر شکر کی یہ صورت ہو کہ اس (نعمت) کے ذریعے گناہ پر مدد حاصل نہ کرے بلکہ اس کو جائز خوشی پر خرچ کرے تو اس صورت میں صبر، شکر سے افضل ہے اور فقیر صابر، اس مالدار سے افضل ہے جو اپنا مال روک کر رکھتا ہے اور اسے محض جائز کاموں پر خرچ کرتا ہے اس مالدار سے افضل نہ ہوگا جو اپنا مال نیک کاموں پر خرچ کرتا ہے کیوں کہ فقیر بعض اوقات اپنے نفس سے مجاہدہ کرتا اس کی حرص کو توڑتا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے والی آزمائش پر اچھی طرح صبر کرتا ہے اور یہ

حالت، لہٰذا قوت، کا تقاضا کرتی ہے اور مالدار آدمی مرص کے پیچھے چلنا اور خواہش کی اطاعت کرتا ہے لیکن اس نے مباح اور جائز کام پر اکتفا کیا اور مباح کام میں حرام کام کے مقابلے میں گنجائش ہے لیکن حرام سے بچنے کے لیے بھی قوت چاہیے لیکن جس قوت کے تحت فقیر صبر کرتا ہے وہ اس قوت سے اعلیٰ اور کامل ہے جس کے تحت محض مباح کام سے خوشی اور لذت حاصل کرنے پر اکتفا کیا جاتا ہے اور شرف اسی قوت کو حاصل ہوتا ہے جس پر عمل دلالت کرے کیوں کہ اعمال، احوال قلوب کے لیے مقصود ہوتے ہیں اور یہ قوت دل کی حالت ہے جو یقین و ایمان کی قوت کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہے تو جو چیز ایمان میں قوت کے اضافے کا باعث بنے وہ لامحالہ افضل ہے۔

اور قرآنی آیات، واحادیث مبارکہ میں صبر و شکر کے اجر کے بارے میں جو تفصیل آئی ہے اس سے یہی رتبہ حاصل کرنا مقصود ہے کیوں کہ لوگوں کے ذہنوں میں نعمت کا تصور مال اور مالداری کے حوالے سے آتا ہے اسے اطاعت پر خرچ کرنا نہیں لہٰذا صبر، شکر سے افضل ہوگا یعنی وہ صبر جسے عام لوگ صبر سمجھتے ہیں وہ اس شکر سے افضل ہے جو عام لوگوں کے ذہن میں ہے حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ نے خاص اسی بات کی طرف اشارہ کیا ہے جب آپ سے پوچھا گیا کہ صبر و شکر میں سے افضل کیا ہے؟ آپ نے فرمایا مال دار کی تعریف مال کے ہونے سے اور فقیر کی تعریف مال کے نہ ہونے سے نہیں ہوتی بلکہ دونوں کی تعریف ان شرائط کو پورا کرنے سے ہوتی ہے جو ان پر لازم ہیں تو مال دار کی حالت کی شرائط میں سے ایسی باتیں ہیں جو اس کی صفت، نفع اندوزی اور لطف اندوزی کے مطابق ہیں اور فقیر کی شرائط میں ایسی باتیں ہیں جو اس کو ایذا دیتی اور بے قرار کرتی ہیں اور جب یہ دونوں اللہ تعالیٰ (کی رضا) کے لیے ان شرائط کو قائم کرتے ہیں تو جو شخص اپنے آپ کو تکلیف دے گا اور بے قرار کرے گا وہ اس سے کامل حال والا ہوگا جو اسے عیش میں رکھے گا اور بات وہی ہے جو حضرت جنید رحمہ اللہ نے فرمائی ہے لیکن یہ بات صبر و شکر کی اقسام میں سے صرف آخری قسم پر صادق آتی ہے جو اقسام ہم نے ذکر کی ہیں اور انہوں نے اس کے علاوہ کا ارادہ نہیں فرمایا۔

کہا جاتا ہے کہ حضرت ابوالعباس بن عطا اس سلسلے میں ان کی مخالفت کرتے تھے انہوں نے فرمایا مالدار شاکر، صابر فقیر سے افضل ہے اس پر حضرت جنید رحمہ اللہ نے ان کے خلاف بددعا کی تو ان کو اولاد کے قتل، مال کے ضیاع اور عقل کے زوال کے حوالے سے چودہ سال تک سخت ابتلاء میں رہنا پڑا وہ فرمایا کرتے تھے مجھے حضرت جنید رحمہ اللہ کی بددعا لگ گئی چنانچہ انہوں نے اپنی بات سے رجوع کیا اور فقیر صابر کو مالدار شاکر پر ترجیح دینے لگے۔

اور جب تم ان معانی پر غور کرو جو ہم نے ذکر کیے ہیں تو تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ دونوں قولوں کے لیے بعض حالات میں ایک وجہ ہے کئی صابر فقیر، شاکر غنی سے افضل ہوتے ہیں جیسا کہ گزر گیا اور کئی شاکر مالدار صابر فقیر سے افضل ہوتے ہیں اور یہ وہ غنی ہے جو اپنے آپ کو فقیر کی طرح جانتا ہے کیونکہ وہ اپنے لیے حسب ضرورت مال روکتا ہے اور باقی مال اچھے کاموں پر خرچ کرتا ہے یا اس لیے جمع کرتا ہے کہ یہ محتاجوں اور مساکین کے لیے جمع ہے وہ دیکھتا رہتا ہے جب کوئی حاجت مند

ہوتا ہے تو اس پر خرچ کرتا ہے پھر اس کا خرچ کرنا شہرت اور عزت کی طلب کے لیے نہیں ہوتا نہ احسان جتاتا ہے بلکہ بندوں پر مہربانی کر کے اللہ تعالیٰ کے حقوق کی ادائیگی کرتا ہے تو ایسا مالدار، صبر کرنے والے فقیر سے افضل ہے۔

سوال:۔

یہ بات نفس پر مشقت کا باعث نہیں ہوتی جب کہ فقیر پر محتاجی گراں گزرتی ہے کیوں کہ یہ قدرت کی لذت کا شعور دیتا ہے جب کہ فقر صبر کے دکھ سے آگاہ کرتا ہے اور اگر اسے مال کی جدائی کا دُکھ ہو تو یہ دُکھ خرچ کرنے پر قدرت کی لذت سے زائل ہو جاتا ہے۔

جواب:۔

جو کچھ ہم دیکھتے ہیں وہ یہ ہے کہ جو شخص رغبت اور خوش دلی سے اپنا مال خرچ کرتا ہے اس کا حال اس سے زیادہ کامل ہوتا ہے جو بخل کے ساتھ خرچ کرتا ہے اور نفس پر جبر کر کے مال کو جدا کرتا ہے ہم نے توبہ کے بیان میں اس کی تفصیل ذکر کی ہے تو نفس کو دکھ پہنچانا ذاتی طور پر مقصود نہیں بلکہ یہ اس کو ادب سکھانے کے لیے ہوتا ہے اور یہ شکاری کتے کو مارنے کی طرح ہے اور سدھایا ہوا کتا اس کتے سے زیادہ کامل ہوتا ہے جو مار کھانے کا محتاج ہو اگرچہ وہ مار پر صبر کرتا ہے اسی لیے وہ شروع میں تکلیف اور مجاہدے کا محتاج ہوتا ہے اور آخر میں اسے ان دونوں باتوں کی ضرورت باقی نہیں رہتی بلکہ آخر میں وہ بات جو تکلیف دہ تھی اس کے نزدیک لذیذ بن جاتی ہے جس طرح عقلمند بچے کے نزدیک حصولِ علم لذیذ ہو جاتا ہے حالانکہ شروع شروع میں اس کے لیے تکلیف دہ تھا۔ لیکن جب سوائے تھوڑے سے لوگوں کے سب لوگ شروع میں بلکہ بہت پہلے سے بچوں کی طرح تھے تو حضرت جنید رحمہ اللہ نے مطلقاً فرمایا کہ جو شخص اپنے نفس کو تکلیف دے وہ افضل ہے تو عام مخلوق کے اعتبار سے ان کی بات صحیح ہے۔

تو اس صورت میں جب تفصیلی جواب مقصود نہ ہو بلکہ اکثر مخلوق کے اعتبار سے مطلق بیان کرنا ہو کہ صبر، شکر سے افضل ہے تو یہ اس معنیٰ کے اعتبار سے صحیح ہے جسے عوام سمجھتے ہیں اور جب تحقیق کا ارادہ ہو تو تفصیل سے بیان کرو کیوں کہ صبر کے کئی درجے ہیں سب سے کم درجہ ناپسندیدگی کی حالت میں شکایت نہ کرنا ہے اور ان درجات سے اوپر مقام رضا ہے جو صبر سے اوپر ہے اور اس سے آگے مصیبتوں پر شکر کرنا ہے جو رضا سے بھی اوپر ہے کیوں کہ صبر دکھ اور تکلیف کے ساتھ ہوتا ہے جب کہ رضا اس صورت میں بھی ممکن ہے جس میں دُکھ اور خوشی دونوں نہ ہوں اور شکر صرف پسندیدہ صورت میں ہوتا ہے جس پر خوشی حاصل ہوتی ہے اسی طرح شکر کے بھی کئی درجات ہیں ہم نے اعلیٰ درجہ ذکر کیا ہے اور ان میں کچھ ایسی باتیں بھی ہیں جو ان مراتب کی نسبت سے کمتر ہیں۔

بندے کا اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلسل آنے والی نعمتوں سے حیا کرنا شکر ہے، شکر میں کوتاہی کی معرفت بھی شکر ہے، قلتِ شکر سے عذر پیش کرنا بھی شکر ہے اللہ تعالیٰ کی عظیم بردباری اور اس کی طرف سے پردہ پوشی کی معرفت بھی شکر ہے

اس بات کا اعتراف کرنا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ نعمتیں اس کے استحقاق کے بغیر عطا فرمائی ہیں، شکر ہے، اس بات کا علم بھی شکر ہے کہ شکر بھی ایک نعمت ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا ہوا ہے نعمتوں میں اچھی طرح تواضع اور انکساری بھی شکر ہے، جو شخص نعمت ملنے کا واسطہ ہوا اس کا شکر ادا کرنا بھی شکر ہے کیوں کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا۔

مَنْ لَمْ یَشْکُرِ النَّاسَ لَمْ یَشْکُرِ اللّٰہَ۔ جو شخص بندوں کا شکر یہ ادا نہیں کرتا وہ اللہ تعالیٰ کا شکر بھی ادا نہیں کرتا۔ (۱)

اور اس کی حقیقت ہم نے اسرار زکوٰۃ کے بیان میں ذکر کی ہے منعم کے ساتھ اعتراض کم کرنا اور حسن ادب اختیار کرنا بھی شکر ہے نعمتوں کو اچھی طرح قبول کرنا اور چھوٹی نعمتوں کو بڑا سمجھنا بھی شکر ہے۔

شکر و صبر کے تحت جو اعمال آتے ہیں ان کو ایک ایک کر کے شمار کرنا مشکل ہے اور ان کے مختلف درجات ہیں تو اجمالی طور پر کس طرح ان میں سے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی جا سکتی ہے۔ ہاں عام لفظ بول کر خاص مراد لیا جاتے جس طرح احادیث و آثار میں آیا ہے ایک بزرگ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے کسی سفر میں ایک بوڑھے بزرگ کو دیکھا جس کی عمر بہت زیادہ ہو چکی تھی میں نے ان کی حالت پوچھی تو انہوں نے فرمایا میں بچپن میں اپنے چچا کی بیٹی پر عاشق تھا وہ بھی مجھ سے محبت کرتی تھی اتفاق ایسا ہوا کہ اس نے مجھ سے شادی کر لی شب زفاف میں نے اس سے کہا اٹھو یہ رات ہم اللہ تعالیٰ کے شکر میں گزاریں کہ اس نے ہمیں اکٹھا کیا پس ہم رات بھر نوافل پڑھتے رہے اور ہم میں سے ایک بھی دوسرے کے لیے فارغ نہ ہوا۔ دوسری رات ہوئی تو بھی ہم نے یہی کیا اور رات بھر نماز پڑھتے رہے۔ ہم ستر یا اسی سال سے ہر رات اسی حالت پر ہوتے ہیں پھر اس نے بڑھیا سے پوچھا کہ کیا یہی بات نہیں ہے؟ بڑھیا نے کہا جس طرح یہ بزرگ فرما رہے ہیں اسی طرح ہوا ہے تو تم ان دونوں کو دیکھو اگر اللہ تعالیٰ ان دونوں کو جمع نہ کرتا اور وہ جدائی کی مصیبت پر صبر کر لیتے اور اس صبر کو اس انداز میں حاصل وصال کی طرف نسبت کی جاتی تو مخفی نہیں کہ یہ شکر افضل ہے تو نتیجہ یہ ہوا کہ کس کو کس پر فضیلت حاصل ہے، تفصیل کے بغیر اس کا علم نہیں ہو سکتا۔

اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۲۵۸ مرویات ابی ہریرہ

۲:- خوف اور امید کا بیان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس کے لطف و ثواب کی امید رکھی جاتی ہے اور اس کے عذاب سے خوف کھایا جاتا ہے جس نے اولیاء کرام کے دلوں کو اپنی امید کی رُوح سے آباد کیا حتیٰ کہ اس نے اپنی رحمتوں کے لطائف سے ان کو اپنی بارگاہ میں اتارا اور ان کو مصیبتوں کے گھر سے پھیر دیا جو اس کے دشمنوں کا ٹھکانہ ہے اس نے ڈرانے کے کوڑوں اور سخت جھڑک کے ساتھ منہ پھیرنے والوں کے چہروں کو اپنے ثواب و کرامت والے گھر کی طرف پھیر دیا نیز ان کو اپنی ناراضگی اور عذاب کا نشانہ بننے سے بچایا مختلف قسم کی مخلوق کو قہر کی زنجیروں اور نرمی اور لطف کی لگاموں کے ذریعے اپنی جنت کی طرف چلایا۔

اور رحمتِ کاملہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہو جو اس کے انبیاء کرام کے سردار اور مخلوق میں سے سب سے بہتر ہیں اور آپ کے آل و اصحاب اور اولاد پر بھی رحمت ہو۔

حمد و صلوٰۃ کے بعد ــــــ امید اور خوف دو ایسے پَر ہیں جن کے ذریعے مقربین ہر مقام محمود کی طرف پرواز کرتے ہیں اور ایسی دو سواریاں ہیں جن کے ذریعے وہ ہر مشکل اور پیچیدہ گھاٹی سے گزر کر آخرت کا سفر طے کرتے ہیں۔ تو رحمٰن کے قرب اور جنتوں کی رُوح جس کی امید بہت بعید اور سامان بہت بھاری ہے دلوں کی ناپسندیدگی اور اعضاء کی مشقتوں سے ڈھانپی ہوتی ہے، اس تک امید کی لگاموں کے ذریعے ہی پہنچا جا سکتا ہے۔

اور نارِ جہنم اور دردناک عذاب جو لطیف خواہشات اور عجیب لذتوں سے گھری ہوتی ہے اس سے رکاوٹ ڈرانے اور سختی کے کوڑوں کے بغیر نہیں ہو سکتی۔

لہٰذا ان دونوں (خوف اور امید) کی حقیقت اور فضیلت اور ان دونوں کے تضاد کے باوجود ان کو جمع کرتے تک رسائی کا حصول کیسے ہو سکتا، کا بیان کرنا ضروری ہے ہم ان کو ایک ہی بیان میں جمع کریں گے جو دو حصوں پر مشتمل ہوگا پہلا بیان امید کا اور دوسرا خوف کا ہوگا۔

پہلے بیان میں امید کی حقیقت اس کی فضیلت، اس کی دوا اور اس طریقے کا بیان ہوگا جس کے ذریعے امید حاصل کی جا سکتی ہے۔

فصل ۱۰

امید کی حقیقت

جان لو! امید (رجاء) سالکین کے مقامات اور طالبین کے احوال میں سے ہے جب کوئی وصف ثابت و قائم ہو تو اسے مقام کہا جاتا ہے اور جب وہ (وصف) عارضی ہو جلد زائل ہونے والا ہو تو اسے حال کہتے ہیں جس طرح زردی کی تین قسمیں ہیں ایک وہ جو ثابت و قائم ہے جیسے سونے کی زردی، دوسری وہ جو جلدی زائل ہوتی ہے جیسے خوف کی وجہ سے چہرے کا زرد ہو جانا اور تیسری ان دونوں کے درمیان ہے جیسے مریض کی زردی۔

اسی طرح دل بھی ان اقسام میں تقسیم ہوتا ہے جو ثابت نہیں ہوتا اسے حال کہتے ہیں کیوں کہ وہ فوری طور پر بدل جاتا ہے اور یہ دل کے تمام اوصاف میں جاری ہوتا ہے اور اس وقت ہماری غرض امید کی حقیقت بیان کرنا ہے تو رجاء (امید) بھی حال، علم اور عمل سے مکمل ہوتی ہے تو علم، حال کا سبب ہے اور حال عمل کو چاہتا ہے اور امید ان تینوں کے مجموعے کا نام ہے اس کی تفصیل اس طرح ہے کہ تمہیں جو کچھ پیش آتا ہے وہ مکروہ ہوگا یا محبوب پھر وہ اس وقت موجود ہوگا یا ماضی میں تھا یا مستقبل میں اس کا انتظار ہے۔

اگر تمہارے دل میں وہ بات کھٹکے جو ماضی میں موجود تھی تو اس کو ذکر اور تذکر کہا جاتا ہے اور اگر اس وقت موجود ہے تو وجد، ذوق اور ادراک ہے اسے وجد اس لیے کہتے ہیں کہ یہ حالت اس وقت تمہارے دل میں پائی جاتی ہے اور اگر مستقبل میں کسی چیز کے پائے جانے کا احتمال ہے اور تمہارے دل پر غالب ہے تو اس کو انتظار اور توقع کہتے ہیں اور جس کا انتظار ہے اگر وہ مکروہ ہے جس سے دل میں دکھ اور تکلیف پیدا ہوتی ہے تو اسے خوف اور اشفاق کہتے ہیں اور اگر وہ پسندیدہ ہے اس کا انتظار ہے اور دل کا اس سے تعلق پیدا ہو چکا ہے اور اس سے دل کو لذت اور آرام پہنچ رہا ہے تو اسے رجاء (امید) کہتے ہیں تو گویا رجاء دل کی راحت کا نام ہے جو محبوب چیز کے انتظار سے حاصل ہوتی ہے۔

لیکن یہ محبوب جس کی توقع کی جا رہی ہے اس کا کوئی سبب ہونا چاہیے اب اگر اس کا انتظار اکثر اسباب کے ساتھ ہے تو اس پر رجاء کا لفظ صادق آتا ہے اور اگر اسباب بالکل نہ ہوں یا اضطراب کے ساتھ ہوں تو اس پر دھوکے اور بیوقوفی کا لفظ رجاء کے مقابلے میں زیادہ صادق آتا ہے اور اگر اسباب کا وجود بھی معلوم نہ ہو اور ان کی نفی کا علم بھی نہ ہو تو اس کے انتظار پر تمنا کا نام زیادہ صادق آتا ہے کیوں کہ یہ انتظار کسی سبب کے بغیر ہے کوئی بھی حالت ہو رجاء اور خوف کا نام اسی پر صادق آتا ہے جس میں تردد ہو جس کے بارے میں یقین ہو اس پر نہیں کیوں کہ طلوع آفتاب کے وقت

یہ نہیں کہا جاتا کہ مجھے طلوع آفتاب کی امید ہے اور وقتِ غروب پر نہیں کہا جاتا کہ مجھے غروب آفتاب کا خوف ہے کیوں یہ دونوں باتیں قطعی ہیں۔

ہاں یہ کہا جا سکتا ہے کہ مجھے بارش کے نزول کی امید اور اس کے نہ ہونے کا ڈر ہے اور ارباب قلوب جانتے ہیں کہ دنیا، آخرت کی کھیتی ہے اور دل زمین کی طرح ہے ایمان اس میں بیج کی حیثیت رکھتا ہے اور عبادت زمین کو الٹ پلٹ کرنے، صاف کرنے اور نہریں کھودنے اور ان (زمینوں) کی طرف پانی جاری کرنے کی طرح ہیں اور وہ دل جو دنیا میں غرق اور ڈوبا ہوا ہے اس بنجر زمین کی طرح ہے جس میں بیج، ثمر آور نہیں ہوتا اور قیامت کا دن فصل کاٹنے کا دن ہے اور ہر شخص وہی کچھ کاٹے گا جو اس نے بویا ہوگا اور کھیتی کا بڑھنا ایمان کے بیج کے بغیر ناممکن ہے اور جب دل میں خباثت اور برے اخلاق ہوں تو ایمان بہت کم نفع دیتا ہے۔ جیسے بنجر زمین میں بیج سے فصل پیدا نہیں ہوتی۔

تو مناسب یہی ہے کہ بندے کی امید مغفرت کو کھیتی والے پر قیاس کیا جائے جو شخص اچھی زمین حاصل کرتا ہے اور اس میں عمدہ بیج ڈالتا ہے جو نہ تو خراب ہوتا ہے اور نہ ہی بدبودار، اور پھر اس کی تمام ضروریات کو پورا کرتا ہے اور وہ وقت پر پانی دیتا پھر زمین کو کانٹوں اور گھاس پھونس نیز ان تمام خرابیوں سے پاک کرتا ہے جو بیج کو بڑھنے سے روکتی ہیں یا خراب کر دیتی ہیں پھر اللہ تعالیٰ کے فضل کا منتظر ہو کر بیٹھ جائے کہ وہ زمین کو بجلی کی گرج اور دیگر مفسد آفات سے بچائے گا یہاں تک کہ کھیتی اپنی تکمیل کو پہنچ جائے تو اس کو انتظار اور رجاء کہتے ہیں۔

اور اگر سخت زمین میں بیج ڈالے جو شور زدہ ہو اور بلندی پر ہو جس تک پانی نہیں پہنچ سکتا اور بیج کی پرواہ بھی نہ کرے پھر اس کے کٹنے کا انتظار کرے تو اس انتظار کو بیوقوفی اور دھوکہ کہتے ہیں امید نہیں کہتے اور اگر اچھی زمین میں بیج ڈالا لیکن اس میں پانی نہیں ہے اب وہ بارش کے انتظار میں ہے اور یہ ایسا وقت ہے جس میں عام طور پر بارش نہیں برستی اور نہ ہی اس میں کوئی رکاوٹ ہوتی ہے تو اس انتظار کو تمنا کہتے ہیں رجاء نہیں کہتے۔

تو گویا رجاء کا لفظ کسی ایسی محبوب چیز کے انتظار پر صادق آتا ہے جس کے لیے وہ تمام اسباب تیار کر دیئے گئے جو بندے کے اختیار میں ہیں صرف وہی اسباب باقی رہ گئے جو بندے کے اختیار میں نہیں ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کی وجہ سے تمام نقصان دہ اور فاسد کرنے والے اسباب کھیتی سے دور ہو جاتے ہیں پس جب بندہ ایمان کا بیج ڈالتا ہے اور اس کو عبادات کا پانی پلاتا ہے دل کو بداخلاقی کے کانٹوں سے پاک کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل کا مرتے دم تک منتظر رہتا ہے حسن خاتمہ جو مغفرت تک پہنچاتا ہے اس کا انتظار کرتا ہے تو یہ انتظار حقیقی رجاء (امید) ہے یہ ذاتی طور پر قابل تعریف ہے اور موت تک اسبابِ ایمان کے مطابق اسباب مغفرت کی تکمیل کے لیے قیام اور دوام کا باعث ہے اور ایمان کے بیج کو عبادات کا پانی نہ دیا جائے یا دل کو برے اخلاق سے ملوث چھوڑ دیا جائے اور دنیاوی لذت میں منہمک ہو جائے پھر مغفرت کا انتظار کرے تو اس کا انتظار ایک بیوقوف اور دھوکے میں مبتلا شخص کا انتظار ہے نبی اکرم

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلاَحْمَقُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَهٗ هَوَاهَا وَ تَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ الْجَنَّةَ ۔ (۱)

بیوقوف وہ ہے جو اپنے نفس کو خواہشات کے پیچھے لاتا ہے اور (اس کے باوجود) اللہ تعالیٰ سے جنت کی تمنا کرتا ہے

ارشاد خداوندی ہے :

فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوَاتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۔ (۲)

پس ان لوگوں کے بعد کچھ ناخلف آئے جنہوں نے نماز کو ضائع کیا اور خواہشات کے پیچھے پڑ گئے پس عنقریب وہ گمراہی سے مل جائیں گے۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتَابَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۔ (۳)

پس ان کے بعد کچھ ناخلف آئے جو کتاب خداوندی کے وارث ہوئے وہ اس دنیا کا سامان لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ عنقریب ہماری بخشش ہو جائے گی۔

اللہ تعالیٰ نے اس باغ والے کی مذمت فرمائی جو باغ داخل ہوتے وقت کہتا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے

مَا اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖ اَبَدًا وَّمَا اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ۔ (۴)

میں نہیں سمجھتا کہ یہ کبھی فنا ہوگا اور میرا خیال نہیں کہ قیامت قائم ہوگی اور اگر مجھے اپنے رب کی طرف لوٹایا گیا تو میں ضرور اس سے اچھی جگہ لوٹنے کی پاؤں گا۔

تو وہ بندہ جو عبادات میں کوشش کرتا اور گناہوں سے بچتا ہے وہ اس لائق ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے نعمت کے پورا ہونے کی توقع رکھے اور نعمت کی تکمیل جنت میں داخل ہونے سے ہوگی، جہاں تک گناہوں کا تعلق ہے تو جب وہ توبہ کرے اور کوتاہی کا تدارک کر لے تو وہ اس لائق ہے کہ قبولیتِ توبہ کی امید رکھے اور جہاں تک اس صورت میں توبہ کی قبولیت کا تعلق ہے جب وہ گناہ کو ناپسند کرتا ہو برائی اسے بری لگتی ہو اور نیکی سے خوش ہوتا ہو نفس کی مذمت کرے اور اس

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۲۴ مروایت شداد بن اوس

(۲) قرآن مجید، سورۂ مریم آیت ۵۹

(۳) قرآن مجید، سورۂ اعراف آیت ۱۶۹

(۴) قرآن مجید، سورۂ کہف آیت ۳۵

کو ملامت کرے نیز توبہ کی خواہش رکھے اور اس کا مشتاق ہو تو اس لائق ہے کہ اللہ تعالیٰ سے توبہ کی توفیق کی امید رکھے کیوں کہ اس گناہ کو ناپسند کرنا اور توبہ پر حریص ہونا اس سبب کے قائم مقام ہے جو توبہ تک لے جاتا ہے۔ اور امید، سبب کے پکا ہونے کے بعد ہوتی ہے اس لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللَّهِ۔ (۱)

بے شک جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں ہجرت کی اور جہاد کیا وہ لوگ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے امیدوار ہیں۔

مطلب یہ ہے کہ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کی رحمت کی امید کے مستحق ہیں اس سے خاص امید کا پایا جانا مراد نہیں ہے کیوں کہ دوسرے لوگ بھی امید رکھتے ہیں لیکن ان کو امید کے استحقاق کے ساتھ خاص کیا۔

لیکن جو شخص ان کاموں میں منہمک ہو جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہیں وہ اپنے نفس کی مذمت بھی نہ کرے اور نہ ہی توبہ اور رجوع کا قصد کرے تو اس شخص کا مغفرت کی امید رکھنا بیوقوفی ہے جیسے وہ شخص جو شور زدہ زمین میں بیج ڈالتا ہے اور اسے پانی دینے اور صاف کرنے کی طرف توجہ نہیں کرتا۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ فرماتے ہیں میرے نزدیک سب سے بڑا دھوکہ یہ ہے کہ معافی کی امید پر ندامت کے بغیر آدمی گناہوں میں بڑھتا جائے اطاعت کے بغیر اللہ تعالیٰ کے قرب کی توقع رکھے جہنم کا بیج ڈال کر جنت کی کھیتی کا منتظر رہے گناہوں کے ساتھ عبادت گزار لوگوں کے گھر کا طالب ہو، عمل کے بغیر جزا کا انتظار کرے اور زیادتی کے باوجود اللہ تعالیٰ سے تمنا کرے۔

تَرْجُو النَّجَاةَ وَلَمْ تَسْلُكْ مَسَالِكَهَا إِنَّ السَّفِينَةَ لَا تَجْرِي عَلَى الْيَبَسِ۔

ہم نجات کی امید رکھتے ہیں لیکن اس کے راستوں پر نہیں چلتے یقیناً کشتی خشکی پر نہیں چلتی۔

جب تمہیں امید کی حقیقت معلوم ہو گئی اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ یہ ایک حالت ہے جو اکثر اسباب کے جاری ہونے کے بعد علم کے نتیجہ کے طور پر سامنے آتی ہے اور یہ حالت اس امر کا تقاضا کرتی ہے کہ جس قدر ممکن ہو باقی اسباب کے لیے بھی کوشش کی جائے کیوں کہ جو شخص اچھا بیج ڈالتا ہے زمین کو ٹھیک کرتا ہے پانی اچھی طرح دیتا ہے تو اس کی امید سچی ہوتی ہے اور وہ سچی امید اسے ہمیشہ زمین کی دیکھ بھال اور اس میں اگنے والے کانٹوں کو صاف کرنے کی طرف متوجہ کرتی رہتی ہے پس وہ اس کو کاٹنے تک اس کی خبر گیری میں کوئی کوتاہی نہیں کرتا کیوں کہ امید، ناامیدی کی ضد ہے اور ناامیدی اس کی خبر گیری کی راہ میں رکاوٹ ہوتی ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ بقرہ آیت ۲۱۸

تو جس شخص نے اس بات کو مان گیا کہ زمین کلر اور شور زدہ ہے پانی بھی کم ہے جو بیج اگانے کی صلاحیت نہیں رکھتا وہ یقینی طور پر اس کی نگرانی اور دیکھ بھال چھوڑ دیتا ہے اور اس کے لیے آپ کو تھکاتا نہیں اور امید محمود ہے کیوں کہ وہ (نیکی کا) باعث ہے اور ناامیدی مذموم ہے اور وہ امید کی ضد ہے کیوں کہ وہ عمل سے دور رکھتی ہے جب کہ خوف امید کی ضد نہیں ہے بلکہ اس کا رفیق ہے جیسے آگے بیان ہوگا بلکہ وہ ڈر کے اعتبار سے (عمل کا) دوسرا باعث ہے جس طرح امید بطور رغبت باعثِ عمل ہے۔

تو نتیجہ یہ ہوا کہ امید کی حالت اعمال کے ساتھ طولِ مجاہدہ کو جنم دیتی ہے اور حالات جس طرح بھی بدلیں اطاعت پر مواظبت ہوتی ہے اور اس کے آثار میں سے ایک علامت یہ ہے کہ آدمی ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ رہتا ہے اور اس کے ساتھ مناجات سے لطف اندوز ہوتا ہے نیز نرمی کے ساتھ اس کی خوشامد کرتا ہے یہ وہ احوال ہیں جو ہر اس شخص پر لازماً ظاہر ہوتے ہیں جو کسی بادشاہ یا کسی بھی شخص سے امید رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے حق میں ان احوال کا ظہور کیوں نہیں ہوگا اور اگر حالات کا ظہور نہیں ہوتا تو وہ مقامِ امید سے محروم اور دھوکے اور تمنا کی پستی میں گرا ہوا ہے۔

تو امید کے حال کا یہ بیان ہے اور یہ علم سے پیدا ہوتی ہے اور خود عمل کو جنم دیتی ہے اور اس سے اعمال کے پیدا ہونے پر حضرت زید الخیل رضی اللہ عنہ کی یہ روایت دلالت کرتی ہے انہوں نے سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ کیا میں آپ سے اس شخص کی علامت پوچھوں جس سے اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اور اس کی علامت، جس کے لیے وہ اس بات کا ارادہ نہیں کرتا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا تم نے صبح کس حالت میں کی ہے ؟ انہوں نے عرض کیا میں نے اس حال میں صبح کی ہے کہ میں بھلائی اور اہل خیر سے محبت کرتا ہوں اور جب میں کسی نیکی پر قادر ہوتا ہوں تو اس کی طرف جلدی کرتا ہوں نیز ثواب (کے ملنے) پر یقین رکھتا ہوں اور جب مجھ سے کوئی عمل چھوٹ جاتا ہے تو اس پر غمگین ہوتا ہوں اور اس کا مشتاق ہوتا ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی چاہتا ہے اس کی یہی علامت ہے اور اس کا ارادہ دوسرا ہو تو وہ تمہیں اس کے لیے آمادہ کرتا پھر وہ اس بات کی پرواہ نہ کرتا کہ تم کس وادی میں ہلاک ہوتے ہو۔ (۱)

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کی علامت بیان کی جس کے ساتھ وہ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو جو آدمی ان علامات کے علاوہ بھلائی کے لیے مراد بننے کی امید رکھے وہ دھوکے میں ہے۔

فصل ۲

امید کی فضیلت اور ترغیب

جاننا چاہیے کہ امید کے ساتھ عمل کرنا، خوف کے ساتھ عمل کرنے سے اعلیٰ ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں

---

(۱) کنز العمال جلد ۱۱ ص ۱۰۲، ۱۰۵ حدیث ۳۰۸۰۸

ہیں سے وہ لوگ اس کے زیادہ قریب ہیں جو اللہ تعالیٰ سے سب سے زیادہ محبت رکھتے ہیں اور محبت، امید پر غالب آتی ہے اور اسے دو بادشاہوں پر قیاس کیجیے ان میں سے ایک کی خدمت اس کی سزا کے خوف سے کی جاتی ہے اور دوسرے کی خدمت انعام ملنے کی امید پر ہوتی ہے اسی لیے امید اور حسن ظن کے بارے میں بہت زیادہ ترغیب آئی ہے بالخصوص موت کے وقت ایسے کرنے کی بہت زیادہ ترغیب آئی ہے

ارشاد خداوندی ہے :۔

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۔ (۱) اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہو۔

تو ناامیدی اصلاً حرام ہے اور حضرت یعقوب علیہ السلام کی خبروں میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی اور پوچھا کیا آپ جانتے ہیں کہ میں نے کیوں آپ کے اور آپ کے بیٹے کے درمیان جدائی ڈالی ؟ (خود ہی فرمایا) اس لیے کہ آپ نے فرمایا مجھے اس بات کا ڈر ہے کہ اسے بھیڑیا کھا لے گا اور تم اس غافل ہو گئے آپ نے بھیڑیے کا ڈر کیوں محسوس کیا اور مجھ سے امید قائم نہ کی اور آپ نے ان کے بھائیوں کی غفلت کو کیوں دیکھا اور میری حفاظت کا انتظار نہ کیا۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لَا يَمُوْتَنَّ اَحَدُكُمْ اِلَّا وَهُوَ يُحْسِنُ الظَّنَّ بِاللّٰهِ تَعَالٰى ۔ (۲) تم میں کسی کو ہرگز موت نہ آئے مگر اس حالت میں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں اچھا گمان رکھتا ہو۔

اور آپ نے یہ بھی فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِيْ بِيْ فَلْيَظُنَّ بِيْ مَا شَاءَ (۳) بندہ مجھے اپنے گمان کے مطابق پاتا ہے تو میرے بارے میں جو گمان چاہے کرے (یعنی اچھا گمان کرے)

ایک شخص جانکنی کی حالت میں تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لے گئے آپ نے پوچھا اپنے آپ کو کیسا پاتے ہو؟ اس نے عرض کیا میں اپنے آپ کو یوں پاتا ہوں کہ مجھے اپنے گناہوں کا خوف بھی ہے اور اپنے رب کی رحمت کی امید بھی رکھتا ہوں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ زمر آیت ۵۳

(۲) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۸۷ کتاب الجنۃ

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۳۱۵ مرویات ابی ہریرہ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَا اجْتَمَعَا فِی قَلْبِ عَبْدٍ فِی هٰذَا الْمَوْطِنِ اِلَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ مَا رَجَا وَاٰمَنَهٗ مِمَّا یَخَافُ۔ (۱)

اس وقت (وقتِ موت) میں کسی بندے کے دل میں یہ دونوں باتیں (امید اور خوف) جمع نہیں ہوتیں مگر اللہ تعالیٰ اسے اس کی امید کے مطابق عطا فرماتا ہے اور جس سے اس کو خوف ہوتا ہے اس سے اسے محفوظ رکھتا ہے۔

ایک شخص جو گناہوں کی کثرت کے باعث خوف کی وجہ سے مایوسی کا شکار ہو گیا تھا اس سے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے فلاں! تمہارا اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید ہونا تمہارے گناہوں سے بھی بڑا جرم ہے۔

اور حضرت سفیان رحمہ اللہ نے فرمایا جو شخص کسی گناہ کا مرتکب ہوتا ہے پھر وہ اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اس پر قدرت دی اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے بخشش کی امید رکھتا ہو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دیتا ہے وہ فرماتے ہیں یہ اس لیے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک قوم کا عیب یوں ذکر فرمایا۔

وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِیْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ۔ (۲)

اور یہ ہے تمہارا وہ گمان جو تم نے اپنے رب کے ساتھ کیا تو اس نے تمہیں ہلاک کر دیا۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ وَكُنْتُمْ قَوْمًا بُوْرًا۔ (۳)

اور تم نے برا گمان کیا اور تم ہلاک ہونے والے لوگ تھے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اللہ تعالیٰ قیامت کے دن بندے سے پوچھے گا کہ جب تم نے برائی دیکھی تو تجھے کس چیز نے اس کو روکنے سے منع کیا پھر اگر اللہ تعالیٰ اسے اس کی دلیل سکھائے گا تو وہ کہے گا یا اللہ! مجھے تیری رحمت کی امید تھی اور لوگوں سے ڈرتا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرمائے گا میں نے تجھے بخش دیا۔ (۴)

صحیح حدیث شریف میں ہے کہ ایک شخص لوگوں کو قرض دیا کرتا تھا تو وہ مال دار سے درگزر کرتا اور تنگ دست کو معاف

---

(۱) کنز العمال جلد ۳ ص ۱۴۲ حدیث ۵۸۶۸

(۲) قرآن مجید، سورۂ فصلت آیت ۲۳

(۳) قرآن مجید، سورۂ فتح آیت ۱۲

(۴) السنن الکبریٰ للبیہقی جلد ۱۰ ص ۹۰ کتاب آداب القاضی

کر دیا جب اس نے اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی تو اس نے کوئی اچھا کام نہیں کیا تھا اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہم سے زیادہ اس بات کے کون لائق ہے ـــ اللہ تعالیٰ نے اسے اس کے حُسن ظن اور معافی کی امید کی وجہ سے اسے معاف کر دیا حالاں کہ وہ عبادات کے اعتبار سے مفلس تھا۔ (۱)

ارشاد خداوندی ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً يَرْجُونَ تِجَارَةً لَنْ تَبُورَ۔ (۲)

بے شک وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کی کتاب کو پڑھتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا اس میں پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتے ہیں وہ ایسی تجارت کی امید رکھتے ہیں جس میں گھاٹا نہیں۔

اور جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَوْ تَعْلَمُونَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا وَلَخَرَجْتُمْ إِلَى الصُّعُدَاتِ تَلْدِمُونَ صُدُورَكُمْ وَتَجْأَرُونَ إِلَى رَبِّكُمْ۔ (۳)

اگر تمہیں وہ بات معلوم ہوتی جو میں جانتا ہوں تو تم کم ہنستے اور زیادہ روتے اور تم گھاٹیوں کی طرف چڑھتے تمہارے سینے مضطرب ہوتے اور تم اپنے رب کے سامنے گڑگڑاتے۔

تو حضرت جبریل علیہ السلام اترے اور عرض کیا آپ کا رب فرماتا ہے کہ آپ میرے بندوں کو کیوں نا امید کرتے ہیں چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے اور صحابہ کرام کو امید اور شوق دلایا۔

ایک روایت میں ہے اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ مجھ سے محبت کریں اور جو لوگ مجھ سے محبت کرتے ہیں ان سے بھی محبت کریں اور لوگوں کے دلوں میں میری محبت پیدا کریں انہوں نے عرض کیا اے میرے رب! میں لوگوں کے دلوں میں تیری محبت کیسے ڈالوں؟ فرمایا میرا اچھا تذکرہ کریں اور میری نعمتوں اور احسان کا ذکر کریں اور ان کو یہ بات یاد دلاتے رہیں کیوں کہ وہ مجھ سے صرف احسان کو ہی جانتے ہیں۔

حضرت ابان بن ابی عیاش رحمہ اللہ امید کا زیادہ ذکر کرتے تھے تو کسی نے ان کو خواب میں دیکھا تو انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے سامنے کھڑا کر کے پوچھا کہ آپ ایسا کیوں کرتے تھے؟ انہوں نے عرض کیا میں چاہتا تھا کہ تیری مخلوق کے دل میں تیری محبت ڈالوں اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں نے تمہیں بخش دیا۔

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۱۸ کتاب المساقاق

(۲) قرآن مجید سورۂ فاطر آیت ۲۹

(۳) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۲۳۰ کتاب الزهد

اور حضرت یحییٰ بن اکثم رحمہ اللہ کے وصال کے بعد کسی نے ان کو خواب میں دیکھا تو پوچھا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے سامنے کھڑا کیا اور فرمایا اے بوڑھے! تو نے فلاں فلاں کام کیا فرماتے ہیں مجھ پر اس قدر رعب طاری ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے پھر میں نے عرض کیا اے میرے رب! حدیث شریف کے ذریعے مجھے تیرا یہ حال نہیں بتایا گیا فرمایا تیرے سامنے میرے بارے میں کیا بیان کیا گیا؟ میں نے کہا مجھ سے حضرت عبدالرزاق نے بیان کیا وہ حضرت معمر سے وہ حضرت زہری (رحمہم اللہ) سے وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اور وہ تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ حضرت جبریل علیہ السلام سے نقل کرتے ہیں کہ تو نے فرمایا کہ بندہ میرے بارے میں جو گمان کرتا ہے مجھے اسی طرح پاتا ہے پس وہ جو چاہے گمان کرے اور میرا گمان یہ تھا کہ تو مجھے عذاب نہیں دے گا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا حضرت جبریل علیہ السلام نے سچ کہا میرے نبی نے بھی سچ کہا حضرت انس رضی اللہ عنہ، حضرت زہری، حضرت معمر اور حضرت عبدالرزاق (رحمہم اللہ) نے بھی سچ کہا ہے ۔ حضرت یحییٰ بن اکثم رحمہ اللہ فرماتے ہیں پھر مجھے لباس پہنایا گیا اور جنت تک میرے آگے آگے غلام چلے تو میں نے کہا یہ خوشی کی بات ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ بنی اسرائیل کا ایک شخص لوگوں کو مایوس کرتا اور ان پر سختی کرتا تھا تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا آج تو میری رحمت سے مایوس ہو گا جس طرح تو میرے بندوں کو اس سے مایوسی کا شکار کرتا تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ایک شخص جہنم میں جائے گا تو وہاں ایک ہزار سال رہے گا وہ پکارے گا اے حنان! اے منان! تو اللہ تعالیٰ حضرت جبریل علیہ السلام سے فرمائے گا جا کر میرے بندے کو لے آؤ چنانچہ وہ اسے لا کر اس کے رب کے سامنے کھڑا کریں گے اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو نے اپنی جگہ کو کیسا پایا؟ وہ عرض کرے گا بہت بری جگہ ہے اللہ تعالیٰ فرمائے گا اسے دوبارہ وہیں لے جاؤ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں وہ چلے گا اور پیچھے مڑ کر بھی دیکھے گا تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو کیا دیکھتا ہے؟ وہ عرض کرے گا مجھے امید تھی کہ تو مجھے وہاں سے نکالنے کے بعد دوبارہ وہاں نہیں بھیجے گا تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا اسے جنت میں لے جاؤ۔ (۱)

تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے امید ہی اس کی نجات کا سبب بنی ہم اللہ تعالیٰ کے لطف و کرم کے ساتھ اس سے حسنِ توفیق کا سوال کرتے ہیں۔

فصل ۳

امید کی دوا اور حالتِ رجاء کیسے حاصل ہوتی ہے

جاننا چاہیے کہ اس دوا کے محتاج دو (قسم کے) آدمی ہوتے ہیں ایک وہ جس پر مایوسی غالب آ جائے اور وہ عبادت

---

(۱) شعب الایمان جلد اول ص ۲۹۲ حدیث ۳۲۰۔

کرنا چھوڑ دے اور دوسرا وہ جس پر خوف غالب ہو جائے اور وہ عبادت کی پابندی میں حد سے بڑھ جائے حتیٰ کہ اس کے ذریعے اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو تکلیف دے یہ دونوں (قسم کے) آدمی راہ اعتدال سے ہٹ کر افراط و تفریط کا شکار ہو گئے لہٰذا یہ ایسے علاج کے محتاج ہیں جو ان کو اعتدال کی طرف لے جائے لیکن وہ شخص جو گناہ کا مرتکب ہے اور دھوکے میں ہے وہ عبادت سے منہ پھیرنے اور گناہوں کے ارتکاب کے باوجود اللہ تعالیٰ سے تمنا کرتا ہے تو اس کے حق میں امید کی دوائیں ہلاکت خیز زہر ہیں اور وہ شہد کی طرح ہیں جو اس شخص کے لیے شفا ہے جس پر سردی غالب ہو جب کہ اس شخص کے لیے مہلک زہر ہے جس پر حرارت غالب ہو بلکہ دھوکے کے شکار شخص کے لیے صرف خوف کی دوائیں استعمال کرنی چاہئیں اور وہ اسباب جو خوف پیدا کریں۔

اسی لیے مخلوق کو وعظ کرنے والے کو نرمی برتنے والا اور بیماریوں کے مقامات سے آگاہ ہونا چاہیے وہ ہر بیماری کا علاج اس کی ضد سے کرے ایسی دوائی نہ دے جس سے بیماری بڑھ جائے کیوں کہ مقصود تو صفات و اخلاق میں اعتدال پیدا کرنا ہے اور بہترین امور وہی ہوتے ہیں جن میں میانہ روی ہو۔ لیکن جب اعتدال کسی ایک طرف کو جھک جائے تو ایسی دوائی کے ساتھ علاج کیا جائے جو اس کو اعتدال کی طرف پھیر دے ایسی دوائی نہیں جو اس کو اعتدال سے کسی ایک طرف کو پھیر دے اور یہ وہ زمانہ ہے جس میں مخلوق کے ساتھ امید (رجاء) کے اسباب استعمال نہ کئے جائیں بلکہ ڈرانے میں مبالغہ بھی ممکن ہے ان کو راہ حق کی طرف بلائے۔

لیکن امید کے اسباب کا ذکر تو ان کو بالکل ہی تباہ کر دیتا ہے لیکن چونکہ امید کے اسباب دلوں پر زیادہ ہلکے اور نفوس کے لیے زیادہ لذیذ ہوتے ہیں اور واعظوں کی غرض لوگوں کے دلوں کو اپنی طرف مائل کرنا ہوتی ہے اور ہر حال میں ان کا ثنا خواں رہنا ہوتا ہے اس لیے وہ امید دلانے کی طرف مائل ہوتے ہیں حتیٰ کہ فساد میں اضافہ ہو جاتا ہے اور سرکشی میں منہمک لوگ اپنی سرکشی میں بڑھ جاتے ہیں۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا عالم وہ شخص ہے جو نہ تو لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید کرے اور نہ ہی اللہ تعالے کی خفیہ تدبیر سے ان کو بے خوف کرے۔

ہم امید کے اسباب ذکر کرتے ہیں تاکہ وہ مایوس لوگوں کے حق میں استعمال ہوں یا ان کے حق میں جن پر خوف غالب ہے ہم کتاب اللہ اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ایسا کر رہے ہیں۔ کیوں کہ قرآن و سنت دونوں خوف اور امید پر مشتمل ہیں اس لیے کہ یہ دونوں مختلف قسم کے مریضوں کی شفاء کے حق میں جامع ہیں تاکہ علماء کرام جو انبیاء کرام کے وارث ہیں ان دونوں کو حسب ضرورت استعمال کریں وہ ماہر طبیب کا طریقہ اختیار کریں بے وقوف معالج کی طرح نہیں جس کے خیال میں ہر دوائی ہر قسم کے مریض کے لیے کارگر ہے جو بھی بیماری ہو۔

حالتِ رجاء کے غالب ہونے کی دو صورتیں ہیں ایک قیاس اور دوسری آیات و احادیث اور آثار کی تلاش۔

قیاس یہ ہے کہ جو کچھ ہم نے شکر کے باب میں مختلف نعمتوں کا ذکر کیا ہے ان میں غور و فکر کرے حتیٰ کہ جب اسے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے لطائف کا علم ہو جائے جو اس نے دنیا میں اپنے بندوں کے لیے رکھے ہیں اور اس کی حکمتوں کے وہ عجائب جن کی فطرتِ انسانی میں رعایت فرمائی ہے حتیٰ کہ اس نے اس کے لیے دنیا میں ہر وہ چیز تیار کی ہے جو اس کے بقائے وجود کے لیے ضروری ہے جس طرح آلاتِ غذا، اور جن کا وہ محتاج ہے جیسے انگلیاں، ناخن اور جو کچھ انسان کے لیے زینت ہے جیسے ابروؤں کا قوس کی شکل میں ہونا آنکھوں کے رنگوں میں اختلاف اور ہونٹوں کی سرخی وغیرہ جن کے نہ ہونے سے انسانی غرض میں خلل واقع نہ ہوتا صرف حسن و جمال میں فرق پڑتا۔

تو اللہ تعالیٰ کی عنایت جب اس قسم کی باریک باتوں میں اس کے بندوں سے کوتاہ نہیں ہوتی حتیٰ کہ وہ اس بات پر راضی نہیں کہ ان سے زوائد چھوٹ جائیں اور زینت و حاجت کی اشیاء باقی نہ رہیں تو وہ ان کو ابدی ہلاکت کی طرف لے جانے کو کیسے پسند فرمائے گا بلکہ اگر انسان شافی نظر سے دیکھے تو اسے معلوم ہو گا کہ اکثر مخلوق کے لیے دنیا میں اسبابِ سعادت تیار کئے گئے ہیں حتیٰ کہ وہ موت کے ذریعے دنیا سے منتقل ہونا پسند نہیں کرتا اگرچہ اسے بتایا جائے کہ موت کے بعد اسے کبھی بھی عذاب نہیں ہو گا یا وہ بالکل زندہ ہی نہیں کیا جائے گا تو ان کا موت کو پسند کرنا معدوم ہونے کی وجہ سے نہیں بلکہ اس لیے ہے کہ نعمتوں کے اسباب لامحالہ غالب ہیں اور موت کی تمنا کرنے والے لوگ بہت کم ہیں پھر یہ تمنا بھی نادر حالت اور عجیب حادثہ کے وقت ہوتی ہے۔

تو جب دنیا میں اکثر لوگوں کی غالب حالت خیر و سلامتی ہے تو تم اللہ تعالیٰ کے طریقے میں تبدیلی نہیں پاؤ گے تو غالب یہی ہے کہ آخرت کا معاملہ بھی اسی طرح ہو گا کیونکہ وہ دنیا اور آخرت کی تدبیر کرنے والا تو ایک ہی ہے اور وہ غفور ہے رحیم ہے بندوں پر مہربان ہے تو جب اچھی طرح غور کیا جائے تو اس سے امید کے اسباب قوی ہو جاتے ہیں۔ حکمتِ شریعت میں غور کرنا بھی قیاس ہے نیز مصالح دینوی کو بروئے کار لانے اور ان کے ذریعے بندوں پر رحمت کی وجہ بھی پیشِ نظر رکھی جائے حتیٰ کہ بعض عارفین سورۃ بقرہ کی قرض سے متعلق آیت کو بھی امید کے مضبوط اسباب میں سے دیکھتے تھے پوچھا گیا کہ اس میں امید کا پہلو کہاں ہے؟ تو انہوں نے فرمایا تمام دنیا قلیل ہے اور اس میں سے انسان کا رزق تھوڑا ہے اور قرض اس رزق سے بھی تھوڑا ہے تو دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ نے اس کے بارے میں نہایت طویل آیت نازل فرمائی تاکہ بندہ اپنے دین کی حفاظت میں احتیاط کے طریقے کی راہنمائی حاصل کرے تو جس دین کا کوئی عوض نہیں اس کی احتیاط نہیں کرے گا؟

دوسری صورت آیات و احادیث کی تلاش سے ہے تو امید کے بارے میں بے شمار آیات و احادیث وارد ہوئی ہیں۔

آیات:-

ارشادِ خداوندی ہے:-

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَى أَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ (۱)

آپ فرما دیجئے اے میرے بندو! جنہوں نے اپنے نفسوں پر زیادتی کی کہ تم اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہو بے شک اللہ تعالیٰ تمام گناہوں کو بخش دے گا بے شک وہی بخشنے والا مہربان ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک قرات میں ہے۔

وَلَا يُبَالِي إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ - (۲)

اور وہ پرواہ نہ کرے بے شک اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے

اور ارشاد خداوندی ہے:

وَالْمَلَائِكَةُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِمَن فِي الْأَرْضِ - (۳)

اور فرشتے اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح بیان کرتے ہیں۔ اور زمین والوں کے لیے بخشش طلب کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے خبر دی کہ اس نے جہنم اپنے دشمنوں کے لیے تیار کیا ہے اور اپنے دوستوں کو اس سے ڈرایا ہے۔

پس فرمایا۔

لَهُم مِّن فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِن تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ذَٰلِكَ يُخَوِّفُ اللَّهُ بِهِ عِبَادَهُ - (۴)

ان کے لیے ان کے اوپر آگ کے سائبان ہیں اور نیچے بھی اور اللہ تعالیٰ اسے اپنے بندوں (مسلمانوں) کو ڈراتا ہے

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِي أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ - (۵)

اور اس آگ سے بچو جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

فَأَنذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظَّىٰ لَا يَصْلَاهَا إِلَّا

پس میں نے تم کو ڈرایا روشن ہونے والی آگ سے اس

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ زمر آیت ۵۳

(۲) جامع ترمذی ص ۴۶۶، ابواب التفسیر

(۳) قرآن مجید سورۃ شوریٰ آیت ۵

(۴) قرآن مجید سورۃ زمر آیت ۱۶

(۵) قرآن مجید سورۂ آل عمران آیت ۱۳۱

اَلْاَشْقَی الَّذِیْ کَذَّبَ وَتَوَلّٰی۔ (۱) ہیں وہی بدبخت داخل ہوگا جس نے جھٹلایا اور پھر گیا۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّ رَبَّکَ لَذُوْ مَغْفِرَۃٍ لِّلنَّاسِ عَلٰی ظُلْمِھِمْ۔ (۲) بے شک تمہارا رب لوگوں کے لیے ان کے ظلم پر بخشش فرمانے والا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم امت کے لیے مسلسل دعا مانگتے رہے یہاں تک کہ کہا گیا کہ کیا آپ اب بھی راضی نہیں حالانکہ آپ پر یہ آیت نازل کی گئی۔

وَاِنَّ رَبَّکَ لَذُوْ مَغْفِرَۃٍ لِّلنَّاسِ عَلٰی ظُلْمِھِمْ۔ (۳) ، (۴) اور بے شک آپ کا رب لوگوں کے گناہ بخشنے والا ہے۔

اور اس آیت کریمہ۔

وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی۔ (۵) اور عنقریب آپ کو آپ کا رب وہ کچھ عطا فرمائے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔

کی تفسیر میں آپ نے فرمایا کہ حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تک راضی نہ ہوں گے جب تک آپ کا ایک بھی امتی جہنم میں ہوگا۔

حضرت ابوجعفر محمد بن علی رحمہ اللہ فرماتے تھے اے اہل عراق تم اس آیت کو زیادہ امید والی آیت قرار دیتے ہو۔

قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰی اَنْفُسِھِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَۃِ اللّٰہِ۔ (۶) آپ فرما دیجئے اے میرے بندو جنہوں نے اپنے نفسوں پر زیادتی کی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہو

اور ہم اہل بیت کے نزدیک یہ آیت زیادہ امید دلاتی ہے

وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ اور عنقریب آپ کا رب آپ کو وہ کچھ عطا فرمائے گا کہ

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ اللیل آیت ۱۴، ۱۵

(۲) قرآن مجید، سورہ رعد آیت ۶

(۳) قرآن مجید، سورۃ رعد آیت ۶

(۴) تفسیر لاحکام القرآن جلد ۹ ص ۲۸۵ تحت آیت وان ربک لذو مغفرہ للناس

(۵) قرآن مجید، سورۃ والضحیٰ آیت ۵

(۶) قرآن مجید، سورۃ زمر آیت ۵۳

فَتَرْضٰی۔ (۱) آپ راضی ہو جائیں گے۔

احادیث مبارکہ :

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا۔
میری امت، امتِ مرحومہ ہے اسے آخرت میں عذاب نہیں ہو گا اللہ تعالیٰ اسے زلزلوں اور فتنوں کی شکل میں اسے دنیا میں ہی سزا دے دی اور جب قیامت کا دن ہو گا تو میری امت کے ہر فرد کو اہل کتاب میں سے ایک شخص دیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ یہ جہنم میں تمہارا فدیہ ہے (۲)
اور ایک روایت میں اس طرح ہے کہ اس امت میں ہر ایک یہودی یا نصرانی کو جہنم کی طرف لایا جائے گا اور وہ کہے گا کہ جہنم میں یہ میرا فدیہ ہے پس اسے اس میں ڈالا جائے گا۔ (۳)
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَلْحُمّٰی مِنْ فَیْحِ جَهَنَّمَ وَهِیَ حَظُّ الْمُؤْمِنِ مِنَ النَّارِ۔ (۴) بخار جہنم کی بھاپ ہے اور یہ مومن کا آگ سے حصہ ہے۔

اور آیت کریمہ

یَوْمَ لَا یُخْزِی اللّٰهُ النَّبِیَّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ۔ (۵) جس دن اللہ تعالیٰ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور ان لوگوں کو جو ان پر ایمان لائے، رسوا نہیں کرے گا۔

کی تفسیر میں مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف وحی فرمائی کہ میں نے آپ کی امت کا حساب آپ کے حوالے کیا آپ نے عرض کیا اے رب! نہیں بلکہ میرے مقابلے میں تو ان پر زیادہ مہربان ہے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا جب یہ بات ہے تو ہم ان کے بارے میں آپ کو رسوا نہیں کریں گے (۶)
حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب سے اپنی امت کے گناہوں کے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ والضحیٰ آیت ۵
(۲) سنن ابی داؤد جلد ۲ ص ۲۳۲، کتاب الفتن (اختصار کے ساتھ) کنز العمال جلد ۱۲ ص ۱۷۰ حدیث ۳۴۵۲۴
(۳) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۶۰ کتاب التوبہ
(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۲۵۲ مرویات ابی امامہ
(۵) قرآن مجید، سورۂ تحریم آیت ۸
(۶) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۳۹۳

بارے میں یوں عرض کیا کہ یا اللہ! ان کا حساب میرے حوالے کرنا تاکہ ان کی برائیوں پر میرے علاوہ کوئی مطلع نہ ہو تو اللہ تعالےٰ نے آپ کی طرف وحی فرمائی کہ وہ آپ کی امت ہیں اور میرے بندے ہیں اور میں ان پر آپ سے زیادہ رحیم ہوں۔ میں ان کا حساب کسی کے حوالے نہیں کروں گا کہ آپ یا کوئی دوسرا ان کی برائیوں کو دیکھے۔ (۱)

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

حَیَاتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ وَمَوْتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ اَمَّا حَیَاتِیْ فَاَسُنُّ لَکُمُ السُّنَنَ وَاَشْرَعُ لَکُمُ الشَّرَائِعَ وَاَمَّا مَوْتِیْ فَاِنَّ اَعْمَالَکُمْ تُعْرَضُ عَلَیَّ فَمَا رَاَیْتُ مِنْهَا حَسَنًا حَمِدْتُ اللّٰهَ عَلَیْهِ وَمَا رَاَیْتُ مِنْهَا سَیِّئًا اسْتَغْفَرْتُ اللّٰهَ تَعَالٰی لَکُمْ (۲)

میری (ظاہری) زندگی بھی تمہارے لیے بہتر ہے اور میرا وصال بھی تمہارے لیے بہتر ہے زندگی اس لیے کہ میں تمہیں سنتیں اور شرعی احکام دیتا ہوں اور وفات اس لیے کہ تمہارے اعمال مجھ پر پیش کیے جائیں گے تو میں ان میں سے اچھے اعمال دیکھ کر ان پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کروں گا اور جو برائی دیکھوں گا تو اللہ تعالیٰ سے تمہاری بخشش کا سوال کروں گا۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن فرمایا "یَا کَرِیْمَ الْعَفْوِ" تو حضرت جبریل علیہ السلام نے پوچھا کیا آپ کو اس کی تفسیر معلوم ہے؟ (اس کی تفسیر یہ ہے کہ) اگر وہ گناہوں کو اپنی رحمت کے تحت معاف کر دے تو اپنے کرم سے ان کو نیکیوں سے بدل دیتا ہے (۳)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے سنا وہ کہہ رہا تھا یا اللہ! میں تجھ سے نعمت کی تکمیل کا سوال کرتا ہوں آپ نے پوچھا تمہیں معلوم ہے نعمت کی تکمیل کیا ہے؟ اس نے عرض کیا نہیں آپ نے فرمایا جنت میں داخل ہونا۔ (۴)

بعض علماء فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے ہم پر اپنی نعمت کو مکمل کر دیا کہ ہمارے لیے اسلام کو پسند فرمایا۔

ارشاد خداوندی ہے۔

وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا۔ (۵)

اور میں نے تم پر اپنی نعمت کو مکمل کر دیا اور تمہارے لیے دین اسلام کو پسند کیا۔

---

(۱) المطالب العالیہ جلد ۴ ص ۲۲، ۲۳ حدیث ۳۸۵۳

(۲) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی اور وصال دونوں امت کے لیے خیر ہیں اسی لیے مسلمان آپ کی وفات نہیں مناتے بلکہ ولادت کی خوشی عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم مناتے ہیں ۱۲ ہزاروی

(۳) یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نہیں بلکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت جبریل علیہ السلام کے درمیان مکالمہ ہے۔

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۲۳۵ مرویات معاذ

(۵) قرآن مجید سورۃ مائدہ آیت ۳

حدیث شریف میں ہے۔

إِذَا أَذْنَبَ الْعَبْدُ ذَنْبًا فَاسْتَغْفَرَ اللّٰهَ يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمَلَائِكَتِهِ انْظُرُوا إِلَى عَبْدِي أَذْنَبَ ذَنْبًا فَعَلِمَ أَنَّ لَهُ رَبًّا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ وَيَأْخُذُ بِالذَّنْبِ أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُ۔ (۱)

جب بندہ کوئی گناہ کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتا ہے دیکھو میرے بندے نے گناہ کیا اور اسے معلوم ہے کہ اس کا ایک رب ہے جو گناہوں کو بخش دیتا ہے اور گناہوں پر مواخذہ بھی فرماتا ہے میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ اس نے اسے بخش دیا۔

ایک دوسری حدیث میں ہے۔

لَوْ أَذْنَبَ الْعَبْدُ حَتّٰى تَبْلُغَ ذُنُوبُهُ عَنَانَ السَّمَاءِ غَفَرْتُهَا لَهُ مَا اسْتَغْفَرَنِي وَرَجَانِي۔ (۲)

اگر بندہ گناہ کرے حتیٰ کہ اس کے گناہ آسمان کی بلندی تک پہنچ جائیں تو میں اسے بخش دوں گا جب تک وہ مجھ سے بخشش مانگتا رہے اور مجھ سے امید رکھے۔

ایک اور حدیث میں ہے۔

لَوْ لَقِيَنِي عَبْدِي بِقُرَابِ الْأَرْضِ ذُنُوبًا لَقِيتُهُ بِقُرَابِ الْأَرْضِ مَغْفِرَةً۔ (۳)

اگر میرا بندہ مجھ سے زمین بھر کی مقدار گناہوں کے ساتھ ملاقات کرے تو میں زمین بھر مغفرت کے ساتھ اس سے ملاقات کرتا ہوں۔

ایک حدیث شریف میں ہے۔

إِنَّ الْمَلَكَ لَيَرْفَعُ الْقَلَمَ عَنِ الْعَبْدِ إِذَا أَذْنَبَ سِتَّ سَاعَاتٍ فَإِنْ تَابَ وَاسْتَغْفَرَ لَمْ يَكْتُبْهُ عَلَيْهِ وَإِلَّا كَتَبَهَا سَيِّئَةً" (۴)

بندہ جب گناہ کرتا ہے تو بے شک فرشتہ اس سے چھ ساعتیں قلم اٹھا دیتا ہے پس اگر وہ توبہ کرے اور اپنے رب سے بخشش مانگے تو اس پر گناہ نہیں لکھتا ورنہ ایک گناہ لکھتا ہے۔

ایک دوسری روایت میں ان الفاظ کے ساتھ آیا ہے۔

فَإِذَا كَتَبَهَا عَلَيْهِ وَعَمِلَ حَسَنَةً قَالَ

پس جب وہ فرشتہ گناہ لکھ دیتا ہے پھر وہ شخص نیک عمل

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۴۹۲ مرویات ابوہریرہ

(۲) الترغیب والترہیب جلد ۲ ص ۴۶۷ کتاب الذکر

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۱۵۳ مرویات ابوہریرہ

(۴) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۲۰۷ کتاب التوبہ

صَاحِبُ الْيَمِيْنِ لِصَاحِبِ الشِّمَالِ وَهُوَ اَمِيْرٌ عَلَيْهِ اَلْقِ هٰذِهِ السَّيِّئَةَ حَتّٰى اُلْقِيَ مِنْ حَسَنَاتِهِ وَاحِدَةً تَضْعِيْفَ الْعَشْرِ وَارْفَعْ لَهُ تِسْعَ حَسَنَاتٍ فَتُلْقٰى عَنْهُ السَّيِّئَةُ۔

(۱)

کرتا ہے تو دائیں طرف والا فرشتہ بائیں جانب والے سے کہتا ہے اور وہ (دائیں طرف والا) اس (بائیں طرف والے) پر امیر ہے، کہ اس گناہ کو نکال دو یہاں تک کہ میں اس کی نیکیوں میں سے ایک نیکی نکال دوں گا جو دس گنا بڑھی تھی اور اس کیلئے نو نیکیاں اوپر بھیجوں گا تو اس سے برائی دور کر دی جاتی ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ایک حدیث میں روایت کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی بندہ گناہ کرتا ہے تو وہ اس کے ذمہ لکھ دیا جاتا ہے ایک دیہاتی نے عرض کیا اگر اس سے توبہ کر لے تو؟ فرمایا اس سے مٹا دیا جاتا ہے اس نے پوچھا اگر وہ دوبارہ کرے تو؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر اس پر لکھ دیا جاتا ہے اعرابی نے پوچھا پھر توبہ کر لے تو؟ فرمایا اس کے نامۂ اعمال سے مٹا دیا جاتا ہے اس نے پوچھا کب تک؟ فرمایا یہاں تک کہ وہ بخشش طلب کرے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرے بے شک اللہ تعالیٰ بخشنے سے نہیں تھکتا بندہ بخشش مانگنے سے تھک جاتا ہے جب کوئی بندہ نیکی کا ارادہ کرتا ہے تو دائیں طرف والا فرشتہ ایک نیکی لکھ دیتا ہے حالانکہ ابھی تک اس نے عمل نہیں کیا پھر اگر وہ اس پر عمل کرتا ہے تو اس کے نامۂ اعمال میں دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں پھر اللہ تعالیٰ اسے بڑھا کر سات سو گنا کر دیتا ہے اور جب وہ برائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے ذمہ لکھی نہیں جاتی اور اگر وہ اس پر عمل کرے تو ایک گناہ لکھا جاتا ہے اور اس کے پیچھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اچھی طرح معاف کرتا ہے (۲)

ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں صرف ایک مہینے کے روزے رکھتا ہوں اس پر اضافہ نہیں کرتا اور میں صرف پانچ نمازیں پڑھتا ہوں اس سے زیادہ نہیں پڑھتا اور میرے مال میں زکوٰۃ فرض نہیں ہے اور نہ ہی مجھ پر حج فرض ہے اور نہ ہی نفل حج کرتا ہوں میں مرنے کے بعد کہاں جاؤں گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ نے تبسم فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا ہاں تم میرے ساتھ ہو گے جب تم اپنے دل کو دو باتوں یعنی خیانت اور حسد سے بچاؤ اپنی زبان سے دو باتوں یعنی غیبت اور جھوٹ سے اور آنکھوں کو دو باتوں سے بچاؤ یعنی جس کی طرف نظر کرنا اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے اس کی طرف نہ دیکھو اور کسی مسلمان کو حقارت سے نہ دیکھو تو میرے ساتھ بلکہ میری ان دو ہتھیلیوں پر جنت میں جاؤ گے (۳)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ایک طویل حدیث میں ہے ایک اعرابی نے عرض کیا یا رسول اللہ! مخلوق کے حساب

---

(۱) کنز العمال جلد ۴ ص ۲۱۴ حدیث ۱۰۲۱۲

(۲) شعب الایمان جلد ۵ ص ۴۰۷ حدیث ۷۰۹۰ / کنز العمال جلد ۴ ص ۲۲۴ حدیث ۱۰۳۱۴

میں کون مبتلا ہوگا؟ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ خود حساب لے گا اس نے پوچھا وہ ذاتی طور پر حساب لے گا؟ آپ نے فرمایا ہاں (یہ سن کر) اعرابی ہنس پڑا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا اے اعرابی! تم کیسے ہنسے ہو؟ اس نے عرض کیا کریم کی شان ہے کہ جب قادر ہو تو معاف کرتا ہے اور جب حساب لیتا ہے تو چشم پوشی کرتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اعرابی صحیح کہتا ہے سنو! اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر کوئی کریم نہیں وہ سب کریموں سے بڑا کریم ہے پھر فرمایا اعرابی سمجھ گیا۔ اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کعبۃ اللہ کو شرافت و عظمت عطا فرمائی اور اگر کوئی شخص اس کا ایک ایک پتھر اکھاڑ دے پھر اسے جلا دے تو اس کا جرم اس شخص کے جرم کو نہیں پہنچ سکتا جو اللہ تعالیٰ کے کسی ولی کی توہین کرتا ہے اعرابی نے پوچھا اللہ تعالیٰ کے ولی کون ہیں؟ آپ نے فرمایا تمام مومن اللہ تعالیٰ کے ولی ہیں کیا تم نے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد گرامی نہیں سنا۔

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ۔ (۱) — اللہ تعالیٰ مومنوں کا دوست ہے وہ ان کو اندھیروں سے روشنی کی طرف نکالتا ہے۔

بعض روایات میں ہے۔

اَلْمُؤْمِنُ اَفْضَلُ مِنَ الْكَعْبَةِ۔ (۲) — مومن، کعبۃ اللہ سے افضل ہے۔

اور یہ بھی ہے۔

وَالْمُؤْمِنُ طَيِّبٌ طَاهِرٌ۔ (۳) — اور مومن طیب و طاہر (پاک) ہے۔

اور یہ بھی آیا ہے۔

وَالْمُؤْمِنُ اَكْرَمُ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى مِنَ الْمَلَائِكَةِ۔ (۴) — اور مومن اللہ تعالیٰ کے ہاں فرشتوں سے زیادہ معزز ہے۔

ایک حدیث شریف میں ہے۔

خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى جَهَنَّمَ مِنْ فَضْلِ رَحْمَتِهٖ سَوْطًا لِيَسُوْقَ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهُ الْجَنَّةَ۔ (۵) — اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے جہنم کو ایک کوڑا بنایا جس کے ذریعے وہ اپنے بندوں کو جنت کی طرف ہانکتا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۵۷

(۲) سنن ابن ماجہ ص ۲۹۰ ابواب الفتن

(۳) صحیح بخاری جلد اول ص ۱۶۷ کتاب الجنائز

(۴) سنن ابن ماجہ ص ۲۹۱ ، ابواب الفتن

(۵) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۳۰۲ مرویات ابوہریرہ ، (الفاظ متبادل ہیں)

ایک دوسری حدیث شریف میں ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

اِنَّمَا خَلَقْتُ الْخَلْقَ لِيَرْبَحُوْا عَلَيَّ وَلَمْ أَخْلُقْهُمْ لِاَرْبَحَ عَلَيْهِمْ۔

بے شک میں نے مخلوق کو اس لیے پیدا کیا اس لیے پیدا نہیں کیا کہ

ایک دوسری حدیث حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا۔

مَا خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى شَيْئًا اِلَّا جَعَلَ لَهٗ مَا يَغْلِبُهٗ وَجَعَلَ رَحْمَتَهٗ تَغْلِبُ غَضَبَهٗ۔ (۱)

اللہ تعالیٰ نے جس چیز کو بھی پیدا فرمایا اس کے لیے اس پر غالب آنے والی کوئی چیز بھی بنائی ہے اور اس نے اپنی رحمت کو اپنے غضب پر غالب آنے کے لیے بنایا۔

ایک دوسری مشہور روایت میں ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ قَبْلَ اَنْ يَخْلُقَ الْخَلْقَ اِنَّ رَحْمَتِيْ تَغْلِبُ غَضَبِيْ۔ (۲)

بے شک اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کرنے سے پہلے اپنے ذمہ کرم پر رحمت لکھدی (اور فرمایا) بے شک میری رحمت، میرے غضب پر غالب ہے۔

حضرت معاذ بن جبل اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ (۳) وَمَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَمْ تَمَسَّهُ النَّارُ (۴)

جس نے "لا الہ الا اللہ" پڑھا وہ جنت میں داخل ہوگا اور جس کا آخری کلام "لا الہ الا اللہ" ہو اس کو آگ نہیں چھوئے گی۔

اور فرمایا۔

وَمَنْ لَقِيَ اللّٰهَ لَا يُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا حُرِّمَتْ عَلَيْهِ النَّارُ۔ (۵)

اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے اس طرح ملاقات کرے کہ اس نے اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا ہو تو اس پر جہنم کی آگ حرام کردی گئی۔

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۲۱۳، کتاب التوبہ

(۲) صحیح بخاری جلد اول ص ۵۳ ۴ کتاب بدء الخلق

(۳) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۷ ص ۱۹۷ حدیث ۴۰۷ ۵

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۲۳۲ مرویات معاذ

(۵) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۱۷۰ مرویات ابن عمرو

اور یہ بھی فرمایا۔

وَلَا یَدْخُلُهَا مَنْ فِیْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ اِیْمَانٍ۔ (۱)	اور وہ شخص اس (جہنم) میں داخل نہیں ہوگا جس کے دل میں ذرہ بھر بھی ایمان ہو۔

ایک دوسری حدیث میں ہے۔

لَوْ عَلِمَ الْکَافِرُ سَعَةَ رَحْمَةِ اللّٰهِ مَا اَیِسَ مِنْ جَنَّتِهٖ۔ (۲)	اگر کافر اللہ تعالیٰ کی وسیع رحمت کو جان لے تو اس کی جنت سے کوئی بھی مایوس نہ ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت کریمہ تلاوت کی۔

اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ۔ (۳)	بے شک قیامت کا زلزلہ بہت بڑی چیز ہے۔

تو آپ نے فرمایا۔

کیا تم جانتے یہ کون سا دن ہے؟ یہ وہ دن ہے جب حضرت آدم علیہ السلام سے کہا جائے گا اٹھیے اور اپنی اولاد میں سے جہنم کے مستحقین کو بھیجیں وہ پوچھیں گے کتنے لوگوں کو؟ کہا جائے گا ہر ہزار میں سے نو سو ننانوے کو جہنم کی طرف اور ایک کو جنت میں بھیجیں۔ یہ سن کر سب لوگ (صحابہ کرام) حیران غمگین ہو گئے اور رونا شروع کر دیا اور اس دن انہوں نے کچھ کام نہ کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے اور پوچھا کیا ہوا کام نہیں کرتے؟

انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! جو کچھ آپ نے ہم سے بیان کیا ہے اس کے بعد کون کام میں مشغول ہو سکتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمام امتوں میں تمہاری کتنی تعداد ہے؟ تاویل، تاریس، منسک اور یاجوج و ماجوج ایسی قومیں ہیں جن کا شمار صرف اللہ تعالیٰ کر سکتا ہے تم باقی تمام امتوں میں اس طرح ہو جس طرح سیاہ رنگ کے بیل میں ایک سفید بال ہو اور جانور کے پاؤں میں ایک الگ رنگ ہوتا ہے (۴)

تو دیکھیے کس طرح آپ نے مخلوق کو خوف کے کوڑوں کے ساتھ چلایا اور امید کی لگاموں کے ساتھ پیچھے لائے پہلے ان کو خوف کے کوڑوں کے ذریعے ہانکا اور جب وہ بہت زیادہ مایوسی کی وجہ سے حد اعتدال سے نکلنے لگے تو امید کی دوا کے ساتھ ان کا علاج کیا اور ان کو اعتدال اور میانہ روی کی طرف لوٹایا اور دوسری بات، پہلی بات کے خلاف نہیں ہے۔ لیکن

---

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۶۵ کتاب الایمان

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۵۸ کتاب الرقاق

(۳) قرآن مجید، سورۂ حج آیت ۱

(۴) جامع ترمذی ص ۴۵۴ ابواب التفسیر

پہلے پہلے اس بات کا ذکر کیا جو شفاء کا سبب ہے اور اسی پر اکتفا کیا پھر جب وہ امید کے ذریعے معالجہ کے محتاج ہوئے تو پورا معاملہ ذکر کر دیا۔ تو واعظ کو چاہیے کہ وہ واعظوں کے سردار صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدار کرے اور خوف و امید کے بارے میں مروی روایات کے استعمال میں نرمی سے حاجت کے مطابق کام لے اور پہلے باطنی علتوں کو دیکھ لے اور اگر اس بات کی رعایت نہیں کرے گا تو اس کا وعظ اصلاح کے مقابلے میں فساد کا باعث زیادہ ہوگا۔

حدیث شریف میں ہے۔

لَوْ لَمْ تُذْنِبُوا لَخَلَقَ اللّٰہُ خَلْقًا یُذْنِبُوْنَ فَیَغْفِرُ لَھُمْ۔ (۱)

اگر تم سے گناہ سرزد نہیں ہوگا تو اللہ تعالیٰ کوئی اور مخلوق پیدا فرمائے گا جو گناہ کے مرتکب ہوں تو ان کو بخش دیا جائے گا۔

دوسرے الفاظ میں اس طرح ہے۔

لَذَھَبَ بِکُمْ وَجَاءَ بِخَلْقٍ اٰخَرَ یُذْنِبُوْنَ فَیَغْفِرُ لَھُمْ اِنَّہٗ ھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ۔ (۲)

تو اللہ تعالیٰ تمہیں لے جائے گا اور دوسری مخلوق کو لے آئے گا جن سے گناہ سرزد ہو تو ان کو بخش دیا جائے گا بے شک وہی بخشنے والا مہربان ہے۔

ایک حدیث شریف میں ہے۔

لَوْ لَمْ تُذْنِبُوْا لَخَشِیْتُ عَلَیْکُمْ مَا ھُوَ شَرٌّ مِّنَ الذُّنُوْبِ قِیْلَ مَا ھُوَ قَالَ الْعُجْبُ۔ (۳)

اگر تم سے گناہ نہیں ہوگا تو مجھے تم پر گناہوں سے بھی زیادہ بری بات کا ڈر ہے عرض کیا گیا وہ کیا ہے فرمایا خود پسندی (تکبر)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَلّٰہُ اَرْحَمُ بِعَبْدِہِ الْمُؤْمِنِ مِنَ الْوَالِدَۃِ الشَّفِیْقَۃِ بِوَلَدِھَا۔ (۴)

اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے البتہ اللہ تعالیٰ اپنے مومن بندے پر شفیق ماں کے اپنے بچے پر مہربان ہونے سے بھی بڑھ کر مہربان ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۵۵ کتاب التوبۃ

(۲) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۵۵ کتاب التوبۃ

(۳) الترغیب والترہیب جلد ۳ ص ۵۱۰ کتاب الادب

(۴) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۸۸۷ کتاب الادب

لَيَغْفِرَنَّ اللهُ تَعَالٰى يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْفِرَةً مَا خَطَرَتْ عَلٰى قَلْبِ اَحَدٍ حَتّٰى اَنَّ اِبْلِيْسَ لَيَتَطَاوَلُ لَهَا رَجَاءَ اَنْ تُصِيْبَهُ۔ (۱)

اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس قدر بخشش فرمائے گا جس کا کسی دل میں تصور بھی نہ ہو گا حتیٰ کہ ابلیس بھی اس کا منتظر ہو گا کہ شاید مجھے بخش دیا جائے۔

حدیث شریف میں ہے۔

اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى مِائَةَ رَحْمَةٍ اَدَّخَرَ مِنْهَا عِنْدَهُ تِسْعًا وَّ تِسْعِيْنَ رَحْمَةً وَّاَظْهَرَ مِنْهَا فِى الدُّنْيَا رَحْمَةً وَّاحِدَةً فَبِهَا يَتَرَاحَمُ الْخَلْقُ فَتَحِنُّ الْوَالِدَةُ عَلٰى وَلَدِهَا وَتَعْطِفُ الْبَهِيْمَةُ عَلٰى وَلَدِهَا فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ ضَمَّ هٰذِهِ الرَّحْمَةَ اِلَى التِّسْعِ وَالتِّسْعِيْنَ ثُمَّ بَسَطَهَا عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهِ وَكُلُّ رَحْمَةٍ مِنْهَا طِبَاقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قَالَ فَلَا يَهْلِكُ عَلَى اللهِ يَوْمَئِذٍ اِلَّا هَالِكٌ۔ (۲)

بے شک اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک سو رحمتیں ہیں اس نے ان میں سے ننانوے رحمتوں کو جمع کیا اور ایک کو دنیا میں ظاہر کیا اسی کے سبب لوگ ایک دوسرے پر رحم کرتے ہیں ماں اسی کے سبب اپنے بچے پر اور جانور اپنے بچوں پر شفقت کرتے ہیں اور جب قیامت کا دن ہو گا تو اللہ تعالیٰ اس رحمت کو ننانوے رحمتوں کے ساتھ ملا دے گا پھر اسے تمام مخلوق پر پھیلا دے گا اور ان میں سے ہر رحمت آسمانوں اور زمین کے طبقات کے برابر ہو گی پس اس دن اللہ تعالیٰ کے ہاں وہی ہلاک ہو گا جس کے مقدر میں ہلاکت ہے۔

ایک دوسری حدیث شریف میں ہے۔

مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ يُدْخِلُهُ عَمَلُهُ الْجَنَّةَ وَلَا يُنْجِيْهِ مِنَ النَّارِ، قَالُوْا وَلَا اَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ وَلَا اَنَا اِلَّا اَنْ يَّتَغَمَّدَنِىَ اللهُ بِرَحْمَتِهٖ۔ (۳)

کسی شخص کو محض اس کا عمل جنت میں داخل نہیں کرے اور نہ ہی جہنم سے نجات دے گا صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ کو بھی! آپ نے فرمایا ہاں مجھے بھی مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنی رحمت سے ڈھانپ لے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِعْمَلُوْا وَاَبْشِرُوْا وَاعْلَمُوْا اَنَّ اَحَدًا

عمل کرو اور خوش ہو جاؤ اور جان لو کہ کسی کو بھی (محض)

---

(۱) الدر المنثور جلد ۳ ص ۲۰ تحت آیت واکتب لنا فی ہذہ الدنیا حسنۃ

(۲) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۵۶ کتاب التوبۃ

(۳) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۵۷ کتاب الرقاق

لَنْ یُنْجِیْ اَلْعَمَلُ۔ (۱) عمل نجات نہیں دے گا۔

(ان احادیث سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ عمل کی ضرورت نہیں عمل تو حکم خداوندی کی تعمیل ہے مطلب یہ ہے کہ عمل کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی رحمت کی امید رکھی جائے ۱۲ ہزاروی)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اِنِّیْ اخْتَبَاْتُ شَفَاعَتِیْ لِاَھْلِ الْکَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِیْ اَتَرَوْنَھَا لِلْمُطِیْعِیْنَ الْمُتَّقِیْنَ بَلْ ھِیَ لِلْمُتَلَوِّثِیْنَ الْمُخَلِّطِیْنَ۔ (۲)

میں نے اپنی شفاعت کو اپنی امتوں کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لیے چھپا رکھا ہے کیا تم اسے اطاعت کرنے والے متقی لوگوں کے لیے سمجھتے ہو بلکہ یہ تو ان لوگوں کے لیے ہے جو گناہوں سے لتھڑے ہوئے ہیں۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

بُعِثْتُ بِالْحَنِیْفِیَّةِ السَّمْحَةِ السَّھْلَةِ۔ (۳)

مجھے نہایت صاف ستھرے بخشش وسخاوت والے اور آسان دین کے ساتھ بھیجا گیا ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اُحِبُّ اَنْ یَّعْلَمَ اَھْلُ الْکِتَابَیْنِ اَنَّ فِیْ دِیْنِنَا سَمَاحَةً۔ (۴)

میں چاہتا ہوں کہ اہل کتاب (تورات وانجیل والے) اس بات کو جان لیں کہ ہمارے دین میں بخشش ہے۔

اور اس بات کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مومنوں کی دعا قبول فرمائی ارشاد خداوندی ہے۔

وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَا اِصْرًا۔ (۵) اور ہم پر بوجھ نہ ڈالنا۔

اور ارشاد فرمایا۔

وَیَضَعُ عَنْھُمْ اِصْرَھُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِیْ کَانَتْ عَلَیْھِمْ۔ (۶)

اور وہ ان سے ان کے بوجھ اور ان کے طوق جو ان پر تھے، اتار دیتا ہے۔

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۵۷ کتاب الرقاق

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۱۱۱۳ کتاب التوحید

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۲۶۶ مرویات ابوامامہ

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۱۱۶ مرویات عائشہ

(۵) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۸۶ (۶) قرآن مجید، سورۂ اعراف آیت ۱۵۷

حضرت محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی۔

فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيلَ۔ (۱) پس اچھی طرح درگزر کرو۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے جبریل "صفح جمیل" کیا ہے؟ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا جب آپ اس شخص کو معاف کردیں جس نے آپ پر زیادتی کی اور آپ اس کو نہ جھڑکیں (تو یہ صفح جمیل ہے) آپ نے فرمایا اے جبریل! اللہ تعالیٰ تو بہت بڑا کریم ہے وہ جس کو معاف کرے پھر اس کو عذاب نہیں دے گا (۲)

یہ سن کر حضرت جبریل علیہ السلام رو پڑے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی رونے لگے اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کی طرف حضرت میکائیل علیہ السلام کو بھیجا اور فرمایا کہ تمہارا رب تم دونوں کو سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے میں جس کو معاف کردوں اسے کیسے عذاب میں مبتلا کروں گا۔ یہ بات میرے کرم کے لائق نہیں۔

امید کے بارے میں مروی احادیث بے شمار ہیں۔

آثار:

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جو شخص گناہ کرے پھر دنیا میں اس پر پردہ ڈال دے تو اللہ تعالیٰ اس بات سے زیادہ بے نیاز ہے کہ قیامت کے دن اس کی پردہ دری کرے اور جو شخص کسی گناہ کا مرتکب ہو اور اسے دنیا میں عذاب دیا جائے تو اللہ تعالیٰ بہت بڑا عادل ہے وہ آخرت میں دوبارہ اسے عذاب نہیں دے گا۔

حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ میرا حساب میرے والدین کے حوالے کیا جائے کیوں کہ میں جانتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھ پر ان دونوں کی نسبت زیادہ رحم کرنے والا ہے بعض بزرگوں نے فرمایا جب مومن اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے فرشتوں کی نظروں سے چھپاتا ہے تاکہ وہ اسے دیکھ کر اس کے خلاف گواہی دیں۔

حضرت محمد بن مصعب نے حضرت اسود بن سالم رحمہما اللہ کو لکھا کہ جب بندہ اپنے نفس پر زیادتی کرتا ہے پھر وہ ہاتھ اٹھا کر دعا کرتا ہے اور پکارتا ہے اے میرے رب! تو اس کی آواز کو فرشتے چھپاتے ہیں اسی طرح دوسری اور تیسری بار بھی۔ حتیٰ کہ جب چوتھی مرتبہ کہتا ہے اے میرے رب! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندے کی آواز مجھ سے کب تک چھپاتے رہو گے میرے بندے کو معلوم ہے کہ میرے سوا اس کا کوئی رب نہیں جو گناہوں کو بخش دے میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے اسے بخش دیا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورہ حجر آیت ۸۵

(۲) الدر المنثور جلد ۴ ص ۱۰۴، تحت آیت فاصفح الصفح الجمیل

حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک رات میں نے تنہا طواف کیا اور وہ رات اندھیری بھی تھی اور بارش بھی برس رہی تھی میں خانہ کعبہ کے دروازے کے پاس ملتزم میں کھڑا ہوا اور میں نے عرض کیا اے میرے رب مجھے بچا لے تاکہ میں کبھی بھی تیری نافرمانی نہ کروں تو مجھے بیت اللہ شریف سے ہاتف غیبی نے آواز دی اے ابراہیم! تو مجھ سے عصمت کا سوال کرتا ہے میرے تمام بندے مجھ سے اسی بات کا سوال کرتے ہیں اگر میں سب کو گناہوں سے محفوظ کروں تو میں کس پر اپنا فضل کروں گا۔ اور کسے بخشوں گا۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے تھے اگر مومن سے گناہ سرزد نہ ہو تو وہ آسمانوں کی بادشاہی میں اڑتا پھرے لیکن اللہ تعالیٰ نے گناہوں کے ذریعے اس کے پر کاٹ دیئے۔

حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اگر کرم کی نظر ظاہر ہوگی تو وہ بروں کو نیکوں کے ساتھ ملا دے گی۔

حضرت مالک بن دینار نے حضرت ابان در رحمہما اللہ سے ملاقات کی تو ان سے فرمایا آپ کب تک لوگوں کو رخصت کی احادیث سناتے رہیں گے انہوں نے فرمایا اے ابو یحییٰ مجھے امید ہے کہ آپ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس قدر معافی دیکھیں گے جو آپ کی چادر کو جلا دے گی اور یہ خوشی کی وجہ سے ہوگا۔

حضرت ربعی بن خراش اپنے بھائی سے نقل کرتے ہیں وہ بڑے بڑے تابعین میں سے تھے اور وہ ان لوگوں میں سے تھے جو موت کے بعد بھی کلام کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب میرے بھائی کا انتقال ہوا تو ان کو کپڑے سے ڈھانپ دیا گیا انہوں نے اپنے چہرے سے کپڑا ہٹایا اور سیدھے ہو کر بیٹھ گئے اور فرمایا میں نے اپنے رب عزوجل سے ملاقات کی تو اس نے راحت و آرام کے ساتھ میری خاطر تواضع کی اور میرا رب غصے میں نہ تھا اور میں نے معاملہ اس سے آسان دیکھا جو تم گمان کرتے ہو لہٰذا سستی نہ کرو اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام میرے منتظر ہیں لہٰذا میں ان کی طرف لوٹ کر جا رہا ہوں راوی فرماتے ہیں یہ کہہ کر وہ گر پڑے گویا وہ ایک کنکری تھی جو ایک پلیٹ میں رکھی گئی تو ہم نے ان کو اٹھا کر دفن کر دیا۔

حدیث شریف میں ہے۔ کہ بنی اسرائیل کے دو آدمی ایک دوسرے کے بھائی بھائی بن گئے ان میں سے ایک اپنے نفس پر زیادتی کرتا تھا (گناہ گار تھا) اور دوسرا عابد تھا وہ اسے وعظ و نصیحت کرتا اور جھڑکتا رہتا وہ کہتا مجھے میرے رب پر چھوڑ دو کیا تم مجھ پر نگہبان مقرر کئے گئے ہو حتیٰ کہ اس نے ایک دن اسے گناہ کبیرہ کا ارتکاب کرتے ہوئے دیکھا تو اس کو غصہ آیا اس نے کہا اللہ تعالیٰ تجھے نہ بخشے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا کسی کو طاقت ہے کہ وہ میری رحمت کو میرے بندوں سے روک دے جاؤ میں نے تمہیں بخش دیا پھر اللہ تعالیٰ اس عابد سے فرمائے گا میں نے تمہارے لیے جہنم واجب کر دی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم اس (عابد) نے ایسی گفتگو کی جس نے اس کی دنیا اور آخرت تباہ کر دی۔ (۱)

---

(۱) سنن ابی داؤد جلد ۲ ص ۳۱۵، کتاب الادب

یہ بھی مروی ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک چور تھا اس نے چالیس سال تک ڈاکہ ڈالا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اس پر گزر ہوا آپ کے پیچھے آپ کے حواریوں میں سے ایک عابد شخص تھا چور نے دل میں کہا اللہ تعالیٰ کے نبی گزر رہے ہیں۔ اور ان کے ساتھ ان کے ایک حواری ہیں اگر میں اتر کر ان کے ساتھ ہو جاؤں تو ہم تین ہو جائیں گے۔ چنانچہ وہ اترا اور حواری کے قریب ہونے لگا۔ وہ حواری کی تعظیم میں اپنے آپ کو حقیر جانتا تھا اور دل میں کہہ رہا تھا میرے جیسا آدمی اس قسم کے عابد کے ساتھ نہیں چل سکتا فرماتے ہیں حواری نے یہ بات محسوس کر لی اور دل میں کہا کہ یہ شخص میرے ساتھ چل رہا ہے چنانچہ اس نے علیحدہ ہو کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ساتھ چلنا شروع کر دیا اب چور اکیلا پیچھے رہ گیا اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ ان دونوں سے فرمائیں دونوں اپنا اپنا عمل نئے سرے سے شروع کریں کیوں کہ ان دونوں کا پہلا عمل باطل ہو گیا حواری نے چونکہ تکبر کیا اس لیے اس کی پہلی نیکیاں ضائع ہو گئیں اور دوسرے کی برائیاں زائل ہو گئیں کیوں کہ اس نے آپ کو حقیر جانا تو آپ نے ان دونوں کو اس بات کی خبر دی اور چور کو آپ نے اپنی اس سیاحت میں ساتھ لے لیا اور اسے اپنا حواری بنالیا۔

حضرت مسروق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام میں سے ایک نبی حالت سجدہ میں تھے کہ کسی نافرمان شخص نے ان کی گردن پر پاؤں رکھا حتیٰ کہ ان کی پیشانی میں ایک کنکری چبھ گئی راوی فرماتے اس نبی علیہ السلام نے غصے کی حالت میں اپنا سر اٹھایا اور فرمایا جا تمہیں اللہ تعالیٰ ہرگز نہ بخشے اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی بھیجی میرے بندے کے بارے میں مجھ پر قسم کھاتے ہو میں نے اپنے بندوں کو بخش دیا۔

اسی کے قریب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مشرکین کے خلاف قنوت نازلہ (بددعا) پڑھتے تھے اور نماز میں ان پر لعنت بھیجتے تو اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد گرامی نازل ہوا۔

لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ (۱) آپ کے اختیار میں (عذاب میں سے) کوئی چیز نہیں ہے (۲)

تو آپ نے ان کو بددعا دینا چھوڑ دیا (۳) اور اللہ تعالیٰ نے ان میں سے عام لوگوں کو ہدایت سے مشرف فرمایا۔

ایک روایت میں ہے کہ دو آدمی عابد؟ میں سے تھے اور عبادت میں مساوی تھے فرماتے ہیں جب ان دونوں کو جنت

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۲۸

(۲) بعض لوگ اپنی جہالت کی وجہ سے اس آیت کے تحت حضور علیہ السلام کو بے اختیار ثابت کرتے ہیں حالانکہ یہ آیت تو صرف اتنا بتاتی ہے کہ حضور علیہ السلام ان کے لیے بددعا نہ فرمائیں کیوں کہ آپ رحمۃ للعالمین ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ خود آپ کی طرف سے بدلہ لینے والا ہے ۱۲ ہزاروی

(۳) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۶۵۵ کتاب التفسیر

میں داخل کیا گیا تو ان میں سے ایک کے درجات دوسرے کے مقابلے میں بہت زیادہ بلند کئے گئے تو قیامت کے دن وہ کہے گا یا اللہ! دنیا میں یہ شخص مجھ سے زیادہ عبادت نہیں کرتا تھا علیین کے اندر تو نے اس کا درجہ بلند کر دیا اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا اس شخص نے دنیا میں مجھ سے بلند درجات کا سوال کیا تھا اور تو جہنم سے نجات کا سوال کرتا تھا میں تو ہر بندے کو اس کے سوال کے مطابق عطا کرتا ہوں۔

یہ اس بات پر دلالت ہے کہ امید افضل ہے کیوں کہ ڈرنے والے کے مقابلے میں امید کرنے والے پر محبت زیادہ غالب ہوتی ہے بادشاہوں کی خدمت کرنے والے دو قسم کے غلام ہوتے ہیں ایک اس کی سزا سے بچنے کے لیے خدمت کرتے ہیں اور دوسرے اس کے انعام و اکرام کی امید کرتے ہوئے خدمت کرتے ہیں تو دونوں کی خدمت میں کتنا فرق ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے حسن ظن کا حکم دیا اور اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

سَلُوا اللّٰهَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى فَإِنَّمَا تَسْأَلُوْنَ كَرِيْمًا۔ (۱)

اللہ تعالیٰ سے بلند درجات کا سوال کرو کیوں کہ تم کریم ذات سے سوال کر رہے ہو۔

اور ارشاد فرمایا۔

إِذَا سَأَلْتُمُ اللّٰهَ فَأَعْظِمُوا الرَّغْبَةَ وَاسْأَلُوا الْفِرْدَوْسَ الْأَعْلٰى فَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَا يَتَعَاظَمُهُ شَيْءٌ (۲)

جب اللہ تعالیٰ سے سوال کرو تو بڑی رغبت رکھو اور فردوس اعلیٰ کا سوال کرو کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے لیے کوئی چیز بڑی نہیں۔

حضرت بکر بن سلیم صواف رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم شام کے وقت حضرت مالک بن انس رحمہ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اسی شام آپ کا انتقال ہوا تھا ہم نے عرض کیا اے ابو عبداللہ! آپ اپنے آپ کو کیسا پاتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا میں نہیں جانتا کہ تمہیں کیا جواب دوں؟ البتہ یہ کہ عنقریب تم اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس قدر معافی دیکھو گے جو تمہارے لیے حساب و کتاب میں نہیں ہوگی پھر ہم مسلسل وہاں رہے حتیٰ کہ ہم نے ان کی آنکھیں بند کیں (یعنی ان کا وصال ہو گیا)

حضرت یحییٰ بن معاذ رضی اللہ عنہ اپنی دعا میں یوں کہتے گناہوں کے باوجود میری تجھ پر امید قریب ہے اور اعمال کے باوجود میری تجھ پر امید غالب ہے کیوں کہ اعمال میں میرا اعتماد اخلاص پر ہے اور میں اسے کہاں سے لاؤں میں تو آفت کے ساتھ معروف ہوں۔ اور میں گناہوں میں اپنے آپ کو یوں پاتا ہوں کہ تیرے عفو پر اعتماد کرتا ہوں اور تو میرے گناہوں کو کیسے نہیں بخشے گا جب کہ تو جود و سخا کے ساتھ موصوف ہے۔

---

(۱) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۱۰ ص ۱۲۵ (الفاظ کی تبدیلی کے ساتھ)

(۲) صحیح بخاری جلد اول ص ۳۹۱ کتاب الجہاد

کہا گیا ہے کہ ایک مجوسی نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مہمان بننا چاہا تو آپ نے فرمایا اگر تم اسلام لے آئے تو میں تمہاری مہمان نوازی کروں گا۔ (یہ سُن کر) مجوسی چلا گیا اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ آپ نے اسے کھانا نہ دیا اس لیے کہ اس نے اپنا دین تبدیل نہ کیا اور ہم ستر سال سے اس کے کفر کے باوجود اسے کھانا دے رہے ہیں اگر آپ اسے ایک رات مہمان بنا لیتے تو آپ کا کیا نقصان ہوتا چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اس مجوسی کے پیچھے دوڑے اور اسے واپس لاکر اپنا مہمان بنایا مجوسی نے پوچھا اس تبدیلی کا سبب ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے واقعہ بتایا تو مجوسی نے کہا کیا آپ میرے ساتھ اس طرح معاملہ کرتے ہیں پھر کہنے لگا مجھ پر اسلام پیش کیجیے پس وہ اسلام لے آیا۔

حضرت استاذ ابو سہل صعلوکی نے حضرت ابو سہل زجاجی (رحمہما اللہ) کو خواب میں دیکھا اور وہ اس بات کے قائل تھے کہ اگر کسی گناہ پر اللہ تعالیٰ نے سزا کا ذکر کیا تو وہ ضرور ملے گی انہوں نے پوچھا آپ کا کیا حال ہے انہوں نے فرمایا ہمارا جو وہم تھا ہم نے معاملہ اس سے آسان پایا اور ان میں سے بعض نے ابو سہل صعلوکی رحمہ اللہ کو خواب میں اتنی اچھی حالت میں دیکھا جو بیان نہیں کی جا سکتی اس نے پوچھا اے استاذ! آپ نے کس وجہ سے یہ اعزاز پایا انہوں نے فرمایا اپنے رب کے بارے میں اچھا گمان کرنے کی وجہ سے (مجھے یہ اعزاز ملا)

منقول ہے کہ حضرت ابو العباس بن سریج رحمہ اللہ نے اپنی مرض الموت میں خواب کی حالت میں دیکھا کہ گویا قیامت قائم ہو گئی اور اللہ تعالیٰ جو جبار ہے فرماتا ہے علماء کہاں ہیں فرمایا پس علماء آئے پھر فرمایا تم نے کیا عمل کیا؟ فرماتے ہیں ہم نے عرض کیا یا اللہ! ہم سے کوتاہی ہوئی اور ہم نے گناہ کیا فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے دوبارہ سوال کیا گویا وہ پہلے سوال پر راضی نہ ہوا اور کسی دوسرے جواب کا ارادہ کیا میں نے کہا جہاں تک میرا تعلق ہے تو میرے نامۂ اعمال میں شرک نہیں ہے اور تو نے وعدہ فرمایا کہ تو شرک کے علاوہ سب کچھ بخش دے گا اللہ تعالیٰ نے فرمایا جاؤ میں نے تم سب کو بخش دیا اس بیان کے تین دن بعد ان کا انتقال ہو گیا۔

کہا گیا کہ ایک شخص بہت بڑا شرابی تھا اس نے اپنے ساتھیوں کی ایک جماعت کو جمع کر کے اپنے غلام کو چار درہم دیئے اور اسے حکم دیا کہ مجلس کے لیے کچھ پھل خرید لائے غلام منصور بن عمار کی مجلس کے دروازے سے گزرا اور وہ کسی فقیر کے لیے کچھ مانگ رہے تھے اور فرما رہے تھے کہ جو شخص اسے چار درہم دے گا میں اس کے لیے چار دعائیں مانگوں گا فرماتے ہیں غلام نے اسے چار درہم دے دیئے منصور نے پوچھا تم مجھ سے کیسی دعا چاہتے ہو؟ اس نے کہا میرا ایک آقا ہے میں اس سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہتا ہوں منصور نے دعا مانگی اور کہا دوسری کون سی دعا ہے؟ اس نے کہا اللہ تعالیٰ مجھے ان دراہم کا اچھا بدلہ دے انہوں نے دعا مانگی پھر پوچھا اور کونسی دعا؟ غلام نے کہا اللہ تعالیٰ میرے مالک کی توبہ قبول فرمائے منصور نے دعا مانگی اور چوتھی دعا کے بارے میں سوال کیا اس نے کہا یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے میرے آقا اور باقی قوم کو بھی بخش دے منصور نے دعا مانگی اور غلام واپس ہو گیا اس کے مالک نے پوچھا تم نے دیر کیوں کی؟ اس نے

پورا واقعہ سنایا اس نے پوچھا منصور نے کیا دعا مانگی غلام نے کہا میں نے اپنے لیے آزادی کا سوال کیا اس نے کہا جا تو آزاد ہے پوچھا دوسری دعا کیا مانگی ؟ اس نے کہا یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے ان دراہم کا اچھا بدلہ دے اس نے کہا تیرے لیے چار ہزار درہم ہیں اور تیسری دعا کیا تھی ؟ اس نے کہا یہ دعا مانگی کہ اللہ تعالیٰ تمہاری دعا قبول فرمائے اس نے کہا میں نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کی اور چوتھی دعا کس چیز کے بارے میں تھی ؟ اس نے کہا یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے تجھے اور قوم اور منصور کو بخش دے اس نے کہا یہ ایک بات میرے بس میں نہیں ہے جب وہ رات کو سویا تو اس نے خواب میں دیکھا گویا کوئی کہہ رہا ہے تم نے وہ سب کام کئے جو تمہارے بس میں تھے اور تمہارا کیا خیال ہے میں وہ کام نہیں کروں گا جو میرے اختیار میں ہے میں نے تجھے، غلام کو، منصور بن عمار اور حاضرین کو بخش دیا۔

حضرت عبدالوہاب بن عبدالحمید ثقفی رحمہ اللہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے تین مردوں اور ایک عورت کو دیکھا انہوں نے ایک جنازہ اُٹھا رکھا تھا فرماتے ہیں عورت کی جگہ میں نے جنازہ اٹھایا اور ہم قبرستان کی طرف چلے گئے اور نماز جنازہ پڑھ کر میت کو دفن کر دیا میں نے عورت سے پوچھا تمہارا اس میت کے ساتھ کیا رشتہ ہے ؟ اس نے کہا یہ میرا بیٹا ہے میں نے پوچھا تمہارے پڑوسی نہیں ہیں ؟ اس نے کہا پڑوسی ہیں لیکن انہوں نے اس کے معاملے کو معمولی سمجھا میں نے کہا وہ کیا اس نے کہا وہ مخنث تھا فرماتے ہیں مجھے اس عورت پر رحم آیا اس لیے میں اسے اپنے گھر لے آیا اور اسے کچھ درہم، گندم اور کپڑے دیئے فرماتے ہیں میں نے اسی رات دیکھا کہ گویا کوئی آنے والا میرے پاس آیا وہ یوں معلوم ہوتا تھا کہ وہ چودھویں رات کا چاند ہے اور اس پر سفید کپڑے ہیں وہ میرا شکریہ ادا کرنے لگا میں نے پوچھا تو کون ہے ؟ اس نے کہا وہ مخنث ہوں جس کو تم نے آج دفن کیا ہے لوگوں کے مجھے حقیر جاننے کی وجہ سے میرے رب نے مجھ پر رحم فرمایا۔

حضرت ابراہیم اطروش رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم، حضرت معروف کرخی رحمہ اللہ کے ہمراہ بغداد شریف میں دریائے دجلہ کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے کہ کچھ نوجوان چھوٹی سی کشتی میں گزرے وہ دف (ایسا ڈھول جو ایک طرف سے خالی ہو) بجا رہے تھے اور شراب نوشی کرتے اور لہو ولعب میں مشغول تھے حاضرین مجلس نے حضرت معروف کرخی رحمہ اللہ سے عرض کیا کہ کیا آپ ان کو کھلم کھلا گناہ کرتے ہوئے دیکھ رہے ہیں ؟ ان کے خلاف بددعا کیجئے۔ انہوں نے ہاتھ اٹھا کر کہا یا اللہ ! جس طرح تو نے ان کو دنیا میں خوش کیا ہے۔ ان کو آخرت میں بھی خوش کرنا قوم نے کہا ہم نے آپ سے سوال کیا تھا کہ ان کے لیے بددعا کریں انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ جب ان کو آخرت میں خوش کرے گا تو ان کی توبہ قبول فرمائے گا۔

بعض بزرگ اپنی دعا میں یوں کہتے اے میرے رب ! کس زمانے میں لوگوں نے تیری نافرمانی نہیں کی پھر ان پر تیری رحمت کا فیضان ہوا اور تو نے ان کو اپنا رزق عطا کیا تو پاک ہے تو کس قدر حلیم اور عزت والا ہے تیری نافرمانی کی جاتی ہے پھر تو ان کو وسیع نعمت اور رزق عطا فرماتا ہے اے ہمارے رب ! گویا تجھے غصہ نہیں آتا۔

تو یہ وہ اسباب ہیں جن کے ذریعے امید کی رُوح کو ڈرنے والوں اور نا امید لوگوں کے دلوں کی طرف کھینچا جاتا ہے

لیکن جو لوگ بیوقوف مغرور ہیں مناسب یہ ہے کہ وہ ان باتوں میں سے کوئی بات نہ سنیں بلکہ وہ ان باتوں کو سنیں جو ہم اسباب خوف کے ضمن میں ذکر کریں گے کیوں کہ اکثر لوگوں کی اصلاح خوف کے ذریعے ہوتی ہے جیسے بُرے غلام اور شرارتی بچے کو کوڑے اور لاٹھی نیز سخت کلامی کے بغیر راہ راست پر نہیں لایا جا سکتا لیکن اس کے خلاف امور ان پر دینی اور دنیوی اصلاح کا دروازہ بند کر دیتے ہیں۔

دوسرا حصہ :

خوف کا بیان

اس حصے میں درجِ ذیل باتوں کا بیان ہوگا۔

(۱) حقیقتِ خوف

(۲) درجاتِ خوف

(۳) خوف کی اقسام

(۴) فضیلتِ خوف

(۵) خوف ورجاء میں سے کیا افضل ہے؟

(۶) خوف کی دوا۔

(۷) بُرے خاتمے کا مفہوم۔

(۸) انبیاء کرام اور صالحین میں خائفین کے احوال (اللہ تعالیٰ ان سب پر رحمت نازل فرمائے) اور ہم اللہ تعالیٰ سے حُسنِ توفیق کا سوال کرتے ہیں۔

فصل ۱

حقیقتِ خوف

جاننا چاہیئے کہ خوف دل کے درد اور جلنے کا نام ہے اور اس کا سبب مستقبل میں مکروہ بات کی توقع ہوتی ہے اور یہ بات رجاء (امید) کے بیان میں ظاہر ہو چکی ہے۔ اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے مانوس ہو جائے اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی یاد کے سوا کچھ نہ ہو اور وہ اپنے وقت کے تابع ہو جائے اور مسلسل جمال حق کا مشاہدہ کرنے والا ہو تو مستقبل کی طرف اس کی توجہ نہیں رہتی اب اس کے لیے خوف اور امید کچھ بھی باقی نہیں رہتا بلکہ اس کی حالت خوف ورجاء سے بلند ہو جاتی ہے کیوں کہ یہ تو دو زمانے ہیں جو نفس کو اس کی رعونت (تیزی سے حرکت) کی طرف نکلنے سے روکتے ہیں حضرت واسطی

نے اسی بات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔

خوف اللہ تعالیٰ اور بندے کے درمیان حجاب ہے اور انہوں نے یہ بھی فرمایا جب دلوں پر حق غالب آجائے تو ان میں امید اور خوف کا فضلہ باقی نہیں رہتا۔

خلاصہ یہ ہے کہ جب محب فراق کے خوف سے اپنے دل کو مشاہدۂ محبوب میں مشغول کر دے تو یہ شہود میں نقص ہے کیوں کہ دوام شہود مقامات کی غایت و انتہا ہے لیکن ہم اس وقت مقامات کی ابتدا کے بارے میں گفتگو کر رہے ہیں پس ہم کہتے ہیں۔

خوف کا حال بھی علم، حال اور عمل سے منظم ہوتا ہے علم سے مراد اس سبب کا علم ہے جو مکروہ (ناپسندیدہ) بات کی طرف لے جاتا ہے جیسے کوئی شخص کسی بادشاہ کا مجرم ہو پھر وہ اس کے قابو میں آجائے تو اسے قتل کا ڈر ہوتا ہے اگرچہ معافی کا حاصل ہونا اور بھاگ نکلنا بھی ممکن ہے لیکن اس کے دل میں پریشانی اس کی علمی قوت کے اعتبار سے ہوتی ہے قتل تک پہنچانے والے اسباب کا علم ہے اور وہ جرم کا بڑا ہونا اور بادشاہ کا ذاتی طور پر کینہ پرور، غضبناک اور منتقم مزاج ہونا ہے۔ اور یہ کہ انتقام کی ترغیب موجود ہو لیکن اس غلام کے حق میں سفارش کرنے والا کوئی نہ ہو۔ اور یہ ڈرنے والا شخص ہر قسم کے وسیلے اور ایسی نیکی سے خالی ہو جو بادشاہ کے ہاں اس کے جرم کے اثر کو مٹا دے پس ان اسباب کے ظہور کا علم قوتِ خوف اور دل کی سخت پریشانی کا سبب بنتا ہے اور جس قدر اسباب کمزور ہوں گے خوف بھی کم ہو گا اور بعض اوقات خوف کسی جنایت کے سبب سے نہیں ہوتا جس کا ارتکاب اس خائف نے کیا ہو بلکہ جس سے ڈر رہا ہے اس کی کوئی صفت خوف کا سبب بنتی ہے۔ جیسے کوئی شخص کسی درندے کے پنجے کے نیچے آجائے تو وہ درندے سے اس کی ذات میں پائی جانے والی صفت کی وجہ سے ڈرتا ہے اور وہ (صفت) اس کی حرص اور عام طور پر چیر پھاڑ کرنا ہے اگر چیرنا پھاڑنا اس درندے کا اختیار وصف ہے اور بعض اوقات جس چیز سے خوف پیدا ہوتا ہے اس کی فطری صفت خوف کا باعث ہوتی ہے جیسے کوئی شخص سیلاب میں گھر جائے اور جلانے والی آگ میں پڑ جائے کیوں کہ پانی سے اس لیے ڈر لگتا ہے کہ بہا کر لے جانا اور ڈبو دینا اس کی فطرت میں داخل ہے اسی طرح آگ کی فطرت جلانا ہے۔

تو مکروہ بات کے اسباب کا علم دل کو جلانے اور پریشان کرنے کا سبب ہے اور یہ جلانا ہی خوف ہے۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ کا خوف بعض اوقات اس کی اور اس کی صفات کی معرفت کی وجہ سے ہوتا ہے کہ اگر وہ تمام جہانوں کو ہلاک کر دے تو اسے اس بات کی کوئی پرواہ نہیں اور نہ ہی اسے کوئی روکنے والا ہے اور بعض اوقات اس کا سبب بندے کے بہت زیادہ جرائم ہوتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے باعث پیدا ہوتے ہیں اور بعض اوقات یہ دونوں باتیں ہوتی ہیں اور یہ خوف اسی قدر ہوتا ہے جس قدر اسے اپنے نفس کے عیبوں کی پہچان ہوتی ہے اور جس قدر اللہ تعالیٰ کے جلال اور اس کے استغنا کی معرفت حاصل ہوتی ہے اور اسے معلوم ہوتا کہ اللہ تعالیٰ جو کچھ کرتا ہے اس کے بارے میں اس

سے سوال نہیں کیا جا سکتا لیکن بندوں سے پوچھا جائے گا تو اسی معرفت کے حساب سے خوف کی قوت ہوتی ہے لہٰذا وہی شخص اپنے رب سے زیادہ ڈرتا ہے جو اپنے آپ کو اور اپنے رب کو زیادہ پہچانتا ہے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَنَا اَخْوَفُكُمْ لِلّٰهِ۔ (۱) — میں تم سے زیادہ خوفِ خدا رکھتا ہوں۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا۔ — بے شک اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے اس سے صرف اہل علم ڈرتے ہیں۔ (۲)

پھر جب معرفت پایۂ تکمیل کو پہنچتی ہے تو وہ خوف کا جلال اور دل کی جلن پیدا کرتی ہے پھر اس گرمی کے اثر کو دل سے بدن اعضاء اور صفات پر ڈالتی ہے۔

بدن میں اس کا اثر بدن کا زردی، غشی چیخ و پکار اور رونا ہے اور بعض اوقات اس سے پتا پھٹ جاتا ہے تو موت واقع ہو جاتی ہے یا دماغ تک اثر پہنچتا ہے تو عقل میں خرابی واقع ہو جاتی ہے یا زیادہ ہو جائے تو ناامیدی پیدا ہوتی ہے۔

اعضاء میں اس خوف کے اثر کی علامت یہ ہے کہ وہ ان کو گناہوں سے روک دیتا ہے اور عبادات میں مقید کر دیتا ہے اور یوں گذشتہ کوتاہیوں کی تلافی ہو جاتی ہے اور مستقبل کے لیے استعداد پیدا ہوتی ہے اسی لیے کہا گیا ہے ڈرنے والا وہ نہیں جو روئے اور آنکھیں پونچھے بلکہ وہ شخص حقیقتاً خائف ہوتا ہے جو اس عمل کو چھوڑتا ہے جس پر عذاب کا خوف ہو۔

حضرت ابوالقاسم حکیم نے فرمایا جو آدمی کسی چیز سے ڈرتا ہے وہ اس سے بھاگتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے وہ اسی کی طرف بھاگتا ہے۔ حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ سے کہا گیا بندہ خوف زدہ کب ہوتا ہے؟ انہوں نے فرمایا جب بندہ اپنے آپ کو بیمار کی طرح سمجھے جو بیماری کے بڑھنے کے خوف سے پرہیز کرتا ہے صفات میں خوف کے اثر کی صورت یہ ہے کہ خواہشات کا قلع قمع کرے اور لذتوں کو گدلا کر دے پس وہ گناہ جو اسے پسند تھے، ناپسندیدہ ہو جائیں گے جس طرح کسی شخص کو شہد پسند ہو لیکن جب اسے معلوم ہو جائے کہ اس میں زہر ہے تو وہ اسے ناپسند کرتا ہے تو خوف کی وجہ سے خواہشات جل جاتی ہیں اور اعضاء مؤدب ہو جاتے ہیں نیز دل میں انکساری، خشوع، ذلت اور جھکاؤ پیدا ہو جاتا ہے اور اس سے تکبر، کینہ اور حسد دور ہو جاتا ہے بلکہ وہ خوف کی وجہ سے غم کا شکار ہو جاتا ہے اور خطراتِ انجام کو دیکھتا ہے اب وہ غیر کے لیے فارغ ہی نہیں ہوتا اب اس کا شغل صرف مراقبہ، محاسبہ، مجاہدہ ہوتا ہے وہ ایک ایک سانس کے

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۰۱ کتاب الادب

(۲) قرآن مجید، سورۂ فاطر آیت ۲۸

ساتھ بخل کرتا ہے اور خطرات قلبی، قدم اٹھانے اور کلمات کے ذریعے نفس کا مواخذہ کرتا ہے اس کا حال اس شخص کی طرح ہوتا ہے جو درندے کا شکار ہو جاتا ہے اسے معلوم نہیں کہ وہ (درندہ) اس سے غافل ہوگا اور یہ اس سے چھوٹ جائے گا یا وہ اس پر حملہ کر کے اسے ہلاک کردے گا تو اب اس کا ظاہر و باطن اسی کے ساتھ مشغول ہوتا ہے جس سے وہ ڈرتا ہے کسی اور کی وہاں گنجائش نہیں ہوتی۔ یہ اس کا حال ہے جس پر خوف غالب ہو اور اس کو قابو کرے صحابہ کرام اور تابعین کی ایک جماعت کا یہی حال تھا اور جس قدر خوف ہوتا ہے اسی حساب سے مراقبہ، محاسبہ اور مجاہدہ بھی ہوتا ہے اور خوف دل کی پریشانی اور جلنے کا نام ہے اور قوتِ خوف کی بنیاد اللہ تعالیٰ کے جلال، اس کی صفات اور افعال کی معرفت نیز نفس کے عیوب اور پیش آمدہ خطرات کی معرفت کی قوت ہے اور خوف کا کم از کم درجہ جس کا اثر اعمال پر ظاہر ہوتا ہے، یہ ہے کہ وہ ممنوعات سے روک دے اور ممنوعات سے حاصل ہونے والی یہ رکاوٹ ورع (پرہیزگاری) کہلاتی ہے اگر اس کی قوت زیادہ ہو تو وہ ان کاموں سے بھی رکتا ہے جن میں تحریم زیادہ ہوتی ہے تو جن کی حرمت یقینی ہے ان کاموں سے کیسے باز نہیں رہے گا اور اس کا نام تقویٰ ہے کیوں کہ تقویٰ کا مفہوم یہ ہے کہ شک والے کام کو چھوڑ کر اس کام کی طرف جائے جس میں شک نہ ہو اور تقویٰ بعض اوقات اسے ان کاموں کو چھوڑنے پر بھی مجبور کرتا ہے جن میں کوئی حرج نہیں ہوتا اور اس کی وجہ ان کاموں میں پڑنے کا خوف ہوتا ہے جن میں کوئی حرج ہو۔ اور تقویٰ میں صدق کہلاتا ہے پھر جب اس کے ساتھ عبادت کے لیے گوشہ نشینی کا اضافہ ہوتا ہے تو وہ ایسی عمارت نہیں بناتا جس میں رہائش اختیار نہ کرے اور نہ ہی کھانے کے علاوہ کچھ جمع کرتا ہے وہ دنیا کی طرف توجہ نہیں کرتا کیوں کہ وہ جانتا ہے کہ وہ اسے چھوڑ دے گی اور اس کا کوئی سانس غیر خدا کے لیے استعمال نہیں ہوتا یہ صدق ہے اور ایسے شخص کو صدیق کہنا زیادہ مناسب ہے تو صدق میں تقویٰ، تقویٰ میں ورع اور ورع میں عفت داخل ہوتی ہے کیوں کہ عفت کا مطلب خاص طور پر خواہشات کے تقاضوں سے بچنا ہے۔

تو نتیجہ یہ ہوا کہ خوف اعضاء میں اس طرح اثر کرتا ہے کہ آدمی کسی کام سے رکتا ہے اور کسی کا اقدام کرتا ہے اور اس رکاوٹ کی وجہ سے اس کے لیے عفت کا نام بار بار پیدا ہوتا ہے اور وہ شہوت کے تقاضوں سے بچنا ہے اور اس سے اعلیٰ ورع ہے کیوں کہ اس میں عموم ہے کیوں کہ یہ ہر ممنوع سے رکنا ہے اور اس سے اعلیٰ تقویٰ ہے کیوں کہ یہ ممنوع اور مشتبہ دونوں قسم کے کاموں سے رکنے کا نام ہے اور اس سے اوپر والے درجہ پر فائز آدمی کو صدیق اور مقرب کہا جاتا ہے ہر دوسرا مرتبہ پہلے مرتبہ کے مقابلے میں اسی طرح ہے جس طرح اخص، اعم کے مقابلے میں ہوتا ہے جب اخص کا ذکر کیا تو کل کا ذکر کر دیا جیسے تم کہو کہ انسان عربی ہوگا یا عجمی اور عربی قریشی ہوگا یا غیر قریشی اور قریشی، ہاشمی ہوگا یا غیر ہاشمی، پھر ہاشمی علوی ہوگا یا غیر علوی اور علوی حسنی ہوگا یا حسینی۔

اگر تم ذکر کرو کہ وہ حسنی ہے تو تم نے تمام اوصاف کے ساتھ اس کا ذکر کر دیا اور اگر تم کہو کہ وہ علوی ہے تو تم نے اس سے اوپر والی صفات کے ساتھ ذکر کیا جو اس سے عام ہیں اسی طرح جب تم کہو کہ وہ صدیق ہے تو تم نے کہا کہ وہ متقی، پرہیزگار اور

ضعیف ہے تو یہ گمان مناسب نہیں ہے کہ ان ناموں کی کثرت، بہت سے باہم مخالف معانی پر دلالت کرتی ہے تو تمہارے لیے معانی باہم خلط ملط ہو جائیں گے جیسے اس آدمی پر مخلوط ہو جاتے ہیں جو الفاظ سے معانی طلب کرتا ہے اور الفاظ، معانی کے تابع نہیں ہوتے تو یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ خوف کے تمام معانی جمع ہو جاتے ہیں اور وہ جو اوپر والی جانب سے متصل ہے جیسے معرفت جو خوف کو واجب کرتی ہے اور وہ جو نیچے والی جانب جیسے وہ اعمال جو اس سے رکنے یا اقدام کے اعتبار سے صادر ہوتے ہیں۔

فصل ۲

خوف کے درجات اور قوت وضعف کے اعتبار اسکا مختلف ہونا؟

جان لو کہ خوف قابل تعریف چیز ہے اور بعض اوقات گمان کیا جاتا ہے کہ ہر خوف محمود ہوتا ہے اور جو اس سے زیادہ قوی اور بکثرت ہوگا وہ زیادہ قابل تعریف ہوگا اور یہ بات غلط ہے بلکہ خوف تو اللہ تعالیٰ کا ایک کوڑا ہے جس کے ذریعے وہ اپنے بندوں کو علم و عمل پر مواظبت (ہمیشگی) کی طرف لے جاتا ہے تاکہ ان دونوں کے ذریعے وہ قرب خداوندی کا رتبہ حاصل کریں اور جانوروں کے لیے زیادہ بہتر بات یہی ہے کہ وہ کوڑے سے خالی نہ ہوں اور یہی حال بچے کا ہے لیکن یہ اس بات پر دلالت نہیں ہے کہ مارنے میں مبالغہ محمود ہے اسی طرح خوف کے لیے قصور بھی ہوتا ہے افراط بھی اور اعتدال بھی ہوتا ہے اور محمود وہ خوف ہے جو اعتدال پر مبنی ہے۔

قاصر خوف عورتوں کی رقت (نرمی) کی طرح ہوتا ہے جب قرآن پاک کی کوئی آیت سنی جاتی ہے تو دل میں خوف پیدا ہوتا ہے اس سے رونے کی صورت پیدا ہوتی ہے اور آنسو جاری ہوتے ہیں اسی طرح جب کسی پریشان کن سبب کا مشاہدہ ہوتا ہے جب یہ سبب حس سے غائب ہوتا ہے تو دل غفلت کی طرف لوٹ آتا ہے تو یہ خوف قاصر ہے اس کا عطیہ قلیل اور نفع کمزور ہوتا ہے جیسے کسی کمزور کانٹے سے طاقتور جانور کو مارا جائے وہ اسے کوئی زیادہ تکلیف نہیں پہنچاتا اور نہ ہی مقصد تک لے جاتا ہے اور وہ اس کی ریاضت کی صلاحیت بھی نہیں رکھتا اور تمام لوگوں کا خوف بھی اسی قسم کا ہے البتہ عارفین اور علماء کا معاملہ الگ ہے اور علماء سے میری مراد رسمی علماء نہیں ہیں جو محض نام کے علماء ہیں کیوں کہ وہ خوف سے تمام لوگوں سے بڑھ کر دور ہیں بلکہ وہ لوگ مراد ہیں جو اللہ تعالیٰ، اس کے ایام اور اس کے افعال کا علم رکھتے ہیں اور ایسے لوگ اس زمانے میں کمیاب ہیں۔

اسی لیے حضرت فضیل بن عیاض رحمہ اللہ نے فرمایا اگر تم سے پوچھا جائے کہ کیا تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہو، تو تم خاموش رہو کیونکہ اگر تم کہو گے نہیں تو یہ کفر ہے اور اگر تم ہاں کہو گے تو جھوٹ ہوگا انہوں نے اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ خوف ہی اعضاء کو گناہوں سے روکنا اور ان کو عبادات کی زنجیروں میں جکڑتا ہے اور جو بات اعضاء میں موثر نہ ہو وہ محض دل کی بات اور

قلبی حرکت ہے وہ خوف کہلانے کی مستحق نہیں ہے۔

اور جو آدمی خوف کے سلسلے میں مفرط ہے وہ مضبوط ہے اور حدِ اعتدال سے تجاوز کرتا ہے حتیٰ کہ وہ مایوسی کی طرف نکل جاتا ہے اور یہ بھی مذموم ہے کیوں کہ وہ عمل سے مانع ہے اور بعض اوقات خوف بھی مرض اور کمزوری نیز عقل کی کمزوری، دہشت اور زوالِ عقل کی طرف نکل جاتا ہے تو خوف سے مراد کوڑا ہے یعنی جو عمل پر مجبور کرتا ہے اگر یہ بات نہ ہوتی تو خوف کمال نہ ہوتا کیوں کہ حقیقت میں یہ نقصان ہے کیوں کہ اس کا منشا جہالت اور عجز ہے، جہالت اس اعتبار سے ہے کہ وہ انجام کار سے واقف نہیں ہے کیوں کہ اگر وہ واقف ہوتا تو خائف نہ ہوتا کیوں کہ جس چیز کا خوف ہوتا ہے اسی میں تردد ہوتا ہے اور عجز اس اعتبار سے کہ ایک ممنوع چیز اس کے پیچھے پڑی ہوئی ہے جسے وہ دور نہیں کر سکتا تو آدمی کے نقصان کی نسبت سے یہ محمود ہے جب کہ ذاتی طور پر محمود علم اور قدرت ہے نیز ہر وہ بات جو اللہ تعالیٰ کا وصف بن سکتی ہے وہ بھی محمود ہے اور جو چیز اللہ تعالیٰ کا وصف نہیں بن سکتی وہ ذاتی طور پر کمال نہیں ہے وہ ایسے نقص کی طرف اضافت کی وجہ سے محمود ہوتی ہے جس سے یہ بڑا ہے جیسے دوائی کی تکلیف کا احتمال محمود ہے کیوں کہ وہ موت اور مرض کی تکلیف سے آسان ہے اور جو بات ناامیدی کی طرف لے جائے وہ مذموم ہوتی ہے۔

اور بعض اوقات خوف بھی بیماری، کمزوری دہشت اور زوالِ عقل کی طرف لے جاتا ہے اور بعض اوقات خوف موت تک پہنچاتا ہے اور یہ سب کچھ مذموم ہے اور یہ ایسی ضرب کی طرح ہے جو بچے کو ہلاک کر دیتی ہے اور وہ کوڑا جو جانور کو ہلاک یا بیمار کر دیتا ہے یا اس کے کسی عضو کو توڑ دیتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے امید کے اسباب بہت زیادہ بیان کئے تاکہ ان کے ذریعے حد سے متجاوز خوف کا علاج کیا جائے جو مایوسی یا مندرجہ بالا امور میں سے کسی ایک بات کی طرف لے جاتا ہے اور ہر وہ بات جو کسی دوسری بات کے لیے مراد ہو تو اس سے محمود وہی ہو جو مقصود تک پہنچائے اور جو اس سے کوتاہ ہے یا تجاوز کر جائے تو وہ مذموم ہے اور خوف کا فائدہ بچنا، ورع، تقویٰ، مجاہدہ، عبادت فکر، ذکر اور وہ تمام اسباب ہیں جو اللہ تعالیٰ تک پہنچاتے ہیں اور یہ سب باتیں صحتِ بدن اور عقل کی سلامتی کے ساتھ زندگی کی داعی ہیں پس جو بات ان اسباب میں خرابی کا باعث بنے وہ مذموم ہے۔

سوال:۔

جو شخص خوف زدہ ہو کر مر جائے تو وہ شہید ہوتا ہے تو اس کی حالت مذموم کیسے ہو سکتی ہے؟

جواب:۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کو شہید کا رتبہ ملتا ہے کیوں کہ اس کی موت کا سبب خوف ہے اگر وہ اس وقت نہ مرتا تو اسے یہ مرتبہ حاصل نہ ہوتا یہ مطلب نہیں کہ اس کی شہادت کا سبب خوف ہے تو وہ اس اضافت کی وجہ سے فضیلت ہے جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ اگر وہ زندہ رہتا اور طویل عمر پاتا جو اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اس کے راستوں پر چلنے

میں گزارتا تو اس اعتبار سے یہ بات فضیلت کا باعث نہیں ہے۔

بلکہ جو شخص فکر و مجاہدے کے طریقے سے اللہ تعالیٰ کی طرف چلتا ہے اور معارف کے درجات میں ترقی کرتا ہے اس کے لیے ہر لحظہ شہید بلکہ شہداء کا رتبہ ہوتا ہے اگر یہ بات نہ ہوتی تو قتل ہونے والے بچے یا جس مجنون کو کسی درندے نے ہلاک کیا اس کا رتبہ اس نبی یا ولی کے درجہ سے زیادہ ہوتا جو طبعی موت سے انتقال کرتے ہیں اور یہ بات محال ہے پس ایسا گمان بھی نہیں کرنا چاہیئے بلکہ سب سے افضل سعادت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لیے طویل عمر حاصل ہو تو جو چیز عمر کو ختم کر دے یا عقل کو زائل کر دے یا اس صحت کو ختم کر دے جس کی وجہ سے زندگی معطل ہو کر رہ جاتی ہے تو وہ کچھ امور کی طرف نسبت سے نقصان ہی نقصان ہے اگرچہ بعض دوسرے امور کی نسبت سے اس کی بعض اقسام فضیلت قرار پائی ہیں جیسے شہادت اپنے سے نچلے درجے کی طرف اضافت کی وجہ سے فضیلت ہے متقین اور صدیقین کے درجہ کی طرف نسبت کریں تو یہ فضیلت نہیں ہے۔

نتیجہ یہ ہوا کہ اگر خوف عمل میں مؤثر نہ ہو تو اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے جیسے وہ لاٹھی جو جانور کو حرکت نہیں دے سکتی اور اگر وہ اثر کرے تو اثر کے ظہور کے اعتبار سے اس کے کئی درجات ہیں اگر صرف عفت پر ہی محمول کیا جائے اور وہ شہوات کے تقاضوں سے رکتا ہے تو اس کے لیے ایک درجہ ہے اور جب ورع پیدا کرے تو وہ اعلیٰ درجہ ہے اور سب سے انتہائی درجہ یہ ہے کہ صدیقین کے درجات تک پہنچائے وہ یہ کہ ظاہر و باطن میں ماسوی اللہ سے قطع تعلق کر لے حتیٰ کہ اس میں غیر خدا کی کوئی گنجائش نہ رہے اور یہ انتہائی درجہ ہے جو قابل تعریف ہے اور اس کے لیے صحت و عقل کا باقی رہنا ضروری ہے اور اگر یہ عقل و صحت کے ازالے کی طرف تجاوز کر جائے تو وہ مرض ہے اگر ہو سکے تو اس کا علاج کیا جائے اور اگر یہ محمود ہوتا تو امید کے اسباب وغیرہ سے اس کا علاج واجب نہ ہوتا کہ وہ زائل ہو جائے اسی لیے حضرت سہل رحمہ اللہ نے اپنے ان مریدوں سے جنہوں نے کئی دن تک بھوک کو اختیار کیے رکھا، فرمایا اپنی عقلوں کی حفاظت کرو کیوں کہ کوئی بھی ناقص العقل اللہ تعالیٰ کا ولی نہیں ہوتا۔

فصل ۳

جس چیز کا خوف ہوتا ہے اس کی نسبت سے اقسام خوف

جاننا چاہیئے کہ خوف کا تحقق کسی ناپسندیدہ بات کے انتظار کی وجہ سے ہوتا ہے اور ناپسندیدہ بات یا تو ذاتی طور پر ناپسند ہوگی جیسے آگ یا اس لیے کہ وہ کسی ناپسندیدہ (مکروہ) بات تک پہنچاتی ہے جیسے گناہوں کا ارتکاب آخرت میں ناپسندیدہ امر تک پہنچائے گا اس لیے وہ ناپسند ہیں اور جس طرح بیمار نقصان دہ پھلوں کو ناپسند کرتا ہے کیوں کہ وہ موت تک پہنچاتے ہیں لہٰذا ہر خوف رکھنے والے کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے دل میں ان دو قسموں میں سے کسی ایک کی مثالی شکل بنائے اور دل میں

اس کا قوت سے انتظار ہوحتی کہ اس مکروہ بات کے شعور کی وجہ سے اس کا دل جل جائے۔

اور خائفین کے دلوں پر جو مکروہات غالب آتے ہیں اور وہ ممنوعات ہیں تو اس اعتبار سے ان لوگوں کے مقامات بھی مختلف ہیں پس وہ لوگ جن کے دلوں پر وہ چیز غالب ہو جو ذاتی طور پر نہیں بلکہ کسی دوسری وجہ سے مکروہ ہے وہ ان لوگوں کی طرح ہیں جن کا خوف یا وعدہ کے ٹوٹنے کا خوف غالب آتا ہے یا اللہ تعالیٰ کے تمام حقوق کی ادائیگی کی قوت کمزور پڑ جانے یا دل کی نرمی کے ختم ہو کر اس کی سختی میں تبدیلی کا خوف یا سیدھے راستے سے بھٹکنے کا خوف یا جن خواہشات سے الفت ہے ان کی اتباع میں عادت کے غالب آنے کا خوف یا اس بات کا خوف کہ اللہ تعالیٰ ان نیکیوں کے بارے میں گفتگو فرمائے گا جن پر بھروسہ کر لیا اور ان کے ذریعے لوگوں کے درمیان عزت حاصل کی یا اللہ تعالیٰ کے نعمتوں کی کثرت کے باعث اکڑنے کا خوف، یا اس بات کا خوف کہ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اس کے غیر کے ساتھ مشغول ہو جائے یا یہ خوف ہو کہ نعمتوں کے تواتر کی وجہ سے آہستہ آہستہ پکڑے جانے کا خوف یا یہ ڈر ہو کہ عبادات کی مکروفریب ظاہر نہ ہو جائیں جب اس کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ بات ظاہر ہو جس کا اسے گمان بھی نہ تھا یا یہ خوف کہ لوگ غیبت، خیانت، دھوکے اور دل میں برائی چھپانے کے ذریعے اس کا پیچھے لگ جائیں یا اس برائی کا خوف جس کا اسے علم نہیں کہ وہ باقی زندگی میں پیدا ہوگی یا دنیا میں فوری طور پر عذاب کے پہنچنے اور موت سے پہلے رسوائی کا ڈر ہو یا دنیوی زیب وزینت کے ذریعے دھوکے کا شکار ہونے کا خوف یا اس بات کا ڈر ہو کہ اللہ تعالیٰ تو میری خفیہ باتوں پر مطلع ہے اور میں غافل ہوں یا موت کے وقت برے خاتمے کا ڈر ہو یا یہ خوف کہ ازل میں اس کے لیے کیا فیصلہ ہوا۔

تو عارفین کو ان تمام باتوں کا خوف رہتا ہے اور ان میں سے ہر ایک کا خصوصی فائدہ ہے یعنی وہ اس چیز سے بچنے کا راستہ اختیار کرتا ہے جس کا اسے خوف ہوتا ہے۔

جسے عادت کے غالب آنے کا خوف ہوتا ہے وہ عادت کو ترک کرنے کی کوشش کرتا ہے جسے اس بات کا ڈر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اس کی خفیہ باتوں پر اطلاع ہے وہ دل کو وسوسوں سے پاک کرنے کی کوشش کرتا ہے باقی اقسام کی بھی یہی صورت ہے۔

اور ان مقاماتِ خوف میں سے سب سے زیادہ یقین کے ساتھ غالب خوف برے خاتمے کا خوف ہے کیوں کہ یہ معاملہ بہت خطرناک ہے اور سب سے اعلیٰ اور کمال معرفت پر سب سے زیادہ دلالت کرنے والی قسم ازلی فیصلے کا خوف ہے کیونکہ خاتمہ تو اس کے تابع ہے اور یہ (خاتمہ) ایک فرع ہے جو کئی اسباب کے بعد پیدا ہوتا ہے پس خاتمہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے جو قضاء کے سلسلے میں پہلے سے لوح محفوظ میں موجود ہے تو خاتمے سے ڈرنے والا اس شخص کی نسبت سے جو ازلی فیصلے سے ڈرتا ہے ان دو آدمیوں کی طرح ہے جن کے حق میں بادشاہ نے دستخط کر کے دیئے اس بات کا احتمال ہے کہ اس کی گردن زدنی کا حکم ہو اور یہ بھی احتمال ہے کہ اس کو وزارت سونپنے کا حکم دیا ہو۔ اور ابھی تک ان دونوں کے پاس

وہ پروانہ نہیں پہنچا اب جس وقت وہ پروانہ (حکومتی آرڈر) پہنچتا ہے تو ایک سوچتا ہے کہ معلوم نہیں اس میں کیا ہوگا اور دوسرے کے دل میں یہ خیال آتا ہے کہ جب بادشاہ مہر لگا کر دستخط کر رہا تھا تو اس وقت اس کی کیا کیفیت تھی اور معلوم دستخط کرتے وقت میرے لیے بادشاہ کی کونسی حالت ظاہر ہوئی رحمت یا غضب ؟ اور یہ سبب کی طرف توجہ ہے اور یہ فرع کی طرف توجہ کے مقابلے میں اعلیٰ ہے اسی طرح قضائے ازلی جو قلم کے ساتھ جاری ہوئی اس کی طرف توجہ اس کی طرف توجہ سے بہتر ہے جو بعد میں ظاہر ہوتی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی بات کی طرف اشارہ فرمایا جب آپ نے منبر شریف پر خطبہ دیتے ہوئے دائیں ہاتھ کو اٹھا کر کے مٹھی کی صورت بناتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

"یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جس میں تمام جنتیوں کے نام اور ان کے آباؤ اجداد کے نام لکھے ہیں ان میں نہ اضافہ ہوگا اور نہ ہی کمی" پھر بائیں ہتھیلی کو اکٹھا کر کے فرمایا "یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جس میں جہنمیوں اور ان کے آباؤ اجداد کے نام ہیں ان میں کوئی کمی زیادتی نہ ہوگی اور اہل سعادت کو ضرور بضرور بدبخت لوگوں کے اعمال کا علم ہو حتیٰ کہ کہا جائے گا گویا کہ وہ ان میں سے ہیں بلکہ وہ تو وہی ہیں پھر اللہ تعالیٰ ان کو موت سے پہلے بچا لیتا ہے اگرچہ اونٹنی کی دو دھاروں کے درمیان وقفے جتنا وقت ہو اور بدبخت لوگوں کو بھی، نیکبخت لوگوں کے اعمال کا علم ہوگا حتیٰ کہ کہا جائے گا گویا کہ وہ ان میں سے ہیں بلکہ وہ تو وہی ہیں پھر اللہ تعالیٰ ان کو موت سے پہلے نکال لے گا اگرچہ اونٹنی کو دوہتے وقت دو دھاروں کے درمیان جتنا وقت ہو نیکبخت وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے ساتھ نیک بخت ہوا اور بدبخت وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے ذریعے بدبخت ہوا اور اعمال کا اعتبار خاتمے سے ہوتا ہے (۱)

یہ اسی طرح ہے جیسے دو ڈرنے والے ہوں اور ان میں سے ایک اپنے رب کی معصیت اور جرم کی وجہ سے ڈرتا ہے اور دوسرا اللہ تعالیٰ کی ذات سے اس کی صفت وجلال اور ان صفات کی وجہ سے ڈرتا ہے جو لامحالہ ہیبت کا تقاضا کرتی ہیں اور یہ اعلیٰ رتبہ ہے اسی لیے اس کا خوف باقی رہتا ہے اگرچہ وہ صدیقین کی طرح اطاعت کرتا ہو لیکن دوسرا شخص غرور کے میدان میں رہتا ہے اور جو شخص بے خوف ہو اگر وہ ہمیشہ عبادت میں مصروف رہتا ہے تو معصیت سے خوف صالحین کا خوف ہے اور اللہ تعالیٰ سے خوف موحدین صدیقین کا خوف ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی معرفت کا نتیجہ ہے جو شخص اللہ تعالیٰ اور اس کی صفات کو جان لیتا ہے وہ اس کی صفات میں سے اس صفت کو جان لیتا ہے جو اس لائق ہے کہ کسی گناہ کے بغیر بھی اللہ تعالیٰ سے ڈرا جائے بلکہ گناہ گار شخص اگر صحیح طور پر اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کر لے تو وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے گا اس کی نافرمانی سے نہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ کی ذات سے ڈر نہ ہوتا تو وہ اسے گناہ کے لیے مسخر نہ کرتا اور نہ ہی اس کے لیے اس کا راستہ آسان کرتا اور اس کے اسباب تیار کرتا۔ کیوں کہ اسباب گناہ کا آسان کر دینا اپنے آپ سے دور کرنا ہے

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۱۶۷ مرویات عبداللہ بن عمرو۔

حالانکہ اس معصیت سے بھی اس سے کوئی نافرمانی سرزد نہیں ہوئی جس کی وجہ سے وہ اس بات کا مستحق ہوتا کہ اسے گناہ کے لیے قابو کیا جائے اور اس پر اسبابِ معصیت کو جاری کر دیا جائے اور عبادت سے پہلے کوئی وسیلہ نہیں تھا جسے وہ شخص وسیلہ بناتا جس کے لیے عبادات کو آسان کیا گیا اور عبادات کا راستہ اس کے لیے تیار کیا گیا تو گناہ کرنے والے کے لیے گناہ کا فیصلہ کر دیا گیا وہ چاہے یا نہ اسی طرح اطاعت کرنے والے کا مسئلہ ہے تو وہ ذات جس نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اعلیٰ علیین تک بلندی عطا فرمائی حالانکہ آپ کے وجودِ مسعود سے پہلے کوئی وسیلہ نہ تھا اور ابوجہل کے پیدا ہونے سے پہلے اس کے لیے اسفل السافلین رکھ دیا حالاں کہ اس وقت اس کے لیے کوئی وسیلہ نہ تھا وہ ذات اس لائق ہے کہ اس کی صفتِ جلال کی وجہ سے اس سے ڈرا جائے پس جو شخص اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرتا ہے وہ اس لیے اطاعت کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس پر ارادۂ اطاعتِ مسلط کر دیا اور اسے طاقت عطا فرمائی اور پختہ ارادے اور قدرتِ تامہ کے بعد فعل ضروری ہو جاتا ہے اور جس نے نافرمانی کی اس نے اس وجہ سے کی کہ اس پر مضبوط اور پختہ ارادہ مسلط کر دیا گیا اور اس کے پاس اسباب اور قدرت آ گئی اور ارادے اور طاقت کے بعد فعل ضروری ہو گیا۔

تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ وہ کون ہے جس نے اس کا اکرام واجب کیا اور اس پر ارادۂ طاعت کو مسلط کرنے کے ذریعے اسے خاص کر دیا اور وہ کون ہے جس نے اس دوسرے کی ذلت و اہانت کو واجب کیا اور اس پر معصیت کے اسباب مسلط کر کے اس کو دُور کر دیا؟ یہ بات بندے کی طرف کیسے پھیری جا سکتی ہے تو جب یہ بات ازلی فیصلہ کی طرف لوٹتی ہے جب کوئی گناہ اور وسیلہ نہ تھا تو اس سے ڈرنا جو جیسا چاہے فیصلہ کرے اور جو چاہے حکم دے ہر عقلمند پر لازم ہے اور اس معنیٰ کے بعد ایک ایسا راز ہے جس کا افشاء جائز نہیں ہے (۱)

اور اللہ تعالیٰ کی صفات کے حوالے سے خوف کو سمجھنے کے لیے ایک مثال ذکر کی جاتی ہے اس کے بغیر سمجھنا ممکن نہیں اگر شریعت کی اجازت نہ ہوتی تو کوئی بھی صاحبِ بصیرت شخص اس کے ذکر کی جرأت نہ کر سکتا حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی اے داؤد! مجھ سے اس طرح ڈرو جس طرح پھاڑنے والے درندے سے ڈرتے ہو، اس مثال سے تمہیں حاصل معنیٰ کی سمجھ آ جائے گی اگرچہ یہ تمہیں اس کے سبب سے آگاہی نہیں دے سکتی کیوں کہ سبب سے آگاہی تقدیر کے پوشیدہ راز پر آگاہی ہے اور وہ صرف اس کے اہل لوگوں پر منکشف ہوتا ہے۔

---

(۱) حضرت امام غزالی رحمہ اللہ کا اشارہ غالباً اس بات کی طرف ہے کہ تقدیر کے بارے میں بحث جائز نہیں ہے لہٰذا ہمیں صرف اتنی بات یاد رکھنی چاہیے کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ نے عبادت اور گناہ کے سلسلے میں ازل میں فیصلہ فرمایا اس نے ہمیں مجبور نہیں کیا بلکہ ہمیں اختیار دیا گیا اور جو کچھ ہم نے کرنا تھا وہ لکھا یہ نہیں کہ ہمیں پابند کیا گیا ۱۲ ہزاروی

حاصل کلام یہ ہوا کہ درندے سے اس لیے نہیں ڈرتے کہ ہم نے پہلے اس کا کوئی جرم کیا ہے بلکہ اس کی صفت، اس کی پکڑ، اس کے رعب و دبدبہ اور ہیبت وغیرہ کی وجہ سے ڈرتے ہیں اور اس لیے کہ وہ جو کچھ بھی کرتا ہے اس کی پرواہ نہیں کرتا اگر درندہ کسی کو ہلاک کر دے تو اس کے دل میں کوئی نرمی پیدا نہیں ہوتی اور نہ ہی وہ اس قتل پر دکھ محسوس کرتا ہے اور اگر وہ تمہیں چھوڑ دیتا ہے تو تم پر شفقت کرتے ہوئے اور تمہاری روح کو باقی رکھنے کے لیے نہیں چھوڑتا بلکہ تم اس کے نزدیک زیادہ خسیس شمار ہوتے ہو تم زندہ ہو یا مردہ وہ تمہاری طرف توجہ نہیں کرتا بلکہ اس کے نزدیک تمہارے جیسے ایک ہزار افراد کو ہلاک کرنا اور ایک چیونٹی کو قتل کرنا ایک جیسا ہے کیوں کہ اس سے اس کی درندگی میں کوئی عیب پیدا نہیں ہوتا اور نہ ہی اس کی صفت مثلاً طاقت اور دبدبے میں کوئی فرق آتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے لیے اعلیٰ مثال ہے۔

لیکن جو شخص اللہ تعالیٰ کو باطنی مشاہدے کے ساتھ پہچان لیتا ہے اور یہ مشاہدہ زیادہ قوی، زیادہ باوثوق اور ظاہری مشاہدے سے زیادہ روشن ہے تو اسے معلوم ہو جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے اس قول میں سچا ہے کہ یہ لوگ جنت کے لیے ہیں اور مجھے اس کی پرواہ نہیں اور یہ جہنم کی طرف جائیں گے اور مجھے اس بات کی کوئی پرواہ نہیں اور اس کی ہیبت و خوف کے بارے میں اتنا جاننا کافی ہے کہ وہ مستغنی اور بے پرواہ ذات ہے ڈرنے والوں کے دوسرے طبقے کو چاہیے کہ وہ اپنے دل میں اس مکروہ بات کی مثالی شکل رکھیں جیسے موت کی سختیاں، منکر نکیر کے سوالات، عذابِ قبر یا قیامت کا خوف یا اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہونے کی ہیبت، پردہ دری سے حیا چھوٹی چھوٹی باتوں کے بارے میں سوال، پل صراط اور اس کی تیزی کا خوف اس کو عبور کرتے کا خوف جہنم اس کے جوش مارتے اور اس کے ہولناک منظر کا خوف جنت جو نعمتوں کا گھر اور ہمیشہ رہنے والی حکومت ہے، سے محرومی کا خوف درجات کی کمی کا خوف یا اللہ تعالیٰ سے حجاب کا خوف ــــــ

یہ تمام اسباب ذاتی طور پر ناپسند ہوتے ہیں اور یہ بھی لازماً مقاماتِ خوف ہیں اس سلسلے میں بھی خوف کھانے والوں کے حالات مختلف ہیں اور سب سے بڑا مرتبہ فراق اور اللہ تعالیٰ سے حجاب میں ہونے کا خوف ہے اور یہ عارفین کا خوف ہے اور جو کچھ اس سے پہلے ہے وہ عاملین، صالحین، زاہدین اور عام لوگوں کا خوف ہے اور جس شخص کی معرفت کامل نہ ہو اس کے لیے بصیرت نہیں کھلتی، اسے لذتِ وصال کا شعور حاصل نہیں ہوتا اور نہ ہی اسے بُعد و فراق سے پہنچنے والے دکھ کا شعور ہوتا ہے اور جب اس کے سامنے ذکر کیا جائے کہ عارف جہنم سے نہیں ڈرتا وہ تو حجاب سے ڈرتا ہے تو وہ اس بات کو دل سے ناپسند کرتا ہے اور اس پر دل ہی دل میں تعجب کرتا ہے اور ہو سکتا ہے بعض اوقات اللہ تعالیٰ کی زیارت کی لذت کا انکار ہی کر دے اگر شریعت نے اس کو منع نہ کیا ہوتا تو اس کا زبان سے اعتراف کرنا ضرورتِ تقلید کے تحت ہے ورنہ اس کا باطن اس کی تصدیق نہیں کرتا کیوں کہ وہ تو پیٹ شرمگاہ اور آنکھ کی لذت کو ہی جانتا ہے جب وہ طرح طرح کے رنگوں اور خوبصورت چہروں کو دیکھتا ہے۔

خلاصہ یہ ہوا کہ ہر وہ لذت جس میں حیوانات بھی شریک ہوتے ہیں وہ اسی میں شامل ہے۔

لیکن عارفین کو جو لذت حاصل ہوتی ہے اس میں کوئی دوسرا شریک نہیں ہوتا اور جو لوگ اس بات کے اہل نہیں ہیں ان کے سامنے اس بات کی تفصیل اور تشریح بیان کرنا حرام ہے اور جو اہل ہے وہ خود بخود دیکھ لیتا ہے اسے کسی دوسرے کی طرف سے تشریح کی حاجت نہیں ہے۔

یہ اقسام خائفین کے خوف کی طرف لوٹتی ہیں ہم اللہ تعالیٰ کے کرم کے صدقے اس سے توفیق کا سوال کرتے ہیں۔

فصل ۲

فضیلت خوف اور اس کی ترغیب

جاننا چاہیے کہ خوف کی فضیلت بعض اوقات غور و فکر سے معلوم ہوتی ہے اور بعض اوقات آیات و احادیث سے واضح ہوتی ہے۔

جہاں تک قیاس اور غور و فکر کا تعلق ہے تو اس کا راستہ یہ ہے کہ کسی چیز کی فضیلت اسی اندازے کے مطابق ہے جس قدر وہ آخرت میں اللہ تعالیٰ کی ملاقات کی سعادت تک پہنچانے میں بے نیاز کرتی ہے کیوں کہ سعادت کے سوا کوئی مقصود نہیں اور بندے کی سعادت یہی ہے کہ اسے اپنے مولیٰ سے ملاقات اور قرب کا شرف حاصل ہو۔ تو جو عمل اس سعادت پر معاون ہو اس کے لیے فضیلت ہوتی ہے اور فضیلت بقدر غایت ہوتی ہے اور یہ بات ظاہر ہے کہ آخرت میں ملاقات کے ذریعے سعادت تک پہنچنے کے لیے محبت کا حصول نیز دنیا میں اس سے مانوس ہونا ضروری ہے اور محبت کا حصول معرفت کے بغیر نہیں ہوتا اور حصولِ معرفت کے لیے دائمی فکر ضروری ہے اور اُنس کے حصول کے لیے محبت اور دائمی ذکر لازمی ہے اور ذکر و فکر پر مواظبت اسی وقت ہو سکتی ہے جب دل سے دنیا کی محبت منقطع ہو جائے اور اس انقطاع کے لیے لذاتِ دنیا اور خواہشات کا ترک ضروری ہے اور شہوت والے کاموں کو اسی وقت چھوڑنا ممکن ہے جب خواہشات کا قلع قمع کیا جائے اور جس قدر شہوت کا خاتمہ خوف کی آگ سے ہوتا ہے کسی دوسری چیز کے ذریعے نہیں ہوتا پس خوف، شہوات کو جلانے والی آگ ہے اور وہ جس قدر شہوات کو جلاتا ہے اسی قدر اس کی فضیلت ہوتی ہے اسی طرح جس قدر وہ گناہوں سے روکتا اور عبادات کی رغبت پیدا کرتا ہے اسی قدر اس کی فضیلت ہوتی ہے اور یہ خوف کے درجات سے مختلف ہوتی ہے جیسا کہ پہلے بیان ہوا۔ اور خوف میں فضیلت کیوں نہ ہوگی جب کہ اس کے ذریعے عفت، ورع، تقویٰ اور مجاہدہ حاصل ہوتا ہے اور یہ اچھے اور قابل تعریف اعمال ہیں جو اللہ تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ ہیں۔ اور آیات و احادیث کے ذریعے اس کی فضیلت کے بیان کے سلسلے میں یہ بات پیش نظر رہے کہ خوف کی فضیلت میں بے شمار آیات و احادیث آئی ہیں اور خوف کی فضیلت کے سلسلے میں تمہارے لیے اتنی بات کافی ہے کہ خائفین کے لیے اللہ تعالیٰ نے ہدایت، رحمت، علم اور رضوان کو جمع فرمایا اور یہ تمام امور اہل جنت کے مقامات کو جمع کرنے ہیں۔

آیاتِ کریمہ:

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ۔ (۱)

یہ (تورات) ہدایت اور رحمت ہے ان لوگوں کے لیے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں۔

اور ارشاد فرمایا۔

اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا۔ (۲)

بے شک اللہ تعالیٰ سے اس کے بندوں میں سے علماء ہی ڈرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ان کی خشیت وخوف کی وجہ سے ان کو علم سے موصوف فرمایا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:۔

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ۔ (۳)

اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوا اور وہ اس سے راضی ہوئے یہ اس کے لیے ہے جو اپنے رب سے ڈرا۔

تو جو باتیں فضیلت علم پر دلالت کرتی ہیں وہ خوف کی فضیلت پر دلالت کرتی ہیں کیوں کہ خوف، علم کا ثمرہ ہے اسی لیے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خبر میں آیا ہے کہ خائفین کے لیے رفیق اعلیٰ ہے جس میں ان کے ساتھ کوئی شریک نہ ہوگا۔ تو دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ نے رفیق اعلیٰ (اللہ تعالیٰ) کی رفاقت کے سلسلے میں ان کو منفرد رکھا اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ علماء ہیں اور علماء کو انبیاء کرام علیہم کی رفاقت کا مرتبہ حاصل ہے کیوں کہ وہ انبیاء کرام علیہم السلام کے وارث ہیں اور رفیق اعلیٰ کی رفاقت انبیاء کرام علیہم السلام کے وارث ہیں اور رفیق اعلیٰ کی رفاقت انبیاء کرام علیہم السلام کے لیے اور ان لوگوں کے لیے ہے جو ان کے ساتھ ملحق ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مرض الموت میں دنیا میں باقی رہنے اور بارگاہ خداوندی میں حاضری کے درمیان اختیار دیا گیا تو آپ نے فرمایا۔

اَسْأَلُكَ الرَّفِيْقَ الْاَعْلٰى۔ (۴)

یا اللہ! میں تجھ سے رفیق اعلیٰ کا سوال کرتا ہوں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ اعراف آیت ۱۵۴

(۲) قرآن مجید، سورۃ فاطر آیت ۲۸

(۳) قرآن مجید، سورۃ البینہ آیت ۸

(۴) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۶۴ کتاب الرقاق

اب اگر خوف کی بنیاد کو دیکھا جائے تو وہ علم ہے اور اس کے نتیجے کو دیکھیں تو وہ ورع اور تقویٰ ہے اور ان دونوں باتوں کی فضیلت کے سلسلے میں جو کچھ آیا ہے وہ پوشیدہ نہیں ہے حتیٰ کہ عاقبت، تقویٰ کے ساتھ مختص کر دی گئی۔

جیسا کہ حمد اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور صلوٰۃ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص ہے حتیٰ کہ کہا جاتا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ وَالصَّلٰوةُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اور عافیت (اچھا انجام) پرہیزگار لوگوں کے لیے اور صلوٰۃ (رحمت) ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی تمام آل پر ہو۔

اور اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کو اپنے ساتھ خاص کیا (یعنی قبولیت کے اعتبار سے)

ارشاد خداوندی ہے۔

لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَاؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ۔ (۱)

اللہ تعالیٰ تک ان قربانیوں کا گوشت اور خون ہرگز نہیں پہنچتا بلکہ اس تک تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے۔

اور تقویٰ ان چیزوں سے رکنے کا نام ہے جو خوف کا مقتضیٰ ہیں۔

اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقَاكُمْ۔ (۲)

بے شک تم میں سے زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔

اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اولین و آخرین کو تقویٰ کا حکم دیا ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ۔ (۳)

اور بے شک ہم نے ان لوگوں کو جو تم سے پہلے گزر گئے اور تمہیں (بھی) حکم دیا کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۔ (۴)

اور مجھ سے ڈرو اگر تم مومن ہو۔

تو اللہ تعالیٰ نے خوف کا حکم دیا اور اسے واجب قرار دیا بلکہ ایمان میں شرط قرار دیا اسی لیے یہ تصور نہیں ہو سکتا کہ کوئی مومن خوف سے خالی ہو اگرچہ کتنا ہی کمزور ہو اور خوف کا ضعف ایمان و معرفت کی کمزوری کے مطابق ہوتا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ حج آیت ۳۷

(۲) قرآن مجید، سورۂ حجرات آیت ۱۳

(۳) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۱۳۱

(۴) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۷۵

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تقویٰ کی فضیلت کے بارے میں بیان فرمایا۔
جب معلوم دن (قیامت کے دن) اللہ تعالیٰ پہلوں اور پچھلوں کو جمع کرے گا تو اس وقت ان کو ایک آواز آئے گی جسے ان کے دور والے بھی اسی طرح سنیں گے جس طرح قریب والے سنیں گے اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے لوگو! میں نے جب سے تمہیں پیدا کیا اس دن سے آج تک میں تمہاری باتیں سنتا رہا آج تم میری بات غور سے سنو یہ تمہارے اعمال تمہاری طرف لوٹائے جا رہے ہیں اے لوگو! ایک نسب میں نے بنایا اور ایک نسب تم نے قرار دیا تم نے میرے نسب کو پست کیا اور اپنے نسب کو بلند کیا میں نے کہا تم میں سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے اور تم نے انکار کیا تم نے کہا فلاں، فلاں شخص سے زیادہ غنی ہے آج میں تمہارے نسب کو پست اور اپنے نسب کو بلند کروں گا متقی لوگ کہاں ہیں؟ تو ایک قوم کے لیے جھنڈا بلند کیا جائے گا تو لوگ اپنے جھنڈے کے پیچھے چل کر اپنی منازل تک جائیں گے اور کسی حساب کے بغیر جنت میں جائیں گے (۱)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔
رَأْسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللهِ۔ (۲) حکمت کی اصل اللہ تعالیٰ کا خوف ہے۔

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔
اِنْ اَرَدْتَ اَنْ تَلْقَانِيْ فَاَكْثِرْ مِنَ الْخَوْفِ بَعْدِيْ۔ (۳) اگر تم مجھ سے ملنا چاہتے ہو تو میرے بعد خوف زیادہ رکھنا۔

حضرت فضیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے تو یہ خوف ہر بھلائی کی طرف اس کی راہنمائی کرتا ہے۔
حضرت شبلی رحمہ اللہ نے فرمایا میں جس دن اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں اسی دن حکمت و عبرت کا ایسا دروازہ دیکھتا ہوں جو پہلے کبھی نہیں دیکھا۔
حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص کوئی برائی کرتا ہے اسے دو اچھائیاں ملتی ہیں ایک عذاب کا خوف اور دوسری معافی کی امید جیسا کوئی لومڑی دو شیروں کے درمیان ہوتی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے متعلق حدیث میں ہے کہ جہاں تک ورع والوں (پرہیزگاروں) کا تعلق ہے تو ہر شخص سے حساب ہوگا اور جو کچھ اس کے پاس ہے اس کی چھان بین ہوگی سوائے اہل ورع کے، کیوں کہ مجھے ان سے حیا آتا ہے اور ان کی اجل یہ ہے کہ میں ان کو حساب کے لیے کھڑا کروں۔

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد ۲ ص ۴۶۲ کتاب التفسیر
(۲) شعب الایمان جلد اول ص ۴۷۰ حدیث ۴۳۷
(۳)

ورع اور تقویٰ ایسے نام ہیں جو ان معانی سے مشتق ہیں جن کے لیے خوف شرط ہے اگر تم خوف سے خالی ہو تو تم ان ناموں کے ساتھ موسوم نہیں ہو سکتے۔ اسی طرح فضائلِ ذکر بھی مخفی نہیں ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اسے خائفین کے ساتھ خاص کیا۔

ارشاد خداوندی ہے۔

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَخْشَىٰ۔ (۱)

پس نصیحت وہ مانے گا جو ڈرتا ہے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ۔ (۲)

اور جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرتا ہے اس کے لیے دو جنت ہیں۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

لَا اَجْمَعُ عَلٰى عَبْدِىْ خَوْفَيْنِ وَلَا اَجْمَعُ لَهٗ اَمْنَيْنِ فَاِنْ اَمِنَنِىْ فِى الدُّنْيَا اَخَفْتُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاِنْ خَافَنِىْ فِى الدُّنْيَا اٰمَنْتُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (۳)

مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم ہے میں اپنے بندے پر دو خوف جمع نہیں کروں گا اور نہ اس کے لیے دو امن جمع کروں گا اگر وہ دنیا میں مجھ سے خوف رہے تو میں قیامت کے دن اسے خوف میں مبتلا کروں گا اور اگر وہ دنیا میں مجھ سے ڈرتا ہے تو میں قیامت کے دن اسے امن میں رکھوں گا۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ خَافَ اللّٰهَ خَافَهٗ كُلُّ شَيْءٍ وَمَنْ خَافَ غَيْرَ اللّٰهِ خَوَّفَهُ اللّٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ (۴)

جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے ہر چیز اس سے ڈرتی ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے غیر سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے ہر چیز سے خوف زدہ کرتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَتَمُّكُمْ عَقْلًا اَشَدُّكُمْ خَوْفًا لِلّٰهِ وَاَحْسَنُكُمْ فِيْمَا اَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِهٖ وَنَهٰى عَنْهُ نَظَرًا۔ (۵)

تم میں سے سب سے زیادہ کامل عقل والا وہ ہے جو اللہ تعالیٰ سے سب سے زیادہ ڈرتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ کے اوامر و نواہی میں غور کرتا ہے وہ تم سب سے اچھا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الاعلیٰ آیت ۱۰

(۲) قرآن مجید، سورۃ رحمٰن آیت ۴۶

(۳) شعب الایمان جلد اول ص ۴۸۳ حدیث ۷۷۷

(۴) کنز العمال جلد ۳ ص ۱۴۱ حدیث ۵۹۱۵

حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ فرماتے مسکین انسان اگر جہنم سے اسی طرح ڈرے جس طرح فقر سے ڈرتا ہے تو جنت میں داخل ہو۔

حضرت ذوالنون رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اس کا دل پگھل جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے لیے اس کی محبت مضبوط ہو جاتی ہے نیز اس کے لیے اسکی عقل صحیح ہو جاتی ہے۔

حضرت ذوالنون رحمہ اللہ نے ہی فرمایا کہ خوف کا امید کے مقابلے میں زیادہ بلیغ ہونا مناسب ہے کیوں کہ جب امید غالب ہو تو دل میں تشویش پیدا ہوتی ہے۔

حضرت ابوالحسن الضریر (نابینا) رحمہ اللہ فرماتے تھے نیک بختی کی علامت بدبختی سے ڈرنا ہے کیوں کہ خوف اللہ تعالےٰ اور بندے کے درمیان ایک لگام ہے جب اس کی لگام ٹوٹ جائے تو وہ ہلاک ہونے والوں کے ساتھ ہلاک ہو جاتا ہے۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ کل (بروز قیامت) مخلوق میں سے کون زیادہ بے خوف ہوگا؟ انہوں نے فرمایا جو آج زیادہ ڈرتا ہے حضرت سہل رحمہ اللہ فرماتے ہیں تم اس وقت تک خوف تک رسائی حاصل نہیں کر سکتے جب تک حلال نہ کھاؤ۔ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے پوچھا گیا اے ابوسعید! ہم کیا کریں ہم کچھ لوگوں کے ساتھ بیٹھتے ہیں جو ہمیں ڈراتے ہیں حتیٰ کہ ہمارے دل اڑنے کے قریب ہو جاتے ہیں انہوں نے فرمایا اللہ کی قسم اگر تم ایسے لوگوں کے ساتھ مل جاؤ جو تمہیں ڈراتے ہیں حتیٰ کہ تمہیں امن حاصل ہو جائے تو یہ بات تمہارے لیے اس بات سے بہتر ہے کہ تم ایسے لوگوں کی صحبت اختیار کرو جو تمہیں بے خوفی کی راہ دکھاتے ہیں حتیٰ کہ تمہیں خوف آ پکڑے۔

حضرت سلیمان دارانی رحمہ اللہ نے فرمایا جس دل سے خوف دور ہو جاتا ہے وہ خراب (ویران) ہو جاتا ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس آیت سے چور اور زانی مراد ہیں۔

ارشاد خداوندی ہے :۔

اَلَّذِیْنَ یُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ۔ (۱) — اور وہ جو دیتے ہیں جو کچھ دیں اور ان کے دل ڈر رہے ہوتے ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا بَلِ الرَّجُلُ یَصُوْمُ وَیُصَلِّیْ وَیَتَصَدَّقُ وَیَخَافُ اَنْ لَّا یُقْبَلَ مِنْهُ۔ (۲) — نہیں، بلکہ وہ شخص مراد ہے جو روزہ رکھتا، نماز پڑھتا اور صدقہ کرتا ہے اور اسے ڈر ہو کہ اس سے (یہ عبادت) قبول نہ ہو۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ مومنون آیت ۶۰

(۲) جامع ترمذی ص ۵۵۴، ابواب التفسیر

اور اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر اور عذاب سے امن کے بارے میں وارد دلیلات بے شمار ہیں اور یہ سب خوف کی تعریف ہے کیوں کہ کسی چیز کی مذمت اس کی ضد کی تعریف ہے جو اس کی نفی کرتی ہے اور خوف کی ضد امن ہے جیسے امید کی ضد مایوسی ہے اور جس طرح مایوسی کی مذمت، امید کی فضیلت پر دلالت کرتی ہے اسی طرح بے خوفی کی مذمت، خوف کی فضیلت پر دلالت کرتی ہے جو اس کی ضد ہے بلکہ ہم کہتے ہیں کہ جو کچھ امید کی فضیلت میں وارد ہے وہ فضیلتِ خوف کی دلیل ہے کیوں کہ یہ دونوں ایک دوسرے کو لازم ہیں اس لیے کہ جو شخص کسی محبوب چیز کی امید رکھتا ہے ضروری ہے کہ وہ اس کے فوت ہونے سے ڈرے اور اگر اسے اس کے فوت ہونے کا خوف نہ ہو تو وہ اس سے محبت ہی نہیں کرتا پس وہ اس کے انتظار کی وجہ سے امید وار نہیں کہلا سکتا۔

تو خوف اور امید لازم و ملزوم ہیں ایک دوسرے سے ان کی جدائی محال ہے ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ دونوں کے جمع ہونے کی صورت میں ایک، دوسرے پر غالب ہو اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ دل ان میں سے ایک میں مشغول ہو اور فی الحال دوسرے کی طرف متوجہ نہ ہو کیوں کہ اس سے غافل ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ امید اور خوف کی ایک شرط یہ ہے کہ ان دونوں کا تعلق اس چیز کے ساتھ ہوتا ہے جس میں شک ہو کیونکہ جو چیز یقینی ہو اس کی نہ تو امید ہوتی ہے اور نہ ہی خوف۔ پس وہ محبوب جس کے وجود کا امکان ہو اس کا عدم بھی لامحالہ جائز ہوتا ہے پس اس کے وجود کی تقدیر دل کو راحت پہنچاتی ہے اور یہی امید ہے اور اس کے عدم کی تقدیر دل کو پریشان کرتی ہے اور اسی کو خوف کہتے ہیں اور جب وہ بات جس کا انتظار کیا جاتا ہے مشکوک ہو تو دونوں تقدیریں لازماً ایک دوسرے کے مقابلے میں ہوتی ہیں ہاں شک کی دو طرفوں میں سے ایک بعض اوقات بعض اسباب کی موجودگی کے باعث راجح ہوتی ہے اور اسے ظن کہتے ہیں اور یہ بات، ایک کے دوسرے پر غلبہ کا سبب ہوتی ہے اور جب وجودِ محبوب کا غالب گمان ہو تو امید قوی ہو جاتی ہے اور اس کے مقابلے میں خوف پوشیدہ ہوتا ہے اور اسی طرح اس کے برعکس بھی ہوتا ہے اور دونوں صورتوں میں یہ دونوں ایک دوسرے کو لازم و ملزوم ہیں اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا۔ (۱) — اور وہ ہمیں رغبت اور خوف کے ساتھ پکارتے ہیں۔

اور ارشاد فرمایا۔

يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا۔ (۲) — وہ اپنے رب کو خوف اور طمع کے ساتھ پکارتے ہیں۔

اسی لیے اہل عرب خوف کو رجاء سے تعبیر کرتے ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ انبیاء آیت ۹۰

(۲) قرآن مجید، سورۂ سجدہ آیت ۱۶

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا۔ (۱)

تمہیں کیا ہو گیا کہ تم اللہ تعالیٰ کے سامنے عزت حاصل کرنے کی آرزو نہیں کرتے۔

یعنی تم کیوں نہیں ڈرتے اور قرآن پاک میں بے شمار مقامات پر رجاء خوف کے معنی میں آیا ہے کیوں کہ یہ دونوں ایک دوسرے کو لازم ہیں اس لیے کہ عربوں کی عادت ہے کہ وہ کسی چیز کی تعبیر اس کے لازم سے کرتے ہیں۔

بلکہ میں کہتا ہوں کہ جو کچھ خشیت الٰہی کی وجہ سے رونے کی فضیلت کے سلسلے میں آیا ہے وہ خشیت کی فضیلت کا اظہار ہے کیوں کہ رونا خشیت کا نتیجہ ہے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا۔ (۲)

پس چاہیے کہ وہ تھوڑا ہنسیں اور زیادہ روئیں۔

اور ارشاد خداوندی ہے،

يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا۔ (۳)

وہ روتے ہیں اور ان کا خشوع بڑھتا ہے۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ وَاَنْتُمْ سَامِدُوْنَ۔ (۴)

تو کیا تم اس بات پر تعجب کرتے ہو اور ہنستے ہو اور روتے نہیں حالاں کہ تم غفلت میں پڑے ہوئے ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

وَمَا مِنْ عَبْدٍ مُؤْمِنٍ تَخْرُجُ مِنْ عَيْنَيْهِ دُمْعَةٌ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ رَأْسِ الذُّبَابِ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى ثُمَّ تُصِيْبُ شَيْئًا مِنْ حَرِّ وَجْهِهٖ اِلَّا حَرَّمَهُ اللّٰهُ۔ (۵)

جس مومن کی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کے خوف سے آنسو نکلتا ہے اگرچہ مکھی کے سر کے برابر ہو پھر اسے اس کے چہرے کی گرمی کی وجہ سے کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو اللہ تعالیٰ اسے جہنم پر حرام کر دیتا ہے۔

اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نوح آیت ۱۳

(۲) قرآن مجید، سورۂ توبہ آیت ۸۲

(۳) قرآن مجید، سورۂ اسرا آیت ۱۰۹

(۴) قرآن مجید، سورۃ النجم آیت ۵۹

(۵) شعب الایمان جلد اوّل ص ۴۹۱ حدیث ۸۰۲

إِذَا اقْشَعَرَّ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ تَحَاتَّتْ عَنْهُ خَطَايَاهُ كَمَا يَتَحَاتُّ مِنَ الشَّجَرَةِ وَرَقُهَا (۱)

جب مومن کا دل اللہ تعالیٰ کے خوف سے لرزتا ہے تو اس سے خطائیں جھڑ جاتی ہیں جس طرح درخت سے اس کے پتے جھڑتے ہیں۔

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لَا يَلِجُ النَّارَ اَحَدٌ بَكَى مِنْ خَشْيَةِ اللهِ تَعَالَى حَتّٰى يَعُوْدَ اللَّبَنُ فِي الضَّرْعِ۔ (۲)

جو شخص اللہ تعالیٰ کے خوف سے روتا ہے وہ ہرگز جہنم میں داخل نہیں ہوگا حتیٰ کہ دودھ (جانور کے) تھن میں واپس آجائے۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) نجات کیا ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا۔

اَمْسِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ وَابْكِ عَلٰى خَطِيْئَتِكَ۔ (۳)

اپنی زبان کو روک رکھو، تمہارا گھر تمہیں کفایت کرے (بلا ضرورت باہر نہ جاؤ) اور اپنے گناہوں پر روؤ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا آپ کی امت میں سے کوئی شخص بغیر حساب کے جنت میں جائے گا؟ آپ نے فرمایا۔

نَعَمْ مَنْ ذَكَرَ ذُنُوْبَهُ فَبَكٰى۔ (۴)

ہاں جو شخص اپنے گناہوں کو یاد کر کے روئے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَا مِنْ قَطْرَةٍ اَحَبُّ اِلَى اللهِ تَعَالٰى مِنْ قَطْرَةِ دَمْعٍ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ تَعَالٰى اَوْ قَطْرَةِ دَمٍ اُهْرِيْقَتْ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى۔ (۵)

اللہ تعالیٰ کو اس قطرے سے بڑھ کر کوئی قطرہ پسند نہیں جو اللہ تعالیٰ کے خوف سے بہتا ہے یا خون کا وہ قطرہ جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں بہایا جاتا ہے۔

اور آپ نے یوں دعا مانگی ہے

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ عَيْنَيْنِ هَطَّالَتَيْنِ تَشْفِيَانِ

یا اللہ! مجھے ایسی دو آنکھیں عطا فرما جو کثرت سے پانی

---

(۱) شعب الایمان جلد اول ص ۴۹۱ حدیث ۸۰۲

(۲) الترغیب والترہیب جلد ۲ ص ۲۷۱ کتاب الجہاد

(۳) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۲۳۲ کتاب التوبہ

(۴)

(۵) المصنف لابن ابی شیبہ جلد ۱۲ ص ۲۷۱ حدیث ۱۶۲۵۶

يُذْرُوْنِ الدَّمْعَ قَبْلَكَ اَنْ تَصِيْرَا الدَّمُوْعُ دَمًا وَالْاَضْرَاسُ جَمْرًا۔ (۱)

بہاتی ہوں اور آنسو گرانے سے تسکین دیں اس سے پہلے کہ آنسو، خون بن جائیں اور داڑھیں، انگاروں میں بدل جائیں۔

اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

جس دن اللہ تعالیٰ کے سائے کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا سات آدمی اس کے سائے میں ہوں گے، اور ان میں اس شخص کا بھی ذکر فرمایا جو علیحدگی میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے تو اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوتے ہیں (۲)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جو شخص رو سکتا ہو وہ روئے اور جو رو نہ سکتا ہو وہ بتکلف روئے ——— اور حضرت محمد بن منکدر رحمہ اللہ جب روتے تو اپنے چہرے اور داڑھی سے آنسو صاف کرتے اور فرماتے مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ آگ اس جگہ تک نہیں پہنچتی جس پر آنسو گرے ہوں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں روؤ اگر رونا نہیں آتا تو بتکلف روؤ پس اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر تم میں سے کوئی ایک جانتا تو وہ چلاتا حتیٰ کہ اس کی آواز ٹوٹ جاتی اور نماز پڑھتا حتیٰ کہ اس کی پیٹھ ٹوٹ جاتی۔

حضرت ابوسلیمان دارانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جس آنکھ آنسوؤں سے ڈبڈبائے گی اس آنکھ والے کے چہرے پر قیامت کے دن غبار اور ذلت نہیں چڑھے گی اگر اس کے آنسو جاری ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ ان کے پہلے قطرے کے ساتھ آگ کے کئی سمندر دل کو بجھا دیتا ہے اور جس امت میں کوئی شخص (خوف خدا سے) روتا ہے اس امت کو عذاب نہیں ہوتا۔

حضرت ابوسلیمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں رونا، خوف سے اور امید اور خوشی سے جو مناشوق کی وجہ سے ہوتا ہے —— حضرت کعب احبار رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر میں اللہ تعالیٰ کے خوف سے روؤں حتیٰ کہ میرے آنسو میرے رخساروں پر جاری ہوں تو یہ بات مجھے اس بات سے زیادہ پسند ہے کہ میں سونے کا ایک پہاڑ صدقہ کروں۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے خوف سے ایک آنسو کا بہنا میرے نزدیک ایک ہزار دینار صدقہ کرنے سے زیادہ پسند ہے۔

حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے تو آپ نے ہمیں ایک وعظ فرمایا جس سے دل نرم ہو گئے، آنسو بہنے لگے اور ہم نے اپنے نفسوں کو پہچان لیا پھر میں اپنے گھر کی طرف لوٹا اور میری بیوی میرے قریب ہوئی اور ہمارے درمیان دنیوی گفتگو ہونے لگی تو ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جس صورت پر تھے اسے بھول گئے اور دنیا میں مشغول ہو گئے پھر مجھے وہ بات یاد آئی میں نے دل میں کہا میں تو منافق ہو گیا کیوں کہ جو خوف

---

(۱) حلیۃ الاولیاء جلد ۲ ص ۱۹۶، ۱۹۷ ترجمہ ۱۷۷

اور رقت میرے اندر تھی وہ بدل گئی میں باہر نکلا اور پکارنے لگا کہ حنظلہ منافق ہو گیا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سامنے سے تشریف لائے اور فرمایا ہرگز نہیں حنظلہ منافق نہیں ہوا پھر میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں کہہ رہا تھا کہ حنظلہ منافق ہو گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہرگز نہیں حنظلہ منافق نہیں ہوا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم آپ کے پاس تھے آپ نے ایک ایسا وعظ فرمایا جس سے دل دہل گئے، آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اور ہم نے اپنے آپ کو پہچان لیا پھر میں اپنے گھر والوں کی طرف لوٹا اور ہم دنیوی باتوں میں مشغول ہو گئے اور آپ کے ہاں جو حالت پیدا ہوتی تھی میں اسے بھول گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے حنظلہ! اگر تم ہمیشہ اسی حالت پر رہتے تو فرشتے راستوں میں اور تمہارے بچھونے پر تم سے مصافحہ کرتے لیکن اے حنظلہ! وقت وقت کی بات ہوتی ہے (۱)

تو نتیجہ یہ ہوا کہ جو کچھ امید اور رونے کی فضیلت، تقویٰ اور ورع کی فضیلت علم کی فضیلت اور بے خوفی کی مذمت کے بارے میں آیا ہے وہ خوف کی فضیلت پر دلالت ہے کیوں کہ یہ سب کچھ خوف سے متعلق ہے چاہے سبب کا تعلق ہو یا مسبب کا۔

فصل ۵

غلبۂ خوف افضل ہے یا غلبۂ رجاء یا اعتدال

جان لو! خوف اور امید کے بارے میں بے شمار روایات آئی ہیں بعض اوقات کوئی شخص ان دونوں کو دیکھتا ہے تو اسے شک ہو جاتا ہے کہ ان دونوں میں سے کیا افضل ہے اور کسی قائل کا یہ قول کہ خوف افضل ہے یا امید، ایک فاسد سوال ہے یہ کسی شخص کی اس بات کی طرح ہے کہ روٹی افضل ہے یا پانی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ بھوکے کے لیے روٹی افضل ہے اور پیاسے کے لیے پانی افضل ہے اور اگر پیاس غالب ہو تو پانی افضل ہے اور اگر دونوں برابر ہوں تو روٹی اور پانی دونوں مساوی ہوں گے اس لیے کہ جو چیز کسی مقصود کے لیے مراد ہو تو اس کی فضیلت مقصود کی طرف اضافت کے اعتبار سے ہوتی ہے ذاتی طور پر نہیں اور خوف و امید دو دوائیں ہیں جن کے ساتھ دلوں کا علاج کیا جاتا ہے لہٰذا ان کی فضیلت اس بیماری کے اعتبار سے ہو گی جو موجود ہے اگر دل پر اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے بے خوفی اور غرور کی بیماری غالب ہو تو خوف افضل ہے اور اگر اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامیدی غالب ہو تو امید افضل ہے اسی طرح اگر بندے پر گناہ غالب ہو تو خوف افضل ہے۔

یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ مطلقاً خوف افضل ہے جس اعتبار سے یہ کہا جاتا ہے کہ روٹی، سکنجبین سے افضل ہے کیوں کہ روٹی کے ساتھ بھوک کی بیماری کا علاج کیا جاتا ہے اور سکنجبین کے ساتھ صفراء کی بیماری کا علاج کرتے ہیں اور بھوک کی بیماری زیادہ بھی ہے اور غالب بھی لہٰذا روٹی کی ضرورت زیادہ ہوتی ہے پس وہ افضل ہے اس اعتبار سے غلبۂ خوف افضل ہے کیوں کہ گناہ اور مخلوق سے دھوکے میں ہونا زیادہ پایا جاتا ہے۔

اور اگر ان کے منبع کو دیکھا جائے تو امید افضل ہے کیوں کہ اسے بحر رحمت سے سیراب کیا جاتا ہے اور خوف غضب

کے سمندر سے سیراب ہوتا ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی ان صفات کی طرف نظر کرتا ہے جو لطف و رحمت کو چاہتی ہیں تو اس پر محبت غالب ہوتی ہے اور محبت سے اوپر کوئی مقام نہیں جہاں تک خوف کا تعلق ہے تو اس کی نسبت ان صفات کی طرف ہوتی ہے جو نفرت کو چاہتی ہیں تو محبت جس طرح امید سے ملتی ہے اس سے نہیں ملتی۔

خلاصہ یہ ہوا کہ جو چیز کسی غیر کے لیے مراد ہوتی ہے اس کے لیے لفظ اصلح (زیادہ صلاحیت والا) استعمال کرنا مناسب ہے لفظ افضل نہیں، پس ہم کہتے ہیں کہ اکثر لوگوں کے لیے امید کے مقابلے میں خوف زیادہ صلاحیت رکھتا ہے کیوں کہ گناہوں کا غلبہ ہے لیکن متقی شخص جس نے ظاہری اور باطنی پوشیدہ اور واضح گناہ ترک کر دیئے تو زیادہ صحیح بات یہ ہے کہ اس کا خوف اور امید اعتدال پر ہوں اسی لیے کہا گیا ہے کہ اگر مومن کے خوف اور امید کا وزن کیا جائے تو دونوں برابر ہوں گے۔

مروی ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اپنے کسی صاحبزادے سے فرمایا اے میرے بیٹے! اللہ تعالیٰ سے اس طرح خوف کھاؤ کہ تمہارے خیال میں اگر تم تمام زمین والوں کی نیکیاں بھی اس کے پاس لاؤ تو وہ تم سے ان کو قبول نہ کرے اور اللہ تعالیٰ سے امید اس طرح رکھو کہ تم سمجھو اگر تمام اہل زمین کی برائیاں بھی اس کے پاس لاؤ تو وہ تمہیں بخش دے گا۔

اسی لیے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر آواز دی جائے کہ ایک آدمی کے سوا سب لوگ جہنم میں داخل ہو جائیں تو مجھے امید ہے کہ وہ آدمی میں ہوں گا اور اگر آواز دی جائے کہ ایک آدمی کے علاوہ سب لوگ جنت میں چلے جائیں تو مجھے ڈر ہے کہ کہیں وہ ایک شخص میں نہ ہوں — یہ انتہائی درجہ کے خوف اور امید سے عبارت ہے اس میں اعتدال بھی اور غلبے میں بھی دونوں برابر ہیں لیکن ان کے درمیان مساوات کے طریقے پر (ہوتا ہے)

تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جیسے لوگوں کے خوف اور امید کا مساوی ہونا مناسب ہے لیکن جب کوئی گناہ گار شخص یہ گمان کرے کہ جہنم میں داخلے کے حکم سے اسے مستثنیٰ قرار دیا گیا تو یہ اس کے دھوکے کی دلیل ہے۔

سوال:

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جیسے لوگوں کا خوف اور امید ایک جیسا نہیں ہونا چاہیئے بلکہ مناسب یہ ہے کہ ان کی امید غالب ہو جیسا کہ امید کے بیان کے آغاز میں گزر چکا ہے اور امید کی قوت اس کے اسباب کے اعتبار سے ہونا مناسب ہے جیسے کھیتی اور بیج کی مثال ہے اور یہ بات معلوم ہے کہ جو شخص اچھی زمین میں صحیح بیج ڈالتا ہے اور اسے مسلسل تیار کرتا ہے اور زراعت کی تمام شرائط کو پورا کرتا ہے اس کے دل میں فصل حاصل کرنے کی امید غالب ہوتی ہے اور اس کا خوف، اس کی اس کی امید کے مساوی نہیں ہوتا تو متقی لوگوں کے احوال کا اسی طرح ہونا مناسب ہے۔

جواب جان لو! جو شخص معارف کو الفاظ اور مثالوں کے ذریعے حاصل کرتا ہے وہ زیادہ پھسلتا ہے اگر ہم اس کی مثال پیش کریں تو وہ ہمارے زیر بحث مسئلہ کی طرح کسی صورت میں نہیں ہوگا۔ کیوں کہ غلبۂ امید کا سبب وہ علم ہے جو تجربہ سے حاصل ہوتا ہے کیوں کہ اس نے تجربہ سے زمین کا صحیح اور صاف ہونا، بیج کی صحت، ہوا کا صحیح ہونا اس زمین میں اور اس کے

علاوہ ہلاک کرنے والی بجلیوں کو جان لیا ہمارے اس مسئلہ کی مثال میں ایک ایسا بیج ہے جس کی جنس کا تجربہ نہیں ہوا وہ عجیب و غریب زمین میں ڈالا گیا کاشتکار نے اس زمین کی دیکھ بھال نہیں کی اور نہ ہی اسے آزمایا۔ اور یہ ان شہروں میں ہے جن کے بارے میں معلوم نہیں ہوتا کہ اس میں گرج زیادہ ہوگی یا نہیں تو اس کاشتکار کی مثال یہ ہے کہ اگرچہ اس نے انتہائی بھرپور کوشش کی اور جو کچھ اس کے بس میں تھا اسے عمل میں لایا تو اس کی امید، خوف پر غالب نہیں ہوتی اور ہمارے اس مسئلہ میں بیج، ایمان ہے اور اس کے صحیح ہونے کی شرائط نہایت دقیق ہیں زمین دل ہے اس کی پوشیدہ کاخباثتیں اور صفات یعنی شرک خفی، منافقت ریاکاری اور پوشیدہ عادتیں بہت دقیق ہیں اور اس زمین کی آفات خواہشات ہیں اور دنیا کی زیبائش اور دل کا مستقبل میں اس کی طرف متوجہ ہو جانا ہے اگرچہ سر دست نہ ہو۔ اور یہ ان باتوں میں سے ہے جن کی تحقیق نہیں ہو سکتی اور نہ ہی تجربہ سے ان کی پہچان ہوتی ہے اس لیے کہ بعض اوقات ایسے اسباب پیش آتے ہیں جن کی مخالفت انسانی طاقت سے باہر ہے اور اس قسم کے امور کا تجربہ نہیں ہو سکتا اور بجلیاں نیز سکراتِ موت کی ہولناکی اور اس وقت اعتقاد کا مضطرب ہونا ہے اور یہ ان امور میں سے ہے جو تجربات کے تحت نہیں آتے پھر اسے کاٹنا اور حاصل کرنا قیامت سے جنت کی طرف جانا ہے اور یہ بات بھی تجربے سے باہر ہے۔

پس جو شخص ان امور کے حقائق کو پہچان لیتا ہے پس اگر اس کا دل کمزور ہو اور وہ فی نفسہٖ بزدل ہو تو لامحالہ اس کا خوف، امید پر غالب آتا ہے جیسے عنقریب ڈرنے والے صحابہ کرام اور تابعین عظام رضی اللہ عنہم کے احوال میں بیان ہوگا اور اگر اس کا دل مضبوط اور پکا ہو معرفت کمل ہو تو اس کا خوف اور امید برابر ہوتے ہیں امید غالب نہیں ہوتی۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اپنے دل کی تفتیش میں مبالغہ کرتے تھے حتیٰ کہ آپ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے پوچھتے کہ کیا وہ ان کے دل میں منافقت کی کوئی علامت دیکھتے ہیں کیوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو منافقین کو پہچاننے کے ساتھ خاص کیا تھا (۱)

تو کون شخص ہے جو اپنے دل کو منافقت کے خفیہ امور اور شرکِ خفی سے پاک کرنے پر قادر ہو اور اگر اس کا اعتقاد ہو کہ اس کا دل پاک ہو چکا ہے تو حال دل کے تغیر کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے کیسے بے خوف ہوگا۔ اور یہ کہ اللہ تعالیٰ سے اس کے عیب مخفی ہیں اور اس بات کا بھی یقین ہو تو اس بات کا یقین کہاں سے آئے گا کہ حُسنِ خاتمہ تک وہ اسی طرح باقی رہے گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ اَهْلِ الْجَنَّةِ   بے شک ایک شخص پچاس سال تک جنتیوں والے اعمال کرتا ہے

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۶۲ کتاب صفات المنافقین۔

خَمْسِيْنَ سَنَةً حَتّٰى لَا يَبْقٰى بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ اِلَّا شِبْرٌ وَفِي رِوَايَةٍ اِلَّا قَدْرُ فُوَاقِ نَاقَةٍ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيُخْتَمُ لَهٗ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ۔ (۱)

حتیٰ کہ اس کے اور جنت کے درمیان ایک بالشت کا فاصلہ رہ جاتا ہے (اور ایک روایت میں ہے) مگر اونٹنی کی دو دہاروں کے درمیان والی مقدار باقی رہ جاتی ہے کہ اس پر تقدیر غالب آتی ہے تو اس کا خاتمہ جہنمیوں والے کام پر ہوتا ہے۔

اور اونٹنی کے دودھ دوہنے کی مقدار اعضاء کے عمل کا احتمال نہیں رکھتی وہ موت کے وقت دل میں پیدا ہونے والے کھٹکے کی مقدار ہے پس وہ برے خاتمہ کا تقاضا کرتی ہے تو وہ کس طرح بے خوف ہوگا۔

تو مومن کی انتہائی غرض وغایت یہی ہے کہ اس کا خوف اور امید اعتدال پر ہوں عام لوگوں میں امید کا غلبہ اس لیے ہوتا ہے کہ وہ دھوکہ کھا جاتے ہیں اور ان کو معرفت کم حاصل ہوتی ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ان دونوں باتوں کو ان لوگوں کے وصف میں جمع کیا جن کی تعریف کی گئی۔

ارشاد خداوندی ہے:

يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا (۲)

وہ اپنے رب کو خوف اور طمع دونوں کے ساتھ پکارتے ہیں۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا۔ (۳)

اور وہ ہمیں رغبت اور خوف دونوں کے ساتھ پکارتے ہیں۔

اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جیسا شخص کہاں ہے؟۔

پس اس زمانے میں جتنے لوگ موجود ہیں ان کے لیے زیادہ بہتر غلبۂ خوف ہے لیکن شرط یہ ہے کہ وہ (خوف) ان کو ناامیدی ترک عمل اور مغفرت کی طمع ختم کرنے کی طرف نہ لے جائے پس یہ عمل سے سستی کا سبب بن جائے گا۔ اور گناہوں میں انہماک کی دعوت دے گا یہ تو ناامیدی ہے خوف نہیں ہے خوف تو وہ ہے جو عمل کی ترغیب دیتا ہے اور تمام خواہشات کو گدلا کر دیتا ہے نیز دل کو دنیا کی طرف میلان سے ہٹا دیتا ہے وہ دھوکے والے گھر (دنیا) سے دور رہنے کی دعوت دیتا ہے یہ خوف پسندیدہ ہے محض دل کی بات نہیں جو گناہوں سے روکنے اور عمل صالح کی ترغیب میں موثر نہ ہو اور نہ وہ ناامیدی جو مایوس کر دیتی ہے۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ کی عبادت محض خوف سے کرتا ہے وہ افکار کے سمندروں میں غرق

---

(۱) صحیح مسلم، جلد ۲ ص ۳۳۲ کتاب القدر، مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۳۸۲ مرویات عبداللہ

(۲) قرآن مجید، سورۃ السجدہ آیت ۱۶

(۳) قرآن مجید، سورۃ انبیاء آیت ۹۰

ہو جاتا ہے اور جو شخص اس کی عبادت محض امید سے کرتا ہے وہ دھوکے کے جنگل میں سرگشتہ رہے گا اور جو آدمی اللہ تعالےٰ کی عبادت خوف اور امید دونوں کے ساتھ کرتا ہے وہ ذکر کے طریق میں سیدھا کھڑا ہوتا ہے۔

حضرت مکحول دمشقی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص اللہ تعالیٰ کی عبادت محض خوف کی وجہ سے کرتا ہے وہ حروری (خارجی) ہے اور جو امید کے ساتھ عبادت کرتا ہے وہ مرجی ہے (یہ وہ فرقہ ہے جن کے خیال میں مومن جہنم میں نہیں جائے گا چاہے وہ برے اعمال کرے) جو محبت کی وجہ سے عبادت کرتا ہے وہ زندیق (بے دین) ہے اور جو شخص خوف، امید اور محبت (تینوں باتوں) کے پیش نظر عبادت کرتا ہے وہ موحّد ہے۔

تو ان تینوں امور کو جمع کرنا ضروری ہے اور غلبۂ خوف زیادہ بہتر ہے لیکن موت سے پہلے پہلے اور موت کے وقت زیادہ بہتر امید اور حُسنِ ظن کا غلبہ ہے کیوں کہ خوف اس کوڑے (ڈنڈے) کے قائم مقام ہے جو عمل پر ابھارتا ہے اب عمل کا وقت ختم ہوگیا اور موت کے لیے پیش ہونے والا عمل پر قادر نہیں ہے پھر وہ خوف کے اسباب کی طاقت بھی نہیں رکھتا کیوں کہ اس وقت اس کی زیادہ دل شکنی ہوتی ہے اور موت کی جلدی پہ مددگار ہوتا ہے لیکن امید دل کو مضبوط کرتی ہے اور اسے اس رب سے محبت ہوتی ہے جس سے امید باندھی ہے۔

اور کسی آدمی کے لیے مناسب نہیں ہے کہ وہ دنیا سے اللہ تعالیٰ کی محبت کے بغیر جائے تاکہ اسے اللہ تعالیٰ کی ملاقات محبوب ہو کیوں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملاقات چاہتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے ملاقات کو پسند فرماتا ہے اور امید کے ساتھ محبت ملی ہوئی ہوتی ہے اور جس کے کرم کی امید ہو وہ محبوب ہوتا ہے اور تمام علوم و اعمال کا مقصد اللہ تعالیٰ کی معرفت ہے حتیٰ کہ معرفت سے محبت پیدا ہوتی ہے کیوں کہ اسی کی طرف جانا ہے اور موت کے ذریعے اسی کی طرف بڑھنا ہے اور جو آدمی اپنے محبوب کی طرف جاتا ہے اس کا سرور بقدر محبت بڑھتا ہے اور جو شخص اپنے محبوب سے جدا ہو جائے اس کی تکلیف اور سختی بہت زیادہ ہوتی ہے۔

پس جب موت کے وقت دل پر اہل و عیال، مال، مکان، زمین، دوستوں اور ساتھیوں کی محبت غالب ہو تو اس شخص کا مرکز محبت دنیا میں ہے پس دنیا اس کی جنت ہے کیوں کہ جنّت اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں تمام محبوب جمع ہوں پس اس کی موت جنت سے نکلنا اور اس کے اور اس کی خواہشات کے درمیان رکاوٹ کا نام ہے اور ایسے آدمی کا حال مخفی نہیں ہے۔

پس جب اس کے لیے اللہ تعالیٰ اس کے ذکر، معرفت اور فکر کے سوا کوئی محبوب نہ ہو جب کہ دنیا اور اس کے تعلقات محبوب سے پھیرنے والے ہوں تو یہ دنیا قید خانہ ہے کیوں کہ قید خانہ وہ ہوتا ہے جو قیدی کو اس کی محبوب چیز سے راحت کے حصول میں مانع ہو پس اس کی موت محبوب کی طرف جانا اور قید خانے سے چھٹکارا حاصل کرنا ہے اور جو شخص قید خانے سے آزاد ہو جائے اور اس کے اور اس کے محبوب کے درمیان تخلیہ ہو اور کسی قسم کی رکاوٹ اور خرابی باقی نہ رہے اس کا حال بھی پوشیدہ نہیں ہے۔

تو جو شخص دنیا سے رخصت ہوتا ہے وہ موت کے بعد سب سے پہلے یہ فائدہ حاصل کرتا ہے اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اپنے نیک بندوں کے لیے تیار کر رکھا ہے وہ اس کے علاوہ ہے جسے نہ کسی آنکھ نے دیکھا، نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی دل میں اس کا خیال پیدا ہوا اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے لیے پیدا کیا جو دنیوی زندگی کو آخرت پر ترجیح دیتے ہیں اس پر راضی اور مطمئن ہوتے ہیں ان کے لیے سزا، زنجیریں اور بیڑیاں پیدا کیں اور طرح طرح کی ذلت ہے وہ الگ ہے ہم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمیں حالت اسلام میں موت دے اور نیک لوگوں کے ساتھ ملا دے۔

اور اس دعا کی قبولیت کی طرح اسی وقت ہو سکتی ہے جب اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل کی جائے اور محبت خداوندی کے حصول کے لیے اس کے غیر کی محبت کو دل سے نکال اور اللہ تعالیٰ کے سوا جو کچھ ہے یعنی جاہ و مرتبہ، مال اور وطن وغیرہ سے قطع تعلق کرنا ضروری ہے زیادہ مناسب یہی ہے کہ ہم وہی دعا مانگیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگی ہے۔

آپ نے یوں دعا مانگی۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ اَحَبَّکَ وَحُبَّ مَا یُقَرِّبُنِیْ اِلٰی حُبِّکَ وَاجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ۔ (۱)

یا اللہ! مجھے اپنی محبت اور جو تجھ سے محبت کرتے ہیں ان کی محبت، اس عمل کی محبت جو مجھے تیری محبت کے قریب کر دے، عطا فرما اور اپنی محبت کو میرے نزدیک ٹھنڈے پانی سے زیادہ محبوب بنا دے۔

غرض یہ ہے کہ موت کے وقت امید، زیادہ بہتر ہے کیوں کہ وہ محبت کو زیادہ کھینچنے والی ہے اور موت سے پہلے غلبۂ خوف زیادہ بہتر ہے کیوں کہ وہ خواہشات کی آگ کو زیادہ جلانے والا اور دل سے دنیا کی محبت کو زیادہ ختم کرنے والا ہے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا یَمُوْتَنَّ اَحَدُکُمْ اِلَّا وَیُحْسِنُ الظَّنَّ بِرَبِّہٖ۔ (۲)

تم میں سے کوئی شخص ہرگز نہ مرے مگر وہ اپنے رب کے بارے میں اچھا گمان رکھتا ہو۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا (حدیث شریف میں ہے)

اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ فَلْیَظُنَّ بِیْ مَا شَاءَ۔ (۳)

میں اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوتا ہوں تو اسے چاہیے کہ میرے بارے میں اچھا گمان کرے۔

جب حضرت سلیمان تیمی رحمہ اللہ کی وفات کا وقت آیا تو انہوں نے اپنے بیٹے سے فرمایا اے میرے بیٹے! مجھ سے رخصتوں

---

(۱) مشکوٰۃ شریف ص ۲۱۹ باب جامع الدعا

(۲) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۸۷ کتاب الجنۃ

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۳۱۵ مرویات ابی ہریرہ

کا بیان کرنا اور امید یاد دلانا تاکہ میں اللہ تعالیٰ سے حُسنِ ظن کے ساتھ ملاقات کروں۔
اسی طرح جب حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ کے وصال کا وقت ہوا اور ان کا جزع فزع زیادہ ہوا تو انہوں نے اپنے اردگرد علماء کو جمع کیا جو ان کو امید یاد دلاتے تھے۔۔۔۔ حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے وصال کے وقت اپنے بیٹے سے فرمایا مجھے وہ احادیث یاد دلاؤ جن میں امید اور حُسنِ ظن کا ذکر ہے۔
ان تمام کا مقصود یہ ہے کہ اپنے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا کرے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ میرے بندوں کے دلوں میں میری محبت ڈال دیں انہوں نے پوچھا کس طرح ؟ فرمایا ان کو میری نعمتیں اور نوازشات یاد دلائیں۔ تو انتہائی سعادت یہ ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کی محبت میں دنیا سے رخصت ہو اور محبت کا حصول معرفت اور دل سے محبت دنیا کو نکالنے کے ذریعے ہوتا ہے حتیٰ کہ اس کے نزدیک تمام دنیا اس قید خانے کی طرح ہو جائے جو محبوب کے راستے میں رکاوٹ ہے یہی وجہ ہے کہ بعض صالحین نے حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ کو خواب میں اڑتے ہوئے دیکھا تو فرمایا اب وہ رخصت ہو گئے صبح ہوئی تو ان کے بارے میں معلوم کیا بتایا گیا کہ وہ گذشتہ رات انتقال فرما گئے ہیں۔

فصل ۔۶

حالت خوف میں کیا علاج کیا جائے

ہم نے صبر کی دوا کے بارے میں جو کچھ ذکر کیا اور صبر و شکر کے بیان میں جو تشریح کی ہے وہ اس غرض کے لیے کافی ہے کیوں کہ صبر اسی وقت ممکن ہوتا ہے جب خوف اور امید حاصل ہو کیوں کہ دین کا پہلا مقام یقین ہے جو اللہ تعالیٰ آخرت، جنت اور دوزخ پر ایمان کی قوت کا نام ہے اور یہ یقین لازمی طور پر جہنم سے خوف اور جنت کی امید کو ابھارتا ہے اور امید اور خوف صبر پر طاقت دیتے ہیں کیوں کہ جنت ناپسندیدہ امور سے ڈھانپی گئی اور ان کو اٹھانے پر صبر امید کی قوت کے بغیر نہیں ہو سکتا اور جہنم خواہشات کے ساتھ ڈھانپی گئی اور ان شہوات کے قلع قمع کے لیے قوتِ خوف کی ضرورت ہے۔ اسی لیے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا جو شخص جنت کا شوق رکھتا ہو وہ خواہشات سے نکل جائے اور جو جہنم سے ڈرتا ہو وہ حرام کاموں سے باز رہے۔
پھر خوف اور امید سے حاصل ہونے والا صبر مقام مجاہدہ، ذکر خداوندی کے لیے علیحدگی اور دائمی فکر تک پہنچاتا ہے اور دائمی ذکر اُنس پیدا کرتا ہے جب کہ دائمی فکر کمالِ معرفت تک لے جاتا ہے اور کمال معرفت اور اُنس محبت تک لے جاتے ہیں اور محبت کے بعد مقام رضا و توکل بلکہ تمام مقامات ہیں تو منازل دین کو طے کرنے میں اس ترتیب کو سامنے رکھا جائے اور اصل یقین (ایمان) کے بعد خوف اور امید کے سوا کوئی مقام نہیں اور ان دونوں کے بعد صبر کے علاوہ کوئی مقام نہیں اور اسی

سے مجاہدہ اور ظاہری و باطنی طور پر اللہ تعالیٰ کے لیے تنہائی نصیب ہوتی ہے اور جس کے لیے راستہ کھل جائے اس کے لیے مجاہدہ کے بعد صرف ہدایت اور معرفت ہے اور معرفت کے بعد صرف محبت اور اُنس کا مقام اور محبت کی ضرورت سے محبوب کے فعل پر راضی ہونا اور اس کی عنایت پر یقین رکھنا ہے تو ہم نے جو کچھ صبر کے علاج کے سلسلے میں لکھا ہے وہ کفایت کرتا ہے لیکن ہم خوف کے سلسلے میں مستقل طور پر ایک اجمالی گفتگو کرنا چاہتے ہیں پس ہم کہتے ہیں۔

خوف دو مختلف طریقوں سے حاصل ہوتا ہے ان میں سے ایک، دوسرے سے اعلیٰ ہے اور اس کی مثال یہ ہے کہ جب گھر میں کوئی بچہ ہو اور اس کے پاس کوئی درندہ یا سانپ آجائے تو بعض اوقات وہ نہیں ڈرتا اور بعض دفعہ وہ سانپ کی طرف ہاتھ بڑھاتا ہے تاکہ اسے پکڑ کر اس سے کھیلے لیکن جب اس کے ساتھ اس کا باپ بھی ہو اور وہ عقل مند ہو تو وہ سانپ سے ڈر کر بھاگ جاتا ہے اور جب بچہ اپنے باپ کو دیکھتا ہے کہ اس کے جسم پر لرزہ طاری ہے اور وہ بھاگنے کی کوشش کر رہا ہے تو وہ بھی اس کے ساتھ کھڑا ہو جاتا ہے اور اس پر خوف غالب ہو جاتا ہے وہ بھاگنے میں باپ کی موافقت کرتا ہے تو باپ کا خوف بصیرت اور سانپ کی صفت کو جاننے کے باعث ہے کہ اس میں زہر ہے اور اس کی فلاں خاصیت ہے، درندے کا غلبہ، اس کی پکڑ اور پرواہ نہ کرنا وغیرہ سب باتیں سامنے ہوتی ہیں۔

لیکن بیٹے کا خوف محض تقلیدی ایمان کی بنیاد پر ہے کیونکہ وہ باپ کے بارے میں اچھا گمان رکھتا ہے اور وہ جانتا ہے کہ باپ کے خوف کا کوئی سبب ہے جو ذاتی طور پر ڈرانے والا ہے پس اسے معلوم ہو جاتا ہے کہ درندے سے ڈرنا چاہیے لیکن بچے کو اس کی وجہ معلوم نہیں ہوتی۔

جب تمہیں یہ مثال معلوم ہو گئی تو جان لو کہ اللہ تعالیٰ سے خوف دو جگہوں پر ہوتا ہے ایک اس کے عذاب سے خوف اور دوسرا خود اس کی ذات سے ڈرنا، اس سے خوف، علماء اور اربابِ قلوب کا خوف ہے جو جانتے ہیں کہ اس کی صفات میں سے بعض صفات کا تقاضا ہیبت، خوف اور پرہیز ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کے راز پر مطلع ہیں۔

وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۔ (۱) — اور اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے آپ سے ڈراتا ہے

اور ارشاد خداوندی ہے۔

اِتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ ۔ (۲) — اللہ تعالیٰ سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے

لیکن پہلا خوف عام مخلوق کا خوف ہے اور وہ جنت و دوزخ کے وجود نیز ان دونوں کے فرمانبرداری اور نافرمانی کا بدلہ ہونے پر ایمان لانے سے حاصل ہوتا ہے اور اس کی کمزوری غفلت اور ایمان کی کمزوری کے باعث ہوتی ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۲۸

(۲) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۰۲

اور غفلت کو تذکیر، وعظ اور روزِ قیامت کے ہولناک مناظر اور طرح طرح کے اُخروی عذاب میں ہمیشہ غور کرنے کے ذریعے دُور کیا جاسکتا ہے نیز اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کی طرف دیکھنے ان کی مجالس میں حاضر ہونے اور ان کے احوال کا مشاہدہ بھی غفلت کو دور کر دیتا ہے اگر مشاہدہ نہ ہو سکے تو سماع (ان کی باتیں سننا) بھی تاثیر سے خالی نہیں ہے۔

دوسرا خوف اعلیٰ ہے وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کے حوالے سے خوف ہو یعنی اس سے دوری اور حجاب کا خوف ہو نیز اس کے قرب کی امید رکھے حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں فراق کے خوف کے وقت جہنم کا خوف ایک گہرے سمندر میں قطرے کی طرح ہے اور یہ علماء کی خشیت و خوف ہے۔

ارشاد خداوندی ہے:۔

اِنَّمَا یَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا۔ بے شک اللہ تعالیٰ سے اس کے بندوں میں سے علماء ہی ڈرتے ہیں۔ (۱)

اس خوف سے عام مومنوں کو بھی حصہ ملتا ہے لیکن وہ محض تقلیدی ہوتا ہے جو بچے کے خوف کے مشابہ ہے جو اپنے باپ کو دیکھ کر سانپ سے ڈرتا ہے اس کی نسبت بصیرت کی طرف نہیں ہوتی لہٰذا یہ کمزور بھی ہو سکتا ہے اور فوری طور پر زائل بھی — حتیٰ کہ بعض اوقات بچہ کسی سپیرے کو دیکھتا ہے جو سانپ کو پکڑنے کا ارادہ کرتا ہے تو بچہ اس کو دیکھ کر دھوکہ کھا جاتا ہے لہٰذا اس کی تقلید میں سانپ کو پکڑنے کی جرأت کرتا ہے جس طرح وہ باپ کی تقلید میں اس کو پکڑنے سے احتراز کرتا ہے۔ اور عقائد تقلیدیہ عام طور پر کمزور ہوتے ہیں ہاں جب ان کے اسباب کا مشاہدہ کیا جائے جو ان کو پکا کرتے ہیں یعنی جب ان میں دوام ہو اور عبادات کی کثرت اور گناہوں سے طویل مدت تک اجتناب کی صورت میں ان کے تقاضوں پر ہمیشہ عمل کیا جائے۔

لہٰذا جو شخص معرفت کی چوٹی پر چڑھ جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کر لیتا ہے تو وہ اس سے ضرور ڈرتا ہے پس حصول خوف کے لیے اس کے علاج کی ضرورت نہیں ہوتی جیسے کوئی شخص درندے کو پہچانتا ہے اور اپنے آپ کو اس کے چنگل میں پھنسا ہوا دیکھتا ہے تو اس کے دل میں خوف ڈالنے کے لیے علاج کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ وہ اس سے لازماً ڈرتا ہے چاہے یا نہ چاہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ مجھ سے اس طرح ڈریں جس طرح ہلاک کرنے والے درندے سے ڈرتے ہیں اور ہلاک کرنے والے درندے سے خوف پیدا کرنے کے لیے کسی حیلے کی ضرورت نہیں ہوتی صرف اس کی اور اس کے شکنجے میں آنے کی معرفت ضروری ہے کسی دوسرے حیلے کی احتیاج نہیں ہے۔

پس جو شخص اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کر لیتا ہے کہ وہ جو چاہے کرے اسے کوئی پرواہ نہیں وہ جو چاہے فیصلہ کرے اسے کوئی خوف نہیں اس نے کسی سابقہ وسیلے کے بغیر فرشتوں کو اپنے قریب کیا اور کسی گذشتہ جرم کے بغیر شیطان کو

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ فاطر آیت ۲۸

اپنے آپ سے دور کر دیا بلکہ اس کی صفت تو وہی ہے جو (گذشتہ صفحات میں مذکور حدیث میں) بیان ہوئی اس نے فرمایا۔
یہ لوگ جنت میں جائیں گے اور مجھے اس بات کی کوئی پرواہ نہیں اور یہ جہنم میں جائیں گے اور مجھے اس بات کی کوئی
پرواہ نہیں۔

اگر تمہارے دل میں یہ خیال پیدا ہو کہ وہ صرف گناہ پر عذاب دیتا ہے اور اطاعت پر ہی ثواب عطا فرماتا ہے تو غور کرو
اس نے اطاعت کرنے والے کو اسباب اطاعت کے حوالے نہیں کیا کہ وہ اطاعت کرے چاہے یا نہ، اور نہ ہی نافرمانی
کرنے والے کو گناہ کے اسباب کی طرح کھینچا کہ وہ گناہ کرے چاہے یا نہ —— جب اس نے غفلت شہوت اور قضائے
شہوت پر قدرت کو پیدا کیا تو ان امور کے ذریعے فعل ضرور واقع ہوگا اگر اس نے اسے اس لیے دور کیا کہ اس نے نافرمانی
کی ہے تو اس نے اسے گناہ کی طرف کیوں متوجہ کیا کیا یہ کسی سابقہ گناہ کی سزا ہے کہ یہ ایک غیر متناہی سلسلہ رہے یا پہلے گناہ
پر ہی ٹھہر جائے جس کے لیے بندے کی طرف سے کوئی علت نہیں ہے بلکہ اس نے تو ازل میں ہی فیصلہ فرما دیا تھا۔ اسی مفہوم
کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں بیان فرمایا آپ نے فرمایا۔

"حضرت آدم اور حضرت موسیٰ علیہما السلام دونوں نے اپنے رب کے ہاں ایک دوسرے سے اختلاف کیا تو حضرت آدم
علیہ السلام حضرت موسیٰ پر غالب آگئے (ان کی دلیل غالب آگئی) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا آپ آدم علیہ السلام ہیں اللہ تعالیٰ نے
آپ کو اپنے دست قدرت سے پیدا فرمایا اور آپ میں اپنی رُوح پھونکی فرشتوں سے آپ کو سجدہ کرایا اور آپ کو اپنی جنت میں ٹھہرایا۔
پھر آپ کی لغزش کے باعث لوگوں کو زمین پر اترنا پڑا حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا آپ موسیٰ علیہ السلام ہیں آپ کو اللہ تعالیٰ نے
اپنی رسالت اور کلام کے لیے منتخب فرمایا، اور آپ کو تختیاں عطا فرمائیں جن میں ہر چیز کا بیان تھا آپ کو کلام کے لیے
اپنے قریب کیا تو آپ کا کیا خیال ہے اللہ تعالیٰ نے میری تخلیق سے کتنے سال پہلے تورات لکھی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا
چالیس سال، حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا کیا آپ نے اس میں لکھا ہوا پایا کہ حضرت آدم علیہ السلام سے لغزش ہوئی اور
آپ بھٹک گئے انہوں نے فرمایا ہاں لکھا ہوا پایا ہے فرمایا کیا آپ مجھے اس عمل پر ملامت کر رہے ہیں جو میرے عمل کرنے
سے پہلے اللہ تعالیٰ نے لکھ دیا کہ میں وہ عمل کروں گا اور میری تخلیق سے چالیس سال پہلے لکھا۔ (۱)

تو جو شخص اس معاملے میں نُورِ ہدایت سے سبب کو پہچان لے گا وہ ان خاص عارفین میں سے ہے جو تقدیر کے راز پر مطلع
ہوتے ہیں اور جو آدمی یہ بات سن کر ایمان لائے اور محض سننے کے ذریعے تصدیق کرے وہ عام مومنوں میں سے ہے اور دونوں
فریقوں میں سے ہر ایک کو خوف حاصل ہوتا ہے کیوں کہ ہر بندہ قبضۂ قدرت میں اس طرح واقع ہوتا ہے جس طرح ایک کمزور بچہ
درندے کے پنجے میں ہوتا ہے درندہ بعض اوقات اتفاقی طور پر غافل ہو کر اسے چھوڑ دیتا ہے اور کبھی اس پر حملہ کر کے

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۱۱۱۹ کتاب التوحید۔

اسے چیر پھاڑ دیتا ہے اور یہ بھی اتفاقیہ ہوتا ہے اور اس اتفاق کے لیے اسباب ہیں جو ایک معلوم مقدار کے ساتھ مرتب ہوتے ہیں لیکن جب ان کی اضافت اس کی طرف ہوتی ہے جس کو علم نہیں ہوتا تو اسے اتفاق کہا جاتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کے علم کی طرف اضافت ہو تو اسے اتفاقیہ کہنا جائز نہیں اور جو شخص درندے کے پنجے میں پھنستا ہے اگر اس کی معرفت مکمل ہو تو وہ درندے سے نہیں ڈرتا کیوں کہ درندہ بھی مسخر ہے اگر اس پر بھوک مسلط ہو تو وہ چیرتا پھاڑتا ہے اور اگر اس پر غفلت مسلط ہو تو اس کا راستہ چھوڑ دیتا ہے وہ درندے کے خالق اور اس کی صفات کے خالق سے ڈرتا ہے۔ میں (امام غزالی) یہ نہیں کہتا کہ اللہ تعالیٰ سے خوف کی مثال وہ خوف ہے جو درندے سے ہوتا ہے بلکہ جب پردہ ہٹتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ درندے سے خوف بعینہٖ اللہ تعالیٰ سے خوف ہے کیوں کہ درندے کے واسطے سے ہلاک کرنے والا تو اللہ تعالیٰ ہے تو جان لو کہ آخرت کے درندے دنیا کے درندوں کی طرح ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ثواب و عذاب کے اسباب کو پیدا فرمایا اور ہر ایک کے لیے اس کا اہل پیدا کیا جسے تقدیر جو ازلی پختہ جزم کی فرع ہے، اس کی طرف چلاتی ہے جس کے لیے اسے پیدا کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا کیا اور اس کے اہل لوگ پیدا کئے اور وہ اس کے اسباب کے لیے مسخر کئے گئے وہ چاہیں یا نہ، اور جہنم کو پیدا کر کے اس کے اہل پیدا کئے جو اس کے اسباب کے لیے مسخر کئے گئے وہ چاہیں یا نہ ـــــ

پس جب کوئی شخص اپنے آپ کو تقدیر کی موجوں میں غوطہ زن دیکھتا ہے تو اس پر لازماً خوف غالب آتا ہے۔ پس تقدیر کے اسرار کی پہچان رکھنے والوں کے یہ مقامات خوف ہیں پس جس شخص کی کوتاہی اسے دیکھنے کے بلند مقام تک پہنچنے سے بٹھا رکھے (اور اوپر نہ جانے دے) اس کے لیے راستہ یہ ہے کہ وہ آیات و آثار سن کر اپنا علاج کرے ڈرنے والے عارفین کے حالات اور اقوال کا مطالعہ کرے پھر ان کی عقول اور مناصب کو ان لوگوں کے منصب سے نسبت جو امید کے دھوکے میں ہیں تو اس بارے میں شک نہ کرے کہ ان لوگوں کی اقتدا زیادہ بہتر ہے کیونکہ وہ انبیاء کرام اولیاء عظام اور علماء ہیں اور جو لوگ بے خوف ہیں وہ فرعون جاہل اور غبی ہیں ہمارے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تو پہلوں اور پچھلوں کے سردار ہیں۔ (۱)

اور آپ سب لوگوں سے زیادہ خوف کھانے والے تھے (۲)

حتیٰ کہ ایک روایت میں ہے آپ ایک بچے کی نماز جنازہ پڑھا رہے تھے اور ایک روایت میں ہے کہ آپ سے اس کے لیے دعا میں سنا گیا۔

اَللّٰھُمَّ قِہِ عَذَابَ الْقَبْرِ وَعَذَابَ النَّارِ۔ (۳) یا اللہ! اسے عذاب قبر سے اور عذاب جہنم سے بچا۔

ایک دوسری روایت میں ہے آپ نے ایک شخص کو کہتے ہوئے سنا کہ اے بچے تجھے مبارک ہو تو جنت کی چڑیوں

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۲۴۵ کتاب الفضائل

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۱۸۱ مرویات عائشہ

(۳) مجمع الزوائد جلد ۳ ص ۳۴ کتاب الجنائز۔

میں سے ایک چڑیا ہے" تو آپ کو غصہ آیا آپ نے فرمایا تمہیں کیا معلوم کہ وہ اسی طرح ہے۔
اللہ کی قسم میں اللہ کا رسول ہوں اور میں (اپنے آپ) نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا ہوگا۔ (۱)
بے شک اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا فرمایا اور اس کے کچھ اہل پیدا کئے ان میں اضافہ اور کمی نہ ہوگی (۲)
ایک روایت میں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے جنازے پر بھی یہی بات فرمائی اور وہ مہاجرین اولین میں سے تھے جب ان کا انتقال ہوا تو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اللہ کی قسم میں عثمان کے بعد کسی کی پاکیزگی بیان نہیں کروں گی۔ (۳)
حضرت محمد بن خولہ حنفیہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی کی پاکیزگی بیان نہیں کروں گا بلکہ جس باپ نے مجھے جنا اس کی پاکیزگی بھی نہیں بیان کروں گا۔ فرماتے ہیں اس پر شیعہ نے ان پر دباؤ ڈالا تو آپ نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے فضائل و مناقب بیان کرنا شروع کر دیئے۔
ایک دوسری حدیث میں مروی ہے اصحاب صفہ میں سے ایک صحابی شہید ہو گئے ان کی ماں نے کہا تمہیں مبارک ہو تم جنت کی چڑیوں میں سے ایک چڑیا ہو تم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کی اور اس کے راستے میں شہید ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔
تمہیں کیا معلوم ہو سکتا ہے انہوں نے کوئی ایسی بات کی ہو جو نفع بخش نہیں اور ایسی بات سے رُکے ہوں جو نقصان نہیں دیتی۔ (۴)
ایک دوسری حدیث میں ہے ایک صحابی بیمار تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لے گئے آپ نے ایک عورت سے سنا وہ کہہ رہی تھی تمہیں جنت مبارک ہو۔
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ کون عورت ہے جو اللہ تعالیٰ پر قسم کھاتی ہے بیمار نے کہا یہ میری ماں ہے یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا (اے خاتون!) تمہیں کیا معلوم شاید فلاں نے بے مقصد گفتگو کی ہے اور ایسی چیز میں بخل کیا ہو جو اسے فائدہ نہیں دیتی۔ (۵)

---

(۱) حدیث شریف میں "لا ادری" کے الفاظ آئے ہیں اور درایت کا معنی اندازے سے جاننا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کا مطلب یہ ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کے بتائے بغیر محض اندازے سے نہیں جانتا علم کی نفی نہیں لہٰذا جو لوگ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے انجام کا علم نہ تھا وہ جاہل ہی نہیں بدبخت بھی ہیں جو آپ کے مقام محمود کے بارے میں اس قسم کے عقیدے کے حامل ہیں اللہ تعالیٰ ایسے گمراہوں سے محفوظ رکھے آمین ۱۲ ہزاروی

(۲) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۳۷ کتاب القدر

(۳) صحیح بخاری جلد اول ص ۱۶۶ کتاب الجنائز (نوٹ یہ الفاظ ام خارجہ کے ہیں ام سلمہ کے نہیں۔

(۴) جامع ترمذی ص ۳۳۶، ابواب الزہد

(۵) تاریخ بغداد جلد ۴ ص ۳۰۲، ترجمہ ۲۰۲۳

اور تمام مومن کس طرح نہ ڈریں جب کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

شَيَّبَتْنِي هُودٌ وَأَخَوَاتُهَا سُورَةُ الْوَاقِعَةِ وَإِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ وَعَمَّ يَتَسَاءَلُونَ۔ (۱)

مجھے سورۂ ہود اور اس جیسی دوسری سورتوں یعنی سورۂ واقعہ، اذا الشمس کورت اور عم یتساءلون نے بوڑھا کر دیا۔

علماء فرماتے ہیں شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ سورۂ ہود میں رحمت سے دُور کرنے کا ذکر ہے۔

جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

أَلَا بُعْدًا لِعَادٍ قَوْمِ هُودٍ۔ (۲)

سنو! حضرت ہود علیہ السلام کی قوم عاد کے لیے دوری ہے

اور فرمایا۔

أَلَا بُعْدًا لِثَمُودَ۔ (۳)

سنو! ثمود (قوم صالح علیہ السلام) کے لیے دوری ہے

اور ارشاد فرمایا۔

أَلَا بُعْدًا لِمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُودُ۔ (۴)

سنو قوم مدین کے لیے دوری ہے جیسے قوم ثمود کے لیے دُوری ہے۔

اس کے باوجود کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جانتے تھے کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو وہ شرک نہ کرتے اس لیے کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو ہر نفس کو ہدایت دے دے۔

اور سورۂ واقعہ میں ہے۔

لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ خَافِضَةٌ رَافِعَةٌ۔ (۵)

اس (قیامت) کے وقوع کو کوئی چیز جھٹلا نہیں سکتی وہ جھکانے والی اور بلند کرنے والی ہے۔

یعنی جو کچھ ہونے والا ہے اسے لکھ کر قلم خشک ہو گیا اور گزشتہ بھی مکمل ہو گیا حتی کہ واقعہ (قیامت) آگئی یعنی وہ ان لوگوں کو پست کرنے والی ہے جو دنیا میں بلند کیے گئے تھے اور جن لوگوں کو دنیا میں پست کیا گیا تھا ان کو اٹھانے والی ہے۔

اور سورۂ تکویر میں قیامت کی ہولناکی اور خاتمہ کے انکشاف کا بیان ہے اور وہ ارشاد خداوندی ہے۔

---

(۱) جامع ترمذی ص ۵۷۱، ابواب الشمائل

(۲) قرآن مجید، سورۂ ہود آیت ۶۰

(۳) قرآن مجید، سورۂ ہود آیت ۶۸

(۴) قرآن مجید، سورۂ ہود آیت ۹۵

(۵) قرآن مجید، سورۂ واقعہ آیت ۲، ۳

وَإِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَا أَحْضَرَتْ۔ (۱)

اور جب جہنم کو بھڑکایا جائے گا اور جنت کو قریب لایا جائے گا ہر نفس کو معلوم ہو جائے گا جو اس نے حاضر کیا (آگے بھیجا)

اور سورہ "عم یتساءلون" میں ہے:

يَوْمَ يَنظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ۔ (۲)

جس دن ہر نفس دیکھ لے گا کہ اس کے ہاتھوں نے آگے کیا بھیجا ہے۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

لَا يَتَكَلَّمُونَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَٰنُ وَقَالَ صَوَابًا۔ (۳)

وہ کلام نہیں کریں گے مگر جسے رحمن اجازت دے اور وہ اچھی بات کہے

اور قرآن پاک میں اول سے آخر تک ڈرسنانے والی آیات ہیں لیکن اس شخص کے لیے جو اسے غور و فکر سے پڑھے اور اگر اس میں صرف یہی درج ذیل آیت ہوتی تو بھی کافی تھی کیوں کہ مغفرت کو چار شرطوں سے مشروط کر دیا گیا جن میں سے ہر ایک شرط ایسی ہے جس سے بندہ عاجز رہے۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَإِنِّي لَغَفَّارٌ لِّمَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدَىٰ۔ (۴)

اور بے شک میں بہت بخشنے والا ہوں اس شخص کو جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور اچھے کام کرے پھر ہدایت پر رہے۔

اور اس سے بھی زیادہ سخت اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے۔

فَأَمَّا مَن تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسَىٰ أَن يَكُونَ مِنَ الْمُفْلِحِينَ۔ (۵)

پس جس نے توبہ کی اور اچھے کام کئے تو قریب ہے کہ وہ فلاح پانے والوں میں سے ہو۔

اور ارشاد خداوندی ہے:

---

(۱) قرآن مجید، سورہ تکویر، آیت ۱۲، ۱۳

(۲) قرآن مجید، سورۂ النباء آیت ۴۰

(۳) قرآن مجید، سورۂ النباء آیت ۳۸

(۴) قرآن مجید، سورۂ طٰہٰ آیت ۸۲

(۵) قرآن مجید سورۂ قصص آیت ۶۷

يَسْأَلَ الصَّادِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ۔ (۱) تاکہ وہ سچے لوگوں سے ان کی سچائی کے بارے میں پوچھے۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَا الثَّقَلَانِ۔ (۲) عنقریب ہم تمہاری طرف توجہ فرمائیں گے اے جن وانس۔

اور ارشاد فرمایا۔

اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ۔ (۳) تو کیا وہ اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے بے خوف ہیں۔

اور ارشاد خداوندی ہے،

وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَا اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ اِنَّ اَخْذَهٗ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ۔ (۴) اور اسی طرح تمہارے رب کی پکڑ ہے جب وہ بستیوں (والوں) کو پکڑتا ہے اس حال میں کہ وہ ظلم کرنے والے ہوں بے شک اس کی پکڑ دردناک (اور) سخت ہے

ارشاد باری تعالیٰ ہے،

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا۔ (۵) وہ دن جب ہم اٹھا کریں گے رحمٰن کے حضور میں (معزز و مکرم مہمان بنا کر)

اور ارشاد خداوندی ہے،

وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا۔ (۶) اور ہر ایک نے اس (دوزخ) پر سے گزرنا ہے۔

اور فرمایا۔

اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ۔ (۷) جو چاہو عمل کرو (جواب دینا ہوگا)

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے:

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ۔ (۸) جو شخص آخرت کی کھیتی کا ارادہ کرے ہم اس کے لیے اس کی کھیتی کو بڑھا دیتے ہیں۔

اور ارشاد فرمایا۔

---

(۱) قرآن مجید سورۃ احزاب آیت ۸

(۲) قرآن مجید سورۃ رحمٰن آیت ۳۱

(۳) قرآن مجید، سورۃ اعراف آیت ۹۹

(۴) قرآن مجید سورۃ ہود آیت ۱۰۲

(۵) قرآن مجید، سورۃ مریم آیت ۸۵

(۶) قرآن مجید سورۃ مریم آیت ۷۱

(۷) قرآن مجید، سورۃ فصلت آیت ۴۰

(۸) قرآن مجید سورۃ شوریٰ آیت ۲۰

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ۔ (۱)

پس جو شخص ایک ذرے کے برابر بھی نیکی کرے وہ اسے دیکھ لے گا۔ اور جو آدمی ذرہ بھر برائی کرے وہ بھی اسے دیکھ لے گا۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ۔ (۲)

اور ہم متوجہ ہوں گے ان کے کاموں کی طرف۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے۔

وَالْعَصْرِ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ۔ (۳)

زمانے کی قسم بے شک انسان البتہ نقصان میں ہے مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے ایک دوسرے کو حق کی تلقین کی اور صبر کی تاکید کی۔

تو یہ چار (ایمان، اعمال صالحہ، حق کی تلقین اور صبر کی تلقین) شرائط ہیں جن کی وجہ سے انسان نقصان سے بچ سکتا ہے انبیاء کرام علیہم السلام باوجود اس کے کہ ان پر نعمتوں کا فیضان ہوا، خوف رکھتے تھے کیوں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے بے خوف نہیں ہوتے تھے اور اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے وہی لوگ بے خوف ہوتے ہیں جو نقصان اٹھانے والے ہیں حتیٰ کہ ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے خوف سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت جبریل علیہ السلام دونوں رونے لگے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ آپ دونوں کیوں روتے ہیں میں نے تم دونوں کو امن عطا کیا ہے انہوں نے عرض کیا یا اللہ! تیری خفیہ تدبیر سے کون بے خوف ہو سکتا ہے۔ (۴)

گویا جب ان دونوں کو معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ تمام غیبوں کو جاننے والا ہے اور انہیں (اللہ تعالیٰ کے بتائے بغیر) امور کی غایت سے آگاہی نہیں ہو سکتی تو وہ اس بات سے بے خوف نہ ہوئے کہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانا کہ میں نے تم دونوں کو امن دیا ان کے لیے ابتلاء و آزمائش کے طور پر ہو اور ان کے لیے خفیہ تدبیر ہو حتیٰ کہ اگر ان کا خوف ٹھہر جائے تو ظاہر ہو جائے کہ وہ خفیہ تدبیر خداوندی سے بے خوف ہیں اور انہوں نے اپنی بات کو پورا نہیں کیا۔

جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام کو منجنیق میں رکھا گیا تو انہوں نے فرمایا " حَسْبِیَ اللّٰہُ " (اللہ تعالیٰ مجھے کافی ہے) اور یہ بہت بڑی بڑی دعاؤں میں سے تھی پس آپ کا امتحان لیا گیا اور ہوا میں حضرت جبریل علیہ السلام کو پیش کیا گیا حتیٰ کہ انہوں

---

(۱) قرآن مجید سورۃ زلزال آیت ۷، ۸

(۲) قرآن مجید سورۃ فرقان آیت ۲۳

(۳) قرآن مجید سورۃ العصر مکمل۔

(۴)

نے کہا کیا آپ کو کوئی حاجت ہے ؟ فرمایا آپ سے کوئی حاجت نہیں ہے ، تو آپ نے اپنے قول "حسبی اللہ" کے ساتھ اس طرح وفا کی اللہ تعالیٰ نے اسی بات کو بیان فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰىٓ۔ (۱) اور ابراہیم علیہ السلام وہ ہیں جنہوں نے اپنی بات کو پورا کیا۔

یعنی اپنے قول "حسبی اللہ" کے موجب پر عمل کیا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بھی اسی قسم کی بات بتائی گئی ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ۔ قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى۔ (۲) بے شک ہمیں ڈر ہے کہ وہ ہم پر زیادتی کرے یا وہ سر کشی کرے فرمایا تم نہ ڈرو بے شک میں تمہارے ساتھ ہوں سنتا اور دیکھتا ہوں۔

اور اس کے باوجود جب جادوگروں نے اپنے جادو کا مظاہرہ کیا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے دل میں خوف محسوس کیا کیوں کہ آپ اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے بے خوف نہ تھے تو آپ پر معاملہ مشتبہ ہو گیا حتیٰ کہ دوبارہ آپ کو امن کی خوشخبری دی گئی اور ارشاد فرمایا۔

لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ۔ (۳) آپ نہ ڈریں آپ ہی بلند رہیں گے۔

اور جب بدر کے دن مسلمانوں کی شوکت کمزور پڑی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں دعا مانگی۔

اَللّٰهُمَّ اِنْ تَهْلِكْ هٰذِهِ الْعِصَابَةُ لَمْ يَبْقَ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ اَحَدٌ يَعْبُدُكَ ۔ یا اللہ ! اگر یہ جماعت ہلاک ہو گئی تو زمین پر کوئی ایسا شخص نہیں رہے گا جو تیری عبادت کرے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ! اپنے رب سے مزید دعا نہ کریں وہ آپ سے کئے گئے وعدے کو پورا کرے گا۔ (۴)

تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا مقام اللہ تعالیٰ کے وعدہ پر یقین کا مقام تھا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے ڈرنے کے مقام پر تھے اور یہ زیادہ کامل ہے کیوں کہ اس کا صدر اللہ تعالیٰ کے اسرار اور خفیہ امور نیز اس کی ان بعض صفات کے معانی کی کامل معرفت سے ہوتا ہے جن سے صادر ہونے والے بعض امور کو خفیہ تدبیر کہا جاتا ہے اور کسی انسان کے بس

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ النجم آیت ۳۷

(۲) قرآن مجید، سورۃ طٰہٰ آیت ۴۵، ۴۶

(۳) قرآن مجید، سورۃ طٰہٰ آیت ۶۸

(۴) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۵۶۴ کتاب المغازی

میں نہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی صفات کی گہرائی سے آگاہ ہو سکے۔

اور جو شخص حقیقتِ معرفت کو جان لے اور اسے یہ بھی معلوم ہو جائے کہ امور کی گہرائی کا احاطہ کرنے سے اس کی معرفت کوتاہ ہے تو لامحالہ اس کا خوف زیادہ ہوتا ہے اسی لیے جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کہا جائے گا۔

أَأَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُونِي وَأُمِّيَ إِلٰهَيْنِ مِنْ دُونِ اللّٰهِ قَالَ سُبْحَانَكَ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أَقُولَ مَا لَيْسَ لِي بِحَقٍّ إِنْ كُنْتُ قُلْتُهُ فَقَدْ عَلِمْتَهُ تَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِي وَلَا أَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِكَ۔ (۱)

کیا آپ نے لوگوں سے کہا تھا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا مجھے اور میری ماں کو معبود بنا لو تو وہ فرمائیں گے اے اللہ تو پاک ہے میرے لیے مناسب نہیں کہ میں وہ بات کہوں جس کا مجھے حق نہیں ہے اگر میں نے یہ بات کہی ہوتی تو تیرے علم میں ہوتی تو جانتا ہے جو کچھ میرے دل میں ہے اور میں نہیں جانتا جو کچھ تیرے علم میں ہے۔

اور ارشاد فرمایا۔

وَإِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔ (۲)

اور اگر تو ان کو عذاب دے تو وہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو ان کو بخش دے تو بے شک تو ہی غالب حکمت والا ہے۔

آپ نے اس معاملے کو اللہ تعالیٰ کی مشیت کے سپرد کر دیا اور اپنے آپ کو درمیان سے مکمل طور پر باہر نکال دیا کیوں کہ آپ جانتے تھے کہ (بخشش اور عذاب میں سے) کوئی بات آپ کے اختیار میں نہیں اور بے شک اُمورِ مشیتِ خداوندی سے اس طرح جڑے ہوئے ہیں کہ عقل و الفت سے ان کا کوئی تعلق نہیں لہٰذا ان پر قیاس اور وہم و گمان سے بھی کوئی حکم نہیں لگایا جا سکتا تحقیق اور یقین تو ایک طرف رہے۔

اسی بات نے عارفین کے دل توڑ دیئے کیوں کہ قیامت کبریٰ یہ ہے کہ تمہارا معاملہ اس ذات کی مشیت سے ملا ہوا ہے کہ اگر وہ تمہیں ہلاک کر دے تو اسے کوئی پرواہ نہیں اس نے تمہارے جیسے بے شمار لوگ ہلاک کر دیئے اور وہ ان کو دنیا میں طرح طرح کی تکلیفوں اور بیماریوں کے ذریعے مسلسل عذاب دے رہا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ان کے دلوں میں کفر اور منافقت کی بیماری بھی ہے پھر وہ ہمیشہ عذاب میں رہیں گے پھر ان کے بارے میں یوں خبر دی۔

وَلَوْ شِئْنَا لَآتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدَاهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّي لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ

اور اگر ہم چاہتے تو ہر نفس کو اس کی ہدایت دیتے لیکن میری طرف سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ میں جنوں اور انسانوں

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ مائدہ آیت ۱۱۶

(۲) قرآن مجید، سورۂ مائدہ آیت ۱۱۸

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ۔ (۱) سب سے جہنم کو بھر دوں گا۔

اور ارشاد خداوندی ہے:

وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ۔ اور تمہارے رب کی بات پوری ہو گئی کہ میں جہنم کو ضرور بھر دوں گا۔ (۲)

تو جو قول ازل میں ثابت ہو چکا ہے اس کا خوف کیسے نہ کیا جائے حالانکہ اس کے تدارک کی طمع نہیں ہو سکتی اگر معاملہ ابھی کا ہوتا تو طمع اس میں حیلہ کی طرف بڑھتی لیکن اب تو صرف تسلیم ہے اور سابقہ مخفی بات کو دل اور اعضاء پر ظاہر ہونے والے واضح اسباب سے تلاش کرنا ہے پس جس کے لیے اسباب شر آسان ہو جائیں اور وہ بندے اور نیکی کے درمیان حائل ہو جائیں اور دنیا کے ساتھ اس کا تعلق مضبوط ہو جائے گویا اس کے لیے حقیقتاً سابقہ راز منکشف ہو گیا جو اس کے لیے بدبختی کے ساتھ سبقت کر گیا۔

کیوں کہ ہر شخص کو جس کام کے لیے پیدا کیا گیا وہ کام اس کے لیے آسان کر دیا گیا اور اگر ہر قسم کی نیکی آسان کر دی گئی ہو اور دل مکمل طور پر دنیا سے قطع تعلق کر چکا ہو اور وہ ظاہری و باطنی طور پر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو تو یہ بات تخفیفِ خوف کا تقاضا کرتی ہے اگر اس پر دائمی یقین ہو لیکن ایک حال پر جمار ہنا مشکل ہے اور خاتمے کا خطرہ خوف کی آگ کو شعلہ زن کرتا ہے اور اسے بجھانا ممکن نہیں اور حال کی تبدیلی سے بے خوفی کیسے ہو سکتی ہے جب کہ مومن کا دل رحمٰن کی دو انگلیوں کے درمیان ہے (کنز طول میں ہے) اور دل تو ہنڈیا کے جوش مارنے سے بھی زیادہ اُلٹ پلٹ ہوتا ہے اور دلوں کو پھیرنے والے نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ۔ (۳) بے شک ان کے رب کے عذاب سے بے خوفی نہیں ہے۔

تو وہ شخص زیادہ جاہل ہے جو اس سے بے خوف ہو حالانکہ وہ بے خوفی سے پرہیز کا اعلان کر رہا ہے اگر اللہ تعالیٰ اپنے عارف بندوں پر مہربانی کرتے ہوئے رُوحِ امید کے ساتھ ان کے دلوں کو راحت نہ پہنچاتا تو خوف کی آگ سے ان کے دل جل جاتے پس امید کے اسباب اللہ تعالیٰ کے خاص بندوں کے لیے رحمت ہیں اور غفلت کے اسباب ایک اعتبار سے عام لوگوں کے لیے رحمت ہیں اس لیے کہ اگر پردہ اٹھ جائے تو جان نکل جائے اور دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں اور اسباب دلوں کو بدلنے والے کے خوف سے ہوتا ہے۔

بعض عارفین کا قول ہے کہ جس شخص کو میں پچاس سال سے توحید پر جانتا ہوں اگر اس کے اور میرے درمیان ایک ستون

---

(۱) قرآن مجید سورۃ سجدہ آیت ۱۳

(۲) قرآن مجید سورۃ ہود آیت ۱۱۹

(۳) قرآن مجید، سورۃ المعارج آیت ۲۸

حائل ہو جائے اور وہ مر جائے تو میں اس کے عقیدۂ توحید کے بارے میں قطعی طور پر کچھ نہیں کہہ سکتا کیوں کہ مجھے معلوم نہیں کہ اس کی حالت میں شاید کوئی تبدیلی آئی ہو۔

ایک اور بزرگ فرماتے ہیں اگر شہادت گھر کے دروازے پر ملے اور اسلام پر موت حجرے کے دروازے پر ہو تو میں اسلام پر موت کو ترجیح دوں گا کیوں کہ مجھے معلوم نہیں کہ حجرے کے دروازے اور حویلی کے دروازے کے درمیان میرے دل کی کیا کیفیت ہو جائے۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جو شخص موت کے وقت ایمان کے سلب ہو جانے سے بے خوف ہو اس کا ایمان سلب ہو جاتا ہے۔ اور حضرت سہل رحمہ اللہ فرماتے ہیں صدیقین کا خوف یہ ہے کہ وہ ہر خطرے اور ہر حرکت کے وقت برے خاتمے سے ڈرتے ہیں اور انہی لوگوں کا وصف اللہ تعالیٰ نے یوں بیان فرمایا۔

وَقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ۔ (۱) اور ان کے دل دہل جاتے ہیں۔

جب حضرت سفیان رحمہ اللہ کے وصال کا وقت آیا تو انہوں نے رونا اور چیخنا شروع کر دیا ان سے کہا گیا کہ اے ابو عبداللہ! آپ کو اللہ تعالیٰ پر امید رکھنی چاہیے بے شک اللہ تعالیٰ سے امید آپ کے گناہوں سے بہت بڑی ہے انہوں نے فرمایا کیا میں اپنے گناہوں پر روتا ہوں ؟ اگر مجھے معلوم ہو کہ میری موت عقیدۂ توحید پر آئے گی تو مجھے کوئی پرواہ نہیں اگرچہ میں پہاڑوں کے برابر گناہوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کروں۔

خوف کھانے والے کسی بزرگ کے بارے میں بیان کیا گیا کہ انہوں نے اپنے ایک بھائی کو وصیت کرتے ہوئے کہا کہ جب میری وفات ہو جائے تو تم میرے سرہانے بیٹھ جانا اگر تم دیکھو کہ میری رُوح توحید پر پرواز کر گئی تو میرا تمام مال لے کر اس سے بادام اور شکر لے کر شہر کے بچوں میں تقسیم کر دینا اور کہنا کہ یہ قید سے چھوٹنے والے فلاں شخص کی طرف سے شیرینی ہے اور اگر میں توحید پر نہ مروں تو لوگوں کو بتا دینا تاکہ وہ دھوکے سے میرے جنازے میں شریک نہ ہوں اور وہی شخص جنازے میں آئے جو بصیرت کے ساتھ آنا چاہے اور مجھے وفات کے بعد ریاکاری لاحق نہ ہو اس نے پوچھا توحید کی علامت کیا ہو گی ؟ اس بزرگ نے اسے ایک علامت بتائی چنانچہ اس شخص نے ان کی وفات کے وقت وہ علامت دیکھی اور شکر اور بادام خرید کر تقسیم کئے۔

حضرت سہل رحمہ اللہ فرماتے ہیں مرید کو گناہوں میں مبتلا ہونے کا ڈر ہوتا ہے جب کہ عارف کو کفر میں ابتلاء کا خوف ہوتا ہے اور حضرت ابو یزید رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے جب میں مسجد کی طرف جاتا ہوں تو گویا میری کمر میں زنار ہوتا ہے اور مجھے ڈر ہوتا کہ کہیں وہ مجھے گرجے اور آتش پرستی کی جگہ نہ لے جائے یہاں تک کہ جب میں مسجد میں داخل ہوتا ہوں تو زنار مجھ سے کٹ جاتا ہے میرے ساتھ یہ عمل روزانہ پانچ مرتبہ ہوتا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ مومنون آیت ۶۰

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں مروی ہے کہ آپ نے فرمایا اے حواریوں کے گروہ! تمہیں گناہوں کا ڈر ہوتا ہے اور ہم گروہ انبیاء کو کفر کا خوف ہوتا ہے۔

انبیاء کرام علیہم السلام کے واقعات میں مروی ہے کہ ایک نبی علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بھوک، جوؤں اور ننگے پن کی شکایت کی اور ان کا لباس اُونی تھا اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی اے میرے بندے! کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ میں تمہارے دل کو کفر سے بچالوں کہ تم مجھ سے دنیا کا سوال کرتے ہو چنانچہ انہوں نے مٹی لے کر اپنے سر پر ڈالی اور عرض کیا ہاں میرے رب میں راضی ہوں تو مجھے کفر سے بچالے۔

تو عارفین قدموں کی مضبوطی اور قوتِ ایمان کے باوجود بُرے خاتمے سے ڈرتے تھے تو کمزور لوگوں کو اس (برے خاتمے) کا خوف کیوں نہیں ہوگا۔

اور برے خاتمے کے کچھ اسباب ہیں جو موت سے پہلے ہوتے ہیں جیسے بدعت، منافقت اور تمام بری صفات ہیں اسی لیے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم منافقت سے بہت زیادہ ڈرتے تھے حتیٰ کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا اگر مجھے علم ہو کہ میں منافقت سے پاک رہوں گا تو یہ بات مجھے ان تمام چیزوں سے زیادہ پسند ہے جن پر سورج طلوع ہوتا ہے انہوں نے منافقت سے وہ منافقت مراد نہیں لی جو اصل ایمان کے خلاف ہے بلکہ وہ منافقت مراد ہے جو ایمان کے ساتھ جمع ہوتی ہے پس وہ مسلمان بھی ہوتا ہے اور منافق بھی۔ اور اس کی بہت سی علامات ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ فَهُوَ مُنَافِقٌ خَالِصٌ وَاِنْ صَلّٰى وَصَامَ وَزَعَمَ اَنَّهُ مُسْلِمٌ وَاِنْ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنْهُنَّ فَفِيْهِ شُعْبَةٌ مِنَ النِّفَاقِ حَتّٰى يَدَعَهَا مَنْ اِذَا حَدَّثَ كَذَبَ وَاِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ وَاِذَا خَاصَمَ فَجَرَ۔ (۱)

چار باتیں ایسی ہیں کہ جس میں پائی جائیں وہ خالص منافق (عملی منافق) ہوتا ہے اگرچہ نماز پڑھے اور روزہ رکھے اور اپنے آپ کو مسلمان سمجھے اور اگر اس میں ان میں سے ایک خصلت ہو تو اس میں منافقت کا ایک شعبہ پایا جاتا ہے حتیٰ کہ اسے چھوڑ دے جو بات کرتے وقت جھوٹ بولے وعدہ کرے تو اسے پورا نہ کرے اس کے پاس امانت رکھی جائے تو خیانت کرتا ہے اور جب جھگڑا ہو تو گالی گلوچ سے کام لیتا ہے۔

اور دوسری حدیث میں یہ الفاظ ہیں۔

وَاِذَا عَاهَدَ غَدَرَ۔

اور جب وعدہ کرتا ہے تو دھوکہ دیتا ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے منافقت کی مختلف تفاسیر کی ہیں صدیقین کے علاوہ لوگوں میں ان میں سے کوئی نہ کوئی بات ضرور

---

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۵۶ کتاب الایمان

پائی جاتی ہے حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں ظاہر و باطن کا اختلاف زبان اور دل کا اختلاف، دخول و خروج کا اختلاف منافقت میں سے ہے اور ان باتوں سے کون خالی ہے بلکہ یہ کام لوگوں کے درمیان بطور عادت محبوب بن گئے ہیں۔ اور ان کو مکمل طور پر کوئی بھی برا نہیں جانتا بلکہ یہ کام لوگوں میں زمانۂ نبوت کے قریب ہی جاری ہو گئے تھے تو ہمارے زمانے کے بارے میں کیا گمان ہوگا؟ حتیٰ کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ زمانہ نبوت میں کوئی شخص ایک بات کہنے سے منافق ہو جاتا تھا لیکن آج میں وہی بات گیارہ مرتبہ سنتا ہوں ۔(۱)

اور صحابہ کرام فرمایا کرتے تھے کہ تم بعض اعمال کو جانتے ہو جو تمہاری نگاہ میں بال سے زیادہ باریک ہیں لیکن ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں ان باتوں کو گناہ کبیرہ میں سے سمجھتے تھے۔

بعض بزرگوں نے فرمایا منافقت کی علامت یہ ہے کہ تم، لوگوں سے اس بات کو ناپسند کرو جس کا خود ارتکاب کرتے ہو اور تم ظلم میں سے کسی چیز کو پسند کرو اور حق میں سے کسی بات کو ناپسند کرو اور کہا گیا ہے کہ نفاق میں سے ایک بات یہ ہے کہ جب کسی آدمی کی تعریف اس بات پر کی جائے جو اس میں نہیں ہے تو وہ اس پر خوش ہو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں ایک شخص نے عرض کیا کہ ہم ان امراء کے پاس جاتے ہیں تو ان کی باتوں کی تصدیق کرتے ہیں اور جب ہم وہاں سے نکلتے ہیں تو ان کے بارے میں کلام کرتے ہیں آپ نے فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ہم ان باتوں کو منافقت خیال کرتے ہیں۔ (۲)

ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک شخص کو حجاج بن یوسف کے خلاف باتیں کرتے ہوئے سنا تو پوچھا بتاؤ کیا حجاج کی موجودگی میں بھی تم ایسی گفتگو کرتے؟ اس نے جواب دیا نہیں۔ فرمایا ہم عہد رسالت میں اس قسم کی باتوں کو منافقت سمجھتے تھے۔

اس سے بھی زیادہ سخت بات یہ ہے کہ کچھ لوگ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے دروازے پر بیٹھ کر ان کا انتظار کر رہے تھے اور وہ آپ کے بارے میں کچھ باتیں بھی کرتے تھے جب آپ باہر تشریف لائے تو آپ سے حیا کرتے ہوئے وہ لوگ خاموش ہو گئے آپ نے فرمایا اپنی گفتگو جاری رکھو لیکن وہ خاموش رہے آپ نے فرمایا اس قسم کے عمل کو ہم عہد رسالت میں منافقت شمار کرتے تھے۔

اور یہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ منافقین اور اسبابِ نفاق کے علم کے ساتھ مخصوص تھے اور آپ فرمایا کرتے تھے کہ دل پر ایک ایسی گھڑی آتی ہے کہ وہ ایمان سے بھر جاتا ہے حتیٰ کہ اس میں سوئی کے سوراخ جتنی جگہ بھی نفاق کے لیے

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۳۹ مرویات حذیفہ

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۱۰۶۹ کتاب الرقاق

(۳) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۲ ص ۲۰ لم حدیث ۱۳۵۴۸

نہیں رہتی اور اس پر ایک ساعت ایسی آتی ہے کہ وہ منافقت سے بھر جاتا ہے اور اس میں سوئی کے سوراخ جتنی جگہ بھی ایمان کے لیے باقی نہیں رہتی۔

اس سے تمہیں معلوم ہو گیا کہ عارفین کو برے خاتمے کا خوف ہوتا ہے اور اس کا سبب خاتمے سے پہلے پائے جانے والے کچھ اسباب ہوتے ہیں جن میں بدعت، گناہ اور منافقت شامل ہے اور ان باتوں سے کوئی شخص کب خالی ہو سکتا ہے اور اگر کوئی شخص یہ گمان کرتا ہے کہ وہ ان باتوں سے خالی ہے تو یہ بھی منافقت ہے کیوں کہ کہا گیا ہے کہ جو شخص منافقت سے بے خوف ہو وہ بھی منافق ہے۔

کسی شخص نے ایک عارف سے کہا کہ مجھے اپنے نفس پر منافقت کا خوف ہے انہوں نے فرمایا اگر تم منافق ہوتے تو تمہیں منافقت کا خوف نہ ہوتا تو عارف ہمیشہ سابقہ (پہلی حالت) اور خاتمہ کے درمیان متوجہ رہتا ہے کیوں کہ اسے ان دونوں کا خوف ہوتا ہے۔

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ بَیْنَ مَخَافَتَیْنِ بَیْنَ اَجَلٍ قَدْ مَضٰی لَا یَدْرِیْ مَا اللّٰہُ صَانِعٌ فِیْہِ وَ بَیْنَ اَجَلٍ قَدْ بَقِیَ لَا یَدْرِیْ مَا اللّٰہُ قَاضٍ فِیْہِ فَوَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ مَا بَعْدَ الْمَوْتِ مِنْ مُسْتَعْتَبٍ وَلَا بَعْدَ الدُّنْیَا مِنْ دَارٍ اِلَّا الْجَنَّۃُ اَوِ النَّارُ۔ (۱)

مومن بندہ دو خوفوں کے درمیان رہتا ہے اس اجل کے درمیان جو گزر گئی کہ اسے معلوم نہیں اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ کیا کرنے والا ہے اور وہ اجل جو باقی ہے کہ اسے معلوم نہیں اللہ تعالیٰ نے اس کے بارے میں کیا فیصلہ فرمایا تو اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے موت کے بعد طلب رضا کا کوئی موقع اور دنیا کے بعد کوئی گھر نہیں سوائے جنت یا دوزخ کے ـــــ اور اللہ تعالیٰ سے ہی مدد طلب کی جاتی ہے۔

فصل ۷:

بُرے خاتمہ کا مفہوم

سوال:

آپ نے جو کچھ لکھا ہے ان تمام باتوں کا رجوع برے خاتمے کی طرف ہے تو برا خاتمہ کیا ہے؟

---

(۱) کتاب الزھد والرقائق ص ۱۰۲ حدیث ۳۰۴/۳ الفردوس بماثور الخطاب جلد ۲ ص ۹۲ حدیث ۲۶۱۴

جواب :

برے خاتمہ کے دو مرتبے ہیں ان میں سے ایک، دوسرے سے بڑا ہے، بڑا اور پریشان کن رتبہ یہ ہے کہ موت کی سختیوں اور اس کی ہولناکیوں کے ظہور کے وقت شک، یا انکار پایا جائے پس انکار یا شک کے غلبہ کی صورت میں رُوح قبض ہو اور اسی انکار کی وجہ سے جو دل پر غالب ہو گیا بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان حجاب پیدا ہو جاتا ہے اور یہ حجاب دائمی بُعد اور ہمیشہ کے برے خاتمہ کا دوسرا مرتبہ پہلے سے کم ہے اور وہ موت کے وقت دل پر امور دنیا میں سے کسی امر کی محبت یا کسی خواہش کا غالب آنا ہے اب یہ بات دل میں بیٹھ جاتی ہے اور اسے گھیر لیتی ہے حتیٰ کہ اس حالت میں کسی دوسری چیز کی گنجائش باقی نہیں رہتی اور اسی حالت میں رُوح پرواز کر جاتی ہے اب اس کے دل کا استغراق یوں ہوتا ہے کہ اس کا دل دنیا کی طرف جھکا ہوا ہوتا ہے اور اس کا رُخ بھی ادھر ہی ہوتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے رُخ پھر جائے تو حجاب پیدا ہو جاتا ہے اور حجاب پیدا ہو گیا تو عذاب نازل ہوتا ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کی جلانے والی آگ انہی لوگوں کو پکڑتی ہے جو اس سے پردے میں ہوتے ہیں لیکن وہ مومن جس کا دل دنیا کی محبت سے محفوظ ہو اور اس کی تمام تر توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف ہو اس سے جہنم کی آگ کہتی ہے اے مومن! دُور ہو جا تیرے نور نے میری لپٹ کو بجھا دیا ہے۔

پس جب رُوح کا قبض ہونا ایسی صورت میں ہو کہ اس پر دنیا کی محبت غالب ہو تو معاملہ خطرناک ہوتا ہے کیوں کہ آدمی اسی حالت پر مرتا ہے جس پر وہ مُردہ تھا اور موت کے بعد دل کے لیے کوئی ایسی صفت حاصل کرنا ممکن نہیں جو اس پر غالب صفت کی ضد ہو کیوں کہ دل کا بدلنا اعضاء کے عمل کے ساتھ ہوتا ہے اور موت کے ذریعے اعضاء باطل ہو گئے پس اعمال بھی باطل ہو گئے لہٰذا اب کسی عمل کا طمع باقی نہیں ہے اور دنیا میں واپسی کی طمع بھی نہیں کہ اس کا تدارک کیا جاسکے لہٰذا اس وقت بہت زیادہ حسرت ہوتی ہے۔

البتہ جب اصل ایمان اور اللہ تعالیٰ کی محبت ایک طویل مدت تک دل میں راسخ ہو چکی ہو اور اچھے اعمال کے ساتھ پکی ہو گئی ہو وہ موت کے وقت پیش آنے والی اس حالت کو مٹا دیتی ہے اگر اس کا ایمان ایک مثقال کے برابر بھی ہو تو وہ بھی اس کو جلد ہی آگ سے نکال دیتا ہے اور اگر اس سے کم ہو تو وہ جہنم میں زیادہ مدت تک ٹھہرتا ہے اور اگر دانے کے برابر بھی ہو تو وہ اسے ضرور بضرور جہنم سے نکالے گا اگرچہ کئی ہزار سال کے بعد ہو۔

سوال :

جو کچھ آپ نے ذکر کیا ہے اس کا تقاضا تو یہ ہے کہ موت کے فوراً بعد آگ اس تک پہنچ جاتی ہے تو اسے قیامت تک مؤخر کرنے اور طویل عرصہ تک مہلت دینے کا کیا فائدہ ہے۔

عذاب قبر : جواب : جو شخص عذاب قبر کا منکر ہے وہ بدعتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے نور سے پردے میں ہے بلکہ نور

قرآن اور نورِ ایمان سے بھی حجاب میں ہے بلکہ اصحابِ بصیرت کے نزدیک صحیح بات وہ ہے جو صحیح احادیث سے ثابت ہے۔ وہ یہ ہے۔

اَلْقَبْرُ اِمَّا حُفْرَةٌ مِّنَ النَّارِ اَوْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِیَاضِ الْجَنَّةِ۔ (۱) قبر یا تو جہنم کا ایک گڑھا ہے یا وہ جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے۔

اور جس کو عذاب دیا جا رہا ہے اس کی قبر کی طرف جہنم کے ستر دروازے کھلتے ہیں جیسا کہ احادیث میں ہے (۲) پس جونہی اس کی روح جدا ہوتی ہے اس پر مصیبتوں کا نزول شروع ہو جاتا ہے اگر وہ برُے خاتمہ کی وجہ سے بدبختی کا شکار ہو چکا ہو اور مختلف اوقات میں مختلف قسم کا عذاب ہوتا ہے جب اسے قبر میں رکھا جاتا ہے تو منکر نکیر کے سوالات ہوتے ہیں (۳) اس کے بعد عذاب ہوتا ہے (۴) پھر حساب کا مناقشہ ہے (۵) اور گواہوں کی ایک جماعت کے سامنے قیامت کے دن کی رُسوائی ہے(۶) اس کے بعد پُل صراط کا خطرہ ہے (۷) اور دوزخ کے فرشتوں کی مصیبت و سختی (۸) اور وہ تمام امور جو احادیث میں مذکور ہیں۔

تو بدبخت آدمی طرح طرح کے عذاب میں اپنے تمام احوال میں تردد میں رہتا ہے اور وہ تمام حالات میں عذاب میں ہے مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اسے اپنی رحمت سے ڈھانپ لے اور تمہیں یہ گمان نہیں کرنا چاہیئے کہ محلِ ایمان کو مٹی کھا جاتی ہے بلکہ مٹی تمام ظاہری اعضاء کو کھا کر جدا جدا کر دیتی ہے یہاں تک کہ مقرر وقت آپہنچے تو تمام متفرق اجزاء جمع ہو جائیں گے اور ان کی طرف روح لوٹ آئے گی جو محلِ ایمان ہے اور یہ روح وقتِ موت سے لوٹنے تک موجود رہتی ہے یا تو ان سبز پرندوں کے پوٹوں میں ہوتی ہے جو عرش کے نیچے لٹک رہے ہیں اگر وہ نیک بخت ہے اور اگر وہ بدبخت ہے تو اس کے خلاف کسی بری حالت میں ہوتی ہے، ہم اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں۔

سوال:۔

برُے خاتمے کی طرف لے جانے والا سبب کیا ہے؟

جواب:۔

جان لو! ان امور کے اسباب کا احاطہ تفصیلی طور پر ممکن نہیں البتہ اجمالی طور پر اشارہ کیا جا سکتا ہے۔ جہاں تک شک اور انکار کی صورت میں خاتمے کا تعلق ہے تو اس کا سبب دو باتوں میں منحصر ہے۔

---

(۱) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۲۳۸ کتاب التوبہ
(۲)
(۳) جامع ترمذی ص ۱۷۳، ابواب الجنائز
(۴) " " " "
(۵) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۶۷ کتاب الرقاق۔
(۶) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۲۶ مرویات ابن عمر
(۷) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۷۳ مرویات ابن عمر کتاب الرقاق
(۸) کنز العمال جلد ۱۰ ص ۱۹۱ حدیث ۲۹۰۰۵

ایک وہ ہے جو مکمل پرہیزگاری اور اعمال کی درستگی کے باوجود متصور ہوتا ہے جیسے بدعتی زاہد، اس کا خاتمہ بہت خطرے میں ہے اگرچہ اس کے اعمال اچھے ہوں ـــــ اس سے ہماری مراد کوئی خاص مذہب نہیں جسے بدعت قرار دیں کیوں کہ اس کا بیان بہت طویل ہے بلکہ بدعت سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات، صفات اور افعال میں خلافِ حق عقیدہ رکھنا ہے یعنی جیسے صورت حال ہے اس کے خلاف عقیدہ ہو چکا ہے وہ اس کی رائے سے ہو یا عقل و فکر جس کے ذریعے وہ مخالف سے جھگڑتا ہے ایسی عقل پر اعتماد کرتا اور اس کے دھوکے میں ہے یا جو اس حالت پر ہے اس کی تقلید کرتا ہے۔

پس جب موت قریب آتی ہے اور ملک الموت کی پیشانی اس کے سامنے ظاہر ہوتی ہے اور دل اپنے تمام خیالات سمیت بدلتا ہے تو بعض اوقات حالتِ سکراتِ موت میں اس کے سامنے اس عقیدے کا بطلان منکشف ہوتا ہے جسے اس نے جہالت کی وجہ سے اختیار کر رکھا تھا کیوں کہ موت کی حالت پردہ اٹھنے کی حالت ہے اور سکرات کی ابتدائی حالت اسی سے ہے پس اس سے بعض امور واضح ہو جاتے ہیں پس جب اس کا عقیدہ باطل ہو جاتا ہے اور اس سے پہلے وہ اس پر یقین رکھتا اور اسے قطعی سمجھتا تھا تو وہ یہ گمان نہیں کرتا کہ اس سے خاص اس عقیدے میں خطا ہوئی ہے جس کا دارو مدار اس کی فاسد رائے اور عقل ناقص پر تھا بلکہ اس کے خیال میں اس کے تمام عقائد بے اصل ہوتے ہیں کیوں کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نیز تمام عقائد صحیحہ اور فاسد عقیدے میں فرق نہیں کرتا پس بعض مبنی پر جہالت اعتقادات کا انکشاف باقی عقائد کے بطلان کا سبب بنتا ہے یا وہ ان میں شک کرتا ہے۔

اب اگر اسی حالت میں رُوح پرواز کرتی ہے اور وہ اصل ایمان کی طرف نہیں لوٹتا تو اس کا خاتمہ بُرا ہوتا ہے اور اس کی روح شرک پر نکلتی ہے ہم اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں اس ارشاد خداوندی سے یہی لوگ مراد ہیں

وَبَدَا لَهُمْ مِنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ۔ (۱)

اور ان کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ بات ظاہر ہوئی جس کا وہ گمان بھی نہیں کرتے تھے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا۔ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا۔ (۲)

آپ فرما دیجئے کیا ہم تمہیں ان لوگوں کی خبر دیں جو اعمال کے اعتبار سے بہت خسارے میں ہیں وہ لوگ جن کی کوشش دنیوی زندگی میں ضائع ہوگئی اور ان کا خیال یہ ہے کہ وہ اچھا کام کر رہے ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ زمر آیت ۴۷

(۲) قرآن مجید، سورۂ کہف آیت ۱۰۳

اور جس طرح نیند کی حالت میں مستقبل میں پیش آنے والے امور منکشف ہوتے ہیں کیوں کہ اس وقت دل پر دنیوی مشغولیت کا بوجھ کم ہوتا ہے اسی طرح سکراتِ موت کی حالت میں بعض امور واضح ہوتے ہیں کیوں کہ دنیوی مشاغل اور بدن کی خواہشات دل کو ملکوت کی طرف دیکھنے سے مانع نہیں لہٰذا اب وہ لوحِ محفوظ میں جو کچھ لکھا ہے اس کا مطالعہ کرتا ہے تاکہ وہ امور اپنی اصل حقیقت کے ساتھ منکشف ہو جائیں تو اس قسم کی حالت کشف کا سبب بنتی ہے اور یہ کشف باقی اعتقادات میں شک کا سبب بنتا ہے۔

تو جو شخص تقلیدی طور پر یا رائے اور عقل کے ذریعے اللہ تعالیٰ اور اس کی صفات وافعال کے بارے میں خلافِ حقیقت اعتقاد رکھتا ہے اسے اس خطرے کا سامنا ہوتا ہے اور زہد نیز اعمال کا صالح ہونا اس خطرے کو دور کرنے کے لیے کافی نہیں ہیں بلکہ اس سے نجات کے لیے سچے عقیدے کی ضرورت ہے۔

اور بھولے بھالے آدمی اس خطرے سے دور ہیں یعنی وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ، اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور آخرت پر مجمل لیکن مضبوط ایمان لائے جس طرح دیہاتی، جنگلوں میں رہنے والے اور عام لوگ جو بحث مباحثہ میں نہیں پڑتے نہ کلام کا آغاز کرتے ہیں اور نہ ہی متکلمین کے مختلف اقوال کی تقلید میں ان کی باتوں پر کان دھرتے ہیں۔

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَکْثَرُ اَھْلِ الْجَنَّۃِ الْبُلْہُ۔ (۱) جنت میں جانے والے زیادہ لوگ سیدھے سادے ہوں گے

اسی لیے بزرگوں نے بحث و نظر اور کلام میں غور و خوض نیز ان امور میں تفتیش سے منع فرمایا اور لوگوں کو حکم دیا کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ نے نازل کیا اس سب پر ایمان لائیں اور بس اور جو کچھ ظاہر میں سمجھ آتا ہے اس پر بھی ایمان لائیں اور یہ اعتقاد رکھیں کہ کوئی بھی اللہ تعالیٰ کے مشابہ نہیں ہے لوگوں کو تاویل میں غور و فکر کرنے سے روکا گیا ہے کیوں کہ صفاتِ خداوندی میں بحث کرنے سے بہت بڑے خطرے کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس کی گھاٹیاں سخت اور راستے دشوار گزار ہیں اور عقلیں اللہ تعالیٰ کے جلال کا ادراک کرنے سے قاصر ہیں اور چوں کہ دل محبتِ دنیا پر پیدا کئے گئے ہیں اس لیے نور یقین سے ملنے والی ہدایت ان سے دور ہے اور جو کچھ بحث کرنے والے کہتے ہیں وہ ایک دوسرے کے خلاف ہے اور دل انہی باتوں کے ساتھ الفت رکھتے ہیں جو ابتدائے نشوونما میں ان میں ڈالی جاتی ہیں اور مخلوق کے درمیان جو تعصبات پھیلے ہوئے ہیں وہ موروثی عقائد کی مضبوط جڑیں ہیں یا اوّل اوّل مسلمانوں سے حُسنِ ظن کے طور پر لیے گئے ہیں پھر طبیعتیں دنیا کی محبت میں مصروف و مشغوف ہیں اور اس کی طرف متوجہ ہیں اور دنیوی خواہشات نے ان کا گلا دبا رکھا ہے لہٰذا وہ ان کو مکمل طور پر سوچ وبچار کرنے نہیں دیتیں۔

پس جب اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات کے سلسلہ میں رائے اور عقل کے ساتھ کلام کا دروازہ کھلتا ہے اور طبیعتوں

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۶۹، کتاب الاعرب

کا اختلاف بھی موجود ہے نیز ہر جاہل اس بات کی حرص رکھتا ہے کہ وہ کمال اور حق کی گہرائی کا احاطہ کرنے کا دعویٰ کرے تو جس کو جو سمجھ آتی ہے بول پڑتا ہے اور جو شخص جس بات کو سنتا ہے اسی کا معتقد ہو جاتا ہے اور ان کی باہمی الفت کی وجہ سے یہ عقیدہ پکا ہو جاتا ہے اور اب نکلنے کی کوئی صورت باقی نہیں رہتی ۔ لہٰذا سلامتی اسی میں ہے کہ لوگ اچھے اعمال میں مشغول ہوں اور جو کچھ ان کی طاقت کی حد سے باہر ہے اس کے پیچھے نہ پڑیں ۔

لیکن اب تو لگام ڈھیلی پڑ گئی اور بیہودگی پھیل گئی اور ہر جاہل اس بات کی طرف اُتر آیا جو ظن اور گمان کے اعتبار سے اس کی طبیعت کے موافق ہے اور وہ اسے ہی علم اور یقینی بات جانتا ہے اور اس کے خیال میں یہی خالص ایمان ہے اور اس کا گمان یہ ہے کہ یہ جو کچھ اندازے اور تخمینے سے کہا گیا ہے یہی علم الیقین اور عین الیقین ہے حالانکہ کچھ دن بعد اسے اس کا علم ہو جائے گا اور پردہ اٹھنے کے بعد ان لوگوں کے بارے میں یہ شعر پڑھنا زیادہ مناسب ہے ۔

اَحْسَنْتَ ظَنَّكَ بِالْاَيَّامِ اِذْ حَسُنَتْ	جب دن اچھے گزرے تو تُو نے زمانے کے بارے میں اچھا
وَلَمْ تَخَفْ سُوْءَ مَا يَاْتِيْ بِهِ الْقَدَرُ	گمان کیا اور آنے والی مقدر برائی سے تو نے خوف نہ کھایا
وَسَالَمَتْكَ اللَّيَالِيْ فَاغْتَرَرْتَ بِهَا	راتوں نے تجھے سلامت رکھا تو تجھے ان کی وجہ سے دھوکہ ہوا
وَعِنْدَ صَفْوِ اللَّيَالِيْ يَحْدُثُ الْكَدَرُ	اور جب راتیں صاف ہوں تو گدلا پن آجاتا ہے ۔

اور جان لو کہ جو شخص اللہ تعالیٰ ، اس کے رسول اور کتابوں پر خالص ایمان سے جدا ہو جاتا ہے اور بحث میں پڑتا ہے وہ اپنے آپ کو اس خطرے کے لیے پیش کرتا ہے اور اس کی مثال اس شخص کی طرح ہے جس کی کشتی ٹوٹ جائے اور وہ موجوں کی نذر ہو جائے ایک موج اسے دوسری موج کی طرف پھینک دے بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ وہ اسے ساحل کی طرح پھینک دیتی ہے لیکن یہ بہت بعید بات ہے اور ہلاکت کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے ۔

اور جو لوگ دوسروں سے عقیدہ لیتے ہیں جنہوں نے عقل کے ذریعے اس میں بحث کی تو اس کی دو صورتیں ہیں یا تو وہ دلائل کے ساتھ ہے جو انہوں نے نقل کئے اور اس میں ان کا تعصب شامل ہے یا دلیل کے بغیر ہیں پس اگر اسے اس میں شک ہے تو اس سے دین فاسد ہو جاتا ہے اور اگر اسے اس پر یقین ہے تو اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے بے خوف ہے اور اپنی ناقص عقل کے دھوکے میں پڑا ہوا ہے اور جو شخص بھی کسی بحث میں پڑتا ہے وہ ان دو حالتوں سے خالی نہیں ہوتا ہاں عقل کی حد سے گزر کر اس نُورِ مکاشفہ کی طرف چلے جو عالمِ ولایت و نبوت میں چمکتا ہے اور یہ کبریتِ احمر (سُرخ سونا) ہے لیکن کہاں میسر ہے ، ہاں سادہ لوح مسلمان اس خطرے سے محفوظ ہیں یا جن لوگوں کو جہنم کے خوف نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں مشغول کر دیا اور وہ ان فضول باتوں میں مشغول نہیں ہوتے ـــــ تو یہ بُرے خاتمے کے خطرے سے متعلق ایک سبب ہے ۔

اور دوسرا سبب اصل میں ایمان کی کمزوری ہے پھر دل پر دنیوی محبت کا غالب آجانا اور جب ایمان کمزور ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی محبت میں بھی کمزوری واقع ہو جاتی ہے اور دنیا کی محبت مضبوط ہو جاتی ہے اور یوں ہوتا ہے کہ گویا دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت

کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے البتہ قلبی خطرات اور وسوسے ہوتے ہیں لیکن مخالفتِ نفس کا اثر ظاہر نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ شیطان کے راستے سے پھر سکتا ہے اس سے خواہشات کی اتباع میں انہماک پیدا ہوتا ہے حتی کہ دل پہ اندھیرا چھا جاتا ہے جس کی وجہ سے وہ سخت بھی ہو جاتا ہے اور سیاہ بھی اور نفسانی ظلمات دل پر چڑھ جاتی ہیں اور جو کمزور ایمان دل میں موجود ہوتا ہے اس میں بھی کمی ہوتی رہتی ہے حتی کہ مہر لگ جاتی ہے اور دل زنگ آلود ہو جاتا ہے اور جب موت کی سختیاں آنا شروع ہوتی ہیں تو یہ محبت بڑھ جاتی ہے مطلب یہ کہ اللہ تعالیٰ کی محبت مزید کمزور ہو جاتی ہے کیوں کہ اب اسے دنیا سے جدائی کا شعور ہوتا ہے اور یہی دنیا اس کا محبوب تھی جو دل پر غالب آچکی تھی تو دنیا سے جدائی کا سوچ کر اسی کے دل کو تکلیف پہنچتی ہے اور وہ اسے اللہ تعالےٰ کی طرف سے سمجھتا ہے لہٰذا جو موت اس کے مقدر میں تھی اس کا ضمیر اس کے انکار کی راہ دکھاتا ہے اور یہ اس لیے ناپسند ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئی ہے تو اس بات کا ڈر ہوتا ہے کہ کہیں اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت کی بجائے بُغض جوش نہ مارے۔

جیسے کوئی شخص اپنے بیٹے سے معمولی محبت کرتا ہو اور وہ لڑکا اس سے اس کا وہ مال لے جائے جو اسے اولاد سے بھی زیادہ پسند ہو اور وہ اس مال کو جلا دے تو یہ کمزور محبت، بغض میں بدل جاتی ہے۔ تو اگر اس حالت میں انسان کی رُوح نکلے جب اس کے دل میں یہ خطرہ پیدا ہوا تو یہ برا خاتمہ ہے اور وہ مکمل طور پر ہلاک ہو گیا اور اس قسم کے خاتمہ تک جو سبب لے جاتا ہے وہ دنیوی محبت کا غلبہ اور اس کی طرف جھکاؤ ہے نیز اس کے اسباب پہ خوش ہونا ہے اور اس کے ساتھ ایمان کی کمزوری جو اللہ تعالیٰ کی محبت کی کمزوری کا موجب ہے پس جو شخص اپنے دل میں دنیا کی محبت کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ کی محبت کو زیادہ غالب پاتا ہے وہ اگرچہ دنیا سے بھی محبت کرتا ہو، وہ اس خطرے سے زیادہ دُور ہوتا ہے۔

اور دنیا کی محبت ہر گناہ کی اصل ہے اور وہ لا علاج مرض ہے اور ہر قسم کے لوگ اس میں مبتلا ہیں اور اس کی وجہ اللہ تعالیٰ کی معرفت کا کم ہونا ہے کیوں کہ اس سے وہی محبت کرتا ہے جو اسے پہچانتا ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

قُلْ اِنْ كَانَ آبَاؤُكُمْ وَاَبْنَاؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسَاكِنُ تَرْضَوْنَهَا اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ۔ (۱)

آپ فرما دیجیے (اے لوگو!) اگر تمہارے باپ دادا اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں اور تمہارا خاندان اور وہ مال جو تم نے کمایا اور وہ تجارت جس کے نقصان کا تمہیں ڈر ہے اور وہ مکانات جن کو تم پسند کرتے ہو تمہیں اللہ تعالیٰ، اور اس کے رسول اور اس کے راستے میں جہاد سے زیادہ پسند ہیں تو انتظار کرو حتی کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم لے آئے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ توبہ آیت ۲۴

تو نتیجہ یہ ہوا کہ جس شخص کی رُوح دنیا سے اس طرح جاتی ہے کہ اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کے انکار کا خطرہ ہو اور اللہ تعالیٰ کے اس عمل (موت) کو دل سے برا سمجھتا ہو کہ اس نے اس کے اور اس کے اہل و مال اور تمام محبوب چیزوں کے درمیان تفریق ڈال دی تو اس کی موت یوں واقع ہوتی ہے کہ جدھر وہ جا رہا ہے اسے ناپسند کرتا ہے اور جس سے جدا ہو رہا ہے اسے پسند کرتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں اس غلام کی طرح حاضر ہو رہا ہے جو آقا سے بُغض رکھتا ہو اور بھاگا ہوا ہو اور اسے زبردستی لایا جا رہا ہو اب وہ جس قدر ذلت اور سزا کا مستحق ہے وہ پوشیدہ نہیں ہے۔

لیکن جو شخص اللہ تعالیٰ کی محبت پر انتقال کرتا ہے وہ بارگاہ خداوندی میں اس غلام کی طرح حاضر ہوتا ہے جو نیکوکار ہے اور اپنے آقا کا مشتاق ہے جس نے مشکل کام اور سفر کی مشقت اس سے ملاقات کی طمع میں برداشت کی اب اسے جو خوشی حاصل ہوتی ہے وہ بھی مخفی نہیں ہے اور یہ تو محض حاضری اور ملاقات کی خوشی ہے اور جو طرح طرح کے انعام و اکرام اسے ملتے ہیں وہ اس کے علاوہ ہیں۔

دوسری قسم کا خاتمہ پہلی قسم کے مقابلے میں ہلکا ہے اور اس سے ہمیشہ ہمیشہ جہنم میں رہنا لازم نہیں آتا اور اس کے بھی دو سبب ہیں ایک گناہوں کی کثرت ہے اگرچہ ایمان مضبوط ہو اور دوسرا سبب ایمان کی کمزوری ہے اگرچہ گناہ کم ہوں کیوں کہ گناہوں کے ارتکاب کا سبب خواہشات کا غلبہ اور دل میں ان کا راسخ ہو جانا ہے جس کی وجہ الفت اور عادت ہے۔ اور انسان اپنی زندگی میں جن جن چیزوں سے اُلفت رکھتا ہے موت کے وقت اس کے دل میں ان کا ذکر لوٹ آتا ہے اگر اس کے دل کا زیادہ میلان عبادات کی طرف ہو تو حالتِ نزع میں اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کی یاد زیادہ ہوتی ہے اور اگر اس کا زیادہ میلان گناہوں کی طرف ہو تو موت کے وقت اس کے دل میں گناہوں کی یاد ہوتی ہے پس جب اس کی رُوح قبض ہوتے وقت دنیوی خواہش اور کسی گناہ کا غلبہ ہو تو دل اس کی قید میں ہوتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ سے حجاب میں ہوتا ہے اور جو شخص کبھی کبھی گناہوں کا مرتکب ہوتا ہے وہ اس خطرے سے بہت دُور ہوتا ہے اور جس پر گناہوں کا غلبہ ہو اور عبادات کے مقابلے میں گناہ زیادہ ہوں اور عبادات کی نسبت گناہوں پر دل زیادہ خوش ہوتا ہو تو اس کے حق میں یہ بہت بڑا خطرہ ہے۔

ہم یہ بات ایک مثال کے ذریعے معلوم کرتے ہیں یعنی یہ بات واضح ہے کہ انسان اپنے خواب میں جو کچھ دیکھتا ہے وہ زندگی کی کسی نہ کسی حالت میں دیکھتا ہے حتیٰ کہ وہ وہی چیز دیکھتا ہے جو بیداری کی حالت میں مشاہدہ کی گئی چیز کی مثل ہو یہاں تک کہ وہ قریب البلوغ بچہ جسے احتلام آتا ہو وہ خواب میں حالتِ جماع کو ملاحظہ نہیں کرتا جب تک اس نے بیداری کی حالت میں جماع کا مشاہدہ نہ کیا ہو اور اگر وہ ایک مدت تک اسی حالت میں رہے تو احتلام کے وقت اسے جماع کی صورت دکھائی نہیں دیتی۔

پھر یہ بات مخفی نہیں ہے کہ جس شخص نے اپنی زندگی فقہ میں گزاری ہو تو وہ علم و علماء سے متعلق احوال کو اس شخص سے زیادہ دیکھتا ہے جس نے اپنی زندگی تجارت میں گزاری اور تاجر تجارت سے متعلق احوال اور ان کے اسباب کو طبیب اور فقیہ کے مقابلے میں زیادہ دیکھتا ہے کیوں کہ نیند کی حالت میں وہ چیز ظاہر ہوتی ہے جس کے ساتھ دل ایک عرصے سے الفت

رکھتا ہو یا کسی دوسرے سبب سے قلبی تعلق پیدا ہوا ہو۔

اور موت، نیند کے مشابہ ہے لیکن اس سے اوپر ہے البتہ موت کی سختیاں (سکراتِ موت) اور اس سے پہلے جو غشی آتی ہے وہ نیند کے قریب ہوتی ہے لہذا یہ مالوف و محبوب چیز کے تذکرے کا تقاضا کرتی ہے اور دل کی طرف اس کے رجوع کی متقاضی ہوتی ہے اور دل میں اس کے ذکر کو ترجیح دینے والے اسباب میں سے ایک سبب ایک عرصہ تک اس سے مانوس رہنا ہے پس گناہوں اور عبادات کے ساتھ طویل اُنس بھی وجہ ترجیح ہے اسی طرح نیک لوگوں کی خواہیں، فاسق لوگوں کی خوابوں کے خلاف ہوتی ہیں تو اُنس و اُلفت کا غلبہ اس بات کا سبب بنتا ہے کہ اس کے دل میں ایک فاحشہ صورت متشکل ہو اور اس کی طرف اس کے نفس کا میلان ہو پس بعض اوقات اسی حالت میں اس کی رُوح قبض ہوتی ہے اور یہ اس کے برے خاتمے کا سبب ہوتا ہے اگرچہ اصل ایمان باقی ہو جس کی وجہ سے نجات کی امید ہو۔

اور جس طرح بیداری کی حالت میں دل میں پیدا ہونے والا خیال ایک خاص سبب سے ہوتا ہے جسے اللہ تعالیٰ جانتا ہے اسی طرح ہر خواب کا اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک سبب ہوتا ہے جس کے بعض کو ہم جانتے ہیں اور بعض کا علم ہمیں نہیں ہوتا جیسے ہم جانتے ہیں کہ دل کا وسوسہ اور خیال ایک چیز سے دوسری مناسب چیز کی طرف مشابہت یا ضد یا ملنے کی وجہ سے منتقل ہوتا ہے کہ اس سے اس کا احساس پیدا ہو۔

مشابہت کی صورت یہ ہے کہ کسی خوبصورت چیز کو دیکھ کر دوسری خوبصورت چیز کا خیال آجائے، ضد کی صورت یہ ہے کہ خوبصورت کو دیکھ کر بدصورت کی یاد آجائے اور وہ ان دونوں کے درمیان بہت زیادہ تفاوت میں غور کرے اور مقارنت (ملنا) یہ ہے کہ مثلاً اس نے ایک گھوڑے کو دیکھا جسے اس سے پہلے کسی انسان کے ساتھ دیکھ چکا تھا تو اس گھوڑے کو دیکھنے سے انسان کا خیال آجائے۔

اور بعض اوقات ذہن ایک چیز کی طرف سے دوسری چیز کی طرف منتقل ہوتا ہے لیکن دونوں کے درمیان وجہِ مناسبت معلوم نہیں ہوتی اور یہ ایک اور دو واسطوں سے ہوتا ہے شلاً ذہن ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف اور اس سے تیسری چیز کی طرف منتقل ہو پھر دوسری چیز کو بھول جائے پہلی اور تیسری چیز کے درمیان کوئی مناسبت نہیں ہوتی البتہ اس کے اور دوسری چیز کے درمیان مناسبت ہوتی ہے جب کہ دوسری اور پہلی چیز کے درمیان مناسبت ہوتی ہے اسی طرح خوابوں میں خیالات کے لیے اس جنس کے اسباب ہیں اور سکراتِ موت کے وقت بھی اسی طرح ہوتا ہے۔

اس بنیاد پر جو شخص اکثر سلائی کا کام کرتا ہے تم اسے دیکھو گے وہ اپنے سر کی طرف اشارہ کرتا ہے گویا وہ اپنی سُوئی کو پکڑتا ہے تاکہ اس کے ساتھ سلائی کرے اور اپنی انگلی کو تر کرتا ہے۔ اور چادر کو اوپر سے پکڑ کر بالشت سے ناپتا ہے گویا اس کا ناپ کرتا ہے پھر اپنا ہاتھ قینچی کی طرف بڑھاتا ہے۔

اور جو شخص چاہتا ہو کہ اس کا خیال گناہوں اور خواہشات کی طرف نہ جائے اس کے لیے یہی راستہ ہے کہ وہ عرصہ دراز تک

اپنے نفس کو ان سے دُور رکھے اور دل سے شہوتوں کا قلع قمع کرے یہی مقدار اختیار کے تحت داخل ہے اور نیکی پر طویل عرصہ تک قائم رہنا اور فکر کو شر سے الگ رکھنا سکرات موت کی حالت کے لیے تیاری اور ذخیرہ ہے کیوں کہ آدمی اسی حالت پر مرتا ہے جس پر زندگی گزارتا ہے۔

اسی لیے ایک سبزی فروش کے بارے میں منقول ہے کہ موت کے وقت اسے کلمہ شہادت کی تلقین کی گئی تو وہ کہنے لگا پانچ، چھ، چار، گویا وہ اس حساب میں مشغول تھا جس کے ساتھ وہ موت سے پہلے مانوس تھا۔

اسلاف میں سے کسی عارف نے فرمایا عرش ایک جوہر ہے جو نور سے چمک رہا ہے جو بندہ جس حال پر ہوتا ہے اسی حالت میں اس کی صورت عرش پر منقش ہوتی ہے جب وہ سکراتِ موت کی حالت میں ہوتا ہے تو بعض اوقات اپنے آپ کو گناہ کی صورت میں دیکھتا ہے اسی طرح قیامت کے دن اس کے لیے کشف ہوگا اور وہ اپنے نفس کے احوال کو دیکھے گا تو اس وقت اسے جو حیا اور خوف ہوگا اسے بیان نہیں کیا جا سکتا۔ واقعی انہوں نے صحیح فرمایا۔

سچے خواب کا سبب بھی اس کے قریب ہے کیوں کہ سونے والا لوح محفوظ کو دیکھ کر اس بات کا ادراک کرتا ہے جو مستقبل میں پیش آنے والی ہے اور (سچا خواب) نبوت کے اجزا میں سے ایک جزء ہے۔

تو برا خاتمہ دل کے احوال اور خلجان کی طرف لوٹتا ہے اور دلوں کو بدلنے والا تو اللہ تعالیٰ ہے اور وہ اتفاقات جو برے خیالات کا تقاضا کرتے ہیں وہ مکمل طور پر اختیار میں نہیں ہیں اگرچہ طویل اُنس و اُلفت کی اس میں تاثیر ہوتی ہے اسی وجہ سے عارفین کو برے خاتمے کا بہت زیادہ خوف ہوتا ہے اس لیے اگر انسان ارادہ کرے کہ خواب میں نیک لوگوں کے احوال اور عبادات و اطاعت کے احوال دیکھے تو اس کے لیے یہ بات مشکل ہے اگرچہ اصلاح کی کثرت اور اس پر مواظبت ان چیزوں میں سے ہے جو اسباب میں موثر ہیں لیکن خیال کا بہک جانا مکمل طور پر کنٹرول میں نہیں اگرچہ عام طور پر یہی ہوتا ہے کہ خواب میں وہی چیز نظر آتی ہے جو حالتِ بیداری میں غالب ہوتی ہے حتیٰ کہ میں نے شیخ ابو علی فارندی سے سنا جو مجھ سے بیان کر رہے تھے کہ مرید پر شیخ کا حُسنِ ادب واجب ہے اور جو کچھ شیخ کہے اس سے اس کے دل میں انکار نہ ہو، اور نہ زبان سے جھگڑا کرے انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ میں نے اپنے شیخ ابوالقاسم کرمانی سے خواب بیان کیا اور عرض کیا کہ میں نے آپ کو دیکھا آپ مجھے فلاں بات فرما رہے ہیں اور میں پوچھتا ہوں ایسا کیوں ہے۔ فرماتے ہیں انہوں نے مجھے ایک مہینہ چھوڑ دیا اور مجھ سے کلام نہ کیا اور فرمایا اگر تمہارے دل میں میرے قول کا انکار نہ ہوتا تو خواب میں یہ بات تمہاری زبان پر جاری نہ ہوتی —— اور فی الواقع ان کا قول درست ہے کیوں کہ جو کچھ حالتِ بیداری میں انسان کے دل پر غالب ہوتا ہے خواب میں بہت کم اس کے خلاف دیکھتا ہے علم معاملہ میں خاتمہ کے اسرار کے سلسلے میں ہم اسی قدر بیان کر سکتے ہیں اس کے علاوہ جو کچھ ہے وہ علم مکاشفہ میں داخل ہے۔

اس گفتگو سے تمہارے لیے واضح ہو گیا کہ برے خاتمہ سے امن یہ ہے کہ تم اشیاء کو کسی جہالت کے بغیر اسی طرح دیکھو

جس طرح وہ ہیں اور اپنی تمام زندگی کسی گناہ کے بغیر اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں گزارو اور اگر تم سمجھتے ہو کہ یہ بات محال یا مشکل ہے تو ضروری ہے کہ تم پر وہی خوف غالب ہو جو عارفین پر غالب ہے حتیٰ کہ اس کے سبب تمہارا رونا اور پیٹنا طویل ہو جائے اور تم ہمیشہ غمگین اور پریشان رہو جس طرح ہم انبیاء کرام اور اولیاء عظام کے واقعات بیان کریں گے تاکہ یہ بات ان اسباب میں سے ایک سبب بن جائے جو تمہارے دل میں خوف کی آگ بھڑکاتے ہیں۔

اس سے تمہیں معلوم ہو گیا کہ اگر آخری سانس جس میں روح نکلتی ہے سلامت نہ ہو تو تمام عمر کے اعمال ضائع ہو جاتے ہیں اور قلبی خیالات کی موجوں کے اضطراب کی موجودگی میں یہ سلامتی نہایت مشکل ہے اسی لیے حضرت مطرف بن عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے تھے مجھے ہلاک ہونے والے پر تعجب نہیں ہوتا کہ وہ کیسے ہلاک ہوا بلکہ مجھے نجات پانے والے پر تعجب ہوتا ہے کہ اس نے کیسے نجات پائی۔

اسی لیے حضرت حامد اللفاف رحمہ اللہ نے فرمایا جب فرشتے اس مومن بندے کی روح لے کر جاتے ہیں جو بھلائی اور اسلام پر فوت ہوا تو اس سے فرشتوں کو تعجب ہوتا ہے اور وہ کہتے ہیں یہ شخص دنیا سے کیسے نجات پا گیا جب کہ اس میں ہمارے اچھے اچھے بگڑ گئے —— اور حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ ایک دن رو رہے تھے ان سے پوچھا گیا کہ آپ کیوں روتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا ہم عرصہ دراز تک گناہوں پر روتے رہے پس اب اسلام پر روتے ہیں۔

خلاصہ یہ کہ جس کی کشتی سمندر کے گرداب میں چلی گئی اور اس پر مخالف ہواؤں کا ہجوم ہو گیا اور موجوں میں اضطراب پیدا ہو گیا تو اس کے حق میں نجات، ہلاکت سے بہت دور ہے اور مومن کا دل کشتی سے زیادہ مضطرب ہوتا ہے اور وسوسوں کی موجیں سمندر کی موجوں سے زیادہ ٹکراتی ہیں اور موت کے وقت صرف ان اندیشوں کا خوف ہوتا ہے جو دل میں پیدا ہوتے ہیں اسی سلسلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ خَمْسِيْنَ سَنَةً حَتّٰى لَا يَبْقٰى بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ إِلَّا فُوَاقُ نَاقَةٍ فَيُخْتَمُ لَهُ بِمَا سَبَقَ بِهِ الْكِتَابُ۔ (۱)

ایک انسان ستر سال اہل جنت کے عمل کرتا ہے حتیٰ کہ اس کے اور جنت کے درمیان صرف اونٹنی کی دو دھاروں کے درمیان وقفہ جتنا وقت باقی رہتا ہے تو اس کا خاتمہ پہلے سے لکھے ہوئے فیصلے کے مطابق ہوتا ہے۔

اور اونٹنی کی دو دھاروں کے درمیان اتنا وقت نہیں ہوتا جس میں کوئی بدبختی پر مبنی عمل کیا جا سکے۔ بلکہ یہ اندیشے ہیں جو اچکنے والی بجلی کی طرح پیدا ہوتے ہیں۔

حضرت سہل رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے دیکھا کہ گویا میں جنت میں داخل ہو رہا ہوں میں نے اس میں تین سو انبیاء کرام

---

(۱) کنز العمال جلد اوّل ص ۱۲۳ حدیث ۵۸۲

کو دیکھا میں نے پوچھا آپ دنیا میں کس بات سے زیادہ ڈرتے تھے انہوں نے فرمایا بُرے خاتمے سے، اور اسی بڑے خطرے کے پیش نظر شہادت قابلِ رشک بن گئی اور اچانک موت ناپسند ہوتی ہے۔

اچانک موت (کی ناپسندیدگی) اس وجہ سے ہے کہ بعض اوقات اس وقت موت واقع ہوتی ہے جب برے اندیشے پیدا ہوتے اور دل پر غالب آجاتے ہیں اور دل ایسی باتوں سے خالی نہیں مگر یہ کہ کراہت کے ذریعے یا نورِ معرفت کی وجہ سے اسے دُور کر دے۔

اور شہادت کی وجہ یہ ہے کہ اس کا مطلب رُوح کا ایسی حالت میں نکلنا ہے جب دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت کے سوا کچھ بھی باقی نہ رہے اور دل سے دنیا، اہل و مال، اولاد اور تمام خواہشات کی محبت نکل جائے کیوں کہ وہ لڑائی کے میدان میں اسی لیے جاتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی محبت، اس کی رضا کی طلب اور اپنی دنیا کو آخرت کے بدلے بیچ کر اس سودے پر راضی ہو جو سودا اس نے اللہ تعالیٰ سے کیا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۔ (۱)	بے شک اللہ تعالیٰ نے مومنوں سے ان کی جانیں اور مال خرید لیے کہ اس کے بدلے میں ان کے لیے جنت ہے۔

اور بیچنے والا لازماً مبیع (جس چیز کا سودا ہوا) سے اعراض کرتا اور دل سے اس کی محبت کو نکال باہر کرتا ہے اور جو چیز اس کے عوض لیتا ہے اس کی محبت کے لیے دل کو خالی کر لیتا ہے اور اس قسم کی حالت بعض حالات میں دل پر غالب آجاتی ہے لیکن اس حالت میں رُوح پرواز نہیں کرتی پس لڑائی کی صف اسی حالت میں روح کے نکلنے کا سبب ہے۔

یہ اس شخص کے بارے میں ہے جو غلبہ، غنیمت اور بہادری کی شہرت کا قصد نہ کرے جس کی یہ حالت ہو اگرچہ وہ میدان جنگ میں قتل ہو جائے وہ اس قسم کے رُتبہ سے بعید ہے جیسا کہ اس پر احادیث دلالت کرتی ہیں۔ (۲)

بُرے خاتمے سے حفاظت :

جب تمہارے سامنے بُرے خاتمے کا معنی واضح ہو گیا اور اس میں جس بات کا خوف ہے وہ بھی معلوم ہو گئی تو تمہیں اچھے خاتمے کی تیاری میں مشغول ہونا چاہیے ہمیشہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو اپنے دل سے دنیا کی محبت نکال دو گناہوں سے اپنے اعضاء کی حفاظت کرو اور دل کو بھی اس قسم کی سوچ سے محفوظ رکھو اور جس قدر ممکن ہو گناہوں کو دیکھنے اور گنہگاروں کے مشاہدے سے بچو یہ بات بھی دل پر اثر انداز ہوتی ہے اور تمہارا فکر اور خیال اس طرف پھر سکتا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ توبہ آیت ۱۱۱

(۲) صحیح بخاری، جلد اول ص ۳۹۴ کتاب الجہاد

اس کام کو آئندہ پر نہ ٹالنا اور یوں نہ کہنا کہ عنقریب جب خاتمے کا وقت آئے گا تو میں اس کے لیے تیاری کروں گا کیوں کہ تمہارا ہر سانس تمہارا خاتمہ ہے کیوں کہ ہو سکتا ہے اسی سانس میں تمہاری رُوح نکال لی جائے۔

لہٰذا ہر لحظہ دل کی نگرانی کرو اور اسے بیکار نہ چھوڑو ہو سکتا ہے وہ لمحہ تمہارے خاتمے کا ہو کیوں کہ ممکن ہے اس میں تمہاری رُوح پرواز کر جائے یہ تو بیداری کی حالت میں ہے جہاں تک نیند کا تعلق ہے تو تمہیں ظاہری اور باطنی طہارت کے بغیر سونے سے پرہیز کرنا چاہیے اور نیند کا غلبہ اس وقت ہو جب دل پر اللہ تعالیٰ کے ذکر کا غلبہ ہو اور اس سے ہماری مراد زبانی ذکر نہیں کیوں کہ محض زبان کی حرکت کمزور اثر رکھتی ہے اور یہ بات جان لو کہ نیند کے وقت تمہارے دل پر وہی بات غالب ہو گی جو پہلے غالب تھی اور نیند کے اندر بھی وہی بات غالب ہو گی جو نیند سے پہلے غالب تھی اور جاگتے وقت بھی وہی بات غالب ہو گی جو نیند کی حالت میں تھی۔

موت اور قیامت کے دن اٹھنا سونے اور بیداری کی طرح ہیں جس طرح بندہ انہی خیالات پر سوتا ہے جو بیداری کی حالت میں اس پر غالب تھے اور انہی خیالات پر بیدار ہوتا ہے جو نیند کی حالت میں تھے اسی طرح بندہ اسی حالت پر مرتا ہے جو زندگی کی حالت میں تھی اور جس پر وہ فوت ہوا اسی پر اٹھے گا۔

• اور تمہیں قطعی طور پر یہ بات جاننا چاہیے کہ موت اور اس کے بعد اٹھنا تمہاری دو حالتیں ہیں جس طرح نیند اور بیداری تیرے احوال میں سے دو حالتیں ہیں دل کے اعتقاد کے ساتھ اس بات کا یقین کرو اگر عین الیقین اور نُورِ بصیرت کے ساتھ اس بات کا مشاہدہ نہیں کر سکتے۔

نیز اپنے سانسوں اور لحظوں کی حفاظت و نگرانی کرو اور پلک جھپکنے کے برابر بھی اللہ تعالیٰ سے غافل نہ ہو کیوں کہ یہ راہ اختیار کرنے کے باوجود بھی بہت بڑا خطرہ ہے اور اگر ایسا نہ کیا جائے تو کیا حالت ہو گی؟ اور تمام لوگ ہلاک ہونے والے ہیں سوائے علماء کے اور علماء بھی وہ محفوظ رہیں گے جو عمل کرنے والے ہیں اور عمل کرنے والوں میں سے بھی صرف مخلص لوگ ہی ہلاکت سے محفوظ رہیں گے اور مخلص لوگوں کو بھی بہت بڑا خطرہ ہے۔

اور جان لو کہ تمہیں یہ بات اسی وقت میسر آسکتی ہے جب تم ضرورت کے مطابق دنیا پر قناعت کرو اور تمہاری ضرورت کھانا، لباس اور رہائش ہے باقی سب زائد ہے اور کھانے میں سے بھی ضرورت صرف اتنی ہے کہ تمہاری پیٹھ سیدھی رہے اور جان بچی رہے لہٰذا تمہارا کھانا ایسا ہونا چاہیے جیسے وہ شخص کھاتا ہے جو اس کے لیے مجبور ہو اور کھانے کی خواہش قضائے حاجت کی خواہش سے زیادہ نہ ہو کیوں کہ پیٹ میں کھانا داخل کرنے اور اسے نکالنے میں کوئی فرق نہیں ہے کیونکہ یہ دونوں فطری ضرورتیں ہیں۔ اور جس طرح قضائے حاجت کی طرف اس طرح توجہ نہیں ہوتی جو دل کو اسی میں مشغول کر دے اسی طرح کھانا کھانے میں دل نہیں لگانا چاہیے اور جان لو کہ اگر تمہاری توجہ اس چیز کی طرف ہو جسے تم اپنے پیٹ میں داخل کرتے ہو تو تمہاری قیمت وہی ہو گی جو تمہارے پیٹ سے نکلتا ہے۔

اور جب کھانا کھانے سے مقصود اللہ تعالیٰ کی عبادت پر قوت حاصل کرنا ہو جس طرح قضائے حاجت سے یہی مقصود ہے
تو اس کی علامت تین چیزیں ہیں کھانے کا وقت کھانے کی مقدار اور کھانے کی جنس۔

کھانے کے وقت کے سلسلے کم از کم جس پر اکتفا کیا جا سکتا ہے وہ دن رات میں ایک مرتبہ کھانا ہے لہذا ہمیشہ روزے سے رہے۔ اور کھانے کی مقدار یہ ہے کہ پیٹ کے تہائی حصے سے زیادہ نہ ہو اور جنسِ غذا کے سلسلے میں اس بات کو پیش نظر رکھے کہ لذیذ کھانے تلاش نہ کرے بلکہ جیسا کھانا مل جائے اسی پر قناعت کرے اگر تم ان تین باتوں پر قادر ہو جاؤ اور تم سے لذیذ کھانوں کی خواہشات کی مشقت ساقط ہو جائے تو اس کے بعد تم شبہات کو چھوڑنے پر قادر ہو جاؤ گے اور تمہارے لیے ممکن ہو گا کہ حلال سے ہی کھاؤ کیوں کہ حلال کم ملتا ہے اور خواہشات کی تکمیل بھی نہیں کرتا۔

جہاں تک لباس کا تعلق ہے تو اس سے غرض یہ ہونی چاہیے کہ گرمی سردی کو دور کیا جائے اور ستر ڈھانپا جائے پس جو چیز تم سے سردی کو دور کرے چاہے ایک دمڑی (معمولی رقم) کی ٹوپی ہی کیوں نہ ہو تو اس کے علاوہ کی طلب فضول ہے اور وقت کا ضیاع ہے اس طرح تم ہمیشہ مشغول ہو جاؤ گے اور ایک مرتبہ اس کے حصول کے لیے کمانے کی مشقت برداشت کرو گے پھر طمع پیدا ہو گی حرام سے ملے یا شبہات سے اس کی کوئی پرواہ نہ ہو گی جس چیز سے تم گرمی اور سردی کو اپنے بدن سے دور کر سکتے ہو ان سب کو اسی ایک بات پر قیاس کر لو۔

اب وہ چیز جس سے لباس کا مقصود حاصل ہو جاتا ہے اگر تم اس کے کم قیمت یا معمولی جنس سے ہونے کی وجہ سے اس پر اکتفا نہ کرو تو تمہارے لیے ٹھہرنا مشکل ہو جائے گا بلکہ تم ان لوگوں میں سے ہو گے جن کے پیٹ کو صرف مٹی ہی بھر سکتی ہے۔

رہائش کی صورت بھی یہی ہے اگر تم مقصود پر اکتفا کرو تو چھت کے طور پر آسمان اور بچھونے کے طور پر زمین تمہارے لیے کافی ہے اگر تم پر سردی یا گرمی کا غلبہ ہو جائے تو مساجد میں چلے جاؤ اور اگر تم خاص قسم کی رہائش کے طالب ہو تو بات لمبی ہو جائے گی اور تمہاری زندگی کا اکثر وقت اسی میں صرف ہو گا اور یہ زندگی ہی تمہارا سرمایہ ہے پھر اگر تمہیں یہ میسر آجائے اور تم اس دیوار سے زیادہ بناؤ جو تمہارے اور لوگوں کے درمیان پردے کے لیے کافی ہے اور چھت جو بارش سے بچاتی ہے اس سے بھی تجاوز کرو اور دیواریں بلند کر کے چھتوں کو بھی مزین کرنے لگو تو ایسے گڑھے میں گرو گے جس سے نکلنا مشکل ہو گا۔

اپنی تمام ضروریات کو اسی طرح دیکھو اگر تم ضرورت پر اکتفا کرو گے تو اللہ تعالیٰ کے لیے فراغت حاصل ہو جائے گی اور آخرت کے لیے زادِ راہ لینے پر قادر ہو جاؤ گے اسی طرح اچھے خاتمے کی تیاری بھی ہو جائے گی اور اگر تم ضرورت کی حد سے تجاوز کر کے خواہشات کی وادیوں میں بھٹکتے پھرو گے تو تمہارے مقاصد پراگندہ ہو جائیں گے (بکھر جائیں گے) اور اللہ تعالیٰ کو اس بات کی کوئی پرواہ نہ ہو گی کہ وہ تمہیں کہاں ہلاک کرتا ہے پس تم اس شخص سے یہ نصیحت قبول کرو جو اس نصیحت کا تم سے زیادہ محتاج ہے۔

یاد رہے کہ تدبیر اور زادِ راہ کے حصول اور احتیاط کے لیے یہی چھوٹی سی زندگی ہے اگر تم اس کو غفلت میں روز بروز ٹال مٹول میں گزار دو گے تو تمہیں اچانک اُچک لیا جائے گا حالاں کہ اس وقت تمہارا ارادہ نہیں ہو گا اور حسرت و ندامت تمہارا اچھا

نہیں چھوڑے گی پس اگر تم خوف کی کمزوری کے باعث اس بات کو اختیار نہ کرو جس کی طرف ہم نے تمہاری راہنمائی کی ہے اور اچھے خاتمہ کے سلسلے میں ہم نے جو کچھ ذکر کیا تخویف کے سلسلے میں وہ تمہیں کافی نہ ہو تو خوف کھانے والے حضرات کا ذکر کرتے ہیں ہمیں امید ہے کہ اس سے تمہارے دل کی سختی زائل ہوگی کیوں کہ یہ بات تمہارے نزدیک بھی ثابت ہے کہ انبیاء کرام، اولیاء عظام اور علماء کرام کی عقل، عمل اور اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کا مقام و مرتبہ تمہاری عقل، عمل اور مقام سے کم نہیں تھا تو ان کے احوال کو نہ دیکھ سکنے اور ان سے دل کے اندھاپن کے باوجود یہ تو سوچو کہ وہ لوگ بہت زیادہ خوف کیوں کھاتے تھے اور ان کا رونا اور غم کیوں کر زیادہ تھا حتیٰ کہ بعض چیخیں مارتے اور بعض بیہوش ہو جاتے اور بعض غش کھا کر گر پڑتے بلکہ بعض تو مر کر زمین پر گر جاتے اگر ان کے حالات بھی تمہارے دل پر اثر انداز نہ ہوں تو تعجب کی بات نہیں کیوں کہ غافل لوگوں کے دل پتھروں کی طرح ہیں یا ان سے بھی زیادہ سخت ہیں کیوں کہ بعض پتھروں سے نہریں پھوٹ نکلتی ہیں اور ان میں سے بعض پھٹ جاتے ہیں تو ان سے پانی نکل جاتا ہے اور کچھ پتھر اللہ تعالیٰ کے خوف سے گر پڑتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال سے غافل نہیں ہے۔

فصل ۸:

خوف کے سلسلے میں انبیاء کرام اور فرشتوں کے احوال

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ جب ہوا میں تبدیلی ہوتی اور سخت آندھی چلتی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور کا رنگ متغیر ہو جاتا چنانچہ آپ کھڑے ہو جاتے اور حجرۂ مبارکہ میں چکر لگاتے کبھی اندر جاتے کبھی باہر تشریف لاتے۔ (۱) یہ سب کچھ خوفِ خداوندی کی وجہ سے تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ واقعہ کی ایک آیت تلاوت فرمائی تو بیہوش ہو گئے (۲)

اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا۔ (۳) اور حضرت موسیٰ علیہ السلام بیہوش ہو کر گر پڑے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابطح مقام پر حضرت جبریل علیہ السلام کی صورت دیکھی تو بیہوش ہو گئے۔ (۴)

ایک روایت میں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع فرماتے تو آپ کا سینۂ مبارکہ ہنڈیا کی طرح جوش

---

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۲۹۴ کتاب صلوٰۃ الاستسقاء

(۲) شعب الایمان جلد اول ص ۵۲۲ حدیث ۹۱۷

(۳) قرآن مجید، سورۂ اعراف آیت ۱۴۳

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۳۲۲ مرویات ابن عباس

مارتا تھا۔ (۱)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَاجَاءَنِي جِبْرِيْلُ قَطُّ اِلَّا وَهُوَ يَرْعَدُ فَرَقًا مِنَ الْجَبَّارِ۔ (۲)

حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس جب بھی آئے اللہ جبار کے خوف کی وجہ سے کانپ رہے ہوتے۔

کہا گیا کہ جب ابلیس پر ظاہر ہوا جو کچھ ظاہر ہوا (یعنی وہ مردود ہوا) تو حضرت جبریل اور حضرت میکائیل علیہما السلام رونے لگے اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کی طرف وحی بھیجی کہ تم دونوں کیوں روتے ہو؟ انہوں نے عرض کیا اے رب! ہم تیری خفیہ تدبیر سے بے خوف نہیں ہیں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا تم اسی طرح رہنا میری خفیہ تدبیر سے بے خوف نہ ہونا۔

حضرت محمد بن منکدر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں جب آگ کو پیدا کیا گیا تو فرشتوں کے دل اپنی جگہ سے اڑنے لگے پھر جب انسانوں کو پیدا کیا گیا تو واپس آگئے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبریل علیہ السلام سے سوال کیا کہ کیا وجہ ہے میں حضرت میکائیل علیہ السلام کو ہنستے ہوئے نہیں دیکھتا؟ حضرت جبریل علیہ السلام نے جواب دیا جب سے جہنم کو پیدا کیا گیا حضرت میکائیل علیہ السلام نہیں ہنسے۔ (۳)

کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ ایسے فرشتے ہیں کہ جب سے جہنم کو پیدا کیا گیا ان میں سے کوئی بھی اس ڈر سے نہیں ہنسا کہ کہیں اللہ تعالیٰ کو ان پر غصہ نہ آئے پس وہ ان کو جہنم میں عذاب دے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ باہر نکلا حتیٰ کہ آپ انصار کے ایک باغ میں تشریف لے گئے اور کھجوریں اتار اتار کر کھانے لگے آپ نے فرمایا اے ابن عمر! کیا بات ہے تم نہیں کھاتے؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے طلب نہیں آپ نے فرمایا مجھے تو خواہش ہے اور یہ چوتھی صبح ہے کہ میں نے کھانا نہیں چکھا اور نہ ہی میں نے کھانا پایا! اور اگر میں اپنے رب سے سوال کرتا تو وہ مجھے قیصر و کسریٰ کی حکومت عطا فرماتا تو ابن عمر! کیسے ہوگا جب تم ایسی قوم میں رہو گے جو ایک سال کا رزق پسند کرتے ہیں اور ان کے دلوں میں یقین کمزور ہے حضرت ابن عمر فرماتے ہیں اللہ کی قسم نہ ہم وہاں سے ہٹے اور نہ ہی کھڑے ہوئے حتیٰ کہ یہ آیت نازل ہوئی۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا

اور کتنے ہی چارپائے ہیں کہ ہم ان کو رزق نہیں دیتے

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۲۵ مرویات عبداللہ بن شخیر

(۲)

(۳) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۳۸۵ کتاب صفۃ النار

اَللّٰہُ یَرْزُقُھَا وَاِیَّاکُمْ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ (۱) اللہ تعالیٰ ان کو بھی رزق دیتا ہے اور تمہیں بھی اور وہی سننے والا جاننے والا ہے۔

فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تمہیں مال جمع کرنے اور خواہشات کے پیچھے چلنے کا حکم نہیں دیا جو شخص دینار جمع کر کے اس سے فانی دنیا کا ارادہ کرے تو (یاد رکھو) زندگی اللہ تعالیٰ کے قبضے میں ہے سنو! میں دینار اور درھم جمع نہیں کرتا اور نہ ہی کل کے لیے کھانا روک رکھتا ہوں۔ (۲)

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو اپنے رب سے اس قدر ڈرتے کہ ایک میل کے فاصلے سے ان کے دل سے جوش کی آواز آتی۔

حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں حضرت داؤد علیہ السلام چالیس دن حالت سجدہ میں روتے رہے آپ نے سر نہ اٹھایا حتیٰ کہ آپ کے آنسوؤں سے گھاس اُگ گیا اور یہاں تک کہ اس نے آپ کے سر کو ڈھانپا آواز دی گئی اے داؤد علیہ السلام! کیا آپ بھوکے ہیں تو آپ کو کھانا کھلایا جائے پیاسے ہیں تو پانی پلایا جائے برہنہ ہیں تو کپڑے پہنائے جائیں۔ آپ نے ایسی دھاڑ ماری کہ آپ کے خوف کی گرمی سے لکڑی جل گئی پھر اللہ تعالیٰ نے ان پر توبہ اور مغفرت نازل فرمائی انہوں نے عرض کیا یا اللہ! میرے گناہ کو میری ہتھیلی میں رکھ دے تو آپ کا گناہ لکھا ہوا آپ کی ہتھیلی میں ہو گیا پس آپ جب بھی کھانے یا پینے یا کسی دوسرے کام کے لیے ہتھیلی کھولتے تو اسے دیکھ کر اس کی وجہ سے رو جاتے۔ راوی فرماتے ہیں آپ کو پانی کا پیالہ دیا جاتا تو اس کا تہائی حصہ خالی ہوتا پس جب آپ اسے پکڑتے تو اپنی لغزش کو دیکھتے تو آپ اسے ہونٹوں پر نہ رکھتے حتیٰ آنسوؤں سے پیالہ بھر جاتا۔

اور آپ کے احوال میں ہی مروی ہے کہ آپ نے وصال تک آسمان کی طرف سر نہیں اٹھایا اور آپ حیا کی وجہ سے ایسا کرتے تھے آپ اپنی دعا میں یوں کہتے اے میرے معبود! جب مجھے اپنی لغزشیں یاد آتی ہیں تو زمین کشادگی کے باوجود مجھ پر تنگ ہو جاتی ہے اور جب میں تیری رحمت کو یاد کرتا ہوں تو روح میری طرف لوٹ آتی ہے یا اللہ! تو پاک ہے میں تیرے بندوں میں سے طبیبوں کے پاس گیا تاکہ وہ گناہ کا علاج کریں تو ان میں سے ہر ایک نے تیری طرف راہنمائی کی پس جو لوگ تیری رحمت سے مایوس ہیں ان کے لیے خرابی ہے۔

حضرت فضیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ ایک دن حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنی خطا کو یاد کیا تو آپ چیختے ہوئے اور سر پر ہاتھ رکھے ہوئے کود پڑے حتیٰ کہ پہاڑوں میں تشریف لے گئے تو آپ کے گرد پرندے جمع ہو گئے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ عنکبوت آیت ۶۰

(۲) المطالب العالیۃ جلد ۳ ص ۱۵۹، ۱۶۰ حدیث ۳۱۴۰

آپ نے فرمایا جاؤ مجھے تم سے کوئی غرض نہیں ہیں تو اس کو چاہتا ہوں جو اپنی خطا پر روئے اور میرے سامنے روتا ہوا آئے اور جو خطا کار نہیں اس کو داؤد خطا دار سے کیا کام ہے جب آپ کو زیادہ رونے سے روکا جاتا تو آپ فرماتے مجھے رونے دو اس سے پہلے کہ رونے کا دن چلا جائے، ہڈیاں جل جائیں اور آنتیں بھڑک اٹھیں اور اس سے پہلے کہ سخت قسم کے فرشتوں کو میرے بارے میں حکم دیا جائے وہ فرشتے جو اللہ تعالیٰ کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کرتے اور جس بات کا ان کو حکم دیا جاتا ہے وہ بجالاتے ہیں۔

حضرت عبدالعزیز بن عمر فرماتے ہیں جب حضرت داؤد علیہ السلام سے خطا واقع ہوئی تو ان کی آواز میں کمی آگئی آپ نے عرض کیا یا اللہ! صدیقین کی آواز صاف ہے اور میری آواز میں خرابی پیدا ہوگئی۔

اور مروی ہے کہ جب آپ کا رونا زیادہ ہوگیا اور اس سے آپ کو فائدہ نہ ہوا تو آپ نے دل میں تنگی محسوس کی اور غم زیادہ ہوگیا۔ آپ نے عرض کیا اے میرے رب کیا تجھے میرے رونے پر رحم نہیں آتا؟ اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی بھیجی فرمایا اے داؤد! آپ اپنی خطا کو بھول گئے اور آپ کو رونا یاد ہے آپ نے عرض کیا اے میرے مولا! اے میرے سردار! میں اپنی خطا کو کیسے بھول سکتا ہوں جب کہ میری حالت تو یہ تھی کہ جب میں تورات پڑھتا تو جاری پانی رُک جاتا اور ہوا کا چلنا ٹھہر جاتا، پرندے میرے سر پہ سایہ کرتے وحشی جانور میرے محراب میں مجھ سے مانوس ہوتے یا اللہ! یہ کیسی وحشت ہے جو میرے اور تیرے درمیان حائل ہے؟ اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی کہ اے داؤد علیہ السلام! وہ فرمانبرداری کا اُنس تھا اور یہ نافرمانی کی وحشت ہے۔

اے داؤد علیہ السلام حضرت آدم علیہ السلام میری مخلوق ہیں سے تھے میں نے ان کو اپنے دست قدرت سے پیدا کیا اور ان میں اپنی رُوح پھونکی اپنے فرشتوں سے ان کو سجدہ کروایا اور ان کو اپنی کرامت وعزت کا لباس پہنایا ان کو اپنے وقار کا تاج پہنایا انہوں نے تنہائی کی شکایت کی تو میں نے حضرت حوا کو ان کے نکاح میں دیا جو میری باندی ہیں ان کو اپنی جنت میں ٹھہرایا، لیکن انہوں نے میرے حکم کی خلاف ورزی کی تو میں نے ان کو برہنہ کر کے اپنے قرب سے دُور کر دیا اے داؤد! مجھ سے سنو اور میں سچ ہی کہتا ہوں آپ نے میری بات مانی تو میں نے آپ کی بات مانی آپ نے مجھ سے سوال کیا تو میں نے آپ کو عطا کیا آپ سے لغزش ہوئی تو میں نے آپ کو مہلت دی اگر آپ ہماری طرف رجوع کریں گے تو ہم قبول کریں گے۔

حضرت یحییٰ بن ابی کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں حضرت داؤد علیہ السلام جب نوحہ کرنا چاہتے تو اس سے پہلے سات دن ٹھہرتے نہ کھانا کھاتے نہ پانی پیتے اور نہ عورتوں کے قریب جاتے جب ایک دن رہتا تو ان کے لیے ایک منبر جنگل میں لایا جاتا پھر آپ حضرت سلیمان علیہ السلام کو حکم دیتے کہ وہ بلند آواز سے شہروں اور اردگرد والوں کو آواز دیں، تالابوں، ٹیلوں پہاڑوں، جنگلوں، یہود و نصاریٰ کی عبادت گاہوں میں اعلان کریں چنانچہ ندا دی جاتی کہ سنو! جو شخص حضرت داؤد علیہ السلام کا نوحہ سننا چاہے وہ آئے فرماتے ہیں صحراؤں اور ٹیلوں سے وحشی آتے جنگلوں سے درندے اور پہاڑوں سے کیڑے مکوڑے، گھونسلوں سے

پرندے آتے نیز کنواری عورتیں اپنے پردوں سے نکل آتیں اور اس دن تمام لوگ جمع ہوتے حضرت داؤد علیہ السلام تشریف لا کر منبر پر چڑھ جاتے اور بنی اسرائیل آپ کے اردگرد ہوتے ہر قسم علیحدہ آپ کو گھیرے ہوتی حضرت سلیمان علیہ السلام آپ کے سر کے پاس کھڑے ہوتے چنانچہ آپ اپنے رب کی ثنا سے شروع کرتے اور لوگ چیخیں مارتے اور دھاڑیں مار مار کر روتے پھر آپ جنت اور دوزخ کا ذکر کرتے تو کیڑے مکوڑے اور کچھ وحشی، درندے اور انسان مرجاتے پھر قیامت کے ہولناک منظر کا ذکر کرتے اور اپنے اوپر نوحہ کا بیان کرتے تو ہر قسم کے جانوروں میں سے ایک جماعت مرجاتی پس جب حضرت سلیمان علیہ السلام مرنے والوں کی کثرت دیکھتے تو عرض کرتے اباجان! آپ نے سننے والوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور بنی اسرائیل میں سے بہت سے لوگ مر گئے نیز وحشی جانور اور زمین کے اندر رہنے والے جانور (اور کیڑے مکوڑے) مر گئے پس آپ دعا شروع کرتے۔

آپ دعا ہی میں ہوتے کہ بنی اسرائیل کے بعض عبادت گزار پکارتے اے داؤد علیہ السلام! آپ نے اپنے رب سے جزا طلب کرنے میں جلدی کی یہ سن کر آپ بیہوش ہو کر گر پڑتے جب حضرت سلیمان یہ صورت حال دیکھتے تو ایک چارپائی لا کر آپ کو اس پر اٹھا لیتے پھر ایک نداد ینے والے کو حکم دیتے کہ وہ یوں پکارے سنو! حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھ جس کا کوئی دوست اور قریبی تھا وہ چارپائی لا کر اس کو اٹھا لے کیوں کہ جو لوگ آپ کے ساتھ تھے ان کو جنت اور دوزخ کے ذکر نے ہلاک کر دیا ہے۔

تو ایک عورت چارپائی لاتی اور اپنے قریبی کو اٹھا کر لے جاتی اور کہتی اے وہ شخص جو جہنم کے ذکر سے مر گیا اے وہ جو اللہ تعالیٰ کے خوف سے ہلاک ہوا پھر جب حضرت داؤد علیہ السلام کو افاقہ ہوتا اور آپ اپنا دست مبارک اپنے سر پر رکھتے اور اپنی عبادت گاہ میں داخل ہو کر اسے بند کر دیتے اور عرض کرتے اے داؤد کے معبود! کیا تو داؤد پر غضبناک ہے اور اپنے رب سے مسلسل مناجات کرتے پھر حضرت سلیمان علیہ السلام تشریف لا کر دروازے پر بیٹھ جاتے اور اندر جانے کی اجازت طلب کرتے پھر اندر داخل ہوتے اور آپ کے ساتھ جَو کی ایک روٹی ہوتی آپ عرض کرتے اباجان! اس روٹی کے ذریعے طاقت حاصل کیجئے چنانچہ آپ اس سے جس قدر اللہ تعالیٰ چاہتا، تناول فرماتے پھر باہر نکل کر بنی اسرائیل کے درمیان موجود رہتے۔

حضرت یزید رقاشی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک دن حضرت داؤد علیہ السلام لوگوں کو وعظ کرنے اور ان کو ڈرانے کے لیے باہر تشریف لائے تو آپ چالیس ہزار افراد کے ساتھ نکلے پھر ان میں سے تیس ہزار مر گئے اور دس ہزار آپ کے ساتھ واپس آئے فرماتے ہیں آپ کی دو لونڈیاں تھیں یہاں تک کہ جب آپ پر خوف کی حالت طاری ہوتی اور آپ گر کر تڑپنے لگتے تو وہ دونوں آپ کے سینے اور پاؤں پر بیٹھ جاتیں تاکہ آپ کے اعضاء اور جوڑ بکھر کر آپ کا انتقال نہ ہو جائے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں حضرت یحییٰ بن زکریا علیہما السلام بیت المقدس میں داخل ہوئے اور اس وقت

آپ کی عمر آٹھ سال تھی۔ آپ نے عابدین کو دیکھا تو انہوں نے بالوں اور اُون سے بنے ہوئے کپڑے پہن رکھے تھے اور مجتہدین کو دیکھا تو انہوں نے گلے کی ہڈیاں پھاڑ کر ان میں زنجیریں ڈال رکھی تھیں اور اپنے آپ کو بیت المقدس کے اطراف میں باندھ رکھا تھا ان کو دیکھ کر خوفزدہ ہو گئے

آپ اپنے والد ماجد کی طرف لوٹ آئے پھر کچھ بچوں کے پاس سے گزرے جو کھیل رہے تھے انہوں نے کہا اے یحییٰ علیہ السلام! آیئے ہمارے ساتھ کھیلئے۔ آپ نے فرمایا مجھے کھیلنے کے لیے پیدا نہیں کیا گیا راوی کہتے ہیں پھر آپ اپنے والدین کے پاس تشریف لائے اور ان سے کہا کہ وہ ان کو جانوروں کے بالوں سے بنا ہوا لباس پہنائیں چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا پھر آپ بیت المقدس کی طرف لوٹے دن کو ان کی خدمت کرتے اور رات بھر وہاں ہی رہتے حتیٰ کہ پندرہ سال گزر گئے آپ وہاں سے نکلے اور پہاڑوں اور گھاٹیوں کے غاروں کو ٹھکانہ بنا لیا آپ کے والدین آپ کی تلاش میں نکلے تو آپ کو بحیرۂ اردن کے کنارے پایا آپ نے اپنے پاؤں پانی میں تر کر رکھے تھے حتیٰ کہ قریب تھا آپ پیاس سے ہلاک ہو جاتے اور آپ فرما رہے تھے یا اللہ! تیری عزت و جلال کی قسم میں اس وقت تک ٹھنڈا پانی نہیں پیوں گا جب تک مجھے معلوم نہ ہو جائے کہ تیرے ہاں میرا کیا مقام ہے؟ آپ کے والدین نے فرمایا کہ جَو کی اس روٹی سے روزہ افطار کیجئے جو ان دونوں کے پاس تھی اور یہ پانی بھی پی لیں قسم کا کفارہ ادا کر دینا انہوں نے بات مان لی چنانچہ آپ کے والدین آپ کو دوبارہ بیت المقدس لے آئے۔

آپ جب نماز کے لیے کھڑے ہوئے تو روتے حتیٰ کہ آپ کے ساتھ درخت اور ڈھیلے بھی رونے لگتے اور آپ کے رونے پر حضرت زکریا علیہ السلام بھی رونے حتیٰ کہ آپ بیہوش ہو جاتے آپ مسلسل روتے رہتے حتیٰ کہ آنسوؤں نے آپ کے رخسار کے گوشت کو پھاڑ دیا اور دیکھنے والوں کو آپ کی داڑھیں نظر آنے لگیں آپ کی والدہ نے فرمایا اگر تم کہو تو میں کوئی ایسی چیز بناؤں جس کی وجہ سے آپ کی داڑھیں لوگوں کو نظر نہ آئیں؟ آپ نے اجازت دے دی حتیٰ کہ انہوں نے نمدے کے ایک ٹکڑے کو دوہرا کر کے آپ کی گالوں پر چپکا دیا آپ نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو روتے اور جب وہ نمدے آنسوؤں سے بھیگ جاتے تو آپ کی والدہ آ کر ان کو نچوڑتیں جب آپ اپنے آنسوؤں کو والدہ کے بازو پر جاری ہوتے ہوئے دیکھتے تو بارگاہ خداوندی میں عرض کرتے یا اللہ! یہ میرے آنسو ہیں اور یہ میری ماں ہیں اور میں تیرا بندہ ہوں اور تو سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا ہے۔

ایک دن حضرت زکریا علیہ السلام نے ان سے فرمایا اے بیٹے! میں نے تو اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگی تھی کہ وہ تجھے میری آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے حضرت یحییٰ علیہ السلام نے عرض کیا ابا جان! حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے بتایا ہے کہ جنت اور دوزخ کے درمیان ایک جنگل ہے اسے وہی طے کر سکتا ہے جو بہت رونے والا ہو۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے فرمایا بیٹے! رؤو۔

حضرت عیسٰی علیہ السلام نے فرمایا اے حواریوں کے گروہ! اللہ تعالیٰ کا خوف اور جنت الفردوس کی محبت مشقت پر صبر کو پیدا کرتے ہیں اور دنیا سے دُور رکھتے ہیں میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جَو کی روٹی کھانا اور خس وخاشاک پر کتوں کے ساتھ سو جانا جنت الفردوس کی طلب میں بہت تھوڑی بات ہے۔

اور کہا گیا ہے کہ حضرت خلیل اللہ علیہ السلام اپنی خطاؤں کو یاد کرتے تو آپ پر غشی طاری ہو جاتی اور آپ کے دل کا اضطراب کئی میلوں تک سُنا جاتا حضرت جبریل علیہ السلام آپ کے پاس حاضر ہو کر عرض کرتے آپ کو آپ کا رب سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کیا آپ نے دیکھا ایک خلیل اپنے خلیل سے ڈرتا ہے انہوں نے فرمایا اے جبریل! جب میں اپنی خطا کو یاد کرتا ہوں تو اپنا خلیل ہونا بھول جاتا ہوں۔

تو یہ انبیاء کرام علیہم السلام کے احوال ہیں ان کو پیش نظر رکھیں اور خوب غور کریں یہ لوگ باقی مخلوق کی نسبت اللہ تعالیٰ اور اس کی صفات کو زیادہ جاننے والے تھے ان سب پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو اور اللہ تعالیٰ کے تمام مقرب بندوں پر بھی، اللہ تعالیٰ ہمیں کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔

فصل ۹

شدتِ خوف کے سلسلے میں صحابہ کرام تابعین اور اولیاء کرام کے حالات

ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایک پرندے سے فرمایا اے پرندے! کاش میں تمہاری طرح ہوتا اور مجھے انسان نہ بنایا جاتا۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں چاہتا ہوں کہ میں ایک درخت ہوتا جسے کاٹا جاتا حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے بھی اسی طرح فرمایا۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں چاہتا ہوں کہ مجھے مرنے کے بعد اٹھایا نہ جائے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا میں چاہتی ہوں کہ میں بھولی بسری ہو جاؤں۔

ایک روایت میں ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جب قرآن پاک کی کوئی آیت سنتے تو خوف کی وجہ سے بیہوش ہو کر گر پڑتے اور کئی دنوں تک ان کی عیادت ہوتی ایک دن آپ نے زمین سے ایک تنکا اٹھایا اور فرمایا کاش میں یہ تنکا ہوتا کاش میرا ذکر نہ ہوتا کاش مجھے بھلا دیا گیا ہوتا کاش مجھے میری ماں جنم نہ دیتی۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے چہرے پر آنسو کی دو سیاہ لکیریں تھیں آپ فرماتے جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے وہ اپنا غصہ نہیں نکالتا اور جو اللہ تعالیٰ کے ہاں تقویٰ اختیار کرتا ہے وہ من مرضی نہیں کرتا اور اگر قیامت نہ ہوتی تو ہم کچھ اور ہی دیکھتے۔

اور جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی۔

اِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ (۱) جب دھوپ لپیٹی جائے گی۔

یعنی سورۂ تکویر پڑھتے ہوئے اس کی آیت۔

وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ (۲) اور جب نامۂ اعمال کھولے جائیں گے۔

تک پہنچے تو بیہوش ہو کر گر پڑے۔

ایک دن آپ آدمی کے مکان سے گزرے وہ نماز میں سورۂ "الطور" پڑھ رہا تھا آپ کھڑے ہو کر سنتے رہے جب وہ اس آیت پر پہنچا۔

اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ مَالَهُ مِنْ دَافِعٍ۔ (۳) بے شک تمہارے رب کا عذاب واقع ہونے والا ہے اسے کوئی چیز دور نہیں کر سکتی۔

تو آپ اپنے دراز گوش سے اتر پڑے اور دیوار سے ٹیک لگا کر دیر تک کھڑے رہے پھر گھر واپس لوٹے تو ایک مہینہ بیمار رہے لوگ آپ کی عبادت کرتے لیکن پتہ نہ چلا کہ بیماری کیا ہے۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے نماز فجر سے سلام پھیرا اس وقت آپ کو کوئی رنج تھا آپ اپنا ہاتھ الٹ پلٹ کر رہے تھے آپ نے فرمایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام کو دیکھا ہے لیکن آج ان جیسا کوئی نظر نہیں آتا وہ اس حال میں صبح کرتے کہ بال بکھرے ہوتے رنگ زرد ہوتا اور چہرے پر گردو غبار ہوتا ان کی آنکھوں کے درمیان جگہ بکریوں کی رانوں کی طرح ہوتی ان کی رات اللہ تعالیٰ کے لیے سجدے اور قیام میں گزرتی اور وہ قرآن پاک کی تلاوت کرتے وہ اپنی پیشانی اور پاؤں پر باری باری زور ڈالتے صبح ہوتی تو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہوئے اس طرح کانپتے جس طرح ہوا کے ساتھ درخت ہلتا ہے اور ان کی آنکھوں سے آنسو بہتے حتیٰ کہ ان کے کپڑے تر ہو جاتے اللہ کی قسم میں گویا ایسی قوم کے ساتھ ہوں جو غفلت میں رات گزارتے ہیں پھر آپ کھڑے ہوئے اور اس کے بعد آپ کو ہنستے ہوئے دیکھا نہیں گیا حتیٰ کہ ابن ملجم نے آپ کو شہید کر دیا۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں چاہتا ہوں کہ راکھ بن جاؤں اور سخت آندھی کے دن ہوا میرے اجزا کو بکھیر دے۔

حضرت ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں چاہتا ہوں کہ میں مینڈھا ہوتا اور میرے گھر والے مجھے ذبح کر دیتے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ تکویر آیت ۱

(۲) قرآن مجید، سورۂ تکویر آیت ۱۰

(۳) قرآن مجید سورۂ طور آیت ۷

پھر وہ میرا گوشت کھا لیتے اور شوربا پی لیتے ـــــــ حضرت علی بن حسین (حضرت امام زین العابدین) رضی اللہ عنہما جب وضو کرتے تو آپ کا رنگ زرد ہو جاتا آپ کے گھر والے پوچھتے یہ وضو کے وقت آپ کو کیا ہو جاتا ہے؟ آپ فرماتے کیا تمہیں معلوم ہے کہ میں کس کے سامنے کھڑا ہونے کا ارادہ کرتا ہوں۔

حضرت موسیٰ بن مسعود رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب ہم حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ کے پاس بیٹھتے تو ان کے خوف اور جزع فزع کو دیکھ کر یوں سمجھتے کہ ہمارے ارد گرد آگ ہے۔

ایک دن مضر قاری نے پڑھا۔

هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ۔ (۱) یہ ہمارا لکھا ہوا نامۂ اعمال ہے جو تمہارے اعمال سچ بتاتا ہے

(یہ سن کر) حضرت عبدالواحد بن زید رحمہ اللہ رو پڑے حتیٰ کہ ان پر بیہوشی طاری ہو گئی جب ان کو افاقہ ہوا تو بارگاہ خداوندی میں عرض کیا اے اللہ! تیری عزت کی قسم! جس قدر ممکن ہوا تیری نافرمانی سے بچوں گا پس تو اپنی توفیق سے اپنی عبادت پر میری مدد فرما۔

حضرت مسور بن مخرمہ رحمہ اللہ شدتِ خوف کی وجہ سے قرآن پاک میں سے کچھ سننے پر قادر نہ ہوتے ان کے پاس کوئی ایک حرف یا آیت پڑھی جاتی تو وہ ایک چیخ مارتے تو کئی دن تک ان کو ہوش نہ آتا حتیٰ کہ قبیلہ خثعم کا ایک شخص ان کے پاس آیا اور اس نے پڑھا۔

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا۔ (۲) جس دن ہم متقی لوگوں کو رحمٰن کی طرف مہمان بنا کر لے جائیں گے اور مجرموں کو جہنم کی طرف ہانک کر لے جائیں گے۔

آپ نے فرمایا میں مجرموں میں سے ہوں اور متقی لوگوں میں سے نہیں ہوں اے قاری! دوبارہ پڑھو اس نے دوبارہ پڑھا تو آپ نے ایک نعرہ مارا اور روح پرواز کر گئی۔ حضرت یحییٰ بکاء (بہت رونے والے) کے سامنے پڑھا گیا۔

وَلَوْ تَرٰى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ۔ (۳) اور اگر تم دیکھو جب ان کو ان کے رب کے سامنے کھڑا کیا جائے گا۔

تو انہوں نے ایک چیخ ماری کہ اس سے چار مہینے تک بیمار رہے بصرہ کے اطراف سے لوگ ان کی عیادت کرتے۔
حضرت مالک بن دینار رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں بیت اللہ شریف کا طواف کر رہا تھا کہ میں نے ایک عبادت گزار لونڈی کو

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ جاثیہ آیت ۲۹

(۲) قرآن مجید، سورۃ مریم آیت ۸۵، ۸۶

(۳) قرآن مجید، سورۃ انعام آیت ۳۰

دیکھا جو کعبہ شریف کے پردوں سے لٹکی ہوئی تھی اور کہہ رہی تھی کتنی ہی خواہشات ہیں جن کی لذت چلی گئی لیکن عذاب باقی ہے اے میرے رب! کیا تیرے ہاں جہنم کے سوا کوئی اور سزا اور عذاب نہیں ہے، یہ کہہ کر وہ روتی رہی اور طلوع فجر تک وہیں کھڑی رہی حضرت مالک فرماتے ہیں جب میں نے اسے دیکھا تو میں نے اپنا ہاتھ سر پر رکھا اور چیخ ماری میں نے کہا مالک پر اس کی ماں روئے (یعنی ہمارا کیا حال ہوگا)

روایت کیا گیا کہ عرفہ کے دن لوگ دعا مانگ رہے تھے اور حضرت فضیل رحمہ اللہ گمشدہ بچے کی دل جلی ماں کی طرح رو رہے تھے جب سورج غروب ہونے لگا تو آپ نے اپنی داڑھی کو پکڑا پھر آسمان کی طرف سر اٹھایا اور فرمایا اگر تو مجھے بخش بھی دے تب بھی مجھے تجھ سے بڑی حیا آتی ہے پھر لوگوں کے ساتھ واپس تشریف لے گئے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ڈرنے والے لوگوں کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا ان کے دل خوف کی وجہ سے زخمی ہوتے ہیں اور آنکھیں روتی ہیں وہ کہتے ہیں ہم کیسے خوش ہوں جب کہ موت ہمارا پیچھا کر رہی ہے قبر ہمارے سامنے ہے اور قیامت کا ہم سے وعدہ کیا گیا ہے ہم نے جہنم کے اوپر سے گزرنا ہے اور اللہ جو ہمارا رب ہے اس کے سامنے کھڑا ہونا ہے۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ ایک جوان کے پاس سے گزرے اور وہ لوگوں کی ایک مجلس میں بیٹھا ہوا ہنسنے میں مشغول تھا حضرت حسن نے فرمایا اے نوجوان! کیا تو پل صراط پار کر چکا ہے؟ اس نے کہا نہیں فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ جنت میں جاؤ گے یا دوزخ میں؟ اس نے کہا نہیں، فرمایا تو یہ ہنسی کیسی ہے؟ فرماتے ہیں اس کے بعد اس نوجوان کو ہنستے ہوئے نہیں دیکھا گیا۔

حضرت حماد بن عبد ربہ جب بیٹھتے تو قدموں کے بل بیٹھتے کہا گیا کہ آپ اطمینان سے کیوں نہیں بیٹھتے؟ وہ فرماتے وہ امن والوں کا بیٹھنا ہے اور میں پُر امن نہیں ہوں کیوں کہ میں گناہ گار ہوں۔

حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے جو بندوں کے دلوں میں غفلت ڈالی ہے تو یہ بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کے خوف سے مر نہ جائیں۔

حضرت مالک بن دینار رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے ارادہ کیا کہ میں مرتے وقت لوگوں کو حکم دوں کہ وہ مجھے بیڑیاں اور طوق ڈال کر اللہ تعالیٰ کے پاس لے جائیں جس طرح بھاگے ہوئے غلام کو اس کے مالک کے پاس لے جایا جاتا ہے۔

حضرت حاتم اصم رحمہ اللہ نے فرمایا کسی اچھی جگہ کے دھوکے میں نہ آؤ کیوں کہ جنت سے بہتر کوئی جگہ نہیں لیکن حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ جو کچھ ہوا اسی جگہ ہوا اور نہ عبادت کی کثرت تمہیں دھوکہ دے کیوں کہ ابلیس کے ساتھ جو کچھ ہوا وہ ایک طویل عرصہ عبادت کرنے کے بعد ہوا اور کثرت علم سے بھی دھوکہ نہ کھاؤ کیوں کہ بلعام (بلعم بن باعور) اسم اعظم اچھی طرح جانتا تھا تو دیکھو اس کا انجام کیا ہوا نیز نیک لوگوں کی زیارت بھی تمہیں دھوکہ نہ دے کیوں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑا مقام کسی کا نہیں لیکن آپ کے اقارب اور دشمن آپ کی ملاقات سے فائدہ حاصل نہ کر سکے۔

حضرت سری سقطی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں ایک دن میں کئی مرتبہ اپنی ناک کی طرف دیکھتا ہوں مجھے یہ ڈر ہوتا ہے کہ کہیں میرا چہرہ سیاہ نہ ہو جائے حضرت ابو حفص رحمہ اللہ فرماتے ہیں چالیس سال سے میرے دل میں یہ اعتقاد ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے غضب کی نگاہ سے دیکھ رہا ہے اور اس بات پر میرے اعمال دلالت کر رہے ہیں۔

ایک دن حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ اپنے احباب کی طرف نکلے تو فرمایا میں نے گذشتہ رات اللہ تعالیٰ پر جرأت کی ہے یعنی میں نے اس سے جنت کا سوال کیا ہے۔

حضرت محمد بن کعب قرظی رحمہ اللہ کی والدہ نے ان سے فرمایا اے بیٹے! میں تجھے بچپن میں بھی پاک جانتی تھی اور بڑا ہونے کے بعد بھی پاکیزہ ہی جانتی ہوں گویا تو نے اپنے اوپر ہلاکت خیز مسلط کر دیا ہے کیوں کہ تو دن رات عبادت کرتا ہے انہوں نے فرمایا اے ماں! اللہ تعالیٰ میرے اعمال پر مطلع ہے اور اگر میرے اعمال میں کچھ گناہ ہوئے جن پر وہ ناراض ہو گیا تو میں کس بات سے نڈر ہو جاؤں اگر اللہ تعالیٰ فرمائے کہ مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم میں تجھے نہیں بخشوں گا۔

حضرت فضیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں کسی نبی مرسل، مقرب فرشتے اور صالح بندے پر رشک نہیں کرتا کیا قیامت کے دن ان لوگوں پر عتاب نہ ہوگا میرے لیے قابل رشک وہ ہے جو پیدا ہی نہیں ہوا۔

ایک روایت میں ہے کہ انصار میں سے ایک نوجوان کو دوزخ کا ڈر ہوا وہ روتے رہے حتیٰ کہ گھر میں مقید ہو کر رہ گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور ان کو گلے لگایا تو وہ فوت ہو کر گر پڑے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

جَهِّزُوْا صَاحِبَكُمْ فَاِنَّ الْفَرَقَ مِنَ النَّارِ فَتَّتَ كَبِدَهٗ۔ (1) اپنے ساتھی کے کفن دفن کا انتظام کرو جہنم کے خوف نے اس کے جگر کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہے۔

حضرت ابن میسرہ رحمہ اللہ سے مروی ہے جب آپ بستر پر تشریف لے جاتے تو فرماتے کاش میری ماں مجھے نہ جنتی ان کی ماں نے فرمایا اے میسرہ! اللہ تعالیٰ نے تجھ سے اچھا سلوک کیا ہے تجھے اسلام کی ہدایت دی انہوں نے فرمایا ہاں ٹھیک ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے ہم سے بیان کیا کہ ہم جہنم میں جائیں گے اور یہ نہیں فرمایا کہ اس سے نکل جائیں گے (یعنی وارد کا لفظ ہے صادر کا نہیں) حضرت فرقد سبخی سے کہا گیا کہ ہمیں سب سے زیادہ تعجب خیز بات بتائیں جو بنی اسرائیل سے آپ تک پہنچی ہو انہوں نے فرمایا مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ بیت المقدس میں پانچ سو کنواری لڑکیاں داخل ہوئیں جن کا لباس کمبل اور ٹاٹ تھا انہوں نے اللہ تعالیٰ کے ثواب اور عذاب کے بارے میں گفتگو کی تو وہ سب کی سب ایک ہی دن میں مر گئیں۔

حضرت عطاء سلمی خوف کھانے والے لوگوں میں سے تھے وہ اللہ تعالیٰ سے کبھی بھی جنت کا سوال نہ کرتے بلکہ محض عفو و درگزر کا سوال کرتے ان سے بیماری کی حالت میں کہا گیا کیا آپ کو کسی چیز کی خواہش نہیں؟ انہوں نے فرمایا جہنم کے خوف

---

(1) المستدرک علی الحاکم جلد ۲ ص ۵۹۳ کتاب التفسیر

نے میرے دل میں خواہش کے لیے کوئی جگہ نہیں چھوڑی ۔ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے چالیس سال تک نہ تو آسمان کی طرف سر اٹھایا اور نہ ہی ہنسے ۔ ایک دن انہوں نے سر اٹھایا تو گھبرا کر گر پڑے اور ان کی آنتیں پھٹ گئیں آپ کا طریقہ تھا کہ رات کو اپنا جسم ٹٹولتے کہ کہیں مسخ تو نہیں ہو گیا اور جب کبھی آندھی چلتی یا بجلی گرتی یا غلہ مہنگا ہوتا تو وہ فرماتے میری وجہ سے لوگوں کو یہ مصیبت پہنچی ہے اگر عطاء مر جائے تو لوگوں کو سکون ملے ۔

حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم عتبہ غلام کے ہمراہ باہر نکلے ہم میں بوڑھے بھی تھے اور نوجوان بھی وہ فجر کی نماز عشاء کے وضو سے پڑھتے تھے اور طویل قیام کی وجہ سے ان کے پاؤں سُوج گئے تھے اور آنکھیں اندر کو دھنس چکی تھیں چمڑے ہڈیوں سے مل گئے تھے اور رگیں باریک تاروں کی طرح معلوم ہوتی تھیں وہ ایسے ہو گئے تھے گویا ان کے چمڑے تربوز کے چھلکے ہوں اور گویا وہ قبروں سے نکالے گئے ہیں وہ بتاتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح اطاعت گزار لوگوں کو عزت بخشی اور نافرمان لوگوں کو ذلیل کیا وہ چل ہی رہے تھے کہ ان میں سے ایک ایسی جگہ سے گزرا جہاں وہ بیہوش ہو کر گر پڑا اس کے دوست اس کے گرد بیٹھ کر رونے لگے وہ دن سخت سرد تھا لیکن اس کے باوجود اس کی پیشانی پر پسینہ آیا ہوا تھا انہوں نے پانی لا کر اس کے چہرے پر مارا تو اسے افاقہ ہوا انہوں نے اس سے ماجرا پوچھا تو اس نے کہا مجھے یاد آگیا تھا کہ میں نے اس جگہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی تھی ۔

حضرت صالح المری رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے عبادت گزار لوگوں میں سے ایک کے پاس یہ آیت پڑھی ۔

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُولُونَ يَا لَيْتَنَا أَطَعْنَا اللَّهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُولَ ۔ (۱)	جس دن آگ میں لوگوں کے چہرے بدل جائیں گے (اور) وہ کہیں گے کاش ہم اللہ تعالیٰ کا حکم مانتے اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرتے ۔

(یہ سن کر) وہ زاہد بیہوش ہو گیا اور جب افاقہ ہوا تو اس نے کہا اے صالح ! مزید پڑھئے کیوں کہ غم ہو رہا ہے پس میں نے پڑھا ۔

كُلَّمَا أَرَادُوا أَنْ يَخْرُجُوا مِنْهَا أُعِيدُوا فِيهَا ۔ (۲)	وہ جب بھی اس (جہنم) سے نکلنے کا ارادہ کریں گے ان کو اس میں واپس بھیج دیا جائے گا ۔

یہ آیت سن کر اس کی رُوح پرواز کر گئی اور وہ گر پڑا ۔

ایک روایت میں ہے کہ حضرت زرارہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو صبح کی نماز پڑھاتے ہوئے یہ آیت پڑھی ۔

---

(۱) قرآن مجید ، سورۃ احزاب آیت ۶۶

(۲) قرآن مجید ، سورۃ حج آیت ۲۲

فَاِذَا نُقِرَ فِی النَّاقُوْرِ۔ (۱) پھر جب صُور پھونکا جائے گا۔

تو وہ بیہوش ہو کر گر پڑے اور انتقال کر گئے۔

حضرت یزید رقاشی رحمہ اللہ، حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کے پاس تشریف لے گئے تو انہوں نے کہا اے یزید! مجھے کچھ نصیحت فرمائیں انہوں نے فرمایا اے امیر المومنین جان لو تم پہلے خلیفہ نہیں ہو جو مر جاؤ گے (بلکہ تم سے پہلے بھی خلفاء دنیا سے رخصت ہوئے) یہ سن کر حضرت عمر بن عبد العزیز رونے لگے پھر فرمایا مزید کچھ بتائیے انہوں نے فرمایا۔ اے امیر المومنین! حضرت آدم علیہ السلام اور آپ کے درمیان آپ کے جتنے اجداد گزرے ہیں وہ سب فوت ہو گئے یہ سن کر آپ روئے پھر فرمایا مزید کچھ بتائیے انہوں نے فرمایا آپ کے اور جنت و دوزخ کے درمیان کوئی منزل نہیں ہے یہ سن کر حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ بیہوش ہو کر گر پڑے۔

حضرت میمون بن مہران رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ۔ (۲) اور بے شک ان سب سے جہنم کا وعدہ ہے۔

تو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے چیخ ماری اور اپنا ہاتھ، سر پر رکھ کر بھاگ کھڑے ہوئے تین دن تک ان کا پتہ نہ چلا۔

حضرت داؤد طائی رحمہ اللہ نے ایک خاتون کو دیکھا جو اپنے بچے کی قبر کے سرہانے رو رہی تھی اور کہہ رہی تھی اے میرے بیٹے! معلوم نہیں تیرے کس رخسار کو کیڑوں نے پہلے کھایا ہے۔ یہ سن کر حضرت داؤد طائی رحمہ اللہ نے چیخ ماری اور اسی جگہ گر پڑے کہا گیا کہ ہے کہ حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ بیمار ہو گئے تو ان کا پیشاب ایک ذمی (کافر) طبیب کو دکھایا گیا تو اس نے کہا خوف نے ان کا جگر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہے پھر اس نے آ کر آپ کی نبض دیکھی اور کہا میں نے اسلام میں ان جیسا آدمی نہیں دیکھا۔

حضرت احمد بن حنبل رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ وہ مجھ پر خوف کا ایک دروازہ کھول دے تو اس نے کھول دیا پھر مجھے اپنی عقل پر ڈر محسوس ہوا تو میں نے عرض کیا اے میرے رب! میری طاقت کے مطابق رکھنا، تو اس سے میرا دل تھم گیا۔

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاص (رضی اللہ عنہما) نے فرمایا روؤ اگر رونا نہ آتا ہو تو رونے کی کوشش کرو پس اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر تم میں سے کسی کو علم ہوتا تو وہ اس قدر چیختا کہ اس کی آواز ٹوٹ جاتی اور اس طرح نماز پڑھتا کہ اس کی پیٹھ ٹوٹ جاتی گویا انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث کی طرف اشارہ کیا آپ نے ارشاد فرمایا۔

---

(۱) قرآن مجید سورۂ مدثر آیت ۸

(۲) قرآن مجید، سورۂ حجر آیت ۴۳

لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلاً وَّلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا۔ (۱) اگر تم وہ بات جانتے جو میں جانتا ہوں تو تم ہنستے کم اور روتے زیادہ۔

حضرت عنبری رحمہ اللہ فرماتے ہیں اصحاب حدیث حضرت فضیل بن عیاض رحمہ اللہ کے دروازے پر جمع ہوئے تو آپ نے روشندان سے ان کو جھانکا (تو انہوں نے دیکھا کہ) آپ رو رہے تھے اور آپ کی داڑھی مبارک ہل رہی تھی آپ نے فرمایا تم پر قرآن پاک پڑھنا لازم اور نماز کی پابندی ضروری ہے اور یہ وقت حدیث کا نہیں یہ رونے، گڑگڑانے، عاجزی اور ڈوبنے والے کی طرح پکارنے کا وقت ہے اس زمانے میں اپنی زبان کی حفاظت کرو اپنی جگہ چھپاؤ اور دل کا علاج کرو اچھی باتوں کو اختیار کرو اور بری باتوں کو چھوڑ دو۔

ایک دن حضرت فضیل رحمہ اللہ کو دیکھا گیا کہ آپ چل رہے تھے پوچھا گیا کہاں تشریف لے جا رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا مجھے معلوم نہیں گویا وہ خوف کی حالت میں چل رہے تھے۔

حضرت ذربن عمر نے اپنے باپ حضرت عمر بن ذر (رحمہما اللہ) سے پوچھا کیا وجہ ہے کہ دوسرے لوگ گفتگو کرتے ہیں تو کوئی بھی نہیں روتا اور جب آپ کلام فرماتے ہیں تو ہر طرف سے رونے کی آواز سنائی دیتی ہے انہوں نے فرمایا جس عورت کا بچہ گم ہو جائے اس کے رونے اور اجرت لے کر رونے والی کے رونے میں فرق ہے۔

منقول ہے کہ ایک جماعت ایک عابد کے پاس کھڑی ہوئی اور وہ رو رہا تھا انہوں نے کہا اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے رونے کی کیا وجہ ہے؟ اس عابد نے جواب دیا ایک زخم ہے جس کو ڈرنے والے لوگ اپنے دلوں میں پاتے ہیں پوچھا وہ کیا ہے؟ فرمایا اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش ہونے کے لیے جو ندا ہوگی۔

حضرت خواص رحمہ اللہ رو رہے تھے اور اپنی مناجات میں کہتے تھے میں بوڑھا ہوا اور میرا جسم تیری خدمت سے کمزور ہو گیا پس تو مجھے آزاد کر دے۔

حضرت صالح مری رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک مرتبہ حضرت ابن سماک رحمہ اللہ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا اپنے عبادت گزار ساتھیوں کے کچھ عجائبات دکھاؤ میں اسے محلے کے ایک شخص کے پاس لے گیا جو جھونپڑے میں رہتا تھا ہم نے اس سے اندر آنے کی اجازت مانگی اور اندر چلے گئے دیکھا تو ایک شخص چٹائی بنا رہا تھا میں نے اس کے سامنے آیت پڑھی۔

اِذِ الْاَغْلٰلُ فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ یُسْحَبُوْنَ فِی الْحَمِیْمِ ثُمَّ فِی النَّارِ یُسْجَرُوْنَ۔ (۲) جب ان کی گردنوں میں طوق اور زنجیریں ہوں گی کھولتے ہوئے پانی میں گھسیٹے جائیں گے پھر آگ میں دہکائے جائیں گے۔

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۶۶۵، کتاب التفسیر

(۲) قرآن مجید، سورۂ غافر آیت ۷۱

(یہ سن کر) اس شخص نے ایک چیخ ماری اور بیہوش ہو کر گر پڑا چنانچہ ہم اسے اسی حالت میں چھوڑ کر چلے گئے دوسرے کے پاس پہنچے اور یہی آیت پڑھی تو اس نے بھی چیخ ماری اور بیہوش ہو کر گر پڑا ہم وہاں سے بھی چلے پڑے اور تیسرے کے پاس جانے کی اجازت طلب کی اس نے کہا تم داخل ہو سکتے بشرطیکہ ہمیں، ہمارے رب سے نہ روکو میں نے اس کے پاس یہ آیت پڑھی۔

ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِي وَخَافَ وَعِيدِ۔ (۱)

یہ اس کے لیے جو میرے حضور کھڑا ہونے سے ڈرے اور میں نے جو عذاب کا حکم سنایا ہے اس سے خوف کھائے

اس نے بھی ایک چیخ ماری تو اس کے نتھنوں سے خون نکلنے لگا اور وہ اسی خون میں تڑپنے لگا حتی کہ خون خشک ہو گیا ہم اسے اسی حالت میں چھوڑ کر چلے گئے میں نے حضرت ابن سماک کو چھ آدمیوں کے پاس پھرایا ہم ان میں سے ہر ایک کو بیہوش چھوڑ کر آگے چلے جاتے۔ پھر میں ان کو ساتویں کے پاس لے گیا اور اس سے اجازت مانگی تو دیکھا کہ جھونپڑے میں ایک عورت ہے اس نے کہا آجاؤ چنانچہ ہم داخل ہو گئے ہم نے دیکھا ایک بوڑھا شخص مصلے پر بیٹھا ہوا ہے ہم نے اسے سلام کیا لیکن اسے ہمارے سلام کا پتہ نہ چلا میں نے بلند آواز سے کہا سنو! کل لوگوں نے ایک جگہ کھڑا ہونا ہے شیخ نے کہا مصیبت! کس کے سامنے کھڑا ہونا ہے پھر وہ حیران ہو کر کھڑا ہو گیا اور اس کا منہ کھلا تھا آنکھیں کھلی رہ گئیں وہ کمزور آواز کے ساتھ اوہ، اوہ کرتے لگا حتی کہ یہ آواز بھی ختم ہو گئی اس کی بیوی نے کہا نکل جاؤ تمہیں اس وقت کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

پھر اس کے بعد جب میں نے لوگوں سے پوچھا تو معلوم ہوا کہ تین کو افاقہ ہو گیا تھا اور تین اپنے رب سے جا ملے تھے جب کہ شیخ تین دن سے اسی طرح حیران اور خاموش کھڑا تھا حتی کہ اس نے کوئی فرض نماز بھی ادا نہ کی پھر تین دن بعد اسے ہوش آیا۔

حضرت یزید بن اسود کو ابدال میں سے جانا جاتا تھا اور انہوں نے قسم کھائی تھی کہ وہ نہ تو کبھی ہنسیں گے نہ پہلو کے بل آرام کریں گے اور نہ کبھی مرغن چیز کھائیں گے حتی کہ ان کا انتقال ہو گیا۔

حجاج نے حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ سے کہا مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ بالکل نہیں ہنستے انھوں نے فرمایا میں کیسے ہنسوں جب کہ جہنم کی آگ بھڑکائی جا چکی ہے طوق تیار کر دیئے گئے اور جہنم کے فرشتے مستعد ہیں۔

ایک شخص نے حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے پوچھا اے ابو سعید! آپ نے صبح کیسے کی؟ انہوں نے فرمایا اچھی طرح۔ پوچھا کیا حال ہے؟ اس پر حضرت حسن مسکرائے اور فرمایا تم میری حالت پوچھتے ہو ان لوگوں کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے جو کشتی میں سوار ہوئے جب دریا کے درمیان پہنچے تو کشتی ٹوٹ گئی اور ان میں سے ہر ایک، ایک لکڑی کے ساتھ لٹک گیا تو وہ کس حال میں ہوگا؟ اس نے کہا سخت حالت میں ہو گا حضرت حسن رحمہ اللہ نے فرمایا میری حالت ان کی حالت سے

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ ابراہیم آیت ۱۴

بھی زیادہ سخت ہے۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کی ایک لونڈی ان کے پاس گئی اور سلام پیش کیا پھر وہ گھر کی مسجد کے پاس کھڑی ہو گئی اور دو رکعت نماز ادا کی اس کے بعد اس پر نیند کا غلبہ ہوگیا اور وہ سوگئی وہ خواب کی حالت میں روئی جب بیدار ہوئی تو عرض تو عرض کیا امیر المومنین! اللہ کی قسم! میں نے عجیب معاملہ دیکھا ہے آپ نے پوچھا وہ کیا اس نے کہا میں نے دوزخ کو دیکھا وہ دوزخیوں پر بھڑک رہی تھی پھر پل صراط کو لاکر اس کے اوپر رکھا گیا آپ نے پوچھا پھر کیا ہوا اس نے کہا عبدالملک بن مروان کو لاکر اس پل پر چڑھایا گیا وہ تھوڑا سا چلا کہ پل الٹ گیا اور وہ جہنم میں گر گیا حضرت عمر بن عبدالعزیز نے فرمایا مزید کیا ہوا؟ اس نے کہا پھر ولید بن عبدالملک کو لایا گیا اسے بھی اس پر سوار کیا گیا تو تھوڑا سا چلنے کے بعد پل صراط الٹ گیا اور وہ جہنم میں گر گیا آپ نے فرمایا پھر کیا ہوا؟ اس نے کہا پھر سلیمان بن عبدالملک کو لایا گیا وہ بھی تھوڑا سا چلا تھا کہ پل الٹ گیا اور وہ اسی طرح جہنم میں چلا گیا۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے فرمایا پھر کیا ہوا؟ اس نے کہا اے امیر المومنین! اللہ تعالیٰ کی قسم پھر آپ کو لایا گیا یہ سن کر حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے ایک چیخ ماری اور بیہوش ہو کر گر پڑے وہ آپ کے پاس کھڑی ہو کر آپ کے کانوں میں کہنے لگی اے امیر المومنین! اللہ کی قسم! میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ نجات پاگئے قسم بخدا! میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ نجات پاگئے راوی فرماتے ہیں وہ اسی طرح آواز دیتی رہی اور آپ چلاتے اور پاؤں اٹھا اٹھا کر مارتے رہے۔

حکایت کیا گیا ہے کہ حضرت اویس قرنی رحمہ اللہ واعظ کے پاس تشریف لاتے اور اس کے کلام سے روتے جب وہ جہنم کا ذکر کرتا تو حضرت اویس چیخ مارتے پھر اٹھ کر چل پڑتے تو لوگ آپ کو پاگل پاگل کہتے ہوئے آپ کے پیچھے لگ جاتے۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا مومن کا خوف اس وقت تک نہیں ٹھہرتا جب تک وہ جہنم کے پل کو اپنے پیچھے نہ چھوڑ دے۔

حضرت طاؤس رحمہ اللہ کے لیے بچھونا بچھایا جاتا آپ اس پر لیٹتے اور اس طرح لوٹ پوٹ ہوتے جس طرح گرم کڑاہی میں دانے ادھر ادھر اچھلتے ہیں پھر اتر کر بستر کو لپیٹ دیتے اور صبح تک قبلہ رخ ہو جاتے (نماز پڑھتے) اور فرماتے جہنم کے ذکر نے ڈرنے والوں کی نیند اڑادی۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا ایک شخص جہنم سے ایک ہزار سال بعد نکالا جائے گا (پھر فرمایا) کاش وہ شخص میں ہوتا آپ نے یہ بات جہنم میں ہمیشہ رہنے اور برے خاتمے کے خوف سے فرمائی۔

ایک روایت میں ہے کہ آپ چالیس سال تک نہیں ہنسے،۔ راوی کہتے ہیں میں جب ان کو بیٹھا ہوا دیکھتا تو یوں معلوم ہوتا گویا وہ ایک قیدی ہیں جنہیں ان کی گردن مارنے کے لیے لایا گیا ہے اور جب وہ گفتگو کرتے تو گویا آخرت کو دیکھ رہے ہیں اور اس کو دیکھ کر بتا رہے ہیں اور جب وہ خاموش ہوتے تو گویا ان کی آنکھوں کے درمیان آگ بھڑک رہی ہے

اور جب ان پر اس شدتِ غم و حزن کا عتاب کیا گیا تو انہوں نے فرمایا میں اس بات سے بے خوف نہیں ہوں کہ اگر اللہ تعالٰے نے میرے بعض ناپسندیدہ اعمال کو دیکھ کر مجھ پر غضب فرمایا اور کہا جاؤ میں تمہیں نہیں بخشتا تو میرا عمل کرنا بے فائدہ ہوگا۔

حضرت ابن سماک رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے ایک دن کسی مجلس میں وعظ کیا تو لوگوں میں سے ایک نوجوان نے کھڑے ہو کر کہا اے ابو العباس! آپ نے آج ایک ایسا کلمہ کہا ہے کہ اگر ہم اس کے علاوہ کوئی بات نہ سنیں تو بھی کوئی پرواہ نہیں میں نے پوچھا وہ کونسا کلمہ ہے اللہ تعالٰی آپ پر رحم فرمائے؟ اس نے کہا آپ کا یہ قول کہ دو جگہ (میں سے ایک میں) ہمیشہ رہنے یعنی جنت یا دوزخ میں ہمیشہ رہنے کے خیال نے خائفین کے دلوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا پھر وہ نوجوان مجھ سے غائب ہو گیا میں نے اسے دوسری مجلس میں تلاش کیا تو نہ پایا میں نے اس کے بارے میں پوچھا تو مجھے بتایا گیا کہ وہ بیمار ہے اور لوگ اس کی عیادت کے لئے جاتے ہیں۔

چنانچہ میں بھی اس کی بیمار پرسی کے لیے گیا اور میں نے کہا اے بھائی میں آپ کو کس حالت میں دیکھ رہا ہوں؟ اس نے کہا اے ابو العباس! یہ آپ کے اسی قول کی وجہ سے ہوا ہے کہ جنت یا دوزخ میں سے کسی ایک مقام پر ہمیشہ رہنے کے خوف نے لوگوں کے دلوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ فرماتے ہیں پھر وہ نوجوان انتقال کر گیا اللہ تعالٰی اس پر رحم فرمائے میں نے اسے خواب میں دیکھ کر کہا اے میرے بھائی اللہ تعالٰی نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ اس نے کہا اللہ تعالٰی نے مجھے بخش دیا اور مجھ پر رحم فرمایا نیز مجھے جنت میں داخل کر دیا میں نے پوچھا کس عمل کی وجہ سے؟ اس نے کہا اسی کلمے کی وجہ سے۔

تو انبیاء کرام، اولیاء عظام اور علماء کرام نیز صالحین کے خوف کا یہ حال تھا اور ہمیں تو ان کی نسبت زیادہ ڈرنا چاہیئے لیکن یہ مطلب نہیں کہ جب گناہ زیادہ ہوں تو اس وقت خوف پیدا ہو بلکہ دل کی صفائی اور کمال معرفت کی صورت میں بھی خوف ہونا چاہیے ورنہ گناہوں کی قلت اور عبادات کی کثرت بے خوفی کا سبب نہیں ہو سکتی بلکہ شہوتِ نفس کی اطاعت، بدبختی کا غلبہ، اور غفلت نیز دل کی سختی کی وجہ سے اپنے اعمال کو نہ دیکھنے قربِ موت کے باوجود بیدار نہ ہونے، گناہوں کی کثرت کے باوجود حرکت میں نہ آنے، خوف کھانے والوں کے حالات دیکھنے کے باوجود خوف کے پیدا نہ ہونے بُرے خاتمے کے خوف کے اثر انداز ہونے کی صورت میں ہی ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالٰی کی بارگاہ میں دعا کریں کہ وہ اپنے فضل و کرم سے ہمارے احوال کی اصلاح فرمائے اور ان باتوں کا تدارک کرے اگر محض زبانی سوال بغیر استعداد کے نفع دیتا ہو۔

اور عجیب بات تو یہ ہے کہ دنیا میں جب ہم مال کی خواہش کرتے ہیں تو کھیتی باڑی کرتے ہیں، درخت لگاتے ہیں اور تجارت کرتے ہیں نیز دریاؤں اور خشکی کا سفر کرتے ہیں اور جب علمی مرتبہ حاصل کرنا چاہتے ہیں تو غور و فکر کرتے ہیں اور اس کے حفظ و تکرار کے سلسلے میں مشقت اٹھاتے اور شب بیداری کرتے ہیں ہم تلاشِ رزق کے سلسلے میں کوشش کرتے ہیں اور اللہ تعالٰی کی ضمان پر اعتماد کر کے گھر میں بیٹھ نہیں جاتے کہ ہم صرف اسی پر اکتفا کریں کہ یا اللہ ہمیں رزق عطا فرما۔

اور جب آخرت کی دائمی سلطنت پر نظر کرتے ہیں تو صرف اسی بات پر قناعت کرتے ہیں کہ زبان سے کہہ دیں یا اللہ!

ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور جس ذات سے ہماری امید وابستہ ہے اور جس کے نام سے ہم دھوکہ کھاتے ہوئے ہیں وہی ہمیں پکار پکار کر کہتا ہے۔

وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى۔ (۱)

اور انسان کے لیے وہی کچھ ہے جس کے لیے وہ محنت کرتا ہے۔

اور وہ ارشاد فرماتا ہے۔

وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ۔ (۲)

اور تمہیں کوئی دھوکہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں دھوکے میں نہ ڈالے۔

اور ارشاد فرمایا۔

يَا اَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ۔ (۳)

اے انسان! تجھے رب کریم کے بارے میں کس نے دھوکے میں ڈالا۔

پھر یہ سب باتیں ہمیں دھوکے اور آرزوؤں کی وادیوں سے نہیں نکالتیں اور نہ ہی ہمیں بیدار کرتی ہیں ——— تو یہ نہایت ہی گھائل کرنے والی بات اور مشقت ہے اگر اللہ تعالیٰ توبۃ النصوح کے ذریعے ہم پر اپنا فضل نہ فرمائے اور یوں ہماری اس کمی کا تدارک نہ فرمائے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ہماری توبہ کو قبول فرمائے۔ بلکہ ہم اس بات کا سوال کرتے ہیں کہ وہ ہماری توبہ کو قبول فرمائے۔ بلکہ ہم اس بات کا سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمارے دلوں میں توبہ کا شوق ڈال دے اور توبہ سے سوال کے لیے محض زبانی حرکت کو غایت نہ بنائے اس طرح ہم ان لوگوں میں سے ہو جائیں گے جو کہتے ہیں عمل نہیں کرتے اور سنتے ہیں لیکن قبول نہیں کرتے۔ جب ہم وعظ سنتے ہیں تو روتے ہیں اور جب عمل کا وقت آتا ہے تو ہم نافرمانی کرتے ہیں ذلت و رسوائی کی اس سے بڑی علامت کیا ہو سکتی ہے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ وہ اپنے فضل و کرم اور احسان سے ہمیں توفیق اور ہدایت عطا فرمائے۔

اب ہم خائفین کے احوال کا ذکر اسی پر ختم کرتے ہیں جو ہم نے ذکر کیا ہے کیوں کہ تھوڑا ہو لیکن قبول کرنے والے دل تک پہنچ جائے وہ کافی ہے جب کہ زیادہ ہو اور غافل دل تک پہنچے بے مقصد ہے۔

ایک راہب جو منتخب بندوں میں تھا اس سے حضرت عیسیٰ بن مالک خولانی رحمہ اللہ نے نقل کیا کہ انہوں نے اسے

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ النجم آیت ۳۹

(۲) قرآن مجید، سورۃ فاطر آیت ۵

(۳) قرآن مجید، سورۃ انفطار آیت ۶

بیت المقدس کے دروازے پر کھڑا دیکھا شدت غم اور زیادہ رونے کی وجہ سے اس کی آنکھوں سے آنسو رکتے نہیں حضرت عیسٰی بن مالک فرماتے ہیں جب میں نے اسے اس پریشان کن حالت میں دیکھا تو میں نے کہا اے راہب! مجھے کوئی نصیحت فرمائیں جسے میں یاد رکھوں اس نے کہا بھائی! میں آپ کو کس بات کی نصیحت کروں؟ اگر تم اس شخص کی طرح رہ سکتے ہو جو درندوں اور زہری جانوروں سے خوف زدہ ہے اور اسے اس بات کا ڈر ہوتا ہے کہ کہیں غفلت میں اس کو کوئی درندہ چیر پھاڑ نہ دے یا بھول ہو جائے تو کیڑے نہ کاٹ دیں وہ رات بھر خوف زدہ دل کے ساتھ رہتا ہے اگرچہ دھوکہ کھانے والے پُرامن ہوتے ہیں وہ دن بھر بھی غمگین رہتا ہے اگرچہ سکے لوگ خوش رہتے ہیں تو تمہیں اسی طرح رہنا چاہیئے پھر وہ مجھے چھوڑ کر چلا گیا میں نے کہا اگر مزید کچھ بتائیں تو مجھے فائدہ ہوگا اس نے کہا پیاسے کو جتنا پانی مل جائے اُسے کفایت کرتا ہے اور واقعی اس نے صحیح کہا کیوں کہ صاف دل کو ادنیٰ خوف بھی حرکت دے دیتا ہے اور سخت دل سے وعظ و نصیحت دور رہتی ہے۔

راہب نے جو درندوں کی مثال بیان کی ہے تو وہ محض فرضی بات نہیں ہے بلکہ حقیقت یہی ہے اگر تم نور بصیرت سے اپنے باطن کو دیکھو تو وہ طرح طرح کے درندوں کے گھیرے میں ہے جیسے غصہ، شہوت، کینہ، حسد، تکبر، خود پسندی اور ریاکاری وغیرہ اور یہ (روحانی درندے) تمہیں مسلسل کاٹتے اور نوچتے ہیں اگر تم ایک لحظہ بھی ان سے غافل رہو۔ ہاں یہ بات ہے کہ وہ تمہیں نظر نہیں آتے۔ لیکن جب پردہ اٹھ جائے گا اور تمہیں قبر میں رکھ دیا جائے گا تو تم ان کو دیکھ لوگے۔ اور وہ تمہارے سامنے ایسی شکلوں میں آئیں گے جن کو تم دیکھ لوگے پھر تم اپنی آنکھوں سے بچھوؤں اور سانپوں کو دیکھوگے کہ انہوں نے قبر میں تمہیں گھیر رکھا ہے یہ وہ خصلتیں ہیں جو اس وقت بھی موجود ہیں۔ لیکن ان کی شکلیں اس دن (قبر میں) نظر آئیں گی اگر تم موت سے پہلے ان کو مارنا چاہو اور مارنے پر قادر بھی ہو تو ان کو مار ڈالو ورنہ دل میں یہ بات پکی طرح بٹھا لو کہ وہ تمہارے دل کو کاٹتی اور نوچتی ہیں۔ ظاہری جسم تو ایک طرف رہا ——

۴۔ فقر و زہد کا بیان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس کے لیے ریت کے تودے بھی تسبیح کرتے اور سامنے سجدہ کرتے ہیں اس کی ہیبت سے پہاڑ بھی گر جاتے ہیں اس نے انسان کو چکنے والے سوکھے ہوئے بجنے والے گارے سے پیدا کیا اور اس کی صورت کو احسن تقویم (اچھے سانچے) اور مکمل اعتدال کے ساتھ مزین کیا اور اس کے دل کو نورِ ہدایت کے ذریعے گمراہی کے گڑھے سے بچایا اور اسے صبح وشام خدمت (عبادت) کا دروازہ کھٹکھٹانے کا حکم دیا۔

پھر عبادت میں مخلص شخص کی بصیرت کو نورِ عبرت کا سرمہ لگایا حتیٰ کہ اس نے اس کی روشنی سے دربار خداوندی کو بھی ملاحظہ کیا پس اس کے لیے ایسی خوبصورتی حُسن اور کمال ظاہر ہوا جس کی چمک کے مبادی کے سامنے ہر حُسن وجمال ماند پڑ گیا اور جو اس کے مشاہدے اور لزوم سے پھر گیا اس نے اس کو نہایت بھاری اور مشکل خیال کیا اور ظاہری دنیا اس کے لیے ایک خوبصورت عورت کی شکل میں ظاہر ہوئی جو دھوکہ دیتی ہے اور اس کا باطن اس کے لیے اس بوڑھی عورت کی طرح منکشف ہوا جس کا خمیر ذلت و رسوائی سے تیار کیا گیا اور اس کو ذلت کے ڈھانچے میں رکھا گیا۔ اور وہ اپنی بڑی چادر کے ساتھ لپیٹی گئی تاکہ جادو اور حیلے بہانوں کی نرمی کے ساتھ اس کے اندر کی خرابیاں چھپی رہیں اور اس کے جال مردوں کے راستے میں نصب کئے گئے اور وہ ان کو طرح طرح کے مکر و فریب سے شکار کرتی ہے اور وہ صرف وصال کے وعدہ کی خلاف ورزی پر اکتفا نہیں کرتی بلکہ وہ اس وصال کے خاتمے کے ساتھ ان کو طوقوں اور زنجیروں میں قید کرتی اور ان کو طرح طرح کی آزمائشوں اور سامان عبرت میں مبتلا کرتی ہے۔

پس جب عارفین کے لیے اس کی پوشیدہ خرابیاں اور افعال منکشف ہو گئے تو انہوں نے اس سے اس طرح کنارہ کشی کی جیسے کوئی نفرت کرنے والا کرتا ہے پس انہوں نے اسے چھوڑ دیا نیز انہوں نے مال کی فراوانی پر فخر کرنا بھی چھوڑ دیا اور وہ اپنی مکمل توجہ اور ہمت کے ساتھ بارگاہ خداوندی کی حاضری کی طرف متوجہ ہو گئے انہیں اس کے وصال کا پورا یقین ہے جس میں انفصال نہیں اور ایسا مشاہدہ جس میں فنا اور زوال نہیں اور رحمت کاملہ ہمارے سردار حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر جو تمام انبیاء کرام کے سردار ہیں اور آپ کی بہترین آل پر ہو۔

حمد وصلوٰۃ کے بعد ——— واضح ہو کہ دنیا اللہ عزوجل کی دشمن ہے وہ دھوکے سے جسے چاہے گمراہ کرتی اور اپنے مکر سے جس کو چاہے لغزش کا شکار کرتی ہے اس کی محبت خطاؤں اور گناہوں کی اصل ہے اور اس سے نفرت عبادات اور قرب کی اصل ہے اس کا حال اور اس کی دوستی کی مذمت سے متعلق ہم نے مہلکات کے بیان میں دنیا کی مذمت کے

عنوان سے ذکر کیا ہے اب ہم دنیا سے نفرت اور کنارہ کشی کی فضیلت بیان کرتے ہیں کیوں کہ یہ بات نجات دینے والے امور کی اصل ہے پس نجات کی طمع اسی وقت ہو سکتی ہے جب دنیا سے قطع تعلق کیا جائے اور اس سے دوری اختیار کی جائے اور اس سے قطع تعلق کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ دنیا خود انسان سے الگ ہو اسے فقر کہتے ہیں اور دوسری صورت یہ ہے کہ بندہ اس سے الگ ہو اسے زہد کہا جاتا ہے اور سعادت کے حصول میں ان میں سے ہر ایک کے لئے ایک درجہ ہے اور فوز و نجات کے سلسلے میں ان کا اثر ہے اب ہم فقر اور زہد کی حقیقت، ان کے درجات، اقسام، شرائط، اور احکام کا ذکر کریں گے ایک حصے میں فقر کا ذکر ہو گا جب کہ دوسرے میں زہد کا، لیکن پہلے فقر کا ذکر کرتے ہیں تو ہم کہتے ہیں۔

پہلا حصہ:-

فقر کا بیان

اس حصے میں درج ذیل بیان ہوں گے۔

(۱) حقیقت فقر
(۲) فقر کی مطلق فضیلت
(۳) فقر کی خصوصی فضیلت
(۴) غنی پر فقیر کی فضیلت
(۵) فقر کی حالت میں فقیر کا ادب
(۶) عطیات قبول کرنے کی صورت میں ادب
(۷) ضرورت کے بغیر سوال کا حرام ہونا
(۸) کس قدر مالداری کی حالت میں مانگنا حرام ہے۔
(۹) مانگنے والوں کے حالات۔

اللہ تعالیٰ ہی اپنے لطف و کرم سے راہ صواب کی توفیق عطا کرنے والا ہے۔

فصل ۱:

حقیقت فقر اور فقیر کے احوال اور ناموں کا اختلاف

فقر کا مطلب اس چیز کا نہ ہونا ہے جس کی حاجت ہو لیکن جس کی حاجت نہ ہو اس کا نہ ہونا فقر نہیں کہلاتا اور اگر وہ چیز جس کی حاجت ہے موجود بھی ہو اور انسان کے بس میں بھی ہو تو وہ فقیر نہیں کہلاتا۔

پس جب تمہیں یہ بات معلوم ہوگئی کہ تمہیں اس بات میں شک نہیں ہونا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا جو بھی موجود ہے وہ فقیر ہے کیوں کہ اسے دوسرے وقت موجود ہونے کی حاجت ہے اور وجود کا ہمیشہ رہنا اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہے پس اگر کوئی ایسا وجود موجود ہو جو کسی دوسرے کا محتاج نہ ہو تو وہ مطلق غنی ہے اور ایسا وجود سوائے ایک ذات کے متصور نہیں ہوسکتا پس ایک ہی غنی موجود ہے اور باقی جو کچھ ہے وہ سب اس کے محتاج ہیں کہ وہ ان کو دائمی وجود میں مدد دے اسی حصر کی طرف اللہ تعالیٰ کے اس قول میں اشارہ ہے۔

وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَاءُ۔ (۱) اور اللہ تعالیٰ غنی ہے جب کہ تم فقیر ہو

فقرِ مطلق کا یہ معنیٰ ہے لیکن ہمارا مقصود فقرِ مطلق کا بیان نہیں ہے بلکہ ہم خصوصی فقر یعنی مال کے حوالے سے محتاجی کا ذکر کرتے ہیں ورنہ حاجات کے اعتبار سے بندے کے فقر کی انتہا نہیں ہے کیوں کہ اس کی حاجات بے شمار ہیں اور اس کی حاجات میں سے بعض وہ ہیں جن تک رسائی مال کے ذریعے ہوتی ہے اور اس وقت اسی کا بیان مطلوب ہے پس ہم کہتے ہیں۔

جس آدمی کے پاس مال نہ ہو ہم اسے اس مال کی نسبت سے فقیر کہتے ہیں جو اس کے پاس نہیں ہے لیکن شرط یہ ہے کہ وہ اس کا محتاج ہو پھر فقر کے وقت پانچ حالتوں کا تصور ہوتا ہے اور ہم ان تمام کے الگ نام رکھتے ہیں تاکہ ایک دوسرے سے تمیز ہوسکے۔

فقر کی پانچ حالتیں

پہلی حالت: یہ سب سے بلند ہے یعنی جب اس کے پاس مال آئے تو وہ اسے ناپسند کرے اور اس سے اذیت محسوس کرے اور اسے قبول کرنے سے بھاگے نیز اس کے شر اور اس میں مشغولیت سے بچے یہ زہد ہے اور ایسے شخص کو زاہد کہتے ہیں۔

دوسری حالت: مال میں ایسی رغبت نہ ہو کہ اس کے ملنے پر خوش ہو اور نہ اس طرح ناپسند کرتا ہو کہ اس سے اذیت حاصل ہو یا اگر حاصل ہو تو چھوڑ دے ایسی حالت والے کو راضی کہتے ہیں۔

تیسری حالت: مال کے نہ ہونے کے مقابلے میں اس کا پایا جانا اسے پسند ہو کیوں کہ وہ اس میں رغبت رکھتا ہے لیکن اس کی محبت اس حد کو نہیں پہنچی کہ اس کی طلب میں سرگرمی دکھائے بلکہ اگر آسانی سے بلا محنت مل جائے تو خوش ہوتا ہے اور اس کی تلاش میں محنت کرنا پڑے تو اس میں مشغول نہیں ہوتا ایسے شخص کو قانع صبر کرنے والا کہتے ہیں۔ اس لیے کہ اس نے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ محمد آیت ۳۸

موجود پر قناعت کی حتیٰ کہ اس کی طلب کو چھوڑ دیا باوجودیکہ کچھ کمزور سی رغبت بھی تھی۔

چوتھی حالت: عاجزی کی وجہ سے مال کی طلب چھوڑ دے ورنہ وہ اس میں ایسی رغبت رکھتا ہے کہ اگر اس کی طلب تک راستہ ملے اگرچہ تھکاوٹ کے ساتھ ہو تو وہ اسے طلب کرے یا اس کی طلب میں مشغول ہو تو ایسی حالت والے کو حریص کہتے ہیں۔

پانچویں حالت: اس کے پاس جو مال نہیں ہے وہ اس کی طرف مجبور ہو جیسے بھوکا شخص جس کے پاس روٹی نہ ہو اور برہنہ آدمی جس کے پاس کپڑا نہ ہو ایسے شخص کو مضطر (مجبور) کہتے ہیں چاہے مال کی رغبت ضعیف ہو یا قوی اور یہ حالت رغبت سے بہت کم الگ ہوتی ہے تو یہ پانچ حالتیں ہیں جن میں سے سب سے اعلیٰ زہد ہے اور اگر اضطرار کے ساتھ زہد بھی ہو اور اس کا تصور ہو سکے تو یہ زہد کا سب سے اعلیٰ درجہ ہے جیسے اس کا بیان آئے گا۔

ان پانچ سے اوپر ایک حالت ہے جو زہد سے بھی اعلیٰ ہے یعنی انسان کے نزدیک مال کا ہونا اور نہ ہونا برابر ہو اگر مال مل جائے تو وہ خوش نہیں ہوتا اور نہ ہی اس سے اسے اذیت پہنچتی ہے اور اگر مال نہ ملے تو بھی یہی صورت حال ہوتی ہے بلکہ اس کی حالت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حالت کی طرح ہوتی ہے جب آپ کے پاس ایک لاکھ درہم بطور عطیہ آئے تو آپ نے لے لیے لیکن اسی دن تقسیم کر دیئے آپ کی خادمہ نے عرض کیا اگر آج کے ان درہموں میں سے ایک درہم کا گوشت لے لیتیں تو اس سے روزہ افطار کر لیتے؟ آپ نے فرمایا اگر تم پہلے یاد دلا دیتیں تو میں ایسا ہی کرتی۔

پس جس شخص کی یہ حالت ہو اگر تمام دنیا اس کے قبضے اور خزانے میں ہو تو بھی اسے کوئی نقصان نہیں پہنچتا کیوں کہ وہ تمام مال کو اللہ تعالیٰ کے خزانے میں جانتا ہے اپنے قبضے میں نہیں پس اس بات میں کوئی فرق نہیں ہوتا کہ مال اس کے اپنے قبضے میں ہو یا کسی دوسرے کے قبضے میں۔

ایسی حالت والے کو مستغنی کہنا زیادہ مناسب ہے کیوں کہ وہ مال کے ہونے نہ ہونے دونوں سے بے نیاز ہوتا ہے۔

اس اسم (مستغنی) سے ایک ایسا معنیٰ سمجھنا چاہیے جو اللہ تعالیٰ پر مطلق غنی کے اطلاق اور بندوں میں سے جس کے پاس زیادہ مال ہو اس کو غنی کہنے میں فرق کرتا ہے کیوں کہ جس بندے کے پاس زیادہ مال ہو اور وہ اس پر خوش بھی ہوتا ہو تو وہ اس بات کا محتاج ہے کہ جو مال اس کے قبضے میں ہے وہ باقی رہے لیکن مزید مال کے آنے سے بے نیاز ہے باقی رہنے سے نہیں۔ لہٰذا وہ ایک اعتبار سے فقیر ہے لیکن یہ شخص (مستغنی) مال کے قبضے میں آنے سے بھی بے نیاز ہے اور اس کے باقی رہنے سے بھی بے نیاز ہے بلکہ وہ مال کے ہاتھوں سے نکل جانے سے بھی بے نیاز ہوتا ہے کیوں کہ اسے مال کے ملنے سے کوئی اذیت نہیں ہوتی کہ وہ اسے اپنی ملک سے نکالنے کا محتاج ہو اور وہ اس کے آنے پر خوش بھی نہیں ہوتا کہ اس کے باقی رہنے کا محتاج ہو اور چوں کہ مال سے محروم بھی نہیں اس لیے وہ اسے

قبضے میں لانے کا محتاج بھی نہیں پس اس کا غنا عام ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی صفت غنی کے زیادہ قریب ہے اور بندے کو اللہ تعالیٰ کا قرب صفات کے قرب کے ذریعے حاصل ہوتا ہے قرب مکانی نہیں ہوتا۔

لیکن ہم ایسی حالت والے کو غنی نہیں کہتے بلکہ مستغنی کہتے ہیں تاکہ غنی کا اسم صرف اسی ذات کے لیے ہو جو مطلق غنی ہے اور کسی چیز کا محتاج نہیں ہے (یعنی اللہ تعالیٰ) لیکن یہ بندہ (مستغنی) وہ مال کے ہوتے نہ ہونے سے غنی (بے نیاز) ہے لیکن اس کے علاوہ دیگر اشیاء سے بے نیاز نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ کی توفیق کی مدد سے بھی بے نیاز نہیں ہے تاکہ اس کا وہ استغناء باقی رہے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے اس کے دل کو زینت بخشی ہے۔ کیوں کہ جو دل مال کی محبت میں قید ہے وہ غلام ہے اور جو اس محبت سے مستغنی ہے وہ آزاد ہے اور اللہ تعالیٰ نے ہی اسے اس غلامی سے آزاد کیا ہے لہٰذا وہ اس آزادی کے دوام کا محتاج ہے۔ اور دل کی حالت تو یہ ہے کہ وہ غلامی اور آزادی کے درمیان بدلتا رہتا ہے اور اس تبدیلی میں کچھ زیادہ وقت نہیں لگتا کیوں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور قبضہ میں ہے۔ اسی لیے اس کمال کے باوجود اس شخص کو مطلق غنی نہیں کہا جا سکتا ہم اسے مجازاً غنی کہتے ہیں۔

جان لو کہ زُہد ایک ایسا درجہ ہے جو نیک لوگوں کا کمال ہے اور ایسا آدمی مقربین میں سے ہوتا ہے پس یقیناً اس کے حق میں زُہد نقصان ہوتا ہے کیونکہ ابرار کی نیکیاں، مقربین کے گناہ ہیں (اور یہ برابرین سے ہے) کیوں کہ جو شخص دنیا کو ناپسند کرتا ہے وہ دنیا میں مشغول ہے جس طرح اس میں رغبت رکھنے والا اس میں مشغول ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے غیر میں مشغول ہونا اللہ تعالیٰ سے حجاب ہے کیوں کہ تمہارے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی دُوری نہیں ہے وہ شاہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے اور وہ کسی مکان میں بھی نہیں کہ آسمان اور زمین تمہارے اور اس کے درمیان حجاب ہوں پس تمہارے اور اس کے درمیان حجاب یہی ہے کہ تم اس کے غیر میں مشغول ہو اور جب آدمی اپنے نفس اور خواہشات میں مشغول ہو تو وہ بھی غیر خدا میں مشغولیت ہے اور چوں کہ تم اپنے نفس اور خواہشات میں مسلسل مشغول رہتے ہو اس لیے تم اس سے مسلسل حجاب میں ہوتے ہو پس جو اپنے نفس کی محبت میں مشغول ہو وہ اللہ تعالیٰ سے اعراض کرتا ہے اور جو شخص اپنے نفس سے نفرت میں مشغول ہو وہ بھی اللہ تعالیٰ سے منہ پھیرنے والا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کے سوا جو کچھ ہے وہ اس رقیب کی طرح ہے جو اس مجلس میں حاضر ہے جس میں عاشق اور معشوق دونوں اکٹھے ہوتے ہیں پس اگر عاشق کا دل رقیب کی طرف متوجہ ہو کر اس سے بغض رکھنے اور اسے بوجھ سمجھنے کی طرف مشغول ہو نیز یہ کہ اس کی حاضری کو ناپسند کرے تو ایسی حالت میں جب اس کا دل رقیب کے بُغض میں مشغول ہو وہ معشوق کے مشاہدہ کی لذت سے اعراض کرنے والا ہوتا ہے اور اگر اس کو عشق نے گھیر رکھا ہو تو وہ معشوق کے غیر سے غافل ہوتا ہے اور اس کی طرف متوجہ نہیں ہوتا۔

تو جس طرح معشوق کی موجودگی میں غیر معشوق کی طرف اس کی محبت کی وجہ سے دیکھنا عشق میں شرک اور نقصان ہے

اسی طرح اس کے بُغض کی وجہ سے اس کو دیکھنا بھی شرک اور نقصان ہے البتہ ان میں سے ایک، دوسرے کے مقابلے میں ہلکا ہے بلکہ کمال تو یہ ہے کہ دل محبوب کے غیر کی طرف متوجہ نہ ہو چاہے بُغض کی صورت میں ہو یا محبت کی صورت میں ـــــ تو جس طرح دل میں دو محبتیں ایک ہی حال میں جمع نہیں ہو سکتیں اسی طرح ایک ہی حالت میں محبت اور بُغض بھی جمع نہیں ہوتے۔

پس جو شخص دنیا سے بُغض رکھتا ہے وہ اللہ تعالیٰ سے اسی طرح غافل ہے جس طرح اس سے محبت کرنے والا غافل ہوتا ہے البتہ اس کی محبت میں مشغول غافل ہے اور وہ اس غفلت میں دُوری کے راستے پر چلتا ہے اور جو شخص اس سے بُغض میں مشغول ہوتا ہے وہ بھی غافل ہے لیکن وہ اس غفلت میں قرب کے راستے پر چلتا ہے کیوں کہ اس کے بارے میں امید ہے کہ وہ ایسی حالت تک پہنچے جہاں یہ غفلت زائل ہو کر شہود میں بدل جائے تو اس کے لیے کمال ترقی پذیر ہوتا ہے کیوں کہ دنیا سے بُغض ایک سواری ہے جو اللہ تعالیٰ تک پہنچاتی ہے۔

پس دنیا سے محبت کرنے والا اور بُغض رکھنے والا ان دو آدمیوں کی طرح ہیں جو حج کے راستے پر چلتے ہیں وہ دونوں اونٹنی پر سواری اسے ہانکنے اور چارہ دینے میں مشغول رہتے ہیں لیکن ایک کا منہ قبلہ کی طرف ہے اور دوسرے نے اس طرف پیٹھ کر رکھی ہے تو اس حالت میں دونوں برابر ہیں کہ دونوں کعبۃ اللہ سے حجاب میں ہیں اور اس سے اعراض کرنے والے ہیں لیکن جس کا منہ کعبۃ اللہ کی طرف ہے وہ اس کی طرف پیٹھ کرنے والے کی نسبت محمود ہے کیوں کہ اس کے لیے کعبہ شریف تک پہنچنے کی امید ہے۔

لیکن جو شخص کعبۃ اللہ میں معتکف ہوتا ہے اس سے باہر نہیں نکلتا اس کے مقابلے میں یہ شخص قابلِ تعریف نہیں ہے کیونکہ اسے وہاں تک پہنچنے کے لیے جانور میں مشغولیت کی ضرورت ہے۔

پس یہ خیال کرنا مناسب نہیں کہ دنیا سے بُغض رکھنا ذاتی طور پر مقصود ہے بلکہ دنیا اللہ تعالیٰ سے روکنے والی چیز ہے اور اس تک رسائی اسی وقت ہو سکتی ہے جب رکاوٹ کو دُور کیا جائے۔

اسی لیے حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ نے فرمایا جو شخص دنیا میں زُہد اختیار کرتا ہے اور اسی پر اکتفا کرتا ہے تو وہ جلدی راحت چاہتا ہے بلکہ اسے چاہیے کہ آخرت میں مشغول ہو۔

تو انہوں نے بیان کیا کہ آخرت کے راستے پر چلنا زہد کے بعد ہے جس طرح حج کے راستے پر چلنا قرض کی ادائیگی کے بعد ہے جو حج کے راستے میں رکاوٹ ہے۔

• تو نتیجہ یہ ہوا کہ دنیا سے بے رغبتی (زُہد) سے مراد مال کے وجود اور عدم وجود میں رغبت نہ رکھنا ہو تو وہ انتہائی درجہ کا کمال ہے اور اگر اس کے نہ ہونے میں رغبت مراد ہو تو وہ راضی، قانع اور حریص کے حوالے سے کمال ہے لیکن مستغنی کے درجہ کی نسبت سے نقصان ہے بلکہ مال کے سلسلے میں کمال یہ ہے کہ تمہارے نزدیک مال اور پانی برابر ہوں اور اس

کے پڑوس میں پانی کا زیادہ ہونا کوئی نقصان نہیں دیتا مثلاً وہ دریا کے کنارے پر ہو تو اسے پانی نقصان نہیں دیتا اسی طرح پانی کی قلت بھی ایذا نہیں پہنچاتی ہاں ضرورت سے کم نہ ہو حالانکہ مال کی بھی ضرورت ہوتی ہے جس طرح پانی کی حاجت ہوتی ہے پس تمہارا دل زیادہ پانی کے پڑوس سے راہ فرار اختیار کرنے میں مشغول نہ ہو اور نہ ہی زیادہ پانی سے بغض رکھتا ہو بلکہ تم یوں کہو کہ میں ضرورت کے مطابق اس سے پیوں گا اور اس سے لوگوں کو حاجت کے مطابق پلاؤں گا اور بخل کرتے ہوئے کسی سے نہیں روکوں گا۔

پس مال کی حالت بھی یہی ہونی چاہیئے کیوں کہ حاجت کے سلسلے میں روٹی اور پانی دونوں ایک جیسے ہیں فرق صرف ایک کی قلت اور دوسرے کی کثرت کا ہوتا ہے پس جب تمہیں اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہو گئی اور تمہیں اس کی اس تدبیر پر یقین ہو گیا جس کے ساتھ اس نے اس عالم کا انتظام کیا ہے تو تمہیں معلوم ہو گیا کہ جس قدر روٹی تمہاری ضرورت ہے جب تک تم زندہ ہو وہ لامحالہ تمہارے پاس آئے گی جس طرح حسب حاجت پانی تمہارے پاس آتا ہے عنقریب توکل کے بیان میں اس بات کا ذکر آئے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

حضرت احمد بن ابی الحواری رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ سے کہا کہ حضرت مالک بن دینار نے حضرت مغیرہ سے فرمایا کہ گھر جا کر وہ ڈولچی لے لیں جو آپ نے مجھے تحفہ دی تھی کیوں کہ شیطان نے مجھے وسوسہ ڈالا ہے کہ اسے شیطان لے گیا ہے حضرت ابو سلیمان نے فرمایا یہ صوفیا کے دلوں کی کمزوری ہے انہوں نے دنیا میں زیادہ لیا جس کا لے جانا ان کے دل پر غالب آگیا ــــــ تو انہوں نے بیان کیا گھر میں ڈولچی کے ہونے کو ناپسند کرنا بھی اس کی طرف توجہ ہے جس کا سبب کمزوری اور نقصان ہے۔

سوال:۔

انبیاء کرام اور اولیاء عظام نے دنیا سے نفرت کی اور کلی طور پر بھاگے اس کی کیا وجہ ہے۔

جواب:

جس طرح وہ پانی سے بھاگے مطلب یہ کہ انہوں نے ضرورت سے زیادہ نوش نہیں فرمایا پس جو حاجت سے زیادہ تھا اس سے بھاگے انہوں نے اسے مشکیزوں اور مشکوں میں جمع نہیں کیا کہ اپنے ساتھ لیے پھرتے ہوں بلکہ انہوں نے اسے نہروں کنوؤں اور صحراؤں میں محتاجوں کے لیے چھوڑ رکھا یہ نہیں ہوا کہ ان کے دل اس کی محبت اور بغض میں مشغول رہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے پاس زمین کے خزانے آئے لیکن انہوں نے ان کو لے کر ان کے مناسب مقام پر خرچ کیا اور ان سے بھاگے نہیں کیوں کہ ان کے نزدیک مال، پانی، سونا اور پتھر ایک جیسے تھے (۱) یہ بات منقول نہیں ہوئی کہ انہوں نے ان چیزوں سے انکار کیا ہو۔

اگر مال لینے سے انکار منقول ہے تو ایسے لوگوں سے منقول ہے جن کو یہ خوف تھا کہ اگر وہ لیں گے تو یہ مال ان کو دھوکہ دے گا اور ان کے دل کو قیدی بنائے گا پس وہ ان کو خواہشات کی طرف بلائے گا یہ کمزور لوگوں کا حال ہے تو ایسے لوگوں کے حق میں مال سے بغض رکھنا اور اس سے بھاگنا کمال ہے اور یہ تمام لوگوں کا حکم ہے کیوں کہ انبیاء کرام اور اولیاء عظام کے علاوہ سب لوگ کمزور ہیں۔

یا یہ نفرت ایسے شخص کے بارے میں منقول ہے جو درجۂ کمال کو پہنچا لیکن اس نے اس سے فرار کی راہ اس لیے اختیار کی اور کمزور لوگوں کے مقام پر اتر آئے کہ ترکِ مال کے سلسلے میں لوگ ان کی اقتدا کریں کیوں کہ اگر وہ مال لینے میں ان کی اقتدا کریں گے تو ہلاک ہو جائیں گے جیسے سپیرا اپنی اولاد کے سامنے سانپ سے بھاگتا ہے اس لیے نہیں کہ وہ اسے پکڑ نہیں سکتا بلکہ اس لیے کہ وہ جانتا ہے کہ اگر وہ اسے پکڑے گا تو اس کی اولاد بھی اسے پکڑے گی جب وہ اسے دیکھیں گے اور اس طرح وہ ہلاک ہو جائیں گے اور کمزوروں کی طرح چلنا انبیاء کرام اولیاء عظام اور علماء کرام کی سیرت ہے۔

اب تمہیں معلوم ہو گیا کہ کل چھ مراتب ہیں اور سب سے اعلیٰ رتبہ مستغنی کا ہے پھر زاہد، اس کے بعد راضی، بعد ازاں قانع اور پھر حریص ہے اور مضطر (مجبور) کے حق میں بھی زہد، رضا اور قناعت کا تصور ہو سکتا ہے اور ان احوال کے اختلاف سے اس کا درجہ بدلتا رہتا ہے اور فقیر کا لفظ ان پانچوں پر بولا جاتا ہے جہاں تک مستغنی کو فقیر کہنے کا تعلق ہے تو اس معنیٰ کے اعتبار سے اس کی کوئی وجہ نہیں بلکہ اگر اسے فقیر کہیں تو کسی دوسری وجہ سے کہیں گے اور وہ اس کی یہ معرفت ہے کہ وہ اپنے تمام امور میں عموماً اللہ تعالیٰ کا محتاج ہے اور خاص طور پر مال سے استغناء کے بقا کے لیے اللہ تعالیٰ کا محتاج ہے پس اس کو فقیر کہنا اسی طرح ہے جیسے وہ شخص اپنے بندہ ہونے کو پہچان لے اور اس کا اقرار کرے تو غافل لوگوں کی بنسبت ایسا شخص بندہ کہلانے کا زیادہ مستحق ہے اگرچہ بندہ کا لفظ تمام مخلوق کے لیے عام ہے اسی طرح لفظ فقیر بھی عام ہے اور جو شخص اس بات کو جان لیتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا محتاج ہے وہ لفظ فقیر کا زیادہ مستحق ہے لہٰذا فقیر کا لفظ ان دونوں معنوں کے درمیان مشترک ہے۔

جب تمہیں اس اشتراک کی سمجھ آ گئی تو تم نے سمجھ لیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ دو ارشاد

اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ۔ (۱) (یا اللہ) میں فقر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

اور ارشاد فرمایا۔

كَادَ الْفَقْرُ اَنْ يَّكُوْنَ كُفْرًا۔ (۲) قریب ہے کہ فقر، کفر ہو جائے۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۳۰۵ مرویات ابی ہریرہ

(۲) کنز العمال جلد ۶ ص ۴۹۲ حدیث ۱۶۶۸۲

آپ کے اس ارشاد کے خلاف نہیں ہیں۔

اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا۔ (۱)

یا اللہ! مجھے مسکین ہونے کی حالت میں زندہ رکھنا اور مسکین ہونے کی صورت میں میرا وصال ہو۔

کیوں کہ مضطر کا فقر وہ ہے جس سے وہ پناہ مانگتا ہے (پہلی دو حدیثوں میں اسی طرف اشارہ ہے) اور وہ فقر جو مسکینی، عاجزی اور اللہ تعالیٰ کی طرف محتاج ہونا ہے اس کی آپ نے دعا مانگی ہے آپ پر اور زمین و آسمان کے ہر پسندیدہ و منتخب بندوں پر رحمت و سلام ہو۔

فصل ۲:

فقر کی مطلق فضیلت

آیاتِ کریمہ:

ارشادِ خداوندی ہے:

لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِیْنَ الَّذِیْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ۔ (۲)

ان فقراء مہاجرین کے لیے جو اپنے گھروں اور مال سے نکالے گئے۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

لِلْفُقَرَاءِ الَّذِیْنَ اُحْصِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ ضَرْبًا۔

اُن فقراء کے لیے جن کو اللہ تعالیٰ کے راستے میں روکا گیا وہ زمین میں سفر کرنے کی طاقت نہیں رکھتے۔

یہ کلام مدح اور تعریف کے لیے لایا گیا پھر ان کے وصف ہجرت اور رکاوٹ سے پہلے فقر کے ساتھ موصوف ذکر کیا اور اس میں فقر کی تعریف پر واضح دلالت ہے۔

احادیثِ مبارکہ:

فقر کی تعریف میں بے شمار احادیث مروی ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام سے پوچھا لوگوں میں سے کون بہتر ہے؟ انہوں نے عرض کیا وہ مال دار شخص جو اپنی جان اور مال میں سے اللہ تعالیٰ کا

---

(۱) سنن ابن ماجہ ص ۳۱۴، ابواب الزھد

(۲) قرآن مجید، سورۂ حشر آیت ۸

(۳) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۷۳

حق ادا کرتا ہے آپ نے فرمایا یہ شخص اچھا ہے لیکن یہ میری مراد نہیں انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ پھر کون شخص سب سے اچھا ہے؟ آپ نے فرمایا وہ فقیر جس کو اس کی جدوجہد عطا کی گئی۔ (۱)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔

اِلْقَ اللّٰهَ فَقِيْرًا وَلَا تَلْقَهُ غَنِيًّا۔ (۲)

اللہ تعالیٰ سے فقر کی حالت میں ملاقات کرنا غنی ہونے کی صورت میں نہیں۔

اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْفَقِيْرَ الْمُتَعَفِّفَ اَبَا الْعِيَالِ۔ (۳)

بے شک اللہ تعالیٰ اس فقیر کو پسند کرتا ہے جو عیالدار ہونے کے باوجود اپنا دامن بچاتا ہے۔

اور ایک مشہور حدیث میں ہے۔

يَدْخُلُ فُقَرَاءُ اُمَّتِي الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِيَائِهَا بِخَمْسِمِائَةِ عَامٍ۔ (۴)

میری امت کے فقرا، مالدار لوگوں سے پانچ سو سال پہلے جنت میں داخل ہوں گے۔

ایک دوسری حدیث میں بِاَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا (۵) کے الفاظ ہیں یعنی چالیس سال پہلے ——— تو اس سے مراد یہ ہے کہ فقیر حریص، غنی حریص سے پہلے جائے گا اور فقیر زاہد، غنی رغبت کرنے والے کی نسبت پانچ سو سال پہلے جائے گا۔

اور ہم نے جو فقر کے درجات کا اختلاف ذکر کیا ہے اس سے تمہیں فقراء کے درمیان درجات کے تفاوت کی پہچان ہو جائے گی۔ اور حریص فقیر، زاہد فقیر سے ساڑھے بارہ درجوں پر ہے کیوں کہ چالیس کی پانچ سو سے یہی نسبت ہے اور تمہیں یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ یہ مقدار نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک پر اتفاقاً جاری ہو گئی بلکہ آپ تو حقیقتِ حق کے ساتھ گفتگو کرتے ہیں کیوں کہ ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى۔ (۵)

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مرضی سے گفتگو نہیں کرتے بلکہ آپ جو کچھ فرماتے ہیں وہ آپ کی طرف وحی کی جاتی ہے

---

(۱)

(۲) کنز العمال جلد ۹ ص ۲۸۰ حدیث ۱۶۱۸۳

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۹۲ مرویات عیاض بن حمار

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۲۹۶ مرویات ابی ہریرہ

(۵) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۱۲۶ کتاب التوبہ (۶) قرآن مجید سورۃ النجم آیت ۳، ۴

اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ۔ اچھا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ (۱)

تو آپ کا یہ ارشادِ گرامی تقدیر تحقیقی ہے لیکن کسی دوسرے شخص کو یہ طاقت نہیں کہ اس نسبت کی علت محض انداز سے جان سکے۔ اور تحقیق تو ہو نہیں سکتی کیوں کہ یہ بات معلوم ہے کہ نبوت ایسے وصف کا نام ہے جو نبی کے لیے مخصوص ہے اور اسی کی وجہ سے وہ دوسرے لوگوں سے ممتاز ہیں۔ اور نبی میں بے شمار خواص ہوتے ہیں۔

نبی کے خواص

پہلی خاصیت:۔

اللہ تعالیٰ، اس کی صفات، ملائکہ اور آخرت سے متعلق امور کے حقائق کو جس طرح نبی جانتا ہے کوئی دوسرا نہیں جان سکتا بلکہ معلومات کی کثرت اور یقین، تحقیق اور کشف کی زیادتی کی وجہ سے نبی کا علم دوسروں کے علم سے مختلف ہوتا ہے۔

دوسری خاصیت:۔

نبی کی ذات میں ایسی صفت رکھی گئی ہے جس کے ذریعے وہ امور مکمل ہوتے ہیں جو عادت کے خلاف ہیں جیسے ہمارے پاس صفت ہے جس کے ذریعے وہ حرکات پوری ہوتی ہیں جو ہمارے ارادے اور اختیار سے ملی ہوئی ہیں اور وہ صفتِ قدرت ہے اگرچہ قدرت اور مقدور دونوں اللہ تعالیٰ کے افعال سے ہیں۔

تیسری خاصیت:۔

نبی کو ایک ایسی صفت حاصل ہوتی ہے جس کے ذریعے وہ فرشتوں کو دیکھتا اور ان کا مشاہدہ کرتا ہے جس طرح بینائی والے کے پاس ایک صفت ہے جس کے ذریعے وہ نابینا آدمی سے جدا ہوتا ہے اور اس صفت کے ذریعے دیکھی جانے والی چیزوں کو دیکھتا ہے۔

چوتھی خاصیت:

نبی کو ایک ایسی صفت عطا ہوتی ہے جس کے ذریعے وہ غیب کی باتوں کو جان لیتا ہے بیداری کی حالت میں یا خواب میں، کیوں کہ اس صفت کے ذریعے انبیاء کرام لوحِ محفوظ کو دیکھتے ہیں اور اس میں جو غیب ہے اس کو دیکھ لیتے ہیں۔

تو یہ وہ کمالات وصفات ہیں جن کا ثبوت انبیاء کرام علیہم السلام کے لیے ظاہر ہے اور یہ بھی معلوم ہے کہ ان میں سے

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۱۰۳۵، کتاب التعبیر

ہر ایک کئی قسموں میں تقسیم ہوتا ہے اور ہمارے لیے یہ بھی ممکن ہے کہ ہم ان کو چالیس یا پچاس یا ساٹھ اقسام میں تقسیم کریں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ چھیالیس اقسام میں تقسیم کر دیں کہ سچا خواب ان تمام کے مجموعہ کا ایک جزو بن سکے۔ لیکن ان ممکنہ تقسیمات کے طریقوں میں سے کسی ایک طریقے کا تعین محض اندازے سے ہی ہو سکتا ہے حقیقتاً ہم نہیں جان سکتے کہ کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی کا ارادہ کیا ہے یا نہیں اور جو کچھ معلوم ہے وہ ان صفات کا مجموعہ ہے جن کے ساتھ نبوت کی تکمیل ہوتی ہے اور ان کی تقسیم کی اصل بھی معلوم ہے لیکن مقرر کرنے کی علت معلوم نہیں ہو سکتی۔

اسی طرح ہم جانتے ہیں کہ فقراء کے بھی کئی درجات ہیں جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے لیکن یہ بات کہ یہ حریص فقیر مثلاً زاہد فقیر سے بارہویں درجہ پر ہوگا حتی کہ اسے جنت میں جانے کے لیے صرف چالیس سال کی تقدیم حاصل ہوگی اور دوسرا پانچ سو سال پہلے جانے کا مستحق ہوگا تو یہ بات انسانی طاقت سے باہر کہ اس کے بارے میں اپنے اندازے سے کچھ کہے ہاں انبیاء کرام مستثنیٰ ہیں اور وثوق سے تو کچھ بھی نہیں کہہ سکتے۔ مقصود تو یہ ہے کہ اس قسم کے امور میں مقدار مقرر کرنے کے طریقے پر تنبیہ ہو کیوں کہ کمزور ایمان والا آدمی بعض اوقات گمان کرتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک پر یہ بات اتفاقی طور پر جاری ہوئی ہے جب کہ منصب نبوت اس سے پاک ہے۔

اب ہم احادیث مبارکہ کی طرف رجوع کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

خَيْرُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ فُقَرَاءُهَا وَأَسْرَعُهَا تَضَجُّعًا فِي الْجَنَّةِ ضُعَفَاءُهَا۔ (۱)

اس امت کے بہترین لوگ، فقراء ہیں اور ان میں سے کمزور لوگ جنت میں سب سے جلدی بچھونا پائیں گے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

إِنَّ لِي حِرْفَتَيْنِ اثْنَتَيْنِ فَمَنْ أَحَبَّهُمَا فَقَدْ أَحَبَّنِي وَمَنْ أَبْغَضَهُمَا فَقَدْ أَبْغَضَنِي الْفَقْرُ وَالْجِهَادُ (۲)

بے شک میرے دو پیشے ہیں پس جس نے ان کو پسند کیا اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے ان کو ناپسند کیا اس نے مجھ سے بغض رکھا ایک فقر ہے اور دوسرا جہاد۔

ایک روایت میں ہے حضرت جبریل علیہ السلام، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! بے شک اللہ تعالیٰ آپ کو سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کیا آپ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ میں ان پہاڑوں کو سونا بنا دوں اور یہ آپ کے ساتھ رہیں آپ جہاں بھی جائیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کچھ دیر سر جھکائے رہے پھر فرمایا۔

---

(۱)

(۲) الاحادیث الضعیفۃ الموضوعۃ جلد ۲ ص ۴۰ حدیث ۵۶۶

يَا جِبْرِيْلُ اِنَّ الدُّنْيَا دَارُ مَنْ لَا دَارَ لَهُ وَمَالُ مَنْ لَا مَالَ لَهُ وَلَهَا يَجْمَعُ مَنْ لَا عَقْلَ لَهُ۔

اے جبریل! دنیا اس کا گھر ہے جس کا کوئی گھر نہ ہو اور اس کا مال ہے جس کا کوئی مال نہ ہو اور اسے وہی جمع کرتا ہے جو عقلمند نہ ہو۔

حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ آپ کو قولِ ثابت پر قائم رکھے (۱)

ایک روایت میں ہے حضرت جبریل علیہ السلام اپنی سیاحت کے دوران ایک ایسے آدمی کے پاس سے گزرے جو اپنے چادر لپیٹ کر سو رہا تھا آپ نے اسے جگایا اور فرمایا اے سونے والے! اٹھو اور اللہ تعالیٰ کو یاد کرو اس نے کہا آپ مجھ سے کیا چاہتے ہیں میں نے دنیا، دنیا داروں کے لیے چھوڑ دی ہے آپ نے فرمایا اے میرے دوست! اگر یہ بات ہے تو سو جاؤ۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام ایک آدمی کے پاس سے گزرے جو مٹی پر سویا ہوا تھا اور اس کے سر کے نیچے اینٹ تھی اس کا چہرہ اور داڑھی گرد آلود ہو چکی تھی اور اس نے ایک چادر کا تہبند باندھ رکھا تھا آپ نے بارگاہ خداوندی میں عرض کیا اے میرے رب! تیرا یہ بندہ دنیا میں ضائع ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی بھیجی اے موسیٰ علیہ السلام! جب میں اپنے بندے کی طرف مکمل طور پر نظر کرتا ہوں تو اس سے تمام دنیا کو لپیٹ دیتا ہوں۔

حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک مہمان آیا تو آپ کے پاس اس وقت اس کی مہمان نوازی کے لیے کچھ نہ تھا آپ نے مجھے خیبر کے ایک یہودی کے پاس بھیجا اور فرمایا اس سے کہنا کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں رجب کے چاند تک مجھے آٹا قرض دو یا بیچو فرماتے ہیں میں اس کے پاس گیا تو اس نے کہا اللہ کی قسم! جب تک آپ کوئی چیز رہن نہیں رکھیں گے میں آٹا نہیں دوں گا حضرت ابو رافع فرماتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دی تو آپ نے فرمایا۔

اَمَا وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَاَمِیْنٌ فِیْ اَهْلِ السَّمَاءِ اَمِیْنٌ فِیْ اَهْلِ الْاَرْضِ وَلَوْ بَاعَنِیْ اَوْ اَسْلَفَنِیْ لَاَدَّیْتُ اِلَیْهِ اذْهَبْ بِدِرْعِیْ هٰذَا اِلَیْهِ فَارْهَنْهُ۔ (۲)

سنو! اللہ کی قسم میں آسمان والوں میں امین ہوں اور زمین والوں میں امین ہوں اگر وہ مجھ پر بیچتا یا مجھے ادھار دیتا تو میں اسے ادا کر دیتا میری یہ زرہ لے جاؤ اور اس کے پاس رہن رکھو۔

حضرت ابو رافع فرماتے ہیں جب میں باہر نکلا تو یہ آیت نازل ہوئی۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۲۶۴ مرویات ابو امامہ

(۲) مصنف عبدالرزاق جلد ۸ ص ۱۱ حدیث ۱۴۰۹۲

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا۔ (۱)

اور اے سننے والے اپنی آنکھیں نہ پھیلا اس کی طرف جو ہم نے کافروں کے جوڑے کو برتنے کے لیے دی ہے (یعنی) دنیوی زندگی کی تازگی۔

یہ آیت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دنیا سے تسلی دیتا تھا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْفَقْرُ اَزْيَنُ بِالْمُؤْمِنِ مِنَ الْعِذَارِ الْحَسَنِ عَلٰى خَدِّ الْفَرَسِ۔ (۲)

فقر مومن کے لیے گھوڑے کے منہ پر موجود عمدہ بالوں سے زیادہ زینت والا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ اَصْبَحَ مِنْكُمْ مُعَافًى فِيْ جِسْمِهٖ آمِنًا فِيْ سِرْبِهٖ عِنْدَهٗ قُوْتُ يَوْمِهٖ فَكَاَنَّمَا حِيْزَتْ لَهُ الدُّنْيَا بِحَذَافِيْرِهَا۔ (۳)

جو شخص اس حالت میں صبح کرے کہ اسے جسمانی صحت حاصل ہو اس کا نفس مامون ہو محفوظ ہو اس کے پاس ایک دن کا رزق ہو گویا اس کے لیے تمام دنیا جمع کر دی گئی۔

حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا اے موسیٰ! جب فقر کو آتے ہوئے دیکھیں تو کہیں مسلمانوں کی نشانی کا آنا مبارک ہو۔

حضرت عطاء خراسانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک نبی ایک ساحل سے گزرے تو دیکھا کہ وہاں ایک شخص مچھلیوں کا شکار کر رہا ہے اس نے بسم اللہ پڑھ کر جال پھینکا تو کوئی چیز نہ نکلی پھر ایک دوسرے شخص کے پاس سے گزر ہوا اس نے کہا شیطان کے نام سے اور جال ڈالا تو اتنی زیادہ مچھلیاں نکلیں کہ وہ ان کو پکڑنے سے پہلو تہی کرنے لگا۔ نبی علیہ السلام نے عرض کیا اے میرے رب یہ کیا ہے؟ میں تو یہ جانتا ہوں کہ سب کچھ تیرے قبضے میں ہے اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے فرمایا میرے اس بندے کے سامنے ان دونوں کا مرتبہ واضح کرو جب انہوں نے دیکھا کہ اس شخص کے لیے اللہ تعالیٰ نے کیا عزت تیار کی ہے اور اس کے لیے جو ذلت رکھی ہے تو عرض کیا اے میرے رب! میں راضی ہوں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میں نے جنت میں جھانکا تو وہاں کے زیادہ لوگ فقراء تھے اور جہنم میں جھانک کر دیکھا تو وہاں کے اکثریت مال دار لوگوں اور عورتوں کی نظر آئی۔ (۴)

---

(۱) قرآن مجید، سورہ طٰہٰ آیت ۱۳۱

(۲) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۷، ص ۲۹۵ حدیث ۷۱۸۱

(۳) سنن ابن ماجہ ص ۳۱۵، ابواب الزھد

(۴) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۵۵ کتاب الرقاق / الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۱۰۳ کتاب التوبہ

ایک دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں ۔ میں نے پوچھا مالدار کہاں ہیں ؟ تو کہا گیا ان کو مالداری نے روک رکھا ہے (۱)
ایک دوسری روایت میں کہ میں نے جہنم کی اکثریت عورتوں کو دیکھا میں نے پوچھا ان کو کیا ہوا ؟ کہا گیا ان کو دو سرخ چیزوں یعنی سونے اور زعفران نے روک رکھا ہے ۔ (۲)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔
تُحْفَةُ الْمُؤْمِنِ فِي الدُّنْيَا الْفَقْرُ ۔ (۳) دنیا میں مومن کا تحفہ فقر ہے ۔

ایک حدیث شریف میں ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام میں سے سب سے آخر میں جنت میں جانے والے حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام ہوں گے کیوں کہ آپ بادشاہ تھے اور صحابہ کرام میں سے سب سے آخر میں جنت میں جانے والے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ ہوں گے کیوں کہ آپ غنی تھے ۔ (۴)

ایک دوسری روایت میں ہے آپ نے فرمایا میں نے ان کو دیکھا جنت میں آہستہ آہستہ چل کر جا رہے ہیں ۔ (۵)
حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں مالدار آدمی جنت میں بڑی شدت کے ساتھ داخل ہو گا۔
اہل بیت سے مروی ایک دوسری روایت میں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا ابْتَلَاهُ فَإِذَا أَحَبَّهُ الْحُبَّ الْبَالِغَ اقْتَنَاهُ ، قِيلَ وَمَا اقْتَنَاهُ قَالَ لَمْ يَتْرُكْ لَهُ أَهْلًا وَلَا مَالًا ۔ (۶)

اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اسے آزمائش میں ڈال دیتا ہے اور جب اسے زیادہ پسند کرتا ہے تو اسے چھانٹ لیتا ہے پوچھا گیا اقتناء (چھانٹنا) کیا ہے فرمایا اس کے لیے اہل اور مال نہیں چھوڑتا (۶)

ایک دوسری حدیث میں ہے ۔

إِذَا رَأَيْتَ الْفَقْرَ مُقْبِلًا فَقُلْ مَرْحَبًا بِشِعَارِ الصَّالِحِينَ وَإِذَا رَأَيْتَ الْغِنَى مُقْبِلًا فَقُلْ ذَنْبٌ عُجِّلَتْ عُقُوبَتُهُ ۔ (۷)

جب تم فقر کو اپنی طرف متوجہ دیکھو تو کہو نیک لوگوں کی نشانی ! مبارک ہو اور جب مالداری کو آتے ہوئے دیکھو تو کہو یہ کسی گناہ کی جلدی ملنے والی سزا ہے ۔

---

(۱) (۲)

(۳) الفردوس بماثور الخطاب جلد ۲ ص ۷۰ ، حدیث ۲۳۹۹

(۴) الفردوس بماثور الخطاب جلد ۵ ص ۵۰۷ ، حدیث ۸۹۰۹

(۵) المستدرک للحاکم جلد ۳ ص ۳۱۱ کتاب معرفۃ الصحابۃ

(۶) کنز العمال جلد ۱۰ ص ۱۰۰ ، ۱۰۱ حدیث ۳۰۷۹۳ (۷)

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پوچھا اے میرے رب! تجھے مخلوق میں سے کون زیادہ پسند ہے تاکہ تیری وجہ سے میں بھی اس سے محبت کروں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہر فقیر فقیر۔ ممکن ہے دوسری مرتبہ لفظ فقیر کا استعمال تاکید کے لیے ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ سخت مصیبت والا مراد ہو۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا میں مسکینی کو پسند کرتا ہوں اور دولت کو برا جانتا ہوں اور آپ کو تمام ناموں میں سے لفظ مسکین زیادہ پسند تھا کہ اس سے آپ کو پکارا جائے (اے مسکین)

جب عرب کے سرداروں اور مالدار لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ ایک دن ہمارے لیے مقرر فرمائیں اور ایک دن ان (اصحاب صفہ) کے لیے مقرر فرمائیں جب وہ آپ کے پاس آئیں تو ہم نہ آئیں اور جب ہم آئیں تو وہ نہ آئیں انہوں نے حضرت بلال، حضرت سلمان فارسی، حضرت صہیب رومی، حضرت، ابوذر غفاری، خباب بن ارث، حضرت عمار بن یاسر، حضرت ابوہریرہ اور دیگر اصحاب صفہ (رضی اللہ عنہم) جو فقیر تھے ان کے بارے میں کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی بات مان لی ان (کفار مکہ) نے آپ سے یہ مطالبہ اس لیے کیا تھا کہ ان کو ان (فقراصحابہ کرام) کے کپڑوں سے بُو آتی تھی اور ان کا لباس اُونی تھا اور سخت گرمی تھی جب ان کو پسینہ آتا تو اس کی بُو پھیلتی جو مالدار لوگوں پر گراں گزرتی ان (سرداروں اور مالدار لوگوں) میں اقرع بن حابس تمیمی، عیینہ بن حصن فزاری عباس بن مرداس سلمی اور کچھ دوسرے لوگ شامل تھے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ٹھیک ہے میں ان کو تمہارے ساتھ اکٹھا نہیں کروں گا۔ تو اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنَاكَ عَنْهُمْ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا۔ (۱)

اور اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ روک رکھیں جو صبح شام اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں اور صرف اسی کی رضا کے طالب ہیں اور ان (فقراء) سے اپنی نگاہیں نہ پھیریں۔ یہ مالدار لوگ تو دنیوی زندگی کی زینت چاہتے ہیں اور آپ اس کی بات نہ مانیں جس کے دل کو ہم نے اپنے ذکر سے غافل کر دیا۔ (۲)

اور ارشاد فرمایا۔

وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنْ شَاءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَاءَ فَلْيَكْفُرْ۔ (۳)

اور آپ فرما دیجئے حق میرے رب کی طرف سے ہے پس جس کا دل چاہے ایمان لائے اور جس کا دل چاہے کفر کرے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ کہف آیت ۲۸

(۲) حلیۃ الاولیاء جلد اوّل ص ۳۴۵ ترجمہ ۶۴

(۳) قرآن مجید، سورۂ کہف آیت ۲۹

حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ نے بارگاہ نبوی میں حاضری کی اجازت طلب کی اس وقت آپ کے پاس عرب کے کچھ معزز افراد بیٹھے ہوئے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کا آنا ناگوار گزرا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓى اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى۔ (۱)

تیوری چڑھائی اور منہ پھیرا کہ ان کے پاس نابینا آیا اور آپ کو کیا معلوم ہو کہ شاید وہ پاکیزگی حاصل کرتا یا نصیحت حاصل کرے تو اسے نصیحت فائدہ دے لیکن جس نے بے نیازی اختیار کی آپ اس کی فکر میں ہیں۔ (۲)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

قیامت کے دن ایک بندے کو لایا جائے گا تو وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس طرح معذرت کرے گا جس طرح دنیا میں لوگ ایک دوسرے سے معذرت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ فرمائے گا مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم میں نے تجھ سے دنیا اس لیے روک کر نہیں رکھی کہ تو میرے نزدیک ذلیل تھا بلکہ میں نے تمہارے لیے عزت اور فضیلت تیار کر رکھی ہے اے میرے بندے تو ان صفوں میں جا کر پہچان جس نے تجھے میری رضا کے لیے کھانا دیا یا جس نے میری رضا جوئی کے لیے تجھے لباس پہنایا تو اس کا ہاتھ پکڑ میں نے تجھے اس کا اختیار دیا اور اس دن لوگوں کو پسینے نے لگام ڈال رکھی ہوگی وہ صفوں میں جا کر ان لوگوں کو تلاش کرے گا جنہوں نے اس کے ساتھ یہ اچھا سلوک کیا پھر وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے جنت میں لے جائے گا۔ (۳)

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

فقراء کی پہچان زیادہ رکھو اور ان کے ہاں سے نعمت حاصل کرو کیوں کہ ان کے پاس دولت ہے انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ان کی دولت کیا ہے؟ فرمایا جب قیامت کا دن ہوگا تو ان سے کہا جائے گا تلاش کرو کس نے تمہیں کھانا کھلایا یا پانی پلایا یا تمہیں لباس پہنایا ان کا ہاتھ پکڑ کر انہیں جنت میں لے جاؤ۔ (۴)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے اپنے آگے حرکت سنی میں نے دیکھا تو وہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ تھے میں نے جنت کے بالائی حصے کی طرف دیکھا تو وہاں میری امت کے فقراء اور ان کی اولاد تھی پھر میں نے اس کی نچلی جانب دیکھا تو اس میں مالدار

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ عبس آیت ۱ تا ۵

(۲) جامع ترمذی ص ۴۸۱، ابواب التفسیر

(۳) کنز العمال جلد ۶ ص ۴۷۸ حدیث ۱۶۶۳۰

(۴) کنز العمال جلد ۶ ص ۴۶۸ // ۱۶۵۸۲ / لعل المتناھیہ جلد ۲ ص ۲۵ حدیث ۸۵۴

لوگ اور عورتیں تھیں اور وہ بھی کم تعداد میں تھے میں نے عرض کیا اے میرے رب! ان کو کیا ہوا؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جہاں تک عورتوں کا تعلق ہے تو ان کو دو سرخ چیزوں نے نقصان پہنچایا ایک سونا اور دوسرا ریشمی کپڑا اور مال دار لوگوں کا مسئلہ یہ ہے کہ وہ اپنے حساب وکتاب میں مشغول ہوگئے بس لے اپنے صحابہ کرام کو تلاش کیا تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو نہ پایا پھر وہ میرے پاس تشریف لائے اور وہ رو رہے تھے میں نے پوچھا آپ مجھ سے پیچھے کیسے رہ گئے؟ انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ! اللہ کی قسم میں آپ تک اس وقت تک نہ پہنچ سکا جب تک بوڑھا کر دینے والے راستے طے نہ کر لیے اور میں نے سوچا کہ شاید آپ کو نہ دیکھ سکوں آپ نے پوچھا کیوں؟ عرض کیا میرے مال کا حساب ہو رہا تھا۔ (۱)

تو دیکھئے یہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ ہیں جن کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بہت بڑی سبقت حاصل ہے اور آپ ان دس صحابہ کرام میں سے ہیں جن کو دنیا میں ہی جنت کی خوشخبری دی گئی اور وہ ان مالدار لوگوں میں سے ہیں جن کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (۲)

اِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا۔ (۳) — مگر جو اس طرح اس طرح مال دے۔

لیکن اس شان کے باوجود ان کو اس حد تک مال داری کا نقصان ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک فقیر آدمی کے پاس تشریف لے گئے تو اس کے لیے کچھ نہ دیکھا تو فرمایا۔

لَوْ قُسِمَ نُوْرُ هٰذَا عَلٰى اَهْلِ الْاَرْضِ لَوَسِعَهُمْ۔ (۴) — اگر اس کا نور زمین والوں میں تقسیم کیا جائے تو سب کو کافی ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں جنتیوں کے بادشاہوں کی خبر نہ دوں صحابہ کرام نے عرض کیا ہاں کیوں نہیں یارسول اللہ! آپ نے فرمایا۔

كُلُّ ضَعِيْفٍ مُسْتَضْعَفٍ اَغْبَرَ اَشْعَثَ ذِيْ طِمْرَيْنِ لَا يُؤْبَهُ لَهٗ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ۔ (۴) — ہر وہ کمزور جسے دبا دیا گیا جس کے چہرے پر گرد وغبار ہو اور بال بکھرے ہوئے ہوں اور اس کی پرواہ نہ کی جاتی ہو اگر وہ اللہ تعالیٰ پر قسم کھائے تو اللہ تعالیٰ اسے پورا کر دے۔

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۵۹ کتاب المناقب

(۲) سنن ابی داؤد جلد ۲ ص ۲۸۲ کتاب السنۃ

(۳) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۸۲ کتاب الایمان والنذور (۴)

(۵) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۱۴۶ کتاب التوبۃ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھے بارگاہ نبوی میں ایک مقام حاصل تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اے عمران! تمہیں ہمارے ہاں ایک مقام و مرتبہ حاصل ہے کیا تم حضرت خاتون جنت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کی عیادت کے لیے جاؤ گے؟ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا جی ہاں یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں پھر حضور کھڑے ہوئے اور میں بھی آپ کے ساتھ کھڑا ہوا حتی کہ آپ حضرت خاتون جنت کے دروازے پر کھڑے ہوئے اور دروازہ کھٹکھٹایا اور فرمایا "السلام علیکم أأدخل" (کیا میں اندر آسکتا ہوں) انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ تشریف لائیے آپ نے فرمایا اور جو کوئی میرے ساتھ ہو وہ بھی؟ خاتون جنت نے پوچھا آپ کے ساتھ کون ہے یا رسول اللہ! فرمایا حضرت عمران ہیں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا اس ذات کی قسم جس نے آپ کو سچا نبی بنا کر بھیجا میرے اوپر تو صرف ایک کمبل ہے آپ نے اشارے سے بتایا کہ اس طرح کرو انہوں نے عرض کیا اس طرح میں اپنا جسم تو چھپالوں گی سر کو کس طرح ڈھانپوں گی؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر ایک پرانی چادر تھی آپ نے ان کی طرف ڈال دی اور فرمایا اس کو سر پر لپیٹ لو پھر حضرت خاتون جنت نے اجازت دی تو آپ داخل ہوئے سلام کرنے کے بعد فرمایا بیٹی! تم کیسی ہو؟ انہوں نے عرض کیا قسم بخدا! درد میں مبتلا رہی اور اس کے ساتھ درد میں اضافہ ہوا کہ میرے پاس کھانے کے لیے کچھ نہیں مجھے بھوک نے تکلیف پہنچائی ہے۔

(یہ سن کر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رو پڑے اور فرمایا بیٹی! مت گھبراؤ اللہ کی قسم میں نے تین دن سے کھانا نہیں چکھا حالانکہ میں اللہ تعالیٰ کے ہاں تم سے زیادہ معزز ہوں اگر میں اللہ تعالیٰ سے مانگتا تو وہ مجھے ضرور عطا کرتا لیکن میں نے آخرت کو دنیا پر ترجیح دی ہے۔

پھر آپ نے ان کے کاندھے پر ہاتھ مارا اور فرمایا تمہیں خوشخبری ہو اللہ کی قسم تم جنتی عورتوں کی سردار ہو انہوں نے پوچھا فرعون کی زوجہ حضرت آسیہ کا کیا ہوگا حضرت مریم بنت عمران کا کیا حال ہوگا؟ آپ نے فرمایا حضرت آسیہ اپنے زمانے کی عورتوں کی اور حضرت مریم اپنے دور کی عورتوں کی سردار ہوں گی اور تم تمام جہان کی عورتوں کی سردار ہوگی تم سب ایسے گھروں میں ہوں گی جہاں کوئی شور اور تھکاوٹ نہ ہوگی پھر فرمایا اپنے چچا زاد پر قناعت کرو اللہ کی قسم میں نے تمہارا نکاح ایسے شخص سے کیا جو دنیا اور آخرت کا سردار ہے (۱)

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

إِذَا أَبْغَضَ النَّاسُ فُقَرَاءَهُمْ وَأَظْهَرُوا عِمَارَةَ الدُّنْيَا وَتَكَالَبُوا عَلَى جَمْعِ الدَّرَاهِمِ رَمَاهُمُ اللهُ بِأَرْبَعِ خِصَالٍ بِالْقَحْطِ مِنَ الزَّمَانِ وَالْجَوْرِ مِنَ السُّلْطَانِ وَالْخِيَانَةِ مِنْ وُلَاةِ الْأَحْكَامِ وَالشَّوْكَةِ مِنَ الْأَعْدَاءِ - (۱)

جب لوگ اپنے فقراء کو برا جانیں گے اور دنیا کی تعمیر کو ظاہر کریں گے نیز درہم جمع کرنے کی حرص کریں گے تو اللہ تعالیٰ ان کو چار باتوں میں مبتلا کر دے گا ایک زمانے کا قحط دوسرا بادشاہ کا ظلم، تیسرا والیانِ حکام کی خیانت اور چوتھا دشمن کا غلبہ اور قوت۔

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد ۳ ص ۳۲۵

آثار:

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا دو درہموں والے کی قید سخت ہوگی یا فرمایا اس کا حساب ایک درہم والے سے زیادہ سخت ہوگا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت سعید بن عامر رضی اللہ عنہ کی طرف ایک ہزار دینار بھیجے تو وہ غمگین اور شکستہ دل گھر میں آئے ان کی بیوی نے پوچھا کوئی نئی بات پیدا ہوگئی ؟ انہوں نے فرمایا اس سے بھی بڑھ کر ہے پھر فرمایا اپنا پرانا دوپٹہ مجھے دو چنانچہ انہوں نے اسے لے کر پھاڑا اور تھیلیاں بنائیں اور درھم تقسیم کر دیئے پھر کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگے اور صبح تک روتے رہے اس کے بعد فرمایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا۔

يَدْخُلُ فُقَرَاءُ اُمَّتِي الْجَنَّةَ قَبْلَ الْاَغْنِيَاءِ بِخَمْسِمِائَةِ عَامٍ حَتّٰى اَنَّ الرَّجُلَ مِنَ الْاَغْنِيَاءِ يَدْخُلُ فِي غِمَارِهِمْ فَيُؤْخَذُ بِيَدِهٖ فَيُسْتَخْرَجُ۔ (1)

میری امت کے فقراء مال دار لوگوں سے پانچ سو سال پہلے جنت میں جائیں گے یہاں تک کہ مال دار لوگوں میں سے ایک شخص ان کی جماعت میں گھس آئے گا تو اسے پکڑ کر نکال دیا جائے گا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں تین (قسم کے) آدمی جنت میں کسی حساب کے بغیر جائیں گے ایک وہ شخص جو اپنا کپڑا دھونا چاہتا ہے لیکن اس کے پاس کوئی پرانا کپڑا نہیں جسے پہنے دوسرا وہ شخص جس نے اپنے چولہے پر دو ہنڈیاں نہ چڑھائی ہوں اور تیسرا وہ شخص جو پانی مانگے تو یہ نہ کہا جائے کہ کونسا پانی مانگ رہا ہے (مطلب یہ ہے کہ زندگی میں تکلف نہ ہو۔)

ایک فقیر حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ کی مجلس میں آیا تو آپ نے فرمایا قریب آؤ اگر تم مال دار آدمی ہوتے تو میں تمہیں قریب نہ کرتا اور آپ کے مال دار دوست پسند کرتے تھے کہ وہ فقیر ہوتے کیوں کہ آپ، فقیروں کو زیادہ قریب کرتے اور مالداروں کی طرف (زیادہ) توجہ نہ دیتے۔

حضرت مؤمل فرماتے ہیں میں نے حضرت سفیان ثوری رضی اللہ عنہ کی مجلس میں مال دار لوگوں سے زیادہ ذلیل اور فقراء سے زیادہ کسی کو معزز نہیں دیکھا۔ کسی دانا نے فرمایا اگر آدمی بیچارہ جہنم سے اس قدر ڈرتا جس قدر وہ فقر سے ڈرتا ہے تو ان دونوں سے نجات پاتا اور اگر جنت میں اس طرح رغبت رکھتا جس طرح مالداری میں رغبت رکھتا ہے تو دونوں کے ساتھ کامیابی حاصل کرتا اور اگر باطنی طور پر اللہ تعالیٰ سے اتنا ڈرتا جس قدر ظاہر میں اس کی مخلوق سے ڈرتا ہے تو دونوں جہانوں میں سعادت مند ہوتا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا وہ شخص لعنت کا مستحق ہے جو مال دار کی عزت کرتا اور فقیر کی توہین کرتا ہے (یعنی مالداری اور غربت کی وجہ سے ایسا کرتا ہے ورنہ مالدار کی نیکی کی وجہ سے اس کی عزت کرنا اور فقیر کی برائی کی وجہ سے

---

(1) کنز العمال جلد ۶ ص ۴۷۷ حدیث ۱۶۶۲۵

اس سے نفرت کرنا جائز ہے ۱۲ ہزاروی)

حضرت لقمان حکیم نے اپنے بیٹے سے فرمایا کسی شخص کو اس کے پرانے کپڑوں کی وجہ سے ہرگز حقیر نہ جاننا کیوں کہ تمہارا اور اس کا رب ایک ہے۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ نے فرمایا اگر تم فقراء سے محبت کرو تو انبیاء کرام علیہم السلام کی سیرت ہے اور اپنی مجلس میں ان کو ترجیح دو تو یہ صالحین کا طریقہ ہے اور ان کی صحبت سے بھاگنا منافقین کا طریقہ ہے۔

اور پہلی کتب سے منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کسی نبی علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ آپ اس بات سے ڈریں کہ میں آپ پر ناراض ہو جاؤں اور آپ میری نگاہوں سے گر جائیں پھر میں آپ پر دنیا مکمل طور پر انڈیل دوں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ایک دن میں ایک لاکھ درہم تقسیم کر دیتی تھیں اور یہ درہم آپ کے پاس حضرت معاویہ، حضرت ابن عامر اور دوسرے حضرات رضی اللہ عنہم بھیجا کرتے تھے اور آپ کے دو پٹے پر پیوند لگے ہوتے تھے آپ کی لونڈی عرض کرتیں کہ اگر آپ افطاری کے لیے ایک درہم کا گوشت خریدتیں تو اچھا ہوتا اور آپ نے روزہ رکھا ہوتا تو آپ فرماتیں اگر تم مجھے (پہلے) یاد دلاتیں تو میں ایسا کرتی۔

ام المومنین رضی اللہ عنہا کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت فرمائی تھی کہ ———

اِنْ اَرَدْتِ اللُّحُوْقَ بِیْ فَعَلَیْكِ بِعَیْشِ الْفُقَرَاءِ	اگر تم میرے ساتھ ملنا چاہتی ہو تو فقراء جیسی زندگی گزارنا ہوگی،
وَاِیَّاكِ وَمُجَالَسَةَ الْاَغْنِیَاءِ وَلَا تَنْزَعِیْ	مالدار لوگوں کی مجالس سے بچنا ہوگا اور اس وقت چادر نہ اتارنا
دِرْعَكِ حَتّٰی تُرَقِّعِیْهِ۔ (۱)	جب تک اس پر پیوند نہ لگاؤ۔

(فضول خرچی سے منع فرمایا آج ہماری صورت حال یہ ہے کہ گھر میں کپڑوں کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں لیکن پھر بھی نیا کپڑا خریدنا فرض سمجھا جاتا ہے کیوں کہ بازار میں نئی ورائٹی آئی ہے ۱۲ ہزاروی)

ایک شخص حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ کے پاس دس ہزار درہم لے کر حاضر ہوا تو آپ نے قبول کرنے سے انکار کر دیا اس شخص نے بہت منت سماجت کی تو آپ نے فرمایا کہ تم چاہتے ہو کہ میں دس ہزار درہم کے بدلے میں اپنا نام فقراء کے رجسٹر سے نکال دوں میں ایسا کبھی بھی نہیں کروں گا۔

فصل ۳:

خاص فقراء، راضی، قانع اور صادق کی فضیلت

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۳۱۲ کتاب الرقاق

طُوبٰی لِمَنْ هُدِیَ اِلَی الْاِسْلَامِ وَکَانَ عَیْشُهٗ کَفَافًا وَقَنَعَ بِهٖ۔ (۱)

اس شخص کے لیے خوشخبری ہے جس کی اسلام کی طرف راہنمائی کی گئی اور اسے پورا پورا رزق دیا گیا اور وہ اس پر قناعت کرتا ہے۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

یَا مَعْشَرَ الْفُقَرَاءِ اَعْطُوا اللّٰهَ الرِّضَا مِنْ قُلُوْبِکُمْ تَظْفَرُوْا بِثَوَابِ فَقْرِکُمْ وَاِلَّا فَلَا (۲)

اے فقراء کی جماعت! اپنے دلوں سے اللہ تعالیٰ سے راضی رہو گے تو اپنے فقر کا ثواب پاؤ گے ورنہ نہیں۔

تو پہلی حدیث میں قانع (فقیر) کا ذکر تھا اور اس میں راضی کا ذکر ہے اور اس حدیث کے معانی سے معلوم ہوتا ہے کہ حریص فقیر کو اس کے فقر کا ثواب نہیں ملے گا لیکن فقر کی فضیلت میں وارد عام احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ اس کے لیے بھی ثواب ہے جیسے اس کی تحقیق آگے آئے گی اور شاید یہاں عدم رضا سے مراد اللہ تعالیٰ کا فعل ہو کہ اس نے اس سے دنیا کو روک رکھا ہے اس کی ناپسندیدگی مراد ہو۔ اور کئی لوگ جو مال میں رغبت رکھتے ہیں کہ ان کے دل میں اللہ تعالیٰ کے فعل پر کسی قسم کا اعتراض یا نفرت کا خیال نہیں آتا۔ پس یہ ناپسندیدگی فقر کے ثواب کو ضائع کرتی ہے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا آپ نے فرمایا۔

اِنَّ لِکُلِّ شَیْءٍ مِفْتَاحًا وَمِفْتَاحُ الْجَنَّةِ حُبُّ الْمَسَاکِیْنِ وَالْفُقَرَاءِ لِصَبْرِهِمْ هُمْ جُلَسَاءُ اللّٰهِ تَعَالٰی یَوْمَ الْقِیَامَةِ۔ (۳)

بے شک ہر چیز کی ایک چابی ہوتی ہے اور جنت کی چابی مساکین اور فقراء سے محبت کرنا ہے کیوں کہ وہ صبر کرتے ہیں اور وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے ہم نشین ہوں گے۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا۔

اَحَبُّ الْعِبَادِ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی اَلْفَقِیْرُ الْقَانِعُ بِرِزْقِهٖ الرَّاضِیْ عَنِ اللّٰهِ تَعَالٰی۔ (۴)

اللہ تعالیٰ کو اپنے بندوں میں سے سب سے زیادہ محبوب وہ فقیر ہے جو اپنے رزق پر قناعت کرتا ہے (اور اللہ تعالیٰ سے راضی ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں دعا مانگی۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۱۹ مرویات فضالہ بن عبید انصاری

(۲) کنز العمال جلد ۶ ص ۴۸۵ حدیث ۱۶۶۵۵

(۳) کنز العمال جلد ۶ ص ۴۶۹ حدیث ۱۶۵۸

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۶۲ مرویات عیاض بن حمار

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ قُوْتَ آلِ مُحَمَّدٍ کَفَافاً۔ (۱)

اے اللہ! آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو پورا پورا رزق عطا فرما۔

اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

مَامِنْ اَحَدٍ غَنِیٍّ وَلَا فَقِیْرٍ اِلَّا وَدَّ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اِنَّہٗ کَانَ اُوْتِیَ قُوْتاً فِی الدُّنْیَا۔ (۲)

کوئی مالدار اور فقیر ایسا نہیں جو قیامت کے دن اس بات کو پسند نہ کرے کہ کاش اسے دنیا میں گزارے کے مطابق رزق دیا جاتا۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ مجھے شکستہ دل لوگوں میں تلاش کریں انہوں نے عرض کیا وہ کون لوگ ہیں؟ فرمایا سچے فقراء۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا اَحَدَ اَفْضَلَ مِنَ الْفَقِیْرِ اِذَا کَانَ رَاضِیاً۔ (۳) فقیر سے افضل کوئی نہیں جب کہ وہ (فقر پر) راضی ہو

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا۔

میری مخلوق کے پسندیدہ لوگ کہاں ہیں؟ فرشتے عرض کریں گے اے ہمارے رب! وہ کون لوگ ہیں؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا مسلمان فقراء جو میری عطا پر قناعت کرتے اور میری تقدیر پر راضی ہوتے ہیں ان کو جنت میں داخل کرو پس وہ جنت میں داخل ہو کر کھائیں اور پئیں گے جب کہ دوسرے لوگ حساب میں پھنسے ہوں گے (۴)

تو یہ قانع اور راضی کے بارے میں ہے زاہد کی فضیلت اس بیان کے دوسرے حصے میں ذکر کریں گے ان شاءاللہ تعالیٰ۔

رضا اور قناعت کے بارے میں آثار بے شمار ہیں اور یہ بات مخفی نہیں کہ قناعت، طمع کی ضد ہے۔ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا طمع فقر ہے اور ناامید ہو جانا مالداری ہے اور جو شخص اس چیز سے ناامید ہو کر قناعت کرے جو لوگوں کے پاس ہے تو وہ ان سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہر دن ایک فرشتہ عرش کے نیچے سے اعلان کرتا ہے اے انسان! تھوڑا جو

---

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۳۳۷ کتاب الزکوٰۃ

(۲) سنن ابن ماجہ ص ۳۱۵، ابواب الزھد

(۳)

(۴) کنز العمال جلد ۶ ص ۲۷۸ حدیث ۱۶۶۲۰

تمہیں کافی ہے اس زیادہ سے بہتر ہے جو تمہیں سرکش بنا دے اور حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کے فرمایا۔ ہر شخص کی عقل میں نقص ہوتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ جب اس کے پاس دنیا زیادہ آتی ہے تو وہ خوش ہو جاتا ہے جب کہ رات اور دن اس کی عمر کو ختم کرنے میں لگے ہوئے ہیں پھر اس سے اس کو غم بھی نہیں ہوتا۔ اے انسان! افسوس وہ مال نفع نہیں دیتا جو بڑھتا ہے اور عمر کم ہو جاتی ہے۔

کسی دانا سے پوچھا گیا کہ مالداری کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا تمنا کم کرنا اور جو جتنا مال کافی ہو اس پر راضی ہونا۔

کہا گیا کہ حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ خراسان کے مالدار لوگوں میں سے تھے ایک دن آپ اپنے محل سے دیکھ رہے تھے کہ محل کے صحن میں ایک شخص نظر آیا اس کے ہاتھ میں روٹی تھی جسے کھا رہا تھا جب کھا چکا تو سو گیا آپ نے اپنے ایک غلام سے فرمایا جب یہ شخص بیدار ہو تو اسے میرے پاس لے کر آنا جب وہ بیدار ہوا تو غلام اسے آپ کے پاس لے گیا حضرت ابراہیم ادھم رحمہ اللہ نے پوچھا اے شخص! تم نے بھوک کی حالت میں روٹی کھائی؟ اس نے عرض کیا جی ہاں آپ نے پوچھا تم سیر ہو گئے؟ اس نے جواب دیا جی ہاں فرمایا پھر تم اچھی طرح سو گئے؟ اس نے عرض کیا جی ہاں۔ حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ نے اپنے آپ سے کہا میں اس دنیا کو کیا کروں گا جب کہ نفس اتنی مقدار پر قناعت کر لیتا ہے۔

ایک شخص حضرت عامر بن عبد القیس رحمہ اللہ کے پاس سے گزرا وہ نمک اور سبزی کھا رہے تھے آپ نے فرمایا اللہ کے بندے کیا تو دنیا سے اتنی سی چیز پر راضی ہو گیا؟ اس نے کہا کیا میں آپ کو بتاؤں جو شخص اس سے زیادہ بری چیز پر راضی ہوا۔ فرمایا ہاں بتاؤ فرمایا جو آخرت کے بدلے دنیا پر راضی ہو جائے۔

حضرت محمد بن واسع رحمہ اللہ خشک روٹی نکال کر اسے پانی سے تر کرتے اور نمک کے ساتھ کھاتے اور فرماتے جو شخص دنیا میں سے اتنی مقدار پر راضی ہو وہ کسی کا محتاج نہیں ہوتا۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا ان لوگوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو جن کے لیے اللہ تعالیٰ نے قسم کھائی لیکن انہوں نے اس کی تصدیق نہ کی ارشاد خداوندی ہے۔

وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ فَوَرَبِّ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ لَحَقٌّ۔ (۱)	اور آسمان میں تمہارا رزق ہے اور جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے پس آسمانوں اور زمین کے رب کی قسم بیشک یہ حق ہے۔

حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ ایک دن لوگوں کے درمیان تشریف فرما تھے ایک عورت حاضر ہوئی اور اس نے عرض کیا آپ ان لوگوں کے درمیان بیٹھے ہیں اللہ کی قسم گھر میں نہ کھانے کو کچھ ہے اور نہ پینے کو آپ نے فرمایا اے فلاں خاتون!

---

(۱) قرآن مجید، سورہ الذاریات آیت ۲۲، ۲۳

تمہارے سامنے ایک دشوار گزار گھاٹی ہے اس سے وہی نجات حاصل کرے گا جو ہلکا پھلکا ہو گا چنانچہ وہ راضی ہو کر واپس ہو گئی۔

حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ نے فرمایا کفر کے زیادہ قریب وہ شخص ہے جو فاقہ زدہ ہو اور صبر نہ کرے۔

کسی دانا شخص سے پوچھا گیا تمہارا مال کیا ہے؟ اس نے کہا ظاہر میں زیب و زینت، باطن میں میانہ روی اور جو کچھ لوگوں کے پاس ہے اس سے مایوسی۔

ایک روایت میں ہے کہ پہلی آسمانی کتب میں سے کسی کتاب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا! اے انسان! اگر تمام دنیا تمہارے لیے ہوتی پھر بھی تیرے لیے کھانا ہی ہوتا تو میں نے تجھے اس سے کھانا دے دیا اور اس کا حساب دوسروں کے ذمہ کر دیا تو میں نے تم پر احسان کیا۔ قناعت کے بارے میں کہا گیا۔

اِضْرَعْ اِلَی اللّٰہِ لَا تَضْرَعْ اِلَی النَّاسِ
وَاقْنَعْ بِیَاسٍ فَاِنَّ الْعِزَّ فِی الْیَاسِ
وَاسْتَغْنِ عَنْ کُلِّ ذِیْ قُرْبٰی وَذِیْ رَحِمٍ
اِنَّ الْغَنِیَّ مَنِ اسْتَغْنٰی عَنِ النَّاسِ

اللہ تعالیٰ کے ہاں فریاد کرو لوگوں کے سامنے فریاد نہ کرو اور (لوگوں سے) مایوسی پر قناعت کر لیں کیوں کہ عزت (لوگوں سے) مایوسی میں ہے ہر قرابت دار اور ذی رحم رشتہ دار سے مستغنی ہو جاؤ کیوں کہ مالدار وہی ہے جو لوگوں سے بے نیازی اختیار کرے۔

* * * *

اسی معنیٰ میں یہ بھی کہا گیا ہے۔

یَاجَامِعًا مَانِعًا وَالدَّهْرُ یَرْمُقُهٗ
مُقَدِّرًا اَیَّ بَابٍ مِنْهُ یُغْلِقُهٗ

اے جمع کرنے والے اور روکنے والے زمانہ تیری تاک میں ہے وہ اس بات کا اندازہ کرتا ہے کہ اس سے کس دروازے کو بند کرے

مُفَکِّرًا کَیْفَ تَاْتِیْهِ مَنِیَّتُهٗ
اَغَادِیًا اَمْ بِهَا یَسْرِیْ فَتَطْرُقُهٗ

وہ اس فکر میں ہے کہ اس کے پاس موت صبح کے وقت آئے یا رات کو نازل ہو۔

جَمَعْتَ مَالًا فَقُلْ لِیْ هَلْ جَمَعْتَ لَهٗ
یَا جَامِعَ الْمَالِ اَیَّامًا تُفَرِّقُهٗ

تو نے مال جمع کیا تو مجھے بتا کہ اے مال کو جمع کرنے والے اسے کب تقسیم کرے گا۔

اَلْمَالُ عِنْدَکَ مَخْزُوْنٌ لِوَارِثِهٖ
مَا الْمَالُ مَالُکَ اِلَّا یَوْمَ تُنْفِقُهٗ

تیرے پاس جو مال ہے وہ وارثوں کے لیے جمع ہے تیرا مال صرف وہی ہے جسے تو خرچ کرتا ہے۔

اَرْفِهْ بِبَالِ فَتًی یَغْدُوْ عَلٰی ثِقَةٍ
اَنَّ الَّذِیْ قَسَمَ الْاَرْزَاقَ یَرْزُقُهٗ

خوش دل وہی نوجوان ہے جسے اس بات کا یقین ہو کہ قاسم رزق اسے رزق دے گا۔

فَالْعِرْضُ مِنْهُ مَصُوْنٌ مَا يُدَنِّسُهُ   وَالْوَجْهُ مِنْهُ جَدِيْدٌ لَيْسَ يُخْلِقُهُ

اس کی عزت محفوظ ہے اسے کوئی چیز میلا نہیں کر سکتی اور اس کا چہرہ جدید (تازہ) ہے اس کو کوئی چیز پرانا نہیں کر سکتی۔

اِنَّ الْقَنَاعَةَ مَنْ يَحْلُلْ بِسَاحَتِهَا   لَمْ يَبْقَ فِيْ ظِلِّهَا هَمًّا يُؤَرِّقُهُ

جو شخص قناعت کے صحن میں اترتا ہے اسے فکر معیشت بے خوابی کا شکار نہیں بناتی۔

فصل : ۱۴

مال داری پر فقر کی فضیلت

اس سلسلے میں اختلاف ہے حضرت جنید، حضرت خواص اور اکثر لوگ فقر کی فضیلت کے قائل ہیں حضرت ابن عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں شکر گزار مال دار جو حقوق کی ادائیگی کرے وہ صابر فقیر سے افضل ہے کہا جاتا ہے کہ حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ نے حضرت عطاء کے خلاف بددعا کی کیوں کہ انہوں نے اس سلسلے میں ان کی مخالفت کی تھی تو ان کو رنج پہنچا۔ یہ بات ہم نے صبر کے بیان میں ذکر کی اور صبر و شکر کے درمیان فرق کی وجہ بھی بیان کی ہے اور ہم نے یہ بھی بتایا کہ اعمال و احوال میں طلبِ فضیلت تفصیل کے بغیر ممکن نہیں۔

اگر فقر اور غنا کا مطلقاً مقابلہ ہو تو احادیث و آثار کا مطالعہ کرنے والے کو فقر کی فضیلت میں شک نہیں ہوگا اور اس سلسلے میں تفصیل ضروری ہے چنانچہ ہم کہتے ہیں۔

شک کا تصور دو جگہ پر ہوتا ہے ایک یہ کہ فقیر صابر ہو اور طلب کی حرص نہ رکھتا ہو بلکہ وہ قانع اور راضی ہے اس کی نسبت اس غنی کی طرف کی جائے جو اپنا مال اچھی جگہوں پر خرچ کرتا ہے اور مال کو روکنے کی حرص نہیں کرتا۔

دوسرا مقام وہ ہے جہاں فقیر حریص ہو اور مالدار بھی حریص ہو کیوں کہ یہ بات مخفی نہیں کہ صبر کرنے والا فقیر اس مالدار سے افضل ہے جو روکنے والا اور حریص ہے لیکن جو مالدار اپنا مال نیک کاموں پر خرچ کرتا ہے وہ حریص فقیر سے افضل ہے۔

پہلی صورت میں یہ گمان بھی ہو سکتا ہے کہ مالدار، فقیر سے افضل ہو کیوں کہ مال کی حرص کمزور ہونے میں دونوں برابر ہیں اور مال دار صدقات و خیرات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرتا ہے جب کہ فقیر اس بات سے عاجز ہے ہمارے خیال میں حضرت ابن عطاء رحمہ اللہ نے بھی یہی خیال فرمایا۔

لیکن وہ غنی جو مال سے فائدہ اٹھاتا ہے اگرچہ جائز مال ہی ہو اس کے بارے میں یہ تصور نہیں ہو سکتا کہ قناعت کرنے والے فقیر سے افضل ہو اور اس بات پر حدیث شریف گواہ ہے کہ فقراء نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں شکایت کی کہ مالدار لوگ نیکیوں میں ان سے آگے نکل گئے وہ صدقہ دیتے ہیں نیز حج اور جہاد کرتے ہیں تو آپ نے ان کو کلمات تسبیح (سبحان اللہ، الحمد للہ اور اللہ اکبر) سکھائے اور آپ نے بتایا کہ ان کلمات کے ذریعے ان کو مال دار لوگوں کی نسبت زیادہ

ثواب ملے گا مالدار لوگوں کو یہ بات معلوم ہوئی تو وہ بھی تسبیح کے کلمات پڑھنے لگے فقراء دوبارہ بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئے اور یہ بات گذارش کی تو آپ نے فرمایا یہ تو اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے (۱)

حضرت عطاء رحمہ اللہ سے جب سوال کیا گیا تو انہوں نے بھی اسی حدیث سے استدلال کرتے ہوئے فرمایا مالدار افضل ہے کیوں کہ غنی ہونا اللہ تعالیٰ کی صفت ہے لیکن جہاں تک ان کی پہلی دلیل کا تعلق ہے تو وہ محل غور ہے کیوں کہ حدیث تو تفصیل سے بیان ہوتی ہے اور اس میں اس بات کے خلاف پر دلالت ہے وہ یہ کہ تسبیح میں فقیر کے لیے مالدار سے زیادہ ثواب ہے اور اس ثواب کا حصول ان کے لیے اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسے چاہے عطا فرمائے۔

حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ فقراء نے اپنا ایک نمائندہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا اس نے عرض کیا کہ میں آپ کی بارگاہ میں فقراء کا نمائندہ ہوں آپ نے فرمایا۔

مَرْحَبًا بِكَ وَبِمَنْ جِئْتَ مِنْ عِنْدِهِمْ قَوْمٌ أُحِبُّهُمْ۔ — تجھے بھی اور جن کے پاس سے تو آیا ہے سب کو خوش آمدید کہتا ہوں میں اس قوم سے محبت کرتا ہوں۔

اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! فقراء کہتے ہیں کہ مالدار لوگ بھلائی لے گئے وہ حج کرتے ہیں لیکن ہمیں اس کی طاقت نہیں وہ عمرہ کرتے ہیں لیکن ہم نہیں کر سکتے اور جب وہ بیمار ہوتے ہیں تو اپنا زائد مال ذخیرہ بنانے کے لیے بھیج دیتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

میری طرف سے فقراء تک یہ بات پہنچا دو کہ تم میں سے جو صبر کرے گا اور ثواب کا طالب ہو گا اس کے لیے تین باتیں ہیں جو مالدار لوگوں کے لیے نہیں ہیں ایک بات یہ کہ جنت میں کچھ بالاخانے ہیں اہل جنت ان کی طرف اس طرح دیکھیں گے جس طرح زمین والے ستاروں کو دیکھتے ہیں مگر ان میں فقیر نبی یا فقیر شہید یا مومن فقیر ہی داخل ہو گا اور دوسری خصلت یہ ہے کہ فقراء جنت میں مالدار لوگوں سے نصف دن پہلے داخل ہوں گے اور دن پانچ سو سال کا ہو گا اور تیسری بات یہ کہ جب مالدار "سبحان اللہ"، "الحمد للہ" اور "لا الہ الا اللہ واللہ اکبر" پڑھتا ہے اور فقیر بھی یہی کلمات کہتا ہے تو مالدار، فقیر کے مقام تک نہیں پہنچ سکتا اگرچہ وہ اس مقصد کے لیے دس ہزار درہم خرچ کرے باقی تمام نیک اعمال کا بھی یہی حال ہے (۲)

وہ شخص واپس آیا اور جو کچھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا ان (فقراء) کو بتا دیا تو انہوں نے کہا ہم راضی ہوئے ہم راضی ہوئے۔

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۱ ص ۲۱۹، کتاب المساجد

(۲) سنن ابن ماجہ ص ۳۱۳، ابواب الزھد، (مختصر ہے مکمل نہیں ملتی)

پس یہ اس بات پر دلالت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی کہ "یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے" سے مراد یہ کہ فقراء کے ذکر کو اغنیاء کے ذکر سے زیادہ فضیلت حاصل ہے۔

جہاں تک ان کی اس بات کا تعلق ہے کہ "غنی" اللہ تعالیٰ کی صفت ہے تو بعض اکابر نے اس کا جواب اس طرح دیا ہے کہ کیا تم اللہ تعالیٰ کو اسباب اور سامان کے ساتھ غنی جانتے ہو؟ (یعنی ایسا تو نہیں ہے) تو حضرت عطاء نے کچھ جواب نہ دیا۔

بعض دوسرے حضرات نے یوں جواب دیا کہ تکبیر اللہ تعالیٰ کی صفت ہے تو وہ بھی تواضع سے افضل ہونا چاہیئے پھر انہوں نے فرمایا بلکہ یہ تو اس بات پر دلالت ہے کہ فقر افضل ہے کیوں کہ وہ بندے کی صفت ہے اور بندے کے لیے افضل ہے جیسے خوف اور امید۔ اور اللہ تعالیٰ کی صفات میں اس کا مقابلہ نہیں ہو سکتا اسی لیے ایک حدیث قدسی میں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

اَلْکِبْرِیَاءُ رِدَائِیْ وَالْعَظَمَۃُ اِزَارِیْ فَمَنْ نَازَعَنِیْ وَاحِدًا مِنْھُمَا قَصَمْتُہٗ۔ (۱)

کبریائی میری چادر اور عظمت میں میرا ازار ہے (یعنی میری صفات ہیں) پس جو شخص مجھ سے ان میں سے ایک میں بھی جھگڑے گا میں اسے توڑ دوں گا۔

حضرت سہل رحمہ اللہ نے فرمایا۔ عزت اور باقی رہنے کی چاہت ربوبیت میں شرک اور جھگڑا ہے کیوں کہ یہ دونوں اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ہیں۔

تو مال داری اور فقر میں سے کس کو فضیلت حاصل ہے اس سلسلے میں اس قسم کی گفتگو ہے اور اس کا تعلق عام روایات سے ہے جو تاویلات کو قبول کرتی ہیں اور ایسے عام کلمات ہیں جن کو توڑنا بعید نہیں ہے کیوں کہ جس طرح اس شخص کے قول کو توڑا جا سکتا ہے جو مالداری کو فضیلت دیتا ہے اور اس کا توڑ صفت تکبر کے ذریعے کیا جاتا ہے اسی طرح جو شخص مالداری کی مذمت کرتا ہے اس کا قول یوں توڑا جا سکتا ہے کہ یہ علم و معرفت کے ذریعے بندے کا وصف بنتا ہے جب کہ یہ تو اللہ تعالیٰ کا وصف ہے بندے کا وصف تو جہالت اور غفلت ہے اور کوئی بھی شخص غفلت کو علم پر فضیلت نہیں دیتا پس اس پردے کو اسی طرح دور کیا جا سکتا ہے جو ہم نے صبر کے بیان میں ذکر کیا ہے۔ یعنی جو چیز ذاتی طور پر مراد نہ ہو بلکہ کسی دوسری چیز کے لیے مراد ہو تو اس کی نسبت اسی دوسری چیز کی طرف ہونی چاہیئے (اور اسی کے حوالے سے فضیلت کا تعین ہوگا) کیوں کہ اسی سے اس کی فضیلت ظاہر ہوگی اور دنیا ذاتی طور پر منع نہیں ہے۔

بلکہ اس لیے منع ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں رکاوٹ بنتی ہے اسی طرح فقر بھی ذاتی طور پر مطلوب نہیں بلکہ اس لیے مطلوب ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ تک پہنچنے سے رکاوٹ نہیں ہے اور آدمی اللہ تعالیٰ سے ہٹ کر کسی دوسری طرف مشغول نہیں

---

(۱) مسند امام بن حنبل جلد ۲ ص ۴۱۴ مرویات ابی ہریرہ

ہوتا اور کتنے ہی مال دار ہیں جن کو ان کی مالداری اللہ تعالیٰ سے مشغول نہیں رکھتی جیسے حضرت سلیمان علیہ السلام، حضرت عثمان غنی اور حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہما اور کتنے ہی فقراء ایسے ہیں جن کو فقر نے مشغول رکھا اور مقصد سے پھیر دیا اور دنیا میں غایتِ مقصد تو اللہ تعالیٰ کی محبت اور اس سے مانوس ہونا ہے اور یہ بات معرفت کے بعد حاصل ہوتی ہے اور مشاغل کے ساتھ معرفت کے راستے پر چلنا ممکن نہیں اور فقر بعض اوقات مشغول کر دیتا ہے جس طرح مالداری بعض اوقات مشغول رکھتی ہے اور مشغول کرنے والی بات حقیقت میں محبت دنیا ہے کیوں کہ دل میں اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی محبت جمع نہیں ہو سکتی اور جو شخص کسی سے محبت کرتا ہے اس کے ساتھ مشغول ہوتا ہے چاہے فراق کی صورت میں مشغولیت ہو یا وصال کی صورت میں ——

بعض اوقات فراق کے ساتھ مشغولیت زیادہ ہوتی ہے اور بعض اوقات وصال کی صورت میں زیادہ مشغول ہوتا ہے اور دنیا غافل لوگوں کی معشوق ہے جو اس سے محروم ہیں اور اس کی طلب میں مشغول ہیں۔ اور جو آدمی دنیا پر قادر ہے وہ اس کی حفاظت اور اس سے نفع اندوزی میں مشغول ہے۔

تو نتیجہ یہ ہوا کہ اگر تم دو آدمیوں کو دنیا کی محبت سے فارغ تصور کرو اس طرح کہ ان کے حق میں مال پانی کی طرح ہو کہ جس کے پاس موجود ہے اور جس کے پاس نہیں ہے دونوں برابر ہیں کیوں کہ دونوں میں سے ہر ایک حسبِ ضرورت خرچ کرتا ہے اور حاجت کے مطابق پایا جاتا اس کے نہ ہونے سے افضل ہے کیوں کہ بھوکا آدمی موت کے راستے پر چلتا ہے معرفت کے راستے پر نہیں اور بڑے معاملے کو دیکھو تو فقیر خطرے سے زیادہ دور ہے کیوں کہ مالداری کا فتنہ تنگدستی کے فتنے سے زیادہ سخت ہے اور حفاظت یہی ہے کہ قادر نہ ہو۔ اسی لیے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے فرمایا ہم مفلسی کے فتنہ میں مبتلا ہوئے تو ہم نے صبر کیا اور ہم مالداری کے فتنے میں مبتلا ہوئے تو ہم نے صبر نہ کیا۔

اور یہ بات انسان کی فطرت میں ہے شاذ و نادر ہی کوئی اس سے خالی ہو گا جس کا وجود بہت زمانوں میں کم ہوا کرتا ہے۔

اور چوں کہ شریعت کا خطاب سب سے متعلق ہے اس نادر کے ساتھ نہیں اور مفلسی سب کے لیے مناسب ہے صرف اس نادر کے لیے نہیں تو شریعت نے مالداری کی مذمت کی اور اس سے روکا نیز فقر کی فضیلت اور مدح بیان فرمائی حتیٰ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا "اہلِ دنیا کے مالوں کو نہ دیکھو کیوں کہ ان کے مالوں کی چمک تمہارے نورِ ایمان کو لے جائے گی"۔ اور بعض علماء نے فرمایا مالوں کا پھیر پھیرا کر آنا ایمان کی حلاوت کو چوس لیتا ہے اور ایک حدیث شریف میں ہے۔

اِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ عِجْلًا وَعِجْلُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ الدِّيْنَارُ وَالدِّرْهَمُ (۱)

ہر امت کے لیے ایک بچھڑا (معبود) ہے اور اس امت کا بچھڑا دینار اور درہم ہیں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کے بچھڑے کی اصل بھی سونے اور چاندی سے تھی مال اور پانی نیز سونے اور پتھر کا ایک جیسا

---

(۱) الفردوس بماثور الخطاب جلد ۳ ص ۳۴۸ حدیث ۵۰۱۹

ہونا انبیاء کرام اور اولیاء عظام کے لیے تصور کیا جا سکتا ہے پھر ان کے لیے بھی یہ بات طویل مجاہدے کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل سے پوری ہوتی ہے کیوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے فرماتے تھے۔

اِلَيْكَ عَنِّيْ (۱) مجھ سے دور ہو جاو۔

آپ یہ بات اس وقت فرماتے جب وہ مزین ہو کر آپ کے سامنے آتی حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے اے زرد رنگ والے (دینار) میرے سوا کسی اور کو دھوکہ دے اور سفید رنگ والے (درہم) میرے علاوہ کسی کو دھوکہ دے ——— آپ نے یہ بات اس لیے فرمائی کہ آپ اس کے دھوکے کو اپنے اندر محسوس فرماتے اگر اپنے رب کی برہان نہ دیکھتے اور یہ مطلق غنا ہے کیوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَيْسَ الْغِنٰى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ اِنَّمَا الْغِنٰى عَنِ النَّفْسِ۔ (۲) مالداری مال کی کثرت سے نہیں بلکہ مالداری (غنائے) نفس کی ہے۔

اور جب یہ بات بہت دشوار ہے تو عام مخلوق کے حق میں مال کا نہ ہونا بہتر ہے اگر چہ وہ اسے صدقہ کریں اور نیک کاموں پر خرچ کریں کیوں کہ وہ مال پر قادر ہونے کی صورت میں دنیوی انس اور اس سے نفع اندوزی سے بچ نہیں سکتے۔ نیز اس کے خرچ کرنے سے راحت پاتے ہیں اور یہ تمام باتیں اس دنیا سے محبت پیدا کرتی ہیں اور آدمی جس قدر دنیا سے مانوس ہوتا ہے اسی قدر اسے آخرت سے وحشت ہوتی ہے اور جس قدر وہ معرفت کے علاوہ اپنی کسی صفت سے مانوس ہوتا ہے اسی قدر اسے اللہ تعالیٰ اور اس کی محبت سے وحشت ہوتی ہے اور جب دنیا سے اُنس کے اسباب منقطع ہو جائیں تو دل دنیا اور اس کی تر و تازگی سے دُور رہتا ہے اور جب دل اللہ تعالیٰ کے ماسوا سے دُور ہو تو وہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے والا شمار ہوتا ہے اور وہ لازماً اللہ تعالیٰ کی طرف پھرتا ہے کیوں کہ فارغ دل کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ اور موجود تو اللہ تعالیٰ ہے یا اس کا غیر، پس جو اللہ تعالیٰ کے غیر کی طرف متوجہ ہو وہ اللہ تعالیٰ سے دُور رہتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو وہ اس کے غیر سے دور رہتا ہے اور ان میں سے ایک کی طرف توجہ اسی حساب سے ہوتی ہے جس قدر دوسرے سے دُوری ہوتی ہے بلکہ کسی ایک کا قرب بعینہٖ دوسرے سے بُعد ہے پس دنیا کی محبت ہی اللہ تعالیٰ سے بُغض ہے لہٰذا مناسب یہ ہے کہ عارف کی نگاہ دل پر ہی ہونی چاہیے کہ وہ دنیا اور اس کے ساتھ مانوس ہونے سے علیحدگی اختیار کرے۔

تو فقر اور غنیٰ کی فضیلت کو صرف اس حوالے سے دیکھا جائے گا کہ ان کے دل کا مال سے کس قدر تعلق ہے اگر اس تعلق میں دونوں برابر ہوں تو ان کا درجہ بھی برابر برابر ہو گا لیکن یہ پھسلنے کا مقام اور دھوکہ کی جگہ ہے کیوں کہ بعض اوقات مالدار یہ

---

(۱) حلیۃ الاولیاء جلد اول ص ۳۰، ترجمہ ۲ؔ

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۵۴ کتاب الرقاق

سمجھتا ہے کہ اس کا دل مال سے قطع تعلق ہے حالانکہ مال کی محبت اس کے سینے میں چھپی ہوتی ہے اور اسے خبر نہیں ہوتی اسے اس وقت پتہ چلتا ہے جب مال اس کے پاس نہیں رہتا تو اپنے نفس کا تجربہ اس وقت کرے جب مال تقسیم کرے یا اس سے چوری ہو جائے اب اگر اس کے دل کی توجہ اس طرف ہو تو جان لے کہ وہ دھوکے میں تھا کتنے ہی لوگ اپنی لونڈی کو یہ خیال کر کے بیچ دیتے ہیں کہ ان کے دل کا اس سے کوئی تعلق نہیں جب بیع پکی ہو جاتی ہے اور لونڈی خریدار کے حوالے کر دیتے ہیں تو ان کے دل میں چھپی ہوئی آگ شعلہ زن ہوتی ہے اس وقت ثابت ہوتا ہے کہ وہ دھوکے میں تھا اور اس کے دل میں عشق اسی طرح چھپا ہوا تھا جس طرح راکھ کے نیچے آگ موجود ہوتی ہے انبیاء کرام اور اولیاء عظام کے علاوہ تمام مالدار لوگوں کا یہی حال ہے۔

اور جب بات محال یا کم از کم مشکل ہے تو ہم مطلق طور پر کہتے ہیں کہ عام مخلوق کے لیے فقر زیادہ مناسب اور افضل ہے کیوں کہ فقیر کا دنیا سے تعلق اور اُنس زیادہ کمزور ہوتا ہے اور جس قدر تعلق کمزور ہوتا ہے اسی قدر اس کی تسبیحات اور عبادات کا ثواب بھی زیادہ ہوتا ہے کیوں کہ زبان کی حرکات ذاتی طور پر مقصود نہیں ہوتیں بلکہ ان کا مقصد اس مذکورہ اُنس کو پکا کرنا ہوتا ہے اور فارغ دل میں اُنس پیدا کرنے کے سلسلے میں اس کی تاثیر اس تاثیر کی طرح نہیں جو مشغول دل پر ہوتی ہے اسی لیے بعض بزرگوں نے فرمایا جو شخص طلب دنیا میں ہو اور عبادت کرے وہ اس شخص کی طرح ہے جو گھاس سے آگ کو بجھاتا ہے اور جو اپنے ہاتھ سے گوشت کی چکناہٹ کو مچھلی کے ساتھ دھوتا ہے حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ نے فرمایا فقیر کا کسی ایسی خواہش کے بغیر سانس لینا جس پر وہ قادر نہیں مالدار کی ایک ہزار سال کی عبادت سے بہتر ہے اور حضرت ضحاک رحمہ اللہ سے مروی ہے فرماتے ہیں جو شخص بازار جائے اور ایک مشتبہ چیز دیکھ کر صبر کرے اور ثواب کی طلب میں ہو تو یہ ایک ہزار دینار سے بہتر ہے جو وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرے ایک شخص نے حضرت بشر بن حارث رحمہ اللہ سے عرض کیا کہ میرے لیے دعا کیجئے مجھے اہل وعیال کی وجہ سے پریشانی ہے تو انہوں نے فرمایا جب تمہارے گھر والے کہیں کہ ہمارے پاس آٹا یا روٹی نہیں ہے تو تم اس وقت میرے لیے دعا مانگو کیوں کہ میری دعا کے مقابلے میں تمہاری دعا افضل ہے۔

اور وہ فرماتے تھے عبادت گزار مال دار کی مثال گندگی کے ڈھیر پر پائے جانے والے باغ کی طرح ہے اور عبادت گزار فقیر کی مثال موتیوں کے اس ہار کی طرح جو کسی خوبصورت عورت کے گلے میں پڑا ہوا ہو۔

اسلاف مال دار لوگوں سے معرفت کا علم سننا پسند نہیں کرتے تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یوں دعا مانگی۔

اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الذُّلَّ عِنْدَ النِّصْفِ مِنْ نَفْسِي وَالزُّهْدَ فِيمَا جَاوَزَ الْكَفَافَ۔

یا اللہ! میں تجھ سے رحمت کا سوال کرتا ہوں جب میرا نصف۔

تو جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ جیسے لوگ باوجود کمال حال کے دنیا سے بچتے ہیں تو کس طرح اس بات میں شک کیا جا سکتا ہے کہ مال کے پائے جانے کے مقابلے میں اس کا نہ ہونا زیادہ بہتر ہے —— اور یہ اس کے باوجود ہے جب کہ مال دار کا حال

نہایت اچھا ہو کہ وہ حلال مال حاصل کرے اور پاکیزہ خرچ کرے لیکن قیامت کے دن اس کا لمبا چوڑا حساب ہو گا اور طویل انتظار ہو گی اور جس سے حساب کی پوچھ گچھ ہوئی وہ عذاب میں مبتلا ہوا۔

اسی لیے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو جنت میں جانے سے تاخیر ہوئی کیوں کہ حساب میں مشغول تھے جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیکھا اسی لیے حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ مسجد کے دروازے پر میری دوکان ہو مجھ سے نماز اور ذکر بھی نہ چھوٹے مجھے روزانہ پچاس دینار کا نفع ہو اور میں وہ سارا مال اللہ تعالیٰ کے راستے میں صدقہ کروں پوچھا گیا ناپسندیدگی کی وجہ؟ فرمایا حساب کی خرابی۔

اسی لیے حضرت سفیان رحمہ اللہ نے فرمایا فقراء نے تین چیزیں اختیار کیں اور مالدار لوگوں نے بھی تین چیزیں اختیار کیں اور فقراء نے نفس کا آرام، دل کی فراغت اور حساب کی آسانی اختیار کی جب کہ مالدار لوگوں نے نفس کی تھکاوٹ، دل کی مشغولیت اور حساب کی شدت اختیار کی۔ اور جو کچھ ابن عطاء نے ذکر کیا کہ غنا اللہ تعالیٰ کا وصف ہے پس اس وجہ سے یہ افضل ہے تو یہ صحیح بات ہے لیکن اس وقت جب بندہ مال کے ہونے نہ ہونے سے بے نیاز ہو یعنی اس کے نزدیک دونوں باتیں برابر ہوں ——— اور جب مال کے ہونے سے مال دار ہو (غنی ہو) اور باقی رہنے کا محتاج ہو تو اس کا غنا اللہ تعالیٰ کے غنا کے مشابہ نہیں ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ ذاتی طور پر غنی ہے اور اس کے غنا کے لیے زوال کا تصور نہیں ہو سکتا جب کہ مال کا زوال تصور کیا جا سکتا ہے مثلاً چوری ہو سکتا ہے۔

اور جو کچھ حضرت عطاء کے رد میں کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ مال و اسباب کے ساتھ غنی نہیں ہے تو یہ بات بھی اس غنی کی مذمت میں صحیح ہے جو مال کی بقا چاہتا ہے اور یہ جو کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صفات بندوں کے لائق نہیں ہیں تو یہ بات صحیح نہیں ہے بلکہ علم اس کی صفات میں سے ہے اور وہ بندے کے لیے افضل ہے بلکہ بندے کی انتہا یہی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے اخلاق سے متصف ہو اور میں نے بعض مشائخ سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کے راستے پر چلتا ہے تو راستہ طے کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام اس کے اوصاف بن جاتے ہیں یعنی ہر وصف میں سے اسے حصہ ملتا ہے۔

لیکن تکبر بندے کے لائق نہیں ہے کیوں کہ جس پر تکبر نہ کیا جا سکے اس پر تکبر کرنا اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے نہیں ہے ہاں جس پر تکبر ہو سکتا ہے جیسے مومن کا کافر پر، عالم کا جاہل پر، نیکو کار کا گناہ گار پر تکبر (بڑائی) تو یہ اللہ تعالیٰ کے لائق ہے ہاں بعض اوقات تکبر سے دوسروں کو حقیر جاننا بلند بانگ دعویٰ کرنا اور ایذا رسانی مقصود ہوتی ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کے وصف میں سے نہیں ہے اللہ تعالیٰ نے اپنا وصف بیان فرمایا کہ وہ ہر چیز سے بڑا ہے اور وہ جانتا ہے کہ اسی طرح ہے اور بندے کو اس بات کا حکم ہے کہ اعلیٰ مرتبہ طلب کرے اگر اس پر قادر ہو لیکن استحقاق کے ساتھ (طلب کرے) باطل طریقے اور دھوکہ دہی سے نہیں۔

بندے کو اس بات کا علم ضرور ہونا چاہیے کہ مومن، کافر سے بڑا ہے، فرمانبردار، نافرمان سے بڑا ہے۔ عالم جاہل سے

بڑا اور انسان، جانوروں، جمادات اور سبزیوں سے بڑا ہے اور ان کی نسبت یہ اللہ تعالیٰ کے زیادہ قریب ہے۔

اور اگر وہ اپنے آپ کو اس صفت کے ساتھ موصوف دیکھے لیکن یہ دیکھنا تحقیقی ہو شک پر مبنی نہ ہو تو اسے صفتِ تکبر حاصل ہوگی اور یہ اس کے لائق بھی ہے اور اس کے حق میں فضیلت بھی۔ لیکن اس بات کی معرفت تک راستہ نہیں اس لیے کہ یہ خاتمے پر موقوف ہے اور اسے معلوم نہیں کہ اس کا خاتمہ کیسے ہوگا تو اس بات سے جہالت کی وجہ سے اس پر واجب ہے کہ اپنے لیے کافر کے رتبہ سے بڑے رتبے کا عقیدہ نہ رکھے کیوں کہ بعض اوقات کافر کا خاتمہ ایمان پر اور مومن کا خاتمہ کفر پہ ہوتا ہے پس یہ بات (تکبر) اس کے لائق نہیں کیوں کہ انجام کی معرفت سے اس کا علم کوتاہ ہے۔

اور جب اس بات کا تصور ہو سکتا ہے کہ اشیاء کی حقیقت کو جان سکے تو اس کے حق میں علم میں کمال ہے کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہے اور جب بعض اشیاء کی معرفت اسے نقصان دیتی ہے تو یہ علم اس کے حق میں نقصان کا باعث ہوتا ہے۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے اوصاف میں ایسا علم نہیں جو اس کو نقصان دے تو جن امور کی معرفت سے نقصان نہیں ہوتا ان کی معرفت بندے کے حق میں اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے متصور ہوتی ہے پس یقیناً وہ فضیلت کی انتہا ہے اور اسی سے انبیاء کرام، اولیاء اور علماء کی فضیلت ہے۔

تو بات یہ ہوئی کہ اگر اس کے نزدیک مال کا ہونا نہ ہونا دونوں برابر ہوں تو یہ وہ قسم ہے جو کسی وجہ سے اس غنا کے مشابہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی صفت ہے پس یہ فضیلت ہے لیکن محض مال کے پائے جانے سے جو غنا حاصل ہوتا ہے اس میں بالکل کوئی فضیلت نہیں ـــــ تو یہ قناعت کرنے والے فقیر کے حال کی شکر گزار غنی کی حالت کی طرف نسبت کا بیان ہے۔

دوسرا مقام حریص فقیر کی حالت، حریص غنی کی حالت کی طرف نسبت میں ہے تو ہم اس بات کو ایک شخص میں فرض کرتے ہیں اور وہ مال کا طالب ہے اور اس کے لیے کوشش کرتا ہے اس وقت اس کے پاس مال نہیں ہے پھر وہ اسے پالیتا ہے تو اس کے لیے مال کے نہ ہونے کی حالت بھی ہے اور ہونے کی حالت بھی، تو کون سی حالت افضل ہوگی؟

تو ہم کہتے ہیں ہم دیکھیں گے اگر اس کا مطلوب وہ مال ہے جو اس کی معیشت کے لیے ضروری ہے اور اس کا قصد دین کے راستے پر چلنا ہے اور وہ مال کے ذریعے اس مقصد پر مدد حاصل کرتا ہے تو مال کا پایا جانا افضل ہے کیوں کہ فقر اسے طلب میں مشغول کر دے گا اور روزی کی تلاش کرنے والا فکر و ذکر پر قادر نہیں ہوتا اور اگر قادر ہو بھی تو اس میں دوسرا شغل شامل ہوگا اور ذکر و فکر پر قادر وہی ہے جسے بقدر کفایت رزق حاصل ہو۔

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ قُوْتَ اٰلِ مُحَمَّدٍ كَفَافًا۔ (۱)

اے اللہ! آل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم رضی اللہ عنہم) کو بقدر کفایت رزق عطا فرما۔

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۳۳۷ کتاب الزکوٰۃ

اور آپ نے فرمایا۔

كَادَ الْفَقْرُ اَنْ يَّكُوْنَ كُفْرًا۔ (۱) قریب ہے کہ فقر، کفر تک پہنچا دے۔

اس سے وہی فقر مراد ہے جس میں آدمی ضروری چیز کے لیے پریشان ہو۔

اور اگر اس کا مطلوب حاجت سے زیادہ ہو یا مطلوب تو حاجت کے مطابق ہو لیکن اس سے دین کے راستے پر چلنے میں مدد حاصل کرنا مقصود نہ ہو تو اس صورت حالتِ فقر افضل اور زیادہ بہتر ہے کیوں کہ حرص اور محبتِ مال میں غنی اور فقیر دونوں برابر ہیں اور اس بات میں بھی دونوں برابر ہیں کہ وہ دین کے راستے میں مدد حاصل کرنا نہیں چاہتے اور اس بات میں بھی مساوی ہیں کہ ان میں سے ایک بھی فقر یا غنا کو گناہ کا ذریعہ نہیں بنانا چاہتا لیکن اس سلسلے میں دونوں میں فرق ہے کہ ایک اس مال سے محبت کرتا ہے جو اسے حاصل ہے پس اس کے دل میں مال کی محبت پکی ہو جاتی ہے اور اس کے ساتھ اس کا دل مطمئن ہو جاتا ہے اور جس کے پاس مال نہیں ہے اس کا دل دنیا سے دور ہے اور اس کے نزدیک دنیا قید خانے کی طرح ہے جس سے وہ چھٹکارا حاصل کرنا چاہتا ہے اور جب دو آدمی تمام باتوں میں برابر ہوئے اور دنیا سے رخصت ہوتے وقت ایک کا دل دنیا کی طرف بہت جھکا ہوا ہے تو لامحالہ اس کی حالت دوسرے کی نسبت زیادہ سخت ہوگی کیوں کہ اس کا دل دنیا کی طرف متوجہ ہے اور آخرت سے اس قدر نفرت کرتا ہے جس قدر دنیا سے اُنس مضبوط ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ نَفَثَ فِيْ رُوْعِيْ اَحْبِبْ مَنْ اَحْبَبْتَ فَاِنَّكَ مُفَارِقُهٗ (۲) بے شک روح القدس نے میرے دل میں یہ بات پھونکی ہے کہ جس سے چاہو دوستی کرو بے شک تم نے اس سے جدا ہونا ہے۔

یہ اس بات سے آگاہی ہے کہ محبوب کا فراق بہت سخت ہوتا ہے۔ پس تمہیں چاہیے کہ اس سے محبت کرو جو تم سے جدا نہ ہو اور وہ اللہ تعالیٰ ہے۔ اور جس نے تم سے جدا ہونا ہے اس سے محبت نہ کرو اور وہ دنیا ہے کیوں کہ جب تم دنیا سے محبت کرو گے تو اللہ تعالیٰ سے ملاقات تمہیں پسند نہ ہوگی تو موت اس حال پر ہوگی جسے ناپسند کرتا ہے اور محبوب سے جدائی ہوگی اور جو شخص اپنے محبوب سے جدا ہوتا ہے اسے اس کے فراق کی اسی قدر تکلیف ہوتی ہے جس قدر اس کو اس سے محبت اور اُنس ہوتا ہے اور جو شخص دنیا پر قادر بھی ہو اور اسے دنیا حاصل بھی ہو اس کا اُنس اس شخص کے اُنس سے زیادہ ہوگا جس کے پاس دنیا نہیں ہے اگرچہ وہ اس کی حرص رکھتا ہو۔

---

(۱) کنز العمال جلد ۶ ص ۴۹۲ حدیث ۱۶۶۸۲

(۲) شرح السنۃ للبغوی جلد ۱۴ ص ۳۰۴ حدیث ۴۱۱۲

تو اس تحقیق سے واضح ہوا کہ تمام لوگوں کے لیے دونوں جگہ فقر ہی اشرف، افضل اور اصلح ہے ایک وہ مالداری جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے غنا کی طرح ہو جس میں وجود و عدم دونوں برابر ہیں کیوں کہ یہ غنا اضافہ کا باعث ہے کیوں کہ اس سے فقراء و مساکین کی دعائیں اور باطنی توجہ حاصل ہوتی ہے اور دوسرا مقدار ضرورت سے فقر ہے اور یہ قریب ہے کہ کفر تک چلا جائے اور اس میں کسی اعتبار سے بھی بھلائی نہیں ہے مگر جب یہ (مال) اس کی حیات کو باقی رکھے پھر وہ اپنی زندگی اور قوت کو گناہوں اور کفر پر مدد کے طور پر استعمال کرے اور اگر وہ بھوکا مر جائے تو اس کے گناہ کم ہوں گے تو اس صورت میں زیادہ بہتر یہی ہے کہ بھوکا مر جائے اور جس مال کی طرف مجبور ہے اسے بھی حاصل نہ کرے۔

تو غنا اور فقر کے سلسلے میں یہ تفصیلی بات تھی اب اس فقیر کو دیکھنا ہے جو حریص ہے اور مال کی طلب میں مکمل طور پر مصروف ہے اور اس کا کوئی دوسرا مقصد اور فکر ہی نہیں ہے اور دوسرا وہ غنی جو مال کی حفاظت میں اس سے کم حریص ہے اور اگر اس کے پاس مال نہ رہے تو اسے اس قدر دکھ نہیں ہوتا جس قدر فقیر کو فقر پر پریشانی ہوتی ہے تو یہ بھی قابل غور ہے اور زیادہ ظاہر بات یہی ہے کہ ان دونوں کی اللہ تعالیٰ سے دوری اسی قدر ہے جس قدر مال کے نہ ہونے پر ان کی پریشانی اور دکھ ہے اور جس قدر یہ دکھ کمزور ہوگا اسی قدر ان کو قرب بھی حاصل ہوگا۔ اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

فصل ۵:

فقر میں آداب فقیر

جان لو کہ فقیر کے لیے باطنی اور ظاہری طور پر کچھ آداب ہیں وہ لوگوں سے میل جول کے اعتبار سے بھی ہیں اور اس کے افعال کے حوالے سے بھی پس ان کا لحاظ کرنا چاہیے۔

جہاں تک اس کے باطنی آداب کا تعلق ہے تو وہ اس طرح ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جس فقر میں اسے مبتلا کیا ہے اسے ناپسند نہ کرے یعنی اس اعتبار سے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا فعل ہے اسے ناپسند کرنے والا نہ ہو اگرچہ فقر اسے پسند نہ ہو جس طرح پچھنے لگوانے والا اس عمل کو ناپسند کرتا ہے کیوں کہ اس سے اس کو تکلیف ہوتی ہے لیکن پچھنے لگانے والے کے عمل کو ناپسند نہیں کرتا بلکہ بعض اوقات اس کا احسان مند ہوتا ہے اور یہ کم از کم درجہ ہے جو واجب ہے اور اس کے خلاف کرنا حرام ہے جس سے اعمال بھی ضائع ہو جاتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث شریف کا یہی مطلب ہے آپ نے فرمایا۔

یَا مَعْشَرَ الْفُقَرَاءِ اَعْطُوا اللّٰهَ الرِّضَا مِنْ قُلُوْبِكُمْ	اے فقراء کی جماعت! قلبی طور پر اللہ تعالیٰ سے راضی رہو
تَظْفَرُوْا بِثَوَابِ فَقْرِكُمْ وَاِلَّا فَلَا۔	اپنے فقر کا ثواب پاؤ گے ورنہ تمہیں یہ ثواب نہیں ملے گا۔

اور اس سے بلند ادب یہ ہے کہ فقر کو ناپسند نہ کرے بلکہ اس پر راضی ہو۔ اس سے بھی بلند مرتبہ یہ ہے کہ فقر کا طالب ہو اور اس پر خوش ہو کیوں کہ اسے غنا کی خرابیوں کا علم ہے اور وہ باطنی طور پر اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنے والا ہے اور اس بات

پر پختہ یقین ہو کر جو کچھ اس کے مقدر میں ہے وہ اس تک ضرور پہنچے گا۔ اور ضرورت سے زائد کو ناپسند کرنے والا ہو۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ فقر پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے کچھ سزائیں ہیں اور کچھ انعامات بھی فقر پر ثواب کی علامت یہ ہے کہ اس پر آدمی کی عادت کو اچھا کر دے اور وہ اپنے رب کی اطاعت کرے نیز اس کا شکر بھی ادا کرے اور جب فقر سزا کا باعث بنے تو اس کی علامت یہ ہے کہ آدمی بداخلاق ہو جاتا ہے اور وہ عبادت کو ترک کر کے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتا ہے بارگاہِ خداوندی میں شکایات کرتا ہے اور اس کے فیصلے پر ناراض ہوتا ہے۔

یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ہر فقیر قابلِ تعریف نہیں ہوتا بلکہ وہ فقیر محمود ہے جو ناراض نہیں ہوتا بلکہ راضی ہوتا ہے یا وہ فقر پر خوش ہوتا ہے اس لیے کہ وہ اس کے فوائد سے واقف ہے کیوں کہ کہا گیا ہے کہ بندے کو جب دنیا کی کوئی چیز دی جاتی ہے تو اس سے کہا جاتا ہے کہ اسے تین حصوں پر لو کیونکہ یہ تین باتیں پیش آئیں گی، مشغولیت، فکر اور طویل حساب۔

فقر کے ظاہری آداب یہ ہیں کہ دوسروں کے سامنے دستِ سوال دراز کرنے سے بچے اور اچھی حالت ظاہر کرے شکوہ اور فقر کا اظہار نہ کرے بلکہ اپنے فقر کو چھپائے اور یہ بات بھی سامنے نہ آنے دے کہ وہ فقر کو چھپا رہا ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْفَقِیْرَ الْمُتَعَفِّفَ اَبَا الْعِیَالِ۔ (۱)	بے شک اللہ تعالیٰ ایسے فقیر کو پسند کرتا جو بچنے والا عیال دار ہو۔

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

یَحْسَبُہُمُ الْجَاہِلُ اَغْنِیَاءَ مِنَ التَّعَفُّفِ۔	جاہل لوگ ان کو نہ مانگنے کی وجہ سے مال دار تصور کرتے ہیں۔

حضرت سفیان رحمہ اللہ نے فرمایا کہ مشقت کے وقت اپنے آپ کو اچھی حالت میں ظاہر کرنا سب سے بہتر عمل ہے۔ اور بعض بزرگوں نے فرمایا کہ فقر کو چھپانا نیکی کے خزانوں میں سے ہے۔

اعمال میں فقر کے آداب سے یہ ہے کہ کسی مال دار کی مالداری کی وجہ سے اس کے سامنے تواضع نہ کرے بلکہ اپنے آپ کو اس سے بڑا سمجھے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں مال دار کا فقیر کے لیے تواضع کرنا اچھا ہے تاکہ اسے ثواب حاصل ہو اور اس سے بھی اچھا یہ ہے کہ فقیر اپنے آپ کو غنی سے بڑا سمجھے اور یہ اللہ تعالیٰ پر بھروسے اور توکل کے باعث ہے۔ یہ ایک اعلیٰ مرتبہ ہے اور اس سلسلے میں کم از کم بات یہ ہے کہ مالداروں سے میل جول نہ رکھے اور نہ ہی ان کی مجالس میں رغبت رکھے کیوں کہ یہ طمع کی بنیاد ہے۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۶۲ ا مرویات عیاض بن حمار

(۲) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۷۳

حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب فقیر شخص مال داروں سے میل جول رکھتا ہے تو جان لو کہ یہ ریاکار ہے اور جب وہ بادشاہ سے تعلق رکھے تو سمجھ لو کہ یہ چور ہے بعض عارفین نے فرمایا جب فقیر مالدار لوگوں سے ملتا ہے تو اس کا اعتماد ڈھیلا ہو جاتا ہے اور جب ان سے طمع رکھتا ہے تو اس کی عصمت ختم ہو جاتی ہے اور جب ان میں سکونت اختیار کرتا ہے تو گمراہ ہو جاتا ہے۔

فقیر کو چاہیے کہ مالدار لوگوں کی خاطر اور ان کے عطیات کی طمع کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے ذکر سے خاموشی اختیار نہ کرے۔

افعال میں فقیر کے آداب یہ ہیں کہ فقر کی وجہ سے عبادت میں سستی نہ کرے اور جو کچھ اس کے اخراجات سے بچے چاہے وہ تھوڑا ہی ہو اس کو خرچ کرنے سے دریغ نہ کرے کیوں کہ یہ کم مایہ کی کوشش ہے اور اس کا ثواب ان زیادہ مالوں کے خرچ سے زیادہ ہے جو مالداری کی حالت میں دیئے جائیں۔

حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

دِرْهَمٌ مِنَ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ مِائَةِ أَلْفِ دِرْهَمٍ، قيل وكيف ذلك يارسول الله؟ قَالَ: أَخْرَجَ رَجُلٌ مِنْ عَرَضِ مَالِهِ مِائَةَ أَلْفِ دِرْهَمٍ فَتَصَدَّقَ بِهَا وَأَخْرَجَ رَجُلٌ دِرْهَمًا مِنْ دِرْهَمَيْنِ لَا يَمْلِكُ غَيْرَهُمَا طَيِّبَةً بِهِ نَفْسُهُ فَصَارَ صَاحِبُ الدِّرْهَمِ أَفْضَلَ مِنْ صَاحِبِ الْمِائَةِ أَلْفٍ۔ (1)

صدقے کا ایک درہم اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک لاکھ درہم سے افضل ہے عرض کیا گیا یارسول اللہ! یہ کیسے؟ آپ نے فرمایا ایک شخص اپنے بہت سے مال میں سے ایک لاکھ درہم نکال کر صدقہ کرتا ہے اور دوسرا شخص دو درہموں میں سے ایک درہم خرچ کرتا ہے اور اس کے پاس صرف یہی دو درہم ہیں اور وہ دل کی خوشی سے خرچ کرتا ہے تو یوں ایک درہم خرچ کرنے والا ایک لاکھ درہم خرچ کرنے والے سے افضل ہے۔

اور مناسب یہ ہے کہ مال جمع نہ کرے بلکہ ضرورت کے مطابق رکھے اور باقی اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کر دے اور مال جمع کرنے میں تین درجات ہیں ایک درجہ یہ ہے کہ صرف ایک دن رات کے لیے جمع کرے اور یہ صدیقین کا درجہ ہے دوسرا یہ کہ چالیس دن کے لیے جمع کرے کیوں کہ جو کچھ اس سے زائد ہے وہ طول امید میں داخل ہے اور علماء کرام نے یہ بات حضرت موسیٰ علیہ السلام کی میعاد سے معلوم کی ہے جو اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے مقرر فرمائی تو اس سے زندگی کے لیے چالیس دن کی مہلت سمجھی گئی اور یہ متقی لوگوں کا درجہ ہے۔

تیسرا درجہ یہ ہے کہ ایک سال کے لیے جمع کرے یہ سب سے آخری درجہ ہے اور یہ صالحین کا مقام ہے۔ اور جو شخص اس

---

(1) السنن الکبریٰ للبیہقی جلد ۴ ص ۱۸۱، ۱۸۲ کتاب الزکوٰۃ

سے زائد جمع کرے وہ عوام الناس میں داخل ہے اور خصوصی مقام سے کمل طور پر خارج ہے پس نیک کمزور شخص کا ایک سال کے رزق میں اطمینانِ قلب اس کا غنا ہے اور خاص لوگوں کا چالیس دن میں غنا ہے جب کہ خاص الخاص لوگوں کا غنا ایک دن رات رزق جمع کرنے میں ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج مطہرات کو اسی قسم کی اقسام پر تقسیم کیا بعض امہات المومنین کو آپ ایک سال کا خرچہ عنایت فرماتے جب آپ کے پاس آتا بعض کو چالیس دن کا اور کچھ کو ایک دن رات کا اور یہ آخری تقسیم حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے لیے تھی۔

فصل ۶:

بغیر سوال کے ملنے والے عطیہ کو فقیر قبول کرے تو اس کے آداب

فقیر کے پاس جو کچھ آئے ہیں اس میں تین باتوں کا خیال رکھے ایک نفسِ مال دوسری بات دینے والے کی غرض اور تیسری بات اس کی اپنی غرض جس کے لیے لے رہا ہے۔

مال حلال ہو اور تمام شبہات سے خالی ہو اگر اس میں شبہ ہو تو اس کے لینے سے بچے ہم نے حلال وحرام کے بیان میں شبہات کے درجات لکھے ہیں نیز اس سے اجتناب اور استحباب کا ذکر بھی کیا ہے۔

دینے والے کی غرض صرف یہ ہونی چاہیے کہ اس سے وہ فقیر کا دل خوش کرے اور اس کی محبت کا حصول مقصد ہو اس صورت میں یہ ہدیہ ہوگا اگر ثواب مقصود ہو تو صدقہ یا زکوٰۃ ہوگی یا اس کا مقصد محض شہرت اور ریاکاری ہوگی یا تو محض ریاکاری ہوگی یا اس میں دوسری (مذکورہ بالا) اغراض بھی شامل ہوں گی۔

جہاں تک پہلی بات کا تعلق ہے اور وہ ہدیہ ہے تو اسے قبول کرنے میں کوئی حرج نہیں کیوں کہ ہدیہ قبول کرنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے (۱)

لیکن اس میں احسان نہ جتایا جائے اگر احسان ہو تو چھوڑ دینا زیادہ بہتر ہے اور اگر معلوم ہو کہ اس میں سے بعض مال پر احسان جتایا جا رہا ہے بعض پر نہیں تو بعض کو رد کر دے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گھی، پنیر اور مینڈھا ہدیہ کے طور پر پیش کیا گیا تو آپ نے گھی اور پنیر قبول فرمالی اور مینڈھا واپس کر دیا (۲)

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقۂ مبارکہ تھا کہ بعض لوگوں سے تحفہ قبول کرتے اور بعض کا تحفہ واپس کر دیتے۔ (۳)

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۹۰ مرویات عائشہ

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۷۱ مرویات یعلی بن مرہ

(۳) سنن ابی داؤد جلد ۲ ص ۱۴۲ کتاب البیوع

اور آپ نے فرمایا۔

لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ لَا اَتَّهِبَ اِلَّا مِنْ قُرَشِيٍّ اَوْ ثَقَفِيٍّ اَوْ اَنْصَارِيٍّ اَوْ دَوْسِيٍّ۔ (۱)

میں نے ارادہ کیا ہے کہ میں کسی سے ہبہ قبول نہ کروں سوائے قرشی، ثقفی، انصاری یا دوسی کے (قبیلہ قریش، بنو ثقیف، انصار اور قبیلہ دوس کے لوگ مراد ہیں)

تابعین کی ایک جماعت نے بھی اسی طرح کیا ہے۔

حضرت فتح موصلی کے پاس ایک تھیلی آئی جس میں پچاس درہم تھے تو انہوں نے فرمایا ہم سے حضرت عطاء نے بیان کیا وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا۔

مَنْ اَتَاهُ رِزْقٌ مِنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ فَرَدَّهُ فَاِنَّمَا يَرُدُّهُ عَلَى اللهِ۔ (۲)

جس شخص کے پاس مانگنے کے بغیر رزق آئے اور وہ اسے لوٹا دے تو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹا رہا ہے (یعنی قبول کرنا چاہیے)

پھر انہوں نے تھیلی کھولی اور اس سے ایک درہم لیا اور باقی لوٹا دیئے۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ بھی یہ حدیث روایت کیا کرتے تھے لیکن ان کے پاس ایک شخص ایک تھیلی اور خراسان کے باریک کپڑوں کی ایک گٹھڑی لایا تو آپ نے واپس کر دیا اور فرمایا جو شخص میرے اس منصب پر فائز ہو اور لوگوں سے اس قسم کے تحفے قبول کرے وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے اس طرح ملاقات کرے گا کہ اس کے لیے کوئی حصہ نہ ہوگا۔

یہ اس بات کی دلیل ہے کہ عطیات قبول کرنے میں عالم اور واعظ کا معاملہ بہت سخت ہے اور حضرت حسن بصری رحمہ اللہ دوستوں سے ہدیہ قبول فرماتے تھے۔

حضرت ابراہیم تیمی رحمہ اللہ اپنے دوستوں سے ایک دو درہم بھی مانگ لیتے لیکن دوسرے ان کی خدمت میں سینکڑوں درہم بھی پیش کرتے تو قبول نہ کرتے۔

بعض بزرگوں کا یہ طریقہ تھا اگر ان کا کوئی دوست ان کو کچھ دیتا تو فرماتے میں اس کو تیرے پاس چھوڑتا ہوں اب تم دیکھو اگر اس کے قبول کرنے کے بعد تمہارے دل میں میرا مقام پہلے سے زیادہ ہو تو مجھے بتا دینا میں لے لوں گا ورنہ نہیں۔

اور اس کی علامت یہ ہے کہ اگر وہ واپس کرنا چاہے تو واپس کرنا مشکل ہو اور قبول کرنے پر خوش ہو اور اپنے اوپر دوست کا احسان سمجھے کہ اس نے قبول کیا اور اگر معلوم ہو کہ اس میں احسان بھی ملا ہوا ہے تو لینا جائز ہوگا لیکن صادق فقراء کے

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۲۹۵ مرویات ابن عباس

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۲۲۱ مرویات خالد بن عدی جھنی

نزدیک مکروہ ہے۔

حضرت بشر رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت سری سقطی رحمہ اللہ کے علاوہ کسی سے کوئی ہدیہ قبول نہیں کیا کیوں کہ میرے نزدیک ان کا دنیا سے زہد صحیح ثابت ہے اور جب ان کے ہاتھ سے کوئی چیز جاتی ہے تو وہ خوش ہوتے ہیں اور جب ان کے پاس باقی رہے تو پریشان ہوتے لہذا میں ان کی پسندیدہ بات پر ان کی مدد کرتا ہوں۔

ایک خراسانی، حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ کے پاس مال لے کر آیا اور کہا کہ آپ اسے کھائیں انہوں نے فرمایا فقراء پر تقسیم کر دو انہوں نے کہا میرا یہ مقصد نہیں ہے حضرت جنید نے فرمایا میں کب تک زندہ رہوں گا کہ اسے کھاؤں گا اس نے کہا اسے سرکے اور سبزیوں پر خرچ کریں بلکہ مٹھائی اور پھلوں وغیرہ کے لیے خرچ کریں آپ نے قبول کر لیا خراسانی نے کہا بغداد میں آپ سے زیادہ مجھ پر احسان کرنے والا کوئی نہیں۔ حضرت جنید رحمہ اللہ نے فرمایا تمہارے علاوہ کسی سے ہدیہ قبول کرنا مناسب ہی نہیں۔

دوسرا یہ کہ محض ثواب کے لیے دے تو یہ صدقہ ہوگا یا زکوٰۃ اب اسے چاہیے کہ اپنے آپ کو دیکھے کہ کیا وہ زکوٰۃ کا مستحق ہے؟ اگر اس پر مشتبہ ہو جائے تو وہ محل مشتبہ ہے ہم نے اسرار زکوٰۃ کے بیان میں اس کی تفصیل ذکر کی ہے۔

اور اگر صدقہ ہو اور اس (فقیر) کے دیندار ہونے کی وجہ سے دیا ہو تو اپنے باطن پر نظر کرے اگر کسی گناہ کا مرتکب ہوا ہے اور اسے معلوم ہے کہ اگر دینے والے کو اس بات کا علم ہو جائے تو وہ اس سے طبعی طور پر نفرت کرے اور صدقہ کے ذریعے تقرب خداوندی حاصل نہ کرے تو اس صورت میں لینا حرام ہے جیسے وہ اس خیال سے دے کہ یہ عالم ہے یا علوی، حالانکہ وہ اس صفت سے موصوف نہیں ہے تو بلاشبہ لینا حرام ہے۔

• تیسرا یہ کہ اس کی غرض ریاکاری اور شہرت ہو تو اسے چاہیے کہ اس کے فاسد ارادے کو رد کر دے اور قبول نہ کرے کیوں کہ یہ اس کی فاسد غرض پر مدد کرنا ہے۔ حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ کو جو کچھ دیا جاتا واپس کر دیتے اور فرماتے اگر مجھے معلوم ہوتا کہ یہ لوگ اس کا ذکر فخر کے طور پر نہیں کریں گے تو میں لے لیتا۔

کسی بزرگ پر لوگوں نے عتاب کیا کہ جو کچھ لوگ آپ کو دیتے ہیں آپ اسے کیوں واپس کر دیتے ہیں تو انہوں نے فرمایا میں ان پر شفقت اور نصیحت کے طور پر واپس کرتا ہوں کیوں کہ وہ اس کا تذکرہ کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ اس کی شہرت ہو اس طرح ان کا مال بھی جاتا ہے اور ثواب بھی ضائع ہوتا ہے۔

• جہاں تک اس کے لینے کی غرض ہے تو اسے چاہیے کہ دیکھے کیا وہ ضروری اخراجات کے لیے اس کا محتاج ہے یا نہیں اگر محتاج ہے تو وہ شبہ اور ان آفات سے محفوظ ہو گیا جو ہم نے دینے والے کے بارے میں ذکر کی ہیں لہذا لینا افضل ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَا الْمُعْطِیْ مِنْ سَعَةٍ بِاَعْظَمَ اَجْرًا مِنْ   وسعت کی حالت میں دینے والے کو اس لینے والے سے

اَلْآخِذِ اِذَا کَانَ مُحْتَاجًا۔ (۱)

زیادہ ثواب نہیں ملتا جو محتاج ہو۔

اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ اَتَاہُ شَیْءٌ مِّنْ ھٰذَا الْمَالِ مِنْ غَیْرِ مَسْأَلَۃٍ وَلَا اسْتِشْرَافٍ فَاِنَّمَا ھُوَ رِزْقٌ سَاقَہُ اللّٰہُ اِلَیْہِ۔ (۲)

جس شخص کے پاس اس مال میں سے کچھ سوال کرنے اور مانگنے کے بغیر آئے تو وہ رزق ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس کی طرف بھیجا ہے۔

اور ایک حدیث میں یہ الفاظ بھی ہیں "فَلَا یَرُدَّہٗ" (۳) پس وہ اسے واپس نہ کرے بعض علماء فرماتے ہیں جس شخص کو دیا جائے اور وہ نہ لے تو وہ سوال کرے گا لیکن اسے نہیں دیا جائے گا۔

حضرت سری سقطی رحمہ اللہ حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کے پاس کچھ بھیجا کرتے تھے آپ نے ایک مرتبہ واپس کر دیا تو حضرت سری رحمہ اللہ نے فرمایا اے احمد! لوٹانے کی آفت سے بچو کیوں کہ یہ لینے کی آفت سے زیادہ ہے حضرت امام احمد نے ان سے فرمایا دوبارہ فرمائیے انہوں نے دوبارہ وہی کلمات کہے تو حضرت امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا میں نے اس لیے واپس کیا ہے کہ میرے پاس ایک مہینے کی غذا موجود ہے لہٰذا آپ اسے میرے کھاتے میں اپنے پاس جمع کریں اور ایک مہینے کے بعد مجھے بھیج دیں۔

بعض علماء نے فرمایا کہ حاجت کے باوجود واپس لوٹانے کی صورت میں اس بات کا ڈر ہے کہ کہیں اسے طمع میں مبتلا کرنے یا شبہ وغیرہ میں ڈالنے کی سزا نہ دے اور اگر وہ حاجت سے زیادہ ہو تو دو حال سے خالی نہ ہو گا یا تو اپنی ذات میں مشغول ہو گا یا فقراء کے امور کا کفیل اور ان پر خرچ کرنے والا ہو کہ اپنی طبعی نرمی اور سخاوت کی وجہ سے ان کو دیا کرتا ہے تو اب دیکھیں گے اگر اپنی ذات میں مشغول ہے تو اسے لینے اور اپنے پاس روکنے کا کوئی جواز نہیں اگر وہ آخرت کے طریقے کا طالب ہے کیوں کہ یہ محض نفسانی خواہش ہے اور جو عمل اللہ تعالیٰ کے لیے نہ ہو وہ شیطان کے راستے میں ہوتا ہے یا اس کی طرف بلانے والا ہوتا ہے اور جو شخص سرکاری چراہ گاہ کے قریب چراتا ہے قریب ہے کہ وہ اس کے اندر چلا جائے۔

پھر اس لینے کی بھی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ علانیہ لیتا ہے اور دوسری صورت یہ ہے کہ پوشیدہ طور پر لیتا ہے یا لیتا تو علانیہ ہے لیکن تقسیم پوشیدہ طور پر کرتا ہے اور یہ صدیقین کا مقام ہے اور نفس پر گراں گزرتا ہے اس کی طاقت صرف ان لوگوں کو ہوتی ہے جن کے ساتھ اطمینان ہو دوسری صورت یہ ہے کہ نہ لے تاکہ مالک اسے کسی زیادہ محتاج شخص کو دے

---

(۱) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۱۲ ص ۲۲۳ حدیث ۱۳۵۶۰

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۲۱ حدیث خالد بن عدی الجہنی

(۳) " " " " "

یا خود دے کر ایسے شخص تک پہنچائے جو اس سے زیادہ محتاج ہو پس یہ دونوں کام پوشیدہ طور پر کرے یا ظاہراً، اور کیا لیتے وقت ظاہر کرنا افضل ہے یا پوشیدہ رکھنا، یہ بات ہم نے زکوٰۃ کے اسرار کے بیان میں ذکر کی ہے اور اس کے ساتھ ہی فقر کے احکام بھی نقل کئے ہیں لہٰذا وہاں سے معلوم کریں۔

حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کے حضرت سری سقطی رحمہ اللہ سے قبول نہ کرنے کی وجہ یہ تھی کہ وہ مستغنی تھے کیوں کہ ان کے پاس ایک مہینے کی روزی تھی اور وہ اس بات کو پسند نہیں کرتے تھے کہ وہ اسے لے کر دوسروں پر صرف کریں کیوں کہ اس میں بہت سی آفات اور خطرات ہیں۔ اور ورع (تقویٰ) آفات کے مقامات سے بچنے کا نام ہے کیوں کہ شیطان کے مکر سے بے خوفی نہیں ہو سکتی۔

مکہ مکرمہ کے ایک مجاور بتاتے ہیں کہ میرے پاس کچھ درہم تھے جو میں نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنے کے لیے رکھے ہوئے تھے میں نے ایک فقیر کو سنا جو طواف سے فارغ ہو چکا تھا اور آہستہ آواز سے کہہ رہا تھا میں بھوکا ہوں جیسا کہ تو جانتا ہے میں ننگا ہوں جیسا کہ تو دیکھتا ہے جو کچھ تو دیکھتا ہے وہ دیکھا نہیں جاتا اے وہ جو دیکھتا ہے لیکن دکھائی نہیں دیتا۔ وہ کہتے ہیں میں نے دیکھا تو اس پر دو پرانے کپڑے تھے جو اس کے جسم کو نہیں ڈھانپ رہے تھے میں نے دل میں کہا کہ میرے درھموں کا اس سے بہتر مصرف نہیں ہے چنانچہ میں نے وہ دراہم اسے دے دیئے اس نے ان کو دیکھ کر ان میں سے پانچ درھم لے لیے اور کہنے لگا چار درھموں کی دو چادریں آجائیں گی اور ایک درھم کو میں تین دن خرچ کروں گا اس کے علاوہ کی مجھے حاجت نہیں ہے چنانچہ اس نے وہ درھم واپس کر دیئے۔

راوی بیان کرتے ہیں دوسری رات میں نے اسے دیکھا کہ اس کے اوپر دو نئی چادریں ہیں تو میرے دل میں کچھ وسوسہ پیدا ہوا اس نے میری طرف دیکھا اور میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے طواف کے سات چکر لگوائے ہر چکر میں ایک نئے قسم کے جوہر کی زمین کی کانوں میں سے ہمارے پاؤں کے نیچے سے ٹخنوں تک جھنکار سنائی دیتی، ان میں سونا بھی تھا، چاندی بھی، یاقوت موتی اور جواہر وغیرہ سب کچھ تھا لیکن لوگوں کو نظر نہیں آتا تھا اس نے کہا اللہ تعالیٰ نے یہ سب کچھ مجھے دیا ہے لیکن میں نے ان سے بے رغبتی اختیار کی ہے اور میں لوگوں کے ہاتھوں سے لیتا ہوں کیوں کہ یہ سب کچھ بوجھ اور فتنہ ہے اور اس لینے میں لوگوں کے لیے رحمت اور نعمت ہے۔

اس بات کا مقصد یہ ہے کہ حاجت سے زیادہ جو کچھ تمہارے پاس آتا ہے وہ آزمائش اور فتنے کے طور پر آتا ہے تاکہ اللہ تعالیٰ دیکھے کہ تم اس میں کیسا عمل کرتے ہو اور حاجت کے مطابق تمہارے پاس نرمی اور آسانی کے طور پر آتا ہے پس تجھے آسانی اور آزمائش میں فرق سے غافل نہیں ہونا چاہیے۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

إِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْأَرْضِ زِينَةً لَّهَا   جو کچھ زمین پر ہے ہم نے اسے اس کے لیے زینت بنایا

لِيَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلاً۔ (۱)
تاکہ ہم لوگوں کو آزمائیں کہ ان میں کون اچھے اعمال کرتا ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَاحَقَّ لِابْنِ آدَمَ اِلَّا فِی ثَلَاثٍ طَعَامٍ يُقِيْمُ صُلْبَهٗ وَثَوْبٍ يُوَارِیْ عَوْرَتَهٗ وَبَيْتٍ يُكِنُّهٗ فَمَا زَادَ فَهُوَ حِسَابٌ۔ (۲)
انسان کا حق صرف تین چیزوں میں ہے کھانا جو اس کی پیٹھ کو سیدھا رکھے لباس جو اس کی شرمگاہ کو چھپائے اور گھر جو اسے پناہ دے جو کچھ اس سے زائد ہے اس کا حساب ہوگا۔

پس جو کچھ تم ان تین چیزوں میں سے حاجت کے مطابق لو گے اس پر تمہیں ثواب ہوگا اور جو اس سے زائد لو گے اس کی دو صورتیں ہیں اگر تم نے اس میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کی تو وہ حساب کے لیے پیش ہوگا اور اگر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کر کے مال حاصل کیا ہے تو تمہیں عذاب کا سامنا کرنا پڑے گا۔

آزمائش کا ایک طریقہ یہ ہے کہ آدمی اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے اور اپنے نفس کی صفت کو توڑنے کے لیے کسی لذت کو چھوڑ دے پھر وہ لذت صاف ستھری ہو کر آئے تا کہ اس کی قوتِ عقل کا امتحان ہے تو اس لذت کو چھوڑنا زیادہ بہتر ہے کیوں کہ جب نفس کو کسی ارادے کے توڑنے کی اجازت دی جائے تو اسے وعدہ توڑنے کی عادت پڑ جاتی ہے اور نفس کو دبانا ممکن نہیں رہتا لہٰذا اس عادت کو رد کر دینا ضروری ہے اور یہی زہد ہے اگر تم مال لے کر کسی محتاج پر خرچ کر دو تو یہ انتہائی درجے کا زہد ہے اور اس پر صرف صدیقین ہی قادر ہوتے ہیں۔

اور جب تمہاری حالت، سخاوت کرنے، خرچ کرنے، فقراء کے حقوق کی کفالت کرنے اور صلحاء کی ایک جماعت کا خیال رکھنے کی ہو تو تم حاجت سے زائد لے لو کیوں کہ یہ فقراء کی حاجت سے زیادہ نہیں ہے اور اسے خرچ کرنے میں جلدی کرو اسے جمع کر کے نہ رکھو کیوں کہ اس کو روک رکھنے میں فتنہ اور آزمائش ہے چاہے ایک رات ہی کیوں نہ ہو بعض اوقات تمہارا دل اسے اچھا سمجھے گا اور تم اسے روک لو گے تو یہ تمہارے لیے فتنے کا باعث ہوگا۔

ایک جماعت نے فقراء کی خدمت کا قصد کیا تو اسے مال کی کثرت اور عیش و عشرت کے کھانے پینے کا ذریعہ بنا لیا اور یہی ہلاکت ہے اور جو شخص اس کام سے فقراء پر آسانی اور ثواب حاصل کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو اسے چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ پر صحیح عقیدہ رکھتے ہوئے قرض لے ظالم بادشاہوں پر اعتماد نہ کرے اگر اللہ تعالیٰ اسے حلال مال عطا فرمائے تو قرض ادا کرے اور اگر ادائیگی سے پہلے مر گیا تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف سے ادا کر دے گا اور اس کے قرض خواہوں کو راضی کر دے گا اور اس کیلئے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ کہف آیت ۷

(۲) جامع ترمذی ص ۳۴۴، ابواب الزہد

شرط یہ ہے کہ قرض دینے والے کے لیے اس کی حالت واضح ہو پس قرض خواہ کو دھوکہ نہ دے اور وعدوں پر ٹالنے کے لیے اسے دھوکے میں نہ رکھے بلکہ اپنا حال اس کے سامنے کھول کر رکھ دے تاکہ وہ علی وجہ البصیرت اسے قرض دے اور اس قسم کے لوگوں کا قرض بیت المال سے ادا کرنا ضروری ہے یا زکوٰۃ کے مال سے دیا جائے ارشاد ربانی ہے۔

وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنْفِقْ مِمَّا آتَاهُ اللّٰهُ۔ (۱)

اور جس شخص پر اس کا رزق تنگ ہو گیا تو اسے چاہیے کہ اس میں سے خرچ کرے جو اللہ تعالیٰ نے اسے دیا۔

کہا گیا اس کا مطلب یہ ہے کہ اپنا ایک کپڑا بیچ دے اور کہا گیا کہ اس کا معنی یہ ہے کہ اپنی شخصیت کی بنیاد پر قرض لے تو یہ وہ ہے جو اسے اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا۔

بعض بزرگوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو اپنے سرمایہ کے مطابق خرچ کرتے ہیں اور بعض وہ ہیں جو اس اندازے پر خرچ کرتے ہیں جس قدر ان کو اللہ تعالیٰ کے بارے میں حسنِ ظن ہوتا ہے۔

ایک بزرگ فوت ہوئے تو انہوں نے اپنے مال کے تہائی حصے کی اقویاء (مضبوط لوگوں) سخیوں اور مالدار لوگوں کے لیے وصیت کی پوچھا گیا یہ کون لوگ ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا اقویاء وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ پر توکل کرتے ہیں اور سخی وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کے بارے میں حسن ظن رکھتے ہیں اور غنی وہ لوگ ہیں جو سب کچھ چھوڑ کر اللہ تعالیٰ سے اپنا تعلق قائم کر لیتے ہیں۔

پس جب فقیر میں، مال میں اور دینے والے میں مذکورہ بالا شرائط پائی جائیں تو وہ ہدیہ قبول کرے اور اسے یہ عقیدہ رکھنا چاہیئے کہ جو کچھ ملا ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملا ہے بندے کی طرف سے نہیں ملا۔ کیوں کہ دینے والا تو ایک واسطہ ہے جو عطا کے لیے مسخر کیا گیا ہے اور اس پر جو کام مسلط کیا گیا ہے اس کے لیے وہ مجبور ہے مثلاً اس کے دل میں جو ارادہ یا اعتقاد یا داعیہ پیدا ہوا۔

منقول ہے کہ کسی شخص نے حضرت شفیق بلخی رحمہ اللہ کو ان کے پچاس ساتھیوں سمیت دعوت دی اس نے اچھا دستر خوان بچھایا جب وہ بیٹھ گئے تو اپنے ساتھیوں سے فرمایا یہ ایک ایسے شخص کی طرف سے ہے جو کہتا ہے کہ جو شخص اس کو میری طرف سے نہیں سمجھے گا کہ میں نے اسے بنایا اور پیش کیا ہے تو اس پر میرا یہ کھانا حرام ہے یہ سن کر وہ سب اٹھ کھڑے ہوئے اور باہر نکل گئے البتہ ایک نوجوان بیٹھا رہا جو ان سے کم درجہ کا تھا۔ صاحب خانہ نے حضرت شفیق رحمہ اللہ سے کہا میں نے تو یہ ارادہ نہیں کیا تھا؟ انہوں نے فرمایا میں نے اپنے ساتھیوں کے عقیدۂ توحید کو آزمانا چاہا تھا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بارگاہ خداوندی میں عرض کیا یا اللہ! تو نے میرا رزق بنی اسرائیل کے ہاتھ میں رکھا ہے یہ صبح و شام مجھے کھانا دیتے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ میں اپنے دوستوں کے ساتھ اسی طرح کرتا ہوں میں ان کا رزق

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ طلاق آیت ۷

اپنے بندوں میں سے اہل باطل کے پاس رکھتا ہوں تاکہ ان کو اس کا اجر ملے۔ لہذا دینے والے کو یہی خیال کرنا چاہیئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مامور ہے اور اسے اجر ملے گا ۔ ہم اللہ تعالیٰ سے اس کے پسندیدہ اعمال کی اچھی توفیق کا سوال کرتے ہیں۔

فصل ملک :

ضرورت کے بغیر سوال حرام ہے اور مجبور فقیر کے آداب

سوال کرنے کے بارے میں بہت زیادہ ممانعت آئی ہے اور اس سلسلے میں اجازت بھی دی گئی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لِلسَّائِلِ حَقٌّ وَلَوْ جَاءَ عَلَى فَرَسٍ۔ (۱) مانگنے والے کا حق ہے اگرچہ گھوڑے پر آئے۔

ایک دوسری حدیث شریف میں ہے۔

رُدُّوا السَّائِلَ وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ۔ (۲) سائل کا سوال پورا کرو اگرچہ جلے ہوئے کھر کے ساتھ ہو۔

اگر مانگنا مطلقاً حرام ہوتا تو جو شخص اپنے دشمنوں پر زیادتی کرتا ہے اس کی مدد جائز نہ ہوتی اور عطا کرنا مدد ہے۔ تو اس سلسلے میں وضاحت یہ ہے کہ اصل کے اعتبار سے سوال حرام ہے اور ضرورت کے تحت یا کسی اہم حاجت کی صورت میں جو ضرورت کے قریب ہے، مانگنا جائز ہے اگر اس سے بچ سکتا ہو تو سوال حرام ہو گا ہم نے یہ کہا کہ اصل میں سوال حرام ہے کیوں کہ مانگنے کی صورت میں تین حرام کام کرنا پڑتے ہیں۔

مانگنے کی تین خرابیاں

پہلا کام - اللہ تعالیٰ پر شکوہ کا اظہار، کیوں کہ سوال فقر کا اظہار ہے اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کی کمی کا ذکر عین شکوہ ہے اور جس طرح کسی مملوک غلام کا مانگنا اپنے مالک پر طعن و تشنیع ہے اسی طرح بندوں کا سوال کرنا اللہ تعالیٰ کی ذات پر طعن ہے اور یہ کام حرام ہے اور ضرورت کے بغیر ایسا کرنا جائز نہیں جیسا کہ مردار ضرورت کے وقت ہی حلال ہوتا ہے۔

دوسرا کام : مانگنے میں غیر خدا کے سامنے ذلت اختیار کرنا ہے اور مومن کے لیے جائز نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کے سامنے ذلیل و رسوا ہوتا پھرے بلکہ اسے چاہیئے کہ اپنے آقا کے سامنے ہی عاجزی اختیار کرے کیوں کہ اس میں اس کی عزت ہے باقی تمام لوگ اس کی طرح بندے ہیں لہذا ضرورت کے بغیر ان کے سامنے ذلت و رسوائی اختیار نہ کرے۔

اور سوال کرنے میں مسئول عنہ (جس سے سوال کیا گیا) کی نسبت سائل کی ذلت ہے۔

---

(۱) سنن ابی داؤد جلد اول ص ۲۳۵ کتاب الزکوٰۃ

(۲) سنن ابی داؤد جلد اول ص ۲۳۵ کتاب الزکوٰۃ

تیسرا کام: عام طور پر مانگنے والے کو مسئول عنہ کی طرف سے اذیت پہنچتی ہے کیوں کہ بعض اوقات وہ دل کی خوشی سے خرچ کرنا نہیں چاہتا پس اگر وہ سائل سے حیا کرتے ہوئے یا ریاکاری کے طور پر خرچ کرے تو یہ لینے والے پر حرام ہے اور اگر وہ منع کرے تو بعض اوقات وہ حیا کرتے ہوئے منع کرتے وقت اپنے نفس میں اذیت محسوس کرتا ہے کیوں کہ اپنے آپ کو بخیل کی شکل میں دیکھتا ہے کہ خرچ کرنے میں مال کا نقصان ہے اور منع کرنے میں عزت کا نقصان ہے اور یہ دونوں کام اذیت ناک ہیں اور سائل ہی ایذا کا سبب بنتا ہے اور ایذا رسانی ضرورت کے بغیر حرام ہے۔

اب جب تم ان تینوں ممنوع باتوں کو سمجھ گئے تو تمہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کی سمجھ بھی آ گئی ہوگی کہ آپ نے فرمایا۔

مَسْأَلَةُ النَّاسِ مِنَ الْفَوَاحِشِ مَا اُحِلَّ مِنَ الْفَوَاحِشِ غَيْرُهَا۔ (۱)

لوگوں سے مانگنا فاحش کاموں سے ہے اور فواحش میں سے صرف یہی جائز ہے۔

تو دیکھئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگنے کو فاحشہ (بے حیائی کا کام) قرار دیا اور یہ بات مخفی نہیں ہے کہ فاحش کام ضرورت کے وقت ہی جائز ہوتا ہے جیسے کسی آدمی کا لقمہ پھنس جائے اور اس کے پاس شراب کے سوا کچھ نہ ہو (تو اسے استعمال کر سکتا ہے)

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ سَأَلَ عَنْ غِنًى فَإِنَّمَا يَسْتَكْثِرُ مِنْ جَمْرِ جَهَنَّمَ۔ (۲)

جو شخص مال دار ہونے کے باوجود مانگتا ہے وہ جہنم کے انگارے زیادہ کرتا ہے۔

اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ سَأَلَ وَلَهُ مَا يُغْنِيهِ جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَوَجْهُهُ عَظْمٌ يَتَقَعْقَعُ وَلَيْسَ عَلَيْهِ لَحْمٌ۔ (۳)

جو شخص بے نیازی کے باوجود مانگتا ہے وہ قیامت کے دن یوں آئے گا کہ اس کا چہرہ ایک ہڈی ہوگی جو حرکت کرے گی اور اس پر گوشت نہیں ہوگا۔

دوسری روایت میں اس طرح ہے۔

وَكَانَتْ مَسْأَلَتُهُ خُدُوشًا وَكُدُوحًا

اور اس کا سوال اس کے چہرے پر خراشیں بن

---

(۱)

(۲) صحیح مسلم جلد اول ص ۳۳۳ کتاب الزکوٰۃ

(۳) المستدرک للحاکم جلد اول ص ۴۰۷ کتاب الزکوٰۃ

فِیْ وَجْہِہٖ (۱)   جائے گا۔

تو یہ الفاظ مانگنے کی حرمت اور سختی میں واضح ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جماعت کو اسلام پر بیعت فرمایا تو ان پر سننے اور ماننے کی شرط رکھی پھر ان سے ایک ہلکا سا کلمہ فرمایا۔

وَلَا تَسْأَلُوا النَّاسَ شَیْئًا۔ (۲)   اور لوگوں سے کچھ نہ مانگنا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عام طور پر سوال سے بچنے کا حکم دیتے اور فرماتے۔

مَنْ سَأَلَنَا اَعْطَیْنَاہُ وَمَنِ اسْتَغْنٰی اَغْنَاہُ اللّٰہُ وَمَنْ لَّمْ یَسْأَلْنَا فَہُوَ اَحَبُّ اِلَیْنَا۔ (۳)   جو شخص ہم سے مانگے گا ہم اسے دیں گے اور جو بے نیازی اختیار کرے اللہ تعالیٰ اسے بے نیاز کر دے گا اور جو آدمی ہم سے سوال نہ کرے وہ ہمیں زیادہ پسند ہے

اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

اِسْتَغْنُوْا عَنِ النَّاسِ وَمَا قَلَّ مِنَ السُّؤَالِ فَہُوَ خَیْرٌ۔   لوگوں سے بے نیاز رہو (سوال نہ کرو) اور جس قدر سوال کم ہو (اسی قدر) بہتر ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ سے بھی؟ آپ نے فرمایا ہاں مجھ سے بھی۔ (۴) (تواضع کے طور پر یا تعلیم کے لیے فرمایا)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو (نماز) مغرب کے بعد سوال کرتے ہوئے سنا تو اپنی قوم کے ایک شخص سے فرمایا اسے کھانا کھلاؤ اس نے کھانا کھلایا آپ نے دوبارہ سوال کرتے ہوئے سنا تو فرمایا کیا میں نے تمہیں نہیں کہا تھا کہ اسے کھانا کھلاؤ اس نے عرض کیا میں نے اسے کھانا کھلا دیا ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے دیکھا تو اس شخص کی بغل میں روٹیوں سے بھرا ہوا توبرا تھا آپ نے فرمایا تم سائل نہیں بلکہ تاجر ہو پھر آپ نے اس سے لے کر صدقہ کے اونٹوں کے سامنے ڈال دیا اور اسے دُرّے سے مارا اور فرمایا آئندہ ایسا نہ کرنا —— اگر مانگنا حرام نہ ہوتا تو آپ اسے نہ مارتے اور نہ ہی اس کا توبرا لیتے۔

شاید کوئی کم عقل تنگ حوصلے والا شخص اعتراض کرے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی طرف اس عمل کی نسبت عقل سے

---

(۱) سنن ابی داؤد جلد اول ص ۲۳۲ کتاب الزکوٰۃ

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۲۷ مرویات عوف بن مالک

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۴۴ مرویات ابو سعید خدری

(۴) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۱۱ ص ۳۴۴ حدیث ۱۲۲۵۷

بعید ہے آپ کا مارنا تادیب ہے اور شریعت میں تعزیر کا حکم آیا اور اس کا مال لینا بطور جرمانہ تھا اور شریعت میں مال کے ساتھ سزا جائز نہیں ہے تو آپ نے اس بات کو کیسے جائز سمجھ لیا ایسا اعتراض کرنے والے فقہ کم جانتے ہیں فقہاء کی فقہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے سامنے کیا ہے آپ جس قدر اللہ تعالیٰ کے دین کی سمجھ رکھتے تھے اور بندوں کے مصالح سے آگاہ تھے ان لوگوں کو کہاں حاصل ہے تمہارا کیا خیال ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو یہ بات معلوم نہ تھی کہ مالی سزا جائز نہیں یا ان کو معلوم تو تھا لیکن انہوں نے غصے میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی یا آپ نے مصلحت کے تحت جھڑکنے کے لیے وہ راستہ اختیار کیا جو نبی کی شریعت کے خلاف ہے یہ کیسے ہو سکتا ہے یہ بھی تو گناہ ہے بلکہ آپ کے لیے جو فقہ واضح ہوئی وہ یہ تھی کہ آپ نے اس کو سوال سے مستغنی خیال کیا اور جان لیا کہ اسے جو کوئی کچھ دیتا تھا وہ اس کو محتاج سمجھ کر دیتا تھا حالانکہ وہ جھوٹا تھا اس لیے جو کچھ وہ دھوکہ دہی کے ذریعے حاصل کرتا تھا وہ اس کی ملک میں داخل نہیں ہوا۔ اور ان چیزوں کے مالکوں کو تلاش کرنا ممکن نہ تھا کہ ان تک لوٹایا جاتا کیوں کہ بعینہٖ ان کی پہچان نہ ہو سکی۔ تو اس مال کا کوئی مالک نہ رہا لہٰذا مسلمانوں کے مصالح پر خرچ کرنا واجب تھا اور اونٹ اور ان کا چارہ مسلمانوں کے مصالح میں سے ہے۔

سائل نے جھوٹ کے ذریعے اپنی حاجت کو ظاہر کیا تو اس کی مثال اس طرح ہے جیسے کوئی شخص علوی بن کر حاصل کرے حالانکہ وہ علوی نہیں ہے تو وہ جو کچھ لے گا اس کا مالک نہیں ہوگا اسی طرح ایک صوفی جو بظاہر صالح ہے اور اس کی صالحیت کی وجہ سے اسے دیا جاتا ہے لیکن وہ باطنی طور پر گناہوں کا مرتکب ہوتا ہے اور اگر دینے والے کو اس بات کا علم ہو جائے تو وہ اسے ہرگز نہ دے۔ اور ہم نے کئی جگہ لکھا ہے کہ جو کچھ وہ اس طریقے پر لیتے ہیں وہ اس کے مالک نہیں ہوتے اور یہ مال ان پر حرام ہے اور ان پر لازم ہے کہ اسے مالک کی طرف لوٹا دیں۔

پس تم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے فعل سے اس معنیٰ کی صحت پر استدلال کرو جس سے بہت سے فقہاء غافل ہیں اور ہم نے متعدد مقامات پر اس کا ذکر کیا اور فقہ سے اپنی غفلت کے باعث حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے فعل کو باطل قرار نہ دو (حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بطور تنبیہ اس کو سزا دی اور روٹیاں واپس لیں)

پس جب تمہیں معلوم ہو گیا کہ ضرورت کے تحت سوال جائز ہے تو جان لو کہ کسی چیز کے لیے آدمی مجبور ہوتا ہے یا اس کی سخت حاجت ہوتی ہے یا معمولی حاجت ہوتی ہے یا اس سے بے نیاز ہوتا ہے تو یہ چار حالتیں ہیں پہلی حالت یعنی جب مجبور ہو (جسے حالت اضطرار کہتے ہیں) جیسے کسی شخص کو اپنے نفس پر موت یا بیماری کا ڈر ہو یا وہ ننگا ہے اور اس کے پاس بدن ڈھانپنے کے لیے کچھ نہیں تو اس صورت میں سوال جائز ہے جب مسئول میں باقی شرائط پائی جائیں اور وہ اس کے سوال پر دل سے راضی بھی ہو نیز سائل کمانے سے عاجز بھی ہو کیوں کہ جو شخص کما سکتا ہے لیکن نکما پھرتا ہے اسے سوال کرنے کی اجازت نہیں ہے البتہ اس کا تمام وقت حصول علم میں خرچ ہو جاتا ہو تو جائز ہے اور جو شخص لکھنا جانتا ہو وہ کتابت کے ذریعے کمانے پر قادر ہے اور جو شخص (سوال سے) بے نیاز ہو کر کچھ مانگے اور اس کے پاس اس مال کی مثل یا کوئی مثل چیز موجود ہے تو اس کے لیے مانگنا قطعی طور

پر حرام ہے اور یہ دونوں قسمیں واضح ہیں۔

دوسری حالت یعنی جب سخت حاجت ہو جیسے مریض کو دوائی کی ضرورت ہے لیکن اسے دوائی استعمال نہ کرنے سے ہلاکت وغیرہ کا خوف ہوتا ہے لیکن زیادہ خطرہ نہیں ہوتا یا ایک آدمی کے جسم پر کوٹ ہے لیکن اس کے نیچے قمیص نہیں ہے اور سردیوں کا موسم ہے اسے سردی سے اذیت پہنچتی ہے لیکن ضرورت کی حد پیدا نہیں ہوتی اسی طرح ایک آدمی کرائے کے لیے پیسے مانگتا ہے حالانکہ وہ کچھ مشقت برداشت کر کے پیدل بھی چل سکتا ہے تو ایسے شخص کے لیے بھی مانگنا جائز ہوگا کیوں کہ یہاں حاجت ثابت ہے البتہ صبر کرنا زیادہ بہتر ہے اور وہ سوال کر کے اولیٰ (بہتر) کام کو چھوڑ رہا ہے اور جب وہ سوال کرنے میں سچا ہو تو اس کے سوال کو مکروہ نہیں کہا جائے گا مثلاً وہ کہتا ہے کہ میرے کوٹ کے نیچے قمیص نہیں ہے اور سردی مجھے اذیت دیتی ہے میں اسے برداشت کرتا ہوں لیکن مشقت اٹھانا پڑتی ہے پس جب وہ سچ بولے گا تو اس کا سچ اس کے سوال کا کفارہ بن جائے گا ان شاء اللہ تعالیٰ۔

تیسری حالت حاجت خفیفہ کی ہے اس کی مثال اس طرح ہے کہ ایک شخص قمیص مانگتا ہے تاکہ باہر جاتے وقت اسے کپڑوں کے اوپر پہن لے تاکہ اس کے کپڑوں کی پھٹن لوگوں کی نظروں سے اوجھل رہے یا کوئی شخص سالن کے لیے مانگتا ہے جب کہ روٹی اس کے پاس موجود ہے یونہی ایک شخص کے پاس گدھے کا کرایہ ہے لیکن وہ گھوڑے کے کرائے کے لیے سوال کرتا ہے یا سواری کے کرائے پر قادر ہے لیکن کجاوے کے کرائے کے لیے مانگتا ہے تو اس صورت میں اگر وہ دھوکہ دیتا ہے کہ اس حاجت کے علاوہ حاجت کا اظہار کرتا ہے تو یہ حرام ہے اور اگر ایسی صورت نہیں لیکن یہ تین خرابیاں یعنی اللہ تعالیٰ پر شکوہ، ذلت برداشت کرنا اور مسؤل کو ایذا پہنچانا پایا جاتا ہے تو بھی حرام ہے کیوں کہ اس قسم کی حاجت کے لیے اس قسم کے ممنوعات کو جائز قرار دینا صحیح نہیں ہے اور اگر تین باتوں میں سے کوئی بات نہ ہو تو سوال کرنا جائز ہوگا لیکن مکروہ بھی ہوگا۔

سوال:۔

ان تین ممنوع امور سے سوال کا خالی ہونا کیسے ممکن ہے۔

جواب:۔

شکوہ تو یوں دور ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے اور مخلوق سے بے نیاز رہے اور محتاج کی طرح سوال نہ کرے بلکہ یوں کہے کہ جو کچھ میرے پاس ہے میں اس کی وجہ سے سوال سے بے نیاز ہوں لیکن میرے نفس کی طمع مجھ سے ایک اور کپڑے کا سوال کرتی ہے جو میں کپڑوں کے اوپر پہنوں اور یہ حاجت سے زائد ہے اور نفس کے فضول امور میں سے ہے اس طرح وہ شکوہ کی حد سے نکل جائے گا۔

ذلت سے نکلنے کی صورت یہ ہے کہ اپنے باپ سے یا کسی قریبی رشتہ دار یا کسی ایسے دوست سے مانگے جس کے بارے میں وہ جانتا ہو کہ اس کی نگاہوں میں وہ حقیر نہیں ہوگا اور سوال کی وجہ سے ذلت اٹھانا نہیں پڑے گی یا کسی ایسے سخی سے

مانگے جس نے اپنے مال کو اس مقصد کے لیے تیار کر رکھا ہے اور وہ اس قسم کا کام کر کے خوش ہوتا ہے بلکہ اس کے قبول کرنے کو اپنے اوپر احسان سمجھتا ہے یوں سوال کرنے سے ذلت اٹھانا نہیں پڑے گی کیوں کہ ذلت، احسان کے ساتھ لازم ہے ایذا سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ سوال کے لیے کسی شخص کو معین نہ کرے بلکہ سب کے سامنے سوال رکھ دے تاکہ جسے دینے کی سچی رغبت ہو وہ دے دے اور اگر مجلس میں کوئی ایسا شخص ہو جس کی طرف لوگوں کی نظریں اٹھتی ہیں اور اگر وہ نہ دے تو ملامت کیا جاتا ہے تو یہ اسے ایذا پہنچانا ہے کیوں کہ بعض اوقات وہ ملامت کے خوف سے مجبوراً خرچ کرتا ہے اور دل میں سوچتا ہے کہ اگر ملامت کا خوف نہ ہوتا تو میں دینے سے اجتناب کرتا۔

اور اگر کسی معین شخص سے سوال کرے تو مناسب یہ ہے کہ صراحتاً نہ کہے بلکہ کنایتاً کہے تاکہ وہ غفلت برتنا چاہے تو اس کے لیے راستہ کھلا ہو اور اگر وہ طاقت کے باوجود غفلت اختیار نہیں کرتا تو گویا وہ خوشی سے دے رہا ہے اور اس دینے سے اسے کوئی اذیت نہیں پہنچتی اور مناسب یہی ہے کہ ایسے آدمی سے سوال کرے جو اس کے سوال کو رد کرنا چاہے یا غفلت برتے تو اسے حیا نہ آئے کیونکہ سائل سے حیا اذیت کا باعث ہے جس طرح مانگنے والا نہ ہو تو وہاں دکھاوا ایذا رسانی کا باعث ہے۔

سوال:۔

اگر سائل کو معلوم ہو کہ دینے والا اس سے یا حاضرین سے حیا کرتے ہوئے دیتا ہے اور اگر یہ بات نہ ہوتی تو وہ نہ دیتا ہے تو کیا اس صورت میں لینا حلال ہے یا مشتبہ؟

جواب:

میں کہتا ہوں یہ محض حرام ہے اور اس سلسلے میں امت میں کوئی اختلاف نہیں اور اس کا حکم وہی ہے جو دوسروں کا مال مارپیٹ یا بدمعاشی کے ذریعے لینے کا حکم ہے کیوں کہ اس بات میں کوئی فرق نہیں کہ اس کے ظاہری چمڑے کو لکڑی کے ڈنڈے سے مارے یا دل کے باطن کو حیا اور ملامت کے خوف کے ڈنڈے سے مارے بلکہ عقلمند لوگوں کی نگاہ میں باطنی ضرب کا زیادہ دکھ ہوتا ہے۔ اور یہ نہ کہا جائے کہ ظاہری طور پر تو وہ راضی ہو گیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّمَا اَحْکُمُ بِالظَّاھِرِ وَاللّٰہُ یَتَوَلَّی السَّرَائِرَ۔ میں ظاہر کے مطابق حکم دیتا ہوں باطن کا مالک اللہ تعالیٰ ہے۔

تو یہ مقدمات کے فیصلوں کے سلسلے میں قاضیوں کی ضرورت ہے کیوں کہ وہ باطن کا حال نہیں جانتے اور نہ ہی ان کو قرائن احوال کا علم ہوتا ہے لہٰذا وہ ظاہری زبانی قول پر حکم دینے میں مجبور ہیں حالانکہ زبان سے اکثر جھوٹ نکلتا ہے لیکن ضرورت کا تقاضا ہے۔

اور یہ سوال بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہے کیوں کہ اس میں حاکم تمام حاکموں سے بڑا ہے اور اس کے نزدیک دلوں کا وہ مقام ہے جو دیگر حاکموں کے نزدیک زبان کا ہے لہٰذا اس قسم کی صورت میں اپنے دل کو دیکھو اگرچہ لوگ تمہیں فتویٰ

دیں کیوں کہ مفتی، قاضی اور سلطان کو سکھاتے ہیں تاکہ وہ ظاہری طور پر فیصلہ کر سکیں اور دلوں کے مفتی آخرت کا علم رکھنے والے لوگ ہیں اور ان کے فتویٰ سے آخرت کے بادشاہ کی پکڑ سے نجات ہوگی جس طرح فقیہ کے فتویٰ سے دنیا کے حاکم سے نجات ملتی ہے تو سائل جو مال دوسرے کی مرضی کے بغیر لیتا ہے دیانتاً اس کا مالک نہیں ہوتا اور (اخلاقی طور پر) اس پر واجب ہے کہ اس کے مالک کو واپس کر دے اور اگر وہ حیا کرتے ہوئے واپس نہ لے تو اس پر لازم ہے کہ اس مال کی قیمت کے برابر اسے ہدیہ اور تحفہ دے تاکہ اس کی ذمہ داری پوری ہو جائے۔ اور اگر وہ اس کا ہدیہ بھی قبول نہ کرے تو چاہیئے کہ اس کے وارثوں کو واپس دے دے اور اگر اس کے پاس ضائع ہو جائے تو عنداللہ اس پر تاوان ہوگا (اگرچہ فقہی حکم کے مطابق تاوان نہیں ہوتا نہ ہی واپسی لازمی ہے) اور اس میں تصرف کرنے سے وہ گناہ گار ہوگا نیز سوال کر کے جو اسے اذیت پہنچائی ہے اس کا گناہ بھی ہوگا۔

سوال:

یہ تو ایک باطنی معاملہ ہے جس پر مطلع ہونا مشکل ہے پس اس سے نجات کا کیا راستہ ہے؟ بعض اوقات سائل یہ سمجھتا ہے کہ دینے والا راضی ہے حالانکہ وہ دل سے راضی نہیں ہوتا۔

جواب:

یہی وجہ ہے کہ متقی لوگوں نے سرے سے سوال کرنا ہی چھوڑ دیا وہ کسی سے کچھ بھی نہیں لیتے تھے حضرت بشر رحمہ اللہ، حضرت سری سقطی رحمہ اللہ کے علاوہ کسی سے کچھ نہ لیتے اور فرماتے ہیں ان سے اس لیے لیتا ہوں کہ وہ مال دینے پر خوش ہوتے ہیں لہٰذا میں ان کے پسندیدہ عمل پر ان کی مدد کرتا ہوں۔

مانگنے پر اعتراض اور اس سے بچنے کی تاکید اسی لیے ہے کہ ضرورت کے بغیر کسی کو ایذا پہنچانا جائز نہیں ہے یعنی سائل کو ہلاکت کا خطرہ ہو اور نجات کی کوئی صورت باقی نہ رہے اور اسے کوئی ایسا شخص نہ ملے جو کراہت اور اذیت کے بغیر (خوشی خوشی) دیتا ہو تو اب اس کے لیے جائز ہوگا۔ جیسے (ایسی حالت میں) خنزیر کا گوشت اور مردار کو گوشت کھانا حلال ہو جاتا ہے تو پرہیز گار لوگوں کا طریقہ بچنا ہے۔ بعض ارباب قلوب اپنی بصیرت کی وجہ سے احوال کے قرائن پر مطلع ہو جاتے تھے اس لیے کسی سے لیتے تھے اور کسی سے نہیں لیتے تھے اور بعض اکابر صرف اپنے دوستوں سے لیتے تھے اور بعض ان لوگوں سے لیتے جو بعض مال دیتے اور کچھ واپس لے لیتے جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مینڈھے، گھی اور پنیر کے سلسلے میں عمل اختیار فرمایا اور یہ اس صورت میں ہوتا تھا جب سوال کے بغیر کچھ ملے کیوں کہ اس میں دینے والے کی رغبت ہوتی ہے لیکن بعض اوقات رغبت کی وجہ جاہ و مرتبہ کی طمع یا ریاکاری اور شہرت کی طلب ہوتی ہے چنانچہ اس سے وہ لوگ بچتے تھے۔ لیکن جہاں تک سوال کا تعلق ہے تو اس سے وہ دو جگہ بالکل پرہیز کرتے تھے البتہ دو موقعوں پر سوال کرتے تھے۔ ایک تو ضرورت کے وقت سوال کرتے تین انبیاء کرام حضرت سلیمان، حضرت موسیٰ اور حضرت خضر علیہم السلام نے ضرورت کے وقت سوال کیا اور اس میں شک نہیں کہ

انہوں نے ایسے لوگوں سے سوال کیا جن کے بارے میں وہ جانتے تھے کہ وہ رغبت سے دینے والے ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ انہوں نے دوستوں اور بھائیوں سے سوال کیا وہ ان کا مال سوال اور اجازت کے بغیر بھی لے لیتے تھے کیوں کہ اہل دل اس بات کو جانتے ہیں کہ مطلوب دل کی رضامندی ہے زبان سے بولنا نہیں اور انہیں اپنے ان بھائیوں پر یقین تھا کہ وہ ان کی بے تکلفی پر خوش ہوں گے اور جب ان کے بارے میں شک ہوتا کہ آیا وہ ہمارے اس لینے پر راضی ہوں گے یا نہیں تو سوال کرتے تھے ورنہ ان کو سوال کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی تھی۔

اور سوال کرنے کی اجازت کی حد یہ ہے کہ سائل کو معلوم ہو کہ مسئول ایسی صفت پر ہے کہ اگر اسے میری حاجت کا علم ہو جائے تو سوال کے بغیر خود بخود ہی مجھے دے دے گا اب سوال کا مقصد صرف حاجت سے آگاہی ہوتا ہے اور حیاء کے ذریعے اسے آگاہ کرنا یا کسی حیلے بہانے سے دینے کے لیے اسے تیار کرنا مقصود نہیں ہوتا اس کے بعد بھی سائل کی تین حالتیں ہوتی ہیں ایک حالت یہ کہ اسے مسئول کی قلبی رضامندی میں کوئی شک نہیں ہوتا دوسری حالت میں اس کی عدم رضا یقینی ہوتی ہے اور یہ بات احوال کے قرینے سے معلوم ہوتی ہے پہلی حالت میں لینا مطلقاً حلال ہے دوسری حالت میں قطعی حرام ہے اور ان دونوں حالتوں کے درمیان کچھ مشکوک احوال ہیں ان کے بارے میں دل سے پوچھنا چاہیے اور جو کچھ دل میں کھٹکے اسے چھوڑ دے کیوں کہ یہ گناہ ہے جس میں شک ہو اس کو چھوڑ کر اسے اختیار کرے جس میں شک نہیں ہے اور ذہین آدمی کے لیے قرائن احوال کے ذریعے اس کا ادراک آسان ہوتا ہے بشرطیکہ اس کی حرص اور خواہش کمزور ہو اور اگر حرص مضبوط اور سمجھ کمزور ہو تو اسے وہی کچھ دکھائی دیتا ہے جو اس کی غرض کے موافق ہو اور کراہت پر دلالت کرنے والے قرائن کی سمجھ نہیں آتی ان باریک باتوں کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کا راز سمجھ آتا ہے۔

آپ نے فرمایا۔

اِنَّ اَطْیَبَ مَا اَکَلَ الرَّجُلُ مِنْ کَسْبِہٖ۔ (۱)

انسان جو سب سے اچھا کھانا کھاتا ہے وہ اس کا اپنا کمایا ہوا ہوتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جامع کلمات کے ساتھ گفتگو کی صلاحیت عطا کی گئی ہے کیوں کہ جو شخص کمانا نہ ہو اور اسے باپ یا کسی قریبی رشتہ دار کی کمائی سے مال وراثت بھی نہ ملا ہو وہ لوگوں سے لے کر کھاتا ہے اگر سوال کے بغیر دیا جائے تو دین کی وجہ سے دیا جائے گا اور اگر اس کا اندرونی معاملہ ایسا ہے کہ اگر لوگوں کے سامنے آجائے تو وہ اسے دین کی وجہ سے نہ دیں تو اس صورت میں یہ کھانا حرام ہوگا اور اگر مانگنے پر دیا گیا تو مانگنے پر دینے والے نے کب دل کی خوشی سے دیا اور سوال میں ضرورت کی مقدار کا کب خیال رکھا جاتا ہے۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۱۴۱ مرویات عائشہ

اور جب تم لوگوں کے مال سے کھانے والے کے حال کی تفتیش کرو تو تمہیں معلوم ہوگا کہ جو کچھ وہ کھاتا ہے سب کا سب یا اس کا اکثر حرام ہے اور حلال و پاکیزہ وہ ہے جو خود اس نے حلال کمائی سے حاصل کیا یا جس کا وہ وارث ہے اس نے حلال کمائی کے ذریعے حاصل کیا لہٰذا لوگوں سے لے کر کھانے کے ساتھ تقویٰ جمع نہیں ہو سکتا۔ ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ وہ غیر سے ہماری طمع کو ختم کر دے اور اپنے حلال مال کے ساتھ حرام سے بے نیاز کر دے اور اپنے فضل و کرم، احسان اور وسیع جُود کے ذریعے غیر سے ہماری طمع کو منقطع کر دے وہ جو چاہے کر سکتا ہے۔

فصل ۸:

کس قدر مالداری سے سوال حرام ہوتا ہے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ سَأَلَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى فَإِنَّمَا يَسْأَلُ جَمْرًا فَلْيَسْتَقِلَّ مِنْهُ أَوْ لِيَسْتَكْثِرْ۔ (۱)

جو شخص مالداری کے باوجود سوال کرتا ہے وہ انگارے کا سوال کرتا ہے پس اس کی مرضی ان انگاروں کو کم لے یا زیادہ۔

یہ حدیث سوال کے حرام ہونے میں صریح ہے لیکن مال داری کی حد بندی مشکل ہے اور ہم مقدار مقرر نہیں کر سکتے بلکہ یہ توفیقی ہے (جیسے شریعت بتائے)

اور حدیث شریف میں ہے۔

اِسْتَغْنُوْا بِغِنَى اللّٰهِ تَعَالٰى عَنْ غَيْرِهٖ۔

اللہ تعالیٰ سے حاصل مالداری کے ذریعے اس کے غیر سے بچو۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا وہ (مال داری) کیا ہے؟ آپ نے فرمایا۔

غَدَاءُ يَوْمٍ وَعَشَاءُ لَيْلَةٍ۔ (۲)

صبح و شام کا کھانا۔

ایک دوسری حدیث شریف میں ہے۔

مَنْ سَأَلَ وَلَهٗ خَمْسُوْنَ دِرْهَمًا أَوْ عِدْلُهُمَا مِنَ الذَّهَبِ فَقَدْ سَأَلَ إِلْحَافًا۔ (۳)

جس شخص نے سوال کیا اور اس کے پاس پچاس درہم یا ان کے برابر سونا ہو تو اس نے الحاف کے طور پر سوال کیا (چمٹ جانا الحاف ہے)

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۱۴۷ مرویات علی

(۲) الکامل لابن عدی جلد ۳ ص ۱۰۹۸ من اسمہ سلیمان بن عمرو

(۳) السنن الکبریٰ للبیہقی جلد ۷ ص ۲۴ کتاب الصدقات

(اور قرآن پاک میں بتایا گیا کہ صدقہ وغیرہ کے مستحق وہ لوگ ہیں جو لوگوں سے بطور الحاف سوال نہیں کرتے گویا حدیث شریف میں بتایا گیا کہ ایسے لوگ سوال کرنے کا حق نہیں رکھتے ۱۲ ہزاروی)

ایک دوسری حدیث میں چالیس درہم کا ذکر ہے (۱)

اور جب مقدار میں اختلاف ہو اور روایات صحیح ہوں تو ان کو مختلف احوال سے متعلق ماننا پڑتا ہے کیوں کہ فی نفسہ حق تو ایک ہی ہے اور ہم اندازہ مقرر نہیں کر سکتے اور زیادہ سے زیادہ ممکن بات یہی ہے کہ اسے قریب قریب قرار دیا جائے اور وہ اسی صورت میں ہے جب ایسی تقسیم ہو جو محتاج لوگوں کے احوال کا احاطہ کرتی ہو تو ہم کہتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا حَقَّ لِابْنِ آدَمَ إِلَّا فِي ثَلَاثٍ طَعَامٍ يُقِيمُ صُلْبَهُ وَثَوْبٍ يُوَارِي عَوْرَتَهُ وَبَيْتٍ يُكِنُّهُ فَمَا زَادَ فَهُوَ حِسَابٌ۔ (۲)

انسان کا حق صرف تین چیزوں میں ہے طعام جو اس کی پیٹھ کو سیدھا رکھے کپڑا جو اس کے ستر کو ڈھانپے اور گھر جو اسے ٹھکانہ دے پس جو زیادہ ہے اس کا حساب ہوگا۔

تو ہم ان تین چیزوں کو حاجات میں اصل قرار دیتے ہیں تاکہ ان کی اجناس کا بیان ہو سکے اور جنس، مقدار اور وقت میں نظر کی جا سکے۔

تو اجناس یہی تین ہیں (یعنی کھانا، لباس اور رہائش) اور ان کے ساتھ جو ان کے ہم معنی ہیں وہ بھی ملحق ہیں حتیٰ کہ ان کے ساتھ مسافر کا کرایہ بھی شامل ہے اگر پیدل چل نہ سکتا ہو اور اسی طرح جو اہم امور ان کے قائم مقام ہیں۔ اور انسان کی ذاتی ضروریات میں اس کے اہل و عیال اور جو اس کے زیر کفالت ہیں وہ بھی شامل ہیں جیسے جانور وغیرہ۔

مقدار کا جہاں تک تعلق ہے تو اس میں یہ خیال رکھا جائے کہ وہ دیندار لوگوں کے شایانِ شان ہو اور وہ ایک جوڑا ہو یعنی قمیص، رومال، سلوار اور جوتا اور ہر جنس سے دوسرے کی حاجت نہیں گھر کے تمام سامان کو اسی پر قیاس کرے اور یہ بھی مناسب نہیں کہ باریک کپڑے تلاش کرے برتن مٹی کے ہوں تو وہی کافی ہیں پیتل اور تانبے کے برتن تلاش کرنے کی حاجت نہیں گویا تعداد کے اعتبار سے ایک اور نوع کے اعتبار سے سب سے ہلکی قسم ہونی چاہیے بشرطیکہ عادت (عرف) سے زیادہ دور نہ ہو جائے۔

کھانے کی مقدار ایک دن میں ایک مُد (ایک کلو) ہے اور یہ شریعت نے مقرر کی ہے اور کس قسم کا کھانا ہونا چاہیے تو جو کھانا کھایا جاتا ہے چاہے جَو ہی کیوں نہ ہوں اور ہمیشہ سالن کھانا ضرورت سے زائد ہے اور اسے بالکل چھوڑ دینا نقصان دیتا ہے بعض حالات میں اس کی طلب کی اجازت ہے۔

---

(۱) السنن الکبریٰ للبیہقی جلد ۷ ص ۲۴ کتاب الصدقات

(۲) المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۳۱۲ کتاب الرقاق

رہائش بھی وہی چاہیئے جو مقدار کے اعتبار سے کفایت کرے اور یہ کسی زینت کے بغیر ہو زینت اور توسیع کے لیے مانگنا مال داری کے ساتھ مانگنا ہے۔

اوقات کی طرف اضافت کی صورت یہ ہے کہ جس کی فی الحال ضرورت ہو یعنی ایک دن رات کا کھانا، پہننے کے لیے لباس، اور ٹھکانہ جو اسے پناہ دے اور اس میں شک نہیں لیکن مستقبل کے لیے سوال کے تین درجے ہیں۔

پہلا درجہ : جس کی دوسرے دن کے لیے حاجت ہو۔

دوسرا درجہ : جس کی چالیس یا پچاس دنوں میں ضرورت ہو۔

تیسرا درجہ : جس کی سال بھر کے لیے ضرورت ہو۔

تو قطعی حکم یہ ہے کہ جس کے پاس اس قدر ہو جو اسے اور اس کے اہل وعیال کو (اگر ہوں) ایک سال کے لیے کافی ہو تو مانگنا حرام ہے کیوں کہ یہ مال داری کی انتہاء ہے اور حدیث شریف میں جو پچاس درہم مقرر کئے گئے ہیں وہ اسی اعتبار سے ہیں کیوں کہ اعتدال کے ساتھ خرچ کرتے ہوئے ایک شخص کے لیے سال میں پانچ دینار کافی ہیں لیکن عیالی دار کے لیے بعض اوقات کافی نہیں ہوتے اور اگر سال گزرنے سے پہلے حاجت مند ہو جائے پس اگر وہ سوال پر قادر ہے اور آئندہ سوال کا موقع بھی مل سکتا ہے تو اس کے لیے سوال جائز نہیں ہوگا کیوں کہ فی الحال وہ بے نیاز ہے اور ممکن ہے کل تک زندہ نہ رہے تو اس طرح گویا وہ اس چیز کا سوال کر رہا ہے جس کی اسے حاجت نہیں ہے تو اسے صبح شام کا کھانا کافی ہوگا اور جس حدیث میں اس مقدار کا بیان ہے وہ اسی بات پر محمول ہے۔

اور اگر وہ آئندہ سوال کرنے کا موقع نہیں پاتا اور اگر اب سوال نہ کرے تو آئندہ اسے دینے والا کوئی نہیں ہوگا تو اس کے لیے سوال کرنا جائز ہے کیونکہ ایک سال تک زندہ رہنے کی امید بعید از عقل نہیں ہے اور سوال کی تاخیر سے اسے اس بات کا خوف ہے کہ وہ مجبور ہو جائے اور ضرورت کی اشیاء سے عاجز ہو۔

اور اگر مستقبل میں سوال کرنے سے عجز کا خوف کمزور ہو اور جس کے لیے سوال کر رہا ہے وہ ضرورت سے خارج ہے تو سوال کرنا کراہیت سے خالی نہ ہوگا اور جس قدر مجبوری کمزور ہوگی اسی حساب سے سوال کی کراہت ہوگی اسی طرح سوال کے موقع کے چلے جانے اور جس مدت میں سوال کا محتاج ہوگا اس کی تاخیر بھی پیش نظر رکھی جائے گی۔

یہ تمام باتیں کسی ضابطے میں نہیں آسکتیں بلکہ بندہ خود سوچے اور اس کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان جو معاملہ ہے اس پر غور کرے پھر اپنے دل سے فتویٰ پوچھے اور اس پر عمل کرے اگر آخرت کے راستے پر چلتا ہے پس جس آدمی کا یقین مضبوط ہو مستقبل میں رزق کے ملنے پر کامل اعتماد ہو وقتی کھانے پر قناعت زیادہ ظاہر ہو تو اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کا درجہ اعلیٰ ہے اب مستقبل کا خوف نہیں ہونا چاہیئے جب کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک دن کا کھانا تمہارے لیے اور تمہارے بال بچوں کے لیے عطا فرمایا ہے اب اگر یہ خوف ہوگا تو اس کی وجہ یقین کی کمی ہوگی نیز شیطان کی بات سننا اور اس کے ڈرانے

پر کان دھرنا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

فَلَا تَخَافُوهُمْ وَخَافُونِ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ (۱)

پس ان (کفار) سے نہ ڈرو بلکہ مجھ سے ڈرو اگر تم مومن ہو۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

اَلشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَأْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَاءِ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا (۲)

شیطان تمہیں محتاجی سے ڈراتا اور بے حیائی کا حکم دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی طرف سے مغفرت اور فضل کا وعدہ دیتا ہے۔

اور ہر چیز کا سوال ضرورت کے وقت جائز ہوتا ہے اور جو شخص اس چیز کے لیے مانگے جس کی آج حاجت نہیں ہے اگرچہ سال کے دوران اسے ضرورت پڑے تو اس شخص کا حال اس آدمی کے حال سے زیادہ سخت ہے جس کو وراثت سے مال حاصل ہوا اور وہ اسے سال کے بعد کی ضرورت کے لیے رکھ دے ظاہری فتویٰ میں دونوں صورتیں جائز ہیں لیکن دونوں کی بنیاد دنیا کی محبت، لمبی امید اور اللہ تعالیٰ کے فضل پر یقین کا نہ ہونا ہے اور یہ امور ہلاکت خیز امور کی اصل ہیں ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ وہ اپنے لطف و کرم سے ہمیں حسنِ توفیق عطا فرمائے۔

فصل ۹

مانگنے والوں کے حالات

حضرت بشر رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ فقراء تین قسم کے ہیں ایک وہ فقیر ہے جو سوال نہیں کرتا اور اگر اسے کچھ دیا جائے تو نہیں لیتا یہ روحانی لوگوں کے ساتھ اعلیٰ علیین میں رہے گا دوسرا وہ فقیر ہے جو مانگتا تو نہیں لیکن دیا جائے تو لے لیتا ہے یہ مقرب لوگوں کے ساتھ جنت الفردوس میں ہوگا۔ اور تیسرا فقیر وہ ہے جو حاجت کے وقت مانگتا ہے وہ اصحاب یمین ہیں سے صدیقین لوگوں کے ساتھ ہوگا۔ تو گویا یہ سب سوال کی مذمت پر متفق ہیں۔ البتہ فاقہ مرتبے اور درجے کو کم کر دیتا ہے۔

حضرت شفیق بلخی رحمہ اللہ نے حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ سے پوچھا جب آپ خراسان تشریف لائے تو آپ نے اپنے فقراء ساتھیوں کو کس حال میں چھوڑا؟ انہوں نے فرمایا اس طرح چھوڑا ہے کہ اگر ان کو دیا جائے تو شکر کرتے ہیں اور اگر نہ دیا جائے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۷۵

(۲) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۶۸

توصبر کرتے ہیں جب انہوں نے ان کا وصف یوں بیان کیا کہ وہ سوال نہیں کرتے اور ان کی بہت زیادہ تعریف کی تو حضرت شفیق بلخی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ بلخ کے کتوں کو آپ نے ہمارے پاس اسی طرح چھوڑا ہے حضرت ابراہیم بن ادھم نے پوچھا اے ابو اسحٰق! آپ کے ہاں فقراء کا کیا حال ہے؟ انہوں نے فرمایا ہمارے فقراء کا حال یہ ہے کہ اگر ان کو نہ دیا جائے تو شکر کرتے ہیں اور اگر دیا جائے تو دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں حضرت ابراہیم بن ادھم نے ان کی پیشانی چوم کر فرمایا اے استاذ آپ نے سچ فرمایا۔

تو ارباب احوال کے درجات رضا، صبر، شکر اور سوال کے اعتبار سے بہت زیادہ ہیں لہٰذا جو شخص آخرت کے راستے پر چلتا ہے اسے ان درجات کی معرفت حاصل کرنی چاہیئے نیز ان کی اقسام اور درجات کے درمیان اختلاف کی معرفت بھی حاصل ہو۔ اگر اسے معلوم نہ ہوگا تو پست درجات سے اعلیٰ درجات تک ترقی ممکن نہ ہوگی اور نہ ہی اسفل السافلین سے اعلیٰ علیین تک جا سکے گا۔ اور جو آدمی پست اور بلند کے درمیان تمیز نہیں کر سکتا وہ ترقی پر قطعاً قدرت نہیں رکھتا شک تو اس آدمی کے بارے میں ہے پہچان رکھتا ہے کیوں کہ بعض اوقات وہ اس ترقی پر قادر نہیں ہوتا۔

اور ارباب احوال پر بعض اوقات ایسی حالت غالب ہوتی ہے جو اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ سوال کرنے سے ان کے درجات میں اضافہ ہو لیکن اس کا تعلق ان کی حالت سے ہے کیوں کہ اس قسم کے اعمال کا تعلق نیتوں کے ساتھ ہوتا ہے جیسے کسی نے حضرت ابو اسحٰق نوری رحمہ اللہ کو دیکھا کہ وہ کسی جگہ ہاتھ پھیلائے لوگوں سے مانگ رہے ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے اس بات کو گراں سمجھا اور ناپسند کیا میں حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ کے پاس آیا اور واقعہ بتایا تو انہوں نے فرمایا اس بات سے پریشان نہ ہو حضرت نوری لوگوں سے اس لیے سوال نہیں کرتے کہ وہ ان کو کچھ دیں بلکہ اس لیے سوال کرتے ہیں کہ ان لوگوں کو آخرت میں ثواب ملے اور انہیں کسی ضرر کے بغیر اجر عطا ہو گویا انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کی طرف اشارہ کیا آپ نے فرمایا

يَدُ الْمُعْطِي هِيَ الْعُلْيَا۔ (۱) دینے والے کا ہاتھ ہی بلند ہوتا ہے۔

بعض نے فرمایا کہ دینے والے کے ہاتھ سے مراد مال لینے والے کا ہاتھ ہے کیوں کہ اس کے واسطے سے ثواب ملتا ہے اور قدر اسی کی ہے اور جو کچھ وہ لیتا ہے اس کی قدر نہیں۔ پھر حضرت جنید رحمہ اللہ نے فرمایا ترازو لاؤ چنانچہ انہوں نے ایک سو درہم تولے پھر ایک مٹھی درہم لے کر ان سو میں ملا دیئے پھر فرمایا یہ ان (حضرت نوری رحمہ اللہ) کے پاس لے جاؤ میں نے دل میں سوچا کہ کسی چیز کو اس لیے تولا جاتا ہے کہ اس کی مقدار معلوم ہو تو انہوں نے کس طرح اس میں مجہول چیز کو ملایا حالانکہ یہ تو ایک عقل مند آدمی ہیں لیکن مجھے سوال کرتے ہوئے حیا محسوس ہوا چنانچہ میں وہ تھیلی لے کر حضرت نوری رحمہ اللہ کے پاس چلا گیا انہوں نے بھی

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۲۲۶ مرویات ابو رمثہ

ترازو منگوایا اور ایک سو درہم تولے اور فرمایا یہ ان کے پاس واپس لے جاؤ اور کہو کہ میں تم سے کچھ بھی قبول نہیں کرتا اور جس قدر ایک سو سے زائد ہیں وہ لے رہا ہوں وہ بزرگ کہتے ہیں ان کی بات سے مجھے مزید تعجب ہوا چنانچہ میں نے ان سے پوچھا تو انہوں نے فرمایا حضرت جنید رحمہ اللہ ایک دانا آدمی ہیں وہ رسی کے دونوں سرے خود ہی پکڑنا چاہتے ہیں انہوں نے ایک سو اپنے فائدے کے لیے تولے تاکہ آخرت کا ثواب حاصل کریں اور اس پر ایک مٹھی درہم بلا وزن اللہ تعالیٰ کے لیے ڈال دیئے تو جو کچھ اللہ تعالیٰ کے لیے تھا میں نے وہ لے لیا اور جو کچھ انہوں نے اپنے لیے رکھا تھا میں نے واپس کر دیا وہ بزرگ فرماتے ہیں میں نے وہ درہم حضرت جنید رحمہ اللہ کو واپس کئے تو وہ رونے لگے اور فرمایا جو کچھ ان کے لیے تھا وہ انہوں نے لے لیا ہمارا مال ہمیں واپس کر دیا اور اللہ تعالیٰ سے ہی مدد مانگی جاتی ہے۔

تو دیکھو ان لوگوں کے دل کیسے صاف تھے اور ان کے اعمال بھی خالص اللہ تعالیٰ کے لیے تھے حتیٰ کہ ان میں سے ہر ایک، دوسرے کے دل کو دیکھ لیتا تھا اور زبان سے کچھ کہنے کی ضرورت نہیں پڑتی تھی وہ دلوں کے ساتھ مشاہدہ کرتے اور اسرار پر گفتگو کرتے تھے اور یہ حلال رزق کھانے کا نتیجہ تھا نیز انہوں نے دل کو دنیا کی محبت سے خالی کیا اور پوری ہمت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوئے۔

تو جو شخص تجربہ کرنے سے پہلے اس بات کا انکار کرے وہ جاہل ہے جیسے وہ شخص جو دوائی پینے سے پہلے اس کے مسہل ہونے کا انکار کرے اور جو آدمی طویل اجتہاد کرے حتیٰ کہ اس میں پوری محنت صرف کر دے اور یہ بات اور وہ دوسروں کے لیے اس کا انکار کر دے تو ایسا شخص اس آدمی کی طرح ہے تو دست آور دوائی پیئے لیکن یہ دوائی اس کی کسی باطنی بیماری کی وجہ سے اس کے لیے مؤثر نہ ہو تو وہ اس دوائی کے دست آور ہونے کا ہی انکار کر دے تو ایسا شخص اگرچہ جہالت میں دوسرے سے کم درجے میں ہے لیکن جہالت کے ایک بہت بڑے حصے سے خالی نہیں ہے بلکہ بصیرت والے دو قسم کے لوگ ہیں ایک وہ شخص جو اس راستے پر چلے جو اہل اللہ کو معلوم ہے تو یہ ذوق اور معرفت والا آدمی ہے اور یہ عین الیقین کے مقام تک پہنچا وہ شخص جو ان بزرگوں کے راستے پر نہیں چلایا چلا تو سہی لیکن پہنچا نہیں البتہ اس نے اسے تسلیم کیا اور تصدیق کی تو یہ علم الیقین والا ہے اور جو آدمی علم الیقین اور عین الیقین دونوں سے خالی ہو وہ مومنوں کی جماعت سے خارج ہے اور قیامت کے دن منکرین متکبرین کے زمرے میں اٹھایا جائے گا جن کے دل مردہ اور شیطان کے تابع ہیں ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں ان لوگوں میں کر دے جو علم میں راسخ ہیں اور کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے سب کچھ ہمارے رب کی طرف سے ہے اور نصیحت تو صرف عقل مند لوگ ہی حاصل کرتے ہیں۔

دوسرا حصہ:

زہد کا بیان

اس میں درج ذیل باتوں کا بیان ہوگا۔

حقیقت زُہد، زُہد کی فضیلت، زہد کے درجات اور اقسام، کھانے، لباس، رہائش اور گھر کے سامان کے سلسلے میں زُہد، معیشت کی اقسام اور زُہد کی علامت۔

فصل ۱:

زہد کی حقیقت

جان لو! دنیا سے بے رغبتی (یعنی زُہد) سالکین کے مقامات میں سے ایک شریف مقام ہے اور دوسرے مقامات کی طرح یہ مقام بھی علم، حال اور عمل سے مرکب ہوتا ہے کیوں کہ اسلاف کے قول کے مطابق ایمان کے تمام باب عقد، قول اور عمل کی طرف لوٹتے ہیں اور گویا قول کے ظہور کی وجہ سے اسے حال کی جگہ پر رکھا گیا کیوں کہ اس کے ذریعے باطن کا حال ظاہر ہوتا ہے ورنہ قول ذاتی طور پر مراد نہیں ہوتا اور اگر قول باطن کے مطابق صادر نہ ہو تو اسے اسلام کہا جاتا ہے لیکن ایمان نہیں کہتے۔ اور علم حال کا سبب ہے گویا حال علم کا ثمرہ ہے اور عمل حال کا ثمرہ ہوتا ہے اب ہم حال کی دونوں طرفوں یعنی علم اور عمل کے ساتھ حال کا ذکر کرتے ہیں۔

حال: اس سے ہماری مراد وہی ہے جسے زُہد کہا جاتا ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ رغبت کو ایک چیز سے پھیر کر اس سے بہتر کی طرف متوجہ کیا جائے تو جو شخص ایک چیز سے رغبت کو پھیرتا ہے چاہے اس کا کوئی بدل لے، اسے بیچ دے یا کسی دوسرے طریقے سے ہو تو گویا وہ اس سے اس لیے منہ پھیرتا ہے کہ اس میں رغبت نہیں رکھتا اور اس کے غیر میں راغب ہے تو جس سے اس نے منہ پھیرا ہے اس کی نسبت سے اس کے حال کو زہد کہا جاتا ہے اور جس کی طرف متوجہ ہوا ہے اس کی نسبت سے یہ حالت رغبت اور محبت کہلاتی ہے۔

تو گویا زُہد دو چیزوں کو چاہتا ہے ایک وہ جس سے رغبت کو پھیرا جائے اور دوسری وہ جس میں رغبت کی جائے اور یہ اس پہلی سے بہتر ہوتی ہے اور جس سے رغبت کو پھیرا ہے اس میں بھی کسی نہ کسی وجہ سے رغبت ہوتی ہے اس لیے جو شخص اس چیز سے رغبت کو پھیرتا ہے جو اسے ذاتی طور پر مطلوب نہیں ہے تو ایسے شخص کو زاہد نہیں کہا جاتا کیوں کہ پتھر اور مٹی وغیرہ کو چھوڑنے والا زاہد نہیں کہلا سکتا زاہد وہ ہوتا ہے جو درھم اور دینار کو چھوڑتا ہے کیوں کہ مٹی اور پتھر میں رغبت نہیں ہوتی۔

اور جس چیز میں رغبت رکھی جا رہی ہے اس کے لیے شرط یہ ہے کہ وہ مرغوب عنہ (جس سے رغبت کو پھیرا ہے) سے بہتر ہو تاکہ یہ رغبت غالب آجائے بیچنے والا اسی لیے بیچتا ہے کہ جو کچھ وہ خرید رہا ہے اس کے نزدیک وہ اس چیز سے بہتر ہے جس کو وہ بیچ رہا ہے تو مبیع (جو کچھ بیچ رہا ہے) کی نسبت سے اس کا حال زُہد کہلاتا ہے اور جو کچھ وہ عوض میں لیتا ہے اس کی حالت رغبت اور محبت کہلاتی ہے۔

اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزَّاهِدِيْنَ۔ (۱)

اور انہوں نے ان کو (حضرت یوسف علیہ السلام کو) ناقص قیمت کے ساتھ چند درھموں میں بیچ دیا اور وہ ان میں رغبت نہیں رکھتے تھے۔

"شروہ" کا معنی یہ ہے کہ انہوں نے بیچ دیا کیوں کہ لفظ شراء بیچنے کے معنی میں بھی آتا ہے اور حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کے وصف کو زہد سے تعبیر کیا کیوں کہ وہ اپنے والد کی توجہ کو اپنی طرف مبذول کرانے کی طمع رکھتے تھے اور یہ بات ان کے نزدیک حضرت یوسف علیہ السلام سے زیادہ محبوب تھی چنانچہ انہوں نے عوض کی طمع میں ان کو بیچ دیا۔

لہٰذا جو شخص دنیا کو آخرت کے بدلے بیچتا ہے وہ دنیا میں زاہد ہے اور جو آدمی دنیا کے بدلے آخرت کو بیچتا ہے وہ بھی زاہد ہے لیکن آخرت کا زاہد ہے (یعنی آخرت سے بے رغبت ہے)

لیکن عرف میں زاہد اسے ہی کہا جاتا ہے جو دنیا سے بے رغبت ہو جیسے الحاد کا نام باطل کی طرف میلان کے ساتھ خاص ہے اگرچہ لغوی طور پر الحاد محض میلان کا نام ہے۔

اور جب زہد، محبوب چیز سے رغبت کو پھیرنے کا نام ہے تو اس کا تصور اسی صورت میں ہوگا جب اس سے زیادہ محبوب چیز کی طرف توجہ کو پھیرا جائے ورنہ محض محبوب کو چھوڑنا محال ہے اور جو آدمی اللہ تعالیٰ کے سوا سب چیزوں سے محبت کو پھیر دیتا ہے حتیٰ کہ اسے جنت کی رغبت بھی نہ رہے اور صرف اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہو وہ زاہد مطلق ہے اور جو آدمی دنیا کی تمام چیزوں سے رغبت اٹھالے اور آخرت میں حاصل ہونے والی نعمتوں کے حوالے سے زہد اختیار نہ کرے بلکہ حوروں، محلات نہروں اور پھلوں وغیرہ کی طمع کرے وہ بھی زاہد ہے لیکن پہلے کے مقابلے میں اس کا درجہ کم ہے اور جو شخص دنیا کے بعض مفادات کو چھوڑ دیتا ہے بعض کو نہیں چھوڑتا جیسے ایک شخص مال میں رغبت نہیں رکھتا لیکن اقتدار میں رغبت رکھتا ہے حتیٰ کہ وہ کھانے پینے میں کشادگی کو ترک کر دیتا ہے لیکن زیب وزینت کو نہیں چھوڑتا تو اسے مطلقاً زاہد نہیں کہا جاتا اور زاہدین میں اس کا درجہ اس طرح ہے جیسے توبہ کرنے والوں میں وہ شخص جو بعض گناہوں سے توبہ کرتا ہے یہ بھی زہد صحیح ہے جیسے بعض گناہوں سے توبہ صحیح ہوتی ہے کیوں کہ توبہ ممنوع کاموں کو چھوڑنے کا نام ہے اور زہد مباح اور جائز چیزوں کے ترک کا نام ہے جن کو نفس چاہتا ہے اور لطف اندوز ہوتا ہے اور یہ بات عقل سے بعید نہیں کہ آدمی بعض مباح چیزوں کو چھوڑنے پر قادر ہو اور بعض پر قادر نہ ہو جیسے ممنوعات میں یہ بات خلاف عقل نہیں ہے اور جو شخص صرف ممنوعات کو چھوڑتا ہے اسے زاہد نہیں کہا جا سکتا اگرچہ اس نے ممنوع چیزوں میں زہد اختیار کیا اور ان سے رخ پھیر لیا لیکن عرف وعادت میں زہد مباح چیزوں کو چھوڑنے کا نام ہے تو زہد دنیا سے رغبت ختم کر کے اس کو آخرت کی طرف پھیرنے کا نام ہے یا غیر خدا سے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے اور یہ بلند درجہ ہے تو جس طرح مرغوب فیہ (جس میں رغبت ہے) میں شرط ہے کہ وہ اس آدمی کے نزدیک اچھی ہو اسی طرح مرغوب عنہ (جس سے رغبت ترک کی ہے) کا اس کے بس میں ہونا ضروری ہے کیوں کہ جو کام انسان کے بس میں نہ ہو اس کو

چھوڑنا محال ہے اور جب چھوڑتا ہے تو اس سے واضح ہوتا ہے کہ اس کی رغبت زائل ہو گئی۔
یہی وجہ ہے کہ حضرت ابن مبارک رحمہ اللہ سے کہا گیا اے زاہد! تو انہوں نے فرمایا زاہد تو حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ ہیں کیوں کہ ان کے پاس دنیا ذلیل ہو کر آئی تو انہوں نے اسے چھوڑ دیا میں نے کس بات میں زہد کیا؟

وہ علم جو اس حال کا نتیجہ ہے وہ اس بات کو جاننا ہے کہ جس چیز کو ترک کیا ہے وہ حاصل کی جانے والی چیز کی نسبت حقیر ہے جیسے تاجر اس بات کو جانتا ہے کہ عوض، بیع (جو چیز بیچی گئی) اسے بہتر ہے اس لیے وہ اس میں رغبت رکھتا ہے۔ اور جب تک یہ علم متحقق نہ ہو بیع سے رغبت کا زوال متصور نہیں ہو سکتا اسی طرح جس شخص کو اس بات کا عرفان حاصل ہو جائے کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ باقی ہے اور آخرت بہتر اور باقی رہنے والی ہے یعنی اس کی لذتیں ذاتی طور پر بہتر اور باقی رہنے والی ہیں جس طرح برف کے مقابلے میں جواہر بہتر اور باقی رہنے والے ہیں اور برف کے مالک پر برف کو جواہر اور موتیوں کے بدلے میں بیچنا مشکل نہیں ہوتا۔ دنیا اور آخرت کی یہی مثال ہے دنیا اس برف کی طرح ہے جو دھوپ میں رکھی ہوئی ہو وہ ختم ہونے تک پگھلتی رہتی ہے اور آخرت جوہر کی طرح ہے جو فنا نہیں ہوتا پس دنیا اور آخرت کے درمیان تفاوت کے بارے میں جس قدر یقین اور معرفت مضبوط ہو گی اس کا سودا کرنے اور معاملہ کرنے میں اسی قدر رغبت مضبوط ہو گی حتیٰ کہ جس شخص کا یقین مضبوط ہوتا ہے وہ اپنے نفس اور مال کو بیچ دیتا ہے جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ۔ (۱)	بے شک اللہ تعالیٰ نے مومنوں سے ان کی جانیں اور مال خرید لئے کہ ان کا بدلہ جنت ہو گی۔

پھر بتایا کہ ان کو اس سودے میں نفع ہوا ارشاد خداوندی ہے۔

فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ۔ (۲)	پس تم اپنے اس سودے پر خوش ہو جاؤ جو سودا تم نے کیا

زہد کے سلسلے میں صرف اتنا علم کافی ہے یعنی آخرت بہتر اور باقی رہنے والی ہے اور بعض اوقات وہ شخص بھی اس بات کو جانتا ہے جو علم اور یقین کی کمزوری کی وجہ سے ترکِ دنیا پر قادر نہیں ہوتا یا اس وقت اس پر خواہش کا غلبہ ہوتا ہے اور وہ شیطان کے ہاتھوں مغلوب ہوتا ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ وہ شیطان کے وعدوں سے دھوکے میں ہوتا ہے یہاں تک کہ اسے مدت اٹھا لیتی ہے اور اب سوائے کفِ افسوس ملنے کے اور کچھ نہیں ہو سکتا۔
اس آیت میں دنیا کے خسیس ہونے کی طرف اشارہ کیا گیا ہے ارشاد ربانی ہے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ توبہ آیت ۱۱۱
(۲) قرآن مجید، سورۂ توبہ آیت ۱۱۱

قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيلٌ۔ (۱) آپ فرما دیجئے دنیا کا سامان قلیل ہے۔

اور آخرت کے نفیس ہونے کی طرف اس آیت کریمہ میں اشارہ کیا گیا ہے۔

وَقَالَ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ۔ (۲) اور ان لوگوں نے کہا جن کو علم دیا گیا تمہارے لیے ہلاکت ہو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملنے والا ثواب بہتر ہے۔

تو اس بات سے آگاہ کیا کہ جوہر کی نفاست کا علم ہی اس کے عوض کی رغبت سے پھیرتا ہے۔

اور جب زہد کا تصور اس بات کے بغیر نہیں ہو سکتا کہ محبوب چیز کی رغبت چھوڑ کر زیادہ محبوب چیز کی طرف متوجہ ہو۔ تو ایک شخص نے اپنی دعا میں کہا یا اللہ مجھے دنیا اسی طرح دکھا جس طرح تو اسے دیکھتا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا تَقُلْ هٰكَذَا وَلٰكِنْ قُلْ أَرِنِيْ كَمَا أَرَيْتَهَا الصَّالِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكَ۔ (۳) تم یوں نہ کہو بلکہ یوں کہو (اے اللہ) مجھے (دنیا) اس طرح دکھا جیسے تو نے اپنے نیک بندوں کو دکھائی ہے

کیوں کہ اللہ تعالیٰ تو اسے حقیر جانتا ہے جیسے وہ حقیر ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے جلال کی نسبت سے ہر مخلوق حقیر ہے اور بندہ اسے اس چیز کی نسبت سے حقیر جانتا ہے جو اس کے لیے بہتر ہے اور جو شخص گھوڑا بیچتا ہے اگرچہ وہ اس وقت اس میں رغبت نہیں رکھتا لیکن وہ اسے زمین کے کیڑے مکوڑوں کی طرح نہیں دیکھتا کیوں کہ کیڑوں سے تو وہ مکمل طور پر بے نیاز ہے لیکن گھوڑے سے بے نیاز نہیں ہو سکتا اور اللہ تعالیٰ ذاتی طور پر ہر چیز سے بے نیاز ہے اس لیے وہ اپنی ذات کے اعتبار سے تمام اشیاء کو ایک درجہ میں دیکھتا ہے کہ اس کے جلال کے سامنے سب ایک جیسے ہیں لیکن ایک دوسرے کے حوالے سے ان میں فرق ہے اور زاہد وہی ہے جو اپنی ذات کے حوالے سے فرق دیکھتا ہے دوسروں کی نسبت سے نہیں۔

زاہد کا عمل یہی ترک ہے کیوں کہ یہ بیع، معاملہ اور ادنیٰ کے بدلے میں بہتر لیتا ہے تو جس طرح بیع کی صورت میں عمل یہی ہوتا ہے کہ مبیع کو چھوڑ دیا جاتا ہے اور اسے اپنے قبضے سے نکال کر اس کا عوض لیا جاتا ہے اسی طرح زہد کا مطلب یہ ہے کہ جس چیز میں زہد اختیار کیا ہے اسے مکمل طور پر چھوڑ دے اور وہ دنیا ہے جس کے ساتھ اس کے اسباب، مقدمات اور تمام لوازم ومتعلقات ہیں پس دل سے اس کی محبت نکل جاتی ہے اور عبادات کی محبت داخل ہو جاتی ہے اور جس چیز کو وہ دل سے نکالتا ہے وہ آنکھوں اور ہاتھوں سے بھی نکل جاتی ہے اور اب ہاتھ، آنکھیں اور تمام اعضاء ایک ہی

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ النساء آیت ۷۷

(۲) قرآن مجید، سورۃ قصص آیت ۸۰

(۳) الفردوس بماثور الخطاب جلد اول ص ۴۹۶ حدیث ۱۹۱۰

وظیفے یعنی عبادات میں مشغول ہو جاتے ہیں ورنہ صرف دنیا کو چھوڑنا اسی طرح ہوگا جیسے کوئی شخص مبیع دے دے لیکن اس کی قیمت وصول نہ کرے جب وہ لینے اور دینے کے سلسلے میں دونوں طرف کی شرط پوری کر لیتا ہے تو اب اس کو اپنے سودے پر راضی ہونا چاہیے کیوں کہ جو شخص اس طرح سودا کرتا ہے وہ عہد کو پورا کرتا ہے۔

پس جو شخص موجود چیز کا غائب کے عوض سودا کرتا ہے اور وہ چیز دوسرے شخص کے حوالے بھی کر دیتا ہے (اسے بیع سلم کہتے ہیں) تو وہ غائب کی طلب شروع کر دیتا ہے پس اگر سودا کرنے والا ایسا شخص ہے جس پر اعتماد کیا جا سکتا ہے کہ وہ سچا بھی ہے، قادر بھی اور وعدہ پورا کرنے والا بھی تو جوں ہی اس شخص کی کوشش پوری ہوگی غائب چیز اس کے حوالے کر دے گا اور جب تک دنیا کو اپنے پاس روکے رکھے اس کا زہد بالکل درست نہ ہوگا اسی لیے اللہ تعالیٰ نے حضرت بنیامین علیہ السلام کے حق میں حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کو زاہدین نہیں فرمایا اگرچہ وہ کہتے تھے کہ حضرت یوسف علیہ السلام اور ان کے بھائی (حضرت بنیامین) ہمارے والد کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں اور انہوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کی طرح ان کو بھی دور کرنے کی کوشش کی لیکن ان میں سے ایک کی سفارش پر ان کو چھوڑ دیا اسی طرح جب انہوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کو نکالنے کا ارادہ کیا تو اس وقت بھی ان کو زاہدین نہیں فرمایا بلکہ اس وقت فرمایا جب انہوں نے آپ کو فروخت کیا اور ان لوگوں کے حوالے کر دیا۔

تو رغبت کی علامت روکنا اور زہد کی علامت نکال باہر کرنا ہے اگر تم دنیا کی بعض چیزیں اپنے قبضے سے نکالو اور بعض نہ نکالو تو جو کچھ تم نے نکالا ہے صرف اسی میں زاہد ہو گئے مطلق زاہد نہیں ہو گئے اور اگر تمہارے پاس مال نہ ہو اور دنیا تمہاری مددگار نہ ہو تو تم سے زہد کا تصور نہیں ہوگا کیوں کہ جو شخص کسی چیز پر قادر نہ ہو وہ اس کے ترک پر بھی قادر نہیں ہوتا بعض اوقات شیطان تمہیں دھوکے میں مبتلا کر دیتا ہے اور تمہارے دل میں یہ بات ڈالتا ہے کہ اگرچہ دنیا تمہارے پاس نہیں آئی لیکن تم زاہد ہو تو شیطان کے دھوکے میں نہ آؤ جب تک تمہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے کئے گئے وعدے پر قوی اعتماد اور یقین نہ ہو جب تک تم طاقت کے حال کو نہیں آزماؤ گے اس وقت تک دنیا کو چھوڑنے پر قدرت کا یقین کیسے رکھو گے کتنے ہی لوگ ایسے ہیں جو گناہ پر قادر نہ ہونے کی صورت میں خیال کرتے ہیں کہ ان کو گناہ ناپسند ہیں اور جب کسی رکاوٹ اور مخلوق کے خوف کے بغیر گناہ ان کے لیے آسان ہو جاتا ہے تو اس کے مرتکب ہو جاتے ہیں۔

تو جب یہ بات گناہوں کے سلسلے میں شیطانی دھوکہ ہے تو مباح امور میں کیا حال ہوگا اور نفس کا پکا وعدہ اس طرح ہے کہ تم طاقت کی حالت میں بار بار اس کا تجربہ کرتے رہو جب وہ اس وعدے کو ہمیشہ پورا کرے حالانکہ کوئی ظاہری اور باطنی عذر بھی نہ ہو تو اب اس پر یقین اور اعتماد کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن اس کے بدلنے کا خوف اب بھی باقی رہنا چاہیے کیوں کہ وہ بہت جلد وعدے کو توڑ دیتا اور طبعی تقاضوں کی طرف رجوع کرتا ہے۔

خلاصہ یہ ہوا کہ نفس سے امن اسی وقت ہے جب وہ کسی چیز کو ترک کر دے اور اس سلسلے میں بھی متروکہ چیز کے

حوالے سے ہی امن ہوگا اور یہ اس وقت ہے جب وہ اس کام کو کرنے کی طاقت رکھتا ہو۔

حضرت ابی لیلیٰ نے حضرت ابن شبرمہ (رحمہا اللہ) سے فرمایا کیا تم کپڑا بننے والے کے اس بیٹے (حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ) کو دیکھتے ہو کہ ہم جس مسئلہ میں فتویٰ دیتے ہیں یہ اسے رد کر دیتا ہے حضرت ابن شبرمہ نے فرمایا میں نہیں جانتا کہ وہ کپڑا بننے والے کا بیٹا ہے یا کیا ہے لیکن اتنی بات جانتا ہوں کہ دنیا اس کے پاس آئی لیکن وہ اس سے بھاگ گیا اور دنیا ہم سے بھاگی اور ہم نے اس کو طلب کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مقدسہ میں سب لوگ اسی طرح کہتے تھے کہ ہم اپنے رب سے محبت کرتے ہیں اور اگر ہمیں معلوم ہوا کہ کس عمل سے اس کی محبت حاصل ہوتی ہے تو ہم وہ عمل کریں گے حتیٰ کہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

وَلَوْ اَنَّا کَتَبْنَا عَلَیْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْا اَنْفُسَکُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِیَارِکُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِیْلٌ مِّنْهُمْ (۱)

اور اگر ہم ان پر لکھ دیتے کہ اپنے آپ کو قتل کرو یا اپنے گھروں سے نکل جاؤ تو ان میں سے تھوڑے لوگ ایسا کرتے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا "تم بھی ان میں سے ہو"۔ (۲) یعنی تھوڑے لوگوں میں سے ہو۔

وہ فرماتے ہیں مجھے معلوم نہ تھا کہ ہم میں سے کچھ لوگ دنیا سے محبت بھی کرتے ہیں حتیٰ کہ یہ آیت نازل ہوئی (۳)

مِنْکُمْ مَّنْ یُّرِیْدُ الدُّنْیَا وَمِنْکُمْ مَّنْ یُّرِیْدُ الْاٰخِرَةَ (۴)

تم میں سے بعض دنیا چاہتے ہیں اور تم میں سے کچھ آخرت کا ارادہ کرتے ہیں۔

یہ بات بھی جان لو کہ زہد کا یہ مطلب نہیں کہ آدمی سخاوت اور جوانمردی کے طور پر مال خرچ کرنا بھی چھوڑ دے یا لوگوں کے دلوں کو مائل کرنے یا کسی (اچھی بات کی) طمع کی بنیاد پر دینے سے بھی باز رہے کیوں کہ یہ سب اچھی عادات ہیں زہد تو یہ ہے کہ تم دنیا کو اس سبب سے ترک کرو کہ تم جانتے ہو کہ آخرت کی نفاست کے مقابلے میں یہ حقیر ہے اور دنیا کو ہر اعتبار سے وہی ترک کرتا ہے جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتا لیکن اس وجہ سے یہ مروت، جوانمردی، سخاوت اور حسن خلق تو کہلاتا ہے لیکن اسے زہد نہیں کہہ سکتے کیوں کہ اچھا نام اور دلوں کا میلان تو فوری ملنے والے دنیوی فوائد ہیں اور یہ مال کے مقابلے میں زیادہ لذیذ اور زیادہ خوشگوار ہوتے ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۶۶

(۲) الدر المنثور جلد ۲ ص ۱۸۲ تحت آیت "ولو ان کتبنا علیهم"

(۳) الدر المنثور جلد ۲ ص ۸۶ تحت آیت منکم من یرید الدنیا۔

(۴) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۵۲

اور جس طرح مال بیع سلم کے طور پر عوض کی طمع میں دینا زہد نہیں کہلاتا اسی طرح مال اس لیے خرچ کرنا کہ میرا ذکر ہو میری تعریف ہو، جوانمردی اور سخاوت کے ساتھ مشہوری ہو نیز اس لیے خرچ کرنا کہ مال کی حفاظت بہت مشکل ہے اور اس میں مشقت اور تھکاوٹ برداشت کرنا پڑتی ہے اور بادشاہوں اور مالداروں کے سامنے ذلت و رسوائی اٹھانا پڑتی ہے اس لیے مال جمع نہ کیا جائے بلکہ اس سے قطع تعلق کیا جائے یہ بالکل زہد نہیں ہے بلکہ اپنے نفس کے لیے ایک دوسرا فائدہ حاصل کرنا ہے اور زاہد وہ ہوتا ہے جس کے پاس دنیا ذلیل و رسوا ہو کر آئے اس میں کسی قسم کی مشقت وغیرہ نہ ہو وہ اس سے لطف اندوز بھی ہو سکتا ہو نہ تو اس کی عزت و جاہ میں کوئی نقصان ہوتا ہے اور نہ نفسانی لذات فوت ہوتی ہوں تو اب اس خوف سے مال کو چھوڑ دے کہ کہیں اس سے اُنس پیدا نہ ہو جائے اس طرح اللہ تعالیٰ کے غیر سے اُنس ہو جائے گا اور ماسوی اللہ کی محبت پیدا ہوگی اور اللہ تعالیٰ کی محبت میں اس کا غیر شریک ہو جائے گا یا وہ آخرت کے ثواب کی طمع کرتے ہوئے مال سے قطع تعلق کرتا ہے۔ تو یہ دنیوی مشروبات سے نفع اندوزی کو جنت کے مشروبات سے نفع اندوزی کی طمع میں چھوڑتا ہے جنتی حوروں کی طمع میں لونڈیوں اور عورتوں سے نفع حاصل کرنے کو ترک کرتا ہے جنت کے باغات اور درختوں کی طمع میں دنیوی باغوں سے لطف اندوزی کو چھوڑتا ہے جنت کی زینت کی لالچ میں دنیوی زینت سے بننے سنورنے کو ترک کرتا ہے اور جنتی میووں کی طمع میں لذیذ کھانوں کو چھوڑتا ہے نیز اس بات کا خوف ہے کہ کہیں یہ نہ کہا جائے۔

اَذۡهَبۡتُمۡ طَيِّبٰتِكُمۡ فِىۡ حَيَاتِكُمُ الدُّنۡيَا(۱) تم اپنے مزے اپنی دنیوی زندگی میں لے گئے۔

تو ان تمام باتوں میں دنیا میں کسی فکر و پریشانی کے بغیر حاصل ہونے والی دولت پر ان نعمتوں کو ترجیح دیتا ہے جن کا اس سے جنت میں ملنے کا وعدہ کیا گیا ہے کیوں کہ وہ جانتا ہے کہ جو کچھ آخرت میں ہے وہ بہتر اور باقی رہنے والا ہے اس کے علاوہ جو صورتیں ہیں وہ سب دنیوی معاملات ہیں آخرت میں ان کا کوئی فائدہ نہیں۔

فصل ۲:

زہد کی فضیلت

آیات کریمہ:

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:۔

فَخَرَجَ عَلٰى قَوۡمِهٖ فِىۡ زِيۡنَتِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيۡنَ يُرِيۡدُوۡنَ الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا يٰلَيۡتَ لَنَا مِثۡلَ

(ایک دن قارون) اپنی قوم کے سامنے زیب و زینت کے ساتھ آیا تو جو لوگ دنیوی زندگی چاہتے تھے کہنے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ احقاف آیت ۲۰

مَا اُوْتِیَ قَارُوْنَ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِیْمٍ ہ وَقَالَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَیْلَکُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَیْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا وَلَا یُلَقّٰهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ۔ (۱)

لگے کاش ہمیں بھی اس کی مثل دیا جاتا جو قارون کو دیا گیا وہ تو بہت بڑے حصے والا ہے اور جن لوگوں کو علم دیا گیا انہوں نے کہا تمہارے لیے ہلاکت ہو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملنے والا ثواب اس شخص کے لیے بہتر ہے جو ایمان لایا اور اس نے اچھے کام کئے اور یہ تو صرف صبر کرنے والوں کو ملتا ہے۔

تو زہد کو علماء کی طرف منسوب کیا اور زاہدین کو علم سے موصوف قرار دیا اور یہ انتہائی درجہ کی تعریف ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

اُولٰٓئِکَ یُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَیْنِ بِمَا صَبَرُوْا۔ (۲)

ان لوگوں کو ان کا اجر دو مرتبہ دیا جائے گا کیوں کہ انہوں نے صبر کیا۔

اور یہ آیت دنیا میں زہد کی تفسیر کے بارے میں آئی ہے۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِیْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَیُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا۔ (۳)

بے شک ہم نے ان تمام چیزوں کو جو زمین پر ہیں زمین کی زینت بنایا تاکہ ہم ان کو آزمائیں کہ ان میں سے کون اچھا عمل کرتا ہے۔

کہا گیا ہے کہ اس کا مقصد یہ ہے کہ ان میں سے کون زیادہ زہد اختیار کرتا ہے تو زہد کو اچھے اعمال میں سے قرار دیا۔

نیز ارشاد خداوندی ہے:

مَنْ کَانَ یُرِیْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِیْ حَرْثِهٖ وَمَنْ کَانَ یُرِیْدُ حَرْثَ الدُّنْیَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِیْبٍ۔ (۴)

جو شخص آخرت کی کھیتی کا ارادہ کرے ہم اس کی کھیتی میں اضافہ کریں گے اور جو دنیا کی کھیتی چاہتا ہے ہم اسے اس سے دیں گے اور اس کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوگا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ قصص، آیت ۷۹، ۸۰

(۲) قرآن مجید، سورۂ قصص، آیت ۵۴

(۳) قرآن مجید، سورۂ کہف آیت ۷

(۴) قرآن مجید، سورۂ شوریٰ آیت ۲۰

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ۔ (۱)

اور آپ اُن چیزوں کی طرف نظر نہ دوڑائیں جو ہم نے مختلف لوگوں کو دنیوی زندگی کی رونق کے سامان کے طور پر دی ہیں تاکہ ہم ان کو اس میں آزمائیں اور آپ کے رب کا رزق بہتر اور خوب باقی رہنے والا ہے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

الَّذِينَ يَسْتَحِبُّونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ۔ (۲)

وہ لوگ جو دنیوی زندگی کو آخرت کے مقابلے میں پسند کرتے ہیں۔

تو یہ کافروں کا وصف بیان کیا پس اس کا مفہوم یہ ہے کہ مومن اس کی نقیض کے ساتھ موصوف ہوتا ہے اور وہ دنیوی زندگی کے مقابلے میں آخرت کو پسند کرتا ہے

احادیث مبارکہ:

دنیا کی مذمت میں بے شمار احادیث آئی ہیں جن میں سے کچھ ہم نے مہلکات کے ضمن میں دنیا کی مذمت کے بیان میں ذکر کی ہیں۔ کیوں کہ دنیا کی محبت مہلکات میں سے ہے۔

اب ہم صرف دنیا سے بغض کی فضیلت ذکر کریں گے کیوں کہ اس کا تعلق نجات دینے والے امور سے ہے۔ اور یہی زہد ہے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ أَصْبَحَ وَهَمُّهُ الدُّنْيَا شَتَّتَ اللّٰهُ عَلَيْهِ أَمْرَهُ وَفَرَّقَ عَلَيْهِ ضَيْعَتَهُ وَجَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَلَمْ يَأْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا مَا كُتِبَ لَهُ وَمَنْ أَصْبَحَ وَهَمُّهُ الْآخِرَةُ جَمَعَ اللّٰهُ لَهُ هَمَّهُ وَحَفِظَ عَلَيْهِ ضَيْعَتَهُ وَجَعَلَ غِنَاهُ فِي قَلْبِهِ وَأَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ " (۳)

جو شخص اس حال میں صبح کرے کہ اسے دنیا کی فکر ہو اللہ تعالیٰ اس کے کاموں کو بکھیر دیتا ہے اور اس کا سامان متفرق ہو جاتا ہے اس کا فقر اس کی آنکھوں کے سامنے کر دیتا ہے اور دنیا تو اسی قدر آئے گی جو اس کے لیے لکھ دی گئی ہے اور جو اس حال میں صبح کرے کہ اس کو آخرت کی فکر ہو اللہ تعالیٰ اس کی ہمت و فکر کو جمع کر دیتا ہے اس کے سامان کی حفاظت کرتا ہے اور اس کے دل میں مالداری پیدا کر دیتا ہے نیز اس کے پاس دنیا ذلیل ہو کر آتی ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ طٰہٰ آیت ۱۳۱ (۲) قرآن مجید سورۃ ابراہیم آیت ۲

(۳) سنن ابن ماجہ ص ۳۱۲، ابواب الزھد

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِذَا رَأَيْتُمُ الْعَبْدَ وَقَدْ أُعْطِيَ صَمْتًا وَزُهْدًا فِي الدُّنْيَا فَاقْتَرِبُوا مِنْهُ فَإِنَّهُ يُلَقَّى الْحِكْمَةَ۔ (۱)

جب تم کسی شخص کو دیکھو کہ اسے خاموشی اور دنیا سے بے رغبتی دی گئی ہے تو اس کے قریب ہو جاؤ کیوں کہ اس کے دل میں حکمت ڈالی جاتی ہے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَنْ يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا۔ (۲)

اور جس شخص کو حکمت دی گئی اسے بہت زیادہ بھلائی دی گئی۔

اسی لیے کہا گیا ہے کہ جو شخص چالیس دن دنیا سے بے رغبتی (زہد) اختیار کرے اللہ تعالیٰ اس کے دل میں حکمت کے چشمے جاری کر دیتا ہے اور اس کی زبان پر بھی حکمت بھری گفتگو جاری فرماتا ہے۔

ایک صحابی کے بارے میں مروی ہے انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! لوگوں میں سے کون شخص بہتر ہے؟ آپ نے فرمایا۔

كُلُّ مُؤْمِنٍ مَخْمُومِ الْقَلْبِ صَدُوقِ اللِّسَانِ۔ ہر وہ مومن جس کا دل صاف اور زبان سچی ہو۔

ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! "مخموم القلب" (صاف دل) کون ہوتا ہے؟

آپ نے فرمایا۔

التَّقِيُّ النَّقِيُّ الَّذِي لَا غِلَّ فِيهِ وَلَا غِشَّ وَلَا بَغْيَ وَلَا حَسَدَ۔

وہ متقی پرہیزگار جس کے دل میں خیانت کھوٹ، بغض اور حسد نہ ہو۔

ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ اس کے بعد کون بہتر ہے آپ نے فرمایا۔

الَّذِي يَشْنَأُ الدُّنْيَا وَيُحِبُّ الْآخِرَةَ۔ (۳)

وہ شخص جو دنیا کو برا جانے اور آخرت سے محبت کرے

اس کا مفہوم یہ ہے کہ لوگوں میں سے برے لوگ وہ ہیں جو دنیا سے محبت رکھتے ہیں۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِنْ أَرَدْتَ أَنْ يُحِبَّكَ اللهُ فَازْهَدْ فِي الدُّنْيَا۔ (۴)

اگر تم چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے تو دنیا میں زُہد اختیار کرو۔ (یعنی دنیا سے بے رغبت ہو جاؤ)

---

(۱) سنن ابن ماجہ ص ۳۱۱، ابواب الزھد

(۲) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۶۹

(۳) سنن ابن ماجہ ص ۳۲۱، ابواب الزھد

(۴) سنن ابن ماجہ ص ۳۱۱ ابواب الزھد

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا سے بے رغبتی کو اللہ تعالیٰ کی محبت کا سبب قرار دیا پس جس شخص سے اللہ تعالیٰ محبت کرے وہ اعلیٰ درجات والا ہے لہٰذا دنیا سے بے رغبتی سب سے افضل مقام ہونا چاہیئے اور اس حدیث سے یہ بات بھی سمجھ آتی ہے کہ دنیا سے محبت کرنے والا اللہ تعالیٰ سے بغض وعداوت کی طرف جاتا ہے۔

ایک حدیث میں جو اہل بیت سے مروی ہے یوں ارشاد فرمایا گیا۔

"اَلزُّهْدُ وَالْوَرَعُ يَجُوْلَانِ فِي الْقُلُوْبِ كُلِّ لَيْلَةٍ فَإِنْ صَادَفَا قَلْبًا فِيْهِ الْإِيْمَانُ وَالْحَيَاءُ أَقَامَا فِيْهِ وَإِلَّا ارْتَحَلَا۔ (۱)

زہد اور ورع (تقویٰ) ہر رات دلوں میں چکر لگاتے ہیں اگر وہ ایسے دل سے متفق ہو جائیں جس میں ایمان اور حیاء ہو تو وہاں ٹھہر جاتے ہیں ورنہ کوچ کر جاتے ہیں۔

حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ میں سچا مومن ہوں تو آپ نے پوچھا "تمہارے ایمان کی حقیقت کیا ہے" انہوں نے عرض کیا میں نے اپنے دل کو دنیا سے الگ کر دیا ہے پس میرے نزدیک دنیا کے پتھر اور سونا برابر ہیں گویا میں جنت اور دوزخ میں ہوں اور گویا میں اپنے رب کے عرش کے پاس ہوں آپ نے فرمایا تم نے پہچان لیا پس اسے اختیار کئے رکھنا (پھر فرمایا) یہ ایک بندہ ہے جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے نورِ ایمان سے منور کر دیا۔

تو دیکھو کس طرح انہوں نے حقیقتِ ایمان کے اظہار کا آغاز دنیا سے علیحدگی کے ساتھ کیا اور اسے یقین کے ساتھ ملایا اور کس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی پاکیزگی بیان کرتے ہوئے فرمایا ایک بندہ ہے جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے ایمان کے ساتھ منور کیا۔ (۲)

اور جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کی تفسیر پوچھی گئی کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ۔ (۳)

اللہ تعالیٰ جس شخص کو ہدایت دینا چاہتا ہے اس کے سینے کو اسلام کے لیے کھول دیتا ہے۔

تو آپ نے فرمایا۔

اِنَّ النُّوْرَ اِذَا دَخَلَ فِي الْقَلْبِ اِنْشَرَحَ لَهُ الصَّدْرُ وَانْفَسَحَ۔

بے شک نور جب دل میں داخل ہوتا ہے تو اس کے لیے سینہ کھل جاتا ہے اور کشادہ ہو جاتا ہے۔

---

(۱)

(۲) مصنف ابن ابی شیبہ جلد ۱۱ ص ۴۳ حدیث ۱۰۴۷۴

(۳) قرآن مجید، سورۂ انعام آیت ۱۲۵

عرض کیا گیا یا رسول اللہ! کیا اس کی کوئی علامت بھی ہے؟ آپ نے فرمایا۔

نَعَمْ اَلتَّجَافِی عَنْ دَارِ الْغُرُوْرِ وَالْاِنَابَۃُ اِلٰی دَارِ الْخُلُوْدِ وَالْاِسْتِعْدَادُ لِلْمَوْتِ قَبْلَ نُزُوْلِہٖ۔ (۱)

ہاں، دھوکے والے گھر (دنیا) سے دور رہنا اور ہمیشہ کے گھر کی طرف رجوع کرنا نیز موت کے آنے سے پہلے اس کے لیے تیاری کرنا۔

تو دیکھئے کس طرح زہد کو اسلام کی شرط قرار دیا اور زہد دھوکے والے گھر سے علیحدگی کا نام ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِسْتَحْیُوْا مِنَ اللّٰہِ حَقَّ الْحَیَاءِ۔

اللہ تعالیٰ سے حیا کرو جیسے اس کا حق ہے۔

انہوں نے عرض کیا بے شک ہم اللہ تعالیٰ سے حیا کرتے ہیں آپ نے فرمایا۔

لَیْسَ کَذٰلِکَ تَبْنُوْنَ مَا لَا تَسْکُنُوْنَ وَتَجْمَعُوْنَ مَا لَا تَاْکُلُوْنَ۔ (۲)

بات یہ نہیں بلکہ تم مکانات بناتے ہو جن میں رہائش اختیار نہیں کرتے اور جمع کرتے ہو لیکن کھاتے نہیں۔

تو آپ نے بتایا کہ یہ کام (یعنی دنیا سے محبت اور اسے جمع کرنا) اللہ تعالیٰ سے حیا کے خلاف ہے۔

ایک وفد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا وہ کہنے لگے بے شک ہم مومن ہیں آپ نے پوچھا تمہارے ایمان کی علامت کیا ہے؟

انہوں نے آزمائش کے وقت صبر، خوشی کے وقت شکر اور قضا کے مقامات پر رضا کا ذکر کیا نیز جب دشمن پر مصیبت آئے تو خوش نہ ہونا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اگر تم واقعی اسی طرح ہو تو جو کچھ نہیں کھاتے اسے جمع نہ کرو جن مکانات میں رہائش نہیں رکھتے ان کی تعمیر نہ کرو اور جس چیز کو چھوڑنا ہے اس میں رغبت نہ کرو۔ (۳)

تو آپ نے زہد کو ایمان کی تکمیل قرار دیا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

مَنْ جَاءَ بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَا یَخْلِطُ بِھَا غَیْرَھَا وَجَبَتْ لَہُ الْجَنَّۃُ۔

جو شخص کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ پڑھے اور اس میں کچھ اور نہ ملائے اس کے لیے جنت واجب ہو گئی۔

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۳۱۱ کتاب الرقاق

(۲) الترغیب والترہیب جلد ۳ ص ۴۱۴ کتاب التوبۃ

(۳)

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے کھڑے ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں (کلمہ میں) دوسری چیز ملانے کا کیا مطلب ہے ہمارے لیے اس کی وضاحت فرمائیں آپ نے فرمایا۔

(کلمہ میں ملاوٹ) دنیا کو طلب کرنا اور اس کی اتباع کے لیے اسے دوست رکھنا ہے اور کچھ لوگ ایسے ہیں جو رسولوں کی باتوں جیسی باتیں کرتے ہیں لیکن عمل میں ظالموں کی طرح ہوتے ہیں پس جو شخص اس طرح کلمہ پڑھے کہ اس میں اس (ظالموں کے عمل) میں سے کچھ نہ ہو تو اس کے لیے جنت واجب ہو گئی۔ (۱)

ایک حدیث شریف میں ہے۔

اَلسَّخَاءُ مِنَ الْيَقِيْنِ وَلَا يَدْخُلُ النَّارَ مُوْقِنٌ وَالْبُخْلُ مِنَ الشَّكِّ وَلَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ شَكَّ۔ (۲)

سخاوت یقین میں سے ہے اور کوئی یقین والا دوزخ میں نہیں جائے گا اور بخل شک میں سے ہے اور شک کرنے والا جنت میں نہیں جائے گا۔

اور آپ نے یہ بھی ارشاد فرمایا۔

سخی، اللہ تعالیٰ کے بھی قریب ہوتا ہے، انسانوں کے بھی اور جنت کے بھی قریب ہوتا ہے (۳) اور بخیل (کنجوس) اللہ تعالیٰ اور بندوں سے دور ہوتا ہے جب کہ جہنم کے قریب ہوتا ہے۔

بخل دنیا سے رغبت کا نتیجہ ہے جب کہ سخاوت زُہد کا ثمرہ ہے اور کسی چیز کے نتیجے پر تعریف یقیناً اس عمل پر تعریف ہوتی ہے جس کا یہ ثمرہ اور نتیجہ ہے۔

حضرت ابن مسیب، حضرت ابوذر (رضی اللہ عنہما) سے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا۔

مَنْ زَهِدَ فِي الدُّنْيَا اَدْخَلَ اللّٰهُ الْحِكْمَةَ قَلْبَهٗ فَاَنْطَقَ بِهَا لِسَانَهٗ وَعَرَّفَهٗ دَاءَ الدُّنْيَا وَدَوَاءَهَا وَاَخْرَجَهٗ مِنْهَا سَالِمًا اِلٰى دَارِ السَّلَامِ۔ (۴)

جو شخص دنیا میں زُہد اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے دل میں حکمت داخل کرتا اور زبان پر اسے جاری کرتا ہے نیز اسے دنیا کی بیماری اور علاج کی پہچان کرا دیتا ہے اور اسے دنیا سے صحیح سالم، سلامتی کے گھر کی طرف نکالتا ہے۔

ایک روایت میں ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ ایسی اونٹنیوں کے پاس سے

---

(۱) نوادر الاصول ص ۳۴۶، الاصل الثانی عشر والمائتان

(۲) الفردوس بماثور الخطاب جلد ۲ ص ۳۴۱ حدیث ۳۵۴۵

(۳) جامع ترمذی ص ۲۹۰، ابواب الصلۃ

(۴) الکامل لابن عدی جلد ۵ ص ۱۹۴۵ من اسمہ عبدالملک بن مہران

گزرے جو دس ماہ سے حاملہ تھیں اور ان کے تھنوں میں بہت دودھ تھا اور وہ ان کے پسندیدہ ترین اور نہایت نفیس مالوں میں سے تھیں کیوں کہ وہ ان کے لیے بار برداری (نیز سواری) گوشت، دودھ اور اون کے لیے مفید تھیں۔ اور ان کے دلوں میں ان کی عظمت تھی۔ ارشاد خداوندی ہے۔

وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ۔ (۱)

جب دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں چھوٹی پھریں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان اونٹنیوں سے منہ پھیرا اور آنکھیں بند کرلیں عرض کیا گیا یا رسول اللہ! یہ تو ہمارے عمدہ مالوں میں سے ہیں آپ ان کی طرف کیوں نہیں دیکھتے آپ نے فرمایا۔

اللہ تعالیٰ نے مجھے ان سے منع کیا ہے۔ پھر یہ آیت تلاوت فرمائی (۲)

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ۔ (۳)

آپ ان چیزوں کی طرف نظر نہ دوڑائیں جو ہم نے مختلف لوگوں کو دنیوی زندگی کی رونق کے سامان کے طور پر دی ہیں تاکہ ہم ان کو آزمائیں۔

حضرت مسروق، حضرت عائشہ (رضی اللہ عنہا) سے روایت کرتے ہیں ام المومنین فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا آپ اللہ تعالیٰ سے کھانا نہیں مانگتے کہ وہ آپ کو عطا کرے؟ آپ فرماتی ہیں میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بھوک کو دیکھ کر رو پڑی تھی۔ آپ نے فرمایا۔

يَا عَائِشَةُ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْ سَاَلْتُ رَبِّيْ اَنْ يُّجْرِيَ مَعِيَ جِبَالَ الدُّنْيَا ذَهَبًا لَاَجْرَاهَا حَيْثُ شِئْتُ مِنَ الْاَرْضِ وَلٰكِنِّيْ اخْتَرْتُ جُوْعَ الدُّنْيَا عَلٰى شِبَعِهَا وَفَقْرَ الدُّنْيَا عَلٰى غِنَاهَا وَحُزْنَ الدُّنْيَا عَلٰى فَرَحِهَا يَا عَائِشَةُ اِنَّ الدُّنْيَا لَا تَنْبَغِيْ لِمُحَمَّدٍ وَلَا لِاٰلِ مُحَمَّدٍ يَا عَائِشَةُ اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَرْضَ لِاُولِي الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ اِلَّا الصَّبْرَ عَلٰى مَكْرُوْهِ الدُّنْيَا وَالصَّبْرَ

اے عائشہ! اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اگر میں اللہ تعالیٰ سے سوال کروں کہ وہ پہاڑوں کو سونے کا بنا کر میرے ساتھ چلائے تو میں زمین میں جہاں جاؤں میرے ساتھ چلا دے لیکن میں نے دنیا کی بھوک کو اس کے سیر ہونے پر دنیا کے فقر کو اس کی مالداری پر اور اس کے غم کو اس کی خوشی پر ترجیح دی ہے اے عائشہ! دنیا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل کے لیے مناسب نہیں اے عائشہ! اللہ تعالیٰ اولوا العزم

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ التکویر آیت ۴

(۲) الدر المنثور جلد ۶ ص ۳۱۸ تحت آیت واذا العشار عطلت / الدر المنثور جلد ۴ ص ۳۱۲ تحت آیت ولا تمدن عینیک

(۳) قرآن مجید، سورۃ طٰہٰ آیت ۱۳۱

عَنْ مَحْبُوْبِهَا ثُمَّ لَمْ يَرْضَ لِيْ اِلَّا اَنْ يُّكَلِّفَنِيْ مَا كَلَّفَهُمْ فَقَالَ (فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ) وَاللّٰهِ مَالِيْ بُدٌّ مِنْ طَاعَتِهٖ وَاِنِّيْ وَاللّٰهِ لَاَصْبِرَنَّ كَمَا صَبَرُوْا بِجُهْدِيْ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ» ۔ (۱)

پیغمبروں سے صرف دنیا کی تکلیفوں پر صبر کو پسند کرتا ہے نیز دنیا کی پسندیدہ چیزوں سے بھی صبر کریں پھر میرے لیے یہی پسند کیا کہ جن باتوں کا ان (رسل عظام) کو مکلف بنایا اسی کا مجھے بھی مکلف بنایا۔

پس ارشاد فرمایا۔

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ (۲)

پس آپ صبر کیجیے جیسے اولوالعزم رسولوں نے صبر کیا۔

اللہ کی قسم میرے لیے اس کی فرمانبرداری کے بغیر کوئی چارۂ کار نہیں اور اللہ کی قسم! بے شک میں حتی المقدور ضرور صبر کروں گا جیسے انہوں نے صبر کیا اور قوت تو اللہ تعالیٰ ہی عطا کرتا ہے ۔

ایک روایت میں ہے جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ پر فتوحات کا دروازہ کھلا تو آپ کی صاحبزادی حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا جب دور دراز سے آپ کے پاس وفود آتے ہیں اس وقت آپ باریک (عمدہ) لباس پہنا کریں اور کچھ کھانے کا حکم دیا کریں جس سے آپ بھی تناول فرمائیں اور وہ لوگ بھی کھائیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے حفصہ! کیا تمہیں معلوم نہیں کہ مرد کا حال اس کی بیوی سب سے زیادہ جانتی ہے انہوں نے عرض کیا جی ہاں! فرمایا میں تمہیں قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تمہیں معلوم ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اتنے سال نبوت کے منصب پر فائز رہے اور آپ نے اور آپ کے گھر والوں نے اگر صبح کو سیر ہو کر کھایا تو رات کو بھوکے رہے اور رات کو سیر ہوئے تو دن بھوک سے گزارا۔ اور میں تمہیں اللہ تعالیٰ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تم جانتی ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنے سال منصب نبوت پر گزارتے ہوئے آپ اور آپ کے گھر والے صرف کھجور پر گزارہ کرتے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے خیبر فتح فرمایا اور میں تمہیں قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تم جانتی ہو کہ ایک روز تم لوگوں نے آپ کے سامنے اونچے دستر خوان پر کھانا رکھا تو آپ کو یہ بات ناگوار گزری حتیٰ کہ چہرۂ انور کا رنگ بدل گیا پھر اس دستر خوان کو اٹھانے کا حکم دیا اور کھانا اس سے کچھ نیچے دستر خوان پر رکھا یا زمین پر رکھ دیا اور میں تمہیں قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تم جانتی ہو کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک کمبل کو دو تہہ کر کے اس پر آرام فرماتے تھے ایک دفعہ اس کو چار تہہ کیا گیا تو آپ اس پر آرام فرما ہوئے جب بیدار ہوئے تو فرمایا تم نے اس کمبل کے ذریعے مجھے قیام لیل سے روک دیا اس کو دوہرا کر دو جیسے پہلے تم اسے دوہرا کیا کرتے تھے اور میں تمہیں قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تم جانتی ہو کہ رسول اکرم

---

(۱) الفردوس بماثور الخطاب جلد ۵ ص ۲۲۶ حدیث ۸۶۲۸

(۲) قرآن مجید، سورۂ احقاف آیت ۳۵

دھونے کے لیے کپڑا اتارتے تھے پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ آکر نماز کی اطلاع کرتے تو آپ کے پاس (دوسرا) کپڑا نہ ہوتا جو پہن کر نماز کے لیے جاتے جب تک وہ خشک نہ ہو جائے تو آپ اسے ہی پہن کر تشریف لے جاتے اور میں تمہیں قسم دے کر پوچھتا ہوں کر تم جانتی ہو کہ بنو ظفر کی ایک خاتون نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دو چادریں بنائیں ایک بطور تہبند باندھنے والی اور دوسری اوپر لپیٹنے کے لیے، اس نے ایک چادر آپ کے پاس بھیج دی اور دوسری ابھی تک نہیں پہنچی تھی تو آپ اسی کو لپیٹ کر نماز کے لیے تشریف لے گئے آپ پر کوئی دوسرا کپڑا نہ تھا آپ نے اس کے دونوں کناروں سے اپنی گردن مبارک کے ساتھ گرہ باندھی اور اسی طرح نماز پڑھی، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ مسلسل بیان کرتے رہے حتی کہ انہوں نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو رُلا دیا اور آپ خود بھی روئے اور ایسی چیخ ماری کہ ہم نے گمان کیا کہ عنقریب آپ کی رُوح پرواز کر جائے گی۔ (۱)

بعض روایات میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قول میں اضافہ ہے آپ نے فرمایا میرے دو ساتھی مجھے جو ایک راستے پر چلے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مراد ہیں) اگر میں ان کے راستے کے علاوہ راستے پر چلوں گا تو میرے ساتھ ایسا سلوک ہو گا جو ان کے ساتھ نہیں ہو گا اور اللہ کی قسم! میں ان کی سخت زندگی پر صبر کروں گا شاید میں بھی ان کے ساتھ اسی طرح عیش پاؤں۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا۔

مجھ سے پہلے انبیاء کرام علیہم السلام میں سے کسی کو فقر میں مبتلا کیا جاتا اور وہ صرف ایک کوٹ پہنتے بعض کو جوؤں کے ذریعے آزمایا گیا حتی کہ جوؤں نے ان کو شہید کر دیا اور ان کو یہ بات اس سے زیادہ پسند تھی جس قدر تمہیں عطیات پسند ہیں (۱)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جب حضرت موسیٰ علیہ علیہ السلام مدین کے چشمے پر پہنچے تو کمزوری کی وجہ ساگ کی سبزی آپ کے پیٹ مبارک میں نظر آتی تھی۔

تو اللہ تعالیٰ کے نبیوں اور رسولوں نے اس بات کو اختیار کیا اور وہ اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ جاننے والے تھے۔ اور آخرت میں کامیابی کا راستہ بھی ان کو زیادہ معلوم تھا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے جب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ (۲)

اور وہ لوگ جو سونا اور چاندی جمع کرتے ہیں اور اسے اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ نہیں کرتے انہیں دردناک عذاب کی خبر دیجئے۔)

---

(۱) سنن ابن ماجہ، ص ۴۴۸، ابواب الاطعمہ / جامع ترمذی ص ۳۴۰، ابواب الزھد / ابواب الشمائل ص ۵۹۳ (نامکمل)

(۲) سنن ابن ماجہ ص ۳۰۰، ابواب الفتن (۳) قرآن مجید سورۃ توبہ آیت ۳۴

تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تَبًّا لِلدُّنْیَا تَبًّا لِلدِّیْنَارِ وَالدِّرْھَمِ۔ — دنیا کے لیے ہلاکت ہو، دینار اور درہم کے ہلاکت ہو۔

ہم نے عرض کیا یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے ہمیں سونے اور چاندی کو خزانہ بنانے سے روکا ہے تو ہم کیا چیز جمع کریں۔ آپ نے ارشاد فرمایا۔

لِیَتَّخِذْ اَحَدُکُمْ لِسَانًا ذَاکِرًا وَّ قَلْبًا شَاکِرًا وَّزَوْجَةً صَالِحَةً تُعِیْنُهٗ عَلٰی اَمْرِ اٰخِرَتِهٖ۔ (۱)

تم سے ایک کو (یعنی سب کو) چاہیے کہ وہ ذکر کرنے والی زبان، شکر کرنے والا دل اور نیک بیوی اختیار کرے جو اس کے اُخروی کاموں میں اس کی مدد کرے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا۔

مَنْ اٰثَرَ الدُّنْیَا عَلَی الْاٰخِرَةِ ابْتَلَاهُ اللّٰهُ بِثَلَاثٍ هَمًّا لَا یُفَارِقُ قَلْبَهٗ اَبَدًا وَفَقْرًا لَا یَسْتَغْنِیْ اَبَدًا وَحِرْصًا لَا یَشْبَعُ اَبَدًا۔ (۲)

جو شخص دنیا کو آخرت پر ترجیح دے اللہ تعالیٰ اسے تین باتوں میں مبتلا کر دیتا ہے ایسی پریشانی جو اس کے دل سے کبھی جدا نہیں ہوتی فقر جو اسے کبھی بے نیاز نہیں ہونے دیتا اور حرص جو اسے کبھی سیر نہیں ہونے دیتی۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا یَسْتَکْمِلُ الْعَبْدُ الْاِیْمَانَ حَتّٰی یَکُوْنَ اَنْ لَّا یُعْرَفَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ اَنْ یُّعْرَفَ وَحَتّٰی یَکُوْنَ قِلَّةُ الشَّیْءِ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ کَثْرَتِهٖ۔ (۳)

بندے کا ایمان اس وقت تک مکمل نہیں ہوتا جب تک اسے مشہور ہونے کی بجائے معروف نہ ہونا زیادہ پسند نہ ہو نیز اس کے نزدیک کسی چیز کی قلت اس چیز کی کثرت سے زیادہ پسندیدہ ہو۔

حضرت عیسٰی علیہ السلام نے فرمایا۔

"دنیا ایک پُل ہے اس کو عبور کرو اس کو آباد نہ کرو" آپ سے عرض کیا گیا اے اللہ کے نبی! اگر ہمیں اجازت دیں تو ہم ایک گھر بنائیں جس میں ہم اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں آپ نے فرمایا جاؤ پانی پر عمارت بناؤ انہوں نے عرض کیا پانی پر عمارت کیسے قائم ہو سکتی ہے؟ فرمایا تو دنیا کی محبت کی موجودگی میں عبادت کس طرح درست ہو سکتی ہے۔

---

(۱) جامع ترمذی ص ۱۴۱، ۲ ابواب التفسیر

(۲) کنز العمال جلد ۳ ص ۲۲۶، ۲۲۷ حدیث ۶۲۶۶

(۳)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔
اللہ تعالیٰ نے مجھے پیشکش فرمائی کہ وہ میرے لیے وادی مکہ کو سونے کا بنا دے میں نے عرض کیا اے میرے رب نہیں بلکہ میں چاہتا ہوں کہ ایک دن بھوکا رہوں اور ایک دن سیر ہو کر کھاؤں جس دن بھوکا رہوں گا اس دن تیری بارگاہ میں عاجزی کروں گا اور تجھے پکاروں گا اور جس دن سیر ہو کر کھاؤں گا اس دن تیرا شکر ادا کروں گا اور تیری تعریف کروں گا۔ (۱)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے آپ چل رہے تھے اور حضرت جبریل علیہ السلام بھی آپ کے ساتھ تھے آپ کوہ صفا پر تشریف لے گئے آپ نے حضرت جبریل علیہ السلام سے فرمایا۔

يَا جِبْرِيْلُ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أَمْسَى لِآلِ مُحَمَّدٍ كَفٌّ سَوِيْقٍ وَلَا سَفَّةُ دَقِيْقٍ۔ (۲)

اے جبریل! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق دے کر بھیجا آج شام آل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے پاس ایک مٹھی ستو یا آٹا نہیں تھی۔

آپ کی گفتگو مکمل نہ ہوئی تھی کہ اس سے پہلے آسمان سے ایک کڑک سنی گئی جس نے آپ کو پریشان کر دیا آپ نے فرمایا کیا اللہ تعالیٰ نے قیامت کو قائم ہونے کا حکم دے دیا ہے؟ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا نہیں بلکہ یہ حضرت اسرافیل علیہ السلام ہیں جو آپ کا کلام سن کر حاضر ہوئے ہیں حضرت اسرافیل علیہ السلام نے حاضر ہو کر عرض کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کا کلام سن لیا ہے اور اس نے مجھے زمین کی چابیاں دے کر بھیجا ہے کہ میں آپ کی خدمت میں پیش کروں اگر آپ چاہیں کہ میں تہامہ کے پہاڑوں کو زمرد، یاقوت سونا اور چاندی بنا کر آپ کے ساتھ چلا دوں تو میں ایسا کرتا ہوں اور اگر نبی بادشاہ بننا چاہتے ہیں تو وہ بن جائیں اور اگر نبی بندہ ہونا چاہیں تو وہ بن جائیں حضرت جبریل علیہ السلام نے آپ کی طرف اشارہ کیا کہ اللہ تعالیٰ کے لیے تواضع اختیار کریں تو آپ نے فرمایا میں محض بندہ ہونے کی حیثیت سے نبی رہنا چاہتا ہوں (تین مرتبہ فرمایا)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا زَهَّدَهُ فِي الدُّنْيَا وَرَغَّبَهُ فِي الْآخِرَةِ وَبَصَّرَهُ بِعُيُوْبِ نَفْسِهِ۔ (۳)

جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اسے دنیا سے بے رغبت کر دیتا ہے اور آخرت کی رغبت پیدا کر دیتا ہے اور اسے اس کے ذاتی عیب دکھا دیتا ہے

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۲۵۴ مرویات ابو امامہ
(۲) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۱۹۶ کتاب التوبہ
(۳) الفردوس بماثور الخطاب جلد اول ص ۲۴۲ حدیث ۹۳۵

اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

اِزْهَدْ فِي الدُّنْيَا يُحِبُّكَ اللّٰهُ وَازْهَدْ فِيْمَا فِي أَيْدِي النَّاسِ يُحِبُّكَ النَّاسُ۔ (۱)

دنیا سے بے رغبتی اختیار کرو اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے گا اور جو کچھ لوگوں کے پاس سے بے رغبت ہو جاؤ لوگ تم سے محبت کریں گے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ أَرَادَ أَنْ يُؤْتِيَهُ اللّٰهُ عِلْمًا بِغَيْرِ تَعَلُّمٍ وَهُدًى بِغَيْرِ هِدَايَةٍ فَلْيَزْهَدْ فِي الدُّنْيَا۔ (۲)

جو شخص چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے سیکھنے کے بغیر علم اور حصول ہدایت کے بغیر ہدایت دے اسے چاہیئے کہ دنیا سے بے رغبت ہو جائے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنِ اشْتَاقَ إِلَى الْجَنَّةِ سَارَعَ إِلَى الْخَيْرَاتِ وَمَنْ خَافَ مِنَ النَّارِ لَهَا عَنِ الشَّهَوَاتِ وَمَنْ تَرَقَّبَ الْمَوْتَ تَرَكَ اللَّذَّاتِ وَمَنْ زَهِدَ فِي الدُّنْيَا هَانَتْ عَلَيْهِ الْمُصِيبَاتُ۔ (۳)

جو شخص جنت کا شوق رکھتا ہے وہ نیکیوں کی طرف جلدی کرتا ہے اور جو شخص جہنم سے ڈرتا ہے وہ خواہشات کو چھوڑ دیتا ہے اور جو آدمی موت کا منتظر رہتا ہے وہ لذتوں کو چھوڑ دیتا ہے اور جو دنیا سے بے رغبتی اختیار کرتا ہے اس پر مصیبتیں آسان ہو جاتی ہیں۔

ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام (دونوں) سے مروی ہے فرماتے ہیں۔

أَرْبَعٌ لَا يُدْرَكْنَ إِلَّا بِتَعَبٍ الصَّمْتُ وَهُوَ أَوَّلُ الْعِبَادَةِ وَالتَّوَاضُعُ وَكَثْرَةُ الذِّكْرِ۔ (۴)

چار چیزیں مشقت اور تھکاوٹ کے بغیر حاصل نہیں ہوتیں (۱) خاموشی اور یہ اول عبادت ہے (۲) تواضع (۳) کثرت ذکر اور (۴) قلت اشیاء۔

وہ تمام روایات جو دنیا سے بغض کی تعریف اور محبتِ دنیا کی مذمت میں وارد ہوئی ہیں ان کا ذکر ممکن نہیں انبیاء کرام کی بعثت کا مقصد لوگوں کو دنیا سے آخرت کی طرف پھیرنا تھا اور مخلوق کے ساتھ ان کا اکثر کلام اسی بات کو متضمن تھا اور جو کچھ ہم نے ذکر

---

(۱) سنن ابن ماجہ ص ۳۱۱، ابواب الزھد

(۲) الاسرار المرفوعۃ ص ۲۱۶ حدیث ۵۶ / الفوائد المجموعہ ص ۲۸۶ حدیث ۹۵

(۳) کنز العمال جلد ۱۵ ص ۴۸۶ حدیث ۴۲۴۴۰

(۴) المعجم الکبیر للطبرانی جلد اول ص ۲۵۶ حدیث ۷۴۱

کیا ہے، کافی ہے اور اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کی جاتی ہے۔

آثار:

ایک روایت میں ہے "لا الٰہ الا اللہ"، بندوں سے اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کو دور کرتا ہے جب تک وہ چیز نہ مانگیں جو ان کی دنیا سے کم ہو گئی ——— ایک دوسری روایت میں ہے جب تک وہ دنیوی معاملے کو دینی معاملے پر ترجیح نہ دیں جب وہ ایسا کریں اور "لا الٰہ الا اللہ" بھی پڑھیں تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تم نے جھوٹ بولا تم سچے نہیں ہو۔

کسی صحابی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا ہم نے سب اعمال کئے لیکن آخرت کے معاملے میں دنیا سے زہد سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں پایا۔

اور ایک صحابی نے ایک تابعی سے فرمایا تمہارے اعمال اور اجتہاد صحابہ کرام کی نسبت زیادہ ہے لیکن وہ تم سے بہتر تھے انہوں نے پوچھا وہ کیوں؟ فرمایا وہ تم سے بڑھ کر زاہد تھے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا دنیا سے قطع تعلق دل اور جسم کا آرام ہے اور حضرت بلال بن سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ ہمارا یہی گناہ کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں دنیا سے بے رغبتی کا حکم دیتا ہے اور ہم اس میں رغبت رکھتے ہیں۔

ایک شخص نے حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ سے کہا کہ میں کسی زاہد عالم کو دیکھنا چاہتا ہوں انہوں نے فرمایا کمبخت، یہ تو گمشدہ دولت ہے جو نہیں ملتی۔

حضرت وہب بن منبہ رحمہ اللہ نے فرمایا جنت کے آٹھ دروازے ہیں جب اہل جنت ان کی طرف جائیں گے تو دربان کہیں گے ہمیں اپنے رب کی عزت کی قسم! ان لوگوں سے پہلے کوئی بھی داخل نہیں ہوگا جو دنیا سے بے رغبت اور جنت کے عاشق تھے۔

حضرت یوسف بن اسباط رحمہ اللہ نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ سے تین باتوں کی خواہش رکھتا ہوں یہ کہ جب میں مروں تو میری ملک میں ایک درہم بھی نہ ہو، مجھ پر کوئی قرض نہ ہو اور میری ہڈیوں پر گوشت نہ ہو چنانچہ ان کو یہ سب کچھ دیا گیا۔

منقول ہے کہ کسی بادشاہ نے فقہاء کی طرف کچھ عطیات بھیجے تو انہوں نے قبول کر لیے اور حضرت فضیل رحمہ اللہ کی طرف بھیجے تو انہوں نے قبول نہ کیے ان کے بیٹوں نے کہا فقہاء نے عطیات قبول کر لیے اور آپ باوجود اپنی اس حالت (یعنی افلاس) کے واپس کر رہے ہیں؟ حضرت فضیل رحمہ اللہ رو پڑے اور فرمایا تمہاری اور میری مثال اس قوم کی طرح ہے جن کے پاس ایک گائے تھی جس سے کھیتی باڑی کرتے تھے جب وہ بوڑھی ہو گئی تو انہوں نے اسے ذبح کر دیا تاکہ اس کے چمڑے سے نفع حاصل کریں اسی طرح تم بھی مجھے بڑھاپے میں ذبح کرنا چاہتے ہو اے میرے گھر والو! فضیل کو ذبح کرنے کی بجائے تمہارا مر جانا بہتر ہے۔

حضرت عبید بن عمیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام علیہ السلام اونی لباس پہنتے، درختوں کے پتے کھاتے اور ان کی اولاد نہ تھی جو مر جاتی نہ گھر تھا جو برباد ہوتا اور نہ وہ آئندہ دن کے لیے جمع کرتے جہاں شام ہو جاتی سو جاتے۔

حضرت ابوحازم رحمہ اللہ کی بیوی نے ان سے کہا کہ سردیوں کا موسم آگیا ہے اور ہمیں کھانے، کپڑوں اور لکڑیوں کی حاجت ہے حضرت ابوحازم نے اس سے فرمایا ان سب چیزوں کے بغیر گزارہ ہو سکتا ہے لیکن موت، اس کے بعد اٹھنے اور اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہونے اور پھر جنت یا جہنم میں جانے کے بغیر چارہ نہیں۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ آپ کپڑے کیوں نہیں دھوتے؟ فرمایا معاملہ اس سے بھی جلدی ہے (یعنی موت جلد آنے والی ہے)

حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ نے فرمایا ہمارے دلوں پر تین پردے ہیں اور جب تک یہ پردے نہ ہٹیں بندے کے لیے یقین ظاہر نہیں ہوتا ایک پردہ موجود چیز پر خوش ہونا، دوسرا پردہ اس چیز کا غم جو موجود نہیں اور تیسرا پردہ تعریف پر خوش ہونا، پس جب تم موجود چیز پر خوش ہو گے تو تم حریص ہو گے، غیر موجود پر غم کرو گے تو غصہ آئے گا اور غصے والا عذاب میں مبتلا ہوتا ہے اور جب تم تعریف کرنے پر خوش ہو گے تو خود پسند (متکبر) بن جاؤ گے اور خود پسندی عمل کو ضائع کر دیتی ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا جس شخص کا دل زاہد ہو اس کی دو رکعتیں اللہ تعالیٰ کے ہاں بڑی کوشش سے عبادت کرنے والے (غیر زاہد) کی عمر بھر کی عبادت سے بہتر ہیں۔

کسی بزرگ کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ ہم سے پھیر دیا اس میں اس کی نعمت اس سے زیادہ ہے جو اس نے ہماری طرف متوجہ کیا۔ گویا انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کے مفہوم کی طرف اشارہ کیا۔

آپ نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ يَحْمِي عَبْدَهُ الْمُؤْمِنَ الدُّنْيَا وَهُوَ يُحِبُّهُ كَمَا تَحْمُوْنَ مَرِيْضَكُمُ الطَّعَامَ وَالشَّرَابَ تَخَافُوْنَ عَلَيْهِ۔ (۱)	اللہ تعالیٰ اپنے مومن بندے کو دنیا سے بچاتا ہے حالانکہ وہ اسے چاہتا ہے جیسے تم اپنے مریض کو ایسے کھانے پینے سے روکتے ہو جس کا تمہیں اس پر خوف ہوتا ہے

جب یہ بات معلوم ہو گئی تو اس سے معلوم ہوا کہ ایسی ممانعت جو صحت کا باعث بنے اس عطیے سے زیادہ عظیم ہے جو بیماری تک پہنچاتا ہے۔

حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے تھے دنیا دار فانی ہے باقی رہنے والی نہیں دکھوں کی جگہ ہے خوشی کی جگہ نہیں جو اس کو پہچان لیتا ہے وہ اس کی وسعت پر خوش اور تنگی پر غمگین نہیں ہوتا۔

حضرت سہل رحمہ اللہ نے فرمایا بندے کا عمل اس وقت تک خالص نہیں ہوتا جب تک وہ چار چیزوں سے فارغ نہ ہو جائے، بھوک، برہنگی (ننگا ہونا) فقر اور ذلت۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۴۲۸ مرویات محمود بن لبید

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے کئی ایسی جماعتوں کو دیکھا اور ان کے ساتھ رہا جو دنیا کی کسی چیز کے آنے پر خوش نہیں ہوتے تھے اور اس کے جانے پر افسوس نہ کرتے اور ان کے نزدیک مٹی سے بھی زیادہ حقیر ہوتی تھی - ان میں سے ایک پچاس یا ساٹھ سال زندہ رہتا لیکن نہ اس کے لیے کپڑا تہہ کیا جاتا، نہ اس کے لیے ہنڈیا چڑھتی، نہ زمین پر کوئی بچھونا بچھایا جاتا اور نہ اس کے گھر کوئی کھانا پکانے کا حکم دیا جاتا جب رات ہوتی تو وہ کھڑے ہو جاتے (اور عبادت کرتے) اپنے چہروں کو بچھاتے ان کے رخساروں پر آنسو جاری ہوتے وہ اپنی آزادی کے لیے اپنے رب سے مناجات کرتے جب وہ کوئی اچھا کام کرتے تو شکر کی راہ اختیار کرتے اور اللہ تعالیٰ سے اس کی قبولیت کی دعا کرتے اور جب کسی برائی کا ارتکاب ہوتا تو غمگین ہو جاتے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے کہ وہ ان کو بخش دے وہ ہمیشہ یہی طریقہ اختیار کرتے مگر اللہ کی قسم! وہ گناہوں سے محفوظ نہ رہے اور ان کی نجات مغفرت کے ذریعے ہی ہوئی اللہ تعالیٰ کی رحمت اور رضا ان کو حاصل ہو - آمین -

فصل ۳:

زہد کے درجات

زہد کے درجات اور اقسام زہد کی نسبت سے، جس چیز سے اعراض کیا اس کی نسبت سے اور جس میں رغبت ہے اس کی نسبت سے تقسیم -

جان لو کہ زہد اپنی قوت کے تفاوت کے اعتبار سے تین درجوں پر ہے

زہد کا پہلا درجہ: یہ سب سے کم درجہ ہے یعنی دنیا سے بے رغبت رہے حالانکہ وہ اس کی خواہش رکھتا ہے اس کا دل دنیا کی طرف مائل اور نفس اس کی طرف متوجہ ہے لیکن وہ مجاہدہ کرتا اور اسے اپنے آپ سے دور کرتا ہے اس شخص کو متزہد کہا جاتا ہے اور یہ اس شخص کے حق میں زہد کا آغاز ہے جو کسب و اجتہاد کے ذریعے زہد کے درجے تک پہنچتا ہے متزہد شخص پہلے اپنے نفس کو پگھلاتا ہے پھر تھیلی کو اور زاہد پہلے اپنی تھیلی کو اور پھر اپنے نفس کو عبادات میں پگھلاتا ہے یہ نہیں کہ جو چیز جدا ہو گئی اس پر صبر میں نفس کو گھلا دے متزہد خطرے میں ہوتا ہے کیوں کہ بعض اوقات اس پر نفس غالب آجاتا ہے اور خواہش اسے کھینچتی ہے پس وہ دنیا اور راحت و آرام کی طرف لوٹ جاتا ہے کم ہو یا زیادہ -

دوسرا درجہ: اپنی خوشی سے دنیا کو چھوڑے یعنی وہ جس چیز کی طمع کر رہا ہے اس کی نسبت سے دنیا کو حقیر جانتا ہے جیسے کوئی شخص دو درہموں کے لیے ایک درہم کو چھوڑ دیتا ہے اور یہ بات اسے گراں نہیں گزرتی اگرچہ اسے کچھ انتظار کرنا پڑے لیکن یہ زاہد اپنے زہد کو سمجھتا ہے اور اس کی طرف توجہ کرتا ہے تو قریب ہے کہ وہ خود پسندی کا شکار ہو اور اپنے زہد پر تکبر کرنے لگے اور یہ خیال کرے کہ جو کچھ اس نے چھوڑا ہے اس کے نزدیک اس چیز کی قدر ہے لیکن اس

نے اسے زیادہ قدر والی چیز کے لیے ترک کیا ہے یہ بھی نقصان ہے۔

تیسرا درجہ:

یہ سب سے اعلیٰ درجہ ہے یعنی خوشی سے زہد اختیار کرے اور اپنے زہد میں بھی زہد اختیار کرے اور اپنے زہد کی طرف متوجہ نہ ہو کیوں کہ اس نے اپنے خیال میں کوئی چیز نہیں چھوڑی اس لیے کہ وہ جانتا ہے کہ دنیا کوئی چیز نہیں اس کی مثال اس شخص جیسی ہے جو ایک جوہر لینے کے لیے ٹھیکری کو چھوڑ دیتا ہے پس وہ اس جوہر کو اس کا معاوضہ نہیں جانتا اور اپنے آپ کو کسی چیز کا چھوڑنے والا نہیں سمجھتا۔ اور اللہ تعالیٰ اور آخرت کی نعمتوں کے مقابلے میں دنیا اس سے بھی زیادہ حقیر ہے جس قدر ٹھیکری، موتی کے مقابلے میں حقیر ہے اور یہ زہد کامل ہے اور اس کا سبب معرفت کا کامل ہونا ہے۔ اس قسم کا زاہد دنیا کی طرف توجہ کے خطرے سے محفوظ رہتا ہے جیسے جوہر لے کر ٹھیکری دینے والے سودے کی واپسی سے بے خوف ہوتا ہے۔

حضرت ابویزید رحمہ اللہ نے حضرت ابوموسیٰ عبدالرحیم رحمہ اللہ سے پوچھا کہ آپ کس چیز میں گفتگو کرتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا زہد کے بارے میں، انہوں نے پوچھا کس چیز میں زہد؟ فرمایا دنیا میں" یہ سن کر انہوں نے ہاتھ جھاڑے اور فرمایا میں جانتا تھا کہ آپ کس چیز میں گفتگو کریں گے دنیا تو "لاشی" ہے (کچھ بھی نہیں) آپ کس میں زہد کرتے ہیں۔

جو شخص دنیا کو آخرت کے لیے چھوڑتا ہے اہل معرفت اور ارباب قلوب جن کے دل مشاہدات اور مکاشفات سے معمور ہیں، کے نزدیک وہ اس شخص کی طرح ہے جو بادشاہ کے دربار میں جانا چاہتا ہے تو دروازے پر موجود کتا اسے روک دیتا ہے وہ اس کے سامنے روٹی کا ایک لقمہ ڈالتا ہے اور اسے اپنے کام میں مشغول کر کے خود دروازے سے اندر داخل ہو جاتا ہے اور بادشاہ کا قرب حاصل کرتا ہے حتیٰ کہ اس کا حکم تمام مملکت میں نافذ ہونے لگتا ہے تو تمہارا کیا خیال ہے کہ اس نے جو کچھ حاصل کیا ہے اس کے مقابلے میں وہ بادشاہ کے ہاں اپنے لیے اس لقمے کی کوئی حیثیت جانتا ہے جو اس نے اس کتے کے سامنے ڈالا ہے۔

تو شیطان اللہ تعالیٰ کے دروازے پر ایک کتا ہے جو لوگوں کو داخل ہونے سے روکتا ہے حالانکہ دروازہ کھلا ہے اور پردہ بھی اٹھا ہوا ہے اور دنیا روٹی کے ایک لقمے کی طرح ہے اگر تم اسے کھاؤ تو اس کی لذت صرف چبانے کی حد تک ہے پھر نگلتے ہی لذت ختم ہو جاتی ہے پھر اس کا بوجھ معدے میں باقی رہتا ہے پھر وہ بدبو اور گندگی کی شکل اختیار کرتا ہے پھر اس کے بعد اسے بوجھ کو نکالنے کی ضرورت ہوتی ہے تو جو شخص اسے اس لیے ترک کرتا ہے کہ بادشاہ کے ہاں عزت حاصل کرے وہ اس کی طرف کیسے توجہ کرے گا۔

اور دنیا جو کسی شخص کو صحیح سالم حاصل ہوتی ہے اگرچہ اس کی عمر سو سال ہو آخرت کی نعمتوں کے مقابلے میں اس کی وہ نسبت بھی نہیں جو ایک لقمے کو دنیوی ملک کے مقابلے میں حاصل ہے۔ کیوں کہ جس کی کوئی انتہا ہو اسے غیر متناہی چیز سے کوئی نسبت نہیں ہوتی۔ اور دنیا عنقریب ختم ہونے والی ہے اگرچہ وہ ایک لاکھ سال تک چلی جائے اور بالکل صاف ہو اس میں کوئی میل اور

گندگی نہ ہو اس کی ابدی نعمتوں سے کوئی مناسبت نہیں اور جب عمر ہی کم ہو اور دنیوی لذات بھی گدلی اور میلی کچیلی ہوں تو اس صورت میں کیا حکم ہوگا۔ اسے آخرت کی ابدی نعمتوں سے کیا نسبت ہوگی۔

تو معلوم ہوا کہ زاہد اپنے زہد کی طرف اسی وقت توجہ کرتا ہے جب وہ اس چیز کی طرف متوجہ ہو جس میں زہد اختیار کیا ہے اور اس چیز کی طرف توجہ اس وقت کرے گا جب اسے قابل اعتبار چیز سمجھے گا اور اسے اسی صورت میں معتبر مانے گا جب معرفت میں کوتاہی ہوگی پس معلوم ہوا کہ زہد کا نقصان درحقیقت معرفت کی کمی اور کوتاہی ہے۔

تو یہ زہد کے درجات میں تفاوت ہے اور ان میں سے ہر درجے کے لیے کئی درجات ہیں کیونکہ متزہد کا صبر کرنا صبر میں مشقت کے تفاوت کے حساب سے مختلف اور متفاوت ہوتا ہے اسی طرح جو شخص اپنے زہد پر تکبر کرتا ہے اور خود پسندی کا شکار ہوتا ہے وہ جس قدر زہد کی طرف متوجہ ہوگا اسی حساب سے اس کا درجہ ہوگا۔

مرغوب فیہ کے اعتبار سے زہد کے درجات

جس چیز میں رغبت ہو اس کی طرف اضافت و نسبت کے حوالے سے بھی زہد کی تقسیم تین درجات میں ہوتی ہے۔

سب سے نچلا درجہ:

جس چیز میں رغبت ہے اس میں جہنم کی آگ اور دیگر تمام تکالیف سے نجات ہو جیسے عذاب قبر، حساب کا پیش کرنا پُل صراط کا خطرہ اور اس کے علاوہ جتنے خطرناک مراحل بندے کے سامنے ہیں جیسا کہ روایات میں آیا ہے۔

کیوں کہ روایات میں آیا ہے کہ ایک شخص کو حساب کے لیے کھڑا کیا جائے گا حتیٰ کہ اگر ایک سو پیاسے اونٹ اس کے پسینے پر آئیں تو وہ سیراب ہو جائیں (۱)

یہ ڈرنے والوں کا زہد ہے گویا وہ (دنیا کے) نہ ہونے پر راضی ہوئے اگر ان کے پاس نہ ہو کیوں کہ تکلیف سے نجات تو نہ ہونے سے ہی حاصل ہو جاتی ہے۔

دوسرا درجہ:

اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملنے والے ثواب اور اس کی نعمتوں میں رغبت کے تحت زُہد اختیار کرے اور ان لذات کی رغبت ہو جن کا وعدہ کیا گیا ہے کہ جنت میں ملیں گی جیسے، حُور، اور محلات وغیرہ یہ امید رکھنے والوں کا زہد ہے ان لوگوں نے دنیا سے بے رغبتی صرف اس لیے اختیار نہیں کی اور اس کے نہ ہونے پر قناعت اس لیے نہیں کی کہ وہ تکلیف سے نجات پائیں بلکہ انہوں نے دائمی وجود اور ہمیشہ کی نعمتوں کی امید کی ہے جن کی کوئی انتہا نہیں۔

تیسرا درجہ:

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۲۰۴ مرویات ابن عباس

یہ سب سے بلند درجہ ہے وہ یہ کہ اس کی رغبت اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کی ملاقات میں ہو اس کا دل نہ تو تکالیف کی طرف متوجہ ہو کہ ان سے چھٹکارا پائے اور نہ لذتوں کی طرف کہ ان کو حاصل کرے اور ان کے ذریعے کامیاب ہو بلکہ اس کی تمام تر توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف ہوتی ہے اور یہی وہ شخص ہے جس کا ایک ہی غم اور ایک ہی لگن ہوتی ہے اور یہی موحّد حقیقی ہے جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی طلب نہیں رکھتا کیوں کہ جو شخص غیر خدا کی طلب کرتا ہے وہ اس کی پوجا کرتا ہے کیوں کہ ہر مطلوب معبود اور ہر طالب اپنے مطلوب کے حوالے سے اس کی پوجا کرنے والا ہے اور غیر خدا کی طلب شرک خفی سے ہے اور یہ محبت کرنے والوں کا زہد ہے اور یہ عارفین ہیں کیوں کہ خاص اللہ تعالیٰ سے وہی محبت کرتا ہے جو اس کی معرفت رکھتا ہے اور جس طرح ایک شخص دینار اور درہم دونوں کی پہچان رکھتا ہو اور اسے معلوم ہو کہ وہ دونوں کو جمع کرنے پر قادر نہیں ہے تو وہ صرف دینار کو چاہتا ہے اسی طرح جو آدمی اللہ تعالیٰ کی پہچان رکھتا ہو اور اس کی ذات پاک کے دیدار کی لذت کا عرفان اسے حاصل ہو اور یہ بھی جانتا ہو کہ یہ لذت اور حوروں سے لطف اندوز ہونا جمع نہیں ہو سکتیں اور محلات کے نقش و نگار اور درختوں کی سبزی دونوں کو (ایک وقت) دیکھنا ممکن نہیں ہے تو وہ صرف اللہ تعالیٰ کو دیکھنے کی لذت کو چاہتا ہے اس کے غیر کو ترجیح نہیں دیتا۔

اور یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ جنتی جب اللہ تعالیٰ کا دیدار کریں گے تو ان کے دلوں میں حور و قصور کی لذت بھی باقی رہے گی بلکہ یہ لذت اہل جنت کی نعمتوں کی لذت کے حوالے سے اسی طرح ہوگی جس طرح چڑیا پر غلبہ پانے اور اس سے کھیلنے کی نسبت سے دنیا کی بادشاہی اور اطراف عالم پر حکومت اور لوگوں کی گردنوں کا مالک ہونے کی لذت ہے۔ کیوں کہ جو شخص کسی پرندے سے کھیلتا ہے تو اس کی یہ وجہ ہے کہ اس کی لذت مخلوق پر حکومت کرنے کی لذت سے زیادہ ہے بلکہ اس لیے کھیلتا ہے کہ اسے حکومت کرنے اور اس راستے سے لوگوں پر غالب آنے کی لذت کا ادراک نہیں ہے۔

اور جس چیز سے رغبت کو پھیرا جاتا ہے اس کی نسبت سے تقسیم کے سلسلے میں بہت سے اقوال ہیں اور شاید اس سلسلے میں مذکورہ اقوال ایک سو سے زیادہ ہیں لہٰذا ہم ان اقوال کو نقل کرنے میں مشغول نہیں ہوتے بلکہ ہم ایک ایسے کلام کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو تمام تفاصیل کو محیط ہے تاکہ واضح ہو جائے کہ جو کچھ ذکر کیا گیا ہے اس کا اکثر حصہ کل کا احاطہ کرنے سے قاصر ہے پس ہم کہتے ہیں کہ زہد کے اعتبار سے جس چیز کو چھوڑا جاتا ہے اور اس سے رغبت کو پھیرا جاتا ہے اس کا اجمال بھی ہے اور تفصیل بھی، اور اس کی تفصیل کے کئی مراتب ہیں ان میں سے بعض ایک ایک قسم کی خوب تشریح کرتے ہیں اور ان میں سے بعض تمام درجات کا نہایت اجمالی خاکہ پیش کرتے ہیں۔

پہلے درجہ میں اجمال یہ ہے کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ کے سوا ہے اس سے بے رغبتی اختیار کی جائے حتیٰ کہ خود اپنے آپ سے بھی بے رغبت ہو جائے دوسرے درجہ میں اجمال یہ ہے کہ اپنی ان تمام صفات سے توجہ ہٹا دے جن میں نفع ہو اور یہ طبیعت کے تمام تقاضے ہیں جیسے شہوت، غصہ، تکبر، اقتدار، مال اور جاہ و مرتبہ وغیرہ۔

اور تیسرے درجے میں مال و جاہ اور ان کے اسباب سے زہد اختیار کرے کیوں کہ تمام نفسانی فوائد ان دونوں کی طرف

لوٹتے ہیں۔

چوتھے درجے میں علم، طاقت، دینار، درھم اور جاہ و مرتبہ کے حوالے سے زہد اختیار کرے کیوں کہ مال کی اقسام اگرچہ زیادہ ہیں لیکن وہ درھم اور دینار میں جمع ہو جاتی ہیں اور جاہ و مرتبہ کے اسباب اگرچہ زیادہ ہیں لیکن ان کا رجوع علم و قدرت کی طرف ہوتا ہے اور اس سے مراد وہ علم و قدرت ہے جس سے دلوں کا مالک بننا مقصود ہو کیوں کہ جاہ و مرتبہ کا معنیٰ دلوں کا مالک بننا اور ان پر قادر ہونا ہے جس طرح مال کا مفہوم اشیاء کا مالک بننا اور ان پر قادر ہونا ہے۔

اگر یہ تفصیل اس سے زیادہ بلیغ شرح و تفصیل کی طرف تجاوز کر جائے تو قریب ہے کہ جس میں نسبہ ہے وہ حد سے نکل جائے اور اللہ تعالیٰ نے ایک آیت میں سات چیزوں کا ذکر کیا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِينَ وَالْقَنَاطِيرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذَٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا۔ (۱)

لوگوں کے لیے خواہشات کی محبت مزین کی گئی ہے یعنی عورتوں، بیٹیوں اور سونے چاندی کے ڈھیر لگے ہوئے خزانوں اور نشان لگے ہوئے گھوڑوں اور جانوروں اور کھیتی کی محبت، یہ دنیوی زندگی کا سامان ہے۔

پھر دوسری آیت میں پانچ کا ذکر فرمایا۔

اِعْلَمُوا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَزِينَةٌ وَتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ (۲)

جان لو دنیا کی زندگی کھیل کود، زینت اور باہم فخر کرنا نیز مالوں اور اولاد کی کثرت طلب کرنا ہے۔

پھر ان سب کو دو باتوں کی طرف لوٹایا۔ ارشاد خداوندی ہے۔

إِنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ۔ (۳)

بے شک دنیوی زندگی کھیل کود ہے۔

پھر ان سب کو ایک بات میں جمع کر دیا۔ فرمایا۔

وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوَىٰ فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوَىٰ۔

اور اس نے نفس کو خواہش سے روکا تو بے شک جنت ہی اس کا ٹھکانہ ہے۔

تو لفظ ھویٰ (خواہش) ایک ایسا لفظ ہے جو نفس کی تمام دنیوی لذات کو جمع کرتا ہے لہٰذا اس سے زہد ہونا چاہیے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ آل عمران آیت ۴

(۲) قرآن مجید، سورۃ الحدید آیت ۲۰

(۳) قرآن مجید، سورۃ الحدید آیت ۲۰

(۴) قرآن مجید، سورۃ النازعات آیت ۴۰

جب تم نے اجمال اور تفصیل کا طریقہ معلوم کر لیا تو تمہیں معلوم ہو گیا کہ ان میں سے بعض، دوسرے بعض کے مخالف نہیں ان کے درمیان تفریق کبھی تشریح کے اعتبار سے ہوتی ہے اور کبھی اجمال کے حوالے سے۔

حاصل یہ ہوا کہ زہد کا مطلب تمام دنیوی لذتوں سے بے رغبت ہو جانا ہے اور جب آدمی نفس کی خواہشات سے بے رغبت ہو جائے تو اسے دنیا میں باقی رہنے کی رغبت بھی نہیں رہتی تو لامحالہ اس کی امید کم ہو جاتی ہے کیوں کہ بقا تو اس لیے چاہتا ہے کہ نفع حاصل کرے اور بقاء کے ذریعے دائمی نفع کا ارادہ کرتا ہے کیوں کہ جو شخص کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے وہ اس کے دوام کا ارادہ کرتا ہے اور دنیوی زندگی سے محبت کا مطلب یہی ہے کہ جو کچھ اس میں موجود ہے یا جس کا امکان ہے وہ ہمیشہ رہے اور جب اس سے بے رغبت ہو جائے گا تو دوام کا ارادہ نہیں کرے گا۔

یہی وجہ ہے کہ جب مسلمانوں پر جہاد فرض کیا گیا تو انہوں نے کہا۔

رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ۔ (۱) — اے ہمارے رب تو نے ہم پر جہاد کیوں فرض کیا تو نے ہمیں ایک قریب کی مدت تک مہلت کیوں نہیں دی۔

ارشاد خداوندی ہے۔

قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ۔ (۲) — فرما دیجئے دنیا کا سامان تھوڑا ہے۔

یعنی تم دنیا کے ساز و سامان کے لیے باقی رہنا چاہتے ہو اس کے بعد زاہدوں اور منافقوں دونوں کا حال واضح ہو گیا۔

زاہد جو اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں ایسے لڑے کہ گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں اور انہوں نے دو میں سے ایک بھلائی کا انتظار کیا انہیں جب جہاد کے لیے بلایا جاتا تھا تو وہ جنت کی خوشبو سونگھتے تھے اور اس کی طرف وہ اس طرح دوڑتے جس طرح پیاسے ٹھنڈے پانی کی طرف دوڑتے ہیں کیوں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے دین کی مدد کرنے یا مرتبہ شہادت حاصل کرنے کی حرص رکھتے تھے اور ان میں سے جو اپنے بستر پر انتقال کر جاتا اسے شہادت کا مقام حاصل نہ ہونے پر افسوس ہوتا حتیٰ کہ جب حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بستر مرگ پر تھے تو فرماتے تھے میں نے کس قدر اپنی جان لڑائی اور شہادت کی طمع میں صفوں میں گھستا رہا لیکن اب میں بوڑھی عورتوں کی طرح جان دے رہا ہوں اور جب آپ کا وصال ہوا تو آپ کے جسم پر زخموں کے آٹھ سو داغ تھے ایمان میں سچے لوگوں کا یہی حال تھا رضی اللہ عنہم اجمعین۔

لیکن منافق لوگ موت کے خوف سے جماعت سے بھاگتے تھے ان سے کہا گیا۔

اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِىْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ — بے شک جس موت سے تم بھاگتے ہو تم نے اس سے

---

(۱) قرآن مجید سورۃ النساء آیت ۵

(۲) قرآن مجید سورۃ النساء آیت ۷۷

مُلَاقِیْکُمْ ۔ (۱) ملاقات کرنا ہے ۔

ان لوگوں نے جو دنیا میں باقی رہنے کو شہادت پر ترجیح دی تو یا اعلیٰ کے بدلے میں ادنیٰ چیز لیتا ہے یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی پس ان کو تجارت میں نفع نہ ہوا کیوں کہ انہوں نے اس کی راہ نہ پائی لیکن مخلص لوگوں سے اللہ تعالیٰ نے ان کی جانوں اور مالوں کا سودا کیا اور ان کو جنت عطا فرمائی پس جب انہوں نے دیکھا کہ انہوں نے مثلاً بیس یا تیس سال کا نفع ابدی نفع کے بدلے میں چھوڑ دیا تو وہ اپنے سودے پر جو انہوں نے کیا ، خوش ہوئے تو جس چیز میں زہد کیا جاتا ہے یہ اس کا بیان ہے ۔

جب تم اس بات کو سمجھ گئے تو تمہیں معلوم ہو گیا کہ متکلمین نے زہد کی تعریف میں جو کچھ ذکر کیا ہے تو وہ صرف اقسام کی طرف اشارہ کیا ہے پس ہر ایک نے وہ بات لکھی جو اس کے نفس پر غالب تھی یا اس مخاطب پر ۔

حضرت بشر رحمہ اللہ نے فرمایا دنیا میں زُہد لوگوں سے بے رغبتی اختیار کرنا ہے اور یہ خاص طور پر جاہ و مرتبہ کے اعتبار سے زہد ہے اور حضرت قاسم الجوعی رحمہ اللہ نے فرمایا دنیا سے زُہد پیٹ کے اعتبار سے زُہد ہے جس قدر آدمی کو اپنے پیٹ پر کنٹرول ہو گا اسی قدر وہ زاہد ہو گا ، تو یہ ایک خواہش میں زُہد کی طرف اشارہ ہے اور حقیقتاً یہی ایک خواہش اکثر خواہشات پر غالب ہے اور ان کو ابھارتی ہے ۔

حضرت فضیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں دنیا میں زُہد قناعت کے اعتبار سے زُہد ہے اور یہ خاص مال کی طرف اشارہ ہے ۔

حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ نے فرمایا امیدیں کم رکھنا زُہد ہے اور یہ تمام خواہشات کو جامع ہے کیوں کہ جو شخص خواہشات کی طرف میلان رکھے گا اس کا دل بقا چاہے گا اور یوں اس کی امید طویل ہو گی اور جس کی امید کم ہو گویا اس نے تمام خواہشات سے رغبت کو ختم کر دیا ۔

حضرت اُویس رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب زاہد طلبِ معاش کے لیے نکلتا ہے تو اس سے زہد چلا جاتا ہے اس سے انہوں نے زُہد کی تعریف کرنے کا قصد نہیں کیا بلکہ زُہد میں توکل کو شرط قرار دیا انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ زُہد اس رزق کی طلب کو ترک کرنا ہے جس کی ضمان دی گئی ہے ۔ اور یہ رزق کی طرف اشارہ ہے ۔

اربابِ حدیث فرماتے ہیں رائے اور عقل کے مطابق عمل دنیا ہے اور زُہد علم کی اتباع اور سنت کو لازم پکڑنے کا نام ہے ۔

اگر اس رائے اور عقل سے فاسد رائے مراد ہے جس کے ذریعے دنیا میں جاہ و مرتبہ طلب کیا جاتا ہے تو یہ بات صحیح ہے لیکن یہ جاہ کے بعض اسباب کی طرف خاص طور پر اشارہ کیا گیا یا بعض اسباب کی طرف اشارہ ہے جو فضول خواہشات ہیں ۔ کیوں کہ بعض علوم کا آخرت میں کوئی فائدہ نہیں ہو گا اور لوگوں نے ان کو اتنا طول دیا ہے کہ انسان کی عمر ایک ہی علم میں

---

(۱) قرآن مجید سورۂ جمعہ آیت ۸

صرف ہو جائے۔
پس زاہد کے لیے شرط یہ ہے کہ سب سے پہلے فضول کاموں سے بے رغبت ہو۔
حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں زاہد وہ ہے جو کسی کو دیکھ کر کہے کہ یہ مجھ سے افضل ہے تو وہ اس طرف گئے ہیں کہ زُہد، تواضع کا نام ہے اور یہ جاہ اور خود پسندی کی نفی کی طرف اشارہ ہے اور یہ زُہد کی ایک قسم ہے۔
بعض بزرگوں نے فرمایا زُہد، طلبِ حلال کا نام ہے تو اس صورت اس بات کا کیا مطلب رہ جاتا جو حضرت اویس نے فرمائی کہ زُہد طلبِ معاش کو چھوڑنے کا نام ہے اور اس میں شک نہیں کہ انہوں نے طلبِ حلال کے ترک کا ہی ارادہ کیا ہے۔
حضرت یوسف بن اسباط رحمہ اللہ فرماتے تھے جو شخص اذیت پر صبر کرے اور خواہشات کو چھوڑ دے نیز حلال کھانا کھائے اس نے زُہد کے اصل کو اختیار کر لیا۔
زہد کے بارے میں ان مذکورہ بالا اقوال کے علاوہ بھی کہا گیا ہے لیکن ان کو نقل کرنے کا کوئی فائدہ نہیں کیوں کہ جو شخص حقائقِ امور کو لوگوں کے اقوال سے کھولنا چاہتا ہے وہ ان کو مختلف پاتا ہے اب سوائے حیرت کے کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا اور جس کے لیے حق واضح ہو جاتے اور وہ قلبی مشاہدے سے ادراک کرے تو اسے سنی ہوئی بات سے فائدہ نہ ہوگا کیوں کہ وہ حق بات پر اعتماد کر چکا ہے اور جس شخص کی بصیرت میں کمی ہے اس کی کمی پر بھی مطلع ہو چکا ہے اور جنہوں نے کمالِ معرفت کے باوجود اختصار کی راہ اختیار کی کیونکہ حاجت کم تھی تو وہ اس اختصار پر بھی مطلع ہو جائے گا ان تمام بزرگوں نے اختصار سے کام لیا تو اس کی وجہ ان کی بصیرت میں کمی نہ تھی بلکہ انہوں نے ضرورت کے مطابق ذکر کیا ہے اور چونکہ حاجات مختلف ہیں اس لیے کلمات بھی مختلف ہیں۔
اور بعض اوقات اختصار سے کام لینے کی وجہ بندے کی منتقل حالت کی خبر دینا ہوتی ہے جو بندے کا ایک مقام ہے اور احوال مختلف ہوتے ہیں پس جو اقوال ان احوال کی خبر دیتے ہیں وہ بھی مختلف ہوں گے۔
لیکن فی نفسہٖ حق ایک ہی ہوتا ہے اس میں اختلاف کا تصور نہیں ہو سکتا تو ان اقوال میں سے جامع قول وہ ہوگا جو اپنی ذات میں کامل ہو اگرچہ اس میں تفصیل نہ ہو حضرت سلیمان دارانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔
ہم نے زہد کے بارے میں بہت زیادہ کلام سنا اور ہمارے نزدیک زہد ہر اس چیز کو چھوڑنے کا نام ہے جو تمہیں اللہ تعالیٰ سے غافل کر دے ایک مرتبہ انہوں نے تفصیل سے بیان کرتے ہوئے فرمایا جس نے نکاح کیا یا طلبِ معیشت کے لیے سفر کیا یا حدیث لکھی وہ دنیا کی طرف جھک گیا تو انہوں نے ان تمام باتوں کو زہد کے خلاف قرار دیا۔ انہوں نے یہ آیت پڑھی۔
اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۔ (۱) مگر جو شخص اللہ تعالیٰ کے پاس صحیح سالم دل کے ساتھ آئے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الشعراء آیت ۸۹

پھر فرمایا قلب سلیم وہ دل ہے جس میں اللہ تعالیٰ کا غیر نہ ہو اور فرمایا کہ اسلاف نے زہد اس لیے اختیار کیا کہ ان کے دل دنیا کے غموں سے چھوٹ کر آخرت کے لیے فارغ ہو جائیں تو جس چیز میں زہد اختیار کیا جاتا ہے اس کے حوالے سے زہد کی اقسام کا بیان مکمل ہوا۔

زھد کے احکام:

زہد کے احکام فرض، نفل اور سلامتی میں تقسیم ہوئے ہیں جس طرح حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ نے فرمایا۔ پس فرض زہد حرام سے بچنے میں ہوتا ہے اور نفلی زہد، حلال چیز میں ہوتا ہے اور سلامتی شبہات کی صورت میں ہوتی ہے اور ورع و تقویٰ کے درجات کی تفصیل ہم نے حلال و حرام کے ذکر میں بیان کی ہے اور یہ زُہد ہے کیوں کہ حضرت مالک بن انس رحمہ اللہ سے پوچھا گیا زُہد کیا ہے؟ فرمایا تقویٰ" اور خفیہ امور کو چھوڑنے کے حوالے سے دیکھا جائے تو ان کی کوئی انتہا نہیں لہٰذا ان میں زہد کی بھی کوئی حد نہیں کیوں کہ نفس جن خطرات اور تمام حالات سے نفع اندوز ہوتا ہے ان کی کوئی انتہا نہیں بالخصوص ریاکاری کے خفیہ امور تو بے شمار ہیں اور ان پر سوائے بڑے بڑے علماء کے کوئی مطلع نہیں ہو سکتا۔

بلکہ ظاہری اموال میں بھی زُہد کے درجات غیر متناہی ہیں اور ان میں سے نہایت اعلیٰ درجہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا زہد ہے جب آپ نے آرام فرما ہونے کے لیے پتھر کو تکیہ بنایا تو شیطان نے کہا کیا آپ نے دنیا کو چھوڑ نہیں دیا تھا اب کیا ہوا؟ آپ نے پوچھا کیا نئی چیز پیدا ہو گئی؟ اس نے کہا آپ نے پتھر کو تکیہ بنایا ہوا ہے یعنی آپ نے آرام کرتے ہوئے اپنے سر کو زمین سے بلند کر کے آسائش اختیار کی ہے یہ سن کر آپ نے پتھر نکال کر پھینک دیا اور فرمایا اسے اور دنیا دونوں کو لے جاؤ۔

حضرت یحییٰ بن زکریا علیہما السلام کے بارے میں مروی ہے کہ آپ نے ٹاٹ کا لباس پہنا حتیٰ کہ آپ کے جسم میں سوراخ پڑ گئے اور آپ نے نرم لباس اس لیے نہ پہنا کہ یہ عیاشی ہے۔ اور چھونے کی حس کو آرام پہنچاتا ہے۔ آپ کی والدہ نے فرمایا کہ اس ٹاٹ کی بجائے آپ اُونی لباس پہن لیں تو انہوں نے وہ پہن لیا اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی بھیجی اور فرمایا اے یحییٰ آپ نے دنیا کو ترجیح دے دی اس پر آپ روئے اور اُونی لباس اتار کر دوبارہ پہلے والا لباس پہن لیا۔

حضرت امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں زُہد تو حضرت اویس رحمہ اللہ کا تھا کہ برہنگی کی نوبت یہاں تک پہنچی کہ بالس سے بنے ہوئے ایک برتن میں بیٹھے رہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک آدمی کی دیوار کے سائے میں تشریف فرما ہوئے تو دیوار کے مالک نے آپ کو اٹھا دیا آپ نے فرمایا مجھے تم نے نہیں اٹھایا بلکہ اس نے اٹھایا جو میرے لیے دیوار کے سائے کی آسائش پسند نہیں کرتا (یعنی اللہ تعالیٰ نے اٹھایا ہے)

تو ظاہری اور باطنی طور پر زہد کے درجات بے شمار ہیں اور سب سے کم درجہ ہر مشتبہ اور ممنوع چیز میں زہد اختیار کرنا ہے۔ کچھ لوگوں نے کہا کہ زہد تو صرف حلال چیز سے بے رغبتی کا نام ہے شبہ والی اور ممنوع چیز سے بے رغبتی زہد نہیں اور یہ زہد کے درجات میں بالکل نہیں آتی پھر انہوں نے دیکھا کہ دنیوی اموال میں حلال نہیں رہا لہٰذا اب زہد کا تصور ختم ہو گیا۔

سوال :

جب صحیح بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا سب کچھ ترک کرنے کا نام زہد ہے تو کھانے پینے لباس پہننے، لوگوں سے میل جول اور گفتگو وغیرہ کی صورت میں زہد کس طرح متصور ہو سکتا ہے کیوں کہ یہ سب کچھ ماسوی اللہ ہی ہیں۔

جواب :

دنیا سے اللہ تعالیٰ کی طرف پھرنے کا مطلب یہ ہے کہ انسان کا دل مکمل طور پر اللہ تعالیٰ کے ذکر و فکر کی طرف متوجہ ہو اور یہ بات اسی وقت ہو سکتی ہے جب آدمی دنیا میں باقی رہے اور بقا کے لیے ضروریاتِ نفس کا ہونا ضروری ہے اور جب تم دنیا سے صرف اسی قدر حاصل کرو کہ بدن سے ہلاکت خیز امور کو دور کرو اور تمہاری غرض بدن سے عبادت پر مدد لینا ہو تو تم غیر خدا میں مشغول قرار نہیں دیئے جاؤ گے کیوں کہ جو چیز کسی چیز تک پہنچنے کا وسیلہ ہو وہ اسی سے ہوتی ہے جو شخص حج کی طرف جاتے ہوئے راستے میں اونٹنی کو چارہ دیتا اور پانی پلاتا ہے وہ حج سے منہ پھیرنے والا نہیں ہوتا لیکن تمہارا بدن اللہ تعالیٰ کے راستے میں اسی طرح ہونا چاہیے جس طرح اونٹنی حج کے راستے میں ہوتی ہے کیونکہ تمہارا مقصد اونٹنی کو عیش کرانا نہیں ہوتا بلکہ صرف اتنی غرض ہوتی ہے کہ اسے ہلاکت میں ڈالنے والی باتوں سے بچایا جائے تاکہ وہ تمہیں تمہارے مقصد تک پہنچائے اسی طرح تم اپنے بدن کو کھانا پینا اس لیے دو تاکہ بھوک اور پیاس سے وہ ہلاک نہ ہو جائے لباس اور رہائش اس لیے مہیا کرو ہو کہ ہلاکت خیز گرمی اور سردی سے بچا رہے پس تم ضرورت کی مقدار پر کفایت کرو اور اسے لذت پہنچانے کا قصد نہ کرو بلکہ اسے اللہ تعالیٰ کی عبادت پر قوت پہنچاؤ ــــ تو یہ انداز زہد کے منافی نہیں بلکہ یہ تو زہد کی شرط ہے۔

سوال :

جب آدمی بھوک کی حالت میں کھانا کھاتا ہے تو لازماً اسے لذیذ معلوم ہوتا ہے۔

جواب

جان لو کہ اس سے تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچتا جب کہ تمہارا مقصد لذت حاصل کرنا نہ ہو کیوں کہ ٹھنڈا پانی پینے والے کو بھی لذت حاصل ہوتی ہے لیکن اس کا مقصد تو پیاس کی تکلیف کو زائل کرنا ہوتا ہے اور جو شخص اپنی حاجت کو پورا کرتا ہے اسے اس سے راحت پہنچتی ہے لیکن اس کے نزدیک یہ اس کا مقصود اور قصداً مطلوب نہیں ہوتی لہٰذا دل اس کی طرف متوجہ نہیں ہوتا انسان بعض اوقات رات کو عبادت کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو اسے سحری کی خوشگوار ہوا اور پرندوں کی آواز سے راحت پہنچتی ہے لیکن جب اس قسم کی راحت کے لیے کوئی مناسب جگہ تلاش نہ کرے تو کسی قصد کے بغیر جو کچھ اس تک پہنچے گا وہ اسے (شرعی طور پر) نقصان نہیں پہنچاتا اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے لوگوں میں سے ایسے لوگ بھی تھے جو ایسی جگہ تلاش کرتے جہاں بادِ نسیم نہ پہنچے کیوں کہ وہ اس کے ذریعے پہنچنے والی راحت سے ڈرتے تھے اور اس کے ساتھ دل کے مانوس ہونے کا خطرہ ہوتا تھا وہ سمجھتے تھے کہ اس طرح دنیا سے اُنس پیدا ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ اُنس میں کمی آجائے گی جس قدر

اس کے بغیر سے اُنس ہوگا یہی وجہ ہے کہ حضرت داؤد طائی رحمہ اللہ کا ایک کنواں تھا جس کا پانی ننگا رہتا تھا وہ اسے دھوپ سے نہ بچاتے اور گرم پانی پیتے تھے اور فرماتے تھے جو شخص ٹھنڈے پانی کی لذت حاصل کرتا ہے اس کے لیے دنیا کو چھوڑنا مشکل ہو جاتا ہے۔

تو احتیاط کرنے والے لوگ اس طرح ڈرتے تھے اور ان سب صورتوں میں احتیاط ہی مناسب ہے کیوں کہ اگرچہ یہ مشکل کام ہے لیکن ابدی نعمتوں کے حصول کے لیے تھوڑی مدت تک پرہیز کرنا اہل معرفت پر بھاری نہیں ہوتا ہے وہ شرعی سیاست کے ساتھ اپنے نفسوں کو مغلوب کرتے ہیں اور دین و دنیا کے درمیان اختلاف کی پہچان حاصل کرنے کے لیے یقین کی رسی کو مضبوطی سے پکڑتے ہیں رضی اللہ عنہم اجمعین۔

فصل ۴:

ضروریاتِ زندگی میں زہد کی تفصیل

جاننا چاہیئے کہ لوگ جن چیزوں کے حصول میں مصروف ہیں ان میں بعض ضرورت سے زائد ہیں اور کچھ اہم ہیں زائد کی مثال نشان زدہ (عمدہ) گھوڑے ہیں کیوں کہ عام لوگ ایسے گھوڑے اس لیے رکھتے ہیں کہ ان پر سواری کے ذریعے آرام پاتے ہیں حالانکہ وہ پیدل چلنے پر قادر ہوتے ہیں اور ضروری چیزیں جیسے کھانا اور پینا ہے ہم زائد چیزوں کی اقسام کی تفصیل بیان نہیں کر سکتے کیوں کہ وہ بے شمار ہیں ہاں ضروری اور اہم چیزیں شمار میں آتی ہیں۔

لیکن ضروری اشیاء میں مقدار، جنس اور اوقات کے اعتبار سے فضول داخل ہے پس ان میں زہد کی وجہ بیان کرنا ضروری ہے اہم (اور ضروری) چیزیں چھ ہیں کھانا، لباس، رہائش، گھریلو سامان، نکاح، مال اور جاہ جو (اچھی) اغراض کے لیے ہو اور یہ چیزیں ان اچھی اغراض میں سے ہیں۔

ہم نے جاہ (مرتبہ) کا معنیٰ اور مخلوق اسے کیوں چاہتی دونوں باتیں بیان کی ہیں اور یہ بھی بتایا ہے کہ اس سے بچنے کا طریقہ کیا ہے یہ سب باتیں مہلکات کے بیان میں ریاکاری کے عنوان کے تحت ذکر کی ہیں اب ہم صرف ان چھ اہم امور سے متعلق بیان کرتے ہیں۔

(۱) کھانا:- انسان کے لیے حلال روزی کا ہونا ضروری ہے جس سے قوت حاصل کر سکے لیکن اس کا معاملہ بھی لمبا چوڑا ہے اس لیے اس کے طول و عرض کو کنٹرول کرنا ہوگا یہاں تک کہ زہد کی تکمیل ہو طول تو پوری زندگی کی طرف نسبت کے حوالے سے ہے کیوں کہ جس شخص کو ایک دن کا رزق حاصل ہو وہ اس پر قناعت نہیں کرتا اور اس کا عرض (چوڑائی) کھانے کی مقدار، جنس اور جس وقت کھاتا ہے اس کے حوالے سے ہے۔

اس کی طوالت کو ختم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ امید کو کم کر دے اور اس سلسلے میں زہد کا کم از کم درجہ یہ ہے کہ صرف اتنی

مقدار پر اکتفا کرے جو بھوک کو ختم کر دے یعنی جب بھوک لگی ہوئی ہو اور بیماری کا ڈر ہو اور جس شخص کی یہ حالت ہو گی وہ جب وہ کوئی چیز پائے گا تو وہ صبح کے کھانے سے شام کے لیے جمع نہیں کرے گا اور یہ سب سے بلند درجہ ہے۔

دوسرا درجہ یہ ہے کہ ایک مہینے یا چالیس دن کے لیے جمع کرے۔

تیسرا درجہ یہ ہے کہ صرف ایک سال کے لیے جمع کرے اور یہ کمزور زاہدوں کا مرتبہ ہے اور جو شخص اس سے زیادہ مدت کے لیے جمع کرے اسے زاہد کہنا محال ہے کیوں کہ جو شخص ایک سال سے زیادہ زندہ رہنے کی امید رکھتا ہے تو وہ بہت زیادہ امید رکھ رہا ہے تو اس کا زہد مکمل نہ ہو گا ہاں اس کا کوئی ذریعہ معاش نہ ہو اور اپنے لیے لوگوں سے کچھ لینے پر بھی راضی نہ ہو تو الگ بات ہے جیسے حضرت داؤد طائی رحمہ اللہ کو وراثت میں بیس دینار ملے تو انہوں نے ان کو روک رکھا اور بیس سالوں میں خرچ کیا تو یہ اصل زہد کے خلاف نہیں البتہ ان لوگوں کے نزدیک زہد کے خلاف ہے جو زہد میں توکل کو شرط قرار دیتے ہیں۔

اسے جب مقدار کی طرف نسبت کریں تو چوتھائی کی صورت میں سب سے کم درجہ یہ ہو گا کہ ایک دن رات میں ایک پاؤ خوراک ہو درمیانہ درجہ یہ ہے کہ آدھ سیر ہو اور اعلیٰ درجہ ایک کلو ہے اور یہ وہ مقدار ہے جو اللہ تعالیٰ نے کفارے کے سلسلے میں ایک مسکین کا کھانا مقرر کیا ہے اس سے زائد پیٹ کو وسعت دینا اور اسی میں مشغول ہونا ہے اور جو شخص ایک کلو پر اکتفا نہ کر سکے اسے پیٹ کے حوالے سے زہد میں سے حصہ نہیں ملے گا۔

جنس کی طرف اضافت کریں تو کم از کم یہ ہے کہ وہ غذا بن سکے اگرچہ چھان بورے کی روٹی ہو۔ اور درمیانہ درجہ یہ ہے کہ جو اور جوار کی روٹی ہو اور اعلیٰ درجہ گندم کی روٹی ہے اور وہ بھی آٹا چھنا ہوا نہ ہو۔ اگر اسے چھان کر بورا الگ کر دیا جائے اور میدہ بن جائے تو یہ عیاشی میں داخل ہے اور اس طرح زہد کے آخری دروازے سے بھی نکل جائے گا ابتدائی درجات کی تو بات ہی الگ ہے۔

جہاں تک سالن کا تعلق ہے تو وہ نمک یا ساگ یا سرکہ ہو یہ کم از کم درجہ ہے درمیانے درجے میں زیتون کا تیل یا کوئی دوسری چکنائی شامل ہے اور اعلیٰ درجہ گوشت ہے وہ کسی بھی (حلال) جانور کا ہو اور یہ ہفتے میں ایک یا دو مرتبہ ہو اگر ہمیشہ گوشت کھائے یا ہفتے میں دو مرتبہ سے زائد ہو تو زہد کے آخری دروازے سے بھی نکل جائے گا اور ایسا شخص پیٹ کے حوالے سے بالکل زاہد نہیں کہلاتا وقت کی طرف اضافت کے حوالے سے کم از کم یہ ہے کہ دن رات میں ایک مرتبہ کھائے یعنی دن کو روزہ رکھے درمیانہ درجہ یہ ہے کہ دن کو روزہ رکھے اور رات کو پانی پیئے اور کھانا نہ کھائے یا کھانا کھائے اور پانی نہ پیئے۔ اور اعلیٰ مقام یہ ہے کہ تین دن یا ایک ہفتے یا اس سے زائد کا روزہ رکھنے کے قابل ہو۔ کھانے کو کم کرنے اور خواہش کو توڑنے کا طریقہ ہم نے مہلکات کے بیان میں ذکر کیا ہے۔

چاہیے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات کو دیکھے کہ کھانے کے سلسلے میں ان کے زہد کی کیا کیفیت تھی۔

اور انہوں نے سالن کو چھوڑ دیا تھا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ہمیں چالیس دن اسی طرح گزر جاتے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر مبارک میں نہ چراغ جلتا اور نہ ہی آگ جلتی پوچھا گیا تو پھر آپ لوگ کس طرح گزارہ کرتے؟ ام المومنین نے فرمایا دو سیاہ چیزوں یعنی کھجور اور پانی پر گزارہ کرتے (۱)

یہ گوشت، شوربے اور سالن کو چھوڑنا ہے۔

حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دراز گوش پر سوار ہوتے اونی لباس پہنتے اور پیوند لگی ہوئی نعلین شریف پہنتے۔ انگلیاں چاٹتے اور زمین پر (بیٹھ کر) کھانا کھاتے (۲)

اور آپ فرماتے۔

إِنَّمَا أَنَا عَبْدٌ آكُلُ كَمَا تَأْكُلُ الْعَبِيْدُ وَأَجْلِسُ كَمَا يَجْلِسُ الْعَبِيْدُ۔ (۳)

میں ایک بندہ ہوں اس طرح کھاتا ہوں جس طرح بندے کھاتے ہیں اور اس طرح بیٹھتا ہوں جس طرح بندے بیٹھتے ہیں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جو شخص جنت الفردوس طلب کرتا ہے اس کے لیے جو کی روٹی اور کوڑے کرکٹ پر کتوں کے ساتھ پڑے رہنا بھی زیادہ ہے۔

حضرت فضیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سے مدینہ طیبہ تشریف لائے آپ نے تین دن بھی گندم سے پیٹ بھر کر نہیں کھایا۔ (۴)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے تھے اے بنی اسرائیل تمہیں خالص پانی، جنگلی سبزی اور جو کی روٹی کافی ہے اور گندم کی روٹی سے بچو تم اس کا شکر ادا نہیں کر سکو گے۔

ہم نے مہلکات کے بیان میں کھانے پینے سے متعلق انبیاء کرام علیہم السلام کی سیرت ذکر کی ہے اب دوبارہ بیان نہیں کرتے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب قباء والوں کے پاس تشریف لائے تو انہوں نے دودھ میں شہد ملا کر آپ کی خدمت میں پیش کیا آپ نے پیالہ اپنے ہاتھ سے رکھ دیا اور فرمایا میں اس کو حرام تو نہیں کہتا لیکن اللہ تعالیٰ کے لیے تواضع کرتے

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۱۸۲ مرویات عائشہ

(۲) مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۲۰ کتاب علامات النبوۃ

(۳) مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۲۰ کتاب علامات النبوۃ

(۴) جامع ترمذی ص ۳۴۰ ابواب الزھد

ہوئے چھوڑتا ہوں۔

گرمیوں کے موسم میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس ٹھنڈا پانی لایا گیا جس میں شہد ملایا گیا تھا تو آپ نے فرمایا اس کے حساب کو مجھ سے دور رکھو۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رازی رحمہ اللہ نے فرمایا سچے زاہد کا رزق وہ ہے جو مل جائے لباس وہ ہے جو ستر کا کام دے اور رہائش گاہ وہی ہے جہاں جگہ مل جائے دنیا قید خانہ ہے قبر خوابگاہ ہے خلوت اس کی مجلس ہے اور عبرت پکڑنا اس کا غور و فکر ہے قرآن اس کی گفتگو ہے اللہ تعالیٰ اس کا انیس (ہم مجلس ساتھی) ہے ذکر اس کا رفیق اور زہد اس کا ساتھی ہے غم اس کا حال اور حیا اس کا شعار (نشانی) ہے بھوک اس کا سالن ہے حکمت اس کا کلام، مٹی اس کا بچھونا، تقویٰ اس کا سامانِ سفر، خاموشی اس کی غنیمت، صبر اس کا تکیہ، توکل اس کی کفایت، عقل اس کی راہنما، عبادت اس کا پیشہ اور جنت اس کا ٹھکانہ ہے۔

دوسری اہم ضرورت لباس ہے اور اس کا کم از کم درجہ یہ ہے کہ جو گرمی اور سردی کو دور کرے اور سترِ عورت کے کام آئے اور وہ ایک چادر ہے جس کے ساتھ اپنے آپ کو ڈھانپ لے اس کا اوسط ایک قمیص، ٹوپی اور جوتوں کا ایک جوڑا ہے اور اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ اس کے ساتھ رومال اور شلوار بھی ہو۔ اس سے زائد کپڑے زہد کی حد سے تجاوز ہے اور زاہد کے لیے شرط یہ ہے کہ جب وہ اپنے کپڑے دھوئے تو پہننے کے لیے مزید کپڑے نہ ہوں بلکہ اسے گھر میں بیٹھنا پڑے اور جب اس کے پاس دو قمیصیں، دو شلواریں اور دو رومال ہوں تو وہ مقدار کے اعتبار سے زہد سے خارج ہو گیا۔

جہاں تک کپڑوں کی جنس کا تعلق ہے تو کم درجہ یہ ہے کہ وہ موٹا ٹاٹ ہو درمیانہ یہ ہے کہ اُون کا کھردرا کپڑا ہو اور اعلیٰ درجے کا زہد یہ ہے کہ کپاس کا سخت موٹا کپڑا ہو۔

وقت کے اعتبار سے آخری درجہ یہ ہے کہ ایک سال کے لیے ستر کا کام دے اور کم از کم یہ کہ ایک دن باقی رہے حتیٰ کہ بعض بزرگوں نے اپنے کپڑوں میں پتوں کے پیوند لگائے اگرچہ وہ بہت جلد خشک ہو جاتے ہیں اور اس اعتبار سے درمیانے درجے کا زہد یہ ہے کہ ایک مہینہ یا اس کے لگ بھگ وہ لباس ٹھہرا رہے۔

پس ایک سال سے زیادہ رہنے والا طلب کرنا لمبی امید کی طرف نکلنا ہے اور یہ زہد کے خلاف ہے البتہ جب موٹے کپڑے کی تلاش ہو تو کوئی حرج نہیں (کیوں کہ وہ دیرپا ہوتا ہے) اور جو اس سے زیادہ پلے تو اسے صدقہ کر دینا چاہیے اگر اسے روک کر رکھتا ہے تو زاہد نہیں بلکہ دنیا سے محبت کرنے والا ہے۔

اس سلسلے میں انبیاء کرام اور صحابہ کرام کے حالات کو دیکھنا چاہیے کہ کس طرح انہوں نے لباس کو چھوڑ دیا تھا حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ہمیں ایک نمدے کی چادر اور ایک موٹی ازار دکھائی اور فرمایا نبی اکرم

---

(۱) الترغیب والترہیب ج جلد ۴ ص ۱۹۷ کتاب التوبہ

صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ان کپڑوں میں ہوا (۱)
اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یُحِبُّ الْمُتَبَذِّلَ الَّذِیْ لَا یُبَالِیْ مَا لَبِسَ۔ (۲)	بے شک اللہ تعالیٰ کام کاج کے کپڑے پہننے والے کو پسند کرتا ہے جو اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ اس نے کیا پہنا ہے

حضرت عمرو بن اسود عنسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں کبھی شہرت کا کپڑا نہیں پہنوں گا اور کبھی بھی رات کے وقت بچھونے پر نہ سوؤں گا نہ کبھی عمدہ سواری پر سوار ہوں گا اور نہ ہی کبھی کھانے سے پیٹ بھروں گا۔
حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا جس شخص کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت دیکھنا اچھا لگتا ہو وہ حضرت عمرو بن اسود رضی اللہ عنہ کو دیکھے۔ (۳)
حدیث شریف میں ہے۔

مَا مِنْ عَبْدٍ لَبِسَ ثَوْبَ شُهْرَةٍ اِلَّا اَعْرَضَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتّٰی یَنْزِعَهٗ وَاِنْ كَانَ عِنْدَهٗ حَبِیْبًا۔ (۴)	جو شخص شہرت کا لباس پہنتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے رخ پھیر لیتا ہے حتیٰ کہ اسے اتار دے اگرچہ وہ اس کا محبوب ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کپڑا چار درہم کے بدلے خریدا (۵) اور آپ کے دونوں کپڑوں کی قیمت دس درہم تھی۔ (۶)
آپ کی ازار مبارک ساڑھے چار گز تھی (۷) اور آپ نے تین درہم میں شلوار خریدی۔ (۸)
آپ دو سفید اونی شملے پہنتے تھے اور ان کو حُلّہ کہا جاتا تھا کیوں کہ یہ ایک ہی جنس کے دو کپڑے تھے بعض اوقات آپ دو یمنی چادریں پہنتے تھے دو معمولی موٹی سحولی (معمولی) چادریں ہوتیں۔ (۹)

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۱۹۳ کتاب اللباس
(۲) الترغیب والترہیب جلد ۳ ص ۱۰۸ کتاب اللباس (۳)
(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۹۲ مرویات ابن عمر
(۵) مجمع الزوائد جلد ۵ ص ۱۲۱ کتاب اللباس (۶)
(۷) طبقات لابن سعد جلد اول ص ۵۰۸ ذکر اصناف لباسہ
(۸) مجمع الزوائد جلد ۵ ص ۱۲۱ کتاب اللباس
(۹) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۱۹۳ کتاب اللباس

حدیث شریف میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص یوں معلوم ہوتی تھی کہ اس کے ساتھ تیل لگا ہوا ہے۔ (۱)
اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن سندس کا دھاری دار کپڑا پہنا جس کی قیمت دو سو درہم تھی صحابہ کرام تعجب کرتے ہوئے اسے ہاتھوں سے چھوتے اور عرض کرتے یا رسول اللہ! کیا یہ کپڑا آپ کے پاس جنت سے آیا ہے (۲)
اور یہ کپڑا آپ کی خدمت میں اسکندریہ کے بادشاہ مقوقس نے بطور ہدیہ بھیجا تھا آپ نے اسے پہن کر اس کے اعزاز کا ارادہ فرمایا اور پھر اتار کر ایک مشرک کے پاس بھیج دیا جس سے صلہ رحمی کرنا مقصود تھا پھر آپ نے حریر اور دیباج (ریشمی لباس مردوں پر) حرام قرار دیا گویا آپ نے پہلے اس لیے پہنا کہ اس کی حرمت کی تاکید ہو جیسا کہ آپ نے ایک دن سونے کی انگوٹھی پہنی پھر اتار دی اور اس کا پہننا مردوں پر حرام قرار دیا۔ (۳)
اور جیسا کہ آپ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں فرمایا اس کے گھر والوں پر ولا کی شرط رکھو (۴) جب انہوں نے شرط رکھی تو آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور اس (ولا) کو حرام قرار دیا۔
اور جس طرح آپ نے تین دن کے لیے متعہ جائز قرار دیا پھر امر نکاح کی تاکید کے طور پر اس کو حرام قرار دیا۔ (۵)
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دھاری دار چادر میں نماز پڑھی جب سلام پھیرا تو فرمایا اس کی طرف دیکھنے نے نماز سے میری توجہ ہٹا دی اسے حضرت جہم رضی اللہ عنہ کے پاس لے جاؤ اور ان کی چادر مجھے لا دو۔ (۶)
تو آپ نے عمدہ کپڑے کی نسبت ادنیٰ چادر پسند فرمائی۔
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نعلین مبارک کا تسمہ پرانا ہوا تو آپ نے نیا تسمہ لگا کر اس میں نماز پڑھی جب سلام پھیرا تو فرمایا پرانا تسمہ واپس لے آؤ، اور اس نئے تسمے کو اتار دو نماز میں میری نظر اس پر پڑی ہے (۷)
رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی پہنی اور آپ نے منبر شریف پہ بیٹھے ہوئے اس پر ایک نظر ڈالی پھر اسے پھینک دیا اور فرمایا اس نے تمہاری طرف سے میری توجہ کو ہٹا دیا میں ایک نظر تمہاری طرف کرتا اور ایک نظر اس کی طرف ہوتی۔ (۸)

---

(۱) شرح السنۃ للبغوی جلد ۱۲ ص ۸۲ حدیث ۳۱۶۴
(۲) صحیح بخاری جلد اول ص ۳۵۶ کتاب الھبۃ
(۳) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۸۷۱ کتاب اللباس
(۴) صحیح بخاری جلد اول ص ۳۵۰ کتاب الھبۃ
(۵) صحیح مسلم جلد اول ص ۴۵۱ کتاب النکاح
(۶) صحیح بخاری جلد اول ص ۵۴ کتاب الصلوٰۃ (۷)
(۸) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۳۲۲ مرویات ابن عباس

ایک دفعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو نئے جوتوں کو آپس میں برابر کر رہے تھے تو آپ کو ان کی خوبصورتی اچھی معلوم ہوئی آپ فوراً سجدے میں گر پڑے اور فرمایا مجھے ان جوتوں کی خوبصورتی اچھی معلوم ہوئی تو میں اللہ تعالیٰ کے لیے تواضع کر رہا ہوں اس خوف سے کہ کہیں وہ مجھ پر ناراض نہ ہو جائے پھر ان جوتوں کو باہر لائے اور جس مسکین کو پہلے دیکھا اسے عنایت فرما دیئے (۱)

حضرت سنان بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اون کا دھاری دار ایک جُبہ بُنا گیا اور اس کے کنارے سیاہ رکھے گئے جب آپ نے اسے پہنا تو فرمایا دیکھو یہ کس طرح عمدہ اور کس طرح نرم ہے راوی فرماتے ہیں ایک اعرابی کھڑا ہوئے اور عرض کیا یارسول اللہ! یہ مجھے عنایت کر دیجئے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارکہ تھی کہ جب آپ سے کسی چیز کا سوال کیا جاتا تو آپ بخل سے کام نہ لیتے (فرماتے ہیں) چنانچہ آپ نے اسے دے دیا۔ اور حکم دیا کہ آپ کے لیے ایک اور جُبہ بُنا جائے اور جب حضور علیہ السلام کا انتقال ہوا تو وہ جُبہ ابھی بُنا جا رہا تھا (۲)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت خاتون جنت فاطمۃ الزاہرا رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے اور آپ چکی پیس رہی تھیں اور آپ پر اونٹ کے بالوں کی ایک چادر تھی آپ نے ان کو دیکھا تو رو پڑے آپ نے فرمایا۔

تَجَرَّعِیْ مَرَارَةَ الدُّنْیَا لِنَعِیْمِ الْاَبَدِ (۳) — ابدی نعمتوں کے لیے دنیا کی کڑواہٹ کا گھونٹ بھرو۔

اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی۔ (۴) — عنقریب آپ کا رب آپ کو اس قدر دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ مِنْ خِیَارِ اُمَّتِیْ فِیْمَا اَنْبَاَنِی الْمَلَاُ الْاَعْلٰی قَوْمًا یَضْحَکُوْنَ جَهْرًا مِنْ سَعَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَیَبْكُوْنَ سِرًّا مِنْ خَوْفِ عَذَابِهٖ مُؤْنَتُهُمْ — مجھے اوپر والوں (فرشتوں) نے جو خبر دی ہے اس کے مطابق میری امت کے بہترین لوگ وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی رحمت کی وسعت کی وجہ سے اونچی آواز سے ہنستے ہیں۔

---

(۱)

(۲) مجمع الزوائد جلد ۵ ص ۱۲۰ کتاب اللباس

(۳) الدر المنثور جلد ۶ ص ۳۶۱ تحت آیت ولسوف یعطیک ربک فترضی

(۴) قرآن مجید سورۃ والضحیٰ آیت ۵

عَلَى النَّاسِ خَفِيفَةٌ وَعَلَى أَنْفُسِهِمْ ثَقِيلَةٌ يَلْبَسُونَ الْخُلْقَانَ وَيَتَّبِعُونَ الرُّهْبَانَ أَجْسَامُهُمْ فِي الْأَرْضِ وَأَفْئِدَتُهُمْ عِنْدَ الْعَرْشِ۔ (۱)

اور اس کے عذاب کے خوف سے چھپ چھپ کر روتے ہیں ان کی مشقت اور بوجھ لوگوں پر ہلکا اور خود ان پر بھاری ہے وہ پرانے کپڑے پہنتے اور راہبوں (تارک دنیا) کی اتباع کرتے ہیں ان کے جسم زمین پر اور ان کے دل عرش کے پاس ہیں۔

تو لباس کے سلسلے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ اس طرح تھی اور آپ نے تمام امت کو اپنی اتباع کا حکم دیا آپ نے فرمایا۔

مَنْ أَحَبَّنِي فَلْيَسْتَنَّ بِسُنَّتِي۔ (۲)

جو شخص مجھ سے محبت کرتا ہے وہ میری سنت پر چلے۔

اور ارشاد فرمایا۔

عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ مِنْ بَعْدِي عَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ۔ (۳)

تم پر میری اور میرے بعد خلفائے راشدین کی سنت اختیار کرنا لازم ہے اسے مضبوطی سے پکڑلو۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ (۴)

آپ فرما دیجئے اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرنا چاہتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو خاص طور پر یہ وصیت فرمائی آپ نے فرمایا۔

إِنْ أَرَدْتِ اللُّحُوقَ بِي فَإِيَّاكِ وَمُجَالَسَةَ الْأَغْنِيَاءِ وَلَا تَنْزِعِي ثَوْبًا حَتّٰى تُرَقِّعِيهِ۔ (۵)

اگر تم مجھ سے ملنا چاہتی ہو تو مالدار لوگوں کی مجلس سے بچو اور جب تک کپڑوں پر پیوند نہ لگالو ان نہ اتارو (یعنی جب تک پرانے نہ ہو جائیں ان کو نہ بدلو)

---

(۱) حلیۃ الاولیاء، جلد اول ص ۱۷ مقدمۃ الکتاب

(۲) السنن الکبریٰ للبیہقی جلد ۷ ص ۷۸، کتاب النکاح

(۳) سنن ابی داؤد جلد ۲ ص ۶۳۵، کتاب السنۃ

(۴) قرآن مجید، سورۃ آل عمران آیت ۳۱

(۵) جامع ترمذی ص ۲۶۹، ابواب اللباس

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی قمیص پر بارہ پیوند شمار کیے گئے جن میں سے بعض چمڑے کے تھے۔

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے تین درہم میں ایک کپڑا خریدا اور اسے پہنا اور یہ آپ کے دورِ خلافت کا واقعہ ہے آپ نے آستینیں کلائیوں سے کاٹیں اور فرمایا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا مِنْ رِیَاشِہٖ۔ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ لباس اپنے عمدہ لباس میں سے پہنایا۔

حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ اور دوسرے حضرات فرماتے ہیں وہ لباس پہنو جو تمہیں علماء کے نزدیک مشہور نہ کرے اور جاہلوں کے ہاں ذلیل نہ کرے۔

وہ فرماتے تھے اگر کوئی فقیر میرے پاس سے گزرے اور میں نماز پڑھتے ہوئے اسے جانے دوں تو یہ جائز ہے اور کوئی دنیادار میرے پاس سے گزرے اور اس پر یہ عمدہ لباس ہو تو میں اس سے ناراض ہوتا ہوں اور میں ایسے نہ نکلنے دوں تو یہ جائز ہے۔

بعض حضرات نے فرمایا کہ حضرت سفیان رحمہ اللہ کے دو کپڑوں اور جوتے کی قیمت ایک درہم اور چار دانق (ایک دانق درہم کا چھٹا حصہ ہوتا ہے) لگائی گئی اور حضرت ابن شبرمہ رحمہ اللہ نے فرمایا میرے بہترین کپڑے وہ ہیں جو میری خدمت کریں اور بدترین لباس وہ ہے جن کی خدمت میں کروں۔

بعض بزرگوں نے فرمایا ایسا لباس پہنو جس سے تم بازار والوں کے ساتھ گھل مل جاؤ اور ایسا لباس نہ پہنو جو تمہیں مشہور کر دے اور تمہاری طرف نظریں اٹھیں۔

حضرت ابوسلیمان دارانی رحمہ اللہ نے فرمایا لباس تین قسم کا ہوتا ہے ایک وہ لباس ہے جو اللہ تعالیٰ کے لیے ہوتا ہے اور یہ وہ لباس ہے جو ستر کو ڈھانپ دے دوسرا لباس نفس کے لئے ہے اور یہ نرم و گداز لباس ہے اور تیسرا لباس لوگوں (کو دکھانے) کے لیے ہوتا ہے اور یہ وہ لباس ہے جس کے جوہر اور حُسن کو تلاش کیا جائے۔

بعض بزرگوں نے فرمایا جس کا لباس پتلا ہوگا اس کا دین بھی پتلا ہوگا اور تابعین میں سے جمہور علماء کے لباس کی قیمت بیس سے تیس درہم تک ہوتی تھی حضرت خواص رحمہ اللہ کا لباس دو حصوں پر مشتمل ہوتا تھا ایک قمیص دوسرا تہبند اور بعض اوقات وہ قمیص کے دامن کو سر پر الٹ دیتے۔

بعض بزرگوں نے فرمایا پہلا زہد لباس میں ہوتا ہے اور حدیث شریف میں ہے شکستہ حال رہنا ایمان کی علامت ہے اور ایک روایت میں ہے کہ جس نے طاقت کے باوجود محض اللہ تعالیٰ کے لیے تواضع اختیار کرتے ہوئے خوبصورت لباس کو ترک کیا اور اس کا مقصد اللہ تعالیٰ کی رضا تلاش کرنا ہے تو اللہ تعالیٰ کے ذمۂ کرم پر واجب ہے کہ وہ اس کے لیے جنت کا لباس یاقوت کے جامہ دانوں میں رکھے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے کسی نبی کی طرف وحی فرمائی کہ میرے دوستوں سے فرما دیں کہ وہ میرے دشمنوں کا لباس پہنیں اور نہ ان راستوں سے گزریں جہاں سے میرے دشمن گزرتے ہیں اس طرح وہ بھی میرے دشمن ہو جائیں گے جس طرح وہ لوگ میرے دشمن ہیں۔

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ نے بشر بن مروان کو کوفہ میں منبر پر (بیٹھے) وعظ کرتے ہوئے دیکھا تو فرمایا اپنے امیر کو دیکھو وہ لوگوں کو وعظ کر رہا ہے اور خود فاسقوں والا لباس پہنے ہوا ہے اور اس نے باریک لباس پہنا ہوا تھا۔

عبداللہ بن عامر عمدہ لباس پہن کر حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور زُہد کے بارے میں گفتگو کرنے لگا حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے اس کے منہ پر ہتھیلی رکھی اور اس کی ہوا خارج کروں ابن عامر کو غصہ آیا اس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے شکایت کی انہوں نے فرمایا تم نے خود غلطی کی ہے تم اس لباس میں ان کے سامنے زُہد کے بارے میں گفتگو کرتے ہو!

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ہدایت دینے والے ائمہ سے عہد لیا کہ وہ لوگوں کے ادنیٰ حال کو اختیار کریں تاکہ مال داران کی اقتدا کریں اور فقیر کے فقر کی وجہ سے اس کو حقیر نہ سمجھا جائے اور جب حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے کہا گیا کہ آپ موٹا کھردرا لباس کیوں پہنتے ہیں تو انہوں نے فرمایا یہ تواضع کے زیادہ قریب ہے اور اس بات کے لائق ہے کہ مسلمان اس کی اقتدا کریں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عیش پسندی اور آرام طلبی سے منع فرمایا آپ نے ارشاد فرمایا۔

إِنَّ لِلّٰهِ عِبَادًا لَيْسُوْا بِالْمُتَنَعِّمِيْنَ۔ بے شک اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو عیش پسند نہیں ہیں۔ (۱)

حضرت فضالہ بن عبید رحمہ اللہ مصر کے والی تھے انہیں دیکھا گیا کہ بال بکھرے ہوئے ہیں اور پاؤں سے ننگے ہیں کہا گیا آپ حکمران ہیں اور اس طرح کرتے ہیں انہوں نے فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عیاشی سے منع فرمایا اور ہمیں حکم دیا کہ کبھی ننگے پاؤں بھی پھرا کریں۔ (۲)

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے فرمایا اگر آپ اپنے دونوں ساتھیوں (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) سے ملنا چاہتے ہیں تو قمیص پر پیوند لگائیں، ازار کو جھکا کر رکھیں جوتی پیوند لگی ہوئی پہنیں اور سیر ہو کر نہ کھائیں۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا موٹا کھردرا لباس پہنو اور عجمیوں یعنی کسریٰ اور قیصر کے لباس سے بچو۔

---

(۱) الترغیب والترہیب جلد ۳ ص ۲۴۳ کتاب الطعام

(۲) سنن ابی داؤد جلد ۲ ص ۲۱۷ کتاب الرجل

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص کسی قوم کا لباس پہنتا ہے وہ ان ہی میں سے ہوتا ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ مِنْ شِرَارِ اُمَّتِی الَّذِیْنَ غُذُّوْا بِالنَّعِیْمِ یَطْلُبُوْنَ اَلْوَانَ الطَّعَامِ وَاَلْوَانَ الثِّیَابِ وَیَتَشَدَّقُوْنَ فِی الْکَلَامِ۔ (۱)

میری امت کے برے لوگ وہ ہیں جو دولت میں پلتے ہیں طرح طرح کے کھانے اور لباس تلاش کرتے ہیں اور گفتگو میں تکلف کرتے ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

وقال صلی اللہ علیہ وسلم "اِزْرَۃُ الْمُؤْمِنِ اِلٰی اَنْصَافِ سَاقَیْہِ وَلَا جُنَاحَ عَلَیْہِ فِیْمَا بَیْنَہٗ وَبَیْنَ الْکَعْبَیْنِ وَمَا اَسْفَلُ مِنْ ذٰلِکَ فَفِی النَّارِ وَلَا یَنْظُرُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اِلٰی مَنْ جَرَّ اِزَارَہٗ بَطَرًا۔ (۲)

مومن کے ازار (تہبند) پنڈلی کے نصف تک ہوتی ہے اور اس کے اور ٹخنوں کے درمیان ہونے میں بھی کوئی حرج نہیں جو اس سے نیچے کرے گا وہ جہنم میں جائے گا اور قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا جو تکبر کے طور پر اپنی چادر (یا شلوار) کھینچتا ہے۔

حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا یَلْبَسُ الشَّعْرَ مِنْ اُمَّتِیْ اِلَّا مُرَاءٍ اَوْ اَحْمَقُ۔ (۳)

میری امت میں سے وہی شخص بالوں (والے لباس) کو پہنے گا جو ریاکار ہوگا۔ یا بیوقوف۔

حضرت امام اوزاعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اُونی لباس سفر میں سنت میں سے ہے اور غیر سفر میں بدعت ہے۔

حضرت محمد بن واسع رحمہ اللہ، حضرت قتیبہ بن مسلم رحمہ اللہ کے پاس تشریف لے گئے تو ان پر اُونی لباس تھا حضرت قتیبہ نے کہا آپ کو اُونی قمیص کی کیا ضرورت پڑی؟ وہ خاموش ہو گئے انہوں نے کہا میں آپ سے گفتگو کرتا ہوں اور آپ مجھے جواب نہیں دیتے حضرت محمد بن واسع نے فرمایا مجھے یہ بات ناپسند ہے کہ میں کہوں میں نے زہد کے طور پر یہ لباس پہنا ہے اس طرح اپنی پاکیزگی بیان کرنے والا ہوں گا اور اگر کہوں کہ فقر کے طور پر ایسا کیا ہے تو اپنے رب سے شکایت ہوگی۔

حضرت ابو سلیمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنا خلیل بنایا تو ان کی طرف وحی بھیجی کہ

---

(۱) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۸ ص ۱۲۶ حدیث ۷۵۱۲

(۲) سنن ابن ماجہ ص ۲۶۴، ابواب اللباس

(۳) تذکرۃ الموضوعات للفتنی ص ۱۵۷ باب اللباس وتنظیفہ

اپنی شرمگاہ کو زمین سے چھپانا اور آپ کی عادت تھی کہ تمام چیزیں ایک ایک رکھتے جب کہ آپ کے سلواریں دو تھیں جب ایک سلوار کو دھوتے تو دوسری کو پہن لیتے حتیٰ کہ آپ پر ایسی حالت نہ آتی کہ آپ کی شرمگاہ کھلی ہوئی ہو۔

حضرت سلیمان فارسی رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ کیا وجہ ہے آپ اچھا لباس نہیں پہنتے فرمایا غلام کو عمدہ کپڑے سے کیا تعلق اور جب وہ آزاد ہو جائے گا تو قسم بخدا! اسے ایسا لباس ملے گا جو کبھی پرانا نہیں ہوگا۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ آپ کے پاس ایک اُونی جبہ اور ایک اُونی چادر تھی ان دونوں کو آپ رات کے وقت پہنتے جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے۔

حضرت حسن فرقد سبخی رحمہ اللہ فرماتے ہیں تمہارا خیال یہ ہے کہ تمہیں گدڑی کی وجہ سے لوگوں پر فضیلت حاصل ہے! مجھے تو یہ بات پہنچی ہے کہ اکثر اصحابِ جہنم وہ ہوں گے جو منافقت کی وجہ سے گدڑی پہنیں گے۔

حضرت یحییٰ بن معین رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابومعاویہ اسود رحمہ اللہ کو دیکھا وہ کوڑے کرکٹ کے ڈھیروں سے چیتھڑے چن کر ان کو دھوتے اور سی کر پہن لیتے میں نے پوچھا آپ اس سے اچھا لباس بھی تو پہن سکتے ہیں انہوں نے فرمایا جو مصیبت دنیا میں ان (فقراء) کو پہنچتی ہے اس میں کیا نقصان ہے جب کہ اللہ تعالیٰ جنت میں اس کا تدارک فرمائے گا۔ حضرت یحییٰ بن معین یہ بات ذکر کرتے ہوئے روتے تھے۔

تیسری ضرورت، رہائش ہے اور اس میں بھی زُہد کے تین درجات ہیں۔

سب سے اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ اپنے لیے کوئی خاص جگہ طلب نہ کرے اور اصحاب صُفہ کی طرح مسجد کے کونوں پر قناعت کرے۔ درمیانہ درجہ یہ ہے کہ اپنے لیے خاص جگہ طلب کرے جیسے ایک چھپر جو گھاس پھونس سے بنا ہو یا اس قسم کا کوئی ٹھکانہ۔ اور سب سے کم درجے کا زُہد یہ ہے کہ کوئی کمرہ حاصل کرے چاہے خرید لے یا کرائے پر لے اگر یہ رہائش ضرورت کے مطابق ہو اس سے زائد بھی نہ ہو اور اس میں زینت بھی نہ ہو تو یہ مقدار اسے زہد کے آخری درجہ سے نہیں نکالے گی اور اگر وہ پختہ مکان ہو اسے چونا بھی کیا گیا ہو کشادہ ہو اور چھت چھ (شرعی) گز سے بلند ہو تو وہ رہائش کے حوالے سے زہد کی حد سے تجاوز کر گیا۔

تو مکان کی جنس کا اختلاف اس طرح ہوتا ہے کہ وہ چونے کا (یعنی سیمنٹ) کا ہو یا گھاس وغیرہ گارا استعمال ہو یا اینٹیں، اور مقدار کا اختلاف اس کی وسعت اور تنگی کے اعتبار سے ہوتا ہے اور اس کی طوالت کا اختلاف اوقات کے اعتبار سے ہوتا ہے مثلاً اس کی ذاتی ملکیت ہے یا کرایہ پر ہے یا ادھار لیا ہے ان تمام صورتوں میں زُہد کا دخل ہوتا ہے۔

تو خلاصہ یہ ہوا کہ ہر وہ چیز جو ضرورت کے تحت حاصل کی جائے وہ ضرورت کی حد سے تجاوز نہ کرے اور دنیا کا حسب ضرورت حاصل کرنا دین کا آلہ اور وسیلہ ہے اور جو اس سے تجاوز کر جائے وہ دین کے خلاف ہے رہائش کا مقصد بارش اور سردی نیز لوگوں کی نظروں اور اذیت سے بچنا ہے اس کا کم از کم درجہ تو معلوم ہے اور جو اس سے زائد ہے وہ فضول

سب کا سبب دنیا ہے اور جو شخص فضول کا طالب ہو اور اس کے لیے کوشش کرے وہ زہد سے بہت دور ہے۔

کہا گیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد لمبی امید کے سلسلے میں سب سے پہلے جو بات ظاہر ہوئی وہ تدریج اور تشیید تھی تدریر کپڑوں کی عمدہ اور باریک سلائی کرنا ہے (۱) کپڑوں کی ہلکی سلائی ہونے لگی اور تشیید سے مراد چونے اور اینٹوں کی عمارت بنانا ہے (۲) پہلے لوگ کھجور کی شاخوں سے عمارت بناتے تھے حدیث شریف میں ہے کہ ایک زمانہ آئے گا جب لوگ اپنے کپڑوں کو یمنی چادروں کی طرح منقش کریں گے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ کو حکم دیا کہ انہوں نے جو عمارت بلند کی ہے اسے گرا دیں۔ (۳)

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک بلند قبے کے پاس سے گزرے تو پوچھا یہ کس کا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کیا فلاں کا ہے جب وہ شخص حاضر ہوا تو آپ نے منہ پھیر لیا اور پہلے کی طرح اس کی طرف متوجہ نہ ہوئے اس شخص نے صحابہ کرام سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور کی تبدیلی کے بارے میں پوچھا تو اسے بتایا گیا اس نے اسی وقت اس کو گرا دیا پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوبارہ اس جگہ سے گزرے تو وہ عمارت نظر نہ آئی آپ کو بتایا گیا اس نے اس کو گرا دیا ہے تو آپ نے اس کے لیے دعائے خیر فرمائی۔ (۴)

حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے وصال تک (یعنی زندگی میں) اینٹ پر اینٹ اور بانس پر بانس نہ رکھا۔ (۵)

آپ نے ارشاد فرمایا۔

اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ شَرًّا اَهْلَكَ مَالَهٗ فِی الْمَاءِ وَالطِّیْنِ۔ (۶)

اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کی برائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اس کے مال کو پانی اور گارے میں (تعمیرات میں) ہلاک کر دیتا ہے

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے تو ہم ایک چھپر کی مرمت کر رہے تھے آپ نے پوچھا یہ کیا ہے؟ ہم نے عرض کیا یہ چھپر ٹوٹ گیا ہے آپ نے فرمایا میں اس سے بھی جلدی کا معاملہ دیکھتا ہوں (۷)

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۱۹۵ کتاب اللباس

(۲) صحیح بخاری جلد اول ص ۳۷۲ کتاب الصوم رکتاب الصلوٰۃ ص ۶۱

(۳) مجمع الزوائد جلد ۴ ص ۷۰ کتاب البیوع

(۴) سنن ابی داؤد جلد ۲ ص ۳۵۵ کتاب الادب

(۵) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۱۸۶ کتاب التوبہ

(۶) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۲ ص ۸۵ حدیث ۱۷۵۵

(۷) سنن ابی داؤد جلد ۲ ص ۳۵۴ کتاب الادب

(موت کی طرف اشارہ ہے)

حضرت نوح علیہ السلام نے بانسوں (کانوں کا) گھر بنایا تو آپ سے کہا گیا کہ آپ پختہ مکان بنالیتے! آپ نے فرمایا جس نے مرنا ہے اس کے لیے اتنا بھی زیادہ ہے۔

حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم صفوان بن محیریز کے پاس گئے تو وہ نرکل (بانس وغیرہ) سے بنے ہوئے مکان میں تھے جو جھکا ہوا تھا۔ عرض کیا گیا اگر آپ اسے ٹھیک کرلیں تو اچھا ہے، فرمایا کتنے ہی لوگ مر گئے اور یہ اپنی حالت پر قائم ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ بَنَى فَوْقَ مَا يَكْفِيهِ كُلِّفَ أَنْ يَحْمِلَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (۱)

جو شخص ضرورت سے زیادہ تعمیر کرے قیامت کے دن اسے اس کو اٹھانے کی تکلیف دی جائے گی۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا۔

كُلُّ نَفَقَةٍ لِلْعَبْدِ يُؤْجَرُ عَلَيْهَا إِلَّا مَا أَنْفَقَهُ فِي الْمَاءِ وَالطِّينِ۔ (۲)

بندے کو تمام خرچ کئے گئے مال پر اجر ملے گا سوائے (غیر ضروری) تعمیر کے۔

اور ارشاد خداوندی ہے:۔

تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِينَ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا وَلَا فَسَادًا۔ (۳)

یہ آخرت کا گھر ہے جسے ہم ان لوگوں کے لیے بناتے ہیں جو نہ تکبر کا ارادہ کرتے ہیں اور نہ ہی فساد کا۔

اس سے مراد ریاست اور اونچے مکانوں میں ایک دوسرے پر فخر کرنا ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

كُلُّ بِنَاءٍ وَبَالٌ عَلَى صَاحِبِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا مَا أَكَنَّ مِنْ حَرٍّ وَبَرْدٍ۔ (۴)

ہر عمارت اپنے مالک کے لیے قیامت کے دن وبال ہوگی سوائے اس (عمارت) کے جو گرمی اور سردی سے محفوظ رکھے۔

ایک شخص نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مکان کی تنگی کی شکایت کی تو آپ نے ارشاد فرمایا۔

اِتَّسِعْ فِي السَّمَاءِ۔ (۵)

آسمان میں وسیع مکان تلاش کرو۔

---

(۱) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۱۰ ص ۱۸۷ حدیث ۱۰۲۸۷

(۲) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۴ ص ۵۷ حدیث ۳۶۲۰

(۳) قرآن مجید، سورۃ قصص آیت ۸۳

(۴) مشکل الآثار جلد اول ص ۱۶ ۴ مشکل ماروی عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

(۵) کتاب المراسیل لابی داؤد ص ۱۹۵ ماجاء فی البناء

مقصد یہ ہے کہ جنت کے وسیع مکان کے لیے کوشش کرو۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے شام کے راستے میں ایک محل دیکھا جو چونے اور اینٹوں سے بنا ہوا تھا آپ نے اللہ اکبر کہہ کر فرمایا میرا خیال نہیں تھا کہ اس امت میں بھی ایسے لوگ ہوں گے جو ہامان کی طرح فرعون کے لیے عمارت بنائیں گے۔

آپ نے اس آیت کی طرف اشارہ فرمایا۔

فَاَوْقِدْ لِیْ یٰهَامٰنُ عَلَی الطِّیْنِ۔ (فرعون نے کہا) اے ہامان میرے لیے گارے کو پکاؤ (یعنی اینٹیں بناؤ) (۱)

کہا گیا ہے کہ فرعون پہلا شخص ہے جس کے لیے چونے اور اینٹوں سے عمارت بنائی گئی اور سب سے پہلے ایسی عمارت بنانے والا ہامان تھا پھر بڑے بڑے سرکش لوگوں نے ان دونوں کی پیروی کی اور یہ زینت ہے۔

کسی بزرگ نے ایک شہر میں جامع مسجد دیکھی تو فرمایا میں نے اس مسجد کو کھجور کی شاخوں سے بنا ہوا دیکھا پھر کچے ردے لگے ہوئے اب میں نے اس کو اینٹوں سے بنا ہوا دیکھا ہے کھجور کی شاخوں سے بنانے والے، کچے ردوں کے ساتھ بنانے والوں سے اچھے تھے اور کچے ردوں والے اینٹوں والوں سے اچھے تھے۔

بعض بزرگ ایسے تھے کہ وہ زندگی میں اپنا مکان کئی بار بنائے کیوں کہ وہ اسے کمزور بناتے تھے جس کی وجہ یہ تھی کہ وہ زندہ رہنے کی امید رکھتے تھے اور مکان کے سلسلے میں وہ زاہد تھے۔

اور ان میں سے بعض ایسے بھی تھے جو حج یا جہاد کے لیے جائے تو اپنا گرا دیتے یا پڑوسی کو دے جاتے جب واپس لوٹتے تو دوبارہ بناتے اور ان کے مکانات گھاس اور چمڑے کے ہوا کرتے تھے یمن کے علاقے میں عربوں کی آج بھی یہی عادت ہے۔ اور ان کے مکان کی بلندی انسان کے قد سے تقریباً ایک بالشت زیادہ ہوتی تھی۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مکانات میں داخل ہوتا تو اپنا ہاتھ چھت سے لگا لیتا۔

حضرت عمرو بن دینار رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب کوئی شخص اپنے مکان کی دیوار چھ ہاتھ سے بلند بناتا ہے تو فرشتہ آواز دیتا ہے اے بہت بڑے فاسق کہاں جا رہے ہو!

حضرت سفیان رحمہ اللہ نے مضبوط عمارت کو دیکھنے سے منع فرمایا اور فرمایا اگر لوگ ان عمارتوں کو نہ دیکھتے تو یہ (اس طرح کی مضبوط و مزین) نہ بنائی جاتیں لہٰذا ان کو دیکھنا اس عمل پر مدد کرنا ہے۔

حضرت فضیل رحمہ اللہ نے فرمایا مجھے اس شخص پر تعجب نہیں ہے جو عمارت بنا کر چھوڑ جاتا ہے بلکہ اس پر تعجب ہے جو

---

(۱) قرآن مجید، سورہ قصص آیت ۳۸

اس عمارت کو دیکھ کر عبرت حاصل نہیں کرتا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا ایک ایسی قوم آئے گی جو گارے کو بلند کرے گی اور دین کو پست کر دے گی اور وہ عمدہ گھوڑوں کو کام میں لائیں گے وہ تمہارے قبلہ تک پہنچیں گے اور تمہارے دین کے علاوہ پر مریں گے۔

چوتھی ضرورت گھریلو سامان ہے اور اس میں بھی زہد کے کئی درجات ہیں۔

سب سے اعلیٰ درجہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ہے آپ کے پاس صرف ایک کنگھی اور لوٹا ہوتا تھا آپ نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ اپنی داڑھی کو ہاتھ سے ٹھیک کر رہا ہے تو کنگھی پھینک دی اور دوسرے کو نہر سے ہاتھ کے ساتھ پانی پیتے ہوئے دیکھا تو لوٹا پھینک دیا اور یہ تمام سامان کا حکم ہے کیوں کہ یہ مقصود کے لیے حاصل کیا جاتا ہے اور جب آدمی اس سے بے نیاز ہو تو یہ سامان دنیا اور آخرت میں وبال ہے اور جس سامان کی ضرورت ہو اس میں کم از کم درجے پر اکتفا کرے اور وہ مٹی کا برتن ہے جہاں وہ کام دے سکتا ہو اور اس بات کی پرواہ نہ کرے کہ اس کا کوئی کنارہ ٹوٹا ہوا ہے کیوں کہ اس سے مقصود حاصل ہو رہا ہے۔

اس سلسلے میں زہد کا درمیانہ درجہ یہ ہے کہ اس کے پاس حاجت کے مطابق سامان ہو اور وہ ٹوٹا ہوا بھی نہ ہو لیکن ایک برتن کو کئی مقاصد کے لیے استعمال کر سکتا ہے جیسے پیالہ ہے اس میں کھانا کھائے، پانی پیئے اور اپنی چیزیں بھی رکھے پہلے بزرگ تخفیف کی غرض سے ایک برتن کو کئی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اچھا سمجھتے تھے۔

اور اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ ہر مقصد کے لیے ایک ادنیٰ چیز رکھتا ہو اگر تعداد میں زیادہ ہو یا جنس کے اعتبار سے اچھا ہو تو زہد کے تمام دروازوں سے نکل جائے گا اور فضول کی طلب کی طرف جھک جائے گا۔

چاہیے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سیرت کو دیکھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس بچھونے پر آرام فرماتے تھے وہ چمڑے کا ایک گدا تھا جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی۔(۱)

حضرت فضیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا بچھونا ایک کمبل تھا جسے دوہرا کیا جاتا تھا اور چمڑے کا ایک گدا تھا جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی۔(۲)

ایک روایت میں ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ ایک چارپائی پر آرام فرما تھے جس کو کھجور کے پٹھوں سے بُنا گیا تھا انہوں نے آپ کے پہلو میں پٹھوں کے نشانات دیکھے تو ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے ابن خطاب! آپ کیوں روتے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ

---

(۱) جامع ترمذی ص ۲۶۷ کتاب اللباس

(۲) جامع ترمذی ص ۲۶۷ کتاب اللباس

میں کسریٰ اور قیصر ایران کے حکومت کا خیال کرتا ہوں اور ادھر آپ کو دیکھتا ہوں حالانکہ آپ اللہ تعالیٰ کے محبوب پسندیدہ اور رسول لیکن کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی چارپائی پر آرام فرمائیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عمر! کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ ان لوگوں کے لیے دنیا ہو اور ہمارے لیے آخرت ہو؟ انہوں نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ آپ نے فرمایا تو بات یہی ہے (۱)

جب حمص کے امیر حضرت عمیر بن سعید رضی اللہ عنہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے پوچھا تمہارے پاس دنیا میں سے کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا ایک عصا ہے جس کا سہارا لیتا ہوں اور اگر سانپ سامنے آجائے تو اسے مارتا ہوں اور ایک تھیلی ہے جس میں کھانا اٹھائے رکھتا ہوں ایک پیالہ ہے جس میں کھاتا ہوں اور سر دھوتا ہوں اور میرے پاس ایک لوٹا ہے جس میں پینے اور نماز کے وضو کے لیے پانی رکھتا ہوں اس لیے کہ جو کچھ دنیا سے ہے وہ میرے اس سامان کے تابع ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم نے سچ کہا اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر سے واپس تشریف لائے تو حضرت خاتون جنت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے آپ نے ان کے دروازے پر پردہ اور ہاتھوں میں چاندی کے دو کنگن دیکھے تو آپ واپس تشریف لے گئے حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ حضرت خاتون جنت کے پاس آئے تو وہ رو رہی تھیں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے واپس لوٹنے کے بارے میں بتایا حضرت ابو رافع نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے واپسی کے بارے میں پوچھا تو آپ نے پردے اور کنگن کا ذکر فرمایا یہ سن کر حضرت خاتون جنت نے دونوں کنگن حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے ہاتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجے اور عرض کیا کہ میں نے ان کو صدقہ کر دیا آپ جہاں چاہیں خرچ کریں آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا جاؤ ان کو بیچ کر رقم اہل صفہ کو دے دو انہوں نے دونوں کنگن اڑھائی درہم میں بیچے اور وہ رقم اہل صفہ پر صدقہ کر دی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت خاتون جنت کے پاس تشریف لائے اور فرمایا میرے باپ آپ پر قربان ہوں تم نے اچھا کیا۔ (۲)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے دروازے پر پردہ دیکھا تو اسے اتار دیا اور فرمایا میں جب بھی اسے دیکھتا ہوں مجھے دنیا یاد آجاتی ہے اور فرمایا اسے فلاں کے گھر بھیج دو۔ (۳)

ایک رات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ایک نیا بستر بچھایا اور آپ ایک کمبل پر آرام فرمایا کرتے تھے جس کو دوہرا کیا جاتا تھا آپ تمام رات کروٹیں بدلتے رہے صبح ہوئی تو ام المومنین سے فرمایا وہ پرانا

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۱۴۰ مرویات انس

(۲) سنن ابی داؤد جلد ۲ ص ۱۷۱ کتاب الاطعمة

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۸۶ مرویات عائشہ

کپڑی واپس لاؤ اور اس بستر کو مجھ سے دُور کر دو اس نے رات بھر مجھے سونے نہیں دیا۔ (۱)

اسی طرح ایک رات آپ کے پاس پانچ یا چھ دینار آئے وہ رات کو گھر میں ہی رہے تو آپ کو رات بھر نیند نہ آئی حتیٰ کہ رات کے آخری حصے میں ان کو نکال دیا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں اس وقت آپ کو نیند آئی حتیٰ کہ میں نے آپ کے خراٹوں کی آواز سنی پھر فرمایا اگر اسی حالت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو جاتا کہ یہ درہم آپ کے پاس ہوتے تو آپ کا اپنے رب کے بارے میں کیا گمان ہوتا۔ (۲)

حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے ستر نیک بندے ایسے دیکھے ہیں جن کے پاس صرف ایک کپڑا تھا اور انہوں نے اپنے اور زمین کے درمیان کبھی کپڑا نہیں رکھا (یعنی بچھونا نہیں بچھایا) اور جب وہ سونا چاہتے تو زمین پر لیٹ کر اوپر کپڑا لیتے۔

پانچویں ضرورت نکاح ہے بعض حضرات نے فرمایا اصل نکاح اور اس کی کثرت میں زُہد نہیں ہے حضرت سہل بن عبداللہ رحمہ اللہ بھی اسی نظریے کے قائل ہیں اور زاہدوں کے سردار کے نزدیک عورتیں پسندیدہ قرار دی گئیں (حضور علیہ السلام کی طرف اشارہ ہے) تو ہم ان سے زُہد کیسے اختیار کریں حضرت ابن عیینہ نے بھی اس قول کی موافقت کی ہے اور انہوں نے فرمایا صحابہ کرام میں سے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ زیادہ زہد رکھتے تھے اور آپ کی چار بیویاں اور دس سے زائد لونڈیاں تھیں لیکن صحیح بات وہ ہے جو حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ نے فرمائی ہے وہ فرماتے ہیں ہر وہ چیز جو تمہیں اللہ تعالیٰ سے غافل کر دے وہ اولاد ہو یا مال یا گھر والے وہ تمہارے لیے باعث نحوست ہے اور عورت بھی بعض اوقات اللہ تعالیٰ سے غافل کر دیتی ہے۔

اس میں حق بات کی وضاحت اس طرح ہے کہ بعض حالات میں مجرد رہنا افضل ہے جیسا کہ کتاب النکاح میں گزر چکا ہے پس نکاح کو چھوڑنا زہد ہو گا اور جہاں غالب شہوت کو دُور کرنے کے لیے نکاح افضل ہو وہاں نکاح واجب ہو گا پس نکاح کو چھوڑنا کیسے زُہد ہو سکتا ہے اور اگر اس کے چھوڑنے اور اختیار کرنے دونوں صورتوں میں آفت نہ ہو لیکن اس نے نکاح کو چھوڑ دے کہ عورتوں کی طرف میلان اور ان سے اُنس پیدا نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل کر دے تو اس صورت میں نکاح کو چھوڑنا زُہد ہے۔ اگر وہ جانتا ہے کہ عورت اسے اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل نہیں کرے گی لیکن وہ لذت نظر ہم بستری اور مباشرت سے بچنے کے لیے نکاح کو چھوڑتا ہے تو یہ بالکل زُہد نہیں ہے کیوں کہ نسل کو باقی رکھنا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو بڑھانا ثواب کا موجب اور عبادت ہے اور وہ لذت جو ضروری امور کے پائے جانے سے حاصل ہو، نقصان دہ نہیں ہے کیوں کہ اصل مقصد یہ نہیں ہے یہ اسی طرح ہے کہ ایک شخص کھانے پینے کی لذت سے بچنے کے لیے روٹی کھانا یا

---

(۱) جامع ترمذی ص ۲۶۷، ابواب اللباس

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۱۰۴ مرویات عائشہ

پانی پینا چھوڑ دیتا ہے اس کا بھی زہد سے کوئی تعلق نہیں کیوں کہ اس کو چھوڑنے سے بدن ہی ختم ہو جاتا ہے اسی طرح نکاح کو چھوڑنا نسل کا انقطاع ہے۔

لہذا نکاح کی لذت کے خوف سے اسے چھوڑنا جائز نہیں جب تک کسی دوسری آفت کا خوف نہ ہو حضرت سہل رحمہ اللہ کا مقصد بھی لامحالہ یہی ہوگا اور اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح فرمایا۔

جب یہ بات ثابت ہو گئی تو جس شخص کی حالت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حالت جیسی ہو کہ عورتوں کی کثرت نے آپ کو ذکر خداوندی سے نہ روکا اور نہ ہی آپ کا دل ان کی اصلاح اور ان پر خرچ کرنے کی طرف مائل ہوا، تو ایسے شخص کے لیے محض جماع کرنے اور عورت کو دیکھنے کی لذت سے بچنے خاطر زہد اختیار کرنا کوئی معنی نہیں رکھتا۔ لیکن یہ بات انبیاء کرام اور اولیاء عظام سے کیسے متصور ہو سکتی ہے اکثر لوگوں کو عورتوں کی کثرت اللہ تعالیٰ سے غافل کر دیتی ہے پس مناسب یہی ہے کہ اگر نکاح اس کو غافل کرتا ہے تو اسے چھوڑ دے اور اگر غافل نہیں کرتا لیکن اسے ڈر ہے کہ عورت کی کثرت یا عورت کا حسن اسے اللہ تعالیٰ سے غافل کر دے گا تو صرف ایک عورت سے نکاح کرے اور وہ بھی خوبصورت نہ ہو اور اس سلسلے میں اپنے دل کا خیال رکھے۔

حضرت ابو سلیمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں عورتوں کے سلسلے میں زہد یہ ہے کہ ادنیٰ اور یتیم عورت کو خوبصورت خاندانی عورت پر ترجیح دے۔

حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں اپنے مبتدی مرید کے لیے پسند کرتا ہوں کہ وہ تین کاموں میں دل نہ لگائے ورنہ اس کا حال بدل جائے گا ایک تو مال کمانا دوسرا طلب حدیث اور تیسرا کام نکاح۔

اور فرماتے ہیں میں صوفی کے لیے پسند کرتا ہوں کہ نہ لکھے نہ پڑھے اس لیے کہ اس کی توجہ ایک طرف مبذول رہے گی۔

پس جب ظاہر ہوا کہ لذت نکاح، کھانے کی لذت جیسی ہے تو جو عمل اللہ تعالیٰ سے غافل کر دے وہ ان دونوں کاموں میں ممنوع ہے۔

چھٹی ضرورت وہ ہے جو ان پانچوں کی طرف وسیلہ ہو اور وہ مال و جاہ ہے جاہ کا مطلب دلوں کا مالک ہونا ہے یعنی لوگوں کے دلوں میں اپنی جگہ بنائی جائے تاکہ اس طرح اپنے مقاصد اور کام نکلوائے جائیں اور ہر وہ شخص جو اپنے تمام کام خود نہیں کر سکتا اور خادم کا محتاج ہوتا ہے وہ لازماً اس بات کا محتاج ہوتا ہے کہ خادم کے دل میں جگہ بنائے کیوں کہ اگر اس کے دل میں جگہ نہ ہوگی تو وہ کام نہیں کرے گا اور اسی قدر دل میں جگہ بنانا جاہ کہلاتا ہے اس کا آغاز تو قریب ہے لیکن بالآخر یہ ایسے گڑھے کی طرف لے جاتا ہے جس کی کوئی گہرائی نہیں اور جو شخص ممنوعہ چراگاہ کے قریب چراتا ہے قریب ہے کہ وہ اس کے اندر چلا جائے۔ دلوں میں جگہ بنانے کا مطلب یا تو نفع حاصل کرنا ہے یا نقصان کو دور کرنا یا ظلم سے بچنا جہاں تک نفع کا تعلق ہے تو مال کی موجودگی میں اس کی ضرورت نہیں ہے کیوں کہ جو شخص اجرت پر کام کرتا ہے وہ کام

کرے گا اگرچہ اس کے دل میں کام لینے والے کی قدر و منزلت نہ ہو خدمت کرنے والے کے دل میں مقام بنانے کی ضرورت اس وقت پڑتی ہے جب اجرت کے بغیر کام لینا ہو۔

جہاں تک تکلیف کو دُور کرنے کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں جاہ کی ضرورت ایسے شہر میں پڑتی ہے جس میں عدل کی تکمیل نہ ہوتی ہو یا وہ ایسے پڑوسیوں کے درمیان ہو جو اس پر ظلم کرتے ہیں اور جب تک وہ ان کے دلوں میں اپنی جگہ نہ بنائے ان کی زیادتی وظلم کو دور نہیں کر سکتا۔ یا بادشاہ کے ہاں کوئی مقام حاصل کرے اس سلسلے میں حاجت کی مقدار کو تحریر میں نہیں لایا جا سکتا خاص طور پر جب اس کے ساتھ انجام کا خوف اور بدگمانی بھی ملی ہوئی ہو اور جو شخص طلب جاہ میں رہتا ہے وہ ہلاکت کے راستے پر چلتا ہے بلکہ زاہد کو چاہیے کہ وہ لوگوں کے دلوں میں جگہ بنانے کے لیے بالکل کوشش نہ کرے کیوں کہ دین اور عبادت میں اس کی مشغولیت خود بخود دلوں میں اس کے لیے جگہ بنا دے گی جس کی وجہ سے لوگوں کی طرف سے پہنچنے والی اذیت دور کر سکے گا اگر کافروں کے درمیان ہو تو بھی ایسا ہوتا ہے مسلمانوں کے درمیان ہو تو کیسے بچاؤ نہیں ہو گا۔

اور اگر کسی کسب کے بغیر جاہ حاصل ہو تو اس کے اضافے کے لیے توہمات اور مفروضے محض جھوٹ ہیں کیوں کہ جو شخص مزید جاہ و مرتبہ حاصل کرنا چاہتا ہے وہ بعض حالات میں اذیت سے خالی نہیں ہوتا پس بردباری اور صبر کے ذریعے اس کا علاج طلب جاہ کے ذریعے علاج کرنے کی نسبت بہتر ہے پس دلوں میں جگہ بنانے کی بالکل اجازت نہیں ہے اور اس سلسلے میں تھوڑی مقدار کثیر کی طرف لے جاتی اور اس کا شوق شراب کے شوق سے زیادہ سخت ہے لہٰذا اس کے قلیل و کثیر سے بچنا چاہیے۔

جہاں تک مال کا تعلق ہے تو وہ معیشت کے لیے ضروری ہے لیکن اس سے قلیل مال مراد ہے اگر وہ کمائی کرنے والا ہے تو جب ایک دن کی ضرورت کے لیے کمالے تو اب کمانا چھوڑ دیا جائے بعض بزرگوں کا طریقہ تھا کہ جب وہ دو دانے (دینار کا آٹھواں حصہ) کما لیتے تو اپنی ٹوکری اٹھاتے اور کھڑے ہو جاتے۔

زہد کی شرط ہے اگر اس سے تجاوز کر کے ایک سال کی کفایت تک جائے تو وہ ضعیف اور قوی دونوں قسم کے زاہدین کی تعریف سے نکل جائے گا اگر اس کے پاس زمین ہو لیکن اسے توکل میں قوت یقین حاصل نہ ہو تو اسے اس زمین آمدنی سے اس قدر رکھ چھوڑنا چاہیے جو سال بھر کے لیے کافی ہو اس مقدار سے وہ زُہد سے نہیں نکلے گا بشرطیکہ سال بھر کی کفایت سے زائد کو صدقہ کر دے لیکن یہ کمزور زاہدین میں سے ہو گا۔

اور اگر زہد میں توکل شرط ہو جیسے حضرت اویس قرنی رحمہ اللہ نے یہ شرط رکھی ہے تو ایسا شخص زاہدین میں سے نہیں ہو گا ہمارا یہ قول کہ وہ زاہدین کی تعریف سے نکل جاتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ زاہدین سے جو وعدہ کیا گیا ہے کہ ان کو آخرت کے گھر میں مقامات محمودہ حاصل ہوں گے، یہ شخص ان سے محروم رہے گا ورنہ اسے زاہد کہا جا سکتا کیوں کہ

فضول اور کثرت کے اعتبار سے تو وہ زہد اختیار کر رہا ہے۔
اس تمام تفصیل میں اکیلے آدمی کا معاملہ عیال دار شخص کے مقابلے میں آسان ہے حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اپنے گھر والوں کو زہد پر مجبور نہ کرے بلکہ ان کو اس بات کی دعوت دے اگر مان جائیں تو ٹھیک ہے ورنہ ان کو چھوڑ دے اور خود جو چاہے کرے۔
اس کا مطلب یہ ہے کہ زاہد کے لیے تنگی اختیار کرنے کی شرط خود اس کے ساتھ خاص ہے اور اس کے عیال پر لازم نہیں ہے ہاں ان کی ایسی باتیں ماننا اس پر لازم نہیں جو اسے حد اعتدال سے نکال دیں اور اسے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھنی چاہیئے کہ آپ حضرت خاتون جنت رضی اللہ عنہا کے مکان سے پردے اور کنگن کی وجہ سے واپس تشریف لے گئے کیوں کہ اس کا تعلق زینت سے ہے حاجت سے نہیں۔
تو انسان جس جاہ و مال کی حاجت محسوس کرتا ہو وہ ممنوع نہیں بلکہ حاجت سے زائد زہر قاتل ہے اور ضرورت پر اکتفا نفع بخش دوا ہے ان دونوں کے درمیان مشتبہ درجات ہیں پس جو زائد کے قریب ہو اگرچہ وہ نافع دوا نہیں لیکن اس کا نقصان تھوڑا ہے اور زہر کا پینا ممنوع ہے جب کہ دوائی کا استعمال فرض ہے اور دونوں کے درمیان مشتبہ بات ہے لیکن جو احتیاط کرتا ہے اسی کا بھلا ہے اور جو سستی کرتا ہے سستی کا نقصان اسے ہی پہنچتا ہے اور جو شخص اپنے دین کو بچائے اور شک والی چیز کو چھوڑ کر غیر مشکوک کو اختیار کرے اور اپنے آپ کو ضرورت کی تنگی کی طرف پھیر دے وہ احتیاط کا دامن پکڑنے والا ہے اور لازماً یہ نجات پانے والے گروہ سے تعلق رکھتا ہے۔
جو شخص ضرورت پر اکتفا کرتا ہو اس کو دنیا دار کہنا جائز نہیں بلکہ دنیا میں سے اس قدر حاصل کرنا تو عین دین ہے کیونکہ یہ دین کی شرط ہے اور شرط کو مشروط ہی سے سمجھا جاتا ہے اس بات پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کا واقعہ دلالت کرتا ہے آپ کو ایک ضرورت پڑی تو آپ ایک دوست کے پاس قرض لینے تشریف لے گئے اس نے قرض نہ دیا تو پریشان ہو کر واپس تشریف لے آئے اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی فرمائی کہ اگر آپ اپنے دوست (اللہ تعالیٰ) سے سوال کرتے تو وہ آپ کو دے دیتا آپ نے عرض کیا اے میرے رب! مجھے معلوم تھا کہ تجھے دنیا ناپسند ہے اس لیے مجھے ڈر لگا کہ دنیا کی کوئی چیز تجھ سے مانگوں اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی اے ابراہیم! حاجت دنیا سے نہیں (بلکہ دین سے ہے)
لہٰذا حاجت کے مطابق جو کچھ ہے وہ دین سے ہے اور جو اس کے علاوہ ہے وہ آخرت میں وبال ہوگا اور وہ بھی دنیا میں سے ہے جو شخص مالدار لوگوں کے حالات، کسب مال میں ان کی محنت، اسے جمع کر کے محفوظ کرنے اور اس سلسلے میں ذلت اٹھانے سے واقف ہے وہ اس بات کو سمجھتا ہے کہ مال دنیا وبال ہے اس کی زیادہ سے زیادہ سعادت یہ ہے کہ یہ مال اس کے وارثوں تک پہنچے اور وہ اسے کھائیں لیکن بعض اوقات وہ اس کے دشمن بن جاتے ہیں اور بعض اوقات وہ اس مال کو گناہ کے کام پر خرچ کرتے ہیں تو گویا یہ شخص گناہ پر ان کا مددگار ہوتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ دنیا کو جمع کرنے والے اور خواہشات کے پیچھے چلنے والے کو ریشم کے کیڑے سے تشبیہ دی جاتی ہے وہ اسے اپنے اوپر لپیٹتا ہے اور وہ زندہ ہوتا ہے پھر وہ نکلنا چاہتا ہے لیکن راستہ نہیں پاتا اور مر جاتا ہے تو وہ خود اپنے عمل کے باعث ہلاک ہوتا ہے اسی طرح جو شخص دنیوی خواہشات کی اتباع کرتا ہے وہ اپنے دل کو خواہشات کی زنجیروں سے جکڑ لیتا ہے یہاں تک کہ جب اس پر یہ زنجیریں غالب آجاتی ہیں تو مال جاہ واقتدار، اہل و اولاد، دشمنوں کی برائی دوستوں سے ریاکاری کرنا اور تمام دنیوی فوائد کی قید میں آجاتا ہے اب اگر اسے محسوس ہو کہ اس نے اس سلسلے میں غلطی کی ہے تو وہ دنیا سے نکلنے کا ارادہ کرتا ہے لیکن اس بات پر قادر نہیں ہوتا اور اپنے دل کو زنجیروں اور بیڑیوں میں جکڑا ہوا دیکھتا ہے لیکن ان کو کاٹنے پر قادر نہیں ہوتا اور اگر وہ اپنی کسی پسندیدہ چیز کو اپنے اختیار سے چھوڑتا ہے تو قریب ہے کہ اپنے آپ کو ہلاک کرنے والا اور اس ضمن میں کوشش کرنے والا ہو جائے۔ یہاں تک کہ موت یکدم اس کے اور ان تمام چیزوں کے درمیان جدائی ڈال دے اب وہ بیڑیاں اس کے دل میں باقی رہتی ہیں جو دنیا سے متعلق ہوتی ہیں جو دنیا اس سے رہ گئی اور وہ اس کو پیچھے چھوڑ گیا۔ وہ اسے دنیا کی طرف کھینچتی ہیں اور ملک الموت کے پنجے اس کے دل کی رگوں تک پہنچ چکے ہوتے ہیں جو اس کو آخرت کی طرف کھینچتے ہیں پس موت کے وقت اس کی سب سے ہلکی حالت اس شخص کی طرح ہوگی جس کو آرے سے پھاڑا جائے اور دونوں طرف سے اس کو پکڑ کر اس طرح کھینچا جائے کہ ایک پہلو دوسرے سے الگ ہو جائے اور جس شخص کو آرے سے چیرا جاتا ہے اس کی تکلیف محض اس کے بدن تک پہنچتی ہے اور دل کو تکلیف اس کے اثر کے سرایت کرنے کی وجہ سے ہوتی ہے تو اس تکلیف کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے جو پہلے ہی دل کے اندر جاگزیں ہوتی ہے اور اس کے ساتھ خاص ہے دوسری طرف سے سرایت کر کے وہاں نہیں جاتی ۔

یہ پہلا عذاب ہے جو اس کو پہنچتا ہے اس سے پہلے کہ وہ اعلیٰ علیین اور رب العالمین کے قرب سے اترنے کے افسوس میں مبتلا ہو کیوں کہ دنیا کی طرف میلان اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے راستے میں رکاوٹ ہے اور رکاوٹ کے وقت اس پر جہنم کی آگ مسلط ہوتی ہے کیوں کہ آگ اسی پر مسلط ہوتی ہے جو اللہ تعالیٰ سے حجاب میں ہو۔

ارشاد خداوندی ہے ۔

كَلَّا إِنَّهُمْ عَن رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوبُونَ ثُمَّ إِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيمِ ۔ (۱)	ہاں ہاں وہ بے شک اس دن اپنے رب کے دیدار سے محروم ہوں گے پھر بے شک انہیں جہنم میں داخل ہونا ہے ۔

تو اللہ تعالیٰ نے عذاب کو حجاب کی اذیت پر مرتب فرمایا اور حجاب کی تکلیف ہی کافی ہے دوسرے عذاب کو ایک طرف

(۱) قرآن مجید، سورۂ مطففین آیت ۱۵

رکھ دیں اور جب اس کے علاوہ بھی عذاب ہو تو کیا صورت ہوگی۔ ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں جو بات ڈالی گئی کہ آپ جس چیز سے چاہیں محبت کریں بالآخر آپ کو اس سے الگ ہونا ہوگا (۱) اللہ تعالیٰ ہمارے کانوں میں بھی اس بات کو پکا کر دے اور جو مثال ہم نے بیان کی تھی اسی کا مفہوم شاعر کے اس قول میں ہے۔

كَدُوْدِ الْقَزِّ يَنْسِجُ دَائِمًا وَيَهْلِكُ غَمًّا وَسْطَ مَاهُوَ نَاسِجُهُ۔

ریشمی کیڑے کی طرح کہ وہ بنتا رہتا ہے اور جو کچھ بنتا ہے اس کے درمیان میں غم سے ہلاک ہو جاتا ہے۔

اور جب اولیاء کرام پر یہ بات منکشف ہوگئی کہ بندہ اپنے اعمال اور نفسانی خواہشات کی وجہ سے اپنے آپ کو ہلاک کرتا ہے جس طرح ریشم کا کیڑا اپنے آپ کو ہلاک کرتا ہے، تو اولیاء کرام نے دنیا کو چھوڑ دیا۔ حتیٰ کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے ستر بدری صحابہ کرام کو دیکھا وہ اللہ تعالیٰ کی حلال کردہ اشیاء سے اس قدر اجتناب کرتے تھے جس قدر تم حرام اشیاء سے پرہیز نہیں کرتے ——— دوسری روایت میں اس طرح ہے کہ جس قدر تم فراخی کی حالت پر خوش ہوتے ہو اس سے زیادہ وہ آزمائشوں پر خوش ہوتے تھے۔ اگر تم ان کو دیکھ لیتے تو تم کہتے یہ مجنون ہیں اور اگر وہ تمہارے بہترین لوگوں کو دیکھتے تو کہتے کہ ان لوگوں کا کوئی اخلاق نہیں اور اگر وہ تم میں سے برے لوگوں کو دیکھتے تو کہتے ان لوگوں کا قیامت کے دن پر ایمان نہیں۔ ان میں سے ایک کے سامنے حلال مال پیش کیا جاتا تو وہ نہ لیتا اور کہتا کہ مجھے اپنے دل کے خراب ہونے کا ڈر ہے۔ پس جس شخص کا دل ہو اسے اس کے خراب ہونے کا ڈر ضرور ہوتا ہے اور جن لوگوں کے دلوں کو دنیا کی محبت نے مردہ کر دیا ہو ان کے بارے میں اللہ نے ارشاد فرمایا۔

وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ۔ (۲)

اور وہ لوگ دنیا کی زندگی پر راضی ہوئے اور اس پر مطمئن بھی اور وہ لوگ ہماری آیات سے غافل ہیں۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ۔ (۳)

اور اس کی بات نہ مانو جس کے دل کو ہم نے اپنے ذکر سے غافل کر دیا اور وہ اپنی خواہش کے پیچھے چلا اور اس کا معاملہ حد سے گزر گیا۔

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۲۴۰ کتاب البیوع

(۲) قرآن مجید، سورۂ یونس آیت ۷

(۳) قرآن مجید، سورۂ کہف آیت ۲۸

اور ارشاد خداوندی ہے۔

فَاَعْرِضْ عَمَّنْ تَوَلّٰى عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ۔ (۱)

اور اس شخص سے منہ پھیر لیں جس نے ہمارے ذکر سے اعراض کیا اور صرف دنیا کا ارادہ کیا ان کے علم کی پہنچ اسی مقام تک ہے۔

تو اللہ تعالیٰ نے اس تمام عمل کو غفلت اور عدم علم کا نتیجہ قرار دیا اسی لیے ایک شخص نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ سیاحت کے لیے جاتے ہوئے مجھے بھی ساتھ لے جائیں آپ نے فرمایا اپنا مال کسی کو دے دو اور میرے ساتھ چل پڑو اس نے کہا یہ نہیں ہو سکتا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا غنی جنت میں داخل ہو یہ تعجب کی بات ہے یا فرمایا مشکل ہے۔

بعض بزرگوں نے فرمایا نہیں کوئی دن جس میں سورج طلوع ہوتا ہے مگر چار فرشتے آفاق میں چار آوازوں سے ندا کرتے ہیں دو فرشتے مشرق میں اور دو مغرب میں ان میں سے ایک مشرق میں کہتا ہے اے خیر کے متلاشی! آگے بڑھو، اور اے شر کے متلاشی رُک جا، اور دوسرا کہتا ہے اے اللہ! خرچ کرنے والے کو نعم البدل عطا کر اور روکنے والے کے مال کو تلف کر دے اور مغرب والوں میں سے ایک کہتا ہے موت کے لیے بڑے ہو اور برباد ہونے کے لیے عمارت بناؤ اور دوسرا کہتا ہے طویل حساب کے لیے کھاؤ اور نفع اٹھاؤ۔

فصل ۴:

زہد کی علامات

بعض اوقات گمان کیا جاتا ہے کہ مال کا تارک زاہد ہے حالانکہ یہ بات نہیں ہے کیوں کہ مال کو چھوڑنا اور شدت و تکلیف کا اظہار اس آدمی کے لیے آسان ہے جو زہد کے ساتھ اپنی تعریف چاہتا ہے کتنے ہی راہب (تارک دنیا) ہیں جنہوں نے اپنے نفسوں کو معمولی کھانے کی طرف لوٹایا اور ایسے عبادت خانے کو اختیار کیا جس کا دروازہ نہیں لیکن وہ اس بات پر خوش ہوتے ہیں کہ لوگوں کو ان کی حالت کا علم ہو وہ ان کو دیکھیں اور ان کی تعریف کریں۔

تو ترک دنیا زاہد ہونے پر قطعی دلیل نہیں ہے بلکہ مال اور جاہ دونوں سے بے رغبتی زہد ہے۔ تاکہ دنیا کی تمام لذات سے زہد مکمل ہو جائے بلکہ بعض اوقات کچھ لوگ اُونی عمدہ لباس اور اس کے علاوہ قیمتی لباس پہننے کے باوجود زہد کا دعویٰ کرتے ہیں جیسے حضرت خواص رحمہ اللہ نے ان دعویدار لوگوں کے بارے میں فرمایا۔ کہ ایک قوم نے زُہد کا دعویٰ کیا لیکن

---

(۱) قرآن مجید سورۃ النجم آیت ۲۹، ۳۰

انہوں نے عمدہ لباس پہنا وہ اس طرح لوگوں کو دھوکہ دیتے ہیں کہ وہ ان کو اس طرح کا لباس تحفہ میں پیش کریں تاکہ ان کی طرف اس نظر سے نہ دیکھا جائے جس نظر سے فقراء کو دیکھا جاتا ہے کیوں کہ اس طرح ان کو حقیر سمجھا جائے گا اور اس انداز میں دیا جائے گا جس طرح مساکین کو دیا جاتا ہے اور وہ اپنے نفسوں کے لیے یوں استدلال کرتے ہیں کہ وہ علم کی اتباع کرتے ہیں اور سنت کے مطابق چلتے ہیں۔

نیز دنیا کی اشیاء ان کی طرف آرہی ہیں حالانکہ وہ ان سے دور بھاگتے ہیں اور یہ دوسروں کی بیماری اپنے سر لیتے ہیں یہ اس وقت ہے جب ان سے حقائق کا مطالبہ کیا جائے اور ان کو تنگ راستوں کی طرف مجبور کیا جائے یہ سب دین کے بدلے دنیا کھاتے ہیں اپنے باطن کی صفائی اور نفسوں کی عادات کی تہذیب ان کا مقصد ہی نہیں پس ان پر ان کی صفات ظاہر ہو کر غالب ہو گئیں تو ان کو اپنا حال بتا دیا یہ لوگ دنیا کی طرف مائل ہیں اور اپنی خواہشات کے پیچھے چلتے ہیں ۔۔۔۔

یہ حضرت خواص رحمہ اللہ کا کلام تھا۔

تو زہد کی معرفت مشکل بات ہے بلکہ زاہد پر بھی زہد کا حال مشتبہ رہتا ہے اسے چاہیے کہ اپنے باطن میں تین باتوں پر اعتماد کرے۔

پہلی علامت:

موجود چیز پر خوش نہ ہو اور نہ ہی غیر موجود پر غمگین ہو جیسے۔ ارشاد خداوندی ہے:۔

لِکَیْلَا تَاْسَوْا عَلٰی مَا فَاتَکُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰکُمْ۔ (۱) تاکہ تم اس چیز پر افسوس نہ کرو جو تمہیں نہیں ملی اور نہ اس پر خوش ہو جو اس نے تمہیں عطا کی۔

بلکہ اس کے برعکس ہو یعنی موجود مال پر دکھ ہو اور جو نہیں ملا اس پر خوش ہو۔

دوسری علامت:

اس کے نزدیک برا کہنے والا اور تعریف کرنے والا دونوں برابر ہوں پہلی علامت مال میں زہد کی علامت ہے اور دوسری جاہ میں علامت زہد ہے۔

تیسری علامت:

اللہ تعالیٰ سے مانوس ہو اور اس کے دل پر اطاعت خداوندی کی مٹھاس غالب ہو کیوں کہ دل محبت کی حلاوت سے خالی نہیں ہوتا یا تو وہ دنیوی محبت ہوتی ہے یا اللہ تعالیٰ کی محبت، اور یہ دونوں دل میں اس طرح ہوتی ہیں جس طرح پیالے میں پانی اور ہوا ہوتی ہے جب پانی داخل ہوتا ہے تو ہوا خارج ہو جاتی ہے اور دونوں جمع نہیں ہوتیں اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الحدید آیت ۲۳

اُنس رکھتا ہے وہ اسی کے ساتھ مشغول ہوتا ہے اس کے غیر سے مشغول نہیں ہوتا۔

اسی لیے کسی بزرگ سے پوچھا گیا کہ زُہد نے زاہدوں کو کہاں تک پہنچا دیا انہوں نے جواب دیا اللہ تعالیٰ سے اُنس تک کیوں کہ اللہ تعالیٰ سے اُنس اور دنیا سے اُنس دونوں کا اجتماع نہیں ہو سکتا اور اہلِ معرفت نے کہا ہے کہ جب ایمان ظاہر دل سے متعلق رہتا ہے تو دنیا اور آخرت دونوں سے محبت کرتا ہے اور دونوں کے لیے عمل بھی کرتا ہے اور جب ایمان دل کے سیاہ نقطے پر چلا جاتا ہے اور اس میں جاگزیں ہوتا ہے تو وہ دنیا سے نفرت کرتا ہے اور اس کی طرف نہیں دیکھتا اور نہ ہی اس کے لیے عمل کرتا ہے یہی وجہ ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی دعا میں یوں آیا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اِیْمَانًا یُبَاشِرُ قَلْبِیْ۔ — یا اللہ! میں تجھ سے ایسے ایمان کا سوال کرتا ہوں جو دل کے ساتھ رہے۔

حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ نے فرمایا جو شخص اپنے دل کے ساتھ مشغول ہوتا ہے وہ جو آدمی اپنے رب کے ساتھ مشغول ہوتا ہے وہ اپنے نفس سے بے خبر ہوتا ہے اور یہ عارفین کا مقام ہے اور زاہد کے لیے ضروری ہے کہ وہ ان دونوں میں سے کسی ایک مقام میں ہو۔ پہلا مقام یہ ہے کہ اپنے نفس میں ہی مشغول ہو اور اس وقت اس کے نزدیک تعریف اور مذمت نیز وجود و عدم برابر ہونے میں اور تھوڑا سا مال رکھنے سے اس کے زہد کے چلے جانے پر استدلال نہیں کیا جائے گا۔

حضرت ابن ابو الحواری رحمہ اللہ نے فرمایا کہ میں نے حضرت ابو سلیمان رحمہ اللہ سے پوچھا کیا حضرت داؤد طائی رحمہ اللہ زاہد تھے؟ انہوں نے فرمایا ہاں تھے میں نے کہا مجھے معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے اپنے والد سے بطور وراثت دینار حاصل کئے اور ان کو بیس سالوں میں خرچ کیا تو زاہد کیسے ہوئے جب کہ انہوں نے اپنے پاس دینار روک رکھے تھے حضرت ابو سلیمان نے فرمایا تمہاری مراد یہ ہے کہ وہ حقیقتِ زُہد کو پہنچ جاتے اور حقیقت سے ان کی مراد غایتِ زُہد تھی کیوں کہ صفاتِ نفس کی کثرت کی وجہ سے زُہد کی کوئی انتہا نہیں ہے اور زُہد کی تکمیل اسی وقت ہوتی ہے جب ان تمام صفات میں زُہد ہو اور جو شخص دنیا پر قادر ہونے کے باوجود دنیا میں سے کچھ چھوڑتا ہے کیوں کہ اسے اپنے نفس اور دین پر خوف ہوتا ہے تو جس قدر اس نے ترک کیا اسی مقدار میں وہ زہد میں داخل ہوا اور اس کی انتہا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا جو کچھ ہے سب کو چھوڑ دے حتیٰ کہ پتھر کو تکیہ بھی نہ بنائے جیسا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کیا۔

ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ ہمیں زُہد کے اول سے ہی کچھ حصہ عنایت فرمادے اگرچہ تھوڑا ہی ہو کیوں کہ ہمارے جیسے لوگوں کو اس کی انتہا کی طمع کرنے کی جرأت نہیں ہو سکتی اگرچہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ناامید ہونے کی اجازت نہیں ہے۔ اور اگر ہم اللہ تعالیٰ کی ان نعمتوں کے عجائب کو دیکھیں جو اس نے ہمیں عطا فرمائی ہیں تو ہمیں معلوم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک کوئی چیز بڑی نہیں ہے پس اگر اس کے جُود و سخا جو ہر کمال سے آگے بڑھنے والا ہے پر اعتماد کرتے ہوئے بہت بڑا سوال بھی کیا جائے تو کوئی بعید بات نہیں۔

تو زُہد کی علامت ، فقر اور مالداری ، عزت و ذلت اور مدح و ذم کا ایک جیسا ہونا ہے اور اس کی وجہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اُنس کا غلبہ ہے اور ان علامات سے لامحالہ کچھ دوسری علامات بھی نکلتی ہیں مثلاً دنیا کو ترک کیا اور یہ پرواہ نہ ہو کہ کس کے پاس گئی ہے۔

اور کہا گیا کہ زُہد کی علامت یہ ہے کہ دنیا جیسی ہے اسی طرح چھوڑ دی جائے یہ نہ کہے کہ میں سرائے بناؤں گا یا مسجد تعمیر کروں گا۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ فرماتے ہیں زُہد کی علامت یہ ہے کہ جو کچھ موجود ہے اس کے ساتھ سخاوت کی جائے۔
حضرت ابن حنیف رحمہ اللہ کا قول ہے کہ اس کی علامت ملک سے نکلنے پر خوش ہونا اور آرام پانا ہے انہوں نے ہی فرمایا زُہد یہ ہے کہ دنیا سے بلا تکلف الگ ہو جائے حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ نے فرمایا۔
اُونی لباس زُہد کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے پس تین درہم کا اُونی لباس بھی مناسب نہیں جب کہ اس کے دل میں پانچ درہم کی رغبت ہو۔
حضرت امام احمد بن حنبل اور سفیان ثوری رحمہما اللہ نے فرمایا زُہد کی علامت امید کا کم ہونا ہے۔
حضرت سری سقطی رحمہ اللہ نے فرمایا جب زاہد اپنے نفس سے بے خبر ہو تو اس کی عیاشی اچھی نہیں اور عارف جب اپنے نفس میں مشغول ہو تو اس کا عیش و عشرت اختیار کرنا بھی اچھا نہیں۔

حضرت نصر آبادی رحمہ اللہ نے فرمایا زاہد دنیا میں مسافر ہے اور عارف آخرت میں۔ حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ نے فرمایا زہد کی تین علامات ہیں کسی تعلق کے بغیر عمل کرنا ، طمع کے بغیر بات کرنا اور ریاست و اقتدار کے بغیر عزت کا حصول ۔ انہوں نے ہی فرمایا اسے زاہد اللہ تعالیٰ (کی رضا) کے لیے تمہیں سرکہ اور رائی سونگھنا ہے (معمولی خوراک کی طرف اشارہ ہے) اور اسے عارف! تم نے کستوری اور عنبر کو سونگھنا ہے۔

ان سے ایک شخص نے عرض کیا کہ میں توکل کی دوکان میں کب جا کر زہد کی چادر اوڑھوں گا اور زاہدین کے ساتھ بیٹھوں گا؟ آپ نے فرمایا جب باطن میں تمہارے نفس کی ریاضت اس حد تک پہنچ جائے کہ اگر اللہ تعالیٰ تم سے تین دن تک رزق روک رکھے تو تیرا اعتماد کمزور نہ ہو لیکن جب تک اس درجہ پر نہیں پہنچو گے تو تمہارا زاہدوں کی نشست پر بیٹھنا جہالت ہے پھر مجھے تم پر اس بات کا ڈر بھی ہے کہ کہیں تم رسوا نہ ہو جاؤ۔

انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ دنیا ، دلہن کی طرح ہے جو اس کو طلب کرتا ہے وہ اس کی کنگھی کرتا ہے اور زاہد اس کا منہ کالا کرتا اور اس کے بال اکھیڑتا ہے نیز اس کے کپڑے جلاتا ہے اور عارف اللہ تعالیٰ کی ذات میں مشغول ہوتا ہے اور اس کی طرف متوجہ نہیں ہوتا۔

حضرت سری رحمہ اللہ نے فرمایا میں نے زُہد میں سے جو بات چاہی وہ حاصل کر لی لیکن میں انسانوں میں زہد تک نہ پہنچا اور نہ

ہی مجھے اس کی طاقت ہے۔

حضرت فضیل رحمہ اللہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تمام برائی ایک گھر میں رکھی ہے اور اس کی چابی دنیا کی محبت کو بنایا اور تمام بھلائی ایک گھر میں رکھ کر دینا سے بے رغبتی کو اس کی چابی بنایا۔

ہم زہد اور اس کے احکام سے متعلق یہ باتیں بیان کرنا چاہتے تھے اور جب زہد کی تکمیل کے لیے توکل ضروری ہے تو ہم اس کا بیان شروع کریں گے ان شاء اللہ۔

۵۔ توحید اور توکل کا بیان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو ملک و ملکوت کا مدبر ہے عزت و جبروت کے ساتھ منفرد و یکتا ہے آسمان کو ستون کے بغیر اٹھانے والا اور اس میں بندوں کے رزق کو مقرر کرنے والا ہے وہ اللہ جس نے ارباب قلوب و عقول کی آنکھوں کو وسائل و اسباب کو دیکھنے سے مسبب الاسباب کی طرف پھیر دیا اور ان کی ہمتوں اور ارادوں کو اپنے غیر کی طرف متوجہ ہونے اور کسی دوسرے پر اعتماد سے ہٹا دیا۔ پس وہ اس کے سوا کسی کی پوجا نہیں کرتے کیوں کہ وہ جانتے ہیں کہ وہی ایک ہے جو بے نیاز ہے اور معبود ہے اور ان کے نزدیک یہ بات ثابت ہے کہ ہر قسم کی مخلوق اس کے بندے ہیں ان کے پاس رزق تلاش کرنا مناسب نہیں اور ہر ذرے کا خالق اللہ تعالیٰ ہی ہے اور جو بھی چیز زمین پر چلتی ہے اللہ تعالیٰ ہی اس کا رازق ہے اور جب ان کے نزدیک یہ بات ثابت شدہ ہے کہ وہ اپنے بندوں کے رزق کا ضامن ہے اور کفیل بھی تو انہوں نے اسی پر توکل کیا اور کہا ہمیں اللہ تعالیٰ ہی کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔

اور رحمت کاملہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ہو جو باطل کا قلع قمع کرنے والے اور سیدھے راستے کی طرف راہنمائی کرنے والے ہیں اور آپ کی آل پر بھی رحمت ہو اور بہت زیادہ سلام ہو۔

حمد و صلوٰۃ کے بعد:۔ توکل دین کی منازل میں سے ایک منزل اور یقین رکھنے والوں کے مقامات میں سے ایک مقام ہے بلکہ یہ مقربین کے بلند درجات میں سے ایک درجہ ہے اور توکل ذاتی طور پر علم کی رو سے نہایت دقیق اور عمل کے اعتبار سے مشکل ہے سمجھنے کے اعتبار سے اس کی باریکی کی وجہ یہ ہے کہ اسباب پر نگاہ رکھنا اور اعتماد کرنا توحید میں شراکت ہے اور اسباب کو بالکل ہی چھوڑ دینا سنت پر طعن اور شریعت پر اعتراض ہے اور اسباب پر اس طرح اعتماد کرنا کہ ان کو اسباب خیال نہ کرنا قیاس کو بدلنا اور جہالت کی گہرائی میں غوطہ زن ہونا ہے۔

توکل کا معنیٰ اس انداز پر ثابت کرنا کہ وہ توحید کے تقاضوں کے موافق اور شریعت کے مطابق ہے نہایت مشکل بات ہے اور چونکہ یہ بات نہایت مخفی ہے لہٰذا اس سے پردہ اٹھانے پر ایسے جید علماء قادر ہو سکتے ہیں جن کی آنکھوں میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے حقائق کا نور موجود ہے انہوں نے دیکھا اور تحقیق کی پھر جو کچھ دیکھا اسے اس طرح بیان کیا جس طرح ان سے بیان کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔

اب ہم مقدمہ کے طور پر توکل کی فضیلت بیان کرتے ہیں پھر پہلا حصہ توحید پر اور دوسرا حصہ توکل اور اس پر عمل کے بیان

مقدمہ:

توکل کی فضیلت

آیات کریمہ:

ارشاد خداوندی ہے۔

وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۔ (۱) اور اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرو اگر تم مومن ہو۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ۔ (۲) اور توکل کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ پر ہی توکل کرنا چاہیے۔

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ۔ (۳) اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرے تو وہ اسے کافی ہے

اور ارشاد ربانی ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ۔ (۴) بے شک اللہ تعالیٰ توکل کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

تو وہ مقام کتنا عظیم ہے جس پر فائز شخص کو اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل ہو اور اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کفایت کی ضمان بھی حاصل ہو پس جس کے لیے اللہ تعالیٰ کفایت فرمائے، اس سے محبت کرے اور اس کی رعایت فرمائے اس نے بہت بڑی کامیابی حاصل کی کیوں کہ جو محبوب ہوتا ہے اسے نہ تو عذاب ہوتا ہے، نہ دوری ہوتی ہے اور نہ ہی وہ پردے میں ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ۔ (۵) کیا اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو کافی نہیں ہے

تو جو شخص اللہ تعالیٰ کے غیر سے کفایت طلب کرے وہ توکل کو چھوڑنے والا ہے اور وہ اس آیت کی تکذیب کرتا ہے کیوں کہ یہ سوال حق بات کے اقرار کے طور پر ہے۔ جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ مائدہ آیت ۲۳

(۲) قرآن مجید، سورۂ ابراہیم آیت ۱۲

(۳) قرآن مجید، سورۂ طلاق آیت ۳

(۴) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۵۹

(۵) قرآن مجید، سورۂ الزمر آیت ۱

هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّھْرِ لَمْ یَکُنْ شَیْئًا مَّذْکُوْرًا۔ (۱)

بے شک انسان پر ایک وقت گزرا کہ کہیں اس کا نام بھی نہ تھا۔

(یعنی ایسا وقت آیا ہے) اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَاِنَّ اللّٰہَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ۔ (۲)

اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرے تو بے شک اللہ تعالیٰ غالب حکمت والا ہے۔

یعنی ایسا غالب اور عزت والا ہے کہ جو کوئی اس کی پناہ میں آجائے وہ ذلیل و رسوا نہیں ہوتا جو اس کی بارگاہ بے کس پناہ میں پناہ لیتا اور اس کی حمایت میں آجاتا ہے وہ پستی کا شکار نہیں ہوتا وہ ایسا حکیم ہے کہ جو کوئی اس کی تدبیر پہ بھروسہ کرتا ہے اس کی تدبیر میں کوئی کوتاہی نہیں ہوتی۔

ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ عِبَادٌ اَمْثَالُکُمْ۔ (۳)

بے شک وہ کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ جن کی تم پوجا کرتے ہو وہ تمہاری طرح بندے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا جو کچھ ہے وہ اس کے مسخر بندے ہیں وہ بھی تمہاری طرح حاجتمند ہیں پس ان پر کس طرح توکل کیا جا سکتا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ لَا یَمْلِکُوْنَ لَکُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰہِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْہُ۔ (۴)

تم اللہ تعالیٰ کے سوا جن کو پوجتے ہو وہ تمہارے لیے رزق کے مالک نہیں ہیں پس اللہ تعالیٰ کے پاس رزق تلاش کرو اور اسی کی عبادت کرو۔

اور ارشاد فرمایا۔

وَلِلّٰہِ خَزَائِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰکِنَّ الْمُنَافِقِیْنَ لَا یَفْقَهُوْنَ۔ (۵)

اور اللہ تعالیٰ کے پاس ہی آسمانوں اور زمین کے خزانے ہیں لیکن منافق سمجھتے نہیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الدھر آیت ۱

(۲) قرآن مجید، سورۃ انفال آیت ۴۹

(۳) قرآن مجید، سورۃ اعراف آیت ۱۹۴

(۴) قرآن مجید، سورۃ عنکبوت آیت ۱۷

(۵) قرآن مجید، سورۃ منافقون آیت ۷

اور ارشاد ربانی ہے۔

يُدَبِّرُ الْأَمْرَ مَا مِنْ شَفِيعٍ إِلَّا مِنْ بَعْدِ إِذْنِهِ۔ (۱)

وہ (اللہ تعالیٰ) امور کی تدبیر فرماتا ہے (اور) کوئی بھی سفارش کرنے والا اس کے حکم کے بغیر سفارش نہیں کر سکتا۔

توحید کے بارے میں قرآن مجید میں جو کچھ مذکور ہے وہ اس بات پر تنبیہ ہے کہ غیر خدا سے توقعات ختم کر کے ایک قہار ذات پر بھروسہ کیا جائے۔

احادیث:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مجھے موسم حج میں تمام امتیں دکھائی گئیں میں نے ان میں اپنی امت کو دیکھا تو انہوں نے میدان اور پہاڑ سب جگہ کو گھیر رکھا تھا مجھے ان کی کثرت اور انداز نے تعجب میں ڈالا اور خوش کیا مجھ سے پوچھا گیا کیا آپ اس بات پر راضی ہیں؟ میں نے کہا ہاں میں راضی ہوں کہا گیا ان کے ساتھ ستر ہزار مزید ہیں جو کسی حساب کے بغیر جنت میں داخل ہوں گے ۔۔۔۔۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا یا رسول اللہ! وہ کون لوگ ہیں؟ فرمایا وہ لوگ جو بلا ضرورت) جسم نہیں داغتے نہ فال لیتے ہیں اور نہ ہی (شرکیہ کلمات کے ساتھ) دم جھاڑا کرتے ہیں اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔

حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ مجھے بھی ان میں سے کر دے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی "یا اللہ! ان (حضرت عکاشہ) کو بھی ان میں سے کر دے" ایک دوسرے صحابی کھڑے ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! میرے لیے بھی دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی ان لوگوں میں کر دے آپ نے فرمایا حضرت عکاشہ تم سے سبقت کر گئے ہیں (۲)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

وَلَوْ أَنَّكُمْ تَتَوَكَّلُونَ عَلَى اللّٰهِ حَقَّ تَوَكُّلِهِ لَرَزَقَكُمْ كَمَا يَرْزُقُ الطَّيْرَ تَغْدُوا خِمَاصًا وَتَرُوحُ بِطَانًا۔ (۳)

اگر تم اللہ تعالیٰ پر صحیح معنی میں توکل کرو تو وہ تمہیں اس طرح رزق عطا فرمائے جیسے پرندے کو رزق عطا فرماتا ہے وہ صبح کے وقت خالی پیٹ نکلتا ہے اور شام کے وقت سیر ہو کر لوٹتا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورہ یونس آیت ۳

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۸۵۶ کتاب الطب

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۳۰ مرویات عمر بن خطاب

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنِ انْقَطَعَ اِلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ كَفَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى كُلَّ مُؤْنَةٍ وَرَزَقَهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنِ انْقَطَعَ اِلَى الدُّنْيَا وَكَلَهُ اللّٰهُ اِلَيْهَا۔ (۱)

جو شخص سب سے تعلق توڑ کر اللہ تعالیٰ سے رشتہ جوڑتا ہے اللہ تعالیٰ اسے ہر مشقت میں کفایت کرتا ہے (اور ضرورتوں کو پورا کرتا ہے) اور اسے وہاں سے رزق عطا فرماتا ہے جس جگہ کا اسے گمان بھی نہیں ہوتا اور جو شخص دنیا سے تعلق جوڑتا ہے اللہ تعالیٰ اسے دنیا کے سپرد کر دیتا ہے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَكُوْنَ اَغْنَى النَّاسِ فَلْيَكُنْ بِمَا عِنْدَ اللّٰهِ اَوْثَقَ مِنْهُ بِمَا فِيْ يَدَيْهِ۔ (۲)

جو شخص اس بات کو پسند کرتا ہے کہ وہ لوگوں میں سب سے زیادہ مالدار ہو جائے تو اسے اپنے پاس موجودہ مال کے مقابلے میں اس چیز پر زیادہ اعتماد ہونا چاہیے جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔

ایک روایت میں ہے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں کو بھوک کی شدت پہنچتی تو آپ فرماتے نماز کے لیے کھڑے ہو جاؤ اور ارشاد فرماتے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اسی بات کا حکم دیا ہے (۳)

ارشاد خداوندی ہے :۔

وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا۔ (۴)

آپ اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دیں اور اس پر صبر اختیار کریں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَمْ يَتَوَكَّلْ مَنِ اسْتَرْقٰى وَاكْتَوٰى۔ (۵)

اس شخص نے توکل نہیں کیا جس نے دم جھاڑا طلب کیا اور داغ لگوایا۔

---

(۱) شعب الایمان جلد ۲ ص ۲۸ حدیث ۱۰۷۶

(۲) کنز العمال جلد ۳ ص ۱۰۳ حدیث ۵۶۸۶

(۳) مجمع الزوائد جلد ۷ ص ۶۷ کتاب التفسیر

(۴) قرآن مجید، سورۂ طٰہٰ آیت ۱۳۲

(۵) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۲۵۱ مرویات مغیرہ

(یعنی ضرورت کے بغیر یہ کام کیا یا یہ ان چیزوں پر ہی اعتماد کیا ان کو سبب ماننے کی بجائے مسبب مانا ورنہ دم کرانا تعویذ باندھنا یا علاج کے لیے داغ وغیرہ حصول صحت کے اسباب ہیں ۱۲ ہزاروی)

ایک روایت میں ہے جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو منجنیق کے ذریعے آگ میں ڈالا گیا تو حضرت جبریل علیہ السلام نے (حاضر ہو کر) عرض کیا کیا آپ کو کوئی حاجت ہے؟ آپ نے فرمایا (ہے تو سہی لیکن) آپ تک نہیں۔ آپ نے "حسبی اللہ نعم الوکیل" (مجھے اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے) پر عمل کرتے ہوئے یہ بات ارشاد فرمائی آپ نے یہ کلمات اس وقت کہے تھے جب آپ کو پھینکنے کے لیے پکڑا گیا تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَاِبْرٰهِیْمَ الَّذِیْ وَفّٰۤی۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام وہ ہیں جنہوں نے اپنی بات کو پورا کیا۔ (۱)

اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی ارشاد فرمایا اسے داؤد علیہ السلام میرا جو بندہ میرے دامن سے وابستہ ہو جاتا ہے اور مخلوق پر بھروسہ نہیں کرتا پھر اگر آسمان و زمین اس سے کوئی مکر کریں تو میں اس کے لیے نکلنے کا راستہ بنا دیتا ہوں

آثار:

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھے بچھو نے ڈس لیا میری ماں نے مجھے قسم دی کہ تم ضرور دم کراؤ گے تو میں نے دم کرنے والے کو دوسرا ہاتھ پکڑا دیا۔

حضرت خواص رحمہ اللہ نے قرآن پاک کی یہ آیت پڑھی۔

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ۔ (۲) اور اس زندہ (ذات) پر بھروسہ کرو جس کے لیے موت نہیں

(یہ آیت پڑھنے کے بعد) فرمایا اس آیت کے بعد کسی بندے کے لیے مناسب نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی پناہ لے۔

بعض علماء کو خواب میں کہا گیا کہ جس نے اللہ تعالیٰ پر یقین رکھا اس نے اپنی روزی جمع کر لی۔

بعض علماء نے فرمایا جو رزق تمہارے لیے مقدر ہے اس کے لیے فرض عمل سے منہ نہ پھیرو اس طرح آخرت کے امر کو ضائع کرو گے اور دنیا سے وہی ملے گا جو تمہارے لیے لکھ دیا گیا ہے حضرت یحییٰ بن معاذ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب بندے کو طلب کے بغیر ملتا ہے تو یہ اس بات پر دلالت ہے کہ رزق کو حکم دیا گیا کہ وہ بندے کو تلاش کرے۔

حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے ایک تارکِ دنیا سے پوچھا کہ آپ کہاں سے کھاتے ہیں؟ اس نے کہا اس بات کا مجھے علم نہیں البتہ میرے رب سے پوچھو کہ وہ مجھے کہاں سے کھلاتا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ النجم آیت ۳۷۔

(۲) قرآن مجید، سورہ فرقان آیت ۵۸

حضرت ہرم بن حیان رحمہ اللہ نے حضرت اویس قرنی رحمہ اللہ سے پوچھا کہ آپ مجھے کہاں رہنے کا مشورہ دیتے ہیں؟ انہوں نے شام کی طرف اشارہ کیا حضرت ہرم نے پوچھا معیشت کی کیا کیفیت ہوگی؟ حضرت اویس رحمہ اللہ نے فرمایا ان دلوں پر افسوس ہے ان میں تو شک ملا ہوا ہے ان کو وعظ کیا نفع دے گا۔

بعض بزرگوں نے فرمایا کہ جب آدمی اللہ تعالیٰ کے کارساز ہونے پر راضی ہو جائے تو وہ ہر بھلائی کی طرف راستہ پالیتا ہے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے حسن ادب کا سوال کرتے ہیں۔

فصل ۱:

حقیقت توحید جو توکل کی اصل ہے

جان لو! توکل ایمان کا ایک باب ہے اور ایمان کے تمام ابواب علم، حال اور عمل سے بنتے ہیں اسی طرح توکل بھی ان تینوں چیزوں سے منظم ہوتا ہے علم اصل ہے عمل نتیجہ ہے اور حال سے مراد توکل ہی ہے۔

تو ہم اصل یعنی علم کے بیان سے آغاز کرتے ہیں جس کو بنیادی طور پر ایمان کہا جاتا ہے کیوں کہ ایمان، تصدیق ہے اور ہر قلبی تصدیق علم ہے اور جب یہ مضبوط ہو جائے تو اسے یقین کہتے ہیں لیکن یقین کے دروازے بہت زیادہ ہیں اور ہم ان میں سے اس یقین کے محتاج ہیں جس کو توکل کی بنیاد بنا سکیں اور وہ توحید ہے جس کی ترجمانی "لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ" سے ہوتی ہے اور قدرت پر ایمان کی ترجمانی "لہ الملک" کے الفاظ سے ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے جود و حکمت پر ایمان کی ترجمانی "ولہ الحمد" کہنے سے ہوتی ہے پس جو شخص پڑھے۔

"لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ، لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر۔

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی بادشاہی ہے وہ تعریف کے لائق ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اس کا ایمان مکمل ہو جاتا ہے جو توکل کی اصل ہے یعنی اس قول کا معنیٰ ایک وصف بن جاتا ہے جو اس کے دل کے لیے لازم اور اس پر غالب ہو جاتا ہے۔

توحید اصل ہے اور اس میں گفتگو طویل ہے اور یہ علم مکاشفہ سے ہے لیکن علوم مکاشفہ احوال کے واسطے سے اعمال سے متعلق ہوتے ہیں اور علم کی تکمیل کے لیے ضروری ہوتے ہیں اس لیے ہم صرف اسی قدر بیان کریں گے جس کا تعلق علم معاملہ سے ہے ورنہ توحید تو ایک وسیع سمندر ہے جس کا کوئی کنارہ نہیں پس ہم کہتے ہیں۔

توحید کے مراتب:

توحید کے چار مراتب ہیں یعنی مغز، مغز کا مغز، چھلکا اور چھلکے کا چھلکا — ہم اس کو مثال سے بیان کریں گے تاکہ

کمزور ذہن سمجھ سکیں مثلاً اخروٹ کے اوپر دو چھلکے ہوتے ہیں اور اس کے اندر ایک مغز ہوتا ہے اور اس میں تیل ہوتا ہے جو مغز کا مغز ہے۔

پس پہلا مرتبۂ توحید یہ ہے کہ انسان اپنی زبان سے لا الٰہ الا اللہ کہے اور اس کا دل اس سے غافل ہو اور منکر بھی جیسے منافقوں کی توحید۔

دوسرا مرتبہ یہ ہے کہ اس کا دل ان الفاظ کی تصدیق کرے جیسے عام مسلمان تصدیق کرتے ہیں یہ عوام کا اعتقاد ہے تیسرا مرتبہ یہ ہے کہ کشف کے ذریعے نورِ حق کے واسطے سے مشاہدہ کرے اور یہ مقربین کا مقام ہے یعنی وہ اشیاء کو کثرت کے ساتھ (زیادہ) دیکھتا ہے لیکن ان سب کو ایک قہار ذات کی طرف سے سمجھتا ہے۔

چوتھا مرتبہ یہ ہے کہ وہ صرف ایک وجود کو دیکھتا ہے اور یہ صدیقین کا مشاہدہ ہے اور صوفیاء کرام کی اصطلاح میں اس کو فنا فی التوحید کہتے ہیں کیوں وہ صرف ایک کو دیکھتا ہے وہ اپنے آپ کو بھی نہیں دیکھتا اور جب وہ توحید میں ڈوب جانے کی وجہ سے اپنے آپ کو بھی نہیں دیکھتا تو توحید میں اپنے نفس سے فانی ہوگا یعنی وہ اپنے نفس اور مخلوق کو دیکھنے کے حوالے سے فانی ہے۔ تو پہلا شخص محض زبانی موحد ہے وہ دنیا میں (توحید کی وجہ سے) تلوار اور تیروں کی بوچھاڑ (قتل) سے بچ جاتا ہے دوسرا وہ موحد ہے جو دل سے الفاظ کے مفہوم کا اعتقاد رکھتا ہے اور دل سے اعتقاد کو جھٹلاتا نہیں اور یہ دل پر ایک گرہ ہے جو کھلتی نہیں لیکن اگر ایسا شخص اسی عقیدے پر مر جائے اور گناہوں کی وجہ سے اس کا عقیدہ کمزور نہ ہوا ہو تو وہ آخرت کے عذاب سے بچ جاتا ہے پھر اس گرہ کے کچھ حیلے ایسے ہیں جن کا مقصد اس کو ڈھیلا کرنا اور کھولنا ہوتا ہے اسے بدعت کہتے ہیں اور کچھ حیلے ایسے ہیں جن کا مقصد اس کو کھولنے اور کمزور کرنے والے حیلے کو دور کرنا ہے نیز ان کا مقصد اس گرہ کو دل پر مضبوط کرنا اور باندھنا ہے اس کو کلام کہتے ہیں اور اس بات کو جاننے والا متکلم کہلاتا ہے گویا متکلم، بدعتی کے مقابلے میں ہوتا ہے اور اس کا مقصد بدعتی کو عوام کے دلوں سے اس گرہ کو کھولنے سے روکنا ہے اور بعض اوقات متکلم کو موحد ہی کہتے ہیں کیوں کہ وہ اپنے کلام کے ذریعے لفظ توحید کے مفہوم کو عوام کے دلوں میں محفوظ کرتا ہے حتیٰ کہ یہ گرہ نہیں کھلتی۔

تیسرا وہ موحد ہے جو صرف ایک فاعل کو دیکھتا ہے جب اس کے لیے حق بعینہٖ منکشف ہوتا ہے اور حقیقت میں وہ ایک ہی فاعل کو دیکھتا ہے اور حقیقت بھی اس کے سامنے منکشف ہو چکی ہے وہ اپنے دل کو لفظ حقیقت کے مفہوم پر گرہ باندھنے کا مکلف نہیں بناتا کیوں کہ یہ تو عوام اور متکلمین کا درجہ ہے اس لیے کہ اعتقاد کے اعتبار سے عامی اور متکلم میں کوئی فرق نہیں ہے بلکہ فرق تو صرف اس بات میں ہے کہ متکلم ایسا کلام بنانے پر قادر ہے جس کے ذریعے بدعتی کے ان حیلوں کو دور کر سکے جو اس گرہ کو کھولتے ہیں۔

چوتھا وہ موحد ہے جس کے سامنے ایک ہی ذات ہے وہ سب چیزوں کو کثیر ہونے کے حوالے سے نہیں دیکھتا بلکہ وحدت کے اعتبار سے دیکھتا ہے اور توحید کی غرض و غایت بھی یہی ہے تو پہلا شخص اخروٹ کے اوپر والے چھلکے کی طرح ہے دوسرا

نچلے چھلکے کی مثل ہے تیسرا شخص اخروٹ کے مغز کی طرح ہے اور چوتھا اس تیل کی طرح ہے جو اس مغز سے نکالا جاتا ہے۔

اور جس طرح اخروٹ کے اوپر والے چھلکے میں کوئی بھلائی نہیں بلکہ اگر اسے کھایا جائے تو اس کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے اور اگر اس کے اندر دیکھا جائے تو اچھا دکھائی نہیں دکھاتا اگر اس سے لکڑی کا کام لیا جائے تو آگ کو بجھا دیتا ہے اور دھواں زیادہ کرتا ہے اگر گھر میں رکھیں تو جگہ تنگ ہو جاتی ہے پس اس کا کام یہی ہے کہ کچھ عرصہ تک اسے اخروٹ کی حفاظت کے لیے اس کے اوپر ہی چھوڑا جائے پھر اس سے الگ کر کے پھینک دیا جائے اسی طرح محض زبانی توحید جس میں قلبی تصدیق شامل نہ ہو، کا کوئی فائدہ نہیں البتہ نقصان زیادہ ہوتا ہے اس کا ظاہر و باطن مذموم ہے لیکن اندر والے چھلکے کی حفاظت کے لیے مرتے دم تک اس سے نفع اٹھایا جاتا ہے اور اندر والا چھلکا دل اور بدن ہے اور منافق کی توحید اس کے بدن کو مجاہدین کی تلوار سے بچاتی ہے کیوں کہ ان کو یہ حکم نہیں دیا گیا کہ دلوں کو پھاڑ کر دیکھیں۔ اور تلوار بدن کے جسم تک پہنچتی ہے اور وہ چھلکا ہے اور موت کی وجہ سے یہ توحید ان کے بدن سے الگ ہو جاتی ہے اس لیے اس کے بعد توحید کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ اور جس طرح اوپر والے چھلکے کی نسبت اندر والے چھلکے کا نفع ظاہر ہے کیوں کہ وہ مغز کی حفاظت کرتا ہے اور جب اخروٹ جمع کر کے رکھے جائیں تو یہ ان کو خراب ہونے سے بچاتا ہے اور جب الگ کیا جائے تو لکڑی کا فائدہ دیتا ہے لیکن مغز کے مقابلے میں اس کی قدر کم ہوتی ہے اسی طرح محض دل کا اعتقاد جس میں کشف شامل نہ ہو محض زبانی توحید کے مقابلے میں زیادہ نفع دیتی ہے لیکن کشف و مشاہدہ جو شرحِ صدر اور اس میں نورِ حق کے چمکنے سے حاصل ہوتا ہے کہ مقابلے میں اس توحید کی قدر کم ہے۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی سے یہی شرح صدر مراد ہے ارشاد خداوندی ہے۔

فَمَنْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ۔ (۱)	پس جس شخص کو اللہ تعالیٰ ہدایت دینا چاہے اس کے سینے کو اسلام کے لیے کشادہ کر دیتا ہے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ۔ (۲)	تو کیا وہ شخص جس کے سینے کو اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لیے کھول دیا پس وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے۔

تو جس طرح چھلکے کے مقابلے میں مغز نفیس ہوتا ہے اور وہی مقصود بالذات ہوتا ہے لیکن پھر بھی تیل نکالنے کی صورت میں گدلے پن سے محفوظ نہیں ہوتا اسی طرح توحید فعل (فاعل کو ایک جاننا) سالکین کے لیے ایک بلند مقصد ہے لیکن یہ غیر کے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ انعام آیت ۱۲۵

(۲) قرآن مجید سورۂ الزمر آیت ۲۲

ملاحظہ کی ملاوٹ سے خالی نہیں ہے اور جو شخص صرف ایک ذات حق کو ہی دیکھتا ہے اس کے مقابلے میں اس کی توجہ کثرت کی طرف ہے۔

سوال :-

یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ وہ ایک ہی کو دیکھے حالانکہ وہ آسمان، زمین اور تمام محسوس جسموں کو دیکھتا ہے اور وہ بہت زیادہ ہیں تو کثیر کس طرح ایک ہو جائیں گے۔

جواب :

علوم مکاشفہ کی غایت یہی تو ہے اور اس علم کے اسرار کتاب میں نہیں لکھے جا سکتے عارفین نے فرمایا کہ ربوبیت کے رازوں کو فاش کرنا کفر ہے پھر یہ کہ یہ بات علم معاملہ سے متعلق بھی نہیں ہے ہاں یہ بات بتانا ممکن ہے کہ کثرت کو ایک دیکھنا عقل سے بعید ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ ایک ہی چیز بعض اوقات مشاہدات اور اعتبار کی انواع کے اختلاف سے زیادہ ہو جاتی ہے اور کسی دوسری وجہ سے وہ ایک نظر آتی ہے جیسے انسان کی روح، جسم، اعضاء رگوں، ہڈیوں اور آنتوں کا اعتبار کیا جائے تو اس میں کثرت ہے لیکن ایک دوسرے اعتبار اور مشاہدے کے مطابق وہ ایک ہے۔ کیوں کہ ہم کہتے ہیں یہ ایک انسان ہے تو انسان ہونے کے اعتبار سے وہ ایک ہے اور کئی لوگ ایسے ہیں جو ایک آدمی کو دیکھتے ہیں لیکن ان کے دل میں اس کی آنتوں، رگوں، اعضاء روح، جسم اور اعضاء کی تفصیل نہیں آتی ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ یہ شخص حالت استغراق میں ہے اور استغراق ایک میں ہوتا ہے جس میں تفریق نہیں ہوتی گویا وہ جمع کو دیکھتا ہے اور جو کثرت کو دیکھتا ہے اس کے سامنے تفریق ہوتی ہے۔

اسی طرح خالق اور مخلوق جو بھی موجود ہے اس کے کئی اعتبار اور مشاہدات ہیں جو مختلف ہیں وہ ایک اعتبار سے ایک ہے اور دوسرے کثیر ہے اور ان میں سے بعض دوسرے بعض کی نسبت زیادہ سخت ہیں اس کی مثال انسان ہے اگرچہ یہ غرض کے مطابق تو نہیں لیکن اس سے اس بات سے آگاہی ہو جاتی ہے کہ کثیر، مشاہدے میں ایک کیسے ہوتا ہے۔

اس کلام سے واضح ہوتا ہے کہ انسان کی سمجھ جس مقام تک نہ پہنچ سکے اس کا انکار نہ کرے بلکہ اس پر تصدیق کے ساتھ ایمان لائے اس طرح توحید پر ایمان لانے کے اعتبار سے حصہ ملے گا اگرچہ جس بات پر ایمان لایا ہے وہ اس کی صفت نہیں ہے جیسے آدمی نبوت پر ایمان لاتا ہے حالانکہ وہ نبی نہیں ہے لیکن جس قدر ایمان ہو گا اس قدر حصہ ملے گا۔

اور یہ مشاہدہ جس میں صرف واحد حق ظاہر ہوتا ہے کبھی دائمی ہوتا ہے اور کبھی بجلی کی چمک کی طرح اچانک آتا ہے اور عام طور پر اسی طرح ہوتا ہے اور بہت نادر ہے حسین بن منصور حلاج نے اسی بات کی طرف اشارہ کیا ہے جب انہوں نے حضرت خواص رحمہ اللہ کو دیکھا کہ وہ عام طور پر سفر میں رہتے ہیں تو پوچھا آپ کیا کرتے پھرتے ہیں انہوں نے فرمایا سفروں میں رہتا ہوں تاکہ توکل میں اپنی حالت کو صحیح کر سکوں اور وہ متوکل لوگوں میں سے تھے تو حسین بن منصور نے فرمایا تم نے اپنے باطن کی

تمیز میں زندگی خرچ کر دی تو فنا فی التوحید کہاں ہے؟ تو گویا حضرت خواص رحمہ اللہ توحید میں تیسرے مقام کو صحیح کرنے میں لگے ہوئے تھے تو انہوں نے ان سے چوتھے مقام کا مطالبہ کیا ـــــ تو اجمالی طور پر توحید والوں کے مقامات اس طرح ہیں۔

سوال:۔

اس بات کی اس قدر شرح ضروری ہے جس سے اس پر توکل کی بنیاد رکھنے کی کیفیت سمجھ آجائے۔

جواب:۔

جہاں تک چوتھے مقام کا تعلق ہے تو اس کے بیان میں غور و خوض کرنا جائز نہیں اور نہ ہی وہ کل کی بنیاد ہے بلکہ توکل، توحید کے تیسرے مرتبے سے حاصل ہوتا ہے پہلا مقام تو واضح منافقت ہے۔

جہاں تک دوسرے مقام کا تعلق ہے اور وہی عقیدہ ہے جو عام مسلمانوں میں موجود ہے اور اس کو کلام کے ذریعے موکد کرنے اور بدعتی لوگوں کے حیلوں کو دور کرنے کا طریقہ علم کلام میں مذکور ہے ہم نے اسے حسب ضرورت اعتقاد کے بیان میں ذکر کیا ہے۔

اور تیسرا مرتبہ وہ ہے جس پر توکل کی بنیاد رکھی جاتی ہے کیوں کہ محض اعتقادی توحید توکل کی حالت پیدا نہیں کرتی پس ہم اس سے اس قدر ذکر کرتے ہیں جس کے ساتھ توکل مربوط ہو تفصیلی ذکر جو اس قسم کی کتابیں برداشت نہیں کر سکتیں، نہیں کریں گے۔

اس کا حاصل یہ ہے کہ تمہارے لیے یہ بات منکشف ہو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی فاعل (حقیقی) نہیں ہے اور جو کچھ موجود ہے وہ مخلوق ہے، رزق، عطا، منع، زندگی، موت، مالداری، فقر وغیرہ جس کا کوئی بھی نام ہو سکتا ہے تو اس کو پیدا کرنے والی صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اس میں اس کا کوئی شریک نہیں جب تمہارے سامنے یہ بات منکشف ہو جائے گی تو تم اس کے غیر کی طرف نہیں دیکھو گے۔ بلکہ اسی سے ڈرو گے اسی سے امید رکھو گے اسی پر تمہارا اعتماد ہوگا اور اسی پر بھروسہ کرو گے کیوں کہ صرف وہی فاعل ہے دوسرا کوئی نہیں، دوسرے تمام مسخر ہیں وہ آسمانوں اور زمین کی حکومت میں سے ایک ذرے کو بھی ذاتی طور پر اور بالاستقلال حرکت نہیں دے سکتے۔

پس جب تمہارے لیے مکاشفہ کے دروازے کھل جائیں تو یہ بات بالکل واضح ہو جائے گی جو ظاہری مشاہدہ سے زیادہ مکمل ہوگی۔

شیطان تمہیں اس توحید سے دور کر کے ایسے مقام کی طرف لے جانا چاہتا ہے جہاں تمہارے دل میں شرک کا شائبہ پیدا ہو جائے اور اس کے دو سبب ہیں ایک حیوانات کے اختیار کی طرف توجہ اور دوسرا جمادات کی طرف توجہ۔

جمادات کی طرف توجہ کی مثال یہ ہے کہ مثلاً تم کھیتی کے پیدا ہونے اور بڑھنے کے سلسلے میں بارش پر اعتماد کرتے ہو بارش کے لیے بادلوں پر، بادلوں کے جمع ہونے کے سلسلے میں ٹھنڈک پر اعتماد کرتے ہو کشتی کے چلنے اور ٹھہرنے کے سلسلے میں ہوا پر اعتماد کرتے ہو اور یہ سب باتیں توحید میں شرک اور حقائق امور سے جہالت ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

فَاِذَا رَکِبُوْا فِی الْفُلْکِ دَعَوُا اللّٰہَ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ فَلَمَّا نَجّٰھُمْ اِلَی الْبَرِّ اِذَا ھُمْ یُشْرِکُوْنَ۔ (۱)

اور جب وہ کشتی پر سوار ہوتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کو پکارتے ہیں اس کے لیے دین کو خالص کرتے ہوئے پس جب اللہ تعالیٰ ان کو بچا کر خشکی پر لے جاتا ہے تو اسی وقت شرک کرنے لگتے ہیں

مطلب یہ ہے کہ کہتے ہیں اگر ہوا برابر نہ ہوتی تو ہم نجات نہ پاتے اور جس شخص پر اس جہاں کا معاملہ حقیقتاً منکشف ہو جائے وہ جان لیتا ہے کہ ریح تو ہوا ہے اور ہوا خود بخود حرکت نہیں کرتی جب تک کوئی محرک اسے حرکت نہ دے اسی طرح اس کا محرک کسی دوسرے محرک کا محتاج ہے یہ سلسلہ چلتا رہتا ہے حتیٰ کہ اس پہلے محرک تک پہنچتا ہے جس کو کوئی حرکت دینے والا نہیں اور نہ ہی خود ذاتی طور پر حرکت کرتا ہے (وہ اللہ تعالیٰ ہے)

تو بندے کا ہوا کی طرف متوجہ ہونا اسی طرح ہے کہ ایک شخص کو اس لیے پکڑا جائے کہ اس کی گردن کاٹ دی جائے لیکن بادشاہ اس کی معافی کا پروانہ لکھ دے اب وہ شخص روشنائی کاغذ اور قلم جس کے ساتھ تحریر لکھی گئی کی طرف متوجہ ہو جائے اور یوں کہے کہ اگر قلم نہ ہوتا تو مجھے نجات نہ ملتی

وہ قلم کو نجات دہندہ خیال کرے اور قلم کو حرکت دینے والے کو نظر انداز کر دے اور یہ انتہائی جہالت ہے اور جو شخص اس بات کو جانتا ہے کہ قلم ذاتی طور پر کچھ نہیں کر سکتا وہ تو لکھنے والے کے ہاتھ میں قابو ہے تو وہ شخص قلم کی طرف متوجہ نہیں ہوتا، وہ صرف لکھنے والے کا شکریہ ادا کرتا ہے۔ بلکہ بعض اوقات نجات کی خوشی سے اس قدر مدہوش ہو جاتا ہے کہ وہ بادشاہ اور لکھنے والے کا شکر ادا کرتا ہے اور اس کے دل میں قلم روشنائی اور دوات، کا خیال تک نہیں آتا ہے۔

سورج، چاند، ستارے، بارش، بادل، زمین اور تمام حیوانات و جمادات قبضۂ قدرت میں ہیں جس طرح قلم کاتب کے کنٹرول میں ہے بلکہ یہ تو انسانوں کے لیے مثال ہے جن کا خیال ہے کہ بادشاہ ہی کاتب پروانہ ہے اور حق تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کاتب ہے وہ ارشاد فرماتا ہے۔

وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی۔ (۱)

اور جب آپ نے کنکریاں پھینکیں تو وہ آپ نے نہیں پھینکیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے پھینکیں۔

جب تمہارے لیے یہ بات منکشف ہو جائے کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اس طریقے پر مسخر ہے تو شیطان تم سے مراد و نا امید ہو کر واپس ہو جائے گا کہ اب وہ تمہارے عقیدۂ توحید میں شرک کی آمیزش نہیں کر سکتا تو اب وہ تمہیں دوسری طرح ہلاک کرنے کی کوشش کرتا ہے اور وہ اختیاری کاموں میں حیوانات کے اختیار کی طرف متوجہ کرتا ہے وہ کہتا ہے تم

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ عنکبوت آیت ۶۵

(۲) قرآن مجید، سورۂ انفال آیت ۱۷

ان سب کاموں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کیسے دیکھتے ہو حالانکہ یہ شخص تمہیں اپنے اختیار سے رزق دیتا ہے اگر وہ چاہے تو تمہیں دے اور چاہے تو روک دے اور یہی آدمی اپنی تلوار سے تمہاری گردن کاٹتا ہے اور وہ اس پر قادر بھی ہے اور اگر چاہے تو تمہیں معاف کردے تو کس طرح اس سے نہیں ڈرتا اور کس طرح تو اس سے امید نہیں رکھتا حالانکہ تیرا معاملہ اس کے کنٹرول میں ہے اور تو اس بات کا مشاہدہ کرتا ہے تجھے اس میں شک نہیں وہ یہ بھی کہتا ہے ہاں اگر تمہاری نظر میں قلم نے یہ کام نہیں کیا تو کاتب کو کیوں مانتا ہے وہ بھی تو اس کام کے لیے مسخر ہے۔

اس وقت اکثر لوگوں کے قدم پھسلتے ہیں البتہ اللہ تعالیٰ کے مخلص بندے محفوظ رہتے ہیں شیطان لعین کو ان پر کوئی قدرت اور تسلط حاصل نہیں ہوتا وہ بصیرت کے نور سے دیکھتے ہیں کہ کاتب مسخر اور مجبور ہے جس طرح تمام کمزور لوگ دیکھتے ہیں کہ قلم مسخر ہے اور ان کو معلوم ہے کہ اس سلسلے میں کمزور لوگوں کو اسی طرح مغالطہ لگتا ہے جیسے کوئی چیونٹی کاغذ پر چلے اور اسے قلم کا سر نظر آئے جو کاغذ کو سیاہ کر رہا ہے اور اس کی نگاہ ہاتھوں اور انگلیوں تک نہ جائے لکھنے والے تک جانا تو دور کی بات ہے تو اس چیونٹی کو بھی مغالطہ ہوتا ہے وہ خیال کرتی ہے کہ قلم ہی سفید جگہ کو سیاہ کر رہی ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اس چیونٹی کی بینائی میں کوتاہی ہے اور اس کی آنکھ کی پتلی تنگ ہونے کی وجہ سے اس کی نظر قلم کے سرے سے تجاوز نہیں کرتی۔

پس اسی طرح جس شخص کا سینہ اللہ تعالیٰ کے نور سے اسلام کے لیے نہ کھلا ہو اس کی بصیرت بھی آسمانوں اور زمین کے جبار کو دیکھنے سے کوتاہ ہوتی ہے اور اس بات کا مشاہدہ بھی نہیں کر سکتی کہ وہ سب پر قاہر و غالب ہے پس اس کی نگاہ راستے میں ہی کاتب پر رک جاتی ہے اور یہ محض جہالت ہے۔

بلکہ ارباب قلوب و مشاہدات کے حق میں اللہ تعالیٰ زمین و آسمان کے ہر ذرے کی زبان کو جاری کردیتا ہے اور اس میں وہی قدرت کارگر ہوتی ہے جس کے ساتھ ہر چیز بولتی ہے حتیٰ کہ یہ لوگ ان تمام ذرات سے اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تقدیس سنتے ہیں نیز وہ تمام اشیاء اپنی عاجزی کی شہادت ایسی زبان کے ساتھ دیتی ہیں جو تیز ہے وہ حروف اور آواز کے بغیر گفتگو کرتے ہیں اور اس گفتگو کو وہ لوگ نہیں سن سکتے جو سننے سے کنارہ کش ہیں اور اس سے ہماری مراد ظاہری سماعت نہیں جو آوازوں سے آگے نہیں بڑھ سکتی کیونکہ اس میں تو گدھا بھی شریک ہے اور جس کام میں جانور بھی شریک ہوں وہ قابل قدر نہیں ہوتا ہماری مراد وہ سماعت ہے جس کے ذریعے اس کلام کا ادراک ہو جاتا ہے جو حرف اور آواز کے بغیر ہے۔ اور وہ عربی اور عجمی نہیں ہے۔

سوال:

یہ تو ایک عجیب بات ہے جسے عقل قبول نہیں کرتی ہمیں ان کے بولنے کا طریقہ بتائیں وہ کس طرح بولتی ہیں اور کیا کہتی ہیں تسبیح و تقدیس کس طرح کرتی ہیں۔ اور اپنے نفس کی عاجزی پر گواہی کس طرح دیتی ہیں۔

جواب:

جان لو کہ آسمانوں اور زمین کے ہر ذرے کے لیے ارباب قلوب کے ساتھ پوشیدہ گفتگو ہوتی ہے اور اس کی کوئی حد اور

انتہا نہیں کیوں کہ یہ کلمات کلام الٰہی کے بحر بے کنار سے مدد حاصل کرتا ہیں ارشاد خداوندی ہے۔

قُلْ لَوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِكَلِمَاتِ رَبِّي لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ أَنْ تَنْفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهِ مَدَدًا۔ (۱)

آپ فرما دیجئے اگر سمندر میرے رب کے کلمات (کو لکھنے) کے لیے سیاہی ہوں تو سمندر کی سیاہی ختم ہو جائے گی لیکن میرے رب کے کلمات ختم نہیں ہوں گے اگرچہ ہم اس کی مدد کے لیے اسی کی مثل (سیاہی) لائیں۔

پھر یہ سب ذرات مُلک و ملکوت کے اسرار بیان کرتے ہیں اور رازوں کا افشاء بری بات ہے بلکہ آزاد لوگوں کے سینے اسرار کی قبریں ہیں اور تم نے کبھی نہیں دیکھا ہو گا کہ کوئی شخص بادشاہ کے رازوں کا امین ہو اور اس سے خفیہ باتیں کہی جائیں تو وہ لوگوں کے سامنے بیان کر دے اگر ہمارے لیے رازوں کو ظاہر کرنا جائز ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ بات نہ فرماتے۔

لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا۔ (۲)

اگر تم ان باتوں کو جانتے جن کا مجھے علم ہے تو تم ہنستے کم اور روتے زیادہ۔

بلکہ حضور علیہ السلام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے سامنے بیان کرتے تاکہ وہ روئیں اور ہنسنے سے باز رہیں اور آپ تقدیر کا راز فاش کرنے سے منع نہ کرتے (۳)

اور آپ یہ بات بھی نہ فرماتے۔

إِذَا ذُكِرَ النُّجُوْمُ فَأَمْسِكُوْا وَإِذَا ذُكِرَ الْقَدَرُ فَأَمْسِكُوْا وَإِذَا ذُكِرَ أَصْحَابِيْ فَأَمْسِكُوْا۔ (۴)

جب ستاروں کا ذکر ہو تو خاموش رہو اور جب تقدیر کا ذکر ہو تو خاموش رہو اور جب میرے صحابہ کرام کا ذکر ہو تو خاموش رہو۔

اور آپ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو بعض اسرار کے ساتھ خاص نہ فرماتے (۵)

تو ملک و ملکوت کے ذرات جو کچھ ارباب مشاہدات کے دلوں سے مناجات کرتے ہیں ان کو بیان کرنے سے دو باتیں مانع ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ کہف آیت ۱۰۹

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۶۶۵، کتاب التفسیر

(۳) حلیۃ الاولیاء جلد ۶ ص ۱۸۲ ترجمہ ۳۵۸

(۴) التمہید لابن عبدالبر جلد ۶ ص ۶۸

(۵)

ایک یہ کہ راز فاش کرنا محال ہے اور دوسری بات یہ کہ ان ذرات کے کلمات گنتی اور شمار سے باہر ہیں لیکن جو مثال ہم نے پہلے ذکر کی ہے اور وہ قلم کی حرکت ہے اس کی گفتگو کا کچھ تذکرہ کر دیتے ہیں تاکہ اس سے اجمالی طور پر معلوم ہو جائے کہ کس طرح یہ توکل کی بنیاد بنتی ہے اور یہ کلمات اگرچہ حروف و آواز سے متعلق نہیں لیکن ہم سمجھانے کی ضرورت کے تحت ان کو حروف اور آواز کی طرف لوٹا دیتے ہیں پس ہم کہتے ہیں۔

ایک شخص جو نورِ الٰہی کی مشعل سے کاغذ کو دیکھتا تھا اس نے دیکھا کہ سیاہی سے اس کا چہرہ سیاہ ہو گیا تو پوچھا تیرے چہرے کو کیا ہوا یہ تو سفید چمک دار تھا اور اب اس پر سیاہی ظاہر ہو گئی ہے تو نے اپنے چہرے کو سیاہ کیوں کر دیا۔ اس کا کیا سبب ہے؟ کاغذ نے کہا تو نے اس گفتگو میں مجھ سے انصاف نہیں کیا میں نے خود اپنے چہرے کو سیاہ نہیں کیا سیاہی سے پوچھو وہ دوات میں جمع تھی جو اس کا ٹھکانہ اور وطن ہے پس اس نے وطن سے سفر اختیار کیا اور ظلم کرتے ہوئے میرے صحن میں اتر آئی اس نے کہا تو نے سچ کہا۔

پھر اس نے سیاہی سے پوچھا تو اس نے بھی یہی جواب دیا کہ تو نے مجھ سے انصاف نہیں کیا میں تو دوات میں چپ چاپ بیٹھی تھی اور میں نے پختہ ارادہ کیا تھا کہ اس سے نہیں نکلوں گی تو قلم نے اپنے فاسد طمع کے ساتھ مجھ پر زیادتی کر کے مجھے بے وطن کر دیا مجھے تتر بتر کر کے سفید کاغذ پر پھیلا دیا تو سوال قلم سے کرنا چاہیے مجھ سے کیوں کر سوال کرتے ہو اس نے کہا تم نے ٹھیک کہا ہے۔

پھر قلم سے اس کے ظلم اور زیادتی کے بارے میں پوچھا اور یہ کہ تم نے سیاہی کو کیوں بے وطن کر دیا اس نے کہا ہاتھ اور انگلیوں سے پوچھو میں تو دریا کے کنارے ایک کانے (نڑ) کی صورت میں کھڑی تھی اور سبز درختوں کے درمیان خوش و خرم تھی پھر ہاتھ چھری لے کر آیا اور میرا چھلکا اتارنے لگا اس نے میرا لباس پھاڑ دیا اور مجھے جڑ سے کاٹ کر میرے پورے جدا کئے پھر تراشا اور کاٹ لگا کر روشنائی کی سیاہی اور کڑواہٹ میں غوطہ دیا وہی (ہاتھ) مجھ سے خدمت لیتا اور سر کے بل چلاتا ہے تم نے سوال کر کے میرے زخموں پر نمک چھڑکا اور مجھ پر عتاب کیا تم مجھے چھوڑو اور اس سے پوچھو جس نے مجھ پر ظلم کیا اس نے کہا تم نے سچ کہا۔

پھر ہاتھ سے پوچھا کہ تم نے قلم پر ظلم و زیادتی کیوں کی اور اس سے خدمت کیوں لی؟ اس نے کہا میں گوشت، ہڈی اور خون کا مجموعہ ہوں کیا تم نے گوشت کو ظلم کرتے ہوئے دیکھا ہے یا کوئی جسم اپنے آپ حرکت کرتے دیکھا ہے میں تو ایک سواری ہوں جسے مسخر کیا گیا مجھ پر ایک سوار ہے جسے قدرت اور غلبہ کہا جاتا ہے وہی مجھے تمام روئے زمین میں دوڑاتا پھرتا ہے لیکن تم نے دیکھا ہے کہ ڈھیلے، پتھر اور درخت اپنی جگہ سے خود بخود حرکت نہیں کرتے کیوں کہ ان پر اس قسم کا مضبوط اور غالب سوار، سواری نہیں کر رہا۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ میرے ہاتھ گوشت، ہڈی اور خون کی صورت میں مردوں کے ہاتھوں کے برابر ہیں لیکن ان کے ہاتھوں اور قلم کے درمیان کوئی معاملہ نہیں تو میرے اور قلم کے درمیان بھی کوئی معاملہ نہیں پس تم اس معاملے میں قدرت سے سوال کرو

میں تو سواری ہوں میرا سوار مجھے حرکت دیتا ہے۔ اس نے کہا تو نے ٹھیک کہا ہے۔

پھر اس نے قدرت سے پوچھا کہ وہ ہاتھ کو کیوں استعمال کرتی ہے اور اس سے کیوں زیادہ خدمت لیتی ہے اس نے کہا مجھے ملامت نہ کرو بہت سے ملامت کرنے والوں پر خود ملامت ہوتی ہے اور کئی ایسے ہیں جن کو ملامت کیا جاتا ہے لیکن وہ بے گناہ ہوتے ہیں اور تم پر میرا معاملہ کس طرح پوشیدہ رہ گیا اور تم نے کیسے گمان کر لیا کہ میں نے ہاتھ پر سوار ہو کر اس پر ظلم کیا ہے میں تو اس کو حرکت دینے سے پہلے بھی اس پر سوار تھی۔ میں تو اس کو حرکت نہیں دیتی تھی اور نہ ہی اسے مسخر کرتی تھی بلکہ میں سوئی ہوئی اور خاموش تھی حتی کہ لوگ یہ سمجھتے تھے کہ میں مردہ ہوں یا بالکل معدوم ہوں کیونکہ میں نہ تو حرکت کرتی تھی اور نہ کسی کو حرکت دیتی تھی حتی کہ ایک موکل آیا اور اس نے مجھے حرکت دی اور جھنجھوڑا جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو اب میں اس کی موافقت تو کر سکتی تھی لیکن اس کی مخالفت میرے بس میں نہ تھی۔ اس موکل کو ارادہ کہتے ہیں میں تو اس کا نام ہی جانتی ہوں یا مجھے اس قدر معلوم ہے کہ اس نے یکبارگی چڑھائی کر کے مجھے گہری نیند سے جگا دیا اور مجھ سے بزور وہ کام لیا کہ اگر میری رائے کوئی پوچھتا تو مجھے گنجائش تھی کہ میں اسے نہ کرتی۔ اس نے کہا تو نے ٹھیک کہا تو نے ٹھیک کہا ہے۔

پھر اس نے ارادے سے پوچھا کہ یہ قدرت جو خاموش معطل بیٹھی تھی اس پر تجھے کیسے جرأت ہوئی کہ تو نے اس کو حرکت دینے میں لگا دیا اور اس قدر زبردستی کی کہ وہ مخالفت نہ کر سکی تو ارادے نے جواب دیا مجھ پر جلدی نہ کرو شاید میں بھی معذور تھا اور تم مجھے ملامت کر رہے ہو میں خود نہیں اٹھا مجھے اٹھایا گیا اور سخت حکم کے تحت مجھے بھیجا گیا اس سے پہلے تو میں خاموش تھا لیکن حضرتِ دل کی بارگاہ سے علم کا قاصد عقل کی زبانی میرے پاس آیا اور یہ پیغام لایا کہ قدرت کو اٹھا دو تو میں نے مجبوراً اسے اٹھایا میں تو مسکین ہوں اور علم و عقل کی قدرت کے تحت مسخر ہوں اور مجھے معلوم نہیں کہ مجھ سے کونسا جرم کروایا جائے گا اور کس کے لیے مجھے مسخر کیا گیا۔ اور اس کا حکم ماننا مجھ پر لازم ہوا۔ اتنی بات ضرور جانتا ہوں کہ میں بالکل پر سکون تھا جب تک یہ زبردستی کرنے والا نہیں آیا تھا یہی میرا حاکم ہے وہ عادل ہے یا ظالم میں اس کے سامنے دست بستہ کھڑا ہوں اور اس کی اطاعت کو لازم سمجھتا ہوں بلکہ جب یہ قطعی حکم دے دیتا ہے تو مجھے مخالفت کی تاب نہیں رہتی مجھے اپنی جان کی قسم جب تک وہ خود اپنے دل میں تردد اور حکم میں حیران رہتا ہے تو میں خاموش رہتا ہوں لیکن اس کے حکم کا منتظر رہتا ہوں اور چوکنا بھی، پھر جب اس کا حکم قطعی اور یقینی ہوتا ہے تو میں اپنی طبیعت کے مطابق اور اس کی اطاعت کے غلبے کے تحت مجبور ہو جاتا ہوں اور قدرت کو اٹھاتا ہوں کہ وہ اس کے حکم کے مطابق عمل کرے تو میرے معاملے میں علم سے پوچھو مجھے نہ جھڑکو، میں تو کسی شاعر کے اس قول کا مصداق ہوں۔

مَتَى تَرَحَّلْتُ عَنْ قَوْمٍ وَقَدْ قَدَرُوْا اَنْ
لَا نُفَارِقَهُمْ فَالرَّاحِلُوْنَ هُمْ ۔

جب میں ایک قوم سے کوچ کر جاتا ہوں اور انہوں نے فرض کیا تھا کہ ہم ان سے جدا نہیں ہوں گے تو جدا ہونے والے وہ ہیں۔

اس نے کہا تم نے سچ کہا ہے۔

پھر وہ علم، عقل اور دل کی طرف متوجہ ہوا اور ان کو اس بات پر جھڑکا کہ انہوں نے ارادے کو کیوں برانگیختہ کیا اور قدرت کو حرکت دینے پر کیوں مجبور کیا۔ تو عقل نے جواب دیا میں تو ایک چراغ ہوں میں خود بخود نہیں جلتی مجھے روشن کیا جاتا ہے۔ دل نے کہا میں تو ایک تختی ہوں میں خود بخود نہیں پھیلتا بلکہ مجھے پھیلایا جاتا ہے، علم نے جواب دیا میں تو ایک نقش ہوں جو دل کی سفید تختی پر اس وقت نقش کیا جاتا ہے جب عقل کا چراغ روشن ہوتا ہے میں خود بخود منتقل نہیں ہوتا دل کی یہ تختی کتنا عرصہ مجھ سے خالی رہی پس جس قلم نے مجھے نقش کیا اس سے پوچھو کیونکہ لکھائی تو قلم سے ہی ہوتی ہے۔

اس وقت سائل عاجز ہو جاتا ہے اور جواب پر قناعت نہ کرتے ہوئے کہتا ہے اس راستے میں میری تھکاوٹ بہت زیادہ ہو گئی ہے اور میں نے بہت منزلیں طے کی ہیں اور مجھے جس سے توقع ہوتی کہ وہ بتائے گا اس نے مجھے دوسروں کے حوالے کر دیا لیکن کثرت سے پھرنے کی صورت میں بھی میں خوش ہوا کیونکہ ہر ایک سے ایسا کلام سنا جسے میرے دل نے قبول کیا اور سوال کو دور کرنے میں اس نے واضح عذر پیش کیا اب اے علم! تمہارا یہ کہنا کہ میں ایک نقش اور خط ہوں اور مجھے قلم نے لکھا ہے یہ بات مجھے سمجھ نہیں آتی مجھے تو ایک ہی قلم کا علم ہے جو کانے (نڑ) سے بنتی ہے اور تختی جو لوہے یا لکڑی کی ہوتی ہے اور خط روشنائی سے ہوتا ہے اور چراغ آگ سے روشن کیا جاتا ہے اور میں نے اس منزل میں تختی، چراغ، خط اور قلم کی بات سنی لیکن میں نے ان میں سے کسی کو دیکھا نہیں تعجب کی بات ہے کہ میں چکی کی آواز سنتا ہوں لیکن چکی نظر نہیں آتی تو علم نے اسے جواب دیا اگر تم اپنی بات میں سچے ہو تو تمہارے پاس سرمایہ کم ہے اور تمہاری سواری کمزور ہے اور جان لو کہ تم جس راستے پر جا رہے ہو اس میں ہلاکتیں زیادہ ہیں پس تمہارے لیے بہتر یہی ہے کہ تم یہ خیال چھوڑ دو اور واپس جاؤ تم اس میدان کے مرد نہیں ہو لہذا یہاں سے ہٹ جاؤ جس کو جس مقصد کے لیے پیدا کیا گیا وہ کام اس کے لیے آسان کر دیا گیا۔

اگر تم مقصد کی طرف راستے کی تکمیل میں رغبت رکھتے ہو تو کان دھرو اس حال میں کہ تم گواہ ہو اور جان لو کہ تمہارے راستے میں تین عالم ہیں۔

پہلا عالم، عالم الملک والشہادۃ ہے اور کاغذ، سیاہی، قلم اور ہاتھ کا اسی عالم سے تعلق ہے اور ان منازل کو سہولت سے طے کیا جا سکتا ہے دوسرا عالم ملکوت ہے اور وہ میرے بعد ہے جب تم مجھ سے تجاوز کر لو گے تو اس کی منزل تک پہنچ جاؤ گے اس کے راستے میں لمبے چوڑے جنگل، وسیع میدان، بلند پہاڑ اور غرق کرنے والے سمندر ہیں اور مجھے معلوم نہیں تم کس طرح اس میں سلامت رہو گے۔

اور تیسرا عالم، عالم جبروت ہے اور وہ عالم ملک اور عالم ملکوت کے درمیان ہے تم نے اس کی تین منزلیں پہلے طے کر لی ہیں یعنی قدرت، ارادے اور علم کی منازل۔ اور یہ ملک و شہادت اور ملکوت کے درمیان واسطہ ہے کیونکہ عالم ملک کا راستہ آسان ہے اور عالم ملکوت کا راستہ دشوار گذار ہے۔

جب کہ عالم جبروت جو عالم ملک اور عالم ملکوت کے درمیان ہے وہ اس کشتی کی طرح ہے جو پانی اور زمین کے درمیان

حرکت کرتی ہے اب نہ تو وہ پانی کے اضطراب کی حد میں ہے اور نہ ہی زمین کے سکون اور ٹھہراؤ کی حد میں، اور جو شخص زمین پر چلتا ہے وہ مُلک و شہادت کے عالم میں چلتا ہے اگر اس کی قوت تجاوز کرے اور کشتی پر سوار ہو سکے تو وہ اس طرح ہے کہ جیسے عالم جبروت میں چلتا ہے اگر کشتی کے بغیر پانی پر چلنے کی طاقت نہیں رکھتے تو واپس ہو جاؤ تم زمین سے آگے بڑھ گئے لیکن کشتی سے پیچھے رہ گئے اور اب تمہارے سامنے صاف پانی باقی رہ گیا اور عالم ملکوت کا پہلا مشاہدہ وہ قلم ہے جس کے ساتھ دل کی تختی پر علم نقش کیا جاتا ہے اور اس یقین کا حاصل ہونا ہے جس کے ذریعے وہ پانی پر چلتا ہے۔ کیا تم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی نہیں سنا۔

آپ نے فرمایا۔

لَوِ ازْدَادَ يَقِيْنًا لَمَشٰى عَلَى الْهَوَاءِ۔ (۱) اگر وہ یقین میں بڑھ جاتے تو ہوا پر چلتے۔

آپ نے یہ بات اس وقت فرمائی جب آپ سے عرض کیا گیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پانی پر چلتے تھے۔

سوال کرنے والے سالک نے کہا میں اپنے معاملے میں حیران ہوں اور میرے دل میں اس بات سے خوف پیدا ہوا جو تم نے راستے کا خطرہ بیان کیا ہے اور مجھے معلوم نہیں جو کچھ تم نے خوفناک راستے کا ذکر کیا ہے میں اس کو طے کرنے کی طاقت رکھتا ہوں یا نہیں تو کیا اس کی کوئی علامت ہے؟

علم نے کہا ہاں اپنی آنکھیں کھولو دونوں آنکھوں کی روشنی کو جمع کر کے میری طرف دیکھو اگر تمہارے سامنے وہ قلم آجائے جس کے ساتھ مجھے دل کی تختی پر لکھا جاتا ہے تو تم اس راستے کے اہل ہونے کے لائق ہے کیوں کہ جو آدمی عالم جبروت سے آگے بڑھ جائے اور ملکوت کے دروازوں کو کھٹکھٹائے اس پر قلم منکشف ہو جاتا ہے کیا تم نہیں دیکھتے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر پہلی مرتبہ ہی قلم واضح کر دیا گیا جب آپ پر یہ آیت نازل ہوئی۔

اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ۔ (۲) پڑھیے اور آپ کا رب زیادہ عزت والا ہے وہ جس نے قلم کے ذریعے سکھایا انسان کو وہ کچھ سکھایا جو وہ نہیں جانتا تھا۔

سالک نے کہا تم نے تو میری آنکھ کھول دی اللہ تعالیٰ کی قسم میں بانس اور لکڑی کو نہیں دیکھتا اور نہ قلم کو جانتا ہوں مگر اس طرح (جس طرح تم نے بیان کیا)

علم نے کہا تم اپنے مقصود سے دور ہو گئے کیا تم نے نہیں سنا کہ گھر کا سامان صاحب خانہ جیسا ہوتا ہے کیوں کہ تم نہیں

---

(۱) الفردوس بماثور الخطاب جلد ۳ ص ۳۷۰ حدیث ۵۱۲۲

(۲) قرآن مجید، سورۃ العلق آیت ۳، ۴، ۵

جانتے کہ کوئی بھی ذات اللہ تعالیٰ کی ذات کے مشابہ نہیں ہے اسی طرح اس کا ہاتھ (دست قدرت) دوسرے ہاتھوں، اس کا قلم دوسرے قلموں، اس کا کلام دوسرے کلاموں، اس کا خط دوسری تحریروں کی طرح نہیں ہے یہ امور الٰہیہ ہیں جن کا تعلق عالم ملکوت سے ہے اللہ تعالیٰ اپنی ذات میں جسم نہیں ہے اور نہ ہی وہ کسی مکان میں ہے جب کہ دوسروں (مخلوقات) کا معاملہ یہ نہیں ہے۔ اس کا ہاتھ گوشت، ہڈی اور خون کا نہیں ہے جب کہ دوسرے ہاتھ ان چیزوں سے بنے ہوئے ہیں اس کا قلم بانس (کانے) کا نہیں نہ اس کی تختی لکڑی کی ہے اس کا کلام آواز اور حروف سے مرکب نہیں اس کی تحریر نقوش نہیں نہ اس کی روشنائی پھٹکری اور مازو سے ہے (مازو ایک رنگ ہے جو روشنائی میں ڈالا جاتا ہے) اگر تم ان تمام چیزوں کو اس طرح نہیں دیکھتے تو میں تمہیں ہجڑا سمجھتا ہوں جو پاکیزگی کی مردانگی اور تشبیہ کی تانیث کے درمیان ہے دونوں کے درمیان ڈانواں ڈول ہے نہ ادھر کا نہ اُدھر کا۔ پس تو کس طرح اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کو جسموں اور ان کی صفات سے پاک قرار دے اور اس کے کلام کو حروف اور آوازوں سے پاک ہوگئے۔ تم نے اس کے ہاتھ، قلم، تختی اور خط میں غور وفکر کرنا شروع کردیا اگر تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی۔

اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَتِهٖ۔ (۱) بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی (یا ان کی) صورت پر پیدا فرمایا۔

(اس حدیث) سے ظاہر صورت سمجھے ہو جس کا ادراک آنکھ سے ہوتا ہے تو تم مطلقاً تشبیہ والوں میں ہوگئے جیسے کہا جاتا "محض یہودی بن جا ورنہ تورات کے ساتھ نہ کھیل" اور اگر اس سے باطنی صورت سمجھے ہو بصیرتوں کے ساتھ جس کا ادراک ہوتا ہے آنکھوں کے ساتھ نہیں تو محض اس کی پاکیزگی بیان کرنے والے بن جاؤ اور راستے کو لپیٹ دو کیوں کہ تم مقدس وادی تک پہنچ چکے ہو اور اپنے دل کی گہرائی کے ساتھ اس بات کو سنو جو وحی کی جاتی ہے شاید تمہیں آگ کی طرف راہنمائی مل جائے اور شاید تمہیں عرش کے پردوں کے پیچھے سے آواز دی جائے جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کو آواز دی گئی۔

اِنِّیْۤ اَنَا رَبُّكَ۔ (۲) بے شک میں تمہارا رب ہوں۔

جب سالک نے علم سے یہ بات سنی تو اسے اپنے نفس کی کوتاہی کا شعور حاصل ہوا اور یہ کہ وہ تشبیہ اور تنزیہ کے درمیان ہجڑے کی صورت میں ہے تو اسے اپنے نفس پر اس قدر غصہ آیا کہ اس کی گرمی سے اس کے دل میں آگ شعلہ زن ہوئی جب اس نے اپنے نفس کو نقصان کی آنکھ سے دیکھا اور اس کے دل کے چراغ میں جو تیل تھا قریب تھا کہ وہ آگ کے پہنچے بغیر روشن ہو جائے اور جب اس کی گرمی کی وجہ سے اس میں علم پھونکا گیا تو اس تیل نے شعلہ پکڑا اور اس کی روشنی بڑھ گئی اب علم نے اس سے کہا کہ اس فرصت کو غنیمت جانو اور اپنی آنکھ کھولو شاید تم آگ پر راہنمائی حاصل کرو چنانچہ اس نے

---

(۲) قرآن مجید سورۂ طٰہٰ آیت ۱۲

آنکھ کھولی تو اس کے لیے قلم الہٰی منکشف ہو گئی اس نے دیکھا کہ تنزیہ کے سلسلے میں وہ اسی طرح ہے جیسے علم نے بیان کیا تھا نہ وہ لکڑی سے بنی ہے اور نہ کانے (نڑ) سے نہ اس کا سر ہے اور نہ دُم، وہ ہمیشہ انسانوں کے دلوں پر مختلف علوم لکھتی ہے اور ہر دل میں اس کا ایک سر ہے حالانکہ اس کا اپنا کوئی سر نہیں ہے تو اس سے میرا تعجب مکمل ہوا اور اس نے کہا بہترین ساتھی علم ہے اللہ تعالیٰ اسے میری طرف سے اچھی جزاء عطا فرمائے کیوں کر اب میرے لیے واضح ہوا کہ اس نے قلم کے بارے میں جو کچھ بیان کیا تھا وہ سچ ہے اب میں اس قلم کو دوسری قلموں کی طرح نہیں دیکھتا۔

اس وقت اس سالک نے علم کو رخصت کیا اور اس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا میں نے تمہارا بہت وقت لیا اور بہت بحث کی اب میں ارادہ کرتا ہوں کہ قلم کے پاس حاضری کے لیے سفر کروں اور اس کا معاملہ پوچھوں چنانچہ اس نے اس کی طرف سفر کیا اور اس سے پوچھا اے قلم! تجھے کیا ہوا کہ تو ہمیشہ دلوں پر وہ علوم لکھتی رہتی ہے جن کے ذریعے ارادے تقدیر کی طرف اٹھتے ہیں اور پھر مقدورات کی طرف جاتے ہیں۔ اس نے کہا کیا تو وہ سب کچھ بھول گیا جو تو نے مُلک و شہادت میں دیکھا اور قلم سے تم نے سوال کیا تو اس نے جواب دیتے ہوئے تمہیں ہاتھ کی طرف پھیر دیا، اس نے کہا میں نہیں بھولا اس نے کہا میرا بھی وہی جواب ہے اس نے کہا یہ کس طرح ہو سکتا ہے تو اس کی طرح تو نہیں ہے قلم نے کہا کیا تو نے سنا نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی صورت پر پیدا کیا؟ اس نے کہا ہاں سنا ہے اس نے کہا میرے بارے میں اس سے پوچھ جس کو یمین الملک کہا جاتا ہے میں اس کے قبضہ میں ہوں اور وہی مجھے پھیرتا ہے میں تو اس کے حکم کے تابع اور اس کے لیے مسخر ہوں۔ پس تسخیر اور قابو میں ہونے کے اعتبار سے قلم الہٰی اور انسانی قلم میں کوئی فرق نہیں فرق تو صرف ظاہری صورت کا ہے اس نے پوچھا یمین الملک کون ہے؟ قلم نے جواب دیا کیا تم نے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد نہیں سنا۔

وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ۔ اور تمام آسمان اس کے دائیں ہاتھ (اس کی قدرت) کے ساتھ لپیٹے گئے ہیں۔ (۱)

اس نے کہا یہ آیت سنی ہے قلم نے کہا قلمیں بھی تو اس کے قبضۂ یمین میں ہیں اور وہی ان کو ادھر اُدھر پھیرتا ہے۔ اب اس سالک نے یمین کی طرف سفر شروع کر دیا حتیٰ کہ اسے دیکھا اور اس کے عجائب بھی دیکھے جو قلم کے عجائب سے زیادہ تھے اور ان میں سے کسی کا وصف بیان نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اس کی وضاحت کی جا سکتی ہے بلکہ کئی جلدوں میں اس کا سواں حصہ بھی نہیں آ سکتا۔ خلاصہ یہ ہے کہ وہ یمین (دایاں ہاتھ) ہے لیکن دوسرے دائیں ہاتھوں کی طرح نہیں انگلی ہے لیکن دوسری انگلیوں جیسی نہیں۔

اس نے دیکھا کہ قلم اس یمین کے قبضہ میں حرکت کر رہی ہے تو اس کے سامنے قلم کا عذر ظاہر ہو گیا اس نے یمین سے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ زمر آیت ۶۷

اس کے معاملے اور قلم کو حرکت دینے کے بارے میں سوال کیا تو اس نے جواب دیا اس نے کہا میرا وہی جواب ہے جو تونے عالم شہادت کسے دائیں ہاتھ سے سنا یعنی اس نے کہا تھا قدرت و طاقت سے پوچھو کیوں کہ ہاتھ ذاتی طور کچھ نہیں کر سکتا اسے قدرت حرکت دیتی ہے۔

پھر اس نے عالم قدرت کی طرف سفر کیا اور اس میں ایسے عجائب دیکھے جن کے سامنے پہلے کے عجائب معمولی معلوم ہوئے اور اس سے یمین کو حرکت دینے کے بارے میں پوچھا اس نے جواب دیا کہ میں ایک صفت ہوں تو قادر سے پوچھ کیوں کہ اعتماد موصوف پر ہوتا ہے صفت پر نہیں۔

اس وقت قریب تھا کہ سالک لغزش کھا جاتا اور زبان سوال جرأت کر جاتی لیکن اسے قولِ ثابت کے ساتھ استقلال نصیب ہوا اور اسے دربار خداوندی کے پردوں کے پیچھے سے آواز دی گئی - ارشاد ہوا۔

لَا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ۔ (۱) اس سے اس کے فعل کے بارے میں نہیں پوچھا جاتا البتہ ان سے (مخلوق سے) پوچھا جائے گا۔

یہ سن کر اس پر ہیبت طاری ہو گئی اور وہ بیہوش ہو کر گر پڑا اور اپنی بیہوشی میں تڑپتا رہا جب افاقہ ہوا تو کہا یا اللہ! تو پاک ہے تیری شان کس قدر عظیم ہے میں نے تیری بارگاہ میں توبہ کی، تجھ پر بھروسہ کیا اور اس بات پر ایمان لایا کہ تو ہی بادشاہ جبار ہے واحد و قہار ہے میں تیرے غیر سے نہیں ڈرتا اور نہ ہی تیرے سوا کسی سے امید رکھتا ہوں تیرے عذاب سے تیرے ہی عفو و درگزر میں پناہ لیتا ہوں تیری ناراضگی سے تیری رضا میں پناہ تلاش کرتا ہوں مجھے اس کے سوا کوئی کام نہیں کہ میں تیری بارگاہ میں گڑگڑاؤں اور تیرے سامنے التجا کروں کہ تو میرا سینہ کھول دے تاکہ میں تجھے پہچان سکوں اور میری زبان کی گرہ کھول دے تاکہ میں تیری حمد و ثنا کر سکوں۔

تو حجاب کے پیچھے سے آواز دی خبردار ثنا کی طمع نہ کرنا اور سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم سے آگے بڑھنے کی کوشش نہ کرنا بلکہ ان ہی کی طرف رجوع کرو وہ جس بات کا حکم دیں اس پر عمل کرو اور جس کام سے روکیں اس سے رُک جاؤ انہوں نے جو کلمات کہے وہی کہو انہوں نے اس دربار میں صرف اتنا کہا۔

سُبْحَانَكَ لَا اُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ۔ (۲) یا اللہ! تو پاک ہے میں تیری ثنا بیان نہیں کر سکتا تو اسی طرح ہے جیسے تو نے خود اپنی ثنا بیان فرمائی۔

اس نے عرض کیا الٰہی! اگر زبان تیری ثنا نہیں کر سکتی تو کیا دل کو بھی تیری معرفت کی طمع ہو سکتی ہے یا نہیں تو آواز دی گئی

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ انبیاء آیت ۲۳

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۵۸ مرویات عائشہ

صدیقین کی گردنیں پھلانگنے سے بچو اور صدیق اکبر کی طرف لوٹ جاؤ اور ان کی اقتدا کرو کیوں کہ سیدالانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام ستاروں کی مثل ہیں جس کی اقتدا کرو گے، ہدایت پاؤ گے کیا تم نے نہیں سنا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

لَا مُجْزُ عَنْ دَرْكِ الْإِدْرَاكِ إِدْرَاكٌ ۔ (۱)　　　اس کو پانے سے عاجز ہونا ہی اسے پانا ہے۔

تو اے سالک! ہماری بارگاہ سے تیرا حصہ اسی قدر ہے کہ تو اس بات کو جان لے کہ تو ہماری بارگاہ سے محروم ہے اور ہمارے جلال و جمال کے ملاحظہ سے عاجز ہے۔

تو اس وقت سالک نے رجوع کیا اور اپنے سوال اور عتاب سے معذرت کی اور یمین، قلم، علم، ارادے، قدرت اور بعد کی چیزوں سے کہا میرا عذر قبول کر دیں اجنبی تھا اور اس شہر میں نیا نیا آیا تھا اور ہر آنے والے کے لیے دہشت ہوتی ہے میرا تمہارے اوپر اعتراض کوتاہی اور جہالت کی وجہ سے تھا اب تمہارا عذر میرے نزدیک صحیح ہو گیا اور میرے سامنے یہ بات واضح ہو گئی کہ ملک و ملکوت کا واحد بادشاہ اور عزت و جبروت والا واحد قہار ہے اور تم سب اس کے قبضہ قدرت میں مسخر ہو وہی اول و آخر ہے اور وہی ظاہر و باطن ہے۔

پس جب سالک نے یہ بات عالم ظاہر میں بیان کی تو اس پر اعتراض کیا گیا اور کہا گیا کہ وہ (اللہ تعالیٰ) کس طرح اول اور آخر ہو سکتا ہے جب کہ یہ دونوں صفتیں ایک دوسرے کی ضد ہیں اور کس طرح وہ ظاہر بھی ہے اور باطن بھی؛ کیوں کہ جو اول ہے وہ آخر نہیں اور جو ظاہر ہے وہ باطن نہیں تو اس نے کہا وہ تمام موجودات کے اعتبار سے اول ہے کیوں کہ تمام موجودات ترتیب کے ساتھ ایک ایک کر کے اسی سے صادر ہوئے ہیں اور جو اس کی طرف چلنے والے ہیں ان کی نسبت سے وہی آخر ہے کیوں کہ وہ ہمیشہ ایک منزل سے دوسری منزل کی طرف جاتے ہیں یہاں تک کہ اس کی بارگاہ بے کس پناہ پر انتہا ہوتی ہے تو سفر کا اختتام وہیں ہوتا ہے پس وہ مشاہدہ میں سب سے آخر اور وجود میں سب سے پہلے ہے۔

اور جو لوگ حواس خمسہ کے ذریعے اس کا ادراک کرنا چاہتے ہیں اور عالم شہادت میں بیٹھے ہوئے ہیں ان کی نسبت سے وہ باطن ہے اور جو لوگ باطنی بصیرت جو عالم ملکوت میں ہے کی وجہ سے دل میں روشن چراغ میں اس کو تلاش کرتے ہیں ان کی نسبت سے وہ ظاہر ہے تو جو لوگ فعلی توحید کے راستے پر چلتے ہیں ان کی توحید اس طرح ہے یعنی ان پر منکشف ہو جاتا ہے کہ فاعل ایک ہے۔

سوال:

اس عقیدۂ توحید کی انتہا یہ ہے کہ یہ عالم ملکوت پر ایمان لانے پر مبنی ہے تو جو شخص اس بات کو نہ سمجھے یا اس کا انکار کرے اس کا کیا طریقہ ہے؟

جواب:

منکر کا کوئی علاج نہیں ہاں اس سے یہ کہا جائے کہ تمہارا عالم ملکوت سے انکار اسی طرح ہے جس طرح فرقہ سمینہ

عالم جبروت کا انکار کرتا ہے اور یہ وہ لوگ ہیں جن کے نزدیک علم حواس خمسہ ہی میں منحصر ہے انہوں نے قدرت، ارادے اور علم کا انکار کیا کیوں کہ ان چیزوں کا تعلق حواس خمسہ سے نہیں ہے پس انہوں نے عالم شہادت کی پستی ہی کو اختیار کر لیا۔

اگر وہ (منکر) کہے کہ میں بھی ان ہی لوگوں میں سے ہوں میں تو صرف حواس خمسہ کے ذریعے عالم شہادت تک ہی ہدایت پا سکتا ہوں اور اس کے سوا میں کسی بات کو نہیں جانتا تو کہا جائے گا کہ تمہارا ان چیزوں کا انکار کرنا جن کا ہم نے مشاہدہ کیا اور ان کا حواس خمسہ سے تعلق نہیں ہے اسی طرح ہے جیسے سوفسطائیہ فرقہ حواس خمسہ کا انکار کرتا ہے وہ کہتے ہیں ہم جو کچھ دیکھتے ہیں اس پر یقین نہیں کر سکتے کیوں کہ ہو سکتا ہے ہم نے اسے خواب میں دیکھا ہو۔

اور اگر وہ کہے کہ میں ان سب میں سے ہوں کیوں کہ میں تو محسوسات میں بھی شک کرتا ہوں تو کہا جائے گا کہ اس شخص کا دماغ خراب ہو گیا ہے اور اس کا علاج نہیں ہو سکتا اسے کچھ دن چھوڑ دیا جائے کیوں کہ طبیب ہر مریض کا علاج نہیں کر سکتا ـــ تو یہ منکر کا حکم ہے۔

اور جو شخص انکار نہیں کرتا لیکن اس کو سمجھ نہیں آتی تو سالکین کو چاہیے کہ اس کے ساتھ یہ طریقہ اختیار کریں کہ اس کی اس آنکھ کو دیکھیں جس کے ساتھ عالم ملکوت کو دیکھا جاتا ہے اگر وہ اصل کے اعتبار سے صحیح ہے لیکن اس میں سیاہ پانی اتر آیا ہے جسے دور کر کے آنکھ کو صاف کیا جا سکتا ہے تو اسے صاف کرنے میں مشغول ہوں جس طرح سُرمے کے ذریعے ظاہری آنکھ کو صحیح کیا جاتا ہے پھر جب بینائی صحیح ہو جائے تو اس کو راستہ بتایا جائے جیسے حضور علیہ السلام نے خاص خاص صحابہ کرام کے ساتھ یہ طریقہ اختیار فرمایا۔

اور اگر وہ علاج کے قابل ہی نہ ہو تو جو طریقہ ہم نے توحید کے بارے میں لکھا ہے اس کے لیے وہ ممکن نہیں اور اس کے لیے یہ بھی ممکن نہیں کہ وہ مُلک و ملکوت کے ذرات کی شہادتِ توحید کو سُن سکے ایسے شخص کے ساتھ حروف و آواز کے ذریعے ہی کلام کیا جائے اور توحید کے سلسلے میں بلند گفتگو اس کے کمزور ذہن کے مطابق کی جائے کیوں کہ عالم شہادت میں بھی توحید ہے کیوں کہ ہر آدمی جانتا ہے کہ ایک گھر دو آدمیوں کی وجہ سے اور ایک شہر دو حاکموں کی وجہ سے خراب ہو جاتا ہے لہذا اس شخص کی عقل کے مطابق کہا جائے کہ تمام جہاں کا معبود اور مدبر ایک ہے کیوں کہ دو معبود ہوتے تو زمین و آسمان کا نظام خراب ہو جاتا تو یہ تقریر اس کے اس ذوق کے مطابق ہو گی جو وہ ظاہری عالم میں دیکھتا ہے تو اس طرح اس کی عقل کے مطابق اس کے دل میں توحید کا پودا لگ جائے گا۔

اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہم السلام کو مکلف بنایا کہ لوگوں سے ان کی عقلوں کے مطابق کلام کریں اسی لیے اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک عربی زبان میں اہل عرب کی باہمی گفتگو کے طریقے پر نازل فرمایا (یعنی جس انداز کی عربی وہ عام روز مرہ زندگی میں بولتے ہیں اسی انداز کی عربی میں قرآن پاک نازل کیا گیا)

سوال :

اس قسم کی اعتقادی توحید اس بات کی صلاحیت نہیں رکھتی کہ وہ توکل کی بنیاد قرار پائے۔

جواب:

جب اعتقاد مضبوط ہو تو وہ احوال کے پیدا کرنے میں کشف کا عمل کرتا ہے لیکن عام طور پر وہ کمزور ہوتا ہے اور اضطراب اور تزلزل اس میں جلدی سرایت کرتا ہے یہی وجہ ہے کہ ایسے عقیدہ والا کسی علم کلام والے کا محتاج ہوتا ہے جو اپنے کلام کے ذریعے اس کی حفاظت کرے یا وہ خود علم کلام سیکھے جس کے ذریعے اس عقیدے کی حفاظت کرے جو اس نے اپنے استاذ یا اپنے والدین یا شہر والوں سے حاصل کیا لیکن جو شخص راستے کا مشاہدہ کرتا اور خود اس پر چلتا ہے اس پر کسی بات کا خوف نہیں ہوتا بلکہ پردہ اٹھ جانے سے یقین نہیں بڑھتا لیکن خلقت کی تفصیل زیادہ واضح ہو جاتی ہے جیسے ایک شخص کسی انسان کو صبح کی سفیدی میں دیکھتا ہے تو طلوع شمس کے وقت اس بات کا یقین نہیں بڑھتا کہ وہ انسان ہے البتہ اس کی جسمانی ساخت کی تفصیل زیادہ واضح ہوتی ہے۔

ارباب کشف اور اصحاب عقیدہ کی مثال فرعون کے جادوگروں اور سامری کے ساتھیوں جیسی ہے فرعون کے جادوگر جب اپنے طویل مشاہدے اور تجربے کی وجہ سے جادو کی تاثیر کی انتہا پر مطلع تھے تو انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے وہ عمل دیکھا جو جادو کی حدود سے تجاوز کر گیا اور ان کے لیے حقیقت امر منکشف ہو گئی پس انہوں نے فرعون کی اس بات کی پرواہ نہ کی اس نے کہا تھا۔

لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِنْ خِلَافٍ۔ (۱)	میں تمہارے ایک طرف کے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں ضرور کاٹوں گا۔

تو انہوں نے اس بات کی پرواہ نہ کی اور جواب دیا۔

قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا۔ (۲)	جو واضح دلائل ہمارے پاس آ چکے ہیں ہم ان پر تجھے ترجیح نہیں دیں گے اور اس ذات پر بھی جس نے ہمیں پیدا کیا پس تو جو کچھ کرنا چاہتا ہے کر لے یہ دنیوی زندگی تو ختم ہو جائے گی۔

لیکن جب سامری کے ساتھیوں کی نظر سانپ کے ظاہر پر تھی تو جب انہوں نے سامری کے بچھڑے کو دیکھا اور اس کی آواز کو سنا تو ان میں تبدیلی آ گئی انہوں نے سامری یہ بات سنی۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ طٰہٰ آیت ۷۱

(۲) قرآن مجید، سورۃ طٰہٰ آیت ۷۲

هٰذَآ اِلٰـهُكُمْ وَاِلٰـهُ مُوْسٰى ۔ (۱)   یہ تمہارا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا معبود ہے ۔
اور وہ اس بات کو بھول گئے کہ یہ بچھڑا ان کی بات کا جواب نہیں دے سکتا اور نہ ہی ان کے لیے نفع اور نقصان کا مالک ہے پس جو شخص سانپ کے ظاہر کو دیکھ کر ایمان لایا وہ لازماً انکار کر گیا جب اس نے بچھڑے کو دیکھا کیوں کہ دونوں کا تعلق ظاہر سے تھا اور ظاہری عالم میں اختلاف اور تضاد بہت زیادہ ہے ۔
لیکن عالم ملکوت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اس لیے تم اس میں اختلاف اور تضاد بالکل نہیں پاتے ۔

سوال :

آپ نے توحید کے بارے میں جو کچھ ذکر کیا ہے وہ ظاہر بات ہے جب یہ بات ثابت ہو جائے کہ وسائل اور واسطے مسخر ہیں یہ سب باتیں ظاہر ہیں لیکن انسان کا معاملہ الگ ہے وہ چاہے تو حرکت کرتا ہے اور چاہے تو ٹھہرا رہتا ہے پس وہ کس طرح مسخر ہو گا ۔

جواب :

جان لو! کہ اگر اس کے ساتھ یہ بات بھی ہو کہ انسان جب کسی بات کو چاہنا چاہتا ہے تو چاہتا ہے اور جب اس کی مشیت نہیں ہوتی تو نہیں چاہتا تو یہاں قدم پھسلتا ہے اور غلطی لگتی ہے۔ لیکن جان لو کہ جب وہ چاہتا ہے تو جو کچھ چاہتا ہے وہ کرتا ہے وہ کرنا چاہے یا نہ، تو چاہنا اس کے اختیار میں نہیں ہے کیوں کہ اگر مشیت اس کے اختیار میں ہوتی تو وہ دوسری مشیت کا محتاج ہوتا تو لامتناہی سلسلہ شروع ہو جاتا۔ پس جب مشیت پائی جائے جو قدرت کو مقدور کی طرف پھیرتی ہے تو قدرت لازماً پھر جاتی ہے اور اس کے مخالف کا کوئی راستہ نہیں ہوتا۔ کیوں کہ قدرت کے لیے حرکت لازمی اور ضروری ہے ۔
اور جب مشیت پکی ہو جائے تو قدرت ضرور حرکت کرتی ہے اور مشیت دل میں ایک ضرورت پیدا کرتی ہے اور یہ ضرورتیں ایک دوسری پر مرتب ہوتی ہیں ۔ اور بندے کے اختیار میں نہیں کہ وہ مشیت کے وجود کو دور کر سکے اور نہ ہی مشیت کے بعد قدرت کو مقدور تک جانے سے روک سکتا ہے اور جب مشیت قدرت کو اٹھاتی ہے تو اب حرکت کے وجود کو بھی نہیں روک سکتا وہ ان تمام باتوں میں مجبور ہے ۔

جبر و اختیار :

سوال :

یہ تو محض جبر ہے اور جبر، اختیار کے خلاف ہے اور آپ اختیار کا انکار بھی نہیں کرتے تو مجبور آدمی، مختار کیسے ہو گا ۔

---

(۱) قرآن مجید، سورہ طٰہٰ آیت ۸۸

جواب:

اگر پردہ اٹھ جائے تو معلوم ہو جائے کہ وہ عین اختیار میں مجبور ہے پس وہ اختیار پر مجبور ہے تو جس کو اختیار کی سمجھ نہ ہو وہ اس بات کو کیسے سمجھ سکتا ہے اس لیے ہم اہل کلام کی زبان میں اختیار کی مختصر تشریح کرتے ہیں جو ہمارے جیسے تابع شخص کے لائق ہے کیوں کہ اس کتاب میں ہم نے صرف علم معاملہ کا قصد کیا ہے لیکن ہم کہتے ہیں۔

انسان میں فعل کا اطلاق تین طریقوں پر ہوتا ہے جب کہا جاتا ہے کہ انسان انگلیوں سے لکھتا ہے اور پھیپھڑے اور سانس کی نالی سے سانس لیتا ہے اور جب پانی پر کھڑا ہوا تو اپنے جسم سے اس کو پھاڑتا ہے تو پانی کو پھاڑنا، سانس لینا اور کتابت اس کی طرف منسوب ہوتی ہے۔ یہ تین امور اضطرار اور جبر کی حقیقت میں ایک ہی ہیں اس کے بعد کچھ امور میں مختلف ہیں پس ہم اس سلسلے میں تمہارے لیے تین عبارتیں واضح کرتے ہیں جب آدمی پانی کے اوپر کھڑا ہوتا ہے اور پانی کو پھاڑ دیتا ہے تو اس کو طبعی فعل کہتے ہیں سانس لینے کو ارادی فعل کہا جاتا ہے اور کتابت کو ہم اختیاری فعل کہتے ہیں طبعی فعل میں جبر (مجبور ہونا) ظاہر ہے کیوں کہ جب وہ پانی کے اوپر کھڑا ہوتا ہے چھت سے فضا میں گرتا ہے تو ہوا لا محالہ پھٹ جاتی ہے اور اس کے بعد اس پھٹن کا پایا جانا ضروری ہوتا ہے۔

سانس لینا بھی اسی معنیٰ میں ہے کیوں کہ گلے کی حرکت کی سانس لینے کی طرف نسبت اسی طرح ہے جیسے پانی کے پھٹنے کی نسبت بدن کے بوجھ کی طرف ہوتی ہے تو جب بوجھ موجود ہوگا تو اس کے بعد پھٹنا ضروری ہوگا اور بوجھ اس کے اختیار میں نہیں اسی طرح ارادہ بھی اس کے اختیار میں نہیں اسی لیے اگر کسی انسان کی آنکھ کی طرف سوئی کے ساتھ اشارہ کیا جائے تو مجبوراً آنکھیں بند ہو جاتی ہیں اور وہ ان کو کھلا رکھنے کا ارادہ کرے تو اس بات پر قادر نہیں ہوتا حالانکہ مجبوراً پلکوں کو بند کر دینا ہے اور ملاناً ارادی فعل ہے لیکن جب سوئی کی صورت اس کے مشاہدہ میں ادراک کے ساتھ آتی ہے تو آنکھیں بند کرنے کا ارادہ لازماً پیدا ہو جاتا ہے اور اس کے ساتھ حرکت بھی پیدا ہوتی ہے اور اگر وہ اس کو اسی حالت میں چھوڑنا چاہے تو ایسا نہیں کر سکتا۔ حالاں کہ یہ فعل قدرت اور ارادے کے ساتھ ہے اور ضروری ہونے کی وجہ سے فعل طبعی کے ساتھ مل چکا ہے۔

اور فعل کی تیسری صورت یعنی اختیاری فعل میں التباس ہوتا ہے جیسے کتابت اور گفتگو، اور اسی کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ چاہے تو کرے اور چاہے تو نہ کرے اور کبھی چاہتا ہے اور کبھی نہیں چاہتا تو اس وجہ سے گمان ہوتا ہے کہ یہ اس کے اختیار میں ہے اور یہ قول اختیار کے معنیٰ سے عدم واقفیت کی وجہ سے کیا جاتا ہے لہٰذا ہم اختیار کا مفہوم واضح کرتے ہیں۔

اختیار کا مفہوم:

اس کا بیان یہ ہے کہ ارادہ اس علم کے تابع ہے جو اس بات کا فیصلہ کرتا ہے کہ کوئی چیز تمہارے موافق ہے اور اشیاء کی دو قسمیں ہیں ایک قسم میں وہ اشیاء شامل ہیں کہ انسان کا ظاہری یا باطنی مشاہدہ کسی حیرانگی اور تردد کے بغیر اس بات کا فیصلہ کرتا ہے کہ وہ چیز تمہارے موافق ہے اور دوسری قسم ان اشیاء پر مشتمل ہے جن میں عقل ڈانواں ڈول ہوتی ہے تو

جس میں قطعی فیصلہ ہوتا ہے کوئی تردد نہیں ہوتا اس کی مثال جیسے کوئی سوئی تمہاری آنکھ کا یا تلوار تمہارے بدن کا ارادہ کرتی ہے تو تمہارے علم میں تردد نہیں ہوتا کہ اس کو دور کرنا تمہارے لیے بہتر اور موافق ہے تو علم کے ساتھ ارادہ اور ارادے کے ساتھ قدرت حرکت میں آتی ہے اور پلکوں کی حرکت سوئی کو دور کرنے اور ہاتھ کی حرکت تلوار کو دور کرنے کے لیے سامنے آتی ہے لیکن اس میں کسی قسم کی سوچ اور فکر کا تعلق نہیں ہوتا۔ اور یہ کام صرف ارادے کے تحت ہوتا ہے۔

اور بعض کام وہ ہیں جن میں تمیز اور عقل کا دخل ہوتا ہے اور آدمی کو معلوم نہیں ہوتا کہ وہ کام اس کے موافق ہے یا نہیں؟ لہٰذا وہ دیکھنے اور غور و فکر کا محتاج ہوتا ہے تاکہ اس بات میں امتیاز کر سکے کہ اس کام کے کرنے میں بھلائی ہے یا چھوڑنے میں ـــ اور جب دیکھنے اور سوچنے کے ذریعے اس بات کا علم ہو جائے کہ ان میں سے ایک میں بھلائی ہے (کرنے یا چھوڑنے میں) تو جس کے بارے میں قطعی علم حاصل ہوا کسی غور و فکر کے بغیر اس پر عمل پیرا ہو جاتا ہے تو یہاں ارادہ اسی طرح پیدا ہوتا ہے جس طرح وہ تلوار اور تیر کو دور کرنے کے لیے پیدا ہوا تھا پس جب اس فعل کے لیے ارادہ پیدا ہو جس کے بارے میں عقل کے لیے واضح ہوا ہو کہ یہ فعل بہتر ہے تو اس ارادے کا نام اختیار ہے جو خیر (بھلائی) سے مشتق ہے یعنی اس کام کی طرف اٹھا جس کے بارے میں عقل کہتی ہے کہ یہ بہتر ہے اور یہ بعینہٖ ارادہ ہے اس کے حرکت میں آنے کے لیے اس چیز کا انتظار نہیں کیا جاتا ہے جس کے لیے پہلے ارادے نے انتظار کیا اور وہ اس آدمی کے حق میں فعل کا اچھا ہونا ہے لیکن تلوار کو دور کرنے کا بہتر ہونا کسی سوچ و بچار کے بغیر معلوم ہوا بلکہ بدیہی طور پر معلوم ہے اور یہ دوسرا ارادہ غور و فکر اور سوچ و بچار کا محتاج ہے۔

تو اختیار ایک خاص ارادے کا نام ہے اور یہ ارادہ عقل کے اشارے سے اٹھتا ہے اور ایسے فعل میں ہوتا ہے جس کے ادراک میں توقف ہوتا ہے اسی لیے کہا گیا کہ عقل کی ضرورت دو اچھی باتوں کے درمیان اور دو بری باتوں کے درمیان امتیاز پیدا کرنے کے لیے پڑتی ہے۔ اور اس بات کا تصور نہیں ہو سکتا کہ ارادہ محسوس کرنے اور خیال کرنے کے بغیر یا عقل کے قطعی فیصلے کے بغیر وجود میں آئے یہی وجہ ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی گردن کاٹنا چاہے تو اس بات پر قادر نہیں ہوتا اس لیے نہیں کہ اسے اپنے ہاتھ یا چھری پر قدرت حاصل نہیں بلکہ اس لیے کہ وہ ارادہ جو قدرت کو دعوت دیتا ہے، مفقود ہے اور ارادہ اس لیے مفقود ہوتا ہے کہ وہ عقل یا حس کے ذریعے حرکت میں آتا ہے جب فعل موافق ہو۔ جب کہ اپنے آپ کو قتل کرنا اس کے موافق نہیں ہے اس لیے اپنے آپ کو قتل کرنے پر اعضاء کی قوت حاصل ہونے کے باوجود وہ ایسا نہیں کر سکتا البتہ یہ کہ اسے اتنی سخت تکلیف ہو جس کی طاقت نہ رکھتا ہو اس صورت میں عقل فیصلہ کرنے میں تردد کرتی ہے اور فوراً فیصلہ نہیں کرتی کیوں کہ یہ دو خرابیوں کے درمیان تردد ہے پس اگر غور و فکر کے بعد اس بات کو ترجیح حاصل ہو جائے کہ قتل کو چھوڑنے میں شر کم ہے تو اس صورت میں اپنے آپ کو قتل نہیں کر سکے گا اور عقل یہ فیصلہ کرے کہ قتل کی صورت میں شر کم ہے اور اس کا فیصلہ پکا ہو اس میں کوئی میلان یا پھیرنے والی بات نہ ہو تو اب ارادہ اور قدرت دونوں جوش میں آتے ہیں اور وہ اپنے آپ کو ہلاک کر دیتا ہے جیسے کوئی شخص کسی کے پیچھے تلوار لے کر دوڑے کہ اسے قتل کر دے تو وہ اپنے آپ کو چھت سے گرا

دیتا ہے اگرچہ یہ باعث ہلاکت ہے لیکن وہ اس بات کی پرواہ نہیں کرتا اور اپنے آپ کو گرانے سے بچانا اس کے لیے ممکن نہیں ہوتا اور اگر اس کا پیچھا صرف اس لیے کیا جا رہا ہے کہ اسے ہلکی مار ماری جائے پس جب وہ چھت کے کنارے پر پہنچتا ہے تو عقل فیصلہ کرتی ہے کہ گرانے کی نسبت مار کھا لینا آسان ہے تو اس کے اعضاء ٹھہر جاتے ہیں اور وہ اپنے آپ کو نیچے پھینک نہیں سکتا۔ اور اس کام کا ارادہ بھی نہیں کرتا کیوں کہ جو چیز ارادے کو دعوت دیتی ہے وہ عقل اور حس کے حکم کے تابع ہے اور قدرت اس داعیہ (ارادے کو دعوت دینے والی بات) کے تابع ہے اور حرکت قدرت کے سامنے مسخر ہے اور یہ سب باتیں انسان میں لازماً پیدا ہوتی ہیں لیکن اس کو علم نہیں ہوتا وہ ان امور کا محل اور جاری ہونے کی جگہ ہے یہ مطلب نہیں کہ یہ اس سے صادر ہوتے ہیں۔

تو اس وقت مجبور ہونے کا معنیٰ یہ ہوا کہ یہ سب باتیں اس میں غیر کی طرف سے حاصل ہوتی ہے اس سے نہیں اور مختار ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس ارادے کا محل ہے جو اس میں مجبوراً پیدا ہوا جب عقل نے فیصلہ کیا کہ فعل محض بھلائی پر مبنی اور موافق ہے اور حکم بھی جبراً ہوا تو وہ اختیار پر مجبور ہے مثلاً آگ کا جلانے والا عمل محض جبر ہے اور اللہ تعالیٰ کا فعل اختیار محض ہے اور انسان کا عمل دونوں منزلوں کے درمیان ہے کیوں کہ یہ اختیار پر جبر ہے پس اہل حق نے اس کے لیے ایک تیسری عبارت تلاش کی کیوں کہ یہ تیسرا فن ہے تو انہوں نے قرآن پاک کی اقتداء میں اسے کسب کہا اور یہ جبر یا اختیار نہیں ہے بلکہ سمجھنے والوں کے نزدیک یہ دونوں کا جامع ہے۔

اور اللہ تعالیٰ کے فعل کو اختیار کہتے ہیں لیکن شرط یہ ہے کہ اختیار سے وہ ارادہ مراد نہ لیا جائے جو حیرانگی اور تردد کے بعد ہوتا ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے حق میں یہ بات محال ہے اور لغات میں جتنے الفاظ مذکور ہیں ان سب کو اللہ تعالیٰ کے حق میں استعمال کرنا محال ہے البتہ مجازی استعمال ہو سکتا ہے اور اس بات کا ذکر اس علم کے لائق بھی نہیں اور طوالت کا باعث بھی ہے۔

<u>سوال:</u>

کیا آپ یہ بات کہتے ہیں کہ علم نے ارادہ پیدا کیا اور ارادے سے قدرت ظہور میں آئی اور قدرت نے حرکت کو جنم دیا اور ہر دوسری بات پہلی سے پیدا ہوئی اگر تم اس بات کو مانتے ہو تو گویا تم یوں کہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے بغیر یہ چیزیں ایک دوسرے سے پیدا ہوئیں اور اگر تم اس بات کو نہیں مانتے تو ان میں سے بعض کے بعض پر مرتب ہونے کا کیا مطلب ہے؟

<u>جواب:</u>

یہ بات کہنا کہ یہ باتیں ایک دوسرے سے پیدا ہوتی ہیں محض جہالت ہے اسے پیدا ہونا کہیں یا کوئی دوسرا لفظ استعمال کریں بلکہ ان سب کا حوالہ اس معنیٰ پر ہے جس قدرت ازلیہ کہتے ہیں اور یہ وہی اصل ہے جس سے عام لوگ واقف نہیں سوائے ان لوگوں کے جو علم میں راسخ ہیں وہ اس کی ماہیت کو جانتے ہیں اور عوام تو محض اس لفظ کو جانتے ہیں اور اس

ہیں انسانی قدرت کے ساتھ ایک قسم کی مشابہت سمجھتے ہیں اور یہ بات حق سے دور ہے اور اس کا بیان بھی طویل ہے۔

البتہ بعض مقدورات دوسرے بعض پر پیدا ہونے کے حوالے سے مرتب ہوتے ہیں جس طرح مشروط، شرط پر مرتب ہے پس قدرت ازلیہ سے ارادہ علم کے بعد ہی صادر ہوتا ہے اور علم حیات کے بعد ہوتا ہے اور حیات سے پہلے محل حیات کا ہونا ضروری ہے اور جس طرح یہ کہنا صحیح نہیں کہ حیات اس جسم سے حاصل ہوتی ہے جو حیات کے لیے شرط ہے اسی طرح ترتیب کے دوسرے درجات کا معاملہ ہے لیکن بعض شرطیں عام لوگوں کے لئے ظاہر ہوتی ہیں اور بعض صرف خاص لوگوں کے سامنے واضح ہوتی ہیں جن کو نورِ حق کے ذریعے کشف ہوتا ہے ورنہ آگے بڑھنے والا اور پیچھے رہنے والا دونوں لزوم اور حق کے ساتھ ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ کے تمام افعال کا یہی معاملہ ہے اگر یہ بات نہ ہوتی تو تقدم و تاخیر فضول اور بیکار ہوتی اور پاگلوں کے فعل کے مشابہ ہوتی اللہ تعالیٰ جاہلوں کی باتوں سے بہت بلند و بالا ہے اللہ تعالیٰ کے اس قول میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ۔ (۱)

اور ہم نے جنوں اور انسانوں کو صرف اپنی عبادت (اور معرفت) کے لیے پیدا کیا ہے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لَاعِبِينَ مَا خَلَقْنَاهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ۔ (۲)

اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کھیل نہیں بنایا اور ہم نے ان کو ٹھیک ٹھیک بنایا۔

اور جو کچھ زمین و آسمان کے درمیان ہے وہ واجب ترتیب اور حق لازم کے ساتھ ہیں وہ جس طرح پیدا ہوئی ہیں اس کے سوا کسی بات کا تصور نہیں ہو سکتا وہ اسی ترتیب پر ہیں جو چیز بعد میں ہوتی ہے وہ اپنی شرط کی منتظر ہوتی ہے اور مشروط کا شرط سے پہلے ہونا محال ہے اور محال چیز، مقدور نہیں ہو سکتی پس علم کا نطفہ کے بعد ہونا اسی لیے ہے کہ اس میں حیات نہیں جو علم کے لیے شرط ہے اور علم کے بعد ارادے کا حیات سے پیچھے ہونا بھی شرطِ علم کے نہ ہونے کی وجہ سے ہے اور یہ سب کچھ واجب کا منہاج اور حق کی ترتیب ہے ان میں سے کوئی بھی بات کھیل یا اتفاقی نہیں ہے بلکہ ہر ایک میں حکمت اور تدبیر کارفرما ہے۔

اس بات کو سمجھنا مشکل ہے لیکن ہم ایسی مثال بیان کرتے ہیں جس سے معلوم ہو جائے گا کہ مقدور، قدرت کے جاننے کے باوجود شرط پر موقوف ہوتا ہے یہ ایسی مثال ہے جس سے ضعیف سمجھ والوں کو بھی حق کی ابتدائی باتیں سمجھ آ جاتی ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ ذاریات آیت ۵۶

(۲) قرآن مجید، سورۂ دخان آیت ۳۹

مثلاً ہم فرض کرتے ہیں کہ ایک بے وضو شخص ہے وہ پانی میں گردن تک غوطہ لگالیتا ہے تو اس کے اعضاء سے حدث دور نہیں ہوتا اگرچہ حدث کو پانی سے ہی دور کیا جاتا ہے اور وہ اس وقت پانی کے اندر ہے اسی طرح قدرت ازلیہ بھی تمام مقدورات سے ملی ہوئی ہے اور اس کا ان مقدورات کے ساتھ اسی طرح تعلق ہے جس طرح پانی کا اعضاء کے ساتھ، لیکن اس کے باوجود مقدور حاصل نہیں ہوتا جس طرح پانی کے ذریعے حدث دور نہیں ہو رہا ہے کیوں کہ شرط نہیں پائی گئی اور وہ چہرے کا دھونا ہے۔ اور جب پانی میں کھڑا شخص اپنا چہرہ پانی پر رکھ دے تو پانی اس کے تمام اعضاء میں عمل کرے گا اور حدث دور ہو جائے گا اور بعض اوقات جاہل آدمی سمجھتا ہے کہ منہ سے حدث دور ہونے کی وجہ سے ہاتھوں سے بھی دور ہو گیا یعنی منہ سے حدث کا دور ہونا ہاتھوں سے اس کی دوری کی علت ہے کیوں کہ وہ پانی کو حدث کے دور ہونے کا سبب نہیں جانتے وہ کہتے ہیں ہاتھ پانی سے ملے لیکن حدث دور نہیں ہوا اور پانی نے کوئی تبدیلی پیدا نہیں کی تو جو چیز (چہرے کے دھونے سے) پہلے پانی سے حاصل نہیں ہوئی اب کیسے حاصل ہو گی لہٰذا چہرے کا دھونا ہی ہاتھوں سے حدث کو ختم کرتا ہے اور یہ جہالت ہے جو اس شخص کے گمان کے مشابہ ہے جو یہ خیال کرتا ہے کہ حرکت، قدرت سے حاصل ہوتی ہے قدرت ارادے سے اور ارادہ علم سے حاصل ہوتا ہے اور یہ سب باتیں غلط ہیں بلکہ حقیقت یہ ہے کہ چہرے سے حدث دور ہوتے ہی ہاتھوں سے بھی دور ہوتا ہے لیکن حدث کی دوری اس پانی کی وجہ سے ہے جو ہاتھوں سے ملا چہرے کے دھونے سے نہیں نہ تو پانی میں کوئی تبدیلی آئی اور نہ ہاتھوں میں کوئی تبدیلی واقع ہوئی اور ان دونوں میں کوئی نئی بات پیدا نہیں ہوئی البتہ شرط پائی گئی تو علت کا اثر ظاہر ہوا۔

تو مقدورات کے قدرتِ ازلیہ سے صدور کو اسی طرح سمجھنا چاہیے حالانکہ قدرت قدیم ہے اور مقدورات حادث ہیں اور یہ مکاشفات کے جہانوں میں سے ایک اور جہان کے دروازے کو کھٹکھٹانا ہے پس ہم ان سب باتوں کو چھوڑتے ہیں کیوں کہ ہمارا مقصود توحید فعلی کے طریقے سے آگاہ کرنا ہے کیوں کہ حقیقت میں فاعل ایک ہے وہی خوف اور امید کا مرکز ہے اور اسی پر توکل اور اعتماد ہے اور ہم تو توحید کے سمندروں میں سے ایک قطرہ مقاماتِ توحید میں سے تیسرے مقام کے حوالے سے بیان کر سکتے ہیں اور اس کو پورا کرنے کے لیے اگر عمرِ نوح بھی مل جائے تو بھی اس کی تکمیل محال ہے جس طرح سمندر کے تمام پانی کو لینے کے لیے کوئی شخص قطرہ قطرہ لینا شروع کر دے اور یہ سب باتیں "لا الہ الا اللہ" کے تحت داخل ہیں تو یہ کلمہ زبان پر کتنا آسان ہے اور اس کے مفہوم کا اعتقاد دل میں کس قدر سہل ہے اور جو علماء، علم میں راسخ ہیں ان کے نزدیک اس کی حقیقت اور مغز کتنی بڑی بات ہے دوسروں کے نزدیک کیا کیفیت ہو گی۔

سوال:

توحید اور شریعت کو کیسے جمع کیا جا سکتا ہے توحید کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی فاعل نہیں اور شریعت کا مفہوم بندوں کے لیے افعال کو ثابت کرنا ہے اگر بندہ فاعل ہے تو اللہ تعالیٰ کس طرح فاعل ہو سکتا ہے اور اگر اللہ تعالیٰ فاعل ہے

تو بندہ کیسے فاعل ہو سکتا ہے اور دونوں فاعلوں کے درمیان ایک مفعول کی سمجھ بھی نہیں آتی۔

جواب :

ہاں یہ بات سمجھ میں نہیں آتی لیکن یہ اس وقت کی بات ہے جب فاعل کا ایک ہی معنیٰ ہو اگر اس کے دو معنیٰ ہوں اور یہ لفظ مجمل ہونے کی صورت میں دونوں میں پایا جاتا ہو تو کوئی تناقض و اختلاف نہیں جیسے کہا جاتا ہے امیر نے فلاں کو قتل کیا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اسے جلاد نے قتل کیا تو امیر اور معنیٰ کے اعتبار سے قاتل ہے جب کہ جلاد دوسرے مفہوم کے اعتبار سے قاتل ہے پس اللہ تعالیٰ کے فاعل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ موجد اور اختراع کرنے والا ہے اور بندے کے فاعل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ ایک محل ہے جس میں قدرت پیدا کی گئی اور اس سے پہلے اس میں ارادہ اور ارادے سے پہلے علم پیدا کیا گیا تو قدرت، ارادے سے مربوط ہوتی ہے حرکت کا قدرت کے ساتھ ربط ہے جس طرح شرط اور مشروط ایک دوسرے سے مربوط ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کے ساتھ اس کا ربط اس طرح ہے جیسے معلول کا علت سے اور موجد کا ایجاد سے ربط ہوتا ہے اور جس چیز کو قدرت کے ساتھ ربط حاصل ہو تو محل قدرت اس کے لیے فاعل کہلاتا ہے ارتباط کسی انداز کا بھی ہو جس طرح جلاد کو بھی قاتل کہا جاتا ہے اور امیر کو بھی، کیوں کہ قتل ان دونوں کی طاقت سے ملا ہوا ہے لیکن دو مختلف طریقوں پر، اسی لیے اسے دونوں کا فعل کہا جاتا ہے مقدورات کا دو طاقتوں کے ساتھ رابطہ بھی اسی طریقے پر ہے۔

اسی موافقت اور ارتباط کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں افعال کو کہیں فرشتوں سے منسوب کیا کبھی بندوں کی طرف کی اور کسی جگہ اپنی ذات سے منسوب فرمایا موت کے بارے میں ارشاد خداوندی ہے۔

قُلْ يَتَوَفّٰكُمْ مَلَكُ الْمَوْتِ۔ (۱) آپ فرما دیجئے ملک الموت تمہیں موت دیتا ہے۔

پھر ارشاد فرمایا۔

اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا۔ (۲) اللہ تعالیٰ نفسوں کو موت سے ہمکنار کرتا ہے جب ان کی موت کا وقت ہوتا ہے۔

اور ارشاد فرمایا۔

اَفَرَاَيْتُمْ مَا تَحْرُثُوْنَ۔ (۳) کیا تم دیکھتے ہو جو تم کھیتی باڑی کرتے ہو۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ سجدہ آیت ۱۱

(۲) قرآن مجید، سورۃ زمر آیت ۴۲

(۳) قرآن مجید، سورۃ واقعہ آیت ۶۳

یہی کھیتی باڑی کو ہماری طرف منسوب فرمایا پھر ارشاد فرمایا۔

اَنَّا صَبَبْنَا الْمَاءَ صَبًّا ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا وَّعِنَبًا۔ (۱)

بے شک ہم نے اچھی طرح پانی بہایا پھر زمین کو اچھی طرح پھاڑ کر اس میں غلہ اور انگور اگائے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا۔ (۲)

پس بھیجا ہم نے اس (حضرت مریم) کے پاس اپنا فرشتے تو اس نے اس کے لیے پورا آدمی بنایا۔

اور ارشاد خداوندی ہے؛

نَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا۔ (۳)

پس ہم نے اس میں اپنی روح پھونکی۔

اور وہ پھونک مارنے والے حضرت جبریل علیہ السلام تھے۔

اور جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ۔ (۴)

پس جب ہم اس کو پڑھ چکیں تو آپ اس پڑھے ہوئے کی اتباع کریں

اس کی تفسیر میں کہا گیا ہے کہ جب اسے حضرت جبریل علیہ السلام آپ کے سامنے پڑھیں۔

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ۔ (۵)

ان سے لڑو اللہ تعالیٰ تمہارے ہاتھوں ان کو عذاب دے گا

تو اس میں قتل کی نسبت صحابہ کرام کی طرف کی اور عذاب دینے کی نسبت اپنی طرف فرمائی اور عذاب دینا ہی قتل ہے بلکہ صراحتاً بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ۔ (۶)

پس تم نے ان کو قتل نہیں کیا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو قتل کیا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ عبس آیت ۲۵ تا ۲۸

(۲) قرآن مجید، سورۂ مریم آیت ۱۷

(۳) قرآن مجید، سورۂ تحریم آیت ۱۲

(۴) قرآن مجید، سورۂ قیامہ آیت ۱۹

(۵) قرآن مجید، سورۂ توبہ آیت ۱۴

(۶) قرآن مجید سورۂ انفال آیت ۱۷

اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى۔ (۱)
اور آپ نے کنکریاں نہیں پھینکیں جب آپ نے پھینکیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے پھینکی ہیں۔

تو ظاہر میں یہ نفی اور اثبات کو جمع کرتا ہے لیکن اس کا معنیٰ یہ ہے کہ جس معنیٰ میں اللہ تعالیٰ کنکریاں پھینکنے والا ہے اس معنیٰ میں آپ پھینکنے والے نہیں ہیں کیوں کہ آپ نے اس معنیٰ کے اعتبار سے پھینکی ہیں جس کے اعتبار سے بندہ پھینکتا ہے۔ اور یہ دونوں معنیٰ مختلف ہیں۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

اَلَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ۔ (۲)
وہ (اللہ) جس نے قلم کے ذریعے سکھایا اس نے انسان کو وہ کچھ سکھایا جو کچھ وہ نہیں جانتا تھا۔

پھر ارشاد فرمایا۔

اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْآنَ۔ (۳)
رحمٰن نے قرآن سکھایا۔

اور فرمایا۔

وَعَلَّمَهُ الْبَيَانَ۔ (۴)
اور اس نے اس (انسان) کو بیان سکھایا۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ۔ (۵)
بے شک ہم پر ہی اس کا بیان ہے۔

اور ارشاد فرمایا۔

أَفَرَأَيْتُمْ مَا تُمْنُونَ أَأَنْتُمْ تَخْلُقُونَهُ أَمْ نَحْنُ الْخَالِقُونَ۔ (۶)
تمہارا کیا خیال ہے جو مادہ منویہ تم ڈالتے ہو کیا تم اسے پیدا کرنے ہو یا ہم اس کے خالق ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ انفال آیت ۱۷

(۲) قرآن مجید، سورۂ علق آیت ۴، ۵

(۳) قرآن مجید، سورۂ رحمٰن آیت ۱

(۴) قرآن مجید، سورۂ رحمٰن آیت ۲

(۵) قرآن مجید، سورۂ قیامہ آیت ۱۹

(۶) قرآن مجید، سورۂ واقعہ آیت ۵۸، ۵۹

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارحام سے متعلق فرشتے کا وصف یوں بیان فرمایا کہ وہ رحم میں داخل ہوتا ہے اور مادہ منویہ اپنے ہاتھ میں لے کر اسے جسم کی صورت میں بدل دیتا ہے اور عرض کرتا ہے اے میرے رب! مذکر بناؤں یا مونث سیدھے اور ٹھیک ٹھاک اعضاء رکھوں یا ٹیڑھا بناؤں؟ اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے حکم دیتا ہے اور فرشتہ اس کی شکل بناتا ہے۔ (۱)

ایک دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں۔

فرشتہ شکل بنا کر اس میں نیک بختی یا بدبختی کے ساتھ رُوح پھونکتا ہے (۲)

بعض بزرگوں نے فرمایا کہ جس فرشتے کو رُوح کہا جاتا ہے وہی فرشتہ رُوحوں کو جسموں میں ڈالتا ہے وہ اپنے خاص طریقے پر سانس لیتا ہے تو اس کا ہر سانس رُوح بن کر جسم میں چلا جاتا ہے اسی لیے اسے روح کہتے ہیں۔

انہوں نے اس فرشتے اور اس کے وصف کے بارے میں جو کچھ بیان کیا وہ حق ہے اور عقل والے لوگ اپنی بصیرت سے اس کا مشاہدہ کرتے ہیں لیکن اس کو روح کہنے کے لیے نقلی دلیل کی ضرورت ہے اس کے بغیر صحیح نہیں اور یہ محض اندازہ ہے۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ایسے دلائل ذکر کیے جو زمین اور آسمانوں میں پائے جاتے ہیں پھر فرمایا۔

اَوَلَمْ یَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ (۳) کیا تمہارے رب کا ہر چیز پر گواہ ہونا کافی نہیں۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔ (۴) اللہ تعالیٰ اس بات پر گواہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

تو اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا کہ وہ خود ہی اپنے اوپر دلیل ہے اور اس سلسلے میں کوئی تناقض نہیں بلکہ استدلال کا طریقہ مختلف ہے کتنے ہی طالب ہیں جنہوں نے موجودات کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ کو پہچانا اور کتنے ہی طالب ہیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے ذریعے تمام موجودات کی معرفت حاصل کی جس طرح بعض حضرات نے فرمایا میں نے اپنے رب کو اپنے رب کے ذریعے پہچانا اور اگر میرا رب نہ ہوتا تو میں اپنے رب کو نہ پہچان سکتا اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کا یہی مطلب ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

اَوَلَمْ یَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ (۵) کیا تمہارا رب اس بات کے لیے کافی نہیں کہ وہ ہر چیز پر گواہ ہے۔

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۳۲ کتاب القدر

(۲) قرآن مجید سورہ حٰم السجدہ آیت ۵۳

(۳) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۸

(۴) قرآن مجید، سورۂ فصلت آیت ۵۳

اللہ تعالیٰ نے اپنا وصف بیان فرمایا کہ وہ زندہ رکھنے والا اور موت دینے والا ہے پھر موت اور زندگی کو دو فرشتوں کے سپرد کیا حدیث شریف میں ہے کہ موت اور زندگی کے دونوں فرشتوں کے درمیان مناظرہ ہوا تو موت کے فرشتے نے کہا میں زندوں کو مارتا ہوں اور زندگی کے فرشتے نے کہا میں مردے کو زندہ کرتا ہوں اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کی طرف وحی بھیجی کہ تم دونوں اپنا اپنا کام کرو میں نے تمہارے ذمے جو کام لگایا ہے اس کو بجالاؤ میں موت دینے والا اور زندہ کرنے والا ہوں میرے سوا نہ کوئی موت دیتا ہے اور نہ زندہ کرتا ہے (۱)

تو نتیجہ یہ ہوا کہ فعل مختلف طریقوں پر استعمال ہوتا ہے

اگر تم سمجھو تو ان معانی میں کوئی تناقض نہیں ہے اسی لیے جب ایک شخص کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور عنایت فرمائی تو ارشاد فرمایا۔

خُذْهَا لَوْ لَمْ تَأْتِهَا لَأَتَتْكَ ۔ اسے لے لو اگر تم اس کے پاس نہ آتے تو یہ خود تمہارے پاس آتی۔ (۱)

تو آپ نے کی نسبت اس شخص اور کھجور دونوں کی طرف فرمائی اور یہ بات معلوم ہے کہ جس طریقے سے انسان کھجور کے پاس جاتا ہے، اس طریقے پر کھجور اس کے پاس نہیں آتی اور اسی طرح جب ایک شخص نے کہا میں اللہ تعالیٰ کے ہاں توبہ کرتا ہوں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف توبہ نہیں کرتا تو آپ نے ارشاد فرمایا اس نے حقدار کے لیے حق کو جان لیا۔ (۲)

پس جو شخص تمام امور کی اضافت اللہ تعالیٰ کی طرف کرتا ہے وہ محقق ہے جس نے حق اور حقیقت کو پہچان لیا اور جو اس کے غیر کی طرف اضافت کرتا ہے اور اپنے کلام میں مجاز استعمال کرتا ہے اور مجاز کے لیے بھی ایک وجہ ہے جس طرح حقیقت کے لیے کوئی وجہ ہوتی ہے اور فاعل کا لفظ واضع نے موجد کے لیے وضع کیا ہے لیکن چونکہ اس نے خیال کیا کہ انسان بھی اپنی طاقت سے اختراع اور ایجاد کرتا ہے تو اس کی حرکت کی وجہ سے اس کو فاعل کہا اور اسے حقیقت خیال کیا اور اسے وہم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف فعل کی نسبت مجازی ہے جیسے قتل کی نسبت امیر کی طرف کرنا مجاز ہے اور جلاد کی طرف نسبت حقیقی ہے۔

لیکن جب اہل حق کے لیے حق منکشف ہو گیا تو انہیں معلوم ہوا کہ معاملہ اس کے برعکس ہے اور انہوں نے کہا کہ اے لغت والے! تو نے فاعل کا لفظ اختراع کرنے والے کے لیے وضع کیا ہے اور فاعل تو صرف اللہ تعالیٰ ہے لہٰذا اس

---

(۱) تذکرہ الموضوعات ص ۲۱۳ باب الموت فضل ذکرہ

(۲) مجمع الزوائد جلد ۴ ص ۱۷ کتاب البیوع

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۴۳۵ مرویات اسود بن سریع

کے لیے اس لفظ کا استعمال حقیقت ہے اور دوسروں کے لیے یہ لفظ مجازی طور پر استعمال ہوتا ہے یعنی واقع لغت نے اسے جس کے لیے وضع کیا وہ اس کے غیر میں استعمال کیا جا رہا ہے اور جب معنیٰ کی حقیقت بعض عرب کی زبان پر قصداً یا اتفاقیہ جاری ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تصدیق فرمائی آپ نے فرمایا سب سے سچا شعر جو کسی شاعر نے کہا وہ لبید کا یہ قول ہے

اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللهِ بَاطِلٌ (۱) سنو! اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز باطل ہے

یعنی ہر وہ چیز جو خود بخود قائم نہیں ہو سکتی بلکہ وہ کسی دوسرے کے سہارے قائم ہے وہ ذات کے اعتبار سے باطل ہے اس کی حقیقت اور حقیقت غیر کے ساتھ ہے اپنے طور پر نہیں۔

تو حقیقت میں حق تو صرف وہی ذات ہے جو حی و قیوم ہے جس کی مثل کوئی چیز نہیں وہ ذاتی طور پر قائم ہے اور اس کے علاوہ جو کچھ ہے وہ اس کی قدرت سے قائم ہے پس وہی حق ہے اور اس کے سوا جو کچھ ہے وہ باطل ہے اسی لیے حضرت سہل رحمہ اللہ نے فرمایا اے مسکین! وہ (اللہ تعالیٰ) موجود تھا اور تم نہیں تھے اور وہ ہوگا لیکن تم نہیں ہو گے آج جو تو ہو گیا تو تو کہتا ہے میں، میں، تو اسی طرح ہو جا جیسے تو تھا ہی نہیں کیوں کہ آج کا دن بھی اسی طرح ہے۔

سوال:

اب ظاہر ہوا کہ یہ سب کچھ جبر ہے (مجبوری ہے) تو پھر ثواب، عذاب، ناراضگی اور رضا کا کیا مطلب ہوا اور اس کا اپنے ہی فعل پر ناراض ہونا کیسا ہے۔

جواب:

ہم نے اس بات کے مفہوم کی طرف شکر کے بیان میں اشارہ کیا ہے اس کو دوبارہ ذکر کر کے ہم بات کو طول دینا نہیں چاہتے توحید جو توکل کی حالت پیدا کرتی ہے، کی طرف اسی قدر اشارہ کرنا ہم نے مناسب سمجھا۔ اور یہ بات اسی وقت مکمل ہوتی ہے جب رحمت و حکمت پر ایمان ہو کیوں کہ توحید کی وجہ سے مسبب الاسباب کی طرف نظر جاتی ہے اور رحمت نیز اس کی وسعت پر ایمان ہی مسبب الاسباب پر اعتماد کو پیدا کرتا ہے اور جیسا کہ آگے آئے گا جب تک وکیل پر یقین نہ ہو اس وقت تک حالتِ توکل کی تکمیل نہیں ہوتی نیز کفیل کی شفقت پر دل مطمئن ہونا چاہیے۔

اور یہ ایمان بھی ایمان کے بابوں میں سے ایک عظیم باب ہے۔ اور اس سلسلے میں اہل کشف کے طریقے کا ذکر طویل ہے پس ہم اس کا ماحصل بیان کرتے ہیں تاکہ مقام توکل کے سلسلے میں طالب اس پر قطعی اعتقاد رکھے جس میں کوئی شک نہ ہو۔ یعنی اس کی یقینی تصدیق کرے جو نہ تو کمزور ہو اور نہ ہی اس میں شک ہو۔

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۶۰ کتاب الرقاق

اگر اللہ تعالیٰ تمام مخلوق کو سب سے زیادہ عقل والے شخص جیسی عقل اور سب سے زیادہ علم والے کی طرح علم عطا کرتا اور ان کو اتنا علم دیتا جس قدر وہ برداشت کر سکتے۔ اور ان کو ایسی حکمت عطا کرتا جس کے وصف کی کوئی انتہا نہیں پھر ان کی تعداد کے مطابق مزید علم، حکمت اور عقل عطا کرتا اس کے بعد ان کے لیے تمام امور کا انجام منکشف کر دیتا اور اسرار ملکوت پر ان کو مطلع کرتا ان کو اپنے کرم کی باریکیاں اور سزاؤں کی خفیہ باتیں سمجھا دیتا حتی کہ وہ اس کے ذریعے خیر و شر اور نفع و نقصان پر مطلع ہو جاتے پھر ان کو حکم دیتا کہ تمہیں جو علوم اور حکمتیں عطا کی گئی ہیں ان کے ذریعے ملک و ملکوت کی تدبیر کرو تو اللہ تعالیٰ نے مخلوق کے ساتھ دنیا اور آخرت میں جو تدبیر فرمائی ہے وہ باہمی تعاون کے باوجود اس میں مچھر کے پر کے برابر بھی اضافہ نہ کر سکتے اور نہ ہی اس قدر کمی کر سکتے۔ نہ اس سے ایک ذرہ اوپر نیچے کر سکتے اور کسی آزمائش میں مبتلا شخص سے بیماری، عیب، نقص، فقر اور ضرر کو بھی دُور نہ کر سکتے اور نہ ہی کسی سے صحت، کمال، مالداری اور نفع کو دور کر سکتے جو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین اور جو کچھ ان میں پیدا فرمایا اگر اس کی طرف نظر دوڑائیں اور غور سے دیکھیں تو بھی انہیں اس میں کوئی فرق اور قصور نظر نہیں آئے گا اور اللہ تعالیٰ نے بندوں کے درمیان جو رزق، موت، خوشی اور غم، عاجزی اور طاقت، ایمان اور کفر، عبادت اور گناہ کی تقسیم فرمائی ہے وہ محض عدل ہے اس میں کوئی ظلم نہیں ہے اور یہ محض حق ہے جس میں زیادتی نہیں بلکہ یہ واجب حق کی ترتیب پر ہے جیسے چاہیے اور جس قدر چاہیے اور اس سے زیادہ اچھا اور زیادہ کامل ممکن ہی نہیں اور بالفرض اس سے زیادہ بہتر ترتیب ممکن تھی اور قدرت کے باوجود اس نے اسے روکے رکھا اور اسے عمل میں لا کر بندوں کو عنایت نہیں کی تو یہ بخل ہے جو جُود و سخاوت کے خلاف ہے اور ظلم ہے جو عدل کے خلاف ہے اور اگر وہ اس سے بہتر پر قادر نہیں تھا تو یہ عجز ہو گا جو اس کے معبود ہونے کے خلاف ہے بلکہ جو فقر اور ضرر ہے وہ دنیوی اعتبار سے نقصان اور آخرت کے اعتبار سے زیادتی ہے۔ اور جو بات کسی شخص کے حوالے سے آخرت میں نقصان ہے وہ دوسرے کی نسبت سے نعمت ہے کیوں کہ رات نہ ہوتی تو دن کی قدر معلوم نہ ہوتی اور اگر بیماری نہ ہوتی تو تندرست لوگ صحت سے کیسے لطف اندوز ہوتے اور اگر جہنم نہ ہوتا تو اہل جنت کو نعمت کی قدر کیسے معلوم ہوتی۔

اور جس طرح انسانوں کی رُوحوں کے لیے جانوروں کی ارواح کو قربان کرنا اور انسانوں کو ان کے ذبح کرنے پر کنٹرول دینا ظلم نہیں بلکہ کامل کو ناقص پر ترجیح دینا اور مقدم کرنا عین عدل اسی طرح جنتی لوگوں کو زیادہ نعمت دینے کی خاطر جہنمیوں کو زیادہ سزا دینا اور اہل ایمان پر کفار کو قربان کر دینا بھی عین عدل ہے اور جب تک ناقص کو پیدا نہ کیا جائے کامل کی پہچان نہیں ہوتی اور اگر جانور پیدا نہ کئے جاتے تو انسان کا شرف ظاہر نہ ہوتا۔ کیوں کہ کمال اور نقص اضافت سے ظاہر ہوتا ہے پس جُود و حکمت کا تقاضا تھا کہ کامل اور ناقص دونوں کو پیدا کیا جائے۔

اور جس طرح رُوح کی بقا کے لیے گل سڑ جانے والے ہاتھ کو کاٹنا عدل ہے کیونکہ یہ ناقص کو کامل پر قربان کرنا ہے

اسی طرح دنیا اور آخرت کے سلسلے میں انسانوں کی تقسیم میں رزق کا معاملہ بھی ہے یہ سب کچھ انصاف ہے ظلم و زیادتی نہیں اور حق ہے کھیل کود نہیں۔

اور یہ بیان بھی ایک بہت گہرا سمندر ہے جس کے کنارے بہت وسیع ہیں اس کی موجیں اضطراب میں ہیں اور وسعت میں یہ توحید کے سمندر کے قریب ہے اس میں کئی کم عقل ڈوب گئے اور ان کو معلوم نہ ہو سکا کہ یہ ایک گہرا معاملہ ہے اور اسے صرف علماء ہی جان سکتے ہیں۔ اور اس بحر کے کنارے کے بعد تقدیر کا راز ہے جس میں اکثر لوگ حیران ہیں اور اہل کشف کو اس راز کے افشاء سے منع کیا گیا ہے۔

حاصل یہ ہوا کہ خیر اور شر کا فیصلہ کیا گیا ہے اور جس چیز کا فیصلہ ہو گیا وہ مشیت کے بعد واجب ہو جاتی ہے پس اس کے حکم کو کوئی رد نہیں کر سکتا اور نہ ہی کوئی اس کی قضاء اور امر کو ٹال سکتا ہے بلکہ ہر چھوٹی اور بڑی چیز لکھی ہوئی ہے اور معلوم مقدار کے ساتھ اس کے حصول کا انتظار ہے اور جس چیز نے تم تک پہنچنا ہے وہ تم سے خطا نہیں کر سکتی اور جس نے تم تک نہیں پہنچنا وہ پہنچ نہیں سکتی علوم مکاشفہ جو مقام توکل کے اصول میں ان کے بارے میں اسی قدر بیان پر اکتفا کرتے ہیں اور اب ان شاء اللہ علم معاملہ کی طرف لوٹیں گے اللہ تعالیٰ ہمیں کافی ہے اور وہی کارساز ہے۔

دوسرا حصہ:

توکل اور اس کے اعمال

اس حصے میں درج ذیل امور بیان ہوں گے۔

(۱) حالِ توکل۔

(۲) توکل کی تعریف میں بزرگوں کے اقوال

(۳) مجرد اور عیالدار کے لیے کسب میں توکل

(۴) جمع نہ کر کے توکل کرنا۔

(۵) ضرر رساں امور کو دور کرنے میں توکل

(۶) دوا وغیرہ کے ذریعے ضرر کو دور کرنے میں توکل

(۷) اور اللہ تعالیٰ ہی اپنی رحمت کے ساتھ توفیق دینے والا ہے۔

فصل ۱:

توکل کا حال

ہم نے پہلے ذکر کیا ہے کہ توکل علم، حال اور عمل سے بنتا ہے اور علم کا ذکر ہم کر چکے ہیں۔

جہاں تک حال کا تعلق ہے تو حقیقت میں توکل حال ہی کا نام ہے جب کہ علم اس کی بنیاد ہے اور عمل اس کا نتیجہ ہے غور و خوض کرنے والوں نے توکل کے بارے میں بہت کچھ لکھا ہے اور ان کی عبارات میں اختلاف ہے اور ہر ایک نے اپنے ذاتی مقام کے حوالے سے بات کرتے ہوئے توکل کی تعریف بیان کی ہے جس طرح اہل تصوف کی عادت ہے لیکن زیادہ باتیں نقل کرنے کا کیا فائدہ۔ ہم اصل حقیقت واضح کرتے اور اس سے پردہ اٹھاتے ہیں تو بات یہ ہے کہ توکل وکالت سے مشتق ہے کہا جاتا ہے فلاں نے اپنا معاملہ فلاں کے سپرد کر دیا اس کے لیے "وَكَّلَ" کا لفظ ہوتا ہے گویا اس نے اس معاملے میں اس پر اعتماد کر لیا اور معاملہ جس کے سپرد کیا جائے وہ "وکیل" ہوتا ہے اور جو کام اس کے سپرد ہوتا ہے اس "متکل علیہ" یا "متوکل علیہ" کہا جاتا ہے لیکن شرط یہ ہے کہ وکیل پر نفس مطمئن ہو اور اس پر یقین کرے نہ تو اس پر کوتاہی کی تہمت لگائے اور نہ ہی اس کے بارے میں عجز و قصور کا اعتقاد رکھے۔

تو گویا توکل صرف وکیل پر قلبی اعتماد کا نام ہے اب ہم مقدمات کے وکیل کو فرض کر لیتے ہیں اور کہتے ہیں جب کسی نے کسی شخص پر فریب سے جھوٹا دعویٰ کیا اور اس نے مقدمے کے لیے وکیل مقرر کیا جو اس فریب کا پردہ چاک کرے تو اس وقت یہ اس پر بھروسہ کرنے والا اور یقین کرنے والا نہیں ہو سکتا اور نہ اس کو وکیل بنانے سے مطمئن ہو سکتا ہے جب تک اس کے بارے میں چار امور کا خیال نہ کرے نہایت درجے کی ہدایت، انتہائی درجہ کی قوت بہت زیادہ فصیح اور نہایت ہی شفیق ہونا۔

ہدایت کی شرط اس لیے ہے کہ وہ (وکیل) فریب کی جگہ کو پہچان سکے تاکہ اس پر باریک قسم کے حیلے بہانے بھی مخفی نہ رہیں۔ اور قدرت و قوت کی ضرورت اس لیے ہے کہ وہ حق بات کو کسی منافقت کے بغیر واضح طور پر بیان کرنے کی جرأت کر سکے نہ ڈرے نہ شرمائے اور نہ بزدل بن جائے کیوں کہ بعض اوقات وہ دشمن کے فریب کی وجہ جان لیتا ہے لیکن خوف اور بزدلی اس کے راستے میں رکاوٹ بنتی ہے یا حیا آڑے آتا ہے یا کوئی دوسری رکاوٹ جو دل کو کمزور کر دیتی ہے وضاحت نہیں کرنے دیتی۔

فصاحت بھی ایک قسم کی طاقت ہی ہے لیکن اس قدرت کا تعلق زبان سے ہے کہ جس بات کی دل جرأت کرتا ہے اسے زبان بڑی آسانی سے بیان کر سکے فریب کے مقامات سے آگاہ ہر شخص اپنی زبان کے پھسلنے کی وجہ سے فریب کا عقدہ نہیں کھول سکتا۔

وکیل میں حد درجہ شفقت کا ہونا اس لیے ضروری ہے کہ اس طرح وہ ہر قسم کی ممکنہ کوشش کر سکتا ہے کیوں کہ جب تک وہ مہربان نہ ہو تو اس کی طاقت کوئی فائدہ نہیں دے سکتی جب وہ اس (موکل) کے معاملے کو اہم نہ سمجھتا ہو تو کیا فائدہ؟ وہ اس بات کی پرواہ نہ کرتا ہو کہ دشمن اس پر غالب آتا ہے یا نہیں اس کا حق مارا جاتا ہے یا نہیں؟

اگر وکیل میں ان چار صفات کے بارے میں شک ہو یا ایک میں شک ہو یا یہ خیال ہو کہ مخالف ان چار صفات میں زیادہ کامل ہے

تو اس صورت میں وکیل پر نفس مطمئن نہیں ہوتا بلکہ دل میں کھٹکا رہتا ہے اور وہ ایسے حیلے اور تدبیر کی تلاش میں رہتا ہے جس کے ذریعے اس بات کا دفاع کرے جس کے بارے میں وکیل کی کوتاہی کی وجہ سے اسے ڈر ہوتا ہے اور دشمن کے غلبے کا بھی خوف رہتا ہے اور جس قدر وکیل میں ان صفات کے بارے میں عقیدے میں تفاوت ہوگا اسی اعتبار سے یقین واطمینان کی شدت میں بھی اس کے احوال کا درجہ مختلف ہوگا اور عقیدے اور خیالات کی قوت میں اختلاف اتنا زیادہ ہوتا ہے کہ شمار میں نہیں آسکتا۔ اسی لیے اطمینان اور اعتماد کے سلسلے میں توکل کرنے والوں کے احوال کا تفاوت بہت زیادہ ہوتا ہے یہاں تک کہ وہ یقین تک پہنچ جائے جس میں کوئی کمزوری نہیں ہوتی جیسے وکیل، موکل کا والد ہو اور وہ اس کے لیے حلال و حرام جمع کرنے کی کوشش کرتا ہو تو اس (بیٹے) کو اس وکیل (باپ) کی انتہائی شفقت وعنایت کا یقین ہوگا اور چار خصلتوں میں سے ایک خصلت تو قطعی ہوگی اسی طرح دیگر خصلتوں کے بارے میں بھی یہ تصور کیا جا سکتا ہے کہ ان میں قطعیت حاصل ہو۔ اور اس کی بنیاد طویل توبہ ہے نیز ایسی خبروں کا تواتر سے آنا ہے کہ یہ سب لوگوں سے زیادہ فصیح اللسان ہے اور بیان پر زیادہ قادر ہے نیز حق کی مدد پر سب سے زیادہ قدرت رکھتا ہے بلکہ حق کو باطل اور باطل کو حق بنانے پر قادر ہے۔

جب تمہیں اس مثال سے توکل کی پہچان ہوگئی تو اللہ تعالیٰ پر توکل کو بھی اس پر قیاس کرو اگر کشف یا پختہ عقیدے کے ذریعے تمہارے دل میں یہ بات ثابت ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی فاعل نہیں جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ تمہارا یہ اعتقاد بھی ہو کہ وہ بندوں کی کفایت کے لیے مکمل علم اور قدرت رکھتا ہے پھر اس کا لطف وعنایت اور رحمت تمام بندوں کو اجتماعی اور انفرادی طور پر شامل ہے اور اس کی قدرت سے بڑھ کر کوئی قدرت نہیں اور نہ ہی اس کے علم سے اوپر کوئی علم ہے اسی طرح اس کی عنایت اور رحمت سے بڑھ کر کوئی رحمت وعنایت بھی نہیں تو لامحالہ تمہارا دل صرف اسی ذات پر توکل کرے گا اور کسی دوسرے کی طرف بالکل متوجہ نہیں ہوگا بلکہ اپنی ذات اور قوت کی طرف بھی توجہ نہیں کرے گا کیوں کہ نیکی کرنے اور برائی سے بچنے کی قوت تو صرف اللہ تعالیٰ سے ہی حاصل ہوتی ہے جیسے توحید کے ذکر میں حرکت اور قدرت کے بیان میں گزر گیا ہے کیوں کہ حول حرکت کو کہتے ہیں اور قوت، قدرت کا نام ہے۔

پس اگر تمہیں اپنے نفس سے یہ حالت حاصل نہ ہو تو اس کا سبب دو باتیں ہوں گی یا تو ان چار خصلتوں کے بارے میں تمہارا یقین کمزور ہے اور اس کی وجہ دل کی کمزوری اور اس پر بزدلی کے غلبہ کی وجہ سے اس کا بیمار ہونا ہے اور جو وہم اس پر غالب ہیں ان کی وجہ سے وہ بے قرار ہوتا ہے کیوں کہ بعض اوقات دل وہم کے تابع ہوتا ہے اور اس کی اطاعت کرتے ہوئے وہ بے چین ہوتا ہے حالانکہ یقین میں کوئی کمی نہیں ہوتی کیوں کہ جو شخص شہد استعمال کر رہا ہے اگر اس کے سامنے اسے گندگی کے ساتھ تشبیہ دی جائے تو بعض اوقات اس کی طبیعت نفرت کرتی ہے اور اس کے لیے شہد کا استعمال مشکل ہو جاتا ہے اور اگر کسی عقل مند کو کہا جائے کہ میت کے ساتھ قبر میں یا اس کے بستر پر لیٹ جاؤ یا گھر میں اس کے ساتھ رہو تو اس سے اس کی طبیعت متنفر ہوتی ہے اگرچہ اسے یقین ہوتا ہے کہ یہ مر چکا ہے یا یہ کہ

اس وقت وہ جماد (غیر متحرک) ہے اور اللہ تعالیٰ کا جاری طریقہ یہی ہے کہ وہ اسے اس وقت نہیں اٹھائے گا اور نہ ہی اسے زندہ کرے گا اگرچہ وہ اس پر قادر ہے جیسے اللہ تعالیٰ کی عادت کریمہ یہی ہے کہ جو قلم آدمی کے ہاتھ میں اسے وہ سانپ میں نہیں بدلتا اور نہ بلی کو شیر میں بدلتا ہے حالانکہ وہ اس بات پر قادر ہے لیکن اس یقین کے باوجود اس کی طبیعت میت کے ساتھ بستر پر بیٹھنے یا اس کے ساتھ گھر میں ہونے سے نفرت کرتی ہے۔

حالانکہ دیگر جمادات سے وہ نفرت نہیں کرتا یہ دل کی بزدلی ہے اور یہ بھی ایک قسم کی کمزوری ہے کوئی بھی انسان اس سے خالی نہیں ہوتا اگرچہ کم ہی ہو اور بعض اوقات تو یہ بزدلی مضبوط ہو کر مرض بن جاتی ہے حتیٰ کہ آدمی گھر میں اکیلا رہنے سے ڈرتا ہے حالانکہ دروازے کو مضبوط تالہ لگا ہوتا ہے۔

لہٰذا توکل اس وقت تک مکمل نہیں ہوتا جب تک دل کی قوت اور یقین کی قوت دونوں حاصل نہ ہوں کیوں کہ ان دونوں کے ذریعے دل کا سکون اور طمانینت حاصل ہوتی ہے پس دل کا سکون الگ چیز ہے اور یقین الگ بات ہے کتنی ہی مرتبہ یقین ہوتا ہے لیکن اس کے ساتھ اطمینان قلبی نہیں ہوتا، جیسے اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے فرمایا۔

اَوَلَمۡ تُؤۡمِنۡ قَالَ بَلٰی وَلٰکِنۡ لِّیَطۡمَئِنَّ قَلۡبِیۡ۔ کیا تمہارا ایمان نہیں عرض کیا ہاں کیوں نہیں لیکن اس لیے (سوال کیا ہے) کہ اطمینان قلبی حاصل ہو جائے۔ (۱)

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بارگاہ خداوندی میں عرض کیا تھا کہ میں اپنی آنکھوں سے مردے کو زندہ ہوتے ہوئے دیکھنا چاہتا ہوں تاکہ یہ بات میرے خیال میں بیٹھ جائے کیوں کہ نفس خیال کے تابع ہوتا ہے اور اسی کے ساتھ اطمینان حاصل ہوتا ہے اور ابتدائی مرحلے میں یقین کے ساتھ اطمینان حاصل نہیں ہوتا حتیٰ کہ آخر میں نفس مطمئنہ کے درجے تک پہنچ جائے۔ اور شروع میں یہ بات بالکل نہیں ہوتی کتنے ہی لوگ ایسے ہیں جو مطمئن ہوتے ہیں لیکن ان کو یقین حاصل نہیں ہوتا جس طرح دیگر مذاہب کے لوگ ہیں یہودی کو اپنی یہودیت پر اطمینان قلبی حاصل ہے اسی طرح نصرانی کا معاملہ ہے لیکن ان لوگوں کو یقین بالکل نہیں ہوتا وہ گمان اور نفس کی خواہش کے تابع ہوتے ہیں ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے ہدایت آئی اور وہ یقین کا سبب ہے لیکن انہوں نے اس سے منہ پھیر لیا۔

غرضیکہ بزدلی اور جرأت (دونوں) فطری باتیں ہیں اور ان کی موجودگی میں یقین مفید نہیں ہوتا اور یہ بھی ان اسباب میں سے ایک سبب ہے جو توکل کی ضد ہیں جس طرح (مذکورہ بالا) چار خصلتوں پر یقین کی کمزوری ایک سبب ہے۔

اور جب یہ اسباب جمع ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ پر اعتماد حاصل ہو جاتا ہے کہا گیا ہے کہ تورات میں لکھا ہے۔

مَلۡعُوۡنٌ مَنۡ ثِقَتُہٗ اِنۡسَانٌ مِثۡلُہٗ۔ جس شخص کا اپنے جیسے انسان پر توکل ہو وہ ملعون ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنِ اسۡتَعَزَّ بِالۡعَبِیۡدِ اَذَلَّہٗ جو شخص بندوں سے عزت طلب کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے

اللہ (۱) ذلیل کرتا ہے۔

اور جب تمہارے لیے توکل کا معنی واضح ہوگیا اور تمہیں وہ حالت معلوم ہوگئی جسے توکل کا نام دیا گیا ہے تو جان لو کہ قوت و ضعف کے اعتبار سے اس حالت کے تین درجے ہیں۔

توکل کے درجات:

پہلا درجہ وہ ہے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کی کفالت و عنایت پر اعتماد کے سلسلے میں اس کا حال اسی طرح ہو جس طرح وکیل پر اعتماد کی حالت ہوتی ہے۔

دوسرا درجہ زیادہ مضبوط ہے وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس کی حالت اس طرح ہو جس طرح بچے کا حال اس کی ماں کے ساتھ ہوتا ہے وہ اس کے سوا نہ تو کسی کو جانتا ہے اور نہ ہی کسی دوسرے سے فریاد کرتا ہے اور اعتماد بھی صرف اسی پر کرتا ہے جب وہ اسے دیکھتا ہے تو ہر حال میں اس کے دامن سے لپٹ جاتا ہے اور اسے نہیں چھوڑتا اور اگر ماں کی عدم موجودگی میں اسے کوئی بات پیش آتی ہے تو اس کی زبان پر سب سے پہلے یہی الفاظ آتے ہیں "اے ماں" اور اس کے دل میں سب سے پہلے ماں ہی کا خیال آتا ہے کیوں کہ وہی اس کا ٹھکانہ ہے اس نے اس کی کفالت، کفایت اور شفقت پر ایسا اعتماد کیا ہے جو ایک قسم کے ادراک سے خالی نہیں اور اس کی تمیز اور سمجھ کے مطابق ہے اور یوں گمان کیا جاسکتا ہے کہ یہ طبعی بات ہے کیوں کہ اگر بچے سے ان باتوں کی تفصیل معلوم کی جائے تو وہ الفاظ کے ساتھ بیان نہیں کرسکتا اور نہ ہی ذہن میں تفصیلاً حاضر کرسکتا ہے لیکن یہ سب باتیں ادراک کے سوا ہیں پس جس شخص کا دل اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو وہ اسی کی طرف دیکھے اور اسی پر اعتماد کرے تو وہ اس کا اسی طرح شوق رکھے گا جس طرح بچہ اپنی ماں کا اشتیاق رکھتا ہے تو وہی شخص حقیقت میں متوکل ہے کیوں کہ بچہ اپنی ماں پر ہی توکل کرتا ہے ان دونوں درجوں پر فائز لوگوں میں فرق یہ ہے کہ یہ شخص ایسا متوکل ہے کہ اپنے توکل میں خود توکل سے بے خبر ہے کیوں کہ اس کا دل توکل اور اس کی حقیقت کی طرف متوجہ نہیں ہوتا بلکہ جس پر توکل ہے اسی کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اس متوکل علیہ (جس پر توکل ہے) کے غیر کے لیے اس کے دل میں کوئی گنجائش نہیں ہوتی جب کہ پہلی قسم کا آدمی تکلف اور کسب کے ساتھ توکل کرتا ہے اور وہ اپنے توکل سے فانی نہیں ہوتا کیوں کہ وہ اپنے توکل کی طرف توجہ بھی کرتا ہے اور اسے اس کا شعور بھی ہوتا ہے اور یہ ایسی مشغولیت ہے جو صرف متوکل علیہ کے ملاحظہ سے دور رکھتی ہے جب حضرت سہل رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ توکل کا ادنیٰ مرتبہ کیا ہے؟ تو انہوں نے اسی بات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا آرزوؤں کا ترک کرنا سائل نے پوچھا درمیانہ درجہ کیا ہے؟

فرمایا اختیار کو چھوڑ دینا اور یہ دوسرے درجہ کی طرف اشارہ ہے اور اعلیٰ درجہ کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے اس

---

(۱) کنز العمال جلد ۹ ص ۷۷ حدیث ۲۵۰۲۲

کا ذکر نہ کیا اور فرمایا اس کی پہچان اسی شخص کو ہو سکتی ہے جو اس کے اوسط درجے تک پہنچ جائے۔

تیسرا درجہ سب سے اعلیٰ ہے وہ یہ ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کے سامنے اس طرح ہو جائے جس طرح غسل دینے والے کے سامنے میت ہوتا ہے کہ اپنے آپ کو مردہ سمجھے کہ قدرت ازلیہ حرکت دے رہی ہے جیسے غسل دینے والے کا ہاتھ میت کو حرکت دے رہا ہے یہی وہ شخص ہے جس کا یقین اس بات پر مضبوط ہے کہ حرکت دینے والا، قدرت، ارادے علم اور دیگر تمام صفات کا مالک وہی اللہ تعالیٰ ہے اور یہ سب باتیں جبراً ہوتی ہیں پس وہ اس انتظار میں رہتا ہے کہ اس پر کیا حکم جاری ہوتا ہے اور بچے سے اس کا معاملہ جدا ہوتا ہے کیوں کہ بچہ اپنی ماں کی طرف فریاد کرتا ہے، چیختا ہے اس کے دامن سے لپٹتا ہے اور اس کے پیچھے دوڑتا ہے (اور یہ ایسا نہیں کرتا) بلکہ یہ اس بچے کی طرح ہے جسے یہ معلوم ہے کہ اگر وہ اپنی ماں کے لیے نہ بھی تڑپے تو بھی ماں اسے تلاش کرے گی اگر وہ اس کے دامن سے نہ بھی لپٹے پھر بھی وہ اسے اٹھائے گی اگر وہ ماں سے دودھ نہ بھی مانگے تو بھی وہ اسے خود اپنے آپ دودھ پلائے گی توکل میں یہ وہ مقام ہے کہ آدمی دعا کرنا اور سوال کرنا چھوڑ دیتا ہے کیوں کہ اسے اللہ تعالیٰ کے کرم اور عنایت پر اعتماد ہوتا ہے اور سوال کی بجائے جو کچھ وہ خود اپنی طرف سے (ابتداءً) دیتا ہے وہ افضل ہے کتنی ہی نعمتیں سوال و دعا سے پہلے اور استحقاق کے بغیر ملتی ہیں ——— دوسرا مقام دعا اور سوال کو چھوڑنے کا تقاضا نہیں کرتا وہ صرف غیر سے سوال کو چھوڑنے کا تقاضا کرتا ہے۔

سوال:

کیا ان احوال کے پائے جانے کا تصور کیا جا سکتا ہے؟

جواب:

جان لو کہ یہ بات محال نہیں ہے البتہ بہت ہی نادر ہے جب کہ دوسرا اور تیسرا مقام تو بالکل ہی نادر ہے البتہ پہلے مقام کا امکان ہے پھر جب دوسرا اور تیسرا مقام پایا جائے تو اس کا دوام بہت مشکل ہے بلکہ قریب ہے کہ تیسرا مقام دوام کے اعتبار سے خوف کی زردی کی طرح ہو کیوں کہ دل کا قوت اور دیگر اسباب کو دیکھ کر خوش ہونا ایک طبعی بات ہے جب کہ اس کا رکنا اور پریشانی عارضی ہے اور خوف کا مطلب یہ ہے کہ خون ظاہری چہرے سے باطن کی طرف سمٹ جاتا ہے حتیٰ کہ ظاہری چمڑے کی سرخی جو جلد کے باریک پردے میں سے جھلکتی تھی چلی جاتی ہے کیوں کہ جلد ایک باریک پردہ ہے اس کے پیچھے سے خون کی سرخی نظر آتی ہے اور جب خون سمٹ جاتا ہے تو زردی ظاہر ہوتی ہے لیکن یہ دائمی نہیں ہوتی اسی طرح دل کا قوت و قدرت اور دیگر ظاہری اسباب سے پھر جانا اور سکڑ جانا بھی عارضی ہوتا ہے۔

جہاں تک دوسرے مقام کا تعلق ہے تو وہ بخار والے کی زردی کی طرح ہے کیوں یہ ایک دو دن باقی رہتی ہے اور پہلی زردی اس بیمار کی زردی کی طرح ہے جس کا مرض پکا ہو گیا ہو اس کا ہمیشہ رہنا بھی دشوار نہیں ہوتا اور زائل ہونا بھی۔

سوال: کیا ان احوال میں بندے کے ساتھ تدبیر اور اسباب کا تعلق باقی رہتا ہے۔

جواب :
تیسرا مقام تو تدبیر کی بالکل نفی کرتا ہے جب تک یہ حالت باقی ہو بلکہ ایسا آدمی، حیران و پریشان شخص کی طرح ہوتا ہے دوسرے مقام میں ہر تدبیر کی نفی ہو جاتی ہے البتہ اللہ تعالیٰ سے فریاد کرنا اور سوال کرنا باقی رہتا ہے جیسے بچہ صرف اپنی ماں سے تعلق رکھتا ہے اور پہلے مقام میں تدبیر اور اختیار کی بالکل نفی نہیں ہوتی البتہ بعض تدبیروں کی نفی ہوتی ہے جیسے کوئی شخص اپنے مقدمات میں وکیل پر توکل کرتا ہے وہ وکیل کے غیر کے حوالے سے تدبیر کو چھوڑ دیتا ہے لیکن جس تدبیر کی طرف وکیل اشارہ کرتا ہے اسے ترک نہیں کرتا یا اسے اپنے آپ تجربے سے معلوم کر لیتا ہے کہ یہ وکیل کی عادت اور طریقے سے ہے وکیل واضح اشارہ نہیں دیتا۔

جس بات کو وہ اس کے اشارے سے معلوم کرتا ہے اس کی مثال اس طرح ہے کہ وہ کہتا ہے کہ جب تم موجود ہو گے اسی وقت میں گفتگو کروں گا تو وہ لازماً حاضری کی تدبیر میں مشغول ہوتا ہے اور یہ بات اس پر توکل کے خلاف نہیں ہے کیوں کہ یہ بات حجت کے اظہار کے سلسلے میں اپنی قوت یا کسی دوسرے کی قوت کی طرف فریاد رسی نہیں ہے بلکہ یہ بات توکل کی تکمیل سے ہے کہ جو کچھ وکیل اس سے کہے وہ کام کرے کیوں کہ اگر وہ اس پر بھروسہ نہ کرتا اور نہ اس کی بات پر اعتماد ہوتا تو اس کے کہنے پر حاضر نہ ہوتا اور دوسری بات جو وکیل کی عادت سے معلوم ہے اس کے کہنے کی ضرورت نہیں پڑتی وہ اس طرح ہے کہ موکل جانتا ہے کہ اس کا وکیل مخالف سے دستاویز کے بغیر نہیں لڑتا تو اگر وہ اس پر توکل کرتا ہے تو اس توکل کی تکمیل کا تقاضا یہ ہے کہ وہ اس (وکیل) کے طریقے پر کاربند ہو اور اس کے تقاضوں کو پورا کرے اور اس کی صورت یہ ہے کہ جب مقدمہ لڑا جائے تو دستاویزات ساتھ لے کر جائے۔

تو دستاویزات پیش کرنے اور خود حاضر ہونے کے سلسلے میں تدبیر کو چھوڑ نہیں سکتا۔ اگر ان میں سے کسی بات کو چھوڑے گا تو یہ توکل میں نقص ہوگا پس ان دونوں باتوں کی بجا آوری توکل میں نقصان کا باعث کیسے ہو سکتی ہے ہاں جب وکیل کے کہنے پر خود بھی حاضر ہو جائے اور دستاویزات بھی لے آئے اور بیٹھ کر اس کی دلیل بھی دیکھنے سنے تو بعض اوقات یہ بات دوسرے اور تیسرے مقام تک پہنچا دیتی ہے۔ حتیٰ کہ وہ پریشان آدمی کی طرح ہو جاتا ہے جو منتظر ہے اور وہ اپنی قوت و طاقت کی طرف رجوع نہیں کرتا کیوں کہ اس کی اپنی طاقت اور حرکت باقی نہیں رہی کیوں کہ اپنی قوت پر اعتماد اس وقت تک تھا جب تک حاضر نہ ہوا تھا اور نہ دستاویز لایا تھا کیوں کہ اس بات کی طرف وکیل کا اشارہ یا اس کا طریقہ تھا اور اب یہ بات اپنی انتہا کو پہنچ گئی۔ اب تو اطمینان قلبی اور وکیل پر اعتماد نیز کیا فیصلہ ہوتا ہے؟ اس بات کا انتظار باقی ہے۔

جب تم اس بات کو سمجھ جاؤ گے تو توکل کے بارے میں تمام خدشات دور ہو جائیں گے اور تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ ہر تدبیر اور عمل کو چھوڑنا توکل کے لیے شرط نہیں ہے اور نہ یہ بات کہ توکل کی صورت میں کسی قسم کی تدبیر اور عمل جائز نہیں بلکہ اس میں تقسیم ہے جس کی تفصیل اعمال کے ذکر میں آئے گی۔

لہٰذا موکل (یا متوکل) کا اپنی حاضری اور دستاویز حاضر کرنے میں اپنی قوت و حرکت پر اعتماد توکل کے خلاف نہیں ہے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ اگر وکیل نہ ہوتا تو اس کا حاضر ہونا یا دستاویز کو لانا باطل اور بلا فائدہ تھکاوٹ کے بغیر کچھ نہ تھا۔ تو اس وقت فائدہ اس لحاظ سے نہیں کہ یہ اس کی اپنی قوت و طاقت ہے بلکہ اس اعتبار سے ہے کہ وکیل نے مقدمہ لڑنے کے لیے اسے اس بات کا پابند کیا ہے اور اشارے سے اس کو یہ بات سمجھائی ہے لہٰذا اب تو وکیل کے بغیر کوئی طاقت و قوت نہیں ہے لیکن وکیل کے حق میں ان کلمات کا معنیٰ تکمیل کو نہیں پہنچتا کیوں کہ وکیل اس کی قوت کا خالق نہیں ہے بلکہ وکیل نے اس کی ان قوتوں کو مفید بنا دیا کیوں کہ اگر وکیل کا فعل نہ ہوتا تو یہ فائدہ نہ دیتیں۔ اور یہ بات سچے وکیل یعنی اللہ تعالیٰ کے حق میں صادق آتی ہے کیوں کہ حرکت و قوت کا خالق تو وہی ہے جیسا کہ اس سے پہلے توحید کے بیان میں گزر چکا ہے اسی نے ان دونوں کو مفید بنایا کیوں کہ ان کو ان فوائد و مقاصد کی شرط بنایا جن کو ان کے بعد پیدا کرتا ہے۔

تو "لاحول ولاقوۃ الا باللہ" بالکل درست اور ٹھیک ہے اور جو شخص ان سب امور کا مشاہدہ کرتا ہے اس کے لیے بہت بڑا ثواب ہے جیسا کہ احادیث مبارکہ میں "لاحول ولاقوۃ الا باللہ" پڑھنے والے کے بارے میں آیا ہے (۱)

بعض اوقات اس بات کو عقل کے بعید سمجھا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اس قدر اجر ان کلمات پر کیسے ملے گا حالاں کہ ان کلمات کو زبان سے بسہولت ادا کیا جاتا ہے اور ان الفاظ کے مفہوم کا قلبی اعتقاد بھی آسان ہے لیکن یہ بات نہیں بلکہ یہ اس مشاہدے کی جزا ہے جس کا ذکر ہم نے توحید کے بیان میں کیا ہے اور اس کلمہ اور اس کے ثواب کی نسبت "لاالہ الا اللہ" اور اس کے ثواب کی طرف اسی طرح ہے جیسے ایک کلمے کے معنیٰ کو دوسرے کلمہ کے معنیٰ کی طرف نسبت ہے کیوں کہ اس کلمہ میں صرف دو باتوں کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی گئی ایک حول اور دوسری قوت، اور لاالہ الا اللہ میں تمام باتوں کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہے تو غور کیجئے کل اشیا اور دو چیزوں کے درمیان کتنا فرق ہے تاکہ تم "لاحول ولاقوۃ الا باللہ" کے مقابلے میں "لاالہ الا اللہ" کے ثواب کی پہچان حاصل کر سکو۔

جس طرح ہم نے اس پہلے ذکر کیا کہ توحید کے دو چھلکے اور دو مغز ہیں اسی طرح اس کلمے اور دیگر کلمات کا معاملہ بھی ہے۔ اور اکثر لوگ چھلکوں میں پھنس گئے اور مغزوں کی طرف ان کا جھکاؤ نہیں ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی میں اسی طرف اشارہ ہے آپ نے فرمایا۔

مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَادِقًا مِنْ قَلْبِهٖ مُخْلِصًا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ۔ (۱)	جو شخص سچے دل سے اخلاص کے ساتھ لاالہ الا اللہ پڑھے اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد اول ص ۲۴۵ کتاب الدعاء

(۲) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۵ ص ۱۹۷ حدیث ۵۰۷۴

اور جہاں آپ نے مطلق ذکر فرمایا صدق اور اخلاص کا ذکر نہیں کیا تو اس مطلق سے یہی مقید مراد ہے جس طرح بعض مقامات پر مغفرت کی اضافت ایمان اور اعمال صالحہ کی طرف فرمائی اور جس جگہ صرف ایمان کا ذکر کیا تو اس سے مراد بھی وہی ایمان ہے جو اعمال صالحہ کے ساتھ مقید ہے اس لیے کہ آخری سلطنت محض زبانی بات سے نہیں ملتی اور زبان کی حرکت بات ہے اور دل کا عقد بھی بات ہی ہے البتہ اسے حدیثِ نفس کہتے ہیں صدق اور اخلاص ان دونوں باتوں کے علاوہ ہیں اور شاہی تخت صرف مقربین کے لیے بچھا ہے اور وہ مخلص لوگ ہیں ہاں ان میں سے جو لوگ اصحابِ یمین ہیں ان لوگوں کے رتبے کے قریب ہوں ان کے لیے بھی اللہ تعالیٰ کے ہاں درجات ہیں اگرچہ وہ اس سلطنت تک نہیں پہنچ سکتے کیا تم نہیں دیکھتے کہ جب اللہ تعالیٰ نے سورۂ واقعہ میں مقربین سابقین کا ذکر کیا تو ان کے لیے تخت کا ذکر بھی فرمایا۔

ارشاد خداوندی ہے :۔

عَلٰی سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ مُّتَّكِـِٕیْنَ عَلَیْهَا مُتَقٰبِلِیْنَ۔ (۱)

جڑے ہوئے تختوں پر ہوں گے ان پر تکیہ لگائے ہوئے آمنے سامنے۔

اور جب اصحاب یمین تک معاملہ پہنچا تو پانی، سائے، پھلوں، درختوں اور حورعین کے ذکر سے زائد کوئی بات نہیں فرمائی اور یہ سب چیزیں جس کی طرف نظر کی جائے، جس چیز کو پیا جائے جس کو کھایا جائے اور جس سے نکاح کیا جائے اس کے حوالے سے لذتیں ہیں اور یہ باتیں ہمیشہ جانوروں کے لیے متصور ہوتی ہیں اور جانوروں کی لذت کا اُخروی سلطنت، اعلیٰ علیین میں اترنے اور بارگاہ خداوندی کی حاضری کی لذت سے کیا مقابلہ ہے اگر ان لذتوں کی کوئی قدر ہوتی تو جانوروں کے لیے ان کی فراوانی نہ ہوتی اور ان پر فرشتوں کا درجہ بلند نہ ہوتا۔

کیا تم دیکھتے ہو کہ جانور جو باغوں میں کھلے پھرتے ہیں پانی، درختوں اور طرح طرح کے کھانوں سے نفع اندوز ہوتے ہیں جفتی کرتے کے ذریعے نفع حاصل کرتے ہیں زیادہ بلند، زیادہ لذیذ اور شرف والے ہیں اور اس بات کے لائق ہیں کہ اصحابِ کمال کے نزدیک فرشتوں کے ان احوال کے مقابلے میں قابلِ رشک ہیں جو فرشتوں کو رب العالمین کی بارگاہ کا قرب اعلیٰ علیین میں حاصل ہے؟

ہرگز نہیں کسی شخص کو اختیار دیا جائے کہ وہ گدھا بن جائے یا حضرت جبریل علیہ السلام کے درجہ پر فائز ہو تو وہ حضرت جبریل علیہ السلام کے درجہ پر گدھے کے درجے کو کیسے پسند کرے گا۔

اور یہ بات مخفی نہیں کہ کسی چیز کی مشابہت اس کی طرف کشش کا سبب ہوتی ہے اور جس نفس کا جوتے بنانے کی طرف جھکاؤ ہو فن کتابت کی طرف جھکاؤ سے زیادہ ہو تو وہ اپنے جوہر میں کاتبوں کی نسبت جوتے بنانے والوں کے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ واقعہ آیت ۱۵، ۱۶

زیادہ مشابہ ہے اسی طرح جانوروں کی لذات کے حصول کی طرف نفس کا جھکاؤ ملائکہ کی لذات پانے کی طرف جھکاؤ کے مقابلے میں زیادہ ہوتا ہے کیوں کہ وہ فرشتوں کے مقابلے میں جانوروں کے زیادہ مشابہ ہے انہی لوگوں کے بارے میں فرمایا گیا ہے۔

اُولٰئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ۔ وہ لوگ جانوروں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ بھٹکے ہوئے۔ (۱)

اور وہ زیادہ بھٹکے ہوئے اس لیے ہیں کہ جانوروں میں فرشتوں کا درجہ طلب کرنے کی قوت نہیں ہے لہٰذا ان کا اس مطلب کو چھوڑنا عاجزی کی وجہ سے ہے لیکن انسان کے بس میں یہ بات ہے اور جو شخص کمال حاصل کرنے پر قادر ہو جب وہ طلبِ کمال سے دستبردار ہو کر بیٹھ جائے تو اسے گمراہی کی طرف منسوب کر کے اس کی مذمت کرنا زیادہ مناسب ہے۔

یہ تو ایک جملہ معترضہ تھا ہم اصل مقصود کی طرف لوٹتے ہیں ہم نے "لا الٰہ الا اللہ" کا معنیٰ بیان کر دیا ہے اور "لاحول ولاقوۃ الا باللہ" کا معنیٰ بھی ذکر کر دیا ہے اور جو شخص مشاہدہ کے ساتھ یہ دونوں کلمات نہیں کہتا اس سے توکل کے حال کا تصور نہیں ہو سکتا۔

سوال:-

لاحول ولاقوۃ الا باللہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف دو باتوں کی نسبت ہے اگر کوئی شخص یوں کہے،

"السماء والارض خلق اللہ" (آسمان اور زمین اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے) تو کیا اسے بھی لاحول ولاقوۃ الا باللہ، پڑھنے کی طرح ثواب ملے گا؟

جواب:

نہیں، کیوں کہ ثواب اس چیز کے درجہ کے مطابق ہوتا ہے جس پر ثواب ملتا ہے اور دونوں درجوں کے درمیان مساوات نہیں آسمان اور زمین کے بڑا ہونے اور حول و قوت کے چھوٹا ہونے کو نہ دیکھا جائے اگرچہ ان کو مجازاً چھوٹا جا سکتا ہے لیکن احکام اشخاص کے بڑا ہونے سے متعلق نہیں ہوتے بلکہ ہر عام آدمی بھی جانتا ہے کہ زمین و آسمان انسانوں کی طرف سے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی تخلیق ہیں لیکن حول و قوۃ کا معاملہ معتزلہ اور فلاسفہ اور ان بہت سی جماعتوں پر مشتبہ ہو گیا جو رائے اور عقل میں باریک بینی کا دعویٰ کرتے ہیں حتیٰ کہ وہ بال کی کھال نکالنے کے مدعی ہیں تو یہ مہلک خطرہ اور بہت بڑی لغزش کا مقام ہے اس میں غافل لوگ ہلاک ہو گئے کیوں کہ وہ اپنے لیے ایک امر ثابت کرتے ہیں (یعنی خود فیصلہ دیتے ہیں) اور یہ توحید میں شرک اور اللہ تعالیٰ کے سوا خالق ثابت کرنا ہے جو شخص اللہ تعالیٰ کی توفیق کے ساتھ اس گھاٹی کو عبور کرے اس کا

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ اعراف آیت ۱۷۹

رتبہ بلند ہوتا ہے اور اسے عظیم درجہ ملتا ہے وہی شخص "لاحول ولاقوۃ الا باللہ" کہنے میں سچا ہے۔

ہم نے ذکر کیا ہے کہ توحید میں دو گھاٹیاں ہیں ان میں سے ایک آسمان، زمین، سورج، چاند، ستاروں، بادلوں، بارش اور تمام جمادات کی طرف دیکھنا ہے اور دوسرا حیوانات (جن میں انسان بھی شامل ہیں) کے اختیارات کو دیکھنا ہے اور یہ (دوسری بات) دونوں گھاٹیوں میں سے بڑی اور زیادہ خطرناک گھاٹی ہے اور ان دونوں کو طے کر لینا ہی سر توحید کا کمال ہے اسی لیے اس کلمے کا ثواب زیادہ ہے یعنی اس چیز کا مشاہدہ کرنا جس کی ترجمانی یہ کلمہ کرتا ہے۔

تو توکل کا حال اس بات کی طرف لوٹ گیا کہ انسان اپنے حول وقوت سے دستبردار ہو اور واحد حق پر توکل کرے عنقریب جب ہم توکل کے اعمال ذکر کریں گے تو اس بات کی وضاحت ہو جائے گی ان شاء اللہ۔

فصل ۳:

احوال توکل سے متعلق بزرگوں کے اقوال

ان اقوال سے یہ بات واضح ہو جائے گی کہ جو کچھ ہم نے ذکر کیا ہے اس سے کوئی بات خارج نہیں لیکن ہر ایک نے بعض احوال کی طرف اشارہ کیا ہے حضرت ابوموسیٰ دیبلی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابو یزید رحمہ اللہ سے پوچھا کہ توکل کیا ہے ؟ انہوں نے فرمایا تم کیا کہتے ہو؟ میں نے کہا ہمارے اصحاب فرماتے ہیں اگر درندے اور سانپ تمہارے دائیں بائیں ہوں تو بھی تمہارے باطن میں کوئی حرکت نہ ہو، حضرت ابو یزید رحمہ اللہ نے فرمایا ہاں یہ بات قریب ہے لیکن اگر اہل جنت، جنت میں نعمتوں سے متنعم ہوں اور جہنمیوں کو جہنم میں عذاب دیا جائے اور توکل والا ان کے درمیان تمیز کرے تو توکل سے نکل جائے گا۔

تو جو کچھ حضرت ابوموسیٰ علیہ الرحمۃ نے ذکر کیا وہ توکل سے بزرگ ترین احوال کی خبر ہے اور یہ مقام ثالث ہے اور جو کچھ حضرت ابو یزید رحمہ اللہ نے بیان فرمایا وہ علم کی سب سے معزز نوع ہے جو توکل کی بنیادوں میں سے ہے اور وہ حکمت کا علم ہے اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے کیا وہی ہونا چاہیے اصل عدل اور حکمت کی طرف نسبت کے حوالے سے اہل جنت اور اہل جہنم میں کوئی فرق نہیں اور یہ نہایت ہی گہرا علم ہے اور اس کے بعد تقدیر کا راز ہے اور حضرت ابو یزید عام طور پر اعلیٰ مقام اور بلند ترین درجہ کے حوالے سے ہی بات کرتے تھے۔

اور سانپوں سے بچنا توکل کے پہلے مقام میں شرط نہیں ہے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اس سے بچاؤ اختیار کیا کہ (ہجرت کے موقع پر غار ثور میں) سانپوں کے سوراخوں کو بند کیا۔ (۱)

ہاں یہ کہا جا سکتا ہے کہ آپ نے پاؤں سے یہ کام کیا اور آپ کے دل میں کوئی تبدیلی نہیں آئی یا یہ کہا جائے کہ آپ نے

---

(۱) الوفا جلد اول ص ۲۳۳، ابواب ہجرتہ الی المدینتہ

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ڈرتے ہوئے ایسا کیا اپنی ذات کا خوف نہ تھا اور توکل تب زائل ہوتا ہے جب باطن میں تبدیلی اور حرکت ایسے امر کی وجہ سے ہو جو اس کی ذات کی طرف لوٹتا ہے لیکن اس میں تاویل کی گنجائش ہے اور عنقریب یہ بات بیان ہوگی کہ اس قسم کی مثالیں اور ان میں سے اکثر باتیں توکل کے خلاف نہیں ہیں کیوں کہ سانپوں کی وجہ سے باطنی حرکت خوف ہے اور توکل کرنے والے کو حق حاصل ہے کہ وہ اس سے ڈرے جس نے سانپوں کو مسلط کیا کیوں کہ سانپوں کو جو طاقت حاصل ہوئی ہے وہ بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کو ملی ہے پس اگر وہ بچتا ہے تو یہ اس کی اپنی تدبیر، حرکت اور قوت پر اعتماد نہیں بلکہ حرکت، قوت اور تدبیر کے خالق پر اعتماد ہے۔

حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ سے توکل کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا ارباب سے علیحدگی اختیار کرنا اور اسباب سے انقطاع توکل ہے تو ارباب سے علیحدگی میں علمِ توحید کی طرف اشارہ ہے اور اسباب سے قطع تعلق اعمال کی طرف اشارہ ہے اور اس میں حال سے متعلق کوئی صریح بات نہیں کہی گئی اگرچہ ضمناً اشارہ ہے ان سے عرض کیا گیا کہ اضافہ کیجئے فرمایا اپنے نفس کو بندگی میں ڈالنا اور ربوبیت سے نکالنا بھی توکل ہے، تو یہ صرف حرکت اور قوت سے بیزاری کی طرف اشارہ ہے۔

حضرت حمدون القصار رحمہ اللہ سے توکل کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا اگر تمہارے لیے ایک ہزار درہم ہوں اور ایک دانق (درہم کا چھٹا حصہ) قرض ہو تو تم اس بات سے بے خوف نہیں ہوتے کہ تم اس طرح مر جاؤ گے کہ تمہارا قرض تمہاری گردن میں ہوگا اور اگر تمہارے ذمہ دس ہزار درہم ہوں اور تم ان کی ادائیگی کے لیے کچھ بھی چھوڑ کر فوت نہ ہو تو اللہ تعالیٰ سے ناامید نہ ہو اللہ تعالیٰ تمہاری طرف سے ادا فرمائے گا اور یہ تقدیر کی وسعت پر مجرد ایمان کی طرف اشارہ ہے اور مقدرات میں ان ظاہری اسباب کے علاوہ خفیہ اسباب بھی ہیں۔

حضرت ابو عبداللہ قرشی رحمہ اللہ سے توکل کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا ہر حال میں اللہ تعالیٰ سے تعلق قائم رکھنا سائل نے کہا مزید کچھ بتائیے فرمایا ہر اس سبب کو چھوڑ دینا جو کسی دوسرے سبب تک پہنچاتا ہے حتیٰ کہ حق ہی متولی قرار پائے تو پہلی بات تینوں مقاماتِ توکل کو شامل ہے اور دوسری میں خاص تیسرے مقام کی طرف اشارہ ہے اور یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے توکل کی طرح ہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام نے ان سے کہا کہ کیا آپ کو کوئی حاجت ہے؟ آپ نے فرمایا (حاجت تو ہے لیکن) آپ سے نہیں کیوں کہ ان کا سوال ایک سبب تھا جو دوسرے سبب یعنی حضرت جبریل علیہ السلام کی طرف لے جاتا تھا تو آپ نے اللہ تعالیٰ پر توکل کرتے ہوئے اسے چھوڑ دیا کہ اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو وہ حضرت جبریل علیہ السلام کو اس کام کے لیے مسخر کر دے گا کیوں کہ وہی اس کام کا متولی ہے یہ اس حیران شخص کا حال ہے جو اللہ تعالیٰ کی وجہ سے اپنے نفس سے غائب ہوتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور کو نہیں دیکھتا اور اس حال کا وجود بہت کم ہوتا ہے اور اگر پایا جائے تو اس کا دوام اور زیادہ مشکل ہوتا ہے۔

حضرت ابو سعید خراز رحمہ اللہ نے فرمایا سکون کے بغیر اضطراب اور اضطراب کے بغیر سکون توکل ہے شاید انہوں نے دوسرے مقام کی طرف اشارہ کیا ہے پس اضطراب کے بغیر سکون اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ دل کو وکیل کے ساتھ سکون حاصل ہے اور اس پر اس کا اعتماد ہے اور سکون کے بغیر اضطراب میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ وہ اس کے سامنے فریاد کر رہا ہے جیسے بچہ اپنے ہاتھوں سے ماں کی طرف التجا کرتا ہے اور اس کے دل کا سکون ماں کی مکمل شفقت سے متعلق ہوتا ہے۔

حضرت ابو علی دقاق رحمہ اللہ نے فرمایا توکل کے تین درجات ہیں (۱) توکل (۲) تسلیم اور (۳) تفویض۔ متوکل وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے وعدے پر سکون حاصل کر لیتا ہے اور مسلّم (تسلیم والا) اس کے جاننے پر ہی کفایت کرتا ہے اور تفویض والا اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر راضی ہوتا ہے اور یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ متوکل کا دیکھنا اس شخص کے اعتبار سے جسے دیکھتا ہے، مختلف درجات رکھتا ہے علم ہی اصل ہے وعدہ اس کے تابع ہے اور حکم وعدے کے تابع ہے اور بعید نہیں کہ متوکل کے دل پر ان میں سے کوئی چیز غالب ہو مشائخ نے توکل کے بارے میں مزید بھی کچھ فرمایا لیکن ہم بات کو طویل کرنا نہیں چاہتے کیوں کہ روایت اور نقل کی نسبت کشف زیادہ قوی ہوتا ہے یہ بیان حالِ متوکل سے متعلق تھا۔ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت اور لطف سے توفیق دینے والا ہے۔

<u>فصل ۳:</u>

متوکلین کے اعمال

جان لو کہ علم سے حال پیدا ہوتا ہے اور حال کا نتیجہ اعمال ہیں اور بعض اوقات گمان کیا جاتا ہے کہ بدن سے کوئی کام نہ کرنا اور دل کی تدبیر کو ترک کر دینا توکل ہے اور زمین پر یوں پڑا رہے جس طرح کپڑے کا کوئی ٹکڑا یا گوشت کا لوتھڑا قصاب کے پھٹے پر ہو اور یہ جاہل لوگوں کا خیال ہے کیوں کہ شریعت میں ایسا کرنا حرام ہے اور شریعت نے توکل کرنے والوں کی تعریف کی ہے تو دین کے ممنوع امور کے ذریعے کوئی دینی مقام کیسے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے ہم بات واضح کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

توکل کی تاثیر اس وقت ظاہر ہوتی ہے جب بندہ اپنے مقاصد کا علم رکھتے ہوئے اس کی طرف حرکت اور کوشش کرے اور بندے کی کوشش اس کے اختیار میں ہے اور یہ کوشش یا تو ان منافع کو حاصل کرنے کے لیے ہوتی ہے جو ابھی اس کے پاس نہیں ہیں جیسے محنت اور کسب وغیرہ یا اس نفع بخش چیز کی حفاظت کے لیے ہوتی ہے جو اس کے پاس موجود ہے جیسے ذخیرہ کرنا یا کسی ایسے ضرر رساں امر کے لیے ہوتی ہے جو ابھی تک نہیں آیا جیسے حملہ آور، چور اور درندے سے دفاع کرنا یا ایسے نقصان دہ کام کو زائل کرنے کے لیے کوشش کرتا ہے جو واقع ہو چکا ہے

جیسے بیماری کا علاج کرنا تو بندے کی حرکات کا مقصود ان چار باتوں سے باہر نہیں ہے یعنی حصول نفع، حفاظتِ نفع، نقصان سے اپنے آپ کو بچانا اور ضرر کو دور کرنا۔

پس ہم ان چاروں امور میں توکل کی شرائط اور درجات ذکر کرتے ہیں جو شرعی دلائل کے ساتھ مزین ہیں۔

فن اوّل: یعنی نفع حاصل کرنا تو اس سلسلے میں ہم کہتے ہیں نفع بخش چیز کے اسباب تین درجات پر ہیں یا تو وہ قطعی اور یقینی ہوں گے یا ظن غالب ہوگا جس پر اعتماد کیا جاسکتا ہے یا موہوم ہوں گے یعنی ان کا صرف وہم ہوگا جس پر نفس مکمل اعتماد نہیں کرتا اور نہ ہی مطمئن ہوتا ہے۔

پہلا درجہ جو قطعی ہے ان اسباب کی مثل ہے جن کے ساتھ مسببات اللہ تعالیٰ کی تقدیر اور مشیت کے ساتھ اس طرح مربوط ہوتے ہیں کہ وہ ربط ہمیشہ قائم رہتا ہے اور بدلتا نہیں جیسے تمہارے سامنے کھانا رکھا ہوا ہو اور تم بھوکے ہو تمہیں کھانے کی حاجت ہو لیکن تم اس کی طرف ہاتھ نہیں بڑھاتے بلکہ کہتے ہو کہ میں متوکل ہوں اور توکل کی شرط کوشش کو چھوڑنا ہے جب کہ ہاتھ کو بڑھانا کوشش اور حرکت ہے اسی طرح دانتوں کے ساتھ اسے چبانا اور دونوں جبڑوں کو ملا کر اسے نگلنا بھی ایک کام ہے اور یہ توکل کے خلاف ہے، تو یہ محض پاگل پن ہے توکل کا اس سے کوئی تعلق نہیں۔

اگر تم اس بات کے منتظر ہو کہ اللہ تعالیٰ روٹی کے بغیر تمہیں سیر کر دے گا یا روٹی میں حرکت پیدا کرے گا کہ وہ تمہارے پاس پہنچے یا کسی فرشتے کو مامور کرے گا کہ وہ اس روٹی کو تمہارے لیے چبا کر تمہارے معدے تک پہنچا دے تو تم اللہ تعالیٰ کے طریقے سے ناواقف ہو۔

اسی طرح اگر تم زمین میں کھیتی باڑی نہ کرو اور اس بات کا طمع رکھو کہ اللہ تعالیٰ بیج کے بغیر سبزی اگائے گا یا جماع کے بغیر تمہاری بیوی بچہ جنے گی جیسے حضرت مریم علیہ السلام کے ہاں بچے کی پیدائش ہوئی تو یہ سب باتیں پاگل پن ہے اور اس قسم کی باتیں بے شمار ہیں جن کو شمار میں نہیں لایا جاسکتا اس مقام پر توکل عمل کے ساتھ نہیں بلکہ حال اور علم کے ذریعے ہوتا ہے۔

جہاں تک علم کا تعلق ہے تو وہ اس طرح کہ آدمی اس بات کو جان لے کہ اللہ تعالیٰ نے کھانا، ہاتھ، دانت اور قوت حرکت پیدا فرمائی ہے اور وہی تمہیں کھلاتا اور پلاتا ہے۔

اور حال کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے دل کا سکون اور اس کا اعتماد اللہ تعالیٰ کے فعل پر ہو ہاتھ اور کھانے پر نہ ہو اور تم اپنے ہاتھ کی صحت پر کیسے اعتماد کر سکتے ہو جب کہ بعض اوقات وہ خشک ہو جاتا ہے اور فالج کا شکار ہو جاتا ہے اور تم اپنی طاقت پر کیسے بھروسہ کر سکتے ہو جب کہ بعض اوقات تم پر ایسی حالت طاری ہوتی ہے جو تمہاری عقل کو زائل کر دیتی ہے اور تمہاری حرکت کی قوت بھی باطل ہو جاتی ہے یا تمہیں کھانے کی موجودگی پر کس طرح اعتماد ہو سکتا ہے

جب کہ بعض اوقات اللہ تعالیٰ کسی کو تم پر غالب کر دیتا ہے یا کوئی سانپ آجاتا ہے اور آدمی کھانا چھوڑ کر بھاگ جاتا ہے۔
پس جب اس قسم کی باتیں ہو سکتی ہیں اور اس کا علاج صرف اللہ تعالیٰ کا فضل ہے تو اسی پر خوش ہونا چاہیے اور اسی پر اعتماد کرنا چاہیے جب آدمی کا حال اور علم اس طریقے پر ہو تو اسے (کھانے کی طرف) ہاتھ بڑھانا چاہیے کیونکہ وہ متوکل ہے۔

دوسرا درجہ:

وہ اسباب جو یقینی نہیں ہیں لیکن غالب گمان یہی ہے کہ مسببات ان کے بغیر حاصل نہیں ہوتے اور اسباب کے بغیر ان کا حصول بہت بعید ہے جیسے وہ شخص جو شہروں اور قافلوں سے دور ہو جائے اور ایسے جنگلوں میں سفر کر رہا ہو جہاں لوگوں کی آمد و رفت بہت کم ہو اور وہ ایسے سفر میں زاد راہ ساتھ نہ لے تو یہ توکل نہیں ہے بلکہ پہلے لوگوں کا طریقہ یہی تھا کہ وہ اپنے ساتھ زاد راہ لے جاتے تھے اور جب اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ ہو سامانِ سفر پر نہیں تو اب اس سامان کے ساتھ لے جانے کی وجہ سے توکل زائل نہیں ہوگا۔
لیکن اگر کوئی شخص زاد راہ ساتھ نہ لے جائے تو یہ بھی جائز ہے اور یہ توکل کا اعلیٰ مقام ہے یہی وجہ ہے کہ حضرت خواص رحمہ اللہ اسی طرح کرتے تھے۔

سوال:

یہ تو ہلاکت کی کوشش ہے اور اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا ہے۔

جواب:

یہ صورت حرام ہونے سے دو وجہ سے خارج ہے ایک یہ کہ آدمی ایک ہفتہ یا اس کے قریب مدت اپنے نفس کو ریاضت، مجاہدہ اور کھانے کے بغیر صبر کی عادت ڈال دے اور یوں وہ صبر کرے کہ اس کے دل میں کوئی تنگی اور تشویش نہ ہو اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کے ذکر میں کوئی مشکل پیش آئے۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ وہ گھاس یا اس سے بھی معمولی چیز مل جائے اسے بطور خوراک استعمال کر سکے ان دو شرطوں کے پائے جانے کے بعد غالب بات یہی ہے کہ ہر ہفتے اسے جنگل میں کوئی نہ کوئی آدمی مل جائے گا یا کسی گاؤں یا بستی میں گزر ہوگا، یا کوئی ساگ وغیرہ مل جائے گا جس سے وقتی ضرورت پوری ہو جائے گی۔ اور وہ نفس سے مجاہدہ کرتے ہوئے اس چیز کے ساتھ زندہ رہے گا اور مجاہدہ، توکل کا ستون ہے اور حضرت خواص رحمہ اللہ اور ان جیسے دوسرے حضرات کا اسی پر اعتماد تھا۔
اس کی دلیل یہ ہے کہ حضرت خواص رحمہ اللہ سوئی، قینچی، رسی اور ڈولچی اپنے ساتھ ضرور رکھتے تھے وہ فرماتے تھے اس سے توکل میں کوئی فرق نہیں پڑتا اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ جانتے تھے کہ جنگلوں میں پانی زمین کے اوپر نہیں ہوتا اور اللہ تعالیٰ کی عادت کریمہ یہ نہیں ہے کہ پانی کو کنویں سے ڈول اور رسی کے بغیر اوپر لے آئے اور جنگلوں میں گھاس

تو عام مل جاتا ہے لیکن رسی اور ڈول عام نہیں ملتا اور دن میں کئی مرتبہ وضو کے لیے پانی کی ضرورت پڑتی ہے اسی طرح پینے کے لیے بھی ایک دو مرتبہ پانی کی حاجت ہوتی ہے کیوں کہ مسافر حرکت کی گرمی کی وجہ سے پانی سے صبر نہیں کر سکتا اگرچہ کھانے سے صبر کر لیتا ہے اسی طرح اس کے پاس جو کپڑا ہوتا ہے بعض اوقات وہ پھٹ جاتا ہے اور ستر ننگا ہو جاتا ہے اور عام طور پر جنگلوں میں قینچی اور سوئی نہیں ملتی اور سینے اور کاٹنے کے لیے ان دونوں کے متبادل بھی کوئی چیز نہیں ملتی اور ہر وہ چیز جو ان چاروں کے معنی میں ہو وہ بھی دوسرے درجہ کے ساتھ ملحق ہے کیوں کہ یہ ظنی بات ہے یقینی نہیں ہے اس لیے کہ یہ بھی احتمال ہے کہ کپڑا نہ پھٹے یا کوئی شخص اسے دوسرا کپڑا دے دے یا کنویں کے پاس کوئی آدمی موجود ہو جو اس کو پانی نکال کر دے دے لیکن اس بات کا احتمال نہیں کہ چبایا ہوا کھانا اس کے منہ میں چلا جائے پس دونوں درجوں کے درمیان فرق ہے لیکن دوسرا درجہ پہلے درجہ کے معنی میں ہے۔

اسی لیے ہم کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی ایسی گھاٹی میں جائے جہاں پانی اور کوئی سبزہ نہ ہو نہ وہاں کوئی اترنے والا ہو اور یہ توکل کر کے بیٹھ جائے تو گناہ گار اور اپنے آپ کو ہلاک کرنے والا ہو گا۔ جیسا کہ مروی ہے کہ ایک زاہد بستی سے الگ ہو کر ایک پہاڑ کے دامن میں سات دن ٹھہرا رہا اس نے کہا میں کسی سے کچھ نہیں مانگوں گا یہاں تک کہ میرا رب مجھے رزق عطا فرمائے وہ سات دن تک بیٹھا رہا حتیٰ کہ مرنے کے قریب ہو گیا لیکن اس کے پاس رزق نہ آیا اس نے کہا اے میرے رب! اگر تو مجھ سے محبت کرتا ہے تو تو نے جو رزق میرے مقدر میں لکھا ہے مجھے عطا فرما ورنہ میری رُوح قبض کر لے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے الہام ہوا کہ مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم! میں تجھے اس وقت تک رزق نہیں دوں گا جب تک تو شہر میں داخل ہو کر لوگوں کے درمیان نہیں بیٹھے گا۔ چنانچہ وہ شہر میں داخل ہو کر لوگوں کے ساتھ بیٹھا تو کوئی کھانا لا رہا ہے اور کوئی مشروب، اس نے کھانا کھایا اور پانی پیا تو اس کے دل میں کچھ خیال پیدا ہوا اللہ تعالیٰ نے الہام فرمایا تو چاہتا ہے کہ اپنے دنیوی زہد کی وجہ سے میری حکمت کو لے جائے کیا تجھے معلوم نہیں میں اپنے بندے کو اپنے دست قدرت سے رزق دینے کی بجائے لوگوں کے ہاتھوں سے دینا زیادہ پسند کرتا ہوں۔

تو تمام اسباب کو ترک کر دینا حکمت خداوندی کے خلاف اور سنت الٰہیہ سے جہالت ہے اور جب آدمی اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھے اسباب پر نہیں اور یوں وہ سنت خداوندی کے مطابق عمل کرے تو یہ بات توکل کے خلاف نہیں ہے جیسا کہ ہم نے اس سے پہلے مقدمات کے وکیل کے حوالے سے ذکر کیا ہے لیکن اسباب ظاہری بھی ہوتے ہیں اور پوشیدہ بھی، اور توکل کا معنی یہ ہے کہ اسباب ظاہری سے اعراض کر کے خفیہ اسباب پر اکتفاء کرے اور اس کے ساتھ ساتھ اس کے نفس کو اسباب سے نہیں بلکہ مسبب الاسباب سے سکون حاصل ہو۔

سوال:

کسی کسب کے بغیر شہر میں بیٹھ جانے کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں۔ کیا ایسا کرنا حرام ہے؟ یا مباح یا مستحب؟

جواب:

جان لو! ایسا کرنا حرام نہیں ہے جب جنگلوں کی سیاحت کرنے والا اپنے آپ کو ہلاک کرنے والا نہیں کہلاتا تو یہ شخص کس طرح نفس کو ہلاک کرنے والا شمار ہوگا کہ اس کے فعل کو حرام قرار دیا جائے بلکہ یہ بات عقل سے بعید نہیں ہے کہ اس کے پاس وہاں سے رزق آئے جس جگہ کے بارے میں اسے گمان بھی نہ ہو۔ ہاں بعض اوقات دیر ہو جاتی ہے اور اس کے ملنے تک صبر بھی کیا جا سکتا ہے لیکن جب دروازے کو کنڈی لگا دے اور کوئی شخص اس تک پہنچ نہ سکے تو ایسا کرنا حرام ہے اور اگر وہ گھر کا دروازہ تو کھلا رکھے لیکن بیکار بیٹھا ہو عبادت میں مشغول نہ ہو تو مال کمانا اور اس کے لیے باہر نکلنا زیادہ بہتر ہے لیکن پھر اس کا نہ نکلنا حرام نہ ہوگا ہاں موت کا خطرہ ہو جائے تو (حرام ہوگا) اور اس وقت نکلنا اور کمانا ضروری ہو جائے گا۔

اور اگر اس کا دل اللہ تعالیٰ کی ذات میں مشغول ہو لوگوں کی طرف جھانکنے والا نہ ہو اور اس بات کی تاک میں نہ رہے کہ کون دروازے سے داخل ہوتا ہے اور رزق لے کر آتا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کے فضل کا منتظر رہے اور اللہ تعالیٰ کی ذات سے ہی اس کا شغف ہو تو یہ بات افضل ہے اور یہ توکل کے مقامات میں سے ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول ہونا اور رزق کا اہتمام نہ کرنا، تو ایسے شخص کے پاس لامحالہ رزق آتا ہے اس وقت بعض علماء کی یہ بات صحیح قرار پائی ہے کہ اگر بندہ اپنے رزق سے بھاگے تو رزق خود اسے تلاش کرتا ہے جس طرح موت سے بھاگتا ہے تو موت اسے ڈھونڈ نکالتی ہے اور اگر وہ اللہ تعالیٰ سے سوال کرے کہ وہ اسے رزق نہ دے تو اس کی دعا قبول نہ ہوگی اور وہ گناہ گار ہوگا اور اللہ تعالیٰ اس سے فرماتا ہے یہ کیسے ہو سکتا کہ میں تجھے پیدا کروں اور رزق نہ دوں۔

اسی لیے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا لوگوں نے ہر چیز میں اختلاف کیا مگر رزق اور موت میں اختلاف نہیں کیا اس بات پر سب متفق ہیں کہ رزق اور موت صرف اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَوْ تَوَكَّلْتُمْ عَلَى اللّٰهِ حَقَّ تَوَكُّلِهٖ لَرَزَقَكُمْ كَمَا يَرْزُقُ الطَّيْرَ تَغْدُوْ خِمَاصًا (۱) وَتَرُوْحُ بِطَانًا وَلَزَالَتْ بِدُعَائِكُمُ الْجِبَالُ۔ (۲)	اگر تم صحیح معنیٰ میں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرو تو وہ تمہیں اسی طرح رزق دے جس طرح پرندے کو دیتا ہے وہ صبح کے وقت بھوکا ہوتا ہے لیکن شام کے وقت شکم سیر ہوتا ہے اور تمہاری دعا سے پہاڑ بھی ہل جائیں۔

---

(۱) کنز العمال جلد ۲ ص ۱۰۵ حدیث ۵۶۹۴

(۲) کنز العمال جلد ۲ ص ۱۰۶ حدیث ۵۶۹۳

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا پرندے کی طرف دیکھو نہ وہ کھیتی باڑی کرتا ہے نہ غلہ کاٹتا ہے اور نہ جمع کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اسے ہر دن رزق عطا فرماتا ہے۔ اور اگر تم کہو کہ ہمارے پیٹ بڑے ہیں تو جانوروں کو دیکھو اللہ تعالیٰ نے ان کے رزق کے لیے اس مخلوق کو کس طرح مقرر فرمایا۔

حضرت ابو یعقوب سوسی رحمہ اللہ فرماتے ہیں توکل کرنے والوں کا رزق بندوں کے ہاتھوں سے ان کو ملتا ہے اور ان (توکل کرنے والوں) کو کوئی تھکاوٹ بھی نہیں ہوتی جب کہ دوسرے لوگ مشغول رہتے اور رنج اٹھاتے ہیں۔

کسی بزرگ نے فرمایا رزق سب کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملتا ہے لیکن بعض لوگ ذلت و رسوائی سے کھاتے ہیں مثلاً وہ مانگتے ہیں، بعض تھکاوٹ اور انتظار سے کھاتے ہیں جیسے تاجر لوگ، بعض محنت سے کھاتے ہیں جیسے کاریگر اور بعض کسی محنت کے بغیر کھاتے ہیں جیسے صوفیا کرام بادشاہوں کے پاس جاتے ہیں اور ان سے رزق حاصل کرتے ہیں اور واسطے کا خیال نہیں کرتے۔

تیسرا درجہ:

ایسے اسباب اختیار کرنا جن کے بارے میں وہم ہو کر یہ مسببات کی طرف لے جاتے ہیں ظاہر پر اعتماد نہیں ہوتا۔ جیسے مال حاصل کرنے کے لیے باریک تدابیر اختیار کرنا یہ بات توکل کے تمام درجات سے نکال دیتی ہے۔ اور عام لوگ اسی میں مبتلا ہیں یعنی وہ لوگ جو جائز مال جائز طریقے سے باریک حیلوں کے ذریعے حاصل کرتے ہیں۔

جہاں تک شبہ کے ساتھ لینے یا ایسے طریقے پر حاصل کرنے کا تعلق ہے جس میں شبہ ہو تو یہ دنیا کی انتہائی حرص اور اسباب پر توکل ہے اور اس بات میں کوئی پوشیدگی نہیں کہ اس سے توکل باطل ہو جاتا ہے اور یہ ان اسباب کی طرح ہے جن کی نسبت نفع بخش چیز کی طرف اس طرح ہے جیسے دم جھاڑے، فال لینے اور داغنے کی نسبت نقصان دہ چیز کی طرف ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تو فرمایا کہ توکل کرنے والے یہ کام نہیں کرتے لیکن یہ نہیں فرمایا کہ وہ شہروں میں نہیں رہتے اور نہ کسی سے کوئی چیز لیتے ہیں بلکہ فرمایا کہ وہ ان اسباب کو اختیار کرتے ہیں اور اس قسم کے اسباب کو مسببات کے سلسلے میں ان پر اعتماد کیا جاتا ہے بہت زیادہ ہیں ان کا شمار نہیں کیا جاتا۔

حضرت سہل رحمہ اللہ نے توکل کے سلسلے میں فرمایا کہ یہ تدبیر کو چھوڑنے کا نام ہے اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا فرما کر ان کو اپنی ذات سے پردے میں نہیں رکھا ان کا حجاب ان کی تدبیر ہی ہوتی ہے۔

شاید ان کی مراد فکر کے ذریعے اسباب بعید نکالنا ہے کیوں کہ ان ہی اسباب میں فکر کی ضرورت ہوتی ہے واضح اسباب میں نہیں۔ گویا اسباب دو قسم کے ہیں ایک وہ اسباب ہیں کہ ان سے تعلق توکل سے نکال دیتا ہے اور دوسری قسم ان اسباب پر مشتمل ہے جو توکل سے خارج نہیں کرتے پھر وہ اسباب جو توکل سے نکالتے ہیں ان کی بھی دو قسمیں ہیں ایک وہ جو یقینی ہیں اور دوسرے ظنی ہیں اور جو یقینی ہیں ان کو اپنانے سے آدمی توکل سے خارج نہیں ہوتا

جب توکل کا حال اور علم پایا جائے یعنی مسبب الاسباب پر بھروسہ ہو اس وقت توکل حال اور علم کے ساتھ ہوتا ہے عمل کے ساتھ نہیں۔

جہاں تک ظنی اسباب کا تعلق ہے تو ان میں توکل حال، علم اور عمل تینوں کے ساتھ ہوتا ہے اور جو لوگ ان اسباب سے تعلق رکھتے ہیں ان کے تین مقامات ہیں۔

متوکلین اور اسباب

پہلا مقام:

یہ حضرت خواص اور ان جیسے بزرگوں (رحمہم اللہ) کا مقام ہے یعنی وہ لوگ جو زادراہ کے بغیر جنگلوں میں پھرتے ہیں اور وہ محض اللہ تعالیٰ کے فضل پر بھروسہ کرتے ہیں کہ وہ ایک ہفتہ یا اس سے بھی زیادہ صبر کی طاقت عطا فرمائے گا یا انہیں کوئی سبزی وغیرہ کھانے کو مل جائے گی یا کوئی چیز نہ ملی تو موت پر راضی ہو جائے گا کیوں کہ جو آدمی زادراہ لے کر جاتا ہے اس کا یہ توشہ گم بھی ہو سکتا ہے یا وہ راستہ بھٹک کر بھوک کی حالت میں مر جاتا ہے تو یہ صورت زادراہ ہونے کی صورت میں بھی ممکن ہے جس طرح نہ ہونے کی صورت میں اس کا امکان ہے۔

دوسرا مقام:

آدمی اپنے گھر یا مسجد میں بیٹھ جائے لیکن کسی گاؤں یا شہر میں ہو، یہ مقام، پہلے مقام سے کمزور ہے لیکن ایسا شخص بھی متوکل ہے کیوں کہ وہ کمائی اور ظاہری اسباب کو چھوڑ دیتا ہے اور پوشیدہ اسباب کے اعتبار سے اپنے معاملے کی تدبیر میں اللہ تعالیٰ کے فضل پر بھروسہ کرتا ہے لیکن شہر میں بیٹھنے کی وجہ سے وہ اسباب رزق سے۔ تعلق رکھتا ہے کیوں کہ شہر میں رہنا بھی رزق حاصل کرنے کے اسباب میں سے ہے لیکن جب اس کی نظر اس ذات کی طرف ہو جس نے شہر والوں کو اس تک رزق پہنچانے کے لیے مسخر کیا ہے، شہریوں کی طرف نہ ہو تو اس سے توکل باطل نہیں ہوتا لیکن اس بات کا احتمال رہتا ہے کہ وہ سب اس سے غافل ہو جائیں اور اس کو ضائع کر دیں اگر اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کو اس کے حال سے آگاہ نہ کرے اور ان کی خبر گیری کو حرکت میں نہ لائے۔

تیسرا مقام:

جس طرح ہم نے آداب کسب کے تیسرے اور چوتھے باب میں ذکر کیا ہے اس طریقے پر وہ باہر جا کر کمائے اس کوشش کی وجہ سے بھی وہ توکل سے نہیں نکلے گا جب کہ اس کا اطمینان قلبی اپنی کفایت و قوت اور جاہ و پونجی پر نہ ہو کیوں کہ ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان تمام چیزوں کو ایک لحظہ میں ہلاک کر دے بلکہ اس کی نظر اس سچے کفیل پر ہونی چاہیے جو ان تمام چیزوں کی حفاظت کرتا ہے اور اس کے لیے اسباب کو آسان فرماتا ہے۔ بلکہ اپنے کسب، پونجی اور کفایت کو اللہ تعالیٰ

کی قدرت کے مقابلے میں اس طرح جانے جیسے حکم صادر کرنے والے بادشاہ کے ہاتھ میں قلم ہوتا ہے پس اس کی نظر قلم پر نہیں ہوتی بلکہ بادشاہ کے دل پر ہوتی ہے کہ وہ کس بات کے ساتھ قلم کو حرکت دیتا ہے اور کس بات کی طرف مائل ہوتا ہے اور کیا حکم دیتا ہے۔

پھر اگر یہ روزی کمانے والا اپنے اہل و عیال کے لیے کماتا ہے یا اس لیے کہ مساکین میں تقسیم کرے گا تو بدن کے ساتھ یہ کمانے والا شمار ہوتا ہے لیکن دل سے وہ الگ ہے اس شخص کی حالت اس کی حالت سے بہتر ہے جو گھر میں بیٹھ جاتا ہے۔

جب توکل میں اس کی شرائط کی رعایت کی جائے اور اس میں حال و معرفت کا لحاظ کیا جائے جیسا کہ پہلے گزر گیا تو یہ کسب توکل کے خلاف نہیں ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے اور آپ کی بیعت کی گئی تو آئندہ صبح آپ نے کپڑوں کی گٹھری بغل کے نیچے رکھی اور ہاتھ میں گز لے کر بازار میں داخل ہوئے آپ آوازیں دیتے تھے حتیٰ کہ مسلمانوں نے اس بات کو ناپسند کیا اور فرمایا آپ خلافتِ نبوت کے قیام کے ساتھ ساتھ یہ کام کیسے کریں گے آپ نے فرمایا مجھے اپنے اہل و عیال سے دور نہ کرو اگر میں نے ان کو ضائع کر دیا تو دوسروں کو بدرجہ اولیٰ ضائع کروں گا حتیٰ کہ صحابہ کرام نے بیت المال میں سے آپ کا وظیفہ مقرر کیا جو کسی بھی مسلمان کے اہل خانہ کے خرچ کے مطابق تھا جب وہ اس بات پر راضی ہوئے اور آپ نے دیکھا کہ وہ تعاون کر رہے ہیں تو ان کے دل کی خوشی اور پورا وقت مسلمانوں کی بھلائی کے لیے خرچ کرنا زیادہ مناسب سمجھا اور یہ کہنا محال ہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ مقام توکل پر فائز نہ تھے ان سے بڑھ کر کون اس مقام کے لائق ہو سکتا ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ آپ متوکل تھے لیکن کسب و سعی کو چھوڑ کر نہیں بلکہ اس اعتبار سے کہ آپ کی توجہ اپنی کفایت و قوت کی طرف نہ تھی۔ اور آپ اس بات کو جانتے تھے کہ اللہ تعالیٰ ہی کسب معاش آسان کرنے والا اور اسباب کی تدبیر فرمانے والا ہے نیز آپ کسب کے راستے میں شرائط کا بھی خیال رکھتے تھے یعنی حاجت کی مقدار پر اکتفا کرتے زیادہ مال جمع کرنے فخر کرنے اور ذخیرہ کرنے کی طرف مائل نہ تھے اور دوسروں کے روپے پیسے سے اپنے روپے پیسے کو زیادہ اچھا نہیں سمجھتے تھے جو شخص بازار میں جائے اور اسے دوسروں کی دولت کے مقابلے میں اپنی دولت زیادہ پسند ہو تو وہ دنیا کی حرص رکھتا ہے اور اس سے محبت کرتا ہے اور توکل اسی وقت صحیح ہوتا ہے جب دنیا سے بے رغبتی اختیار کی جائے ہاں زہد، توکل کے بغیر بھی صحیح ہوتا ہے کیوں کہ توکل کا مقام زہد کے بعد آتا ہے۔

حضرت ابو جعفر حداد جو حضرت جنید (رحمہما اللہ) کے شیخ تھے اور متوکلین میں سے تھے، فرماتے ہیں میں نے بیس سال تک توکل کو چھپائے رکھا اور میں بازار سے جدا نہیں ہوا میں روزانہ ایک دینار کماتا لیکن رات کے لیے ایک دمڑی بھی نہ رکھتا اور نہ ہی اپنی راحت کے لیے کچھ خرچ کرتا کہ کچھ دمڑیاں دے کر حمام میں داخل ہو جاؤں بلکہ رات آنے سے پہلے پہلے سارا مال دے دیتا حضرت جنید رحمہ اللہ ان کی موجودگی میں توکل کے بارے میں گفتگو نہیں

کرتے تھے بلکہ فرماتے کہ مجھے حیا آتی ہے کہ ان کی موجودگی میں مقامِ توکل کے بارے میں کچھ کہوں۔
جان لو اکر صوفیا کی خانقاہوں مقررہ مال کے ساتھ بیٹھنا توکل سے دور ہے اگر مقررہ مال یا وقف نہ ہو اور وہ خادم کو باہر جاکر لانے کے لیے کہیں تو اس صورت میں کمزور سا توکل ہوگا لیکن حال اور علم کے ذریعے یہ مضبوط ہو جاتا ہے جس طرح کمانے والے کا توکل ہے اور اگر وہ سوال نہ کریں بلکہ جو کچھ ان تک پہنچے اس پر قناعت کریں تو ان کے توکل میں یہ زیادہ مضبوط بات ہے لیکن وہ لوگوں میں مشہور ہو جاتے ہیں اور بازاری بن جاتے ہیں گویا وہ بازار میں داخل ہوئے اور جو آدمی بازار میں جاتا ہے وہ متوکل نہیں ہوتا جب تک بہت سی شرائط نہ پائی جائیں جیسا کہ پہلے گزر گیا ہے۔

سوال:

آدمی کا گھر میں بیٹھ جانا افضل ہے یا باہر نکل کر کمانا؟

جواب:

اگر وہ کسبِ معاش کو فکر و ذکر، اخلاص اور عبادت میں مصروفیت کے لیے چھوڑتا ہے اور کسبِ معاش ان امور میں مخل ہوتا ہے اور اس کے باوجود وہ شخص لوگوں کے انتظار میں نہیں رہتا کہ وہ اس کے پاس کچھ لائیں گے بلکہ صبر اور اللہ تعالیٰ پر توکل کے سلسلے میں اس کا دل مضبوط ہوتا ہے تو ایسے شخص کے لیے گھر میں بیٹھنا بہتر ہے اور اگر گھر میں رہتے ہوئے اس کا دل پریشان ہوتا ہے اور لوگوں کے انتظار میں رہتا ہے تو کسبِ معاش افضل ہے کیوں کہ لوگوں کی تاک میں رہنا دل کے ساتھ سوال کرنا ہے اور اس (سوال) کو چھوڑنا کسب کو چھوڑنے کے مقابلے میں اہم ہے اور پہلے متوکلین کا طریقہ تھا کہ جس چیز کی طرف ان کے نفس منتظر رہیں وہ نہیں لیتے تھے۔
حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے حضرت ابوبکر مروزی رحمہ اللہ کو حکم دیا کہ فلاں فقیر کو اجرت سے کچھ زیادہ دینا لیکن فقیر نے واپس کر دیا جب وہ واپس آئے تو حضرت امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا جاؤ اور اسے دے دو اب وہ قبول کرے گا وہ دوبارہ گئے اور دیا تو اس نے لے لیا حضرت امام احمد سے پوچھا اس کی کیا وجہ ہے تو انہوں نے فرمایا اس کا نفس اس زائد مال کی تاک میں تھا تو اس نے نہ لیا جب وہ یہاں سے گیا تو طمع ختم ہو گئی اور نا امید ہو گیا تو اب لے لیا۔
حضرت خواص رحمہ اللہ جب کسی شخص کے دینے کی طرف دیکھتے یا نفس کے عادی ہونے کا خوف ہوتا تو کوئی چیز قبول نہ کرتے۔
حضرت خواص رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ آپ نے اپنے سفر میں کیا عجیب بات دیکھی ہے؟ انہوں نے فرمایا میں نے حضرت خضر علیہ السلام کو دیکھا اور وہ میری صحبت پر راضی ہوئے لیکن میں ان سے جدا ہو گیا کہ کہیں میرا نفس ان کے ذریعے سکون حاصل نہ کرے اور اس طرح میرے توکل میں نقصان پیدا ہوگا۔
پس جب کسبِ معاش کرنے والا کسب کے آداب اور اس کی نیت کی شرطوں کی رعایت کرے جیسا کہ کسب کے

بیان میں ذکر کیا گیا یعنی زیادہ مال جمع کرنے کا ارادہ نہ کرے اور اس کا اعتماد اپنے سرمایہ اور کفایت پر نہ ہو تو وہ متوکل ہوگا

سوال:

اپنے سرمایہ اور کفایت پر بھروسہ نہ ہونے کی علامت کیا ہے؟

جواب:

اس کی علامت یہ ہے کہ اگر اس کا مال چوری ہو جائے یا تجارت میں نقصان ہو جائے یا کوئی کام بند ہو جائے تو وہ اس پر راضی رہے اور اس کا اطمینان ختم نہ ہو اور نہ ہی دل پریشان ہو بلکہ اس کے دل کا سکون اس چوری سے پہلے اور بعد میں ایک جیسا رہے کیوں کہ جو شخص جس چیز کے ذریعے سکون حاصل نہیں کرتا وہ اس کے چلے جانے پر پریشان نہیں ہوتا۔ اور جو آدمی کسی چیز کے چلے جانے پر پریشان ہو وہ اسی کے ذریعے سکون حاصل کرتا ہے۔

حضرت بشر رحمہ اللہ چرخے بنایا کرتے تھے پھر آپ نے یہ کام چھوڑ دیا کیوں کہ بعادی (کوئی بزرگ) نے ان کو لکھا مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ آپ اپنے رزق کے لیے چرخوں سے مدد لیتے ہیں بتائیے اگر اللہ تعالیٰ آپ کی سماعت و بصارت کو لے جائے تو آپ کے رزق کا کون کفیل ہوگا؟ ان کے دل میں یہ بات بیٹھ گئی تو انہوں نے چرخہ بنانے کے تمام اوزار دے دیئے اور یہ کام چھوڑ دیا۔

یہ بھی کہا گیا کہ جب وہ چرخہ بنانے میں مشہور ہو گئے اور لوگوں نے ان کا قصد شروع کر دیا تو انہوں نے یہ کام چھوڑ دیا یہ بھی کہا گیا کہ جب ان کے اہل و عیال فوت ہو گئے تو انہوں نے یہ کام ترک کر دیا جس طرح حضرت سفیان رحمہ اللہ کے پاس پچاس درہم تھے جن کے ساتھ وہ تجارت کرتے تھے جب ان کے گھر والوں کا انتقال ہوا تو انہوں نے یہ رقم تقسیم کر دی۔

سوال:

یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک شخص کے پاس سرمایہ ہو اور وہ اس کے لیے باعثِ سکون نہ ہو حالانکہ وہ جانتا ہے کہ سرمائے کے بغیر کسب ممکن نہیں۔

جواب:

اسے یہ بات جان لینا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ جن لوگوں کو سرمائے کے بغیر رزق دیتا ہے وہ زیادہ ہیں اور جن لوگوں کے پاس سرمایہ ہے اور وہ چوری ہو جاتا ہے اور یوں ہلاک ہو جاتا ہے تو وہ بھی بہت زیادہ ہیں اور اس کے دل میں یہ بات بیٹھ جانی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ وہی سلوک کرتا ہے جو اس کے حق میں بہتر ہے اگر اللہ تعالیٰ نے اس کے سرمائے کو ہلاک کر دیا تو یہی اس کے لیے بہتر تھا ہو سکتا ہے اس مال کے باقی رہنے سے اس کا کوئی دینی نقصان ہو جاتا۔ اور اللہ تعالیٰ نے اس پر کرم فرمایا ہے زیادہ سے زیادہ یہی ہوگا کہ بھوکا مر جائے گا پس اسے یہ عقیدہ رکھنا

چاہیے کہ بھوک کی حالت میں مر جانا آخرت کے حوالے سے میرے حق میں بہتر ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے میری کسی تقصیر کے بغیر میرے حق میں یہ فیصلہ فرمایا ہے جب وہ ان سب باتوں کا معتقد ہو گا تو اس کے نزدیک سرمائے کا ہونا اور نہ ہونا برابر ہو گا۔ حدیث شریف میں ہے۔

إِنَّ الْعَبْدَ لَيَهُمُّ مِنَ اللَّيْلِ بِأَمْرٍ مِنْ أُمُورِ التِّجَارَةِ مِمَّا لَوْ فَعَلَهُ لَكَانَ فِيهِ هَلَاكُهُ فَيَنْظُرُ اللهُ تَعَالَى إِلَيْهِ مِنْ فَوْقِ عَرْشِهِ فَيَصْرِفُهُ عَنْهُ فَيُصْبِحُ كَئِيبًا حَزِينًا يَتَطَيَّرُ بِجَارِهِ وَابْنِ عَمِّهِ مَنْ سَبَقَنِي مَنْ دَهَانِي وَمَا هِيَ إِلَّا رَحْمَةٌ رَحِمَهُ اللهُ بِهَا۔ (۱)

ایک شخص رات کو کسی تجارتی معاملے کا قصد کرتا ہے اور وہ ایسا کام ہے کہ اگر اسے کرے تو اس میں اس کی ہلاکت ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ عرش کے اوپر سے دیکھتا ہے (اللہ تعالیٰ جگہ سے پاک ہے اس کی بلندی کی طرف اشارہ ہے) اور اسے اس کام سے پھیر دیتا ہے صبح کے وقت وہ پریشان غمگین ہوتا ہے اور اپنے ہمسائے اور چچازاد بھائی کی بدشگونی لیتا ہے کہ کون میرے آگے آیا کس نے مجھ پر مصیبت ڈالی حالانکہ یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے جو اس پر فرمائی ہے۔

اسی لیے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے اس بات کی پرواہ نہیں کہ میں مالداری کی حالت میں صبح کرتا ہوں یا فقر کی حالت میں، کیوں کہ مجھے معلوم نہیں کہ میرے لیے ان میں سے کیا چیز بہتر ہے
اور جس شخص کو ان امور کا کامل یقین نہ ہو اس سے توکل کا تصور نہیں ہو سکتا اسی لیے حضرت سلیمان دارانی رحمہ اللہ نے حضرت احمد بن ابی الحواری رحمہ اللہ سے فرمایا مجھے ہر مقام سے حصہ ملا ہے لیکن اس مبارک توکل سے نہیں ملا مجھے اس کی خوشبو سونگھنے کا اعزاز حاصل نہیں ہوا ——— تو آپ نے بلند مقام حاصل ہونے کے باوجود یہ گفتگو فرمائی۔ انہوں نے اس بات کا انکار نہیں کیا کہ وہ مقامات ممکنہ حاصل نہیں کر سکتے بلکہ یہ فرمایا کہ میں نے یہ مقام نہیں پایا۔ شاید ان کی مراد یہ ہو کہ انہوں نے بلند اور انتہائی مقامِ توکل نہیں پایا۔

جب تک اس بات پر ایمان کمل نہیں ہوتا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی فاعل اور کوئی رزاق نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ نے بندے کے لیے جو فقر، غنا، موت اور حیات مقدر فرمائی ہے وہ اس کے لیے اس چیز سے بہتر ہے جس کی وہ تمنا کرتا ہے اس وقت تک اس کا حالِ توکل مکمل نہیں ہوتا پس توکل کی بنیاد ان امور پر ایمان کی قوت ہے جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے۔ اسی طرح تمام دینی مقامات وہ اقوال ہوں یا اعمال ان کی بنیاد بھی ایمان ہے جو ان سب کی اصل ہے۔

---

(۱) حلیۃ الاولیاء جلد ۳ ص ۳۰۵ ترجمہ ۲۴۳

خلاصہ یہ ہوا کہ توکل ایک مفہوم مقام ہے لیکن یہ دل کی قوت اور قوتِ یقین کو چاہتا ہے اسی لیے حضرت سہل رحمہ اللہ نے فرمایا جس نے مال کمانے پر طعن کیا اس نے سنت پر طعن کیا اور جس نے ترک کسب پر طعن کیا اس نے توحید پر طعن کیا۔

سوال :

کیا کوئی ایسی دوا ہے جس سے دل کو اسباب ظاہرہ سے پھیرنے اور خفیہ اسباب کو آسان کرنے کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کے بارے میں حسن ظن کا فائدہ حاصل ہو۔

جواب :

ہاں جب تم اس بات کو پہچان لو کہ برا گمان شیطان کی طرف سے بنایا جاتا ہے اور حسن ظن اللہ تعالیٰ کی طرف سے القاء ہوتا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

اَلشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَأْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَاءِ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا۔ (۱)

شیطان تمہیں محتاجی سے ڈراتا اور بے حیائی کا حکم دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی طرف سے مغفرت اور فضل کا وعدہ دیتا ہے۔

انسان فطری طور پر شیطان کے ڈرانے پر کان دھرتا ہے اسی لیے کہا گیا ہے بدگمانی کی وجہ سے ڈرنے والا جوش دلانے والا ہے اور جب اس کے ساتھ بزدلی، ضعفِ قلب اور تسکین کا ظاہری اسباب اور ان کو برانگیختہ کرنے والے امور کو دیکھنا مل جائے تو برا گمان غالب آجاتا ہے اور توحید کلی طور پر باطل ہو جاتی ہے بلکہ رزق کا حصول پوشیدہ اسباب کی طرف سے دیکھنا بھی توکل کو باطل کر دیتا ہے ایک عابد کے بارے میں منقول ہے کہ اس نے مسجد میں اعتکاف کیا اور اس کے پاس مال نہ تھا امام مسجد نے کہا اگر تم مال کماتے تو تمہارے لیے یہ بات افضل تھی۔ اس نے جواب نہ دیا حتیٰ کہ اس نے تین بار یہ بات کہی اس نے چوتھی مرتبہ جواب دیا کہ مسجد کے پڑوس میں ایک یہودی ہے جس نے میرے لیے یومیہ دو روٹیوں کی ضمانت دی ہے اس نے کہا اگر وہ اپنی ضمانت میں سچا ہے تو تمہارا مسجد میں اعتکاف بیٹھنا صحیح ہے اس عابد نے کہا اے امام مسجد! تم عقیدۂ توحید میں کمی کے باعث اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کے درمیان کھڑے ہوتے ہو اگر تم امام نہ ہوتے تو اچھا تھا۔ تم نے یہودی کے وعدے کو اللہ تعالیٰ کی رزق کے ساتھ ضمان پر ترجیح دی۔

ایک امام مسجد نے کسی نمازی سے پوچھا تم کہاں سے کھاتے ہو؟ اس نے کہا اے شیخ! صبر کرو میں وہ نماز دوبارہ پڑھ لوں جو میں نے تمہارے پیچھے پڑھی ہیں پھر جواب دوں گا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ بقرہ آیت ۲۶۸

اگر تمہارا یہ حسن ظن ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے پوشیدہ اسباب کے واسطے سے رزق دیتا ہے تو تم وہ حکایات سنو جن میں اللہ تعالیٰ کے بندوں تک رزق پہنچنے کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی عجیب صنعت کا ذکر ہے اور نیز تاجروں اور مالدار لوگوں کے مالوں کو ہلاک کر کے ان کو بھوکے مارنے کا تذکرہ ہے جیسے حضرت حذیفہ مرعشی رحمہ اللہ سے مروی ہے وہ حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ کی خدمت کیا کرتے تھے ان سے کہا گیا آپ نے ان سے کیا عجیب بات دیکھی ہے انہوں نے فرمایا ہم مکہ مکرمہ کے راستے میں کئی دن اس طرح رہے کہ ہمارے پاس کھانا نہ تھا پھر ہم کوفہ میں داخل ہوئے تو ایک ویران مسجد میں پناہ لی حضرت ابراہیم بن ادھم نے میری طرف دیکھ کر فرمایا اے حذیفہ! میرا خیال ہے تم بھوکے ہو! میں نے کہا آپ صحیح فرماتے ہیں فرمایا دوات اور کاغذ لاؤ میں لے آیا۔ تو انہوں نے یوں لکھا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ تو ہی ہر حالت میں مقصود ہے اور ہر معنیٰ میں تیری ہی طرف اشارہ ہوتا ہے اور ایک شعر لکھا۔

أَنَا حَامِدٌ أَنَا شَاكِرٌ أَنَا ذَاكِرٌ
أَنَا جَائِعٌ أَنَا ظَامِئٌ أَنَا عَارِیٌ
هِیَ سِتَّةٌ وَأَنَا الضَّمِینُ لِنِصْفِهَا
فَكُنِ الضَّمِینَ لِنِصْفِهَا یَا بَارِیٌ
مَدْحِیْ لِغَیْرِكَ لَهَبُ نَارٍ خُضْتُهَا
فَاجِرْ عُبَیْدَكَ مِنْ دُخُوْلِ النَّارِ

میں تعریف کرنے والا شکر کرنے والا اور ذکر کرنے والا ہوں میں بھوکا ہوں پیاسا اور ننگا ہوں یہ چھ باتیں ہیں ان میں سے نصف (تین) کا میں ضامن ہوں باقی نصف کا تو ضامن بن جا تیرے غیر کی تعریف جہنم کی آگ ہے مجھے اس میں داخل ہونے سے بچا۔

(فرماتے ہیں) پھر وہ رقعہ مجھے دیا اور فرمایا جاؤ اور اپنے دل کو غیر خدا سے معلق نہ کرنا اور جس شخص سے سب سے پہلے ملاقات ہو یہ رقعہ اسے دینا۔ (فرماتے ہیں) میں نکلا تو سب سے پہلے جس شخص سے ملاقات ہوئی وہ خچر پر سوار تھا میں نے وہ رقعہ اسے دیا اس نے لیا جب وہ اس کے مضمون سے آگاہ ہوا تو رو پڑا اور کہنے لگا یہ رقعہ لکھنے والا کہاں ہے میں نے کہا فلاں مسجد میں ہے اس نے مجھے ایک تھیلی دی جس میں چھ سو دینار تھے پھر میں نے ایک اور شخص سے ملاقات کی اور اس سے خچر والے آدمی کے بارے میں پوچھا اس نے کہا یہ عیسائی ہے میں حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ کے پاس آیا اور واقعہ عرض کیا انہوں نے فرمایا ان دیناروں کو ہاتھ نہ لگانا وہ شخص ابھی آئے گا چنانچہ کچھ دیر کے بعد وہ نصرانی اندر آیا اور جھک کر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے سر کو بوسہ دیا اور اسلام قبول کر لیا۔

حضرت ابو یعقوب اقطع بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں ایک دفعہ حرم شریف میں دس دن بھوکا رہا اور مجھے کمزوری محسوس ہوئی میرے دل میں خیال آیا کہ باہر نکلوں چنانچہ میں وادی کی طرف چلا گیا کہ شاید کوئی چیز مل جائے جس سے میری کمزوری ختم ہو جائے میں نے زمین پر پڑا ہوا شلغم دیکھا میں نے اسے اٹھایا لیکن اس سے میرے دل میں وحشت محسوس ہوئی اور گویا کوئی شخص مجھے کہہ رہا ہے تم دس دن بھوکے رہے اور بالآخر تمہارے حصے میں ایک شلغم آیا جو بدل چکا ہے میں نے

اسے پھینکا اور مسجد میں داخل ہو کر بیٹھ گیا میں نے کیا دیکھا کہ ایک عجمی شخص آیا اور میرے سامنے بیٹھ گیا اس نے ایک تھیلا میرے سامنے رکھا اور کہا یہ تمہارے لیے ہے میں نے کہا تم نے کیسے اس کو میرے لیے خاص کر دیا؟ اس نے کہا ہم پندرہ دن سے سمندر میں تھے کشتی ڈوبنے لگی تو میں نے نذر مانی کہ اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے بچا لیا تو مجاورین میں سے جو شخص مجھے سب سے پہلے نظر آیا یہ (تھیلا) میں اس پر صدقہ کروں گا۔ اور سب سے پہلے میری ملاقات تم سے ہوئی ہے میں نے کہا اس کو کھولو اس نے کھولا تو اس میں مصر کا میوہ، چھلے ہوئے بادام اور برفیاں تھیں میں نے کچھ ایک میں سے لیا اور کچھ دوسری میں سے اور باقی واپس کرتے ہوئے کہا اسے میری طرف سے اپنے دوستوں کو بطور ہدیہ دے دو میں نے اسے قبول کر لیا پھر میں نے اپنے آپ سے کہا کہ تمہارا رزق تو تمہاری طرف سفر کر رہا تھا اور تم اسے وادی میں ڈھونڈ رہے تھے۔

حضرت ممشاد دینوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں مجھ پر قرض تھا جس کی وجہ سے میرا دل اس طرف متوجہ ہو گیا میں نے خواب میں دیکھا گویا کوئی کہنے والا کہتا ہے اے بخیل! تم نے ہمارے حساب میں اتنا سا قرض مزید لو لینا تمہارا کام ہے ادائیگی ہمارا کام ہے اس کے بعد میں نے کبھی بھی سبزی فروش، قصاب یا کسی دوسرے سے حساب نہیں کیا۔

حضرت بنان حمال رحمہ اللہ سے منقول ہے فرماتے ہیں میں مکہ مکرمہ کے راستے میں تھا میں مصر سے آرہا تھا اور میرے پاس زاد راہ تھا میرے پاس ایک عورت آئی اور اس نے کہا اے بنان! تم حمال ہو جو اپنی پیٹھ پر بوجھ اٹھاتے ہو اور تمہارا وہم ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں رزق نہیں دے گا فرماتے ہیں میں نے اپنا توشہ پھینک دیا پھر تین دن ایسے آئے کہ میں نے کچھ نہ کھایا اس کے بعد میں نے راستے میں ایک پازیب پائی تو دل میں کہا کہ اسے اٹھا لینا چاہیے یہاں تک کہ اس کا مالک آ جائے ہو سکتا ہے وہ مجھے کچھ دے اور میں اسے یہ واپس کر دوں اچانک دیکھا تو وہی عورت کھڑی تھی کہنے لگی تم تاجر ہو کہنے ہو ہو سکتا ہے اس کا مالک آ جائے اور میں اس سے کچھ لے لوں پھر اس نے میری طرف کچھ درہم پھینکے اور کہا کہ اسے خرچ کرو تو وہ مجھے مکہ مکرمہ کے قریب تک کافی رہے۔

منقول ہے کہ حضرت بنان رحمہ اللہ کو ایک لونڈی کی ضرورت پڑی کہ وہ آپ کی خدمت کرے انہوں نے اپنے بھائیوں سے بلا تکلف (واضح طور پر) کہہ دیا تو انہوں نے ان کے لیے لونڈی کی قیمت جمع کر دی انہوں نے کہا رقم یہ ہے قافلہ آئے گا تو ہم مناسب لونڈی خرید لیں گے جب قافلہ آیا تو ان سب نے ایک لونڈی کے بارے میں اتفاق کیا اور کہا کہ یہ لونڈی حضرت بنان کے لائق ہے انہوں نے اس کے مالک سے پوچھا کہ اس کی قیمت کتنی ہے؟ اس نے کہا یہ بیچنے کے لیے نہیں ہے جب انہوں نے اصرار کیا تو اس نے کہا یہ حضرت بنان حمال کے لئے ہے سمرقند کی ایک خاتون نے آپ کے لیے بطور تحفہ بھیجی ہے چنانچہ اسے حضرت بنان رحمہ اللہ کے پاس لے جایا گیا اور واقعہ بھی بتایا گیا۔

کہتے ہیں پہلے زمانے میں ایک شخص سفر میں تھا اور اس کے پاس ایک روٹی تھی اس نے کہا اگر میں اسے کھا گیا تو مر جاؤں گا چنانچہ اس پر اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ مقرر کر دیا اور فرمایا اگر وہ کھائے تو اسے اور دو اور اگر نہ کھائے

تو دوسری روٹی نہ دینا چنانچہ وہ روٹی مرتے دم تک اس نے نہ کھائی اور وہ اس کے پاس ہی رہی۔

حضرت ابوسعید خراز رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں ایک جنگل میں داخل ہوا اور میرے پاس زادِراہ نہ تھا چنانچہ میں فاقے کا شکار ہو گیا میں نے دُور سے ایک منزل کو دیکھا تو میں خوش ہوا کہ پہنچ گیا پھر میں نے اپنے دل میں سوچا کہ میں نے تو غیرِخدا پر بھروسہ کر لیا اور سکون حاصل کیا چنانچہ میں نے قسم کھائی کہ میں اس منزل میں نہیں داخل ہوں گا ہاں مجھے اٹھا کر لے جایا جائے تو الگ بات ہے۔ چنانچہ میں نے اپنے لیے ریت میں ایک گڑھا کھودا اور اپنے جسم کو سینے تک اس میں چھپا دیا جب آدھی رات ہوئی تو میں نے بلند آواز سے سنا اے منزل والو! اللہ تعالیٰ کے ایک ولی نے اپنے آپ کو ریت میں قید کر لیا ہے اس کے پاس جاؤ چنانچہ ایک جماعت نے آکر مجھے نکالا اور مجھے اٹھا کر بستی میں لے گئے۔

ایک روایت میں ہے کہ ایک شخص حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دروازے پر بیٹھا ہوا تھا تو اس نے کسی کہنے والے سے سنا اے فلاں! تم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی طرف ہجرت کی ہے یا اللہ تعالیٰ کی طرف؟ جاؤ قرآن سیکھو وہ تمہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دروازے سے بے نیاز کر دے گا چنانچہ وہ شخص چلا گیا اور غائب ہو گیا حتیٰ کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اسے تلاش کیا۔ معلوم ہوا کہ وہ گوشہ نشین ہو کر عبادت میں مشغول ہو گیا ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اس کے پاس تشریف لائے اور فرمایا میرا دل تمہیں دیکھنے کا خواہشمند تھا تم ہم سے کیوں غائب ہو گئے اس نے کہا میں نے قرآن پڑھا تو اس نے مجھے عمر اور آلِ عمر (رضی اللہ عنہم) سے بے نیاز کر دیا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے تم نے اس میں کیا پایا؟ اس نے عرض کیا میں نے اس میں یہ لکھا ہوا پایا۔

وَفِی السَّمَآءِ رِزْقُکُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ۔ (۱)
آسمان میں تمہارا رزق بھی ہے اور جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے

تو میں نے کہا میرا رزق آسمان میں ہے اور میں زمین میں تلاش کر رہا ہوں، یہ سن کر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ رو پڑے اور فرمایا تو نے سچ کہا چنانچہ اس کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اس شخص کے پاس آکر بیٹھتے تھے۔

حضرت ابوحمزہ خراسانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے ایک سال حج کیا اس دوران کہ میں راستے میں چل رہا تھا میں کنویں میں گر گیا۔ میرے دل میں خیال آیا کہ میں کسی سے مدد طلب کروں لیکن میں نے کہا نہیں اللہ کی قسم میں مدد نہیں مانگوں گا۔ ابھی اسی خیال میں تھا کہ کنویں کے پاس سے دو آدمی گزرنے لگے ایک نے دوسرے سے کہا آؤ ہم اس کنویں کا منہ بند کر دیں تاکہ کوئی اس میں گر نہ جائے چنانچہ وہ بانس اور چٹائی لائے اور اس کا منہ بند کر دیا میں نے چیخنا چاہا لیکن دل میں سوچا کس

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ ذاریات آیت ۲۲

کے سامنے چلاؤں اللہ تعالیٰ توان دونوں سے زیادہ قریب ہے چنانچہ میں پرسکون ہوگیا تھوڑی دیر بعد کوئی چیز آتی اور اس نے کنویں کا منہ کھول کر پاؤں اس میں لٹکایا اور گویا وہ چیز کہہ رہی ہے میرے پاؤں کے ساتھ لٹک جاؤ اس کی آواز میں گنگناہٹ تھی میں نے کہا میں اس کو پہچانتا ہوں چنانچہ میں اس کے ساتھ لٹک گیا اور اس نے مجھے باہر نکالا دیکھا تو وہ ایک درندہ تھا وہ چلا گیا اور یہ آواز دی اے ابو حمزہ! کیا یہ اچھی بات نہیں ہم نے تمہیں موت سے موت کے ذریعے بچا لیا چنانچہ میں وہاں سے چلا گیا اور میں یہ کہہ رہا تھا۔

نَهَانِي حَيَائِي مِنْكَ اَنْ اَكْشِفَ الْهَوٰى — مجھے حیا نے اس بات سے منع کیا کہ میں عشق کو واضح کروں
وَاَغْنَيْتَنِي بِالْفَهْمِ مِنْكَ عَنِ الْكَشْفِ — اور جب تو نے مجھے سمجھا دیا تو میں اس وضاحت سے
تَلَطَّفْتَ فِي اَمْرِي فَاَبْدَيْتَ شَاهِدِي — بے نیاز ہو گیا تو نے اپنی مہربانی سے میرے غائب گواہ
اِلٰى غَائِبِي وَاللُّطْفُ يُدْرَكُ بِاللُّطْفِ — کو ظاہر کر دیا اور مہربانی، دوسری مہربانی سے حاصل ہوتی
تَرَائَيْتَ لِي بِالْغَيْبِ حَتّٰى كَاَنَّمَا — ہے تو نے غیب میں مجھے دیدار کرایا گویا تو مجھے غیب
تُبَشِّرُنِي بِالْغَيْبِ اَنَّكَ فِي الْكَفِّ — میں خوشخبری دے رہا ہے کہ تو ہتھیلی میں ہے (یعنی سامنے
اَرَاكَ وَبِي مِنْ هَيْبَتِي لَكَ وَحْشَةٌ — ہے) میں تجھے دیکھتا ہوں تو تیری ہیبت سے وحشت
فَتُؤْنِسُنِي بِاللُّطْفِ مِنْكَ وَبِالْعَطْفِ — ہونے لگتی ہے پس تو مجھے اپنی مہربانی سے مانوس کر لیتا
وَتُحْيِي مُحِبًّا اَنْتَ فِي الْحُبِّ حَتْفُهٗ — ہے تو مجھے محبت میں زندہ رکھتا ہے اور خواہشات مر
وَذَا عَجَبٌ كَوْنُ الْحَيَاةِ مَعَ الْحَتْفِ — جاتی ہیں تو تعجب ہے کہ موت و حیات ساتھ ساتھ ہیں۔

اس قسم کے واقعات کی بے شمار مثالیں ہیں اور جب آدمی کا ایمان مضبوط ہو اور وہ تنگ دل کے بغیر ایک ہفتہ تک بھوک برداشت کر سکتا ہو اور اس بات پر بھی ایمان مضبوط ہو کہ اگر ایک ہفتہ تک اسے رزق نہ ملے تو اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کا مرنا بہتر ہے اسی لیے اس نے رزق روک لیا ہے تو ان احوال و مشاہدات کے ساتھ توکل پایۂ تکمیل کو پہنچتا ہے ورنہ بالکل نہیں ہوگا۔

عیالدار کا توکل:

جان لو کہ عیالدار کا حکم، اکیلے آدمی کے حکم سے الگ ہے کیونکہ تنہا آدمی کا توکل دو باتوں سے صحیح قرار پاتا ہے ایک یہ کہ وہ کسی تنگدلی اور لوگوں کی تاک کے بغیر ایک ہفتہ تک بھوکا رہ سکتا ہو اور دوسری بات یہ ہے کہ ایمان کی وہ اقسام پائی جائیں جن کا ذکر ہم کر چکے ہیں ان میں سے ایک بات یہ ہے کہ اگر اس کے پاس رزق نہ آئے تو وہ موت کو دل کی خوشی سے قبول کرے اس اعتبار سے کہ وہ موت اور بھوک کو ہی اپنا رزق جانتا ہو یہ بات اگرچہ دنیوی اعتبار سے نقصان ہے لیکن آخرت کے اعتبار سے (ثواب کے) اضافے کا باعث ہے پس وہ یوں خیال کرتا ہے کہ دو رزقوں میں اچھا

رزق (آخرت کا رزق) اس کی طرف چلا گیا ہے اور یہی مرض الموت ہے اور وہ اس پر راضی ہے اور یہ اسی طریقے پر ہے جس طرح تقدیر میں لکھا گیا ہے تو اس سے تنہا آدمی کا توکل مکمل ہوتا ہے۔

لیکن بال بچوں کو بھوک پر صبر کرنے کی تکلیف دینا جائز نہیں اور یہ بات بھی ممکن نہیں کہ ان کے سامنے توحید کی تقریر کی جائے اور یہ کہ بھوکا مرنا قابلِ رشک بات ہے اگرچہ شاذ و نادر ایسا ہو بھی جاتا ہے اسی طرح ایمان و اعتقاد کا مسئلہ ہے کہ وہ ان پر صبر کرے لہٰذا ان کے حق میں مال کمانے والے کا توکل ممکن ہے اور یہ تیسرا مقام ہے جیسے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا توکل ہے جب آپ کسب معاش کے لیے بازار تشریف لے گئے۔

لیکن اولاد کے حق میں توکل اختیار کرتے ہوئے جنگلوں میں نکل جانا یا ان کے معاملات کا اہتمام نہ کرنا اور اسے ان کے حق میں توکل سمجھنا حرام ہے اور بعض اوقات یہ بات ان کی ہلاکت کا باعث بنتی ہے اور اسی سے اس کا مواخذہ ہوگا۔

بلکہ تحقیق یہ ہے کہ خود اس کی ذات اور اہل و عیال میں کوئی فرق نہیں اگر وہ کچھ مدت بھوک پر صبر کریں اور بھوک سے مرنے کو اُخروی رزق اور غنیمت سمجھیں تو ان کے حق میں توکل بھی جائز ہے اور اس کا نفس بھی تو عیال میں شامل ہے اور اسے ہلاک کرنا بھی جائز نہیں ہاں اگر وہ ایک خاص مدت تک بھوک برداشت کرنے پر آمادہ ہو جاتا ہے تو ٹھیک ہے اور اگر وہ اس کی طاقت نہیں رکھتا اور اس سے اس کے دل میں اضطراب اور عبادت میں خلل پیدا ہوتا ہے تو اس کے لیے توکل جائز نہیں۔

اسی لیے منقول ہے کہ حضرت ابوتراب نخشبی رحمہ اللہ نے ایک صوفی کو دیکھا کہ اس نے تربوز کے چھلکے کی طرف ہاتھ بڑھایا کہ اسے کھائے اور تین دن بھوک سے گزر چکے تھے تو انہوں نے فرمایا تمہارے لیے تصوف صحیح نہیں بازار جایا کرو ــــــ مطلب یہ کہ تصوف تو توکل کے ساتھ ہوتا ہے اور توکل اس آدمی کا صحیح ہوتا ہے جو تین دن سے زیادہ کھانے سے صبر کر سکے۔

حضرت ابوعلی روذباری رحمہ اللہ نے فرمایا جب کوئی فقیر پانچ دن کے بعد کہے کہ مجھے بھوک لگی ہے تو اسے کہو بازار جایا کرو یعنی کام کاج کیا کرو تو انسان کا بدن بھی اس کا عیال ہے اور اس کا بدن کے اعتبار سے توکل اسی طرح ہے جس طرح اہل و عیال کے اعتبار سے توکل کرنا ان دونوں میں ایک اعتبار سے فرق ہے وہ یہ کہ آدمی اپنے نفس کو بھوک پر صبر کا مکلف بنا سکتا ہے لیکن عیال کے لیے یہ طریقہ اختیار کرنا جائز نہیں۔

اس گفتگو سے تمہارے لیے یہ بات واضح ہو گئی کہ اسباب سے قطع تعلق کا نام توکل نہیں بلکہ ایک مدت تک بھوک برداشت کرنے اور کبھی رزق میں تاخیر ہو جائے تو موت پر راضی ہونے، شہروں اور دیہات میں رہنے یا ایسے جنگلوں میں رہنے کا نام توکل ہے جن میں کوئی سبزی وغیرہ مل جائے یہ تمام چیزیں باقی رہنے کے اسباب ہیں البتہ اس

میں کچھ نہ کچھ اذیت بھی ہے اس لیے کہ صبر کے بغیر ان پر برقرار رہنا مشکل ہے اور شہروں میں توکل اختیار کرنا جنگلوں میں توکل کی نسبت اسباب بقا کے حصول کے زیادہ قریب ہے اور یہ سب اسباب ہیں لیکن لوگ ان سے زیادہ ظاہرا اسباب کی طرف جھک گئے اور انہوں نے ان کو اسباب میں شمار نہ کیا اور اس کی وجہ ان کے ایمان کی کمزوری اور حرص کا زیادہ ہونا ہے نیز وہ آخرت کی خاطر دنیا میں اذیتوں پر صبر نہیں کرتے اور سوئے ظن اور طویل امید کی وجہ سے ان کے دلوں پر بزدلی کا غلبہ ہے۔

اور جو شخص آسمانوں اور زمین کی بادشاہی کی طرف نظر کرتا ہے اس کے لیے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ اللہ تعالے نے ملک و ملکوت کی تدبیر فرمائی اور یہ ایسی تدبیر ہے کہ بندے کا رزق اس سے الگ نہیں ہو سکتا چاہے وہ تردد نہ کرے کیوں کہ جو شخص تردد و اضطراب سے عاجز ہے (یعنی کما نہیں سکتا) اسے بھی تو رزق ملتا ہے کیا تم نہیں دیکھتے کہ جو بچہ ماں کے پیٹ میں ہوتا ہے جب وہ حرکت کرنے سے عاجز ہے تو اللہ تعالیٰ نے کسی طرح اس کی ناف کو اس کی ماں کے ساتھ ملا دیا حتیٰ کہ ماں کی خوراک کا زائد حصہ اس ناف کے ذریعے بچے تک پہنچتا ہے اور اس میں بچے کی کوئی تدبیر شامل نہیں ہوتی۔ پھر جب بچہ پیدا ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ ماں کے دل میں اس کی محبت اور شفقت ڈال دیتا ہے تاکہ وہ اس کی پرورش کرے اس کا دل مانے یا نہ۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ماں کے دل میں محبت کی آگ شعلہ زن ہے پھر جب تک بچہ غذا کو چبانے کے قابل نہیں ہو جاتا تو اس کا رزق اس دودھ میں رکھا ہے جس کو چبانے کی ضرورت نہیں ہوتی اور چوں کہ بچہ اپنے مزاج کی نرمی کی وجہ سے کثیف غذا کا متحمل نہیں ہو سکتا اس لیے لطیف دودھ اس کی ماں کے پستانوں میں رکھ دیا تاکہ جب بچہ پیدا ہو جائے تو حسب ضرورت وہ دودھ اسے ملتا رہے تو کیا یہ سب کچھ بچے کی اپنی تدبیر سے ہوتا ہے یا ماں کی تدبیر سے؟

پھر جب وہ اس عمر کو پہنچتا ہے کہ اب کثیف غذا کھا سکتا ہے تو اس کے دانت اُگ آتے ہیں جو کاٹتے بھی ہیں اور پیستے بھی تاکہ وہ اسے چبا سکے۔ پھر جب بڑا ہو جاتا ہے اور خود اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کے قابل ہو جاتا ہے تو اس کے لیے حصول علم اور آخرت کے راستے پر چلنا آسان کر دیا جاتا ہے لہٰذا بالغ ہونے کے بعد اس کی بزدلی جہالت کی وجہ سے ہے کیوں کہ بالغ ہونے کے بعد اسباب معیشت کم نہیں ہوتے بلکہ زیادہ ہو جاتے ہیں۔ کیوں کہ پہلے وہ مال کمانے پر قادر نہیں تھا اب قادر ہو گیا لہٰذا اس کی طاقت بڑھ گئی۔

ہاں پہلے اس پر شفقت کرنے والا ایک ہی شخص تھا یعنی ماں یا باپ، اور اس پر شفقت زیادہ بھی تھی وہ اسے ایک دن میں ایک یا دو مرتبہ کھلاتا پلاتا تھا اور اس کی وجہ یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی محبت ماں باپ پر مسلط کر دی تھی۔ اسی طرح اب اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے دلوں میں اس کی شفقت، محبت، نرمی اور رحمت ڈال دی ہے بلکہ تمام شہر والے اس پر شفقت کرتے ہیں حتیٰ کہ شہر کے جس آدمی کو کسی محتاج کا علم ہوتا ہے تو اس کا دل دُکھتا ہے اور نرمی پیدا ہوتی ہے اور اس کی حاجت کو زائل کرنے کے لیے جذبہ بیدار ہوتا ہے۔ پہلے اس کا مشفق ایک تھا اب ہزار سے بھی زیادہ ہیں پہلے وہ اس پر اسی لیے شفقت نہیں کرتے تھے کہ وہ اس کی ماں یا باپ کی کفالت کو جانتے تھے اور وہ خاص مشفق تھے لہٰذا وہ اسے محتاج نہیں

سمجھتے تھے اور اگر کسی یتیم بچے کو دیکھتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کسی ایک مسلمان یا تمام مسلمانوں کے دلوں میں اس پر رحم کا جذبہ پیدا کر دیتا ہے حتیٰ کہ وہ اس کی کفالت کرتے ہیں۔ آج تک نہیں دیکھا گیا کہ قحط سالی کے حالات نہ ہونے کی صورت میں کوئی یتیم بچہ بھوک سے مر گیا ہو حالانکہ وہ کمانے سے عاجز ہے اور اس کا کوئی خاص کفیل نہیں ہوتا اللہ تعالیٰ ہی اس شفقت کے واسطے سے اس کی کفالت کرتا ہے جو شفقت اس نے بندوں کے دلوں میں رکھی ہے نعلوم بالغ ہونے کے بعد اس کا دل رزق میں یوں مشغول ہو جاتا ہے جب کہ بچپن میں مشغول نہیں ہوتا حالاں کہ بچپن میں اس کا مشفق ایک تھا اور اب ایک ہزار ہیں! ہاں (یہ بات ہے کہ) ماں کی شفقت زیادہ مضبوط اور وافر ہوتی ہے لیکن وہ ایک ہے اور عام لوگوں کی ایک ایک بندے کی شفقت اگرچہ کمزور ہو لیکن غرض کا فائدہ دیتی ہے۔ کتنے ہی بچے ایسے ہیں جن کے لیے اللہ تعالیٰ نے ایسی حالت آسان کر دی جو ماں باپ والے بچے کی حالت سے زیادہ اچھی ہوتی ہے تو ایک ایک آدمی کی کمزور شفقت کا نقصان شفقین کی کثرت سے اور عیاشی کو ترک کر کے صرف ضرورت کی مقدار پر اکتفا کرنے سے پورا ہوتا ہے کسی شاعر نے اچھی بات کہی ہے۔

جَرَى قَلَمُ الْقَضَاءِ بِمَا يَكُوْنُ فَسِيَّانِ
التَّحَرُّكُ وَالسُّكُوْنُ جُنُوْنٌ مِنْكَ
اَنْ تَسْعٰى لِرِزْقٍ وَيُرْزَقُ فِيْ غِشَاوَتِهِ
الْجَنِيْنُ۔

جو کچھ ہونے والا ہے اس کے ساتھ قضاء و قدر کا قلم چل چکا ہے پس حرکت و سکون برابر ہیں تم پاگل ہو کر رزق کے لیے کوشش کرتے ہو حالانکہ وہ پردے کے اندر (پیٹ کے اندر) بچے کو بھی رزق دیتا ہے۔

سوال:

لوگ یتیم بچے کی کفالت اس لیے کرتے ہیں کہ وہ اس کے بچپن کی وجہ سے اسے عاجز جانتے ہیں لیکن بالغ تو کمانے پر قادر ہوتا ہے اس لیے لوگ اس کی طرف متوجہ نہیں ہوتے بلکہ وہ کہتے ہیں یہ ہماری طرح ہے لہٰذا اسے خود کوشش کرنی چاہیے۔

جواب:

اگر یہ شخص جو کمانے پر قادر ہے بیکار پڑا ہے تو لوگ سچ کہتے ہیں اس پر کمانا لازم ہے اس کے حق میں توکل کا کوئی معنیٰ نہیں ہے کیوں کہ توکل تو ایک دینی مقام ہے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے لیے فارغ رہنے پر مدد حاصل کی جاتی ہے لہٰذا بیکار آدمی کا توکل سے کوئی تعلق نہیں ہے اور اگر اللہ تعالیٰ کے لیے مشغول ہے مسجد میں یا گھر میں بیٹھا علم و عبادت کا شغل اختیار کیے ہوئے ہے تو لوگ اسے ترکِ کسب پر ملامت نہیں کرتے اور نہ ہی اسے کمانے کی زحمت دیتے ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے لیے اس کی مشغولیت کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت مضبوط ہوتی ہے حتیٰ کہ اس کے پاس ضرورت سے زیادہ لے جاتے ہیں اس پر لازم ہے کہ وہ دروازہ بند کر لے لیکن بھاگ کر پہاڑوں پر نہ چلا جائے آج تک کوئی ایسا عالم یا عابد نہیں دیکھا گیا کہ وہ شہر میں رہ کر اپنا وقت اللہ تعالیٰ کے لیے (علم یا عبادت میں) گزارے اور وہ بھوکا مر جائے اور آئندہ

بھی یہ صورت نظر نہیں آئے گی بلکہ اگر وہ کسی ایک جماعت کو کھانا کھلانا چاہے تو محض اپنے کلام سے ایسا کر سکتا ہے کیوں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کا ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کا ہو جاتا ہے اور جو شخص اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ (کے دین) کے لیے وقف کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت ڈال دیتا ہے اور اس کے لیے دلوں کو مسخر کر دیتا ہے جس طرح بچے کے لیے اس کی ماں کے دل کو مسخر کر دیا جاتا ہے اللہ تعالیٰ نے ملک و ملکوت کی ایسی تدبیر فرمائی ہے جو تمام اہل ملک و ملکوت کو کافی ہے جو شخص اس تدبیر پر نظر کرتا ہے وہ مدبر پر اعتماد کرتا اور یقین رکھتا ہے اور اس کے ساتھ مشغول ہو جاتا ہے نیز اس پر ایمان لاتا ہے وہ اسباب کے مدبر کو دیکھتا ہے اسباب کو نہیں دیکھتا۔ ہاں اس نے یہ انتظام نہیں کیا کہ جو اس کی ذات میں مشغول ہو گا وہ اسے حلوا، موٹے موٹے پرندے، باریک پتلے کپڑے اور عمدہ گھوڑے ضرور بضرور اور ہمیشہ دے گا ہاں کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے لیکن وہ ایسی تدبیر ضرور کرتا ہے کہ جو شخص اس کی عبادت میں مشغول ہو اسے ہر ہفتے میں جو کی ایک روٹی یا سبزی ضرور دے گا جسے وہ کھائے۔

لیکن عام طور پر اس سے زیادہ ملتا ہے بلکہ حاجت اور کفایت سے زیادہ حاصل ہوتا ہے۔ پس توکل کو ترک کرنے کا سبب یہ ہے کہ نفس کو ہمیشہ ناز و نعمت میں پلنے، عمدہ کپڑے پہننے اور لطیف غذائیں کھانے کی رغبت ہوتی ہے اور یہ آخرت کا طریقہ نہیں ہے۔ اور یہ (عمدہ چیزیں) محنت و حرکت کے بغیر حاصل نہیں ہوتیں بلکہ محنت کی صورت میں بھی شاذ و نادر ہی حاصل ہوتی ہیں اور بعض اوقات کسی حرکت و محنت کے بغیر بھی حاصل ہو جاتی ہیں۔ لہٰذا جس شخص کی بصیرت کی آنکھ کھلی ہو اس کے نزدیک حرکت و محبت کا اثر کمزور ہوتا ہے اسی لیے وہ اپنی محنت پر مطمئن نہیں ہوتا بلکہ وہ ملک و ملکوت کے مدبر سے مطمئن ہوتا ہے جو ایسی تدبیر فرماتا ہے کہ بندے کا رزق اس سے الگ نہیں ہو سکتا اگرچہ وہ گھر بیٹھا ہو ہاں محنت کرنے والے کے بارے میں بھی یہ تصور ہو سکتا ہے کہ بعض اوقات اس کا رزق تاخیر سے ملے۔

جب ان امور کا انکشاف ہو جائے اور اسے قلبی قوت اور نفسانی شجاعت بھی حاصل ہو تو حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کے اس قول کا ثمرہ اسے حاصل ہو گا آپ نے فرمایا میں چاہتا ہوں کہ تمام اہل بصرہ میرے عیال میں ہوں (ان کا کھانا میرے ذمہ ہو) اور ایک ایک دانہ ایک دینار کا ملتا ہو حضرت وہیب بن ورد رحمہ اللہ نے فرمایا اگر آسمان تانبے کا اور زمین سیسے کی ہو اور میں اپنے رزق کا اہتمام خود کروں تو میں اپنے آپ کو مشرک سمجھوں گا۔

جب تمہیں ان امور کی سمجھ آجائے تو سمجھ لو کہ توکل ایک ایسا مقام ہے جو ذاتی طور پر معلوم ہے اور جو شخص اپنے نفس پر غالب آسکتا ہے وہ اس مقام تک پہنچ سکتا ہے اور تمہیں یہ بات بھی معلوم ہو جائے گی کہ جو شخص توکل اور اس کے امکان کا منکر ہے وہ جہالت کی وجہ سے انکار کرتا ہے تو تمہیں دو غربتوں کو جمع کرنے سے بچنا چاہیے یعنی اس توکل کے پائے جانے کا ذوق بھی نہ ہو اور بطور علم اس کا اعتقاد بھی نہ ہو (ایسا نہیں ہونا چاہیے)

تو تھوڑے سے مال پر قناعت کرنا اور حسب ضرورت رزق پر راضی ہونا تمہارے لیے ضروری ہے وہ تمہارے پاس ضرور

آئے گا اگرچہ تم اس سے بھاگو اس وقت اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر لازم ہے کہ وہ تمہاری طرف رزق ایسے شخص کے ذریعے بھیجے جس کے بارے میں تمہیں گمان بھی نہ ہو اگر تم تقویٰ اور توکل میں مشغول ہو جاؤ تو تم تجربے کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا مصداق دیکھ لو گے۔

ارشاد خداوندی ہے:

وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ۔ (۱)

اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہو اللہ تعالیٰ اس کے لیے (پریشانیوں سے) نکلنے کا راستہ بنا دیتا ہے اور اسے وہاں سے رزق دیتا ہے جس جگہ کے بارے میں اس کا گمان بھی نہیں ہوتا۔

ہاں وہ اس بات کا کفیل نہیں کہ وہ اسے پرندوں کا گوشت اور لذیذ کھانے دے گا وہ صرف اسی رزق کا ضامن ہے جس کے ذریعے انسان کی زندگی باقی رہے اور یہ چیز جس کی ضمان ہے ہر اس شخص کو ملے گی جو ضامن کے ساتھ مشغول ہو اور اس کی ضمان پر اسے اطمینان حاصل ہو۔ کیوں کہ جس شخص کو اللہ تعالیٰ کی تدبیر جو خفیہ اسبابِ رزق میں سے ہے، گھیر لے وہ اس سے بہت بڑی ہے جو مخلوق کے لیے ظاہر ہوتی ہے بلکہ رزق آنے کے دروازے بے شمار ہیں اور ان کے راستوں کی طرف راہنمائی نہیں ہوتی کیوں کہ اس کا ظہور زمین پر ہے اور سبب آسمان میں ہے ارشاد خداوندی ہے۔

وَفِی السَّمَاءِ رِزْقُکُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ۔ (۲)

اور آسمان میں تمہارا رزق ہے اور جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

اور آسمان کے اسرار پر اطلاع نہیں ہو سکتی یہی وجہ ہے کہ ایک جماعت حضرت جنید رحمہ اللہ کے پاس حاضر ہوئی تو آپ نے پوچھا تم کیا مانگتے ہو؟ انہوں نے عرض کیا رزق مانگتے ہیں آپ نے فرمایا اگر تمہیں اس کی جگہ معلوم ہے تو وہاں سے طلب کرو انہوں نے کہا ہم اللہ تعالیٰ سے مانگتے ہیں فرمایا اگر تمہارا خیال ہے کہ اس نے تمہیں بھلا دیا ہے تو اس کو یاد دلاؤ انہوں نے کہا ہم گھر میں داخل ہو کر توکل کرتے ہیں اور جو ہوگا اس کے منتظر رہتے ہیں آپ نے فرمایا تجربے کی بنیاد پر توکل شرک ہے ان لوگوں نے پوچھا پھر کیا تدبیر اختیار کریں فرمایا تدبیر چھوڑ دو۔

حضرت احمد بن عیسیٰ خراز رحمہ اللہ نے فرمایا کہ میں ایک جنگل میں تھا تو مجھے سخت بھوک لگی میرے دل نے مجبور کیا کہ میں اللہ تعالیٰ سے کھانا مانگوں لیکن میں نے سوچا کہ یہ توکل کرنے والوں کا کام نہیں پھر دل نے کہا کہ اللہ تعالیٰ سے صبر کا سوال کرو

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ طلاق آیت ۲، ۳

(۲) قرآن مجید، سورۂ ذاریات آیت ۲۲

جب میں نے اس کا ارادہ کیا تو ہاتف غیبی نے آواز دی اس نے کہا۔

وَيَزْعُمُ اَنَّهُ مِنَّا قَرِيْبٌ وَاَنَّا لَا نُضِيْعُ مَنْ اَتَانَا وَيَسْاَلُنَا عَلَى الْاِقْتَارِ جُهْدَهُ كَاَنَّا لَانَرَاهُ وَلَا يَرَانَا۔

وہ خیال کرتا ہے کہ ہمارے قریب ہے اور یہ کہ جو ہمارے پاس آتا ہے ہم اسے ضائع نہیں کرتے اور تنگی میں صبر کا سوال کرتا ہے گویا ہم اسے اور وہ ہمیں نہیں دیکھتا۔

تم یہ بات سمجھ گئے کہ جس کا نفس ٹوٹ جائے اور دل مضبوط ہو جائے بزدلی کے ذریعے اس کا باطن کمزور نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کی تدبیر پر ایمان بھی مضبوط ہو تو اس کا نفس ہمیشہ مطمئن رہتا ہے اور اسے اللہ تعالیٰ پر مکمل اعتماد اور یقین ہوتا ہے اور زیادہ سے زیادہ برا حال یہی ہوگا کہ وہ مر جائے گا اور موت کا آنا تو یقینی ہے جس طرح اس آدمی کو بھی موت آتی ہے جس کا دل مطمئن نہ ہو۔

توکل کی تکمیل یوں ہوتی ہے کہ ایک طرف سے قناعت ہوتی ہے اور دوسری جانب (یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف) سے رزق کی جو ضمانت ہے وہ پوری کی جاتی ہے اور وہ ذات سچی ہے جس نے ان لوگوں کو دینے کی ضمانت دی ہے جو ان اسباب پر قناعت کرتے ہیں جن کی تدبیر اللہ تعالیٰ نے فرمائی ہے تو اے انسان! قناعت اختیار کرکے تجربہ کرو اس کو تم وعدے میں سچا پاؤ گے کہ اس نے جس عجیب و غریب قسم کے رزق کا تم سے وعدہ کیا جو تمہارے خیال میں بھی نہیں تھا وہ تمہیں عطا فرمائے گا اپنے توکل میں اسباب کے منتظر نہ رہو بلکہ مسبب الاسباب پر توکل کرو جیسے تم کاتب کے قلم کے نہیں بلکہ کاتب کے دل کے منتظر رہتے ہو، کیوں کہ حرکت قلم کی اصل تو وہی ہے اور محرک اول ایک ہی ہے لہٰذا صرف اسی کی طرف نظر ہونی چاہیے اور یہ اس شخص کے توکل کی شرط ہے جو جنگلوں میں زاد راہ کے بغیر پھرتا ہے یا شہروں میں گمنام بیٹھتا ہے۔

ہاں جو شخص عبادت اور علم کے ساتھ مشہور ہو پس جب وہ رات اور دن میں ایک مرتبہ کے کھانے پر قناعت کرے وہ کھانا جیسا بھی ہو اگرچہ لذیذ کھانوں میں سے نہ ہو اور موٹا کپڑا جو دینداروں کے لائق ہے تو اسے یہ کھانا ہمیشہ ملے گا وہاں سے بھی جس جگہ کا اسے گمان ہے اور وہاں سے بھی جہاں کا گمان نہیں ہے بلکہ کئی گنا زیادہ آئے گا۔ پس اس کا توکل کو چھوڑ دینا اور رزق کا اہتمام کرنا انتہائی کمزوری اور کوتاہی ہے کیوں کہ جو شخص کسی شہر میں گمنام ہے وہ کمانے کے باوجود اس قدر رزق حاصل نہیں کرسکتا جس قدر اس شخص کی شہرت حصول رزق کا مضبوط سبب ہے پس دیندار لوگوں کے لئے رزق کا اہتمام قبیح ہے اور علماء کے لیے تو زیادہ برا ہے کیوں کہ ان کے لیے قناعت شرط ہے اور قناعت کرنے والے عالم کے پاس اس کا اپنا رزق بھی آتا ہے اور بہت بڑی جماعت کا رزق بھی، اگرچہ اس کے ساتھ ہوں۔ ہاں اگر اس کا ارادہ یہ ہو کہ وہ لوگوں کے ہاتھوں سے نہیں لے گا بلکہ اپنی کمائی سے کھائے گا تو اس کی بھی وجہ ہے جو اس باعمل عالم کے لائق ہے جو ظاہری علم و عمل پر چلتا ہے اور باطنی سیر نہیں کرتا کیوں کہ مال کمانا باطنی فکر کے راستے میں رکاوٹ ہے لہٰذا ایسا عالم سلوک الی اللہ میں

مشغول ہو اور ایسے شخص سے رزق حاصل کرے جو اس کو دینے کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا چاہتا ہے تو یہ زیادہ مناسب بات ہے کیوں کہ اس نے اللہ عزوجل کے لیے فراغت حاصل کی ہے اور حصول ثواب میں دینے والے کی مدد کی ہے۔

اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے جاری طریقوں کو دیکھتا ہے اس کو معلوم ہے کہ رزق اسباب کی مقدار کے مطابق نہیں ہوتا یہی وجہ ہے کہ ایران کے کسی بادشاہ نے ایک دانا سے پوچھا کہ بیوقوف کو رزق ملتا ہے اور عقل مند محروم رہتا ہے اس کی کیا وجہ ہے اس نے کہا کہ خالق وصانع نے چاہا کہ اس کی ذات کو پہچانا جائے اگر ہر عقل مند کو رزق ملتا اور ہر بیوقوف محروم رہتا تو یہ گمان ہوتا کہ اس کی عقل اس کے رزق کا ذریعہ ہے جب انہوں نے اس کے خلاف دیکھا تو جان لیا کہ رازق کوئی اور ہے اور اب وہ ظاہری اسباب پر اعتماد نہیں کرتے۔ شاعر نے کہا۔

وَلَوْ كَانَتِ الْأَرْزَاقُ تَجْرِيْ عَلَى الْحِجَا — اگر رزق عقل کی بنیاد پر جاری ہوتے تو اس وقت جانور

هَلَكْنَ إِذًا مِنْ جَهْلِهِنَّ الْبَهَائِمُ — اپنی جہالت کی وجہ سے ہلاک ہو جاتے۔

متوکلین کے اسباب سے تعلق کی مثال

اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخلوق کی مثال اس طرح ہے جیسے مانگنے والوں کی ایک جماعت بادشاہ کے محل کے دروازے پر ایک میدان میں کھڑی ہو اور وہ سب کھانے کے محتاج ہوں بادشاہ ان کی طرف کئی غلاموں کو بھیجے جن کے پاس روٹیاں ہوں اور ان کو حکم دے کہ بعض کو دو دو روٹیاں دیں اور بعض کو ایک ایک روٹی دیں اور کوشش کریں کہ کوئی رہ نہ جائے اور ایک منادی کو حکم دے کہ اعلان کر دو سب اپنی جگہ ٹھہرے رہیں جب غلام باہر آئیں تو ان سے لٹک نہ جانا بلکہ ہر شخص اپنی جگہ مطمئن کھڑا رہے کیوں کہ غلام حکم کے پابند ہیں وہ تمہارا حصہ ضرور تم تک پہنچائیں گے۔

پس جو شخص غلاموں سے چمٹ جائے گا اور ان کو اذیت دے کر دو روٹیاں لے جائے گا پھر جب میدان کا دروازہ کھلے گا اور وہ وہاں سے نکل جائے گا تو میں اس کے پیچھے ایک غلام بھیجوں گا جو اس پر مقرر ہو گا یہاں تک کہ وہ اسے پکڑ کر میرے پاس لائے گا اور میں اسے ایک دن سزا دوں گا جو مجھے معلوم ہے لیکن میں نے اسے پوشیدہ رکھا ہے۔ اور جو غلام کو اذیت نہ پہنچائے اور ایک روٹی پر قناعت کرے جو اسے غلام کے ہاتھ سے پہنچی ہے اور وہ خاموش رہے حرکت نہ کرے تو میں اسے ایک قیمتی خلعت دوں گا اور یہ اسی دن ہو گا جس دن دوسرے کو سزا دوں گا اور جو اپنی جگہ بیٹھا رہا لیکن دو روٹیاں لیں تو اسے نہ تو سزا ہو گی اور نہ ہی خلعت ملے گی اور جس کو میرے غلاموں سے کچھ نہ مل سکا اور اس نے بھوک کی حالت میں رات گزاری لیکن میرے غلاموں پر ناراضگی کا اظہار بھی نہ کیا اور نہ یہ کہا کہ کاش مجھے ایک روٹی مل جاتی تو ایسے شخص کو میں اپنا وزیر بناؤں گا اور اپنی سلطنت اس کے حوالے کروں گا۔

چنانچہ اس ندا کے بعد مانگنے والوں کی چار قسمیں ہو گئیں ایک قسم کے لوگ وہ ہیں جن پر پیٹ غالب آ گیا اور انہوں نے اس سزا کی طرف توجہ نہ کی جس سے ڈرایا گیا تھا اور کہنے لگے کل تک بڑا وقت ہے اور ہمیں بھوک لگی ہوئی ہے چنانچہ انہوں نے غلاموں پر چڑھائی کر دی اور ان کو اذیت دے کر دو دو روٹیاں لے لیں تو اس مقررہ وقت میں ان کو سزا دی گئی اب وہ وہ پشیمان ہوئے لیکن اس پشیمانی کا ان کو کوئی فائدہ نہ ہوا۔ دوسری قسم کے لوگ سزا کے ڈر سے غلاموں سے نہ لپٹے لیکن بھوک کے غلبہ کی وجہ سے دو دو روٹیاں حاصل کر لیں۔ اور وہ سزا سے محفوظ رہے لیکن ان کو خلعت عطا نہ ہوئی تیسری قسم کے لوگوں نے کہا ہم ایسی جگہ بیٹھتے ہیں جہاں غلام ہمیں دیکھ لیں اور ہمیں چھوڑ نہ دیں لیکن جب وہ دیں گے تو ہم ایک ایک روٹی لیں گے اور اس پر قناعت کریں گے۔ چوتھی قسم کے لوگ میدان کے مختلف کونوں میں پھیل گئے اور غلاموں کی نگاہوں سے اوجھل ہو گئے انہوں نے کہا اگر وہ غلام ہمارے پیچھے آ کر ہمیں دب گئے تو ہم ایک ایک روٹی پر قناعت کریں گے اور اگر انہوں نے ہمیں کچھ نہ دیا تو رات بھر بھوک کی سختی برداشت کریں گے ہو سکتا ہے ہم نا مانگی نہ کرنے کی قوت حاصل کریں تو وزارت کا رتبہ اور بادشاہ کے قریب کا درجہ حاصل ہو لیکن وہ اپنے منصوبے میں کامیاب نہ ہوئے کیوں کہ غلاموں نے میدان کے مختلف کونوں میں ان کا پیچھا کیا اور ان میں سے ہر ایک کو ایک روٹی دی۔ کچھ دن اسی طرح ہوتا رہا اس کے بعد اتفاقاً تین آدمی ایک کونے میں چھپ گئے اور ان پر غلاموں کی نگاہ نہ پڑی اور کسی وجہ سے وہ زیادہ تفتیش نہ کر سکے چنانچہ انہوں نے بھوک کی حالت میں رات گزاری ان میں سے دو نے کہا اچھا ہوتا ہم غلاموں کے سامنے ہو جاتے اور ہمیں کھانا مل جاتا ہم صبر کرنے کی طاقت نہیں رکھتے لیکن تیسرا صبح تک خاموش رہا چنانچہ اس نے قرب اور وزارت کا درجہ پایا۔

مخلوق کی مثال اسی طرح ہے میدان سے مراد دنیوی زندگی کا میدان ہے اور میدان کا دروازہ موت ہے اور مجہول میعاد سے قیامت کا دن مراد ہے اور وزارت کا وعدہ شہادت کا وعدہ ہے جو متوکل کے لیے ہے جب وہ بھوک کی حالت میں راضی رہتے ہوئے انتقال کرے ان وعدے کا ایفا قیامت تک مؤخر نہیں ہوگا کیوں کہ شہداء زندہ ہیں اپنے رب کے ہاں رزق حاصل کرتے ہیں اور غلاموں سے چمٹنے والوں سے مراد وہ لوگ ہیں جو اسباب کے سلسلے میں حد سے بڑھتے ہیں اور مسخر غلام اسباب ہیں غلاموں کے سامنے میدان میں بیٹھنے والے وہ لوگ ہیں جو شہروں کی خانقاہوں اور مساجد میں سکون کے ساتھ بیٹھتے ہیں میدان کے کونوں میں چھپنے والوں سے وہ لوگ مراد ہیں جو توکل کی صورت میں جنگلوں کی سیر کرتے ہیں اور اسباب ان کے پیچھے جاتے ہیں اور ان کے پاس رزق کبھی آتا ہے اگر ان میں سے کوئی بھوک پر راضی رہتے ہوئے فوت ہو جائے تو اسے شہادت اور قرب خداوندی کا مقام حاصل ہوتا ہے مخلوق ان چار قسموں میں تقسیم ہے شاید نوے فیصد اسباب سے تعلق رکھتے ہوں اور باقی دس میں سے سات شہروں میں رہتے ہوں اور محض اپنی حاضری اور شہرت کو سبب بناتے ہو باقی تین جنگلوں میں پھرتے ہوں پھر ان میں سے دو اسباب پر ناراض ہوں اور ایک کو قرب کے ذریعے کامیابی حاصل ہو۔ شاید گذشتہ زمانے میں

اسی طرح ہو لیکن آج کل اسباب کو چھوڑنے والے دس ہزار میں سے ایک بھی نہیں۔

دوسرا فن:

مال جمع کرنے کے اسباب کے درپے ہونا۔

جس شخص کو مال حاصل ہو، چاہے وراثت کے طور پر ہو یا کمانے کے ذریعے، یا مانگ کر حاصل کیا ہو یا اس کا کوئی دوسرا سبب ہو تو اس شخص کے لیے مال جمع کرنے میں تین حالتیں ہیں۔

پہلی حالت:

وقتی ضرورت کے مطابق مال حاصل کرے اگر بھوکا ہے تو کھالے ننگا ہے تو پہن لے اور رہائش کی ضرورت ہے تو مختصر سی رہائش گاہ خرید لے باقی مال اسی وقت تقسیم کر دے اور اسے جمع نہ کرے ہاں اتنی مقدار جمع کرے جس کی کسی دوسرے کو حاجت ہو اور وہ اس نیت سے رکھے تو ایسا شخص توکل کے تقاضوں کی تکمیل کرتا ہے اور یہی سب سے بلند درجہ ہے۔

دوسری حالت:

پہلی حالت کے مقابلے میں ہے اور وہ توکل کی حدود سے باہر نکال دیتی ہے یعنی ایک شخص سال بھر یا اس سے زیادہ وقت کے لیے جمع کرے یہ شخص توکل کرنے والوں میں سے بالکل نہیں ہے اور کہا گیا ہے کہ جانوروں میں سے صرف تین حیوانات اکٹھا کرتے ہیں چوہا، چیونٹی اور انسان۔

تیسری حالت:

چالیس دن یا اس سے کم کے لیے جمع کرے تو کیا ایسا شخص اس مقام محمود سے محروم ہے جس کا آخرت میں متوکلین سے وعدہ کیا گیا ہے؟ تو اس سلسلے میں اختلاف ہے۔ حضرت سہل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ وہ توکل کی حد سے نکل جاتا ہے حضرت خواص رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ چالیس دنوں کے لیے جمع کرنے کی صورت میں توکل سے نہیں نکلتا البتہ زیادہ سے نکلتا ہے حضرت ابو طالب مکی رحمہ اللہ فرماتے ہیں چالیس دن سے زیادہ کے لیے جمع کرے تو بھی توکل کی حد سے نہیں نکلتا۔

جب جمع کرنے کی اصلاً اجازت ہے تو اس اختلاف کا کوئی مطلب نہیں ہاں یہ جائز ہے کہ کوئی شخص یوں گمان کرے کہ جمع کرنا ہی توکل کے خلاف ہے اس کے بعد مقدار کسی کو معلوم نہیں اور ہر وہ ثواب جس کا کسی رتبہ پر وعدہ کیا گیا ہے وہ اس رتبہ پر تقسیم ہوتا ہے۔ اور اس رتبے کا آغاز بھی ہوتا ہے اور انتہا بھی۔ انتہائی درجہ والوں کو سابقین کہا جاتا ہے اور ابتدائی درجہ والوں کو اصحاب یمین کہتے ہیں پھر اصحاب یمین کے کئی درجات ہیں اسی طرح سابقین بھی کئی درجات میں تقسیم ہوتے ہیں اور اصحاب یمین کے اونچے درجہ والے سابقین کے سب سے نچلے درجے والوں سے ملے ہوتے ہیں لہذا اس سلسلے میں کوئی مقدار مقرر کرنا صحیح نہیں۔

بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ ذخیرہ نہ کرنے کی صورت میں بھی توکل کی تکمیل اسی وقت ہوگی جب امید کم ہو اور یہ شرط لگانا

بہت بعید کہ اسے بالکل زندہ رہنے کی امید نہ ہو اگرچہ ایک دم کے لیے ہی ہو یہ تو غیر ممکن بات ہے۔ البتہ لوگ امید کے طویل اور کوتاہ ہونے میں مختلف ہیں کم از کم امید ایک دن رات اور اس سے کم وقت ہے اور زیادہ سے زیادہ جس کا تصور ہو سکتا ہے وہ انسان کی پوری زندگی ہے اور ان دونوں کے درمیان بے شمار درجات ہیں جو شخص ایک مہینے سے زیادہ کی امید نہیں رکھتا وہ اس شخص کے مقابلے میں جو ایک سال کی امید رکھتا ہے، مقصود کے زیادہ قریب ہے۔

اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی (کوہ طور پر جانے کے سلسلے میں) میعاد کے حوالے سے چالیس دن کی قید لگانا بعید ہے کیوں کہ اس واقعہ میں یہ بتانا مقصود نہ تھا کہ اتنی مدت کی امید کی اجازت دی جاتی ہے بلکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا استحقاق موعود چالیس دن کے بعد ہی پایۂ تکمیل کو پہنچ سکتا تھا اور یہ ایک راز کی وجہ سے تھا جو اللہ تعالیٰ کی عادات میں سے ہے اور اس قسم کی مثالوں میں اللہ تعالیٰ کی عادت کریمہ امور کو تدریجاً بڑھانا ہے۔

جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

إِنَّ اللّٰهَ خَمَّرَ طِيْنَةَ آدَمَ بِيَدِهٖ أَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا۔ (۱)	بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کا خمیر اپنے دستِ قدرت سے چالیس دنوں میں تیار کیا۔

کیوں کہ اس گوندھے ہوئے خمیر کا استحقاق اسی مدت پر موقوف تھا جس کا ذکر کیا گیا۔

پس جو شخص ایک سال سے زیادہ کے لیے جمع کرے وہ قلبی کمزوری کے باعث ایسا کرتا ہے نیز اس کا جھکاؤ ظاہری اسباب کی طرف ہے وہ مقام توکل سے خارج ہے اور وہ پیچھے وکیل کی خفیہ اسباب کے ساتھ تدبیر پر یقین نہیں رکھتا کیوں کہ داخلی اسباب پیداوار اور زکوٰۃ کے اعتبار سے ہر سال پیدا ہوتے ہیں اور جو شخص سال سے کم مدت کے لیے جمع کرتا ہے اس کے لیے امید کے کوتاہ ہونے کے اعتبار سے درجہ ہے جس آدمی کی امید دو مہینے کی ہو اس کا درجہ اس شخص کے درجے جیسا نہیں جس کی امید ایک مہینہ ہے اور جو آدمی تین مہینے کی امید رکھتا ہے بلکہ وہ رتبہ کے اعتبار سے ان دونوں کے درمیان ہے اور جمع کرنے سے مانع امید کی کمی ہی ہے پس افضل یہی ہے کہ بالکل جمع نہ کرے اگرچہ اس کا دل کمزور ہو جب وہ کم جمع کرے گا تو فضیلت زیادہ ہوگی۔

ایک فقیر جس کو غسل دینے کا حکم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی المرتضیٰ اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہما کو دیا تھا انہوں نے اس کو غسل دیا اور اسی کی چادر کا کفن دے کر دفن کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام سے فرمایا۔

إِنَّهٗ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَوَجْهُهٗ كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَلَوْلَا خَصْلَةٌ كَانَتْ فِيْهِ	اسے قیامت کے دن اس طرح اٹھایا جائے گا کہ اس کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح چمک رہا ہو گا اگر اس میں

---

(۱) الفوائد المجموعۃ ص ۴۸۱ کتاب الصفات

لَبُعِثَ وَوَجْهُهُ كَالشَّمْسِ الضَّاحِيَةِ۔ — ایک عادت نہ ہوتی تو وہ قیامت کے دن اس طرح اٹھتا کہ اس کا چہرہ روشن سورج کی طرح ہوتا۔

٭ ٭ ٭

فرماتے ہیں ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ کیا عادت ہے؟ آپ نے فرمایا۔

كَانَ صَوَّامًا قَوَّامًا كَثِيْرَ الذِّكْرِ لِلّٰهِ تَعَالٰى غَيْرَ اَنَّهُ كَانَ اِذَا جَاءَ الشِّتَاءُ اَدَّخَرَ حُلَّةَ الصَّيْفِ لِصَيْفِهِ وَاِذَا جَاءَ الصَّيْفُ اَدَّخَرَ حُلَّةَ الشِّتَاءِ لِشِتَائِهِ۔ — وہ بہت زیادہ روزے رکھتا راتوں کو عبادت کرتا اور اللہ تعالیٰ کا بہت زیادہ ذکر کرتا تھا البتہ جب سردیوں کا موسم آتا تو گرمیوں کا لباس آئندہ گرمیوں کے لیے رکھتا تھا اور جب گرمی کا موسم آتا تو سردیوں کا لباس دوسرے موسم سرما کے لیے رکھ چھوڑتا تھا۔

اس کے بعد آپ نے ارشاد فرمایا۔

بَلْ اَقَلُّ مَا اُوْتِيْتُمُ الْيَقِيْنُ وَعَزِيْمَةُ الصَّبْرِ۔ (۱) — بلکہ کم از کم جو چیز تمہیں دی گئی ہے وہ یقین اور صبر کا عزم ہے

لوٹا اور چھری وغیرہ جن کی ہمیشہ ضرورت پڑتی ہے وہ اس معنیٰ میں نہیں ہیں کیوں کہ ان چیزوں کو جمع کرنا درجے کی کمی کا باعث نہیں (اس میں ضرورت کا تمام سامان داخل ہے) سردیوں کے کپڑوں کی گرمیوں میں ضرورت نہیں پڑتی اور یہ اس شخص کے لیے ہے کہ ترکِ ذخیرہ سے اس کا دل مضطرب نہ ہو اور نہ ہی وہ لوگوں کے ہاتھوں کی طرف دیکھے بلکہ اس کا دل صرف سچے وکیل (اللہ تعالیٰ) کی طرف متوجہ رہے اور اگر وہ اپنے دل میں اضطراب محسوس کرتا ہے جو اسے عبادت، ذکر اور فکر سے غافل کرتا ہے تو ایسے شخص کے لیے مال جمع کرنا زیادہ بہتر ہے بلکہ اگر وہ ایسا سامان رکھے جس کی آمدن اسے بقدر کفایت حاصل ہو اور اسی کی وجہ سے دل کو فراغت بھی حاصل ہوتی ہے تو ایسا کرنا بہتر ہے کیوں کہ مقصود تو یہ ہے کہ دل کی اصلاح کی جائے تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لیے خالی ہو جائے اور کئی لوگ ایسے ہیں جن کے پاس مال کا ہونا انہیں غافل کرتا ہے اور بعض کے نزدیک نہ ہونا غافل کرتا ہے اور ممنوع وہ ہے جو اسے اللہ تعالیٰ سے غافل کرتا ہے ورنہ ذاتی طور پر دنیا ممنوع نہیں ہے نہ اس کا وجود اور نہ ہی اس کا عدم۔

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مختلف قسم کے لوگوں کی طرف بھیجا گیا جن میں تاجر بھی ہیں اور صنعت و حرفت والے بھی تھے تاجر کو تجارت چھوڑنے اور کسی پیشے والے کو اپنا پیشہ چھوڑنے کا حکم نہیں دیا گیا اور جو لوگ ان دونوں باتوں سے تعلق نہیں رکھتے تھے ان کو یہ کام اپنانے کا حکم نہیں دیا گیا بلکہ سب کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلایا اور ان کی راہنمائی فرمائی کہ ان کی کامیابی اور نجات صرف اسی بات میں ہے کہ اپنے دلوں کو دنیا سے اللہ تعالیٰ کی طرف پھیر دیں اور دل کا بہترین شغل اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق ہے پس کمزور آدمی کا حاجت کے مطابق جمع کرنا بہتر ہے جیسے مضبوط (دل والے) کا جمع نہ کرنا اچھا ہے اور یہ سب (مذکورہ بالا) منفرد کا حکم ہے۔

---

(۱)

جہاں تک عیال دار کا تعلق ہے تو بال بچوں کے لیے ایک سال کا خرچ جمع کرنے سے توکل کی تعریف سے نہیں نکلتا لیکن اس سے زیادہ جمع کرنا توکل کو باطل کر دیتا ہے کیوں کہ سالوں کے بدلنے سے اسباب بدل کر آتے ہیں لہٰذا اس سے زیادہ جمع کرنے کا سبب دل کی کمزوری ہے اور یہ قوتِ توکل کے خلاف ہے۔

پس متوکل اس شخص کو کہتے ہیں جو توحید پر ایمان رکھتا ہو اس کا دل مضبوط ہو، لطفِ اللہ تعالیٰ کے فضل پر مطمئن ہو اور اس کی تدبیر پر اعتماد ہو اسبابِ ظاہرہ کے وجود پر نہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اپنے گھر والوں کے لیے ایک سال کا رزق جمع فرمایا (۱)

اور حضرت اُم ایمن رضی اللہ عنہا کو دوسرے دن کے لیے جمع کرنے سے منع فرمایا (۲)

حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے روٹی کا ایک ٹکڑا افطاری کے لیے رکھا تو آپ نے منع کرتے ہوئے فرمایا۔

اَنْفِقْ بِلَالُ وَلَا تَخْشَ مِنْ ذِی الْعَرْشِ اِقْلَالًا۔ (۳)
اے بلال! خرچ کرو اور عرش والے سے مفلسی کا ڈر نہ رکھو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان ہی سے ارشاد فرمایا۔

اِذَا سُئِلْتَ فَلَا تَمْنَعْ وَاِذَا اُعْطِیْتَ فَلَا تَخْبَأْ۔ (۴)
جب تم سے مانگا جائے تو نہ روکو اور جب تمہیں دیا جائے تو نہ چھپاؤ۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ایسا کرنا چاہیے آپ اتنی کم امید رکھتے تھے کہ جب پیشاب فرماتے تو پانی کے قریب ہونے کے باوجود تیمم فرماتے اور ارشاد فرماتے

مَا یُدْرِیْنِیْ لَعَلِّیْ لَا اَبْلُغُہٗ۔ (۵)
مجھے معلوم نہیں شاید اس (پانی) تک نہ پہنچوں۔

حالاں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تو جمع بھی کرتے تو آپ کے توکل میں فرق نہ پڑتا کیوں کہ آپ کا بھروسہ اس چیز پر نہ تھا جسے آپ جمع فرماتے لیکن آپ نے اپنی امت کے مضبوط دل والوں کی تعلیم کے لیے یہ راستہ اختیار کیا کیوں کہ آپ کی امت کے مضبوط لوگ آپ کی نسبت سے کمزور ہیں۔

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۸۰۶ کتاب النفقات

(۲) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۲۴۱ کتاب الزھد

(۳) مجمع الزوائد جلد ۳ ص ۱۲۶ کتاب الزکوٰۃ

(۴) تاریخ ابن عساکر جلد ۳ ص ۳۱۴ ذکر من اسمہ بلال

(۵) مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۵۰ کتاب الرقاق

آپ نے جو اپنے گھر والوں کے لیے ایک سال کا خرچ جمع کیا تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ کا دل یا آپ کے اہل خانہ کے دل کمزور تھے لیکن امت کے کمزور لوگوں کے لیے سنت بنانے کی خاطر ایسا کیا۔ بلکہ آپ نے اس بات کی خبر دی کہ اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند کرتا ہے کہ جس طرح عزیمت (اصل حکم) پر عمل کیا جاتا ہے اسی طرح کمزور لوگوں کی دلجوئی کے لیے رخصت پر بھی عمل کیا جائے (۱)

تاکہ ان کی کمزوری ان کو مایوسی تک نہ لے جائے اور وہ انتہائی درجہ تک پہنچنے سے عاجز ہونے کی وجہ سے آسان نیکی بھی چھوڑ دیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے حالاں کہ ان کی مختلف اقسام اور مختلف درجات ہیں۔

جب تم نے اس بات کو سمجھ لیا تو تمہیں معلوم ہو گیا کہ مال کا جمع کرنا بعض لوگوں کے لیے نقصان دہ ہے اور بعض کے لیے نہیں اس پر حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ کی روایت دلالت کرتی ہے کہ اصحاب صفہ میں سے ایک صحابی انتقال کر گئے تو ان کے کفن کے لیے کپڑا نہ ملا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کے کپڑوں کی تلاشی لو تو دیکھا کہ ازار کے اندر دو دینار تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ دو داغ ہیں۔ (۲)

ان (صحابی) کے علاوہ کئی مسلمان فوت ہوئے اور مال چھوڑا لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں یہ بات نہیں فرمائی اس بات میں دو وجہوں کا احتمال ہے کیوں کہ ان کی حالت کے بھی دو احتمال تھے ایک یہ کہ داغ سے آگ کا داغ مراد لیا ہو جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ۔ (۱)

(زکوٰۃ نہ دینے والوں کے مال کو آگ میں گرم کر کے) اس کے ساتھ ان کی پیشانیوں اور پہلوؤں اور پیٹھوں کو داغا جائے گا۔

اور دوسری صورت میں جب اس کی حالت سے زہد، فقر اور توکل کا اظہار ہو حالانکہ وہ ان امور سے خالی ہو تو یہ ایک قسم کا دھوکہ ہے دوسری صورت یہ ہے کہ یہ بات دھوکے کی وجہ سے نہ ہو بلکہ مراد یہ ہو گی کہ درجۂ کمال میں نقصان واقع ہوا۔ جیسے چہرے پر دو داغ ہوں تو چہرے کے جمال میں کمی آجاتی ہے اور یہ کمی دھوکے کی وجہ سے نہیں ہوتا کیوں کہ انسان جو مال بھی چھوڑتا ہے وہ اس کے اخروی درجہ میں نقصان کا باعث ہوتا ہے۔ کیوں کہ انسان کو دنیا میں سے جس قدر دیا جاتا ہے اسی قدر اس کے اخروی حصے میں کمی واقع ہوتی ہے۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۱۰۸ مرویات ابن عمر

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۱۳۷ مرویات علی

لیکن جب اس صورت میں جمع کرے کہ اس جمع شدہ مال سے دل فارغ ہو تو اس سے توکل کا باطل ہونا لازم نہیں آتا اس سلسلے میں حضرت بشر رحمہ اللہ سے مروی بات گواہ ہے حضرت حسین مغازلی رحمہ اللہ جو اُن کے شاگردوں سے تھے فرماتے ہیں میں چاشت کے وقت حضرت بشر رحمہ اللہ کے پاس حاضر تھا کہ ایک شخص جو کمزور تھا، اس کا رنگ گندمی تھا اور تھوڑی تھوڑی داڑھی تھی حضرت بشر رحمہ اللہ ان کے استقبال میں کھڑے ہوئے راوی کہتے ہیں میں نے ان کو کسی کے اعزاز میں کھڑے ہوئے نہیں دیکھا تھا پھر انہوں نے مجھے ہتھیلی بھر درہم دیئے اور فرمایا جس قدر اچھا کھانا مل سکے خرید لاؤ حالانکہ اس سے پہلے انہوں نے کبھی بھی مجھے یہ بات نہیں فرمائی تھی فرماتے ہیں میں کھانا لے کر آیا اور ان کے سامنے رکھ دیا انہوں نے اس شخص کے ساتھ مل کر کھایا حالانکہ اس سے پہلے میں نے ان کو کبھی کسی کے ساتھ مل کر کھاتے نہیں دیکھا فرماتے ہیں ہم نے ضرورت کے مطابق کھایا اور بہت سا کھانا بچ گیا جو اس شخص نے لے کر کپڑے میں جمع کیا اور اٹھا کر ساتھ لے گیا مجھے اس بات پر تعجب بھی ہوا اور میں نے اسے ناپسند بھی کیا حضرت بشر رحمہ اللہ نے مجھ سے فرمایا شاید تمہیں اس شخص کے عمل پر اعتراض ہے؟ میں نے کہا ہاں وہ شخص اجازت کے بغیر باقی ماندہ کھانا لے کر چلا گیا حضرت بشر رحمہ اللہ نے فرمایا وہ ہمارے بھائی حضرت فتح موصلی رحمہ اللہ تھے وہ آج ہماری ملاقات کے لیے موصل سے تشریف لائے تھے انہوں نے ہمیں یہ بات سکھانے کا ارادہ کیا کہ جب توکل صحیح ہو تو مال جمع کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

تیسرا فن :

وہ اسباب اختیار کرنا جو خوف کے باعث پیش آنے والے ضرر کو دور کرتے ہیں بعض اوقات نفس یا مال میں خوف کی وجہ سے بھی ضرر ہوتا ہے اور توکل کی شرائط میں یہ شرط نہیں کہ ضرر کو دور کرنے والے اسباب کو بالکل چھوڑ دیا جائے مثلاً نفس کے اعتبار سے یوں کہ اس زمین پر سونا جہاں درندے ہوں یا وادی میں سیلاب کے راستے میں سو جانا یا گرنے والی دیوار اور ٹوٹی ہوئی چھت کے نیچے سونا یہ سب باتیں ممنوع ہیں اور ایسا شخص بعض اوقات کسی فائدے کے بغیر اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالتا ہے ہاں یہ اسباب قطعی بھی ہوتے ہیں، ظنی بھی اور موہوم بھی، ان میں سے موہوم کو چھوڑنا توکل کی شرط ہے اور یہ وہ ہیں جن کی دفعِ ضرر کی طرف نسبت داغ لگانے اور دم کروانے کی نسبت جیسی ہے کیوں کہ داغ لگانا اور دم کروانا بعض اوقات آنے والے خطرے کے پیش نظر پہلے ہی اختیار کر لیے جاتے ہیں۔

اور بعض اوقات اس خطرے کے آنے پر اس کے ازالہ کے لیے ان کاموں کو اختیار کیا جاتا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے توکل کرنے والوں کا وصف اسی طرح بیان فرمایا کہ وہ داغ لگانے، دم وغیرہ کروانے اور فال لینے کو چھوڑ دیتے ہیں آپ نے یوں نہیں فرمایا کہ جب وہ کسی ٹھنڈی جگہ جاتے ہیں تو جبہ نہیں پہنتے اور جبہ متوقع سردی کو دور کرنے کے لیے پہنا جاتا ہے اسی طرح دوسرے اسباب جو اس کے معنی میں ہیں ہاں سردیوں میں سفر پر جاتے وقت اندر سے قوتِ حرارت کو برانگیختہ کرنے کے لیے لہسن کھانے کو بعض اوقات اسباب میں غور و فکر کرنا اور ان پر اعتماد

کرنا سمجھا جاتا ہے اور یہ داغ لگانے کے قریب ہے بخلاف جبہ پہننے کے (اس کا حکم یہ نہیں)

اور ضرر کو دُور کرنے والے اسباب اگرچہ قطعی ہوں ان کو ترک کرنے کی ایک وجہ ہے کہ جب اسے انسانوں سے ضرر پہنچے اگر وہ صبر کر سکتا ہو اور ان کو دُور کرکے تشفّی حاصل کر سکتا ہو تو توکل کی شرط یہ ہے کہ برداشت کرے اور صبر کرے ارشاد خداوندی ہے۔

فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا وَاصْبِرْ عَلَى مَا يَقُولُونَ۔ (۱)

پس اس کو (اپنا) کارساز سمجھو اور ان (کفار) کی باتوں پر صبر کرو۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے،

وَلَنَصْبِرَنَّ عَلَى مَا آذَيْتُمُونَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ۔ (۲)

اور ہم ضرور بضرور ان اذیتوں پر صبر کریں گے جو تم سے ہمیں پہنچیں اور بھروسہ کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیئے۔

اور ارشاد فرمایا۔

وَدَعْ أَذَاهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ۔ (۳)

اور ان کی اذیتوں سے درگذر فرمائیں اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کریں۔

اور اللہ تعالیٰ نے یہ بھی ارشاد فرمایا۔

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ۔ (۴)

پس صبر کریں جس طرح اولوا العزم رسولوں نے صبر کیا۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

نِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ۔ (۵)

کتنا اچھا اجر ہے عمل کرنے والوں کا وہ جنہوں نے صبر کیا اور اپنے رب پر ہی بھروسہ کرتے ہیں۔

لیکن سانپوں، درندوں اور بچھوؤں کی اذیت پر صبر کرنا اور ان کو دُور نہ کرنا توکل نہیں ہے کیوں کہ اس میں کوئی

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ مزمل آیت ۹، ۱۰

(۲) قرآن مجید، سورۂ ابراہیم آیت ۱۲

(۳) قرآن مجید، سورۂ احزاب آیت ۴۸

(۴) قرآن مجید، سورۂ احقاف آیت ۳۵

(۵) قرآن مجید، سورۂ عنکبوت آیت ۵۸، ۵۹

فائدہ نہیں ہے اور کوشش کرنا یا اسے ترک کرنا ذاتی طور پر مقصود نہیں ہے بلکہ اس کا مقصد دین پر مدد حاصل کرنا ہے اور یہاں اسباب کا ترتیب اسی طرح ہے جس طرح کسب اور حصول نفع کے سلسلے میں بیان ہوا ہم دوبارہ ذکر کر کے کلام کو لمبا کرنا نہیں چاہتے اسی طرح مال کی حفاظت والے اسباب کا حال ہے کہ باہر جاتے وقت دروازے کو تالہ لگانے یا اونٹ کا پاؤں باندھنے سے توکل میں کوئی فرق نہیں پڑتا کیوں کہ یہ اسباب اللہ تعالیٰ کی جاری عادت سے قطعی یا ظنی طور پر معلوم ہوتے ہیں اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اعرابی سے جس نے اپنا اونٹ کھلا چھوڑ کر کہا کہ میں نے اللہ تعالیٰ پر توکل کیا، فرمایا باندھ کر توکل کرو (۱)

اور ارشاد خداوندی ہے :

خُذُوا حِذْرَكُمْ۔ (۲) اپنا بچاؤ اختیار کرو۔

اور نماز خوف کی کیفیت کے ضمن میں ارشاد فرمایا۔

وَلْيَأْخُذُوا أَسْلِحَتَهُمْ۔ (۳) اور چاہیے کہ وہ اپنا اسلحہ پکڑے رکھیں۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ وَمِنْ رِبَاطِ الْخَيْلِ۔ (۴) اور ان (دشمنوں) کے مقابلے میں قوت تیار کرو اور (سرحدوں کی حفاظت کے لیے) گھوڑے باندھنا۔

اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا۔

فَأَسْرِ بِعِبَادِي لَيْلًا۔ (۵) پس میرے بندوں کو لے کر راتوں رات چلے جائیں۔

اور رات کے وقت نکلنا دشمنوں سے چھپنا اور اذیت سے بچنا ہے۔ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا غار میں چھپنا دشمنوں کی آنکھوں سے چھپ کر ضرر سے بچنا تھا (۱) اور نماز میں ہتھیار اٹھائے رکھنا سانپ اور بچھو کو قتل کرنے کی طرح قطعی طور پر ضرر کو دفع کرنا نہیں ہے (کیوں کہ وہ قطعی ہیں) لیکن ہتھیار سنبھالے رکھنا ظنی سبب تو ہے اور ہم نے بیان کیا ہے کہ جو چیز ظنی ہو وہ قطعی کی طرح ہوتی ہے صرف موہوم وہ ہے کہ اس کا ترک توکل کا تقاضا ہے۔

---

(۱) حلیۃ الاولیاء جلد ۸ص ۳۹۰ ترجمہ ۴۲۸

(۲، ۳) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۱۰۲

(۴) قرآن مجید، سورۂ انفال آیت ۶۰

(۵) قرآن مجید، سورۂ دخان آیت ۲۳

(۶) الوفا، جلد اول ص ۲۳۲، الباب ہجرت

سوال :

ایک جماعت سے منقول ہے کہ ان میں سے کسی ایک کے کاندھے پر شیر نے پاؤں رکھا تو انہوں نے حرکت نہیں کی ۔

جواب :

میں کہتا ہوں ایک جماعت سے یہ بھی منقول ہے کہ وہ شیر پر سوار ہوتے اور انہوں نے اسے مسخر کیا پس تمہیں یہ مقام دھوکہ نہ دے اگرچہ یہ بات اپنی جگہ صحیح ہے لیکن غیر سے سیکھنے کے سلسلے میں اقتداء کے لائق نہیں ہے بلکہ یہ تو کرامات میں ایک بلند مقام ہے اور یہ توکل میں شرط نہیں ہے اور اس میں ایسے اسرار ہیں کہ ان سے وہی واقف ہو سکتا ہے جو ان اسرار تک رسائی حاصل کرے ۔

سوال :

کیا کوئی ایسی علامت ہے جس سے مجھے معلوم ہو کہ میں اس تک پہنچ گیا ہوں ۔

جواب :

پہنچنے والا علامات کا محتاج نہیں ہوتا لیکن اس کے پائے جانے سے پہلے کی کچھ علامات ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ تمہارے ساتھ جو کتا رہتا ہے جسے غصہ کہا جاتا ہے اور وہ تمہیں بھی اور دوسروں کو بھی مسلسل کاٹتا رہتا ہے وہ تمہارے لیے مسخر ہو جائے ۔ اگر یہ کتا تمہارے قابو میں آ جائے کہ وہ تمہارے اشارے سے ہی حرکت میں آئے اشارے کے بغیر نہ ابھرے اور تمہارے قابو میں رہے اور بعض اوقات تمہارا درجہ اس قدر بلند ہوتا ہے کہ تمہارے سامنے درندوں کا بادشاہ شیر بھی مسخر ہو جاتا ہے اور جنگلی کتوں کے مقابلے تمہارے گھر کے کتے کا مسخر ہونا زیادہ بہتر ہے اور تمہارے اندر کے کتے (غضب) مسخر ہونا گھر کے کتے کے مسخر ہونے سے زیادہ بہتر ہے پس جب تک تمہارا یہ باطنی کتا مسخر نہ ہو ظاہری کتے کے مسخر ہونے کی طمع نہ کرو ۔

سوال :-

جب متوکل دشمنوں سے بچنے کے لیے اسلحہ اٹھائے چور سے بچنے کے لیے دروازے کو تالہ لگا دے اور بھاگنے کے خوف سے اونٹ کے پاؤں کو باندھ کر رکھے تو وہ کس اعتبار سے متوکل کہلائے گا ۔

جواب :-

میں کہتا ہوں وہ جانتا ہے کہ اگر چور کو دور کیا جائے تو وہ صرف دروازہ بند کرنے سے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے دور کرنے سے دور ہو گا کتنے ہی دروازے بند کیے جاتے ہیں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوتا اور کتنے ہی اونٹ پاؤں سے باندھے جاتے ہیں لیکن وہ مر جاتے ہیں یا بھاگ جاتے ہیں اور کتنے ہی لوگ ایسے ہیں جنہوں نے ہتھیار پکڑ رکھے ہوتے ہیں لیکن وہ قتل ہو جاتے ہیں یا ان پر کوئی غالب آ جاتا ہے پس ان اسباب پر بالکل بھروسہ نہ رکھو بلکہ مسبب الاسباب پر توکل کرو جیسا کہ ہم نے مقدمہ کے وکیل کی

مثال دیتے ہوئے بیان کیا ہے کہ اگر موکل خود حاضر ہو اور دستاویز بھی حاضر کرے تو اپنے آپ پر اور دستاویز پر بھروسہ نہ کرے
بلکہ وکیل کی کفایت اور قوت پر توکل کرے۔

جہاں تک حال کا تعلق ہے تو اس کی صورت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے گھر اور نفس کے بارے میں جو فیصلہ فرمایا
ہے اس پر راضی رہے اور کہے یا اللہ! اگر تو میرے گھر کے مال پر کسی شخص کو مسلط کرے جو اسے لے جائے تو وہ تیرے
راستے میں ہے اور میں تیرے فیصلے پر راضی ہوں اور مجھے معلوم نہیں کہ جو کچھ تو نے مجھے عطا فرمایا ہے وہ ہبہ ہے تو واپس نہیں
لے گا یا ادھار اور امانت ہے جسے تو واپس لے لے گا۔ اور مجھے یہ بھی معلوم نہیں کہ یہ میرا رزق ہے یا تیری ازلی مشیئت
میں وہ کسی اور کا رزق ہے تو نے جو بھی فیصلہ کیا ہے میں اس پر راضی ہوں میں نے گھر کو تالہ اس لیے نہیں لگایا تھا کہ
میں تیرے فیصلے سے بچنا چاہتا تھا یا میں اس پر ناراض تھا بلکہ ترتیب اسباب کے سلسلے میں تیرے طریقے کے مطابق میں
نے ایسا کیا ہے اے مسبب الاسباب! میرا اعتماد تو صرف تیرے اوپر ہے اگر آدمی کی حالت یہ ہو اور علم کی وہ صورت ہو
جو ہم نے پہلے ذکر کی ہے تو وہ اونٹ کا پاؤں باندھنے، ہتھیار پکڑنے اور دروازہ بند کرنے کی وجہ سے توکل سے باہر
نہیں نکلے گا پھر جب گھر واپس آئے اور سامان کو گھر میں پائے تو مناسب یہ ہے کہ یہ اس کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی طرف سے
ملنے والی نئی نعمت ہو اور اگر وہ مال موجود نہ ہو بلکہ چوری ہو گیا ہو تو اپنے دل کو دیکھے اگر اسے اس پر راضی پائے یا اس پر اس
لیے راضی ہو کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے یہ مال اس لیے لیا کہ اس کے مقابلے میں آخرت میں زیادہ عطا فرمائے گا تو توکل میں
اس کا مقام صحیح قرار پایا اور اس کی صداقت ظاہر ہو گئی۔ اور اگر وہ اس وجہ سے دل میں دکھ محسوس کرے اور صبر کی طاقت
بھی پاتا ہو تو اس کے لیے ظاہر ہو گیا کہ وہ توکل کے دعویٰ میں سچا نہیں تھا کیوں کہ توکل زہد کے بعد آتا ہے اور زہد اسی
شخص سے صحیح قرار پاتا ہے جو دنیا کے جانے پر افسوس نہیں کرتا اور جو کچھ آئے اس پر خوش نہیں ہوتا بلکہ اس کا معاملہ
اس کے برعکس ہوتا ہے تو اس کے لیے توکل کیسے صحیح قرار پائے گا، ہاں بعض اوقات اس کے لیے صبر صحیح قرار پاتا ہے
جب اسے چھپاتے اور شکوہ ظاہر نہ کرے اور تجسس و طلب میں اس کی کوشش زیادہ نہ ہو۔

اور اگر وہ صبر پر قادر نہ ہو حتی کہ اس کے دل کو اذیت پہنچے زبان سے شکوہ کرے اور بدن کو مال کی طلب میں لگا
دے تو چوری سے اس کا گناہ بڑھ جائے گا کیوں کہ ظاہر ہو گیا کہ تمام مقامات میں کوتاہی ہے اور وہ اپنے دعووں میں جھوٹا ہے
اس کے بعد کوشش کرے اور نفس کی کسی بات کی تصدیق نہ کرے اور اس کے دھوکے کے جال میں نہ پھنسے کیوں کہ
یہ دھوکہ باز ہے حکم برائی کا دیتا ہے اور دعویٰ نیکی کا کرتا ہے۔

سوال:-

متوکل کے پاس مال کیسے ہو سکتا ہے جسے چوری کیا جائے۔

جواب:

متوکل کے گھر میں کچھ نہ کچھ سامان تو ہوتا ہے جیسے ایک پیالہ جس میں وہ کھانا کھائے لوٹا جس سے پانی پیئے، وضو کرنے کے لیے کوئی برتن، تھیلی جس میں سامانِ سفر کی حفاظت ہو اور لاٹھی جس کے ساتھ دشمن کو دور کرے اور اس کے علاوہ گھریلو زندگی کا سامان۔

اور بعض اوقات اس کے پاس مال آتا ہے اور وہ اسے روک کر رکھتا ہے کہ جب کوئی محتاج آئے گا تو اسے دوں گا تو اس نیت سے جمع کرنا توکل کو باطل نہیں کرتا اور توکل کی شرط یہ نہیں ہے کہ جس لوٹے سے پانی پیتا ہے اور جس تھیلے میں سامان رکھتا ہے اسے گھر سے نکال دے دینے کا حکم کھانے کے سامان اور ضرورت سے زائد چیزوں کے بارے میں ہے اور اللہ تعالیٰ کی سنت جاریہ یہی ہے کہ مسجد کے کونوں میں بیٹھے ہوئے لوگوں تک کھانا پہنچتا ہے انہیں ہر دن یا ہر ہفتے میں لوٹے اور دیگر سامان پہنچانے کا طریقہ جاری نہیں ہے۔

اور اللہ تعالیٰ کی عادت سے نکلنا توکل کی شرط نہیں ہے اسی لیے حضرت خواص رحمہ اللہ سفر میں اسی، ڈولچی، قینچی اور سوئی دھاگہ ساتھ رکھتے تھے کھانے پینے کا سامان نہیں رکھتے تھے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی سنت دونوں چیزوں میں فرق کے ساتھ جاری ہے۔

سوال:

جب کسی کا ایسا سامان چوری ہو جائے جس کی اسے حاجت ہے تو وہ کیسے غمگین نہیں ہو گا اور افسوس نہیں کرے اور اگر وہ اسے نہیں چاہتا تو روک کر کیوں رکھتا ہے اور دروازہ کیوں بند کرتا ہے اور اگر وہ اس لیے روکتا ہے کہ اپنی حاجت کے لیے چاہتا ہے تو اس کے دل کو اذیت کیسے نہیں پہنچے گی اور کس طرح وہ غمگین نہیں ہو گا حالانکہ اس کے اور اس کی خواہش کے درمیان رکاوٹ پیدا ہو گئی۔

جواب:

اس نے اسے اس لیے محفوظ رکھا تھا کہ اس کے ذریعے دین پر مدد حاصل کرے کیوں کہ اس کا یہی گمان تھا کہ اس کی بھلائی اسی میں تھی کہ یہ سامان اس کے پاس ہوتا اگر اس میں اس کی بھلائی نہ ہوتی تو اللہ تعالیٰ اسے یہ سامان عطا نہ فرماتا۔ تو اس نے اس بات سے استدلال کیا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو یہ چیز بہم پہنچائی اور اس کے لیے آسان کی اور یہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں حُسنِ ظن ہے اس کے باوجود کہ یہ چیز اس کے دینی اسباب کے لیے مددگار ہے اور یہ بات اس کے نزدیک قطعی نہیں ہے کیوں کہ ہو سکتا ہے اس کی بھلائی کو اس مال کے گم کرنے سے آزمایا جائے حتیٰ کہ وہ اپنی غرض کے حصول کے لیے مشقت برداشت کرے اور اسے مشقت اور تھکاوٹ کی صورت میں زیادہ ثواب حاصل ہو۔

پس جب اللہ تعالیٰ نے اس پر چور کو مسلط کر کے اس سے یہ مال لے لیا تو اس کا گمان بدل گیا کیوں کہ وہ تمام

حالتوں پر اللہ تعالیٰ پر یقین رکھتا اور اس کے بارے میں حسن ظن رکھتا ہے وہ کہتا ہے اگر اللہ تعالیٰ کے علم کے مطابق اس مال کے آج تک میرے پاس ہونے اور اب میرے پاس سے جاتے میں بھلائی نہ ہوتی تو اللہ تعالیٰ مجھ سے نہ لیتا تو اس قسم کے گمان سے اس بات کا تصور کیا جا سکتا ہے کہ اس کا غم دور ہو جائے کیوں کہ اس صورت میں اس کا اسباب پر خوش ہونا اس وجہ سے نہیں ہوتا کہ وہ اسباب ہیں بلکہ اس اعتبار سے خوش ہوتا ہے کہ مسبب الاسباب نے اپنے فضل وکرم سے اس کے لیے ان اسباب کو آسان کر دیا سو وہ اس بیمار کی طرح ہے جو شفیق طبیب کے سامنے ہو وہ طبیب کے ہر فعل پر راضی ہوتا ہے اگر وہ اسے غذا دیتا ہے تو وہ خوش ہوتا ہے اور کہتا ہے اگر طبیب اس بات کو نہ جانتا کہ یہ غذا میرے لیے نفع بخش ہے اور میں اس کو برداشت کی طاقت رکھتا ہوں تو وہ اسے میرے قریب نہ کرتا اور اگر وہ اس سے غذا کو دور رکھتا ہے تو وہ اس بات پر بھی خوش ہوتا ہے اور کہتا ہے اگر غذا مجھے نقصان نہ دیتی اور موت کی طرف نہ لے جاتی تو طبیب اس کے اور میرے درمیان رکاوٹ کھڑی نہ کرتا اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے لطف وکرم کے بارے میں وہ عقیدہ نہ رکھتا ہو جو مریض اپنے مشفق اور ماہر طبیب والد کے بارے میں رکھتا ہے تو اس شخص سے توکل بالکل درست نہیں ہوتا۔

اور جو شخص اللہ تعالیٰ اس کے افعال اور بندوں کی اصلاح کے سلسلے میں سنت الٰہیہ کی پہچان رکھتا ہے وہ اسباب پر خوش نہیں ہوتا کیوں کہ معلوم نہیں کہ کون سے اسباب اس کے لیے بہتر ہیں جیسے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے اس بات کی پرواہ نہیں کہ میں غنی ہونے کی حالت میں صبح کرتا ہوں یا حالتِ فقر میں، کیوں کہ میں نہیں جانتا کہ ان میں سے کونسی بات میرے لیے بہتر ہے اسی طرح مناسب یہی ہے کہ متوکل آدمی اپنے مال کے چوری ہونے یا نہ ہونے کی پرواہ نہ کرے کیوں کہ وہ نہیں جانتا کہ ان دونوں باتوں میں سے کون سی بات اس کے لیے دنیا اور آخرت میں بہتر ہے کتنے ہی دنیوی سامان انسان کی ہلاکت کا سبب ہوتے ہیں اور کتنے ہی مالدار اپنی مالداری کی وجہ سے کسی واقعہ میں مبتلا ہو کر کہتے ہیں کہ کاش میں فقیر ہوتا۔

متوکلین کا سامان چوری ہو جائے تو کیا کریں

جب متوکل گھر سے نکلے تو اس سلسلے میں اس کے لیے کئی آداب ہیں۔

پہلا ادب:۔

دروازہ بند کر دے اور حفاظت کے اسباب کے درپے نہ ہو مثلاً پڑوسیوں سے کہنا کہ خیال رکھنا حالانکہ تالہ بھی لگا دیا ہے اور جیسے کئی تالے لگانا حضرت مالک بن دینار رحمہ اللہ اپنے دروازے کو تالہ نہیں لگاتے تھے لیکن کسی رسی وغیرہ سے باندھ دیتے اور فرماتے اگر کتے نہ ہوتے تو میں اسے نہ باندھتا۔

دوسرا ادب:

گھر میں ایسا سامان نہ چھوڑے جو چوروں کی رغبت کا باعث ہو یہ ان لوگوں کے گناہ کا سبب بنے گا یا اس کا روکنا ان کی رغبت کے بڑھنے کا سبب ہوگا یہی وجہ ہے کہ جب حضرت مغیرہ رحمہ اللہ نے حضرت مالک بن دینار رحمہ اللہ کو ایک ڈولچی بطور تحفہ دی تو انہوں نے فرمایا اسے لے جاؤ مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے پوچھا کیوں؟ فرمایا اس لیے کہ دشمن میرے دل میں وسوسہ ڈالے گا کہ چور اسے لے گیا ہے گویا انہوں نے اس بات سے احتراز کیا کہ چور گناہ کا مرتکب نہ ہو جائے اسی لیے حضرت ابوسلیمان رحمہ اللہ نے فرمایا یہ صوفیاء کے دلوں کی کمزوری ہے اس نے دنیا سے رغبتی اختیار کرلی تو چور کوئی لے جائے اسے کیا غرض ہے۔

تیسرا ادب:

جو چیز گھر میں چھوڑ کر جانے پر مجبور ہے جاتے وقت اس کے بارے اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر راضی ہونے کی نیت کرے کہ اس نے اس پر چور کو مسلط کیا اور کہے کہ جو کچھ چور لے گیا ہے وہ اس کے لیے حلال ہے یا وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں ہے اور اگر وہ فقیر ہے تو یہ مال اس پر صدقہ ہے اور اگر فقر کی شرط نہ رکھے تو یہ زیادہ بہتر ہے پس اس کے لیے دو نیتیں ہوں اگر اس مال کو مال دار نے لیا ہے یا فقیر نے، ایک یہ کہ یہ مال اس کے لیے گناہ سے بچنے کا ذریعہ بنے کیوں کہ بعض اوقات وہ (چور) اس مال کی وجہ سے مستغنی ہو جاتا ہے اور اس کے بعد چوری کی حاجت نہیں رہتی اور حرام کھانے کی وجہ سے جو گناہ ہوا تھا وہ حلال قرار دینے سے زائل ہو گیا۔ اور دوسری نیت یہ کہ وہ کسی مسلمان پر ظلم نہ کرے پس اس کا مال دوسرے مسلمان کے لیے فدیہ قرار پائے گا اور جب وہ اپنے مال کے ذریعے دوسرے کے مال کی حفاظت کی نیت کرے گا یا چور سے گناہ دور کرنے کی نیت کرے گا یا اس کے لیے آسانی کی نیت ہوگی تو گویا اس نے مسلمانوں کی خیر خواہی کی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی پر عمل کیا۔

اُنْصُرْ اَخَاكَ ظَالِمًا اَوْ مَظْلُوْمًا۔ (۱) — اپنے بھائی کی مدد کرو وہ ظالم ہو یا مظلوم۔

ظالم کی مدد یہ ہے کہ اسے ظلم سے روکو اور اسے معاف کر دینا بھی ظلم کو ختم کرنا اور اس سے روکنا ہے۔ اور یہ ایک حقیقت ہے کہ یہ نیت اسے کسی وجہ سے بھی نقصان نہیں دیتی کیوں کہ اس (نیت) میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو چور کو مسلط کرے اور ازلی فیصلے کو بدل دے لیکن زہد کی وجہ سے اس کی نیت ثابت ہو جاتی ہے اگر اس کا مال لے لیا گیا تو اسے ہر درہم کے بدلے سات سو درہم ملیں گے کیوں کہ اس نے اس (صدقہ) کی نیت کی اور اسی کا قصد کیا ہے۔ اور اگر اس کا مال چوری نہ ہوا تو بھی اسے اجر ملے گا۔ جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس شخص کے بارے میں

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۱۰۲۸ کتاب الاکراہ

مروی ہے جس نے عزل ترک کر دیا (جماع کے وقت جب انزال ہونے لگے تو بیوی سے الگ ہو جانا عزل ہے) پھر نطفہ ٹھہر گیا تو اسے اتنا ثواب ہوگا کہ گویا اس کے ہاں بچہ پیدا ہوا وہ زندہ رہا اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کیا اور شہید ہو گیا اگرچہ بچہ پیدا نہ ہو کیوں کہ بچے کے سلسلے میں اس کے اختیار میں صرف جماع ہے تخلیق، حیات، رزق اور بقا اس کے اختیار میں نہیں ہے (۱)

اور اگر وہ پیدا ہوا تو بھی ثواب اس کے فعل پر ہوگا اور وہ معدوم نہیں ہوا تو چوری کا معاملہ بھی اسی طرح ہے۔

چوتھا ادب:

جب مال چوری ہو جائے تو غمگین نہیں ہونا چاہیے بلکہ اگر ممکن ہو تو خوش ہو اور یوں کہے کہ اگر اس (چوری) میں میری بھلائی نہ ہوتی تو اللہ تعالیٰ اسے نہ لیتا پھر اگر اسے اللہ تعالیٰ کے راستے میں وقف نہ کیا ہو تو اس کی تلاش میں زیادہ کوشش نہ کرے اور نہ ہی مسلمانوں کے بارے میں زیادہ بدگمانی کرے اور اگر اللہ تعالیٰ کے راستے میں وقف کر دیا ہے تو اس کی طلب چھوڑ دے کیوں کہ اس نے اپنی آخرت کے لیے ذخیرہ بھیجا ہے اور اگر وہ اس کی طرف لوٹایا جائے تو بہتر یہ ہے کہ قبول نہ کرے کیوں کہ وہ اس کو اللہ تعالیٰ کے راستے میں وقف کر چکا ہے اور اگر اس نے قبول کر لیا تو ظاہری علم (فقہ کے مطابق) وہ اس کی ملک ہے کیوں کہ محض نیت کرنے سے ملک زائل نہیں ہوتی لیکن یہ بات متوکلین کے نزدیک ناپسندیدہ ہے

ایک روایت میں ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی اونٹنی چوری ہو گئی آپ اسے تلاش کرتے کرتے تھک گئے پھر فرمایا وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں وقف ہے آپ مسجد میں داخل ہوئے اور دو رکعت نماز پڑھی اتنے میں ایک شخص نے حاضر ہو کر عرض کیا اے ابو عبدالرحمن! آپ کی اونٹنی فلاں جگہ پر ہے آپ نے فرمایا میں نے کہہ دیا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں (وقف) ہے۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں میں نے اپنے ایک بھائی کو اس کی وفات کے بعد خواب میں دیکھا تو میں نے پوچھا اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا سلوک کیا اس نے کہا اللہ تعالیٰ نے مجھے بخش دیا اور جنت میں داخل کیا نیز جنت میں میرے محلات میرے سامنے پیش کئے تو میں نے ان کو دیکھا لیکن اس کے باوجود وہ پریشان حال اور غمگین تھا میں نے کہا اللہ تعالیٰ نے تمہیں بخش دیا اور جنت میں داخل کیا اور تو غمگین ہے! اس نے درد مند دل سے ایک سرد آہ بھری پھر کہا میں قیامت تک غمگین ہی رہوں گا۔ میں نے پوچھا کیوں؟ فرمایا جب میں نے جنت میں اپنا مقام دیکھا تو میرے سامنے علیین میں ایسے مقامات بلند کئے جن کی مثل میں نے نہیں دیکھے چنانچہ میں ان پر خوش ہوا لیکن جب وہاں جانے کا ارادہ کیا تو ان کے اوپر سے ایک منادی نے ندا دی کہ اسے یہاں سے واپس کر دو یہ مقام اس کے لیے نہیں ہے یہ اس شخص کے لیے ہے جو راستے کو پورا کرے میں نے پوچھا راستے کو پورا کرنا کیا ہے؟ مجھے کہا گیا کہ تم کہتے تھے یہ چیز اللہ تعالیٰ کے راستے میں ہے پھر اس میں رجوع کر لیتے اگر تم اس سبیل کو پورا کرتے تو ہم بھی تمہارے لیے پورا کرتے۔

مکہ مکرمہ میں عبادت کرنے والوں میں سے ایک شخص کے بارے میں حکایت کی گئی ہے کہ وہ ایک شخص کے پہلو میں لیٹا ہوا تھا اور اس شخص کے پاس پیسوں کی تھیلی تھی جب وہ آدمی بیدار ہوا تو تھیلی نہ پائی چنانچہ اس نے اس عبادت گزار پر تہمت لگائی اس نے پوچھا تمہاری تھیلی میں کتنی رقم تھی اس نے رقم بتائی تو وہ اسے اپنے گھر لے گیا اور اتنی رقم وزن کر کے دے دی پھر اس شخص کے دوستوں نے کہا ہم نے مذاق میں وہ تھیلی لی تھی چنانچہ وہ اور اس کے ساتھ اس عابد کے پاس آئے اور سونا لوٹایا لیکن اس عابد نے انکار کر دیا اور فرمایا لے جاؤ یہ تمہارے لیے حلال اور پاکیزہ ہے میں نے جو مال اللہ تعالیٰ کے راستے میں نکالا ہے اسے واپس نہیں لوں گا پس اس نے قبول نہ کیا جب انہوں نے زیادہ اصرار کیا تو اس نے اپنے بیٹے کو بلا کر وہ مال تھیلیوں میں رکھ کر فقراء کے پاس بھیجنا شروع کر دیا حتیٰ کہ اس میں سے کچھ بھی باقی نہ رہا۔

تو اسلاف کے اس قسم کے اخلاق تھے اسی طرح جو شخص فقیر کو دینے کے لیے روٹی پکڑتا ہے اور فقیر چلا جاتا تو اسے واپس گھر لانا پسند نہ کرتا کیوں کہ وہ اسے نکال چکا تھا پس کسی اور فقیر کو دے دیتا۔ درہم و دینار اور دوسرے صدقات کے بارے میں بھی وہ لوگ یہی طریقہ اختیار کرتے تھے۔

پانچواں ادب:

یہ سب سے کم درجہ ہے یعنی جس چور نے اس کا مال چوری کیا ہے اس کے خلاف بددعا نہ کرے اگر ایسا کیا تو اس کا توکل باطل ہو گیا اور یہ اس بات کی دلیل ہو گی کہ اس نے اس حال کا جانا برا جانا اور اسے افسوس ہوا اس طرح اس کا زہد باطل ہو گیا اور اگر زیادہ بددعا کرے گا تو اسے پہنچنے والی مصیبت پر اجر و ثواب بھی نہیں ملے گا۔

حدیث شریف میں ہے۔

مَنْ دَعَا عَلَى ظَالِمِهٖ فَقَدِ انْتَصَرَ۔ (۱) جس نے اپنے اوپر ظلم کرنے والے کے لیے بددعا کی اس نے خود بدلہ لے لیا۔

حضرت ربیع بن خثیم رحمہ اللہ کا ایک گھوڑا چوری ہو گیا اور اس کی قیمت بیس ہزار (درہم) تھی آپ نماز پڑھ رہے آپ نے نہ تو نماز توڑی اور نہ ہی اس کی تلاش کے لیے مضطرب ہوئے لوگ آپ کے پاس تسلی دینے کے لیے آئے تو آپ نے فرمایا میں دیکھ رہا تھا جب اس شخص نے گھوڑا کھولا کہا گیا کہ آپ کو اس شخص کے خلاف آواز بلند کرنے سے کس چیز نے روکا؟ فرمایا میں اس سے زیادہ محبوب کام میں مصروف تھا یعنی نماز پڑھ رہا تھا وہ لوگ چور کو بددعا دینے لگے تو آپ نے فرمایا ایسا نہ کرو بلکہ اس کے لیے اچھے کلمات کہو میں نے یہ گھوڑا اس کے لیے صدقہ کر دیا ہے۔

کسی بزرگ کی کوئی چیز گم ہو گئی تو ان سے کہا گیا کیا آپ اس ظالم کے خلاف بددعا نہیں کرتے؟ آپ نے فرمایا میں اس

---

(۱) مصنف لابن ابی شیبہ جلد ۱۰ ص ۳۴۸ حدیث ۹۶۲۵

کے خلاف شیطان کا مددگار بننا پسند نہیں کرتا عرض کیا گیا اگر وہ لوٹا دے تو؟ فرمایا نہ تو میں اسے لوں گا اور نہ اس چیز کی طرف دیکھوں گا کیوں کہ میں نے اس چیز کو اس کے لیے حلال کر دیا ہے۔

کسی دوسرے بزرگ سے عرض کیا گیا کہ جس نے آپ پر ظلم کیا ہے اس نے اپنے آپ پر ظلم کیا ہے کیا اس مسکین کے لیے یہ کافی نہیں کہ اس نے اپنے آپ پر خود ظلم کیا کہ میں (بددعا کے ذریعے) اس کے شر میں اضافہ کروں۔

کسی شخص نے بعض اکابر کے سامنے حجاج بن یوسف کو بہت گالیاں دیں کیوں کہ اس نے اس پر کچھ زیادتی کی تھی فرمایا گالی دینے میں مت ڈوبو اللہ تعالیٰ جس طرح حجاج سے لوگوں کے مال لینے اور خون بہانے کا بدلہ لے گا اسی طرح لوگوں سے اس کی ہتکِ عزت کا بدلہ بھی لے گا۔ اور ایک حدیث شریف میں ہے

اِنَّ الْعَبْدَ لَيُظْلَمُ الْمَظْلَمَةَ فَلَا يَزَالُ يَشْتُمُ ظَالِمَهُ وَيَسُبُّهُ حَتّٰى يَكُوْنَ بِمِقْدَارِ مَاظَلَمَهُ ثُمَّ يَبْقَى لِلظَّالِمِ عَلَيْهِ مُطَالَبَةٌ بِمَا زَادَ عَلَيْهِ يُقْتَصُّ لَهُ مِنَ الْمَظْلُوْمِ۔ (۱)	کسی شخص پر کوئی ظلم ہوتا ہے پس وہ ظلم کرنے والے کو مسلسل گالیاں دیتا رہتا ہے حتی کہ وہ اس کے ظلم برابر ہو جاتی ہیں اور اس کے بعد جو زائد ہوتی ہیں اس کا مطالبہ ظالم کے اس شخص کے ذمہ باقی رہتا ہے اور مظلوم سے اس کا بدلہ لیا جائے گا۔

چھٹا ادب:

اس بات پر غمگین ہو کہ چور نے چوری کر کے گناہ کیا اور اللہ تعالیٰ کے عذاب کا مستحق ہوا۔ اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے کہ اس نے اس کو مظلوم بنایا ظالم نہیں بنایا اور اس بات کو اس کی دنیا کا نقصان بنایا دین کا نہیں کسی شخص نے ایک عالمِ دین سے شکایت کی کہ اس پر ڈاکہ پڑا اور اس کا مال لوٹا گیا ہے تو انہوں نے فرمایا اگر تمہیں اس بات کا غم نہیں کہ مسلمانوں میں ایسے لوگ پیدا ہو گئے ہیں جو لوٹ کھسوٹ کے مال کو حلال سمجھتے ہیں تو تم مسلمانوں کے خیر خواہ نہیں ہو۔

حضرت علی بن فضیل رحمہما اللہ کے کچھ دینار چوری ہو گئے اور اس وقت وہ طواف کر رہے تھے ان کے والد (حضرت فضیل رحمہ اللہ) نے ان کو دیکھا کہ رو رہے ہیں اور غمگین ہیں تو فرمایا کیا دیناروں کے لیے روتے ہو؟ عرض کیا نہیں بلکہ مجھے تو اس مسکین پر رونا آرہا ہے کہ جب قیامت کے دن اس سے سوال ہو گا تو اس کے پاس کوئی دلیل نہیں ہو گی۔

کسی بزرگ کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ جس نے آپ پر ظلم کیا ہے اس کے خلاف بددعا کریں انہوں نے فرمایا مجھے اس کا غم اس قدر ہے کہ بددعا کے لیے میرے پاس وقت ہی نہیں ـــــ تو اسلاف کرام رحمۃ اللہ علیہم کے اخلاق مبارکہ اس انداز کے تھے۔

چوتھا فن:

---

(۱)

ضرر کو دور کرنے کی کوشش کرنا جس طرح بیماری وغیرہ کو دور کرنے کی کوشش کی جاتی ہے بیماری کو زائل کرنے والے اسباب بھی تین قسم کے ہیں یعنی یا تو وہ قطعی ہوتے ہیں جس طرح پیاس کے ضرر کو دور کرنے کے لیے پانی بھوک کے ضرر کے ازالہ کے لیے روٹی ہے یا وہ اسباب ظنی ہوتے ہیں جس طرح پچھنے کے ذریعے خون نکلوانا اور جلاب لینا اور اسی طرح دیگر دوائیاں ـــــ یعنی ٹھنڈک کا علاج حرارت سے اور حرارت کا علاج ٹھنڈک سے کرنا طب کے ظاہری اسباب یہی ہیں اور تیسری قسم موہوم اسباب کی ہے جس طرح داغ لگوانا اور دم وغیرہ کروانا۔

جہاں تک قطعی اسباب کا تعلق ہے تو توکل کے لیے ان کو چھوڑنا شرط نہیں ہے بلکہ موت کے خوف کے وقت ان اسباب کو چھوڑنا حرام ہے موہوم اسباب کا ترک کرنا توکل کے لیے شرط ہے کیوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متوکلین کا وصف یہی بیان فرمایا کہ وہ اسباب کو ترک کرتے ہیں اور ان میں سے سب سے زیادہ قوی داغ لگوانا ہے پھر دم کروانا اور آخر میں فال لینا ہے اور ان سب باتوں پر اعتماد کرنا اور بھروسہ کر لینا اسباب کو ملاحظہ کرنے میں انتہائی درجہ کا ڈر دیتا ہے

جہاں تک درمیانے درجہ یعنی ظنی اسباب کا تعلق ہے جیسے ڈاکٹروں کا ظاہری اسباب سے علاج کرنا تو ایسا کرنا توکل کے خلاف نہیں ہاں موہوم اسباب توکل کے خلاف ہیں لیکن ظنی اسباب کو چھوڑنا بھی ممنوع نہیں ہے جب کہ قطعی اسباب کو ترک کرنا ممنوع ہے بلکہ بعض اوقات اسبابِ موہومہ کو اپنانے کی بجائے ترک کرنا افضل ہے اسی طرح بعض اشخاص کے لیے بھی یہی حکم ہے تو یہ ایک درمیانہ درجہ ہے اور یہ اس بات پر دلالت ہے کہ دوا استعمال کرنا توکل کے خلاف نہیں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل، قول اور حکم سے یہ بات ثابت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قول اس طرح ہے۔

مَامِنْ دَاءٍ اِلَّا وَلَهٗ دَوَاءٌ عَرَفَهٗ مَنْ عَرَفَهٗ وَجَهِلَهٗ مَنْ جَهِلَهٗ اِلَّا السَّامَ۔ (۱)

ہر بیماری کی دوا ہے جس نے اسے پہچانا اس نے پہچانا اور جس کو معلوم نہ ہوا اسے معلوم نہ ہوا سوائے موت کے۔

یعنی موت کا کوئی علاج نہیں۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

تَدَاوَوْا عِبَادَ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الدَّاءَ وَالدَّوَاءَ۔ (۲)

اے اللہ کے بندو! دوائی استعمال کیا کرو بے شک اللہ تعالیٰ نے بیماری اور علاج دونوں کو پیدا فرمایا ہے۔

پوچھا گیا کہ کیا دوا اور دم اللہ تعالیٰ کی تقدیر کو رد کر سکتے ہیں؟ آپ نے فرمایا یہ بھی تو اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے ہیں۔(۳)

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص مرویات عبد اللہ

(۲) سنن ابی داؤد جلد ۲ ص ۱۸۳ کتاب الطب

(۳) سنن ابن ماجہ ص ۲۵۷، ابواب الطب

ایک مشہور حدیث میں ہے (آپ نے ارشاد فرمایا)

مَا مَرَرْتُ بِمَلَإٍ مِّنَ الْمَلٰئِكَةِ اِلَّا قَالُوْا مُرْ اُمَّتَكَ بِالْحِجَامَةِ۔ (۱)

میں، فرشتوں کی جس جماعت سے گزرا انہوں نے کہا کہ اپنی امت کو پچھنے لگوانے کا حکم دیں۔

اور حدیث شریف میں ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

اِحْتَجِمُوْا لِسَبْعَ عَشَرَةَ وَتِسْعَ عَشَرَةَ وَاِحْدٰی وَعِشْرِيْنَ لَا يَتَبَيَّغْ بِكُمُ الدَّمُ فَيَقْتُلَكُمْ۔ (۲)

سترہ، انیس اور اکیس تاریخ کو پچھنے لگوایا کرو کہیں خون جوش مار کر تمہیں ہلاک نہ کر دے۔

آپ نے بیان فرمایا کہ خون کا جوش مارنا موت کا سبب ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہلاک کرتا ہے یہ بھی بتایا کہ خون کا نکالنا اس سے بچنے کا ذریعہ ہے مہلک خون کو چمڑے سے نکالنے، بچھو کو کپڑے کے نیچے سے نکالنے اور سانپ کو گھر سے نکالنے میں کوئی فرق نہیں ہے اور اسے چھوڑ دینا توکل کی شرائط میں سے نہیں ہے بلکہ یہ اسی طرح ہے جس طرح گھر میں آگ لگ جائے تو اس کے نقصان سے بچنے کے لیے اس پر پانی ڈال کر اسے بجھایا جاتا ہے اور وکیل برحق کی عادت سے باہر نکلنا توکل بالکل نہیں ہے ایک مقطوع روایت میں ہے (تابعی کا قول حدیث مقطوع ہوتی ہے)

مَنِ احْتَجَمَ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ لِسَبْعَ عَشَرَةَ مِنَ الشَّهْرِ كَانَ لَهٗ دَوَاءٌ مِّنْ دَاءِ سَنَةٍ۔ (۳)

جو شخص مہینے کی سترہ تاریخ کو منگل کے دن پچھنے لگوائے اس کے لیے یہ سال بھر کی بیماری کا علاج ہو گا۔

جہاں تک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے امر کا تعلق ہے تو آپ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بارہا دوائی استعمال کرنے اور پرہیز کرنے کا حکم دیا۔ (۴)

حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی فصد (رگ) کھولی، (۵)

اور حضرت سعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ کو داغ لگایا (۶)

نیز حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی آنکھوں میں تکلیف تھی تو آپ نے ان سے فرمایا ان (ترکھجوروں) سے نہ کھاؤ اور یہ

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۳۵۴ مرویات ابن عباس

(۲) مجمع الزوائد جلد ۵ ص ۹۳ کتاب الطب

(۳) مجمع الزوائد جلد ۵ ص ۹۳ کتاب الطب

(۴) سنن ابن ماجہ ص ۲۵۳، ابواب الطب

(۵) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۲۲۵ کتاب السلام

(۶) الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ جلد اول ص ۳۴ ترجمہ ۱۰۹

کھاؤ یہ تمہارے مزاج کے موافق ہے یعنی ساگ جو جَو کے آٹے میں پکایا گیا تھا (۱)

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کی آنکھ میں تکلیف تھی تو آپ نے ان کو کھجوریں کھاتے ہوئے دیکھ کر فرمایا کہ آپ کھجور کھا رہے ہیں حالانکہ آپ کی آنکھوں میں درد ہے۔ انہوں نے عرض کیا کہ میں دوسری طرف سے کھا رہا ہوں اس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا پڑے (۲)

جہاں تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل کا تعلق ہے تو اہل بیت کے طریق سے مروی ہے کہ آپ ہر رات سرمہ لگایا کرتے تھے اور ہر مہینے پچھنے لگاتے نیز ہر سال دوا پیتے (۳) کہا گیا کہ دو سنا مکی تھی (یعنی اس کا جلاب لیتے تھے)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد بار بچھو وغیرہ کے کاٹنے سے علاج کرایا (۴)

ایک روایت میں ہے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوتی تو آپ کے سر میں درد ہو جاتا اور آپ اس پر مہندی کا لیپ کرتے تھے۔ (۵)

ایک حدیث شریف میں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم زخم پر مہندی لگایا کرتے ہیں (۶) اور آپ نے ایک زخم پر مٹی بھی چھڑکی تھی (۷)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دوائی استعمال کرنے اور اس بات کا حکم دینے کے سلسلے میں بے شمار روایات آئی ہیں اور اس سلسلے میں ایک کتاب تصنیف ہوئی ہے جس کا نام "طب نبوی" ہے۔

اسرائیلی روایات میں بعض علماء نے ذکر کیا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ایک بیماری لاحق ہو گئی بنی اسرائیل آپ کے پاس حاضر ہوئے تو انہوں نے آپ کی بیماری کو معلوم کر لیا اور آپ کو ایک دوائی استعمال کرنے کا مشورہ دیا آپ نے فرمایا میں دوائی استعمال نہیں کروں گا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ دوائی کے بغیر مجھے صحت عطا فرمائے چنانچہ آپ کی بیماری بڑھ گئی انہوں نے کہا اس بیماری کی دوائی معروف اور مجرب ہے اور ہم اس دوائی کے ذریعے صحت حاصل کیا کرتے ہیں آپ نے فرمایا میں دوائی نہیں لوں گا آپ اپنی بات پر ڈٹے رہے اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی بھیجی (فرمایا) مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم! میں آپکو

---

(۱) سنن ابن ماجہ ص ۲۵۴، ابواب الطب (۲)

(۳) کنز العمال جلد ۷ ص ۱۳۳ حدیث ۱۸۳۶۰

(۴) مجمع الزوائد جلد ۵ ص ۱۰۷، کتاب الطب

(۵) مجمع الزوائد جلد ۵ ص ۹۵ کتاب الطب

(۶) جامع ترمذی ص ۳۰۰، ابواب الطب

(۷) مسند امام بن حنبل جلد ۶ ص ۹۲ مرویات عائشہ

اس وقت تک صحت یاب نہیں کروں گا جب تک آپ ان لوگوں کی بیان کردہ دوائی استعمال نہ کریں۔
حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا مجھے وہ دوائی دو جس کا تم نے ذکر کیا ہے چنانچہ انہوں نے دوائی دی اور آپ ٹھیک ہو گئے اس سے آپ کے دل میں کچھ محسوس ہوا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی فرمائی (ارشاد فرمایا) کہ کیا آپ مجھ پر توکل کے ذریعے میری حکمت کو باطل کرنا چاہتے ہیں بتائیے دوائیوں میں نفع میرے سوا کس نے رکھا ہے؛

ایک دوسری روایت میں ہے کہ ایک نبی علیہ السلام کو بیماری کی شکایت ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی کہ آپ انڈے کھائیں ایک دوسرے نبی علیہ السلام نے کمزوری کی شکایت کی تو اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی کہ دودھ کے ساتھ گوشت کھائیں کیوں کہ اس میں قوت ہے کہا گیا کہ یہ قوت باہ کی کمزوری تھی۔

ایک روایت میں ہے کہ بعض لوگوں نے اپنے نبی سے شکایت کی کہ ان کی اولاد کی شکلیں اچھی نہیں ہوتیں تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ اپنی بیویوں کو حمل کے دوران بہی دانہ کھلایا کریں اس سے اولاد خوبصورت ہوگی۔ اور یہ کام تیسرے اور چوتھے مہینے میں کریں۔ کیوں کہ اس مہینے میں اللہ تعالیٰ بچے کی شکل بناتا ہے وہ لوگ حمل کے دوران عورتوں کو بہی اور بچہ پیدا ہونے کے بعد کھجور کھلاتے۔

اس سے ظاہر ہوا کہ مسبب الاسباب کا طریقہ جاریہ یہ ہے کہ اس نے مُسبّبات کو اسباب سے مربوط کیا اور یہ اس کی حکمت کے اظہار کے طور پر ہے اور دوائیں بھی دوسرے اسباب کی طرح اسباب ہیں جو اللہ تعالیٰ کے حکم کے ماتحت ہیں جس طرح روٹی، بھوک کا علاج ہے پانی، پیاس کی دوا ہے اسی طرح سکنجبین، صفرا کی دوا ہے، سقمونیا، اسہال کی دوا ہے البتہ دو باتوں میں فرق ہے ایک بات یہ کہ پانی اور روٹی کے ذریعے بھوک اور پیاس کا علاج واضح ہے جس کا ادراک تمام لوگوں کو ہوتا ہے جب کہ سکنجبین کے ذریعے صفراء کے علاج کا ادراک ہو جاتا ہے اس کے حق میں پہلی بات اور اس میں کوئی فرق نہیں رہتا۔

دوسری بات یہ ہے کہ وہ دوائی جو اسہال پیدا کرتی ہے اور سکنجبین جو صفراء کو ٹھہراتی ہے اس کے لیے کچھ دیگر باطنی شرائط بھی ہیں یا در مزاج کے اندر کچھ اسباب ہیں بعض اوقات تمام اسباب سے آگاہی مشکل ہوتی ہے اور کبھی بعض شرائط فوت ہو جاتی ہیں جس کے نتیجے میں دوائی دست و اسہال نہیں لاتی جب کہ پیاس کے پانی کے علاوہ کوئی شرط نہیں ہے البتہ بعض اوقات کچھ ایسے عوارض پیدا ہوتے ہیں جو بہت زیادہ پانی پینے کے باوجود پیاس کو باقی رکھتے ہیں لیکن ایسا بہت کم ہوتا ہے

اسباب میں جو خلل واقع ہوتا ہے وہ ان ہی دو باتوں سے ہوتا ہے ورنہ جب سبب پایا جائے تو لامحالہ مسبب اس کے ساتھ آتا ہے بشرطیکہ سبب کی شرائط مکمل ہوں اور یہ سب کچھ مسبب الاسباب کی تدبیر، تسخیر اور ترتیب سے ہوتا ہے جو اس کی حکمت اور کمالِ قدرت کا فیصلہ ہوتا ہے اب جب متوکل کی نگاہ مسبب الاسباب پر ہوتی ہے طبیب اور دوائی پر نہیں تو اسے کچھ نقصان نہیں ہوتا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام سے مروی ہے انہوں نے عرض کیا اے اللہ! بیماری اور علاج کس کی طرف سے ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا میری طرف سے، عرض کیا طبیب کیا کرتے ہیں؟ فرمایا وہ اپنا رزق کھاتے ہیں اور میرے بندوں کا دل خوش کرتے ہیں یہاں تک کہ میرے بندوں پر میری قضا یا شفا آجائے۔

تو علاج کروانے کے باوجود توکل اختیار کرنے کا مطلب علم اور حال کے ساتھ توکل ہے جیسا کہ ضرر کو دور کرنے اور نفع لانے والے اعمال کے سلسلے میں گزر چکا ہے لیکن دوائی کے استعمال کو مکمل طور پر ترک کر دینا توکل کے لیے شرط نہیں ہے۔

سوال:

داغ لگوانا بھی ان اسباب میں سے ہے جن کا نفع ظاہر ہے۔

جواب:

یہ بات اس طرح نہیں ہے کیوں کہ ظاہری اسباب ایسے ہوتے ہیں جیسے رگ کٹوانا، خون نکلوانا، مسہل دوائی پینا اور حرارت والے کو ٹھنڈی چیزیں پلانا اگر داغ لگانے جیسے عمل کا اثر ظاہر ہوتا تو بے شمار شہر اس سے خالی نہ ہوتے حالانکہ اکثر شہروں میں داغنے کا طریقہ جاری نہیں ہے یہ تو بعض ترکیوں اور اعرابیوں کی عادت ہے یہ دم جھاڑے کی طرح موہوم سبب ہے البتہ ان میں ایک بات کے حوالے سے فرق ہے وہ یہ کہ داغنا بلا ضرورت آگ سے جلانا ہے کیوں کہ ہر وہ تکلیف جس کا علاج داغنے کے ذریعے کیا جاتا ہے اس کا علاج جلانے کے بغیر بھی ہو سکتا ہے آگ سے جلانا ایسا زخم ہے جو جسم کو خراب کر دیتا ہے جب اس کی ضرورت نہ ہو تو اس سے احتراز کیا جائے کیوں اس کے سرایت کرنے کا بھی ڈر ہوتا ہے جبکہ رگ کٹوانے اور پچھنے کی سرایت کا ڈر بہت بعید بات ہے اور کوئی دوسری چیز ان کے قائم مقام نہیں ہو سکتی۔

یہی وجہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے داغنے سے منع فرمایا دم جھاڑے سے منع نہیں کیا (۱) حالاں کہ یہ دونوں توکل سے دور ہیں۔

ایک روایت میں ہے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیمار ہو گئے تو ان کو داغ لگوانے کا مشورہ دیا گیا لیکن انہوں نے نہ مانا جب بار بار اصرار کیا گیا اور ان کو قسم دی گئی تو انہوں داغ لگوایا وہ فرماتے تھے میں نور دیکھا کرتا تھا آواز سنا کرتا تھا اور فرشتے مجھے سلام کرتے تھے لیکن جب میں نے داغ لگوایا تو یہ سلسلہ ختم ہو گیا وہ فرماتے تھے میں نے کئی داغ لگوائے لیکن اس سے کوئی فائدہ نہ ہوا نہ مقصود حاصل ہوا پھر انہوں نے اس سے توبہ کی اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کیا تو اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کا وہ پہلا معاملہ ان کی طرف لوٹا دیا۔

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۸۵۰، ۸۵۴ کتاب الطب

انہوں نے حضرت عبداللہ بن مطرف رضی اللہ عنہ سے فرمایا کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے جن فرشتوں کے ذریعے مجھے اعزاز بخشا تھا ان کو لوٹا دیا حالاں کہ اس سے پہلے ان کے جانے کی خبر دے دی تھی۔

تو داغ لگوانا اور اس طرح کے دیگر امور توکل کرنے والے کے لائق نہیں ہیں کیوں کہ اس کے لیے متوکل کو تدبیر اختیار کرنا پڑتی ہے اور یہ مذموم ہے اور اس میں اسباب کی طرف توجہ اور ان میں اچھی طرح غور کرنا پایا جاتا ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

فصل ۷:

ترک علاج اور توکل

بعض اوقات علاج کو ترک کرنا قابلِ تعریف اور قوتِ توکل کی دلیل ہوتا ہے اور یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل کے خلاف نہیں۔

جان لو کہ بے شمار اسلاف نے دوائی استعمال کی ہے لیکن اکابر میں سے ایک جماعت نے علاج معالجے کو ترک بھی کیا ہے تو اس سے گمان ہوتا ہے کہ یہ نقصان ہے کیوں کہ اگر یہ کمال ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے ترک فرماتے کیوں کہ توکل کے سلسلے میں دوسروں کا حال آپ کے حال سے زیادہ کامل نہیں ہے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں مروی ہے کہ آپ سے عرض کیا گیا اگر ہم آپ کے لیے طبیب کو بلائیں تو کیسا ہے؟ آپ نے فرمایا طبیب نے مجھے دیکھا اور فرمایا ہے کہ میں جو چاہوں کرتا ہوں۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کی بیماری کے دوران ان سے پوچھا گیا کہ آپ کو کیا تکلیف ہے؟ فرمایا مجھے گناہوں کی شکایت ہے پوچھا گیا آپ کیا چاہتے ہیں؟ فرمایا اپنے رب کی طرف سے مغفرت چاہتا ہوں انہوں نے پوچھا کیا آپ کے طبیب کو بلاؤں؟ فرمایا طبیب نے ہی مجھے بیمار کیا ہے۔

حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ کی آنکھیں دکھتی تھیں تو آپ سے کہا گیا آپ دوائی استعمال کریں تو کیا حرج ہے؟ انہوں نے فرمایا مجھے ان آنکھوں کی کوئی فکر نہیں کہا گیا اگر آپ اللہ تعالیٰ سے سوال کریں کہ وہ آپ کو صحت عطا فرمائے تو اچھا ہے فرمایا میں اس سے اس بات کا سوال کرتا ہوں جو ان آنکھوں سے زیادہ اہم ہے۔

حضرت ربیع بن خثیم رحمہ اللہ فالج کے مرض میں مبتلا ہوئے تو ان سے عرض کیا گیا کہ آپ علاج کروائیں انہوں نے فرمایا میں نے ارادہ کیا تھا لیکن پھر مجھے قوم عاد، ثمود کنوئیں والے (حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم) اور دوسری قومیں یاد آئیں ان میں معالج بھی تھے پس طبیب بھی ہلاک ہوا اور مریض بھی۔ اور ان کو دم جھاڑے نے بھی کوئی فائدہ نہ دیا۔

حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ فرماتے تھے جو شخص توکل کا عقیدہ رکھتا ہو اور اس راستے پر چلتا ہے میں اس کے لیے

دوائی وغیرہ پینے کے ذریعے علاج کے ترک کو پسند کرتا ہوں آپ کو کئی بیماریاں تھیں لیکن آپ طبیب کے پوچھنے پر بھی نہ بتاتے۔

حضرت سہل رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ بندے کے لیے توکل کب صحیح ہوتا ہے؟ فرمایا جب اس کے جسم میں کوئی ضرر اور مال میں نقصان واقع ہو تو وہ اپنے حال میں مشغولیت کی وجہ سے اس کی طرف متوجہ نہ ہو اور یوں خیال کرے کہ اللہ تعالیٰ اس کے سر پر قائم ہے۔

تو بہت سے بزرگوں نے دوائی کا استعمال ترک کیا اور ان میں سے بعض نے اس کو ناپسند کیا تو ان کے افعال اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل میں مطابقت اسی وقت ہو سکتی ہے جب علاج کے موانع بیان کئے جائیں تو ہم کہتے ہیں کہ ترکِ علاج کے کئی اسباب ہیں۔

پہلا سبب:

مریض اہل مکاشفہ میں سے ہو اور اسے کشف ہو کہ اس کا وقت پورا ہو چکا ہے اور دوائی اسے نفع نہیں دیتی اور یہ بات بعض اوقات اسے سچے خواب کے ذریعے بھی معلوم ہوتی ہے اور کئی مرتبہ اندازے سے علم ہوتا ہے اور کبھی حقیقی کشف کے ذریعے معلوم ہوتا ہے ہو سکتا ہے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اسی وجہ سے علاج ترک فرمایا کیونکہ آپ اہل مکاشفہ میں سے تھے آپ نے وراثت کے سلسلے میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ تمہاری دو بہنیں ہیں حالاں کہ آپ کی ایک ہی بہن تھیں لیکن حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی زوجہ حاملہ تھیں اور ان کے ہاں بچی پیدا ہوئی معلوم ہوا کہ آپ کو کشف کے ذریعے معلوم ہوا تھا کہ آپ کی زوجہ کے پیٹ میں بچی ہے تو یہ بات بعید نہیں کہ آپ کو کشف کے ذریعے اپنی وفات کا حال معلوم ہو گیا ہو حالانکہ آپ نے دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوائی استعمال کی اور اس کا حکم بھی دیا۔

دوسرا سبب:

یہ ہے کہ مریض اپنے حال میں مشغول ہو اسے اپنی عاقبت کا خوف ہو نیز یہ کہ اللہ تعالیٰ اس پر مطلع ہے تو اس وجہ سے وہ بیماری کی تکلیف کو بھول جائے اور اس کا دل اپنے حال میں مشغولیت کی وجہ سے علاج معالجے کے لیے فارغ نہ ہو حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کا یہ قول کہ مجھے آنکھوں کی فکر نہیں اسی بات پر دلالت ہے اور حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے جو یہ بات فرمائی کہ مجھے اپنے گناہوں کی بیماری ہے تو گویا ان کا دل گناہوں کے خوف کی وجہ سے بدنی بیماری کی تکلیف کے مقابلے میں زیادہ تکلیف میں تھا اس کی مثال اسی طرح ہے کہ کسی شخص کا کوئی بہت ہی عزیز رشتہ دار فوت ہو جائے یا کسی شخص کو بادشاہ کے پاس قتل کے لیے لے جایا جا رہا ہو اور وہ خوف زدہ ہو جب اس سے کہا جائے کہ تم بھوک کے باوجود کھانا کیوں نہیں کھاتے تو وہ جواب دیتا ہے میں بھوک کی تکلیف بھول چکا ہوں تو اس کا یہ کہنا اس بات کا انکار

نہیں ہے کہ کھانا بھوک کی حالت میں نفع دیتا ہے اور نہ کھانے والے پر کچھ طعن ہے۔

حضرت سہل رحمہ اللہ سے جب پوچھا گیا کہ قوت (رزق) کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا یہ حیّ وقیوم ذات کا ذکر ہے عرض کیا گیا ہم قوام (جس سے جسم قائم رہتا ہے) کے بارے میں پوچھتے ہیں فرمایا وہ علم ہے کہا گیا کہ ہم آپ سے غذا کے بارے میں سوال کر رہے ہیں فرمایا وہ ذکر ہے عرض کیا گیا ہم نے کھانوں کے بارے میں سوال کیا ہے تو حضرت سہل رحمہ اللہ نے فرمایا تمہیں جسم سے کیا غرض ہے اسے اسی ذات پر چھوڑ دو جس نے پہلے اس کی پرورش کی ہے وہی اس کی آخر میں بھی پرورش کرے گا اور جب وہ کسی بیماری کا شکار ہو تو اسے اس کے بنانے والے کی طرف لوٹا دو کیا تم نہیں دیکھتے کہ جب کسی چیز میں خرابی پیدا ہوتی ہے تو اسے اس کے بنانے والے (کاریگر) کی طرف لوٹا دیا جاتا ہے وہی اسے درست کرتا ہے۔

تو حضرت سہل رحمہ اللہ کے قول کا بھی وہی مطلب ہے (جو اوپر بیان ہوا)

تیسرا سبب:

بیماری پرانی ہوتی ہے اور جس دوائی کا اسے مشورہ دیا گیا ہے اس کا نفع بیماری کی نسبت موہوم ہوتا ہے تو یہ داغ لگوانے اور دم کروانے کی طرح ہے اس لیے متوکل اس کو چھوڑ دیتا ہے۔ حضرت ربیع بن خثیم رحمہ اللہ کے اس قول کا بھی یہی مطلب ہے جب انہوں نے فرمایا کہ میں قوم عاد اور قوم ثمود کو یاد کرتا ہوں ان میں طبیب بھی تھے لیکن علاج کرنے والے اور بیمار دونوں ہلاک ہو گئے یعنی دوائی پر یقین نہیں کیا جا سکتا۔ اور یہ بات بعض اوقات واقعتاً اسی طرح ہوتی ہے کہ دوائی کا نفع یقینی نہیں ہوتا اور کبھی مریض کے خیال میں ایسا ہوتا ہے کیوں کہ طب کے ساتھ اس کا زیادہ تعلق نہیں ہوتا اور اس کا تجربہ بھی کم ہوتا ہے لہٰذا اس کو اس کے نفع بخش ہونے کا غالب گمان نہیں ہوتا اور اس میں شک نہیں کہ تجربہ کار طبیب دواؤں کے بارے میں دوسرے لوگوں کی نسبت زیادہ پکا اعتقاد رکھتا ہے اور اعتقاد تجربہ کے اعتبار سے ہوتا ہے۔

اور جن عبادت گزار اور زاہد لوگوں نے علاج معالجے کو ترک کیا ہے ان میں سے اکثر کی دلیل اور سند یہی بات ہے کیوں کہ ان کے نزدیک دوائی ایک موہوم چیز ہے جس کی کوئی اصل نہیں اور یہ بات بعض دوائیوں کے بارے میں ان لوگوں کے نزدیک صحیح ہوتی ہے جو فن طب سے واقف ہیں اور بعض دوائیوں کے بارے میں صحیح نہیں ہوتی لیکن جو شخص طبیب نہیں ہے وہ تمام دوائیوں کو ایک ہی نظر سے دیکھتا ہے پس وہ علاج کروانے کو داغ لگوانے اور دم وغیرہ کی طرح اسباب کی پابندی قرار دیتا ہے پس توکل کی بنیاد پر علاج معالجے کو ترک کر دیتا ہے۔

چوتھا سبب:

بندہ اس لیے دوائی کا استعمال ترک کرتا ہے کہ اس کا مرض باقی رہے اور اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے والی آزمائش پر اچھی طرح صبر کرنے کا ثواب حاصل ہو یا وہ صبر کرنے پر طاقت حاصل ہونے کا تجربہ کرے اور مرض کے ثواب کے بارے

میں بے شمار روایات آئی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

نَحْنُ مَعَاشِرَ الْاَنْبِيَاءِ اَشَدُّ النَّاسِ بَلَاءً ثُمَّ الْاَمْثَلُ فَالْاَمْثَلُ يُبْتَلَى الْعَبْدُ عَلَى قَدْرِ اِيْمَانِهٖ فَاِنْ كَانَ صَلْبَ الْاِيْمَانِ شُدِّدَ عَلَيْهِ الْبَلَاءُ وَاِنْ كَانَ فِىْ اِيْمَانِهٖ ضَعْفٌ خُفِّفَ عَنْهُ الْبَلَاءُ۔ (۱)

ہم گروہ انبیاء پر باقی سب لوگوں کی نسبت زیادہ آزمائش آتی ہے پھر درجہ بدرجہ کم ہو جاتی ہے بندہ اپنے ایمان کے اندازے پر آزمائش میں مبتلا ہوتا ہے اگر اس کا ایمان مضبوط ہو تو آزمائش بھی سخت ہوگی اور اگر اس کے ایمان میں کچھ کمزوری ہو تو اس کی آزمائش بھی ہلکی ہوتی ہے۔

ایک دوسری حدیث شریف میں ہے۔

اِنَّ اللهَ تَعَالٰى يُجَرِّبُ عَبْدَهٗ بِالْبَلَاءِ كَمَا يُجَرِّبُ اَحَدُكُمْ ذَهَبَهٗ بِالنَّارِ فَمِنْهُمْ مَنْ يَخْرُجُ كَالذَّهَبِ الْاِبْرِيْزِ لَا يَزِيْدُ وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ وَمِنْهُمْ مَنْ يَخْرُجُ اَسْوَدَ مُحْتَرِقًا۔ (۲)

اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو آزمائش میں ڈال کر اس کا تجربہ کرتا ہے جس طرح تم میں سے کوئی ایک سونے کو آگ میں ڈال کر اس کا تجربہ کرتا ہے پس ان میں سے بعض تو کالے جلے ہوئے ہوتے ہیں۔

ایک دوسری حدیث جو اہل بیت کے طریق سے مروی ہے اس میں ہے۔

اِنَّ اللهَ اِذَا اَحَبَّ عَبْدًا اِبْتَلَاهُ فَاِنْ صَبَرَ اِجْتَبَاهُ فَاِنْ رَضِىَ اِصْطَفَاهُ۔ (۳)

اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اس کو آزمائش میں ڈالتا ہے پس اگر وہ صبر کرے تو اسے مجتبیٰ (چنا ہوا) بنا دیتا ہے اور اگر وہ اس پر راضی ہو تو اسے مصطفیٰ (منتخب) بنا دیتا ہے۔

ایک دوسری حدیث شریف میں ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تُحِبُّوْنَ اَنْ تَكُوْنُوْا كَالْحُمُرِ الضَّالَّةِ لَا تَمْرَضُوْنَ وَلَا تَسْقَمُوْنَ۔ (۴)

کیا تم چاہتے ہو کہ تم بھٹکے ہوئے گدھوں کی طرح ہو جاؤ تمہیں کوئی بیماری نہ آئے۔

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد ۳ ص ۳۴۳ کتاب معرفۃ الصحابۃ / کنز العمال جلد ۳ ص ۳۲۹ حدیث ۶۷۸۳

(۲) المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۳۱۴ کتاب الرقاق

(۳) مجمع الزوائد جلد ۲ ص ۲۹۱ کتاب الجنائز

(۴) شعب الایمان جلد ۷ ص ۱۶۴ حدیث ۹۸۵۶ / التاریخ الکبیر للبخاری جلد ۷ ص ۲۶۷ ترجمہ ۱۱۲۹

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب تم مومن کو دیکھو گے تو اس کا دل صحیح اور جسم بیمار ہوگا۔ اور منافق کو یوں دیکھو گے کہ اس کا جسم تندرست اور دل بیمار ہوگا۔

گویا جب لوگوں نے بیماری اور آزمائش کی تعریف زیادہ دیکھی تو ایک جماعت نے بیماری کو پسند کیا اور غنیمت جانا تاکہ وہ اس پر صبر کا ثواب پائیں ان میں سے بعض اپنی بیماری کو چھپاتے تھے اور طبیب کے سامنے ذکر نہیں کرتے تھے بیماری کی تکلیف برداشت کرتے اور اللہ تعالیٰ کے حکم پر راضی رہتے تھے وہ اس بات کا یقین رکھتے تھے کہ دل پر حق کا غلبہ اس قدر ہے کہ بیماری کی وجہ سے اس میں کوئی خلل واقع نہیں ہوتا بیماری محض اعضاء کے لیے رکاوٹ بنتی ہے وہ اس بات کو بھی جانتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر صبر کرتے ہوئے بیٹھ کر نماز پڑھنا صحت و عافیت کے ساتھ کھڑے ہو کر نماز پڑھنے سے زیادہ فضیلت رکھتی ہے ایک حدیث شریف میں ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَىٰ يَقُولُ لِمَلَائِكَتِهِ اُكْتُبُوا لِعَبْدِي صَالِحَ مَا كَانَ يَعْمَلُهُ فَإِنَّهُ فِي وِثَاقِي إِنْ أَطْلَقْتُهُ أَبْدَلْتُهُ لَحْمًا خَيْرًا مِنْ لَحْمِهِ وَدَمًا خَيْرًا مِنْ دَمِهِ وَإِنْ تَوَفَّيْتُهُ تَوَفَّيْتُهُ إِلَىٰ رَحْمَتِي۔ (۱)

اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں سے فرماتا ہے میرے نیک بندے کے وہ اعمال لکھو جو وہ کیا کرتا تھا کیوں کہ یہ شخص میری قید میں ہے اگر میں اس کو رہا کر دوں تو اسے اس گوشت سے عمدہ گوشت اور اس خون سے اچھا خون عطا کروں گا اور اگر میں اس کو موت دوں تو اپنی رحمت کی طرف اس کو وفات دوں گا۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

أَفْضَلُ الْأَعْمَالِ مَا أُكْرِهَتْ عَلَيْهِ النُّفُوسُ۔ (۲)

بہترین اعمال وہ ہیں جن پر جن کے کرنے پر نفس مجبور ہوں۔

کہا گیا ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس پر بیماریاں اور مصیبتیں زیادہ آئیں اسی بات کی طرف اس ارشاد خداوندی میں اشارہ ہے۔

وَعَسَىٰ أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ۔ (۳)

اور ہو سکتا ہے تم کسی چیز کو ناپسند کرو اور وہ تمہارے لیے بہتر ہو۔

---

(۱) کنز العمال جلد ۳ ص ۳۰۹ حدیث ۶۶۸۵

(۲) یہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کا قول ہے (رب نواز)

(۳) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۱۶

حضرت سہل رحمہ اللہ فرماتے ہیں علاج معالجے کا ترک اگرچہ عبادات میں کمزوری اور فرائض میں کوتاہی کا باعث ہو اس علاج سے بہتر ہے جو عبادات کے لیے کیا جائے اور آپ خود بہت بڑی بیماری میں مبتلا تھے لیکن اس کا علاج نہیں کرواتے تھے اور دوسرے لوگ جو اس بیماری میں مبتلا ہوتے ان کا علاج کیا کرتے تھے اور جب آپ کسی شخص کو دیکھتے کہ وہ بیٹھ کر نماز پڑھتا ہے اور بیماری کی وجہ سے نیک اعمال نہیں کر سکتا اور وہ نماز کے لیے کھڑا ہونے اور عبادات کے لیے اٹھنے کی خاطر علاج کرواتا ہے تو آپ کو اس پر تعجب ہوتا اور آپ فرماتے اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہتے ہوئے بیٹھ کر نماز پڑھنا قوت اور کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کے لیے علاج کروانے سے بہتر ہے۔

جب آپ سے کوئی شخص دوائی پینے کے بارے میں پوچھتا تو آپ فرماتے کمزور لوگوں کے لیے اس کی بھی گنجائش ہے لیکن دوائی استعمال نہ کرنا افضل ہے کیوں کہ جو شخص دوائی استعمال کرتا ہے اگرچہ وہ ٹھنڈا پانی ہی ہو تو اس سے پوچھا جائے گا کہ اس نے اسے کیوں استعمال کیا اور جو استعمال نہیں کرے گا اس سے سوال ہو گا۔

اور حضرت سہل رحمہ اللہ اور بصریوں کا مذہب یہ تھا کہ بھوک اور خواہشات کو توڑنے کے ذریعے نفس کو کمزور کر دیا جائے کیوں کہ وہ جانتے تھے کہ دل کے اعمال مثلاً صبر، رضا اور توکل وغیرہ کا ایک ذرہ بھی اعضاء کے پہاڑوں جیسے اعمال سے افضل ہیں اور بیماری قلبی اعمال کے راستے میں رکاوٹ نہیں بنتی ہاں جب اس کی تکلیف غالب ہو اور دہشت میں ڈالتی ہو۔
حضرت سہل رحمہ اللہ نے فرمایا جسمانی بیماریاں رحمت ہیں اور دلوں کی بیماریاں سزا ہیں۔

پانچواں سبب:

بندے نے پہلے کچھ گناہ کئے ہوں اور اسے ان کا ڈر ہو اور ان کا کفارہ بھی ادا نہ کر سکتا ہو تو وہ بیماری کی طوالت کو ان گناہوں کا کفارہ خیال کرتا ہے اور اس لیے علاج نہیں کرواتا کہ بیماری جلدی ختم نہ ہو جائے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لَا تَزَالُ الْحُمّٰى وَالْمَلِيْلَةُ بِالْعَبْدِ حَتّٰى يَمْشِىَ عَلَى الْاَرْضِ كَالْبَرَدَةِ مَا عَلَيْهِ ذَنْبٌ وَلَا خَطِيْئَةٌ (۱)

آدمی ہمیشہ بخار اور ملال میں رہتا ہے حتیٰ کہ وہ زمین پر اولے کی طرح چلتا ہے اس پر کوئی گناہ اور خطا باقی نہیں رہتی۔

ایک روایت میں ہے۔

حُمّٰى يَوْمٍ كَفَّارَةُ سَنَةٍ۔ (۲)

ایک دن کا بخار ایک سال کا کفارہ ہوتا ہے۔

---

(۱) الکامل لابن عدی ترجمہ ضمام بن اسماعیل جلد ۴ ص ۴۲۴

(۲) تذکرۃ الموضوعات ص ۲۰۶ باب المرض من الحمٰی

اس کی وجہ یوں بیان کی گئی کہ یہ ایک سال کی قوت کو ختم کر دیتا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ انسان کے تین سو ساٹھ جوڑ ہیں اور بخار ان سب میں داخل ہو جاتا ہے اور ہر جوڑ تکلیف محسوس کرتا ہے پس ہر درد ایک دن کا کفارہ بنتا ہے۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر فرمایا کہ بخار گناہوں کا کفارہ بنتا ہے تو حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے دعا کی کہ وہ ہمیشہ بخار کی حالت میں رہیں۔ چنانچہ ان سے بخار کبھی بھی جدا نہ ہوا حتیٰ کہ انتقال فرما گئے انصار میں سے ایک گروہ نے بھی یہی تمنا کی چنانچہ وہ بھی ہمیشہ بخار کی حالت میں رہتے تھے۔

اور جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ اَذْهَبَ اللّٰهُ كَرِيْمَتَيْهِ لَمْ يَرْضَ لَهٗ ثَوَابًا دُوْنَ الْجَنَّةِ۔

جب اللہ تعالیٰ کسی شخص کی دو کریم چیزوں (آنکھوں) کو لے جاتا ہے تو اس کے ثواب کے طور پر جنت سے کم پر راضی نہیں ہوتا۔

تو انصار میں سے ایسے لوگ بھی تھے جو نابینا ہونے کی تمنا کرتے تھے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا وہ شخص جو اپنے جسم اور مال پر مصائب و امراض کے داخل ہونے پر خوش نہیں ہوتا وہ عالم نہیں ہو سکتا کیوں ان میں خطاؤں کے کفارے کی امید ہوتی ہے۔

مروی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک شخص کو دیکھا جو بہت بڑی آزمائش میں مبتلا تھا آپ نے عرض کیا اے میرے رب! اس پر رحم فرما اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں جس چیز کے ذریعے اس پر رحم کر رہا ہوں اس میں کیا رحم کروں؟ یعنی اس آزمائش کو میں اس کے گناہوں کا کفارہ بناتا ہوں اور اس کے ذریعے اس کے درجات میں اضافہ کرتا ہوں۔

چھٹا سبب:

یہ ہے کہ بندہ زیادہ دیر تک صحت مند رہنے سے اپنے نفس میں تکبر اور سرکشی کا ڈر محسوس کرتا ہے لہٰذا وہ اس خوف سے علاج ترک کرتا ہے کہ مرض زائل ہونے کی صورت میں دوبارہ غفلت، اکڑ، سرکشی، لمبی امید، فوت شدہ کے تدارک میں لیت و لعل اور نیکیوں میں تاخیر پیدا ہو جائے گی کیوں کہ صحت، قوتِ صفات کا نام ہے اور اس سے خواہش ابھرتی ہے شہوات حرکت میں آتی ہیں اور گناہوں کی دعوت دیتی ہیں اور کم از کم بات یہ ہوتی ہے کہ مباح چیزوں میں عیش پسندی کی طرف بلاتی ہیں اور یہ وقت کا ضیاع ہے نیز مخالفتِ نفس اور اطاعت کو لازم پکڑنے کے سلسلے میں حاصل ہونے والے بہت بڑے نفع کو بیکار چھوڑنا ہے۔

اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اسے امراض و مصائب میں مبتلا کرنے کے ذریعے خبردار کرنے سے خالی نہیں چھوڑتا۔ اسی لیے کہا گیا ہے کہ مومن بیماری، قلت، لغزش سے خالی نہیں ہوتا ایک حدیث قدسی میں ہے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے مفلسی میرا قید خانہ ہے اور بیماری میری بیڑی ہے میں اپنی مخلوق میں سے جس کو سب سے

زیادہ پسند کرتا ہوں اسے اس میں قید کرتا ہوں۔

پس جب بیماری کی صورت میں سرکشی سے اور گناہوں کی سواری سے رکاوٹ ہے تو اس سے بہتر چیز کیا ہو سکتی ہے اور جس آدمی کو اس سرکشی) کا ڈر ہو اس کے لیے بیماری کے علاج میں مشغول ہونا مناسب نہیں۔ پس عافیت، گناہوں کو ترک کرنے میں ہے ایک عارف نے ایک شخص سے پوچھا کہ میرے بعد تم کیسے رہے؟ اس نے کہا عافیت میں رہا اس نے کہا اگر تم نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کی تو تم عافیت میں ہو اور اگر تم نے اس کی نافرمانی کی ہے تو نافرمانی سے بڑھ کر کون سی بیماری ہو سکتی ہے جو شخص اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتا ہے اس کے لیے کیا عافیت ہے۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے عید کے دن عراق میں نبطیوں کو زینت میں دیکھا تو پوچھا ان لوگوں نے یہ کیا طریقہ اختیار کیا ہے انہوں نے کہا اے امیر المومنین! یہ ان کی عید کا دن ہے آپ نے فرمایا ہر وہ دن جس میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہ کی جائے وہ ہمارے لیے عید کا دن ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

وَعَصَيْتُمْ مِنْ بَعْدِ مَا أَرَاكُمْ مَا تُحِبُّونَ (۱) — اس کے بعد کہ اس نے تمہیں تمہارا پسندیدہ کام دکھایا، تم نے نافرمانی کی۔

کہا گیا ہے اس سے عافیت مراد ہے۔ اور ارشاد خداوندی ہے۔

كَلَّا إِنَّ الْإِنْسَانَ لَيَطْغَىٰ أَنْ رَآهُ اسْتَغْنَىٰ۔ (۲) — ہاں ہاں بے شک انسان سرکشی کرتا ہے اس پر کہ اپنے آپ کو غنی سمجھ لیا۔

اسی طرح جب وہ صحت و عافیت کے ساتھ مستغنی ہوتا ہے (تو بھی سرکشی کرتا ہے) اور بعض بزرگوں نے فرمایا کہ چونکہ فرعون ایک عرصہ دراز تک عافیت کے ساتھ رہا کیوں کہ وہ چار سو سال تک زندہ رہا لیکن اس دوران نہ تو کبھی اس کے سر میں درد ہوا اور نہ اس کا جسم بخار کا شکار ہوا اسی لیے اس نے کہا۔

أَنَا رَبُّكُمُ الْأَعْلَىٰ (۳) — میں تمہارا بلند و بالا رب ہوں۔

فرعون نے اسی وجہ سے رب ہونے کا دعویٰ کیا اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو اگر اسے ایک دن بھی دردِ شقیقہ ہوتا (آدھے سر کا درد) تو وہ اسے فضول کاموں سے روک دیتا ہے ربوبیت کا دعویٰ تو ایک طرف رہا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۵۲

(۲) قرآن مجید، سورۂ علق آیت ۶، ۷

(۳) قرآن مجید سورۂ نازعات آیت ۲۴

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَکۡثِرُوۡا مِنۡ ذِکۡرِ ھَاذِمِ اللَّذَّاتِ۔ (۱)   لذتوں کو توڑنے والی چیز (موت) کا زیادہ ذکر کیا کرو۔

کہا گیا ہے کہ بخار موت کا قاصد ہے اور وہ اس کی یاد دلاتا ہے نیز (عمل میں) ٹال مٹول سے بچاتا ہے)

ارشاد خداوندی ہے۔

اَوَلَا یَرَوۡنَ اَنَّھُمۡ یُفۡتَنُوۡنَ فِیۡ کُلِّ عَامٍ مَّرَّۃً اَوۡ مَرَّتَیۡنِ ثُمَّ لَا یَتُوۡبُوۡنَ وَلَا ھُمۡ یَذَّکَّرُوۡنَ۔ (۲)   کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ان کو سال میں ایک یا دو مرتبہ آزمایا جاتا ہے پھر وہ توبہ نہیں کرتے اور نہ ہی نصیحت حاصل کرتے ہیں۔

کہا گیا کہ اس سے مراد ان کو امراض میں مبتلا کر کے آزمانا ہے۔

اور کہا جاتا ہے کہ جب بندہ دو بیماریوں میں مبتلا ہو پھر توبہ نہ کرے تو موت کا فرشتہ اس سے کہتا ہے اے غافل! تیرے پاس قاصد کے بعد قاصد آیا لیکن تو نے اس کی بات نہ مانی اور اسلاف کا طریقہ تو یہ تھا کہ اگر کسی سال ان کو نفس یا مال میں کوئی نقصان نہ پہنچتا تو وہ گھبرا جاتے اور وہ کہتے تھے کہ مومن پر چالیس دن میں کوئی نہ کوئی مصیبت ضرور آتی ہے یا وہ کسی آزمائش میں مبتلا ہوتا ہے حتی کہ ایک روایت میں ہے کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے ایک عورت سے شادی کی اور وہ کبھی بیمار نہ ہوئی تو آپ نے اسے طلاق دے دی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک عورت کی پیشکش کی گئی اور اس کے اوصاف ذکر کئے گئے حتی کہ آپ نے اس سے نکاح کا ارادہ فرمایا تو عرض کیا گیا کہ وہ کبھی بیمار نہیں ہوئی آپ نے فرمایا مجھے اس کی کوئی حاجت نہیں (۳)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیماریوں اور دردوں حتی کہ سر درد وغیرہ کا ذکر فرمایا تو ایک شخص نے عرض کیا صداع (درد سر) کیا ہوتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے دور ہو جاؤ (اور) جو شخص کسی جہنمی کو دیکھنا چاہتا ہے وہ اس شخص کو دیکھے (۴) اور یہ بات اس لئے فرمائی ہے کہ دوسری حدیث شریف میں آیا ہے۔

اَلۡحُمّٰی حَظُّ کُلِّ مُؤۡمِنٍ مِّنَ النَّارِ۔ (۵)   بخار ہر مومن کا آگ سے حصہ ہے۔

---

(۱) سنن ابن ماجہ ص ۳۲۴، ابواب الزہد

(۲) قرآن مجید، سورۂ توبہ آیت ۱۲۶

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۳ مرویات ابوبکر الصدیق

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۳۳۲ مرویات ابوہریرہ

(۵) مجمع الزوائد جلد ۲ ص ۳۰۶ کتاب الجنائز

نوٹ :۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو جو جہنمی قرار دیا تو اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ آپ کو وحی کے ذریعے اس کا انجام بتایا گیا ہو یا بطور تنبیہ فرمایا کہ اس میں مومنوں والی صفات نہیں ورنہ بیمار نہ ہونا جہنم میں جانے کا ذریعہ نہیں ہے ۱۲ ہزاروی ـــــــ

حضرت انس اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما کی روایت میں ہے عرض کیا گیا یا رسول اللہ! کیا قیامت کے دن شہداء کے ساتھ ان کے علاوہ بھی کچھ لوگ ہوں گے؟ آپ نے فرمایا ہاں جو شخص روزانہ بیس مرتبہ موت کو یاد کرے۔ (۱) اور دوسری حدیث میں یہ الفاظ ہیں کہ جو شخص اپنے گناہوں کو یاد کر کے روئے (۲) اور اس بات میں کوئی شک نہیں کہ مریض عام طور پر موت کا ذکر کرتا ہے

پس جب بیماری کے فوائد زیادہ ہیں تو ایک جماعت نے اس کے زوال کا حیلہ ترک کر دیا کیونکہ انہوں نے اس میں اپنے لیے زیادہ ثواب دیکھا اس لیے نہیں کہ وہ علاج معالجے کو نقصان دہ سمجھتے تھے اور یہ نقصان کیسے ہو سکتا ہے جبکہ خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ عمل کیا۔

فصل ۲ :

ہر حال میں ترکِ علاج کو افضل سمجھنے والوں کا رد

اگر کوئی شخص کہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ عمل (علاج کروانا) اس لیے اختیار کیا کہ لوگوں کے لیے سنت بنے ورنہ یہ تو کمزور لوگوں کی حالت ہے اور مضبوط لوگوں کا درجہ دوائی کے ترک کے ساتھ توکل کو واجب کرتا ہے۔

تو (اس کے جواب میں) کہا جائے گا کہ اس طرح تو مناسب یہی ہے کہ جوشِ خون کے وقت پچھنے نہ لگوانا اور رگ نہ کٹوانا بھی توکل کی شرط ہونی چاہیے۔

اگر کہا جائے کہ یہ بھی شرط ہے تو اس سے لازم آئے گا کہ جب اسے بچھو یا سانپ کاٹے تو اسے اپنے پاس سے دور نہ کرے کیوں کہ خون باطن کو ڈستا ہے اور بچھو ظاہر کو، تو دونوں میں فرق کیا ہے۔

اگر وہ کہے کہ توکل کے لیے یہ بات بھی شرط ہے تو کہا جائے گا کہ اس کا مطلب یہی ہوا کہ پیاس کے ڈسنے کو پانی کے ذریعے دور نہ کرے اور بھوک کے ڈسنے کا علاج روٹی کے ذریعے نہ کرے ٹھنڈک ڈسے تو جبے کے ذریعے اس کا علاج بھی نہ کرے اور اس بات کا کوئی بھی قائل نہیں اور ان درجات کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے کیونکہ یہ سب

---

(۱) الفوائد المجموعہ ص ۲۶۴ کتاب الادب حدیث ۱۷۵

(۲)

اسباب ہیں مسبب الاسباب سبحانہ وتعالیٰ نے ان کو مرتب فرمایا اور ان کے ساتھ اپنا طریقہ جاری کیا۔

ان امور کے توکل کی شرائط میں سے نہ ہونے پر حضرت عمر فاروق اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے طاعون کے کے قصے میں مروی بات دلالت کرتی ہیں کہ انہوں نے ملک شام کا قصد کیا اور جب جابیہ کے مقام پر پہنچے تو انہیں خبر ملی کہ وہاں بہت زیادہ موت واقع ہو رہی ہے اور وبا پھیلی ہوئی ہے تو اب صحابہ کرام دو گروہوں میں بٹ گئے ان میں سے بعض نے کہا ہم وبا پر داخل نہیں ہوں گے اس طرح تو ہم خود اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالیں گے جب کہ دوسرے گروہ نے کہا بلکہ ہم داخل ہوں گے اور توکل کریں گے اللہ تعالیٰ کی تقدیر اور موت سے نہیں بھاگیں گے ورنہ ان لوگوں کی مثل ہو جائیں گے جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ۔ (۱)

کیا آپ نے ان لوگوں کی طرف نہیں دیکھا جو اپنے گھروں سے موت کے خوف سے نکلے اور وہ کئی ہزار تھے۔

پھر انہوں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی طرف رجوع کر کے آپ کی رائے معلوم کی آپ نے فرمایا ہم واپس لوٹیں گے اور وہاں نہیں داخل ہوں گے لیکن آپ کی رائے کی مخالفت کرنے والوں نے کہا کیا ہم اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے بھاگ رہے ہیں؟ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہاں ہم اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے اللہ تعالیٰ کی تقدیر کی طرف لوٹ رہے ہیں

پھر آپ نے ان کے لیے ایک مثال بیان کرتے ہوئے فرمایا تمہارا کیا خیال ہے اگر تم میں سے کسی ایک کی بکریاں ہوں پس وہ ایک وادی میں اترے جس کی دو گھاٹیاں ہوں ایک سرسبز و شاداب اور دوسری خشک ہو تو کیا یہ بات نہیں کہ اگر وہ سبزی والی گھاٹی میں چرائے تو اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے چراتا ہے اور اگر خشک گھاٹی میں چرائے تو بھی اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے چراتا ہے؟ انہوں نے عرض کیا جی ہاں یہی بات ہے پھر آپ نے حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کو بلایا تاکہ ان کی رائے طلب کریں اور آپ موجود نہ تھے صبح ہوئی تو حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ تشریف لائے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس سلسلے میں ان سے پوچھا تو انہوں نے فرمایا اے امیر المومنین! اس سلسلے میں میرے پاس ایک بات ہے جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے یہ سن کر حضرت عمر فاروق نے فرمایا اللہ اکبر (بیان کیجئے)

حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا۔

اِذَا سَمِعْتُمْ بِالْوَبَاءِ فِيْ اَرْضٍ فَلَا تَقْدَمُوْا عَلَيْهِ وَاِذَا وَقَعَ فِيْ اَرْضٍ وَاَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوْا فِرَارًا مِنْهُ۔ (۲)

جب تم سنو کہ کسی علاقے میں وبا ہے تو وہاں نہ جاؤ اور جب کسی جگہ وبا پھیلے اور تم وہاں موجود ہو تو اس (وبا) سے بھاگتے ہوئے وہاں سے نہ نکلو۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۲۰۶ مرویات اسامہ۔

(یہ بات سن کر) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ خوش ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی کہ ان کی رائے حدیث کے مطابق ہوئی۔ اور لوگوں کو مقام جابیہ سے واپس لے گئے۔

تو کس طرح تمام صحابہ کرام توکل کو چھوڑنے پر متفق ہوتے حالانکہ یہ سب سے اعلیٰ مقام ہے اگر اس قسم کی مثالیں توکل کی شرائط میں سے ہوتیں۔

سوال :-

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وبا والے مقام سے نکلنے سے کیوں منع فرمایا اور طب کے مطابق وبا کا سبب ہوا ہے اور علاج کا سب سے زیادہ ظاہر طریقہ مضر چیز سے بھاگنا ہے اور ہوا ہی مضر ہے تو اس کی اجازت کیوں نہ دی گئی؟

جواب :-

اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ مضر چیز سے بھاگ منع نہیں ہے کیوں کہ پچھنے لگوانا اور رگ کٹوانا مضر چیز سے بھاگنا ہے اور اس قسم کی مثالوں میں توکل کو چھوڑنا مباح ہے۔ اور یہ مقصود پر دلالت نہیں لیکن اس میں جو چیز خرابی پیدا کرتی ہے وہ یہ ہے کہ ہوا اس لیے نقصان نہیں دیتی کہ وہ ظاہری بدن سے ملتی ہے بلکہ اس لیے نقصان دیتی ہے کہ آدمی مسلسل سانس لیتا ہے پس جب اس میں بدبو ہو اور پھیپھڑوں، دل اور آنتوں کے اندر تک تو دیر تک سانس لینے سے ان میں اثر ہوتا ہے پس ظاہر پر اس وقت اثر نہیں ہوتا جب تک باطن میں زیادہ دیر تک تاثیر نہ ہو پس شہر سے نکلنا عام طور پر اس اثر سے نجات نہیں دیتا جو پہلے پکا ہو چکا ہے لیکن خلاصی کا بھی احتمال ہے پس یہ ان باتوں کی جنس سے ہے جن کا محض وہم ہوتا ہے جیسے دم کروانا اور فال نکالنا وغیرہ۔ اب اگر وہاں سے نکلنے میں صرف یہی بات پائی جاتی تو یہ توکل کے خلاف تھی لیکن منع نہیں ہاں یہ کسی دوسری بات کے مل جانے سے ممنوع قرار پائی وہ یہ کہ اگر صحیح لوگوں کو وہاں سے نکلنے کی اجازت دی جاتی تو شہر میں صرف بیمار ہی رہ جاتے جن کو طاعون نے وہاں روک رکھا ہے پس ان کے دل ٹوٹ جاتے اور ان کی نگرانی کرنے والا کوئی بھی باقی نہ رہتا نہ کوئی شخص ان کو پانی پلانے والا ہوتا اور نہ ہی کھانا کھلانے والا، جب کہ وہ خود یہ کام نہیں کر سکتے تو اس طرح یہ ان بیماروں کو ہلاک کرنے والی بات ہوتی اور ان کے بچ جانے کی امید بھی ہے جیسے تندرست لوگوں کے بچنے کی امید ہے کیوں کہ اگر تندرست لوگ وہاں ٹھہرے رہیں تو ان کی موت قطعی نہیں ہے اور اگر وہاں سے نکل جائیں تو یہ نکلنا ان کی خلاصی کے لیے قطعی نہیں ہے جب کہ باقی لوگوں کی ہلاکت کے لیے قطعی ہے اور مسلمان ایک دیوار کی طرح ہیں جس کا بعض، دوسرے بعض کو مضبوط کرتا ہے جب اس کے کسی ایک عضو کو تکلیف ہوتی ہے تو تمام جسم میں تکلیف ہوتی ہے۔

تو ہمارے نزدیک ممانعت کی یہی وجہ معلوم ہوتی ہے اور جو شخص ابھی تک شہر میں نہیں آیا اس کے حق میں معاملہ برعکس ہے کیوں کہ ہوا نے اس کے باطن میں اثر نہیں کیا اور نہ ہی شہر والوں کو اس کی حاجت ہے ہاں اگر شہر میں

صرف طاعون زدہ لوگ ہی ہوں اور ان کو نگران کرنے والوں کی ضرورت ہو اور ایک جماعت ان کے پاس آئے تو بعض اوقات ان کی اعانت کے لیے ان لوگوں کا شہر میں داخل ہونا اچھا قرار پاتا ہے اور ان کو داخل ہونے سے منع نہیں کیا جائے گا کیوں کہ یہ موہوم ضرر ہے اور باقی مسلمانوں سے ضرر کو دور کرنے کا یقین ہے اسی لیے بعض روایات میں طاعون سے بھاگنے کو میدان جنگ سے بھاگنے کی طرح قرار دیا گیا ہے (۱) اس لیے کہ اس میں باقی مسلمانوں کا دل توڑنا اور ان کی ہلاکت کی کوشش کرنا ہے۔

تو یہ باریک باتیں ہیں پس جو شخص ان کا خیال نہ کرے اور روایات و آثار کے ظاہر کو دیکھے تو جو کچھ وہ سنتا ہے ان میں سے اکثر کو وہ ایک دوسرے کے خلاف جانتا ہے عابدین و زاہدین کو عام طور پر یہاں دھوکہ ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے علم کو شرف اور فضیلت حاصل ہے۔

سوال:

جب علاج معالجہ ترک کرنے میں فضیلت ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کیوں ترک نہیں فرمایا تاکہ آپ بھی فضیلت حاصل کرتے۔

جواب:

اس میں ان لوگوں کی نسبت سے فضیلت ہے جن کے گناہ زیادہ ہیں تاکہ یہ بات ان گناہوں کا کفارہ بنے یا اسے صحت کی حالت میں اپنے پر سرکشی اور غلبۂ شہوات کا خوف ہو یا وہ اس بات کا محتاج ہو جو اسے موت کی یاد دلائے کیوں کہ اس پر غفلت کا غلبہ ہے یا وہ راضی رہنے والوں اور متوکلین کے مقامات سے کوتاہی کی وجہ سے صابرین کا درجہ پانے کا محتاج ہو یا وہ فوائد جو اللہ تعالیٰ نے دواؤں میں رکھے ہیں ان پر مطلع ہونے سے اس کی بصیرت کوتاہ ہو، حتیٰ کہ اس کے حق میں یہ موہوم ہو جیسے دم کروانا، یا وہ اپنے حال میں مشغول ہو جو علاج کروانے سے اسے بے خبر رکھے اور اگر علاج کروائے تو یہ حالت چلی جائے کیوں کہ وہ دونوں باتوں کو جمع کرنے کی طاقت نہیں رکھتا تو علاج نہ کروانے کے یہ اسباب ہیں اور یہ سب باتیں بعض لوگوں کی نسبت سے کمالات ہیں لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے درجہ کی نسبت نقصان ہیں بلکہ آپ کا مقام ان تمام مقامات سے اعلیٰ ہے کیوں کہ آپ کے حال کا تقاضا یہ ہے کہ اسباب ہوں یا نہ دونوں صورتوں میں آپ کا مشاہدہ ایک ہی طریقے پر ہو کیوں کہ آپ کی نظر اسباب پر نہیں بلکہ مسبب الاسباب پر تھی اور جس شخص کا یہ مقام ہو اسے اسباب نقصان نہیں پہنچا سکتے جیسے مال کی رغبت نقصان دہ ہے اور اسے ناپسند کرتے ہوئے اس سے اعراض کرنا اگرچہ کمال ہے لیکن اس شخص کے مقابلے میں نقصان ہے جس کے نزدیک مال ہونا نہ ہونا برابر ہو یعنی پتھر اور سونے

---

(۱) کنز العمال جلد ۱۰ ص ۷۷، حدیث ۲۸۴۳۵

کو ایک جیسا سمجھا سونے سے بھاگنے اور پتھر سے نہ بھاگنے کے مقابلے میں زیادہ کامل بات ہے جب کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حالت یہ تھی کہ آپ کے نزدیک مٹی کا ڈھیلا اور سونا برابر تھا آپ اسے لوگوں کو زہد کی تعلیم دینے کی خاطر نہیں رکھتے تھے کیوں کہ ان کی انتہائی قوت یہی ہے یہ بات نہیں تھی کہ مال کو روک رکھنے سے آپ کو اپنے اوپر کسی قسم کا خوف تھا کیوں کہ آپ کا مقام اس قدر بلند ہے کہ دنیا آپ کو دھوکہ نہیں دے سکتی تھی اور آپ پر دنیا کے خزانے پیش کیے گئے لیکن آپ نے ان کو قبول کرنے سے انکار کر دیا (۱)

اور اسی مشاہدہ کی بنیاد پر آپ کے لیے اسباب کو اختیار کرنا اور نہ کرنا ایک جیسا تھا آپ نے علاج معالجہ اس لیے ترک نہیں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی عادت اسی طرح جاری ہے (کہ علاج کے ذریعے بیماری دور کرتا ہے) اور امت کو ان کی حاجت کے مطابق اجازت دینا بھی مقصود تھا باوجودیکہ اس (علاج کروانے) میں کوئی ضرر بھی نہ ہو بخلاف مال جمع کرنے کے کیوں کہ اس کا ضرر زیادہ ہے ہاں دوائی کا استعمال اس اعتبار سے ضرر رساں ہے جب دوائی کو نفع بخش سمجھا جائے اس کے خالق کو نہیں اور اس بات سے منع کیا گیا ہے نیز یہ کہ اس کے ذریعے صحت اس لیے حاصل کی جائے کہ اس کے ذریعے گناہوں پہ مدد حاصل کرے اور یہ ممنوع بات ہے اور مومن عام طور پر اس بات کا قصد نہیں کرتا۔

اور کوئی بھی مسلمان دوائی کو ذاتی طور پہ نافع نہیں سمجھتا بلکہ اس کا عقیدہ یہی ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے نفع کا سبب بنایا ہے جیسے وہ پانی کو ذاتی طور پہ سیراب کرنے والا اور روٹی کو سیر کرنے والی نہیں جانتا پس مقصود کے اعتبار سے علاج کروانا مال کمانے کی طرح ہے اگر وہ نیکی پہ مدد حاصل کرنے یا گناہوں پہ مدد کے لیے مال کمائے تو اس کا وہی حکم ہوگا۔ اور اگر مباح چیز سے لذت حاصل کرنے کے لیے کمائے تو اس کا وہی حکم ہوگا۔

جو کچھ ہم نے ذکر کیا ہے اس سے ظاہر ہوا کہ بعض حالات میں علاج معالجہ ترک کرنا افضل ہے اور بعض صورتوں میں علاج کروانا افضل ہے اور یہ تبدیلی، احوال کی تبدیلی سے پیدا ہوتی ہے نیز اشخاص، اور نیتوں کا اختلاف بھی اس تفاوت میں موثر ہے نیز توکل میں دوا کا استعمال اور عدم استعمال شرط نہیں ہاں موہوم امور مثلاً داغ لگوانا اور دم وغیرہ کو ترک کرنا شرط ہے کیوں کہ یہ کام تدبیروں میں پڑنا ہے جو توکل کرنے والوں کے شایان شان نہیں۔

مرض کو ظاہر کرنے اور چھپانے کے سلسلے میں متوکلین کے احوال

جان لو! بیماری، فقر اور دیگر مصائب کو چھپانا نیکی کے خزانوں میں سے ہے اور اس کا بہت بڑا مقام ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے حکم پر راضی رہنا اور اس کی آزمائش پر صبر کرنا یہ بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان معاملہ ہے لہٰذا اس کو مخفی رکھنا

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۲۵۴ مرویات ابو امامہ

آفات سے زیادہ محفوظ رہتا ہے لیکن اس کے باوجود اسے ظاہر کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں جب نیت اور مقصد صحیح ہو اور مقاصدِ اظہار تین ہیں۔

پہلا مقصد :

اس کی غرض علاج کروانا ہو پس ڈاکٹر کے سامنے ذکر کرنے کی ضرورت ہو گی تو وہ شکایت کے طور پر نہیں بلکہ حکایت کے طور پر ذکر کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کو ظاہر کیا ہے حضرت بشر رحمہ اللہ، عبدالرحمن طبیب کے سامنے اپنی بیماریوں کا ذکر کرتے تھے، اور حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ جب بیماری کا شکار ہوتے اس کی خبر دیتے تھے اور فرماتے کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت نے مجھ پر جو اثر کیا میں اس کی خبر دے رہا ہوں۔

دوسرا مقصد :

طبیب کے علاوہ کسی سے بیان کرے اور یہ شخص (مریض) ان لوگوں میں سے ہو جن کی اقتدا کی جاتی ہے اور معرفت میں صاحبِ مرتبہ ہو پس وہ کسی شخص سے اس لیے ذکر کرے کہ وہ اس سے مرض میں اچھی طرح صبر کرنا سیکھے بلکہ اچھی طرح شکر کرنا، یعنی وہ اس بات کا اظہار کرے کہ بیماری ایک نعمت ہے اور اس پر شکر کرنا چاہیے اس لیے وہ اس کا اس طرح ذکر کرتا ہے جیسے وہ نعمت کا ذکر کرتا ہے۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب مریض اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرے اور اس کا شکر ادا کرے پھر اپنے درد کا ذکر کرے تو یہ شکوہ نہیں ہے۔

تیسرا مقصد :

بیماری کا ذکر کرے تیز اپنے عجز اور بارگاہ خداوندی میں محتاجی کو ظاہر کرے اور یہ بات اس شخص سے اچھی معلوم ہوتی ہے جو قوت و شجاعت کے لائق ہو اور عاجزی کرنا اس سے بعید معلوم ہو جیسا کہ مروی ہے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے ان کی بیماری کے دوران پوچھا گیا آپ کیسے ہیں؟ آپ نے فرمایا بہت برا ہوں لوگ ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے گویا انہوں نے اس بات کو پسند نہ کیا اور اسے شکایت خیال کیا آپ نے فرمایا کیا میں اللہ تعالیٰ پر بہادری ظاہر کروں تو آپ نے اس بات کو پسند فرمایا کہ اپنا عجز اور محتاجی ظاہر کریں حالانکہ آپ کی قوت و شجاعت معروف تھی لیکن آپ نے وہی طریقہ اختیار فرمایا جس کی تعلیم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دی تھی جب حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ بیمار ہوئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو یہ الفاظ کہتے ہوئے سنا۔

اَللّٰھُمَّ صَبِّرْنِیْ عَلَی الْبَلَاءِ۔ — یا اللہ مجھے مصیبت پر صبر عطا فرما۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا۔

لَقَدْ سَاَلْتَ اللّٰہَ تَعَالٰی الْبَلَاءَ فَسَلِ اللّٰہَ — آپ نے اللہ تعالیٰ سے مصیبت کا سوال کیا ہے پس

اَلْعَافِيَةَ۔ (۱) — اللہ تعالیٰ سے عافیت کا سوال کریں۔

تو یہ مقاصد مرض کے ذکر کی اجازت دیتے ہیں اور یہ باتیں اس لیے شرط ہیں کہ بیماری کا ذکر شکایت ہے اور اللہ تعالیٰ سے شکایت اور شکوہ حرام ہے جیسا کہ میں نے پہلے ذکر کیا کہ فقراء کے لیے ضرورت کے بغیر سوال کرنا حرام ہے۔ بیماری کا اظہار اس وقت شکوہ قرار پاتا ہے جب اس میں اللہ تعالیٰ کے فعل پر ناراضگی اور ناپسندیدگی ظاہر کی جائے اور اگر ناراضگی کے قرینے اور ان نیتوں سے بھی خالی ہو جن کا ہم نے ذکر کیا ہے تو اسے حرام نہیں کہا جائے گا لیکن یہ فیصلہ کیا جائے گا کہ ترکِ ذکر زیادہ بہتر ہے کیوں کہ بعض اوقات اس سے شکایت کا وہم ہوتا ہے اور کبھی اس میں بناوٹ ہوتی ہے کہ جس قدر بیماری موجود ہے اس سے زیادہ بیان کی جاتی ہے اور جو شخص توکل کی وجہ سے علاج کروانا ترک ہے اس کے حق میں اظہار کی کوئی وجہ نہیں کیوں کہ اظہار کے ذریعے راحت کے حصول سے دوائی کے ذریعے حاصل ہونے والی راحت افضل ہے بعض بزرگوں نے فرمایا جس نے مرض کا ذکر کیا اس نے صبر نہیں کیا۔ اور آیت کریمہ

فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ (۱) — پس صبر اچھا ہے۔

کے معنیٰ کے سلسلے میں کہا گیا ہے کہ اس سے وہ صبر مراد ہے جس میں شکوہ نہ ہو۔

حضرت یعقوب علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ آپ کی آنکھوں کی بینائی کیسے چلی گئی؟ آپ نے فرمایا زمانے کے گزرنے اور غموں کی طوالت سے، اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی بھیجی کہ آپ میرے بندوں کے سامنے شکایت پر آمادہ ہو گئے۔ تو آپ نے عرض کیا اے میرے رب! میں تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔

حضرت طاؤس اور حضرت مجاہد رحمہما اللہ نے فرمایا بیمار کا آہ آہ کرنا اس پر لکھا جاتا ہے اور اسلاف مریض کی آہ کو برا جانتے تھے کیوں کہ یہ ایسے معنیٰ کا اظہار ہے جو شکوہ کا مقتضی ہے یہاں تک کہ کہا گیا کہ حضرت ایوب علیہ السلام سے شیطان کو جو کچھ ملا وہ آپ کے حالتِ مرض میں آہ کرنا تھا اس ملعون نے اسی آہ کو اپنا حصہ قرار دیا۔

اور حدیث شریف میں ہے۔

اِذَا مَرِضَ الْعَبْدُ اَوْحَی اللّٰهُ تَعَالٰی اِلَی الْمَلَكَيْنِ انْظُرَا مَا يَقُوْلُ لِعُوَّادِهٖ فَاِنْ حَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى بِخَيْرٍ دَعَوَا لَهٗ وَاِنْ شَكَا وَذَكَرَ شَرًّا قَالَا كَذٰلِكَ	جب بندہ بیمار ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ دو فرشتوں کی طرف وحی بھیجتا ہے کہ دیکھو یہ شخص اپنے عیادت کرنے والوں سے کیا کہتا ہے اگر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے تو وہ اس کے لیے دعا مانگتے ہیں اور اگر وہ شکایت کرے اور برائی کا ذکر

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۲۳۵ مرویات معاذ (۲) قرآن مجید، سورۂ یوسف آیت ۸۳

تَکُوۡنُ۔ (۱) کرے تو وہ کہتے ہیں اسی طرح ہو۔

بعض عبادت گزار عیادت کو اس لیے برا جانتے تھے کہ انہیں شکایت اور کلام کے زیادہ ہونے کا خوف تھا چنانچہ ان میں سے بعض بیماری کی حالت میں اپنا دروازہ بند کر دیتے تھے۔

پس ان کے پاس کوئی بھی نہ جاتا حتی کہ وہ ٹھیک ہو کر خود ان کے پاس باہر تشریف لاتے ان میں حضرت فضیل حضرت وہیب اور حضرت بشر رحمہم اللہ شامل ہیں اور حضرت فضیل رحمہ اللہ فرماتے تھے میں چاہتا ہوں کہ بیمار ہوں تو کوئی شخص میری بیمار پرسی نہ کرے اور فرماتے تھے میں بیماری کو عیادت کرنے والوں کی وجہ سے ناپسند کرتا ہوں اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو۔

توحید و توکل کی بحث اللہ تعالیٰ کی مدد اور حسن توفیق سے مکمل ہوتی اس کے بعد محبت، شوق، اُنس اور رضا کا بیان ہوگا اللہ سبحانہ وتعالیٰ توفیق دینے والا ہے۔

---

(۱) کنز العمال جلد ۳ ص ۱۲۳ حدیث ۶۷۰۴

۶- محبت، شوق، انس اور رضا کا بیان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے اپنے اولیاء (دوستوں) کے دلوں کو دنیا کے بناؤ سنگھار اور تروتازگی کی طرف توجہ سے پاک رکھا اور ان کے باطن کو سوائے اپنے دربار گہر بار کے کسی اور کے ملاحظہ سے صاف رکھا۔ پھر ان کو اپنی عزت کے بچھونے پر معتکف ہونے کے لیے خاص کیا اس نے ان پر اپنے اسمائے مبارکہ اور صفات کی تجلی ڈالی حتیٰ کہ وہ اس کی معرفت کے انوار سے چمک اٹھے بعد ازاں ان کے لیے انوار الٰہیہ سے پردہ اٹھایا حتیٰ کہ وہ (دل) اس کی محبت کی آگ سے جل گئے پھر اپنے جلال کی گہرائی کے ساتھ ان سے پردے میں ہو گیا حتیٰ کہ وہ اس کی کبریائی اور عظمت میں گم ہو گئے وہ جب بھی اس کے جلال کی گہرائی کے ملاحظہ کے لیے حرکت کرتے ہیں۔ تو ایسی حیرانی ان کو جلاتی ہے جو عقل کے چہرے اور بصیرت کو گرد آلود کر دیتی ہے اور جب وہ مایوس ہو کر واپس لوٹنا چاہتے ہیں تو جمال کے سایہ فگن خیمے سے آواز دی جاتی ہے اے وہ شخص! جو اپنی جہالت اور جلدی کی وجہ سے حق کو پانے سے مایوس ہو گیا ہے صبر کر۔ پس وہ رد اور قبول، رکاوٹ اور وصول کے درمیان یوں باقی رہتا ہے کہ اس کی معرفت کے سمندر میں غرق اور اس کی محبت کی آگ میں جلا ہوا ہوتا ہے۔

اور رحمت کاملہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو تکمیل نبوت کے ساتھ آخری نبی ہیں اور آپ کے آل و اصحاب پر جو مخلوق کے سردار اور امام ہیں اور حق کے قائد اور راہبر ہیں اور ان سب پر بہت زیادہ سلام ہو۔

حمد و صلوٰۃ کے بعد ——

اللہ تعالیٰ کی محبت تمام مقامات میں سے انتہائی بلند مقام اور درجات کی بلند چوٹی ہے محبت کے بعد کوئی مقام نہیں بلکہ جو کچھ ہے وہ اس کے پھلوں میں سے ایک پھل اور توابع میں سے ایک تابع ہے جیسے شوق، انس اور رضا وغیرہ۔ اسی طرح محبت سے پہلے بھی کوئی مقام نہیں بلکہ جو کچھ ہے وہ اس کے مقدمات ہیں مثلاً توبہ، صبر اور زہد وغیرہ۔

دوسرے مقامات کا وجود اگرچہ نادر ہے پھر بھی دل ان کے امکان پر ایمان سے خالی نہیں ہوتے لیکن اللہ تعالیٰ سے محبت پر ایمان بہت مشکل ہے حتیٰ کہ بعض علماء نے اس کے امکان کا ہی انکار کیا ہے اور فرمایا کہ اس کا مفہوم صرف یہی ہے کہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی جائے جہاں تک حقیقتِ محبت کا تعلق ہے تو وہ محال ہے کیوں کہ وہ تو اپنے ہم جنس اور ہم شکل سے ہوتی ہے اور جب انہوں نے محبت کا انکار کیا تو اُنس شوق، لذتِ مناجات اور محبت کے تمام

لوازم و توابع کا انکار کیا ہے اور اس بات سے پردہ اٹھانا ضروری ہے پس ہم اس حصّہ کتاب میں درج ذیل امور بیان کرتے ہیں۔

(۱) محبت کے بارے میں شرعی شواہد کا بیان
(۲) محبت کی حقیقت واسباب کا بیان
(۳) محبت کا استحقاق صرف اللہ تعالیٰ کو ہے
(۴) سب سے بڑی لذت دیدار خداوندی کی لذت ہے۔
(۵) دنیا میں حاصل ہونے والی معرفت کے مقابلے میں آخرت کے دیدار کی لذت زیادہ ہے۔
(۶) محبت الہیہ کو تقویت دینے والے اسباب
(۷) محبت کے حوالے سے لوگوں میں تفاوت کے اسباب
(۸) معرفت خداوندی میں ذہنوں کی کوتاہی کا سبب
(۹) شوق کا مفہوم
(۱۰) بندے سے اللہ تعالیٰ کی محبت
(۱۱) بندے کی اللہ تعالیٰ سے محبت کی علامات
(۱۲) اللہ تعالیٰ سے اُنس کا مفہوم
(۱۳) اُنس میں کشادگی (انبساط) کا معنیٰ
(۱۴) رضا کا مفہوم۔
(۱۵) رضا کی فضیلت
(۱۶) رضا کی حقیقت
(۱۷) دعا مانگنا اور گناہوں سے نفرت، نیز گناہوں سے بھاگنا رضا کے خلاف نہیں۔
(۱۸) محبین کی حکایات و کلماتِ متفرقہ ——

فصل ۱ :

بندے کی اللہ تعالیٰ سے محبت کے شرعی شواہد

اس بات پر امت کا اتفاق ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت فرض ہے اور جب محبت کا وجود ہی نہیں ہو گا تو وہ فرض کیسے ہو گی پھر محبت کی تفسیر اطاعت سے کیسے جا سکتی ہے جب کہ اطاعت

محبت کے تابع اور اس کا نتیجہ ہے پس محبت کا مقدم ہونا ضروری ہے اس کے بعد آدمی اس کی اطاعت کرتا ہے جس سے وہ محبت کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی محبت کے اثبات پر یہ ارشاد خداوندی دلالت کرتا ہے۔

يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهٗ۔ (۱) — وہ ان سے محبت کرتا ہے اور وہ اس سے محبت کرتے ہیں

نیز یہ ارشاد خداوندی بھی محبت پر دلالت کرتا ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔ (۲) — اور وہ جو ایمان لائے وہ اللہ تعالیٰ سے بہت زیادہ محبت کرتے ہیں۔

یہ آیت محبت کے ثبوت اور اس میں تفاوت (دونوں باتوں) پر دلالت کرتی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد احادیث میں اللہ تعالیٰ کی محبت کو ایمان کی شرط قرار دیا ہے۔

حضرت ابورزین عقیلی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! ایمان کیا ہے؟

آپ نے فرمایا۔

اَنْ يَّكُوْنَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَحَبَّ اِلَيْكَ مِمَّا سِوَاهُمَا۔ (۳) — یہ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے نزدیک ان دونوں کے علاوہ (ہر چیز) سے زیادہ محبوب ہوں

ایک دوسری حدیث میں ہے۔

لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى يَكُوْنَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا۔ (۴) — تم میں سے کوئی شخص مومن نہیں ہو سکتا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول اس کے نزدیک ان (دونوں) کے غیر سے زیادہ محبوب ہو جائیں۔

ایک اور حدیث میں ہے۔

لَا يُؤْمِنُ الْعَبْدُ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ اَهْلِهٖ وَمَالِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ۔ (۵) — کوئی بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک میں اس کے نزدیک اس کے اہل و مال اور سب لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ مائدہ آیت ۵۴

(۲) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۱۶۵

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۱ مرویات ابورزین

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۲۰۷ مرویات انس بن مالک

(۵) صحیح مسلم جلد اول ص ۴۹ کتاب الایمان

اور ایک روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں "وَمِنْ نَفْسِہٖ" (اور اپنے نفس سے بھی زیادہ مجھ سے محبت کرے)(۱)

اور اس محبت کے بغیر ایمان کیسے مکمل ہو سکتا ہے جب کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۔ (۲)	آپ فرمادیں اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری عورتیں اور تمہارا کنبہ اور تمہاری کمائی کے مال اور وہ سودا جس کے نقصان کا تمہیں ڈر ہے اور تمہارے پسند کا مکان یہ چیزیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں لڑنے سے زیادہ پیاری ہوں تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے اور اللہ تعالیٰ فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

اور یہ بات جھڑکنے اور انکار کے طور پر ارشاد فرمائی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے محبت کا حکم دیا۔

آپ نے ارشاد فرمایا۔

اَحِبُّوا اللّٰهَ لِمَا يَغْذُوْكُمْ بِهٖ مِنْ نِعْمَةٍ وَاَحِبُّوْنِىْ لِحُبِّ اللّٰهِ اِيَّاىَ ۔ (۳)	اللہ تعالیٰ سے محبت کرو کہ وہ تمہیں ہر صبح نعمت عطا کرتا ہے اور مجھ سے محبت کرو کیوں کہ اللہ تعالیٰ مجھ سے محبت کرتا ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں آپ سے محبت کرتا ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِسْتَعِدَّ لِلْفَقْرِ ۔	فقر کے لیے تیار ہو جاؤ۔

اس نے عرض کیا میں اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہوں تو آپ نے فرمایا۔

اِسْتَعِدَّ لِلْبَلَاءِ ۔ (۴)	آزمائشوں کے لیے تیار ہو جاؤ۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ حضرت مصعب بن عمیر

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۸۱ کتاب الایمان والنذور

(۲) قرآن مجید۔ سورۃ توبہ آیت ۲۴

(۳) المستدرک للحاکم جلد ۳ ص ۱۵۰ کتاب معرفۃ الصحابۃ

(۴) کنز العمال جلد ۶ ص ۴۸۳ حدیث ۱۶۶۴۶

تشریف لا رہے ہیں اور ان کے اوپر دنبے کی کھال ہے جو انہوں نے اپنے اوپر لپیٹ رکھی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اس شخص کو دیکھو جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے منور کیا میں نے اس کو دیکھا کہ اس کے ماں باپ اسے نہایت اچھا کھانا کھلاتے اور پانی پلاتے تھے لیکن اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی محبت نے اسے اس چیز کی طرف بلایا جو تم دیکھ رہے ہو (۱)

ایک مشہور روایت میں ہے جب موت کا فرشتہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی روح قبض کرنے حاضر ہوا تو آپ نے اس سے پوچھا کیا تم نے دیکھا ہے کہ کوئی خلیل اپنے خلیل کو موت دے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی وحی فرمائی کہ کیا آپ نے کسی محب کو اپنے محبوب کی ملاقات سے نفرت کرتے ہوئے دیکھا ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا اے موت کے فرشتے! اب روح قبض کرو ______

اور یہ بات اسی بندے پر کھلتی ہے جو مکمل دل کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہو پس جب اسے معلوم ہوتا ہے کہ موت ملاقات کا سبب ہے تو اس کا دل اس کی طرف راغب ہوتا ہے اور اس کا دوسرا محبوب نہیں ہوتا جس کی طرف رغبت کرے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یوں دعا مانگا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ اَحَبَّکَ وَحُبَّ مَا یُقَرِّبُنِیْ اِلٰی حُبِّکَ وَاجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ۔ (۱)

یا اللہ! مجھے اپنی محبت، اپنے محبین کی محبت اور (اس عمل) کی محبت عطا فرما جو مجھے تیرے قریب کردے اور اپنی محبت کو میرے نزدیک ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ محبوب بنادے۔

ایک اعرابی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر پوچھا کہ قیامت کب ہوگی؟ آپ نے فرمایا تم نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے اس نے عرض کیا میں نے اس کے لیے کوئی زیادہ نماز روزے کی تیاری نہیں کی البتہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتا ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا۔

اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ۔ آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے مسلمانوں کو اسلام کے بعد اس بات سے زیادہ کسی بات پر خوش ہوتے نہیں دیکھا۔

---

(۱) حلیۃ الاولیاء جلد اول ص ۱۰۸ ترجمہ ۱۲

(۲) کنز العمال جلد ۲ ص ۹، ۱ حدیث ۳۶۲۲

(۳) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۱۱ کتاب الادب

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جو شخص خالص اللہ تعالیٰ کی محبت کا ذائقہ حاصل کر لیتا ہے تو یہ بات اسے دنیا کی طلب سے بے خبر کر دیتی ہے اور اسے تمام انسانوں سے وحشت دلاتی ہے۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص اپنے رب کو پہچان لیتا ہے وہ اس سے محبت کرتا ہے اور جو آدمی دنیا کی پہچان حاصل کر لیتا ہے وہ اس سے بے رغبت ہو جاتا ہے اور مومن کھیل کود میں نہیں پڑتا کہ غافل ہو جائے پس جب وہ فکر کرتا ہے تو غمگین ہو جاتا ہے حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جن کو جنت اور ان کے درمیان کی نعمتیں اللہ تعالیٰ سے بے خبر نہیں کرتیں تو وہ دنیا کے ذریعے اس سے کس طرح بے خبر ہو سکتے ہیں۔

ایک روایت میں ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تین آدمیوں کے پاس سے گزرے جن کے بدن کمزور اور رنگ بدل چکے تھے آپ نے پوچھا تمہارا یہ حال کیسے ہوا؟ انہوں نے جواب دیا جہنم کے خوف سے، آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ خوف رکھنے والوں کو ضرور امن دے گا پھر آپ دوسرے تین آدمیوں سے گزرے تو وہ پہلوں کی نسبت زیادہ کمزور اور متغیر تھے آپ نے فرمایا تمہاری یہ حالت کیسے ہوئی؟ انہوں نے جواب دیا جنت کے شوق کی وجہ سے، آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہیں تمہاری امید کے مطابق ضرور دے گا۔ پھر آپ تین آدمیوں سے گزرے تو وہ سب سے زیادہ کمزور تھے اور ان کا رنگ بھی بہت زیادہ بدلا ہوا تھا۔ گویا ان کے چہروں پر نور نظر آتا ہے آپ نے پوچھا تمہاری یہ حالت کس وجہ سے ہوئی ہے؟ انہوں نے جواب دیا ہم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تم مقرب ہو (تین بار فرمایا)

حضرت عبدالواحد بن زید رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں ایک آدمی کے پاس سے گزرا جو برف میں کھڑا تھا میں نے پوچھا کیا آپ کو سردی نہیں لگتی؟ اس نے جواب دیا جس کو اللہ تعالیٰ کی محبت مصروف کر دے وہ سردی محسوس نہیں کرتا۔

حضرت سری سقطی رحمہ اللہ فرماتے ہیں قیامت کے دن امتوں کو ان کے انبیاء کرام کی نسبت سے پکارا جائے گا پس کہا جائے گا اے امت موسیٰ! اے امت عیسیٰ! اے امت محمد! (علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام)

لیکن جو اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے والے ہیں ان کو یوں پکارا جائے گا اے اللہ کے دوستو! اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی طرف آؤ تو خوشی کے مارے ان کے دل نکلنے والے ہوں گے۔

حضرت ہرم بن حیان رحمہ اللہ فرماتے ہیں مومن جب اپنے رب کو پہچان لیتا ہے تو اس سے محبت کرتا ہے اور جب اس سے محبت کرتا ہے تو اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور جب اس کی طرف توجہ کی مٹھاس پاتا ہے تو دنیا کو خواہش کی نگاہ سے نہیں دیکھتا اور نہ آخرت کو سستی کی نگاہ سے دیکھتا ہے اس بات سے اسے دنیا میں مسرت اور آخرت میں راحت ہو گی۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کا معاف کرنا تمام گناہوں کو گھیر لیتا ہے تو اس کی رضا کا کیا عالم ہو گا اور اس کی رضا تمام امیدوں کو پورا کر دیتی ہے تو اس کی محبت کا کیا عالم ہو گا اور اس کی محبت عقلوں کو مدہوش

کر دیتی ہے تو اس کی دوستی کا کیا حال ہو گا اس کی دوستی (مودّت) کی وجہ سے سب کچھ بھول جاتا ہے تو اس کے لطف و کرم کا کیا حال ہو گا۔

بعض کتب میں ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے میرے بندے! مجھے تیرے حق کی قسم میں تجھ سے محبت کرتا ہوں میں تجھے اپنے حق کی قسم دیتا ہوں کہ تو مجھ سے محبت کر۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ فرماتے ہیں رائی کے دانے کے برابر محبت، میرے نزدیک محبت کے بغیر کی گئی ستر سال کی عبادت سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ اور آپ یہ بھی فرماتے ہیں الٰہی! میں تیرے صحن میں کھڑا ہوں اور بچپن سے تیری تعریف میں مشغول ہوں تو نے مجھے اپنی طرف لے لیا، اپنی معرفت کا لباس پہنایا اور اپنے لطف و کرم سے حصہ عطا فرمایا تو مجھے احوال، اعمال، پردہ پوشی، توبہ، زہد، شوق، رضا اور محبت میں بدلتا رہا تو نے مجھے اپنے حوضوں سے پلایا اور اپنے باغوں میں پھرایا میں تیرے حکم کو اختیار کئے ہوئے اور تیرے قول میں مشغول رہا اب جب میری مونچھیں نکل آئیں اور مجھے طاقت حاصل ہو گئی تو آج میں بڑا ہو کر تجھ سے کس طرح پھر سکتا ہوں حالاں کہ میں تو بچپن سے تیرے ساتھ ان امور کا عادی ہوں تو جب تک رہوں گا تیرے گرد ہی بھنبھناؤں گا اور تیری بارگاہ ہی میں گڑگڑاؤں گا کیوں کہ میں محبت کرتا ہوں اور ہر محب اپنے محبوب کے ساتھ مشغول ہوتا ہے اور محبوب کے غیر سے رُوگردانی کرتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی محبت کے سلسلے میں اس قدر احادیث و آثار مروی ہیں جو شمار سے باہر ہیں اور یہ ظاہر بات ہے البتہ اس کے معنیٰ کی تحقیق میں پوشیدگی ہے لہٰذا ہم اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

فصل ۲:

محبت کی حقیقت و اسباب اور بندے کی اللہ تعالیٰ سے محبت کا معنیٰ!

اس بیان کا مطلب اسی وقت واضح ہو گا جب محبت کی فی نفسہا حقیقت بیان کی جائے پھر اس کی شرائط و اسباب کی معرفت کا ذکر کیا جائے اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے حق میں اس کے معنیٰ کی تحقیق کی طرف نظر کی جائے۔

سب سے پہلی بات جس کو جاننا ضروری ہے، یہ ہے کہ محبت کا تصور معرفت و ادراک کے بعد ہی ہوتا ہے کیوں کہ انسان اسی چیز سے محبت کرتا ہے جس کی معرفت رکھتا ہے یہی وجہ ہے کہ جمادات محبت سے موصوف نہیں ہوتے بلکہ محبت زندہ ادراک کرنے والی مخلوق کی خاصیت ہے۔

پھر جن چیزوں کا ادراک ہوتا ہے (یعنی مُدرَکات) ان کی تین صورتیں ہیں یا تو وہ مدرک کی طبیعت کے موافق ہوں گے اور وہ ان سے لذت حاصل کرتا ہے یا وہ اس کی طبیعت کے منافی ہوتے ہیں وہ ان سے نفرت اور تکلیف محسوس کرتا ہے اور تیسری صورت یہ ہے کہ ان میں لذت و تکلیف کسی بات کا اثر نہیں ہوتا پس جس چیز کے ادراک میں لذت و راحت ہو

وہ مُدرک کے نزدیک محبوب ہوتی ہے اور جس کے ادراک میں تکلیف ہو مُدرِک کے نزدیک وہ قابلِ نفرت ہوتی ہے اور جس کا ادراک لذت و تکلیف دونوں سے خالی ہو وہ نہ تو محبوب کہلاتی ہے اور نہ ہی مکروہ ——

تو لذت حاصل کرنے والے کے نزدیک ہر لذیذ چیز محبوب ہوتی ہے اور محبوب ہونے کا مطلب یہ ہے کہ طبیعت میں اس کی طرف میلان ہوتا ہے اور ناپسند (مبغوض) ہونے کا مطلب یہ ہے کہ طبیعت اس سے نفرت کرتی ہے تو محبت، لذت والی چیز کی طرف میلانِ طبع کا نام ہے اگر یہ میلان مضبوط ہو جائے تو اسے عشق کہتے ہیں اور بُغض اس چیز سے طبعی نفرت کا نام ہے جو تکلیف دہ تھکانے والی ہے جب یہ نفرت مضبوط ہو جاتی ہے تو اسے مقت (ناراضگی) کہا جاتا ہے محبت کے معنیٰ کی حقیقت میں یہ بات اصل ہے جس کی معرفت ضروری ہے۔

دوسرا ضابطہ یہ ہے کہ جب محبت ادراک اور معرفت کے تابع ہے تو جس طرح مدرِکات اور حواس تقسیم ہوتے ہیں لامحالہ محبت بھی تقسیم ہوتی ہے ہر حس مدرکات میں سے کسی ایک نوع کا ادراک کرتی ہے اور ہر ایک کو بعض مدرکات سے لذت حاصل ہوتی ہے اور اس لذت کے باعث طبیعت کا ان مدرکات کی طرف میلان ہوتا ہے۔ پس یہ مدرکات طبعِ سلیم کے نزدیک محبوب ہوتے ہیں مثلاً آنکھ کی لذت ان چیزوں میں ہوتی ہے جن کو دیکھا جاتا ہے کہ وہ دکھائی دینے والی خوبصورت چیزوں اور باعث لذت حسین صورتوں کا ادراک کرتی ہے اور کان کی لذت کھائی جانے والی چیزوں اور چھونے کی لذت نرم و نازک چیزوں میں ہوتی ہے۔

پس جب ان مدرکات سے حواس کو لذت حاصل ہوتی ہے تو یہ محبوب ہوتے ہیں یعنی سلیم طبیعت ان کی طرف مائل ہوتی ہے حتیٰ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

حُبِّبَ اِلَیَّ مِنْ دُنْیَاکُمْ ثَلٰثٌ اَلطِّیْبُ وَالنِّسَاءُ وَجُعِلَ قُرَّۃُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ (۱)

تمہاری دنیا سے مجھے تین چیزیں محبوب ہیں خوشبو، عورتیں اور میری آنکھ کی ٹھنڈک نماز میں رکھی گئی ہے۔

خوشبو کو محبوب قرار دیا گیا اور یہ بات معلوم ہے کہ آنکھ اور کان کا اس میں کوئی حصہ نہیں بلکہ صرف سونگھنے کا تعلق ہے اور عورتوں کو محبوب قرار دیا گیا حالانکہ ان میں صرف دیکھنے اور چھونے کا تعلق ہے سونگھنے، چکھنے اور کان کا کوئی تعلق نہیں اور نماز کو آنکھ کی ٹھنڈک قرار دیا گیا اور اسے سب سے زیادہ محبوب قرار دیا گیا اور یہ بات معلوم ہے کہ اس سے حواس خمسہ کا کوئی تعلق نہیں بلکہ ایک چھٹی حس ہے جو دل کے ماتحت ہے اس کا ادراک اسی شخص کو ہوتا ہے جس کے پاس دل ہو ان پانچ حواس میں جانور بھی انسان کے ساتھ شریک ہیں۔

اگر محبت کا تعلق صرف ان چیزوں سے ہوتا جن کا ادراک حواس خمسہ سے ہوتا ہے حتیٰ کہ یوں کہا جائے کہ چونکہ اللہ تعالیٰ

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد ۲ ص ۱۶۰ کتاب النکاح

کا ادراک حواس سے نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ خیال میں آسکتا ہے لہذا اس سے محبت نہیں ہوگی تو اس بات سے انسان کی
کی خاصیت باطل ہو جائے گی اور وہ چھٹی حس بیکار ہو جائے گی جس کے ذریعے انسان، حیوانات سے ممتاز ہوتا ہے اور
اسے عقل یا نور یا قلب یا اس طرح کا کوئی دوسرا نام دے سکتے ہیں۔ اور اس میں کوئی حرج نہیں۔

اور یہ بات بعید ہے کیوں کہ باطنی بصیرت ظاہری نگاہ سے زیادہ قوت رکھتی ہے اور آنکھ کے مقابلے میں دل کو زیادہ
ادراک ہوتا ہے اور عقل کے ذریعے جن معانی کا ادراک ہوتا ہے ان کا جمال ان صورتوں کے جمال سے زیادہ ہوتا ہے جو
آنکھوں کے سامنے ظاہر ہوتی ہیں پس دل جن امور شریفہ الٰہیہ کا ادراک کرتا ہے اور حواس ان کا ادراک نہیں کر سکتے وہ
زیادہ مکمل اور ابلغ ہوتے ہیں پس طبع سلیم اور عقل صحیح کا اس کی طرف میلان زیادہ قوی ہوتا ہے لہذا محبت کا مفہوم یہ ہوا
کہ اس چیز کی طرف میلان ہو جس کے ادراک میں لذت ہوتی ہے جیسا کہ اس کی تفصیل آگے آئے گی پس اس وقت
اللہ تعالیٰ کی محبت کا وہی شخص انکار کرتا ہے جس کو اس کی کوتاہی اسے جانوروں کے درجہ میں بٹھا دیتی ہے اور اس کا ادراک
حواس سے آگے بالکل نہ بڑھ سکے۔

تیسرا ضابطہ:

اس بات میں کوئی پوشیدگی نہیں کہ انسان اپنے نفس سے محبت کرتا ہے اور یہ بات بھی واضح ہے کہ بعض اوقات
وہ اپنی ذات کے لیے دوسروں سے محبت کرتا ہے اور کیا یہ تصور ہو سکتا ہے کہ وہ دوسروں سے ان کی ذات کی وجہ سے
محبت کرے اپنے لیے نہیں یہ بات ضعیف لوگوں کے لیے مشکل ہو گئی حتیٰ کہ ان کے خیال میں اس بات کا تصور نہیں ہو سکتا
کہ انسان دوسرے سے اس کی ذات کے لیے محبت کرے جب تک محب کو محبوب کی ذات کے ادراک کے علاوہ کوئی
فائدہ نہ ہو، لیکن حق بات یہ ہے کہ اس بات کا تصور بھی ہو سکتا ہے اور عملاً یہ موجود بھی ہے اب ہم محبت کے اسباب
اور ان کی اقسام بیان کرتے ہیں۔

اسباب محبت:-

اس بات کا بیان یہ ہے کہ ہر زندہ کے لیے سب سے پہلا محبوب اس کا نفس اور ذات ہے اور اپنے نفس سے محبت
کا معنی یہ ہے کہ وہ طبعی طور چاہتا ہے کہ اس کا وجود دائمی ہو اور وہ اپنے معدوم ہونے اور ہلاکت سے نفرت کرتا ہے کیوں کہ
طبعی طور پر محبوب چیز ہوتی ہے جو محبوب کے موافق ہو اور انسان کے لیے اپنے نفس اور دوام وجود سے بڑھ کر کیا چیز موافق
ہو سکتی ہے اور اپنے عدم اور ہلاکت سے بڑھ کر مخالفِ طبع کیا چیز ہوگی اسی لئے انسان وجود کا دوام چاہتا ہے اور موت اور
قتل کو ناپسند کرتا ہے صرف یہ بات نہیں کہ موت کے بعد (کے حالات) سے خوف کھاتا ہے اور موت کی سختیوں سے بچنا
چاہتا ہے بلکہ اگر اسے کسی تکلیف کے بغیر اٹھا لیا جائے اور کسی ثواب و عذاب کے بغیر اسے موت دی جائے تو بھی وہ
اس پر راضی نہیں ہوتا اور اسے ناپسند کرتا ہے ہاں اگر دنیا میں کوئی سختی وغیرہ پہنچے تو موت کو پسند کرتا ہے اور جب وہ

کسی مصیبت میں مبتلا ہوتا ہے تو مصیبت کا زوال چاہتا ہے اب اگر معدوم ہونے کو پسند کرے تو اس لیے اس کو پسند نہیں کرتا کہ وہ عدم ہے (نہ ہونا ہے) بلکہ اس لیے کہ اس میں مصیبت کا زوال ہے پس ہلاکت اور معدوم ہونے سے نفرت ہوتی ہے اور ہمیشہ کے لیے باقی رہنا محبوب ہوتا ہے۔

اور جس طرح دوامِ وجود محبوب ہوتا ہے اسی طرح کمالِ وجود بھی محبوب ہوتا ہے کیوں کہ ناقص میں کمال نہیں اور جس قدر کمال میں نقص ہوگا۔ اسی قدر عدم ہوگا اور یہ ایک قسم کی ہلاکت ہے اور صفات میں ہلاکت و عدم سے بھی نفرت ہوتی ہے اور کمال وجود میں کمی ہو تو یہ بھی باعثِ نفرت ہے جس طرح اصل ذات میں عدم سے نفرت ہوتی ہے اور کمال صفات کا پایا جانا محبوب ہوتا ہے جس طرح اصلِ وجود کا پایا جانا محبوب ہے اور یہ بات اللہ تعالیٰ کی عادت مبارکہ کے مطابق فطرتی اور طبعی ہے ارشاد خداوندی ہے۔

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيلًا ۔ (۱) اور تم ہرگز سنتِ الٰہیہ میں تبدیلی نہیں پاؤ گے۔

تو نتیجہ یہ ہوا کہ انسان کے لیے محبوب اول اس کی ذات ہے پھر اس کے اعضاء کی سلامتی اس کے بعد اس کا مال، اولاد، خاندان، اور پھر دوست احباب، پس اعضاء محبوب ہیں اور ان کی سلامتی مطلوب ہے کیوں کہ وجود کا کمال اور دوام ان اعضاء پر موقوف ہے اور مال بھی محبوب ہوتا ہے کیوں کہ یہ وجود کے دوام اور کمال کے لیے ایک آلہ ہے نیز تمام اسباب کا یہی حال ہے۔

پس انسان ان چیزوں سے ان کی ذات کی وجہ سے محبت نہیں کرتا بلکہ اس لیے کہ وجود کے دوام و کمال کے سلسلے میں اس کا فائدہ ان سے ملا ہوتا ہے حتیٰ کہ وہ اپنی اولاد سے محبت کرتا ہے اگرچہ اسے اس سے کوئی فائدہ نہ ہو بلکہ اس کے لیے مشقت برداشت کرتا ہے کیوں کہ یہ اس کے مرنے کے بعد اس کا نائب بنتا ہے پس اس کی نسل کے باقی رہنے میں ایک طرح سے خود اس کا باقی رہنا ہے تو چونکہ وہ اپنے وجود کے بقا کو زیادہ چاہتا ہے اس لیے وہ ان لوگوں کے باقی رہنے کا خواہش مند ہوتا ہے جو اس کے قائم مقام ہوں گویا وہ اس کا ایک جزء ہے کیوں کہ وہ خود اپنی ذات کے دوام کی طمع سے عاجز ہے ہاں اگر اسے اس کے اور بیٹے کے قتل کے درمیان اختیار دیا جائے اور اس کی طبیعت اعتدال پر ہو تو وہ اولاد کے باقی رہنے پر اپنی بقا کو ترجیح دیتا ہے کیوں کہ اس کی اولاد کا باقی رہنا من وجہ اس کا باقی رہنا ہے لیکن بعینہٖ اس کا باقی رہنا نہیں ہے اسی طرح قرابت داروں اور خاندان سے محبت بھی ذاتی کمال کی محبت کی طرح لوٹتی ہے کیونکہ وہ ان کے ذریعے اپنی کثرت اور ان کے سبب سے اپنی قوت دیکھتا ہے اور ان کے کمال کو اپنے لیے باعثِ فخر جانتا ہے کیونکہ خاندان، مال اور خارجی اسباب بازو کی طرح ہیں جو انسان کو مکمل کرتے ہیں اور وجود کا کمال اور دوام لازماً طبعی

---

(۱) ۔ قرآن مجید، سورۂ احزاب آیت ۶۲

طور پر محبوب ہوتے ہیں۔

تو ہر زندہ کے نزدیک سب سے پہلا محبوب اس کی ذات کا کمال اور ان سب چیزوں کا دوام ہے اور اس کی خلاف جو کچھ ہے وہ ناپسند ہوتا ہے۔ یہ سب سے پہلا سبب ہے۔

دوسرا سبب:

محبت کا دوسرا سبب احسان ہے کیوں کہ انسان احسان کا بندہ ہے اور محسن سے محبت اور بُرا سلوک کرنے والے سے بُغض پر دل مجبور ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں دعا مانگی۔

اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْ لِفَاجِرٍ عَلَیَّ یَدًا تُحِبُّہٗ قَلْبِیْ۔ (۱) — یا اللہ! کسی فاجر (بدکار) کو میرا محسن نہ بنانا اس طرح میرا دل اس سے محبت کرنے لگے گا۔

یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ محسن سے قلبی محبت اضطراری ہے اسے دُور نہیں کیا جا سکتا ہے اور یہ جبلی اور فطری بات ہے اس کی تبدیلی کی طرف کوئی راہ نہیں۔ اسی وجہ سے بعض اوقات اجنبی انسان سے محبت ہوتی جس کے ساتھ نہ تو قرابت کا تعلق ہوتا ہے اور نہ کوئی دوسرا تعلق۔ اگر اس (دوسرے سبب) میں غور کیا جائے تو یہ بھی پہلے سبب کی طرف ہی لوٹتا ہے کیوں کہ محسن وہ ہوتا ہے جو مال اور دوسرے اسباب جو دوام وجود تک پہنچاتے ہیں۔ کے ذریعے مدد کرتا ہے اس کی مدد سے کمال وجود اور ان فوائد کا حصول ہوتا ہے جن کے ذریعے وجود پایا جاتا ہے۔ ہاں یہ فرق ضرور ہے کہ انسانی اعضاء اس لیے محبوب ہوئے ہیں کہ ان کے ذریعے وجود کامل ہوتا ہے اور یہ کمال بعینہٖ مطلوب ہے لیکن محسن عین کمال مطلوب نہیں ہے ہاں بعض اوقات اس کا سبب بنتا ہے جس طرح طبیب صحتِ اعضاء کے دوام کے لیے سبب قرار پاتا ہے پس صحت کی چاہت اور صحت کے سبب یعنی طبیب کی محبت میں فرق ہے کیوں کہ صحت ذاتی طور پر مطلوب ہوتی ہے اور طبیب ذاتی طور پر محبوب نہیں ہوتا بلکہ اس سے محبت اس لیے ہوتی ہے کہ وہ صحت کا سبب ہے اسی طرح علم محبوب ہے اور استاذ سے بھی محبت ہوتی ہے لیکن علم ذاتی طور پر محبوب ہوتا ہے اور استاذ سے محبت کی وجہ یہ ہے کہ وہ علم محبوب کا سبب ہے اسی طرح کھانا اور پانی محبوب ہیں اور دینار بھی محبوب ہیں لیکن کھانا ذاتی طور پر محبوب ہے اور دیناروں سے محبت اس لیے ہوتی ہے کہ وہ کھانے تک پہنچنے کا وسیلہ ہیں۔

تو فرق رتبہ میں تفاوت کے اعتبار سے ہوا ورنہ دونوں میں انسان کی محبت اپنے نفس سے ہوتی ہے پس جو شخص کسی محسن سے اس کے احسان کی وجہ سے محبت کرتا ہے تو وہ حقیقت میں اس کی ذات سے محبت نہیں کرتا بلکہ اس کے احسان سے محبت کرتا ہے اور وہ اس کا ایک فعل ہے اگر وہ زائل ہو جائے تو محبت بھی ختم ہو جائے حالانکہ اس

---

(۱) الفوائد المجموعۃ ۱۱۲ حدیث ۸ کتاب الجہاد

رمحسن) کی ذات باقی رہتی ہے اور احسان میں کمی محبت میں کمی اور اس میں اضافہ محبت بھی زیادتی کا باعث ہے اس (محبت) کی کمی بیشی کا دارومدار احسان میں کمی بیشی پر ہے۔

تیسرا سبب:

کسی چیز سے اس کی ذات کی وجہ سے محبت کرے اس سے کچھ اور فائدہ حاصل کرنا مقصود نہ ہو بلکہ صرف اس کی ذات ہی مطلوب ہو یہ حقیقی محبت ہے جس کے دوام کا اعتماد ہوتا ہے جیسے حسن و جمال کی محبت ہے کیوں کہ جس شخص کو جمال کا ادراک ہوتا ہے اس کے نزدیک ہر جمال محبوب ہوتا ہے اور یہ محبت صرف جمال کی وجہ سے ہوتی ہے کیوں کہ جمال کے ادراک میں ہی لذت ہوتی ہے جو ذاتی طور پر محبوب ہوتی ہے کسی غیر کی وجہ سے نہیں اور یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ اچھی صورتوں سے محبت صرف قضائے شہوت کے لیے ہوتی ہے کیوں کہ شہوت کو پورا کرنا دوسری لذت ہے اور بعض اوقات اس مقصد کے بغیر اچھی صورتوں سے محبت کی جاتی ہے اور محض جمال کا ادراک بھی لذیذ ہوتا ہے پس جائز ہے کہ وہ ذاتی طور پر محبوب ہو اور اس بات کا انکار کیسے کیا جا سکتا ہے جب کہ سبزی اور جاری پانی محبوب ہوتا ہے لیکن اس لئے نہیں کہ اس پانی کو پیا جائے اور سبزی کو کھایا جائے یا ان سے دیکھنے کے علاوہ کوئی فائدہ اٹھایا جائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سبزہ اور چلتا ہوا پانی پسند تھا (آپ اسے دیکھنا چاہتے تھے) (۱)

سلیم طبیعتیں شگوفوں، پھولوں اور خوبصورت عمدہ نقش و نگار والے اور مناسب شکل کے پرندوں کو دیکھ کر لذت حاصل کرتی ہیں حتیٰ کہ آدمی جب ان چیزوں کو دیکھتا ہے تو اس کا غم اور پریشانیاں دور ہو جاتی ہیں حالانکہ وہ ان سے دیکھنے کے علاوہ کوئی دوسرا فائدہ نہیں اٹھاتا۔

پس یہ اسباب لذت رساں ہیں اور ہر لذیذ چیز محبوب ہوتی ہے اور کسی بھی حسن و جمال کا ادراک لذت سے خالی نہیں ہوتا اور کوئی بھی شخص اس بات سے انکار نہیں کرتا کہ جمال طبعی طور پر محبوب ہوتا ہے پس اگر ثابت ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ صاحبِ جمال ہے تو جس کے لیے اس کے جمال و جلال کا انکشاف ہوگا اس کے نزدیک وہ محبوب ہوگا جیسا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ اللّٰہَ جَمِیْلٌ یُحِبُّ الْجَمَالَ (۲) — بے شک اللہ تعالیٰ جمیل ہے اور جمال کو پسند کرتا ہے۔

چوتھا اصل:

حسن و جمال کا معنیٰ

جو لوگ خیالات اور محسوسات کی قید میں بند ہیں وہ بعض اوقات گمان کرتے ہیں کہ حسن و جمال کا مفہوم صرف یہ ہے کہ شکل و صورت

---

(۱) کنز العمال جلد ۷ ص ۱۵۰ حدیث ۱۸۴۶۱

(۲) صحیح مسلم جلد اول ص ۶۵ کتاب الایمان

مناسب ہو، رنگ اچھا ہو سُرخی اور سفیدی کی آمیزش ہو اور قد لمبا ہو وغیرہ وغیرہ یعنی صرف وہ باتیں جن سے کسی انسان کے حلیے کا ذکر کیا جاتا ہے کیوں کہ مخلوق پر غالب حُسن وہی ہے جو آنکھوں سے نظر آئے اور انسان عام طور پر انسانی صورتوں کی طرف ہی متوجہ ہوتا ہے اور وہ گمان کرتا ہے کہ جس چیز کو دیکھا نہیں جا سکتا یا اس کو خیال میں نہیں لایا جا سکتا یا اس کی کوئی شکل نہیں نہ اس کا کوئی رنگ ہو تو اس کے حُسن کا تصور نہیں ہو سکتا اور جب اس کے حُسن کا تصور نہیں ہو سکتا تو اس کے ادراک میں کوئی لذت بھی نہیں پس وہ محبوب نہیں ہو سکتی۔ لیکن یہ واضح غلطی ہے کیوں کہ حُسن صرف ان چیزوں میں بند نہیں ہوتا جن کا ادراک آنکھوں سے نہ ہو سکتا ہو اور نہ ان چیزوں سے خاص ہے جن کی خلقت میں تناسب ہے اور اس کا رنگ سرخ و سفید ہے کیوں کہ ہم کہتے ہیں یہ خط اچھا ہے، یہ آواز اچھی ہے اور یہ گھوڑا اچھا ہے بلکہ ہم کہتے ہیں یہ کپڑا اچھا ہے یہ برتن اچھا ہے تو آواز، خط اور باقی چیزوں کے حُسن کا کیا معنیٰ ہوگا اگر حُسن صرف صورت میں ہو اور یہ بات معلوم ہے کہ آنکھوں کو اچھا خط دیکھ کر لذت حاصل ہوتی ہے، کان اچھے خوبصورت نغمے سن کر لذت حاصل کرتے ہیں اور جن جن چیزوں کا ادراک ہوتا ہے وہ حسین بھی ہوتی ہیں اور قبیح بھی، تو جس حُسن میں یہ چیزیں شریک ہیں اس کا کیا مفہوم ہوگا لہٰذا اس مسئلے پر بحث کرنا ضروری ہے اور یہ طویل بحث ہے جو علم معاملہ کے لائق نہیں جس میں اختصار ہوتا ہے پس ہم تصریح کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہر چیز کا جمال وہی ہے جو اس کے لائق اور ممکن ہو۔

تو جب اس میں تمام ممکنہ کمالات جمع ہوں تو وہ انتہائی جمال میں ہوگا اور اگر بعض کمالات ہوں تو جس قدر کمالات موجود ہوں گے اسی قدر حُسن و جمال ہوگا پس اچھا گھوڑا وہی ہے جس میں اس کے لائق و مناسب شکل رنگ، اچھی رفتار اور دوڑ دھوپ ہو اور اچھا خط وہ ہوگا جس میں وہ خوبیاں جمع ہوں جو خط کے لائق ہیں یعنی حروف مناسب و متوازی ہوں اور ترتیب و انتظام عمدہ ہو۔

تو ہر چیز کا ایک کمال ہوتا ہے جو اس کے لائق ہوتا ہے اور اس کے غیر میں بعض اوقات اس کی ضد ہوتی ہے تو ہر چیز کا حسن کمال وہی ہے جو اس کے لائق ہو پس انسان کا حُسن اس چیز کے ساتھ نہیں ہوتا جس کے ساتھ گھوڑے کا حُسن ہوتا ہے اور جس چیز کے ذریعے آواز کو حُسن حاصل ہوتا ہے اس کے ذریعے خط کو حُسن حاصل نہیں ہوتا اسی طرح برتنوں کا حُسن ان امور کے ساتھ نہیں ہوتا جن کے ذریعے کپڑوں یا دیگر اشیاء کو حُسن حاصل ہوتا ہے۔

سوال:

اگرچہ ان چیزوں کا ادراک آنکھوں سے نہیں ہوتا جیسے آواز، ذائقے وغیرہ لیکن دیگر حواس سے تو ان کا ادراک ہوتا ہے پس یہ محسوسات ہیں اور محسوسات کے حُسن و جمال کا انکار نہیں کیا جا سکتا اور جب ان کے حُسن کا ادراک ہو تو حصول لذت کا انکار بھی نہیں کیا جا سکتا اور انکار ان ہی چیزوں میں ہوتا ہے جن کا ادراک حواس سے نہ ہو سکے۔

جواب:

غیر محسوسات میں بھی حسن وجمال موجود ہوتا ہے کیوں کہ کہا جاتا ہے کہ یہ اچھا خُلق ہے یہ اچھا علم ہے یہ اچھی سیرت ہے اور یہ اخلاقِ جمیلہ ہیں اور اخلاقِ جمیلہ سے مراد علم، عقل، پاک دامنی، شجاعت، تقویٰ، کرم، مروّت اور اچھی خصلتیں مراد ہیں اور ان میں سے کسی بات کا ادراک حواسِ خمسہ کے ذریعے نہیں ہوتا بلکہ باطنی نورِ بصیرت سے ہوتا ہے اور یہ تمام اچھی خصلتیں محبوب ہیں اور جو شخص ان صفات سے موصوف ہوتا ہے وہ ان لوگوں کے نزدیک طبعی طور پر محبوب ہوتا ہے جو اس کی صفات کو پہچانتے ہیں اور اس کی نشانی یہ ہے اور معاملہ یہی ہے کہ انبیاءِ کرام علیہم السلام اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی محبت انسانوں کی سرشت میں رکھدی گئی ہے حالانکہ ان کو دیکھا نہیں بلکہ اربابِ مذاہب مثلاً حضرت امام شافعی، حضرت امام ابوحنیفہ اور حضرت امام مالک (حضرت امام احمد بن حنبل) رحمہم اللہ سے محبت بھی فطری ہے حتیٰ کہ بعض اوقات آدمی اپنے امام کی محبت میں عشق کی حد سے بھی تجاوز کر جاتا ہے اور اس محبت کے باعث اپنا تمام مال اپنے مذہب کی نصرت اور دفاع میں خرچ کر ڈالتا ہے اور جو شخص اس کے امام اور اس کے پیروکاروں کے بارے میں زبان طعن دراز کرے یہ اس سے لڑنے مرنے کے لیے تیار ہو جاتا ہے اربابِ مذاہب کی مدد میں کتنے ہی خون بہہ چکے ہیں۔

معلوم جو شخص حضرت امام شافعی رحمہ اللہ سے محبت کرتا ہے تو وہ ان سے کیوں محبت کرتا ہے حالانکہ اس نے کبھی بھی ان کی صورت نہیں دیکھی اور اگر دیکھی بھی ہو تو شاید اس صورت کو ناپسند کرتا ہو تو اس کو جو صورت اچھی لگی اور اس نے اسے محبت پر مجبور کیا وہ ان کی باطنی صورت ہے ظاہری صورت نہیں آپ کی ظاہری صورت تو خاک میں مل گئی (قبر میں چلی گئی) لیکن ان سے محبت ان کی باطنی صفات یعنی دین تقویٰ، کثرتِ علم اور طرقِ دین سے آگاہی علم شریعت کی تدریس کے لیے کمربستہ ہونے اور دنیا میں ان نیکیوں کو پھیلانے کی وجہ سے ہے۔

یہ تمام امور جمیل ہیں لیکن ان کے جمال کا ادراک نورِ بصیرت کے بغیر نہیں ہوتا حواسِ خمسہ ان کے ادراک سے قاصر ہیں اسی طرح جو شخص حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے محبت کرتا ہے اور آپ کو دوسرے صحابہ کرام سے افضل سمجھتا ہے یا حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے محبت کرتا ان کو افضل سمجھتا اور ان کے حق میں تعصب سے کام لیتا ہے تو وہ ان حضرات کی باطنی صورتوں یعنی علم، دین تقویٰ، شجاعت وغیرہ کے حسن کے باعث ان سے محبت کرتا ہے اور یہ بات معلوم ہے کہ جو شخص حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے محبت کرتا ہے وہ آپ کی ہڈیوں، گوشت، کھال اعضاء اور شکل وصورت کی وجہ سے محبت نہیں کرتا کیوں کہ یہ سب چیزیں (دنیا سے رخصت ہو کر) بدل گئی ہیں بلکہ ان باتوں کی وجہ سے محبت کرتا ہے جن کے باعث حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ صدیق تھے اور یہ صفات محمودہ ہیں جو اچھی سیرتوں کے مصادر (مراکز) ہیں لہٰذا ان صفات کے باقی رہنے کی وجہ سے آپ کی محبت بھی باقی ہے حالانکہ ظاہری صورتیں زائل ہو چکی ہیں اور یہ تمام صفات علم اور قدرت کی طرف رجوع کرتی ہیں کیوں کہ آپ نے حقائقِ امور کو جانا اور خواہشات کو دبا کر ان صفات سے نفس کو موصوف کرنے پر قادر ہوئے۔

تو تمام اچھی خصلتوں کا پھیلاؤ ان دو وصفوں سے ہوتا ہے اور ان دونوں کا ادراک حواس سے نہیں ہوتا اور پورے جسم میں ان کا محل ایک ایسی جز ہے جو آگے تقسیم نہیں ہوتی اور حقیقت میں وہی محبوب ہے اور ایسی جز جو آگے تقسیم نہیں ہوتی اس کی کوئی صورت شکل اور رنگ نہیں ہوتا جو آنکھوں کے سامنے ظاہر ہو اور اس کی وجہ سے وہ محبوب ہو۔

لہٰذا جمال سیرت میں پایا جاتا ہے اور اگر اچھی سیرت علم اور بصیرت کے بغیر صادر ہو تو اس سے محبت پیدا نہ ہوگی پس محبوب مصدر سیرت جمیلہ ہے اور یہ اچھے اخلاق اور فضائل شریفہ ہیں جن کی بنیاد علم و قدرت کا کامل ہونا ہے اور یہ طبعاً محبوب ہیں اور ان کا ادراک حواس سے نہیں ہوتا ـــــ حتیٰ کہ وہ بچہ جو صرف اپنی طبیعت کا پابند ہو جب ہم کسی غائب یا حاضر یا فوت شدہ کو اس کے نزدیک محبوب بنانا چاہیں تو ہمارے پاس صرف ایک ہی طریقہ ہے کہ اس شخص کے اوصاف یعنی شجاعت، کرم، علم اور دیگر خصائل حمیدہ کو مبالغے کے ساتھ بیان کریں جب وہ اس کا اعتقاد رکھے گا تو بے اختیار محبت کرنے لگے گا اور اس کی محبت چھوڑنے پر قادر نہ ہوگا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت اور ابوجہل نیز ابلیس سے نفرت کا غلبہ اسی وجہ سے ہے کہ صحابہ کرام کے محاسن اور ابوجہل وغیرہ کی قباحتوں کو اچھی طرح بیان کیا جاتا ہے حالانکہ ان محاسن اور قباحتوں کا ادراک حواس سے نہیں ہوتا جب حاتم طائی کی سخاوت اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی شجاعت بیان کی گئی تو دلوں میں ان کی محبت ضروری طور پر جاگزیں ہوگئی اور یہ محبت ان کی صورت محسوسہ کو دیکھنے کی وجہ سے نہیں اور نہ ہی ان سے محبت کرنے والے ان سے کوئی فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

بلکہ جب دنیا کے مختلف علاقوں میں موجود بعض بادشاہوں کی سیرت بیان کی جاتی ہے یعنی ان کے عدل، احسان اور صدقہ و خیرات کا ذکر ہوتا ہے تو دلوں پر ان کی محبت غالب آجاتی ہے حالانکہ اس بات سے مایوسی ہوتی ہے کہ ان بادشاہوں کا احسان ان محبت کرنے والوں تک پہنچے گا کیوں کہ وہ دور دراز کے علاقے میں رہتے ہیں اور ان سے ملاقات بھی نہیں ہو سکتی لہٰذا نتیجہ یہ ہوا کہ انسان کی محبت صرف ان لوگوں سے نہیں ہوتی جو اس سے حسن سلوک کریں بلکہ محسن ذاتی طور پر ہی محبوب ہوتا ہے اگرچہ اس کا احسان محب تک کبھی نہ پہنچے کیوں کہ ہر جمال اور حسن محبوب ہوتا ہے اور صورت ظاہری بھی ہوتی ہے اور باطنی بھی، اور حسن و جمال دونوں میں ہوتا ہے ظاہری صورتیں ظاہری آنکھ سے دیکھی جاتی ہیں اور باطنی صورتوں کو باطنی بصیرت کے ساتھ دیکھا جاتا ہے پس جو شخص باطنی بصیرت سے محروم ہو وہ باطنی صورتوں کا نہ تو ادراک کر سکتا ہے نہ ان سے لذت اندوز ہو سکتا ہے نہ ان سے محبت کرتا ہے اور نہ ہی ان کی طرف مائل ہوتا ہے اور جس شخص کی باطنی بصیرت حواس ظاہرہ پر غالب ہو وہ ظاہری معانی کی نسبت باطنی معانی کو زیادہ چاہتا ہے پس وہ شخص جو دیوار پر بنے ہوئے نقش و نگار سے ظاہری صورت کی وجہ سے محبت کرتا ہے اور وہ جو کسی نبی (علیہ السلام) سے ان کی باطنی صورت کے جمال کی وجہ سے محبت کرتا ہے تو ان دونوں میں فرق ہے۔

پانچواں سبب:

محب اور محبوب کے درمیان پوشیدہ مناسبت کی وجہ سے محبت ہوتی ہے کیوں کہ بعض اوقات دو آدمیوں کی درمیان محبت جمال یا کسی نفع کی وجہ سے پکی نہیں ہوتی بلکہ محض ارواح کے درمیان مناسبت کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ وَمَا تَنَاكَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ ۔ (۱)

پس ان میں سے جو (عالم ارواح میں) ایک دوسرے سے متعارف ہوئے ان کے درمیان الفت پیدا ہو گئی اور جو ایک دوسرے سے اجنبی رہے ان کے درمیان اختلاف ہوا۔

ہم نے اس بات کو آدابِ صحبت کے بیان میں اللہ تعالیٰ کے لیے محبت کا ذکر کرتے ہوئے بیان کیا ہے وہاں سے معلوم کریں، کیوں کہ یہ بھی اسبابِ محبت کے عجائب میں سے ہے۔

تو خلاصہ یہ ہوا کہ محبت کی اقسام پانچ اسباب کی طرف لوٹتی ہیں یعنی (۱) انسان اپنے نفس کے پائے جانے اور اس کے کمال اور بقا کی چاہت رکھتا ہے (۲) اس شخص سے محبت کرتا ہے جو اس پر ایسی چیز کے ذریعے احسان کرے جو اس کے بقا اور وجود کے دوام کا باعث ہے نیز اس سے مہلکات کو دور کرتی ہے (۳) جو شخص اس پر احسان نہیں کرتا لیکن وہ ذاتی طور لوگوں پر احسان کرنے والا ہے (۴) جو چیز ذاتی طور پر جمیل ہو چاہے (۵) باطن میں جن دو شخصوں کے درمیان پوشیدہ مناسبت ہو۔ اگر کسی شخص میں یہ تمام اسباب جمع ہو جائیں تو لامحالہ اس سے محبت بڑھ جاتی ہے جس طرح کسی شخص کا بیٹا خوبصورت ہو، اچھے اخلاق کا مالک ہو، علم میں کامل ہو، اچھی تدبیر والا ہو، لوگوں سے حسن سلوک کرنے والا اور باپ کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنے والا ہو تو لامحالہ اس سے انتہائی درجہ کی محبت ہو گی ان خصلتوں کے جمع ہونے کے بعد جس قدر یہ خصلتیں قوی ہوں گی اسی قدر محبت بھی قوی ہو گی اگر یہ صفات کمال کے انتہائی درجہ کو پہنچی ہوئی ہوں تو لامحالہ محبت بھی نہایت اعلیٰ درجہ کی ہو گی۔

پس ہم اس بات کو واضح کرتے ہیں کہ ان تمام اسباب کا کامل ہونا اور جمع ہونا صرف اللہ تعالیٰ کے حق میں متصور ہوتا ہے پس درحقیقت محبت کا استحقاق صرف اللہ سبحانہ وتعالیٰ کو ہے۔

فصل ۳:

مستحق محبت صرف اللہ تعالیٰ ہے

جو شخص اللہ تعالیٰ کے غیر سے یوں محبت کرتا ہے کہ اس (غیر) کی اللہ تعالیٰ سے نسبت نہ ہو تو وہ اپنی جہالت اور معرفت

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۳۱ کتاب البر والصلۃ

خداوندی میں کوتاہی کی وجہ سے ایسا کرتا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت محمود ہے کیوں کہ یہ بعینہ اللہ تعالیٰ کی محبت ہے اسی طرح علماء اور متقی لوگوں سے محبت بھی اللہ تعالیٰ سے ہی محبت کرنا ہے کیوں کہ محبوب کا محبوب نیز محبوب کا رسول اور محبوب کا محب بھی محبوب ہوتا ہے اور ان سب سے محبت اصل سے محبت کی طرف لوٹتی ہے (یعنی اللہ تعالیٰ سے ہی محبت ہے) اس کے غیر کی طرف تجاوز نہیں کرتی اور ارباب بصیرت کے نزدیک حقیقت میں محبوب صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اور اس کے علاوہ کوئی محبت کا مستحق نہیں ہے۔

اس کی وضاحت اس طرح ہے کہ ہم ان پانچوں اسباب کی طرف رجوع کریں جن کا ہم نے ذکر کیا ہے اور اس بات کو بیان کریں کہ یہ تمام اسباب اللہ تعالیٰ کی ذات میں جمع ہیں اور دوسروں میں یہ انفرادی طور پر پائے جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی ذات میں ان کا پایا جانا حقیقتاً ہے اور اس کے غیر میں ان کی موجودگی وہم و خیال ہے اور محض مجاز ہے اس کی کوئی حقیقت نہیں۔

پس جب یہ بات ثابت ہوگئی تو ہر صاحب بصیرت کے لیے اس بات کی ضد منکشف ہوگی جس کا خیال کمزور عقل اور کمزور دل والے لوگ کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے لیے حقیقتاً محبت محال ہے اور یہ بات بھی ظاہر ہوگئی کہ تحقیق کا تقاضا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے محبت نہ کی جائے۔

پہلا سبب یعنی انسان کا اپنے آپ سے محبت کرنا اور اپنے باقی رہنے نیز کمال اور دوام وجود کی چاہت رکھنا نیز ہلاکت، عدم اور نقصان نیز کمال کو ختم کرنے والے امور سے نفرت کرنا ہے یہ بات ہر زندہ شخص کی فطرت میں داخل ہے اور اس سے اس کی جدائی کا تصور نہیں ہوسکتا اور یہ بات اللہ تعالیٰ سے انتہائی درجہ کی محبت کا تقاضا کرتی ہے۔ کیوں کہ جو شخص اپنے آپ کو بھی پہچانتا ہے اور اپنے رب کو بھی پہچانتا ہے وہ قطعی طور پر اس بات کو جانتا ہے کہ اس کا ذاتی طور پر کوئی وجود نہیں اور اس کی ذات کا وجود، وجود کا دوام اور کمال وجود سب کچھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اللہ تعالیٰ کی طرف (جانے والا) ہے اور اللہ تعالیٰ (کی رحمت) کے ساتھ ہے وہی بنانے والا وجود عطا کرنے والا ہے وہی باقی رکھنے والا ہے اور صفاتِ کمال کی تخلیق کے ذریعے وہی اس (انسان) کے وجود کو مکمل کرنے والا ہے اسی نے وہ اسباب پیدا کئے جو اس تک پہنچاتے ہیں اور اسی نے اسباب کے استعمال کے لیے ہدایت کو تخلیق کیا ورنہ بندے کا ذاتی طور پر کوئی وجود نہیں بلکہ وہ محض عدم اور مٹا ہوا ہے اگر اللہ تعالیٰ اسے اپنے فضل سے پیدا نہ کرتا اور اگر اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے ذریعے اسے باقی نہ رکھتا تو وہ وجود میں آنے کے بعد ہلاک ہو جاتا ہے نیز اگر اللہ تعالیٰ اس کی خلقت کو مکمل کرنے کے ذریعے اس پر اپنا فضل نہ فرماتا تو وہ وجود میں آنے کے بعد ناقص رہتا۔

خلاصہ یہ ہوا کہ کوئی بھی موجود چیز ایسی نہیں جو خود بخود قائم ہو سوائے قیوم اور حی ذات کے جو ذاتی طور پر قائم ہے باقی سب کچھ اسی کے ساتھ قائم ہے پس اگر اپنی ذات سے محبت رکھے گا اور اس کو وجود کا فائدہ غیر سے حاصل ہوا ہے

تو لازماً اسے اس ذات سے بھی محبت ہوگی جس نے اسے وجود عطا کیا ہے اور وہ اسے باقی رکھنے والا ہے اگر وہ اس کو خالق، موجد، مخترع (بنانے والا)، باقی رکھنے والا، ذاتی طور پر قائم اور دوسروں کو قائم رکھنے والا سمجھتا ہے اب اگر وہ اس سے محبت نہیں کرتا تو وہ اپنے سے بھی اور اپنے رب سے بھی جاہل ہے اور محبت، معرفت کا نتیجہ ہے لہٰذا معرفت کے معدوم ہونے سے محبت بھی معدوم ہوجاتی ہے اس کے کمزور ہونے سے کمزور اور مضبوط ہونے سے مضبوط ہوتی ہے۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص اللہ تعالیٰ کو پہچان لیتا ہے وہ اس سے محبت کرتا ہے اور جو آدمی دنیا کی معرفت حاصل کر لیتا ہے وہ اس میں زہد اختیار کرتا ہے (بے رغبت ہو جاتا ہے) اور اس کا تصور کیسے ہو سکتا ہے کہ انسان اپنے آپ سے محبت کرے لیکن اپنے رب سے محبت نہ کرے حالانکہ اسی کے ساتھ قائم ہے۔

اور یہ بات معلوم ہے کہ جو شخص سورج کی گرمی میں مبتلا ہو جب وہ سائے کو پسند کرتا ہے تو لازمی طور پر وہ درختوں کو بھی پسند کرے گا جن کے ساتھ سایہ قائم ہے اور ہر وہ چیز جو اپنے وجود میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کی طرف منسوب ہوتی ہے وہ اس طرح ہے جیسے سائے کو درخت سے نسبت ہوتی ہے اور روشنی کو سورج سے، کیوں کہ یہ سب اللہ تعالیٰ کی قدرت کے آثار ہیں اور ان سب کا وجود اس کے وجود کے تابع ہے جس طرح نور کا وجود سورج کے تابع ہے اور سائے کا وجود درخت کے تابع ہے بلکہ عوام الناس کے ذہنوں کے مطابق یہ مثال صحیح ہے کیوں کہ ان کے خیال میں روشنی، سورج کا اثر اور فیضان ہے اور اسی کے ساتھ موجود ہے اور یہ محض خطا ہے کیوں کہ ارباب قلوب کے لیے ایسا انکشاف ہوتا ہے جو آنکھوں کے مشاہدے سے زیادہ ظاہر ہوتا ہے وہ یہ کہ نور اللہ تعالیٰ کی قدرت سے حاصل ہوتا ہے یعنی جب سورج کثیف اجسام کے مقابلے میں آتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی قدرت سے نور پیدا ہوتا ہے جس طرح سورج کی روشنی اور اس کی شکل و صورت بھی اللہ تعالیٰ کی قدرت سے حاصل ہوتی ہے لیکن ان مثالوں سے ہماری غرض بات سمجھانا ہے حقائق کی طلب مقصود نہیں۔

تو نتیجہ یہ ہوا کہ اگر انسان کا اپنے آپ سے محبت کرنا ضروری ہے تو اس ذات سے محبت کرنا جس کے ذریعے پہلے وہ قائم ہوتا ہے پھر اسے اپنے اصل، صفات، ظاہر، باطن اور جواہر و اعراض میں دوام حاصل ہوتا ہے سے محبت بھی ضروری ہے اگر وہ اس بات کو اسی طرح جانتا ہے (کہ اس کے ساتھ قائم و دائم ہے)۔

اور جو آدمی اس محبت سے خالی ہو تو وہ اس لیے خالی ہوتا ہے کہ وہ اپنی ذات اور خواہشات میں مشغول ہوتا ہے اپنے رب اور خالق سے اس کی توجہ ہٹی ہوئی ہوتی ہے وہ اسے کما حقہ نہیں پہچانتا اور اس کی نظر صرف خواہشات اور محسوسات تک محدود ہوتی ہے اور یہ عالم شہادت ہے اس میں حصول لذت کے سلسلے میں اس کے ساتھ جانور بھی شریک ہیں اس کی نظر عالم ملکوت کی طرف نہیں جاتی جس (عالم ملکوت) کی زمین کو وہی طے کرتا ہے جس کو فرشتوں سے کچھ مشابہت ہو تو وہ صفات کے اعتبار سے فرشتوں سے جس قدر قریب ہوتا ہے اسی قدر عالم ملکوت میں دیکھے گا اور جس قدر جانوروں کی پستی میں گرے گا اسی قدر اس کی نگاہ عالم ملکوت سے کوتاہ ہوگی۔

دوسرا سبب یعنی اس ذات سے محبت کرنا جو اس پر احسان کرے تو یہ اپنے مال سے اس کا بدلہ دیتا اور کلام میں نرمی برتتا ہے نیز اس کی مدد کرکے اسے قوت مہیا کرتا ہے اور دشمنوں کے قلع قمع کرنے اور بروں کی برائی ختم کرنے میں اس کی مدد کرتا ہے نیز اس کی ذات اولاد اور اقارب کے حوالے سے اس کی اغراض اور فوائد کی تکمیل کے لیے وسیلہ بنتا ہے تو یقیناً ایسا شخص اس کے نزدیک محبوب ہوگا اور یہ بات بعینہ اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ صرف اللہ تعالیٰ سے محبت کرے کیونکہ اگر اس کو صحیح معرفت حاصل ہو جائے تو اسے معلوم ہوگا کہ اس پر احسان کرنے والا تو صرف اللہ تعالیٰ ہے ہمارا مقصود اس کے احسانات کی تفصیل کہ کس بندے پر کیا احسان ہے، معلوم کرنا نہیں کیوں کہ کوئی بھی شمار کرنے والا ان احسانات کی گنتی نہیں کرسکتا جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا۔ اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو ان کو گن نہیں سکتے۔ (۱)

ہم نے اس سلسلے میں کچھ باتیں شکر کے بیان میں ذکر کی ہیں اب ہم صرف یہ بات بیان کریں گے کہ بندوں کی طرف احسان صرف مجازی طور پر ہوتا ہے محسن (حقیقی) تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے مثلاً ہم فرض کرتے ہیں کہ ایک شخص تمہیں اپنے تمام خزانے دیتا ہے تمہیں ان پر قادر کر دیتا ہے کہ تم جس طرح چاہو ان میں تصرف کرو اب اگر تم سمجھو کہ اس نے تم پر احسان کیا ہے تو یہ غلط ہے اس لیے کہ اس کے احسان کی تکمیل کے لیے خود اس کا اپنا وجود، مال پر قدرت، تمہیں مال دینے کی سوچ وغیرہ کا ہونا ضروری ہے تو وہ کون ہے جس نے خود اس کو، اس کے مال اور قدرت نیز ارادے وغیرہ کو پیدا کرکے اس پر انعام کیا اور وہ کون ہے جس نے تمہیں اس کا محبوب بنایا اور اس کی توجہ کو تمہاری طرف پھیرا نیز اس کے دل میں یہ بات ڈالی کہ اس کی دینی یا دنیوی بھلائی اس میں ہے کہ وہ تم پر احسان کرے اگر یہ سب باتیں نہ ہوتیں تو وہ تمہیں اپنے مال میں سے ایک دانہ بھی نہ دیتا جب اللہ تعالیٰ نے یہ تمام لوازم پیدا کیے اور اس کے دل میں یہ بات ڈالی کہ اس کی دینی یا دنیوی بھلائی اسی میں ہے کہ وہ اپنا مال تمہارے حوالے کرے تو وہ اس سلسلے میں مجبور ہے اس کی مخالفت نہیں کر سکتا تو محسن وہ ہے جس نے اسے تمہارے لیے مجبور اور مسخر کیا اور اس پر وہ باتیں مسلط کیں جو اس فعل کا باعث بنیں اس کا ہاتھ تو ایک واسطہ ہے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا احسان تم تک پہنچتا ہے مال کا مالک اس سلسلے میں اسی طرح مجبور ہے جیسے پانی اپنے چلنے میں مجبور ہے۔

اگر تم اسی کو محسن سمجھتے ہو اور اس لیے اس کا شکریہ ادا کرتے ہو کہ وہ ذاتی طور پر محسن ہے واسطے کے طور پر نہیں تو تم حقیقت امر سے ناواقف ہو انسان سے احسان کا تصور صرف یہی ہوتا ہے کہ وہ اپنے نفس پر احسان کرتا ہے دوسروں پر

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نحل آیت ۱۸

احسان مخلوق کے لیے محال ہے کیوں کہ وہ اپنا مال کسی غرض کے تحت خرچ کرتا ہے یا تو وہ غرض اُخروی ہے یعنی ثواب حاصل کرنا مقصود ہوتا ہے یا فوری غرض ہے یعنی دوسرے پر احسان رکھنا، مسخر کرنا، تعریف اور شہرت کی طلب کرنا یا یہ کہ سخاوت اور کرم کے ساتھ مشہوری ہو یا یہ کہ لوگوں کے دل اس کی محبت اور اطاعت میں کھنچے جائیں جس طرح انسان اپنا مال دریا میں نہیں ڈالتا کہ اس میں اس کا کوئی فائدہ نہیں اسی طرح کسی انسان کے ہاتھ میں بھی صرف غرض کے تحت دیتا ہے اور یہی غرض اس کا مطلوب و مقصود ہے لینے والے کی ذات مقصود نہیں ہوتی بلکہ اس کا ہاتھ تو مال لینے کا ایک ذریعہ اور آلہ ہے حتیٰ کہ اس کی غرض پوری ہو جاتی ہے اور وہ ذکر، ثناء، شکر یا ثواب ہے اور یہ باتیں اس مال پر تمہارے قبضہ کی وجہ سے حاصل ہوتی ہیں تو اللہ تعالیٰ نے تجھے قبضہ کے سلسلے میں مسخر کیا تاکہ نفس کی غرض تک رسائی ہو تو وہ خود اپنے اوپر احسان کرتا ہے اور جو مال خرچ کرتا ہے اس کا ایسا عوض لیتا ہے جو اس کے نزدیک مال سے زیادہ ترجیح رکھتا ہے اگر اس مقصد کو ترجیح نہ دیتا تو تمہارے لیے اپنا مال ہرگز نہ چھوڑتا لہٰذا وہ دو وجہ سے مال دینے والا شکر اور محبت کا مستحق نہیں ہے ایک وجہ یہ ہے کہ یہ مال دینے کے تمام لوازم اللہ تعالیٰ نے اس پر مسلط کئے اور اس میں مخالفت کی طاقت نہیں اور وہ حاکم کے خزانچی کی طرح ہے اگر وہ کسی کو خلعت دیتا ہے تو اسے اس وجہ سے محسن نہیں سمجھا جاتا کیوں کہ یہ امیر کی طرف سے ہے اور خازن اس کی بات ماننے اور حکم کی تعمیل کے لیے مجبور ہوتا ہے اور اس کی مخالفت نہیں کر سکتا اگر بادشاہ اس کی صوابدید پر چھوڑ دیتا تو وہ نہ دیتا اسی طرح اگر اللہ تعالیٰ کسی محسن کو کھلی چھٹی دے دیتا تو وہ اپنے مال میں سے ایک دانہ بھی خرچ نہ کرتا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے اس پر لوازم کو مسلط کیا اور اس کے دل میں یہ بات ڈالی کہ اس کا دینی یا دنیوی فائدہ مال خرچ کرنے میں ہے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ اس خرچ کرنے کا اسے ایسا عوض ملتا ہے جو اس کے نزدیک خرچ کئے جانے والے مال سے زیادہ فائدہ مند اور محبوب ہے۔ پس جس طرح سودا بیچنے والے کو محسن نہیں کہا جاتا کیوں کہ اس نے جو سامان دیا وہ اس چیز کے بدلے میں دیا ہے جو اس کے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے اسی طرح ہبہ کرنے والا اس کے عوض میں ثواب یا تعریف یا کوئی دوسری چیز لیتا ہے۔ اور عوض کے لیے یہ شرط نہیں کہ وہ مال کی قسم سے کوئی چیز ہو بلکہ تمام لذتیں اور فوائد ایسے عوض ہیں جن کے مقابلے میں مال اور دوسری اشیاء کی کوئی حقیقت نہیں۔

پس احسان، سخاوت کی صورت میں ہوتا ہے اور سخاوت کسی ایسے عوض کے بغیر مال خرچ کرنا ہے جو خرچ کرنے والے کی طرف لوٹے اور اللہ تعالیٰ کے غیر کے لیے یہ بات محال ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ ہی تمام جہانوں پر احسان کرتے ہوئے ان کو انعامات سے نوازتا ہے اور اس میں ان ہی کا فائدہ ہے یہ بات نہیں کہ اس کا کوئی نفع یا غرض اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹتی ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ اغراض سے پاک ہے اور اللہ تعالیٰ کے غیر کے لیے جود و احسان کا لفظ استعمال کرنا جھوٹ یا مجاز ہے اور اس کا معنی غیر خدا کے حق میں اس طرح ممتنع اور محال ہے جیسے سفیدی اور سیاہی کا اجتماع محال ہے لہٰذا جود و احسان اور فضل و کرم میں وہ یکتا ہے پس اگر طبیعت میں محسن سے محبت کا جذبہ ہو تو مناسب یہ ہے کہ عارف

صرف اللہ تعالیٰ سے محبت کرے کیوں کہ اس کے غیر کی جانب سے احسان محال ہے پس اس محبت کا واحد مستحق وہی ہے جب کہ اس کا غیر احسان پر محبت کا مستحق اسی وقت ہو سکتا ہے جب محبت کرنے والے کو احسان کا معنیٰ معلوم نہ ہو۔

اور تیسرا سبب یعنی اس شخص سے محبت کرنا جو ذاتی طور پر محسن ہو اگرچہ اس تک اس شخص کا احسان نہ پہنچا ہو اور یہ بات بھی فطری ہے جب تمہیں کسی ایک ایسے بادشاہ کی خبر پہنچے کہ وہ عبادت گزار، عادل اور عالم ہے لوگوں پر نرمی کرنے والا اور ان کے لیے تواضع اختیار کرنے والا ہے اور وہ زمین کے کسی ایسے حصے میں ہو جو تم سے دُور ہے اور تمہیں ایک دوسرے بادشاہ کی خبر پہنچے جو ظالم، متکبر، فاسق، شریر اور لوگوں کی ہتک کرنے والا ہو اور وہ بھی تم سے دُور ہو تو تم اپنے دل میں ان دونوں کے درمیان فرق محسوس کرو گے کیوں تمہارے دل میں پہلے بادشاہ کی طرف میلان پایا جاتا ہے اور یہی محبت ہے جب کہ دوسرے سے نفرت پائی جاتی ہے اور یہی بُغض ہے حالانکہ تم پہلے بادشاہ کی طرف سے حصول خیر سے نا امید اور دوسرے کے شر سے بے خوف ہو کیوں کہ تمہیں ان کے ملکوں میں جانے کی توقع نہیں تو یہ محسن سے اس اعتبار سے محبت ہے کہ وہ محسن ہے یہ نہیں کہ اس نے تم پر احسان کیا ہے اور یہ بات بھی اللہ تعالیٰ کی محبت کا تقاضا کرتی ہے بلکہ اس کا تقاضا یہ ہے کہ اس کے غیر سے بالکل محبت نہ کی جائے ہاں جو کسی وجہ سے اللہ تعالیٰ سے تعلق رکھتا ہو۔ اللہ تعالیٰ ہی تمام مخلوق کا محسن ہے اور ہر قسم کی مخلوق پر فضل فرمانے والا ہے پہلے ان کو وجود عطا کرتا ہے پھر اعضاء اور اسباب کے ذریعے ان کی تکمیل کرتا ہے جو ان کی ضرورتوں میں شامل ہیں پھر ان اسباب کو پیدا کر کے جو ان کی حاجات میں شامل ہیں اور ضرورت کے زمرے میں نہیں آتے ان پر انعام فرماتا ہے پھر زوائد کے ذریعے ان کو زینت دیتا ہے جو زینت کے مقام پر ہیں اور ضرورت و حاجت سے خارج ہیں۔

ضروری اعضاء کی مثال سر، دل اور جگر ہے جب کہ جن اعضاء کی حاجت ہوتی ہے ان کی مثال آنکھ، ہاتھ اور پاؤں ہیں جب کہ زینت کی مثال ابروؤں کا کمان کی شکل میں ہونا، ہونٹوں کا سرخ ہونا اور آنکھوں کا بادامی ہونا اور اس کے علاوہ وہ چیزیں کہ ان سے حاجات اور ضرورتوں کا کوئی تعلق نہیں۔

انسانی بدن سے خارج نعمتوں میں سے پانی اور غذا ضروری ہیں جب کہ دوائی، گوشت اور پھل حاجات میں شامل ہیں اور زائد کی مثال درختوں کا سرسبز ہونا پھولوں اور کلیوں کی خوبصورتی نیز پھلوں اور کھانوں کا لذیذ ہونا ہے کیوں کہ ان کے نہ ہونے سے حاجت اور ضرورت زائل نہیں ہوتی اور یہ تینوں اقسام ہر حیوان بلکہ ہر اُگنے والی چیز میں موجود ہیں یہی نہیں عرش سے فرش تک مخلوق کی جتنی اقسام ہیں سب میں موجود ہیں۔

پس وہی محسن ہے اور دوسرا کوئی کس طرح محسن ہو سکتا ہے جب کہ وہ احسان کرنے والا خود اللہ تعالیٰ کی قدرت کی حسنات میں سے ایک حسنہ (بھلائی) ہے اللہ تعالیٰ ہی حُسن کا خالق ہے محسن، احسان اور اسباب احسان کا خالق ہے پس اس علت کی بنیاد پر اس کے غیر سے محبت کرنا بھی محض جہالت ہے اور جو شخص اس بات کو جان لیتا ہے وہ

اس بنیاد پر صرف اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے اور چوتھا سبب یعنی ہر جمیل چیز سے اس کے جمال کی وجہ سے محبت کرنا ہے اس لیے نہیں کہ اس سے ادراکِ جمال کے علاوہ کوئی فائدہ حاصل کیا جائے گا ہم نے بیان کیا ہے کہ یہ محبت بھی فطری ہے اور جمال صورتِ ظاہرہ کا بھی ہوتا ہے جس کا ادراک سر کی آنکھوں سے ہوتا ہے اور باطنی صورت کا بھی ہوتا ہے جس کا ادراک دل کی آنکھ اور نورِ بصیرت سے ہوتا ہے پہلی قسم کے جمال کا ادراک بچوں اور جانوروں کو بھی ہوتا ہے جب کہ دوسری قسم کا ادراک اربابِ قلوب کے ساتھ خاص ہے اور وہ شخص ان کے ساتھ شریک نہیں ہوتا جو صرف ظاہری دنیوی زندگی کو جانتا ہے۔

جس کو جمال کا ادراک ہوتا ہے اس کے نزدیک جمال محبوب ہوتا ہے اگر دل کے ساتھ اس کا ادراک ہو تو وہ دل کا محبوب ہوتا ہے اور اس قسم کا مشاہدہ انبیاء کرام، علماء عظام اور اچھے پسندیدہ اخلاق والے لوگوں سے محبت میں ہوتا ہے کیوں کہ یہ بات ان کے چہروں اور دیگر اعضاء کے بظاہر زیادہ خوبصورت نہ ہونے کی صورت میں بھی ممکن ہے صورتِ باطنہ کے حسن سے یہی مراد ہے اور حس سے اس کا ادراک نہیں ہو سکتا ہاں اس کے اچھے آثار جو اس پر دلالت کرتے ہیں ان کا ادراک ہو سکتا ہے حتیٰ کہ جب دل اس پر دلالت کرے تو دل بھی اس کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے اور اس سے محبت کرتا ہے پس جو شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ یا حضرت امام شافعی رحمہ سے محبت کرتا ہے تو وہ اس حُسن کی وجہ سے محبت کرتا ہے جو اس کے سامنے ظاہر ہوا اور یہ ان کی صورتوں کے حُسن کی وجہ سے نہیں بلکہ ان کے اچھے افعال کی وجہ سے ہے بلکہ ان کے اچھے افعال ان کی ان صفات کے حُسن پر دلالت کرتے ہیں جو افعال کے مراکز ہیں کیوں کہ افعال تو آثار ہیں جو ان صفات سے صادر ہوتے ہیں اور ان پہ دلالت کرتے ہیں۔

پس جو شخص کسی کی اچھی تصنیف یا کسی شاعر کے اچھے اشعار یا کسی نقاش کے نقوش کا حُسن دیکھتا ہے یا کسی معمار کی اچھی تعمیر دیکھتا ہے تو اس کے لیے ان افعال سے اس کی باطنی اچھی صفات ظاہر ہوتی ہیں جو بالآخر علم اور قدرت کی طرف لوٹتی ہیں پھر جب معلوم زیادہ شرف والا ہو اور اس کا جمال کامل ہو اور عظمت بھی زیادہ ہو تو علم بھی اشرف و اجمل ہوگا۔ اسی طرح جب مقدور کا رتبہ اور منزل بڑی ہو تو اس پر قدرت کا درجہ بھی زیادہ ہوگا اور معلومات میں سے سب سے بڑی معلوم ذات اللہ تعالیٰ کی ہے لہٰذا سب سے زیادہ عمدہ اور اشرف علم بھی اللہ تعالیٰ کی معرفت ہے اسی طرح جس کو اللہ تعالیٰ کی معرفت کے ساتھ قرب اور اختصاص ہوگا تو اسی اعتبار سے اس کا مقام بھی ہوگا۔

تو صدیقین جن سے محبت فطرتِ انسانی میں داخل ہے ان کی صفات کا جمال تین باتوں کی طرف لوٹتا ہے۔

(۱) اللہ تعالیٰ، اس کے فرشتوں اس کی کتب، اس کے رسولوں اور اس کے انبیاء کرام کی شریعتوں کو جاننا۔

(۲) ان کا اپنی ذات کی اصلاح اور اللہ تعالیٰ کے بندوں کی رشد و ہدایت اور سیاست کے ذریعے راہنمائی کرنے پر قادر ہونا۔

(۱۳) ان کا گھٹیا حرکتوں، خباثتوں اور غالب شہوتوں جو اچھے راستوں سے روکتی ہیں اور برائی کی طرف کھینچتی ہیں سے پاک ہونا۔
یہی وہ باتیں ہیں جن کے باعث انبیاء کرام، علماء، خلفاء اور عدل و کرم کے پیکر بادشاہوں سے محبت کی جاتی ہے تو ان صفات کو اللہ تعالیٰ کی نسبت سے دیکھنا چاہیے جہاں تک علم کا تعلق ہے تو اللہ تعالیٰ کے علم کے مقابلے میں اولین و آخرین کے علم کی کیا حیثیت ہے وہ تمام چیزوں کا اس طرح احاطہ کرتا ہے کہ اس کی کوئی انتہا نہیں حتیٰ کہ آسمانوں اور زمین کا کوئی ذرہ اس سے غائب نہیں ہو سکتا۔ اس نے تمام مخلوق کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔

وَمَآ اُوْتِیْتُمْ اِلَّا قَلِیْلًا۔ (۱) اور تمہیں تو تھوڑا سا علم دیا گیا ہے۔

بلکہ اگر آسمان و زمین کی تمام مخلوق جمع ہو کر ایک چیونٹی یا مچھر کی تخلیق کی تفصیل کے سلسلے میں اس کے علم و حکمت کا احاطہ کرنا چاہے تو وہ اس کے سویں (۱/۱۰۰) حصے تک بھی نہیں پہنچ سکتے اور وہ تھوڑا سا علم جو مخلوق کو حاصل ہے وہ بھی اس کے سکھانے سے حاصل ہوا جیسے ارشاد فرمایا۔

خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۔ (۲) اس نے انسان کو پیدا فرمایا (پھر) اسے بیان سکھایا۔

پس اگر علم کا جمال اور شرف محبوب ہے اور وہ ذاتی طور پر موصوف کے لیے زینت اور کمال ہے تو اس سبب سے صرف اللہ تعالیٰ سے محبت کرنا ہی مناسب ہے پس اللہ تعالیٰ کے علم کی نسبت سے علماء کے علوم جہالت ہیں۔
بلکہ جو شخص اپنے زمانے کے سب سے بڑے عالم کو بھی جانتا ہو اور سب سے بڑے جاہل کو بھی، تو محال ہے کہ علم کے سبب سے جاہل سے محبت کرے اور علم والے کو چھوڑ دے اگرچہ جاہل کو بھی کسی نہ کسی چیز کا علم ہوتا ہے جس کا اس کی معیشت سے تعلق ہوتا ہے مخلوق میں سے سب سے بڑے عالم اور سب سے بڑے جاہل کے علم میں جس قدر فرق ہے اس سے زیادہ فرق اللہ تعالیٰ کے علم اور مخلوق کے علم کے درمیان ہے کیوں کہ زیادہ علم والے کو بڑے جاہل پر صرف چند معدود متناہی علوم کی وجہ سے فضیلت حاصل ہے۔
اور اس بات کا تصور کیا جا سکتا ہے کہ جو سب سے زیادہ جاہل ہے وہ کسب و اجتہاد کے ذریعے ان علوم کو حاصل کر لے جب کہ تمام مخلوق کے علوم پر اللہ تعالیٰ کے علم کو جو فضیلت حاصل ہے اس کی کوئی انتہا نہیں کیوں کہ اس کی معلومات بھی بے انتہا ہیں جب کہ مخلوقات کی معلومات متناہی ہیں۔
جہاں تک صفتِ قدرت کا تعلق ہے تو وہ بھی کمال ہے جب کہ کمزوری نقص ہے پس ہر کمال، حسن، عظمت، بزرگی اور غلبہ محبوب ہوتا ہے اور اس کا ادراک لذیذ ہوتا ہے حتیٰ کہ آدمی جب حضرت علی المرتضیٰ اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہما

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ بنی اسرائیل آیت ۸۵
(۲) قرآن مجید، سورۂ رحمٰن آیت ۳، ۴

اور ان کے علاوہ بہادر لوگوں کے واقعات اور اپنے ہم عصر لوگوں پر اس اعتبار سے ان کی برتری کے بارے میں سنتا ہے تو اس کے دل میں ایک حرکت خوشی اور راحت لازماً پیدا ہوتی ہے جس کا تعلق صرف لذت سماعت سے ہے مشاہدہ تو بعد کی بات ہے اور اس وجہ سے اس شخص کی محبت دل میں ضرور پیدا ہوتی ہے جو اس صفت سے موصوف ہے کیوں کہ یہ ایک قسم کا کمال ہے۔

تو اب تمام مخلوق کی قدرت کو اللہ تعالیٰ کی قدرت کے مقابل لاؤ تو دیکھو کہ جو شخص سب سے زیادہ قوت اور سب سے زیادہ وسیع حکومت والا ہے جس کی گرفت سب سے زیادہ ہے، شہوات کو سب سے زیادہ دبانے والا، نفس کی خباثتوں کا سب سے زیادہ قلع قمع کرنے والا اور اپنے نفس نیز غیر کے حوالے سے سیاست پر زیادہ قادر ہے تو اس کی قدرت و طاقت کی انتہا کیا ہے۔

اس کی طاقت کی انتہا یہی ہے کہ اپنے نفس کی بعض صفات پر اور انسانوں میں سے بعض لوگوں کے بعض امور پر اسے قدرت حاصل ہوتی ہے اس کے باوجود وہ اپنی زندگی، موت، دوبارہ زندہ ہونے نیز نقصان اور نفع کا مالک نہیں بلکہ وہ اپنی آنکھ کو اندھے پن سے زبان کو گونگا ہونے سے کانوں کو بہرا ہونے سے اور بدن کو بیماری سے نہیں بچا سکتا۔

اور ان باتوں کو بیان کرنے کی حاجت نہیں جن سے وہ اپنے نفس اور دوسروں کے حوالے سے عاجز ہے حالاں کہ وہ اس کی طاقت سے متعلق ہیں اور جو اس کی طاقت سے متعلق نہیں مثلاً آسمانوں کی حکومت، آسمان ستارے، زمین، اس کے پہاڑ، سمندر، ہوائیں، بجلیاں کانیں، سبزیاں، حیوانات اور ان کے تمام اجزاء ان میں سے ایک ذرے پر بھی اسے قدرت حاصل نہیں ہے۔

اور جس چیز پر وہ اپنے لیے اور دوسروں کے لیے قادر ہے تو وہ قدرت بھی اس کی ذاتی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ اس کا، اس کی قدرت کا اور اس کے لیے اسباب کا خالق ہے اور وہ اسے طاقت دیتا ہے اگر ایک مچھر کو سب سے بڑے بادشاہ اور سب سے زیادہ مضبوط شخص پر مسلط کر دیا جائے تو وہ اسے ہلاک کر دے پس بندے کو جو قدرت حاصل ہے وہ اللہ تعالیٰ کی عطا سے ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے روئے زمین کے سب سے بڑے بادشاہ ذوالقرنین کے بارے میں فرمایا۔

اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ۔ (۱) ہم نے اسے زمین میں ٹھکانہ دیا۔

پس اس کی تمام بادشاہی اور سلطنت اللہ تعالیٰ کی عطا سے تھی کہ اس نے اس کو زمین کے ایک حصے کا مالک بنایا

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ کہف آیت ۸۴

اور زمین تمام اجسام عالم کی نسبت ایک ڈھیلا ہے اور زمین کی وہ تمام حکومتیں جن سے انسان حصہ حاصل کرتا ہے اس ڈھیلے کی گرد و غبار ہے پھر وہ بھی اللہ تعالیٰ کے فضل اور طاقت عطا کرنے سے ہے لہٰذا یہ بات محال ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کسی بندے سے اس کی طاقت، سیاست، غلبے اور کمال قوت کی وجہ سے محبت کی جائے اور اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ سے محبت نہ کرے حالانکہ نیکی کرنے اور برائی سے بچنے کی تمام قوت اللہ تعالیٰ بلندی و عظمت والے کی عطا سے حاصل ہوتی ہے وہی جبار و قاہر ہے اور وہی علیم و قادر ہے تمام آسمان اس کی قدرت کے تحت ہیں اور زمین نیز جو اس کے اندر اور اوپر ہے وہ اسی کے قبضے میں ہے تمام مخلوق اسی کے قبضۂ قدرت میں ہے اگر وہ ان سب کو ہلاک کر دے تو اس کی بادشاہی اور حکومت میں سے ایک ذرہ بھی کم نہ ہوگا اور اگر وہ ان جیسے لوگ ہزار بار مزید پیدا کرے تو ان کے پیدا کرنے سے عاجزی اور تھکاوٹ نہیں ہوگی اور نہ ان کے پیدا کرنے میں سستی ہوگی پس قدرت اور قادر سب اسی کی قدرت کے آثار ہیں جمال، حُسن، عظمت، کبریائی، غلبہ سب اسی کی قدرت کے آثار ہیں جمال، حُسن، کبریائی، غلبہ سب اسی کو حاصل ہے پس اگر اس بات کا تصور ہو سکتا ہے کہ کسی قادر سے اس کے کمال قدرت کی وجہ سے محبت کی جائے تو اس بنیاد پر اس کے سوا کوئی بھی محبت کا مستحق نہیں۔

جہاں تک عیوب اور نقائص سے پاک ہونے نیز رذیل اور خبیث باتوں سے پاکیزگی کا تعلق ہے تو یہ بھی محبت کے موجبات میں سے ایک موجب اور باطنی صورتوں میں حُسن و جمال کے مقتضیات میں سے ہے۔ انبیاء کرام اور صدیقین اگرچہ عیبوں اور خباثتوں سے پاک ہیں لیکن کمال تقدس صرف اسی واحد حق ذات کے لیے ہے جو بادشاہ ہے پاک ہے جلال و اکرام کا مالک ہے جب کہ تمام مخلوق کی صورت حال یہ ہے کہ ان میں ایک یا ایک سے زیادہ نقص ضرور ہوتے ہیں بلکہ اس کا عاجز، مخلوق، مسخر اور مجبور ہونا عین عیب اور نقص ہے پس (حقیقی) کمال صرف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور اس کے غیر کے لیے اسی قدر کمال ہے جس قدر اس نے عطا کیا اور یہ نہیں ہو سکتا کہ وہ اپنے غیر کو کمال کا انتہائی درجہ عطا کرے کمال کی انتہا کا کم از کم درجہ یہ ہے کہ وہ ایسا بندہ نہ ہو جو کسی اور کے سامنے مسخر ہوا اور اس کے ساتھ قائم ہو اور یہ بات اللہ تعالیٰ کے غیر میں محال ہے پس وہی کمال کے ساتھ منفرد ہے نقص اور عیبوں سے بھی پاک ہے عیبوں سے اس کے پاک ہونے کی تشریح ایک طویل بحث ہے اور یہ علوم مکاشفہ کے اسرار میں سے ہے ہم اس کا ذکر کر کے بات کو لمبا کرنا نہیں چاہتے۔

پس یہ وصف بھی اگر کمال، جمال اور محبوب ہے تو اس کی حقیقت بھی اللہ تعالیٰ کے لیے ہی مکمل ہوتی ہے اور اس کے غیر سے یہ کمال اور پاکیزگی مطلقاً نہیں بلکہ اس کی نسبت سے ہے جس میں بہت زیادہ نقص پایا جاتا ہے جیسے گھوڑے کا کمال گدھے کی نسبت سے اور انسان کا کمال گھوڑے کے مقابلے میں ہے اور اصل نقص سب کو شامل ہے ان کے درمیان فرق صرف درجات کا ہے۔

نتیجہ یہ ہو کہ جمیل محبوب ہوتا ہے اور جمیل مطلق وہ واحد ذات ہے جس کا کوئی مثل نہیں وہ واحد ذات جس کی کوئی

ضد اور مقابل نہیں ایسا بے نیاز جس کا کوئی مزاحم نہیں ایسا غنی جسے کوئی حاجت نہیں ایسا قادر کہ جو چاہے کرے اور جو چاہے فیصلہ دے اس کے فیصلے کو کوئی رد نہیں کرسکتا اور نہ ہی کوئی اسے پھیر سکتا ہے وہ ایسا عالم ہے جس کے علم سے آسمانوں اور زمین کا ایک ذرہ بھی باہر نہیں ایسا غالب ہے کہ اس کے قبضۂ قدرت سے بڑے بڑے سرکشوں کی گردنیں باہر نہیں نکل سکتیں اس کی گرفت اور سطوت سے بادشاہوں کی گردنیں باہر نہیں نکل سکتیں اس کی گرفت اور سطوت سے بادشاہوں کی گردنیں چھوٹ نہیں سکتیں وہ ازلی ہے کہ اس کے وجود کے لیے آغاز نہیں اور ابدی ہے کہ اس کے بقا کی کوئی انتہا نہیں اس کا وجود ضروری ہے کہ اس کی بارگاہ سے عدم کا تصور کوسوں دور ہے وہ قیوم ہے جو خود قائم ہے اور تمام موجودات اس کے ساتھ قائم ہیں آسمانوں اور زمینوں کا جبار وہی ہے جمادات، حیوانات اور نباتات کا خالق بھی وہی ہے عزت و جبروت ہیں وہ یکتا ہے مُلک و ملکوت کا مالک صرف وہی ہے فضل و جلال، حسن و جمال اور قدرت و کمال والا ہے اس کے جلال کی معرفت میں عقلیں حیران ہیں اور اس کا وصف بیان کرنے سے زبانیں گنگ ہیں عارفین کی معرفت کا کمال یہی ہے کہ اس کی معرفت سے اپنے عجز کا اعتراف کریں اور انبیاء کرام کی نبوت کی انتہا یہی ہے کہ اس کے وصف کے بیان سے قصور کا اقرار کریں۔

جیسا کہ سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا اُحْصِی ثَنَاءً عَلَیْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ۔ (۱)

میں تیری ثناء کا شمار نہیں کرسکتا تو اسی طرح ہے جس طرح تو نے خود اپنی ثنا بیان فرمائی ہے۔

اور صدیقین کے سردار حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

اَلْعِجْزُ عَنْ دَرْكِ الْاِدْرَاكِ اِدْرَاكٌ۔ (۲)

ادراک کو پانے سے عاجزی کا اظہار بھی ادراک ہے

وہ ذات پاک ہے جس نے اپنی معرفت کے لیے، معرفت سے عجز کے سوا کوئی راستہ نہیں رکھا۔

تو جو لوگ اللہ تعالیٰ کی محبت کو حقیقتاً یا مجازاً ممکن نہیں مانتے معلوم نہیں وہ ان اوصاف کو جمال اور حمد کے اوصاف اور کمال اور محاسن کی نعت قرار نہیں دیتے یا وہ اللہ تعالیٰ کو ان اوصاف سے موصوف نہیں سمجھتے یا وہ اس بات کا انکار کرتے ہیں کہ کمال، جمال، حسن اور عظمت صاحب ادراک کے نزدیک محبوب ہوتے ہیں تو وہ ذات پاک ہے جو اپنے جمال و جلال کی غیرت کی وجہ سے اندھوں کی نگاہوں سے پردے میں ہے کہ اس پر وہی لوگ مطلع ہوں جن کے لیے بھلائی سبقت کر گئی وہ جو حجاب کی آگ سے دور ہیں وہ اندھے پن کے اندھیروں میں حیران و سرگرداں ہیں اور محسوسات کی وسعتوں اور جانوروں کی خواہشات میں پریشان پھرتے ہیں وہ صرف دنیوی زندگی کے ظاہر کو دیکھتے ہیں اور آخرت سے غافل ہیں تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں لیکن ان میں سے اکثر جانتے نہیں۔

تو اس سبب (کمالات کی وجہ) سے محبت، احسان کی بنیاد پر محبت سے زیادہ مضبوط ہوتی ہے کیوں کہ احسان میں

کمی بیشی ہوتی رہتی ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ محبوب لوگوں میں سے مجھے زیادہ محبوب میرے نزدیک وہ شخص ہے جو کسی عطا کے بغیر میری عبادت کرے لیکن ربوبیت اپنا حق ضرور ادا کرتی ہے۔

اور زبور میں ہے کہ اس سے بڑا ظالم کون ہے جو میری عبادت جنت یا جہنم کے لیے کرتا ہے اگر میں جنت اور دوزخ کو پیدا نہ کرتا تو کیا میں عبادت کے لائق نہ ہوتا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام عبادت گزار لوگوں کی ایک جماعت پر گزرے جو کمزور ہو چکے تھے انہوں نے کہا کہ ہم جہنم سے ڈرتے اور جنت کی امید رکھتے ہیں آپ نے فرمایا تم مخلوق کا خوف رکھتے ہو اور مخلوق کی امید رکھتے ہو اور آپ ایک دوسری قوم پر گزرے جو اسی حالت پر تھی انہوں نے کہا کہ ہم اللہ تعالیٰ کی عبادت اس سے محبت کرتے ہوئے اور اس کے جلال کی تعظیم میں کرتے ہیں آپ نے فرمایا۔ تم اللہ تعالیٰ کے حقیقی دوست ہو مجھے تمہارے ساتھ رہنے کا حکم دیا گیا۔

حضرت ابوحازم رحمہ اللہ فرماتے ہیں مجھے شرم آتی ہے کہ میں ثواب اور عذاب کے حوالے سے عبادت کروں اور برے غلام کی طرح ہو جاؤں کہ جسے ڈر نہ ہو تو کام نہیں کرتا اور برے مزدور کی طرح ہو جاؤں جو مزدوری نہ ملنے کی صورت میں کام نہیں کرتا۔ اور حدیث شریف میں ہے۔

لَا یَکُوْنَنَّ اَحَدُکُمْ کَالْاَجِیْرِ السُّوْءِ اِنْ لَّمْ یُعْطَ اَجْرًا لَّمْ یَعْمَلْ وَلَا کَالْعَبْدِ السُّوْءِ اِنْ لَّمْ یَخَفْ لَمْ یَعْمَلْ۔ (۱)

تم میں کوئی اس برے مزدور کی طرح نہ ہو جائے جو اجر نہ ملنے پر کام نہیں کرتا اور برے غلام کی طرح بھی نہ ہو کہ اگر اسے ڈر نہ ہو تو کام نہیں کرتا۔

محبت کا پانچواں سبب مناسبت اور مشاکلت ہے کیوں کہ جو چیز کسی کے مشابہ ہو وہ اسے اپنی طرف کھینچتی ہے اور ایک شکل دوسری شکل کی طرف مائل ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ تم دیکھو گے ایک بچہ دوسرے بچے سے محبت کرتا ہے اور بڑا آدمی بڑے آدمی سے مانوس ہوتا ہے پرندہ اپنے ہم جنس سے محبت کرتا اور دوسری جنس سے نفرت کرتا ہے ایک عالم کسی کاریگر کی نسبت دوسرے عالم سے زیادہ الفت رکھتا ہے اور بڑھئی کو جس قدر بڑھئی سے الفت ہوتی ہے اس قدر کاشتکار سے نہیں ہوتی اور اس بات پر تجربہ شاہد ہے اور اس پر روایات و آثار شہادت دیتے ہیں جیسا کہ ہم نے آداب محبت کے بیان میں اللہ تعالیٰ کے لیے بھائی چارے کا ذکر کرتے ہوئے بیان کیا ہے۔ وہاں سے معلوم کرنا چاہیے۔

پس جب مناسبت محبت کا سبب ہے تو مناسبت بعض اوقات ظاہری معنیٰ میں ہوتی ہے جس طرح بچہ بچپن کے حوالے سے دوسرے بچے کے مناسب ہوتا ہے اور کبھی پوشیدہ ہوتی ہے حتیٰ کہ اس پر اطلاع نہیں ہو سکتی جیسا کہ تم دیکھتے ہو کہ دو آدمیوں کے درمیان اتحاد ہوتا ہے حالانکہ انہوں نے نہ تو ایک دوسرے کے جمال کو دیکھا ہوتا ہے اور نہ مال وغیرہ کا لالچ

---

(۱)

ہوتا ہے جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔

اَلْاَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُّجَنَّدَةٌ فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ وَمَا تَنَاكَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ۔ (۱)

اور رُوحیں اکٹھا لشکر ہیں پس ان میں جو ایک دوسرے سے متعارف ہوئیں وہ ایک دوسرے سے مانوس ہو گئیں اور جنہوں نے ایک دوسرے کو نہ پہچانا ان کے درمیان اختلاف ہوا۔

تو ایک دوسرے سے تعارف مناسبت ہے جب کہ ایک دوسرے کو نہ پہچاننا ایک دوسرے کے خلاف ہوتا ہے۔ یہ سبب بھی اللہ تعالیٰ کی محبت کا تقاضا کرتا ہے کیوں کہ بندے اور اللہ تعالیٰ میں باطنی مناسبت ہوتی ہے یہ مطلب نہیں کہ صورت اور شکل ایک جیسی ہوتی ہے بلکہ باطنی معانی کی طرف رجوع ہوتا ہے ان میں سے بعض کو ذکر کرنا جائز ہے جب کہ بعض کا ذکر جائز نہیں بلکہ ان کا پردۂ غیب میں ہی رہنا ٹھیک ہے حتیٰ کہ اس سے سالکانِ طریقت آگاہی حاصل کریں جب وہ سلوک کی شرط پوری کریں پس جو بات لکھنے کے قابل ہے وہ بندے کا ان صفات میں اپنے رب کا قرب حاصل کرنا ہے جن میں اقتدار اور اخلاقِ ربوبیت کا حکم ہے یہاں تک کہ کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ کے اخلاق سے موصوف ہو جاؤ۔

یعنی ان صفات کے محامد کو حاصل کرو جو اللہ تعالیٰ کی صفات ہیں مثلاً علم، نیکی، احسان، مہربانی، مخلوق سے بھلائی اور رحمت کا سلوک کرنا ان کی خیر خواہی، حق کی طرف ان کی راہنمائی کرنا اور ان کو باطل سے روکنا وغیرہ امور جو شریعت میں اچھے شمار ہوتے ہیں یہ سب باتیں اللہ تعالیٰ کے قریب کرتی ہیں لیکن یہ قربِ مکانی نہیں ہوتا بلکہ صفات میں قرب مقصود ہے۔

اور جو خاص مناسبت کتب میں لکھی نہیں جا سکتی اور وہ صرف آدمی میں پائی جاتی ہے اس کی طرف اس آیت میں اشارہ پایا جاتا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے:

وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ۔ (۲)

لوگ آپ سے رُوح کے بارے میں پوچھتے ہیں آپ فرما دیجئے رُوح میرے رب کے حکم سے ہے۔

جب بیان فرمایا کہ رُوح امر ربانی ہے اور مخلوق کی عقلوں کی حد سے خارج ہے اور اس سے بھی واضح قول یہ ارشاد خداوندی ہے۔

فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ۔ (۳)

پس جب میں نے اس (آدم علیہ السلام) کو برابر کر دیا اور اس میں اپنی رُوح پھونکی۔

---

(۱)

(۲) قرآن مجید، سورہ اسراء آیت ۸۵

(۳) قرآن مجید، سورۂ حجر آیت ۳۰

اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے فرشتوں سے ان کو سجدہ کرایا اور اس بات کی طرف اللہ تعالیٰ کا یہ قول اشارہ کرتا ہے
اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِیْفَةً فِی الْاَرْضِ۔ (۱) بے شک ہم نے آپ کو زمین میں خلیفہ بنایا۔
کیوں کہ حضرت آدم علیہ السلام اسی مناسبت کی وجہ سے خلافت الہیہ کے مستحق قرار پائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی میں اسی طرف اشارہ ہے آپ نے فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَتِهٖ۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنے اخلاق کا مظہر بنایا۔ (۲)

حتیٰ کہ کوتاہ بین لوگوں نے خیال کیا کہ صورت تو صرف ظاہری ہوتی ہے جس کا ادراک حواس کے ذریعے ہوتا ہے چنانچہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کو مخلوق سے تشبیہ دی اور اس کے لیے جسم اور صورت کا قول کیا اللہ تعالیٰ جاہلوں کی بات سے بہت بلند ہے۔ اور اسی طرف اللہ تعالیٰ کے اس قول میں اشارہ ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا کہ میں بیمار ہوا تو آپ نے میری عیادت نہ کی عرض کیا اے میرے رب! یہ کیسے ہو سکتا ہے فرمایا میرا فلاں بندہ بیمار ہوا تو آپ نے اس کی بیمار پرسی نہ کی اگر آپ اس کی بیمار پرسی کرتے تو مجھے (میری رحمت کو) اس کے پاس پاتے (۳)
اور یہ مناسبت اسی وقت ظاہر ہوتی ہے جب فرائض کی تکمیل کے بعد نفلی عبادت زیادہ سے زیادہ کی جائے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (حدیث قدسی ہے)

لَا یَزَالُ یَتَقَرَّبُ الْعَبْدُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اُحِبَّهٗ فَاِذَا اَحْبَبْتُهٗ كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَهُ الَّذِیْ یُبْصِرُ بِهٖ وَلِسَانَهُ الَّذِیْ یَنْطِقُ بِهٖ۔

بندہ نوافل کے ذریعے مسلسل میرا قرب حاصل کرتا ہے حتیٰ کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں پس جب میں اس سے محبت کرتا ہوں تو اس کا کان بن جاتا ہوں جس کے ساتھ وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھ بن جاتا ہے جس سے وہ دیکھتا ہے۔ (۴)

یہ وہ مقام ہے جہاں قلم کی لگام کو روکنا ضروری ہے کیوں کہ اس سلسلے میں لوگ متفرق ہو گئے ہیں بعض کوتاہ بین ہیں جو ظاہر تشبیہ کی طرف مائل ہو گئے بعض حد سے بڑھ گئے اور انہوں نے غلو اختیار کر کے مناسبت کی حد سے اتحاد کی

---

(۱) قرآن مجید سورۂ ص آیت ۲۶
(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۲۴۴ مرویات ابوہریرہ
(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۴۰۴ مرویات ابوہریرہ
(۴) میزان الاعتدال جلد اول ص ۱۴۶ ترجمہ ۲۳۶۲

طرف تجاوز کیا اور حلول کے قائل ہو گئے (یعنی اللہ تعالیٰ بندے میں داخل ہوتا ہے) حتیٰ کہ بعض نے "انا الحق" (میں ہی حق ہوں) کا نعرہ لگایا اور عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں گمراہ ہوئے اور انہوں نے کہا کہ وہ معبود ہیں ان میں سے کچھ دوسرے لوگوں نے کہا کہ عالم ناسوت نے عالم لاہوت کا لباس پہنا ہے اور کچھ نے کہا کہ لاہوت اور ناسوت دونوں ایک ہو گئے، مگر جن لوگوں پر اس بات کا انکشاف ہوا کہ تشبیہ وتمثیل اور اتحاد وحلول محال ہے اور ان کے سامنے اصل راز واضح ہوا تو وہ کم لوگ ہیں اور شاید حضرت ابوالحسن نوری رحمہ اللہ اسی مقام کو دیکھتے جب شاعر کے اس شعر سے ان پر وجد طاری ہوتا تھا

لَا زِلْتُ اَنْزِلُ مِنْ وِدَادِكَ مَنْزِلًا تَتَحَيَّرُ	میں تیرے عشق میں ہر دم ایسی منزل میں اترتا ہوں کہ اس
الْاَلْبَابُ عِنْدَ نُزُوْلِهٖ۔	اترنے پر عقل مند لوگ حیران ہوتے ہیں۔

آپ اسی وجد کی حالت میں مسلسل گنے کے کھیتوں میں دوڑتے رہے گنا کاٹا گیا تھا اور اس کی جڑیں باقی تھیں جس سے آپ کے پاؤں چر گئے اور ان میں ورم آ گئے اور اسی وجہ سے آپ کا انتقال ہوا۔

غرضیکہ مناسبت، اسباب محبت میں سے سب سے بڑا، سب سے زیادہ مضبوط عمدہ ترین اور بعید تر سبب ہے اور یہ بہت کم پایا جاتا ہے۔

تو اسباب محبت جو معلوم ہیں وہ یہی پانچ ہیں اور یہ تمام اسباب اللہ تعالیٰ کی ذات میں حقیقتاً جمع ہیں مجازی طور پر نہیں۔ نیز اعلیٰ درجات میں ہیں ادنیٰ میں نہیں گویا ارباب بصیرت کے ہاں معقول ومقبول محبت صرف اللہ تعالیٰ کی محبت ہے جیسے (دل کے) اندھوں کے نزدیک معقول محبت صرف اللہ تعالیٰ کے غیر سے ہوتی ہے پھر جو شخص مخلوق میں سے جس شخص سے ان اسباب میں سے کسی ایک سبب کے باعث محبت کرتا ہے تو اس بات کا تصور پایا جاتا ہے کہ اس سبب میں شرکت کی وجہ سے کسی دوسرے سے بھی محبت کرے اور محبت میں شرکت نقصان ہے اور محبوب کے کمال سے آنکھیں بند کرنا ہے اور کوئی بھی شخص کسی وصف محبوب کے ساتھ موصوف نہیں ہوتا مگر اس کے ساتھ کوئی دوسرا بھی شریک ہوتا ہے اور اگر عملاً ایسا نہ بھی ہو تو امکان ضرور ہوتا ہے البتہ اللہ تعالیٰ کی محبت میں ایسا نہیں ہوتا وہ ان صفات کے ساتھ موصوف ہے جو جمال وکمال میں انتہا کو پہنچی ہوئی ہیں اس سلسلے میں اس کا شریک نہ تو موجود ہے اور نہ اس کا امکان ہے لہٰذا اس کی محبت میں شرکت قطعاً نہیں ہو سکتی اور نہ اس میں نقص آ سکتا ہے پس وہی اصل محبت اور کمال محبت کا اس طرح مستحق ہے کہ اس میں کوئی دوسرا شریک نہیں ہو سکتا۔

فصل ۴:

سب سے بڑی لذت معرفت خداوندی ہے

سب سے بڑی اور اعلیٰ لذت اللہ تعالیٰ کی معرفت اور اس کی زیارت ہے اور کسی دوسری لذت کو اس پر ترجیح ہو

اس بات کا تصور بھی نہیں ہو سکتا ہاں جو اس لذت سے محروم ہو (تو الگ بات ہے)

جاننا چاہیئے کہ لذتیں، ادراکات کے تابع ہیں اور انسان بہت سی قوتوں اور طبیعتوں کا جامع ہے اور ہر قوت و طبیعت کے لیے ایک لذت ہے اور وہ لذت طبیعت کے اس مقتضا کو پانا ہے جس کے لیے اس کی تخلیق ہوئی ہے کیوں کہ یہ قویٰ انسان میں بیکار پیدا نہیں کئے گئے بلکہ ہر قوت و طبیعت طبیعت کے مقتضیٰ امور میں سے کسی امر کے لیے رکھی گئی ہے مثلاً طبیعتِ غضب تشفی اور انتقام کے لیے ہے پس یقیناً اس کی لذت غلبہ اور انتقام کی صورت میں ہوتی ہے کیوں کہ یہی اس کی طبیعت کا تقاضا ہے اور کھانے کی خواہش کی طبیعت حصول غذا کے لیے پیدا کی گئی جس کے ذریعے انسان قائم رہتا ہے لہٰذا اس طبیعت کو لذت اسی وقت حاصل ہوتی ہے جب اس کا مقتضیٰ (غذا) حاصل ہو اسی طرح دیکھنے، سننے اور سونگھنے سے ان کی لذتیں حاصل ہوتی ہیں پس ان طبیعتوں میں سے کوئی بھی طبیعت اپنے مدرکات کی نسبت سے تکلیف یا لذت سے خالی نہیں ہوتی اسی طرح دل کے اندر ایک طبیعت ہے جسے نورِ الٰہی کہا جاتا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے:۔

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ۔ (۱)

تو کیا وہ شخص جس کے سینے کو اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لیے کھول دیا پس وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے۔

اسی قلبی قوت کو عقل بھی کہا جاتا ہے کبھی اسے باطنی بصیرت کہا جاتا ہے اور کبھی اس کا نام نورِ ایمان اور یقین رکھا جاتا ہے لیکن ناموں میں مشغولیت کا کوئی مطلب نہیں کیوں کہ اصطلاحات مختلف ہیں اور کمزور آدمی گمان کرتا ہے کہ اختلاف معانی میں ہے کیوں کہ ضعیف آدمی الفاظ سے معانی تلاش کرتا ہے اور یہ واجب کا عکس ہے۔

پس دل بدن کے اجزاء سے مختلف ہوتا ہے کیوں کہ اس کے ذریعے ان معانی کا ادراک ہوتا ہے جو نہ تو خیال میں آسکتے ہیں اور نہ محسوس کئے جا سکتے ہیں جیسے عالم کا پیدا ہونا یا اس کا خالق کا محتاج ہونا جو قدیم ہے مدبر اور حکیم ہے اور صفاتِ الٰہیہ سے موصوف ہے اور اس طبیعت کو ہم عقل کا نام دیتے ہیں بشرطیکہ لفظ عقل سے وہ چیز نہ سمجھی جائے جس کے ذریعے مجادلے اور مناظرے کا طریقہ آتا ہے کیوں کہ عقل اسی نام سے مشہور ہے اسی لیے بعض صوفیاء کرام نے اس کی مذمت کی ہے ورنہ جس صفت کی وجہ سے انسان، جانوروں سے ممتاز ہوتا ہے اور اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی معرفت کا ادراک ہوتا ہے وہ سب سے اچھی صفت ہے اس کی مذمت کرنا مناسب نہیں۔

اور یہ صفت اس لیے پیدا کی گئی ہے کہ اس کے ذریعے تمام امور کے حقائق معلوم کئے جائیں پس اس کی طبیعت کا مقتضیٰ معرفت اور علم ہے اور یہی اس کی لذت ہے جس طرح تمام صفات اور طبیعتوں کا مقتضیٰ ان کی لذات ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ زمر آیت ۲۲

اور یہ بات مخفی نہیں کہ علم اور معرفت میں لذت ہے حتی کہ جس شخص کی نسبت علم اور معرفت کی طرف کی جائے اگرچہ کسی خسیس چیز میں ہو، وہ اس پر خوش ہوتا ہے۔ اور جس کو جاہل کہا جائے اگرچہ کسی حقیر چیز کے حوالے سے ہو وہ اس بات پر غمگین ہوتا ہے حتی کہ انسان اگر حقیر چیز کا بھی علم رکھتا ہو وہ اس پر فخر کرنے اور بڑائی کا اظہار کرنے سے صبر نہیں کرتا۔

مثلاً شطرنج سے کھیلنے والا باوجود اس کھیل کے خسیس ہونے کے اس کی تعلیم دینے سے خاموش نہیں رہ سکتا اور جو کچھ وہ جانتا ہے اس کا ذکر اس کی زبان پر جاری رہتا ہے اور یہ سب باتیں اس لیے ہیں کہ علم کی لذت زیادہ ہوتی ہے اور اسی علم کے ذریعے وہ اپنی ذات کا کمال جانتا ہے کیوں کہ علم صفاتِ ربوبیت میں سے خاص صفت ہے اور یہ کمال کی انتہا ہے یہی وجہ ہے کہ جب کسی آدمی کی تعریف سمجھداری اور علم کی زیادتی کے ساتھ کی جاتی ہے تو اس کی طبیعت کو راحت حاصل ہوتی ہے کیوں کہ تعریف سنتے وقت وہ اپنی ذات اور علم کے کمال سے آگاہ ہوتا ہے پس وہ خود پسندی کا شکار ہوتا اور لذت حاصل کرتا ہے۔

پھر جس قدر لذت ملّی سیاست اور مخلوق کے معاملات کی تدبیر کے علم سے حاصل ہوتی ہے اس قدر لذت زراعت اور سلائی کے علم سے نہیں ہوتی اور نحو اور شعر و شاعری کے علم سے اس قدر لذت حاصل نہیں ہوتی جتنی لذت اللہ تعالیٰ، اس کی صفات فرشتوں اور زمین و آسمان کے علم سے حاصل ہوتی ہے بلکہ جس قدر علم کا شرف ہوتا ہے اسی قدر اس کی لذت بھی ہوتی ہے اور علم کا شرف معلوم کے شرف کے اندازے سے ہوتا ہے حتی کہ جو شخص لوگوں کے باطنی احوال کو جانتا اور اس کی خبر دیتا ہے وہ اس میں لذت محسوس کرتا ہے اور اگر اسے ان باتوں کا علم نہ ہو تو جستجو کرتا ہے۔ رئیس شہر کے باطنی حالات اور ریاست کے سلسلے میں اس کی تدبیر کے اسرار کا علم اس کے نزدیک کاشتکار یا جولاہے کے باطنی حالات جاننے کی نسبت زیادہ لذت رکھتا ہے اور نہایت عمدہ ہوتا ہے۔

پس اگر وہ وزیر کے اسرار اور تدبیر نیز جن امور وزارت کا وہ عزم رکھتا ہے ان پر مطلع ہو جائے تو رئیس کے اسرار جاننے کی نسبت اس میں زیادہ لذت محسوس کرتا ہے اور بادشاہ کے احوال باطنی سے خبردار ہو جو وزیر سے بھی بڑھ کر ہے تو وزیر کے اسرار باطنی کی نسبت یہ بات زیادہ اچھی لگے گی اور اس پر تعریف نیز اس کی حرص اور بحث کا زیادہ خواہاں ہوگا اور اس کی چاہت بھی زیادہ ہوگی کیوں کہ اس میں لذت بہت زیادہ ہے۔

اس سے واضح ہوا کہ جو معارف اشرف ہیں وہ لذیذ تر ہیں اور ان کا شرف معلوم چیز کے اعتبار سے ہوتا ہے اگر معلومات میں ایسی چیز ہو جو نہایت بزرگی و کمال کی حامل ہے اور اشرف و اعظم ہے تو اس کا علم لامحالہ لذیذ ترین، نہایت شرف کا حامل اور بہت اچھا ہوگا۔

تو کیا کسی چیز کا وجود اس ذات سے ارفع و اعلیٰ، اشرف و اکمل اور اعظم ہو سکتا ہے جو تمام اشیاء کا خالق ہے

ان کی تکمیل کرنے والا ان کو زینت دینے والا، ان کا آغاز کرنے والا اور دوبارہ وجود میں لانے والا نیز ان کی تدبیر اور ترتیب کرنے والا ہے۔

اور کیا اس بات کا تصور ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ جس کے جلال کے مبادی اور عجائب احوال کا احاطہ وصف بیان کرنے والے نہیں کر سکتے، ملک، کمال، جمال اور خوبصورتی میں اس جیسا کوئی دربار ہو سکتا ہے! پس اگر تجھے اس بات میں شک نہیں تو اس بات میں بھی شک نہیں ہونا چاہیئے کہ اسرار ربوبیت پر اطلاع اور تمام موجودات کا احاطہ کرنے والے امور کی ترتیب کا علم تمام قسم کے معارف اور اطلاعات سے زیادہ لذیذ، زیادہ اچھا اور من پسند ہے یہ واقفیت ایسی ہے کہ جب نفس اس سے متصف ہو تو اس کو اپنے کمال وجمال کو سمجھنا زیادہ مناسب ہے اور اس پر زیادہ خوش ہونا، اور اس سے راحت پانا بھی زیادہ مناسب ہے۔

اس سے ظاہر ہوا کہ علم لذیذ ہوتا ہے اور سب سے زیادہ لذیذ علم اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات اور اس کے افعال نیز عرش کی انتہا سے زمین کے نیچے تک مملکت میں اس کی تدبیر کا علم ہے پس یہ بات جاننا زیادہ مناسب ہے کہ معرفت کی لذت تمام لذتوں سے زیادہ قوی ہے یعنی خواہش، غصے اور حواس خمسہ کی تمام لذتوں سے زیادہ لذیذ ہے پہلے تو لذتوں کی اقسام مختلف ہیں جیسے جماع کی لذت سماع کی لذت کے خلاف ہے اور ریاست واقتدار کی لذت اور لذت معرفت میں اختلاف ہے دوسری بات یہ ہے کہ قوت وضعف کے اعتبار سے بھی لذتوں میں فرق ہے جیسے شہوت رکھنے والے حریص کو جماع سے جو لذت حاصل ہوتی ہے کم شہوت والے کو حاصل ہونے والی لذت کے خلاف ہے اسی طرح خوبصورت آدمی جو حُسن وجمال میں فوقیت رکھتا ہے اس کی طرف دیکھنے اور اس سے کم حُسن والے کو دیکھنے میں فرق ہے۔

لذت کی قوت کو اس طرح پہچانا جاتا ہے کہ اسے دوسروں پر ترجیح دی جاتی ہے اگر کسی شخص کو اچھی صورت دیکھنے اور اس کا مشاہدہ کرنے اور اچھی خوشبوئیں سونگھنے کے درمیان اختیار دیا جائے اور وہ اچھی صورت دیکھنے کو اختیار کرے تو معلوم ہوگا کہ اس کے نزدیک یہ عمل اچھی خوشبو سونگھنے سے زیادہ لذیذ ہے۔ اسی طرح جب کھانے کے وقت کھانا حاضر ہو اور شطرنج کھیلنے والا، کھیلنے میں ہی مصروف رہے اور کھانا نہ کھائے تو معلوم ہوگا کہ اس کے نزدیک شطرنج کے غلبہ کی لذت کھانے کی لذت سے زیادہ قوی ہے۔ تو لذتوں کی ترجیح معلوم کرنے کے سلسلے میں یہ سچا معیار ہے اب ہم اصل موضوع کی طرف لوٹتے ہوئے کہتے ہیں کہ لذتیں ظاہری بھی ہوتی ہیں جس طرح حواس خمسہ کی لذت اور باطنی بھی ہوتی ہیں جس طرح حکومت غلبے، کرامت اور علم وغیرہ کی لذت، کیوں کہ یہ لذتیں آنکھ ناک، کان اور چھونے کی لذتیں نہیں ہیں اور نہ ہی ان کا چکھنے کے ساتھ تعلق ہے اور ارباب کمال پر ظاہری لذتوں کے مقابلے میں باطنی معانی زیادہ غالب ہوتے ہیں۔

اگر کسی شخص کو اختیار دیا جائے کہ وہ موٹے تازہ مرغ اور حریرے کی لذت حاصل کرے یا ریاست، دشمنوں پر غلبے اور بلندی کا درجہ پانے سے لطف اندوز ہو تو اگر اس کی ہمت خسیس ہے دل مردہ اور حرص ولالچ کا شکار ہے تو وہ گوشت

اور حلوے کو اختیار کرے گا اگر اس کی ہمت زیادہ اور عقل کامل ہے تو ریاست کو اختیار کرے گا اور اس کے لیے بھوکا رہنا اور کئی دن تک ضروری غذا سے صبر کرنا آسان ہو گا پس اس شخص کا ریاست کو اختیار کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے نزدیک اس بات کی لذت اچھے کھانوں کی لذت سے زیادہ ہے۔

ہاں جو شخص ناقص ہو یعنی ابھی اس کے باطنی معانی پایۂ تکمیل کو نہ پہنچے ہوں جیسے بچہ ہے یا جس کی باطنی قویٰ مر چکے ہیں جس طرح کم عقل ہے تو بعید نہیں کہ وہ لذتِ ریاست پر کھانوں کی لذت کو ترجیح دے تو جس طرح اس شخص کے لیے جو بچپن اور کم عقلی سے نکل چکا ہو اس پر ریاست اور کرامت کی لذت تمام لذتوں سے غالب ہوتی ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کی معرفت اس کے دربارِ ربوبیت کے جمال کا مطالعہ اور امورِ الٰہیہ کے اسرار کی طرف نظر کرنا ریاست سے زیادہ لذیذ ہے جو مخلوق پر غالب لذتوں میں سے سب سے اعلیٰ ہے۔ تو یوں کہا جا سکتا ہے کہ کوئی نفس اس بات کو نہیں جانتا کہ اس کے لیے کیا چیز یعنی آنکھوں کی ٹھنڈک پوشیدہ رکھی گئی ہے۔ اور ان کے لیے وہ کچھ تیار کیا گیا جسے نہ تو کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی انسان کے دل میں اس کا خیال پیدا ہوا۔ اور یہ لذت اسے ہی معلوم ہو گی جو دونوں لذتوں کو چکھے وہ یقیناً تنہائی، تجرد اور فکر و ذکر کو ترجیح دے گا اور معرفت کے سمندر میں غوطہ زن ہو گا اور ریاست کو ترک کر دے گا اور مخلوق کی ریاست کو حقیر جانے گا کیوں کہ اسے معلوم ہے کہ یہ ریاست بھی فنا ہو گی اور جن لوگوں پر ریاست و حکومت ہے وہ بھی دنیا سے چلے گئے اور اس میں طرح طرح کی خرابیاں ہیں جن سے اس کا خالی ہونا متصور نہیں ہو سکتا اور موت پر اس کا خاتمہ لازم ہو گا جس کا آنا یقینی ہے جیسے زمین جب اپنے سنگھار کر لیتی ہے اور مزین ہو جاتی ہے اور اس کے مالک خیال کرتے ہیں کہ وہ اس پر قادر ہیں۔ (تو رات یا دن کو ہمارا حکم آتا ہے تو اسے اس طرح کٹا ہوا کر دیتا ہے کہ گویا کل وہ تھی ہی نہیں)

پس وہ اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی معرفت اس کی صفات و افعال کے مطالعہ اور اعلیٰ علیین سے اسفل السافلین تک اس کے نظام مملکت کی لذت کو بڑا جانے گا کیوں کہ اس میں نہ کوئی مزاحمت ہے اور نہ ہی کوئی خرابی وہ وہاں جانے والوں کے لیے وسیع ہے اور بڑی ہونے کی وجہ سے اس میں تنگی نہیں اس کی چوڑائی تو آسمانوں اور زمین کی چوڑائی جیسی ہے لیکن جب ان حدود سے بڑھ جائیں تو اس کی چوڑائی کی کوئی انتہا نہیں پس عارف اس کے مطالعہ کی وجہ سے ہمیشہ ایسی جنت میں رہتا ہے جس کی چوڑائی آسمانوں اور زمین کے برابر ہے وہ اس کے باغ سے لطف اندوز ہوتا ہے اس کے پھل چنتا ہے اور اس کے حوضوں سے پانی پیتا ہے نیز وہ اس کے ختم ہونے سے بے خوف ہوتا ہے کیوں کہ جنت کے پھل نہ تو ختم ہونے والے ہیں اور نہ ان سے روکا جائے گا۔

پھر یہ کہ یہ ابدی ہیں موت سے ختم نہیں ہوتے کیوں کہ موت محلِ معرفت کو ختم نہیں کرتی اور اس (معرفت) کا محل روح ہے جو امرِ ربانی آسمانی ہے موت اس کے احوال میں تبدیلی پیدا کرتی ہے اور اس کے مشاغل اور رکاوٹوں کو ختم

کر کے اسے قید سے آزاد کرتی ہے۔ اسے مٹاتی نہیں۔

ارشاد خداوندی ہے:

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ فَرِحِيْنَ بِمَا اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِنْ خَلْفِهِمْ۔ (۱)

اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کے راستے میں شہید کیے جائیں انہیں مردہ خیال نہ کرو بلکہ وہ زندہ ہیں انہیں ان کے رب کے ہاں رزق دیا جاتا ہے اللہ تعالیٰ نے انہیں جو اپنا فضل عطا کیا اس پر وہ خوش ہوتے ہیں اور خوش ہوتے ہیں ان لوگوں سے جو ان کے بعد ان سے آ کر نہیں ملے۔

اور تمہیں یہ گمان نہیں کرنا چاہیے کہ یہ اعزاز ان لوگوں کے ساتھ خاص ہے جو میدان جنگ میں قتل ہو جاتے ہیں کیونکہ عارف کو ہر سانس میں ایک ہزار شہید کا درجہ ملتا ہے اور حدیث شریف میں ہے کہ شہید آخرت میں تمنا کرے گا کہ اسے دنیا کی طرف لوٹا دیا جائے پھر وہ دوبارہ شہید ہو اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اسے بہت بڑا ثواب ملے گا اور شہید تمنا کریں گے کہ کاش وہ علماء (عارفین) ہوتے کیوں کہ وہ دیکھیں گے کہ علماء کا بہت بلند مرتبہ ہے (۲)

تو آسمانوں اور زمین کے تمام کنارے عارف کا میدان ہے وہ جس جگہ چاہے جائے لیکن اسے اپنے جسم کے ساتھ حرکت کی ضرورت نہیں پس وہ جنت میں جس کی چوڑائی تمام آسمان اور زمین ہے جمالِ ملکوت کے مطالعہ میں ہوتا ہے اور ہر عارف کا یہی حال ہو گا ایک دوسرے کی وجہ سے تنگی نہیں ہو گی ہاں یہ کہ جس قدر کسی کی معرفت زیادہ ہو گی اسی قدر اس کے لیے وسعت زیادہ ہو گی اور یہ اللہ تعالیٰ کے ہاں درجات ہیں اور ان کے درجات کے درمیان فرق کا شمار نہیں کیا جا سکتا۔

پس ظاہر ہوا کہ ریاست کی لذت جو باطنی ہے اصحاب کمال میں اس کی قوت تمام حواس کی قوت سے زیادہ ہے اور یہ لذت جانوروں، بچوں اور کم عقل لوگوں کو حاصل نہیں ہوتی اور اربابِ کمال کو اس لذتِ ریاست کے ساتھ ساتھ محسوسات اور خواہشات کی لذت بھی حاصل ہوتی ہے لیکن وہ ریاستِ باطنی کو ترجیح دیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ اس کی صفات و افعال، ملکوت سماوی اور اسرار سلطنت کی معرفت کی لذت کا ریاست کی لذت سے زیادہ ہونا ان لوگوں کی معرفت کے ساتھ خاص ہے جو معرفت کے مرتبے تک پہنچیں اور اس کو چکھیں۔

اور جس آدمی کا دل نہ ہو اس کے لیے یہ معرفت ثابت کرنا ممکن نہیں کیوں کہ اس قوت کا مرکز دل ہے جس طرح بچوں کے نزدیک گیند سے کھیلنے کی لذت کے مقابلے میں جماع کی لذت کو ترجیح نہیں ہوتی اور نہ ہی نامرد عطر سونگھنے کے مقابلے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ آل عمران ۱۶۹، ۱۷۰

(۲) صحیح بخاری جلد اول ص ۳۹۵ یہ الفاظ نہیں کہ شہداء اس بات کی تمنا کریں گے کہ وہ علماء ہوں ۱۲ رب نواز

ہیں جماع کو ترجیح دیتا ہے کیوں کہ ان دونوں (بچے اور نامرد) کے پاس وہ قوت نہیں جس کے ذریعے اس لذت کا ادراک ہوتا ہے لیکن جو شخص نامردی کی آفت سے محفوظ ہو اور اس کی سونگھنے کی حس بھی صحیح سالم ہو وہ دونوں لذتوں کے درمیان فرق محسوس کرتا ہے اب اس صورت میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ جس نے چکھا اسے پہچان حاصل ہوئی۔

علوم کو طلب کرنے والے اگرچہ امور الٰہیہ کی معرفت کے درپے نہیں ہوتے لیکن جب ان کے سامنے مشکل مسائل حل ہوتے ہیں اور مشبہات دُور ہوتے ہیں جن کی طلب کے وہ حریص ہوتے ہیں تو یہ بھی معارف وعلوم ہیں اگرچہ ان کی معلومات کو وہ شرف حاصل نہیں جو معلوماتِ الٰہیہ کو حاصل ہے۔

اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی معرفت میں خوب غور و فکر کرتا ہے اس کے لیے اللہ تعالیٰ کی سلطنت کے اسرار منکشف ہوتے ہیں اگرچہ کچھ کم معرفت ہی کیوں نہ ہو اس کشف کے وقت اس کے دل میں اس قدر خوشی ہوتی ہے کہ اس کا دل اُڑا جاتا ہے اور اسے اپنے نفس پر تعجب ہوتا ہے کہ وہ ثابت قدم رہا اور فرحت و سرور کی قوت کو اٹھایا اور یہ بات ذوق کے بغیر حاصل نہیں ہوتی اس کا بیان اتنا زیادہ فائدہ نہیں دیتا۔

اس قدر بیان سے تمہیں آگاہی حاصل ہوگئی کہ اللہ تعالیٰ کی معرفت سب سے زیادہ لذیذ ہے اور اس سے بڑھ کر کوئی لذت نہیں اسی لئے حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جن کو جہنم کا خوف اور جنت کی امید اللہ تعالیٰ کی ذات سے غافل نہیں کر سکتی تو دنیا کس طرح ان کو اللہ تعالیٰ سے بے خبر کر سکتی ہے یہی وجہ ہے کہ حضرت معروف کرخی رحمہ اللہ کے بعض احباب نے ان سے کہا اے ابو محفوظ! کس چیز نے آپ کو عبادت کی ترغیب دی اور مخلوق سے الگ کیا؟ آپ نے خاموشی اختیار کی، اس نے کہا موت کے ذکر نے؟ آپ نے فرمایا موت کیا چیز ہے؟ اس نے پوچھا قبر اور برزخ کے ذکر نے؟ آپ نے فرمایا قبر کیا چیز ہے، پوچھا جہنم کے خوف اور جنت کی امید نے؟ فرمایا کہ یہ کیا چیزیں نہیں یہ سب کچھ ایک بادشاہ کے قبضے میں ہے اگر تم اس سے محبت کرو تو یہ سب کچھ تمہیں بھول جائے گا اور اگر تمہارے اور اس کے درمیان معرفت ہو تو وہ تمہیں ان چیزوں سے کفایت کرے گا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خبروں میں ہے (آپ نے فرمایا) جب تم کسی نوجوان کو اللہ تعالیٰ کی طلب میں مشغول دیکھو تو جان لو کہ اس نے اسے سب چیزوں سے غافل کر دیا ہے۔

کسی بزرگ نے حضرت بشر بن حارث رحمہ اللہ کو خواب میں دیکھا تو پوچھا ابو نصر تمارا اور عبدالوہاب وراق کا کیا حال ہے؟ فرمایا میں نے اس وقت ان دونوں کو اللہ تعالیٰ کے سامنے کھاتے پیتے چھوڑا ہے میں نے پوچھا اور آپ؟ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کو معلوم تھا کہ میں نے کھانے پینے میں زیادہ رغبت نہیں رکھی تو اس نے مجھے اپنا دیدار نصیب فرمایا۔

حضرت علی بن موفق رحمہ اللہ نے فرمایا میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا میں جنت میں داخل ہوتا ہوں میں نے ایک

شخص کو دیکھا وہ دستر خوان کے پاس بیٹھا ہوا ہے اور دو فرشتے اس کے دائیں بائیں اس کے منہ میں تمام اچھے کھانوں کے لقمے ڈال رہے ہیں اور وہ کھا رہا ہے اور میں نے ایک دوسرے شخص کو جنت کے دروازے پر کھڑا دیکھا جو لوگوں کے چہروں کو دیکھ دیکھ کر بعض کو اندر جانے دیتا ہے اور بعض کو واپس کر دیتا ہے، فرماتے ہیں پھر میں ان سے آگے بڑھ کر حظیرۃ قدس (جنت) کی طرف گیا تو عرش کے خیموں میں ایک شخص کو دیکھا جو اللہ تعالیٰ کی طرف نظر لگائے دیکھ رہا ہے ادھر اُدھر نہیں دیکھتا میں نے رضوان فرشتے سے پوچھا یہ کون ہے؟ حضرت معروف کرخی رحمہ اللہ نے فرمایا اس شخص نے اللہ تعالیٰ کی عبادت جہنم کے خوف اور جنت کے شوق سے نہیں کی بلکہ اللہ تعالیٰ کی محبت میں کی ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے قیامت تک کے لیے اس کو اپنے دیدار کی اجازت دے دی کہا گیا ہے کہ دوسرے دونوں شخص حضرت بشر بن حارث اور حضرت احمد بن حنبل رحمہما اللہ تھے۔

اسی لیے حضرت ابو سلیمان رحمہ اللہ نے فرمایا جو شخص آج اپنے نفس میں مشغول ہوگا وہ کل بھی اپنے نفس میں مشغول ہوگا اور جو آج اپنے رب کے ساتھ مشغول رہے گا وہ کل بھی اپنے رب کے ساتھ مشغول رہے گا۔

حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ نے حضرت رابعہ رحمہا اللہ سے پوچھا کہ آپ کے ایمان کی حقیقت کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا میں نے اللہ تعالیٰ کی عبادت جہنم کے خوف اور جنت کی محبت میں نہیں کی کہ میرا حال برے مزدور کی طرح ہوتا بلکہ میں نے اللہ تعالیٰ کی محبت اور شوق میں عبادت کی ہے اور انہوں نے محبت کے معنیٰ میں کچھ اشعار فرمائے۔

أُحِبُّكَ حُبَّيْنِ حُبَّ الْهَوٰى	میں نے تجھ سے دو وجہ سے محبت کی ایک عشق کی وجہ
وَحُبًّا لِأَنَّكَ أَهْلٌ لِذَاكَا	سے اور دوسری بات یہ کہ تو محبت کے لائق ہے
فَأَمَّا الَّذِيْ هُوَ حُبُّ الْهَوٰى	پس وہ جو عشق کے باعث محبت ہے تو میں دوسروں
فَشُغْلِيْ بِذِكْرِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ	کو چھوڑ کر صرف تیرے ذکر میں مشغول ہوں اور وہ محبت
وَأَمَّا الَّذِيْ أَنْتَ أَهْلٌ لَهٗ	کہ تو اس کا اہل ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ تو نے
فَكَشْفُكَ لِيَ الْحُجُبَ حَتّٰى أَرَاكَ	پردے کھول دیئے حتیٰ کہ میں تجھے دیکھتی ہوں پس اس
فَلَا الْحَمْدُ فِيْ ذَا وَلَا ذَاكَ لِيْ	میں تعریف ہو یا اس میں وہ میرے لیے نہیں بلکہ سب
وَلٰكِنْ لَكَ الْحَمْدُ فِيْ ذَا وَذَا مَا	تعریف تیرے لیے ہے۔

شاید انہوں نے عشق کی محبت سے اللہ تعالیٰ کی وہ محبت مراد لی ہو جو دنیا میں ملنے والے اس کے انعامات اور احسان کی وجہ سے کی جاتی ہے۔ اور جس محبت کا وہ اہل ہے اس سے مراد وہ محبت ہے جو اس کے جلال و جمال کی وجہ سے ہے جو اس نے حضرت رابعہ رحمہا اللہ کے لیے منکشف فرمایا اور یہ محبت، دونوں محبتوں میں سے اعلیٰ اور زیادہ مضبوط ہے اور مطالعۂ جمالِ ربوبیت کی لذت وہ ہے جس کی طرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پاس ارشاد گرامی میں اشارہ فرمایا

آپ نے اللہ تعالیٰ سے نقل فرمایا کہ وہ ارشاد فرماتا ہے۔

أَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِينَ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ۔ (۱)

میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے وہ نعمتیں تیار کی ہیں جو نہ تو کسی آنکھ نے دیکھیں نہ کسی کان نے سنیں اور نہ کسی انسان کے دل میں ان کا خیال پیدا ہوا۔

اور اگر کسی شخص کا دل انتہائی درجہ کا صاف ہو تو ان میں سے بعض لذتیں اسے دنیا میں ہی مل جاتی ہیں اسی سبب بعض بزرگوں نے فرمایا کہ میں کہتا ہوں اے میرے رب اے اللہ! تو میں اس بات کو اپنے دل پر پہاڑ سے زیادہ وزنی پاتا ہوں کیوں کہ پکارنا پردے کی آڑ سے ہوتا ہے اور کبھی تم نے دیکھا کہ کوئی شخص اپنے ہمنشین کو پکارتا ہو اور یہ بھی ان کا قول ہے کہ جب کوئی شخص اس علم میں انتہا کو پہنچتا ہے تو لوگ اسے پتھروں سے مارتے ہیں یعنی اس کا کلام ان کی عقلوں کی حد سے باہر نکل جاتا ہے اور وہ اس کی بات کو پاگل پن یا کفر قرار دیتے ہیں پس تمام عارفین کا مقصد صرف اللہ تعالیٰ تک پہنچنا اور اس سے ملاقات کرنا ہے اور یہ آنکھوں کی ٹھنڈک ہے جس کے بارے میں کوئی نفس نہیں جانتا کہ اس کے لیے کیا چیز چھپا کر رکھی گئی ہے اور جب یہ چیز حاصل ہو جاتی ہے تو تمام ارادے اور خواہشات مٹ جاتی ہیں اور اس کا دل اس کی نعمتوں میں مشغول ہو جاتا ہے پس اگر اسے جہنم میں ڈالا جائے تو اس استغراق کی وجہ سے اسے کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوتی اور اگر جنت کی نعمتیں اس کے سامنے پیش کی جائیں تو اس نعمت کی وجہ سے وہ ان نعمتوں کی طرف متوجہ نہیں ہوتا کیوں کہ وہ اس انتہا کو پہنچ چکا ہے کہ اس سے اوپر کوئی لذت نہیں۔

معلوم وہ لوگ جو صرف محسوسات کی محبت کو ہی جانتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی زیارت کی لذت پر کس طرح ایمان رکھتے ہیں حالانکہ اس کی کوئی صورت اور شکل نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں سے جو وعدہ کیا اور بتایا کہ یہ سب سے بڑی نعمت ہے تو اس کا کیا مطلب ہوگا بلکہ جس شخص کو اللہ تعالیٰ کی پہچان حاصل ہوتی ہے وہ اس بات کو بھی جانتا ہے کہ مختلف خواہشات کے تحت جو متفرق لذتیں ہیں وہ سب اس لذت کے تحت داخل ہیں جیسا کہ بعض شعراء نے فرمایا۔

كَانَتْ لِقَلْبِيْ أَهْوَاءٌ مُفَرَّقَةٌ
فَاسْتَجْمَعَتْ مُذْ رَأَتْكَ الْعَيْنُ أَهْوَائِيْ
فَصَارَ يَحْسُدُنِيْ مَنْ كُنْتُ أَحْسُدُهُ
وَصِرْتُ مَوْلَى الْوَرَىٰ مُذْ صِرْتَ مَوْلَائِيْ
تَرَكْتُ لِلنَّاسِ دُنْيَاهُمْ وَدِيْنَهُمْ
شُغْلًا بِذِكْرِكَ يَا دِيْنِيْ وَدُنْيَائِيْ

میرے دل میں متفرق و مختلف خواہشات تھیں لیکن جب تجھے دیکھا تو تمام خواہشات جمع ہو گئیں۔ پس جس پر میں رشک کرتا تھا وہ مجھ پر رشک کرنے لگا اور جب سے میں نے تجھے اپنا مولا بنایا میں نوکروں کا آقا بن گیا میں نے تیرے ذکر میں مشغول ہو کر لوگوں کی دنیا اور دین کو ان کے لیے چھوڑ دیا اے میرے دین اور اے میری دنیا۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۴۳۸ مرویات ابو ہریرہ

اسی لیے کسی دوسرے شاعر نے فرمایا۔

وَهَجْرُهُ أَعْظَمُ مِنَ النَّارِ — اور اس (اللہ تعالیٰ) کو چھوڑنا جہنم سے بھی بڑا عذاب ہے
وَوَصْلُهُ أَطْيَبُ مِنْ جَنَّةٍ — اور اس کا وصال جنت سے بھی زیادہ اچھا ہے۔

ان لوگوں کا مقصد صرف یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کی معرفت سے حاصل ہونے والی قلبی لذت کو کھانے، پینے اور نکاح کی لذت پر ترجیح دی جائے کیوں کہ جنت وہ مقام ہے جہاں حواس کو نفع حاصل ہوگا اور دل کی لذت صرف اللہ تعالیٰ کی ملاقات ہی میں ہے۔

اور لذتوں کے سلسلے میں مخلوق کے حالات کو یوں سمجھیں کہ بچے کے لیے اس کی پہلی حرکت اور سمجھ حاصل ہونے کی صورت میں ایک ایسی قوت پیدا ہوتی ہے جس کے ذریعے وہ کھیل کود میں لذت محسوس کرتا ہے حتیٰ کہ اس کے نزدیک کھیل کود کی لذت تمام اشیاء کی لذت سے زیادہ ہوتی ہے پھر زینت، لباس پہننے، جانوروں پر سوار ہونے وغیرہ کی لذت آتی ہے تو کھیل کی لذت کو حقیر جاننے لگتا ہے پھر جماع اور عورتوں کی خواہش کی لذت پیدا ہوتی ہے تو وہ ان تک پہنچنے کے لیے پہلی تمام لذتوں کو چھوڑ دیتا ہے پھر اقتدار، بلند مرتبہ اور کثرت مال کی لذت ظاہر ہوتی ہے اور یہ دنیوی لذتوں میں سے آخری سب سے بلند اور مضبوط ترین لذت ہے۔

جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

اِعْلَمُوْٓا اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ۔ (۱) — بے شک دنیا کی زندگی کھیل کود زینت، باہمی فخر اور کثرت مال کی تلاش ہے۔

پھر ایک اور قوت ظاہر ہوتی ہے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کے افعال کی معرفت حاصل ہوتی ہے اب اس صورت میں پہلے کی تمام لذتیں حقیر نظر آتی ہیں پس ہر پچھلی لذت، پہلی لذت کے مقابلے میں زیادہ قوی ہوتی ہے اور یہ سب سے آخری لذت ہے کیوں کہ کھیل کود کی لذت سمجھ بوجھ آنے کی عمر میں ہوتی ہے، عورتوں اور زینت کی محبت بلوغت کی عمر میں، اقتدار کی محبت بیس سال کے بعد اور علوم کی محبت چالیس سال کی عمر کے قریب ہوتی ہے اور یہ انتہائی درجہ ہے اور جس طرح بچہ اس شخص پر ہنستا ہے جو کھیلتا نہیں اور عورتوں سے میل جول اور ریاست کی طلب میں مشغول ہوتا ہے اسی طرح رئیس لوگ ان لوگوں پر ہنستے ہیں جو ریاست کی طلب ترک کر کے اللہ تعالیٰ کی معرفت میں مشغول ہوتے ہیں اور عارفین کہتے ہیں کہ اگر تم ہم پر ہنستے ہو تو ہم بھی تم پر ہنسیں گے جیسا کہ تم ہنستے ہو پس عنقریب تم جان لو گے۔

---

(۱) قرآن مجید سورۃ الحدید آیت ۲۰

فصل نمبر ۵:

معرفت دنیوی کی نسبت آخرت میں لذت دیدار کے زیادہ ہونے کا سبب

واضح ہو کہ مدرکات دو قسم کے ہیں ایک وہ جو خیال میں آتے ہیں جس طرح خیالی صورتیں اور رنگ برنگ کے حیوانات جو مختلف شکلیں رکھتے ہیں دوسری قسم ان مدرکات کی ہے جو خیال میں نہیں آسکتے جس طرح اللہ تعالیٰ کی ذات اور وہ اشیاء جن کا جسم نہیں ہوتا مثلاً علم، قدرت اور ارادہ وغیرہ جو شخص کسی انسان کو دیکھ کر اپنی آنکھ کو بند کر دے وہ اس کی صورت کو اپنے خیال میں پاتا ہے گویا وہ اس کی طرف دیکھ رہا ہے لیکن جب آنکھ کھول کر اسے دیکھتا ہے تو اس کو دونوں کے درمیان فرق کا ادراک ہوتا ہے اور یہ فرق دونوں صورتوں کے درمیان اختلاف کی شکل میں نہیں ہوتا کیوں کہ دکھائی دینے والی صورت خیال میں آنے والی صورت کے موافق ہوتی ہے فرق صرف زیادہ واضح ہونے اور کشف کے اعتبار سے ہوتا ہے کیوں کہ جو صورت دکھائی دے رہی ہے اس کا کشف زیادہ ہوتا ہے اور وہ زیادہ واضح ہوتی ہے اور یہ اس شخص کی طرح ہے جو دن کی روشنی پھیلنے سے پہلے صبح کی سفیدی میں دیکھا جائے اور پھر مکمل روشنی کے وقت دکھائی دے تو دونوں حالتوں میں فرق صرف یہ ہوتا ہے کہ ایک میں وہ شکل زیادہ واضح ہوتی ہے۔

تو نتیجہ یہ ہوا کہ خیال، ادراک کا آغاز ہے اور دیکھنا اس ادراکِ خیال کی تکمیل ہے اور یہ کشف کی انتہا ہے اسی لیے اس کو رؤیت (دیکھنا) کہا جاتا ہے اس لیے نہیں کہ اس کا آنکھ سے تعلق ہے۔ بلکہ اگر اللہ تعالیٰ اس کامل مکشوف ادراک کو پیشانی یا سینے میں رکھ دیتا ہے تو اسے بھی رؤیت (دیکھنا) ہے کہا جاتا۔

جب خیال میں آنے والی چیزوں کے بارے میں تم یہ بات سمجھ گئے تو جان لو کہ جو معلومات خیال میں متشکل نہیں ہوتیں ان کی معرفت وادراک کے دو درجے ہیں ایک پہلا درجہ ہے اور دوسرا درجہ اس کی تکمیل ہے۔ اور ان دونوں کے درمیان کشف کی زیادتی کے حوالے سے اسی قدر تفاوت ہے جس قدر خیال میں آنے والی اور دیکھی جانے والی چیز کے درمیان فرق ہے تو دوسری صورت کو پہلی کے مقابلے میں مشاہدہ، لقاء اور رؤیت کہا جاتا ہے اور یہ نام رکھنا حق ہے۔ کیوں کہ رؤیت (دیکھنے) کو رؤیت اسی لیے کہا جاتا ہے کہ اس میں کشف زیادہ ہوتا ہے اور جس طرح اللہ تعالیٰ نے یہ طریقہ جاری فرمایا کہ آنکھوں کی پلکیں ملانے سے پوری طرح دکھائی نہیں دیتا آنکھ اور دکھائی دینے والی چیز کے درمیان پردہ باقی رہتا ہے اور دیکھنے کے لیے اس پردے کا اٹھنا ضروری ہے اور جب تک یہ پردہ نہ اٹھے حاصل ہونے والا ادراک محض خیال ہوگا اسی طرح اللہ تعالیٰ کے جاری کردہ طریقے کا مقتضیٰ یہ بھی ہے کہ جب تک نفس بدنی عوارض اور خواہشات کے تقاضوں کے پردے میں ہوتا ہے اور جب تک اس پر بشری صفات کا غلبہ رہتا ہے اس وقت تک خیال سے خارج معلومات کے سلسلے میں وہ مشاہدے اور لقاء تک نہیں پہنچ سکتا بلکہ یہ زندگی (دنیوی زندگی) رؤیت سے حجاب ہے جس طرح پلکوں کا حجاب، آنکھوں

سے دیکھنے کے سلسلے میں رکاوٹ ہے اور اس زندگی کے حجاب ہونے کے سلسلے میں گفتگو بہت طویل ہے جو اس علم کے لائق نہیں ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا۔

لَنْ تَرَانِیْ (۱) آپ مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکتے۔

نیز ارشاد فرمایا۔

لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُ۔ (۲) آنکھیں اس کا ادراک نہیں کر سکتیں۔

یعنی دنیا میں آنکھیں اسے نہیں دیکھ سکتیں اور صحیح بات یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کی رات اللہ تعالیٰ کو نہیں دیکھا (۳)

نوٹ:۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور اکثر علماء کے نزدیک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج اپنے رب کی زیارت کی ہے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میں نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا وہ نورانی ہے (نور ہے) اور اس کے راوی صحیح احادیث کے راوی ہیں۔ تفصیل کے لیے اتحاف السادۃ المتقین جلد ۹ ص ۵۸۰ دیکھئے۔ (۱۲ ہزاروی)

پس جب موت کی وجہ سے حجاب اٹھ جاتا ہے تو نفس دنیوی کدورتوں میں ملوث رہتا ہے وہ مکمل طور پر اس پر دور نہیں ہوتیں اگرچہ فرق ہوتا ہے بعض نفس ایسے ہوتے ہیں کہ ان پر خباثت اور زنگ چڑھا رہتا ہے اور وہ اس شیشے کی طرح ہوتے ہیں جو ایک عرصہ تک زنگ آلود رہتا ہے اور اس وجہ سے اس کا اصل جوہر ہی خراب ہو جاتا ہے اب صفائی اور دیگر مال ملنا اسے کوئی فائدہ نہیں دیتا یہ لوگ اپنے رب سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے حجاب میں ہوتے ہیں ہم اس بات سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں۔

اور بعض نفس ایسے ہوتے ہیں کہ ان کی کدورت زنگ اور مُہر کی حد تک نہیں پہنچتی اور وہ تزکیہ اور اصلاح کی قبولیت سے خارج نہیں ہوتے وہ جہنم پر صرف اس قدر پیش کیے جائیں گے کہ ان کا میل کچیل دور ہو اور یہ کم از کم ایک لحظہ ہے اور مومنوں کے حق میں زیادہ سے زیادہ سات ہزار سال ہے جیسا کہ روایات میں آیا ہے (۴) اور اس عالم سے جو بھی نفس جاتا ہے اس پر کچھ نہ کچھ کدورت ہوتی ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ اعراف آیت ۱۴۳

(۲) قرآن مجید، سورہ انعام آیت ۱۰۳

(۳) صحیح مسلم جلد اول ص ۹۸ کتاب الایمان

(۴) کنز العمال جلد ۱۴ ص ۵۳۶ حدیث ۳۹۵۰۹

وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا۔ (۱)

اور ہر ایک جہنم سے گزرنا ہے یہ تمہارے رب کا قطعی فیصلہ ہے پھر ہم ان لوگوں کو نجات دیں گے جو (ہم سے) ڈرتے ہیں اور ظالموں کو اس میں منہ کے بل چھوڑ دیں گے۔

تو ہر نفس کا جہنم سے گزرنا تو یقینی ہے لیکن وہاں سے بچ نکلنا یقینی نہیں ہے جب اللہ تعالی اس کی تطہیر و تزکیہ کو مکمل کردے گا اور اللہ تعالی کی طرف سے لکھی ہوئی مدت پوری ہو جائے گی اور حساب و کتاب نیز پیشی سے متعلق جن باتوں کا شریعت نے وعدہ کیا ہے ان سے فراغت ہو جائے گی اور جنت کا استحقاق ثابت ہو جائے گا اور یہ وقت مبہم ہے اللہ تعالی کے سوا کوئی بھی اس پر مطلع نہیں ہے کیونکہ یہ قیامت کے بعد واقع ہوگا اور قیامت کا وقت مجہول ہے، تو اس وقت اس کی صفائی اور کدورتوں کو دور کرنے میں مشغولیت ہوگی کہ اس کے چہرے پر کوئی گرد و غبار نہیں پڑے گی کیونکہ اس میں حق تعالی کی تجلی ہوگی اور یہ اس طرح کی تجلی ہوگی کہ اس میں پہلا علم منکشف اور واضح ہوگا جس طرح تخیلات کی نسبت دیکھنے میں زیادہ ظہور ہوتا ہے اسی مشاہدہ اور تجلی کو رؤیت کہتے ہیں۔

تو رؤیت حق ہے بشرطیکہ اس سے کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ خیالی صورت کا خیال کسی جہت اور مکان کے ساتھ مخصوص ہے اور اس کے ذریعے اس کی تکمیل ہوتی ہے اللہ تعالی کی ذات اس تصور سے بلند و بالا ہے بلکہ جس طرح تم دنیا میں اسے ایسی حقیقت تامہ کے ساتھ پہچانتے ہو جس میں کوئی تخیل و تصور اور شکل و صورت نہیں ہوتی آخرت میں بھی اسی طرح دیکھو گے بلکہ میں کہتا ہوں کہ دنیا میں جو صورت حاصل ہوتی بعینہ وہ پایۂ تکمیل کو پہنچے گی اور اس میں کشف و ظہور درجۂ کمال کو پہنچے گا اور مشاہدہ کی صورت اختیار کرے گا۔ پس آخرت میں مشاہدہ اور دنیا میں علم کے درمیان اختلاف صرف کشف و ظہور کے زیادہ ہونے کا ہے جس طرح ہم نے خیال کی مثال کے سلسلے میں پہلے بیان کیا ہے پس جب اللہ تعالی کی معرفت میں صورت اور جہت کو ثابت نہیں کیا جا سکتا تو اس معرفت کی تکمیل اور انتہائی کشف کے سلسلے میں بھی جہت اور صورت کا کوئی دخل نہیں ہے کیوں کہ دونوں ایک ہی ہیں صرف کشف کے زائد ہونے کا فرق ہے جس طرح دکھائی دینے والی صورت بعینہ خیالی صورت ہوتی ہے البتہ اس میں کشف زیادہ ہوتا ہے اللہ تعالے کے اس ارشاد گرامی میں اسی بات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا۔ (۲)

ان کا نور ان کے آگے اور دائیں طرف دوڑتا ہوگا وہ کہیں گے اے ہمارے رب ہمارے لیے ہمارے نور کو مکمل کردے۔

---

(۱) قرآن مجید سورۂ مریم آیت ۷۱، ۷۲

(۲) قرآن مجید، سورۂ حدید آیت ۲۲

کیوں کہ نور کی کمیں کا مطلب کشف و ظہور کی زیادتی ہے یہی وجہ ہے کہ نظر و رؤیت کے درجے پر وہی لوگ پہنچیں گے جو دنیا میں عارف ہوں گے کیوں کہ معرفت ہی وہ بیج ہے جو قیامت کے دن مشاہدہ کی شکل میں بدل جائے گا جس طرح گٹھلی درخت کی شکل اختیار کرتی ہے اور دانہ کھیتی بن جاتا ہے تو جس شخص کی زمین میں گٹھلی نہ ہو اسے درخت کیسے حاصل ہوگا اور جو زمین میں بیج نہیں ڈالتا وہ کھیتی کس طرح کاٹے گا پس اسی طرح جو شخص دنیا میں اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل نہیں کرتا وہ آخرت میں اس کے دیدار سے کیسے مشرف ہوگا۔

پس جب معرفت کے مختلف درجات ہیں تو تجلی کے درجات میں بھی اختلاف ہے تو معارف کی نسبت سے تجلی میں اختلاف اسی طرح ہے جیسے مختلف قسم کے بیج مختلف قسم کی فصل دیتے ہیں کیوں کہ ان کے درمیان کثرت قلت، حسن، قوت اور کمزوری کے اعتبار سے فرق ہوتا ہے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

إِنَّ اللّٰهَ يَتَجَلَّى لِلنَّاسِ عَامَّةً وَلِأَبِي بَكْرٍ خَاصَّةً۔ (۱)	بے شک اللہ تعالیٰ لوگوں کے عمومی طور پر اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے لیے خصوصی طور پر تجلی فرماتا ہے۔

لہٰذا یہ گمان نہیں کرنا چاہیے کہ جو لوگ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے کم درجہ میں ہیں ان کو مشاہدے اور دیکھنے کی وہی لذت حاصل ہوگی جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو حاصل ہوئی بلکہ وہ اس کا سوواں حصہ پائیں گے اگر دنیا میں ان کی معرفت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی معرفت کا سوواں حصہ ہو۔ پس جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سِر معرفت میں لوگوں سے افضل تھے اور یہ راز آپ کے سینہ مبارک میں جاگزیں تھا اس لیے آپ آخرت میں انفرادی تجلی کی فضیلت کے مستحق ہوئے۔

اور جس طرح تم دیکھتے ہو کہ دنیا میں بعض لوگ لذتِ ریاست کو کھانے اور نکاح کی لذت پر ترجیح دیتے ہیں اور تم یہ بھی دیکھتے ہو کہ بعض لوگ علم اور آسمانوں اور زمین کی سلطنتوں کے مشکل مقامات کے کشف اور تمام امور الٰہیہ کو ریاست نکاح، کھانے اور مشروب سب پر ترجیح دیتے ہیں اسی طرح آخرت میں ایک قوم ایسی ہوگی جو اللہ تعالیٰ کی زیارت کو جنت کی نعمتوں پر ترجیح دیں گے۔ کیوں کہ جنت کی نعمتیں کھانے اور نکاح سے متعلق ہیں اور یہ لوگ وہی ہیں جن کا دنیوی حال ہم نے بیان کیا کہ وہ علم و معرفت اور اسرار ربوبیت پر اطلاع کو نکاح، کھانے اور مشروب کی لذت پر ترجیح دیتے ہیں حالاں کہ تمام مخلوق ان لذات میں مشغول ہے یہی وجہ ہے کہ جب حضرت رابعہ رحمہا اللہ سے پوچھا گیا کہ آپ جنت کے بارے میں کیا کہتی ہیں؟ انہوں نے فرمایا "اَلْجَارُ ثُمَّ الدَّارُ" (پہلے صاحبِ خانہ اور پھر گھر) تو انہوں نے بیان کیا کہ ان کے دل میں جنت کی طرف نہیں بلکہ جنت کے رب کی طرف توجہ ہے۔

اور جو شخص دنیا میں اللہ تعالیٰ کی معرفت نہیں رکھتا وہ آخرت میں اسے نہیں دیکھے گا اور جس شخص کو دنیا میں لذت، معرفت

---

(۱) تاریخ بغداد جلد ۱۲ ص ۱۹ ترجمہ ۶۲۸۱

حاصل نہیں وہ آخرت میں لذت نظر نہیں پائے گا کیوں کہ جس شخص کو دنیا میں کسی چیز کا ساتھ حاصل نہ ہو آخرت میں اس کے لیے کوئی نئی بات نہیں ہوگی اور ہر آدمی وہی چیز کاٹے گا جو اس نے بویا ہوگا اور آدمی جس حالت پر فوت ہوتا ہے اسی پر اٹھایا جائے گا اور موت بھی اسی حالت میں آتی ہے جس پر وہ زندگی گزار رہا ہوتا ہے پس جس قدر معرفت سے کر جائے گا اسی قدر لذت پائے گا اور وہی معرفت مشاہدہ کی صورت اختیار کرے گی پس اس کی لذت اسی انداز میں دوبالا ہوگی جس طرح معشوق کی خیالی صورت رؤیت و مشاہدہ میں بدلتے وقت عاشق کو لذت حاصل ہوتی ہے یہ اس کی لذت کی انتہا ہے اور چوں کہ جنت میں ہر شخص کو من پسند چیز ملے گی پس جو شخص صرف اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی خواہش رکھتا ہے اسے کسی اور عمل کی لذت حاصل نہیں ہوتی بلکہ بعض اوقات اس کی وجہ سے اذیت محسوس کرتا ہے۔

نتیجہ یہ ہوا کہ جنت کی نعمتیں اللہ تعالیٰ کی محبت کے اندازے پر ملیں گی اور محبتِ خداوندی اسی قدر ہوتی ہے جس قدر معرفت حاصل ہوتی ہے پس تمام سعادتوں کی اصل وہ معرفت ہے جسے شریعت ایمان سے تعبیر کرتی ہے۔

سوال :-

لذتِ دیدار کی نسبت اگر لذتِ معرفت کی طرف ہے تو وہ کم ہے اگرچہ وہ اس سے کئی گنا زیادہ ہو کیوں کہ دنیا میں معرفت کی لذت ضعیف ہوتی ہے پس اس کا دوگنا چوگنا ہونا ایسی حد کو نہیں پہنچائے گا جس کے سامنے جنت کی لذتیں حقیر معلوم ہوں۔

جواب :

لذتِ معرفت کو کم سمجھنا، معرفت سے خالی ہونے کی دلیل ہے پس جو شخص معرفت سے خالی ہو وہ اس کی لذت کو کیسے پائے گا اور اگر تھوڑی سی معرفت ہو اور اس کا دل دنیوی تعلقات سے بھرا ہوا ہو تو کس طرح اس کی لذت محسوس کرے گا پس عارفین اپنی معرفت، فکر اور اللہ تعالیٰ سے مناجات میں اس قدر لذت پاتے ہیں کہ اگر دنیا میں اس کے بدلے ان کے سامنے جنت کو پیش کیا جائے تو وہ اس کے بدلے میں جنت نہیں لیں گے پھر یہ لذت اپنے کمال کے باوجود دیدار اور مشاہدہ کی لذت سے کچھ نسبت نہیں رکھتی جس طرح معشوق کے تصور کی لذت کو اس کے دیکھنے سے کوئی نسبت نہیں ہوتی اور نہ ہی عمدہ اور پسندیدہ کھانوں کو سونگھنے کی لذت ان کے کھانے سے کچھ نسبت رکھتی ہے ہاتھ سے چھونے کو جماع کی لذت سے کوئی نسبت نہیں ہوتی اور ان دونوں میں فرق کو مثال بیان کیے بغیر ظاہر نہیں کیا جا سکتا پس ہم کہتے ہیں۔

دنیا میں معشوق کے چہرے کی طرف دیکھنے کی لذت کچھ اسباب کی بنیاد پر مختلف ہوتی ہے۔

پہلا سبب :

معشوق کے جمال کا کامل اور ناقص ہونا ہے کیوں کہ زیادہ خوبصورت کو دیکھنے میں لامحالہ لذت بھی زیادہ کامل ہوتی ہے

دوسرا سبب :

محبت، شہوت اور عشق کا قوی ہونا ہے پس جس شخص کا عشق زیادہ ہو اس کو حاصل ہونے والی لذت اور کمزور

محبت والے کو حاصل ہونے والی لذت میں فرق ہے۔

تیسرا سبب:

کمالِ ادراک ہے پس اگر کوئی شخص اپنے محبوب کو اندھیرے میں یا باریک پردے کے پیچھے سے یا دُور سے دیکھے تو یہ لذت قریب سے کسی پردے کے بغیر دیکھنے یا روشنی میں دیکھنے سے حاصل ہونے والی لذت جیسی نہیں ہے۔ اسی طرح برہنگی کی حالت میں اس کے ساتھ لپٹنے کی جو لذت ہے اس کے مقابلے میں وہ لذت کم ہوتی ہے جب دونوں کے درمیان کپڑا حائل ہو۔

چوتھا سبب:

دل کو پریشان کرنے والے تردداّت کا دُور ہونا ہے اور تندرست فارغ اور تنہائی میں محبوب کو دیکھنے والے کو جو لذت حاصل ہوتی ہے خوف زدہ یا بیمار یا تکلیف میں مبتلا شخص یا جس کا دل اہم امور میں مشغول ہو وہ اس قسم کی لذت حاصل نہیں کر سکتا فرض کیجئے ایک عاشق کا عشق ضعیف ہو وہ اپنے محبوب کو باریک پردے کے پیچھے سے دُور سے دیکھتا ہے کہ اس کی صورت کی ماہیت اچھی طرح واضح نہیں ہوتی اور مزید یہ کہ وہاں بچھو اور بھڑیں جمع ہیں جو اس کو کاٹتی اور اذیت پہنچاتی ہیں اور اس کے دل کو مشغول رکھتی ہیں تو وہ اس حالت میں بھی معشوق کے دل کو مشغول رکھتی ہیں تو وہ اس حالت میں بھی معشوق کے مشاہدہ سے کچھ نہ کچھ لذت حاصل کرتا ہے اب اگر اچانک ایسی حالت پیدا ہو جائے کہ پردہ اُٹھ جائے اور روشنی زیادہ ہو جائے نیز موذی کیڑے مکوڑے بھی چلے جائیں اور وہ فارغ محفوظ ہو جائے اور شہوت قوی ہو جائے نیز عشق کا اس قدر ہجوم ہو کر انتہائی درجہ تک پہنچ جائے تو دیکھو لذت کس طرح بڑھے گی حتیٰ کہ پہلی صورت اس کے مقابلے میں غیر معتبر ہو جائے گی، اسی طرح لذتِ معرفت کی نسبت سے لذتِ دیدار کو دیکھنا چاہیئے باریک پردہ بدن انسانی کی طرح ہے بچھو اور بھڑیں ان شہوتوں کی طرح ہیں جو انسان پر مسلط ہیں مثلاً بھوک، پیاس، غصہ اور غم وغیرہ، اور خواہش و محبت کی کمزوری اس بات کی مثال ہے کہ دنیا میں ملاءِ اعلیٰ کی طرف شوق میں کمی اور کوتاہی ہو اور وہ اسفل السافلین کی طرف متوجہ ہو جس طرح بچہ لذتِ ریاست کے ملاحظہ سے قاصر ہوتا ہے اور اس کی توجہ پرندوں سے کھیلنے کی طرف ہوتی ہے۔

عارف کی معرفت اگرچہ دنیا میں قوی ہو جائے پھر بھی وہ ان کدورتوں سے خالی نہیں ہوتی اور یہ تصور نہیں ہو سکتا کہ وہ ان باتوں سے خالی ہو ہاں بعض اوقات یہ موانع کسی صورت میں ضعیف ہوتے ہیں اور دائمی نہیں ہوتے پس جمالِ معرفت اس قدر چمکتا ہے کہ اس سے عقل حیران رہ جاتی ہے اور اس کی لذت اتنی زیادہ ہوتی ہے کہ اس کی عظمت کی وجہ سے دل پھٹنے کے قریب ہو جاتا ہے لیکن یہ بجلی کی چمک کی طرح ہوتی ہے اور بہت کم ٹھہرتی ہے بلکہ اسے کچھ ایسے شغل اور افکار پیش آتے ہیں یہ بات ہمیشہ رہتی ہے اس لیے مرتے دم تک یہ لذت آلودہ رہتی ہے اور حیاتِ طیبہ موت کے بعد ہوتی ہے اور حقیقی عیش (اور زندگی) تو آخرت کی ہے جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ۔ (۱)

اور اصل زندگی تو آخرت کی زندگی ہے (کیا اچھا ہوتا) اگر تم جانتے۔

اور جو شخص اس مرتبے تک پہنچتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو پسند کرتا ہے پس وہ موت کو بھی پسند کرتا ہے اور اگر اسے برا جانتا ہے تو صرف اس وجہ سے کہ وہ موت سے پہلے تکمیل معرفت کا خواہاں ہوتا ہے کیوں کہ معرفت بیج کی طرح ہے اور معرفت کے سمندر کا کوئی کنارہ نہیں پس اللہ تعالیٰ کے جلال کی گہرائی تک رسائی محال ہے تو جب اللہ تعالیٰ، اس کی صفات و افعال اور اس کی مملکت کے اسرار کی معرفت زیادہ اور مضبوط ہوتی ہے تو آخرت کی نعمتیں بھی بڑھ جاتی ہیں اور عمدہ ہونے کا باعث ہے اور اس بیج کا حصول صرف دنیا میں ممکن ہے اور یہ کھیتی صرف دل کی زمین میں ہوتی ہے اور اسے آخرت میں کاٹا جاتا ہے اسی لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَفْضَلُ السَّعَادَاتِ طُوْلُ الْعُمْرِ فِيْ طَاعَةِ اللهِ۔ (۲)

سب سے اچھی سعادت طویل زندگی ہے جو اللہ تعالےٰ کی فرمانبرداری میں گزرے۔

کیوں کہ معرفت کی تکمیل اور کثرت نیز اس کی وسعت اس وقت ہوتی ہے جب لمبی زندگی حاصل ہو اور دائمی فکر اور مجاہدہ نیز دنیوی تعلقات سے انقطاع اور طلب کے لیے گوشہ نشینی نصیب ہو اور ان کاموں کے لیے وقت درکار ہوتا ہے۔

پس جو شخص موت کو چاہتا ہے تو اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنے آپ کو معرفت میں انتہائی مقام پر دیکھتا ہے جو اس کے لیے آسان کر دیا گیا اور جو شخص موت کو ناپسند کرتا ہے تو اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ وہ طویل عمر کے ذریعے مزید معرفت کی امید رکھتا ہے اور وہ سمجھتا ہے کہ زیادہ عمر ملنے کی صورت میں جو قوت وہ حاصل کر سکتا ہے اس کی نسبت سے ابھی وہ کمی ہے پس اہل معرفت کے نزدیک موت کی چاہت اور ناپسندیدگی کی یہ وجہ ہے۔

جب کہ باقی لوگوں کی نظر دنیوی خواہشات تک محدود ہوتی ہے اگر ان کا حصول ممکن ہو تو وہ باقی رہنا پسند کرتے ہیں اور اگر خواہشات کے پورا ہونے میں تنگی محسوس کریں تو موت کی تمنا کرتے ہیں اور یہ سب باتیں محرومی اور خسارے کا باعث ہیں جن کی بنیاد جہالت اور غفلت ہے پس جہالت و غفلت ہر بدبختی کی جڑ ہے جب کہ علم و معرفت ہر قسم کی نیک بختی کی بنیاد ہیں۔

جو کچھ ہم نے ذکر کیا ہے اس سے تمہیں محبت اور عشق کی پہچان ہو گئی کہ عشق محبت میں زیادتی کو کہتے ہیں نیز لذت معرفت کا مفہوم، رؤیت کا معنیٰ اور لذتِ رؤیت کا معنیٰ بھی معلوم ہو گیا نیز یہ بات بھی تم نے جان لی کہ عقل والوں اور

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ عنکبوت آیت ۶۴

(۲) کنز العمال جلد ۱۵ ص ۶۲۶ حدیث ۴۲۷۶۴

اہلِ کمال کے نزدیک لذتِ دیدار تمام لذتوں سے بڑھ کر ہے اگرچہ کم عقل لوگوں کے نزدیک یہ صورت نہ ہو جس طرح بچوں کے نزدیک کھانوں کے مقابلے میں ریاست کی لذت زیادہ نہیں ہوتی۔

سوال:

آخرت میں دیدار دل سے ہوگا یا آنکھ سے؟

جواب:-

اس سلسلے میں لوگوں کے درمیان اختلاف ہے اور اہلِ بصیرت اس اختلاف کی طرف دھیان نہیں دیتے بلکہ عقل مند آدمی کو پھل کھانے سے غرض ہوتی ہے پیڑ گننے سے نہیں اور جو شخص معشوق کو دیکھنے کی خواہش رکھتا ہے اس کا عشق اسے اس بات کو دیکھنے سے روکتا ہے کہ اس کا دیدار آنکھوں سے ہوگا یا پیشانی سے بلکہ وہ محض دیکھنے اور لذت کا قصد کرتا ہے چاہے وہ آنکھ سے ہو یا کسی دوسرے عضو سے، کیوں کہ آنکھ تو محل اور ظرف ہے نہ اس کی طرف نظر ہوتی ہے اور نہ اس کا کوئی فیصلہ ہوتا ہے۔

حق یہ ہے کہ قدرتِ ازلیہ وسیع ہے پس ہمارے لیے جائز نہیں کہ ہم اسے دو باتوں میں سے کسی ایک میں بند کر دیں یہ تو جواز کی صورت ہے تو دونوں جائز صورتوں میں سے آخرت میں کونسی واقع ہوگی تو یہ شارع سے سنے بغیر معلوم نہیں ہو سکتی ہے۔ شرعی دلائل کی روشنی میں اہلِ سنت وجماعت کے لیے جو حق بات ظاہر ہوئی ہے وہ یہ کہ اس دیدار کی قوت آنکھ کو دی جائے گی[1] تاکہ لفظ رویت، نظر اور دوسرے تمام الفاظ جو شریعت میں آئے ہیں ان کو ظاہر پر محمول کیا جائے کیوں کہ ضرورت کے بغیر ظاہر الفاظ کو چھوڑنا جائز نہیں اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

فصل ۶:

محبت خداوندی کو مضبوط کرنے والے اسباب

جان لو کہ آخرت میں سب سے زیادہ سعادت مند وہ شخص ہوگا جس کی اللہ تعالیٰ سے محبت زیادہ مضبوط ہوگی کیونکہ آخرت کا مطلب اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری اور اس کی ملاقات کی سعادت حاصل کرنا ہے اور محب کے لیے محبوب کے پاس آنے سے بڑھ کر کیا نعمت ہو سکتی ہے جب کہ وہ ایک عرصہ سے اس بات کا شوق رکھتا ہو اور اب وہ دائمی مشاہدے پر قادر ہو اور مشاہدہ بھی ایسا کہ اس میں کوئی خرابی، روک ٹوک اور رقابت نہ ہو اور نہ ہی اس کے ختم ہونے کا ڈر ہو البتہ یہ لذت قوتِ محبت کے اندازے پر ہوگی جب محبت میں اضافہ ہوگا تو لذت بھی بڑھے گی اور بندے کو اللہ تعالیٰ کی محبت دنیا میں حاصل ہوتی ہے اور اصلِ محبت مومن سے جدا نہیں ہوتی کیوں کہ اصلِ معرفت سے کوئی بھی خالی نہیں ہوتا البتہ محبت کا زیادہ ہونا اور غالب ہو جانا جسے عشق کہا جاتا ہے اکثر لوگ اس سے خالی ہوتے ہیں اور اس کے حصول کے دو سبب ہیں۔

پہلا سبب:

دنیا سے تعلق توڑنا اور غیر اللہ کی محبت کو دل سے نکال دینا کیوں کہ دل برتن کی مثل ہے جب تک اس سے پانی نہ نکلے اس میں عرق کی گنجائش نہیں ہوتی ارشاد خداوندی ہے۔

مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِي جَوْفِهٖ ۔(۱) اللہ تعالیٰ نے کسی شخص کے اندر دو دل نہیں رکھے۔

کمالِ محبت یہ ہے کہ پورے دل کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے محبت کرے اور جب تک غیر کی طرف متوجہ رہے گا اس کے دل کا ایک زاویہ اللہ تعالیٰ کے غیر میں مشغول ہوگا اور جس قدر غیر میں مشغولیت ہوگی اسی قدر اللہ تعالیٰ سے محبت میں نقصان ہوگا۔ اور جس قدر برتن میں پانی ہوگا اسی قدر سرکہ کم ہوگا اور اسی فراغت ہوگا۔ اور جس قدر برتن میں پانی ہوگا اسی قدر سرکہ کم ہوگا اور اسی فراغت قلبی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا ۔ (۲) بے شک وہ لوگ جنہوں نے کہا ہمارا رب اللہ تعالیٰ ہے پھر انہوں نے استقامت اختیار کی (ان پر فرشتے نازل ہوتے ہیں)

اور ارشاد فرمایا۔

قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ۔ (۳) آپ فرما دیجئے اللہ تعالیٰ (نے کتاب اتاری) ہے پھر ان کو ان کی بیہودگی میں کھیلتا ہوا چھوڑ دیں۔

بلکہ "لا الٰہ الا اللہ" کا معنیٰ بھی یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود و محبوب نہیں ہے کیوں کہ ہر محبوب، معبود ہوتا ہے اس لیے کہ عبد، مقید کو کہتے ہیں اور جس کا قیدی ہو وہی معبود ہوتا ہے اور ہر محب اپنے محبوب کی قید میں ہوتا ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

اَرَاَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوَاهُ ۔ (۴) کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنی خواہش کو اپنا معبود بنایا۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ احزاب آیت ۴

(۲) قرآن مجید، سورۂ انعام آیت ۹۱

(۳) قرآن مجید، سورۂ احقاف آیت ۱۳

(۴) قرآن مجید، سورۂ فرقان آیت ۴۳

اَبْغَضُ اِلٰہٍ عُبِدَ فِی الْاَرْضِ الْھَوٰی۔ (۳)
سب سے بڑا معبود جس کی دنیا میں پوجا کی جائے وہ خواہش ہے۔

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ قَالَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُخْلِصًا دَخَلَ الْجَنَّۃَ۔ (۲)
جس شخص نے اخلاص کے ساتھ "لا الہ الا اللہ" پڑھا وہ جنت میں داخل ہوا۔

پس جس شخص کی یہ حالت ہو اس کے لیے دنیا قید خانہ ہے کیوں کہ یہ اس کے لیے مشاہدۂ محبوب کے راستے میں رکاوٹ ہے اور اس کی موت قید سے چھٹکارا اور محبوب کی طرف جانے کا باعث ہے پس جس شخص کا ایک ہی محبوب ہو اور اس کے لیے ایک طویل اشتیاق ہو پھر وہ قید خانے میں بند بھی ہو تو اب قید خانے سے چھوٹنا اور محبوب سے ملنے پر قادر ہونا اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے امن اور چین سے رہنا کتنا اچھا ہو گا۔

تو دلوں میں اللہ تعالیٰ کی محبت کے کمزور ہونے کا ایک سبب دنیوی محبت کی قوت ہے اور اس میں گھر والوں، مال، اولاد، رشتہ داروں، زمین، جانوروں، باغوں اور سیر و سیاحت کی محبت بھی شامل ہے حتیٰ کہ جو شخص پرندوں کی عمدہ آوازوں اور نسیم سحری کی حرکت سے سرور حاصل کرتا ہے وہ دنیوی نعمتوں کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اس وجہ سے اللہ تعالیٰ کی محبت میں نقصان کے درپے ہوتا ہے پس جس قدر دنیا سے اُنس پیدا ہوتا ہے اسی قدر اللہ تعالیٰ کے ساتھ اُنس میں کمی آتی ہے اور انسان کو دنیا میں جس قدر دیا جاتا ہے اسی قدر آخرت سے کم کر دیا جاتا ہے جیسے انسان مشرق کے جس قدر قریب ہوتا جائے گا اسی قدر وہ مغرب سے ضرور دُور ہو گا۔ اور کسی عورت کا دل جس قدر خوش ہوتا ہے اس کی سوتن (سوکن) کا دل اسی قدر تنگ ہوتا ہے پس دنیا اور آخرت دو سوتنیں ہیں اور یہ مشرق و مغرب کی طرح ہیں اور یہ بات اہل دل پر زیادہ منکشف ہوتی ہے جو آنکھوں کے ذریعے دیکھنے سے زیادہ واضح ہوتی ہے اور دل سے محبت دنیا کا قلع قمع اسی صورت میں ہو سکتا ہے جب زُہد کے راستے پر چلے اور ہمیشہ صبر اختیار کرے اور خوف و رجاء (امید) کی باگ سے ان دونوں کاموں کے لیے مطیع ہو ہم نے جن مقامات کا ذکر کیا ہے یعنی توبہ، صبر، زُہد، خوف اور رجاء تو یہ مقدمات ہیں تاکہ ان کے ذریعے محبت کے کسی ایک رکن کو حاصل کرے اور غیر اللہ سے دل کو خالی کرنا ہے اس کا آغاز اللہ تعالیٰ، آخرت کے دن، جنت اور دوزخ پر ایمان لانا ہے پھر اس سے خوف اور رجاء کی شاخیں پھوٹتی ہیں اور ان دونوں سے توبہ اور صبر نکلتا ہے پھر یہ دنیا، مال و جاہ اور تمام دنیوی فوائد سے زُہد کی طرف لے جاتا ہے حتیٰ کہ ان تمام باتوں کی وجہ سے دل غیر اللہ سے پاک ہو جاتا ہے یہاں تک کہ اس کے بعد

---

(۱) مجمع الزوائد جلد اول ص ۱۰۸ کتاب العلم

(۲) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۵ ص ۱۹۷ حدیث ۵۰۷۴

میں اللہ تعالیٰ کی معرفت و محبت کے نزول کے لیے وسعت پیدا ہو جاتی ہے اور یہ سب باتیں تطہیر قلب کے مقدمات ہیں اور یہ محبت کے دو رکنوں میں سے ایک رکن ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے آپ نے فرمایا۔

اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ (۱) پاکیزگی نصف ایمان ہے۔

جیسا کہ ہم نے کتاب کے شروع میں ذکر کیا ہے۔

محبت کے قوی ہونے کا دوسرا سبب اللہ تعالیٰ کی معرفت کا قوی اور وسیع ہونا نیز اس کا دل پر غالب ہونا ہے۔ اور یہ اس وقت ہوتا ہے جب دل کو تمام دنیوی مشاغل اور تعلقات سے پاک کیا جائے یہ اسی طرح ہے جیسے زمین کو گھاس پھونس سے پاک کرنے کے بعد اس میں بیج ڈالا جاتا ہے اور یہ محبت کا دوسرا رکن ہے پھر اس بیج سے محبت و معرفت کا درخت اُگتا ہے اور وہ کلمۂ طیبہ ہے جس کی مثال اللہ تعالیٰ نے یوں بیان فرمائی ہے ارشاد خداوندی ہے۔

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ (۲) اللہ تعالیٰ نے کلمہ طیبہ کی مثال اس پاک درخت کے مطابق دی ہے جس کی بنیاد قائم ہے اور اس کی شاخیں آسمان میں ہیں۔

اور اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی میں اسی بات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ (۳) اسی کی طرف اچھے کلمات بلند ہوتے ہیں۔

اس سے معرفت مراد ہے اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ۔ (۴) اور وہ (اللہ تعالیٰ) اچھے عمل کو اٹھا لیتا ہے

اور اچھا عمل اس معرفت کے جمال اور خادم کی طرح ہے اور اچھے اعمال سب کے سب پہلے دل کو دنیا (کی محبت) سے پاک کرتے ہیں پھر اس طہارت کو باقی رکھنے کا سبب بنتے ہیں پس عمل سے یہی معرفت مقصود ہوتی ہے جہاں تک کیفیتِ عمل سے علم کا تعلق ہے تو وہ عمل کے لیے مقصود ہوتا ہے پس علم ہی اول ہے اور یہی آخر ہے پہلے علم معاملہ ہوتا ہے جس سے عمل مقصود ہوتا ہے اور معاملہ (یعنی عمل) کا مقصد دل کی طہارت و تزکیہ ہے تاکہ اس میں حق کی تجلی ہو اور علم معرفت سے مزین ہو اور وہ علم مکاشفہ ہے۔ اور جب یہ معرفت حاصل ہو جاتی ہے تو اس کے پیچھے معرفت ضرور آتی ہے جیسے معتدل

---

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۱۱۸ کتاب الطہارۃ

(۲) قرآن مجید، سورۂ ابراہیم آیت ۲۴

(۳،۴) قرآن مجید، سورۂ فاطر آیت ۱۰

مزاج شخص جب خوبصورت چیز کو دیکھتا ہے اور ظاہری آنکھ سے اس کا ادراک کر لیتا ہے تو وہ اس سے محبت کرتا اور اس کی طرف مائل ہوتا ہے اور جب اس سے محبت کرتا ہے تو اسے لذت حاصل ہوتی ہے پس محبت کے بعد لذت ضرور حاصل ہوتی ہے اور معرفت کے بعد محبت کا آنا بھی لازمی ہے۔ اور دل کو دنیوی مشاغل سے پاک کرنے کے بعد جب تک فکر صاف، ذکر دائمی، طلب کی بھرپور کوشش اور اللہ تعالیٰ اس کی صفات اور آسمانی حکومت نیز تمام مخلوق میں غور و فکر نہ ہو اس معرفت تک رسائی نہیں ہو سکتی۔

عارفین کی اقسام:

اس مرتبہ معرفت تک پہنچنے والے دو قسم کے ہوتے ہیں ایک وہ جو مضبوط ہوتے ہیں ان کا حال یہ ہے کہ پہلے وہ اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرتے ہیں پھر اس کے ذریعے اس کے غیر کو پہچانتے ہیں۔

دوسری قسم ان لوگوں پر مشتمل ہے جو کمزور ہیں وہ پہلے افعال کی معرفت حاصل کرتے ہیں پھر اس سے فاعل کی طرف ترقی کرتے ہیں پہلی قسم کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے۔

أَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ أَنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ (۱) کیا تمہارا رب ہر چیز پر گواہی کے لیے کافی نہیں۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

شَهِدَ اللَّهُ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ۔ (۲) اللہ تعالیٰ گواہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

بعض عارفین نے اسی نظر سے جواب دیا جب ان سے پوچھا گیا کہ آپ نے اپنے رب کو کس طرح پہچانا؟ انہوں نے فرمایا میں نے اپنے رب کو اسی سے پہچانا۔ اگر میرا رب نہ ہوتا تو میں اپنے رب کو نہ پہچانتا۔

اور دوسری قسم کی طرف اس آیت کریمہ میں اشارہ کیا گیا ارشاد فرمایا۔

سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنفُسِهِمْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ۔ (۳) عنقریب ہم ان کو آفاق میں اپنی نشانیاں دکھائیں گے اور ان کے نفسوں میں بھی، تاکہ ان پر واضح ہو جائے کہ وہی حق ہے۔

اور اسی سلسلے میں ارشاد فرمایا۔

أَوَلَمْ يَنظُرُوا فِي مَلَكُوتِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ۔ اور کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین کی سلطنت میں نہیں دیکھا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ فصلت آیت ۵۳

(۲) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۸

(۳) قرآن مجید، سورۂ اعراف آیت ۱۸۵ (۴) قرآن مجید سورۂ فصلت آیت ۵۳

اور ارشاد خداوندی ہے۔

قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔(۱) — آپ فرما دیجئے آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اسے دیکھو

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِیْرٌ ۔(۲) — اور وہ ذات جس نے سات آسمان تہہ بہ تہہ بنائے تو رحمٰن کی تخلیق میں کوئی فرق دیکھتے ہو نگاہ اٹھا کر دیکھو کیا تمہیں کوئی رخنہ نظر آتا ہے پھر دوبارہ نگاہ اٹھاؤ نظر تمہاری طرف ناکام پلٹ آئے گی تھکی ماندی۔

یہ طریقہ اکثر لوگوں پر آسان ہے اور سالکین کے لیے زیادہ وسعت بھی اسی میں ہے اور قرآن پاک کی اکثر آیات بھی اسی کو متضمن ہیں جن میں تدبر، تفکر اور غور و فکر کا حکم دیا ایسی آیات بے شمار ہیں۔

سوال:۔

یہ دونوں طریقے مشکل ہیں ہمارے لیے کوئی ایسی تدبیر بیان کریں جس کی مدد سے معرفت حاصل ہو اور محبت تک پہنچا جا سکے۔

جواب:

اعلیٰ طریقہ تو یہ ہے کہ معرفتِ خداوندی سے مخلوق کی معرفت حاصل کی جائے لیکن یہ نہایت مشکل ہے اور اس سلسلے میں گفتگو عام لوگوں کی سمجھ سے خارج ہے لہٰذا کتابوں میں اس کو ذکر کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔

لیکن ادنیٰ اور آسان طریقہ عام طور پر سمجھ میں آجاتا ہے ہاں اس کے سمجھنے سے فہم اس لیے قاصر ہوتا ہے کہ تدبر سے اعراض کیا جاتا ہے اور دنیوی خواہشات میں مشغولیت ہوتی ہے اور چونکہ یہ بات بکثرت پائی جاتی ہے اور اس کے ابواب کی شاخیں بے انتہا ہیں کیوں کہ آسمان کی بلندی سے زمین کی پستی تک کوئی ذرہ ایسا نہیں جس میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ اور کمال حکمت پر دلالت کرنے والی عجیب نشانیاں نہ ہوں اور اس کی عظمت و جلال کی انتہا پر دلالت نہ پائی جاتی ہو اس لیے اس کا ذکر بھی نہیں ہو سکتا ارشاد خداوندی ہے۔

قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ — آپ فرما دیجئے اگر سمندر میرے رب کے کلمات لکھنے کے لئے روشنائی ہو تو میرے رب کے کلمات ختم نہ ہوں گے

---

(۱) قرآن مجید سورۂ یونس آیت ۱۰۱

(۲) قرآن مجید، سورۂ ملک آیت ۳، ۴

كَلِمَاتُ رَبِّیْ۔ (۱) اور سمندر ختم ہو جائے گا۔

پس اس میں غور و فکر علوم مکاشفہ کے سمندروں میں غوطہ لگانا ہے اور یہ نہیں ہو سکتا کہ اسے علوم معاملہ کا طفیلی بنا کر لکھا جائے البتہ اختصار کے ساتھ ایک مثال کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے تاکہ اس سے اس کی جنس پر تنبیہ ہو جائے پس ہم کہتے ہیں۔

دونوں طریقوں میں سے آسان ترین طریقہ افعال میں نظر کرنا ہے پس ہمیں اس میں کلام کرنا اور اعلیٰ کو چھوڑنا چاہیے پھر افعال الٰہیہ بہت زیادہ ہیں لہٰذا ہم ان میں سے کم تر اور حقیر ترین تلاش کرتے ہیں اور ان کے عجائب میں نظر کرتے ہیں پس مخلوق میں سے کم تر زمین ہے اور جو کچھ اس کے اوپر ہے یعنی ملائکہ اور آسمانی سلطنت اس کی نسبت سے کم تر ہے اگر تم اس کے جسم اور حجم کی رُو سے اسے دیکھو تو سُورج اس کے باوجود کہ اس کا حجم چھوٹا نظر آتا ہے لیکن اس سے ایک سو ستر گنا سے بھی زیادہ ہے تو اس کے مقابلے میں زمین کی چھوٹائی کو دیکھو پھر دیکھو کہ سُورج اپنے اس فلک کے مقابلے میں چھوٹا ہے جس میں وہ مرکوز ہے کیوں کہ اس سے اس کو کوئی نسبت نہیں اور یہ چوتھے آسمان میں ہے اور یہ اپنے اوپر والے آسمانوں کی نسبت چھوٹا ہے پھر ساتوں آسمان کرسی کے مقابلے میں ایسے ہیں جیسے جنگل میں پڑا ہوا لوہے کا کڑا اسی طرح عرش کے مقابلے میں کرسی کا معاملہ ہے یہ تو مقدار کے اعتبار سے ظاہر حجم کی طرف نظر کرنے کی صورت ہے تو ان کے مقابلے میں زمین کس قدر چھوٹی ہے بلکہ زمین تو سمندروں کی نسبت چھوٹی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْاَرْضُ فِی الْبَحْرِ کَاِصْطَبْلٍ فِی الْاَرْضِ۔ سمندر کے مقابلے میں زمین اس طرح ہے جیسے زمین کے مقابلے میں اصطبل ہوتا ہے۔ (۲)

تجربہ اور مشاہدہ بھی اس بات کی تصدیق کرتا ہے اور پانی سے باہر زمین یوں معلوم ہوتی ہے جس طرح تمام زمین کے مقابلے میں ایک چھوٹا سا جزیرہ ہے۔

پھر انسان کو دیکھو جو مٹی سے پیدا کیا گیا اور مٹی زمین کی ایک جز ہے نیز تمام حیوانات کو دیکھو کہ یہ سب زمین کی نسبت کس قدر چھوٹے ہیں ان سب کو بھی چھوڑ دو جس حیوان کو تم سب سے چھوٹا جانتے ہو مثلاً مچھر اور شہد کی مکھی وغیرہ کو دیکھو۔

اب دیکھو کہ مچھر کو اس کے چھوٹا ہونے کے باوجود عقل حاضر اور صاف فکر عطا کی گئی تو دیکھو اللہ تعالیٰ نے اسے کس قدر ہاتھی کی شکل میں پیدا کیا جو سب سے بڑا حیوان ہے کہ اس کی سُونڈ کی طرح اس کی سُونڈ بھی پیدا کی اور اس کے چھوٹے سے جسم میں ہاتھی کی طرح تمام اعضاء پیدا کیے بلکہ دو پروں کا اضافہ کیا دیکھو اس کے ظاہری اعضاء کو کس طرح تقسیم کیا اس کے پیر

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ کہف آیت ۱۰۹

(۲) تذکرۃ الموضوعات ص ۱۳ باب اوصاف المتشابہۃ

ہاتھ اور پاؤں بنائے اور اس کو کان اور آنکھیں بھی دیں اور اس کے باطنی اعضاء میں بھی یوں تدبیر فرمائی کہ باقی حیوانات کی طرح غذا کے اعضاء اور آلات پیدا کئے اور اس میں قوتِ غذا جذب کرنے، دُور کرنے، ٹھہرانے اور ہضم کرنے کی قوت رکھی جو باقی تمام حیوانات کو عطا فرمائی ہے۔

یہ اس کی شکل اور صفات میں ہے پھر اس کی راہنمائی کی طرف دیکھو کہ اللہ تعالیٰ نے اسے اس کی غذا کی طرف کیسے راہنمائی فرمائی اور اسے بتایا کہ اس کی غذا انسانی خون میں ہے پھر دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ نے اس میں انسان تک پہنچنے کے لیے اڑنے کا سامان پیدا کیا اور کس طرح اس کے لیے ایک لمبی نوکیلی سونڈ پیدا کی اور کیسے اس کو انسانی چمڑے میں مساموں تک راہنمائی فرمائی کہ وہ کسی ایک مسام پر اپنی سونڈ رکھتا ہے پھر اسے کس طرح قوت عطا فرمائی کہ وہ اس میں سونڈ کو گاڑتا ہے پھر اسے بتایا کہ وہ کس طرح اسے چوس کر خون پیئے نیز سونڈ کو اس کے پتلا ہونے کے باوجود کس طرح اندر سے خالی رکھا کہ خون پتلا ہو کر اس کے ذریعے اس کے پیٹ تک جاتا ہے پھر اس کے تمام اجزاء میں پھیل کر غذا بنتا ہے۔

پھر اسے یہ بھی بتایا کہ انسان اسے اپنے ہاتھ سے مارنا چاہتا ہے تو اسے بھاگنے کی تدبیر بتائی اور اس کا سامان اسے عطا کیا اس کے لیے قوتِ سماعت پیدا کی جس کے ذریعے وہ ہاتھ کی خفیف حرکت کو سن لیتا ہے حالاں کہ وہ اس سے بہت دُور ہوتا ہے پس وہ خون چوسنا چھوڑ کر بھاگ جاتا ہے پھر جب ہاتھ رک جاتا ہے تو دوبارہ آتا ہے پھر دیکھئے اس کے لیے آنکھوں کے ڈھیلے کس طرح بنائے حتیٰ کہ وہ اپنی غذا کی جگہ دیکھ لیتا ہے اور وہاں کا قصد کرتا ہے حالانکہ اس کے جسم کا حجم بہت چھوٹا ہوتا ہے۔

اور دیکھئے ہر چھوٹے حیوان کا ڈھیلا چھوٹا ہوتا ہے جس کی وجہ سے وہ پپوٹوں کو برداشت نہیں کر سکتا اور پپوٹے ڈھیلے کے شیشے کو تنکوں اور غبار وغیرہ سے صاف رکھنے کا آلہ ہیں اس لیے مچھر اور مکھی کے لیے دو پاؤں بنائے تم مکھی کو دیکھو وہ ہمیشہ اپنی آنکھوں کے ڈھیلوں کو اپنے پاؤں سے ملتی ہے لیکن انسان اور بڑے حیوانات کے پپوٹے بنائے کہ وہ ایک دوسرے سے مل جاتے ہیں اور ان کے کنارے پتلے رکھے ہیں تاکہ جو غبار ڈھیلے پر آئے اس کو جمع کر کے پلکوں پر ڈالیں اور پلکوں کو سیاہ بنایا تاکہ آنکھوں کی روشنی کو جمع رکھیں اور دیکھنے پر مدد دیں نیز آنکھ خوبصورت معلوم ہو اور غبار کے وقت ایک جال بُن جائے اور جال کے پیچھے سے دیکھنے میں دقت نہ ہو یہ جال غبار کے داخل ہونے میں رکاوٹ بنتا ہے لیکن دیکھنے میں رکاوٹ نہیں ہوتی۔

لیکن مچھر کے لیے دو ڈھیلے بنائے جو صاف ہیں اور پلکوں سے خالی ہیں اور اسے ہاتھوں کے ساتھ ان کی صفائی کا طریقہ سکھایا چوں کہ اس کی بینائی کمزور ہوتی ہے اس لیے وہ چراغ پر گر پڑتا ہے اور وہ دن کی روشنی تلاش کرتا ہے جب وہ بیچارہ رات کے وقت چراغ کی روشنی دیکھتا ہے تو خیال کرتا ہے کہ وہ اندھیرے گھر میں ہے اور چراغ کی روشنی کو روشندان سمجھتا ہے اس لیے وہ روشنی کی طلب میں وہاں تک جاتا ہے اور جب وہاں سے تجاوز کرتا ہے اور اندھیرا دیکھتا ہے

تو خیال کرتا ہے کہ مجھے روشندان نہیں ملا اور وہ اس کی سیدھ میں نہیں گیا لہٰذا دوبارہ اس طرف جاتا ہے یہاں تک کہ وہ جل جاتا۔
شاید تمہارا خیال یہ ہو کہ یہ بات اس میں کمی اور جہالت کی وجہ سے ہوتی ہے تو جان لو کہ انسان کی جہالت اس کی جہالت سے زیادہ ہے بلکہ دنیوی خواہشات پر گرنے کے اعتبار سے انسان ان پروانوں کی طرح ہے جو آگ پر گرتے ہیں کیوں کہ انسان کے لیے خواہشات ظاہری صورت میں چمکتی ہیں اور وہ نہیں جانتا کہ ان کے پیچھے زہر قاتل ہے تو وہ اپنے آپ کو ہمیشہ ان خواہشات کے پیچھے لے جاتا ہے حتیٰ کہ ان میں ڈوب جاتا ہے اور ان میں قید ہو کر ہلاک ہو جاتا ہے کاش کہ انسان کی جہالت پروانے کی جہالت جیسی ہوتی کیوں کہ وہ ظاہری روشنی کے دھوکے میں اگر جلتا ہے تو اسی وقت چھوٹ جاتا ہے لیکن انسان تو ہمیشہ ہمیشہ یا ایک عرصہ دراز تک آگ میں رہے گا اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اعلانیہ ارشاد فرمایا کرتے تھے۔

إِنِّي مُمْسِكٌ بِحُجَزِكُمْ وَأَنْتُمْ تَتَهَافَتُونَ فِيهَا تَهَافُتَ الْفَرَاشِ۔ (۱)

میں تمہیں تمہاری کمر سے پکڑ کر پیچھے ہٹاتا ہوں اور تم پروانے کی طرح جہنم میں گرتے ہو۔

تو یہ سب سے چھوٹے حیوان میں اللہ تعالیٰ کی عجیب صنعت کا ایک عجیب کرشمہ ہے اور اس میں اس کے علاوہ اتنے عجائبات ہیں کہ اگر اولین و آخرین جمع ہو کر اس کی گہرائی تک پہنچنے کی کوشش کریں تو اس کی حقیقت سے عاجز آجائیں گے اور اس کی ظاہری صورت میں سے واضح امور پر بھی مطلع نہیں ہو سکیں گے جہاں تک اس کے پوشیدہ معانی کا تعلق ہے تو اس سے صرف اللہ تعالیٰ ہی آگاہ ہے۔

پھر تمام حیوانات اور سبزیوں میں ایسے ایسے عجائب ہیں جو اس کے ساتھ خاص ہیں ان میں اس کے ساتھ کوئی دوسرا حیوان شریک نہیں ہے۔ شہد کی مکھی اور اس کے عجائب کو دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ نے اسے یہ بات سمجھائی کہ اس نے پہاڑوں میں درختوں اور مکانوں کی چھتوں میں گھر بنائے اور وہ کس طرح اپنے لعاب سے موم اور شہد بناتی ہے ان میں سے ایک کو روشنی اور دوسری کو شفاء بنایا پھر اگر تم اس کی ان عجیب باتوں پر غور کرو کہ وہ کس طرح پھولوں اور کلیوں سے رس حاصل کرتی ہے اور گندگی سے بچتی ہے اور اپنے امیر کی اطاعت کرتی ہے جو جسمانی طور پر ان سب سے بڑی ہوتی ہے پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی امیر مکھی کو عدل و انصاف پر مجبور کیا کہ اگر ان میں سے کوئی نجاست پر بیٹھتی ہے تو اسے چھتے کے منہ پر ہی قتل کر دیا جاتا ہے تو مزید تعجب پیدا ہوتا ہے اگر تم غور و فکر کرو اور اپنے پیٹ اور شرمگاہ سے نیز اپنے ہم عصر لوگوں سے دشمنی اور بھائیوں کے ساتھ دوستی کی خواہشات سے فارغ ہو پھر ان سب باتوں کو چھوڑ کر اس بات کو دیکھو کہ وہ موم سے کس طرح اپنا گھر بناتی ہے اور تمام شکلوں کو چھوڑ کر مسدس شکل اختیار کرتی ہے اپنا گھر گول، مربع یا پانچ کونوں والا نہیں بناتی بلکہ چھ کونوں والا نہیں بناتی ہے اور اس شکل میں جو خاصیت ہے اس کو سمجھنے سے انجینئر بھی عاجز ہیں وہ یہ کہ تمام شکلوں

---

(۱) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۱۰ ص ۲۶۵ حدیث ۱۰۵۱۱

میں سے زیادہ وسیع شکل دائرے کی ہے اور جو اس کے قریب ہو مربع میں زاویے بیکار رہ جاتے ہیں اور مکھی کا جسم گول لمبا ہوتا ہے تو اس نے مربع شکل کو چھوڑ دیا تاکہ زاویئے ضائع ہو کر فارغ نہ رہیں پھر اگر وہ گول شکل کا گھر بناتی تو اس شکل کا گھر بناتی تو اس کے باہر کشادگی رہ جاتی جو ضائع ہوتی کیوں کہ گول شکلوں کو جمع کیا جائے تو آپس میں اچھی طرح متصل نہیں ہوتیں اور زاویوں والی اشکال میں سے کوئی شکل ایسی نہیں جو گنجائش میں گول کے قریب ہو پھر ملانے میں کشادگی باقی نہ رہے صرف مسدس شکل کی یہ خاصیت ہے۔

پھر دیکھو کہ اللہ تعالیٰ نے مکھی جیسے چھوٹے سے جانور کو یہ سب باتیں کس طرح بتائیں تو یہ سب اس کی مہربانی اور عنایت ہے شہد کی مکھی جس چیز کی محتاج ہے وہ بھی اس کو سکھا دی تاکہ سکون سے رہے تو اللہ تعالیٰ کس قدر بلند شان کا مالک ہے اور اس کا لطف و کرم اور احسان کس قدر وسیع ہے۔

تو اس معمولی سے حیوان میں قدرت کا یہ کرشمہ دیکھ کر عبرت اختیار کرو اور زمین و آسمان کے اسرار کو چھوڑ دو جو کچھ ہماری ناقص فہم میں گزرا ہے اس کی وضاحت میں عمریں گزر سکتی ہیں اور جو کچھ ہمارے علم کے احاطہ میں آیا ہے اسے اس کے ساتھ کوئی نسبت نہیں جو انبیاء کرام اور علماء عظام کے احاطۂ علم میں ہے۔ اور جو کچھ تمام مخلوق کے احاطۂ علم میں ہے اسے اللہ تعالیٰ کے علم سے کوئی نسبت نہیں بلکہ مخلوق جس قدر جانتی ہے اللہ تعالیٰ کے علم کے سامنے اسے علم بھی نہیں کہنا چاہیے۔

تو اس قسم کی باتوں میں غور و فکر کرنے سے آسان طریقے سے حاصل ہونے والی معرفت میں اضافہ ہوتا ہے اور معرفت کا بڑھنا محبت میں اضافہ کا باعث ہے پس اگر تم اللہ تعالیٰ کی ملاقات کے ذریعے سعادت مندی حاصل کرنا چاہتے ہو تو دنیا کو اپنی پیٹھ کے پیچھے چھوڑ دو اور اپنی زندگی ذکر دائم اور فکر لازم میں صرف کرو بعید نہیں کہ تھوڑا بہت چھوڑنے سے تمہیں بہت بڑی سلطنت ملے جس کی کوئی انتہا نہیں۔

فصل ۷:

محبت میں لوگوں کے درمیان تفاوت کا سبب

چوں کہ ایمان میں تمام مومن مشترک ہیں اس لیے اصل محبت میں بھی ان سب کے درمیان اشتراک ہے لیکن معرفت خداوندی اور محبتِ دنیا کے حوالے سے ان کے درمیان تفاوت کی وجہ سے محبت میں بھی وہ ایک دوسرے سے مختلف ہیں کیوں کہ اسباب میں اختلاف، مسبب کے اختلاف کا باعث ہوتا ہے اور اکثر لوگ صرف اللہ تعالیٰ کے اسماء اور صفات ہی سیکھتے ہیں جو سنتے ہیں اور بعض اوقات ان کے ایسے معانی خیال کرتے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کی ذات بلند اور پاک ہے اور بعض اوقات وہ ان کی حقیقت پر بھی مطلع نہیں ہوتے اور فاسد معنیٰ کا خیال بھی نہیں آتا بلکہ وہ صرف تسلیم و تصدیق کی حد تک ایمان لاتے ہیں اور عمل میں مصروف ہوتے ہیں بحث مباحثہ ترک کر دیتے ہیں یہ لوگ اصحاب یمین میں سے ہیں اور ان

کو سلامتی حاصل ہوتی ہے جب کہ فاسد معانی کا تخیل رکھنے والے گمراہ لوگ ہیں اور حقائق کو جاننے والے مقربین لوگ ہیں اللہ تعالیٰ نے ان تینوں قسم کے لوگوں کا حال یوں بیان فرمایا۔

فَاَمَّآ اِنْ کَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ فَرَوْحٌ وَّ رَیْحَانٌ وَّجَنَّۃُ نَعِیْمٍ وَاَمَّآ اِنْ کَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْیَمِیْنِ فَسَلٰمٌ لَّکَ مِنْ اَصْحٰبِ الْیَمِیْنِ وَاَمَّآ اِنْ کَانَ مِنَ الْمُکَذِّبِیْنَ الضَّآلِّیْنَ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِیْمٍ وَّتَصْلِیَۃُ جَحِیْمٍ۔ (۱)

پس اگر وہ مقربین میں سے ہے تو راحت ہے اور پھول اور جنت کی نعمتیں ہیں اور اگر داہنی طرف والوں سے ہے تو اے محبوب آپ پر دہنی طرف والوں سے سلام ہو اور گروہ جھٹلانے والے گمراہوں میں سے ہو تو اس کی مہمانی کھولتا پانی اور بھڑکتی آگ میں دھنسنا۔

مثلاً حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے شاگرد، ان کی محبت میں مشترک ہیں وہ فقہاء ہوں یا عوام کیوں کہ ان سب کو حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے فضل، دین، حُسنِ تدبیر اور عمدہ خصائل کی معرفت حاصل ہے لیکن عام لوگوں کو ان کے علم کی اجمالی معلومات ہیں۔ اور فقیہ تفصیلاً جانتا ہے پس اس سلسلے میں فقیہ کی معرفت زیادہ مکمل ہوتی ہے اور اس کا اس پر خوش ہونا اور اسے پسند کرنا زیادہ شدید ہوتا ہے کیوں کہ جو شخص کسی مصنف کی تصنیف کو دیکھ کر اسے اچھا سمجھتا ہے اور اس کی فضیلت سے آگاہ ہوتا ہے وہ لامحالہ اسے پسند کرتا ہے اور اس کی طرف اس کا دل مائل ہوتا ہے اور اگر وہ کوئی دوسری تصنیف دیکھے جو اس سے بھی اچھی ہو تو یقیناً اس کی محبت دوگنا ہو جاتی ہے کیوں کہ اس علم کی وجہ سے اس کی معرفت بڑھ جاتی ہے اسی طرح جب کسی شاعر کے بارے میں عقیدہ ہو کہ وہ اچھے اشعار کہتا ہے تو وہ اس سے محبت کرتا ہے پس جب اس کے عمدہ اشعار سنتا ہے جن سے اس کی سمجھداری اور فن کی عظمت اجاگر ہوتی ہے تو اس کی معرفت میں اضافہ ہوتا ہے اور اس سے اس کی محبت بھی بڑھ جاتی ہے، تمام فنون اور فضائل کا یہی حال ہے۔

عوام الناس میں کوئی شخص جب سنتا ہے کہ فلاں آدمی مصنف ہے اور اس کی تصانیف عمدہ ہیں لیکن اسے معلوم نہیں ہوتا ہے کہ اس تصنیف میں کیا ہے تو اس کی معرفت اجمالی ہوتی ہے اور اسی حوالے سے اس کا میلان اور محبت بھی اجمالی ہوتی ہے لیکن صاحب بصیرت جب تصانیف کا مطالعہ کر کے ان کے عجائب سے آگاہ ہوتا ہے تو لامحالہ اس کی چاہت دوگنا ہو جاتی ہے کیوں کہ کسی فن، شعر اور تصنیف کی عمدہ باتیں فاعل اور مصنف کے کمال پر دلالت کرتی ہیں اور یہ سارا جہان اللہ تعالیٰ کی صنعت اور تصنیف ہے عام آدمی اسے جانتا اور اس کا اعتقاد رکھتا ہے لیکن اہلِ بصیرت اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی صنعت کا تفصیلی مطالعہ کرتے ہیں حتیٰ کہ وہ مچھر میں اللہ تعالیٰ کی کاریگری کے وہ عجائب دیکھتے ہیں کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے اور اس سبب سے یقیناً ان کے دل میں اللہ تعالیٰ جلال اور کمالِ صفات کی عظمت بڑھ جاتی ہے اور اس وجہ سے ان کی محبت میں بھی اضافہ ہوتا ہے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ واقعہ آیت ۸۸ تا ۹۴

اور جب بھی اللہ تعالیٰ کی کاریگری کے عجائب پر اطلاع زیادہ ہوتی ہے تو وہ اس سے اللہ تعالیٰ اور اس کے جلال کی عظمت پر استدلال کرتے ہیں اور اس وجہ سے ان کی معرفت اور محبت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

اور اس معرفت یعنی اللہ تعالیٰ کی صنعت کے عجائب کی معرفت کا سمندر، بحر بے کنار ہے لہٰذا اہل معرفت کی محبت میں تفاوت بھی شمار سے باہر ہے۔

اختلافِ محبت کے اسباب پانچ ہیں جو ہم لکھ چکے ہیں پس جو شخص اللہ تعالیٰ سے اس لیے محبت کرتا ہے کہ وہ اس پر احسان کرنے والا اور انعامات سے نوازنے والا ہے اور اس کی ذات کی وجہ سے محبت نہیں کرتا اس کی محبت کمزور ہوتی ہے کیوں کہ احسان کی تبدیلی سے محبت میں بھی تبدیلی واقع ہوتی ہے ظاہر بات ہے کہ رضا اور آسائش کی حالت میں جو محبت ہوتی ہے ابتلاء و آزمائش کے دوران وہ محبت نہیں ہوتی۔ لیکن جو شخص اللہ تعالیٰ سے اس کی ذات کی وجہ سے اور اس لیے محبت کرتا ہے کہ وہ اپنے کمال و جمال، بزرگی اور عظمت کی وجہ سے محبت کا مستحق ہے تو احسان کے تفاوت سے اس کی محبت میں فرق نہیں پڑتا۔

تو اس قسم کی باتیں محبت میں لوگوں کے تفاوت کا سبب ہیں اور محبت میں تفاوت آخروی سعادت میں تفاوت کا سبب ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَلَلْآخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجَاتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا (۱) اور آخرت کے درجات اور فضیلت بہت بڑی ہے۔

فصل ۸:

معرفت خداوندی میں مخلوق کی سمجھ کیوں کوتاہ ہوتی ہے

جاننا چاہیئے کہ موجودات میں سے سب سے زیادہ ظاہر اور روشن اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اور اس بات کا تقاضا یہ ہے کہ سب سے زیادہ اسی کی معرفت ہو، اور عقلوں پر سب سے زیادہ آسان بھی وہی ہو لیکن تم معاملہ اس کے برعکس دیکھتے ہو لہٰذا اس کا سبب بیان کرنا ضروری ہے۔

ہم نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی ذات موجودات میں سے سب سے زیادہ ظاہر اور سب سے زیادہ روشن ہے اس کو سمجھنے کے لیے ایک مثال بیان کرنا ضروری ہے وہ یوں کہ مثلاً ہم ایک آدمی کو دیکھتے ہیں وہ لکھتا ہے یا کپڑوں کی سلائی کرتا ہے تو ہمارے نزدیک اس کا زندہ ہونا سب سے زیادہ ظاہر بات ہے پس اس کی زندگی، علم قدرت اور سلائی کا ارادہ ہمارے نزدیک اس کی تمام ظاہری و باطنی صفات سے زیادہ واضح ہے کیوں کہ اس کی باطنی صفات مثلاً شہوت، غضب، خُلق، صحت اور مرض

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ اسراء آیت ۲۱

وغیرہ کو ہم نہیں جانتے اور ظاہری صفات میں سے بعض کا ہمیں علم ہے اور بعض کے بارے میں ہمیں شک ہے جیسے اس کی لمبائی اور چہرے کا رنگ وغیرہ صفات کو دیکھا جا سکتا ہے لیکن ان میں شک بھی ہو سکتا ہے جب کہ اس کی حیات، قدرت، ارادہ، علم اور اس کا حیوان ہونا نہایت واضح ہیں کہ اس کی حیات قدرت اور ارادے کے ساتھ دیکھنے کی حس کا کوئی تعلق نہیں کیوں کہ یہ صفات حواس خمسہ کے ذریعے معلوم نہیں ہوتیں پھر ممکن نہیں کہ اس کی حیات، قدرت اور ارادے کو اس کی سلائی یا حرکت کے بغیر معلوم کیا جا سکے اگر ہم اللہ تعالیٰ کے سوا ان تمام چیزوں کو دیکھیں جو اس جہان میں ہیں تو ان سے اس کی صفت کی پہچان نہیں ہو سکتی تو اس کے وجود پر صرف ایک دلیل ہے اور وہ اس کے باوجود واضح ہے۔

اللہ تعالیٰ کا وجود، اس کی قدرت، علم اور تمام صفات پر وہ تمام چیزیں گواہ ہیں جن کا ہم مشاہدہ کرتے ہیں اور ظاہری و باطنی حواس سے ان کا ادراک کرتے ہیں وہ پتھر ہوں ڈھیلے، سبزی، درخت، حیوانات آسمان، زمین، ستارے، خشکی، سمندر، آگ، ہوا، جوہر اور عرض کچھ بھی ہو۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر سب سے پہلا گواہ ہمارے نفس، ہمارے جسم، ہمارے اوصاف، ہمارے احوال کی تبدیلی دلوں کا تغیر اور ہماری حرکات و سکنات کے تمام طور طریقے ہیں اور ہمارے علم میں سب سے زیادہ ظاہر ہمارے نفس ہیں پھر جن کا ادراک عقل اور بصیرت سے ہوتا ہے ان تمام مدرکات میں سے ہر ایک کا ایک مدرک ہے ایک شاہد اور ایک دلیل ہے اور اس جہان میں جو کچھ ہے وہ اپنے خالق، مدبر، اسے پھیرنے والے اور حرکت دینے والے پر شاہد ناطق اور دلیل شاہد ہے اور اس کے علم، قدرت لطف و کرم اور حکمت پر دلالت کرنے والا ہے اور موجودات مدرکہ کی کوئی انتہا نہیں پس اگر کاتب کی حیات ہمارے لیے ظاہر ہے اور اس کا ایک ہی شاہد ہے کہ ہم اس کے ہاتھ کی حرکت محسوس کرتے ہیں تو وہ ذات کس طرح ہمارے سامنے ظاہر نہ ہو گی کہ جو کچھ بھی ہمارے اندر یا باہر موجود ہے وہ سب چیز اس کی ذات اور عظمت و جلال پر شاہد ہیں کیوں کہ ہر ذرہ زبان حال سے پکار رہا ہے کہ اس کے نفس کا وجود اور اس کی ذات کی حرکت کسی موجد و محرک کی محتاج ہے اس پر سب سے پہلے ہمارے اعضاء کی ترکیب، ہڈیوں کے جوڑ، ہمارے گوشت، اعصاب، بالوں کے اگنے کی جگہ، ہاتھ پاؤں اور تمام ظاہری و باطنی اجزاء اس پر گواہی دیتے ہیں کیوں کہ ہم جانتے ہیں کہ یہ چیزیں خود بخود مرکب نہیں ہیں جس طرح ہمیں معلوم ہے کہ کاتب کا ہاتھ خود بخود حرکت نہیں کرتا لیکن جب تمام موجودات جن کا ادراک و احساس ہوتا ہے یا وہ عقل میں آتی ہیں وہ حاضر ہوں یا غائب وہ اللہ تعالیٰ کی شاہد اور اس کی پہچان کرانے والی ہیں تو اس کا ظہور زیادہ ہوا پس اس کے ادراک سے عقل حیران رہ گئی کیوں کہ جس چیز کو سمجھنے سے ہماری عقل عاجز ہو اس کے دو سبب ہیں۔

۱۔ وہ چیز ذاتی طور پر پوشیدہ اور گہری ہو اس کی مثال واضح ہے۔

۲۔ جو انتہائی درجہ روشن ہو اس کی مثال یوں ہے کہ چمگادڑ رات کے وقت دیکھتی ہے دن کو اسے کچھ نظر نہیں آتا اس

لیے نہیں کہ دن پوشیدہ ہے بلکہ اس کا ظہور زیادہ ہے چمگادڑ کی بینائی کمزور ہوتی ہے جب سورج کی روشنی چمکتی ہے تو اس کی بینائی دیکھنے سے قاصر ہو جاتی ہے تو دن کا زیادہ ظہور اور چمگادڑ کی بینائی کی کمزوری اس کے دیکھنے میں رکاوٹ ہوتی ہے اس لیے وہ اسی وقت دیکھ سکتی ہے جب روشنی اور اندھیرا باہم مل جائیں اور روشنی کمزور پڑ جائے۔

اسی طرح ہماری عقلیں کمزور ہیں اور جمال حضرت الٰہی نہایت روشن اور انتہائی شمولیت کا حامل ہے حتیٰ کہ اس کے ظہور سے آسمانوں اور زمین کی سلطنت کا ایک ذرہ بھی نہیں باہر نہیں ہوتا تو اس کا یہ ظہور ہی اس کی پوشیدگی کا سبب ہے تو وہ ذات پاک ہے جو اپنے نور کی چمک کی وجہ سے حجاب میں ہے اور وہ اپنے ظہور کی وجہ سے ظاہری و باطنی آنکھوں سے پوشیدہ ہے۔

تو ظہور کے باعث اس کی پوشیدگی پر تعجب نہیں ہونا چاہیے کیوں کہ اشیاء اپنی ضد کے ساتھ پہچانی جاتی ہیں اور جو اس کا قدر عام ہو کہ اس کی ضد ہی نہ ہو تو اس کا ادراک مشکل ہو جاتا ہے یا اشیاء اس طرح کی ہوں کہ ان میں بعض، بعض پر دلالت کرتی ہوں تو ان میں فرق معلوم ہو جاتا ہے لیکن جب ایک ہی طریقے پر سب کی دلالت ہو تو معاملہ مشکل ہو جاتا ہے۔

اس کی مثال سورج کی روشنی ہے جو زمین پر چمکتی ہے ہم جانتے ہیں کہ یہ ایک عرض ہے جو زمین پر پیدا ہوا اور سورج کے غائب ہونے سے یہ بھی زائل ہو جائے گی پس اگر سورج ہمیشہ چمکتا رہتا کبھی غروب نہ ہوتا تو ہم خیال کرتے کہ جسموں میں ان کے رنگ یعنی سیاہی یا سفیدی وغیرہ کے علاوہ کچھ بھی نہیں کیوں کہ ہم سیاہ چیز میں صرف سیاہی اور سفید میں صرف سفیدی دیکھتے ہیں محض روشنی کا ادراک نہیں لیکن جب سورج غروب ہو جاتا ہے اور اندھیرا چھا جاتا ہے تو دونوں حالتوں میں فرق کا ادراک ہوتا ہے تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ یہ اجسام دھوپ کی وجہ سے چمک رہے تھے اور ایسی صفت سے موصوف تھے جو غروب کے وقت ان اشیاء سے جدا ہو گئی پس دھوپ کا وجود اس کے عدم سے معلوم ہوا اگر وہ معدوم نہ ہوتی تو اس کے وجود کا علم بڑی مشکل سے ہوتا کیوں کہ اس صورت میں تمام اجسام ایک طرح نظر آتے اندھیرے اور روشنی کا فرق نہ ہوتا ہو اس کے باوجود کہ نور تمام محسوسات میں سے زیادہ ظاہر ہے کیوں کہ اس کے ذریعے محسوسات کا ادراک ہوتا ہے، یہ صورت حال پیدا ہوئی۔

تو جو ذات خود بخود ظاہر ہے اور غیر کو ظاہر کرتی ہے اگر اس کی ضد نہ ہوتی تو اس کے ظہور کے سبب سے اس کا معاملہ کس طرح مبہم ہوتا پس اللہ تعالیٰ تو سب سے زیادہ ظاہر ہے اور اسی سے تمام اشیاء ظاہر ہیں اگر اس کے لیے عدم اور غائب ہونا ہوتا یا اس میں تغیر ہوتا تو زمین و آسمان گر پڑتے اور ظاہری و باطنی حکومت باطل ہو جاتی اور دونوں حالتوں کے درمیان فرق کا ادراک ہو جاتا ــــــ

اور اگر بعض اشیاء اس کے ساتھ موجود ہوتیں اور بعض اس کے غیر کے ساتھ تو دلالت میں دونوں کے درمیان فرق کا ادراک ہوتا۔ مگر اس کی دلالت تمام اشیاء میں ایک طرح کی ہے اور اس کا وجود تمام احوال میں قائم و دائم ہے اس

کے خلاف ہونا محال ہے پس شدتِ ظہور نے خفاء پیدا کیا اور یہی سبب ہے کہ اس سے فہم قاصر ہیں۔
لیکن جس کی بصیرت قوی ہو وہ اپنے اعتدال کی حالت میں صرف اللہ تعالیٰ کو دیکھتا ہے اور اس کے غیر کو نہیں جانتا وہ جانتا ہے کہ (حقیقی) وجود تو صرف اللہ تعالیٰ کا ہے اور اس کے افعال اللہ تعالیٰ کی قدرت کے آثار ہیں پس یہ اس کے تابع ہیں لہٰذا حقیقی وجود اس کے علاوہ کسی کا نہیں وجود تو صرف اسی ایک حق ذات کا ہے جس کے ساتھ تمام افعال کا وجود قائم ہے۔
اور جس شخص کی یہ حالت ہو وہ کسی بھی فعل کو دیکھتا ہے تو اس میں اس کے فاعل کو دیکھتا ہے اور فعل سے اپنی توجہ کو ہٹا دیتا ہے آسمان، زمین، حیوان اور درخت کو ان کی حیثیت سے نہیں بلکہ فاعل کے حوالے سے دیکھتا ہے اور یہ کہ یہ تمام چیزیں ایک ذاتِ حق کی صنعت و کاریگری ہے اس کی نظر غیر خدا کی طرف نہیں جاتی جس طرح کوئی شخص کسی انسان کی شعر گوئی یا اس کے خط یا اس کی تصنیف کو دیکھے اور اس میں شاعر یا مصنف کی طرف نظر ہو وہ یہ دیکھے کہ یہ اس کے اثرات ہیں یہ نہیں کہ یہ دوات ہے، روشنائی ہے، پھٹکری ہے (یعنی سیاہی قلم دوات پر نظر نہیں جاتی) تو ظاہر بات ہے کہ اس شخص کی نظر مصنف کے غیر کی طرف نہیں ہوتی یہ تمام جہاں اللہ تعالیٰ کی تصنیف ہے پس جو شخص اس کی طرف اس طریقے پر دیکھتا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا فعل ہے اور اسی حوالے سے اسے جانتا ہے اور فعل خداوندی ہونے کی بنیاد پر اس سے محبت کرتا ہے تو اس کی نظر صرف اللہ تعالیٰ کی طرف ہوتی ہے اسی کا عارف ہوتا ہے اور اسی کا محب ہوتا ہے اور سچا موحد وہی ہے جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہ دیکھے بلکہ اپنے نفس کو بھی اس حیثیت سے نہ دیکھے کہ وہ اس کا نفس ہے ہاں اس کو اللہ تعالیٰ کے بندے کے طور پر دیکھے۔ اسی بات کو فنافی التوحید کہتے ہیں اور ایسا شخص اپنے نفس سے فانی کہلاتا ہے اور جس بزرگ نے یہ فرمایا کہ "ہم اپنے ساتھ تھے اور اپنے آپ سے فنا ہو گئے اور اپنے آپ کے بغیر رہ گئے" تو ان کا یہ قول اسی بنیاد پر ہے۔
تو یہ امور اصحابِ بصیرت کے ہاں معلوم ہیں لیکن جن لوگوں کی سمجھ اس سے قاصر ہے ان کے نزدیک یہ امور مشکل ہیں اور بڑے بڑے علماء اس کی وضاحت اس قسم کی عبارت سے نہیں کر سکتے جس سے ان کو غرض سمجھ آ جائے پھر یہ کہ وہ اپنی اپنی ذاتوں میں مصروف ہیں اور ان کا عقیدہ یہ ہے کہ یہ بات دوسروں کے سامنے ذکر کرنا مفید نہیں۔
تو اللہ تعالیٰ کی معرفت سے لوگوں کے افہام کی کوتاہی کا سبب یہ ہے اور اس کے ساتھ یہ بات بھی ہے کہ وہ تمام مدرکات جو اللہ تعالیٰ پر شاہد ہیں انسان بچپن میں بے عقلی میں ان کا ادراک کرتا ہے پھر آہستہ آہستہ عقل ظاہر ہوتی ہے اور اس وقت وہ اپنی خواہشات میں ڈوبا ہوتا ہے اور مدرکات و محسوسات سے مانوس ہو جاتا ہے اور اس طویل انس کی وجہ سے ان مدرکات کی وقعت اس کے دل سے گر جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ جب وہ کسی عجیب و غریب حیوان یا سبزی کو دیکھتا ہے یا اللہ تعالیٰ کا کوئی فعل دیکھتا ہے جو عادت کے خلاف اور عجیب ہو تو طبعی طور پر اس کی زبان سے

معرفت سرزد ہوتی ہے اور وہ "سبحان اللہ" کہتا ہے وہ تمام دن اپنے نفس، اعضاء اور ان تمام حیوانات کو دیکھتا ہے جن سے اسے الفت و اُنس ہے اور یہ تمام کے تمام قطعی شہادت دیتے ہیں لیکن ان سے اُنس کی وجہ سے وہ اس بات کو محسوس نہیں کرتا۔

اگر کوئی مادر زاد اندھا فرض کیا جائے جو عقل مند ہونے کی صورت میں بالغ ہو پھر اس کی آنکھ کھل جائے اور وہ زمین و آسمان درختوں، سبزیوں اور حیوانات کو اچانک ایک بار دیکھ لے تو اس بات کا ڈر ہوگا کہیں اس کی عقل چلی نہ جائے کیوں کہ اسے اپنے خالق پر ایسی شہادت دیکھ کر تعجب ہوگا۔ تو یہ تمام اسباب اور ان کے ساتھ ساتھ خواہشات میں انہماک مخلوق پر انوارِ معرفت کے ساتھ روشنی کے حصول کی راہ بند کر دیتا ہے پس اس کے سمندروں میں سیاحت وسیع ہے اور لوگ اللہ تعالیٰ کی معرفت طلب کرتے ہیں اس مدہوش شخص کی طرح ہیں جس کی مثال یوں دی جاتی ہے کہ وہ گدھے پر سوار ہو کر گدھے کو تلاش کرتا ہے اور روشن امور جب مطلوب بن جاتے ہیں تو مشکل ہو جاتے ہیں تو اس امر کا راز یہ ہے پس اس کی تحقیق کی جائے۔

اسی لیے کہا گیا ہے۔

لَقَدْ ظَهَرْتَ فَمَا تَخْفٰى عَلٰى اَحَدٍ اِلَّا عَلٰى اَكْمَهٍ لَا يَعْرِفُ الْقَمَرَا لٰكِنْ بَطَنْتَ بِمَا اَظْهَرْ مُحْتَجِبًا فَكَيْفَ يَعْرِفُ مَنْ بِالْعُرْفِ قَدْ سَتَرَا۔	بے شک وہ ظاہر ہے کسی پر مخفی نہیں البتہ جو پیدائشی اندھا ہو جو چاند کو نہیں دیکھ سکتا۔ لیکن ظہور ہی تیرا پردہ ہو گیا تو جس کی شہرت ہی اس کا پردہ ہو وہ کیسے معلوم ہوگا۔

فصل ۹:

شوق خداوندی کا مفہوم

جو شخص اللہ تعالیٰ کی محبت کا منکر ہے وہ شوق کی حقیقت سے لازماً انکار کرے گا کیوں کہ شوق کا تصور محبوب کے بغیر نہیں ہوتا اور ہم ثابت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا شوق ضرور ہوتا ہے اور اس سلسلے میں عارف مجبور ہوتا ہے یہ بات انوار بصیرت کے ذریعے نظر کرنے اور اخبار و آثار سے ثابت ہے پہلے رہنے یعنی غور و فکر کرنے کے سلسلے میں اتنی بات ہی کافی ہے جو ثبوت محبت کے سلسلے میں گزر چکی ہے کیوں کہ محبوب کے غائب ہونے کی صورت میں اس کا اشتیاق ضرور ہوتا ہے لیکن جو محبوب حاصل و حاضر ہو اس کا شوق نہیں ہوتا کیوں کہ شوق کسی چیز کی طلب کا نام ہے اور جو چیز موجود ہو اسے تلاش نہیں کیا جاتا لیکن شوق کا تصور صرف ایسی چیز میں ہوتا ہے جس کا ادراک کسی وجہ سے ہو سکتا ہو اور کسی وجہ سے نہ ہو۔ لیکن جس چیز کا ادراک بالکل نہ ہو سکتا ہو اس کا شوق نہیں ہوتا۔ اگر کسی شخص نے دوسرے آدمی کو نہ دیکھا اور نہ سُنا ہو تو اس کا شوق نہیں ہوتا اور جس چیز کا ادراک مکمل طور پر ہو جائے اس کا شوق بھی نہیں ہوتا اور کمالِ ادراک دیکھنے سے ہوتا ہے

پس جو شخص اپنے محبوب کو ہمیشہ دیکھتا ہو اس کے لیے شوق متصور نہیں ہوگا البتہ شوق اس چیز سے متعلق ہوتا ہے جس کا ادراک کسی وجہ سے ہو سکے اور کسی وجہ سے نہ ہو سکے۔ مشاہدات میں سے اس کی مثال اس طرح ہے کہ مثلاً کسی شخص کا محبوب اس سے غائب ہو اور اس کے دل میں اس کا خیال باقی ہو تو اسے اس خیال کی تکمیل کے لیے دیکھنے کی ضرورت ہوگی پس اگر اس کے دل سے یہ خیال ختم ہو جائے اور اس کا ذکر اور معرفت وغیرہ سب مٹ جائیں حتی کہ وہ نسیاً منسیاً ہو جائے تو اس کے شوق کا تصور نہیں ہو سکتا۔

اور اگر وہ اسے دیکھے تو دیکھنے کے وقت شوق نہیں ہوگا کیوں کہ شوق کا معنی یہ ہے کہ خیال کی تکمیل کے لیے نفس میں اس کا اشتیاق پایا جائے اسی طرح بعض اوقات وہ اسے اندھیرے میں دیکھتا ہے کہ اس کی صورت حقیقتاً منکشف نہیں ہوتی تو وہ تکمیل دیدار کا مشتاق ہوتا ہے اور اسی صورت میں انکشاف تام ہوتا ہے جب اس پر روشنی چمکے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ وہ محبوب کے چہرے کو دیکھے لیکن اس کے بال نہ دیکھے اور نہ اس کے تمام محاسن کو دیکھا ہو تو اس کو دیکھنے کا شوق ہوتا ہے اگرچہ ان محاسن کو کبھی نہ دیکھا ہو اور نہ ہی دیکھنے کے بعد نفس میں کوئی خیال ثابت ہوا ہو لیکن وہ جانتا ہے کہ اس کا کوئی ایک عضو یا تمام اعضاء خوبصورت ہیں اور دیکھنے کے ذریعے اس جمال کی تفصیل معلوم نہیں ہوئی تو اس کو شوق ہوتا ہے کہ جس چیز کو اس نے بالکل نہیں دیکھا وہ اس کے سامنے ظاہر ہو۔

اللہ تعالیٰ کے حق میں ان دونوں صورتوں کا تصور ہو سکتا ہے بلکہ یہ دونوں تمام عارفین کے لیے لازم ہیں کیوں کہ عارفین کے لیے جو امور الٰہیہ واضح ہوتے ہیں اگرچہ وہ بہت زیادہ واضح ہوں لیکن پھر بھی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا باریک پردے کے پیچھے سے دیکھا ہے پس وہ بہت زیادہ واضح نہیں ہوتے بلکہ ان میں تخیلات کا شائبہ ہوگا کیوں کہ اس عالم میں معلومات کے لیے خیالات تمثیل اور حکایت سے خالی نہیں ہوتے اور عارف کے لیے اس کے مزے میں تلخی پیدا کر دیتے ہیں اسی طرح دنیوی مشاغل بھی ان سے مل جاتے ہیں اور مکمل طور پر واضح تو مشاہدے اور پوری تجلی کی صورت میں ہوتے ہیں اور یہ بات صرف آخرت میں ہوتی ہے اور اس سے لازماً شوق جنم لیتا ہے اور عارفین کے محبوب کی انتہا یہی ہے تو شوق کی ایک قسم یہ ہے یعنی جس چیز کا شوق ہوتا تھا وہ مکمل طور پر واضح ہو جائے۔

دوسری قسم یہ ہے کہ امور الٰہیہ کی کوئی انتہا نہیں ہر بندے کے لیے ان میں سے بعض منکشف ہوتے ہیں اور بے شمار امور پوشیدہ رہ جاتے ہیں اور عارف کو ان کے وجود کا بھی علم ہوتا ہے اور وہ اس بات کو بھی جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو یہ امور معلوم ہیں اور اسے اس بات کا بھی علم ہوتا ہے کہ معلومات میں سے جو امور اس کے علم میں نہیں آسکے وہ بے شمار ہیں پس اسے ہمیشہ شوق رہتا ہے یہاں تک کہ وہ باقی معلومات جو ابھی تک حاصل نہیں ہوئیں ان کی اصل معرفت حاصل ہو جائے کیوں کہ ان کا علم نہ تو واضح طور پر ہوا اور نہ مکمل طریقے سے ——

پہلا شوق تو آخرت میں پایۂ تکمیل کو پہنچے گا یعنی وہ حالت حاصل ہوگی جسے رؤیت (دیکھنا) ملاقات اور مشاہدہ کہتے ہیں۔

دنیا میں اس کا تصور ممکن نہیں حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ مشتاق لوگوں میں سے تھے فرماتے ہیں میں نے ایک دن عرض کیا اے میرے رب! اگر تو مشتاقین کو اپنی ملاقات سے پہلے ایسی چیز عطا کرتا ہے جس سے اس کے دل کو سکون ملتا ہو تو مجھے بھی عطا فرما یا مجھے اضطراب نے بہت پریشان کر رکھا ہے، فرماتے ہیں پھر میں نے خواب میں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے سامنے کھڑا کیا اور فرمایا اے ابراہیم! کیا تجھے شرم نہیں آتی کہ تو مجھ سے سوال کرتا ہے کہ میں تجھے ملاقات سے پہلے ایسی چیزوں جس سے تجھے سکونِ قلب حاصل ہو کیا شوق رکھنے والے کو محبوب کی ملاقات سے پہلے سکون ملتا ہے! میں نے عرض کیا اے میرے رب! میں تیری محبت میں حیرت زدہ تھا مجھے معلوم نہ ہو سکا کہ میں کیا کہوں مجھے بخش دے اور سکھا دے کہ میں کیا کہوں اللہ تعالیٰ نے فرمایا یوں کہو۔

اَللّٰهُمَّ رَضِّنِيْ بِرِضَائِكَ وَصَبِّرْنِيْ عَلٰى بَلَائِكَ وَاَوْزِعْنِيْ شُكْرَ نَعْمَائِكَ۔

یا اللہ! مجھے اپنی رضا پر راضی رکھ اپنی آزمائشوں پر صبر عطا کر اور اپنی نعمتوں کے شکر کی توفیق عطا فرما۔

کیوں کہ یہ شوق تو آخرت میں ختم ہو گا۔

جہاں تک دوسرے شوق کا تعلق ہے تو وہ اس لائق ہے کہ دنیا اور آخرت میں اس کی کوئی انتہا نہ ہو کیوں کہ اس کی نہایت یہ ہے کہ بندے کے لئے آخرت میں اللہ تعالیٰ کا جلال، اس کی صفات، اس کی حکمت اس کے افعال اور معلومات خداوندی منکشف ہوں اور یہ محال ہے کیوں کہ اس کی کوئی انتہا نہیں اور بندے کو ہمیشہ یہی معلوم ہو گا کہ جمال و جلال میں سے ابھی کچھ باقی ہے جو اس کے لیے واضح نہیں ہوا تو اس کا شوق بالکل ختم نہیں ہو گا خاص طور پر وہ شخص جو اپنے درجہ سے اوپر کئی درجات دیکھتا ہے، ہاں اصل وصال حاصل ہونے کے بعد اس کی تکمیل مطلوب ہوتی ہے تو وہ اس کے لیے لذیذ شوق پاتا ہے جس میں کوئی تکلیف نہیں ہوتی اور یہ بات بعید نہیں کہ کشف و نظر کے الطاف مسلسل اور بے انتہا ہوں پس راحت و لذت ہمیشہ بڑھتی رہتی ہے اور لطف و کرم کی یہ نئی نئی لذتیں اس چیز کے شوق سے جو حاصل نہیں ہوتی، بے فکر کر دیتی ہیں۔ اور یہ بات اس شرط کے ساتھ ہے کہ جس چیز کا کشف دنیا میں بالکل نہیں ہوا اس کے کشف کا حصول ممکن ہو اگر ایسا نہ ہو سکے تو راحت و لذت ایسی حد پر ٹھہر جائے گی کہ اس سے نہیں بڑھے گی ہاں ہمیشہ جاری رہے گی اور اس ارشاد خداوندی میں اس بات کا احتمال ہے۔

نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا۔ (۱)

ان کا نور ان کے آگے اور ان کی دائیں جانب دوڑتا ہے وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب ہمارے لیے ہمارے نور کو مکمل کر دے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ تحریم آیت ۸

یعنی اگر دنیا میں اصل نور ہوگا تو وہ قیامت کے دن پورا کیا جائے گا یہ بھی احتمال ہے کہ نور کی تکمیل سے مراد یہ ہو کہ دنیا میں جو اس کی روشنی حاصل ہوئی وہ آخرت میں تکمیل کو پہنچے پورا ہونے کا یہی مطلب ہو،

اور ارشاد خداوندی ہے:

اُنْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَاءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا۔ (۱)	ہمیں ایک نگاہ دیکھو ہم تمہارے نور سے کچھ حصہ لیا کہا جائے گا اپنے پیچھے لوٹو وہاں نور ڈھونڈو۔

یہ اس بات پر دلالت ہے کہ دنیا میں اصل نور کا سرمایہ پاس ہو پھر وہ آخرت میں خوب چمکے گا، یہ نہیں کہ نیا نور ہوگا اس قسم کی باتوں میں تخمینے سے بات کہنا خطرناک ہے اس سلسلے میں ہمیں ابھی تک کوئی یقینی بات نہیں ملی ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمارے علم اور ہدایت میں اضافہ فرمائے اور حق کا حق ہونا ہم پر ظاہر فرمائے پس حقائق شوق اور ان کے معانی کے کشف کے لیے انوار بصیرت میں سے اس قدر کافی ہے۔

جہاں تک اخبار و آثار سے حاصل ہونے والے شواہد کا تعلق ہے تو وہ شمار سے زیادہ ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا معروف ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الرِّضَا بَعْدَ الْقَضَاءِ وَ بَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَائِكَ (۲)	یا اللہ! میں تجھ سے قضا کے بعد رضا موت کے بعد خوش عیشی اور تیری کریم ذات کے دیدار کی لذت اور تیری ملاقات کے شوق کا سوال کرتا ہوں۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ مجھے تورات کی کوئی خاص آیت بتائیں انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے نیکوکار لوگوں کو میری ملاقات کا بہت زیادہ شوق ہے اور میں ان سے ملاقات اس سے بھی زیادہ مشتاق ہوں فرمایا اس آیت کے قریب یہ بھی لکھا ہوا ہے کہ جو شخص مجھے تلاش کرے گا وہ مجھے پالے گا اور جو میرے غیر کو تلاش کرے گا وہ مجھے نہیں پا سکتا حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں گواہی دیتا ہوں کہ یہ بات میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی سنی ہے۔

حضرت داؤد علیہ السلام کی روایات میں مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے داؤد علیہ السلام! میری زمین والوں تک یہ بات پہنچا دیں کہ میں اس شخص کا حبیب ہوں جو مجھ سے محبت کرتا ہے جو میرے پاس بیٹھتا ہے میں اس کا جلیس (ہمنشین) ہوں جو میرے ذکر سے مانوس ہو میں اس کا مونس ہوں جو میرا ساتھی بنے میں اس کا ساتھی ہوں جو مجھے اختیار کرے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ حدید آیت ۱۳

(۲) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۸ اص ۲۱۹ حدیث ۸۲۵

میں اسے اختیار کروں گا جو میری اطاعت کرے میں اس کی بات مانوں گا جو شخص قلبی یقین کے ساتھ مجھ سے محبت کرتا ہے میں اسے اپنی ذات کے لیے قبول کرتا ہوں اور اس سے ایسی محبت کرتا ہوں کہ مخلوق میں سے کوئی بھی اس سے آگے نہیں بڑھتا جو شخص سچی طلب کے ساتھ مجھے تلاش کرتا ہے وہ مجھے پا لیتا ہے اور جو میرے غیر کو ڈھونڈتا ہے وہ مجھے نہیں پا سکتا اسے زمین والو تم جس دھوکے میں ہو اسے چھوڑ دو میری کرامت، صحبت اور میری مجلس کی طرف آؤ تم مجھ سے اُنس حاصل کرو میں تمہارے ساتھ اُنس رکھوں گا اور تمہاری محبت کی طرف جلدی کروں گا میں نے اپنے دوستوں کا خمیر اپنے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے ہم کلام حضرت موسیٰ علیہ السلام اور اپنے منتخب بندے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے خمیر سے پیدا کیا ہے مشتاق لوگوں کے دلوں کو اپنے نور سے پیدا کیا اور اپنے جلال سے ان کی پرورش کی۔

بعض اسلاف سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کسی صدیق بندے کی طرف الہام فرمایا کہ میرے کچھ بندے مجھ سے محبت کرتے ہیں اور میں ان سے محبت کرتا ہوں وہ میرا شوق رکھتے ہیں اور میں ان کا مشتاق ہوں وہ مجھے یاد کرتے ہیں اور میں ان کو یاد کرتا ہوں وہ مجھے دیکھتے ہیں اور میں ان کو دیکھتا ہوں اگر تو ان کے طریقے پر چلے تو میں تجھ سے بھی محبت کروں گا اور اگر ان کی راہ سے رُوگردانی کرے گا تو میں تجھ سے ناراض ہوں گا، پوچھا اے میرے رب! ان کی علامت کیا ہے؟ فرمایا وہ دن کے وقت سائے کو یوں دیکھتے ہیں جس طرح شفیق چرواہا اپنی بکریوں کو دیکھتا ہے اور غروبِ آفتاب کو اس طرح مشتاق ہوتے ہیں جیسے پرندہ اس وقت اپنے گھونسلے کا مشتاق ہوتا ہے پھر جب ان پر رات چھا جاتی ہے اور اندھیرا ہو جاتا ہے بستر بچھ جاتے ہیں اور تخت بچھائے جاتے ہیں اور ہر محب اپنے محبوب کے پاس چلا جاتا ہے تو وہ اپنے قدموں پر کھڑے ہو جاتے ہیں اور پیشانی بچھا لیتے ہیں میرے کلام کے ساتھ مجھ سے سرگوشی کرتے ہیں اور میرے انعام کے باعث میری خوشامد کرتے ہیں کوئی چیختا اور روتا ہے کوئی آہیں بھرتا اور شکوہ کرتا ہے کوئی قیام میں ہے تو کوئی قعدہ کر رہا ہے کوئی حالتِ رکوع میں ہے تو کوئی سجدے کی حالت میں ہے وہ میری رضا کے حصول کے لیے جو مشقت اٹھاتے ہیں میں اسے دیکھتا ہوں اور میری محبت میں جو شکوہ و شکایت کرتے ہیں میں اسے سنتا ہوں۔

میں ان کو سب سے پہلے جو کچھ دوں گا وہ تین چیزیں ہیں۔

(۱) اپنا نور ان کے دل میں ڈالوں گا تو وہ میرے بارے میں خبر دیں گے جیسے میں ان کے بارے میں خبر دیتا ہوں۔

(۲) اگر آسمان و زمین اور جو کچھ ان میں ہے، ان کے وزن کے مقابلے میں ہوگی تو میں اسے ان کی نظروں میں کم کر دوں گا۔

(۳) میری رحمت ان کی طرف متوجہ ہوگی تو کسی کو معلوم ہے کہ میں جس کی طرف متوجہ ہوں اسے کیا دیتا ہوں۔

حضرت داؤد علیہ السلام کے واقعات میں منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی بھیجتے ہوئے فرمایا اے داؤد علیہ السلام! آپ کب تک جنت کا ذکر کرتے رہیں گے اور مجھ سے میرے شوق کا سوال نہیں کریں گے آپ نے عرض کیا

یا اللہ! تیرا شوق رکھنے والے لوگ کون ہیں؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو لوگ میرا شوق رکھتے ہیں میں نے ان کے دلوں کو ہر قسم کی کدورت سے پاک کر دیا ہے اور ان کو ہر خوف سے آگاہ کر دیا ہے ان کے دلوں میں اپنی طرف ایک سوراخ بنا بنا دیا ہے کہ وہ مجھے دیکھتے ہیں میں ان کے دلوں کو اپنے دستِ قدرت سے اٹھا کر اپنے آسمان پر رکھ دیتا ہوں پھر اپنے خاص فرشتوں کو بلاتا ہوں جب وہ جمع ہو جاتے ہیں تو میرے لیے سجدہ کرتے ہیں میں کہتا ہوں میں نے تمہیں اس لیے نہیں بلایا کہ مجھے سجدہ کرو بلکہ اس لیے بلایا ہے کہ تمہارے سامنے اپنے مشتاق بندوں کے دل پیش کروں اور ان کے باعث تم پر فخر کروں ان کے دل میرے آسمان میں فرشتوں کو اس طرح نور دیتے ہیں جس طرح سورج زمین والوں کو روشنی دیتا ہے۔

اے داؤد علیہ السلام! میں نے مشتاق لوگوں کے دلوں کو اپنی رضا سے بنایا اور اپنے چہرے کے نور سے (جیسا کہ اس کے شایانِ شان ہے) ان کو زینت دی ان کو اپنی ذات کے لیے بات کرنے والا بنایا اور ان کے بدنوں کو زمین میں اپنی نظر کا مرکز بنایا نیز ان کے دلوں سے ایک راستہ بنایا جس کے ذریعے وہ مجھے دیکھتے ہیں اور ہر دن ان کا شوق بڑھتا ہے۔

حضرت داؤد علیہ السلام نے عرض کیا اے میرے رب! مجھے اپنے اہلِ محبت لوگ دکھا دے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے داؤد علیہ السلام! لبنان کے پہاڑ میں جاؤ وہاں چودہ آدمی ہیں جن میں نوجوان بھی ہیں اور بوڑھے بھی جب ان کے پاس جائیں تو ان کو میرا سلام کہیں اور ان سے کہیں کہ تمہارا رب تمہیں سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کہ کیا تم اپنی حاجت کا سوال نہیں کرتے تم تو میرے محبوب، پسندیدہ اور دوست ہو میں تمہاری خوشی پر خوش ہوتا ہوں اور تمہاری محبت کے لیے جلدی کرتا ہوں۔

چنانچہ حضرت داؤد علیہ السلام ان لوگوں کے پاس تشریف لے گئے تو ان کو ایک چشمے کے پاس دیکھا وہ اللہ تعالیٰ کی عظمت میں غور و فکر کر رہے تھے انہوں نے حضرت داؤد علیہ السلام کو دیکھا تو ان سے دور ہونے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا میں تمہارے

پاس اس لیے آیا ہوں کہ تمہیں تمہارے رب کا پیغام پہنچاؤں چنانچہ وہ آپ کی طرف متوجہ ہو گئے اور آپ کی بات غور سے سننے لگے نیز انہوں نے اپنی نگاہوں کو جھکا لیا حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہارے پاس پیغام لے کر آیا ہوں اللہ تعالیٰ تمہیں سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کیا تم مجھ سے اپنی حاجت کا سوال نہیں کرتے کیا تم مجھے نہیں پکارتے کہ میں تمہاری آواز اور کلام سنوں بے شک تم میرے محبوب منتخب بندے اور میرے دوست ہو میں تمہاری خوشی پر خوش ہوتا ہوں اور تمہاری محبت میں جلدی کرتا ہوں اور ہر گھڑی تمہاری طرف یوں دیکھتا ہوں جیسے شفیق مہربان ماں دیکھتی ہے یہ سن کر ان کی آنکھوں سے آنسو چہروں پر بہنے لگے ان کے شیخ نے کہا یا اللہ! تو پاک ہے تو

پاک ہے ہم تیرے بندے اور تیرے بندوں کے بیٹے ہیں ہمارے دلوں سے تیرے ذکر میں جو کوتاہی ہوتی ہے اسے معاف فرما دے۔

دوسرے نے کہا یا اللہ! تو پاک ہے تو پاک ہے ہم تیرے بندے اور تیرے بندوں کی اولاد میں ہمارے اور تیرے درمیان جو معاملہ ہے اس میں ہم پر نظر رحمت فرما۔ تیسرے نے کہا تو پاک ہے تو پاک ہے ہم تیرے بندے اور تیرے بندوں کی اولاد میں کیا ہم دعا کی جرأت کریں تو جانتا ہے کہ ہمیں اپنے کسی کام کی حاجت نہیں تو ہم پر احسان فرما کہ ہمیں ہمیشہ اپنے راستے پر رکھ اور اسی طرح ہم پر احسان فرما چوتھے نے کہا یا اللہ ہم تیری رضا کی طلب میں کوتاہی کرنے والے ہیں اپنے جود و کرم سے ہماری مدد فرما۔

پانچویں نے کہا تو نے ہمیں مادہ منویہ سے پیدا فرمایا اور اپنی عظمت میں غور و فکر کے ذریعے ہم پر احسان فرمایا جو شخص تیری عظمت میں مشغول اور تیرے جلال میں غور و فکر کرنے والا ہو کیا وہ کلام کی جرأت کر سکتا ہے ہم تو تیرے نور کا قرب مانگتے ہیں۔

چھٹے شخص نے کہا ہماری زبانیں تجھ سے دعا کرنے کی طاقت نہیں رکھتیں کیوں کہ تیری شان عظیم ہے، تو اپنے اولیاء کے قریب ہے اور اہل محبت پر تیرے بے شمار احسانات ہیں۔

ساتویں بزرگ نے کہا (یا اللہ!) تو نے ہمارے دلوں کو اپنے ذکر کی ہدایت دی اور اپنی ذات میں مشغولیت کے لیے تو نے ہمیں فراغت عطا فرمائی پس تیرا شکر ادا کرنے میں ہم سے جو کوتاہی ہوئی ہے اسے معاف کر دے آٹھویں نے کہا تو ہماری حاجات کو جانتا ہے اور وہ تیرا دیدار ہے۔

نویں شیخ نے کہا یا اللہ! غلام اپنے آقا پر کیسے جرأت کر سکتا ہے لیکن چونکہ تو نے اپنے فضل و کرم سے ہمیں دعا کا حکم دیا ہے تو یا اللہ تو ہمیں ایسا نور عطا فرما کہ اس کے ذریعے ہمیں آسمان کے طبقات میں اندھیروں میں راستہ ملے۔

دسویں بزرگ نے کہا ہم تجھ سے دعا کرتے ہیں کہ تو ہماری طرف توجہ فرما اور ہمیں ہمیشہ تیرا قرب حاصل رہے۔

گیارہویں بزرگ نے کہا یا اللہ! تو نے ہمیں جو نعمتیں عطا فرمائی ہیں۔

اور ہم پر فضل کیا ہم ان کی تکمیل کا سوال کرتے ہیں۔

بارھویں بزرگ نے کہا ہمیں تیری مخلوق سے کسی قسم کی حاجت نہیں ہے تو ہمیں اپنے دیدار کی دولت عطا فرما۔

تیرھویں بزرگ نے کہا یا اللہ! تو مجھے دنیا اور دنیاداروں کو دیکھنے سے نابینا کر دے اور میرے دل کو آخرت (کے معاملے) میں مشغول کر دے۔

چودھویں بزرگ نے کہا یا اللہ! مجھے معلوم ہے تو بلند اور بابرکت ذات ہے تو اپنے دوستوں سے محبت کرتا ہے یا اللہ! تو مجھ پر یوں احسان فرما کہ میرا دل سب کچھ چھوڑ کر تیری ذات میں مشغول ہو جائے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ ان سے کہہ دیں میں نے تمہارا کلام سنا اور جو کچھ تمہیں پسند ہے

میں نے قبول کیا پس تم میں سے ہر ایک دوسرے ساتھی سے جدا ہو جائے اور اپنے لیے زمین میں تہہ خانہ بنا لے کیونکہ میں اپنے اور تمہارے درمیان سے پردہ اٹھانے والا ہوں تاکہ تم میرے نور اور جلال کو دیکھ سکو۔

حضرت داؤد علیہ السلام نے عرض کیا اے میرے رب! یہ لوگ کس طرح اس درجے کو پہنچے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا انہوں نے میرے بارے میں اچھا گمان کیا نیز دنیا اور دنیا داروں سے کنارہ کشی اختیار کر کے میرے لیے خلوت اختیار کی اور مجھ سے مناجات کرتے رہے اس منزل کو وہی شخص پا سکتا ہے جو دنیا اور دنیا والوں کو چھوڑ دے اور ان کے ذکر میں سے کسی بات میں مشغول نہ ہو نیز اپنے دل کو میرے لیے فارغ کر دے اور تمام مخلوق کے مقابلے میں مجھے اختیار کرے اس وقت میں اس پر لطف و کرم کی بارش برساتا ہوں اس کے نفس کو فارغ کرتا ہوں اور اپنے اور اس کے درمیان قائم حجاب کو دور کر دیتا ہوں حتیٰ کہ وہ مجھے اس طرح دیکھتا ہے جس طرح کوئی شخص اپنی آنکھ سے کسی چیز کو دیکھتا ہے میں اسے ہر وقت اپنی کرامت دکھاتا ہوں اور اسے اپنے نورِ ذات کے قریب کرتا ہوں اگر وہ بیمار ہو جائے تو میں اس کی تیمارداری اس طرح کرتا ہوں جس طرح شفیق ماں اپنے بیٹے کی تیمارداری کرتی ہے اگر وہ پیاسا ہوتا ہے تو میں اسے سیراب کرتا ہوں اسے اپنے ذکر کا ذائقہ چکھاتا ہوں اے داؤد علیہ السلام! جب میں اس کے ساتھ یوں کرتا ہوں تو اس کا نفس دنیا اور اہلِ دنیا سے اندھا ہو جاتا ہے اور میں اس دنیا کو اس کا محبوب نہیں بناتا وہ میرے ساتھ مشغولیت میں کمی نہیں کرتا اور میری طرف آنے کی جلدی کرتا ہے میں اس کی موت کو ناپسند کرتا ہوں کیونکہ یہ شخص لوگوں کے درمیان میری نظر کا محل ہے وہ میرے غیر کو نہیں دیکھتا اور میں اس کے سوا کسی کو نہیں دیکھتا اے داؤد علیہ السلام! اگر آپ اسے دیکھیں تو اس کا نفس گھُل گیا جسم لاغر ہو گیا اور اعضاء ٹوٹ گئے ہیں جب وہ میرا ذکر سنتا ہے تو اس کا دل ٹھکانے پر نہیں رہتا میں فرشتوں اور آسمان والوں کے سامنے اس پر فخر کرتا ہوں تو اس کا خوف اور عبادت بڑھ جاتی ہے۔

اے داؤد علیہ السلام! مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم ہے میں اسے جنت الفردوس میں بٹھاؤں گا اور اپنے دیدار سے اس کے سینے کو شفا دوں گا حتیٰ کہ وہ راضی ہو جائے بلکہ رضا سے بھی اوپر کا مقام حاصل ہو گا۔

حضرت داؤد علیہ السلام کی روایات و حکایات میں یہ بھی ہے کہ میرے ان بندوں سے فرما دیں جو میری طرف متوجہ ہیں کہ اگر میں مخلوق سے پوشیدہ رہوں اور اپنے اور تمہارے درمیان سے پردہ اٹھا دوں حتیٰ کہ تم مجھے اپنے دل کی آنکھوں سے دیکھو تو اس میں تمہارا کیا نقصان ہے اور اگر میں تم سے دنیا کو لپیٹ دوں اور تمہارے لیے دین کو کشادہ کر دوں تو تمہارا کیا نقصان ہو گا اور جب تم میری رضا کے طالب ہو تو مخلوق کا ناراض ہونا تمہیں کیا نقصان پہنچائے گا۔

حضرت داؤد علیہ السلام کے واقعات میں یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی فرمائی کہ آپ کا خیال یہ ہے کہ آپ مجھ سے محبت کرتے ہیں اگر واقعی مجھ سے محبت کرتے ہیں تو اپنے دل سے دنیا کی محبت نکال دیں کیوں کہ میری

محبت اور دنیا کی محبت ایک دل میں جمع نہیں ہوسکتی اے داؤد! مجھ سے خالص محبت کریں اور دنیا والوں سے یوں میل جول رکھیں کہ دین میں میری تقلید کریں اور دینی معاملات میں لوگوں کی تقلید نہ کریں ہاں ان کی جو بات میری محبت کے موافق ہو اسے اختیار کریں لیکن جو بات مشکل ہو تو اسے میرے حوالے کر دیں۔ میرے ذمۂ کرم پر لازم ہے کہ میں تیری سیاست اور درستگی کی طرف جلدی کروں میں تیرا قائد اور راہنما ہوں مانگنے کے بغیر آپ کو عطا کروں اور مشکلات میں آپ کی مدد کروں میں نے قسم کھائی ہے کہ صرف اسی بندے کو ثواب عطا کروں گا جس کی طلب و ارادہ سے مجھے معلوم ہو جائے کہ وہ میرے سامنے عاجزی کرتا ہے اور مجھ سے بے نیازی اختیار نہیں کرتا۔

اے داؤد! اگر آپ ایسے ہوں گے تو میں آپ کے دل سے وحشت کو دور کر دوں گا اور آپ کے دل کو غنی کر دوں گا میں نے قسم کھائی ہے کہ میرا جو بندہ اپنے نفس پر مطمئن ہو کر اس کے افعال کو دیکھتا ہے تو میں اسے اس کے حوالے کر دیتا ہوں اشیاء کی نسبت میری طرف کیجئے آپ کے اعمال اس کے خلاف نہ ہوں ورنہ آپ مشقت میں پڑ جائیں گے اور آپ کے ہم مجلس آپ سے نفع نہیں اٹھا سکیں گے اور نہ ہی آپ میری معرفت کی کوئی حد پا سکیں گے کیوں کہ اس کی کوئی انتہا نہیں جب آپ مجھ سے زیادہ مانگیں گے تو میں آپ کو زیادہ دوں گا اور اس کی کوئی حد نہیں۔

پھر آپ بنی اسرائیل کو بتا دیں کہ میرے اور مخلوق کے درمیان کوئی رشتہ نہیں لہٰذا ان کی رغبت اور ارادہ ہی میرے نزدیک زیادہ ہونا چاہیئے تاکہ میں ان کو وہ چیز دوں جسے نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ ہی کسی انسان کے دل میں اس کا خیال آیا مجھے اپنی آنکھوں کے سامنے رکھیں اور دل کی نظر سے مجھے دیکھیں اور اپنے سر کی آنکھوں سے ان لوگوں کی طرف نہ دیکھیں جن کی عقلیں مجھ سے پردے میں ہیں تو انہوں نے ان کو تکبر میں ڈال دیا اور میں نے ان سے اپنے ثواب کو منقطع کر دیا ہے۔

میں نے اپنی عزت و جلال کی قسم کھائی ہے کہ میں اس شخص کے لیے ثواب کا دروازہ نہیں کھولوں گا جو میری اطاعت تجربے یا ٹال مٹول کے طور پر کرتا جن کو آپ سکھائیں ان کے لیے تواضع اختیار کریں اور عقیدت مندوں پر زیادتی نہ کریں اگر اہل محبت کو علم ہو جائے کہ مریدین کا میرے نزدیک کیا مقام ہے تو وہ ان کے لیے زمین بن جائیں تاکہ وہ ان پر چلیں۔

اے داؤد علیہ السلام! اگر آپ کسی مرید کو نشے سے نکال کر پاک صاف کر دیں تو میں آپ کو اپنے ہاں نہایت محنت کرنے والا لکھوں گا اور جس کو میں اپنے ہاں محنت کرنے والا لکھ دوں اس پر کوئی وحشت نہیں ہوتی اور نہ وہ مخلوق کا محتاج ہوتا ہے۔

اے داؤد علیہ السلام! میرے کلام کو مضبوطی سے اختیار کریں اپنے نفس کے لیے نفس سے ہی حصہ لیں اس میں سے کچھ ہرگز نہ دیں ورنہ میں اپنی محبت کو آپ سے پردے میں کر دوں گا۔ میرے بندوں کو میری رحمت سے ناامید نہ کرنا اور اپنی خواہش کو میرے لیے ترک کر دینا میں نے اپنی مخلوق میں سے کمزور لوگوں کے لیے خواہشات کو جائز قرار دیا ہے۔ مضبوط لوگوں کو کیا ہوا کہ وہ خواہشات حاصل کریں اس طرح میری مناجات کی حلاوت کم ہو جائے گی مضبوط لوگ شہوت اختیار کریں تو

میری طرف سے ان کی ادنیٰ سزا یہ ہے کہ میں ان کی عقلوں پر اپنی طرف سے حجاب ڈال دوں گا کیوں کہ میں دنیا اور اس کی تروتازگی کو اپنے محبوب بندوں کے لیے پسند نہیں کرتا۔

اے داؤد علیہ السلام! اپنے اور میرے درمیان کسی ایسے عالم کو ذریعہ نہ بنانا جو اپنی غفلت کے باعث تجھے میری محبت سے حجاب میں کر دے یہ لوگ میرے مریدوں کے لیے راہزن ہیں شہوتوں کو چھوڑنے کے سلسلے میں ہمیشہ روزہ رکھیں اور روزے کو چھوڑنے کا تجربہ نہ کرنا کیوں میں دائمی روزے کو پسند کرتا ہوں۔

اے داؤد علیہ السلام! اپنے نفس کی دشمنی کر کے میرے محبوب بنیں اور اپنے نفس کو شہوت سے دور رکھیں" اگر میں آپ کی طرف نظر کروں گا اور آپ دیکھیں کہ میرے اور آپ کے درمیان جو پردہ تھا وہ اٹھ گیا ہے میں آپ کی خاطر مدارات اس لیے کر رہا ہوں کہ آپ میرے ثواب پر قادر ہو جائیں جب میں آپ پر ثواب کا احسان کروں اور میں آپ کو آپ سے روک کر رکھتا ہوں کہ آپ میری عبادت میں رہیں۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ اے داؤد علیہ السلام! اگر روگردانی کرنے والوں کو معلوم ہو کہ میں کس طرح ان کا منتظر رہتا ہوں اور ان سے نرمی کرتا ہوں اور ان کے گناہوں کے ترک کے لیے کیسا مشتاق ہوں تو وہ میرے شوق میں مر جائیں اور میری محبت میں ان کے جوڑ ٹوٹ جائیں۔

اے داؤد علیہ السلام! جو لوگ مجھ سے پیٹھ پھیرتے ہیں ان کے لیے میرا یہ ارادہ ہے تو جو لوگ میری طرف متوجہ ہوتے ہیں ان کے ساتھ میرا کیا ارادہ ہوگا۔ اے داؤد علیہ السلام میرا بندہ جب مجھ سے بے نیازی اختیار کرتا ہے تو اس وقت اسے میری حاجت زیادہ ہوتی ہے اور جب وہ مجھ سے پیٹھ پھیرتا ہے تو اس وقت مجھے اس پر زیادہ رحم آتا ہے اور جب وہ میری طرف رجوع کرتا ہے تو اس وقت وہ مجھے بہت بڑا معلوم ہوتا ہے۔

یہ روایات اور اس قسم کی مثالیں بے شمار ہیں جو محبت، شوق اور اُنس پر دلالت کرتی ہیں اور ان کے معانی کی حقیقت پہلے معلوم ہو چکی ہے۔

فصل ۱:

محبّت خداوندی اور اس کا مفہوم

قرآن مجید سے متواتر شواہد اس بات کو ثابت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندے سے محبت کرتا ہے لہٰذا اس کا معنی معلوم کرنا ضروری ہے لیکن پہلے ہم محبت کے ثبوت سے متعلق شواہد ذکر کرتے ہیں۔

ارشاد خداوندی ہے۔

يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ ۔ (۱) وہ ان سے محبت کرتا ہے اور وہ اس سے محبت کرتے ہیں۔

اور ارشاد فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا۔ (۲) بے شک اللہ تعالیٰ ان لوگوں سے محبت کرتا ہے جو اس کے راستے میں صف بستہ جہاد کرتے ہیں۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ۔ (۳) بے شک اللہ تعالیٰ بہت توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے اور وہ خوب پاک ہونے والوں کو چاہتا ہے۔

اسی لیے جن لوگوں نے دعویٰ کیا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں تو اللہ تعالیٰ نے ان کا رد کرتے ہوئے فرمایا۔

قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ۔ (۴) آپ فرمادیجئے (اگر تم اللہ تعالیٰ کے محبوب ہو) تو وہ تمہیں تمہارے گناہوں پر عذاب کیوں دے گا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ فرماتے ہیں۔

اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ تَعَالٰى عَبْدًا لَمْ يَضُرَّهٗ ذَنْبٌ۔ (۵) جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اسے کوئی گناہ نقصان نہیں دیتا۔

آپ نے فرمایا۔

اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَّا ذَنْبَ لَهٗ۔ (۶) گناہ سے توبہ کرنے والا اس شخص کی طرح ہے جس کا کوئی گناہ نہ ہو۔

پھر آپ نے یہ آیت پڑھی۔

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ ۔ (۷) بیشک اللہ تعالیٰ خوب توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ مائدہ آیت ۵۴

(۲) قرآن مجید، سورۂ الصف آیت ۴

(۳) قرآن مجید، سورہ بقرہ آیت ۲۲۲

(۴) قرآن مجید، سورۂ مائدہ آیت ۱۸

(۵) الدرالمنثور جلد اول ص ۲۶۱ تحت آیت ان اللہ یحب التوابین

(۶) سنن ابن ماجہ ص ۳۲۳، ابواب الزھد (۷) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۲۲

مطلب یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت رکھتا ہے تو مرنے سے پہلے اس کی توبہ کر لیتا ہے پس اسے گذشتہ گناہ نقصان نہیں دے سکتے اگرچہ زیادہ ہوں جس طرح اسلام قبول کرنے والے کو گذشتہ کفر نقصان نہیں دیتا۔

اللہ تعالیٰ نے محبت کے لیے گناہوں کی بخشش کا بھی ذکر فرمایا۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِىْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ۔ (۱)

آپ فرما دیں اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرنا چاہتے ہو تو میری اتباع کرو اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے گا اور تمہارے گناہ معاف فرما دے گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُعْطِى الدُّنْيَا مَنْ يُّحِبُّ وَمَنْ لَّا يُحِبُّ وَلَا يُعْطِى الْاِيْمَانَ اِلَّا مَنْ يُّحِبُّ۔ (۲)

بے شک اللہ تعالیٰ دنیا اس شخص کو بھی دیتا ہے جس سے محبت کرتا ہے اور اسے بھی جس سے محبت نہیں کرتا لیکن ایمان صرف ان لوگوں کو عطا فرماتا ہے جن سے محبت کرتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ وَمَنْ تَكَبَّرَ وَضَعَهُ اللّٰهُ (۳) وَمَنْ اَكْثَرَ ذِكْرَ اللّٰهِ اَحَبَّهُ اللّٰهُ۔ (۴)

جو شخص اللہ تعالیٰ کے لیے تواضع اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے سربلندی عطا کرتا ہے اور جو شخص تکبر کرتا ہے اللہ تعالیٰ سے پست کر دیتا ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کو اکثر یاد کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے محبت کرتا ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا يَزَالُ الْعَبْدُ يَتَقَرَّبُ اِلَىَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰى اُحِبَّهُ فَاِذَا اَحْبَبْتُهُ كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِىْ يَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَهٗ

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ بندہ مسلسل نوافل کے ذریعے میرا قرب حاصل کرتا ہے حتیٰ کہ میں اس سے محبت کرتا ہوں پس جب میں اس سے محبت کرتا ہوں تو اس کا کان ہو جاتا ہوں جس

---

(۱) قرآن مجید سورۃ آل عمران آیت ۳۱

(۲) شعب الایمان جلد ۴ ص ۵۰۳ حدیث ۵۵۲۴

(۳) مجمع الزوائد جلد ۸ ص ۸۲ کتاب الادب

(۴) کنز العمال جلد ۱ ص ۴۲۵ حدیث ۱۸۲۸

اَلَّذِیْ یُبْصِرُ بِہٖ۔ سے وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے۔ (۱)

حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ بندے سے محبت کرتا ہے حتیٰ کہ وہ اس کی محبت میں اس مقام تک پہنچتا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تم جو چاہو کرو میں نے تمہیں بخش دیا۔

محبت کے سلسلے میں جس قدر الفاظ آئے ہیں وہ بے شمار ہیں اور ہم نے ذکر کیا کہ اللہ تعالیٰ کی بندے سے محبت حقیقت ہے مجاز نہیں ہے کیوں کہ لغت میں محبت کا معنی موافق چیز کی طرف میلانِ نفس ہے اور عشق اس خواہش کے غلبے اور بڑھ جانے کا نام ہے اور ہم نے بیان کیا ہے کہ احسان، نفس کے موافق ہوتا ہے اور جمال بھی اس کے موافق ہوتا ہے۔

نیز جمال اور احسان بعض اوقات ظاہری آنکھ سے اور بعض اوقات باطنی آنکھ سے دکھائی دیتے ہیں اور محبت ان دونوں کے پیچھے جاتی ظاہری آنکھ سے خاص نہیں لیکن اللہ تعالیٰ کی بندے سے محبت اس طرح ممکن نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ پر جتنے الفاظ بھی بولے جاتے ہیں تو خالق و مخلوق پر ان کا اطلاق ایک جیسا نہیں ہوتا۔ حتیٰ کہ لفظ وجود جس میں خالق و مخلوق کا اشتراک سب سے زیادہ ہے وہ بھی خالق و مخلوق پر ایک انداز میں استعمال نہیں ہوتا بلکہ اللہ تعالیٰ کے سوا جو کچھ بھی ہے اس کا وجود اللہ تعالیٰ کے وجود کا فیضان ہے اور تابع کا وجود متبوع کے وجود کے مساوی نہیں ہوتا محض اطلاق لفظی میں برابری ہے اس کی مثال یوں سمجھیں کہ گھوڑے اور درخت دونوں کو جسم کہا جاتا ہے کیوں کہ جسمیت کا معنیٰ اور حقیقت دونوں میں ایک جیسی ہے یہ نہیں کہ ایک کا استحقاق ہو یعنی اس کے لیے لفظ جسم بطور اصل استعمال ہوتا ہو۔ اور ایک کی جسمیت دوسرے کی جسمیت کا فیضان ہو لیکن اللہ تعالیٰ اور مخلوق کے لئے لفظ وجود کے اطلاق میں فرق ہے اور یہ فرق تمام ناموں میں ظاہر ہے جیسے علم، ارادہ اور قدرت وغیرہ تمام ناموں میں خالق اور مخلوق میں کوئی مشابہت نہیں ہے واضع لغت نے پہلے ان ناموں کو مخلوق کے لیے وضع کیا کیوں کہ عقل و فہم میں مخلوق پہلے آتی ہے پھر خالق کے حق میں ان کا استعمال بطور مجاز و استعارہ ہوا۔

محبت کا لغوی معنیٰ نفس کا ایسی چیز کی طرف میلان ہے جو اس کے مناسب و موافق ہو اور یہ اس نفس میں متصور ہو سکتی ہے جو اس کے نہ ملنے سے ناقص رہے اور جب وہ اسے مل جائے تو وہ کامل ہو جائے اور اس سے فائدہ اٹھائے اور یہ بات اللہ تعالیٰ کے حق میں محال ہے کیوں کہ ہر کمال، جمال اور فضیلت اللہ تعالیٰ کو ہر وقت حاصل ہے اور ازل سے ابد تک واجب الحصول ہے نہ اس کے زوال کا تصور کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی اس کی جدت

---

(۱) میزان الاعتدال جلد اول ص ۴۱۱ حدیث ۲۴۶۳

کا۔ پس اللہ تعالیٰ کا غیر کی طرف نظر کرنا اس لیے نہیں کہ وہ اس کا غیر ہے بلکہ اس لیے کہ وہ اس کا فعل ہے لہٰذا وہ صرف اپنی ذات اور افعال کو دیکھتا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ وجود بھی صرف اس کی ذات اور افعال ہی کا ہے۔

اس لیے حضرت شیخ ابو سعید میہنی رحمہ اللہ کے سامنے جب یہ آیت پڑھی گئی۔

یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهٗ۔ وہ ان لوگوں سے محبت کرتا ہے اور وہ اس (اللہ تعالیٰ) سے محبت کرتے ہیں۔ (۱)

تو آپ نے فرمایا اس کی محبت صحیح ہے کیوں کہ وہ اپنی ذات سے ہی محبت کرتا ہے یعنی وہی کُل ہے اور اس کے علاوہ کسی کا وجود نہیں اور جو صرف اپنی ذات اپنے افعال اور اپنی تصانیف سے محبت کرے تو اس کی محبت اس کی ذات اور توابع ذات سے تجاوز نہیں کرتی کیوں کہ وہ اس کی ذات سے ہی متعلق ہے تو گویا وہ صرف اپنے آپ سے محبت کرتا ہے اور بندوں سے اس کی محبت کے سلسلے میں جو الفاظ آئے ہیں تو ان کی تاویل یوں کی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ بندے کے دل سے پردہ اٹھا دیتا ہے حتیٰ کہ وہ اسے اپنے دل سے دیکھتا ہے نیز وہ بندے کو اپنے قریب کر دیتا ہے اور یہ اس کا ازلی ارادہ ہے پس جب اللہ تعالیٰ کی محبت کی نسبت اس کے ارادۂ ازلی کی طرف ہے کہ اس نے بندے کو قرب کے اس راستے پر چلنے کا ارادہ کیا تو معلوم ہوا کہ بندے سے اس کی محبت بھی ازلی ہے۔

اور جب اس محبت کی اضافت اس کے اس فعل کی طرف ہو جس کے ذریعے وہ بندے کے دل سے پردہ ہٹا دیتا ہے تو یہ حادث ہے کیوں کہ اس کا سبب بھی حادث ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ بندہ مسلسل نوافل کے ذریعے میرا قرب حاصل کرتا ہے حتیٰ کہ میں اس سے محبت کرتا ہوں تو نوافل کے ذریعے اس کا قرب اس کی باطنی صفائی اور دل سے حجاب کے اٹھ جانے کا سبب ہوتا ہے نیز اس طرح اسے اپنے رب کے قرب کا درجہ ملتا ہے پس یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے لطف و کرم کی وجہ سے ہے اور اس کی محبت کا یہی معنیٰ ہے اور اس بات کو سمجھنے کے لیے ایک مثال پیش کرنا ضروری ہے

مثلاً ایک بادشاہ کسی غلام کو اپنے قریب کرتا ہے اور اسے ہر وقت اپنے حضور میں حاضر ہونے کا حکم دیتا ہے کیونکہ بادشاہ کا اس کی طرف میلان ہے یا تو اس لیے کہ وہ اپنی طاقت کے ذریعے بادشاہ کی مدد کرے یا وہ اس کے مشاہدے سے راحت پائے یا اس سے مشورہ کر کے اس کی رائے حاصل کرے یا وہ اس کے لیے کھانے پینے کا سامان تیار کرے تو کہا جاتا ہے کہ بادشاہ اس سے محبت کرتا ہے یعنی بادشاہ کا اس کی طرف میلان ہے کیوں کہ اس میں موافق و مناسب معنیٰ پایا جاتا ہے اور بعض اوقات بادشاہ اپنے غلام کو مقرب بناتا ہے اور اسے پاس آنے سے نہیں

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ مائدہ آیت ۵۴

روکتا لیکن اس کا مقصد اس سے کوئی نفع لینا نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ اس کے ذریعے طاقت حاصل کرتا ہے بلکہ اس کی وجہ اس غلام کا اچھے اخلاق کا مالک ہونا ہے اس میں ایسے اوصاف حمیدہ پائے جاتے ہیں جن کی وجہ سے وہ بادشاہ کے قرب کے لائق ہو جاتا ہے اور اس کو قرب سے وافر حصہ ملتا ہے حالانکہ بادشاہ کو اس سے کوئی غرض نہیں ہوتی پس جب بادشاہ اس کے اور اپنے درمیان سے حجاب اٹھا لیتا ہے تو کہا جاتا ہے کہ وہ بادشاہ تک پہنچ گیا اور اور اس کا محبوب ہو گیا۔

تو اللہ تعالیٰ کی بندے سے محبت دوسرے معنیٰ کے اعتبار سے ہے پہلے معنیٰ کے اعتبار سے نہیں اور دوسرے معنیٰ کے اعتبار سے ہی مثال دینا بھی اس شرط کے ساتھ صحیح ہے کہ اللہ تعالیٰ کے قرب میں کچھ تبدیلی نہ سمجھی جائے کیوں کہ جو اللہ تعالیٰ کا محبوب ہے وہ اس کا قرب حاصل کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے قریب ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ جانوروں، درندوں اور شیطانوں سے دور ہے اور ان اچھے اخلاق سے موصوف ہو گیا ہے جو اخلاق خداوندی ہیں تو یہ صفت کے اعتبار سے قریب ہے مکان کے اعتبار سے نہیں۔

اور جو پہلے قریب نہ ہو اور اب قریب ہو جائے تو اس میں تبدیلی آ گئی پس بعض اوقات اس سے یہ گمان ہوتا ہے کہ جب نیا قرب آتا ہے تو بندے اور رب دونوں کے وصف میں تبدیلی آجاتی ہے یعنی پہلے قریب نہ تھا اور اب قریب ہو گیا تو یہ بات اللہ تعالیٰ کے حق میں محال ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ پر تبدیلی محال ہے بلکہ وہ تو ہمیشہ اسی کمال اور جلال پر رہتا ہے جس پر ازل میں تھا۔

اور اس بات کی مثال لوگوں کے باہم قرب کے حوالے سے سمجھی جا سکتی ہے مثلاً دو آدمی بعض اوقات ایک دوسرے کی طرف حرکت کر کے باہم قریب ہوتے ہیں اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک اپنی جگہ ٹھہرا رہتا ہے اور دوسرا حرکت کرتا ہے اور اس قرب میں ایک کے اندر تبدیلی آتی ہے دوسرے میں نہیں۔ بلکہ صفات کا معاملہ بھی اسی طرح ہوتا ہے مثلاً شاگرد علم و جمال میں کمال حاصل کر کے اپنے استاذ کے درجے کا قرب حاصل کرنا چاہتا ہے جب کہ استاذ اپنے کمال علم میں غیر متحرک ہوتا ہے وہ شاگرد کے درجہ کی طرف نزول نہیں کرتا بلکہ شاگرد حرکت کر کے جہالت کی پستی سے علم کی بلندی کی طرف ترقی کرتا ہے پس وہ مسلسل تبدیلی اور ترقی کی منازل طے کرتا ہے حتیٰ کہ اپنے استاذ سے قریب ہو جاتا ہے جب کہ استاذ میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔ تو درجات قرب میں بندے کی ترقی کو بھی اسی طرح سمجھنا چاہیے جب وہ اپنی صفات میں کامل ہو جائے علم کی تکمیل ہو جاتی ہے اور وہ حقائق امور کو جان لیتا ہے نیز شیطان اور خواہشات کے قلع قمع کے لیے اس میں قوت ثابت ہو جاتی ہے نیز بری خصلتوں سے اس کی پاکیزگی ظاہر ہو جاتی ہے تو وہ درجۂ کمال کے زیادہ قریب ہوتا ہے اور انتہائی درجہ کا کمال تو اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور ہر شخص جس قدر کمال حاصل کرتا ہے اسی قدر اسے قرب خداوندی حاصل ہوتا ہے ہاں ایسا ہوتا ہے کہ بعض اوقات

شاگرد استاذ کے قریب ہونے اس کے برابر ہونے بلکہ اس سے آگے بڑھنے پر بھی قادر ہوتا ہے لیکن یہ بات اللہ تعالیٰ کے حق میں محال ہے کیوں کہ اس کے کمال کی کوئی انتہا نہیں جب کہ درجاتِ کمال میں بندے کے سلوک (چلنے) کی ایک انتہا ہے وہ ایک محدود حد تک ہی پہنچتا ہے لہٰذا اس کے لیے مساوات کی کوئی طمع نہیں ہو سکتی۔

پھر قرب کے درجات بھی مختلف ہیں اور اس اختلاف کی کوئی انتہا نہیں کیوں کہ اس کمال کی بھی کوئی انتہا نہیں تو معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کا بندے سے محبت کرنا یہ ہے کہ وہ بندے سے دنیوی کدورتوں سے اس کے اندر کو صاف کر کے اور اس کے دل سے پردہ ہٹا کر اسے اپنے قریب کرتا ہے حتیٰ کہ وہ اس کا مشاہدہ اس طرح کرتا ہے گویا اسے دل سے دیکھ رہا ہے۔

جہاں تک بندے کی اللہ تعالیٰ سے محبت کا تعلق ہے تو وہ اس کا اس کمال کو پانے کی طرف میلان ہے جس میں وہ مفلس ہے اور اس سے خالی ہے پس وہ لازماً اس چیز کا شوق رکھتا ہے جو اس کے پاس نہیں ہے اور جب اس میں سے کوئی چیز پا لیتا ہے تو اس سے لطف اندوز ہوتا ہے اور اس معنیٰ کے اعتبار سے شوق اور محبت اللہ تعالیٰ کے لیے محال ہیں۔

سوال:-

اللہ تعالیٰ کی بندے سے محبت کا معاملہ مشتبہ ہے بندے کو کس طرح معلوم ہوگا کہ وہ اللہ تعالیٰ کا محبوب ہے۔

جواب:

اس بات کی کچھ علامتیں ہیں جن کے ذریعے معلوم ہو سکتا ہے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اِذَا اَحَبَّ اللّٰہُ عَبْدًا اَبْتَلَاہُ فَاِذَا اَحَبَّہُ الْحُبَّ الْبَالِغَ اَقْتَنَاہُ۔	اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اسے آزمائش میں ڈال دیتا ہے اور جب اس سے زیادہ محبت

کرتا ہے تو اس کو چن لیتا ہے (اقتناہ کا لفظ فرمایا) عرض کیا گیا کہ اقتنار (چننا) کیا ہے فرمایا اس کے لیے مال و اولا نہیں چھوڑتا ـــــــ

تو اللہ تعالیٰ کی بندے سے محبت کی علامت یہ ہے کہ اسے غیر سے متنفر کر دے اور اس کے اور غیر کے درمیان حائل ہو جائے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ ہم آپ کی سواری کے لیے دراز گوش کیوں نہ خرید لیں؟ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کو یہ بات پسند نہیں ہے کہ وہ مجھے اپنی ذات کی مشغولیت سے ہٹا کر دراز گوش میں مشغول کر دے۔

ایک روایت میں ہے

إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا اِبْتَلَاهُ فَإِنْ صَبَرَ اِجْتَبَاهُ فَإِنْ رَضِيَ اِصْطَفَاهُ۔ (۱)

جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اس کو آزمائش میں ڈالتا ہے پس اگر وہ صبر کرے تو اسے اپنا مجتبیٰ بنا دیتا ہے اور اگر راضی ہو تو اس کو اپنا مصطفیٰ (منتخب بندہ) بنا دیتا ہے۔

بعض علماء فرماتے ہیں جب تم دیکھو کہ تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہو اور وہ تمہیں آزمائش میں ڈالتا ہے تو جان لو کہ وہ تمہیں پاک صاف کرنا چاہتا ہے۔

کسی مرید نے اپنے استاذ (شیخ) سے کہا کہ مجھے کچھ محبت کا پتہ چل رہا ہے انہوں نے فرمایا اے بیٹے! کیا اللہ تعالیٰ نے تجھے اپنے سوا کسی دوسرے محبوب کی محبت میں مبتلا کیا ہے اور پھر تم نے اس پر اللہ تعالیٰ کو ترجیح دی ہے؟ اس نے کہا نہیں فرمایا پھر محبت کی طمع نہ کرو کیوں کہ اللہ تعالیٰ جس بندے کو اپنی محبت عطا فرماتا ہے اسے آزمائش میں بھی ڈالتا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا جَعَلَ لَهُ وَاعِظًا مِنْ نَفْسِهِ وَزَاجِرًا مِنْ قَلْبِهِ يَأْمُرُهُ وَيَنْهَاهُ۔ (۲)

اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اس کے نفس کو اس کا واعظ اور دل کو ڈانٹ ڈپٹ کرنے والا بنا دیتا ہے وہ اسے (اچھے کاموں کا) حکم دیتا اور (برے کاموں سے) روکتا ہے۔

اور ارشاد فرمایا۔

إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا بَصَّرَهُ عُيُوبَ نَفْسِهِ۔ (۳)

اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو اسے اس کے نفسانی عیوب پر مطلع کر دیتا ہے۔

تو اللہ تعالیٰ کی محبت کی خاص علامت یہ ہے کہ بندہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرے یہ بات اللہ تعالیٰ کی محبت کی دلیل ہے۔
جہاں تک محبت خداوندی پر دلالت کرنے والے عمل کا تعلق ہے تو وہ یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کو اپنے ظاہری اور باطنی کاموں کا کفیل سمجھے اللہ تعالیٰ ہی اس کو مشورہ دینے والا، وہی کاموں کی تدبیر فرمانے والا اور وہی اس کے اخلاق کو مزین

---

(۱) کنز العمال جلد ۱ ص ۱۰۰، ۱۰۱ حدیث ۲۰۷۹۲
(۲) الفردوس بماثور الخطاب جلد اول ص ۲۵۱ حدیث ۹۷۱
(۳) الفردوس بماثور الخطاب جلد اول ص ۲۴۲ حدیث ۹۲۶
(۴) الفردوس بماثور الخطاب جلد اول ص ۲۴۲ حدیث ۹۲۵

کرنے والا ہے وہی اس کے اعضاء کو مصروف رکھتا اور اس کے ظاہر و باطن کو درست کرنے والا ہے وہی اس کے تمام فکروں کو سمیٹ کر ایک فکر بنا دیتا ہے اس کے دل میں دنیا سے نفرت ڈالتا ہے اور اپنے غیر سے بیگانہ کر دیتا ہے نیز خلوت میں مناجات کے ذریعے اُنس عطا فرماتا ہے اللہ تعالیٰ ہی اس کے اور اپنے درمیان سے حجاب اٹھاتا ہے۔

تو اس قسم کی باتیں اللہ تعالیٰ کی بندے سے محبت کی علامات ہیں اب ہم بندے کی اللہ تعالیٰ سے محبت کی علامات بیان کرتے ہیں یہ علامات اللہ تعالیٰ کی بندے سے محبت کی علامتیں بھی ہیں۔

فصل ۱۱:

بندے کی اللہ تعالیٰ سے محبت کی علامات

جان لو کہ محبت کا دعویٰ ہر شخص کرتا ہے لیکن دعویٰ تو آسان ہے اس پر عمل کرنا مشکل ہے لہٰذا انسان کو چاہیے کہ وہ شیطان کے مکر و فریب اور نفس کے دھوکے میں آکر مغرور نہ ہو جائے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی محبت کا دعویٰ کرے جب تک علامات کے ذریعے نفس کا امتحان نہ لے اور اس سے دلائل کا مطالبہ نہ کرے محبت ایک ایسا درخت ہے جس کی جڑیں مضبوط و قائم ہیں اس کی شاخیں آسمانوں میں ہیں اور اس کا پھل دل، زبان اور اعضاء پر جاری ہوتا ہے اور یہ فیض بخش آثار جو دل اور اعضاء پر اثر انداز ہوتے ہیں محبت پر اس طرح دلالت کرتے ہیں جس طرح دھواں آگ پر اور پھل درختوں پر دلالت کرتے ہیں ان علامات میں سے ایک یہ ہے کہ دار السلام میں محبوب کی ملاقات کشف و مشاہدہ کے طور پر چاہے اور جب اسے معلوم ہو کہ اس تک پہنچنے کے لئے موت کے ذریعے دنیا سے کوچ کرنا اور اسے چھوڑنا ضروری ہے تو اسے چاہیئے کہ موت کو پسند کرے اس سے نہ بھاگے کیوں کہ محب اپنے وطن سے سفر کر کے محبوب کے ٹھکانے تک جانے کو بوجھ محسوس نہیں کرتا کیوں کہ وہ اس کے مشاہدے سے لطف اندوز ہونا چاہتا ہے اور موت ملاقات کی چابی اور مشاہدہ میں داخلے کا دروازہ ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ۔ (۱)

جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملاقات چاہتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملاقات کو پسند فرماتا ہے

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے وصال کے وقت فرمایا حبیب فقر پر آیا ہے جو پشیمان ہو گا وہ فلاح نہیں پائے گا۔

کسی بزرگ نے فرمایا بندے میں اللہ تعالیٰ کی ملاقات کی چاہت کے بعد کثرت سجود سے بڑھ کر کوئی خصلت اللہ تعالےٰ کو پسند نہیں ہے تو اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی چاہت کو سجدے سے مقدم کیا گیا اور اللہ تعالیٰ نے محبت میں سچائی کی

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۶۳ کتاب الرقاق

حقیقت کے بیے راہ خداوندی میں شہادت کو شرط قرار دیا ہے جب لوگوں نے دعویٰ کیا کہ ہم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ کے راستے میں شہید ہونے اور طلب شہادت کو اس محبت کی علامت قرار دیا ارشاد فرمایا۔

إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِهِ صَفًّا (۱)

بے شک اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو پسند کرتا ہے جو اس کے راستے میں صف بستہ جہاد کرتے ہیں۔

اور ارشاد خداوندی ہے،

يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُونَ وَيُقْتَلُونَ۔ (۲)

وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے راستے میں لڑتے ہیں پس قتل کرتے اور شہید ہوتے ہیں

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو جو وصیت فرمائی تھی اس میں یہ بھی فرمایا۔
حق بات گراں ہوتی ہے لیکن اس کے باوجود خوش گوار ہے اور باطل ہلکا ہے لیکن اس ہلکے پن کے باوجود ناموافق ہے اگر آپ میری وصیت کی حفاظت کریں تو کوئی غائب چیز آپ کے نزدیک موت سے زیادہ پسندیدہ نہ ہوگی جو یقیناً آپ تک آنے والی ہے اور اگر آپ نے میری وصیت کو ضائع کر دیا تو کوئی بھی غائب چیز آپ کے نزدیک موت سے زیادہ ناپسندیدہ نہ ہوگی اور آپ اسے ٹال نہیں سکیں گے۔

حضرت اسحاق بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں مجھ سے میرے والد نے بیان کیا کہ اُحد کے دن حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کیا ہم اللہ تعالیٰ سے دعا نہ کریں؛ چنانچہ وہ ایک طرف کو ہو گئے اور حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ نے یوں دعا مانگی۔

" اے میرے رب! میں تجھے قسم دے کر کہتا ہوں کہ کل جب میں دشمن کے مقابلے میں جاؤں تو میرا مقابلہ کسی سخت ہولناک اور غضب ناک آدمی سے ہو میں تیرے راستے میں اس سے لڑوں اور وہ مجھ سے لڑے پھر وہ مجھے پکڑ کر میرا ناک اور میرے کان کاٹ دے اور میرے پیٹ کو پھاڑ دے تاکہ کل جب (روز قیامت) تجھ سے ملاقات کروں تو تُو فرمائے اے عبداللہ! تیرا ناک اور کان کس نے کاٹے تو میں کہوں یا اللہ! تیرے اور تیرے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے راستے میں یہ حال ہوا پھر تو فرمائے کہ تو نے سچ کہا حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے دن کے آخر میں دیکھا کہ ان کا ناک اور کان ایک دھاگے میں لٹک رہے تھے حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کی قسم کے آخری حصے کو بھی اسی طرح سچا کرے گا۔ جس طرح اس کے پہلے حصے

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الصف آیت ۴

(۲) قرآن مجید، سورۃ توبہ آیت ۱۱۱

کو سچا کر دیا۔ (۱)

حضرت سفیان ثوری اور حضرت بشر حافی رحمہما اللہ فرماتے تھے کہ موت کو وہی ناپسند کرتا ہے جیسے شک ہو کیوں کہ محب کسی حالت میں بھی محبوب کی ملاقات کو ناپسند نہیں کرتا حضرت بویطی رحمہ اللہ نے کسی زاہد سے پوچھا کہ کیا تم موت کو پسند کرتے ہو؟ گویا اس نے کچھ توقف کیا تو حضرت بویطی نے فرمایا اگر تم سچے ہوتے تو موت کو محبوب جانتے پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔

فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ۔ (۲) پس موت کی تمنا کرو اگر تم سچے ہو۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا يَتَمَنَّيَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ۔ (۳) تم میں سے کوئی شخص موت کی تمنا نہ کرے۔

آپ کا مقصد یہ تھا کہ کسی مصیبت کے آنے پر موت کی تمنا نہ کرے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کی قضا پر راضی رہنا اس سے فرار کی نسبت افضل ہے۔

سوال:۔

جو شخص موت کو پسند نہیں کرتا تو کیا اس کے بارے میں تصور ہو سکتا ہے کہ یہ شخص اللہ تعالیٰ سے محبت رکھتا ہے۔

جواب:

موت کو ناپسند کرنا بعض اوقات دنیا کی محبت نیز گھر والوں دولت اور دولت سے جدائی پر افسوس کی وجہ سے ہوتا ہے اور یہ بات کمالِ محبت کے منافی ہے کیوں کہ کامل محبت وہ ہوتی ہے جو پورے دل کو گھیر لے لیکن یہ بات بعید نہیں کہ اہل و اولاد کی محبت کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے بھی کمزور سی محبت ہو۔

اور اس محبت میں لوگوں کے درمیان فرق ہے جس پر یہ روایت دلالت کرتی ہے کہ حضرت ابو حذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ بن شمس رضی اللہ عنہ نے جب اپنی بہن فاطمہ کا نکاح اپنے آزاد کردہ غلام حضرت سالم رضی اللہ سے کیا تو قریش نے اس سلسلے میں ان پر ناراضگی کا اظہار کیا اور کہا کہ تم نے ایک عقل مند عورت کا نکاح ایک غلام سے کر دیا انہوں نے فرمایا اللہ کی قسم میں نے اس کا نکاح اس سے کیا ہے اور میں جانتا ہوں کہ وہ غلام اس (میری بہن) سے زیادہ علم والا ہے قریش کو ان کے عمل کی نسبت اس بات سے زیادہ تکلیف ہوئی انہوں نے کہا یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ فاطمہ تو آپ کی بہن ہے جب کہ وہ

---

(۱) حلیۃ الاولیاء جلد اول ص ۱۰۹ ترجمہ ۱۲

(۲) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۹۴

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۱۶۳ مرویات انس

آپ کا غلام ہے انہوں نے فرمایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ نے فرمایا۔

مَنْ اَرَادَ اَنْ یَّنْظُرَ اِلٰی رَجُلٍ یُحِبُّ اللّٰہَ بِکُلِّ قَلْبِہٖ فَلْیَنْظُرْ اِلٰی سَالِمٍ۔ (۱)

جو شخص کسی ایسے آدمی کو دیکھنا چاہتا ہے جو پورے دل کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے تو وہ حضرت سالم رضی اللہ عنہ کو دیکھ لے۔

تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ بعض لوگ پورے دل سے اللہ تعالیٰ سے محبت نہیں کرتے بلکہ وہ ان سے بھی محبت کرتے ہیں اور دوسرے لوگوں سے بھی ــــــ

تو یقیناً ایسے لوگوں کو بارگاہ خداوندی میں حاضری کے وقت ملاقات کی لذت محبت کے مطابق ہوگی اور جس قدر دنیا سے محبت کرتے ہیں موت کے وقت دنیا کی جدائی کا افسوس بھی اسی حساب سے ہوتا ہے۔

موت کو ناپسند کرنے کا دوسرا سبب یہ ہے کہ بندہ فی الحال محبت کے ابتدائی مراحل میں ہو وہ موت کو ناپسند نہیں کرتا بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کی ملاقات کے لیے تیاری سے پہلے موت کے آنے کو ناپسند کرتا ہے تو یہ بات، محبت کی کمزوری پر دلالت نہیں کرتی اس کی مثال اس شخص جیسی ہے جسے اطلاع ملے کہ اس کا کوئی دوست (محبوب) آرہا ہے تو وہ اس کے آنے میں تاخیر کا خواہاں ہوتا ہے تاکہ اس کے لیے اپنے گھر کو تیار کرسکے اور دیگر اسباب کی تیاری بھی کرے اور اس سے اس صورت میں ملاقات کرے کہ اس کا دل دنیوی مشاغل سے فارغ ہو اور اس ملاقات میں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔

تو اس مقصد کے تحت موت کو ناپسند کرنا کمال محبت کے بالکل منافی نہیں ہے اس کی علامت ہمیشہ عمل کرتے رہنا اور تیاری کی فکر کرنا ہے۔

اور اللہ تعالیٰ کی محبت کی ایک علامت یہ بھی ہے کہ جس بات کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے اسے اپنی محبوب چیزوں پر ظاہری اور باطنی طور ترجیح دے پس اسے عمل کا شوق ہو اور خواہشات کی اتباع سے بچیار ہے سستی کو قریب بھٹکنے نہ دے ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری میں رہے اور نوافل کے ذریعے اس کا قرب حاصل کرے نیز اللہ تعالیٰ کے ہاں مزید درجاتِ قرب کا خواہشمند ہو جس طرح محب اپنے محبوب کے دل میں مزید قرب کی طلب کرتا ہے۔ اس ایثار کے ساتھ محبت کرنے والوں کی تعریف اللہ تعالیٰ نے یوں فرمائی ہے۔

یُحِبُّوْنَ مَنْ ھَاجَرَ اِلَیْھِمْ وَلَا یَجِدُوْنَ فِیْ صُدُوْرِھِمْ حَاجَۃً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَیُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓی اَنْفُسِھِمْ وَلَوْ کَانَ

وہ ان لوگوں سے محبت کرتے ہیں جو ہجرت کرکے ان کے پاس آئے اور جو کچھ ان کو دیا گیا اس سے اپنے دلوں میں کوئی حاجت نہیں پاتے اور وہ ان کو اپنے آپ پر

---

(۱) کنز العمال جلد ۱۱ ص ۶۸۵ حدیث ۳۳۲۱۰۔

بِهِمْ خَصَاصَةٌ۔ (۱) ترجیح دیتے ہیں اگرچہ خود بھوکے ہوں۔

پس جو شخص ہمیشہ خواہشات کی اتباع میں رہتا ہے تو اس کا محبوب وہی چیز ہے جس کی وہ خواہش رکھتا ہے بلکہ محب اپنے محبوب کی محبت میں اپنے آپ سے محبت کو بھی چھوڑ دیتا ہے جیسا کہ کہا گیا ہے۔

أُرِيْدُ وِصَالَهُ وَيُرِيْدُ هِجْرِيْ فَاَتْرُكُ مَا أُرِيْدُ لِمَا يُرِيْدُ۔ (۲)

میں اس کا وصال چاہتا ہوں اور وہ مجھ سے جدائی چاہتا ہے پس میں اس کی چاہت پر اپنی چاہت کو قربان کرتا ہوں۔

بلکہ جب محبت غالب آجائے اور خواہش کا قلع قمع ہو جائے تو اس کے لیے محبوب کے غیر سے لطف اندوزی بھی باقی نہیں رہتی۔ جیسا کہ مروی ہے حضرت زلیخا جب ایمان لائیں اور انہوں نے حضرت یوسف علیہ السلام سے نکاح کیا تو ان سے الگ تھلگ ہو کر عبادت کرنے لگیں آپ دن کے وقت حضرت زلیخا کو اپنے بستر پر بلاتے تو وہ رات پر ٹال دیتیں اور جب رات کو دعوت دیتے تو دن پر ٹال دیتیں۔ وہ فرماتی تھیں اے یوسف علیہ السلام! میں آپ سے اس وقت محبت کرتی تھی جب مجھے اللہ تعالیٰ کا عرفان حاصل نہ تھا لیکن جب میں نے اسے پہچان لیا تو اس کی محبت نے میرے دل میں کسی اور کی محبت باقی نہیں چھوڑی اور مجھے اس محبت کا عوض منظور نہیں ہے حتیٰ کہ آپ نے حضرت زلیخا سے فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے اس بات کا حکم دیا ہے اور اس نے مجھے بتایا کہ وہ تیرے بطن سے دو لڑکے عطا فرمائے گا جن کو نبوت کے منصب پر فائز کرے گا حضرت زلیخا نے فرمایا اگر اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس بات کا حکم دیا ہے اور مجھے اس کا ذریعہ بنایا ہے تو اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کرتی ہوں اس وقت وہ آمادہ ہو گئیں۔ تو معلوم ہوا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے وہ اس کی نافرمانی نہیں کرتا اسی لیے حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ نے اس سلسلے میں فرمایا۔

تَعْصِيْ الْاِلٰهَ وَاَنْتَ تُظْهِرُ حُبَّهٗ هٰذَا
لَعَمْرِيْ فِي الْفِعَالِ بَدِيْعٌ لَوْ كَانَ
حُبُّكَ صَادِقًا لَاَطَعْتَهٗ اِنَّ الْمُحِبَّ
لِمَنْ يُحِبُّ مُطِيْعٌ۔

تم اپنے معبود کی نافرمانی بھی کرتے ہو اور اس کی محبت کا دعویٰ بھی قسم بخدا! یہ عجیب عمل ہے۔ اگر تم اپنی محبت میں سچے ہوتے تو اس کی اطاعت کرتے کیوں کہ محب اپنے محبوب کی بات مانتا ہے۔

اسی سلسلے میں یہ بھی کہا گیا ہے۔

وَاَتْرُكُ مَا اَهْوٰى لِمَا قَدْ هَوِيْتَهٗ فَاَرْضٰى
بِمَا تَرْضٰى وَاِنْ سَخِطَتْ نَفْسِيْ۔

اے محبوب میں تیری خواہش کے لیے اپنی خواہش کو بھی چھوڑ دیتا ہوں پس میں اس پر راضی ہوں جس پر تو راضی ہے اگرچہ میرا نفس ناراض ہو جائے۔

* * *

---

(۱) قرآن مجید، سورہ حشر آیت ۹

حضرت سہل رحمہ اللہ نے فرمایا محبت کی علامت یہ ہے کہ تم اپنے محبوب کو اپنے نفس پر ترجیح دو اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرنے والے تمام لوگ اس محبوب نہیں ہوتے بلکہ اس کا محبوب وہی ہے جو ممنوع کاموں سے اجتناب کرے۔
اور بات یہ ہے کیوں کہ بندے کی اللہ تعالیٰ سے محبت اس بات کا سبب ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے محبت کرے جیسے ارشاد فرمایا۔

يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ۔ (۱) وہ ان سے محبت کرتا ہے اور وہ اس سے محبت کرتے ہیں۔

توجب اللہ تعالیٰ اس سے محبت کرے گا تو دشمنوں کے خلاف اس کی مدد فرمائے گا اور اس کے دشمن اس کا نفس اور خواہشات ہیں پس اللہ تعالیٰ اسے نہ تو رسوا کرے گا اور نہ ہی اس کو خواہش وشہوت کے سپرد کرے گا اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا وَكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا۔ (۲)

اور اللہ تعالیٰ تمہارے دشمنوں کو خوب جانتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی دوستی بھی کافی ہے اور بطور مددگار وہ تمہیں کافی ہے۔

سوال:۔

کیا اللہ تعالیٰ کی نافرمانی، اصل محبت کے خلاف ہے؟

جواب:۔

اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کمال محبت کی ضد ہے اصلِ محبت کی نہیں کتنے ہی لوگ اپنے آپ سے محبت کرتے ہیں اور وہ بیمار ہونے کی صورت میں صحت کے خواہشمند ہوتے ہیں لیکن وہ چیز کھاتے ہیں جو نقصان دہ ہے حالاں کہ وہ جانتے ہیں کہ یہ ضرر رساں ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ اپنے آپ سے محبت نہیں کرتے البتہ معرفت کمزور ہو جاتی ہے اور شہوت کے غالب آنے سے وہ حق محبت کو قائم رکھنے سے عاجز ہو جاتا ہے اس پر یہ روایت دلالت کرتی ہے کہ نعیمان بہت جلد گناہوں میں پکڑا جاتا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا جاتا ایک دن وہ لایا گیا تو آپ نے اس پر حد قائم فرمائی ایک شخص نے اس پر لعنت بھیجی اور کہا کہ اس شخص کو اکثر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا جاتا ہے۔
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا تَلْعَنْهُ فَاِنَّهٗ يُحِبُّ اللّٰهَ اس پر لعنت نہ بھیجو یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ مائدہ آیت ۵۴

(۲) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۴۵

صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتا ہے۔ (۱) دور سولکہ۔

تو اس کو گناہ نے محبت سے نہ نکالا۔ ہاں بعض اوقات گناہ کی وجہ سے محبت کامل نہیں رہتی۔

کسی عارف کا قول ہے کہ جب ایمان دل کے ظاہر میں ہو تو اللہ تعالیٰ سے درمیانہ درجہ کی محبت رکھتا ہے اور جب ایمان دل کے اندر چلا جائے تو وہ اس سے انتہائی محبت کرتا ہے اور گناہوں کو چھوڑ دیتا ہے خلاصہ یہ ہے کہ محبت کے دعویٰ میں خطرہ ہے اسی لیے حضرت فضیل رحمہ اللہ نے فرمایا جب تم سے پوچھا جائے کہ کیا اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہو؛ تو تم خاموش رہو اگر تم کہو گے "نہیں" تو یہ کفر ہے اور اگر "ہاں" کہو گے تو تمہارا وصف محبین والا وصف نہیں ہے تو اللہ تعالیٰ کے غضب سے ڈرو بعض علماء نے فرمایا کہ جنت میں اہل محبت و معرفت کو حاصل ہونے والی نعمت سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں اور نہ جہنم میں اس شخص کے عذاب سے زیادہ عذاب ہے جو معرفت و محبت کا دعویٰ کرتا ہے لیکن اس میں ان میں سے کوئی بات بھی نہیں پائی جاتی۔

محبت کی ایک علامت یہ ہے کہ ذکر الٰہی کا بہت زیادہ حریص ہو اس کی زبان اس سلسلے میں نہ تو کوتاہی کرے اور نہ خالی ہو۔ کیوں کہ جو شخص کسی چیز سے محبت کرتا ہے وہ لازماً اس کا ذکر بکثرت کرتا ہے بلکہ اس کے متعلقین کا ذکر بھی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی محبت کی علامت اس کے ذکر اور قرآن پاک سے محبت کرنا ہے کیوں کہ یہ اس کا کلام ہے نیز رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرنا ہے اور جو چیز اس کی طرف منسوب ہوتی ہے اس سے محبت کرنا ہے کیونکہ جو شخص کسی سے محبت کرتا ہے وہ اس کے محلے کے کتوں سے بھی محبت کرتا ہے پس جب محبت مضبوط ہو جاتی ہے تو وہ محبوب سے متعدی ہو کر ہر اس چیز تک پہنچ جاتی ہے جس کا محبوب سے تعلق ہو۔ اور یہ محبت میں شرکت نہیں ہے کیوں کہ جو شخص محبوب کے قاصد سے اس لیے محبت کرتا ہے کہ وہ محبوب کا قاصد ہے اور اس کے کلام سے اس لیے محبت کرتا ہے کہ وہ اس کا کلام ہے تو اس کی محبت محبوب کے غیر کی طرف نہیں جاتی بلکہ یہ تو اس کی محبت کے کمال کی دلیل ہے اور جب آدمی کے دل پر اللہ تعالیٰ کی محبت غالب ہو وہ تمام مخلوق سے محبت کرتا ہے کیوں وہ اس کی مخلوق ہے تو وہ قرآن پاک، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں سے محبت کیسے نہیں کرے گا۔

ہم نے اس بات کو خوف و محبت کے بیان میں تحقیق سے بیان کیا ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ۔ (۲)

آپ فرما دیجئے اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ تم سے محبت کرے گا۔

---

(۱) مصنف عبدالرزاق جلد ۷ ص ۳۸۱ حدیث ۱۳۵۵۲

(۲) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۳۱

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَحِبُّوا اللهَ لِمَا يَغْذُوكُمْ بِهِ مِنْ نِعْمَةٍ وَاَحِبُّونِي لِلّٰهِ تَعَالٰى۔ (۱)

اللہ تعالیٰ سے محبت کرو کہ وہ تمہیں نعمت عطا فرماتا ہے اور مجھ سے اللہ تعالیٰ کے لیے محبت کرو۔

حضرت سفیان رحمہ اللہ نے فرمایا جو شخص اس آدمی سے محبت کرتا ہے جو اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے اور جو آدمی اللہ تعالیٰ کی تعظیم کرنے والے کی تعظیم کرتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی تعظیم کرتا ہے۔

کسی مرید سے منقول ہے وہ کہتا ہے میں ارادت کے دنوں میں مناجات کی حلاوت پاتا تھا تو میں نے دن رات قرآن مجید کی تلاوت شروع کر دی پھر مجھ سے کوتاہی ہوئی تو تلاوت چھوٹ گئی میں نے سنا کوئی شخص حالتِ نیند میں کہہ رہا ہے اگر تمہارا خیال ہے کہ تم مجھ سے محبت کرتے ہو تو تم نے میری کتاب کے ساتھ کیوں ظلم کیا، کیا تم نے اس میں مذکور ہمارے لطیف عتاب پر غور نہیں کیا وہ کہتا ہے میں جاگا تو میرے دل میں قرآن پاک کی محبت ڈال دی گئی تھی چنانچہ میں پہلی حالت کی طرف لوٹ آیا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں تم میں کوئی شخص اپنے نفس سے قرآن پاک کے علاوہ کسی بات کا سوال نہ کرے اگر وہ قرآن پاک سے محبت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ سے بھی محبت کرے گا اور اگر قرآن پاک سے محبت نہیں تو اللہ تعالیٰ سے بھی محبت نہ ہوگی۔

حضرت سہل رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ سے محبت کی علامت قرآن پاک سے محبت کرنا ہے نیز اللہ تعالیٰ اور قرآن پاک سے محبت کی علامت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرنا ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کی علامت سنت سے محبت ہے اور سنت سے محبت کی علامت آخرت سے محبت کرنا ہے اور آخرت سے محبت کی علامت دنیا سے بغض رکھنا ہے اور دنیا سے بغض کی پہچان یہ ہے کہ ضروری اخراجات اور آخرت کے سوا کچھ نہ لے۔

اللہ تعالیٰ سے محبت کی ایک علامت یہ ہے کہ گوشہ نشینی اللہ تعالیٰ سے مناجات اور قرآن پاک کی تلاوت سے مانوس ہو۔ ہمیشہ تہجد پڑھے رات کے سکون اور مشاغل سے انقطاع کے ذریعے وقت کے خالص ہونے کو غنیمت جانے محبت کا کم از کم درجہ محبوب سے خلوت کی لذت حاصل کرنا اور اس کی مناجات سے لطف اندوز ہونا ہے جس شخص کے نزدیک نیند اور گفتگو میں مشغولیت مناجات خداوندی کے مقابلے میں زیادہ لذیذ ہو تو اس کی محبت کیسے صحیح ہوگی۔

حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ پہاڑ سے اتر رہے تھے تو کسی نے پوچھا آپ کہاں سے آ رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا (اللہ تعالیٰ کے ساتھ انس سے آ رہا ہوں)

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد ۳ ص ۱۵۰ کتاب معرفۃ الصحابۃ

حضرت داؤد علیہ السلام کی خبروں میں ہے (اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا) میری مخلوق میں سے کسی سے مانوس نہ ہونا میں دو طرح کے آدمیوں کو اپنے آپ سے دور کرتا ہوں ایک وہ شخص جو ثواب کے ملنے میں تاخیر جان کر علیحدہ ہو اور دوسرا شخص وہ ہے جو مجھے بھول کر اپنے حال پر راضی ہوتا ہے اس کی علامت یہ ہے کہ میں اسے اس کے نفس کے سپرد کر دیتا ہوں اور دنیا میں حیران پریشان چھوڑتا ہوں۔

جب انسان اللہ تعالیٰ کے غیر سے مانوس ہو تو جس قدر یہ اُنس ہوگا اسی قدر اللہ تعالیٰ سے وحشت ہوگی اور وہ درجۂ محبت سے گر جائے گا۔

ایک حبشی غلام جس کا نام بُرخ تھا اور اس کے توسل سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بارش طلب کی تھی، کے واقعات میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا کہ بُرخ میرا بہترین بندہ ہے لیکن اس میں ایک عیب ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پوچھا اے میرے رب! اس میں کیا عیب ہے؟ فرمایا اسے نسیم سحر اچھی لگتی ہے اور وہ اس سے سکون حاصل کرتا ہے اور جو شخص مجھ سے محبت کرتا ہے وہ کسی چیز سے سکون حاصل نہیں کرتا۔

ایک روایت میں ہے کہ ایک عابد نے عرصہ دراز تک کسی جنگل میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کی پھر ایک پرندے کو دیکھا جس نے درخت پر آشیانہ بنایا اور اس میں بیٹھ کر چہچہاتا ہے اس عابد نے کہا اگر میں اپنی عبادت کی جگہ اس درخت کے قریب کر دوں تو اس پرندے کی آواز سے مانوس ہوں گا چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس زمانے کے نبی علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ فلاں عابد سے فرمائیں تم نے مخلوق سے اُنس حاصل کیا ہے تو میں نے تیرا درجہ کم کر دیا ہے اب تو اپنے کسی عمل سے اسے نہیں پا سکے گا۔

تو نتیجہ یہ ہوا کہ محبت کی علامت محبوب سے کمال درجے کا اُنس اور مناجات ہے نیز اس کے ساتھ تنہائی سے لطف اندوز ہونا ہے اور جس کام سے خلوت میں نقص پیدا ہو اور لذتِ مناجات مکدر ہو جائے وہ کامل وحشت ہے اور اُنس کی علامت یہ ہے کہ عقل و فہم مکمل طور پر لذتِ مناجات میں مستغرق ہوں جیسے کوئی شخص اپنے معشوق کو پکارتا اور اس سے ہمکلام ہوتا ہے۔

بعض لوگوں میں یہ لذت انتہا کو پہنچ گئی تھی حتیٰ کہ وہ نماز پڑھ رہے تھے اور ان کا گھر جل گیا لیکن ان کو پتہ نہ چل سکا اور ایک بزرگ کے پاؤں میں تکلیف تھی تو حالتِ نماز میں ان کا پاؤں کاٹا گیا لیکن ان کو اس کی خبر ہی نہ ہوئی۔

اور جب آدمی پر محبت و اُنس کا غلبہ ہوتا ہے تو خلوت و مناجات اس کی آنکھوں کی ٹھنڈک بن جاتی ہے جس کے ذریعے تمام فکر دور ہو جاتے ہیں بلکہ اُنس اور محبت اس کے دل کو اس طرح گھیر لیتی ہے کہ جب تک اس کے سامنے دنیوی امور کا بار بار ذکر نہ کیا جائے اسے سمجھ نہیں آتی جیسے عاشق فریفتہ، زبان سے بول رہا ہوتا ہے اور اس کے باطن میں ذکر محبوب سے اُنس ہوتا ہے۔

تو محب وہ ہوتا ہے جو اپنے محبوب کے بغیر مطمئن نہیں ہوتا حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔ (۱)

وہ لوگ جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ تعالیٰ کے ذکر سے مطمئن ہوئے، سنو! اللہ تعالیٰ کے ذکر سے اطمینانِ قلب حاصل ہوتا ہے۔

آپ نے فرمایا وہ دل مراد ہیں جو اس کے خواہشمند ہوں اور اس سے مانوس ہوتے ہیں۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ کی خالص محبت کا ذائقہ چکھتا ہے تو وہ اسے طلبِ دنیا سے روک دیتا ہے اور تمام انسانوں سے متنفر کر دیتا ہے۔

حضرت مطرف بن ابو بکر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ محب اپنے محبوب کی باتوں سے ملال میں نہیں پڑتا۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ جو شخص میری محبت کا دعویٰ کرے اور جب رات چھا جائے تو وہ میرے ذکر کو چھوڑ کر سو جائے تو ایسا شخص جھوٹ بولتا ہے کیوں کہ وہ کیسا محب ہے جو محبوب کی ملاقات نہیں چاہتا میں اس وقت طلب کرنے والوں کے لیے موجود رہتا ہوں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا اے میرے رب! تو کہاں ہے کہ میں تیرا قصد کروں اللہ تعالیٰ نے فرمایا جب تو قصد کرے گا تو پہنچ جائے گا۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے وہ اپنے آپ سے بُغض رکھتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ جس آدمی میں تین خصلتیں نہ ہوں وہ محب نہیں ہے اللہ تعالیٰ کے کلام کو مخلوق کے کلام پر ترجیح دے، مخلوق کی ملاقات کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو اور خدمتِ خلق کے مقابلے میں عبادت کو ترجیح دے۔

اللہ تعالیٰ سے محبت کی ایک علامت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا باقی جو کچھ اس سے چلا جائے اس پر افسوس کا اظہار نہ کرے البتہ جس وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر اور اطاعت نہ کر سکے اس پر بہت زیادہ افسوس کرے جب غفلت ہو جائے تو اس وقت خوب توبہ واستغفار کرے۔

بعض عارفین کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو اس سے محبت کرتے اور اس کے ساتھ ہی مطمئن ہوتے ہیں تو اس طرح ان سے جو چیز چلی جائے اس پر افسوس نہیں ہوتا وہ نفسانی لذت میں مشغول نہیں ہوتے کیوں کہ ان کے مالک کی مِلک کامل ہے اور وہ جو چاہے کر سکتا ہے جو کچھ ان کے لیے ہے وہ ان کو پہنچتا ہے اور جو ان سے جاتا رہتا ہے وہ ان کے لیے اس کی تدبیر فرماتا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ رعد آیت ۲۸

اور محب کو چاہیے کہ جب وہ کسی وقت غفلت کا شکار ہونے کے بعد اس سے رجوع کرے تو محبوب کی طرف متوجہ ہو اور یوں اس کے عتاب کو دور کرے اللہ تعالیٰ سے سوال کرے اور کہے کہ یا اللہ! تو نے میرے کس گناہ کے سبب مجھ سے اپنے احسان کو دُور کیا اور مجھے اپنی بارگاہ سے دُور فرمایا نیز مجھے میرے نفس اور شیطان کی اتباع میں مشغول کر دیا اس طرح ذکر خداوندی کی صفائی اور دل کی نرمی پیدا ہوگی اور سابقہ غفلت کا کفارہ ہوگا اور یہ لغزش نئے ذکر اور قلبی صفائی کا ذریعہ ہوگی۔

اور جب محب، محبوب کے علاوہ کسی کو نہیں دیکھتا اور سب کچھ اسی کی طرف سے دیکھتا ہے تو نہ افسوس کرتا ہے اور نہ شک، بلکہ مکمل طور پر راضی ہوتا ہے اور اس بات پر یقین کرتا ہے کہ محبوب نے اس کے لیے وہی کچھ مقدر کیا ہے جس میں اس کی بھلائی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے اس قول کو یاد کرتا ہے۔

وَعَسٰۤی اَنْ تَكْرَهُوْا شَیْـًٔا وَّهُوَ خَیْرٌ لَّكُمْ۔ قریب ہے کہ تم کسی چیز کو ناپسند کرو اور وہ تمہارے لیے بہتر ہو۔ (۱)

اللہ تعالیٰ کی محبت کی ایک اور علامت یہ ہے کہ اطاعتِ خداوندی سے آرام پائے اور اس کو بوجھ نہ سمجھے اور نہ اس میں تھکاوٹ محسوس ہو جیسے کسی بزرگ کا قول ہے کہ ہم نے بیس سال رات کو مشقت برداشت کی پھر بیس سال اس سے آسائش حاصل کی۔

حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ فرماتے ہیں محبت کی علامت ہمیشہ خوش رہنا اور اس طرح کوشش کرنا کہ اس سے بدن تھک جائے دل نہ تھکے بعض بزرگ فرماتے ہیں محبت کی حالت میں عمل کرنے سے تھکن نہیں ہوتی اور بعض علماء کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے والا کبھی سیر نہیں ہوتا اگرچہ بڑے بڑے وسائل تک پہنچ جائے اس قسم کی تمام باتیں شاہدات میں موجود ہیں بے شک عاشق معشوق کی محبت میں کوشش کرنے سے نہیں تھکتا اور اس کی خدمت کو دل سے اچھا جانتا ہے اگرچہ یہ عمل اس کے بدن پر شاق ہو اور جب اس کا بدن تھک جائے تو اس کے نزدیک محبوب ترین چیز یہ ہوتی ہے کہ اس میں دوبارہ طاقت آجائے اور عاجزی ختم ہو جائے تاکہ وہ اس محبت میں مشغول ہو پس اللہ تعالیٰ کی محبت اس طریقے پر ہوتی ہے کہ اس کے غلبے کی صورت میں اس کی عبادت واطاعت سے بہتر کوئی چیز معلوم نہیں ہوتی۔

پس جس شخص کے نزدیک اس کا محبوب، سستی سے زیادہ پسندیدہ ہو تو وہ اس کی خدمت کے لیے سستی کو ترک کر دیتا ہے اور اگر مال سے زیادہ محبوب ہو تو اس کی محبت میں مال کو چھوڑ دیتا ہے۔

ایک محب نے اپنے محبوب کی خاطر اپنا جان و مال سب فدا کر دیا حتیٰ کہ اس کے پاس کچھ بھی باقی نہ رہا تو اس سے پوچھا گیا

---

(۱) قرآن مجید۔ سورۂ بقرہ آیت ۲۱۶

اس محبت میں تیری یہ حالت کیسے ہوگئی؟ اس نے کہا میں نے ایک دن ایک محب سے سنا وہ خلوت میں اپنے محبوب سے کہہ رہا تھا اللہ کی قسم میں پورے دل سے تجھے چاہتا ہوں اور تم مکمل طور پر مجھ سے پھرتے ہو محبوب نے اس سے کہا اگر تو مجھ سے محبت کرتا ہے تو بتا مجھ پر کیا خرچ کرے گا؟ اس نے کہا اے میرے سردار! میں اپنا سارا مال تمہاری ملک کر دوں گا پھر تم پر اپنی جان فدا کر دوں گا۔ میں نے سوچا جب بندہ، بندے کے ساتھ اس طرح کرے تو بندے کو اپنے معبود کے ساتھ کیسے کرنا چاہیئے، تو محبت میں اس ترقی کا یہ سبب ہے۔

محبت خداوندی کی ایک اور علامت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے تمام بندوں پر شفیق اور مہربان ہو اور اللہ تعالیٰ کے دشمنوں پر اور ان تمام لوگوں پر بہت سخت ہو جو اس کی مرضی کے خلاف کرتے ہیں جیسے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ (۱) وہ کافروں پر بہت سخت اور آپس میں رحم دل ہیں۔

اور اس سلسلے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہ کرے اور اللہ تعالیٰ کے لیے آنے والے غصے سے کوئی عمل اسے پھیر نہ سکے اللہ تعالیٰ نے اپنے دوستوں کا یہی وصف بیان فرمایا حدیث قدسی میں ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ (میرے دوست) وہ لوگ ہیں جو میری محبت پر اس طرح فریفتہ ہوتے ہیں جیسے بچہ کسی چیز کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور وہ میرے ذکر کو اس طرح ٹھکانہ بناتے ہیں جس طرح پرندہ اپنے گھونسلے میں پناہ لیتا ہے۔ اور وہ میرے حرام کردہ کاموں پر اس طرح غصے میں آتے ہیں جس طرح چیتا کسی پر غضب ناک ہو کر غصے میں آتا ہے وہ لوگوں کی قلت و کثرت کی پرواہ نہیں کرتا۔

تو اس مثال کو دیکھو جب بچے کا دل کسی چیز پر آجاتا ہے تو وہ اسے بالکل نہیں چھوڑتا اور جب وہ چیز اس سے لی جائے تو وہ رونے اور چیخنے کے سوا کچھ نہیں کرتا حتیٰ کہ وہ چیز اسے واپس دی جائے پھر جب وہ سو جاتا ہے تو اس کو اپنے ساتھ کپڑوں میں رکھ لیتا ہے اور جب جاگتا ہے تو دوبارہ اسے اٹھا لیتا ہے اور اگر اس سے وہ چیز لے لی جائے تو وہ روتا ہے اور جب اسے پا لیتا ہے تو ہنسنے لگتا ہے اور جو اس سے جھگڑا کرے وہ اسے ناپسند کرتا ہے اور جو اس کو وہ چیز دیتا ہے اس سے محبت کرتا ہے اور چیتے کو جب غصہ آتا ہے تو وہ اپنے آپ میں نہیں رہتا حتیٰ کہ وہ شدید غصے کی حالت میں اپنے آپ کو ہلاک کر دیتا ہے۔

تو یہ محبت کی علامات ہیں پس جس شخص میں یہ علامات مکمل طور پر پائی جائیں اس کی محبت مکمل اور خالص ہوتی ہے اور آخرت میں اس کی شراب صاف اور میٹھی ہوگی اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی محبت میں اس کے غیر کی محبت کو شامل کرتا ہے اسے آخرت میں محبت کی مقدار میں نعمت حاصل ہوگی یعنی اس کی شراب میں مقربین کی کچھ شراب ملائی جائے گی جیسے اللہ تعالیٰ نے مقربین کے احوال سے متعلق فرمایا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ فتح آیت ۲۹

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ۔ (۱) — بے شک نیک لوگ ضرور چین میں ہوں گے۔

پھر فرمایا۔

يُسْقَوْنَ مِنْ رَحِيقٍ مَخْتُومٍ خِتَامُهُ مِسْكٌ وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ وَمِزَاجُهُ مِنْ تَسْنِيمٍ عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ۔ (۲) — صاف شراب پلائے جائیں گے جو مُہر کی ہوئی رکھی ہے اس کی مُہر مُشک پر ہے اور اسی پر للچانے والوں کو للچانا چاہیے اور اس کا مزاج تسنیم سے ہے یہ وہ چشمہ ہے جس سے مقربین پیتے ہیں۔

نیک لوگوں کی شراب اس لیے اچھی ہوگی کہ اس میں مقربین کی خالص شراب ملی ہوگی اور شراب سے مراد تمام جنتی نعمتیں ہیں جس طرح کتاب سے مراد تمام اعمال ہیں ارشاد خداوندی ہے۔

إِنَّ كِتَابَ الْأَبْرَارِ لَفِي عِلِّيِّينَ۔ (۳) — نیک لوگوں کے اعمال علیین (بلند مقام) میں ہوں گے۔

پھر ارشاد فرمایا۔

يَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُونَ۔ (۴) — مقرب جس کی زیارت کرتے ہیں۔

تو ان کی کتاب (اعمال) کی بلندی کی علامت یہ ہے کہ وہ وہاں تک اٹھائے جاتے ہیں کہ فرشتے ان کو دیکھتے ہیں اور جس طرح نیک لوگ مقربین کے قرب اور مشاہدہ کی وجہ سے اپنی حالت اور معرفت میں اضافہ پاتے ہیں اسی طرح آخرت میں بھی ان کی یہی حالت ہوگی۔

ارشاد خداوندی ہے۔

مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ إِلَّا كَنَفْسٍ وَاحِدَةٍ۔ (۵) — تم سب کا پیدا کرنا اور قیامت میں اٹھانا ایسا ہی ہے جیسا ایک جان کا۔

اور ارشاد فرمایا۔

كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيدُهُ۔ (۶) — جیسے ہم نے ان کو پہلی مرتبہ پیدا کیا (اسی طرح) لوٹائیں گے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ انفطار آیت ۱۳

(۲) قرآن مجید، سورۂ مطففین آیت ۲۵ تا ۲۸

(۳) قرآن مجید، سورۂ مطففین آیت ۱۸

(۴) قرآن مجید، سورۂ مطففین آیت ۲۱

(۵) قرآن مجید، سورۂ لقمان آیت ۲۸

(۶) قرآن مجید، سورۂ انبیاء آیت ۱۰۴

اور ارشاد خداوندی ہے۔

جَزَاءً وِّفَاقًا۔ (۱) پورا پورا بدلہ ہے۔

یعنی ان کی جزا اعمال کے موافق ہوگی تو خالص عمل کی جزا خالص شراب اور مخلوط اعمال کی جزا مخلوط شراب ہوگی اور جس قدر محبت خداوندی اور اعمال میں ملاوٹ ہوگی اسی قدر شراب میں بھی ملاوٹ ہوگی۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ۔ (۲)

پس جو شخص ذرہ برابر بھی نیک عمل کرے گا اسے (اس کی جزا کو) دیکھ لے گا اور جو آدمی ذرہ بھر برائی کرے گا وہ بھی اسے (اس کا بدلہ) دیکھ لے گا۔

اور یہ بھی ارشاد فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ۔ (۳)

بے شک اللہ تعالیٰ کسی قوم سے اپنی نعمت نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنی حالت نہ بدلیں۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا۔ (۴)

اور بے شک اللہ تعالیٰ ذرے کے برابر بھی ظلم نہیں کرتا اور اگر نیکی ہو تو اس کو بڑھا دیتا ہے۔

اور ارشاد فرمایا۔

وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا وَكَفٰى بِنَا حَاسِبِيْنَ۔ (۵)

اور اگر وہ (نیکی) رائی کے ایک دانے کے برابر ہو تو بھی ہم اسے لے آئیں گے اور ہم حساب کرنے والے کافی ہیں۔

پس جو شخص دنیا میں اللہ تعالیٰ سے جنت کی نعمتوں اور حور و قصور کے لیے محبت کرتا تھا اسے جنت میں قادر کر

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ النبأ آیت ۲۶

(۲) قرآن مجید، سورۃ الزلزال آیت ۷، ۸

(۳) قرآن مجید، سورۃ الرعد آیت ۱۱

(۴) قرآن مجید، سورۃ النساء آیت ۴۰

(۵) قرآن مجید، سورۃ انبیاء آیت ۴۷

دیا جائے گا کہ جہاں چاہے رہے پس وہ بچوں کے ساتھ کھیلے گا اور عورتوں سے لطف اندوز ہوگا آخرت میں اس کی لذت کا خاتمہ اسی بات پر ہوگا کیونکہ جنت میں ہر انسان کو وہی کچھ دیا جاتا ہے جو اس کا نفس چاہتا ہے اور اس سے اس کی آنکھوں کو لذت حاصل ہوتی ہے اور جس شخص کا مقصد آخرت کا مالک اور تمام کائنات کا مالک ہو اس پر صرف اسی کی خالص اور سچی محبت غالب ہوتی ہے وہ سچے ٹھکانے میں طاقت والے بادشاہ کے پاس اتارا جائے گا پس نیک لوگ جنت کے باغات سے متمتع ہوں گے اور جنت کے باغات میں حورعین، بچوں، اور مقربین دربار عالی کے ساتھ لطف اندوز ہوں گے اسی کی طرف تاک لگائے ہوں گے اور اس لذت کے ایک ذرے کے مقابلے میں بھی جنت کی نعمتوں کو معمولی سمجھیں گے پس پیٹ اور شرمگاہ کی خواہشات کو پورا کرنے والے اور لوگ ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بیٹھنے والے دوسرے لوگ ہوں گے۔

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

أَكْثَرُ أَهْلِ الْجَنَّةِ الْبُلْهُ وَعِلِّيُّونَ لِذَوِي الْأَلْبَابِ۔ (۱)

اکثر اہل جنت بھولے بھالے ہوں گے اور بلند مرتبہ عقل مند لوگ ہوں گے۔

اور جب علیین کا مفہوم ذہن میں نہیں آتا تو اس کا معاملہ بہت بڑا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَا أَدْرَاكَ مَا عِلِّيُّونَ۔ (۲)

اور تمہیں کیا معلوم علیون کیا ہے

جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

الْقَارِعَةُ وَمَا الْقَارِعَةُ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْقَارِعَةُ۔ (۳)

دل دہلانے والی، کیا ہے دل دہلانے والی اور تمہیں کیا معلوم دل دہلانے والی کیا ہے۔

محبت کی ایک اور علامت یہ ہے کہ محب اللہ تعالیٰ کی محبت میں خائف ہو اور اس کی ہیبت و تعظیم میں دبلا پتلا ہو جائے بعض اوقات خیال کیا جاتا ہے کہ خوف، محبت کی ضد ہے حالانکہ یہ بات نہیں بلکہ عظمت کا ادراک ہیبت کو جنم دیتا ہے جس طرح جمال کے ادراک سے محبت پیدا ہوتی ہے اور مخصوص محبین کے لیے مقام محبت میں ایسے خوف ہوتے ہیں جو دوسروں کے لیے نہیں ہوتے اور بعض خوف دوسرے بعض کے مقابلے میں سخت ہوتے ہیں پس سب سے پہلا خوف عدم توجہ کا ہے اور اس سے سخت خوف، حجاب کا خوف ہے اور اس سے بھی سخت خوف اپنے آپ سے دور کرنے کا خوف ہے۔

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۷۹، کتاب الادب (وعلیون سے آگے کے الفاظ حدیث کے الفاظ نہیں ہیں ۱۲۔ رب نواز)

(۲) قرآن مجید، سورۂ مطففین آیت ۱۹

(۳) قرآن مجید، سورۂ القارعۃ آیت ۱ تا ۳

اور سورۂ ہود جس نے تمام محبین کے سردار نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بوڑھا کر دیا، (۱)
میں یہی مضمون ہے جب آپ نے سنا۔

اَلَا بُعْدًا لِثَمُوْدَ۔ (۲) — سنو! قوم ثمود کے لیے دوری ہے۔

اور فرمایا۔

اَلَا بُعْدًا لِمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ۔ (۳) — سنو! مدین (والوں) کے لیے دُوری ہے جیسے ثمود کے لیے دوری ہے۔

بُعد کی ہیبت اور خوف اسی کے دل میں ہوتا ہے جو قرب سے مانوس ہو اور اس سے لطف اندوز ہوتا ہو۔ دُور کیے گئے لوگوں کے حق میں دُوری کی بات سن کر اہل قرب بوڑھے ہو جاتے ہیں اور جو آدمی دُوری سے مانوس ہو وہ قرب کا مشتاق کیسے ہوگا اور جس شخص کے لیے قرب کی بساط ممکن نہ ہو وہ دُوری کے خوف سے نہیں روتا۔

پھر ٹھہر جانے اور زیادتی مراتب کے چلے جانے کا خوف ہوتا ہے ہم نے پہلے بیان کیا ہے کہ قرب کے درجات بے انتہا ہیں اور بندے پر لازم ہے کہ وہ ہر وقت کوشش کرے حتیٰ کہ اس کا قرب بڑھ جائے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَنِ اسْتَوٰى يَوْمَاهُ فَهُوَ مَغْبُوْنٌ وَمَنْ كَانَ يَوْمُهُ شَرًّا مِّنْ اَمْسِهٖ فَهُوَ مَلْعُوْنٌ۔ (۴) — جس آدمی کے دو دن برابر ہوں وہ نقصان میں ہے اور جس کا آج، کل کے مقابلے میں برا ہو وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دُور ہے۔

اور اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّهٗ لَيُغَانُ عَلٰى قَلْبِيْ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ حَتّٰى اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ سَبْعِيْنَ مَرَّةً۔ (۵) — میرے دل پر دن اور رات میں کچھ پردہ آ جاتا ہے حتیٰ کہ میں اللہ تعالیٰ سے ستر مرتبہ بخشش طلب کرتا ہے۔

آپ کا استغفار پہلے قدم کے طور پر تھا کیوں کہ دوسرے قدم کی نسبت پہلا قدم دُوری قرار پاتا ہے اور سالکین کا

---

(۱) جامع ترمذی ص ۵۷۱، ابواب الشمائل
(۲) قرآن مجید سورۂ ہود آیت ۶۸
(۳) قرآن مجید، سورۂ ہود آیت ۹۵
(۴) تذکرۃ الموضوعات ص ۲۲، کتاب العلم
(۵) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۴۶ کتاب الذکر

راستے میں تھک جانا اور محبوب کے غیر کی طرف توجہ کرنا بھی ان کے لیے سزا ہے۔ جیسا کہ ایک روایت میں ہے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے جب کوئی عالم دنیوی خواہشات کو میری عبادت پر ترجیح دیتا ہے تو میں اسے کم از کم یہ سزا دیتا ہوں کہ اسے اپنی مناجات کی لذت سلب کر دیتا ہوں تو شہوت کے باعث درجات کے اضافے کا چھین لینا عوام کے حق میں سزا ہے اور خواص کا حال تو یہ ہے کہ صرف دعویٰ کرنے یا خود پسندی یا ابتدائی لطف وکرم کے ظہور پر اس کی طرف متوجہ ہونے کی وجہ سے ان کو مزید درجات سے حجاب میں کر دیا جاتا ہے اور یہ پوشیدہ مکر ہے جس سے صرف وہی لوگ بچ سکتے ہیں جن کے قدم راہ سلوک میں راسخ ہوتے ہیں پھر اس چیز کا خوف ہوتا ہے جس کے جاتے رہنے کے بعد دوبارہ اس کا حصول ممکن نہ ہو۔

حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ سیاحت کے دوران ایک پہاڑ پر تھے تو آپ نے کسی کہنے والے سے سنا۔

كُلُّ شَيْءٍ مِنْكَ مَغْفُورٌ سِوَى الْإِعْرَاضِ عَنَّا قَدْ وَهَبْنَا لَكَ مَا فَاتَ فَهَبْ مَافَاتَ مِنَّا۔

تمہارے تمام گناہ بخش دیئے گئے لیکن تمہارا ہم سے اعراض کرنا نہیں بخشا جائے گا جو تجھ سے فوت ہوا وہ معاف ہے اور جو ہم سے فوت ہوا تم اسے نظر انداز کرو۔

اس سے آپ پر اضطراب طاری ہوا اور آپ بیہوش ہو گئے حتیٰ کہ ایک دن رات آپ کو افاقہ نہ ہوا اور آپ پر بہت سے حالات طاری ہو گئے پھر فرمایا میں نے پہاڑ سے سنا اے ابراہیم! بندہ ہو جاؤ فرماتے ہیں میں بندہ ہو گیا اور ہوش میں آیا۔

پھر محبوب سے بے غم ہو جائے یا بھول جانے کا خوف ہے کیوں کہ محب ہمیشہ شوق، طلب اور حرص میں رہتا ہے مزید درجات کی طلب میں کوتاہی نہیں کرتا اور اسے لطف جدید سے تسلی ہوتی ہے اور اگر یہ بات نہ ہو تو یہ اس کے ٹھہر جانے یا رجوع کا سبب ہوتا ہے اور اس پر بے غمی اس طرح آتی ہے کہ اس کو پتہ نہیں چلتا جس طرح بعض اوقات اس کی بے خبری میں اس پر محبت داخل ہو جاتی ہے۔

ان تبدیلیوں کے اسباب پوشیدہ آسمانی ہوتے ہیں ان پر اطلاع انسانی طاقت سے باہر ہے جب اللہ تعالیٰ اس کو کسی خفیہ تدبیر کا نشانہ بنانا چاہتا ہے تو اس پر جو بے غمی طاری ہوتی ہے اسے مخفی رکھتا ہے پس بندہ امید ہی امید میں رہتا ہے اور حسن نظر یا غلبہ غفلت یا خواہش یا بھول جانے کی وجہ سے دھوکہ کھاتا ہے۔

یہ سب شیطانی لشکر ہیں جو فرشتوں کے لشکروں یعنی علم، عقل، ذکر اور بیان پر غالب آتے ہیں اور جس طرح اللہ تعالیٰ کے اوصاف میں جو وصف ظاہر ہوتے ہیں وہ جوش محبت کا تقاضا کرتے ہیں اور وہ لطف و رحمت اور حکمت کا وصف ہیں اسی طرح بندے کے بعض اوصاف جو روشن ہوتے ہیں وہ بے غمی کا باعث بنتے ہیں جیسے جبر، عزت اور استغناء وغیرہ اور یہ مکر، بدبختی اور محرومی کے مقدمات ہیں۔

پھر اس بات کا خوف ہوتا ہے کہ دل محبت الٰہی سے اس کے غیر کی محبت کی طرف منتقل نہ ہو جائے یہی اللہ تعالیٰ کی ناراضگی ہے اور محبوب سے بے رغبتی اس مقام کا مقدمہ ہے جب کہ منہ پھیرنا اور حجاب بے رغبتی کا مقدمہ ہے اور نیکی سے سینے کی گھٹن دوام ذکر سے تنگ پڑ جانا اور وظائف اوراد سے ملال محسوس کرنا اعراض و حجاب کے اسباب و مقدمات ہیں اور ان اسباب کا ظہور مقام محبت سے ناراضگی کے مقام کی طرف انتقال ہے ہم اس سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں۔

جب کہاں امور سے ہمیشہ خائف رہنا اور مراقبہ کی صفائی کے ذریعے ان سے بچنا سچی محبت کی دلیل ہے کیوں کہ جو شخص کسی چیز سے محبت کرتا ہے وہ لامحالہ اس کے چلے جانے کا ڈر محسوس کرتا ہے پس محب کو ہر وقت خوف رہتا ہے جب اس کا محبوب ایسا ہو جس کا جانا ممکن ہو۔

کسی عارف کا قول ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی عبادت صرف محبت سے کرتا ہے اس میں خوف شامل نہیں ہوتا وہ زیادہ پاؤں پھیلانے اور ناز کی وجہ سے ہلاک ہو جاتا ہے اور جو آدمی محبت کے بغیر محض خوف سے عبادت کرتا ہے تو وہ وحشت اور دوری کی وجہ سے اس سے علیحدہ ہو جاتا ہے اور جو شخص محبت اور خوف دونوں کے باعث اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے محبت کرتا ہے لہٰذا اس کو اپنے قریب کرتا اور قدرت و علم عطا فرماتا ہے۔

پس محب خوف سے خالی نہیں ہوتا اور ڈرنے والا محبت سے خالی نہیں ہوتا لیکن جس آدمی پر محبت غالب ہو حتیٰ کہ اس میں خوب پھیل جائے اور خوف معمولی ہو تو کہا جاتا ہے کہ یہ مقام محبت میں ہے اور اسے محبین میں شمار کیا جاتا ہے اور خوف کی آمیزش محبت کے نشے کو کچھ تسکین دے گی۔

پس اگر محبت غالب ہو اور معرفت بھی زیادہ ہو تو بشری طاقت اس کو برداشت نہیں کر سکتی البتہ خوف کی وجہ سے اس میں کچھ اعتدال آجاتا ہے اور دل پر اس کا وقوع خفیف ہوتا ہے۔

بعض روایات میں آیا ہے کہ کسی صدیق نے ایک ابدال سے کہا کہ اللہ تعالیٰ سے سوال کریں کہ وہ مجھے تھوڑی کی معرفت عطا فرمائے چنانچہ انہوں نے دعا کی اور وہ قبول ہو گئی، تو اس بزرگ کا حال یہ ہوا کہ وہ پہاڑوں میں سرگرداں پھرنے لگے، عقل حیران اور دل پریشان ہو گیا سات دن اس طرح گزرے گئے کہ نہ اس نے کسی چیز سے نفع اٹھایا اور نہ کسی چیز نے اس سے نفع اٹھایا۔

اس صدیق نے بارگاہ خداوندی میں درخواست کی کہ یا اللہ کچھ معرفت کم کر دے اللہ تعالیٰ نے ان کے دل میں القاء فرمایا کہ ہم نے معرفت کے ایک لاکھ اجزاء میں سے صرف ایک جزو ان کو دی تھی کیوں کہ ایک لاکھ آدمیوں نے مجھ سے اس وقت محبت کا سوال کیا جب اس نے سوال کیا تھا میں نے دعا قبول کرنے میں تاخیر کی حتیٰ کہ تم نے اس کی سفارش کی تو میں نے جہاں تمہاری دعا قبول کی دوسروں کی دعا بھی قبول کی اور اس کی طرح ان کو بھی معرفت عطا کی میں نے معرفت سے ایک ذریعے کو ایک لاکھ بندوں میں تقسیم کیا تو اس کا نتیجہ یہ ہوا۔

اس صدیق نے کہا اے تمام حاکموں کے حاکم! تو پاک ہے جو کچھ تو نے اسے عطا کیا ہے اس میں سے کچھ کم کر دے اللہ تعالیٰ نے اس لاکھویں حصے میں سے صرف دس ہزارواں حصہ رہنے دیا باقی اٹھا لیا تو اس کا خوف، محبت اور امید اعتدال پر آ گئے اور اسے سکون مل گیا چنانچہ وہ باقی عارفین کی طرح ہو گیا عارف کے حال کا وصف یوں بیان کیا گیا ہے۔

قَرِيْبُ الْوَجْدِ ذُوْ مَرْمًى بَعِيْدٍ
عَنِ الْاَحْرَارِ مِنْهُمْ وَالْعَبِيْدِ
غَرِيْبُ الْوَصْفِ ذُوْ عِلْمٍ غَرِيْبٍ
كَاَنَّ فُؤَادَهٗ زُبَرُ الْحَدِيْدِ
لَقَدْ عَزَّتْ مَعَانِيْهِ وَجَلَّتْ
عَنِ الْاَبْصَارِ اِلَّا لِلشَّهِيْدِ

اس کا وجد قریب اور مقصود بعید ہے اور وہ تمام آزاد لوگوں اور غلاموں سے دور ہے اس کا علم اور دیگر وصف غریب (اجنبی) ہیں اور اس کا دل لوہے کی تختیوں کی طرح ہے اس کے معانی آنکھوں سے نہایت بلند سوائے شہید کے۔

٭ ٭ ٭

يَرَى الْاَعْيَادَ فِي الْاَوْقَاتِ تَجْرِيْ
لَهٗ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفُ عِيْدٍ
وَلِلْاَحْبَابِ اَفْرَاحٌ بِعِيْدٍ
وَلَا يَجِدُ السُّرُوْرَ لَهٗ بِعِيْدٍ

وہ اپنے اوقات میں عیدوں کو جاری دیکھتا ہے اور اس کے لیے ہر روز ہزاروں عیدیں ہیں دوست احباب عید بہت خوش ہوتے لیکن وہ اس عید پر سرور نہیں پاتا۔

حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ کچھ اشعار پڑھتے اور ان سے احوالِ عارفین کے اسرار کی طرف اشارہ فرماتے اگرچہ ان اسرار کا اظہار ناجائز ہے وہ یہ اشعار پڑھتے۔

سَرَتْ بِاُنَاسٍ فِي الْغُيُوْبِ قُلُوْبُهُمْ
فَحَلُّوْا بِقُرْبِ الْمَاجِدِ الْمُتَفَضِّلِ
عِرَاصًا بِقُرْبِ اللّٰهِ فِيْ ظِلِّ قُدْسِهٖ
تَجُوْلُ بِهَا اَرْوَاحُهُمْ وَتَنَقَّلُ
مَوَارِدُهُمْ فِيْهَا عَلَى الْعِزِّ وَالنُّهٰى
وَمَصْدَرُهُمْ عَنْهَا لِمَا هُوَ اَكْمَلُ
تَرُوْحُ بِعِزٍّ مُفْرَدٍ مِنْ صِفَاتِهٖ
وَفِيْ حُلَلِ التَّوْحِيْدِ تَمْشِيْ وَتَرْفُلُ
وَمِنْ بَعْدِ هٰذَا مَا تَدِقُّ صِفَاتُهٗ
وَمَا كَتْمُهٗ اَوْلٰى لَدَيْهِ وَاَعْدَلُ

میں ایسے لوگوں کے ساتھ چلا کہ ان کے دل ہزاروں میں ہیں پس وہ بزرگی و فضل والی ذات کے قریب ایسے میدان میں اترے جو اس کی ظلِ قدس کے قرب میں ہے وہاں ان کی ارواح پھرتی اور اِدھر اُدھر جاتی ہیں وہ وہاں عزت وعقل والے مقام پر اترے اور اس سے زیادہ کامل مقام سے نکلتے ہیں وہ ایسی ذات کی عزت میں چلتے ہیں جو اپنی صفات میں منفرد ہے اور وہ توحید کے لباس میں ناز سے چلتے ہیں اس کے بعد وہ ہے جو اس کی صفات کو کھٹکھٹاتا ہے اور اس کا چھپانا زیادہ مناسب ہے عنقریب میں اس سلسلے

سَاَکْتُمُ مِنْ عِلْمِیْ بِہٖ مَا یَصُوْنُہٗ
وَاَبْذُلُ مِنْہُ مَا اَرَی الْحَقَّ یَبْذُلُ
وَاُعْطِیْ عِبَادَ اللّٰہِ مِنْہُ حُقُوْقَھُمْ
وَاَمْنَعُ مِنْہُ مَا اَرَی الْمَنْعَ یَفْضُلُ
عَلٰی اَنَّ لِلرَّحْمٰنِ سِرًّا یَصُوْنُہٗ
اِلٰی اَھْلِہٖ فِی السِّرِّ وَالصَّوْنُ اَجْمَلُ

میں اپنے علم کا وہ حصہ چھپاؤں گا جس کا چھپانا ضروری ہے اور جس کو استعمال کرنا صحیح ہے اس کو ظاہر کروں گا اس سے بندوں کے حقوق دوں گا اور جس کا روکنا بہتر ہے اس کو روکوں گا کیوں کہ اللہ تعالیٰ کا راز ہے جسے وہ اس کے اہل لوگوں تک پوشیدگی کے ساتھ پہنچاتا ہے اور حفاظت زیادہ اچھی ہے۔

اس قسم کے معارف جن کی طرف اشارہ کیا گیا ہے ان میں سب لوگوں کا شریک ہونا جائز نہیں اور جس کے لیے یہ منکشف ہوں اس کے لیے جائز نہیں اور جس کے لیے یہ منکشف ہوں اس کے لیے جائز نہیں کہ وہ اس کے سامنے ظاہر کرے جن کے لیے منکشف نہیں ہوئے بلکہ اگر اس میں تمام لوگوں کی شرکت ہو تو دنیا کا نظام تباہ و برباد ہو جائے پس حکمت کا تقاضا ہے کہ سب پر غفلت رہے تاکہ دنیا آباد رہے بلکہ اگر سب لوگ چالیس دن تک حلال کھانا کھائیں تو ان کے زہد کی وجہ سے دنیا تباہ ہو جائے اور بازار اور رزق کے تمام ذرائع ختم ہو جائیں بلکہ اگر علماء حلال کھائیں تو وہ اپنے آپ میں ہی مشغول ہو جائیں اور بے شمار علوم کی نشر و اشاعت سے زبانیں اور قلمیں رک جائیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کاموں میں حکمت رکھی ہے جو بظاہر برے ہیں جس طرح اچھے کاموں میں اس کی حکمتیں اور اسرار ہیں اور اس کی قدرت کی طرح حکمت کی بھی کوئی انتہا نہیں۔ (اس کا یہ مطلب نہیں کہ آدمی حرام رزق کھائے جان بوجھ کر حرام رزق حاصل کرنا گناہ ہے حکمت خداوندی بیان ہوئی ہے ۱۲ ہزاروی)

محبت خداوندی کی ایک علامت یہ ہے کہ محبت کو چھپائے اور دعویٰ کرنے سے پرہیز کرے اور محبوب کی تعظیم، اجلال اور ہیبت کی وجہ سے وجد کو ظاہر کرنے سے بچے کیوں کہ اس کے راز کو ظاہر کرنا اس کی غیرت کے خلاف ہے اور محبت بھی محبوب کے اسرار میں سے ایک ہے اور بعض اوقات دعویٰ میں اصل بات سے زائد بات منہ سے نکل جاتی ہے اور یہ بہتان ہوگا جس کا نتیجہ آخرت میں برا ہے۔ اور دنیا میں بھی آزمائش ہوتی ہے ہاں بعض اوقات محب کو محبت کا نشہ اس قدر ہوتا ہے کہ وہ اس میں مدہوش ہو جاتا ہے اور اس کے احوال میں اضطراب پیدا ہوتا ہے اس وقت محبت ظاہر ہوتی ہے پس اگر اس قسم کا اظہار کسی تکلیف اور اختیار کے بغیر سرزد ہو تو وہ مجبور ہوگا کیوں کہ وہ مغلوب ہوا اور بعض اوقات آتشِ محبت شعلہ زن ہوتی ہے کہ کسی کو اس کی تاب نہیں ہوتی اور کبھی اس سے دل بہہ جاتا ہے تو اس بہاؤ کو روکا نہیں جا سکتا۔

پس جو شخص راز کو چھپانے پر قادر ہو تو وہ یوں کہتا ہے۔

وَقَالُوا قَرِيبٌ قُلْتُ مَا أَنَا صَانِعٌ
بِقُرْبِ شُعَاعِ الشَّمْسِ لَوْ كَانَ فِي حُجْرِي
فَمَا لِيْ مِنْهُ غَيْرُ ذِكْرٍ بِخَاطِرٍ
يَهِيجُ نَارَ الْحُبِّ وَالشَّوْقِ فِي صَدْرِي

اگرچہ وہ کہتے ہیں کہ دوست قریب ہے لیکن میں سورج کی شعاعوں کے قریب ہو کر کیا کروں اگرچہ وہ میرے کمرے میں ہوں میرے دل میں صرف اسی کا ذکر ہے اور میرے سینے میں محبت وشوق کی آگ شعلہ زن رہتی ہے۔

اور جو شخص اس راز کو چھپانے سے عاجز ہو وہ کہتا ہے۔

يُخْفِي فَيُبْدِي الدَّمْعُ أَسْرَارَهُ
وَيُظْهِرُ الْوَجْدَ عَلَيْهِ النَّفَسُ

وہ چھپاتا ہے لیکن آنسو اس کے اسرار کو ظاہر کر دیتے ہیں اور آہ بھرنا اس کے وجد کو ظاہر کرتا ہے۔

وہ یہ بھی کہتا ہے۔

وَمَنْ قَلْبُهُ مَعَ غَيْرِهِ كَيْفَ حَالُهُ
وَمَنْ سِرُّهُ فِي جَفْنِهِ كَيْفَ يَكْتُمُ

اور جس کا دل اس کے غیر کے ساتھ ہو اس کا حال کیا ہو گا اور جس کا راز اس کی پلکوں میں ہو وہ کیسے چھپائے گا۔

بعض عارفین فرماتے ہیں لوگوں میں سے وہ شخص اللہ تعالیٰ سے زیادہ دُور ہوتا ہے جو اس کی طرف اشارہ زیادہ کرے گویا ان کا مطلب یہ ہے کہ وہ ہر چیز میں بناوٹ سے کام لے اور اس طرح ہر ایک کے سامنے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے۔ ایسا آدمی محبین اور اللہ تعالیٰ کی معرفت رکھنے والوں کے نزدیک ناپسندیدہ اور غضب کے لائق ہے۔

حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ اپنے کسی بھائی کے پاس تشریف لے گئے جو محبت کا ذکر کرتا تھا تو آپ نے اسے امتحان میں مبتلا دیکھا تو فرمایا جو اس کی طرف سے پہنچنے والی تکلیف کو محسوس کرے وہ اس سے محبت نہیں کرتا اس شخص نے کہا میں کہتا ہوں وہ شخص اللہ تعالیٰ کا محب نہیں جو اس کی طرف سے پہنچنے والی تکلیف کی لذت محسوس نہیں کرتا حضرت ذوالنون رحمہ اللہ نے فرمایا میں کہتا ہوں جو شخص محبت میں شہرت چاہتا ہے اسے اللہ تعالیٰ سے محبت نہیں اس پر اس آدمی نے کہا میں اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں۔

سوال:-

محبت، مقامات کی انتہا ہے اس لیے اس کا ظاہر کرنا بہتر ہے تو اس کے اظہار کو برا کیوں قرار دیا گیا۔

جواب:-

جان لو کہ محبت قابل تعریف ہے اور اس کا ظاہر ہونا بھی محمود ہے البتہ بتکلف ظاہر کرنا برا ہے کیوں کہ اس میں دعویٰ اور تکبر ہے اور محب کا حق تو یہ ہے کہ اس کی پوشیدہ محبت افعال واحوال سے ظاہر ہو اقوال سے نہیں۔ اور مناسب یہ ہے کہ اس کی محبت قصد وارادے کے بغیر ظاہر ہو اور وہ ایسے فعل کو بھی ظاہر نہ کرے جو محبت پر دلالت کرتا ہے بلکہ محب کو چاہیئے کہ صرف محبوب کو مطلع کرنے کا ارادہ کرے دوسروں کی اطلاع کا ارادہ محبت میں شرک ہے اور اس میں

خلل پیدا کرتا ہے جیسا کہ انجیل میں آیا ہے کہ جب تم صدقہ کرو تو اس طرح کرو کہ تمہارے ہاتھ کے عمل کا بائیں ہاتھ کو علم نہ ہو اس کا بدلہ علانیہ طور پر وہ دے گا جو پوشیدہ باتوں کو دیکھتا ہے اور جب تم روزہ رکھو تو اپنے چہرے کو دھو لو اور سر میں تیل لگاؤ تاکہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو اس کا علم نہ ہو پس قول اور فعل دونوں کو ظاہر کرنا مذموم ہے ہاں جب محبت کا نشہ غالب ہو تو زبان بولتی ہے اور اعضاء میں بے چینی پائی جاتی ہے تو اس صورت میں اس پر کوئی ملامت نہیں۔

منقول ہے کہ ایک شخص نے کسی مجنون سے ایسا عمل دیکھا جس سے اپنے آپ کو ناواقف پایا اس نے یہ بات حضرت معروف کرخی رحمہ اللہ سے عرض کی تو انہوں نے مسکراتے ہوئے فرمایا اے بھائی! اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے والے چھوٹے بڑے، عقلمند اور مجنون سب طرح کے لوگ ہیں تم نے جو حالت دیکھی ہے وہ مجنون محبین کی حالت ہے۔

محبت کو ظاہر کرنا اس لیے بھی ناپسند ہے کہ محب اگر عارف ہے اور دائمی محبت اور لازمی شوق کے سلسلے میں فرشتوں کے احوال سے واقف ہے کہ وہ دن رات کسی کوتاہی کے بغیر اس کی تسبیح کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کرتے اور ان کو جو حکم دیا جاتا ہے اس پر عمل کرتے ہیں تو اسے اپنے آپ سے اور محبت کے اظہار سے شرمندگی ہوتی ہے اور وہ قطعی طور پر جان لیتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مملکت میں سب سے کمزور محب ہے اور اس کی محبت ناقص ہے۔

کسی صاحب کشف محب نے فرمایا کہ میں نے تیس سال تک دل اور اعضاء کے اعمال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت کی اور اس میں خوب محنت کی اور جس قدر طاقت تھی خرچ کی حتیٰ کہ میں نے خیال کیا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں میرا مرتبہ ہے اور آسمانی نشانیوں کے مکاشفات سے متعلق کئی باتیں ذکر کیں، یہ ایک طویل قصہ ہے اس کے آخر میں فرمایا میں فرشتوں کی ایک صف میں پہنچا جن کی تعداد اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوقات کے برابر تھی میں نے پوچھا تم کون ہو؟ انہوں نے کہا ہم اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے والے ہیں ہم تین لاکھ سال سے یہاں اللہ تعالیٰ کی عبادت کر رہے ہیں ہمارے دلوں میں اس کے سوا کسی کا خیال نہیں آیا اور نہ ہی ہم نے کسی اور کا ذکر کیا وہ بزرگ فرماتے ہیں یہ سن کر مجھے اپنے اعمال سے بہت حیا آیا تو میں نے اپنے تمام اعمال ان لوگوں کو بخش دیئے جن کے لیے عذاب ثابت ہو گیا تھا تاکہ ان کے لیے جہنم میں آسانی ہو۔

تو نتیجہ یہ ہوا کہ جو شخص اپنے آپ کو پہچان لیتا ہے وہ اپنے رب کو پہچان لیتا ہے اور اس سے اس طرح حیا کرتا ہے جیسے حیا کرنے کا حق ہے تو اس کی زبان دعویٰ کرنے سے گنگ ہو جاتی ہے البتہ اس کی حرکات و سکنات اور کسی عمل کا اقدام یا اعراض وغیرہ اس کی محبت پر گواہی دیتے ہیں جیسے حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ کے بارے میں منقول ہے وہ فرماتے ہیں ہمارے استاذ حضرت سری سقطی رحمہ اللہ بیمار ہو گئے اور ہمیں ان کی بیماری کا سبب بھی معلوم نہ ہو سکا اور دوائی کے بارے میں بھی پتہ نہ چل سکا ہمیں ایک ماہر طبیب کے بارے میں بتایا گیا تو ہم ان کا قارورہ لے کر اس کے پاس گئے طبیب نے اسے دیکھا اور کچھ دیر تک دیکھتا رہا پھر کہا مجھے یہ کسی عاشق کا پیشاب نظر آتا ہے حضرت جنید رحمہ اللہ

فرماتے ہیں میں یہ بات سن کر گر پڑا اور بیہوش ہوگیا اور وہ قارورہ میرے ہاتھ سے گر پڑا۔
پھر میں حضرت سری رحمہ اللہ کے پاس آیا اور تمام بات بتادی وہ مسکرائے اور فرمایا اللہ تعالیٰ اسے ہلاک کرے وہ کس قدر پہچان رکھتا ہے میں نے کہا اے استاذ! کیا پیشاب سے بھی محبت کا پتہ چلتا ہے؟ فرمایا ہاں ـــــ
ایک مرتبہ حضرت سری رحمہ اللہ نے فرمایا تھا اگر میں چاہوں تو یوں کہوں کہ میری ہڈیوں پر میرے چمڑے کو اس کی محبت نے خشک کیا اور میرے جسم کو بھی اسی محبت نے کھینچا پھر ان پر بیہوشی طاری ہوگئی اور یہ بیہوشی اس بات کی دلیل تھی کہ انہوں نے یہ بات غلبۂ وجد میں اس وقت فرمائی جب بیہوشی آنے والی تھی ـــــ تو محبت کی علامات اور اس کے نتیجے کا یہ بیان تھا۔
محبت کی علامات میں اُنس اور رضا بھی ہے جس کا بیان عنقریب ہوگا خلاصہ یہ ہے کہ دین کے تمام محاسن اور مکارم اخلاق محبت کا ثمرہ ہیں اور اگر محبت کا ثمرہ نہ ہو تو وہ خواہش کی اتباع ہے اور یہ نہایت ہی بُرے اخلاق سے ہے ہاں بعض اوقات آدمی اللہ تعالیٰ سے اس کے احسانات کی وجہ سے محبت کرتا ہے اور بعض اوقات اس کا جلال و جمال باعثِ محبت ہوتا ہے اگرچہ اس کا احسان نہ ہو اور محبت کرنے والے ان دو قسموں سے باہر نہیں جاتے۔ اسی لیے حضرت جنید رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی محبت کے سلسلے میں بندے عام بھی ہیں اور خاص بھی، عام لوگوں نے یہ مرتبہ اس لیے پایا کہ وہ ہمیشہ اس کے احسانات اور نعمتوں کی کثرت کو دیکھتے ہیں تو وہ اسے راضی کئے بغیر نہیں رہ سکتے البتہ انعامات واحسانات کی کمی زیادتی سے ان کی محبت بھی کم اور زیادہ ہوتی ہے لیکن خاص لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی قدر، قدرت علم حکمت اور سلطنت میں یکتائی کے باعث اس کی عظمت کے پیش نظر محبت کا مقام حاصل کیا۔
جب انہوں نے اللہ تعالیٰ کی صفات کاملہ اور اسمائے حسنیٰ کی پہچان حاصل کرلی تو وہ اس سے محبت کئے بغیر نہ رہ سکے کیونکہ ان کے نزدیک اللہ تعالیٰ اس بنیاد پر محبت کا مستحق ہے اس لیے وہ ان صفات کا اہل ہے اگرچہ ان سے تمام نعمتیں چلی جائیں۔
ہاں بعض لوگ اپنی خواہشات نفسانیہ اور شیطان لعین سے محبت کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کا دشمن ہے لیکن اس کے باوجود ان کو دھوکہ ہوتا ہے اور وہ خیال کرتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہیں حالانکہ ان لوگوں میں محبت کی ان علامات میں سے کوئی علامت نہیں پائی جاتی اور اگر ہوتی ہے تو وہ محض منافقت، ریاکاری اور شہرت کی وجہ سے ایسا دکھاتے ہیں اور ان کی غرض دنیا کا فوری نفع ہے جب کہ وہ اس کے خلاف ظاہر کرتا ہے جس طرح علماءِ سُوء اور بُرے قاری اللہ تعالیٰ کی زمین میں اس کے دشمن ہیں۔
حضرت سہل رحمہ اللہ جب کسی انسان سے کلام کرتے تو فرماتے اے دوست! اے محبوب! آپ سے عرض کیا گیا کہ بعض اوقات مخاطب دوست نہیں ہوتا تو آپ اسے کس طرح دوست کہتے ہیں؟ حضرت سہل رحمہ اللہ نے سوال کرنے

والے کے کان میں کہا کہ یہ دو حال سے خالی نہیں مومن ہوگا یا منافق ہے اگر مومن ہے تو اللہ تعالیٰ کا محبوب ہے اور منافق ہے تو شیطان کا دوست ہے۔

حضرت ابو تراب نخشی رحمہ اللہ نے محبت کی علامات کے سلسلے میں چند اشعار کہے ہیں وہ فرماتے ہیں۔

لَا تَخْدَعَنْ فَلِلْحَبِيبِ دَلَائِلُ
وَلَدَيْهِ مِنْ تُحَفِ الْحَبِيبِ رَسَائِلُ
مِنْهَا تَنَعُّمُهُ بِمُرِّ بَلَائِهِ
وَسُرُورُهُ فِي كُلِّ مَا هُوَ فَاعِلُ
فَالْمَنْعُ مِنْهُ عَطِيَّةٌ مَقْبُولَةٌ
وَالْفَقْرُ إِكْرَامٌ وَبِرٌّ عَاجِلُ
وَمِنَ الدَّلَائِلِ أَنْ تَرَى مِنْ عَزْفِهِ
طَوْعَ الْحَبِيبِ وَإِنْ أَلَحَّ الْعَاذِلُ
وَمِنَ الدَّلَائِلِ أَنْ يُرَى مُتَبَسِّمًا
وَالْقَلْبُ فِيهِ مِنَ الْحَبِيبِ بَلَابِلُ
وَمِنَ الدَّلَائِلِ أَنْ يُرَى مُتَفَهِّمًا
لِكَلَامِ مَنْ يَحْظَى لَدَيْهِ السَّائِلُ
وَمِنَ الدَّلَائِلِ أَنْ يُرَى مُتَقَشِّفًا
مُتَحَفِّظًا مِنْ كُلِّ مَا هُوَ قَائِلُ

دھوکہ نہ دے محبت کرنے والے کی کچھ علامات ہیں اور محبوب سے پہنچنے والے تحائف ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ محبوب کی طرف سے پہنچنے والی کڑوی تکلیف کو بھی برداشت کرے اور محبوب اس کے ساتھ جو سلوک کرے اس پر خوش ہو اگر وہ نعمت روک دے تو اسے مقبول عطیہ سمجھے اور فقر کو عزت اور فوری اچھائی خیال کرے محبت کی ایک علامت یہ ہے کہ محبوب کی اطاعت کا عزم کرے اگرچہ ملامت گر بار بار ملامت کرے۔ محبت کی علامت یہ بھی ہے کہ ہونٹوں پر تبسم ہو اور دل محبوب کی یاد میں سخت غمزدہ ہو اور محبت کی ایک علامت یہ ہے کہ وہ اس شخص کی بات کو سمجھنے والا دکھائی دے جو اس کے پاس سائل کو ترجیح دے اور محبت کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ تنگ دست نظر آئے اور اپنی گفتگو میں احتیاط برتنے والا ہو۔

اور حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ نے فرمایا۔

وَمِنَ الدَّلَائِلِ أَنْ تَرَاهُ مُشَمِّرًا
فِي خِرْقَتَيْنِ عَلَى شُطُوطِ السَّاحِلِ
وَمِنَ الدَّلَائِلِ حُزْنُهُ وَنَحِيبُهُ
جَوْفَ الظَّلَامِ فَمَا لَهُ مِنْ عَاذِلِ
وَمِنَ الدَّلَائِلِ أَنْ تَرَاهُ مُسَافِرًا
نَحْوَ الْجِهَادِ وَكُلِّ فِعْلٍ فَاضِلِ
وَمِنَ الدَّلَائِلِ زُهْدُهُ فِيمَا يَرَى
مِنْ دَارِ ذُلٍّ وَالنَّعِيمِ الزَّائِلِ۔

محبت کی ایک علامت یہ ہے کہ تم محب کو چست دیکھو اور وہ پانی کے کناروں پر نظر آئے۔ اور وہ رات کے اندھیرے میں گریہ اور آہ و زاری کرے نیز وہ جہاد اور ہر اچھے کام کی طرف سفر کرے نیز ذلت والے گھر اور زائل ہونے والی نعمتوں سے بے رغبت ہو۔

وَمِنَ الدَّلَائِلِ اَنْ تَرَاهُ بَاكِيًا
اِنْ قَدْ رَاٰهُ عَلٰى قَبِيْحٍ فَعَائِلِ
وَمِنَ الدَّلَائِلِ اَنْ تَرَاهُ مُسَلِّمًا
كُلَّ الْاُمُوْرِ اِلَى الْمَلِيْكِ
وَمِنَ الدَّلَائِلِ اَنْ تَرَاهُ رَاضِيًا
بِمَلِيْكِهٖ فِيْ كُلِّ حُكْمٍ نَازِلِ
وَمِنَ الدَّلَائِلِ ضُحْكُهٗ بَيْنَ الْوَرٰى
وَالْقَلْبُ مَحْزُوْنٌ كَقَلْبِ الثَّاكِلِ

محبت کی ایک علامت یہ ہے کہ تم اسے روتا ہوا دیکھو اگر وہ اپنے آپ کو برُے کاموں میں دیکھے نیز یہ بھی محبت کی علامت ہے کہ وہ اپنے تمام امور کو اپنے مالک کے سپرد کر دے۔
نیز یہ کہ وہ اپنے مالک کی طرف سے آنے والے ہر حکم پر راضی ہو یہ بھی محبت کی علامت ہے کہ لوگوں کے سامنے ہنستا ہے لیکن اس کا دل اس شخص کے دل کی طرح غمگین ہوتا ہے جس کا بچہ گم ہو جائے۔

فصل ۱۲:

اللہ تعالیٰ سے انس کا معنیٰ

ہم نے ذکر کیا ہے کہ اُنس، خوف اور شوق محبت کے آثار میں سے ہیں لیکن یہ آثار مختلف ہیں محب کی نظر اور غلبۂ کیفیت کے اعتبار سے مختلف ہوتے ہیں جب اس پردۂ غیب کے پیچھے سے انتہائے جمال تک اطلاع غالب ہو اور جلال کی حقیقت سے واقف ہونے سے اپنا قاصر ہونا سمجھ جائے تو دل اس کی طلب میں برانگیختہ ہوتا ہے اور اس کی طرف جوش مارتا ہے اس حالت کو شوق کہا جاتا ہے اور یہ امر غائب کی نسبت سے ہوتا ہے۔

اور جب اس پر قرب اور کشف سے حاصل ہونے والے مشاہدہ حضوری پر خوشی غالب ہو اور اس کی نظر صرف اس جمال کے مطالعہ تک محدود ہو جو حاضر اور واضح ہے اس کی طرف توجہ نہ ہو جس کا ادراک بعد میں ہوگا تو جو کچھ دیکھا ہے اس کی وجہ سے دل خوش ہوتا ہے اور اس خوشی کو اُنس کہتے ہیں اور اگر اس کی نظر عزت، استغناء، بے پرواہی اور زوال و بُعد کے امکان کے خطرے پر ہو تو اس شعور سے دل میں دُکھ پیدا ہوتا ہے اور اس دُکھ کا نام خوف ہے

تو یہ احوال ان ملاحظات کے تابع ہیں اور ملاحظات ان اسباب کے تابع ہیں جو ان ملاحظات کا تقاضا کرتے ہیں اور یہ بے شمار ہیں تو اُنس کا معنیٰ مطالعۂ جمال سے دل کا خوش ہونا ہے حتیٰ کہ جب یہ خوشی غالب ہو اور جو کچھ غائب ہے اس کا خیال نہ رہے اور نہ ہی خطرۂ زوال ہو تو اس کی لذت اور راحت بڑھ جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ ایک بزرگ سے پوچھا گیا کہ کیا آپ مشتاق ہیں انہوں نے جواب دیا نہیں شوق تو غائب چیز کا ہوتا ہے جب غائب، حاضر ہو جائے تو کس کا شوق ہوگا؟ تو یہ اس شخص کا قول ہے جو حاصل شدہ پر خوشی میں ڈوبا ہوا تھا مزید لطف و کرم جو ممکن ہے ان کی طرف توجہ نہ تھی اور جس آدمی پر اُنس غالب ہو اس کی خواہش تنہائی اور گوشہ نشینی کی طرف ہوتی ہے جیسا کہ حضرت

ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ پہاڑ سے اترے تو ان سے عرض کیا گیا آپ کہاں سے تشریف لائے ہیں؟ انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے اُنس سے، یہ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ سے اُنس کو غیر اللہ سے وحشت لازم ہوتی ہے بلکہ جو کام تنہائی میں رکاوٹ ہو وہ دل پر سب سے زیادہ گراں گزرتی ہے جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ نے کلام فرمایا تو ایک عرصہ تک آپ لوگوں میں سے جس کی گفتگو سنتے آپ پر بیہوشی طاری ہو جاتی کیوں کہ محبت کی وجہ سے محبوب کا کلام اور ذکر میٹھا لگتا ہے لہٰذا دل سے اس کے غیر کی مٹھاس نکل جاتی ہے۔

اسی لیے کسی دانا نے اپنی دعا میں یوں کہا کہ اے وہ ذات جس نے اپنے ذکر سے مجھے مانوس کیا اور مخلوق سے وحشت میں ڈالا ــــــ

اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام سے فرمایا کہ آپ میرے مشتاق ہو جائیں اور مجھ سے اُنس حاصل کریں نیز میرے غیر سے متنفر ہو جائیں۔

حضرت رابعہ رحمہا اللہ سے پوچھا گیا کہ آپ نے یہ مقام کیسے پایا؟ انہوں نے فرمایا کہ میں نے بے مقصد بات کو چھوڑ دیا اور اس ذات سے اُنس حاصل کیا جو ہمیشہ رہے گا۔

حضرت عبد الواحد بن زید رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں ایک راہب کے پاس سے گزرا تو میں نے کہا اے راہب! کیا تمہیں تنہائی پسند ہے؟ اس نے کہا بھائی! اگر تم گوشہ نشینی کا مزہ چکھتے تو اپنے نفس سے بھی نفرت کرتے تنہائی عبادت کی جڑ ہے میں نے کہا اے راہب! تنہائی سے کم از کم کیا فائدہ پاتے ہو؟ اس نے کہا لوگوں کی خوشامد سے راحت اور ان کی شر سے سلامتی حاصل ہوتی ہے۔ میں نے پوچھا اے راہب! بندہ اللہ تعالیٰ سے اُنس کی مٹھاس کب پاتا ہے؟ اس نے کہا جب دوستی صاف اور معاملہ خالص ہو میں نے پوچھا محبت کب صاف ہوتی ہے؟ اس نے کہا جب تمام افکار جمع ہو کر اطاعت میں ایک ہو جائیں۔

کسی دانا کا قول ہے کہ لوگوں پر تعجب ہے وہ کیسے تجھ سے بدل جاتے ہیں اور دلوں پر تعجب ہے وہ کیسے تجھے چھوڑ کر دوسروں سے اُنس حاصل کرتے ہیں۔

سوال :-

اُنس کی علامت کیا ہے؟

جواب :-

جان لو کہ اس کی خاص علامت یہ ہے کہ لوگوں کی مجلس سے اس کا دل تنگ ہو اور ان سے گھبراہٹ ہو نیز ذکر خداوندی کی شیرینی کا بہت زیادہ حریص ہو اس صورت میں اگر وہ ملے گا تو وہ جماعت میں تنہا خلوت میں مجتمع، وطن میں اجنبی، سفر میں مقیم، غائب ہونے کی حالت میں حاضر اور حاضری کی حالت میں غائب ہوتا ہے بدن سے میل جول کرتا ہے لیکن قلبی

طور پر تنہا ہوتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے ذکر کی مٹھاس میں ڈوبا ہوا ہوتا ہے جیسا کہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے ان لوگوں کے وصف میں فرمایا کہ یہ ایسے لوگ ہے جن پر حقیقتِ علم ہجوم کر گیا تو وہ روحِ یقین سے بہرہ ور ہوئے جس چیز کو دولت مند مشکل جانتے ہیں ان کے نزدیک وہ آسان ہے انہوں نے اس چیز سے اُنس حاصل کیا جس سے جاہلوں کو وحشت ہوتی ہے دنیا سے ان کا تعلق صرف جسمانی ہے اور ان کی ارواح محلِ اعلیٰ سے معلق ہیں یہ لوگ زمین میں اللہ تعالیٰ کے خلفاء اور اس کے دین کے داعی ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ سے اُنس کا یہی معنیٰ ہے اور یہ اس کی علامت اور شواہد ہیں۔

بعض متکلمین نے اُنس، شوق اور محبت کا انکار کیا کیوں کہ ان کے خیال میں یہ تشبیہ (اللہ تعالیٰ کے مخلوق کے مشابہ ہونے) پر دلالت ہے حالانکہ وہ نہیں جانتے کہ ظاہری آنکھوں سے نظر آنے والی چیزوں کے جمال کے مقابلے میں دل کی آنکھوں سے دیکھی جانے والی صفات کا جمال زیادہ مکمل ہوتا ہے اور معرفت کی لذت اربابِ قلوب پر زیادہ غالب ہوتی ہے۔

ان میں سے احمد بن غالب ہے جس کو غلامِ خلیل کے نام سے پہچانا جاتا ہے، اس نے حضرت جنید بغدادی اور حضرت ابو الحسن نوری رحمہما اللہ اور ایک جماعت پر محبت، شوق اور عشق کے حوالے سے اعتراض کیا حتیٰ کہ ان میں سے بعض نے مقامِ رضا کا انکار کیا اور کہا کہ صرف صبر ہی ہے رضا کا تصور نہیں ہو سکتا اور یہ تمام گفتگو ناقص و قاصر ہے یہ لوگ دین سے صرف چھلکے کو جانتے ہیں ان کے خیال میں صرف چھلکے کا وجود ہے کیوں کہ محسوسات اور جو کچھ دین کے طریقے سے خیال میں آتا ہے وہ محض چھلکا ہے اور یہ مطلوب مغز کے علاوہ ہے جس شخص کی رسائی اخروٹ کے چھلکے تک ہو وہ اخروٹ کو مکمل طور پر لکڑی خیال کرتا ہے اور اس کے نزدیک اس سے تیل کا نکلنا محال ہے تو ایسا شخص معذور ہے لیکن اس کا عذر قابلِ قبول نہیں اسی سلسلے میں کہا گیا ہے۔

اَلْاُنْسُ بِاللّٰہِ لَا یَحْوِیْہِ بَطَّالٌ وَلَیْسَ یُدْرِکُہٗ بِالْحَوْلِ مُحْتَالٌ وَالْاٰنِسُوْنَ رِجَالٌ کُلُّھُمْ نُجُبٌ وَکُلُّھُمْ صَفْوَۃٌ لِلّٰہِ عُمَّالٌ۔

اللہ تعالیٰ سے اُنس اہلِ باطل کی سمجھ میں نہیں آسکتا اور حیلہ گر اس کا ادراک نہیں کر سکتا اُنس رکھنے والے تمام لوگ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ منتخب شریف اور باعمل لوگ ہیں۔

فصل ۱۱:

غلبۂ اُنس کا نتیجہ کشادگی اور محبت کا مفہوم

جب اُنس دائمی، غالب اور مستحکم ہو اور شوق کی پریشانی یا تبدیلی اور حجاب کا خوف اسے گدلا نہ کرے تو اس سے اقوال و افعال اور اللہ تعالیٰ سے مناجات میں کشادگی پیدا ہوتی ہے بعض اوقات بظاہر یہ برا ہوتا ہے کیوں کہ اس میں جرأت ہوتی ہے اور ہیبت کم ہوتی ہے لیکن جو شخص مقامِ اُنس میں ہوتا ہے اس سے یہ بات برداشت کی جاتی ہے اور جو آدمی اس

مقام میں نہیں ہوتا بلکہ فعل اور کلام میں ان لوگوں کی مشابہت اختیار کرتا ہے تو وہ ہلاک ہوتا اور کفر کے قریب ہو جاتا ہے۔

اس کی مثال برخ اسود کی ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اپنے کلیم حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ اس سے کہیں کہ وہ بنی اسرائیل کے لیے بارش مانگے اس وقت بنی اسرائیل سات سال قحط کا شکار ہو گئے تھے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام ستر ہزار آدمیوں کو لے کر باہر تشریف لے گئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی کہ میں ان لوگوں کی دعا کیسے قبول کروں جب کہ ان پر ان کے گناہوں کا اندھیرا چھایا ہوا ہے ان کے باطن خبیث ہیں جو مجھے یقین کے بغیر پکارتے ہیں اور میری خفیہ تدبیر سے بے خوف ہیں میرے بندوں میں سے ایک بندے برخ کے پاس تشریف لے جائیں اور اس سے کہیں کہ وہ باہر نکلے تاکہ میں اس کی دعا قبول کروں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے لوگوں سے برخ کے بارے میں پوچھا تو پتہ نہ چلا اچانک ایک دن آپ راستے میں جا رہے تھے کہ ایک سیاہ غلام آگے سے آ رہا تھا اس کی آنکھوں کے درمیان مٹی لگی ہوئی تھی جو سجدے کا نشان تھا اس کے اوپر ایک چادر تھی جسے گردن کے ساتھ باندھ رکھا تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے نور الٰہی سے اسے پہچان لیا اسے سلام کیا اور نام پوچھا اس نے عرض کیا کہ میرا نام برخ ہے آپ نے فرمایا ہم ایک مدت سے تجھے تلاش کر رہے ہیں آپ باہر تشریف لے جائیں اور ہمارے لیے بارش کی دعا مانگیں۔ چنانچہ برخ نے باہر نکل کر یوں دعا مانگی۔

یا اللہ! نہ تو تیرا یہ کام ہے اور نہ تیری بردباری پھر ایسا کیوں ہے؟ کیا تیرے چشمے کم ہو گئے ہیں یا ہواؤں نے تیری اطاعت سے منہ پھیر لیا ہے یا تیرے خزانے ختم ہو گئے ہیں یا گناہ گاروں پر تیرا غضب بڑھ گیا ہے؟ یا اللہ! کیا تو بخشنے والا نہیں ہے تو نے خطا کرنے والوں سے پہلے اپنی رحمت کو پیدا کیا اور مہربانی کا حکم دیا کیا تو ہمیں یہ بتاتا ہے کہ تجھ تک رسائی نہیں ہو سکتی یا مخلوق کے بھاگنے کے خوف سے ان کو جلد سزا دیتا ہے۔

وہ اس قسم کی باتیں کرتا رہا حتیٰ کہ بارش برسنا شروع ہو گئی اور بنی اسرائیل تر ہو گئے اللہ تعالیٰ نے نصف دن میں گھاس کو اگا کر اتنا بڑا کر دیا کہ وہ گھٹنوں تک پہنچ گئی فرماتے ہیں برخ واپس ہوا تو راستے میں حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ملاقات ہوئی تو اس نے کہا میں اپنے رب سے کیسے جھگڑا اور اس نے کس طرح مجھ سے انصاف کیا (فضل فرمایا) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس کی طرف قصد کیا تو اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی کہ برخ روزانہ تین مرتبہ ہنستا ہے۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک مرتبہ بصرہ میں چند چھپر آگ سے جل گئے لیکن درمیان میں ایک چھپر نہ جلا ان دنوں حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ بصرہ کے امیر تھے ان کو اس بات کی اطلاع کی گئی تو انہوں نے اس چھپر والے کو طلب فرمایا۔ وہ بوڑھا شخص آیا تو آپ نے فرمایا اے شیخ! کیا وجہ ہے تمہارا چھپر نہیں جلا اس نے کہا میں نے اللہ تعالیٰ کو قسم دی تھی کہ وہ میرا چھپر نہ جلائے حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا۔

يَكُونُ فِي أُمَّتِي قَوْمٌ شَعِثَةٌ رُؤُوسُهُمْ دَنِسَةٌ ثِيَابُهُمْ لَوْ أَقْسَمُوا عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُمْ (۱)

میری امت میں کچھ لوگ ایسے ہوں گے جن کے بال بکھرے ہوئے اور کپڑے میلے ہوں گے اگر وہ اللہ تعالیٰ پر قسم کھائیں تو اللہ تعالیٰ ان کی قسم کو پورا کرے گا۔

حضرت حسن رحمہ اللہ سے ہی روایت ہے کہ بصرہ میں آگ لگ گئی تو حضرت ابو عبیدہ بن خواص رحمہ اللہ آگ پر سے گزرتے ہوئے تشریف لائے امیر بصرہ نے ان سے کہا خیال کیجیے کہیں آگ میں جل نہ جائیں انہوں نے فرمایا میں نے اپنے رب عزوجل کو قسم دی ہے کہ وہ مجھے نہیں جلائے گا فرمایا پھر آگ کو بھی قسم دو کہ بجھ جائے چنانچہ انہوں نے قسم دی تو وہ بجھ گئی۔

حضرت ابو حفص رحمہ اللہ ایک دن جا رہے تھے کہ سامنے سے ایک گنوار (دیہاتی) آیا جس کے ہوش و حواس قائم نہیں تھے حضرت ابو حفص نے پوچھا تجھے کیا پریشانی ہے؟ اس نے کہا میرا گدھا گم ہو گیا ہے اور میرے پاس دوسرا گدھا نہیں ہے راوی کہتے ہیں حضرت ابو حفص کھڑے ہوئے اور کہا اے اللہ! تیری عزت کی قسم! جب تک تو اس شخص کا گدھا واپس نہیں لائے گا میں یہاں سے ایک قدم نہیں اٹھاؤں گا۔ چنانچہ اس کا گدھا اسی وقت ظاہر ہو گیا اور حضرت حفص رحمہ اللہ وہاں سے چل پڑے۔

اس قسم کی مثالیں انس والوں کے لیے جاری ہوتی ہیں دوسروں کو ان سے تشبیہ کا حق نہیں حضرت جنید رحمہ اللہ فرماتے ہیں اہل انس خلوت میں اپنے کلام اور مناجات میں ایسی باتیں کہتے ہیں جو عام لوگوں کے نزدیک کفر ہیں اور ایک مرتبہ انہوں نے فرمایا اگر عام لوگ یہ باتیں سنیں تو ان کو کافر قرار دیں۔ حالانکہ وہ ان باتوں سے اپنے معاملات میں ترقی پاتے ہیں ان سے یہ باتیں برداشت بھی کی جاتی ہیں اور یہ ان کے لائق بھی ہیں کسی شاعر نے اسی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا ہے

قَوْمٌ تَخَالَجُهُمْ زَهْوٌ بِسَيِّدِهِمْ
وَالْعَبْدُ يَزْهُو عَلَى مِقْدَارِ مَوْلَاهُ
تَاهُوا بِرُؤْيَتِهِ عَمَّا سِوَاهُ لَهُ
يَا حُسْنَ رُؤْيَتِهِمْ فِي عِزِّ مَا تَاهُوا

وہ ایک قوم ہے جو اپنے مولا پر ناز کرتے ہیں اور بندہ اپنے مولیٰ کی قدر کے مطابق ناز کرتا ہے انہوں نے اس کو دیکھا تو سب کچھ چھوڑ دیا کیوں کہ اس کو دیکھنا ہی ان کے لیے باعث فخر ہے۔

اور اس بات کو بعید نہ جانو کہ اللہ تعالیٰ کسی بندے کی ایک بات پر راضی ہوتا ہے جب کہ وہی دوسرے سے ناپسند ہوتی ہے لیکن یہ اس وقت ہوتا ہے جب ان کا مقام مختلف ہو۔

قرآن پاک میں ان معانی پر تنبیہات ہیں اگر تم سمجھو کیوں کہ قرآن پاک میں مذکور تمام واقعات اصحاب بصیرت و بصارت کے لیے تنبیہات ہیں کہ وہ ان سے عبرت پکڑیں اور ایسے لوگوں کے لیے یہ محض نام ہیں مثلاً سب سے پہلا قصہ حضرت آدم

---

(۱) الفردوس بماثور الخطاب جلد ۵ ص ۴۰۹ حدیث ۸۵۵۸

اور ابلیس لعین کا کیا نام نہیں دیکھتے کہ لفظ معصیت اور مخالفت میں دونوں شریک ہیں لیکن منتخب اور معصوم ہونے کے اعتبار سے دونوں میں فرق ہے۔ ابلیس اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دور ہوا اور کہا گیا کہ وہ رحمت سے دور لوگوں میں سے ہے جب کہ حضرت آدم علیہ السلام کے بارے میں فرمایا۔

وَعَصٰۤی اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰی ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَیْهِ وَهَدٰی۔ (۱)

اور حضرت آدم علیہ السلام نے اپنے رب کے حکم سے (بظاہر) روگردانی کی تو لغزش واقع ہوئی پھر اللہ تعالیٰ نے ان کو منتخب فرمایا ان کی توبہ قبول فرمائی اور ہدایت دی

اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک آدمی سے اعراض کرنے اور دوسرے کی طرف متوجہ ہونے کی وجہ سے ناراضگی کا اظہار فرمایا حالاں کہ بندہ ہونے میں دونوں برابر تھے لیکن دونوں کا حال مختلف تھا۔

ارشاد فرمایا۔

وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ یَسْعٰی وَهُوَ یَخْشٰی فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰی۔ (۲)

اور جو شخص آپ کے پاس دوڑتا ہوا آیا اور وہ ڈرتا ہے تو آپ اس سے غفلت برتتے ہیں۔

اور دوسرے کے بارے میں فرمایا۔

اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰی فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰی۔ (۳)

اور جو آپ سے بے نیاز ہوتا ہے آپ اس کی فکر میں ہیں۔

اسی طرح آپ کو ایک جماعت کے ساتھ بیٹھنے کا حکم دیا ارشاد فرمایا۔

وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِاٰیٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ۔ (۴)

اور جب آپ کے پاس ہماری آیات پر ایمان لانے والے آئیں تو ان کو سلام کہیں۔

جب کہ دوسروں سے اعراض کا حکم دیا فرمایا۔

وَاِذَا رَاَیْتَ الَّذِیْنَ یَخُوْضُوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ۔ (۴)

اور جب ان لوگوں کو دیکھیں جو ہماری آیات میں پڑتے ہیں تو ان سے منہ پھیر لیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ طٰہٰ آیت ۱۲۱، ۱۲۲

(۲) قرآن مجید، سورۂ عبس آیت ۸

(۳) قرآن مجید سورۂ عبس آیت ۵

(۴) قرآن مجید، سورۂ انعام آیت ۵۴ تا ۶۸

یہاں تک کہ فرمایا۔

فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ۔[1] پس یاد آنے کے بعد ظالم قوم کے ساتھ نہ بیٹھو۔

اور ارشاد فرمایا۔

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ۔ (۲) اور آپ اپنے نفس کو ان لوگوں کے ساتھ روک رکھیں جو صبح شام اپنے رب کو پکارتے ہیں (اس کی عبادت کرتے ہیں)

اسی طرح کشادگی اور ناز بھی بعض بندوں سے برداشت کیا جاتا ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا یہ قول بھی اسی انبساط (کشادگی) کی دلیل ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَاءُ وَتَهْدِيْ مَنْ تَشَاءُ۔ (۳) یہ سب تیرا آزمائش ہے اس سے جس کو چاہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہے ہدایت دیتا ہے۔

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کی طرف بھیجا گیا تو آپ نے عذر پیش کرتے ہوئے بارگاہ خداوندی میں عرض کیا۔

وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ۔ (۴) ان کا مجھ پر ایک الزام ہے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

اِنِّيْ اَخَافُ اَنْ يُكَذِّبُوْنِ وَيَضِيْقُ صَدْرِيْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِيْ۔ (۵) مجھے ڈر ہے کہ وہ مجھے جھٹلائیں اور میرا سینہ تنگ ہو جائے اور میری زبان رک جائے۔

اور انہوں نے یہ بھی کہا (ارشاد خداوندی ہے)

اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَا اَوْ اَنْ يَّطْغٰى (۶) ہمیں ڈر ہے کہ وہ ہم پر زیادتی کرے یا وہ سرکشی کرے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ انعام آیت ۶۸ تا ۶۸
(۲) قرآن مجید، سورۃ کہف آیت ۲۸
(۳) قرآن مجید، سورۃ اعراف آیت ۱۵۵
(۴) قرآن مجید، سورۃ شعراء آیت ۱۴
(۵) قرآن مجید، سورۃ شعراء آیت ۱۲، ۱۳
(۶) قرآن مجید، سورۃ طٰہٰ آیت ۴۵

حالاں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے علاوہ کوئی شخص یہ باتیں کہتا تو بے ادبی شمار ہوتی کیوں کہ جو شخص مقام اُنس میں ہوتا ہے اس سے نرمی برتی جاتی ہے اور اس کی باتیں برداشت کی جاتی ہیں حضرت یونس علیہ السلام جب مقام قبض اور ہیبت میں تھے تو ان سے اس سے کم بات بھی برداشت نہ کی گئی پس ان کو مچھلی کے پیٹ میں تین اندھیروں میں قید میں ڈال دیا گیا اور قیامت تک ان کے حق میں یہ ندا دی گئی۔

لَوْلَا اَنْ تَدَارَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ۔ (۱) — اگر اس کے رب کی نعمت اس کی خبر کو نہ پہنچ جاتی تو ضرور میدان پر پھینک دیا جاتا الزام دیا ہوا۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں "عراء" سے مراد قیامت ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان (حضرت یونس علیہ السلام) کی اقتداء سے منع کیا گیا اور فرمایا گیا۔

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ اِذْ نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ۔ (۲) — آپ اپنے رب کے حکم پر صبر کریں اور مچھلی والے کی طرح نہ ہو جائیں کہ اس نے پکارا تو وہ غصے میں بھرا ہوا تھا۔

ان اختلافات میں سے بعض اختلاف احوال و مقامات کے اعتبار سے ہیں اور بعض اس وجہ سے ہیں کہ ازل میں بندوں کو ایک دوسرے پر فضیلت دے دی گئی اور ان کی قسمت میں تفاوت رکھا گیا۔ ارشاد خداوندی ہے۔

وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ۔ (۳) — اور بے شک ہم نے بعض انبیاء کرام کو بعض پر فضیلت دی۔

اور ارشاد فرمایا۔

مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ۔ (۴) — ان میں سے کسی سے اللہ تعالیٰ نے کلام فرمایا اور ان میں سے بعض کے درجات کو ہم نے بلند فرمایا۔

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان انبیاء کرام میں سے تھے جن کو فضیلت دی گئی اور اسی ناز کی وجہ سے انہوں نے اپنے اوپر سلام بھیجا فرمایا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ قلم آیت ۴۹

(۲) قرآن مجید، سورۃ قلم آیت ۴۸

(۳) قرآن مجید، سورۃ اسراء آیت ۵۵

(۴) قرآن مجید، سورۃ بقرہ آیت ۲۵۳

وَالسَّلَامُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ۔ (۱)

اور مجھ پر سلام ہو جس دن میری ولادت ہوئی جس دن میں انتقال کر جاؤں گا اور جس دن زندہ کرکے اٹھایا جاؤں گا۔

تو جب آپ نے مقام اُنس دیکھا تو جرات کی اور ناز کے طور پر یہ بات فرمائی جب کہ حضرت زکریا علیہ السلام ہیبت اور حیاء کے مقام پر تھے تو انہوں نے یہ بات نہیں فرمائی بلکہ خود اللہ تعالیٰ نے ان کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا۔

وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ ۔ (۲)

اور ان پر سلام ہو۔

اور دیکھئے حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے ان سے جو سلوک کیا وہ کس طرح برداشت کیا گیا بعض علماء فرماتے ہیں کہ میں نے ارشاد خداوندی

اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا ۔ (۳)

جب انہوں نے کہا البتہ یوسف علیہ السلام اور ان کے بھائی ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ محبوب ہیں۔

(اس آیت) سے لے کر بیس آیات تک جہاں یہ فرمایا گیا کہ

وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ۔ (۴)

اور وہ، حضرت یوسف علیہ السلام میں رغبت نہیں رکھتے تھے

(ان آیات میں) حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کی چالیس سے زیادہ خطائیں شمار کی ہیں ان میں سے بعض دوسری بعض کے مقابلے میں بڑی ہیں۔ ایک ایک کلمہ میں تین تین چار چار خطائیں جمع ہیں تو اللہ تعالیٰ نے ان کو بخش دیا اور معاف کر دیا لیکن حضرت عزیز نے تقدیر کے بارے میں ایک سوال کیا تو ان سے برداشت نہ کیا گیا حتیٰ کہ دیوان نبوت سے ان کا نام مٹا دیا گیا۔

اسی طرح بلعم بن باعوراء جو اکابر علماء میں تھا اس نے دین کے بدلے میں دنیا کو کھایا تو اس سے یہ عمل برداشت نہ کیا گیا اور آصف، اسراف (زیادتی) کرنے والوں میں سے تھا اور اس کا گناہ اعضاء سے متعلق تھا تو اسے معاف کر دیا گیا۔

ایک روایت میں ہے اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ اے عابدین کے سردار! اے زاہدین کی محبت کے بیٹے! تیری خالہ کا بیٹا آصف کب تک میری نافرمانی کرتا رہے گا میں بار بار بردباری سے پیش آ رہا ہوں مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم! اگر میری ہوا کے کسی جھونکے نے اسے پکڑ لیا تو میں اس کے ساتھیوں کے لیے اسے مثال

---

(۱) قرآن مجید سورۂ مریم آیت ۳۳

(۲) قرآن مجید، سورۂ مریم آیت ۱۵

(۳) قرآن مجید سورۂ یوسف آیت ۸

(۴) قرآن مجید سورۂ یوسف آیت ۲۰

اور بعد والوں کے لیے عبرت بنا کر چھوڑوں گا۔ جب آصف، حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس آئے اور آپ نے وحی الٰہی کی خبر دی چنانچہ وہ باہر چلے گئے اور ریت کے ایک ٹیلے پر چڑھ کر اپنا منہ اور ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر عرض کیا اے میرے معبود! اے میرے آقا! تو تُو ہے اور میں میں ہوں اگر تو میری توبہ قبول نہیں کرے گا تو میں کیسے توبہ کروں گا اور اگر تو مجھے نہیں بچائے گا تو میں کیسے بچوں گا اور دوبارہ اس طرف لوٹ جاؤں گا اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی کہ اے آصف! تم نے سچ کہا تو تُو ہے اور میں میں ہوں تو، توبہ کی طرف متوجہ ہو میں نے تیری توبہ قبول کر لی اور میں بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہوں۔

حضرت آصف کا یہ کلام اسی طرح ہے جس طرح کوئی ناز سے بات کرے اور اللہ تعالیٰ سے اسی کی طرف بھاگے اور اسی کے ذریعے اس کو دیکھے۔

ایک روایت میں ہے کہ ایک بندہ جو ہلاکت کے کنارے پر پہنچ چکا تھا اسے بچانے کے لیے وحی بھیجی کہ تو نے کتنے ہی ایسے گناہ کئے کہ میں نے ان سے کمتر گناہ کے باعث ایک پوری امت کو ہلاک کر دیا۔

تو یہ اللہ تعالیٰ کا طریقہ جاریہ ہے کہ اس کی مشیئت ازلیہ کے مطابق بندوں کے درمیان فضیلت اور تقدیم و تاخیر وغیرہ کا سلسلہ رکھا گیا ہے قرآن مجید میں یہ واقعات مذکور ہیں تاکہ ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے ان بندوں کے بارے میں جو پہلے گزر چکے ہیں اس کا طریقہ معلوم ہو کیوں کہ قرآن مجید میں جو کچھ ہے وہ ہدایت اور نور ہے نیز اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندوں کو آگاہی ہے کبھی تو وہ بندوں کو اپنی تقدیس کی پہچان کراتا ہے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ (۱)	آپ فرما دیجئے اللہ تعالیٰ ایک ہے وہ بے نیاز ہے نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور اس کا کوئی ہمسر بھی نہیں۔

بعض اوقات اس کے جلال کی صفات سے آگاہی ہوتی ہے جیسے وہ ارشاد فرماتا ہے۔

اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ۔ (۲)	وہ بادشاہ ہے پاک سلامتی دینے والا امان بخشنے والا، حفاظت فرمانے والا عزت والا، عظمت والا، تکبر والا۔

کبھی وہ اپنے افعال کی پہچان کراتا ہے جو خوف پیدا کرتے یا امید دلاتے ہیں چنانچہ وہ اپنے دشمنوں اور اپنے انبیاء کرام علیہم السلام سے متعلق اپنے طریقے کو یوں بیان کرتا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ اخلاص (مکمل)

(۲) قرآن مجید، سورۃ الحشر آیت ۲۳

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ۔ (۱)

کیا تم نے نہ دیکھا تمہارے رب نے عاد کے ساتھ کیسا کیا وہ ارم حد سے زیادہ طول والے (لمبے قد والے مراد ہیں)

اور ارشاد فرمایا۔

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحَابِ الْفِيْلِ۔ (۲)

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا۔

قرآن پاک میں یہی تین اقسام ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کی تقدیس کی معرفت یا اس کی صفات و اسمائے مبارکہ کی معرفت یا اس کے افعال اور طریقے کی معرفت کی طرف راہنمائی کرنا۔

چونکہ سورۂ اخلاص تین اقسام میں سے ایک قسم پر مشتمل ہے اور وہ تقدیس ہے اس لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے قرآن پاک کا تیسرا حصہ قرار دیا آپ نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ قَرَاءَ سُوْرَةَ الْاِخْلَاصِ فَقَدْ قَرَاءَ ثُلُثَ الْقُرْآنِ۔ (۳)

جس نے سورۂ اخلاص پڑھی اس نے قرآن پاک کا تیسرا حصہ پڑھا۔

کیوں کہ تقدیس کی انتہا یہ ہے کہ وہ تین امور میں یکتا ہو ایک یہ کہ اس سے اس کی کوئی نظیر اور شبیہ حاصل نہ ہو اس پر ارشاد خداوندی "لَمْ یَلِدْ" دلالت کرتا ہے دوسرا یہ کہ وہ خود اپنی مثل اور نظیر سے نہ ہو اس پر ارشاد خداوندی "وَلَمْ یُوْلَدْ" دلالت کرتا ہے تیسرا یہ کہ اس کی اصل و فرع نہ ہونے کے ساتھ ساتھ کوئی بھی اس کے درجہ میں نہ ہو اس پر "وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ" دلالت کرتا ہے اور ان تمام باتوں کو "قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ" میں جمع کیا گیا ہے اور یہ تمام سورت "لا الٰہ الا اللہ" کی تفصیل ہے۔

یہ اسرار قرآن ہیں اور قرآن میں ایسے اسرار بے انتہا ہیں

اور ہر خشک و تر چیز کا ذکر قرآن پاک ہے اسی لیے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

نَوِّرُوا الْقُرْآنَ وَالْتَمِسُوْا غَرَائِبَهٗ فَفِيْهِ عِلْمُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ۔

قرآن مجید سے روشنی حاصل کرو اور اس کے عجائب تلاش کرو کیوں کہ اس میں پہلوں اور پچھلوں کا علم ہے۔

بات اسی طرح ہے جس طرح انہوں نے فرمایا اور اس کی پہچان صرف اسی شخص کو ہو سکتی ہے جو اس کے ایک ایک

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الفجر آیت ۶، ۷

(۲) قرآن مجید، سورۂ فیل آیت ۱

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۴۱۹ مرویات ابو ایوب

کلمے میں خوب غور کرے اور اس کا فہم بھی صاف ہو حتیٰ کہ اس کے لیے ہر کلمہ گواہی دے کہ وہ جبار و قاہر اور مالک و قادر ذات کا کلام ہے نیز وہ انسانی طاقت سے باہر ہے۔

اور اکثر اسرارِ قرآن واقعات اور خبروں کے ضمن میں ہیں لہٰذا تمہیں ان کے حصول کی حرص کرنا چاہیئے تاکہ تمہارے لئے اس کے وہ عجائب منکشف ہوں جن کے سامنے وہ گھڑے ہوئے علوم، ہیچ معلوم ہوں جو اس سے خارج ہیں۔

معنیٰ و انس کے سلسلے میں ہم یہ باتیں ذکر کرنا چاہتے تھے نیز وہ بے تکلفی جو اس کا نتیجہ ہے اور یہ کہ اس سلسلے میں بندوں کے درمیان تفاوت ہے ——— اللہ سبحانہ و تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

فصل ۱۲:

اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر راضی ہونے کا مفہوم، حقیقت اور فضیلت

جاننا چاہیے کہ رضا محبت کے ثمرات میں سے ایک ثمر ہے اور یہ مقربین کا سب سے اعلیٰ مقام ہے اس کی حقیقت اکثر لوگوں پر مخفی ہے اس سلسلے میں جو مشابہت اور ابہام ہے وہ صرف ان لوگوں کے سامنے واضح ہوتا ہے جن کو اللہ تعالیٰ تاویل کا علم اور فہم عطا فرماتا اور دین کی سمجھ مرحمت فرماتا ہے منکر لوگوں نے اس بات سے انکار کیا ہے کہ جو بات مرضی کے خلاف ہو اس پر آدمی راضی ہو پھر انہوں نے کہا کہ اگر ہر چیز پر راضی ہونا ممکن ہوتا کہ وہ اللہ تعالیٰ کا فعل ہے تو کفر اور گناہ پر راضی ہونا چاہیے یہ لوگ دھوکے میں پڑ گئے اور انہوں نے گناہوں اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر راضی ہونے اور اعتراض و انکار کو چھوڑنے کو بھی اللہ تعالیٰ کے فیصلے کو تسلیم کرنا قرار دیا۔

اگر یہ اسرار آدمی پر صرف ظاہری احکام شرع سننے سے کھل جائے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے لیے یہ دعا نہ مانگتے۔

اَللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِی الدِّیْنِ وَعَلِّمْهُ التَّاوِیْلَ (۱) یا اللہ! ان کو دین کی سمجھ اور تاویل کا علم عطا فرما۔

سب سے پہلے ہم رضا کی فضیلت بیان کرتے ہیں پھر اہل رضا کے احوال کی حکایات پھر حقیقت رضا اس کے بعد خواہش کے خلاف رضا کے تصور کی کیفیت بیان کریں گے پھر ان امور کا بیان ہو گا جن کو رضا کی تکمیل قرار دیا جاتا ہے حالانکہ ان کا رضا سے کوئی تعلق نہیں ہوتا جس طرح دعا کو چھوڑ دینا اور گناہوں پر خاموشی اختیار کرنا۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۲۶۶ مرویات ابن عباس

فصل ۱۴:

فضیلتِ رضا

آیات:

ارشاد خداوندی ہے۔

رَضِیَ اللہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ۔ (۱) — اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ تعالیٰ سے راضی ہوئے۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

ھَلْ جَزَاءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ۔ (۲) — اور نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کیا ہے۔

اور احسان کی انتہا اللہ تعالیٰ کا بندے سے راضی ہونا ہے اور یہ بندے کے اللہ تعالیٰ سے راضی ہونے کا ثواب ہے

اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَسَاکِنَ طَیِّبَۃً فِیْ جَنّٰتِ عَدْنٍ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللہِ اَکْبَرُ۔ (۳) — اور ہمیشہ رہنے والے باغات میں پاک گھر ہیں اور اللہ تعالیٰ کی رضا بہت بڑی ہے۔

تو اللہ تعالیٰ نے "جنات عدن" کے مقابلے میں رضا کا مقام بڑھ کر فرمایا جیسے اپنے ذکر کو نماز سے اوپر قرار دیا ارشاد فرمایا۔

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْکَرِ وَلَذِکْرُ اللہِ اَکْبَرُ۔ (۴) — بے شک نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے اور اللہ تعالیٰ کا ذکر اس سے بھی بڑا ہے۔

تو جس طرح اس ذات کا مشاہدہ جس کا نماز میں ذکر ہوتا ہے نماز سے بڑا ہے تو جنت کے مالک کی رضا بھی جنت سے بڑھ کر ہے بلکہ یہ تو جنتیوں کا انتہائی مقصود ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

اِنَّ اللہَ تَعَالٰی یَتَجَلّٰی لِلْمُؤْمِنِیْنَ فَیَقُوْلُ سَلُوْنِیْ فَیَقُوْلُوْنَ رِضَاکَ۔ (۵) — بیشک اللہ تعالیٰ مومنوں کے لیے تجلی فرمائے گا اور ارشاد فرمائے گا مجھ سے سوال کرو تو وہ کہیں گے ہم تیری رضا چاہتے ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ البینہ آیت ۸

(۲) قرآن مجید، سورۃ رحمٰن آیت ۶۰

(۳) قرآن مجید، سورۃ توبہ آیت ۷۲

(۴) قرآن مجید، سورۃ عنکبوت آیت ۴۵

(۵) تذکرۃ الموضوعات ص ۲۲۶ باب امور القیامۃ

تو دیدار کے بعد رضا کا سوال کرنا نہایت ہی فضیلت کا باعث ہے جہاں تک بندے کی رضا کا تعلق ہے تو ہم عنقریب اس کی حقیقت بیان کریں گے۔

جہاں تک اللہ تعالیٰ کا بندے سے راضی ہونا ہے تو اس کا معنی دوسرا ہے اور یہ اس بات کے قریب ہے جو ہم نے اللہ تعالیٰ کی بندے سے محبت کے سلسلے میں لکھی ہے۔

اس کی حقیقت کا انکشاف جائز نہیں کیوں کہ اس بات کو سمجھنے سے لوگوں کے فہم قاصر ہیں اور جو اس پر قادر ہے اس کو بتانے کی ضرورت نہیں خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دیدار سے بڑھ کر کوئی رتبہ نہیں انہوں نے رضا کا سوال اس لیے کیا کہ یہ دائمی دیدار کا سبب ہے گویا انہوں نے اسے سب سے بڑا مقصود اور انتہائی درجہ کی خواہش سمجھا جب وہ دیدار کی لذت سے کامیاب ہوئے اور جب ان کو سوال کرنے کی اجازت دی تو انہوں نے صرف اس کے دوام کا سوال کیا اور جان لیا کہ رضا کی وجہ سے پردہ ہمیشہ کے لیے اٹھ جائے گا۔

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَلَدَيْنَا مَزِيدٌ۔ (۱) اور ہمارے پاس مزید ہے۔

بعض مفسرین نے اس سلسلے میں فرمایا کہ اہل جنت کے پاس وقتِ مزید میں رب العالمین کی طرف سے تین تحفے آئیں گے ان میں سے ایک اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہدیہ ہوگا کہ جنت میں اس کی مثل ان کے پاس نہیں ہوگا اور یہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے۔

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ۔ (۲) پس کسی نفس کو علم نہیں کہ ان کے لیے کون سی چیز مخفی رکھی گئی جو آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔

دوسرا تحفہ ان کے رب کی طرف سے ان کو سلام کا پہنچنا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ۔ (۳) ان پر سلام ہوگا جو رحمت والے رب کی طرف سے فرمایا ہوا۔

اور تیسرا تحفہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہوگا کہ میں تم سے راضی ہوں اور یہ ہدیہ اور سلام سے افضل ہوگا۔ ارشاد خداوندی ہے۔

وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ أَكْبَرُ۔ (۴) اور اللہ تعالیٰ کی رضا سب سے بڑی ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ قٓ آیت ۳۵

(۲) قرآن مجید، سورۂ السجدۃ آیت ۱۷

(۳) قرآن مجید، سورۂ یٰسین آیت ۵۸

(۴) قرآن مجید، سورۂ توبہ آیت ۷۲

یعنی وہ نعمتیں جن میں وہ ہوں تو یہ اللہ تعالیٰ کی رضا کی صورت میں اس کا فضل ہے جو بندے کی رضا کا نتیجہ ہے۔

احادیث:

روایات میں آتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کی ایک جماعت سے پوچھا کہ تم کیا ہو؟ انہوں نے جواب دیا ہم مومن ہیں آپ نے فرمایا تمہارے ایمان کی علامت کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا ہم آزمائش کے وقت صبر کرتے ہیں فراخی کے وقت شکر ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فیصلوں پر راضی رہتے ہیں آپ نے فرمایا رب کعبہ کی قسم! تم مومن ہو۔ (۱)

ایک دوسری روایت میں ہے آپ نے فرمایا۔

حُكَمَاءُ عُلَمَاءُ كَادُوْا مِنْ فِقْهِهِمْ اَنْ يَكُوْنُوْا اَنْبِيَاءَ۔ (۲)

اہل حکمت علماء ہیں قریب ہے کہ وہ اپنی سمجھ کی وجہ سے انبیاء کرام کے مقام تک پہنچ جائیں۔

ایک دوسری حدیث میں ہے۔

طُوْبٰى لِمَنْ هُدِىَ لِلْاِسْلَامِ وَكَانَ رِزْقُهٗ كَفَافًا وَرَضِىَ بِهٖ۔ (۳)

اس شخص کے لیے خوشخبری ہے جس کو اسلام کی ہدایت دی گئی اور ضرورت کے مطابق رزق دیا گیا اور وہ اس پر راضی ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ رَضِىَ مِنَ اللّٰهِ بِالْقَلِيْلِ مِنَ الرِّزْقِ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْهُ بِالْقَلِيْلِ مِنَ الْعَمَلِ۔ (۴)

جو شخص اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملنے والے تھوڑے رزق پر راضی ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے تھوڑے عمل پر راضی ہوتا ہے۔

آپ نے ارشاد فرمایا۔

اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ تَعَالٰى عَبْدًا اِبْتَلَاهُ فَاِنْ صَبَرَ اِجْتَبَاهُ فَاِنْ

اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اس کی آزمائش کرتا پس اگر وہ صبر کرے تو اسے چن لیتا

---

(۱) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۱۱ ص ۱۵۳ حدیث ۱۲۳۶۱

(۲) البدایہ والنہایہ جلد ۵ ص ۹۴ فصل فی قدوم الازد

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۱۹ مرویات فضالہ ابن عبید۔

(۴) العلل المتناہیہ جلد ۲ ص ۲۳۱ حدیث ۱۳۴۷

رَضِيَ اِصْطَفَاهُ۔ (۱)　　ہے اور اگر وہ راضی ہو تو اسے منتخب بندہ بناتا ہے۔

آپ نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جب قیامت کا دن ہو گا تو اللہ تعالیٰ میری امت کی ایک جماعت کے پر پیدا کرے گا چنانچہ وہ اپنی قبروں سے اُڑ کر جنت میں چلے جائیں گے اور جیسے چاہیں گے مزے اُڑائیں گے فرشتے ان سے پوچھیں گے کہ کیا تم حساب دیکھ چکے ہو؟ وہ کہیں گے ہم نے حساب نہیں دیکھا فرشتے پوچھیں گے تمہارا تعلق کس امت سے ہے؟ وہ کہیں گے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت سے تعلق ہے فرشتے کہیں گے ہم تمہیں قسم دے کر کہتے ہیں کہ ہمیں بتائیے دنیا میں کیا عمل کرتے تھے وہ کہیں گے ہمارے اندر دو خصلتیں تھیں اس لیے ہم اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس مقام تک پہنچے فرشتے پوچھیں گے وہ کیا خصلتیں ہیں؟ وہ کہیں گے جب ہم علیحدگی میں ہوتے تھے کہ تو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے حیا کرتے تھے۔ اور تھوڑے مال پر راضی ہوتے تھے جو ہمارے لیے مقدر کیا گیا تھا فرشتے کہیں گے اس لیے تم اس بات کے مستحق تھے۔ (۲)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

يَا مَعْشَرَ الْفُقَرَاءِ اَعْطُوا اللّٰهَ الرِّضَا مِنْ قُلُوْبِكُمْ تَظْفَرُوْا بِثَوَابِ فَقْرِكُمْ وَاِلَّا فَلَا۔ (۳)

اے فقراء کے گروہ! اگر تم اپنے دلوں سے اس چیز پر راضی ہو جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں عطا کیا ہے تو اپنے فقر کا ثواب پاؤ گے ورنہ نہیں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اخبار میں ہے کہ بنی اسرائیل نے ان سے عرض کیا کہ اپنے رب سے سوال کریں کہ وہ ہمیں ایسا کام بتائے جس کے کرنے سے وہ ہم پر راضی ہو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بارگاہ خداوندی میں عرض کیا الٰہی! جو کچھ یہ کہتے ہیں وہ تو نے سن لیا اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے موسیٰ علیہ السلام! آپ ان سے فرمادیں کہ وہ مجھ سے راضی ہوں اور میں ان سے راضی ہوں۔

اس بات کی شہادت اس روایت سے ملتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَعْلَمَ مَا لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ فَلْيَنْظُرْ مَا لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ عِنْدَهُ فَاِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يُنْزِلُ الْعَبْدَ مِنْهُ حَيْثُ

جو شخص یہ بات معلوم کرنا چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کے لیے کیا ہے تو وہ دیکھے کہ اس کے پاس اللہ تعالیٰ کے لیے کیا ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ بندے کو اپنے ہاں وہ مقام

---

(۱) الفردوس بماثور الخطاب جلد اول ص ۱۵۷ حدیث ۱۷۹

(۲) الاحادیث الضعیفۃ الموضوعۃ جلد ۲ ص ۴ حدیث ۵۰۷

(۳) کنز العمال جلد ۶ ص ۴۸۵ حدیث ۱۶۶۵۵

أَنْزَلَهُ الْعَبْدُ مِنْ نَفْسِهٖ۔ (۱) دیتا ہے جو مقام بندے نے اپنے ہاں اللہ تعالیٰ کو دیا ہے۔

حضرت داؤد علیہ السلام کے اخبار میں ہے کہ میرے اولیاء کو دنیا کی فکر سے کیا کام؟ دنیوی غم میرے ساتھ مناجات کی حلاوت ان کے دلوں سے ختم کر دیتا ہے اے داؤد علیہ السلام میں اپنے اولیاء سے اس لیے محبت کرتا ہوں کہ وہ رُوحانی ہوں اور کچھ غم نہ کریں۔

ایک روایت میں ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا اے میرے رب! کسی ایسے کام پر میری راہنمائی فرما جس میں تیری رضا ہے کہ میں اس پر عمل کروں تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی کہ میری رضا اس کام میں ہے جو آپ کو ناپسند ہو اور آپ ایسے عمل پر صبر نہیں کرتے آپ نے عرض کیا یا اللہ وہ کیا بات ہے فرمایا میری رضا اس بات میں ہے کہ آپ میرے فیصلے پر راضی ہوں (۲)

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مناجات کے دوران بارگاہ خداوندی میں عرض کیا اے میرے رب المخلوق میں سے کون تجھے زیادہ پسند ہے؟ فرمایا وہ شخص کہ جب میں اس کے محبوب کو لے جاؤں تو وہ مجھ سے متفق ہو، عرض کیا مخلوق میں سے کس پر تو ناراض ہوتا ہے؟ فرمایا وہ لوگ جو کسی کام میں مجھ سے خیر طلب کرتے ہیں پھر جب میں فیصلہ کروں تو وہ میرے فیصلے پر ناراض ہوتے ہیں اور اس سے بھی سخت بات مروی ہے وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

أَنَا اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنَا مَنْ لَمْ يَصْبِرْ عَلٰى بَلَائِيْ وَلَمْ يَشْكُرْ نَعْمَائِيْ وَلَمْ يَرْضَ بِقَضَائِيْ فَلْيَتَّخِذْ رَبًّا سِوَائِيْ۔ (۳)

میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں جو شخص میری آزمائش پر صبر نہیں کرتا اور میری نعمتوں پر شکر نہیں کرتا نیز میری قضا پر راضی نہیں ہوتا وہ میرے علاوہ کسی کو رب بنا لے۔

اسی قسم کی حدیث قدسی میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

قَدَّرْتُ الْمَقَادِيْرَ وَدَبَّرْتُ التَّدْبِيْرَ وَأَحْكَمْتُ الصُّنْعَ فَمَنْ رَضِيَ فَلَهُ الرِّضَا مِنِّيْ حَتّٰى يَلْقَانِيْ وَمَنْ سَخِطَ فَلَهُ السُّخْطُ مِنِّيْ حَتّٰى يَلْقَانِيْ۔ (۴)

میں نے سب مقداریں مقرر کیں تدبیر فرمائی اور اس کام کو مضبوط کیا پس جو راضی ہوا اس کے لیے میری طرف سے رضا ہے کہ وہ مجھ سے ملاقات کرے اور جو ناراض ہوا اس پر میری ناراضگی یہاں تک کہ وہ مجھ سے ملاقات کرے۔

---

(۱) تاریخ ابن عساکر جلد ۲ ص ۲۸۹ من اسمہ ابراہیم بن محمد

(۲) شعب الایمان جلد ۲ ص ۳۰۸ حدیث ۱۸۹۴

(۳) تاریخ ابن عساکر جلد ۶ ص ۱۲۸ من اسمہ سعید بن زیاد

(۴) تذکرۃ الموضوعات ص ۱۸۹ باب الاخلاق المحمودۃ

ایک مشہور حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

خَلَقْتُ الْخَيْرَ وَالشَّرَّ فَطُوْبٰى لِمَنْ خَلَقْتُهٗ لِلْخَيْرِ وَاَجْرَيْتُ الْخَيْرَ عَلٰى يَدَيْهِ وَوَيْلٌ لِمَنْ خَلَقْتُهٗ لِلشَّرِّ وَاَجْرَيْتُ الشَّرَّ عَلٰى يَدَيْهِ وَوَيْلٌ ثُمَّ وَيْلٌ لِمَنْ قَالَ لِمَ وَكَيْفَ۔ (۱)

میں نے خیر شر کو پیدا کیا پس اس کے لیے خوشخبری ہے جسے میں نے خیر کے لیے پیدا کیا اور اس کے ہاتھوں پر خیر کو جاری کیا اور اس کے لیے خرابی ہے جسے میں نے شر کے لیے پیدا کیا اور ہلاکت پر ہلاکت ہے اس کے لیے جو "کیوں اور کیسے" کے چکر میں پڑتا ہے (یعنی چون وچرا کرتا ہے)

گذشتہ امتوں کے واقعات میں ہے کہ ایک نبی علیہ السلام نے دس سال اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بھوک، محتاجی اور جوؤں کی شکایت کی لیکن جو کچھ انہوں نے چاہا اس کا جواب نہ ملا پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ کب تک شکایت کرتے رہو گے؟ ہمارے نزدیک تمہارا حال لوح محفوظ میں زمین و آسمان کی پیدائش سے پہلے کا اسی طرح لکھا ہوا ہے اور میری طرف سے اسی طرح لکھا گیا ہے میں نے دنیا کو پیدا کرنے سے پہلے تمہارے بارے میں اسی طرح فیصلہ کیا ہے کیا تم چاہتے کہ میں تمہارے لیے دنیا کی تخلیق کو بدل دوں

یا تم چاہتے کہ جو کچھ میں نے تمہارے لیے مقدر کیا ہے اسے بدل دوں پس جو کچھ تم چاہتے ہو وہ میرے چاہے ہوئے سے اوپر ہو مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم اگر آپ کے دل میں دوبارہ یہ خیال آیا تو میں نبوت کے رجسٹر سے آپ کا نام نکال دوں گا۔

ایک روایت میں ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کا کوئی چھوٹا بچہ آپ کے جسم پر چڑھتا اترتا آپ کی پسلیوں پر پاؤں رکھ کر سیڑھیوں کی طرح آپ کے سر کی طرف جاتا پھر پسلیوں کی طرف اترتا اور آپ نے سر جھکایا ہوتا نہ بولتے اور نہ سر اٹھاتے آپ کے کسی دوسرے صاحبزادے نے کہا ابا جان! آپ کو معلوم نہیں یہ کیا کرتا ہے اگر آپ اس کو روکیں تو اچھا ہے۔

آپ نے فرمایا اے بیٹے! جو کچھ میں دیکھتا ہوں وہ تم نہیں دیکھتے اور جو کچھ میں جانتا ہوں وہ تم نہیں جانتے میں نے ایک حرکت کی تو میں عزت والے مقام سے نیچے آگیا اور نعمتوں والی جگہ سے بدبختی کی جگہ آگیا مجھے ڈر ہے کہ اگر میں نے دوبارہ کوئی ایسا کام کیا تو معلوم نہیں کیا مصیبت آجائے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے دس سال تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کی تو آپ

---

(۱) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۱۲ص ۲۰۷، حدیث ۲۷۹۷.

نے کبھی کسی کام کے بارے میں جو میں نے کیا یہ نہیں فرمایا کہ تم نے ایسا کیوں کیا اور نہ کسی کام کے بارے میں یہ فرمایا جو میں نے نہ کیا ہو کہ تم نے کیوں نہیں کیا۔ اور جو ہوا اس کے بارے میں نہیں فرمایا کہ کاش ایسا نہ ہوتا اور جو کچھ نہ ہوا اس کے بارے میں نہیں فرمایا کہ کاش ایسا نہ ہوتا اور جو کچھ نہ ہوا اس کے بارے میں یہ نہ فرمایا کہ کاش ایسا ہو جاتا اور اگر آپ کے گھر والوں میں سے کوئی مجھ سے جھگڑتا تو آپ فرماتے۔

دَعُوهُ لَوْ قُضِيَ شَيْءٌ لَكَانَ۔ اس کو چھوڑ دو اگر کسی کام کا فیصلہ ہو چکا ہوتا تو وہ کام ہو جاتا۔ (۱)

اور مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ اے داؤد! تم بھی ایک بات چاہتے ہو اور میں بھی چاہتا ہوں اور ہوگا وہی جو میں چاہتا ہوں اور اگر آپ میرے چاہے ہوئے کو تسلیم کریں تو میں آپ کی خواہش کے لیے کفایت کروں گا اور اگر میرے ارادے کے مطابق فیصلے کو قبول نہ کریں تو میں آپ کو آپ کی خواہش کے سلسلے میں مشقت میں ڈالوں گا۔ پھر ہوگا وہی جو میں چاہتا ہوں۔

آثار:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں قیامت کے دن جنت کی طرف سب سے پہلے ان لوگوں کو بلایا جائے گا جو ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ فرماتے ہیں مجھے سوائے تقدیر کے مواقع کے کوئی خوشی نہیں رہی آپ سے پوچھا گیا کہ آپ کیا چاہتے ہیں؟ فرمایا اللہ تعالیٰ جو فیصلہ فرمائے۔

حضرت میمون بن مہران رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر راضی نہ ہو اس کی بیوقوفی کا کوئی علاج نہیں۔

حضرت فضیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں اگر تم اللہ تعالیٰ کی تقدیر پر صبر نہیں کر سکتے تو اپنے نفس کی تقدیر پر بھی صبر نہیں کر سکتے۔

حضرت عبدالعزیز بن ابورواد رحمہ اللہ فرماتے ہیں جَو کی روٹی سرکے کے ساتھ کھانے اور اُونی کپڑے پہننے میں کوئی شان نہیں بلکہ شان اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہنے میں ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر میں چنگاری چاٹوں حتیٰ کہ وہ مجھے جلا دے جو کچھ جلانا ہے اور باقی چھوڑے جو چھوڑنا ہے تو یہ بات مجھے اس سے بات سے زیادہ پسند ہے کہ جو کچھ ہو چکا میں اس کے بارے میں کہوں کہ کاش ایسا نہ ہوتا یا جو کچھ نہیں ہوا اس کے بارے میں کہوں کہ کاش ایسا ہو جاتا۔

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۱۶ کتاب علامات النبوۃ

ایک شخص نے حضرت محمد بن واسع رحمہ اللہ کے پاؤں میں زخم دیکھ کر فرمایا مجھے اس زخم کی وجہ سے آپ پر رحم آتا ہے آپ نے فرمایا جب سے یہ زخم لگا ہے میں شکر کرتا ہوں کہ یہ میری آنکھ میں نہیں ہوا اسرائیلی روایات میں ہے کہ ایک عابد نے طویل عرصہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کی تو اس کو خواب میں دکھایا گیا کہ فلاں عورت جو بکریاں چراتی ہے جنت میں تمہاری ساتھی ہوگی اس نے اس کے بارے میں پوچھ گچھ کی یہاں تک کہ اسے پالیا اس کو تین دن تک مہمان بنائے رکھا تاکہ اس کا عمل دیکھ سکے تو وہ رات کو کھڑا عبادت کرتا جب کہ وہ عورت سو جاتی وہ دن بھر روزہ رکھتا اور یہ روزے کے بغیر ہوتی اس نے پوچھا کیا تو اس کے علاوہ بھی کوئی عمل کرتی ہے؟ اس نے کہا یہی ہے جو تم نے دیکھا مجھے اس کے علاوہ کسی عمل کا پتہ نہیں وہ مسلسل کہتا رہا کہ یاد کرو حتیٰ کہ اس عورت نے کہا میرے اندر ایک خصلت ہے وہ یہ کہ جب میں سختی کی حالت میں ہوں تو اچھی حالت کی تمنا نہیں کرتی اور اگر بیمار ہوں تو صحت کی خواہش نہیں کرتی سورج میں ہوں تو سائے میں ہونے کی تمنا نہیں کرتی۔ یہ سن کر عابد نے اپنا ہاتھ اس کے سر پر رکھا اور کہا کیا یہ چھوٹی سی خصلت ہے اللہ کی قسم یہ بہت بڑی خصلت ہے جس سے عبادت گزار بندے بھی عاجز ہیں۔

بعض بزرگ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ جب آسمان میں کوئی فیصلہ فرماتا ہے تو وہ چاہتا ہے کہ زمین والے اس پر راضی ہوں۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایمان کی سربلندی اللہ تعالیٰ کے حکم پر صبر کرنا اور تقدیر پر راضی رہنا ہے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے اس بات کی پرواہ نہیں کہ میں کس حال میں صبح اور شام کرتا ہوں سختی میں یا خوشحالی میں۔

ایک دن حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ نے حضرت رابعہ رحمہا اللہ کے پاس یوں کہا اے اللہ ہم سے راضی ہو جاؤ۔ حضرت رابعہ نے فرمایا کیا آپ کو اللہ تعالیٰ سے حیا نہیں آتا کہ اس سے رضا کا مطالبہ کر رہے ہیں انہوں نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرتا ہوں حضرت جعفر بن سلیمان ضبعی رحمہ اللہ نے پوچھا کہ بندہ اللہ تعالیٰ سے کب راضی ہوتا ہے؟ حضرت رابعہ نے فرمایا جب وہ مصیبت پر بھی اسی طرح خوش ہو جس طرح وہ نعمت پر خوش ہوتا ہے۔

حضرت فضیل رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ جب بندے کے نزدیک منع اور عطا برابر ہوں تو وہ اللہ تعالیٰ سے راضی ہے۔

حضرت احمد بن ابو الحواری رحمہ اللہ فرماتے ہیں حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اپنے بندوں سے اسی بات پر راضی ہو جاتا ہے جس بات پر غلام اپنے آقاؤں سے راضی ہوتے ہیں۔

حضرت احمد فرماتے ہیں میں نے پوچھا یہ کس طرح ہوتا ہے؟ فرمایا کیا مخلوق میں سے جو غلام ہیں ان کی مراد یہ نہیں ہوتی کہ ان کا مولیٰ ان پر راضی ہو؟ میں نے کہا ہاں ایسا ہی ہوتا ہے فرمایا بندوں سے اللہ تعالیٰ کی محبت یہ ہے کہ وہ اس سے راضی ہوں۔

حضرت سہل رحمہ اللہ فرماتے ہیں بندوں کو یقین میں سے اسی قدر حصہ ملتا ہے جس قدر ان کو رضا سے حصہ ملتا ہے اور رضا سے ان کا حصہ اسی قدر ہوتا ہے جس قدر وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ زندگی گزارتے ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ بِحِكْمَتِهِ وَجَلَالِهِ جَعَلَ الرَّوْحَ وَالْفَرَحَ فِي الرِّضَا وَالْيَقِينِ وَجَعَلَ الْغَمَّ وَالْحُزْنَ فِي الشَّكِّ وَالسُّخْطِ" (۱)

اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت وجلال سے خوشی اور راحت رضا اور یقین میں رکھی ہے اور غم وحزن کو شک اور ناراضگی میں رکھا ہے۔

فصل نمبر ۱۴:

رضا کی حقیقت اور خواہش کے خلاف اس کا تصور

جو لوگ کہتے ہیں کہ خواہش کے خلاف امور اور مختلف مصیبتوں میں صرف صبر ہوسکتا ہے رضا کا تصور نہیں ہوسکتا گویا وہ لوگ محبت کا انکار کرتے ہیں لیکن جب اللہ تعالیٰ کے لئے محبت کا تصور اور تمام ہمت کا اس میں مستغرق ہونا ثابت ہو جائے تو اس بات میں کوئی پوشیدگی نہیں کہ محبت محبوب کے کاموں پر راضی ہونے کا باعث ہے اور یہ دو طریقوں سے ہوتا ہے۔

۱۔ تکلیف کا احساس ختم ہو جائے حتیٰ کہ اس پر کوئی تکلیف دِہ بات آئے تو اس کا احساس نہ ہو اور کوئی زخم پہنچے تو اس کا ادراک بھی نہ ہو اس کی مثال یہ ہے کہ لڑنے والے شخص کو غصے یا خوف کی حالت میں زخم پہنچے تو وہ محسوس نہیں کرتا حتیٰ کہ جب وہ خون دیکھتا ہے تو اسے زخم کا علم ہوتا ہے۔ بلکہ اگر کوئی شخص کسی معمولی سے کام میں مشغول ہو جاتا ہے اور اس کے پاؤں میں کانٹا چبھ جاتا ہے تو دل کی مشغولیت کی وجہ سے اسے اس کا احساس نہیں ہوتا۔ بلکہ جو شخص سینگی لگواتا (خون نکلواتا) ہے یا استرے سے سر منڈواتا ہے تو اس سے آدمی کو ایذا پہنچتی ہے لیکن جب دل ٹھکانے میں نہ ہو اور کسی دوسری طرف مشغول ہو تو خون نکالنے والا اور حجام فارغ ہو جاتا ہے لیکن اس کو پتہ نہیں چلتا۔ اور یہ سب باتیں اس لیے ہیں کہ جب دل کسی بات میں مشغول ہوتا ہے اور مکمل طور پر اس میں مستغرق ہوتا ہے تو دوسری کسی بات کا ادراک نہیں ہوتا۔

اسی طرح عاشق جو اپنے معشوق کے مشاہدے میں مکمل طور پر مستغرق ہوتا ہے یا اس کی محبت کا شکار ہوتا ہے تو بعض اوقات وہ اذیت محسوس کرتا ہے یا غمگین ہوتا ہے اگر وہ عشق میں مبتلا نہ ہو لیکن دل پر محبت کے بہت زیادہ غلبے کی وجہ سے اسے غم واندوہ کا ادراک نہیں ہوتا۔ یہ تو اس صورت میں ہے جب اسے تکلیف محبوب کے غیر کی طرف سے پہنچے تو جب محبوب کی طرف سے پہنچے تو کیا کیفیت ہوگی اور دل کا محبت اور عشق میں مشغول ہونا سب سے اہم

---

(۱)

مصروفیت ہے اور جب خفیف محبت کے باعث تھوڑی سی تکلیف کے سلسلے اس بات کا تصور ہو سکتا ہے تو بڑی محبت کے باعث بہت بڑی تکلیف کے سلسلے میں بھی اس کا تصور ہو سکتا ہے اس لیے کہ جس طرح تکلیف کا بڑھنا ممکن ہے اسی طرح محبت کا بڑھنا بھی ممکن ہے اور جس طرح آنکھ سے دکھائی دینے والی خوبصورت چیزوں کی محبت مضبوط ہوتی ہے اسی طرح ان خوبصورت چیزوں کی محبت بھی قوی ہوتی ہے جن کا ادراک باطنی نگاہ سے ہوتا ہے جو نورِ بصیرت سے ہے اور اللہ تعالیٰ کے جلال و جمال پر کسی دوسرے جلال و جمال کو قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ پس جس کے لیے یہ منکشف ہو جائے تو تعجب نہیں کہ وہ مدہوش ہو کر بے ہوش ہو جائے اور اس پر جو کچھ جاری ہو اس کا احساس نہ ہو سکے چنانچہ منقول ہے کہ حضرت فتح موصلی رحمہ اللہ کی زوجہ گر پڑیں تو ان کا ناخن ٹوٹ گیا اس پر وہ ہنس پڑیں پوچھا گیا کیا آپ کو تکلیف نہیں ہوتی؟ اس نے کہا اس کے ثواب کی لذت نے مجھ سے درد کی کڑواہٹ کو زائل کر دیا گیا ہے۔

حضرت سہل رحمہ اللہ کو ایک بیماری لاحق تھی تو آپ دوسروں کو لاحق اس بیماری کا علاج کرتے لیکن اپنا علاج نہیں کرتے تھے اس سلسلے میں آپ سے پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا اے دوست! محبوب کے مارنے سے درد نہیں ہوتا۔

۲۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اس درد کا ادراک ہو لیکن وہ اس پر راضی ہو بلکہ وہ اس میں رغبت رکھتا ہو اور عقل کی بنیاد پر اس کا ارادہ کرے اگرچہ اس کی طبیعت پر گراں گزرے جیسے کوئی شخص رگ کھلوانا اور خون نکلوانا چاہتا ہے تو وہ اس کا درد محسوس کرتا ہے لیکن وہ اس پر راضی ہوتا اور اس میں رغبت رکھتا ہے اور رگ کھولنے والے کا احسان مند ہوتا ہے۔ تو جس کو تکلیف پہنچتی ہے اس کا بھی یہی حال ہے۔

اسی طرح جو شخص نفع طلب کرتا ہے وہ سفر کی مشقت بھی برداشت کرتا ہے لیکن سفر کے نتائج کی محبت اس کے نزدیک سفر کی مشقت سے زیادہ خوشگوار ہوتی ہے اور وہ اس پر راضی ہوتا ہے تو جب اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی آزمائش پہنچے اور اسے یقین ہو کہ اس کے لیے جو ثواب رکھا گیا ہے وہ اس فوت شدہ چیز سے زیادہ ہے تو وہ اس پر راضی ہوتا ہے اس میں رغبت رکھتا ہے اور اس کو پسند کرتے ہوئے اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہے۔ اور یہ اس وقت ہے جب وہ ثواب اور احسان کا لحاظ رکھے جو اس مصیبت کے بدلے میں اسے ملتا ہے۔

اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ محبت غالب ہو اور اس کا مقصود محبوب کی مراد اور رضا کے سوا کچھ نہ ہو اور یہ سب باتیں مخلوق کی محبت میں مشاہدے میں آئی ہیں اور وصف کرنے والوں نے نظم و نثر میں اس بات کو بیان کیا ہے اور اس کا مطلب صرف آنکھ سے ظاہری صورت کے جمال کو دیکھنا ہے اور جمالِ ظاہری کا حال تو یہ ہے کہ وہ چمڑہ، گوشت اور خون ہے جس میں نجاست ملی ہوئی ہے اس کا آغاز ناپاک نطفہ ہے جب کہ اس کا انجام ناپاک مردار ہے درمیان میں وہ پاخانہ اٹھائے پھرتا ہے اور اگر دیکھنے والے کو دیکھو تو آنکھ خسیس ہے جو اکثر دھوکہ کھاتی ہے چھوٹی چیز کو بڑی اور بڑی کو چھوٹی سمجھتی ہے اسی طرح دور والی چیز کو قریب سمجھتی ہے اور بدصورت کو خوبصورت قرار دیتی ہے۔

تو جب اس حالت میں محبت کا غلبہ مقصود ہوتا ہے تو ازلی، ابدی جمال جس کے کمال کی کوئی انتہا نہیں اور اس کا ادراک بصیرت کی آنکھ سے ہوتا ہے نہ اس میں غلطی کا امکان ہے اور نہ ہی موت اس کے گرد بھٹکتی ہے بلکہ وہ موت کے بعد بھی اللہ تعالیٰ کے ہاں زندہ رہتی اور اللہ تعالیٰ کے رزق پر خوش ہوتی ہے اور موت کی وجہ سے زیادہ تنبیہ اور کشف ہوتا ہے تو اس محبت میں ایسی کیفیت کا پیدا ہونا کیسے محال ہوگا۔

اگر اس بات کو غور و فکر کی نگاہ سے دیکھا جائے تو یہ واضح ہے اس کا پایا جانا اور محبت کرنے والوں کے احوال و اقوال اس پر شاہد ہیں۔ حضرت شفیق بلخی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص سختی کا ثواب دیکھ لیتا ہے وہ اس سے نکلنے کی خواہش نہیں رکھتا۔

حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت سری سقطی رحمہ اللہ سے پوچھا کہ کیا محب کو تکلیف کا احساس ہوتا ہے؟ فرمایا نہیں میں نے کہا اگرچہ اسے تلوار سے مارا جائے؟ فرمایا ہاں اگرچہ اسے تلوار کے ساتھ ستر مرتبہ مارا جائے اور ضرب لگائی جائے۔

اور بعض بزرگوں نے فرمایا کہ میں ہر اس چیز سے محبت کرتا ہوں جو اللہ تعالیٰ کو پسند ہو حتیٰ کہ اگر وہ جہنم کو پسند کرتا تو میں جہنم میں داخل ہونے کو پسند کرتا۔

حضرت بشر بن حارث رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں ایک آدمی کے پاس سے گزرا جس کو بغداد کے محلہ شرقیہ میں ایک ہزار کوڑے مارے گئے تھے لیکن اس نے کوئی بات نہ کی پھر اسے قید خانے کی طرف لے جایا گیا تو میں اس کے پیچھے چلا میں نے پوچھا تمہیں کیوں مارا گیا؟ اس نے کہا اس لیے کہ میں عاشق ہوں میں نے پوچھا تم خاموش کیوں رہے؟ اس نے کہا اس لیے کہ میرا محبوب میرے سامنے تھا اور مجھے دیکھتا تھا میں نے کہا اگر تم سب سے بڑے محبوب کو دیکھو تو کیسا ہے؟ فرماتے ہیں یہ سن کر اس نے ایک چیخ ماری اور گر کر مر گیا۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رازی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب اہل جنت اللہ تعالیٰ کا دیدار کریں گے تو ان کی آنکھیں دلوں میں چلی جائیں گی اور آٹھ سو سال تک واپس نہیں آئیں گی تو ان دلوں کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے جو اس کے جمال و جلال کے درمیان پڑے ہوئے ہیں اور جب اس کے جمال کو دیکھتے ہیں تو پریشان ہوتے ہیں۔

حضرت بشر رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے سلوک کے آغاز میں جزیرہ عبادان کا ارادہ کیا تو میں نے وہاں ایک آدمی دیکھا جو نابینا بھی تھا، کوڑھی بھی اور مجنون بھی اور مرگی کا شکار تھا چیونٹیاں اس کے جسم کو کھا رہی تھیں میں نے اس کا سر اٹھا کر اپنی گود میں رکھ لیا اور کچھ بولتا رہا جب اسے ہوش آیا تو اس نے کہا یہ کون فضول شخص ہے جو میرے اور میرے رب کے درمیان مداخلت کر رہا ہے اگر وہ میرا ایک ایک جوڑ کاٹ دے تو میری محبت میں اضافہ ہوگا۔ حضرت بشر رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے اس کے بعد جب بھی بندے اور اس کے رب کے درمیان کوئی اذیت دیکھی تو مجھے بُرا معلوم

نہیں ہوا۔

حضرت ابوعمرو محمد بن اشعث رحمہ اللہ فرماتے ہیں اہل مصر کو چار مہینے تک غذا نہ ملی صرف حضرت یوسف علیہ السلام کے حسن وجمال کا دیدار کر کے بھوک کا ازالہ کرتے انہیں جب بھی بھوک لگتی آپ کا دیدار کر لیتے تو آپ کے جمال میں مشغولیت کی وجہ سے ان کو بھوک کی تکلیف محسوس نہ ہوتی بلکہ قرآن پاک میں اس سے بھی زیادہ معاملہ مذکور ہے یعنی مصر کی عورتوں نے جمال یوسفی پر فریفتہ ہو کر اپنے ہاتھ کاٹ لیے لیکن ان کو احساس تک نہ ہوا۔

حضرت سعید بن یحییٰ رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے بصرہ میں حضرت عطا بن مسلم کی سرائے میں ایک نوجوان کو دیکھا اس کے ہاتھ میں چھرا تھا، وہ بلند آواز سے پکار رہا تھا اور لوگ اس کے گرد جمع تھے۔ وہ کہتا تھا۔

يَوْمَ الْفِرَاقِ مِنَ الْقِيَامَةِ أَطْوَلُ وَالْمَوْتُ مِنْ
أَلَمِ التَّفَرُّقِ أَجْمَلُ قَالُوا الرَّحِيلُ فَقُلْتُ
لَسْتُ بِرَاحِلٍ لٰكِنْ مُهْجَتِي الَّتِي تَتَرَحَّلُ

جدائی کا دن قیامت سے بھی زیادہ لمبا ہے اور اس جدائی سے موت اچھی ہے انہوں نے کہا یہ کوچ کرنا ہے میں نے کہا میرا کوچ نہیں بلکہ یہ تو میری زندگی کا سفر ہے

پھر اس نے چھری سے اپنا پیٹ چیرا اور مر گیا میں نے اس کے بارے میں اور اس کے واقعہ سے متعلق پوچھا تو مجھے بتایا گیا کہ وہ بادشاہ کے ایک غلام پر عاشق تھا جو اس سے صرف ایک دن غائب رہا۔

مروی ہے کہ حضرت یونس علیہ السلام نے حضرت جبریل علیہ السلام سے فرمایا کہ مجھے زمین میں سب بڑی عبادت گاہ کے بارے میں بتائیے انہوں نے ایک آدمی بتایا کہ کوڑھ کی وجہ سے اس کے ہاتھ پاؤں کٹ چکے تھے اور بینائی بھی چلی گئی تھی انہوں نے سنا وہ کہہ رہا تھا یا اللہ! جب تک تو نے چاہا مجھے ان چیزوں سے نفع دیا اور جب چاہا مجھ سے ان کو لے لیا۔ اے نیکی کا اچھا بدلہ دینے والے اور مطلب تک پہنچانے والے! اپنی ذات میں میری امید کو باقی رکھنا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ان کا ایک صاحبزادہ بیمار ہو گیا تو آپ کو اس کا بہت دکھ ہوا حتیٰ کہ بعض لوگوں نے کہا ہمیں ڈر ہوا کہ کہیں اس بچے کی وجہ سے آپ کو کچھ ہو نہ جائے چنانچہ وہ صاحبزادے انتقال کر گئے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جنازے کے ساتھ تشریف لے گئے آپ کو اس وقت جس قدر خوشی تھی کبھی کسی کو نہ ہوئی ہوگی آپ سے اس کی وجہ پوچھی گئی تو فرمایا میرا غم اس پر رحمت و شفقت کی وجہ سے تھا جب اللہ تعالیٰ کا حکم آ گیا تو ہم راضی ہو گئے۔

حضرت مسروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جنگل میں ایک شخص تھا جس کے پاس کتا، گدھا اور مرغ تھا، مرغ ان کو نماز کے لیے جگاتا گدھا ان کے لیے پانی لاتا اور ان کے خیمے اٹھا کر لے جاتا جب کہ کتا ان کی حفاظت کرتا فرماتے ہیں ایک لومڑی آئی اور مرغ کو اٹھا کر لے گئی ان لوگوں کو اس بات کا بہت دکھ ہوا وہ شخص نیک تھا کہنے لگا ہو سکتا ہے اس میں بھلائی ہو پھر بھیڑیا آیا اور اس نے گدھے کا پیٹ پھاڑ کر اسے ہلاک کر دیا گھر والوں کو اس کا دکھ ہوا لیکن اس نے

کیا ہو سکتا ہے اس میں بھلائی ہو پھر اس کے بعد کتا مر گیا اس نے کہا ممکن ہے اس میں بہتری ہو، پھر ایک دن وہ اٹھے تو دیکھا کہ ان کے ارد گرد کے سب لوگوں کو قید کر لیا گیا اور وہ محفوظ رہے اس نے کہا وہ اس لیے پکڑے گئے کہ ان کے پاس کتوں گدھوں اور مرغوں کی آوازیں تھیں تو تقدیر خداوندی کے مطابق ان لوگوں کو ان حیوانات کی ہلاکت سے فائدہ ہوا۔

پس جو شخص اللہ تعالیٰ کے پوشیدہ لطف و کرم کو جان لیتا ہے وہ ہر حال میں اس کے فعل پر راضی ہوتا ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک ایسے آدمی کے پاس سے گذرے جو اندھا بھی تھا، برص کی بیماری میں بھی مبتلا تھا، اپاہج بھی تھا اور دونوں طرف سے فالج زدہ بھی تھا کوڑھ کی وجہ سے اس کا گوشت بکھر چکا تھا اور وہ کہہ رہا تھا اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے مجھے اس چیز سے بچایا جس میں اپنی مخلوق میں سے بے شمار لوگوں کو مبتلا کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اس سے پوچھا اے فلاں! وہ کونسی آزمائش ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے تجھ سے دور رکھا؟ اس نے کہا اے روح اللہ! میں اس شخص سے بہتر ہوں جس کے دل میں اللہ تعالیٰ نے اپنی معرفت نہیں ڈالی جب کہ میرے دل میں ڈالی ہے آپ نے فرمایا تم نے سچ کہا اپنا ہاتھ لاؤ اس نے ہاتھ پکڑایا تو اس کا چہرہ نہایت خوبصورت اور باقی شکل بھی اچھی ہو گئی اور اللہ تعالیٰ اس کی تمام تکلیف دور کر دے گیا چنانچہ اس نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی صحبت اختیار کر لی اور عبادت کرنے لگا۔

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو خارش تھی تو آپ نے اپنا پاؤں گھٹنے سے کٹوایا پھر فرمایا اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے ایک پاؤں لے لیا یا اللہ! تیری قسم ہے اگر تو ایک پاؤں لے گی تو دوسرا باقی بھی رکھا ہے اگر تو نے آزمائش میں ڈالا ہے تو عافیت بھی عطا فرمائی ہے پھر اس رات یہی وظیفہ پڑھتے رہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ فقر اور مالداری دو سواریاں ہیں مجھے اس بات کی کوئی پرواہ نہیں کہ میں کس پر سوار ہوتا ہوں اگر فقر ہو تو میں صبر کرتا ہوں اور اگر مالداری ہو خرچ کرتا ہوں۔

حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے ہر مقام سے ایک کیفیت حاصل کی سوائے رضا کے، اس سے مجھے خوشبو کا صرف ایک جھونکا ملا ہے اور اس کے باوجود اگر اللہ تعالیٰ تمام مخلوق کو جنت میں اور مجھے دوزخ میں بھیجے تو میں اس پر راضی ہوں گا۔

ایک اور عارف سے پوچھا گیا کیا آپ کو رضا کا انتہائی درجہ حاصل ہو گیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا میں نے انتہائی درجہ نہیں پایا البتہ مجھے مقام رضا حاصل ہو گیا ہے اگر اللہ تعالیٰ مجھے جہنم کے اوپر پل بنا دے کہ تمام مخلوق میرے اوپر سے گزر کر جنت میں جائے پھر اپنی قسم کو پورا کرنے کے لیے مجھ سے ہی دوزخ کو بھر دے تو میں اس حکم کو پسند کروں گا اور اللہ تعالیٰ کی اس تقسیم پر راضی ہوں گا۔

تو یہ ایسے شخص کا کلام ہے جسے معلوم ہے کہ محبت نے اس کے تمام فکر کو گھیر لیا حتیٰ کہ اسے آگ کی تکلیف کا

احساس تک نہ ہوا اور اگر احساس ہو بھی تو وہ محبوب کی رضا حاصل ہونے کے شعور کی لذت میں گم ہو جائے اور اس حالت کا غلبہ ذاتی طور پر محال نہیں ہے اگرچہ ہماری کمزور حالت سے دُور ہے لیکن یہ بات مناسب نہیں کہ کمزور محروم شخص قوت والے لوگوں کے احوال کا انکار کرے اور یہ خیال کرے کہ جس بات سے وہ عاجز ہے اولیاء کرام بھی اس سے عاجز ہیں۔

حضرت رودباری رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت عبداللہ بن جلاد دمشقی سے پوچھا کہ فلاں شخص کہتا ہے کہ میں چاہتا ہوں میرا جسم قینچی سے کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا جائے اور تمام مخلوق اس کی اطاعت کرے تو اس کا کیا مطلب ہے؟ انہوں نے فرمایا اگر یہ بات اللہ تعالیٰ کی تعظیم اور اس کی بزرگی کے پیش نظر ہے تو مجھے معلوم نہیں اور خوف اور لوگوں کی خیر خواہی کے طور پر ہے تو میں جانتا ہوں پھر ان پر بیہوشی طاری ہو گئی۔

حضرت عمران بن حصین رحمہ اللہ کے پیٹ میں تکلیف تھی آپ تیس سال تک پیٹھ کے بل لیٹے رہے نہ کھڑے ہو سکتے اور نہ بیٹھ سکتے آپ کی چارپائی کا بان کاٹ کر قضائے حاجت کے لیے جگہ بنائی گئی تھی حضرت مطرف اور ان کے بھائی حضرت علاء رحمہما اللہ ان کے پاس آئے اور ان کی اس حالت کو دیکھ کر رونے لگے فرمایا تم کیوں روتے ہو؟ حضرت مطرف نے فرمایا آپ کی اس حالت کو دیکھ کر روتے ہیں فرمایا تم نہ روؤ کیوں کہ جو بات اللہ تعالیٰ کو زیادہ پسند ہے وہ مجھے بھی زیادہ پسند ہے پھر فرمایا میں تم سے ایک بات بیان کرتا ہوں شاید اللہ تعالیٰ تمہیں اس سے نفع عطا فرمائے اور میرے مرنے تک کسی کو نہ بتانا فرشتے میرے پاس آتے ہیں اور میں ان سے مانوس ہوتا ہوں وہ مجھے سلام کرتے ہیں اور میں ان کا سلام سنتا ہے تو میں جان لیتا ہوں کہ یہ بیماری سزا نہیں بلکہ اس بہت بڑی نعمت کا سبب ہے پس جو شخص آزمائش کی حالت میں اس قسم کا مشاہدہ کرے وہ اس پر کیسے راضی نہیں ہو گا۔

حضرت مطرف رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم حضرت سوید بن منعبہ رحمہ اللہ کی عیادت کے لیے ان کے پاس گئے ہم نے دیکھا کہ ایک کپڑا پڑا ہوا ہے ہم نے سوچا اس کے نیچے کچھ نہیں حتیٰ کہ کپڑا ہٹایا گیا تو ان کی زوجہ نے کہا آپ کے گھر والے آپ پر فدا ہوں آپ کو کیا کھلائیں پلائیں انہوں نے فرمایا ایک عرصہ سے لیٹا ہوا ہوں اور میری پیٹھ زخمی ہو گئی اور میں کمزور ہو گیا ہوں میں نے ایک عرصہ دراز سے کھانا پینا چھوڑ دیا ہے لیکن مجھے اچھا معلوم نہیں ہوتا کہ اس کیفیت سے ایک ناخن کے برابر بھی کمی کر دوں۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ میں تشریف لائے اور آپ کی بینائی چلی گئی تھی لوگ آپ کے پاس جوق در جوق آتے اور دعا کی درخواست کرتے آپ ان سب کے لیے دعا مانگتے اور آپ کی دعا قبول ہوتی تھی حضرت عبداللہ بن سائب رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں بھی آپ کے پاس حاضر ہوا اور ان دنوں میں لڑکا تھا میں نے ان کو اپنی پہچان کرائی تو انہوں نے مجھے پہچان لیا اور فرمایا تو اہل مکہ کا قاری ہے؟ میں نے عرض کیا جی ہاں انہوں نے واقعہ ذکر کیا جس کے

آخر میں فرمایا کہ میں نے عرض کیا اے چچا جان! آپ لوگوں کے لیے دعا مانگتے ہیں اگر اپنے لیے بھی دعا مانگیں تو اللہ تعالیٰ آپ کی بینائی لوٹا دے گا۔ یہ سن کر وہ مسکرائے اور فرمایا۔ اے بیٹے! میرے نزدیک اللہ تعالیٰ کا فیصلہ میری بینائی سے زیادہ اچھا ہے۔

ایک صوفی کا بیٹا گم ہوگیا تین دن تک پتہ نہ چلا ان سے کہا گیا کہ اگر آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں تو وہ آپ کی طرف لوٹا دے گا انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر اعتراض کرنا میرے نزدیک بیٹے کے گم ہونے سے زیادہ سخت ہے۔

ایک عبادت گزار نے فرمایا کہ میں نے بہت بڑا گناہ کیا تو میں ساٹھ سال سے رو رہا ہوں انہوں نے اس گناہ سے توبہ کی قبولیت کے لیے بہت زیادہ عبادت کی پوچھا گیا وہ گناہ کیا ہے؟ فرمایا ایک دفعہ میں نے ایک کام کے بارے میں جو ہوگیا تھا، کہا کہ کاش ایسا نہ ہوتا۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں اگر میرا جسم قینچیوں سے کاٹا جائے تو میرے لیے یہ بات اس سے بہتر ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کے کسی فیصلے کے بارے میں کہوں کہ کاش ایسا نہ ہوتا۔

حضرت عبدالواحد بن زید رحمہ اللہ کو بتایا گیا کہ یہاں ایک شخص ہے جس نے پچاس سال عبادت کی ہے وہ اس کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا مجھے بتاؤ کہ کیا تم سیر ہو گئے جواب دیا نہیں پوچھا کیا تم اس سے مانوس ہوئے؟ کہا نہیں، پھر سوال کیا اس پر راضی ہو؟ اس نے جواب دیا نہیں۔ پوچھا تو تمہیں اس سے صرف روزے اور نماز کا حصہ ملا ہے؟ جواب دیا جی ہاں فرمایا اگر مجھے تم سے شرم نہ آتی تو میں بتا دیتا کہ تمہارا معاملہ پچاس سال سے اندر سے خالی ہے یعنی تمہارے دل کا دروازہ نہیں کھلا کہ تم قلبی اعمال کے ذریعے قرب کے درجات تک ترقی کرتے تم اصحاب یمین کے طبقات میں شمار ہوتے ہو کیوں کہ تمہیں صرف ظاہری اعمال میں ترقی ہوئی ہے جو عام لوگوں کو ہوتی ہے۔

حضرت شبلی رحمہ اللہ مارستان میں قید تھے تو ایک جماعت آپ کے پاس گئی انہوں نے اپنے سامنے پتھر جمع کر رکھے تھے پوچھا تم کون ہو؟ انہوں نے کہا آپ سے محبت کرنے والے ہیں چنانچہ آپ ان کی طرف متوجہ ہوئے اور ان کو پتھر مارنے لگے وہ بھاگ نکلے فرمایا تمہیں کیا ہوا کہ تم مجھ سے محبت کا دعویٰ کرتے ہو؟ اگر تم سچے ہو تو میری مصیبت پر صبر کرو۔

حضرت شبلی رحمہ اللہ نے یہ شعر کہا۔

إِنَّ الْمَحَبَّةَ لِلرَّحْمٰنِ اَسْكَرَنِيْ — بے شک رحمٰن کی محبت نے مجھے نشے میں مبتلا کر دیا اور

وَهَلْ رَأَيْتَ مُحِبًّا غَيْرَ سَكْرَانِ — کیا تم نے ایسا محب دیکھا ہے جو نشے میں نہ ہو۔

شام کے کسی عبادت گزار نے کہا تم میں سے ہر ایک اللہ تعالیٰ کی تصدیق کرتے ہوئے اس سے ملتا ہے اور شاید اس نے تکذیب بھی کی ہو کیوں کہ تم میں سے کسی کی انگلی سونے کی ہو تو وہ اس سے اشارہ کرتا ہے اور اگر اس میں کچھ خلل ہو تو اسے چھپاتا پھرتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے نزدیک سونا مذموم ہے اور لوگ اس پر فخر کرتے ہیں اور آزمائش اہل آخرت

کے نزدیک زینت ہے اور وہ اس سے نفرت کرتے ہیں۔
کہا گیا ہے کہ بازار میں آگ لگ گئی تو حضرت سری رحمہ اللہ سے کہا گیا کہ تمام بازار جل گیا اور آپ کی دوکان نہیں جلی آپ نے فرمایا" الحمد للہ" پھر فرمایا میں نے کیسے الحمد للہ کہا حالاں کہ میں بچا ہوں دوسرے مسلمان تو نہیں بچے چنانچہ آپ نے تجارت سے توبہ کرلی اور باقی ساری زندگی اس بات سے استغفار کرتے ہوئے دوکانداری چھوڑ دی کہ میں نے الحمد للہ کیوں کہا۔
اگر تم ان واقعات پر غور کرو تو قطعی طور پر جان لو گے کہ خواہشات کے خلاف بات پر رضا محال نہیں بلکہ وہ اہل دین کے مقامات میں سے ایک اہم مقام ہے اور جب یہ مخلوق کی محبت اور اس سے حصہ حاصل کرنے میں ممکن ہے تو اللہ تعالیٰ کی محبت اور اُخروی فوائد میں بدرجہ اولیٰ ممکن ہے اور اس امکان کی دو وجہیں ہیں۔
۱۔ تکلیف پہنچنے پر راضی ہونا کیوں کہ اس پر ثواب کی توقع ہوتی ہے جیسے خون نکلوانے، رگ کٹوانے اور دوائی پینے پر آدمی شفا یابی کے انتظار میں راضی ہوتا ہے۔
۲۔ کسی دوسرے مقصد کے لیے رضا نہ ہو بلکہ اس لیے راضی ہو کہ یہ محبوب کی مراد اور رضا ہے اور بعض اوقات محبت اس لیے غالب ہوتی ہے کہ محبوب کی مراد میں محب کی مراد غوطہ زن ہوتی ہے پس اس کے نزدیک سب سے زیادہ لذیذ محبوب کے دل کی خوشی اور اس کی رضا نیز اس کے ارادے کا نفاذ ہے اگرچہ اس میں اس کی رُوح ہلاک کیوں نہ ہو جائے۔ جیسا کہ کہا گیا ہے۔

فَمَا لِجُرْحٍ اِذَا اَرْضَاكُمُوْ اَلَمٌ۔ جس زخم میں تمہاری خوشی ہو اس میں تکلیف کہاں۔

اور یہ بات احساسِ تکلیف کے باوجود ممکن ہے اور بعض اوقات محبت کا اس طرح غلبہ ہوتا ہے کہ تکلیف کے ادراک سے وہ مدہوش ہو جاتا ہے قیاس تجربہ اور مشاہدہ ایسی حالت کے وجود پر دلالت کرتا ہے لہٰذا جس آدمی میں یہ بات نہ پائی جائے اسے اس کا انکار نہیں کرنا چاہیے کیوں کہ وہ اس سے اس لیے محروم ہے کہ اس میں اس کا سبب نہیں پایا جاتا اور وہ محبت کا زیادہ ہونا ہے اور جو شخص محبت کے ذائقے سے آگاہ نہیں وہ اس کے عجائبات کی پہچان نہیں رکھتا تو محبت کرنے والوں کے لیے بڑے بڑے عجائبات ہیں جو ہم نے بیان کئے ہیں۔
حضرت عمرو بن حارث رافعی رحمہ اللہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں موضع رقہ میں اپنے ایک دوست کے پاس مجلس میں تھا اور ہمارے ساتھ ایک نوجوان تھا جو گانے والی ایک لونڈی پر عاشق تھا اور وہ لونڈی بھی اسی مجلس میں تھی اس نے باجا بجایا اور گانا گایا۔

عَلَامَةُ ذُلِّ الْهَوٰى - عَلَى الْعَاشِقِيْنَ الْبُكَا
وَلَا سِيَّمَا عَاشِقٌ - اِذَا لَمْ يَجِدْ مُشْتَكٰى

عاشق کی ذلت کی پہچان رونا ہے خصوصاً جب عاشق کوئی تدبیر نہ پائے۔

نوجوان نے کہا تو نے خوب کہا کیا تو مجھے مرنے کی اجازت دیتی ہے؟ اس نے کہا اگر تو سچا ہے تو مر جا چنانچہ اس نے تکیے پر سر رکھا اور منہ اور آنکھیں بند کر لیں ہم نے اسے حرکت دی تو وہ مر چکا تھا۔

حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ ایک بچے کی آستین پکڑے ہوئے اس کے سامنے گڑگڑاتا اور محبت کا اظہار کر رہا تھا بچہ اس کی طرف متوجہ ہوا اور کہا یہ منافقت جو تم میرے سامنے ظاہر کر رہے ہو کب تک رہے گی؟ اس نے کہا اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں جو کچھ کہہ رہا ہوں اس میں سچا ہوں حتیٰ کہ اگر تو مجھ سے مرنے کے لیے کہے گا تو میں مر جاؤں گا اس نے کہا اگر تو سچا ہے تو مر جا حضرت جنید رحمہ اللہ فرماتے ہیں وہ شخص ایک طرف کو ہوا اور اپنی آنکھیں بند کر لیں لوگوں نے دیکھا تو مرا ہوا تھا۔

حضرت سمنون محب رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہمارے پڑوس میں ایک شخص تھا اور اس کی ایک لونڈی تھی جس سے وہ محبت کرتا تھا لونڈی بیمار ہو گئی تو وہ اس کے لیے حلوہ بنانے بیٹھا وہ ہنڈیا میں چمچہ پھیر رہا تھا کہ لونڈی نے درد کے مارے "آہ" کہا یہ سن کر وہ شخص بے ہوش ہو گیا اور اس کے ہاتھ سے چمچہ گر پڑا اور وہ اپنے ہاتھ سے ہنڈیا کو حرکت دینے لگا حتیٰ کہ اس کی انگلیاں جل گئیں لونڈی نے کہا یہ کیا؟ اس نے کہا تمہارے آہ بھرنے سے یہ ہوا ہے۔

حضرت محمد بن عبداللہ بغدادی رحمہ اللہ سے منقول ہے فرماتے ہیں میں نے بصرہ میں ایک نوجوان کو بلند چھت پر دیکھا وہ لوگوں کو جھانک رہا تھا اور یوں کہتا تھا۔

مَنْ مَاتَ عِشْقًا فَلْيَمُتْ هٰكَذَا لَا خَيْرَ فِیْ عِشْقٍ بِلَا مَوْتٍ۔	جو شخص عشق میں مرنا چاہے وہ یوں مرے کیوں کہ عشق میں موت کے سوا کوئی بھلائی نہیں۔

پھر اپنے آپ کو گرا دیا تو لوگوں نے اسے مردہ حالت میں اٹھایا۔

اس قسم کی مثالوں سے واضح ہوتا ہے کہ جب مخلوق کی محبت اور اس کی تصدیق میں یہ باتیں ہو سکتی ہیں تو خالق کی محبت میں بدرجہ اولیٰ ہو سکتی ہیں کیوں کہ ظاہری بینائی کی نسبت باطنی بصیرت زیادہ صداقت پر مبنی ہے اور حضرتِ ربوبیت کا جمال ہر جمال سے کامل تر ہے بلکہ دنیا کا ہر جمال اسی جمال کی خوبیوں میں سے ایک ہے۔

ہاں جو آدمی بینائی سے محروم ہو وہ صورتوں کے جمال کا منکر ہوتا ہے جو قوتِ سماعت سے محروم ہو وہ خوش آوازی اور نغموں سے انکار کرتا ہے اور جس کو دل کی دولت حاصل نہ ہو وہ یقیناً ان لذتوں سے انکار کرتا ہے جو دل کے بغیر سمجھ میں نہیں آسکتیں۔

فصل :-

دعا، رضا کے خلاف نہیں

دعا مانگنے والا مقامِ رضا سے باہر نہیں جاتا اسی طرح گناہوں کو بُرا جاننا مجرموں سے ناراض رہنا اور اسبابِ گناہ کو ناپسند

کرنا نیز امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے ذریعے ان کے ازالے کی کوشش کرنا بھی رضا کے خلاف نہیں۔ بعض اہل باطل اور دھوکے کے شکار لوگوں کو اس سلسلے میں مغالطہ لگا اور انہوں نے گمان کیا کہ گناہ فسق و فجور اور کفر اللہ تعالیٰ کی قضاء قدر سے ہیں پس ان باتوں پر راضی ہونا واجب ہے یہ بات تاویل سے جہالت اور اسرار شریعت سے غفلت کا نتیجہ ہے۔

جہاں تک دعا کا تعلق ہے تو اس کے ذریعے ہم عبادت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیاء کرام علیہم السلام نے کثرت سے دعا مانگی ہے جس طرح ہم نے دعاؤں کے بیان میں نقل کیا ہے حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو رضا کا اعلیٰ مقام حاصل تھا اور اللہ تعالیٰ اپنے بعض بندوں کی یوں تعریف فرماتا ہے۔

وَيَدْعُونَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا۔ (۱) اور وہ امید و خوف کے ساتھ ہم سے دعا مانگتے ہیں۔

اور گناہوں سے نفرت کرنے اور ان پر راضی نہ ہونے کو بھی اللہ تعالیٰ نے بندوں کے لیے عبادت قرار دیا ہے اور ان پر راضی ہونے کی مذمت فرمائی ہے ارشاد خداوندی ہے۔

وَرَضُوا بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَاطْمَأَنُّوا بِهَا۔ (۲) وہ لوگ دنیا کی زندگی پر راضی ہوئے اور اس پر مطمئن ہو گئے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

رَضُوا بِأَنْ يَكُونُوا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ۔ (۳) اور وہ پیچھے رہ جانے والی عورتوں کے ساتھ رہنے (اور جہاد کے لیے نہ جانے) پر راضی ہوئے اور اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی۔

ایک مشہور حدیث میں ہے۔

مَنْ شَهِدَ مُنْكَرًا فَرَضِيَ بِهِ فَكَأَنَّهُ قَدْ فَعَلَهُ۔ (۴) جو شخص برائی کے قریب گیا اور اس پر خوش ہوا گویا اس نے اس برائی کا ارتکاب کیا۔

اور ایک دوسری حدیث شریف میں ہے۔

اَلدَّالُّ عَلَى الشَّرِّ كَفَاعِلِهِ۔ برائی کی راہ دکھانے والا برائی کرنے والے کی طرح ہے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ انبیاء

(۲) قرآن مجید، سورۂ یونس آیت ۷

(۳) قرآن مجید، سورۂ توبہ آیت ۹۳

(۴) مسند ابو یعلیٰ جلد ۶ ص ۱۸۲ حدیث ۶۷۵۲

(۵) الفردوس بماثور الخطاب جلد ۲ ص ۲۳۲ حدیث ۳۱۲۱

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ایک شخص برائی سے غائب رہتا ہے لیکن اس پر اتنا ہی گناہ ہوتا ہے جتنا جرم کرنے والے پر ہوتا پوچھا گیا یہ کس طرح ہوتا ہے؟ فرمایا اسے اس گناہ کی خبر پہنچتی ہے تو وہ اس پر راضی ہوتا۔

حدیث شریف میں ہے۔

لَوْاَنَّ عَبْدًا قُتِلَ بِالْمَشْرِقِ وَرَضِيَ بِقَتْلِهٖ آخَرُ بِالْمَغْرِبِ كَانَ شَرِيْكًا فِيْ قَتْلِهٖ۔ (۱)

اگر کوئی بندہ مشرق میں قتل ہو جائے اور دوسرا شخص مغرب میں اس کے قتل پر راضی ہو تو یہ اس قتل میں شریک ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اچھے کاموں میں رشک کرنے اور للچانے اور بُرے کاموں سے بچنے کا حکم دیا۔

ارشاد خداوندی ہے۔

فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ۔ (۲)

پس للچانے والوں کو للچانا چاہیئے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا حَسَدَ اِلَّا فِيْ اثْنَتَيْنِ رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ حِكْمَةً فَهُوَ يَبُثُّهَا فِي النَّاسِ وَيُعَلِّمُهَا وَرَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَسَلَّطَهٗ عَلٰى هَلَكَتِهٖ فِي الْحَقِّ۔ (۳)

رشک صرف دو آدمیوں پر ہو سکتا ہے ایک وہ شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے حکمت عطا فرمائی اور وہ اسے لوگوں میں پھیلاتا ہے اور دوسرا وہ شخص جسے اللہ تعالیٰ نے مال عطا فرمایا پس وہ اسے راہ حق میں خرچ کرتا ہے۔

دوسری روایت میں اس طرح ہے۔

وَرَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْاٰنَ فَهُوَ يَقُوْمُ بِهٖ آنَاءَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ فَيَقُوْلُ الرَّجُلُ لَوْ آتَانِيَ اللّٰهُ مِثْلَ مَا آتٰى هٰذَا لَفَعَلْتُ مِثْلَ مَا يَفْعَلُ۔ (۴)

وہ شخص جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک پڑھنے کی توفیق عطا فرمائی اور وہ رات اور دن کی گھڑیوں میں اس کے ساتھ قیام کرتا ہے تو دوسرا شخص کہتا ہے اگر اللہ تعالیٰ مجھے بھی اس کی مثل عطا فرمائے جو اس کو عطا کیا تو میں بھی اس کی طرح عمل کروں۔

---

(۱) السنن الکبریٰ للبیہقی جلد ۷ ص ۲۶۶ کتاب الصلوٰۃ

(۲) قرآن مجید سورۂ مطففین آیت ۲۶

(۳) صحیح مسلم جلد اول ص ۲۷۲ کتاب صلاۃ المسافرین

(۴) ایضاً۔

کفار، اور فاسق و فاجر سے بغض اور ان پر اعتراض و ناراضگی کے بارے میں قرآن مجید اور احادیث مبارکہ میں بے شمار شواہد پائے جاتے ہیں جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

لَا یَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْکَافِرِیْنَ اَوْلِیَاءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ (۱)

مومن، مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست نہ بنائیں۔

اور ارشاد خداوندی ہے:

یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْیَهُوْدَ وَالنَّصَارٰی اَوْلِیَاءَ (۲)

اے ایمان والو! یہودیوں اور عیسائیوں کو دوست نہ بناؤ۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَکَذٰلِکَ نُوَلِّیْ بَعْضَ الظَّالِمِیْنَ بَعْضًا۔ (۳)

اسی طرح ہم بعض ظالموں کو دوسرے بعض پر مسلط کرتے ہیں

حدیث شریف میں ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ اَخَذَ الْمِیْثَاقَ عَلٰی کُلِّ مُؤْمِنٍ اَنْ یُبْغِضَ کُلَّ مُنَافِقٍ وَعَلٰی کُلِّ مُنَافِقٍ اَنْ یُبْغِضَ کُلَّ مُؤْمِنٍ۔ (۴)

بے شک اللہ تعالیٰ نے ہر مومن سے وعدہ لیا کہ وہ ہر منافق سے بغض رکھے اور ہر منافق سے وعدہ لیا کہ ہر مومن سے بغض رکھے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ۔ (۵)

آدمی اسی کے ساتھ ہو گا جس سے محبت کرتا ہے۔

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ اَحَبَّ قَوْمًا وَوَالَاهُمْ حُشِرَ مَعَهُمْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ۔ (۶)

جو شخص کسی قوم سے محبت کرے اور دوستی رکھے وہ قیامت کے دن اسی قوم کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۲۸

(۲) قرآن مجید، سورہ مائدہ آیت ۵۱

(۳) قرآن مجید، سورۂ انعام آیت ۱۲۹

(۴) الاسرار المرفوعۃ ص ۲، حدیث ۱۷۱

(۵) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۱۱ کتاب الادب۔

(۶) کنز العمال جلد ۹ ص ۱۴۱ حدیث ۲۴۷۳۰

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

أَوْثَقُ عُرَى الْإِيمَانِ الْحُبُّ فِي اللهِ وَالْبُغْضُ فِي اللهِ۔ (۱)

ایمان کی سب سے مضبوط رسی اللہ تعالیٰ کے لیے محبت کرنا اور اللہ تعالیٰ کے لیے بغض رکھنا ہے۔

اس بات کے شواہد ہم نے آداب صحبت کے بیان میں اللہ تعالیٰ کے لیے محبت اور بغض کے ضمن میں بھی ذکر کئے ہیں اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے بیان میں بھی ذکر کئے ہیں لہذا ہم دوبارہ ذکر نہیں کرتے۔

سوال:۔

اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر رضا کے سلسلے میں آیات و احادیث آئی ہیں (۲) پس اگر گناہ اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے بغیر ہوں تو یہ بات محال ہے اور عقیدۂ توحید میں خلل کا باعث ہے اور اگر اللہ تعالیٰ کی قضا سے ہیں تو ان کو ناپسند کرنا اور اُن پر ناراض ہونا اللہ تعالیٰ کی قضا کو ناپسند کرنا ہے تو ایک ہی بات میں رضا اور کراہت کو کیسے جمع کیا جا سکتا ہے۔

جواب:۔

یہ بات ان لوگوں پر مشتبہ ہوتی ہے جو ضعیف اور اسرار علوم سے زیادہ واقف نہیں ہوتے حتیٰ کہ بعض لوگوں پر معاملہ مشتبہ ہوا تو انہوں نے برائیوں سے خاموشی کو مقام رضا خیال کیا اور اس کا نام حُسن خلق رکھا حالانکہ یہ محض جہالت ہے بلکہ رضا اور کراہت دونوں ایک دوسرے کی ضد ہیں جب یہ دونوں ایک چیز پر ایک ہی جہت سے آتے ہیں البتہ جب کراہت کسی اور وجہ سے ہو اور رضا دوسری وجہ سے ہو تو اس میں کوئی تضاد نہیں کیونکہ بعض اوقات تمہارا دشمن مر جاتا ہے جو تمہارے دشمنوں کا بھی دشمن ہوتا ہے اور اس کی ہلاکت کی کوشش کرتا ہے تو اس کی موت کو تم اس لیے ناپسند کرتے ہو کہ تمہارے دشمن کا دشمن مر گیا لیکن اس لیے خوش ہوتے ہو کہ تمہارا دشمن مر گیا۔

اسی طرح گناہ کی دو وجہیں ایک کا تعلق اللہ تعالیٰ سے ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فعل، اختیار اور ارادہ ہے پس وہ اس وجہ سے راضی ہوتا ہے کہ مالک اپنی ملک میں جو چاہے کرے اور وہ اپنے فعل پر راضی ہو۔ اور ایک رُخ بندے کی جانب ہے کہ وہ اس کا کسب اور وصف ہے نیز اس بات کی علامت ہے کہ اس شخص پر اللہ تعالیٰ ناراض ہے اور اس سے بغض رکھتا ہے کہ اس پر دُوری اور ناراضگی کے اسباب مسلط کئے اس اعتبار سے یہ منکر اور مذموم ہے اور یہ بات ایک مثال سے واضح ہوگی۔

ہم مخلوق میں سے ایک محبوب فرض کرتے ہیں جو اپنے عاشقوں کے سامنے کہتا ہے کہ میں محبت کرنے والوں اور

---

(۱) مصنف ابن ابی شیبہ جلد ۱۱ ص ۴۸ حدیث ۱۰۴۹۲

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد اوّل ص ۱۶۸ مرویات ابو وقاص

بغض رکھنے والوں میں تمیز کرنا چاہتا ہوں اور اس کے لیے ایک سچا معیار اور بولنے والا میزان مقرر کرتا ہوں وہ اس طرح کہ میں فلاں شخص کے بارے میں قصد کرتا ہوں کہ اسے ایذا پہنچاؤں اور اسے ایسی مار ماروں کہ وہ مجھے گالی دینے پر مجبور ہو جائے۔ حتیٰ کہ جب وہ مجھے گالی دے گا تو میں اس سے نفرت کروں گا اور اسے اپنا دشمن سمجھوں گا جو شخص اس سے محبت کرے گا تو میں سمجھوں گا کہ وہ بھی میرا دشمن ہے اور جو آدمی اس سے نفرت کرے گا تو میں اسے اپنا محب اور دوست سمجھوں گا۔ پھر اس نے ایسا ہی کیا اور گالی دینے سے اس کی مراد حاصل ہو گئی جو نفرت کا باعث تھی۔ اور وہ نفرت حاصل ہو گئی جو دشمنی کا سبب تھی اس صورت میں جو شخص اس کا سچا عاشق ہے اور محبت کی شرائط کو جانتا ہے وہ یوں کہے کہ تم جو اس شخص کو ایذا پہنچانے، مارنے اور دُور کرنے کی تدبیر کر رہے ہو کہ اس سے بغض و عداوت ہو تو میں اس بات پر راضی ہوں اور اس کو پسند کرتا ہوں کیوں کہ یہ تیری رائے، تیری تدبیر، تیرا فعل اور تیرا ارادہ ہے لیکن اس نے جو تجھے گالی دی ہے تو یہ اس کی طرف سے زیادتی ہے کیوں کہ اس کا فرض تھا کہ وہ صبر کرتا اور گالی نہ دیتا۔ لیکن اس سے تمہاری مراد یہی تھی کیوں کہ تم نے اس کو اسی لیے مارا کہ وہ تمہیں گالی دے جو ناراضگی کا باعث ہے تو اس اعتبار سے کہ یہ سب کچھ تمہاری تدبیر اور رضا کے مطابق ہوا میں اس پر راضی ہوں کیوں کہ اگر ایسا نہ ہوتا تو تمہاری تدبیر میں نقص واقع ہوتا اور تیری مراد حاصل نہ ہوتی اور مجھے تیری مراد کا پورا نہ ہونا پسند نہیں لیکن چوں کہ یہ اس شخص کا وصف اور کسب ہے اور تیرے جمال کے تقاضے کے خلاف دشمنی ہے کیوں کہ اس پر لازم تھا کہ وہ تجھ سے اس مار کو برداشت کرتا اور گالی کے ذریعے مقابلہ نہ کرتا تو اس حوالے سے مجھے یہ بات پسند نہیں گویا ناپسندیدگی اس وجہ سے ہے کہ یہ اس کا وصف ہے اس لیے نہیں کہ یہ تیری مراد اور تیری تدبیر کا تقاضا ہے ہاں اس کی گالی کی وجہ سے جو تم اس سے نفرت کرتے ہو تو میں اس پر راضی ہوں اور اس کو پسند کرتا ہوں کیوں کہ وہ تمہاری مراد ہے اور تمہاری موافقت میں، میں بھی اس سے نفرت کرتا ہوں اس لیے کہ محبت کی شرط یہ ہے کہ محبوب کے محبوب سے محبت کی جائے اور اس کے دشمن کو دشمن سمجھا جائے۔

اور اس کا تجھ سے نفرت کرنا مجھے اس لیے پسند ہے کہ تو نے خود اس بات کو چاہا کہ وہ تجھ سے نفرت کرے جب تو اسے اپنے آپ سے دُور کر دے اور اس پر بغض کے اسباب مسلط کر دے لیکن ناپسند اس لیے کرتا ہوں کہ یہ اس بغض رکھنے والے کا وصف، کسب اور فعل ہے اور میں اس سے ناراض ہوں کیوں کہ وہ تم سے ناراض ہے اور اس کی یہ بات مجھے اس لیے ناپسند ہے کہ یہ اس کا وصف ہے لیکن جب یہ سب کچھ تمہاری مراد ہے تو میں اس پر راضی ہوں۔

رضا اور کراہت میں تناقض اس صورت میں ہوتا ہے کہ وہ یوں کہے کہ تمہاری مراد ہونے کی وجہ سے یہ پسندیدہ ہے اور تمہاری مراد کی نسبت سے ہی ناپسند بھی ہے لیکن جب اس کا فعل اور مراد ہونے کی وجہ سے نہیں بلکہ اس کے غیر کا وصف اور کسب ہونے کی وجہ سے ناپسند ہو تو اس میں کوئی تناقض نہیں اس پر ہر وہ بات شاہد ہے جس میں نفرت

کسی اور وجہ سے ہو اور رضا کسی دوسری وجہ سے، اور اس کی بے شمار مثالیں ہیں۔

تو اللہ تعالیٰ نے جب بندے پر شہوت اور گناہ کے اسباب مسلط کر دیئے حتیٰ کہ یہ بات اسے گناہ کی محبت تک لے گئی اور وہ محبت ارتکاب گناہ تک لے جاتی ہے تو یہ اسی طرح ہے جیسے مذکورہ بالا مثال میں محبوب نے دوسرے شخص کو اتنا مارا کہ اس کی وجہ سے اسے غصہ آیا اور غصے کے نتیجے میں وہ گالیاں دینے لگا اور اللہ تعالیٰ نافرمان بندے پر جب ناراض ہوتا ہے تو اگرچہ اس کے گناہ میں اللہ تعالیٰ کی تدبیر شامل ہوتی ہے لیکن یہ اسی طرح ہے جیسے گالی کھانے والے کو گالی دینے والے پر غصہ آتا ہے اگرچہ اس گالی میں خود اس گالی کھانے والے کی تدبیر و اختیار شامل ہوتا ہے کیونکہ اس کی مار گالی کا سبب بنی اور اللہ تعالیٰ جب بندے کے ساتھ یہ عمل کرتا ہے کہ گناہ کے اسباب اس پر مسلط کرتا ہے تو یہ اس بات کی دلالت ہے کہ پہلے سے اس کی مشیت میں اس شخص کو دور کرنا اور اس پر ناراضگی پائی جاتی ہے۔

پس جو شخص اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے اس پر واجب ہے کہ جس شخص سے اللہ تعالیٰ بغض رکھتا ہے یہ بھی اس شخص سے نفرت کرے جس پر وہ غصہ فرمائے یہ بھی اس پر غصہ کرے اور جسے وہ اپنی بارگاہ سے دور کرے یہ بھی اسے اپنے آپ سے دور رکھے اگرچہ وہ شخص اللہ تعالیٰ کے قہر اور قدرت سے ہی اللہ تعالیٰ کی دشمنی اور مخالفت پر مجبور ہوا ہے لیکن وہ بارگاہ خداوندی سے دور کیا ہوا اور ملعون تو ہے اور جو شخص درجات قرب سے دور کیا گیا ہے وہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے والے تمام افراد کے نزدیک قابلِ نفرت ہونا چاہیے کیوں کہ اس طرح محبوب سے موافقت ہو جاتی ہے کہ اس نے جس کو اپنے آپ سے دور کرنے کے ذریعے اس پر غضب فرمایا یہ بھی اس پر غضب ناک ہوتا ہے۔

اس تقریر سے اللہ تعالیٰ کے لیے بغض، اللہ تعالیٰ کے لیے محبت اور کفار پر سختی کرنے نیز ان سے ناراض ہونے میں مبالغہ کرنا اور اس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی قضا پر راضی رہنا اس لیے کہ وہ اس کا فیصلہ ہے، کے سلسلے میں وارد روایات مؤکد ہو گئیں۔

اور یہ روایات اس تقدیر کے راز سے مدد چاہتی ہیں جسے افشا کرنا صحیح نہیں وہ یہ کہ خیر اور شر دونوں مشیت اور ارادے میں داخل ہیں لیکن شر مکروہ مراد ہے جب کہ خیر پسندیدہ مراد ہے پس جو شخص کہتا ہے کہ شر اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہے وہ جاہل ہے اور جو شخص یوں کہتا ہے کہ دونوں اسی کی طرف سے ہیں لیکن رضا اور کراہت کے اعتبار سے ان میں کوئی فرق نہیں تو وہ بھی کوتاہی کرنے والا ہے اور اس سے پردہ اٹھانے کی اجازت نہیں لہٰذا سب سے بہتر بات یہی ہے کہ خاموشی اختیار کی جائے اور شرعی آداب کو اختیار کیا جائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْقَدَرُ سِرُّ اللّٰهِ فَلَا تُفْشُوْهُ۔ (۱) تقدیر اللہ تعالیٰ کا راز ہے اسے ظاہر نہ کرو۔

---

(۱) الکامل لابن عدی جلد، ص ۲۶۴۹ ترجمہ یحییٰ بن مسلم

اور یہ علم مکاشفہ سے متعلق ہے اور اس وقت ہماری مراد اس بات کو بیان کرنا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قضا پر راضی ہونا چاہیے اور گناہوں سے نفرت کی جائے باوجودیکہ دونوں کا تعلق قضائے الٰہی سے ہے، دونوں کو جمع کرنا ممکن ہے لہٰذا راز کو افشاء کرنے کی حاجت کے بغیر ہماری غرض پوری ہوگئی۔

اس سے معلوم ہوا کہ مغفرت کے حصول اور گناہوں سے بچنے کی دعا کرنا اور تمام اسباب جو دین پر مدد کرتے ہیں قضائے خداوندی پر راضی رہنے کے خلاف نہیں اللہ تعالیٰ نے بندے کو حکم دیا کہ وہ دعا کرے تاکہ اس کے ذریعے اس سے صاف ذکر قلبی خشوع اور گڑگڑانا سامنے آئے اور یہ دل کے روشن ہونے کا سبب، کشف کی چابی اور مزید لطف و کرم کے مسلسل آنے کا سبب ہے جیسے پیاس کی صورت میں لوٹا اٹھانا اور پانی پینا اللہ تعالیٰ کی قضا پر راضی ہونے کے خلاف نہیں ہے اور پیاس کو دور کرنے کے لیے کسی ایسے سبب کو اختیار کرنا جسے مسبب الاسباب نے اس کے ساتھ مرتب فرمایا قضا پر راضی رہنے کے منافی نہیں ہے۔

اسی طرح دعا بھی ایک سبب ہے جسے اللہ تعالیٰ نے مرتب فرمایا اور اس کا حکم دیا اور ہم نے یہ بات بیان کی ہے کہ جس طرح سنت الٰہیہ جاری ہے اس کے مطابق اسباب کو اختیار کرنا توکل کے خلاف نہیں ہے ہم نے یہ بات توکل کے بیان میں تفصیل سے بیان کر دی ہے اور یہ بھی رضا کے خلاف نہیں ہے کیوں کہ رضا ایک مقام ہے جو توکل سے ملا ہوا ہے۔

ہاں شکوہ کے طور پر مصیبت کا اظہار اور دل سے اللہ تعالیٰ پر اعتراض کرنا رضا کے خلاف ہے البتہ شکر کے طریقے پر اور قدرت کے منکشف ہونے کے طور پر مصیبت کا اظہار رضا کے خلاف نہیں۔

کسی بزرگ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر اچھے طرح راضی ہونا یہ ہے کہ وہ یہ نہ کہے کہ آج گرم دن ہے یعنی شکایت کے طور پر نہ کہے اور یہ گرمیوں کے موسم کی بات ہے سردیوں میں اس قسم کا کلام شکر کے طور پر ہے اور شکوہ ہر حال رضا کے خلاف ہے کھانوں کی مذمت کرنا اور ان میں عیب نکالنا بھی قضائے الٰہی پر رضا کے خلاف ہے کیوں کہ صنعت کی مذمت صانع کی مذمت ہے اور یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا۔

اور کسی شخص کا یہ کہنا کہ فقر مصیبت اور محنت ہے اور اہل و اولاد غم اور تھکاوٹ کا باعث ہیں اور کوئی پیشہ اختیار کرنا مشقت اور پریشانی ہے تو یہ تمام باتیں رضا میں خرابی پیدا کرتی ہیں بلکہ آدمی کو چاہیے کہ وہ تدبیر کو اس کے مدبر اور مملکت کو اس کے مالک کے سپرد کر دے اور وہ بات کہے جو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمائی تھی آپ نے فرمایا مجھے اس بات کی پرواہ نہیں کہ میں مالداری کی حالت میں صبح کرتا ہوں یا فقر کی حالت میں کیوں کہ مجھے معلوم نہیں کہ ان میں کونسی بات میرے لیے بہتر ہے۔

فصل ۱۵ :

گناہوں کے مراکز سے بھاگنا اور گناہوں کی مذمت رضا کے خلاف نہیں

کمزور آدمی بعض اوقات یوں خیال کرتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے شہر سے باہر جانے سے منع فرمایا جس میں طاعون پھیل جائے (۱)

یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جس شہر میں گناہ پھیل جائیں وہاں سے نکلنا بھی منع ہے کیوں کہ ان میں سے ہر ایک میں اللہ تعالیٰ کی قضا سے بھاگنا ہے اور یہ محال ہے۔

بلکہ جس شہر میں طاعون پھیلتا ہے اس سے نکلنا اس لیے منع ہے کہ اگر اس قسم کی اجازت کا دروازہ کھول دیا جائے تو تندرست لوگ وہاں سے چلے جائیں اور بیمار لوگ رہ جائیں جن کی تیمارداری کرنے والا کوئی نہ ہو تو تباہ و برباد ہو جائیں گے اور وہ کمزوری اور بیماری کی وجہ سے مر جائیں گے۔

اسی لیے بعض روایات کے مطابق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بھاگنے کو میدان جنگ سے بھاگنے کی طرح قرار دیا ہے اور اگر یہ قضا سے بھاگنے کی صورت ہوتی تو جو آدمی اس وبا زدہ شہر کے قریب پہنچتا ہے اسے واپسی کا حکم نہ فرماتے ہم نے اس کا حکم توکل کے بیان میں لکھا ہے۔

اور جب ممانعت کی علت معلوم ہوگئی تو ظاہر ہوا کہ گناہوں والے شہر والے سے بھاگنا قضا سے بھاگنا نہیں بلکہ جس چیز سے بھاگنا ضروری ہے وہاں سے بھاگنا بھی قضا سے بھاگنا نہیں بلکہ جس چیز سے بھاگنا ضروری ہے وہاں سے بھاگنا بھی قضا ہے اسی طرح وہ مقامات اور اسباب جو گناہوں کی دعوت دیتے ہیں ان کی مذمت اس لیے کرنا کہ لوگوں کو نفرت ہو مذموم بات نہیں ہے پہلے بزرگ ہمیشہ اسی طرح کرتے تھے حتیٰ کہ ایک جماعت نے بغداد کی برائی بیان کرنے اور اس کو ظاہر کرنے پر اتفاق کیا تو حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ نے فرمایا میں نے مشرق و مغرب کا چکر لگایا تو بغداد سے برا شہر نہ دیکھا پوچھا گیا وہ کیسے؟ فرمایا اس میں اللہ تعالیٰ کی نعمت کی حقارت ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کو معمولی بات سمجھا جاتا ہے اور جب آپ خراسان تشریف لے گئے تو آپ سے پوچھا گیا کہ آپ نے بغداد کو کیسے دیکھا؟ آپ نے فرمایا میں نے وہاں (تین قسم کے لوگ دیکھے ہیں) سپاہی کو غصے کی حالت میں تاجر کو حسرت کا اظہار کرتے ہوئے اور قاری کو حیران دیکھا اس کو غیبت گمان کرنا مناسب نہیں

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۲ ص ۳۱۵ کتاب الجنائز

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۳۴۲ مرویات جابر بن عبداللہ

کیوں کہ آپ نے کسی خاص آدمی کا ذکر نہیں کیا کہ اس سے اس شخص کو ضرر پہنچتا بلکہ آپ کا مقصد ان لوگوں کو ڈرانا تھا۔

حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ مکہ مکرمہ جانے کے لیے باہر تشریف لاتے تو بغداد شریف میں ٹھہرتے حتیٰ کہ قافلہ سولہ دن میں تیار ہو جاتا اور آپ اس کی نگرانی کرتے اور وہاں ٹھہرنے کی وجہ سے سولہ دینار صدقہ کرتے ایک دن کے بدلے ایک دینار ہوتا۔

ایک جماعت نے عراق کی مذمت بھی کی ہے حضرت عمر بن عبدالعزیز اور حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہما بھی ان میں شامل ہیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے غلام سے پوچھا تم کہاں رہتے ہو؟ اس نے کہا عراق میں رہتا ہوں آپ نے پوچھا وہاں کیا کرتے ہو؟ مجھے معلوم ہوا ہے کہ جو شخص عراق میں رہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے پیچھے کوئی مصیبت لگا دیتا ہے۔

ایک دن حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ نے عراق کا ذکر کیا تو فرمایا اس میں دس حصوں میں سے نو حصے برائی ہے اور اس میں لاعلاج بیماری ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ نیکی کے دس اجزا ہیں جن میں سے نو حصے شام میں اور دسواں حصہ عراق میں ہے جب کہ برائی کے دس حصے اس کے برخلاف ہیں۔

کسی محدث نے فرمایا کہ ہم ایک دن حضرت فضیل بن عیاض رحمہ اللہ کے پاس تھے اتنے میں ایک صوفی آئے جنہوں نے عبا پہن رکھی تھی انہوں نے اسے اپنے پاس بٹھایا پھر اس کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہاں رہتے ہو؟ اس نے کہا بغداد میں رہتا ہوں آپ نے اس سے منہ پھیر لیا اور فرمایا ان میں سے کوئی ایک ہمارے پاس راہبوں کا لباس پہن کر آتا ہے پس جب ہم اس سے سوال کرتے ہیں کہ کہاں رہتے ہو؟ تو کہتا ہے ظالموں کے گھونسلے میں رہتا ہوں۔

حضرت بشر بن حارث رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ بغداد میں عبادت کرنے والا کھجوروں کے جھنڈ میں عبادت کرنے والے کی طرح ہے اور وہ فرماتے تھے کہ میں وہاں رہتا ہوں تو اس سلسلے میں میری اقتدا نہ کرو جو یہاں سے نکلنا چاہتا ہے نکل جائے۔

حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ فرماتے تھے اگر ان بچوں کا ہمارے ساتھ کوئی تعلق نہ ہوتا تو میں اس شہر سے نکلنے کو ترجیح دیتا کہا گیا کہ آپ کہاں سکونت پذیر ہونا چاہتے ہیں؟ فرمایا پہاڑوں (یا وادیوں) میں۔

کسی بزرگ سے بغداد والوں کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا ان کے زاہد پکے زاہد ہیں اور ان کے شریر پکے شریر ہیں یہ اس بات پر دلالت ہے کہ جس شہر میں کثرت سے گناہ ہوتے ہوں اور نیکی کم ہو اور وہاں کوئی شخص پھنس جائے تو اس کے پاس وہاں ٹھہرنے کے لیے کوئی عذر نہیں بلکہ اسے وہاں سے ہجرت کرنی چاہیے ارشاد خداوندی ہے۔

• أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوا فِيهَا۔ (۱) کیا اللہ تعالیٰ کی زمین کشادہ نہ تھی کہ تم وہاں ہجرت کرتے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۹۷

پس اگر وہ اہل و عیال یا علاقہ کی وجہ سے ہجرت نہ کر سکے تو اسے اس جگہ رہنے پر راضی نہیں ہونا چاہیے اور نہ ہی اسے وہاں اطمینان حاصل ہو بلکہ ہمیشہ دل برداشتہ رہے اور یوں دعا مانگتا رہے۔

رَبَّنَا اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا۔ (۱) — اے ہمارے رب! ہمیں اس بستی سے نکال دے جس کے رہنے والے ظالم ہیں۔

کیوں کہ جب ظلم عام ہوتا ہے تو مصیبت آتی ہے اور سب کو تباہ و برباد کرتی ہے تو وہ اطاعت گزار بندوں کو بھی اپنی گرفت میں لیتی ہے ارشاد خداوندی ہے۔

وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَاصَّةً۔ (۲) — اور اس فتنہ سے (عذاب سے) ڈرو جو تم میں سے صرف ظالموں کو ہی نہیں پہنچے گا (بلکہ سب کو اپنی لپیٹ میں لے گا۔

نو دین کے نقصان کے اسباب میں سے کسی چیز میں مطلق رضا نہیں مگر جب اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کے فعل کی طرف ہو لیکن اس کی ذات کے حوالے سے رضا کی کوئی وجہ نہیں۔

تین مقامات والے لوگوں میں سے کون سے افراد افضل ہیں وہ شخص جو اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے شوق میں موت کو پسند کرتا ہے دوسرا وہ جو اپنے مولیٰ کی عبادت کے لیے زندہ رہنا چاہتا ہے اور تیسرا ان دونوں باتوں میں سے کسی بات کو اختیار نہیں کرتا بلکہ اس بات پر راضی رہتا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے پسند فرمائی ہے، اس سلسلے میں علماء کے درمیان اختلاف ہے۔

کسی عارف کے سامنے یہ مسئلہ پیش ہوا تو انہوں نے فرمایا کہ جو اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر راضی ہوتا ہے وہ ان میں سے افضل ہے کیوں کہ وہ غیر ضروری باتوں سے محفوظ ہے ایک دن حضرت وہیب بن ورد، سفیان ثوری اور یوسف بن اسباط رحمہم اللہ اکٹھے ہو گئے حضرت ثوری رحمہ اللہ نے فرمایا میں اس سے پہلے اچانک موت کو ناپسند کرتا تھا لیکن آج میں چاہتا ہوں کہ مر جاؤں حضرت یوسف بن اسباط رحمہ اللہ نے پوچھا کیوں؟ فرمایا اس لیے کہ مجھے فتنے کا خوف ہے پھر حضرت یوسف بن اسباط نے فرمایا کہ میں لمبی زندگی کو ناپسند نہیں کرتا حضرت سفیان رحمہ اللہ نے پوچھا اس کی کیا وجہ ہے؟ انہوں نے فرمایا ہو سکتا ہے میں کسی دن توبہ کروں اور نیک اعمال بجالاؤں حضرت وہیب سے پوچھا گیا کہ آپ کیا کہتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا میں کسی بات کو پسند نہیں کرتا بلکہ مجھے وہ بات پسند ہے جو اللہ تعالیٰ کو پسند ہے حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۷۵

(۲) قرآن مجید، سورۂ انفال آیت ۲۵

نے ان کی پیشانی پر بوسہ دیتے ہوئے فرمایا رب کعبہ کی قسم ! یہ روحانیت ہے۔

فصل ۱۶:-

محبت کرنے والوں کے کچھ واقعات، اقوال اور مکاشفات

کسی عارف سے پوچھا گیا کہ آپ محب ہیں ؟ انہوں نے جواب دیا میں محب نہیں ہوں بلکہ محبوب ہوں کیوں کہ محب مشقت برداشت کرتا ہے ان سے مزید کہا گیا کہ لوگ کہتے ہیں آپ سات میں سے ایک ہیں انہوں نے جواب دیا میں پورا سات ہوں وہ فرماتے تھے جب تم مجھے دیکھو تو گویا تم نے چالیس ابدال دیکھ لیے عرض کیا گیا یہ کیسے ہو سکتا ہے جب کہ آپ تو ایک ہیں ؟ انہوں نے فرمایا اس لیے کہ میں نے چالیس ابدال دیکھے اور ان میں سے ہر ایک کا ایک خلق اپنایا۔ ان سے پوچھا گیا کہ ہمیں معلوم ہوا ہے آپ نے حضرت خضر علیہ السلام کو دیکھا ہے تو انہوں نے تبسم فرماتے ہوئے فرمایا اس آدمی پر تعجب نہیں جو حضرت خضر علیہ السلام کو دیکھتا ہے تعجب تو اس شخص پر ہے جسے حضرت خضر علیہ السلام دیکھنا چاہیں اور وہ چھپ جائے۔

حضرت خضر علیہ السلام سے منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا جب کبھی میرے دل میں یہ خیال آیا کہ کوئی ایسا نہیں جسے میں نے نہ دیکھا ہو تو اسی زمانہ میں نے ایک اور ولی کو دیکھا جس کو میں پہلے سے نہیں جانتا تھا۔

حضرت ابو یزید بسطامی رحمہ اللہ سے ایک مرتبہ گزارش کی گئی کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کا مشاہدہ فرمایا تو اس سلسلے میں ہمیں بھی کچھ بتائیں تو انہوں نے چیخ ماری اور فرمایا اس بات کو جاننا تمہارے شایان شان نہیں عرض کیا گیا اللہ تعالے کے لیے آپ نے جو سخت سے سخت مجاہدہ کیا ہے اس کے بارے میں بتائیے تو انہوں نے فرمایا اس بات سے تمہیں آگاہ کرنا بھی جائز نہیں عرض کیا گیا اپنی شروع شروع کی ریاضت کے بارے میں بتائیں فرمایا ہاں یہ ٹھیک ہے میں نے اپنے نفس کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلایا تو اس نے سرکشی کی پس میں نے قسم کھائی کہ ایک سال تک پانی نہیں پیوں گا اور سال بھر تک آرام نہیں کروں گا تو نفس نے اسے پورا کر دیا۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے بعض "شاہدات میں حضرت ابو یزید رحمہ اللہ کو دیکھا کہ وہ نماز عشاء کے بعد صبح تک قدموں کے پنجوں کے بل بیٹھے ہوئے ہیں ایڑیوں سمیت تلووں کو زمین سے اٹھا رکھا ہے ٹھوڑی کو سینے سے لگایا ہوا ہے اور آنکھیں کھلی ہوتی ہیں جھپکتی بھی نہیں فرماتے ہیں پھر انہوں نے سحری کے وقت ایک طویل سجدہ کیا اس کے بعد بیٹھ گئے اور بارگاہ خداوندی میں یوں عرض کیا۔

اے اللہ ! کچھ لوگوں نے تجھ سے سوال کیا تو تُو نے انہیں پانی اور ہوا پر چلنے کی طاقت دی وہ اس پر راضی ہو گئے لیکن میں ان باتوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں کچھ لوگوں نے تیری بارگاہ میں عرض کیا تو تُو نے ان کے لیے زمین کو

لپیٹ دیا وہ اس پر راضی ہو گئے لیکن میں اس سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں پھر ایک اور جماعت نے تجھ سے طلب کیا تو تُو نے ان کو زمین کے خزانے عطا فرمائے وہ اس پر راضی ہو گئے لیکن میں اس سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں حتیٰ کہ انہوں نے کرامات اولیاء سے بیس سے زیادہ مقامات شمار کئے پھر میری طرف متوجہ ہو کر مجھے دیکھا اور فرمایا تم یحییٰ ہو؟ میں نے عرض کیا جی ہاں میرے آقا! فرمایا کس وقت سے تم یہاں موجود ہو؟ میں نے عرض کیا کافی دیر سے موجود ہوں تو وہ خاموش ہو گئے میں نے کہا اے میرے آقا مجھ سے کچھ بیان کریں فرمایا میں تجھ سے وہ بات بیان کرتا ہوں جو تیرے حال کے مناسب ہو وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے سب سے نچلے فلک میں داخل کیا اور مجھے ملکوت سُفلیٰ میں پھرایا مجھے تمام زمینیں اور تحت الثریٰ دکھایا پھر اوپر والے فلک میں داخل کیا اور مجھے آسمانوں میں پھرایا اور اس میں تمام جنتیں عرش تک دکھائیں پھر اپنے سامنے کھڑا کر کے فرمایا جو کچھ تم نے دیکھا ہے اس میں سے جو چاہتا ہے مانگ کہ میں تجھے عطا کروں میں نے عرض کیا اے میرے آقا! میں نے کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی جس کو اچھا سمجھتا ہوں اور تجھ سے مانگوں فرمایا تو میرا سچا بندہ ہے تو نے صدقِ دل سے میرے لیے عبادت کی ہے میں تیرے ساتھ یہ کروں گا اور وہ کروں گا کئی باتوں کا ذکر کیا۔

حضرت یحییٰ فرماتے ہیں میں اس بات سے گھبرا گیا اور میرا دل بھر گیا اور مجھے تعجب ہوا میں نے کہا اے میرے آقا! آپ نے اللہ تعالیٰ سے اس کی معرفت کا سوال کیوں نہیں کیا؟ حالاں کہ بادشاہوں کے بادشاہ نے آپ سے فرمایا کہ جو چاہتے ہیں پوچھیں، فرماتے ہیں اس پر حضرت ابویزید رحمہ اللہ نے مجھ پر ایک چیخ ماری اور فرمایا چپ رہو مجھے اپنے نفس سے اللہ تعالیٰ پر غیرت آئی کہ اس کے سوا کوئی اور اسے نہ پہچانے۔

منقول ہے کہ حضرت ابوتراب نخشی رحمہ اللہ اپنے ایک مرید کو پسند کرتے تھے چنانچہ آپ اسے اپنے قریب کرتے اور اس کی ضرورت کو پورا فرماتے مرید اپنی عبادت اور وجد میں مشغول رہتا ایک دن حضرت ابوتراب رحمہ اللہ نے اس سے پوچھا اگر تم ابویزید بسطامی رحمۃ اللہ کو دیکھو تو کیسا ہے؟ اس نے کہا مجھے ان کے لیے فرصت نہیں۔

جب حضرت ابوتراب رحمہ اللہ نے بار بار یہی بات کہی کہ اگر تم حضرت ابویزید رحمہ اللہ کو دیکھو تو کیسا ہے تو اس نے کہا میں ابویزید کو کیا کروں گا میں نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہے پس اس نے مجھے حضرت ابویزید سے بے نیاز کر دیا ہے حضرت ابوتراب فرماتے ہیں اس وقت میری اپنی طبیعت بھی بگڑ گئی اور مجھے اپنے اوپر قابو نہ رہا میں نے کہا تُو اللہ تعالیٰ کے دیکھنے پر مغرور ہے اگر تو حضرت ابویزید رحمہ اللہ کو ایک بار دیکھے تو اللہ تعالیٰ کو ستر بار دیکھنے سے زیادہ مفید ہوگا۔

فرماتے ہیں وہ مرید بہت حیران ہوا اور اس نے کہا یہ کیسے ہو سکتا ہے انہوں نے فرمایا تو اللہ تعالیٰ کو اپنے پاس دیکھتا ہے تو وہ تیری مقدار کے مطابق ظہور فرماتا ہے اور ابویزید کو اللہ تعالیٰ کے پاس دیکھے گا کہ وہ ان کے لیے ان کی مقدار کے مطابق ظاہر ہوتا ہے تو اس نے میری بات کا راز پا لیا کہا مجھے ان کے پاس لے چلیں۔

حضرت ابوتراب نے تفصیل لکھتے ہوئے آخر میں لکھا ہے کہ ہم ایک ٹیلے پر جا کر کھڑے ہو گئے ان کی انتظار کرنے

لگے کہ وہ جنگل سے ہماری طرف تشریف لائیں گے اور آپ درندوں سے بھرپور جنگل میں رہا کرتے تھے۔ چنانچہ وہ ہمارے پاس سے گزرے اور انہوں نے ایک پوستین اپنی پیٹھ پر ڈال رکھی تھی میں نے اس نوجوان سے کہا کہ یہ ابو یزید ہیں ان کو دیکھو نوجوان نے ان کی طرف دیکھا تو بے ہوش ہو کر گر پڑا ہم نے اسے حرکت دی تو دیکھا کہ وہ مر چکا ہے چنانچہ ہم نے اسے دفن کیا میں نے حضرت ابو یزید بسطامی رحمہ اللہ سے عرض کیا میرے آقا! آپ کے دیکھنے سے یہ نوجوان مر گیا۔ انہوں نے فرمایا نہیں بلکہ تمہارا ساتھی سچا تھا اس کے دل میں ایک راز تھا کہ اس کا وصف اس پر منکشف نہ ہوا جب اس نے ہمیں دیکھا تو اسکا قلبی راز منکشف ہو گیا وہ اسے برداشت نہ کر سکا کیونکہ وہ کمزور مریدوں کے مقام پر تھا اس سے وہ ہلاک ہو گیا۔

اور جب زنگی (افریقی) بصرہ میں داخل ہوئے اور انہوں نے لوگوں کو قتل کیا ان کے مال لوٹے تو حضرت سہل رحمہ اللہ کے مریدان کے پاس جمع ہوئے انہوں نے عرض کیا اگر آپ اللہ تعالیٰ سے ان کو دور کرنے کی دعا مانگیں تو اچھا ہے وہ خاموش رہے پھر فرمایا اس شہر میں اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ ظالموں کے خلاف بددعا کریں تو زمین پر کوئی ظالم نہ رہے سب اسی رات مر جائیں لیکن وہ ایسا نہیں کرتے پوچھا گیا کیوں؟ فرمایا اس لیے کہ جو چیز اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں وہ ان کو بھی پسند نہیں۔ پھر انہوں نے قبولیت کے سلسلے میں چند باتیں بیان کیں جن کا ذکر ہمارے بس میں نہیں۔

حتیٰ کہ انہوں نے فرمایا اگر وہ اللہ تعالیٰ سے سوال کریں کہ وہ قیامت قائم نہ کرے تو وہ اسے قائم نہیں کرے گا۔

تو یہ تمام امور ذاتی طور پر ممکن ہیں پس جس کو ان سے کچھ حصہ نہ ملے تو حتی الامکان تصدیق اور ایمان سے خالی نہیں رہنا چاہیے کیوں کہ قدرت وسیع ہے فضل عام ہے ملک و ملکوت کے عجائب بے شمار ہیں اور جو کچھ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے تحت ہے اس کی کوئی انتہا نہیں نیز اس کے منتخب بندوں پر اس کے فضل کی بھی کوئی حد نہیں۔

اسی لیے حضرت بایزید بسطامی رحمہ اللہ نے فرمایا اگر تجھے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مناجات حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی روحانیت اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی خُلت (خلیل ہونا) دیا جائے تو اس سے بھی زائد کا مطالبہ کرو کیوں کہ اس سے اوپر کئی گنا زیادہ ہے اگر تم کسی درجہ پر مطمئن ہو جاؤ گے تو اس سے حجاب میں ہو جاؤ گے اور اس قسم کی باتیں ان لوگوں کے لیے آزمائش ہیں جو ان جیسا مقام رکھتے ہیں کیوں کہ ان کے مختلف درجات ہیں۔

کسی عارف نے فرمایا کہ چالیس حوریں میرے سامنے کی گئیں میں نے ان کو دیکھا کہ وہ ہوا میں دوڑ رہی ہیں اور ان پر سونے، چاندی اور جواہرات کا لباس ہے جو چھن چھن کرتا ان کے ساتھ پھرتا ہے میں نے ان کو ایک نظر دیکھا تو مجھے چالیس دن سزا دی گئی پھر میرے سامنے اسی حوریں آئیں جو حسن و جمال میں ان سے بھی اوپر تھیں مجھے کہا گیا کہ ان کو دیکھو میں نے سجدہ کیا اور سجدے میں آنکھیں بند کر دیں تاکہ میں ان کی طرف نہ دیکھ سکوں میں نے کہا اے اللہ! میں تیرے سوا سب سے پناہ چاہتا ہوں مجھے اس کی حاجت نہیں میں مسلسل گڑگڑاتا رہا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو مجھ سے پھیر دیا۔

تو مومن کو چاہیے کہ وہ اس قسم کے مکاشفات سے اس لیے انکار نہ کرے کہ وہ خود اس سے خالی ہے اگر

ہر مومن اسی بات پر ایمان لانا جس کا وہ تاریک نفس اور سخت دل سے مشاہدہ کرتا ہے تو ایمان کا میدان تنگ ہو جائے گا بلکہ یہ احوال اس وقت ظاہر ہوتے ہیں جب آدمی کئی گھاٹیوں کو عبور کرتا اور کئی مقامات کو حاصل کر لیتا ہے ان میں سے ادنیٰ مقام اخلاص ہے نیز تمام ظاہری و باطنی اعمال سے نفسانی فوائد اور مخلوق کے ملاحظہ سے نفس کو نکالنا ہے پھر اپنے حال کو چھپاتے ہوئے لوگوں سے مخفی رہنا ہے حتیٰ کہ وہ گوشۂ گمنامی کے قلعے میں بند ہو جائے۔ تو یہ باتیں ان لوگوں کے سلوک کا آغاز ہیں اور سب سے کم مقام ہے اور یہ بڑے بڑے متقی لوگوں میں بھی بہت کم پائی جاتی ہیں۔

اور جب مخلوق کی طرف توجہ کی کدورتوں سے دل صاف ہو جاتا ہے تو اس پر نورِ یقین کا فیضان ہوتا ہے اور مبادیٔ حق منکشف ہوتے ہیں اور تجربے اور سلوکِ طریقت کے بغیر اس کا انکار کرنا اسی طرح ہے جیسے کوئی شخص کہے کہ لوہے پر نقشِ صورت ممکن نہیں اگرچہ اسے خوب رگڑ کر اور صاف کر کے شیشے کی طرح کر دیا جائے پس منکر کی نگاہ اس لوہے پر ہوتی ہے جو اس کے پاس ہے نہایت سیاہ ہے اور اس کا ور زنگ اور میل چڑھی ہوتی ہے اس پر کوئی صورت منقش نہیں ہوتی اس لیے اس نے اس وقت کے انکشاف کا بھی انکار کیا جب اس کا جوہر ظاہر ہو جائے تو اس بات کا انکار انتہائی درجہ کی جہالت اور گمراہی ہے۔

پس یہ ہر اس شخص کا حکم ہے جو کراماتِ اولیاء کا منکر ہے اور اس انکار پر اس کے پاس سوائے اس کی کوتاہ بینی کے کوئی دلیل نہیں اور جس کو اس نے دیکھا وہ بھی قاصر ہے تو قدرت خداوندی سے انکار کی یہ بہت بری دلیل ہے بلکہ تم ہر اس شخص سے مکاشفہ کی خوشبو سونگھو گے جو اس راہ میں کچھ بھی چلتا ہے اگرچہ وہ راستے کی ابتداء ہی میں ہو جیسا کہ حضرت بشر رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ آپ نے یہ مقام کیسے پایا؟ انہوں نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتا تھا کہ وہ میرے حال کو پوشیدہ رکھے کسی پر ظاہر نہ کرے۔

منقول ہے کہ انہوں نے حضرت خضر علیہ السلام کو دیکھا تو کہا کہ وہ ان کے لیے دعا کریں انہوں نے دعا مانگی کہ اللہ تعالیٰ تمہاری عبادت کو آسان کرے عرض کیا مزید دعا مانگیں فرمایا اللہ تعالیٰ اسے مخلوق سے پوشیدہ رکھے یہ بھی کہا گیا کہ ان کی دعا کا مطلب یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ خود آپ سے بھی اس کو پوشیدہ رکھے کہ آپ کی توجہ اس کی طرف نہ ہو۔

بعض بزرگوں سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت خضر علیہ السلام کو دیکھنے کا شوق ہوا ایک مرتبہ میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ یا اللہ مجھے ان کی زیارت کرا دے تا کہ میں ان سے وہ بات سیکھوں جو میرے لیے اہم ہے جب مجھے ان کی زیارت ہوئی تو مجھے کوئی بات نہ سوجھی صرف اتنا کہا اے ابوالعباس! مجھے کوئی چیز سکھا دیں کہ جب میں کہوں تو مخلوق کے دلوں سے پردے میں ہو جاؤں ان کے دلوں میں میری کوئی قدر نہ رہے اور کوئی شخص بھی نیکی اور دیانت سے مجھے نہ جانے انہوں نے فرمایا تم یوں کہو۔

یا اللہ! مجھ پر اپنا گاڑھا پردہ ڈال دے اور اپنے حجابات مجھ پر اتار دے مجھے اپنے غیب کے پردوں میں

کر دے اور مخلوق کے دلوں سے مجھے چھپا دے فرماتے ہیں پھر وہ غائب ہو گئے اور میں ان کو نہ دیکھ سکا اور نہ ہی اس کے بعد مجھے ان کا شوق ہوا میں روزانہ یہ کلمات کہتا۔

کہتے ہیں ان کلمات کی تاثیر اس قدر ہوئی کہ لوگ ان کو ذلیل کرتے اور توہین کرتے حتیٰ کہ ذمی رکافر) ان کے ساتھ مذاق کرتے اور ان کو بیگار میں پکڑ کر اپنا سامان ان پر رکھ دیتے۔ بچے ان کے ساتھ مذاق کرتے یعنی ان کے کا سکون اور راحت اسی ذلت اور پوشیدگی میں تھا۔

تو اولیاء کرام کا یہ حال ہے اور ان کو ایسے ہی لوگوں میں تلاش کرنا چاہیے جب کہ دھوکے میں مبتلا لوگ ان کو ایسے لوگوں میں تلاش کرتے ہیں جو پیوند لگی ہوئی گدڑیاں اور چادریں پہنے ہوئے ہوں اور علم و تقویٰ وغیرہ میں مشہور ہوں حالانکہ اولیاء کرام کے سلسلے میں غیرت خداوندی یہی ہے کہ وہ پوشیدہ رہیں جیسے حدیث قدسی میں ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

اَوْلِیَائِیْ تَحْتَ قِبَائِیْ لَا یَعْرِفُهُمْ غَیْرِیْ۔ — میرے اولیاء کرام میری قبا کے نیچے ہیں میرے سوا ان کو کوئی نہیں جانتا۔

٭ ٭ ٭

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

رُبَّ اَشْعَثَ اَغْبَرَ ذِیْ طِمْرَیْنِ لَا یُؤْبَهُ لَهٗ لَوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ۔ (۱) — کئی لوگ بکھرے ہوئے بالوں اور گرد آلود چہروں والے دو چادروں میں ہوتے ہیں اور ان کی پرواہ نہیں کی جاتی اگر وہ اللہ تعالیٰ پر قسم کھائیں تو اللہ تعالیٰ اسے پورا کرتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ ان معانی کی خوشبو سے زیادہ تر وہی دل دور ہیں جو تکبر کرنے والے خود پسند اور اپنے علم و عمل پر نازاں ہیں لیکن جو لوگ شکستہ دل ہیں اور اپنے آپ کو اس قدر ذلت و رسوائی میں دیکھتے ہیں کہ اگر ان کو ذلیل کیا جائے تو ان کو احساس نہیں ہوتا جیسے غلام کا آقا اس سے بلند بیٹھتا ہے تو اسے ذلت کا احساس نہیں ہوتا تو ایسے لوگوں کے دلوں کو زیادہ قرب حاصل ہوتا ہے پس جب اسے ذلت کا احساس نہ ہو اور اس ذلت کی طرف توجہ نہ ہونے کی وجہ سے اس کو اس کی خبر بھی نہ ہو بلکہ وہ اپنے آپ کو اس سے بھی کم درجے میں سمجھتا ہو کہ ہر قسم کی ذلت کو اپنے حق میں ذلت سمجھے بلکہ اپنے آپ کو اس سے بھی کم سمجھتا ہو حتیٰ کہ طبعی تواضع اس کی ذاتی صفت بن جائے تو اس قسم کے دل کے بارے میں امید کی جا سکتی ہے کہ وہ ان خوشبوؤں کے مبادی کی خوشبو سونگھے۔

اگر اس قسم کا دل نہ پایا جائے اور اس قسم کی روح سے بھی ہم محروم ہوں تو ہمارے لیے مناسب نہیں کہ جو لوگ اس کے اہل ہیں ان کے لیے اس کے امکان پر ایمان نہ رکھیں۔ پس جو شخص اللہ تعالیٰ کا دوست بننے پر قادر نہیں اسے ان

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۲۹ کتاب البر والصلۃ

لوگوں کا محب ہونا چاہیے اور ان پر ایمان رکھے امید ہے کہ جس سے محبت کرتا ہے اس کے ساتھ اٹھایا جائے۔

اس بات پر یہ روایت شاہد ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے پوچھا کھیتی کہاں اُگتی ہے؟ انہوں نے جواب دیا مٹی میں، آپ نے فرمایا میں تم سے سچ کہتا ہوں حکمت بھی دل میں پیدا ہوتی ہے جو مٹی کی طرح ہوتا ہے اور ولایت خداوندی کے طلب گاروں نے ولایت کی شرائط کی طلب میں اپنے نفس کو اس قدر ذلیل کیا کہ نہایت درجے کی عاجزی اور خساست تک پہنچا دیا۔ حتیٰ کہ منقول ہے کہ حضرت ابن کریبی رحمہ اللہ جو حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ کے استاذ تھے ان کو ایک شخص نے تین مرتبہ کھانے کے لیے بلایا اور تینوں مرتبہ واپس کر دیا وہ بار بار بلاتا اور آپ تشریف لاتے چوتھی مرتبہ وہ آپ کو اپنے گھر لے گیا اور پوچھا کہ آپ نے یہ سب کچھ کیسے برداشت کر لیا؟ آپ نے فرمایا میں تیس سال سے نفس کی ذلت پر راضی ہوں حتیٰ کہ میرا نفس کتے کی طرح ہو گیا ہے جسے دھتکارا جائے تو چلا جاتا ہے پھر بلا کر اس کے سامنے ہڈی ڈالی جائے تو لوٹ آتا ہے اگر تم مجھے پچاس مرتبہ بھی بلا کر واپس کر دو گے پھر بلاؤ گے تو میں تمہاری دعوت قبول کروں گا۔

آپ سے یہ بھی مروی ہے فرمایا میں ایک محلے میں گیا تو نیک بختی کے حوالے سے مجھے پہچانا گیا اس سے میرا دل پریشان ہو گیا تو میں حمام میں چلا گیا اور قصداً وہاں سے کسی کے عمدہ کپڑے اٹھا کر پہن لیے پھر اس کے اوپر اپنی گدڑی اتار کر اپنے کپڑے لے لیے اور مجھے خوب مارا پیٹا۔ اس کے بعد میں حمام کا چور معروف ہو گیا اور یوں میرے دل کو سکون حاصل ہوا۔

تو وہ لوگ اس طرح اپنے نفسوں کو مشقت و ریاضت میں مبتلا کرتے تھے تاکہ اللہ تعالیٰ ان کو مخلوق کی نظر سے بچائے حتیٰ کہ اپنے نفس سے بھی حجاب میں ہو جائیں اور اب ان کے دلوں اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی حجاب دوری پیدا نہ کرے اور نہ ہی کوئی چیز حائل ہو۔ دلوں کی دوری کا باعث اپنے آپ میں اور دوسروں میں مشغولیت ہے بلکہ اپنے نفس میں مشغول ہونا تو بہت بڑا حجاب ہے اسی لیے منقول ہے کہ بسطام کا ایک معزز شخص حضرت ابو یزید بسطامی رحمہ اللہ کی مجلس سے کبھی جدا نہ ہوتا ایک دن اس نے عرض کیا میں تیس سال سے دن کو روزہ رکھ رہا ہوں کبھی اسے ترک نہیں کیا اور رات کو قیام کرتا ہوں سوتا نہیں لیکن جو کچھ آپ ذکر کرتے ہیں میں اس میں سے کچھ بھی اپنے دل میں نہیں پاتا حالانکہ میں اس کی تصدیق کرتا ہوں اور اس سے محبت بھی رکھتا ہوں حضرت بایزید بسطامی رحمہ اللہ نے فرمایا اگر تم تین سو سال روزہ رکھو اور راتیں قیام میں گزارو تو بھی تم اس سے ایک ذرہ نہیں پا سکتے اس نے پوچھا کیوں؟ فرمایا اس لیے کہ تم اپنے نفس کی وجہ سے حجاب میں ہو۔ اس نے پوچھا اس کا کوئی علاج؟ فرمایا ہاں ہے اس نے عرض کیا آپ مجھے بتائیں میں اس پر عمل کروں آپ نے فرمایا حجام کے پاس جاؤ اور اپنا سر اور داڑھی منڈوا دو اور یہ لباس اتار کر ایک کمبل اوڑھ لو اپنے گلے میں اخروٹوں سے بھرا ہوا کپڑا لٹکا دو بچوں کو اپنے گرد جمع کرو اور کہو کہ جو کوئی مجھے مارے گا اسے ایک اخروٹ دوں گا۔ بازار

میں جاؤ اور بازار میں ان سب کے پاس چکر لگاؤ جو وہاں موجود ہیں اور وہ جو تمہیں جانتے ہیں اس شخص نے کہا سبحان اللہ! آپ مجھے یہ مشورہ دیتے ہیں؟ حضرت بایزید بسطامی رحمہ اللہ نے فرمایا تمہارا "سبحان اللہ" کہنا شرک ہے اس نے پوچھا وہ کیسے! آپ نے فرمایا تم نے اپنے آپ کو بڑا سمجھا اور پھر "سبحان اللہ" کہا تو تو نے اپنے رب کی تسبیح بیان نہیں کی اس نے کہا یہ کام تو میں نہیں کروں گا کچھ اور بتائیے آپ نے فرمایا سب سے پہلے یہی کام کرنا ہوگا اس نے کہا مجھے اس کی طاقت نہیں آپ نے فرمایا میں نے کہا تھا کہ تو اسے قبول نہیں کرے گا۔

تو حضرت بایزید بسطامی رحمہ اللہ نے جو کچھ فرمایا یہ اس شخص کا علاج ہے جو اپنے آپ کو دیکھنے اور لوگوں کی توجہ کا طالب ہونے جیسی مرض میں مبتلا ہو اس بیماری سے صرف یہی علاج نجات دے سکتا ہے یا اس قسم کا کوئی دوسرا عمل ہو اور جو شخص علاج کی طاقت نہ رکھتا ہو اس کے لیے مناسب نہیں کہ وہ اس شخص کے لیے شفا کے امکان کا انکار کرے جو مرض کے بعد اس قسم کا علاج کرتا ہے یا وہ جو اس قسم کی بیماری میں بالکل مبتلا نہیں ہوتا اس لیے کہ صحت کا کم از کم درجہ اس کے امکان پر ایمان لانا ہے پس جو شخص اس قلیل مقدار سے بھی محروم ہو اس کے لیے ہلاکت ہے۔

یہ امور شریعت میں واضح ہیں لیکن اس کے باوجود اس شخص کے نزدیک بہت دشوار ہیں جو اپنے آپ کو علمائے شریعت میں شمار کرتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا يَسْتَكْمِلُ الْعَبْدُ الْإِيْمَانَ حَتّٰى تَكُوْنَ قِلَّةُ الشَّيْءِ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ كَثْرَتِهٖ وَحَتّٰى يَكُوْنَ اَنْ لَا يُعْرَفَ اَحَبَّ مِنْ اَنْ يُعْرَفَ (۱)

بندے کا ایمان اس وقت تک کامل نہیں ہوتا جب تک قلیل چیز اس کے نزدیک اس کے کثیر سے زیادہ محبوب نہ ہو اور جب تک معروف ہونے کی نسبت معروف نہ ہونا اسے پسند نہ ہو۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ اسْتَكْمَلَ اِيْمَانُهٗ لَا يَخَافُ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ وَلَا يُرَائِيْ بِشَيْءٍ مِنْ عَمَلِهٖ وَاِذَا عُرِضَ عَلَيْهِ اَمْرَانِ اَحَدُهُمَا لِلدُّنْيَا وَالْاٰخَرُ لِلْاٰخِرَةِ

جس شخص میں تین باتیں پائی جائیں اس کا ایمان کامل ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کے بارے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرے اس کا کوئی عمل دکھاوے کے لیے نہ ہو جب اس کے سامنے دو باتیں پیش کی جائیں ان میں

---

(۱) تذکرۃ الموضوعات ص ۱۷۸ باب ذم الدنیا

اٰثَرَ اَمْرَ الْاٰخِرَةِ عَلَى الدُّنْيَا۔ (۱)

سے ایک دنیا کے لیے ہو اور دوسری آخرت کے لیے تو وہ اُخروی بات کو دنیوی بات پر ترجیح دے۔

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

وَلَا يَكْمُلُ اِيْمَانُ عَبْدٍ حَتّٰى يَكُوْنَ فِيْهِ ثَلَاثُ خِصَالٍ اِذَا غَضِبَ لَمْ يُخْرِجْهُ غَضَبُهُ عَنِ الْحَقِّ وَاِذَا رَضِيَ لَمْ يُدْخِلْهُ رِضَاهُ فِيْ بَاطِلٍ وَاِذَا قَدَرَ لَمْ يَتَنَاوَلْ مَا لَيْسَ لَهُ (۲)

جب تک بندے میں تین خصلتیں نہ ہوں اس کا ایمان کامل نہیں ہوتا جب اسے غصہ آئے تو غصہ اسے سچ بات کہنے سے نہ نکالے اور جب راضی ہو تو اس کی رضا اسے باطل میں نہ داخل کر دے اور جب طاقت حاصل ہو تو جو چیز اس کی نہیں اسے نہ لے۔

ایک دوسری حدیث میں آپ نے فرمایا۔

ثَلَاثٌ مَنْ اُوْتِيَهُنَّ فَقَدْ اُوْتِيَ مِثْلَ مَا اُوْتِيَ آلُ دَاوٗدَ الْعَدْلُ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ وَالْقَصْدُ فِي الْغِنٰى وَالْفَقْرِ وَخَشْيَةُ اللّٰهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ۔ (۳)

تین باتیں ایسی ہیں کہ جس کو دی گئیں اسے داؤد علیہ السلام کی طرح کا عطیہ ملا خوشی اور غصہ کی حالت میں انصاف کرنا مالداری اور محتاجی کی حالت میں میانہ روی اختیار کرنا اور پوشیدہ و ظاہر (دونوں حالتوں میں) اللہ تعالیٰ سے ڈرنا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایمان والوں کے لیے ان شرائط کا ذکر کیا ہے پس ایسے شخص پر تعجب ہے جو علم دین کا دعویٰ کرتا ہے لیکن اس میں ان شرائط میں سے ایک ذرہ بھی نہیں پایا جاتا پھر اس کو علم وعقل سے اس قدر حصہ ملا ہے کہ جو مرتبہ ایمان لانے اور کئی مقامات طے کرنے کے بعد حاصل ہوتا ہے وہ اس کا انکار کرتا ہے۔

روایات میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی نبی علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ میں اس شخص کو اپنا خلیل بناتا ہوں جو میرے ذکر میں کوتاہی نہ کرے اور اسے میرے علاوہ کسی کی فکر نہ ہو اور نہ ہی مخلوق میں سے کسی کو مجھ پر ترجیح دے اور اگر اسے آگ میں جلایا جائے تو وہ اس جلن سے تکلیف محسوس نہ کرے اور اگر اسے آروں سے چیرا جائے تو اس سے بھی درد محسوس نہ کرے۔

تو جس شخص کی محبت اس درجے کو بھی نہ پہنچی ہو تو اسے کس طرح پتہ چلے گا کہ محبت کے بعد کرامات اور مکاشفات میں

---

(۱) کنز العمال جلد ۱۵ ص ۷۱۸ حدیث ۴۳۴۴۷

(۲) المعجم الصغیر للطبرانی جلد اول ص ۶۱ من اسمہ احمد

(۳) کنز العمال جلد ۱۵ ص ۸۱۱ حدیث ۴۳۲۲۴

یہ سب چیزیں محبت کے بعد ہوتی ہیں اور محبت ایمان کے کامل ہونے کے بعد ہوتی ہے۔ اور ایمان کے مقامات اور کمی زیادتی کے اعتبار سے اس میں تفاوت شمار سے باہر ہے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔

إِنَّ اللهَ تَعَالَى قَدْ أَعْطَاكَ مِثْلَ إِيْمَانِ كُلِّ مَنْ آمَنَ بِي مِنْ أُمَّتِي وَأَعْطَانِي مِثْلَ إِيْمَانِ كُلِّ مَنْ آمَنَ بِهِ مِنْ وَلَدِ آدَمَ۔ (۱)

بے شک اللہ تعالیٰ نے آپ کو میری امت کے تمام مومنوں کے ایمان کے برابر ایمان عطا فرمایا جو مجھ پر ایمان لاتے اور مجھے تمام اولادِ آدم کے برابر ایمان عطا فرمایا جو وہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے۔

ایک دوسری حدیث شریف میں ہے۔

بے شک اللہ تعالیٰ کے تین سو اخلاق ہیں جو شخص توحید کے ساتھ ساتھ ان میں سے کسی ایک خُلق کے ساتھ اس سے ملاقات کرے گا وہ جنت میں داخل ہو گا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا ان میں سے کوئی خُلق مجھ میں بھی ہے آپ نے فرمایا اے ابو بکر وہ تمام اخلاق تم میں موجود ہیں۔ اور ان میں سے سب سے زیادہ پسندیدہ خُلق سخاوت ہے۔ (۲)

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

میں نے ایک ترازو دیکھا جو آسمان سے لٹکایا گیا اس کے ایک پلڑے میں مجھے رکھا گیا اور دوسرے پلڑے میں میری امت کو رکھا گیا تو میرا پلڑا بھاری ہو گیا نیز ایک پلڑے میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو رکھا گیا اور میری امت کو لا کر دوسرے پلڑے میں رکھا گیا تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ والا پلڑا بھاری ہو گیا۔

ان سب باتوں کے باوجود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کی ذات میں اس طرح استغراق تھا کہ آپ کے دل میں کسی اور کو خلیل بنانے کی گنجائش نہ تھی۔ آپ نے فرمایا۔

لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا مِنَ النَّاسِ خَلِيْلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيْلًا وَلٰكِنْ صَاحِبُكُمْ خَلِيْلُ اللهِ تَعَالَى۔ (۴)

اگر میں لوگوں میں کسی کو خلیل بناتا تو حضرت ابو بکر (رضی اللہ عنہ) کو خلیل بناتا۔ لیکن تمہارا ساتھی اللہ تعالیٰ کا خلیل ہے (اپنے بارے میں فرمایا)

---

(۱) العلل المتناہیۃ جلد اول ص ۱۰۴ حدیث ۱۹۳

(۲) تذکرۃ الموضوعات ص ۹۲ باب اوصافہ المتناہیۃ

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۶۷ مرویات ابن عمر

(۴) صحیح بخاری جلد اول ص ۵۱۶ کتاب المناقب

خاتمہ ـــ محبت سے متعلق متفرق مفید کلمات:

حضرت سفیان رحمہ اللہ فرماتے ہیں محبت، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کا نام اور دوسرے لوگ کہتے ہیں ہمیشہ ذکر کرنا محبت ہے جب کہ کچھ حضرات فرماتے ہیں محبوب کو ترجیح دینا محبت ہے کچھ دیگر حضرات کے نزدیک دنیا میں باقی رہنے کو برا جاننا محبت کہلاتا ہے۔

ان تمام اقوال میں محبت کے نتائج کی طرف اشارہ ہے جب کہ نفس محبت کے سلسلے میں انہوں نے کچھ نہیں کہا اور بعض حضرات نے فرمایا کہ محبت ایک ایسا معنی ہے جو محبوب کی طرف سے ہوتا ہے دل اس کے ادراک سے مغلوب ہوتے ہیں اور زبانیں اس کی تعبیر نہیں کر سکتیں۔

حضرت جنید رحمہ اللہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں پر محبت کو حرام کر دیا ہے جن کا اللہ تعالیٰ کے غیر سے تعلق ہو۔ اور فرمایا ہر محبت کا عوض ہوتا ہے جب عوض زائل ہو جائے تو محبت بھی زائل ہو جاتی ہے۔

حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص اللہ تعالیٰ کی محبت کا اظہار کرے اس سے کہو کہ اللہ تعالیٰ کے غیر کے لیے ذلیل بننے سے بچے۔

حضرت شبلی رحمہ اللہ سے کہا گیا کہ ہمارے سامنے عارف اور محب کی صفت بیان کریں تو انہوں نے فرمایا اگر عارف کلام کرے تو ہلاک ہوتا ہے اور محب خاموش رہے تو ہلاک ہوتا ہے اور حضرت شبلی رحمہ اللہ ہی فرماتے ہیں۔

يَا أَيُّهَا السَّيِّدُ الْكَرِيْمُ حُبُّكَ بَيْنَ الْحَشَا مُقِيْمُ يَا رَافِعَ النَّوْمِ عَنْ جُفُونِي أَنْتَ بِمَا مَرَّبِي عَلِيْمُ	اے کریم سردار! تیری محبت میرے دل میں قائم ہے اے میری پلکوں سے نیند کو دور کرنے والے جو کچھ مجھ پر گزرتا ہے تو اسے جانتا ہے۔

÷ ÷ ÷ ÷

کسی دوسرے شخص نے یوں کہا ہے۔

عَجِبْتُ لِمَنْ يَقُوْلُ ذَكَرْتُ اِلْفِيْ وَهَلْ اَنْسَى فَاَذْكُرُ مَا نَسِيْتُ اَمُوْتُ اِذَا ذَكَرْتُكَ ثُمَّ اَحْيَا وَلَوْلَا حُسْنُ ظَنِّيْ مَا حَيِيْتُ فَاَحْيَا بِالْمُنٰى وَاَمُوْتُ شَوْقًا فَكَمْ اَحْيَا عَلَيْكَ وَكَمْ اَمُوْتُ	اس شخص پر تعجب ہے جو کہتا ہے مجھے اپنا محبوب یاد آیا کیا میں بھول گیا تھا کہ اب، کہوں یاد آیا میں تیری یاد سے جتنا مرتا ہوں اگر میرا حسن ظن نہ ہو تو کیسے زندہ رہتا میری زندگی آرزوؤں سے ہے اور موت شوق کی وجہ سے تو ہی تیرے لیے کس قدر زندہ رہتا اور مرتا ہوں۔

شَرِبْتُ الْحُبَّ كَاسًا بَعْدَ كَاسٍ
فَمَا نَفِدَ الشَّرَابُ وَمَا رَوِيْتُ
فَلَيْتَ خَيَالُهُ نُصْبٌ لِعَيْنِيْ
فَإِنْ قَصَّرْتُ فِيْ نَظَرِيْ عَمِيْتُ

میں نے محبت کے جام پر جام پیے پس نہ شراب ختم ہوئی اور نہ میں سیر ہوا کاش اس کا خیال میری آنکھوں کے سامنے ہو پھر کوتاہی کروں تو اندھا ہو جاؤں۔

⁂ ⁂ ⁂

حضرت رابعہ عدویہ رحمہا اللہ نے ایک دن فرمایا کون ہے جو ہمیں ہمارے حبیب کا پتہ بتائے ان کی خادمہ نے عرض کیا کہ ہمارا حبیب تو ہمارے ساتھ ہے لیکن دنیا نے ہمیں اس سے علیحدہ کر رکھا ہے۔

حضرت ابن جلاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ جب میں کسی بندے کے دل کی طرف دیکھتا ہوں اور اس میں دنیا اور آخرت کی محبت نہیں پاتا تو اس کے دل کو اپنی محبت سے بھر دیتا ہوں اور اس کی حفاظت کا کفیل ہو جاتا ہوں۔

کہتے ہیں ایک دن حضرت سمنون رحمہ اللہ نے محبت کے سلسلے میں گفتگو کی تو ایک پرندہ آپ کے سامنے اترا وہ اپنی چونچ مسلسل زمین میں مارتا رہا حتیٰ کہ اس سے خون جاری ہو گیا اور وہ مر گیا۔

حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ نے بارگاہ خداوندی میں عرض کیا اے میرے مولا! تو جانتا ہے کہ اپنی محبت کے ذریعے تو نے مجھے جو عزت عطا کی ہے مجھے اپنے ذکر سے مانوس کیا اور اپنی عظمت میں غور و فکر کے لیے مجھے فراغت عطا کی اس کے مقابلے میں جنت میرے نزدیک مچھر کے پر کی حیثیت بھی نہیں رکھتی۔

حضرت سری رحمہ اللہ نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے وہ عیش کرتا ہے اور جو آدمی دنیا کی طرف مائل ہوتا ہے وہ اپنی عقل کھو بیٹھتا ہے بیوقوف آدمی صبح و شام نکمی چیزوں کے لیے کوشش کرتا ہے اور عقل مند آدمی اپنے عیب تلاش کرتا ہے۔

حضرت رابعہ رحمہا اللہ سے پوچھا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کی محبت کا کیا عالم ہے؟ انہوں نے فرمایا اللہ کی قسم! میں اس سے بہت زیادہ محبت کرتی ہوں لیکن خالق کی محبت نے مجھے مخلوق کی محبت سے روک رکھا ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ سب سے زیادہ فضیلت والا عمل کونسا ہے؟ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ سے راضی رہنا اور اس سے محبت کرنا۔

حضرت ابو یزید رحمہ اللہ فرماتے ہیں محب دنیا اور آخرت سے محبت نہیں کرتا وہ تو اپنے مولا سے مولا ہی کو چاہتا ہے۔

حضرت شبلی رحمہ اللہ نے فرمایا محبت لذت میں مدہوشی اور تعظیم میں حیرت کا نام ہے اور کہا گیا ہے کہ محبت یہ ہے کہ وہ تم سے تمہارے نشان کو مٹا دے حتیٰ کہ تمہارے اندر کوئی ایسی چیز نہ رہے جو تجھ سے تیری طرف رجوع کرتی ہے یہ بھی کہا گیا ہے کہ محبت دل کا خوشی اور بشارت کے ساتھ محبوب کے قریب ہونا ہے۔ حضرت خواص رحمہ اللہ فرماتے ہیں محبت

تمام ارادوں کو ختم کرنا اور تمام صفات و حاجات کو جلا کر رکھ دینا ہے۔

حضرت سہل رحمہ اللہ سے محبت کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ کسی بندے کی مراد کو دیکھ کر اس کے دل کو اپنے مشاہدے کی طرف پھیر دے تو محبت ہے۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ محب کا معاملہ چار منزلوں پر ہوتا ہے محبت، ہیبت، حیاء اور تعظیم اور ان میں سے افضل منزل تعظیم اور محبت ہے کیونکہ یہ دو منزلیں اہل جنت کے ساتھ جنت میں باقی رہیں گی اور دوسری منزلیں اٹھالی جائیں گی۔

حضرت ہرم بن حبان رحمہ اللہ فرماتے ہیں مومن جب اپنے رب عزوجل کو پہچان لیتا ہے تو اس سے محبت کرتا ہے اور جب وہ اس سے محبت کرتا ہے تو اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور جب اس کی طرف توجہ کی مٹھاس حاصل کر لیتا ہے تو دنیا کو خواہش کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور یہ لذت اسے دنیا میں رہتے ہوئے آخرت کی راحت پہنچاتی ہے۔

حضرت محمد بن عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے ایک عبادت گزار عورت کو دیکھا وہ رو رہی تھی اور اس کے رخسار آنسوؤں سے تر تھے وہ اللہ تعالیٰ کے شوق اور اس سے ملاقات کی چاہت میں کہہ رہی تھی اللہ کی قسم میں دنیا سے تنگ آچکی ہوں اگر موت مجھے خریدنے سے ملے تو میں اسے خرید لوں۔ حضرت محمد بن عبداللہ فرماتے ہیں میں نے اس سے پوچھا کیا تجھے اپنے عمل پر اطمینان ہے؟ اس نے کہا نہیں لیکن میں اللہ تعالیٰ کی محبت اور اس کے بارے میں حسن ظن کی وجہ سے ایسا کہتی ہوں تمہارا کیا خیال ہے وہ مجھے اس محبت کے باوجود عذاب دے گا۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ مجھ سے پیٹھ پھیرنے والے لوگ اگر یہ جان لیں کہ میں ان کا انتظار کس طرح کرتا ہوں ان سے نرمی برتتا ہوں اور ان کے گناہ چھوڑنے کا مشتاق ہوں تو وہ میرے شوق میں مر جائیں اور میری محبت میں ان کے جسم کے جوڑ جدا جدا ہو جائیں اے داؤد علیہ السلام! میرا یہ ارادہ ان لوگوں کے بارے میں ہے جو مجھ سے پیٹھ پھیرتے ہیں تو میری طرف متوجہ ہونے والوں کے بارے میں میرا ارادہ کیا ہوگا؟ اے داؤد علیہ السلام! جو بندہ مجھ سے بے پرواہ ہو جائے وہ میرا زیادہ محتاج ہوتا ہے اور جب کوئی بندہ مجھ سے پیٹھ پھیرتا ہے تو میں اس پر زیادہ رحم کرتا ہوں اور جب کوئی بندہ میری طرف رجوع کرتا ہے تو وہ میرے نزدیک بہت معزز ہوتا ہے۔

حضرت ابو خالد صفار رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک نبی علیہ السلام کی کسی عابد سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے فرمایا اے عابدین کے گروہ! تم ایسے طریقے پر عمل کرتے ہو جس پر ہم انبیاء کرام عمل نہیں کرتے تم خوف اور امید پر عمل کرتے ہو اور ہم محبت اور شوق پر عمل کرتے ہیں۔

حضرت شبلی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی اے داؤد! میرا ذکر، ذکر کرنے والوں کے لیے ہے میری جنت اطاعت گزار لوگوں کے لیے ہے، میری زیارت مشتاق لوگوں کے لیے ہے اور میں خود محبت کرنے والوں کے لیے ہوں اور اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی فرمایا اے آدم! جو

اپنے محبوب سے محبت کرتا ہے وہ اس کے قول کو سچا جانتا ہے جو اپنے محبوب سے مانوس ہوتا ہے وہ اس کے فعل پر راضی ہوتا ہے اور جو اس کا شوق رکھتا ہے وہ اپنے سفر میں کوشش کرتا ہے۔

حضرت خواص رحمہ اللہ اپنے سینے پہ ہاتھ مار کر فرماتے ہائے اس کا شوق جو مجھے دیکھتا ہے اور میں اسے نہیں دیکھتا۔

حضرت جنید رحمہ اللہ فرماتے ہیں حضرت یونس علیہ السلام اس قدر روئے کہ نابینا ہو گئے انہوں نے اس قدر قیام کیا کہ کُبڑے ہو گئے اور اس قدر نماز پڑھی کہ چلنے پھرنے کی طاقت نہ رہی۔ اور بارگاہ خداوندی میں یوں عرض کیا یا اللہ! تیری عزت و جلال کی قسم اگر میرے اور تیرے درمیان آگ کا دریا ہوتا تو تیرے شوق کی وجہ سے میں اس میں گھس جاتا۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کی سنت کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا۔

معرفت میرا سرمایہ اور عقل میرے دین کی اصل ہے، محبت میری بنیاد اور شوق میری سواری ہے اللہ تعالیٰ کا ذکر میرا ہمنشین اور اعتماد میرا خزانہ ہے غم میرا رفیق اور علم میرا اسلحہ ہے، صبر میری چادر اور رضا میری غنیمت ہے عاجزی میرا فخر اور زُہد میرا پیشہ ہے یقین میری قوت اور سچائی میری شفیع ہے اطاعت میری محبت اور جہاد میرا اخلاق ہے اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے (۱)

حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ نے فرمایا وہ ذات پاک ہے جس نے ارواح کو مجتمع لشکر بنایا عارفین کی ارواح جلالی اور قدسی ہیں اسی لیے وہ اللہ تعالیٰ کے مشتاق ہیں مومنوں کی رُوحیں رُوحانی ہیں اسی لیے وہ جنت کے شائق ہیں اور غافل لوگوں کی ارواح ہوائی ہیں اسی لیے وہ دنیا کی طرف مائل ہیں۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں میں نے لکام پہاڑ میں ایک شخص کو دیکھا جس کا رنگ گندمی تھا اور جسم کمزور تھا وہ ایک پتھر سے دوسرے پتھر کی طرف جا رہا تھا۔ اور کہتا تھا۔

اَلشَّوْقُ وَالْهَوٰى صَيَّرَانِيْ كَمَا تَرٰى۔ (۱) (تیرے) شوق اور خواہش نے مجھے اس طرح کر دیا جس طرح تو دیکھ رہا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ شوق ایک آگ ہے جسے اللہ تعالیٰ اپنے اولیاء کرام کے دلوں میں روشن کرتا ہے حتیٰ کہ اس کی وجہ سے ان کے دلوں کے خیالات، ارادے اور عوارض و حاجات سب کچھ جل جاتا ہے۔ محبت، اُنس، شوق اور رضا کے سلسلے میں اس قدر بیان کافی ہے اور ہم اسی پر اکتفا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی راہ راست کی توفیق دینے والا ہے۔

محبت، شوق، رضا اور اُنس کا بیان مکمل ہوا اس کے بعد نیت اخلاص اور صدق کا بیان ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

---

(۱) تذکرۃ الموضوعات ص ۸۶، باب فضل الرسول صلی اللہ علیہ وسلم

۷۔ نیت و اخلاص کا بیان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم !

ہم اللہ تعالیٰ کی تعریف اس طرح کرتے ہیں جس طرح شکر گزار بندے کرتے ہیں اس پر اس طرح ایمان لاتے ہیں جس طرح اہل یقین ایمان لاتے ہیں اور اس کی توحید کا اقرار اس طرح کرتے ہیں جس طرح سچے لوگ اقرار کرتے ہیں۔

ہم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تمام جہانوں کا رب ہے آسمانوں اور زمینوں کا خالق ہے جنوں، انسانوں اور مقرب فرشتوں کو مکلف بنانے والا ہے کہ وہ خلوص کے ساتھ اس کی عبادت کریں۔

ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَا اُمِرُوْا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰہَ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ۔ (۱)

اور ان کو یہی حکم دیا گیا کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں دین کو اس کے لیے خالص کرتے ہوئے۔

تو اللہ تعالیٰ کے لیے خالص دین ہی ہے جو سیدھا بھی ہے اللہ تعالیٰ شریک ٹھہرانے والوں کے شرک سے بہت بے نیاز ہے اور رحمت کاملہ اس کے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہو جو تمام رسولوں کے سردار ہیں اور تمام انبیاء کرام نیز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آل واصحاب پر رحمت ہو جو طیب و طاہر ہیں۔

حمد و صلوٰۃ کے بعد ——

اہل دل لوگوں پر ایمانی بصیرت اور انوارِ قرآن کی وجہ سے یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ سعادت تک رسائی کے لیے علم و عبادت ضروری ہے پس علماء کے علاوہ تمام لوگ ہلاک ہونے والے ہیں اور تمام علماء ہلاک ہونے والے ہیں سوائے عمل کرنے والوں کے، اور مخلص لوگوں کے علاوہ تمام اہل عمل بھی ہلاک ہونے والے ہیں جب کہ مخلص لوگوں کو بھی بہت بڑا خطرہ ہے نیت کے بغیر عمل محض مشقت ہے اور اخلاص کے بغیر نیت ریاکاری ہے اور منافقت کے لیے اتنی بات ہی کافی ہے اور گناہ کے برابر ہے جب کہ صدق کے بغیر اخلاص، گرد و غبار کے ذرات ہیں۔

ہر وہ عمل جو غیر اللہ کے ارادے سے کیا جائے اور نیت خالص نہ ہو اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَقَدِمْنَا اِلٰی مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰہُ

اور جو کچھ انہوں نے کام کئے تھے ہم نے قصد فرما کر انہیں

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ بینہ آیت ۵

هَبَاءً مَّنْثُوْرًا۔ (۱) — باریک باریک غبار کے بکھرے ہوئے ذرے کر دیا کہ کھڑکی کی دھوپ میں سے نظر آتے ہیں۔

تو جو شخص حقیقتِ نیت سے واقف نہ ہو اس کی نیت کیسے صحیح ہوگی یا جو شخص اخلاص کی حقیقت سے آگاہ نہ ہو وہ نیت کو صحیح کرنے میں مخلص کیسے ہوگا یا وہ شخص جو صداقت کے مفہوم سے آگاہی نہ رکھتا ہو وہ اپنے نفس سے صدق کا مطالبہ کیسے کرے گا لہٰذا جو شخص اللہ تعالیٰ کی اطاعت کا ارادہ رکھتا ہو اس کی سب سے پہلی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ نیت کا علم حاصل کرے تاکہ اس کو اس کی معرفت حاصل ہو۔ پھر صدق و اخلاص کی حقیقت سے آگاہ ہو کر عمل کے ذریعے نیت کو صحیح کرے کیوں بندے کی نجات اور چھٹکارے کا وسیلہ یہی دو باتیں ہیں (اخلاص اور صدق) لہٰذا ہم صدق اور اخلاص کے معانی کو تین بابوں میں ذکر کریں گے۔

پہلا باب :۔ نیت کی حقیقت اور معنیٰ

دوسرا باب :۔ اخلاص اور اس کے حقائق

تیسرا باب :۔ صدق اور اس کی حقیقت

پہلا باب

نیّت کا بیان

اس باب میں نیت کی فضیلت، حقیقتِ نیت، نیت کا عمل سے اچھا ہونا نفس سے متعلق اعمال کی تفصیل اور نیت کے اختیار سے نکلنے کا بیان ہوگا۔

فصل ۱ :

فضیلتِ نیت

ارشاد خداوندی ہے۔

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ۔ (۲) — اور دور نہ کرو انہیں جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صبح و شام اس کی رضا چاہتے ہوئے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ فرقان آیت ۲۳

(۲) قرآن مجید، سورۂ انعام آیت ۵۲

یہاں ارادے سے مراد نیت ہے۔ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ وَلِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى دُنْيَا يُصِيبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ يَنْكِحُهَا فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ۔ (۱)

اعمال (کے ثواب) کا دارومدار نیت پر ہے اور ہر شخص کے لیے وہی کچھ ہے جس کی اس نے نیت کی پس جس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہو اس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہی ہوگی اور جس کی ہجرت دنیا کی طرف ہو کہ اسے حاصل کرنا مقصود ہو یا کسی عورت کی طرف کہ اس سے نکاح کرے تو وہ جس کی طرف ہجرت کرے گا اس کی ہجرت اسی کی طرف شمار ہوگی۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

أَكْثَرُ شُهَدَاءِ أُمَّتِي أَصْحَابُ الْفُرُشِ وَرُبَّ قَتِيلٍ بَيْنَ الصَّفَّيْنِ اللّٰهُ أَعْلَمُ بِنِيَّتِهِ۔ (۲)

میری امت کے اکثر شہداء (بستر پر فوت ہونے) والے ہوں گے اور دو فوجوں کے درمیان قتل ہونے والے اکثر لوگوں کی نیت کو اللہ تعالیٰ جانتا ہے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

إِنْ يُرِيدَا إِصْلَاحًا يُوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا۔ (۳)

اگر وہ دونوں (میاں بیوی میں صلح کرانے والے) اصلاح کی نیت کریں تو اللہ تعالیٰ ان (میاں بیوی) کے درمیان اتفاق پیدا فرمائے گا۔

تو اللہ تعالیٰ نے نیت کو توفیق (باہم اتفاق) کا سبب بنایا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى لَا يَنْظُرُ إِلَى صُوَرِكُمْ وَأَمْوَالِكُمْ وَإِنَّمَا يَنْظُرُ إِلَى قُلُوبِكُمْ۔

بے شک اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور تمہارے مالوں کو نہیں دیکھتا بلکہ وہ تمہارے دلوں اور اعمال کو دیکھتا ہے

---

(۱) صحیح بخاری جلد اول ص ۲ باب کیف کان بدء الوحی

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۳۹۷ مرویات عبداللہ بن مسعود

(۳) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۳۵

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۲۸۵ مرویات ابوہریرہ

وہ دلوں کو اس لیے دیکھتا ہے کہ دل نیتوں کی جگہ ہیں۔

اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

بندہ اچھا عمل کرتا ہے تو فرشتے اسے مہر لگائے ہوئے صحیفوں (رجسٹروں) میں لے کر اوپر جاتے ہیں اور اس عمل کو اللہ تعالیٰ کے سامنے رکھ دیا جاتا ہے اللہ تعالیٰ فرمایا اس صحیفے کو ڈال دو اس میں جو عمل ہے اس میں میری رضا کی نیت نہیں کی گئی پھر فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ اس شخص کے لیے فلاں فلاں بات لکھ دو وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! اس نے تو یہ کام نہیں کیا اللہ تعالیٰ فرمایا اس نے اس کام کی نیت کی تھی۔ (۱)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلنَّاسُ اَرْبَعَۃٌ رَجُلٌ آتَاہُ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ عِلْمًا وَمَالًا فَھُوَ یَعْمَلُ بِعِلْمِہٖ فِیْ مَالِہٖ فَیَقُوْلُ رَجُلٌ لَوْ آتَانِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی مِثْلَ مَا آتَاہُ لَعَمِلْتُ کَمَا یَعْمَلُ فَھُمَا فِی الْاَجْرِ سَوَاءٌ وَرَجُلٌ آتَاہُ اللّٰہُ تَعَالٰی مَالًا وَلَمْ یُؤْتِہٖ عِلْمًا فَھُوَ یَتَخَبَّطُ بِجَھْلِہٖ فِیْ مَالِہٖ فَیَقُوْلُ رَجُلٌ لَوْ آتَانِیَ اللّٰہُ مِثْلَ مَا آتَاہُ عَمِلْتُ کَمَا یَعْمَلُ فَھُمَا فِی الْوِزْرِ سَوَاءٌ۔ (۲)

لوگ چار قسم کے ہیں ایک قسم ان لوگوں کی ہے جن کو اللہ تعالیٰ نے علم اور مال عطا فرمایا تو وہ اپنے مال میں علم کے مطابق عمل کرتا ہے دوسرا شخص کہتا ہے اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کی مثل دیا ہوتا تو میں بھی اس کی طرح عمل کرتا پس ان دونوں کا اجر ایک جیسا ہے دوسرا وہ شخص ہے جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے مال دیا اور علم نہیں دیا وہ اپنی جہالت کی وجہ سے مال کو فضول کاموں میں خرچ کرتا ہے تو ایک اور شخص کہتا ہے اگر اللہ تعالیٰ مجھے بھی مال دیتا تو میں بھی اس کی طرح کرتا تو یہ دونوں گناہ میں برابر ہیں۔

اسی طرح حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ تبوک کے لیے تشریف لے گئے تو فرمایا مدینہ طیبہ میں کچھ لوگ ہیں کہ ہم جو بھی وادی طے کرتے ہیں یا ایسی جگہ کو پامال کرتے ہیں جس سے کفار کو غصہ آئے نیز ہم کوئی مال خرچ کرتے ہیں یا ہم بھوکے ہوتے ہیں تو وہ ان تمام باتوں میں ہمارے ساتھ شریک ہوتے ہیں حالانکہ وہ مدینہ طیبہ میں ہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! وہ کیسے؟ وہ تو ہمارے ساتھ نہیں ہیں آپ نے فرمایا انہیں عذر نے روک رکھا ہے۔ (۳)

---

(۱)

(۲) سنن ابن ماجہ ص ۳۲۲، ابواب الزھد

(۳) سنن الکبریٰ للبیہقی جلد ۹ ص ۲۴ کتاب السیر

تو وہ حُسنِ نیت کی وجہ سے شریک تھے۔
حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے۔
مَنْ هَاجَرَ يَبْتَغِيْ شَيْئًا فَهُوَ لَهُ۔ جو شخص کسی چیز کی تلاش میں ہجرت کرتا ہے تو اس کے لیے وہی ہے۔

ایک شخص نے ہجرت کی اور ہمارے خاندان کی ایک خاتون سے شادی کی تو اس کا نام ام قیس کا مہاجر پڑ گیا۔ (۱)
اسی طرح ایک حدیث میں آیا ہے کہ ایک شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل ہوا تو اس کا نام "قتیل حمار" (گدھے کے لیے قتل ہونے والا) قرار پایا کیوں کہ وہ ایک شخص سے اس لیے لڑا کہ اس کا سامان اور گدھا حاصل کرے تو اسی وجہ سے اسے قتل کیا گیا پس وہ اپنی نیت کی طرف منسوب ہوا۔ (۲)
حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا۔
مَنْ غَزَا وَهُوَ لَا يَنْوِيْ اِلَّا عِقَالًا فَلَهُ مَا نَوٰى۔ (۳) جو شخص ایک رسی حاصل کرنے کے لیے لڑا تو اس کے لئے وہی ہے جس کی اس نے نیت کی۔
حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے ایک شخص سے مدد طلب کی جو میرے ساتھ مل کر جہاد کر رہا تھا اس نے انکار کیا حتیٰ کہ میں اس کے لیے اجرت مقرر کروں میں نے اس کے لیے اجرت مقرر کی پھر میں نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی تو آپ نے فرمایا اس کے لیے دنیا اور آخرت میں وہی کچھ ہے جو تم نے اس کے لیے مقرر کیا۔ (۴)
اسرائیلی روایات میں ہے کہ ایک شخص بھوک کی حالت میں ریت کے ایک ٹیلے سے گزرا تو اس نے دل میں کہا اگر یہ ریت غلہ ہوتی تو میں اسے لوگوں میں تقسیم کر دیتا اس پر اللہ تعالیٰ نے ان کے نبی کی طرف وحی بھیجی کہ اس سے فرمائیں اللہ تعالیٰ نے تمہارا صدقہ قبول کر لیا اور تیری اچھی نیت کے بدلے میں اس قدر ثواب دیا کہ اگر یہ ریت غلہ ہوتی اور تم صدقہ کرتے تو تمہیں جس قدر ثواب ملتا کئی روایات میں آیا ہے۔
مَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ وَلَمْ يَعْمَلْهَا كُتِبَتْ جو شخص کسی نیکی کا ارادہ کرے لیکن اس پر عمل نہ کر

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۲ ص ۱۰۱ کتاب الصلوٰۃ

(۲)

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۳۲۰ مرویات عبادہ بن صامت

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۲۲۳ مرویات یعلیٰ ابن امیہ

لَهُ حَسَنَةً۔ — سکے تو اس کے لیے نیکی کا ثواب لکھا جاتا ہے۔ (۱)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی عنہ کی روایت میں ہے۔

مَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا نِيَّتَهُ جَعَلَ اللهُ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَفَارَقَهَا أَرْغَبَ مَا يَكُونُ فِيهَا وَمَنْ تَكُنِ الْآخِرَةُ نِيَّتَهُ جَعَلَ اللهُ تَعَالٰى غِنَاهُ فِي قَلْبِهِ وَجَمَعَ عَلَيْهِ ضَيْعَتَهُ وَفَارَقَهَا أَزْهَدَ مَا يَكُونُ فِيهَا»

جو شخص دنیا کی نیت کرے اللہ تعالیٰ اس کا فقر اس کی آنکھوں کے سامنے کر دیتا ہے اور جس وقت اسے دنیا کی زیادہ رغبت ہوتی ہے اس وقت اسے دنیا سے جدا کرتا ہے اور جو شخص آخرت کی نیت کرے اللہ تعالیٰ اس کے دل کو غنی کر دیتا ہے، اس کا سامان اس کے لیے جمع کر دیتا ہے اور جب دنیا سے اسے جدا کرتا ہے تو وہ دنیا سے بہت زیادہ بے رغبت ہوتا ہے۔ (۲)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے فرماتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر کا ذکر فرمایا جو جنگل میں دھنسا دیئے جائیں گے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان میں زبردستی لائے ہوئے اور اجرت پر آنے والے بھی ہوں گے؟ آپ نے فرمایا ان سب کا حشر ان کی نیتوں پر ہوگا۔ (۳)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا۔

إِنَّمَا يُقْتَتَلُ الْمُقْتَتِلُونَ عَلَى النِّيَّاتِ۔ (۴) — لڑنے والے اپنی نیتوں پر لڑتے ہیں۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِذَا الْتَقَى الصَّفَّانِ نَزَلَتِ الْمَلَائِكَةُ تَكْتُبُ الْخَلْقَ عَلَى مَرَاتِبِهِمْ فُلَانٌ يُقَاتِلُ لِلدُّنْيَا فُلَانٌ يُقَاتِلُ حَمِيَّةً فُلَانٌ يُقَاتِلُ عَصَبِيَّةً أَلَا فَلَا تَقُولُوا فُلَانٌ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللهِ فَمَنْ قَاتَلَ

جب دو لشکر باہم مقابل ہوتے ہیں تو فرشتے اترتے ہیں اور مخلوق کو درجہ بدرجہ لکھتے ہیں کہ فلاں آدمی دنیا کے لیے لڑتا ہے فلاں شخص غیرت کی خاطر لڑتا ہے فلاں آدمی قومی عصبیت میں لڑتا ہے سنو ایسا نہ کہو کہ فلاں اللہ تعالیٰ کے راستے میں شہید ہو گیا پس جو شخص اس لیے

---

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۸۰ کتاب الایمان

(۲) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۱ اص ۲۹۶ حدیث ۱۱۶۹۰

(۳) المستدرک جلد ۴ ص ۴۳۱ کتاب الفتن

(۴) میزان الاعتدال جلد ۳ ص ۲۶۹ ترجمہ ۶۲۸۴

لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ (۱)

لڑے کہ اللہ تعالیٰ کا کلمہ ہی بلند ہو وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں (لڑنے والا) ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔

آپ نے ارشاد فرمایا۔

يُبْعَثُ كُلُّ عَبْدٍ عَلٰى مَا مَاتَ۔ (۲)

ہر بندے کو اسی (نیت) پر اٹھایا جائے گا جس پر اس کا انتقال ہوا۔

حضرت احنف رضی اللہ عنہ حضرت ابو بکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

اِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا فَالْقَاتِلُ وَالْمَقْتُوْلُ فِي النَّارِ۔

جب دو مسلمان اپنی تلواروں کے ساتھ باہم مقابل ہوتے ہیں تو قاتل اور مقتول دونوں جہنم میں جائیں گے۔

عرض کیا گیا یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) قاتل (کا جہنم میں جانا) تو ٹھیک ہے مقتول کیوں جائے گا؟

آپ نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّهُ اَرَادَ قَتْلَ صَاحِبِهِ۔ (۳)

کیوں کہ اس نے اپنے مقابل کو قتل کرنے کا ارادہ کیا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

مَنْ تَزَوَّجَ اِمْرَاَةً عَلٰى صَدَاقٍ وَهُوَ لَا يَنْوِيْ اَدَاءَهُ فَهُوَ زَانٍ وَمَنْ اَدَانَ دَيْنًا وَهُوَ لَا يَنْوِيْ قَضَاءَهُ فَهُوَ سَارِقٌ۔ (۴)

جو شخص کسی عورت سے مہر پر نکاح کرے اور اس کی ادائیگی کی نیت نہ ہو تو وہ زانی ہے اور جو آدمی قرض لے اور اس کو ادا کرنے کی نیت نہ ہو تو وہ چور ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ تَطَيَّبَ لِلّٰهِ تَعَالٰى جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَرِيْحُهُ اَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ وَمَنْ تَطَيَّبَ لِغَيْرِ اللّٰهِ جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَرِيْحُهُ

جو شخص اللہ تعالیٰ (کی رضا جوئی) کے لیے خوشبو لگائے تو وہ قیامت کے دن اس طرح آئے گا کہ اس کی خوشبو کستوری سے زیادہ مہک رہی ہو گی اور جو آدمی غیر خدا کی

---

(۱)

(۲) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۸۷ کتاب الجنۃ

(۳) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۸۹ کتاب الفتن

(۴) الترغیب والترہیب جلد ۲ ص ۶۰۲ کتاب البیوع

اَنْتَنَ مِنَ الْجِيْفَةِ۔ (۱) — خاطر خوشبو لگائے وہ قیامت کے دن یوں آئے گا کہ اس کی بُو مردار سے زیادہ بدبودار ہو گی۔

آثار :

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں بہترین عمل فرائض خداوندی کو ادا کرنا اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ اشیاء سے بچنا اور اللہ تعالیٰ کے ہاں نیت کا سچا ہونا ہے

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ عنہ کو لکھا کہ جان لیں! بندے کو اللہ تعالیٰ کی مدد اس کی نیت کے مطابق ملتی ہے جس کی نیت کمل ہو اس کے لیے اللہ تعالیٰ کی مدد بھی کمل ہوتی ہے اور اگر نیت میں کمی ہو تو اسی کے مطابق مدد بھی کم ملتی ہے۔

بعض بزرگوں کا قول ہے کہ اکثر چھوٹے اعمال کو نیت بڑا کر دیتی ہے اور کئی بڑے کام نیت کی وجہ سے چھوٹے ہو جاتے ہیں۔

حضرت داؤد طائی رحمہ اللہ فرماتے ہیں وہ نیکو کار کہ اس کی نیت تقویٰ کی ہوتی ہے اگر اس کے تمام اعضاء بھی دنیا سے متعلق ہو جائیں تو کسی دن اس کی نیت اسے اچھی نیت کی طرف لوٹا دے گی اور جاہل کا حال اس کے خلاف ہے۔

حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں پہلے لوگ، عمل کے لیے نیت سیکھتے تھے جس طرح وہ عمل سیکھتے تھے۔

بعض علماء نے فرمایا عمل سے پہلے اس کے لیے نیت سیکھو اور جب تک تم نیکی کی نیت میں رہو گے تم بھلائی پر رہو گے۔

ایک طالب علم علماء کے پاس جا کر کہتا کہ کون ہے جو مجھے ایسے عمل کی راہ بتائے کہ اس کے باعث میں ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے لیے عامل رہوں کیوں کہ مجھے یہ بات پسند نہیں کہ رات اور دن میں مجھ پر کوئی ایسا وقت آئے جس میں میں اللہ تعالیٰ کے لیے عمل نہ کرتا ہوں۔ اس سے کہا گیا تم نے اپنی حاجت کو پا لیا جس قدر ممکن ہو نیکی کرو پس جب تم تھک جاؤ یا اس کو چھوڑ دو تو اس عمل کی نیت کرو کیوں کہ نیت کرنے والا بھی عمل کرنے والے کی طرح نیک عمل کر رہا ہوتا ہے۔

اسی طرح بعض اسلاف نے فرمایا کہ تم پر اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتیں ہیں اور تمہارے گناہ تمہارے علم سے مخفی ہیں لیکن تمہیں چاہیے کہ صبح و شام توبہ کرو اللہ تعالیٰ درمیان والے گناہ بخش دے گا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اس آنکھ کے لیے خوشخبری ہے جو سو جائے اور گناہ کا ارادہ نہ کرے اور بے گناہی پر جاگے۔

---

(۱) مصنف عبدالرزاق جلد ۴ ص ۳۱۹ حدیث ۷۹۳۲۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں لوگ قیامت کے دن اپنی نیتوں کے مطابق اٹھائے جائیں گے۔
حضرت فضیل بن عیاض رحمہ اللہ جب یہ آیت کریمہ پڑھتے۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجَاهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ وَنَبْلُوَا اَخْبَارَكُمْ۔ (۱)

اور ہم، تمہیں ضرور بضرور آزمائیں گے حتیٰ کہ ہم، تم میں سے مجاہدین کی پہچان کرا دیں اور تمہارے اچھے لوگوں کی آزمائش کریں۔

تو حضرت فضیل رحمہ اللہ رو پڑے اور اس آیت کو بار بار پڑھتے ہوئے فرمانے (یا اللہ!) اگر تو نے ہماری آزمائش کی تو ہم رسوا ہو جائیں گے اور ہماری پردہ دری ہو جائے گی۔

حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں اہل جنت جنت میں اور جہنمی جہنم میں اپنی نیتوں کی وجہ سے ہمیشہ رہیں گے۔
حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں تورات میں لکھا ہوا ہے کہ جس عمل سے میری رضا مطلوب ہو وہ تھوڑا بھی زیادہ ہوتا ہے اور جس سے میرا غیر مقصود ہو وہ زیادہ بھی تھوڑا ہوتا ہے۔

حضرت بلال بن سعد رحمہ اللہ فرماتے ہیں بندۂ مومن آدمی جیسا قول کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اور اس کے قول کو نہیں چھوڑتا حتیٰ کہ وہ اس کے عمل کو دیکھتا ہے اور جب عمل کرتا ہے تو اسے اللہ تعالیٰ نہیں چھوڑتا یہاں تک کہ اس کے تقویٰ کو دیکھتا ہے اور اگر وہ پرہیزگاری اختیار کرے تو اسے نہیں چھوڑتا یہاں تک کہ اس کی نیت کو دیکھے۔ پس اگر اس کی نیت صحیح ہو تو اس لائق ہے کہ اس کے دوسرے کام بھی صحیح ہوں۔

تو اعمال کا ستون نیتیں ہیں عمل تو نیت کا محتاج ہے تاکہ وہ اس (نیت) کے ذریعے بہتر ہو جائے۔ جب کہ نیت ذاتی طور پر بہتر ہے اگرچہ کسی رکاوٹ کی وجہ سے عمل مشکل ہو جائے۔

فصل ۲:

حقیقتِ نیّت

جاننا چاہیے کہ نیت، ارادہ اور قصد مترادف الفاظ ہیں جو ایک ہی معنیٰ کے لیے آتے ہیں اور یہ ایک قلبی حالت وصفت ہے جس کو علم وعمل نے گھیر رکھا ہے علم پہلے ہوتا ہے کیوں کہ وہ اس کی اصل اور شرط ہے اور عمل نیت کے بعد ہوتا ہے کیوں کہ وہ اس کے تابع اور اس کی فرع ہے کیوں کہ ہر عمل یعنی ہر حرکت وسکون اختیاری ہے اور وہ تین باتوں یعنی علم ارادے اور قدرت سے پورا ہوتا اس لئے کہ انسان اسی چیز کا ارادہ کرتا ہے جس کا اسے علم ہوتا ہے لہٰذا علم ضروری ہے

---
(۱) قرآن مجید، سورۂ محمد آیت ۳۱

اور جب تک ارادہ نہ ہو عمل نہیں کرتا لہٰذا ارادہ ضروری ہے اور ارادے کا مطلب یہ ہے کہ دل ایسے کام کے لیے برانگیختہ ہو جسے وہ اپنی غرض کے موافق سمجھتا ہے چاہے فی الحال ہو یا مستقبل میں ——— اللہ تعالیٰ نے انسان کو اس طرح پیدا فرمایا کہ بعض امور اس کے موافق اور غرض کے مناسب ہوتے ہیں اور کچھ امور اس کے مخالف ہوتے ہیں، پس وہ موافق و مناسب کاموں کو اپنی طرف کھینچنے اور نقصان دہ باتوں کو جو اس کے نفس کے خلاف ہیں دُور کرنے کی ضرورت محسوس کرتا ہے تو مضر اور نفع بخش چیز کا ادراک حاصل کرنا اس کے لیے ضروری ہے تاکہ نفع بخش کو حاصل کرے اور نقصان دہ سے بھاگے، کیوں کہ جو شخص غذا کو نہیں دیکھتا اور نہ اس کی پہچان رکھتا ہے اس کے لیے اس کا کھانا ممکن نہیں ہوتا اور جو آگ کو نہ دیکھے اس کے لیے اس سے بھاگنا ممکن نہیں ہوتا اس لیے اللہ تعالیٰ نے ہدایت اور معرفت کو پیدا فرمایا اور اس کے لیے اسباب بنائے اور وہ ظاہری و باطنی اسباب ہیں (اور اس وقت) ان سے ہماری غرض نہیں۔

پھر اگر وہ غذا کو دیکھ لے اور جان لے کہ یہ اس کے موافق ہے تو پھر بھی اسے کھانے کے لیے اتنی بات کافی نہیں جب تک اس کی طرف میلان رغبت اور ایسی خواہش نہ ہو جو اس کی طرف برانگیختہ کرتی ہو کیوں کہ مریض غذا کو دیکھتا ہے اور جانتا ہے کہ یہ اس کے موافق ہے لیکن رغبت اور میلان نہ ہونے کی وجہ سے اس کے لیے اس تک پہنچنا ممکن نہیں ہوتا۔

پس اللہ تعالیٰ نے اس کی طرف میلان رغبت اور ارادہ پیدا فرمایا یعنی اس کے نفس میں شوق اور دل میں توجہ رکھ دی۔

پھر یہ بات بھی کافی نہیں کتنے ہی لوگ کھانے کو دیکھتے ہیں اس میں رغبت بھی رکھتے ہیں اور اس کو کھانے کا ارادہ بھی ہوتا ہے لیکن وہ اپاہج ہونے کی وجہ سے اس سے عاجز ہوتے ہیں لہٰذا آدمی کے لیے قدرت اور متحرک اعضاء پیدا کئے گئے تاکہ اس تک پہنچنا مکمل ہو اعضاء طاقت کے بغیر حرکت نہیں کر سکتے اور طاقت ارادے کی منتظر ہوتی ہے یعنی دل میں یہ خیال پکا ہو کہ یہ چیز اس کے موافق ہے جب پختہ و مصمم معرفت حاصل ہو جاتی ہے کہ یہ کام موافق ہے اور اس کا کرنا ضروری ہے نیز کوئی رکاوٹ بھی نہیں ہوتی جو اس سے پھیر دے تو ارادہ برانگیختہ ہوتا اور میلان ثابت ہوتا ہے پس جب ارادے میں حرکت پیدا ہوتی تو قدرت اعضاء کو متحرک کرنے کے لیے حرکت میں آتی ہے پس قدرت ارادے کی خادم ہے ارادہ اعتقاد و معرفت کے تابع ہے لہٰذا نیت اس صفت کا نام ہوا جو اعتقاد اور قدرت کے درمیان ہے اور یہ ارادہ اور نفس کا رغبت و میلان کی بنیاد پر غرض کے موافق کام کی طرف برانگیختہ ہونا ہے چاہے وہ فی الحال موافق ہو یا مستقبل میں ہو۔

پس پہلا محرک وہ غرض ہے جو مطلوب ہے اور اسی کو باعث کہا جاتا ہے اور یہ غرض یا باعث وہ مقصد ہے جس کی نیت کی گئی اور برانگیختگی قصد اور نیت کا نام ہے اور قدرت کا اعضاء کو حرکت دینے کے ذریعے ارادے کی خدمت کے لیے برانگیختہ ہونا عمل ہے البتہ بعض اوقات قدرت کا عمل کے لیے برانگیختہ کرنا ایک باعث کی بنیاد پر ہوتا ہے اور کبھی اس کے دو باعث ہوتے ہیں جو ایک فعل میں جمع ہوتے ہیں اور جب اس کے دو باعث ہوں تو بعض اوقات ایک باعث بھی قدرت کو برانگیختہ

کرنے کے لیے کافی ہوتا ہے اور بعض اوقات دونوں الگ الگ اس کام سے قاصر ہوتے ہیں جب تک جمع نہ ہوں۔ اور بعض اوقات ایک بھی کافی ہوتا ہے لیکن دوسرا اس کا معاون ہوتا ہے لہٰذا اس سے چار اقسام پیدا ہوئیں ہم ان میں سے ہر ایک کا نام اور مثال بیان کرتے ہیں۔

(۱) ایک باعث تنہا ہو جیسے انسان پر درندہ حملہ آور ہوتا ہے تو وہ اسے دیکھ کر کھڑا ہو جاتا ہے اور اس بات کا محرک صرف یہ ہے کہ وہ درندے سے بھاگنا چاہتا ہے وہ درندے کو دیکھتا ہے اور جانتا ہے کہ یہ نقصان پہنچانے والا ہے تو اس کے دل میں بھاگنے کا خیال پیدا ہوتا ہے تو اس رغبت کے مطابق قدرت کام کرتی ہے پس کہا جاتا ہے کہ اس کی نیت درندے سے بھاگنا ہے اس اٹھنے کا کوئی دوسرا مقصد نہیں اس کو خالص نیت کہتے ہیں اور اس کے مطابق عمل کو خالص عمل کہا جاتا ہے کیوں کہ اس کی غرض ایک ہی ہوتی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ یہ عمل غیر کی مشارکت سے خالص ہے۔

۲- کسی عمل کے دو باعث ہوں لیکن دونوں الگ الگ مستقل ہوں محسوسات میں سے اس کی مثال یہ ہے کہ دو آدمی کسی چیز کو اٹھانے پر ایک دوسرے سے تعاون کریں۔ لیکن اگر ان میں سے ایک بھی اسے اٹھانا چاہے تو اٹھا سکتا ہو۔ اس سلسلے میں مثال یہ ہے کہ کسی شخص کا قریبی رشتہ دار جو محتاج ہو وہ اس سے اپنی حاجت کے سلسلے میں سوال کرے اور یہ اس کی قرابت اور فقر کی وجہ سے اُس کی حاجت کو پورا کرے اور اسے معلوم ہے کہ اگر وہ محتاج نہ بھی ہوتا تو یہ اس کی حاجت کو قرابت کی وجہ سے پورا کرتا اور اگر قرابت نہ ہوتی تو محض فقر کی وجہ سے پورا کرتا اور دل میں اس بات کا یقین رکھتا ہے کہ اگر اس کا کوئی مالدار رشتہ دار حاضر ہو تو اس کی حاجت کو پورا کرنے میں بھی رغبت رکھے گا اور اگر اجنبی فقیر ہو تو اس میں بھی رغبت ہو گی۔

اسی طرح ڈاکٹر کسی شخص کو کھانا چھوڑنے کا حکم دیتا ہے اور یوم عرفہ (نو ذوالحجہ) کا دن آجاتا ہے پس وہ روزہ رکھتا ہے اور وہ جانتا ہے کہ اگر نو ذوالحجہ کا دن نہ ہوتا تو وہ پرہیز کی وجہ سے کھانا چھوڑ دیتا ہے اور اگر پرہیز کا مسئلہ نہ ہوتا تو یوم عرفہ کی وجہ سے کھانا ترک کرتا۔

اور اب دونوں سبب جمع ہیں پس وہ اس کام کی طرف بڑھتا ہے اور دوسرا سبب پہلے سبب کا رفیق بنتا ہے تو اس صورت کو ہم موافقت کہتے ہیں کیوں کہ دونوں سبب ایک دوسرے کے رفیق ہیں۔

۳- دونوں سبب الگ الگ کافی نہ ہوں لیکن جب جمع ہو جائیں تو طاقت کو برانگیختہ کر سکتے ہوں اس کی مثال محسوس چیزوں میں یہ ہے کہ دو کمزور آدمی ایک چیز کو مل کر اٹھاتے ہیں جس کو دونوں الگ الگ نہیں اٹھا سکتے ہمارے موضوع سے متعلق اس کی مثال یہ ہے کہ کسی شخص کا مالدار رشتہ دار اس کا قصد کرکے اس سے ایک درہم مانگے اور وہ اسے نہ دے لیکن کوئی اجنبی مانگے تو اسے دے دے پھر غریب رشتہ دار مانگے تو اسے دے دے تو اس صورت میں اس کے ارادے کا باعث قرابت اور فقر دونوں کا مجموعہ ہے اسی طرح ایک شخص لوگوں کے سامنے ثواب اور تعریف کی غرض سے صدقہ

کرتا ہے اور اگر وہ اسے تنہائی میں ملتا تو محض ثواب کا حصول اسے صدقہ دینے پر برانگیختہ نہ کرتا اور اگر مانگنے والا فاسق ہوتا کہ اسے دینے سے ثواب نہ ہوتا تو محض دکھاوا اسے دینے پر مجبور نہ کرتا اور اگر دونوں باتیں جمع ہو جائیں تو ان سے دل کو تحریک ہوتی اس جنس کو ہم مشارکت کہتے ہیں۔

۴۔ دو سببوں میں سے ایک مستقل ہے جو تنہا بھی کارگر ہو سکتا ہے لیکن دوسرا مستقل نہیں ہے لیکن جب اسے پہلے کے ساتھ ملایا جائے تو اس کا مددگار بن کر آسانی پیدا کر دیتا ہے محسوسات میں اس کی مثال یہ ہے کہ بوجھ اٹھانے میں کمزور آدمی، طاقتور کی مدد کرے اگر طاقتور آدمی اکیلا بھی اٹھانا چاہے تو اٹھا سکتا ہے لیکن کمزور آدمی تنہا نہیں اٹھا سکتا۔ لیکن اس کی وجہ سے کام آسان ہو جاتا ہے اور کمزور شخص اس آسانی میں موثر ہوتا ہے۔

ہمارے موضوع سے متعلق اس کی مثال اس طرح ہے کہ ایک آدمی نماز کا وظیفہ بھی کرتا ہے اور صدقہ دینے کا عادی بھی ہے اب اتفاق سے کچھ لوگ آ گئے تو ان کو دیکھنے کی وجہ سے کام آسان ہو گیا اور وہ دل سے جانتا ہے کہ اگر وہ تنہا ہوتا تو بھی اس کے عمل میں کوتاہی نہ ہوتی اور وہ اس بات کو بھی جانتا ہے کہ اگر اسے اطاعت کا خیال نہ بھی ہوتا تو بھی محض ریاکاری اسے اس عمل پر مجبور نہ کرتی تو اس قسم کی نیت میں کسی قدر آمیزش ہو جاتی ہے اس جنس کو معاونت کہتے ہیں۔

تو دوسرا باعث رفیق ہوتا ہے یا شریک یا معین، اور ہم اس بات کو اخلاص کے باب میں بیان کریں گے اس وقت ہمارا مقصود نیتوں کی اقسام بیان کرنا ہے کیوں کہ عمل نیت کے تابع ہوتا ہے اس کا ذاتی حکم نہیں ہوتا بلکہ متبوع کا حکم ہی اس کا حکم ہوتا ہے۔

فصل ۳:

مومن کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے کا کیا مطلب ہے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

نِيَّةُ الْمُؤْمِنِ خَيْرٌ مِّنْ عَمَلِهٖ۔ (۱) مومن کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہوتی ہے

جاننا چاہیے کہ بعض اوقات اس ترجیح کے بارے میں یہ گمان ہوتا ہے کہ نیت ایک پوشیدہ چیز ہے جس پر صرف اللہ تعالیٰ ہی مطلع ہے اور عمل ظاہر ہے جب کہ پوشیدہ عمل کو فضیلت حاصل ہوتی ہے اور یہ صحیح بات ہے لیکن یہ بات مراد نہیں ہے کیوں کہ اگر کوئی شخص دل سے ذکر کرنے کی نیت کرے یا مسلمانوں کی بھلائی کے بارے میں غور و فکر کرے تو

(۱) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۶ ص ۱۸۵، ۱۸۶ حدیث ۵۹۴۲

عموم حدیث کی وجہ سے تفکر کی بجائے نیت بہتر ہونی چاہیے۔

اور کبھی یہ گمان کیا جاتا ہے کہ ترجیح کا سبب یہ ہے کہ نیت عمل کے آخر تک رہتی ہے جب کہ عمل کو دوام نہیں ہوتا لیکن یہ بات بھی کمزور ہے کیوں کہ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ کثیر عمل، تھوڑے عمل کے مقابلے میں بہتر ہے حالاں کہ یہ بات نہیں کیوں کہ نماز کے افعال کی نیت بعض اوقات دائمی نہیں ہوتی بلکہ چند لمحات پر مشتمل ہوتی ہے جب کہ اعمال میں دوام ہوتا ہے اور عموم اس بات کا متقاضی ہے کہ اس کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہو۔

بعض اوقات اس کا مطلب یوں بیان کیا جاتا ہے کہ محض نیت اس عمل سے بہتر ہے جو نیت سے خالی ہو اور بات یہی ہے لیکن اس کا مراد ہونا بعید ہے کیوں کہ نیت کے بغیر یا غفلت کے ساتھ عمل میں کوئی خیر نہیں یا اور محض نیت بہتر ہے اور ظاہر ترجیح ان امور میں ہوتی ہے جو اصلِ خیر میں مشترک ہوں۔

بلکہ مطلب یہ ہے کہ ہر عبادت نیت اور عمل سے مشترک ہوتی ہے اور نیت بھی ایک قسم کی نیکی ہے جب کہ عمل بھی ایک نیکی ہے تو عمل کی نسبت نیت سب سے بہتر نیکی ہے یعنی ہر ایک کا مقصود میں اثر ہوتا ہے لیکن عمل کی نسبت، نیت کا اثر زیادہ ہوتا ہے پس مطلب یہ ہوا کہ مومن کی نیت جو تمام عبادات میں ہے اس کے عمل سے بہتر ہے جبکہ عمل بھی ایک اطاعت ہے غرض یہ ہے کہ بندے کو نیت اور عمل دونوں کا اختیار ہے اور یہ دونوں عمل ہیں لیکن ان دونوں میں سے نیت بہتر ہے۔ تو حدیث شریف کا یہ مفہوم ہے۔

جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ نیت عمل سے کس طرح بہتر ہے اور اس کی عمل پر ترجیح کا کیا سبب ہے تو اس بات کو وہی شخص سمجھ سکتا ہے جو دین کے مقصود اور اس کے طریقے کی سمجھ رکھتا ہو اور یہ بھی جانتا ہو کہ مقصود تک پہنچنے کا طریقہ کیا ہے؛ وہ بعض اثرات کو دوسرے بعض پر قیاس کرے حتیٰ کہ مقصود کی نسبت سے زیادہ ترجیح والے اثرات ظاہر ہوں پس جو شخص کہتا ہے کہ روٹی، پھل سے بہتر ہے تو اس کا مقصد یہ ہے کہ جسمانی غذا ہونے کے اعتبار سے روٹی بہتر ہے اور اس بات کو وہی شخص سمجھ سکتا ہے۔ جو اس بات کو سمجھے کہ غذا کا مقصد صحت اور بقا ہے اور غذاؤں کے مختلف اثرات ہیں وہ ہر اثر کو سمجھے اور بعض کو بعض پر قیاس کرے۔

پس عبادات دلوں کی غذائیں ہیں اور مقصود دلوں کی شفا اور بقا ہے نیز یہ کہ آخرت میں سلامت رہیں، سعادت مند ہوں اور اللہ تعالیٰ کی ملاقات سے لطف اندوز ہوں غرضیکہ مقصود صرف اللہ تعالیٰ کی ملاقات سے سعادت مندی کا حصول ہے اور اللہ تعالیٰ کی ملاقات سے لطف اندوز وہی شخص ہو سکتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی محبت اور اس کے عرفان پر دنیا سے رخصت ہو اور اس سے محبت وہی شخص کرتا ہے جو اس کی معرفت رکھتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے اُنس بھی اس شخص کو حاصل ہوتا ہے جو اس کا طویل ذکر کرتا ہے پس اُنس، دوامِ ذکر کے ذریعے حاصل ہوتا ہے اور معرفت، دوامِ فکر سے حاصل ہوتی ہے اور معرفت کے بعد محبت ضرور آتی ہے اور دائمی ذکر و فکر کے لیے دل اسی وقت فارغ ہوتا ہے جب دنیوی مشاغل

سے فارغ ہو اور مشاغل سے فراغت اسی وقت ہوتی ہے جب خواہشات سے علیحدگی ہو حتیٰ کہ وہ نیکی کی طرف مائل ہو اور اس کا ارادہ کرے شر سے نفرت کرے اور بغض رکھے جب کہ نیکیوں اور عبادات کی طرف میلان اس وقت ہوتا ہے جب معلوم ہو کہ آخروی سعادت کا دار و مدار اسی بات پر ہے جس طرح عقل مند آدمی پچھنے لگوانے اور خون نکلوانے کی طرف مائل ہوتا ہے کیوں کہ وہ جانتا ہے کہ ان دونوں کاموں میں سلامتی ہے۔

اور جب اصل میلان معرفت سے حاصل ہو جاتا ہے تو اس کی مواظبت (ہمیشگی) کی ضرورت ہوتی ہے جو عمل سے حاصل ہوتی ہے کیوں کہ دل کی صفات اور ارادے کے تقاضے کے مطابق مواظبت عمل کے ذریعے غذا کی جگہ اختیار کرتی ہے حتیٰ کہ قلبی صفت مضبوط ہو جاتی ہے پس جو شخص علم یا اقتدار کا خواہش مند ہوتا ہے ابتدا میں اس کا میلان کمزور ہوتا ہے پس اگر وہ میلان کے تقاضے کے پیچھے چلے اور علم میں تیز اقتدار کو بڑھانے اور اس کے لیے مطلوبہ اعمال میں مشغول ہو تو اس کا میلان پکا اور راسخ ہو جاتا ہے اور اس سے نکلنا مشکل ہو جاتا ہے اور اگر وہ میلان کے تقاضے کے خلاف چلے تو میلان کمزور پڑ جاتا ہے اور ٹوٹ جاتا ہے بلکہ بعض اوقات زائل ہو جاتا ہے اور مٹ جاتا ہے اسی طرح ان تمام صفات، نیکیوں اور عبادات کا معاملہ ہے جن سے آخرت کا ارادہ کیا جاتا ہے اور تمام برائیوں سے دنیا کا ارادہ کیا جاتا ہے آخرت مقصود نہیں ہوتی اور نفس کا اخروی بھلائیوں کی طرف میلان اور دنیوی مفاسد سے اس کو پھیرنا ہی دل کو ذکر و فکر کے لیے فارغ کرتا ہے اور یہ بات اسی وقت پختہ ہوتی ہے جب نیک کاموں پر مواظبت ہو اور اعضاء سے گناہوں کے ارتکاب کو ترک کیا جائے کیونکہ اعضاء اور دل کے درمیان ایک تعلق ہے حتیٰ کہ یہ ایک، دوسرے سے متاثر ہوتے ہیں تم دیکھتے ہو کہ جب کوئی عضو زخمی ہوتا ہے تو اس سے دل کو تکلیف پہنچتی ہے اور جب کسی عزیز کی موت پر دل کو رنج پہنچتا ہے یا کسی خوف ناک بات سے دل غمگین ہوتا ہے تو اس سے اعضاء بھی متاثر ہوتے ہیں بدن کانپتا ہے اور رنگ بدل جاتا ہے البتہ فرق یہ ہے کہ دل اصل اور متبوع ہے گویا وہ امیر اور حاکم ہے اور اعضاء خدام کی طرح ہیں۔

اعضاء دل کے خادم ہیں کیوں کہ ان کی صفات اس میں پختہ ہوتی ہیں پس دل ہی مقصود ہے اور اعضاء آلات ہیں جو مقصود تک پہنچاتے ہیں۔

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً إِذَا صَلُحَتْ صَلُحَ لَهَا سَائِرُ الْجَسَدِ (۱)	بے شک جسم میں گوشت کا ایک لوتھڑا ہے جب وہ ٹھیک ہوتا ہے تو اس کے لیے تمام جسم ٹھیک رہتا ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں دعا مانگی۔

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۲۸ کتاب المساقات۔

اَللّٰهُمَّ اَصْلِحِ الرَّاعِيَ وَالرَّعِيَّةَ۔ (۱) یا اللہ! نگران اور رعایا دونوں کو درست کر دے۔

آپ نے راعی (نگران) سے دل مراد لیا اور ارشاد خداوندی ہے۔

لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَاۗؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ (۲) اللہ تعالیٰ تک ان (جانوروں) کا گوشت ہرگز نہیں پہنچتا لیکن اس تک تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے۔

اور تقویٰ دل کی صفت ہے ـــــ اسی اعتبار سے ضروری ہے کہ دل کے اعمال مطلقاً اعضاء کی حرکات سے افضل ہوں پھر یہ بھی ضروری بات ہے کہ ان سب میں سے نیت افضل ہو کیوں کہ یہ دل کا نیکی کی طرف میلان اور ارادہ ہے اور اعضاء کے ذریعے اعمال سے ہماری غرض دل کو نیکی کے ارادے کا عادی بنانا اور اس کی طرف میلان کو پکا کرنا ہے تاکہ وہ دنیوی خواہشات سے فارغ ہو اور ذکر و فکر کی طرف متوجہ ہو پس غرض کے حوالے سے وہ لازماً بہتر ہے جیسے کسی شخص کے معدے میں درد ہو تو اس کا علاج یوں کرتے ہیں کہ سینے پر لیپ کرتے ہیں اور دوائی پلاتے ہیں جو معدے تک پہنچتی ہے تو لیپ کی نسبت دوائی پلانا بہتر ہے کیوں کہ لیپ سے مقصود بھی یہی ہوتا ہے کہ اس کا اثر معدے تک پہنچے وہ زیادہ بہتر اور زیادہ نفع بخش ہے۔

پس نیکیوں کی تاثیر کو بھی اسی طرح سمجھنا چاہیے کیوں کہ ان سے دل کو بدلنا اور صفات میں تبدیلی لانا مقصود ہوتا ہے اعضاء میں تبدیلی مقصد نہیں تمہیں یہ خیال نہیں تمہیں یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ پیشانی کو زمین پر رکھنے کی غرض پیشانی اور زمین کو جمع کرنا ہے بلکہ عادت یہی ہے کہ اس سے دل میں صفتِ تواضع پختہ ہوتی ہے کیوں کہ جس شخص کے دل میں تواضع پائی جاتی ہو جب وہ اعضاء کو تواضع کی صورت دے گا تو اس سے دل میں تواضع پختہ ہو جائے گی اور جس آدمی کے دل میں یتیم بچے پر نرمی کرنے کی صفت موجود ہو جب وہ اس بچے کے سر پر ہاتھ پھیرتا ہے اور اسے بوسہ دیتا ہے تو دل میں پائی جانے والی نرمی مضبوط ہو جاتی ہے اسی وجہ سے نیت کے بغیر عمل بالکل فائدہ نہیں دیتا کیوں کہ جو شخص یتیم بچے کے سر پہ ہاتھ پھیرے اور اس کا دل غافل ہو یا وہ اپنے خیال میں کپڑے پر ہاتھ پھیر رہا ہے تو اس کے اعضاء کا اثر دل تک نہیں پہنچے گا کہ اسے پختہ کر دے اسی طرح جو شخص غفلت میں سجدہ کرتا ہے اور اس کا دل دنیوی خیالات میں مصروف ہے تو اس کی پیشانی سے اور اسے زمین پہ رکھنے سے دل پر کوئی اثر نہیں ہوگا جس سے تواضع پختہ ہو جائے اس لیے اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے اور مقصود کی نسبت سے جس عمل کا وجود و عدم برابر ہو وہ عمل باطل ہوتا ہے پس کہا جاتا ہے کہ نیت کے بغیر عبادت باطل ہے اور جب غفلت میں کرے تو یہی صورت ہوتی ہے۔

---

(۱) الاسرار المرفوعۃ ص ۷۶ حدیث ۲۲۵

(۲) قرآن مجید، سورۃ الحج آیت ۳۷

اور جب عبادت سے ریاکاری یا کسی دوسرے شخص کی تعظیم مقصود ہو تو اس کا وجود معدوم کی طرح نہیں ہوتا بلکہ برائی میں اضافہ ہوتا ہے یعنی جس صفت کی تاکید مطلوب تھی وہ حاصل نہ ہوئی بلکہ جس کا قلع قمع مقصود تھا اس کی تاکید ہوئی۔ اور یہ ریاکاری ہے جو دنیا کی طرف میلان ہے۔

اس اعتبار سے نیت عمل سے بہتر ہے اور اسی بات سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کا معنی سمجھ آتا ہے آپ نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةٌ۔ (۱)

جو شخص نیکی کا ارادہ کرے لیکن اس پر عمل نہ کر سکے اس کے لیے ایک نیکی لکھی جاتی ہے۔

کیوں کہ دل کا ارادہ ہی نیکی کی طرف جھکاؤ اور میلان اور خواہش نیز دنیوی محبت سے انحراف ہے اور یہ تمام نیکیوں کی انتہا ہے عمل کے ساتھ اس کی تکمیل اس کی تاکید میں اضافہ کرتی ہے پس قربانی کا خون بہانے کا مقصد خون اور گوشت نہیں بلکہ مقصود یہ ہوتا ہے کہ دل دنیا کی محبت سے پھر جائے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کو ترجیح دیتے ہوئے مال خرچ کیا جائے اور یہ صفت اس وقت حاصل ہوتی ہے جب نیت اور ارادہ پختہ ہو اگرچہ عمل کے راستے میں کوئی رکاوٹ آجائے لہٰذا اللہ تعالیٰ تک تمہارے (جانوروں) کا گوشت اور خون نہیں پہنچتا بلکہ تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے اور تقویٰ یہاں ہے (یعنی دل میں ہے) اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ قَوْمًا بِالْمَدِيْنَةِ قَدْ شَرِكُوْنَا فِيْ جِهَادِنَا۔ (۱)

بے شک مدینہ طیبہ میں ایک جماعت ہے جو ہمارے ساتھ جہاد میں شریک ہیں۔

یہ حدیث پہلے گزر چکی ہے ——— کیوں کہ ان کے دلوں میں بھلائی کا سچا ارادہ پایا جاتا ہے۔ وہ مال و جان خرچ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں طلب شہادت اور اللہ تعالیٰ کے کلمہ کو بلند کرنے میں رغبت بھی رکھتے ہیں جس طرح یہ باتیں ان لوگوں میں پائی جاتی ہیں جو جہاد کے لیے باہر نکلے ان میں فرق صرف یہ ہے کہ یہ اپنے جسموں کے ذریعے جہاد میں شریک نہیں ہیں کیوں کہ ان کو خاص رکاوٹیں درپیش ہیں جن کا تعلق ایسے اسباب سے ہے جو دل سے خارج ہیں اور مطلوب تو صرف ان صفات کو پختہ کرنا ہے۔

ان معانی کے اعتبار سے ان تمام احادیث کی سمجھ آجائے گی جو ہم نے نیت کی فضیلت کے ضمن میں ذکر کی ہیں تو ان کو ان معانی کے مطابق کریں تاکہ ان کے اسرار تم پر واضح ہوں ہم دوبارہ ذکر کر کے بات کو لمبا کرنا نہیں چاہتے۔

---

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۸۰ کتاب الایمان

(۲) السنن الکبریٰ للبیہقی جلد ۹ ص ۲۴ کتاب السیر

فصل ۴:

نیت سے متعلق اعمال کی فضیلت

اگرچہ اعمال کی بے شمار اقسام ہیں مثلاً فعل، قول، حرکت، سکون، حصول نفع دفع ضرر، فکر اور ذکر وغیرہ لیکن بنیادی طور پر ان کی تین اقسام ہیں۔

۱۔ عبادات (۲) گناہ (۳) مباح امور (جائز کام)

پہلی قسم یعنی گناہوں میں نیت کی وجہ سے کوئی تبدیلی نہیں آتی لہٰذا کسی جاہل کو حدیث شریف "اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ" (اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے) سے یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ نیت سے گناہ، نیکی میں بدل جائے گا جیسے ایک شخص کسی آدمی کی دلجوئی کے لیے کسی دوسرے کی غیبت کرے یا کسی کے مال سے فقیر کو کھانا کھلائے یا حرام مال سے کوئی مدرسہ یا مسجد یا سرائے بنائے اور اس کا ارادہ اچھا ہو یہ سب جہالت کی باتیں ہیں نیت اس کو ظلم و زیادتی یا گناہ ہونے سے نکالنے میں مؤثر نہیں ہوگی بلکہ شریعت کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بُرے کام سے اچھا ارادہ کرنا مزید شر ہے اگر وہ یہ بات جانتا ہے تو وہ شریعت کا دشمن ہے اور جہالت کی وجہ سے ایسا کرتا ہے تو جہالت کے باعث گناہ گار ہوگا کیوں کہ ہر مسلم پر طلب علم فرض ہے اور اچھے کاموں کا اچھا ہونا شریعت سے معلوم ہوتا ہے تو کسی شر کا خیر ہونا کیسے ممکن ہوگا یہ بات نہایت بعید ہے بلکہ اصل بات یہ ہے کہ شہوت خفی اور باطنی خواہش دل میں یہ بات ڈالتی ہے کیوں کہ جب دل طلب جاہ و مرتبہ اور لوگوں کے دلوں کو اپنی طرف مائل کرنے کی طرف جھکتا ہے اور تمام نفسانی فوائد حاصل کرنا چاہتا ہے تو شیطان کو موقع مل جاتا ہے کہ جاہل آدمی کو دھوکہ دے۔

اسی لیے حضرت سہل رحمہ اللہ نے فرمایا کہ جہالت سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں ہوتی آپ سے پوچھا گیا اے ابو محمد! کیا آپ کے نزدیک جہالت سے زیادہ سخت بھی کوئی چیز ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں جہالت کی خبر نہ ہونا آپ نے بجا فرمایا کیوں کہ جب جہالت سے غفلت ہو تو سیکھنے کا دروازہ مکمل طور پر بند ہوتا ہے جس شخص کا یہ خیال ہو کہ وہ عالم ہے تو وہ کیسے سیکھے گا! اسی طرح علم کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت سب سے افضل ہے اور علم کی بنیاد، علم کے بارے میں علم کا ہونا ہے جیسے جہالت کی بنیاد جہالت سے جاہل رہنا ہے کیوں کہ جو شخص علم نافع اور نقصان دہ علم میں امتیاز نہیں کر سکتا وہ ان خود ساختہ علوم میں مشغول ہوتا ہے جن پر لوگ اوندھے پڑے ہوئے ہیں اور وہ حصول دنیا کے وسائل ہیں یہی بات جہالت کا مادہ اور فساد عالم کا منبع ہے۔

مقصود یہ ہے کہ جو شخص جہالت کی وجہ سے گناہ کے ذریعے نیکی حاصل کرنا چاہتا ہے وہ معذور نہیں ہے ہاں (اس وقت معذور تھا) جب اسلام کا ابتدائی دور تھا۔ اور ابھی تک حصول علم کی مہلت نہ ملی ارشاد خداوندی ہے۔

فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ۔ (۱) اہل علم سے پوچھو اگر تم علم نہیں رکھتے۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا يُعْذَرُ الْجَاهِلُ عَلَى الْجَهْلِ وَلَا يَحِلُّ لِلْجَاهِلِ اَنْ يَسْكُتَ عَلَى جَهْلِهِ وَلَا لِلْعَالِمِ اَنْ يَسْكُتَ عَلَى عِلْمِهِ۔ (۲) جاہل، جہالت کی وجہ سے معذور نہیں سمجھا جائے گا اور جاہل کو اپنی جہالت پر اور عالم کو اپنے علم پر خاموشی اختیار کرنا جائز نہیں (مطلب یہ ہے کہ جاہل سیکھے اور عالم سکھائے)

جو لوگ حرام مال سے مساجد اور مدارس بنا کر بادشاہوں کا قرب حاصل کرتے ہیں وہ ان علماء سوء کے قریب قریب ہیں جو بیوقوف اور شر پسند لوگوں کو سکھاتے ہیں جو فسق و فجور میں مبتلا ہوتے ہیں ان کا کام صرف اور صرف یہ ہے کہ علماء سے لڑیں بیوقوف لوگوں کو گمراہ کریں لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کریں دنیوی مال و متاع جمع کریں اور بادشاہوں، یتیموں اور مساکین کا مال حاصل کریں یہ لوگ جب علم حاصل کرتے ہیں تو وہ راہ خداوندی کے ڈاکو بن جاتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک اپنے اپنے شہر میں دجال کا نائب بن جاتا ہے دنیا پر کتوں کی طرح جھک پڑتے ہیں اور خواہشات کی پیروی کرتے ہیں یہ لوگ تقویٰ سے دور رہتے ہیں اور ان کو دیکھ کر لوگوں کو گناہ کی جرأت ہوتی ہے پھر یہ علم ان جیسے لوگوں تک نسل در نسل پہنچتا ہے اور وہ بھی اس علم کو برائی اور اتباعِ خواہش کا آلہ اور وسیلہ بناتے ہیں یہ سلسلہ مسلسل چلتا ہے اور اس سب خرابی کا وبال اس معلم پر ہوتا ہے جو ایسے لوگوں کی نیت اور ارادے کی خرابی کو دیکھنے کے باوجود انہیں سکھاتا ہے اور اس کے طرح طرح کے گناہوں کو جو قول، فعل اور کھانے پینے اور لباس سے متعلق ہیں، آنکھوں سے دیکھا اور اس کو تعلیم و دنیا ترک نہ کیا اس طرح کا عالم دنیا سے رخصت ہو جاتا ہے لیکن اس کے آثارِ شر دنیا میں ہزار دو ہزار سال تک پھیلتے رہتے ہیں اور وہ شخص اچھا ہے جس کی موت کے ساتھ ہی اس کے گناہوں کا خاتمہ ہو جائے پھر تعجب کی بات یہ ہے کہ اس قسم کے علماء جہالت کی وجہ سے کہتے ہیں کہ اعمال کا دارومدار نیت پر ہے اور اس سے میرا ارادہ علم دین کو پھیلانا ہے اب اگر وہ اس علم کو فساد پھیلانے میں استعمال کرتا ہے تو اس کا قصور ہے میرا نہیں میں نے تو صرف یہ ارادہ کیا تھا کہ اس سے بھلائی پر مدد حاصل کرے تو تو اس کا یہ قول جاہ و اقتدار کی محبت لوگوں کو اپنا تابع بنانا اور علم کی بلندی سے دوسروں پر فخر کرنا ہے وہ ان باتوں کو اپنے اپنے دل میں اچھا سمجھتا ہے اور اس محبتِ اقتدار کے واسطے سے شیطان اسے دھوکہ دیتا ہے۔

لیکن معلوم نہیں وہ اس بات کا کیا جواب دے گا کہ اگر وہ کسی ڈاکو کو تلوار دے اور اس کے لیے گھوڑا اور دیگر سامان تیار کرے کہ اس کے ذریعے وہ اپنے مقصود پر مدد حاصل کرے اور اب یہ شخص کہے کہ میں نے مال خرچ کیا اور سخاوت

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ انبیاء آیت ۷

(۲) مجمع الزوائد جلد اول ص ۱۶۴، ۱۶۵ کتاب العلم

کی اور اللہ تعالیٰ کی عمدہ صفات کو اپنایا اور اس سے میری غرض یہ تھی کہ وہ اس تلوار اور گھوڑے کے ذریعے راہِ خداوندی میں جہاد کرے اور غازی کے لیے یہ سامان تیار کرنا بہت بڑی عبادت ہے اب اگر اس نے اس قوت کو ڈاکہ زنی میں استعمال کیا تو وہ خود گناہ گار ہے۔

تو اس بات پر فقہاء کا اجماع ہے کہ یہ کام (ڈاکو کی اس طرح مدد کرنا) حرام ہے حالانکہ سخاوت اللہ تعالیٰ کی سب سے زیادہ پسندیدہ صفت ہے حتیٰ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى ثَلٰثَمِائَةِ خُلُقٍ مَنْ تَقَرَّبَ إِلَيْهِ بِوَاحِدٍ مِّنْهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ وَأَحَبُّهَا إِلَيْهِ السَّخَاوَةُ۔

بے شک اللہ تعالیٰ کی تین سو صفات ہیں جو شخص ان میں سے ایک کے ذریعے بھی قرب حاصل کرے جنت میں جائے گا اور ان میں سے سب سے زیادہ پسندیدہ سخاوت ہے

تو کیا وجہ ہے کہ اس سخاوت کو حرام کیا اور اس ظالم ڈاکو کے قرینۂ حال کو دیکھنا ضروری قرار دیا پس جب اس کی عادت ظاہر ہو گئی کہ وہ تلوار کے ذریعے برائی پیدا در حاصل کرتا ہے تو مناسب یہی ہے کہ اس سے تلوار چھیننے کی کوشش کی جائے نہ یہ کہ اپنی طرف سے تلوار دے کر اس کی مدد کی جائے تو علم بھی ایک ہتھیار ہے جس کے ذریعے شیطان اور اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کے خلاف لڑائی لڑی جاتی ہے اور بعض اوقات اس سے دشمنانِ خدا کو مدد پہنچتی ہے جیسے خواہشاتِ انسانی ہیں پس جو شخص ہمیشہ دین پر دنیا کو اور آخرت پر خواہشات کو ترجیح دیتا ہو اور وہ کم علمی کی وجہ سے اس مقصود کے حصول سے عاجز ہو تو اس کی امداد کس طرح جائز ہو گی کہ اسے کس قسم کا علم دیا جائے جس کے ذریعے خواہشات تک پہنچنا ممکن ہو۔

بلکہ ہمارے اسلاف کا طریقہ یہ تھا کہ جو لوگ ان کے پاس آتے جاتے تھے وہ ان کے حالات کی چھان بین کیا کرتے تھے اگر وہ ان میں نوافل کے سلسلے میں کوتاہی دیکھتے تو اس بات کو برا جانتے اور ان کی تعلیم چھوڑ دیتے۔ اور اگر وہ ان میں کوئی گناہ یا حرام کو حلال سمجھنا دیکھ لیتے تو ان سے قطع تعلق کرتے اور اپنی مجالس سے ان کو نکال دیتے ان کو تعلیم دینا تو درکنار ان سے گفتگو بھی نہ کرتے کیوں کہ وہ جانتے تھے کہ جو شخص ایک مسئلہ سیکھتا ہے اور اس پر عمل نہیں کرتا بلکہ اس کو دوسرے مقاصد کے لیے استعمال کرتا ہے وہ تو برائی کا آلہ طلب کر رہا ہے اور تمام علماء سلف نے بدکار عالم سے پناہ مانگی ہے بدکار جاہل سے نہیں منقول ہے کہ حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کی خدمت میں ایک شخص کئی سال تک آتا رہا پھر اتفاقاً آپ نے اس سے منہ پھیر لیا اس کا بائیکاٹ کیا اور اس سے گفتگو کرنا چھوڑ دیا وہ اس تبدیلی کا سبب بار بار پوچھتا لیکن آپ نہ بتاتے بالآخر کافی اصرار کے بعد آپ نے فرمایا مجھے خبر ملی ہے کہ تو نے اپنی دیوار کو سڑک کی جانب

---

(1) تذکرۃ الموضوعات ص ۱۲ باب اوصافہ المتشابہۃ

سے گارا لگایا ہے اور قد آدم کے برابر مٹی لی ہے اور وہ مسلمانوں کے راستے کا کنارہ ہے لہٰذا تو علم کو منتقل کرنے کے لائق نہیں ہے تو اسلاف طالبانِ علم کی نگرانی اس طرح کرتے تھے۔

اس قسم کی مثالیں غبی اور شیطان کے پجاری لوگوں پر مخفی رہتی ہیں اگرچہ ان کے اوپر چادریں ہوں اور ان کی آستینیں کھلی ہوں زبان دراز مقرر ہوں اور بہت زیادہ علم رکھتے ہوں لیکن یہ علم دنیا سے ڈرانے اور روکنے نیز آخرت کی ترغیب اور اس کی دعوت پر مشتمل نہ ہو بلکہ اس علم کا تعلق مخلوق سے ہو اس کے ذریعے دنیوی حرام مال جمع کرتے ہیں، لوگوں کو اپنے پیچھے لاتے ہیں اور ساتھیوں سے آگے بڑھ بڑھ کر بیٹھتے ہیں۔

تو نتیجہ یہ ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی "اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے" نیکیوں اور محض جائز امور کے ساتھ خاص ہے گناہ کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں کیوں کہ نیت اور ارادے کی وجہ سے نیکی گناہ میں بدل جاتی ہے اور مباح کام نیت کی بنیاد پر گناہ اور عبادت دونوں سے بدل سکتا ہے لیکن گناہ، نیت کی وجہ سے نیکی میں کبھی نہیں بدلتا۔ ہاں اس میں نیت کا دخل ہوتا ہے یعنی جب اس میں کئی خبیث نیتیں شامل ہوں تو اس کا گناہ بڑھ جاتا ہے اور سزا بھی زیادہ ہوتی ہے جیسا کہ ہم نے توبہ کے بیان میں ذکر کیا ہے۔

دوسری قسم — اعمال کی دوسری قسم عبادات پر مشتمل ہے تو عبادات کا نیت سے دو طرح کا تعلق ہوتا ہے ایک ان کا صحیح قرار پانا اور دوسرا ان کی فضیلت کا دوچند ہو جانا عبادت کی صحت کا دارومدار نیت پر ہوتا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اس سے صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت مقصود ہو کسی غیر کی نہیں اگر دکھاوے کی نیت ہوگی تو یہ گناہ قرار پائے گا اور فضیلت میں اضافے کی صورت یہ ہے کہ ایک عبادت میں کئی اچھی نیتیں پائی جائیں اس طرح ہر نیت کا الگ ثواب ملے گا کیوں کہ ہر نیت مستقل نیکی ہے اور ہر نیکی کا ثواب دس گنا بڑھتا ہے جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے (۱)

اس کی مثال یہ ہے کہ ایک شخص مسجد میں بیٹھتا ہے تو یہ بیٹھنا ایک کارِ ثواب ہے اور ممکن ہے اس کئی نیتیں جمع ہوں حتیٰ کہ متقی لوگوں کے اعمال کی فضیلت حاصل ہو جائے اور اس کے ذریعے مقربین کے درجہ تک پہنچ جاتے پہلی نیت یہ کہ یہ اللہ تعالیٰ کا گھر ہے اور اس میں داخل ہونے والا اللہ تعالیٰ کی زیارت سے مشرف ہوتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی زیارت کی نیت کرے اور اس بات کی امید رکھے جس کا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے وعدہ فرمایا ہے آپ نے فرمایا۔

مَنْ قَعَدَ فِي الْمَسْجِدِ فَقَدْ زَارَ اللّٰهَ تَعَالٰى وَحَقٌّ عَلَى الْمَزُوْرِ اِكْرَامُ زَائِرِهٖ۔ (۲)

جو شخص مسجد میں بیٹھتا ہے اس نے اللہ تعالیٰ کی زیارت کی اور جس کی زیارت (یا ملاقات) کی جائے اس پر لازم ہے کہ زیارت کرنے والے کی عزت افزائی کرے۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۲۶۹ مرویات ابو ہریرہ (۲)

دوسری نیت یہ کہ نماز کے بعد نماز کے انتظار میں ہے تو وہ نماز کا منتظر ہی شمار ہوگا اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی کا یہی مطلب ہے فرمایا۔

وَرَابِطُوْا۔ (۱) اور (نمازوں کی) حفاظت کرو۔ (یا اسلامی سرحدوں کی حفاظت کرو)

تیسری نیت کان، آنکھ اور دیگر اعضاء کو حرکات اور ترددات سے روک کر راہبانیت اختیار کرنا ہے کیوں کہ مسجد میں اعتکاف روزے کی طرح رُکنے کا نام ہے اور یہ ایک قسم کی رہبانیت ہے

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

رَهْبَانِيَّةُ اُمَّتِيْ الْقُعُوْدُ فِي الْمَسَاجِدِ۔ (۲) میری امت کی رہبانیت مساجد میں بیٹھنا ہے۔

چوتھی نیت اپنی ہمت کو اللہ تعالیٰ کی ذات پر محدود کرنا ہے اور آخرت کی فکر کے سلسلے میں رازکا پیچھا کرنا اور مسجد میں گوشہ نشینی کے ذریعے ان مشاغل کو دور کرنا جو اس کے راستے میں رکاوٹ ہیں۔

پانچویں نیت اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے یا سننے اور اس کی یاد کے لیے علیحدگی اختیار کرنا ہے۔

جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے

مَنْ غَدَا اِلَى الْمَسْجِدِ يَذْكُرُ اللّٰهَ تَعَالٰى اَوْ يُذَكِّرُ بِهٖ كَانَ كَالْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى۔ (۳)

جو شخص صبح کے وقت مسجد میں جائے تاکہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے یا اس کے ذکر کی تلقین کرے وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کرنے والے کی طرح ہے۔

چھٹی نیت یہ ہے کہ نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کے ذریعے علم کا فائدہ پہنچائے کیوں کہ مسجد ایسے لوگوں سے خالی نہیں ہوتی جو اپنی نماز میں بھول جاتے ہیں یا ایسا کام کرتے ہیں جو جائز نہیں پس یہ ان کو اچھے کام کا حکم دے اور دین کی طرف راہنمائی کرے تاکہ وہ اس بھلائی میں شریک ہو جو وہ سیکھیں اور یوں اس کی نیکیوں میں اضافہ ہو۔

ساتویں نیت یہ کہ کسی دینی بھائی سے استفادہ کرے کیوں کہ یہ غنیمت اور اُخروی گھر کے لیے ذخیرہ ہے اور مسجد میں ایسے لوگ موجود ہوتے ہیں جو دیندار اور اللہ تعالیٰ کے لیے محبت کرنے والے ہیں۔

آٹھویں نیت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے حیا کرتے ہوئے اور اس بات کے خوف سے کہ کہیں اللہ تعالیٰ کے گھر میں ایسا کام نہ ہو جائے جس سے اس گھر کی عزت میں فرق پڑتا ہے، وہ گناہوں کو چھوڑ دیتا ہے۔ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۲۰۰

(۲) تذکرۃ الموضوعات ص ۳۷ باب فضل المسجد

(۳) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۸ ص ۱۱۱، ۱۲۲ حدیث ۷۴۷۳

فرماتے ہیں جو شخص مسجد میں بکثرت آتا جاتا ہے اللہ تعالیٰ اسے سات خصلتوں میں سے ایک خصلت عطا فرماتا ہے یا کوئی بھائی ملتا ہے جس سے اللہ تعالیٰ کے بارے استفادہ ہوتا ہے یا رحمت نازل ہوتی ہے یا عجیب علم حاصل ہوتا ہے یا ایسا کلمہ سیکھتا ہے جو راہ راست کی راہنمائی کرتا ہے یا اسے کسی بات سے دُور رکھتا ہے یا وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہوئے اور حیاء کرتے ہوئے گناہوں کو ترک کر دیتا ہے تو نیتوں کو بڑھانے کا یہ طریقہ ہے اور اسی پر تمام عبادات اور جائز امور کو قیاس کرو۔ کیوں کہ ہر عبادت میں کئی نیتوں کا احتمال ہوتا ہے اور بندۂ مومن کے دل میں اسی قدر نیتیں حاضر ہوتی ہیں جس قدر طلب خیر کے لیے وہ کوشش کرتا ہے اور غور و فکر کرتا ہے تو اس طرح اعمال ستھرے ہوتے ہیں اور نیکیاں بڑھتی ہیں۔

تیسری قسم یعنی مباحات ـــــ ہر مباح کام ایک یا زیادہ نیتوں کا احتمال رکھتا ہے جن کے ذریعے وہ مباح کام عمدہ عبادات میں سے ہو جاتے ہیں اور ان کے ذریعے بلند درجات حاصل ہوتے ہیں وہ شخص کتنے بڑے نقصان میں ہے جو ان سے غافل ہے اور ان کاموں کو جانوروں کی طرح غفلت سے بجالاتا ہے بندے کے لیے مناسب نہیں کہ کسی خطرے، لحظے اور قدم کو حقیر جانے کیوں کہ ان تمام کاموں کے بارے میں قیامت کے دن سوال ہو گا کہ کیوں کیا تھا؟ اور اس کا مقصود کیا تھا؟

یہ بات صرف ان مباح امور کے بارے میں ہے جن میں کراہت نہ ہو اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

حَلَالُهَا حِسَابٌ وَحَرَامُهَا عِقَابٌ۔ (۱)

اس (مال) کے حلال میں حساب ہے اور حرام میں عذاب۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِنَّ الْعَبْدَ لَيُسْأَلُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَنْ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى عَنْ كُحْلِ عَيْنَيْهِ وَعَنْ فُتَاتِ الطِّيْنَةِ بِإِصْبَعِهِ وَعَنْ مَسِّهِ ثَوْبَ أَخِيْهِ۔ (۲)

قیامت کے دن بندے سے ہر چیز کے بارے میں پوچھا جائے گا حتیٰ کہ آنکھ کے سرمے انگلی سے مٹی کریدنے اور اپنے بھائی کا کپڑا چھونے کے بارے میں بھی سوال ہو گا۔

ایک دوسری روایت میں ہے۔

مَنْ تَطَيَّبَ لِلّٰهِ تَعَالٰى جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَرِيْحُهُ أَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ وَمَنْ تَطَيَّبَ لِغَيْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

جو شخص اللہ تعالیٰ (کی رضا جوئی) کے لیے خوشبو لگائے وہ قیامت کے دن اس طرح آئے گا کہ اس کی خوشبو کستوری سے بھی زیادہ ہو گی اور جو آدمی اللہ تعالیٰ کے

---

(۱) الفردوس بماثور الخطاب جلد ۵ ص ۲۸۳ حدیث ۸۱۹۲

(۲) تذکرۃ الموضوعات ص ۲۰۴ باب امور القیامۃ

دَرِیْحُہٗ اَنْتَنُ مِنَ الْجِیْفَۃِ۔ غیر کے لیے خوشبو لگائے وہ قیامت کے دن اس طرح آئے گا کہ اس کی بُو مردار کی بدبو سے زیادہ ہوگی۔ (۱)

تو خوشبو کا استعمال جائز ہے لیکن اس میں نیت ضروری ہے (تاکہ ثواب حاصل ہو)

سوال:

خوشبو تو اپنی ذات کے لیے لگائی جاتی ہے اللہ تعالیٰ کے لیے لگانے کا کیا مطلب ہے؟

جواب:

جو شخص جمعۃ المبارک کے دن یا کسی اور وقت خوشبو لگاتا ہے تو اس کے بارے میں کئی باتوں کا تصور ہو سکتا ہے مثلاً یہ کہ لذاتِ دنیا سے لطف اندوز ہونا چاہتا ہے یا اس کے ذریعے وہ لوگوں پر کثرتِ مال کے ساتھ تکبر کا اظہار کرتا ہے تاکہ اس کے ساتھی اس سے حسد کریں یا وہ لوگوں کو دکھانا چاہتا ہے تاکہ اس طرح لوگوں کے دلوں میں اس کی دھاک بیٹھ جائے اور اچھی خوشبو کے ساتھ اس کا ذکر کیا جائے یا وہ اجنبی عورتوں کے دلوں میں محبوب ہو جائے جب وہ ان کی طرف دیکھنے کو جائز سمجھتا ہو اور اس کے علاوہ بے شمار امور ہیں اور ان تمام باتوں میں خوشبو لگانے والا گناہ گار ہوتا ہے اور انہی صورتوں میں یہ خوشبو قیامت کے دن مردار سے بھی زیادہ بدبودار ہوگی البتہ پہلا ارادہ یعنی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے لطف اندوز ہونا، گناہ نہیں ہے لیکن اس سے سوال ضرور ہوگا اور جس سے حساب میں جھگڑا ہوا اسے عذاب دیا گیا اور جو آدمی دنیا میں مباح چیزوں کو استعمال کرتا ہے اگرچہ اسے قیامت کے دن عذاب نہیں ہوگا لیکن اسی حساب سے اس کے لیے اُخروی نعمتیں کم ہو جائیں گی۔

غور کیجئے کتنے بڑے نقصان کی بات ہے کہ آدمی فنا ہونے والی نعمتوں کی جلدی کرے اور اس کے بدلے میں اُخروی نعمتوں میں کمی کے ذریعے نقصان اٹھائے۔

لیکن اچھی نیتیں یہ ہیں کہ ان سے جمعہ کے دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر چلنا مقصود ہو (۲) مسجد کی تعظیم کی نیت کی جاتی ہو اللہ تعالیٰ کے گھر کا احترام مطلوب ہو جو شخص مسجد میں اللہ تعالیٰ کی زیارت کے لیے جاتا ہے وہ اچھی خوشبو لگاتا ہے اور اپنے ساتھ بیٹھنے والوں کو راحت پہنچانا چاہتا ہے، تاکہ وہ اس کے پاس بیٹھ کر خوشبو سے سکون حاصل کریں یا وہ اپنے آپ سے بدبو کو دور کرتا ہے کیوں کہ اس سے دوسروں کو ایذا پہنچتی ہے۔ یہ مقصد بھی ہوتا ہے کہ غیبت کا دروازہ بند کر دیا جائے کیوں کہ وہ بدبو کی وجہ سے غیبت کرتے ہیں اور یوں وہ گناہ گار ہوتے ہیں کیوں کہ جو

---

(۱) مصنف عبدالرزاق جلد ۴ ص ۳۱۹ حدیث ۹۳۳

(۲) السنن الکبریٰ للبیہقی جلد ۳ ص ۲۴۲ کتاب الجمعہ

شخص غیبت کرتا ہے اور یہ اس سے بچانے پر قادر ہے (لیکن نہ بچائے) تو یہ بھی اس گناہ میں شریک ہوگا جسے کہا گیا ہے

إِذَا تَرَحَّلْتَ عَنْ قَوْمٍ وَقَدْ قَدَرُوا أَنْ لَا تُفَارِقَهُمْ فَالرَّاحِلُونَ هُمُ۔

جب تم کسی قوم سے کوچ کر چکو اور وہ اس بات پر قادر ہوں کہ تم ان سے جدا نہ ہو (یعنی روک سکیں اور نہ روکیں تو) پس وہی کوچ کرنے والے ہیں

* * *

اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ۔ (۱)

اور ان (بتوں) کو گالی نہ دو جن کو یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے سوا پوجتے ہیں اس طرح وہ جہالت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ سے دشمنی کرتے ہوئے اس کی توہین کریں گے۔

اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ بُرے کام کا سبب بھی بُرا ہوتا ہے خوشبو لگانے سے اپنے دماغ کے علاج کا ارادہ بھی کیا جائے تاکہ اس سے اس کی ذہانت اور ذکاوت زیادہ ہو اور غور و فکر کے ذریعے دین کے مشکل مسائل کو حل کرنا آسان ہو۔ حضرت امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا جس کی خوشبو اچھی ہو اس کی عقل میں اضافہ ہوتا ہے۔

یہ اور اس طرح کی دیگر نیتوں سے کوئی فقیہ عاجز نہیں ہو سکتا جب آخرت کی تجارت اور طلب خیر اس کے دل پر غالب ہو البتہ جب اس کے دل پر دنیوی نعمتوں کا غلبہ ہو تو اس قسم کی نیتیں ذہن میں نہیں آتیں اور اگر کوئی ذکر بھی کرے تو بھی اس کے دل میں اس قسم کی نیتوں کا جذبہ پیدا نہیں ہوتا اگر نیت ہو بھی تو بھی محض ایک خیال کے طور پر ہوتی ہے حالانکہ اس بات کا نیت سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

مباح امور بے شمار ہیں اور ان میں نیتوں کا شمار کرنا ممکن نہیں اسی ایک پر باقی سب کو قیاس کو لو اسی لیے بعض اسلاف عارفین نے فرمایا کہ میں ہر کام میں نیت کو پسند کرتا ہوں حتیٰ کہ کھانے، پینے، سونے اور بیت الخلاء میں داخل ہونے کے لئے بھی ــــ اور ان سب باتوں میں اللہ تعالیٰ کا قرب مقصود ہو کیوں کہ یہ سب باتیں بدن کے باقی رہنے اور دل کو بدن کے معاملات سے فارغ کرنے کا سبب ہیں اور یہ بات دین پر مددگار ہوتی ہے پس جو شخص اس لیے کھانا کھائے کہ عبادت پر طاقت حاصل ہو جماع کا مقصد اپنے دین کی حفاظت اور بیوی کے دل کو خوش کرنا نیز نیک اولاد تک رسائی ہو جو اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی عبادت کرے اور یوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت زیادہ ہو تو وہ کھانا کھانے اور نکاح میں اللہ تعالیٰ کا مطیع ہوگا۔

نفس کو سب سے زیادہ کھانے اور جماع سے تعلق ہوتا ہے اور ان دونوں باتوں میں بھلائی کی نیت اس شخص

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ انعام آیت ۱۰۸

کے لیے مشکل نہیں جس کے دل میں آخرت کا خیال زیادہ ہو اسی لیے جب آدمی کا مال ضائع ہو جائے تو اسے اچھی نیت کر لینی چاہیے۔ وہ یوں کہے کہ یہ مال اللہ تعالیٰ کے راستے میں ہے اور جب سنے کہ کوئی شخص اس کی غیبت کرتا ہے تو دل میں خوش ہو کہ اس وجہ سے وہ اس کے گناہ اٹھا رہا ہے اور اس شخص کی نیکیاں میرے نامۂ اعمال میں منتقل ہوں گی لیکن یہ نیت زبان سے نہیں بلکہ خاموشی کے ذریعے ہونی چاہیے حدیث شریف میں ہے۔

بندہ کا حساب ہوگا تو کسی آفت کے آجانے سے تمام اعمال بیکار ہو جائیں گے حتیٰ کہ وہ جہنم کا مستحق ہو جائے گا پھر اس کے لیے نیک اعمال صالحہ کا دفتر کھولا جائے گا جس سے اس کے لیے جنت واجب ہوگی وہ تعجب کرتے ہوئے کہے گا اے اللہ! یہ اعمال میں نے کبھی نہیں کئے تو جواب دیا جائے گا یہ ان لوگوں کے اعمال ہیں جنہوں نے تیری غیبت کی تجھے اذیت پہنچائی اور تجھ پر ظلم کیا۔ (۱)

ایک دوسری حدیث شریف میں ہے۔

بندہ قیامت کے دن ایسے اعمال لائے گا جو پہاڑوں جیسے ہوں گے اگر وہ اس کے لیے خالص ہوں تو وہ جنت میں داخل ہو جائے لیکن وہ اس صورت میں آئے گا کہ اس نے کسی پر ظلم کیا گیا ہوگا کسی کو گالی دی ہوگی اور کسی کو مارا ہوگا

پس ہر ایک کو اس کی نیکیوں میں سے بدلہ دیا جائے گا حتیٰ کہ اس کی کوئی نیکی باقی نہیں رہے گی تو فرشتے کہیں گے اس کی نیکیاں تو ختم ہو گئیں اور مطالبہ کرنے والے ابھی باقی ہیں اللہ تعالیٰ فرمائے گا ان لوگوں کے گناہ اس پر ڈال دو پھر اسے جہنم کا پروانہ لکھ دو۔ (۲)

خلاصہ یہ ہوا کہ ہمیں کسی عمل کو حقیر جاننے سے بہت زیادہ پرہیز کرنا چاہیے تم اس کے دھوکے اور شر سے بچ نہیں سکتے اور حساب وسوال کے دن تمہارے پاس جواب تیار نہیں ہوگا اور اللہ تعالیٰ تمہارے اوپر مطلع ہے اور تمہیں دیکھ رہا ہے۔ ارشاد خداوندی ہے۔

مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ۔ (۳)

وہ زبان سے کوئی بات نہیں نکالتا کہ اس کے پاس ایک محافظ تیار نہ بیٹھا ہو۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں میں نے ایک خط لکھا تو اسے پڑوسی کی دیوار کی مٹی سے خشک کرنے لگا لیکن میں نے اچھا

---

(۱) الفردوس بماثور الخطاب جلد اول ص ۱۹۷ حدیث ۷۴۲

(۲) حلیۃ الاولیاء جلد اول ص ۱۷۸ ترجمہ ۲۹

(۳) قرآن مجید، سورۂ ق آیت ۱۸

نہ سمجھا پھر میں نے کہا یہ تو مٹی ہے اور مٹی کی کیا حیثیت ہے، جب میں نے اس پر مٹی ڈالی تو مجھے غیبی آواز آئی۔
سَيَعْلَمُ مَنِ اسْتَخَفَّ بِتُرَابِ مَا يَلْقَى عَذَابًا مِنْ سُوْءِ الْحِسَابِ۔ جو شخص مٹی کو معمولی سمجھتا ہے اسے عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ کل قیامت کے دن اس سے کیا سلوک ہو گا
حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ کے ساتھ ایک شخص نے نماز پڑھی تو اس نے دیکھا کہ آپ کا کپڑا اُلٹا تھا اس نے آپ کو بتایا آپ نے اسے درست کرنے کے لیے ہاتھ بڑھایا پھر روک لیا اور اسے ٹھیک نہ کیا اس شخص نے اس کی وجہ پوچھی تو انہوں نے فرمایا میں نے اسے اللہ تعالیٰ کے لیے پہنا ہے اس لیے میں نہیں چاہتا کہ اس کے غیر کے لیے اسے درست کروں۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں قیامت کے دن ایک شخص دوسرے آدمی سے اُلجھے گا اور کہے گا میرا اور تیرا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سامنے ہے وہ کہے گا اللہ کی قسم میں تجھے نہیں جانتا وہ کہے گا ہاں تو نے میری دیوار سے ایک اینٹ لی تھی اور میرے کپڑے سے ایک دھاگہ لیا تھا۔
یہ اور اس قسم کی مثالیں ڈرنے والوں کے دلوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیتی ہیں اگر تم عقل اور حوصلہ رکھتے ہو اور دھوکے کے شکار لوگوں میں سے نہیں ہو تو اس وقت اپنے نفس کی نگرانی کرو اور نہایت باریکی سے اپنا حساب کتاب کرو اس سے پہلے کہ تمہارا حساب وکتاب کیا جائے اپنے احوال کی نگرانی کرو اور تمہاری حرکات وسکنات سوچے سمجھے بغیر نہیں ہونی چاہئیں تم سوچ لیا کرو کہ حرکت کیوں کرتے ہو؟ تمہارا ارادہ کیا ہے اور اس کے باعث تمہیں دنیا سے کیا ملے گا؟ اور آخرت سے کیا جاتا رہے گا اور تم دنیا کو آخرت پر کس لیے ترجیح دیتے ہو؟ پس جب تمہیں معلوم ہو جائے کہ اس عمل کا باعث محض دینی ہے تو وہ کام کر گزرو جس کا تمہارے دل میں خیال آیا ورنہ رک جاؤ پھر اس رکنے میں بھی اپنے دل کی نگرانی کرو کیوں کہ کسی فعل کو چھوڑنا بھی ایک فعل ہے پس اس کے لیے نیت کا صحیح ہونا ضروری ہے لہٰذا اس ترکِ فعل کا داعی خفی خواہش نہیں ہونی چاہیے جس پر اطلاع نہیں ہوتی۔ اور تمہیں ظاہری امور اور نیکیوں کی شہرت سے دھوکہ نہ ہو باطن اور اسرار میں غور کرو تاکہ تم دھوکے کے مقام سے نکل جاؤ حضرت زکریا علیہ السلام کے بارے میں مروی ہے کہ آپ اُجرت پر گارے کی دیوار بناتے تھے اور اس کے بدلے میں آپ کو ایک روٹی دی جاتی کیوں کہ آپ ہاتھ کی کمائی کے علاوہ نہیں کھاتے تھے کچھ لوگ آپ کے پاس آئے تو آپ نے ان کو کھانے کی دعوت نہ دی حتیٰ کہ آپ فارغ ہوئے تو ان لوگوں کو تعجب ہوا کیوں کہ آپ سخاوت اور زہد میں مشہور تھے اور ان کا خیال تھا کہ کھانے کے ساتھ تواضع کرنا بہتر ہے آپ نے فرمایا میں ایک قوم کے لیے اجرت پر کام کرتا ہوں اور وہ مجھے ایک روٹی دیتے ہیں تاکہ مجھے ان کے لیے کام کرنے پر قوت حاصل ہو اگر تم بھی میرے ساتھ کھاؤ تو نہ تمہیں کفایت کرے گی اور نہ مجھے لیکن میرے عمل میں کمزوری آ جائے گی تو صاحب بصیرت شخص اس طرح نور الٰہی سے باطن میں دیکھتا ہے کیوں کہ آپ کا عمل سے کمزور ہو جانا فرائض میں نقصان کا باعث تھا

جب کہ کھانے کی دعوت نہ دینا فضیلت میں کمی تھی اور فرائض کے ساتھ فضائل (نوافل) کا مقابلہ نہیں ہو سکتا۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں میں حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ کے پاس گیا اور وہ کھانا کھا رہے تھے انہوں نے مجھ سے گفتگو نہ کی حتیٰ کہ جب انگلیاں چاٹ لیں تو فرمایا اگر میں نے یہ کھانا قرض کے طور پر نہ لیا ہوتا تو مجھے یہ بات پسند ہوتی کہ تم میرے ساتھ کھاؤ۔

حضرت سفیان رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص کسی کو کھانے کی دعوت دیتا ہے لیکن وہ اسے کھلانا نہیں چاہتا اب اگر وہ دعوت کو قبول کر لے تو اس (دعوت دینے والے) پر دو گناہ ہیں اور اگر وہ نہ کھائے تو اس پر ایک گناہ ہے یعنی ایک گناہ منافقت ہے اور دوسرا اپنے مسلمان بھائی کو ایسے کام کے لیے پیش کرتا ہے کہ اگر وہ جان لے تو اسے یہ ناپسند ہو۔

تو بندے کو اسی طرح تمام اعمال میں نیت کا خیال رکھنا چاہیے کوئی کام بھی کرے اس میں نیت ضروری ہے اگر اس وقت نہ ہو تو ٹھہر جائے کیوں کہ نیت اختیار میں نہیں ہوتی۔

فصل ۵،

نیت اختیاری چیز نہیں

جان لو کہ جاہل شخص جب ان تمام باتوں کو سنتا ہے جو ہم نے نیت کے اچھا ہونے کے سلسلے میں بطور وصیت ذکر کی ہیں اور بتایا کہ زیادہ نیتیں ہونی چاہیں اور اس کے ساتھ ساتھ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کو بھی سنتا ہے کہ آپ نے فرمایا۔

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ (۱) اعمال (کے ثواب) کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

تو وہ دل میں کہتا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کے لیے پڑھانے، یا تجارت کرنے یا کھانے کی نیت کرتا ہوں اور اسے نیت سمجھتا ہے حالاں کہ یہ بات نہیں یہ تو حدیثِ نفس ہے یا زبانی کلام ہے یا فکر ہے یا خیالات کی منتقلی ہے۔ ان سب میں نیت کنارہ کش ہے نیت اس بات کا نام ہے کہ نفس اس کام کی طرف برانگیختہ، متوجہ اور مائل ہو جس میں انسان کی غرض ظاہر ہوتی ہے چاہے وہ فوری غرض ہو یا اس کا تعلق مستقبل سے ہو اور اگر میلان نہ ہو تو محض ارادے سے فعل کا حصول اور ایجاد ممکن نہیں بلکہ یہ پیٹ بھرے ہوئے آدمی کے اس قول کی طرح ہے کہ میں کھانے کی خواہش کی نیت کرتا ہوں اور اس کی طرف مائل ہوتا ہوں یا کوئی بے فکر شخص کہے کہ میں نیت کرتا ہوں کہ فلاں شخص سے عشق و محبت کروں اور دل سے اسے عظیم سمجھوں تو یہ بات محال ہے بلکہ دل کا کسی بات کی طرف پھرنا اس کی طرف متوجہ ہونا اور مائل ہونا اس وقت تک نہیں ہو سکتا

---

(۱) صحیح بخاری جلد اول ص ۲ کتاب بدء الوحی

جب تک اس کے اسباب حاصل نہ ہوں اور اس بات پر کبھی وہ قادر ہوتا ہے اور کبھی اسے یہ طاقت حاصل نہیں ہوتی اور نفس، فعل کی طرف اسی وقت برانگیختہ ہوتا ہے جب نفس کے موافق و مناسب غرض پیدا ہو اور جب تک آدمی کا یہ اعتقاد نہ ہو کہ اس کی غرض کسی فعل سے وابستہ ہے اس وقت تک اس کا ارادہ اس کی طرف متوجہ نہیں ہوتا اور یہ ان امور میں سے ہے کہ جن کے اعتقاد پر وہ ہر وقت قادر نہیں ہوتا اور جب اس کا اعتقاد ہو تو دل اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے بشرطیکہ دل فارغ ہو اور کسی دوسری زیادہ مضبوط غرض میں مصروف نہ ہو اور یہ بات ہر وقت ممکن نہیں ہوتی پھر رغبت دینے والی اور پھیرنے والی چیزوں کے لیے بہت سے اسباب ہیں جن سے وہ امور جمع ہوتے ہیں اور یہ اجتماع اشخاص، احوال اور اعمال کے حوالے سے مختلف ہوتا ہے پس جب نکاح کی خواہش غالب ہو اور اولاد کے سلسلے میں کوئی دینی یا دنیوی صحیح غرض نہ ہو تو وہ بچے کی نیت سے جماع نہیں کر سکے گا بلکہ شہوت کی نیت کے بغیر جماع نہیں ہو سکے گا کیوں کہ نیت غرض پر موقوف ہے اور اس کا باعث تو شہوت ہے وہ اولاد کی نیت کیسے کرے گا اور جب اس کے دل پر یہ بات غالب نہ ہو کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں سنتِ نکاح کو قائم کرنے کی بہت زیادہ فضیلت ہے (۱)

تو نکاح سے اتباعِ سنت کی نیت کرنا ممکن نہ ہو گا ہاں یہ کہ وہ زبان سے یا دل سے کہے اور وہ حدیث نفس ہے نیت نہیں ہے۔

ہاں اس نیت کو حاصل کرنے کا طریقہ ہے کہ پہلے شریعت پر ایمان مضبوط ہو اور اس بات پر ایمان مضبوط ہو کہ جو شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں اضافہ کرے گا اسے زیادہ ثواب ملے گا اور اپنے دل سے ان تمام باتوں کو دور کر دے جو اولاد سے نفرت کا باعث ہیں مثلاً زیادہ بوجھ اور طویل تھکاوٹ وغیرہ۔

جب وہ یہ کام کرے گا تو ہو سکتا ہے ثواب کی غرض سے اس کے دل میں اولاد کی رغبت پیدا ہو اور وہ رغبت اس کو حرکت دے اور اس کے اعضاء عقدِ نکاح کے لیے حرکت میں آئیں۔

پس جب زبان کو حرکت دینے والی قدرت، دل پر غالب اس باعثِ عقد کی اطاعت کرتے ہوئے قبول عقد کے لیے برانگیختہ ہو تو وہ نیت کرنے والا ہو گا اور اگر یہ صورت نہ ہو تو اولاد کے قصد کے سلسلے میں جو بات وہ دل میں رکھتا ہے اور اس کو بار بار دہراتا ہے وہ وسوسہ اور ہذیان (بخار کی حالت میں بے مقصد گفتگو) ہے۔

یہی وجہ ہے کہ بزرگوں کی ایک جماعت نے نیت نہ ہونے کی وجہ سے بعض عبادات سے پہلوتہی کی وہ فرماتے تھے کہ ہماری نیت حاضر نہ تھی حتیٰ کہ حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ نے حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کی نماز جنازہ نہ پڑھی اور فرمایا میری نیت موجود نہ تھی اور ان میں سے ایک اپنے بالوں میں کنگھی کرنا چاہتے تھے تو انہوں نے بیوی کو آواز دی کہ کنگھی لاؤ اس نے کہا شیشہ لاؤں؟ وہ کچھ دیر خاموش رہے پھر فرمایا ہاں، اس سلسلے میں ان سے پوچھا گیا تو فرمایا کنگھی کے لیے تو میری نیت تھی لیکن شیشے کے لیے نیت حاضر نہ تھی اس لیے میں نے توقف کیا تو اللہ تعالیٰ نے اسے مہیا کر دیا۔

حضرت حماد بن سلیمان جو علمائے کوفہ میں سے ایک تھے جب ان کا انتقال ہوا تو حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ سے عرض کیا گیا کہ آپ ان کے جنازے میں تشریف نہیں لے جاتے؟ فرمایا اگر میری نیت ہوتی تو میں ایسا کرتا اسی طرح ان بزرگوں میں سے کسی ایک سے کسی نیک عمل کے بارے میں پوچھا جاتا تو وہ فرماتے اگر اللہ تعالیٰ نے اس کی نیت عطا فرمائی تو میں ایسا کروں گا۔

حضرت طاؤس رحمہ اللہ نیت کے بغیر حدیث بیان نہ فرماتے آپ سے حدیث بیان کرنے کا مطالبہ ہوتا لیکن آپ بیان نہ کرتے اور (جب نیت ہوتی تو) سوال کئے بغیر بیان کرنا شروع کر دیتے۔ اس سلسلے میں ان سے پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا کیا تم چاہتے ہو کہ میں نیت کے بغیر بیان کروں؟ جب میری نیت ہوگی تو میں بیان کروں گا۔

منقول ہے کہ حضرت داؤد بن محبر رحمہ اللہ نے جب کتاب العقل تصنیف فرمائی تو حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ ان کے پاس آئے کتاب طلب کی پھر ایک صفحہ دیکھنے کے بعد واپس کر دی انہوں نے پوچھا کیا ہوا؟ فرمایا اس میں ضعیف اسناد ہیں حضرت داؤد بن محبر نے فرمایا میں نے اسے اسناد کے طریقے پر نہیں لکھا امتحان کی نگاہ سے اس کا جائزہ لیں میں نے اسے عمل کی نگاہ سے دیکھا اور نفع اٹھایا حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے فرمایا مجھے واپس کریں تاکہ میں اسے اس نگاہ سے دیکھوں جس نگاہ سے آپ نے اسے دیکھا ہے چنانچہ وہ اسے پکڑ کر دیر تک کھڑے رہے پھر فرمایا اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے میں نے اس سے نفع اٹھالیا۔

حضرت طاؤس رحمہ اللہ سے عرض کیا گیا کہ ہمارے لیے دعا کیجئے انہوں نے فرمایا جب نیت حاضر ہوگی تو دعا کروں گا۔

ایک بزرگ نے فرمایا میں ایک مہینے سے ایک شخص کی بیمار پرسی کے لیے نیت تلاش کر رہا ہوں لیکن مجھے نہیں مل رہی۔

حضرت عیسیٰ بن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں حضرت میمون بن مہران رحمہ اللہ کے ساتھ گیا حتی کہ جب وہ اپنے گھر کے دروازے پر پہنچے تو میں واپس لوٹ گیا ان کے بیٹے نے ان سے کہا کیا آپ ان کو عشاء کے کھانے کی دعوت نہیں دیتے فرمایا اس وقت میری نیت ایسی نہیں ہے اور یہ اس لیے ہے کہ نیت نظر کے تابع ہوتی ہے جب نظر بدل جاتی ہے تو نیت میں بھی تبدیلی آجاتی ہے اور وہ لوگ نیت کے بغیر عمل کرنے کو جائز نہیں سمجھتے تھے اس لیے کہ وہ جانتے تھے کہ نیت عمل کی رُوح ہے اور یہی نیت کے بغیر عمل ریا کاری اور تکلیف ہے اور یہ غضب کا سبب ہے قرب کا نہیں۔ اور وہ لوگ اس بات کو بھی جانتے تھے کہ نیت اس بات کا نام نہیں کہ کوئی شخص اپنی زبان سے کہے کہ میں نے نیت کی بلکہ وہ دل کا ابھار ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے حاصل کشادگی کے قائم مقام ہے بعض اوقات یہ آسان ہوتا ہے اور کبھی مشکل۔

ہاں جس شخص کے دل پر دین کا معاملہ غالب ہو اس پر اکثر حالات میں نیک امور کے لیے نیت کو حاضر کرنا آسان ہوتا ہے اس کا دل کسی نہ کسی طور پر اصل بھلائی کی طرف مائل ہوتا ہے لہٰذا وہ عام بھلائیوں کی طرف بھی اٹھ کھڑا ہوتا ہے اور جس آدمی

کا دل دنیا کی طرف مائل ہو اور اس پر دنیا غالب آجائے اس کے لیے یہ بات آسان نہیں ہوتی بلکہ فرائض میں بھی نیت کو حاضر کرنا بڑی جدوجہد کے ساتھ ہوتا ہے زیادہ سے زیادہ یہ ہوتا ہے کہ وہ جہنم کو یاد کرتا ہے اور اپنے آپ کو اس کے عذاب سے ڈراتا ہے یا جنتی نعمتوں کا ارادہ ہوتا ہے تو اس سلسلے میں نفس کو ترغیب دیتا ہے اس سلسلے میں کبھی ایک کمزور سا ارادہ پیدا ہوتا ہے تو اسے نیت و رغبت کی مقدار کے مطابق ثواب ملتا ہے۔

لیکن وہ اطاعت جو اللہ تعالیٰ کی بزرگی کے پیش نظر ہوتی ہے کہ وہی عبادت و اطاعت کے لائق ہے یہ جذبہ ایسے شخص کو حاصل نہیں ہوتا جو دنیا کی طرف راغب ہو اور یہ سب سے اعلیٰ اور عمدہ نیت ہے رُوئے زمین پر ایسے لوگ بہت کم ہیں جو اس کو سمجھ سکیں استعمال کرنا تو دور کی بات ہے۔

نیت کی اقسام:

عبادات میں لوگوں کی نیتوں کی کئی اقسام ہیں کیوں کہ بعض لوگ خوف کی وجہ سے عمل کرتے ہیں وہ جہنم سے بچ جائیں گے۔ بعض لوگ امید کے باعث عمل کرتے ہیں اور یہ جنت کی رغبت ہے اگرچہ اس قسم کی نیت اس نیت کے مقابلے میں کم درجے پر ہے جو محض اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کے جلال کی تعظیم اور عبادت کے لیے کی جاتی ہے لیکن اس کے باوجود یہ اچھی نیتوں میں سے ہے کیوں کہ یہ اس بات کی طرف میلان ہے جس کا آخرت میں وعدہ کیا گیا ہے اگرچہ وہ ان چیزوں میں سے ہے جن سے دنیا میں الفت ہوتی ہے اور سب سے غالب باعث شرمگاہ اور پیٹ ہے اور ان کی خواہش کو پورے کرنے کی جگہ جنت ہے پس جنت کے لیے عمل کرنے والا اپنے پیٹ اور شرمگاہ کے لیے عمل کرتا ہے جس طرح برا مزدور ہوتا ہے۔

ایسے لوگوں کا درجہ سیدھے سادے لوگوں کا درجہ ہے اور یہ اپنے عمل کی وجہ سے مقصود کو پالیں گے کیوں کہ اکثر اہل جنت سیدھے سادے لوگ ہوں گے۔

لیکن عقل مند لوگوں کی عبادت اللہ تعالیٰ کے ذکر و فکر سے تجاوز نہیں کرتی وہ اس کے جمال و جلال سے محبت کرتے ہیں اعمال تو محض تاکید کے لیے ہوتے ہیں اور جنت میں نکاح یا کھانے کی طرف توجہ سے ان لوگوں کا مقام بلند ہے وہ ان باتوں کا قصد نہیں کرتے بلکہ یہی وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر اسے صبح و شام پکارتے ہیں اور چوں کہ لوگوں کو ان کی نیتوں کے مطابق ثواب ملے گا اس لیے یہ لوگ لازمًا اپنے رب کے دیدار سے مشرف ہوں گے۔ اور ان لوگوں پر ہنسیں گے جو حُوروں کی طرف متوجہ ہوتے ہیں جس طرح حُوروں کو دیکھ کر لطف اندوز ہونے والے ان لوگوں پر ہنسیں گے جو مٹی سے بنی ہوئی صورتوں کے چہروں کو دیکھ کر لطف اُٹھاتے ہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ ہنسیں گے کیوں کہ جمالِ ربوبیت اور حُوروں کے جمال میں اس سے زیادہ تفاوت ہے جس قدر حُوروں کے جمال اور مٹی سے بنی ہوئی صورت کے درمیان فرق ہے بلکہ جانوروں والی صفات رکھنے والے شہوت پرست لوگوں کا خوبصورت چہروں والوں سے

میل جول رکھنا تاکہ اپنی خواہش کو پورا کریں اور جمال الٰہی سے اعراض کرنا اسی طرح ہے جس طرح گبریلا (کالا کیڑا جو گوبر میں ہوتا ہے) اپنے جوڑے کو عظیم سمجھتا اور اس سے مانوس ہوتا ہے اور عورتوں کے جمال کو دیکھنے سے اعراض کرتا ہے پس اللہ تعالیٰ کے جمال وجلال کو دیکھنے سے اکثر دل اندھے ہیں اور یہ اس گبریلے کی طرح ہیں جو عورتوں کے جمال کو دیکھنے سے اندھا ہے اسے اس بات کا بالکل شعور نہیں اور نہ ہی وہ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اگر اسے عقل ہوتی اور اس کے سامنے عورتوں کا ذکر ہوتا تو وہ ان لوگوں کی عقل کو اچھا سمجھتا جو ان کی طرح متوجہ ہوتے ہیں اور یہ لوگ ہمیشہ مختلف رہیں کیوں کہ ہر گروہ اس بات پر خوش ہوتا ہے جو اس کے پاس ہے اور اللہ تعالیٰ نے ان کو اسی لیے پیدا فرمایا۔

منقول ہے کہ حضرت احمد بن حضرویہ نے خواب میں اللہ تعالیٰ کی زیارت کی تو اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا سب لوگ مجھ سے جنت کا سوال کرتے ہیں لیکن حضرت ابو یزید مجھ سے صرف میرا سوال کرتے ہیں۔ اور حضرت ابو یزید رحمہ اللہ نے خواب میں اپنے رب کی زیارت کی تو انہوں نے عرض کیا یا اللہ! تجھ تک پہنچنے کا کونسا راستہ ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اپنے نفس کو چھوڑ کر میری طرف آؤ۔

حضرت شبلی رحمہ اللہ کو ان کے انتقال کے بعد خواب میں دیکھا گیا تو ان سے پوچھا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ سے کیا سلوک کیا؟ انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھ سے کسی دعویٰ پر دلیل نہیں مانگی البتہ ایک بات کی دلیل مانگی ہے میں نے ایک دن کہا کہ جنت کے نقصان سے بڑھ کر کونسا نقصان ہے اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرے دیدار کے نقصان سے بڑھ کر کونسا نقصان ہے۔

غرض یہ ہے کہ ان نیتوں کے درجات مختلف ہیں اور جس شخص کے دل پر ان میں سے کوئی دلیل غالب ہو بعض اوقات اس کے لیے اس سے منہ پھیرنا آسان نہیں ہوتا اور ان حقائق کی معرفت سے ایسے اعمال و افعال پیدا ہوتے ہیں جس کا فقہائے ظاہر بھی انکار نہیں کرتے۔

پس ہم کہتے ہیں کہ جس شخص کے لیے مباح کام میں نیت ظاہر ہو لیکن کسی نفل کے لیے نیت نہ ہو تو مباح کام زیادہ بہتر ہے اور فضیلت اسی کی طرف منتقل ہو جائے گی اور اس کے حق میں نفل نقصان کا باعث ہوگا کیوں کہ اعمال کا دار و مدار نیتوں پر ہے یہ معاف کرنے کی طرح ہے کیوں کہ یہ انتقام لینے سے افضل ہے لیکن بعض اوقات معاف کرنے کی نیت نہیں ہوتی البتہ انتقام لینے کی نیت ہوتی ہے تو یہ بات افضل ہے۔

اسی طرح وہ کھانے پینے اور سونے کی نیت رکھتا ہے تاکہ اپنے نفس کو آرام پہنچائے اور مستقبل میں اسے عبادت پر قوت حاصل ہو اور اس وقت روزے اور نماز کی نیت حاضر نہیں ہوتی تو کھانا اور سونا ہی افضل ہے بلکہ اگر اسے مسلسل عبادت کرنے سے ملال ہو، رغبت کم ہو اور خوشی خوشی عبادت نہ کر سکے اور وہ جانتا ہو کہ کچھ دیر کھیل کود اور گفتگو میں گزارنے سے سرور لوٹ آئے گا تو اس کے لیے کھیلنا اس نماز سے افضل ہے۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں اپنے

نفس کو تھوڑے سے کھیل کے ساتھ راحت دیتا ہوں تو یہ کھیل میرے لیے حق پر مددگار ہوتا ہے۔

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں دلوں کو آرام دیا کرو کیوں کہ جب ان پر زبردستی کی جائے تو وہ اندھے ہو جائیں گے یہ وہ حقائق ہیں جن کا ادراک جید علماء کو ہی ہو سکتا ہے۔

محض بھولے قسم کے لوگوں کو نہیں بلکہ ماہر حکیم بعض اوقات، گرمی کے شکار مریض کا علاج گوشت سے کرتا ہے حالاں کہ وہ بھی گرم ہے۔ اور جس شخص کو طب کا علم نہ ہو وہ اس بات کو بعید جانتا ہے جب کہ علاج کرنے والا پہلے اس کی قوت کو بحال کرنا چاہتا ہے تاکہ وہ علاج بالضد کو برداشت کر سکے اور جو شخص شطرنج کھیلنے میں ماہر ہو کبھی رُخ اور گھوڑا مفت میں چھوڑ دیتا ہے تاکہ اس حیلے سے غلبہ پائے لیکن جو کھیلنے میں زیادہ ماہر نہ ہو اسے اس پر تعجب ہوتا ہے اور وہ اس پر ہنستا ہے اسی طرح جو شخص لڑائی کے فن سے واقف ہو بعض اوقات وہ اپنے مقابل سے بھاگتا ہے اور اس سے پیٹھ پھیرتا ہے اور اس طرح وہ ایسی تدبیر اختیار کرتا ہے جس سے مقابل کو تنگ جگہ پر آنے کے لیے مجبور ہو جاتا ہے اور یہ موقعہ پاکر یکدم اس پر حملہ آور ہوتا ہے۔

تو اللہ تعالیٰ کی طرف جانے کا طریقہ بھی اسی طرح ہے یہ شیطان سے لڑائی اور دل کا علاج ہے جو شخص صاحب بصیرت ہو اور اسے توفیق دی گئی ہو تو وہ اس میں نہایت لطیف حیلے اختیار کرتا ہے جن کو کمزور لوگ عقل سے بعید سمجھتے ہیں پس مرید کے لیے مناسب نہیں کہ جو کچھ وہ اپنے شیخ سے دیکھتا ہے دل میں اس سے انکار چھپائے رکھے اور طالب علم کو بھی اپنے استاذ پر اعتراض نہیں کرنا چاہیے بلکہ اسی حد تک توقف کرے جہاں تک اس کی بصیرت کی رسائی ہو اور ان کی جو بات سمجھ میں نہ آئے وہ ان کے سپرد کر دے حتیٰ کہ ان کے مقام تک پہنچ جائے اور اس پر اسرار منکشف ہو جائیں۔ اللہ تعالیٰ ہی اچھی توفیق عطا فرمانے والا ہے۔

دوسرا باب

اخلاص، اسکی فضیلت، حقیقت اور درجات

فصل ۱:

فضیلتِ اخلاص

ارشاد خداوندی ہے:

وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ — اور ان کو یہی حکم دیا گیا کہ خالص اللہ تعالیٰ کے لیے اس

لَہُ الدِّیْنَ۔ (۱) — کی بندگی کریں۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

اَلَا لِلّٰہِ الدِّیْنُ الْخَالِصُ۔ (۲) — سُنو! اللہ تعالیٰ کے لیے ہی خالص دین ہے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰہِ وَاَخْلَصُوْا دِیْنَھُمْ لِلّٰہِ۔ (۳) — مگر وہ لوگ جنہوں نے توبہ کی (اپنی) اصلاح کی اور اللہ تعالیٰ (کی رسی) کو مضبوطی سے پکڑا اور اپنے دین کو اللہ تعالیٰ کے لیے خالص کیا۔

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

فَمَنْ کَانَ یَرْجُوْ لِقَاءَ رَبِّہٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشْرِکْ بِعِبَادَۃِ رَبِّہٖ اَحَدًا۔ (۴) — پس جو شخص اپنے رب سے ملاقات کی امید رکھتا ہو تو اسے چاہیے کہ اچھا عمل کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ ٹھہرائے۔

یہ آیت ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جو اللہ تعالیٰ کے لیے عبادت کریں اور چاہیں کہ لوگ ان کی تعریف کریں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ثَلَاثٌ لَا یَغِلُّ عَلَیْھِنَّ قَلْبُ رَجُلٍ مُّسْلِمٍ اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰہِ وَالنَّصِیْحَۃُ لِلْوُلَاۃِ وَلُزُوْمُ الْجَمَاعَۃِ۔ (۵) — تین کام ایسے ہیں جن پر مومن کا دل خیانت نہیں کرتا خالص اللہ تعالیٰ کے لئے عمل کرنا حکمرانوں کی خیر خواہی اور جماعت سے وابستگی۔

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد حضرت سعد (رضی اللہ عنہما) سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں میرے باپ کو خیال ہوا کہ ان کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض دوسرے صحابہ کرام پر فضیلت ہے جو ان سے کم درجہ ہیں ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

---

(۱) قرآن، سورۃ البینۃ آیت ۵

(۲) قرآن مجید، سورۃ الزمر آیت ۳

(۳) قرآن مجید، سورۃ النساء آیت ۱۴۶

(۴) قرآن مجید، سورۃ کہف آیت ۱۱۰

(۵) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۸۰ مرویات جبیر بن مطعم

إِنَّمَا نَصَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ هٰذِهِ الْأُمَّـةَ بِضُعَفَائِهَا وَدَعْوَتِهِمْ وَإِخْلَاصِهِمْ وَصَلَاتِهِمْ[1]

اللہ تعالیٰ نے اس امت کے کمزور لوگوں، ان کی دعا، اخلاص اور نماز کے ذریعے امت کی مدد فرمائی۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَلْإِخْلَاصُ سِرٌّ مِّنْ سِرِّيْ اِسْتَوْدَعْتُهُ قَلْبَ مَنْ أَحْبَبْتُ مِنْ عِبَادِيْ۔ (۲)

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے اخلاص میرے رازوں میں سے ایک راز ہے جو میں نے اپنے ان بندوں کے دلوں میں بطور امانت رکھا ہے جن سے مجھے محبت ہے۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

عمل کی کمی کی فکر نہ کرو اس کی قبولیت کی فکر کرو کیوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔

أَخْلِصِ الْعَمَلَ يُجْزِكَ مِنْهُ الْقَلِيْلُ۔ (۳)

اپنے عمل کو خالص کرو تھوڑا بھی کافی ہوگا۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَا مِنْ عَبْدٍ يُخْلِصُ لِلّٰهِ الْعَمَلَ أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا إِلَّا ظَهَرَتْ يَنَابِيْعُ الْحِكْمَةِ مِنْ قَلْبِهِ عَلٰى لِسَانِهِ۔ (۴)

جو بندہ چالیس دن خالص اللہ تعالیٰ کے لیے عمل کرے اللہ تعالیٰ حکمت کے چشمے اس کے دل سے اس کی زبان پر ظاہر کر دیتا ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

قیامت کے دن سب سے پہلے تین قسم کے لوگوں سے سوال ہوگا۔ ایک وہ شخص جسے اللہ تعالیٰ نے علم عطا فرمایا اللہ تعالیٰ پوچھے گا تجھے جو علم حاصل ہوا اس کے سلسلے میں تو نے کیا کیا؟ وہ عرض کرے گا اے میرے رب! میں رات کی ساعتوں اور دن کے اطراف میں اس کے لیے کمربستہ رہتا تھا اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو نے جھوٹ کہا اور فرشتے بھی کہیں گے کہ تو جھوٹ کہتا ہے بلکہ تیرا مقصد یہ تھا کہ لوگ کہیں فلاں شخص عالم ہے تو یاد رکھو یہ بات کہی گئی ـــ دوسرا وہ شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے مال عطا فرمایا اللہ تعالیٰ فرمائے گا میں نے تجھ پر انعام کیا تو نے کیا کیا؟ وہ جواب دے گا اے میرے رب! میں رات

---

(۱) السنن الکبریٰ للبیہقی جلد ۳ ص ۳۴۵ کتاب صلاۃ الاستسقاء

(۲)

(۳) المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۳۰۶ کتاب الرقاق

(۴) الترغیب والترہیب جلد اوّل ص ۵۶ مقدمۃ الکتاب

کی گھڑیوں اور دن کے اوقات میں صدقہ کرتا تھا اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو جھوٹ کہتا ہے اور فرشتے بھی کہیں گے کہ تو جھوٹ کہتا ہے بلکہ تمہارا ارادہ یہ تھا کہ کہا جائے فلاں شخص سخی ہے سنو! یہ بات کہی گئی اور تیسرا شخص جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتل کیا گیا اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو نے کیا کیا؟ وہ کہے گا اے میرے رب! مجھے جہاد کا حکم دیا گیا تو میں لڑا حتی کہ قتل کر دیا گیا اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو جھوٹ کہتا ہے اور فرشتے بھی کہیں گے کہ تو جھوٹ بولتا ہے بلکہ تمہارا ارادہ یہ تھا کہ کہا جائے فلاں شخص بہت بہادر ہے سنو! یہ بات کہی گئی۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میری ران پر ایک لکیر کھینچی اور فرمایا اے ابوہریرہ! یہ وہ لوگ ہیں جو قیامت کے دن جہنم میں سب سے پہلے ان پر آگ بھڑکائی جائے گی (۱)

اس حدیث کے راوی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کے سامنے یہ حدیث بیان کی تو وہ رو پڑے حتی کہ قریب تھا ان کی روح پرواز کر جاتی پھر فرمایا اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا ارشاد خداوندی ہے۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ۔ (۲)

جو لوگ دنیا کی زندگی اور اس کی زینت چاہتے ہیں ہم ان کو اعمال کا پورا پورا بدلہ دیں گے اور ان کے لیے اس میں کوئی کمی نہ ہوگی۔

اسرائیلی روایات میں ہے کہ ایک عابد نے طویل عرصہ تک اللہ تعالیٰ کی عبادت کی پھر اس کے پاس کچھ لوگ آئے اور انہوں نے کہا یہاں کچھ لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر درخت کی پوجا کرتے ہیں اس پر اسے غصہ آیا اور اس نے کلہاڑا اپنے کاندھے پر رکھ کر درخت کو کاٹنے کا ارادہ کیا راستے میں شیطان ایک بزرگ کی صورت میں ملا اس نے پوچھا کہاں جاتے ہو؟ عابد نے جواب دیا میں نے اس درخت کو کاٹنے کا ارادہ کیا ہے شیطان نے کہا تجھے اس سے کیا غرض ہے تم عبادت اور نفس کی مشغولیت چھوڑ کر دوسرے کاموں میں مشغول ہوتے ہو عابد نے کہا یہ بھی میرے لیے عبادت ہے شیطان نے کہا میں تجھے یہ درخت کاٹنے نہیں دوں گا چنانچہ دونوں لڑ پڑے اور عابد نے اسے زمین پر دے مارا اور اس کے سینے پر چڑھ بیٹھا شیطان نے کہا مجھے چھوڑو میں تم سے بات کرنا چاہتا ہوں وہ اٹھ کھڑا ہوا شیطان نے اس سے کہا اے فلاں! اللہ تعالیٰ نے یہ کام تم پر فرض نہیں کیا اور نہ ہی تو اس کی پوجا کرتا ہے اور دوسرے دن کا گناہ تجھ پر نہیں ہوگا روئے زمین پر اللہ تعالیٰ کے بے شمار انبیاء کرام ہیں اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو ان لوگوں کی طرف ان کو بھیج دیتا اور ان کو حکم دیتا کہ درخت کو کاٹ دیں۔

---

(۱) جامع ترمذی ص ۳۴۳، ۳۴۴، ابواب الزہد

(۲) قرآن مجید، سورۂ ہود آیت ۱۵

عابد نے کہا میں اسے ضرور کاٹوں گا اس نے پھر لڑنے کا ارادہ کیا تو عابد اس پر غالب آگیا اس نے اور اسے پچھاڑ دیا اور اس کے سینے پر چڑھ بیٹھا ابلیس عاجز آیا تو اس نے کہا چلو ہم ایک اور بات کرتے ہیں جس سے ہم دونوں کے درمیان فیصلہ ہو جائے گا وہ تمہارے لیے زیادہ بہتر اور نفع بخش ہے عابد نے پوچھا وہ کیا؟ اس نے کہا مجھے چھوڑ دیں تمہیں بتاتا ہوں اس نے چھوڑ دیا تو شیطان نے کہا تم ایک فقیر شخص ہو تمہارے پاس کچھ نہیں تم لوگوں پر بوجھ ہو وہ تمہاری خبر گیری کرتے ہیں شاید تم چاہتے ہو گے کہ اپنے بھائیوں سے اچھا سلوک کرو، پڑوسیوں کی غمخواری کرو خود سیر ہو کر کھاؤ اور لوگوں سے بے نیاز ہو جاؤ؟ اس نے کہا ہاں یہ بات تو ہے۔ شیطان نے کہا تو یہ کام چھوڑ دو اور واپس چلے جاؤ میں ہر رات تمہارے سرہانے کے پاس دو دینار رکھ دوں گا جب صبح اٹھو تو ان کو اٹھا لو اور اپنے اوپر نیز اپنے اہل و عیال پر خرچ کرو نیز اپنے بھائیوں پر صدقہ کرو یہ تمہارے لئے اور مسلمانوں کے لیے اس درخت کے کاٹنے سے زیادہ نفع بخش ہوگا کیوں کہ اس کی جگہ دوسرا درخت لگا دیا جائے گا۔ اور اس کے کاٹنے سے ان لوگوں کو کوئی نقصان نہ ہوگا اور نہ ہی اس سے تمہارے مسلمان بھائیوں کو کوئی فائدہ ہوگا۔

عابد نے شیطان کی گفتگو کے بارے میں سوچ بچار کی اور کہنے لگا شیخ نے سچ کہا میں کوئی نبی نہیں ہوں کہ مجھ پر اس کو کاٹنا لازم ہو اور نہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کے کاٹنے کا حکم دیا ہے کہ میں اس عمل کو چھوڑنے کی وجہ سے گناہ گار کہلاؤں گا جو کچھ اس نے ذکر کیا ہے اس میں زیادہ نفع ہے چنانچہ اس نے شیطان سے عہد و پیمان اور قسم لی پھر عابد اپنے عبادت خانے کی طرف لوٹ آیا اور رات گزاری صبح ہوئی تو دیکھا کہ اس کے سرہانے دو دینار پڑے ہوئے ہیں اس نے ان کو اٹھا لیا دوسرے دن بھی اسی طرح ہوا لیکن تیسرے دن اور اس کے بعد اس نے کچھ نہ دیکھا تو وہ غصے میں آگیا اور کلہاڑا کاندھے پر رکھ لیا راستے میں شیطان بزرگ آدمی کی شکل میں ملا تو پوچھا کہاں جا رہے ہو اس نے کہا اس درخت کو کاٹنے جا رہا ہوں اس نے کہا اللہ کی قسم تم جھوٹ بولتے ہو تم اس پر قادر نہیں ہو اور نہ تم اس کام کو کر سکتے ہو۔

چنانچہ عابد نے اس کو پکڑ کر پہلے کی طرح گرانا چاہا تو اس نے کہا اب ایسا نہیں ہو سکتا چنانچہ شیطان نے اس کو پکڑ کر پچھاڑ دیا تو یوں معلوم ہوا جیسے اس کے سامنے چڑیا پڑی ہوئی ہو شیطان اس کے سینے پر چڑھ بیٹھا اور کہا اپنے اس ارادے سے باز آجاؤ ورنہ تمہیں ذبح کر دوں گا عابد نے دیکھا کہ اب وہ اس سے نہیں لڑ سکتا تو کہا اے فلاں! تو مجھ پر غالب آگیا مجھے چھوڑ دے اور بتا کہ یہ کیسے ہو گیا پہلے میں تم پر غالب آیا اور اب تم مجھ پر غالب آگئے اس نے کہا پہلی مرتبہ تمہیں اللہ تعالیٰ کے لیے غصہ آیا تھا اور تم آخرت کی نیت کرتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے مجھے تمہارے سامنے مسخر کر دیا اور اس مرتبہ تمہیں اپنی ذات اور دنیا کے لیے غصہ آیا تو میں نے تمہیں پچھاڑ دیا اس حکایت نے اللہ تعالیٰ کے اس قول کی تصدیق کر دی ارشاد خداوندی ہے۔

اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ (شیطان نے کہا) مگر (میں) تیرے مخلص بندوں کو قابو نہیں

الْمُخْلَصِيْنَ (۱) کر سکوں گا۔
کیوں کہ انسان کو شیطان سے صرف اخلاص بچا سکتا ہے۔
اسی لیے حضرت معروف کرخی رحمہ اللہ اپنے آپ کو مارتے اور فرماتے اے نفس! اخلاص اختیار کرتا کہ تو چھٹکارا پائے
حضرت یعقوب مکفوف رحمہ اللہ فرماتے تھے مخلص وہ شخص ہے جو اپنی نیکیوں کو اس طرح چھپاتا ہے جس طرح اپنے گناہوں کو چھپاتا ہے۔

حضرت سلیمان رحمہ اللہ فرماتے تھے اس شخص کے لیے خوشخبری ہے جس کا ایک قدم بھی صحیح ہو جائے اور اس سے صرف اللہ تعالیٰ کا ارادہ کرے۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ جس کی نیت صحیح ہو جائے اللہ تعالیٰ اسے اس کی ان باتوں میں کفایت کرتا ہے جو اس کے اور لوگوں کے درمیان ہیں۔

کسی ولی نے اپنے بھائی کو لکھا اپنے اعمال میں خالص نیت رکھو تمہیں تھوڑا عمل بھی کفایت کرے گا۔ حضرت ایوب سختیانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں عمل کرنے والوں پر سب سے زیادہ سخت، نیت کو خالص کرنا ہے اور حضرت مطرف رحمہ اللہ فرماتے تھے جو شخص خالص نیت رکھتا ہو اس کے لیے اجر بھی صاف ہوتا ہے اور جس کی نیت میں اختلاط ہو اس کے لیے اسی قسم کا اجر ہوتا ہے۔

کسی بزرگ کو خواب میں دیکھا گیا تو پوچھا گیا آپ نے اپنے اعمال کو کیسا پایا؟ انہوں نے فرمایا میں نے جو عمل بھی اللہ تعالیٰ کے لیے کیا اس کا اجر پایا حتیٰ کہ انار کا ایک دانا جو راستے سے ہٹایا اور ہماری ایک بلی مر گئی تھی اس کو بھی میں نے اپنی نیکیوں میں پایا اور میری ٹوپی میں ایک ریشمی دھاگہ تھا میں نے اس کو برائیوں کے پلڑے میں پایا اور میرا ایک گدھا جس کی قیمت ایک سو دینار تھی، مر گیا تو میں نے اس کا ثواب نہ دیکھا میں نے کہا بلی کی موت نیکیوں کے پلڑے میں ہے اور گدھے کی موت اس میں نہیں ہے اس کی کیا وجہ ہے؟ تو مجھے بتایا گیا کہ وہ وہاں بھیجا گیا جہاں تو نے اسے بھیجا کیوں کہ جب تجھے کہا گیا کہ گدھا مر گیا ہے تو تو نے کہا اللہ تعالیٰ کی لعنت میں گیا پس اس میں تیرا اجر باطل ہو گیا اگر تم کہتے کہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں گیا تو تم اسے اپنی نیکیوں میں پاتے۔

ایک روایت میں ہے کہ انہوں نے فرمایا میں نے ایک صدقہ لوگوں کے سامنے دیا تو ان کا میری طرف دیکھنا مجھے پسند آیا تو میں نے دیکھا کہ نہ تو مجھے اس کا ثواب ملا اور نہ ہی اس پر عذاب ہوا۔

حضرت سفیان رحمہ اللہ نے جب یہ بات سنی تو فرمایا یہ تو ان کا اچھا حال ہے کہ عذاب نہ ہو یہ تو عین احسان ہے۔
حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ فرماتے ہیں اخلاص، اعمال کو عیبوں سے ممتاز کر دیتا ہے جس طرح دودھ، گوبر اور خون میں سے صاف نکل آتا ہے کہا گیا ہے کہ ایک شخص عورتوں کا لباس پہن کر عورتوں کے اجتماع میں جاتا تھا شادی بیاہ ہو یا غمی کا

اجتماع، اتفاق سے ایک دن وہ عورتوں کے اجتماع میں گیا تو وہاں ایک موتی چوری ہو گیا آواز دی گئی کہ دروازہ بند کر کے تفتیش کرو وہ ایک ایک کی تلاشی لینے لگی کہ اس شخص اور اس کے ساتھ عورت کی باری آئی اس نے اخلاص کے ساتھ دعا مانگی کہ یا اللہ! آج اگر اس ذلت سے چھٹکارا عطا فرما دے تو آئندہ ایسا کام نہیں کروں گا تو وہ موتی اس عورت کے پاس سے مل گیا اور انہوں نے آواز دی کہ موتی مل گیا اب کسی کی تلاشی نہ لینا۔

صوفیاء کرام میں سے ایک بزرگ فرماتے ہیں میں حضرت ابو عبید تستری رحمہ اللہ کے ساتھ کھڑا تھا وہ نو ذوالحجہ کے دن عصر کے بعد زمین میں ہل چلا رہے تھے اتنے میں ان کا کوئی ابدال بھائی آیا اور اس نے آہستہ سے کچھ کہا حضرت ابو عبید رحمہ اللہ نے فرمایا "نہیں" اس پر وہ بادلوں کی طرح زمین کو چھوتا ہوا چلا گیا حتیٰ کہ میری نگاہ سے غائب ہو گیا میں نے حضرت ابو عبید رحمہ اللہ سے پوچھا کہ اس نے آپ کو کیا کہا تھا؟ انہوں نے فرمایا اس نے مجھے کہا تھا کہ میرے ساتھ حج کرو میں نے کہا نہیں، وہ بزرگ فرماتے ہیں میں نے پوچھا آپ نے انکار کیوں کیا؟ فرمایا میری نیت نہیں تھی اور میں نے نیت کی تھی کہ شام تک اس زمین کا کام مکمل کروں گا۔ تو مجھے اس بات کا ڈر ہوا کہ اگر میں اس ابدال کی خاطر اس کے ساتھ حج کے لیے جاؤں تو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا نشانہ بنوں گا۔ کیوں کہ اس طرح میں اللہ تعالیٰ کے لیے کئے جانے والے عمل میں اس کے غیر کو شریک کرنے والا ہوں گا تو میں جو کام کر رہا ہوں وہ میرے نزدیک ستر حجوں سے زیادہ بڑا ہے۔

کسی دوسرے بزرگ سے منقول ہے فرماتے ہیں میں سمندر کے راستے جہاد کے لیے نکلا تو ہم میں ایک نے توشہ دان پیش کیا میں نے کہا میں اسے خرید لیتا ہوں یہ مجھے جہاد میں کام آئے گا جب میں فلاں شہر میں داخل ہوں گا تو اسے بیچ کر نفع حاصل کروں گا چنانچہ میں نے وہ توشہ دان خرید لیا اسی رات میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا آسمان سے دو آدمی اترے اور ان میں سے ایک نے دوسرے ساتھی سے کہا کہ جہاد کرنے والوں کے نام لکھو چنانچہ وہ اسے لکھواتا کہ فلاں شخص سیر کے لیے نکلا ہے فلاں دکھاوے کے لیے آتا ہے فلاں تاجر ہے اور فلاں اللہ تعالیٰ کے راستے میں ہے پھر میری طرف دیکھا اور کہا لکھو فلاں تاجر بن کر نکلا ہے میں نے کہا خدا کا خوف کرو میں کب تجارت کے لیے نکلا ہوں میرے پاس تو تجارت کا سامان بھی نہیں ہے جس کی تجارت کروں گا میں تو صرف جہاد کے لیے نکلا ہوں اس نے کہا اے شیخ! تم نے گذشتہ رات ایک توشہ دان خریدا تم چاہتے ہو کہ اس سے نفع حاصل کرو فرماتے ہیں میں نے رونے لگا اور میں نے کہا مجھے تاجر نہ لکھو اس نے دوسرے ساتھی کی طرف دیکھا اور پوچھا کیا خیال ہے اس نے کہا لکھو فلاں شخص جہاد کے لئے نکلا لیکن اس نے راستے میں توشہ دان خریدا تاکہ اس کو نفع پر بیچے اللہ تعالیٰ جو فیصلہ مناسب سمجھے گا فرمائے گا۔

حضرت سری سقطی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اگر تم خلوص کے ساتھ علیحدگی میں دو رکعتیں پڑھو تو یہ بات تمہارے لیے ستر یا سات سو احادیث عمدہ اسناد کے ساتھ لکھنے سے بہتر ہے۔

ایک بزرگ کا قول ہے کہ ایک ساعت کا اخلاص ہمیشہ کی نجات کا باعث ہے لیکن اخلاص بہت کم پایا جاتا ہے۔

اور کہا جاتا ہے کہ علم بیج ہے، عمل کھیتی ہے اور اس کا پانی اخلاص ہے۔ اور بعض بزرگوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کو ناپسند کرتا ہے تو اسے تین باتیں عطا کرتا ہے اور تین باتوں سے روک دیتا ہے اسے صالحین کی صحبت تو عطا کرتا ہے لیکن وہ ان کی کوئی بات قبول نہیں کرتا اسے اچھے اعمال کی توفیق دیتا ہے لیکن اس سے اخلاص کو روک دیتا ہے اسے حکمت عطا فرماتا ہے لیکن اس میں سچائی سے محروم رکھتا ہے۔

حضرت موسیٰ رحمہ اللہ فرماتے ہیں بندوں کے اعمال سے اللہ تعالیٰ کو صرف اخلاص مطلوب ہے حضرت جنید رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو عقل مند ہیں جب وہ عقل مند ہیں تو عمل کرتے ہیں اور جب عمل کرتے ہیں تو اس میں اخلاص ہوتا ہے اور اخلاص ان کو نیکیوں کی تمام اقسام کی دعوت دیتا ہے۔

حضرت محمد بن سعید مروزی رحمہ اللہ فرماتے ہیں تمام معاملہ دو بنیادی باتوں کی طرف لوٹتا ہے ایک اس کا فعل تمہارے ساتھ ہے اور دوسرا تمہارا فعل اس کے ساتھ ہے جو کچھ وہ کرے اس پر راضی ہو جا اور جو عمل تو کرے اس میں اخلاص کو اختیار کر۔ اگر یہ دونوں باتیں ہو جائیں تو دونوں جہانوں میں کامیابی پائے گا۔

فصل ۲ :

حقیقتِ اخلاص

ہر چیز میں ملاوٹ ممکن ہے جب وہ ملاوٹ سے پاک صاف ہو تو اسے خالص کہتے ہیں اور جس فعل سے وہ عمل صاف ہوتا ہے اس کو اخلاص کہتے ہیں ارشاد خداوندی ہے۔

وَنُسْقِيكُم مِّمَّا فِي بُطُونِهَا مِن بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِّلشَّارِبِينَ۔ (۱)	اور ہم تمہیں ان جانوروں کے پیٹ سے گوبر اور خون کے درمیان سے دودھ پلاتے ہیں جو خالص ہے اور پینے والوں کے لیے خوشگوار ہے۔

دودھ کا خالص ہونا یہ ہے کہ اس میں خون اور گوبر بلکہ کسی ایسی چیز کی آمیزش نہ ہو جو اس میں مل سکتی ہے اخلاص کی ضد شرک کرنا ہے پس جو شخص مخلص نہیں ہوتا وہ مشرک ہوتا ہے لیکن شرک کے کئی درجات ہیں۔

شرک کے درجات :

توحید میں اخلاص کے مقابل الوہیت میں شریک ٹھہرانا ہے شرک خفی بھی ہوتا ہے اور جلی بھی اسی طرح اخلاص کا معاملہ ہے اور اخلاص نیز اس کی ضد دونوں دل پر وارد ہوتے ہیں لہٰذا اس کا محل دل ہے اور ان کے ورود کا تعلق قصد و نیت

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نحل آیت ۶۶

سے ہے اور نیت کی حقیقت ہم بیان کر چکے ہیں اور یہ بھی کہ نیت، باعثِ عمل موافق ہوتی ہے پس جب باعثِ عمل صرف ایک ہو تو اس کی وجہ سے جو فعل صادر ہو گا وہ اخلاص ہو گا اور اس کا تعلق نیت سے ہے پس جو شخص صدقہ کرے اور اس کی نیت اور غرض ریاکاری ہو تو وہ اس حوالے سے مخلص ہے لیکن عرف عام یہ ہے کہ اخلاص کا اطلاق اس عمل پر ہوتا ہے جس میں مقصود صرف اللہ تعالیٰ کا قرب ہو اور اس میں کسی قسم کی آمیزش نہ ہو۔ جس طرح الحاد صرف میلان کا نام ہے لیکن عرف میں حق سے دوسری جانب کے میلان کو الحاد کہتے ہیں پس جس فعل کا باعث محض ریا ہو وہ باعث ہلاکت ہے اور ہماری گفتگو اس سے متعلق نہیں ہے کیوں کہ ریا سے متعلق ہم ذکر کر چکے ہیں۔ اس سلسلے میں ادنیٰ بات وہ ہے جس کا حدیث شریف میں ذکر آیا ہے کہ قیامت کے دن ریاکار کو چار ناموں سے پکارا جائے گا۔ اے ریاکار، اے دھوکے باز، اے مشرک اور اے کافر ——— (۱)

اس وقت ہماری گفتگو اس سلسلے میں ہے کہ انسان کا مقصد قربِ خداوندی ہی ہو لیکن اس میں کوئی دوسرا باعث مثلاً ریاکاری یا نفسانی فوائد وغیرہ شامل ہو جائیں ———

اس کی مثال اس طرح ہے کہ کوئی شخص تقرب خداوندی کے لیے روزہ رکھے لیکن اس میں پرہیز کا فائدہ بھی حاصل کرنا چاہتا ہو یا وہ غلام آزاد کرتا ہے اور اس میں یہ ارادہ بھی ہے کہ اس کے اخراجات اور بداخلاقی سے جان چھوٹ جائے گی یا حج کرتا ہے تاکہ حرکتِ سفر کی وجہ سے مزاج صحیح ہو جائے یا شہر میں پائی جانے والے کسی شر سے بچ جائے گا یا اس کے گھر میں کوئی دشمن ہے جس سے بھاگنا بھی مقصود ہے یا بیوی بچوں یا کسی دوسرے کام سے نکل گیا ہے اور کچھ دن آرام کرنا چاہتا ہے یا وہ جہاد کرتا ہے تاکہ فنِ لڑائی میں مہارت ہو اور لشکر وغیرہ تیار کرنے کا طریقہ سیکھ جائے یا کوئی آدمی رات کے وقت نماز پڑھتا ہے اور اس کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ اپنے آپ سے اونگھ کو دور کرے گھر والوں یا سامان کی حفاظت کرے یا علم حاصل کرتا ہے تاکہ اس کے لیے ضروری مال حاصل کرنا آسان ہو جائے یا خاندان میں اسے عزت حاصل ہو یا علم کی عزت کے باعث طمع کرنے والوں سے اس کی زمین اور مال محفوظ رہے یا کوئی شخص درس و تدریس اور وعظ میں معروف ہوتا ہے کہ خاموشی کی تکلیف سے جان چھوٹ جائے اور لذتِ حدیث سے خوشی حاصل ہو یا وہ علماء اور صوفیاء کی خدمت کرتا ہے تاکہ لوگوں کے نزدیک اس کی عزت زیادہ ہو یا دنیا میں اس کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کیا جائے۔

یا کوئی شخص قرآن مجید اس لیے لکھتا ہے کہ بار بار کی کتابت سے اس کا خط اچھا ہو جائے یا کوئی آدمی پیدل حج کرتا ہے تاکہ کرایہ بچ جائے یا وضو اس لیے کرتا ہے کہ بدن صاف ہو جائے یا ٹھنڈک حاصل ہو یا غسل کرتا ہے کہ

---

(۱) الجامع لاحکام القرآن جلد اول ص ۱۹ مقدمۃ الکتاب

اچھی خوشبو ہو یا حدیث روایت کرتا ہے تاکہ عمدہ اور اعلیٰ سند کا علم ہو یا مسجد میں اعتکاف بیٹھتا ہے تاکہ گھر کے کرائے میں تخفیف ہو یا روزہ رکھتا ہے تاکہ کھانے پکانے کے تردد سے بچ جائے یا اس لیے کہ دوسرے کاموں کے لیے فراغت حاصل ہو جائے۔

یا کوئی شخص کسی سائل کو صدقہ اس لیے دیتا ہے کہ وہ اس کے مانگنے سے عاجز آ گیا ہے یا کسی مریض کی عیادت اس لیے کرتا ہے کہ جب وہ بیمار ہو تو اس کی بیمار پرسی بھی کی جائے۔ یا جنازے کے ساتھ اس لیے جاتا ہے کہ لوگ اس کے جنازے کے ساتھ بھی جائیں یا ان کاموں میں سے کوئی کام اس لیے کرتا ہے تاکہ بھلائی کے ساتھ اس کی پہچان ہو اور اس کا ذکر کیا جائے اور لوگ اسے اچھی نگاہ سے دیکھیں۔

پس جب عمل کا باعث تقربِ خداوندی ہو لیکن اس کے ساتھ ان امور میں سے بھی کوئی بات ملی ہوئی ہو تاکہ ان امور کی وجہ سے اس کے لیے عمل آسان ہو جائے تو اس کا عمل اخلاص کی حد سے نکل گیا اور اب وہ خالص رضائے الٰہی کے لیے نہیں ہے بلکہ اس میں شرکت پائی گئی اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (حدیث شریف میں ہے) کہ میں شرکت سے تمام شرکاء سے بڑھ کر بے نیاز ہوں۔

خلاصہ یہ ہوا کہ وہ تمام دنیوی فوائد جن سے نفس کو راحت پہنچتی ہے اور ان کی طرف دل مائل ہوتا ہے وہ کم ہوں یا زیادہ جب وہ عمل میں پائے جائیں تو وہ عمل صاف اور خالص نہیں رہتا اس کا اخلاص زائل ہو جاتا ہے اور انسان کی حالت تو یہ ہے کہ وہ مفاداتِ دنیوی سے مربوط ہے اور خواہشات کے سمندر میں غوطہ زن ہے بہت کم اس کا فعل یا عبادت اس قسم کے فوری فوائد اور غرض سے جدا ہوتی ہے اسی لیے کہا گیا ہے کہ جس شخص کی زندگی کا ایک لمحہ بھی خالص رضائے الٰہی کے لیے میسر ہو گیا اس نے نجات پائی اور یہ بات اس لیے ہے کہ خلوص بہت نادر ہے اور ان آمیزشوں سے دل کا صاف ہونا بہت مشکل ہے۔

بلکہ خالص تو وہ ہے جس کا باعث صرف اللہ تعالیٰ کے قرب کی طلب ہو اور اگر عمل کا باعث صرف یہی امور ہوں تو ایسے عامل کا معاملہ کس قدر سخت ہو گا یہ بات مخفی نہیں ہے لیکن ہمارے پیش نظر وہ صورتیں ہیں کہ جب مقصد اصلی اللہ تعالیٰ کے قرب کا حصول ہو اور اس کے ساتھ یہ امور مل جائیں پھر یہ آمیزش یا تو موافقت کے رتبہ میں ہو گی یا بطور شرکت ہو گی یا مدد و اعانت کے طور پر ہو گی۔ جس طرح نیت کے بیان میں گزر چکا ہے۔

خلاصہ یہ ہوا کہ باعثِ نفسی، باعثِ دینی کی طرح ہو گا یا اس سے قوی ہو گا یا کمزور ہو گا۔ اور ہر ایک کا الگ حکم ہے جیسا کہ ہم عنقریب ذکر کریں گے۔

اخلاص کا مطلب یہ ہے کہ عمل ان تمام امور کی آمیزش سے خالص ہو یہ آمیزش کم ہو یا زیادہ، حتیٰ کہ صرف تقربِ خداوندی مقصود ہو اس کے سوا عمل کا کوئی باعث نہ ہو اور یہ بات اسی شخص سے متصور ہو سکتی ہے جو اللہ تعالیٰ سے محبت

کرتا ہے اس کا عاشق زار ہے اور آخرت کی فکر میں اس قدر ڈوبا ہوا ہے کہ اس کے دل میں محبتِ دنیا کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے حتیٰ کہ اسے کھانے پینے سے بھی محبت نہیں ہے بلکہ اس سلسلے میں اس کی رغبت اسی قدر ہے جس قدر قضائے حاجت کی رغبت ہے کہ یہ ایک فطری ضرورت ہے لہٰذا وہ کھانے کی خواہش اس لیے نہیں رکھتا کہ یہ کھانا ہے بلکہ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت پر طاقت حاصل ہو۔ اور وہ تمنا کرے کہ کیا اچھا ہو وہ بھوک کی آفت سے محفوظ ہو جائے کہ اسے کھانے کی ضرورت نہ پڑے۔

پس اس کے دل میں ضرورت سے زائد چیزوں کے لیے کوئی جگہ نہ ہو اور بقدر ضرورت مطلوب ہو کیوں کہ یہ اس کے دین کی ضرورت ہے۔ اس کو صرف فکرِ الٰہی ہو پس اس قسم کا شخص اگر کھاتا یا پیتا ہے یا قضائے حاجت کے لیے جاتا ہے تو تمام حرکات و سکنات میں اس کا عمل خالص اور نیت صحیح ہوتی ہے۔

مثلاً وہ سو جاتا ہے تاکہ آرام حاصل ہو اور اس کے بعد عبادت پر قدرت ہو تو اس کا سونا بھی عبادت ہے اور اس سلسلے میں اسے مخلصین کا درجہ حاصل ہوتا ہے اور جس شخص کی حالت اس طرح نہ ہو اس پر اعمال کے سلسلے میں اخلاص کا دروازہ بند ہوتا ہے ہاں کبھی کبھی کھلتا ہے اور جس طرح ایسا شخص جس پر اللہ تعالیٰ اور آخرت کی محبت غالب ہو اس کی عام حرکات بھی یہی صفت ہو جاتی ہیں اور وہ اخلاص بن جاتی ہیں اسی طرح جس شخص کے نفس پر دنیا بلندی اور اقتدار یا کوئی دوسری بات جس کا اللہ تعالیٰ سے تعلق نہ ہو، غالب آجائے تو اس کی تمام حرکات میں بھی یہی صفت آجاتی ہے لہٰذا اس کی عبادات نماز اور روزہ وغیرہ بہت کم محفوظ رہتی ہیں۔

پس اخلاص سے اس طرح حاصل ہوتا ہے کہ نفسانی خواہشات کو توڑ چھوڑ دیا جائے اور دنیا کی طمع کو ختم کر کے صرف آخرت کو پیش نظر رکھا جائے یعنی وہی دل پر غالب ہو اس وقت اخلاص آسان ہو گا کتنے ہی اعمال ایسے ہیں جن میں انسان تھکاوٹ برداشت کرتا ہے اور اس کے خیال میں یہ کام صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہوتا ہے حالانکہ وہ اس سلسلے میں دھوکے کا شکار ہوتا ہے کیوں کہ ان میں آفت کی وجہ اسے معلوم نہیں ہوتی جیسے کہ کسی بزرگ کے بارے میں منقول ہے انہوں نے فرمایا میں نے تیس سال کی نمازیں جو میں پہلی صف میں پڑھتا تھا، قضا کیں کیوں کہ ایک دن کسی عذر کی وجہ سے مجھے تاخیر ہو گئی اور میں نے دوسری صف میں نماز پڑھی اس سے مجھے لوگوں کے سامنے شرمندگی ہوئی کہ انہوں نے مجھے دوسری صف میں دیکھا اس سے مجھے معلوم ہوا کہ جب لوگ مجھے پہلی صف میں دیکھتے تھے تو اس سے مجھے خوشی ہوئی تھی اور یہ بات میرے لیے راحتِ قلبی کا سبب تھی لیکن مجھے اس کی خبر نہ تھی اور یہ ایک باریک خفیہ بات ہے کہ اس جیسی باتوں سے بہت کم اعمال محفوظ ہوتے ہیں اور اس بات سے صرف انہی لوگوں کو آگاہی ہو سکتی ہے جن کو اللہ تعالیٰ اس بات کی توفیق عطا فرماتا ہے۔ اور جو لوگ اس سے غافل ہیں وہ قیامت کے دن اپنی تمام نیکیوں کو گناہوں کی شکل میں پائیں گے اللہ تعالیٰ کے اس ارشادِ گرامی سے وہی لوگ مراد ہیں۔

وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا۔ (۱)

اور ان کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ چیز ظاہر ہوئی جس کا وہ خیال نہیں رکھتے تھے اور ان کے لیے وہ برائیاں ظاہر ہوئیں جو انہوں نے کمائی تھیں۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا۔ (۲)

آپ فرما دیجیے کیا میں تمہیں ان لوگوں کی خبر دوں جو اعمال کے اعتبار سے بہت خسارے میں ہیں وہ لوگ جن کی کوشش دنیوی زندگی میں بیکار گئی اور وہ سمجھتے ہیں کہ وہ اچھا کام کر رہے ہیں۔

اور اس فتنے کا زیادہ شکار علماء ہیں کیوں کہ ان میں سے اکثر اپنے علم کو پھیلانے سے غلبے کی لذت دوسروں کو پیچھے لانے کی خوشی اور حمد و ثناء سے سرور محسوس کرتے ہیں۔ اور شیطان ان کو دھوکے میں ڈالتے ہوئے کہتا ہے تمہاری غرض تو دین خداوندی کو پھیلانا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین سے مخالفوں کو دور کرنا ہے اور واعظین لوگوں اور بادشاہوں کی خیر خواہی اور وعظ و نصیحت کا اللہ تعالیٰ پر احسان جتاتے ہیں اور اس بات پر خوش ہوتے ہیں کہ لوگ ان کی بات کو قبول کرتے ہیں اور ان کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور واعظ دعویٰ کرتا ہے کہ میری خوشی کا باعث یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دین کی نصرت میرے لیے آسان کر دی اور اگر اس کا کوئی ہمعصر اس سے اچھا وعظ کرتا ہو اور لوگ اس سے ہٹ کر اسی کی طرف متوجہ ہو جائیں تو یہ بات اسے بُری لگتی ہے اور وہ غمگین ہو جاتا ہے۔ اگر اس کے وعظ کا باعث دین ہوتا تو وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے یہ کام دوسرے کے سپرد کر دیا اس کے باوجود شیطان اسے تنہا نہیں چھوڑتا اور کہتا ہے تیرے غم کا سبب یہ ہے کہ تجھ سے ثواب چلا گیا تو اس لئے غمگین نہیں کہ لوگ تجھے چھوڑ کر دوسری طرف چلے گئے۔ کیوں کہ اگر وہ تیری بات سے نصیحت حاصل کرتے تو تجھے ثواب ہوتا اور تیرا ثواب کے چلے جانے پر غمگین ہونا اچھا ہے اور اس بیچارے کو معلوم نہیں کہ اس کا حق کے لیے جھکاؤ اور تبلیغ کا کام اپنے سے افضل کے سپرد کرنا زیادہ ثواب کا باعث ہے اور تنہا تبلیغ کے مقابلے میں اس صورت میں ثواب زیادہ ہوگا۔ تو بتائیے اگر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت پر غمگین ہوتے تو کیا یہ غم اچھا ہوتا یا بُرا؟ اور کسی بھی دین دار آدمی کو اس بات میں شک نہیں کہ اگر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ایسا کرتے تو یہ بات قابلِ تعریف نہ ہوتی کیوں کہ ان کا حق کے

---

(۱) قرآن مجید سورۂ زمر آیت ۴۷، ۴۸

(۲) قرآن مجید سورۂ کہف آیت ۱۰۳

سامنے جھک جانا اور قوم کا معاملہ اپنے سے افضل کے سپرد کر دینا خود لوگوں کے مسائل کی ذمہ داری اٹھانے سے بہتر تھا اور اس میں ثواب بھی زیادہ ہے بلکہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اس بات پر خوش ہوئے کہ جو شخصیت ان سے افضل ہے اس نے تن تنہا اس ذمہ داری کو اٹھایا علماء کو کیا ہوا کہ وہ اس بات پر خوش نہیں ہوتے بعض اوقات کچھ اہل علم شیطان کے دھوکے میں آجاتے ہیں اور دل میں کہتے ہیں کہ اگر کوئی ہم سے افضل عالم پیدا ہوا تو ہمیں خوشی ہوگی لیکن امتحان سے پہلے یہ بات کہنا محض جہالت اور دھوکہ ہے کیوں کہ نفس اس قسم کے وعدوں میں فوراً جھک جاتا ہے اور یہ اس وقت ہوتا ہے جب وہ معاملہ درپیش نہیں ہوتا لیکن جب وہ معاملہ آجاتا ہے تو اس میں تبدیلی واقع ہوتی ہے اور اپنے خیال سے رجوع کر لیتا ہے اپنا وعدہ پورا نہیں کرتا اور اس بات کی معرفت اسی شخص کو ہو سکتی ہے جو شیطان اور نفس کے مکر و فریب کو جانتا ہے اور اس سلسلے میں اسے کافی تجربہ ہوتا ہے۔

پس حقیقتِ اخلاص کی معرفت اور اس پر عمل ایک گہرا سمندر ہے اس میں سب لوگ ڈوب جاتے ہیں اکا دکا ہی محفوظ رہتے ہیں قرآن مجید کی اس آیت میں اس استثناء کا ذکر ہے ارشاد خداوندی ہے۔

إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ۔ (۱) مگر تیرے مخلص بندے (میرے قابو میں نہیں آئیں گے)

تو بندے کو چاہیئے کہ ان باریک امور کی خوب چھان بین کرے ورنہ وہ نادانستہ طور پر شیطان کے پجاریوں میں شامل ہو جائے گا۔

فصل ۳:

اخلاص کے بارے میں بزرگوں کے اقوال

حضرت سوسی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اخلاص اس بات کا نام ہے کہ خود اخلاص پر بھی نظر نہ رہے کیوں کہ جو شخص اپنے اخلاص میں اخلاص کو دیکھتا ہے اس کا اخلاص بھی اخلاص کا محتاج ہے انہوں نے جو کچھ فرمایا وہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اپنے عمل کو خود پسندی سے بھی پاک صاف رکھا جائے کیوں کہ اخلاص کی طرف توجہ اور اس پر نظر بھی خود پسندی ہے اور یہ بھی آفات میں سے ایک آفت ہے خالص عمل وہ ہے جو تمام آفات سے پاک ہو اور یہ ایک آفت ہے۔

حضرت سہل رحمہ اللہ فرماتے ہیں "اخلاص یہ ہے کہ بندے کی حرکت و سکون سب کچھ خاص اللہ تعالیٰ کے لیے ہو" آپ کا یہ قول جامع ہے اور پوری غرض کو گھیرے ہوئے ہے حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ کے قول کا بھی یہی مطلب ہے آپ نے فرمایا اخلاص، اللہ تعالیٰ کے ساتھ نیت کو سچا کرنے کا نام ہے۔

---

(۱) قرآن مجید سورہ ص آیت ۸۳

حضرت سہل رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ نفس پر سب سے سخت بات کیا ہے؟ آپ نے فرمایا "اخلاص" کیوں کہ اس میں نفس کا اپنا کوئی حصہ نہیں ہے۔

حضرت رویم رحمہ اللہ فرماتے ہیں عمل میں اخلاص یہ ہے کہ عمل کرنے والا دنیا اور آخرت دونوں جہانوں میں اس عمل کا عوض طلب نہ کرے۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ نفسانی مقاصد دنیوی ہوں یا اُخروی وہ آفت ہیں اور جو شخص اس لیے عبادت کرے کہ جنت میں نفسانی خواہشات سے بہرہ ور ہو وہ آفت زدہ ہے۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ عمل سے صرف اللہ تعالیٰ کی رضا مقصود ہونی چاہیے اور یہ صدیقین کے اخلاص کی طرف اشارہ ہے جسے مطلق اخلاص کہتے ہیں۔

لیکن جو شخص جنت کی امید اور جہنم کے خوف سے عبادت کرتا ہے وہ فوری طور پر ملنے والے فوائد کے حوالے سے مخلص ہے ورنہ وہ پیٹ اور شرمگاہ کی خواہش کو پورا کرنے والا ہے اور عقل مند لوگوں کا سچا مطلوب تو فقط اللہ تعالیٰ کی رضا ہے اور کسی قائل کا یہ قول اسی بات کی طرف اشارہ ہے کہ انسان کی حرکت کسی نہ کسی مقصد کے لیے ہوتی ہے مقاصد و اغراض سے پاک ہونا تو اللہ تعالیٰ کی صفت ہے اور جو اپنے لیے یہ دعویٰ کرے وہ کافر ہے حضرت ابوبکر باقلانی رحمہ اللہ نے ان لوگوں کو کافر قرار دیا جو ہر قسم کی غرض سے پاک ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ اور فرمایا یہ اللہ تعالیٰ کی صفت ہے۔ آپ نے جو فرمایا وہ حق ہے لیکن لوگوں نے اغراض سے پاک ہونے کا مطلب یہ لیا ہے کہ ان اغراض سے پاک ہو جن کو لوگ اغراض کہتے ہیں اور وہ جنتی خواہشات ہیں محض معرفت، مناجات اور دیدار الٰہی سے لطف اندوز ہونا تو ان لوگوں کی غرض ہے اور لوگوں کے نزدیک یہ باتیں غرض شمار نہیں ہوتیں بلکہ وہ اس بات پر تعجب کرتے ہیں۔

اور یہ وہ لوگ ہیں کہ اطاعت، مناجات اور بارگاہ خداوندی کی دائمی حاضری جیسی اہم نعمت جو ان کے پاس ہے اگر اس کے بدلے میں ان کو جنت کی تمام نعمتیں بھی دی جائیں تو وہ اسے حقیر جانیں اور اس کی طرف متوجہ نہ ہوں پس ان کی حرکت بھی کسی غرض کے لیے ہوتی ہے اور عبادت کا بھی ایک مقصد ہوتا ہے اور وہ فقط ذاتِ معبود ہے اس کے علاوہ کچھ نہیں۔

حضرت ابو عثمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں اخلاص یہ ہے کہ انسان ہمیشہ اپنے خالق کی طرف دیکھے اور یوں مخلوق کو دیکھنا بھول جائے ــــ اس قول میں صرف ریا کی آفت کی طرف اشارہ ہے اسی لیے بعض بزرگوں نے فرمایا عمل میں اخلاص یہ ہے کہ شیطان اس پر مطلع نہ ہو ورنہ وہ اسے بگاڑ دے گا اور نہ فرشتوں کو اس کا علم ہو کہ وہ اسے لکھیں۔ یہ محض پوشیدہ رکھنے کی طرف اشارہ ہے۔

اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اخلاص وہ چیز ہے جو مخلوق سے پوشیدہ اور ملاوٹ سے پاک ہو۔ یہ قول تمام مقاصد کو جامع ہے۔

حضرت محاسبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اخلاص یہ ہے کہ رب کے معاملے سے مخلوق کو نکال دے۔ اس قول میں محض

ریا کی نفی کی طرف اشارہ ہے اسی طرح حضرت خواص رحمہ اللہ نے فرمایا جو شخص ریاست (اقتدار اور دوسروں پر برتری) کا پیالہ پیتا ہے وہ بندگی کے اخلاص سے نکل جاتا ہے ۔ حضرت عیسٰی علیہ السلام کے حواریوں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ کس کا عمل خالص ہے؟ آپ نے فرمایا وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کے لیے عمل کرتا ہے اسے یہ بات پسند نہیں ہوتی کہ اس پر کوئی اس کی تعریف کرے تو یہ بھی ریا کو چھوڑنے کی بات ہے آپ نے اس بات کو خاص طور پر اس لیے ذکر فرمایا کہ اخلاص میں خلل کا یہ سب سے مضبوط سبب ہے۔

حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اخلاص، عمل کے کدورتوں سے پاک ہونے کا نام ہے۔ حضرت فضیل رحمہ اللہ فرماتے ہیں لوگوں کو دکھانے کے لیے عمل کو چھوڑنا ریا ہے اور ان کے لیے عمل کرنا شرک ہے اور اخلاص یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تجھے ان دونوں مصیبتوں سے بچائے ۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ اخلاص دائمی مراقبہ (اعمال کی حفاظت) اور نفسانی اغراض کو بھولنے کا نام ہے ۔

یہ کامل بیان ہے ورنہ اس سلسلے میں بے شمار اقوال ہیں لیکن حقیقت واضح ہو جانے کے بعد زیادہ باتیں نقل کرنے کا کوئی فائدہ نہیں اور اس سلسلے میں شافی بیان سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان ہے آپ سے اخلاص کے بارے پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا ۔

اَنْ تَقُوْلَ رَبِّیَ اللّٰہُ ثُمَّ تَسْتَقِیْمَ کَمَا اُمِرْتَ ۔ (۱)	تم کہو کہ میرا رب اللہ تعالیٰ ہے پھر اس پر استقامت اختیار کرو جیسا کہ تمہیں حکم دیا گیا ۔

یعنی اپنے نفس اور خواہش کے پجاری نہ بنو اور صرف اپنے رب کی عبادت کرو اور اس کی عبادت میں اسی طرح سیدھی راہ پر رہو جس طرح تمہیں حکم دیا گیا ۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے اللہ تعالیٰ کے غیر سے نظر کو دور ہٹا دے اور یہی سچا اخلاص ہے ۔

فصل ۴ :

اخلاص میں پائی جانے والی آفات اور آمیزشوں کے درجات

وہ آفات جو اخلاص کو مکدر کر دیتی ہیں ان میں سے بعض واضح ہیں اور بعض پوشیدہ ہیں اور بعض واضح ہونے کے باوجود کمزور ہیں جب کہ بعض پوشیدہ ہونے کے باوجود قوی و مضبوط ہیں اور پوشیدہ و ظاہر ہونے کے حوالے سے ان کے درجات کو ایک مثال سے سمجھا جا سکتا ہے اور اخلاص کو سب سے زیادہ خراب کرنے والی چیز ریاکاری ہے تو اس سلسلے میں

---

(۱) سنن ابن ماجہ ص ۲۹۳، ابواب الفتن ۔

مثال بیان کرتے ہوئے ہم کہتے ہیں کہ جب کوئی شخص خلوص سے نماز پڑھ رہا ہو تو شیطان اس کو آفت میں مبتلا کرتا ہے ہے کہ جب کچھ لوگ اسے نماز پڑھتے ہوئے دیکھ رہے ہوں یا اس کے پاس کوئی شخص آئے تو شیطان کہتا ہے اچھی طرح نماز پڑھو تاکہ دیکھنے والا تمہیں تعظیم کی نگاہ سے دیکھے اور تجھے اچھا سمجھے نہ تو تجھے حقارت کی نگاہ سے دیکھے اور نہ تمہاری غیبت کرے، اب یہ شخص شیطان کی بات سن کر اپنے اعضاء میں خشوع ظاہر کرے اور اچھے طریقے سے نماز ادا کرے تو یہ واضح ریا ہے حتیٰ کہ ابتدائی مریدین پر بھی مخفی نہیں ہوتا۔

دوسرا درجہ یہ ہے کہ مرید اس آفت کو سمجھ گیا اور اس نے اس سے بچاؤ کی راہ اختیار کر لی اور وہ شیطان کی اطاعت نہیں کرتا اور نہ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے بلکہ پہلے کی طرح نماز کو جاری رکھتا ہے تو اب شیطان کسی خیر کے بہانے سے اس کے پاس آتا ہے اور کہتا ہے تیری اتباع اور اقتداء کی جاتی ہے اور تجھے دیکھا جاتا ہے تو جو عمل کرتا ہے لوگ اس سے اثر لیتے ہیں اور تیری اقتداء کرتے ہیں اگر تو اچھا عمل کرے گا تو ان کے عمل کا ثواب بھی پائے گا۔ اور اگر برا کرے گا تو ان کا گناہ بھی تجھ پر ہوگا لہٰذا اس آدمی کے سامنے اچھا کرد ہو سکتا ہے وہ خشوع و خضوع اور اچھی طرح عبادت کرنے میں تیری اقتداء کرے۔ یہ درجہ پہلے درجے کی نسبت کچھ پوشیدہ ہے اور بعض اوقات اس صورت میں وہ لوگ بھی دھوکے کا شکار ہو جاتے ہیں جو پہلی صورت میں نہیں ہوتے یہ بھی عین ریاکاری ہے اور اس سے اخلاص باطل ہو جاتا ہے کیوں کہ اگر وہ خشوع اور حُسنِ عبادت کو اچھا سمجھتا ہے کہ دوسرے کے لیے اسے چھوڑنے پر راضی نہیں ہوتا تو خلوت میں اس کو اپنانے پر راضی کیوں نہیں ہوتا اور یہ بات ممکن نہیں کہ اپنے نفس کے مقابلے میں دوسرے کے نفس کو زیادہ عزیز سمجھے پس یہ محض دھوکہ ہے بلکہ پیشوا تو وہ شخص ہے جو اپنے آپ سیدھے راستے پر ہو اور اس کا دل روشن ہو پھر یہ نور دوسروں تک پہنچے اور اس کو ثواب حاصل ہو۔ لیکن یہ تو محض منافقت اور دھوکہ ہے پس جو شخص اس کی اقتداء کرے گا اسے ثواب حاصل ہوگا لیکن خود اس سے اس بات کی باز پرس ہوگی کہ اس نے دھوکہ کیا اور جو کچھ اس میں ظاہر نہ تھا اس سے اپنے آپ کو موصوف بتایا۔

تیسرا درجہ پہلے دونوں درجوں سے بھی زیادہ دقیق ہے کہ اس سلسلے میں بندہ اپنی آزمائش کرے اور شیطان کے مکر و فریب سے آگاہ ہو اور جان لے کہ خلوت کی صورت میں عبادت کی کیفیت کا کچھ اور ہونا اور کسی کے سامنے دوسری کیفیت کا ہونا محض ریا ہے اور اس بات کو بھی جان لے کہ اخلاص اس چیز کا نام ہے کہ خلوت میں نماز لوگوں کے سامنے والی نماز کی طرح ہو اسے اپنے آپ سے بھی حیا آئے اور اپنے رب سے بھی حیا کرے کہ خلوت میں جو خشوع پایا جاتا ہے لوگوں کے سامنے اس سے زائد خشوع ہو پھر خلوت میں اپنے نفس کی طرف متوجہ ہو اور اپنی نماز کو اس طریقے پر اچھا بنائے جس طریقے کو لوگوں کے سامنے پسند کرتا تھا۔ اور لوگوں کے سامنے بھی اسی طریقے پر نماز پڑھے تو یہ باریک قسم کی ریاکاری ہے کیوں کہ اس نے علیحدگی میں نماز کو اس لیے اچھا کیا کہ لوگوں کے سامنے بھی اسی طرح اچھا بنائے تو اب خلوت اور مجمع دونوں میں اس کی توجہ مخلوق کی طرف ہوگی بلکہ اخلاص تو یہ ہے کہ اس کی نماز کی طرف جانوروں اور انسانوں کا دیکھنا برابر ہو گویا اس

کا دل برداشت نہیں کرتا کہ لوگوں کے سامنے نماز بری طرح ادا کرے پھر اپنے دل ہی شرماتا ہے کہ کہیں ریاکاروں میں سے نہ ہو جائے اور وہ خیال کرتا ہے کہ جب خلوت اور مجلس کی نماز ایک جیسی ہو جائے گی تو ریاکاری ختم ہو جائے گی۔

لیکن یہ بات صحیح نہیں بلکہ ریاکاری کا زوال اس وقت ہو گا کہ خلوت اور اجتماع دونوں صورتوں میں مخلوق پیش نظر نہ ہو جس طرح جمادات کی طرف توجہ نہیں ہوتی۔ تو یہ شیطان کے خفیہ فریب ہیں۔

چوتھا درجہ سب سے زیادہ باریک اور خفی ہے کہ لوگ اسے نماز میں دیکھیں اور شیطان یہ بات کہنے سے عاجز آجائے کہ ان کے لیے خشوع اختیار کرو کیوں کہ شیطان اس بات کو جانتا ہے کہ وہ شخص یہ بات سمجھ چکا ہے اس لیے شیطان کہتا ہے اللہ تعالیٰ کی عظمت و جلال میں غور کرو اور دیکھو تم کس کے سامنے کھڑے ہو اور اس بات سے حیا کرو کہ اللہ تعالیٰ تمہارے دل کو دیکھے اور تمہارا دل اس سے غافل ہو اس خیال کے آنے سے اس کا دل حاضر ہوتا ہے اور اعضاء میں خشوع پیدا ہوتا ہے اور وہ اسے عین اخلاص سمجھتا ہے حالاں کہ یہ تو خالص مکر اور دھوکہ ہے اگر اس کا خشوع اللہ تعالیٰ کے جلال کو دیکھتے ہوئے ہوتا تو تنہائی میں بھی یہ خطرہ ہوتا اور یہ حالت دوسروں کے دیکھنے کے ساتھ خاص نہ ہوتی اس آفت سے محفوظ ہونے کی علامت یہ ہے کہ یہ خیال تنہائی میں بھی اس کے دل میں جما رہے جس طرح مجلس میں رہتا ہے اور دوسروں کی موجودگی اس خیال کی حاضری کا سبب نہ ہو جس طرح جانوروں کی موجودگی اس خیال کا باعث نہیں ہوتی پس جب تک وہ انسانی مشاہدے اور جانور کے مشاہدے میں فرق کرتا ہے اخلاص کی صفائی سے خارج رہے گا اور اس کا باطن شرک خفی یعنی ریا سے ملوث رہے گا اور یہ شرک انسان کے دل میں سیاہ چیونٹی کے سخت اندھیری رات میں سخت پتھر پر چلنے سے بھی زیادہ پوشیدہ ہے جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے۔(۱)

شیطان سے وہی شخص بچ سکتا ہے جو گہری نظر رکھتا ہو اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور اس کی توفیق سے سعادت مند ہو ورنہ شیطان ہر وقت ان لوگوں کی تاک میں رہتا ہے جو عبادت خداوندی میں مستعد ہوتے ہیں وہ ان سے ایک لحظہ کے لیے بھی غافل نہیں ہوتا اور ان کو ہر حرکت میں ریاکاری پر ابھارتا ہے حتیٰ کہ آنکھوں میں سرمہ لگانے مونچھیں کاٹنے، جمعہ کے دن خوشبو لگانے اور کپڑے پہننے میں ریاکاری کرتے ہیں یہ امور مخصوص اوقات میں سنت ہیں اور نفس کے لیے ان میں ایک خفی غرض ہے کیوں کہ لوگ ان کاموں کو دیکھتے ہیں اور طبیعت ان سے مانوس ہوتی ہے اس لیے شیطان ان کاموں کے کرنے کی طرف بلاتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ سنت ہے اس لیے ایسے چھوڑنا نہیں چاہیے اور نفس کو اس تقریر سے اس لیے ترغیب ہوتی ہے کہ اس میں خفیہ شہوتیں موجود ہیں یا اس میں کچھ آمیزش ہوتی ہے جس کی وجہ سے وہ اخلاص کی حد سے نکل جاتا ہے اور جو ان تمام آفات سے محفوظ نہ ہو وہ خالص نہیں بلکہ جو شخص ایسی مسجد میں طواف کرتا ہے جس کی تعمیر اور صفائی وغیرہ عمدہ ہے تو اس

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد ۲ ص ۲۹۱ کتاب التفسیر

سے طبیعت مانوس ہوتی ہے اور شیطان اس سلسلے میں اسے رغبت دیتا ہے اور اعتکاف کے فضائل کثرت سے بیان کرتا ہے اور بعض اوقات اس کا محرک مخفی مسجد کی خوبصورتی کی وجہ سے اس سے مانوس ہونا اور اس میں طبیعت کا آرام پانا ہے اور یہ بات اس وقت واضح ہوتی ہے جب ایک مسجد، دوسری کے مقابلہ میں زیادہ خوبصورت ہو اور اس وجہ سے اس کی طرف میلان ہو اور ان سب صورتوں میں طبیعت کی آمیزش اور نفس کی کدورت ملی ہوتی ہے اور یہ بات اخلاص کو باطل کر دیتی ہے جس طرح خالص سونے میں کھوٹ ملی ہوئی ہو تو اس کے بیسے درجات ہیں۔ بعض اوقات کھوٹ غالب ہوتی ہے اور بعض کھوٹ کم ہوتی ہے لیکن جلد معلوم ہو جاتی ہے اور کبھی نہایت دقیق ہوتی ہے تجربہ کار آدمی کے سوا کسی کو پتہ نہیں چلتا۔

لیکن دل کی کھوٹ شیطان کا مکر و فریب اور نفس کا خُبث اس سے بھی زیادہ پوشیدہ اور دقیق ہوتا ہے اسی لیے کہا گیا ہے کہ عالم کی دو رکعتیں جاہل کی ایک سال کی عبادت سے افضل ہیں اور اس سے وہ عالم مراد ہے جو اعمال کی باریک و دقیق آفات کی بصیرت رکھتا ہو تاکہ ان آفات سے اپنے اعمال کو صاف کر سکے کیوں کہ جاہل کی نظر ظاہری عبادت پر ہوتی ہے اور اسی سے وہ دھوکہ کھا جاتا ہے جس طرح ایک دیہاتی جو دینار کو دیکھتا ہے کہ سرخ اور گول ہے حالاں کہ وہ کھوٹا اور نکما سا دینار ہوتا ہے جب کہ تھوڑا سا خالص سونا جس کو تجربہ کار شخص پرکھتا ہے اس دینار سے بہتر ہے جس کو غبی اور ناواقف شخص اچھا سمجھتا ہے۔

پس عبادات میں تفاوت کا بھی یہی مسئلہ ہے بلکہ یہ اس سے بھی زیادہ سخت اور بڑا ہے اور جس قدر آفات اعمال میں داخل ہوتی ہیں وہ شمار سے باہر ہیں لہذا ہم نے جو مثال بیان کی ہے اس سے نفع حاصل کرنا چاہیے سمجھدار آدمی کے لیے تھوڑی سی گفتگو بھی کافی ہے جب کہ غبی شخص کو لمبی چوڑی باتوں سے بھی فائدہ نہیں لہذا تفصیل میں جانا بے فائدہ ہے۔

فصل ۵:

مخلوط عمل کا حکم اور ثواب

جان لو جب عمل اللہ تعالیٰ کے لیے خالص نہ ہو بلکہ اس میں دکھاوا یا نفس کی اغراض شامل ہوں تو اس سلسلے میں علماء کا اختلاف ہے کہ کیا اس سے ثواب ملے گا یا عذاب ہوگا۔؟ یا کچھ بھی نہیں ہوگا ثواب نہ عذاب۔ لیکن جس عمل میں ریاکاری ہی مقصود ہو وہ قطعی طور پر نقصان دہ ہے اور وہ ناراضگی اور عذاب کا سبب ہے اور جو عمل اللہ تعالیٰ کے لیے خالص ہو وہ باعث ثواب ہے اختلاف صرف مخلوط عمل میں ہے احادیث کے ظاہر سے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس عمل کا ثواب نہیں ہوگا اور اس سلسلے میں روایات میں تعارض ہے (۱)

---

(۱) سنن ابوداؤد میں ہے ایک شخص نے بارگاہ نبوی میں عرض کیا یا رسول اللہ ایک شخص جہاد کرتا ہے لیکن وہ سامانِ دنیا کا خواہشمند ہے آپ نے فرمایا اس کا جہاد نہیں (سنن ابی داؤد جلد اول ص ۳۴۱ کتاب الجہاد

ہمارے خیال میں باعث عمل کی طاقت کو دیکھا جائے اگر دینی اور نفسانی باعث برابر ہوں یعنی ان کا قیام اور سقوط مساوی ہو تو اس سلسلے میں ثواب و عذاب کچھ نہ ہوگا اور اگر دکھاوے کا سبب غالب اور قوی ہو تو یہ عمل نفع نہ دے گا بلکہ باعث نقصان و عذاب ہوگا۔ ہاں اس صورت میں عذاب اس عذاب سے ہلکا ہوگا جو محض ریا کی صورت میں ہوتا ہے اور اس عمل میں تقرب خداوندی کی نیت بالکل نہیں ہوتی اور اگر کسی دوسرے باعث کے مقابلے میں تقرب خداوندی غالب ہو تو جس قدر باعث دینی زیادہ ہوگا اسی قدر ثواب بھی ملے گا۔ کیوں کہ ارشاد خداوندی ہے۔

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۔ (۱)

پس جو شخص ذرہ بھر نیکی کرتا ہے وہ اسے دیکھ لے گا (اس کا ثواب پائے گا) اور جو ذرہ بھر برائی کرے گا وہ اسے دیکھ لے گا۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا۔ (۲)

بے شک اللہ تعالیٰ ذرہ برابر ظلم نہیں کرتا اور اگر نیکی ہو تو اسے بڑھا دیتا ہے۔

لہٰذا نیکی کا ارادہ ضائع نہیں ہوگا بلکہ اگر ریا کا قصد غالب ہو تو اس کے مساوی ثواب ضائع ہو جائے گا اور جو زائد ہے باقی رہ جائے گا اور اگر قصد ریا مغلوب ہو تو اس کے سبب سے اتنا عذاب ساقط ہو جائے گا جو محض قصد فاسد سے ہوتا ہے۔

اس بات کی تحقیق اس طرح ہے کہ اعمال کی تاثیر دلوں میں ہوتی ہے کہ جس صفت سے وہ صادر ہوتے ہیں وہ اسے پکا کرتے ہیں پس جو چیز ریا کی دعوت دیتی ہے وہ مہلکات میں سے ہے اور اس مہلک کی غذا اور قوت اس کے مطابق عمل کرنا ہے اور خیر کا داعیہ نجات دینے والے امور میں سے ہے اور اس کے مطابق عمل کرنا اس صفت کو مضبوط کرتا ہے جب یہ دونوں متضاد صفات دل میں اکٹھی ہو جائیں اور پھر ریا کے تقاضے کے مطابق عمل کرے تو یہ صفت مضبوط ہو جائے گی اور تقرب خداوندی کے تقاضے کے مطابق عمل کرے تو یہ قوت بھی مضبوط ہو جائے گی اور ان دونوں میں سے ایک مہلک ہے اور دوسری نجات دینے والی ہے اب اگر دونوں کی تقویت برابر ہو تو دونوں مساوی ہو جائیں گی مثلاً کسی شخص کو گرم چیزیں نقصان دیتی ہیں جب وہ گرم چیز کھانے کے بعد ٹھنڈی چیز کھائے جس کی طاقت گرم چیز کی طاقت کے برابر ہو تو ان دونوں کو کھانے کے بعد اس طرح ہوگا کہ گویا اس نے دونوں چیزیں نہیں کھائیں اور اگر ان میں سے ایک

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ زلزال آیت ۷، ۸

(۲) قرآن مجید، سورۃ النساء آیت ۴۰

غالب ہو تو وہ اثر سے خالی نہ ہوگی۔ تو جس طرح کھانے، پانی اور دواؤں میں سے ذرہ بھر بھی ضائع نہیں ہوتا اور سنتِ الٰہیہ کے مطابق جسم پر اس کا اثر ضرور ہوتا ہے اسی طرح خیر و شر کا کوئی ذرہ بھی ضائع نہیں ہوتا اور دل کو روشن یا تاریک کرنے اور اللہ تعالیٰ سے قرب یا دوری کے سلسلے میں اس کی تاثیر ہوتی ہے پس جب ایسا عمل کرے جو اسے بالشت بھر اللہ تعالیٰ کے قریب کرتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ وہ عمل بھی ہو جو دُوری کا باعث ہے تو وہ پہلی حالت کی طرف لوٹ آئے گا اور اسے نہ تو کوئی فائدہ ہوگا اور نہ ہی نقصان۔

اور اگر ایسا عمل ہو جو دو بالشت قریب کرتا ہے اور دوسرا عمل ایک بالشت دُور کرتا ہے تو ظاہر بات ہے کہ ایک بالشت کی فضیلت باقی رہے گی۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا(۱) برائی کے پیچھے نیکی لاؤ وہ اسے مٹا دے گی۔

جب محض ریا کو اخلاص محض مٹا دیتا ہے تو جس صورت میں دونوں جمع ہوں تو وہ ضرور ایک دوسرے کو دُور کریں گے۔

اور اس بات پر امت کا اجماع ہے کہ جو شخص حج کے لیے جائے اور اس کے پاس تجارت کا مال بھی ہو تو اس کا حج صحیح ہوگا اور اس پر اسے ثواب بھی ملے گا اگرچہ اس میں نفسانی غرض شامل ہوگئی۔ ہاں ممکن ہے کہا جائے کہ اعمالِ پر ثواب اس وقت ملے گا جب وہ مکہ مکرمہ پہنچ جائے اور تجارت حج پر موقوف نہیں ہے پس وہ خالص ہے البتہ سفر حج مشترک ہے اور جب تجارت کی نیت ہو تو اس (سفر) کا ثواب نہیں ملے گا لیکن بہتر بات یہ ہے کہ کہا جائے جب محرک اصلی حج ہی ہے اور تجارت کی غرض بطور مددگار اور تابع کے ہے تو نفسِ سفر بھی ثواب سے خالی نہ ہوگا ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ غازی جب کفار سے لڑیں اور مال غنیمت حاصل ہو اور دوسری صورت میں غنیمت حاصل نہ ہو تو وہ ان دونوں صورتوں میں فرق نہیں پاتے لیکن یہ بات بھی عقل سے بعید ہے کہ یہ فرق ان کے ثواب کو بالکل ضائع کر دیتا ہے بلکہ انصاف کی بات تو یہ ہے کہ جب جہاد کا باعث اصلی اور محرک قوی اللہ تعالیٰ کا کلمہ ہی بلند کرنا ہو اور غنیمت میں رغبت تابع ہو تو اس سے ثواب ضائع نہ ہوگا ہاں اس کا ثواب اُس کے ثواب کے مساوی نہیں ہوگا جس کا دل غنیمت کی طرف بالکل متوجہ نہیں ہوتا کیوں کہ غنیمت کی طرف توجہ بہر حال نقصان ہے۔

سوال:

آیات و احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ ریا سے ثواب ضائع ہو جاتا ہے اور طلبِ غنیمت، تجارت اور تمام نفسانی اغراض اسی معنی میں ہیں حضرت طاؤس اور دیگر تابعین رحمہم اللہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۱۵۸ مرویات ابوذر

اس شخص کے بارے میں پوچھا جو نیکی کرتا ہے یا آپ نے فرمایا صدقہ کرتا ہے تو پسند کرتا ہے کہ اس کی تعریف کی جائے اور اسے اجر ملے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے جواب نہ دیا حتیٰ کہ یہ آیت نازل ہوئی۔

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْ لِقَاءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا۔ (۱)	پس جو شخص اپنے رب سے ملاقات کی امید رکھتا ہو اسے چاہیئے کہ اچھا عمل کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی ایک کو شریک نہ ٹھہرائے۔

اور اس شخص نے تعریف اور اجر دونوں کا ارادہ کیا تھا۔ (۲)

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا آپ نے فرمایا۔

اَدْنَى الرِّيَاءِ شِرْكٌ۔ (۳)	تھوڑا سا ریا بھی شرک ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

يُقَالُ لِمَنْ اَشْرَكَ فِىْ عَمَلِهٖ خُذْ اَجْرَكَ مِمَّنْ عَمِلْتَ لَهٗ۔ (۴)	جو شخص اپنے عمل میں شرک کرتا ہے (قیامت کے دن) اس سے کہا جائے گا کہ تو نے جس کے لیے عمل کیا ہے اسی سے اجر طلب کرو۔

حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ (ایک حدیث قدسی) روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں شرکت سے سب سے زیادہ بے نیاز ہوں جو شخص میرے لیے عمل کرے اور اس میں میرے ساتھ کسی اور کو شریک کرے تو میں اپنا حصہ بھی اپنے شریک کے لیے چھوڑ دیتا ہوں۔

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک اعرابی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! ایک شخص غیرت کے تحت لڑتا ہے دوسرا بہادری دکھانے کے لیے لڑتا ہے اور تیسرا شخص جنت میں اپنا مکان دیکھنے کے لیے لڑتا ہے (تو مجاہد فی سبیل اللہ کون ہے؟)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِىَ الْعُلْيَا	جو شخص اس لیے لڑے کہ اللہ تعالیٰ کا کلمہ ہی بلند ہو

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ کہف آیت ۱۱۰

(۲) الدر المنثور جلد ۴ ص ۲۵۵ تحت آیت فمن کان یرجو لقاء ربہ

(۳) المستدرک للحاکم جلد ۳ ص ۲۷۲ کتاب معرفۃ الصحابۃ

(۴) الترغیب والترہیب جلد اول ص ۶۹ مقدمۃ الکتاب

فَهُوَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ۔ (۱) تو وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں (مجاہد) ہے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم کہتے ہو فلاں شخص شہید ہے اور ہو سکتا ہے اس نے اپنے جانور کے بورے چاندی سے بھر لیے ہوں۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ هَاجَرَ یَبْتَغِیْ شَیْئًا مِنَ الدُّنْیَا فَهُوَ لَهٗ۔ (۲) جو شخص دنیا کی کوئی چیز حاصل کرنے کے لیے ہجرت کرے تو اس کے لیے وہی کچھ ہوگا۔

جواب:

ہم کہتے ہیں یہ احادیث ہماری مذکورہ تقریر کے خلاف نہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ جو شخص صرف دنیا چاہتا ہو جیسا کہ اگلی حدیث ہجرت میں گزرا اور یہی (دنیا) اس کے ارادے پر غالب ہو اور ہم نے ذکر کیا کہ یہ گناہ اور زیادتی ہے یہ بات نہیں کہ طلب دنیا حرام ہے بلکہ دینی کاموں کو طلبِ دنیا کا آلہ بنانا حرام ہے کیوں کہ اس میں ریا اور عبادت کو اپنی جگہ سے تبدیل کرنا ہے۔

لیکن لفظ شرکت جہاں کہیں وارد ہوا مطلق برابری کے معنیٰ میں آیا ہے اور ہم بیان کر چکے ہیں کہ جب دو ارادے مساوی ہوں تو ساقط ہو جاتے ہیں اور نفع نقصان کچھ بھی نہیں ہوتا لہٰذا اس پر ثواب کی امید نہیں رکھنی چاہیے۔

پھر انسان حالتِ شرکت میں ہمیشہ خطرے میں رہتا ہے اسے معلوم نہیں کہ دونوں باتوں میں سے کونسی بات اس کے ارادے پر زیادہ غالب ہوگی پس بعض اوقات وہ اس کے لیے وبال بن جاتی ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

فَمَنْ کَانَ یَرْجُوْ لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا۔ (۳) پس جو شخص اپنے رب سے ملاقات کی امید رکھتا ہو اسے چاہیئے کہ اچھے کام کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ ٹھہرائے۔

مطلب یہ ہے کہ شرکت کے ہوتے ہوئے ملاقاتِ خداوندی کی امید نہ رکھے کیوں کہ شرکت کا سب سے مضر نتیجہ یہ ہے کہ عمل ساقط ہو جائے۔

---

(۱) صحیح بخاری جلد اول ص ۳۹۴ کتاب الجہاد

(۲) مجمع الزوائد جلد ۲ ص ۱۰۱ کتاب الصلوٰۃ

(۳) قرآن مجید، سورۂ کہف آیت ۱۱۰

یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ منصب شہادت جہاد میں اخلاص کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتا اور یہ بات کہنا بعید از عقل ہے کہ جس شخص کا دینی ارادہ اس انداز کا ہو کہ وہ اسے محض جہاد کی رغبت دے اگرچہ غنیمت حاصل نہ ہو اور کفار کی دونوں قسم کی جماعتوں یعنی تونگر اور مفلس (دونوں) سے لڑ سکتا ہو پس وہ مالدار جماعت کی طرف مائل ہو تاکہ اللہ تعالیٰ کا حکم بھی بلند ہو اور غنیمت بھی حاصل ہو تو اسے ثواب بالکل نہیں ملے گا اللہ تعالیٰ کی پناہ کہ معاملہ اس انداز کا ہو کیوں کہ یہ دین میں حرج کا باعث ہے اور اس سے مسلمان مایوسی کا شکار ہوتے ہیں کیوں کہ اس قسم کے ضمنی آمیزشوں سے انسان کبھی بھی خالی نہیں ہوتا ہاں نادر صورتیں مستثنیٰ ہیں اور اس قسم کی بات ثواب میں کمی پیدا کرتی ہے عمل کو بالکل ضائع نہیں کرتی۔

ہاں اس میں انسان کے لیے بہت بڑا خطرہ ہے کیوں کہ بعض اوقات وہ خیال کرتا ہے کہ قوی سبب تقرب خداوندی کا قصد ہے حالاں کہ اس کے دل میں نفسانی اغراض غالب ہوتی ہیں اور یہ بات نہایت خفی ہوتی ہے پس اجر کا حصول صرف اخلاص کی بنیاد پر ہوتا ہے اور انسان اگرچہ بہت زیادہ احتیاط کرے اسے اپنے نفس سے اخلاص کا یقین بہت کم ہوتا ہے۔

اسی لیے مناسب ہے کہ وہ ہمیشہ خوب کوشش کرے اور قبول ورد کے درمیان متردد رہے اور اس بات کا خوف رکھے کہ کہیں اس کی عبادت میں ایسی آفت نہ آجائے جس کا وبال ثواب کے مقابلے میں زیادہ ہو ارباب بصیرت جو خوف رکھنے والے تھے وہ اسی طرح کرتے تھے۔ اور ہر صاحب بصیرت کو اسی طرح کرنا چاہیئے۔ اسی لیے حضرت سفیان نے فرمایا میں اپنے ظاہر ہونے والے عمل پر اعتماد نہیں کرتا۔

حضرت عبدالعزیز بن رواد رحمہ اللہ نے فرمایا میں اس گھر (بیت اللہ شریف) کا ساٹھ سال مجاور رہا اور میں نے ساٹھ حج کئے لیکن میں نے اللہ تعالیٰ کے لیے جو عمل بھی کیا اس میں اپنے نفس کا محاسبہ کیا تو شیطان کا حصہ اللہ تعالیٰ کے حصے سے زیادہ پایا کاش میرا حساب برابر ہو نفع نہ ہو تو نقصان بھی نہ ہو۔

لیکن اس کے باوجود آفت اور ریا کے خوف سے عمل کو چھوڑنا مناسب نہیں کیوں کہ شیطان کی انتہائی آرزو یہی ہے مقصود تو یہ ہے کہ اخلاص نہ جانے پائے اور جب عمل کو چھوڑے گا تو عمل اور اخلاص دونوں چلے جائیں گے۔

منقول ہے کہ ایک فقیر حضرت ابوسعید خراز رحمہ اللہ کی خدمت کیا کرتا اور ان کے اعمال میں مدد کرتا ایک دن حضرت ابوسعید رحمہ اللہ نے حرکات کے سلسلے میں اخلاص کا ذکر کیا تو فقیر ہر حرکت میں دل کی نگرانی کرنے لگا اور اخلاص کو تلاش کرتا۔ چنانچہ اس کے لیے حاجات کی تکمیل بھی مشکل ہو گئی جس سے شیخ کو نقصان ہوا انہوں نے فقیر سے پوچھا کام کیوں نہیں کرتے تو اس نے بتایا کہ میں نفس سے حقیقت اخلاص طلب کرتا ہوں اور میرا نفس اخلاص سے عاجز ہے لہٰذا میں اسے چھوڑ دیتا ہوں۔

حضرت ابو سعید رحمہ اللہ علیہ نے فرمایا اس طرح نہ کرو کیوں کہ اخلاص عمل کو ختم نہیں کرتا لہذا ہمیشہ عمل کرو اور اخلاص کی کوشش کرو میں نے تم سے یہ نہیں کہا کہ عمل چھوڑ دو میں نے تو صرف یہ کہا کہ عمل میں اخلاص پیدا کرو۔
حضرت فضیل رحمہ اللہ نے فرمایا لوگوں کی وجہ سے عمل کو چھوڑنا ریا ہے اور مخلوق کو دکھانے کے لیے عمل کرنا شرک ہے۔

تیسرا باب

صدق اور اس کی فضیلت و حقیقت

فصل ۱ :

فضیلتِ صدق

ارشاد خداوندی ہے۔

رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاھَدُوا اللّٰہَ عَلَیْہِ (۱)

کچھ لوگ ہیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ سے کیا ہوا وعدہ سچ کر دیا۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ الصِّدْقَ یَھْدِیْ اِلَی الْبِرِّ وَالْبِرَّ یَھْدِیْ اِلَی الْجَنَّۃِ وَاِنَّ الرَّجُلَ یَصْدُقُ حَتّٰی یُکْتَبَ عِنْدَ اللّٰہِ صِدِّیْقًا وَاِنَّ الْکِذْبَ یَھْدِیْ اِلَی الْفُجُوْرِ وَالْفُجُوْرَ یَھْدِیْ اِلَی النَّارِ وَاِنَّ الرَّجُلَ یَکْذِبُ حَتّٰی یُکْتَبَ عِنْدَ اللّٰہِ کَذَّابًا۔ (۲)

بے شک سچ نیکی کی طرف راہنمائی کرتا ہے اور نیکی جنت کا راستہ دکھاتی ہے اور آدمی سچ بولتا رہتا ہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں وہ صدیق (بہت سچ بولنے والا) لکھ دیا جاتا ہے اور بلا شبہ جھوٹ گناہ کی طرف لے جاتا ہے اور گناہ جہنم کا راستہ دکھاتا ہے اور آدمی مسلسل جھوٹ بولتا ہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں کذاب (بہت جھوٹ بولنے والا) لکھا جاتا ہے۔

فضیلتِ صدق کے بارے میں اتنی بات کافی ہے کہ لفظ صدّیق، صدق سے مشتق ہے اور اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام کی تعریف میں لفظ صدیق ذکر فرمایا۔ ارشاد خداوندی ہے۔

وَاذْکُرْ فِی الْکِتَابِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّہٗ کَانَ

اور کتاب میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر کیجیے بیشک

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ احزاب آیت ۲۳

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۰۰، کتاب الادب

صِدِّيقًا نَبِيًّا۔ (۱) آپ سچے نبی تھے۔

اور فرمایا۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِسْمَاعِيلَ إِنَّهُ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُولًا نَبِيًّا (۲) اور کتاب میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کا ذکر کیجیے آپ وعدے کے سچے اور رسول، نبی ہے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِدْرِيسَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَبِيًّا۔ (۳) اور کتاب میں حضرت ادریس علیہ السلام کا ذکر کریں بیشک آپ سچے نبی تھے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جس شخص میں یہ چار باتیں ہوں وہ نفع حاصل کرتا ہے سچائی، حیا، اچھے اخلاق اور شکر۔

حضرت بشر بن حارث رحمہ اللہ نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ سے سچائی کا معاملہ کرتا ہے وہ لوگوں سے دور رہتا ہے۔

حضرت ابو عبد اللہ رملی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت منصور دینوری رحمہ اللہ کو خواب میں دیکھا تو میں نے پوچھا اللہ تعالیٰ نے آپ سے کیا معاملہ کیا؟ فرمایا اس نے مجھے بخش دیا اور مجھ پر رحم فرمایا اور مجھے وہ کچھ عطا فرمایا جس کی مجھے امید نہ تھی۔ میں نے پوچھا اللہ تعالیٰ کی طرف بندہ کس چیز کے ذریعے اچھی طرح متوجہ ہوتا ہے؟ فرمایا سچ کے ساتھ اور سب سے بری چیز جس کے ساتھ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے وہ جھوٹ ہے۔

حضرت ابو سلیمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں سچ کو اپنی سواری اور حق کو اپنی تلوار بناؤ اور اللہ تعالیٰ ہی تمہاری طلب کی غایت ہونا چاہیے۔

ایک شخص نے کسی دانا آدمی سے کہا میں نے کوئی سچا آدمی نہیں دیکھا۔ انہوں نے فرمایا اگر تو خود سچا ہوتا تو سچے لوگوں کو پہچان لیتا۔

حضرت محمد بن علی کتانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم نے اللہ تعالیٰ کے دین کو تین باتوں یعنی حق، صدق اور عدل پر استوار پایا پس حق اعضاء پر ہوتا ہے، عدل دلوں پر اور سچ عقلوں پر ہوتا ہے۔

حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں ارشاد خداوندی ہے۔

---

(۱) قرآن مجید سورۂ مریم آیت ۴۱

(۲) قرآن مجید سورۂ مریم آیت ۵۴

(۳) قرآن مجید سورۂ مریم آیت ۵۶

وَیَوْمَ الْقِیٰمَةِ تَرَى الَّذِیْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ۔ (۱)

اور قیامت کے دن تم ان لوگوں کے چہروں کو سیاہ دیکھو گے جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھتے ہیں۔

حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ نے فرمایا یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی محبت کا دعویٰ کیا لیکن پھر سچے نہ تھے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ اے داؤد علیہ السلام! جو شخص دل سے میری تصدیق کرتا ہے میں مخلوق کے سامنے علانیہ طور پر اس کو سچا کرتا ہوں۔

حضرت شبلی رحمہ اللہ کی مجلس میں ایک شخص نے چیخ ماری اور اپنے نفس کو دجلہ میں ڈال دیا حضرت شبلی رحمہ اللہ نے فرمایا اگر یہ شخص سچا ہوا تو اللہ تعالیٰ اسے نجات دے گا جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نجات دی اور اگر جھوٹا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے غرق کرے گا جس طرح فرعون کو غرق کیا بعض بزرگوں نے فرمایا کہ فقہاء اور علماء کا ان باتوں پر اتفاق ہے کہ اگر وہ صحیح ہو جائیں تو آدمی نجات پا لیتا ہے اور وہ تینوں باتیں ایک دوسرے کے ساتھ مل کر پوری ہوتی ہیں۔ اسلام جو بدعت اور خواہش سے خالص ہو، اعمال میں اللہ تعالیٰ کے لیے صدق اور پاکیزہ کھانا۔

حضرت وہب بن منبہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں، میں نے تورات کے حاشیے میں بیس حروف ایسے پائے جن کو بنی اسرائیل کے نیک لوگ اکٹھے ہو کر پڑھا کرتے تھے وہ الفاظ یہ ہیں۔

علم سے بڑھ کر کوئی خزانہ نافع نہیں، بردباری سے زیادہ نفع بخش کوئی مال نہیں غصے سے بڑھ کر کوئی نسب ہلکا نہیں، عمل سے زیادہ بہتر کوئی ساتھی نہیں جہالت سے برا کوئی دوست نہیں، تقویٰ سے بڑھ کر کوئی عزت نہیں خواہش کو چھوڑنے سے زیادہ کوئی کرم نہیں، فکر سے زیادہ افضل کوئی عمل نہیں صبر سے اعلیٰ کوئی نیکی نہیں تکبر سے زیادہ رسوا کوئی برائی نہیں، نرمی سے زیادہ نرم کوئی دوا نہیں، بیوقوفی سے زیادہ دردناک کوئی بیماری نہیں، حق سے بڑھ کر عادل کوئی رسول نہیں کوئی دلیل سچائی سے بڑھ کر خیر خواہ نہیں، طمع سے بڑھ کر کوئی فقر ذلیل تر نہیں مال جمع کرنے سے بڑھ کر کوئی بدبخت مالداری نہیں صحت سے زیادہ اچھی کوئی زندگی نہیں، عفت سے زیادہ محافظ کوئی معیشت نہیں خشوع سے زیادہ اچھی کوئی عبادت نہیں، قناعت سے بہتر کوئی زہد نہیں خاموشی سے زیادہ حفاظت کرنے والا کوئی نگران نہیں اور کوئی غائب چیز موت سے بڑھ کر قریب نہیں۔

حضرت محمد بن سعید مروزی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب تم اللہ تعالیٰ کو سچائی کے ساتھ طلب کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہارے ہاتھ میں ایک ایسا آئینہ دے گا کہ تم دنیا اور آخرت کے عجائب میں سے ہر چیز دیکھو گے۔

حضرت ابو بکر وراق رحمۃ اللہ فرماتے ہیں اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان سچائی کی حفاظت کرو اور اپنے اور مخلوق کے درمیان نرمی اختیار کرو حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ کیا بندہ اپنے امور کی اصلاح کے لیے

---

(۱) قرآن مجید سورۂ زمر آیت ۶۰

کوئی راستہ پاتا ہے؟ تو آپ نے فرمایا۔

قَدْ يَقِيْنَا مِنَ الذُّنُوْبِ حَيَاءً وَلِيْ نَطْلُبُ الصِّدْقَ مَا اِلَيْهِ سَبِيْلٌ فَدَعَاوِي الْهَوٰى تَخِفُّ عَلَيْنَا وَخِلَافُ الْهَوٰى عَلَيْنَا ثَقِيْلٌ۔

ہم گناہوں کے باعث حیران ہیں ہم سچائی چاہتے ہیں لیکن اس کی طرف کوئی راستہ نہیں ہمارے لیے عشق کا دعویٰ آسان ہے لیکن خواہش کی خلاف ورزی بہت مشکل ہے۔

حضرت سہل رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ ہمارے اس معاملے کی اصل کیا ہے آپ نے فرمایا صدق، سخاوت اور شجاعت، عرض کیا گیا اضافہ فرمائیے فرمایا تقویٰ، حیا اور حلال غذا ____

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کمال کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا۔

قَوْلُ الْحَقِّ وَالْعَمَلُ بِالصِّدْقِ۔ سچی بات اور سچائی کے ساتھ عمل۔

ارشاد خداوندی ہے۔

لِيَسْأَلَ الصَّادِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ (۱) تاکہ وہ سچوں سے ان کے سچ کے بارے میں پوچھے۔

حضرت جنید رحمہ اللہ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا کہ جو لوگ اپنے آپ کو سچا سمجھتے ہیں ان کے رب کے ہاں ان سے اس صداقت کے بارے میں سوال ہوگا اور یہ پُر خطر معاملہ ہے۔

فصل ۲ :

صدق کی حقیقت، معنیٰ اور مراتب

جان لو! صدق چھ معانی میں استعمال ہوتا ہے۔

(۱) گفتگو میں صدق (۲) نیت وارادہ میں صدق (۳) عزم میں صدق (۴) ارادے کو پورا کرنے میں صدق (۵) عمل میں صدق (۶) تمام مقامات دین کی تحقیق میں صدق۔

پس جو شخص ان تمام معانی میں صدق سے موصوف ہو وہ صدّیق ہے کیوں کہ وہ صدق میں انتہائی درجہ تک پہنچتا ہے پھر صادقین کے بھی بہت سے درجات ہیں پس جس شخص میں کسی خاص چیز میں صدق پایا جائے وہ اسی چیز کی نسبت سے صادق کہلائے گا۔

پہلا صدق :۔ یہ زبان کا صدق ہے اور یہ صرف خبریں دینے میں یا ان باتوں میں ہوتا ہے جو خبروں میں شامل ہوں

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ احزاب آیت ۸

اور ان سے آگاہی ہو اور خبر یا تو ماضی سے متعلق ہوتی ہے یا مستقبل سے اور اس میں وعدے کو پورا کرنا اور اس کی خلاف ورزی کرنا بھی داخل ہے ہر بندے پر لازم ہے کہ اپنے الفاظ کی حفاظت کرے لہٰذا سچی بات ہی کہے صداقت کی اقسام میں سے سب سے زیادہ مشہور اور ظاہر یہی قسم ہے پس جو شخص خلاف حقیقت خبر دینے سے اپنی زبان کی حفاظت کرے وہ سچا ہے۔

لیکن اس صدق کے دو کمال ہیں ایک کنایات سے بچنا کیوں کہ کہا گیا ہے کہ کنایات میں جھوٹ کے لیے کھلا میدان ہے کیوں کہ یہ بھی جھوٹ کے قائم مقام ہیں اس لیے کہ جھوٹ میں یہی بات ممنوع ہے کہ جو بات جس طرح ہے اس کے خلاف سمجھائی جائے۔ لیکن اس کی ضرورت پڑتی ہے اور بعض اوقات مصلحت کا تقاضا ہوتا ہے مثلاً بچوں اور عورتوں وغیرہ کو ادب سکھانے، دشمنوں کے ساتھ لڑائی اور ان کو مملکت کے اسرار پر اطلاع سے احتراز کرنے ظالموں سے بچاؤ وغیرہ کے سلسلے میں اگر کوئی شخص جھوٹ بولنے پر مجبور ہو تو سچائی کے باقی رہنے کی صورت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لیے وہ گفتگو کرے جس کا حق نے اس کو حکم دیا اور دہی دین کا تقاضا ہے اس سلسلے میں وہ سچا ہو گا اگرچہ بظاہر اس کا کلام خلافِ حقیقت سمجھا جاتا ہے۔ کیوں کہ صدق ذاتی طور پر مراد نہیں ہوتا بلکہ حق پر دلالت اور اس کی طرف دعوت مقصود ہوتی ہے لہٰذا اس کی صورت کو دیکھنے کی بجائے اس کے معنیٰ کو دیکھا جائے۔

ہاں ایسی جگہوں میں جہاں تک ممکن ہو سکے کنایات کی طرف رجوع کیا جائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی سفر کی طرف تشریف لے جانا چاہتے تو اسے چھپاتے (۱) تاکہ یہ خبر دشمنوں تک نہ پہنچ جائے اس طرح وہ آپ کا قصد کریں گے اور یہ بات جھوٹ نہ ہوتی کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لَيْسَ بِكَذَّابٍ مَنْ اَصْلَحَ بَيْنَ اثْنَيْنِ فَقَالَ خَيْرًا اَوْ نَمٰى خَيْرًا۔ (۲)

وہ شخص جھوٹا نہیں جو دو آدمیوں کے درمیان صلح کراتے ہوئے اچھی بات کہے یا نیکی کو بڑھائے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین جگہوں میں مصلحت کے موافق بات کرنے کی اجازت دی ہے (۱) وہ شخص جو دو آدمیوں کے درمیان صلح کرائے (۲) جس کی دو بیویاں ہوں اور (۳) وہ شخص جو لڑائی کی مصلحتوں کو پیش نظر رکھے یہاں سچائی نیت کی طرف پھر جاتی ہے پس جب اس کی نیت صحیح اور قصد درست ہو اور محض بھلائی کا ارادہ ہو تو وہ صادق و صدیق ہو گا اس کے الفاظ کچھ بھی ہوں پھر اس میں بھی کنایہ کا استعمال زیادہ بہتر ہے اور اس کا طریقہ جس طرح بعض بزرگوں سے منقول ہے اس طرح ہے کہ ظالم ان کی تلاش میں تھے اور وہ گھر میں موجود تھے انہوں نے اپنی بیوی سے فرمایا کہ

---

(۱) صحیح بخاری جلد اول ص ۴۱۳ کتاب الجہاد

(۲) المعجم الصغیر للطبرانی جلد اول ص ۱۰۲ باب من اسمہ اسماعیل

اپنی انگلی سے دائرہ کھینچو اور دائرے میں انگلی رکھ کر کہو کہ وہ یہاں نہیں ہیں اس طرح وہ جھوٹ سے اور ظالم کے ظلم دونوں سے بچ جاتے اور ان کی بات بھی سچ تھی لیکن ظالم سمجھتا کہ وہ گھر میں نہیں ہیں۔

تو کلام میں سب سے پہلا کمال تو یہ ہے کہ صریح جھوٹ اور کنایات دونوں سے بچے البتہ ضرورت کے وقت استعمال کرے۔ اور دوسرا کمال یہ ہے کہ ان الفاظ میں سچائی کے معنیٰ کی رعایت کرے جن کے ذریعے اپنے رب سے مناجات کرتا ہے مثلاً وہ کہتا ہے میں نے اپنا چہرہ اس ذات کی طرف کیا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا پس اگر اس کا دل اللہ تعالیٰ سے پھرا ہوا اور دنیا کی امیدوں اور خواہشات میں مشغول ہو تو یہ جھوٹ ہے اسی طرح وہ کہتا ہے "اِیَّاکَ نَعْبُدُ" (ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں) اور کہتا ہے "اَنَا عَبْدُ اللّٰہِ" (میں اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں) تو اگر وہ حقیقتِ عبودیت سے متصف نہ ہو اور اس کا مطلوب اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ اور ہو تو اس کا کلام سچا نہ ہوگا اور اگر قیامت کے دن اس سے مطالبہ کیا گیا کہ اپنے اس قول کی سچائی ثابت کرو تو وہ اس کو ثابت کرنے سے عاجز ہوگا کیوں کہ یہ شخص تو اپنے نفس کا بندہ تھا یا دنیا کی پوجا کرتا تھا یا خواہشات کا پجاری تھا اور اپنے قول میں سچا نہ تھا کہ میں اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں۔

اور آدمی جس چیز کا پابند ہو جائے اسی کا بندہ کہلاتا ہے جس طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا "اے دنیا کے بندو!" اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تَعِسَ عَبْدُ الدِّیْنَارِ تَعِسَ عَبْدُ الدِّرْھَمِ وَعَبْدُ الْحُلَّۃِ وَعَبْدُ الْخَمِیْصَۃِ۔(۱)	دینار کا بندہ ہلاک ہوا درہم کا بندہ ہلاک ہوا لباس اور جُبّے کا بندہ ہلاک ہو۔

تو جس شخص کا دل جس چیز کی قید میں تھا اس کو اسی کا بندہ فرمایا اللہ تعالیٰ کا سچا بندہ تو وہ ہے جو سب سے پہلے غیر خدا سے آزاد ہو کر مطلق آزاد ہو جاتا ہے جب یہ آزادی آئے گی تو دل فارغ ہو جائے گا اور اس میں اللہ تعالیٰ کی بندگی آجائے گی اور اس سے وہ اللہ تعالیٰ اور اس کی محبت میں مشغول ہو جائے گا اور اس کا ظاہر و باطن اطاعتِ خداوندی کی قید میں مقید ہو جائے گا اب اس کی مراد صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہوگی پھر یہ مقام طے کرنے کے بعد بندہ اس سے بھی بلند مقام پر پہنچ جاتا ہے جسے حریت کہتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کے لیے خود بخود ارادہ کرنے سے بھی آزاد ہو جاتا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ اس کے لیے جو کچھ چاہتا ہے وہ قریب کرنے کا ہو یا دور کرنے کا، اسی پر قناعت کرتا ہے اور اب اس کا ارادہ اللہ تعالیٰ کے ارادے میں فنا ہو جاتا ہے یہ بندہ غیر اللہ سے آزاد ہو جاتا ہے پھر اپنے نفس سے بھی آزاد ہو جاتا ہے اور اپنے نفس سے بھی نیست و نابود ہو جاتا ہے اور اپنے آقا و مولیٰ کے لیے موجود رہتا ہے اگر وہ اسے حرکت دے تو حرکت کرتا ہے اور اگر وہ اسے ٹھہرنے کا حکم دے تو ٹھہر جاتا ہے اگر کسی آزمائش میں ڈالے تو اس پر راضی رہتا ہے۔ اور

---

(۱) سنن ابن ماجہ ص ٣١٥، ابواب الزھد

اب اس میں طلب، التماس اور اعتراض کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے اس طرح ہوتا ہے جس طرح غسل دینے والے کے سامنے میت ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کے لیے بندگی میں صدق کی انتہا یہ ہے پس سچا بندہ وہی ہے جس کا وجود اپنے مالک و مولیٰ کے لیے ہوتا ہے اپنے نفس کے لیے نہیں اور یہ صدیقین کا درجہ ہے۔

غیر خدا سے آزادی سچے لوگوں کا درجہ ہے اس کے بعد عبودیت خداوندی حاصل ہوتی ہے اس سے پہلے بندہ نہ صادق کہلا سکتا اور نہ ہی صدیق ——— قول میں صدق کا یہ مطلب ہے۔

دوسرا صدق:

یہ صدق ارادے اور نیت سے متعلق ہے اور یہ اخلاص کی طرف لوٹتا ہے یعنی حرکات و سکنات کا باعث صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہوتی ہے اگر اس میں کوئی نفسانی غرض بھی آجائے تو صدقِ نیت باطل ہو جاتا ہے اور ایسے شخص کو جھوٹا کہنا صحیح ہے جس طرح ہم نے اخلاص کی فضیلت کے ضمن میں تین آدمیوں کے سلسلے میں حدیث نقل کی ہے یعنی عالم، سخی اور شہید سے سوال ہوگا کہ تم نے کیا عمل کیا تو وہ کہیں گے ہم نے فلاں فلاں عمل کیا تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا تم نے جھوٹ بولا ہے تمہارا ارادہ، یہ تھا کہ تمہیں عالم کہا جائے (۱)

تو اللہ تعالیٰ یوں نہیں فرمائے گا کہ تو نے عمل نہیں کیا بلکہ اسے اس کے ارادے اور نیت کے حوالے سے جھٹلائے گا۔

بعض حضرات نے فرمایا قصد میں توحید کی صحت صدق ہے ارشاد خداوندی ہے۔

وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ (۲) اور اللہ تعالیٰ گواہ ہے کہ منافق جھوٹے ہیں۔

حالانکہ انہوں نے کہا کہ بے شک آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور یہ سچ ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کے زبانی کلام کو نہیں جھٹلایا بلکہ قلبی پوشیدہ بات کے اعتبار سے جھٹلایا اور تکذیب خبر کے حوالے سے ہوتی ہے اور یہ قول قرینۂ حال سے خبر دینے کو متضمن ہے کیوں کہ کہنے والا اپنا عقیدہ زبان سے بتا رہا ہے تو دل میں پوشیدہ بات ہر حال کی دلالت کی بنیاد پر جھٹلایا گیا تو دل کی بات کو جھٹلایا تلفظ کو نہیں جھٹلایا۔ تو صدق کا ایک معنیٰ خلوصِ نیت کی طرف لوٹتا ہے اور وہ اخلاص ہے پس ہر صادق کا مخلص ہونا ضروری ہے۔

تیسرا صدق:

عزم کا صدق ہے کیوں کہ بعض اوقات انسان کسی عمل کا پختہ ارادہ (عزم) کرتا ہے اور دل میں کہتا ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے مال عطا فرمایا تو میں تمام مال صدقہ کر دوں گا یا یہ کہ اگر میں اللہ تعالیٰ کے راستے میں دشمن کے مقابل ہوا تو اس سے

---

(۱) جامع ترمذی ص ۲۴۲، ۲۴۴، ابواب الزہد

(۲) قرآن مجید، سورۂ منافقون آیت ۱

لڑوں گا۔ اگر میں قتل بھی ہو جاؤں تو مجھے اس کی پرواہ نہ ہوگی اور اگر اللہ تعالیٰ مجھے حکومت دے تو میں انصاف کروں گا اور ظلم کرنے نیز مخلوق کی طرف میلان کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کروں گا۔

تو یہ عزم و ارادہ کبھی دل میں ہوتا ہے اور نہایت پختہ اور سچا ہوتا ہے لیکن بعض اوقات اس میں دوسری طرف میلان اور تردد ہوتا ہے نیز ایسی کمزوری ہوتی ہے جو عزم میں صدق کے مقابل اور اس کی ضد ہوتی ہے تو یہاں صدق پورا ہونے اور قوی ہونے کا نام ہے جس طرح کہا جاتا ہے کہ فلاں کی شہوت و خواہش سچی ہے اور اس مریض کی خواہش جھوٹی ہے اور یہ بات اس وقت کہی جاتی ہے جب اس خواہش کا سبب قوی اور ثابت نہ ہو یا کمزور ہو اور بعض اوقات لفظ صدق بول کر یہ معنیٰ مراد لیا جاتا ہے اور صادق و صدیق وہ شخص ہے جس کا عزم صمیم تمام نیکیوں میں قوت تامہ کے ساتھ ہوتا ہے اس میں کسی قسم کا میلان، تردد اور کمزوری نہیں ہوتی اور اس کا نفس ہمیشہ نیک کاموں پر پختہ ارادہ رکھتا ہے جیسے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

اگر لوگ میری گردن کاٹنے کے لیے مجھے آگے کریں تو یہ بات مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ میں اس قوم کا امیر بنوں جس میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ موجود ہوں ——— تو آپ نے اپنے دل میں پختہ ارادہ اور سچی محبت پائی کہ آپ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں امیر نہیں بنیں گے اور اس بات کو آپ نے قتل کا ذکر کرکے پکا کیا۔

عزائم کے سلسلے میں صدیقین کے مراتب مختلف ہیں کبھی اس قدر عزم پایا جاتا ہے کہ اس کی کوئی انتہا نہیں حتیٰ کہ وہ قتل پر بھی راضی ہو جاتا ہے لیکن اگر اپنی رائے پر چھوڑا جائے تو اپنے آپ کو قتل کے لیے پیش نہ کرے اور اگر اس سے قتل کی گفتگو کی جائے تو اس کا عزم نہیں ٹوٹے گا بلکہ صادقین مومنین میں ایسے لوگ بھی ہیں کہ اگر ان کو اختیار دیا جائے کہ تمہیں قتل کیا جائے یا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو تو ان کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی زندگی کے مقابلے میں اپنی زندگی زیادہ پسند ہوگی۔

چوتھا صدق:

عزم کو پورا کرنے کا صدق ہے کیوں بعض اوقات نفس فی الحال عزم کر لیتا ہے کیوں کہ وعدے اور عزم میں کوئی مشقت نہیں ہوتی اور اس میں محنت بھی کم ہوتی ہے لیکن جب حقیقت کا سامنا ہوتا ہے اور قدرت حاصل ہو جاتی ہے اور شہوت کا زور ہوتا ہے تو عزم ختم ہو جاتا ہے اور خواہشات غالب آجاتی ہیں پس وہ اس عزم کو پورا نہیں کرسکتا یہ بات صدق کے خلاف ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ سے کیا ہوا وعدہ پورا کیا۔

---

(۱) قرآن مجید سورۃ احزاب آیت ۲۳

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان کے چچا حضرت انس بن نضر رضی اللہ عنہ غزوہ بدر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حاضر نہ ہوئے یہ بات ان پر گراں گزری اور انہوں نے فرمایا یہ پہلا جہاد تھا جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شریک ہوئے لیکن میں آپ کی خدمت سے غائب تھا اللہ کی قسم! اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے کسی غزوہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ شرکت کا موقعہ دیا تو اللہ تعالیٰ دیکھے گا کہ میں کیا کرتا ہوں حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں آئندہ سال وہ غزوہ اُحد میں شریک ہوئے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ انکے سامنے آگئے تو فرمایا اے ابو عمرو! کہاں کا ارادہ ہے؟ فرمایا جنت کی ہوا کتنی اچھی ہے اور وہ مجھے اُحد کی طرف سے آرہی ہے چنانچہ انہوں نے لڑائی لڑی اور درجۂ شہادت پایا اور ان کے جسم میں اسّی (۸۰) سے زیادہ زخم پائے گئے یہ زخم تلوار، تیر اور نیزے کے زخم تھے۔ چنانچہ ان کی بہن نضر رضی اللہ عنہا نے فرمایا میں نے بھائی کو صرف کپڑوں سے پہچانا۔ (۱)

اس پر آیت کریمہ نازل ہوئی۔

رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ۔ (۲)

وہ لوگ اللہ تعالیٰ سے کئے ہوئے وعدے کو سچ کر دکھاتے ہیں۔

حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ اُحد کے دن شہید ہو کر منہ کے بل گرے ہوئے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس کھڑے ہوئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا جھنڈا ابھی ان کے پاس تھا آپ نے یہ آیت پڑھی۔ (۳)

رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَنْ يَّنْتَظِرُ۔ (۴)

کچھ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب سے کیا ہوا وعدہ سچ کر دکھایا پس ان میں سے کوئی اپنی ذمہ داری کو پورا کر چکا اور کوئی منتظر ہے۔

حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے سنا انہوں نے فرمایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا۔

"شہداء چار قسم کے ہیں ایک وہ مومن جس کا ایمان کھرا ہے اس نے دشمن کو دیکھا تو اللہ تعالیٰ کی تصدیق کی حتیٰ کہ شہید ہو گیا۔ یہ وہ شہید ہے کہ قیامت کے دن لوگ اس کی طرف سر اٹھائیں گے یہ فرما کر آپ نے سر اٹھایا حتیٰ کہ آپ کی مبارک

---

(۱) جامع ترمذی ص ۴۶۱، ابواب التفسیر

(۲) قرآن مجید، سورۃ احزاب آیت ۲۳

(۳) حلیۃ الاولیاء جلد اول ص ۱۰۸ ترجمہ ۱۲

(۴) قرآن مجید، سورۃ احزاب آیت ۲۳

ٹوپی گر گئی راوی کہتے ہیں مجھے معلوم نہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی ٹوپی مراد ہے یا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک ٹوپی؟۔

(فرمایا) دوسرا وہ شخص جس کا ایمان کھرا ہے جب وہ دشمن کے مقابل ہوتا ہے تو گویا اس نے ببول کے درخت کا کانٹا مارا اس پر ایک کاری تیر آ کر لگتا ہے تو وہ شہید ہو جاتا ہے پس یہ دوسرے درجہ میں ہے۔

تیسرا شخص وہ ہے جس کے عمل میں نیکی اور برائی مخلوط ہے وہ دشمن سے مقابلہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی تصدیق کرتا ہے حتیٰ کہ شہید ہو جاتا ہے یہ تیسرے درجہ میں ہے اور چوتھا شخص وہ ہے جس نے اپنے نفس پر زیادتی کی وہ دشمن کے مقابلے میں آتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی تصدیق کرتا ہے حتیٰ کہ شہید ہو جاتا ہے تو یہ چوتھے درجہ میں ہے (۱)

حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں دو آدمی لوگوں کی ایک مجلس میں آئے اور کہنے لگے اگر اللہ تعالیٰ نے ہمیں مال دیا تو ہم ضرور صدقہ کریں گے لیکن انہوں نے بخل سے کام لیا تو یہ آیت نازل ہوئی۔

وَمِنْهُمْ مَنْ عَاهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ آتَانَا مِنْ فَضْلِهِ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُونَنَّ مِنَ الصَّالِحِينَ۔ (۲)

اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ سے وعدہ کرتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ نے ہمیں مال دیا تو ہم ضرور بضرور صدقہ کریں گے اور لازماً نیک لوگوں میں سے ہو جائیں گے۔

بعض بزرگوں نے فرمایا کہ یہ عہد ایسی چیز تھی جسے اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں روشن کیا انہوں نے زبان سے کچھ نہیں کہا تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَمِنْهُمْ مَنْ عَاهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ آتَانَا مِنْ فَضْلِهِ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُونَنَّ مِنَ الصَّالِحِينَ فَلَمَّا آتَاهُمْ مِنْ فَضْلِهِ بَخِلُوا بِهِ وَتَوَلَّوْا وَهُمْ مُعْرِضُونَ فَأَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِي قُلُوبِهِمْ إِلَى يَوْمِ يَلْقَوْنَهُ بِمَا أَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوهُ وَبِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ۔ (۳)

ان میں سے بعض نے اللہ تعالیٰ سے وعدہ کیا کہ اگر وہ ہمیں اپنے فضل سے (مال) عطا فرمائے تو ہم ضرور بضرور صدقہ کریں گے اور نیکوکار لوگوں میں سے ہو جائیں گے جب اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنا فضل عطا فرمایا تو انہوں نے اس میں بخل سے کام لیا اور پھر گئے اس حال میں کہ وہ منہ پھیرنے والے تھے پس اللہ تعالیٰ نے اس کے بعد ملاقات کے دن تک ان کے دلوں میں منافقت ڈال دی کیونکہ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے کئے ہوئے وعدے کی خلاف ورزی کی اور وہ جھوٹ بولتے تھے۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۲۳ مرویات عمر بن خطاب

(۲) قرآن مجید، سورۂ توبہ آیت ۷۵ (۳) قرآن مجید سورۂ توبہ آیت ۷۵ تا ۷۷

تو اللہ تعالیٰ نے عزم کو وعدہ قرار دیا اور اس کی خلاف ورزی کو جھوٹ سے تعبیر کیا جب کہ اس کی تکمیل کو صدق بتایا۔ یہ صدق تیسرے قسم کے صدق سے زیادہ سخت ہے کیوں کہ بعض اوقات نفس، عزم پر تیار ہو جاتا ہے لیکن جب پورا کرنے کا وقت آتا ہے تو اسباب اور قدرت کے حاصل ہونے کے باوجود اسے پورا نہیں کرتا کیوں کہ اس وقت خواہشات کا غلبہ ہوتا ہے اسی لیے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے استثناء کرتے ہوئے فرمایا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں کسی قوم کا امیر بننے کی بجائے مجھے یہ بات پسند ہے کہ مجھے قتل کرنے کے لیے آگے کیا جائے بشرطیکہ قتل کے وقت میرا نفس مجھے کوئی ایسی بات نہ بتا دے جو اس وقت نہیں ہے۔ کیوں کہ میں اس بات سے بے خوف نہیں ہوں کہ یہ کام مجھے بھاری محسوس ہو اور میرا عزم بدل جائے آپ نے اس بات میں عزم کو پورا کرنے کی شدت کی طرف اشارہ فرمایا۔

حضرت ابوسعید خزار رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے خواب میں دیکھا کہ آسمان سے دو فرشتے اترے اور انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ صدق کیا ہے؟ میں نے کہا وعدے کو پورا کرنا انہوں نے فرمایا تم نے سچ کہا پھر وہ آسمان کی طرف چلے گئے۔

پانچواں صدق:

یہ اعمال کا صدق ہے یعنی انسان کوشش کرے حتیٰ کہ اس کے ظاہری اعمال ایسی بات پر دلالت نہ کریں کہ اس کے دل میں جو کچھ ہے وہ ظاہر کے خلاف ہے یہ کوشش اعمال کو چھوڑنے سے نہ ہو بلکہ باطن کو ظاہر کی تصدیق کی طرف کھینچنے سے ہو اور یہ بات ترکِ ریا کے خلاف ہے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے کیوں کہ ریا کار تو یہی چاہتا ہے کہ اس کے ظاہر سے باطن کی اچھی صفات سمجھی جائیں ——

لیکن کئی نمازی، نماز میں خشوع و خضوع کی صورت میں کھڑے ہوتے ہیں اور ان کا مقصد دوسروں کو دکھانا نہیں ہوتا لیکن ان کا دل نماز سے غافل ہوتا ہے پس جو شخص اسے دیکھتا ہے وہ اسے اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا دیکھتا ہے لیکن باطنی طور پر وہ خواہشات میں سے کسی خواہش کے سامنے بازار میں کھڑا ہوتا ہے پس یہ اعمال زبانِ حال سے باطن کی خبر دیتے ہیں اور وہ اس میں جھوٹا ہوتا ہے اس سے اعمال میں صدق کی باز پرس ہوگی اسی طرح کوئی شخص سکون و وقار سے چل رہا ہوتا ہے حالاں کہ اس کا باطن سکون اور وقار سے موصوف نہیں ہوتا پس یہ اپنے عمل میں سچا نہیں ہوتا اگرچہ اس کی توجہ مخلوق کی طرف نہ ہو۔ اور نہ وہی ان کو دکھا رہا ہو۔ تو اس قسم کی خرابی سے نجات کی صورت یہی ہے کہ ظاہر و باطن ایک جیسا ہو بلکہ باطن، ظاہر سے بہتر ہے۔

اسی خوف سے بعض لوگوں نے ظاہر کو خراب رکھا اور برے لوگوں کا لباس اختیار کیا تاکہ ظاہر کی وجہ سے ان کو اچھا نہ سمجھا جائے اس طرح ظاہر کی باطن پر دلالت کے اعتبار سے وہ جھوٹے ہوں گے۔

نتیجہ یہ ہوا کہ اگر ظاہر کا باطن کے خلاف ہونا قصد و ارادے سے ہو تو وہ ریا ہے اور اس سے اخلاص ختم ہو جاتا ہے۔

اور قصد کے بغیر تو اس سے صدق فوت ہو جاتا ہے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَرِيْرَتِيْ خَيْرًا مِنْ عَلَانِيَتِيْ وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِيْ صَالِحَةً۔ (۱)

یا اللہ! میرے باطن کو میرے ظاہر سے اچھا کر دے اور میرے باطن کو اچھا بنا دے۔

حضرت یزید بن حارث رحمہ اللہ فرماتے ہیں اگر بندے کا باطن اور ظاہر برابر ہو جائیں تو یہ نصف ہے اور اگر اس کا اندر، اس کے ظاہر سے افضل ہو تو یہ فضل ہے اور اگر اس کے باطن کے مقابل اس کا ظاہر افضل ہو تو یہ ظلم ہے اور انہوں نے یہ اشعار پڑھے۔

إِذَا السِّرُّ وَالْإِعْلَانُ فِي الْمُؤْمِنِ اسْتَوَى
فَقَدْ عَزَّ فِي الدَّارَيْنِ وَاسْتَوْجَبَ الثَّنَا
فَإِنْ خَالَفَ الْإِعْلَانُ سِرًّا فَمَا لَهُ
عَلَى سَعْيِهِ فَضْلٌ سِوَى الْكَدِّ وَالْعَنَا
فَمَا خَالِصُ الدِّينَارِ فِي السُّوقِ نَافِقٌ
وَمَغْشُوشُهُ الْمَرْدُودُ لَا يَقْتَضِي الْمُنَا

جب مومن کا اندر اور باہر ایک جیسا ہو تو وہ دونوں جہانوں میں معزز اور تعریف کا مستحق ہوتا ہے اور ظاہر، باطن کے خلاف ہو تو اسے اپنی کوشش سے سوائے تھکاوٹ کے کچھ حاصل نہیں ہوتا خالص دینار کا بازار میں رواج ہوتا ہے جب کہ کھوٹ والا دینار مردود ہو جاتا ہے اس کی کوئی قیمت نہیں ہوتی۔

حضرت عطیہ بن عبدالغافر رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب مومن کا باطن اس کے ظاہر کے موافق ہو تو اللہ تعالیٰ فرشتوں کے سامنے اس پر فخر کرتا ہے اور فرماتا ہے یہ میرا سچا بندہ ہے۔

اور حضرت معاویہ بن قرہ رحمہ اللہ نے فرمایا کوئی شخص مجھے ایسے آدمی کے بارے میں بتائے جو رات کو روتا ہے اور دن کو ہنستا ہے۔

حضرت عبدالواحد بن زید رحمہ اللہ فرماتے ہیں حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کو جب کسی بات کا حکم دیا جاتا تو وہ اس پر سب سے زیادہ عمل کرنے والے ہوتے اور جب ان کو کسی کام سے روکا جاتا تو وہ اسے سب سے زیادہ چھوڑنے والے ہوتے اور میں نے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا جس کا باطن، اس کے ظاہر سے اس قدر مشابہ ہو جس قدر یہ وصف حضرت حسن رحمہ اللہ کو حاصل تھا۔

حضرت ابوعبدالرحمن بن زاہد رحمہ اللہ کہتے تھے اے میرے اللہ! میں نے اپنے اور لوگوں کے درمیان معاملہ امانت کے ساتھ کیا لیکن اپنے اور تیرے درمیان والے معاملے میں خیانت کی اور آپ رو پڑتے۔

حضرت ابویعقوب نہر جوری رحمہ اللہ نے فرمایا صدق یہ ہے کہ ظاہر و باطن ایک دوسرے کے موافق ہوں —— پس

---

(۱) جامع ترمذی ص ۵۱۶، ابواب الدعوات

باطن کا ظاہر کے مساوی ہونا صدق کی انواع میں سے ایک قسم ہے۔

چھٹا صدق :

یہ سب سے اعلیٰ اور معزز درجہ ہے اور یہ مقامات دین میں صدق ہے جس طرح خوف، امید، تعظیم، زہد، رضا، توکل، محبت اور باقی تمام امور دینیہ میں صدق کا پایا جانا ان امور کی کچھ بنیادیں ہیں جہاں ان کا ظہور ہوتا ہے وہاں یہ نام بولے جاتے ہیں پھر ان کی حقیقت کو پا لے۔ اور جب کوئی چیز غالب آجائے اور اس کی حقیقت کامل ہو تو اس سے موصوف شخص کو صادق کہا جاتا ہے جیسے کہا جاتا ہے فلاں شخص لڑائی کا سچا ہے اور کہا جاتا ہے یہ سچا خوف ہے اور یہی خواہش و شہوت سچی ہے۔ ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ثُمَّ لَمْ یَرْتَابُوْا وَجَاھَدُوْا بِاَمْوَالِھِمْ وَاَنْفُسِھِمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الصّٰدِقُوْنَ۔

بے شک وہ مومن جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لائے پھر شک نہ کیا اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں اپنے مالوں اور جانوں کے ساتھ جہاد کیا وہی لوگ سچے ہیں۔ (۱)

اور ارشاد فرمایا۔

وَلٰکِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ وَالْکِتٰبِ وَالنَّبِیّٖنَ وَاٰتَی الْمَالَ عَلٰی حُبِّہٖ ذَوِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنَ وَابْنَ السَّبِیْلِ وَالسَّآئِلِیْنَ وَفِی الرِّقَابِ وَاَقَامَ الصَّلٰوۃَ وَاٰتَی الزَّکٰوۃَ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَھْدِھِمْ اِذَا عٰھَدُوْا وَالصّٰبِرِیْنَ فِی الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِیْنَ الْبَاْسِ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا۔ (۲)

لیکن نیکی اس شخص کی ہے جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن اور فرشتوں اور کتاب اور نبیوں پر ایمان لائے اور اللہ تعالیٰ کی محبت میں اپنا عزیز مال رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو دے اور اور گردنیں چھڑانے میں خرچ کرے اور نماز قائم کرے اور زکوٰۃ ادا کرے اور اپنا قول پورا کرنے والے جب عہد کریں اور مصیبت و سختی میں نیز جہاد کے وقت صبر کرنے والے، یہی لوگ سچے ہیں۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے ایمان کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے یہی آیت پڑھی عرض کیا گیا ہم نے آپ سے ایمان کے بارے میں پوچھا ہے؟ انہوں نے فرمایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایمان کے بارے میں

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ حجرات آیت ۱۵

(۲) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۱۷۷

پوچھا تو آپ نے یہی آیت تلاوت فرمائی (۱)

ہم خوف کے سلسلے میں ایک مثال بیان کرتے ہیں جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اللہ تعالیٰ سے خوف رکھتا ہے اسے خوف کہا جاتا ہے لیکن یہ سچا خوف نہیں ہے یعنی حقیقت کے درجہ تک نہیں پہنچا کیا تم نہیں دیکھتے کہ جب وہ بادشاہ سے ڈرتا ہے یا سفر کے دوران ڈاکوؤں کا خوف ہوتا ہے تو کس طرح اس کا رنگ پیلا پڑ جاتا ہے اور اس پر کپکپاہٹ طاری ہو جاتی ہے بلکہ زندگی تلخ ہو جاتی ہے کھانا پینا مشکل ہو جاتا ہے اور اس کی سوچ تقسیم ہو جاتی ہے حتیٰ کہ اس سے اس کے اہل و عیال بھی نفع اٹھا نہیں سکتے۔ بعض اوقات وہ خوف کی وجہ سے اپنے وطن کو چھوڑ دیتا ہے اور اُنس کی جگہ وحشت اور راحت کی جگہ تھکاوٹ اور مشقت برداشت کرتا ہے اور خطرات کو سینے سے لگاتا ہے اور یہ سب کچھ خوف کے باعث ہوتا ہے پھر کیا بات ہے کہ جہنم سے ڈرنے کے باوجود گناہ کے ارتکاب کی صورت میں اس بیان میں سے کوئی بات ظاہر نہیں ہوتی اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَمْ اَرَ مِثْلَ النَّارِ نَامَ هَارِبُهَا وَلَا مِثْلَ الْجَنَّةِ نَامَ طَالِبُهَا۔ (۲)

میں نے جہنم کی طرح کوئی چیز نہیں دیکھی کہ اس سے بھاگنے والا سو جاتا ہے اور جنت کی شکل بھی کوئی چیز نہیں دیکھی کہ اس کو طلب کرنے والا سو جاتا ہے۔

پس ان امور میں حقیقت کو پہچاننا بہت مشکل ہے اور ان مقامات کی کوئی انتہا نہیں کہ ان کو مکمل طور پر حاصل کر سکیں لیکن ہر بندے کو اس سے اس کے حسب حال حصہ ملتا ہے ضعیف ہو یا قوی ــ جب حال قوی ہو تو اسے اس میں صادق کہا جاتا ہے۔

پس اللہ تعالیٰ کی معرفت اور اس کی تعظیم نیز اس سے خوف کی کوئی انتہا نہیں اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبریل علیہ السلام سے فرمایا کہ میں آپ کو آپ کی اصل صورت میں دیکھنا چاہتا ہوں تو حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا آپ کو اس کی طاقت نہیں آپ نے فرمایا نہیں بلکہ دکھاؤ انہوں نے وعدہ کیا کہ چاندنی رات میں جنت البقیع میں دکھاؤں گا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا تو حضرت جبریل علیہ السلام نے آسمان کے کناروں کو ڈھانپ رکھا تھا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیہوش ہو کر گر پڑے جب افاقہ ہوا تو حضرت جبریل علیہ السلام اپنی اصل صورت پر لوٹ آئے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے یہ خیال نہیں تھا کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے کوئی اس طرح بھی ہوگا۔ انہوں نے عرض کیا اگر آپ حضرت اسرافیل علیہ السلام کو دیکھیں تو کیا ہو؟ عرش معلیٰ ان کے کاندھے پر ہے اور ان کے پاؤں سب سے نچلی زمین میں

---

(۱) الدر المنثور جلد اول ص ۶۹ تحت آیت لیس البر ان تولوا وجوھکم

(۲)

اترے ہوئے ہیں اور اس کے باوجود جب عظمتِ خداوندی سے وہ سکڑتے ہیں تو چھوٹی چڑیا کی طرح ہو جاتے ہیں۔
تو دیکھو حضرت اسرافیل علیہ السلام پر کس قدر ہیبت چھا جاتی ہے کہ وہ اس حد تک پہنچ جاتے ہیں اور تمام فرشتوں کا یہ حال نہیں کیوں کہ معرفت کے لحاظ سے ان میں تفاوت ہے پس تعظیم میں صدق یہ ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔
شب معراج میں گزرا تو حضرت جبریل علیہ السلام فرشتوں میں اس طرح تھے جیسے پرانی چادر جو اونٹ کی پیٹھ پر ڈالی جاتی ہے اور ایسا خوفِ خداوندی کی وجہ سے تھا (۱)
صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی اسی طرح ڈرتے تھے لیکن وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خوف کو نہیں پہنچ سکے اسی سبب حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا تم اس وقت تک حقیقتِ ایمان تک نہیں پہنچ سکتے جب تک تم، سب لوگوں کو دینِ خداوندی میں احمق نہ جانو۔
حضرت مطرف رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہر شخص اپنے اور اپنے رب کے درمیان والے معاملات میں احمق ہے البتہ بعض بیوقوف دوسرے بعض کے مقابلے میں کمتر ہیں۔
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا يَبْلُغُ عَبْدٌ حَقِيقَةَ الْإِيمَانِ حَتَّى يَنْظُرَ إِلَى النَّاسِ كَالْأَبَاعِرِ فِي جَنْبِ اللّٰهِ ثُمَّ يَرْجِعَ إِلَى نَفْسِهِ فَيَجِدَهَا أَحْقَرَ حَقِيرٍ۔ (۲)	بندہ اس وقت حقیقتِ ایمان کو پاتا ہے جب لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں اونٹوں کی طرح جانے پھر اپنے نفس کی طرف رجوع کرے اور اسے سب سے زیادہ حقیر پائے۔

تو ان تمام مقامات میں صادق آدمی بہت کم ملتا ہے پھر درجاتِ صدق کی کوئی انتہا نہیں اور کبھی بندہ بعض امور میں سچا ہوتا ہے بعض میں نہیں اگر وہ سب امور میں صادق ہو تو وہ حقیقی صدیق ہے۔
حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں تین باتوں میں مضبوط ہوں اور ان کے علاوہ امور میں کمزور ہوں میں جب سے اسلام میں آیا ہوں میں نے نماز پڑھتے وقت کبھی نہیں سوچا کہ کب فارغ ہوں گا اور جب میں کسی جنازے کے ساتھ جاتا ہوں تو اس کو دفن کرنے تک یہی سوچتا ہوں کہ یہ کیا کہے گا اور اس سے کیا کہا جائے گا اور میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جو بات بھی فرماتے ہوئے سنا اس کے بارے میں یقین کیا کہ یہ حق ہے۔
حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میرے خیال میں یہ تمام خصلتیں صرف نبی میں جمع ہو سکتی ہیں۔
پس یہ ان امور میں صدق ہے کتنے ہی جلیل القدر صحابہ کرام تھے نماز ادا کی اور جنازوں کے ساتھ گئے لیکن اس مقام تک نہ پہنچے۔

---

(۱)

پس یہ صدق کے درجات اور معانی ہیں مشائخ عظام سے حقیقتِ صدق کے بارے میں جو کلمات منقول ہیں وہ عام طور پر انفرادی معانی کے لیے ہیں ہاں حضرت ابوبکر وراق رحمۃ اللہ نے فرمایا کہ صدق تین ہیں۔ توحید میں صدق، اطاعت میں صدق اور معرفت میں صدق۔

توحید میں صدق عام مومنوں کے لیے ہوتا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ۔ (۱)	اور وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے وہی لوگ سچے ہیں۔

اور صدق اطاعت علماء اور پرہیز گار لوگوں کے لیے ہوتا ہے اور معرفت کی صداقت ان اولیاء کرام کے لیے ہوتی ہے جو زمین کے اوتاد (میخیں) ہیں اور یہ تمام اقسام پھر پھر کر ان امور میں آجاتی ہیں جو ہم نے چھٹی قسم میں ذکر کی ہیں لیکن انہوں نے وہی اقسام لکھی ہیں جن میں صدق ہوتا ہے لیکن وہ بھی تمام اقسام کو محیط نہیں۔

حضرت جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں صدق، مجاہدے کا نام ہے نیز یہ کہ تم اللہ تعالیٰ پر کسی کو اختیار نہ کرو جس طرح اس نے تمہارے مقابلے میں دوسرے کو ترجیح نہیں دی اور ارشاد فرمایا۔

هُوَ اجْتَبٰىكُمْ۔ (۲)	اس نے تمہیں چن لیا۔

کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ میں جب میں کسی بندے سے محبت کرتا ہوں تو اسے مصائب میں مبتلا کرتا ہوں جن کی تاب پہاڑ بھی نہیں لا سکتے۔ تاکہ میں دیکھوں کہ اس کا صدق کس قسم کا ہے اگر میں اسے صبر کرنے والا پاتا ہوں تو اسے اپنا ولی اور حبیب بناتا ہوں اور اگر وہ واویلا کرتا ہے اور مخلوق سے میری شکایت کرتا ہے تو میں اسے ذلیل و رسوا کرتا ہوں اور اس بات کی پرواہ نہیں کرتا۔

تو خلاصہ یہ ہوا کہ صدق کی علامات مصائب اور عبادات کو چھپانا اور مخلوق کے اس پر مطلع ہونے کو ناپسند کرنا ہے۔

صدق اور اخلاص کا بیان مکمل ہوا اس کے بعد مراقبہ اور محاسبہ کا بیان ہوگا —— اور اللہ تعالیٰ ہی کے لیے حمد و ستائش ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ الحدید آیت ۱۹

(۲) قرآن مجید، سورۂ الحج آیت ۷۸

۸۔۔۔ مراقبہ اور محاسبہ کا بیان

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو ہر نفس کے عمل کا نگہبان اور ہر کاسب کے کسب کا نگران ہے دلوں میں پوشیدہ وسوسوں پر مطلع ہے اور بندوں کے قلبی خلجان کا حساب کرنے والا ہے آسمان میں ایک ذرے کے برابر بھی کوئی چیز اس سے پوشیدہ نہیں وہ حرکت کرے یا پرسکون ہو، وہ گٹھلی کے سوراخ اور اس کی جھلی کے برابر اور کم یا زیادہ تمام اعمال کا محاسبہ کرنے والا ہے اگر وہ عمل پوشیدہ ہو بندوں کی عبادات اگرچہ تھوڑی ہوں قبول کرکے ان پر فضل فرماتا ہے اور ان کے گناہوں کو معاف کرتا ہے اگرچہ زیادہ ہوں وہ ان کا محاسبہ اس لیے فرماتا ہے تاکہ ہر نفس کو اپنے عمل کا علم ہو جائے اور وہ دیکھے کہ اس نے آگے کیا بھیجا اور پیچھے کیا چھوڑا۔

اسے معلوم ہو جائے کہ اگر دنیا میں اس کی نگرانی اور محاسبہ نہ ہو تو وہ قیامت کے دن بدبختی کا شکار ہو کر ہلاک ہو جائے اور اگر محاسبہ اور مراقبہ کے بعد وہ اپنے فضل و کرم سے اس کی اس معمولی پونجی کو قبول نہ فرمائے تو ہر نفس نقصان اٹھائے اور خسارے میں رہے۔

تو وہ ذات پاک ہے جس کی نعمت تمام بندوں کو کافی اور شامل ہے اور اس کی رحمت نے دنیا اور آخرت میں تمام مخلوق کو ڈھانپ لیا تو اس کے فضل کی خوشبوؤں سے دل، ایمان کے لیے کھل گئے اور اس کی توفیق کی برکت سے اعضاء عبادات سے مقید اور مودب ہو گئے نیز اس کے حسن ہدایت سے دلوں سے جہالت کے اندھیرے چھٹ گئے اور اس کی تائید و مدد سے شیطان کے مکروفریب ٹوٹ گئے اور دور ہو گئے اس کے لطف و کرم سے نیکیوں کا پلڑا بھاری ہو گیا اور اس کے آسان کرنے سے عبادات آسان ہو گئیں۔

پس عطا و جزا، قرب و بعد اور نیک بختی و بدبختی سب اسی کی طرف سے ہے انبیاء کرام کے سردار حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی منتخب آل پر جو منصب سیادت پر فائز ہیں اور آپ کے صحابہ کرام پر جو متقی قائد ہیں اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو۔

حمد و صلوٰۃ کے بعد ارشاد خداوندی ہے۔

وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ	اور ہم قیامت کے دن عدل کے ترازو میں تولیں گے
فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَإِنْ كَانَ مِثْقَالَ	تو کسی نفس پر کچھ بھی زیادتی نہ ہو گی اور اگر کوئی عمل رائی کے

حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا وَكَفٰى بِنَا حَاسِبِيْنَ۔ (۱)

دانے کے برابر بھی ہو گا تو ہم اسے لے آئیں گے اور حساب کرنے کے لیے ہم کافی ہیں۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَوُضِعَ الْكِتَابُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يَا وَيْلَتَنَا مَا لِهٰذَا الْكِتَابِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّا اَحْصَاهَا وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا۔ (۲)

اور (جب) نامہ اعمال رکھا جائے گا تو تم مجرموں کو دیکھو گے وہ اس سے ڈر رہے ہوں گے جو اس میں لکھا ہے وہ کہیں گے ہائے افسوس! اس نوشتے کو کیا ہوا نہ اس نے کوئی چھوٹا گناہ چھوڑا اور نہ بڑا مگر اس کو شمار کیا اور انہوں نے جو عمل کیا اسے سامنے پائیں گے اور تمہارا رب کسی ایک پر بھی ظلم نہیں کرتا۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا اَحْصَاهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ۔ (۳)

جس دن اللہ تعالیٰ ان سب کو جمع کرے گا تو ان کو ان کے اعمال کی خبر دے گا اللہ تعالیٰ نے اس (عمل) کو یاد رکھا لیکن انہوں نے بھلا دیا اور ہر چیز اللہ تعالیٰ کے سامنے ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ۔ (۱)

جس دن لوگ باہر نکلیں گے گروہ در گروہ تاکہ وہ ان کے عمل ان کو دکھائے پس جس نے کی ہو گی نیکی ایک ذرہ کے برابر وہ اس کو دیکھے گا اور جس نے کی ہو گی برائی ایک ذرہ کے برابر وہ اس کو دیکھے گا۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ انبیاء آیت، ۴۷

(۲) قرآن مجید، سورۂ کہف آیت ۴۹

(۳) قرآن مجید سورۂ مجادلہ آیت ۶

(۴) قرآن مجید، سورۂ زلزال آیت ۶، ۷، ۸

ثُمَّ تُوَفّٰی کُلُّ نَفْسٍ مَّا کَسَبَتْ وَھُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ۔ (۱)

پھر ہر نفس کو اس کے عمل کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

یَوْمَ تَجِدُ کُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَیْرٍ مُّحْضَرًا وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْءٍ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَیْنَھَا وَبَیْنَهٗ اَمَدًا بَعِیْدًا وَیُحَذِّرُکُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ۔ (۲)

جس دن ہر نفس اپنے اچھے عمل کو سامنے پائے گا اور برے عمل کو بھی (اور) چاہے گا کاش (برے عمل) کے اور اس (شخص) کے درمیان بہت دور کا فاصلہ ہوتا اور اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے عذاب سے ڈراتا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ فَاحْذَرُوْهُ۔ (۳)

اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ تمہارے دلوں کی باتیں بھی جانتا ہے پس اس سے ڈرو۔

اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے ارباب بصیرت نے جان لیا کہ اللہ تعالیٰ ان کا منتظر ہے اور عنقریب ان سے حساب میں جھگڑا ہوگا اور ان سے ذرے کے برابر خطرات کا بھی حساب ہوگا انہیں یقین ہو گیا کہ ان خطرات سے نجات کی یہی صورت ہے کہ ہمیشہ اپنا محاسبہ کریں اور سچے دل سے نگرانی کریں اپنے نفس سے ہر سانس اور حرکت کا مطالبہ اور خطرات و لحظات کا محاسبہ کریں جو شخص محاسبہ سے پہلے خود اپنا محاسبہ کرتا ہے قیامت کے دن اس کا حساب آسان ہوگا اور سوال کے وقت وہ جواب دے سکے گا اور اس کا انجام بھی اچھا ہوگا اور جو آدمی اپنا محاسبہ نہیں کرتا وہ ہمیشہ حسرت کا شکار رہے گا اور حشر کے میدان میں اسے زیادہ دیر رکنا پڑے گا نیز اس کی برائیاں اسے ذلت اور غضب میں مبتلا کر دیں گی۔

جب ان پر یہ بات منکشف ہو گئی تو انہیں معلوم ہو گیا کہ ان خرابیوں سے نجات صرف اطاعتِ خداوندی کے ذریعے ممکن ہے اور اللہ تعالیٰ نے ان کو صبر اور نگاہداشت کا حکم دیا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا۔ (۴)

اے ایمان والو! صبر کرو صبر میں ایک دوسرے سے آگے بڑھو اور اسلامی سرحدوں کی حفاظت کرو۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ البقرہ آیت ۲۸۱

(۲) قرآن مجید، سورۃ آل عمران آیت ۳۰

(۳) قرآن مجید، سورۃ البقرہ آیت ۲۳۵

(۴) قرآن مجید، سورۃ آل عمران آیت ۲۰۰

تو انہوں نے اپنے نفسوں کی نگہداشت اس طرح کی کہ پہلے ان سے شرطیں باندھیں پھر ان کی نگرانی کی پھر محاسبہ کیا اس کے بعد ان کو سزا دی پھر مجاہدہ کیا پھر ان کو جھڑکا۔

تو ان کے لیے نفس کی نگہداشت کے چھ مرحلے اور مقامات ہیں تو ان سب کی تشریح کرنا اور حقیقت و فضیلت بیان کرنا ضروری ہے اس سلسلے میں اعمال کی تفصیل بیان کرنا بھی لازمی ہے اور اس کی اصل محاسبہ ہے لیکن ہر حساب شرط رکھنے اور حفاظت کرنے کے بعد ہوتا ہے اور حساب کے بعد اگر نقصان والی صورت ہو تو جھڑک اور عذاب ہوتا ہے ہم توفیق خداوندی سے ان مقامات کی تشریح کرتے ہیں۔

فصل ۱:

نگہداشت کا پہلا مقام —— باہم شرط رکھنا

جو لوگ مل کر تجارت کرتے ہیں اور ان کا سامان مشترک ہوتا ہے حساب کے وقت ان کا مقصد نفع کی سلامتی ہے تو جس طرح ایک تاجر اپنے شریک سے مدد طلب کرتا ہے اور وہ اسے مال دیتا ہے تاکہ یہ تجارت کرے اور پھر وہ اس سے حساب کرتا ہے اسی طرح عقل راہ آخرت کی تاجر ہے اور اس کا مطلب اور نفع نفس کا تزکیہ ہے کیوں کہ یہی کامیابی کا باعث ہے ارشاد خداوندی ہے۔

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا(۱) کامیاب ہوا جس نے اس کو پاک کیا اور ناکام ہوا جس نے اسے خاک میں ملا دیا۔

اور اس کی فلاح اچھے اعمال کے ذریعے حاصل ہوتی ہے

اور عقل اس تجارت میں نفس سے مدد طلب کرتی ہے کیوں کہ وہ اس (نفس) کو استعمال کرتی اور اسے مسخر کر کے اس کا تزکیہ کرتی ہے جس طرح تاجر اپنے شریک سے مدد طلب کرتا ہے اور اسی طرح اپنے غلام سے مدد لیتا ہے کہ وہ اس کے مال میں تجارت کرے۔

تو جس طرح شریک اس کا فریق بن جاتا ہے کہ نفع کے بارے میں اس سے جھگڑا کرتا ہے تو پہلے وہ اس سے شرائط طے کرنے کا محتاج ہوتا ہے پھر اس کی نگرانی کرتا ہے تیسرے مرحلے میں اس سے حساب کرتا ہے اور چوتھے مرحلے میں اس پر ناراض ہوتا ہے اور جھڑکتا ہے۔ اسی طرح عقل پہلے نفس سے شرائط طے کرتی ہے اور اسے کچھ ذمہ داریوں کا پابند بناتی ہے اسے کامیابی کے راستے دکھاتی ہے اور ان راستوں پر چلنے کی تاکید کرتی ہے پھر کسی وقت بھی ان کی نگرانی سے غافل نہیں ہوتی کیوں کہ اگر وہ اسے کھلی چھٹی دے دے تو اس سے خیانت اور اصل سرمایہ کے ضیاع کے سوا کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا جس طرح خائن غلام کو مال دے کر اسے خالی میدان دے دیا جائے تو وہ اسی طرح کرتا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ شمس آیت ۹، ۱۰۔

پھر فراغت کے بعد اس کا محاسبہ کرنا اور مقررہ شرائط کو پیدا کرنے کا مطالبہ کرنا مناسب ہے اس تجارت کا فائدہ فردوس اعلیٰ (جنت) کی صورت میں ملتا ہے اور انبیاء کرام اور شہداء عظام کی معیت میں سدرۃ المنتہیٰ تک رسائی ہوتی ہے۔

لہٰذا دنیوی نفع کی نسبت اس نفع کی گہرائی میں جانا بہت ضروری ہے کیوں کہ دنیا کا نفع اُخروی نعمتوں کے مقابلے میں بہت حقیر ہے۔

پھر یہ بات بھی ہے کہ دنیا کا نفع ختم ہو جاتا ہے اور ایسے مال کا کیا فائدہ جو دائمی نہ ہو اس سے وہ شر ہی اچھی ہے جو دائمی نہ ہو۔ کیوں کہ جو شر دائمی نہیں ہوتی اس کے ختم ہونے سے دائمی خوشی حاصل ہوتی ہے اور برائی بھی ختم ہو جاتی ہے لیکن جو بھلائی باقی نہ رہے اس کے منقطع ہونے پر ہمیشہ کے لیے افسوس ہوتا ہے اور بھلائی الگ چلی جاتی ہے۔ اسی لیے کہا گیا ہے۔

اَشَدُّ الْغَمِّ عِنْدِیْ فِیْ سُرُوْرٍ یَتَیَقَّنُ عَنْهُ صَاحِبُهٗ اِنْتِقَالًا۔

میرے نزدیک اس خوشی کے حصول میں زیادہ غم (پوشیدہ) ہے جس کے حاصل کرنے والے کو اس کے چلے جانے کا یقین ہو۔

لہٰذا ہر وہ محتاط شخص جو اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے اس پر لازم ہے کہ وہ اپنے نفس کے محاسبہ سے غافل نہ ہو اور اس کی حرکات و سکنات اور خطرات اور لطف اندوزی کے گرد گھیرا تنگ کر دے کیوں کہ زندگی کا ہر سانس ایک ایسا نفیس جوہر ہے جس کی کوئی قیمت نہیں اس سے ایسے خزانے خریدے جا سکتے ہیں جن کی نعمتیں کبھی بھی ختم نہ ہوں تو ایسے سانسوں کو ضائع کرنا یا ایسے کاموں میں صرف کرنا جو ہلاکت کا باعث ہیں بہت بڑا نقصان ہے جو ہلاکت خیز ہے اور کوئی بھی سمجھدار آدمی ایسا سودا نہیں کرتا۔

بندہ جب صبح کے وقت نماز فجر سے فارغ ہو جائے ایک گھڑی اپنے دل کو نفس کے ساتھ شرائط طے کرنے کے لیے فارغ کرے اور نفس سے کہے کہ میری تمام پونجی یہی زندگی ہے اگر یہ ضائع ہو گئی تو میرا تمام مال ضائع ہو جائے گا اور تجارت اور اس کے نفع کی طلب سے مایوسی ہو گی۔ اس نئے دن میں مجھے اللہ تعالیٰ نے مہلت دی ہے اور میری موت میں تاخیر فرمائی ہے اور اس کے ذریعے مجھ پر انعام فرمایا اگر وہ مجھے موت دے دیتا تو میں تمنا کرتا کہ وہ مجھے دوبارہ دنیا میں صرف ایک دن بھیج دے تاکہ میں اس میں اچھا عمل کروں۔

تو اے نفس! تم یوں سمجھو کہ تمہیں موت آ گئی تھی اور اب تمہیں دوبارہ بھیجا گیا ہے تو آج کے دن کو ضائع کرنے سے بچو، کیوں کہ ہر سانس ایک جوہر ہے جو انمول ہے۔

اے نفس! جان لو کہ دن رات میں چوبیس گھنٹے ہوتے ہیں اور حدیث شریف میں آیا ہے ـــــ کہ ہر بندے کے لیے

دن اور رات میں چوبیس خزانے ایک قطار میں پھیلائے جاتے ہیں پھر ان میں سے ایک خزانہ اس کے لیے کھولا جاتا ہے وہ اسے دیکھتا ہے کہ وہ اس کی نیکیوں کے نور سے بھرا ہو جو عمل اس نے اس وقت کیا تھا۔ اسے دیکھ کر وہ بہت زیادہ خوش ہوتا ہے کیوں کہ یہ انوار جبار بادشاہ تک پہنچنے کا وسیلہ ہیں۔

اگر وہ سرور دوزخ والوں پر تقسیم کیا جائے تو یہ خوشی جہنم کی تکلیف کے احساس کے وقت ان کو مدہوش کر دے (اور انہیں اس کا احساس نہ ہو) اور اس کے لیے ایک دوسرا سیاہ تاریک خزانہ کھولا جاتا ہے اس کی بدبو پھیلتی ہے اور اس کا اندھیرا ڈھانپ لیتا ہے اور یہ وہ وقت ہے جس میں اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی اس سے اسے اس قدر خوف و دہشت کا سامنا کرنا پڑتا ہے کہ اگر اسے اہل جنت پر تقسیم کیا جائے تو ان پر اس کی نعمتیں اور خوشی میں پریشانی داخل ہو جائے اس کے لیے ایک اور خزانہ بھی کھولا جاتا ہے۔ جو خالی ہوتا ہے جس میں نہ تو کوئی خوشی کا سامان ہوتا ہے اور نہ پریشانی کا، یہ وہ گھڑی ہے جس میں وہ سویا رہا یا غافل رہا یا دنیا کے کسی جائز کام میں مشغول رہا اسے اس کے خالی ہونے کا خوف ہوتا ہے اسے اس میں اس طرح نقصان اور خسارہ ہوتا ہے جیسے کسی بڑے نفع پر قادر شخص اور بڑے بادشاہ کو نقصان ہوتا ہے کیوں کہ اس نے اس میں سستی کی حتیٰ کہ وہ وقت ہاتھوں سے نکل گیا تھا یہی نقصان اور حسرت کافی ہے۔

اسی طرح اس پر زندگی بھر کے خزانے کھولے جاتے ہیں تو وہ اپنے آپ سے کہتا ہے کہ آج محنت کرو اور اپنے خزانے کو بھر دو اور اسے ان خزانوں سے خالی نہ رکھو جو تمہاری سلطنت کا باعث ہیں۔ سستی، آرام طلبی اور کاہلی کی طرف نہ جاؤ اس طرح تم علیین کے درجات سے محروم ہو جاؤ گے جو دوسروں کو حاصل ہوں گے اور تمہارے پاس افسوس کے سوا کچھ نہیں رہے گا جو تمہارے ساتھ چمٹی رہے گی، اگرچہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ لیکن نقصان اور حسرت کی تکلیف برداشت نہیں کر سکو گے اگرچہ وہ جہنم کے عذاب سے کم ہے۔

بعض بزرگ فرماتے ہیں یہ ٹھیک ہے کہ گناہ گار کی بخشش ہوگی لیکن کیا وہ نیکی کرنے والوں کو حاصل ہونے والے ثواب سے محروم نہیں ہوگا انہوں نے اس کے نقصان اور حسرت کی طرف اشارہ کیا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ۔	جس دن تم سب کو اکٹھا کرئے گا جمع ہونے کے دن وہ دن (کافروں کے لیے) نقصان اٹھانے کا دن ہے۔ (۱)

یہ تو اوقات کے حوالے سے نفس کو وصیت ہے پھر اسے اس کے سات اعضاء آنکھ، کان، زبان، پیٹ، شرمگاہ، ہاتھ

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ تغابن آیت ۹

اور پاؤں کے حوالے سے وصیت کرے اور ان کو اس کے حوالے کر دے کیوں کہ اس تجارت میں یہ اعضاء نفس کے خادم ہیں اور تجارت کے امور ان کے ذریعے مکمل ہوتے ہیں اور جہنم کے سات دروازے ہیں اور ہر دروازے کے لیے ایک حصہ مقرر ہے اور یہ دروازے اس شخص کے لیے متعین ہوں گے جو ان اعضاء کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتا ہے پس اپنے نفس کو وصیت کرے کہ وہ ان کو گناہوں سے محفوظ رکھے۔

آنکھ ــــ آنکھ کو غیر محرم کی طرف دیکھنے، کسی مسلمان کی شرمگاہ کی طرف نظر کرنے یا کسی مسلمان کو حقارت کی نظر سے دیکھنے سے بچائے بلکہ ہر فضول بات جس کی ضرورت نہ ہو، سے بچائے۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ جس طرح فضول کلام کے بارے میں پوچھے گا اسی طرح بندے سے فضول نظر کے بارے میں بھی سوال کرے گا۔

پھر جب ان باتوں سے نظر کو پھیر لے تو صرف اسی پر قناعت نہ کرے بلکہ اسے ان کاموں میں مشغول رکھے جو اس کی تجارت اور اس کا نفع ہے اور یہ وہ امور ہیں جن کے لیے نظر کو پیدا کیا گیا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی صنعتوں کے عجائب کو عبرت کی نگاہ سے دیکھے اور اچھے اعمال کو اس نیت سے دیکھے کہ ان کی اقتداء کرے قرآن پاک اور سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں نظر کرے اور کتبِ حکمت کا مطالعہ کرے تا کہ ان سے نصیحت اور فائدہ حاصل کرے ــــ اسی طرح ایک ایک عضو کے بارے میں نفس کو تفصیل بتا دے بالخصوص زبان اور پیٹ کے بارے میں زیادہ تاکید کرے۔

زبان ــــ فطری طور پر زبان چلتی رہتی ہے اور حرکت کرنے میں اسے کوئی مشقت نہیں ہوتی لیکن اس کی خطائیں مثلاً غیبت، جھوٹ، چغلی، اپنی پاکیزگی بیان کرنا، مخلوق اور کھانے کی چیزوں کی برائی بیان کرنا، لعن طعن کرنا، دشمنوں کے لیے بد دعا کرنا اور گفتگو میں جھگڑا کرنا اور اس کے علاوہ جو کچھ ہم نے زبان کی آفات کے بیان میں ذکر کیا ہے بہت بڑے جرم ہیں۔

زبان ان آفات کے درپے رہتی ہے حالاں کہ اسے ذکر و تذکیر، تکرار علم، تعلیم، لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلانے اور ان کے درمیان صلح کرانے اور اس کے علاوہ نیکیوں کے لیے پیدا کیا گیا ہے لہٰذا اپنے نفس پر شرط رکھے کہ وہ دن بھر زبان کو ذکر کے علاوہ حرکت میں نہیں لائے گا کیوں کہ مومن کا بولنا ذکر، دیکھنا عبرت اور خاموشی فکر کے لیے ہوتی ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ عَتِيدٌ۔ (۱)	وہ زبان سے کوئی بات نہیں نکالتا کہ اس کے پاس ایک تیار محافظ نہ بیٹھا ہو۔

پیٹ ــــ اسے حرص چھوڑنے پر مجبور کرے نیز یہ کہ وہ حلال کھانا اور وہ بھی تھوڑا سا کھائے شبہے والی چیزوں

---

(۱) قرآن مجید سورۂ ق آیت ۱۸

اور خواہشات سے بچے اور ضرورت کی مقدار پر اکتفا کرے اور نفس کو بتا دے کہ اگر اس نے اس سلسلے میں مخالفت کی تو وہ پیٹ کی خواہشات سے بالکل منع کر کے سزا دے گا تا کہ جس قدر اس نے خواہشات سے زیادہ حاصل کیا وہ جاتا رہے اسی طرح ہر عضو کے بارے میں نفس پر شرط رکھے ان تمام کا احاطہ بہت طویل ہے اور اعضاء کے گناہ اور اطاعت پوشیدہ نہیں ہے۔

پھر اسے ان فرائض کی نصیحت کرے جو دن رات میں بار بار آتے ہیں پھر نوافل کے بارے میں جن پر قادر ہو اور زیادہ سے زیادہ ادا کر سکے ان نوافل کی تفصیل، کیفیت اور اسباب کے ذریعے ان کی استعداد سے متعلق سب کچھ بتا دے۔

یہ وہ شرائط ہیں جن کی روزانہ ضرورت پڑتی ہے لیکن جب آدمی روزانہ یہ شرائط بیان کرنے کی عادت بنا لے اور نفس ان سب کو پورا کرنے میں اس کی بات مان لے تو اب شرائط بیان کرنے کی ضرورت نہیں رہے گی اور اگر بعض باتوں میں اطاعت کرے تو باقی امور میں شرط رکھنے کی ضرورت باقی رہے گی۔

لیکن ہر روز کوئی نیا کام سامنے آتا ہے اور کوئی نہ کوئی واقعہ درپیش ہوتا ہے اور اس سلسلے میں اس پر اللہ تعالیٰ کا حق ہے اور جو آدمی دنیا کی کوئی ذمہ داری اٹھاتا ہے مثلاً حکومت کرتا ہے یا تجارت یا تدریس میں مشغول ہوتا ہے ان کے ساتھ یہ معاملہ زیادہ ہوتا ہے کیونکہ کوئی دن ایسے جدید واقعہ سے خالی نہیں ہوتا جس میں اسے حق خداوندی کو پورا کرنے کی حاجت نہ ہو۔ لہٰذا اس پر لازم ہے کہ نفس کو استقامت اور اطاعت حق کی تاکید کرے اور اسے بیکار رہنے کے انجام سے بھی ڈرائے اور اسے اس طرح نصیحت کرے جس طرح ایک بھاگے ہوئے سرکش غلام کو نصیحت کی جاتی ہے کیونکہ فطری طور پر نفس عبادات سے بھاگتا ہے اور بندگی سے انحراف کرتا ہے لیکن وعظ و تادیب اس پر اثر کرتی ہے ارشاد خداوندی ہے۔

وَذَكِّرْ فَإِنَّ الذِّكْرَىٰ تَنفَعُ الْمُؤْمِنِينَ۔ (۱) — اور آپ یاد دلاتے رہیں کیونکہ یاد دلانا مومنوں کو فائدہ دیتا ہے۔

یہ تمام باتیں نفس کی نگہداشت کا پہلا مرحلہ ہے اور عمل سے پہلے محاسبہ یہی ہے محاسبہ کبھی عمل کے بعد ہوتا ہے اور کبھی عمل سے پہلے تا کہ ڈرایا جائے۔ ارشاد خداوندی ہے۔

وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي أَنفُسِكُمْ فَاحْذَرُوهُ۔ (۲) — اور جان لو اللہ تعالیٰ تمہارے دلوں کی باتیں بھی جانتا ہے پس اس سے ڈرو۔

---

(۱) قرآن مجید سورۃ الذاریات آیت ۵۵ (۲) قرآن مجید، سورۃ بقرہ آیت ۲۳۵

یہ محاسبہ مستقبل کے حوالے سے ہے۔
کثرت اور مقدار میں زیادتی اور نقصان کی معرفت کے لیے جو غور کیا جاتا ہے وہ محاسبہ ہے پس اگر بندہ اپنے دن بھر کے اعمال کو سامنے رکھے تاکہ اسے کمی بیشی کا پتہ چلے تو یہ بھی محاسبہ ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا ضَرَبْتُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَتَبَيَّنُوا۔ (۱)

اے ایمان والو! جب تم اللہ تعالیٰ کے راستے میں (جہاد کے لیے) چلو تو تحقیق کر لو۔

ارشاد خداوندی ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ جَاءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوا۔ (۲)

اے ایمان والو! اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لائے تو اس کی تصدیق کرو۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهِ نَفْسُهُ۔ (۳)

بے شک ہم نے انسان کو پیدا کیا اور ہم اس کے نفسانی وسوسوں کو جانتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ بطور تنبیہ اور ڈراتے ہوئے ذکر فرمایا تاکہ وہ مستقبل میں پرہیز کرے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ مجھے نصیحت فرمائیں تو آپ نے ارشاد فرمایا۔

إِذَا أَرَدْتَ أَمْرًا فَتَدَبَّرْ عَاقِبَتَهُ فَإِنْ كَانَ رُشْدًا فَامْضِهِ وَإِنْ كَانَ غَيًّا فَانْتَهِ عَنْهُ۔ (۴)

جب تم کسی کام کا ارادہ کرو تو اس کے انجام کے بارے میں سوچو اگر وہ اچھا ہے تو اسے کرو اور اس کا نتیجہ غلط (گمراہی) ہے۔ تو اس سے بچو۔

کسی دانا کا قول ہے کہ اگر عقل کو خواہش پر غالب رکھنا چاہتے ہو تو خواہشات کی پیروی اس وقت تک نہ کرو جب تک اس کا انجام نہ دیکھ لو کیوں کہ دل میں ندامت کا ٹھہرنا، خواہش کے پورا نہ ہونے سے زیادہ برا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۹۴
(۲) قرآن مجید، سورۂ حجرات آیت ۶
(۳) قرآن مجید، سورۂ قٓ آیت ۱۶
(۴) کنز العمال جلد ۳ ص ۱۰۱ حدیث ۵۶۷۶

حضرت لقمان حکیم نے فرمایا جب مومن اپنے انجام پر نظر رکھتا ہے تو وہ ندامت سے محفوظ رہتا ہے۔
حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے ارشاد فرمایا۔

اَلْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهُ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْاَحْمَقُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَهُ هَوَاهَا وَتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ۔ (۱)

سمجھ دار آدمی وہ ہے جو اپنے نفس کا محاسبہ کرتا ہے اور موت کے بعد کے لیے عمل کرتا ہے جب کہ بیوقوف اپنے نفس کی خواہشات کی پیروی کرتا اور اللہ تعالیٰ پر تمنا کرتا ہے۔

لفظ "دَانَ" کا معنیٰ محاسبہ کرنا حساب کرنا ہے اور "یوم الدین" حساب کے دن کو کہا جاتا ہے۔
ارشاد خداوندی ہے۔

اَئِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ۔ (۲)

تو کیا ہمیں جزا، سزا دی جائے گی۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا اپنے نفس کا محاسبہ کرو اس سے پہلے کہ تمہارا حساب لیا جائے اور وزن کئے جانے سے پہلے اپنے اعمال کا خود وزن کرو اور بہت بڑی پیشی کے لیے تیار ہو جاؤ۔
اور آپ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ شدت کے حساب سے پہلے راحت کے وقت میں اپنے نفس کا احتساب کرو۔
اور آپ نے حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ اللہ کی کتاب میں آپ محاسبے کے بارے میں کیا پاتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ زمین کے حساب کرنے والے کو آسمان کے حساب کرنے والے کی طرف سے ہلاکت ہے آپ نے اپنا درہ اٹھایا اور فرمایا ہاں مگر وہ جو اپنا احتساب خود کرے (وہ محفوظ رہے گا) حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، اے امیرالمومنین اسی کے ساتھ تورات میں یہ بات (استثناء) بھی مذکور ہے اور درمیان میں کوئی دوسرا کلمہ نہیں کہ مگر وہ اپنا احتساب کرے ان سب باتوں میں اس طرف اشارہ ہے کہ مستقبل کے لیے بھی محاسبہ ہوتا ہے۔
اسی لیے فرمایا کہ جو شخص اپنے نفس کا احتساب کرتا ہے وہ موت کے بعد کے لیے عمل کرتا ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ اعمال کے سلسلے میں پہلے وزن کر کے خوب سوچے اور غور و فکر کے بعد ان پر ان پر عمل پیرا ہو۔

نگہداشت کا دوسرا مقام ــــ مراقبہ

جب آدمی اپنے نفس کو وصیت کرلے اور مذکورہ بالا شرائط کا اسے پابند بنالے تو اب اعمال شروع کرتے

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۲۴ مرویات شداد بن اوس
(۲) قرآن مجید، سورۃ صافات آیت ۵۳

وقت نفس کی خوب حفاظت کرے اور حفاظت کی نگاہ سے دیکھے کیوں کر اگر اسے کھلی چھٹی دے تو وہ خراب اور سرکش ہو جائے گا اب ہم مراقبہ کی فضیلت اور اس کے بعد اس کے درجات ذکر کرتے ہیں۔

مراقبہ کی فضیلت:

حضرت جبریل علیہ السلام نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے احسان کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے فرمایا۔

اَنْ تَعْبُدَ اللّٰہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ۔ (۱)

اللہ تعالیٰ کی عبادت اس طرح کرو کہ گویا تم اسے دیکھ رہے ہو۔

آپ نے ارشاد فرمایا۔

اُعْبُدِ اللّٰہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ فَاِنْ لَّمْ تَکُنْ تَرَاہُ فَاِنَّہٗ یَرَاکَ۔ (۲)

اللہ تعالیٰ کی عبادت اس طرح کرو کہ گویا تم اسے دیکھ رہے اور اگر تم اسے نہیں دیکھتے تو وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

اَفَمَنْ ھُوَ قَآئِمٌ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ (۳)

تو کیا وہ ہر نفس کے اعمال کی نگہداشت رکھتا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی۔ (۴)

کیا وہ نہیں جانتا کہ اللہ تعالیٰ اسے دیکھ رہا ہے۔

اور ارشاد فرمایا۔

اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا۔ (۵)

بے شک اللہ تعالیٰ تم پر نگہبان ہے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَالَّذِیْنَ ھُمْ لِاَمٰنٰتِھِمْ رٰعُوْنَ وَالَّذِیْنَ ھُمْ بِشَھٰدٰتِھِمْ قَآئِمُوْنَ (۶)

اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں کا خیال رکھتے ہیں اور وہ جو اپنی گواہیوں پر قائم ہیں۔

حضرت ابن مبارک رحمہ اللہ نے ایک شخص سے فرمایا اللہ تعالیٰ کو دیکھتے رہا کرو اس نے عرض کیا اس کی وضاحت فرمائیے

---

(۱) صحیح بخاری جلد اول ص ۱۲ کتاب الایمان
(۲) ایضاً
(۳) قرآن مجید، سورۂ رعد آیت ۳۳
(۴) قرآن مجید، سورۂ علق آیت ۱۴
(۵) قرآن مجید، سورۂ النساء آیت ۱
(۶) قرآن مجید، سورۂ المعارج آیت ۳۲، ۳۳

تو آپ نے فرمایا ہمیشہ اس طرح رہو کہ گویا تم اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہے ہو۔
حضرت عبدالواحد بن زید رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب میرا سردار میرا نگہبان ہے تو مجھے کسی اور کی پرواہ نہیں۔
حضرت ابوعثمان مغربی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس راستے میں انسان جو چیزیں اپنے اوپر لازم کرتا ہے ان میں سے افضل محاسبہ اور مراقبہ ہے نیز اپنے عمل کی سیاست کو علم کے مطابق کرنا ہے۔
حضرت ابن عطار رحمہ اللہ فرماتے ہیں سب سے بہترین عبادت ہمہ وقت مراقبۂ حق کو اختیار کرنا ہے۔
حضرت جریری رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہمارا معاملہ دو ضابطوں پر مبنی ہے ایک اللہ تعالیٰ کے لیے اپنے نفس کا مراقبہ اور دوسرا علم کو اپنے ظاہر پہ قائم کرنا۔
حضرت ابوعثمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوحفص رحمہ اللہ نے مجھ سے فرمایا جب تم لوگوں میں بیٹھو تو اپنے نفس اور دل کو وعظ کرنے والے بنو اور ان کا تمہارے پاس جمع ہونا تمہیں دھوکے میں نہ ڈالے کہ وہ تمہارے ظاہر کو اور اللہ تعالیٰ تمہارے باطن کو دیکھتا ہے۔
منقول ہے کہ اس گروہ کے مشائخ میں سے ایک بزرگ کا ایک نوجوان شاگرد تھا وہ بزرگ اس کی تعظیم کرتے اور اسے مقدم کرتے تھے ان کے کسی مرید نے پوچھا کہ آپ اس کی عزت کیسے کرتے ہیں جب کہ یہ نوجوان ہے اور ہم عمر رسیدہ ہیں؟ اس بزرگ نے کچھ پرندے منگوائے اور ان سب کو ایک ایک پرندہ اور ایک ایک چھری دے دی اور فرمایا کہ تم میں سے ہر ایک اس پرندے کو وہاں ذبح کرے جہاں کوئی دیکھتا نہ ہو اس نوجوان کو بھی اسی طرح پرندہ دیا اور اس سے بھی وہی بات فرمائی۔
اب ان میں سے ہر ایک ذبح کیا ہوا پرندہ لے کر واپس آیا لیکن وہ نوجوان زندہ پرندہ ہاتھ میں پکڑے ہوئے واپس آیا، بزرگ نے پوچھا کہ دوسروں کی طرح تم نے اسے کیوں ذبح نہ کیا؟ اس نے کہا مجھے کوئی ایسی جگہ نہیں ملی جہاں کوئی دیکھتا نہ ہو کیوں کہ اللہ تعالیٰ تو مجھے ہر جگہ دیکھتا ہے۔
تو ان سب نے اس کے مراقبے کو پسند کیا اور کہا کہ تو واقعی عزت واحترام کے لائق ہے۔
منقول ہے کہ حضرت زلیخا رضی اللہ عنہا جب حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ خلوت میں گئیں تو انہوں نے اپنے بت کا چہرہ ڈھانپ لیا حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا تمہیں کیا ہوا تم ایک پتھر کے دیکھنے سے حیا کرتی ہو (حالاں کہ وہ دیکھ نہیں سکتا) لیکن میں جبار بادشاہ کے دیکھنے سے حیا نہ کروں۔
ایک نوجوان کے بارے میں نقل کیا گیا ہے کہ اس نے ایک لونڈی کو اپنے قریب کرنا چاہا تو اس نے کہا تمہیں حیا نہیں آتا؟ اس نے پوچھا کس سے حیا کروں، ہمیں تو صرف ستارے دیکھ رہے ہیں لونڈی نے کہا پھر ستاروں والا کہاں گیا (یعنی ستاروں کو پیدا کرنے والا تو دیکھتا ہے)

ایک شخص نے حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ سے پوچھا کہ میں نگاہیں پست کرنے پر کسی چیز سے مدد حاصل کروں؟
انہوں نے فرمایا یہ عقیدہ رکھو کہ تمہیں دیکھنے والے کی نظر تم تک اس سے پہلے پہنچتی ہے کہ تمہاری نظر کسی دوسرے تک پہنچے حضرت جنید رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس شخص کا مراقبہ پکا ہوتا ہے جو اپنے رب سے حاصل ہونے والے حصے کے فوت ہو جانے کا خوف رکھتا ہے۔

حضرت مالک بن دینار رحمہ اللہ سے مروی ہے فرماتے ہیں جنت عدن جنت الفردوس میں سے ہے اور وہاں ایسی حوریں ہیں جو جنت کے گلاب سے پیدا کی گئی ہیں پوچھا گیا وہاں کون رہے گا؛ فرمایا اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ جنت عدن میں وہ لوگ ہوں گے جو گناہوں کا ارادہ کریں تو میری عظمت کو یاد کر کے میرا لحاظ کرتے ہیں اور وہ لوگ جن کی کمر میرے خوف کی وجہ سے جھک گئی مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم ہے میں زمین والوں کو عذاب دینے کا ارادہ کرتا ہوں پھر جب ان لوگوں کو دیکھتا ہوں جو میری رضا کی خاطر بھوکے پیاسے رہتے ہیں تو لوگوں سے عذاب کو پھیر دیتا ہوں۔
حضرت محاسبی رحمہ اللہ سے مراقبہ کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا اس کا آغاز یوں ہوتا ہے کہ دل کو اللہ تعالیٰ کے قرب کا علم ہو۔

حضرت مرتعش رحمہ اللہ فرماتے ہیں مراقبہ یہ ہے کہ ہر لحظہ اور ہر کلمے پر غیب کو ملاحظہ کرتے ہوئے باطن کا خیال رکھے۔
ایک روایت میں ہے اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے فرمایا تم ظاہر پر مقرر ہو اور میں باطن کو دیکھتا اور اس کی نگرانی کرتا ہوں۔

حضرت محمد بن علی ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اپنا مراقبہ اس ذات کے لیے کر جس کی نظر سے تو غائب نہیں اور اس کا شکر ادا کر جس کی نعمتیں تجھ سے منقطع نہ ہوں اس کی عبادت کر جس سے تو بے نیاز نہیں ہو سکتا اپنا خشوع و خضوع اس کے لیے اختیار کر جس کی بادشاہی اور ملک سے تو باہر نہیں نکل سکتا۔
حضرت سہل رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس سے بڑھ کر کسی چیز سے دل مزین نہیں ہوتا کہ بندہ اس بات کا یقین رکھے کہ وہ جہاں بھی ہو اللہ تعالیٰ اسے دیکھتا ہے۔
کسی بزرگ سے اس آیت کریمہ کی تفسیر پوچھی گئی ارشاد خداوندی ہے۔

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ۔ (۱)
اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوا اور وہ اس سے راضی ہوئے یہ اس کے لیے ہے جو اپنے رب سے ڈرتا ہے۔

انہوں نے فرمایا اس سے وہ لوگ مراد ہیں جو اپنے رب کو دیکھتے ہیں اپنے نفس کا احتساب کرتے ہیں اور اپنی آخرت کے لیے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ بینہ آیت ۸

سامان اختیار کرتے ہیں۔

حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ بندے کو جنت کیسے حاصل ہوتی ہے؟ انہوں نے فرمایا پانچ باتوں سے جنت حاصل ہوتی ہے۔

(۱) ایسی استقامت جس میں ٹیڑھا پن نہ ہو (۲) ایسا اجتہاد جس میں بھول نہ ہو (۳) ظاہر و باطن میں اللہ تعالیٰ کو سامنے دیکھنا (مراقبہ) (۴) تیاری کے ساتھ موت کا انتظار (۵) اور نفس کا احتساب کرنا اس سے پہلے کہ اس کا محاسبہ ہو۔ کہا گیا ہے۔

إِذَا مَا خَلَوْتَ يَوْمًا فَلَا تَقُلْ
خَلَوْتُ وَلٰكِنْ قُلْ عَلَيَّ رَقِيبُ
وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ يَغْفُلُ سَاعَةً
وَلَا أَنَّ مَا تُخْفِيهِ عَنْهُ يَغِيبُ
أَلَمْ تَرَ أَنَّ الْيَوْمَ أَسْرَعُ ذَاهِبٌ
وَأَنَّ غَدًا لِلنَّاظِرِينَ قَرِيبُ

اور جب کسی دن تو تنہا ہو تو یہ نہ کہہ کہ میں تنہا ہوں بلکہ یوں کہہ کہ وہ (اللہ تعالیٰ) مجھے دیکھ رہا ہے اور اللہ تعالیٰ کو ایک گھڑی بھی غافل نہ سمجھ اور نہ یہ کہ جو کچھ تو اس سے چھپاتا ہے وہ اس سے غائب ہے کیا تم نہیں دیکھتے کہ آج کا دن کتنی جلدی سے گزر رہا ہے اور کل کا دن دیکھنے والوں کے لیے قریب ہے۔

حضرت حمید الطویل نے حضرت سلیمان بن علی رحمہما اللہ سے کہا کہ مجھے کوئی نصیحت کیجئے انہوں نے فرمایا اگر تم تنہائی میں گناہ کرتے ہوئے یہ سمجھو کہ اللہ تعالیٰ تمہیں دیکھ رہا ہے تو تم نے بہت بڑی بات پر جرأت کی اور اگر تمہارا یہ خیال ہو کہ وہ تمہیں دیکھ نہیں رہا تو تم نے اس کا انکار (کفر) کیا۔

حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں تمہیں اس ذات کو نگاہ میں رکھنا چاہیئے کہ کوئی چھپنے والی چیز اس سے چھپ نہیں سکتی۔ اور اس ذات سے امید رکھو جو وفا کی مالک ہے اور اس سے ڈرو جو سزا دینے کا مالک ہے۔

حضرت فرقد سنجی رحمہ اللہ نے فرمایا منافق دیکھتا ہے کہ کوئی اسے دیکھ تو نہیں رہا اگر اس کا خیال ہو کہ اسے کوئی نہیں دیکھتا تو وہ برائی کی راہ اختیار کرتا ہے اور لوگوں کا خیال رکھتا ہے اللہ تعالیٰ کا لحاظ نہیں کرتا۔

حضرت عبداللہ بن دینار رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ہمراہ مکہ مکرمہ کی طرف گیا ہم راستے میں ایک جگہ اترے تو پہاڑ سے ایک چرواہا آپ کے پاس آیا آپ نے فرمایا اے چرواہے! اس ریوڑ میں سے ایک بکری مجھ پر بیچ دو اس نے کہا میں کسی کا غلام ہوں، آپ نے فرمایا اپنے مالک سے کہہ دینا کہ اسے بھیڑیئے نے کھا لیا ہے۔ اس نے عرض کیا تو اللہ تعالیٰ کہاں ہے (وہ تو دیکھتا ہے) فرماتے ہیں (یہ سن کر) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ رو پڑے پھر دوسرے دن اس غلام کو مالک سے خرید کر آزاد کر دیا اور فرمایا دنیا میں تجھے اس کلمے نے آزاد کر دیا اور مجھے امید ہے کہ یہ تیری آخرت کی آزادی کا باعث بھی ہوگا۔

فصل ۱۲ :

مراقبہ کی حقیقت اور اس کے درجات

مراقبہ کی حقیقت یہ ہے کہ نگرانی کرنے والے کا لحاظ کیا جائے اور اپنی پوری توجہ کو اس کی طرف پھیرا جائے جو شخص کسی دوسرے کی وجہ سے کسی بات سے پرہیز کرتا ہے تو کہا جاتا ہے کہ وہ فلاں کا خیال اور لحاظ کرتا ہے اور اس مراقبہ سے مراد دل کی حالت ہے جو معرفت سے حاصل ہوتی ہے اور اس حالت کے نتیجے میں اعضاء اور دل میں کچھ اعمال پیدا ہوتے ہیں پس حالت تو یہ ہے کہ دل رقیب (نگران) کا خیال کرتا ہے اس کے ساتھ مشغول ہو اس کی طرف متوجہ ہو اس کو دیکھتا رہے اور اسی کی طرف رجوع کرے۔

اور اس حالت سے جو معرفت حاصل ہوتی ہے وہ اس بات کا علم حاصل ہونا ہے کہ اللہ تعالیٰ دل کی باتوں پر مطلع ہے اور پوشیدہ باتوں کو جانتا ہے بندوں کے اعمال اس کے سامنے ہیں ہر نفس جو کچھ کرتا ہے وہ اس سے واقف ہے اس کے حق میں دل کا راز کھلا ہے جس طرح مخلوق کے لیے جسم کا ظاہر کھلا ہوتا ہے بلکہ وہ اس سے بھی زیادہ کھلا ہے اور جب شک زائل ہو جائے اور یہ معرفت یقین میں بدل جائے اور دل پر غالب ہو کر اسے دبا دے تو اسے رقیب کا خیال رکھنے کی طرف لے جاتی ہے اور اس کی ہمت اور توجہ کو اسی طرف پھیر دیتی ہے لیکن بہت سے علم بلاشبہ دل پر غالب نہیں آتے۔

جو لوگ اس معرفت کا نام یقین رکھتے ہیں وہ مقربین ہیں اور ان کی دو قسمیں ہیں ایک صدیقین ہیں اور دوسرے اصحاب یمین، لہٰذا ان کے مراقبہ کے بھی دو درجے ہیں۔

پہلا درجہ :

یہ صدیقین مقربین کا مراقبہ ہے اور یہ تعظیم اور بڑائی کا مراقبہ ہے یعنی دل اس بڑائی کو دیکھنے میں اچھی طرح مصروف ہو اور ہیبت کے نیچے دبا ہوا ہو، اور اس میں کسی دوسری طرف توجہ کی کوئی گنجائش نہ ہو۔ ہم اس مراقبے کے اعمال کی تفصیل میں نہیں جاتے کیوں کہ یہ دل کے ساتھ خاص ہے جہاں تک اعضاء کا تعلق ہے تو وہ مباح چیزوں کی طرف بھی توجہ نہیں کرتے چہ جائیکہ ممنوعات کی طرف توجہ کریں اور جب فرمانبرداری اور عبادات کی طرف متوجہ ہوتے ہیں تو گویا اسی مقصد کے لیے استعمال ہو رہے ہیں۔

تو یہاں ان اعضاء کو درست راستوں پر رکھنے کے لیے کسی تدبیر وغیرہ کی ضرورت نہیں ہے بلکہ نگران راہ راست پر ہو تو رعایا خود بخود درست راہ پر رہتی ہے اور دل حاکم و نگران ہے تو جب وہ اپنے معبود کی طرف متوجہ ہو گیا تو تمام اعضا کسی تکلف کے بغیر درستگی اور استقامت کی راہ اختیار کرتے ہیں۔

یہی وہ شخص ہے جس کا صرف ایک فکر ہے اور اللہ تعالیٰ نے اُسے باقی تمام فکروں سے بچالیا اور جو آدمی اس درجے پر پہنچ جائے وہ مخلوق سے غافل ہوجاتا ہے حتیٰ کہ اسے پاس بیٹھے ہوئے آدمی کا بھی پتہ نہیں چلتا حالانکہ اس کی آنکھیں کھلی ہوتی ہیں اور جو کچھ کہا جارہا ہے اسے نہیں سنتا حالانکہ وہ بہرہ نہیں ہوتا کبھی اس کا بیٹا اس کے پاس سے گزرتا ہے لیکن اسے پتہ نہیں چلتا حتیٰ کہ بعض بزرگوں کے ساتھ یہ معاملہ ہوا اور کسی نے ان کو عتاب کیا تو انہوں نے اس سے فرمایا جب تم میرے پاس سے گزرو تو مجھے حرکت دے دینا۔

اور یہ بات بعید نہیں ہے کیوں کہ تم دنیا کے بڑے بڑے بادشاہوں کے دلوں میں اس کی مثال پاؤ گے حتیٰ کہ ان کے خادم ان کے درباروں میں ان کی طرف اس قدر متوجہ ہوتے ہیں کہ ان کو اپنی خبر تک نہیں ہوتی۔

بلکہ بعض اوقات دنیا کے ادنیٰ کام میں مشغولیت کی وجہ سے تمام توجہ اس طرف مبذول ہوجاتی ہے اور آدمی اس میں ڈوب جاتا ہے اور چلتا رہتا ہے یہاں تک کہ مقصود مقام سے تجاوز کرجاتا ہے اور جس کام کے لیے اٹھا تھا اسے بھول جاتا ہے۔

حضرت عبدالواحد بن زید رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ کیا آپ اس زمانے میں کسی ایسے آدمی کو پاتے ہیں جو اپنی حالت میں مشغول ہوکر مخلوق سے بے خبر ہوا انہوں نے فرمایا میں صرف ایک آدمی کو جانتا ہوں جو عنقریب آئے گا زیادہ دیر نہ گزری کہ عتبہ غلام داخل ہوا حضرت عبدالواحد بن زید نے اس سے پوچھا اے عتبہ! کہاں سے آرہے ہو اس نے کہا فلاں جگہ سے، اور اس کا راستہ بازار کی طرف سے تھا پوچھا راستے میں کس سے ملاقات ہوئی؟ اس نے کہا میں نے کسی کو نہیں دیکھا۔

حضرت یحییٰ بن زکریا علیہما السلام کے بارے میں مروی ہے کہ آپ ایک عورت کے پاس سے گزرے اسے دھکا لگا اور وہ منہ کے بل گر گئی آپ سے پوچھا گیا کہ آپ نے ایسا کیوں کیا؟ انہوں نے فرمایا میں نے سمجھا یہ دیوار ہے۔

اور ایک بزرگ کے بارے میں منقول ہے وہ فرماتے ہیں میں ایک جماعت کے پاس سے گزرا وہ تیر اندازی کررہے تھے اور ایک شخص ان سے دور بیٹھا ہوا تھا میں اس کے پاس گیا اور اس سے گفتگو کرنا چاہی تو اس نے کہا اللہ تعالیٰ کے ذکر میں زیادہ لذت ہے میں نے پوچھا تم تنہا ہو اس نے کہا میرے ساتھ میرا رب اور دو فرشتے ہیں میں نے پوچھا ان لوگوں میں سے سبقت لے جانے والا کون ہے؟ فرمایا جس کو اللہ تعالیٰ بخش دے میں نے پوچھا راستہ کہاں ہے انہوں نے آسمان کی طرف اشارہ کیا پھر وہ اٹھ کر چلے گئے اور فرمایا (اے اللہ!) تیری مخلوق تجھ سے زیادہ غافل ہے تو یہ ایسے شخص کی گفتگو ہے جو اللہ تعالیٰ کے مشاہدے میں مستغرق ہو اسی سے کلام کرے اور اسی سے سنے اسے اپنی زبان اور اعضا کی حفاظت کی ضرورت نہیں رہتی کیوں کہ یہ لوگ اسی چیز کے ساتھ حرکت کرتے ہیں جو ان میں پائی جاتی ہے۔

حضرت شبلی رحمہ اللہ حضرت ابوالحسین نوری رحمہ اللہ کے پاس تشریف لے گئے تو ان کو حالت اعتکاف میں نہایت دل جمعی اور خاموشی سے بیٹھا ہوا دیکھا کہ ان کے جسم میں کسی قسم کی حرکت نہیں ہے انہوں نے پوچھا کہ آپ نے یہ مراقبہ اور

سکون کہاں سے سیکھا فرمایا ہمارے پاس ایک بلی تھی اس سے سیکھا ہے وہ جب شکار کا ارادہ کرتی تو بلوں کے پاس گھات لگا کر بیٹھتی اور اس کا ایک بال بھی حرکت نہ کرتا۔

حضرت ابو عبداللہ بن خفیف رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں مصر سے رملہ جانے کے لیے نکلا تاکہ وہاں ابو علی روذباری رحمہ اللہ سے ملاقات کروں تو عیسیٰ بن یونس مصری نے جو معروف زاہد تھے مجھے فرمایا کہ مقام صور میں ایک نوجوان اور ایک بوڑھا شخص مراقبہ کی حالت میں ہیں اگر آپ ان کو ایک نظر دیکھ لیں تو شاید ان سے آپ کو نفع حاصل ہو۔ فرماتے ہیں میں مقام صور میں داخل ہوا اور میں بھوکا اور پیاسا تھا۔ میری کمر میں ایک کپڑا بندھا ہوا تھا لیکن میرے کاندھوں پر کچھ بھی نہ تھا۔ میں مسجد میں داخل ہوا تو وہاں دو آدمیوں کو دیکھا جو قبلہ رُخ بیٹھے ہوئے تھے میں نے انہیں سلام کیا تو انہوں نے مجھے کوئی جواب نہ دیا میں نے ان کو دوسری اور تیسری بار سلام کیا لیکن مجھے جواب سنائی نہ دیا میں نے کہا میں تم دونوں کو اللہ تعالیٰ کی قسم دیتا ہوں کہ میرے سلام کا جواب دیں تو جوان نے مراقبہ سے سر اٹھایا اور میری طرف دیکھ کر کہا اے ابن خفیف دنیا بہت تھوڑی ہے اور اس تھوڑی میں سے بھی تھوڑی رہ گئی ہے۔

اے ابن خفیف! تجھے کتنی تھوڑی مشغولیت ہے کہ تو ہماری ملاقات کے لیے فارغ ہوا فرماتے ہیں اس نے مجھ پر مکمل طور پر اثر کیا پھر وہیں سر جھکا لیا میں ان دونوں کے پاس ٹھہرا رہا حتیٰ کہ ہم نے ظہر اور عصر کی نماز پڑھی اور میری بھوک پیاس سب کچھ چلا گیا۔

جب عصر کا وقت ہوا تو میں نے کہا مجھے کچھ نصیحت کریں تو انہوں نے سر اٹھا کر فرمایا اے ابن خفیف! ہم مصیبت کے مارے ہوئے لوگ ہیں ہمارے پاس نصیحت کے لیے زبان نہیں ہے فرماتے ہیں میں تین دن تک ان کے پاس رہا اور اس دوران میں نے نہ کچھ کھایا نہ پیا اور نہ ہی میں سویا اور میں نے ان کو بھی کوئی چیز کھاتے پیتے نہیں دیکھا تیسرا دن ہوا تو میں نے دل میں کہا میں ان کو قسم دیتا ہوں کہ مجھے کوئی نصیحت کریں شاید ان کی نصیحت سے مجھے کوئی نفع حاصل ہو۔ نوجوان نے سر اٹھایا اور فرمایا اے ابن خفیف! ان لوگوں کی مجلس اختیار کرو جن کو دیکھنے سے تمہیں خدا یاد آجائے اور ان کی ہیبت تمہارے دل پر چھا جائے وہ تجھے عمل کی زبان سے نصیحت کریں قول کی زبان سے نہیں۔ ہمارے پاس سے چلے جاؤ ——— تو یہ ان مراقبہ کرنے والوں کا درجہ ہے جن کے دلوں پر بزرگی اور تعظیم کا غلبہ ہوتا ہے اور ان میں کسی غیر کی گنجائش نہیں ہوتی۔

تیسرا درجہ:

یہ ان لوگوں کا مراقبہ ہے جو اصحاب یمین متقی ہیں اور یہ وہ لوگ ہیں جن کو اس بات کا یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے ظاہر و باطن پر مطلع ہے لیکن ملاحظۂ جلال سے وہ مدہوش نہیں ہوتے بلکہ ان کے دل حد اعتدال پر رہتے ہیں اور احوال و اعمال کی طرف توجہ کی گنجائش بھی نہیں رہتی۔

لیکن وہ اعمال کے ساتھ مکمل تعلق کے باوجود مراقبہ سے غافل نہیں رہتے لیکن ان پر اللہ تعالیٰ سے حیا کا غلبہ ہوتا ہے

اس لئے وہ کسی بھی کام کو کرنے سے پہلے ثابت قدمی اختیار کرتے ہیں اور ہر ایسے کام سے اجتناب کرتے ہیں جس کے باعث قیامت کے دن ذلت ورسوائی ہو۔

وہ دنیا میں ہی یوں سمجھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان پر مطلع ہے لہٰذا وہ اس کے انتظار کے محتاج نہیں ہوتے۔

ان دونوں درجوں میں اختلاف مشاہدے کے ذریعے معلوم ہوتا ہے جب تم علیحدگی میں کوئی عمل کر رہے ہو اور کوئی بچہ یا عورت آجائے اور تمہیں معلوم ہو جائے کہ وہ اس سے آگاہ ہو چکا ہے تو تمہیں اس سے حیا آتا ہے اور اس کے ساتھ اچھی طرح بیٹھ جاتے ہو اور اپنے حالات کا خیال رکھتے ہو لیکن اس کا سبب بزرگی اور تعظیم نہیں ہے بلکہ حیا کی وجہ سے ایسا کرتے ہو۔ اس لیے کہ اس کا مشاہدہ اگرچہ تمہیں مدہوش نہیں کرتا اور نہ ہی تم مکمل طور پر اس کی طرف متوجہ ہوتے ہو لیکن اس کی وجہ سے تمہارے حیا کو حرکت ہوتی ہے۔

اور بعض اوقات تمہارے پاس کوئی بادشاہ یا کوئی بزرگ شخصیت آتی ہے تو تم اس کی تعظیم کی طرف مکمل طور پہ متوجہ ہو جاتے ہو حتی کہ اپنی تمام مصروفیت چھوڑ دیتے ہو اور یہ چھوڑنا حیا کی وجہ سے نہیں ہوتا۔

تو اسی طرح اللہ تعالیٰ کے مراقبہ کے سلسلے میں بندوں کے درجات بھی مختلف ہیں لہٰذا جو شخص اس درجے میں ہو وہ اپنی تمام حرکات وسکنات اور خطرات ولحظات کی نگرانی کرے بلکہ تمام اختیارات کی حفاظت کرے اور ان امور میں دو نظریں ہوتی ہیں ایک نظر عمل سے پہلے اور دوسری نظر عمل کے دوران۔

عمل سے پہلے نظر یہ ہے کہ وہ دیکھے کہ جو کچھ اس کے سامنے ظاہر ہوا یا دل میں عمل کے لیے حرکت پیدا ہوئی ہے کیا وہ اللہ تعالیٰ کے لیے خالص ہے یا وہ نفسانی خواہش اور شیطان کی پیروی میں ہے تو اس سلسلے میں اچھی طرح غور کرے حتی کہ نورِ حق کے ذریعے یہ بات واضح ہو جائے۔

اگر وہ کام اللہ تعالیٰ کے لیے ہو تو اسے کرے اور اگر غیرِ خدا کے لیے ہو تو اللہ تعالیٰ سے حیا کرتے ہوئے اس کام سے رک جائے۔

پھر اپنے نفس کو ملامت کرے کہ اس نے اس میں رغبت کی اس کا قصد کیا اور اس کی طرف جھکا اور اسے اس کے فعل کی برائی سمجھا دے اور بتائے کہ اس (نفس) نے اپنی رسوائی کے لیے یہ کوشش کی ہے اور اگر اللہ تعالیٰ اسے محفوظ نہ رکھتا تو وہ خود اپنے آپ سے دشمنی کرنے والا ہوتا۔

حقیقت حال کی وضاحت تک یہ توقف ضروری ہے اور اس سے کسی کے لیے بھی فرار کی گنجائش نہیں کیونکہ حدیث شریف میں ہے کہ بندے کے لیے اس کی ہر حرکت کے تین دفتر (رجسٹر) کھولے جائیں گے اگرچہ وہ حرکت چھوٹی ہی ہو ایک دفتر یہ کہ کیوں کیا؟ دوسرا یہ کہ کس طرح کیا؟ اور تیسرا یہ کہ کس کے لیے کیا؟

مطلب یہ ہے کہ تو نے یہ کام کیوں کیا؟ کیا تجھ پر اپنے آقا کے لیے اس کا کرنا لازم تھا یا اپنی خواہشات کے تحت اس کی

طرف مائل ہوا۔ اگر اس سے بچ گیا کہ اپنے آقا کے لیے (اللہ تعالیٰ کے لیے) اسے کرنا مطلوب تھا تو دوسرا سوال ہوگا کہ کیسے کیا؟ کیوں کہ ہر عمل میں اللہ تعالیٰ کے لیے شرط اور حکم ہے اس کی مقدار، وقت اور صفت سے آگاہی علم کے بغیر نہیں ہوتی تو اس سے پوچھا جائے گا کہ تو نے یہ عمل کس طریقے سے کیا؟ یقینی علم کے ساتھ یا جہالت کے ساتھ یا گمان اور اندازے کے ساتھ؟ اگر اس سوال سے بھی محفوظ رہا تو تیسرا دفتر کھلے گا اور اخلاص کے بارے میں سوال ہوگا اور اس سے پوچھا جائے گا کس کے لیے عمل کیا؟ خالص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے اور لاالٰہ الا اللہ پر عمل کرنے کے لیے؟ اگر یہ صورت ہے تو تیرا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمۂ کرم پر واجب ہو گیا اور اگر اپنے جیسی مخلوق کو دکھانے کے لیے یہ عمل کیا ہے تو ثواب بھی اسی سے طلب کر اگر دنیا کا مال حاصل کرنے کے لیے کیا ہے تو ہم تمہارا دنیوی حصہ تمہیں دے چکے ہیں اور اگر غفلت اور بھول کے طور پر کیا ہے تو تیرا اجر بھی گیا عمل بھی ضائع ہو گیا اور کوشش بھی برباد ہو گئی اور اگر میرے غیر کے لیے یہ کام کیا تو میرا عذاب اور ناراضگی لازم ہو گئی کیوں کہ تو میرا بندہ تھا میرا رزق کھاتا اور میری نعمتوں سے نفع حاصل کرتا تھا پھر تو نے دوسروں کے لیے عمل کیا کیا تو نے میرا یہ قول نہیں سنا۔

إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ۔ (۱)	بے شک تم اللہ تعالیٰ کے سوا جن کو پوجتے ہو وہ تمہاری طرح بندے ہیں۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ لَا يَمْلِكُونَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوا عِنْدَ اللَّهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوهُ۔ (۲)	بے شک اللہ تعالیٰ کے سوا جن کو تم پوجتے ہو وہ تمہارے لیے رزق کے مالک نہیں ہیں پس اللہ تعالیٰ کے پاس رزق تلاش کرو اور اسی کی عبادت کرو۔

تجھے کیا ہوا تو نے میری یہ بات نہیں سنی۔

أَلَا لِلَّهِ الدِّينُ الْخَالِصُ۔ (۳)	سنو! صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔

پس جب بندے کو معلوم ہو جائے کہ اس سے یہ سوالات ہوں گے اور جھڑکیوں کا سامنا کرنا پڑے گا تو وہ اپنے نفس سے مطالبہ کرتا ہے اس سے پہلے کہ اس سے پوچھا جائے اور سوال کے لیے جواب تیار رکھتا ہے۔ لیکن جواب درست ہونا چاہیے اور کوئی کام شروع سے کرے یا دوبارہ کرے اس کے لیے پہلے سے غور و فکر ہونا چاہیے بلکہ پلک اور

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ اعراف آیت ۱۹۴

(۲) قرآن مجید، سورۂ عنکبوت آیت ۱۷

(۳) قرآن مجید، سورۂ زمر آیت ۳

انگلی کو سوچ وبچار کے بعد حرکت دے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔

اِنَّ الرَّجُلَ لَيُسْئَلُ عَنْ كُحْلِ عَيْنَيْهِ وَ عَنْ فَتِّ الطِّيْنِ بِاِصْبَعِهٖ وَعَنْ لَمْسِهٖ ثَوْبَ اَخِيْهِ۔ (۱)

بے شک آدمی سے اس کی آنکھوں کے سرمے انگلیوں سے گارا توڑنے اور اپنے بھائی کے کپڑوں کو چھونے کے بارے میں بھی سوال ہوگا۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

اسلاف میں سے کوئی شخص اگر صدقہ کرنا چاہتا تو وہ غور وفکر کرتا اور سوچتا اگر وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہوتا تو صدقہ کر دیتا۔

حضرت حسن رحمہ اللہ ہی فرماتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ اس بندے پر رحم فرمائے جو کسی چیز کا ارادہ کرتے وقت رک جاتا ہے اگر وہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہو تو کر گزرتا ہے اور اگر غیر خدا کے لیے ہو تو ٹھہر جاتا ہے۔

حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ ان کو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے وصیت کرتے ہوئے فرمایا۔

جب کسی بات کا ارادہ کرو تو اللہ تعالیٰ سے ڈرو (۲)

حضرت محمد بن علی رضی اللہ عنہما نے فرمایا۔

مومن توقف کرنے والا اور غور وفکر کرنے والا ہوتا ہے وہ ارادہ کرتے وقت توقف کرتا ہے رات کے وقت لکڑیاں چننے والے کی طرح نہیں ہوتا تو مراقبے کے سلسلے میں یہ پہلی نظر اور سوچ وبچار ہے۔ اور اس سے بچاؤ کے لیے علم متین (مضبوط علم) اعمال کے اسرار کی حقیقی معرفت اور نفس وشیطان کے مکر وفریب سے آگاہی ضروری ہے۔

جب تک آدمی اپنے نفس، اپنے رب اور اپنے دشمن شیطان کی پہچان حاصل نہ کرے اور اسے معلوم نہ ہو کہ نفس کی خواہش کے مطابق کونسا کام ہے اور جب تک وہ اپنی نیت، ارادے، فکر اور حرکات وسکنات کے سلسلے میں خواہش اور محبت ورضائے خداوندی کے درمیان تمیز نہ کرے اس مراقبہ میں محفوظ نہیں ہو سکتا بلکہ اکثر لوگ ان کاموں میں جہالت کے مرتکب ہوتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں اور ان کا خیال یہ ہے کہ وہ اچھا کام کر رہے ہیں۔

اور تمہیں یہ گمان نہیں کرنا چاہیئے کہ جاہل جس بات کو سیکھنے پر قادر ہوتا ہے اس میں اس کا عذر قبول کیا جائے گا ہرگز نہیں بلکہ علم کا حصول ہر مسلمان پر فرض ہے یہی وجہ ہے کہ عالم کی دو رکعتیں، غیر عالم کی ہزار رکعات سے بہتر ہیں کیوں کہ وہ نفوس

---

(۱) حلیۃ الاولیاء جلد اول ص ۲۴۶ مقدمۃ الکتاب

(۲) سنن ابن ماجہ ص ۳۱۲، ابواب الزھد

کی آفات، شیطان کی مکاریوں اور دھوکے کے مقامات سے واقف ہوتا ہے۔ لہذا ان سے بچتا ہے۔
جب کہ جاہل کو اس بات کی پہچان نہیں ہوتی پس وہ کیسے بچے گا؟ لہذا جاہل ہمیشہ مشقت میں مبتلا رہتا ہے اور شیطان اس سے خوش خوش رہتا ہے ہم جہالت اور غفلت سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں کیوں کہ یہ ہر بدبختی کی جڑ اور ہر نقصان کی بنیاد ہے۔
تو ہر بندے کو اللہ تعالیٰ کا یہ حکم ہے کہ جب وہ کسی عمل کا ارادہ کرے اور اپنے اعضاء کو کوشش میں لگانا چاہے تو اس وقت تک عمل میں جلدی نہ کرے جب تک نورِ علم کے ذریعے اس پر واضح نہ ہو جائے کہ یہ کام اللہ تعالیٰ کے لیے ہے پھر اسے کرنا چاہیے۔ اور اگر وہ نفس کی خواہش کو پورا کرنے کے لیے ہے تو بچنا چاہیے اور وہ اپنے دل کو اس کے بارے میں سوچنے اور اس کا ارادہ کرنے پر پھر کے دے کیوں کہ باطل کام میں پہلے خطرے کو دور نہ کیا جائے تو اس سے رغبت پیدا ہوتی ہے رغبت ارادے کو جنم دیتی ہے اور ارادہ عزم صمیم کا باعث بنتا ہے اور عمل تباہی اور غضب خداوندی کا سبب ہوتا ہے۔
لہذا شروع ہی سے شر کے مادے کی بیخ کنی کی جائے اور یہ دل کا خیال ہوتا ہے باقی سب باتیں اس کے بعد آتی ہیں اور جب آدمی پر یہ بات مشکل ہو جائے اور واقعہ منکشف نہ ہو بلکہ تاریکی میں ہو تو نورِ علم کے ساتھ اس میں غور و فکر کرے اور شیطان کے مکر و فریب سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہیے جو خواہش کے ذریعے سامنے آتا ہے اور اگر خود سوچ و بچار نہ کر سکے تو علماء دین کے نور سے روشنی حاصل کرے اور گمراہ کرنے والے دنیا دار علماء سے اس طرح بھاگے جس طرح شیطان سے بھاگتا ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ بھاگے۔
اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ اس عالم کے بارے میں مجھ سے نہ پوچھیں جس پر دنیا کی محبت کا نشہ غالب ہے وہ تمہیں میری محبت سے الگ کر دے گا ایسے علماء میرے بندوں کو لوٹنے والے لٹیرے ہیں۔
تو جو دل دنیا کی محبت اور سخت حرص کی وجہ سے اندھیرے میں ہو وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے پردے میں ہوتا ہے کیوں کہ دلوں کے انوار حضرت ربوبیت سے چمکتے ہیں تو جو شخص اس سے پیٹھ پھیر کر اس کے دشمن کی طرف متوجہ ہو اور اس سے اللہ تعالیٰ کو بغض اور دشمنی ہو یعنی وہ دنیاوی خواہشات کا عاشق ہو وہ انوار ربوبیت سے کب تجلّی حاصل کر سکتا ہے۔
تو مرید کا پہلا ارادہ اچھی طرح علم حاصل کرنا ہے یا کسی ایسے عالم کو تلاش کرے جو دنیا سے منہ پھیرنے والا ہے یا اس میں اس کی رغبت کم ہو بشرطیکہ ایسا شخص نہ ملے جو بالکل رغبت نہیں رکھتا۔
رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔
اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْبَصَرَ النَّاقِدَ عِنْدَ ... شبہات کے وقت چشم بینا اور خواہشات کے ہجوم

وُرُوْدِ الشُّبُهَاتِ وَالْعَقْلَ الْكَامِلَ عِنْدَ هُجُوْمِ الشَّهَوَاتِ (۱)
کے وقت عقل کامل کو اللہ تعالٰے پسند کرتا ہے۔

آپ نے ان دو چیزوں کو جمع فرمایا اور یہ دونوں ایک دوسرے کو لازم ہیں کیوں کہ جس شخص کے پاس خواہشات سے روکنے والی عقل نہ ہو اس کے پاس شبہات کو پرکھنے والی نگاہ بھی نہیں ہوتی۔

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَنْ قَارَبَ ذَنْبًا فَارَقَهُ عَقْلٌ لَا يَعُوْدُ إِلَيْهِ أَبَدًا۔ (۲)
جو شخص کسی گناہ کا مرتکب ہوتا ہے اس سے عقل یوں جدا ہو جاتی ہے کہ کبھی بھی اس کی طرف نہیں لوٹتی۔

تو انسان کو جس عقل کے ذریعے سعادتمندی حاصل ہے وہ کس قدر ہے گناہوں کے ذریعے اسے بھی مٹانے کا قصد کرتا ہے۔

اس زمانے میں اعمال کی آفات کی پہچان بالکل مٹ چکی ہے اور تمام لوگوں نے ان علوم کو چھوڑ دیا اور خواہشات کی بنیاد پر لوگوں کے درمیان جو جھگڑے کھڑے ہوتے ہیں ان میں پڑکر اس کا نام فقہ رکھ دیا ہے اور یہ علم جو دین کی فقہ تھا اسے تمام علوم سے خارج کر دیا اور دنیوی فقہ میں مشغول ہو گئے جس کا مقصد صرف اتنا تھا کہ دلوں کے شغل کو دور کر کے دین کی فقہ کے لیے فارغ ہوں تو اس فقہ کے واسطے سے دنیوی فقہ دین بنی تھی۔

حدیث شریف میں ہے۔

أَنْتُمُ الْيَوْمَ فِي زَمَانٍ خَيْرُكُمْ فِيْهِ الْمُسَارِعُ وَسَيَأْتِي عَلَيْكُمْ زَمَانٌ خَيْرُكُمْ فِيْهِ الْمُتَثَبِّتُ۔ (۳)
آج تم ایسے زمانے میں ہو کہ تم میں سے وہ شخص بہتر ہے جو عمل میں جلدی کرتا ہے اور عنقریب تم پر ایسا زمانہ آئے گا کہ تم میں سے وہ شخص بہتر ہو گا جو توقف کرتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ صحابہ کرام کی ایک جماعت نے عراقیوں اور شامیوں سے لڑنے میں توقف کیا کیوں کہ ان پر یہ معاملہ مشتبہ ہو گیا تھا۔ جیسے حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت اسامہ حضرت محمد بن مسلمہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم۔
اور جو شخص کو شبہ کے وقت توقف نہ کرے وہ اپنی خواہش کی پیروی کرتا ہے اور اپنی رائے کو پسند کرنے والا ہو گا اور یہ ان لوگوں میں سے ہو گا جن کے بارے میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

---

(۱) تذکرۃ الموضوعات ص ۱۸۸ باب الاخلاق المحمودہ
(۲) تذکرۃ الموضوعات ص ۱۶۹ باب الاخلاق المحمودہ
(۳)

فَاِذَا رَاَیْتَ شُحًّا مُطَاعًا وَہَوًی مُتَّبَعًا وَاِعْجَابَ کُلِّ ذِیْ رَاْیٍ بِرَاْیِہٖ فَعَلَیْکَ بِخَاصَّۃِ نَفْسِکَ۔ (۱)

جب تم دیکھو کہ بخل کی اطاعت اور خواہش کی پیروی کی جاتی ہے نیز ہر رائے دینے والا اپنی رائے کو ہی پسند کرتا ہے تو اس وقت تمہیں اپنی فکر کرنی چاہیئے۔

اور جو شخص تحقیق کے بغیر شبہ میں پڑتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشادِ گرامی کی مخالفت کرتا ہے۔

وَلَا تَقْفُ مَا لَیْسَ لَکَ بِہٖ عِلْمٌ۔ (۲)

اور جس چیز کا تمہیں علم نہ ہو اس کے پیچھے نہ پڑو۔

اور اس نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث شریف کی بھی مخالفت کی آپ نے فرمایا۔

اِیَّاکُمْ وَالظَّنَّ فَاِنَّ الظَّنَّ اَکْذَبُ الْحَدِیْثِ۔ (۳)

اپنے آپ کو گمان سے بچاؤ کیوں کہ گمان سب سے زیادہ جھوٹی بات ہے۔

اس سے وہ گمان مراد لیا جو دلیل کے بغیر ہو جیسے عوام میں سے بعض لوگ اشتباہ کے وقت اپنے دل سے فتویٰ لے کر گمان کے پیچھے چلتے ہیں چوں کہ یہ کام مشکل بھی ہے اور عظیم بھی اس لیے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ یوں دعا مانگا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اَرِنِی الْحَقَّ حَقًّا وَارْزُقْنِیْ اِتِّبَاعَہٗ وَاَرِنِی الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَارْزُقْنِی اجْتِنَابَہٗ وَلَا تَجْعَلْہُ مُتَشَابِھًا عَلَیَّ فَاَتَّبِعَ الْھَوٰی۔

یا اللہ مجھ پر حق کو واضح فرما کر مجھے اس کی اتباع کی توفیق عطا فرما اور باطل کو میرے سامنے واضح کر کے مجھے اس سے بچنے کی توفیق عطا فرما اور اسے میرے لیے مشتبہ نہ بنانا تاکہ میں خواہش کی پیروی کروں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا۔

امور تین قسم کے ہیں ایک وہ بات ہے جس کا اچھا ہونا ظاہر ہے اس کی اتباع کرو دوسرا وہ جس کی خرابی (گمراہی) واضح ہے اس سے بچو اور تیسری قسم کا کام وہ ہے جس میں تمہیں شبہ پڑتا ہے اسے اس کے عالم کے حوالے کر دو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک دعا اس طرح تھی۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ اَنْ اَقُوْلَ فِی الدِّیْنِ بِغَیْرِ عِلْمٍ۔ (۴)

یا اللہ! میں دین میں علم کے بغیر کوئی بات کرنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

---

(۱) حلیۃ الاولیاء جلد ۲ ص ۲۱۹ ترجمہ ۲۳۸

(۲) قرآن مجید، سورۂ اسراء آیت ۳۶

(۳) صحیح بخاری جلد اوّل ص ۳۸۴ کتاب الوصایا

(۴) تذکرۃ الموضوعات ص ۲۲، کتاب العلم

تو اللہ تعالیٰ کا بندوں پر سب سے بڑا انعام علم اور حق کا واضح ہونا ہے اور ایمان بھی ایک قسم کا علم اور کشف ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے بندوں پر احسان رکھتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا۔ (۱) — اور یہ آپ پر اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا فضل ہے۔

اور اس سے علم مراد ہے۔ نیز ارشاد فرمایا۔

فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (۲) — اور اہل علم سے پوچھو اگر تم نہیں جانتے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى۔ (۳) — بے شک ہدایت ہمارے ذمہ کرم پر ہے۔

اور فرمایا۔

ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ (۴) — پھر اس کا بیان ہمارے ذمہ ہے۔

اور فرمایا۔

وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ۔ (۵) — اور سیدھی راہ اللہ تعالیٰ ہی بتاتا ہے۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

خواہش نفس، نابینائی کی شریک ہے اور حیرانگی کے وقت توقف کرنا توفیق کی بات ہے اور غم کو ٹالنے والی بہترین چیز یقین ہے جھوٹ کا انجام پشیمانی ہے اور سچ میں سلامتی ہے بہت سے بیگانے اپنوں سے زیادہ قریب ہوتے ہیں اور غریب وہ ہے جس کا کوئی حبیب نہ ہو اور صدیق وہ ہے جس کا اندر اس کی تصدیق کرے بدظنی کے باعث کسی دوست کو کھو نہ دینا بہترین عادت کرم ہے حیا ہر اچھی بات کا باعث ہے اور سب سے مضبوط رسی تقویٰ ہے اور سب سے مستحکم سبب جسے تو اختیار کرے وہ سبب ہے جو تیرے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہے دنیا میں سے تیرا حصہ وہی ہے جس کے ذریعے تو اپنی آخرت کو درست کرے رزق کی دو قسمیں ہیں ایک رزق وہ ہے جسے تو تلاش کرتا ہے اور دوسرا وہ جو تجھے تلاش کرتا ہے اگر تو اس کے پاس نہ جائے تو وہ تیرے پاس آئے گا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۱۱۳

(۲) قرآن مجید، سورۂ النحل آیت ۴۳

(۳) قرآن مجید، سورۂ اللیل آیت ۱۲

(۴) قرآن مجید، سورۂ القیامۃ آیت ۱۹

(۵) قرآن مجید، سورۂ النحل آیت ۹

اگر تو اس چیز پر پہنچنے والی مصیبت پر واویلا کرتا ہے جو تجھ تک پہنچی ہے تو جو تجھ تک نہیں پہنچی اس پر واویلا نہ کر۔
اور جو چیز نہیں ہوئی اسے اس پر قیاس کر جو ہو چکی ہے کیوں کہ تمام امور ایک جیسے ہیں انسان اس چیز کے حصول پر خوش ہوتا ہے جو جانے والی نہ ہو اور جسے کبھی نہیں پا سکتا اس کے نہ ملنے پر ناراض ہوتا ہے تجھے دنیا سے جو کچھ ملے اس پر زیادہ خوش نہ ہو اور جو کچھ تجھے نہ مل سکا اس پر افسوس نہ کر۔ تجھے اس پر خوش ہونا چاہیے جو آگے بھیجا اور اس پر افسوس کرنا چاہیے جو تم نے پیچھے چھوڑا تجھے آخرت کے لیے مشغول ہونا چاہیے اور موت کے بعد کے بارے میں فکر مند ہونا چاہیے۔
ان تمام کلمات کو نقل کرنے سے ہماری غرض یہ ہے کہ حیرت کے وقت توقف کرنا توفیق کی بات ہے۔
تو مراقبہ کرنے والے کی پہلی نظر اس بات پر ہونی چاہیے کہ اس کا ارادہ اور حرکت اللہ تعالیٰ کے لیے ہے یا خواہش کے تابع ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ اسْتَكْمَلَ إِيمَانَهُ لَا يَخَافُ فِي اللَّهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ وَلَا يُرَائِي بِشَيْءٍ مِنْ عَمَلِهِ وَإِذَا عَرَضَ لَهُ أَمْرَانِ أَحَدُهُمَا لِلدُّنْيَا وَالْآخَرُ لِلْآخِرَةِ آثَرَ الْآخِرَةَ عَلَى الدُّنْيَا۔ (۱)

تین باتیں ایسی ہیں کہ جس شخص میں پائی جائیں اس کا ایمان مکمل ہو جاتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے معاملات میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتا اپنے کسی عمل میں ریاکاری نہیں کرتا اور جب اس کے سامنے دو باتیں پیش ہوں ایک کا تعلق دنیا سے ہو اور دوسری آخرت سے متعلق ہو تو وہ دنیا پر آخرت کو ترجیح دیتا ہے۔

اور جب کوئی عمل ایسا معلوم ہو کہ وہ مباح (جائز) ہے لیکن اس کا کوئی مقصد نہیں تو اسے چھوڑ دے کیوں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيهِ۔ (۲)

انسان کے حسنِ اسلام سے ہے کہ بے فائدہ کام کو چھوڑ دے۔

دوسری نظر، مراقبے کی دوسری نظر عمل شروع کرتے وقت ہوتی ہے وہ یہ کہ کیفیتِ عمل کا طالب ہو تاکہ اس میں اللہ تعالیٰ کے حق کو پورا کر سکے۔ اس کو پورا کرنے میں نیت اچھی ہو اور اس کی صورت کو مکمل کر کے حتی الامکان اسے کامل بنائے اور یہ بات اسے ہر حالت میں لازم ہوتی ہے کیوں کہ وہ کسی بھی حالت میں حرکت و سکون سے خالی نہیں ہوتا جب وہ ان تمام حالتوں میں اللہ تعالیٰ کو سامنے رکھے گا تو، نیت، حُسنِ عمل اور رعایتِ ادب کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت پر قادر ہو گا مثلاً

---

(۱) کنز العمال جلد ۱۵ ص ۸۱۷ حدیث ۴۳۲۴۷

(۲) مجمع الزوائد جلد ۸ ص ۱۸ کتاب الادب

جب وہ بیٹھے تو اسے چاہیے کہ قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے کیوں کر حضور علیہ السلام نے فرمایا۔

خَیْرُ الْمَجَالِسِ مَا اسْتُقْبِلَ بِهِ الْقِبْلَةُ۔(۱) بہترین مجلس وہ ہے جس میں قبلہ کی طرف رُخ ہو۔

اور چوکڑی مار کر نہ بیٹھے کیوں کہ بادشاہوں کے سامنے اس طرح نہیں بیٹھتے اور تمام بادشاہوں کا بادشاہ اس پر مطلع ہے۔

حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ میں ایک دفعہ چوکڑی مار کر بیٹھا تو میں نے ایک غیبی آواز سنی کہ بادشاہوں کے سامنے اس طرح بیٹھتے ہیں؟ اس کے بعد میں کبھی بھی چوکڑی مار کر نہیں بیٹھا۔

اور اگر سوئے تو قبلہ رُخ ہو کر دائیں ہاتھ پر سوئے، اور ان تمام آداب کا خیال رکھے جن کا ذکر ہم ان کے مقام پر کر چکے ہیں یہ سب باتیں مراقبے میں شامل ہیں۔

بلکہ قضائے حاجت کے وقت آداب کا خیال رکھنا بھی مراقبے کو پورا کرنا ہے۔

تو انسان تین حال سے خالی نہیں ہوتا عبادت میں مصروف ہوگا یا گناہ میں یا کسی مباح کام میں تو عبادت میں اس کا مراقبہ نیت کا خالص ہونا، عبادت کو مکمل کرنا، آداب کا خیال رکھنا اور عبادت کو آفات سے بچانا ہے۔

اگر گناہ میں مشغول ہو تو اس کا مراقبہ توبہ کرنا، نادم ہونا باز رہنا، حیا کرنا اور غور و فکر میں مشغول ہونا ہے اگر کسی مباح (جائز) کام میں مصروف ہے (جس کا کرنا ضروری نہیں ہے) تو اس صورت میں آداب کا لحاظ کرنا نعمتوں کے ملنے پر منعم کا شکر ادا کرنا ہے۔

بندہ کسی بھی حالت میں ہو، مصیبتوں اور آزمائشوں سے خالی نہیں ہوتا لہٰذا اسے ان پر صبر کرنا چاہیے اسی طرح اسے نعمت ضرور ملتی ہے تو اس پر اسے شکر ادا کرنا چاہیے یہ تمام باتیں مراقبے سے تعلق رکھتی ہیں۔

بلکہ بندے پر ہر وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے فریضہ عائد ہوتا ہے وہ یا تو کوئی فعل ہوگا جس کی ادائیگی اس پر لازم ہوگی یا کوئی ممنوع بات ہوگی جس کا چھوڑنا ضروری ہوگا یا کوئی مستحب کام ہوگا جس کی اسے ترغیب دی جاتی ہے تاکہ اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مغفرت حاصل کرنے میں جلدی کرے اور اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے بندوں سے سبقت لے جائے یا وہ کام مباح ہوگا جس میں اس کے جسم اور دل کی اصلاح اور عبادت خداوندی پر مدد ہوگی۔

ان میں سے ہر ایک کی کچھ حدود ہیں جن کی رعایت ضروری ہے اور وہ دائمی مراقبے سے ہوتی ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَنْ يَتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ۔ (۲) اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی حدود سے تجاوز کر جائے اس نے اپنے نفس پر ظلم کیا۔

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۲۷۰ کتاب الادب (۲) قرآن پاک سورۃ طلاق آیت ۱

تو بندے کو ہر وقت ان تین قسموں سے متعلق اپنے نفس کا خیال رکھنا چاہیے جب فرائض سے فارغ ہو اور نوافل پر قادر ہو تو اسے سب سے بہتر عمل تلاش کرنا چاہیے تاکہ اس میں مشغول ہو۔ کیوں کہ جو شخص زیادہ نفع حاصل کر سکے لیکن حاصل نہ کرے وہ نقصان اٹھاتا ہے اور زیادہ نفع، نفلی اعمال کے زیادہ ہونے سے حاصل ہوتا ہے اسی لیے بندہ اپنی دنیا سے آخرت کا حصہ وصول کرتا ہے جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا۔ (۱) اور دنیا سے اپنا حصہ لینا نہ بھول۔

اور یہ سب کچھ ایک ساعت کے صبر سے ہو سکتا ہے کیوں کہ ساعتیں تین ہیں ایک وہ ساعت ہے جو گزر چکی ہے اسی میں کوئی تھکاوٹ نہیں وہ مشقت میں گزری یا آرام میں، دوسری ساعت وہ ہے جو ابھی آئے گی بندے کو اس بات کا علم نہیں کہ اس میں زندہ رہے گا یا نہیں؟۔ اور اسے اس بات کا علم بھی نہیں کہ اس ساعت میں اللہ تعالیٰ اس کے بارے میں کیا فیصلہ فرمائے گا اور تیسری ساعت وہ ہے جس میں بندہ موجود ہے اسے اس میں اپنے نفس سے مجاہدہ کرنا اور اپنے رب کو سامنے رکھنا چاہیے اگر اسے آئندہ ساعت نہ بھی ملی تو اس کے فوت ہونے پر افسوس نہ ہوگا اور اگر آنے والی ساعت حاصل ہو گئی تو اس سے بھی اپنا حق وصول کرے گا جس طرح پہلی ساعت سے حصہ حاصل کیا اور اپنی عمر کی امید پچاس سال نہ ٹھہرائے اس طرح وہ اتنی لمبی مدت میں مراقبہ سے گھبرا جائے گا بلکہ یوں سمجھے کہ اس کا وقت پورا ہو چکا ہے اور یہ اس کے آخری سانس ہیں ہو سکتا ہے یہ اس کے آخری سانس ہوں اور اسے علم نہ ہو اور جب اس بات کا امکان ہے کہ یہ اس کے آخری سانس ہوں تو اسے ایسے طریقے پر ہونا چاہیے جس میں اسے موت آجائے تو وہ اسے ناپسند نہ کرے بلکہ اس کے تمام احوال اس طریقے پر رہیں جو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا يَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ ظَاعِنًا اِلَّا فِيْ ثَلَاثٍ تَزَوُّدٍ لِمَعَادٍ اَوْ مَرَمَّةٍ لِمَعَاشٍ اَوْ لَذَّةٍ فِيْ غَيْرِ مُحَرَّمٍ۔ (۲)

مومن صرف تین باتوں کی طمع رکھتا ہے آخرت کے لیے سامان کی معاش کی درستگی کی یا حلال چیز کی لذت کی۔

اور اسی طرح کی ایک دوسری حدیث بھی ان سے مروی ہے۔

عَلَى الْعَاقِلِ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ اَرْبَعُ سَاعَاتٍ سَاعَةٌ يُنَاجِيْ فِيْهِ رَبَّهٗ وَسَاعَةٌ يُحَاسِبُ فِيْهَا نَفْسَهٗ وَسَاعَةٌ يَتَفَكَّرُ فِيْهَا فِيْ

عقل مند آدمی کے لیے چار ساعتیں ہونی چاہئیں ایک ساعت میں اپنے رب سے مناجات کرے دوسری ساعت میں اپنے نفس کا احتساب کرے تیسری میں

---

(۱) قرآن پاک سورہ قصص آیت ،،

(۲) الترغیب والترہیب جلد ۳ ص ۱۸۸، ۱۸۹ کتاب القضاء

صُنْعِ اللّٰہِ وَسَاعَۃٍ یَخْلُوْفِیْھَا لِلْمَطْعَمِ وَ الْمَشْرَبِ۔ (۱)

اللہ تعالیٰ کی تخلیق وصنعت میں غور کرے اور چوتھی ساعت میں کھانے پینے کے لیے فارغ ہو۔

کیوں کہ یہ ساعت (کھانے پینے والی ساعت) باقی تین ساعتوں پر مددگار ہوگی پھر جس ساعت میں کھانے پینے میں مشغول ہو وہ بھی افضل عمل سے خالی نہیں ہونی چاہیے اور وہ ذکر وفکر ہے مثلاً اس نے جو کھانا حاصل کیا اس میں اتنے عجائب ہیں کہ اگر ان میں غور وفکر کرے اور ان کو سمجھے تو یہ اعضا کے بہت سے اعمال سے افضل ہے۔

اور اس سلسلے میں لوگوں کی کئی قسمیں ہیں۔

ایک قسم ان لوگوں پر مشتمل ہے جو عبرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی صنعت کے عجائبات کو دیکھتے ہیں پھر یہ کہ حیوانات کی زندگی اس سے کس طرح مربوط ہے اسباب کے سلسلے میں تقدیر خداوندی کی کیفیت کیا ہے نیز یہ کہ خواہشات کو پیدا کیا جو اس کا باعث ہے اور اس خواہش کے لوازم جو مسخر ہیں ان کو پیدا کیا جیسا کہ ہم نے ان میں سے بعض باتیں شکر کے بیان میں ذکر کی ہیں یہ عقل مند لوگوں کا مقام ہے۔

ایک قسم ان لوگوں کی ہے جو غصے اور ناپسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اس میں صرف مجبوری کی حالت کو پیش نظر رکھتے ہیں وہ اس سے بے نیاز ہونا چاہتے ہیں لیکن وہ دیکھتے ہیں کہ اس سلسلے میں نفس خواہش کی وجہ سے مجبور ہیں یہ زاہد لوگوں کا مقام ہے۔

تیسری قسم ان لوگوں سے متعلق ہے جو صانع کی صنعت کو دیکھتے ہیں اور اس سے خالق کی صفات کی طرف ترقی کرتے ہیں ان کا غذاؤں کو دیکھنا فکر کے دروازے کو کھولتا ہے اور یہ سب سے اعلیٰ مقام ہے یہ عارفین کا مقام اور محبین کی علامت ہے کیوں کہ جب کوئی محب، اپنے محبوب کی کاریگری اس کی کتاب اور تصنیف کو دیکھتا ہے تو وہ صنعت کو بھول جاتا ہے اور اس کا دل صانع (بنانے والے) میں مشغول ہو جاتا ہے۔

بندہ جس چیز میں بھی غور وفکر کرتا ہے اس میں اللہ تعالیٰ کی صنعت موجود ہوتی ہے اب اگر اس کے لیے ملکوت کے دروازے کھل جائیں تو صانع کی طرف دیکھنے کی بہت گنجائش ہے لیکن یہ بہت ہی کمیاب ہے۔

اور چوتھی قسم ان لوگوں کی ہے جو ان کھانوں کو حرص اور رغبت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں چنانچہ جو کچھ انہیں ملا اس پر کف افسوس ملتے ہیں اور جو کچھ حاصل ہوا اس پر خوش ہوتے ہیں جو کچھ ان کی خواہش کے مطابق نہیں ہوتا اسے چھوڑ دیتے ہیں اس میں عیب نکالتے ہیں اور اس کے فاعل کی برائی بیان کرتے ہیں یعنی پکانے والے کی مذمت کرتے ہیں اور انہیں معلوم نہیں کہ پکانے والے کو جو قدرت اور علم حاصل ہوا وہ اللہ تعالیٰ کا پیدا کردہ ہے۔ اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی اجازت کے

---

(۱) الترغیب والترہیب جلد ۳ ص ۱۸۸، ۱۹۰ کتاب القضاء

بغیر اس کی مخلوق میں سے کسی چیز کی مذمت کرتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں ناشائستہ کلمات کہتا ہے اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا تَسُبُّوا الدَّهْرَ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ۔ (۱)

زمانے کو گالی نہ دو کیوں کہ اللہ تعالیٰ ہی زمانے کو پیدا کرنے والا ہے۔

یہ مراقبے کا دوسرا درجہ ہے اس میں اعمال کے دوام کی نگہداشت ہوتی ہے اس کی تشریح بہت طویل ہے اور جو کچھ ہم نے ذکر کیا ہے اس سے اصول کو مضبوط کرنے والے کے لیے راستے سے آگاہی ہے۔

فصل ۳:

نگہداشت کا تیسرا مقام ــــ عمل کے بعد نفس کا محاسبہ

اس کی فضیلت کے بارے میں ارشاد خداوندی ہے۔

یَاۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ۔ (۲)

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور ہر نفس کو دیکھنا چاہیئے کہ اس نے کل (قیامت) کے لیے کیا آگے بھیجا ہے

اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ گذشتہ اعمال کا محاسبہ کرنا چاہیے اسی لیے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا محاسبہ کرو اس سے پہلے کہ محاسبہ کیا جائے اور وزن کئے جانے سے پہلے وزن کرو۔"

حدیث شریف میں ہے کہ ایک شخص نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ۔ مجھے کوئی نصیحت کیجئے آپ نے پوچھا کیا تم نصیحت طلب کرتے ہو؟ اس نے عرض کیا جی ہاں آپ نے فرمایا۔

اِذَا هَمَمْتَ بِاَمْرٍ فَتَدَبَّرْ عَاقِبَتَهٗ فَاِنْ كَانَ رُشْدًا فَامْضِهٖ وَاِنْ كَانَ غَيًّا فَانْتَهِ عَنْهُ۔

جب کسی کام کا ارادہ کرو تو اس کے انجام میں غور و فکر کرو اگر وہ درست ہو تو اسے کر گزرو اور اگر گمراہی ہو تو اس سے رک جاؤ۔

ایک حدیث شریف میں ہے کہ عقل کے لیے چار ساعتیں ہونی چاہیں (اور) ایک ساعت میں اپنے نفس کا محاسبہ کرے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

وَتُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ

اے ایمان والو! تم سب بارگاہ خداوندی میں توبہ کرو

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۲۳۷ کتاب الالفاظ من الادب

(۲) قرآن مجید، سورۂ حشر آیت ۱۸

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔ (۱) — تاکہ کامیابی حاصل کرو۔

اور توبہ یہ ہے کہ عمل کے ندامت کے ساتھ اسے دیکھے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنِّیْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ فِی الْیَوْمِ مِائَۃَ مَرَّۃٍ۔ (۲) — بے شک میں دن میں سو مرتبہ اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرتا اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّھُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَکَّرُوْا فَاِذَا ھُمْ مُّبْصِرُوْنَ۔ (۳) — بے شک وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں جب انہیں شیطان کی طرف سے کوئی ٹھیس پہنچتی ہے تو وہ ہوشیار ہو جاتے ہیں اور اسی وقت ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بارے میں مروی ہے کہ جب رات ہو جاتی تو آپ اپنے پاؤں پر دُرّہ مارتے اور اپنے آپ سے پوچھتے کہ آج تم نے کیا عمل کیا ہے؟

حضرت میمون بن مہران رحمہ اللہ سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں آدمی اس وقت تک متقی نہیں ہو سکتا جب تک وہ اپنے شریک کی نسبت خود اپنے نفس کا محاسبہ شدت سے نہ کرے اور دو شریک کام کے بعد ایک دوسرے سے حساب کرتے ہیں ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے وصال کے وقت ان سے فرمایا کہ مجھے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے زیادہ کوئی شخص محبوب نہیں پھر فرمایا میں نے کیا کہا ہے؟ انہوں نے وہی بات دہرائی کہ آپ نے یہ فرمایا ہے۔

آپ نے فرمایا (نہیں بلکہ) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے زیادہ مجھے کوئی عزیز نہیں —— تو دیکھئے کس طرح انہوں نے عمل کے بعد غور و فکر کیا اور ایک بات کو دوسری بات سے بدل دیا۔

اور حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ جب نماز میں پرندے نے ان کی توجہ دوسری طرف مبذول کر دی تو انہوں نے اپنا باغ اللہ تعالیٰ کے لیے صدقہ کر دیا (۴)

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نور آیت ۳۱

(۲) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۲۰۸ کتاب الادعیۃ

(۳) قرآن مجید، سورۂ اعراف آیت ۲۰۱

(۴)

اس کی وجہ ندامت اور اس (صدقہ) کے عوض (ثواب) کی امید تھی حضرت ابن سلام رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ انہوں نے لکڑیوں کا ایک گٹھا اٹھایا تو ان سے کہا گیا اے ابو یوسف! آپ کے بیٹے اور غلام اس کام کے لیے کافی تھے، انہوں نے فرمایا میں اپنے نفس کا تجربہ کرنا چاہتا تھا کہ کہیں وہ انکار تو نہیں کرتا۔

حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں مومن اپنے نفس پر حاکم ہے وہ اللہ تعالیٰ کے لیے اس کا محاسبہ کرتا رہتا ہے اور ان لوگوں کا حساب آسان ہوگا جو دنیا میں اپنے نفسوں کا محاسبہ کرتے ہیں اور قیامت کے دن ان لوگوں کا حساب سخت ہوگا جنہوں نے اس کام کو حساب کے بغیر لیا پھر انہوں نے محاسبہ کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا مومن کے سامنے اچانک کوئی بات آتی ہے اور وہ اسے اچھی لگتی ہے تو وہ کہتا ہے قسم بخدا! تو مجھے اچھی لگتی ہے اور تو میری ضرورت بھی ہے لیکن کیا کروں تیرے اور میرے درمیان رکاوٹ کھڑی کر دی گئی ہے یہ عمل سے پہلے حساب ہے ــــ پھر فرمایا کہ بعض اوقات اس سے کوتاہی ہو جاتی ہے تو وہ اپنے نفس کی طرف رجوع کرتا ہے اور کہتا ہے اس سے تیرا کیا ارادہ ہے؟ اللہ تعالیٰ کی قسم اس سلسلے میں میرا عذر قبول نہیں کیا جائے گا اور اللہ کی قسم میں آئندہ کبھی بھی یہ کام نہیں کروں گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک دن میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ساتھ نکلا حتی کہ آپ ایک باغ میں تشریف لے گئے میرے اور آپ کے درمیان ایک دیوار حائل تھی میں نے سنا کہ آپ فرما رہے تھے اور اس وقت آپ باغ کے اندر تھے اے عمر بن خطاب تو امیر المومنین ہے، کیا خوب، اللہ کی قسم تجھے اللہ تعالیٰ سے ڈرنا ہوگا ورنہ وہ تجھے عذاب دے گا۔

ارشاد خداوندی ہے۔

وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ (۱) ملامت کرنے والے نفس کی قسم کھاتا ہوں

اس آیت کی تفسیر میں حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں مومن ہمیشہ اپنے نفس کو جھڑکتا رہتا ہے کہ اس کلام سے میرا کیا ارادہ تھا؟ اس کھانے سے کیا مقصود تھا؟ میرے اس پینے سے کیا ارادہ تھا؟ اور بدکار آدمی زندگی بسر کرتا اور کام کرتا رہتا ہے کبھی بھی اپنے نفس کو عتاب نہیں کرتا۔

حضرت مالک بن دینار رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ اس بندے پر رحم فرمائے جو اپنے نفس سے کہتا ہے کیا تو فلاں گناہ والا نہیں ہے؟ کیا تو فلاں عمل والا نہیں؟ پھر اسے لگام ڈال کر اللہ تعالیٰ کی کتاب کا پابند کر دیتا ہے تو یہ شخص فائدے میں رہتا ہے۔ اور یہ نفس کا محاسبہ اور عتاب ہے جیسا کہ اپنے مقام پر آئے گا۔

حضرت میمون بن مہران رحمہ اللہ فرماتے ہیں مومن شخص اپنے نفس کا محاسبہ ظالم بادشاہ اور بخیل شریک سے بھی

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ القیامۃ آیت ۲

زیادہ کرتا ہے۔

حضرت ابراہیم تیمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے اپنے نفس کو جنت میں اس طرح دیکھا کہ میں اس کے پھل کھا رہا ہوں اس کی نہروں سے پانی پیتا ہوں۔

اور وہاں کی کنواریوں سے گلے ملتا ہوں پھر میں نے اپنے نفس کو جہنم میں یوں دیکھا کہ اس کی کڑوی غذا تھوہر کھا رہا ہوں اور پیپ پیتا ہوں نیز اس کے طوق اور زنجیروں میں جکڑا ہوا ہوں میں نے اپنے نفس سے کہا اے نفس! تم کیا چاہتے ہو؟ اس نے کہا میں دوبارہ دنیا میں جا کر اچھے کام کرنا چاہتا ہوں میں نے کہا تم امین ہو پس عمل کرو۔

حضرت مالک بن دینار رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے حجاج بن یوسف کو دیکھا اس نے خطبہ دیتے ہوئے کہا اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم فرمائے جو اپنا محاسبہ کرتا ہے اس سے پہلے کہ محاسبہ کسی اور کے ہاتھ میں چلا جائے اللہ تعالیٰ اس آدمی پر رحم فرمائے جو اپنے عمل کی لگام پکڑتا ہے اور دیکھتا ہے کہ وہ کیا کرنا چاہتا ہے اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم فرمائے جو اپنے ماپ تول میں نظر کرتا ہے وہ مسلسل کہتا رہا حتیٰ کہ میں رو پڑا۔

احنف بن قیس رحمہ اللہ کے ایک مرید نے بیان کیا کہ میں ان کی مجلس میں رہتا تھا وہ رات کو اکثر نماز کی جگہ دعا مانگتے تھے وہ چراغ کے پاس آکر اس میں انگلی رکھتے حتیٰ کہ آگ کی تپش محسوس ہوتی پھر اپنے نفس سے فرماتے اے حُنیف! آج تم نے جو عمل کیا اس کی کیا وجہ تھی؟ آج تم نے جو عمل کیا اس پر تجھے کس نے ابھارا؟۔

فصل ۴ :

عمل کے بعد محاسبہ کی حقیقت

جان لو! جس طرح بندے کے لیے ضروری ہے کہ وہ دن کے شروع میں ایک وقت مقرر کرے جس میں اپنے نفس کو حق کی وصیت کرے اور اس سے اس بات کی شرط رکھے اسی طرح دن کے آخر میں بھی ایک وقت مقرر ہونا چاہیے جس میں وہ اپنے نفس سے مطالبہ اور اس کی تمام حرکات و سکنات پر محاسبہ کرے جس طرح تاجر لوگ دنیا میں اپنے شریکوں کے ساتھ حساب کتاب کے لیے سال کے آخر میں یا مہینے یا دن کے آخر میں ایک وقت مقرر کرتے ہیں اور وہ دنیوی حرص کی وجہ سے ایسا کرتے ہیں نیز اس بات سے ڈرتے ہیں کہ کہیں دنیوی مال تلف نہ ہو جائے حالانکہ اس کا فوت ہو جانا ان کے لیے بہتر ہے اور اگر یہ ان کو حاصل ہو تو بھی چند دن ہی باقی رہتا ہے تو عقلمند آدمی اپنے نفس سے اس بات کا حساب کیسے نہیں کرے گا جس سے دائمی بدبختی اور نیک بختی کا تعلق ہے۔

اس میں سستی، غفلت، ذلت و رسوائی اور عدم توفیق کی وجہ سے ہوتی ہے ہم اس سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں۔

شریک کے ساتھ حساب کتاب کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ اصل مال اور نفع و نقصان کا جائزہ لے تاکہ اس کے لیے کمی

زیادتی واضح ہو اگر مال میں اضافہ ہوا تو اسے وصول کرے اور اس کا شکریہ ادا کرے اور اگر نقصان ہو تو اس سے نقصان بھرنے اور مستقبل میں اس کے تدارک کا مطالبہ کرے۔ اسی طرح دین کے حوالے سے اصل مال فرائض اور نفع نوافل ہیں اور اس کا نقصان گناہ کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔

اس تجارت کا موسم پورا دن ہوتا ہے اور عمل کرنے والا نفس امارہ ہے لہذا پہلے اس سے فرائض کے بارے میں پوچھے اگر اس نے اس طرح ادائیگی کر دی جس طرح چاہیے تھا تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے اور اسی طرح ادائیگی کرتے رہنے کی رغبت دے اور اگر اس نے بالکل ادا نہیں کئے تو اس سے قضا کا مطالبہ کرے اگر اس نے ناقص طور پر ادائیگی کی ہو تو اسے نوافل کے ذریعے نقصان کو پورا کرنے کا پابند بنائے۔

اور اگر اس نے کسی گناہ کا ارتکاب کیا ہو تو اسے (نفس کو) سزا دینے اور جھڑکنے میں مشغول ہو تاکہ اس کی کوتاہی کا اچھی طرح تدارک کرے جس طرح تاجر اپنے شریک کے ساتھ کرتا ہے۔

اور جس طرح وہ دنیا میں ایک ایک پیسے کا حساب کر کے کمی یا زیادتی کے راستوں کی حفاظت کرتا ہے حتیٰ کہ اسے اس میں کچھ بھی نقصان نہیں ہوتا تو اسے چاہیے کہ نفس کے معمولی سے نقصان اور مکر و فریب سے بھی بچے کیونکہ یہ بڑا دھوکے باز اور مکار ہے لہذا پہلے اس سے تمام دن کی گفتگو کا صحیح جواب طلب کرے اور اپنے نفس سے اس بات کا خود حساب لے جس کا حساب قیامت کے دن دوسرے لیں گے

اسی طرح نظر بلکہ دل کے خیالات اور وسوسوں، اٹھنے، بیٹھنے کھانے پینے، سونے حتیٰ کہ خاموشی کا حساب بھی لے کہ اس نے خاموشی کیوں اختیار کی تھی اور سکون کے بارے میں پوچھ گچھ کرے کہ اس کا کیا مقصد تھا جب ان تمام باتوں کا علم ہو جائے جو نفس پر واجب تھیں اور اس کے نزدیک صحیح طور پر ثابت ہو جائے کہ کس قدر واجب کی ادائیگی ہوئی ہے تو اس قدر کا حساب ہو گیا اب باقی نفس کے ذمہ لکھ لے اس پر لازم کر دے اور اسے دل کے کاغذ پر لکھ دے جیسے اپنے شریک کے ذمہ باقی حساب کو دل پر بھی لکھتا ہے اور حساب و کتاب کے رجسٹر میں بھی۔

پھر جب نفس قرضدار ٹھہرا تو ممکن ہے کہ اس سے قرض وصول کرے کچھ تو تاوان کے ذریعے اور کچھ اسی کی واپسی سے اور بعض کے حوالے سے اسے سزا دے اور یہ سب کچھ حساب کی تحقیق کے بعد ہی ممکن ہے تاکہ جس قدر واجب باقی ہے اس کی تمیز ہو سکے جب یہ بات معلوم ہو جائے تو اب اس سے مطالبہ اور تقاضا کرنا چاہیے اسے چاہیے کہ نفس سے ایک ایک دن گھڑی گھڑی کر کے تمام عمر کا حساب تمام ظاہری اور باطنی اعضا کے حوالے سے کرے جیسے حضرت توبہ بن صمہ رحمہ اللہ سے منقول ہے وہ رقہ کے مقام پر تھے اور اپنے نفس کا محاسبہ کیا کرتے تھے انہوں نے ایک دن حساب لگایا تو ان کی عمر ساٹھ سال تھی دنوں کا حساب کیا تو وہ اکیس ہزار پانچ سو تھے انہوں نے چیخ ماری اور فرمایا ہائے افسوس اپنے حقیقی بادشاہ سے اکیس ہزار پانچ سو گناہوں کے ساتھ ملاقات کروں گا۔ اور جب روزانہ دس ہزار گناہ ہوں تو کیا

صورتِ حال ہوگی پھر وہ غش کھا کر گر پڑے اور معلوم ہوا کہ وفات پا گئے ہیں لوگوں نے سنا کوئی کہنے والا کہہ رہا تھا اے شخص! فردوسِ اعلیٰ کی طرف چلا جا ——

اسی طرح ہر وقت نفس سے سانسوں کا حساب بھی کیا جائے نیز دل کے گناہ اور اعضاء سے سرزد ہونے والی نافرمانیوں پر بھی احتساب کرے اگر آدمی ہر گناہ پر اپنے گھر میں ایک پتھر پھینکے تو تھوڑی سی مدت میں اس کا گھر پتھروں سے بھر جائے گا۔ لیکن وہ گناہوں کو یاد رکھنے میں سستی کرتا ہے جب کہ دو فرشتے اسے یاد رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ اسے شمار کرتا ہے اور انسان بھول جاتے ہیں۔

فصل ۵:

چوتھی نگہداشت —— کوتاہی پر نفس کو سزا

جب آدمی اپنے نفس کا احتساب کرے اور پھر گناہ کے ارتکاب اور حقِ خداوندی میں کوتاہی سے محفوظ نہ ہو تو اس کے لیے مناسب نہیں کہ نفس کو کھلی چھٹی دے دے کیوں کہ اسے مہلت دینے کی صورت میں گناہوں کا ارتکاب آسان ہو جائے گا نفس ان سے مانوس ہو جائے گا اور ان کا ترک مشکل ہو گا۔ اور یہ اس کی ہلاکت کا سبب ہے بلکہ اسے چاہیے کہ اس کو تنبیہ کرتا ہے جب نفس کی خواہش کے مطابق کوئی مشتبہ لقمہ کھائے اور اسے چاہیے کہ نفس کو بھوک کے ذریعے سزا دے اور اگر کسی غیر محرم کو دیکھے تو آنکھ کو روکنے کے ذریعے سزا دے اسی طرح جسم کے ہر عضو کو خواہشات کی تکمیل سے روکنے کے ذریعے سزا دے آخرت کے راستے پر چلنے والے لوگوں کا یہی طریقہ تھا۔

حضرت منصور بن ابراہیم رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ ایک عبادت گزار آدمی نے کسی عورت سے بات کی حتیٰ کہ اس نے اس کی ران پر ہاتھ رکھ دیا پھر اسے ندامت ہوئی تو اس نے اپنا ہاتھ آگ پر رکھ دیا حتیٰ کہ وہ جل کر کباب ہو گیا۔

ایک روایت میں ہے کہ بنی اسرائیل میں سے ایک آدمی اپنے عبادت خانے میں عبادت کیا کرتا تھا ایک طویل عرصہ تک وہ اسی حالت میں رہا ایک دن باہر جھانکا تو ایک عورت پر نظر پڑی چنانچہ وہ اس کے عشق میں مبتلا ہو گیا اور اس کا قصد کیا اپنا پاؤں باہر نکالا کہ اس کی طرف جائے تو رحمتِ خداوندی سے مدد ملی اور کہنے لگا میں کیا کرنا چاہتا ہوں۔ چنانچہ اس کی خواہش دب گئی اور اللہ تعالیٰ نے اسے محفوظ فرمایا وہ پشیمان ہوا اور جب اپنا پاؤں عبادت خانے کی طرف واپس کرنے لگا تو سوچا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ جو پاؤں گناہ کے ارادے سے باہر نکلا اب وہ میرے ساتھ عبادت خانے میں واپس آئے اللہ کی قسم ایسا کبھی بھی نہیں ہو گا۔

چنانچہ اس نے وہ پاؤں باہر ہی لٹکتا چھوڑ دیا حتیٰ کہ بارشوں ہواؤں، برف اور دھوپ کی وجہ سے وہ کٹ کر گر پڑا اور اس نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور بعض کتب میں اس بات کا ذکر آیا ہے۔

حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ سے منقول ہے فرماتے ہیں میں نے ابن کریبی سے سنا وہ فرماتے تھے کہ ایک رات میں جنبی ہو گیا اور مجھے غسل کی ضرورت پڑ گئی رات ٹھنڈی تھی میں نے محسوس کیا کہ میرا دل اس میں تاخیر کر رہا ہے اور کوتاہی کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ صبح ہو جائے اور میں پانی گرم کر کے حمام میں جاؤں اور نفس پر مشقت نہ ڈالوں۔

میں نے کہا تعجب کی بات ہے میرا زندگی بھر اللہ تعالیٰ کے ساتھ معاملہ ہے اور اس کا مجھ پر حق واجب ہوا اور میں جلدی کرنے کی بجائے توقف اور تاخیر کر رہا ہوں میں نے قسم کھائی کہ میں اسی گدڑی میں غسل کروں گا اور یہ بھی قسم کھائی کہ میں نہ تو اسے اتاروں گا اور نہ نچوڑوں گا اور نہ ہی اسے دھوپ میں خشک کروں گا۔

منقول ہے کہ غزوان اور ابو موسیٰ دونوں ایک جہاد میں تھے کہ ایک عورت سامنے آئی غزوان نے اس کی طرف دیکھا پھر اپنی آنکھ پر اس قدر زور سے طمانچہ مارا کہ آنکھ پھر آگئی (روشنی چلی گئی) اور فرمایا تو اسی چیز کو دیکھتی ہے جو تیرے لیے نقصان دہ ہے کسی بزرگ نے ایک عورت کی طرف ایک نگاہ کی تو اپنے اوپر لازم کر دیا کہ وہ زندگی بھر ٹھنڈا پانی نہیں پئیں گے اور چنانچہ وہ گرم پانی پیتے تھے تاکہ نفس پر عیش تلخ رہے۔

حسان بن ابو سنان رحمہ اللہ کے بارے میں منقول ہے کہ وہ ایک مالاخانے کے پاس سے گزرے اور کہنے لگے یہ کب بنا ہے پھر اپنے نفس کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا ایسے کام کے بارے میں پوچھتا ہے جو بے مقصد ہے میں تجھے ایک سال روزہ رکھنے کی سزا دوں گا چنانچہ انہوں نے سال بھر روزہ رکھا۔

حضرت مالک بن ضیغم رحمہ اللہ فرماتے ہیں رباح قیسی عصر کے بعد آئے اور میرے والد کے بارے میں پوچھا ہم نے کہا وہ تو سوئے ہوئے ہیں فرمایا اس وقت سو رہے ہیں؟ یہ سونے کا وقت ہے پھر واپس پھر گئے ہم نے ان کے پیچھے ایک آدمی بھیجا اور پوچھا کیا آپ کے لیے ان کو جگا دیں؟ قاصد واپس آیا اور کہنے لگا وہ تو میری بات سمجھنے سے زیادہ اہم بات میں مشغول ہیں میں نے دیکھا کہ وہ قبرستان میں چلے گئے اور اپنے نفس کو عتاب کیا اور فرمایا۔ کیا تم نے یہ کہا کہ کیا یہ سونے کا وقت ہے؟ کیا یہ بات کہنا تم پر لازمی تھا آدمی جب چاہے سوئے تمہیں کیا معلوم کہ یہ سونے کا وقت نہیں ہے جس بات کا علم نہیں اس کے بارے میں گفتگو کرتے ہو میں اللہ تعالیٰ سے وعدہ کرتا ہوں جسے کبھی نہیں توڑوں گا کہ سال بھر تک سونے کے علاوہ زمین پر پیٹھ نہیں لگاؤں گا البتہ یہ کہ کوئی مرض حائل ہو جائے یا عقل زائل ہو جائے تو الگ بات ہے تجھے شرم نہیں آتی کب تک تو لوگوں کو جھڑکتا رہے گا اور اپنی گمراہی سے باز نہیں آئے گا۔ راوی فرماتے ہیں وہ رونے لگے اور انہیں میری موجودگی کا علم نہ ہوا میں نے یہ بات دیکھی تو انہیں چھوڑ کر واپس آگیا۔

حضرت تمیم داری رحمہ اللہ سے منقول ہے کہ وہ ایک رات سوئے اور تہجد کے لیے نہ اٹھ سکے تو اس کوتاہی کی سزا کے طور پر وہ ایک سال تک نہ سوئے اور رات کو قیام کرتے رہے۔

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ایک دن ایک شخص چلا اور وہ کپڑے اتار کر کے گرم ریت پر خوب لوٹا اور اپنے نفس سے کہنے لگا اے رات کے مردار اور دن کے بیکار چکھو اور جہنم کی آگ اس سے بھی زیادہ گرم ہے وہ اسی حالت میں تھا کہ اس کی نگاہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑی اور آپ ایک درخت کے سائے میں آرام فرماتے۔ وہ حاضر ہوا اور عرض کرنے لگا کہ مجھ پر میرا نفس غالب ہو گیا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کچھ تم نے کیا اس کے علاوہ کوئی دوسرا علاج نہ تھا! سنو! تمہارے لیے آسمان کے دروازے کھل گئے اور اللہ تعالیٰ فرشتوں کے سامنے تم پر فخر کا اظہار فرماتا ہے اس کے بعد آپ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا اپنے بھائی سے کچھ توشہ لے لو تو ایک صحابی نے کہا اے فلاں! میرے لیے دعا کرو میرے لیے دعا کرو۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان سب کے لیے دعا کرو چنانچہ اس نے یوں دعا مانگی۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ التَّقْوٰى زَادَهُمْ وَاجْمَعْ عَلَى الْهُدٰى اَمْرَهُمْ۔

یا اللہ! تقویٰ ان کا سامان بنا دے اور ان سب کے معاملے کو ہدایت پر جمع کر دے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرمانے لگے یا اللہ! اس کو راہ راست پر رکھ تو اس نے کہا یا اللہ ان سب کا ٹھکانہ جنت میں بنا دے (۱)

حضرت حذیفہ بن قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک شخص سے پوچھا گیا کہ تم اپنے نفس کی خواہشات کے سلسلے میں کیا کرتے ہو؟ اس نے کہا روئے زمین پر مجھے اپنے نفس سے زیادہ کسی چیز سے نفرت نہیں تو میں اس کی خواہشات کو کیسے پورا کر سکتا ہوں۔

حضرت ابن سماک، حضرت داؤد طائی رحمہما اللہ کے وصال کے بعد ان کے پاس پہنچے اور وہ اپنے گھر میں مٹی پر پڑے ہوئے تھے انہوں نے فرمایا اے داؤد! تو نے اپنے نفس کو اس کے قید ہونے سے پہلے قید کر دیا اور اس کو عذاب ہونے سے پہلے عذاب میں مبتلا کیا آج تم اس کی طرف سے ثواب دیکھو گے جس کے لیے ایسا کرتے تھے۔

حضرت وہب بن منبہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک شخص نے ایک عرصہ تک عبادت کی پھر اسے کوئی حاجت پیش آئی تو وہ ستر ہفتے اس طرح کھڑا رہا کہ وہ ہر ہفتے میں گیارہ کھجوریں کھاتا تھا۔ پھر اپنی حاجت کا سوال کیا لیکن اس کی حاجت پوری نہ ہوئی چنانچہ اس نے اپنے نفس کی طرف متوجہ ہو کر کہا یہ تیری وجہ سے ہوا اگر تجھ میں کوئی بھلائی ہوتی تو تیری حاجت پوری ہو جاتی اس وقت ایک فرشتہ نازل ہوا اور اس نے کہا اے ابن آدم! تیری یہ ساعت تیری گذشتہ عبادت سے بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ نے تیری حاجت کو پورا کر دیا ہے۔

---

(۱) کنز العمال جلد ۲ ص ۱۷۹، ۱۸۰ حدیث ۳۹۰۳

حضرت عبداللہ بن قیس رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم ایک جہاد میں شریک تھے جب دشمن سر پر آگیا تو لوگوں میں چیخ و پکار شروع ہوگئی وہ سخت ہوا کا دن تھا لوگ اسی حالت میں میدان جنگ کی طرف چل پڑے تو میں نے اپنے سامنے ایک شخص کو دیکھا جو اپنے نفس سے مخاطب تھا اور کہہ رہا تھا اے میرے نفس کیا میں فلاں فلاں جنگ میں شریک نہیں ہوا تو تُو نے کہا اپنے اہل و عیال کی طرف چل میں نے تیری بات مانی اور واپس لوٹ گیا کیا میں فلاں جنگ میں شریک نہیں ہوا اور اس میں بھی تم نے وہی بات کہی اور اہل و عیال کی یاد دلائی تو میں نے تیری بات مانی اور واپس لوٹ گیا اللہ کی قسم! آج میں تجھے اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کروں گا اس کی مرضی ہے وہ تجھے پکڑے یا چھوڑ دے ——— راوی کہتے ہیں میں نے دل میں کہا کہ آج میں اس شخص کی نگرانی کروں گا میں اسے دیکھتا رہا لوگوں نے دشمن پر حملہ کیا تو وہ سب سے آگے تھا پھر دشمن ان لوگوں پر حملہ آور ہوئے تو وہ بکھر گئے لیکن وہ شخص اپنی جگہ کھڑا رہا حتیٰ کہ وہ کئی مرتبہ ادھر اُدھر ہوئے لیکن یہ ثابت قدمی سے لڑتا رہا اللہ کی قسم وہ اسی حالت میں رہا حتیٰ کہ وہ شہید ہو کر گر پڑا تو میں نے اس پر اور اس کی سواری پر ساٹھ یا اس سے بھی زیادہ زخم شمار کئے۔

حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ سے متعلق حدیث ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں کہ جب ایک پرندے نے نماز میں ان کی توجہ کو ہٹایا جو ان کے باغ میں تھا تو انہوں نے اس کے کفارے کے طور پر اپنا باغ صدقہ کر دیا اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہر رات اپنے پاؤں پر درہ مارا کرتے تھے اور فرماتے آج تو نے کیا عمل کیا ہے؟

حضرت مجمع رحمہ اللہ سے منقول ہے انہوں نے اپنا سر چھت کی طرف اٹھایا تو ان کی نظر ایک عورت پر پڑی تو انہوں نے قسم کھائی کہ وہ جب تک دنیا میں موجود ہیں آسمان کی طرف نظر نہیں اُٹھائیں گے۔

حضرت احنف بن قیس رحمہ اللہ ہمیشہ رات کے وقت اپنی انگلی جلتے ہوئے چراغ پر رکھتے اور اپنے نفس سے فرماتے کہ تم نے فلاں دن فلاں عمل کیوں کیا؟

حضرت وہیب بن ورد رحمہ اللہ کو اپنے نفس کی کوئی بات بری معلوم ہوئی تو انہوں نے اپنے سینے کے کچھ بال اکھیر دیئے حتیٰ کہ جب سخت تکلیف محسوس ہوئی تو فرمانے لگے میں تو تیری بھلائی چاہتا ہوں۔

حضرت محمد بن بشر نے حضرت داؤد طائی رحمہما اللہ کو دیکھا کہ وہ افطاری کے وقت نمک کے بغیر روٹی کھا رہے تھے فرمایا اگر نمک کے ساتھ کھاتے تو کیا حرج تھا؟ انہوں نے جواب دیا میرا نفس ایک سال سے مجھ سے نمک کا مطالبہ کر رہا ہے اور جب تک حضرت داؤد دنیا میں رہے انہوں نے نمک نہیں چکھا۔

تو محتاط لوگ اس طرح اپنے نفسوں کو سزا دیتے تھے اور تعجب کی بات ہے کہ تم اپنے غلام، لونڈی اور اپنی بیوی بچوں سے کوئی بد اخلاقی یا کسی کام میں کوتاہی دیکھتے ہو تو ان کو سزا دیتے ہو اور تمہیں اس بات کا ڈر ہے کہ اگر ان سے درگزر کیا جائے تو یہ لوگ ہاتھ سے نکل جائیں گے اور سرکشی کریں گے لیکن اپنے نفس کو چھوڑ دیتے ہو حالانکہ وہ تمہارا

بہت بڑا دشمن ہے اور اس کی سرکشی کا نقصان تمہارے اہل وعیال کی سرکشی کے نقصان سے زیادہ ہے وہ تو زیادہ سے زیادہ تیری زندگی میں تجھے پریشان کریں گے اور اگر تم سمجھدار ہوتے تو معلوم ہوتا کہ اصل زندگی تو آخرت کی زندگی ہے اور اس میں دائمی نعمتیں ہیں جن کی انتہا نہیں اور نیز انفس ہی تو تجھ پر آخرت کی زندگی کو مکدر کرتا ہے لہٰذا دوسروں کی نسبت یہ سزا کا زیادہ مستحق ہے۔

فصل ۶ :

پانچویں نگہداشت ـــــ مجاہدہ

جب نفس کا احتساب کر لیا اور دیکھا کہ وہ گناہ سے الگ ہو گیا ہے تو اب چاہیے کہ گذشتہ گناہوں پر اسے سزا دے اور دیکھے اگر وہ کسی مستحب کام میں سستی کرتا ہے یا کسی وظیفہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کی تادیب اس طرح کرے کہ اس پر وظائف کا بوجھ ڈال دے اور یہ اس گذشتہ نقصان کو پورا کرنا اور کوتاہی کا تدارک ہے اللہ تعالیٰ کے لیے عمل کرنے والے اسی طرح عمل کرتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی نماز عصر رہ گئی تو انہوں نے اپنی وہ زمین صدقہ کر دی جس کی قیمت دو لاکھ درہم تھی۔

اگر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے نماز باجماعت رہ جاتی تو آپ وہ پوری رات عبادت میں گزارتے۔

ایک مرتبہ نماز مغرب میں تاخیر ہو گئی حتیٰ کہ دو ستارے نکل آئے تو آپ نے دو غلام آزاد فرمائے۔ ابن ابی ربیعہ رحمہ اللہ سے فجر کی دو رکعتیں رہ گئیں تو انہوں نے ایک غلام آزاد کیا۔

اور ان بزرگوں میں سے بعض اپنے نفس پر ایک سال روزہ رکھنا یا پیدل حج کرنا یا اپنا تمام مال صدقہ کرنا لازم کر دیتے یہ تمام کام نفس کی نگہداشت اور حصول نجات کے لیے کرتے تھے۔

اگر تم کہو کہ میرا نفس مجاہدے اور دائمی وظائف کے بارے میں میری بات نہیں مانتا تو اس کے علاج کی کیا صورت ہوگی؟ تو میں کہتا ہوں اسے وہ احادیث سناؤ جو مجتہدین (عبادت میں کوشش کرنے والوں کے حق میں آئی ہیں (۱) اور علاج کے لیے زیادہ نفع بخش اسباب میں سے ایک سبب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کسی ایسے بندے کی صحبت اختیار کرو جو عبادت میں خوب کوشش اور مجاہدہ کرتا ہے۔ اس کی باتیں ملاحظہ کرو اور ان کو اپنے پلے باندھو۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں جب مجھے عبادت کرتے ہوئے کچھ کوتاہی محسوس ہوتی ہے تو میں حضرت محمد بن واسع رحمہ اللہ کے حالات دیکھتا ہوں اور ایک ہفتہ تک اس پر عمل کرتا ہوں۔

---

(۱) الترغیب والترہیب جلد اول ص ۹۴۳ کتاب النوافل

لیکن یہ علاج مشکل ہے کیوں کہ اس زمانے میں ایسے لوگ نہیں ملتے جو پہلے لوگوں کی طرح عبادت میں کوشاں ہوں۔ لہٰذا مشاہدے کو چھوڑ کر سننے کی طرف رجوع کرے کیوں کہ ان کے احوال سننے سے بڑھ کر کوئی بات نفع نہیں دیتی۔ ان کی خبروں کا مطالعہ کرے اور انہوں نے جو مجاہدہ کیا اسے دیکھے کہ اب ان کی محنت ختم ہوگئی اور اب دائمی نعمتوں اور ثواب کا حصول ہے جو کبھی ختم نہیں ہوگا۔ تو ان کی ملک کتنی بڑی ہے اور اس شخص پر کس قدر افسوس ہے جو ان کے پیچھے نہیں چلتا اور چند روزہ خواہشات سے نفع اٹھانے کی کوشش کرتا ہے جو زندگی کو مکدر کر دیتی ہیں پھر اسے موت آئے گی اور وہ اس کے اور اس کی خواہشات کے درمیان ہمیشہ ہمیشہ کے لیے حائل ہو جائے گی۔ ہم اس بات سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں۔

ہم ان مجاہدہ کرنے والوں کی فضیلت کے اوصاف اور فضائل کا ذکر کرتے ہیں جو مریدین کی رغبت کو متحرک کرے گی اور وہ اس کوشش میں ان کے پیچھے چلیں گے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

رَحِمَ اللّٰہُ قَوْمًا یَحْسَبُہُمُ النَّاسُ مَرْضیٰ وَمَا ھُمْ بِمَرْضیٰ۔ (۱)

اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر رحم فرمائے جن کو لوگ بیمار خیال کرتے ہیں حالاں کہ وہ بیمار نہیں ہیں۔

حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ عبادت میں کوشش کی وجہ سے بیمار (لاغر اور کمزور) نظر آتے ہیں ارشاد خداوندی ہے۔

وَالَّذِیْنَ یُؤْتُوْنَ مَا اٰتَوْا وَّقُلُوْبُہُمْ وَجِلَۃٌ۔ (۲)

اور وہ لوگ جو دیتے ہیں وہ چیز جو دیتے ہیں اس حال میں ان کے دل ڈرتے ہیں۔

حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ جب وہ نیک اعمال کرتے ہیں پھر بھی ڈرتے ہیں کہ شاید وہ عذاب خداوندی سے نجات حاصل نہ کر سکیں۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

طُوْبیٰ لِمَنْ طَالَ عُمُرُہٗ وَحَسُنَ عَمَلُہٗ (۱)

اس شخص کے لیے خوشخبری ہے جس کی عمر لمبی اور اعمال اچھے ہوں۔

ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں سے فرماتا ہے میرے ان بندوں کا کیا حال ہے جو عمل میں کوشش کرتے ہیں؟ وہ عرض کرتے ہیں یا اللہ! تو نے انہیں ایک چیز سے ڈرایا ہے پس وہ اس سے ڈرتے ہیں اور تو نے ان کو ایک بات کا شوق دلایا تو وہ اس کے مشتاق ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اگر میرے بندے مجھے دیکھ لیں تو کیسا ہوگا؟

---

(۱)

(۲) قرآن مجید، سورۂ مومنون آیت ۶ (۳) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۲۵۴ کتاب التوبۃ

وہ کہتے ہیں اس صورت میں وہ زیادہ کوشش کریں گے۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے بہت سے لوگوں کو پایا اور ان میں سے کچھ حضرات کی مجلس اختیار کی وہ دنیا کی کسی چیز پر جو ان کے پاس آتی تھی، خوش نہیں ہوتے تھے اور نہ ہی انہیں دنیا کے چلے جانے پر افسوس ہوتا تھا اور ان کے نزدیک یہ دنیا اس مٹی سے بھی زیادہ حقیر تھی جسے تم اپنے پاؤں سے روندتے ہو ان میں سے ایک پوری زندگی گزار لیتا لیکن اس کے لیے نہ تو کپڑے کو تہہ لگائی جاتی اور نہ وہ اپنے گھر والوں کو کھانا تیار کرنے کے لیے کہتا نہ اس کے سونے کے لیے زمین پر کوئی چیز بچھائی جاتی میں نے دیکھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر عمل کرتے تھے جب رات چھا جاتی تو وہ اپنے قدموں پر کھڑے ہو جاتے اپنے چہروں کو بچھا دیتے اور ان کے آنسو ان کے رخساروں پر جاری ہوتے اور وہ آخرت کی نجات کے بارے میں اپنے رب سے مناجات کرتے تھے جب وہ اچھا کام کرتے تو اس پر خوش ہوتے اور اس کا شکر ادا کرنے میں جدوجہد کرتے اور اللہ تعالیٰ سے اس کی قبولیت کا سوال کرتے اور جب کوئی برا عمل کرتے تو اس سے غمگین ہو جاتے اور اللہ تعالیٰ سے بخشش کا سوال کرتے اللہ کی قسم! وہ ہمیشہ اسی حالت میں رہے اور قسم بخدا انہوں نے گناہوں سے سلامتی اور نجات مغفرت کے بغیر نہیں پائی۔

منقول ہے کہ کچھ لوگ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے وہ آپ کی بیمار پرسی کے لیے آئے تھے ان میں ایک دبلا پتلا نوجوان تھا حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے پوچھا اے نوجوان! تمہاری یہ حالت کیسے ہوئی! اس نے عرض کیا امیر المومنین! کچھ بیماریوں نے یہ حالت بنا دی ہے آپ نے فرمایا میں تجھے اللہ تعالیٰ کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ سچ سچ بتاؤ اس نے کہا اے امیر المومنین میں نے دنیا کا مٹھاس چکھا تو میں نے اس کو کڑوا پایا اور اس کی تروتازگی اور حلاوت میری نظروں میں حقیر ہو گئی اور اس طرح میرے نزدیک اس کا سونا اور پتھر ایک جیسے ہو گئے اور گویا میں اپنے رب کے عرش کو دیکھ رہا ہوں اور لوگوں کو جنت و جہنم کی طرف لے جایا جا رہا ہے اس لیے میں دن کو پیاسا اور رات کو بیدار رہتا ہوں اور اللہ تعالیٰ کے ثواب و عذاب کے مقابلے میں اس حالت کی کوئی حیثیت نہیں جس میں میں ہوں۔

حضرت ابو نعیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں حضرت داؤد طائی رحمہ اللہ روٹی کے ٹکڑے بھگو کر پیتے اور روٹی نہ کھاتے ان سے اس بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا روٹی چبانے اور ان چورہ شدہ ٹکڑوں کو پینے کے درمیان پچاس آیات پڑھنے کا وقت ہوتا ہے (اور یہ وقت روٹی کھانے میں صرف ہو جاتا ہے)

ایک دن ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ آپ کی چھت میں ایک شہتیر ٹوٹا ہوا ہے فرمایا اے بھتیجے! میں نے بیس سال سے مکان کی چھت کی طرف نہیں دیکھا۔

تو وہ لوگ جس طرح فضول کلام کو ناپسند کرتے تھے اسی طرح وہ فضول نظر کو بھی پسند نہیں کرتے تھے۔

حضرت محمد بن عبدالعزیز رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم صبح سے عصر تک حضرت احمد بن رزین رحمہ اللہ کی خدمت میں بیٹھے رہے تو انہوں نے دائیں بائیں نہیں دیکھا ان سے اس کی وجہ پوچھی گئی تو انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے آنکھیں اس لیے پیدا کی ہیں کہ ان سے بندہ اللہ تعالیٰ کی عظمت کو دیکھے تو جو شخص عبرت کے حصول کے بغیر دیکھتا ہے اس کے ذمہ ایک گناہ لکھ دیا جاتا ہے۔

حضرت مسروق رحمہ اللہ کی بیوی کہتی ہیں کہ حضرت مسروق کو جب بھی دیکھا گیا تو لمبی نماز کی وجہ سے ان کی پنڈلیاں سوجی ہوئی ہوتی تھیں وہ فرماتی ہیں اللہ تعالیٰ کی قسم میں ان کے پیچھے بیٹھتی تو ان کی یہ حالت دیکھ کر رو پڑتی۔

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر تین باتیں نہ ہوتیں تو میں ایک دن بھی زندہ رہنا پسند نہ کرتا ایک دوپہر کے وقت پیاسا رہنا دوسرا رات کے درمیان اللہ تعالیٰ کے لیے سجدہ کرنا اور تیسری بات یہ کہ ایسے لوگوں کے پاس بیٹھنا جو اچھی باتوں کو اس طرح چھانتے ہیں جس طرح اچھی کھجوریں چھانٹی جاتی ہیں۔

حضرت اسود بن یزید رحمہ اللہ عبادت میں خوب کوشش کرتے وہ گرمی میں روزہ رکھتے حتیٰ کہ ان کا جسم سبز اور زرد ہو جاتا حضرت علقمہ بن قیس رحمہ اللہ ان سے فرماتے کہ آپ اپنے نفس کو کیوں تکلیف میں مبتلا کرتے ہیں؟ وہ فرماتے میں اس کی عزت و احترام چاہتا ہوں آپ کا دستور تھا کہ مسلسل روزے رکھتے حتیٰ کہ جسم زرد ہو جاتا اور نماز پڑھتے حتیٰ کہ گر پڑتے حضرت انس بن مالک اور حضرت حسن رضی اللہ عنہما ان کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان کاموں کا حکم نہیں دیا فرمایا میں ایک مملوک غلام ہوں عاجزی اور مسکینی کی کسی بات کو عمل میں لائے بغیر نہیں چھوڑوں گا۔

اور بعض عبادت گزار ہر دن ایک ہزار رکعات پڑھتے یہاں تک کہ وہ بیٹھے اور اسی حالت میں ایک ہزار رکعتیں پڑھ لیتے۔ جب عصر کی نماز پڑھتے تو ٹانگیں کھڑی کر کے بیٹھے پھر فرماتے مخلوق پر تعجب ہے انہوں نے کیسے تیرے بدلے میں کسی دوسری چیز کا ارادہ کیا؟ مخلوق پر تعجب ہے وہ تیرے ماسوا سے کیسے مانوس ہو گئی۔

حضرت ثابت بنانی رحمہ اللہ کو نماز سے بہت محبت تھی وہ کہا کرتے تھے یا اللہ اگر تو نے کسی کو اجازت دی ہے کہ وہ قبر میں تیرے لیے نماز پڑھے تو مجھے بھی اجازت دے کہ میں قبر میں تیرے لیے نماز پڑھوں گا۔

حضرت جنید رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت سری سقطی رحمہ اللہ سے بڑھ کر کسی کو عبادت گزار نہیں دیکھا انہیں اٹھانوے سال کے عرصہ میں مرض الموت کے علاوہ بستر پر نہیں دیکھا گیا۔

حضرت حارث بن سعد رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک جماعت ایک راہب کے پاس سے گزری تو انہوں نے اسے دیکھا کہ وہ عبادت میں خوب کوشش کر رہا ہے تو انہوں نے اس سلسلے میں اس سے بات چیت کی اس نے کہا جو کچھ معاد کے احوال مخلوق پر آنے والے ہیں اور وہ ان سے غافل ہیں ان کے مقابلے میں یہ کچھ بھی نہیں وہ اپنی نفسانی لذتوں پر جھک گئے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو بہت بڑا حصہ ملے گا اسے بھول گئے یہ بات سن کر سب لوگ رو پڑے۔

حضرت ابو محمد مغازلی رحمہ اللہ سے منقول ہے فرماتے ہیں حضرت ابو محمد جریری رحمہ اللہ مکہ مکرمہ میں ایک سال رہے اس دوران نہ وہ سوئے اور نہ کسی سے کلام کیا انہوں نے کسی ستون یا دیوار کے ساتھ ٹیک بھی نہیں لگائی اور اپنے پاؤں بھی نہیں پھیلائے حضرت ابوبکر کتانی رحمہ اللہ ان کے پاس سے گزرے تو انہوں نے انہیں سلام پیش کرنے کے بعد فرمایا اے ابو محمد! آپ اس اعتکاف پر کس طرح قادر ہوئے؟ انہوں نے فرمایا وہ علم جس نے میرے باطن میں سچائی پیدا کی اس نے میرے ظاہر پر بھی مدد کی ہے یہ سن کر حضرت کتانی سوچتے سوچتے آگے چلے گئے۔

بعض بزرگوں سے منقول ہے فرماتے ہیں میں حضرت فتح موصلی رحمہ اللہ کے پاس گیا تو دیکھا کہ وہ ہاتھوں کو پھیلائے ہوئے رو رہے ہیں حتی کہ میں نے دیکھا ان کے آنسو ان کی انگلیوں کے درمیان سے نکل رہے ہیں جب میں ان کے قریب گیا تو دیکھا کہ ان آنسوؤں میں زردی ہے میں نے پوچھا اے فتح! آپ خون کے آنسو کیوں روتے ہیں اللہ کی قسم آپ بتائیں۔ انہوں نے فرمایا اگر تم نے مجھے اللہ تعالیٰ کی قسم نہ دی ہوتی تو میں تمہیں نہ بتاتا ہاں میں خون کے آنسو روتا ہوں میں نے پوچھا آپ اس طرح کیوں روتے ہیں فرمایا رونا اس لیے ہوں کہ میں اللہ تعالیٰ کے فرائض میں کوتاہی کر رہا ہوں اور خون کے آنسو اس لیے روتا ہوں کہ جس بات پر آنسو نکل رہے ہیں کہیں وہ صحیح ہی نہ ہو جائے۔

فرماتے ہیں میں نے بعد میں انہیں خواب میں دیکھا تو پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ فرمایا اس نے مجھے معاف فرما دیا میں نے پوچھا آپ کے آنسوؤں سے متعلق کیا ہوا؟ فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے قریب کیا اور فرمایا اے فتح! آنسو بہانے کا کیا مقصد تھا؟ میں نے عرض کیا اس لیے کہ مجھ سے واجب کی ادائیگی میں کوتاہی ہوئی۔ فرمایا خون کس مقصد کے تحت تھا؟ میں نے عرض کیا اس ڈر سے کہ کہیں آنسو غیر مقبول نہ ہوں اللہ تعالیٰ نے مجھ سے فرمایا۔ اے فتح! ان سب باتوں سے تیری کیا مراد تھی مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم ہے چالیس سال سے تیرے دونوں محافظ فرشتوں نے جو نامہ اعمال بھیجا ہے اس میں کوئی گناہ نہیں ہے۔

کہا گیا ہے کہ ایک جماعت نے سفر کا ارادہ کیا تو وہ راستے سے ہٹ گئے چنانچہ وہ ایک راہب کے پاس پہنچے جو لوگوں سے الگ تھلگ گوشہ نشینی اختیار کئے ہوئے تھا۔

انہوں نے اسے آواز دی تو اس نے عبادت خانے سے ان کو جھانکا انہوں نے کہا اے راہب! ہم راستہ بھول چکے ہیں ہمیں راستہ بتائیں اس نے آسمان کی طرف اشارہ کیا تو لوگ اس کا ارادہ سمجھ گئے انہوں نے کہا اے راہب! ہم آپ سے کچھ پوچھنا چاہتے ہیں آپ جواب دیں گے؟ اس نے کہا پوچھو لیکن زیادہ سوال نہ کرنا کیوں کہ نہ دن واپس آتا ہے اور نہ زندگی لوٹ کر آئے گی اور موت جلدی کر رہی ہے لوگوں کو اس کی بات پسند آئی انہوں نے پوچھا اے راہب! کل قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے ہاں لوگوں کا حشر کس چیز پر ہوگا؟ اس نے کہا ان کی نیتوں پر، انہوں نے کہا ہمیں کوئی نصیحت کریں اس نے کہا اپنے سفر کے مطابق زاد راہ حاصل کرو کیوں کہ بہترین توشہ وہ ہے جو مقصود تک

پہنچائے پھر ان کو راستہ بتایا اور اپنا سر عبادت خانے کے اندر کر دیا۔

حضرت عبدالواحد بن زید رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں چین کے عبادت گزاروں میں سے ایک عبادت گزار کے عبادت خانے سے گزرا تو میں نے آواز دی اے راہب! اس نے مجھے جواب نہ دیا میں نے دوبارہ آواز دی تو بھی جواب نہ دیا تیسری مرتبہ آواز دی تو وہ میری طرف متوجہ ہوا اور کہنے لگا اے فلاں! میں راہب نہیں ہوں راہب تو وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی بلندی سے ڈرے اس کی کبریائی کی تعظیم کرے اس کی طرف سے پہنچنے والی آزمائش پر صبر کرے اس کے فیصلے پر شکر کرے اس کی نعمتوں پر اس کی تعریف کرے اس کی عظمت کے سامنے تواضع کرے اس کی عزت کے سامنے ذلت اختیار کرے اس کی قدرت کے سامنے جھک جائے اس کے خوف کے سامنے دم نہ مارے اور اس کے حساب و عذاب کے بارے میں سوچے دن کو روزہ رکھے اور رات کو عبادت کے ساتھ قیام کرے دوزخ کی یاد اور اللہ تعالیٰ سے سوال اسے بیدار رکھے ایسا شخص راہب ہوتا ہے۔

میں تو ایک کاٹنے والا کتا ہوں میں نے اپنے آپ کو اس عبادت خانے میں بند کر دیا ہے تاکہ لوگوں کو نہ کاٹوں میں نے کہا اے راہب! معرفت خداوندی کے بعد لوگوں کو اس سے کس چیز نے دور کر دیا ہے؟ اس نے کہا اے میرے بھائی! لوگوں کو اللہ تعالیٰ سے دنیا کی محبت اور اس کی زینت نے الگ کر رکھا ہے کیوں کہ یہ گناہوں کی جگہ ہے سمجھدار وہ ہے جو اسے دنیا سے نکال پھینکے اپنے رب کے ہاں اپنے گناہ سے توبہ کرے اور ایسی باتوں کی طرف متوجہ ہو جو اسے اللہ تعالیٰ کے قریب کر دیں۔

حضرت داؤد طائی رحمہ اللہ سے کہا گیا کہ آپ کنگھی کر لیں انہوں نے فرمایا اس کا مطلب یہ ہے کہ میں فارغ ہوں۔

حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ فرماتے تھے یہ رکوع کی رات ہے پھر وہ تمام رات رکوع میں گزارتے اور دوسری رات آتی تو فرماتے یہ سجدے کی رات ہے پھر وہ پوری رات سجدے میں گزار دیتے کہا گیا کہ جب حضرت عتبہ غلام تائب ہوئے تو وہ کھانے پینے کے لیے آمادہ نہ ہوتے ان کی ماں نے ان سے کہا اگر تم اپنے نفس پر کچھ نرمی کرو تو کیا حرج ہے؟ انہوں نے فرمایا میں آرام ہی تو چاہتا ہوں مجھے تھوڑی سے مشقت کر لینے دیں پھر میں طویل مدت عیش کروں گا۔

حضرت مسروق رضی اللہ عنہ نے حج کیا تو سوائے حالتِ سجدہ کے وہ نہیں سوئے۔ حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں لوگ رات کو چلنے کی تعریف صبح کے وقت کرتے ہیں اور مرنے کے وقت تقویٰ کی تعریف کریں گے۔

حضرت عبداللہ بن داؤد رحمہ اللہ فرماتے ہیں بزرگانِ دین میں سے جب کوئی چالیس برس کا ہوتا تو اپنا بستر لپیٹ دیتا یعنی وہ تمام رات نہ سوتا۔

حضرت کہمس بن حسن رحمہ اللہ ہر دن ایک ہزار رکعات پڑھتے پھر اپنے نفس سے فرماتے اے تمام برائیوں کی پناہ گاہ اٹھو۔

جب آپ کمزور ہو گئے تو پانچ سو رکعات پر اکتفا کر لیا پھر روتے ہوئے کہنے لگے میرا نصف عمل چلا گیا۔
حضرت ربیع بن خثیم رحمہ اللہ کی صاحبزادی ان سے پوچھتی تھی ابا جان! کیا بات ہے میں دیکھتی ہوں کہ لوگ سوتے ہیں اور آپ آرام نہیں فرماتے؟ وہ جواب دیتے اے بیٹی! تیرے باپ کو رات کے حملے کا ڈر ہے۔
جب حضرت ربیع کی والدہ نے ان کا رونے اور جاگنے کا حال دیکھا تو آواز دی اے بیٹے! شاید تو نے کسی کو قتل کیا ہے انہوں نے کہا ہاں اے ماں اسی طرح ہے۔ ماں نے پوچھا وہ کون ہے؟ تاکہ ہم اس کے گھر والوں کو تلاش کر کے ان سے معافی مانگیں اللہ کی قسم اگر ان کو تمہاری اس حالت کا علم ہو جائے تو وہ تمہیں معاف کر دیں گے اور تجھ پر رحم کھائیں گے انہوں نے فرمایا اماں جان یہ میرا نفس ہے۔
حضرت بشر بن حارث رحمہ اللہ کے بھانجے حضرت عمر رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے اپنے ماموں حضرت بشر سے سنا وہ میری ماں سے فرما رہے تھے اے میری بہن! میرا پیٹ اور پسلیاں مجھ سے ٹکرائی ہیں تو میری ماں نے کہا بھائی! اگر تم اجازت دو تو میں تمہارے لیے ایک مٹھی میدے کا حریرہ بنا دوں اس کے پینے سے طاقت آ جائے گی انہوں نے فرمایا مجھے یہی تو ڈر ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھ سے پوچھے یہ آٹا کہاں سے آیا؟ تو مجھے معلوم نہ ہو کہ میں کیا جواب دوں یہ سن کر میری ماں اور ماموں دونوں رونے لگے۔ اور میں بھی ان کے ساتھ روتا تھا۔
یہی (مذکورہ بالا) حضرت عمر رحمہ اللہ فرماتے ہیں میری ماں نے جب حضرت بشر کو دیکھا کہ بھوک کی وجہ سے ان کا سانس لینا مشکل ہو گیا ہے تو انہوں نے کہا بھائی جان! کاش میں تمہاری ماں سے پیدا نہ ہوتی اللہ کی قسم! تیری حالت دیکھ کر میرا جگر ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا ہے میں نے سنا وہ جواب میں فرماتے ہیں کہ میں بھی یہی کہتا ہوں کہ کاش میری ماں مجھے نہ جنتی اور اگر جنا تھا تو مجھے دودھ نہ پلاتی حضرت عمر فرماتے ہیں میری ماں ان کو دیکھ کر دن رات روتی رہتی تھیں۔
حضرت ربیع فرماتے ہیں میں حضرت اویس رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوا تو میں نے ان کو نماز فجر سے فراغت کے بعد بیٹھا ہوا پایا پھر وہ بھی بیٹھے رہے اور میں بھی ان کے ساتھ بیٹھا رہا اور میں نے دل میں کہا کہیں میری وجہ سے ان کی تسبیح میں حرج نہ ہو وہ اپنی جگہ سے نہ ہلے یہاں تک کہ انہوں نے ظہر کی نماز پڑھی اور عصر تک نماز پڑھتے رہے پھر عصر کی نماز پڑھنے کے بعد دوبارہ بیٹھ گئے مغرب کی نماز تک بیٹھے رہے اور پھر مغرب کی نماز ادا کی پھر وہیں بیٹھے رہے حتیٰ کہ نماز عشاء ادا کی پھر اسی جگہ ٹھہرے رہے یہاں تک کہ فجر کی نماز پڑھی پھر بیٹھے تو نیند آنے لگی آپ نے بارگاہ خداوندی میں عرض کیا۔
یا اللہ! میں زیادہ سونے والی آنکھوں اور نہ سیر ہونے والے پیٹ سے تیری پناہ چاہتا ہوں ——
حضرت ربیع فرماتے ہیں میں نے کہا ان سے مجھے یہی کافی ہے پھر میں واپس چلا گیا۔
ایک شخص نے حضرت اویس رضی اللہ عنہ کو دیکھا تو پوچھا اے ابو عبداللہ! کیا بات ہے میں آپ کو ایک بیمار آدمی کی طرح

دیکھتا ہوں؟ انہوں نے فرمایا اویس کو کیا ہوا کہ وہ بیمار نہ ہو بیماروں کو کھانا ملتا ہے اور اویس کھانا نہیں کھاتا اور بیمار آدمی سوتا ہے لیکن اویس نہیں سوتا۔

حضرت احمد بن حرب رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس شخص پر تعجب ہے جو جانتا ہے کہ اس کے اوپر جنت آراستہ ہے اور اس کے نیچے جہنم کی آگ جل رہی ہے پھر وہ ان کے درمیان کیسے سو جاتا ہے۔

ایک عابد بزرگ نے فرمایا کہ میں حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ کے پاس آیا تو دیکھا کہ وہ عشاء کی نماز پڑھ چکے ہیں میں ان کے انتظار میں بیٹھ گیا انہوں نے ایک کمبل لپیٹا اور لیٹ گئے انہوں نے رات بھر پہلو نہ بدلا حتی کہ صبح ہو گئی اور موذن نے اذان دی وہ جلدی جلدی نماز کی طرف اٹھے لیکن وضو نہ کیا میرے دل میں یہ بات کھٹکی اور میں نے کہا اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے آپ رات بھر لیٹے رہے پھر وضو نہیں فرمایا۔

انہوں نے فرمایا میں رات بھر کبھی جنت کے باغوں میں اور کبھی جہنم کی وادیوں میں پھرتا رہا تو کیا ایسی صورت میں نیند آتی ہے؟

حضرت ثابت بنانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے کئی آدمیوں کو دیکھا ان میں سے ایک نماز پڑھتا تو اس قدر تھک جاتا کہ بستر پر گھٹنوں کے بل چل کر آتا۔

کہا گیا ہے کہ حضرت ابوبکر بن عیاش رحمہ اللہ نے چالیس سال اس طرح گزارے کہ انہوں نے بستر پر پہلو نہ رکھا اور ان کی ایک آنکھ میں پانی اتر آیا تو انہوں نے بیس سال اسی طرح گزار دیئے اور ان کے گھر والوں کو علم نہ ہو سکا۔

کہا گیا ہے کہ حضرت سمنون رحمہ اللہ روزانہ پانچ سو رکعات پڑھتے تھے۔ اور حضرت ابوبکر مطوعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں جوانی میں روزانہ دن رات میں اکتیس ہزار یا چالیس ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھا کرتا تھا۔ راوی کو تعداد میں شک ہے

حضرت منصور بن معتمر رحمہ اللہ کی حالت یہ تھی کہ جب تم ان کو دیکھو تو کہو کہ اس شخص کو کوئی مصیبت پہنچی ہے آنکھیں جھکی ہوئی آواز پست اور آنکھیں تر رہتی تھیں اگر ذرا حرکت دو تو چار چار آنسو نکلیں ان کی ماں نے کہا اپنے نفس سے یہ کیا معاملہ کر رہے ہو کہ ساری رات روتے رہتے ہو اے بیٹے شاید تم نے کوئی قتل کیا ہے وہ جواب دیتے اے ماں! میں خوب جانتا ہوں جو کچھ میں نے اپنے نفس کے ساتھ کیا ہے۔

حضرت عامر بن عبداللہ رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ آپ رات کی بیداری اور دوپہر کی پیاس پر کیسے صبر کرتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا اس طرح کہ میں دن کے کھانے کو رات پر اور رات کی نیند کو دن پر ٹال دیتا ہوں اور یہ کوئی بڑی بات نہیں۔

وہ فرمایا کرتے تھے میں نے جنت کی مثل کوئی چیز نہیں دیکھی جس کا طلب گار ہو سویا رہے اور دوزخ جیسی کوئی چیز نہیں دیکھی کہ اس سے بھاگنے والا بھی سویا رہے اور ان کی عادت تھی کہ جب رات آجاتی تو فرماتے جہنم کی گرمی نیند کو لے گئی پھر وہ صبح تک نہ سوتے اور جب دن کا وقت آتا تو فرماتے جہنم کی گرمی نیند کو اڑا کر لے گئی اور اس طرح وہ شام تک نہ

سوتے پھر جب رات آتی تو فرماتے جو ڈرتا ہے وہ رات کے وقت ہی چل دیتا ہے اور صبح کے وقت لوگ رات کے چلنے کو اچھا سمجھتے ہیں۔

کسی بزرگ نے فرمایا کہ میں نے چار مہینے حضرت عامر بن عبدالقیس رحمہ اللہ کی صحبت اختیار کی تو میں نے ان کو رات یا دن میں سوتا ہوا نہیں دیکھا۔

سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں میں سے ایک شخص سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں میں نے فجر کی نماز حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے پیچھے پڑھی جب انہوں نے سلام پھیرا تو دائیں طرف پھر گئے اور آپ پر کچھ غم کا اثر تھا آپ طلوع آفتاب تک وہاں ٹھہرے رہے پھر اپنا ہاتھ پلٹ کر فرمایا اللہ کی قسم! میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام کو دیکھا ہے اور آج ان کی مثل کوئی نہیں ہے وہ یوں صبح کرتے کہ ان کے بال بکھرے ہوئے ہوتے چہروں پر گرد و غبار ہوتی اور رنگ پیلا پڑ چکا ہوتا وہ تمام رات اللہ تعالیٰ کے لیے سجدے اور قیام میں گزارتے کتاب اللہ کی تلاوت کرتے کبھی قیام کرتے تو کبھی سجدہ جب وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے تو اس طرح ہلتے جس طرح آندھی والے دن درخت ہلتا ہے اور ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوتے حتیٰ کہ ان کے کپڑے تر ہو جاتے اور یہ لوگ غفلت میں رات گزارتے ہیں ان کی مراد وہ لوگ تھے جو ان کے اردگرد تھے۔

حضرت ابو مسلم خولانی رحمہ اللہ نے اپنے گھر کی مسجد میں ایک ڈنڈا لٹکا رکھا تھا اس کے ذریعے آپ اپنے نفس کو ڈراتے تھے اور آپ اپنے نفس سے فرماتے اٹھو اللہ کی قسم! ورنہ میں تمہیں اس قدر گھسیٹوں گا کہ تم تھک جاؤ گے میں نہیں تھکوں گا۔ اور جب ان پر سستی طاری ہوتی تو ڈنڈا لے کر اپنی پنڈلیوں پر مارتے اور فرماتے تو میرے جانور کی نسبت مار کھانے کے زیادہ لائق ہے اور فرماتے تھے کیا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے یہ خیال کیا ہو گا کہ انہوں نے ہی دین کو اختیار کیا اور ان کے ساتھ کوئی دوسرا شریک نہیں قسم بخدا! ہم بھی اس میں اس طرح شرکت کریں گے کہ ان کو معلوم ہو جائے گا کہ ہمارے بعد بھی کچھ لوگ ہیں۔

حضرت صفوان بن سلیم رحمہ اللہ کے زیادہ دیر قیام کی وجہ سے ان کی پنڈلیاں جواب دے گئی تھیں اور وہ عبادت میں اس قدر کوشش تک پہنچ گئے تھے کہ اگر ان سے کہا جاتا کہ قیامت کل ہے تو ان کی عبادت میں کوئی اضافہ نہ ہوتا اور جب سردی کا موسم آتا تو وہ چھت پر لیٹ جاتے تاکہ سردی لگے اور جب گرمی کا موسم ہوتا تو گھر کے اندر لیٹ جاتے تاکہ گرمی محسوس ہو اور نیند نہ آئے ان کا وصال ہوا تو وہ سجدے کی حالت میں تھے وہ فرمایا کرتے تھے۔ یا اللہ! مجھے تیری ملاقات پسند ہے تو میری ملاقات کو پسند فرما۔

حضرت قاسم بن محمد رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں میں ایک دن صبح اٹھا اور میری عادت تھی کہ صبح کے وقت میں پہلے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہو کر ان کو سلام کیا کرتا تھا تو ایک دن میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو وہ چاشت کی

نماز پڑھ رہی تھیں۔

اسی میں انہوں نے یہ آیت کریمہ پڑھی۔

فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقَانَا عَذَابَ السَّمُوْمِ۔ پس اللہ تعالیٰ نے ہم احسان فرمایا اور ہمیں تپش کے عذاب سے بچایا۔ (۱)

آپ روتی ہوتی دعا مانگ رہی تھیں اور یہ آیت بار بار پڑھتی تھیں میں کھڑا رہا حتی کہ تھک گیا اور آپ اسی حالت میں تھیں میں نے یہ حالت دیکھی تو بازار چلا گیا میں نے سوچا اپنے کام سے فارغ ہو کر واپس آؤں گا جب میں اپنے کام سے فارغ ہو کر واپس لوٹا تو ابھی بھی آپ یہ آیت بار بار پڑھتیں، روتیں اور دعا مانگ رہی تھیں۔

حضرت محمد بن اسحاق رحمہا اللہ فرماتے ہیں جب حضرت عبدالرحمن بن اسود حج کر کے واپس ہمارے پاس تشریف لائے تو ان کے ایک پاؤں میں کچھ تکلیف تھی تو وہ ایک پاؤں پر کھڑے ہو کر نماز پڑھتے حتی کہ وہ عشاء کے وضو سے صبح کی نماز پڑھتے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں صالحین کی علامت یہ ہے کہ شب بیداری کی وجہ سے ان کے رنگ زرد پڑ جاتے ہیں رونے کی وجہ سے ان آنکھوں کی بینائی کمزور ہو جاتی ہے اور روزے کی وجہ سے ان کے ہونٹ خشک ہو جاتے ہیں ان پر خشوع و خضوع کرنے والوں کی طرح غبار ہوتی ہے۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ کیا وجہ ہے تہجد پڑھنے والوں کے چہرے حسین ہوتے ہیں انہوں نے فرمایا اس لیے کہ وہ اپنے رب کے لیے تنہائی اختیار کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کو اپنے نور کا لباس پہنا دیتا ہے۔

ایک بزرگ کا قول ہے کہ میں موت سے صرف اس لیے ڈرتا ہوں کہ وہ میرے اور رات کی عبادت کے درمیان حائل ہو جائے گی۔ حضرت عامر بن عبدالقیس رحمہ اللہ بارگاہ خداوندی میں یوں دعا کیا کرتے تھے یا اللہ! تو نے مجھے پیدا کیا تو مجھ سے مشورہ نہیں لیا اور نہ تو مجھے موت دے گا تو اس کی خبر بھی نہیں دے گا تو نے میرے ساتھ دشمن پیدا کیا اور اسے خون کی طرح جاری کیا تو نے اسے طاقت دی کہ وہ مجھے دیکھتا ہے لیکن میں اسے نہیں دیکھ سکتا پھر تو نے فرمایا رک جاؤ تو یا اللہ! جب تک تو مجھے نہ روکے میں کیسے رک سکتا ہوں۔ یا اللہ! دنیا میں غم اور پریشانی ہے اور آخرت میں عذاب و سزا ہے راحت اور خوشی کہاں ہے؟

حضرت جعفر بن محمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں حضرت عتبہ غلام رات کو تین چیخوں میں گزار دیتے تھے جب عشاء کی نماز سے فارغ ہوتے تو اپنا سر دونوں گھٹنوں کے درمیان رکھ کر چیخ مارتے اور اپنا سر گھٹنوں کے درمیان رکھ کر غور و فکر کرتے جب رات کا دوسرا تہائی گزر جاتا تو پھر ایک چیخ مارتے اور گھٹنوں میں سر دے کر فکر کرتے پھر جب سحری کا وقت ہوتا تو ایک چیخ لگاتے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ طور آیت ۲۷

حضرت جعفر بن محمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں میں نے ایک بصری سے یہ بات بیان کی تو اس نے کہا آپ اس کی چیخ کی طرف دھیان نہ دیں بلکہ اس بات کو دیکھیں جو دو چیخوں کے درمیان ہے اور اس کی وجہ سے وہ چیخ مارتے ہیں۔

حضرت قاسم بن راشد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت زمعہ رحمہ اللہ ہمارے پاس محصب میں ٹھہرے ہوئے تھے ان کی بیوی اور بیٹیاں بھی ساتھ تھیں وہ رات کو اٹھتے اور دیر تک نماز پڑھتے جب سحری کا وقت ہوتا تو بلند آواز سے پکارتے اے سونے والے سوارو! کیا تم رات بھر سوئے رہو گے اور اٹھ کر چلو گے نہیں تو وہ لوگ جلدی جلدی اٹھ بیٹھتے تو کسی سے رونے کی آواز آتی کوئی دعا مانگ رہا ہوتا کوئی قرآن پاک پڑھ رہا ہوتا کوئی وضو کر رہا ہوتا جب صبح ہوتی تو وہ بلند آواز سے پکارتے لوگ صبح کے وقت چلنے کو اچھا سمجھتے ہیں۔

کسی دانا کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا تو انہوں نے اسے پہچان لیا اس نے ان کے سینوں کو کھول دیا تو انہوں نے اس کی اطاعت کی اس پر توکل کیا تو خلق اور امر کو اس کے حوالے کر دیا ان کے دل یقین کی صفائی کی کانیں حکمت کے گھر، عظمت کے صندوق اور قدرت کے خزانے بن گئے وہ لوگوں کے درمیان آتے جاتے ہیں لیکن ان کے دل ملکوت میں پھرتے ہیں اور غیب کے پردوں میں پناہ لیتے ہیں پھر وہ لوٹتے ہیں اور ان کے ساتھ لطائف کے کچھ فوائد ہوتے ہیں جن کا وصف کوئی بھی بیان نہیں کر سکتا وہ لوگ باطنی خوبی میں ریشم کی طرح خوبصورت ہیں اور ظاہر میں رومال ہیں ان کی تواضع کی وجہ سے جو چاہے ان کو استعمال کرے یہ وہ طریقہ جس تک پہنچنا تکلف کے ذریعے ممکن نہیں یہ تو محض فضل خداوندی ہے جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔

ایک نیک اور صالح بزرگ سے منقول ہے فرماتے ہیں میں بیت المقدس کے کسی پہاڑ میں چل رہا تھا کہ میں وہاں ایک وادی میں اتر گیا وہاں میں نے ایک بڑی گونج سنی وہ پہاڑ بہت بڑی آواز کے ساتھ اس کا جواب دے رہے تھے میں آواز کے پیچھے چلا تو دیکھا کہ ایک باغ ہے جو درختوں سے ڈھانپا ہوا ہے اور وہاں ایک شخص کھڑا بار بار یہ آیت کریمہ پڑھ رہا ہے۔

يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْءٍ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗۤ اَمَدًۢا بَعِيْدًا وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۔ (۱)	جس دن ہر نفس اپنے اچھے اور برے عمل کو سامنے پائے گا وہ چاہے گا کہ اس کے اور برے عمل کے درمیان بہت فاصلہ ہو اور اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے عذاب سے ڈراتا ہے۔

وہ فرماتے ہیں میں اس کے پیچھے بیٹھ کر اس کا کلام سننے لگا وہ یہ آیت بار بار پڑھتا تھا کہ اچانک اس نے ایک چیخ ماری اور بیہوش ہو کر گر پڑا میں نے کہا ہائے افسوس! یہ میری بدبختی کی وجہ سے ہوا پھر میں نے اس کے ہوش میں آنے کا انتظار کیا

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۳۰

جب ایک گھڑی اسے افاقہ ہوا تو میں نے سنا وہ کہہ رہا تھا میں جھوٹوں کے مقام سے تیری پناہ چاہتا ہوں میں اہل باطل کے اعمال سے تیری پناہ کا طالب ہوں میں غافل لوگوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ پھر کہا ڈرنے والوں کے دل تیرے لیے جھک گئے، کوتاہی کرنے والوں کی توقع تیری طرف مائل ہوتی ہے تیری عظمت کے سامنے عارفین کے دل جھک جاتے ہیں پھر اپنے دونوں ہاتھ جھاڑے اور کہا مجھے اس دنیا سے کیا سروکار ہے اور دنیا کا مجھ سے کیا تعلق ہے اے دنیا اپنے ہم جنس لوگوں کے پاس جا جو تجھے بلاتے اور پسند کرتے ہیں اپنی آسائشیں ان کے پاس لے جا اور ان کو ہی دھوکہ دے پھر کہا گذشتہ زمانے کے لوگ کدھر گئے وہ مٹی میں بوسیدہ ہو گئے اور وہ چند روز میں فنا ہو جاتے ہیں۔

میں نے اسے آواز دی کہ اے بندۂ خدا میں دن بھر سے تیرے پیچھے کھڑا ہوں اور تیری فراغت کا منتظر ہوں اس نے کہا وہ شخص کیسے فارغ ہو سکتا ہے جو زمانے سے آگے جانا چاہتا ہے اور زمانہ اس سے آگے بڑھتا ہے اور ڈرتا ہے کہ کہیں موت اس کے نفس پر سبقت نہ کر جائے یا وہ شخص کیسے فارغ ہو گا جس کا وقت گزر گیا اور گناہ باقی رہ گئے پھر فرمایا تو ان گناہوں کے لیے ہے اور میں ہر شدت کے اترنے کی توقع کرتا ہوں پھر کہا مجھ سے ایک گھڑی الگ ہو جاؤ اس کے بعد اس نے قرآن پاک کی یہ آیت کریمہ پڑھی۔

وَبَدَا لَهُمْ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ۔ اور ان کے لیے وہ بات ظاہر ہوگی جس کا ان کو گمان بھی نہ تھا۔ (۱)

پھر دوسری چیخ ماری جو پہلی سے بھی زیادہ سخت تھی اور بیہوش ہو کر گر پڑا میں نے سوچا اس کی روح پرواز کر گئی ہے میں اس کے قریب ہوا تو دیکھا کہ وہ تڑپ رہا ہے پھر اسے افاقہ ہوا تو وہ کہہ رہا تھا میں کون ہوں؛ میرا دل کیا ہے! اپنے فضل سے میری برائی معاف کر دے اپنی رحمت میں مجھے چھپا لے اپنے کرم سے میرے گناہ معاف فرما دے جب میں تیرے سامنے کھڑا ہوں گا۔

میں نے کہا اس ذات کی قسم جس کی تو اپنے نفس کے لیے امید رکھتا ہے اور اس پر تیرا اعتماد ہے مجھ سے کچھ گفتگو کرو اس نے کہا اس سے کلام کرو جس کے کلام سے تمہیں کوئی نفع بھی ہو اور اس سے گفتگو کا ارادہ ترک کر دو جسے اس کے گناہوں نے تنگ کر رکھا ہو میں اس جگہ ایک عرصہ سے جب سے اللہ تعالیٰ نے چاہا ابلیس سے لڑتا ہوں اور وہ مجھ سے لڑ رہا ہے میں نے تمہارے سوا کوئی مددگار نہیں پایا جو مجھے اس حالت سے نکالے تم مجھ سے الگ رہو تم سے دھوکہ ہوا تم نے میری زبان کو بیکار کر دیا اور میرے دل کا تھوڑا سا حصہ تمہارے ساتھ گفتگو کی طرف مائل ہو گیا میں تمہارے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں پھر میں امید رکھتا ہوں کہ وہ اپنی ناراضگی سے مجھے بچائے گا اور اپنی رحمت سے مجھ پر فضل فرمائے گا

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ زمر آیت ۴۷

یہ بزرگ فرماتے ہیں میں نے کہا یہ شخص اللہ تعالیٰ کا ولی ہے مجھے ڈر ہے کہ اگر میں نے اسے باتوں میں مشغول رکھا تو کہیں اسی مقام پر مجھ پر عذاب نہ آجائے پس میں اسے چھوڑ کر واپس چلا گیا۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں میں ایک سفر میں جا رہا تھا کہ آرام کے لیے میں ایک درخت کی طرف گیا میں نے ایک بزرگ کو دیکھا جو میری طرف آرہے تھے انہوں نے مجھ سے کہا اے فلاں! کھڑے ہو جاؤ موت ابھی نہیں مری پھر وہ سامنے کی طرف چل دیئے میں ان کے پیچھے چلا تو سنا وہ کہہ رہے تھے۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ۔ (۱) ہر نفس نے موت کو چکھنا ہے۔

یا اللہ! مجھے موت میں برکت عطا فرما میں نے کہا اور موت کے بعد؟ فرمایا جس کو موت کا یقین ہو وہ خوف کی وجہ سے دامن اٹھا کر چلتا ہے اور اس کے لیے دنیا میں کوئی ٹھکانہ نہیں ہوگا پھر وہ کہنے لگے۔

اے وہ ذات! جس کے لیے چہرے جھکتے ہیں اپنے دیدار کے ذریعے میرے چہرے کو روشن کر دے اپنی محبت سے میرے دل کو بھر دے اور کل قیامت کے دن اپنے سامنے جھڑک کی ذلت سے مجھے بچا اب مجھے تجھ سے شرم آتی ہے اور تجھ سے روگردانی کے ارتکاب سے میں باز آیا۔

پھر فرمایا اگر تیری بردباری نہ ہوتی تو موت کے پاس بھی میری گنجائش نہ ہوتی اور اگر تو معاف نہ کرتا تو میرے بچاؤ کی کوئی صورت نہ تھی پھر وہ بزرگ مجھے چھوڑ کر چلے گئے، مجاہدے کے سلسلے میں یہ اشعار ہیں۔

نَحِيْلُ الْجِسْمِ مُكْتَئِبُ الْفُؤَادِ
تَرَاهُ بِقِمَّةٍ اَوْ بَطْنِ وَادِيْ
يَنُوْحُ عَلٰى مَعَاصٍ فَاضِحَاتٍ
يُكَدِّرُ ثِقْلُهَا صَفْوَ الرُّقَادِ
فَاِنْ هَاجَتْ مَخَاوِفُهُ وَزَادَتْ
فَدَعْوَتُهُ اَغِثْنِيْ يَا عِمَادِيْ
فَاَنْتَ بِمَا اُلَاقِيْهِ عَلِيْمٌ
كَثِيْرُ الصَّفْحِ عَنْ زَلَلِ الْعِبَادِ

دُبلا پتلا جسم اور غمگین دل تو اسے پہاڑوں کی چوٹیوں یا وادیوں کے دامن میں دیکھے گا رسوا کرنے والے جرموں پر روتا ہے ان کا بوجھ اس کی راحت بھری نیند کو خراب کر دیتا ہے اگر خوف میں جوش پیدا ہو تو وہ پریشان ہو کر دعا مانگتا ہے اے میرے سہارے میری مدد فرما تو میری مصیبتوں سے آگاہ ہے اور بندوں کی لغزشوں کو بہت معاف کرنے والا ہے۔

✣ ✣ ✣

اور یہ بھی کہا گیا ہے۔

اَلَذُّ مِنَ التَّلَذُّذِ بِالْغَوَانِيْ

گانے بجانے والی عورتیں جب اچھی حالت میں آئیں

(۱) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۸۵

إِذَا أَقْبَلْنَ فِي حَالِ حِسَابٍ
مُنِيبٌ فَرَّ مِنْ أَهْلٍ وَمَالٍ
يَسِيحُ إِلَى مَكَانٍ مِنْ مَكَانٍ
لِيَخْمِلَ ذِكْرَهُ وَيَعِيشُ فَرْدًا
وَيَظْهَرُ فِي الْعِبَادَةِ بِالْأَمَانِي
تَلَذُّذُهُ التِّلَاوَةُ أَيْنَ وَلِيَ
وَذِكْرٌ بِالْفُؤَادِ وَبِاللِّسَانِ
وَعِنْدَ الْمَوْتِ يَأْتِيهِ بَشِيرٌ
يُبَشِّرُ بِالنَّجَاتِ مِنَ الْهَوَانِ
فَيُدْرِكُ مَا أَرَادَ وَمَا تَمَنَّى
مِنَ الرَّاحَاتِ فِي غُرَفِ الْجِنَانِ

تو ان کی لذت سے یہ لذت بڑھ کر ہے وہ اہل و مال سے بھاگ کر اللہ تعالیٰ کی طلب میں رہتا ہے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتا ہے تاکہ اس کے ذکر میں ہو اور کل (قیامت) کی زندگی کو یاد کرے اور اس کی خواہشات عبادت میں ظاہر ہوں وہ جہاں بھی اسے تلاوت کا ذوق ہوتا ہے نیز دل اور زبان سے ذکر خداوندی کرتا ہے موت کے وقت اس کے پاس خوشخبری دینے والا آتا ہے جو ذلت سے نجات کی خوشخبری دیتا ہے پس وہ اپنی مراد اور تمنا کو پاتا ہے اور یہ تمنا جنت کے بالا خانوں میں آرام و سکون ہے۔

حضرت کرز بن وبرہ رحمہ اللہ ہر دن تین بار قرآن پاک ختم کیا کرتے تھے اور عبادات میں انتہائی درجے کا مجاہدہ فرماتے ان سے کہا گیا کہ آپ نے اپنے نفس کو مشقت میں ڈال دیا فرمایا دنیا کی عمر کتنی ہے؟ عرض کیا گیا سات ہزار سال فرمایا قیامت کا دن کتنا بڑا ہوگا؟ کہا گیا پچاس ہزار سال کا ہوگا فرمایا تو تم میں سے کوئی شخص کیسے اس بات سے عاجز ہے کہ سات دن عمل کرے تاکہ اس دن کے عذاب سے بے خوف ہو جائے مطلب یہ کہ اگر تم دنیا میں زندہ رہو اور سات ہزار سال عبادت کرو اور اس طرح ایک دن سے چھوٹ جاؤ جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے تو تمہارے لیے نفع زیادہ ہوگا اور اس صورت میں اسے رغبت ہونی چاہیے اور کیسے نہیں ہوگا جب کہ عمر تھوڑی ہے اور آخرت کی کوئی انتہا نہیں تو نفس کی نگہداشت اور حفاظت کے سلسلے اسلاف صالحین کا طریقہ یہ تھا لہٰذا جب تمہارا نفس تم سے سرکش ہو جائے اور عبادت کی پابندی سے رک جائے تو ان لوگوں کے حالات کا مطالعہ کیا کرو کیوں کہ اب ان جیسے لوگ ناپید ہو گئے ہیں اور اگر ایسے لوگوں کی زیارت نصیب ہو جو ان بزرگوں کی اقتدا کرتے ہیں تو یہ دل کے لیے نفع بخش اور اقتدا کا زیادہ باعث ہے کیوں کہ خبر، دیکھنے کی طرح نہیں ہوتی اور اگر تم اس بات سے عاجز ہو تو ان لوگوں کے حالات سننے سے غفلت نہ برتو اگر اونٹ نہ ملے تو بکری پر ہی گزارہ کر لو اب تمہیں اختیار ہے کہ ان لوگوں کی اقتدا کرو اور ان کی جماعت میں شامل ہو جاؤ جو عقل مند اور دانا ہیں اور دین کی بصیرت رکھتے ہیں یا اپنے زمانے کے جاہلوں غافلوں کے پیچھے چلو لیکن یہ بات ہرگز پسندیدہ نہیں کہ تم ان جاہلوں بے وقوفوں میں شامل ہو اور غبی لوگوں سے مشابہت پر قناعت کرو اور یوں عقل مند لوگوں کی مخالفت کرو اگر تمہارا دل تمہیں بتائے کہ یہ مضبوط لوگ ہیں اور ان کی پیروی کی مجھے

طاقت نہیں ہے تو ان عورتوں کی طرف دیکھو جنہوں نے عبادت میں مجاہدے کئے اور اپنے نفس سے کہو کر تجھے اس بات سے غیرت نہیں آئے گی کہ تو عورتوں سے بھی کم ہو یہ تو نہایت ذلت کی بات ہے کہ مرد ہو کر دینی اور دینوی معاملات میں عورت سے کم رہے۔

فصل ۸:

عبادت گزار خواتین

اب ہم عبادت میں محنت کرنے والی کچھ خواتین کے حالات ذکر کرتے ہیں۔

منقول ہے کہ حضرت حبیبہ عدویہ رحمہا اللہ جب عشا کی نماز پڑھ کر فارغ ہوتیں تو اپنی چھت پر کھڑی ہو جاتیں اور اپنا کرتہ اور دوپٹہ خوب کس کر باندھ لیتیں پھر بارگاہ خداوندی میں عرض کرتیں۔

"یا اللہ! ستارے چلے گئے، آنکھیں سوگئیں، بادشاہوں کے دروازے بند ہو گئے، ہر محب اپنے محبوب کے پاس تنہائی میں چلا گیا اور میں تیرے سامنے کھڑی ہوں"

پھر آپ نماز کی طرف متوجہ ہو جاتیں جب فجر طلوع ہوتی تو آپ عرض کرتیں۔

یا اللہ! رات چلی گئی دن روشن ہو گیا کاش مجھے معلوم ہوتا کہ تو نے میری رات (کی عبادت) کو قبول کیا تاکہ میں اپنے آپ کو مبارک دوں یا تو نے رد کر دیا تو میں تعزیت کروں۔ مجھے تیری عزت کی قسم جب تک تو مجھے باقی رکھے گا تیری بارگاہ میں میرا یہی طریقہ ہوگا اور تیری عزت کی قسم اگر تو مجھے اپنے دروازے سے جھڑک بھی دے تو میں نہیں ہٹوں گی کیونکہ میں تیرے جُود و کرم سے بخوبی واقف ہوں۔

ایک بوڑھی خاتون کے بارے میں منقول ہے کہ وہ رات بھر عبادت کرتی تھیں اور وہ نابینا تھیں جب سحری کا وقت ہوتا تو ایک درد بھری آواز سے کہتیں عبادت گزار لوگوں نے تیرے لیے رات کی تاریکی کو برداشت کیا وہ تیری رحمت فضل اور مغفرت کی طرف سبقت کرتے ہیں یا اللہ! میں تیرے ہی نام پر تجھ سے سوال کرتی ہوں کسی دوسرے کے نام پر نہیں کہ تو مجھے سبقت کرنے والوں کی جماعت میں سے پہلے لوگوں میں کر دے اور مجھے اپنے ہاں اعلیٰ علیین میں مقربین کے درجے میں جگہ دے اور اپنی عبادت کے صدقے مجھے نیک لوگوں کے ساتھ ملا دے تو سب سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔

فجر تک روتیں اور دعا مانگتی رہتیں۔

حضرت یحییٰ بن بسطام رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں شعوانہ (نامی خاتون) کے ہاں حاضر ہوتا اور اس کے رونے اور آہ و زاری کو دیکھتا میں نے اپنے ایک ساتھی سے کہا کہ جب یہ تنہا ہوں تو ہم ان کے پاس جا کر کہیں کہ وہ اپنے نفس سے نرمی کا سلوک کریں اس نے کہا جیسے آپ کی مرضی، فرماتے ہیں پھر ہم ان کے پاس گئے اور ان سے کہا کہ اگر آپ اپنے نفس سے

نرمی برتیں اور اس رونے کو کم کر دیں تو یہ بات آپ کی مراد پر زیادہ معاون ہو گی، فرماتے ہیں وہ رونے لگیں پھر کہا اللہ کی قسم! میں چاہتی ہوں کہ اتنا روؤں کہ تمام آنسو ختم ہو جائیں پھر میں خون کے آنسو روؤں یہاں تک کہ میرے جسم کے کسی حصے میں بھی خون کا ایک قطرہ باقی نہ رہے میں کب روتی ہوں میں کب روتی ہوں وہ بار بار یہ الفاظ کہتی رہیں حتیٰ کہ ان پر غشی طاری ہو گئی۔

حضرت محمد بن معاذ رحمہ اللہ فرماتے ہیں مجھ سے ایک عبادت گزار خاتون نے بیان کیا وہ فرماتی ہیں میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا میں جنت میں داخل کی گئی ہوں وہاں کیا دیکھتی ہوں کہ تمام جنتی اپنے دروازوں پر کھڑے ہیں میں نے کہا اہل جنت کو کیا ہوا کہ وہ اس طرح کھڑے ہیں؟ کسی کہنے والے نے مجھے بتایا کہ یہ سب اس خاتون کو دیکھنے کے لیے باہر آئے ہیں جس کی آمد پر جنتوں کو سجایا گیا ہے میں نے کہا وہ خاتون کون ہیں؟ مجھے بتایا گیا کہ وہ ایک سیاہ فام لونڈی ہے جو مقام ایلہ کی رہنے والی ہے اور اسے شعوانہ کہا جاتا ہے میں نے کہا وہ تو میری بہن ہیں فرماتی ہیں میں اسی حالت میں تھی کہ وہ ایک اونٹنی پر سوار ہوا میں اڑتی ہوئی پہنچ گئی جب میں نے اسے دیکھا تو میں نے آواز دی اسے میری بہن! میرا تم سے جو تعلق ہے اس کا تمہیں علم ہے اگر تم اپنے مولا کی خدمت میں میرے لیے دعا کرو کہ وہ مجھے بھی تمہارے ساتھ ملا دے تو اچھا ہے وہ میری طرف دیکھ کر مسکرائیں اور کہا کہ ابھی تمہارے آنے کا وقت نہیں ہوا لیکن میری طرف سے دو باتیں یاد رکھیں ایک یہ کہ اپنے دل کو غمگین رکھنا اور دوسری بات یہ کہ اللہ تعالیٰ کی محبت کو اپنی خواہش پر مقدم رکھنا جب تمہیں موت آئے گی تو تمہیں کوئی نقصان نہ ہو گا۔

حضرت عبداللہ بن حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں میرے پاس ایک رومی لونڈی تھی اور وہ مجھے پسند تھی ایک رات وہ میرے پاس سوئی ہوئی تھی جب میں بیدار ہوا تو دیکھا وہاں نہ تھی میں اسے تلاش کرنے کے لیے اٹھا تو دیکھا کہ وہ حالت سجدہ میں کہہ رہی ہے۔

یا اللہ! تجھے مجھ سے جو محبت ہے اس کے صدقے میں میرے گناہ معاف کر دے میں نے کہا یہ نہ کہو کہ اپنی محبت کے صدقے میں، بلکہ یوں کہو کہ مجھے تجھ سے جو محبت ہے اس کے صدقے میں میرے گناہ بخش دے اس نے کہا اے میرے آقا! اس طرح نہیں بلکہ وہی مجھ سے محبت رکھتا ہے اس نے مجھے شرک سے نکال کر اسلام کی دولت سے مالا مال کیا اور اسی محبت کی وجہ سے جو اسے مجھ سے ہے وہ مجھے بیدار رکھتا ہے جب کہ بے شمار لوگ سوئے ہوئے ہوتے ہیں۔

حضرت ابو ہاشم قرشی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یمن کی ایک خاتون جس کو سریہ کہا جاتا تھا ہمارے ہاں آکر ٹھہری میں رات کے وقت اس کی فریاد اور آہ و زاری سنا کرتا تھا ایک دن میں نے خادم سے کہا ذرا جھانک کر دیکھو یہ خاتون کیا کرتی ہیں فرماتے ہیں اس نے جھانکا تو دیکھا کہ وہ کچھ بھی نہیں کرتیں البتہ اپنی نظر آسمان کی طرف سے نہیں ہٹاتیں اور قبلہ رخ بیٹھی ہوئی ہیں اور کہہ رہی ہیں۔

(یا اللہ!) تو نے سریر کو پیدا کیا پھر اپنی نعمت سے اسے غذا دی اور ایک حال سے دوسرے حال میں رکھا تیری طرف سے پہنچنے والی تمام حالتیں اس کے لیے اچھی ہیں اور تیری طرف سے پہنچنے والی تمام آزمائشیں خوبصورت ہیں اور اس کے باوجود یہ اپنے آپ کو تیری ناراضگی کے لیے پیش کرتی ہے کہ اس نے کسی ہچکچاہٹ کے بغیر تیری نافرمانی کی کیا تو جانتا ہے کہ اس نے یہ گمان کیا ہوگا کہ تو اس کے بُرے افعال کو نہیں دیکھتا حالاں کہ تو جاننے والا خبر رکھنے والا ہے اور تو ہر چیز پر قادر ہے۔

حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں ایک رات وادی کنعان سے نکلا جب وادی کے اوپر گیا تو دیکھا کہ ایک سیاہ چیز میری طرف آرہی ہے اور وہ یہ آیت پڑھ رہی ہے۔

وَبَدَا لَهُمْ مِنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ (۱)

اور ان کے لیے وہ بات ظاہر ہوگئی جس کا ان کو گمان بھی نہ تھا۔

اور وہ چیز رو رہی ہے جب وہ سیاہ چیز میرے قریب آئی تو میں نے دیکھا کہ وہ ایک عورت ہے جس پر اُونی جبہ ہے اور اس کے ہاتھ میں ایک ڈولچی ہے اس نے مجھ سے پوچھا تم کون ہو؟ جو مجھ سے خوفزدہ نہیں ہوئے میں نے کہا میں ایک اجنبی ہوں اس نے کہا اے فلاں! کیا اللہ تعالیٰ کی موجودگی میں بھی اجنبیت اور غربت ہوتی ہے؟ حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں اس کی بات سن کر رو پڑا اس نے کہا تو کیوں روتا ہے میں نے کہا بیماری کے لیے دوا مل گئی ہے زخم ہو گیا تھا اب جلدی ٹھیک ہو جائے گا۔ اس نے کہا اگر تم سچے ہو تو رونے کا کیا مطلب؟ میں نے کہا اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے کیا سچا آدمی نہیں روتا؟ اس نے کہا نہیں میں نے کہا کیوں؟ اس نے کہا اس لیے کہ رونا دل کا آرام ہے میں اس کی بات پر متعجب ہو کر خاموش ہو گیا۔

حضرت احمد بن علی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم نے حضرت عفیرہ کے پاس جانے کی اجازت چاہی تو انہوں نے ہمیں اجازت نہ دی ہم دروازے پر کھڑے رہے جب اسے علم ہوا تو وہ ہمارے لیے دروازہ کھولنے آئیں میں نے سنا وہ کہہ رہی تھیں۔

یا اللہ! میں اس شخص سے تیری پناہ چاہتی ہوں جو آکر مجھے تیرے ذکر سے روک دے پھر اس نے دروازہ کھولا اور ہم اندر داخل ہوئے ہم نے کہا اے اللہ کی بندی! ہمارے لیے دعا کر اس نے کہا اللہ تعالیٰ میرے گھر میں تمہاری مہمانی مغفرت سے کرے پھر کہا حضرت عطا دسلی رحمہ اللہ چالیس سال تک ٹھہرے وہ آسمان کی طرف نہیں دیکھتے تھے ان سے ایک نگاہ میں خیانت ہوگئی تو وہ بیہوش ہو کر گر پڑے چنانچہ ان کے پیٹ کا کوئی پردہ پھٹ گیا کاش عفیرہ اپنا سر اٹھائے اور نافرمانی نہ کرے اور کاش اگر اس سے نافرمانی سرزد ہو تو دوبارہ نہ کرے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورہ زمر آیت ۴۷

ایک بزرگ فرماتے ہیں میں ایک دن بازار میں گیا اور میرے ساتھ ایک حبشی لونڈی تھی میں نے اسے بازار کے ایک کنارے پر ٹھہرا دیا اور خود اپنے کام کے لیے چلا گیا میں نے کہا میری واپسی تک یہاں سے نہ ہٹنا فرماتے ہیں میں واپس آیا تو وہ وہاں نہ تھی میں گھر آگیا اور مجھے بہت غصہ آرہا تھا اس نے مجھ دیکھا تو میرے غصے کو بھانپ گئی کہنے لگی اے میرے آقا مجھ پر جلدی نہ کرنا آپ نے مجھے ایسی جگہ ٹھہرایا جہاں میں نے اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ دیکھا تو مجھے ڈر ہوا کہ کہیں یہ جگہ زمین میں نہ دھنس جائے وہ بزرگ فرماتے ہیں مجھے اس کی بات بہت اچھی لگی اور میں نے کہا تو آزاد ہے اس نے کہا آپ نے اچھا نہیں کیا میں آپ کی خدمت کرتی تھی تو مجھے دو اجر ملتے تھے لیکن اب ان میں سے ایک اجر سے میں محروم ہو گئی۔

حضرت ابن علاء سعدی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میری ایک چچازاد بہن تھی وہ عبادت گزار تھی اور قرآن مجید کی تلاوت بہت زیادہ کرتی تھی۔ جب وہ کسی ایسی آیت پر پہنچتی جس میں جہنم کا ذکر ہوتا تو وہ رو پڑتی مسلسل رونے کی وجہ سے اس کی بینائی چلی گئی۔ اس کے چچازاد بھائیوں نے آپس میں کہا چلو چل کر اس کو زیادہ رونے پر ملامت کریں فرماتے ہیں جب ہم اس کے پاس پہنچے تو ہم نے کہا اے بریرہ! کیسی ہو؟ اس نے کہا مہمان ہیں جو اجنبی زمین میں پڑے ہیں اس انتظار میں ہیں کہ کب بلاوا آئے اور ہم اسے قبول کریں ہم نے کہا یہ رونا کب تک رہے گا تمہاری بینائی تو زائل ہو گئی اس نے کہا اگر اللہ تعالیٰ کے ہاں میری آنکھوں کے لیے بھلائی ہے تو دنیا میں ان سے جو کچھ چلا گیا اس میں کوئی حرج نہیں اور اگر اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کے لیے بھلائی نہیں ہے تو اس سے بھی زیادہ رونے کی ضرورت ہے، پھر اس نے منہ پھیر لیا حضرت ابن العلاء فرماتے ہیں آنے والوں نے کہا چلتے اللہ کی قسم! یہ ایسی حالت میں ہے جس میں ہم نہیں ہیں۔

حضرت معاذہ عدویہ رحمہا اللہ کا طریقہ مبارکہ تھا کہ جب دن نکلتا تو کہتیں یہ میری موت کا دن ہے اور وہ شام تک کھانا، کھاتیں پھر جب رات آتی تو کہتیں یہ وہ رات ہے جس میں میں مر جاؤں گی چنانچہ وہ صبح تک نماز میں مشغول رہتیں۔

حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں ایک رات حضرت رابعہ بصریہ رحمہا اللہ کے ہاں ٹھہرا وہ اپنے محراب میں کھڑی ہوئیں تو میں مکان کے ایک کونے میں کھڑا ہو گیا وہ سحری تک کھڑی رہیں سحری کا وقت ہوا تو میں نے کہا جس نے ہمیں اس رات میں کھڑا ہونے کی قوت دی اس کا شکر کس طرح ادا کیا جائے انہوں نے فرمایا اس کا شکر یوں ادا کرو کہ کل دن کو روزہ رکھو۔

حضرت شعوانہ رحمہ اللہ یوں دعا کیا کرتی تھیں یا اللہ! مجھے تیری ملاقات کا بہت شوق ہے اور مجھے تیری طرف سے جزا کی بہت بڑی امید ہے تو وہ کریم ہے کہ تیرے ہاں امید واروں کی امیدیں نہیں ٹوٹتیں اور نہ شوق رکھنے والوں کا شوق باطل ہوتا ہے۔ یا اللہ! اگر میری موت کا وقت قریب آچکا ہے اور میرے عمل نے مجھے تیرے قریب نہیں کیا تو مجھے اپنے گناہ کا اعتراف ہے جس کا سبب میری بیماریاں ہیں اگر تو معاف کر دے تو تجھ سے بڑھ کر اس کے

لائق کون ہے اور اگر تو عذاب دے تو تجھ سے زیادہ عدل کرنے والا کون ہے یا اللہ! میں نے اپنے نفس کی طرف نظر کی تو اس پر ظلم کیا اب اس کے لیے تیری اچھی نظر باقی ہے اگر وہ اس سے سعادت مندی حاصل نہ کرسکے تو اس کے لیے ہلاکت ہے۔

یا اللہ! تو نے میری زندگی میں ہمیشہ مجھ سے اچھا سلوک کیا اب میری موت کے بعد اس حسن سلوک کو منقطع نہ کرنا مجھے اس ذات سے امید ہے جس نے میری زندگی میں مجھ پر احسانات کئے کہ وہ میری موت کے وقت مجھے بخش دے گا۔

یا اللہ! میں اپنی موت کے بعد تیرے حسن نظر سے کس طرح نا امید ہو جاؤں جب کہ میری زندگی میں تو نے ہمیشہ اچھا سلوک فرمایا، یا اللہ! اگر میرے گناہوں نے مجھے ڈرایا ہے تو مجھے جو تجھ سے محبت ہے اس نے مجھے اطمینان دلایا ہے یا اللہ میرے ساتھ ایسا معاملہ کر جو تیری شان کے لائق ہے اور اس شخص پر اپنا فضل لوٹا دے جسے اس کی جہالت نے دھوکے میں ڈالا ہے الٰہی! اگر تو نے مجھے رسوا کرنا ہوتا تو تو مجھے ہدایت نہ دیتا اور اگر تو نے مجھے ذلیل کرنا ہوتا تو میری پردہ پوشی نہ فرماتا تو نے جس سبب سے مجھے ہدایت عطا فرمائی اس سے مجھے بہرہ ور فرما اور میری پردہ پوشی کے سبب کو دائمی کر دے یا اللہ! میں نے جس حاجت میں عمر کاٹی ہے میں نہیں خیال کرتی کہ تو اسے رد کر دے گا یا اللہ! اگر میں نے گناہ نہ کیا ہوتا تو مجھے تیرے عذاب سے ڈر نہ ہوتا اور اگر مجھے تیرے کرم کی پہچان نہ ہوتی تو میں تیرے ثواب کی امید نہ کرتی۔

حضرت خواص رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم حضرت رحلہ عابدہ کے پاس گئے اور وہ روزے رکھ رکھ کر سیاہ ہو چکی تھیں اور اس قدر روتی تھیں کہ آنکھوں کی بینائی چلی گئی تھی اور نماز پڑھتے پڑھتے وہ چلنے پھرنے سے عاجز ہو گئی تھیں وہ بیٹھ کر نماز پڑھتی تھیں ہم نے انہیں سلام کیا پھر اللہ تعالیٰ کے عفو و درگزر کا کچھ بیان کیا تاکہ ان پر معاملہ آسان ہو جائے انہوں نے یہ بات سن کر ایک چیخ ماری پھر فرمایا مجھے اپنے نفس کا علم ہے اور اس نے میرے دل کو زخمی کر دیا ہے اور جگر ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا ہے اللہ کی قسم میں چاہتی ہوں کہ کاش مجھے اللہ تعالیٰ نے پیدا نہ کیا ہوتا اور میرا ذکر نہ ہوتا پھر وہ نماز کی طرف متوجہ ہو گئیں ــــــ

(اے قاری!) اگر تو اپنے نفس کی حفاظت کرنے والے لوگوں میں سے ہے تو تجھے چاہیئے کہ عبادت میں خوب محنت کرنے والے مردوں اور عورتوں کے حالات کا مطالعہ کیا کرتا کہ تیرا شوق بھی بڑھے اور تیری حرص زیادہ ہو، اپنے زمانے کے لوگوں کو نہ دیکھ کیوں کہ ارشاد خداوندی ہے۔

وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِى الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ۔ (۱)

اور اگر تو زمین کے اکثر لوگوں کی اطاعت کرے گا تو وہ تجھے گمراہ کر دیں گے۔

---

(۱) قرآن مجید سورۂ انعام آیت ۱۱۶

عبادت میں خوب محنت کرنے والے لوگوں کے واقعات بے شمار ہیں عبرت والوں کے لیے اس قدر کافی ہے جو ہم نے ذکر کیا اور اگر تو اس سے بھی زیادہ حالات معلوم کرنا چاہتا ہے تو "حلیۃ الاولیاء" (کتاب) کا مطالعہ کر یہ کتاب صحابہ کرام، تابعین اور ان کے بعد والے لوگوں کے حالات پر مشتمل ہے اس کتاب کے مطالعہ سے تمہیں پتہ چلے گا کہ تم اور تمہارے زمانے کے لوگ اہل دین سے کس قدر دور ہیں۔ پھر اگر تمہارا نفس اپنے زمانے کے لوگوں کی طرف نظر کرنے کا مشورہ دے اور یہ دلیل دے کہ اسی زمانے میں بھلائی ہے کیوں کہ اس میں مددگار زیادہ ہیں علاوہ ازیں اگر زمانے والوں کی مخالفت کرو گے تو لوگ تمہیں مجنون کہیں گے اور تم سے مذاق کریں گے لہٰذا ان کے ساتھ ہر طرح کی موافقت کرو اب تمہیں مصیبت بھی پہنچی تو وہ تمہارے ساتھ شریک ہوں گے اور جب مصیبت میں سب مبتلا ہوں تو اچھی لگتی ہے تو تمہیں نفس کی اس دلیل سے دھوکہ نہیں کھانا چاہیے اور نہ ہی اس کے دام تزویر میں پھنسنا چاہیے بلکہ تم اس سے کہو کہ بتاؤ اگر کوئی بڑا سیلاب آجائے جو تمام شہر والوں کو غرق کر دے اور وہ حقیقت حال سے بے خبری کی وجہ سے وہاں ہی ٹھہرے رہیں اور بچاؤ کی کوئی تدبیر اختیار نہ کریں جب کہ تم ان سے جدا ہو کر کشتی کے ذریعے ڈوبنے سے بچ سکتے ہو تو کیا تمہارے دل میں یہ خیال آئے گا کہ مصیبت جب سب پر آئے تو خوشی خوشی برداشت ہو جاتی ہے یا تم ان کی موافقت چھوڑ دو گے ان کے احتیاط نہ کرنے کو بیوقوفی سمجھتے ہو اور خود اپنا بچاؤ اختیار کرتے ہو تو جب تم ڈوبنے کے خوف سے ان کی موافقت چھوڑ دیتے ہو حالاں کہ ڈوبنے کا عذاب ایک گھڑی سے زیادہ نہیں ہوتا تو اس عذاب سے کیوں نہیں بچتے جو دائمی ہوگا اور ہر وقت اس کے مستحق ہوتے جاتے ہو یہ بات صحیح نہیں کہ جب مصیبت عام ہو تو اچھی معلوم ہوتی ہے جہنمیوں کو یہ مہلت کہاں ملے گی کہ وہ عموم و خصوص کی طرف متوجہ ہو سکیں اور کفار بھی اپنے زمانے کے لوگوں کی موافقت کی وجہ سے ہلاک ہوئے جب انہوں نے کہا۔

إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَنَا عَلَىٰ أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَىٰ آثَارِهِم مُّقْتَدُونَ۔ (۱)	بے شک ہم نے اپنے باپ دادے کو ایک طریقے پر پایا اور ہم ان کے نقش قدم پر چلتے ہیں۔

جب تم اپنے نفس کو جھڑکنے میں مشغول ہو اور اسے مجاہدہ کی تلقین کرو اور وہ تمہاری بات نہ مانے تو تم پر لازم ہے کہ اس کو جھڑکنے سے باز نہ رہو اور اسے بتاتے رہو کہ یہ نافرمانی تیرے حق میں بری ہے ہو سکتا ہے وہ سرکشی سے باز آجائے۔

فصل ۹:

چھٹی نگہداشت — نفس کو جھڑکنا اور اس پر غصہ کرنا

جان لو کہ تمہارا سب سے بڑا دشمن تمہارا نفس ہے جو تمہارے پہلو میں ہے اور اسے یوں پیدا کیا گیا کہ وہ برائی کا حکم

(۱) قرآن مجید، سورۂ زخرف آیت ۲۳

دیتا ہے شر کی طرف مائل ہے اور نیکی سے بھاگتا ہے اور تمہیں اس کو پاک اور سیدھا رکھنے کا حکم دیا گیا ہے نیز یہ کہ تم اسے زبردستی کی زنجیروں میں جکڑ کر اس کے رب اور خالق کی عبادت کی طرف لے جاؤ اسے خواہشات اور لذات سے روکو اگر تم اسے کھلی چھٹی دو گے تو وہ سرکش ہو جائے گا اور یوں بھاگ جائے گا کہ پھر تمہارے ہاتھ نہیں آئے گا اور اگر تم اسے مسلسل جھڑکتے رہو ڈانٹ ڈپٹ اور ملامت کرتے رہو تو یہی نفس، ملامت کرنے والا نفس (نفس لوامہ) بن جائے گا جس کی اللہ تعالیٰ نے قسم کھائی ہے اور اس بات کی امید ہے کہ پھر وہ نفس مطمئنہ بن جائے جس کو پکارا گیا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں میں شامل ہو کر اللہ تعالیٰ سے راضی ہو اور وہ اس سے راضی ہو۔ لہٰذا تم ایک ساعت بھی اپنے نفس کو وعظ و نصیحت کرنے اور عتاب و جھڑک سے غافل نہ رہو اور جب تک اپنے نفس کو نصیحت نہ کر لو دوسروں کو نصیحت کرنے میں مشغول نہ ہو اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ اے ابن مریم! اپنے نفس کو نصیحت کیجئے اگر اس نے نصیحت مان لی تو پھر لوگوں کو نصیحت کرنا ورنہ مجھ سے حیا کرنا ارشاد خداوندی ہے۔

وَذَكِّرْ فَإِنَّ الذِّكْرَىٰ تَنفَعُ الْمُؤْمِنِينَ۔ اور نصیحت کیجئے بے شک نصیحت مومنوں کو فائدہ دیتی ہے۔ (۱)

اس کا طریقہ یہ ہے کہ نفس کی طرف متوجہ ہو کر اسے اس کی جہالت اور اس کا غبی ہونا بتاؤ اور یہ کہ وہ ہمیشہ اپنی دانائی اور ہدایت کو زیادہ خیال کرتا ہے اور جب اسے بیوقوف کہا جائے تو بہت برا مناتا ہے پس تم اسے کہو اے نفس! تو کتنا بڑا جاہل ہے جو دانائی اور ہوشیاری کا دعویٰ کرتا ہے حالانکہ تو لوگوں میں سے سب سے زیادہ بے وقوف اور ناسمجھ ہے۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ تیرے سامنے جنت بھی ہے اور دوزخ بھی اور عنقریب تو ان میں سے ایک میں جائے گا تو تو کیوں خوش ہوتا ہے، ہنستا ہے اور لہو و لعب میں مشغول ہے حالانکہ تو اس بڑے کام کے لیے مطلوب ہے ہو سکتا ہے آج یا کل تجھے موت آ جائے تو میں دیکھتا ہوں کہ تو موت کو دور سمجھتا ہے اور اللہ تعالیٰ اسے قریب جانتا ہے کیا تو نہیں جانتا کہ جو چیز یقیناً آنے والی ہو وہ قریب ہی ہوتی ہے اور جو دور ہو وہ آنے والی نہیں ہوتی کیا تو نہیں جانتا کہ موت اچانک آئے گی اور اس سے پہلے کوئی قاصد نہیں آئے گا اور نہ ہی کوئی وعدہ ہو گا اور یہ بات بھی نہیں کہ وہ ایک وقت میں آتی ہے دوسرے وقت میں نہیں گرمی کے موسم میں آتی ہے اور سردیوں میں نہیں یا سردیوں میں آتی ہے اور گرمیوں میں نہیں نہ وہ رات دن میں تمیز کرتی ہے اور نہ بچپن اور جوانی کا امتیاز ہوتا ہے بلکہ ہر نفس کے لیے موت کا اچانک آنا ممکن ہے اور اگر موت اچانک نہ آئے تو بیماری اچانک آتی ہے پھر وہ موت تک پہنچاتی ہے تو تمہیں کیا ہوا کہ موت کی تیاری نہیں کرتے حالانکہ وہ ہر قریب چیز کی نسبت تمہارے زیادہ قریب ہے کیا تم اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی میں غور نہیں کرتے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الذاریات آیت ۵۵

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِیْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ۔ (۱)

لوگوں کے لیے حساب قریب آگیا اور وہ غفلت میں منہ پھیرے ہوئے ہیں ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے کوئی نئی نصیحت نہیں آتی مگر وہ اسے کھیل میں مشغول ہو کر سنتے ہیں اور ان کے دل بھی کھیل میں مصروف ہیں۔

اے نفس! اگر گناہ پر تیری جرأت اس عقیدے کی بنیاد پر ہے کہ اللہ تعالیٰ تجھے نہیں دیکھتا تو تیرا کفر کتنا بڑا ہے اور اگر تو جانتا ہے کہ وہ تجھ پر مطلع ہے تو تو کس قدر بے حیا ہے تجھے کیا ہوا اگر تیرا کوئی غلام بلکہ تیرا کوئی بھائی تیرے سامنے ایسا کام کرے جسے تو ناپسند کرتا ہے تو تو اس پر کس قدر غضبناک اور ناراض ہوتا ہے تو کس جسارت کے تحت تو اللہ تعالیٰ کے غضب، ناراضگی اور سخت عتاب کو دعوت دیتا ہے اے نفس! تیرا کیا خیال ہے تو اس کے عذاب کو برداشت کرلے گا ہرگز نہیں اپنے دل سے اس خیال کو دور رکھ اگر تیری اگر اس کے سخت عذاب سے تجھے غافل رکھتی ہے تو اپنے نفس کا تجربہ کر ایک ساعت سورج کے دھوپ میں کھڑا ہو یا حمام کے قریب بیٹھ یا اپنی انگلی کو آگ کے قریب کر تجھے اپنی طاقت کا علم ہو جائے گا کیا تو اللہ تعالیٰ کے کرم اور فضل سے دھوکہ کھا رہا ہے اور یہ کہ وہ تیری عبادت سے بے نیاز ہے تو دنیا کے کاموں میں اللہ تعالیٰ کے کرم پر اعتماد کیوں نہیں کرتا جب دشمن تیرے درپے ہوتا ہے تو اسے دور کرنے کے لیے حیلے کیوں کرتا ہے اسے اللہ تعالیٰ کے کرم کے حوالے کیوں نہیں کرتا اور جب تجھے کوئی دنیوی خواہش پیش آتی ہے جو درہم اور دینار کے بغیر پوری نہیں ہوتی تو تجھے کیا ہوا اس وقت تیرا دم کیوں نکلتا ہے تو مختلف طریقوں سے اس کی طلب اور حصول کی کوشش کرتا ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کے کرم کے حوالے کیوں نہیں کرتا کہ وہ تجھے کوئی خزانہ بتائے یا اپنے کسی بندے کو مسخر کردے اور وہ تیری کسی محنت کے بغیر تیری ضرورت قدموں میں لاکر رکھ دے کیا تیرا یہ خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ آخرت میں کریم ہے دنیا میں نہیں ہے حالانکہ تو جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا طریقہ بدلتا نہیں ہے اور دنیا و آخرت کا رب ایک ہی ہے اور انسان کے لیے وہی کچھ ہے جس کے لیے اس نے کوشش کی۔

اے نفس! تیرا نفاق اور جھوٹے دعوے بڑے عجیب ہیں تو زبان سے ایمان کا دعویٰ کرتا ہے جب کہ نفاق کا اثر تجھ پر ظاہر ہے کیا تیرے مولا اور سردار نے تجھے نہیں فرمایا۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا۔ (۱)

اور زمین پر چلنے والے ہر جانور کا رزق اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ انبیاء آیت (۱، ۲، ۳)

(۲) قرآن مجید، سورۂ ہود آیت ۶

اور آخرت کے بارے میں ارشاد فرمایا۔

وَاَنْ لَّیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی ۔ (۱) اور انسان کے لیے وہی کچھ ہے جو اس نے کمایا۔

تو اللہ تعالیٰ نے دینوی معاملات کو خاص طور پر اپنے ذمہ لیا ہے اور تجھے اس کی سعی سے الگ رکھا لیکن تو نے اپنے افعال سے اسے جھوٹا قرار دیا کہ تو اس (دنیا) پر مدہوش اور فریفتہ آدمی کی طرح گرتا ہے جب کہ آخرت کا معاملہ تیری محنت کے سپرد کیا ہے اور تو اس سے اس طرح منہ پھیرتا ہے جس طرح مغرور اور حقیر جاننے والا کرتا ہے یہ ایمان کی علامات نہیں ہیں اگر ایمان محض زبانی ہوتا تو منافق جہنم کے سب سے نچلے گڑھے میں کیوں جاتے۔

اے نفس! تجھ پر افسوس ہے تو آخرت پر ایمان نہیں رکھتا اور تیرا خیال یہ ہے کہ جب مر جائے گا تو تجھے رہائی مل جائے گی اور تیری جان چھوٹ جائے گی ایسا ہرگز نہیں ہو گا۔

اے نفس! تیرا خیال ہے کہ تجھے بیکار چھوڑا جائے گا، کیا تو مادہ منویہ نہ تھا پھر جما ہوا خون بنا تو اس نے تجھے ٹھیک ٹھیک بنایا تو کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ مردوں کو (دوبارہ) زندہ کرے۔

اگر تیرا یہی عقیدہ ہے تو تجھ سے بڑھ کر کافر اور جاہل کون ہے؟ کیا تو غور و فکر نہیں کرتا کہ اللہ تعالیٰ نے تجھے کس چیز سے بنایا تجھے نطفے سے بنا کر تجھے مناسب طریقے پر ٹھیک کیا پھر تیرے لیے راستے کو آسان کیا پھر تجھے موت دے کر قبر میں پہنچائے گا کیا تو اس کے اس قول کو جھٹلاتا ہے کہ پھر جب وہ چاہے گا تو تجھے اٹھائے گا۔

اے نفس اگر تو اسے جھٹلاتا نہیں ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ پرہیز نہیں کرتا اگر کوئی یہودی تجھے اس کھانے کے بارے میں جو تیرے لیے زیادہ لذیذ ہے یہ کہے کہ یہ تیری بیماری کے لیے نقصان دہ ہے تو تو اس سے صبر کر لیتا ہے اور اسے چھوڑ دیتا ہے اور اپنے نفس کو مشقت میں ڈال دیتا ہے کیا انبیاء کرام جن کو معجزات سے تائید حاصل ہے ان کا قول اور اللہ تعالیٰ کا اپنی کتب میں ارشاد، تیرے نزدیک یہودی کے قول سے کم تاثیر رکھتا ہے جو اندازے اور گمان سے بات کرتا ہے اور اس کی عقل ناقص اور علم میں کمی ہے۔

تعجب کی بات ہے اگر کوئی بچہ تمہیں کہہ دے کہ تمہارے کپڑوں میں بچھو ہے تو تم اس کپڑوں کو اتار پھینکتے ہو اور کسی دلیل و برہان کا مطالبہ نہیں کرتے تو کیا انبیاء کرام، علماء عظام، حکماء اور اولیاء کرام کا قول تمہارے نزدیک اس بچے کی بات سے کم وقعت رکھتا ہے حالانکہ وہ بچہ نادان ہے یا جہنم کی گرمی، اس کے طوق، عذاب گرز، تھوہر، پیپ، گرم ہوا، سانپ اور بچھو تمہارے نزدیک اس دنیا کے بچھو کے مقابلے میں معمولی ہیں جس کی تکلیف ایک دن یا اس سے بھی کم ہوتی ہے۔

یہ عقل مند لوگوں کے طور طریقے نہیں ہیں بلکہ اگر جانوروں پر تمہاری حالت ظاہر ہو تو وہ تجھ پر ہنسیں اور تیری عقل کا مذاق اڑائیں ——— اے نفس! اگر تجھے ان تمام باتوں کی پہچان ہے اور تو ایمان بھی رکھتا ہے تو پھر عمل میں کوتاہی کیوں

کرتا ہے جب کہ موت تیرے انتظار میں ہے ہو سکتا ہے وہ کسی مہلت کے بغیر تجھے اچانک اٹھا لے تو موت کے جلدی آنے سے کس طرح بے خوف ہے۔

اگر تجھے سو سال کی مہلت مل بھی جائے تو تمہارا کیا خیال ہے کہ جو شخص گھاٹی کے دامن میں جانور کو چارہ دیتا ہے وہ راستہ کاٹے بغیر اسی طرح سفر طے کرے گا! اگر تیرا یہ خیال ہے تو تو بہت بڑا جاہل ہے۔

تمہارا کیا خیال ہے اگر ایک شخص اس لئے سفر کرتا ہے کہ وہ فقہ سیکھے اب وہ دوسرے ملک میں کئی سال بیکار رہتا ہے اور اپنے نفس سے وعدہ کرتا ہے جب وہ گھر کی طرف لوٹنے والا ہو گا تو اس (آخری) سال فقہ سیکھے گا تو تجھے اس شخص کی عقل پر ہنسی نہیں آئے گی کہ وہ تھوڑی سی مدت میں فقہ حاصل کرنے کی طمع رکھتا ہے یا اس کا خیال ہے کہ وہ فقہ سیکھے بغیر محض اللہ تعالیٰ کے کرم سے فقہاء کرام کا منصب پائے گا۔ پھر یہ کہ آخری عمر کی کوشش نفع دے گی اور وہ بلند درجات پائے گا حالانکہ ہو سکتا ہے آج کا دن تیری زندگی کا آخری دن ہو تو اب اس میں کیوں مشغول نہیں ہوتا اگر تجھے مہلت کا پروانہ مل بھی گیا ہو تو جلدی کرنے میں کیا رکاوٹ ہے اور لیت ولعل سے کام لینے میں کیا حکمت ہے یہی بات ہے کہ تو اپنی خواہشات کی مخالفت سے عاجز ہے کیوں کہ اس میں تھکاوٹ اور مشقت ہے کیا تو اس دن کا منتظر ہے جب خواہشات کی مخالفت مشکل نہ ہو اللہ تعالیٰ نے ایسا دن پیدا نہیں فرمایا اور نہ ہی پیدا کرے گا۔ اور جنت اسی صورت میں حاصل ہوتی ہے جب آدمی مشکل باتوں کو اپنائے اور یہ مشکل امور نفس پر کبھی بھی آسان معلوم نہیں ہوتے اس کا وجود محال ہے۔

کیا تم غور نہیں کرتے کہ تم کب سے اپنے نفس سے وعدہ کر رہے کہ کل عمل کروں گا کل عمل کروں گا اور وہ کل آج میں بدل گیا تو تم اس کو کس طرح پا سکتے ہو کیا تم نہیں جانتے کہ جو کل آیا اور چلا گیا وہ کل گذشتہ کے حکم میں ہو گیا بلکہ اصل بات یہ ہے کہ تم آج عمل کرنے سے عاجز ہو تو کل زیادہ عاجز ہو گے کیوں کہ خواہش اس درخت کی طرح ہے جو زمین میں پختہ ہو چکا ہے اور بندہ اس کو اکھاڑنے سے عاجز ہے جب وہ کمزوری کی وجہ سے اسے اکھاڑ نہیں سکتا اور اسے مؤخر کر دیتا ہے تو وہ اس آدمی کی طرح ہو جاتا ہے کہ جو درخت کو اکھاڑنے سے جوانی میں عاجز ہوا اور اسے دوسرے سال تک مؤخر کر دے حالانکہ وہ جانتا ہے کہ جوں جوں وقت گزرے گا درخت زیادہ مضبوط اور پکا ہو جائے گا اور اکھاڑنے والا زیادہ کمزور ہو جائے گا تو جو شخص جوانی میں اس پر قادر نہیں ہوتا وہ بڑھاپے میں اسے نہیں اکھاڑ سکتا بلکہ بڑھاپے کی محنت ایک تھکاوٹ ہی ہے اور بھیڑیئے کو تہذیب سکھانا تکلف دینا ہے تو لکڑی ٹیڑھی ہو سکتی ہے جب خشک ہو جائے اور زیادہ وقت گزر جائے تو اب اس بات کو قبول نہیں کرتی۔

اے نفس! جب تو ان واضح باتوں کو قبول نہیں کرتا اور ٹال مٹول کی طرف مائل ہے تو پھر اپنے آپ کو عاقل کیوں کہتا ہے اس حماقت سے بڑھ کر کونسی حماقت ہو سکتی ہے۔

شاید تم یہ کہو کہ مجھے استقامت سے خواہشات کی لذت پر حرص اور مشقتوں اور تکالیف پر کم صبر کی وجہ سے رکاوٹ ہے تو تُو کس قدر غبی ہے اور تیرا عذر کتنا برا ہے اگر تو اس بات میں سچا ہے تو ایسی خواہشات کے ساتھ حصول نعمت کی طلب کر جو دائمی خرابیوں سے پاک اور صاف ہے اور اس سلسلے میں تمہارا مقصود جنت ہی ہونا چاہیے اگر تو اپنی خواہشات کو دیکھتا ہے تو ان کی مخالفت کی طرف بھی نظر کر بعض اوقات ایک لقمے کے باعث بہت سے لقموں کو چھوڑنا پڑتا ہے۔

اس بیمار کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے جس کو ڈاکٹر نے تین دن ٹھنڈا پانی پینے سے منع کیا تاکہ وہ صحت مند ہو جائے اور پھر عمر بھر پی سکے اور اس نے اسے بتا دیا کہ اگر وہ ٹھنڈا پانی پیئے گا تو وہ ایسی بیماری میں مبتلا ہو جائے گا جو دیر تک رہے گی اور وہ زندگی بھر یہ پانی نہیں پی سکے گا تو خواہش کو پورا کرنے میں عقل کا تقاضا کیا ہوگا کیا وہ تین دن صبر کرے عمر بھر اس سے نفع اندوز ہو یا وہ تین دن صبر نہ کرنے کے خوف سے اسی وقت پی لے حتیٰ کہ وہ تین سو اور تین ہزار دن یہ تکلیف برداشت کرے۔

ابدی زندگی جس میں اہل جنت کو نعمتیں حاصل ہوں گی اور جہنمی عذاب میں مبتلا ہوں گے، کے مقابلے میں تمہاری تمام عمر کو جو نسبت حاصل ہے وہ ان تین دنوں سے بھی کم ہیں جو تمہاری عمر کے مقابلے میں ہیں اگرچہ تمہاری عمر کتنی طویل کیوں نہ ہو۔

کاش کوئی بتا دے کہ خواہشات سے پرہیز کی تکلیف زیادہ ہے اور اس کی مدت طویل ہے یا جہنم میں جلنے کی تکلیف زیادہ ہے تو جو شخص دنیا میں مجاہدے کی تکلیف برداشت نہیں کر سکتا وہ اللہ تعالیٰ کے عذاب کی تکلیف کیسے برداشت کرے گا۔

تم جو اپنے نفس پر شفقت میں سستی کرتے ہو تو اس کی دو وجہ ہو سکتی ہیں یا تو وہ خفیہ کفر ہے یا ظاہر بیوقوفی ——

جہاں تک پوشیدہ کفر کا تعلق ہے تو وہ یوم حساب پر ایمان میں کمزوری اور ثواب و عذاب کی عظمت کی پہچان کا نہ ہونا ہے۔

اور واضح بیوقوفی یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کے کرم اور عفو و درگزر پر اعتماد کرتے ہو لیکن اس کے راستے میں تکلیف برداشت کرنے، عذاب دینے میں مہلت اور اس کی عبادت سے بے نیاز ہونے کی طرف توجہ نہیں کرتے ہو اس کے ساتھ ساتھ تم روٹی کے ایک لقمے یا مال کے ایک دانے یا ایک بات جو مخلوق سے سنتے ہو، کے سلسلے میں اس پر اعتماد نہیں کرتے بلکہ اپنی غرض تک پہنچنے کے لیے تمام حیلے اور اسباب استعمال کرتے ہو۔

اور ان حیلوں اور اسباب کی وجہ سے تمہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حماقت کا لقب ملتا ہے آپ نے فرمایا۔

اَلْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهُ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْاَحْمَقُ مَنِ اتَّبَعَ نَفْسَهُ هَوَاهَا وَتَمَنّٰى عَلَى اللهِ الْاَمَانِيَّ۔ (۱)	سمجھدار شخص وہ ہے جو اپنے نفس کو قابو میں رکھتا ہے اور موت کے بعد کے لیے عمل کرتا ہے جب کہ بیوقوف وہ ہے جو اپنے نفس کو خواہشات کے پیچھے لے جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے آرزوؤں کی تمنا کرتا ہے۔

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۲۴ مرویات شداد بن اوس

اے نفس! تجھے دنیا کی زندگی سے دھوکہ نہیں کھانا چاہیے اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کے بارے میں کوئی دھوکہ ہونا چاہیے تو اپنی فکر کر دوسروں کا معاملہ تیرے لیے اہم نہیں ہے زندگی کو ضائع نہ کر سانس معدود ہیں جب ایک سانس چلا جاتا ہے تو تجھ سے کچھ کم ہی ہوتا ہے بیماری سے پہلے صحت کو، مصروفیت سے پہلے فراغت کو، محتاجی سے پہلے مال داری کو، بڑھاپے سے پہلے جوانی کو اور موت سے پہلے زندگی کو غنیمت جان۔

جس قدر تو آخرت میں رہے گا اس کے مطابق تیاری کر۔ اے نفس! کیا تو سردیوں کے لیے اس مدت کے مطابق تیاری نہیں کرتا اس مدت کے لیے رزق، لباس، لکڑیاں اور باقی تمام سامان اکٹھا کرتا ہے اور اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ کے فضل پر بھروسہ نہیں کرتا کہ وہ کسی جبے، اون اور لکڑی کے بغیر تجھ سے سردی کی تکلیف دور کر دے حالانکہ وہ اس پر قادر ہے۔

اے نفس! کیا تیرا خیال یہ ہے کہ جہنم کے زمہریر (جہنم کے ٹھنڈے طبقے) میں سردی کم ہوگی اور موسم سرما کے مقابلے میں اس کا وقت بھی تھوڑا ہوگا۔

یا تمہارا خیال یہ ہے کہ اس کی شدت اس سے کم ہوگی ہرگز نہیں ایسا نہیں ہوگا اور نہ ہی شدت اور سردی کے اعتبار سے ان کے درمیان کوئی مناسبت ہے کیا تمہارا خیال ہے کہ بندہ کسی محنت کے بغیر اس سے نجات پالے گا ہرگز نہیں مثلاً سردیوں کے موسم کی شدت جیسے، آگ اور دیگر اسباب کے بغیر دور نہیں ہوگی اسی طرح جہنم کی گرمی اور ٹھنڈک سے بچنے کے لیے توحید کے قلعے اور عبادات کی خندق کی ضرورت ہوتی ہے۔

یہ تو اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ اس نے تمہیں قلعہ بند ہونے کا طریقہ سکھا دیا اور اس کے اسباب کو آسان کر دیا یہ نہیں کہ وہ قلعے کے بغیر تجھ سے عذاب کو دور کر دے جیسے اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ اس نے آگ کو پیدا کیا اور اس کے ذریعے سردی کی ٹھنڈک کو دور کر دیا اور تجھے لوہے اور پتھر کے درمیان سے آگ نکالنے کا طریقہ بتایا یہاں تک کہ تو اپنے آپ سے سردیوں کی ٹھنڈک کو دور کرتا ہے اور جس طرح جبہ اور لکڑیاں وغیرہ خریدنے سے تیرا خالق و مالک بے نیاز ہے بلکہ تو یہ چیزیں اپنے لیے خریدتا ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے ان چیزوں کو تیرے آرام کے لیے پیدا کیا ہے تو اسی طرح عبادات اور مجاہدات سے بھی اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے وہ تو صرف تیرے لیے نجات کا راستہ ہے پس جو شخص نیکی کرے گا تو اپنے لیے کرے گا اور جو برائی کرے گا تو اس کا نقصان بھی خود اسے برداشت کرنا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ تمام جہانوں سے بے نیاز ہے۔

اے نفس! جہالت سے باہر نکل اور آخرت کو دنیا پر قیاس کر تم سب پیدائش اور قیامت کے دن اٹھنے میں ایک نفس کی طرح ہو اور جیسا کہ ہم نے تمہیں پہلی مرتبہ پیدا کیا اسی طرح دوبارہ لوٹائیں گے اور جس طرح اس نے تمہیں پیدا کیا اسی طرح تم لوٹو گے اور اللہ تعالیٰ کی سنت میں کوئی تبدیلی یا اس کا پھر جانا نہیں پاؤ گے۔

اے نفس! میں دیکھتا ہوں کہ تو دنیا سے محبت کرتا ہے اور اسی سے مانوس ہے اس سے جدائی تجھ پر شاق گزرتی ہے اور تو اس کے قریب ہو رہا ہے تو اپنے اندر اس کی محبت کو پکا کر رہا ہے جان لے کہ تو اللہ تعالیٰ کے عذاب اور ثواب سے غافل ہے اسی طرح قیامت کی ہولناکیوں اور احوال سے بھی بے خبر ہے اور تو موت پر ایمان نہیں رکھتا جو تجھے تیری محبوب چیزوں سے جدا کر دے گی بتاؤ اگر کوئی شخص بادشاہ کے گھر میں داخل ہو کر وہ دوسری طرف سے نکل جائے گا اور وہ وہاں کسی خوبصورت چہرے پر یہ سوچ کر نظر ڈالے کہ اس کا دل مکمل اسی کی طرف متوجہ ہو جائے گا تو کیا یہ شخص عقل مند لوگوں میں شمار ہوگا یا بیوقوفوں میں؟۔ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ دنیا بادشاہوں کے بادشاہ کا گھر ہے اور تمہیں تو صرف اس سے گزرنے کی اجازت ہے اور اس میں جو کچھ ہے وہ گزرنے والوں کو مرنے کے بعد ملے گا۔ اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

إِنَّ رُوحَ الْقُدُسِ نَفَثَ فِي رُوعِي أَحْبِبْ مَنْ أَحْبَبْتَ فَإِنَّكَ مُفَارِقُهُ وَاعْمَلْ مَاشِئْتَ فَإِنَّكَ مَجْزِيٌّ بِهِ وَعِشْ مَاشِئْتَ فَإِنَّكَ مَيِّتٌ۔ (۱)

بے شک حضرت جبریل علیہ السلام نے میرے دل میں یہ بات ڈالی ہے کہ جس سے محبت کرنا چاہتے ہیں کریں وہ آپ سے جدا ہونے والی چیز ہے اور جو عمل چاہیں کریں اس کا بدلہ دیا جائے گا اور جب تک چاہیں زندہ رہیں بالآخر دنیا سے جانا ہے۔

اے نفس تجھے معلوم نہیں کہ جو شخص دنیوی لذتوں کی طرف متوجہ ہوتا اور ان سے مانوس ہوتا ہے حالانکہ موت اس کے پیچھے ہے تو انہیں چھوڑتے وقت اسے بہت زیادہ حسرت ہوتی ہے اور وہ غیر شعوری طور پر ہلاک کرنے والی زہر کو اپنا توشہ بناتا ہے۔

یا تو ان لوگوں کو نہیں دیکھتا جو پہلے گزر گئے انہوں نے بلند و بالا مکانات بنائے پھر ان کو چھوڑ کر چلے گئے اور اللہ تعالیٰ نے کس طرح ان کی زمین اور مکانات کا وارث ان کے دشمنوں کو بنایا کیا تو ان کو نہیں دیکھتا کہ کس طرح وہ ان چیزوں کو جمع کرتے ہیں جن کو کھاتے نہیں اور ایسی عمارتیں بناتے ہیں جن میں رہائش پذیر نہیں ہوتے اور ایسی چیزوں کی امید رکھتے ہیں جن کو حاصل نہیں کر سکتے۔

ہر شخص ایک بلند محل بناتا ہے جو آسمان کی طرف جاتا ہے جب کہ اس کا ٹھکانہ زمین میں کھودی ہوئی قبر ہے کیا دنیا میں کوئی شخص اس سے بڑا بیوقوف ہے؟ ایک شخص اپنی دنیا تعمیر کرتا ہے حالانکہ وہ یقیناً اس سے کوچ کرنے والا ہے اور اپنی آخرت کو خراب کرتا ہے حالانکہ قطعی طور پر اس نے اس کی طرف جانا ہے اے نفس! کیا تجھے ایسے بیوقوفوں کی بیوقوفی پر

---

(۱) العلل المتناہیہ جلد ۲ ص ۸۰۴ حدیث ۱۳۸۱

ان کی مدد کرتے ہوئے حیا نہیں آتا۔

فرض کرو کہ تم بصیرت نہیں رکھتے کہ ان باتوں کی طرف راہنمائی حاصل کرو لیکن تم فطری طور پر کسی طرف مائل ہونا اور کسی کی مشابہت چاہتے ہو تو انبیاء کرام، علماء عظام اور عقلمند لوگوں کی عقل اور ان لوگوں کے عقل جو دنیا پر اوندھے گرے ہوئے ہیں، کے درمیان مقابلہ کرو اور تمہارے نزدیک جو زیادہ عقل مند ہوں اس کے پیچھے چلو اگر تم عقل اور سمجھداری کی اقتدا اور اتباع کرنا چاہتے ہو۔

اے نفس! تیرا معاملہ کتنا عجیب اور تیری جہالت کتنی سخت ہے تیری سرکشی کس قدر ظاہر ہے تو کس طرح ان واضح اور روشن باتوں سے اندھا ہو چکا ہے اے نفس! شاید تجھے جاہ و مرتبہ کی چاہت نے فتنے میں ڈال دیا ہے اور تو اس بات کو سمجھنے سے مدہوش ہو چکا ہے یا تو اس بات کو نہیں سمجھتا کہ جاہ و مرتبہ صرف اس بات کا نام ہے کہ بعض لوگوں کے دل تیری طرف مائل ہوں تو تم فرض کر لو کہ زمین پر جو لوگ بھی ہیں وہ تمہیں سجدہ کرتے اور تیری اطاعت کرتے ہیں کیا تم نہیں جانتے کہ پچاس سال بعد نہ تو زمین پر رہے گا اور نہ وہ جنہوں نے تجھے سجدہ کیا اور تیری پوجا کی اور عنقریب ایک وقت آئے گا کہ نہ تیرا ذکر باقی رہے گا اور نہ تیرا ذکر کرنے والوں کی یاد باقی رہے گی جس طرح تجھ سے پہلے بادشاہوں کے ساتھ ہوا۔

ارشاد خداوندی ہے۔

وَهَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا۔ (۱)	کیا تو ان میں سے کسی ایک کا احساس کرتا ہے یا ان کی آہٹ سنتا ہے۔

تو پھر تو اے نفس! کس طرح ہمیشہ رہنے والی چیز کے بدلے میں بیچتا ہے جو پچاس سال سے زیادہ نہیں رہے گی اگر باقی رہے بھی تو؟

اور یہ بھی اس صورت میں ہے جب تو زمین کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ ہو اور مشرق و مغرب تیری اطاعت کریں حتی کہ گردنیں تیرے سامنے جھک جائیں اور تمام اسباب تیرے لیے منظم ہو جائیں اور جس صورت میں اپنے محلے کا بلکہ اپنے گھر کا معاملہ بھی تیرے قبضے میں نہ ہو اور تیری نحوست و بدبختی کے باعث ایسا ہو تو اس صورت میں آخرت کو چھوڑنا کس قدر غلطی اور بیوقوفی ہے۔

اے نفس! اگر تو اپنی جہالت کی وجہ سے آخرت میں رغبت کی خاطر دنیا کو نہیں چھوڑتا اور تو بصیرت کے اعتبار سے اندھا ہو چکا ہے تو یہی سوچ کر اسے چھوڑ دے کہ دنیا کے شرکا خسیس ہیں اور اس میں مشقت زیادہ ہے نیز یہ جلد فنا ہونے والی ہے جب دنیا کی کثرت نے تجھے چھوڑ دیا تو اس کے قلیل کو تو کیوں نہیں چھوڑتا اگر دنیا تیرے موافق ہو تو خوش کیوں

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ مریم آیت ۹۸

ہوتا ہے تمہارا شہر یہودیوں اور مجوسیوں کی ایسی جماعت سے خالی نہیں ہے جو دنیوی مال کے ذریعے تجھ سے آگے بڑھے ہوئے ہیں اور ان کے پاس دنیوی نعمتیں اور زینت تیرے مقابلے میں زیادہ ہے تو دنیا پر تف ہے کہ اس کے ذریعے یہ خسیس لوگ بھی تجھ سے سبقت لے گئے تو کس قدر جاہل ہے تیری قیمت کس قدر ہلکی ہے اور تیری رائے کس قدر گری ہوئی ہے کہ تو انبیاء کرام اور صدیقین کی جماعت میں ہونا نہیں چاہتا جو اللہ تعالیٰ کے مقرب ہیں اور تمام جہانوں کے رب کی ہمسائیگی میں ہمیشہ ہمیشہ رہتے ہیں تو ان لوگوں سے منہ موڑ کر بیوقوف جاہل لوگوں کی جوتیوں میں بیٹھنا چاہتا ہے حالانکہ یہ بھی چند دن کی بات ہے تو تجھ پر افسوس ہے کہ تیری دنیا اور دین دونوں برباد ہو گئے۔

اے نفس! اب تو جلدی کر کیوں کہ موت سر پر آپہنچی ہے اور ڈرانے والا آموجود ہوا ہے تیرے مرنے کے بعد تیری طرف سے کون نماز پڑھے گا؟ تیرے انتقال کے بعد تیری طرف سے کون روزہ رکھے گا؟ اور تیرے مرنے کے بعد تیری طرف سے کون اللہ تعالیٰ کو راضی کرے گا۔

اے نفس! تیری پونجی صرف چند دن ہیں اگر ان میں تجارت کرے اکثر دنوں کو تو نے ضائع کر دیا اگر تو اس ضائع ہونے والے پر زندگی بھر روتا رہے تب بھی تیرے نفس کے حق میں تھوڑا ہے تو اب باقی کو ضائع کرنے اور پرانی عادت کو اپنائے رکھنے کی صورت میں کیا حال ہو گا؟

اے نفس! کیا تجھے معلوم نہیں ہے کہ موت کا تجھ سے وعدہ کیا گیا ہے قبر تیرا گھر اور مٹی تیرا بچھونا ہے کیڑے تیرے ساتھی ہیں اور بہت بڑا خوف سامنے ہے۔

اے نفس! کیا تجھے معلوم نہیں کہ مُردوں کا لشکر شہر کے دروازے پر تیرا منتظر ہے ان سب نے پکی قسم کھائی ہے کہ وہ تجھے ساتھ لیے بغیر یہاں سے نہیں جائیں گے۔ اے نفس! کیا تجھے معلوم نہیں کہ وہ صرف ایک دن دنیا میں واپس آنا چاہتے ہیں تاکہ گذشتہ کوتاہی کا تدارک کر سکیں اور تجھے یہ بات حاصل ہے تیری زندگی کا ایک دن اگر تمام دنیا کے بدلے میں بیچا جائے تو وہ اسے ضرور خریدیں گے اگر اس پر قادر ہوں۔ اور تو غفلت اور بے کاری میں اپنے دنوں کو ضائع کر رہا ہے اے نفس! تجھ پر افسوس ہے کیا تجھے حیا نہیں آتی تو لوگوں کے لیے اپنے ظاہر کو مزین کرتا ہے اور باطنی طور پر بڑے بڑے گناہوں کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے لڑتا ہے پھر یہ کہ تو مخلوق سے حیا کرتا ہے لیکن خالق سے حیا نہیں کرتا۔

اے کمبخت! کیا وہ تجھے دیکھنے والوں میں سے سب سے ہلکا معلوم ہوتا ہے تو لوگوں کو نیکی کا حکم دیتا ہے اور خود گھٹیا کاموں میں ملوث ہے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتا ہے اور خود اس سے بھاگتا ہے اللہ تعالیٰ کی یاد دلاتا ہے لیکن خود اسے بھول جاتا ہے۔ جب تو خود پاک نہیں ہے تو دوسروں کی پاکیزگی کی طمع کیوں کرتا ہے۔

اے نفس! اگر تجھے اپنی صحیح پہچان ہو جائے تو تو یہی گمان کرے کہ لوگوں کو جو مصیبت پہنچتی ہے وہ تیری نحوست ہے

اے نفس! تو نے اپنے آپ کو شیطان کا گدھا بنا لیا ہے وہ جہاں چاہتا ہے تجھے لے جاتا ہے اور تیرا مذاق اڑاتا ہے اس کے باوجود تو اپنے عمل پر خوش ہوتا ہے۔

اور اس میں وہ آفات ہیں کہ تو ان سے بچ جائے تو یہ بھی نفع ہے اور تو اپنے اعمال پر کیسے خوش ہوتا ہے حالاں کہ تیری خطائیں اور لغزشیں بہت زیادہ ہیں اللہ تعالیٰ نے شیطان کی ایک خطا کی وجہ سے اس پر لعنت بھیجی ہے اور وہ اس سے پہلے دو لاکھ سال اس کی عبادت کر چکا تھا اور حضرت آدم علیہ السلام کو ایک خطا کی وجہ سے جنت سے باہر آنا پڑا حالانکہ آپ اللہ تعالیٰ کے نبی اور منتخب تھے اے نفس! تو کس قدر غدار، بے حیا، جاہل اور گناہوں پر جرأت کرنے والا ہے کمبخت تو معاہدہ کر کے اسے توڑ دیتا ہے اور وعدہ کر کے دھوکہ دیتا ہے۔

اے کمبخت نفس! تو ان خطاؤں کے باوجود اپنی دنیا بسانے پر لگا ہوا ہے گویا کہ تو یہاں سے کوچ نہیں کرے گا کیا تو قبرستان والوں کو نہیں دیکھتا کہ وہ کیسے تھے! انہوں نے بہت سامان جمع کیا، مضبوط محل بنائے اور بہت دور کی امید رکھی لیکن ان کا جمع شدہ مال تباہ و برباد ہو گیا مکانات قبروں میں بدل گئے اور ان کی امیدیں دھوکے میں بدل گئیں۔

اسے نفس! تجھے کیا ہو گیا ہے کیا تو عبرت حاصل نہیں کرتا ان کے حالات کو دیکھتا نہیں کیا تیرا خیال یہ ہے کہ ان کو آخرت کی طرف بلایا گیا ہے اور تو ہمیشہ یہیں رہے گا ہرگز ایسا نہیں ہو گا تیرا وہم نہایت بیہودہ اور برا ہے تو صرف اپنی عمر ضائع کر رہا ہے اور تیری پیدائش سے اب تک یہ سلسلہ جاری ہے تو زمین پر اپنے لیے عمارت بناتا ہے لیکن تھوڑی ہی مدت بعد زمین کے اندر تیری قبر ہو گی کیا تجھے اس بات کا ڈر نہیں کہ جب جان گلے میں آ کر رک جائے گی اور تیرے رب کے رسول (فرشتے) تیرے پاس آئیں گے ان کے رنگ سیاہ اور چہرے تیوری چڑھے ہوں گے وہ تجھے عذاب کی خبر دیں گے۔ کیا اس وقت تجھے ندامت فائدہ دے گی یا تجھ سے غم قبول کیا جائے گا یا تیرے رونے پر ترس کھایا جائے گا۔

اے نفس! بہت تعجب کی بات ہے تو ان سب باتوں کے باوجود بصیرت اور دانائی کا دعوی کرتا ہے تیری دانائی تو یہ ہے کہ تو ہر دن مال کے زیادہ ہونے پر خوش ہوتا ہے لیکن عمر کے کم ہونے پر غمگین نہیں ہوتا حالاں کہ مال کی زیادتی کیا فائدہ دے گی جب کہ عمر کم ہو رہی ہو۔

اے نفس! تو آخرت سے منہ پھیرتا ہے حالاں کہ وہ تیری طرف بڑھ رہی ہے اور تو دنیا کی طرف متوجہ ہوتا ہے حالاں کہ وہ تجھ سے منہ پھیرتی ہے اور کتنے ہی لوگ ہیں جنہوں نے کل پر کام رکھا تو پورا نہ ہوا اور ان کی کتنی آرزوئیں پوری نہ ہوئیں۔ تو اپنے بھائیوں اور رشتہ داروں اور پڑوسیوں میں اس بات کو دیکھتا ہے۔ اے نفس! تو دیکھتا ہے کہ ان کو اس بات پر افسوس ہوتا ہے لیکن تو پھر بھی اپنی جہالت سے باز نہیں آتا اے مسکین نفس! اس دن سے بچ جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے قسم کھائی ہے کہ وہ اس بندے کو ہرگز نہیں چھوڑے گا جس کو دنیا میں کسی کام کے کرنے کا حکم

دیا اور کسی کام سے روکا حتی کہ اس سے اس کے عمل کے بارے میں سوال ہوگا وہ عمل چھوٹا ہو یا بڑا ظاہر ہو یا پوشیدہ ،
تو اے نفس ! دیکھ کس بدن کے ساتھ تو اس کے سامنے کھڑا ہوگا اور کس زبان کے ساتھ جواب دے گا نیز سوال کا
جواب تیار کر اور جواب بھی صحیح ہو زندگی کے باقی دنوں میں جو چھوٹے چھوٹے ہیں بڑے دنوں کے لیے عمل کر، ختم ہونے
والے گھر میں باقی رہنے والے گھر کے لیے، غم اور تھکاوٹ والے گھر میں نعمتوں اور ہمیشہ رہنے والے گھر کے لیے عمل کر
اس سے پہلے کہ تو عمل نہ کر سکے اب عمل کر لے دنیا سے خود اپنے اختیار کے ساتھ آزاد لوگوں کی طرح نکل جا اس سے پہلے
کہ تو مجبور ہو کر نکلے دنیوی تروتازگی اگر تیری مددگار ہے تو اس پر خوش نہ ہو کیوں کہ اکثر خوش ہونے والا نقصان اٹھاتا ہے
اور بہت سے نقصان اٹھانے والوں کو شعور نہیں ہوتا اس شخص کے لیے خرابی ہے جو خرابی میں مبتلا ہے لیکن اسے
شعور نہیں وہ ہنستا اور خوش ہوتا ہے کھیل کود میں مبتلا ہے اور مذاق کرتا ہے، کھاتا اور پیتا ہے حالاں کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں لوح
محفوظ میں لکھ دیا گیا ہے کہ وہ اہل جہنم سے ہے ۔

اے نفس ! تو دنیا کو عبرت کی نگاہ سے دیکھ اور اس کے لیے مجبوروں کی طرح کوشش کر اسے اپنے اختیار سے
چھوڑ اور آخرت کی طلب میں سبقت کر ان لوگوں میں سے نہ ہو جا جو اس چیز کا شکر ادا کرنے سے عاجز ہیں جو ان کو دی
گئی اور باقی عمر میں زیادتی کے خواہاں ہیں وہ لوگوں کو منع کرتے ہیں اور خود باز نہیں آتے اے نفس ! جان لے دین کا کوئی
عوض اور ایمان کا کوئی بدل نہیں اور نہ ہی جسم کا کوئی نائب ہے جس شخص کی سواری دن اور رات ہوں تو وہ اسے لے چلتے
ہیں اگرچہ وہ نہ چلے ۔

اے نفس ! اس نصیحت کو قبول کر اور اس سے فائدہ حاصل کر کیوں کہ جو شخص اس نصیحت سے منہ پھیرتا ہے وہ جہنم
پر راضی ہوتا ہے اور میں تجھے اس پر راضی نہیں دیکھتا اور نہ یہ کہ تو اس نصیحت پر کان نہ دھرے ۔ اگر دل کی سختی تجھے اس وعظ
کی قبولیت سے روکتی ہے تو دائمی تہجد اور شب بیداری کے ذریعے اس پر مدد طلب کر اگر یہ نہ ہو سکے تو مسلسل روزے
رکھ اگر اس سے بھی ختم نہ ہو تو لوگوں سے میل جول اور گفتگو کم کر دے اگر اس سے بھی نہ جائے تو رشتہ داروں سے صلہ رحمی
اور یتیموں پر نرمی اختیار کر اور اگر اس سے بھی زائل نہ ہو تو جان لو کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے دل پر مہر اور تالا لگا دیا ہے
اور گناہوں کی تاریکی دل کے ظاہر اور باطن پر خوب چھا گئی ہے ۔

اب اپنے نفس کو دوزخی جان اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا کیا تو اس کے لائق لوگوں کو بھی پیدا فرمایا اور جہنم کو پیدا
کیا تو اس کے مناسب لوگ بھی پیدا کئے تو جس کو جس جگہ کے لیے پیدا کیا گیا ہے وہ اس کے لیے آسان کر دی
گئی ہے ۔

اگر اب تیرے اندر وعظ و نصیحت کی گنجائش نہ رہے تو اپنے آپ سے ناامید ہو جا اور ناامیدی بہت بڑا گناہ ہے ہم
اس سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں اب تیرے لیے نہ تو ناامیدی کا راستہ ہے اور نہ ہی امید کا ، بلکہ بھلائی کے تمام راستے

تجھ پر بند ہو چکے ہیں اور یہ دھوکہ ہے امید نہیں۔

اب تو دیکھ کہ کیا تجھے اس مصیبت پر دکھ ہوتا ہے جس میں تو مبتلا ہے اور کیا اپنے نفس پر رحم کھاتے ہوئے تیری آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں اگر آنسو بہتے ہیں تو ان کا منبع بحر رحمت ہے اس سے معلوم ہوا کہ ابھی تجھ میں امید کی جگہ باقی ہے لہذا رونا دھونا اپنا وطیرہ بنالے اور سب سے زیادہ رحم کرنے والی ذات سے مدد مانگ سب سے زیادہ کریم کی بارگاہ میں شکایت کر اس سے مسلسل مدد مانگ اور اس شکایت کی طوالت سے تھک نہ جانا۔

شاید وہ تیرے ضعف پر رحم فرمائے اور تیری فریاد کو پہنچے کیوں کہ تیری مصیبت بہت بڑی ہے اور تیری آزمائش سخت ہوگئی ہے نافرمانی بڑھ گئی ہے اور کوئی حیلہ باقی نہیں رہا اور بیماریاں تیرے پاس سکون پاتی ہیں اب نہ کوئی مقام طلب ہے نہ مدد کی جگہ نہ راہ فرار ہے اور نہ کوئی ٹھکانہ صرف اپنے مولا کے ہاں پناہ لے سکتا ہے لہذا آہ وزاری کے ساتھ اس کے حضور حاضر ہوجا اور اپنی جہالت اور گناہوں کی کثرت کی مقدار خشوع وخضوع کا مظاہرہ کرتے ہوئے تضرع اور گڑگڑانے کی راہ اختیار کر کیوں کہ وہ عاجزی کرنے اور گڑگڑانے والے پر رحم کرتا ہے اور مجبور طالب کی مدد فرماتا اور اس کی دعا کو قبول کرتا ہے آج تو اس کی طرف مجبور اور اس کی رحمت کا محتاج ہے تجھ پر راستے تنگ اور بند ہوگئے ہیں تمام اسباب منقطع ہو چکے ہیں اور نصیحت نے تجھ پر کوئی اثر نہیں کیا اور نہ ہی جھڑک نے تیرے اندر توڑ پھوڑ کی تو جس سے طلب کرتا ہے وہ کریم ہے جس سے مانگتا ہے وہ جود وسخا کا منبع ہے جس سے مدد طلب کی جارہی ہے وہ رؤف ورحیم ہے اور اس کی رحمت کشادہ، کرم فیض سے بھرپور اور عفو ودرگزر عام ہے تم یوں کہو۔

" اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے اے رحمٰن، اے رحیم، اے حلیم اے عظیم، اے کریم! میں بار بار گناہ کا مرتکب ہوا میں نے بہت زیادہ جرأت کی میں نے دیر تک گناہ کئے اور مجھے حیا نہ آئی یہ گڑگڑانے والے مسکین، مفلس فقیر کمزور حقیر اور ہلاک ہونے والے ڈوبنے والے کا مقام ہے۔

میری مدد میں جلدی فرما اور میری پریشانی کو دور کردے مجھے اپنی رحمت کے آثار دکھادے اور اپنے عفو ومغفرت کی ٹھنڈک کا مزا چکھادے مجھے گناہوں سے بچنے کی قوت عطا فرما اے ارحم الراحمین "

اے نفس! اس سلسلے میں تو اپنے باپ آدم علیہ السلام کی اقتدا کر حضرت وہب بن منبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب حضرت آدم علیہ السلام کو جنت سے زمین میں اتارا گیا تو کچھ عرصہ آپ یوں رہے کہ آنسو نہیں تھمتے تھے ساتویں دن اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف نظر رحمت فرمائی تو آپ غمگین اور پریشان تھے اور آپ نے سر جھکایا ہوا تھا اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی بھیجی اور فرمایا اے آدم علیہ السلام! میں آپ کو کیسی مشقت میں دیکھ رہا ہوں۔ آپ نے عرض کیا اے میرے رب میری مصیبت بہت بڑی ہے مجھے میری خطاؤں نے گھیر لیا ہے اور ان کے باعث میں اپنے رب کی بادشاہی سے باہر آگیا ہوں۔ اب میں عزت کے بعد ذلت کے مقام پر آگیا ہوں۔ سعادت کے بعد بدبختی کی جگہ پر اور راحت کے بعد تھکاوٹ کی جگہ پر عافیت کے بعد آزمائش کے مقام پر ہمیشہ رہنے

والے مقام کے بعد مٹ جانے والی جگہ پر اور دائمی زندگی کے مقام میں رہنے کے بعد موت اور فنا کی جگہ پر آگیا ہوں تو میں کس طرح اپنے گناہ پر نہ روؤں اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ اے آدم علیہ السلام! کیا میں نے تجھے اپنے لیے منتخب نہیں کیا تجھے اپنے گھر میں نہیں اتارا اپنی کرامت و عزت کے ساتھ تجھے خاص نہیں کیا اپنی ناراضگی سے تجھے نہیں بچایا کیا میں نے تجھے اپنے دستِ قدرت سے پیدا نہیں کیا اور تجھ میں اپنی روح نہیں پھونکی میں نے فرشتوں سے تجھے سجدہ کرایا پھر تم نے میری حکم عدولی کی میرے عہد کو بھلا دیا اور میری ناراضگی مول لی۔

مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم ہے اگر میں تمام زمین کو آپ جیسے لوگوں سے بھر دوں اور وہ سب میری عبادت کریں اور میری تسبیح بیان کریں پھر میری نافرمانی کریں تو میں ان کو گناہ گاروں کی جگہ اتاروں گا، اس پر حضرت آدم علیہ السلام تین سو سال تک روتے رہے۔

حضرت عبید اللہ بجلی رحمہ اللہ بہت رویا کرتے تھے وہ رات بھر روتے اور کہتے یا اللہ! میں وہ شخص ہوں جس کی عمر بڑھی تو گناہ بھی زیادہ ہو گئے میں ہی وہ آدمی ہوں کہ جب میں نے ایک خطا کو چھوڑنے کا ارادہ کیا تو دوسری خواہش سامنے آ گئی۔

ہائے عبید! تمہاری پہلی خطا پرانی نہ ہوئی اور تو دوسری کا طالب ہو گیا اے عبید! اگر آگ تیرا مقام اور ٹھکانہ ہوا تو کیا کرے گا، اے عبید! ہو سکتا ہے گرز تیرے سر کے لیے بنے ہوں اے عبید! طالبین کی حاجات پوری ہو گئیں لیکن شاید تیری حاجت پوری نہ ہو۔

حضرت منصور بن عمار رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے ایک رات کوفہ میں ایک عبادت گزار سے سنا وہ اپنے رب سے مناجات کرتے ہوئے کہہ رہا تھا اے میرے رب مجھے تیری عزت کی قسم میں نے تیری نافرمانی سے تیری مخالفت کا ارادہ نہیں کیا اور جب تیری نافرمانی کی تو تیرے مقام سے ناواقف ہوتے ہوئے نہیں کی اور نہ ہی اپنے نفس کو تیرے عذاب کے لیے پیش کرنا مقصود تھا میں تیری نظر کو حقیر بھی نہیں جانتا تھا۔ لیکن میرے نفس نے اس کام کو میرے سامنے اچھا کر کے پیش کیا میری بدبختی نے اس معاملے میں مدد کی اور مجھ پر جو تیری پردہ پوشی ہے اس سے دھوکہ ہوا تو میں نے اپنی جہالت کی وجہ سے تیری نافرمانی کی اور اپنے عمل سے تیری مخالفت کی اب تیرے عذاب سے مجھے کون بچائے گا یا میں کس کی رسی کو پکڑوں گا اگر تیری رسی مجھ سے ٹوٹ جائے۔

بڑی خرابی تو یہ ہے کہ کل قیامت کے دن تیرے سامنے کھڑا ہونا ہو گا جب ہلکے پھلکے لوگوں سے کہا جائے گا تم گزر جاؤ اور زیادہ بوجھ والوں سے کہا جائے گا کہ اترو تو کیا میں کم بوجھ والوں کے ساتھ گزر جاؤں گا یا زیادہ بوجھ والوں کے ساتھ نیچے اتار دیا جاؤں گا ہائے میرے لیے خرابی ہے جب میری عمر زیادہ ہوئی تو گناہ بھی بڑھ گئے تو میں کہاں تک توبہ کروں گا اور کب تک دوبارہ گناہ کرتا جاؤں گا۔ کیا وہ وقت نہیں آیا کہ میں اپنے رب سے حیا کروں؟

توان لوگوں کا اپنے مالک سے مناجات کا یہ طریقہ تھا اور اس طرح وہ اپنے نفس کو جھڑکتے تھے وہ مناجات کے ذریعے اپنے رب کی رضا چاہتے تھے اور نفس کو جھڑکنے کا مقصد اسے تنبیہ کرنا اور رعایتِ نفس مقصود تھی تو جو شخص نفس کو جھڑکنے اور اللہ تعالیٰ سے مناجات میں سستی کرتا ہے وہ اپنے نفس کی رعایت اور خیال کرنے والا نہیں ہوتا ہے اور ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے راضی نہ ہو ـــــ اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک کے لیے حمد ہے اور ہمارے سردار حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے آل واصحاب پر درود (وسلام) ہو۔

۹۔ فکر اور عبرت کا بیان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس کی انتہائے عزت کا کوئی کنارہ نہیں اور نہ ہی اس کی عظمت تک وہم و فہم کی رسائی ہو سکتی ہے بلکہ اس کی کبریائی کے سامنے طالبین کے دل حیران ہیں جب یہ حیرانگی اپنے مطلوب کے حصول کے لیے حرکت کرتی ہے تو اس کے جلال کے پردے اس کو پیچھے دھکیل دیتے ہیں اور جب وہ مایوس ہو کر لوٹتی ہے تو جمال کے پردوں سے آواز آتی ہے صبر کرو صبر کرو پھر اس سے کہا جاتا ہے بندگی کی ذلت میں فکر طلب کرو کیوں کہ جلال ربوبیت میں فکر کرو گی تو اس کی کوئی مقدار مقرر نہیں کرو گی۔

اور اگر تم اپنی صفات میں فکر کے علاوہ کچھ طلب کرو تو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور احسانات کی طرف نظر دوڑاؤ کہ وہ کس طرح تسلسل کے ساتھ تمہیں مل رہی ہیں اور ہر نعمت پر مسلسل سے شکر ادا کرو اور تقدیر کے سمندر میں غور کرو کہ کس طرح عالمین پر خیر و شر، نفع و نقصان، تنگی و آسانی کامیابی اور خسارہ، جوڑ توڑ، لپیٹنا اور پھیلانا، ایمان اور کفر، پہچان اور انکار کو جاری کیا۔ اگر تم اپنی نظر افعال سے ذات کی طرف لے جاؤ گے تو تم ظلم و زیادتی کرتے ہوئے بشری طاقت سے تجاوز کرنے والے ہو گے اس کی چمک کے لیے عقلیں خوب کوشش کرتی اور ان کے پیچھے مجبوراً اندھی کرتی ہیں۔

اور ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت ہو جو تمام اولاد آدم کے سردار ہیں اگرچہ آپ نے اس سیادت پر فخر نہیں فرمایا ایسی رحمت جو قیامت کے میدانوں میں آپ کے لیے سامان اور ذخیرہ ہو اور آپ کے آل و اصحاب پر بھی رحمت ہو کہ ان میں سے ہر ایک آسمان دین کا بدر منیر تھا اور مسلمان جماعتوں کے قائد تھے بہت زیادہ سلام ہو۔

حمد و صلوٰۃ کے بعد ــــ حدیث شریف میں آیا ہے کہ ایک ساعت کا غور و فکر سال بھر کی عبادت سے اچھا ہے (۱) اور قرآن پاک میں غور و فکر اور عبرت حاصل کرنے کی بہت زیادہ ترغیب دی گئی ہے اور یہ بات مخفی نہیں ہے کہ انوارِ خداوندی کی چابی یہی تفکر ہے اور بصیرت کے دھارے بھی اسی سے پھوٹتے ہیں یہ علوم کے لیے مچھلی کے جال کی طرح ہے اور معارف مفاہیم کے لیے شکار گاہ ہے اکثر لوگ اس کی فضیلت اور رتبہ سے واقف ہیں لیکن اس کی حقیقت اور فوائد، اس کی ابتداء، راستوں اور کیفیت سے واقف نہیں ہیں اور ان کو معلوم نہیں کہ فکر کی کیا صورت ہے کس میں غور و فکر کرنا ہے اور کیوں کرنا ہے اور اس سے کیا مطلوب ہے کیا بذاتِ خود یہ مراد ہے یا اس سے کوئی نفع لینا مقصود ہے اگر کسی نفع

---

(۱) کنز العمال جلد ۳ ص ۱۰۹ حدیث ۵۷۱۱

کے لیے ہے تو وہ نفع کیا ہے کیا اس کا تعلق علوم سے ہے یا احوال سے یا دونوں سے ؟ ان تمام باتوں کو ظاہر کرنا بہت مشکل ہے اب ہم پہلے فکر کی فضیلت ذکر کریں گے پھر اس کی حقیقت اور فائدہ اس کے بعد اس کے مقامات کا ذکر ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فصل ۱ :

تفکر کی فضیلت

اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب عزیز میں بے شمار جگہ غور و فکر اور تدبر کا حکم دیا اور تفکر کرنے والوں کی تعریف فرمائی اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰی جُنُوْبِھِمْ وَیَتَفَکَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا۔ (۱)

وہ لوگ جو کھڑے، بیٹھے اور اپنے پہلوؤں پر لیٹے ہوئے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں غور کرتے ہیں (اور کہتے ہیں) اے ہمارے رب! تو نے اس کو بے کار پیدا نہیں فرمایا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں ایک جماعت اللہ تعالیٰ کے بارے میں غور و فکر کرنے لگی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تَفَکَّرُوْا فِیْ خَلْقِ اللّٰہِ وَلَا تَتَفَکَّرُوْا فِی اللّٰہِ فَاِنَّکُمْ لَنْ تَقْدِرُوْا قَدْرَہٗ۔ (۲)

اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے بارے میں غور و فکر کرو لیکن اللہ تعالیٰ کے بارے میں نہ کرو کیوں کہ تم اس کی قدر پر قادر نہیں ہوگے۔

ایک روایت میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے تو صحابہ کرام میں سے کچھ لوگ غور و فکر میں مصروف تھے۔ آپ نے فرمایا تمہیں کیا ہوگیا کہ تم باتیں نہیں کرتے ؟ انہوں نے عرض کیا ہم اللہ تعالیٰ کی ذات کے بارے میں غور و فکر کر رہے ہیں فرمایا اسی طرح کیا کرو اس کی مخلوق میں فکر کرو لیکن اس کے بارے میں فکر نہ کیا کرو کیوں کہ اس مغرب میں ایک زمین ہے جس کی روشنی سفیدی ہے اور اس کی سفیدی روشنی ہے وہاں سورج چالیس دن چلتا ہے اس جگہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے ایک مخلوق ہے جو پلک جھپکنے کی مقدار بھی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کرتے، انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۹۱

(۲) کنزالعمال جلد ۳ ص ۱۰۸ حدیث ۵۷۰۶

شیطان ان سے کدھر ہوتا ہے؟ آپ نے فرمایا ان کو معلوم بھی نہیں کہ شیطان پیدا بھی ہوا ہے یا نہیں، صحابہ کرام نے عرض کیا وہ حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں؟ آپ نے فرمایا ان کو یہ بھی معلوم نہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام پیدا ہوئے یا نہیں۔ (۱)

حضرت عطاء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ایک دن میں اور حضرت عبید بن عمیر، حضرت عائشہ (رضی اللہ عنہم) کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے ہم سے گفتگو فرمائی اور ہمارے اور ان کے درمیان پردہ تھا ام المومنین نے فرمایا اے عبید! تمہیں ہمارے پاس آنے سے کس چیز نے روکا ہے انہوں نے عرض کیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی سے آپ نے فرمایا۔

زُرْغِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا۔ (۲) کبھی کبھی ملا کرو اس طرح محبت بڑھتی ہے۔

حضرت ابن عمیر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا آپ ہمیں عجیب ترین (اور پسندیدہ ترین) بات جو آپ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دیکھی ہو بتائیں فرماتے ہیں ام المومنین رونے لگیں اور فرمایا آپ کا ہر معاملہ عجیب تھا۔ ایک رات آپ میرے پاس تشریف لائے حتیٰ کہ ہم دونوں کے جسم نے ایک دوسرے کو چھوا پھر فرمایا مجھے اجازت دو کہ اپنے رب عزوجل کی عبادت کروں، پھر آپ مشکیزے کی طرف تشریف لے گئے اور اس سے وضو فرمایا پھر کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگے آپ اس قدر روئے کہ داڑھی مبارک تر ہو گئی پھر سجدہ کیا حتیٰ کہ زمین تر ہو گئی اس کے بعد دائیں پہلو پر آرام فرما ہو گئے حتیٰ کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے حاضر ہو کر نماز فجر کی اطلاع کی اور عرض کیا یا رسول اللہ! آپ کیوں رو رہے ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کے وسیلہ سے آپ کے اگلوں پچھلوں کے گناہ معاف کر دیتے ہیں آپ نے فرمایا اے بلال! میں کیوں نہ روؤں آج رات مجھ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ہے۔

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيَاتٍ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ۔ (۳)

بے شک آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے اور رات اور دن کے آنے جانے میں عقل مند لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں۔

پھر فرمایا اس شخص کے لیے خرابی ہے جو اس آیت کریمہ کو پڑھے اور اس میں غور و فکر نہ کرے۔ (۴)

---

(۱) الدر المنثور جلد ۶ ص ۱۳۰ تحت آیت وان الی ربک المنتہی

(۲) الترغیب والترہیب جلد ۲ ص ۳۶۶

(۳) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۹۱

(۴) کنز العمال جلد اول ص ۵۰۰ حدیث ۲۰۷۶

حضرت اوزاعی رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ ان آیات میں غور و فکر کی انتہا کیا ہے؟
انہوں نے فرمایا کہ ان کو پڑھا اور سمجھا جائے۔
حضرت محمد بن واسع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بصرہ کا ایک شخص حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی عبادت کے بارے میں پوچھا انہوں نے فرمایا وہ دن بھر گھر کے ایک کونے میں غور و فکر میں مصروف رہتے تھے۔
حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک ساعت کا تفکر رات بھر قیام کرنے سے بہتر ہے، حضرت فضیل رحمہ اللہ نے فرمایا تفکر ایک شیشہ ہے جو تجھے تیری نیکیاں اور برائیاں دکھاتا ہے۔
حضرت ابراہیم رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ آپ بہت زیادہ تفکر کرتے ہیں آپ نے فرمایا غور و فکر عقل کا مغز ہے۔
اور حضرت سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ اکثر اس شعر سے مثال دیتے تھے۔

إِذَا الْمَرْءُ كَانَتْ لَهُ فِكْرَةٌ فَفِي كُلِّ شَيْءٍ لَهُ عِبْرَةٌ۔	جب کسی شخص کو فکر کی عادت ہو تو اس کے لیے ہر چیز میں عبرت کا سامان ہوتا ہے۔

حضرت طاؤس رحمہ اللہ فرماتے ہیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا اے روح اللہ! کیا اس وقت زمین پر آپ کی مثل کوئی ہے؟ فرمایا ہاں ہے وہ شخص جس کا بولنا ذکر، خاموشی فکر اور دیکھنا عبرت ہو وہ میری مثل ہے۔
(یاد رہے کہ کوئی شخص کسی بھی نبی کی مثل نہیں ہو سکتا یہ اس شخص کی فضیلت کا ذکر ہے ۱۲ ہزاروی)
حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں جس آدمی کے کلام میں حکمت نہ ہو اس کا کلام لغو ہوتا ہے اور جس کی خاموشی میں غور و فکر نہ ہو اس کی خاموشی بھول ہے اور جو دیکھ کر سبق نہ سیکھے وہ محض کھیل ہے۔
اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے۔

سَأَصْرِفُ عَنْ آيَاتِيَ الَّذِينَ يَتَكَبَّرُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ (۱)	عنقریب میں اپنی آیات سے ان لوگوں کو پھیر دوں گا جو زمین میں ناحق تکبر کرتے پھرتے ہیں۔

اس کا معنیٰ یہ ہے کہ میں ان کو اپنی آیات میں غور و فکر کرنے سے روک دوں گا حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

أَعْطُوا أَعْيُنَكُمْ مِنَ الْعِبَادَةِ۔	اپنی آنکھوں کو عبادت میں سے حصہ دو۔

صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! عبادت میں ان کا کیا حصہ ہے؟
آپ نے فرمایا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ اعراف آیت ۱۴۶

اَلنَّظَرُ فِی الْمُصْحَفِ وَالتَّفَکُّرُ فِیْهِ وَالْاِعْتِبَارُ عِنْدَ عَجَائِبِهٖ۔ (۱)

قرآن پاک میں نظر کرنا پھر اس میں غور و فکر کرنا اور اس کے عجائب سے عبرت حاصل کرنا۔

ایک عورت مکہ مکرمہ کے قریب جنگل میں رہتی تھی اس نے کہا اگر متقی لوگ اپنے فکر کے ذریعے اس چیز کو دیکھیں جو ان کے لیے غیب کے پردوں میں آخرت کی بھلائی کے طور پر ذخیرہ کی گئی ہے تو ان کو دنیا کا عیش کبھی صاف نظر نہ آئے اور نہ ہی ان کی آنکھوں کو دنیا میں قرار ہو۔

حضرت لقمان دیر تک تنہا بیٹھے رہتے ان کا مالک گزرتا تو کہتا اے لقمان! تم ہمیشہ تنہا بیٹھتے ہو اگر لوگوں کے ساتھ بیٹھو تو اس میں زیادہ دل لگے گا تو حضرت لقمان فرماتے زیادہ دیر کی تنہائی فکر میں سمجھ زیادہ پیدا کرتی ہے اور زیادہ فکر جنت کے راستے کی راہنمائی کرتا ہے۔

حضرت وہب بن منبہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص زیادہ غور و فکر کرتا ہے وہ جان جاتا ہے اور جب علم حاصل ہوتا ہے وہ عمل کرتا ہے۔

حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں غور و فکر کرنا عبادت سے افضل ہے۔

حضرت عبد اللہ بن مبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے ایک دن حضرت سہل بن علی رحمہ اللہ سے پوچھا اور انہوں نے ان کو حالت فکر میں دیکھا تھا، آپ کہاں تک پہنچے؟ انہوں نے فرمایا پل صراط پر (پہنچ گیا ہوں)

حضرت بشر رحمہ اللہ فرماتے ہیں اگر لوگ اللہ تعالیٰ کی عظمت میں غور و فکر کریں تو وہ کبھی بھی اس کی نافرمانی نہ کریں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں دو رکعتیں جو فکر کے ساتھ ہوں پوری رات کے ایسے قیام سے بہتر ہیں جس میں دل حاضر نہ ہو۔

حضرت ابو شریح رحمہ اللہ چل رہے تھے کہ اچانک بیٹھ گئے اور چادر منہ پر لے کر رونے لگے آپ سے پوچھا گیا کہ آپ کیوں روتے ہیں؟ فرمایا میں نے اپنی عمر کے چلے جانے، عمل کی کمی اور موت کے قریب آنے میں غور و فکر کیا (تو رونے لگا)

حضرت ابو سلیمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں اپنی آنکھوں کو رونے اور دلوں کو غور و فکر کے عادی بناؤ۔

وہی فرماتے ہیں دنیا کے بارے میں فکر، آخرت سے حجاب اور ارباب اختیار کے لیے سزا ہے اور آخرت کے بارے میں غور و فکر حکمت پیدا کرتا اور دلوں کو زندہ رکھتا ہے۔

حضرت حاتم رحمہ اللہ فرماتے ہیں فکر سے علم بڑھتا ہے، ذکر سے محبت بڑھتی ہے اور تفکر سے خوف زیادہ ہوتا ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں اچھی باتوں کے بارے میں سوچنا ان پر عمل کی دعوت دیتا ہے اور برائی پر

---

(۱) کنز العمال جلد اول ص ۵۱۰ حدیث ۲۲۶۲

ندامت اسے چھوڑنے کی دعوت دیتی ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کسی کتاب میں فرمایا۔

میں ہر حکمت والے کی بات قبول نہیں کرتا لیکن میں اس کے قصد اور خواہش کو دیکھتا ہوں جب اس کا ارادہ اور خواہش میرے لیے ہو تو میں اس کی خاموشی کو تفکر اور کلام کو حمد بنا دیتا ہوں اگرچہ وہ کلام نہ کرے حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں عقل مند لوگ ہمیشہ ذکر کے ساتھ فکر اور فکر کے ساتھ ذکر کے عادی ہوتے ہیں حتیٰ کہ جب ان کے دل بولتے ہیں تو وہ حکمت کی باتیں کرتے ہیں۔

حضرت اسحٰق بن خلف فرماتے ہیں حضرت داؤد طائی (رحمہما اللہ) ایک روشن رات میں مکان کی چھت پر تھے آسمان کی طرف دیکھ کر رو رہے تھے وہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی میں فکر کرنے لگے حتیٰ کہ وہ اپنے پڑوسی کے گھر میں گر پڑے مالک مکان اپنے بستر سے ننگا اٹھ کھڑا ہوا اس کے ہاتھ میں تلوار تھی اس نے خیال کیا کہ کوئی چور ہے جب اس نے حضرت داؤد طائی رحمہ اللہ کو دیکھا تو واپس جا کر تلوار رکھ دی اور کہنے لگا آپ کو چھت سے کس نے پھینکا ہے؟ آپ نے فرمایا مجھے معلوم نہیں۔

حضرت جنید رحمہ اللہ فرماتے ہیں سب سے بہتر اور اعلیٰ مجلس وہ ہے جب آدمی توحید کے میدان میں فکر کے ساتھ بیٹھتا ہے اور معرفت کی بادِ نسیم سے لطف اندوز ہوتا ہے محبت کے سمندر سے محبت کا پیالہ پیتا ہے اور حسنِ ظن کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف دیکھتا ہے پھر فرمایا ان مجالس کا کیا کہنا یہ کتنی اعلیٰ ہیں وہ شراب کس قدر لذیذ ہے اور جس کو یہ عطا ہوئی وہ نہایت ہی خوش نصیب اور مبارک باد کا مستحق ہے۔

حضرت امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں خاموشی کے ذریعے کلام پر اور فکر کے ذریعے استنباط پر مدد حاصل کرو۔

آپ نے یہ بھی فرمایا کہ کاموں میں اچھی طرح نظر کرنا دھوکے سے نجات ہے رائے میں پختگی کوتاہی اور ندامت سے سلامتی ہے، دیکھنا اور فکر کرنا احتیاط اور دانائی کو ظاہر کرتا ہے دانا لوگوں کا باہمی مشورہ نفس میں پختگی اور بصیرت میں قوت ہے، ارادہ کرنے سے پہلے سوچ و بچار کرو کام کے سر پر آجانے سے پہلے غور و فکر کرنا چاہیے اور شروع کرنے سے پہلے مشورہ کرنا ضروری ہے۔

آپ نے یہ بھی فرمایا کہ فضائل چار ہیں ایک حکمت ہے اور اس کا مادہ فکر ہے دوسری فضیلت عفت ہے اور وہ شہوت میں اعتدال ہے تیسری فضیلت قوت ہے اور یہ غصے میں اعتدال سے ظاہر ہوتی ہے اور چوتھی فضیلت عدل ہے جو نفسانی قوتوں کو اعتدال میں رکھنے سے قائم ہوتا ہے۔

تو فکر کے سلسلے میں علماء کرام کے یہ اقوال ہیں لیکن ان میں سے کسی نے اس کی حقیقت اور راستوں کو بیان نہیں کیا۔

فصل ۲،

فکر کی حقیقت اور اس کا نتیجہ

جان لو کہ فکر کا معنیٰ دل میں دو معرفتوں کو حاضر کرنا ہے تاکہ اس سے تیسری معرفت حاصل ہو اور اس کی مثال یہ ہے کہ جو شخص فوری نفع کی طرف مائل ہوتا ہے اور دنیوی زندگی کو ترجیح دیتا ہے اور معلوم کرنا چاہتا ہے کہ دنیا کی نسبت آخرت کو ترجیح دینا زیادہ بہتر ہے تو اس کے لیے دو طریقے ہیں ایک یہ کہ کسی دوسرے سے سنے کہ دنیا پر آخرت کو ترجیح دینا زیادہ بہتر ہے اور یوں وہ حقیقتِ امر کی بصیرت حاصل کئے بغیر اس کی بات مان لے اور اس کی تصدیق کرے اور اس کی طرح یہ بھی آخرت کو ترجیح دیتے ہوئے عمل کرے اسے تقلید کہتے ہیں یہ معرفت نہیں ہے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ اسے اس بات کی معرفت حاصل ہو کہ جو چیز باقی رہتی ہے اسے ترجیح دینا زیادہ بہتر ہے۔ پھر وہ اس بات کو جان لے کہ آخرت زیادہ باقی رہنے والی ہے تو اسے ان دو معرفتوں سے ایک تیسری معرفت حاصل ہوگی وہ یہ کہ آخرت ترجیح کے زیادہ لائق ہے لیکن آخرت کے ترجیح کے زیادہ لائق ہونے کی معرفت اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتی جب تک پہلی دو باتوں کی معرفت حاصل نہ ہو تو دل میں پہلی دو قسم کی معرفتوں کا حصول تیسری معرفت تک پہنچنے کا ذریعہ ہے جسے فکر، اعتبار، تذکر، تامل، نظر اور تدبر کہا جاتا ہے۔

تدبر، تامل اور تفکر تینوں مترادف ہیں اور ان تینوں کا معنی ایک ہی ہے ان کے نیچے کئی معانی نہیں ہیں۔

لیکن تذکر، اعتبار اور نظر کے مختلف معانی ہیں اگرچہ اصل مسمّٰی ایک ہے جیسے صارم، مہند اور سیف ایک ہی چیز (تلوار) کے نام ہیں لیکن ان کے اعتبارات مختلف ہیں۔ تلوار کو صارم اس اعتبار سے کہا جاتا ہے کہ وہ کاٹتی ہے، مہند اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ ایک جگہ (ہند) کی طرف منسوب ہے جب کہ لفظ سیف تلوار کے لیے مطلقاً استعمال ہوتا ہے کسی زائد صفت کا اعتبار نہیں ہوتا۔

اسی طرح اعتبار (یا قیاس) یہ ہے کہ دونوں قسم کی معرفت کے وجود کے بعد تیسری معرفت کی طرف عبور کرتے ہیں اور اگر (تیسری معرفت کی طرف) عبور نہ ہو اور صرف دو معرفتوں سے ہی واقفیت ہو سکے تو اسے تذکر کہتے ہیں اعتبار نہیں کہتے اسے نظر اور تفکر کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اس میں تیسری قسم کی معرفت کی طلب ہوتی ہے تو جو شخص تیسری معرفت طلب نہ کرے اسے ناظر نہیں کہتے پس ہر متفکر، متذکر بھی ہوتا ہے لیکن ہر متذکر، متفکر نہیں ہوتا۔

تذکار (بار بار ذکر) کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ دل پر معارف کا تکرار ہو جاتا ہے تاکہ وہ پکے ہو جائیں اور دل سے مٹ نہ جائیں۔
اور تفکر کا فائدہ علم کو بڑھانا اور ایسی معرفت حاصل کرنا ہے جو پہلے سے حاصل نہیں ہے تو تذکر اور تفکر میں یہ فرق ہے۔

معارف جب دل میں جمع ہو جائیں اور ان میں خاص ترتیب قائم ہو جائے تو یہ ایک اور معرفت کا فائدہ دیتے ہیں تو گویا معرفت کا نتیجہ معرفت ہے پھر جب اس کے ساتھ ایک اور معرفت ملتی ہے تو مزید معرفت حاصل ہوتی ہے اسی طرح یہ نتائج بڑھتے چلے جاتے ہیں، علوم بھی بڑھتے ہیں اور فکر بھی بڑھتی ہے جس کی کوئی انتہا نہیں ہوتی اور یہ معرفت یا تو موت سے ختم ہوتی ہے یا کوئی رکاوٹ پیدا ہو جائے تو ختم ہوتی ہے یہ صورت ان لوگوں کے لیے ہے جو علوم سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں اور انہیں تفکر کے راستے کی راہنمائی بھی حاصل ہوتی ہے۔

لیکن عام کو زیادہ علوم سے روک دیا گیا ہے کیوں کہ ان کے پاس اصل مال ہی نہیں ہے۔ اور اصل مال وہ معارف ہیں جن کے ذریعے علوم ثمر آور ہوتے ہیں۔ جیسے ایک شخص کے پاس سامان نہ ہو تو وہ نفع حاصل کرنے پر قادر نہیں ہوتا اور بعض اوقات اس کے پاس سامان ہوتا ہے لیکن وہ اچھی طرح تجارت نہیں کر سکتا پس اس کو نفع نہیں ہوتا اسی طرح بعض اوقات اس کے پاس معارف ہوتے ہیں جو علوم کا اصل سرمایہ ہے لیکن ان کو اچھی طرح استعمال نہیں کر سکتا اور نہ ہی کو اچھی طرح ترتیب دے کر جوڑ سکتا ہے کہ نتائج تک پہنچے۔

معارف کے استعمال اور اس سے نفع حاصل کرنے کی معرفت کا طریقہ بعض اوقات دل میں پائے جانے والے نورِ خداوندی سے حاصل ہوتا ہے جو فطری ہوتا ہے جیسے انبیاء کرام علیہم السلام کو حاصل تھا اور یہ طریقہ بہت کمیاب ہے۔ اور بعض اوقات سیکھنے اور علم کے ساتھ تعلق کی وجہ سے حاصل ہوتا ہے اور یہ زیادہ ہے۔

پھر بعض اوقات متفکر کو یہ معارف حاصل ہوتے ہیں اور وہ نتیجہ خیز بھی ہوتے ہیں لیکن اسے ان کے حصول کی کیفیت کا شعور نہیں ہوتا اور وہ اسے بیان بھی نہیں کر سکتا کیوں کہ بیان کرنے کی مہارت نہیں ہوتی۔ بہت سے لوگ ایسے ہیں جن کو اس بات کا علم حقیقی حاصل ہے کہ آخرت کو ترجیح دینا اولیٰ ہے لیکن اگر اس کی معرفت کا سبب پوچھا جائے تو وہ بیان نہیں کر سکتے۔ حالانکہ پہلی دو معرفتوں کے بغیر تیسری معرفت حاصل نہیں ہوتی ایک معرفت یہ کہ جو چیز زیادہ باقی رہتی ہے وہ ترجیح کے زیادہ لائق ہوتی ہے اور دوسری معرفت یہ کہ دنیا کے مقابلے میں آخرت زیادہ باقی رہنے والی ہے اس طرح اسے ایک تیسری معرفت حاصل ہو جاتی ہے وہ یہ کہ آخرت کو ترجیح دینا زیادہ بہتر ہے۔

تو نتیجہ یہ ہوا کہ حقیقتِ تفکر کے لیے پہلے دو معرفتوں کا ہونا ضروری ہے تاکہ تیسری معرفت تک پہنچ سکیں۔

فکر کا نتیجہ علوم، احوال اور اعمال ہیں لیکن اس کا خاص نتیجہ علم ہے دوسری کوئی چیز نہیں۔ ہاں جب دل میں علم حاصل ہو جائے تو دل کی حالت بدل جاتی ہے اور جب دل کی حالت بدل جائے تو اعضاء سے صادر ہونے والے اعمال بھی بدل جاتے ہیں تو عمل، حال کے تابع حال علم کے تابع اور علم، فکر کے تابع ہوتا ہے گویا تمام بھلائیوں کی ابتداء اور چابی فکر ہے اسی سے فکر کی فضیلت واضح ہوتی ہے اور یہ ذکر اور تذکر سے بہتر ہے کیوں کہ فکر، ذکر بھی ہے اور اس سے زائد بھی، اور دل کا ذکر اعضاء کے عمل سے بہتر ہے بلکہ عمل کا شرف اسی لیے ہے کہ اس میں ذکر ہے لہٰذا

تفکر تمام اعمال سے افضل ہے۔ اسی لیے کہا گیا ہے کہ ایک ساعت کا تفکر ایک سال کی عبادت سے بہتر ہے پھر کہا گیا کہ حال وہ ہے جو ناپسندیدہ امور سے پسندیدہ باتوں کی طرف، اور رغبت و حرص سے زہد اور قناعت کی طرف منتقل ہوتا ہے ـــــ کسی نے کہا کہ حال وہ ہے جو مشاہدہ اور تقویٰ پیدا کرتا ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا۔ شاید وہ تقویٰ اختیار کریں یا ان کے لیے ذکر (کی حالت) پیدا ہو۔ [1]

اور جب فکر کے ذریعے حال کی تبدیلی کی کیفیت معلوم کرنا چاہو تو اس کی مثال وہ ہے جو ہم نے امر آخرت کے سلسلے میں ذکر کی ہے کیوں کہ اس کے بارے میں فکر سے ہمیں اس بات کی معرفت حاصل ہوتی ہے کہ آخرت کو ترجیح دینا اولیٰ ہے اور جب یہ معرفت ہمارے دلوں میں یقین بن کر راسخ ہوتی ہے تو ہمارے دلوں میں آخرت کی طرف رغبت کی تبدیلی آتی ہے اور دنیا سے بے رغبتی ہو جاتی ہے حال سے ہماری یہی مراد ہے کیوں کہ اس معرفت کے حصول سے پہلے دل کی حالت یہ ہوتی ہے کہ وہ دنیا سے محبت کرتا ہے اور اس کی طرف مائل ہوتا ہے، آخرت سے نفرت کرتا ہے اور اس سے کوئی رغبت نہیں ہوتی اس معرفت سے دل کی حالت بدلتی ہے تیز ارادے اور رغبت میں بھی تبدیلی آتی ہے پھر ارادے کی تبدیلی سے اعضا کے عمل میں بھی تبدیلی آتی ہے اور وہ دنیا کو چھوڑ کر اعمالِ آخرت کی طرف متوجہ ہوتے ہیں تو یہاں پانچ درجات ہیں۔

۱ـ ـــــ تذکر ـــــ دل میں دو معرفتوں کا حاصل ہونا۔

۲ـ ـــــ تفکر ـــــ ان دونوں سے جو معرفت مقصود ہے اسے طلب کرنا

۳ـ ـــــ حصولِ معرفت ـــــ مطلوبہ معرفت کا حاصل ہونا اور اس سے دل کا روشن ہو جانا۔

۴ـ دل کی حالت کا بدل جانا ـــــ نورِ معرفت سے دل پہلی حالت سے بدل جاتا ہے۔

۵ـ اعضا کا دل کے تابع ہو جانا ـــــ اس نئی حالت سے اعضاء دل کی خدمت اور اتباع میں لگ جاتے ہیں۔

جس طرح پتھر کو لوہے پر مارا جائے تو اس سے آگ نکلتی ہے اور اس سے وہ جگہ روشن ہو جاتی ہے اور آنکھ کو بھی دکھائی دینے لگتا ہے جب کہ اس سے پہلے وہاں کچھ نظر نہیں آ رہا تھا اور اب اعضاء عمل کے لیے اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔

اسی طرح نورِ معرفت یعنی فکر کی صورتِ حال ہے جب یہ فکر دو معرفتوں کو جمع کرتی ہے جیسے لوہا اور پتھر اکٹھے ہوتے ہیں اور اب ان دونوں کے درمیان ایک خاص ترکیب ہوتی ہے جس طرح پتھر کو لوہے پر ایک خاص طریقے سے مارتے ہیں تو جیسے لوہے سے آگ نکلتی ہے اسی طرح نورِ معرفت پیدا ہوتا اور اس نور کی وجہ سے دل میں تبدیلی پیدا ہوتی ہے حتیٰ کہ وہ

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ طٰہٰ آیت ۱۱۳

اس چیز کی طرف مائل ہو جاتا ہے جس کی طرف پہلے مائل نہ تھا یہ ایسے ہی ہے جیسے آگ کی روشنی سے نگاہ میں تبدیلی آتی ہے اور آدمی وہ چیز دیکھتا ہے جو پہلے نظر نہیں آرہی تھی پھر قلبی حالت کے مطابق اعضا عمل کے لیے برانگیختہ ہوتے ہیں جس طرح ایک شخص اندھیرے کی وجہ سے کوئی کام نہیں کر سکتا تھا اور اب وہ دکھائی دینے کی وجہ سے کام کرنے لگتا ہے۔

تو فکر کا نتیجہ علوم اور احوال ہیں، علوم کی کوئی انتہا نہیں اور وہ احوال جو دل پر بدل بدل کر آتے ہیں ان کو بھی شمار نہیں کیا جا سکتا یہی وجہ ہے کہ اگر کوئی شخص فکر کے تمام فنون اور راہوں اور جن امور میں فکر کرتا ہے ان کو شمار کرنا چاہے تو ایسا نہیں کر سکتا کیوں کہ فکر کی گذر گاہیں بے شمار ہیں اور اس کے ثمرات غیر متناہی ہیں۔

ہاں ہم اس بات کی کوشش کرتے ہیں کہ فکر کی ان گذر گاہوں کو ضبط کریں جو اہم دینی علوم کے اعتبار سے ہیں نیز ان کی اضافت ان احوال کی طرف ہے جو سالکین کے مقامات ہیں۔ اور یہ ایک اجمالی ضبط ہے کیوں کہ اس کی تفصیل تمام علوم کی تشریح کا تقاضا کرتی ہے اور یہ سب باب گویا ان علوم میں سے بعض کی شرح ہیں کیوں کہ یہ ان علوم پر مشتمل ہیں جو مخصوص افکار سے حاصل ہوئے لہٰذا ہم اجمالی طور پر اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہیں تاکہ فکر کی گذر گاہوں سے واقفیت حاصل ہو۔

فصل ۳:

فکر کی گذر گاہیں

فکر بعض اوقات ایسے امر میں ہوتا ہے جو دین سے متعلق ہوتا ہے اور کبھی غیر دین میں جاری ہوتا ہے ہماری غرض اس فکر سے ہے جو دین سے متعلق ہوتا ہے لہٰذا ہم دوسری قسم کو چھوڑ دیتے ہیں اور دین سے ہماری مراد وہ بات ہے جو بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہوتی ہے۔

تو بندے کے تمام افکار یا تو خود اس کے اپنے احوال اور صفات سے متعلق ہوتے ہیں یا معبود اور اس کی صفات و افعال سے ان کا تعلق ہوتا ہے۔

جن افکار کا تعلق بندے سے ہوتا ہے وہ ان کاموں سے متعلق ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کے ہاں محبوب ہیں یا ان کے بارے میں فکر ہوگا جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہیں ان دو قسموں کے علاوہ فکر کی ضرورت نہیں ہوتی اور جن افکار کا تعلق اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہے ان کی بھی دو صورتیں ہیں یا تو وہ اس کی ذات و صفات اور اسمائے حسنیٰ کے حوالے سے ہوں گے یا اس کے افعال، اس کی زمین و آسمان میں بادشاہی اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں اور ان کے درمیان ہے اس سے متعلق ہوگا۔

فکر کا ان اقسام میں بند ہونا ایک مثال سے واضح ہوتا ہے وہ اس طرح کہ اللہ تعالیٰ کی طرف جانے والوں اور اس کی ملاقات کا شوق رکھنے والوں کی حالت، عاشقوں کی حالت جیسی ہوتی ہے اس لیے ہم ایک شیدائی عاشق کو مثال

بلانے ہوئے کہتے ہیں۔
عشق میں ڈوبے ہوئے عاشق کی فکر دو باتوں سے تجاوز نہیں کرتی یا تو وہ فکر اس کے معشوق سے متعلق ہوتی ہے یا اس کا تعلق اس کی اپنی ذات سے ہوتا ہے اگر وہ اپنے معشوق کے بارے میں فکر کرتا ہے تو اس کی بھی دو صورتیں ہیں یا وہ اس کے ذاتی حسن و جمال میں فکر کرتا ہے تاکہ اس کے مشاہدے سے لذت حاصل کرے یا اس کے نہایت لطیف اور عمدہ افعال میں فکر کرتا ہے جو اس کے اخلاق اور صفات پر دلالت کرتے ہیں تاکہ اس سے لذت میں اضافہ ہو اور محبت مضبوط ہو۔

اگر وہ اپنی ذات میں فکر کرتا ہے تو اس کی بھی دو صورتیں ہیں یا تو اس کی فکر ان صفات سے متعلق ہوتی ہے جو اسے محبوب کی نظر سے گرا دیتی ہیں یہ فکر اس لیے ہوتی ہے کہ ان باتوں سے اجتناب کرے یا ان صفات کے بارے میں غور و فکر کرتا ہے جو اسے محبوب کے قریب کرتی ہیں اور اس کی محبت کا ذریعہ بنتی ہیں تاکہ ان صفات سے موصوف ہو۔ اگر ان اقسام سے باہر کسی چیز میں غور کرتا ہے تو وہ عشق کی حد سے خارج ہے اور نقصان کا باعث ہے کیوں کہ کامل عشق وہ ہوتا ہے جس میں عاشق ڈوبا رہے اور وہ اس کے دل پر اس طرح چھایا رہے کہ کسی دوسرے کی گنجائش باقی نہ رہے۔

تو اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے والے کو بھی ایسا ہی ہونا چاہیے اس کی نظر اور فکر اس کے محبوب سے آگے نہ بڑھے جب اس کا تفکر ان چار اقسام میں محصور ہوگا تو وہ محبت کی تقاضے سے بالکل باہر نہیں ہوگا۔

فکر کی پہلی قسم:

یعنی جب آدمی اپنی صفات اور ذاتی افعال میں فکر کرتا ہے تاکہ اچھے اور برے افعال کے درمیان تمیز ہو سکے تو یہ فکر علم معاملہ سے تعلق رکھتی ہے جو اس کتاب کا مقصود ہے کیوں کہ دوسری کا تعلق علم مکاشفہ سے ہوتا ہے پھر تمام افعال چاہے وہ اللہ تعالیٰ کو پسند ہوں یا نہ، ان کی دو قسمیں ہیں یا تو وہ ظاہری عبادات اور گناہ ہوتے ہیں یا باطنی صفات ہوتی ہیں چاہے وہ نجات دینے والی ہوں یا ہلاک کرنے والی، اور ان صفات کا محل دل ہے۔ ان کی تفصیل ہم ہلاک کرنے والے اور نجات دینے والے کاموں کے بیان میں ذکر کر چکے ہیں۔

پھر عبادات اور گناہ کا تعلق یا تو سات اعضا سے ہوتا ہے یا وہ تمام جسم کی طرف منسوب ہوتے ہیں جیسے میدان جنگ سے بھاگ جانا، والدین کی نافرمانی کرنا، حرام جگہ پر ٹھہرنا، ان تمام ناپسندیدہ امور میں تین باتوں کے حوالے سے غور و فکر واجب ہوتا ہے۔

۱۔ اس بارے میں سوچنا کہ آیا وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں مکروہ ہے یا نہیں؟ کیوں کہ کئی چیزوں کی کراہیت ظاہر نہیں ہوتی لیکن باریک بینی سے اس کا ادراک ہوتا ہے۔

۲۔ اس بارے میں سوچ و بچار کرنا کہ اگر وہ مکروہ ہے تو اس سے بچنے کا طریقہ کیا ہے؟

۴۔ کیا وہ فی الحال اس مکروہ بات سے موصوف ہے تو اسے چھوڑ دے یا اسے مستقبل میں اس سے واسطہ پڑے گا تو اس سے بچے یا گذشتہ احوال میں وہ اس سے ملوث ہو چکا ہے تو اب اس کے تدارک کی ضرورت ہو گی۔

اسی طرح تمام محبوب باتیں بھی ان اقسام میں تقسیم ہوتی ہیں پس جب یہ اقسام جمع ہو جائیں تو ان اقسام میں فکر کے راستے ایک سو سے زیادہ ہو جاتے ہیں اور آدمی کو ان میں فکر کی ضرورت ہوتی ہے ان سب میں فکر کرے یا اکثر میں، ان تمام اقسام کی علیحدہ علیحدہ تفصیل نہایت طویل ہے لیکن ان کو چار قسموں میں منحصر کیا جا سکتا ہے اطاعت، نافرمانی، ہلاک کرنے والی صفات اور نجات دینے والی صفات۔

اب ہم ان میں سے ہر نوع کی ایک مثال ذکر کرتے ہیں تاکہ مرید اس پر باقی مثالوں کو قیاس کر لے اور اس کے لیے فکر کا دروازہ کھل جائے نیز راستہ کشادہ ہو جائے۔

پہلی قسم:

(گناہ) انسان کو چاہیے کہ ہر دن صبح سویرے اپنے تمام (سات) اعضاء کا جائزہ لے اور پھر پوری تفصیل کے ساتھ مکمل بدن کو دیکھے کہ کیا وہ فی الحال گناہ میں ملوث تو نہیں؟ اگر ایسا ہے تو اسے چھوڑ دے یا وہ کل (گذشتہ) اس میں مبتلا تھا تو اسے چھوڑے اور ندامت کے ذریعے تدارک کرے یا وہ گناہ اسے آج دن کو پیش آنے والا ہے تو اس سے بچنے اور دور رہنے کے لیے تیار ہو جائے۔

زبان کو دیکھے اور کہے کہ یہ غیبت کر سکتی ہے جھوٹ بول سکتی ہے اپنی پاکیزگی بیان کر سکتی ہے دوسروں کا مذاق اڑا سکتی ہے، دوسروں کی بات کاٹ سکتی ہے مزاح کر سکتی ہے اور غیر ضروری باتوں میں مشغول ہو سکتی ہے اور اس طرح کے دیگر ناپسندیدہ کام کر سکتی ہے تو سب سے پہلے اپنے دل میں اس بات کو بٹھائے کہ یہ باتیں اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہیں اور غور و فکر کرے کہ قرآن و سنت میں اس پر سخت عذاب کی شہادت موجود ہے پھر وہ اپنے حالات میں غور کرے کہ کس طرح وہ غیر شعوری طور پر ان باتوں کو اپنا لیتا ہے پھر سوچے کہ ان سے بچنے کا طریقہ کیا ہے اور یہ بات بھی جان لے کہ جب تک علیحدگی اور تنہائی اختیار نہیں کرے گا بات نہیں بنے گی یا یہ کہ وہ متقی اور نیک لوگوں کی مجلس اختیار کرے تاکہ جب وہ ایسی ناپسندیدہ باتیں کرنے لگے تو وہ اسے روک دیں ورنہ جب وہ دوسرے لوگوں کے پاس بیٹھے تو منہ میں کنکریاں رکھ لے تاکہ اسے یاد رہے کہ خاموش رہنا ہے تو بچاؤ اختیار کرنے کا یہ حیلہ ہے۔

کان کے بارے میں سوچے کہ غیبت، جھوٹ، فضول گفتگو، لہو و لعب اور بدعت وغیرہ (پر مبنی گفتگو) اس تک پہنچتی ہے وہ زید اور عمرو وغیرہ سے یہ باتیں سنتا ہے لہٰذا وہ تنہائی اختیار کر کے یا برائی سے روکتے ہوئے ان باتوں سے بچ سکتا ہے۔

پیٹ کے بارے میں بھی سوچ و بچار کرے کہ وہ کھانے پینے کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتا ہے یا تو وہ حلال کھانا زیادہ کھاتا ہے تو یہ اللہ تعالیٰ کے ہاں مکروہ ہے اور شہوت کو قوت دیتا ہے۔

جو اللہ تعالیٰ کے دشمن شیطان کا ہتھیار ہے یا وہ حرام یا مشکوک کھانا کھاتا ہے پس اسے چاہیے کہ دیکھے کہ یہ کھانا، لباس، اور مکان وغیرہ کہاں سے آئے ہیں اور اس کا کسب کیا ہے؟ نیز حلال کے راستوں اور ان میں داخل ہونے کے طریقوں کے بارے میں سوچے۔ پھر غور کرے کہ حلال مال کمانے اور حرام سے بچنے کے لیے کیا حیلہ اختیار کیا جائے۔ اور دل میں اس بات کو اچھی طرح بٹھا دے کہ حرام کھانے کی وجہ سے تمام عبادات ضائع ہو جاتی ہیں نیز حلال کھانا ہی تمام عبادات کی بنیاد ہے۔ جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَىٰ لَا يَقْبَلُ صَلَاةَ عَبْدٍ فِي ثَمَنِ ثَوْبِهِ دِرْهَمٌ حَرَامٌ۔ (۱)

اللہ تعالیٰ اس بندے کی نماز قبول نہیں فرماتا جس کے کپڑے کی قیمت میں ایک درہم بھی حرام کا ہو۔

اسی طرح وہ اپنے تمام اعضاء کے بارے میں غور و فکر کرے اس قدر تفصیل کافی ہے جب غور و فکر سے ان احوال میں حقیقی معرفت حاصل ہو جائے تو دن بھر مراقبہ (نگرانی) میں مشغول رہے حتیٰ کہ اس کے اعضاء ان تمام خرابیوں سے محفوظ رہیں۔

دوسری قسم:

یہ عبادات اور نیکیاں ہیں تو سب سے پہلے فرائض کے بارے میں غور کرنا چاہیے کہ وہ ان کو کس طرح ادا کرتا ہے اور ان کو کیسے نقصان اور کوتاہی سے بچاتا ہے یا کیسے ان کی کمی کو نوافل کی کثرت سے پورا کرتا ہے۔ پھر ایک ایک عضو کو دیکھے اور ان افعال کے بارے میں فکر کرے جو ان اعضاء سے متعلق ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں پسندیدہ ہیں مثلاً وہ یوں کہے کہ آنکھ کو اس لیے پیدا کیا گیا ہے کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہوں کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ کی قدرت کا اندازہ لگائے اور آنکھوں کو اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری میں استعمال کرے نیز قرآن و سنت کو دیکھے اور کہے کہ میں اپنی آنکھ کو مطالعۂ قرآن میں مشغول رکھ سکتا ہوں پھر میں ایسا کیوں نہیں کرتا۔

میں فلاں عبادت گزار اور نیک آدمی کو تعظیم کی نگاہ سے دیکھ کر اس کے دل کو خوش کر سکتا ہوں نیز فاسق کو بنظر حقارت دیکھ کر اسے اس کے گناہ سے دور رکھ سکتا ہوں پھر میں ایسا کیوں نہیں کرتا؟

اسی طرح کان کے بارے میں کہے کہ میں مظلوم کی بات سن سکتا ہوں یا حکمت و علم کی باتیں سن سکتا ہوں قرأت اور ذکر بھی خوب اچھی طرح سن سکتا ہوں تو پھر کیا وجہ ہے کہ میں نے اسے بیکار چھوڑ رکھا ہے حالانکہ

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۹۹، ۳ مرویات شیخ من بنی سلیم

اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ نعمت عطا فرمائی ہے اور اس کی یہ امانت مجھے اس لیے ملی ہے کہ میں اس کا شکر ادا کروں تو مجھے کیا ہو گیا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی نعمت کا شکر ادا نہیں کرتا اور اسے ضائع کر رہا ہوں یا بیکار چھوڑ رکھا ہے۔

اسی طرح زبان کے بارے میں بھی فکر کرے اور کہے کہ میں تعلیم و وعظ کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کر سکتا ہوں نیز نیک لوگوں کے دلوں میں محبوب بن سکتا ہوں، فقراء کے احوال کے بارے میں پوچھ سکتا ہوں کسی نیک شخص کے دل کو خوش کر سکتا ہوں اور کسی عالم سے اچھی بات کر سکتا ہوں اور اچھی بات بھی صدقہ ہے۔

یوں ہی اپنے مال کے بارے میں غور و فکر کرے اور کہے کہ میں فلاں مال صدقہ کرنے پر قادر ہوں کیوں کہ مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے اور جب مجھے حاجت ہوگی تو اللہ تعالیٰ مجھے اس طرح کا مال عطا فرما دے گا اور اگر اس وقت میں حاجت مند ہوں تو اس مال کی نسبت اس ثواب کا زیادہ محتاج ہوں جو مجھے اس ایثار کی وجہ سے ملے گا۔

اسی طرح تمام اعضاء، پورے بدن، مال، بلکہ جانوروں، غلاموں اور اولاد کے بارے میں سوچ و بچار کرے کیونکہ یہ سب کچھ اس کے اسباب اور آلات ہیں اور وہ ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی اطاعت پر قادر ہے لہٰذا وہ نہایت دقیق فکر کے ذریعے ان سے عبادت و اطاعت کے ممکنہ طریقے نکالے اور اس بات کے بارے میں غور و فکر کرے جو اسے ان عبادات کی طرف جلدی لے جاتی ہے نیز اس سلسلے میں خلوص نیت کی بھی فکر کرے

اور اس کے استحقاق کا جہاں جہاں گمان

ہو اسے طلب کرے تاکہ اس کے ذریعے اس کے اعمال پاک اور صاف ہوں۔ باقی عبادات کو بھی اسی پر قیاس کر لو۔

تیسری قسم:

یہ وہ صفات ہیں جو ہلاکت میں ڈالتی ہیں اور ان کا محل دل ہے لہٰذا جو کچھ ہم نے مہلکات کے باب میں بیان کیا ہے اس کے ذریعے ان کی معرفت حاصل کرے اور یہ صفات شہوت کا غلبہ، غصہ، بخل، تکبر، ریاکاری، خود پسندی، حسد، بدگمانی، غفلت اور غرور وغیرہ ہیں اپنے دل سے ان کا بوجھ ختم کرے اور اس کا خیال ہو کر اس کا دل ان سے پاک ہے تو اس کے امتحان کی کیفیت کے بارے میں غور کرے اور علامات کے ذریعے اس بات کی شہادت طلب کرے۔ کیوں کہ نفس ہمیشہ اچھی بات کا وعدہ کر کے اس کی خلاف ورزی کرتا ہے۔ جب تواضع کا دعویٰ کرے یا یہ کہ وہ تکبر سے پاک ہے تو اس کا تجربہ یوں کیا جائے کہ لکڑیوں کا ایک گٹھا لے کر بازار میں جائے جس طرح پہلے لوگ اپنے نفسوں کی آزمائش کرتے تھے اور جب وہ بردباری کا دعویٰ کرے تو دوسرے آدمی کو غصہ دلائے پھر غصہ پی جانے کے ذریعے اپنی آزمائش کرے۔ —— اسی طرح دیگر صفات میں ہے۔

یہ تو اس سلسلے میں تفکر ہے کہ آیا میں ان صفاتِ مکروہ سے موصوف ہوں یا نہیں؟

اور اس کی علامات ہم نے مہلکات کے بیان میں ذکر

کی ہیں جب ان میں سے کسی صفت کے بارے میں معلوم ہو کہ وہ اس میں پائی جاتی ہے تو اب اس بات پر غور کرے جس کے ذریعے اس صفت کی برائی اس پر واضح ہو جائے اور اسے پتہ چل جائے کہ جہالت اور غفلت کی وجہ سے یہ مکروہ صفت پیدا ہوئی ہے نیز اس کا سبب باطنی خبث ہے۔ مثلاً وہ دیکھتا ہے کہ عمل کرنے کے بعد خود پسندی کا شکار ہو جاتا ہے تو غور کرے اور کہے کہ میرا عمل تو میرے بدن اور اعضاء کے ذریعے ہے نیز مجھے اس کی قدرت حاصل ہے اور میرے ارادے سے ایسا ہوا ہے اور یہ سب کچھ میرے اختیار میں نہیں ہے یہ تو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا اور مجھ پر فضل فرمایا ہے۔ اسی نے مجھے بھی پیدا کیا اور وہی میرے اعضاء میری طاقت اور میرے ارادے کا خالق ہے وہی ذات ہے جس نے اپنی قدرت سے میرے اعضاء، ارادے اور طاقت کو حرکت دی تو میں کس طرح اپنے عمل یا اپنے نفس پر شیخی مار سکتا ہوں میرا نفس خود بخود تو قائم نہیں ہے۔

اور جب اپنے نفس میں تکبر محسوس کرے تو سمجھ جائے کہ یہ حماقت ہے اور اب اپنے نفس سے کہے کہ کیوں اپنے آپ کو بڑا سمجھتا ہے بڑا تو وہ ہوتا ہے جسے اللہ تعالیٰ کے ہاں بڑائی حاصل ہو۔ اور اس بات کا علم موت کے بعد ہوگا۔ کتنے ہی کافر ہیں جو مرتے وقت کفر سے نکل کر اللہ تعالیٰ کے مقرب بندے بن کر دنیا سے رخصت ہوتے ہیں اور کتنے ہی مسلمان ہیں جن کی حالت مرتے وقت بدل جاتی ہے اور وہ بدبخت ہو کر مرتے ہیں جب معلوم ہو جائے کہ تکبر ہلاکت میں ڈالنے والا ہے اور یہ بے وقوفی کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے تو اس کے ازالے کے لیے علاج کی فکر کرے یعنی تواضع کرنے والے لوگوں جیسے اعمال کرے اور جب کھانے کی خواہش اور حرص پائے تو سوچے کہ یہ تو جانوروں کی صفت ہے اور اگر کھانے اور جماع کی خواہش میں کمال ہوتا تو یہ اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی صفات ہوتیں جیسے علم اور قدرت ہے — اور جانور اس صفت سے موصوف نہ ہوتے اور جب اس پر حرص غالب ہوگی تو وہ جانوروں کے زیادہ مشابہ اور فرشتوں سے زیادہ دور ہوگا۔ اسی طرح غضب کے بارے میں اپنے نفس سے بات چیت کرے اور پھر اس کے علاج کے بارے میں غور و فکر کرے ہم نے یہ تمام باتیں ان ابواب میں بیان کر دی ہیں تو جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے لیے فکر کا راستہ کشادہ ہو اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ ان بیانات سے استفادہ کرے۔

چوتھی قسم:

وہ باتیں جو نجات دیتی ہیں اور وہ توبہ، گناہوں پر ندامت، مصیبت پر صبر، نعمتوں پر شکر، خوف، امید دنیا سے بے رغبتی، اخلاص، عبادت میں صداقت، اللہ تعالیٰ کی محبت اور تعظیم اس کے افعال پر راضی رہنا، اس کی طرف شوق اور اس کے لیے خشوع و خضوع ہے اور یہ تمام باتیں ہم نے کتاب کے اس حصے میں ذکر کی ہیں اور ان کے اسباب و علامات کا بھی ذکر کیا ہے پس بندے کو روزانہ اپنے دل میں فکر کرنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کے قریب کرنے والی ان صفات

میں سے مجھے کس صفت کی حاجت ہے جب ان میں سے کسی ایک کی حاجت ہو تو جان لے کہ یہ تو نتائج اور پھل ہیں جو علوم کے بغیر حاصل نہیں ہوتے اور علوم، افکار کا نتیجہ ہیں۔

پھر جب اپنے نفس کے لیے توبہ اور ندامت کے احوال حاصل کرنا چاہے تو پہلے اپنے گناہوں کی چھان بین کرے اور ان کو دل میں جمع کرکے بڑا سمجھے پھر اس سزا اور تنبیہ کو دیکھے جو اس سلسلے میں شریعت میں آئی ہے اور دل میں ٹھان لے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی مول لے رہا ہے تاکہ اسے ندامت ہو، اور جب وہ دل سے شکر کے حال کو برانگیختہ کرنا چاہے تو اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کے احسانات اور نعمتوں کو دیکھے نیز یہ کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے اس کے گناہوں پر پردہ ڈال کر اسے رسوا ہونے سے بچا لیا۔ یہ سب باتیں ہم نے شکر کے بیان میں ذکر کی ہیں وہاں مطالعہ کیا جائے۔

اور جب محبت اور شوق کا ارادہ ہو تو اللہ تعالیٰ کے جلال و جمال اس کی عظمت اور اس کی کبریائی میں غور و فکر کرے اور اس مقصد کے لیے اس کے حکمتوں کے عجائب اور عمدہ صنعتوں کو دیکھے۔ اس کا تھوڑا سا بیان ہم فکر کی دوسری قسم میں کریں گے اور جب خوف کے حال کا ارادہ کرے تو پہلے اپنے ظاہری اور باطنی گناہوں کو دیکھے پھر موت اور اس کی سختیوں اور اس کے بعد منکر نکیر کے سوالات، عذاب قبر، قبر کے سانپوں بچھوؤں اور کیڑوں مکوڑوں پر نظر کرے پھر سوچے کہ جب صور پھونکا جائے گا تو کیا ہولناک صورت ہوگی پھر جب میدان محشر میں تمام لوگ ایک ہی مقام پر کھڑے ہوں گے تو کس قدر خوف طاری ہوگا اس کے بعد حساب کا جھگڑا اور چھوٹی چھوٹی باتوں کی باز پرس اور اس کے بعد پل صراط کی باریک اور تیزی ہے۔

اور اس بات کا خطرہ کہ کس طرف پھیرا جائے گا اگر بائیں طرف پھیرا گیا تو جہنم میں جائے گا اور دائیں طرف پھیرا گیا تو جنتی ہوگا۔

قیامت کے ہولناک منظر پر نظر کرنے کے بعد جہنم اور اس کے طبقات کا نقشہ دل میں لائے جہنم کے گرز اور اس کا خوفناک منظر، بیڑیاں، زنجیریں، تھوہڑ (کڑوی خوراک) اور پیپ نیز طرح طرح کے عذاب، اور اس پر جو فرشتے مقرر ہیں ان کی ڈراؤنی شکل کو سامنے رکھے یہ بھی سوچے کہ جب چمڑے پک جائیں گے تو ان کو دوسرے چمڑوں سے بدل دیا جائے گا اور جب اہل جہنم وہاں سے نکلنے کا ارادہ کریں گے تو ان کو دوبارہ وہاں داخل کر دیا جائے گا اور جب وہ اسے دور سے دیکھیں گے تو اس کی چیخ و پکار سنیں گے اسی طرح وہ باتیں جو قرآن پاک میں جہنم کے بارے میں مذکور ہیں ان سب کو پیش نظر رکھے۔

اور جب امید کی حالت کا حصول مطلوب ہو تو جنت اور اس کی نعمتوں پر نظر دوڑائے اس کے درختوں، نہروں، حوروں اور غلمان، دائمی نعمتوں اور ہمیشہ کی بادشاہی کو سامنے رکھے۔

غرضیکہ ایسے علوم جو پسندیدہ احوال کے حصول یا بُری صفات سے بچنے کا ذریعہ ہیں ان کو حاصل کرنے کے لیے

غور وفکر کا یہ طریقہ ہے اور ہم نے ان میں سے ہر حالت کے بارے میں مستقل باب مقرر کیا ہے جس کی مدد سے فکر کی تفصیل معلوم کی جاسکتی ہے سب کا ذکر ایک جگہ نہیں ہے اور اس کے لیے غور وفکر کے ساتھ تلاوت قرآن پاک سے بڑھ کر کوئی بات نفع بخش نہیں ہے کیوں کہ قرآن پاک تمام مقامات و احوال کا جامع ہے اور اس میں تمام جہانوں کے لیے شفا ہے نیز قرآن پاک میں وہ باتیں بھی ہیں جو خوف، امید، صبر، شکر، محبت، شوق اور باقی تمام احوال پیدا کرتی ہیں۔

نیز اس میں بری صفات سے زجر اور جھڑک بھی مذکور ہے تو بندے کو چاہیے کہ قرآن پاک پڑھے اور جس آیت میں غور وفکر کی ضرورت ہو اسے بار بار پڑھے اگرچہ ایک سو بار پڑھنا پڑے قرآن پاک کی ایک آیت سوچ سمجھ کر اور غور وفکر کے ساتھ پڑھنا غور وفکر اور سمجھ کے بغیر پورے ختم قرآن سے بہتر ہے۔

تو آیات میں غور وفکر کے لیے توقف کرے اگرچہ ایک رات ہی گزر جائے کیوں کہ ہر آیت کے تحت بے شمار اسرار ہیں اور ان سے آگاہی اسی وقت ہوسکتی ہے جب صدق معاملہ کے بعد صاف دل سے نہایت باریکی کے ساتھ غور وفکر کرے اسی طرح رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث مبارکہ میں بھی غور وفکر کرے کیوں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جامع کلمات عطا کیے گئے ہیں اور آپ کا ہر کلمہ حکمت کے دریاؤں میں سے ایک دریا ہے اور کوئی شخص ان میں اس طرح غور کرے جس طرح چاہیے تو زندگی بھر اس کا غور وفکر ختم نہ ہو۔ (۱) ایک ایک آیت اور حدیث کی شرح نہایت طویل ہے مثلاً حضور علیہ السلام کی اس حدیث کو دیکھئے۔ آپ نے فرمایا۔

إِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ نَفَثَ فِي رُوْعِيْ أَحْبِبْ مَنْ أَحْبَبْتَ فَإِنَّكَ مُفَارِقُهُ وَعِشْ مَاشِئْتَ فَإِنَّكَ مَيِّتٌ وَاعْمَلْ مَاشِئْتَ فَإِنَّكَ مَجْزِيٌّ بِهِ۔ (۲)

بے شک حضرت جبریل علیہ السلام میرے دل میں یہ بات ڈال کر جس سے محبت کرنا چاہیں کریں بالآخر اس سے جدا ہونا ہے اور جب تک چاہیں زندہ رہیں بالآخر آپ نے جانا ہے اور جو عمل چاہیں کریں بے شک اس کا بدلہ دیا جائے گا۔

بے شک یہ کلمات تمام اولین و آخرین کو جامع ہیں اور زندگی بھر غور وفکر کرنے والوں کو کفایت کرتے ہیں جب وہ ان کے معانی سے واقف ہو جائیں اور وہ ان کے دل پر یقین کی طرح چھا جائیں اور یہ معانی ان کے اور دنیا کی طرف توجہ کے درمیان حائل ہو جائے تو علوم معاملہ اور بندے کی صفات میں غور وفکر کا یہ طریقہ ہے وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں پسندیدہ ہوں یا غیر پسندیدہ۔

---

(۱) الضعفاء الکبیر للعقیلی جلد ۲ ص ۲۱ حدیث ۴۷۶

(۲) العلل المتناہیۃ جلد ۲ ص ۴۰۳ حدیث ۱۴۸۱

راہ سلوک میں ابتدا کرنے والے کو چاہیے کہ ہر وقت ان افکار میں ڈوبا رہے حتیٰ کہ اپنے دل کو اخلاق محمودہ اور مقامات شریفہ سے آباد کرے اور اس کا ظاہر و باطن مکروہات سے پاک رہے۔

اور یہ بات بھی یاد رہے کہ ان امور میں فکر کرنا اگرچہ تمام عبادات سے افضل ہے لیکن انتہائی مقصود یہ نہیں بلکہ جو شخص ان فکروں میں مشغول ہوتا ہے وہ صدیقین کے مطالب سے پردے میں رہتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے جلال و جمال میں فکر کے ذریعے لذتوں کا حصول ہے۔ اور اس میں دل اس طرح ڈوب جائے کہ اپنے آپ کو فنا کر دے اپنے نفس، احوال اور مقامات سب کو بھول جائے اور محبوب کی فکر میں ڈوب جائے بلکہ وہ یوں ہو جائے جس طرح کوئی شخص حیران و پریشان اپنے نفس سے غافل ہوتا ہے اور عشاق کی لذت کی انتہا یہی ہے۔

جو کچھ ہم نے ذکر کیا ہے وہ باطن کو آباد کرنا ہے تاکہ قرب و وصال کی صلاحیت پیدا ہو جب آدمی اپنی تمام عمر نفس کی اصلاح میں فنا کر دے تو قرب کی لذت کب حاصل ہوگی؟ اسی لیے حضرت خواص رحمہ اللہ جنگلوں میں پھرتے تھے حسین بن منصور حلاج رحمہ اللہ نے ان سے پوچھا آپ کیا کر رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا میں جنگلوں کے چکر کاٹ کر توکل کے سلسلے میں اپنے حال کی اصلاح کرتا ہوں حضرت حسین بن منصور نے فرمایا آپ نے اپنی عمر اپنے باطن کی تعمیر اور آبادی میں صرف کر دی توحید میں کب فنا ہوں گے؟

تو ایک ذات حق میں فنا ہونا طالبین کا آخری مقصد ہے اور صدیقین کی لذت کی انتہا ہے ہلاک کرنے والی صفات سے بچنا نکاح کی عدت سے نکلنے کی طرح ہے جب کہ نجات دینے والی صفات اور تمام عبادات سے موصوف ہونا ایسے ہے جیسے کوئی عورت خاوند کے لیے تیار ہوتی ہے وہ اپنے چہرے کو دھوتی ہے اور بالوں کو کنگھی کرتی ہے تاکہ اپنے خاوند سے ملاقات کے قابل ہو سکے اگر وہ زندگی بھر رحم کی صفائی اور چہرے کی زینت میں ہی مصروف رہے تو یہ بات اس کے لیے محبوب کی ملاقات میں حائل رہے گی۔

اگر تم اہل مجالس میں سے ہو تو دین کے طریقے کو اس طرح سمجھنا چاہیے اور اگر تم شریر غلام کی طرح ہو جو مار کے خوف یا اجرت کی طمع میں حرکت کرتا ہے تو ظاہری اعمال کے ذریعے بدن کو تھکانا چھوڑ دو کیوں کہ تمہارے اور تمہارے دل کے درمیان ایک موٹا پردہ ہے اور جب تم اعمال کا حق پورا کرو گے تو جنتی لوگوں میں سے ہو گے لیکن ہم نشینی کے لیے اور لوگ ہی ہوں گے جب تمہیں معلوم ہو گیا کہ بندے اور اس کے رب کے درمیان معاملہ کے علوم میں فکر کا میدان کیا ہے تو اب صبح و شام اسے اپنی عادت بنا لے اور اپنے نفس نیز اس کی ان صفات سے غافل نہ ہو جو اللہ سے دور کر دیتی ہیں اور وہ جو اس کے قریب کرتی ہیں۔ بلکہ ہر مرید کے پاس ایک کاپی ہونی چاہیے جس پر ہلاک کرنے والے امور اور نجات دینے والی صفات سب کا ذکر ہو نیز تمام گناہوں اور عبادت کا بھی تذکرہ ہو اور وہ روزانہ اس کے ساتھ اپنے نفس کا موازنہ کرے۔

ہلاک کرنے والے امور میں سے دس باتوں کو سامنے رکھنا کافی ہے اگر وہ ان سے بچ گیا تو ان کے علاوہ سے بھی

بچ جائے گا اور وہ بخل، تکبر، خود پسندی، ریا کاری، حسد، سخت غصہ، کھانے کی حرص، جماع کی حرص، مال کی محبت، اور جاہ و مرتبے کی محبت ہے۔

اور نجات دینے والی صفات میں سے بھی دس باتوں کو سامنے رکھے گناہوں پر ندامت، مصیبت پر صبر، اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر راضی ہونا اس کی نعمتوں پر شکر ادا کرنا، خوف اور امید کے درمیان راستہ اختیار کرنا، دنیا سے بے رغبتی، عمل میں اخلاص مخلوق کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آنا اللہ تعالیٰ سے محبت کرنا اور اس کے سامنے خشوع و خضوع کا اظہار کرنا۔

تو یہ بیس خصلتیں ہیں جن میں سے دس مذموم اور دس محمود ہیں تو جب ایک بری بات چلی جائے تو اس پر لکیر کھینچ دے اور اس کے بارے میں فکر کو چھوڑ دے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے کہ اس نے اسے اس سے بچا لیا اور اس کے دل کو پاک کر دیا اور اس بات کا یقین کرے کہ اللہ تعالیٰ کی توفیق اور مدد کے بغیر ایسا نہیں ہو سکتا تھا اور اگر وہ اپنے آپ کو اپنے نفس کے حوالے کر دے تو چھوٹی سی برائی کو مٹانے پر قادر نہیں ہو سکتا۔

اب وہ باقی نو کی طرف متوجہ ہو اسی طرح کرتا رہے حتیٰ کہ تمام پر لکیر پھیر دے۔

اسی طرح نفس سے نجات دینے والی صفات کے ساتھ متصف ہونے کا مطالبہ کرے جب ان میں سے کسی ایک سے موصوف ہو جائے مثلاً توبہ اور ندامت اختیار کرے تو اس پر لکیر پھیر دے اور دوسری صفات میں مشغول ہو جائے یہ بات اس مرید کے لیے ہے جو کوشش کے مراحل میں ہو۔

لیکن جو لوگ صالحین میں شمار ہوتے ہیں انہیں چاہیے کہ وہ اپنی کاپیوں پر ظاہری گناہ بھی لکھ دیں جیسے شبہ والی چیز کھانا، زبان کو غیبت کے لیے استعمال کرنا، چغلی کھانا، دوسرے کی بات کاٹنا، اپنی تعریف کرنا، دشمنوں سے دشمنی اور دوستوں سے دوستی کرتے ہوئے حد سے بڑھ جانا نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے میں مخلوق کے ساتھ منافقت سے پیش آنا کیوں کہ عام طور پر جو لوگ نیک لوگوں میں شمار ہوتا ہیں ان کے اعضا ان گناہوں سے محفوظ نہیں ہوتے اور جب تک اعضاء گناہوں سے پاک نہ ہوں دل اور اس کی تطہیر میں مشغولیت ممکن نہیں بلکہ لوگوں میں سے ہر گروہ پر ایک خاص قسم کا گناہ غالب ہوتا ہے۔

پس ان کو چاہیے کہ ان گناہوں کے درپے ہوں اور ان میں غور و فکر کریں جن گناہوں سے محفوظ ہیں ان کی فکر نہ کریں۔

مثلاً ایک متقی عالم عام طور پر اپنے علم کا اظہار کرتا رہتا ہے وہ شہرت چاہتا ہے اور اس کی خواہش ہوتی ہے کہ چار دانگ عالم میں اس کا نام ہو چاہے تدریس کے حوالے سے ہو یا وعظ کی وجہ سے، اور جو شخص اس قسم کی بات کے درپے ہوتا ہے وہ ایک بہت بڑے فتنے کے پیچھے جاتا ہے جس سے صرف صدیقین لوگ ہی نجات پاتے ہیں اگر اس کی بات مقبول ہو اور دلوں پر اچھی طرح اثر کرتی ہو تو وہ خود پسندی اور تکبر کا شکار ہوتا ہے اس میں زینت اور بناوٹ

پیدا ہوتی ہے اور یہ تمام چیزیں ہلاکت میں ڈالنے والی ہیں اور اگر اس کی بات کو رد کیا جاتا ہے تو وہ نہ ماننے والے سے نفرت کرتا ہے اس پر اسے غصہ آتا ہے اور کینہ پیدا ہوتا ہے اور یہ غصہ اس غصے سے زیادہ ہوتا ہے جو دوسروں کا کلام نہ ماننے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے اور شیطان اس کو بہکاتا ہے کہ تمہیں تو غصہ صرف اس لیے آیا کہ اس شخص نے حق بات کو رد کیا اور اس کا انکار کیا ہے۔

اگر وہ اپنے کلام کے رد اور کسی دوسرے عالم کے کلام کے رد ہونے میں فرق کرتا ہے تو وہ مغرور ہے اور شیطان کا آلۂ کار بھی۔ پھر جب لوگوں کے ماننے کی وجہ سے اسے خوشی ہوتی ہے، اپنی تعریف پر خوش ہوتا ہے اور اپنے کلام کے رد ہونے پر نفرت اور غصے کا اظہار کرتا ہے تو اب وہ الفاظ کی ادائیگی میں تکلف اور بناوٹ کو اختیار کرتا ہے اور الفاظ میں حسن پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے اس کی وجہ اس بات کی حرص ہوتی ہے کہ لوگ اس کی تعریف کریں اور اللہ تعالیٰ تکلف کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔

اور بعض اوقات شیطان اسے یوں دھوکہ دیتا ہے کہ تمہارا یہ تکلف اور اچھے الفاظ استعمال کرنا اس لیے ہے کہ حق پھیلے اور دلوں میں جاگزیں ہو اور یہ دین کی سربلندی کے لیے ہے۔ پس اگر وہ اپنی اس خوش الفاظی اور لوگوں کی تعریف پر زیادہ خوش ہوتا ہے اور کسی دوسرے عالم کی لوگ تعریف کریں تو اس قدر خوشی نہیں ہوتی تو یہ شخص دھوکے میں ہے۔ اور جاہ و مرتبہ کی حرص رکھتا ہے اگرچہ اس کا گمان یہی ہو کہ اس کا مطلب محض دین ہے۔

اور جب یہ باتیں اس کے دل میں پیدا ہوتی ہیں تو اس کے ظاہری جسم پر بھی ظاہر ہوتی ہیں حتیٰ کہ جو شخص اس کی تعظیم کرتا ہے اور اس کی فضیلت کا معتقد ہے یہ اس کا زیادہ احترام کرتا ہے اور اس کی ملاقات سے زیادہ خوش ہوتا ہے جب کہ کسی دوسرے عالم کے معتقد کی آؤ بھگت اس طرح نہیں کرتا اگرچہ وہ دوسرا عالم اس اعتقاد کے زیادہ لائق ہو اور بعض اوقات اہل علم ایک دوسرے سے اس قدر غیرت کا مظاہرہ کرتے ہیں کہ عورتوں کی طرح ہو جاتے ہیں چنانچہ اگر ان میں سے کسی ایک کے شاگرد دوسرے کے پاس چلے جائیں تو اسے تکلیف ہوتی ہے اگرچہ وہ جانتا ہے کہ وہ اس دوسرے عالم سے دینی فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔

یہ سب باتیں ان ہلاک کرنے والے امور کا نتیجہ ہیں جو دل کے اندر پوشیدہ ہیں اور عالم اس دھوکے میں ہوتا ہے کہ وہ ان سے بچا ہوا ہے اور بیان مذکورہ بالا علامات سے ظاہر ہوتے ہیں تو عالم کا فتنہ بہت بڑا ہے وہ یا تو بادشاہ ہوتا ہے یا ہلاک ہونے والا، اسے عوام کی طرح بچ جانے کی طمع نہیں ہوتی لہٰذا جو شخص اپنے اندر ان صفات کو محسوس کرے اس پر گوشہ نشینی اور تنہائی نیز گمنامی لازم ہے اور جب اس سے مسئلہ پوچھا جائے تو فتویٰ دینے سے گریز کرے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانے میں مسجد شریف میں بہت سے صحابہ کرام ہوتے تھے اور وہ سب کے سب مفتی تھے لیکن وہ فتویٰ ایک دوسرے پر ٹال دیتے تھے اور اگر کوئی فتویٰ دیتا بھی تو اس کی خواہش یہی ہوتی کہ کوئی دوسرا مجھے

اس سے بچالیتا تو اچھا تھا۔

اور اس وقت انسانی شیطانوں سے بچے کیوں کر وہ کہتے ہیں تم ایسا مت کرو کیوں کہ اگر یہ دروازہ (گوشہ نشینی کا دروازہ) کھل گیا تو لوگوں سے علوم مٹ جائیں گے تو ان کو یوں جواب دے کہ دین اسلام کو میری ضرورت نہیں ہے یہ مجھ سے پہلے بھی بھرپور تھا اور میرے بعد بھی اسی طرح رہے گا اور اگر میں مر گیا تو اسلام کے ارکان مٹ نہیں جائیں گے، کیوں کر دین مجھ سے بے نیاز ہے البتہ میں اپنے دل کی اصلاح کے سلسلے میں اس سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔ اور یہ بات کہ میرے بیٹھ جانے سے علم مٹ جائے گا محض ایک خیال ہے جو انتہائی درجہ کی جہالت پر دلالت کرتا ہے کیوں کہ اگر سب لوگ قید خانہ میں قید کر دیئے جائیں اور ان کو بیڑیاں ڈال کر ڈرایا جائے کہ اگر تم علم حاصل کرو گے تو آگ میں ڈالے جاؤ گے تو بلند مرتبے اور ریاست کی محبت ان کو اس بات پر مجبور کرے گی کہ وہ بیڑیاں توڑ کر اور دیواریں گرا کر ان سے باہر نکلیں اور طلب علم میں مشغول ہو جائیں کیوں کہ جب تک شیطان مخلوق کے دل میں جاہ و مرتبے کی محبت ڈالتا رہے گا علم مٹ نہیں سکتا اور شیطان قیامت تک اپنے عمل میں کوتاہی نہیں کرے گا بلکہ ایسے لوگ علم کے پھیلانے کے لیے اٹھ کھڑے ہوں گے جن کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔ جیسا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِنَّ اللّٰهَ لَيُؤَيِّدُ هٰذَا الدِّيْنَ بِأَقْوَامٍ لَا خَلَاقَ لَهُمْ۔ (۱)

بے شک اللہ تعالیٰ اس دین کی مدد ایسے لوگوں سے کراتا ہے جن کا (آخرت یا دین میں) کوئی حصہ نہیں۔

اور آپ نے یہ بھی ارشاد فرمایا۔

وَإِنَّ اللّٰهَ لَيُؤَيِّدُ هٰذَا الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ (۲)

اور بے شک اللہ تعالیٰ کسی فاجر شخص کے ذریعے اس دین کی مدد فرماتا ہے۔

لہٰذا کسی عالم دین کو اس قسم کے دھوکوں میں آکر لوگوں کے ساتھ مخلوط نہیں ہونا چاہیے اس طرح اس کے دل میں جاہ و مرتبے اور مال کی محبت بڑھے گی اور اس سے دل میں اس طرح منافقت پیدا ہوگی جس طرح پانی سبزی کو اگاتا ہے (۳)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَا ذِئْبَانِ ضَارِيَانِ أُرْسِلَا فِيْ زَرِيْبَةِ غَنَمٍ بِأَكْثَرَ إِفْسَادًا فِيْهَا مِنْ حُبِّ

دو بھوکے بھیڑیے جو بکریوں کے ریوڑ میں چھوڑے جائیں وہ اتنا نقصان نہیں پہنچاتے جس قدر مسلمان آدمی کے

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۵ ص ۳۰۲ کتاب الجہاد

(۲) صحیح بخاری جلد اول ص ۴۳۱ کتاب الجہاد

(۳) تذکرہ الموضوعات ص ۱۷۷ باب ذم الدنیا

بِالْجَاهِ وَالْمَالِ فِيْ دِيْنِ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ (۱) دین کو مال اور مرتبے کی خواہش سے نقصان ہوتا ہے۔
اور دل سے مرتبے کی خواہش اسی صورت میں نکل سکتی ہے جب وہ لوگوں سے دُور رہے اور ان کے ساتھ میل جول سے بھاگے نیز ہر اس چیز کو چھوڑ دے جس سے ان کے دلوں میں اس کا مرتبہ بڑھتا ہو۔ تو عالم کو چاہیے کہ وہ دل کی ان مخفی صفات کو تلاش کرنے کی فکر کرے اور ان سے نجات کا راستہ ڈھونڈے متقی عالم کا یہی وظیفہ ہے۔
اور ہمارے جیسے لوگوں کو چاہیے کہ ہم ان باتوں کے بارے میں فکر کریں جن سے قیامت پر ہمارا ایمان مضبوط ہو کیوں کہ اگر پہلے بزرگ ہمیں دیکھتے تو وہ یقیناً یہی بات کہتے کہ یہ لوگ حساب وکتاب کے دن پر ایمان نہیں رکھتے۔
ہمارے اعمال، ان لوگوں کے اعمال نہیں ہیں جو جنت اور جہنم پر ایمان رکھتے ہیں کیوں کہ جو شخص کسی چیز سے ڈرتا ہے وہ اس سے بھاگتا ہے اور جو آدمی کسی چیز کی امید رکھتا ہے وہ اسے طلب کرتا ہے اور ہم جانتے ہیں کہ جہنم سے بچنے کے لیے شبہ والی چیزوں اور حرام کو چھوڑنا پڑتا ہے نیز گناہوں کو بھی ترک کرنا پڑتا ہے حالاں کہ ہم ان کاموں میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ اور جنت کی طلب نوافل کی کثرت سے ہوتی ہے جب کہ ہم فرائض میں کوتاہی کرتے ہیں تو علم کے نتیجہ سے ہمیں یہی کچھ حاصل ہوا کہ دنیا کی حرص میں لوگ ہماری اقتدا کریں اور یوں کہیں کہ اگر دنیا بری ہوتی تو ہماری نسبت علماء کرام اس سے اجتناب کے زیادہ لائق تھے تو کاش ہم عوام کی طرح ہوتے کہ جب ہمیں موت آتی تو ہمارے ساتھ ہمارے گناہ بھی ختم ہو جاتے پس اگر ہم غور کریں تو معلوم ہوگا کہ ہم کتنے بڑے فتنے میں مبتلا ہیں ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ہماری بھی اصلاح فرمائے اور ہمارے ذریعے دوسروں کی اصلاح بھی فرمائے اور ہمیں مرنے سے پہلے توبہ کی توفیق عطا فرمائے۔ وہی ذات ہم پر مہربان کریم اور انعام واکرام کرنے والی ہے۔
تو علم معاملہ میں علماء کرام اور صالحین کے افکار کی گزرگاہیں یہ ہیں جب وہ ان سے فارغ ہوتے ہیں تو نفس کی طرف ان کی توجہ نہیں رہتی اور اب وہ اللہ تعالیٰ کے جلال اور عظمت میں فکر کی طرف بڑھتے ہیں۔ اور دل کی آنکھ سے اس کے مشاہدے سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور یہ بات اسی وقت پوری ہوتی ہے جب وہ تمام ہلاک کرنے والے امور سے جدا ہو جائے اور نجات دینے والی صفات سے موصوف ہو۔
اگر اس سے پہلے اس میں کچھ ظاہر ہوگا تو اس میں کچھ خرابی ہوگی گدلا ہوگا اور جلد ختم ہونے والا ہوگا وہ چمکنے والی بجلی کی طرح ہوگا جو زیادہ دیر نہیں ٹھہرتی۔ نیز وہ اس عاشق کی طرح ہوگا جو اپنے معشوق کے ساتھ تنہائی اختیار کرتا ہے لیکن اس کے کپڑوں کے نیچے سانپ اور بچھو ہوں جو اسے مسلسل کاٹ رہے ہوں اس پر مشاہدے کی لذت پریشان کن ہوتی ہے۔ اور اچھی طرح لذت کا حصول اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک وہ اپنے کپڑوں کے نیچے سے سانپوں اور بچھوؤں کو نہ

---

(۱) المعجم الکبیر جلد ۱۹ ص ۹۶ حدیث ۱۸۹

نکال دے اور یہ بری عادات سانپ اور بچھو ہیں یہ ایذا بھی پہنچاتی ہیں اور پریشان بھی کرتی ہیں اور قبر میں بچھوؤں اور سانپوں کے ڈسنے سے اس قدر تکلیف نہیں ہوتی جتنی تکلیف ان کے ڈسنے سے ہوتی ہے۔
اللہ تعالیٰ کے نزدیک بندے کے نفس میں پائی جانے والی اچھی اور بری صفات میں فکر کے راستوں سے متعلق آگاہی کے سلسلے میں اتنی بات کافی ہے۔

دوسری قسم :

اللہ تعالیٰ کے جلال اس کی عظمت اور اس کی کبریائی کے بارے میں غور و فکر کرنا —— اس میں دو مقام ہیں اعلیٰ مقام یہ ہے کہ اس کی ذات و صفات اور اس کے اسمائے گرامی کے معانی میں غور و فکر کیا جائے لیکن اسے منع کیا گیا ہے کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے مخلوق میں غور کرو لیکن اس کی ذات میں فکر نہ کرو۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس سلسلے میں عقل حیران رہتی ہے اور سوائے صدیقین کے کسی کی نگاہ وہاں تک نہیں پہنچ سکتی پھر وہ بھی ہمیشہ اسے دیکھنے کی تاب نہیں لا سکتے۔
بلکہ تمام مخلوق کی نگاہیں جلال خداوندی کی نسبت سے اس طرح ہیں جس طرح سورج کی نسبت سے چمگادڑ کی آنکھ ہوتی ہے کیوں کہ وہ تو اس کی طاقت بالکل نہیں رکھتی بلکہ دن کو تو وہ چھپی رہتی ہے اور رات کے وقت سورج کی اس روشنی کو دیکھتی ہے جو زمین پر باقی ہوتی ہے۔
صدیقین کا حال اس طرح ہے جس طرح انسانوں کا سورج کو دیکھنا ہوتا ہے وہ سورج کو دیکھ تو سکتا ہے اس کی طرف نظر کو گاڑ نہیں سکتا اور اگر وہ اسے مسلسل دیکھتا رہے تو بینائی کے جانے کا خطرہ ہوتا ہے ہو سکتا ہے اس کی آنکھیں چندھیا جائیں یا بینائی منتشر ہو جائے اسی طرح اللہ تعالیٰ کی ذات کو دیکھنا حیرت، دہشت اور عقل کا اضطراب پیدا کرتی ہے لہذا زیادہ بہتر یہی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات میں فکر کے لیے راستے نہ کھولے کیوں کہ اکثر عقلیں اس کو برداشت نہیں کر سکتیں۔
بلکہ ایک معمولی سی مقدار جس کی وضاحت بعض علماء کرام نے کی ہے یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مکان سے پاک ہے، جہتوں اور کناروں سے منزہ ہے نہ تو وہ عالم میں داخل ہے اور نہ اس سے خارج ہے۔ عالم سے ملا ہوا بھی نہیں اور جدا بھی نہیں۔ کئی لوگوں کی عقلیں حیران ہو گئیں حتیٰ کہ انہوں نے اس کا انکار کر دیا کیوں کہ وہ اسے سننے اور اس کی معرفت کی طاقت نہیں رکھتے تھے۔
بلکہ ایک گروہ تو اس سے بھی کمتر کو برداشت نہ کر سکا یعنی جب ان سے کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ اس بات سے پاک ہے کہ اس کا سر، پاؤں ہاتھ، آنکھ یا کوئی دوسرا عضو ہو اور یہ کہ وہ جسم ہو جس کی کوئی مقدار اور حجم ہو۔ تو انہوں نے اس سے انکار کر دیا اور یہ خیال کیا کہ یہ بات عظمت و جلال خداوندی کے لیے عیب ہے حتیٰ کہ عوام میں سے بعض بیوقوفوں نے کہا کہ یہ تو ہندوستان کے تربوز کا وصف ہے معبود (اللہ) کا وصف نہیں ہے کیوں کہ اس بے چارے کو یہی گمان تھا کہ ان اعتقاد میں ہی

جلالت و عظمت ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان صرف اپنے آپ کو جانتا ہے اور اسی کو عظیم سمجھتا ہے اور جو کوئی اس کی صفات میں اس کے مساوی نہ ہو اس میں عظمت نہیں جانتا۔

ہاں اس کی انتہائی اس قدر ہے کہ وہ اپنے نفس کو اچھی صورت والا، تخت پر بیٹھا ہوا دیکھے اس کے سامنے نوکر چاکر ہوں جو اس کے حکم کی تعمیل کر رہے ہوں تو وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں یہی کچھ تصور کرتا ہے اور اسی کو باعثِ عظمت سمجھتا ہے بلکہ اگر مکھی کے پاس عقل ہوتی اور اسے کہا جاتا کہ تمہارے خالق کے دو پَر، ہاتھ اور پاؤں نہیں ہیں اور نہ ہی وہ اڑ سکتا ہے تو وہ بھی خالق کا انکار کر دیتی۔

اور وہ کہتی کہ میرا خالق کیسے مجھ سے ناقص ہو سکتا ہے کیا وہ ایسا ہو گا کہ اس کے پَر کٹے ہوئے ہوں یا وہ شل ہو جو اڑ نہ سکتا ہو یا میرے پاس ایسا سامان اور قدرت ہو جو اس کے پاس نہ ہو اور پھر بھی وہ میرا خالق اور مصوّر ہو۔

عام لوگوں کی عقلیں بھی اس عقل کے قریب قریب ہیں اور بے شک انسان بے خبر، ناشکرا ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے کسی نبی علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ میرے بندوں کو میری صفات کی خبر نہ دینا ورنہ وہ میرا انکار کر دیں گے بلکہ ان کو میرے بارے میں اسی قدر بتانا جو وہ سمجھتے ہیں۔

تو جب اس وجہ سے اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات میں غور کرنا خطرناک ہے تو شریعت کے ادب اور اصلاحِ خلق کا تقاضا ہے کہ وہ اس میں غور و فکر نہ کرے لیکن ہم دوسرے مقام کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ وہ یہ کہ اس کے افعال قدرت، صنعتوں کے عجائبات اور مخلوق کے معاملات میں اس کی صنعت عجیبہ میں غور کیا جائے۔ کیوں کہ یہ باتیں اس کے جلال، کبریائی، تقدس اور بلندی پر دلالت کرتی ہیں اسی طرح اس کے علم و حکمت کے کمال اور اس کی مشیت و قدرت کے نفاذ پر بھی دلالت کرتی ہیں لہٰذا اس کی صفات کے آثار پر غور کرے کیوں کہ ہم اس کی صفات کو (براہ راست) نہیں دیکھ سکتے جیسا کہ ہم سورج کے چمکنے کے وقت براہ راست زمین کو دیکھنے کی طاقت نہیں رکھتے ہم چاند اور ستاروں کے نور سے سورج کی روشنی کی عظمت کو دیکھتے ہیں کیوں کہ زمین کا نور سورج کی روشنی کے آثار میں سے ہے اور آثار پر غور کرنے سے مؤثر پر دلالت حاصل ہوتی ہے چاہے وہ کیسی ہی کیوں نہ ہو۔ اگرچہ وہ خود مؤثر کو دیکھنے کے برابر نہیں ہوتی۔

دنیا میں جو کچھ موجود ہے وہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے آثار میں سے ایک اثر ہے اس کے انوارِ ذات میں سے ایک نور ہے بلکہ عدم سے بڑھ کر کوئی اندھیرا نہیں ہے اور وجود سے زیادہ واضح کوئی نور نہیں ہے تمام اشیاء کا وجود اس کے انوارِ ذات میں سے ایک نور ہے کیوں کہ تمام اشیاء اس کی قیوم ذات کے ساتھ قائم ہیں جیسے جسموں کا نور سورج کی روشنی سے قائم ہے اور جب سورج کا کچھ حصہ ظاہر ہوتا ہے تو طریقہ یہ ہے کہ پانی کا ایک تھال رکھا جائے حتیٰ کہ تم اس میں سورج کو دیکھو اب اسے دیکھنا ممکن ہوتا ہے تو پانی ایک واسطہ ہے جو سورج کی روشنی کو قدرے کم کر دیتا ہے حتیٰ کہ اسے دیکھنا آسان ہو جاتا ہے اسی طرح یہ افعال واسطہ ہیں جن میں فاعل کی صفات کی جھلک موجود ہوتی ہے تو ہم نورِ ذات

سے حیران نہیں ہوتے کیوں کہ افعال کے واسطے سے ہم اس سے قدرے دور ہو گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی میں یہی راز ہے۔

آپ نے فرمایا۔

تَفَکَّرُوْا فِیْ خَلْقِ اللّٰہِ وَلَا تَفَکَّرُوْا فِیْ ذَاتِ اللّٰہِ۔ (۱)

اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں غور و فکر کرو لیکن اس کی ذات میں تفکر نہ کرو۔

فصل ۴:

مخلوقِ خدا میں تفکر کی کیفیت

جان لو! اللہ تعالیٰ کے سوا جو کچھ بھی موجود ہے وہ اللہ تعالیٰ کا فعل اور اس کا پیدا کردہ ہے اور ہر ذرہ چاہے وہ جوہر یا عرض، صفت یا موصوف اس میں عجائب و غرائب ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کی حکمت، قدرت، جلال اور عظمت کا ظہور ہوتا ہے اور ان کا شمار کرنا ناممکن ہے کیوں کہ اگر سمندر اس کے لیے سیاہی بن جائے تو ایک فیصد بھی پورا نہ ہو اور سمندر اس سے پہلے ختم ہو جائے۔ تاہم، ہم بطور نمونہ کچھ ذکر کرتے ہیں تاکہ اسے باقی کے لیے مثال قرار دیا جاسکے۔

دو قسم کی مخلوق:

مخلوق کی دو قسمیں ہیں ایک وہ مخلوق ہے جس کی اصل سے ہم واقف نہیں ہیں لہٰذا ہم اس میں غور و فکر نہیں کر سکتے اور کتنی ہی موجودات ہیں جن کو ہم نہیں جانتے۔ ارشاد خداوندی ہے۔

وَیَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ۔ (۲)

اور وہ پیدا کرتا ہے جسے تم نہیں جانتے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ کُلَّھَا مِمَّا تُنْبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِھِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ۔

وہ ذات پاک ہے جس نے زمین سے پیدا ہونے والی چیزوں کے اور تمہارے بھی جوڑے پیدا کئے اور ان سے بھی جن کا تمہیں علم نہیں ہے۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَنُنْشِئَکُمْ فِیْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ۔ (۳)

اور ہم تمہیں اس صورت میں پیدا کرتے ہیں جس کو تم نہیں جانتے۔

---

(۱) قرآن مجید سورۂ نحل آیت ۸

(۲) قرآن مجید، سورۂ یٰسین آیت ۳۶

(۳) قرآن مجید، سورہ واقعہ آیت ۶۱

دوسری قسم کی مخلوق وہ ہے جس کی اصل کا اجمالی علم ہوتا ہے لیکن تفصیل معلوم نہیں ہوتی تو ہمارے لیے اس کی تفصیل میں غور و فکر کرنا ممکن ہے پھر اس کی دو صورتیں ہیں ایک وہ جس کا ادراک ہم حواس سے کرتے ہیں اور دوسری وہ ہے جس کا ادراک آنکھ سے نہیں ہو سکتا۔

جس مخلوق کا ادراک آنکھ سے نہیں ہو سکتا وہ مثلاً فرشتے، جن، شیطان، عرش اور کرسی وغیرہ ہیں۔ ان اشیاء میں فکر کا میدان تنگ اور نہایت گہرا ہے۔

اب ہم اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں جو ذہنوں کے زیادہ قریب ہے اور یہ وہ اشیاء ہیں جو آنکھوں سے دیکھی جاسکتی ہیں سات آسمان اور سات زمینیں اور جو کچھ ان کے درمیان ہے ان پر مشتمل ہے۔

آسمان اپنے ستاروں، سورج، چاند، ان کی حرکت اور طلوع و غروب میں ان کی گردش کے ساتھ دیکھا جاتا ہے۔ زمین کا مشاہدہ اس کے پہاڑوں، نہروں، دریاؤں، حیوانات، نباتات اور ان چیزوں کے ساتھ ہوتا ہے جو آسمان اور زمین کے درمیان ہیں۔ اور وہ جو ہے جو بادلوں، بارشوں، برف گرج چمک، ٹوٹنے والے ستارے اور تیز ہوائیں ہیں۔

تو یہ وہ اجناس ہیں جو آسمانوں، زمین اور ان کے درمیان دیکھی جاتی ہیں۔ پھر ان میں سے ہر جنس کی کئی انواع ہیں پھر ہر نوع کی کئی اقسام ہیں اور ہر قسم کی کئی شاخیں ہیں اور صفات، ہیئت، اور ظاہری و باطنی معانی کے اختلاف کی وجہ سے اس کی تقسیم کا سلسلہ کہیں رکتا نہیں۔ اور یہ تمام فکر کے میدان ہیں۔ زمین و آسمان کے جمادات و نباتات حیوانات، فلک اور ستاروں میں سے ایک ذرہ بھی اللہ تعالیٰ کے حرکت دیئے بغیر حرکت نہیں کر سکتا۔

ان کی حرکت میں ایک حکمت ہو یا دو دس ہوں یا ہزار یہ سب اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی گواہی دیتی ہیں اور اس کے جلال و کبریائی پر دلالت کرتی ہیں۔ یہی اس وحدانیت پر دلالت کرنے والی نشانیاں اور علامات ہیں قرآن پاک میں ان نشانیوں پر غور و فکر کی ترغیب دی گئی ہے ارشاد خداوندی ہے۔

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ - (۱)

بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں اور رات اور دن کے بدلنے میں عقل مند لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں

اور جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

وَمِنْ آيَاتِهِ - (۲)

اور یہ اس کی نشانیوں میں سے ہے۔

یعنی قرآن مجید، شروع سے آخر تک اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہے اب ہم بعض نشانیوں میں غور و فکر کی کیفیت بیان

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۹۰

(۲) قرآن مجید، سورۂ روم آیت ۲۵

کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک انسان ہے جو نطفے سے پیدا ہوا اور آدمی کے سب سے زیادہ نزدیک اس کا نفس ہے اور اس میں اللہ تعالیٰ کے عجائبات ہیں جو اس کی عظمت پر دلالت کرتے ہیں اور یہ اس قدر زیادہ ہیں۔ کہ ان میں سے ایک فیصد سے آگاہی پر ہی تمام زندگی ختم ہو جائے۔ اور تم اس سے غافل رہو تو اے وہ شخص جو اپنے نفس سے غافل اور بے خبر ہے تُو دوسروں کی پہچان کس طرح کیسے کر سکتا ہے حالاں کہ اللہ تعالیٰ نے تجھے اپنے نفس میں غور و فکر کا حکم دیا ہے۔

قرآن پاک میں ارشاد خداوندی ہے۔

وَفِیْ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ۔ (۱)

اور وہ تمہارے اندر ہے کیا تم نہیں دیکھتے۔

اور اللہ تعالیٰ نے بتایا کہ تم ایک گندے نطفہ سے پیدا ہوئے ہو۔

ارشاد خداوندی ہے۔

قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَا اَکْفَرَہٗ مِنْ اَیِّ شَیْءٍ خَلَقَہٗ مِنْ نُّطْفَۃٍ خَلَقَہٗ فَقَدَّرَہٗ ثُمَّ السَّبِیْلَ یَسَّرَہٗ ثُمَّ اَمَاتَہٗ فَاَقْبَرَہٗ ثُمَّ اِذَا شَاءَ اَنْشَرَہٗ۔

انسان ہلاک ہو وہ کس قدر ناشکرا ہے اللہ تعالیٰ نے اسے کس چیز سے پیدا کیا پانی کی ایک بوند سے پیدا کیا پھر اسے اندازے سے رکھا پھر اس کا راستہ آسان کر دیا پھر اسے موت دے کر قبر میں پہنچایا پھر جب چاہے گا اسے اٹھائے گا۔

(۲)

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

وَمِنْ اٰیٰتِہٖ اَنْ خَلَقَکُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَا اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ۔ (۳)

اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر تم انسان ہو جو پھیل گئے۔

اور اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

اَلَمْ یَکُ نُطْفَۃً مِّنْ مَّنِیٍّ یُّمْنٰی ثُمَّ کَانَ عَلَقَۃً فَخَلَقَ فَسَوّٰی۔ (۴)

کیا وہ (انسان) پانی کی ایک بوند نہ تھا جو (رحم مادر میں) ٹپکایا جاتا ہے پھر اس سے وہ لوتھڑا بنا پھر اللہ تعالیٰ نے اسے بنایا اور اعضاء درست کئے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الذاریات آیت ۲۱

(۲) قرآن مجید، سورۃ عبس آیت ۱۷ تا ۲۲

(۳) قرآن مجید سورۃ روم آیت ۲۰

(۴) قرآن مجید، سورۃ القیامۃ آیت ۳۷، ۳۸

اور ارشاد باری تعالی ہے۔

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ۔ (۱)

کیا ہم نے تمہیں ایک بے قدر پانی سے پیدا نہیں کیا پھر ہم نے اس پانی کو ایک معلوم مقدار تک ایک جگہ نہیں ٹھہرایا۔

اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے۔

اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ۔ (۲)

کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اسے نطفہ سے پیدا کیا تو اب وہ کھلم کھلا جھگڑالو ہے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ۔ (۳)

بلاشبہ ہم نے ہی انسان کو ایک مخلوط نطفہ سے پیدا فرمایا۔

پھر بتایا کہ کس طرح اس نے نطفہ کو جما ہوا خون، جمے ہوئے خون کو گوشت کا لوتھڑا اور اس لوتھڑے کو ہڈیاں بنایا۔

ارشاد خداوندی ہے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً۔ (۴)

اور بے شک ہم نے انسان کو مٹی کے جوہر سے پیدا کیا پھر ہم نے اسے پانی کی ایک بوند بنا کر ایک محفوظ مقام پر رکھا پھر ہم نے نطفہ کو خون کا لوتھڑا بنایا۔

قرآن پاک میں اللہ تعالی نے نطفہ (مادہ منویہ) کا بار بار ذکر اس لیے نہیں کیا کہ اس لفظ کو سنایا جائے اور اس کے معنی میں غور نہ کیا جائے تو اب نطفہ کو دیکھو یہ گندے اور ناپاک پانی کا ایک قطرہ ہے اگر اس کو ایک گھڑی چھوڑ دیا جائے تاکہ اسے ہوا لگے تو وہ خراب ہو کر بو دینے لگتا ہے اور کس طرح تمام پالنے والوں کے پالنہار نے اسے مردوں کی پیٹھوں اور عورتوں کی چھاتیوں سے نکالا اور کس طرح مرد اور عورت کو اکٹھا کیا اور ان کے دلوں میں محبت ڈالی اور کس طرح محبت اور شہوت کے سلسلے میں ان کو جمع کیا اور پھر جماع کی حرکت سے مرد سے نطفے کو نکالا اور پھر حیض کے خون کو کس طرح رگوں کے اندر سے کھینچ کر رحم میں جمع کیا پھر اس نطفے سے کس طرح بچے کو پیدا کیا۔ اور اسے حیض کا خون کھلایا اور پلایا

---

(۱) قرآن مجید، سورہ مرسلات آیت ۲۰ تا ۲۲

(۲) قرآن مجید سورہ یٰسین آیت ۷۷

(۳) قرآن مجید، سورہ الدھر آیت ۲

(۴) قرآن مجید، سورہ مومنون آیت ۱۲، ۱۳، ۱۴

حتیٰ کہ وہ بڑھا اور اس کی پرورش ہوئی اور بڑا ہوا اور پھر کس طرح اس نطفے کو جو سفید چمکدار تھا جما ہوا سرخ خون بنا دیا پھر اسے گوشت کا لوتھڑا کس طرح بنایا پھر اس نطفے کے اجزاء کو ہڈیوں، پٹھوں، رگوں، ریشوں اور گوشت میں تقسیم کر دیا حالاں کہ وہ ٹکڑے تو ایک جیسے تھے۔

پھر گوشت، پٹھوں، اور رگوں سے ظاہری اعضاء کی ترکیب فرمائی سر کو گول بنایا کان کو سوراخ کی شکل میں رکھا اسی طرح آنکھ ناک، منہ اور باقی تمام سوراخوں کا معاملہ ہے۔

پھر کس طرح باطنی اعضاء بنائے گئے مثلاً دل، معدہ جگر، تلی، پھیپھڑے، رحم، مثانہ اور آنتیں بنائیں ہر ایک کی شکل مقدار اور عمل مخصوص معین ہے پھر ان میں سے ہر ایک عضو کو دوسری اقسام میں تقسیم فرمایا۔ شلاً آنکھ کو سات طبقوں میں تقسیم کیا ہر طبقے کا وصف خاص ہے اور اس کی شکل بھی مخصوص ہے اگر اس کا کوئی ایک طبقہ مفقود ہو جائے یا اس کی کوئی ایک صفت زائل ہو جائے تو آنکھ دیکھنا چھوڑ دیتی ہے۔

اگر ہم ایک ایک عضو کے عجائب کا وصف بیان کرنا شروع کریں تو تمام عمر اسی میں گزر جائے۔

اب ہڈیوں کو دیکھو یہ سخت اور مضبوط جسم ہیں اللہ تعالیٰ نے کس طرح ان کو نرم اور پتلے نطفہ سے بنایا پھر ان کو بدن کے قائم ہونے کا ذریعہ بنایا ان کو مختلف مقدار اور مختلف شکلوں پر رکھا کوئی ہڈی چھوٹی ہے تو کوئی بڑی کوئی لمبی ہے تو کوئی گول، کوئی اندر سے خالی ہے اور کوئی ٹھوس ہے اسی طرح کوئی چوڑی ہے اور کوئی پتلی ہے۔

اور جب انسان اپنے تمام بدن اور بعض اعضاء کے ساتھ حرکت کا حاجتمند ہے اور وہ اپنی حاجات کے لیے ادھر ادھر ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے ایک ہڈی نہیں بنائی بلکہ بہت سی ہڈیاں بنا کر ان کے درمیان جوڑ رکھے ہیں تاکہ ان کے ساتھ حرکت آسان ہو اور ان میں سے جس سے جو حرکت مطلوب ہے اسی کے مطابق اسے شکل دی ہے پھر ان جوڑوں کو ملایا اور اس کا طریقہ یوں رکھا کہ ایک ہڈی کے کنارے پر ریشہ رکھا جس کو دوسری ہڈی سے ملا دیا جس طرح ایک چیز سے باندھا جاتا ہے پھر ایک طرف کی ہڈی کے کونے زائد باہر نکلے ہوئے ہیں اور دوسری ہڈی میں اس کے موافق گڑھا بنا دیا تاکہ وہ زائد حصے اس میں داخل ہو کر خوب برابر ہو جائیں۔

اب انسان کی حالت یہ ہو گئی کہ جب وہ بدن کے کسی حصے کو حرکت دینا چاہتا ہے تو اسے کوئی رکاوٹ نہیں ہوئی اگر یہ جوڑ نہ ہوتے تو اس کے لیے ایسا کرنا مشکل ہو جاتا۔

پھر دیکھو کہ سر کی ہڈیوں کو کس طرح پیدا کیا ان کو کیسے جمع کر کے ایک دوسری کے ساتھ جوڑا اسے پچپن ہڈیوں سے مرکب کیا جن میں سے ہر ایک کی شکل وصورت دوسری سے مختلف ہے ان کو ایک دوسرے سے اس طرح ملایا کہ ٹھیک ٹھیک گول سر بن گیا ان میں سے چھ ہڈیاں کھوپڑی کے ساتھ خاص ہیں چودہ ہڈیاں اوپر والے جبڑے کی اور دو نیچے والے جبڑے کی ہیں اور باقی ہڈیاں دانت ہیں۔

بعض دانت چوڑے ہیں جو پیسنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور بعض تیز ہیں جو کاٹنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور یہ انیاب، اضراس اور ثنایا ہیں (دانتوں کے نام ہیں) پھر گردن کو سر کی سواری بنایا اور اسے سات منکوں سے مرکب کیا جو اندر سے خالی ہیں اور گول ہیں ان میں کچھ گھٹاؤ بڑھاؤ ہے تاکہ ایک دوسرے سے جڑ سکیں اس کی حکمت کی وجہ طویل ہے پھر گردن کو پیٹھ سے اوپر رکھا اور پیٹھ کو گردن کے نچلے حصے سے لے کر سرین کی ہڈی کے آخر تک چوبیس منکے رکھے ہیں اور سرین کی ہڈی کو تین مختلف اجزاء سے مرکب کیا چنانچہ اس کی نچلی جانب سے ریڑھ کی ہڈی ملی ہوئی ہے اور وہ بھی تین اجزاء سے مرکب ہے پھر پیٹھ کی ہڈیاں، سینے کی ہڈیوں اور کاندھوں کی ہڈیوں سے ملائیں پھر ہاتھوں کی ہڈیاں ہیں زیر ناف کی ہڈیاں، سرین کی ہڈیاں، رانوں اور پنڈلیوں کی ہڈیاں اور پاؤں کی انگلیوں کی ہڈیاں ہیں ہم ان سب کے شمار سے کلام کو طول دینا نہیں چاہتے انسانی بدن میں ہڈیوں کا مجموعہ دو سو اڑتالیس ہڈیوں پر مشتمل ہے چھوٹی چھوٹی ہڈیاں جن سے جوڑوں کے گڑھوں کو پُر کیا گیا ہے اس کے علاوہ ہیں تو دیکھو کس طرح یہ سب کچھ ایک نرم اور پتلے نطفے سے پیدا کیا گیا ہے۔

ہڈیوں کی تعداد ذکر کرنے سے ہمارا مقصود ان کی گنتی معلوم کرنا نہیں ہے کیوں کہ یہ تو ایک ادنیٰ سا علم ہے جسے طبیب اور تشریح کرنے والے لوگ جانتے ہیں ہماری غرض تو یہ ہے کہ ان سے ان کی تدبیر کرنے والے اور ان کے خالق کو دیکھا جائے کہ اس نے کس قدر ان کی تدبیر و تخلیق فرمائی ہے اور ان کی شکلوں اور مقدار کو مختلف رکھا اور اس تعداد کے ساتھ مخصوص کیا کیوں کہ اگر ان میں سے ایک بھی زیادہ ہوتی تو وہ انسان کے لیے وبال ہوتی ہے اور وہ اس کو اکھاڑنے پر مجبور ہو جاتا اور اگر ان میں سے ایک بھی کم ہوتی تو نقصان ہوتا جسے پورا کرنے کی حاجت ہوئی تو طبیب ان میں اس اعتبار سے دیکھتا ہے کہ ان کے نقصان کے علاج کا طریقہ معلوم کرے اور اہل بصیرت اس لیے دیکھتے ہیں کہ ان کے ذریعے ان کے خالق اور مصور کی جلالت پر استدلال کریں۔ پس دونوں قسم کی نظر میں فرق ہے۔

پھر دیکھئے کس طرح اللہ تعالیٰ ان ہڈیوں کو حرکت دینے کے لیے آلات پیدا فرمائے اور وہ گوشت اور پٹھے ہیں تو انسانی بدن میں پانچ سو انتیس عضلات پیدا فرمائے اور یہ عضلات گوشت، پٹھے، بند اور جھلیوں سے مرکب ہے ان کی مقداریں اور شکلیں ان کے مقامات اور ضرورتوں کے مطابق مختلف ہیں چوبیس آنکھ کے پپوٹے اور پلکوں کو متحرک کرنے کے لیے ہیں اگر ان میں سے ایک بھی کم ہوتا تو آنکھ کا معاملہ گڑبڑ ہو جاتا اسی طرح ہر عضو کے لیے مخصوص تعداد اور مخصوص مقدار میں عضلات ہیں (گوشت اور پٹھوں کے مجموعہ کو عضلہ (عضلات) کہتے ہیں)

پٹھوں، رگوں، شریانوں کا حال ان کی تعداد، نکلنے کی جگہ اور ان کا پھیلاؤ اور تقسیم ان سب سے زیادہ تعجب خیز ہے جس کی تشریح طویل ہے تو ان اجزاء میں سے ایک ایک میں پھر ہر عضو میں اور پھر تمام بدن میں غور و فکر کا میدان ہے۔ یہ سب بدن کے ظاہری حصے کے عجائبات ہیں جب کہ معانی اور صفات کے عجائب جن کا ادراک حواس کے ذریعے نہیں ہو سکتا وہ اس سے بھی بڑے ہیں تو اب تم انسان کے ظاہر و باطن کو دیکھو، اس کے بدن اور اس کی

صفات پر نظر دوڑاؤ تو اس میں ایسے عجائبات اور صنعت ہے جو باعث تعجب ہے اور یہ سب کچھ پانی کے ایک ناپاک قطرے میں اللہ تعالیٰ کی صنعت ہے تو جب ایک قطرہ پانی میں صنعت کا یہ عالم ہے تو آسمانوں کی ملکوت اور ستاروں میں کیسی ہوگی ان کو بنانے شکلیں دینے، ان کی مقدار اور تعداد پھر بعض کے اکٹھے اور بعض کے متفرق ہونے نیز ان کی صورتوں کے اختلاف اور طلوع و غروب کے مختلف ہونے میں کیا کیا حکمتیں ہیں تمہیں یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ آسمانوں کی بادشاہی میں ایک ذرہ بھی حکمت اور حکم سے خالی ہے بلکہ ان کی تخلیق نہایت مضبوط اور صنعت درست ہے اور انسانی بدن کی نسبت ان کے عجائبات زیادہ ہیں بلکہ تمام زمین کے عجائبات کو آسمانی ملکوت کے عجائب سے کوئی نسبت نہیں ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ بَنٰهَا ۝ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰهَا ۝ وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ ضُحٰهَا۔ (۱)

کیا تمہیں پیدا کرنا مشکل ہے یا آسمان کا اس نے اسے بنایا اس کی چھت کو خوب اونچا کیا پھر اسے درست کیا اور اس کی رات کو تاریک کیا اور اس کے دن کو ظاہر کیا۔

اب پھر نطفے کی طرف رجوع کرو اس کی پہلی حالت میں غور و فکر کرو اور پھر دوسری حالت کو دیکھو اور سوچو کہ اگر تمام جن اور انسان جمع ہو جائیں اور نطفے کو کان، آنکھ، عقل، طاقت، علم یا روح میں بدلنا چاہیں یا اس میں کوئی ہڈی، رگ، پٹھا، چمڑا یا بال پیدا کرنا چاہیں تو کیا ایسا کر سکتے ہیں؟ بلکہ اگر وہ اس کی حقیقت کی گہرائی کو جاننا چاہیں اور تخلیق خداوندی کی کیفیت معلوم کرنا چاہیں تو اس سے عاجز ہوں گے۔

تم پر تعجب ہے اگر تم کسی دیوار پر مصور کی بنائی ہوئی تصویر دیکھو جس میں نقاش نے کمال فن کا مظاہرہ کیا ہو حتیٰ کہ وہ بالکل انسان معلوم ہوتی ہو اور دیکھنے والا بھی پکار اٹھے کہ یہ تو انسان کی طرح ہے تو نقاش کی سمجھداری اور ہاتھ کی صفائی پر تمہیں تعجب ہوتا ہے اور تمہارے دل میں اس کی بڑائی جاگزیں ہو جاتی ہے حالانکہ تم جانتے ہو کہ یہ تصویر رنگ، قلم، ہاتھ، دیوار، طاقت، علم، ارادے سے بنی ہے اور ان میں سے کوئی بھی چیز نقاش کے فعل اور تخلیق سے تعلق نہیں رکھتی بلکہ ان چیزوں کو ایک دوسری ذات نے پیدا کیا ہے۔ نقاش نے تو صرف اتنا کیا کہ رنگ اور دیوار کو ایک مخصوص ترتیب پر جمع کیا تو تم اس پر بہت زیادہ تعجب کرتے ہو اور اسے بہت بڑی بات سمجھتے ہو۔

جب کہ تم ناپاک نطفے کو دیکھتے ہو جو پہلے معدوم تھا پھر اللہ تعالیٰ نے اسے پیٹھوں اور چھاتیوں میں پیدا کیا پھر وہاں سے نکال کر اسے اچھی شکل دی اور نہایت مناسب مقدار پر رکھا اور صورت بنائی اور اس کے اجزا کو جو ایک دوسرے کے مشابہ ہیں، مختلف اجزاء میں تقسیم کیا ہڈیوں کو مضبوط کیا اور اعضاء کو اچھی شکلیں دیں اس کے ظاہر و باطن کو زینت دی،

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ النازعات آیت ۲۷، ۲۹

اس کی رگوں اور پٹھوں کو مرتب کیا اور غذا کے راستے بنائے تاکہ یہ اس کے باقی رہنے کا سبب بنے اسے سننے دیکھنے، جاننے اور بولنے والا بنایا اس کے لیے پیٹھ بنائی جو بدن کی بنیاد ہے بدن کو تمام غذائی آلات پر حاوی اور سر کو تمام حواس کا جامع بنایا۔

پھر آنکھوں کو کھولا اور اس کے طبقوں کو ترتیب دی ان کی شکلوں کو رنگ اور ہیئت کو اچھا بنایا پھر اس کو ڈھانپنے اس کی حفاظت اور صفائی کے لیے پپوٹوں کو بنایا جو اس سے گندگی وغیرہ کو دور رکھتے ہیں پھر اس کی پتلی کی مقدار میں آسمانوں کو دکھایا حالانکہ ان کے کنارے پھیلے ہوئے ہیں اور دُور دُور ہیں لیکن وہ ان کو دیکھ رہا ہے۔

پھر اس کے کان بنا کر ان میں کڑوا پانی رکھا تاکہ سماعت کی حفاظت رہے اور کیڑے مکوڑے اندر نہ جائیں اور اس کے ارد گرد سیپ کی شکل میں کان کا چمڑہ رکھا تاکہ آواز جمع ہو کر اس کے سوراخ کے اندر جائے اور کیڑوں کی آواز کا احساس ہو پھر اس کان میں گڑھے اور ٹیڑھے راستے رکھے ہیں تاکہ اگر کوئی کیڑا وغیرہ اس میں جائے تو اسے بہت زیادہ چلنا پڑے اور اس کا راستہ لمبا ہو اور جب آدمی کی نیند کی حالت میں وہ کیڑا اندر جانے کی کوشش کرے تو یہ جاگ جائے۔

پھر چہرے کے درمیان ناک کو بلند کیا اور اسے اچھی شکل میں بنایا اس میں دو سوراخ (نتھنے) کھولے اور اس میں سونگھنے کی حس رکھی تاکہ بُو کو سونگھ کر کھانے پینے کی چیزوں کا علم ہو سکے۔ اور ان سوراخوں کے ذریعے ہوا کی روح جو دل کی غذا ہے اندر کھینچ سکے اور اس طرح اسے باطنی حرارت کو تسکین ہو۔

علاوہ ازیں اس کے لیے منہ کو کھلا رکھا اور اس کے اندر زبان رکھی جو بولتی ہے، اور دل کے اندر کی باتوں کو باہر لا کر اس کی ترجمانی کرتی ہے منہ کو دانتوں کے ذریعے زینت دی تاکہ وہ پینے، توڑنے اور کاٹنے کا آلہ ہوں ان کی بنیادوں کو مضبوط رکھا اور ان کے کناروں کو تیز کیا ان کا رنگ سفید بنایا اور ان کو ترتیب کے ساتھ رکھا اور ان کے سروں کو برابر رکھا گویا وہ (ہار میں) پروئے ہوئے موتی ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے ہونٹوں کو پیدا فرما کر ان کو اچھی شکل اور اچھا رنگ دیا کہ ان کے ذریعے منہ بند ہو جائے اور کلام کے حروف مکمل ہو سکیں۔ اللہ تعالیٰ نے نرخرے پیدا کئے اور ان کو آواز کے نکلنے کے لیے تیار کیا۔ اور زبان میں حرکت پیدا کی اور اس میں طاقت رکھی جس کے ذریعے الفاظ کو کاٹ سکے تاکہ مختلف مخارج سے الفاظ نکل سکیں اور بولنے کا راستہ کشادہ ہو۔

پھر تنگی، کشادگی، سختی، نرمی، لمبائی اور چھوٹائی کے اعتبار سے نرخروں کو مختلف شکلوں پر پیدا کیا حتیٰ کہ ان کے اختلاف سے آوازیں مختلف ہوتی ہیں اور دو آوازیں ایک جیسی نہیں ہوتیں بلکہ دو آوازوں کے درمیان فرق ظاہر ہوتا ہے حتیٰ کہ اندھیرے میں سننے والا محض آواز سے امتیاز کر لیتا ہے کہ کون بول رہا ہے۔

پھر اس خالق کائنات نے سر کو بالوں اور کنپٹیوں سے زینت دی چہرے کو داڑھی اور ابروؤں کے ذریعے اور ابروؤں کو بالوں کی باریکی اور کمان کے شکل کے ذریعے زینت دی اور آنکھوں کو پلکوں کے ذریعے مزین فرمایا۔

اور اس ذات لاشریک نے باطنی اعضا پیدا فرمائے اور ہر عضو کو ایک مخصوص فعل کے لیے مسخر کیا معدے کو غذا کے پکانے کے لیے خاص کیا جگر کو اس لیے پیدا کیا کہ وہ غذا کو خون میں بدل دے، جب کہ تلی، پتے اور گردے کو جگر کا خادم بنایا تلی، جگر سے سوداء کو جذب کرتی ہے پتہ اس سے صفرا کو کھینچتا ہے اور گردہ رطوبت کو اس سے کھینچ کر اس کی خدمت کرتا ہے اور مثانہ گردے کی خدمت کرتا ہے کہ اس سے پانی کو قبول کرتا ہے اور پھر پیشاب گاہ کے راستے سے نکال دیتا ہے اور رگیں جگر کی اس طریقے پر خدمت کرتی ہیں کہ خون کو جسم کے تمام کناروں تک پہنچاتی ہیں۔

پھر ہاتھوں کو پیدا فرمایا اور ان کو لمبا رکھا تاکہ مقاصد تک پہنچ سکیں ہتھیلی کو چوڑا بنایا اور انگلیوں کی تعداد پانچ رکھی اور ہر انگلی میں تین پورے (جوڑ) رکھے چار انگلیوں کو ایک طرف اور انگوٹھے کو دوسرے طرف رکھا تاکہ انگوٹھا ان سب پر گھوم سکے۔

اگر تمام پہلے اور پچھلے لوگ جمع ہو کر نہایت دقیق فکر کے ذریعے معلوم کرنا چاہیں کہ کسی طرح ان انگلیوں اور انگوٹھے کی اس موجودہ ترتیب کو بدل دیں اور سب انگلیوں کو ایک ہی طرف کو رکھیں پھر انگلیوں کی لمبائی میں فرق بھی ہو تو وہ ایسا نہیں کر سکتے کیوں کہ اس ترتیب کے ذریعے ہاتھ پکڑنے اور دینے کی صلاحیت رکھتا ہے اور اگر ہاتھ کو پھیلا دیں تو وہ ایک تھال کی طرح ہے اس پر جو چاہے رکھے اور اگر اسے اکٹھا کریں تو مارنے کا آلہ بن جاتا ہے اور اگر نامکمل طور پر ملائیں تو ایک چلو بن جاتا ہے اگر کھلا رکھیں لیکن انگلیوں کو ملا دیں تو بیلچے کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔

اور اس نے انگلیوں کے سروں پر ناخن پیدا کئے جو زینت ہیں اور دوسری طرف سے ان کے لیے سہارا ہیں تاکہ انگلیاں کٹ نہ جائیں اور تاکہ ان کے ذریعے باریک چیزوں کو اٹھا سکیں جو پوروں کے ذریعے نہیں اٹھا سکتے اور ضرورت کے وقت بدن کو کھجا بھی سکیں ناخن بدن میں سب سے ہلکی چیز ہے لیکن اگر یہ ناخن نہ ہوتے اور اسے کھجانے کی ضرورت پڑتی تو یہ سب سے عاجز اور کمزور مخلوق ہوتا اور بدن کو کھجلانے کے لیے ناخن کے قائم مقام کوئی چیز نہ ہوتی۔

پھر ہاتھ کو خارش کی جگہ بھی بتا دی یہاں تک کہ وہ وہاں پہنچ جاتا ہے اگرچہ نیند یا غفلت کی حالت میں ہو اور اسے جگہ ڈھونڈنے کی ضرورت نہ ہوتی اگر وہ کسی دوسرے سے مدد لیتا تو طویل مشقت کے بعد وہ خارش کی جگہ پر مطلع ہوتا۔

اور یہ سب چیزیں نطفے سے پیدا کی ہیں اور وہ رحم میں تین پردوں کے اندر ہوتا ہے اور اگر پردہ ہٹا دیا جائے اور وہاں تک نگاہ پہنچے تو وہ دیکھے گا کہ کس طرح ان کو صورت دی جا رہی ہے یہ ایک دوسرے کے بعد بنتے چلے جاتے ہیں لیکن نہ مصور نظر آتا ہے نہ کوئی تصویر بنانے والا آلہ ——

تو کیا تم نے کوئی ایسا مصور یا کام کرنے والا دیکھا ہے کہ جو تصویر بنانے کے آلہ اور اس کی مصنوع کو ہاتھ نہ لگائے اور وہ اس میں تصرف بھی کر رہا ہو تو اللہ تعالیٰ کی شان کتنی بلند ہے اور اس کی دلیل کتنی واضح ہے وہ پاک ذات ہے۔

پھر اس کی قدرت کا کمال اور رحمتِ تمام کو دیکھو کہ جب بچہ بڑا ہو جاتا ہے اور رحم میں گنجائش نہیں رہتی تو اس کی

راہنمائی کیسی فرمائی کہ وہ اوندھا ہو کر اور حرکت کر کے اس تنگ جگہ سے نکلتا ہے اور سوراخ ڈھونڈتا ہے گویا کہ وہ جس چیز کا محتاج ہے اس کی سمجھ اور بصیرت رکھتا ہے پھر باہر نکلنے کے بعد جب غذا کا محتاج ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے کس طرح اسے چھاتی کو منہ میں لینے کا راستہ بتایا ہے۔

پھر جب اس کا جسم نرم ہے اور وہ سخت غذائیں برداشت نہیں کر سکتا تو کس طرح اس کے لیے نرم دودھ کا انتظام فرمایا اور اس دودھ کو خالص اور گلے سے اترنے والا بنا کر خون اور گوبر کے درمیان میں سے نکالا کس طرح عورت کے پستان بنائے اور ان میں دودھ کو جمع کر دیا اور ان پستانوں کے کنارے ایسے بنا دیئے کہ بچے کے منہ میں آ جائیں پھر پستان کے اس سرے میں نہایت تنگ سوراخ رکھا کہ جب بچہ اسے چوستا ہے تو اس سے دودھ آہستہ آہستہ نکلتا ہے کیوں کہ تھوڑے دودھ کا ہی متحمل ہو سکتا ہے اور جب اسے زیادہ بھوک ہو تو کس طرح وہ اس تنگ جگہ سے زیادہ دودھ کھینچ لیتا ہے۔

پھر رحمتِ خداوندی کو دیکھو اس کی شفقت اور مہربانی یہ ہے کہ دو سال تک دانت پیدا نہیں فرماتا کیوں کہ بچہ دو سال صرف دودھ سے غذا حاصل کرتا ہے لہٰذا اسے دانتوں کی ضرورت نہیں ہوتی اور جب بڑا ہو جاتا ہے اور اب ہلکی پھلکی غذا اس کے موافق نہیں ہوتی اور اسے سخت غذا کی ضرورت ہوتی ہے اور اب کھانا چبانا پڑتا ہے تو اس کے لیے دانت پیدا کر دیئے کہ اب اسے ان کی ضرورت ہے پہلے نہ تھی۔

تو وہ ذات پاک ہے اس نے کس طرح نرم مسوڑھوں میں سخت ہڈیاں (دانت) پیدا فرمائیں۔

پھر والدین کے دلوں میں اس کے لیے شفقت ڈالی کہ جس وقت وہ خود اپنا انتظام نہیں کر سکتا وہ اس کے لیے اہتمام اور تدبیر کرتے ہیں اگر اللہ تعالیٰ ان کے دلوں میں رحمت نہ ڈالتا تو بچہ اپنے لیے انتظام کے سلسلے میں تمام مخلوق سے زیادہ عاجز ہوتا۔

پھر دیکھیئے کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے اسے طاقت، سمجھداری عقل اور ہدایت تدریجاً عطا فرمائی یہاں تک اسے کامل کر دیا اور وہ بالغ ہو گیا پہلے بلوغ کے قریب تھا پھر جوان ہوا اس کے بعد ادھیڑ عمر کو پہنچا اور پھر بوڑھا ہو گیا،

اب یا تو وہ شکر ادا کرنے والا ہوتا ہے یا انکار کرنے والا، عبادت گزار ہوتا ہے یا نافرمان، مومن ہوتا ہے یا کافر، جیسے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

هَلْ أَتَىٰ عَلَى الْإِنسَانِ حِينٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُن شَيْئًا مَّذْكُورًا إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ أَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيهِ فَجَعَلْنَاهُ سَمِيعًا بَصِيرًا إِنَّا هَدَيْنَاهُ	کیا انسان پر کوئی ایسا زمانہ نہیں آیا جب اس کا ذکر نہیں تھا بے شک ہم نے انسان کو مخلوط نطفے سے پیدا فرمایا تاکہ ہم اسے آزمائیں تو ہم نے اسے سننے دیکھنے والا بنایا بے شک ہم نے اسے راستہ دکھایا اب چاہے

السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا۔ (۱) وہ شکر گزار بنے یا احسان فراموش ہو۔

تو اللہ تعالیٰ کے لطف و کرم کو دیکھو پھر اس کی قدرت اور حکمت میں غور کرو تم اس کے ربانی عجائب سے حیران رہ جاؤ گے۔

اس آدمی پر بہت تعجب ہے جو کسی دیوار پر ایک اچھا خط یا نقش دیکھتا ہے اور اسے پسند کرتا ہے اور پوری لکیریں کھینچنے والے اور نقاش کے بارے میں غور و فکر کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے کہ اس نے کسی طرح یہ نقش بنایا یہ لکیریں کیسے کھینچیں اور اسے یہ قدرت کیسے حاصل ہوئی اسے دل ہی دل میں بہت بڑا سمجھتا ہے اور کہتا ہے کہ وہ شخص کتنا بڑا ماہر فن ہے اس کی کاریگری اور قدرت بہت کامل اور اچھی ہے پھر ان ہی عجائب کو اپنے اندر اور دوسرے لوگوں میں دیکھتا ہے لیکن اس کے باوجود اپنے بنانے والے اور مصوّر سے غافل رہتا ہے اس کی عظمت اسے مدہوش نہیں کرتی اور نہ ہی اس کے جلال اور حکمت سے وہ حیران ہوتا ہے۔

تو یہ تمہارے بدن کے کچھ عجائب کا ذکر تھا ان تمام کو شمار کرنا ممکن نہیں اور یہ تمہارے فکر کا قریب ترین میدان ہے اور تمہارے خالق کی عظمت پر سب سے واضح گواہ ہے لیکن تم اس سے غافل ہو کر اپنے پیٹ اور شرمگاہ میں مشغول ہو تم اپنے نفس کے بارے میں اسی قدر جانتے ہو کہ تمہیں بھوک لگے تو کھانا کھاؤ اور سیر ہو کر سو جاؤ اور نفسانی خواہش پیدا ہو تو جماع کر لو، اور غصہ آئے تو لڑو حالاں کہ اس بات کو جاننے میں تو تمام جانور تمہارے ساتھ شریک ہیں انسان کی خاصیت جو جانوروں سے پردے میں ہے وہ یہ ہے کہ آسمانوں و زمین کی بادشاہیوں اور آفاق اور اپنے نفسوں کے عجائبات میں غور و فکر کر کے اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرو اسی عمل سے انسان مقربین فرشتوں کی جماعت میں داخل ہوتا ہے اور انبیاء و صدیقین کی جماعت میں اٹھنے کی وجہ سے بارگاہ خداوندی کا قرب حاصل کرتا ہے یہ مقام جانوروں کو حاصل نہیں ہے اور نہ ہی ان انسانوں کو یہ مقام ملتا ہے جو دنیا سے صرف جانوروں والی شہوات پر راضی ہو گئے کیوں کہ ایسا انسان تو جانوروں سے بہت زیادہ برا ہے کیوں کہ جانوروں کو تو اس (غور و فکر) کی طاقت ہی نہیں ہے لیکن اس میں تو اللہ تعالیٰ نے یہ طاقت پیدا فرمائی پھر اس نے خود اسے معطل کر رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی ناشکری کر رہا ہے پس ایسے لوگ جانوروں کی طرح بلکہ ان سے بھی بدتر ہیں۔

جب تم نے اپنے نفس میں غور و فکر کا طریقہ معلوم کر لیا تو اب زمین میں غور و فکر کرو جو تمہارا ٹھکانہ ہے پھر اس کی نہروں، دریاؤں، پہاڑوں اور کانوں (معدنیات کی جگہ) کے بارے میں سوچو پھر اس سے آسمانوں کے اسرار کی طرف ترقی کرو اور غور و فکر کرو۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الدھر آیت ۲،۱

زمین میں اللہ تعالیٰ کی نشانیوں سے ایک نشانی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کو پیدا فرما کر بچھونا بنایا اور اس میں راستے اور سڑکیں بنائیں زمین کو نرم رکھا تاکہ تم اس کے اطراف میں چلو اور اسے ساکن کیا وہ حرکت نہیں کرتی اس میں پہاڑوں کو کیل بنا کر ٹھہرایا جو اسے حرکت سے روکتے ہیں پھر اس کے اطراف و جوانب کو اتنا وسیع بنایا کہ انسان اس کے تمام کناروں تک پہنچنے سے عاجز ہیں اگرچہ ان کو بہت زیادہ عمر حاصل ہو اور وہ بہت زیادہ چکر لگائیں۔

ارشاد خداوندی ہے۔

وَالسَّمَاءَ بَنَيْنَاهَا بِأَيْدٍ وَإِنَّا لَمُوسِعُونَ وَالْأَرْضَ فَرَشْنَاهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُونَ۔ (۱)

اور ہم نے آسمان کو اپنے دستِ قدرت سے بنایا اور ہم اسے وسیع کرنے والے ہیں اور ہم نے زمین کو بچھایا تو ہم کیا اچھا بچھونا بچھاتے ہیں۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا۔ (۲)

وہی ذات ہے جس نے زمین کو نرم بنایا پس اس کے اطراف میں چلو۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فِرَاشًا۔ (۳)

وہی ذات ہے جس نے زمین کو فرش بنایا۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں زمین کا ذکر بہت زیادہ کیا ہے تاکہ اس کے عجائب میں غور و فکر کیا جائے اس کی پشت زندہ لوگوں کا ٹھکانہ اور اس کا اندرونی حصہ فوت شدہ لوگوں کے لیے قبر ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ كِفَاتًا أَحْيَاءً وَأَمْوَاتًا۔ (۴)

کیا ہم نے زمین کو زندہ اور فوت شدہ سب کے لیے لپیٹنے والی نہیں بنایا۔

زمین کی طرف دیکھو وہ مردہ (ویران) ہوتی ہے جب اس پر بارش نازل ہوتی ہے تو تازہ ہو کر ابھرتی ہے سرسبز ہو جاتی ہے اور عجیب و غریب سبزیاں نکالتی ہے اور اس سے طرح طرح کے حیوانات باہر نکلتے ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الذاریات آیت ۴۷، ۴۸

(۲) قرآن مجید، سورۃ ملک آیت ۱۵

(۳) قرآن مجید، سورۃ بقرہ آیت ۲۲

(۴) قرآن مجید، سورۃ المرسلات آیت ۲۵

پھر دیکھو کہ کس طرح زمین کے کناروں کو مضبوط اور خاموش پہاڑوں کے ساتھ مضبوط کیا اور کس طرح اس (زمین) کے نیچے پانی رکھا جس سے چشمے پھوٹ پڑے اور اس کے اوپر نہریں جاری کیں اور خشک پتھر اور میلی مٹی سے باریک میٹھا اور صاف پانی نکالا اور اس سے ہر چیز کو زندگی عطا فرمائی اس کے ذریعے طرح طرح کے درخت اور سبزیاں پیدا کیں مثلاً غلہ، انگور، بانس، زیتون، کھجور، انار اور بے شمار پھل پیدا فرمائے جن کی شکلیں، رنگ، ذائقے، صفات اور منافع بالکل مختلف ہیں کھانے کے اعتبار سے وہ ایک دوسرے پر فضیلت رکھتے ہیں حالاں کہ ان کو ایک ہی پانی سے سیراب کیا جاتا ہے اور وہ ایک ہی زمین سے نکلتے ہیں۔

اگر تم کہو کہ ان کا اختلاف ان کے بیجوں اور اصل کے اختلاف کی بنیاد پر ہے تو ہم کہیں گے گٹھلی میں تر خوشے کہاں لگے ہوتے تھے اور دانے میں سات بالیں اور ہر بالی میں ایک سو دانے کہاں تھے؟

پھر جنگلوں کو دیکھو اور ان کے ظاہر و باطن پر غور کرو تم دیکھو گے کہ اس کی مٹی ایک جیسی ہے لیکن جب اس پر بارش کا پانی پڑتا ہے تو وہ حرکت کرتی اور بڑھتی ہے اور مختلف رنگوں کے جوڑے اگاتی ہے ایسی سبزیاں جو بظاہر ایک جیسی ہیں لیکن ایک دوسرے سے مختلف بھی ہیں کیوں کہ ہر ایک کا ذائقہ، بو، اور رنگ الگ الگ ہے اور پھر ایک دوسرے سے شکلیں بھی مختلف ہوتی ہیں ان کی کثرت اور اقسام کے اختلاف اور متعدد صورتوں کو دیکھو پھر سبزیوں کی طبیعتوں میں اختلاف اور منافع کی کثرت پر غور کرو کس طرح اللہ تعالیٰ نے جڑی بوٹیوں سے علاج کرنے والوں کو عجیب منافع ودیعت فرمائے ہیں کوئی سبزی غذا بنتی ہے کوئی قوت دیتی ہے کوئی زندگی بخشتی ہے اور کوئی ہلاکت کا باعث ہے کوئی سرد ہے تو کوئی گرم —— کوئی معدے میں جا کر صفرا کو رگوں کے اندر سے دور کر دیتی ہے اور کوئی خود صفرا بن جاتی ہے کوئی بوٹی اور سبزی بلغم اور سودا کا قلع قمع کرتی ہے اور کوئی بوٹی ان دونوں کی شکل اختیار کر لیتی ہے کوئی بوٹی خون کو صاف کرتی ہے تو کوئی خود ہی خون بن جاتی ہے کوئی طبیعت کو ہشاش بشاش رکھتی ہے تو کوئی خواب آور ہے کوئی قوت بخش ہوتی ہے تو کوئی کمزوری کا سبب بنتی ہے تو زمین سے جو پتہ اور تنکا بھی اگتا ہے انسان اس کی حقیقت پر آگاہی حاصل نہیں کر سکتا پھر ان سبزیوں میں سے ہر ایک کو کاشتکاری کی ضرورت ہوتی ہے کہ وہ مختلف کاموں کے ذریعے ان کو بڑھاتا ہے کھجور میں پیوند لگایا جاتا ہے تو انگور کو چھانٹا جاتا ہے کھیتی سے گھاس اور جھاڑیوں کو دور کیا جاتا ہے۔

ان میں سے بعض زمین میں بیج ڈالنے سے پیدا ہوتی ہیں اور بعض ٹہنیاں گاڑنے سے، جب کہ بعض کی قلمیں لگاتے ہیں۔ اگر ہم سبزیوں کی مختلف جنسوں، اقسام، منافع اور احوال و عجائب کا ذکر شروع کریں تو اس کے بیان میں کئی دن لگ جائیں لہٰذا تمہیں غور و فکر کے طریقے پر ہر جنس سے تھوڑا سا کافی ہے تو یہ سبزیوں اور اُگنے والی چیزوں کے عجائب ہیں۔

زمین کی نشانیوں میں سے ایک نشانی وہ جواہر ہیں جو پہاڑوں کے نیچے رکھے گئے ہیں اور وہ معدنیات ہیں جو زمین سے حاصل ہوتی ہیں تو زمین میں مختلف قسم کے ٹکڑے باہم ملے ہوئے ہیں تو پہاڑوں کو دیکھو کس طرح ان سے سونے چاندی، فیروز

اور لعل وغیرہ کے نفیس جواہر نکلتے ہیں ان میں سے بعض کو ہتھوڑوں سے کوٹا جاتا ہے جیسے سونا، چاندی، تانبا، پیتل اور لوہا اور بعض کو کوٹا نہیں جاتا جیسے فیروزہ اور لعل (موتی) وغیرہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح انسان کو ان کے نکالنے اور صاف کرنے کی راہ دکھائی ہے اور پھر وہ ان سے برتن، اوزار، سکے اور زیورات بناتے ہیں۔

پھر زمین کی معدنیات میں سے لال، گندھگ اور قیر وغیرہ کو دیکھو اور سب سے ادنیٰ نمک ہے اور اس کی ضرورت کھانے کو اچھا بنانے کے لیے ہوتی ہے اگر کسی شہر میں نمک نہ ہو تو وہاں کے لوگ جلد مرنے لگیں تو اللہ تعالیٰ کی رحمت کو دیکھو کس طرح زمین کے بعض حصے کو شور والا بنایا کہ اس میں بارش کا صاف پانی اکٹھا ہوتا ہے تو وہ نمکین ہو جاتا ہے اور یہ نمک جلانے والا ہے وہ کھانے کے ساتھ ملا کر کھاتے ہیں تو فائدہ دیتا اور خوشگوار ہوتا ہے تنہا نمک تھوڑا سا بھی کھانا ممکن نہیں۔

کوئی جماد، حیوان اور سبزی ایسی نہیں ہے جس میں کوئی ایک حکمت یا زیادہ حکمتیں نہ ہوں اللہ تعالیٰ نے کسی چیز کو بیکار اور کھیل کود کے لیے نہیں بنائی بلکہ جس طرح چاہیے تھی اور جس طرح اس کے جلال اکرم اور لطف کا تقاضا تھا اسی طرح بنایا۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ۔ (۱)	اور ہم نے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، کو کھیل تماشہ نہیں بنایا بلکہ ہم نے ان کو ٹھیک مقاصد کے تحت بنایا۔

زمین میں تیسری نشانی حیوانات ہیں جن کی کئی اقسام ہیں ان میں سے بعض اڑتے ہیں اور بعض چلتے ہیں پھر چلنے والوں میں سے کچھ دو پاؤں کے ساتھ چلتے ہیں اور کچھ چار پاؤں پر چلتے ہیں بلکہ بعض دس اور بعض سو پاؤں پر چلتے ہیں جیسا کہ بعض کیڑے مکوڑے دیکھے جاتے ہیں پھر منافع، صورتوں، اشکال، اخلاق، اور طبیعتوں کے اعتبار سے ان کی تقسیم ہوتی ہے۔

پھر فضا میں اڑنے والے پرندوں جنگل کے وحشی اور گھریلو جانوروں کو دیکھو اور ان میں عجائب کو دیکھ کر تم ان کے خالق کی عظمت اس کو مقدار دینے والے کی قدرت اور مصور کی حکمت میں شک نہیں کر سکتے ان سب کا احاطہ کرنا ممکن نہیں بلکہ اگر ہم مچھر، چیونٹی، شہد کی مکھی یا مکڑی کے عجائب ذکر کریں حالاں کہ یہ چھوٹے حیوانات ہیں یہ اپنا گھر کس طرح بناتے ہیں اپنی غذا کس طرح جمع کرتے ہیں اپنے جوڑے سے الفت کیسے کرتے ہیں اور یہ کہ اپنے گھر کی تعمیرات میں ماہر ہوتے ہیں اور اپنی ضرورتوں تک پہنچنے کی مہارت رکھتے ہیں تو ہم ان سب باتوں کو معلوم نہیں کر سکتے۔

مثلاً مکڑی کو دیکھیں اپنا گھر نہر کے کنارے بناتی ہے پہلے ایسی دو جگہیں تلاش کرتی ہے جو ایک دوسرے کے قریب ہوں اور ان کے درمیان ایک گز یا اس کم فاصلہ ہو کہ وہ دونوں طرف اپنا دھاگہ پہنچا سکے پھر وہ اپنا لعاب جو دھاگہ ہوتا ہے

---

(۱) قرآن مجید، سورہ الدخان آیت ۳۸، ۳۹

ایک کنارے پر ڈالتی ہے تاکہ وہ اس سے چمٹ جائے پھر وہ دوسری طرف جاکر اس دھاگے کو اس طرف چپکا دیتی ہے پھر دوسری، تیسری بلکہ کئی بار اسی طرح کرتی ہے ان دونوں کے درمیان ایک مناسب فاصلہ رکھتی ہے یہاں تک کہ جب ان دھاگوں کے دونوں سرے مضبوط ہو جاتے ہیں اور ان کو تانے کی شکل حاصل ہو جاتی ہے تو اب بانا بنانے میں مشغول ہوتی ہے اور تانے پر بانا ڈالتی ہے اور ان دونوں کو آپس میں ملاتے ہوئے جہاں جہاں تانے اور بانے کا دھاگہ ملتا ہے وہاں گرہ لگا دیتی ہے اور ان تمام صورتوں میں اس کے موزوں ہونے اور فنِ تعمیر کا خیال رکھتی ہے اور اسے مچھر اور مکھی کے لیے جال بناتی ہے پھر ایک کنارے میں بیٹھ کر انتظار کرتی ہے تاکہ شکار جال میں پھنسے جب وہ جال میں پھنستا ہے تو جلدی جلدی اسے پکڑ کر کھاتی ہے اور جب شکار سے تھک جائے تو دیوار کا کوئی کونا تلاش کر کے وہاں دونوں طرف دھاگہ لگا کر درمیان میں ایک دھاگے کے ساتھ لٹک جاتی ہے اور اڑنے والی مکھی کا انتظار کرتی ہے جب مکھی اڑتی ہوئی آتی ہے تو یہ اپنے آپ کو اس کی طرف پھینکتے ہوئے اسے پکڑ لیتی ہے اور اپنے دھاگے کو پاؤں پر لپیٹ کر اسے مضبوط کر لیتی ہے اور اس مکھی کو کھا جاتی ہے۔

ہر چھوٹے اور بڑے حیوان میں اس قدر عجائب ہیں کہ ان کا شمار نہیں ہو سکتا کیا تم نہیں سوچتے کہ کیا مکڑی نے یہ طریقہ سیکھا یا خود بخود اسے آگیا یا کسی انسان نے اسے بتایا اور سکھایا یا اس کا کوئی راہنما اور استاذ نہیں ہے؟ کیا کسی صاحبِ بصیرت کو شک ہوگا کہ یہ مکڑی ایک مسکین، ضعیف اور عاجز ہے بلکہ اونٹ جس کا جسم بڑا ہے اور اس کی قوت ظاہر ہے اپنے معاملات سے عاجز ہے تو یہ اس کمزور حیوان کا معاملہ کیسا ہوگا؟

کیا وہ اپنی شکل و صورت، حرکت، ہدایت اور عجیب کاموں کی وجہ سے اپنے پیدا کرنے والے حکیم اور قادر و علیم خالق پر گواہ نہیں ہے تو صاحبِ بصیرت آدمی اس چھوٹے سے حیوان میں تدبیر کرنے والے خالق کی عظمت، جلال اور قدرت و حکمت کا کمال دیکھتا ہے جس میں عقلیں حیران رہ جاتی ہیں باقی حیوانات کا تو ذکر ہی کیا۔

اس باب میں بھی کوئی حد بندی نہیں ہو سکتی کیوں کہ حیوانات ان کی شکلیں عادات اور طبیعتیں شمار سے باہر ہیں دلوں کو تعجب اس لیے نہیں ہوتا کہ زیادہ مشاہدے کی وجہ سے آدمی ان سے مانوس ہو گیا ہے ہاں جب کسی عجیب جانور یا کیڑے کو دیکھتا ہے تو اسے تعجب ہوتا ہے اور کہتا ہے سبحان اللہ! یہ کیا عجیب ہے۔

اور انسان تمام حیوانات سے زیادہ تعجب خیز ہے لیکن وہ اپنے نفس پر تعجب نہیں کرتا بلکہ اگر وہ ان جانوروں کو دیکھے جن سے وہ مانوس ہے اور ان کی شکل و صورت کی طرف نظر دوڑائے پھر ان کے چمڑوں، اون اور بالوں سے حاصل ہونے والے منافع اور فوائد کو دیکھے جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کا لباس بنایا ہے اور ان کے سفر و حضر کے گھر، اور کھانے پینے کے برتن بنائے ان کے دودھ اور گوشت کو ان کی غذا بنایا پھر ان میں سے بعض کو سواری کے لیے زینت بنایا اور بعض کو بوجھ اٹھانے والے بنایا جو وادیوں اور جنگلوں کے طویل فاصلے طے کرتے ہیں تو دیکھنے والے کو ان کے خالق اور مصور کی حکمت پر

بہت تعجب ہو کیوں کہ اس نے ان کو ان کے تمام منافع کے علم کا احاطہ کرتے ہوئے پیدا فرمایا اور یہ علم ان کی پیدائش سے بھی پہلے تھا تو وہ ذات پاک ہے جس کے سامنے تمام امور کسی غور و فکر کے بغیر واضح ہیں اور اسے کسی تدبر اور سوچ کی حاجت نہیں وہ کسی وزیر اور مشیر سے مدد لینے کا محتاج نہیں ہے وہ جانتے والا خبر رکھنے والا، حکمت اور قدرت والا ہے اس نے ایک چھوٹی سی چیز کے ذریعے عارفین کے دلوں میں اپنی توحید کی سچی شہادت رکھ دی مخلوق کا کام یہ ہے کہ اس کے قہر و قدرت کا یقین کریں اس کی ربوبیت کا اعتراف کریں اور اس کے جلال و عظمت کی معرفت سے اپنی عاجزی کا اقرار کریں۔

کون ہے جو اس کی کما حقہ تعریف کر سکے جیسا کہ وہ خود اپنی ثنا بیان فرماتا ہے ہماری معرفت کی انتہا تو یہ ہے کہ اس کی معرفت سے عاجزی کا اعتراف کریں ہم بارگاہ خداوندی میں سوال کرتے ہیں کہ وہ اپنی رحمت اور مہربانی سے ہمیں اپنا راستہ دکھائے۔

اس کی نشانیوں میں سے ایک نشانی گہرے سمندر ہیں جنہوں نے زمین کے کناروں کو گھیر رکھا ہے اور یہ سب اس برِ اعظم کے ٹکڑے ہیں جو تمام زمین کے گرد ہے حتیٰ کہ پانی میں سے جو جنگل اور پہاڑ کھلے ہوئے ہیں وہ پانی کی نسبت اس اس طرح ہیں جیسے بہت بڑے سمندر میں ایک چھوٹا سا جزیرہ ہو۔ اور باقی تمام زمین پانی کے ساتھ ڈھانپی ہوئی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْاَرْضُ فِی الْبَحْرِ کَالْاِصْطَبْلِ فِی الْاَرْضِ۔ (۱)

سمندر میں زمین اس طرح ہے جیسے زمین میں ایک اصطبل ہو۔

تو ایک اصطبل کی تمام زمین کی طرف نسبت کر کے اندازہ لگاؤ کہ تمام زمین کی سمندر کی طرف اضافت کی یہی صورت ہے تم نے زمین اور جو کچھ اس کے اندر ہے، کے عجائب کا مشاہدہ کیا اب سمندر کے عجائب میں غور کرو اس میں حیوانات اور جواہر کے حوالے سے جو عجائب ہیں وہ زمین پر مشاہدہ کئے جانے والے عجائب سے دو گنا ہیں۔ جس طرح سمندر کی وسعت زمین کی وسعت سے کہیں زیادہ ہے۔

سمندر کے بڑا ہونے کی وجہ سے اس میں حیوانات بھی بہت بڑے بڑے ہیں اگر تم ان کو سمندر کی سطح پر دیکھو تو یوں خیال کرو کہ شاید کوئی جزیرہ ہے اور تم وہاں اپنی سواری اتار دو۔

بعض اوقات آگ جلانے نے اس بات کا احساس ہوا کہ جب آگ جلی تو اس نے حرکت کی اور معلوم ہوا کہ یہ تو کوئی جانور ہے زمین میں جتنی قسم کی جاندار چیزیں ہیں مثلاً گھوڑا، پرندے، گائے انسان وغیرہ تو سمندر میں اس کی مثل بلکہ ان سے بھی دو گنا جاندار ہیں اور اس میں ایسی جنس کی چیزیں ہیں جن کی مثال خشکی میں نہیں پائی جاتی ان کے اوصاف ان کتابوں

---

(۱) تذکرۃ الموضوعات ص ۱۷۰ باب اوصاف المتشابہۃ

میں مذکور ہیں جو بعض لوگوں نے سمندر کا سفر اور اس کے عجائب کے عنوان سے جمع کی ہیں۔
پھر دیکھو کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح موتی پیدا کئے اور پانی کے نیچے سیپی میں ان کو گول شکل دی اور دیکھو کہ کس طرح پانی کے نیچے ٹھوس پتھروں سے مرجان کو نکالا حالاں کہ وہ درخت کی صورت میں اگنے والی چیز ہے لیکن وہ پتھر سے اگتی ہے۔
پھر اس کے علاوہ عنبر اور دوسری نفیس چیزوں کو دیکھو جن کو سمندر باہر پھینکتا ہے اور اس سے ان کو نکالا جاتا ہے کشتیوں کے عجائب کو دیکھو کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح ان کو پانی کے اوپر ٹھہرا دیا اور ان میں تاجروں اور دوسرے طالبانِ مال کو چلایا ان لوگوں کے لیے کشتیوں کو مسخر کیا تاکہ وہ اپنا سامان ان میں رکھیں پھر ہواؤں کو بھیجا تاکہ وہ کشتیوں کو چلائیں علاوہ ازیں ملاحوں کو ہواؤں کے چلنے کا رخ اور ان کے چلنے کی جگہ اور وقت بتا دیا۔
سمندر میں صنعتِ خداوندی کے جو عجائبات ہیں کئی جلدوں میں بھی ان کا احاطہ نہیں ہو سکتا اور ان سب میں سے سب سے زیادہ ظاہر پانی کے قطرے کی کیفیت ہے کہ وہ ایک پتلا، لطیف بہنے والا جسم ہے اور صاف شفاف بھی ہے اس کے اجزا ایک دوسرے سے اس طرح ملے ہوئے ہیں کہ گویا ایک ہی چیز ہے اس کی ترکیب نہایت لطیف ہے اور جدا ہونے کو جلدی قبول کرتی ہے گویا وہ جدا ہی ہے اس میں تصرف کیا جا سکتا ہے انفصال اور اتصال دونوں کو قبول کرتا ہے زمین پر جتنی بھی جاندار اور اگنے والی چیزیں ہیں ان سب کو اس کے ذریعے زندگی ملتی ہے۔
اگر کوئی شخص ایک گھونٹ پانی پینے کا محتاج ہو اور اس کو اس سے روک دیا جائے تو اگر اس سے ہو سکتا تو وہ زمین کے تمام خزانے اور زمین کی تمام دولت اس کے حصول پر خرچ کر دیتا۔ پھر اگر وہ اس کو پی لے اور اسے نکالنے سے روک دیا جائے (پیشاب سے منع کر دیا جائے) تو اس کے نکالنے کے لیے وہ زمین کے تمام خزانے خرچ کر دیتا۔
تو انسان پر تعجب ہے کہ وہ کس طرح دینار، درہم اور عمدہ جواہرات کو عظیم سمجھتا ہے اور پانی کی ایک گھونٹ جو اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے سے غافل ہے کہ جب وہ اس کا محتاج ہوتا ہے یا اس سے فراغت حاصل کرنا چاہتا ہے تو دنیا کا تمام مال اس پر خرچ کرنا چاہتا ہے تو پانی، دریاؤں، کنوؤں اور سمندروں کے بارے میں غور کرو اور سوچو ان میں غور و فکر کا میدان بہت وسیع ہے۔
یہ تمام ایک دوسرے کی معاون نشانیاں اور علامات متفرق ہیں یہ زبانِ حال سے بولتی ہیں اور اپنے پیدا کرنے والے کے جلال کو فصاحت کے ساتھ بیان کرتی ہیں اس کی حکمت کے کمال کو ظاہر کرتی ہیں اور اہل دل کو اپنے نغمات کے ذریعے پکارتی ہیں اور ہر عقلمند سے کہتی ہیں کہ کیا تم نے مجھے اور میری صورت کو نہیں دیکھا میری ترکیب، میری صفات میرے منافع اور میرے حالات کے اختلاف کو نہیں دیکھا۔ اور کیا میرے فوائد کی کثرت تمہاری نگاہوں میں نہیں آئی۔
تمہارا کیا خیال ہے کہ میں خود بخود بن گئی، یا میری جنس کی کسی دوسری چیز نے مجھے پیدا کیا ہے کیا تمہیں حیا نہیں آتا کہ جب تم کسی لکھے ہوئے کلمہ کو دیکھتے ہو جو تین حرفوں پر مشتمل ہوتا ہے تو تم یقین کر لیتے ہو کہ یہ کسی ایسے آدمی کی کاریگری ہے

جو عالم، قادر ہے ارادہ کرنے والا اور کلام کرنے والا ہے پھر تم اللہ تعالیٰ کے نوشتے کے عجائب کو دیکھتے ہو جو میرے چہرے پر اللہ تعالیٰ کے ایسے قلم کے ساتھ لکھا ہوا ہے جس قلم اور اس کی حرکت اور محلِ خط کے ساتھ اس کے اتصال کا ادراک آنکھوں کو نہیں ہو سکتا پھر اس کے بنانے والے کی جلالت سے تمہارا دل الگ رہتا ہے۔

اور نطفہ کان اور دل والوں سے کہتا ہے ان لوگوں سے نہیں جو کان سے معزول ہیں کہ تم مجھے حیض میں اندر کے پردوں میں وہم کرکے اس وقت جب میرے چہرے پر نقش اور تصویر ظاہر ہوتی ہے اور نقاش میری آنکھوں کی پتلی، پلکیں رخسار اور ہونٹ بناتا ہے تو تم صرف ان نقوش کو دیکھتے ہو جو تدریجاً ایک ایک کرکے ظاہر ہوتے ہیں لیکن تم اس نطفہ کے اندر اور باہر نقاش کو نہیں دیکھتے نہ وہ رحم کے اندر نظر آتا ہے اور نہ ہی اس سے باہر، نہ ماں کو اس کی خبر ہوتی ہے نہ باپ کو، نہ نطفہ کو اور نہ ہی رحم کو اس کا علم ہوتا ہے تو کیا یہ نقاش اس نقاش سے زیادہ تعجب خیز نہیں ہے جس کو تم دیکھتے ہو کہ وہ قلم سے عجیب صورت بناتا ہے اگر تم اسے ایک دو بار دیکھو تو سیکھ لیتے ہو لیکن کیا نقش اور تصویر کی یہ جنس جو نطفے کے ظاہر و باطن اور تمام اجزاء کو شامل ہے، اسے سیکھ سکتے ہو؟ اور نطفے کو ہاتھ بھی نہ لگاؤ اور نہ ہی اس کے اندر باہر سے اس کے ساتھ اتصال ہو اور نقش بنا دو۔

اگر ان عجائب پر تمہیں تعجب نہیں ہوتا اور ان کے ذریعے تمہیں یہ بات سمجھ نہیں آتی کہ جس ذات نے صورت اور نقش بنایا اور اسے ایک اندازے پر رکھا اس کی مثل کوئی نہیں اور نہ ہی کوئی نقاش اور مصور اس کے برابر ہو سکتا ہے جس طرح اس کے نقش اور بناوٹ کے برابر کوئی نقش اور بناوٹ نہیں ہو سکتی تو جس طرح ان دو عملوں کے درمیان واضح فرق اور دوری ہے اسی طرح دونوں فاعلوں کے درمیان بھی فرق ہے اگر تجھے اس پر تعجب نہیں ہوتا تو اپنے تعجب نہ کرنے پر تجھے تعجب ہونا چاہیے کیوں کہ یہ بات تو زیادہ تعجب خیز ہے کہ اس واضح بات کے باوجود جس چیز نے تیری بصیرت کو اندھا کر دیا ہے وہ اس لائق ہے کہ تجھے اس پر تعجب ہو۔

تو وہ ذات پاک ہے جس نے ہدایت بھی دی اور گمراہ بھی کیا بدبخت بھی بنایا اور نیک بخت بھی، اپنے دوستوں کی آنکھوں کو کھولا تو انہوں نے تمام جہان کے ذرات اور اجزاء میں مشاہدہ کیا اور اپنے دشمنوں کے دلوں کو اندھا کر دیا اور اپنی عزت و عظمت کو ان سے مخفی رکھا وہ پیدا کرنے والا ہے، امر، احسان، فضل، لطف اور قہر کا مالک وہی ہے اس کے حکم کو کوئی رد نہیں کر سکتا اور اس فیصلے کو کوئی پھیر نہیں سکتا۔

اس کی نشانیوں میں سے ایک ہوا ہے جو نہایت لطیف ہے اور آسمان کی گہرائی اور زمین کی اٹھان کے درمیان بند ہے جب وہ چلتی ہے تو جسم کو چھوتی ہے لیکن اسے دیکھ نہیں سکتے اور یہ ایک دریا کی مثل ہے پرندے فضا میں اڑتے ہیں اور اس میں اپنے پروں کے ساتھ تیرتے ہیں جس طرح سمندر کے حیوانات پانی میں تیرتے ہیں اور جس طرح تیز ہوا کے وقت سمندر میں موجیں اٹھتی ہیں اسی طرح آندھی چلتی ہے تو اس ہوا کی لہریں بھی اٹھتی ہیں جب اللہ تعالیٰ ہوا کو حرکت

دے کر اسے تیز خوفناک بنا دیتا ہے پس اگر چاہے تو اسے بارش سے پہلے خوشخبری بنا دے جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ ۔ (۱) اور ہم نے بارش لانے والی ہوائیں بھیجیں۔

اس صورت میں ہوا میں اس کی روح حیوانات اور سبزیوں سے مل جاتی ہے اور ان کو بڑھنے کے لیے تیار کر دیتی ہے۔

اور اگر وہ چاہے تو اسے اپنی مخلوق میں سے نافرمان لوگوں کے لیے عذاب بنا دیتا ہے جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّا اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ تَنْزِعُ النَّاسَ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ (۲) ہم نے ان پر تند و تیز آندھی بھیجی ایک دائمی نحوست کے دن وہ لوگوں کو اکھاڑ کر پھینک دیتی ہے گویا وہ اکھڑی ہوئی کھجور کے سوکھے تنے ہیں۔

پھر ہوا کی نزاکت اور اس کے بعد اس کی شدت اور قوت کو دیکھو کہ بعض اوقات پانی پر غالب آجاتی ہے اگر کسی مشکیزے میں ہوا ہو پھر کوئی مضبوط آدمی اس پر سوار ہو جائے کہ اسے پانی میں ڈبو دے تو وہ ایسا نہیں کر سکتا۔ اور اگر سخت لوہے کو پانی پر رکھیں تو وہ اس کے اندر چلا جاتا ہے تو دیکھو کس طرح ہوا باوجود اس کے لطیف ہونے کے اپنی طاقت کی وجہ سے پانی سے رک جاتی ہے اسی حکمت کے تحت اللہ تعالیٰ کشتیوں کو پانی کے اوپر روکتا ہے اسی طرح ہر وہ چیز جو اندر سے خالی ہو اور اس میں ہوا ہو وہ پانی میں نہیں ڈوبتی کیوں کہ اس کے اندر کی ہوا اسے پانی میں ڈوبنے سے روکتی ہے اور وہ کشتی کی اندر والی سطح سے جدا نہیں ہوتی اور یوں باوجود بھاری ہونے کے کشتی لطیف ہوا میں معلق رہتی ہے حالانکہ وہ مضبوط اور سخت بھی ہوتی ہے جس طرح کوئی شخص کنویں میں گرنے سے محفوظ ہے اسی طرح کشتی بھی اپنی خالی جگہ کے ذریعے مضبوط ہوا کے دامن کو پکڑ لیتی ہے حتیٰ کہ وہ ڈوبنے سے بچ جاتی ہے۔

تو وہ ذات پاک ہے جس نے ایک مرکب بھاری چیز کو لطیف اور نازک ہوا میں بغیر کسی بندھن کے ٹھہرایا نہ تو اس کا کوئی بندھن نظر آتا ہے روا نہ ہی کوئی گرہ باندھی جاتی ہے۔

پھر فضا کے عجائب اور اس میں جو بادل، کڑک، بجلی بارش، برف، ٹوٹنے والے ستارے اور گرج وغیرہ ہے اس کو دیکھو یہ آسمان و زمین کے درمیان عجائب ہیں قرآن پاک نے ان سب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ۔ (۳) اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، کھیل تماشہ نہیں بنایا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورہ حجر آیت ۲۲

(۲) قرآن مجید، سورہ قمر آیت ۱۹، ۲۰ (۳) قرآن مجید، سورۃ الدخان آیت ۳۸

یہی فضا (مذکورہ بالا) زمین و آسمان کے درمیان ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مختلف مقامات پر اس کی تفصیل کی طرف اشارہ فرمایا۔ ارشاد خداوندی ہے۔

وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ۔ (۱) اور بادل جو آسمان و زمین کے درمیان مسخر ہیں۔

اور دوسری آیات میں کڑک، بجلی، بادل اور بارش کا بھی ذکر فرمایا اگر تم ان سب چیزوں کو دیکھ نہیں سکتے تو بارش کو اپنی نگاہوں سے دیکھتے ہو کڑک اور گرج کو اپنے کانوں سے سنتے ہو اور اس معرفت میں جانور بھی تمہارے ساتھ شریک ہیں تو تمہیں جانوروں کی پستی سے عالم بالا کی طرف بلند ہونا چاہیئے یعنی جب تمہاری آنکھیں کھلی ہیں اور تم نے ان میں سے ظاہر کا ادراک کر لیا تو اپنی باطنی بصیرت اس کے باطنی عجائب اور اسرار کو دیکھو اور ظاہری آنکھ بند کر دو۔

یہ باب بھی ایسا ہے جس میں فکر بہت زیادہ ہے کیوں کہ اس کا شمار نہیں ہو سکتا تو اندھیرے اور کثیف بادلوں کو ہی دیکھ لو وہ صاف فضا میں جہاں کوئی آلودگی نہیں ہوتی، جمع ہوتے ہیں اور کس طرح اللہ تعالیٰ ان کو پیدا کرتا ہے جب چاہتا ہے وہ باوجود اپنی نرمی کے بھاری پانی کو اٹھاتے ہیں اور اسے فضا میں لیے پھرتا ہے یہاں تک کہ جب اللہ تعالیٰ اسے پانی چھوڑنے کی اجازت دیتا ہے اور پانی کے قطرے اس مقدار میں جو اللہ تعالیٰ کی مراد ہوتی ہے اور جس شکل میں اللہ تعالیٰ چاہتا ہے برساتا ہے تو دیکھو بادل زمین پر پانی کا چھڑکاؤ کرتا ہے اور قطرے چھوڑتا ہے جو ایک دوسرے سے جدا ہوتے ہیں لیکن نہ تو ان میں کوئی امتیاز ہو سکتا ہے اور نہ ہی وہ ایک دوسرے سے ملتے ہیں۔ بلکہ ہر قطرہ اس راستے سے اترتا ہے جو اس کے لیے مقرر ہے اس سے ادھر ادھر نہیں ہوتا پیچھے آنے والا قطرہ آگے اور آگے آنے والا قطرہ پیچھے نہیں ہوتا حتیٰ کہ زمین پر وہ ایک ایک قطرے کی صورت میں اترتے ہیں۔

اگر پہلے اور پچھلے تمام لوگ ایک قطرہ پیدا کرنے یا ان قطروں کی تعداد معلوم کرنے پر جمع ہو جائیں جو ایک شہر یا ایک بستی میں اترتے ہیں تو تمام انسان اور جن اس حساب سے عاجز ہو جائیں ان کی تعداد کو وہی جانتا ہے جس نے ان کو پیدا کیا پھر ان میں سے ہر قطرہ زمین کی ایک ایک جزو کے لیے اور اسی طرح اس میں پائے جانے والے ہر حیوان کے لیے وہ پرندہ ہو، جنگلی جانور ہو، کیڑے مکوڑے ہوں یا جانور، سب کے لیے مقرر ہے ہر قطرے پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے لکھا ہوا کہ یہ فلاں کیڑے کے لیے ہے جو فلاں پہاڑ میں ہے اور یہ تحریر ظاہر آنکھ سے نظر نہیں آتی اور یہ قطرہ اسے اس وقت پہنچے گا جب وہ پیاسا ہو گا۔

اس لطیف پانی سے سخت اولے اور برف جو روئی کے گالوں کی طرح بنتی ہے وہ الگ عجائبات ہیں اور یہ عجائبات شمار سے باہر ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید سورۃ البقرہ آیت ۱۶۴

یہ سب کچھ جبار، قادر ذات کے فضل وکرم اور قاہر خالق کے قہر کا کرشمہ ہے اس کی مخلوق میں سے کوئی بھی اس کے ساتھ نہ شریک ہے اور نہ اس کا کوئی دخل ہے بلکہ اس کی مخلوق میں سے جو لوگ مومن ہیں وہ تو اس کے جلال اور عظمت کے سامنے جھکتے ہیں جب کہ منکر اندھے لوگ اس کی کیفیت سے جاہل ہیں اور اس کے سبب اور علت کے سلسلے میں تخمینے اور اندازے لگاتے رہتے ہیں۔

تو ایک جاہل اور مغرور شخص کہتا ہے کہ پانی اس لیے گرتا ہے کہ وہ طبعی طور پر ثقیل ہے یہی اس کے نزول کا سبب ہے اور اس کا خیال یہ ہے کہ یہ معرفت اس کے لیے منکشف ہوئی ہے اور وہ اس پر خوش ہوتا ہے اور اگر اس سے پوچھا جائے کہ طبعی کا کیا مفہوم ہے؟ اور طبیعت (فطرت) کو کس نے پیدا کیا؟ اور کس نے اس پانی کو پیدا کیا جس کی طبیعت میں بھاری پن ہے اور کس نے اس پانی کو جو درختوں کی جڑوں میں پہنچتا ہے، ٹہنیوں کے اوپر تک پہنچایا حالانکہ وہ ثقیل ہے؟ کس طرح یہ پانی نیچے تک اترا اور پھر درختوں کے اندر سے تھوڑا تھوڑا کر کے اوپر کی طرف جاتا ہے اور وہ کسی کو دکھائی بھی نہیں دیتا حتیٰ کہ وہ پتوں کے کناروں تک پھیل جاتا ہے اور یوں ہر پتے کا ہر جزو خوراک حاصل کرتا ہے اور وہ ان رگوں کے ذریعے جاتا ہے جو بال کی طرح باریک ہیں اور پھر اس سے وہ رگ سیراب ہوتی ہے جو پتے کی اصل ہے پھر یہ پانی اس بڑی رگ سے جو پتے کی لمبائی میں پھیلی ہوئی ہے چھوٹی رگوں کی طرف چلتا ہے گویا وہ بڑی رگ ایک نہر ہے اور اس سے چھوٹی چھوٹی نہریں نکلتی ہیں پھر ان چھوٹی رگوں سے نالیاں نکلتی ہیں پھر ان سے مکڑی کے جال کے باریک دھاگوں کی طرح دھاگے نکلتے ہیں نگاہ کو ان کا ادراک نہیں ہو سکتا حتیٰ کہ وہ پتے کی تمام چوڑائی میں پھیل جاتے ہیں اور پانی ان کے اندر پتے کے تمام اجزا تک پہنچتا ہے تاکہ ان کو غذا مہیا کرے، ان کو بڑھائے اور زینت دے نیز ان کی تازگی اور رطوبت باقی رہے پھلوں کے تمام اجزا کا معاملہ بھی اسی طرح ہے۔

اگر پانی اپنی فطرت کے مطابق نیچے کی طرف حرکت کرتا ہے تو اوپر کی طرف اس کی حرکت کس طرح ہوتی ہے اور اگر کسی جذب کرنے والے کے جذب کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے تو اس جاذب کو کس نے مسخر کیا اور اگر آخر کار معاملہ آسمانوں اور زمین کے خالق اور ملک و ملکوت کے جبار کی طرف لوٹتا ہے تو پہلے مرحلے میں اس کی طرف منسوب کیوں نہیں ہوتا تو جاہل کی انتہا، عاقل کی ابتدا ہے۔

اس کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اور ستارے ہیں اور اصل یہی ہیں تو جو شخص تمام باتوں کا ادراک کرے لیکن وہ آسمانوں کے عجائب سے بے خبر رہے تو حقیقت یہ ہے کہ وہ سب سے بے خبر رہا۔

تو زمین، سمندر، ہوا اور آسمانوں کے علاوہ باقی تمام اجسام آسمانوں کی نسبت اس طرح ہیں جیسے سمندر کا چھوٹا سا قطرہ ہوتا ہے پھر دیکھو کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں آسمانوں اور ستاروں کے معاملے کو کس قدر عظیم قرار دیا۔

ہر سورت اس کی بڑائی پر مشتمل ہے اور قرآن پاک میں کتنے ہی مقامات پر ان کی قسم کھائی گئی ہے۔

جیسے ارشاد خداوندی ہے۔

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ۔ (۱)

اور برجوں والے آسمان کی قسم۔

اور فرمایا۔

وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ۔ (۲)

قسم ہے آسمان کی اور رات کو اترنے والے کی

نیز ارشاد فرمایا۔

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْحُبُكِ۔ (۳)

قسم ہے آسمان کی جس کے راستے ہیں

ارشاد ہوا۔

وَالسَّمَاءِ وَمَا بَنَاهَا (۴)

قسم ہے آسمان کی جس نے اسے بنایا۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا وَالْقَمَرِ إِذَا تَلَاهَا۔ (۵)

قسم ہے سورج اور اس کی دھوپ کی اور چاند کی جب وہ اس (سورج) کے بعد آتا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ۔ (۶)

پھر میں قسم کھاتا ہوں پیچھے ہٹ جانے والے تاروں کی اور (قسم کھاتا ہوں) سیدھے چلنے والے رک کے رہنے والے تاروں کی

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَىٰ۔ (۷)

قسم ہے اس (تابندہ) ستارے کی جب نیچے آئے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ البروج آیت ۱

(۲) قرآن مجید، سورۃ الطارق آیت ۱

(۳) قرآن مجید، سورۃ الذاریات آیت ۷

(۴) قرآن مجید، سورۃ والشمس آیت ۵

(۵) قرآن مجید، سورۃ والشمس آیت ۱، ۲

(۶) قرآن مجید، سورۃ التکویر آیت ۱۵

(۷) قرآن مجید، سورۃ النجم آیت ۱

فَلَا اُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُوْمِ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ۔ (۱)

پس میں قسم کھاتا ہوں ان جگہوں کی جہاں تارے ڈوبتے ہیں اگر تم سمجھو تو یہ بہت بڑی قسم ہے۔

اور تم جانتے کہ ناپاک نطفے کے عجائبات کی معرفت سے پہلے اور پچھلے تمام لوگ عاجز ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اس کی قسم نہیں اٹھائی اور جن کی قسم اٹھائی ہے ان کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟ نیز رزق کی نسبت ان کی طرف فرمائی ہے ارشاد خداوندی ہے۔

وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ۔ (۲)

اور آسمان میں تمہارا رزق ہے اور جس چیز کا تم سے وعدہ کیا گیا۔

اور اس سلسلے میں غور و فکر کرنے والوں کی یوں تعریف فرمائی۔

وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ (۳)

اور وہ آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں غور و فکر کرتے ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

وَيْلٌ لِمَنْ قَرَأَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ ثُمَّ مَسَحَ بِهَا سَبَلَتَهٗ (۴)

اس شخص کے لیے خرابی ہے جو اس آیت کو پڑھے پھر اپنی مونچھوں پر ہاتھ پھیرے (یعنی غور و فکر کے بغیر آگے بڑھ جائے)

اور اس سے منہ پھیرنے والوں کی مذمت کرتے ہوئے فرمایا۔

ارشاد خداوندی ہے۔

وَجَعَلْنَا السَّمَاءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا وَّهُمْ عَنْ اٰيَاتِهَا مُعْرِضُوْنَ۔ (۵)

اور ہم نے آسمان کو محفوظ چھت بنایا اور وہ لوگ ہماری آیات سے منہ پھیرتے ہیں۔

تو تمام سمندروں اور زمین کو آسمان سے کیا نسبت ہے اور یہ عنقریب بدلنے والے ہیں اور آسمان نہایت مضبوط اور سخت ہے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ الواقعہ آیت ۷۵، ۷۶

(۲) قرآن مجید، سورۂ الذاریات آیت ۲۲

(۳) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۹۱

(۴) تذکرۃ الموضوعات ص ۷۱ باب فضل القرآن

(۵) قرآن مجید، سورۂ انبیاء آیت ۳۲

جب تک اس کا وقت مقرر پورا نہیں ہوتا وہ تغیر و تبدل سے محفوظ ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اس کو محفوظ قرار دیا ہے۔
اور ارشاد فرمایا۔

وَجَعَلْنَا السَّمَاءَ سَقْفًا مَّحْفُوظًا۔ (۱) — اور ہم نے آسمان کو محفوظ چھت بنایا۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا۔ (۲) — اور ہم نے تمہارے اوپر سات سخت (آسمان) بنائے۔

اور یہ بھی ارشاد فرمایا۔

أَأَنتُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمِ السَّمَاءُ بَنَاهَا رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوَّاهَا۔ (۳) — کیا تمہیں پیدا کرنا زیادہ مشکل ہے یا آسمان کا پیدا کرنا اس کی چھت اونچی رکھی اور اسے برابر کیا۔

تو ملکوت (آسمانی بادشاہت) کو دیکھو تاکہ تمہیں جبروت کے عجائب نظر آئیں۔ اور ملکوت کو دیکھنے کا مطلب اس کی طرف نگاہ اٹھانا نہیں ہے کہ تم آسمان کا نیلا رنگ ستاروں کی روشنی اور ان کا متفرق ہونا دیکھو۔ اس طرح دیکھنے میں تو انسان کے ساتھ جانور بھی شریک ہیں۔ اگر یہی دیکھنا مقصود ہوتا تو اللہ تعالیٰ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی یوں تعریف نہ کرتا۔
ارشاد خداوندی ہے۔

وَكَذَٰلِكَ نُرِي إِبْرَاهِيمَ مَلَكُوتَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ۔ (۴) — اور اسی طرح ہم حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آسمانوں اور زمینوں کی بادشاہیاں دکھاتے ہیں۔ (مخفی حقائق مراد ہیں)

نہیں بلکہ جو کچھ ظاہری آنکھ سے دیکھا جاتا ہے قرآن پاک اسے مُلک اور شہادت کے الفاظ سے تعبیر کرتا ہے اور جو کچھ آنکھوں سے پوشیدہ ہے اسے غیب اور ملکوت کہا جاتا ہے اللہ تعالیٰ غیب اور ظاہر سب کچھ جاننے والا ہے اور وہ ملک اور ملکوت دونوں کا بادشاہ ہے اس کے علم سے کسی کو کچھ حاصل ہوتا ہے تو صرف اس کے چاہنے سے ہوتا ہے
ارشاد خداوندی ہے۔

عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلَىٰ غَيْبِهِ — وہ غیب کا علم رکھتا ہے وہ اپنے غیب پر سوائے اپنے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ انبیاء آیت ۳۲
(۲) قرآن مجید، سورۃ النباء آیت ۱۲
(۳) قرآن مجید، سورۂ النازعات آیت ۲۷، ۲۸
(۴) قرآن مجید، سورۂ انعام آیت ۷۵

اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ۔ (۱) منتخب رسولوں کے کسی کو مطلع نہیں کرتا۔
(یعنی رسولوں میں سے جس کو چاہے جتنا چاہے غیب کا علم دے یہ علم غیب عطائی ہے جو اللہ تعالیٰ کی عطا سے انبیاء و رسل کو ملتا ہے یہی اہل سنت وجماعت کا عقیدہ ہے ۱۲ ہزاروی)

تو اے عقل مند انسان! تو ملکوت میں خوب غور وفکر کرتا کہ تیرے لیے آسمان کے دروازے کھل جائیں اور تیرا دل اس کے کناروں میں دوڑ لگائے اور پھر یہ دل رحمٰن کے عرش کے سامنے کھڑا ہو جائے اس وقت امید ہے کہ تجھے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا مقام حاصل ہو جائے انہوں نے فرمایا "میرے دل نے میرے رب کو دیکھا" اور اس کی وجہ یہ ہے کہ دور تک آدمی تب ہی پہنچتا ہے جب قریب کے ساتھ تعلق قائم کرے اور تیرا نفس تجھ سے زیادہ قریب ہے پھر زمین جو تیرا ٹھکانہ ہے پھر ہوا جو تجھے گھیرے ہوئے ہے پھر سبزیاں اور حیوان اور جو کچھ زمین کے اوپر ہے، پھر فضا کے عجائب اور جو کچھ آسمان اور زمین کے درمیان ہے پھر ستاروں سمیت ساتوں آسمان پھر کرسی اور پھر عرش پھر عرش کو اٹھانے والے فرشتے اور آسمانوں کے خازن ہیں۔ اس کے بعد عرش، کرسی، آسمانوں زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے ان سب کے رب کی طرف نظر کرو تو تمہارے اور اس ذات کے درمیان بہت گھاٹیاں ہیں اور بہت زیادہ مسافت ہے ابھی تو تم قریب والی گھاٹی یعنی اپنے ظاہر نفس کی معرفت سے فارغ نہیں ہوئے اور تمہیں حیا نہیں آتا کہ تم اپنے رب کی معرفت کا دعویٰ کرتے ہو اور کہتے ہیں کہ میں نے اسے بھی پہچان لیا اور اس کی مخلوق کو بھی لہٰذا میں کس میں غور وفکر کروں اور کیا دیکھوں۔

اب اپنے سر کو آسمان کی طرف اٹھاؤ اور اسے اور اس میں موجود ستاروں کو دیکھو، ان کی گردش اور طلوع وغروب کو دیکھو شمس وقمر اور ان سے طلوع وغروب کے مختلف مقامات کو دیکھو نیز یہ کہ وہ ہمیشہ حرکت میں ہیں لیکن ان کی حرکت میں کوئی خرابی پیدا نہیں ہوتی اور نہ ان کی چال میں کوئی تبدیلی آتی ہے بلکہ وہ تمام ایک خاص مقدار سے اپنی منازل میں چلتے ہیں نہ اس مقدار میں اضافہ ہوتا ہے اور نہ ہی کمی واقع ہوتی ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ان سب کو یوں لپیٹ دے گا جس طرح تحریر کو لپیٹ دیا جاتا ہے۔

ستاروں کی تعداد، ان کی کثرت اور ان کے رنگوں کے اختلاف کو دیکھو ان میں سے بعض سرخی مائل ہیں، کچھ سفیدی مائل اور بعض کا رنگ سیسے کے رنگ کی طرح ہے پھر ان کی شکلوں کی کیفیت کو دیکھو ان میں سے بعض بچھو کی صورت میں بعض بکری کے بچے کی شکل میں کچھ بیل، کچھ شیر اور بعض انسان کی شکل میں ہیں۔

زمین میں جس قدر صورتیں ہیں آسمان میں ان کی مثال موجود ہے۔ پھر سورج کے چلنے کو دیکھو کہ وہ اپنے فلک میں ایک سال چلتا ہے پھر یہ کہ یہ ہر روز طلوع بھی ہوتا ہے اور غروب بھی اور یہ الگ چال ہے جو اس کے خالق نے اس کے لیے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ جن آیت ۲۶

مسخر کی ہے اگر یہ طلوع و غروب نہ ہو تو دن رات کا امتیاز کیسے ہوتا اور اوقات کی پہچان کی کیا صورت ہوتی نیز یا تو ہمیشہ اندھیرا ہوتا یا مسلسل روشنی ہی ہوتی اور یوں کام کاج کا وقت، آرام کے وقت سے ممتاز نہ ہوتا۔

تو دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ نے رات کو لباس، سونے کو آرام اور دن کو کاروبار وغیرہ کے لیے بنایا پھر رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل کیا دیکھو اور اس پر بھی غور کرو کہ ایک مخصوص ترتیب کے ساتھ دن اور رات گھٹتے بڑھتے ہیں۔ اور اس پر بھی غور و فکر کرو کہ سورج کو آسمان کے درمیان میں کس طرح جھکایا گیا کہ اس کی وجہ سے گرمی، سردی، بہار اور خزاں کے موسم پیدا ہوتے ہیں۔ جب سورج آسمان کے درمیان سے ڈھل جاتا ہے تو ہوا ٹھنڈی ہو جاتی ہے اور سردیوں کا موسم ظاہر ہو جاتا ہے اور جب وہ آسمان کے درمیان میں ٹھہر جاتا ہے تو سخت گرمی ہوتی ہے اور جب ان دونوں کے درمیان ہوتا ہے تو زمانے میں اعتدال آجاتا ہے۔

آسمان کے عجائب اتنے ہیں کہ ان کے اجزاء میں سے ایک جزء کا عشرِ عشیر بھی بیان کرنے کی امید نہیں کی جا سکتی تو یہ صرف غور و فکر کے طریقے سے آگاہی ہے۔

خلاصہ یہ ہوا کہ تمہارا اعتقاد یوں ہونا چاہیے کہ ہر ستارے کی تخلیق میں اللہ تعالیٰ کی بے شمار حکمتیں ہیں پھر اس کی مقدار، اس کی شکل، اس کے رنگ اور پھر اس کو آسمان میں رکھنے خطِ استواء کے قریب اور دور رکھنے، دوسرے ستاروں سے اس کے قرب و بُعد میں بے شمار حکمتیں ہیں جو کچھ ہم انسانی بدن کے بارے میں ذکر کیا اسے بھی اس پر قیاس کر لو۔ کیوں کہ ہر جزء میں کوئی نہ کوئی حکمت ہے بلکہ بے شمار حکمتیں ہیں اور آسمان کا معاملہ اس سے بھی بڑا ہے بلکہ عالم زمین کو عالم آسمان سے کوئی نسبت نہیں نہ تو جسمانی بڑائی میں اور نہ ہی معانی کی کثرت میں — معانی کی کثرت میں ان دونوں کے فرق کو اس طرح جانو جس طرح زمین اور اسی کی بڑائی کے درمیان فرق ہے اور تم جانتے ہو کہ زمین کتنی بڑی ہے اور اس کے کنارے کتنے وسیع ہیں انسان اس کے گرد پھرنے پر قادر نہیں ہے۔

ناظرین اس بات پر متفق ہیں کہ آسمان ایک سو ساٹھ سے اوپر زمینوں کے برابر ہے اور حدیث شریف میں بھی اس کی عظمت پر دلالت پائی جاتی ہے (۱)

پھر ستاروں کو دیکھو جو تمہیں چھوٹے معلوم ہوتے ہیں لیکن ان میں سے سب سے چھوٹا ستارہ زمین سے آٹھ گنا بڑا ہے جب کہ سب سے بڑا ستارہ زمین سے ایک سو بیس گنا بڑا ہے اسی سے ان کی بلندی اور دوری کا علم ہوتا ہے کیوں کہ دور ہونے کی وجہ سے وہ چھوٹے معلوم ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اس کی دوری کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔

رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوَّاهَا۔ (۲) اللہ تعالیٰ نے ان کی بلندی کو اٹھایا اور پھر ان کو برابر کیا۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۲۰۷ مرویات عبداللہ بن عمر

(۲) قرآن مجید، سورۃ النازعات آیت ۲۸

اور حدیث شریف میں ہے کہ ہر دو آسمانوں کے درمیان پانچ سو سال کی مسافت ہے (۱) تو جب ایک ستارہ زمین سے کئی گنا بڑا ہے تو ستاروں کی کثرت کو دیکھو پھر اس آسمان کو دیکھو جس میں یہ ستارے جڑے ہوئے ہیں نیز اس کی عظمت کو دیکھو علاوہ ازیں ان کی تیز حرکت پر غور کرو حالانکہ تمہیں ان کی حرکت کا احساس نہیں ہوتا تیزی کا ادراک تو بعد کی بات ہے لیکن اس میں شک نہیں کہ آسمان ایک لحظہ میں ایک ستارے کی چوڑائی کے برابر چلتا ہے کیوں کہ ستارے کے ایک کنارے کے طلوع سے پورے ستارے کے طلوع تک ایک لحظہ ہے اور یہ ستارہ زمین سے ایک سو گنا سے بھی بڑا ہے اور یہ ہمیشہ اسی طرح چلتا ہے لیکن تمہیں پتہ نہیں چلتا۔

دیکھو حضرت جبریل علیہ السلام نے سورج کی رفتار کی جلدی کو کس طرح بیان کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا سورج ڈھل گیا؟

انہوں نے عرض کیا "نہیں، ہاں" آپ نے فرمایا تم نے "نہیں اور ہاں" کیسے کہہ دیا حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا جب میں نے نہیں کہا تو اس کے بعد ہاں کہنے تک سورج نے پانچ سو سال کا راستہ طے کر لیا (۲) تو اس کے بہت بڑے جسم اور حرکت کی تیزی کو دیکھو پھر حکمت والے خالق کی قدرت کو دیکھو کہ اس کے اطراف کی وسعت کے باوجود آنکھ کی چھوٹی سی پتلی میں اس کی صورت کو قائم کر دیا حتی کہ تم زمین پر بیٹھے ہوئے اپنی آنکھیں کھولتے ہو اور پورے کا پورا سورج دیکھ لیتے ہو۔

تو ہم اس آسمان کی عظمت اور ستاروں کی کثرت کو نہیں دیکھتے بلکہ ہم ان کے خالق کو دیکھتے ہیں کہ اس نے ان کو کس طرح پیدا فرمایا پھر کسی ستون کے بغیر جو دکھائی دے، ان کو ٹھہرایا کسی چیز کے ساتھ یہ بندھے ہوئے بھی نہیں ہیں تمام جہان ایک گھر کی طرح ہے اور آسمان اس کی چھت ہے تو تم پر تعجب ہے کہ تم کسی دولت مند آدمی کے گھر میں داخل ہوتے ہو اور دیکھتے ہو کہ وہ مختلف رنگوں سے منقش ہے، اور سنہرے کام سے آراستہ ہے تو تمہارا تعجب ختم نہیں ہوتا تم مسلسل اس کا تذکرہ کرتے ہو زندگی بھر اس کے حسن کی تعریف کرتے ہو اور ہمیشہ اس عظیم گھر کو دیکھتے ہو اس کی زمین، اس کی چھت، اس کی ہوا، اس کے عجیب و غریب سامان، عمدہ حیوانات اور طرح طرح کے نقوش پر تمہاری نظر پڑتی ہے پھر تم اس کے بارے میں گفتگو نہیں کرتے اور نہ ہی اس کی طرف تمہارا دل متوجہ ہوتا ہے تو یہ گھر اس دنیوی گھر سے ہلکا تو نہیں ہے کہ تم اس کی صفت کرتے ہو اور اس کے بارے میں کچھ نہیں کہتے بلکہ یہ دنیوی مکان تو زمین کی ایک جز ہے جو اس تمام کائنات پر محیط عالیشان گھر کی ایک حقیر جز ہے لیکن اس کے باوجود تم اس گھر میں غور و فکر نہیں کرتے اس کی وجہ

(۱) العلل المتناہیہ جلد اول ص ۸ حدیث ۵

(۲) الفوائد المجموعۃ ص ۵۱ ۴ کتاب الصفات۔

صرف یہی ہے کہ وہ تمہارے رب کا گھر ہے اسی نے اسے بنایا اور ترتیب دی اور تم اپنے آپ کو، اپنے رب کو اور اپنے رب کے گھر کو بھلا چکے ہو اور اپنے پیٹ اور شرمگاہ (کی خواہشات کی تکمیل) میں مشغول ہو تمہیں شہوت اور ناموری کے علاوہ کسی بات کی فکر ہی نہیں ہے اور تمہاری انتہائی درجہ کی خواہش یہی ہے کہ تم اپنے پیٹ کو بھرو حالاں کہ تم جانوروں کی خوراک کا دسواں حصہ بھی نہیں کھا سکتے تو گویا جانور تم سے دس درجے اوپر ہیں اور تمہاری انتہائی ناموری یہ ہے کہ دس یا سو آدمی تمہارے پاس جمع ہو کر تمہاری تعریف کریں اور اپنے دل کی خرابی کو تم سے چھپائے رکھیں جو تمہارے بارے میں ہے اور اگر بالفرض وہ تمہاری تعریف میں سچے بھی ہوں تو بھی تمہارے لیے یا اپنے لیے کسی قسم کے نفع و نقصان کے مالک نہیں ہیں موت، زندگی اور قیامت کے دن اٹھنا یہ سب کچھ ان کے ہاتھ میں نہیں ہے تمہارے شہر میں یہودی اور عیسائی ہوں گے جن کی دولت اور رتبہ تمہارے مرتبہ سے زیادہ ہوگا اور تم آسمانوں اور زمین کی ملکوت (خفیہ عجائب) میں غور و فکر سے غافل ہو پھر تم ملک و ملکوت کے مالک کے جلال میں غور و فکر سے لطف اندوز ہونے سے غافل ہو۔

تم اور تمہاری عقل کی مثال اس چیونٹی کی طرح ہے جو ایسے عالی شان مکان میں اپنا سوراخ کھودے جس کی بنیادیں مضبوط اور عمارت بلند ہو ستون پکے ہوں اس میں لونڈیاں اور غلام ہوں بادشاہ کے اس محل میں طرح طرح کی نفیس چیزوں کے ڈھیر ہوں جب وہ چیونٹی اس سوراخ سے نکلے اور دوسری چیونٹی سے ملے تو اگر وہ گفتگو کر سکتی ہو تو صرف اپنے سوراخ اور اپنی غذا کے بارے میں ہی گفتگو کرے اور بتائے کہ اس نے اسے کس طرح جمع کیا ہے۔

جب کہ اس محل اور اس میں رہنے والے بادشاہ کے بارے میں کچھ نہ کہے اور نہ ہی اس کے بارے میں کچھ غور و فکر کرے بلکہ وہ اپنے آپ کو اپنی غذا اور اپنے گھر کو دیکھنے کے علاوہ کسی کو بھی نہ دیکھے۔ تو جس طرح چیونٹی اس محل، اس کی زمین، اس کی چھت، دیواروں اور تمام عمارت سے غافل ہے بلکہ اس عمارت میں رہنے والوں سے بھی غافل ہے اسی طرح تم بھی اللہ تعالیٰ کے گھر سے اور اس کے فرشتوں سے جو اس کے آسمانوں میں رہتے ہیں، غافل ہو تم آسمان کے بارے میں اتنی ہی پہچان رکھتے ہو جتنی چیونٹی کو تمہارے گھر کی چھت کی پہچان ہے اور فرشتوں کو تم اسی قدر پہچانتے ہو جس قدر چیونٹی تمہیں اور تمہارے گھر کے عجائب کی پہچان سے عاجز ہے جب کہ تمہیں اس بات کی قدرت حاصل ہے کہ ملکوت میں غور کرو اور اس سے ان عجائب کی پہچان حاصل کرو جن سے لوگ غافل ہیں۔

اب ہم قلم کی لگام اس کلام سے پھیرتے ہیں کیوں کہ اس میدان کی کوئی انتہا نہیں ہے اگر ہم بہت بڑی بڑی عمریں صرف کریں تب بھی ہم اس معرفت کی تشریح نہیں کر سکتے جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں عطا فرمائی ہے ہمیں جس قدر معرفت حاصل ہے وہ علماء کرام اور اولیاء عظام کی معرفت کے مقابلے میں بہت قلیل ہے اور ان کو جو معرفت حاصل ہے وہ انبیاء کرام علیہم السلام کو حاصل ہونے والی معرفت کے مقابلے میں بہت کم ہے اور ان تمام انبیاء کرام کی معرفت، ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت سے قلیل ہے اور تمام انبیاء کرام کی معرفت مقرب فرشتوں کو حاصل معرفت کے مقابلے میں کم ہے

اور مقرب فرشتے جیسے حضرت جبریل اور حضرت اسرافیل علیہما السلام اور دوسرے فرشتے ہیں۔

اور اگر تمام فرشتوں، جنوں اور انسانوں کے تمام علوم کی نسبت اللہ تعالیٰ کے علم کی طرف کی جائے تو ان سب کے علم کو علم بھی نہیں کہہ سکتے بلکہ اسے مدہوشی، حیرت، قصور اور عاجزی کہنا زیادہ بہتر ہوگا وہ ذات پاک ہے جس نے اپنے بندوں کو معرفت عطا کی جس قدر عطا فرمائی پھر ان سب کو خطاب کر کے فرمایا۔

وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا (۱) اور تمہیں بہت کم علم دیا گیا ہے۔

یہ ان طریقوں کا بیان ہے جن میں غور و فکر کیا جا سکتا ہے جب فکر کرنے والے مخلوقِ خدا میں فکر کریں اس میں ذات خداوندی میں فکر شامل نہیں ہے۔ لیکن یہ بات یقینی ہے کہ مخلوق میں غور و فکر سے خالق کی معرفت حاصل ہوتی ہے اور اس کی عظمت، جلال اور قدرت کا علم حاصل ہوتا ہے۔ اور جس قدر صنعت خداوندی کی معرفت زیادہ حاصل ہوگی اس کے جلال اور عظمت کی معرفت اتنی ہی مکمل ہوگی یہ ایسے ہی ہے جیسے تم کسی عالم کے علم کی معرفت حاصل کر کے اس کی تعظیم کرتے ہو، اور جب مسلسل اس کی عجیب سے عجیب تر تصنیف یا اشعار پر تمہیں اطلاع ہوتی ہے تو اس سے اس کی معرفت میں اضافہ ہوتا ہے اور اس کے حسن سے اس عالم کی عزت و توقیر بھی بڑھ جاتی ہے حتیٰ کہ اس کا ہر کلمہ اور اس کے اشعار کا ہر بیت جو تمہیں بھلا معلوم ہوتا ہے تمہارے دل میں اسے جگہ دیتا ہے اور تمہارے نزدیک وہ قابلِ تعظیم ٹھہرتا ہے۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ کی مخلوق اور اس کی تصنیف و تالیف میں غور کرنے کا معاملہ ہے اللہ تعالیٰ کی جتنی مخلوق موجود ہے وہ سب اسی کی تصنیف ہے اور اس میں غور و فکر کی کوئی انتہا نہیں ہے اس میں سے ہر بندے کو وہی کچھ ملتا ہے جو اس کے مقدر میں ہے لہٰذا جو کچھ ہم نے لکھا ہے ہم اسی پر اکتفا کرتے ہیں اور ہم نے شکر کے بیان میں جو تفصیل بیان کی ہے اسے بھی اس کے ساتھ ملاتے ہیں جب ہم اُس بیان میں غور کرتے ہیں تو اس کی صورت یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا فعل ہے اور اس نے ہم پر احسان کیا اور جب اس بیان پر نظر دوڑاتے ہیں تو اس کا مقصد محض یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے افعال اس طرح ہیں ہم جن امور پر غور کرتے ہیں ان پر ایک فلسفی بھی غور کرتا ہے لیکن اس کا غور و فکر گمراہی اور بدبختی کا سبب بنتا ہے اور جسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے توفیق دی گئی ہے اس کا غور و فکر کرنا اس کی ہدایت اور سعادت کا باعث ہوتا ہے زمین و آسمان میں جتنے ذرے ہیں وہ گمراہی کا سبب بھی ہیں اور ہدایت کا سامان بھی۔ جو شخص ان امور میں اس نیت سے غور کرتا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا فعل اور صنعت ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کے جلال اور عظمت کی معرفت حاصل ہوتی ہے اور وہ اس کے ذریعے ہدایت حاصل کرتا ہے اور جو شخص کوتاہ نظری سے غور کرتا ہے اور یوں خیال کرتا ہے کہ یہ سب چیزیں ایک دوسرے پر تاثیر کرتی ہیں اس انداز میں غور نہیں کرتا کہ یہ سب مسبب الاسباب کے ساتھ تعلق رکھتی ہیں تو

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ اسراء آیت ۸۵

وہ بدبخت ہے اور تباہی کی طرف جاتا ہے ہم گمراہی سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں اور اس سے سوال کرتے ہیں کہ وہ اپنے فضل وکرم اور جُود ورحمت سے ہمیں جاہلوں کی طرح بھٹکنے سے محفوظ رکھے ـــــ نجات دینے والے امور میں سے نواں بیان مکمل ہوا اس کے بعد موت اور اس کے بعد کے واقعات کا ذکر ہوگا اور یوں یہ کتاب مکمل ہو جائے گی اللہ تعالیٰ کے لیے حمد ہے اور صلوٰۃ وسلام حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل واصحاب پر ہو ـــــ

۱۰۔ موت اور اس کے بعد کا بیان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے بڑے بڑے متکبرین کی گردنوں کو موت کے ذریعے توڑا اسی کے ذریعے کسریٰ (ایرانی بادشاہوں) کی پیٹھوں کو توڑ دیا اور قیصر (رومی) بادشاہوں کی امیدوں کو کم کیا وہ لوگ جن کے دل موت سے نفرت کرتے تھے حتیٰ کہ جب ان کے پاس سچا وعدہ آیا تو ان کو قبروں میں ڈال دیا پس وہ محلات سے قبروں میں منتقل ہو گئے، اور بچھونوں کی روشنی سے قبروں کے اندھیروں میں چلے گئے، لونڈیوں اور غلاموں کے ساتھ کھیل سے کیڑے مکوڑوں کی اذیتیں برداشت کرنے کی طرف منتقل ہوئے۔ کھانے پینے سے لطف اندوز ہونے سے مٹی میں لوٹنے لگے خاندان کے ساتھ اُنس سے تنہائی کی وحشت کی طرف، اور نرم بستر سے سخت بچھونے کی طرف چلے گئے۔

تو دیکھو کیا مضبوط قلعوں اور عزت نے انہیں موت سے بچایا اور کیا انہوں نے موت کے سامنے کوئی آڑ بنائی اور یہ بھی دیکھو کہ کیا تم ان میں سے کسی ایک کو محسوس کر رہے ہو یا ان کی آہٹ سن رہے ہو۔

تو وہ ذات پاک ہے جو قہر اور غلبہ میں منفرد ہے بقا کا حق اسے ہی حاصل ہے اور اس نے مخلوق کو فنا کے حکم سے جو اس نے لکھ دیا ہے جھکا دیا۔ پھر موت کو متقی لوگوں کے لیے (دنیا سے) چھٹکارا اور ان کے حق میں ملاقات کا وقت بنایا جب کہ بدبخت لوگوں کے لیے صبر کو قید خانہ اور قیامت تک کے لیے تنگ کوٹھڑی (جیل) بنا دیا وہی بے شمار نعمتوں کے ساتھ انعام فرماتا ہے اور وہ زبردست بدلے کے ذریعے انتقام لیتا ہے آسمانوں اور زمین میں شکر کے لائق وہی ہے اور اول و آخر تعریف کے لائق بھی وہی ہے اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر جن کو ظاہر معجزات اور واضح نشانیاں عطا ہوئیں اور آپ کے آل و اصحاب پر رحمت اور بہت زیادہ سلام ہو۔

حمد و صلوٰۃ کے بعد ـــــ وہ شخص کہ موت اس کا بچھونا، مٹی اس کا بستر کیڑے اس کے ساتھی، منکر نکیر (فرشتے) اس کے ہمنشین، قبر اس کا ٹھکانہ زمین کا اندر اس کی جائے قرار، قیامت اس کا وعدہ اور جنت یا جہنم اس کے اترنے کی جگہ ہو اسے صرف موت کی فکر ہی ہونی چاہیے وہ صرف اسی کا ذکر کرے، اسی کے لیے تیاری کرے، اسی کی تدبیر کرے اسی کی طرف جھانکے، اسی کی طرف جائے، اسی کا اہتمام کرے اسی کی طرف پھرے، اسی کا منتظر رہے بلکہ اپنے آپ کو فوت شدہ لوگوں میں شمار کرے اور اپنے نفس کو اصحاب قبور میں سے سمجھے اور یقین کرے کہ جو کچھ آنے والا ہے وہ قریب ہے اور وہی چیز دور ہے جو نہیں آئے گی ـــــ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْکَیِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهٗ وَعَمِلَ لِمَا .... عقل مند وہ ہے جو اپنے نفس کا محاسبہ کرے اور موت

بَعْدَ الْمَوْتِ۔ (۱) کے بعد کے لیے عمل کرے۔

اور کسی چیز کے لیے استعداد اسی وقت آسان ہوتی ہے جب دل میں اس کی یاد بار بار آئے اور ذکر کی تجدید اسی صورت میں ہوتی ہے جب یاد دلانے والی باتوں کا ذکر ہو تو اس کی طرف توجہ کی جائے اور آگاہ کرنے والی باتوں میں غور کیا جائے۔

ہم موت کے معاملے، اس کے مقدمات و لواحق، احوالِ آخرت، قیامت جنت، دوزخ اور ان باتوں کا ذکر کریں گے جن کا بار بار ذکر بندے کے لیے ضروری ہے اور وہ باتیں کہ جب بندہ ان میں غور و فکر کو اپنے اوپر لازم کرے تو اس سے تیاری کی ترغیب ہوتی ہے کیوں کہ موت کے بعد کوچ کرنا قریب ہے اور زندگی تھوڑی سی باقی ہے جب کہ لوگ اس بات سے غافل ہیں۔ ارشاد خداوندی ہے۔

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ مُّعْرِضُونَ۔ (۲) لوگوں کے لیے ان کا حساب قریب آگیا اور وہ غفلت میں پڑے منہ پھیر رہے ہیں۔

موت سے متعلق امور :

ہم موت سے متعلق امور کو دو حصوں میں ذکر کریں گے۔

پہلا حصہ :

اس میں موت کے مقدمات اور اس کے توابع (صُور پھونکنے تک) مذکور ہوں گے اس حصے میں آٹھ باب ہوں گے۔

پہلا باب۔ ذکرِ موت کی فضیلت اور اس کی ترغیب

دوسرا باب۔ امید کا طویل اور مختصر ہونا

تیسرا باب۔ موت کی سختیاں اور موت کے وقت جو احوال مستحب ہیں۔

چوتھا باب۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کا وصال

پانچواں باب۔ نیک خلفاء اور امراء کو جب موت آئی۔

چھٹا باب۔ جنازوں اور قبرستان سے متعلق عارفین کے اقوال اور زیارتِ قبور کا حکم

ساتواں باب۔ موت کی حقیقت اور صُور پھونکنے تک میت کو جو کچھ پیش آتا ہے۔

آٹھواں باب۔ حالت نیند میں مکاشفہ کے ذریعے فوت شدہ لوگوں کے جو حالات معلوم ہوئے۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۲۴ مرویات شداد بن اوس

پہلا باب

فصل ۱

موت کا ذکر اور بکثرت ذکر کی ترغیب

جان لو! جو شخص دنیا میں ڈوبا ہوا ہو، اس کے دھوکے پر جھکا ہوا ہو اور اس کی خواہشات اسے محبوب ہوں یقیناً اس کا دل موت کے ذکر سے غافل ہوتا ہے اور وہ اس کا ذکر نہیں کرتا اور اگر اس کا ذکر کرے بھی تو اسے ناپسند کرتا اور اس سے نفرت کرتا ہے ایسے ہی لوگوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

قُلْ إِنَّ الْمَوْتَ الَّذِي تَفِرُّونَ مِنْهُ فَإِنَّهُ مُلَاقِيكُمْ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ۔ (۱)

آپ فرما دیجئے بے شک موت جس سے تم بھاگتے ہو وہ تمہیں پہنچے گی پھر تم غیب اور ظاہر کو جاننے والے کی طرف پھیرے جاؤ گے تو وہ تمہیں تمہارے اعمال کی خبر دے گا۔

پھر لوگ تین قسم کے ہیں بعض تو دنیا میں ڈوبے ہوئے ہیں کچھ توبہ کے ابتدائی مرحلے میں ہیں اور بعض پہچان حاصل کر چکے ہیں اور یوں وہ انتہائی درجہ پر فائز ہو چکے ہیں۔

وہ شخص جو دنیا میں ڈوبا ہوا ہے وہ موت کا ذکر نہیں کرتا اور کرے بھی تو دنیا کے جانے پر افسوس کے حوالے سے کرتا ہے اور اس (موت) کی مذمت کرتا ہے موت کا اس طریقے پر ذکر اسے اللہ تعالیٰ سے بہت زیادہ دور کر دیتا ہے اور وہ شخص جس نے توبہ کر لی وہ موت کا کثرت کے ساتھ ذکر کرتا ہے تاکہ اس کے دل سے موت کا خوف نکل جائے اور پوری کی پوری توبہ باقی رہے اور بعض اوقات وہ اس خوف سے موت کو ناپسند کرتا ہے کہ کہیں توبہ کے مکمل ہونے سے پہلے ہی وہ اسے اٹھا نہ لے۔ اور اس طرح اس نے اپنا سامان بھی مکمل نہ کیا ہو۔ ایسا شخص موت کو ناپسند کرنے میں معذور ہوتا ہے اور یہ صورت اس حدیث شریف کے تحت نہیں آتی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللهِ كَرِهَ اللهُ لِقَاءَهُ۔ (۲)

جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی ملاقات کو ناپسند فرماتا ہے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ الجمعۃ آیت ۸

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۶۳ کتاب الرقاق

کیوں کہ یہ شخص نہ تو موت کو ناپسند کرتا ہے اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو، بلکہ اسے اللہ تعالیٰ سے ملاقات نہ ہونے کا ڈر ہوتا ہے کیوں کہ وہ کوتاہی کرنے والا ہے۔ اور یہ اس شخص کی طرح ہے جو اپنے محبوب سے ملنے میں صرف اس لیے تاخیر کرتا ہے کہ وہ اس طریقے پر تیاری کر رہا ہے جو اس کے محبوب کو پسند ہے لہذا یہ شخص ملاقات کو ناپسند کرنے والا شمار نہیں ہوگا۔ اس کی علامت یہ ہے کہ وہ ہمیشہ اس کے لیے تیاری میں رہتا ہے اس کے علاوہ اس کی کوئی معروفیت نہیں ہوتی ورنہ وہ دنیا کے حصول میں معروف ہو جاتا۔

اور عارف ہمیشہ موت کو یاد کرتا ہے کیوں کہ موت محبوب سے ملاقات کا وقت ہے اور محب محبوب سے ملاقات کے وقت کو کبھی بھول نہیں سکتا۔ اور یہ اس لیے ہے کہ عام طور پر موت دیر سے آتی ہے اور وہ موت کی آمد کو پسند کرتا ہے تاکہ گناہ گاروں کے گھر (دنیا) سے اس کی جان چھوٹ جائے اور وہ تمام جہانوں کے رب کے قریب چلا جائے۔

جیسا کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں مروی ہے جب ان کی وفات کا وقت ہوا تو انہوں نے فرمایا۔

حبیب فاقہ کی حالت میں آیا یا اللہ! اگر تیرے علم کے مطابق مال داری کی نسبت فقر، صحت کے مقابلے میں بیماری اور زندگی کی نسبت موت مجھے زیادہ پسند ہے تو مجھ پر موت کو آسان کر دے تاکہ میں تجھ سے ملاقات کروں۔

تو اس صورت میں توبہ کرنے والا موت کو ناپسند کرنے والا معذور ہے اور یہ شخص موت کی محبت اور تمنا میں معذور ہوتا ہے۔

اور ان دونوں کے مقابلے میں اس شخص کا رتبہ زیادہ بلند ہوتا ہے جو اپنا معاملہ اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دیتا ہے اور اپنے نفس کے لیے موت اور زندگی میں سے کسی ایک کو بھی پسند نہیں کرتا بلکہ اسے ان دونوں میں سے وہی بات پسند ہوتی ہے جو اس کے مالک کے ہاں پسندیدہ ہو۔ اور یہ اسی صورت میں پایۂ تکمیل کو پہنچتی ہے جب وہ فرطِ محبت میں تسلیم و رضا کے مقام تک پہنچ جائے یہی مقام انتہا رہے۔

بہر حال موت کو یاد کرنے میں ثواب اور فضیلت ہے کیوں کہ جو شخص دنیا میں ڈوبا ہوا ہو وہ بھی موت کے ذکر سے فائدہ حاصل کر سکتا ہے کہ اس طرح وہ دنیا سے کنارہ کشی اختیار کر سکتا ہے کیوں کہ اس صورت میں دنیا کی نعمتیں اور ان کی لذتیں تلخ ہو جاتی ہیں اور ہر وہ کام جس کی وجہ سے انسان پر لذات اور شہوات تلخ ہو جائیں وہ نجات کے اسباب سے ہے۔

فصل ۲:

موت کا ذکر باعثِ فضیلت ہے جیسا بھی ہو

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَکْثِرُوْا مِنْ ذِکْرِ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ۔ (۱) لذتوں کو توڑنے والی (شکست دینے والی) چیز (موت) کا ذکر کثرت سے کرو۔

مطلب یہ ہے کہ اس چیز کے ذکر کے ذریعے لذتوں کو تلخ کر دو تاکہ تمہارا ان کی طرف جھکاؤ ٹوٹ جائے اور اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو جاؤ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَوْ تَعْلَمُ الْبَهَائِمُ مِنَ الْمَوْتِ مَا يَعْلَمُ ابْنُ آدَمَ مَا اَكَلْتُمْ مِنْهَا سَمِيْنًا۔ (۲) موت کے بارے میں جو کچھ انسان کو معلوم ہے اگر جانوروں کو اس بات کا علم ہوتا تو تم ان میں سے کسی موٹے جانور کو نہ کھاتے۔

(مطلب یہ ہے کہ موت کے خوف سے جانور دبلے پتلے اور کمزور ہو جاتے)

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا شہداء کے ساتھ بھی کسی کو اٹھایا جائے گا آپ نے فرمایا۔

نَعَمْ مَنْ يَذْكُرُ الْمَوْتَ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ عِشْرِيْنَ مَرَّةً۔ (۳) ہاں! جو آدمی دن رات میں بیس مرتبہ موت کو یاد کرے

اس تمام فضیلت کا سبب یہ ہے کہ موت کا ذکر دھوکے والے گھر (دنیا) سے دور کر کے آخرت کے لیے استعداد کا تقاضا کرتا ہے جب کہ موت سے غفلت دنیوی خواہشات کی طرف مکمل توجہ کی دعوت دیتی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تُحْفَةُ الْمُؤْمِنِ الْمَوْتُ۔ (۴) مومن کا تحفہ موت ہے۔

آپ نے یہ بات اس لیے ارشاد فرمائی کہ دنیا مومن کے لیے قید خانہ ہے کیوں کہ وہ اس میں ہمیشہ رنج اور مشقت جھیلتا ہے خواہش کو پورا کرنے کی محنت اور شیطان کو دور کرنے کی تکلیف اٹھاتا ہے اور موت اس عذاب سے نجات دلاتی ہے اور یہ چھوٹ جانا اس کے حق میں تحفہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْمَوْتُ كَفَّارَةٌ لِكُلِّ مُسْلِمٍ۔ (۵) موت، ہر مسلمان کے لیے کفارہ ہے۔

---

(۱) جامع ترمذی ص ۳۲۵، ابواب الزھد

(۲) شعب الایمان جلد ۷ ص ۳۵۳ حدیث ۱۰۵۵۷

(۳) الفوائد المجموعہ ص ۲۶۳ کتاب الادب

(۴) المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۳۱۹ کتاب الرقاق

(۵) شعب الایمان جلد ۷ ص ۱۷۱ حدیث ۹۸۸۵

اس سے سچا مسلمان مراد ہے جو سچا مومن ہو اس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں اس میں مومنوں والے اخلاق ہوں اور اس پر گناہوں کی میل نہ ہو البتہ گناہ صغیرہ اور لغزشیں ہوں تو موت اسے ان سے پاک کر دیتی ہے جب کہ وہ کبیرہ گناہوں سے بچتا اور فرائض ادا کرتا ہو۔

حضرت عطاء خراسانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مجلس کے پاس سے گزرے جس میں لوگ زیادہ ہنس رہے تھے تو آپ نے فرمایا۔

شُوبُوا مَجْلِسَكُمْ بِذِكْرِ مُكَدِّرِ اللَّذَّاتِ۔ (۱)

اپنی مجلس کو لذتوں کو خراب کرنے والی چیز یعنی (موت) سے مخلوط کرو۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَكْثِرُوا مِنْ ذِكْرِ الْمَوْتِ فَاِنَّهٗ يُمَحِّصُ الذُّنُوْبَ وَيُزَهِّدُ فِي الدُّنْيَا۔ (۲)

موت کا ذکر زیادہ کیا کرو یہ گناہوں سے پاک اور دنیا سے بے رغبت کرتی ہے۔

آپ نے ارشاد فرمایا۔

كَفٰى بِالْمَوْتِ مُفَرِّقًا۔ (۳)

موت جدا کرنے کے لیے کافی ہے۔

اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

كَفٰى بِالْمَوْتِ وَاعِظًا۔ (۴)

موت وعظ و نصیحت کے لیے کفایت کرتی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد کی طرف تشریف لے گئے تو آپ نے دیکھا کچھ لوگ باتیں کر رہے ہیں اور ہنس بھی رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا۔

اُذْكُرُوا الْمَوْتَ اَمَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَّلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا۔ (۵)

موت کو یاد کیا کرو سنو! وہ ذات جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر تم وہ بات جانتے جو میں جانتا ہوں تو تم کم ہنستے اور زیادہ روتے۔

---

(۱) کنز العمال جلد ۱۵ ص ۵۴۶ حدیث ۴۲۱۱۲

(۲) کنز العمال جلد ۱۵ ص ۵۴۳ حدیث ۴۲۰۹۸

(۳) کنز العمال جلد ۱۵ ص ۵۴۷ حدیث ۴۲۱۱۵

(۴) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۳۰۸ کتاب الزهد

(۵) الدر المنثور جلد ۵ ص ۳۳۰، ۳۳۱ تحت آیت قل یا عبادی الذین اسرفوا

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک شخص کا ذکر کیا گیا تو حاضرین نے اس کی تعریف میں اچھے کلمات کہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا موصوف موت کا ذکر کس طرح کرتے ہیں؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا ہم نے ان سے موت کا ذکر نہیں سنا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا ممدوح اس مرتبے کا نہیں ہے (۱)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ بے کس پناہ میں حاضر ہوا اور میں وہاں موجود افراد میں سے دسواں تھا اس اثناء میں انصار میں سے ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! زیادہ ڈرنا اور زیادہ عزت والا کون ہے آپ نے فرمایا۔

وہ لوگ جو موت کو زیادہ یاد کرنے اور اس کے لیے زیادہ تیاری کرتے ہیں وہی عقل مند ہیں وہ دنیا کی شرافت اور آخرت کی بزرگی لے گئے۔ (۲)

آثار:

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں موت نے دنیا کو رسوا کیا اس نے عقل مند کے لیے خوشی نہیں چھوڑی۔

حضرت ربیع بن خثیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں مومن موت سے بہتر کسی غائب چیز کا منتظر نہیں ہوتا۔ اور وہ فرمایا کرتے تھے جب میں انتقال کروں تو میرے بارے میں کسی کو اطلاع نہ دینا اور مجھے آہستہ سا میرے رب کی طرف کھسکا دینا۔

کسی دانا نے اپنے ایک بھائی کو لکھا اے بھائی اس گھر (دنیا) میں موت سے ڈر اس سے پہلے کہ تو اس گھر میں چلا جائے جس میں تو موت کی تمنا کرے لیکن اسے نہ پاسکے۔

اور حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ کے پاس جب موت کا ذکر کیا جاتا تو ان کا ہر عضو مر جاتا ہے (بے حس ہو جاتا)

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ ہر رات فقہاء کرام کو جمع کر کے ان سے موت، قیامت اور آخرت کے بارے میں مذاکرہ کرتے پھر وہ سب روتے حتیٰ کہ یوں معلوم ہوتا کہ ان کے سامنے کوئی جنازہ پڑا ہے۔

حضرت ابراہیم تیمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں دو چیزوں نے مجھ سے دنیا کی لذت ختم کر دی ایک موت کا ذکر اور دوسرا اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہونا۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جو شخص موت کو پہچان لے اس پر دنیا کے مصائب اور غم ہلکے ہو جاتے ہیں۔

حضرت مطرف فرماتے ہیں میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا بصرہ کی مسجد کے درمیان کوئی شخص کہتا ہے موت کے ذکر نے ڈرنے والوں کے دل کاٹ دیئے اللہ کی قسم تم ان کو والہانہ انداز میں دیکھو گے۔

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۳۰۹ کتاب الزھد

(۲) ایضاً۔

حضرت اشعث رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کے پاس جایا کرتے تھے تو صرف جہنم کی آگ، آخرت کے معاملے اور موت کا ذکر ہوتا۔

حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک عورت نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں اپنے دل کی سختی کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا موت کا ذکر زیادہ کیا کرو اس سے تمہارے دل میں نرمی پیدا ہوگی چنانچہ جب اس عورت نے یہ کام کیا تو اس کا دل نرم ہوگیا۔ پھر وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا شکریہ ادا کرنے حاضر ہوئی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے سامنے جب موت کا ذکر کیا جاتا تو آپ کی جلد سے خون کے قطرے جاری ہو جاتے۔

حضرت داؤد علیہ السلام جب موت اور قیامت کا ذکر کرتے تو رو پڑتے حتیٰ کہ آپ کا سانس اکھڑ جاتا اور جب رحمت کا ذکر ہوتا تو سانس واپس آجاتا۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے جس بھی عقل مند کو دیکھا اسے موت سے خائف اور غمگین پایا۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے کسی عالم سے فرمایا کہ مجھے نصیحت کیجئے انہوں نے فرمایا آپ پہلے خلیفہ نہیں جو انتقال کریں گے (بلکہ پہلے حکمران بھی فوت ہوتے رہے ہیں) فرمایا مزید بتائیے، انہوں نے فرمایا آدم علیہ السلام تک آپ کے تمام آباؤ اجداد نے موت کو چکھا ہے اور آپ کی باری آچکی ہے حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے یہ بات سنی تو رو پڑے۔

حضرت ربیع بن خثیم رحمہ اللہ نے اپنے گھر میں قبر کھود رکھی تھی اور آپ ہر دن کئی مرتبہ اس میں سو جاتے اس طرح آپ ہمیشہ موت کو یاد رکھتے۔ اور آپ فرماتے تھے اگر میرے دل میں ایک ساعت کے لیے بھی موت کی یاد باقی نہ رہے تو میرا دل خراب ہو جائے۔

حضرت مطرف بن عبداللہ بن شخیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس موت نے راحت و آرام والے لوگوں پر ان کے آرام کو مکدر کر دیا ہے۔ تو ایسا آرام تلاش کرو جس میں موت نہ ہو۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے حضرت عنبسہ رحمہ اللہ سے فرمایا موت کا ذکر کثرت سے کیا کرو اگر تمہیں عیش کی وسعت حاصل ہو تو (یہ ذکر) اسے تنگ کر دے گا اور اگر تم تنگ زندگی گزار رہے ہو تو اس میں وسعت آجائے گی۔ (مطلب یہ ہے کہ دنیا کی فراوانی تمہیں اللہ تعالیٰ سے غافل نہیں کرے گی اور وسعت رزق بھی ہوگی)

حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ام ہارون سے پوچھا کہ کیا آپ کو موت پسند ہے؟ انہوں نے فرمایا نہیں، میں نے پوچھا کیوں؟ فرمایا اگر میں کسی انسان کی بات نہ مانوں تو مجھے اس سے ملاقات پسند نہیں ہوتی تو میں کیسے اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو پسند کروں جب کہ میں نے اس کی نافرمانی کی ہے۔

فصل ۲ :

دل میں موت کی یاد کا طریقہ

جاننا چاہیئے کہ موت ہولناک ہے اور اس کا خطرہ عظیم ہے اور لوگ اس سے اس لیے غافل ہیں کہ وہ اس کے بارے میں بہت کم سوچتے ہیں اور اسے زیادہ یاد بھی نہیں کرتے اور جو شخص اسے یاد کرتا ہے وہ فارغ دل کے ساتھ یاد نہیں کرتا بلکہ ایسے دل سے یاد کرتا ہے جو دنیوی خواہشات میں مشغول ہے لہٰذا دل میں موت کا ذکر قرار نہیں پکڑتا۔

تو اس سلسلے میں طریقہ یہ ہے کہ آدمی اپنے دل کو موت کے ذکر کے علاوہ ہر خیال سے پاک کر دے کیوں کہ موت اس کے سامنے ہے اور اس مسافر کی طرح ہو جائے جو کسی خطرناک جنگل کا سفر کرنا چاہتا ہے یا سمندری سفر کا ارادہ رکھتا ہے وہ صرف اسی کا فکر کرتا ہے جب موت کی یاد اس کے دل میں جم جائے گی تو اثر بھی کرے گی اور اس وقت اس کا دنیا کے ذریعے سرور اور راحت کم ہو جائے گی اور دل ٹوٹ جائے گا۔

اس سلسلے میں زیادہ موثر طریقہ یہ ہے کہ اپنے ان ہم عصر لوگوں کو یاد کرے جو اس سے پہلے فوت ہو چکے ہیں ان کی موت اور مٹی کے نیچے ان کی آرام گاہوں کو یاد کرے ان کے عہدوں، صورتوں اور حالات کو یاد کرے اور غور کرے کہ کس طرح مٹی نے ان کی صورتوں کے حسن کو مٹا دیا اور کس طرح ان کے اعضاء ان کی قبروں میں متفرق ہو گئے ان کی بیویاں کس طرح بیوہ اور بچے یتیم ہو گئے اور ان کے مال ضائع ہو گئے ان سے ان کی مساجد اور مجالس خالی ہو گئیں اور ان کے نام و نشان مٹ گئے۔

جب کوئی شخص کسی دوسرے آدمی کو یاد کرتا ہے اور اپنے دل میں اس کی حالت اور اس کی موت کی کیفیت کا خیال لاتا ہے اس کی صورت کا تصور کرتا ہے اس کی خوشی اور تردد زندگی اور بقا کے لیے اس کا توقف اور موت کو بھول جانا اور اسباب کے ناموافق ہونے سے دھوکہ کھانا قوت اور جوانی کی طرف جھکاؤ اور کھیل کود نیز ہنسی مذاق کی طرف اس کا میلان فوری اور سامنے آنے والی موت نیز جلدی ہلاک ہونے سے غفلت برتنا سامنے رکھتا ہے اور اس بات کو یاد کرتا ہے کہ کس طرح اب اس کے پاؤں اور اعضاء ٹوٹ گئے اور کس طرح ہنسا کرتا تھا لیکن اب مٹی نے اس کے دانتوں کو کھا لیا اور کس طرح باتیں کیا کرتا تھا لیکن اب کیڑوں نے اس کی زبان کو کھا لیا اور کس طرح وہ اپنے لیے دس سال تک کے لیے غیر ضروری چیزوں کی منصوبہ بندی کرتا تھا حالانکہ اس وقت اس کی موت تک صرف ایک مہینہ رہ گیا تھا۔ اور اسے اس بات کی خبر بھی نہ تھی حتیٰ کہ اس کو اس وقت موت آئی جس کا اسے گمان بھی نہ تھا فرشتے کی صورت اس کے سامنے ظاہر ہوئی اور اس کے کانوں میں آواز آئی کہ جنت کی طرف جائے گا یا جہنم کی طرف ـــــ (جب آدمی اپنے فوت شدہ دوست احباب کے بارے میں ان تمام مذکورہ بالا باتوں کو سوچتا ہے) تو اس وقت

غور کرتا ہے کہ وہ بھی ان کی مثل ہے اور اس کی غفلت بھی ان لوگوں کی غفلت کی طرح ہے اور عنقریب اس کا انجام بھی ان لوگوں کے انجام جیسا ہوگا۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں "جب تم موت کو یاد کرو تو اپنے آپ کو ان میں سے ایک شمار کرو۔"

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں وہ شخص نیک بخت ہے جو دوسروں کو دیکھ کر نصیحت حاصل کرے۔"

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ ہر روز صبح یا شام تم ایک نہ ایک شخص کو اللہ تعالیٰ کے پاس جانے کے لیے تیار کرتے ہو تم اسے زمین پر رکھ دیتے ہو وہ مٹی کو اپنا تکیہ بناتا ہے دوست احباب کو پیچھے چھوڑ جاتا ہے اور تمام اسباب سے اس کا تعلق ٹوٹ جاتا ہے۔

تو ہمیشہ اس قسم کی سوچ کو اختیار کرنا قبرستان میں جانا اور بیماروں کو دیکھنا دل میں موت کی یاد کو بار بار لاتا ہے حتیٰ کہ وہ یاد اس کے دل پر اس قدر غالب آجاتی ہے کہ موت اس کی آنکھوں کے سامنے رہتی ہے اور اس وقت ہو سکتا ہے کہ وہ اس کے لیے تیاری کرے اور دھوکے کے گھر سے اپنے آپ کو دُور رکھے ورنہ ظاہر دل اور زبان کی نوک سے اس کا ذکر کم فائدہ دیتا ہے اور اس صورت میں تنبیہ زیادہ نہیں ہوتی۔ جب بھی انسان کا دل دنیا کی کسی چیز پر خوش ہو تو اسے اسی وقت اس بات کو یاد رکھنا چاہیے کہ اس نے اسے ضرور چھوڑنا ہے ابن مطیع نے ایک دن اپنے گھر کو دیکھا تو اس کے حسن کو دیکھ کر وہ بہت خوش ہوئے لیکن اس کے ساتھ ہی انہوں نے رونا شروع کر دیا اور فرمایا اللہ کی قسم! اگر موت نہ ہوتی تو میں تجھ سے خوش ہوتا اور اگر آخر کار تنگ قبر میں جانا نہ ہوتا تو دنیا کے ساتھ ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہوتیں۔ پھر وہ بہت زیادہ روئے حتیٰ کہ ان کی آواز بلند ہوگئی۔

دوسرا باب

لمبی امید، مختصر امید کی فضیلت، طویل امید کا سبب اور اس کے علاج کا طریقہ۔

فصل نمبر ۱:

مختصر امید کی فضیلت

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے فرمایا۔

اِذَا اَصْبَحْتَ فَلَا تُحَدِّثْ نَفْسَكَ بِالْمَسَاءِ	جب صبح ہو تو اپنے لیے شام کی امید نہ رکھیں اور شام
وَاِذَا اَمْسَيْتَ فَلَا تُحَدِّثْ نَفْسَكَ	ہو تو صبح تک زندہ رہنے کی امید نہ رکھیں اپنی زندگی سے
بِالصَّبَاحِ وَخُذْ مِنْ حَيَاتِكَ لِمَوْتِكَ	موت کے لیے اور اپنی صحت سے بیماری (کے دنوں)
وَمِنْ صِحَّتِكَ لِسَقَمِكَ فَاِنَّكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ	کے لیے (عمل) حاصل کریں کیوں کہ اے عبداللہ! آپ نہیں

لَا تَدْرِیْ مَا اِسْمُكَ غَدًا۔ (۱)

جانتے کہ کل آپ کا کیا نام ہوگا (فوت شدہ یا زندہ)

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ اَشَدَّ مَا اَخَافُ عَلَیْکُمْ خَصْلَتَانِ اِتِّبَاعُ الْھَوٰی وَطُوْلُ الْاَمَلِ فَاَمَّا اِتِّبَاعُ الْھَوٰی فَاِنَّهٗ یَصُدُّ عَنِ الْحَقِّ وَاَمَّا طُوْلُ الْاَمَلِ فَاِنَّهُ الْحُبُّ لِلدُّنْیَا۔ (۲)

مجھے تم پر دو باتوں کا بہت زیادہ خوف ہے خواہش کے پیچھے چلنا اور لمبی امید، خواہش کی اتباع حق بات سے روک دیتی ہے اور لمبی امید دنیا سے محبت (کا ذریعہ) ہے۔

پھر ارشاد فرمایا۔

اَلَا اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یُعْطِی الدُّنْیَا مَنْ یُحِبُّ وَیُبْغِضُ وَاِذَا اَحَبَّ عَبْدًا اَعْطَاهُ الْاِیْمَانَ اَلَا اِنَّ لِلدِّیْنِ اَبْنَاءً وَلِلدُّنْیَا اَبْنَاءً فَکُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الدِّیْنِ وَلَا تَکُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الدُّنْیَا اَلَا اِنَّ الدُّنْیَا قَدِ ارْتَحَلَتْ مُوَلِّیَةً اَلَا اِنَّ الْاٰخِرَةَ قَدِ ارْتَحَلَتْ مُقْبِلَةً اَلَا وَاِنَّکُمْ فِیْ یَوْمِ عَمَلٍ لَیْسَ فِیْهِ حِسَابٌ اَلَا وَاِنَّکُمْ تُوْشِکُوْنَ فِیْ یَوْمِ حِسَابٍ لَیْسَ فِیْهِ عَمَلٌ۔ (۳)

سنو! بے شک اللہ تعالیٰ دنیا اس کو بھی دیتا ہے جسے پسند فرماتا ہے اور اسے بھی جسے ناپسند کرتا ہے اور جب وہ کسی بندے سے محبت فرماتا ہے تو اسے ایمان (کی دولت) عطا فرماتا ہے۔ سنو! کچھ لوگ دین والے ہیں اور کچھ لوگ دنیادار ہیں تو تم دین والے بنو، دنیا کے بیٹے نہ بنو، سنو! دنیا پیٹھ پھیر کر جا رہی ہے، سنو! آخرت اپنی جگہ سے کوچ کر کے آرہی ہے سنو! آج تم عمل کے دن میں ہو اس میں حساب نہیں سنو! عنقریب تم حساب کے دن میں ہوگے اور وہاں عمل نہیں ہوگا۔

حضرت ام المنذر رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔ ایک دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کے پاس تشریف لائے اور فرمایا اے لوگو! کیا تم اللہ تعالیٰ سے حیا نہیں کرتے؟ صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! وہ کیسے؟ آپ نے فرمایا وہ مال جمع کرتے ہو جسے کھاتے نہیں اور اس چیز کی امید رکھتے ہو جسے حاصل نہیں کر سکتے اور وہ مکان بناتے ہو جس میں تم رہائش نہیں رکھو گے۔ (۴)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۴۹ کتاب الرقاق

(۲،۳) کنز العمال جلد ۱۶ ص ۱۳۷ حدیث ۴۴۱۶۷

(۴) شعب الایمان جلد ۷ ص ۳۵۴، ۳۷۵ حدیث ۱۰۵۶۲

سے ایک لونڈی ایک سو دینار میں خریدی اور ایک مہینہ تک کا ادھار کیا تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا "کیا تم حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ پر تعجب نہیں کرتے جنہوں نے ایک مہینے کا ادھار کر کے لونڈی خریدی انہوں نے لمبی امید باندھی ہے اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے میں نے اپنی آنکھیں جب بھی کھولیں تو یہی خیال کیا کر پلکیں بند کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ میری روح قبض کرلے گا۔ اور جب میں اپنی آنکھیں اٹھاتا ہوں تو یہی خیال کرتا ہوں کہ اسے نیچے کرنے سے پہلے میری روح قبض ہو جائے گی اور جب میں لقمہ اٹھاتا ہوں تو یہی خیال ہوتا ہے کہ اس کے نگلنے سے پہلے پہلے موت آجائے گی۔

پھر فرمایا۔

يَا بَنِيْ اٰدَمَ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ فَعُدُّوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ الْمَوْتٰى وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ وَّمَا اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ۔ (۱)

اے انسانو! اگر تمہیں عقل ہے تو اپنے آپ کو مردہ لوگوں میں شمار کرو اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے جس بات کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے (یعنی موت) وہ آنے والی ہے اور تم اسے عاجز نہیں کر سکتے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پیشاب کے لیے تشریف لے جاتے اور مٹی سے استنجا کر لیتے میں عرض کرتا یا رسول اللہ! پانی آپ کے قریب ہے! آپ فرماتے معلوم نہیں اس تک پہنچ سکوں یا نہیں (۲)

ایک روایت میں ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین لکڑیاں لے کر ایک لکڑی اپنے سامنے گاڑ دی دوسری اس کے پہلو میں اور تیسری کو اس سے دور گاڑا پھر فرمایا تم جانتے ہو یہ کیا ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے۔ آپ نے فرمایا۔

یہ (درمیان والی لکڑی) انسان ہے یہ (قریب والی لکڑی) اس کی موت ہے (جو فوری طور پر آنے والی ہے) اور وہ (دور والی لکڑی) اس کی امید ہے انسان امید رکھتا ہے لیکن موت اس کے راستے میں رکاوٹ بن جاتی ہے (۳)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَثَلُ ابْنِ اٰدَمَ وَاِلٰى جَنْبِهٖ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ

انسان کی مثال یہ ہے کہ اس کے گرد ننانوے موتیں ہیں

---

(۱) شعب الایمان جلد ۷ ص ۳۵۵ حدیث ۱۰۵۶۴

(۲) مشکوٰۃ شریف ص ۴۰ باب الامل والحرص

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۱۸ مرویات ابو سعید خدری

مَنِيَّةً اِنْ اَخْطَاتْهُ الْمَنَايَا وَقَعَ فِي الْهَرَمِ۔ (۱) اگر ان موتوں سے بچ جائے تو بڑھاپے میں جا پڑتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

یہ انسان ہے اور اس کے گرد یہ موتیں ہیں جو چھن اٹھائے کھڑی ہیں اور ان موتوں کے بعد بڑھاپا ہے بڑھاپے کے بعد امید ہے اور امید رکھتا ہے حالاں کہ ان موتوں نے اپنے نیزوں کی نوکیں اس کی طرف سیدھی کر رکھی ہیں جس کو حکم ہوتا ہے وہی اسے ڈھیر کر دیتی ہے اور اگر وہ موت سے بچ جاتا ہے تو بڑھاپا اسے ہلاک کر دیتا ہے اور وہ امید کی طرف دیکھتا رہ جاتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے لیے مربع شکل میں لکیر کھینچی اس کے درمیان بھی ایک لکیر کھینچی پھر اس کے گرد کئی لکیریں کھینچیں اور ایک لکیر کھینچی جو اس مربع سے باہر جا رہی تھی آپ نے فرمایا تم جانتے ہو یہ کیا ہے؟

ہم نے عرض کیا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم بہتر جانتے ہیں آپ نے درمیان والی لکیر کے بارے میں فرمایا یہ انسان ہے اور مربع لکیر کے بارے میں فرمایا یہ موت ہے اس کو گھیرے ہوئے ہے اور یہ درمیان والی لکیریں مصائب ہیں جو اس کو نوچتے ہیں اگر ایک سے بچ جائے تو دوسرے کے ہتھے چڑھ جاتا ہے اور باہر نکلنے والی لکیر کے بارے میں فرمایا یہ امید ہے۔ (۲)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

يَهْرَمُ ابْنُ اٰدَمَ وَيَبْقٰى مَعَهٗ اثْنَتَانِ الْحِرْصُ وَالْاَمَلُ۔ (۳)

آدمی بوڑھا ہو جاتا ہے اور اس کے ساتھ یہ دو چیزیں باقی رہتی ہیں ایک حرص اور دوسری امید۔

ایک اور روایت میں۔

تَشِبُّ مَعَهٗ اثْنَتَانِ الْحِرْصُ عَلَى الْمَالِ وَالْحِرْصُ عَلَى الْعُمُرِ۔ (۴)

اس کے ساتھ دو چیزیں جوان رہتی ہیں ایک مال کی حرص اور دوسری زندگی کی حرص۔

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

---

(۱) جامع ترمذی ص ۳۱۳، ابواب القدر

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۵۰، کتاب الرقاق

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۱۱۵ روایات انس

(۴) صحیح مسلم جلد اول ص ۳۳۵، کتاب الزکوٰۃ

نَجَا اَوَّلُ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ بِالْیَقِیْنِ وَالزُّھْدِ وَ یَھْلِکُ اٰخِرُ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ بِالْبُخْلِ وَالْاَمَلِ۔ (۱)

اس امت کے پہلے لوگ یقین اور زہد کی وجہ سے نجات پا گئے اور اس امت کے پچھلے لوگ بخل اور امید کی وجہ سے ہلاک ہوئے۔

کہا گیا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تشریف فرما تھے اور ایک بوڑھا شخص اپنی کدال سے زمین کھود رہا تھا آپ نے بارگاہ خداوندی میں عرض کیا یا اللہ! اس شخص سے امید کو دُور کر دے چنانچہ اس بوڑھے نے کدال رکھ دی اور لیٹ گیا تھوڑی دیر گزری تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا یا اللہ! اس کی امید لوٹا دے چنانچہ وہ شخص اٹھا اور اس نے کام شروع کر دیا آپ نے اس سے پوچھا تو اس نے کہا میں کام کر رہا تھا کہ میرے نفس نے کہا تم کب تک عمل کرتے رہو گے اور تم ایک بوڑھے شخص ہو میں نے کدال پھینک دی اور لیٹ گیا پھر میرے نفس نے کہا اللہ کی قسم! جب تک تو زندہ ہے گذر اوقات کی ضرورت باقی رہے گی تو میں نے کدال اٹھالی۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا تم سب جنت میں جانا چاہتے ہو! صحابہ کرام نے عرض کیا جی ہاں یارسول اللہ! آپ نے فرمایا۔

قَصِّرُوْا مِنَ الْاَمَلِ وَثَبِّتُوْا اٰجَالَکُمْ بَیْنَ اَبْصَارِکُمْ وَاسْتَحْیُوْا مِنَ اللّٰہِ حَقَّ الْحَیَاءِ۔ (۲)

امیدیں کم رکھو، اپنی موت کو آنکھوں کے سامنے رکھو اور اللہ تعالیٰ سے اس طرح حیا کرو جس طرح حیا کرنے کا حق ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یوں دعا مانگتے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ دُنْیَا تَمْنَعُ خَیْرَ الْاٰخِرَۃِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ حَیَاۃٍ تَمْنَعُ خَیْرَ الْمَمَاتِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ اَمَلٍ یَمْنَعُ خَیْرَ الْعَمَلِ۔ (۳)

یا اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں ایسی دنیا سے جو آخرت کی بھلائی سے روکے اور تیری پناہ چاہتا ہوں ایسی زندگی سے جو موت کی بہتری سے روکے اور تیری پناہ چاہتا ہوں ایسی امید سے جو اچھے عمل سے روکے۔

آثار:

حضرت مطرف بن عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں اگر مجھے اپنی موت کے وقت کا علم ہوتا تو میری عقل چلی جاتی لیکن اللہ تعالیٰ

---

(۱) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۱۴۱ کتاب التوبۃ

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۳۸۷ مرویات عبداللہ بن مسعود (کچھ الفاظ نہیں ہیں ۱۲ رب نواز)

(۳)

نے بندوں کو موت سے بے خبر رکھ کر ان پر احسان کیا ہے اور اگر یہ بے خبری نہ ہوتی تو نہ زندگی اچھی طرح گزرتی اور نہ بازار لگتے۔

حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں بھول اور امید دونوں انسان کے لیے بہت بڑی نعمتیں ہیں اگر یہ نہ ہوتیں تو مسلمان راستوں پر نہ چلتے ــــ حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ انسان احمق ہے اگر یہ بات نہ ہوتی تو اس کی زندگی خوشگوار نہ ہوتی۔

حضرت ابو سعید بن عبدالرحمٰن رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ دنیا اس لیے آباد ہے کہ دنیا والوں کی عقلیں بہت کم ہیں۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے تین آدمیوں پر تعجب ہوا حتیٰ کہ میں ہنس پڑا ایک دنیا کی امید رکھنے والا جبکہ موت اس کے پیچھے لگی ہوئی دوسرا غافل شخص جس سے غفلت نہیں کی جائے گی اور تیسرا شخص منہ بھر کر ہنسنے والا حالانکہ وہ نہیں جانتا کہ اس کا رب اس پر ناراض ہے یا راضی؟ اور تین باتوں نے مجھے غمگین کیا حتیٰ کہ میں رو پڑا پہلی بات میرے دوستوں یعنی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی جماعت کا فراق دوسرا قیامت کا خوف اور تیسرا اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہونے کا ڈر مجھے معلوم نہیں کہ کیا مجھے جنت کی طرف لے جانے کا حکم ہوگا یا جہنم کی طرف؟۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں میں نے حضرت زرارہ بن اوفی رضی اللہ عنہ کو ان کے وصال کے بعد خواب میں دیکھا تو میں نے پوچھا آپ کے نزدیک کون سا عمل زیادہ پہنچنے والا ہے؟ انہوں نے فرمایا توکل کرنا اور امید کم رکھنا۔

حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں دنیا سے زہد، امید کم رکھنے کا نام ہے موٹا کھانا کھانا اور موٹا کمبل پہننا نہیں۔

حضرت مفضل بن فضالہ رحمہ اللہ نے اپنے رب سے دعا کی کہ وہ ان سے امید کو اٹھا دے تو اللہ تعالیٰ ان سے کھانے پینے (کی خواہش) کو لے گیا پھر انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ ان کی امید واپس کر دے تو وہ کھانے پینے کی طرف لوٹ آگئے۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ آپ اپنی قمیص کیوں نہیں دھوتے؟ انہوں نے فرمایا معاملہ (موت) اس سے بھی جلدی کا ہے حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں موت تمہاری پیشانیوں میں بندھی ہوئی ہے اور دنیا تمہارے پیچھے کو لپیٹی گئی ہے۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں میں اس شخص کی طرح ہوں جو اپنی گردن پھیلائے ہوئے ہے اور اس پر تلوار کھینچی گئی اس انتظار میں ہے کہ کب اس کی گردن مارے۔

حضرت داؤد طائی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اگر میں ایک مہینہ زندہ رہنے کی امید کروں تو گویا میں نے گناہ کبیرہ کیا اور میں اس کی امید کس طرح کر سکتا ہوں جب کہ میں ان مصیبتوں کو دیکھتا ہوں جو دن رات کی ساعتوں میں مخلوق کو گھیرے ہوئے ہیں۔

منقول ہے کہ حضرت شفیق بلخی رحمہ اللہ اپنے استاد ابو ہاشم رمانی رحمہ اللہ کے پاس آئے اور ان کی چادر کے پلو میں کچھ بندھا ہوا تھا استاذ نے پوچھا تمہارے پاس کیا ہے؟ انہوں نے کہا کچھ بادام ہیں میرے ایک بھائی نے مجھے دیئے

اور کہا کہ مجھے اچھا معلوم ہوتا ہے کہ تم ان کے ساتھ روزہ افطار کرو انہوں نے فرمایا اے شقیق! کیا تم رات تک زندہ رہنے کا خیال رکھتے ہو میں تم سے کبھی گفتگو نہیں کروں گا فرماتے ہیں پھر انہوں نے مجھ پر دروازہ بند کر دیا اور اندر چلے گئے۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے اپنے خطبہ میں فرمایا ہر سفر کے لیے زاد راہ ضرور ہوتا ہے لہذا تم دنیا سے آخرت کی طرف اپنے سفر کے لیے تقویٰ کا سامان اختیار کرو اور ایسے ہو جاؤ گویا تم نے اس کے ثواب و عذاب کو دیکھا ہے لہذا ثواب کی رغبت رکھو اور عذاب سے ڈرو۔ تم پر امید ہرگز طویل نہ ہو جائے ورنہ تمہارے دل سخت ہو جائیں گے اور تم اپنے دشمن کے تابع ہو جاؤ گے اللہ کی قسم وہ شخص اپنی امید کو نہیں پھیلاتا جو نہیں جانتا کہ وہ شام کے بعد صبح کرے گا اور صبح کے بعد شام کرے گا یا نہیں۔ بعض اوقات ان دونوں وقتوں کے درمیان موتوں کا اُچکنا پایا جاتا ہے میں نے اور تم نے اکثر دیکھا کہ بعض لوگ دنیا کے اعتبار سے دھوکے میں تھے اسی شخص کی آنکھ ٹھنڈی ہوتی ہے جو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نجات پر یقین رکھتا ہوتا ہو۔

اور جو شخص قیامت کے ہولناک منظر سے بے خوف ہو وہی خوشی کا اظہار کرتا ہے اور جس شخص کو پہلا زخم ٹھیک ہونے سے پہلے ہی دوسرا زخم لگ جائے وہ کیسے خوش ہو سکتا ہے میں اس بات سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں کہ تمہیں وہ بات کہوں جس سے میں خود اپنے آپ کو نہیں روکتا پس میری تجارت میں نقصان ہوگا اور میرا عیب ظاہر ہو جائے گا اور اس دن میری محتاجی ظاہر ہو جائے گی جس دن مالداری اور محتاجی ظاہر ہوں گی اور ترازو قائم ہوں گے تم ایسے کاموں کے مکلف بنائے گئے کہ اگر ستاروں کو ان کاموں کا مکلف بنایا جاتا تو وہ بے نور ہو جاتے اور اگر پہاڑوں کو تکلیف دی جاتی تو وہ پگھل جائیں اور اگر زمین کو مکلف بنایا جاتا تو وہ پھٹ جاتی کیا تم نہیں جانتے کہ جنت اور دوزخ کے درمیان کوئی منزل نہیں اور تم نے ان میں سے کسی ایک میں جانا ہے۔

ایک شخص نے اپنے بھائی کو لکھا۔ حمد و صلوٰۃ کے بعد! دنیا ایک خواب ہے اور آخرت بیداری ہے اور ان دونوں کے درمیان موت ہے اور ہم پراگندہ خوابوں میں ہیں والسلام۔

اور ایک دوسرے شخص نے اپنے بھائی کو لکھا دنیا پر غم کرنا بہت لمبا ہے اور موت انسان کے قریب ہے۔ اور ہر روز کچھ نہ کچھ گھٹتا ہے اور مصیبت (آزمائش) اس کے جسم میں آہستہ آہستہ بن رہی ہے اس سے پہلے کہ کوچ کا اعلان ہو سفر کی تیاری میں جلدی کرو۔ والسلام۔

حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب تک حضرت آدم علیہ السلام سے لغزش واقع نہیں ہوئی تھی ان کی امید ان کی پیٹھ کے پیچھے اور موت آنکھوں کے سامنے تھی جب آپ سے خطا واقع ہوئی تو آپ کی امید آنکھوں کے سامنے اور موت آپ کی پیٹھ کے پیچھے کر دی گئی۔

حضرت عبداللہ بن سمیط رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے اپنے والد سے سنا فرماتے ہیں اپنی طویل صحت پر دھوکے میں مبتلا،

شخص! کیا تُو نے کسی کو بیماری کے بغیر مرتے ہوئے نہیں دیکھا اے وہ شخص! جو طویل مہلت کی وجہ سے دھوکے میں ہے کیا تو نے کسی کو سامان کے بغیر گرفتار نہیں دیکھا اگر تم اپنی عمر کی طوالت کے بارے میں سوچے تو سابقہ لذتیں بھول جائے تم لوگ صحت کے دھوکے میں ہو یا عافیت میں زیادہ دن گزارنے پر اکڑتے ہو یا موت سے بے خوف ہو یا موت کے فرشتے پر تمہیں جرأت ہے بے شک جب موت کا فرشتہ آئے گا تو تمہاری مالی ثروت اور تمہاری جماعت تمہیں نہیں بچا سکے گی کیا تم نہیں جانتے کہ موت کی گھڑی سختیوں، اور ندامت کی گھڑی ہے کہ کوتاہی واقع ہوئی پھر وہ فرماتے اللہ تعالیٰ اس بندے پر رحم فرمائے جو موت کے بعد کے لیے عمل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس بندے پر رحم فرمائے جو موت کے آنے سے پہلے اپنے نفس کو ترس کی نگاہ سے دیکھے۔

حضرت ابوزکریا تیمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں سلیمان بن عبدالملک مسجد حرام میں تھے کہ ان کے پاس ایک پتھر لایا گیا جس پر کچھ لکھا ہوا تھا انہوں نے کسی پڑھنے والے کو بلایا چنانچہ حضرت وہب بن منبہ رحمہ اللہ تشریف لائے تو اس پتھر پر کندہ تھا "اے انسان! اگر تو اپنی موت کی نزدیکی کو دیکھ سکے تو لمبی امید چھوڑ دے، زیادہ عمل کرنے میں رغبت کرے اور تیری حرص و حیلہ کم ہو جائے اگر تیرے قدم پھسل گئے تو کل (بروز قیامت) تجھے ندامت اٹھانا پڑے گی تیری اولاد اور نوکر چاکر تجھے حوالے کر دیں گے اور والدین قریبی رشتہ دار تجھ سے جدا ہو جائیں گے اولاد اور داماد تجھے چھوڑ دیں گے نہ تو تُو دنیا کی طرف لوٹے گا اور نہ تیری نیکیوں میں اضافہ ہو گا پس ندامت و حسرت سے پہلے قیامت کے لیے عمل کر۔ یہ سن کر سلیمان بن عبدالملک رو پڑے۔

کسی بزرگ کا قول ہے کہ میں نے محمد بن یوسف کا خط عبدالرحمٰن بن یوسف کے نام دیکھا جس میں لکھا تھا تم پر سلامتی ہو میں اس اللہ کا شکر کرتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں، حمد و صلوٰۃ کے بعد۔ میں تمہیں خوف دلاتا ہوں اور تجھے تیرے مہلت کے گھر سے ٹھہرنے اور اعمال کی جزا کے گھر کی طرف بلاتا ہوں تو زمین کے ظاہر پر رہنے کے بعد اس کے اندر چلا جائے گا تیرے پاس منکر نکیر (فرشتے) آئیں گے جو تجھے بٹھائیں گے اور ڈانٹ ڈپٹ کریں گے اگر اللہ تعالیٰ تیرے ساتھ ہوا تو تجھے نہ تو کوئی وحشت ہو گی اور نہ حاجت اور اگر اس کے علاوہ کوئی بات ہوئی تو اللہ تعالیٰ مجھے بھی اور تجھے بھی بری جگہ اور تنگ آرام گاہ سے پناہ عطا فرمائے پھر میدان حشر کی چیخ و پکار ہو گی اور صُور پھونکا جائے گا مخلوق کے فیصلوں کے لیے خدائے جبار آمادہ ہو گا زمین اپنے رہنے والوں اور آسمان اپنے اندر بسنے والوں سے خالی ہو جائیں گے اسرار کھل جائیں گے جہنم بھڑکائی جائے گی، میزان قائم کیے جائیں گے انبیاء کرام اور شہداء عظام کو لایا جائے گا اور ان کے درمیان سچا فیصلہ ہو گا اور کہا جائے گا تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے۔

کتنے ہی لوگ رسوا ہوں گے اور کتنے ہی لوگوں کی پردہ پوشی ہوگی بہت سے ہلاک ہوں گے اور بہت سے نجات پائیں گے کئی لوگوں کو عذاب ہوگا اور کئی رحمت حاصل کریں گے معلوم نہیں اس دن میرا اور تیرا کیا حال ہوگا۔

اس سے لذتیں چلی گئیں، امید کم ہوگئیں سونے والے جاگ گئے اور غفلت کے مارے ہوئے ہوشیار ہوگئے اللہ تعالیٰ اس بہت بڑے خطرے پر ہماری اور تمہاری مدد فرمائے اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت کو ہمارے دلوں میں اس طرح کر دے جس طرح ان کو متقی لوگوں کے دلوں میں کیا ہے اس لیے کہ ہم اسی کے ہیں۔ والسلام۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے خطبہ دیتے ہوئے حمد و ثنا کی اور فرمایا اے لوگو! تمہیں بیکار پیدا نہیں کیا گیا اور نہ ہی بیکار چھوڑا گیا ہے تمہارے لیے انجام کا دن ہے اس دن اللہ تعالیٰ تم لوگوں کو فیصلے کے لیے جمع فرمائے گا پس کل (قیامت کے دن) وہ بندہ بدبخت اور نامراد ہوگا جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنی اس رحمت سے نکال دیا جو ہر چیز کو شامل ہے اور اس جنت سے بھی جس کی چوڑائی تمام آسمانوں کے برابر ہے۔

کل اسے ہی امن ملے گا جو ڈرتا ہے اور متقی ہے اور اس نے قلیل (یعنی دنیا) دے کر کثیر (یعنی آخرت) خرید لی باقی کے بدلے میں فانی اور سعادت کے بدلے میں بدبختی بیچ دی کیا تم نہیں دیکھتے کہ تم ہلاک ہونے والوں کی پیٹھوں میں تھے اور تمہارے بعد والے تمہارے نائب ہوں گے کیا تم نہیں دیکھتے کہ صبح و شام لوگ اپنے رب کے پاس چلے جاتے ہیں جنہوں نے اپنا کام مکمل کر لیا اور ان کی امید ختم ہوگئی تم ان کو زمین کے گڑھے میں کسی بچھونے اور تکیے کے بغیر رکھتے ہو اسباب الگ ہوگئے دوست احباب جدا ہوگئے اور حساب و کتاب سامنے ہے اللہ کی قسم! میں تم سے یہ بات کہہ رہا ہوں اور میں نہیں جانتا کہ تم میں سے کسی کے گناہ میرے گناہوں سے زیادہ ہوں گے لیکن اللہ تعالیٰ کے طریقے ٹھیک ٹھیک ہیں تمہیں اس کی اطاعت کا حکم دیتا اور اس کی نافرمانی سے منع کرتا ہوں نیز اللہ تعالیٰ سے بخشش کا طلب گار ہوں (یہ فرمانے کے بعد) انہوں نے اپنی آستین چہرے پر رکھی اور رونے لگے حتیٰ کہ ان کے آنسوؤں سے ان کی داڑھی مبارک تر ہوگئی اور انتقال فرمانے تک آپ دوبارہ مجلس میں تشریف نہ لائے۔

حضرت قعقاع بن حکیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے موت کے لیے تیس سال تیاری کی اگر موت میرے پاس آئے تو میں اتنی تاخیر بھی نہیں کروں گا جتنی دیر میں ایک چیز دوسری چیز سے پیچھے کی جاتی ہے۔

حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے کوفہ کی مسجد میں ایک بزرگ کو دیکھا وہ کہہ رہے تھے میں تیس سال سے اس مسجد میں موت کا منتظر ہوں اگر وہ آئے گی تو میں نہ تو اسے کوئی حکم دوں گا اور نہ کسی کام سے منع کروں گا نہ کسی کے ذمہ میری کوئی چیز ہے اور نہ کسی کی میرے ذمہ کوئی چیز ہے۔

حضرت عبداللہ بن ثعلبہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں تم ہنستے ہو اور ہو سکتا ہے تمہارا کفن دھوبی کے پاس سے آچکا ہو۔

حضرت ابو محمد بن علی زاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم کوفہ میں ایک جنازے کے ساتھ گئے اور اس میں حضرت داؤد طائی

بھی تریک تھے تدفین کے وقت وہ ایک کنارے پر بیٹھ گئے میں آیا اور ان کے پاس بیٹھ گیا اور گفتگو شروع کی انہوں نے فرمایا جو وعدۂ عذاب سے ڈرتا ہے اس پر دور کی چیز بھی نزدیک ہو جاتی ہے، جس کی امید لمبی ہو اس کا عمل کمزور ہو جاتا ہے اور جو چیز آنے والی ہے وہ قریب ہے (یعنی موت)

اے بھائی! جان تو ہر وہ چیز جو تجھے تیرے رب سے غافل کر دے وہ تیرے لیے نحوست کا باعث ہے اور جان لو کہ تمام دنیا والے قبرستان والوں میں سے ہیں وہ جو کچھ چھوڑتے ہیں اس پر نادم ہوتے ہیں اور جو کچھ آگے بھیجتے ہیں اس پر خوش ہوتے ہیں لیکن قبر والے جس پر پشیمان ہوتے ہیں دنیا والے اس پر لڑتے مرتے ہیں اور اسی پر وہ حاکموں سے جھگڑا کرتے ہیں۔

مروی ہے کہ حضرت معروف کرخی رحمہ اللہ نے نماز کے لیے تکبیر کہی اور محمد بن ابی توبہ رحمہ اللہ سے فرمایا آگے بڑھو (وہ فرماتے ہیں) میں نے کہا اگر میں نے یہ نماز پڑھائی تو دوسری نماز نہیں پڑھاؤں گا حضرت معروف کرخی رحمہ اللہ نے فرمایا تمہارے دل میں یہ خیال ہے کہ تو دوسری نماز بھی پڑھائے گا لمبی امید سے اللہ تعالیٰ کی پناہ یہ تو اچھے عمل سے روک دیتی ہے۔

حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ نے اپنے خطبہ میں فرمایا دنیا تمہارا باقی رہنے والا ٹھکانہ نہیں ہے یہ وہ جگہ ہے جس کے لیے اللہ تعالیٰ نے فنا ہونا لکھا ہے اور اس کے رہنے والوں پر یہاں سے جانا لکھ دیا ہے بہت سے مضبوط آباد جلد خراب اور ویران ہو جاتے ہیں اور کتنے ہی رہائش پذیر جن پر رشک کیا جاتا ہے جلد ہی رخصت ہو جاتے ہیں۔

پس اے لوگو! اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے اس میں سے عمدہ چیز لے کر اچھی طرح نکلو اور اچھا توشہ اختیار کرو پس بہترین زادِ راہ تقویٰ ہے دنیا سکڑنے والے سائے کی طرح ہے جو ختم ہو جاتا ہے آدمی دنیا میں آنکھوں کی ٹھنڈک حاصل کرتا ہی ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی تقدیر کے تحت اسے بلا لیتا ہے اور اس کے سر پر موت لا کھڑی کرتا ہے تو اس کے تمام نشان اور دنیا اس سے لے لی جاتی ہے اور یہ سب کچھ دوسروں کے لیے ٹھکانہ اور غنیمت کر دیا جاتا ہے دنیا جس قدر نقصان پہنچاتی ہے اس قدر خوشی نہیں دیتی۔ وہ خوشی کم اور غم زیادہ دیتی ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ اپنے خطبہ میں ارشاد فرماتے تھے کہاں گئے وہ لوگ جن کے چہرے خوبصورت تھے اور چمکتے تھے اور وہ اپنی جوانیوں پر فخر کرتے تھے! کہاں ہیں وہ بادشاہ جنہوں نے شہر تعمیر کئے اور ان کے گرد دیواریں بنا کر ان کو محفوظ کیا کہاں ہیں وہ جو لڑائی کے میدان میں غالب آتے تھے زمانے نے ان کو کمزور اور ذلیل کر دیا پس وہ قبروں کی تاریکیوں میں چلے گئے جلدی جلدی کرو اور نجات تلاش کرو نجات تلاش کرو۔

فصل ۲

طویل امید کا سبب اور اس کا علاج

طویل امید کے دو سبب ہیں (۱) جہالت اور (۲) محبت دنیا۔

جہاں تک دنیوی محبت کا تعلق ہے تو جب آدمی دنیا، اس کی خواہشات، لذات اور متعلقات سے مانوس ہوتا ہے تو دل اس کی جدائی کا بوجھ محسوس کرتا ہے اور دل موت کی فکر کرنے سے رُک جاتا ہے حالانکہ موت ہی اس سے جدائی کا سبب ہے اور جو شخص کسی چیز کو ناپسند کرتا ہے اسے اپنے آپ سے دُور کرتا ہے اور انسان اپنی باطل آرزوؤں میں مشغول ہوتا ہے اور اپنے نفس کے لیے اسی چیز کی آرزو کرتا ہے جو اس کے موافق ہو اور اس کی مراد کے موافق دنیا میں باقی رہنا ہے۔ پس وہ اسی کا خیال کرتا ہے اور اپنے لیے اسی کو فرض کرتا ہے باقی رہنے کے لیے جو کچھ ضروری ہے یعنی مال، اہل و اولاد، دوست احباب، جانور اور دیگر اسباب دنیا تو وہ ان کی فکر میں رہتا اور دل کا جھکاؤ بھی انہی چیزوں کی طرف ہوتا ہے اور انہی پر رُکتا ہے لہٰذا وہ موت سے غافل ہو کر اس کے خیال کو قریب بھٹکنے نہیں دیتا اور اگر کبھی اس کے دل میں موت اور اس کی تیاری کا خیال آئے تو لیت و لعل سے کام لیتا ہے اور کہتا ہے کہ ابھی بڑے دن پڑے ہوئے ہیں۔ بڑا ہو کر توبہ کروں گا۔ جب بڑا ہوتا ہے تو کہتا ہے بڑھاپے میں توبہ کروں گا۔ جب بوڑھا ہو جاتا ہے تو کہتا ہے یہ مکان بنا کر یا زمین آباد کر کے یا اس سفر سے واپس آ کر یا لڑکے کی شادی اور بہن کے جہیز سے فارغ ہو کر، بدگو دشمن کو غالب کر کے یا مکان کی تدبیر سے فارغ ہو کر توبہ کروں گا۔ پس اس طرح وہ ٹال مٹول سے کام لیتا رہتا ہے اور ایک کے بعد دوسرے کام میں مشغول ہو جاتا ہے بلکہ بہت سے کاموں میں مشغول رہتا ہے حتیٰ کہ موت اسے اس وقت آلیتی ہے جس کا اسے گمان بھی نہیں ہوتا۔ اس وقت بہت زیادہ افسوس ہوتا ہے۔

اگر دوزخ والے لیت و لعل کی وجہ سے فریاد کریں گے اور کہیں گے ہائے افسوس، ہم نے کیوں تاخیر کی اور تاخیر کرنے والا بیچارہ نہیں جانتا کہ جو بات اسے آج تاخیر پر مجبور کرتی ہے وہ کل بھی تو اس کے ساتھ ہو گی بلکہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ وہ اور زیادہ مستحکم ہوتی ہے اور اس کو یہ گمان ہے کہ دنیا میں مصروف رہنے والے اور اس کی حفاظت کرنے والے کو کبھی نہ کبھی تو فراغت ہو گی حالانکہ یہ بات نہیں اس سے وہی فارغ ہوتا ہے جو اس کو چھوڑتا ہے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے:

فَمَا قَضٰى اَحَدٌ مِنْهَا لُبَانَتَهٗ — اس سے کسی نے اپنی حاجت کو پورا نہیں کیا اور ہر

وَمَا انْتَهٰى اِرْبٌ اِلَّا اِلٰى اِرْبٍ — حاجت کے بعد ایک حاجت ہے۔

اور ان تمام آرزوؤں کی اصل دنیا کی محبت اور اس سے مانوس ہونا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول

کے مفہوم سے غفلت ہے۔

اَحْبِبْ مَنْ اَحْبَبْتَ فَاِنَّكَ مُفَارِقُہٗ[1] جس سے محبت کرتے ہو کرو بے شک تم اس سے جدا ہونے والے ہو۔

جہاں تک جہالت کا تعلق ہے تو بعض اوقات انسان اپنی جوانی پر اعتماد کرتا ہے اور جوانی کی حالت میں موت کا آنا بعید جانتا ہے اور بے چارہ نہیں جانتا کہ اگر اپنے شہر کے بوڑھوں کو شمار کرے تو وہ شہر کے کل افراد کے دسویں حصے سے بھی کم ہوں گے اور اس قلت کی وجہ یہ ہے کہ جوانی کی حالت میں موت زیادہ واقع ہوتی ہے تو جب تک ایک بوڑھا شخص مرتا ہے ہزار بچے اور نوجوان مر جاتے ہیں اور بعض اوقات آدمی صحت کی وجہ سے موت کو دور سمجھتا ہے اور اچانک موت آنے کو دشوار سمجھتا ہے اور وہ نہیں جانتا کہ یہ بات بعید نہیں ہے کہ اگر یہ بات بعید بھی ہو تو اچانک بیماری بعید نہیں اور ہر مرض اچانک واقع ہوتی ہے اور جب وہ بیمار ہوتا ہے تو موت بعید نہیں ہوتی۔

اگر یہ غافل غور و فکر کرے اور اس بات کو جان لے کہ موت کے لیے جوانی، بڑھاپا، گرمی، سردی، خزاں، بہار رات اور دن کوئی وقت مقرر نہیں تو اس کا شعور بڑھے اور وہ اس کے لیے تیاری کرے لیکن ان باتوں سے جہالت اور دنیا کی محبت دونوں اس کو لمبی امید اور موت کے جلد آنے سے غفلت کی طرف بلاتی ہیں وہ ہمیشہ یہی گمان کرتا ہے کہ موت اس کے سامنے ہے لیکن وہ اسے اپنے اوپر آنا فرض نہیں کرتا وہ ہمیشہ یہی خیال کرتا ہے کہ جنازے کے ساتھ جائے گا لیکن یہ بات فرض نہیں کرتا کہ کوئی اس کے جنازے کے ساتھ بھی جائے گا کیونکہ وہ جنازوں کے ساتھ چلتے چلتے اس سے مانوس ہو گیا ہے اور یہ دوسروں کی موت کا مشاہدہ ہے لیکن وہ اپنی موت سے مانوس نہیں اور نہ ہی اس بات کا تصور کرتا ہے اور اپنی موت سے الفت ممکن بھی نہیں کیونکہ وہ واقع نہیں ہوگی اور واقع ہوئی تو دوسری مرتبہ واقع نہیں ہوگی یہی اول و آخر ہے۔ اس تصور کو حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے آپ کو دوسروں پر قیاس کرے اور اس بات پر یقین رکھے کہ اس کا جنازہ اٹھایا جائے گا اور اسے قبر میں دفن کیا جائے گا اور ہو سکتا ہے کہ اس کی قبر کو ڈھانپنے والی اینٹ تیار ہو گئی ہو اور اسے معلوم نہ ہو پس اس کا ٹال مٹول کرنا محض جہالت ہے اور جب تمہیں معلوم ہوا کہ اس کا سبب جہالت اور دنیا کی محبت ہے تو اس کا علاج اس کے سبب کو دور کرنا ہے جہالت کو دور کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ حاضر دل سے صاف فکر کرے اور پاک دلوں سے حکمت بالغہ کی سماعت کرے اور محبت دنیا کا علاج اسے دل سے نکالنے کے ذریعے بہت سخت ہے یہ علاج مرض ہے جس نے پہلوں اور پچھلوں سب کو علاج سے تھکا دیا اور اس کا علاج صرف آخرت کے دن پر ایمان لانا ہے اور اس میں پائے

---

[1] العلل المتناہیہ جلد ۲ ص ۳۰۳ حدیث ۱۴۸۱

جانے والے بہت بڑے عذاب اور عمدہ ثواب کو ماننا ہے جب اسے اس بات کا یقین حاصل ہو جائے گا تو اس کے دل سے دنیا کوچ کر جائے گی کیونکہ بڑی چیز کی محبت دل سے چھوٹی چیز کی محبت کو مٹا دیتی ہے۔ پس جب دنیا کی حقارت اور آخرت کی نفاست کو دیکھے گا تو دنیا کی طرف توجہ سے نفرت کرے گا اگرچہ اسے مشرق سے مغرب تک کی حکومت دی جائے اور ایسا کیوں نہیں ہوگا جبکہ اس کے پاس معمولی مقدار ہے اور وہ بھی بے مزہ اور کدورت سے بھری ہوئی ہے تو آخرت پر ایمان کی موجودگی میں اس پر کس طرح خوش ہوگا اور دل میں اس کی محبت کس طرح جاگزیں ہوگی۔ ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمیں دنیا اس طرح دکھائے جس طرح اپنے نیک بندوں کو دکھائی ہے اور موت کا خیال دل میں بٹھانے کا اس سے بہتر کوئی علاج نہیں کہ اپنے ہمسر لوگوں کی موت کو دیکھے کہ کس طرح ان کے پاس اس وقت آئی جب ان کو اس کا خیال بھی نہ تھا لیکن جو شخص موت کے لیے تیار رہتا ہے۔ وہ بہت بڑی کامیابی سے ہمکنار رہتا ہے اور جو لمبی امید کے ذریعے دھوکے کا شکار ہوتا ہے وہ واضح نقصان اٹھاتا ہے۔

تو انسان کو ہر وقت اپنے اعضاء کی طرف دیکھنا اور غور کرنا چاہیے کہ کس طرح ان کو کیڑے مکوڑے کھا جائیں گے اور ان کی ہڈیاں کس طرح بکھر جائیں گی اور یہ بات بھی سوچ کہ کیڑے اس کی آنکھ کے دائیں ڈھیلے کو پہلے کھائیں گے یا بائیں کو، اس کے جسم کی ہر چیز کیڑوں کی خوراک ہوگی اور اسے اپنے نفس سے صرف اسی علم اور عمل کا فائدہ حاصل ہوگا جو اس نے خالص رضائے الٰہی کے لیے حاصل کیا۔

اسی طرح اس کو عذاب قبر، منکر نکیر کے سوالات، حشر و نشر، قیامت کے ہولناک مناظر اور بڑے دن کی پیشی کے لیے پکار وغیرہ، عنقریب اسے ان سے پالا پڑے گا۔ کے بارے میں بھی سوچنا چاہیے اس قسم کے افکار دل میں موت کے ذکر کو بار بار لانے اور اس کے لیے تیاری کی دعوت دیتے ہیں۔

فصل ۳۔

امید کے زیادہ اور کم ہونے میں لوگوں کے مراتب

اس سلسلے میں لوگوں کے درجات مختلف ہیں ان میں سے بعض باقی رہنے کی امید رکھتے اور ہمیشہ اس کے خواہش مند رہتے ہیں۔ ارشاد خداوندی ہے۔

يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ [1]	ان میں سے ہر ایک چاہتا ہے کہ اسے ایک ہزار سال عمر دی جائے۔

---

[1] قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۹۶۔

اور کوئی شخص بڑھاپے تک زندہ رہنا چاہتا ہے یعنی جس قدر زندگی کی انتہا اس نے دیکھی ہے اور یہ شخص دنیا سے بہت زیادہ محبت کرتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔

اَلشَّيْخُ شَابٌّ فِي حُبِّ طَلَبِ الدُّنْيَا وَاِنِ الْتَفَّتْ تَرْقُوَتَاهُ مِنَ الْكِبَرِ اِلَّا الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ[1]	بوڑھا آدمی طلب دنیا کی محبت میں نوجوان ہے اگرچہ بڑھاپے کے سبب اس کی ہنسلی کی ہڈی سڑ جائے مگر وہ لوگ جو ڈرتے ہیں اور وہ بہت کم ہیں۔

اور ان میں سے کوئی ایک سال تک زندہ رہنے کی اُمید رکھتا ہے اور اس کے بعد کے لیے تدبیر نہیں کرتا اور آئندہ سال کے لیے اپنے وجود کو فرض نہیں کرتا لیکن یہ شخص گرمیوں میں سردیوں کے لیے اور سردیوں میں گرمیوں کے لیے تیاری کرتا ہے۔

پس جب سال بھر کے لیے ضروری سامان جمع کر لیتا ہے تو عبادت میں مشغول ہو جاتا ہے۔ اور ان میں کوئی صرف گرمیوں یا سردیوں کی مدت کے لیے اُمید رکھتا ہے لہٰذا وہ گرمیوں میں سردیوں کے کپڑے اور سردیوں میں گرمیوں کے کپڑے جمع نہیں کرتا۔

اور کسی شخص کی امید ایک دن رات کو محیط ہوتی ہے پس وہ صرف آج کے دن کے لیے تیاری کرتا ہے کل کے لیے نہیں۔ حضرت عیسٰی علیہ السلام نے فرمایا کل کے رزق کا اہتمام نہ کرو۔ اگر تمہیں کل کی مہلت مل گئی تو اس کے ساتھ تمہارا رزق بھی آئے گا اور اگر کل کی مہلت نہ ملی تو دوسروں کی مہلت کے لیے اہتمام نہ کرو۔

اور کسی آدمی کی امید ایک ساعت سے نہیں بڑھتی جس طرح ہمارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

يَا عَبْدَ اللهِ اِذَا اَصْبَحْتَ فَلَا تُحَدِّثْ نَفْسَكَ بِالْمَسَاءِ وَاِذَا اَمْسَيْتَ فَلَا تُحَدِّثْ نَفْسَكَ بِالصَّبَاحِ[2]	اے بندہ خدا! جب تم صبح کرو تو شام کے بارے میں نہ سوچو اور جب شام ہو تو صبح کے بارے میں نہ سوچو۔

اور کسی شخص کو ایک گھڑی زندہ رہنے کی اُمید نہیں ہوتی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پانی حاصل ہونے کے باوجود فوراً تیمم فرماتے اور ارشاد فرماتے۔ ہو سکتا ہے میں پانی تک نہ پہنچ سکوں[3]

---

[1] کنز العمال جلد ۳ ص ۹۹ حدیث ۵۶۷۱

[2] صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۴۹، کتاب الرقاق

[3] مشکوٰۃ شریف ص ۴۵۰ باب الامل والحرص

اور کسی شخص کی موت اس کی آنکھوں کے سامنے ہوتی ہے۔ گویا کہ موت واقع ہو گئی۔ پس وہ اس کا منتظر رہتا ہے اور یہ وہی شخص ہے جو رخصت ہونے والے کی طرح نماز پڑھتا ہے۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی روایت اسی سلسلے میں ہے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے ان کے ایمان کی حقیقت پوچھی تو انہوں نے عرض کیا میں جب بھی کوئی قدم اٹھاتا ہوں تو یہ خیال کرتا ہوں کہ اس کے بعد دوسرا قدم نہیں اٹھاؤں گا۔[1]

اور جیسا کہ حضرت اسود حبشی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ رات کو نماز پڑھتے ہوئے دائیں بائیں متوجہ ہوتے کسی نے پوچھا یہ کیا ہے؟ فرمایا میں دیکھ رہا ہوں کہ موت کا فرشتہ کدھر سے آئے گا۔

تو (امید کے سلسلے میں) لوگوں کے یہ مراتب ہیں اور ہر ایک کے لیے اللہ تعالیٰ کے ہاں درجات ہیں جس کی امید ایک مہینہ ہے وہ اس کی طرح نہیں جس کی امید ایک مہینہ اور ایک دن ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کے درجات میں فرق ہے۔ اللہ تعالیٰ ذرہ بھر بھی ظلم نہیں کرتا اور جو شخص ذرہ برابر بھی نیک عمل کرے گا اس کو دیکھ لے گا۔ پھر امید کے کم ہونے کا اثر عمل میں جلدی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے اور امید کی کمی کا دعویٰ جھوٹ ہے۔ کیونکہ اس بات کا پتہ عمل سے چلتا ہے کیونکہ بعض اوقات وہ شخص اپنے اسباب کی تیاری میں مشغول ہوتا ہے کہ سال بھر تک ان کا محتاج نہیں ہوتا تو اس کا یہ عمل امید کے زیادہ ہونے پر دلالت ہے۔

اور توفیق کی علامت یہ ہے کہ موت آنکھوں کے سامنے ہو اس سے ایک ساعت بھی غافل نہ ہو پس موت کی تیاری میں ہو کہ ابھی آجائے گی اور اگر شام تک زندہ رہے تو اس کی عبادت پر شکر بجا لائے اور اس بات پر خوش ہو کہ اس کا دن ضائع نہ ہوا بلکہ اس نے اس سے حصہ حاصل کیا اور اسے اپنے لیے محفوظ رکھا پھر صبح کو از سر نو اسی طرح شروع کرے یعنی ہر صبح و شام یہی طریقہ اختیار کرے اور یہ بات اسی کے لیے آسان ہوتی ہے جس کا دل کل سے فارغ ہو اس قسم کا آدمی جب فوت ہوتا ہے تو خوش بختی اور غنیمت حاصل کرتا ہے اور اگر زندہ رہے گا تو اچھی تیاری اور لذت مناجات سے خوشی حاصل کرے گا۔ پس موت اس کے لیے سعادت اور زندگی اضافے کا باعث ہے۔

پس اے مسکین! موت کو اپنے دل پر رکھ لے کیونکہ تو جا رہا ہے اور تجھے خبر بھی نہیں، ہو سکتا ہے منزل قریب ہو اور مسافت ختم ہو گئی ہو اور تمہیں یہ بات اس صورت میں حاصل ہو گی جب تم حاصل ہونے والی مہلت میں عمل کی جلدی کرو۔

---

[1] حلیۃ الاولیاء جلد اول ص ۲۴۲ ترجمہ ۳۶۔

فصل ۴

عمل میں جلدی کرنا اور تاخیر کی آفت سے بچنا

جس آدمی کے دو بھائی غائب ہوں اور ان میں سے ایک کے کل آنے کا انتظار ہو اور دوسرا ایک مہینے یا سال کے بعد آئے گا تو وہ اس کے آنے کی تیاری نہیں کرتا جو ایک مہینے یا سال کے بعد آئے گا بلکہ اس کے لیے تیاری کرتا ہے جس کے کل آنے کا انتظار ہو اس کا دل اس مدت سے متعلق رہتا ہے اور اس کے علاوہ کو بھول جاتا ہے۔ ہر صبح وہ مکمل سال کا منتظر رہتا ہے اور گذشتہ دن کی وجہ سے سال میں کمی کا خیال نہیں کرتا اس وجہ سے وہ عمل میں کبھی بھی جلدی نہیں کرتا بلکہ وہ ہمیشہ اپنے لیے سال بھر کی گنجائش سمجھتے ہوئے عمل کو مؤخر کرتا ہے جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَا يَنْتَظِرُ اَحَدُكُمْ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا غِنًى مُطْغِيًا اَوْ فَقْرًا مُنْسِيًا اَوْ مَرَضًا مُفْسِدًا اَوْ هَرَمًا مُفَنِّدًا اَوْ مَوْتًا مُجْهِزًا اَوِ الدَّجَّالَ فَالدَّجَّالُ شَرُّ غَائِبٍ يُنْتَظَرُ اَوِ السَّاعَةَ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ[1]

تم میں سے کوئی دنیا کی انتظار سرکش بنانے والی مالداری بھلا دینے والی فقر، خراب کر دینے والی بیماری، عقل کو بگاڑنے والے بڑھاپے، جلدی کرنے والی برائی یا دجال کے حوالے سے کرتا ہے پس دجال ایک غائب برائی ہے جس کا انتظار کیا جاتا ہے۔ یا قیامت کا انتظار کرتا ہے اور قیامت نہایت سخت اور کڑوی ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا۔

اِغْتَنِمْ خَمْسًا قَبْلَ خَمْسٍ شَبَابَكَ قَبْلَ هَرَمِكَ وَصِحَّتَكَ قَبْلَ سَقَمِكَ وَغِنَاكَ قَبْلَ فَقْرِكَ وَفَرَاغَكَ قَبْلَ شُغْلِكَ وَحَيَاتَكَ قَبْلَ مَوْتِكَ[2]

پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت جانو بڑھاپے سے پہلے جوانی کو، بیماری سے پہلے صحت کو، فقر سے پہلے مالداری کو، مصروفیت سے پہلے فراغت کو اور موت سے پہلے زندگی کو۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

---

[1] المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۳۲۱ کتاب الرقاق۔

[2] 〃 〃 〃 ص ۳۰۶ 〃

نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِيْهِمَا كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ اَلصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ ل
دو نعمتیں ایسی ہیں جن میں اکثر لوگ خسارے میں ہیں، ایک صحت اور دوسری فراغت۔

یعنی ان نعمتوں کو غنیمت نہیں جانتے اور پھر جب یہ زائل ہو جاتی ہیں تو ان کی قدر سمجھ آتی ہے۔

اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ خَافَ اَدْلَجَ وَمَنْ اَدْلَجَ بَلَغَ الْمَنْزِلَ اَلَا اِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ غَالِيَةٌ اَلَا اِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ الْجَنَّةُ ٢
جو شخص خوف رکھتا ہے وہ رات کے پہلے حصہ میں چل پڑتا ہے اور جو رات کے پہلے حصے میں جاتا ہے وہ منزل پر پہنچ جاتا ہے۔ سنو! اللہ تعالیٰ کا مال (سامان) بہت قیمتی ہے۔ سنو! اللہ تعالیٰ کا مال جنت ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

جَاءَتِ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ وَجَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ ٣
آگئی ہلاک کرنے والی اور اس کے پیچھے آتی ہے پیچھے آنے والی اور موت اپنے تمام ساز و سامان کے ساتھ آگئی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب صحابہ کرام میں غفلت یا کوئی مغالطہ محسوس فرماتے تو بلند آواز سے پکارتے۔

اَتَتْكُمُ الْمَنِيَّةُ رَاتِبَةٌ لَازِمَةٌ اِمَّا بِشَقَاوَةٍ وَاِمَّا بِسَعَادَةٍ۔ ٤
تمہارے پاس موت وظیفہ لازمہ ہو کر آگئی یا تو بدبختی کے ساتھ یا نیک بختی کے ساتھ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَنَا النَّذِيْرُ وَالْمَوْتُ الْمُغِيْرُ وَالسَّاعَةُ الْمَوْعِدُ ٥
میں ڈرانے والا ہوں موت حملہ آور ہونے والی ہے اور قیامت وعدے کی جگہ ہے۔

ل صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۴۹ کتاب الرقاق

٢ جامع ترمذی ص ۳۵۲، ابواب القیامۃ

٣ مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۱۳۶ مرویات ابی بن کعب

٤ کنز العمال جلد ۱۵ ص ۵۴۳ حدیث ۴۲۰۹۹

٥ الدر المنثور جلد ۵ ص ۹۶ تحت آیت وانذر عشیرتک الاقربین۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے اور دھوپ درخت کی ٹہنیوں تک پہنچ گئی تھی۔ آپ نے فرمایا دنیا اسی قدر باقی رہ گئی ہے جس قدر گزرے ہوئے دن کے مقابلے میں یہ وقت باقی ہے[1]

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

دنیا کی مثال اس کپڑے کی طرح ہے جو شروع سے آخر تک پھٹ گیا ہو اور آخر میں ایک دھاگے سے لٹک کر رہ گیا ہو۔ عنقریب وہ دھاگہ بھی ٹوٹ جائے گا[2]

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب خطبہ دیتے وقت قیامت کا ذکر کرتے تو آپ کی آواز بلند ہو جاتی اور رخسار مبارک سرخ پڑ جاتے۔ گویا آپ کسی لشکر سے ڈرا رہے ہوں۔ آپ فرماتے (قیامت) صبح آئی کہ شام کو آئی اور اپنی دو انگلیوں کو ملا کر فرماتے مجھے قیامت کے ساتھ اس طرح (متصل) بھیجا گیا ہے[3]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔

فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ[4]

پس جس شخص کو اللہ تعالیٰ ہدایت دینا چاہے اس کا سینہ اسلام کے لیے کھول دیتا ہے۔

(یہ آیت تلاوت فرمانے کے بعد) آپ نے فرمایا جب نور سینے میں داخل ہوتا ہے تو کھل جاتا ہے۔ عرض کیا گیا یارسول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم کیا اس کی کوئی علامت ہے جس کے ذریعے اس کی پہچان ہو سکے؟ آپ نے فرمایا ہاں دھوکے والے گھر سے دور رہنا۔ دائمی گھر کی طرف رجوع کرنا اور موت کے آنے سے پہلے اس کے لیے تیاری کرنا[5]

قرآن مجید میں ہے۔

اَلَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ

وہ اللہ جس نے موت و حیات کو پیدا کیا تاکہ

---

[1] مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۳۱۱ کتاب الزھد

[2] کنز العمال جلد ۳ ص ۲۲۳ حدیث ۶۳۰۱

[3] صحیح مسلم جلد اول ص ۲۸۴، ۲۸۵ کتاب الجمعہ

[4] قرآن مجید سورہ انعام آیت ۱۲۵

[5] المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۳۱۱ کتاب الرقاق۔

اَیُّکُمْ اَحْسَنُ عَمَلاً[1] تمہیں آزمائے کہ تم میں سے کون اچھا عمل کرتا ہے۔

حضرت سدی اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ تم میں سے کون موت کو زیادہ یاد کرتا اس کے لیے اچھی طرح تیاری کرتا اور اس کا زیادہ خوف رکھتا ہے اور پرہیز کرتا ہے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہر صبح و شام ایک منادی ندا دیتا ہے۔ اے لوگو! کوچ کرو کوچ کرو۔ اور اس کی تصدیق یہ ارشاد خداوندی ہے۔

اَنَّہَا لَاِحْدَی الْکُبَرِ نَذِیْرًا لِّلْبَشَرِ لِمَنْ شَآءَ مِنْکُمْ اَنْ یَّتَقَدَّمَ اَوْ یَتَاَخَّرَ[2] بے شک یہ جہنم بڑی آفتوں میں سے ایک ہے انسان کے لیے خوف کا مقام ہے تم میں سے جو چاہے آگے بڑھے یا پیچھے رہے۔

یعنی موت میں (پیچھے رہے)

حضرت حکیم جو بنو تمیم کے آزاد کردہ غلام ہیں، فرماتے ہیں میں حضرت عامر بن عبداللہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا اور وہ نماز پڑھ رہے تھے انہوں نے نماز مختصر کی اور میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا مجھے اپنا کام بتاؤ میں جلدی میں ہوں میں نے پوچھا کس کی جلدی ہے فرمایا موت کے فرشتے کی جلدی ہے اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے۔ فرماتے ہیں میں ان کے پاس سے اٹھ کھڑا ہوا اور وہ نماز کے لیے کھڑے ہو گئے۔

حضرت داؤد طائی رضی اللہ عنہ گزر رہے تھے کہ ایک شخص نے ان سے ایک بات پوچھی انہوں نے فرمایا مجھے جانے دو میں جان نکلنے کی جلدی میں ہوں۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہر کام میں تاخیر بہتر ہے لیکن آخرت کے لیے اچھے اعمال میں نہیں۔

حضرت منذر رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ سے سنا وہ اپنے آپ سے کہہ رہے تھے کم بخت عمل پر جلدی کر اس سے پہلے کہ حکم آجائے۔ یہ بات آپ نے ساٹھ مرتبہ دہرائی میں سن رہا تھا لیکن وہ مجھے نہیں دیکھتے تھے۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ اپنے خطبہ وعظ میں فرماتے جلدی کرو جلدی کرو کیونکہ یہ چند سانس ہیں اگر رک گئے تو تم وہ اعمال نہیں کر سکو گے جو تمہیں اللہ تعالیٰ کے قریب کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم فرمائے جو اپنے نفس کی فکر کرتا ہے اور اپنے گناہوں پر روتا ہے پھر آپ نے یہ آیت پڑھی۔

---

[1] قرآن مجید سورہ ملک آیت ۲ [2] قرآن مجید سورہ المدثر آیت ۳۵ تا ۳۷

اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا[1] بے شک ہم گنتی کو پورا کرتے ہیں۔

اس سے مراد سانس ہیں اور آخری عدد جان کا نکلنا ہے پھر گھر والوں سے جدائی ہے اور قبر میں داخل ہونے کی آخری گھڑی ہے۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے اپنے وصال سے پہلے بہت سخت ریاضت شروع کی آپ سے عرض کیا گیا اگر آپ رُک جائیں یا اپنے نفس سے کچھ نرمی برتیں تو اچھا ہے۔ انہوں نے فرمایا جب گھوڑوں کو دوڑنے کے لیے چھوڑا جاتا ہے اور وہ آخری منزل تک پہنچتے ہیں تو پورے کا پورا زور لگاتے ہیں اور میری موت تک وقت اس سے بھی کم ہے۔ راوی فرماتے ہیں آپ نے وصال تک یہی طریقہ جاری رکھا آپ اپنی زوجہ محترمہ سے فرماتے اپنی سواری کس لو جہنم پر سے اترنے کی کوئی جگہ نہیں۔

ایک خلیفہ نے منبر پر کہا اے لوگو! جس قدر ہو سکے اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور ایسی قوم بن جاؤ جن کو چیخ سنائی گئی تو وہ ہوشیار ہو گئے اور جان لو کہ دنیا تمہارا گھر نہیں لہٰذا اسے بدلو اور موت تم پر سایہ فگن ہو چکی ہے۔ پس اس کے لیے تیار ہو جاؤ اور کوچ کی تیاری کرو یہی شکل گھڑی ہے اور جس عرصے کو ایک لحظہ کم کر دے اور ایک ساعت ختم کر دے وہ بہت کم مدت ہونے کے لائق ہے اور جس غائب کو نئے دن رات لے کر آتے ہیں وہ جلد لوٹنے کے شایانِ شان ہے اور جو آنے والا یہ نہ جانتا ہو کہ کامیابی کے ساتھ اترے گا یا بدبختی کے ساتھ، وہ عمدہ تیاری کا مستحق ہے۔ پس اپنے رب کے ہاں وہ زیادہ متقی ہے جو اپنے نفس کا خیر خواہ ہو پہلے توبہ کر چکا ہو اور اپنی شہوت پر غالب ہو کیونکہ اس کا وقتِ موت مخفی ہے۔ امید اسے دھوکہ دیتی ہے اور شیطان اس پر مقرر ہے اور اس کو توبہ کی تمنا دلا کر ٹال مٹول پر آمادہ کرتا ہے اور اس کے لیے گناہ کو اچھا کر کے پیش کرتا ہے تاکہ وہ اس کا ارتکاب کرے اور موت اس پر حملہ آور ہو اور وہ اس وقت اس سے بہت زیادہ غافل ہو تمہارے اور جنت یا جہنم کے درمیان، صرف موت کا آنا ہے تو اس غفلت والے پر بہت زیادہ افسوس ہے جس کی زندگی اس کے خلاف حجت بنے اور اس کے ایامِ زندگی اسے بدبختی میں ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور تمہیں ان لوگوں میں کر دے جو نعمتوں پر اتراتے نہیں اور نہ کسی گناہ کے باعث اطاعتِ خداوندی میں کوتاہی کرتے ہیں اور نہ موت کے بعد انہیں حسرت ہوتی ہے۔ بے شک وہی دُعا کو سننے والا ہے اسی کے قبضے میں بھلائی ہے اور وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ اس کی یہ صفات دائمی ہیں۔

قرآن مجید میں ہے۔

---

[1] قرآن مجید، سورہ مریم آیت ۸۴۔

وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ[۱]

لیکن تم نے اپنے آپ کو فتنے میں ڈالا اور (ہماری تباہی کا) انتظار کرتے رہے اور شک میں مبتلا رہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کا حکم آیا اور اللہ تعالیٰ کے بارے میں تمہیں شیطان دھوکے باز نے دھوکہ دیا۔

"فتنتم انفسکم" شہوتوں اور لذتوں کی وجہ سے تم نے اپنے آپ کو فتنے میں ڈالا۔ تربصتم توبہ کے لیے انتظار کی۔ "وارتبتم" اور تم نے شک کیا "حتی جاء امر اللہ" حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کا حکم آ گیا (یعنی موت آئی) "وغرکم باللہ الغرور" اور تمہیں شیطان نے اللہ تعالیٰ کے بارے میں دھوکے میں ڈالا۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں صبر کرو اور سیدھے راستے پر رہو۔ زندگی کے دن تھوڑے ہیں اور تم سوار کھڑے ہو قریب ہے کہ تم میں سے کسی ایک کو بلایا جائے پس وہ چلا جائے اور پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھے تم اچھی چیز کے ساتھ یہاں سے منتقل ہو جاؤ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں تم میں سے ہر شخص اس حال میں صبح کرتا ہے کہ وہ جہاں ہوتا ہے اس کے پاس جو کچھ ہے وہ ادھار ہے جہاں کوچ کرنے والا ہے اور ادھار واپس ہو جائے گا۔

حضرت ابوعبیدہ باجی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس حاضر ہوا اور آپ اس وقت مرض الموت میں مبتلا تھے۔ انہوں نے فرمایا آپ لوگوں کا آنا اچھا ہوا اللہ تعالیٰ تم لوگوں کو سلامتی کے ساتھ زندہ رکھے اور ہم سب کو جنت میں لے جائے یہ ایک کھلی نیکی ہے اگر تم صبر کرو، سچ بولو اور پرہیزگاری اختیار کرو ایسا نہ ہو کہ اس بات کو ایک کان سے ڈالو اور دوسرے سے نکال دو جس شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے اس نے دیکھا کہ آپ گویا صبح جانے والے ہیں یا شام کو آپ نے نہ تو اینٹ پر اینٹ رکھی اور نہ بانس پر بانس (مکان نہ بنایا) لیکن آپ کے لیے علم کو اونچا کیا گیا تو آپ اس کی طرف مستعد ہوئے جلدی کرو جلدی کرو نجات کی طرف جاؤ نجات کی طرف جاؤ۔ تم کس چیز کی طرف جا رہے ہو۔ تم اس طرح آئے گویا موت تمہارے ساتھ آئی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم فرمائے جو صرف ایک عیش (اخروی زندگی) کی طرف متوجہ ہوا اس نے ایک ٹکڑا کھایا اور پرانا کپڑا پہنا، ننگے فرش پر سویا، عبادت میں کوشش کی، گناہ پر رویا، سزا سے بھاگا۔ اور رحمت کا متلاشی رہا حتیٰ کہ اس کی موت اسی حالت میں آئی۔

حضرت عاصم احول رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں حضرت فضیل رقاشی رحمۃ اللہ علیہ نے میرے سوال کے جواب میں فرمایا

---

[۱] قرآن مجید، سورۃ الحدید آیت ۱۴۔

اعلان! لوگوں کی کثرت کے باعث اپنے آپ سے غافل نہ ہو کیونکہ معاملہ خاص تم سے ہو گا ان سے نہیں اور یہ نہ کہو کہ وہاں جاتا ہوں وہاں جاتا ہوں۔ اس طرح تمہارا دن ضائع ہو جائے گا اور موت تمہارے اوپر متعین ہے اور جتنی جلدی نئی نیکی پرانے گناہ کو ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر پکڑتی ہے۔ اتنی جلدی تم نے کسی کو نہ دیکھا ہو۔

تیسرا باب۔

فصل ۱

موت کی سختیاں اور اس وقت کیا مستحب ہے۔

اگر بندہ مسکین کے سامنے صرف موت کی سختیاں ہی ہوں کوئی دوسری تکلیف اور عذاب وغیرہ نہ بھی ہو تو بھی اس کی زندگی مکدر اور پریشان رہنی چاہیے اور وہ کسی وقت بھی بھول اور غفلت میں نہ رہے وہ دیر تک فکر میں رہے اور موت کے لیے خوب تیاری کرے۔ خاص طور پر جبکہ وہ (موت) ہر وقت اس کا پیچھا کر رہی ہے جس طرح کسی دانا نے کہا ہے سختیاں تیرے سوا کسی دوسرے کے ہاتھ میں ہیں تم نہیں جانتے کہ وہ تمہیں کب ڈھانپ لیں۔

حضرت لقمان حکیم نے اپنے بیٹے سے فرمایا اے بیٹے (موت) ایک ایسا معاملہ ہے کہ نہ معلوم وہ کب تمہیں پہنچے اس کے اچانک آنے سے پہلے اس کے لیے تیاری کرو تعجب کی بات ہے اگر آدمی لہو و لعب کی نہایت خوشگوار محفل میں ہو اور اچھی اچھی لذتوں سے بہرہ ور ہو رہا ہو اور اسے اس بات کا انتظار ہو کہ ابھی ایک پولیس والا آکر اسے پانچ لاٹھیاں مارے گا تو اس کی تمام لذت کافور ہو جاتی ہے اور عیش مکدر ہو جاتا ہے اور وہ جانتا کہ موت کا فرشتہ موت کی سختیوں کے ساتھ اس وقت آجائے گا جب وہ غافل ہو گا لیکن اس کے باوجود وہ پریشان نہیں ہوتا تو ظاہر ہے کہ جہالت اور دھوکے کے باعث ایسا ہے۔

اور یہ بات بھی جان لو کہ موت کی سختیوں کا حقیقی علم بھی اس شخص کو ہوتا ہے جو اسے چکھتا ہے اور جو اس کو نہیں چکھتا تو وہ یا تو ان تکالیف پر قیاس کر کے ادراک کرتا ہے جو اسے پہنچتی ہیں یا لوگوں کو حالت نزاع میں سختی برداشت کرتے ہوئے دیکھ کر اس سے استدلال کرتا ہے۔

قیاس کی صورت یہ ہے کہ جس عضو میں جان ہو وہ تکلیف محسوس کرتا ہے تو روح کو اس کا احساس ہوتا ہے پس جب کسی عضو کو زخم پہنچتا ہے یا وہ جل جاتا ہے تو اس سے روح متاثر ہوتی ہے تو جس قدر وہ روح میں سرایت کرتا ہے اسی قدر اذیت محسوس ہوتی ہے اور چونکہ درد گوشت، خون اور تمام اجزاء میں تقسیم ہو جاتا ہے اس لیے روح کو صرف بعض تکلیف پہنچتی ہے اور اگر تکلیف صرف روح کو ہو باقی کسی عضو وغیرہ کو نہ ہو تو یہ تکلیف کس قدر سخت ہو گی اور نزع اس تکلیف کا نام ہے جو صرف روح پر اترتی ہے اور تمام اعضاء کو گھیر لیتی ہے۔ حتیٰ کہ

بدن میں روح کے جتنے اجزاء ہیں ان سب کو درد محسوس ہوتا ہے۔

اگر کسی شخص کو کانٹا چبھ جائے تو اس سے پہنچنے والا درد رُوح کی صرف اس جزء کو پہنچتا ہے جو اس عضو سے ملا ہوا ہے جس میں کانٹا چبھتا ہے اور جلنے کا اثر اس لیے زیادہ ہوتا ہے کہ آگ کے اجزاء بدن کے تمام اجزاء میں گھس جاتے ہیں تو جلنے والے عضو کا کوئی جزء ظاہری ہو یا باطنی آگ سے محفوظ نہیں رہتا لہٰذا روحانی اجزاء جو گوشت کے تمام اجزاء میں پھیلے ہوئے ہیں اسے محسوس کرتے ہیں لیکن زخم صرف اسی جگہ کو پہنچتا ہے جس تک لوہا (تلوار وغیرہ) پہنچا اس لیے جلنے کی تکلیف سے زخم کی تکلیف کم ہوتی ہے۔

پس نزاع کی تکلیف جو نفس روح پر حملہ آور ہوتی ہے اور تمام اعضاء کو گھیر لیتی ہے کیونکہ ہر رگ، ہر پٹھے ہر حصہ بدن، ہر جوڑ ہر بال کی جڑ اور چمڑے کے نیچے سے حتیٰ کہ سر کی چوٹی سے قدم تک ہر جگہ سے رُوح کو نکالا جاتا ہے لہٰذا تم اس کے کرب اور تکلیف کا نہ پوچھو حتیٰ کہ بزرگوں نے فرمایا موت، تلوار کی مار، آرے کی چیر اور قینچی کی کاٹ سے زیادہ سخت ہے کیونکہ بدن کو تلوار سے کاٹا جائے تو صرف اس لیے تکلیف ہوتی ہے کہ بدن کا رُوح سے تعلق ہے تو جب صرف روح ہی کو صدمہ پہنچے تو کس قدر تکلیف ہوگی۔

جب کسی شخص کو مارا جاتا ہے تو وہ مدد بھی مانگ سکتا ہے اور چیخ بھی سکتا ہے اس لیے کہ اس کے دل اور زبان میں طاقت موجود ہوتی ہے لیکن میت کی آواز اور چیخ و پکار سخت تکلیف کی وجہ سے ختم ہو جاتی ہے کیونکہ اس میں انتہائی درجہ کی تکلیف ہوتی ہے۔ دل پر سوار ہو کر تمام قوت کو ختم کر دیتی ہے اسکے عضو کمزور پڑ جاتے ہیں اور مدد مانگنے کی طاقت باقی نہیں رہتی، عقل کو بھی ڈھانپ لیتی ہے اور پریشان کر دیتی ہے۔ زبان کو گنگ کر دیتی ہے۔ اعضاء کو کمزور کر دیتی ہے۔

موت کے وقت انسان چاہتا ہے کہ روئے، چلائے، اور مدد مانگے لیکن وہ ایسا نہیں کر سکتا اور اگر کچھ قوت باقی رہتی بھی ہے تو رُوح نکلنے کے وقت اس کے حلق اور سینے سے غرغرہ کی آواز سنائی دیتی ہے اس کا رنگ بدل کر مٹیالا ہو جاتا ہے گویا اس سے وہی مٹی ظاہر ہوئی جس سے وہ بنا تھا اور وہ اس کی اصل فطرت ہے اس کی رگیں کھینچ لی جاتی ہیں کیونکہ تکلیف اندر باہر پھیلی ہوئی ہے حتیٰ کہ آنکھوں کے ڈھیلے پلکوں کی طرف اٹھ جاتے ہیں۔ ہونٹ سکڑ جاتے ہیں اور زبان اپنی جڑ کی طرف کھینچ جاتی ہے۔ خصیے اوپر کی طرف ہو جاتے ہیں۔ انگلیاں سبز ہو جاتی ہیں۔ (اور ٹھنڈی پڑ جاتی ہیں) تو ایسے بدن کے بارے میں نہ پوچھو جس کی ہر رگ کھینچ گئی ہو۔ اگر ایک رگ کھینچی جائے تو سخت تکلیف ہوتی ہے تو اس وقت کیا حال ہوگا جب رُوح کو بھی کھینچ لیا جائے جو درد میں مبتلا ہے کسی ایک رگ سے نہیں بلکہ تمام رگوں سے اس کو کھینچا جاتا ہے۔

پھر تدریجاً ہر عضو میں موت واقع ہوتی ہے پہلے اس کے قدم ٹھنڈے پڑتے ہیں پھر پنڈلیاں اور پھر رانیں اور

ہر عضو میں نئی سختی اور شدت پیدا ہوتی ہے حتیٰ کہ گلے تک نوبت پہنچتی ہے۔ اس وقت اس کی نظر دنیا اور دنیا والوں سے پھر جاتی ہے اور اس پر توبہ کا دروازہ بند ہو جاتا ہے اور اسے حسرت و ندامت گھیر لیتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تُقْبَلُ تَوْبَةُ الْعَبْدِ مَا لَمْ يُغَرْغِرْ[1] — جب تک غرغرہ والی کیفیت پیدا نہ ہو بندے کی توبہ قبول ہوتی ہے۔

ارشادِ خداوندی ہے۔

وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّئَاتِ حَتّٰٓى إِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ إِنِّيْ تُبْتُ الْاٰنَ[2] — اور توبہ ان لوگوں کے لیے نہیں جو برے عمل کرتے ہیں حتیٰ کہ جب ان میں سے کسی کو موت آتی ہے تو کہتا ہے میں اب توبہ کرتا ہوں۔

اس آیت کی تفسیر میں حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

جب وہ موت کے فرشتوں کو دیکھتا ہے اور ملک الموت کا چہرہ دکھائی دیتا ہے (تو توبہ کرتا ہے) تو جانکنی کے وقت موت کی کڑواہٹ اور تکلیف کے بارے میں نہ پوچھو اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ[3] — یا اللہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر موت کی سختیوں کو آسان کر دے۔

لوگ اپنی جہالت کی وجہ سے اس مصیبت سے پناہ نہیں مانگتے اور نہ ہی اس کو کوئی اہمیت دیتے ہیں اشیاء اپنے وجود سے پہلے صرف نورِ نبوت اور نورِ ولایت سے ہی دیکھی جا سکتی ہیں۔ اسی لیے انبیاء کرام اور اولیاء عظام موت سے بہت زیادہ خوف رکھتے تھے حتیٰ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اے حواریوں کے گروہ! اللہ تعالیٰ سے دعا کرو کہ وہ مجھ پر سکرات موت کو آسان کر دے میں موت سے اس قدر ڈرتا ہوں کہ اس خوف سے موت واقع ہو رہی ہے۔

مروی ہے کہ بنی اسرائیل کے کچھ لوگ ایک قبرستان سے گزرے تو ان میں سے بعض نے دوسرے بعض

---

[1] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۱۳۲ مرویات ابن عمر

[2] قرآن مجید سورہ النساء، آیت ۱۸

[3] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۶۴ مرویات عائشہ

سے کہا اگر تم اللہ تعالیٰ سے دعا مانگو کہ وہ تمہارے لیے اس قبرستان سے ایک مردے کو نکالے اور تم اس سے سوال کرو (تو اچھا ہے) چنانچہ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگی تو دیکھا کہ ایک شخص کھڑا ہے اور اس کی آنکھوں کے درمیان سجدے کا نشان ہے وہ ایک قبر سے نکل کر آیا تھا اس نے کہا اے میری قوم! تم مجھ سے کیا چاہتے ہو؟ میں نے پچاس سال پہلے موت کو چکھا تھا لیکن اس کی تلخی ابھی تک میرے دل میں ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب سے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر موت کی سختی کو دیکھا اب مجھے کسی کی آسان موت پر رشک نہیں آتا۔

ایک روایت میں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یوں دعا مانگا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَاْخُذُ الرُّوْحَ مِنْ بَيْنِ	اے اللہ! تو جان کو پٹھوں، ہڈیوں اور انگلیوں
الْعَصَبِ وَالْقَصَبِ وَالْاَنَامِلِ اَللّٰهُمَّ	سے لیتا ہے یا اللہ! تو مجھ پر موت کو آسان کر دے
فَاَعِنِّيْ عَلَى الْمَوْتِ وَهَوِّنْهُ عَلَيَّ [1]	اور میری مدد فرما۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے موت کی تکلیف اور اس کے گلے میں رکنے کا ذکر فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ یہ تلوار کی تین سو ضربوں کی مقدار ہے [2]۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے موت اور اس کی شدت کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا۔

سب سے آسان موت اس طرح ہے جیسے بھیڑ کے بالوں میں باریک ہڈی ہو کیا وہ ہڈی بالوں میں سے بالوں کے بغیر باہر نکلتی ہے [3]

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک بیمار کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا۔ اس پر جو کچھ گزرتا ہے وہ مجھے معلوم ہے اس کی کوئی رگ ایسی نہیں جس کو موت کی تکلیف الگ سے نہ ہو [4]

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ لڑائی کی ترغیب دیتے اور فرماتے اگر تم قتل نہیں ہو گے تو مر جاؤ گے۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے تلوار سے ہزار ضرب میرے نزدیک بستر پر موت سے بہتر ہے۔

---

[1] کنز العمال جلد ۲ ص ۲۰۴ حدیث ۳۷۶۸

[2] تذکرۃ الموت ص ۲۱۳، باب الموت

[3] کنز العمال جلد ۱۵ ص ۵۶۱ حدیث ۴۲۱۷۴

[4] 〃 〃 ص ۵۶۴ حدیث ۴۲۱۹۱

حضرت اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ میت کو قبر سے اٹھنے تک موت کی تکلیف رہتی ہے۔

حضرت شداد بن اوس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مومن پر دنیا و آخرت کا کوئی خوف موت سے بڑھ کر نہیں یہ خوف آروں سے چیرنے، قینچیوں سے کاٹنے اور ہنڈیوں میں ابالنے سے بھی زیادہ سخت ہے۔ اگر کوئی میت قبر سے نکل کر دنیا والوں کو موت کی خبر دے تو وہ زندگی سے نفع نہ اٹھائیں اور نہ نیند سے لذت حاصل کریں۔

حضرت زید بن اسلم (رضی اللہ عنہما) اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب مومن کے درجات باقی رہ جاتے ہیں کہ عمل کے ذریعے ان تک پہنچ نہیں سکتا تو اس پر موت سخت کر دی جاتی ہے تاکہ وہ موت کی سختیوں اور تکلیف کے باعث جنت میں درجہ حاصل کرے اور جب کافر کی کوئی نیکی ہو جس کا بدلہ اسے نہ دیا گیا ہو تو اس پر موت کو آسان کر دیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنی نیکی کا عوض حاصل کرے پھر وہ جہنم کی طرف لے جایا جاتا ہے۔

بعض اکابر سے مروی ہے کہ وہ اکثر بیماروں کے پاس جا کر پوچھتے کہ تم موت کو کیسا پاتے ہو؟ جب وہ خود بیمار ہوئے تو پوچھا گیا آپ کس طرح پاتے ہیں؟ فرمایا یوں محسوس ہوتا ہے کہ آسمان زمین سے آملا ہے اور گویا میری روح سوئی کے سوراخ سے نکل رہی ہے۔ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مُوْتُ الْفُجَاءَةِ رَاحَةٌ لِلْمُؤْمِنِ وَاَسَفٌ عَلَى الْفَاجِرِ[1] — اچانک موت مومن کے لیے راحت اور فاجر کے لیے افسوس کا باعث ہے۔

حضرت مکحول رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا

لَوْاَنَّ شَعْرَةً مِّنْ شَعْرِ الْمَيِّتِ وُضِعَتْ عَلٰى اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ لَمَاتُوْا بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى[2] — اگر میت کے بالوں میں سے ایک بال آسمانوں اور زمین والوں پر رکھا جائے تو وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے مر جائیں۔

اس لیے کہ ہر بال میں موت ہے اور جس پر موت آتی ہے وہ مر جاتی ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ اگر موت کی تکلیف سے ایک قطرہ دنیا کے تمام پہاڑوں پر رکھا جائے تو وہ پگھل جائیں[3]

ایک روایت میں ہے جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کا وصال ہوا تو اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا اے میرے خلیل!

---

[1] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۲۱۹ مرویات عبید بن خالد

[2]

[3] تذکرۃ الموضوعات ص ۲۱۳ باب الموت۔

تو نے موت کو کیسے پایا؟ آپ نے عرض کیا جس طرح گرم سیخ کو تر روئی میں رکھا جائے پھر اسے کھینچ لیا جائے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہم نے آپ پر موت کو آسان کیا ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں مروی ہے کہ جب آپ کی روح مبارک اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوئی تو آپ کے رب نے پوچھا اے موسیٰ علیہ السلام۔ آپ نے موت کو کیسا پایا؟ آپ نے عرض کیا میں نے اپنے نفس کو چڑیا کی طرح پایا کہ اسے دیگچی میں چھوڑا جائے نہ مرتی ہے کہ جان چھوٹے اور نہ نجات ملتی ہے کہ اُڑ جائے۔ ایک روایت میں ہے آپ نے عرض کیا میں نے اپنے نفس کو زندہ بکری کی طرح پایا کہ قصاب کے ہاتھوں اس کی کھال کھینچی جائے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں مروی ہے کہ وصال کے وقت آپ کے پاس پانی کا ایک پیالہ تھا آپ پانی میں ہاتھ ڈالتے پھر اس کو چہرے پر ملتے اور بارگاہ خداوندی میں عرض کرتے۔

اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَىٰ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ۔ یا اللہ! مجھ پر موت کی سختیوں کو آسان کر دے۔

(یہ دیکھ کر) حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا فرماتیں اباجان! آپ پر کس قدر سختی ہے۔ آپ جواب دیتے آج کے بعد تمہارے باپ پر کوئی سختی نہ ہوگی۔[1]

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ سے فرمایا اے کعب! ہمیں موت کے بارے میں بتایئے۔ انہوں نے فرمایا ہاں امیر المؤمنین موت اس ٹہنی کی طرح ہے جس میں بہت سے کانٹے ہوں اور اسے کسی شخص کے پیٹ میں داخل کیا جائے ہر کانٹا ایک رگ کو پکڑے پھر کوئی سخت کھینچنے والا اس شاخ کو کھینچے تو وہ پکڑے جو پکڑے اور چھوڑ دے جو چھوڑ دے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

بندہ موت کی سختی اور تکالیف برداشت کرتا ہے اور اس کے جوڑ ایک دوسرے کو سلام کہتے ہیں وہ کہتے ہیں ہم قیامت تک ایک دوسرے سے جدا ہو گئے۔[2]

تو یہ ہیں موت کی سختیاں جو اللہ تعالیٰ کے دوستوں اور اولیاء کرام پر وارد ہوتی ہیں ہمارا کیا حال ہوگا حالانکہ ہم گناہوں میں ڈوبے ہوئے ہیں اور ہمارے اوپر تو موت کی سختیوں کے علاوہ اور مصیبتیں بھی آئیں گی۔ موت کی مصیبتیں تین ہیں۔

---

[1] سنن ابن ماجہ ص ۱۱۸، باب الجنائز۔

[2] تذکرۃ الموت ص ۲۱، باب الموت

پہلی مصیبت شدتِ نزع ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا دوسری مصیبت موت کے فرشتے کی شکل دیکھنا اور دل پر خوف کا طاری ہونا ہے اگر وہ فرشتۂ موت کی اس صورت کو دیکھے جو نہایت قوت والے گناہ گار شخص کی روح نکالتے وقت ہوتی ہے تو اسے دیکھنے کی طاقت نہ ہو ایک روایت میں ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ملک الموت سے فرمایا کیا تم مجھے وہ صورت دکھا سکتے ہو جس سے کسی گناہ گار کی رُوح قبض کرتے ہو، حضرت عزرائیل علیہ السلام نے فرمایا آپ نہیں دیکھ سکیں گے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کیوں نہیں (میں دیکھ لوں گا) انہوں نے عرض کیا پھر آپ مجھ سے الگ ہو جائیے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام الگ ہو گئے پھر ادھر متوجہ ہوئے تو دیکھا ایک سیاہ فام شخص ہے جس کے بال کھڑے ہیں اس سے بدبو آرہی ہے اور کپڑے سیاہ ہیں اس کے منہ اور نتھنوں سے آگ اور دھواں نکل رہا ہے۔ (یہ دیکھ کر) حضرت ابراہیم علیہ السلام پر بے ہوشی طاری ہو گئی۔ پھر افاقہ ہوا تو ملک الموت اپنی اصل حالت پر آچکے تھے۔ آپ نے فرمایا اے ملک الموت! فاجر آدمی کو موت کے وقت صرف تمہاری صورت دیکھنا ہی کافی تکلیف دہ ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام بہت غیرت مند شخص تھے۔ جب آپ باہر تشریف لے جاتے تو دروازہ بند کر کے جاتے آپ کی زوجہ نے جو جھانک کر دیکھا تو گھر میں ایک شخص تھا انہوں نے کہا اسے کون یہاں لایا ہے۔ اگر حضرت داؤد علیہ السلام تشریف لائے تو اس کے لیے مصیبت بن جائیگی چنانچہ جب حضرت داؤد علیہ السلام تشریف لائے تو آپ نے اسے دیکھا فرمایا تو کون ہے؟ اس نے کہا میں وہ ہوں جو نہ بادشاہوں سے ڈرتا ہے اور نہ ہی دربانوں سے، آپ نے فرمایا قسم بخدا! تو موت کا فرشتہ ہے اور حضرت داؤد علیہ السلام کمبل میں چھپ گئے۔[1]

ایک روایت میں ہے حضرت عیسٰی علیہ السلام ایک کھوپڑی کے پاس سے گزرے تو آپ نے اسے ٹھوکر ماری اور فرمایا اللہ تعالیٰ کے حکم سے گفتگو کر اس نے کہا اے رُوح اللہ! میں فلاں فلاں زمانے کا بادشاہ ہوں میں اپنے سر پر تاج رکھے ہوئے تخت پر بیٹھا تھا اور میرے اردگرد میرا لشکر اور نوکر چاکر تھے کہ اچانک موت کا فرشتہ میرے سامنے آیا اسے دیکھتے ہی میرے تمام جوڑ ڈھیلے پڑ گئے پھر میری جان نکل گئی۔ کاش وہ جماعت بکھر جاتی اور وہ اُنس وحشت میں بدل جاتا۔

تو یہ مصیبت ہے جو نافرمان لوگوں کو پہنچتی ہے اور اطاعت کرنے والے اس سے محفوظ رہتے ہیں۔ انبیاء کرام علیہم السلام نے تو صرف جان کنی کی تکلیف بیان کی ہے وہ اذیت جو ملک الموت کی صورت کو دیکھنے سے

---

[1] مجمع الزوائد جلد ۸ ص ۲۰۶، ۲۰۷ کتاب فیہ ذکر الانبیاء۔

ہوتی ہے اس کا ذکر نہیں کیا۔ اگر آدمی کسی رات خواب میں اسے یوں دیکھ لے تو اس کی تمام زندگی تلخ ہو جائے تو اس حالت میں ان کو دیکھنا کیسا ہوگا؟ لیکن جو شخص اللہ تعالیٰ کا فرمانبردار ہے وہ موت کے فرشتے کو اچھی صورت میں دیکھتا ہے۔ حضرت عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام بہت غیور تھے آپ ایک گھر میں عبادت کیا کرتے تھے۔ جب باہر تشریف لے جاتے تو اسے تالہ لگا دیتے۔ ایک دن واپس تشریف لائے تو دیکھا گھر کے اندر ایک آدمی موجود ہے پوچھا تمہیں میرے گھر میں کس نے داخل ہونے کی اجازت دی ہے؟ اس نے کہا اس گھر کے مالک نے اجازت دی ہے۔ آپ نے فرمایا اس کا مالک تو میں ہوں اس نے کہا مجھے اس نے اجازت دی جو اس گھر کا ہم سب سے زیادہ مالک ہے۔ آپ نے پوچھا تو کون سا فرشتہ ہے؟ اس نے کہا میں موت کا فرشتہ ہوں۔ آپ نے فرمایا تو جس صورت میں مومن کی روح قبض کرتا ہے وہ صورت دکھا سکتا ہے؟ اس نے کہا جی ہاں آپ ذرا منہ پھیریں آپ نے منہ پھیرا پھر متوجہ ہوئے تو دیکھا ایک نوجوان ہے راوی کہتے ہیں آپ نے اس کے چہرے کی خوبصورتی، عمدہ کپڑوں اور خوشبو کا ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا اے ملک الموت مومن کو موت کے وقت آپ کی صورت ہی کافی ہے۔

اور اسی سے ان دو فرشتوں کو دیکھنا ہے جو اعمال لکھتے ہیں۔ حضرت وہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ جس شخص کی رُوح قبض ہوتی ہے وہ ان دونوں فرشتوں کو دیکھتا ہے جو اس کے اعمال لکھتے ہیں۔ اگر وہ اطاعت گزار ہو تو اس سے کہتے ہیں اللہ تعالیٰ تمہیں ہماری طرف سے اچھا بدلہ دے تو نے کئی اچھی مجلسوں میں ہمیں بٹھایا اور کئی اچھے اعمال کے وقت ہمیں حاضری کا موقعہ دیا اور اگر گناہگار ہو تو وہ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ تمہیں ہماری طرف سے اچھا بدلہ نہ دے تو نے ہمیں کئی بری مجلسوں میں بٹھایا اور بُرے کاموں کے پاس لے گیا اور ہمیں قبیح کلام سنایا اللہ تعالیٰ تجھے ہم سے اچھا بدلہ نہ دے یہ اس وقت ہوتا ہے جب مردے کی نگاہ ان پر پڑتی ہے اور پھر دنیا کی طرف کبھی نہیں لوٹتی۔

تیسری مصیبت گناہگاروں کو جہنم میں ان کا مقام دکھانا اور مشاہدہ سے پہلے ان کو خوف دلانا ہے کیونکہ جان نکلتے وقت ان کے قوی ڈھیلے پڑ جاتے ہیں اور ان کی روحیں نکلنے کے لیے تیار ہو جاتی ہیں اور جب تک وہ ملک الموت کا لقمہ نہ بنیں باہر نہیں نکلتیں اور ملک الموت کا لقمہ یا تو اس طرح ہوتا ہے کہ اے اللہ کے دشمن تجھے جہنم کی خبر دی جاتی ہے یا یہ کہ اے اللہ کے ولی تجھے جنت کی خوشخبری ہو۔ اہل عقل کا خوف اسی وجہ سے تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَنْ يَّخْرُجَ اَحَدُكُمْ مِنَ الدُّنْيَا حَتّٰى يَعْلَمَ اَيْنَ مَصِيْرُهٗ وَحَتّٰى

تم میں کوئی ایک ہرگز دنیا سے نہیں جاتا جب تک اسے معلوم نہ ہو جائے کہ اس نے کہاں جانا ہے

يَرٰى مَقْصَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ اَوِ النَّارِ[1] — اور جب تک وہ جنت یا جہنم میں اپنا ٹھکانہ نہ دیکھ لے۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ

جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اور جو آدمی اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو پسند نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس کی ملاقات کو ناپسند کرتا ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم سب موت کو ناپسند کرتے ہیں آپ نے فرمایا۔

لَيْسَ ذَالِكَ بِذَاكَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا فُرِجَ لَهٗ عَمَّا هُوَ قَادِمٌ عَلَيْهِ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ وَاَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ[2]

یہ بات نہیں بلکہ مومن پر جب آنے والی چیز آسان کر دی جاتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی ملاقات کو پسند فرماتا ہے۔

ایک روایت میں ہے حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو اپنی آخری رات کے موقع پر فرمایا اُٹھ کر دیکھیں کیا وقت ہوا ہے؟ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اُٹھے پھر واپس تشریف لائے اور فرمایا سرخ ستارہ آچکا ہے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ سے پناہ چاہتا ہوں کہ صبح کے وقت دوزخ کی طرف جاؤں۔

مروان حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوا تو اس نے کہا یا اللہ ان پر آسانی فرما۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا یا اللہ سختی فرما۔ پھر آپ روئے اور فرمایا اللہ کی قسم! میں دنیا کی وجہ سے یا تم سے جدائی کے باعث نہیں روتا بلکہ میں اپنے رب سے دو خبروں میں سے ایک کا انتظار کر رہا ہوں جنت کی خوشخبری یا جہنم کی خبر۔

ایک حدیث شریف میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے راضی ہوتا ہے تو فرماتا ہے اے موت کے فرشتے! فلاں کے پاس جاؤ اور اس کی روح میرے پاس لاؤ تاکہ میں اسے راحت دوں۔ اس کا یہی عمل کافی ہے کہ میں نے اسے آزمایا تو میں جس طرح چاہتا تھا اسے اس طرح پایا۔ ملک الموت۔ پانچ سو فرشتوں کے ہمراہ اس شخص کے پاس آتے ہیں اور ان کے پاس پھولوں کی چھڑیاں اور

---

[1] تذکرۃ الموضوعات ص ۲۱۴، باب الموت۔

[2] صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۶۳ کتاب الرقاق۔

زعفران کی شاخیں ہوتی ہیں ان میں سے ہر فرشتہ اس کو نئی اور جدا خوشخبری دیتا ہے اور فرشتے اس کی روح کی انتظار میں دو صفوں میں کھڑے ہوتے ہیں اور ان کے پاس پھولوں کے گلدستے ہوتے ہیں جب ابلیس ان کو دیکھتا ہے تو اپنے سر پر ہاتھ رکھ کر چلاتا ہے۔ فرماتے ہیں۔ اس کا لشکر اس سے پوچھتا ہے کہ اے ہمارے سردار! تجھے کیا ہوا؟ وہ کہتا ہے تم نہیں دیکھتے اس بندے کو کیا اعزاز ملا ہے تم کہاں تھے؟ وہ کہتے ہیں ہم نے بہت کوشش کی مگر وہ بچ گیا[1]

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مومن کے لیے راحت صرف ملاقات خداوندی میں ہے اور جس شخص کی راحت اللہ تعالیٰ کی ملاقات میں ہو اس کی موت کا دن اس کے لیے سرور، خوشی، امن، عزت اور شرف کا دن ہوتا ہے۔

حضرت جابر بن زید رحمۃ اللہ سے ان کے وصال کے وقت پوچھا گیا کہ آپ کی کیا خواہش ہے۔ آپ نے فرمایا حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھنا چاہتا ہوں جب حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ ان کے پاس آئے اور ان سے کہا گیا کہ یہ حضرت حسن ہیں تو انہوں نے ان کی طرف نگاہ اٹھائی پھر فرمایا اے بھائی! ہم آپ سے جدا ہو کر جہنم یا جنت کی طرف جا رہے ہیں۔

حضرت واسع بن محمد رحمۃ اللہ نے موت کے وقت فرمایا اے میرے بھائیو! تم پر سلام ہو۔ دوزخ کی طرف جا رہے ہیں یا اللہ معاف فرما دے۔ اور بعض بزرگوں نے تمنا کی کہ وہ ہمیشہ حالت نزع میں رہیں اور ثواب یا عذاب کے لیے نہ اٹھائے جائیں۔

تو برے خاتمہ کے خوف نے عارفین کے دلوں کو توڑ کر رکھ دیا اور واقعی یہ موت کے وقت سخت مصیبت ہے۔ ہم نے برے خاتمے کا مفہوم اور عارفین کا اس سے بہت زیادہ خوف زدہ ہونا خوف اور امید کے بیان میں ذکر کیا ہے۔ اگرچہ اس بات کا ذکر یہاں بھی ہونا چاہیے لیکن ہم اس کو دوبارہ ذکر کر کے بات کو طول دینا نہیں چاہتے۔

فصل ۲

موت کے وقت کیا کیا باتیں مستحب ہیں

قریب المرگ شخص کے لیے بہتر یہ ہے کہ وہ خاموش اور پرسکون رہے لیکن اس کی زبان پر کلمہ شریف جاری

---

[1] الدر المنثور جلد ص ۱۶۴، ۱۶۵ تحت آیت فلولا اذا بلغت الحلقوم۔

ہو اور دل میں اللہ تعالیٰ کے بارے میں اچھا عقیدہ ہو۔

اس صورت کا حال اس طرح ہے جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔ آپ نے فرمایا۔

اُرْقُبُوا الْمَيِّتَ عِنْدَ ثَلَاثٍ إِذَا رَشَحَ جَبِينُهُ وَدَمَعَتْ عَيْنَاهُ وَيَبِسَتْ شَفَتَاهُ فَهِيَ مِنْ رَحْمَةِ اللهِ قَدْ نَزَلَتْ بِهٖ وَإِذَا غَطَّ غَطِيطَ الْمَخْنُوقِ وَاحْمَرَّ لَوْنُهُ وَازْبَدَّتْ شَفَتَاهُ فَهُوَ مِنْ عَذَابِ اللهِ قَدْ نَزَلَ بِهٖ[1]

میت کے یہ تین باتوں کے وقت اللہ تعالیٰ کی رحمت کا نزول سمجھو۔ جب اس کی پیشانی پر پسینہ آئے، آنکھوں سے آنسو جاری ہوں اور ہونٹ خشک ہوں اور جب گلہ گھونٹے ہوئے شخص کی طرح خراٹے لے، رنگ سرخ ہو اور ہونٹ مٹیلے ہوں تو سمجھ لو کہ اللہ تعالیٰ کا عذاب نازل ہو رہا ہے۔

زبان پر کلمہ شہادت کا جاری ہونا اچھائی کی علامت ہے۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَقِّنُوا مَوْتَاكُمْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ[2]

اپنے فوت ہونے والوں کو کلمہ توحید کی تلقین کرو۔ (ان کے سامنے پڑھو)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے۔ آپ نے فرمایا۔

فَإِنَّهَا تَهْدِمُ مَا قَبْلَهَا مِنَ الْخَطَايَا[3]

یہ کلمہ گزشتہ خطاؤں کو مٹا دیتا ہے۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ مَاتَ وَهُوَ يَعْلَمُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ۔

جو شخص اس حالت میں فوت ہوا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان رکھتا ہو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

حضرت عبید اللہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں "وَهُوَ يَشْهَدُ" (وہ گواہی دیتا ہو) کے الفاظ ہیں[4]۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب کسی شخص کی موت کا وقت آئے تو اسے کلمہ طیبہ کی تلقین کرو کیونکہ جس شخص کا خاتمہ کلمہ طیبہ پر ہوتا ہے اس کے لیے یہ جنت کی طرف جانے کا زادِ راہ ہے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا اپنے فوت ہونے والوں کے پاس جاؤ اور ان کو نصیحت کرو کیونکہ

---

[1] کنز العمال جلد ۱۵ ص ۵۶۲ حدیث ۴۲۱۷۸
[2] صحیح مسلم جلد اول ص ۳۰۰ کتاب الجنائز۔
[3] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۲۳۹ مرویات معاذ
[4] کنز العمال جلد ۱۵ ص ۵۶۸ حدیث ۴۲۲۰۲

جو کچھ وہ دیکھتے ہیں تم نہیں دیکھتے ہو۔ ان کو لا الٰہ الا اللہ کی تلقین کیا کرو۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا۔

موت کا فرشتہ ایک آدمی کے پاس آیا جو مر رہا تھا اس نے اس کے دل کو دیکھا تو اس میں کچھ نہ پایا۔ اس کے جبڑوں کو کھولا تو زبان کے کنارے کو تالو سے ملا ہوا دیکھا اور وہ کہہ رہا تھا "لا إلٰہ الا اللہ" تو اس کلمہ طیبہ کی بدولت اس کی بخشش ہوگئی۔

تلقین کرنے والے کو چاہیے کہ اصرار نہ کرے اور نرمی کی راہ اختیار کرے کیونکہ بعض اوقات مریض کی زبان نہیں چلتی اور اس کے لیے پڑھنا مشکل ہو جاتا ہے اور وہ تلقین کو بوجھ سمجھتا ہے اور کلمے کو ناپسند کرتا ہے اور یہ بات اس کے برے خاتمے کا باعث ہو سکتی ہے۔

اور اس کلمے کا یہ مطلب ہے کہ آدمی دنیا سے رخصت ہو اور اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ نہ ہو پس جب واحد حق ذات کے سوا کوئی مقصود باقی نہیں رہے گا تو موت کے ذریعے اس کا اپنے محبوب کی طرف جانا اس کے حق میں نہایت راحت ہوگی اور اگر دل دنیا میں مشغول ہو، اس کی طرف متوجہ ہو اور اس کی لذتوں (کے جانے) پر افسوس کرے اور کلمہ صرف زبان پر ہو دل میں جاگزیں نہ ہو تو مشیت خداوندی پر موقوف ہے چاہے تو راحت عطا فرمائے، چاہے تو نہ دے کیونکہ محض زبانی حرکت کم فائدہ دیتی ہے البتہ یہ کہ اللہ تعالیٰ شرف قبول عطا فرما کر فضل و کرم فرمائے۔

وقت موت اللہ تعالیٰ کے بارے میں اچھا گمان بہتر ہے اور ہم نے امید کے بیان میں یہ بات ذکر کی ہے اور اللہ تعالیٰ کے بارے میں حسن ظن کی فضیلت کے سلسلے میں بہت سی روایات آئی ہیں۔

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ ایک مریض کے پاس تشریف لے گئے تو فرمایا بتاؤ اللہ تعالیٰ کے بارے میں تمہارا کیا گمان ہے؟ اس نے کہا میرے گناہوں نے مجھے غرق کر دیا اور میں ہلاکت کے کنارے پر ہوں لیکن مجھے اپنے رب کی رحمت پر امید ہے (یہ سن کر) حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ نے نعرۂ تکبیر بلند کیا اور ان کا نعرہ سن کر ان کے گھر والوں نے بھی نعرہ لگایا۔ انہوں نے فرمایا "اللہ اکبر" میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ آپ نے فرمایا۔

يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنَا عِنْدَ ظَنِّ   بندہ مجھے اپنے گمان کے مطابق پاتا ہے پس

لہ شعب الایمان جلد ۶ ص ۵۴۶ حدیث ۹۲۳۵۔

عَبْدِیْ فَلْیَظُنَّ بِیْ مَا شَاءَ [1] میرے بارے میں جو چاہے گمان کرے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک نوجوان کے پاس تشریف لے گئے اور وہ موت وحیات کی کشمکش میں تھا آپ نے پوچھا اپنے آپ کو کیسا پاتے ہو؟ اس نے کہا اللہ تعالیٰ سے امید بھی رکھتا ہوں اور اپنے گناہوں کا ڈر بھی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَا اجْتَمَعَا فِیْ قَلْبِ عَبْدٍ فِیْ مِثْلِ هٰذَا الْمَوْطِنِ اِلَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ الَّذِیْ یَرْجُوْا اَمَنَهُ مِنَ الَّذِیْ یَخَافُ [2]

ایسے وقت میں جس بندے کے دل میں یہ دونوں باتیں اکٹھی ہوتی ہیں تو اللہ تعالیٰ اس کی امید کو بھی پورا فرماتا ہے اور جس بات سے ڈرتا ہے اس سے اسے امن بھی عطا فرماتا ہے۔

حضرت ثابت بنانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک تیز مزاج نوجوان تھا اور اس کی ماں اسے بہت زیادہ نصیحت کرتی اور کہتی اے بیٹے! تجھے ایک دن آنا ہے پس اسے یاد کر پھر جب اس پر اللہ تعالیٰ کا حکم آیا تو اس کی ماں اس پر گر پڑی اور کہنے لگی اے بیٹے! میں تجھے اسی پچھاڑ سے ڈراتی تھی اور کہتی تھی کہ تیرے لیے ایک دن ہے اس نے کہا اے ماں! میرا رب بہت احسان فرمانے والا ہے اور مجھے امید ہے کہ آج وہ مجھے کسی قدر احسان سے محروم نہیں کرے گا حضرت ثابت فرماتے ہیں اس حسن ظن کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس پر رحم فرمایا۔

حضرت جابر بن وداعہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ایک نوجوان گناہ گار تھا اس کی موت کا وقت آیا تو اس کی ماں نے کہا بیٹے! کوئی وصیت کرتا ہے؟ اس نے کہا ہاں میری انگوٹھی نہ نکالنا اس میں اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے شاید اللہ تعالیٰ مجھ پر رحم فرمائے جب اسے دفن کیا گیا تو خواب میں اسے دیکھا گیا اس نے کہا میری ماں سے کہو اس کلمہ نے مجھے نفع دیا اور اللہ تعالیٰ نے اسے بخش دیا۔

ایک دیہاتی بیمار ہو گیا تو اسے کہا گیا تم مر جاؤ گے اس نے کہا مجھے کہاں لے جائیں گے انہوں نے کہا اللہ تعالیٰ کی طرف، اس نے کہا میں اس کے پاس جانے کو برا نہیں جانتا کیونکہ اس نے مجھ سے ہمیشہ اچھا سلوک کیا۔

ابو معتمر بن سلیمان رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب میرے باپ کا انتقال ہونے لگا تو انہوں نے مجھ سے کہا اے معتمر! میرے سامنے سامنے کی آسانی بیان کرو امید ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات اچھے گمان کے ساتھ کروں۔ اور اکابر اسلاف اس بات کو پسند کرتے تھے کہ موت کے وقت بندے کے سامنے اس کے اچھے

---

[1] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۳۱۵ مرویات ابو ہریرہ

[2] جامع ترمذی ص ۱۲۱، ابواب الجنائز۔

اعمال کا تذکرہ کیا جائے تاکہ وہ اپنے رب سے حُسن ظن رکھے۔

فصل ۱۳۔

ملک الموت کی ملاقات کے وقت زبان حال سے بیان کی گئی حسرت

حضرت اشعث بن اسلم رحمہ اللہ فرماتے ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے موت کے فرشتے سے پوچھا اور ان کا نام حضرت عزرائیل علیہ السلام ہے اور ان کی دو آنکھیں ہیں ایک آنکھ چہرے میں اور دوسری گدی میں، آپ نے پوچھا اے ملک الموت! جب زمین میں وبا پھیلی ہوئی ہو اور ایک شخص مشرق میں اور دوسرا مغرب میں ہو اور دو لشکر لڑ رہے ہوں تو آپ کیسے کرتے ہیں انہوں نے کہا میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے تمام روحوں کو بلا لیتا ہوں اور وہ میری ان دو انگلیوں کے درمیان ہوتی ہیں۔ راوی فرماتے ہیں کہ ملک الموت کے سامنے زمین ایک تھال کی طرف پھیلائی جاتی ہے اور وہ اس میں سے جو چاہتے ہیں لے لیتے ہیں اور ملک الموت حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خوشخبری دیتے تھے کہ آپ اللہ تعالےٰ کے خلیل ہیں۔

حضرت سلیمان بن داؤد (علیہما السلام) نے ملک الموت سے پوچھا کیا وجہ ہے میں دیکھتا ہوں کہ آپ لوگوں کے درمیان انصاف نہیں کرتے کسی کو اُٹھا لیتے ہیں اور کسی کو چھوڑ دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا میں اس سلسلے میں آپ سے زیادہ نہیں جانتا یہ تو صحیفے اور کتابیں ہیں جو مل جاتی ہیں اور ان میں ان لوگوں کے نام ہوتے ہیں۔

حضرت وہب بن منبہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک بادشاہ نے کہیں جانے کے لیے سواری تیار کی تو کپڑے منگوائے تاکہ پہنے اس کو وہ کپڑے پسند نہ آئے تو دوسرے کپڑے منگوائے وہ بھی پسند نہ آئے حتیٰ کہ سب سے عمدہ جوڑا منگوایا۔ اسی طرح سواری منگوائی وہ پسند نہ آئی تو دوسری تیسری حتیٰ کہ سب سے اچھی سواری پر سوار ہوا اتنے میں ابلیس آیا اور اس نے اس کی ناک میں پھونک ماری تو وہ تکبر سے بھر گیا۔ پھر لشکر کو ساتھ لے کر چلا اور وہ تکبر کی وجہ سے لوگوں کی طرف نہیں دیکھتا تھا۔ اسی دوران ایک شخص آیا جس کے کپڑے پھٹے ہوئے تھے اس نے سلام کیا تو بادشاہ نے جواب نہ دیا اس نے گھوڑے کی لگام پکڑی بادشاہ نے کہا لگام چھوڑ دے تو نے بڑی گستاخی کی ہے۔ اس شخص نے کہا مجھے تجھ سے ایک کام ہے اس نے کہا مجھے اترنے دے اس نے کہا نہیں ابھی۔ پھر اس نے لگام کو اچھی طرح دبایا بادشاہ نے کہا کہو کیا کہتے ہو۔ اس نے کہا راز کی بات ہے بادشاہ نے اپنا سر جھکایا اور اس کے قریب کیا اس نے سرگوشی کرتے ہوئے کہا میں موت کا فرشتہ ہوں۔ یہ سن کر بادشاہ کا رنگ بدل گیا اور زبان لڑکھڑانے لگی۔ اس نے کہا مجھے چھوڑ دے تاکہ میں گھر جا کر اپنے کام مکمل کروں اور گھر والوں سے رخصت ہولوں فرشتے نے کہا نہیں اللہ کی قسم! اب تجھے اپنے گھر والوں اور مال و اسباب کو دیکھنا کبھی نصیب

نہیں ہوگا چنانچہ اس کی روح قبض کرلی اور وہ لکڑی کی طرح گر پڑے پھر ملک الموت آگے بڑھا اور اسی حالت میں ایک مومن بندے سے ملا اسے سلام کیا تو اس نے سلام کا جواب دیا فرشتے نے کہا مجھے تم سے ایک کام ہے جو تیرے کان میں کہوں گا۔ اس نے کہا بتایئے فرشتے نے سرگوشی کی اور کہا میں موت کا فرشتہ ہوں اس آدمی نے کہا آپ کا آنا مبارک ہو مجھے ایک عرصہ سے آپ کا انتظار تھا اللہ کی قسم! روئے زمین پر کسی غائب کی ملاقات مجھے آپ کی ملاقات سے زیادہ پسند نہیں۔ فرشتے نے کہا آپ جس کام کے لیے گھر سے نکلے ہیں اسے پورا کیجیے۔ اس نیک شخص نے کہا اللہ تعالے کی ملاقات سے بڑھ کر مجھے کوئی حاجت نہیں اور نہ کوئی بات زیادہ پسند ہے۔ ملک الموت نے کہا آپ کس حالت میں جان نکالنے کو پسند کرتے ہیں؟ اس نے پوچھا کیا یہ آپ کے اختیار میں ہے؟ فرشتے نے کہا ہاں مجھے یہی حکم ہے۔ اس شخص نے کہا اچھا مجھے اجازت دیجیے کہ میں وضو کر کے نماز پڑھ لوں پھر سجدے کی حالت میں میری روح قبض کر لینا۔ چنانچہ ملک الموت نے اس کی روح حالت سجدہ میں قبض کی۔

حضرت ابوبکر بن عبداللہ مزنی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ بنی اسرائیل میں سے ایک شخص نے مال جمع کیا۔ جب موت کا وقت آیا تو بیٹوں سے کہنے لگا مجھے مختلف قسم کے مال دکھاؤ۔ چنانچہ اس کے پاس بہت سے گھوڑے، اونٹ اور غلام وغیرہ لائے گئے۔ اس نے یہ سب کچھ دیکھا تو افسوس کرتے ہوئے رونے لگا۔ ملک الموت نے اسے روتے ہوئے دیکھا تو پوچھا تم کیوں رو رہے ہو؟ اس ذات کی قسم جس نے تجھے یہ سب کچھ دیا جب تک میں تیری روح اور بدن کو ایک دوسرے سے جدا نہ کر دوں یہاں سے نہیں جاؤں گا۔ اس نے کہا مجھے مہلت دیجیے کہ میں اس مال کو تقسیم کر دوں۔ فرشتے نے کہا اب مہلت نہیں تم پہلے کہاں تھے۔ چنانچہ اس کی روح قبض کر لی۔

مروی ہے کہ ایک شخص نے ہر قسم کا مال جمع کیا اور کسی قسم کا مال نہ چھوڑا۔ اس مال کو محفوظ کیا اور ایک محل بنایا۔ جس کے دو مضبوط دروازے بنائے اور ان پر غلاموں کا پہرہ لگا دیا پھر اس نے اپنے لوگوں کو اکٹھا کیا اور ان کے لیے کھانا بچھوایا۔ خود ایک تخت پر یوں بیٹھا کہ ایک ٹانگ دوسری پر رکھ دی اور لوگ کھانا کھا رہے تھے جب وہ فارغ ہوئے تو اس نے اپنے نفس سے کہا یا نفس! اب تو کچھ سال مزے اڑا میں نے تیرے لیے اتنا مال جمع کیا ہے جو تجھے کافی ہے وہ اپنی گفتگو سے فارغ نہیں ہوا تھا کہ موت کا فرشتہ پرانے کپڑوں میں فقیر کے بھیس میں آیا اس نے گردن میں جھولی ڈال کر مسکینوں کی مشابہت اختیار کر رکھی تھی۔ اس آنے والے نے اس قدر زور سے دروازہ کھٹکھٹایا کہ وہ شخص اپنے بستر پر ڈر گیا۔ غلام اس کی طرف دوڑے اور کہنے لگے کیا ہوا؟ اس نے کہا اپنے مالک کو بلاؤ انہوں نے کہا ہمارا آقا تمہارے جیسے آدمی کی طرف آئے گا؟ اس نے کہا ہاں۔ غلاموں نے اسے خبر دی تو اس نے کہا تم نے اس سے کوئی سلوک نہ کیا؟ اس فقیر نے دوبارہ پہلے سے بھی زیادہ زور سے دروازہ کھٹکھٹایا تو ایک نگران اس کی طرف اچھلا اس نے کہا اس کو بتاؤ کہ میں موت کا فرشتہ ہوں انہوں نے یہ بات سنی تو مرعوب ہو گئے اور ان

کا اُفا ذلت اور خشوع کا شکار ہو گیا اس نے کہا اس سے نرمی سے بات کرو اور کہو کہ کیا ہم میں سے کسی ایک کو لینا چاہتا ہے یہ سُن کر ملک الموت اس کے سامنے چلا گیا اور کہا اپنے مال میں جو کچھ کرنا چاہتا ہے کر لے جب تک تیری روح نہ نکال لوں میں یہاں سے نہیں جاؤں گا۔ چنانچہ اس کے حکم سے مال سامنے رکھا گیا۔ جب اس نے مال دیکھا تو کہنے لگا اے مال! تجھ پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو تو نے مجھے اپنے رب کی عبادت سے غافل رکھا اور اپنے رب کے لیے گوشہ نشینی سے روکا اللہ تعالیٰ نے مال کو بولنے کی طاقت دی تو اس نے کہا مجھے کیوں گالی دیتا ہے تو مجھے لے کر بادشاہوں کے پاس جاتا تھا اور نیک لوگوں کو دروازے سے ہٹا دیتا تھا میرے ذریعے طرح طرح کے مزے اُڑاتا تھا اور بادشاہوں کی مجالس میں بیٹھتا تھا۔ تو مجھے برائی کے راستے پر خرچ کرتا لیکن میں تجھے نہیں روکتا تھا اگر تو مجھے بھلائی کی راہ میں خرچ کرتا تو میں تجھے نفع دیتا اے ابن آدم تو مٹی سے پیدا ہوا ہے۔ چاہے نیکی کرے چاہے برائی کا مرتکب ہو۔ پھر ملک الموت نے اس کی روح قبض کی اور وہ گر گیا۔

حضرت وہب بن منبہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں موت کے فرشتے نے ایک متکبر شخص کی روح قبض کی کہ زمین پر اس کی مثل کوئی نہ تھا پھر اس کی روح کو آسمان کی طرف لے گیا تو فرشتوں نے کہا تم نے جن لوگوں کی رُوح قبض کی ہے ان میں سے کس پر تمہیں زیادہ رحم آیا؟ اس نے کہا جنگل میں ایک عورت تھی مجھے اس کی روح نکالنے کا حکم ہوا میں اس کے پاس آیا تو اس کے ہاں بچہ پیدا ہوا تھا مجھے اس پر رحم آیا کہ وہ تنہا ہے اس کا بچہ چھوٹا ہے اور وہ جنگل میں ہے اس کا کوئی نگران بھی نہیں۔ فرشتوں نے کہا جس متکبر کی روح تو نے ابھی قبض کی ہے یہ وہی بچہ ہے جس پر تم نے رحم کھایا اس پر ملک الموت نے کہا پاک وہ ذات جس پر چاہے لطف فرمائے۔

حضرت عطا بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب شب برات ہوتی ہے تو موت کے فرشتے کو فہرست دی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے کہ جن لوگوں کے نام اس صحیفے میں لکھے ہیں اس سال ان لوگوں کی ارواح قبض کرنا فرماتے ہیں پس آدمی درخت لگاتا ہے اور عورتوں سے نکاح کرتا ہے یا عمارت بناتا ہے حالانکہ اس کا نام اس فہرست میں لکھا ہوتا ہے اور اسے معلوم نہیں ہوتا۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہر دن موت کا فرشتہ ہر گھر میں تین بار تجسس کرتا ہے پس ان میں سے جس شخص کو یوں پاتا ہے کہ اس کا رزق پورا ہو گیا اور وقت ختم ہو گیا ہے۔ اس کی روح کو قبض کر لیتا ہے جب وہ اس کی رُوح قبض کرتا ہے تو اس کے گھر والے اس پر روتے اور چیختے چلاتے ہیں۔ چنانچہ موت کا فرشتہ دروازے کے دونوں کواڑ پکڑ کر کہتا ہے اللہ کی قسم نہ تو میں نے اس کی روزی کھائی اور نہ اس کی عمر ختم کی اور نہ اس کا وقت پورا کیا اور میں تمہارے پاس بار بار آؤں گا۔ حتیٰ کہ تم میں سے کسی کو نہیں چھوڑوں گا۔ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ کی قسم! اگر وہ ملک الموت کو کھڑا دیکھیں اور ان کا کلام سنیں تو اپنی میت کو بھول کر

اپنے آپ پر روئیں۔

حضرت یزید رقاشی رحمہ اللہ فرماتے ہیں بنی اسرائیل کا ایک متکبر شخص اپنے گھر میں بیٹھا ہوا تھا اور گھر کے کسی فرد کے ساتھ علیحدگی میں تھا کہ اس نے دیکھا ایک شخص گھر کے دروازے سے اندر داخل ہوا اور غصے کی حالت میں اس کی طرف لپکا اس نے پوچھا تم کون ہو اور تمہیں کس نے میرے گھر میں آنے دیا ہے۔ اس نے کہا مجھے اس گھر کے مالک نے آنے کی اجازت دی ہے اور میں وہ ہوں کہ مجھے کوئی دربان روک نہیں سکتا میں بادشاہوں سے اجازت نہیں لیتا اور نہ ہی کسی دبدبے والے کا دبدبہ مجھے ڈرا سکتا ہے۔ نہ کوئی سرکش متکبر مجھ سے بچ سکتا ہے اور نہ ہی کوئی سرکش شیطان۔

راوی فرماتے ہیں (یہ سن کر وہ) متکبر شخص پر خوف طاری ہو گیا اور وہ کانپنے لگا حتیٰ کہ منہ کے بل گر گیا پھر نہایت ذلت اور رسوائی کے ساتھ سر اٹھایا اور کہا اس کا مطلب یہ ہے کہ تو ملک الموت ہے اس نے کہا ہاں میں وہی ہوں اس نے کہا کیا مجھے مہلت دے سکتا ہے کہ میں ازسر نو عہد کروں اور توبہ کروں؟ اس نے کہا نہیں تمہاری مدت ختم ہو گئی اور سانس اور وقت بھی مکمل ہو گیا۔ اب مہلت کا کوئی راستہ نہیں اس نے کہا آپ مجھے کہاں لے جائیں گے۔ فرشتے نے کہا تمہارے اس عمل کی طرف جو تو نے آگے بھیجا ہے اور اس گھر کی طرف جو تو نے تیار کیا ہے اس نے کہا میں نے کوئی نیک عمل آگے نہیں بھیجا اور نہ ہی کوئی اچھا گھر تیار کیا ہے۔ فرشتے نے کہا پھر بھڑکتی ہوئی آگ کی طرف جو گوشت پوست کو نوچ دے گی پھر اس کی روح نکال لی اور وہ اپنے گھر والوں کے سامنے مردہ حالت میں گر گیا۔ اب کوئی چیخ رہا ہے اور کوئی رو رہا ہے۔ حضرت یزید رقاشی فرماتے ہیں اگر ان لوگوں کو اس کے برے انجام کی اطلاع ہوتی تو اس سے زیادہ روتے۔

حضرت اعمش، حضرت خیثمہ (رحمہما اللہ) سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں موت کا فرشتہ حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام کے پاس حاضر ہوا تو آپ کی خدمت میں بیٹھے ہوئے ایک شخص کو مسلسل دیکھتا رہا جب حضرت عزرائیل علیہ السلام باہر نکلے تو اس شخص نے پوچھا یہ کون شخص تھا؟ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا یہ ملک الموت تھے اس نے کہا میں نے دیکھا کہ وہ مجھے دیکھ رہا ہے گویا میری روح قبض کرنا چاہتے ہیں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے پوچھا تیری کیا رائے ہے اس نے کہا میں چاہتا ہوں کہ آپ مجھے اس شخص سے بچا لیں اور ہوا کو حکم دیں کہ وہ مجھے ہندوستان کے دور دراز علاقے میں لے جائے۔ ہوا نے اسی طرح کیا پھر ملک الموت دوبارہ آئے حضرت سلیمان علیہ السلام نے ان سے فرمایا میں نے دیکھا کہ آپ میرے ایک ہم مجلس کو مسلسل دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا جی ہاں مجھے اس بات پر تعجب ہو رہا تھا کہ مجھے حکم ہوا کہ تھوڑی دیر بعد ہندوستان کے دور دراز علاقے میں اس کی روح قبض کروں اور وہ آپ کے پاس تھا اس لیے مجھے تعجب ہو رہا تھا۔

چوتھا باب

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء راشدین کا وصال مبارک

فصل ۱۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات میں زندگی اور موت، فعل اور قول اور تمام احوال کے اعتبار سے ایک بہترین نمونہ، ناظرین کے لیے عبرت اور سمجھنے والوں کے لیے بصیرت کا سامان ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کوئی معزز نہیں کیونکہ آپ اللہ تعالیٰ کے خلیل، حبیب، اس سے مناجات کرنے والے منتخب، رسول اور نبی ہیں، تو دیکھو آپ کے وصال کے وقت آپ کو ایک گھڑی کی مہلت بھی ملی اور جب وصال کا وقت آیا تو ایک لحظہ کی تاخیر ہوئی؟ نہیں بلکہ آپ کے پاس وہ معزز معزز فرشتے بھیجے گئے جو مخلوق کی روحیں قبض کرتے ہیں، انہوں نے نہایت جدوجہد کے ساتھ آپ کی پاکیزہ مکرم روح کو جسم مطہر ومنور سے رحمت و رضوان اور عمدہ اچھے مقامات بلکہ رحمٰن کے جوار میں سچائی کے مقام پر منتقل کیا اس کے باوجود آپ پر نزع کی حالت میں کرب و تکلیف زیادہ ہوئی، آپ کی زبان مبارک سے فریاد جاری ہوئی، رنگ مبارک بدل گیا اور پیشانی پر پسینہ آگیا، نیز حالت اضطراب میں آپ کے دونوں ہاتھ مبارک کبھی کھلتے اور کبھی بند ہوتے حتیٰ کہ حاضرین بھی رونے لگے اور جس نے یہ منظر دیکھا وہ اس شدتِ حال کی وجہ سے بہت رویا، تو کیا منصب نبوت کی وجہ سے یہ تقدیر آپ سے ٹلی، اور کیا ملک الموت نے آپ کے گھر والوں اور خاندان کا خیال کیا یا اس بات کا خیال کیا کہ آپ حق کے مددگار ہیں اور لوگوں کے لیے بشیر و نذیر ہیں۔

ہرگز نہیں! بلکہ انہوں نے حکم خداوندی کی تعمیل کی اور جو کچھ لوح محفوظ میں لکھا ہوا تھا اس کی اتباع کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کا یہ معاملہ ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ کے ہاں آپ کو مقام محمود حاصل ہے اور آپ حوضِ کوثر پر تشریف لے جانے والے اور جام پلانے والے ہیں سب سے پہلے آپ ہی کی قبر مبارک کھلے گی، قیامت کی پیشی کے موقع پر آپ شفاعت فرمانے والے ہیں۔

تو تعجب کی بات ہے کہ ہم ان حالات سے سبق نہیں سیکھتے جو کچھ ہم پر گزرنے والا ہے ہمیں اس پر یقین نہیں آتا بلکہ ہم خواہشات کے قیدی اور گناہوں کے ساتھی ہیں تو ہمیں کیا ہو گیا کہ ہم سید المرسلین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے واقعات کو سامنے نہیں رکھتے حالانکہ آپ متقی لوگوں کے امام اور تمام جہانوں کے

پروردگار کے محبوب ہیں۔

شاید ہم سمجھتے ہیں کہ ہم ہمیشہ باقی رہیں گے یا ہمارا وہم یہ ہے کہ ہم بُرے اعمال کے باوجود اللہ تعالیٰ کے ہاں مکرم ہیں ہرگز نہیں ہرگز نہیں! بلکہ ہمیں یقین ہے کہ ہم سب نے جہنم کے اوپر سے گزرنا ہے پھر اس سے وہی لوگ نجات پائیں گے جو متقی ہیں پس گزرنے پر تو یقین ہے لیکن وہاں سے بچ نکلنے اور واپسی کا محض وہم نہیں پھر واپس آنے کا غالب گمان کریں تو اپنے نفسوں پر ظلم کرنے والے ہوں گے۔ اللہ کی قسم! ہم متقی لوگوں میں سے نہیں ہیں اللہ رب العالمین نے فرمایا۔

وَإِنْ مِّنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا [۱]	تم میں سے ہر ایک نے وہاں سے گزرنا ہے یہ تمہارے رب کا حتمی فیصلہ ہے پھر ہم ان لوگوں کو نجات دیں گے جو پرہیز گار ہیں اور ظالموں کو اس میں اوندھے گرے ہوئے چھوڑ دیں گے۔

پس ہر بندے کو چاہیے کہ اپنے نفس کو دیکھے کہ وہ ظالموں کے زیادہ قریب ہے یا پرہیز گار لوگوں کے سلف صالحین کی سیرت کو دیکھنے کے بعد اپنے آپ کو دیکھے اس کے باوجود کہ ان کو توفیق حاصل تھی، وہ خوفزدہ رہتے تھے۔[۲]

پھر تمام رسولوں کے سردار صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھو آپ کا معاملہ یقین پر مبنی تھا کیونکہ تمام نبیوں کے سردار اور متقی لوگوں کے قائد تھے نزدیکھو کہ دنیا سے جدا ہونے وقت آپ کس طرح کرب میں مبتلا ہوئے اور جنت الماویٰ کی طرف منتقلی کے وقت آپ پر یہ معاملہ کس قدر سخت ہوا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ مبارکہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اس وقت آپ دنیا سے رخصت ہونے والے تھے آپ نے ہمیں دیکھا تو آپ کی مبارک آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے پھر فرمایا۔

تمہارا آنا اچھا ہو اللہ تعالیٰ تمہیں زندہ رکھے تمہیں پناہ دے اور تمہاری مدد فرمائے میں تمہیں اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں اور تمہارے بارے میں اللہ تعالیٰ سے بھلائی کا طلب گار ہوں میں تمہارے لیے واضح ڈر سنانے والا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے شہروں اور اس کے بندوں کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے تجاوز نہ کرنا

---

[۱] قرآن مجید، سورۂ مریم آیت ۷۱، ۷۲۔

[۲] المطالب العالیہ جلد ۴ ص ۲۶۰ حدیث ۴۳۹۲۔

موت کا وقت آگیا اور اللہ تعالیٰ کی طرف نیز سدرۃ المنتہیٰ، جنت الماویٰ، اور بھرپور جام کی طرف لوٹنا ہے میری
طرف سے اپنے آپ کو اور میرے بعد جو تمہارے دین میں داخل ہوں ان کو سلام کہنا

ایک روایت یہ ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے وصال کے وقت حضرت جبریل علیہ السلام سے فرمایا
مَنْ لِأُمَّتِيْ بَعْدِيْ "میرے بعد میری امت کے لیے کون ہوگا؟ اللہ تعالیٰ نے حضرت جبریل علیہ السلام کی طرف
وحی فرمائی کہ میرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشخبری دیجیے کہ میں ان کو ان کی امت کے سلسلے میں رسوا نہیں کروں گا
اور ان کو یہ خوشخبری بھی دیں کہ جب لوگوں کو قبروں سے نکالا جائے گا تو سب سے پہلے میرے حبیب باہر تشریف لائیں
گے جب وہ جمع ہوں گے تو آپ ہی ان کے سردار ہوں گے اور جب تک آپ کی امت جنت میں داخل نہ ہو جائے
باقی لوگوں کے لیے وہ حرام رہے گی (یہ سن کر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اَلْآنَ قَرَّتْ عَيْنِيْ" اب میری
آنکھوں کو ٹھنڈک حاصل ہوئی ہے۔[1]

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ ہم آپ کو
سات کنوؤں (کے پانی) سے سات مشکیزوں سے غسل دیں۔ ہم نے ایسا ہی کیا تو آپ نے آرام پایا پھر آپ
تشریف لے گئے اور صحابہ کرام کو نماز پڑھائی، اہل اُحد کے لیے دعائے مغفرت کی اور انصار کے حق میں وصیت
فرمائی۔ اس کے بعد ارشاد فرمایا۔

"حمد و صلوٰۃ کے بعد! اے مہاجرین کے گروہ! تم بڑھتے جاؤ گے اور انصار آج والی حالت پر ہی رہیں گے
اور انصار میرے راز دان ہیں جن کے پاس میں نے ٹھکانہ حاصل کیا پس اُن کے محسن کی تعظیم کرو اور ان کے
خطاکار سے درگزر کرو۔" پھر فرمایا ایک بندے کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ دنیا کو اختیار کرے یا اس چیز کو جو
اللہ تعالیٰ کے پاس ہے؟ تو اس بندے نے اس چیز کو اختیار کیا جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔

یہ سن کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ رونے لگے اور سمجھ گئے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ذات والا صفات
کی طرف اشارہ کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوبکر! صبر اختیار کرو (اور فرمایا) مسجد کی طرف کھلنے والے
تمام دروازے بند کر دو صرف ابوبکر صدیق (رضی اللہ عنہ کے مکان) کا دروازہ کھلا رہے میں رفاقت و محبت میں
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے بڑھ کر کسی کو نہیں پاتا۔[2]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے گھر، میری باری کے دن اور میری ہی گود میں

---

[1] مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۳۰ کتاب علامات النبوۃ

[2] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۱۹۸ مرویات عائشہ، جلد ۳ ص ۵۰۰ مرویات مالک انصاری، مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۳۴ کتاب المناقب

میرے سینے اور گردن کے درمیان وصال فرمایا۔ اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے وصال کے وقت میرے اور آپ کے لعاب کو جمع فرمایا۔ میرے بھائی حضرت عبدالرحمٰن حاضر ہوئے اور ان کے ہاتھ میں مسواک تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی طرف دیکھنے لگے تو میں جان گئی کہ آپ نے اسے پسند فرمایا میں نے پوچھا میں یہ مسواک ان سے آپ کے لیے لوں چنانچہ میں نے وہ مسواک آپ کو دی اور آپ نے اسے اپنے منہ مبارک میں داخل کیا تو آپ کو سخت محسوس ہوئی۔ میں نے پوچھا نرم کر دوں؟ آپ نے سر انور سے اشارہ فرمایا کہ ہاں۔ میں نے اسے (دانتوں سے) نرم کر دیا۔ آپ کے سامنے پانی کا ایک پیالہ تھا آپ اس میں اپنا ہاتھ مبارک داخل کرتے اور فرماتے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِنَّ لِلْمَوْتِ سَكَرَاتٌ۔ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ بے شک موت کی سختیاں ہیں۔

پھر آپ نے اپنا دست مبارک اوپر کی طرف اٹھایا اور فرمایا۔ رفیق اعلیٰ "رفیق اعلیٰ" میں نے کہا اللہ کی قسم! اب آپ ہمیں پسند نہیں فرمائیں گے[1]

حضرت سعید بن عبداللہ (رضی اللہ عنہما) اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں جب انصار نے دیکھا کہ آپ کی طبیعت مبارک بھاری ہوتی جاتی ہے تو انہوں نے مسجد شریف کے چکر لگانا شروع کر دیے (اس دوران) حضرت عباس رضی اللہ عنہ بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئے اور آپ کو بتایا کہ صحابہ کرام جمع ہیں اور خوفزدہ ہیں پھر حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما حاضر ہوئے اور اسی قسم کی خبر دی اس کے بعد حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ حاضر خدمت ہوئے اور وہی بات بتائی آپ نے ہاتھ پھیلایا اور فرمایا پکڑ لو پھر پوچھا تم کیا کہتے ہو انہوں نے عرض کیا ہمیں آپ کے وصال کا ڈر ہے اور مردوں کے آپ کے پاس جمع ہونے کی وجہ سے عورتوں نے بھی چیخنا چلانا شروع کر دیا۔ چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھے اور حضرت علی المرتضیٰ، حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہم کا سہارا لیا۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ آگے آگے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سر پر پٹی باندھ رکھی تھی اور آپ قدم مبارک گھسیٹ کر چل رہے تھے۔ حتیٰ کہ آپ منبر شریف کے سب سے نچلے درجہ پر تشریف فرما ہوئے اور صحابہ کرام آپ کی طرف متوجہ ہوئے۔ آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا۔

اے لوگو! مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم لوگوں کو میرے وصال کا خوف ہے۔ گویا تم موت سے نفرت کرتے ہو۔ تم جو میری موت کا انکار کرتے ہو تو کیا میں نے تمہیں اپنی موت کی خبر نہیں دی یا تمہیں اپنی موت کی خبر نہیں پہنچی کیا

---

[1] صحیح بخاری جلد ۲ ص ۶۴۰ کتاب المغازی۔

مجھ سے پہلے کوئی نبی ہمیشہ رہا کہ میں بھی ہمیشہ رہوں سنو! میں بھی اپنے رب سے ملنے والا ہوں اور تم بھی اس سے ملنے والے ہو میں تمہیں پہلے مہاجرین کے ساتھ حسن سلوک کی وصیت کرتا ہوں اور مہاجرین کو بھی باہم خیر خواہی کا حکم دیتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝

زمانے کی قسم! بے شک انسان نقصان میں ہے مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کیے نیز جو ایک دوسرے کو سچائی کی تلقین کرتے اور صبر کی نصیحت کرتے ہیں۔

بے شک معاملات اللہ تعالیٰ کے حکم سے جاری ہوتے ہیں ایسا نہ ہو کہ کسی امر کی تاخیر کے باعث تم اس کی جلدی کی درخواست کرو اللہ تعالیٰ کسی کی جلدی کی وجہ سے جلدی نہیں کرتا۔ اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر غالب ہونا چاہے اللہ تعالیٰ اس پر غالب ہوتا ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کو دھوکہ دینا چاہے اللہ تعالیٰ اس کو دھوکے کا بدلہ دیتا ہے تو کیا قریب ہے کہ تم کو حکومت ملے تو تم زمین میں فساد پھیلاؤ اور رشتہ داری سے قطع تعلق کرو میں تمہیں انصار سے بھلائی کی وصیت کرتا ہوں یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے تمہیں پہلے ٹھکانہ دیئے اور ایمان میں اخلاص کا مظاہرہ کیا ان سے اچھا سلوک کرنا کیا انہوں نے اپنے پھلوں کا نصف تمہیں نہیں دیا کیا انہوں نے اپنے گھروں میں تمہارے لیے کشادگی پیدا نہیں کی۔ کیا انہوں نے بھوک پیاس کے باوجود تمہیں اپنے اوپر ترجیح نہیں دی۔ پس جو شخص دو آدمیوں کے درمیان فیصلے کا مختار ہو تو وہ ان کے نیکوکاروں کی نیکی قبول کرے اور خطا کار سے درگزر کرے۔ سنو! ان پر کسی کو ترجیح نہ دو سنو! میں تم سے آگے جا رہا ہوں اور تم مجھ سے ملنے والے ہو سنو! تمہارے وعدے کی جگہ حوض ہے۔ میرا حوض شام سے بصریٰ اور یمن کے صنعا کے درمیان فاصلہ سے بھی زیادہ چوڑا ہے اس میں کوثر کا ایک پرنالہ گرتا ہے۔ اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید جھاگ سے زیادہ نرم اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے۔ جو آدمی اس سے پیئے گا وہ کبھی بھی پیاسا نہیں ہوگا۔ اس کی کنکریاں موتی اور خاک کستوری ہے۔ جو شخص کل قیامت کے دن اس سے محروم رہا وہ ہر قسم کی بھلائی سے محروم رہا۔ سنو۔ جو شخص کل قیامت کے دن اس حوض پر میرے پاس آنا چاہتا ہے وہ غیر مناسب باتوں سے اپنی زبان اور ہاتھوں کو روکے۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قریش کو کچھ وصیت فرمائیں۔ آپ نے فرمایا میں اس امر (خلافت) کی وصیت قریش کو کرتا ہوں باقی لوگ قریش کے تابع ہیں ان کے نیک ان کے نیکوں اور ان کے بُرے ان کے بُروں کے تابع ہیں۔ اے قریش والو! لوگوں کی بھلائی چاہنا اے لوگو! گناہ نعمتوں کو بدل دیتے ہیں اور عادتوں میں تبدیلی پیدا کر دیتے ہیں پس جب لوگ نیک ہوں گے تو ان کے حکمران بھی نیک ہوں گے

اور جب لوگ نافرمان ہوں گے تو حاکم بھی ان پر رحم نہیں کریں گے۔
ارشاد خداوندی ہے۔

وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ [۱]

اور اسی طرح ہم بعض ظالموں کو بعض پر مسلط کرتے ہیں یہ ان کے اعمال کی سزا ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا اے ابوبکر! سوال کرو، انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ کیا موت قریب آگئی ہے؟ آپ نے فرمایا موت قریب آگئی اور بہت قریب آگئی۔ آپ نے عرض کیا اے اللہ کے نبی جو کچھ اللہ تعالیٰ کے ہاں ہے وہ آپ کو مبارک ہو۔ کاش ہمیں معلوم ہوتا کہ آپ کہاں تشریف لے جا رہے ہیں آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی طرف سدرۃ المنتہیٰ کی طرف پھر جنت الماویٰ، فردوس اعلیٰ، بھرپور پیالے، رفیق اعلیٰ اور خوشگوار عیش سے ملنے والے حصے کی طرف جا رہا ہوں۔ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ کو غسل کون دے گا؟ آپ نے فرمایا میرے اہل بیت میں سے قریب تر لوگ، عرض کیا ہم آپ کو کونسے کپڑوں میں کفن پہنائیں۔ آپ نے فرمایا میرے انہی کپڑوں میں نیز یمنی حلے اور مصری سفید کپڑوں میں ـــــــ انہوں نے عرض کیا آپ پر نماز جنازہ کا کیا طریقہ ہوگا؟ یہ کہہ کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور ہم سب رو پڑے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی رو دئیے پھر فرمایا بس کرو۔ اللہ تعالیٰ تمہاری بخشش فرمائے اور تمہیں اپنے نبی کی طرف سے اچھا بدلہ دے جب تم مجھے غسل دے لو اور کفن بھی پہنا دو تو مجھے میرے اسی حجرہ مبارکہ میں چارپائی پر رکھنا اور چارپائی کو قبر کے کنارے پر رکھ کر کچھ دیر کے لیے باہر چلے جانا کیونکہ سب سے پہلے مجھ پر میرا رب صلوٰۃ (رحمت) بھیجے گا۔ ارشاد خداوندی ہے۔

هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ [۲]

وہی ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور فرشتے بھی۔

پھر وہ اپنے فرشتوں کو میرے لیے دعائے رحمت کی اجازت دے گا تو اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے سب پہلے مجھ پر حضرت جبریل علیہ السلام نماز پڑھیں گے (یعنی درود شریف بھیجیں گے) پھر حضرت میکائیل علیہ السلام پھر حضرت اسرافیل علیہ السلام اور پھر حضرت عزرائیل علیہ السلام ایک بہت بڑے لشکر کے ساتھ آئیں گے۔ پھر تمام فرشتے آئیں گے اللہ تعالیٰ ان سب پر رحمت فرمائے۔

---

[۱] قرآن مجید، سورۂ انعام آیت ۱۲۹

[۲] قرآن مجید، سورۂ احزاب آیت ۴۳۔

پھر تم لوگ پڑھو گے پس تم جماعت در جماعت اور گروہ در گروہ آنا اور مجھ پر صلوٰۃ وسلام پیش کرنا، نیز چلانے اور رونے کے ذریعے مجھے اذیت نہ پہنچانا تم میں سے جو امام ہو وہ آغاز کرے اور میرے اہل بیت میں سے زیادہ قربت والے پھر عورتوں کی جماعت اور پھر بچوں کا گروہ۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے پوچھا آپ کو قبر شریف میں کون اتارے گا؟ فرمایا میرے اہل بیت کے قریبی لوگ اور بے شمار فرشتے ہوں گے تم ان کو دیکھ نہیں سکو گے اور وہ تمہیں دیکھ رہے ہوں گے۔ اٹھو اور میری طرف سے بعد والوں کو (دین) پہنچاؤ۔[1]

حضرت عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ربیع الاول شریف کے شروع میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں نماز کے لیے عرض کیا تو آپ نے فرمایا ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نکلا تو کچھ لوگوں کے درمیان حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ موجود تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ وہاں نہ تھے میں نے کہا اے عمر! اٹھیں اور نماز پڑھائیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اٹھے اور انہوں نے تکبیر کہی۔ آپ کی آواز بلند تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کی آواز میں تکبیر سنی تو فرمایا ابوبکر کہاں ہیں؟ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے آگے ہونے کو نہ اللہ تعالیٰ مانے گا اور نہ لوگ۔ آپ نے تین بار فرمایا ابوبکر سے کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یارسول اللہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ رقیق القلب ہیں جب وہ آپ کی جگہ کھڑے ہوں گے تو ان پر رونا غالب آجائے گا۔ آپ نے فرمایا تم حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے والی عورتیں ہو حضرت ابوبکر سے کہو کہ نماز پڑھائیں۔[2]

راوی فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے نماز پڑھانے کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی۔ اس کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ عنہ سے فرماتے تھے تم نے میرے ساتھ کیا کیا۔ اللہ کی قسم! اگر مجھے یہ گمان نہ ہوتا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے تو میں ایسا نہ کرتا حضرت عبداللہ بن زمعہ نے عرض کیا میں نے آپ سے بہتر کسی کو نہ دیکھا۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف سے عذر پیش کیا تھا تو اس کی وجہ یہ تھی کہ آپ دنیا سے رغبت نہیں رکھتے تھے اور نہ آپ کو خلافت سے غرض تھی کیونکہ اقتدار میں خطرات اور ہلاکت ہے ہاں جس کو اللہ تعالیٰ محفوظ فرمائے۔ اور مجھے یہ بھی ڈر تھا کہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں کسی کو آپ کی جگہ نماز پڑھاتے ہوئے پسند نہیں کریں گے مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ چاہے۔ پس وہ آپ سے حسد کرنے لگیں، سرکشی کی راہ اختیار کریں

---

[1] المستدرک للحاکم جلد ۳ ص ۶۰ کتاب المغازی۔ [2] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۳۴ مرویات عائشہ

اور بدفالی لیں یقیناً وہی ہوتا ہے جو منظور خدا ہوتا ہے اس لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کو دینی اور دنیوی تمام امور میں ہر قسم کے خون سے بچایا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جس دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو صبح کے وقت آپ کے مزاج شریف میں کچھ سکون دیکھا اس لیے صحابہ کرام خوشی خوشی اپنے گھروں اور کام کاج کے لیے چلے گئے اور نبی اکرم کے پاس صرف عورتیں رہ گئیں ہم اسی حالت میں تھے کہ گویا اس سے پہلے ایسی امید اور خوشی نہ تھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس سے چلی جاؤ یہ فرشتہ مجھ سے اندر آنے کی اجازت مانگ رہا ہے۔ چنانچہ حجرہ مبارکہ سے میرے علاوہ سب چلے گئے۔ آپ کا سر مبارک میری گود میں تھا جب آپ تشریف فرما ہوئے تو میں ایک کونے میں ہو گئی۔ فرشتے نے طویل گفتگو کی پھر مجھے بلایا اور دوبارہ اپنا سر مبارک میری گود میں رکھ دیا اور عورتوں سے فرمایا تم بھی اندر آجاؤ۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا یہ آہٹ حضرت جبریل علیہ السلام کی نہ تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں اے عائشہ! یہ موت کا فرشتہ تھا جو میرے پاس آیا اور اس نے کہا بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھے بھیجا اور حکم دیا ہے کہ میں آپ کے پاس اجازت کے بغیر نہ آؤں۔ اگر آپ اجازت نہیں دیتے تو میں چلا جاتا ہوں اور اگر آپ اجازت دیتے ہیں تو میں اندر آجاتا ہوں۔ اور اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں آپ کی اجازت کے بغیر آپ کی روح مبارک قبض نہ کروں آپ کا کیا حکم ہے؟ پس میں نے کہا ٹھہر جاؤ حتیٰ کہ حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس آئیں کیونکہ یہ ان کے آنے کا وقت ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ہم نے ایک ایسی بات کا سامنا کیا جس کے بارے میں ہمارے پاس کوئی جواب یا رائے نہ تھی۔ پس ہم خاموش ہو گئے گویا ہم ایک بہت بڑی چیخ کی وجہ سے جامد و ساکت ہو گئے ہیں اس بات کی بڑائی اور ہیبت کی وجہ سے کوئی بھی شخص بول نہ سکتا تھا۔ ام المومنین فرماتی ہیں اسی وقت حضرت جبریل علیہ السلام حاضر ہوئے جب مجھے ان کے آنے کا علم ہو گیا اور باقی تمام لوگ باہر چلے گئے وہ داخل ہوئے اور عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو سلام کہتا ہے اور آپ کی مزاج پرسی فرماتا ہے حالانکہ وہ آپ کی حالت کو خوب جانتا ہے لیکن وہ آپ کو مزید کرامت و شرافت عطا کرنا چاہتا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ تمام مخلوق سے آپ کی کرامت و شرف زیادہ ہو اور یہ بات (مزاج پرسی) آپ کی امت میں بطور سنت جاری ہو۔ آپ نے فرمایا مجھے درد محسوس ہو رہا ہے انہوں نے عرض کیا خوشخبری ہو اللہ تعالیٰ آپ کو اس مقام تک پہنچانا چاہتا ہے جو اس نے آپ کے لیے تیار کیا ہے۔ آپ نے فرمایا اے جبریل ملک الموت نے مجھ سے اجازت طلب کی پھر آپ نے پوری بات بتائی۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا آپ کا رب آپ کا مشتاق ہے۔ کیا اس نے نہیں بتایا کہ وہ کیا کرنا چاہتا ہے؟ بخدا ملک الموت نے آج تک کسی سے اجازت نہیں مانگی اور نہ آئندہ کسی سے اجازت مانگے گا۔ لیکن آپ کا رب آپ کے شرف

کو پورا کرنے والا ہے اور وہ آپ کا مشتاق ہے۔ آپ نے فرمایا ملک الموت کے آنے تک آپ یہاں سے نہ جائیں اور عورتوں کو اندر آنے کی اجازت دی۔ آپ نے فرمایا اے فاطمہ! میرے قریب ہو جاؤ وہ آپ کی طرف جھکیں آپ نے ان کے کان میں سرگوشی کی۔ انہوں نے سر اٹھایا تو آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور ان میں بات کرنے کی سکت نہ تھی پھر فرمایا اپنا سر میرے قریب کرو وہ آپ کی طرف جھک گئیں تو آپ نے دوبارہ سرگوشی فرمائی، حضرت خاتون جنت نے سر اٹھایا تو مسکرا رہی تھیں لیکن کلام کرنے کی طاقت نہ تھی۔ ہمیں ان کی حالت سے تعجب ہوا اس کے بعد جب ان سے پوچھا تو انہوں نے فرمایا مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا کہ میں آج انتقال کر جاؤں گا پھر فرمایا میں نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے گھر والوں میں سے سب سے پہلے تجھے میرے ساتھ لائے چنانچہ میں ہنس پڑی۔ پھر خاتون جنت نے اپنے دونوں صاحبزادوں کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب کیا آپ نے ان دونوں کو سونگھا۔

حضرت ام المومنین فرماتی ہیں اسی دوران ملک الموت آگئے اور سلام پیش کر کے اجازت مانگی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت مرحمت فرمائی، فرشتے نے پوچھا اے محمد! صلی اللہ علیہ وسلم! آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں آپ نے فرمایا میرے رب اعلیٰ تک مجھے پہنچا دو۔ انہوں نے عرض کیا آج ہی ملا دوں گا۔ آپ کا رب تو آپ کا مشتاق ہے اور آپ کے لیے جس قدر تردد ہے اس قدر کسی کے لیے نہیں ہے اور آپ کے علاوہ کسی اور کے پاس بغیر اجازت جانے سے منع نہیں فرمایا، لیکن آپ کی ساعت آپ کے سامنے ہے یہ کہہ کر وہ چلے گئے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں پھر حضرت جبریل علیہ السلام حاضر ہوئے اور انہوں نے کہا السلام علیک یا رسول اللہ! یہ میرا زمین پر اُترنا آخری بار ہے پھر کبھی نہیں اتروں گا، وحی بھی لپیٹ دی گئی اور زمین بھی، اب زمین پر مجھے آپ کے سوا کوئی کام نہ تھا اور میری غرض صرف آپ کی بارگاہ میں حاضری تھی، اب میں اپنی جگہ پر رہوں گا۔ ام المومنین فرماتی ہیں گھر میں کسی کو بولنے کی تاب نہ تھی اور اس کلام کی عظمت کے پیش نظر کوئی مردوں کو بھی بلا نہ سکتا تھا ہم سب سہمے ہوئے اور خوف زدہ تھے فرماتی ہیں پھر میں اُٹھ کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی حتیٰ کہ آپ کا سر انور اپنی چھاتی کے ساتھ لگایا اور آپ کے سینہ مبارکہ کو تھام لیا آپ پر بیہوشی طاری ہو گئی حتیٰ کہ غالب آگئی۔ آپ کی پیشانی سے اس قدر پسینہ ٹپکتا تھا کہ میں نے کبھی کسی انسان سے اس قدر نہیں دیکھا میں وہ پسینہ پونچھتی تھی اور اس سے زیادہ خوشبودار چیز میں نے نہیں دیکھی جب آپ کو افاقہ ہوا تو میں نے کہا میرے ماں باپ، میری جان اور گھر والے سب آپ پر قربان ہوں آپ کی پیشانی پر اس قدر پسینہ کیوں ہے؟ آپ نے فرمایا اے عائشہ! مومن کی جان پسینے کے ذریعے نکلتی ہے اور کافر کی جان گدھے کی جان کی طرح اس کی باچھوں سے نکلتی ہے[1] اس وقت ہم ڈر گئے اور اپنے گھر

---

[1] مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۲۲۶ کتاب الجنائز

کسی کو بھیجا سب سے پہلے میرے بھائی تشریف لائے لیکن وہ آپ سے ملاقات نہ کر سکے انہیں میرے والد ماجد نے میرے پاس بھیجا تھا اور کسی شخص کے آنے سے پہلے ہی آپ نے جان، جان آفریں کے سپرد کی اور اللہ تعالیٰ نے سب کو روک رکھا تھا کیونکہ آپ کا معاملہ اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرئیل اور حضرت میکائیل علیہما السلام کے سپرد کر رکھا تھا اور جب آپ پر بیہوشی طاری ہوئی تو آپ نے فرمایا "بَلِ الرَّفِيقَ الْأَعْلَى" (رفیق اعلیٰ کے پاس جانا ہے)[1] گویا آپ کو بار بار اختیار دیا جاتا تھا آپ کو جب بھی گفتگو کی طاقت ہوئی تو آپ نے فرمایا۔

اَلصَّلٰوةَ اَلصَّلٰوةَ اِنَّكُمْ لَا تَزَالُوْنَ	نماز کا خیال رکھنا، نماز کا خیال رکھنا تم ہمیشہ قائم
مُتَمَاسِكِيْنَ مَا صَلَّيْتُمْ جَمِيْعًا	اور مضبوط رہو گے جب تک باجماعت نماز پڑھو گے
اَلصَّلٰوةَ اَلصَّلٰوةَ۔	نماز کا خیال رکھنا (دو بار فرمایا)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وصال فرمانے تک نماز کی وصیت کرتے رہے۔ آپ فرماتے "الصلوٰۃ الصلوٰۃ" نماز کا خیال رکھنا، نماز کا خیال رکھنا[2]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سوموار کے دن چاشت اور دوپہر کے درمیان وصال فرمایا[3]

حضرت خاتون جنت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں مجھے سوموار کا دن موافق نہیں آیا۔ اللہ کی قسم! اس دن امت کو بڑی مصیبت ہوا کرے گی۔ حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا نے اسی طرح فرمایا کہ سوموار کا دن مجھے موافق نہیں آیا۔ آپ نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت کے دن فرمایا اسی دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا اسی دن (میرے خاوند) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ شہید ہوئے اور اسی دن میرے والد شہید ہوئے پس میں نے سوموار کے دن کوئی بھلائی نہیں پائی۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو صحابہ کرام سب مصیبت میں مبتلا ہوئے اور رونے کی آواز بلند ہوئی تو فرشتوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کے کپڑے سے ڈھانپ لیا۔ اب صحابہ کرام میں اختلاف ہوا۔ بعض نے آپ کے وصال کی تصدیق نہ کی اور بعض تو ایک عرصہ تک بول ہی نہ سکے۔ کچھ کی عقل نے کام کرنا چھوڑ دیا تو ان کی گفتگو سمجھ نہ آتی اور بعض کے ہوش وحواس ٹھکانے پر نہ رہے اور کچھ لوگ بیٹھے رہ گئے۔

---

[1] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۲۷۴ مرویات عائشہ [2]

[3] دلائل النبوۃ جلد ۷، ص ۲۱۳ باب فی مرض موتہ

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ان لوگوں میں تھے جو آپ کے وصال کو جھٹلاتے تھے۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ بیٹھ جانے والوں میں سے تھے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بول نہ سکنے والوں میں شامل تھے جو بول نہ سکے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ باہر لوگوں کے پاس آئے اور فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال نہیں ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ضرور واپس لائے گا اور ان منافقوں کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دے گا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کی تمنا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ سے اسی طرح وعدہ فرمایا جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام سے وعدہ فرمایا تھا اور آپ تشریف لائیں گے۔

ایک روایت میں ہے آپ نے فرمایا اے لوگو! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق اپنی زبانوں کو روک کر رکھو۔ آپ کا انتقال نہیں ہوا اللہ کی قسم! اگر میں نے کسی سے سنا کہ وہ آپ کے وصال کا ذکر کرتا ہے تو اپنی تلوار سے اس کے ٹکڑے کردوں گا۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ تو بیٹھ ہی گئے وہ مسلسل گھر میں رہتے اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کسی سے گفتگو نہ کرتے آپ کو ہاتھ پکڑ کر لایا اور لے جایا جاتا۔ حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما کی طرح کسی مسلمان کی حالت نہ تھی اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو استقامت عطا فرمائی۔ اگرچہ صحابہ کرام صرف ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بات کا لحاظ کرتے تھے۔ حتیٰ کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور فرمایا اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے موت کو چکھا ہے اور آپ نے خود اپنی حیات طیبہ میں تمہارے سامنے فرمایا[1] ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ[2]

بے شک آپ کو موت آئے گی اور ان کو بھی موت کا مزہ چکھنا ہے پھر بے شک تم قیامت کے دن اپنے رب کے پاس جھگڑو گے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بنو حارث بن خزرج میں تھے کہ آپ کو خبر ملی آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ کی طرف دیکھا اور جھک کر آپ کا بوسہ لیا پھر فرمایا یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو دوسری مرتبہ موت کا مزہ نہیں چکھائے گا اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وصال فرما چکے ہیں۔ پھر آپ صحابہ کرام کے پاس تشریف لائے اور فرمایا اے لوگو! جو شخص حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی پوجا کرتا تھا تو آپ وصال فرما چکے ہیں اور جو آدمی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے رب کی عبادت کرتا تھا

---

[1] دلائل النبوۃ جلد ۷ ص ۲۱۴ باب فی مرض موتہ
[2] قرآن مجید، سورۂ زمر آیت ۳۰، ۳۱۔

تو وہ (رب) زندہ ہے اسے موت نہیں آئے گی[1]

ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ[2]

اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم رسول ہیں آپ سے پہلے کئی رسول گزر چکے ہیں پس کیا اگر آپ انتقال فرما جائیں یا شہید ہو جائیں تو تم اپنی ایڑیوں پر پھر جاؤ گے۔

تو گویا صحابہ کرام نے یہ آیت آج ہی سنی تھی (اس سے پہلے نہیں سنی تھی)

ایک دوسری روایت میں ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جب آپ کے وصال کی خبر ملی تو آپ درود شریف پڑھتے ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرۂ مبارکہ میں داخل ہوئے۔ آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور آپ کی آواز دانتوں کی رگڑ سے نکلتی تھی۔

لیکن اس کے باوجود آپ قول وفعل میں مضبوط تھے۔ چنانچہ آپ نے جھک کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور سے کپڑا ہٹایا اور آپ کی پیشانی اور رخسار مبارک پر بوسہ دیا اور چہرہ انور پر ہاتھ پھیرا اور روتے ہوئے کہنے لگے میرے ماں باپ، میری جان اور سب گھر والے آپ پر قربان ہوں آپ کی حیات طیبہ بھی اچھی اور وصال مبارک بھی خوب ہے۔ آپ کے وصال سے وہ سلسلہ (نبوت) ختم ہو گیا جو کسی نبی کے وصال سے ختم نہیں ہوا آپ کی ذات بیان وصف اور رونے سے بلند ہے آپ کو اس طرح مقام خاص ملا کر سب کے رنج وغم کے ضامن ہو گئے اور عمومیت ملی کر سب کے لیے آپ کی رحمت وشفقت برابر ہے۔ اگر آپ کا وصال آپ کے اختیار سے نہ ہوتا تو ہم آپ کے غم میں اپنی جانیں فدا کر دیتے اور اگر آپ نے ہمیں رونے سے منع نہ کیا ہوتا تو ہم آپ کے فراق میں آنکھوں کا پانی ختم کر دیتے۔ لیکن جو بات ہم اپنے آپ سے دور نہیں کر سکتے وہ رنج اور آپ کی یاد ہے جو کبھی ختم نہیں ہو گی۔ یا اللہ! ہماری طرف سے یہ باتیں اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچا دے اے محمد! صلی اللہ علیہ وسلم! اپنے رب کی بارگاہ میں ہمارا ذکر کیجیے اور ہمیں اپنے قلب مبارک میں ضرور جگہ عطا فرمائیں اگر آپ نے اپنے پیچھے وقار نہ چھوڑا ہوتا تو آپ کے بعد کی شفقت کو کوئی بھی برداشت نہ کر سکتا۔ یا اللہ تعالیٰ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ہماری طرف سے یہ باتیں پہنچا دے اور ہمارے درمیان آپ کی حفاظت فرمائے[3]

---

[1] دلائل النبوۃ جلد ۷، ص ۲۱۷ باب فی مرض موتہ۔

[2] قرآن مجید، سورۃ آل عمران آیت ۱۴۴۔

[3]

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جب حجرۂ مبارکہ میں داخل ہوئے اور درود شریف پڑھا۔ آپ کی تعریف میں کلمات کہے تو گھر والوں میں ایک شور اٹھا جو تمام نمازیوں نے سنا آپ جب بھی کوئی کلمہ کہتے آواز مزید بلند ہوتی۔ حاضرین کی آواز اس وقت تھم گئی جب ایک بلند آواز شخص نے دروازے پر کھڑے ہو کر کہا السلام علیکم اہل البیت (اے گھر والو! السلام علیکم)

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ [1] ہر نفس نے موت کو چکھنا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہر جانے والے کی جگہ نگرانی فرماتا ہے ہر رغبت کو پورا کرتا اور ہر خوف سے نجات دیتا ہے پس اللہ تعالیٰ سے امید رکھو اور اسی پر اعتماد کرو جب دیکھا تو کوئی بھی نظر نہ آیا۔ انہوں نے پھر رونا شروع کر دیا۔ اب ایک اور منادی نے ندا دی وہ اس کی آواز سے مانوس نہ تھے اس نے کہا اے اہل بیت! ہر حال میں اللہ تعالیٰ کو یاد کرو اور اس کا شکر ادا کرو تا کہ تم مخلص لوگوں میں سے ہو جاؤ۔ اللہ تعالیٰ ہر مصیبت سے تسلی دیتا ہے اور ہر مرغوب چیز کا عوض عطا فرماتا ہے پس اللہ تعالیٰ کا ہی حکم مانو اور اس کے حکم پر عمل کرو۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ حضرت خضر اور حضرت الیسع علیہما السلام تھے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

حضرت قعقاع بن عمرو رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا مکمل خطبہ نقل کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خطبہ دیتے کھڑے ہوئے جب لوگوں نے آنسو بہانا بند کر دیے آپ کے خطبہ کا اکثر حصہ درود شریف پر مشتمل تھا۔ آپ نے ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا اور شکر ادا کرنے کا ذکر کیا اور فرمایا میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے اس نے اپنا وعدہ پورا کیا، اپنے بندے کی مدد کی اور تنہا کفار کی جماعتوں کو شکست دی پس اللہ تعالیٰ کے لیے تعریف ہے جو ایک ہے۔

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے بندے اور رسول ہیں اور اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ کتاب اسی طرح ہے جس طرح نازل ہوئی تھی اور دین بھی اسی حالت میں ہے جس طرح شروع ہوا تھا۔ حدیث اسی حالت میں جس طرح آپ نے بیان فرمایا اور قول بھی اپنی اصل حالت میں ہے اور اللہ تعالیٰ ہی واضح و ظاہر حق ہے۔ یا اللہ! حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت نازل فرما جو تیرے بندے، تیرے رسول، تیرے حبیب، تیرے امین، تیرے مختار اور تیرے چنے ہوئے ہیں جس قدر رحمت تو دوسروں پر بھیجتا ہے اس سے افضل درود و رحمت نازل فرما۔ یا اللہ! تو اپنی رحمت، عفو و درگزر، رحمت اور برکات رسولوں کے سردار خاتم النبیین امام المتقین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کر دے جو بھلائی

---

[1] قرآن مجید، سورۂ عنکبوت آیت ۵۷۔

کی طرف لے جانے والے اور بھلائی کے پیشوا ہیں نیز رسولِ رحمت ہیں۔ یا اللہ! ان کا قرب زیادہ فرما، ان کی دلیل کو عظمت عطا فرما۔ ان کے مقام کو مکرم ومحترم فرما اور آپ کو مقام محمود پر فائز فرما کہ پہلے اور پچھلے آپ کو دیکھ کر رشک کریں اور قیامت کے دن آپ کے مقام محمود سے ہمیں نفع عطا فرمانا اور دنیا وآخرت میں آپ کو ہمارے درمیان رکھنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جنت میں درجہ اور وسیلہ عطا فرمانا یا اللہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل پر رحمت نازل فرما نیز آپ کو اور آپ کی آل کو برکت عطا فرما جیسا کہ تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو رحمت و برکت سے نوازا ہے۔ بے شک تو تعریف کیا ہوا بزرگی والا ہے۔

اے لوگو! جو شخص حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کرتا تھا تو آپ کا انتقال ہو گیا اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا تھا تو اللہ تعالیٰ زندہ ہے اس کو موت نہیں آئے گی بے شک اللہ تعالیٰ نے آپ کے معاملے میں اپنا فیصلہ دیا تو آپ کو بے صبری سے نہ پکارو۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اس چیز کو جو اس کے پاس ہے اس چیز پر ترجیح دی ہے جو تمہارے پاس ہے اور آپ کو ثواب عطا کرنے کے لیے اپنے پاس بلا لیا ہے اور اپنے نبی کی کتاب وسنت کو ان کی جگہ تمہارے درمیان چھوڑا ہے پس جو شخص ان دونوں کو اختیار کریگا وہ جان جائے گا اور جو ان کے درمیان فرق کرے گا وہ اس آیت کا منکر ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ بِالْقِسْطِ[1] اے ایمان والو! انصاف کے ساتھ خوب قائم ہو جاؤ۔

شیطان تمہارے نبی کے وصال کی وجہ سے تمہیں غافل نہ کر دے اور نہ ہی تمہیں تمہارے دین کے بارے میں فتنے میں ڈالے۔ بھلائی کے ذریعے شیطان کے خلاف جلدی کرو اسے تھکا دو گے اور اس کا انتظار نہ کرو ورنہ وہ تم پر حملہ آور ہو کر تمہیں فتنے میں مبتلا کر دے گا۔[2]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خطبہ سے فارغ ہوئے تو فرمایا اے عمر! مجھے آپ کے بارے میں معلوم ہوا کہ آپ کہتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال نہیں ہوا کیا آپ نہیں دیکھتے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فلاں دن فلاں بات فرمائی اور فلاں دن فلاں فلاں بات ارشاد فرمائی اور اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ارشاد فرمایا۔

إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُونَ[3] بے شک آپ بھی دنیا سے رخصت ہونے والے ہیں اور ان لوگوں نے بھی مرنا ہے۔

---

[1] قرآن مجید سورۃ النساء آیت ۱۳۵ [3] قرآن مجید سورۃ الزمر آیت ۳۰

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو مصیبت ہم پر نازل ہوئی اس کے باعث ایسا محسوس ہوا کہ گویا میں نے یہ آیت اس سے پہلے سنی ہی نہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ کتاب اللہ اسی طرح ہے جس طرح نازل ہوئی حدیث شریف بھی اسی طرح ہے جیسے بیان ہوئی اور اللہ تعالیٰ زندہ ہے اس کے لیے موت نہیں ہم سب اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اور بے شک ہم نے اسی کی طرف لوٹنا ہے اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ہوں۔ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی کا ثواب اللہ تعالیٰ کے ہاں چاہتے ہیں، پھر آپ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بیٹھ گئے۔[1]

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب صحابہ کرام، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دینے کے لیے جمع ہوئے تو کہنے لگے اللہ کی قسم ہمیں معلوم نہیں ہم آپ کو کیسے غسل دیں کیا عام معمول کے مطابق آپ کا لباس اتار دیں یا کپڑوں کے اندر ہی غسل دے دیں۔ آپ فرماتی ہیں اللہ تعالیٰ نے ان پر نیند طاری کر دی حتیٰ کہ ان میں سے کوئی ایسا نہ رہا جو اپنی چھاتی پر داڑھی رکھے سویا ہوا نہ ہو پھر کسی کہنے والے نے کہا اور نہ معلوم وہ کون تھا، کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کپڑوں سمیت غسل دو۔ چنانچہ وہ بیدار ہوئے اور انہوں نے اسی طرح کیا۔ چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو قمیص کے ساتھ ہی غسل دیا گیا یہاں تک کہ جب غسل سے فارغ ہوئے تو آپ کو کفن پہنایا گیا۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم نے آپ کی قمیص اتارنے کا ارادہ کیا تو ہمیں آواز دی گئی کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا لباس نہ اتارنا چنانچہ ہم نے قمیص کو اسی طرح رہنے دیا۔ اور دوسرے فوت شدہ مسلمانوں کی طرح آپ کو اسی طرح لٹا کر غسل دیا۔ جب ہم کسی عضو کو بدلنا چاہتے تو ہمیں ذرا بھر تکلیف نہ ہوتی اور وہ عضو خود بخود بدل جاتا تھا حتیٰ کہ ہم غسل سے فارغ ہو گئے۔ ہمیں ہوا کی طرح ہلکی سی سرسراہٹ سنائی دیتی اور آواز آئی اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے نرمی اختیار کرنا تمہیں کچھ نہیں کرنا پڑے گا۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک اس طرح ہوا آپ نے کوئی اونی اور بالوں سے بنا ہوا کپڑا نہ چھوڑا سب کچھ آپ کے ساتھ دفن ہو گیا۔

حضرت ابو جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں قبر میں آپ کا بچھونا اور چادر بچھائی گئی اور اس کے اوپر وہ تمام کپڑے رکھ دیے گئے جو آپ زیب تن فرماتے تھے۔ پھر آپ کو کفن سمیت رکھ دیا گیا تو آپ نے وفات کے بعد کوئی مال نہ چھوڑا اور نہ زندگی میں کوئی اینٹ پر اینٹ اور بانس پر بانس رکھا (عمارت نہ بنائی)[2] تو آپ کی وفات میں مسلمانوں کے لیے سامان درس اور بہترین نمونہ ہے۔

---

(۱) دلائل النبوۃ جلد ۷ ص ۲۱۷ باب فی مرض مرتہ۔ ۲ے

فصل ۶

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وصال

جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وقت وصال آیا تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا تشریف لائیں اور آپ نے بطور مثال یہ شعر پڑھا۔

لَعَمْرُكَ مَا يُغْنِي الثَّرَاءُ عَنِ الْفَتَى	آپ کی عمر کی قسم دولت مرد نوجوانوں کے کام نہیں آتی
إِذَا حَشْرَجَتْ يَوْمًا وَضَاقَ بِهَا الصَّدْرُ	جب جان لبوں پر آ گئے اور سینے میں دم رُکا ہوا ہو۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے چہرے سے کپڑا ہٹایا اور فرمایا یہ بات نہیں بلکہ یوں کہو۔

(ارشاد خداوندی ہے)

وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ	اور موت کی سختی سچ مچ آ پہنچی (اے نادان) یہ ہے
ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ[1]	وہ جس سے تو دور بھاگا کرتا تھا۔

میرے ان دو کپڑوں کو دیکھو پس ان کو دھو کر مجھے ان میں کفن پہنا دینا کیونکہ فوت شدہ کے مقابلے میں زندہ آدمی، جدید کپڑے کا زیادہ محتاج ہوتا ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے وصال کے وقت فرمایا۔

وَأَبْيَضَ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ	سفید رنگ والے جن کی چہرہ انور کے طفیل بادل
رَبِيْعُ الْيَتَامٰى عِصْمَةٌ لِلْأَرَامِلِ۔	برستے تھے آپ یتیموں کی بہار اور بیوہ عورتوں کی حفاظت کرنے والے تھے

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام ہے صحابہ کرام اندر داخل ہوئے اور عرض کیا کہ کسی طبیب کو نہ بلائیں جو آپ کا حال دیکھے فرمایا، میرے طبیب نے میرا حال دیکھ لیا ہے اور فرمایا ہے کہ میں جو چاہتا ہوں کرتا ہوں۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ آپ کی عیادت کے لیے تشریف لائے اور عرض کیا اے ابوبکر رضی اللہ عنہ! ہمیں کچھ وصیت فرمائیں آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تم پر دنیا کے خزانے کھول دے گا لیکن تم اس سے ضرورت کے مطابق لینا اور جان لو جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ تعالیٰ کے عہد میں ہو گیا پس اللہ تعالیٰ سے عہد شکنی نہ کرنا ورنہ

---

[1] قرآن مجید، سورۂ ق آیت ۱۹۔

منہ کے بل جہنم میں چلے جاؤ گے۔

جب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طبیعت زیادہ بوجھل ہوگئی اور صحابہ کرام نے چاہا کہ آپ اپنا خلیفہ مقرر فرمائیں تو آپ نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو اپنا خلیفہ نامزد فرمایا۔ صحابہ کرام نے عرض کیا آپ نے ہم پر ایک تند مزاج اور سخت دل شخص کو اپنا نائب بنایا ہے۔ آپ اپنے رب کو کیا جواب دیں گے۔ انہوں نے فرمایا میں کہوں گا (اے اللہ) میں نے تیری مخلوق پر مخلوق میں سے بہتر انسان کو اپنا نائب مقرر کیا ہے۔ پھر آپ نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو بلا بھیجا وہ تشریف لائے تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں آپ کو ایک وصیت کرتا ہوں۔ جان لیں کہ اللہ تعالیٰ کا جو حق دن کے وقت سے متعلق ہے اسے رات کو قبول نہیں کرتا اور جو حقوق رات سے تعلق رکھتے ہیں انہیں دن کے وقت قبول نہیں فرماتا اور جب تک آپ فرض ادا نہ کریں اللہ تعالیٰ نفل کو قبول نہیں کرتا اور قیامت کے دن ان لوگوں کے (نیکی کے) وزن بھاری ہوں گے تو اس کی وجہ یہ ہوگی کہ دنیا میں انہوں نے حق کی اتباع کی اور اس کو اپنے اوپر بھاری سمجھا اور جس ترازو میں حق کے سوا کچھ نہ رکھا جائے اس کا حق یہ ہے کہ وہ بھاری ہو اور جن لوگوں کے میزان ہلکے ہوں گے تو اس کی وجہ یہ ہوگی کہ دنیا میں انہوں نے باطل کی اتباع کی اور اسے معمولی بات سمجھا اور جس ترازو میں باطل رکھا جائے گا اسے ہلکا ہی ہونا چاہیے اور اللہ تعالیٰ نے اہل جنت کا ذکر ان کے بہتر اعمال کے ساتھ کیا ہے اور ان کی برائیوں کو معاف کر دیا تو کہنے والا کہتا ہے کہ میں ان سے کم درجہ میں ہوں اور ان لوگوں کے مقام کو نہیں پہنچ سکتا۔

پس اللہ تعالیٰ نے جہنمیوں کا ذکر اُن کے بُرے اعمال کے ساتھ کیا اور انہوں نے جو نیک اعمال کیے وہ ان کی طرف لوٹا دیے پس کوئی کہنے والا کہتا ہے میں ان لوگوں سے افضل ہوں اور اللہ تعالیٰ نے رحمت کی آیت بھی ذکر کر دی اور عذاب کی آیت بھی تاکہ مومن رغبت رکھنے والا بھی ہو اور ڈرنے والا بھی اور اپنے آپ کو خود اپنے ہاتھوں سے ہلاکت میں نہ ڈالے اور اللہ تعالیٰ سے حق کے سوا کسی چیز کی تمنا نہ کرے (اے عمر! رضی اللہ عنہ) اگر آپ نے میری اس وصیت کو قبول کیا تو موت سے بڑھ کر کوئی غائب چیز آپ کو زیادہ پسندیدہ نہ ہوگی۔ اور موت کا آنا ضروری ہے اور اگر آپ نے میری وصیت کو ضائع کر دیا تو موت سے بڑھ کر کوئی غائب چیز آپ کو زیادہ ناپسند نہ ہوگی اور موت ضرور آئے گی آپ اسے عاجز نہیں کر سکتے۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے وصال کا وقت آگیا تو آپ کے پاس چند صحابہ کرام تشریف لائے۔ انہوں نے عرض کیا اے خلیفۂ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) ہمیں کچھ توشہ عنایت فرمائیے ہم آپ کی حالت بدلی ہوئی دیکھتے ہیں۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص یہ کلمات کہہ کر فوت ہوگا اللہ تعالیٰ اس کی روح کو اُفقِ مبین میں کر دے گا۔ انہوں نے پوچھا افقِ مبین کیا ہے فرمایا عرش کے

سامنے ایک خطہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ کے باغات، نہریں اور درخت ہیں ہر دن اسے ایک سو رحمتیں ڈھانپ لیتی ہیں۔ پس جو شخص یہ کلمات کہے گا اللہ تعالیٰ اس کی روح کو اس مکان میں کر دے گا۔ (وہ کلمات یہ ہیں)

یا اللہ! تو نے مخلوق کا سلسلہ شروع فرمایا اور تجھے ان کی کوئی حاجت نہ تھی، پھر تو نے ان کو دو گروہوں میں تقسیم کیا ایک فریق نعمتوں کے لیے اور دوسرا فریق آگ کے لیے مجھے نعمتوں والے گروہ میں کر دے اور آگ والے گروہ میں نہ کرنا۔ یا اللہ! تو نے مخلوق کو کئی جماعتوں میں پیدا کیا اور پیدائش سے پہلے ہی ان کو ایک دوسرے سے ممتاز کر دیا ان میں نیک بخت بھی بنائے اور بد بخت بھی، سرکش بھی اور ہدایت یافتہ بھی۔ پس مجھے نافرمانیوں کے باعث بدبخت نہ بنایا۔ یا اللہ! تو ہر نفس کو پیدا کرنے سے پہلے بھی جانتا تھا کہ اس نے کیا کرنا ہے پس اس سے بھاگنا ممکن نہیں۔ پس تو مجھے ان لوگوں میں کر دے جن سے اپنی اطاعت کا کام لیتا ہے یا اللہ! جب تک تو نہ چاہے کوئی کچھ نہیں چاہتا پس تیری مشیت یہ ہو کہ میں تیرا قرب چاہتا ہوں۔ یا اللہ! تو نے بندوں کی حرکات کا اندازہ کر رکھا ہے پس تیرے اذن کے بغیر کوئی چیز حرکت نہیں کر سکتی تو میری حرکت کو تقویٰ کے ساتھ منسلک کر دے۔ یا اللہ! تو نے خیر اور شر کو پیدا فرمایا اور ہر ایک کے لیے عمل کرنے والے بنائے مجھے ان میں سے بہتر قسم میں کر دے۔ یا اللہ! تو نے جنت اور جہنم کو پیدا فرمایا اور ان میں سے ہر ایک کے اہل بنائے پس تو مجھے جنتیوں میں سے کر دے۔ یا اللہ! تو نے کچھ لوگوں کے لیے گمراہی کا ارادہ فرمایا اور ان کے سینوں کو تنگ کر دیا پس میرے سینے کو ایمان کے لیے کھول دے اور اسے میرے دل میں مزین کر دے۔ یا اللہ! تو نے امور کی تدبیر فرمائی اور ان کا ٹھکانہ اپنے پاس بنایا پس تو مجھے موت کے بعد حیات طیبہ عطا فرما اور مجھے اپنے قریب کر دے۔ یا اللہ! جو صبح و شام تیرے غیر پر اعتماد کرتا ہے تو کرے میرا اعتماد اور امید تجھ ہی پر ہو۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ تمام باتیں قرآن مجید میں ہیں۔

فصل ۳

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا وصال

حضرت عمرو بن میمون رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جس صبح حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ پر حملہ ہوا میں کھڑا تھا اور میرے اور ان کے درمیان حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما تھے اور آپ جب دو صفوں کے درمیان سے گزرتے تو وہاں کھڑے ہو جاتے جب کوئی خلل دیکھتے تو فرماتے سیدھے کھڑے ہو جاؤ حتیٰ کہ جب کوئی خلل نظر نہ آتا تو آگے بڑھ کر تکبیر کہتے (نماز شروع کرتے) حضرت عمرو بن میمون رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ پہلی رکعت میں کبھی سورۂ یوسف، کبھی سورہ نحل اور کبھی اس قسم کی دوسری کسی سورۃ کی تلاوت فرماتے۔

حتیٰ کہ لوگ جمع ہو جاتے آپ نے تکبیر کہی ہی تھی کہ میں نے سنا آپ فرما رہے ہیں کہ مجھے کسی نے قتل کر دیا یا فرمایا کھا لیا اس وقت ابو لؤلؤ نے آپ کو زخمی کیا تھا اور وہ خبیث کافر دو دھاری چھری لے کر بھاگ گیا جہاں سے گزرتا دائیں بائیں زخمی کرتا جاتا حتیٰ کہ اس نے تیرہ افراد کو زخمی کر دیا جن میں سے نو صحابہ کرام شہید ہو گئے۔ ایک روایت میں سات کا ذکر ہے جب ایک مسلمان نے یہ صورت دیکھی تو اس پر اپنا کپڑا ڈال دیا۔ جب اس کافر نے دیکھا کہ وہ پکڑا گیا ہے تو اس نے اپنے آپ کو ذبح کر دیا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو پکڑ کر آگے کر دیا۔ جو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قریب تھے ان سب نے یہ ماجرا دیکھا لیکن جو لوگ مسجد کے اطراف میں تھے ان کو معلوم نہ ہو سکا کہ کیا ماجرا ہے۔ لیکن انہوں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی آواز نہ سنی وہ سبحان اللہ سبحان اللہ کا ورد کرتے تھے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے ان کو مختصر نماز پڑھائی جب سلام پھیرا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے ابن عباس! مجھے کس نے زخمی کیا ہے؟ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما تھوڑی دیر کے لیے غائب ہوئے پھر تشریف لائے اور فرمایا حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے غلام نے، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ اسے ہلاک کرے میں نے تو اچھی بات کا حکم دیا تھا۔

پھر فرمایا اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے میری موت کسی مسلمان کے ہاتھ سے نہیں کی تم اور تمہارے باپ مدینہ طیبہ میں عجمی کفار کا زیادہ ہونا چاہتے تھے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے عرض کیا اگر آپ چاہیں تو ہم ان سب کو قتل کر دیں آپ نے فرمایا اب قتل کرو گے جبکہ وہ تمہاری بولی بولتے اور تمہارے قبلہ کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھتے ہیں اور تمہاری طرح حج کرتے ہیں۔ چنانچہ آپ کو اٹھا کر گھر لے جایا گیا ہم بھی آپ کے ساتھ گئے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اس سے پہلے لوگوں کو کوئی حادثہ نہیں پہنچا کوئی کہتا کہ مجھے آپ کے فوت ہونے کا خوف ہے اور کوئی کہتا ڈرنے کی بات نہیں۔ پھر آپ کے لیے انگور کا جوس لایا گیا، آپ نے اس میں سے کچھ پیا لیکن پیٹ کے راستے سے باہر نکل گیا پھر دودھ لایا گیا آپ نے اس سے بھی نوش فرمایا وہ بھی پیٹ کے راستے نکل گیا صحابہ کرام سمجھ گئے کہ آپ کا وصال ہونے والا ہے۔

راوی فرماتے ہیں ہم آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور لوگ آپ کے بارے میں تعریفی کلمات کہنے لگے اسی دوران ایک نوجوان آیا اور اس نے کہا اے امیر المومنین! آپ کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے خوشخبری ہو آپ کو صحابیت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا اعزاز حاصل رہا۔ اسلام لاتے میں سبقت کا شرف بھی ملا۔ پھر آپ حکمران بنے تو آپ نے انصاف کیا اور پھر مقام شہادت نصیب ہوا آپ نے فرمایا میں چاہتا ہوں کہ ان اعزازات کی وجہ سے حساب برابر برابر رہے نہ مجھ پر کچھ ہو اور نہ میرے لیے (نہ عذاب نہ ثواب)

جب وہ شخص واپس مڑا تو دیکھا کہ اس کی تہبند زمین سے لگ رہی ہے فرمایا اس نوجوان کو میری طرف بلاؤ فرمایا اے بھتیجے! اپنے کپڑے کو اٹھاؤ اس سے کپڑا محفوظ رہتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے تقویٰ کا باعث بھی ہے۔

پھر فرمایا اے عبداللہ! دیکھو مجھ پر کتنا قرض ہے؟ انہوں نے حساب لگایا تو چھیاسی ہزار کے قریب تھا فرمایا اگر ہمارے خاندان کے مال سے پورا ہو جائے تو ان کے مال سے ادا کر دیں۔ ورنہ بنو عدی بن کعب سے سوال کریں اگر ان کے مال سے بھی پورا نہ ہو تو قریش سے مانگیں دوسروں سے نہ مانگنا اور میری طرف سے یہ مال دے دینا۔

(پھر فرمایا) ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاؤ اور کہو کہ عمر نے آپ کو سلام کہا ہے اور امیر المومنین کا لفظ نہ کہنا آج میں مسلمانوں کا امیر نہیں ہوں ان سے عرض کرنا کہ عمر بن خطاب نے اپنے دونوں ساتھیوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ دفن ہونے کی اجازت مانگی ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ تشریف لے گئے سلام کے بعد اجازت طلب کی اور اندر داخل ہوئے تو دیکھا کہ ام المومنین بیٹھی رو رہی ہیں۔ آپ نے عرض کیا عمر بن خطاب آپ کو سلام کہتے ہیں اور اپنے ساتھیوں کے پہلوؤں میں دفن ہونے کی اجازت مانگتے ہیں۔ ام المومنین نے فرمایا میں نے یہ جگہ اپنے لیے رکھی تھی لیکن آج میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو اپنے اوپر ترجیح دیتی ہوں۔

جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما واپس تشریف لائے تو بتایا گیا کہ آپ واپس آگئے ہیں تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے اٹھاؤ۔ چنانچہ ایک شخص نے اپنے سہارے سے آپ کو بٹھایا آپ نے پوچھا تمہارے پاس کیا خبر ہے عرض کیا اے امیر المومنین! جو کچھ آپ چاہتے تھے ام المومنین نے اجازت دے دی ہے۔ آپ نے فرمایا الحمد للہ! میرے لیے اس سے اہم بات کوئی نہیں۔ اب جب میرا وصال ہو جائے تو مجھے اٹھا کر لے جانا وہاں پہنچ کر سلام کہنا اور کہنا کہ عمر اجازت طلب کرتا ہے اگر ام المومنین اجازت دے دیں تو مجھے اندر لے جانا اور اگر اجازت نہ دیں تو مسلمانوں کے قبرستان میں لے جانا۔ ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا تشریف لائیں اور عورتوں نے ان کو ڈھانک رکھا تھا ہم نے ان کو دیکھا تو اٹھ کھڑے ہوئے۔ آپ داخل ہوئیں اور کچھ دیر آپ کے پاس روتی رہیں پھر مردوں نے اجازت چاہی تو آپ اندر چلی گئی ہم نے اندر سے ان کے رونے کی آواز سنی۔ صحابہ کرام نے عرض کیا۔ امیر المومنین! وصیت فرمایئے۔ اور کسی کو اپنا خلیفہ مقرر کیجیے۔ آپ نے حضرت علی المرتضیٰ، حضرت عثمان غنی، حضرت زبیر، حضرت طلحہ، حضرت سعد اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہم کا نام لے کر فرمایا میں ان حضرات سے بہتر کسی شخص کو اس امر (خلافت) کا حق دار نہیں سمجھتا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا سے تشریف لے گئے تو آپ ان سے راضی تھے۔ آپ نے فرمایا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم بھی تمہارے ساتھ موجود رہیں گے۔ لیکن خلافت سے ان کا کوئی تعلق نہیں ہو گا لیکن حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی تسلی

کے لیے یہ بات فرمائی۔ اگر خلافت حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو حاصل ہو تو ٹھیک ہے ورنہ جو بھی امیر بنے ان سے معاونت حاصل کرے ہیں نے ان کو کسی عاجزی یا خیانت کی وجہ سے معزول نہیں کیا تھا۔

آپ نے فرمایا میرے بعد جو بھی خلیفہ بنے میں اسے پہلے مہاجرین کے بارے میں وصیت کرتا ہوں کہ وہ ان کے لیے ان کی فضیلت کو پہچانے ان کی حرمت کی حفاظت کرے نیز میں اسے انصار کے ساتھ بھلائی کی وصیت کرتا ہوں جنہوں نے اپنے گھروں میں (مہاجرین کو) ٹھکانہ دیا اور ان سے پہلے ایمان لائے کہ ان کے نیکو کاروں سے قبول کریں اور ان کے خطاکاروں کو معاف کر دیں۔ دوسرے شہروں کے لوگوں سے بھی بھلائی کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ وہ اسلام کے مددگار مال جمع کرنے والے (خراج جمع کرنے والے) اور دشمنوں کے غیظ و غضب کا سبب ہیں ان سے ان کی مرضی سے صرف زائد مال وصول کریں میں اعرابیوں کے ساتھ بھلائی کا سلوک کرنے کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ وہ عربوں کی اصل اور اسلام کا مادہ ہیں ان کے زائد مال لے کر ان کے فقراء پر تقسیم کریں۔ میں نے خلیفہ کو اللہ تعالیٰ کے عہد اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد (کو پورا کرنے) کی وصیت بھی کرتا ہوں۔ ذمیوں سے کیا گیا عہد پورا کرے اور ان کے مخالفوں سے لڑے اور طاقت کے مطابق ان سے کام لیا کرے۔

راوی فرماتے ہیں۔ جب آپ کا وصال ہوا تو ہم باہر نکل آئے اور آپ کے جنازے کو لے کر چلے حضرت عبداللہ بن عمر نے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں سلام عرض کرنے کے بعد عرض کیا عمر بن خطاب آپ سے اجازت مانگتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا ان کو داخل کیجیے۔ چنانچہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ کو آپ کے دونوں ساتھیوں کے پاس پہنچا دیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپ نے فرمایا۔

مجھ سے حضرت جبریل علیہ السلام نے کہا تھا کہ عمر رضی اللہ عنہ کی موت پر اسلام کو بھی رونا چاہیے[1]۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو چارپائی پر رکھا گیا تو لوگوں نے آپ کو گھیر لیا وہ آپ کے جنازے کو اٹھانے سے پہلے ہی دعا اور استغفار کرتے تھے میں بھی ان میں تھا مجھے ایک شخص نے خوف زدہ کر دیا۔ اس نے میرے کندھوں کو پکڑا میں نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ تھے۔ انہوں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے لیے رحمت کی دعا کی اور فرمایا آپ نے اپنے بعد کوئی ایسا شخص نہیں چھوڑا جس کا عمل آپ کے عمل جیسا ہو اور مجھے اس سے ملاقات کرنا پسند ہو۔ اللہ کی قسم اب مجھے

---

[1] مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۷۴، کتاب المناقب۔

یقین تھا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے دونوں ساتھیوں کے ساتھ ملائے گا کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بارہا سنا آپ نے فرمایا۔

ذَهَبْتُ اَنَا وَاَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَخَرَجْتُ اَنَا وَاَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَدَخَلْتُ اَنَا وَاَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ۔[1]

میں ابو بکر اور عمر گئے ہیں، ابو بکر اور عمر باہر نکلے ہیں، ابو بکر اور عمر داخل ہوئے (صلی اللہ علیہ وسلم، رضی اللہ عنہما)

پس مجھے امید اور غالب گمان تھا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ان دونوں کے ساتھ رکھے گا۔

فصل ۷۲

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا وصال

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت سے متعلق حدیث مشہور ہے۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں اپنے بھائی حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں سلام پیش کرنے حاضر ہوا اور آپ محصور تھے رمیں اندر داخل ہوا تو انہوں نے فرمایا میرے بھائی! آپ کا آنا مبارک ہو، میں نے آج رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس روشندان میں دیکھا۔ آپ فرماتے ہیں اے عثمان! ان لوگوں نے تمہارا گھیراؤ کر لیا ہے؟ میں نے عرض کیا جی ہاں فرمایا انہوں نے تجھے پیاسا رکھا ہے؟ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ چنانچہ آپ نے ایک ڈول میرے قریب کیا جس میں پانی تھا تو میں نے خوب سیر ہو کر پیا حتیٰ کہ میں اس کی ٹھنڈک اپنے سینے اور کندھوں کے درمیان محسوس کرتا ہوں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا اگر تم چاہو تو ان لوگوں کے خلاف تمہاری مدد کی جائے اور اگر تم چاہو تو ہمارے پاس آکر افطار کرو تو میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس افطار کو پسند کیا، چنانچہ اسی روز آپ کو شہید کر دیا گیا۔

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ ان لوگوں سے جنہوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے زخمی ہونے پر ان کو خون میں تڑپتے ہوئے دیکھا تھا، پوچھا کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے خون میں تڑپتے ہوئے کیا فرمایا تھا انہوں نے جواب دیا ہم نے سنا آپ نے فرمایا اے اللہ! حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو اتفاق عطا فرما (تین بار فرمایا) حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے

---

[1] صحیح بخاری جلد اول ص ۵۲۰، ۵۲۱ کتاب المناقب۔

قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ یہ دعا نہ مانگتے تو مسلمانوں کو قیامت تک اتفاق کی دولت کبھی حاصل نہ ہوتی۔

حضرت ثمامہ بن حزن قشیری رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اوپر سے لوگوں کو جھانک کر دیکھا تو میں بھی وہاں موجود تھا۔ آپ نے فرمایا ان دو آدمیوں کو یہاں لاؤ جنہوں نے تمہیں یہاں جمع کیا ہے۔ فرماتے ہیں ان دونوں کو لایا گیا تو یوں لگتا تھا کہ گویا وہ دو اونٹ یا دو گدھے ہیں۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا میں تمہیں اللہ تعالیٰ اور اسلام کی قسم دیتا ہوں کیا تم جانتے ہو کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لائے اور وہاں بئیر رومہ کے علاوہ میٹھے پانی کا کوئی کنواں نہ تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "کون شخص رومہ کو خرید کر اپنا ڈول مسلمان کے ڈولوں سے ملاتا ہے وہ جنت میں اس سے بہتر پائے گا تو میں نے اسے ذاتی مال سے خریدا اور آج تم مجھے اس کنویں اور دریا کا پانی پینے نہیں دیتے؟ انہوں نے کہا آپ درست فرماتے ہیں۔ آپ نے فرمایا میں تمہیں اللہ تعالیٰ اور اسلام کی قسم دیتا ہوں کیا تم جانتے ہو کہ میں نے اپنے مال سے تنگی والے لشکر (غزوۂ تبوک) کے لیے سامان تیار کیا؟ انہوں نے کہا جی ہاں ٹھیک ہے۔ پھر فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ مسجد، نمازیوں پر تنگ ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کون ہے جو فلاں کی زمین خرید کر مسجد میں اضافہ کرے وہ جنت میں اس سے بہتر پائے گا تو میں نے اپنے ذاتی مال سے اسے خریدا اور آج تم مجھے اس میں دو رکعتیں نماز پڑھنے نہیں دیتے۔ انہوں نے کہا ہاں ایسا ہی ہے فرمایا میں تمہیں اللہ تعالیٰ اور اسلام کی قسم دیتا ہوں کیا تم جانتے ہو کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں کوہ ثبیر پر تھے آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر صدیق حضرت عمر فاروق اور میں (رضی اللہ عنہم) بھی تھا۔ پہاڑ نے حرکت کی حتیٰ کہ اس کے پتھر دامن کوہ میں گرنے لگے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پاؤں کی ٹھوکر ماری اور فرمایا اے ثبیر ٹھہر جا تجھ پر ایک نبی ایک صدیق اور دو شہید ہیں؟ انہوں نے کہا ہاں آپ نے یہ بات فرمائی تھی یہ سن کر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے نعرہ تکبیر بلند کرتے ہوئے فرمایا ان لوگوں نے گواہی دی ہے رب کعبہ کی قسم! میں شہید ہوں[1]۔

ضبۃ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص سے مروی ہے کہ جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو زخمی کیا گیا اور آپ کی داڑھی پر خون بہہ رہا تھا اس وقت آپ نے بارگاہ خداوندی میں عرض کیا۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ[2]	تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بے شک میں زیادتی کرنے والوں میں سے ہوں۔

---

[1] جامع ترمذی ص ۲۱۳، ابواب المناقب [2]

یا اللہ! میں ان لوگوں کے خلاف تجھ سے انتقام چاہتا ہوں اور اپنے تمام امور میں تیری مدد کا طلب گار ہوں اور جس آزمائش میں تو نے مجھے ڈالا ہے اس پر تجھ سے صبر کا سوال کرتا ہوں۔

فصل ۵

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا وصال

حضرت اصبغ حنظلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جس صبح حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ زخمی ہوئے اس رات آپ لیٹے ہوئے تھے کہ ابن تیاح نے طلوع فجر کے وقت آکر آپ کو نماز کی اطلاع دی لیکن آپ لیٹے رہے اور طبیعت پر کچھ بوجھ محسوس فرما رہے تھے وہ دوبارہ آئے تو یہی حالت تھی تیسری مرتبہ پھر آئے تو آپ اُٹھ کر چل پڑے اور آپ یہ اشعار پڑھ رہے تھے۔

اُشْدُدْ حَيَازِيْمَكَ لِلْمَوْتِ	موت کے لیے تیاری کرو کیونکہ موت تمہارے
فَاِنَّ الْمَوْتَ لَاقِيْكَا	پاس ضرور آئے گی اور موت سے خوفزدہ نہ ہو
وَلَا تَجْزَعْ مِنَ الْمَوْتِ	جب وہ تمہاری وادی میں آئے۔
اِذَا حَلَّ بِوَادِيْكَا۔	

جب آپ چھوٹے دروازے تک پہنچے تو ابن ملجم نے آپ پر حملہ کر دیا آپ کی صاحبزادی حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا باہر تشریف لائیں اور کہہ رہی تھیں، صبح کی نماز کو کیا ہوا کہ میرے خاوند (حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ) بھی صبح کی نماز کے وقت شہید ہوئے اور میرے والد ماجد کو بھی نماز فجر کے وقت شہید کیا گیا۔

قریش کے ایک شیخ سے مروی ہے فرماتے ہیں جب ابن ملجم نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پر حملہ کیا تو آپ نے فرمایا رب کعبہ کی قسم! میں کامیاب ہو گیا (اور میرا مقصود مجھے مل گیا)۔ حضرت محمد بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جب آپ کو زخمی کیا گیا تو آپ نے اپنے صاحبزادوں کو وصیت فرمائی اس کے بعد کلمہ طیبہ کے علاوہ کوئی بات نہ فرمائی حتیٰ کہ آپ کا وصال ہو گیا۔

اور جب حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے وصال کا وقت آیا تو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ آپ کے پاس تشریف لائے فرمایا اے بھائی! آپ کیوں گھبراتے ہیں تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے ملو گے اور وہ دونوں آپ کے باپ تھے، حضرت خدیجۃ الکبریٰ اور حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہما سے ملو گے اور وہ دونوں آپ کی مائیں ہیں، حضرت حمزہ اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہم سے ملو گے اور وہ دونوں آپ کے چچا ہیں حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے بھائی! ایسے معاملے کی طرف بڑھ رہا ہوں جس کی مثل کی طرف کبھی نہیں گیا۔

حضرت محمد بن حسن رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں جب لوگوں نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو گھیر لیا اور آپ کو یقین ہو گیا کہ وہ آپ کو شہید کریں گے تو آپ نے اپنے ساتھیوں کو خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا جو معاملہ آپہنچا ہے تم اسے دیکھ رہے ہو دنیا بدل گئی اور ناواقف ہو گئی اور حسن سلوک سے منہ پھیر لیا اور دنیا سکڑ کر اس قدر رہ گئی ہے جتنی پانی کے برتن میں تری ہوتی ہے تو ایسی ناخوشگوار زندگی سے موت بہتر ہے۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ حق پر عمل نہیں ہو رہا۔ باطل سے ایک دوسرے کو روکا نہیں جاتا۔ اور مومن کو اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی رغبت ہونی چاہیے اور میں موت کو ایک سعادت اور ظالموں کے ساتھ زندہ رہنے کو جرم سمجھتا ہوں۔

پانچواں باب

موت کے وقت خلفاء امراء اور صالحین کے اقوال

جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا وصال ہونے لگا تو آپ نے فرمایا مجھے بٹھاؤ جب آپ کو بٹھایا گیا تو اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرنے اور ذکر کرنے لگے پھر روتے ہوئے فرمایا اے معاویہ! اب بڑھاپے اور کمزوری کے وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر سوجھا اس کا وقت تو وہ تھا جب جوانی کی شاخ تر و تازہ تھی آپ بہت زیادہ روئے حتیٰ کہ آپ کے رونے کی آواز بلند ہوئی اور کہنے لگے اے میرے رب! اس گناہ گار بوڑھے شخص پر رحم فرما جس کا دل سخت ہے۔ الٰہی میری لغزش سے درگزر فرما اور خطا معاف کر دے اور اپنے حلم و بردباری سے اس شخص کو اپنی طرف لوٹائے جو تیرے علاوہ کسی سے امید نہیں رکھتا اور نہ ہی تیرے سوا کسی پر اعتماد کرتا ہے۔

قریش کے ایک شیخ سے مروی ہے کہ وہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی مرض الموت میں لوگوں کی ایک جماعت وہاں حاضر ہوئی تو انہوں نے ان کے بدن میں جھریاں دیکھیں آپ نے حمد و ثنا کے بعد فرمایا سنو! اللہ کی قسم ہم نے دنیا کی تر و تازگی اور اس کی جدت کے ساتھ اس کا استقبال کیا اور ہم نے اپنی زندگی سے لذت حاصل کی تو دنیا ایک حال سے دوسرے حال میں بدل گئی ایک رسی کے بعد دوسری رسی ٹوٹ گئی اور اب دنیا یوں ہو گئی کہ اس نے ہمیں تنہا چھوڑ دیا اور پرانا کر دیا اور ہمیں ملامت کرنے لگی تو ایسے گھر پر تف ہے پھر دنیا جیسے گھر پر تف ہے۔

مروی ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے آخری خطبہ دیتے ہوئے فرمایا اے لوگو! میں ایک ایسی کھیتی سے تعلق رکھتا ہوں جسے کاٹ دیا گیا میں تمہارا حاکم تھا اور میرے بعد جو تمہارا حاکم ہو گا وہ مجھ سے برا ہو گا جس طرح مجھ سے پہلے والے مجھ سے اچھے تھے۔

(یزید کو مخاطب کر کے فرمایا) اے یزید! جب میری موت واقع ہو جائے تو کسی عقل مند کو میرے غسل پر مامور کرنا کیونکہ عقل مند کا اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک مقام حاصل ہوتا ہے وہ اچھی طرح غسل دے اور بلند آواز سے تکبیر کہے پھر خزانے میں سے ایک رومال لینا جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لباس میں سے ایک کپڑا ہے۔ کچھ بال مبارک اور ناخن مبارک کے ریزے ہیں۔ ان ریزوں کو میرے ناک، منہ، کان اور آنکھوں میں رکھنا اور کپڑے کو کفن کے اندر میرے بدن کے ساتھ رکھنا۔

اور اے یزید! والدین کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے حکم کی حفاظت کرنا اور جب تم مجھے نئے کپڑوں میں کفن دے کر قبر میں رکھ دو تو معاویہ کو سب سے زیادہ رحم کرنے والی ذات کے سپرد کر دینا۔

حضرت محمد بن عقبہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے وصال کا وقت آیا تو آپ نے فرمایا کاش! میں قریش میں سے ایک بھو کا شخص ہوتا اور اس خلافت میں سے کسی چیز کا مالک نہ ہوتا۔

جب عبدالملک بن مروان کی وفات کا وقت ہوا تو دمشق کی طرف ایک دھوبی کو دیکھا جو ہاتھ میں کپڑے کو لپیٹ کر دھونے والی جگہ پر مار رہا ہے۔ عبدالملک نے کہا کاش میں دھوبی ہوتا اور روزانہ ہاتھ کی کمائی سے کھاتا اور دنیا کے کسی معاملے کا ولی نہ ہوتا۔ یہ بات ابو حازم کو پہنچی تو انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے ان حکمرانوں کو ایسا بنایا کہ مرتے وقت اسی حال کی تمنا کرتے ہیں جس میں ہم ہیں۔ اور جب ہمیں موت آتی ہے تو ہم ان کی حالت کی طلب نہیں کرتے۔

عبدالملک بن مروان کی مرض الموت میں اس سے کہا گیا کہ اے امیر المومنین! اپنے آپ کو کیسا پاتے ہو؟ اس نے کہا اس طرح پاتا ہوں جس طرح اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ [1]	اور بے شک تم ہمارے پاس اکیلے اکیلے آئے جس طرح ہم نے تمہیں پہلی مرتبہ پیدا کیا اور جو کچھ ہم نے تمہیں دیا وہ اپنی پیٹھوں کے پیچھے چھوڑ آئے ہو۔

یہ آیت پڑھنے کے بعد عبدالملک کا انتقال ہو گیا۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز کی زوجہ اور عبدالملک بن مروان کی بیٹی فاطمہ نے کہا کہ میں نے حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے سنا وہ اپنی مرض الموت میں یوں دعا مانگتے تھے۔

"یا اللہ! ان لوگوں سے میری موت کو پوشیدہ رکھنا چاہیے، ایک ساعت کے لیے ہو، تو جس دن آپ کا

---

[1] قرآن مجید، سورۃ انعام، آیت ۹۴۔

وصال ہوا میں آپ کے پاس سے چلی گئی اور دوسرے گھر میں جا بیٹھی میرے اور ان کے درمیان ایک دروازہ حائل تھا اور آپ ایک گول عمارت کے اندر تھے میں نے سنا وہ یہ آیت پڑھ رہے تھے۔

تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ	یہ آخرت کا گھر ہم ان لوگوں کے لیے کرتے ہیں جو
لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ وَلَا فَسَادًا	زمین میں بلندی اور فساد نہیں چاہتے اور آخرت کا
وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ [1]	گھر متقی لوگوں کے لیے ہے۔

پھر آپ خاموش ہو گئے میں نے نہ تو آپ کی کوئی حرکت دیکھی اور نہ کلام سنا میں نے غلام سے کہا جاؤ دیکھو کیا آپ سوئے ہوئے ہیں؟ جب وہ داخل ہوا تو چیخ پڑا میں کود کر اندر گئی تو دیکھا آپ فوت ہو چکے ہیں (یوں آپ کی دعا قبول ہوئی) اور جب آپ کے وصال کا وقت ہوا تو کسی نے کہا امیر المومنین! کچھ وصیت فرمائیں فرمایا میں تمہیں اپنے اس حال سے ڈراتا ہوں کہ ایک دن تمہیں بھی اسی طرح ہونا ہے۔

منقول ہے کہ جب حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کی طبیعت بوجھل ہو گئی تو آپ کے لیے حکیم کو بلایا گیا اس نے دیکھ کر کہا میں دیکھتا ہوں کہ ان کو زہر پلایا گیا ہے اور میں ان کی موت سے بے خوف نہیں ہوں۔ حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ نے نگاہ اٹھا کر دیکھا اور فرمایا جس کو زہر نہ پلایا گیا ہو وہ بھی موت سے بے خوف نہیں ہو سکتا۔ طبیب نے پوچھا امیر المومنین! آپ زہر کا اثر محسوس کر رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا ہاں جب زہر میرے پیٹ میں گیا تھا تو اسی وقت مجھے معلوم ہو گیا تھا اس نے کہا پھر علاج کیجیے ورنہ مجھے آپ کی جان جانے کا خطرہ ہے۔ آپ نے فرمایا میری جان پروردگار کے پاس جائے گی جو بہتر جگہ ہے۔ اللہ کی قسم! اگر مجھے معلوم ہوتا کہ میری شفا میرے کان کی لو کے پاس ہے تو میں اپنا ہاتھ کان کی طرف اٹھا کر اسے نہ لیتا۔ یا اللہ! عمر کے لیے اپنی ملاقات میں بھلائی کر دے۔ پھر آپ چند دنوں کے بعد وفات فرما گئے۔

کہا گیا ہے کہ جب آپ کے وصال کا وقت آیا تو پوچھا گیا اے امیر المومنین! آپ کیوں روتے ہیں؟ آپ خوش ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ذریعے بہت سی سنتوں کو زندہ کیا اور آپ کے باعث عدل کو ظاہر کیا یہ سن کر آپ روئے اور پھر فرمایا کیا مجھے قیامت کے دن کھڑا کر کے مجھ سے اس مخلوق کے بارے میں سوال نہیں ہو گا۔ اللہ کی قسم! اگر میں عدل ہی کرتا پھر بھی مجھے اپنے نفس پر یہ خوف تھا کہ اللہ تعالیٰ کے سامنے کوئی دلیل پیش نہ کر سکوں جب تک اللہ تعالیٰ خود اپنی حجت کی تعلیم نہ فرمائے۔

تو جب ہم نے بہت کچھ ضائع کر دیا تو کیا صورت ہو گی۔ آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اور جلد ہی

---

[1] قرآن مجید، سورۂ قصص آیت ۸۳۔

آپ کا وصال ہو گیا۔

جب حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ کے وصال کا وقت آیا تو فرمایا مجھے بٹھاؤ۔ جب انہوں نے آپ کو بٹھایا تو فرمایا یا اللہ! میں وہی ہوں جس نے تیرے حکم کی تعمیل میں کوتاہی کی تو نے روکا تو میں نے نافرمانی کی (تین بار فرمایا) لیکن اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں پھر سر اٹھایا اور تیز نگاہ سے دیکھا اس سلسلے میں آپ سے پوچھا گیا تو فرمایا سب کچھ مخلوق دیکھتا ہوں نہ وہ انسان ہیں اور نہ ہی جن۔ پھر آپ کی رُوح قبض ہو گئی۔

خلیفہ ہارون الرشید کے بارے میں منقول ہے کہ انہوں نے وفات کے وقت اپنا کفن خود اپنے ہاتھ سے چھانٹ لیا تھا وہ اس کی طرف دیکھتے اور یہ آیت پڑھتے۔

مَآ اَغْنٰى عَنِّىْ مَالِيَهْ هَلَكَ عَنِّىْ سُلْطٰنِيَهْ [1] — میرا مال میرے کام نہ آیا اور میری حکومت مجھ سے چلی گئی۔

خلیفہ مامون راکھ بچھا کر اس پر لیٹ گئے اور کہتے تھے اے وہ ذات! جس کی حکومت کبھی ختم نہ ہوگی اس پر رحم فرما جس کی حکومت ختم ہو گئی۔

خلیفہ معتصم اپنی وفات کے وقت کہتے تھے اگر مجھے معلوم ہوتا کہ میری عمر اس طرح تھوڑی ہوگی تو میں ہرگز وہ کام نہ کرتا (جو میں نے کیا)

خلیفہ منتصر اپنی وفات کے وقت حالت اضطراب میں تھے ان سے کہا گیا اے امیر المومنین! کوئی پرواہ نہیں انہوں نے کہا یہ بات نہیں، دنیا گئی اور آخرت آگئی۔

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے وصال کے وقت صندوقوں کی طرف دیکھتے ہوئے اپنے بیٹوں سے فرمایا کون ہے جو ان صندوقوں کو ان میں موجود مال کے ساتھ لے گا کاش ان میں مینگنیاں ہوتیں۔

حجاج بن یوسف نے اپنے وصال کے وقت کہا یا اللہ! مجھے بخش دے لوگ کہتے ہیں تیری بخشش نہیں ہوگی۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کو اس کی یہ بات پسند آتی تھی اور اس وجہ سے اس پر رشک کرتے تھے جب حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کو یہ بات بتائی گئی تو انہوں نے پوچھا کیا اس نے کہا ہے؟ کہا گیا جی ہاں تو فرمایا ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے۔

---

[1] قرآن مجید، سورۃ الحاقہ۔ آیت ۲۸، ۲۹۔

فصل ۱۳

صحابہ کرام، تابعین اور تبع تابعین میں سے خاص لوگوں کے اقوال

جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے وصال کا وقت ہوا تو انہوں نے بارگاہ خداوندی میں عرض کیا یا اللہ! میں تجھ سے ڈرا کرتا تھا اور آج تجھ سے امید رکھتا ہوں تو جانتا ہے کہ میں دنیا اور اس میں طویل زندگی کو اس لیے پسند نہیں کرتا تھا کہ اس میں میرے لیے نہریں جاری ہوں اور درخت لگاؤں بلکہ گرمیوں کے موسم میں پیاسا رہنے پر صبر کرنے، زمانے کی تکالیف برداشت کرنے اور ذکر کے حلقوں میں علماء کے سامنے دو زانو بیٹھنے کے لیے دنیا کو پسند کرتا تھا۔

جب آپ پر حالت نزع سخت ہو گئی اور اس قدر سخت ہوئی کہ اس طرح کسی پر نہ ہوئی ہو گی تو جب بھی آپ کو بیہوشی سے افاقہ ہوتا آپ اپنی آنکھ کھول دیتے پھر فرماتے یا اللہ! تو جس قدر چاہے میرا گلا گھونٹ دے تیری عزت کی قسم تو جانتا ہے کہ میرے دل میں تیری محبت رہے گی۔

جب حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے وصال کا وقت ہوا تو آپ روئے۔ جب رونے کا سبب پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا میں دنیا پر پریشانی کے باعث نہیں روتا لیکن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے وعدہ لیا تھا کہ ہمارے پاس دنیا کا مال اس قدر ہو جس قدر مسافر کے پاس زاد راہ ہوتا ہے جب آپ کا وصال ہوا تو آپ کے ترکہ کا جائزہ لیا گیا تو اس کی قیمت دس درہم سے کچھ زیادہ تھی۔[1]

جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے وصال کا وقت ہوا تو ان کی زوجہ محترمہ نے فرمایا ہائے کیسا غم ہے! آپ نے فرمایا یوں کہو کیسی خوشی ہے ہم کل اپنے دوستوں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے گروہ سے ملاقات کریں گے۔

کہا گیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ نے وصال کے وقت آنکھ کھولی اور مسکرائے اور یہ آیت پڑھی۔

لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ [2] — ایسی چیز کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے۔

حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ کے وصال کا وقت ہوا تو آپ روئے آپ سے رونے کا سبب پوچھا گیا تو آپ

---

[1] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۴۳۸ مرویات سلمان فارسی۔

[2] قرآن مجید، سورۃ الصافات آیت ۶۱۔

فرمایا مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے قاصد کا انتظار ہے کہ وہ مجھے جنت کی خوشخبری دیتا ہے کہ جہنم کی خبر۔

حضرت ابن منکدر رضی اللہ عنہ کے وصال کا وقت ہوا تو آپ رو پڑے آپ سے پوچھا گیا کہ کیوں رو رہے ہیں۔ فرمایا اللہ کی قسم! میں کسی گناہ کی وجہ سے نہیں روتا جس کے ارتکاب کا مجھے یقین ہو لیکن میں اس بات پر روتا ہوں کہ ہو سکتا ہے کہ میں نے کوئی کام کیا ہو اور اسے ہلکا سمجھا ہو جبکہ اللہ تعالیٰ کے ہاں وہ بہت بڑا ہو۔

حضرت عامر بن عبد القیس رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت ہوا تو وہ رو پڑے ان سے رونے کی وجہ پوچھی گئی تو فرمایا میں موت کے خوف سے یا دنیا کی حرص کی وجہ سے نہیں روتا بلکہ اس لیے روتا ہوں کہ زندگی میں مجھ سے دوپہر کی پیاس اور سردیوں کی راتوں میں جاگنا چھوٹ گیا۔

حضرت فضیل رحمہ اللہ کی وفات کا وقت آیا تو ان پر بے ہوشی طاری ہو گئی پھر انہوں نے آنکھیں کھولیں اور فرمایا افسوس! سفر لمبا ہے اور زادِ راہ کم ہے۔

حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ کے وصال کا وقت ہوا تو انہوں نے اپنے غلام نصر سے فرمایا میرا سر مٹی پر رکھ دو (یہ سن کر) نصر رو پڑا پوچھا تو کیوں روتا ہے؟ اس نے کہا مجھے آپ کی آسائش یاد آتی ہے اور اب آپ فقیر اور محتاج ہو کر دنیا سے جا رہے ہیں فرمایا خاموش رہو میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی تھی کہ وہ مجھے مالدار لوگوں کی طرح زندہ رکھے اور فقراء کی طرح موت دے۔ پھر فرمایا مجھے کلمہ شریف پڑھنے کے لیے کہو لیکن جب تک میرے منہ سے دوسری بات نہ نکلے مجھے دوبارہ نہ کہنا۔

حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ نے فرمایا ابلیس ایک شخص کی موت کے وقت ظاہر ہوا اور اس نے کہا تم نجات پا گئے۔ اس نے کہا میں ابھی تک تجھ سے محفوظ نہیں ہوں۔ کوئی بزرگ وصال کے وقت روئے تو رونے کا سبب پوچھا گیا۔ فرمایا قرآن پاک کی یہ آیت میرے رونے کا سبب ہے ارشاد خداوندی ہے۔

إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللَّهُ مِنَ الْمُتَّقِينَ [1] اللہ تعالیٰ دعا صرف متقی لوگوں سے قبول کرتا ہے۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ ایک شخص کے پاس تشریف لے گئے جس کی روح پرواز کر رہی تھی۔ انہوں نے فرمایا جس کام کی ابتداء یہ ہو اس کی انتہا سے ڈرنا چاہیے۔ اور جس کی انتہا یہ ہو اس کی ابتدا سے ڈرنا مناسب ہے۔

حضرت جریری رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ کی حالتِ نزع کے وقت ان کے پاس تھا اور یہ جمعۃ المبارک اور نوروز کا دن تھا۔ وہ قرآن پاک پڑھ رہے تھے جب تلاوت مکمل ہوئی تو میں نے عرض کیا اے ابو القاسم! آپ اس حالت میں آپ نے ختم قرآن کیا فرمایا اس کا مجھ سے زیادہ حق دار کون ہے۔ اس

---

[1] قرآن مجید، سورۂ مائدہ آیت ۲۷۔

وقت میرا نامۂ اعمال بند ہو رہا ہے۔

حضرت رویم فرماتے ہیں میں حضرت ابو سعید خراز رحمۃ اللہ کے وصال کے وقت موجود تھا۔ وہ یہ اشعار پڑھ رہے تھے۔

حَنِينُ قُلُوبِ الْعَارِفِينَ إِلَى الذِّكْرِ
وَتَذْكَارُهُمْ وَقْتَ الْمُنَاجَاةِ لِلسِّرِّ
أُدِيرَتْ كُؤُوسٌ لِلْمَنَايَا عَلَيْهِمُ
فَأَغْفَوْا عَنِ الدُّنْيَا كَإِغْفَاءِ ذِي السُّكْرِ
هُمُومُهُمُ جَوَّالَةٌ بِمُعَسْكَرٍ
بِهِ أَهْلُ وُدِّ اللهِ كَالْأَنْجُمِ الزُّهْرِ
فَأَجْسَامُهُمْ فِي الْأَرْضِ قَتْلَى بِحُبِّهِ
وَأَرْوَاحُهُمْ فِي الْحُجْبِ نَحْوَ الْعُلَا تَسْرِي
فَمَا عَرَّسُوا إِلَّا بِقُرْبِ حَبِيبِهِمْ
وَمَا عَرَّجُوا مِنْ مَسِّ بُؤْسٍ وَلَا ضُرِّ

عارفین کے دلوں کو ہر وقت ذکر کا شوق ہوتا ہے اور مناجات کے وقت وہ راز خداوندی کا تذکرہ کرتے ہیں۔ ان پر فنا کے پیالے گردش کرتے ہیں پس دنیا کو بھول جاتے ہیں جیسے نشے والے بھول جاتے ہیں۔ ان کی فکر ایسے میدانوں کو اپنی جولانگاہ بناتی ہے جس میں اہل محبت ستاروں کی طرح چمکتے ہیں۔ ان کے جسم زمین میں اللہ تعالیٰ کی محبت میں قتل ہوتے ہیں اور ان کی ارواح پردۂ غیب میں اوپر کی طرف جاتی ہیں وہ اپنے محبوب کے قریب ہی خوشی محسوس کرتے ہیں اور وہ کسی تکلیف اور ضرر کی پرواہ نہیں کرتے۔

❁

حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ سے کہا گیا کہ حضرت ابو سعید خراز رحمہ اللہ پر وصال کے وقت وجد کی کیفیت زیادہ تھی، انہوں نے فرمایا اگر ان کی رُوح اشتیاق کی وجہ سے ہی پرواز کر جاتی تو تعجب کی بات نہ تھی۔

حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ کے وصال کے وقت ان سے پوچھا گیا کہ آپ کی کیا خواہش ہے؟ فرمایا میں چاہتا ہوں کہ مرنے سے ایک لحظہ پہلے ہی اس کو پہچان لوں۔

ایک بزرگ حالتِ نزع میں تھے۔ ان سے کہا گیا کہ آپ کہیں "اللہ" انہوں نے فرمایا تم کب تک اللہ اللہ کہتے رہوگے میں تو اللہ تعالیٰ سے ہی جلا جاتا ہوں۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں میں حضرت حمشاد دینوری رحمہ اللہ کے پاس تھا کہ ایک فقیر آیا اور اس نے کہا السلام علیکم! کیا یہاں کوئی پاک جگہ ہے جس میں مرنا ممکن ہو فرماتے ہیں انہوں نے ایک جگہ کی طرف اشارہ کیا وہاں پانی کا ایک چشمہ تھا، فقیر نے وہاں تازہ وضو کیا اور جس قدر اللہ تعالیٰ نے چاہا نوافل ادا کیے اور اس جگہ جا کر پاؤں کو پھیلایا اور فوت ہوگیا۔

حضرت ابوالعباس دینوری رحمہ اللہ اپنی مجلس میں گفتگو کر رہے تھے تو ایک خاتون آئی اور اس نے چیخ

ماری۔ آپ نے اس عورت سے فرمایا مر جاؤ وہ عورت اٹھی اور جب دروازے تک پہنچی تو اس نے حضرت دینوری کی طرف متوجہ ہو کر کہا لو میں مر گئی۔ چنانچہ وہ مردہ ہو کر گر پڑی۔

حضرت ابو علی روذباری رحمہ اللہ کی بہن حضرت فاطمہ رحمہا اللہ سے منقول ہے۔ فرماتی ہیں جب ابو علی روذباری کی وفات کا وقت آیا اور ان کا سر میری گود میں تھا تو انہوں نے اپنی آنکھیں کھولیں اور فرمایا یہ آسمان کے دروازے ہیں جو کھل گئے ہیں اور یہ جنت ہے جو آراستہ کی گئی ہے۔ اور یہ کہنے والا کہہ رہا ہے اے ابو علی ہم نے تجھے انتہائی مرتبہ پر پہنچا دیا اگرچہ تم نے اس کا ارادہ نہ کیا تھا۔ پھر پڑھنے لگے۔

وَحَقِّكَ لَا نَظَرْتُ إِلَىٰ سِوَاكَا	اور تیرے حق کی قسم جب تک تجھے نہ دیکھ لوں
بِعَيْنِ مَوَدَّةٍ حَتّٰى أَرَاكَا	کسی پر محبت کی نگاہ نہیں ڈالوں گا۔ میں دیکھتا ہوں
أَرَاكَ مُعَذِّبِي بِفُتُورِ لَحْظٍ	تو مجھے بیماری کے ساتھ تکلیف دیتا ہے اور
وَبِالْخَدِّ الْمُوَرَّدِ مِنْ حَيَاكَا۔	تیرے حیا سے رخسار گلاب کی طرح سرخ ہیں۔

حضرت جنید رحمہ اللہ سے کہا گیا کہ "لا الہ الا اللہ" پڑھیے۔ انہوں نے فرمایا میں اسے کب بھولا ہوں کہ یاد کروں۔

حضرت جعفر بن نصیر نے بکران دینوری سے پوچھا جو حضرت شبلی کے غلام تھے (رحمہم اللہ) کہ تم نے ان (حضرت شبلی) کے وصال کے وقت کیا دیکھا ہے۔ انہوں نے کہا حضرت شبلی رحمہ اللہ نے فرمایا مجھ پر ایک درہم تھا جو ظلماً مجھ پر آیا تو میں نے اس کے مالک کی طرف سے ہزاروں درہم صدقہ کر ڈالے پھر بھی میرے دل پر اس سے بڑا شغل (اور سوچ) کوئی نہیں پھر فرمایا مجھے نماز کے لیے وضو کرواؤ۔ میں نے وضو کروایا تو داڑھی کا خلال کروانا بھول گیا۔ آپ کی زبان بند تھی۔ چنانچہ آپ نے میرا ہاتھ پکڑ کر اسے اپنی داڑھی میں داخل کیا پھر انتقال فرما گئے۔ (یہ سن کر) حضرت جعفر رو پڑے اور فرمایا تم اس شخص کے بارے میں کیا کہتے ہو جو زندگی کے آخری حصے میں بھی آداب شریعت نہیں بھولا۔

حضرت بشر بن حارث رحمہ اللہ کے وصال کا وقت ہوا اور آپ اس وقت سختی میں مبتلا تھے۔ آپ سے پوچھا گیا کہ کیا آپ کو زندگی محبوب ہے؟ انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی طرف جانا بہت مشکل ہے۔

حضرت صالح بن مسمار رحمہ اللہ سے پوچھا گیا کہ کیا آپ اپنے بیٹوں اور گھر کے دوسرے افراد کے لیے وصیت نہیں کرتے؟ آپ نے فرمایا مجھے اللہ تعالیٰ سے حیا آتی ہے کہ ان کے لیے اس کے سوا کسی اور کو وصیت کروں۔

جب حضرت ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ کے وصال کا وقت ہوا تو ان کے دوست احباب ان کے پاس گئے

اور کہنے لگے آپ کو خوشخبری ہو آپ اپنے رب کے پاس جا رہے ہیں جو غفور و رحیم ہے انہوں نے فرمایا تم یہ کیوں نہیں کہتے کہ ڈرو کیونکہ تم رب کے پاس جا رہے ہو جو چھوٹے عمل پر تمہارے حساب کرے گا اور بڑے گناہ پر سزا دے گا۔

حضرت ابو بکر واسطی رحمہ اللہ کے وصال کا وقت آیا تو ان سے کہا گیا ہمیں وصیت کیجیے آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کو جو تم سے مقصود ہے اس کا خیال رکھنا۔

کسی بزرگ کے وصال کے وقت ان کی بیوی رونے لگی تو انہوں نے پوچھا کیوں روتی ہے۔ اس نے کہا آپ کے فراق میں رو رہی ہوں فرمایا اگر تم نے رونا ہی ہے تو اپنے آپ پر روؤ میں تو اس دن کے لیے چالیس سال رویا ہوں۔

حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں حضرت سری سقطی رحمہ اللہ کی مرض الموت کے دوران ان کی تیمار داری کے لیے حاضر ہوا تو میں نے پوچھا آپ کا کیا حال ہے تو انہوں نے یہ شعر پڑھا۔

كَيْفَ اَشْكُرْ اِلٰى طَبِيْبِىْ مَا بِىْ	میں اپنے طبیب کے سامنے اپنی حالت کی شکایت
وَالَّذِىْ بِىْ اَصَابَنِىْ مِنْ طَبِيْبِىْ	کیسے کروں مجھے جو کچھ پہنچا طبیب کی جانب سے پہنچا۔

میں نے پنکھا لے کر ان کو ہوا دینے کا ارادہ کیا تو انہوں نے فرمایا جس کا اندر جل رہا ہو اس کو پنکھے کی ہوا کیسے پہنچے گی۔ پھر یہ اشعار پڑھنے لگے۔

اَلْقَلْبُ مُحْتَرِقٌ وَالدَّمْعُ مُسْتَبِقٌ	دل جل رہا ہے اور آنکھوں سے آنسوؤں کا سیلاب
وَالْكَرْبُ مُجْتَمِعٌ وَالصَّبْرُ مُفْتَرِقٌ	جاری ہے، تکلیف موجود ہے اور صبر جدا ہے
كَيْفَ الْقَرَارُ عَلٰى مَنْ لَا قَرَارَ لَهٗ	جو حالت اضطراب میں ہو اسے قرار کیسے آئے
مِمَّا جَنَاهُ الْهَوٰى وَالشَّوْقُ وَالْقَلَقُ	جو شوق اور قلق کا شکار ہو۔ اے میرے رب!
يَارَبِّ اِنْ يَكُ شَيْئٌ فِيْهِ لِىْ فَرَجٌ	اگر کوئی ایسی چیز ہے جس سے مجھے کشائش مل سکتی
فَامْنُنْ عَلَىَّ بِهٖ مَادَامَ بِىْ رَمَقٌ	ہے تو جب تک مجھ میں زندگی کی رمق موجود ہے
	اس کے ذریعے مجھ پر احسان کیجیے۔

کہتے ہیں کہ حضرت شبلی رحمہ اللہ کے احباب میں سے کچھ لوگ آپ کے پاس اس وقت آئے جب آپ کا وصال ہو رہا تھا انہوں نے کہا آپ "لا الٰہ الا اللہ" پڑھیں۔ انہوں نے جواب دیا۔

اِنَّ بَيْتًا اَنْتَ سَاكِنُهٗ	جس گھر میں تم مقیم ہو وہاں چراغ کی
غَيْرُ مُحْتَاجٍ اِلَى السُّرُجِ	ضرورت نہیں۔ ہمیں تیری ذات پر ہی

وَجْهُكَ الْمَامُولُ حُجَّتُنَا۔	امید ہے جس دن لوگ محبت پیش کریں
یَوْمَ یَاْتِی النَّاسُ بِالْحُجَجِ	گے اللہ تعالیٰ وہ دن عنایت نہ کرے
لَا اَتَاحَ اللّٰہُ لِیْ فَرَجًا	جب تجھ سے کشائش چاہوں۔
یَوْمَ اَدْعُوْ مِنْکَ بِالْفَرَجِ	

منقول ہے کہ حضرت جنید رحمہ اللہ کی حالت نزع میں حضرت ابوالعباس عطاء رحمہ اللہ ان کے پاس حاضر ہوئے اور سلام کہا لیکن انہوں نے جواب نہ دیا۔ کچھ دیر کے بعد جواب دیا اور فرمایا میرا عذر قبول کر دیں اپنے وظیفے میں مشغول تھا۔ پھر اپنا چہرہ قبلے کی طرف پھیر دیا اور اللہ اکبر کہہ کر انتقال فرما گئے۔

حضرت کتانی رحمہ اللہ کے وصال کا وقت ہوا تو ان سے پوچھا گیا آپ کا عمل کیا تھا؟ انہوں نے فرمایا اگر میری وفات کا وقت قریب نہ ہو تو میں تمہیں نہ بتاتا میں اپنے دل کے دروازے پر چالیس سال کھڑا رہا ہوں جب بھی وہاں سے غیر خدا کا گزر ہوا تو میں نے اسے وہاں سے روک دیا۔

حضرت معتمر رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب حکم بن عبدالملک کے وصال کا وقت ہوا تو اس وقت باقی لوگوں کے ساتھ میں بھی وہاں موجود تھا میں نے کہا یا اللہ! ان پر موت کی سختیوں کو آسان کر دے اور ان کی خوبیاں بیان کیں ان کو افاقہ ہوا تو فرمایا کون باتیں کر رہا تھا۔ میں نے کہا میں تھا، کہا موت کے فرشتے نے مجھ سے کہا میں ہر سخی پر نرمی کرتا ہوں یہ کہا اور چل بسے۔

جب حضرت یوسف بن اسباط رحمہ اللہ کے وصال کا وقت ہوا تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ ان کے پاس تشریف لے گئے ان کو مضطرب پایا تو پوچھا اے ابو محمد! یہ پریشانی اور اضطراب کا وقت ہے؟ انہوں نے جواب دیا اے ابو عبداللہ! میں کس طرح پریشان اور مضطرب نہ ہوں اور مجھے معلوم نہیں کہ میں نے اپنے کسی عمل میں اللہ تعالیٰ سے سچ کا معاملہ بھی کیا ہے یا نہیں؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس نیک شخص پر تعجب ہے یہ موت کے وقت قسم کھاتا ہے کہ وہ نہیں جانتا آیا اس نے کسی عمل میں اللہ تعالیٰ سے سچ کا معاملہ کیا ہے یا نہیں۔

حضرت مغازلی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں اس جماعت والوں میں سے ایک کے بزرگ کے پاس گیا وہ بیمار تھے اور کہہ رہے تھے یا الٰہی! تمہارے لیے ممکن ہے کہ اپنے ارادے کے مطابق عمل کرے پس تو مجھ پر نرمی فرما۔

ایک بزرگ حضرت ممشاد دینوری رحمہ اللہ کے وصال کے وقت ان کے پاس حاضر ہوئے اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ایسا ایسا سلوک کرے۔ وہ ہنس پڑے پھر فرمایا تیس سال سے مجھ پر جنت اپنی تمام

نعمتوں سمیت پیش کی جاتی ہے میں نے اس کو نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھا۔

حضرت رویم رحمہ اللہ سے ان کے وصال کے وقت کہا گیا کہ "لا الہ الا اللہ" پڑھیں۔ انہوں نے فرمایا میں اس سے بہتر کوئی اور بات کہہ ہی نہیں سکتا۔

جب حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ کے وصال کا وقت ہوا تو ان سے عرض کیا گیا "لا الہ الا اللہ" پڑھیں انہوں نے فرمایا وہاں کوئی اور بات نہیں؟

حضرت مزنی رحمہ اللہ حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے پاس گئے اور وہ مرض الموت میں تھے پوچھا اے ابوعبداللہ کیسے صبح کی، فرمایا میں دنیا سے کوچ کرنے والا اور بھائیوں سے جدا ہونے والا ہوں، اپنے بُرے اعمال سے ملنے والا، موت کا پیالہ پینے والا، اور اللہ تعالیٰ کے پاس حاضر ہونے والا ہوں اور مجھے معلوم نہیں کہ میری روح جنت کی طرف جائے گی کہ اسے مبارک دوں یا جہنم کی طرف جائے گی کہ تعزیت کروں۔ پھر یہ اشعار پڑھے۔

وَلَمَّا قَسٰى قَلْبِي وَضَاقَتْ مَذَاهِبِي
جَعَلْتُ رَجَائِي نَحْوَ عَفْوِكَ سُلَّمَا
تَعَاظَمَنِي ذَنْبِي فَلَمَّا قَرَنْتُهُ
بِعَفْوِكَ رَبِّي كَانَ عَفْوُكَ اَعْظَمَا
فَمَا زِلْتَ ذَا عَفْوٍ عَنِ الذَّنْبِ لَمْ تَزَلْ
تَجُوْدُ وَتَعْفُوْ مِنَّةً وَّتَكَرُّمًا
وَلَوْلَاكَ لَمْ يَغْوِيْ بِاِبْلِيْسَ عَابِدٌ
فَكَيْفَ وَقَدْ اَغْوٰى صَفِيَّكَ آدَمَا

جب میرا دل سخت ہوگیا اور تمام راہیں بند ہو گئیں تو میں نے تیرے عفو کو اپنی امید کے لیے سیڑھی بنا دیا۔ میرے گناہ بڑے ہیں لیکن جب تیرے عفو و درگزر سے تقابل کیا تو تیرا عفو بہت بڑا ہے تو اپنے جود و کرم سے ہمیشہ لوگوں کے گناہوں کو معاف کرتا ہے اگر تو نہ ہوتا ابلیس تیرے عابد کو گمراہ نہ کر سکتا اور تیرے ہی چنے ہوئے آدم علیہ السلام کو اس نے لغزش ہی ڈالا۔

جب حضرت احمد بن خضرویہ رحمہ اللہ کے وصال کا وقت ہوا تو ان سے ایک مسئلہ پوچھا گیا ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے اور انہوں نے فرمایا بیٹا! میں ایک دروازے کو پچانوے سال سے کھٹکھٹاتا تھا اور وہ اب کھلے گا مجھے معلوم نہیں وہ سعادت کے ساتھ کھلتا ہے یا بدبختی کے ساتھ، تو اب میرے پاس جواب کے لیے وقت کہاں ہے۔

تو یہ بزرگوں کے اقوال ہیں جو ان کے احوال کی تبدیلی کے مطابق مختلف ہیں بعض پر خوف غالب رہا بعض پر امید اور بعض پر شوق و محبت، لہٰذا ہر ایک نے اپنے اپنے حال کے مطابق گفتگو فرمائی اور ان کے احوال کی نسبت سے یہ سب قول صحیح ہیں۔

چھٹا باب

جنازے اور قبرستان میں کہے گئے کلمات اور زیارتِ قبور

فصل ۱

جنازے سے عبرت پکڑنا

جان لو کہ جنازے اربابِ بصیرت کے لیے عبرت کا سامان ہیں اور ان میں اہلِ غفلت کے لیے تنبیہ و تذکیر ہے۔ جنازوں کو دیکھ کر غافل لوگوں کے دل کی سختی مزید بڑھ جاتی ہے۔ کیونکہ ان کے خیال میں وہ ہمیشہ دوسروں کے جنازے ہی دیکھتے رہیں گے اور وہ یہ خیال نہیں کرتے کہ ایک دن ان کا جنازہ بھی ضرور اُٹھے گا یا وہ اس بات کا خیال تو کرتے ہیں لیکن فوری طور پر وہ اس بات کو نہیں سوچتے کہ جن لوگوں کے جنازے اُٹھتے ہیں وہ بھی یہی خیال کرتے تھے تو ان کا یہ خیال باطل نکلا اور جلد ہی ان کی مدت پوری ہو گئی۔

لہٰذا ہر شخص کو چاہیے کہ جب جنازہ دیکھے تو اپنے آپ کو اس پر اٹھایا ہوا خیال کرے کیونکہ عنقریب اسے بھی جنازے کی چارپائی پر اٹھایا جائے گا۔ شاید کل پرسوں تک ہو۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب آپ کسی جنازے کو دیکھتے تو فرماتے جاؤ ہم بھی پیچھے آ رہے ہیں۔

حضرت مکحول دمشقی رحمہ اللہ جب جنازہ دیکھتے تو فرماتے تم صبح کے وقت جا رہے ہو ہم شام کو آئیں گے نصیحت کامل ہے اور غفلت جلد آتی ہے۔ پہلا چلا جاتا ہے اور دوسرے کو عقل نہیں۔

حضرت اُسید بن حضیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں جس جنازے کے ساتھ گیا تو میرے نفس نے میرے ساتھ یہی بات کی کہ اس کے ساتھ کیا ہو گا اور یہ کس طرف جا رہا ہے۔

جب حضرت مالک بن دینار رحمہ اللہ کے بھائی کا انتقال ہوا تو حضرت مالک رحمہ اللہ ان کے جنازے کے ساتھ تشریف لے گئے۔ آپ رو رہے تھے اور فرماتے تھے اللہ کی قسم! میری آنکھوں کو اس وقت تک ٹھنڈک حاصل نہ ہو گی جب تک مجھے معلوم نہ ہو جائے کہ آپ کا انجام کیا ہو گا اور مجھے یہ بات زندگی بھر معلوم نہ ہو گی۔ حضرت اعمش رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم جنازوں کے ساتھ جاتے تو سب لوگوں کے غمگین ہونے کی وجہ سے ہمیں پتہ نہ چلتا کہ کس سے تعزیت کریں۔

حضرت ثابت بنانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم جنازوں کے ساتھ جاتے تو سب کو منہ ڈھانپ کر روتے ہوئے دیکھتے۔
تو یہ بزرگانِ دین اس طرح موت سے ڈرتے تھے اور اب حالت یہ ہے کہ ہم جنازے میں شریک لوگوں کو دیکھتے ہیں تو ان میں سے اکثر لوگ ہنستے اور کھیلتے ہیں۔ وہ اس شخص کی وراثت اور جو کچھ اس نے وارثوں کے لیے چھوڑا اس کے بارے میں گفتگو کرتے ہیں اور اس کے ساتھی اور رشتہ دار صرف ان حیلوں کے بارے میں سوچتے ہیں جن کے ذریعے اس کا چھوڑا ہوا مال حاصل کر سکیں۔ اور سوائے چند ایک کے دوسرے لوگ اپنے بارے میں نہیں سوچتے کہ ہمیں بھی اسی طرح اٹھا کر لے جایا جائے گا۔ اور اس غفلت کا سبب گناہوں اور نافرمانی کی کثرت کے باعث دلوں کا سخت ہو جانا ہے حتیٰ کہ ہم اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن کو بھول گئے اور خوفناک منظر بھی یاد نہ رہا۔ جو ہمارے سامنے ہے پس ہم کھیل کود میں لگ گئے، غافل ہو گئے اور بے مقصد باتوں میں مشغول ہو گئے ہم اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اس غفلت سے بیدار فرمائے۔ جنازے کے شرکاء کا سب سے بہتر حال یہ ہے کہ وہ میت پر روتے ہیں لیکن اگر انہیں عقل ہو تو میت پر رونے کی بجائے اپنے آپ پر روئیں۔

حضرت ابراہیم زیات رحمہ اللہ نے کچھ لوگوں کو دیکھا کہ وہ میت کے لیے رحمت کی دعا مانگ رہے تھے انہوں نے فرمایا اگر تم اپنے لیے رحمت کی دعا مانگو تو بہتر ہے کیونکہ یہ تین ہولناک مناظر سے چھوٹ گیا۔ ملک الموت کا چہرہ دیکھ چکا ہے۔ موت کا ذائقہ چکھ چکا ہے اور (برے) خاتمے کے خوف سے محفوظ ہو چکا ہے۔

حضرت ابو عمرو بن علاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں حضرت جریر رحمہ اللہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا اور وہ اپنے کاتب کو شعر لکھوا رہے تھے ایک جنازہ سامنے آیا تو آپ رک گئے اور فرمایا قسم بخدا! ان جنازوں نے مجھے بوڑھا کر دیا ہے اور یہ اشعار پڑھے۔

تُرَوِّعُنَا الْجَنَائِزُ مُقْبِلَاتٍ	جب جنازے سامنے آتے ہیں تو ہم ڈرتے ہیں اور
وَنَلْهُوْ حِيْنَ تَذْهَبُ مُدْبِرَاتٍ	جب وہ چلے جاتے ہیں تو ہم کھیل کود میں مشغول ہو جاتے
كَرَوْعَةِ ثُلَّةٍ لِمُغَارِ ذِئْبٍ	ہیں جس طرح بکریاں بھیڑیے کی غارت گری سے ڈرتی ہیں
فَلَمَّا غَابَ عَادَتْ رَاتِعَاتٍ	پس جب وہ چلا جاتا ہے تو اچھلتی کودتی ہیں۔

تو جنازے میں حاضر ہونے کے آداب یہ ہیں کہ غور و فکر کیا جائے اور بیداری حاصل کر کے موت کی تیاری کی جائے اور تواضع کیساتھ جنازے کے آگے جانا بھی آداب میں سے ہے جیسا کہ ہم نے فقہ کے بیان میں جنازے کے آداب و سنن لکھ دیے ہیں۔

جنازے کے آداب میں سے یہ بات بھی ہے کہ میت کے بارے میں اچھا گمان رکھے اگرچہ وہ فاسق ہو اور اپنے بارے میں بدگمان رہنا چاہیے۔ اگرچہ ظاہر طور پر نیک ہو۔ کیونکہ خاتمے کا خطرہ موجود ہے ہمیں اس کی حقیقت کا علم نہیں اسی لیے حضرت عمر بن ذر رحمہ اللہ سے منقول ہے کہ ان کا ایک پڑوسی انتقال کر گیا اور وہ اپنے آپ پر زیادتی کرنے والا تھا بہت سے لوگ اس کے جنازے سے دور رہے۔ لیکن حضرت عمر بن ذر تشریف لائے اور اس کی نماز جنازہ پڑھی جب

اس شخص کو قبر میں رکھا گیا تو آپ نے اس کی قبر پر کھڑے ہو کر فرمایا اے ابو فلاں! اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم کرے تو عمر بھر عقیدہ توحید پر قائم رہا اور سجدوں کے ذریعے تو نے اپنے چہرے کو گرد آلود کیا۔ اگرچہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ گناہ گار، خطا کار ہے تو ہم میں سے کون ہے جس سے گناہ یا خطا نہ کی ہو۔

منقول ہے کہ فساد میں ڈوبے ہوئے لوگوں میں سے ایک شخص بصرہ کی کسی نواحی بستی میں انتقال کر گیا اس کی بیوی کو کوئی ایسا آدمی نہ ملا جو اس کا جنازہ اٹھانے میں اس کی مدد کرے اس کے بہت زیادہ فسق کی وجہ سے کوئی محلہ دار قریب نہ آیا تو اس عورت نے دو مزدور لیے اور اس کو اٹھا کر جنازہ گاہ لے گئی۔ کسی نے اس کی نماز جنازہ نہ پڑھی تو وہ اسے اٹھا کر صحرا میں لے گئی کہ دفن کرے وہاں قریب ہی پہاڑ پر ایک زاہد تھا جس کا شمار بڑے بڑے زاہدوں میں ہوتا تھا اس عورت نے دیکھا گویا وہ جنازے کا منتظر ہے پھر اس نے نماز جنازہ پڑھنے کا ارادہ کیا تو شہر میں خبر پھیل گئی کہ فلاں زاہد فلاں شخص کی نماز جنازہ پڑھنے کے لیے پہاڑ سے نیچے اتر آیا ہے تو شہر والے بھی آگئے زاہد اور شہر کے دوسرے لوگوں نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھی اور لوگوں کو زاہد کے اس شخص کی نماز جنازہ پڑھنے پر تعجب ہوا تو اس نے کہا مجھے خواب میں بتایا گیا کہ فلاں جگہ جاؤ وہاں ایک جنازہ ہے جس کے ساتھ صرف ایک عورت ہے اور اس کی نماز جنازہ پڑھو اس کی بخشش ہو گئی۔ لوگوں کو مزید تعجب ہوا تو زاہد نے اس عورت کو بلایا اور اس شخص کا حال پوچھا کہ اس کی سیرت کس قسم کی تھی اس نے وہی بات کہی جو معروف تھی وہ دن بھر شراب خانے میں شراب نوشی میں مشغول رہتا تھا۔ زاہد نے کہا سوچو کیا تمہیں اس کا کوئی اچھا عمل معلوم ہے؟ اس نے کہا ہاں تین باتیں ہیں جس دن وہ نشے کی حالت میں نہ ہوتا تو صبح کے وقت کپڑے تبدیل کر کے وضو کرتا اور صبح کی نماز باجماعت پڑھتا پھر شراب خانے میں چلا جاتا اور فسق و فجور میں مشغول ہو جاتا۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس کے گھر میں ہمیشہ ایک یا دو یتیم رہتے تھے اور وہ اپنی اولاد کی نسبت ان سے زیادہ اچھا سلوک کرتا تھا اور ان کے حال کی فکر و تلاش زیادہ کرتا تھا اور تیسری بات یہ کہ وہ رات کے اندھیرے میں جب اس کا نشہ اترتا تو وہ روتا اور کہتا اے میرے رب! تو اس خبیث کے ساتھ جہنم کے کس کونے کو بھرنا چاہتا ہے؟ اپنے بارے میں کہتا تھا (یہ سن کر) زاہد کی الجھن دور ہو گئی اور وہ چلا گیا۔

حضرت صلہ بن اشیم رحمہ اللہ کے بھائی کو دفن کیا گیا تو انہوں نے اس کی قبر پر کہا۔

فَاِنْ تَنْجُ مِنْهَا تَنْجُ مِنْ ذِيْ عَظِيْمَةٍ	اگر تو اس (قبر کے عذاب) سے بچ گیا تو بہت
وَاِلَّا فَاِنِّيْ لَا اَخَالُكَ نَاجِيًا[1]	بڑی بات سے بچا ورنہ میں تجھے نجات پانے والا خیال نہیں کرتا۔

---

[1] مصنف لابن ابی شیبہ جلد ۳ ص ۲۲۳ حدیث ۱۲۱۶۵۔

فصل ۲۱:

قبر کی حالت اور قبروں کے پاس بزرگوں کے اقوال

حضرت ضحاک رضی اللہ فرماتے ہیں ایک شخص نے پوچھا یارسول اللہ لوگوں میں سے سب سے زیادہ زاہد کون ہے؟ آپ نے فرمایا۔

مَنْ لَمْ یَنْسَ الْقَبْرَ وَالْبِلٰی وَتَرَكَ فَضْلَ زِیْنَةِ الدُّنْیَا وَآثَرَ مَا یَبْقٰی عَلٰی مَا یَفْنٰی وَلَمْ یَعُدَّ غَدًا مِنْ اَیَّامِهٖ وَعَدَّ نَفْسَهٗ مِنْ اَهْلِ الْقُبُوْرِ۔

جو شخص قبر اور گل سڑ جانے کو نہ بھولے دنیا کی زینت کو چھوڑ دے، فنا ہونے والی قبر پر باقی رہنے والی کو ترجیح دے اور کل آنے والے دن کو اپنی زندگی میں شمار نہ کرے نیز اپنے آپ کو قبروں والوں میں شمار کرے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ کیا وجہ ہے آپ قبرستان میں بیٹھے رہتے ہیں؟ فرمایا میں ان کو اچھے پڑوسی سمجھتا ہوں میں ان کو سچے پڑوسی پاتا ہوں وہ زبان کو روکے ہوئے ہیں اور آخرت کی یاد دلاتے ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَارَاَیْتُ مَنْظَرًا اِلَّا وَالْقَبْرُ اَفْظَعُ مِنْهُ

میں نے قبر سے بڑھ کر کوئی خوفناک منظر نہیں دیکھا۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ قبرستان کی طرف گئے تو آپ ایک قبر کے پاس بیٹھ گئے میں آپ کے زیادہ قریب تھا آپ رو دیئے اور ہم سب بھی روئے آپ نے پوچھا تم کیوں روتے ہو؟ ہم نے عرض کیا کہ ہم آپ کے رونے کی وجہ سے روئے ہیں آپ نے فرمایا یہ میری والدہ حضرت آمنہ بنت وہب رضی اللہ عنہا کی قبر ہے میں نے اپنے رب سے اس کی زیارت کی اجازت مانگی تو اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کی اجازت دے دی پھر میں نے اللہ تعالیٰ سے اجازت مانگی کہ میں ان کے لیے بخشش طلب کروں تو اللہ تعالیٰ نے اجازت نہ دی پس مجھ پر وہی رقت ہوئی جو اولاد پر ہوتی ہے۔ (۲)

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد اوّل ص ۶۴ مرویات عثمان بن عفان۔

(۲) البدایہ والنہایہ جلد ۲ ص ۲۷۹ ذکر رضاعتہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

نوٹ: سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین طیبین آپ کے اعلان نبوت سے پہلے ہی وصال فرما گئے اس لیے وہ فطری طور پر دین پر تھے اس کے باوجود ان کو آپ پر ایمان کی سعادت سے بہرہ ور کرنے کیلئے دوبارہ زندہ کیا گیا اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاتے تفصیل کے لیے حضرت امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا رسالہ مبارک) آج کل پاکستان میں اس بات پر شدید احتجاج ہو رہا کہ سعودی حکومت نے گذشتہ رمضان ۱۹۷ھ میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ آمنہ طیبہ طاہرہ رض (باقی آئندہ صفحہ پر)

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ جب کسی قبر پر کھڑے ہوتے تو اس قدر روتے کہ آپ کی داڑھی مبارک تر ہو جاتی اس سلسلے میں آپ سے پوچھا گیا اور عرض کیا گیا کہ آپ جنت دوزخ کا تذکرہ کرتے وقت نہیں روتے اور جب کسی قبر پر کھڑے ہوتے ہیں تو روتے ہیں، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ الْقَبْرَ اَوَّلُ مَنَازِلِ الْاٰخِرَةِ فَاِنْ نَجَا مِنْهُ صَاحِبُهُ فَمَا بَعْدَهُ اَيْسَرُ مِنْهُ وَاِنْ لَّمْ يَنْجُ مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ اَشَدُّ مِنْهُ[۲]

قبر آخرت کی سب سے پہلی منزل ہے صاحب قبر نے اس سے نجات پائی تو بعد کا معاملہ اس سے آسان ہے اور اگر اس سے نجات نہ پائی تو بعد کا معاملہ زیادہ سخت ہے۔

کہا گیا ہے کہ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک قبرستان کو دیکھا تو اتر کر دو رکعت نماز پڑھی پوچھا گیا کہ پہلے تو کبھی آپ نے ایسا نہیں کیا انہوں نے فرمایا میں نے اس چیز کو یاد کیا جو اہل قبر اور اللہ تعالیٰ کے درمیان حائل ہے تو میں نے اچھا جانا کہ ان دو رکعتوں کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کروں۔

حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں انسان سے سب سے پہلے اس کی قبر گفتگو کرتی ہے وہ کہتی ہے میں کیڑوں مکوڑوں کی جگہ ہوں میں تنہائی کا مقام ہوں، میں اجنبی جگہ ہوں، میں اندھیری کوٹھڑی ہوں میں نے تمہارے لیے یہ تیار کیا تو نے میرے لیے کیا تیار کیا۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا میں تمہیں اپنے فقر کے دن کے بارے میں نہ بتاؤں؟ یہ وہ دن ہے جب مجھے قبر میں رکھا جائے گا۔

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ قبروں کے پاس بیٹھے تھے اس سلسلہ میں ان سے پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا میں ایسی قوم کے پاس بیٹھا ہوں جو مجھے آخرت یاد دلاتی اور جب میں اٹھتا ہوں تو وہ میری غیبت نہیں کرتے۔

حضرت جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ رات دن قبرستان جاتے اور فرماتے اے اہل قبور! کیا بات ہے میں پکارتا ہوں لیکن تم جواب نہیں دیتے پھر فرماتے اللہ کی قسم ان کو جواب دینے میں کوئی مانع ہے گویا میں بھی ان جیسا ہوں پھر طلوع فجر تک نوافل پڑھتے رہتے۔

حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے کسی ہمنشین سے فرمایا اے فلاں! میں رات بھر جاگتا رہا اور قبر والے کے بارے میں سوچتا رہا اگر تم میت کو تین دن بعد اس کی قبر میں دیکھو تو اس کے ساتھ ایک طویل عرصہ تک مانوس

(حاشیہ[۱]) حضور علیہ السلام کی قبر شریف پر بلڈوزر پھیرا اللہ تعالیٰ ان نجدیوں کو ہدایت دے اور مسلمانوں کو سوچنا چاہیے کہ یہ بدبخت سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے کس قدر مخالف ہیں۔ پھر بھی اسلام کا دعویٰ کرتے ہیں۔ پاکستانی وہابی بھی ان کی حمایت کر رہے ہیں ۱۲ ہزاروی (۲) سنن ابن ماجہ ص ۳۲۰، ابواب الزھد

رہنے کے باوجود نہیں اس سے وحشت ہونے لگے اور اگر تم اس گھر کو دیکھو جس میں کیڑے پھر رہیں ہیں پیپ جاری ہے کیڑے بدن کو کھا رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ بدبو بھی آرہی ہے اور کفن پرانا ہو چکا ہے جبکہ پہلے خوبصورت تھا خوشبو اچھی تھی اور کپڑے بھی صاف تھے۔ ... راوی کہتے ہیں پھر آپ نے ایک چیخ ماری اور بیہوش ہو گئے۔

حضرت یزید رقاشی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے ایک وہ شخص جو قبر کے گڑھے میں مدفون ہے اور قبر میں اکیلا پڑا ہے زمین کے اندر اپنے نیک اعمال سے مانوس ہے کاش مجھے معلوم ہوتا کہ تجھے کن اعمال کی بشارت ملی ہے۔ اور تو نے کن بھائیوں پر رشک کیا پھر آپ روئے حتیٰ کہ عمامہ مبارک تر ہو گیا اس کے بعد فرمایا اللہ کی قسم! اپنے اچھے اعمال سے خوش ہو جاؤ۔ اور ان بھائیوں پر رشک کرو جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتے ہیں اس کا دستور تھا کہ جب قبروں کو دیکھتے تو بیل کی طرح آواز نکالتے۔

حضرت حاتم اصم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا، جو شخص قبرستان سے گزرے اور اپنے نفس کے بارے میں نہ سوچے اور نہ اہل قبور کے لیے دعا مانگے اس نے اپنے آپ سے بھی اور ان اہل قبور سے بھی خیانت کی۔

حضرت بکر عابد رحمۃ اللہ اپنی ماں سے کہتے ہیں کیا اچھا ہوتا کہ تم میرے حق میں بانجھ ہوتیں تمہارے بیٹے کو بہت عرصہ بند رہنا پڑے گا اور اس کے بعد وہاں سے کوچ کرنا ہو گا۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر ابن آدم! تیرا رب تجھے سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے دیکھ تو اس کو کہاں سے جواب دیتا ہے، اگر تو اسے دنیا میں سے جواب دے گا اور اس کی طرف سفر کے لیے مستعد ہو گا تو دار السلام میں داخل ہو گا، اور اگر قبر میں جواب دے گا تو اس کے گھر میں نہیں جائے گا۔

حضرت حسن بن صالح رحمۃ اللہ علیہ جب قبرستان سے گزرتے تو فرماتے تمہارا ظاہر تو بہت اچھا ہے لیکن مصیبت تمہارے پیٹ میں ہے۔

حضرت عطاء سلمی رحمۃ اللہ کی عادت مبارک تھی کہ جب رات ہوتی تو قبرستان کی طرف نکل جاتے اور فرماتے اے اہل قبور! تم مر گئے، ہائے موت! تم نے اپنے عمل دیکھے ہائے برے عمل پھر فرمایا کل عطا قبرستان میں ہو گا کل عطا قبرستان میں ہو گا، صبح تک آپ کا یہی طریقہ رہتا۔

حضرت سفیان رحمۃ اللہ فرماتے ہیں جو شخص قبر کا ذکر زیادہ کرے۔ وہ اسے جنت کے باغات میں سے ایک باغ پاتا ہے، اور جو اس کے ذکر سے غافل ہوتا ہے وہ اسے جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا پاتا ہے۔

حضرت ربیع بن خثیم رحمۃ اللہ نے اپنے گھر میں ایک قبر کھود رکھی تھی جب کبھی اپنے دل میں کچھ سختی پاتے تو اس میں داخل ہو کر لیٹ جاتے اور جتنی دیر اللہ تعالیٰ چاہتا اس میں ٹھہرے رہتے۔ پھر پڑھتے۔

رَبِّ ارْجِعُوْنِ لَعَلِّیْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِیْمَا تَرَکْتُ ۔ (۱)

اے میرے رب! مجھے واپس بھیج دے تاکہ میں نیک اعمال کروں جو میں نے چھوڑ دیئے تھے۔

(۱) قرآن مجید سورہ مومنون آیت ۹۹، ۱۰۰

اس آیت کو بار بار پڑھتے پھر اپنے نفس کی طرف متوجہ ہو کر کہتے اے ربیع! اب تجھے واپس کر دیا گیا ہے پس عمل کر۔

حضرت احمد بن حرب رحمۃ اللہ فرماتے ہیں، زمین کو اس شخص پر تعجب ہوتا ہے جو اپنی خواب گاہ کو درست کرتا اور سونے کے لیے بستر ٹھیک کرتا ہے۔ زمین کہتی ہے اے ابن آدم! تو اپنے طویل عرصہ تک گلنے سڑنے کو کیوں یاد نہیں کرتا میرے اور تیرے درمیان کوئی چیز حائل نہیں۔

حضرت میمون بن مہران رحمۃ اللہ فرماتے ہیں میں حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ کے ہمراہ قبرستان کی طرف گیا آپ نے قبروں کو دیکھا تو رونے لگے۔ پھر میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا! یہ میرے آباؤ اجداد بنو امیہ کی قبریں ہیں یوں معلوم ہوتا ہے کہ گویا یہ لوگ کبھی بھی دنیا والوں کے ساتھ لذتوں اور عیش میں شریک نہیں ہوئے دیکھو کس طرح پچھاڑے گئے ہیں اور ان پر مصیبتیں ٹوٹ پڑی ہیں اور ان کا پرانا ہونا پکا ہو گیا اور کیڑے مکوڑوں نے ان کے جسموں کو اپنی آرام گاہ بنا لیا۔ پھر آپ روئے اور فرمایا اللہ کی قسم! میں ان سب سے کسی ایک کو نہیں جانتا کہ اس پر انعام ہوا ہو اور وہ عذاب قبر سے محفوظ رہا ہو۔

حضرت ثابت بنانی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں میں قبرستان میں داخل ہوا جب میں وہاں سے نکلنے لگا تو بلند آواز سے کسی نے کہا اے ثابت! ان قبروں والوں کی خاموشی سے دھوکہ نہ کھانا ان میں کتنے ہی نفس مغموم ہیں۔

ایک روایت میں ہے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے خاوند حسن بن حسن رضی اللہ عنہ کے جنازہ کو دیکھا تو اپنا چہرہ ڈھانپ لیا اور فرمایا۔

وَكَانُوْا رَجَاءً ثُمَّ اَمْسَوْا رَزِيَّةً لَعَمْرِيْ	وہ لوگ جو امید تھے وہ اندوہ اور پریشانی کا باعث بن گئے
عَظُمَتْ تِلْكَ الرَّزَايَا وَجَلَّتِ۔	تو یہ مصیبت کس قدر بڑی ہے۔

کہا گیا کہ انہوں نے ان کی قبر پر خیمہ لگا لیا اور سال بھر تک وہاں بیٹھی رہی جب سال گزر گیا تو خیمہ اکھاڑ کر مدینہ شریف میں داخل ہو گئیں لوگوں نے جنت البقیع کی طرف سے آواز سنی کہ کیا انہوں نے پایا جو کھویا تھا تو دوسری طرف سے آواز آئی نہیں بلکہ وہ مایوس ہو کر لوٹ گئے۔

حضرت ابوموسیٰ تیمی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں فرزدق (شاعر) کی بیوی فوت ہو گئی تو اس کے جنازہ میں بصرہ کے سردار نکلے ان میں حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ بھی تھے آپ نے فرزدق سے فرمایا اے ابو فراس! تو نے اس دن کے لیے کیا تیاری کی ہے اس نے کہا ساٹھ سال سے کلمہ شہادت تیار کر رکھا ہے۔ جب اس کی بیوی کو دفن کیا گیا تو اس نے قبر پر کھڑے ہو کر کہا۔

اَخَافُ وَرَاءَ الْقَبْرِ اِنْ لَمْ تُعَافِنِيْ اَشَدَّ مِنَ	اگر تو مجھے معاف نہ کرے تو مجھے قبر کے بعد تنگی اور
الْقَبْرِ اِلْتِهَابًا وَّاَضْيَقَا اِذَا جَاءَنِيْ يَوْمَ	جلن کا خوف قبر سے بھی زیادہ ہے جب قیامت کے دن
الْقِيَامَةِ قَائِدٌ عَنِيْفٌ وَّسَوَّاقٌ يَسُوْقُ	سخت پیادہ فرزدق کو ہانک کر لے جایا جائے جو انسان گردن

اَلْغَرَدُ وَلَقَدْ خَابَ مِنْ اَوْلَادِ اٰدَمَ مِنْ مَشٰی
اِلَی النَّارِ مَغْلُوْلَ الْقِلَادَۃِ اِزْرَقَا۔

میں طوق ڈالے اور نیلی آنکھوں کے ساتھ جہنم کی طرف گیا وہ نامراد ہے۔

اہل قبور کے بارے میں شعرا نے یہ بھی کہا۔

قِفْ بِالْقُبُوْرِ وَقُلْ عَلٰی سَاحَاتِھَا
مَنْ مِنْکُمُ الْمَغْمُوْرُ فِیْ ظُلُمَاتِھَا
وَمَنِ الْمُکَرَّمُ مِنْکُمُ فِیْ قَعْرِھَا
قَدْ ذَاقَ بَرْدَ الْاَمْنِ مِنْ رَوْعَاتِھَا
اَمَّا السُّکُوْنُ لِذِی الْعُیُوْنِ فَوَاحِدٌ
لَا یَسْتَبِیْنُ الْفَضْلُ فِیْ دَرَجَاتِھَا
لَوْ جَاوَبُوْکَ لَاَخْبَرُوْکَ بِاَلْسُنٍ
تَصِفُ الْحَقَائِقَ بَعْدُ مِنْ حَالَاتِھَا
اَمَّا الْمُطِیْعُ فَنَازِلٌ فِیْ رَوْضَۃٍ
یُفْضِیْ اِلٰی مَا شَاءَ دَوْحَاتِھَا
وَالْمُجْرِمُ الطَّاغِیْ بِھَا مُتَقَلِّبٌ
فِیْ حُفْرَۃٍ یَاْوِیْ اِلٰی حَیَّاتِھَا
وَعَقَارِبُ تَسْعٰی اِلَیْہِ فَرُوْحُہٗ
فِیْ شِدَّۃِ التَّعْذِیْبِ مِنْ لَدَغَاتِھَا

قبروں پر کھڑے ہو کر مردوں کو اس طرح پکارو کہ تم میں سے کون ہے جس پر قبر کے اندھیرے چھائے ہوئے ہوں اور کون ان قبروں کی گہرائی میں مکرم ہے اور وہ اس کے خوف سے مامون ہے، لیکن ان سب پر ایک جیسی خاموشی طاری ہے۔ ان کے درجات کی فضیلت واضح نہیں ہوتی اگر وہ تمہیں جواب دیں تو ایسی زبان سے جواب دیتے ہیں جو تمام حقائق بیان کرتے ہیں، عبادت گزار تو باغ میں اترا ہوا ہے جہاں چاہے جاتا ہے۔ اور مجرم سرکش ایسے گڑھے میں الٹ پلٹ ہوتا ہے جس میں سانپ اور بچھو اس کی طرف دوڑتے ہیں اور ان کے کاٹنے سے اس کی روح سخت عذاب میں مبتلا ہے۔

حضرت داؤد طائی رضی اللہ ایک عورت کے پاس سے گزرے جو ایک قبر پر رو رہی تھی اور کہتی تھی

عَدِمْتَ الْحَیَاۃَ وَلَا نِلْتَھَا
اِذَا کُنْتَ فِی الْقَبْرِ قَدْ اَلْحَدُوْکَا
فَکَیْفَ اَذُوْقُ لِطَعْمِ الْکَرٰی
وَاَنْتَ بِیُمْنَاکَ قَدْ وَسَّدُوْکَا

تیری زندگی ہی گئی اور تو نے پھر نہ پائی جب لوگوں نے تجھے قبر میں دفن کر دیا میری آنکھوں کو نیند کیسے آئے جب کہ انہوں نے تجھے دائیں پہلو پر لٹا دیا۔

پھر اس خاتون نے کہا بیٹا معلوم نہیں کیڑوں نے تیرا کون سا رخسار کھایا یہ سن کر حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ نے چیخ ماری اور بیہوش ہو کر گر پڑے، حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ فرماتے ہیں میں ایک قبر کے پاس سے گزرا تو میں نے یہ قطعہ پڑھا۔

أَتَيْتُ الْقُبُوْرَ فَنَادَيْتُهَا
فَأَيْنَ الْمُعَظَّمُ وَالْمُحْتَقَرُ
وَأَيْنَ الْمُدِلُّ بِسُلْطَانِهِ
وَأَيْنَ الْمُزَكِّي إِذَا مَا افْتَخَرَ

میں قبرستان میں آیا تو میں نے آواز دی کہاں ہیں انیس اور کدھر ہیں نقیر اپنی سلطنت پر ناز کرنے والے کہاں ہیں اور فخر کرنے والے پاکباز بننے والے کہاں ہیں۔

فرماتے ہیں ان کے درمیان سے آواز دی گئی جسے میں سنتا تھا لیکن مجھے وہ شخص نظر نہیں آرہا تھا۔

تَفَانَوْا جَمِيْعًا فَمَا مُخْبِرٌ
وَمَاتُوْا جَمِيْعًا وَمَاتَ الْخَبَرُ
تَرُوْحُ وَتَغْدُوْ بَنَاتُ الثَّرٰى
فَتَمْحُوْ مَحَاسِنَ تِلْكَ الصُّوَرِ
فَيَا سَائِلِيْ عَنْ أُنَاسٍ مَضَوْا
أَمَا لَكَ فِيْمَا تَرٰى مُعْتَبَرُ

وہ سب فنا ہو گئے اور کوئی خبر دینے والا نہیں اور وہ سب مر گئے، نیز خبر بھی مر گئی۔ صبح و شام کیڑے مکوڑے آتے ہیں اور ان صورتوں کے حسن کو تیار کرتے ہیں اے گذشتہ لوگوں کے بارے میں پوچھنے والے! کیا جو کچھ تو نے دیکھا ہے اس سے عبرت نہیں پکڑتا

فرماتے ہیں میں وہاں سے روتا ہوا واپس لوٹا۔

فصل ۳۱

قبروں پر لکھے گئے چند قطعات

ایک قبر پر یہ لکھا ہوا پایا گیا۔

تُنَاجِيْكَ أَجْدَاثٌ وَهُنَّ صُمُوْتٌ
وَسُكَّانُهَا تَحْتَ التُّرَابِ خُفُوْتٌ
أَيَا جَامِعَ الدُّنْيَا لِغَيْرِ بَلَاغِهِ
لِمَنْ تَجْمَعُ الدُّنْيَا وَأَنْتَ تَمُوْتُ

یہ خاموش قبریں تجھے اپنا حال سناتی ہیں کہ ان کے باشندے مٹی کے نیچے خاموش ہو گئے آخرت کے علاوہ کے لیے دنیا کو جمع کرنے والے تو کس کے لیے دنیا جمع کرتا ہے جبکہ تو مر جائے گا۔

ایک اور قبر پر اس طرح لکھا ہوا تھا۔

أَيَا غَانِمًا أَمَّا ذَرَاكَ فَوَاسِعٌ
وَقَبْرُكَ مَعْمُوْرُ الْجَوَانِبِ مُحْكَمٌ
وَمَا يَنْفَعُ الْمَقْبُوْرَ عِمْرَانُ قَبْرِهِ
إِذَا كَانَ فِيْهِ جِسْمُهُ يَتَهَدَّمُ

اے صاحب رمال اور وسیع صحن والے اور تیری قبر ہر طرف سے آباد اور مضبوط ہے قبر والے کو قبر کی تعمیر کیا فائدہ دے گی، جبکہ اس میں اس کا جسم ختم ہو جائے گا۔

حضرت ابن سماک فرماتے ہیں میں قبرستان سے گزرا تو ایک قبر پر لکھا ہوا تھا۔

يَمُرُّ اَقَارِبِيْ جَنْبَاتِ قَبْرِيْ
كَاَنَّ اَقَارِبِيْ لَمْ يَعْرِفُوْنِيْ
ذَوُو الْمِيْرَاثِ يَقْتَسِمُوْنَ مَالِيْ
وَمَا يَالُوْنَ اَنْ جَحَدُوْا دُيُوْنِيْ
وَقَدْ اَخَذُوْا سِهَامَهُمْ وَعَاشُوْا
فَيَا لِلّٰهِ مَا اَسْرَعَ مَا نَسُوْنِيْ

میرے رشتہ دار میری قبر سے گزرتے ہیں گویا وہ مجھے جانتے ہی نہیں۔ وارث میرے مال کو تقسیم کرتے ہیں لیکن میرے قرض کی ادائیگی سے انکار کیا۔ کوئی پرواہ نہیں کرتے انہوں نے اپنا اپنا حصہ لے لیا اور زندگی گذار رہے ہیں تو کتنی جلدی انہوں نے مجھے بھلا دیا۔

ایک اور قبر پر یوں لکھا ہوا پایا گیا۔

اِنَّ الْحَبِيْبَ مِنَ الْاَحْبَابِ مُخْتَلَسُ
لَا يَمْنَعُ الْمَوْتَ بَوَّابٌ وَلَا حَرَسُ
فَكَيْفَ تَفْرَحُ بِالدُّنْيَا وَلَذَّتِهَا
يَا مَنْ يُعَدُّ عَلَيْهِ اللَّفْظُ وَالنَّفَسُ
اَصْبَحْتَ يَا غَافِلًا فِي النَّقْصِ مُنْغَمِسًا
وَاَنْتَ دَهْرَكَ فِي اللَّذَّاتِ مُنْغَمِسُ
لَا يَرْحَمُ الْمَوْتُ ذَا جَهْلٍ لِغِرَّتِهٖ
وَلَا الَّذِيْ كَانَ مِنْهُ الْعِلْمُ يُقْتَبَسُ
كَمْ اَخْرَسَ الْمَوْتُ فِيْ قَبْرٍ وَقَفْتَ بِهٖ
مِنَ الْجَوَابِ لِسَانًا مَا بِهٖ خَرَسُ
قَدْ كَانَ قَصْرُكَ مَعْمُوْرًا لَهٗ شَرَفٌ
فَقَبْرُكَ الْيَوْمَ فِي الْاَجْدَاثِ مُنْدَرِسُ

موت دوستوں میں سے ایک کو اچک لیتی ہے اور اور اسے کوئی دربان روک نہیں سکتا تو کس طرح دنیا اور اس کی لذت پر خوش ہوتا ہے جبکہ تیرے الفاظ اور سانس گنے جا چکے ہیں۔ اے غافل تیری زندگی کم ہوتی جا رہی ہے اور تو زندگی لذتوں سے غوطہ خوری کے اندر گزار رہا ہے موت کسی جاہل پر اس کی جہالت کی وجہ سے رحم نہیں کرتی اور نہ یہ دیکھتی ہے کہ اس عالم سے علم حاصل کیا جا رہا ہے موت نے کتنی ہی لوگوں کی زبانوں کو جواب دینے سے گونگا کر دیا۔ حالانکہ وہ گونگے نہ تھے تیرا محل آباد اور محترم تھا لیکن آج تیری قبر نئی قبروں میں پرانی قبر ہے۔

ایک اور قبر پر اس طرح لکھا ہوا پایا گیا۔

وَقَفْتُ عَلَى الْاَحِبَّةِ حِيْنَ صُفَّتْ
قُبُوْرُهُمْ كَاَفْرَاسِ الرِّهَانِ
فَلَمَّا اَنْ بَكَيْتُ وَفَاضَ دَمْعِيْ
رَاَتْ عَيْنَايَ بَيْنَهُمْ مَكَانِيْ

میں دوستوں کے پاس جا کر کھڑا ہو گیا جب ان کی قبریں دوڑنے والے گھوڑوں کی طرح ایک صف میں تھیں جب میں رویا اور میری آنکھوں سے آنسو جاری ہوئے تو میں نے انہی میں اپنا مکان پایا۔

ایک طبیب کی قبر پر لکھا ہوا پایا گیا۔

قَدْ قُلْتُ لَمَّا قَالَ لِیْ قَائِلٌ
قَدْ صَارَ لُقْمَانُ اِلیٰ رَمْسِہٖ
فَاَیْنَ مَا یُوْصَفُ مِنْ طِبِّہٖ
وَحِذْقِہٖ فِی الْمَاءِ مَعَ جِسْمِہٖ
ھَیْھَاتَ لَا یَدْفَعُ عَنْ غَیْرِہٖ
مَنْ کَانَ لَا یَدْفَعُ عَنْ نَفْسِہٖ

جب مجھے کسی کہنے والے نے بتایا کہ لقمان حکیم قبر میں چلے گئے تو میں نے کہا وہ طب میں مشہور تھا اس کی طب اور مہارت اس کے جسم کے ساتھ کہاں گئی، افسوس وہ شخص دوسرے سے موت کو کیسے دور کرے گا جو خود اپنے آپ سے موت کو دور نہیں کر سکا۔

ایک اور قبر پر یوں لکھا ہوا تھا۔

یَا اَیُّھَا النَّاسُ کَانَ اَمَلٌ
قَصَّرَ بِیْ عَنْ بُلُوْغِہِ الْاَجَلُ
فَلْیَتَّقِ اللہَ رَبَّہٗ رَجُلٌ
اَمْکَنَہٗ فِیْ حَیَاتِہِ الْعَمَلُ
مَا اَنَا وَحْدِیْ نُقِلْتُ حَیْثُ تَریٰ
کُلٌّ اِلیٰ مِثْلِہٖ سَیُنْتَقَلُ

لوگو! میرے دل میں ایک آرزو تھی جس کے راستے میں میری موت رکاوٹ بن گئی، اس شخص کو اللہ تعالیٰ سے جو اس کا رب ہے ڈرنا چاہیے جو دنیا میں عمل کر سکتا ہے۔ میں اکیلا ہی یہاں منتقل نہیں ہوا عنقریب سب کو یہاں آنا پڑے گا۔

تو قبروں پر یہ اشعار اس لیے لکھے کہ ان قبروں والوں نے موت سے پہلے عبرت پکڑنے میں کوتاہی کی اور عقلمند آدمی وہ ہوتا ہے جو دوسروں کی قبروں کو دیکھ کر ان کے درمیان اپنی جگہ دیکھتا ہے اور ان کے ساتھ ملنے کی تیاری کرتا ہے اور اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ جب تک وہ ان سے ملے گا نہیں وہ اپنی جگہ سے نہیں ہٹیں گے اور یہ بات جان لے کہ جن دنوں کو وہ ضائع کر رہا ہے اگر ان لوگوں کو ان میں سے ایک دن بھی مل جائے تو ان کے لیے تمام دنیا سے بہتر ہو کیونکہ ان لوگوں کو اعمال کی قدر معلوم ہو گی اور ان پر حقائق امور منکشف ہو گئے، اور انہیں زندگی کے ایک دن پر اس لیے افسوس ہے کہ کوتاہی کرنے والا اپنی کوتاہی کا ازالہ کر کے عذاب سے چھوٹ جائے اور توفیق والا مزید مرتبہ پائے اور اس کا ثواب بڑھ جائے، کیونکہ ان کو زندگی کے ختم ہونے کے بعد اس کی قدر معلوم ہوئی اس لیے اب وہ اس کی ایک ساعت پر بھی افسوس کرتے ہیں اور تم اس ساعت پر قادر ہو اور ہو سکتا ہے اس طرح کی کئی ساعتوں پر قادر ہو پھر تم ان کو ضائع کر رہے ہو اور تم دل میں یہ بات بٹھا لو کہ جب معاملہ ہاتھ سے نکل جائے گا تو تمہیں اس پر افسوس ہو گا، کہ ہائے ہم نے اپنے وقت سے اپنا حصہ جلدی کیوں نہ لیا۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں، میرا ایک دینی بھائی تھا۔ میں نے اسے خواب میں دیکھا میں نے کہا اے فلاں اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ تو زندہ ہو گیا اس نے کہا اگر میں یہ کلمہ یعنی "الحمد للہ رب العالمین" کہنے پر قادر ہوتا تو یہ بات مجھے دنیا اور جو اس کے اندر ہے ان سب سے زیادہ پسند ہوتی پھر کہا کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جب وہ مجھے دفن کر رہے تھے تو فلاں شخص نے اٹھ کر دو رکعتیں نماز پڑھی اگر میں اس وقت دو رکعتیں نماز پڑھ سکتا تو مجھے یہ بات دنیا اور جو کچھ اس میں ہے اس سب سے زیادہ پسند ہوتی۔

فصل ۴

اولاد کی موت پر بزرگوں کے اقوال

جس شخص کا بیٹا مر جائے یا کوئی قریبی رشتہ دار فوت ہو تو یوں خیال کرے کہ وہ ایک منزل ہے جس کی طرف دونوں سفر کر رہے ہیں۔ لیکن اس کا بیٹا اپنے وطن میں ٹھکانے اور منزل پر پہلے پہنچ گیا (اور میں بعد میں پہنچوں گا) تو اس طرح اسے زیادہ افسوس نہیں ہوگا کیونکہ اسے یہ یقین ہوگا کہ وہ بھی جلد ہی اس سے جا ملے گا اور ان کے درمیان صرف چند دن آگے پیچھے ہونے کا مسئلہ ہے۔

موت کا بھی یہی معاملہ ہے اس کا مطلب وطن کی طرف جانا ہے۔ یہاں تک کہ پچھلا بھی اس سے جا ملتا ہے اس عقیدے کی وجہ سے پریشانی زیادہ نہیں ہوتی بالخصوص اولاد کے فوت ہونے پر جس ثواب کا وعدہ ہے اس سے ہر مصیبت زدہ کو تسلی ہو جاتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

لَاَنْ اُقَدِّمَ سَقْطًا
اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ
اُخَلِّفَ مِائَةَ فَارِسٍ
کُلُّهُمْ یُقَاتِلُ فِیْ
سَبِیْلِ اللّٰهِ۔[1]

اگر میں پیٹ سے گرا ہوا بچہ آگے بھیجوں تو یہ بات مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ اپنے پیچھے ایک سو سوار چھوڑوں وہ سب کے سب اللہ تعالیٰ کے راستے میں لڑیں۔

---

[1] سنن ابن ماجہ ص ۱۱۶، ابواب الجنائز۔

آپ نے گرنے والے بچے کا ذکر اس لیے فرمایا کہ ادنیٰ سے اعلیٰ پر تنبیہ ہو جائے ورنہ ثواب اس قدر ہوتا ہے جس قدر دل میں بچے کی جگہ ہوتی ہے۔

حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت داؤد علیہ السلام کے ایک صاحبزادے کا انتقال ہو گیا تو آپ کو بہت دکھ ہوا آپ سے پوچھا گیا کہ آپ کے ہاں اس کی کیا قدر تھی، آپ نے فرمایا سونے سے بھری ہوئی زمین کہا گیا کہ آپ کو اس کی مثل آج آخرت میں ملے گی۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا،

لَا يَمُوتُ لِاَحَدٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ فَيَحْتَسِبُهُمْ اِلَّا كَانُوْا لَهٗ جُنَّةً مِنَ النَّارِ۔

کسی مسلمان کے تین بچے مر جائیں اور وہ (صبر کے ذریعے) ثواب طلب کرے تو وہ (بچے) اس کے لیے جہنم سے ڈھال بنیں گے،

ایک خاتون جو آپ کے پاس بیٹھی ہوئی تھی، انہوں نے پوچھا یا دو ہوں؟ فرمایا (ہاں) یا دو ہوں[1]

والد کو چاہیے کہ بیٹے کی وفات کے وقت اس کے لیے خالص دعا کرے کیونکہ یہ دعا زیادہ امید والی اور قبولیت کے زیادہ قریب ہے۔۔۔۔ حضرت محمد بن سلیمان رحمۃ اللہ اپنے صاحبزادے کی قبر پر کھڑے ہوئے اور دعا مانگی یا اللہ! میں تجھ سے اس کے لیے امید رکھتا ہوں اور اس کے بارے میں تجھ سے ڈرتا ہوں پس تو میری امید کو ثابت کر دے اور میرے خوف سے مجھے مامون رکھ۔

حضرت ابو سنان رحمۃ اللہ اپنے بیٹے کی قبر پر کھڑے ہوئے اور بارگاہ خداوندی میں عرض کیا یا اللہ! میرے جو حقوق اس پر واجب تھے میں نے اس کے لیے بخش دیئے، تیرے جو حقوق اس کے ذمہ تھے یا اللہ تعالیٰ تو بھی بخش دے تو زیادہ جود و سخا اور کرم والا ہے۔

ایک اعرابی اپنے بیٹے کی قبر پر کھڑا ہوا اور کہا یا اللہ! اس نے میرے ساتھ حسن سلوک میں جو کوتاہی کی ہے میں نے اسے معاف کر دیا یا اللہ تو بھی اپنی اطاعت کے سلسلے میں اس کی کوتاہی کو معاف کر دے۔

جب حضرت ذر بن عمر بن ذر رحمۃ اللہ کا انتقال ہوا تو ان کے والد حضرت عمر بن ذر نے ان کی قبر میں رکھنے کے بعد فرمایا، ہمیں تمہارے بارے میں اس قدر خوف ہے کہ ہم تجھ پر غم کرنا ہی بھول گئے معلوم نہیں تجھ سے کیا سوال ہوا اور تو نے

---

[1] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۳۷۸ مرویات ابوہریرہ

کیا جواب دیا پھر دعا کی یا اللہ! یہ ذرہ ہے اس سے تو نے مجھے نفع دیا جو دیا اور تو نے اس کی زندگی اور رزق کو پورا کردیا اور تو نے اس پر ظلم نہیں کیا یا اللہ! تو نے اس پر اپنی اور میری فرمانبرداری لازم کی تھی یا اللہ تو نے اس مصیبت پر جو ثواب مجھے دینا کیا ہے وہ میں نے اسے ہدیہ کردیا تو اس کا عذاب مجھے دے دے اور اس کو عذاب نہ دینا، یہ سن کر لوگ رو پڑے پھر جب واپس ہونے لگے تو فرمایا اے ذر! تمہارے بعد اب ہمیں کوئی حاجت نہیں اور اللہ تعالیٰ کے ہوتے ہوئے ہمیں کسی انسان کی ضرورت نہیں۔

ایک شخص نے بصرہ میں ایک عورت کی طرف دیکھا تو کہا اس جیسی تازگی میں نے نہیں دیکھی معلوم ہوتا ہے کہ اسے رنج کم ہے اس نے کہا اے بندہ خدا! میں ایسے غم میں ہوں جس میں میرے ساتھ کوئی شریک نہیں اس نے پوچھا وہ کیسے؟ اس عورت نے جواب دیا میرے خاوند نے عید الاضحیٰ کے دن ایک بکری ذبح کی اور میرے دو خوبصورت بچے تھے جو کھیل رہے تھے ان میں سے بڑے نے کہا کیا میں تمہیں نہ بتاؤں ابا جان نے بکری کس طرح ذبح کی ہے؟ اس نے کہا ہاں بتاؤ، چنانچہ اس نے اسے پکڑ کر ذبح کردیا اور ہمیں اس وقت پتا چلا جب وہ خون میں لت پت تھا جب چیخ و پکار ہوئی تو وہ لڑکا بھاگ کھڑا ہوا اور اس نے ایک پہاڑ میں پناہ لے لی وہاں ایک بھیڑیا تھا اس نے اسے کھا لیا باپ اس کو ڈھونڈنے نکلا تو سخت گرمی میں پیاس کی شدت سے گر گیا تو گردش زمانہ نے مجھے اس طرح چھوڑ دیا تو موت کے وقت اس قسم کے مصائب کی مثالیں ذکر کرنی چاہییں تاکہ ان کو سن کر سخت پریشانی سے تسلی ہو جائے کیونکہ ہر مصیبت کا تصور ہو سکتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اسے ہر حال میں دور فرماتا ہے۔

فصل ۷

زیارت قبور

میت کے لیے دُعا اور دیگر باتیں

موت کو یاد کرنے اور عبرت حاصل کرنے کے لیے عام قبروں کی زیارت مستحب ہے اور نیک لوگوں کی قبروں سے عبرت کے ساتھ ساتھ برکت حاصل کرنے کی خاطر ان کی زیارت مستحب ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے

زیارت قبور سے منع فرمایا اس کے بعد اجازت دے دی (۱)

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا،

كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا فَإِنَّهَا تُذَكِّرُكُمُ الْآخِرَةَ غَيْرَ اَنْ لَا تَقُوْلُوْا هُجْرًا (۲)	میں تمہیں زیارت قبور سے منع کرتا تھا پس اب تم زیارت کر سکتے ہو یہ تمہیں آخرت کی یاد دلاتی ہیں لیکن کوئی بیجا کلمہ نہ کہو،

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہزار مسلح افراد کے ہمراہ اپنی والدہ ماجدہ کی قبر کی زیارت کی اور اس دن جس قدر لوگ روئے ہیں اس قدر کبھی نہیں دیکھے گئے (۳) اسی دن آپ نے ارشاد فرمایا،

اُذِنَ لِيْ فِي الزِّيَارَةِ دُوْنَ الْاِسْتِغْفَارِ (۴)	مجھے زیارت کی اجازت دی گئی لیکن بخشش مانگنے کی اجازت نہ ملی،

یہ حدیث ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔

حضرت ابن ابی ملیکہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک دن حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا قبرستان کی طرف سے تشریف لائیں تو میں نے عرض کیا ام المومنین! کہاں سے تشریف لا رہی ہیں؟ فرمایا اپنے بھائی حضرت عبدالرحمن رضی اللہ کی قبر سے آرہی ہوں میں نے پوچھا کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع نہیں فرمایا؟ فرمایا ہاں (منع فرمایا) پھر اس کی اجازت دے دی،

اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے عورتوں کو قبرستان میں جانے کی اجازت دینا مناسب نہیں کیونکہ وہ قبروں کے ساتھ بہت ناشائستہ گفتگو کرتی ہیں تو زیارت قبور سے حاصل ہونے والی بھلائی اس شر سے کم ہے نیز وہ راستے میں بے پروا ہونے اور زینت کے اظہار سے بھی باز نہیں آتیں اور یہ بڑے گناہ ہیں جبکہ زیارت سنت ہے تو اس مقصد کے لیے اتنے بڑے گناہوں کا ارتکاب کیسے جائز ہوگا

ہاں اگر عورت عام کپڑوں میں جائے کہ لوگ اس کی طرف نہ دیکھیں اور قبر پر جا کر صرف دعا کرے وہاں باتیں نہ کرے تو ٹھیک ہے،

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا،

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد اول ص ۳۷۴ کتاب الجنائز

(۲) " " " ۳۷۶ "

(۳) " " " "

(۴) " " " "

قبور کی زیارت کرو آخرت کی یاد دلاتی ہے، مردوں کو غسل دو کہ روح سے خالی جسم کی درستگی اور تدبیر بہت بڑی نصیحت ہے اور نماز جنازہ پڑھو شاید تمہارے دل میں غم پیدا ہو کیونکہ غم کھانے والا آدمی اللہ تعالیٰ کی رحمت کے سائے میں ہوگا۔[1]

حضرت ابن ابی ملیکہ رحمۃ اللہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

زُوْرُوْا مَوْتَاكُمْ وَسَلِّمُوْا عَلَيْهِمْ فَاِنَّ لَكُمْ فِيْهِمْ عِبْرَةً[2]

اپنے فوت شدہ لوگوں کی زیارت کرو اور ان پر سلام پیش کرو اس میں تمہارے لیے عبرت ہے۔

حضرت نافع رحمۃ اللہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ جب قبر کے پاس سے گزرتے وہاں کھڑے ہو کر سلام کہتے۔

حضرت جعفر بن محمد رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت خاتون جنت فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہا اپنے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی قبر کی زیارت کرتیں وہاں نماز پڑھتیں اور روتی تھیں۔

نوٹ۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے رضاعی بھائی بھی تھے اور آپ کے چچا بھی تو رضاعی بھائی ہونے کے حوالے سے ان کو حضرت خاتون جنت کا چچا قرار دیا گیا۔ ۱۲ ہزاروی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ زَارَ قَبْرَ اَبَوَيْهِ اَوْ اَحَدِهِمَا فِيْ كُلِّ جُمُعَةٍ غُفِرَ لَهٗ وَكُتِبَ بَرًّا[3]

جو شخص ہر جمعہ کے دن (یا ہفتے میں ایک دن) اپنے ماں باپ یا ان میں سے کسی ایک کی قبر کی زیارت کرے اس کو بخش دیا جاتا ہے اور اسے نیکوکار لکھ دیا جاتا ہے۔

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا،

ایک شخص کے ماں باپ مر جاتے ہیں اور وہ ان کا نافرمان ہوتا ہے پس وہ ان کے لیے ان کے مرنے کے بعد دعا مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو (ماں باپ سے) اچھا سلوک کرنے والوں میں لکھ دیتا ہے۔[4]

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا،

مَنْ زَارَ قَبْرِيْ بَعْدَ وَجَبَتْ لَهٗ شَفَاعَتِيْ[5]

جس نے میری قبر مبارک کی زیارت کی اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو گئی۔

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد اول ص ۳۷۷ کتاب الجنائز

(۲) الفردوس بماثور الخطاب جلد ۲ ص ۲۹۴ حدیث ۳۳۴۱

(۳) مجمع الزوائد جلد ۳ ص ۵۹ کتاب الجنائز

(۴) الدر المنثور جلد ۴ ص ۱۷۴ تحت آیت واخفض لھما جناح الذل

(۵) مجمع الزوائد جلد ۴ ص ۲ کتاب الحج۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَنْ زَارَنِیْ فِی الْمَدِیْنَةِ مُحْتَسِبًا كُنْتُ لَهٗ شَفِیْعًا وَشَهِیْدًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ (۱)

جس شخص نے ثواب کی نیت سے مدینہ طیبہ میں میری زیارت کی میں قیامت کے دن اس کے لیے سفارش کرنے والا اور گواہ ہوں گا۔

حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہر صبح ستر ہزار فرشتے اترتے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کو ڈھانپ لیتے ہیں وہ اپنے پروں کو ہلاتے ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتے ہیں یہاں تک کہ جب شام ہوتی ہے تو وہ اوپر چلے جاتے ہیں اور ان کی مثل دوسرے فرشتے اترتے ہیں اور وہ بھی اسی طرح کرتے ہیں یہاں تک کہ جب زمین پھٹے گی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ستر ہزار فرشتوں کے جلوس میں باہر تشریف لائیں گے اور وہ آپ کی تعظیم کریں گے۔

زیارتِ قبور کا طریقہ

زیارت قبور کا مستحب طریقہ یہ ہے کہ قبلہ رخ ہو کر کھڑا ہو اور اپنا منہ میت کی طرف کرے اور سلام کہے نہ قبر کو ہاتھ لگائے نہ اس پر ہاتھ ملے اور نہ بوسہ دے کیونکہ یہ یہودیوں کا طریقہ ہے۔

حضرت نافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو ایک یا اس سے زیادہ بار دیکھا کہ مزار شریف پر حاضر ہوتے اور فرماتے "السلام علی نبی، السلام علی ابی بکر علی ابی" نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر سلام اور میرے اباجان (حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ) پر سلام اور پھر واپس چلے جاتے۔

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دیکھا آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف پر حاضر ہو کر کھڑے ہوئے اور ہاتھوں کو اٹھایا حتی کہ میں نے گمان کیا کہ آپ نے نماز شروع کی ہے آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سلام عرض کیا اور واپس چلے گئے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ رَجُلٍ یَزُوْرُ قَبْرَ اَخِیْهِ وَیَجْلِسُ عِنْدَهٗ اِلَّا اسْتَاْنَسَ بِهٖ وَرَدَّ عَلَیْهِ حَتّٰی یَقُوْمَ (۲)

جو شخص اپنے بھائی کی قبر کی زیارت کرتا اور اس کے پاس بیٹھتا ہے تو وہ (قبر والا) اس سے مانوس ہوتا اور سلام کا جواب دیتا ہے جب تک وہ نہ اٹھے۔

---

(۱) کنز العمال جلد ۱۵ ص ۶۵۲ حدیث ۴۲۵۸۴

(۲) الحاوی للفتاوی جلد ۲ ص ۱۷۰، احوال برزخ۔

حضرت سلیمان بن سحیم رحمۃ اللہ فرماتے ہیں میں نے خواب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی تو عرض کیا یارسول اللہ یہ لوگ آپ کے پاس حاضر ہو کر سلام عرض کرتے ہیں۔ کیا آپ کو ان کے سلام کی سمجھ آتی ہے آپ نے فرمایا ہاں اور میں ان کو جواب بھی دیتا ہوں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب کوئی شخص کسی دوسرے آدمی کی قبر کے پاس سے گزرے جسے وہ پہچانتا ہو پس سلام کہے وہ اسے جواب دیتا ہے اور پہچان لیتا ہے جب کسی ناواقف کی قبر سے گزرے اور سلام کہے تو وہ سلام کا جواب دیتا ہے۔

حضرت عاصم جحدری کی اولاد میں سے ایک شخص نے بیان کیا کہ میں نے حضرت عاصم کو ان کے وصال کے دو سال بعد خواب میں دیکھا۔ تو میں نے پوچھا کیا آپ کا انتقال نہیں ہوا تھا؟ فرمایا ہاں ہو گیا تھا۔ میں نے پوچھا آپ کہاں ہیں؟ انہوں نے فرمایا اللہ کی قسم! میں جنت کے باغات میں سے ایک باغ میں ہوں میں اور میرے کچھ دوست ہر جمعہ کی رات اور صبح حضرت ابوبکر بن عبداللہ مزنی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس اکٹھے ہوتے ہیں۔ اور تمہاری خبریں سنتے ہیں میں نے کہا تمہارے جسم یا تمہاری روحیں جس پر انہوں نے فرمایا جسم تو پرانے ہو جاتے ہیں روحوں کی ملاقات ہوتی ہے۔ راوی کہتے ہیں میں نے پوچھا کیا تمہیں علم ہوتا ہے۔ کہ ہم تمہاری زیارت کرتے ہیں؟ فرمایا ہاں ہمیں جمعہ کی رات اور جمعہ کے پورے دن اور ہفتہ کے دن سورج کے طلوع ہونے تک تمہاری زیارت کرنے کا علم ہوتا ہے میں نے کہا دوسرے دنوں میں کیوں پتہ نہیں ہوتا۔ فرمایا اس لیے کہ جمعہ کے دن کو فضیلت حاصل ہوتی ہے۔

حضرت محمد بن واسع رحمۃ اللہ جمعہ کے دن زیارت قبور کے لیے جاتے ان سے کہا گیا اگر آپ اتوار تک موخر کیا کریں تو کیا حرج ہے انہوں نے فرمایا مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ فوت شدہ لوگ جمعہ کے دن، اس سے ایک دن پہلے اور ایک دن بعد میت اپنی زیارت کرنے والوں کو جانتے ہیں۔ حضرت ضحاک رحمۃ اللہ نے فرمایا جو شخص ہفتہ کے دن سورج طلوع ہونے سے پہلے کسی قبر کی زیارت کرے تو میت کو اس کے زیارت کرنے کا علم ہو جاتا ہے، پوچھا گیا ایسا کس طرح کیوں ہوتا ہے؟ فرمایا جمعۃ المبارک کی عظمت کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے۔

حضرت بشر منصور رحمۃ اللہ فرماتے ہیں جب طاعون کا زمانہ تھا تو ایک شخص قبرستان میں آتا جاتا اور نماز جنازہ میں شریک ہوتا۔ جب شام کا وقت ہوتا تو وہ قبرستان کے دروازے پر کھڑا ہو جاتا اور کہتا اللہ تعالیٰ تمہاری وحشت کو انس میں بدل دے تمہاری اجنبیت پر رحم فرمائے۔ تمہارے گناہوں کو معاف کرے اور تمہاری نیکیوں کو قبول کرے ــــ وہ ان کلمات میں اضافہ نہ کرتا وہ شخص کہتا ہے ایک رات میں قبرستان میں نہ گیا اور گھر والوں کی طرف لوٹ آیا میں نے معمول کے مطابق دعا بھی نہ کی اس دوران کہ میں سویا ہوا تھا۔ بہت سے لوگ میرے پاس آئے میں نے پوچھا تم کون ہو؟ اور تمہیں کیا کام ہے؟ انہوں نے کہا ہم قبرستان والے ہیں میں نے پوچھا تم یہاں کیوں آئے ہو؟ انہوں

نے کہاتم نے عمارت بنائی تھی کہ گھر کو واپس جاتے وقت ہمیں تحفہ دیتے تھے میں نے پوچھا وہ کیا؟ انہوں نے کہا وہ دعائیں جو تم ہمارے لیے مانگتے تھے میں نے کہا آئندہ میں دعا کیا کروں گا اور اسے ترک نہیں کروں گا۔

حضرت بشار بن غالب نجرانی رحمۃ اللہ نے فرمایا میں نے حضرت رابعہ عدویہ عابدہ کو خواب میں دیکھا اور میں ان کے لیے اکثر دعا کیا کرتا تھا۔ انہوں نے مجھے کہا اے بشار بن غالب! آپ کے تحائف نور کے تھالوں میں ہمارے پاس آتے ہیں، جو ریشم کے رومالوں سے ڈھانپے ہوئے ہوتے ہیں میں نے کہا ان تحائف کی کیا کیفیت ہے، حضرت رابعہ نے فرمایا زندہ مدفون کی فوت شدہ مسلمانوں کے لیے دعا اسی طرح ہوتی ہے وہ قبول ہوتی ہے اور نور کے تھالوں میں ریشمی رومالوں سے ڈھانپ کر میت کو دے دی جاتی ہے۔ اور اسے کہا جاتا ہے کہ یہ فلاں شخص کا بدلہ ہے۔ جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَا الْمَیِّتُ فِیْ قَبْرِہٖ اِلَّا کَالْغَرِیْقِ الْمُتَغَوِّثِ یَنْتَظِرُ دَعْوَۃً تَلْحَقُہٗ مِنْ اَبِیْہِ اَوْ اَخِیْہِ اَوْ صَدِیْقٍ لَہٗ فَاِذَا لَحِقَتْہُ کَانَتْ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنَ الدُّنْیَا وَ مَا فِیْہَا وَاِنَّ ھَدَایَا الْاَحْیَاءِ لِلْاَمْوَاتِ الدُّعَاءُ وَالْاِسْتِغْفَارُ۔ [۱]

قبر میں میت اس ڈوبنے والے شخص کی طرح ہوتا ہے جو مدد طلب کرتا ہے اور دعا کا منتظر رہتا ہے جو اس کے اپنے باپ یا بھائی یا دوست کی طرف سے پہنچتی ہے۔ جب دعا اس کو پہنچتی ہے تو اس کے لیے یہ دنیا اور جو کچھ اس میں ہے اسے زیادہ پسند ہوتی ہے اور فوت شدہ لوگوں کے لیے زندوں کی طرف سے تحائف دعا اور طلب بخشش ہے۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں میرا بھائی فوت ہو گیا۔ تو میں نے اسے خواب میں دیکھ کر پوچھا کہ جب تمہیں قبر میں رکھا گیا تو اس کے بعد تیرا کیا حال ہوا؟ اس نے کہا ایک آنے والا آگ کا ایک شعلہ لے کر آیا اگر ایک دعا کرنے والا دعا نہ کرتا تو یقیناً وہ مجھے مارتا۔

اس سے ثابت ہوا کہ میت کو دفن کرنے کے بعد اس کے لیے تلقین کرنا اور دعا مانگنا مستحب ہے حضرت سعید بن عبداللہ ازدی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں، حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ حالت نزع میں تھے، کہ میں بھی وہاں حاضر ہوا۔ انہوں نے فرمایا اے ابو سعید جب میں مر جاؤں تو میرے ساتھ وہ معاملہ کرنا جس کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے آپ نے فرمایا۔

جب تم میں سے کوئی ایک شخص انتقال کرتا ہے۔ پس تم (اس کی) قبر پر مٹی برابر کر دیتے ہو تو چاہیے کہ ایک شخص اس کی قبر کے سرہانے کھڑے ہو کر کہے اے فلاں عورت کے بیٹے فلاں (میت اور اس کی ماں کا نام لے) کیونکہ وہ

---

(۱) مشکوٰۃ المصابیح ص ۲۰۶ باب الاستغفار والتوبۃ

سنتا ہے لیکن جواب نہیں دے سکتا پھر دوبارہ کہے اے فلاں عورت کے بیٹے فلاں! وہ سیدھا ہو کر بیٹھ جاتا ہے، پھر تیسری مرتبہ کہے اے فلاں عورت کے بیٹے فلاں! وہ کہتا ہے اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے ہماری رہنمائی کرو لیکن تم اس کی بات سن نہیں سکتے۔ اب (تلقین کرنے والا) کہے اس بات کو یاد کر جس پر تو دنیا سے رخصت ہوا اور وہ اس بات کی شہادت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں تو اللہ تعالیٰ کے رب ہونے اسلام کے دین ہونے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے اور قرآن کے امام ہونے پر راضی ہوا... (اگر یہ کلمات کہے جائیں تو) منکر نکیر پیچھے ہٹ جائیں گے۔ ان میں سے ہر ایک دوسرے سے کہتا ہے چلو اس شخص کے پاس بیٹھنے کا کیا فائدہ اسے اس کی حجت سکھا دی گئی ہے اور اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف سے منکر نکیر کو جواب دیتا ہے۔ (۱)

ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر اس شخص کو اس کی ماں کا نام نہ آتا ہو تو کیا کرے؟ فرمایا اسے حضرت حوا علیہا السلام کی طرف منسوب کرے۔

قبروں کے پاس قرآن مجید پڑھنے میں کوئی حرج نہیں حضرت موسیٰ حداد رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے فرماتے ہیں حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے ہمراہ ایک جنازے میں شریک ہوا اور حضرت محمد بن قدامہ جوہری رحمۃ اللہ بھی ہمارے ساتھ تھے، جب میت کو دفن کر دیا گیا تو ایک نابینا شخص نے قبر کے پاس قرآن مجید پڑھنا شروع کر دیا حضرت امام احمد رحمۃ اللہ نے اس سے فرمایا اے فلاں! قبر کے پاس قرآن پاک پڑھنا بدعت ہے، جب ہم قبرستان سے باہر نکلے تو حضرت محمد بن قدامہ نے حضرت امام احمد بن حنبل (رحمۃ اللہ) سے عرض کیا اے ابو عبد اللہ! مبشر بن اسماعیل حلبی کے بارے میں آپ کا خیال ہے؟ آپ نے فرمایا وہ قابل اعتماد شخصیت ہیں پوچھا کیا آپ نے ان سے کچھ نقل کیا ہے فرمایا ہاں حضرت محمد بن قدامہ نے عرض کیا مجھے حضرت مبشر بن اسماعیل رحمۃ اللہ نے حضرت عبد الرحمن بن علاء بن لجلاج رحمۃ اللہ سے خبر دی ہے۔ وہ اپنے والد (علاء بن لجلاج) سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے وصیت فرمائی کہ جب ان کو دفن کر دیا جائے تو ان کے سرہانے سورہ بقرہ کی ابتدائی آیات (وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ) اور سورت کے آخر سے (لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ آخر تک) پڑھا جائے۔ اور انہوں نے (حضرت علاء) فرمایا۔ میں نے یہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے سنا ہے آپ نے اس بات کی یہ وصیت فرمائی ہے۔ حضرت امام احمد نے فرمایا چلو اس شخص کے پاس واپس جاؤ اور کہو کہ وہ قرآن پاک پڑھے۔ (۲)

حضرت محمد بن احمد مروزی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم قبرستان میں داخل ہو تو سورہ فاتحہ، معوذتین (قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس) اور قل ہو اللہ احد

---

(۱) کنز العمال جلد ۱۵ ص ۶۰۴، ۶۰۵ حدیث ۴۲۴۰۶

(۲) المغنی لابن قدامہ جلد ۲ ص ۵۶۷

پڑھو کر تمام اہل قبور کو ایصال ثواب کردیہ ثواب ان تک پہنچتا ہے۔

حضرت ابوقلابہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں شام میں بصرہ کی طرف گیا اور ایک خندق میں اترا اور وضو کرکے رات کے وقت دو رکعتیں پڑھیں۔ پھر ایک قبر پر سر رکھ کر سو گیا جب بیدار ہوا تو صاحب قبر نے مجھ سے شکوہ کیا کہ آپ نے رات بھر مجھے تکلیف پہنچائی پھر کہنے لگا تم لوگ نہیں جانتے ہم جانتے ہیں لیکن عمل پر طاقت نہیں رکھتے۔ پھر کہنے لگا تم نے جو دو رکعتیں پڑھی ہیں یہ دنیا اور جو کچھ اس میں ہے اس سے بہتر ہیں یہ بھی کہا گیا اللہ تعالیٰ تم دنیا والوں کو ہماری طرف سے بہتر بدلہ عطا کرے ان سب کو میرا سلام کہنا ان کی دعائیں ہمارے پاس نور کے پہاڑ بن کر آتی ہیں۔

پس زیارت قبور کا مقصد یہ ہے کہ زیارت کرنے والا عبرت حاصل کرے اور صاحب قبر کو اس کی دعا سے نفع حاصل ہو لہٰذا قبرستان میں جانے والے کو اپنے اور میت کے لیے دعا مانگنے نیز عبرت حاصل کرنے سے غافل نہیں رہنا چاہیے۔

اور عبرت حاصل کرنے کی صورت یہ ہے کہ دل میں میت کا تصور لائے، کہ کس طرح اس کے اجزاء بکھر گئے اور کس طرح وہ قبر سے اٹھایا جائے گا نیز یہ کہ میں بھی عنقریب اس سے جا ملوں گا۔

جس طرح حضرت مطرف بن ابوبکر ہذلی رحمۃ اللہ سے مروی فرماتے ہیں کہ عبدالقیس کے ہاں ایک عبادت گزار لونڈی تھی، جب رات کا وقت ہوتا تو وہ کمربستہ ہوکر محراب میں کھڑی ہو جاتی اور جب دن ہوتا تو وہ قبرستان کی طرف چلی جاتی مجھے معلوم ہوا کہ قبرستان میں زیادہ جانے پر اسے جھڑکا گیا تو اس نے کہا جب سخت دل جفا کرتا ہے تو اسے یہ پرانے کھنڈرات ملائم کرتے ہیں اور میں قبرستان میں آتی ہوں تو دیکھتی ہوں گویا وہ ان قبروں کی تہوں میں سے نکلے ہیں اور میں دیکھتی ہوں کہ ان کے چہرے گردآلود ہیں اور جسم بدلے ہوئے ہیں ان کی پلکوں کو دیکھتی ہوں جو بھورے رنگ کی ہیں۔

تو ایسی نظر کا کیا کہنا اگر ایسی نظر بندوں کے دلوں میں جم جائے تو لفظوں پر اس کی تلخی کا کوئی اثر نہ ہو اور نہ اس کے پسینے کا جسموں پر کوئی اثر ہو، بلکہ مناسب یہ ہے کہ میت کی صورت کو اس طرح سامنے رکھے جس طرح حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ نے ذکر کیا جب آپ کے پاس ایک فقیہ امام اور اس نے دیکھا کہ کثرت عبادت کی وجہ سے آپ کی صورت میں تبدیلی آگئی ہیں تو آپ نے کہا اے فلاں! اگر تم مجھے قبر میں دفن ہونے کے تین دن بعد دیکھو تو صورت یہ ہوگی کہ آنکھوں کے ڈھیلے باہر نکل کر رخساروں پر ہوں گے، ہونٹ دانتوں سے سکڑ جائیں گے منہ سے پیپ نکل رہی ہوگی اور منہ کھلا ہوگا پیٹ پھول کر سینے کے اوپر آ جائے گا اور بیٹھ، پاخانے کے راستے سے نکلے گی اور ناک کے نتھنوں سے کیڑے اور پیپ نکل رہی ہوگی (اگر تم یہ صورت دیکھو) تو جو کچھ اب دیکھ رہے ہو اس سے زیادہ تعجب خیز منظر ہوگا۔

میت کی تعریف کرنا اور اچھی فضیلتیں بیان کرنا مستحب ہے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِذَا مَاتَ صَاحِبُكُمْ فَدَعُوهُ وَلَا تَقَعُوا فِيهِ [1] — جب تمہارا کوئی ساتھی مر جائے تو اس کا ذکر چھوڑ دو اور اس کی برائیاں بیان نہ کرو۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا تَسُبُّوا الْأَمْوَاتَ فَإِنَّهُمْ قَدْ أَفْضَوْا إِلَى مَا قَدَّمُوا [2] — مردوں کو گالی نہ دو وہ اپنے عمل تک پہنچ گئے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا تَذْكُرُوا مَوْتَاكُمْ إِلَّا بِخَيْرٍ فَإِنَّهُمْ إِنْ يَكُونُوا مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ تَأْثَمُوا وَإِنْ يَكُونُوا مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَحَسْبُهُمْ مَا هُمْ فِيهِ [3] — اپنے فوت شدہ لوگوں کا ذکر اچھی طرح کرو اگر وہ اہل جنت میں سے ہے تو برائی بیان کرنے کا گناہ تم پر ہوگا اور اگر وہ جہنمیوں میں سے ہیں تو وہی انہیں کافی ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک جنازہ گزرا تو صحابہ کرام نے اس کی برائی بیان کی آپ نے فرمایا۔ واجب ہوگئی، پھر ایک اور جنازہ گزرا تو انہوں نے اس کی تعریف کی آپ نے فرمایا واجب ہوگئی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اس سلسلہ میں استفسار کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تم لوگوں نے اس میت کے لیے اچھے کلمات کہے تو اس کے لیے جنت واجب ہوگئی اور اس کی برائی بیان کی تو اس کے لیے جہنم واجب ہوگی۔ اور تم زمین میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے گواہ ہو [4] (یا تو یہ خاص ان کے ساتھ خاص اور حضور علیہ السلام کو وحی کے ذریعے معلوم ہوگیا یا ترغیب کے طور پر فرمایا کہ فوت شدہ لوگوں کے بارے میں اچھے کلمات کہا کرو اور برے کلمات سے بچو ۱۲ ہزاروی)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

ایک بندہ مر جاتا ہے اور لوگ اس کا وہ حال بیان کرتے ہیں جو اس میں نہیں ہے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتا ہے میں تمہیں گواہ بناتا ہوں میں نے اپنے اس بندے کے حق میں دوسرے بندوں کی گواہی قبول کی اور جو

---

(۱) سنن ابی داؤد جلد ۲ ص ۳۱۵ کتاب الادب

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۶۴ کتاب الرقاق

(۳) کنز العمال جلد ۱۵ ص ۶۸۰ حدیث ۴۲۷۱۲

(۴) صحیح بخاری جلد اول ص ۳۶۰ کتاب الشہادات۔

کچھ اس کے بارے میں میرے علم میں ہے میں نے معاف کر دیا۔ (۱)

ساتواں باب

موت کی حقیقت اور صور پھونکنے تک میت پر کیا گزرتی ہے

فصل ۱

موت کی حقیقت

جان لو کہ حقیقتِ موت کے بارے میں کچھ لوگ جھوٹے خیالات رکھتے ہیں، بعض کا خیال ہے کہ موت بالکل مٹ جانے کا نام ہے اس لیے نہ تو قیامت کے دن اٹھنا اور جمع ہونا ہوگا اور نہ ہی نیک و بد کا کوئی انجام ہوگا اور انسان کی موت، حیوان کی موت اور سبزیوں کے خشک ہونے کی طرح ہے یہ بے دین (ملحدین) کی رائے ہے اور جو لوگ اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کا عقیدہ ہے۔

اور بعض لوگوں کا خیال ہے کہ موت سے آدمی مٹ جاتا ہے اور جب تک قبر میں ہے اسے نہ تو عذاب کی تکلیف ہوتی ہے اور نہ ہی ثواب کی وجہ سے راحت ملتی ہے۔ جب تک قیامت کے دن دوبارہ پیدا نہ ہو جائے۔

کچھ دوسرے لوگوں کا خیال ہے کہ روح باقی رہتی ہے موت کی وجہ سے ختم نہیں ہوتی اور ثواب و عذاب کا تعلق روح کے ساتھ ہی جسم کے ساتھ نہیں اور اجسام بالکل اٹھائے نہیں جائیں گے۔

یہ تمام خیال فاسد ہیں اور حق سے ہٹے ہوئے ہیں بلکہ جو بات اعتبار کے لائق ہے اور آیات اور احادیث سے ثابت ہے وہ یہ کہ موت فقط حالت کی تبدیلی کا نام ہے اور جسم سے جدا ہونے کے بعد بھی روح باقی رہتی ہے اب یا تو اسے عذاب ہوتا ہے یا راحت و آرام پاتی ہے۔ اور جسم سے اس کی جدائی کا مطلب یہ ہے کہ اب جسم پر اس کا تصرف نہیں ہوتا یعنی جسم اس کی فرمانبرداری نہیں کرتا کیونکہ اعضاء روح کے آلات ہیں جن کو روح استعمال کرتی ہے، حتیٰ کہ وہ ہاتھ سے پکڑتی ہے، کان سے سنتی ہے، آنکھ سے دیکھتی ہے اور دل سے حقیقت اشیاء کو معلوم کرتی ہے۔ اور دل سے یہاں روح مراد ہے اور روح کسی آلے کے بغیر خود بخود اشیاء کو جانتی ہے یہی وجہ ہے کہ بعض اوقات اسے ذاتی طور پر طرح طرح کے غموں اور دکھوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور مختلف قسم کی خوشیوں سے لذت محسوس کرتی ہے اور ان تمام باتوں کا اعضاء سے کوئی تعلق نہیں ہوتا اور روح جن چیزوں سے معروف ہوتی ہے موت کے بعد بھی وہ روح کے ساتھ باقی رہتی ہیں اور جن چیزوں کا روح کے ساتھ تعلق اعضاء کے واسطے سے

مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص نمبر ۳۸ مرویات ابو ہریرہ۔

ہوتا ہے وہ کام جسمانی موت سے معطل ہو جاتے ہیں جب تک روح کو جسم میں دوبارہ لوٹایا نہ جائے اور قبر میں روح کو جسم میں دوبارہ لوٹانا کوئی بعید بات نہیں ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ قیامت تک دوبارہ یہ تعلق پیدا نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کسی بندے کے بارے میں جو فیصلہ کرتا ہے وہ اسے خوب جانتا ہے۔

موت کی وجہ سے جسم کا معطل ہونا اسی طرح ہے جیسے اپاہج آدمی کے اعضاء مزاج کے فساد کی وجہ سے معطل ہو جاتے ہیں یا اعصاب میں شدت واقع ہونے کی وجہ سے ان میں روح کا نفوذ نہیں ہوتا۔ اس صورت میں روح جاننے والی، ادراک کرنے والی اور سمجھنے والی ہوتی ہے اور بعض اعضاء کو استعمال کرتی ہے لیکن بعض اعضاء اس کے نافرمان ہوتے ہیں اور موت تمام اعضاء کے نافرمان ہونے کا نام ہے۔ اور یہ تمام آلات ہیں جن کو روح استعمال کرتی ہے۔

اور روح سے مراد وہ قوت ہے جو انسان میں علوم، غموں کی تکلیف اور خوشی کی لذت معلوم ہوتی ہے اور جب اعضاء میں اس کا تصرف باطل ہوتا ہے تو اس سے علوم و ادراکات باطل نہیں ہوتے اور نہ غم اور خوشی باطل ہوتی ہے اسی طرح تکلیفوں اور لذتوں کا احساس و قبولیت بھی باطل نہیں ہوتی حقیقت میں انسان وہی چیز ہے جو علوم، تکالیف اور لذتوں کا ادراک کرنے والی قوت ہے اور اس کے لیے موت نہیں ہے یعنی وہ معنیٰ ختم نہیں ہوتا اور موت کا معنی اس کا بدن میں تصرف نہ کرنا اور بدن کا اس کے لیے بطور آلہ باقی نہ رہنا ہے جس طرح اپاہج ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ہاتھ اب استعمال ہونے والا آلہ نہیں اور موت تمام اعضاء کا مطلقاً اپاہج ہونا ہے اور انسان کی حقیقت اس کا نفس اور روح ہے، جو باقی رہتی ہے۔

رُوحِ انسانی میں تغیر

البتہ روح انسانی میں دو طرح تبدیلی آتی ہے۔

(۱) اس سے اس کی آنکھ، کان، زبان، ہاتھ، پاؤں اور تمام اعضاء اس سے سلب ہو جاتے ہیں نیز اس سے اس کے گھر والے، اولاد، رشتہ دار اور تمام جان پہچان والے دور کر دیئے جاتے ہیں۔ اس کے گھوڑے، جانور، غلام، مکانات، زمینیں اور تمام املاک لے لی جاتی ہے اور اس سے فرق نہیں پڑتا کہ انسان سے یہ چیزیں لی جائیں یا انسان کو ان چیزوں سے دور کر دیا جائے۔ تکلیف دہ چیز تو جدائی ہے اور جدائی بعض اوقات اس طرح حاصل ہوتی ہے کہ آدمی کا مال لے لیا جاتا ہے اور کبھی آدمی کو اس سے الگ تھلگ قید کر دیا جاتا ہے دونوں صورتوں میں تکلیف یکساں ہوتی ہے۔

موت کا معنی انسان کو اس کے مال سے الگ تھلگ اور دور کر کے دوسرے عالم میں پہنچا دینا ہے جو اس عالم جیسا نہیں ہے اب اگر دنیا میں اس کے پاس کچھ تھا اور وہ اس سے مانوس تھا اور اس کے ذریعے راحت حاصل کرتا

کرتا ہے اور اس کو شمار کرتا تھا، تو موت کے بعد اس کا بہت زیادہ افسوس ہوتا ہے اور اس کی جدائی سے اسے بہت زیادہ تکلیف ہوتی ہے، بلکہ اس کا دل ایک ایک چیز کی طرف متوجہ ہوتا ہے، وہ مال ہو، عزت ہو یا زمین ہو حتیٰ کہ وہ قمیضیں جو پہنتا ہے اور اور اس پر خوش ہوتا تھا اور اگر اسے صرف اللہ تعالیٰ کے ذکر سے خوشی ہوتی تھی اور اسی سے مانوس ہوتا تھا تو موت کے ذریعے اسے بہت بڑی نعمت حاصل ہوتی ہے اور اس کی خوش بختی مکمل ہوتی ہے۔ کیونکہ اس کے اور اس کے محبوب کے درمیان جو رکاوٹ تھی وہ ختم ہو گئی اور تمام موانع دور ہو گئے۔ کیونکہ دنیا کا تمام مال و اسباب ذکر خداوندی میں رکاوٹ تھا۔ تو حالت موت اور حالت زندگی کے درمیان اختلاف کی ایک وجہ تو یہ تھی۔

۲- دوسری وجہ یہ ہے کہ جو کچھ زندگی میں اس پر واضح نہیں تھا اب وہ اس پر منکشف ہوتا ہے جس طرح نیند کی حالت میں ایک چیز ظاہر نہیں ہوتی لیکن جب آدمی بیدار ہوتا ہے تو وہ اس کے سامنے آجاتی ہے اور تمام لوگ سوتے ہیں جب وہ مرتے ہیں تو جاگ جاتے ہیں اور سب سے پہلے ان کے سامنے ان کی نیکیاں اور برائیاں ظاہر ہوتی ہیں جن سے نفع یا نقصان ہوتا ہے اور یہ ایسی کتاب میں لکھا ہوا تھا جو اس کے دل کے اندر لپیٹی ہوئی تھی۔ لیکن دنیوی مشغولیت کی وجہ سے وہ اس پر مطلع نہیں ہو سکتا تھا جب دنیوی مشاغل اور موانع دور ہو گئے، تو تمام اعمال اس کے سامنے منکشف ہو گئے اب وہ گناہ کو دیکھتا ہے تو اس پر بہت زیادہ افسوس ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ اس کے لیے آگ میں غوطہ زن ہونے کو بھی تیار ہو جاتا ہے اس وقت اس سے کہا جائے گا۔

كَفَىٰ بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيبًا[1] — آج تمہارا نفس ہی تمہارے حساب کے لیے کافی ہے۔

یہ انکشاف جان نکلتے ہی دفن ہونے سے پہلے پہلے ہو جاتا ہے اس وقت جدائی کی آگ شعلہ زن ہوتی ہے جس فانی دنیا پر وہ مطمئن تھا، اس کی جدائی مراد ہے زاد راہ کی مقدار مراد نہیں کیونکہ جو شخص منزل تک رسائی کے لیے زاد راہ طلب کرتا ہے، وہ مقصد تک پہنچنے کے بعد باقی زاد راہ کی جدائی پر خوش ہوتا ہے کیونکہ اس کا مقصد محض منزل تھی زاد راہ ذاتی طور پر مقصود نہ تھا اور یہ اس شخص کا حال ہے جو دنیا سے ضرورت کے مطابق لیتا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ یہ ضرورت بھی ختم ہو جائے، تاکہ وہ اس سے بے نیاز ہو جائے پس جو کچھ وہ چاہتا ہے وہ حاصل ہو گیا اور اسے بے نیازی حاصل ہو گئی اس قسم کا عذاب اور تکالیف بہت بڑی ہیں جو دفن ہونے سے پہلے ہی اس پر ہجوم کر جاتی ہے پھر تدفین کے وقت روح کو جسم کی طرف لوٹایا جاتا ہے تاکہ دوسری قسم کا عذاب دیا جائے، اور کبھی معاف کر دیا جاتا ہے۔ اور جو شخص دنیا سے لطف اندوز ہوتا اور اس پر مطمئن ہوتا ہے اس کی مثال اس طرح ہے جیسے کوئی شخص بادشاہ کی عدم موجودگی میں اس کے محل اور حکومت وغیرہ میں خوب مزے اڑاتا ہے اور اسے یہ یقین ہوتا ہے کہ بادشاہ اس کے معاملہ میں آسانی اور چشم پوشی سے کام لے گا یا یہ کہ بادشاہ کو اس کی بری حرکتوں کا پتہ نہیں چلا اب بادشاہ اسے اچانک پکڑتا ہے اور اس کے سامنے

---

[1] قرآن مجید، سورہ اسراء، آیت ۱۴

ایک فائل لگی ہے جس میں اس کی تمام خطائیں اور برے افعال ایک ایک کر کے درج ہوتے ہیں اور بادشاہ، غالب، زبردست اور غیرت ناک ہوتا ہے۔

اس کے ملک میں جو جرائم ہوتے ہیں ان کی سزا دیتا ہے اور نافرمان لوگوں کے بارے میں کسی کی سفارش کی طرف متوجہ نہیں ہوتا تو دیکھو یہ شخص جو پکڑا گیا اس کا کیا حال ہوگا۔ بادشاہ کے سزا دینے سے پہلے بھی اس پر خوف، شرمندگی، حیاء، افسوس اور ندامت طاری ہوگی۔

تو اس میت کا بھی یہی حال ہوگا جو گنہگار، دنیا سے دھوکہ کھانے والا اور اس پر مطمئن ہوتا ہے۔ عذاب قبر میں مبتلا ہونے بلکہ موت کے وقت ہی اس کی یہ حالت ہوتی ہے۔ ہم اس عذاب سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں، کیونکہ ذلت و رسوائی اور پردہ دری جسم کو پہنچنے والی ضرب اور جسم کے کٹ جانے اور اس کے علاوہ دوسرے عذاب کے مقابلے زیادہ بڑا عذاب ہے۔

تو یہ موت کے وقت میت کے حال کی طرف اشارہ ہے ارباب بصیرت اپنے باطنی مشاہدہ کے ساتھ دیکھتے ہیں جو آنکھ کے مشاہدے سے زیادہ قوی ہے اور اس پر قرآن و سنت سے دلائل دلالت کرتے ہیں! ہاں حقیقت موت کی گہرائی سے پردہ اٹھانا ممکن نہیں کیونکہ جو شخص زندگی کی معرفت نہیں اللہ سے موت کی پہچان بھی نہیں ہوتی اور زندگی کی پہچان اس وقت ہوتی ہے جب روح کی ذات اور اس کی ماہیت کا ادراک ہو جائے۔ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سلسلے میں گفتگو کی اجازت نہیں دی اور ہم صرف اس حد تک کہہ سکتے ہیں۔

اَلرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ[1] روح میرے رب کے حکم سے ہے۔

پس کسی عالم دین کو اس بات کا حق نہیں پہنچتا کہ وہ روح کے راز سے پردہ اٹھائے اور اس پر مطلع ہو ہاں موت کے بعد روح کی کیا حالت ہوگی اس بات کا ذکر کرنے کی اجازت ہے۔ اور اس بات پر بہت سی آیات اور احادیث دلالت کرتی ہیں کہ موت اور اس کے علم کے ختم ہونے کا نام نہیں ہے۔

آیات:

شہداء کے بارے میں ارشاد خداوندی ہے۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْیَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ یُرْزَقُوْنَ۔ اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کے راستے میں شہید ہو جائیں انہیں مردہ خیال نہ کرو بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے رب کے ہاں رزق پاتے ہیں۔

جب غزوہ بدر کے موقعہ پر کفار کے بڑے بڑے سردار قتل ہو گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو پکارا آپ نے فرمایا

---

[1] صحیح بخاری جلد ۲ ص ۶۸۶ کتاب التفسیر

[2] قرآن مجید، سورۃ آل عمران آیت ۱۶۹

اے فلاں اے فلاں اے فلاں! مجھ سے میرے رب نے جو وعدہ کیا تھا میں نے اسے سچا پایا، کیا تم سے تمہارے رب نے جو وعدہ کیا تھا تم نے بھی اسے سچا پایا؟ عرض کیا یا رسول اللہ آپ ان مردوں کو پکارتے ہیں؟ آپ نے فرمایا۔

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنَّھُمْ لَاَ سْمَعُ بِھٰذَا الْکَلَامِ مِنْکُمْ اِلَّا اِنَّھُمْ لَا یَقْدِرُوْنَ عَلَی الْجَوَابِ[1]

اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے یہ لوگ اس گفتگو کو تم سے زیادہ سنتے ہیں لیکن جواب نہیں دے سکتے۔

اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ بدبخت لوگوں کی روح بھی باقی رہتی ہے نیز ان کا ادراک (جان پہچان) اور معرفت بھی باقی ہوتی ہے۔ اور آیت کریمہ میں شہداء کی ارواح کے بارے میں واضح نص موجود ہے اور میت کی دو ہی حالتیں ہوتی ہے نیک بختی یا بدبختی۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْقَبْرُ اِمَّا حُفْرَۃُ النَّارِ اَوْ رَوْضَۃٌ مِّنْ رِیَاضِ الْجَنَّۃِ[2]

قبر یا تو جہنم کا گڑھا ہے یا جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے۔

یہ حدیث شریف اس بات کو واضح کرتی ہے کہ موت کا معنیٰ فقط حالت کی تبدیلی ہے اور میت کی نیک بختی یا بدبختی موت کے فوراً بعد کسی تاخیر کے بغیر ظاہر ہو جاتی ہے البتہ عذاب یا ثواب کی بعض انواع موثر ہوتی ہیں اصل ثواب یا عذاب اسی وقت شروع ہو جاتا ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں، آپ نے فرمایا۔

اَلْمَوْتُ الْقِیَامَۃُ فَمَنْ مَّاتَ فَقَدْ قَامَتْ قِیَامَتُہٗ[3]

موت، قیامت ہے پس جو فوت ہوا اس کی قیامت قائم ہو گئی۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اِذَا مَاتَ اَحَدُکُمْ عُرِضَ عَلَیْہِ مَقْعَدُہٗ غُدْوَۃً وَعَشِیَّۃً اِنْ کَانَ مِنْ اَھْلِ الْجَنَّۃِ فَمِنَ الْجَنَّۃِ وَاِنْ کَانَ مِنْ اَھْلِ النَّارِ فَمِنَ النَّارِ وَیُقَالُ ھٰذَا مَقْعَدُکَ حَتّٰی تُبْعَثَ اِلَیْہِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ[4]

جب تم میں سے کوئی ایک فوت ہو جاتا ہے تو صبح و شام اس پر اس کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے اگر وہ اہل جنت سے ہو تو جنت سے اور اہل جہنم سے ہو تو جہنم سے اور کہا جاتا ہے کہ یہ تیرا ٹھکانہ ہے حتیٰ کہ تو قیامت کے دن اٹھایا جائے۔

---

[1] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۱۲۱ مرویات ابن عمر
[2] الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۲۳۸ کتاب التوبۃ والزھد
[3] الفوائد المجموعۃ ص ۲۶۷ کتاب الادب
[4] صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۶۴ کتاب الرقاق

حضرت ابوقیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہمراہ ایک جنازے میں شریک تھے تو انہوں نے فرمایا۔ اس شخص کی قیامت قائم ہوگئی۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نفس کا دنیا سے نکلنا حرام ہے جب تک وہ جان نہ لے کہ وہ جنتیوں میں سے ہے یا جہنمیوں میں سے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ مَاتَ غَرِیْبًا مَاتَ شَہِیْدًا وَ وُقِیَ فِتْنَاتِ الْقَبْرِ وَغُدِیَ وَرِیْحَ عَلَیْہِ بِرِزْقِہٖ مِنَ الْجَنَّۃِ۔[1]

جو شخص حالت سفر میں انتقال کر جائے وہ شہید ہو کر مرتا ہے اور قبر کے فتنوں سے محفوظ رہتا ہے نیز اسے صبح وشام جنت سے رزق دیا جاتا ہے۔

حضرت مسروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھے کسی شخص پر اس قدر رشک نہیں آتا جس قدر قبر میں جانے والے اس مومن پر رشک آتا ہے جو دنیا کی مشقت سے آرام پا گیا اور اللہ تعالیٰ کے عذاب سے محفوظ ہوا۔

حضرت یعلیٰ بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک دن میں حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کے ساتھ چل رہا تھا تو میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ جس سے محبت کرتے ہیں اس کے لیے کیا چیز پسند کرتے ہیں، فرمایا "موت"۔ میں نے عرض کیا اگر وہ نہ مرے تو؟ فرمایا میں اس کے لیے مال واولاد کی قلت پسند کرتا ہوں، موت کو اس لیے پسند کرتا ہوں کیونکہ اسے مومن ہی پسند کرتا ہے۔ اور موت، مومن کا قید خانہ سے چھوٹنا ہے اور مال واولاد کی قلت اس لیے ناپسند کرتا ہوں کہ یہ آزمائش ہے اور دنیا میں اُنس کا باعث ہے اور جس سے جدائی لازمی ہو اس سے محبت انتہائی درجہ کی بدبختی ہے اور اللہ تعالیٰ کی ذات اس کے ذکر اور اس سے انس کے علاوہ جو کچھ ہے موت کے وقت لامحالہ ہے اس سے جدائی اختیار کرنا ہوگی۔ اس لیے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب مومن کا سانس یا روح نکلتی ہے اس وقت وہ اس شخص کی طرح ہوتا ہے جو قید خانے میں رات گزارے پھر اسے وہاں سے نکالا جائے اور وہ زمین میں اچھلے کودے اور پھرے اور یہ جو کچھ انہوں نے بیان کیا اس شخص کا حال ہے جو دنیا سے پہلوتہی کرتا اور اس سے کنارہ کش ہوتا ہے۔ اور وہ صرف اللہ تعالیٰ کے ذکر سے مانوس ہوتا ہے اور دنیوی مشاغل اسے محبوب سے روک لیتے ہیں۔ نیز خواہشات کی سختیوں کو برداشت کرنا اور اس کے لیے اذیت ناک ہوتا ہے۔ لہٰذا موت کے ذریعے وہ تمام ایذا رساں امور سے چھٹکارا حاصل کرتا ہے اور اپنے محبوب کے ساتھ تنہائی میں چلا جاتا ہے جہاں کوئی شغل اور رکاوٹ نہیں ہوتی اور یہ بات نعمتوں اور لذتوں کی انتہا ہونے کے زیادہ لائق ہے۔ اور یہ ان شہداء کے لیے نہایت کامل لذت ہے جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں شہید ہوئے کیونکہ انہوں نے جہاد کی طرف قدم اس لیے بڑھایا کہ وہ دنیوی تعلقات سے اپنی توجہ کو ہٹانے والے اللہ تعالیٰ

---

[1] حلیۃ الاولیاء جلد ۸ ص ۲۰۳ ترجمہ ۲۹۸

کی ملاقات کا شوق رکھنے والے اور اس کی رضا کی طلب میں قتل پر راضی رہنے والے ہیں۔
پس اگر دنیا کی طرف نظر کی جائے تو اس نے اسے بخوشی آخرت کے بدلے بیچ دیا اور بیچنے والے کا دل اس چیز کی طرف متوجہ نہیں ہوتا جس کا اس نے سودا کیا ہے اور اگر آخرت کو دیکھا جائے تو اس نے اسے خریدا اور اس کا مشتاق ہوا تو جس چیز کو اس نے خریدا اور اس کو دیکھ کر وہ کس قدر خوش ہوگا اور جس چیز کو بیچا ہے جب وہ اس سے جدا ہو جائے تو اس کی طرف توجہ کم ہوتی ہے۔ اور دل کا محبت خداوندی کے لیے خالی ہونا کبھی کبھی ہوتا ہے، لیکن چونکہ ایسی حالت پر موت نہیں آتی ہے اس لیے وہ بدل جاتا ہے۔ اور بُرائی موت کا سبب ہے بس وہ اسی حالت میں موت آنے کا سبب ہے۔
تو یہ ایک عظیم لذت ہے کیونکہ لذت کا معنی یہی ہے کہ انسان جو کچھ چاہتا ہے اس کو پائے ارشاد خداوندی ہے
وَلَهُمْ مَا يَشْتَهُونَ [1] — اور ان کے لیے وہ کچھ ہے جو وہ چاہتے ہیں۔
تو جنتی لذتوں کے سلسلے میں یہ سب سے زیادہ جامع عبارت ہے۔ اور سب سے بڑا عذاب یہ ہے کہ انسان کو اس کی مراد سے روک دیا جائے جیسے ارشاد خداوندی ہے۔
وَحِيلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُونَ [2] — اور جو کچھ وہ چاہتے تھے اس کے اور ان کے لوگوں کے درمیان رکاوٹ پیدا ہوگئی۔
اور جہنم کی سزاؤں کے سلسلے میں یہ سب سے زیادہ جامع عبارت ہے اور یہ وہ لذت ہے جسے شہید روح کے پرواز کرتے ہی فوراً پاتا ہے، اور یہ بات ارباب قلوب پر نور یقین کے ساتھ منکشف ہوتی ہے۔ اگر اس پر نقلی دلائل چاہتے ہو تو شہدا کے بارے میں وارد تمام احادیث اس پر دلالت کرتی ہیں اور ہر حدیث میں ان کی لذتوں کو الگ عبارت سے تعبیر کیا گیا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ فرماتی ہیں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد اُحد کے دن شہید ہو گئے، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے جابر! کیا میں تمہیں خوشخبری نہ دوں؟ انہوں نے عرض کیا کیوں نہیں بالکل فرمائیے! اللہ تعالیٰ آپ کو اچھی طرح بشارت دے آپ نے فرمایا۔
اللہ تعالیٰ نے آپ کے باپ کو زندہ کیا اور اپنے سامنے بٹھایا اور فرمایا اے میرے بندے! جو کچھ چاہتے ہو مجھ سے خواہش کرو میں تمہیں دوں گا انہوں نے عرض کیا اے میرے رب! میں نے کما حقہ تیری عبادت نہیں کی میں تجھ سے چاہتا ہوں کہ تو مجھے دنیا کی طرف بھیج دے پس میں تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ لڑوں اور ایک بار پھر تیری راہ میں شہید ہو جاؤں اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں نے پہلے سے یہ فیصلہ کر رکھا ہے کہ تم دنیا میں

[1] قرآن مجید سورہ نحل آیت ۵۷
[2] 〃 سورہ سبا، آیت ۵۴

دوبارہ نہیں جاؤ گے۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جنت میں ایک شخص رو رہا ہو گا اس سے پوچھا جائے گا کہ تو کیوں روتا ہے، حالانکہ تو جنت میں ہے؟ وہ کہے گا کہ میں اس لیے روتا ہوں کہ میں اللہ تعالیٰ کے راستے میں صرف ایک بار قتل ہوا میں چاہتا تھا کہ دوبارہ لوٹایا جاؤں اور کئی بار قتل کیا جاؤں۔

جان لو کہ مومن کے وصال کے بعد اس کے لیے جلال الٰہی سے اس قدر وسعت منکشف ہوتی ہے کہ اس کے مقابلے میں دنیا قید خانہ اور تنگ کوٹھری دکھائی دیتی ہے اور اس کی مثال اس شخص کی طرح ہوتی ہے جو اندھیرے کمرے میں قید ہو اور اس کمرے کا دروازہ ایک ایسے باغ کی طرف کھلتا ہو جس کے کنارے وسیع ہوں اور حد نگاہ تک ہوں اور اس میں طرح طرح کے درخت، پھول، پھل، اور پرندے ہوں پس وہ اس تاریک قید میں واپس آنا نہ چاہتا ہو۔ اس سلسلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مثال بیان فرمائی ایک شخص مرگیا تھا تو آپ نے فرمایا۔

اَصْبَحَ هٰذَا مَنْ تَحَلَّ عَنِ الدُّنْيَا وَتَرَكَهَا لِاَهْلِهَا فَاِنْ كَانَ قَدْ رَضِيَ فَلَا يَسُرُّهُ اَنْ يَرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا كَمَا لَا يَسُرُّ اَحَدَكُمْ اَنْ يَرْجِعَ اِلٰى بَطْنِ اُمِّهٖ۔	یہ شخص دنیا سے کوچ کر گیا اور دنیا کو اپنے گھر والوں کے لیے چھوڑ گیا اگر وہ (اس موت پر) راضی ہے تو اسے دنیا کی طرف لوٹنا اچھا نہیں لگے گا، جس طرح تم میں سے کوئی ایک ماں کے پیٹ میں واپس جانا نہیں چاہتا

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث کے ذریعے بتایا کہ دنیا کے مقابلے میں آخرت کی وسعت اسی طرح ہے جس طرح شکم مادر کے اندھیرے کے مقابلے میں دنیا کی وسعت ہے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ مَثَلَ الْمُؤْمِنِ فِي الدُّنْيَا كَمَثَلِ الْجَنِيْنِ فِيْ بَطْنِ اُمِّهٖ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَطْنِهَا بَكٰى عَلٰى مَخْرَجِهٖ حَتّٰى اِذَا رَاَى الضَّوْءَ وَرُضِعَ لَمْ يُحِبَّ اَنْ يَرْجِعَ اِلٰى مَكَانِهٖ۔	دنیا میں مومن کی مثال ماں کے پیٹ میں موجود بچے کی طرح ہے جب وہ اس کے پیٹ سے نکلتا ہے تو اپنے نکلنے پر روتا ہے یہاں تک کہ جب روشنی دیکھتا ہے اور اس کی پیدائش ہو جاتی ہے تو اپنے مکان کی طرف لوٹنا پسند نہیں کرتا

اسی طرح مومن موت سے گھبراتا ہے لیکن جب اپنے رب کی طرف چلا جاتا ہے۔ تو دنیا کی طرف لوٹنا پسند نہیں کرتا جس طرح پیٹ سے باہر آنے والا بچہ اپنی ماں کے پیٹ کی طرف لوٹنا پسند نہیں کرتا۔

لہ۔ مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۳۱۷ کتاب المناقب۔

ٹہ۔

سہ۔ کنز العمال جلد ۱۵ ص ۵۷۰ حدیث ۴۲۲۱۲۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ فلاں شخص مرگیا ہے آپ نے فرمایا،

مُسْتَرِیحٌ اَوْ مُسْتَرَاحٌ مِنْهُ۔ [1]
یہ شخص راحت پانے والا ہے یا اس سے دوسروں نے آرام پایا۔

تو لفظ "مستریح" (آرام پانے والا) سے مومن اور "مستراح منہ" (جس سے آرام مل گیا) سے کافر مراد ہے کیونکہ اس سے دنیا کو آرام و سکون مل جاتا ہے۔

حضرت ابو عمر رضی اللہ عنہ پانی پلانے والے (یا پانی والے) فرماتے ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ ہمارے پاس سے گزرے اور ہم (اس وقت) بچے تھے، آپ نے ایک قبر کو دیکھا کہ وہاں کھوپڑی کھلی ہوئی تھی آپ نے ایک شخص کو حکم دیا تو اس نے اسے چھپا لیا پھر فرمایا ان جسموں کو یہ مٹی کچھ نقصان نہیں پہنچاتی اور قیامت کے دن تک ان روحوں کو عذاب یا ثواب ہوتا ہے۔

حضرت عمرو بن دینار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہر مرنے والے کو اس بات کا علم ہوتا ہے کہ اس کے بعد اس کے گھر میں کیا ہو رہا ہے اور جب اسے غسل دیتے اور کفن پہناتے ہیں تو ان کو دیکھ رہا ہوتا ہے۔

حضرت مالک بن انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ مومن کی روحیں آزاد ہوتی ہیں جہاں چاہیں جاتی ہیں۔

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، میں نے منبر پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ نے فرمایا،

اِلَّا اِنَّهُ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا مِثْلُ الذُّبَابِ يَمُوْرُ فِيْ جَوِّهَا فَاللّٰهَ اللّٰهَ فِيْ اِخْوَانِكُمْ مِنْ اَهْلِ الْقُبُوْرِ فَاِنَّ اَعْمَالَكُمْ تُعْرَضُ عَلَيْهِمْ۔ [2]

سنو! دنیا سے صرف مکھی کے برابر باقی رہ گیا ہے وہ اپنی فضا میں اڑتی ہے اپنے قبروں والے بھائیوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو بے شک تمہارے اعمال ان کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں۔

لَا تَفْضَحُوْا مَوْتَاكُمْ بِسَيِّئَاتِ اَعْمَالِكُمْ فَاِنَّهَا تُعْرَضُ عَلٰى اَوْلِيَائِكُمْ مِنْ اَهْلِ الْقُبُوْرِ۔ [3]

اپنے برے اعمال کے ذریعے اپنے فوت شدہ لوگوں کو اذیت نہ دو کیونکہ تمہارے اعمال اہل قبور میں سے تمہارے دوستوں پر پیش کیے جاتے ہیں۔

اسی لیے حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے یہ دعا مانگی،

یا اللہ! میں ایسا عمل کرنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں جس کی وجہ سے حضرت عبد اللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کے سامنے مجھے شرمندگی اٹھانا پڑے۔ ... اور حضرت عبد اللہ بن رواحہ ان کے ماموں تھے جو فوت ہو چکے تھے۔

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ جب مومن انتقال کرتے ہیں تو ان کی ارواح کہاں جاتی ہیں؟ آپ نے فرمایا سفید پرندوں کے پوٹوں میں عرش کے سائے میں ہوتی ہیں جب کہ کافروں کی روحیں ساتویں

---

[1] صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۶۳ کتاب الرقاق۔
[2] کنز العمال جلد ۱۵ ص ۶۸۵ حدیث ۴۲۷۴۹
[3] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۱۶۵ [illegible]

زمین میں جاتی ہیں۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا۔

اِنَّ الْمَیِّتَ یَعْرِفُ مَنْ یَغْسِلُہٗ وَمَنْ یَحْمِلُہٗ وَمَنْ یُدَلِّیْہِ فِیْ قَبْرِہٖ [1]

میت کو اس بات کی پہچان ہوتی ہے کہ اسے کون غسل دے رہا ہے۔ اور کون اسے اٹھاتا ہے نیز اسے قبر میں کون کون اتارتا ہے۔

حضرت صالح مری رحمۃ اللہ فرماتے ہیں مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ موت کے وقت روحوں کے درمیان ملاقات ہوتی ہے تو فوت شدہ لوگوں کی روحیں ان روحوں سے جو ان کی طرف جا رہی ہیں کہتی ہیں، تمہارا ٹھکانہ کیسا تھا اور تم پاک جسم میں رہی ہو یا ناپاک جسم میں؟...

حضرت عبید بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اہل قبور خبروں کے منتظر رہتے ہیں جب ان کے پاس کوئی میت آتی ہے تو وہ کہتے ہیں فلاں شخص نے کیا کیا وہ کہتا ہے کیا وہ تمہارے پاس نہیں آیا یا وہ تمہارے پاس نہیں بھیجا گیا؟ وہ کہتے ہیں "انا للہ وانا الیہ راجعون" اسے کسی اور راستے پر لے جایا گیا، ہمارے ہاں نہیں آیا....

حضرت جعفر بن سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب کوئی شخص فوت ہوتا ہے تو اس کا (فوت شدہ) لڑکا اس طرح استقبال کرتا ہے جس طرح کسی آنے والے مسافر کا استقبال کیا جاتا ہے۔

حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں آدمی کو قبر میں اس کے بیٹے کے نیک ہونے کی خوشخبری دی جاتی ہے۔

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا۔

جب مومن کی روح پرواز کرتی ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رحمت والے اس سے اس طرح ملاقات کرتے ہیں جس طرح دنیا سے خوشخبری دینے والے سے ملاقات کی جاتی ہے۔ وہ کہتے ہیں اپنے بھائی کو مہلت دو حتی کہ یہ آرام پائے کیونکہ یہ سخت تکلیف میں مبتلا تھا پھر وہ اس سے پوچھتے ہیں فلاں نے کیا کیا؟ فلاں عورت نے کیا کیا؟ کیا فلاں عورت کی شادی ہو گئی ہے؟ جب وہ اس سے اس شخص کے بارے میں پوچھتے ہیں جو اس سے پہلے مر چکا ہوتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ وہ شخص مجھ سے پہلے مر گیا تھا تو وہ "انا للہ وانا الیہ راجعون" پڑھتے ہیں اور کہتے ہیں وہ اپنے ٹھکانے دوزخ میں لے جایا گیا [2]

---

[1] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۳ مرویات ابو سعید خدری۔

[2] المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۴ ص ۱۲۹ حدیث ۳۸۸۷

فصل ۲۱

قبر کا میت سے کلام کرنا

مردے یا تو زبان سے کلام کرتے ہیں یا حال سے جو مردوں کو سمجھانے کے لیے زبان کے مقابلے میں زیادہ فصیح ہے جو زندوں کو سمجھانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

جب میت کو قبر میں رکھا جاتا ہے تو قبر اس سے کہتی ہے۔ اے بد بخت انسان! تجھے میرے بارے میں کس نے دھوکے میں ڈالا گیا تجھے معلوم نہ تھا کہ میں آزمائش کا گھر ہوں، اندھیری کوٹھڑی، تنہائی اور کیڑوں مکوڑوں کا گھر ہوں جب تو میرے اوپر اکڑ کر چلتا تھا کبھی قدم آگے کی طرف جاتے کبھی پیچھے کی طرف۔ تو تجھے کس چیز نے دھوکہ دیا۔ اگر وہ نیک ہو تو اس کی طرف سے کوئی جواب دینے والا جواب دیتا ہے۔ اور کہتا ہے (اے قبر) کیا تو نے نہیں دیکھا کہ یہ شخص نیکی کا حکم دیتا اور برائی سے روکتا تھا تو قبر کہتی ہے۔ اگر یہ بات ہے تو میں اس پر سرسبز ہو جاتی ہوں اس کا جسم نور میں بدل جائے گا اور اس کی روح اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹ جائے گی۔ [1]

حضرت عبید بن عمیر اللیثی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جب بھی کوئی شخص مرتا ہے تو اس کی قبر جس میں وہ دفن کیا جائے گا کہتی ہے " میں اندھیری کوٹھڑی ہوں اور تنہائی کا گھر ہوں اگر تو اپنی زندگی میں اللہ تعالیٰ کا فرمانبردار تھا تو آج میں تجھ پر رحمت بنوں گی اور اگر تو اس کا نافرمان تھا تو آج میں تجھ پر عذاب بنوں گی، میں وہ ہوں کہ جو اطاعت گزار ہو کر مجھ میں داخل ہو وہ خوش خوش نکلے گا اور جو اللہ تعالیٰ کا نافرمان ہو کر مجھ میں داخل ہو وہ تباہ و برباد ہو کر نکلے گا۔

حضرت محمد بن صبیح رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ جب کوئی شخص قبر میں رکھا جاتا ہے اور اسے عذاب دیا جاتا ہے یا اسے بعض ناپسندیدہ باتیں پہنچتی ہیں تو اس کے مردہ پڑوسی کہتے ہیں اپنے بھائیوں اور پڑوسیوں سے پیچھے رہنے والے کیا تو نے ہم سے عبرت حاصل نہ کی کیا تو تے اپنے آپ سے پہلے آنے والوں کا حال نہ سوچا کیا تو نے نہیں دیکھا کہ ہمارے اعمال کا سلسلہ ختم ہو گیا اور تیرے پاس مہلت تھی، کیا تو نے ان باتوں کا تدارک نہ کیا جو پہلے والوں سے رہ گئی تھیں۔ تجھے زمین کا ٹکڑا آواز دیتا تھا کہ اے دنیا کے ظاہر سے دھوکہ کھانے والے کیا تو نے گھر کے ان افراد سے عبرت حاصل نہیں کرتا جو زمین کے پیٹ میں چھپ گئے۔ اور تجھ سے پہلے وہ بھی دنیا کے دھوکے میں مبتلا ہوئے پھر ان کی موت ان کو قبروں کی طرف لے گئی اور تو نے دیکھا کہ ان کے محبوب لوگ ان کو اپنے کاندھوں پر اٹھائے اس منزل کی طرف لے جا رہے ہیں جو ان کے لیے ضروری تھی۔

---

[1] حلیۃ الاولیاء جلد ۶ ص ۹۰ ترجمہ ۳۴۴

حضرت یزید رقاشی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ جب میت کو قبر میں رکھا جاتا ہے تو اس کے اعمال اسے گھیر لیتے ہیں پھر اللہ تعالیٰ ان کو قوت گویائی عطا فرماتا ہے، تو وہ کہتے ہیں اے قبر میں تنہائی گزارنے والے! تم سے دوست احباب الگ ہو گئے گھر والے بھی تمہیں چھوڑ گئے پس ہمارے پاس تمہارے سوا کوئی انیس نہیں ہے

حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب نیک بندے کو قبر میں رکھا جاتا ہے تو اس کے اچھے اعمال جیسے نماز، روزہ حج، نماز اور صدقہ وغیرہ اسے گھیر لیتے ہیں، اب عذاب کے فرشتے اس کے پاؤں کی طرف سے آتے ہیں نماز کہتی ہے اسے چھوڑ دو تم اس کی طرف راہ نہیں پا سکتے یہ شخص اللہ تعالیٰ (کی رضا) کے لیے ان پاؤں پر کھڑا رہتا تھا پھر وہ اس کے سر کی طرف سے آتے ہیں تو روزہ کہتا ہے تم اس تک نہیں جا سکتے اس نے دنیا میں اللہ تعالیٰ کے لیے بہت زیادہ پیاس برداشت کی لہٰذا تم اس تک نہیں پہنچ سکتے اب وہ اس کے جسم کی طرف سے آتے ہیں تو حج اور جہاد کہتے ہیں اس سے دور ہو جاؤ اس نے اپنے نفس کو مشقت میں ڈالا اور بدن کو تھکایا اور اللہ تعالیٰ کے لیے جہاد کیا لہٰذا تم اس تک نہیں پہنچ سکتے فرماتے ہیں پھر وہ اس کے سامنے کی طرف سے آتے ہیں تو صدقہ کہتا ہے میرے دوست سے رک جاؤ اس نے اپنے ان دونوں ہاتھوں سے بہت زیادہ صدقہ دیا ہے، حتیٰ کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں چلا گیا اور اس نے اس کی رضا حاصل کرنے کی خاطر دیا تھا پس تم اس تک نہیں پہنچ سکتے۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اب اس سے کہا جاتا ہے تمہیں مبارک ہو تم نے اچھی زندگی گزاری اور اچھی موت پائی، فرماتے ہیں اور اس کے پاس رحمت کے فرشتے آتے ہیں اور اس کے لیے جنت کا بچھونا بچھاتے ہیں اور جنتی کمبل ہوتا ہے، اور اس کی قبر کو حد نگاہ تک کشادہ کیا جاتا ہے، اور جنت سے ایک قندیل لائی جاتی ہے اور وہ قبر سے اٹھنے تک اس کی روشنی میں رہتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عبید بن عمیر رضی اللہ عنہ ایک جنازے کے ساتھ تھے تو انہوں نے فرمایا مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

میت (قبر میں) بٹھایا جاتا ہے اور وہ ساتھ آنے والوں کی آواز سنتا ہے اور اس سے قبر کے علاوہ کوئی چیز کلام نہیں کرتی قبر کہتی ہے اے خانہ خراب انسان! کیا تجھے مجھ سے ڈرایا نہیں گیا تھا میری تنگی، بدبو، خوفناک منظر اور کیڑوں سے ڈرایا جاتا ہے تو تو نے میرے لیے کیا تیاری کی ہے۔ [1]

فصل ۳

عذاب قبر اور نکیرین کے سوالات

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ انصار میں سے ایک شخص کے

---

[1] کتاب الزهد والرقائق ص ۱۴۱ حدیث ۱۲۳

کے جنازے کے ساتھ نکلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سرانور کو جھکا کر اس کی قبر کے پاس بیٹھ گئے پھر تین بار ارشاد فرمایا الٰہی! میں عذاب قبر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ اس کے بعد فرمایا جب ایماندار آدمی آخرت کے قریب ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں کو بھیجتا ہے گویا ان کے چہرے سورج ہیں ان کے پاس اس کی خوشبو اور کفن ہوتا ہے وہ اس کے سامنے حد نگاہ تک بیٹھتے ہیں جب اس کی روح نکلتی ہے تو وہ تمام فرشتے جو آسمان و زمین کے درمیان ہیں اور تمام آسمانی فرشتے اس کے لیے رحمت کی دعا مانگتے ہیں اور آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں پس اس کا ہر دروازہ اس کی روح کو اپنے اندر لے جانا چاہتا ہے جب اس کی روح اوپر لے جائی جاتی ہے تو کہا جاتا ہے یا اللہ! یہ تیرا فلاں بندہ ہے کہا جاتا ہے اس کو واپس لے جاؤ اور اس کو دکھاؤ جو آسمان کرامت میں نے اس کے لیے تیار کیا ہے کیونکہ میں نے اس سے وعدہ کیا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

مِنۡهَا خَلَقۡنٰكُمۡ وَفِيۡهَا نُعِيۡدُكُمۡ [1]	اسی زمین میں ہم نے تمہیں پیدا کیا اور اسی میں تمہیں لوٹائیں گے۔

میت لوگوں کے جوتوں کی آواز سنتا ہے جب وہ واپس پھرتے ہیں حتیٰ کہ کہا جاتا ہے اے فلاں! تیرا رب کون ہے، اور تیرا دین کیا ہے اور تیرا نبی کون ہے؟ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ تعالیٰ ہے۔ میرا دین اسلام ہے اور میرے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، آپ نے فرمایا وہ (دونوں فرشتے) اسے بہت زیادہ جھڑکتے ہیں اور یہ سب آخری آزمائش ہے جس میں میت کو مبتلا کیا جاتا ہے، پس جب وہ یہ بات کہتا ہے تو ایک منادی آواز دیتا ہے۔ تو نے سچ کہا اور اس ارشاد خداوندی کا یہی مطلب ہے۔

يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا بِالۡقَوۡلِ الثَّابِتِ [2]	اللہ تعالیٰ سچے ایمان والوں کو سچے قول کے ساتھ ثابت قدم رکھتا ہے۔

پھر اس کے پاس ایک آنے والا آتا ہے۔ جو نہایت خوبصورت ہوتا ہے۔ اس سے عمدہ خوشبو نکلتی ہے اور اس کے کپڑے بھی عمدہ ہوتے ہیں وہ کہتا ہے تجھے تیرے رب کی رحمت اور جنتوں کی خوشخبری ہو جن میں دائمی نعمتیں ہیں وہ کہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ تجھے بھی بھلائی کی بشارت دے تو کون ہے؟ وہ کہتا ہے میں تیرا عمل صالح ہوں اللہ کی قسم! میں جانتا تھا کہ تو نیکی کی طرف جلدی کرنے والا اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں تاخیر کرنے والا تھا اللہ تعالیٰ تجھے جزائے خیر عطا فرمائے پھر ایک منادی ندا دیتا ہے کہ اس کے لیے جنت کا بچھونا بچھاؤ اور اس کے لیے جنت کی طرف

---

[1] قرآن مجید، سورہ طٰہٰ آیت ۵۵

[2] " " سورہ ابراہیم آیت ۲۷

دروازہ کھولو پس اس کے لیے جنتی بچھونا بچھایا جاتا ہے۔ اور جنت کی طرف دروازہ کھولا جاتا ہے۔ پس وہ کہتا ہے یا اللہ! جلد از جلد قیامت قائم فرما تاکہ میں اپنے اہل و مال کی طرف لوٹ جاؤں۔

اور کافر کی حالت یہ ہے کہ جب وہ آخرت کے کچھ قریب ہوتا ہے اور دنیا سے اس کا رشتہ منقطع ہونے لگتا ہے۔ تو اس کی طرف فرشتے نازل ہوتے ہیں، جو نہایت سخت ہوتے ہیں ان کے پاس آگ کا لباس اور گندھک کی قمیض ہوتی ہے وہ اسے گھیر لیتی ہے۔ جب اس کی روح نکلتی ہے تو آسمان وزمین کے درمیان والے فرشتے اور تمام آسمانی فرشتے اس پر لعنت بھیجتے ہیں اور (اس پر) آسمان کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں ہر دروازہ اس کے گزرنے کو ناپسند کرتا ہے جب اس کی روح کو اوپر لے جایا جاتا ہے۔ تو اسے پھینک دیا جاتا ہے۔ اور کہا جاتا ہے الٰہی! یہ تیرا فلاں بندہ ہے۔ اسے آسمان قبول کرتا ہے نہ زمین تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اس کو واپس لے جاؤ اور میں نے اس کے لیے جو بھی شہر تیار کیا ہے وہ اسے دکھاؤ کیونکہ میں نے اس سے وعدہ کیا ہے۔ ارشاد خداوندی ہے۔

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ[1] — اسی سے ہم نے تمہیں پیدا کیا اور اسی میں ہم تمہیں لوٹا دیں گے۔

اور وہ لوگوں کے جوتوں کی آواز سنتا ہے جب وہ پیٹھ پھیر کر واپس جاتے ہیں حتیٰ کہ اس سے پوچھا جاتا ہے۔ اے فلاں! تیرا رب کون ہے؟ تیرا نبی کون ہے؟ اور تیرا دین کیا ہے؟ وہ کہتا ہے میں نہیں جانتا پس کہا جاتا ہے تو نہ جانے پھر اس کے پاس ایک آنے والا آتا ہے جو نہایت بدصورت، بدبودار اور بدلباس ہوتا ہے وہ کہتا ہے تجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ناراضگی اور دردناک دائمی عذاب کی خبر ہو وہ کہتا ہے اللہ تعالیٰ تجھے بری خبر سنائے تو کون ہے؟ وہ کہتا ہے میں تیرا برا عمل ہوں اللہ کی قسم تو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں جلدی کرتا اور اس کی فرمانبرداری میں تاخیر کرتا تھا اللہ تعالیٰ تجھے برا بدلہ دے وہ کہتا ہے اللہ تعالیٰ تجھے بھی برا بدلہ دے پھر اس پر ایک بہرہ، اندھا اور گونگا مقرر کیا جاتا ہے اس کے پاس لوہے کا ایک گرز ہوتا ہے اگر جن وانسان اسے مل کر اٹھانا چاہیں تو نہیں اٹھا سکتے اگر اسے پہاڑ پر مارا جائے تو وہ مٹی بن جائے۔

اب وہ اسے ایک ضرب مارتا ہے تو وہ (کافر) مٹی ہو جاتا ہے۔ پھر اس میں روح لوٹ آتی ہے تو وہ اس کی آنکھوں کے درمیان ایک ضرب لگاتا ہے تو جنوں انسانوں کے علاوہ تمام زمینوں کی مخلوق اسے سنتی ہے فرمایا پھر ایک منادی اعلان کرتا ہے کہ اس کے لیے آگ کی تختیاں بچھاؤ اور جہنم کی طرف ایک دروازہ کھولو پس اس کے لیے آگ کی دو تختیاں بچھائی جاتی ہیں اور جہنم کی طرف دروازہ کھولا جاتا ہے [2]

---

[1] قرآن مجید، سورہ طٰہٰ آیت ۵۵۔

[2] سنن ابی داؤد جلد ۲ ص ۲۹۸ کتاب السنۃ۔

حضرت محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص بھی مرتا ہے اس کے اچھے اور برے اعمال موت کے وقت مثالی شکلوں میں آتے ہیں تو وہ اپنی نیکیوں کی طرف دیکھتا ہے اور برائیوں سے آنکھیں بند کر لیتا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

جب مومن کی موت کا وقت آتا ہے تو اس کے پاس فرشتے ایک ریشمی کپڑا لے کر آتے ہیں، جس میں کستوری اور ریحان کے بنڈل ہوتے ہیں، پس اس کی روح اس طرح نکالی جاتی ہے جس طرح گوندھے ہوئے آٹے سے بال نکالا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے اے مطمئن نفس! اپنے رب کی طرف یوں نکل کہ تو اس سے راضی ہو اور وہ تجھ سے راضی ہے، اللہ تعالیٰ کی طرف روح اور کرامت کیطرف نکل پس جب اس کی روح نکالی جاتی ہے تو اس کو کستوری اور ریحان پر رکھا جاتا ہے اور اس پر ریشمی کپڑا لپیٹ کر اسے علیین کی طرف بھیج دیا جاتا ہے۔

اور جب کافر کی موت کا وقت آتا ہے، تو اس کے پاس فرشتے ٹاٹ میں چنگاریاں لے کر آتے ہیں پس اس کی روح کو نہایت سختی سے نکالا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے اے خبیث روح! اس حال میں باہر نکل کہ تو اس (اللہ تعالیٰ) سے ناراض اور وہ تجھ سے ناراض ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں تیرے لیے ذلت اور عذاب ہے پس جب اس کی روح کو نکالا جاتا ہے تو اسے انگاروں پر رکھ دیا جاتا ہے۔ اور اس سے جوش مارنے والے پانی کی طرح آواز آتی ہے پھر اسے ٹاٹ میں لپیٹ کر سجین (سب سے نچلے درجہ) کی طرف لے جایا جاتا ہے [1]

حضرت محمد بن کعب قرظی رحمۃ اللہ نے آیت پڑھی۔

حَتّٰى إِذَا جَاءَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ لَعَلِّیْ أَعْمَلُ صَالِحًا فِیْمَا تَرَكْتُ [2]

یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی ایک کو موت آتی ہے تو وہ کہتا ہے اے میرے رب مجھے واپس بھیج دے تاکہ جو اچھے کام میں چھوڑ آیا ہوں ان کو بجالاؤں۔

پھر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے تو کیا چاہتا ہے؟ تجھے کس چیز میں رغبت ہے؟ کیا تو اس لیے واپس جانا چاہتا ہے، کہ مال جمع کرے، درخت لگائے، مکان تعمیر کرے اور نہریں نکالے وہ کہتا ہے نہیں بلکہ اس لیے کہ میں نے جو اعمال صالح نہیں کیے، ان کو بجالانا چاہتا ہوں فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ہرگز نہیں۔ تو موت کے وقت وہ یہ بات کہتا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

"مومن اپنی قبروں میں ایک سرسبز باغ میں ہوتا ہے اور اس کی قبر ستر گز کشادہ کی جاتی ہے اور روشن ہوتی ہے۔

---

[1] المستدرک للحاکم جلد اول ص ۳۵۳ کتاب الجنائز، حلیۃ الاولیاء جلد ۳ ص ۱۰۴ ترجمہ ۲۱۸

[2] قرآن مجید، سورہ مومنون آیت ۹۹، ۱۰۰

حتیٰ کہ وہ چودھویں رات کے چاند کی طرح ہوتی ہے اور تمہیں معلوم ہے یہ آیت کس کے بارے میں اتری ہے، ارشاد خداوندی ہے۔

فَاِنَّ لَہٗ مَعِیشَۃً ضَنکًا۔ پس بے شک اس کی زندگی تنگ ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں، آپ نے فرمایا۔

کافر کو قبر میں یوں عذاب ہوتا ہے، کہ اس پر ننانوے ''تنینن'' مسلط کر دیئے جاتے ہیں کیا تم جانتے ہو تنینن کیا ہے؛ وہ ننانوے سانپ ہیں ہر سانپ کے سات پھن ہیں وہ اسے قیامت تک کاٹتے، چاٹتے اور پھنکارتے رہیں گے۔

اس خصوصی تعداد سے تعجب نہیں ہونا چاہیے کیونکہ یہ سانپ اور بچھو اخلاق مذمومہ یعنی تکبر، ریاکاری، حسد، کینے اور دیگر بری صفات کی تعداد کے مطابق ہیں کیونکہ ان برے اخلاق کی اصل چند گنتی کے امور ہیں پھر ان سے متعدد شاخیں نکلتی ہیں، اور یہ بری صفات ذاتی طور پر ہلاک کرنے والی ہیں، اور یہی بچھوؤں اور سانپوں میں بدلتی ہیں ان میں سے جو زیادہ طاقتور ہے، وہ تنینن سانپ کی طرح کاٹتا ہے اور کمزور بچھو کی طرح کاٹتا ہے اور جو درمیان والے اخلاق بد ہیں وہ عام سانپ کی طرح اذیت پہنچاتے ہیں، اور ارباب قلوب بصیرت نور بصیرت سے ان مہلکات اور ان کی شاخوں کے پھیلاؤ کو دیکھتے ہیں لیکن ان کی تعداد کتنی ہے اس پر آگاہی صرف نور نبوت سے ہو سکتی ہے، اس قسم کی روایات کا ظاہر صحیح اور اسرار پوشیدہ ہیں لیکن ارباب بصیرت پر واضح ہے لہٰذا جس شخص پر ان کے حقائق واضح نہ ہوں وہ ان کے ظاہر کا انکار نہ کرے، بلکہ کم از کم درجہ ایمان تصدیق کرنا اور مان لینا ہے۔

سوال:۔ ہم دیکھتے ہیں کہ کافر اپنی قبر میں مدت تک اسی طرح رہتا ہے لیکن ان باتوں میں سے کوئی بات نہیں پائی جاتی تو مشاہدے کے خلاف بات کی تصدیق کس طرح کی جا سکتی ہے۔

جواب:۔ جان لو کہ ان جیسے امور کی تصدیق کے تین مقام ہیں اور وہ یہ ہیں۔

۱:۔ یہ مقام سب سے واضح، زیادہ صحیح اور اعتراض سے زیادہ محفوظ ہے، یعنی اس طرح تصدیق کی جائے کہ یہ چیزیں موجود ہیں، اور میت کو کاٹتی ہے، لیکن تم ان کو نہیں دیکھتے کیونکہ آنکھ عالم ملکوت سے تعلق رکھنے والے امور کو دیکھنے کی صلاحیت نہیں رکھتی اور ہر وہ بات جس کا آخرت سے تعلق ہو وہ عالم ملکوت سے ہے۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کس طرح حضرت جبریل علیہ السلام کے اترنے پر ایمان رکھتے تھے حالانکہ ان کو دیکھتے نہیں تھے اور ان کا ایمان تھا کہ نبی کرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کو دیکھتے ہیں اور اگر تم اس بات پر ایمان نہیں رکھتے

لہ۔ قرآن مجید، سورہ طٰہٰ آیت ۱۲۴

۲ہ کنز العمال جلد ۲ ص ۳۰، ۳۱، حدیث ۳۰۱۲

تو پہلے فرشتوں اور وحی پر ایمان کی درستگی ضروری ہے، اور اگر تم اس بات پر ایمان رکھتے ہو اور اس بات کو جائز سمجھتے ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان چیزوں کا مشاہدہ بھی کرتے تھے، جن کا مشاہدہ امت نہیں کرتی تو یہ بات فوت شدہ کے حق میں جائز کیوں نہیں ہوگی، اور جس طرح فرشتہ انسانوں اور حیوانات کے مشابہ نہیں ہوتا اسی طرح سانپ اور بچھو جو قبر میں کاٹتے ہیں وہ دنیوی سانپوں کی جنس سے نہیں ہیں بلکہ وہ دوسری جنس سے ہیں اور ان کا ادراک کسی دوسری قوت احساس سے ہوتا ہے۔

۲۔ دوسرا مقام یہ ہے کہ تم سونے والے کے معاملے کو یاد کرو کہ کبھی وہ خواب میں دیکھتا ہے کہ اسے سانپ کاٹ رہا ہے اور اس کی وجہ سے اسے تکلیف ہوتی ہے حتیٰ کہ تم دیکھتے ہو کہ وہ نیند کی حالت میں چیختا ہے اور اس کی پیشانی پر پسینہ آجاتا ہے اور کبھی وہ اپنی جگہ سے اچھل پڑتا ہے اور اس سونے والے کو یہ سب کچھ معلوم نہیں ہوتا ہے اور اس سے اس کو جاگنے والے کی طرح اذیت پہنچتی ہے اور وہ اس کو دیکھ رہا ہوتا ہے، حالانکہ تم اسے پرسکون دیکھتے ہو اور تمہیں اس کے اردگرد سانپ نظر نہیں آتا جبکہ اس کے حق میں سانپ موجود ہے اور اسے عذاب ہو رہا ہے، لیکن تمہارے اعتبار سے نظر نہیں آتا اور جب اس کے کاٹنے کی تکلیف میں عذاب ہے تو اس بات میں کوئی فرق نہیں کہ وہ سانپ خیالی ہے یا نظر آ رہا ہے۔

۳۔ تیسرا مقام یہ ہے کہ تم جانتے ہو سانپ ذاتی طور پر اذیت ناک نہیں بلکہ تمہیں اس کا زہر نقصان پہنچاتا ہے پھر زہر بھی درد نہیں ہے بلکہ تمہیں زہر کے اثر سے تکلیف ہوتی ہے پس اگر ایسا ہی اثر زہر کے بغیر پایا جائے تو بدن میں بہت تکلیف ہوگی اور اس قسم کے عذاب اور تکلیف کو بیان نہیں کیا جا سکتا ہاں اس سبب کی طرف اس کی نسبت کی جائے جو عام طور پر اس تک پہنچاتا ہے اگر انسان میں جماع کی صورت کے علاوہ لذت جماع پیدا کر دی جائے تو اس کا بیان جماع کے حوالے سے بھی ہو سکتا ہے تاکہ سبب کی طرف نسبت سے اس کی تعریف ہو سکے اور اس کا ثمر معلوم ہو اگرچہ سبب کی صورت موجود نہیں ہوگی اور سبب بھی ذاتی طور پر مراد نہیں ہوتا بلکہ اس کا نتیجہ اور ثمرہ ہی مقصود ہوتا ہے اور یہ مہلک صفات موت کے وقت خود موذی اور تکلیف دہ بن جاتی ہیں اور ان سے پہنچنے والا درد سانپ کے ڈسنے کی طرح ہوتا ہے حالانکہ ان کا وجود نہیں ہوتا اور بری صفت کا موذی بن جانا اسی طرح ہے جیسے معشوق کی موت کے وقت عشق ایذا پہنچاتا ہے حالانکہ پہلے اس سے لذت حاصل ہوتی تھی لیکن اب اس پر ایسی حالت طاری ہو گئی کہ لذیز چیز خود بخود تکلیف دہ بن گئی حتیٰ کہ دل پر طرح طرح کی تکالیف وارد ہوتی ہیں اور اس بنیاد پر وہ تمنا کرتا ہے کہ کاش وہ عشق اور وصال سے لطف اندوز نہ ہوا ہوتا۔

بلکہ میت کو پہنچنے والے عذابوں میں سے ایک عذاب بعینہٖ یہی عذاب ہے کیونکہ اس نے اپنے آپ پر دنیا کے عشق کو مسلط کیا اور وہ اپنے مال، زمین، جاہ مرتبہ، اولاد، رشتہ داروں اور دوست احباب سے عشق کرنے لگا اگر زندگی میں

کوئی ایسا شخص اس سے یہ سب کچھ لے لیتا جس سے واپسی کی امید نہ ہوتی تو تم دیکھتے اس کا کیا حال ہوتا کیا وہ عظیم بدبختی کا شکار نہ ہوتا اور یہ تمنا نہ کرتا کہ کاش اس کے پاس مال بالکل نہ ہوتا اور نہ اسے کوئی جاہ و مرتبہ ملتا اور یوں وہ اس کے فراق سے اذیت نہ پاتا تو موت کا مطلب دنیا کی تمام محبوب چیزوں سے یکبارگی جدائی ہے۔

مَا حَالُ مَنْ كَانَ لَهٗ وَاحِدٌ — اس کا کیا حال ہوگا جس کا اکلوتا ہی ہو اور وہ

غُيِّبَ عَنْهُ ذٰلِكَ الْوَاحِدُ — غائب ہو جائے۔

تو اس شخص کا کیا حال ہوگا جو صرف دنیا کے حاصل ہونے پر خوش ہوتا ہے، اور اس سے دنیا کو لے کر اس کے دشمنوں کے حوالے کر دیا جائے اور اس پر اضافہ یہ کہ اُخروی نعمتوں کے نہ ملنے کی حسرت بھی ہو اور اللہ تعالیٰ سے حجاب بھی ہو کیونکہ غیر اللہ کی محبت اللہ تعالیٰ کی ملاقات اور اس سے لطف اندوزی کے راستے میں حجاب بن جاتی ہے۔

پس تمام محبوبوں سے فراق اور اخروی نعمتوں کے نہ ملنے کا افسوس نیز اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے مردود ہونے اور حجاب میں ہونے کی ذلت ہمیشہ ہمیشہ کے لیے یکے بعد دیگرے اس کا پیچھا کرتی ہے اور اسے اسی عذاب میں مبتلا کیا جاتا ہے، کیونکہ جدائی کی آگ کے بعد صرف جہنم کی آگ ہے جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے۔

كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ[1] — ہرگز نہیں! بے شک وہ اس دن اپنے رب سے پردے میں ہوں گے پھر بلا شبہ وہ جہنم میں جائیں گے۔

لیکن جو شخص دنیا سے مانوس نہ ہو اور صرف اللہ تعالیٰ سے محبت کرے اور اسے اللہ تعالیٰ کی ملاقات کا شوق بھی ہو وہ دنیا کے قید خانے اور اس میں خواہشات کی سختیاں بھگتنے میں چھوٹ جاتا ہے، اپنے محبوب کے ہاں چلا جاتا ہے اور تمام دنیوی رکاوٹیں ختم ہو جاتی ہیں نیز اسے اخروی نعمتیں پوری پوری دی جاتی ہیں اور اس کے ساتھ ہی وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ان نعمتوں کے زوال سے بے خوف ہوتا ہے اور اسی مقصد کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے، اور مقصد یہ ہے کہ آدمی کبھی اپنے گھوڑے کو چاہتا ہے حتیٰ کہ اگر اسے اختیار دیا جائے کہ یا تو اس سے گھوڑا لے لیا جائے یا اسے بچھو کاٹے تو وہ بچھو کے کاٹنے پر صبر کرنے کو ترجیح دیتا ہے، تو معلوم ہوا کہ گھوڑے کی جدائی کا دکھ بچھو کے کاٹنے سے زیادہ پریشان کن ہے اور جب اس سے گھوڑا لے لیا جائے تو یہ جدائی اسے کاٹتی ہے تو چاہیے کہ اس کاٹنے کے لیے تیار ہو جائے کیونکہ موت اس سے اس کا گھوڑا، سواری، گھر، زمین، اہل و اولاد، دوست احباب سب کچھ لے لیتی ہے اس سے اس کا جاہ و مرتبہ اور مقبولیت بھی لے لیتی ہے، بلکہ اس کی سماعت و بصارت اور

---

[1] قرآن مجید، سورۃ تطفیف آیت ۱۵، ۱۶۔

تمام اعضاء کو چھین لیتی ہے اور وہ ان تمام چیزوں کی واپسی سے مانوس ہو جاتا ہے اگر وہ ان چیزوں کے علاوہ کسی اور سے محبت نہ کرے اور اس سے یہ سب کچھ لے لیا جائے تو یہ (جدائی) بچھوؤں اور سانپوں سے زیادہ سخت ہے تو جس طرح اس کی زندگی میں یہ چیزیں لی جائیں تو اسے سخت تکلیف ہوتی ہے اسی طرح مرنے کے بعد بھی ہوتی ہے۔

کیونکہ ہم بیان کر چکے ہیں کہ تکالیف اور لذتوں کا ادراک کرنے والی قوت کے لیے موت نہیں ہے بلکہ موت کے بعد اس کا عذاب زیادہ سخت ہوتا ہے کیونکہ زندگی میں وہ ان اسباب سے تسلی حاصل کرتا ہے جن میں اس کے حواس مشغول ہوتے ہیں یعنی دوسروں کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے اور گفتگو کے ذریعے اسے تسلی ہوتی ہے اور اس کو اس بات کی امید بھی ہوتی ہے کہ اس چیز کا بدل مل جائے گا لیکن موت کے بعد تو کوئی تسلی نہیں کیونکہ تسلی کے تمام راستے بند ہو گئے اور مایوسی چھا گئی۔

تو اس کی ہر قمیص اور رومال جس کو چاہتا تھا کہ اگر اس سے لی جائے تو یہ بات اس کے لیے قابل برداشت نہ تھی تو اس پر اسے افسوس ہوتا ہے اور اگر دنیا میں ہلکا پھلکا رہے گا تو محفوظ رہے گا اور بزرگوں نے جو بات فرمائی کہ ہلکے پھلکے لوگ نجات پا گئے اس کا یہی مطلب ہے اور اگر دنیا میں زیادہ بوجھ ہو گا تو عذاب بھی زیادہ ہو گا اور جس طرح اس شخص کا حال جس کا ایک دینار چوری ہو جائے اس شخص کے مقابلے میں ہلکا ہوتا ہے جس کے دس دینار چوری ہو جائیں اسی طرح ایک درہم والے کا حال دو درہموں والے کے حال سے ہلکا ہوتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد گرامی کا یہی مطلب آپ نے فرمایا۔

صَاحِبُ الدِّرْهَمِ اَخَفُّ حِسَابًا مِنْ صَاحِبِ الدِّرْهَمَيْنِ [۱] — ایک درہم والا، دو درہموں والے کی نسبت ہلکا پھلکا ہے۔

اور دنیا کی جو بھی چیز تم موت کے وقت چھوڑو گے موت کے بعد اس کا افسوس ہو گا۔ اب تمہاری مرضی ہے زیادہ کرو یا کم اگر زیادہ حاصل کرو تو حسرت ہی زیادہ ہو گی اور اگر تھوڑا حاصل کرو گے تو تمہاری پیٹھ کا بوجھ ہی کم ہو گا اور ان مالدار لوگوں کی قبروں میں سانپ اور بچھو زیادہ ہوں گے جو دنیا کو آخرت پر ترجیح دیتے ہیں اس پر خوش ہوتے اور مطمئن ہوتے ہیں۔ تو قبر کے سانپوں اور بچھوؤں کے سلسلے میں ایمان کے مقامات یہ (مذکورہ بالا) ہیں اور دوسری قسموں کے عذابوں کا معاملہ بھی اسی طرح ہے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے خواب میں دیکھا کہ ان کا بیٹا فوت ہو گیا ہے تو انھوں نے فرمایا بیٹا مجھے

---

[۱] تذکرۃ الموضوعات ص ۱۷۸ باب ذم الدنیا۔

کچھ وصیت کرو اس نے کہا ابا جان! جو کچھ اللہ تعالیٰ کو منظور ہے اس کی مخالفت نہ کرو فرمایا بیٹا کچھ اور بتاؤ جواب دیا ابا جان آپ اس پر عمل نہیں کر سکیں گے فرمایا کہو، بیٹے نے جواب دیا اللہ تعالیٰ کے اور اپنے درمیان ایک قمیص کو حجاب نہ بنانا چنانچہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے تیس سال تک قمیص نہیں پہنی۔

سوال:۔ ان تین مقامات سے کون سا مقام صحیح ہے۔؟

جواب:۔ لوگوں میں بعض صرف پہلے مقام کے قائل ہیں دوسرے مقامات کا انکار کرتے ہیں بعض پہلے کے منکر ہیں اور دوسرے مقامات کو مانتے ہیں اور کچھ حضرات صرف تیسرے مقام کے قائل ہیں لیکن ہمارے لیے چشم بصیرت سے جو حق بات ظاہر ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ ہر ایک کا اپنا مقام ہے اور جو شخص ان میں سے بعض کا انکار کرتا ہے تو اس کی وجہ اس کے حوصلے کی تنگی ہے نیز وہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کی وسعت اور اس کی تدبیر کے عجائب سے جاہل ہیں پس وہ اللہ تعالیٰ کے ان بعض افعال کا انکار کرتا ہے جن سے وہ مانوس نہیں ہوتا۔ اور یہ جہالت اور کوتاہ فہمی ہے۔

بلکہ عذاب دینے کے سلسلے میں یہ تینوں طریقے ممکن ہیں اور ان کی تصدیق واجب ہے بعض بندوں کو ان میں سے کسی ایک عذاب میں مبتلا کیا جاتا ہے اور بعض کو تمام قسم کے عذاب دیئے جاتے ہیں ہم اللہ تعالیٰ کے قلیل و کثیر عذاب سے اس کی پناہ چاہتے ہیں۔

یہی حق ہے لہٰذا دلیل کے بغیر ہی تقلید کے طور پر اس کی تصدیق کی جائے ورنہ روئے زمین پر کوئی شخص ایسا نہیں جو اس بات کو بطور تحقیق جانتا ہو میں تمہیں اس بات کی وصیت کرتا ہوں کہ اس کی تفصیل میں نہ جانا اور نہ ہی اس کی معرفت میں مشغول ہونا بلکہ عذاب کو دور کرنے کی تدبیر اختیار کرو جس طرح بھی ہو سکے۔

اور اگر تم عمل اور عبادت کو چھوڑ کر بحث میں مشغول ہو گئے تو تمہاری مثال اس طرح ہو گی جیسے کسی شخص کو بادشاہ نے پکڑ کر قید کر دیا کہ اس کا ہاتھ کاٹے اور وہ تمام رات یہی بات سوچتا رہا کہ وہ چھری سے کاٹے گا یا تلوار سے یا استرے سے؟ اور اس نے اپنے آپ کو بچانے کے لیے کسی تدبیر کو اختیار کرنے کا راستہ چھوڑ دیا اور یہ انتہائی درجہ کی حالت ہے۔ اور یہ بات یقینی طور پر معلوم ہے کہ موت کے بعد بندہ یا تو بہت بڑے عذاب میں مبتلا ہو گا یا دائمی نعمت حاصل ہو گی لہٰذا اس کے لیے تیاری کی جائے جہاں تک عذاب ثواب کی تفصیل کے بارے میں بحث کا تعلق ہے تو وہ فضول بات ہے اور وقت کو ضائع کرنا ہے۔

فصل ۲:

منکر نکیر کے سوالات، قبر کا دبانا اور عذاب قبر

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی بندہ فوت ہو جاتا ہے تو اس

کے پاس سیاہ رنگ اور نیلی آنکھوں والے دو فرشتے آتے ہیں ان میں سے ایک کو منکر اور دوسرے کو نکیر کہا جاتا ہے وہ اس سے پوچھتے ہیں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کیا کہتا ہے؟ اگر وہ مومن ہو تو کہتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں، وہ کہتے ہیں ہمیں معلوم تھا کہ تم یہی جواب دو گے پھر اس کے لیے اس کی قبر کو ستر ستر گز کشادہ کر دیا جاتا ہے اور اس کی قبر کو منورہ کر دیا جاتا ہے اس کے بعد اس کے کہا جاتا ہے، سو جا، وہ کہتا ہے مجھے چھوڑو میں اپنے گھر والوں کی طرف جاؤں اور ان کو خبر دوں اس سے کہا جاتا ہے سو جا جس طرح دلہن سوتی ہے کہ اس کے گھر والوں میں سے صرف اس کا محبوب ہی جگاتا ہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ اسے اس کی قبر سے اٹھائے گا۔

اور اگر وہ منافق ہو تو کہتا ہے مجھے معلوم نہیں میں لوگوں سے سنتا تھا وہ کوئی بات کہتے تھے اور میں بھی کہتا تھا تو فرشتے کہتے ہیں، ہمیں معلوم تھا تم یہی بات کہو گے پھر زمین سے کہا جاتا ہے اس پر مل جا تو وہ اس پر مل جاتی ہے حتیٰ کہ اس کی پسلیاں اِدھر کی اُدھر ہو جاتی ہیں تو اسے مسلسل عذاب دیا جاتا ہے حتیٰ کہ اسے اس کی قبر سے اٹھایا جائے گا۔[1]

حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے فرمایا اے عمر! جب آپ کا انتقال ہوگا تو کیا کیفیت ہوگی آپ کی قوم آپ کو لے جائے گی اور آپ کے لیے تین گز لمبی اور ڈیڑھ گز چوڑی قبر تیار کریں گے پھر واپس آکر آپ کو غسل دیں گے اور کفن پہنائیں گے اور پھر خوشبو لگا کر آپ کو اٹھائیں گے حتیٰ کہ آپ کو قبر میں رکھ دیں گے پھر آپ کی قبر پر مٹی برابر کر دیں گے اور آپ کو دفن کر دیں گے اور جب وہ واپس لوٹیں گے تو آپ کے پاس امتحان لینے والے دو فرشتے منکر اور نکیر آئیں گے ان کی آواز بجلی کی کڑک جیسی اور ان کی آنکھیں اچکنے والی بجلی کی طرح ہوں گی وہ اپنے بالوں کو گھسیٹتے ہوئے آئیں گے اور اپنی داڑھوں سے قبر کو کھود کر تجھے جھنجھوڑ دیں گے اے عمر اس وقت کیا کیفیت ہوگی۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اس وقت میری عقل آج کی طرح میرے ساتھ ہوگی؟ آپ نے فرمایا "ہاں" عرض کیا پھر میں ان کو کافی ہوں گا۔[2]

یہ اس بات کے بارے میں صریح نص ہے کہ عقل میں موت کی وجہ سے کوئی تبدیلی نہیں آتی بلکہ بدن اور اعضاء میں تبدیلی آتی ہے۔ لہٰذا میت عقلمند، سمجھدار اور تکالیف و لذات کو جاننے والا ہوتا ہے جس طرح پہلے تھا اور ادراک کرنے والی عقل ان اعضاء کا نام نہیں بلکہ وہ ایک باطنی چیز ہے جس کی لمبائی چوڑائی نہیں ہوتی، بلکہ وہ چیز ذاتی طور پر تقسیم نہیں

---

[1] ۔ جامع ترمذی ص ۱۴۳، ابواب الجنائز۔

[2] ۔ المطالب العالیہ جلد ۴ ص ۳۶۳ حدیث ۴۶۰۳

ہوتی رہی اشیاء کا ادراک کرتی ہے اور اگر انسان کے تمام اعضاء بکھر جائیں تو صرف وہی مدرک جزرہ جائے جو تقسیم نہیں ہوتی تو انسان مکمل طور پر عقلمند اور قائم و باقی ہوتا ہے تو موت کے بعد بھی یہی حالت ہوتی ہے کیونکہ اس جز پر موت نہیں آتی اور نہ ہی عدم طاری ہوتا ہے۔

حضرت محمد بن منکدر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ قبر میں کافر پر اندھا اور بہرہ چوپایہ مسلط کیا جاتا ہے اس کے ہاتھ میں لوہے کا ایک ڈنڈا ہوتا ہے جس کا سرا اونٹ کے کوہان کی طرح ہوتا ہے اور اسے قیامت تک مارتا رہے گا، نہ تو تم اس کو دیکھتے ہو کہ اسے کو بچاؤ اور نہ اس کی آواز سنتے ہو کہ اس پر رحم کھاؤ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب میت کو قبر میں رکھا جاتا ہے تو اس کے اعمال صالح اگر اسے گھیر لیتے ہیں اگر عذاب اس کے سر کی طرف سے آئے تو قرأت قرآن اسے روک لیتی ہے اور اگر پاؤں کی طرف سے آئے تو نماز میں قیام آڑے آتا ہے۔ اگر ہاتھوں کی طرف سے آئے تو ہاتھ کہتے ہیں اللہ کی قسم یہ ہمیں صدقہ دینے اور دعا کیلئے پھیلاتا تھا تم اس تک نہیں پہنچ سکتے اگر منہ کی طرف سے آئے تو ذکر اور روزہ سامنے آجاتے ہیں اسی طرح ایک طرف نماز اور صبر کھڑے ہوتے ہیں اور کہتے ہیں اگر کچھ کسر باقی ہے تو ہم موجود ہیں۔

حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں آدمی کے نیک اعمال اس کی طرف سے اس طرح جھگڑتے ہیں جس طرح آدمی اپنے بھائی، گھر والوں اور اولاد کی طرف سے جھگڑتا ہے پھر اس وقت کہا جاتا ہے اللہ تعالیٰ تیری خواب میں برکت دے تیرے دوست کتنے اچھے ہیں اور تیرے ساتھی کتنے اچھے ہیں۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم ایک جنازہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے آپ اس کی قبر کے سرہانے تشریف فرما ہوئے پھر اس میں دیکھنے لگے اس کے بعد فرمایا

يُضْغَطُ الْمُؤْمِنُ فِيْ هٰذَا ضَغْطَةً تُزَوَّلُ مِنْهَا حَمَائِلُهٗ [1]

مومن کو اس قبر میں اسی طرح دبایا جاتا ہے کہ اس کی پسلیاں اِدھر اُدھر ہو جاتی ہیں۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِنَّ لِلْقَبْرِ ضَغْطَةً وَلَوْ سَلِمَ اَوْ نَجَا مِنْهَا اَحَدٌ لَنَجَا سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ [2]

بے شک قبر دباتی ہے اور اگر کوئی اس سے محفوظ رہتا یا (فرمایا) نجات پاتا تو وہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ ہوتے

---

[1] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۴۰۷ مرویات حذیفہ۔

[2] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۶ ص ۵۵ مرویات عائشہ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوا اور آپ اکثر بیمار رہتی تھیں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پیچھے چلے اور ہمیں آپ کی حالت میں کچھ تبدیلی محسوس ہوئی جب ہم قبر کے پاس پہنچے تو آپ قبر شریف کے اندر داخل ہوئے آپ کا چہرہ انور کچھ پیلا پڑ گیا جب باہر تشریف لائے تو چہرہ انور روشن تھا ہم نے عرض کیا (یارسول اللہ) ہم نے آپ کا جو حال دیکھا ہے اس کی کیا وجہ ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا مجھے قبر کا میری بیٹی کو دبانا اور عذاب قبر یاد آیا جب میں آیا تو مجھے بتایا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر تخفیف فرمادی ہے اور ان کو اس قدر دبایا گیا کہ ان کی آواز کو مشرق و مغرب کے درمیان والی مخلوق نے سنا (انسانوں اور جنوں کے علاوہ)[1]

آٹھواں باب

حالتِ خواب میں کشف کے ذریعے مردوں کے حالات کا علم

جاننا چاہیے کہ نورِ عقل جو کتاب اللہ اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم نیز عبرت کی راہوں میں سے ہے اس میں ہمیں مردوں کی حالات اجمالی طور پر معلوم ہوتے ہیں نیز یہ کہ ان میں نیک بخت بھی ہیں اور بد بخت بھی، لیکن متعین طریقے پر کسی شخص کا حال معلوم نہیں ہوتا اگر ہمیں زید اور عمر یعنی کسی بھی شخص کے ایمان پر اعتماد بھی ہو تو بھی ہمیں معلوم نہیں کہ ان کی موت کس عقیدے پر ہوگی اور ان کا خاتمہ کیسے ہوا؟ ہم ان کی ظاہری نیکی کا اعتبار کرتے ہیں لیکن تقویٰ کا مقام دل ہے اور وہ نہایت باریک ہے حتیٰ کہ خود تقویٰ والے کو بھی اس کا علم نہیں ہوتا۔ دوسروں کو کیسے ہوگا لہٰذا باطنی تقویٰ کے بغیر ظاہر پر حکم نہیں لگایا جا سکتا ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ[2] بے شک اللہ تعالیٰ متقی لوگوں سے ہی قبول کرتا ہے۔

لہٰذا کسی بھی شخص کے حکم کی معرفت، اس کے مشاہدے کے بغیر نہیں ہو سکتی اور مشاہدہ اس چیز کا ہوتا ہے جو اس پر جاری ہوتی ہے لیکن جب آدمی مر جاتا ہے تو وہ ملک و شہادت کے عالم سے غیب و ملکوت کے عالم میں چلا جاتا ہے لہٰذا وہ ظاہری آنکھ سے دکھائی نہیں دیتا بلکہ وہ دوسری آنکھ سے نظر آتا ہے اور وہ آنکھ ہر انسان کے دل میں پیدا کی گئی ہے لیکن انسان نے اپنی خواہشات اور دنیوی مشاغل کا موٹا پردہ ڈال رکھا ہے لہٰذا وہ اس سے دیکھ نہیں سکتا اور جب تک اس کی قلبی آنکھ سے یہ پردہ ہٹ نہیں جاتا اس کے لیے عالم ملکوت کو دیکھنا ممکن نہیں اور چونکہ انبیاء کرام علیہم السلام کی (قلبی) آنکھوں سے یہ پردہ ہٹا ہوا ہوتا ہے لہٰذا انہوں نے یقیناً ملکوت کو دیکھا اور اس کے عجائبات کو دیکھنا اور فوت شدہ لوگ بھی عالم ملکوت میں ہوتے ہیں اس لیے انبیاء کرام علیہم السلام نے ان کا مشاہدہ

---

[1] المعجم الکبیر للطبرانی جلد اول ص ۲۵۷ حدیث ۷۴۵

[2] قرآن مجید سورہ مائدہ آیت ۲۷

کیا اور ان کے بارے میں بتایا۔ اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ اور اپنی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہ کے سلسلے میں قبر کے دبانے کو ملاحظہ فرمایا اور اس طرح جب حضرت جابر رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو ان کا حال بھی آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے سامنے بٹھایا ہے اور درمیان میں کوئی حجاب نہیں [۱]۔

اور اس قسم کے مشاہدے کے سلسلے میں انبیاء کرام اور ان اولیاء کرام کے علاوہ کسی دوسرے کے لیے طمع نہیں ہو سکتی جن اولیاء کرام کا درجہ انبیاء کرام علیہم السلام کے قریب ہے۔

ہم جیسے لوگوں کو ایک اور ضعیف مشاہدہ ہو سکتا ہے لیکن وہ بھی مشاہدہ نبویہ ہے اس سے مراد خواب میں حاصل ہونے والا ہے اور یہ انوار نبوت میں سے ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ [۲] اچھا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔

یہ انکشاف بھی اسی وقت ہوتا ہے جب دل سے پردہ اٹھ جائے اسی لیے صرف نیک اور سچے آدمی کے خواب پر اعتماد کیا جاتا ہے اور جو آدمی زیادہ جھوٹ بولتا ہو اس کے خواب کی تصدیق نہیں کی جا سکتی اور جس کا فساد اور گناہ زیادہ ہوں اس کا دل تاریک ہو جاتا ہے لہٰذا وہ جو کچھ دیکھتا ہے وہ پریشان خواب ہیں۔

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سوتے وقت وضو کرنے کا حکم دیا تاکہ وہ طہارت کی حالت میں سوئے [۳]۔ اور یہ باطنی طہارت کی طرف بھی اشارہ ہے اور یہ اس لیے ہے جب کہ ظاہری طہارت اس کی تکمیل کی طرح ہے اور جب باطن صاف ہو تو دل کی آنکھ پر وہ بات منکشف ہوتی ہے جو مستقبل میں واقع ہو گی جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ مکرمہ جانا خواب میں منکشف ہوا حتیٰ کہ قرآن پاک کی یہ آیت نازل ہوئی۔

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ [۴] — بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب میں سچ کر دیا۔

اور انسان اپنے خوابوں سے بہت کم خالی ہوتا ہے۔ جن میں سچی باتیں نظر آئیں۔ خواب اور نیند کی حالت میں غیب کی باتوں کا نظر آنا اللہ تعالیٰ کی عجیب صنعتوں اور انسانی فطرت کی نادر باتوں میں سے ہے اور یہ عالم ملکوت پر سب سے واضح دلیل ہے حالانکہ لوگ اس سے اس طرح غافل ہیں جس طرح وہ دل کے عجائب اور عجائب عالم

---

[۱] المعجم الکبیر للطبرانی جلد اول ص ۲۵۷ حدیث ۷۴۵۔

[۲] صحیح بخاری جلد ۲ ص ۱۰۳۵ کتاب التعبیر۔

[۳] الترغیب والترہیب جلد اول ص ۱۴۱ کتاب النوافل۔

[۴] قرآن مجید سورہ فتح آیت ۲۷/ الدر المنثور جلد ۲ ص ۸۰ بحث اسی آیت کے تحت۔

سے غافل ہیں اور خواب کی حقیقت کے بارے میں گفتگو علوم مکاشفہ کی گہری باتوں میں سے ہے لہذا علم معاملہ کے ساتھ اس کا بطور ضمیمہ ذکر ممکن نہیں لیکن جس قدر ذکر بیان ممکن ہے وہ ایک مثال ہے جس سے تم مقصود کو سمجھ جاؤ گے وہ یوں کہ تم جانتے ہو دل کی مثال شیشے جیسی ہے جس میں صورتیں اور حقائق امور دکھائی دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اس عالم کی تخلیق سے اس کی آخر تک جو کچھ مقدر فرمایا وہ اللہ تعالیٰ کی ایک مخلوق میں لکھا ہوا ہے جس کو کبھی لوح محفوظ کہتے ہیں کبھی کتاب مبین اور کبھی امام مبین کہا جاتا ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں آیا ہے جو کچھ عالم میں ہو چکا ہے اور اس کے بعد ہوگا وہ اس میں لکھا ہوا ہے اور اس طرح نقش ہے کہ اسے (اس) ظاہری آنکھ سے دیکھا نہیں جا سکتا۔

اور تمہیں یہ خیال بھی نہیں کرنا چاہیے کہ یہ لوح محفوظ لکڑی یا لوہے کی یا ہڈی سے بنی ہوئی ہے اور کتاب کاغذ یا پتے کی ہے لیکن اس بات کو قطعی طور پر سمجھنا چاہیے کہ لوح محفوظ مخلوق کی لوح (تختی) جیسی نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ کی کتاب مخلوق کی کتاب جیسی نہیں ہے۔ جس طرح اس کی ذات و صفات مخلوق کی ذات و صفات کی طرح نہیں بلکہ اگر تم اس کے لیے مثال چاہو جس سے تمہیں بات سمجھ آ جائے تو جان لو کہ لوح محفوظ پر تعدیروں کا لکھا ہونا اسی طرح ہے جیسے حافظ قرآن کے دل و دماغ پر قرآن پاک کے الفاظ و حروف نقش ہوتے ہیں وہ اس پر لکھے ہوتے ہیں حتیٰ کہ یوں محسوس ہوتا ہے کہ پڑھتے وقت وہ ان کو دیکھ رہا ہے لیکن جب دماغ کے ایک ایک کونے میں اسے تلاش کیا جائے تو تمہیں اس کا ایک حرف بھی دکھائی نہیں دے گا اور وہاں کوئی خط یا حرف نظر نہیں آئے گا۔

تو اس طرح پر لوح محفوظ کو بھی سمجھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی قضا و تقدیر میں جو کچھ ہے وہ سب کچھ لوح محفوظ میں نقش ہے اور اس مثال میں لوح شیشے کی طرح ہے جس میں صورتیں ظاہر ہوتی ہیں اور اگر ایک شیشے کے مقابلے میں دوسرا شیشہ رکھا جائے تو اس شیشے والی صورت دوسرے شیشے میں دکھائی دے گی بشرطیکہ دونوں کے درمیان حجاب نہ ہو۔

پس دل ایک شیشہ ہے جو علم کی تحریر کو قبول کرتا ہے اور لوح محفوظ ایک اور شیشہ ہے جس میں تمام علم منقوش اور موجود ہے لیکن دل کا خواہشات اور حواس کے تقاضوں میں مشغول ہونا ایک پردہ ہے جو لوح محفوظ کو دیکھنے کے درمیان رکاوٹ ہے اور لوح محفوظ کا تعلق عالم ملکوت سے ہے پس اگر ہوا چلے تو اس پردے کو حرکت ہوتی ہے اور یہ اس سے اٹھ جاتا ہے اس لیے دل کے شیشے میں عالم ملکوت سے کوئی چیز چمکتی ہے جس طرح بجلی چمکتی ہے اب یہ چمک کبھی باقی رہتی ہے اور دائمی ہوتی ہے اور یہ چمک کبھی قائم نہیں رہتی ہے اور عام طور پر اسی طرح ہوتا ہے اور جب تک آدمی جاگتا رہتا ہے اس وقت تک وہ ان امور میں لگا رہتا ہے جو ظاہری عالم سے حواس کے ذریعے پہنچتے ہیں اور یہ عالم ملکوت سے حجاب ہے۔

اور نیند کا معنی یہ ہے کہ حواس ساکن ہو جائیں اور دل پر کوئی چیز نہ پہنچائیں پس جب ظاہری حواس کے عمل اور خیال سے فارغ ہوتا ہے اور اس کا جوہر بھی صاف ہوتا ہے تو اس کے اور لوح محفوظ کے درمیان سے پردہ اٹھ جاتا ہے اور اس سے کوئی چیز دل میں واقع ہوتی ہے، جس طرح کوئی صورت ایک شیشے سے دوسرے شیشے میں واقع ہوتی ہے لیکن اس وقت جب پردہ اٹھ جائے لیکن تمام حواس کو عمل سے روک دیتی ہے البتہ خیال کو عمل اور حرکت سے کوئی چیز نہیں روک سکتی پس جو کچھ دل میں واقع ہوتا ہے خیال اس کی طرف جلدی کرتا ہے اور اس چیز کے مشابہ چیز کو قریب کر دیتا ہے اور خیالات حافظہ میں دوسری باتوں کے مقابلے میں زیادہ محفوظ ہوتے ہیں لہذا خیال حافظہ میں باقی رہتا ہے پس جب وہ بیدار ہوتا ہے تو اسے صرف خیال یاد رہتا ہے لہذا تعبیر بتانے والا اس خیال کو کسی معنی کے ذریعے حکایت کرتا ہے لہذا وہ خیال اور اس کے معنی کے درمیان مناسبت کی طرف رجوع کرتا ہے۔

جو شخص علم تعبیر میں نظر رکھتا ہے اس کے لیے اس کی مثالیں ظاہر ہیں اور تمہیں ایک مثال کافی ہے وہ یہ کہ ایک شخص نے حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں عرض کیا کہ میں نے دیکھا گویا میرے ہاتھ میں انگوٹھی ہے جس کے ذریعے میں لوگوں کے منہوں اور عورتوں کی شرمگاہوں پر مہر لگاتا ہوں، آپ نے فرمایا تم موذن ہو رمضان شریف میں صبح سے پہلے اذان دیتے ہو اس نے کہا آپ نے سچ فرمایا۔

تو دیکھئے مہر لگانے کا معنی روکنا ہے اور مہر سے یہی بات مقصود ہوتی ہے اور دل کے لیے انسان کا حال جو لوح محفوظ میں ہے جوں کا توں منکشف ہوتا ہے۔ یعنی لوگوں کو کھانے پینے سے روکنا لیکن خیال اس بات کا عادی ہے کہ مہر لگانے کے ذریعے رکاوٹ ہوتی ہے تو خیالی صورت جو روح معنیٰ کو متضمن ہے دکھائی گئی ہے اور ذہن میں صرف خیالی صورت باقی رہتی ہے۔

جو خوابوں کا علم جس کے عجائب بے شمار ہیں اس میں سے تھوڑا سا ہم نے بیان کیا اور خوابوں کے عجائب کس طرح زیادہ نہ ہوں جبکہ خواب اور موت کا باہم تعلق ہے اور موت عجائب میں سے ایک عجوبہ ہے۔ اور اس مشابہت کی وجہ یہ ہے کہ خواب میں بھی عالم غیب سے کچھ نہ کچھ ظاہر ہو جاتا ہے حتیٰ کہ سونے والے کو مستقبل کی باتوں کا علم ہو جاتا ہے تو موت کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے حالانکہ وہ پردے کو پھاڑ دیتی ہے اور پردہ مکمل طور پر ہٹ جاتا ہے حتیٰ کہ سانس نکلتے ہی کسی تاخیر کے بغیر وہ اپنے آپ کو سزا، ذلت اور رسوائی میں پاتا ہے ہم اس بات سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں یا وہ دائمی نعمتوں یا ایسی عظیم بادشاہی میں اپنے آپ کو گھرا ہوا پاتا ہے جس کی کوئی انتہا نہیں اس وقت جب پردہ اٹھ جاتا ہے تو بدبخت لوگوں سے کہا جاتا ہے۔

لَقَدْ كُنْتَ فِي غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ [۱]	تم اس بات سے غفلت میں تھے پس ہم نے تم سے تمہارا پردہ ہٹا دیا تو آج تمہاری نگاہ بہت تیز ہے۔

---

[۱] قرآن مجید سورۃ ق آیت ۲۲

اور کہا جائے گا۔

أَفَسِحْرٌ هَٰذَا أَمْ أَنتُمْ لَا تُبْصِرُونَ اصْلَوْهَا فَاصْبِرُوا أَوْ لَا تَصْبِرُوا سَوَاءٌ عَلَيْكُمْ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ [۱]

کیا یہ جادو ہے یا تم نہیں دیکھتے اس میں داخل ہو جاؤ تم صبر کرو یا نہ کرو تم پر دونوں باتیں برابر ہیں تمہیں تمہارے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا۔

اور ارشاد خداوندی میں انہی لوگوں کی طرف اشارہ ہے۔

وَبَدَا لَهُم مَّا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ [۲]

اور ان کے لیے وہ چیز ظاہر ہوئی جس کا ان کو گمان بھی نہ تھا۔

تو جو سب سے بڑا عالم اور سب سے بڑا دانا ہے اس کے لیے موت کے بعد اپنے عجائب اور نشانیاں ظاہر ہوتی ہیں کہ کبھی دل میں ان کا کھٹکا تک نہ ہوا اور نہ ہی کبھی خیال پیدا ہوا پس اگر عقلمند آدمی کو صرف اسی حالت کی فکر اور غم ہو کہ حجاب کس طرح اٹھے گا اور نہ معلوم لازمی بدبختی نظر آئے گی یا دائمی سعادت تو عمر بھر کے لیے یہی فکر کافی ہے یہ بات تعجب خیز ہے کہ یہ بڑے بڑے امور ہمارے سامنے ہیں اور ہم غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔ اور اس سے بھی زیادہ تعجب کی بات تو یہ ہے کہ ہم اپنے مالوں، گھر بار، اسباب، اولاد، بلکہ اپنے اعضاء قوت سماعت اور قوت بصارت پر خوش ہوتے ہیں حالانکہ ہم یقین سے جانتے ہیں کہ ان سب کو چھوڑنا ہوگا لیکن کہاں ہے وہ جس کے دل میں روح القدس وہ بات ڈال دے جو اس نے تمام نبیوں کے سردار سے کہی تھی حضرت جبریل امین نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا۔

أَحْبِبْ مَا أَحْبَبْتَ فَإِنَّكَ مُفَارِقُهُ وَعِشْ مَا عِشْتَ فَإِنَّكَ مَيِّتٌ وَاعْمَلْ مَا شِئْتَ فَإِنَّكَ مَجْزِيٌّ بِهِ [۳]

آپ جس چیز سے چاہیں محبت کریں بالآخر اس سے جدائی ہوگی اور جب تک زندہ رہنا چاہیں زندہ رہیں آخر کار مرنا ہے اور جو عمل چاہیں کریں اس کا بدلہ دیا جائے گا۔

تو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ بات یقین کی آنکھ سے مکشوف اور واضح تھی تو آپ دنیا میں مسافر کی طرح رہے آپ نے اینٹ پر اینٹ اور بانس پر بانس نہ رکھا (عمارت نہ بنائی) [۴] نہ آپ نے کوئی دینار چھوڑا اور نہ ہی کسی کو حبیب و خلیل بنایا ہاں یہ بات فرمائی۔

---

[۱] قرآن مجید سورہ طور آیت ۱۵، ۱۶

[۲] " " سورہ زمر آیت ۴۷

[۳] شرح السنۃ للبغوی جلد ۱۴ ص ۲۰۴ حدیث ۴۱۱۲

[۴] کنز العمال جلد ۱۰ ص ۱۰۱ حدیث ۳۰٫۹۳

لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلًا لَاتَّخَذْتُ اَبَابَكْرٍ خَلِيْلًا وَلٰكِنْ صَاحِبُكُمْ خَلِيْلُ الرَّحْمٰنِ [۱]

اگر میں کسی کو اپنا خلیل بناتا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو اپنا خلیل بناتا لیکن تمہارے ساتھی تو رحمٰن کے خلیل ہیں۔

تو آپ نے بیان فرمایا کہ رحمن کی دوستی آپ کے دل میں گھر کر گئی ہے اور اللہ تعالیٰ کی محبت آپ کے دل میں گھر کر گئی ہے لہذا کسی دوسرے خلیل یا حبیب کی گنجائش باقی نہ رہی اور آپ نے اپنی امت سے فرمایا۔ (ارشاد خداوندی ہے)

اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ [۲]

اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرنا چاہتے ہو تو میری اتباع کرو اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے گا۔

اور آپ کی امت وہی ہے جو آپ کی پیروی کرے اور آپ کی پیروی وہی کر سکتا ہے جو دنیا سے منہ پھیرے اور آخرت کی طرف متوجہ ہو۔ کیونکہ آپ نے صرف اللہ تعالیٰ اور آخرت کی دعوت دی ہے اور دنیا اور اس کی فوری لذتوں سے باز رکھا۔ تو تم جس قدر دنیا سے اعراض کرو گے اور آخرت کی طرف متوجہ ہو گے۔ اسی قدر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے راستے پر چلنے والے ہو گے اور جس قدر آپ کے راستے پر چلو گے اسی قدر آپ کے پیروکار کہلاؤ گے اور جس قدر آپ کی پیروی کرو گے اسی قدر آپ کی امت سے تمہارا تعلق ہوگا۔

لیکن جس قدر دنیا کی طرف متوجہ ہو گے اسی قدر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے راستے میں روگردانی کرنے والے اور آپ کی اتباع سے اعراض کرنے والے ہو گے۔ اور لوگوں سے مل جاؤ گے جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

فَاَمَّا مَنْ طَغٰى وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى [۳]

پس جس شخص نے سرکشی کی اور دنیوی زندگی کو ترجیح دی پس جہنم ہی اس کا ٹھکانہ ہے۔

اور اگر تم غرور کی گھات سے نکلو اور اپنے نفس سے انصاف کرو بلکہ ہم سب کا یہی معاملہ ہے تو تمہیں معلوم ہو گا کہ تم صبح سے شام تک دنیا کے فوری فوائد کے لیے کوشش کرتے ہو پھر تم اس بات کی طمع رکھتے ہو کہ کل سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت اور آپ کی اتباع کرنے والوں میں شمار ہو۔

یہ بات کس قدر عقل سے دور ہے اور کتنی سرد طمع ہے۔ ارشاد خداوندی ہے

اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ [۴]

تو کیا ہم مسلمانوں کو مجرموں کی طرح قرار دیں تمہیں کیا ہوا کیا فیصلہ کرتے ہو۔

---

[۱] صحیح بخاری جلد اول ص ۵۱۶ کتاب المناقب۔

[۲] قرآن مجید سورہ آل عمران آیت ۳۱۔

[۳] " " سورہ النازعات آیت ۳۷۔

[۴] " " سورہ آیت ۳۵، ۳۶۔

بات کہیں کی کہیں جا پڑی اب ہم اصل مقصد کی طرف لوٹتے ہیں اور ان خوابوں کا ذکر کرتے ہیں جن سے مردوں کے حالات کا کشف ہوتا اور اس کا بہت بڑا فائدہ ہے کیونکہ نبوت چلی گئی اور بشارتیں باقی رہ گئیں اور وہ خوابیں ہی ہیں

فصل ۱۰

مردوں کے اُخروی فوائد پر مبنی احوال سے متعلق خوابیں

ان میں سے ایک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب ہے آپ نے فرمایا۔

مَنْ رَآنِي فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِي حَقًّا — جس نے خواب میں مجھے دیکھا اس نے حقیقتاً مجھے دیکھا
فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ بِي [1] — کیونکہ شیطان میری صورت میں نہیں آسکتا۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے خواب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی میں نے دیکھا کہ آپ میری طرف نظر نہیں فرما رہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرا کیا قصور ہے؟ آپ میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کیا تم نے روزے کی حالت میں (اپنی بیوی کا) بوسہ نہیں لیا؟ اس نے عرض کیا مجھے اس ذات کی قسم ہے جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، آئندہ میں روزے کی حالت میں کسی عورت (بیوی) کا بوسہ نہیں لوں گا۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے محبت اور دوستی تھی میں چاہتا تھا کہ خواب میں ان کو دیکھوں تو سال کے آخر میں مجھے ان کی زیارت ہوئی میں نے دیکھا کہ آپ اپنی پیشانی سے پسینہ پونچھ رہے ہیں اور فرماتے ہیں یہ میری فراغت کا وقت ہے اگر میں رؤف و رحیم ذات سے نہ ملا ہوتا تو میری کشتی کا تختہ ٹوٹ چکا تھا۔

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا کہ میں نے رات کو خواب میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی تو عرض کیا یا رسول اللہ! آپ کی امت سے مجھے کچھ بھلائی نہیں پہنچی آپ نے فرمایا ان کے حق میں بددعا کرو۔ میں نے دعا کی یا اللہ! مجھے ان کے بدلے میں ان سے اچھے لوگ عطا فرما اور میرے بدلے میں ان کو ایسا شخص دے جو میرے مقابلے اچھا نہ ہو۔ چنانچہ آپ باہر تشریف لائے تو ابن ملجم نے آپ پر حملہ کر دیا۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو عرض کیا یا رسول اللہ! حضرت سفیان بن عیینہ نے حضرت محمد بن منکدر سے روایت کی ہے فرماتے ہیں ہم سے بیان کیا انہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ آپ سے جب بھی کچھ مانگا آپ نے لفظ "لا" (نہیں) نہیں فرمایا [2] تو آپ میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا

---

[1] صحیح بخاری جلد ۲ ص ۱۰۳۵ کتاب التعبیر۔
[2] صحیح مسلم جلد ۲ ص ۲۵۳ کتاب الفضائل۔

اللہ تعالیٰ تمہاری بخشش فرمائے۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ نے فرمایا۔ ابولہب سے میرا بھائی چارہ اور دوستی تھی جب وہ مر گیا اور اللہ تعالیٰ نے اس کے بارے میں فرمایا جو کچھ فرمایا (سورہ لہب نازل کی) تو مجھے دکھ ہوا اور میں اس کے معاملے میں پریشان ہوا میں نے ایک سال تک اللہ تعالیٰ سے یہی دعا مانگی کہ اس کو مجھے خواب میں دکھائے فرماتے ہیں میں نے اسے دیکھا کہ اس پر آگ کی لپیٹ ہے میں نے اس کا حال پوچھا تو اس نے کہا میں دوزخ کے عذاب میں گرفتار ہوں اور یہ عذاب مجھ پر ہلکا نہیں ہوتا اور نہ ہی مجھے راحت پہنچتی ہے مگر سوموار کی رات عذاب کم ہوتا ہے۔ میں نے پوچھا اس کی کیا وجہ ہے؟ ابولہب نے جواب دیا اس رات حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت ہوئی تھی تو مجھے ایک لونڈی نے آکر بتایا کہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہ کے ہاں بچے کی ولادت ہوئی ہے میں نے اس پر خوش ہو کر لونڈی کو آزاد کر دیا تو اس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ ہر سوموار کی رات مجھ سے عذاب کو اٹھا دیتا ہے (سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے میلاد شریف پر خوش ہونے والوں کے لیے بشارت ہے۔ ۱۲ ہزاروی)

حضرت عبدالواحد بن زید رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں حج کے لیے نکلا تو ایک شخص میرے ساتھ ہو گیا اور اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے اور حالت سکون میں بارگاہ نبوی میں ہدیہ درود بھیجتا میں نے اس سے اس کی وجہ پوچھی تو اس نے کہا میں آپ کو بتاؤں گا پھر اس نے کہا میں پہلی مرتبہ اپنے والد کے ہمراہ مکہ شریف کی طرف نکلا جب ہم واپس ہوئے تو میں ایک مقام پر سو گیا اس دوران کہ میں سویا ہوا تھا کوئی آنے والا میرے پاس آیا اس نے کہا، اٹھو تمہارے باپ کی موت واقع ہو گئی ہے اور اس کا چہرہ سیاہ ہو گیا ہے وہ کہتا ہے میں ڈرتا ہوا اٹھا اور باپ کے چہرے سے کپڑا ہٹایا تو واقعی وہ فوت ہو چکا تھا اور چہرہ بھی سیاہ تھا میں بہت زیادہ خوف زدہ ہوا میں اسی غم میں مبتلا تھا کہ مجھ پر نیند کا غلبہ ہوا اور میں سو گیا، میں نے دیکھا کہ میرے باپ کے سرہانے چار سیاہ فام آدمی لوہے کے ڈنڈے لیے کھڑے ہیں کہ اچانک ایک خوبصورت شخص جس نے دو سبز کپڑے پہن رکھے تھے تشریف لائے انہوں نے فرمایا اس سے ہٹ جاؤ پھر اپنا دست مبارک میرے والد کے چہرے پر پھیرا اس کے بعد میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا اٹھو اللہ تعالیٰ نے تمہارے باپ کا چہرہ سفید کر دیا ہے میں نے کہا میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں آپ کون ہیں؟ انہوں نے فرمایا میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہوں۔ وہ شخص کہتا ہے میں نے اپنے باپ کے چہرے سے کپڑا ہٹایا تو وہ سفید تھا اس کے بعد میں نے کبھی بھی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا ترک نہیں کیا۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ دونوں آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے میں

سلام عرض کر کے بیٹھ گیا میں بیٹھا ہوا تھا کہ حضرت علی المرتضیٰ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ داخل ہوئے ان دونوں پر دروازہ بند کر دیا گیا اور میں دیکھ رہا تھا زیادہ دیر نہ گزری کہ حضرت علی المرتضیٰ باہر تشریف لائے اور فرما رہے تھے رب کعبہ کی قسم! میرے حق میں فیصلہ ہو گیا پھر جلد ہی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ باہر تشریف لائے اور فرمایا رب کعبہ کی قسم! میری بخشش ہو گئی۔

ایک دفعہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نیند سے بیدار ہوئے تو انا اللہ وانا الیہ راجعون پڑھنے لگے اور فرمایا! اللہ کی قسم! حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے۔ اور یہ خواب واقعہ شہادت سے پہلے کا ہے صحابہ کرام نے اس بات کو تسلیم نہ کیا تو انہوں نے فرمایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ کے پاس خون سے بھری ہوئی ایک شیشی ہے آپ نے فرمایا نہیں معلوم ہے میری امت نے میرے بعد کیا کیا؟ انہوں نے میرے بیٹے حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا یہ ان کا اور ان کے ساتھیوں کا خون ہے میں اسے اللہ تعالیٰ کے ہاں لے جاؤں گا۔ فرماتے ہیں میں بیس دن بعد اسی دن جب خواب دیکھا تھا آپ کی شہادت کی اطلاع مل گئی۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھا گیا تو عرض کیا گیا آپ اپنی زبان کے بارے میں ہمیشہ فرمایا کرتے تھے کہ اس نے مجھے تباہی کی جگہوں پر پہنچا دیا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ انہوں نے جواب دیا میں نے کلمہ طیبہ پڑھا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے جنت میں داخل کر دیا۔

فصل ۲

بزرگوں کے خواب

ایک بزرگ فرماتے ہیں میں نے حضرت متمم دررتی رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا تو پوچھا اے میرے آقا! اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ انہوں نے فرمایا مجھے جنتوں میں پھرایا گیا اور پوچھا گیا اے متمم! کیا آپ کو ان میں سے کوئی چیز اچھی لگی ہے؟ میں نے کہا اے میرے آقا! نہیں، فرمایا اگر تمہیں ان میں سے کوئی چیز اچھی لگتی تو میں تجھے اس کے حوالے کرتا اور تجھے اپنا قرب عطا نہ کرتا۔

حضرت یوسف بن حسین رحمۃ اللہ علیہ کو خواب دیکھا گیا تو پوچھا گیا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ فرمایا اس نے مجھے بخش دیا پوچھا اس کی وجہ؟ فرمایا میں نے سنجیدہ بات کو مذاق کے ساتھ نہیں ملایا۔

حضرت منصور بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے حضرت بزار رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا تو پوچھا اللہ تعالیٰ نے آپ سے کیا سلوک فرمایا؟ انہوں نے فرمایا اس نے مجھے اپنے سامنے کھڑا کیا اور میں نے جن جن گناہوں کا اقرار کیا ان سب کو بخش دیا لیکن ایک گناہ رہ گیا مجھے اس کا اقرار کرتے ہوئے شرم محسوس ہوئی تو اس

نے مجھے پسینے میں کھڑا کیا حتی کہ میرے چہرے کا گوشت گر پڑا۔ میں نے پوچھا وہ کون سا گناہ ہے؟ فرمایا میں نے ایک خوبصورت لڑکے کو دیکھ کر اسے پسند کیا تو مجھے حیا آئی کہ میں اللہ تعالیٰ کے سامنے اس کا ذکر کروں۔

حضرت ابو جعفر صیدلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے خواب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی اور آپ کے گرد فقراء کی ایک جماعت تھی ہم اسی حالت میں تھے کہ آسمان پھٹا اور دو فرشتے اترے ایک کے ہاتھ میں تھال اور دوسرے کے ہاتھ میں لوٹا تھا تھال والے نے تھال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے رکھا اور آپ نے اپنے دست مبارک دھوئے پھر آپ کے حکم سے دوسروں نے بھی ہاتھ دھوئے پھر تھال میرے سامنے رکھا گیا تو ان میں سے ایک نے دوسرے سے کہا اس کے ہاتھوں پر پانی نہ ڈالنا کیونکہ یہ ان لوگوں میں سے نہیں ہے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا یہ حدیث آپ سے مروی نہیں ہے کہ انسان اسی کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں (مروی ہے) میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں آپ سے اور ان فقراء سے محبت کرتا ہوں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے ہاتھ پر بھی پانی ڈالو یہ بھی ان میں سے ہے۔

حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے خواب میں دیکھا گویا میں لوگوں میں تقریر کر رہا ہوں تو ایک فرشتے نے میرے پاس کھڑے ہو کر پوچھا جن باتوں کے ذریعے لوگ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرتے ہیں۔ ان میں سے سب سے زیادہ قریب چیز کون سی ہے؟ میں نے کہا پوشیدہ عمل جو پورے ترازو میں ہو (یہ سن کر) فرشتے نے یہ کہتے ہوئے پیٹھ پھیری اللہ کی قسم! اس شخص کو توفیق دی گئی ہے۔

حضرت مجمع رحمۃ اللہ علیہ کو کسی نے خواب میں دیکھا تو ان سے پوچھا گیا آپ نے معاملہ کیسا پایا؟ انہوں نے فرمایا میں نے دیکھا کہ زاہدین دنیا اور آخرت کی بھلائی لے گئے۔

ایک شامی نے حضرت علاء بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں عرض کیا کہ میں نے آپ کو خواب میں دیکھا گویا آپ جنت میں ہیں (یہ سن کر) آپ اپنی نشست سے اٹھے اور اس کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا شاید شیطان نے مجھ سے کسی بات کا ارادہ کیا تو میں اس سے محفوظ ہو گیا اور اس نے اب کسی شخص کو میرے قتل کے لیے مقرر کیا ہے۔

حضرت محمد بن واسع رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا! خواب مومن کو خوش کرتی ہے دھوکے میں نہیں ڈالتی۔

حضرت صالح بن بشیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے حضرت عطا سلمی رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا تو کہا اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے۔ آپ دنیا میں بہت غمگین رہتے تھے انہوں نے فرمایا سنو! اللہ کی قسم مجھے اس پر بہت زیادہ آرام اور دائمی خوشی حاصل ہوئی ہے۔ میں نے پوچھا آپ کس درجہ میں ہیں؟ فرمایا۔

فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا

وہ لوگ ان کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا اور وہ انبیاء کرام الصدیقین، شہداء اور صالحین ہیں اور یہ لوگ نہایت اچھے ساتھی ہیں۔

حضرت زرارہ بن ابی اوفیٰ رحمۃ اللہ علیہ سے خواب میں پوچھا گیا کہ تم لوگوں کے نزدیک سب سے بہتر عمل کون سا ہے؟ فرمایا (اللہ تعالیٰ کے حکم پر) راضی رہنا اور امید کم رکھنا۔

حضرت یزید بن مذعور رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے حضرت امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا تو عرض کیا اے ابو عمرو! مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں جس کے ذریعے میں اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کروں۔ انہوں نے فرمایا میں نے یہاں علماء سے بڑھ کر کسی کا مقام نہیں پایا اس کے بعد ان لوگوں کا درجہ ہے جو غمگین رہتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں حضرت یزید بن مذعور رحمۃ اللہ بہت بڑے بزرگ تھے وہ ہمیشہ روتے حتیٰ کہ ان کی آنکھیں چلی گئیں۔

حضرت ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے اپنے بھائی کو خواب میں دیکھا تو پوچھا اے میرے بھائی! اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ انہوں نے فرمایا میں نے جس گناہ کی بخشش طلب کی اللہ تعالیٰ نے بخش دیا اور جس کی مغفرت نہیں مانگی اسے نہیں بخشا۔

حضرت علی طلحی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے خواب میں ایک عورت کو دیکھا جو دنیا کی عورتوں جیسی نہ تھی میں نے پوچھا تم کون ہو؟ جواب دیا میں ایک حور ہوں میں نے کہا میرے نکاح میں آجاؤ اس نے کہا میرے آقا کے ہاں درخواست کرو اور مہر ادا کرو میں نے کہا تیرا مہر کیا ہے؟ اس نے جواب دیا اپنے نفس کو اس کی تمام آفات سے بچائے رکھو۔

حضرت ابراہیم بن اسحاق حربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے حضرت زبیدہ کو خواب میں دیکھا تو پوچھا اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا سلوک کیا؟ انہوں نے جواب دیا اللہ تعالیٰ نے مجھے بخش دیا میں نے پوچھا آپ نے مکہ مکرمہ کی راہ میں کیا خرچ کیا؟ جواب دیا میں نے جو کچھ خرچ کیا اس کا ثواب ان کے مالکوں کے پاس چلا گیا اور مجھے نیت کی وجہ سے بخش دیا۔

جب حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال ہوا تو ان کو خواب میں دیکھا گیا پوچھا گیا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ فرمایا میں نے پہلا قدم پل صراط اور دوسرا قدم جنت میں رکھا۔

حضرت احمد بن ابوالحواری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے خواب میں ایک لونڈی کو دیکھا جس سے زیادہ

لے۔ قرآن مجید، سورۃ النساء آیت ۶۹۔

خوبصورت میں نے کبھی نہیں دیکھی اس کے چہرے پر نور چمک رہا تھا میں نے پوچھا یہ چہرے کی روشنی کس وجہ سے ہے اس نے کہا تمہیں یاد ہے کہ ایک رات تم رو رہے تھے میں نے کہا ہاں یاد ہے اس نے کہا میں نے تمہارے آنسو لے کر اپنے چہرے پر ملے تو اس وجہ سے میرا چہرہ روشن ہے جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو۔

حضرت کنانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھ کر پوچھا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ وہ اشارات اور عبارات تباہ ہو گئیں اور ہمیں صرف وہ دو رکعتیں ملیں جو ہم رات کے وقت پڑھا کرتے تھے۔

حضرت زبیدہ کو خواب میں دیکھا گیا تو پوچھا گیا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ جواب دیا ان چار کلمات کی وجہ سے مجھے بخش دیا گیا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اُفْنِیْ بِھَا عُمُرِیْ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَدْخُلُ بِھَا قَبْرِیْ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَخْلُوْ بِھَا وَحْدِیْ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْقٰی بِھَا رَبِّیْ

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں میں اسی بات پر اپنی عمر ختم کروں اسی کلمے پر قبر میں داخل ہوں اسی کلمے کیساتھ گوشہ نشینی اختیار کروں اور اسی کلمے پر اپنے رب سے ملاقات کروں۔

حضرت بشیر رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا گیا تو پوچھا گیا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھ پر رحم فرمایا اور ارشاد فرمایا۔ اے بشیر! کیا تجھے مجھ سے حیا نہیں آتا؟ کہ اس قدر ڈرتا تھا۔

حضرت ابو سلیمان رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا گیا تو پوچھا گیا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک فرمایا! فرمایا اس نے مجھ پر رحم فرمایا اور میرے لیے سب سے زیادہ ضرر کی بات لوگوں کا ہماری طرف اشارہ کرنا (یعنی شہرت)

حضرت ابوبکر کتانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا میں نے خواب میں ایک نوجوان کو دیکھا کہ اس سے زیادہ خوبصورت میں نے کسی کو نہیں دیکھا میں نے پوچھا تم کون ہو؟ اس نے کہا "تقویٰ" میں نے کہا کہاں کے رہنے والے ہو کہا ہر غمگین دل میں رہتا ہوں پھر میں نے توجہ کی تو ایک سیاہ فام عورت تھی میں نے پوچھا تم کون ہو؟ اس نے کہا بیماری ہوں میں نے کہا تم کہاں رہتی ہو؟ اس نے کہا ہر خوش رہنے والے اکڑنے والے کے دل میں فرماتے ہیں میں بیدار ہوا تو میں نے عہد کیا کہ آئندہ کسی مجبوری کے بغیر نہیں ہنسوں گا۔

حضرت ابو سعید خراز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے خواب میں دیکھا گویا شیطان مجھ پر حملہ آور ہوا ہے میں نے لاٹھی اٹھائی تاکہ اسے ماروں لیکن وہ اس سے نہ گھبرایا تو مجھے غیبی آواز آئی کہ یہ اس سے نہیں ڈرتا یہ دل میں پائے جانے والے نور سے ڈرتا ہے۔

حضرت مسوحی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے خواب میں شیطان کو دیکھا کہ ننگا چل رہا ہے میں نے کہا تجھے

لوگوں سے حیا نہیں آتا؟ اس نے کہا سبحان اللہ! یہ لوگ ہیں۔

اگر یہ انسان ہوتے تو یہ صبح و شام ان سے اس طرح نہ کھیلتا جس طرح بچے گیند سے کھیلتے ہیں بلکہ انسان تو ان کے علاوہ ہیں جنہوں نے میرے جسم کو بیمار کر دیا ہے اور اس نے اپنے ہاتھوں سے ہمارے دوستوں صوفیاء کرام کی طرف اشارہ کیا۔

حضرت ابوسعید خزار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں دمشق میں تھا کہ میں نے خواب میں دیکھا گویا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے سہارے تشریف لا رہے ہیں، آپ تشریف لائے اور میرے پاس کھڑے ہو گئے میں کچھ الفاظ کہہ کر سینے پر ضرب لگاتا تھا آپ نے فرمایا اس کی برائی اس کی بھلائی سے زیادہ ہے۔

حضرت ابن عیینہ رحمۃ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا گویا آپ جنت میں ایک درخت سے دوسرے درخت کی طرف اڑ رہے ہیں اور فرماتے ہیں اسی قسم کے مقصد کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے، میں نے عرض کیا مجھے کچھ نصیحت کیجئے، فرمایا۔

حضرت ابوحاتم رازی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت قبیصہ بن عقبہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا اور فرماتے ہیں میں نے حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا تو پوچھا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ انہوں نے فرمایا۔

نَظَرْتُ اِلٰی رَبِّیْ کِفَاحًا فَقَالَ لِیْ هَنِیْئًا	میں نے اپنے رب کی طرف تو اس نے مجھ سے فرمایا
رِضَایَ عَنْكَ یَا ابْنَ سَعِیْدٍ فَقَدْ كُنْتَ	تجھے میری رضا مبارک ہو اے خوش بخت! جب رات چھاتی
قَوَّامًا اِذَا اَظْلَمَ الدُّجٰی بِعَبْرَةِ مُشْتَاقٍ	تو مشتاق کے آنسو اور دل کے ساتھ کھڑا ہو جاتا پس آؤ اور
وَقَلْبِ عَمِیْدٍ فَدُوْنَكَ فَاخْتَرْ اَیَّ قَصْرٍ	جو محل چاہتے ہو اختیار کرو اور میری زیارت کرو میں تم سے
اَرَدْتَهٗ وَزُرْنِیْ فَاِنِّیْ مِنْكَ غَیْرُ بَعِیْدٍ۔	دور نہیں ہوں۔

حضرت شبلی رحمۃ اللہ کے وصال کے تین سال بعد ان کو دیکھا گیا تو پوچھا گیا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ فرمایا مجھ سے مناقشہ (جھگڑا) کیا حتیٰ کہ میں مایوس ہو گیا جب اللہ تعالیٰ نے میری مایوسی کو دیکھا تو مجھے اپنی رحمت کی چادر میں لپیٹ لیا۔

بنو عامر کے ایک مجنون کو اس کی موت کے بعد خواب میں دیکھا گیا تو پوچھا گیا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا جواب دیا اس نے مجھے بخش دیا اور محبت کرنے والوں پر مجھے حجت بنا دیا۔

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا گیا تو پوچھا گیا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ فرمایا اس نے مجھ پر رحم فرمایا، کہا گیا حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کا کیا حال ہے؟ فرمایا وہ ان لوگوں میں سے ہیں جو دن میں دو مرتبہ اپنے رب کے حضور حاضری دیتے ہیں۔

کسی دوسرے بزرگ کو (خواب میں) دیکھا گیا تو ان کا حال پوچھا گیا انہوں نے فرمایا. فرشتوں نے ہمارا ٹھیک ٹھاک حساب کیا پھر احسان کرتے ہوئے آزاد کر دیا۔

حضرت مالک بن انس رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھا گیا تو پوچھا گیا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک فرمایا. فرمایا ایک کلمہ کی وجہ سے بخش دیا جو حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے جب آپ کوئی جنازہ دیکھتے تو فرماتے سُبْحَانَ الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوْتُ " (وہ ذات پاک ہے جو زندہ ہے اسے کبھی موت نہیں آئے گی۔

جس رات حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کا وصال ہوا اس رات دیکھا گیا گویا آسمان کے دروازے کھلے ہیں اور ایک منادی ندا دے رہا ہے کہ سنو! حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں اس حالت میں حاضر ہوئے کہ وہ ان سے راضی ہے،

جاحظ کو خواب میں دیکھ کر کسی نے پوچھا اللہ تعالیٰ نے تم سے کیا سلوک کیا تو اس نے پڑھا۔

وَلَا تَكْتُبْ بِخَطِّكَ غَيْرَ شَيْءٍ يَسُرُّكَ — اپنے قلم سے صرف ایسی بات لکھو کہ جسے قیامت
فِي الْقِيَامَةِ أَنْ تَرَاهُ — کے دن دیکھ کر تم خوش رہو۔

حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ نے خواب میں شیطان کو ننگا دیکھا تو فرمایا تو لوگوں سے حیا نہیں کرتا اس نے کہا یہ لوگ انسان ہیں؟ انسان تو وہ ہیں جو مسجد شونیزیہ میں ہیں اور انہوں نے میرے جسم کو کمزور کر دیا اور میرے جگر کو جلا دیا. حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا جب میں بیدار ہوا تو مسجد میں گیا میں نے ایک جماعت کو دیکھا انہوں نے اپنے سروں کو گھٹنوں پر رکھا ہوا تھا اور فکر میں مبتلا تھے جب انہوں نے مجھے دیکھا تو کہنے لگے اس خبیث کی باتوں سے دھوکہ نہ کھانا (شیطان کے بارے میں کہا)

حضرت نصرا باذی رحمۃ اللہ کو ان کی وفات کے بعد مکہ مکرمہ میں خواب کی حالت میں دیکھا تو پوچھا اللہ تعالیٰ نے آپ سے کیا سلوک فرمایا انہوں نے فرمایا مجھے اشراف کی طرح جھڑک پلائی گئی پھر آواز دی گئی اے ابو القاسم! کیا ملاپ کے بعد جدائی ہوتی ہے! میں نے کہا اے ذوالجلال! نہیں چنانچہ مجھے قبر میں رکھتے ہی میں اپنے رب سے جا ملا۔

حضرت عتبہ غلام نے خواب میں ایک حور کو اچھی صورت میں دیکھا اس نے کہا اے عتبہ! میں تم پر عاشق ہوں تو دیکھنا ایسا عمل نہ کرنا جو میرے اور تمہارے درمیان حائل ہو جائے حضرت عتبہ نے جواب دیا میں نے دنیا کو تین طلاقیں دے دی ہیں اور میں جب تک تم سے ملاقات نہ کروں اس کی طرف رجوع نہیں کروں گا۔

کہا گیا ہے کہ حضرت ایوب سختیانی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک گناہ گار آدمی کا جنازہ دیکھا تو اپنے دروازے سے

اندر چلے گئے تاکہ اس کی نماز جنازہ نہ پڑھیں کسی نے اس میت کو خواب میں دیکھ کر پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ اس نے کہا اللہ نے مجھے بخش دیا اور فرمایا حضرت ایوب سختیانی رحمۃ اللہ سے کہہ دینا۔

قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ [1]	آپ فرما دیجئے اگر تم میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے مالک ہوتے تو اس وقت تم

کسی نے بیان کیا کہ جس رات حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال ہوا میں نے ایک نور اور فرشتوں کو اترتے ہوئے اور اوپر جاتے ہوئے دیکھا میں نے کہا یہ کون سی رات ہے؟ تو انہوں نے کہا آج رات حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال ہو گیا اور ان کی روح کے لیے جنت کو آراستہ کیا گیا ہے۔

حضرت ابو سعید شحام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے حضرت سہل صعلوکی رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا تو کہا اے شیخ! انہوں نے فرمایا اب شیخ کہنا چھوڑ دو۔ جو احوال میں نے دیکھے ہیں اس وجہ سے کہہ رہا ہوں فرمایا وہ ہمارے کام نہ آئے میں نے کہا تو آپ کے ساتھ کیا معاملہ ہوا؟ فرمایا ان مسائل کی وجہ سے مجھے بخش دیا گیا جو عوام الناس مجھ سے پوچھا کرتے تھے۔

حضرت ابوبکر رشیدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے حضرت محمد طوسی معلم رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا تو انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ حضرت ابو سعید صفار مودب سے کہو:

وَكُنَّا عَلٰٓى اَنْ لَّا نَحُوْلَ عَنِ الْهَوٰى فَقَدْ	ہم تو محبت کے راستے میں حائل ہونے والے نہ
وَحَيَاةُ الْحُبِّ حُلْتُمْ وَمَا حُلْنَا۔	تھے محبت کی زندگی آپ کو میسر آتی ہے ہمیں نہیں آتی۔

فرماتے ہیں میں بیدار ہوا تو ان سے ذکر کیا انہوں نے فرمایا میں ہر جمعہ کے دن ان کی قبر پر جایا کرتا تھا لیکن اس جمعہ نہ جا سکا۔

حضرت ابن راشد فرماتے ہیں میں نے حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ کے وصال کے بعد ان کو خواب میں دیکھا تو پوچھا کیا آپ کا انتقال نہیں ہوا تھا؟ فرمایا ہاں ہوا تھا میں نے پوچھا تو آپ پر کیا گزری؟ فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے اس قدر مغفرت عطا فرمائی کہ اس نے تمام گناہوں کو گھیر لیا میں نے پوچھا حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کا کیا ہوا؟ ان کا کیا کہنا وہ اس آیت کے مصداق ہیں۔ اور ان لوگوں میں سے ہیں جن کا اس آیت میں ذکر ہوا۔

فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ	یہ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام
مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَ	فرمایا اور وہ انبیاء کرام، صدیقین، شہداء اور صالحین ہیں اور یہ
الصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا۔ [2]	کتنے اچھے ساتھی ہیں۔

---

[1] قرآن مجید، سورۂ اسراء آیت ۱۰۰۔
[2] قرآن مجید، سورۂ النساء، آیت ۶۹۔

حضرت ربیع بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کے بعد ان کو خواب میں دیکھا تو پوچھا اے ابو عبد اللہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟ جواب دیا کہ اس نے مجھے سونے کی کرسی پر بٹھایا اور مجھ پر تازہ و شاداب موتی بکھیرے۔

جس رات حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ کا وصال ہوا اس رات ان کے ایک شاگرد نے دیکھا کہ ایک منادی اعلان کر رہا ہے (یہ آیت پڑھ رہا ہے)

إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى آدَمَ وَنُوحًا وَآلَ إِبْرَاهِيمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِينَ [1]

بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم اور حضرت نوح علیہ السلام کو اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد اور آل عمران کو اپنے زمانے کے لوگوں کو چن لیا ہے۔

اور حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کو ان کے زمانے کے لوگوں پر چن لیا۔

حضرت ابو یعقوب قاری رقیقی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں میں نے خواب میں ایک شخص کو دیکھا جس کا قد لمبا اور رنگ گندمی ہے اور لوگ اس کے پیچھے پیچھے جا رہے ہیں میں نے پوچھا یہ کون ہیں؟ انہوں نے کہا یہ حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ ہیں میں ان کے پاس حاضر ہوا اور عرض کیا کہ مجھے کچھ وصیت کریں اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے۔ انہوں نے مجھ پر ناک چڑھائی میں نے کہا میں ہدایت کا طلب گار ہوں میری راہنمائی فرمائیں اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی جزا فرمائے، وہ میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اللہ تعالیٰ کی محبت کے وقت اس کی رحمت کو طلب کرو اور اس کی نافرمانی ہو جائے تو اس کے عذاب سے ڈرو اور اس دوران اس سے ناامید نہ ہونا پھر وہ مجھے چھوڑ کر چلے گئے۔

حضرت ابو بکر بن ابو مریم رحمۃ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ورقا بن بشر حضرمی رحمۃ اللہ کو دیکھا تو کہا آپ کا کیا حال ہے؟ انہوں نے جواب دیا بڑی مشقت کے بعد نجات ملی ہے میں نے پوچھا آپ نے کس عمل کو افضل پایا؟ فرمایا اللہ تعالیٰ کے خوف سے رونا۔

حضرت یزید ابن نصامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں طاعون کی عام وبا میں ایک لونڈی ہلاک ہو گئی اس کے باپ نے اسے خواب میں دیکھا تو کہا اے بیٹی! آخرت کے بارے میں مجھے بتاؤ اس نے کہا ابا جان! ہمیں ایک بہت بڑے معاملے سے واسطہ پڑا ہم جانتے ہیں اور عمل نہیں کر سکتے اور تم کرتے ہو لیکن جانتے نہیں اللہ تعالیٰ کی قسم ایک بار سبحان اللہ پڑھنا یا ایک دو رکعتوں کا میرے نامۂ اعمال میں ہونا مجھے دنیا اور جو کچھ اس میں ہے، سے زیادہ پسند ہے۔

---

[1] قرآن مجید، سورہ آل عمران آیت ۳۳۔

حضرت عتبہ غلام رحمۃ اللہ کے بعض احباب نے فرمایا کہ میں نے ان کو خواب میں دیکھا تو پوچھا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ فرمایا میں دعا کی برکت سے جنت میں چلا گیا جو تمہارے گھر میں لکھی ہوئی ہے۔ راوی فرماتے ہیں میں صبح اٹھا تو اپنے گھر آیا میں نے دیکھا کہ حضرت عتبہ غلام کے خط سے دیوار پر لکھا ہوا ہے۔

یَاهَادِیَ الْمُضِلِّیْنَ یَا رَاحِمَ الْمُذْنِبِیْنَ وَیَا مُقِیْلَ عَثَرَاتِ الْعَاثِرِیْنَ اِرْحَمْ عَبْدَكَ ذَا الْخَطَرِ الْعَظِیْمِ وَالْمُسْلِمِیْنَ كُلَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ وَاجْعَلْنَا مَعَ الْاَحْیَاءِ الْمَرْزُوْقِیْنَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ مِنَ النَّبِیِّیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ اٰمِیْنَ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ

اے گمراہوں کو راستہ دکھانے والے اے گناہ گاروں پر رحم فرمانے والے اے لغزش کرنے والے کی لغزشوں کو معاف کرنے والے اپنے بندے کو جو بہت بڑے خطرے میں گھرا ہوا ہے نیز تمام مسلمانوں پر رحم فرما اور ہمیں ان لوگوں کے ساتھ کر دے جو زندہ ہیں اور ان کو رزق دیا جاتا ہے وہ لوگ جن پر تو نے انعام فرمایا یعنی انبیاء کرام صدیقین، شہداء اور صالحین اے اللہ تعالیٰ ہماری دعا قبول فرما۔ اے تمام جہانوں کے رب۔

حضرت موسیٰ بن حماد رحمۃ اللہ فرماتے ہیں میں نے حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کو جنت میں دیکھا کہ آپ ایک درخت سے دوسرے درخت کی طرف اور ایک شاخ سے دوسری شاخ کی طرف اڑ رہے ہیں میں نے کہا اے ابو عبداللہ آپ کو یہ مقام کیسے ملا؟ فرمایا تقویٰ کے ذریعے۔ میں نے پوچھا حضرت علی بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ کا کیا حال ہے؟ فرمایا وہ ستاروں کی طرح دکھائی دیتے ہیں۔

ایک تابعی رحمۃ اللہ نے خواب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی تو عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے کوئی نصیحت فرمائیں آپ نے فرمایا ہاں جو نقصان کی تلاش اور کھوج میں نہیں رہتا وہ نقصان اٹھاتا ہے اور جو نقصان میں ہو اس کے لیے موت بہتر ہے۔

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں مجھے ان دنوں ایک ایسا معاملہ پیش آیا جس نے مجھے رنجیدہ اور پریشان کر دیا اور اس پر صرف اللہ تعالیٰ کی ذات مطلع ہے جب دوسری رات ہوئی تو خواب میں کوئی شخص میرے پاس آیا اور اس نے کہا اے محمد بن ادریس (حضرت امام شافعی) یوں کہیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَا اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ نَفْعًا وَلَا ضَرًّا وَلَا مَوْتًا وَلَا حَیَاةً وَلَا نُشُوْرًا وَلَا اَسْتَطِیْعُ اَنْ اٰخُذَ اِلَّا مَا اَعْطَیْتَنِیْ وَلَا اَتَّقِیْ اِلَّا مَا وَقَیْتَنِیْ اَللّٰهُمَّ فَوَفِّقْنِیْ

یا اللہ! میں اپنے نفس کے لیے نفع، نقصان، موت، زندگی اور مرنے کے بعد اٹھنے کا مالک نہیں ہوں جو تو عطا فرمائے اور اسی سے بچ سکتا ہوں جس سے تو بچائے یا اللہ مجھے اس بات اور عمل کی توفیق عافیت کے ساتھ

لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ فِي عَافِيَةٍ۔ عطا فرمائی جس کو تو پسند کرتا ہے۔

فرماتے ہیں جب صبح ہوئی تو میں نے یہی کلمات دہرائے دن چڑھا تو اللہ تعالیٰ نے میرا مقصد پورا کر دیا اور جب بھی میں پریشانی میں مبتلا تھا اس نے نجات عطا فرمائی۔ پس تم پر لازم ہے کہ ان کو اپناؤ اور ان سے غافل نہ رہو۔

تو یہ کچھ مکاشفات تھے جو فوت شدہ لوگوں کے حالات پر میزان اعمال پر دلالت کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے قریب کرنے والے ہیں اس کے بعد ہم صور پھونکنے سے آخری ٹھکانے تک کے حالات لکھتے ہیں وہ جنت ہو یا دوزخ اور اللہ تعالیٰ کے لیے حمد ہے شکر کرنے والوں کی حمد۔

دوسرا حصہ

صور پھونکنے سے جنت یا دوزخ میں جانے تک کے حالات

اس حصے میں مندرجہ ذیل امور کا بیان ہوگا۔

۱۔ صور پھونکنا ۲۔ محشر کے اہل اور ان کا وصف (۳) اہل محشر کا پسینہ (۴) یوم قیامت کس قدر لمبا ہوگا (۵) یوم قیامت کی صفت اس کے مصائب اور نام (۶) گناہوں کے بارے میں سوال (۷) میزان کیسا ہوگا (۸) حقوق کا مطالبہ اور ان کی واپسی (۹) پل صراط (۱۰) شفاعت (۱۱) حوض کوثر (۱۲) جہنم اور اس کے ہولناک مناظر، جہنم کی سزا اس کے سانپ بچھو (۱۳) جنت اور اس کی نعمتوں کی اقسام (۱۴) جنتوں کی تعداد۔ ان کے دروازے۔ بالا خانے۔ باغات، نہریں، درخت جنتیوں کا لباس۔ ان کے بچھونے اور تخت۔ ان کے کھانے۔ حوریں اور بچے (۱۵) اللہ تعالیٰ کا دیدار اور اس کی رحمت کی وسعت۔ اس کے ساتھ ہی یہ کتاب ختم ہو جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

فصل ع۱

صور پھونکنا

گذشتہ بیان سے سکرات موت کے سلسلے میں میت کے احوال، خوف عاقبت کا خطرہ، قبر کا اندھیرا اور اس کے کیڑوں کو برداشت کرنا، منکر نکیر اور ان کے سوال، عذاب قبر اور اس کا خطرہ اگر اس پر غضب ہوا ہو وغیرہ وغیرہ باتیں آپ کو معلوم ہو چکی ہیں۔

ان سب سے بڑے خطرے وہ ہیں جو فوت ہونے والے کے سامنے ہیں اور وہ صور پھونکنا، قیامت کے دن اٹھنا، جبار ذات کے سامنے پیش ہونا، قلیل وکثیر کے بارے میں سوال، مقدار اعمال کی پہچان کے لیے میزان کا قیام، پل صراط کے باریک اور تیز ہونے کے باوجود اس پر سے گزرنا اس کے بعد جب فیصلہ ہو جائے تو اعلان

کا انتظار اور یا تو سعادت کے ساتھ ہوگا یا شقاوت کا فیصلہ ہوگا۔ ان تمام احوال اور ہولناک امور کی معرفت اور پھر ان پر قطعی طور پر ایمان لانا اور تصدیق کرنا ضروری ہے اس کے بعد طویل غور و فکر کرنا ہے تاکہ تمہارے دل میں اس کی تیاری کے لوازم پیدا ہوں۔

اور اکثر لوگ ایسے ہیں جن کے دلوں میں آخرت پر ایمان مضبوط نہیں اور نہ ہی ان کے دلوں کے اندر اس ایمان نے مقام پکڑا ہے۔ اور اس بات کی دلیل یہ ہے کہ وہ گرمیوں کی گرمی اور سردیوں کی سردی کے لیے خاص طور پر تیار کرتے ہیں لیکن جہنم کی گرمی اور سردی کا انتظام کرنے میں سستی کرتے ہیں حالانکہ وہاں نہایت سختی اور خطرات ہوں گے۔ بلکہ جب ان سے قیامت کے بارے میں پوچھا جائے تو ان کی زبان پر الفاظ جاری ہوتے ہیں لیکن ان کے دل غافل ہوتے ہیں جس آدمی کو بتایا جائے کہ اس کے سامنے زہر ملا ہوا کھانا ہے اور وہ خبر دینے والے سے کہے کہ تم نے سچ کہا لیکن اس کے باوجود اسے کھانے کے لیے ہاتھ بڑھائے تو وہ زبان سے تصدیق کرنے والا اور عمل سے جھٹلانے والا ہے اور زبان سے جھٹلانے کے لیے مقابلے میں عمل سے جھٹلانا (زیادہ) برا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى شَتَمَنِىْ ابْنُ آدَمَ وَمَا يَنْبَغِىْ لَهُ اَنْ يَشْتُمَنِىْ وَكَذَّبَنِىْ وَمَا يَنْبَغِىْ لَهُ اَنْ يُكَذِّبَنِىْ اَمَّا شَتْمُهُ اِيَّاىَ فَيَقُوْلُ اِنَّ لِىْ وَلَدًا وَاَمَّا تَكْذِيْبُهُ فَقَوْلُهُ لَنْ يُعِيْدَنِىْ كَمَا بَدَاَنِىْ۔[1]	اللہ تعالیٰ فرماتا ہے مجھے انسان نے گالی دی اور اس کے لیے مناسب نہ تھا کہ وہ مجھے گالی دے اور اس نے جھٹلایا حالانکہ اس کے لیے مناسب نہ تھا کہ مجھے جھٹلانا اس کا مجھے گالی دینا یوں ہے کہ میرے لیے اولاد ثابت کرتا ہے اور مجھے جھٹلانے کی صورت یہ ہے کہ وہ کہتا ہے کہ جس طرح اس نے مجھے پیدا کیا دوبارہ نہیں لوٹائے گا۔

قیامت کے دن دوبارہ اٹھنے پر یقین اور تصدیق کے کم ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اس عالم میں لوگ ان امور کی مثالوں کو بہت کم سمجھتے ہیں اگر انسان حیوانات کی پیدائش کو نہ دیکھتا اور اس سے کہا جاتا کہ بنانے والا ناپاک اور گندے مادہ منویہ سے اس قسم کے آدمی کو پیدا کرتا ہے جو عقلمند، بولنے والا اور عمل کرنے والا ہے تو اس کی تصدیق سے اس کے دل کو شدید نفرت ہوتی اس لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ۔[2]	کیا انسان نہیں دیکھتا کہ ہم نے اسے مادہ منویہ سے پیدا کیا پس وہ ظاہر جھگڑالو ہے۔

---

[1] صحیح بخاری جلد اول ص ۴۵۳ کتاب بدء الخلق۔
[2] قرآن مجید، سورہ یٰسین، آیت ۷۷۔

اور ارشاد خداوندی ہے،

أَيَحْسَبُ الْإِنْسَانُ أَنْ يُتْرَكَ سُدًى أَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِنْ مَنِيٍّ يُمْنَى ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوَّى فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنْثَى [1]

کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ اسے مہمل چھوڑ دیا جائے گا کیا وہ ابتداء میں منی کا ایک قطرہ نہ تھا جو رحم مادر میں ٹپکایا جاتا ہے۔ پھر اس سے وہ لوتھڑا بنا پھر اللہ تعالیٰ نے اسے بنایا اور اعضاء درست کئے پھر اس سے دو قسمیں بنائیں مرد اور عورت۔

تو انسان کی تخلیق میں بے شمار عجائب اور اس کے اعضاء کی ترکیب کے اختلاف کے ساتھ ساتھ مزید کچھ عجائب ہیں جن کا تعلق اس کے دوبارہ پیدا ہونے اور اٹھنے سے ہے۔ تو جو شخص اللہ تعالیٰ کی صنعت و قدرت میں اس چیز کو دیکھتا ہے وہ اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی قدرت و حکمت کا انکار کیسے کر سکتا ہے اگر تمہارے ایمان میں کمزوری ہے تو پہلی مرتبہ پیدائش میں غور کر کے اپنے ایمان کو پکا کر لو بے شک دوسری مرتبہ پیدا کرنا اس کی مثل بلکہ اس سے زیادہ آسان ہے اور اگر اس پر تمہارا ایمان مضبوط ہے تو اپنے دل کو ان خطرات اور خوف سے آگاہ کرو اور اس سلسلے میں زیادہ سے زیادہ غور و فکر کرو تاکہ تمہارے دل سے راحت و قرار نکل جائے اور وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے جانے کی تیاری میں لگ جائے۔

سب سے پہلے اس آواز کی فکر کرو جو قبرستان والوں کے کانوں میں پڑے گی اور وہ شدت سے صور کا پھونکا جانا ہے یہ ایک ایسی چیخ ہوگی کہ اس کی وجہ سے قبریں پھٹ جائیں گی اور تمام مردے ایک ہی بار باہر نکل آئیں گے، تو تم اپنے بارے میں تصور کرو کہ تمہارے چہرے کا رنگ بدلا ہوا ہے اور سر سے پاؤں تک قبر کی مٹی سے آلودہ ہے اور چیخ کی شدت سے تم حیران ہو آواز کی طرف نگاہ لگی ہوئی ہے اور لوگ جو مدتوں تک قبروں میں گلتے سڑتے رہے یکدم نکل پڑے اب اس خوف اور رعب نے ان کے غموں اور انجام کار کی شدت انتظار میں اضافہ کر دیا۔ جیسے ارشاد خداوندی ہے

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللَّهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ أُخْرَى فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُونَ [2]

اور صور پھونکا جائے گا تو آسمانوں اور زمینوں والے بیہوش ہو کر گر پڑیں گے مگر جسے اللہ تعالیٰ چاہے پھر دوسری بار صور پھونکا جائے گا تو وہ اس وقت کھڑے ہو کر دیکھنے لگیں گے۔

---

[1] ، قرآن مجید سورہ القیامۃ آیت ۳۶ تا ۳۹

[2] ، قرآن مجید سورہ زمر آیت ۶۸۔

اور ارشاد فرمایا۔

فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ فَذَٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَوْمٌ عَسِيرٌ عَلَى الْكَافِرِينَ غَيْرُ يَسِيرٍ [1]

پس جب بگل بجایا جائے گا تو یہ دن کافروں پر بڑا سخت ہو گا آسان نہیں ہو گا۔

اور ارشادِ خداوندی ہے۔

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ مَا يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُونَ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ يَرْجِعُونَ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا هَٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ [2]

اور وہ کہتے ہیں یہ وعدہ کب آئے گا اگر تم سچے ہو وہ ایک چیخ کا انتظار کرتے ہیں جو ان کو پکڑے گی اور وہ جھگڑ رہے ہوں گے پس نہ تو وصیت کر سکیں گے اور نہ ہی گھر والوں کی طرف لوٹ سکیں گے۔ اور صور پھونکا جائے گا۔ تو وہ فوراً اپنی اپنی قبروں سے نکل کر اپنے رب کی طرف تیزی سے جانے لگیں گے وہ کہیں گے ہائے ہم برباد ہوئے ہمیں ہماری قبر سے کس نے اٹھایا تو یہ رحمٰن کا وعدہ ہے اور رسولوں نے سچ فرمایا۔

اور اگر مردوں کے سامنے صرف اس آواز کی دہشت ہی ہو (اور کچھ نہ ہو) تو بھی ڈرنا اور پرہیز کرنا ان کے لائق تھا کیونکہ یہ ایک ایسی پھونک اور چیخ ہوگی جس سے آسمانوں اور زمینوں والے سب بیہوش ہو جائیں گے یعنی مر جائیں گے ہاں جسے اللہ تعالیٰ چاہے وہ زندہ رہے گا اور وہ بعض فرشتے ہیں اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

كَيْفَ أَنْعَمُ وَصَاحِبُ الصُّورِ قَدِ الْتَقَمَ الْقَرْنَ وَحَنَى الْجَبْهَةَ وَأَصْغَى بِالْأُذُنِ يَنْتَظِرُ مَتَىٰ يُؤْمَرُ فَيَنْفُخُ [3]

میں کس طرح آرام کروں جب کہ صور پھونکنے والے (فرشتے) نے بگل منہ میں رکھا ہوا ہے، پیشانی جھکا کر کان لگائے ہوئے وہ اس انتظار میں ہے کہ کب اسے حکم دیا جائے اور پھونکے۔

حضرت مقاتل رحمۃ اللہ فرماتے ہیں صور ایک سینگ ہے اور حضرت اسرافیل علیہ السلام نے سینگ کے اوپر منہ رکھا ہوا ہے جس طرح بگل ہوتا ہے اور سینگ کی گولائی آسمانوں اور زمین کی چوڑائی جیسی ہے حضرت اسرافیل کی نگاہ عرش پر لگی ہوئی ہے۔ وہ اس انتظار میں ہیں کہ کب ان کو حکم دیا جائے اور وہ پہلی بار صور پھونکیں جب وہ صور پھونکیں گے

---

[1] ۔ قرآن مجید سورہ المدثر آیت ۸ تا ۱۰۔

[2] ۔ قرآن مجید سورہ یٰسین آیت ۴۸ تا ۵۲۔

[3] ۔ مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۳۲۶ مرویات ابن عباس۔

تو آسمانوں اور زمین والے سب بیہوش ہو جائیں گے یعنی ہر زندہ چیز مر جائے گی البتہ چند فرشتے جنکو اللہ تعالیٰ چاہے گا، باقی رہ جائیں گے۔ اور وہ حضرت جبریل حضرت میکائیل۔ حضرت اسرافیل اور حضرت عزرائیل علیہ السلام ہیں پھر اللہ تعالیٰ نے موت کے فرشتے کو حکم دے گا تو وہ حضرت جبریل علیہ السلام کی روح قبض کرے گا پھر حضرت میکائیل علیہ السلام کی روح اور اس کے بعد حضرت اسرافیل علیہ السلام کی روح نکالے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ موت کے فرشتے کو حکم دے گا تو وہ خود مر جائے گا پہلی پھونک کے بعد مخلوق عالم برزخ میں چالیس سال رہے گی۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ حضرت اسرافیل علیہ السلام کو زندہ کرے گا اور اسے دوبارہ صور پھونکنے کا حکم دے گا اس سلسلے میں ارشاد خداوندی ہے۔

ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ [1]

پھر دوبارہ صور پھونکا جائے گا تو وہ کھڑے ہو کر دیکھنے لگیں گے۔

یعنی پاؤں پر کھڑے ہو کر زندہ ہونے کو دیکھیں گے۔
اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

حِيْنَ بُعِثْتُ اِلَى بُعِثَ اِلَى صَاحِبِ الصُّوْرِ فَاَهْوٰى بِهٖ اِلٰى فِيْهِ وَقَدَّمَ رِجْلًا وَاَخَّرَ اُخْرٰى يَنْتَظِرُ مَتٰى يُؤْمَرُ بِالنَّفْخِ اَلَا فَاتَّقُوْا۔ [2]

جب اللہ تعالیٰ نے مجھے مبعوث فرمایا تو صور پھونکنے والے فرشتے کو بھی پیغام بھیجا۔ پس اس نے صور منہ سے لگایا ہوا ہے ایک قدم آگے بڑھا رکھا ہے اور دوسرے کو پیچھے ہٹایا ہوا ہے وہ انتظار میں ہے کہ کب پھونکنے کا حکم دیا جائے سنو! پھونک سے ڈرو۔

تو مخلوق اور ان کی ذلت، انکساری، دوبارہ اٹھتے وقت خوف کے باعث بیچارگی میں غور کرو اور فیصلے کا انتظار کہ وہ خوش بختی کی صورت میں ہوتا ہے یا بدبختی کی شکل میں، تو غور کرو کہ تم بھی ان کے درمیان شکستہ دل اور حیران ہو جس طرح وہ شکستہ دل اور حیران ہیں۔ بلکہ اگر تم دنیا میں خوشحال اور مالدار لوگوں میں سے ہو تو اس دن زمین کے بادشاہوں کا حال باقی تمام زمین والوں سے زیادہ ذلت والا ہوگا وہ سب سے زیادہ چھوٹے اور حقیر نظر آئیں گے اور چیونٹی کی طرح پاؤں سے مسلے جائیں گے اس وقت وحشی جانور جنگلوں اور پہاڑوں سے سر جھکائے ہوئے آئیں گے اور وحشت کے باوجود لوگوں میں مل جائیں گے اگرچہ وہ خطار کار نہیں ہوں گے لیکن اس دن کے اٹھنے، چیخ کی شدت اور پھونک کے ہولناک منظر کی وجہ سے سب کچھ بھول جائیں اور لوگوں سے وحشت اختیار کرنے اور بھاگنے کا خیال بھی نہ ہوگا۔

---

[1] ۔ قرآن مجید، سورہ زمر آیت ۶۸۔
[2] ۔ تاریخ ابن عساکر جلد ۳ ص ۲۲ ترجمہ اسماعیل بن رافع

ارشادِ خداوندی ہے۔

وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ ۔ ؎۱ | اور جب وحشی جانور اکٹھے کیے جائیں گے۔

پھر سرکش شیطان اپنی سرکشی اور نافرمانی کے باوجود آئیں گے اور بارگاہ خداوندی میں پیش ہونے کی ہیبت کے باعث سر جھکائے ہوئے ہوں گے یہ اس ارشاد خداوندی کی تصدیق ہے۔

فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ؎۲

پس تیرے رب کی قسم ہم ان کو اور شیطانوں کو اکٹھا کریں گے پھر ان کو جہنم کے گرد یوں لائیں گے کہ وہ گھٹنوں کے بل کھڑے ہوں گے۔

فصل ۲۰

میدانِ محشر اور اہلِ محشر

پھر دیکھو قبروں سے نکلنے اور جمع ہونے کے بعد لوگوں کو کس طرح چلایا جائے گا وہ ننگے پاؤں ننگے جسم اور بے ختنہ ہوں گے میدان حشر کی طرف جائیں گے جو نرم اور سفید رنگ کی ہموار زمین ہے اس میں کوئی اونچ نیچ نہیں ہوگی اور نہ وہاں کوئی ٹیلہ ہوگا جس کے پیچھے آدمی چھپ جائے۔ اور نہ گڑھا ہوگا کہ اس کے اندر غائب ہو جائے بلکہ وہ ایک پھیلی ہوئی زمین ہے جس میں کوئی فرق نہیں لوگوں کو اس کی طرف گروہوں کی شکل میں چلایا جائے گا تو وہ ذات پاک ہے جس نے زمین کے مختلف کناروں سے مختلف قسم کے لوگوں کو جمع کیا کہ پہلی پھونک ان کو چلائے گی اور اس کے پیچھے دوسری پھونک ہوگی اس دن دلوں کا خوف زدہ ہونا اور آنکھوں کا جھکا ہونا لائق ہے۔

يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى اَرْضٍ بَيْضَاءَ عَفْرَاءَ كَقُرْصِ النَّقِيِّ لَيْسَ فِيْهَا مَعْلَمٌ لِاَحَدٍ ؎۳

قیامت کے دن لوگوں کا حشر ایک سفید زمین پر ہوگا جس طرح چھنے ہوئے آٹے کی روٹی اس میں کسی کے لیے کوئی آڑ نہ ہوگی۔

راوی کہتے ہیں "عفراء" کا معنی سفیدی ہے لیکن خالص سفیدی نہیں اور "نقی"، جس میں کوئی چھلکا نہ ہو اور

؎۱ ۔ قرآن مجید، سورہ تکویر آیت ۵

؎۲ ۔ قرآن مجید سورہ مریم آیت ۶۸

؎۳ ۔ صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۶۵ کتاب الرقاق

"معلم" کا مطلب یہ ہے کہ کوئی دیوار نہیں کہ چھپ جائے اور نہ کوئی فرق کہ نظر نہ آسکے۔
اور یہ خیال نہ کرنا کہ زمین دنیوی زمین کی طرح ہوگی بلکہ ان میں صرف نام کا اشتراک ہے۔ ارشاد خداوندی ہے

يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ ۔ لہ

جس دن زمین اور آسمان دوسری زمین سے بدل جائیں گے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اس زمین میں کچھ کمی بیشی کی جائے گی اور اس کے درخت، پہاڑ وادیاں اور جو کچھ ان میں ہے سب چلا جائے گا۔ اور اسے عکاظ (ایک مقام جہاں عربوں کا میلہ اور بازار لگتا تھا) کے چمڑے کی طرح پھیلایا جائے گا چاندی کی طرح سفید زمین ہوگی اس میں نہ تو قتل ہوگا اور نہ کوئی گناہ نیز آسمانوں کا سورج چاند اور ستارے چلے جائیں گے۔ تو اے مسکین! اس دن کی شدت اور ہولناک منظر کو دیکھو۔ جب اس زمین پر مخلوق اکٹھی ہوگی تو ان کے اوپر سے ستارے بکھر جائیں اور سورج اور چاند بے نور ہو جائیں گے اور زمین کا چراغ بجھ جانے کی وجہ سے اس پر اندھیرا چھا جائے گا۔ وہ اسی حالت میں ہوں گے کہ ان کے سروں پر آسمان چکر کھا کر پھٹ جائے گا حالانکہ وہ سخت اور پانچ سو سال کی مسافت کے برابر ہوتا ہے۔ اور فرشتے اس کے کناروں پر کھڑے ہوں گے تو اس کے پھٹنے کی آواز سے کس قدر ہولناکی ہوگی اور اس دن کی ہیبت کس قدر ہوگی جب آسمان اپنی شدت کے باوجود پھٹ جائیں گے پھر وہ اس چاندی کی طرح بہنے لگیں جس میں زردی ملی ہوئی ہو۔ پس وہ سرخ چمڑے کی طرح گلابی رنگ ہو جائیں گے اور آسمان پگھلی ہوئی دھاتوں کی طرح اور پہاڑ دھنی ہوئی روئی کی طرح ہو جائیں اور لوگ بکھرے ہوئے پتنگوں کی طرح ہوں گے اور وہ ننگے پاؤں، ننگے جسم اور پیدل چلنے والے ہوں گے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

يُبْعَثُ النَّاسُ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا قَدْ اَلْجَمَهُمُ الْعَرَقُ وَبَلَغَ شُحُومَ الْاٰذَانِ۔

لوگ ننگے پاؤں ننگے جسم اور ختنہ کیے ہوئے اٹھیں گے اور ان کو پسینہ نے لگام ڈال رکھی ہوگی جو ان کے کانوں کی لو تک پہنچا ہوا ہوگا۔

ام المومنین حضرت سودہ رضی اللہ عنہا جو اس حدیث کو روایت کرتی ہیں فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ تو بڑی خرابی ہوگی لوگ ایک دوسرے کو دیکھیں گے؟ فرمایا۔ لوگوں کو اس بات کی فرصت ہی نہ ہوگی۔
ارشاد خداوندی ہے۔ لہ

لہ۔ قرآن مجید سورہ ابراہیم آیت ۴۸۔
لہ۔ المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۵۶۴ کتاب الاہوال

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَانٌ يُّغْنِيْهِ ۔ ؎۱ | اس دن ہر شخص اپنی اپنی فکر میں ہوگا جو اسے (دوسری طرف سے) بے نیاز کرے گی۔

تو وہ دن کس قدر عظیم ہوگا جس میں شرمگاہیں کھلی ہوئی ہوں گی لیکن لوگ ایک دوسرے کی طرف دیکھنے سے بے نیاز ہوں گے، اور ایسا کس طرح ہو سکتا ہے بلکہ بعض اپنے پیٹوں کے بل اور کچھ اپنے چہروں کے بل چلتے ہوں گے ان کو دوسروں کی طرف دیکھنے کی طاقت ہی نہ ہوگی،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَلَاثَةَ اَصْنَافٍ رُكْبَانًا وَمُشَاةً وَعَلَى وُجُوْهِهِمْ۔ | قیامت کے دن لوگوں کو تین صورتوں میں اٹھایا جائے گا۔ سوار، پیدل اور چہروں کے بل چلنے والے

ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) وہ چہروں کے بل کیسے چلیں گے تو آپ نے فرمایا۔

جو ذات ان کو قدموں پر چلا سکتی ہے وہ ان کو چہروں کے بل بھی چلا سکتی ہے۔ ؎۲

انسان فطری طور پر اس چیز سے انکار کرتا ہے جس سے مانوس نہ ہو اگر اس نے سانپ پیٹ کے بل تیزی سے چلتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو وہ پاؤں کے بغیر چلنے سے انکار کر دیتا اور جو شخص کسی کو پاؤں پر چلتے ہوئے نہ دیکھے اس کے لیے یہ بات بھی عقل سے بعید ہوتی ہے پس تمہیں چاہیے کہ قیامت کے دن رونما ہونے والے عجائبات کا اس لیے انکار نہ کرنا کہ وہ دنیوی قیاس کے خلاف ہیں۔ اگر تم دنیوی عجائب کو نہ دیکھتے پھر یہ امور تمہارے سامنے پیش کیے جاتے اور ابھی تک تم نے ان کا مشاہدہ نہ کیا ہوتا تو تم ان باتوں سے بہت زیادہ انکار کر دیتے پس تمہیں چاہیے کہ اپنی صورت کو سامنے لاؤ کہ تم ننگے جسم، ذلیل، دھتکارے ہوئے حیران پریشان کھڑے ہو اور تمہارے بارے میں سعادت یا شقاوت کا جو فیصلہ ہونے والا ہے اس کے منتظر ہو تو اس حالت کو بہت بڑا سمجھو کیوں کہ واقعی یہ بہت بڑی حالت ہے۔

فصل ۳

پسینے کی کیفیت

پھر لوگوں کے ہجوم اور اجتماع کے بارے میں سوچو کہ میدان حشر میں ساتوں آسمانوں اور ساتوں زمینوں

؎۱۔ قرآن مجید، سورہ عبس آیت ۳۷

؎۲۔ مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۳۵۴ مرویات ابوہریرہ

کی مخلوق فرشتے، جن، انسان، شیطان، وحشی جانور، درندے اور پرندے جمع ہوں گے ان پر سورج چمکے گا اور اس کی گرمی دوچند ہو گی اور جس طرح اب اس کا معاملہ ہلکا ہے ایسا نہیں رہے گا پھر اس کی مخلوق کے سروں پر دو کمانوں کے فاصلے کے برابر قریب کیا جائے گا اور زمین پر رب العالمین کے عرش کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہیں ہو گا اور اس سے بھی صرف مقربین ہی سایہ حاصل کر سکیں گے تو کچھ لوگ عرش کے سائے میں ہوں گے جبکہ بعض سورج کی گرمی سے سکتے ہوں گے کہ اس کی گرمی کے باعث کرب و غم بہت زیادہ ہو گا نیز بہت زیادہ ہجوم کی وجہ سے ایک دوسرے کو دھکا دے رہے ہوں گے اور پاؤں پر پاؤں آئیں گے نیز ذلت و رسوائی کی وجہ سے شرمندگی اور حیا الگ ہو اور آسمانوں کے جبار کی بارگاہ میں پیشی کی ذلت ہو گی تو سورج کی چمک اور سانسوں کی حرارت جمع ہو گی نیز حیا اور خوف سے دل جل رہے ہوں گے تو ہر بال کے نیچے سے پسینہ بہہ رہا ہو گا حتیٰ کہ وہ قیامت کی زمین پر جاری ہو جائے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کو جو جو مقام حاصل ہو گا اس کے حساب سے ان کے بدنوں پر چڑھے گا بعض کا پسینہ ان کے گھٹنوں تک، بعض کا ان کے ازار بند تک بعض کا کانوں کی لو تک اور کچھ لوگ اس میں غائب ہونے کے قریب ہوں گے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ حَتّٰى يَغِيْبَ اَحَدُهُمْ فِيْ رَشْحِهٖ اِلٰى اَنْصَافِ اُذُنَيْهِ [1]

جس دن لوگ تمام جہانوں کے پالنے والے کے سامنے کھڑے ہوں گے تو بعض لوگوں کا پسینہ اس قدر ہو گا کہ کانوں کے نصف تک پہنچے گا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

يَعْرَقُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يَذْهَبَ عَرَقُهُمْ فِي الْاَرْضِ سَبْعِيْنَ بَاعًا وَيُلْجِمُهُمْ وَيَبْلُغُ اٰذَانَهُمْ [2]

قیامت کے دن لوگوں کو پسینہ آئے گا حتیٰ کہ ان کا پسینہ زمین میں ستر باغ (   ) تک چلا جائے گا اور بعض لوگوں تک لگام کی شکل میں پہنچے گا حتیٰ کہ ان کے کانوں تک پہنچ جائے گا۔

ایک دوسری روایت میں ہے،

قِيَامًا شَاخِصَةً اَبْصَارُهُمْ اَرْبَعِيْنَ

وہ چالیس سال تک آسمانوں کی طرف ٹکٹکی باندھے

---

[1] صحیح بخاری جلد ۲ ص ۷۲۶، کتاب التفسیر

[2] صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۶۷ کتاب الرقاق۔

سَنَةً اِلَى اَسْمَاءِ فَيُلْجِمُهُمُ الْعَرَقُ مِنْ شِدَّةِ الْكَرْبِ۔ ؎۱

کھڑے ہوں گے تو سخت تکلیف کے باعث ان کو پسینے نے لگام دے رکھی ہوگی۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

قیامت کے دن سورج زمین کے قریب ہو جائے گا تو لوگوں کو پسینہ آئے گا بعض لوگوں کا پسینہ ان کی ایڑیوں تک جائے گا بعض کا پنڈلی کے نصف تک بعض کا گھٹنوں تک پہنچے گا کچھ کا رانوں تک کچھ لوگوں کا پسینہ ان کے ازار بند کے مقام تک اور بعض کا ان کے منہ تک پہنچے گا۔ آپ نے اپنے دست مبارک سے اشارہ فرمایا کہ وہ ان کو لگام ڈال دے گا اور بعض کو پسینہ ڈھانپ دے گا۔ اور آپ نے اپنے ہاتھ مبارک کو سر انور پر رکھا۔ ؎۲

تو اے بیچارے! محشر والوں کے پسینے اور ان کی سخت تکلیف کو دیکھو ان میں سے کوئی آواز دے رہا ہوگا یا اللہ! مجھے اس مصیبت اور انتظار سے نجات عطا فرما چاہے جہنم کی طرف لے جا۔

اور یہ سب تکالیف حساب اور عذاب سے پہلے ہیں اور وہ ابھی باقی ہیں اور تو بھی ان لوگوں میں سے ایک ہے۔ اور تمہیں معلوم نہیں کہ تمہارا پسینہ کہاں تک جائے گا۔

اور جان لو کہ جو پسینہ اللہ تعالیٰ کے راستے یعنی حج، جہاد، روزے اور قیام نیز کسی مومن کی حاجت کو پورا کرنے میں نہ نکلے اور نہ ہی نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کی مشقت اٹھائی ہو تو عنقریب قیامت کے دن حیا اور خوف کی وجہ سے یہ پسینہ نکلے گا اور اس میں تکلیف زیادہ ہوگی۔

اگر آدمی جہالت اور دھوکے سے محفوظ ہو تو اسے معلوم ہونا چاہیے کہ عبادات کی مشکلات میں پسینے کی مشقت آسان ہے اور قیامت کے دن پریشانی اور انتظار کے پسینے کے مقابلے میں کم ہے کیونکہ وہ بڑا سخت اور لمبا دن ہوگا۔

فصل ۴

قیامت کے دن کی بڑائی

جس دن لوگ انتظار میں کھڑے ہوں گے آنکھیں کھلی اور دل پھٹے ہوئے ہوں گے نہ ان سے کلام کیا

؎۱۔ المطالب العالیہ جلد ۴ ص ۳۶۵ حدیث ۴۶۱۱۔

؎۲۔ مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۵۷ امرویات عقبہ بن عامر۔

جائے گا اور نہ ہی ان کے معاملات میں نظر کی جائے گی وہ تین سو سال کھڑے رہیں گے اور ایک لقمہ تک نہیں کھائیں گے۔ اور نہ ہی ایک گھونٹ پانی پئیں گے، اور نہ ہی اس دن ان پر ہوا کا جھونکا چلے گا۔ قرآن مجید میں ہے۔

يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ [1]

جس دن لوگ اپنے رب کے سامنے کھڑے ہوں گے۔

اس آیت کی تفسیر میں حضرت کعب اور حضرت قتادہ رحمۃ اللہ فرماتے ہیں وہ تین سو سال کی مقدار کھڑے رہیں گے بلکہ حضرت عبداللہ بن عمر و رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی اور پھر ارشاد فرمایا۔

كَيْفَ بِكُمْ اِذَا جَمَعَكُمُ اللّٰهُ كَمَا تُجْمَعُ النَّبْلُ فِي الْكِنَانَةِ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ لَا يَنْظُرُ اِلَيْكُمْ [2]

تمہارا کیا حال ہوگا جب اللہ تعالیٰ تم سب کو جمع کرے گا جیسے ترکش میں تیر جمع ہوتے ہیں پچاس ہزار سال تک تمہاری طرف نظر نہیں کرے گا۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ فرماتے ہیں تمہارا اس دن کے بارے میں کیا خیال ہے، جب لوگ پچاس ہزار سال کی مقدار اپنے قدموں پر کھڑے ہوں گے اس میں نہ تو ایک لقمہ کھائیں گے اور نہ ہی ایک گھونٹ پانی پئیں گے حتی کہ جب پیاس سے ان کی گردنیں کٹ جائیں گی اور بھوک سے ان کے پیٹ جل جائیں گے تو ان کو دوزخ کی طرف لے جا کر انہیں کھولتے ہوئے پانی سے پلایا جائے گا جب ان کی مشقت طاقت سے بڑھ جائے گی تو وہ ایک دوسرے سے ہم کلام ہوں گے کہ ان کے مولیٰ کی بارگاہ میں کون زیادہ معزز ہے جو ان کے حق میں شفاعت کرے تو وہ جس نبی کی بارگاہ میں جائیں گے وہ ان کو دور کر دیں گے اور فرمائیں گے مجھے میرے حال پر چھوڑ دو مجھے میرے اپنے معاملے نے دوسروں سے بے نیاز کر دیا ہے اور عذر پیش کریں گے کہ اللہ تعالیٰ آج سخت غصے میں ہے اس قدر غصہ اس سے پہلے کبھی نہ تھا اور نہ آئندہ کبھی ہوگا حتی کہ ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کی شفاعت فرمائیں

---

[1] قرآن مجید سورہ تطفیف آیت ۶۔

[2] المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۵۷۲ کتاب الاہوال۔

گے جن کی شفاعت کی آپ کو اجازت دی جائے گی. ارشاد خداوندی ہے۔

لَا یَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِیَ لَهٗ قَوْلًا[1]

وہ شفاعت کے مالک نہیں ہوں گے مگر جس کو رحمٰن اجازت دے اور اس کی بات کو پسند کرے۔

تو اس دن کی بڑائی اور اس میں شدت انتظار میں غور کرو تاکہ تمہاری اس مختصر عمر میں تم پر گناہوں سے صبر کا انتظار آسان جان لو کہ جو شخص دنیا میں موت کا زیادہ انتظار کرے اور اس سلسلے میں خواہشات سے صبر کو برداشت کرے اس دن اس کو خاص طور پر کم انتظار کرنا پڑے گا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جب پوچھا گیا کہ قیامت کا دن کس قدر طویل ہوگا۔ تو آپ نے فرمایا۔

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ اِنَّهٗ لَیُخَفَّفُ عَلَى الْمُؤْمِنِ حَتّٰی یَكُوْنَ اَهْوَنَ عَلَیْهِ مِنَ الصَّلٰوةِ الْمَكْتُوْبَةِ یُصَلِّیْهَا فِی الدُّنْیَا۔[2]

اس ذات کی قسم! جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ وہ مومن پر آسان ہوگا حتیٰ کہ دنیا میں فرض نماز کی ادائیگی سے بھی تھوڑا وقت معلوم ہوگا۔

تو تمہیں ایسے مومنوں میں سے ہونے کی کوشش کرنا چاہیے جب تک تمہاری زندگی کا ایک بھی سانس باقی ہے معاملہ تمہارے اختیار میں ہے اور تیاری کرنا تمہارے بس میں ہے لہذا چھوٹے دنوں میں بڑے دنوں کے لیے عمل کیجیے تمہیں ایسا نفع حاصل ہوگا جس کی خوشی بے انتہا ہے مثلاً اگر تم سات ہزار سال اس لیے صبر کرو کہ پچاس ہزار کی مقدار والے دن سے چھٹکارا پاؤ تو تمہیں مشقت کم اٹھانا پڑے گی اور نفع زیادہ ہوگا۔

---

[1]

[2] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۷۵، مرویات ابو سعید خدری

فصل ۵:

قیامت کا دن اس کے مصائب اور نام

تو اے مسکین! جس دن کی یہ عظمت ہے، وہ اس قدر بڑا ہے، عالم زبردست اور زمانہ قریب ہے اس دن کے لیے تیاری کر۔ جس دن تو دیکھے گا کہ آسمان پھٹ گئے، اس کے خوف سے ستارے جھڑ گئے روشن ستاروں کی چمک ماند پڑ گئی، سورج کی روشنی لپیٹ دی گئی پہاڑ چلنے لگے، پانی لانے والی اونٹنیاں کھلی پھریں جنگلی جانوروں جمع ہو گئے، سمندر اُبلنے لگے رُوحیں بدنوں سے جا ملیں جہنم کی آگ بھڑکائی گئی، جنت قریب لائی گئی اور پہاڑ اڑائے گئے اور زمین پھیلائی گئی۔

اور جس دن تم دیکھو گے کہ زمین میں زلزلہ بپا ہو گا، زمین اپنے بوجھ باہر نکال دے گی اور لوگ گروہوں میں بٹ جائیں گے کہ اپنے اعمال (کا بدلہ) دیکھیں اور جس دن زمین اور پہاڑ اٹھا کر پٹخ دیئے جائیں گے اس دن عظیم واقعہ رُونما ہو گا اور آسمان پھٹ جائیں گے حتیٰ کہ ان کی بنیادیں کمزور پڑ جائیں گی فرشتے ان کے کناروں پر ہوں گے اور اس دن تمہارے رب کے عرش کو آٹھ فرشتوں نے اٹھایا ہو گا۔ اس دن تم سب کو پیش ہونا ہو گا اور تم سے کوئی بھی بات پوشیدہ نہ ہوگی جس دن پہاڑ چلیں گے اور تم زمین کو کھلی ہوئی دیکھو گے۔ جس دن زمین کانپے گی اور پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو کر اڑنے والی گرد بن جائیں گے جس دن انسان بکھرے ہوئے پتنگوں کی طرح ہو جائیں گے اور پہاڑ دھنی ہوئی روئی کے گالوں کی طرح ہو جائیں گے اس دن ہر دودھ پلانے والی دُودھ پیتے بچے سے غافل ہو جائے گی اور ہر حمل والی کا حمل گر جائے گا اور تم لوگوں کو نشے کی حالت میں دیکھو گے حالاں کہ وہ نشے کی حالت میں نہیں ہوں گے لیکن اللہ تعالیٰ کا عذاب سخت ہو گا۔

جس دن یہ زمین و آسمان دوسری زمین میں بدل جائیں گے اور اللہ تعالیٰ واحد و قہار کے سامنے کھڑے ہوں گے۔

جس دن پہاڑ اڑا کر بکھیر دیئے جائیں گے اور صاف زمین باقی رہ جائے گی اس میں کوئی ٹیڑھا راستہ (موڑ وغیرہ) اور ٹیلے نہیں ہوں گے جس دن تم پہاڑوں کو جمے ہوئے دیکھو گے حالاں کہ وہ بادلوں کی طرح چل رہے ہوں گے جس دن آسمان پھٹ کر گلابی لال چمڑے کی طرح ہو جائیں گے اور اس دن کسی انسان اور جن سے اس کے گناہ کے بارے میں پوچھا نہیں جائے گا۔ اس دن گناہ گار کو بولنے سے روک دیا جائے گا اور نہ ہی اس کے جرموں کے بارے پوچھا جائے گا بلکہ پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے گرفت ہوگی جس دن ہر شخص اپنے اچھے عمل کو سامنے پائے گا اور برے عمل کو بھی اور وہ چاہے گا کہ اس برے عمل اور اس (شخص) کے درمیان بہت زیادہ فاصلہ ہو۔

جس دن ہر نفس اس چیز کو جان لے گا جو وہ لایا ہو گا اور جو آگے بھیجا یا پیچھے چھوڑا وہ سب حاضر ہو گا۔ جس دن زبانیں گنگ ہوں گی اور باقی اعضاء بولیں گے۔

یہ وہ عظیم دن ہے جس کے ذکر نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بوڑھا کر دیا جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ تو بوڑھے ہو گئے ہیں تو آپ نے فرمایا۔

شَيَّبَتْنِي هُودٌ وَأَخَوَاتُهَا۔ مجھے سورۂ ہود اور اس جیسی دوسری سورتوں نے بوڑھا کر دیا ہے۔ (۱)

اور وہ سورۂ واقعہ، سورۂ مرسلات، سورۂ عَمَّ يَتَسَاءَلُونَ اور إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ۔ (وغیرہ سورتیں) ہیں۔

تو اے قرآن پڑھنے والے عاجز! تیرا قرأتِ قرآن سے صرف اتنا حصہ ہے کہ تو گویا اس کے ساتھ کلی کرتا ہے اور اس کے ساتھ زبان کو حرکت دے اور اگر تو جو کچھ پڑھتا ہے اس میں غور و فکر کرتا تو اس لائق تھا کہ ان باتوں سے تیرا کلیجہ پھٹ جاتا جن باتوں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو بوڑھا کر دیا تھا۔ اگر تم صرف زبان کی حرکت پر قناعت کرو تو ثمرۂ قرآن سے محروم رہو گے جن امور کا قرآن مجید میں ذکر ہے ان میں سے ایک قیامت ہے اللہ تعالیٰ نے اس کے مصائب کا ذکر کیا اور اس کے بہت سے نام ذکر کئے تاکہ تم اس کے ناموں کی کثرت سے اس کے معانی کی کثرت پر مطلع ہو جاؤ، زیادہ ناموں کا مقصد ناموں اور القاب کو بار بار ذکر کرنا نہیں بلکہ عقل مند لوگوں کے لیے تنبیہ ہے کیوں کہ قیامت کے ہر نام کے تحت ایک راز ہے اور اس کے ہر وصف کے تحت ایک معنیٰ ہے پس تجھے اس کے معانی کی معرفت کی حرص ہونی چاہیے۔

اب ہم ان تمام ناموں کو بیان کرتے ہیں۔

وہ نام یہ ہیں یوم قیامت (قائم ہونے کا دن) یوم حسرت (افسوس کا دن) یوم ندامت (پشیمانی کا دن) یوم المحاسبہ (حساب کتاب کا دن) یوم المسائلۃ (پوچھ گچھ کا دن) یوم المسابقہ (آگے بڑھنے کا دن) یوم المناقشہ (جھگڑے کا دن) یوم المنافسہ (مقابلے کا دن) یوم زلزلہ (زلزلے کا دن) یوم دمامہ (الٹ دینے کا دن) یوم الصاعقہ (کڑک کا دن) یوم الواقعہ (واقع ہونے کا دن) یوم القارعۃ (کھٹکھٹانے والی کا دن) یوم الراجفہ (صدمے یا زلزلے کا دن) یوم الرادفہ (پیچھے آنے والا دن) یوم الغاشیہ (ڈھانپنے والی کا دن) یوم الداہیہ (مصیبت کا دن) یوم آزفہ (تنگی کا دن) یوم الحاقہ (آفت و مصیبت کا دن) یوم الطامۃ (بڑے حادثے کا دن) یوم الصاخۃ (چیخنے چلانے کا دن) یوم التلاق (ملاقات کا دن) یوم الفراق (جدائی کا دن) یوم المساق (چلانے کا دن) یوم القصاص (بدلے کا دن) یوم التناد (جمع ہونے اور پکار کا دن) یوم الحساب (حساب کا دن) یوم المآب (لوٹنے کا دن) یوم العذاب (عذاب کا دن) یوم الفرار (بھاگنے کا دن) یوم القرار (ٹھہرنے کا دن) یوم اللقاء (ملاقات کا دن) یوم البقاء (باقی رہنے کا دن) یوم القضاء (فیصلے کا دن) یوم الجزاء (بدلے کا دن) یوم البلاء (آزمائش یا انعام کا دن) یوم البکاء (رونے کا دن)

---

(۱) جامع ترمذی ص ۵۰۷، ابواب الشمائل

یوم الحشر (جمع ہونے کا دن) یوم الوعید (ڈر والا دن) یوم العرض (پیشی کا دن) یوم الوزن (نامہ اعمال تولنے کا دن) یوم الحق (سچ ظاہر ہونے کا دن) یوم الحکم (فیصلے کا دن) یوم الفصل (فیصلے کا دن یا جدائی و امتیاز کا دن) یوم الجمع (جمع ہونے کا دن) یوم البعث (قبروں سے اٹھنے کا دن) یوم الفتح (نامہ اعمال کھولنے کا دن) یوم الخزی (بعض لوگوں کے لیے ذلت کا دن) یوم عظیم (بہت بڑا دن) یوم عقیم (سخت دن) یوم عسیر (مشکل دن) یوم الدین (بدلے کا دن) یوم الیقین (یقین کا دن) یوم النشور (اٹھنے کا دن) یوم المصیر (لوٹنے کا دن) یوم النفخۃ (صور پھونکنے کا دن) یوم الرجفۃ (زلزلے کا دن) یوم الصیحۃ (چیخ و پکار کا دن) یوم الرجۃ (ہلا دینے والا دن) یوم الزجرۃ (جھڑک کا دن) یوم السکرہ (نشے کا دن) یوم الفزع (گھبراہٹ کا دن) یوم الجزع (فریاد کا دن) یوم المنتہی (انتہاء کا دن) یوم الماوٰی (ٹھکانے کا دن) یوم المیقات (مقررہ وقت کا دن) یوم المیعاد (وعدے کا دن) یوم المرصاد (انتظار کا دن) یوم القلق (پریشانی کا دن) یوم العرق (پسینے کا دن) یوم الافتقار (محتاجی کا دن) یوم الانکدار (تلخی کا دن) یوم الانتشار (پھیلنے کا دن) یوم الانشقاق (پھٹنے کا دن) یوم الوقوف (کھڑے ہونے کا دن) یوم الخروج (قبروں سے باہر نکلنے کا دن) یوم الخلود (ہمیشہ باقی رہنے کا دن) یوم التغابن (گھاٹے اور خسارے کا دن) یوم عبوس (سخت دن) یوم معلوم (معلوم دن) یوم موعود (وعدے کا دن) یوم مشہود (حاضری کا دن)۔

وہ دن جس میں کوئی شک نہیں وہ دن جس میں دلوں کے رازوں کا امتحان ہوگا، جس دن کوئی (کافر) نفس کسی نفس کے کام نہیں آئے گا وہ دن جب آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جائیں گی، جس دن کوئی ساتھی کسی ساتھی کے کام نہیں آئے گا جس دن کوئی کسی دوسرے نفس کے لیے کسی چیز کا مالک نہیں ہوگا، جس دن (کفار کو) جہنم کی طرف بلایا جائے گا، جس دن ان کو چہروں کے بل اوندھا گرایا جائے گا، جس دن ان کو اوندھے منہ جہنم میں ڈالا جائے گا جس دن باپ اولاد کے کام نہ آسکے گا، جس دن آدمی اپنے بھائی، ماں اور باپ سے بھاگتا پھرے گا جس دن لوگ بات نہیں کر سکیں گے نہ ان کو اجازت ہوگی کہ عذر پیش کریں جس دن اللہ تعالیٰ سے بچانے والا کوئی نہ ہوگا جس دن لوگ ظاہر ہوں گے جس دن وہ جہنم میں عذاب دیئے جائیں گے جس دن مال اور اولاد نفع نہیں دے گی جس دن ظالموں کو ان کی معذرت کوئی فائدہ نہیں پہنچائے گی ان کے لیے لعنت اور برا گھر ہوگا جس دن عذر نامنظور ہوں گے اور دلوں کی آزمائش ہوگی۔ پوشیدہ باتیں ظاہر ہوں گی اور پردے اٹھ جائیں گے جس دن آنکھیں جھکی ہوئی ہوں گی اور آوازیں بند ہوں گی، اس دن توجہ کم ہوگی اور پوشیدہ باتیں ظاہر ہوں گی گناہ بھی سامنے آجائیں گے۔ جس دن لوگوں کو ان کے گواہوں سمیت چلایا جائے گا بچے جوان ہو جائیں گے اور بڑے نشے میں ہوں گے پس اس دن ترازو رکھے جائیں گے اور اعمال نامے کھولے جائیں گے جہنم ظاہر کی جائیگی اور گرم پانی کو جوش دیا جائے گا آگ مسلسل جلے گی اور کفار ناامید ہوں گے آگ بھڑکائی جائے گی اور رنگ بدل جائیں گے، زبان گونگی ہوگی اور انسانی اعضاء گفتگو کریں گے۔

تو اے انسان! تجھے اپنے کریم رب کے بارے میں کس نے دھوکے میں ڈالا کہ تو نے دروازے بند کر دیئے اور پردے لٹکا دیئے اور لوگوں سے چھپ کر فسق و فجور میں مبتلا ہو گیا پس جب تیرے اعضاء تیرے خلاف گواہی دیں گے تو تو کیا کرے گا۔

پس اے غافلوں کی جماعت! ہمارے لیے مکمل خرابی ہے اللہ تعالیٰ ہمارے پاس تمام رسولوں کے سردار (علیہ وعلیہم السلام) کو بھیجے اور آپ پر روشن کتاب نازل فرمائے اور ہمیں قیامت کے ان اوصاف کی خبر دے پھر ہماری غفلت سے بھی ہمیں آگاہ کرے اور ارشاد فرماتے۔

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ مُّعْرِضُونَ مَا يَأْتِيهِم مِّن ذِكْرٍ مِّن رَّبِّهِم مُّحْدَثٍ إِلَّا اسْتَمَعُوهُ وَهُمْ يَلْعَبُونَ لَاهِيَةً قُلُوبُهُمْ۔ (۱)

لوگوں کے لیے ان کا حساب قریب آگیا اور وہ غفلت میں منہ پھرتے ہیں ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے جو تازہ ذکر (حکم) آتا ہے وہ اس کو سنتے ہیں لیکن کھیل کود میں لگے ہوئے ہیں ان کے دل لہو ولعب میں مشغول ہیں۔

پھر وہ ہمیں بتاتے کہ قیامت قریب ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانشَقَّ الْقَمَرُ۔ (۲)

قیامت قریب آگئی اور چاند پھٹ گیا۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

إِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ بَعِيدًا وَنَرَاهُ قَرِيبًا۔ (۳)

وہ اس (یوم قیامت کی) کو دور دیکھتے ہیں جب کہ ہم اسے قریب دیکھتے ہیں۔

اور ارشاد فرمایا۔

وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُونُ قَرِيبًا۔ (۴)

اور تمہیں کیا معلوم کہ شاید قیامت قریب ہو۔

پھر ہماری سب سے اچھی حالت تو یہ ہے کہ ہم اس قرآن پاک کے سبق پر عمل کریں لیکن ہم اس کے معانی میں غور نہیں کرتے اور اس (روز قیامت) کے بے شمار اوصاف اور ناموں کو نہیں دیکھتے اور اس کے مصائب سے نجات کے لیے کوشش نہیں کرتے ہم اس غفلت سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں اللہ تعالیٰ اپنی وسیع رحمت سے اس کا تدارک فرمائے۔

فصل ۱۶:

سوال کا بیان

اے مسکین! پھر ان حالات کے بعد تجھ سے سوال ہوگا اس کی فکر کر اور یہ سوال بالمشافہ کسی ترجمان کے بغیر ہوگا تجھ سے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ انبیاء آیت ۱، ۲، ۳

(۲) قرآن مجید، سورۂ القمر آیت ۱

(۳) قرآن مجید، سورۂ المعارج آیت ۶، ۷

(۴) قرآن مجید، سورۂ احزاب آیت ۶۳

تھوڑے اور زیادہ کے بارے میں پوچھا جائے گا گٹھلی کے سوراخ اور کھجور کے ریشے جیسی معمولی چیز سے متعلق بھی سوال ہوگا تو قیامت کی سختیوں، پسینے اور بڑی بڑی آفات میں مبتلا ہوگا کہ آسمان کے کناروں سے بڑے بڑے جسموں والے اور نہایت سخت فرشتے اتریں گے ان کو حکم ہوگا کہ مجرموں کو ان کی پیشانیوں سے پکڑ کر اس جبار ذات کے سامنے پیش کریں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ مَلَكًا مَا بَيْنَ شُفْرَيْ عَيْنَيْهِ مَسِيْرَةُ مِائَةِ عَامٍ۔ (۱)

بے شک اللہ تعالیٰ کے کچھ ایسے فرشتے ہیں جن کی آنکھوں کے درمیان پلکوں کا فاصلہ ایک سو سال کی مسافت ہے۔

تو بتا تیرا اپنے نفس کے بارے میں کیا خیال ہے جب تو ان فرشتوں کو دیکھے گا جو تیری طرف اس لیے بھیجے گئے کہ تجھے پکڑ کر پیشی کے مقام پر لے جائیں اور تو دیکھے گا کہ وہ اتنے بڑے جسم کے باوجود اس دن کی سختی کے باعث شکستہ حال ہوں گے اور اس جبار ذات کا غضب جو لوگوں پر ظاہر ہوگا وہ اس کی مجسم تصویر بنے ہوں گے۔

اور جب وہ اتریں گے تو ہر نبی، صدیق اور ولی اس خوف سے سجدے میں گر جائیں گے کہ کہیں وہی ماخوذ نہ ہوں۔ یہ تو مقربین کا حال ہے نافرمان مجرمین کے بارے میں تیرا کیا خیال ہے۔

اس وقت شدتِ خوف کے باعث کچھ لوگ جلدی کریں گے اور فرشتوں سے کہیں گے کیا تمہارے درمیان ہمارا رب ہے؟ کیوں کہ ان کا رعب اور ہیبت زیادہ ہوگی تو فرشتے ان کے سوال سے ڈر جائیں گے کہ کہاں خالق کی شان اور کہاں اس کا ہمارے درمیان ہونا۔

تو وہ بلند آواز سے پکاریں گے اور زمین والوں نے اپنے رب کے بارے میں جو وہم کیا اس سے اس کی پاکیزگی بیان کریں گے اور کہیں گے ہمارا رب پاک ہے وہ ہم میں نہیں ہے لیکن وہ اس کے بعد آ رہا ہے اس وقت فرشتے مخلوق کو چاروں طرف سے گھیر کر کھڑے ہوں گے اور ان سب پر اس دن کی شدت کے باعث عاجزی مسکینی اور ہیبت طاری ہوگی اس وقت اللہ تعالیٰ کے اس قول کی صداقت ظاہر ہوگی ارشاد خداوندی ہے۔

فَلَنَسْئَلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْئَلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ۔ (۲)

پس ہم ان لوگوں سے بھی پوچھیں گے جن کی طرف رسولوں کو بھیجا گیا اور رسولوں سے بھی پوچھیں گے اور ہم ان کو اپنے علم سے تمام احوال سنائیں گے اور ہم غائب نہیں تھے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

---

(۱) کنز العمال جلد ۶ ص ۱۲۷ حدیث ۱۵۱۶۰

(۲) قرآن مجید، سورۂ اعراف آیت ۶، ۷

فَوَرَبِّكَ لَنَسْئَلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔ (۱)

پس تیرے رب کی قسم ہم ان سب سے ضرور بضرور ان کے اعمال کے بارے میں پوچھیں گے۔

اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہم السلام سے ابتدا کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ۔ (۲)

جس دن اللہ تعالیٰ رسولوں کو جمع کر کے فرمائے گا تمہیں کیا جواب ملا؟ وہ کہیں گے ہمیں کوئی علم نہیں بے شک تو ہی غیب کی باتوں کو خوب جاننے والا ہے۔

تو اس دن کی شدت کے باعث ان کی عقلیں متوجہ نہ ہوں گی اور شدتِ ہیبت کی وجہ سے ان کے علوم مٹ جائیں گے جب ان سے پوچھا جائے گا کہ تمہیں مخلوق کے پاس بھیجا گیا تھا تو تمہیں کیا جواب ملا حالانکہ ان کو اس جواب کا علم ہوگا لیکن ان کی عقلوں پر دہشت طاری ہوگی اور ان کو پتہ نہیں چلے گا کہ وہ کیا جواب دیں۔ پس سخت ہیبت کے باعث کہیں گے کہ ہمیں علم نہیں بے شک تو ہی غیب کی باتوں کو خوب جانتا ہے۔ اور وہ اس وقت سچے ہوں گے لیکن ان کی عقلیں پرواز کر گئیں اور علوم مٹ گئے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ان کو قوت عطا فرمائے۔

حضرت نوح علیہ السلام کو بلا کر پوچھا جائے گا کیا آپ نے تبلیغ کی وہ عرض کریں گے جی ہاں، پھر ان کی امت سے پوچھا جائے گا کیا انہوں نے تمہیں تبلیغ کی؟ وہ کہیں گے ہمارے پاس کوئی ڈر سنانے والا نہیں آیا پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو لایا جائے گا اور اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا کیا آپ نے لوگوں سے فرمایا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو معبود مانو اور اللہ تعالیٰ کو چھوڑ دو؟ آپ اس سوال کی ہیبت کے تحت کئی سالوں تک پریشان رہیں گے تو وہ دن کتنا عظیم ہے کہ اس دن اس قسم کے سوالات کے ذریعے انبیاء کرام سے سیاست کی جائے گی پھر فرشتے آکر ایک ایک کو پکاریں گے اے فلاں عورت کے بیٹے فلاں! پیشی کے مقام پر آ۔ اس وقت کاندھے تھرائیں گے اور اعضاء کانپ اٹھیں گے نیز عقلیں حیران رہ جائیں گی اور کچھ لوگ تمنا کریں گے کہ ان کو جہنم کی طرف لے جایا جائے اور ان کے برے اعمال اللہ تعالیٰ جبار کے حضور پیش نہ ہوں نہ اور نہ ہی مخلوق کے سامنے ان کی پردہ دری ہو۔

اور سوال کی ابتدا سے پہلے عرش کا نور ظاہر ہوگا اور زمین اپنے رب کے نور سے چمک رہی ہوگی اور ہر بندے کے دل کو یقین ہو جائے گا کہ اللہ تعالیٰ بندوں سے سوال کی طرف متوجہ ہے اور ہر ایک یہ گمان کرے گا کہ میرے سوا کوئی نہیں دیکھتا اور صرف میری ہی پکڑ اور باز پرس مقصود ہے کسی اور کی نہیں۔ اس وقت وہ جبار فرمائے گا اے جبریل علیہ السلام! میرے

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ حجر آیت ۹۲

(۲) قرآن مجید، سورۂ مائدہ آیت ۱۰۹

پاس آگ کو لاؤ حضرت جبریل علیہ السلام دوزخ کے پاس آئیں گے اور فرمائیں گے اے جہنم! اپنے خالق و مالک کے حکم کی تعمیل کر اس وقت، وہ غیظ و غضب میں ہوگی اور آواز سنتے ہی جوش میں آئے گی اور مخلوق کی طرف دھاڑے گی اور چلائی گی تمام مخلوق اس کے جوش میں آنے اور آواز کو سُننے گی اور اس کے محافظ غصہ سے بھرے ہوئے مخلوق میں سے ان لوگوں کی طرف دوڑیں گے جنہوں نے اللہ تعالٰی کی نافرمانی کی اور اس کا حکم نہیں مانا۔

تو تم اپنے دل میں بندوں کے دلوں کی حالت کا تصور کر کہ وہ رعب اور خوف سے بھرے ہوں گے اور گھٹنوں کے بل گریں گے اور پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے اس دن تم امت کو زانوؤں کے بل گرے ہوئے اور بعض کو اوندھے منہ پڑے ہوئے دیکھو گے نافرمان اور ظالم لوگ تباہی اور خرابی کو پکاریں گے کہ ہائے تباہ ہو گئے اور صدیقین نفسی نفسی کہتے ہوں گے۔

وہ اسی حالت میں ہوں گے کہ جہنم دوبارہ چیخ مارے گی تو اس سے ان کا خوف بڑھ جائے گا اور اعضاء سست پڑجائیں گے وہ گمان کریں گے کہ ان کا مواخذہ ہوگا۔ پھر تیسری مرتبہ جہنم چنگھاڑے گی تو تمام مخلوق منہ کے بل گر جائے گی اور وہ آنکھیں اٹھا کر خوف زدہ پوشیدہ دبی نگاہ سے دیکھیں گے اس وقت ظالموں کے دل ٹوٹ کر غم کے مارے گلے تک آجائیں گے اور نیک بخت و بدبخت سب کی عقلیں کام کرنا چھوڑ دیں گی۔

اس کے بعد اللہ تعالٰی رسولوں کی طرف متوجہ ہوگا اور فرمائے گا تمہیں کیا جواب ملا تھا جب لوگ انبیاء کرام سے یہ سوال دیکھیں گے تو گناہ گار بے حد خوف زدہ ہو جائیں گے اس وقت باپ، بیٹے سے، بھائی، بھائی سے اور خاوند اپنی بیوی سے بھاگ جائے گا اور ہر ایک اللہ تعالٰی کے حکم کا منتظر ہوگا پھر ایک ایک کو پکڑا جائے گا اللہ تعالٰی اس سے براہ راست اس کے قلیل و کثیر عمل نیز اس کے ظاہر و باطن اور تمام اعضاء کے بارے میں پوچھے گا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا قیامت کے دن ہم اپنے رب کا دیدار کریں گے؟ آپ نے فرمایا جب آسمان پر بادل نہ ہوں تو دوپہر کے وقت سورج کو دیکھنے میں شک کرتے ہو؟ انہوں نے عرض کیا نہیں فرمایا جب بادل نہ ہوں تو چودھویں رات کے چاند کو دیکھنے میں شک کرتے ہو؟ عرض کیا نہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے تم اپنے رب کے دیدار میں بھی شک نہیں کرو گے بندے کی ملاقات ہوگی تو اللہ تعالٰی فرمائے گا کیا میں نے تجھے عزت عطا نہیں کی تھی؟ کیا میں نے تجھے سردار نہیں بنایا تھا؟ کیا تیرے لیے جوڑا نہیں بنایا تھا؟ کیا تیرے لیے گھوڑے اور اونٹ مسخر نہیں کئے کیا تجھے قوم کا رئیس نہیں بنایا تھا کہ تو مال غنیمت کا چوتھا حصہ لیتا تھا تو بندہ کہے گا ہاں کیوں نہیں اللہ تعالٰی فرمائے گا کیا تجھے میری ملاقات کا یقین تھا وہ کہے گا نہیں اللہ تعالٰی فرمائے گا آج میں تجھے چھوڑتا ہوں جس طرح تو نے مجھے بھلایا تھا(۱)

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۴۰۹ کتاب الزھد

تو اے مسکین! سو جب فرشتوں نے تمہارے بازوؤں کو پکڑ رکھا ہوگا اور تو اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہوگا اور وہ تجھ سے بالمشافہ سوال کرے گا اور فرمائے گا کیا میں نے جوانی کے ذریعے تجھ پر انعام نہیں کیا؟ تو نے اس کو کہاں خرچ کیا؟ کیا میں نے تجھے زندگی میں مہلت نہیں دی؟ تو نے اسے کہاں صرف کیا؟ کیا میں نے تجھے مال عطا نہیں کیا تو تُو نے اسے کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا؟ کیا میں نے تجھے علم کے ذریعے عزت نہیں بخشی تھی تو تُو نے اپنے علم میں کیا عمل کیا؟ تو دیکھو اس وقت تمہاری حیا اور شرمندگی کا کیا عالم ہوگا اللہ تعالیٰ تمہارے سامنے اپنے انعامات اور تمہاری نافرمانیاں شمار کرے گا نیز اپنے احسانات اور تیری برائیاں گنے گا اگر تم انکار کرو تو تمہارے اعضاء تمہارے خلاف گواہی دیں گے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے کہ آپ مسکرائے پھر فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ میں کیوں مسکرایا ہوں؟ ہم نے عرض کیا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں آپ نے فرمایا میں اس بات پر ہنسا ہوں کہ بندہ اپنے رب سے یوں مخاطب ہوگا کہ یا اللہ! کیا تو نے مجھے ظلم سے پناہ نہیں دی؟ فرمایا اللہ تعالیٰ فرمائے گا ہاں وہ کہے گا میں اس وقت مانوں گا جب مجھ میں سے ہی کوئی گواہ ہو اللہ تعالیٰ فرمائے گا آج تیرا نفس ہی تیرے حساب کے لیے کافی ہے اور نامۂ اعمال لکھنے والے فرشتے گواہ ہیں پس اس کے منہ پر مہر لگ جائے گی اور اس کے اعضاء سے کہا جائے گا بولو فرمایا اس کے اعضاء اس کے اعمال کا ذکر کریں گے پھر اس کے منہ سے پابندی اٹھے گی تو اپنے اعضاء سے کہے گا تمہارے لیے دوری اور دھتکار ہو میں تمہاری طرف سے ہی تو لڑتا تھا۔(۱)

تو لوگوں کے سامنے اعضاء کی گواہی کے ذریعے ذلت سے ہم اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ نے مومن سے وعدہ فرمایا کہ اس کی پردہ پوشی فرمائے گا اور اس پر کسی دوسرے کو مطلع نہیں کرے گا۔

ایک شخص نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سرگوشی سے گفتگو کرتے ہوئے کیسے سنا؟ انہوں نے فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تم میں سے کوئی ایک اپنے رب کے قریب ہوگا حتیٰ کہ وہ اپنا شانہ اس پر رکھے گا (جیسے اس کے شایانِ شان ہے) وہ پوچھے گا تو نے فلاں فلاں عمل کیا؟ وہ عرض کرے گا جی ہاں پھر پوچھے گا تو نے فلاں فلاں عمل کیا؟ وہ ہاں میں جواب دے گا پھر فرمائے گا میں نے دنیا میں ان اعمال پر پردہ ڈالا اور آج میں تجھے بخش دیتا ہوں۔(۲)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ سَتَرَ عَلٰی مُؤْمِنٍ عَوْرَتَہٗ سَتَرَ اللّٰہُ　　جو شخص کسی مومن کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۴۰۹ کتاب الزہد

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۱۱۱۹ کتاب التوحید

عَوْرَتَهٗ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔ (۱) کے دن اس کی پردہ پوشی کرے گا۔

اس بات کی امید اس شخص کو ہو گی جو دنیا میں لوگوں کے عیبوں کو چھپاتا ہے۔ اور اگر وہ اس کے حق میں کوئی تقصیر کریں تو اسے برداشت کرتا ہے اور ان کی برائیوں کو زبان پر نہیں لاتا اور نہ ہی ان کی پیٹھ پیچھے ایسی بات کرتا ہے کہ اگر وہ اسے سنیں تو ناپسند کریں تو ایسے لوگ اس بات کے لائق ہیں کہ قیامت کے دن ان کو اسی قسم کا بدلہ دیا جائے۔

فرض کرو اس نے تیرے گناہ کو دوسروں سے چھپایا ہو لیکن کیا مٹی کے بیٹے تیرے کانوں میں آواز نہیں پڑی تو تیرے گناہوں کی سزا کے طور پر یہ خوف بھی کافی ہے جب تیری پیشانی کو پکڑ کر آگے کو کھینچا جائے گا تیرا دل پریشان ہو گا عقل اڑتی پھرے گی اور تیرے شانے تھراتے ہوں گے، تیرے اعضاء مضطرب ہوں گے تیرا رنگ بدل چکا ہو گا اور سخت خوف کی وجہ سے تجھے تمام جہاں سیاہ نظر آئے گا۔

تو اپنے بارے میں سوچ تیری یہی حالت ہو گی تو گردنوں کو پھلانگتا اور صفوں کو چیرتا ہوا جائے گا، تجھے سجائے ہوئے گھوڑے کی طرح لے جایا جائے گا اور لوگ نظریں اٹھا اٹھا کر تجھے دیکھیں گے پس تو خیال کر کہ اسی حالت میں ان لوگوں کے ہاتھوں میں ہے جو تجھ پر مقرر ہیں حتی کہ وہ تجھے رحمٰن کے عرش تک لے جائیں گے اور اپنے ہاتھوں سے پھینک دیں گے اللہ تعالیٰ تجھے اپنے عظیم کلام کے ساتھ ندا دے گا فرمائے گا۔

"اے ابن آدم! میرے قریب ہو جا" پس تو پریشان غمگین اور شکستہ دل کے ساتھ اس کے قریب ہو گا تیری آنکھیں جھکی ہوئی اور ذلت سے بھرپور ہوں گی دل ٹوٹا ہوا ہو گا اور تیرے ہاتھ میں نامۂ اعمال دیا جائے گا جس میں ہر چھوٹا بڑا گناہ لکھا ہو گا تو کتنی ہی بھلائیوں کو تو بھول گیا ہو گا تو یہ تجھے یاد دلائے گا تو کتنی ہی عبادات کی آفات سے غافل رہا تو اس کی برائیاں تیرے سامنے ظاہر ہوں گی تو تجھے کس قدر شرمندگی اور بزدلی پیش آئے گی اور زبان کی رکاوٹ اور عاجزی درپیش ہو گی تو معلوم نہیں تم کس قدم کے ساتھ اس کے سامنے کھڑے ہو گے اور کس زبان سے جواب دو گے اور جو کچھ کہو گے اس کو کس دل سے سمجھو گے۔

پھر سوچ جب اللہ تعالیٰ اپنے سامنے تمہارے گناہ گنوائے گا تو کس قدر شرم آئے گی جب اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے میرے بندے کیا تجھے مجھ سے حیا نہ آیا کہ میرے سامنے برے کاموں کے ساتھ آیا اور میری مخلوق سے حیا کرتے ہوئے ان کے سامنے اچھائی ظاہر کی۔ کیا تیرے نزدیک میں اپنے بندوں کی نسبت ہلکا تھا تو نے اپنی طرف میرے دیکھنے کو ہلکا جانا اور کوئی پرواہ نہ کی جب کہ دوسروں کے دیکھنے کو بڑا خیال کیا کیا میں نے تجھ پر انعام و اکرام نہیں کیا تھا؟ تو تجھے میرے بارے میں کس نے دھوکے میں ڈالا کیا تیرا خیال تھا کہ میں تجھے نہیں دیکھتا اور نہ ہی تو مجھ سے ملے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۵۹ مرویات عقبہ بن عامر

نے ارشاد فرمایا۔

مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَسَيُكَلِّمُهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ حِجَابٌ وَلَا تَرْجُمَانٌ۔ (۱)

تم میں سے ہر ایک سے تمام جہانوں کو پالنے والا اس طرح سوال کرے گا کہ درمیان میں نہ کوئی پردہ ہوگا اور نہ کوئی ترجمان۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تم میں سے ہر ایک اللہ تعالیٰ کے سامنے اس طرح کھڑا ہوگا کہ اس کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی حجاب نہیں ہوگا اللہ تعالیٰ اس سے پوچھے گا کیا میں نے تم پر انعام نہیں کیا؟ کیا میں نے تجھے مال نہیں دیا؟ وہ کہے گا ہاں (یا اللہ! دیا ہے) اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا میں نے تیری طرف رسول نہیں بھیجا وہ کہے گا ہاں (یا اللہ! تو نے بھیجا تھا) پھر وہ اپنی دائیں طرف دیکھے گا تو آگ کے سوا کچھ نظر نہیں آئے گا پھر بائیں جانب دیکھے گا تو آگ کے سوا کچھ دکھائی نہیں دے گا تو تمہیں چاہیے کہ جہنم سے ڈرو اگرچہ کھجور کے ایک ٹکڑے سے ہو اگر نہ پاؤ تو اچھی گفتگو کے ذریعے بچو۔(۲)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں تم میں سے ہر ایک اللہ عزوجل کے سامنے اس طرح اکیلا ہوگا جس طرح کوئی چودھویں رات کے چاند کے سامنے تنہا ہوتا ہے پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے ابن آدم! تجھے میرے بارے میں کس چیز نے دھوکہ دیا! اے آدم کے بیٹے! تو نے جو علم حاصل کیا اس کے مطابق کیا عمل کیا؟ اے آدم کے بیٹے! تو نے (میرے) رسولوں کو کیا جواب دیا؟ اے آدم کے بیٹے! کیا تمہاری آنکھیں میرے سامنے نہ تھیں پھر تو ان آنکھوں کے ساتھ اس چیز کو دیکھتا تھا جو تیرے لیے حلال نہ تھی کیا میں تیرے کانوں کو نہیں دیکھتا تھا؟ اسی طرح تمام اعضاء کے بارے میں پوچھے گا۔

حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں قیامت کے دن اللہ تعالیٰ جب تک بندے سے چار باتوں کے بارے میں سوال نہ کرے اس کے قدم وہاں سے نہیں ہٹیں گے اس کی عمر (وقت) کے بارے میں کہ کس کام میں خرچ کی، علم کے بارے میں کہ اس میں کیا عمل کیا، جسم کے بارے میں کہ اس کو کس کام میں مبتلا رکھا اور مال کے بارے میں سوال ہوگا کہ کہاں سے کمایا اور کس کام پر خرچ کیا۔

تو اے مسکین! اس وقت تجھے کس قدر شرم آئے گی اور کتنا بڑا خطرہ ہوگا یہ بھی ہو سکتا کہ کہا جائے ہم نے دنیا میں تمہاری پردہ پوشی کی اور آج تجھے بخش رہے ہیں اس وقت بہت زیادہ خوشی اور سرور حاصل ہوگا اور پہلے اور پچھلے

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۳۷۷ مرویات عدی بن حاتم

(۲) صحیح بخاری جلد اول ص ۱۹۰ کتاب الزکوٰۃ

تجھ پر رشک کریں گے یا فرشتوں سے کہا جائے گا کہ اس برے بندے کو پکڑ کر گلے میں طوق ڈالو اور پھر جہنم میں ڈال دو۔
اس وقت تو اتنی بڑی مصیبت میں مبتلا ہوگا کہ اگر آسمان و زمین تجھ پر روئیں تو ان کو مناسب ہے تجھے اس بات پر بہت زیادہ حسرت ہوگی کہ تم نے اللہ تعالیٰ کی عبادت اور فرمانبرداری میں کوتاہی کی۔ اور تم نے کمینی دنیا کے بدلے اپنی آخرت بیچ ڈال اور اب تیرے پاس کچھ نہیں۔

فصل ۸۷:

میزان کا ذکر

پھر تجھے میزان (ترازو) کے بارے میں غور و فکر کرنے سے بھی غافل نہیں ہونا چاہیے اور نہ ہی اعمال نامے کے دائیں بائیں اڑنے کے بارے میں بے خبر رہنا چاہیے کیوں کہ سوال کے بعد لوگوں کی تین جماعتیں ہو جائیں گی ایک جماعت وہ ہوگی جن کی کوئی نیکی نہیں تو جہنم سے ایک سیاہ گردن نکلے گی اور جس طرح پرندے دانے چگتے ہیں اس طرح وہ ان لوگوں کو اچک لے گی اور وہ ان کو اپنی گرفت میں لے کر جہنم میں ڈال دے گی اور آگ ان کو نگل لے گی اور ان کو آواز دی جائے گی کہ اب بدبختی ہی ہے اس کے بعد نیک بختی نہیں۔
دوسری قسم کے لوگ وہ ہوں گے جن کا کوئی گناہ نہیں ہوگا ان کو ایک منادی آواز دے گا کہ جو لوگ ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے اور اس کی حمد بیان کرتے تھے وہ کھڑے ہو جائیں وہ کھڑے ہوں گے اور جنت کی طرف چل پڑیں گے۔ پھر ان لوگوں کے ساتھ بھی یہی سلوک کیا جائے گا جو رات کے وقت (عبادت کے لیے) قیام کرتے ہیں پھر ان لوگوں سے جن کو دنیا کی تجارت اور خرید و فروخت اللہ تعالیٰ کے ذکر سے نہیں روکتی یہی سلوک ہوگا اور ان کو آواز دی جائے گی کہ خوش بختی ہے اس کے بعد کبھی بھی بدبختی نہیں آئے گی۔
اب تیسری قسم کے لوگ باقی رہ جائیں گے اور وہ سب سے زیادہ ہوں گے ان کے نیک اور برے اعمال ملے جلے ہوں گے ان کو معلوم نہ ہوگا لیکن اللہ تعالیٰ پر یہ بات مخفی نہ ہوگی کہ ان کی نیکیاں زیادہ ہیں یا برائیاں، لیکن اللہ تعالیٰ ان کو بھی اس بات کی پہچان کرائے گا تاکہ معافی کے وقت اس کا فضل اور عذاب کے وقت اس کا عدل ظاہر ہو پس نامہ ہائے اعمال اڑیں گے اور وہ نیکیوں اور برائیوں پر مشتمل ہوں گے اس وقت میزان قائم ہوگا اور آنکھیں نامہ ہائے اعمال پر لگی ہوں گی کہ وہ دائیں پلڑے میں گرتے ہیں یا بائیں جانب؟ پھر ترازو کے کانٹے کو دیکھیں گے کہ وہ برائیوں کی جانب جھکتا ہے یا نیکیوں کی طرف اور یہ نہایت خوف کا وقت ہوگا اس سے مخلوق کی عقلیں ڈر جائیں گی۔
حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سر انور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی گود میں تھا کہ آپ کو اونگھ آگئی اس دوران ام المومنین کو آخرت یاد آگئی اور آپ رو پڑیں حتی کہ ان کے آنسو بہہ نکلے اور

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار مبارک پر جا پڑے آپ بیدار ہوئے تو فرمایا اے عائشہ! کیوں رو رہی ہو؟ عرض کیا مجھے آخرت کا خیال آ گیا تھا۔ کیا آپ لوگ قیامت کے دن اپنے گھر والوں کو یاد رکھیں گے؟ آپ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے (یاد رکھیں گے) مگر تین جگہ ہر شخص صرف اپنے آپ کو یاد رکھے گا جب ترازو رکھے جائیں گے اور اعمال کا وزن کیا جائے گا حتیٰ کہ آدمی دیکھے گا کہ اس کا ترازو ہلکا ہے یا بھاری؟ اور نامہ اعمال دینے کے وقت وہ دیکھے گا کہ میرا نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں آتا ہے یا بائیں ہاتھ میں؟ اور پل صراط کے پاس (۱)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں قیامت کے دن انسان کو لایا جائے گا حتیٰ کہ اسے میزان کے دونوں پلڑوں کے درمیان کھڑا کیا جائے گا اور اس پر ایک فرشتہ مقرر ہو گا اگر (نیکیوں کا) پلڑا بھاری ہوا تو فرشتہ بلند آواز سے پکارے گا کہ تمام مخلوق سنے گی وہ کہے گا فلاں شخص نیک بخت ہوا اب وہ کبھی بھی بدبخت نہیں ہو گا اور اگر اس کا نیکیوں پلڑا ہلکا ہوا تو فرشتہ ایسی آواز سے پکارے گا جسے تمام مخلوق سنے گی کہ فلاں بدبخت ہوا اس کے بعد یہ کبھی بھی نیک بخت نہیں ہو گا۔

اور جب نیکیوں کا پلڑا ہلکا ہو گا تو دوزخ کے فرشتے ہاتھوں میں لوہے کے گرز لیے ہوئے آئیں گے ان کا لباس آگ کا ہو گا تو وہ آگ کے حصے کو آگ کی طرف لے جائیں گے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یوم قیامت کے بارے میں فرمایا۔

یہ وہ دن ہے کہ اس دن اللہ تعالیٰ حضرت آدم علیہ السلام کو آواز دے گا اور فرمائے گا اے آدم علیہ السلام! اٹھیے اور جہنمیوں کو جہنم کی طرف بھیجیے وہ پوچھیں گے جہنم کے لیے کتنے آدمی بھیجنے ہیں؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا ایک ہزار میں سے نو سو ننانوے ـــــ جب صحابہ کرام نے یہ بات سنی تو وہ غمگین ہو گئے حتیٰ کہ وہ اچھی طرح ہنس بھی نہ سکے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کی یہ حالت دیکھی تو ارشاد فرمایا۔

عمل کرو اور خوش ہو جاؤ پس اللہ تعالیٰ کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے تمہارے ساتھ دو ایسی مخلوق ہیں کہ وہ جس کے ساتھ ہوتے ہیں اس کے اضافے کا باعث ہوتے ہیں اور اس کے ساتھ وہ بھی ہیں جو انسانوں اور شیطانوں کی اولاد سے ہلاک ہو گئے۔ صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! وہ دونوں مخلوق کون لوگ ہیں؟ فرمایا یاجوج اور ماجوج ہیں ـــــ راوی کہتے ہیں یہ سن کر صحابہ کرام خوش ہو گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عمل کرو اور خوش ہو جاؤ اللہ تعالیٰ کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے قیامت کے دن تم، دوسرے لوگوں میں اس طرح ہو گے جیسے اونٹ کے پہلو میں سیاہ داغ یا جانور کے بازو میں نشان ہوتا ہے (۲)

---

(۱) سنن ابی داؤد جلد ۲ ص ۲۹۸ کتاب السنۃ (۲) المستدرک للحاکم جلد اول ص ۲۹ کتاب الایمان

فصل ۸ :

حقوق کا مطالبہ اور ان کی واپسی

میزان کا خوف اور خطرہ تم معلوم کر چکے ہو اور آنکھیں میزان کی طرف لگی ہوئی ہوں گی۔ ارشاد خداوندی ہے۔

فَاَمَّا مَنۡ ثَقُلَتۡ مَوَازِیۡنُهٗ فَهُوَ فِیۡ عِیۡشَةٍ رَّاضِیَةٍ وَاَمَّا مَنۡ خَفَّتۡ مَوَازِیۡنُهٗ فَاُمُّهٗ هَاوِیَةٌ وَمَاۤ اَدۡرٰكَ مَا هِیَهۡ نَارٌ حَامِیَةٌ۔ (۱)

اور جس کے نیک اعمال کا پلڑا بھاری ہو گا وہ اچھی زندگی میں ہو گا اور جس کا نیکیوں کا پلڑا ہلکا ہو گا اس کا ٹھکانا دوزخ کا ایک درجہ ہاویہ ہے اور تمہیں کیا معلوم وہ کیا ہے ایک دہکتی ہوئی آگ ہے۔

اور جان لو کہ میزان کے خطرے سے وہی بچ سکتا ہے جس نے دنیا میں اپنا محاسبہ کیا ہو اور اس میں شرعی میزان کے ساتھ اپنے اعمال اور اقوال اور خطرات وخیالات کو تولا ہو جیسے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا اپنے نفسوں کا محاسبہ کرو اس سے پہلے کہ تمہارا محاسبہ کیا جائے اور (قیامت کے) وزن کرنے سے پہلے خود وزن کرو۔

اپنے نفس کے حساب (یا محاسبہ) سے مراد یہ ہے کہ مرنے سے پہلے روزانہ سچی توبہ کرے اور اللہ تعالیٰ کے فرائض میں جو کوتاہی کی ہے اس کا تدارک کرے اور لوگوں کے حقوق ایک ایک کوڑی کے حساب سے واپس کرے اور اپنی زبان، ہاتھ یا دل کی بدگمانی کے ذریعے کسی کی ہتک کی ہو تو اس کی معافی مانگے اور ان کے دلوں کو خوش کرے حتیٰ کہ جب اسے موت آئے تو اس کے ذمہ نہ کسی کا کوئی حق ہو اور نہ ہی کوئی فرض، تو یہ شخص کسی حساب کے بغیر جنت میں جائے گا۔

اور اگر وہ لوگوں کے حقوق ادا کرنے سے پہلے مر جائے تو حقدار اس کا گھیراؤ کریں گے کوئی اسے ہاتھ سے پکڑے گا اور کوئی اس کی پیشانی کے بال پکڑے گا اور کسی کا ہاتھ اس کی گردن پر ہو گا کوئی کہے گا تم نے مجھ پر ظلم کیا اور کوئی کہے گا تو نے مجھے گالی دی اور کوئی کہے گا تم نے مجھ سے مذاق کیا کوئی کہے گا تم نے میری غیبت کرتے ہوئے ایسی بات کہی جو مجھے بری لگتی تھی کوئی کہے گا تم میرے پڑوسی تھے لیکن تم نے مجھے ایذا دی کوئی کہے گا تم نے مجھ سے معاملہ کرتے ہوئے دھوکہ کیا کوئی کہے گا تو نے مجھ سے سودا کیا تو مجھ سے دھوکہ کیا اور مجھ سے اپنے مال کے عیب کو چھپایا کوئی کہے گا تو نے اپنے سامان کا نرخ بتاتے ہوئے جھوٹ بولا کوئی کہے گا تو نے مجھے محتاج دیکھا اور تو مالدار تھا لیکن تو نے مجھے کھانا نہ کھلایا کوئی کہے گا تو نے دیکھا کہ میں مظلوم ہوں اور تو اس ظلم کو دور کرنے پر قادر بھی تھا لیکن تو نے ظالم سے مصالحت کی اور میرا خیال نہ کیا۔

---

(۱) قرآن مجید سورۃ القارعۃ آیت ۶ تا ۱۱

تو جب اس وقت تیرا یہ حال ہوگا اور حقداروں نے تیرے بدن میں ناخن گاڑ رکھے ہوں گے اور تیرے گریبان پر مضبوط ہاتھ ڈالا ہوگا اور تو ان کی کثرت کے باعث حیران پریشان ہوگا حتی کہ تو نے اپنی زندگی میں جس سے ایک درہم کا معاملہ کیا ہوگا یا اس کے ساتھ کسی مجلس میں بیٹھا ہوگا تو غیبت یا خیانت یا حقارت کی نظر سے دیکھنے کے اعتبار سے اس کا تجھ پر حق بنتا ہوگا اور تو ان کے معاملے میں کمزور ہوگا اور اپنی گردن اپنے آقا اور مولیٰ کی طرف اس نیت سے اٹھائے گا کہ شاید وہ تجھے ان کے ہاتھ سے چھڑائے کہ اتنے میں اللہ تعالیٰ کی آواز تیرے کانوں میں پڑے گی ارشاد خداوندی ہے۔

اَلْیَوْمَ تُجْزٰی کُلُّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ لَا ظُلْمَ الْیَوْمَ۔ (۱)

آج ہر نفس کو اس کے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا (اور) آج کوئی ظلم نہیں ہوگا۔

اس وقت ہیبت کے مارے تیرا دل نکل جائے گا اور تجھے اپنی ہلاکت کا یقین ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کی زبانی جو تجھے ڈراتا ہے وہ تجھے یاد آجائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰہَ غَافِلًا عَمَّا یَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنَّمَا یُؤَخِّرُھُمْ لِیَوْمٍ تَشْخَصُ فِیْہِ الْاَبْصَارُ مُھْطِعِیْنَ مُقْنِعِیْ رُءُوْسِھِمْ لَا یَرْتَدُّ اِلَیْھِمْ طَرْفُھُمْ وَاَفْـِٕدَتُھُمْ ھَوَآءٌ وَاَنْذِرِ النَّاسَ۔ (۲)

اور اللہ تعالیٰ کو ظالموں کے اعمال سے غافل نہ جانو وہ ان کو اس دن تک موخر کرتا ہے جس دن آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جائیں گی بھاگم بھاگ جا رہے ہوں گے اپنے سر اٹھاتے ہوئے ان کی پلکیں جھپکتی نہیں ہوں گی اور ان کے دل (خوف سے) اڑے جا رہے ہوں گے اور (اے محبوب) لوگوں کو ڈرائیے۔

آج جب تو لوگوں کی عزتوں کے پیچھے پڑتا ہے اور ان کے مال کھاتا ہے تو کس قدر خوش ہوتا ہے لیکن اس دن تجھے کس قدر حسرت ہوگی جب تو عدل کے میدان میں اپنے رب کے سامنے کھڑا ہوگا اور خطابِ سیاست تیرے سامنے ہوگی اس وقت تو مفلس فقیر عاجز اور ذلیل ہوگا نہ کسی کا حق ادا کر سکے گا اور نہ ہی کوئی عذر پیش کر سکے گا۔

پھر تیری وہ نیکیاں جن کے لیے تو نے زندگی بھر مشقت برداشت کی تجھ سے لے کر ان لوگوں کو جن کے حقوق تیرے ذمہ ہوں گے، دے دی جائیں گی اور یہ ان کے حقوق کا عوض ہوگا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا تم جانتے ہو مفلس کون ہے؟ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہمارے درمیان مفلس وہ شخص ہے جس کے پاس کوئی درہم یا دینار یا کوئی مال نہ ہو۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ غافر آیت ۱۷

(۲) قرآن مجید، سورۂ ابراہیم آیت ۴۲ تا ۴۴

آپ نے ارشاد فرمایا۔

میری امت میں مفلس وہ شخص ہے جو قیامت کے دن نماز، روزے اور زکوٰۃ کے ساتھ آئے گا لیکن اس نے کسی کو گالی دی ہوگی کسی کا مال کھایا ہوگا، کسی کا خون بہایا ہوگا اور کسی کو مارا ہوگا پس اس (حقدار) کو بھی اس کی کچھ نیکیاں دی جائیں گی اور دوسرے کو بھی، اور اگر نیکیاں ختم ہو جائیں اور اس کے ذمہ جو حقوق ہیں وہ پورے نہ ہوں تو ان لوگوں کے گناہوں میں سے لے کر اس پر ڈالا جائے گا اور پھر اسے جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ (۱)

تو دیکھو اس دن تم کس قدر مصیبت میں مبتلا ہو گے کیوں کہ پہلے تو تمہاری نیکیاں ریا کاری اور شیطانی مکر و فریب سے محفوظ نہیں ہوں گی اور اگر طویل مدت کے بعد کوئی ایک نیکی بچ بھی جائے تو اس پر حقدار دوڑیں گے اور اسے لے لیں گے اور شاید تو اپنے نفس کا محاسبہ کرے اور دن کو روزہ رکھنے والا اور رات کو قیام کرنے والا ہو تو تجھے معلوم ہوگا کہ تو دن بھر مسلمانوں کی غیبت کرتا رہا جو تیری تمام نیکیوں کو لے گئی باقی برائیاں مثلاً حرام اور مشتبہ چیزیں کھانا اور عبادات میں کوتاہی کرنا اپنی جگہ ہے اور جس دن سینگوں والے جانور سے بے سینگ جانور کا حق لیا جائے گا تو اس دن حقوق سے چھٹکارا پانے کی امید کیسے رکھ سکتا ہے۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بکریاں دیکھیں جو لڑ رہی تھیں ! آپ نے فرمایا اے ابوذر (رضی اللہ عنہ) کیا آپ کو معلوم ہے یہ دونوں کیوں لڑتی ہیں ؟ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا میں نہیں جانتا آپ نے فرمایا لیکن اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور قیامت کے دن ان کے درمیان فیصلہ فرمائے گا۔ (۲)

(انسان کو تنبیہ کے طور پر یہ بات فرمائی تاکہ وہ دوسروں کے حقوق غصب نہ کریں نیز عدل خداوندی کا اظہار ہے)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا۔ ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طَائِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُكُمْ۔ (۲)

اور زمین پر چلنے والے چار پائے اور اڑنے والے پرندے تمہاری طرح گروہ ہیں۔

(حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا) قیامت کے دن تمام مخلوق یعنی چار پائے اور چرند پرند سب جمع ہوں گے تو اللہ تعالیٰ کا عدل اس حد کو پہنچے گا کہ وہ بے سینگ بکری کا بدلہ سینگ والی سے لے گا پھر فرمائے گا مٹی ہو جا اس وقت کافر کہے گا کاش میں مٹی ہو جاتا۔

تو اے مسکین شخص ! اس دن کیا صورت حال ہوگی جب تو اپنے نامۂ اعمال کو نیکیوں سے خالی دیکھے گا حالاں کہ

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۲۹۰ مرویات ابو ہریرہ (۲) ایضاً

(۲) قرآن مجید، سورہ انعام آیت ۳۸

تو نے ان کے لیے سخت مشقت اٹھائی ہوگی تم کہو گے میری نیکیاں کہاں ہیں ؟ تو جواب دیا جائے گا وہ تو ان لوگوں کی طرف منتقل ہوگئیں جن کے حقوق تمہارے ذمہ تھے اور تم دیکھو گے کہ تمہارا نامۂ اعمال برائیوں سے بھرا ہوا ہے کہ ان سے بچنے کے لیے تم نے بہت زیادہ مشقت اٹھائی ہوگی۔ اور ان سے رکنے کے سبب تم نے بہت تکلیف اٹھائی ہوگی تم کہو گے اے میرے رب! میں نے یہ گناہ کبھی نہیں کئے جواب دیا جائے گا یہ ان لوگوں کے گناہ ہیں جن کی تم نے غیبت کی ان کو گالی دی ان سے برائی کا ارادہ کیا، خرید و فروخت کے اعتبار سے پڑوسی ہونے کے ناطے سے، گفتگو، مناظرے مذاکرے اور درس و تدریس کے اعتبار سے یا باقی معاملات میں تو نے ان پر ظلم کیا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ شیطان اس بات سے نا امید ہو گیا کہ اب عرب کی سرزمین پر اس کی پوجا کی جائے لیکن عنقریب وہ اس سے کم اور حقیر باتوں پر تم سے راضی ہوگا اور وہ ہلاکت خیز باتیں ہیں پس جس قدر ممکن ہو ظلم سے بچو کیوں کہ بندہ قیامت کے دن پہاڑوں کی مثل عبادات لائے گا اور اس کے خیال میں وہ اس کو نجات دینے والی ہوں گی لیکن ایک بندہ آکر کہے گا اے میرے رب فلاں شخص نے مجھ پر ظلم کیا! اللہ تعالیٰ فرمائے گا اس کی نیکیوں میں سے کچھ مٹا دو اسی طرح لوگ آتے رہیں گے (اور نیکیاں لے جاتے رہیں گے) حتیٰ کہ اس کی کوئی نیکی باقی نہیں رہے گی اس کی مثال اس طرح ہے جیسے مسافر جنگل میں اتریں اور ان کے پاس لکڑیاں نہ ہوں اب وہ لوگ بکھر جائیں اور لکڑیاں جمع کر کے لائیں اور تھوڑی دیر بھی نہ گزرے کہ وہ بہت بڑی آگ جلا کر اپنا مقصد حاصل کریں (۱)

(یعنی ان لکڑیوں کی طرح دیکھتے ہی دیکھتے یہ نیکیاں بھی چلی جائیں گی۔)

جب یہ آیت نازل ہوئی۔

إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُونَ ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُونَ۔ (۲)	بے شک آپ کا وصال بھی ہوگا اور پھر ان لوگوں کو بھی موت آئے گی پھر قیامت کے دن تم لوگ اپنے رب کے پاس جھگڑا کرو گے

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا خاص گناہوں کے ساتھ ہمارے دنیوی جھگڑے بھی دوبارہ ظاہر ہوں گے ؟ آپ نے فرمایا ہاں یہ بھی تمہارے اوپر آئیں گے حتیٰ کہ تم ہر حقدار کا حق ادا کرو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا معاملہ بہت سخت ہے (۳)

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۱۸۹ کتاب التوبۃ

(۲) قرآن مجید، سورۂ زمر آیت ۳۰، ۳۱

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۱۶۷ مرویات زبیر بن عوام

تو اس دن کی سختی بہت بڑی ہے جس میں ایک قدم سے بھی درگذر نہ ہوگا حتی کہ ایک تھپڑ اور ایک کلمے کا بدلہ بھی ظالم سے مظلوم کے لیے لیا جائے گا حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا۔

يَحْشُرُ اللهُ الْعِبَادَ عُرَاةً غُبْرًا بُهْمًا۔ اللہ تعالیٰ بندوں کو ننگے فقیر اور بغیر مال کے اٹھائے گا۔

ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) بُہم کیا ہے؟ آپ نے فرمایا جس کے پاس کچھ نہ ہو — پھر ان کا رب بلند آواز سے پکارے گا جس کو دور والے اسی طرح سنیں گے جس طرح قریب والے سنتے ہیں (فرمائے گا) میں بادشاہ ہوں میں بدلہ لینے والا ہوں کوئی جنتی یا جہنمی جس کے ذمہ کسی کا کوئی حق ہو وہ اس وقت تک جنت یا جہنم میں نہیں جا سکتا جب تک میں اس سے بدلہ نہ لے لوں حتی کہ ایک تھپڑ کا بدلہ بھی — ہم نے عرض کیا یہ کیسے ہوگا جب کہ ہم تو ننگے، مفلس اور بغیر مال کے ہوں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ بدلہ نیکیوں اور برائیوں کے ذریعے ہوگا (جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے) اے اللہ کے بندو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو (۱)"

اور بندوں کے حقوق غصب کرنا ان کے مال لینے، ان کی عزتوں کے درپے ہونے ان کے دلوں کو تنگ کرنے اور ان سے بد اخلاقی کا مظاہرہ کرنے کی صورت میں ہوتا ہے (ان سے بچو) کیوں کہ جن گناہوں کا تعلق حقوق اللہ سے ہے ان کی بخشش جلد ہو جائے گی — اور جس شخص کے ذمہ کئی لوگوں کے حقوق ہوں اور اس نے ان سے توبہ کی ہو لیکن حقدار لوگوں سے معاف کرانا مشکل ہو تو زیادہ سے زیادہ نیک کام کرے تاکہ قیامت کے دن کام آئیں اور بعض نیکیاں خاص اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان چھپا کر پورے اخلاص کے ساتھ کرے کہ ان پر اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی مطلع نہ ہو سکتا ہے یہی نیکیاں اسے اللہ تعالیٰ کے قریب کر دیں اور اس کے ذریعے اس لطف خداوندی کو حاصل کر سکے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے مومن دوستوں کے لیے حقداروں کے حقوق کو دور کرنے کی صورت میں رکھا ہے جس طرح حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دن آپ تشریف فرما تھے کہ ہم نے دیکھا آپ ہنس رہے ہیں حتی کہ آپ کے دانت مبارک نظر آنے لگے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں ہنسنے کی وجہ کیا ہے! آپ نے فرمایا میری امت میں سے دو آدمی اللہ تعالیٰ کے سامنے دو زانو ہوئے ان میں سے ایک نے کہا اے میرے رب! میرے اس ساتھی سے میرا حق دلا دے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اپنے بھائی کا حق ادا کرو اس نے کہا اے میرے رب! میری نیکیوں میں سے کچھ بھی نہیں بچا اللہ تعالیٰ نے طلب کرنے والے سے فرمایا اب تم کیا کرو گے اس کے پاس تو کوئی نیکی نہیں بچی اس نے کہا یا اللہ! یہ شخص میرے گناہوں میں سے کچھ اپنے اوپر لے لے۔

---

(۱) کنز العمال جلد ۱۴ ص ۳۶۴، ۶۵، ۲ حدیث ۳۸۹۵۳

راوی کہتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک آنکھوں میں آنسو آگئے پھر فرمایا یہ بہت بڑا دن ہے جس دن آدمی اس بات کا محتاج ہوگا کہ کوئی شخص اس کے گناہ اٹھالے ـــــ پھر فرمایا اللہ تعالیٰ نے مطالبہ کرنے والے سے فرمایا اپنے سر اٹھاؤ اور جنت میں دیکھو اس نے جنت کی طرف دیکھا اور عرض کیا مجھے چاندی کے بلند شہر اور سونے کے محلات جن میں موتی جڑے ہوئے ہیں، نظر آتے ہیں یہ کس نبی کے لیے ہیں؟ یا کس صدیق یا شہید کے لیے ہیں؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو اس کی قیمت ادا کرے اس نے عرض کیا یا اللہ! اس کی قیمت کون ادا کر سکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تو دے سکتا ہے اس نے کہا کیا قیمت ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تو اپنے بھائی کو معاف کر دے اس نے عرض کیا اے میرے رب! میں نے اس کو معاف کر دیا اللہ تعالیٰ نے فرمایا اپنے بھائی کا ہاتھ پکڑ کر اسے جنت میں لے جاؤ ـــــ اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (اے لوگو!) اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور آپس میں صلح رکھو بے شک اللہ تعالیٰ مومنوں کے درمیان صلح کراتا ہے(۱)

یہ اس بات سے آگاہی ہے کہ یہ مرتبہ اللہ تعالیٰ کے اخلاق کو اپنانے سے حاصل ہوتا ہے اور وہ باہم صلح رکھنا اور دوسرے اخلاق کو اپنانا ہے۔

تو اب تم اپنے نفس کے بارے میں سوچو اگر تمہارا نامۂ اعمال لوگوں کے حقوق سے خالی ہوگا یا اللہ تعالیٰ اپنے لطف و کرم سے تمہیں معاف کر دے گا اور تجھے ابدی سعادت کا یقین ہو جائے گا تو تو فیصلے کی جگہ سے کس قدر خوش خوش واپس ہوگا تجھے اللہ تعالیٰ کی طرف رضا کا لباس ملے گا اور ایسی سعادت کے ساتھ واپس آئے گا جس کے بعد شقاوت نہیں اور ایسی نعمتیں حاصل ہوں گی جن کے گرد فنا نہیں ہوگی اس وقت خوشی سے تمہارا دل پرواز کرنے لگے گا نیز تیرا چہرہ روشن اور چمکدار ہو جائے گا اور اس طرح چمکے گا جس طرح چودہویں رات کا چاند چمکتا ہے تو سوچ تو لوگوں کے درمیان کس طرح سر اٹھاتے چلے گا تیری پیٹھ پر کوئی بوجھ نہیں ہوگا نسیم راحت کی تازگی اور رضا کی ٹھنڈک تیری پیشانی پر چمکتی ہوگی پہلے اور پچھلے لوگ تجھے اور تیرے حال کو دیکھ رہے ہوں گے نیز تیرے حسن و جمال پر رشک کریں گے فرشتے تیرے آگے اور پیچھے چلیں گے اور لوگوں کے سامنے اعلان کریں گے کہ یہ فلاں بن فلاں ہے اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہوا اور اس کو راضی کیا اس نے ایسی سعادت حاصل کی ہے جو کبھی بدبختی میں تبدیل نہیں ہوگی ـــــ

تمہارا کیا خیال ہے دنیا میں ریاکاری منافقت اور بناوٹ کے ذریعے تو لوگوں کے دلوں میں اپنا مقام بناتا ہے یہ منصب اس سے بڑا نہیں اگر تو جانتا ہے کہ یہ رتبہ دنیوی رتبے سے بہتر ہے بلکہ اس کو اس سے کوئی نسبت نہیں تو صاف ستھرے اخلاص کے ذریعے اس مقام کو حاصل کرنے کی کوشش کر۔ اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ اپنے معاملے میں سچی نیت اختیار کر کیوں کہ اس کے بغیر یہ مرتبہ حاصل نہیں ہوتا۔

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۷۶ کتاب الاہوال

اور اگر دوسری صورت ہوتی (اللہ تعالیٰ کی پناہ) کہ تمہارے نامۂ اعمال میں ایسے جرائم ہوں جن کو تم معمولی سمجھتے تھے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں وہ بہت بڑے ہیں اور ان کے باعث تجھ پر غصہ ہوا اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے میرے برے بندے تو میری رحمت سے دور ہے میں تیری عبادت کو قبول نہیں کرتا ــــ اور یہ آواز سنتے ہی تیرا چہرہ سیاہ ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ کے غضب کی وجہ سے فرشتے بھی تجھ پر غضب ناک ہوں گے اور کہیں گے تجھ پر ہماری اور تمام مخلوق کی لعنت ہو اس وقت اللہ تعالیٰ کے غضب کی وجہ سے دوزخ کے فرشتے بھی غضب ناک ہو کر تجھ پر جھپٹ پڑیں گے اور اپنے غصے اور سختی نیز ناپسندیدہ صورتوں کے باوجود تیری طرف بڑھیں گے اور تیری پیشانی پکڑ کر لوگوں کے سامنے تجھے منہ کے بل گھسیٹیں گے لوگ تیرے چہرے کی سیاہی اور ذلت کے ظاہر ہونے کو دیکھیں گے اور تو تباہی اور خرابی پکار رہا ہو گا وہ کہیں گے آج ایک تباہی کو نہ پکارو بلکہ بہت سی تباہیوں اور ہلاکتوں کو پکارو اور فرشتے آواز دیتے ہوئے کہیں گے یہ فلاں کا بیٹا فلاں ہے اللہ تعالیٰ نے اس کی ذلت و رسوائی کو ظاہر کیا اور اس کے برے اعمال کی وجہ سے اس پر لعنت بھیجی ہے یہ اس قدر شقاوت کا مستحق ہوا کہ کبھی بھی سعادت سے بہرہ ور نہیں ہو گا۔

اور ہو سکتا ہے یہ خرابی ایسے گناہ کی وجہ سے ہو جو تو نے لوگوں سے چھپ کر کیا یا ان کے دلوں میں اپنا مقام بنانے کے لیے کیا یا ان کے سامنے ذلیل ہونے سے بچنے کے لیے کیا تو کتنا بڑا جاہل ہے کہ ختم ہونے والی دنیا میں بندگانِ خدا کے ایک چھوٹے سے گروہ کے سامنے ذلیل ہونے سے بچتا ہے لیکن بہت بڑی جماعت کے سامنے بہت بڑی ذلت سے نہیں ڈرتا یہی نہیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی اور اس کا دردناک عذاب بھی ہے نیز دوزخ کے فرشتوں کے ہاتھوں گرفتار ہو کر جہنم کی طرف جانا ہو گا۔

تو تمہارے یہ احوال ہیں لیکن تجھے اس سے بھی بڑے خطرے کا شعور نہیں اور وہ پُل صراط ہے۔

فصل ۹

پُل صراط کا ذکر

پھر ان ہولناک مناظر کے بعد اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی میں غور کر فرمایا۔

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِينَ إِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا وَنَسُوقُ الْمُجْرِمِينَ إِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا۔ (۱)	جس دن ہم متقی لوگوں کو رحمٰن کی طرف اکٹھا کریں گے (معزز مہمان بنا کر) اور مجرموں کو جہنم کی طرف ہانک کر لائیں گے۔

---

(۱) قرآن مجید، سورہ مریم آیت ۸۵، ۸۶

اور ارشادِ خداوندی ہے۔

فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ۔ پس ان کو جہنم کے راستے کی طرف لے جاؤ اور ان کو ٹھہراؤ ان سے پوچھا جائے گا۔

ان ہولناک منازل کے بعد لوگوں کو پُل صراط کی طرف لے جایا جائے گا اور وہ جہنم کے اوپر بنایا ہوا ایک پُل ہے جو تلوار سے زیادہ تیز اور بال سے زیادہ باریک ہے پس جو شخص اس دنیا میں صراط مستقیم پر قائم رہا وہ آخرت کے پل صراط پر ہلکا ہوگا اور نجات پائے گا اور جو دنیا میں استقامت سے ہٹ گیا گناہوں کی وجہ سے اس کی پیٹھ بھاری ہوئی اور اس نے نافرمانی کی تو وہ پہلے قدم پر ہی پل صراط سے پھسل کر گر جائے گا۔

تو اس وقت سوچ تیرا دل کس قدر گھبرائے گا جب تو پل صراط اور اس کی باریکی کو دیکھے گا پھر اس کے نیچے جہنم کی سیاہی پر تیری نگاہ پڑے گی اس کے نیچے آگ کی چیخ اور غصے میں آنا سنے گا اور کمزور حالت کے باوجود تجھے پُل صراط پر چلنا ہوگا چاہے تیرا دل مضطرب ہو، قدم پھسل رہے ہوں اور پیٹھ پر اس قدر بوجھ ہو جو زمین پر چلنے سے رکاوٹ ہے پُل صراط کی باریکی پر چلنا تو ایک طرف رہا۔ اس وقت کیا حالت ہوگی جب تو اپنا ایک پاؤں اس پل پر رکھے گا اور اس کی تیزی کو محسوس کرے گا لیکن دوسرا قدم اٹھانے پر مجبور ہوگا اور تیرے سامنے لوگ پھسل پھسل کر گر رہے ہوں گے اور جہنم کے فرشتے ان کو کانٹوں اور مڑے ہوئے سرے والے لوہے سے پکڑ رہے ہوں گے اور تو ان کی طرف دیکھ رہا ہوگا کہ وہ کس طرح سر نیچے اور پاؤں اوپر کو کئے ہوئے جہنم میں جائیں گے تو کس قدر خوفناک منظر ہوگا سخت مقام پر چڑھائی اور تنگ راستے سے گزرنا ہوگا۔

تو اپنی حالت کے بارے میں سوچ کر تو جب تو اس پر چلے گا اور چڑھے گا اور بوجھ کی وجہ تیری پیٹھ بھاری ہوگی تو دائیں بائیں لوگوں کو دیکھے گا اور وہ جہنم میں گر رہے ہوں گے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پکار رہے ہوں گے اے میرے رب! بچالے اے میرے رب! بچالے۔

تباہی اور خرابی کی پکار جہنم کی گہرائی سے تیری طرف آئے گی کیوں کہ بے شمار لوگ پُل صراط سے پھسل جائیں گے اگر تیرا قدم بھی پھسل گیا تو کیا ہوگا۔ اس وقت ندامت بھی کوئی فائدہ نہ دے اور تو بھی ہائے خرابی ہائے ہلاکت پکارے اور یوں کہے کہ میں اسی دن سے ڈرتا تھا کاش میں اپنی (اُخروی) زندگی کے لیے کچھ آگے بھیجتا ہائے افسوس! میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے راستے پر چلتا ہائے مجھ پر افسوس میں فلاں کو دوست نہ بناتا کاش میں مٹی ہو جاتا کاش میں بھولا بسرا ہو جاتا کاش میری ماں مجھے نہ جنتی۔

---

(۱) قرآن مجید سورۃ الصافات آیت ۲۳، ۲۴

اس وقت آگ کے شعلے تجھے اُچک لیں گے (معاذاللہ) اور ایک منادی اعلان کرے گا۔

اِخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنَ۔ (۱) اس جہنم میں پھٹکار کے ساتھ رہو اور مجھ سے کلام نہ کرو۔

اب چیخنے چلانے، رونے، فریاد کرنے اور مدد مانگنے کے سوا کوئی راستہ نہیں ہوگا تو اس وقت تو اپنی عقل کو کس طرح دیکھتا ہے جب کہ یہ تمام خطرات تیرے سامنے ہیں۔ اگر تیرا ان باتوں پر عقیدہ نہیں تو معلوم ہوا کہ تو دیر تک کفار کے ساتھ جہنم میں رہنا چاہتا ہے اور اگر تو ایمان رکھتا ہے لیکن غفلت کا شکار ہے اور اس کے لیے تیاری میں سستی کا مظاہرہ کرتا ہے تو تیرا نقصان اور سرکشی کتنی بڑی ہے۔

ایسے ایمان کا تجھے کیا فائدہ جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے اور اس کی نافرمانی چھوڑنے کے ذریعے تجھے اس کی رضا جوئی کی خاطر کوشش کی ترغیب نہیں دیتا اگر بالفرض تمہارے سامنے پل صراط سے گزرنے کے خوف سے پیدا ہونے والی دل کی دہشت کے سوا کچھ نہ ہوا اگرچہ تو سلامتی کے ساتھ ہی گزر جائے تو یہ ہولناکی خوف اور رُعب کیا کم ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

پُل صراط دوزخ کے درمیان میں قائم کیا جائے گا اور رسولوں میں سے اپنی امت کے ساتھ سب سے پہلے میں گزروں گا اس دن صرف رسول ہی کلام کریں گے اور ان کی پکار یہی ہوگی "اَللّٰهُمَّ سَلِّمْ یا اللہ (بچالے — اور جہنم میں کانٹے ہوں گے جو سعدان درخت کے کانٹوں کی طرح ہوں گے کیا تم نے سعدان کے کانٹے دیکھے ہیں) آپ نے فرمایا وہ سعدان کے کانٹے کی طرح ہوں گے لیکن وہ کتنے بڑے ہوں گے یہ بات اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ وہ لوگوں کو ان کے اعمال کے مطابق اُچک لیں گے ان میں سے بعض اپنے عمل کی وجہ سے ہلاک ہو جائیں گے اور بعض رائی کے دانے جیسے ہو جائیں گے پھر نجات پائیں گے (۲)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ جہنم کے پل پر گزریں گے اور اس پر دائیں بائیں کانٹے اور مڑے ہوئے منہ والے لوہے ہوں گے نیز اس کی دونوں جانب فرشتے ہوں گے جو پکاریں گے۔

یا اللہ! سلامتی سے گزار دے یا اللہ! سلامتی سے گزار دے۔ پس بعض لوگ بجلی کی چمک کی طرح گزر جائیں گے بعض ہوا کی طرح گزریں گے بعض دوڑنے والے گھوڑے کی طرح، کچھ دوڑ رہے ہوں گے کچھ عام چال سے چل رہے ہوں گے بعض گھٹنوں کے بل چلیں گے اور بعض سرین کے بل گھسیٹتے ہوئے جائیں گے اور دوزخ والے جو اس میں رہیں گے وہ نہ مریں گے اور نہ ہی زندہ ہوں گے اور جن لوگوں کو گناہوں اور خطاؤں کی وجہ سے پکڑا جائے گا وہ جل کر کوئلہ ہو جائیں گے پھر شفاعت کی

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ مومنون آیت ۱۰۸

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۷۲، ۹۷۲، کتاب الرقاق

اجازت دی جائے گی (۱) آخر تک حدیث ذکر کی۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ پہلوں اور پچھلوں کو ایک معلوم دن میں ایک مقام پر چالیس سال جمع کرے گا ان کی آنکھیں آسمان کی طرف لگی ہوں گی اور وہ فیصلے کے منتظر ہوں گے ——— انہوں نے حدیث بیان کرتے ہوئے مومنوں کے سجدہ کرنے کا ذکر کیا اور فرمایا۔

پھر اللہ تعالیٰ مومنوں سے فرمائے گا اپنے سروں کو اٹھاؤ وہ اپنے سر اٹھائیں گے تو ان کو ان کے اعمال کے مطابق نور عطا فرمائے گا ان میں سے بعض کو بہت بڑے پہاڑ کی مثل نور دیا جائے گا جو ان کے آگے دور ہوگا بعض کو اس سے کم نور ملے گا کچھ کو کھجور کے درخت جتنا نور ملے گا اور بعض کو اس سے کم ملے گا حتیٰ کہ ان میں سے آخری شخص کو پاؤں کے انگوٹھے جتنا نور دیا جائے گا وہ کبھی چمکے گا اور کبھی بجھ جائے گا جب وہ چمکے گا تو یہ قدم بڑھا کر چلے گا اور جب اندھیرا ہو جائے گا تو کھڑا ہوگا ——— اس کے بعد انہوں نے ہر ایک کے نور کے مطابق پل صراط سے گزرنے کا ذکر کیا کچھ لوگ آنکھ جھپکنے کی مقدار میں گزریں گے بعض بجلی کی چمک کی مقدار میں گزریں گے بعض بادل کی مثل گزریں گے بعض ستاروں کے ٹوٹنے کی طرح گزریں گے کچھ لوگ گھوڑے کے دوڑنے کی مثل گزریں گے بعض لوگ آدمی کے دوڑنے کی طرح گزریں گے حتیٰ کہ جس کو پاؤں کے انگوٹھے کی مثل نور دیا جائے گا وہ چہرے ہاتھوں اور پاؤں کے بل گزرے گا۔

ایک ہاتھ بڑھائے گا تو دوسرا اٹک کر رہ جائے گا ایک پاؤں اٹکے گا تو دوسرے کو کھینچے گا۔ اور اس کے پہلوؤں تک آگ پہنچ جائے گی ——— فرمایا۔

وہ اسی طرح رہے گا حتیٰ کہ نجات پائے جب وہ نجات پائے گا تو وہاں ہی کھڑا رہے گا پھر کہے گا اللہ تعالیٰ کے لیے تعریف ہے اور اس کا شکر ہے کہ اس نے مجھے وہ کچھ عطا کیا جو کسی کو نہیں دیا کہ میں نے اس کو دیکھا پھر اس نے مجھے نجات عطا کی۔ چنانچہ اسے جنت کے دروازے کے پاس ایک کنویں پر لے جا کر غسل دیا جائے گا۔ (۲)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا۔

اَلصِّرَاطُ کَحَدِّ السَّیْفِ اَوْ کَحَدِّ الشَّعْرَۃِ	پل صراط تلوار کی طرح تیز ہے یا فرمایا چھری کی طرح تیز ہے
وَاِنَّ الْمَلٰٓئِکَۃَ یُنْجُوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ	اور فرشتے مومن مردوں اور عورتوں کو بچالیں گے اور حضرت
وَالْمُؤْمِنَاتِ وَاِنَّ جِبْرِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ	جبریل علیہ السلام میری کمر پکڑے ہوں گے اور میں کہوں گا
لَآخِذٌ بِحُجْزَتِیْ وَاِنِّیْ لَاَقُوْلُ یَارَبِّ سَلِّمْ	"یَارَبِّ سَلِّمْ یَارَبِّ سَلِّمْ" اے میرے رب اسلامتی

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۲۶ مرویات ابو سعید

(۲) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۳۹۱ تا ۳۹۵ کتاب البعث

سَلِّمْ فَالزَّانُونَ وَالزَّالَّاتُ يَوْمَئِذٍ كَثِيرٌ۔ (۱)
سے گزار دے۔ اس دن پھسلنے والے مرد اور پھسلنے والی عورتیں زیادہ ہوں گی۔

تو یہ پل صراط کے مصائب اور ہولناکیاں ہیں اس میں بہت زیادہ فکر کرو یوم قیامت کے ہولناک حالات میں وہی شخص زیادہ محفوظ ہوگا جو دنیا میں اس کا فکر زیادہ کرے گا کیوں کہ اللہ تعالیٰ ایک بندے پر دو خوف جمع نہیں کرتا پس جو آدمی دنیا میں ان خوفوں سے ڈرا وہ آخرت کے دن ان سے محفوظ رہے گا۔ اور خوف سے ہماری مراد عورتوں کی طرح کا خوف نہیں ہے سنتے وقت دل نرم ہو جائے اور آنسو جاری ہو پھر جلدی ہی بھول جاؤ اور اپنے کھیل کود میں مشغول ہو جاؤ اس بات کا خوف سے کوئی تعلق نہیں بلکہ جو آدمی کسی چیز سے ڈرتا ہے وہ اس سے بھاگتا ہے اور جو شخص کسی چیز کی امید رکھتا ہے اسے طلب کرتا ہے پس تجھے وہی خوف نجات دے گا جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے روکے اور اس کی اطاعت پر آمادہ کرے۔ عورتوں کے دل نرم ہونے سے بھی بڑھ کر بے وقوفوں کا خوف ہے جب وہ ہولناک مناظر کے بارے میں سنتے ہیں تو فوراً ان کی زبان پر استعاذہ جاری ہوتا ہے اور وہ کہتے ہیں میں اللہ تعالیٰ کی مدد چاہتا ہوں اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں۔ یا اللہ! مجھے بچا لینا، بچا لینا۔ اس کے باوجود وہ گناہوں پر ڈٹے رہتے ہیں جو ان کی ہلاکت کا باعث ہیں شیطان ان کے پناہ مانگنے پر ہنستا ہے جس طرح وہ اس آدمی پر ہنستا ہے جس کو صحرا میں کوئی درندہ پھاڑنا چاہے اور اس کے پیچھے ایک قلعہ ہو جب وہ دور سے درندے کی داڑھوں اور اس کے حملے کو دیکھے تو زبان سے کہے میں اس مضبوط قلعے میں پناہ لیتا ہوں اور اس کی مضبوط دیواروں اور سخت عمارت کی مدد چاہتا ہوں وہ اپنی جگہ بیٹھے ہوئے زبان سے یہ کلمات کہتا ہے تو یہ بات کس طرح اسے درندے سے بچائے گی؟

تو آخرت کا بھی یہی حال ہے اس کا قلعہ صرف سچے دل سے "لا الٰہ الا اللہ" کہنا ہے اور سچائی کا معنیٰ یہ ہے کہ اس کا مقصود صرف اللہ تعالیٰ ہو اس کے علاوہ کوئی مقصود و معبود نہ ہو اور جو شخص اپنی خواہش کو معبود بنا لیتا ہے وہ توحید میں سچائی سے دور ہوتا ہے اور اس کا معاملہ خود خطرناک ہے۔

اگر تم ان باتوں سے عاجز ہو تو اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرنے والے بن جاؤ آپ کی سنت کی تعظیم کے حریص ہو جاؤ صلحائے امت کے دلوں کی رعایت کا شوق رکھنے والے ہو جاؤ اور ان کی دعاؤں سے برکت حاصل کرو ممکن ہے تمہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور ان نیک لوگوں کی شفاعت سے حصہ ملے اور اس وجہ سے نجات پاؤ اگرچہ تمہاری پونجی کم ہو۔

---

(۱) شعب الایمان جلد اول ص ۳۳۱ حدیث ۳۶۶

فصل ۱۰

شفاعت کا ذکر

جان لو کہ جب کچھ مومنوں پر جنت میں داخل ہونا واجب ہو جائے گا تو اللہ اپنے فضل و کرم سے ان کے حق میں انبیاء کرام اور صدیقین کی شفاعت قبول کرے گا بلکہ علماء اور صالحین کی شفاعت بھی۔

جس شخص کو اللہ تعالیٰ کے ہاں مقام حاصل ہے اور اس کا معاملہ اچھا ہے وہ اپنے گھر والوں، رشتہ داروں، دوستوں اور جان پہچان والوں کی شفاعت کرے گا تو تمہیں اس بات کا حریص ہونا چاہیے کہ ان لوگوں کے ہاں رتبہ شفاعت حاصل کرو اور اس کی صورت یہ ہے کہ کسی شخص کو حقیر نہ جانو کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی ولایت کو لوگوں میں چھپا رکھا ہے ہو سکتا ہے جو شخص تمہاری نگاہ میں معمولی ہو وہ اللہ تعالیٰ کا ولی ہو اور کسی گناہ کو معمولی نہ جانو کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے غضب کو گناہوں میں چھپا رکھا ہے ہو سکتا ہے اسی گناہ میں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی پوشیدہ ہو، اور کسی عبادت کو معمولی نہ جانو کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی رضا کو اپنی اطاعت میں پوشیدہ رکھا ہے ہو سکتا ہے اسی عبادت و اطاعت میں اس کی رضا پوشیدہ ہو، اگرچہ اچھی بات یا لقمہ یا اچھی نیت اور اس جیسی کوئی بات ہی کیوں نہ ہو۔

شفاعت پر قرآن مجید کی بے شمار آیات اور احادیث مبارکہ شاہد ہیں۔ ارشاد خداوندی ہے۔

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى۔ (۱)
عنقریب آپ کا رب آپ کو اس قدر عطا کرے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابراہیم کے قول پر مشتمل یہ قرآنی آیت پڑھی۔

رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ وَمَنْ عَصَانِيْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔ (۲)
اے میرے رب! ان (بتوں نے) بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا پس جو میرے راستے پر چلا وہ میرا ہے اور جس نے میری نافرمانی کی پس بے شک تو بخشنے والا مہربان ہے۔

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا، ارشاد خداوندی ہے۔

اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ۔ (۳)
اگر تو ان کو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۃ والضحیٰ آیت ۵
(۲) قرآن مجید، سورۃ ابراہیم آیت ۳۶
(۳) قرآن مجید، سورۃ مائدہ آیت ۱۱۸

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اُٹھا کر یوں فرمایا اُمَّتِیْ اُمَّتِیْ ۔ (یا اللہ! میری امت کو بخش دے یا اللہ! میری امت کو بخش دے) پھر آپ رو پڑے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے جبریل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ اور ان سے رونے کا سبب پوچھو حضرت جبریل علیہ السلام حاضر ہوئے اور رونے کی وجہ پوچھی تو آپ نے وجہ بتائی (کہ امت کے لیے رو رہا ہوں) حالاں کہ اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے جبریل! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ اور کہو کہ عنقریب ہم آپ کو آپ کی امت کے بارے میں راضی کریں گے اور ناراض نہیں کریں۔ (۱)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اُعْطِیْتُ خَمْسًا لَمْ یُعْطَهُنَّ اَحَدٌ قَبْلِیْ نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِیْرَةَ شَهْرٍ وَاُحِلَّتْ لِیَ الْغَنَائِمُ وَلَمْ تُحَلَّ لِاَحَدٍ قَبْلِیْ وَجُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَتُرَابُهَا طَهُوْرًا فَاَیُّمَا رَجُلٍ مِنْ اُمَّتِیْ اَدْرَكَتْهُ الصَّلٰوةُ فَلْیُصَلِّ وَاُعْطِیْتُ الشَّفَاعَةَ وَكُلُّ نَبِیٍّ بُعِثَ اِلٰی قَوْمِهٖ خَاصَّةً وَبُعِثْتُ اِلَی النَّاسِ عَامَّةً۔ (۲)

مجھے ایسی پانچ چیزیں دی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی کو عطا نہیں کی گئیں ایک مہینے کی مسافت سے رُعب کے ذریعے میری مدد کی گئی میرے لیے مال غنیمت حلال کیا گیا حالاں کہ مجھ سے پہلے کسی کے لیے حلال نہیں ہوا۔ میرے لیے (تمام) زمین کو سجدہ گاہ اور مٹی کو پاک قرار دیا گیا میرے جس امتی کو جہاں موقعہ ملے نماز پڑھ لے مجھے شفاعت کا منصب عطا کیا گیا اور ہر نبی کو ایک خاص قوم کی طرف بھیجا گیا لیکن عام لوگوں کی طرف مبعوث کیا گیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اِذَا كَانَ یَوْمُ الْقِیَامَةِ كُنْتُ اِمَامَ النَّبِیِّیْنَ وَخَطِیْبَهُمْ وَصَاحِبَ شَفَاعَتِهِمْ مِنْ غَیْرِ فَخْرٍ۔ (۳)

جب قیامت کا دن ہوگا تو میں تمام نبیوں کا امام و خطیب اور ان کے لیے شفاعت کا دروازہ کھولنے والا ہوں گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَنَا سَیِّدُ وَلَدِ اٰدَمَ وَلَا فَخْرَ وَاَنَا اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ الْاَرْضُ عَنْهُ وَاَنَا اَوَّلُ شَافِعٍ وَاَوَّلُ

میں اولادِ آدم علیہ السلام کا سردار ہوں لیکن مجھے اس پر فخر نہیں میں وہ ہوں جس کے لیے سب سے پہلے قبر کھلے گی میں

---

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۱۱۳ کتاب الایمان
(۲) صحیح مسلم جلد اوّل ص ۱۹۹ کتاب المساجد
(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۱۳۷ مرویات طفیل بن ابی بن کعب

مُشَفَّعٍ بِيَدِي لِوَاءُ الْحَمْدِ تَحْتَهُ آدَمُ فَمَنْ دُوْنَهُ۔

(۱)

سب سے پہلے شفاعت کرنے والا ہوں گا اور سب سے پہلے میری ہی شفاعت قبول ہوگی میرے ہی ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا جس کے نیچے حضرت آدم علیہ السلام اور ان کے علاوہ سب لوگ ہوں گے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ فَأُرِيْدُ اَنْ اَخْتَبِئَ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِاُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

(۲)

ہر نبی کے لیے ایک مقبول دعا ہے تو میں چاہتا ہوں کہ میں اپنی دعا کو قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کے لیے چھپا کر رکھوں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

(قیامت کے دن) انبیاء کرام علیہم السلام کے لئے سونے کے منبر بچھائے جائیں گے پس وہ ان پر بیٹھیں گے اور میرا منبر باقی رہ جائے گا میں اس پر نہیں بیٹھوں گا بلکہ اپنے رب کے سامنے کھڑا رہوں گا مجھے یہ خوف لاحق ہوگا کہیں ایسا نہ ہو کہ میں جنت میں چلا جاؤں اور میری امت پیچھے رہ جائے میں کہوں گا یا اللہ! میری امت! اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کیا چاہتے ہیں میں آپ کی امت سے کیا سلوک کروں! میں کہوں گا اے میرے رب! ان کا حساب جلد از جلد کر دے تو میں مسلسل شفاعت کروں گا حتی کہ مجھے ان لوگوں کے لیے جنت کا اجازت نامہ مل جائے گا جن کو جہنم کی طرف بھیج دیا گیا ہوگا اور یہی کہ جہنم کا فرشتہ حضرت مالک علیہ السلام کہیں گے اے محمد! صلی اللہ علیہ وسلم جہنم کی آگ نے آپ کی امت کے لیے آپ کے رب کے غضب کا کچھ نہیں چھوڑا (۳)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنِّيْ لَاَشْفَعُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِاَكْثَرَ مِمَّا عَلَى وَجْهِ الْاَرْضِ مِنْ حَجَرٍ وَمَدَرٍ۔

(۴)

بے شک میں قیامت کے دن زمین پر پڑے ہوئے پتھروں اور ڈھیلوں کی تعداد سے زیادہ لوگوں کے لیے شفاعت کروں گا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت (بکری کا) بازو پیش کیا گیا اور وہ آپ کو پسند تھا۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۲ مرویات ابوسعید خدری

(۲) صحیح مسلم جلد اول ص ۱۱۳ کتاب الایمان

(۳) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۳۸۰ کتاب البعث

(۴) // // // ۳۷۹ //

آپ اس سے گوشت نوچنے لگے پھر فرمایا میں قیامت کے دن تمام رسولوں کا سردار ہوں گا اور تم جانتے ہو کہ اس کی کیا وجہ ہے؟
(اس کی وجہ یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ پہلوں اور پچھلوں سب کو ایک میدان میں جمع کرے گا اور ان کو پکارنے والے کی آواز سنائے
گا اور ان کو نظروں کے سامنے رکھے گا اور سورج قریب ہو گا۔ لوگوں پر ان کی طاقت
سے غم اور پریشانی ہو گی پس لوگ ایک دوسرے سے کہیں گے کیا تم نہیں دیکھتے کہ تمہاری کیا حالت ہو گئی ہے
کیا تم کسی ایسی ذات کو تلاش نہیں کرتے جو تمہارے رب کے ہاں تمہاری شفاعت کرے تو وہ ایک دوسرے سے کہیں
گے حضرت آدم علیہ السلام کے پاس جاؤ چنانچہ وہ حضرت آدم علیہ السلام کے پاس جائیں گے اور کہیں گے آپ تمام انسانوں
کے باپ ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے دست قدرت سے پیدا فرمایا اور آپ میں اپنی رُوح پھونکی اور فرشتوں کو حکم دیا
تو انہوں نے آپ کو سجدہ کیا اپنے رب کے حضور ہماری سفارش کیجئے! آپ نہیں دیکھتے ہم کس مصیبت میں ہیں کیا آپ
نہیں دیکھتے ہم کس حالت کو پہنچ چکے ہیں حضرت آدم علیہ السلام ان سے فرمائیں گے آج میرے رب نے اس قدر غضب فرمایا کہ
اس کی طرح اس سے پہلے نہیں فرمایا اور نہ اس کے بعد ایسا غضب فرمائے گا اللہ تعالیٰ نے مجھے درخت (کے قریب جانے)
سے منع فرمایا تھا تو مجھ سے لغزش ہوئی مجھے اپنے آپ کی پڑی ہوئی ہے تم میرے علاوہ کسی کے پاس جاؤ حضرت نوح علیہ
السلام کے پاس جاؤ چنانچہ وہ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور کہیں گے اے نوح علیہ السلام آپ زمین پر آنے
والے سب سے پہلے رسول ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کا نام شکر گزار بندہ رکھا ہے اپنے رب کے ہاں ہماری سفارش کر دیں کیا
آپ نہیں دیکھتے کہ ہم کس پریشانی میں ہیں! وہ فرمائیں گے آج میرے رب نے اس قدر غضب فرمایا ہے کہ نہ اس سے پہلے
کبھی فرمایا نہ اس کے بعد ہو گا میں نے اپنی قوم کے خلاف بد دعا کی آج مجھے اپنی فکر ہے تم کسی اور کے پاس جاؤ۔

چنانچہ سب لوگ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور عرض کریں گے آپ اللہ تعالیٰ
کے نبی اور اہل زمین میں سے اس کے خلیل ہیں ہماری شفاعت فرمائیں دیکھیں تو سہی ہم کس پریشان کن حالت میں ہیں اللہ تعالیٰ
ان سے فرمائے گا آج میرے رب نے جس قدر غضب فرمایا نہ اس سے پہلے ایسا غضب فرمایا اور نہ ہی اس کے بعد فرمائے گا۔
میں نے تین باتیں ظاہر کے خلاف کہیں (اگرچہ سچ بولا) آپ ان کا ذکر کریں گے اور فرمائیں گے مجھے اپنے نفس کی فکر ہے تم
کسی اور کے پاس جاؤ چنانچہ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے اور کہیں گے اے موسیٰ علیہ السلام آپ اللہ تعالیٰ کے
رسول ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنی رسالت اور شرف ہمکلامی کے ذریعے لوگوں پر فضیلت عطا فرمائی ہے اپنے رب کے ہاں
ہماری سفارش فرمائیں کیا آپ نہیں دیکھتے ہم کس حالت میں ہیں وہ فرمائیں گے میرا رب آج جس قدر غضبناک ہے نہ اس
سے پہلے ایسا غضب فرمایا اور نہ ہی اس کے بعد فرمائے گا میں نے ایک شخص کو قتل کیا حالانکہ مجھے اس کے قتل کا حکم نہیں
ہوا تھا مجھے اپنی فکر ہے کسی اور کے پاس جاؤ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ چنانچہ وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں
گے اور کہیں گے اے عیسیٰ علیہ السلام! آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور اس کا کلمہ ہیں جو حضرت مریم علیہا السلام کی طرف ڈالا
اور اللہ تعالیٰ کی رُوح ہیں اور آپ نے پنگھوڑے میں لوگوں سے کلام کیا ہماری شفاعت کیجئے آپ نہیں دیکھتے ہم کس قدر

پریشانی میں ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے بے شک میرے رب نے آج اس قدر غضب فرمایا کہ نہ اس سے پہلے اسی قدر غضبناک ہوا اور نہ آئندہ کبھی ہو گا آپ اپنی کسی خطا کا ذکر نہیں کریں گے (فرمائیں گے) میرے علاوہ کسی کے پاس جاؤ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) چنانچہ لوگ میرے پاس آئیں گے اور عرض کریں گے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! آپ اللہ تعالیٰ کے رسول اور آخری نبی ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو ہر پہلی اور پچھلی خلاف اولیٰ بات سے محفوظ رکھا ہماری شفاعت فرمائیں کیا آپ نہیں دیکھتے ہم کس پریشانی میں ہیں (آپ نے فرمایا) پس میں عرش کے نیچے آؤں گا اور اپنے رب کے حضور سجدہ ریز ہو جاؤں گا پھر اللہ تعالیٰ اپنی حمد و ثناء میں سے میرے لیے وہ چیز کھول دے گا جو مجھ سے پہلے کسی کے لیے نہیں کھولی پھر کہا جائے گا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اپنا سر مبارک اٹھائیں اور مانگیں آپ کو عطا کیا جائے گا نیز شفاعت فرمائیں قبول کی جائے گی چنانچہ میں اپنا سر انور اٹھاؤں گا اور کہوں گا یا اللہ! میری امت کو بخش دے یا اللہ! میری امت کو بخش دے پس کہا جائے گا اے محمد (صلی اللہ علیک وسلم) اپنی امت کے ان لوگوں کو جن پر کوئی حساب نہیں جنت کے داہنے دروازے سے داخل کر دیں اور باقی دروازوں میں وہ دوسرے لوگوں کے ساتھ شریک ہوں گے ـــــ پھر فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے جنت کے (دروازے کے) دو کواڑوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا مکہ مکرمہ اور حمیر (مقام) کے درمیان یا مکہ مکرمہ اور بُصریٰ کے درمیان ہے (۱)

ایک دوسری حدیث میں بھی یہی مضمون ہے لیکن اس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی خطاؤں کا بھی ذکر ہے اور وہ ستاروں کے بارے میں آپ کا قول ہے کہ یہ میرا رب ہے اور ان لوگوں کے معبودوں کے بارے میں فرمایا کہ ان کے بڑے نے یہ کام کیا ہے اور یہ فرمایا کہ میں بیمار ہوں ـــــ (یاد رہے کہ آپ نے جو کچھ فرمایا اس کا ظاہر جھوٹ نظر آتا ہے لیکن در حقیقت وہ جھوٹ نہیں ہے ۱۲ ہزاروی)

تو یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت ہے اور آپ کی امت کے علماء و صلحاء انفرادی طور پر بھی شفاعت کریں گے حتیٰ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَةِ رَجُلٍ مِنْ أُمَّتِيْ أَكْثَرُ مِنْ رَبِيْعَةَ وَمُضَرَ۔ (۲)

میری امت کے ایک آدمی کی شفاعت سے قبیلہ ربیعہ اور مضر کی تعداد سے زیادہ لوگ جنت میں جائیں گے۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

---

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۱۱۱ کتاب الایمان

(۲) المستدرک للحاکم جلد ۳ ص ۴۰۷ کتاب معرفۃ الصحابۃ

يُنَادَىٰ لِلرَّجُلِ قُمْ يَا فُلَانُ فَاشْفَعْ فَيَقُوْمُ الرَّجُلُ فَيَشْفَعُ لِلْقَبِيْلَةِ وَلِأَهْلِ الْبَيْتِ وَلِلرَّجُلِ وَالرَّجُلَيْنِ عَلَىٰ قَدْرِ عَمَلِهِ (۱)

ایک آدمی سے کہا جائے گا اُٹھ اے فلاں اور شفاعت کر پس ایک شخص اُٹھ کر اپنے قبیلے، گھر والوں اور ایک مرد اور دو مردوں کے لیے اپنے عمل کے مطابق شفاعت کرے گا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن اہل جنت میں سے ایک شخص جہنم والوں کی طرف جھانکے گا تو ایک جہنمی اسے آواز دے کر کہے گا اے فلاں! مجھے پہچانتے ہو؟ وہ کہے نہیں اللہ کی قسم میں تجھے نہیں پہچانتا تو کون ہے؟ وہ کہے گا میں وہ شخص ہوں کہ دنیا میں تم میرے پاس سے گزرے اور تم نے مجھ سے پانی مانگا تو میں نے تمہیں پانی پلایا وہ کہے گا میں نے پہچان لیا وہ کہے گا اپنے رب کے ہاں میری سفارش کر دو پس وہ اللہ تعالیٰ سے ذکر کرتے ہوئے عرض کرے گا کہ میں نے جہنم والوں کو جھانک کر دیکھا تو ان میں سے ایک آدمی نے مجھ سے پوچھا کیا مجھے پہچانتے ہو؟ میں نے کہا نہیں تو کون ہے؟ اس نے کہا میں وہ ہوں کہ تم نے دنیا میں مجھ سے پانی مانگا میں تو میں نے تجھے پانی پلایا پس تم نے اپنے رب کے ہاں میری شفاعت کر، پس اللہ تعالیٰ اس کے حق میں اس شخص کی شفاعت قبول کرے گا اور اس کو حکم ہو گا چنانچہ وہ دوزخ سے باہر نکل آئے گا۔ (۲)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

أَنَا أَوَّلُ النَّاسِ خُرُوْجًا إِذَا بُعِثُوْا وَأَنَا خَطِيْبُهُمْ إِذَا وَفَدُوْا وَأَنَا مُبَشِّرُهُمْ إِذَا يَئِسُوْا لِوَاءُ الْحَمْدِ يَوْمَئِذٍ بِيَدِيْ وَأَنَا أَكْرَمُ وَلَدِ آدَمَ عَلَىٰ رَبِّيْ وَلَا فَخْرَ (۳)

جب لوگ اٹھائے جائیں گے تو قبر سے سب سے پہلے میں نکلوں گا اور جب وہ وفد بن کر آئیں گے تو میں ان کا خطیب ہوں گا اور میں ان کو خوشخبری دینے والا ہوں گا جب وہ نا امید ہو جائیں گے اس دن حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہو گا اور میں اپنے رب کے ہاں تمام اولاد آدم سے زیادہ معزز ہوں گا اور اس پر میں فخر نہیں کرتا۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِنِّيْ أَقُوْمُ بَيْنَ يَدَيْ رَبِّيْ عَزَّ وَجَلَّ فَأُكْسَىٰ

میں اپنے رب عزوجل کے سامنے کھڑا ہوں گا اور بہشت

---

(۱) جامع ترمذی ص ۳۵۱، ابواب القیامۃ

(۲) الترغیب والترہیب جلد ۲ ص ۶۹، کتاب الصدقات

(۳) جامع ترمذی ص ۵۱۹، کتاب المناقب

حُلَّةً مِنْ حُلَلِ الْجَنَّةِ ثُمَّ أَقُوْمُ عَنْ يَمِيْنِ الْعَرْشِ لَيْسَ أَحَدٌ مِنَ الْخَلَائِقِ يَقُوْمُ ذٰلِكَ الْمَقَامَ غَيْرِيْ۔ (۱)

کے حُلّوں میں سے ایک لباس پہنوں گا پھر عرش کے داہنے طرف کھڑا ہوں گا اس جگہ میرے علاوہ مخلوق میں سے کوئی بھی کھڑا نہیں ہوگا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چند صحابہ کرام بیٹھے آپ کا انتظار کر رہے تھے آپ باہر تشریف لائے جب ان کے قریب پہنچے تو وہ باہم گفتگو کر رہے تھے آپ نے ان کی گفتگو سنی ان میں سے کسی نے کہا تعجب کی بات ہے اللہ تعالیٰ نے مخلوق میں سے خلیل بنایا حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلیل بنایا دوسرے نے کہا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کلام سے بھی کوئی تعجب خیز بات ہے اللہ تعالیٰ نے آپ سے گفتگو فرمائی ایک اور صحابی نے فرمایا حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کا کلمہ اور اس کی روح ہیں ایک صحابی نے فرمایا حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے منتخب فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو سلام کرنے کے بعد فرمایا میں نے تمہارا کلام اور تعجب سنا بے شک حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے خلیل ہیں بات یہی ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے نجات دی یہی بات ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی روح اور کلمہ ہیں یہی بات ہے حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے چن لیا بات اسی طرح ہے سنو! میں اللہ تعالیٰ کا حبیب ہوں اور مجھے اس پر فخر نہیں ہیں قیامت کے دن حمد کا جھنڈا اٹھانے والا ہوں اور اس پر مجھے فخر نہیں قیامت کے دن سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول کی جائے گی اور اس پر مجھے فخر نہیں جنت کے کنڈے کو سب سے پہلے میں ہی حرکت دوں گا تو اللہ تعالیٰ اسے میرے لیے کھول دے گا پس میں جنت داخل ہو جاؤں گا اور میرے ساتھ مومن فقراء بھی ہوں گے اور مجھے اس پر فخر نہیں میں پہلوں اور پچھلوں سے بزرگ تر ہوں اور مجھے اس پر فخر نہیں۔

فصل ۱۱:

حوض کا ذکر

جان لو کہ حوض کوثر ایک بہت بڑا اعزاز ہے اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کے ساتھ خاص فرمایا اور اس کے اوصاف میں کئی احادیث مبارکہ آئی ہیں ہم اللہ تعالیٰ سے امید رکھتے ہیں کہ وہ دنیا میں اس کا علم اور آخرت میں اس کا ذائقہ نصیب فرمائے حوض کوثر کی صفات میں سے یہ بھی ہے کہ جو شخص اس میں سے پیئے گا وہ کبھی پیاسا

---

(۱) جامع ترمذی ص ۵۱۹، ابواب المناقب

(۲) جامع ترمذی ص ۵۲۰ ابواب المناقب

نہیں ہوگا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نیند کا ایک جھونکا سا آیا آپ نے سر مبارک اٹھایا تو مسکرا رہے تھے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ کیوں مسکرائے ہیں؟ فرمایا ابھی ایک آیت نازل ہوئی ہے اور آپ نے پوری سورۂ کوثر پڑھی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ۔ (۱)

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا بیشک ہم نے آپ کو کوثر عطا فرمایا پس آپ اپنے رب کے لیے نماز پڑھیں اور قربانی دیں بے شک آپ کا دشمن ہی مقطوع النسل ہے۔

آپ نے فرمایا کیا تم جانتے ہو کوثر کیا ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں آپ نے فرمایا یہ ایک نہر ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ فرمایا یہ جنت میں ہے اس پر بہت برکت ہے اس پر ایک حوض ہے جس پر میری امت آئے گی اس کے برتنوں کی تعداد آسمان کے ستاروں جتنی ہے (۲)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں (شب معراج) جنت میں چل رہا تھا تو ایک نہر آئی جس کے دونوں طرف موتیوں کے قبے ہیں جو اندر سے خالی ہیں میں نے پوچھا اے جبریل! یہ کیا ہے۔ انہوں نے عرض کیا یہ کوثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمایا ہے پھر فرشتے نے اس پر ہاتھ مارا تو اس کی مٹی اذفر خوشبو تھی۔ (۳)

حضرت انس رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے میرے حوض کے دونوں طرف کی پتھریلی زمین کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا مدینہ شریف اور صنعاء کے درمیان ہے یا مدینہ طیبہ اور عمان کے درمیان ہے (۴)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب سورۂ کوثر نازل ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ جنت میں ایک نہر ہے جس کے کنارے سونے کے ہیں اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید، شہد سے زیادہ میٹھا اور کستوری سے زیادہ خوشبودار ہے وہ موتیوں اور مرجان کے پتھروں پر چلتا ہے (۵)

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ کوثر پارہ ۳۰

(۲) صحیح مسلم جلد اول ص ۲۷۲، کتاب الایمان

(۳) جامع ترمذی ص ۴۸۵، ابواب التفسیر

(۴) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۲۵۲ کتاب الفضائل

(۵) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۱۱۲ مرویات ابن عمر

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

میرا حوض عدن سے بلقاء کے عمان تک ہے اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے اس کے کوزے آسمان کے ستاروں کی تعداد میں ہیں جو شخص اس سے ایک گھونٹ بھی پی لے وہ اس کے بعد کبھی بھی پیاسا نہیں ہوگا اس پر سب سے پہلے فقراء مہاجرین آئیں گے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے پوچھا یا رسول اللہ! وہ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا یہ وہ لوگ ہیں جن کے بال بکھرے ہوئے اور کپڑے میلے ہیں وہ خوش عیش عورتوں سے نکاح نہیں کرتے اور ان کے لیے ڈیوڑھیوں کے دروازے بھی نہیں کھلتے۔ حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ کی قسم میں نے دولت والی ناز و انداز میں پروان چڑھنے والی خاتون فاطمہ بنت عبد الملک سے نکاح کیا ہے اور میرے لیے ڈیوڑھیوں کے دروازے بھی کھلے ہیں مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھ پر رحم فرمائے میں اب لازمی طور پر سر میں تیل نہیں لگاؤں گا تاکہ بال بکھر جائیں اور میرے جسم پر جو کپڑے ہیں ان کو نہیں دھوؤں گا تاکہ میلے ہو جائیں۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! حوض کوثر کے برتن کیسے ہیں؟ آپ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اس کے برتن آسمان کے ستاروں کی گنتی سے زیادہ ہیں جب اندھیری رات ہو اور وہ گرد و غبار سے صاف ہو جو شخص اس حوض سے پیئے گا وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا جنت سے دو پرنالے اس میں گرتے ہیں اس کی چوڑائی اس کی لمبائی جتنی ہے اور وہ عمان اور ایلہ مقام کے درمیان مسافت جتنی ہے اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے۔ (۲)

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ لِکُلِّ نَبِیٍّ حَوْضًا وَاِنَّھُمْ یَتَبَاھَوْنَ اَیُّھُمْ اَکْثَرُ وَارِدَۃً وَاِنِّیْ لَاَرْجُوْ اَنْ اَکُوْنَ اَکْثَرَھُمْ وَارِدَۃً۔ (۳)

ہر نبی کا ایک حوض ہے اور وہ ایک دوسرے پر فخر کریں گے کہ کس کے حوض پر زیادہ لوگ آتے ہیں اور بے شک مجھے امید ہے کہ میرے حوض پر سب سے زیادہ لوگ آئیں گے۔

تو یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امید ہے پس ہر شخص کو امید رکھنی چاہیے کہ وہ بھی حوض پر جانے والوں میں شامل ہو اور اس بات سے بچے کہ وہ تمنا کرے اور دھوکے میں ہو کر امید رکھے کیوں کہ کھیتی کاٹنے کی امید وہی رکھتا ہے جو بیج ڈالتا ہے،

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۲۷۵ مرویات ثوبان

(۲) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۲۵۱ کتاب الفضائل

(۳) جامع ترمذی ص ۳۵۲، ابواب القیامۃ

زمین کو صاف کرتا ہے اور اسے پانی سے سیراب کرتا ہے پھر بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کے فضل کی امید رکھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ فصل اگائے گا اور فصل کاٹنے تک کڑک (وغیرہ آفات) سے بچائے گا لیکن جو شخص کھیتی میں ہل نہیں چلاتا اور نہ زمین کو صاف کرتا ہے اور پانی دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے امید رکھتا ہے کہ وہ اپنے فضل سے اس کے لیے غلہ اور پھل پیدا کرے گا تو یہ دھوکے کے ساتھ متمنی ہے حقیقی امید کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں اکثر لوگوں کی امید اسی طرح ہے اور یہ بے وقوف لوگوں کے دھوکے جیسا ہے ہم دھوکے اور غفلت سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ دھوکہ دنیا پر دھوکے سے زیادہ بڑا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ۔ (۱)

پس تمہیں دنیا کی زندگی ہرگز دھوکے میں نہ ڈالے اور نہ ہی تمہیں اللہ تعالیٰ کے نام پر دھوکہ ہو۔

فصل ۱۲:

جہنم، اس سختیوں اور عذاب کا ذکر

اے اپنے نفس سے غافل شخص! اور اس فانی اور مٹ جانے والی دنیا پر دھوکہ کھانے والے اس چیز کی فکر نہ کر جس کو چھوڑ کر جانے والا ہے بلکہ اپنے فکر کی لگام کو اس کی طرف موڑ دے جو تیرے اترنے کی جگہ ہے کیوں کہ تجھے بتایا گیا کہ سب لوگوں کو جہنم میں جانا پڑے گا کہا گیا ہے۔

وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا۔ (۲)

اور تم میں سے ہر ایک نے اس میں جانا ہے یہ تمہارے رب کا حتمی فیصلہ ہے پھر ہم ڈرنے والوں کو نجات دیں گے اور ظالموں کو اس میں اوندھے گرے ہوئے چھوڑ دیں گے۔

تو تجھے وہاں جانے کا یقین ہونا چاہیے اور نجات کے بارے میں شک ہے تو تو اپنے دل میں اس مقام کے ہولناک منظر کا شعور بیدار کر شاید تو اس سے نجات کے لیے تیاری کرے نیز مخلوق کے حال میں غور و فکر کر قیامت کے مصائب میں سے ان پر گزرا جو کچھ گزرا وہ کرب اور پریشانیوں میں ہوں گے اور اس بات کے منتظر ہوں گے کہ ان کو اس کی حقیقت اور سفارش کرنے والوں کی شفاعت کی خبر ملے کہ اچانک مجرموں کو شاخ در شاخ اندھیرے گھیر لیں گے اور لپٹ جانے والی آگ ان پر چھا جائے گی وہ اس کی آواز اور جھنجھناہٹ سنیں گے جو اس کے سخت غیظ و غضب پر دلالت کر رہی ہو گی اس وقت مجرموں کو اپنی

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ فاطر آیت ۵

(۲) قرآن مجید، سورۂ مریم آیت ۶۹، ۷۰

ہلاکت کا یقین ہو جائے گا اور لوگ گھٹنوں کے بل گر جائیں گے حتیٰ کہ جو لوگ بچ جائیں گے ان کو بُرے انجام کا خوف ہو گا اور جہنم کے فرشتوں میں سے ایک آواز دے گا وہ کہے گا اے فلاں بن فلاں! جو دنیا میں لمبی امید کی وجہ سے ٹال مٹول سے کام لیتا تھا اور تو نے بُرے اعمال میں عمر کو ضائع کر دیا پھر وہ لوہے کے گُرز لے کر اس کی طرف دوڑیں گے اور اس کو طرح طرح کی دھمکیاں دیں گے نیز اسے سخت عذاب کی طرف لے جائیں گے اور گہرے جہنم میں اوندھا پھینک دیں گے وہ کہیں گے۔

ذُقۡ اِنَّکَ اَنۡتَ الۡعَزِیۡزُ الۡکَرِیۡمُ ۔ (۱) چکھو تم عزت اور بزرگی والے بنتے پھرتے تھے

پس وہ اسے ایسے گھر میں قید کر دیں گے جس کے کنارے تنگ، راستے تاریک اور مقاماتِ ہلاکت پوشیدہ ہوں گے قیدی وہاں ہمیشہ رہے گا اور اس میں بھڑکتی ہوئی آگ جلائی جائے گی وہاں ان کا مشروب کھولتا ہوا پانی اور ٹھکانہ جہنم ہو گا آگ کے فرشتے ان کو گرز ماریں گے اور آگ ان کو جمع کرے گی وہاں وہ موت کی تمنا کریں گے لیکن اس سے چھوٹ نہیں سکیں گے ان کے پاؤں پیشانی کے بالوں سے بندھے ہوں گے اور گناہوں کی تاریکی کے باعث ان کے چہرے سیاہ ہوں گے وہ ہر کنارے سے پکاریں گے اور چیخیں چلائیں گے اور کہیں گے اے مالک! (جہنم کا فرشتہ) ہم سے عذاب کا وعدہ پورا ہو چکا ہے بیڑیاں ہم پر بھاری ہو گئی ہیں اے مالک! ہمارے چمڑے پک چکے ہیں اے مالک! ہمیں یہاں سے نکالو ہم کبھی بھی گناہ نہیں کریں گے۔

دوزخ کے فرشتے کہیں گے نہیں، امن کے دن چلے گئے اب ذلت کے گھر سے نکل نہیں سکتے اس میں پھٹکار کے ساتھ پڑے رہو اور باتیں نہ کرو اگر تمہیں یہاں سے نکال بھی دیا جائے تو جس کام سے تمہیں روکا گیا تم دوبارہ وہی کام کرو گے اس وقت وہ ناامید ہو جائیں گے اور اللہ تعالیٰ کے مقابل جو باتیں کی ہوں گی ان پر انہیں افسوس ہو گا لیکن اب نہ تو ان کو ندامت نجات دے گی اور نہ ہی افسوس کا کوئی فائدہ ہو گا بلکہ انہیں طوق پہنا کر چہروں کے بل اوندھا گرا دیا جائے گا۔

ان کے اوپر، نیچے، دائیں اور بائیں آگ ہی آگ ہو گی وہ آگ میں ڈوبے ہوئے ہوں گے ان کا کھانا آگ، پینا آگ، لباس آگ اور بچھونا آگ اور وہ آگ کے ٹکڑوں، تارکول کے لباس، گرزوں کے ساتھ مارے جانے اور بھاری بیڑیوں کے درمیان ہوں گے وہ دوزخ کے تنگ راستوں میں چلیں گے اور جہنم کی سیڑھیوں سے ہجوم کے ساتھ اتریں گے اور اس کے اطراف و جوانب میں پریشان پھر رہے ہوں گے آگ ان پر اس طرح جوش مار رہی ہو گی جس طرح ہنڈیا میں اُبال آتا ہے وہ تباہی اور بربادی کے ساتھ آواز دے رہے ہوں گے جب وہ ہلاکت کا لفظ بولیں گے ان کے سروں پر گرم پانی ڈالا جائے گا جس سے ان کے پیٹوں کے اندر کا سب کچھ اور چمڑے پگھل جائیں گے ان کے لیے لوہے کے گُرز ہوں گے

(۱) قرآن مجید، سورہ الدخان آیت ۴۹

جن سے ان کی پیشانیاں چور چور ہو جائیں گی اور ان کے مونہوں سے پیپ نکلنے لگے گی۔ پیاس کی وجہ سے جگر پھٹ جائیں گے اور آنکھوں کے ڈھیلے چہروں پر نکل پڑیں گے اور رخساروں کے اوپر سے گوشت گر جائے گا اور ان کے اعضاء سے چمڑے اور بال بھی سب گر جائیں گے جب ان کے چمڑے پک جائیں گے تو ان کو دوسرے چمڑوں سے بدل دیا جائے گا۔ ان کی ہڈیاں گوشت سے خالی ہو جائیں گی اور اب روحوں کا مرکز صرف رگیں اور پٹھے ہوں گے اور اس آگ کی لپیٹ میں ان کی آواز آ رہی ہو گی اس کے ساتھ ساتھ وہ موت کی تمنا کریں گے لیکن ان کو موت نہیں آئے گی۔

سوچو اگر تم ان کو دیکھو تو تمہاری کیا کیفیت ہو حالانکہ ان کے چہرے کوئلے سے بھی زیادہ سیاہ ہو گئے آنکھوں کی بینائی چلی گئی اور زبانیں گنگ ہو گئیں پٹھے اور ہڈیاں ٹوٹ پھوٹ گئیں کان کٹے ہوئے چمڑے پھٹے ہوئے ہاتھوں کو گردنوں سے باندھا ہوا اور پاؤں کو پیشانیوں کے ساتھ جمع کیا ہو گا وہ آگ پر چہروں کے ساتھ چلتے ہوں گے اور لوہے کے کانٹے آنکھ کے ڈھیلے سے روندتے ہوں گے آگ کا شعلہ ان کے اندر کے اجزاء میں دوڑتا ہو گا اور جہنم کے سانپ اور بچھو ان کے ظاہر اعضاء سے پٹے ہوں گے۔

یہ ان کے بعض حالات ہیں اب تم ان کی پریشانیوں کی تفصیل ملاحظہ کرو اور جہنم کی وادیوں اور گھاٹیوں کے بارے میں بھی سوچو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ فِي جَهَنَّمَ سَبْعِيْنَ اَلْفَ وَادٍ فِي كُلِّ وَادٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ شِعْبٍ فِي كُلِّ شِعْبٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ ثُعْبَانٍ وَسَبْعُوْنَ اَلْفَ عَقْرَبٍ لَا يَنْتَهِي الْكَافِرُ وَالْمُنَافِقُ حَتّٰى يُوَاقِعَ ذٰلِكَ كُلَّهُ (۱)	بے شک جہنم میں ستر ہزار وادیاں ہیں ہر وادی میں ستر ہزار گھاٹیاں ہیں ہر گھاٹی میں ستر ہزار اژدہا اور ستر ہزار بچھو ہیں کافر اور منافق جب تک ان تمام وادیوں میں پہنچ نہ جائے اس کا انجام انتہا کو نہیں پہنچتا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غم کے کنویں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو یا غم کی وادی فرمایا عرض کیا گیا یا رسول اللہ! غم کی وادی یا کنواں کیا ہے؟ آپ نے فرمایا جہنم میں ایک وادی ہے جس سے جہنم بھی روزانہ ستر مرتبہ پناہ مانگتی ہے اللہ تعالیٰ نے اسے ریاکار قاریوں کے لیے تیار کیا ہے (۲)

تو یہ جہنم کی وسعت اور اس کی وادیوں کا شاخ در شاخ ہونا ہے اور دنیا کی وادیوں اور خواہشات کے مطابق ہے اور اس کے دروازوں کی تعداد ان سات اعضاء کے حساب سے ہے جن سے بندہ گناہ کا مرتکب ہوتا ہے اور وہ ایک دوسرے سے بڑھ کر ہیں سب سے بلند جہنم ہے پھر سقر، پھر لظی پھر حطمہ پھر سعیر پھر جحیم اور اس کے بعد ہاویہ ہے ا یہ سب دوزخ

---

(۱) التاریخ الکبیر للبخاری جلد ۸ ص ۱۴۴ ترجمہ ۲۴۳۷

(۲) سنن ابن ماجہ ص ۲۳ المقدمہ

کے نام ہیں جو درجہ بدرجہ ہیں) اب تم ہاویہ کی گہرائی کو دیکھو کہ اس کی گہرائی کی کوئی حد نہیں جس طرح دنیوی خواہشات کی گہرائی کی کوئی حد نہیں تو جس طرح دنیا کا شوق اسی وقت ختم ہوتا ہے جب اوپر والے شوق تک پہنچتا ہے اسی طرح جہنم کا ہاویہ وہاں ختم ہوتا ہے جہاں اس سے بھی گہرا ہاویہ ہوتا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے کہ ہم نے ایک دھماکہ سنا آپ نے فرمایا کیا تم جانتے ہو یہ کیا ہے؟ ہم نے عرض کیا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے، فرمایا یہ پتھر ہے جو ستر سال پہلے جہنم میں چھوڑا گیا اب وہ اس کی گہرائی تک پہنچ گیا۔ (۱)

پھر جہنم کے مختلف طبقات میں غور کرو کیوں کہ آخرت کے بڑے بڑے درجے اور بڑی بڑی فضیلت ہے پس جس طرح دنیا کی طرف لوگوں کا رجحان مختلف ہے بعض تو بالکل ہی دنیا میں ڈوبے ہوئے ہوتے ہیں اور کچھ ایک خاص حد تک اس میں منہمک ہیں اسی طرح ان تک آگ کا پہنچنا بھی مختلف ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کسی پر ذرہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا لہذا جہنم میں جانے والے لوگوں پر ایک ہی قسم کا عذاب نہیں ہوتا چاہے وہ کوئی بھی عذاب ہو بلکہ ہر ایک کے لیے ایک معلوم حد ہے جو اس کی نافرمانی اور گناہ کے مطابق ہے لیکن سب سے کم عذاب والے کی حالت یہ ہو گی کہ اگر اسے تمام دنیا دی جائے تو وہ اس شدت سے جان چھڑانے کے لیے بطور فدیہ دے ڈالے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ اَدْنٰی اَھْلِ النَّارِ عَذَابًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ یَنْتَعِلُ بِنَعْلَیْنِ مِنْ نَارٍ یَغْلِیْ دِمَاغُہٗ مِنْ حَرَارَۃِ نَعْلَیْہِ۔ (۲)	قیامت کے دن جہنمیوں کو سب سے کم عذاب یہ ہو گا کہ آگ کے دو جوتے پہنائے جائیں گے جن کی گرمی سے اس کا دماغ کھولتا ہو گا۔

تو سوچو کم عذاب والے کی یہ حالت ہے تو جس پر زیادہ سختی ہو گی اس کا کیا حال ہو گا اگر تمہیں آگ کے عذاب میں شک ہے تو اپنی انگلی آگ کے قریب کرو اور اس سے اندازہ لگاؤ پھر تمہیں معلوم ہو گا کہ تمہارا قیاس درست نہ تھا کیوں کہ دنیا کی آگ کو جہنم کی آگ سے کوئی نسبت نہیں لیکن جب دنیا کا سخت ترین عذاب اس آگ کا عذاب ہے تو اس سے جہنم میں آگ کے عذاب کا اندازہ ہو جاتا ہے اگر جہنمیوں کو یہ دنیوی آگ ملے تو وہ جہنم کی آگ سے خوشی خوشی بھاگ کر اس آگ میں داخل ہو جائیں حدیث شریف میں یہی بات بیان ہوئی کہا گیا ہے کہ دنیا کی آگ کو رحمت کے ستر پانیوں سے دھویا گیا تو اب دنیا والے اس کی طاقت رکھنے کے قابل ہوئے (۳)

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۳۷۱ مرویات ابوہریرہ

(۲) صحیح مسلم جلد اول ص ۱۱۵ کتاب الایمان

(۳) تذکرۃ الموضوعات ص ۲۲۴، ۲۲۵ باب امور القیامۃ

بلکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جہنم کی آگ کا وصف نہایت وضاحت سے بیان فرمایا۔ آپ نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ اس آگ کو ہزار سال جلایا گیا حتی کہ وہ سرخ ہوگئی پھر ایک ہزار سال جلائی گئی حتی کہ سفید ہوگئی پھر اسے ایک ہزار سال جلایا گیا تو یہ سیاہ ہوگئی اب سیاہ اندھیری ہے (۱)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

آگ نے اپنے رب کے ہاں شکایت کرتے ہوئے کہا اے میرے رب! میرے بعض نے بعض کو کھا لیا تو اسے دو مرتبہ سانس لینے کی اجازت دی گئی ایک سانس سردیوں میں اور ایک سانس گرمیوں میں تو گرمیوں میں تمہیں جو حرارت اور سردیوں میں ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے یہ وہی دو سانس ہیں (۲)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں قیامت کے دن کفار میں سے اس شخص کو لایا جائے گا جو نہایت ناز و نعمت میں پلے بڑھے ہوں گے کہا جائے گا اس کو آگ میں ایک غوطہ دو پھر کہا جائے گا کہ تم نے کبھی نعمت دیکھی وہ کہے گا نہیں اور جس نے دنیا میں سخت تکلیف اٹھائی ہوگی اسے لایا جائے گا اور کہا جائے گا اسے جنت میں ایک غوطہ دو پھر کہا جائے گا کیا تم نے کوئی تکلیف دیکھی تھی وہ کہے گا نہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر مسجد میں ایک لاکھ یا اس سے زائد آدمی ہوں پھر کوئی جہنمی سانس لے تو وہ مر جائیں۔

ارشاد خداوندی ہے۔

تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ۔ (۳) ان کے چہروں پر آگ چڑھی ہوگی۔

بعض علماء نے اس کی تفسیر میں فرمایا وہ ایک ہی مرتبہ لپٹ جائے گی تو کسی ہڈی پر گوشت نہیں چھوڑے گی بلکہ ان کی ایڑیوں پر گرا دے گی پھر پیپ کی بدبو کو دیکھو جو ان کے جسموں سے نکلے گی حتی کہ وہ اس میں ڈوب جائیں گے اور اسے غساق کہتے ہیں۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لَوْ اَنَّ دَلْوًا مِنْ غَسَّاقِ جَهَنَّمَ اُلْقِيَ فِي الدُّنْيَا لَاَنْتَنَ اَهْلَ الْاَرْضِ۔ (۴) اگر جہنم کی پیپ کا ایک ڈول دنیا میں ڈالا جائے تو تمام زمین والوں کو بدبودار بنا دے۔

---

(۱) شعب الایمان جلد اول ص ۴۸۹ حدیث ۷۹۹

(۲) صحیح مسلم جلد اول ص ۲۲۴ کتاب المساجد

(۳) قرآن مجید، سورۃ مومنون آیت ۱۰۴

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۲۸ مرویات ابوسعید خدری

تو جب وہ پیاس کی وجہ سے پانی طلب کریں گے تو ان کو یہ پیپ پلائی جائے گی ارشاد خداوندی ہے۔

مِنْ مَاءٍ صَدِيدٍ يَتَجَرَّعُهُ وَلَا يَكَادُ يُسِيغُهُ وَيَأْتِيهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَمَا هُوَ بِمَيِّتٍ۔ (۱)

اس کو پیپ والا پانی پلایا جائے گا جسے وہ گھونٹ گھونٹ کر کے پیئے گا اور اس کو گلے سے اتار نہیں سکے گا اور اسے ہر طرف موت نظر آئے گی لیکن وہ نہیں مرے گا۔

نیز ارشاد فرمایا۔

وَإِنْ يَسْتَغِيثُوا يُغَاثُوا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوهَ بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَاءَتْ مُرْتَفَقًا۔ (۲)

اور اگر وہ پانی مانگیں گے تو ان کو پیپ کی طرح غلیظ پانی دیا جائے گا جو چہروں کو بھون ڈالے گا کیا ہی برا مشروب ہے اور کیا ہی تکلیف دہ ٹھکانہ ہے۔

پھر ان کے کھانے کو دیکھو جو تھوہر (کڑوا پھل) ہوگا ارشاد خداوندی ہے۔

ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّالُّونَ الْمُكَذِّبُونَ لَآكِلُونَ مِنْ شَجَرٍ مِنْ زَقُّومٍ فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ فَشَارِبُونَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيمِ فَشَارِبُونَ شُرْبَ الْهِيمِ۔ (۳)

پھر تم اے گمراہ لوگو! جھٹلانے والے لوگو! تھوہر کے درخت سے کھاؤ گے اس سے اپنے پیٹوں کو بھرو گے پس اس کے اوپر کھولتا ہوا پانی پیو گے اس طرح پیو گے جس طرح پیاس کا مارا اونٹ پیتا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

إِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِي أَصْلِ الْجَحِيمِ طَلْعُهَا كَأَنَّهُ رُءُوسُ الشَّيَاطِينِ فَإِنَّهُمْ لَآكِلُونَ مِنْهَا فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِنْ حَمِيمٍ ثُمَّ إِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى الْجَحِيمِ۔ (۴)

بے شک یہ ایک درخت ہے جو جہنم کی اصل سے نکلتا ہے اس کے شگوفے گویا شیطانوں کے سر ہیں بے شک وہ اس سے کھائیں گے اور اپنا پیٹ بھریں گے پھر ان کو اس کے اوپر کھولتا ہوا پانی دیا جائے گا اس کے بعد ان کو جہنم کی طرف لوٹنا ہوگا۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

تَصْلَىٰ نَارًا حَامِيَةً تُسْقَىٰ مِنْ عَيْنٍ آنِيَةٍ۔ (۵)

دھکتی ہوئی آگ میں داخل ہوں گے (اور) انہیں کھولتے ہوئے چشمے سے پلایا جائے گا۔

---

(۱) قرآن مجید سورۃ ابراہیم آیت ۱۶، ۱۷

(۲) قرآن مجید، سورۃ کہف آیت ۲۹

(۳) قرآن مجید سورۃ واقعہ آیت ۵۱ تا ۵۵

(۴) قرآن مجید سورۃ الصافات آیت ۶۴ تا ۶۸

(۵) قرآن مجید سورۃ الغاشیہ آیت ۴، ۵

اور ارشاد خداوندی ہے۔

إِنَّ لَدَيْنَا أَنكَالًا وَجَحِيمًا وَطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَعَذَابًا أَلِيمًا۔ (۱)

بے شک ہمارے پاس ان کے لیے بھاری بیڑیاں اور بھڑکتی ہوئی آگ ہے اور گلے میں پھنسنے والی غذا اور دردناک عذاب ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر زقوم (جہنمیوں کی خوراک تھوہر) کا ایک قطرہ دنیا کے سمندروں میں گر جائے تو دنیا والوں کی معیشت کو خراب کر دے تو جن کا کھانا یہ ہوگا ان کا کیا حال ہوگا۔ (۲)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

ارْغَبُوا فِيمَا رَغَّبَكُمُ اللّٰهُ وَاحْذَرُوا وَخَافُوا مَا خَوَّفَكُمُ اللّٰهُ بِهِ مِنْ عَذَابِهِ وَعِقَابِهِ وَمِنْ جَهَنَّمَ فَإِنَّهُ لَوْ كَانَتْ قَطْرَةٌ مِنَ الْجَنَّةِ مَعَكُمْ فِي دُنْيَاكُمُ الَّتِي أَنْتُمْ فِيهَا طَيَّبَتْهَا لَكُمْ وَلَوْ كَانَتْ قَطْرَةٌ مِنَ النَّارِ مَعَكُمْ فِي دُنْيَاكُمُ الَّتِي أَنْتُمْ فِيهَا خَبَّثَتْهَا عَلَيْكُمْ» (۲)

اللہ تعالیٰ نے تمہیں جس چیز کی رغبت دی ہے اس میں رغبت رکھو اور جس چیز سے یعنی اپنے عذاب، بھڑک اور جہنم سے ڈرایا ہے پس اس سے بچو اور ڈرو اگر جنت کا ایک قطرہ تمہارے ساتھ دنیا میں ہو جس میں تم اب موجود ہو تو وہ تمہارے لیے اسے اچھا کر دے اور اگر دوزخ کا ایک قطرہ تمہاری اس دنیا میں آجائے جس میں تم ہو تو وہ اسے تم پر خراب کر دے۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جہنمیوں پر بھوک ڈالی جائے گی تاکہ ان پر عذاب برابر ہو جائے جس میں وہ مبتلا ہیں پس وہ کھانا مانگیں گے تو ان کو گلے میں پھنسنے والی خوراک دی جائے گی جو نہ موٹا کرے گی اور نہ بھوک مٹائے گی پھر وہ کھانا مانگیں گے تو ان کانٹے دار کھانا دیا جائے گا تو انہیں یاد آئے گا کہ وہ دنیا میں پانی کے ذریعے گلے میں اٹکے ہوئے کھانے کو اتارا کرتے تھے چنانچہ وہ پانی طلب کریں گے تو لوہے کے آنکڑوں (کنڈوں) سے کھولتا ہوا پانی ان کے قریب کیا جائے گا جب وہ ان کے چہروں کے قریب ہوگا تو ان کو بھون کر رکھ دے گا اور جب وہ مشروب ان کے پیٹوں میں داخل ہوگا تو جو کچھ ان کے پیٹوں میں ہوگا سب کو کاٹ کر رکھ دے گا وہ کہیں گے دوزخ کے داروغہ کو بلاؤ فرمایا پس وہ دوزخ کے داروغہ کو بلائیں گے اور کہیں گے کہ اپنے رب سے دعا کرو کسی دن ہم پر

(۱) قرآن مجید، سورۂ مزمل آیت ۱۲، ۱۳

(۲) سنن ابن ماجہ ص ۳۳۱، ابواب الزہد

(۳) جامع ترمذی ص ۱/۳۷، ابواب جہنم

عذاب میں تخفیف فرمائے وہ کہیں گے کیا تمہارے پاس رُسل کرام علیہم السلام روشن نشانیاں لے کر نہیں آئے تھے؟ وہ کہیں گے ہاں آئے تھے فرشتے کہیں گے پس پکارو اور کافروں کی پکار بیکار ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ کہیں گے حضرت مالک فرشتے کو بلاؤ وہ بلائیں گے تو کہیں گے اے مالک علیہ السلام اپنے رب سے کہیں کہ وہ ہمارے بارے میں کوئی فیصلہ کرے وہ جواب دے گا تم نے یہاں ہی رہنا ہے حضرت اعمش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھے خبر دی گئی ہے کہ ان کی حضرت مالک کو پکار اور حضرت مالک کے جواب کے درمیان ایک ہزار سال کا وقفہ ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر وہ کہیں گے اے رب! ہم پر ہماری بدبختی غالب آگئی اور ہم گمراہ قوم تھے اے ہمارے رب! ہمیں یہاں سے نکال دے اب اگر ہم ایسا کریں تو ظالم ہوں گے فرمایا اللہ تعالیٰ جواب دے گا ادھر ہی ذلیل و رسوا ہو کر رہو اور مجھ سے بات نہ کرو فرمایا اس وقت وہ ہر قسم کی بھلائی سے ناامید ہو جائیں گے اور چیخنا چلانا اور افسوس کرنا شروع کریں گے (۱)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کریمہ کی تفسیر میں فرمایا۔ آیت کریمہ یہ ہے

وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ۔ (۲)	اسے خون اور پیپ کا پانی پلایا جائے گا وہ بمشکل ایک ایک گھونٹ بھرے گا اور حلق سے نیچے نہیں اتار سکے گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانی اس کے قریب کیا جائے گا تو وہ اسے ناپسند کرے گا اور جب بالکل اس کے قریب ہو جائے گا تو اس کے چہرے کو بھون کر رکھ دے گا اور سر کی کھال گر پڑے گی اور جب وہ اسے پیئے گا تو وہ اس کی آنتوں کو کاٹ کر رکھ دے گا حتیٰ کہ اس کی پیشاب گاہ سے نکلے گا۔

ارشاد خداوندی ہے۔

وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ۔ (۳)	اور ان کو کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا پس وہ ان کی آنتوں کو کاٹ دے گا۔

اور ارشاد فرمایا۔

وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِى الْوُجُوْهَ۔ (۴)	اور اگر وہ پانی مانگیں گے تو ان کو پیپ کی طرح کا پانی ملے گا جو چہروں کو جلا کر رکھ دے گا۔

---

(۱) جامع ترمذی ص ۲۷، ابواب جہنم

(۲) قرآن مجید، سورۂ ابراہیم آیت ۱۶، ۱۷

(۳) قرآن مجید، سورۂ محمد آیت ۱۵

(۴) قرآن مجید، سورۂ کہف آیت ۲۹

توان کی بھوک اور پیاس کے وقت ان کا کھانا اور پانی یہ (مذکورہ بالا) ہوگا اب جہنم کے سانپوں اور بچھوؤں کو دیکھوان کے زہر کی شدت اور جسموں کی بڑائی اور بری صورتوں پر نظر کرو۔ وہ دوزخیوں پر مسلط کئے جائیں گے اور ان کو برانگیختہ کیا جائے گا تو وہ ان کو کاٹنے اور ڈسنے میں ایک گھڑی بھی کوتاہی نہیں کریں گے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهُ مُثِّلَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا اَقْرَعَ لَهُ زَبِيْبَتَانِ يُطَوَّقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ يَاْخُذُ بِلِهْزِمَتِهِ يعنی اشداقہ، فَيَقُوْلُ اَنَا مَالُكَ اَنَا كَنْزُكَ۔ (۱)

جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے مال دیا پس وہ اس کی زکوٰۃ ادا نہ کرے تو اس کے لیے قیامت کے دن یہ مال ایک گنجے سانپ کی شکل میں کر دیا جائے گا جس کی آنکھوں پر دو نقطے ہوں گے وہ قیامت کے دن اس کے گلے کا طوق بن جائے گا پھر اس کی باچھوں سے پکڑ کر کہے گا میں تیرا مال اور تیرا خزانہ ہوں اس کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی (۲) ارشاد خداوندی ہے۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا آتَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (۳)

اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے مال میں بخل سے کام لیتے ہیں کہ وہ ان کے لیے بہتر ہے بلکہ یہ ان کیلئے برا ہے عنقریب قیامت کے دن ان کو اسی مال کا طوق ڈالا جائے گا۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ فِي النَّارِ لَحَيَّاتٍ مِثْلَ اَعْنَاقِ الْبُخْتِ يَلْسَعْنَ اللَّسْعَةَ فَيَجِدُ حَمْوَتَهَا اَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا وَاِنَّ فِيْهَا لَعَقَارِبَ كَالْبِغَالِ الْمُؤْكَفَةِ يَلْسَعْنَ اللَّسْعَةَ فَيَجِدُ حَمْوَتَهَا اَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا۔ (۴)

جہنم میں کچھ سانپ ہیں جو بختی اونٹ کی گردن (لمبی گردن مراد ہے) جیسے ہیں وہ ایک مرتبہ ڈسیں گے تو اس کا درد چالیس سال تک محسوس کرے گا اور اس میں بچھو ہیں جو اس خچر کی طرح ہیں جس پر پالان پڑا ہوا ہو وہ بھی اسی طرح ڈسیں گے کہ چالیس سال تک اس کی تکلیف محسوس ہوگی۔

---

(۱) جامع ترمذی ص ۳۷۰، ابواب جہنم

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۶۵۵، کتاب التفسیر

(۳) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۸۰

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ ص ۱۱۹ مرویات عبداللہ بن الحرث

اور یہ سانپ اور بچھوان لوگوں پر مسلط ہوں گے جن پر دنیا میں بخل، بداخلاقی اور لوگوں کو عذاب دینا مسلط تھا اور جس شخص کو اس قسم کی بداخلاقیوں سے بچا یا گیا وہ ان سانپوں سے بھی محفوظ ہوگا اور اس کا مال ان کی شکل میں نہیں آئے گا۔
پھر ان تمام باتوں کو سوچو کہ دوزخیوں کے جسم کتنے بڑے ہوں گے اللہ تعالیٰ ان کے طول وعرض کو بڑھائے گا تاکہ اس کے سبب ان کے عذاب میں اضافہ ہو اور آگ کی لپیٹ نیز بچھوؤں اور سانپوں کا کاٹنا بہت سی جگہ پر ایک ہی مرتبہ مسلسل ہو
حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

ضِرْسُ الْكَافِرِ فِي النَّارِ مِثْلُ أُحُدٍ وَغِلَظُ جِلْدِهِ مَسِيْرَةُ ثَلَاثٍ۔ (۱)

جہنم میں کافر کی ایک داڑھ اُحد پہاڑ جتنی ہوگی اور اس کے چمڑے کا موٹا پا تین (دن) کی مسافت ہوگا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

شَفَتُهُ السُّفْلٰى سَاقِطَةٌ عَلٰى صَدْرِهٖ وَالْعُلْيَا قَالِصَةٌ قَدْ غَطَّتْ وَجْهَهٗ۔ (۲)

اس کا نچلا ہونٹ اس کے سینے پر گرا ہوا ہوگا اور اوپر والا ہونٹ سکڑ جائے گا جس نے اس کے چہرے کو ڈھانپ رکھا ہوگا۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ الْكَافِرَ لَيَجُرُّ لِسَانَهٗ فِي سِجِّيْنٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَتَوَاطَؤُهُ النَّاسُ (۳)

بے شک کافر قیامت کے دن اپنی زبان کو جہنم میں کھینچ رہا ہوگا جسے لوگ (پاؤں سے) روندیں گے۔

اور جسموں کے بڑا ہونے کے ساتھ ساتھ آگ بھی ان کو کئی بار جلائے گی اور ان کے چمڑے اور گوشت بار بار تازہ ہوں گے قرآن مجید میں ہے۔

كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا۔ (۴)

جب بھی ان کے چمڑے پک جائیں گے ہم ان کو دوسرے چمڑوں میں بدل دیں گے۔

اس آیت کی تفسیر میں حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہر دن آگ ان کو ستر ہزار مرتبہ جلائے گی جب وہ ان کو

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۸۲ کتاب الجنۃ
(۲) جامع ترمذی ص ۳۷۱، ابواب جہنم
(۳) " " " ۳۷۰ "
(۴) قرآن مجید سورۃ النساء آیت ۵۶

جلادے گی تو ان سے کہا جائے گا دوبارہ پہلی حالت پر لوٹ جاؤ پس وہ پہلے والی حالت پر لوٹ جائیں گے۔
پھر جہنمیوں سے رونے اور چلانے کے بارے میں سوچو نیز وہ ہلاکت اور تباہی کے الفاظ پکار رہے ہوں گے جب ان کو جہنم میں ڈالا جائے گا تو اس کے ساتھ ہی یہ بات ان پر مسلط کردی جائے گی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

يُؤْتَىٰ بِجَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لَهَا سَبْعُونَ أَلْفَ زِمَامٍ مَعَ كُلِّ زِمَامٍ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ۔ (۱)

اس دن جہنم کو یوں لایا جائے گا کہ اس کی ستر ہزار لگامیں ہوں گی اور ہر لگام کے ساتھ ستر ہزار فرشتے ہوں گے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

يُرْسَلُ عَلَى أَهْلِ النَّارِ الْبُكَاءُ فَيَبْكُونَ حَتَّى تَنْقَطِعَ الدُّمُوعُ ثُمَّ يَبْكُونَ الدَّمَ حَتَّى يُرَى فِي وُجُوهِهِمْ كَهَيْئَةِ الْأُخْدُودِ لَوْ أُرْسِلَتْ فِيهَا السُّفُنُ لَجَرَتْ۔ (۲)

جہنمیوں پر رونا مسلط کیا جائے گا تو وہ روئیں گے حتیٰ کہ آنسو ختم ہو جائیں گے پھر وہ خون کے ساتھ روئیں گے حتیٰ کہ ان کے چہروں میں ایسے گڑھے پڑجائیں گے کہ اگر ان میں کشتیاں چھوڑی جائیں تو وہ چل پڑیں۔

اور جب ہمسان رونے، چیخنے اور ہلاکت و تباہی کی پکار کی اجازت ہوگی تو اس میں ان کے لیے راحت ہوگی لیکن ان کو اس سے بھی روک دیا جائے گا حضرت محمد بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جہنمیوں کے لیے پانچ دعائیں ہوں گی اللہ تعالیٰ ان کی چار دعاؤں کا جواب دے گا کہیں جب پانچویں دعا ہوگی تو اس کے بعد وہ کبھی گفتگو نہیں کرسکیں گے۔ وہ کہیں گے (ارشاد خداوندی ہے)

رَبَّنَا أَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَأَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوبِنَا فَهَلْ إِلَىٰ خُرُوجٍ مِنْ سَبِيلٍ۔ (۳)

اے ہمارے رب! تو نے ہمیں دو مرتبہ موت دی اور دو مرتبہ زندہ کیا پس ہم نے اپنے گناہوں کا اعتراف کیا کیا باہر نکلنے کی کوئی صورت ہے۔

اللہ تعالیٰ ان کو جواب دیتے ہوئے ارشاد فرمائے گا۔

ذَٰلِكُمْ بِأَنَّهُ إِذَا دُعِيَ اللَّهُ وَحْدَهُ كَفَرْتُمْ وَإِنْ يُشْرَكْ بِهِ تُؤْمِنُوا فَالْحُكْمُ لِلَّهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيرِ (۴)

یہ اس لیے کہ جب اللہ تعالیٰ کی توحید کی طرف بلایا گیا تو تم نے کفر کیا اور اگر اس کے ساتھ شریک ٹھہرایا گیا تو تم نے تسلیم کیا پس فیصلہ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے جو بہت بلند بہت بڑا ہے

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۵۹۵ کتاب الاھوال
(۲) سنن ابن ماجہ ص ۳۳۰، ۳۳۱، ابواب الزھد
(۳) قرآن مجید، سورۂ مومن آیت نمبر ۱۱
(۴) قرآن مجید، سورۂ غافر آیت ۱۲

پھر وہ کہیں گے۔

رَبَّنَا اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا۔ (۱)

اے ہمارے رب! ہم نے دیکھا اور سنا پس تو ہمیں لوٹا دے تاکہ ہم اچھے عمل کریں۔

تو اللہ تعالیٰ ان کو جواب دیتے ہوئے فرمائے گا۔

اَوَلَمْ تَكُونُوا اَقْسَمْتُمْ مِنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِنْ زَوَالٍ۔ (۲)

کیا تم اس سے پہلے قسمیں نہیں کھاتے تھے کہ تمہارے لیے زوال نہیں ہے۔

وہ کہیں گے (ارشاد خداوندی ہے)

رَبَّنَا اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِي كُنَّا نَعْمَلُ۔ (۳)

اے ہمارے رب! ہمیں نکال دے کہ ہم اچھے عمل کریں جو پہلے نہیں کرتے تھے۔

اللہ تعالیٰ ان کو جواب میں ارشاد فرمائے گا۔

اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَاءَكُمُ النَّذِيرُ فَذُوقُوا فَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ نَصِيرٍ۔ (۴)

کیا ہم نے تمہیں اس قدر عمر نہیں دی تھی کہ اس میں جو نصیحت حاصل کرنا چاہے کر سکتا ہے اور تمہارے پاس ڈر سنانے والا آیا پس (عذاب) چکھو ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

پھر وہ کہیں گے۔

رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَالِّينَ رَبَّنَا اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظَالِمُونَ۔ (۵)

"اے ہمارے رب ہم پر ہماری بدبختی غالب آگئی اور ہم گمراہ لوگ تھے اے ہمارے رب! ہمیں اس سے نکال دے پس اگر ہم دوبارہ وہی کام کریں تو بے شک ہم ظالم ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ ان کو جواب دے گا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ سجدہ آیت ۱۲

(۲) قرآن مجید، سورۂ ابراہیم آیت ۴۴

(۳) (۴) قرآن مجید، سورۃ فاطر آیت ۳۷

(۵) قرآن مجید، سورۃ مومنون آیت ۱۰۶ تا ۱۰۸

اِخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنَ ۔ (۱) اس میں ذلت و رسوائی کے ساتھ رہو اور مجھ سے بات نہ کرو۔

تو اس کے بعد وہ کبھی کلام نہیں کریں گے اور یہ شدت عذاب کی انتہا ہے۔

حضرت مالک بن انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہما نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا۔ ارشاد خداوندی ہے۔

سَوَاءٌ عَلَيْنَا اَجَزِعْنَا اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ۔ (۲) ہمارے لیے برابر ہے ہم چیخیں چلائیں یا صبر کریں ہمارے لئے کوئی چھٹکارا نہیں۔

حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہما نے فرمایا) وہ ایک سو سال صبر کریں گے پھر ایک سو سال روئیں گے اور فریاد کریں گے پھر ایک سو سال صبر کریں گے پھر یہ الفاظ کہیں گے جو آیت کریمہ میں مذکور ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

يُؤْتٰى بِالْمَوْتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَاَنَّهٗ كَبْشٌ اَمْلَحُ فَيُذْبَحُ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَيُقَالُ يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ خُلُوْدٌ بِلَا مَوْتٍ وَيَا اَهْلَ النَّارِ خُلُوْدٌ بِلَا مَوْتٍ۔ (۳) قیامت کے دن موت کو ایک سیاہ و سفید مینڈھے کی طرح لائے جائے گا پس اسے جنت اور دوزخ کے درمیان ذبح کر دیا جائے گا جنتیوں سے کہا جائے گا یہاں ہمیشہ رہنا ہے موت نہیں آئے گی اور جہنم والو! ہمیشگی ہے موت نہیں آئے گی۔

حضرت حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک شخص جہنم سے ایک ہزار سال بعد نکلے گا کاش کہ وہ شخص میں ہوتا۔

حضرت حسن رحمہ اللہ کو دیکھا گیا کہ آپ ایک کونے میں بیٹھے رو رہے ہیں پوچھا گیا کہ آپ کیوں روتے ہیں؟ فرمایا مجھے ڈر ہے کہ کہیں مجھے جہنم میں نہ ڈالا جائے اور اس بات کی پرواہ نہ کی جائے۔

تو یہ جہنم کے عذاب کی اجمالی صورتیں ہیں اس کے غموں، رونے مشقتوں اور حسرت کی کوئی انتہا نہیں اس شدت عذاب کے ساتھ ساتھ ان کے لیے جو سب سے بڑی پریشانی ہو گی وہ جنتی نعمتوں کے نہ ملنے اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا شرف حاصل نہ ہونے اور اس کی رضا حاصل نہ ہونے کی حسرت ہے اور یہ کہ انہوں نے ان تمام چیزوں کا سودا چند کھوٹے سکوں کے عوض کیا کیوں کہ انہوں نے یہ تمام نعمتیں دنیا میں چند دنوں کے لیے حقیر خواہشات کے حصول کے لیے بیچ دیں حالانکہ وہ خواہشات

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ مومنون آیت ۱۰۶ تا ۱۰۸

(۲) قرآن مجید، سورۂ ابراہیم آیت ۲۱

(۳) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۶۹۱ کتاب التفسیر

صاف بھی نہیں بلکہ ان میں پریشانی شامل ہے وہ اپنے دلوں میں کہیں گے ہائے افسوس! ہم نے اپنے رب کی نافرمانی کر کے کس طرح اپنے آپ کو ہلاک کیا اور ہم نے اپنے آپ کو چند دن صبر کرنے کی عادت نہ ڈالی اگر ہم صبر کرتے تو وہ دن ختم ہو جاتے اور اب ہم تمام جہانوں کو پالنے والے کی بارگاہ میں شرف یاب ہوتے اس کی رضا اور رضوان سے لطف اندوز ہوتے۔

تو ایسے لوگوں پر افسوس ہے ان کا نقصان ہوا جو ہوا اور ان کو آزمائش میں ڈالا گیا جیسے ڈالا گیا اور ان کے پاس دنیا کی کوئی نعمت اور لذت بھی باقی نہ رہی۔

پھر اگر وہ جنت کی نعمتوں کو نہ دیکھتے تو ان کی حسرت زیادہ نہ ہوتی لیکن ان پر یہ نعمتیں پیش کی جائیں گے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"قیامت کے دن کچھ لوگوں کو جہنم سے (نکال کر) جنت میں لایا جائے گا حتی کہ جب وہ اس کے قریب ہوں گے اور اس کی خوشبو سونگھیں گے اس کے محلات اور ان نعمتوں کو دیکھیں گے جو اللہ تعالیٰ نے اہل جنت کے لیے تیار کی ہیں تو آواز دی جائے گی کہ ان کو یہاں سے واپس لے جاؤ اس میں ان کے لیے کوئی حصہ نہیں ہیں وہ اس قدر حسرت کے ساتھ واپس جائیں گے کہ پہلوں اور پچھلوں کو ایسی حسرت کبھی نہ ہوگی۔

وہ کہیں گے اے ہمارے رب! اگر تو یہ ثواب اور جنت کی نعمتیں جو تُو نے اپنے دوستوں کے لیے تیار کی ہیں دکھانے سے پہلے ہمیں جہنم میں لے جاتا تو یہ بات ہمارے لیے آسان ہو جاتی اللہ تعالیٰ فرمائے گا میرا یہی مقصد تھا جب تم اکیلے ہوتے تھے تو بڑے بڑے گناہوں کے ساتھ میرے مقابل آتے تھے اور جب لوگوں کے سامنے آتے تھے تو عاجزی کرتے لوگوں کو وہ کچھ دکھاتے تھے جو تمہارے دلوں نے میرے سامنے پیش نہیں کیا تم لوگوں سے ڈرتے تھے اور مجھ سے نہیں ڈرتے تھے تم لوگوں کو بڑا سمجھتے تھے اور میرے جلال کو کچھ نہیں سمجھتے تھے تم نے لوگوں کے لیے گناہ ترک کئے لیکن میری رضا کے لیے ایسا نہیں کیا آج میں تمہیں دردناک عذاب دوں گا اور اس کے ساتھ ہی تم پر دائمی ثواب کو حرام بھی کردوں گا۔ (۱)

حضرت احمد بن حرب رحمہ اللہ فرماتے ہیں ہم میں سے ایک شخص دھوپ پر سائے کو ترجیح دیتا ہے پھر جنت کو جہنم پر ترجیح نہیں دیتا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کتنے ہی صحیح جسم، روشن چہرے اور فصیح زبان والے لوگ کل جہنم کے مختلف طبقوں کے درمیان چیخیں گے۔

حضرت داؤد علیہ السلام نے عرض کیا اے میرے مولا! میں تیرے لیے دھوپ کی گرمی برداشت کرلوں گا لیکن تیری آگ کی گرمی پر کس طرح صبر کروں گا میں تیری رحمت کی آواز پر صبر نہیں کر سکتا تو تیرے عذاب کی آواز پر کیسے صبر کروں گا تو اے مسکین! تو ان ہولناک مناظر کو دیکھ اور جان لے کہ اللہ تعالیٰ نے جہنم کو اس کی ان تمام گھبراہٹوں کے ساتھ پیدا کیا ہے اور اس کے

---

(۱) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۱۷ ص ۸۶ حدیث ۱۹۹

کچھ اہل لوگ پیدا کئے ہیں نہ وہ زیادہ ہوں گے اور نہ ہی کم اس بات کا فیصلہ ہو چکا ہے ارشاد خداوندی ہے۔

وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ وَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ۔ (۱)

اور ان لوگوں کو حسرت کے دن سے ڈرائیں جب ہر بات کا فیصلہ کر دیا جائے گا اور (آج) یہ لوگ غفلت میں ہیں اور ایمان نہیں لاتے۔

اس میں قیامت کے دن کی طرف اشارہ ہے لیکن فیصلہ تو ازل میں ہی ہو گیا تھا قیامت کے دن اس بات کا فیصلہ ہو گا جو تیرے بارے میں گزر چکی ہے تو تجھ پر تعجب ہے کہ تو ہنستا اور کھیلتا ہے اور دنیا کی حقیر چیزوں میں مصروف ہے حالاں کہ تجھے معلوم نہیں کہ تیرے بارے میں کیا فیصلہ ہوا ہے۔

سوال:

کیسے معلوم ہو گا کہ میرا ٹھکانہ کونسا ہو گا اور مجھے کہاں جانا ہو گا نیز میرے بارے میں کیا فیصلہ ہوا ہے۔

جواب:

اس سلسلے میں تیرے لیے ایک علامت ہے اس سے اُنس پیدا کرو اور اس کے سبب سے اپنی امید کی تصدیق کرو یعنی اپنے احوال و اعمال کو دیکھو کیوں کہ ہر شخص کے لیے وہ کام آسان کر دیا گیا ہے جس کے لیے اسے پیدا کیا گیا ہے اگر اللہ تعالیٰ نے تیری بھلائی کا راستہ آسان کر دیا ہے تو تجھے خوش ہونا چاہیے بے شک تو جہنم سے دُور رکھا جائے گا اور اگر تو بھلائی کا ارادہ کرتا ہے لیکن کئی رکاوٹیں سامنے آتی ہیں اور تو اُن کو رد کرتا ہے لیکن جب برائی کا ارادہ کرتا ہے تو وہ تیرے لئے آسان ہو جاتی ہے تو جان لو کہ تمہارے خلاف فیصلہ ہو چکا ہے اس علامت کی انجام پر دلالت اسی طرح ہے جس طرح بارش کی سبزی پر اور دھویں کی آگ پر دلالت اسی طرح ہے ارشاد خداوندی ہے۔

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِي نَعِيْمٍ وَّاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي جَحِيْمٍ۔ (۲)

بے شک نیک لوگ نعمتوں میں اور بدکار لوگ جہنم میں ہوں گے۔

اپنے آپ کو ان دونوں آیتوں پر پیش کرنے سے تجھے دونوں گھروں میں سے اپنے ٹھکانے کا علم ہو جائے گا۔

فصل ۱۳:

جنّت کی کیفیّت اور اس کی نعمتوں کی اقسام

جان لو کہ ابھی جس گھر کے غموں اور پریشانیوں کا تمہیں علم ہوا اس کے مقابلے میں ایک اور گھر بھی ہے اس کی نعمتوں

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ مریم آیت ۳۹

(۲) قرآن مجید، سورۂ انفطار آیت ۱۳، ۱۴

اور سرور میں غور کر دیکھوں کر جو شخص ان دونوں گھروں میں سے ایک سے دُور رہا وہ لامحالہ دوسرے گھر میں جائے گا تو جہنم کے خطرات کے بارے میں زیادہ فکر کے ذریعے اپنے دل میں اس کا خوف پیدا کر اور دائمی نعمتوں جن کا اہل جنت سے وعدہ ہے کے بارے میں خوب فکر کر اور اپنے نفس کو خوف کے ڈنڈے سے چلا اور امید کی لگام سے سیدھے راستے کی طرف کھینچ اس سے تجھے بہت بڑی بادشاہی حاصل ہوگی اور تُو دردناک عذاب سے محفوظ رہے گا۔

تو جنتیوں اور ان کے چہروں کے بارے میں غور کر جو آرام کی تازگی میں ہوں گے ان کو سربمہر شراب پلائی جائے گی سُرخ یاقوت کے منبروں پر شاداب سفید موتیوں کے خیموں میں بیٹھے ہوں گے جن میں سبز رنگ کے بچھونے بچھے ہوں گے تختوں پر تکیہ لگائے ہوں گے وہ خیمے ایسی نہروں کے کناروں پر ہوں گے جو شراب اور شہد کی ہوں گی۔ وہ خیمے غلاموں اور بچوں سے بھرپور ہوں گے خوبصورت چہروں والی حُوروں سے مزیّن ہوں گے گویا وہ یاقوت اور مرجان ہیں ان سے پہلے کسی انسان اور جن نے ان حُوروں کو ہاتھ نہیں لگایا ہوگا وہ جنت کے درجات میں خراماں خراماں چلیں گی اور جب ان میں کوئی حُور اپنی چال میں فخر کا اظہار کرے گی تو اس کے دامن کو ستر ہزار لڑکے اٹھائیں گے ان پر سفید ریشم کے ایسی چادریں ہوں گی کہ آنکھیں دنگ رہ جائیں گی ان کو ایسے تاج پہنائے جائیں گے جو موتیوں اور مرجان سے مرصّع ہوں گے آنکھوں میں سرخ ڈورے ہوں گے اور وہ ناز و انداز والی ہوں گی نیز خوشبو والی ہوں گی بڑھاپے اور مفلسی سے محفوظ ہوں گی جنتوں کے درمیان یاقوت سے بنے ہوئے محلات میں خیموں میں باپردہ ہوں گی انہوں نے نگاہیں جھکا رکھی ہوں گی پھر ان جنتی مردوں اور عورتوں پر سفید چمکدار پیالوں کا دورہ ہوگا جن میں خالص سفید شراب ہوگی جو پینے والوں کے لیے لذیذ ہوگی۔ یہ پیالے خالص موتیوں جیسے لڑکے ان کے پاس لائیں گے یہ ان کے اعمال کا بدلہ ہوگا وہ امن والے مقام میں ہوں گے باغات اور چشمے جو باغوں اور نہروں کے درمیان ہوں گے طاقت والے بادشاہ کے پاس سچی نشست ہوگی وہ اپنے ربِ کریم کی زیارت سے مشرف ہوں گے ان کے چہروں پہ آرام و راحت کی تازگی ہوگی ان پر گرد ہوگی نہ ذلت، بلکہ وہ معزز بندے ہوں گے پروردگار کی طرف سے طرح طرح کے تحفوں کے ساتھ ان کی خبر گیری ہوگی ہمیشہ اپنی من چاہی نعمتیں پائیں گے وہاں ان کو کسی قسم کا غم اور خوف نہیں ہوگا نیز وہ موت کے شبہ سے محفوظ ہوں گے وہ وہاں نعمتوں سے لطف اندوز ہوں گے جنتی کھانے کھائیں گے اور اس کی نہروں سے دودھ شراب اور شہد پئیں گے یہ ایسی نہروں سے حاصل ہوں گے جن کی زمین چاندی کی ریت مرجان کی مٹی کستوری کی اور سبزہ زعفران سے ہوگا۔ ان پر اسے بادلوں سے بارش برسے گی نیز ان کو ایسے پیالے ملیں گے جو چاندی کے ہوں گے اور ان پر موتی، یاقوت اور مرجان جڑا ہوا ہوگا ایک پیالے میں سربمہر شراب ہوگی جس میں میٹھے سلسبیل کی ملاوٹ ہوگی ایسے پیالے ہوں گے کہ ان کے جوہر (اصل)، کی صفائی کی وجہ سے شراب کی سرخی اور لطافت نمایاں ہوگی ان کو کسی انسان نے نہیں بنایا کہ ان کی بناوٹ میں کسی قسم کی کمی یا کوتاہی ہو اور ان کے حُسن میں کچھ فرق ہو۔

یہ پیالے ایسے خادموں کے ہاتھوں میں ہوں گے کہ گویا ان کے چہرے چمک کے اعتبار سے سورج کی عکاسی کر

رہے ہیں لیکن ان کی صورتوں میں جو مٹھاس ہوگا وہ سورج میں کہاں!
نیز ان کے بالوں کا حسن اور آنکھوں کی ملاحت سورج کے پاس کہاں؟ تو ایسے شخص پر تعجب ہے جو ان صفات والے گھر پر ایمان رکھتا ہے اور اسے یقین ہے کہ اہل جنت کے لیے موت نہیں ہوگی اس کے صحن میں اترنے والوں کو کوئی پریشانی نہیں ہوگی کوئی حادثہ ان میں تغیر و تبدل نہیں کر سکے گا تو وہ ایسے گھر کے ساتھ کیسے مانوس ہوگیا جس کی ویرانی کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے اور یہ شخص کس طرح یہاں خوشگوار زندگی گزارتا ہے۔

قسم بخدا! اگر وہاں صرف بدنوں کی سلامتی موت، بھوک، پیاس اور ہر قسم کے حادثات سے بے خوفی ہوتی تو بھی دنیا چھوڑنے کے لائق تھی اور جس چیز نے ختم ہونا ہے نیز وہ صاف نہیں ہے اسے جنت پر ترجیح نہ دی جاتی تو اب کیا کیفیت ہوگی جب کہ جنتی بادشاہ ہوں گے جن کو امن حاصل ہوگا طرح طرح کے سرور سے نفع اٹھائیں گے ان کے لیے وہاں ہر من پسند چیز ہوگی اور وہ ہر دن عرش کے صحن میں حاضر ہو کر اپنے رب کریم کی زیارت سے مشرف ہوں گے اور اس دیدار خداوندی سے ان کو وہ لذت حاصل ہوگی جو جنت کی تمام نعمتوں کو دیکھنے اور ان کی طرف متوجہ ہونے سے حاصل نہیں ہوگی نیز وہ ہمیشہ ان نعمتوں میں رہیں گے اور ان کے زوال کا کوئی خدشہ نہیں ہوگا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ایک منادی آواز دے گا کہ اے اہل جنت! تمہارے لیے صحت ہے کبھی بیماری نہیں ہوگی تم زندہ رہو گے تمہیں کبھی موت نہیں آئے گی تم ہمیشہ جوان رہو گے کبھی بڑھاپا نہیں آئے گا تم ہمیشہ مال دار رہو گے کبھی محتاج نہیں ہوگی اسی سلسلے میں ارشاد خداوندی ہے (۱)

وَنُودُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۔ (۲)

اور ان کو پکارا جائے گا کہ یہ جنت ہے جس کا تمہیں وارث بنایا گیا یہ تمہارے اعمال کی جزا ہے۔

اگر تم جنت کی صفت معلوم کرنا چاہتے ہو تو قرآن پاک پڑھو کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے بیان سے بڑھ کر کوئی بیان نہیں اور اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد گرامی پڑھو۔

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ۔ (۳)

اور جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے کا خوف رکھتا ہو اس کے لیے دو جنتیں ہیں۔

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۸۰ کتاب الجنۃ
(۲) قرآن مجید، سورۂ اعراف آیت ۴۳
(۳) قرآن مجید، سورۂ رحمن آیت ۴۶

سورۂ رحمٰن کے آخر تک پڑھو نیز سورۂ واقعہ اور دوسری سورتیں پڑھو اور اگر تم احادیث کے مطابق ان صفات کی تفصیل معلوم کرنا چاہتے تو اب ان کی تفصیل کو دیکھو جب اجمالی معلومات حاصل کر چکے ہو۔

جنتوں کی تعداد:

مندرجہ بالا آیت (وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتَانِ) کے سلسلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

جَنَّتَانِ مِنْ فِضَّةٍ آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيهِمَا وَجَنَّتَانِ مِنْ ذَهَبٍ آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيهِمَا وَمَا بَيْنَ الْقَوْمِ وَبَيْنَ أَنْ يَنْظُرُوا إِلَى رَبِّهِمْ إِلَّا رِدَاءُ الْكِبْرِيَاءِ عَلَى وَجْهِهِ فِي جَنَّةِ عَدْنٍ۔ (۱)

(دو جنتیں ہوں گی جن کے برتن اور سب کچھ چاندی کا ہو گا اور دو جنتیں ایسی ہوں گی کہ ان کے برتن اور جو کچھ ان میں ہے وہ سب سونے کا ہو گا اہل جنت اور اللہ تعالیٰ کے دیدار کے درمیان اللہ تعالیٰ کی کبریائی کی چادر ہو گی جو جنت عدن میں ہو گی اس کے علاوہ کوئی رکاوٹ نہ ہو گی)

جنت کے دروازے:

پھر جنت کے دروازوں کو دیکھو وہ بنیادی عبادات کے حوالے سے بے شمار ہوں گے جس طرح بنیادی گناہوں کے اعتبار سے اعتبار سے جہنم کے دروازے زیادہ ہوں گے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

جو شخص اپنے مال میں دو جوڑے (سونا چاندی یعنی روپیہ پیسہ) اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرے اسے جنّت کی تمام دروازوں سے بلایا جائے گا اور جنت کے آٹھ دروازے ہیں پس جو شخص نمازی ہو گا اس کو نماز کے دروازے سے بلایا جائے گا جو روزہ داروں میں سے ہو گا اس کو روزے کے دروازے سے بلایا جائے گا جو صدقہ دینے والوں میں سے ہو گا اس کو صدقہ کے دروازہ سے آواز دی جائے گی اور جو اہل جہاد سے ہو گا اسے جہاد کے دروازے سے طلب کیا جائے گا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ ہر شخص کو کسی نہ کسی دروازے سے بلایا جائے گا تو کیا کسی کو ان تمام دروازوں سے بھی بلایا جائے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ہاں" اور مجھے امید ہے کہ وہ آپ ہی ہوں گے (۲)

حضرت عاصم بن حمزہ، حضرت علی المرتضیٰ (رضی اللہ عنہما) سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے جہنم کا ذکر کرتے ہوئے اس کے معاملے کی بڑائی کو بیان فرمایا لیکن مجھے یاد نہیں پھر یہ آیت پڑھی۔

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۷۲۴ کتاب التفسیر

(۲) صحیح بخاری جلد اوّل ص ۵۱۷ کتاب المناقب

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا۔ (۱) اور ڈرنے والوں کو جنت کی طرف جماعتوں کی شکل میں لے جایا جائے گا۔

حتی کہ جب وہ اس کے کسی دروازے تک پہنچیں گے تو وہاں ایک درخت پائیں گے جس کی جڑ کے نیچے سے دو چشمے جاری ہوں گے تو جس طرح ان کو حکم ہوگا ان میں سے ایک کا قصد کریں گے اور اس سے پئیں گے تو ان کے پیٹوں میں جو تکلیف ہوگی وہ سب زائل ہو جائے گی پھر دوسرے چشمے کا ارادہ کریں گے تو اس سے پاکیزگی حاصل کریں گے اب ان پہ راحت و سرور کی شادابی ہوگی اس کے بعد ان کے بالوں میں کبھی تبدیلی نہیں آئے گی اور نہ ہی وہ بکھریں گے گویا انہوں نے ان پر تیل لگایا ہو پھر وہ جنت کی طرف چلے جائیں گے جنت کے محافظ ان سے کہیں گے تم پر سلامتی ہو تم اچھے رہو اس میں ہمیشہ کے لیے داخل ہو جاؤ۔

پھر لڑکوں سے ملاقات ہوگی اور وہ ان کے گرد اس طرح جمع ہوں گے جس طرح کسی کا کوئی عزیز سفر سے آیا ہو وہ کہیں گے تمہیں خوشخبری ہو اللہ تعالیٰ نے تمہارے اعزاز کے لیے یہ سب کچھ تیار کیا ہے فرمایا پس ان لڑکوں میں سے ایک لڑکا اس جنتی کی کسی حور سے ملے گا اور دنیا میں جس نام سے اسے پکارا جاتا تھا اس نام کے ساتھ ذکر کر کے کہے گا کہ فلاں آیا ہے۔ وہ پوچھے گی کیا تم نے اسے دیکھا ہے؟ وہ کہے گا میں نے اس کو دیکھا ہے اور وہ میرے پیچھے پیچھے آرہا ہے وہ خوش ہو جائے گی حتی کہ دروازے کی چوکھٹ میں کھڑی ہو جائے گی۔

جنتی جب اپنی منزل میں پہنچے گا اور اس کی بنیادوں کو دیکھے گا تو وہ موتیوں کی چٹانیں ہوں گی جن کے اوپر سرخ، سبز اور زرد غرضیکہ ہر رنگ کا محل ہوگا پھر نظر اٹھا کر اس کی چھت کو دیکھے گا تو وہ بجلی کی طرح چمکتی ہوگی اگر اللہ تعالیٰ نے اسے روک نہ رکھا ہو تو قریب ہے کہ وہ اس کی بینائی لے جائے پھر وہ اپنے سر کو جھکائے گا تو دیکھے گا تو اس کی بیویاں ہوں گی پیالے رکھے ہوں گے (قرینے سے) گاؤ تکیے قطار در قطار اور قیمتی قالین بچھے ہوں گے پھر وہ تکیہ لگا کر بیٹھے گا اور کہے گا اللہ تعالیٰ کے لیے حمد ہے جس نے اس کے لیے ہماری راہنمائی فرمائی اگر اللہ تعالیٰ ہمیں ہدایت نہ دیتا تو ہم ہدایت نہ پاتے پھر ایک منادی آواز دے گا کہ تم اس میں ہمیشہ زندہ رہو گے کبھی مرو گے نہیں اس میں ہمیشہ رہو گے کوچ نہیں کرو گے صحت مند رہو گے کبھی بیمار نہ ہو گے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

آتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بَابَ الْجَنَّةِ فَاَسْتَفْتِحُ فَيَقُوْلُ الْخَازِنُ مَنْ اَنْتَ؟ فَاَقُوْلُ مُحَمَّدٌ فَيَقُوْلُ بِكَ اُمِرْتُ اَنْ لَا اَفْتَحَ

میں قیامت کے دن جنت کے دروازے پر آکر اسے کھلوانا چاہوں گا تو داروغہ کہے گا آپ کون ہیں؟ میں کہوں گا "محمد صلی اللہ علیہ وسلم" وہ کہے گا مجھے یہی حکم ہے کہ

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ زمر آیت ۷۳۔

لِاَحَدٍ قَبْلَكَ۔ (۱) آپ سے پہلے کسی کے لیے نہ کھولوں۔

اب تم جنت کے بالاخانوں اور ان کی بلندی کے سلسلے میں مختلف درجات کے بارے میں سوچو کیوں کہ آخرت کے درجات بہت بڑے ہیں اور اس کی فضیلت زیادہ ہے۔

اور جس طرح ظاہری عبادات اور باطنی اخلاقِ محمودہ کے اعتبار سے لوگ مختلف درجات میں تقسیم ہوتے ہیں اسی طرح جزا کے اعتبار سے بھی ان میں فرق ہوگا اگر تم سب سے اعلیٰ درجہ حاصل کرنا چاہتے ہو تو کوشش کرو کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں تم سے کوئی آگے نہ بڑھے کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے اس سلسلے میں آگے بڑھنے اور مقابلہ کرنے کا حکم دیا ہے۔

ارشاد خداوندی ہے۔

سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ۔ اپنے رب کی بخشش حاصل کرنے کے لیے ایک دوسرے سے آگے بڑھو۔ (۲)

اور ارشاد خداوندی ہے۔

وَفِىْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ۔ اور اسی (حصول بخشش) میں مقابلہ کرنے والوں کو مقابلہ کرنا چاہیے۔ (۳)

تعجب کی بات ہے جب تمہارے ساتھی یا پڑوسی ایک درھم یا مکان کی بلندی کے ذریعے تم سے آگے بڑھتے ہیں تو یہ بات تم پر گراں گزرتی ہے اور تمہارے سینے میں گھٹن پیدا ہوتی ہے اور حسد کی وجہ سے تمہاری زندگی پریشان کن ہو جاتی ہے اور بات یہ ہے کہ سب سے بہتر حالت جنت میں ٹھکانے کا ملنا ہے اور تو ان لوگوں سے بچ نہیں سکتا جو نیک کاموں کے ذریعے تجھ سے آگے بڑھتے ہیں ایسی نیکیاں کہ تمام اپنے تمام مال و اسباب کے ساتھ بھی ان کے برابر نہیں ہو سکتی۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

جنت والے اپنے سے اوپر بالاخانے والوں کو اس طرح دیکھیں گے جس طرح تم مشرق یا مغرب میں افق میں نکلنے والے ستاروں کو دیکھتے ہو کیوں کہ ان کے درمیان بہت زیادہ (بلندی کا) فاصلہ ہوگا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا یہ انبیاء کرام کے مقامات ہیں جن تک دوسرے پہنچ نہیں سکیں گے؟ آپ نے فرمایا ہاں اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کچھ ایسے لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے اور انہوں نے رسل عظام کی تصدیق کی۔ (۴)

---

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۱۱۲ کتاب الایمان

(۲) قرآن مجید سورۂ حدید آیت ۲۱

(۳) قرآن مجید سورہ مطففین آیت ۲۶

(۴) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۷۸ کتاب الجنۃ

آپ نے یہ بھی فرمایا۔

اِنَّ اَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی لَيَرَاهُمْ مَنْ تَحْتَهُمْ كَمَا تَرَوْنَ النَّجْمَ الطَّالِعَ فِي اُفُقٍ مِنْ آفَاقِ السَّمَاءِ وَاِنَّ اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ مِنْهُمْ وَاَنْعَمَا۔ (۱)

(جنت والوں میں سے) اعلیٰ درجات والوں کو نچلے درجے والے اس طرح دیکھیں گے جس طرح تم آسمان کے کسی کنارے پر طلوع ہونے والے ستارے کو دیکھتے ہو اور بے شک حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما بھی ان میں سے ہیں اور بہت اچھے ہیں۔ (۱)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا کیا میں تمہیں جنت کے بالاخانوں کے بارے میں نہ بتاؤں؟ میں نے عرض کیا ہاں یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم بتایئے میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں آپ نے فرمایا جنت میں کچھ بالاخانے ہیں جو مختلف جوہروں سے بنے ہیں ان کے اندر سے باہر اور باہر سے اندر نظر آتا ہوگا ان میں ایسی نعمتیں، لذتیں اور سُرور ہوگا جسے کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی انسان کے دل پر اس کا خیال گزرا میں نے عرض کیا یارسول اللہ! یہ بالاخانے کس کے لیے ہوں گے؟ فرمایا ان لوگوں کے لیے ہیں جو سلام پھیلاتے (محتاجوں کو) کھانا کھلاتے ہمیشہ روزہ رکھتے اور رات کو نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہیں جب کہ لوگ سوئے ہوئے ہوتے ہیں۔ (۲)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یارسول اللہ! اس بات کی طاقت کون رکھتا ہے؟ آپ نے فرمایا میری امت اس کی طاقت رکھتی ہے اور عنقریب میں تمہیں اس کے بارے میں بتاؤں گا جو شخص اپنے مسلمان بھائی سے ملاقات کرے اور... سلام کہے یا سلام کا جواب دے تو اس نے سلام کو رواج دیا اور جو شخص اپنی بیوی اور بچوں کو کوئی کھانا کھلائے حتیٰ کہ ان کو سیر کر دے تو اس نے کھانا کھلا دیا اور جس نے رمضان شریف کے روزے اور ہر مہینے سے تین دن (تیرہ چودہ پندرہ تاریخ) کے روزے رکھے اس نے گویا ہمیشہ روزہ رکھا اور جس نے عشاء اور صبح کی نماز باجماعت پڑھی اس نے گویا رات بھر نماز پڑھی جب کہ لوگ سوئے ہوئے تھے اور لوگوں سے مراد یہودی، عیسائی اور مجوسی ہیں (۲)

ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنّٰتِ عَدْنٍ۔ (۳)

اور ہمیشہ رہنے والے جنت میں اچھے ٹھکانے ہیں۔

اس آیت کی وضاحت کے سلسلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۲۷ مرویات ابوسعید خدری

(۲) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۱۱۱ کتاب صفۃ الجنۃ

(۳) قرآن مجید، سورہ الصف آیت ۱۲

موتیوں کے بنے ہوئے محلات ہیں ہر محل میں سرخ یاقوت کے ستر گھر ہیں ہر گھر میں سبز زمرد سے بنے ہوئے ستر کمرے، ہیں ہر کمرے میں ایک تخت ہے ہر تخت پر ستر بچھونے ہیں جو مختلف رنگوں کے ہیں اور ہر بستر پر اس کی بیوی ہے جو حوروں میں سے ہے ہر مکان میں ستر خوان ہیں ہر دستر خوان پر ستر قسم کے کھانے ہیں اور ہر مکان میں ستر خدمت گار عورتیں اور ہر مومن کو روزانہ ان سب کے پاس جانے کی طاقت دی جائے گی۔ (۱)

فصل ۱۴:

جنّت کے باغات زمین، درخت اور نہریں

جنت کی صورت میں غور کرو اور اس کے رہنے والوں پر رشک کرنے کا سوچو اور سوچو کہ جو شخص جنت کے بدلے دنیا پہ قناعت کرتا ہے اسے کس قدر حسرت ہوگی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ حَائِطَ الْجَنَّةِ لَبِنَةٌ مِنْ فِضَّةٍ وَلَبِنَةٌ مِنْ ذَهَبٍ تُرَابُهَا زَعْفَرَانٌ وَطِيْنُهَا مِسْكٌ (۲)

بے شک جنت کی دیوار کی ایک اینٹ چاندی کی اور ایک اینٹ سونے کی ہوگی اس کی مٹی زعفران اور گارا کستوری ہوگی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جنت کی مٹی کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا۔

دَرْمَكَةٌ بَيْضَاءُ مِسْكٌ خَالِصٌ۔ (۳)

سفید نرم و ملائم مٹی اور خالص کستوری ہوگی۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے آخرت میں شراب پلائے پس وہ اسے دنیا میں چھوڑ دے اور جس آدمی کو یہ بات پسند ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے آخرت میں ریشم پہنائے وہ اسے دنیا میں چھوڑ دے (۴) جنت کی نہریں کستوری کے ٹیلوں یا فرمایا کستوری کے پہاڑوں کے نیچے سے نکلتی ہیں۔ (۵) اور اگر سب سے کم درجے والا جنتی کا زیور تمام دنیا والوں کے زیورات کے برابر ہوتا تو اللہ تعالیٰ اسے آخرت میں جو زیورات پہنائے گا وہ دنیا کے تمام زیورات سے افضل ہوگا (۶)

---

(۱) احکام القرآن للقرطبی جلد ۱۸ ص ۸۸ تحت آیت ومساکن طیبۃ

(۲) تاریخ ابن عساکر جلد ۲ ص ۶۷ ترجمہ احمد بن محمد بن عبید

(۳) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۹۸ کتاب الفتن۔

(۴) مجمع الزوائد جلد ۵ ص ۷۶ کتاب الاشربۃ

(۵) الدر المنثور جلد اول ص ۳۸ تحت آیت تجری من تحتہا الانہار

(۶) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۴۰۱ کتاب اہل الجنۃ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔
جنت میں ایک درخت ہے جس کے سائے میں سوار ایک سو سال چلے گا لیکن اسے طے نہیں کر سکے اگر تم چاہو تو پڑھو (۱)
وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ۔ (۱) اور پھیلائے ہوئے سائے۔
حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں دیہاتیوں اور ان کے سوالات کے ذریعے نفع پہنچاتا ہے ایک اعرابی نے آکر عرض کیا یا رسول اللہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ایک موذی درخت کا ذکر کیا ہے اور میں نہیں جانتا کہ جنت میں کوئی ایسا درخت ہوگا جو اپنے صاحب کو ایذا پہنچائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا وہ کونسا درخت ہے؟ عرض کیا "سدر" (بیری کا درخت) ہے اس کے کانٹے ہیں آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔
فِیْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ۔ (۲) کانٹوں کے بغیر بیریوں میں۔
اللہ تعالیٰ اس کے کانٹے کو دور کر دے گا اس کے ہر کانٹے کی جگہ پھل لگا دے گا پھر اس کا پھل بہتر قسم کے رنگ دے گا ان میں سے کوئی بھی رنگ دوسرے کے مشابہ نہیں ہوگا۔ (۳)
حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم مقام صفاح اترے تو دیکھا کہ وہاں درخت کے نیچے ایک شخص سویا ہوا ہے اور اس پر دھوپ پہنچنے والی ہے میں نے غلام سے کہا یہ چمڑے کا دستر خوان لے جاؤ اور اس پر سایہ کر دو گیا اور اس پر سایہ کیا جب وہ شخص بیدار ہوا تو دیکھا کہ وہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ ہیں میں ان کے پاس آیا تاکہ سلام کہوں انہوں نے فرمایا اے جریر اللہ تعالیٰ کے لیے تواضع اختیار کرو کیوں کہ جو شخص دنیا میں اللہ تعالیٰ کے لیے تواضع اختیار کرے گا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے بلندی عطا کرے گا کیا تم جانتے ہو قیامت کے اندھیرے کیا ہیں؟ میں نے عرض کیا میں نہیں جانتا فرمایا بعض کا بعض پر ظلم کرنا پھر آپ نے ایک چھوٹی سی لکڑی اٹھائی وہ اتنی چھوٹی تھی کہ گویا مجھے نظر نہ آتی فرمایا اے جریر! اگر تم جنت میں اس کی مثل طلب کرو گے تو نہیں پاؤ گے میں نے پوچھا اے ابوعبداللہ یہ کھجور اور دوسرے درخت کہاں جائیں گے؟ فرمایا (وہ لکڑی کے نہیں ہوں گے بلکہ) ان کی جڑیں موتیوں اور سونے کی ہوں گی اور ان کے اوپر پھل ہوں گے۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۴۵۵ مرویات ابوہریرہ
(۲) قرآن مجید، سورۃ الواقعہ آیت ۳۰
(۳) قرآن مجید، سورۃ الواقعہ آیت ۲۸
(۴) المستدرک للحاکم جلد ۲ ص ۴۷۶ کتاب التفسیر

فصل ۱۵:

جنتیوں کا لباس، بچھونے، تخت، مسندیں اور خیمے

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤًا وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ۔ (۱)

ان کو جنت میں سونے اور موتیوں کے کنگن پہنائے جائیں گے اور اس میں ان کا لباس ریشم ہوگا۔

اس سلسلے میں بہت سی آیات آئی ہیں اور تفصیل احادیث میں ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ يَنْعَمُ لَا يَبْأَسُ لَا تَبْلَى ثِيَابُهُ وَلَا يَفْنَى شَبَابُهُ فِي الْجَنَّةِ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ۔ (۲)

جو شخص جنت میں داخل ہوگا اسے نعمت ملے گی نہ وہ محتاج ہوگا نہ اس کے کپڑے پرانے ہوں گے اور نہ اس کی جوانی ختم ہوگی جنت میں وہ کچھ ہے جسے کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی دل میں اس کا خیال گزرا۔

ایک صحابی نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہمیں جنتیوں کے لباس کے بارے میں بتایئے کیا وہ مخلوق ہوں گے جو پیدا کئے جائیں گے یا ان کو بُنا جائے گا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے اور لوگ حضرات ہنس پڑے آپ نے فرمایا اس بات پر ہنستے ہو کہ ایک بے علم نے علم والے سے سوال کیا پھر فرمایا وہ جنت کے پھلوں میں سے نکلیں گے۔ دوبار فرمایا۔ (۳)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے پہلا گروہ جو جنت میں جائے گا ان کی شکلیں چودھویں رات کے چاند کی طرح ہوں گی وہ وہاں نہ تھوکیں گے نہ ناک صاف کریں گے نہ قضائے حاجت کے لیے بیٹھیں گے ان کے برتن اور کنگھیاں سونے اور چاندی کی ہوں گی ان کا پسینہ کستوری ہوگا ان میں سے ہر ایک کے سبب دو بیویاں ہوں گی وہ اس قدر حسین ہوں گی کہ ان کی پنڈلیوں کا مغز گوشت کے اوپر سے نظر آتا ہوگا ان کے درمیان نہ اختلاف ہوگا اور نہ بغض، ان کے دل ایک دل کی طرح ہوں گے۔ وہ صبح و شام اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کریں گے (۴)

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ حج آیت ۲۳

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۳۷۰ مرویات ابوہریرہ

(۳) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۲۲۵ مرویات ابن عمرو

(۴) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۹۷۹ کتاب الجنۃ

ایک روایت میں ہے ہر بیوی پر ستر لباس ہوں گے (۱)
ارشاد خداوندی ہے۔

يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤًا ۔ (۲) ان کو سونے اور موتیوں کے کنگن پہنائے جائیں گے۔

اس آیت کے ضمن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کے سروں پر تاج ہوں گے جن کا ادنیٰ موتی مشرق و مغرب کے درمیان کو روشن کر دے گا۔ (۳)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَلْخَيْمَةُ دُرَّةٌ مُجَوَّفَةٌ طُولُهَا فِي السَّمَاءِ سِتُّونَ مِيلًا فِي كُلِّ زَاوِيَةٍ مِنْهَا لِلْمُؤْمِنِ أَهْلٌ لَا يَرَاهُمُ الْآخَرُونَ ۔

جنت کا خیمہ ایک موتی ہو گا جو اندر سے خالی ہو گا اس کی اونچائی آسمان کی طرف ساٹھ میل ہو گی اس کے ہر کونے میں مومن کی زوجہ ہو گی جس کو دوسری طرف والی دیکھ نہیں سکے گی۔ (۴)

اس حدیث کو حضرت امام بخاری نے اپنی صحیح میں روایت کیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں خیمہ ایک ایسا موتی ہو گا جو اندر سے خالی ہو گا اور اس کا طول و عرض ایک ایک فرسخ (تین میل) ہو گا اور اس میں سونے کے چار ہزار دروازے ہوں گے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں قرآن مجید کی آیت۔

وَفُرُشٍ مَّرْفُوعَةٍ ۔ (۵) اور بچھونے ہوں گے بلند کئے ہوئے۔

کی تفسیر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو بچھونوں کے درمیان آسمان و زمین کے درمیان جتنا فاصلہ ہو گا۔ (۶)

<u>فصل ۱۶:</u>

جنتیوں کا کھانا

جنتیوں کا کھانا قرآن پاک میں مذکور ہے کہ وہ پھل، موٹے موٹے پرندے من سلویٰ، شہد، دودھ اور دیگر بے شمار

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۷۹ کتاب الجنۃ
(۲) قرآن مجید، سورۂ حج آیت ۲۳
(۳) المستدرک للحاکم جلد ۲ ص ۲۷۴ کتاب التفسیر
(۴) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۸۰ کتاب الجنۃ
(۵) قرآن مجید، سورۂ واقعہ آیت ۳۴
(۶) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۵۳۰ کتاب صفۃ الجنۃ

اقسام ہیں ارشاد خداوندی ہے۔

كُلَّمَا رُزِقُوا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِزْقًا قَالُوا هٰذَا الَّذِي رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَأُتُوا بِهِ مُتَشَابِهًا۔ (۱)

جب بھی ان کو اس کے پھلوں میں سے رزق دیا جائے گا تو کہیں گے یہ تو وہی ہے جو ہمیں پہلے دیا گیا اور ان کو ملتا جلتا ملے گا۔

اللہ تعالیٰ نے اہل جنت کے مشروبات کا ذکر کئی مقامات پر کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کھڑا تھا کہ یہودیوں کے علماء میں سے ایک عالم وہاں آیا اور اس نے کئی سوالات ذکر کئے یہاں تک کہ اس نے کہا کہ پل صراط پر سب سے پہلے کون گزرے گا؛ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فقراء مہاجرین" اس نے پوچھا جب وہ جنت میں جائیں گے تو ان کا تحفہ کیا ہوگا؟ آپ نے فرمایا مچھلی کے جگر کے کباب" اس نے پوچھا اس کے بعد ان کی غذا کیا ہوگی؛ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ان کے لیے جنت کا بیل ذبح کیا جائے گا جو اس کے کناروں میں پھرتا تھا اس نے پوچھا ان کا مشروب کیا ہوگا؛ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس چشمے سے ہوگا جس کو سلسبیل کہا جاتا ہے یہودی عالم نے کہا آپ نے سچ فرمایا۔

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں یہودیوں میں سے ایک شخص بارگاہ نبوی میں حاضر ہوا اور اس نے کہا اے ابو القاسم! (صلی اللہ علیہ وسلم) کیا آپ یہ خیال نہیں کرتے کہ جنت والے کھائیں گے اور پئیں گے۔ ادھر اس نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ اگر انہوں نے اقرار کیا تو میں ان پر اعتراض کروں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں اس ذات کی قسم! جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے ان میں ایک ایک کو ایک سو آدمیوں کے برابر کھانے پینے اور جماع کی طاقت دی جائے گی۔ یہودی نے کہا جو شخص کھاتا پیتا ہے اسے حاجت بھی ہوتی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کی حاجت پسینے کی شکل میں ہوگی جو ان کے چمڑوں سے کستوری کی طرح نکلے گا اور پیٹ اپنی جگہ پڑ جائے گا۔ (۲)

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

إِنَّكَ لَتَنْظُرُ إِلَى الطَّيْرِ فِي الْجَنَّةِ فَتَشْتَهِيهِ — بے شک تم جنت میں ایک پرندے کو دیکھ کر اس کی خواہش

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ بقرہ آیت ۲۵

(۲) صحیح مسلم جلد اول ص ۱۴۶ کتاب الحیض

(۳) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۵۲۵ کتاب صفۃ الجنۃ

فَيَخِرُّ بَيْنَ يَدَيْكَ مَشْوِيًّا۔ (۱) کرو گے تو وہ بھنا ہوا تمہارے سامنے گرے گا۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اِنَّ فِي الْجَنَّةِ طَيْرًا اَمْثَالَ الْبَخَاتِيِّ۔ جنت میں کچھ پرندے بختی اونٹ جیسے ہیں۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ کیا خوب ہیں! آپ نے ارشاد فرمایا اس سے زیادہ اچھے تو ان کو کھانے والے ہیں اور اے ابوبکر آپ بھی ان کھانے والوں میں سے ہیں۔

ارشاد خداوندی ہے۔

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ۔ (۲) ان پر جام گردش کریں گے

اس کی تفسیر میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

ان (اہل جنت) پر سونے کے ستر پیالوں کا دور ہوگا ہر پیالے میں دوسرے پیالے سے مختلف رنگ ہوگا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ آیت کریمہ۔

وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ۔ (۳) اس میں تسنیم کی آمیزش ہوگی۔

کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اصحاب یمین کے سبب اس میں ملاوٹ ہوگی اور مقربین خالص پئیں گے۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا ارشاد خداوندی ہے۔

خِتَامُهٗ مِسْكٌ۔ (۴) اس کی مہر کستوری کی ہوگی۔

کی تفسیر میں مروی ہے فرماتے ہیں وہ چاندی کی طرح سفید شراب ہوگی اور ان کی آخری شراب مہر لگائی ہوئی ہوگی اگر دنیا والوں میں سے کوئی اپنے ہاتھ کو اس میں داخل کر کے باہر نکالے تو ہر ذی روح کو اس کی خوشبو محسوس ہو۔

فصل ۱۴۰

حور عین اور بچوں کی کیفیت

قرآن مجید میں ان کا وصف بار بار مذکور ہوا ہے اور احادیث مبارکہ میں ان کی زیادہ وضاحت کی گئی ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

---

(۱) مجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۴۱۴ کتاب اہل الجنۃ

(۲) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۳ ص ۲۲۱ مرویات انس

(۳) قرآن مجید، سورۂ زخرف آیت ۷۱

(۴) قرآن مجید، سورۂ تطفیف آیت ۲۷ (۵) قرآن مجید سورۂ تطفیف آیت ۲۶

اللہ تعالیٰ کے راستے میں ایک صبح کا ایک شام دنیا اور جو کچھ اس میں ہے اس سے بہتر ہے اور جنت میں تم میں سے کسی ایک کی کمان کے کونے سے مٹھی تک یا قدم رکھنے کی جگہ دنیا اور جو کچھ اس میں ہے، سے بہتر ہے اور اگر کوئی جنتی عورت زمین کی طرف جھانکے تو اسے روشن کر دے اور اس کے درمیان خوشبو ہی خوشبو پھیل جائے اور اس کے سر کا دوپٹہ دنیا اور جو کچھ اس میں ہے، سے بہتر ہے (۱)

ارشاد خداوندی ہے۔

كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ۔ (۲) گویا وہ یاقوت اور مرجان ہیں ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کی تفسیر میں ارشاد فرمایا کہ وہ اس (حور) کے چہرے کو اس کی چادر کے اوپر سے دیکھے گا تو وہ شیشے سے زیادہ صاف ہوگا اور اس کے اوپر کا ادنیٰ موتی مشرق و مغرب کے درمیان کو روشن کر دے گا اس کے اوپر ستر کپڑے ہوں گے لیکن ان سے نگاہ پار ہو جائے گی حتیٰ کہ وہ ان کے اوپر سے اس (حور) کی پنڈلی کا مغز دیکھ لے گا۔ (۳)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مجھے معراج کرایا گیا تو میں جنت کے ایک مقام میں داخل ہوا جس کو بیدخ کہا جاتا ہے وہاں موتیوں، سبز زبرجد اور سرخ یاقوت کے خیمے ہیں (وہاں) حوروں نے کہا "السلام علیك یا رسول اللہ" میں نے پوچھا اے جبریل! یہ کیسی آواز ہے! انہوں نے عرض کیا یہ (حوریں) ہیں جو خیموں میں قیام پذیر ہیں انہوں نے آپ پر سلام پیش کرنے کے لیے اپنے رب سے اجازت طلب کی تو اللہ تعالیٰ نے ان کو اجازت دے دی تو انہوں نے کہنا شروع کر دیا کہ ہم راضی ہونے والی ہیں پس ہم کبھی ناراض نہ ہوں گی ہم یہاں ہمیشہ رہیں گی یہاں سے کبھی نہیں جائیں گی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی (۴)

حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ۔ (۵) یہ حوریں پردہ دار خیموں میں ہوں گی ۔

ارشاد خداوندی ہے ۔

وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۔ (۶) اور نیک بیویاں ہوں گی۔

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۲، ۹ کتاب الرقاق

(۲) قرآن مجید، سورۃ رحمن آیت ۵۸

(۳) المستدرک للحاکم جلد ۲ ص ۵، ۴ کتاب التفسیر

(۴) الدر المنثور جلد ۶ ص ۱۵۱ تحت آیت حور مقصورات فی الخیام

(۵) قرآن مجید، سورۃ رحمن آیت ۲، (۶) قرآن مجید سورۃ آل عمران ۱۵

حضرت مجاہد رحمہ اللہ اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ وہ حیض، قضائے حاجت پیشاب، تھوک، رینٹھ، مادہ منویہ اور اولاد سے پاک ہوں گی ارشاد خداوندی ہے۔

فِیْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ۔ (۱) وہ اپنے کام سے لطف اندوز ہوں گے۔

ان کا کام پردۂ بکارت کو زائل کرنا ہوگا۔

ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم کیا اہل جنت جماع کریں گے آپ نے فرمایا ان میں سے ایک ایک کو ایک دن میں تمہارے ستر افراد سے زیادہ قوت دی جائے گی۔ (۲)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جنتیوں میں سے سب سے کم درجہ والا شخص وہ ہوگا جس کے ساتھ ایک ہزار خادم جائیں گے اور ہر خادم کو رنگ رنگ ذمہ داری سونپی جائے گی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اہل جنت میں سے ایک شخص پانچ سو حوروں چار ہزار کنواری لڑکیوں اور آٹھ ہزار شادی شدہ سے نکاح کرے گا وہ ان میں سے ہر ایک سے اتنی مدت گلے ملے گا جس قدر دنیا میں اس نے زندگی گزاری ہے (۳)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

جنت میں ایک بازار ہوگا جس میں خرید و فروخت نہیں ہوگی البتہ مردوں اور عورتوں کی تصویریں ہوں گی جب کوئی شخص کسی صورت کی خواہش کرے گا تو اس بازار میں داخل ہو جائے گا وہاں حوروں کا اجتماع ہوگا وہ آواز بلند کریں گی اور ایسی آواز مخلوق نے کبھی نہ سنی ہوگی وہ کہیں گی ہم ہمیشہ رہنے والی ہیں ہم ناز و نعمت والی ہیں کبھی مایوس نہ ہوں گی ہم راضی رہنے والی ہیں کبھی ناراض نہ ہوں گی۔ پس اس شخص کے لیے خوشخبری ہے جو ہمارے لیے ہے اور ہم اس کے لیے ہیں (۴)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت کی حوریں یہ گانا گائیں گی کہ ہم خوبصورت حوریں ہیں جو معزز جوڑوں کے لیے چھپا کر رکھی گئی ہیں۔ (۵)

ارشاد خداوندی ہے۔

---

(۱) قرآن مجید سورۂ یٰسین آیت ۵۵

(۲) کنز العمال جلد ۱۴ ص ۴۸۵ حدیث ۳۹۳۶۲

(۳) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۵۳۲ کتاب صفۃ الجنۃ

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد اول ص ۱۵۶

(۵) مجمع الزوائد، جلد ۱۰ ص ۴۱۹ کتاب اہل الجنۃ

فِیْ رَوْضَۃٍ یُّحْبَرُوْنَ۔ (۱) باغ میں مسرور اور محترم ہوں گے۔

حضرت یحییٰ بن کثیر رحمہ اللہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں۔ اس سے مراد جنت میں سننا ہے۔

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَامِنْ عَبْدٍ یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ اِلَّا وَیَجْلِسُ عِنْدَ رَاْسِہٖ وَعِنْدَ رِجْلَیْہِ ثِنْتَانِ مِنَ الْحُوْرِ الْعِیْنِ یُغَنِّیَانِہٖ بِاَحْسَنِ صَوْتٍ سَمِعَہُ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ وَلَیْسَ بِمِزْمَارِ الشَّیْطَانِ وَلٰکِنْ بِتَحْمِیْدِ اللّٰہِ وَتَقْدِیْسِہٖ۔ (۲)

جو شخص بھی جنت میں جائے گا اس کے سرہانے اور پاؤں کی طرف دو حوریں بیٹھیں گی وہ اسے ایسی اچھی آواز سے ساتھ گائیں گی جو کسی انسان یا جن نے سنی ہو لیکن وہ (آواز) شیطانی آلہ لہو نہیں ہوگا بلکہ اللہ تعالیٰ کی حمد اور پاکیزگی بیان ہوگی۔

فصل ۱۸:

اہلِ جنت کے مختلف اوصاف سے متعلق احادیث مبارکہ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا۔

کیا کوئی شخص جنت کے لیے آمادہ ہے جنت کے لیے کوئی خطرہ نہیں رب کعبہ کی قسم! یہ ایک چمکتا ہوا نور ہے اور خوشبو ہے جو پھیلتی ہے مضبوط محل ہے جاری نہر ہے بہت زیادہ پکے ہوئے پھل ہیں خوبصورت بیویاں ہیں جو ناز و نعمت میں ہیں دائمی مقام میں نعمت ہے نیز بلند، محفوظ اور خوبصورت مکان میں تر و تازگی ہے۔

صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم اس کے لیے آمادہ اور تیار ہیں آپ نے فرمایا "ان شاء اللہ تعالیٰ" کے الفاظ بھی کہو پھر آپ نے جہاد کا ذکر کیا اور اس کی ترغیب دی۔ (۳)

ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کیا جنت میں گھوڑے ہوں گے یہ مجھے پسند ہیں آپ نے فرمایا اگر تم وہاں گھوڑے پسند کرو گے تو تمہیں سرخ یاقوت کے گھوڑے دیئے جائیں گے جو تمہیں جنت میں اڑا کر وہاں لے جائیں گے جہاں تم چاہو گے۔

ایک دوسرے شخص نے عرض کیا مجھے اونٹ پسند ہیں کیا جنت میں اونٹ ہوں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

---

(۱) قرآن مجید، سورہ روم آیت ۱۵

(۲) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۸ ص ۱۱۴ حدیث ۷۴۷۸

(۳) سنن ابن ماجہ ص ۳۲۱، ابواب الزھد

فرمایا اے بندۂ خدا! اگر تم جنت میں چلے گئے تو تجھے وہاں وہ کچھ ملے گا جو تم چاہو گے اور جس سے تمہاری آنکھوں کو لذت حاصل ہو گی۔ (۱)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنتی آدمی کے لیے اسی طرح بچہ پیدا ہو گا جیسے وہ چاہے گا اس کا حمل، بچے کی پیدائش اور اس کی جوانی ایک ہی ساعت میں ہو جائے گی (۲)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

جب جنتی جنت میں ٹھہر جائیں گے اور بھائی اپنے بھائی (اور دوست اپنے دوست) سے ملنا چاہے گا تو اس کا تخت اس کے تخت کی طرف چلے گا اور وہ آپس میں ملاقات کریں گے اور دنیا میں ان کے درمیان جو گفتگو ہوتی تھی وہ باتیں کریں گے وہ کہے گا اے میرے بھائی! فلاں دن فلاں مجلس کا واقعہ یاد کرو کہ ہم نے اللہ تعالیٰ اسے دعا مانگی تو اس نے ہمیں بخش دیا۔ (۳)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

جنتی جسم سے ننگے بے ریش، سفید قریب ہوں گے سرمہ لگا ہوا اور تیس سال کی عمر کے ہوں گے اور وہ آدم علیہ السلام کی طرح ہوں گے کہ ان کی لمبائی ساٹھ ہاتھ اور چوڑائی سات ہاتھ ہو گی۔ (۴)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

سب سے کمتر جنتی کے لیے اسی ہزار خادم اور بہتر بیویاں ہوں گی ان کے لیے موتیوں، زبرجد اور یاقوت کا خیمہ ہو گا اور وہ اتنا بڑا ہو گا جتنا فاصلہ مقام جابیہ سے صنعاء تک ہے اور ان (کے سروں) پر تاج ہوں گے جن کا ادنیٰ موتی مشرق و مغرب کے درمیان کو روشن کر دے گا (۵)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

میں نے جنت کی طرف دیکھا تو وہاں ایک انار دانہ تھا جو اس اونٹ کے پچھلے حصے کی طرح ہو گا جس پر کجاوہ رکھا گیا ہو وہاں کے پرندے بختی اونٹ جیسے تھے وہاں ایک لونڈی تھی میں نے پوچھا اے لونڈی! تو کس کے لیے ہے؟ اس نے کہا

---

(۱) الدر المنثور جلد ۶ ص ۲۳ تحت آیۃ و فیہا ما تشتہیہ الانفس

(۲) ایضاً

(۳) حلیۃ الاولیاء جلد ۸ ص ۹۴ ترجمہ ۳۹۵

(۴) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۵۰۰ کتاب صفۃ الجنۃ

(۵) مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۹۹ کتاب الفتن

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے لیے، اور جنت میں ایسی نعمتیں ہیں جن کو کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سُنا اور نہ ہی کسی انسان کے دل میں اس کا خیال پیدا ہوا۔ (۱)

حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنے دستِ قدرت سے پیدا فرمایا تورات کو اپنے دستِ قدرت سے لکھا اور جنت کو اپنے دست قدرت سے قائم کیا پھر کہا کہ کلام کر تو اس نے کہا۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ۔ (۲) تحقیق ایمان والوں نے کامیابی حاصل کی۔

تو یہ جنت کی صفات ہیں جو ہم نے اجمالی طور پر اور تفصیل سے ذکر کی ہیں حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے ایک خلاصہ تحریر فرمایا ہے آپ فرماتے ہیں بے شک اس (جنت) کے انار ڈولوں جتنے ہیں اور اس کی نہروں میں پانی بھی ہے جو کبھی نہیں بدلے گا اور دودھ کی نہریں ہیں جس کا ذائقہ بدلتا نہیں صاف شہد کی نہریں ہیں کہ لوگ اس کی صفت بیان نہیں کر سکتے۔ کچھ نہریں شراب کی ہیں جو پینے والوں کے لیے لذت کا باعث ہے نہ اس سے عقل زائل ہو گی اور نہ اس سے سر درد ہو گا اور جنت میں ایسی ایسی نعمتیں ہیں جن کو کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی انسان کے دل میں اس کا خیال پیدا ہوا خوش عیش بادشاہ ہوں گے سب کی عمریں ایک جیسی ہوں گی یعنی تینتیس سال کے ہوں سب کی لمبائی ساٹھ ہاتھ ہوگی سر میں لگا ہوا ہو گا، جسم ننگا ہو گا اور بے ریش ہوں گے عذاب سے محفوظ ہوں گے اور اس گھر میں مطمئن ہوں گے جنت کی نہریں یاقوت اور زبرجد کی چھوٹی کنکریوں پر جاری ہوں گی ان درختوں کی جڑیں، شاخیں اور بیلیں موتیوں کی ہوں گی اور ان کے پھلوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے ان کی خوشبو پانچ سو سال کی مسافت سے سونگھی جائے گی اور ان (اہل جنت) کے لیے وہاں تیز چلنے والے گھوڑے اور اونٹ ہوں گے ان کے کجاوے، لگامیں اور زین یاقوت کی ہوں گی وہ وہاں ایک دوسرے سے ملاقات کریں گے ان کی بیویاں حوریں ہوں گی گویا وہ شتر مرغ کے انڈوں کی طرح گرد و غبار سے محفوظ ہیں اور وہاں کی عورت اپنی دو انگلیوں کے درمیان ستر قیمتی لباس پکڑ کر ان کو پہنے گی پس اس کی پنڈلی کا مغز ان ستر لباسوں کے اوپر سے نظر آئے گا اللہ تعالیٰ اخلاق کو برائی سے اور جسموں کو موت سے پاک کر دے گا وہ وہاں ناک صاف نہیں کریں گے نہ پیشاب کریں گے اور نہ قضائے حاجت کے لیے بیٹھیں گے بلکہ خوشبودار ڈکار آئے گا اور ان کو وہاں صبح و شام رزق ملے گا۔ لیکن وہاں رات کا آنا جانا نہیں ہو گا کہ شام کے بعد صبح اور صبح کے بعد شام ہو ان میں سے جو سب سے آخر میں جنت میں جائے گا اور جس کا سب سے کم مرتبہ ہو گا اس کی حد نگاہ اور حکومت ایک سو سال کی مسافت تک ہو گی اور یہ ایک ایسا محل ہو گا جو سونے اور چاندی سے بنا ہو گا نیز موتیوں کے خیمے ہوں گے اور اس کی نگاہ کو کھول دیا جائے گا حتیٰ کہ وہ

---

(۱) تاریخ ابن عساکر جلد ۵ ص ۶۲ ترجمہ زید بن حارثہ

(۲) قرآن مجید سورۂ مومنون آیت ۱

اس محل کے آخر کو اسی طرح دیکھے گا جس طرح اس کے قریب کو دیکھے گا صبح و شام ان کے سامنے سونے کے ستر ستر ہزار پیالے پیش کئے جائیں گے ہر پیالے میں مختلف رنگ کا کھانا ہوگا اور آخری پیالے کا ذائقہ پہلے پیالے کی طرح ہوگا اور جنت میں ایسا یاقوت ہوگا جس میں ستر ہزار مکانات ہوں گے ہر مکان میں ستر ہزار کمرے ہوں گے اور ان میں کوئی پھٹن یا سوراخ نہیں ہوگا۔

حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں جنت میں سب سے کم درجے والا شخص وہ ہوگا جو اپنے ملک میں ایک ہزار سال چلے گا وہ اس کے دُور والے حصے کو اس طرح دیکھے گا جس طرح قریب والے کو دیکھتا ہے اور سب سے بلند درجے والا شخص صبح و شام اپنے رب کی زیارت کرے گا۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہر جنتی کے ہاتھ میں تین کنگن ہوں گے ایک کنگن سونے کا دوسرا کنگن موتیوں کا اور تیسرا کنگن چاندی کا ہوگا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جنت میں ایک حور ہے جسے عیناء کہا جاتا ہے جب وہ چلتی ہے تو اس کے دائیں بائیں ستر ہزار لونڈیاں چلتی ہیں اور وہ کہتی ہے نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے والے لوگ کہاں ہیں؟

حضرت یحییٰ بن معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں دنیا کو چھوڑنا مشکل ہے لیکن جنت کو چھوڑنا زیادہ مشکل ہے اور دنیا کو چھوڑنا آخرت کی مہر ہے۔

انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ دنیا کو طلب کرنے میں نفس کی ذلت ہے جب کہ طلبِ آخرت میں نفس کی عزت ہے تو اس شخص پر تعجب ہے جو فنا ہونے والی چیز کی طلب میں ذلت اختیار کرے اور باقی رہنے والی چیز کی طلب میں عزت کو چھوڑ دے۔

فصل ۱۹

اللہ تعالیٰ کی زیارت اور دیدار

ارشاد خداوندی ہے۔

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ۔ (۱) نیکیاں کرنے والوں کے لیے اچھا اجر اور زائد بھی ہے۔

اور یہ زائد بات اللہ تعالیٰ کا دیدار ہے جو بہت بڑی لذت ہے اس میں جنت کی آسائش بھول جاتی ہے اس کی حقیقت ہم نے محبت کے بیان میں ذکر کی ہے اور اس پر قرآن و سنت سے دلائل گواہ ہیں جب کہ اہل بدعت کا عقیدہ اس کے خلاف ہے۔

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے آپ نے چودھویں رات کا چاند دیکھا تو فرمایا۔

(۱) قرآن مجید، سورۂ یونس آیت ۲۶

اِنَّكُمْ تَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هٰذَا الْقَمَرَ لَا تُضَامُّوْنَ فِيْ رُؤْيَتِهٖ فَاِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ لَا تُغْلَبُوْا عَلٰى صَلٰوةٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا فَافْعَلُوْا۔	بے شک تم اپنے رب کو اس طرح دیکھو گے جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو اس کے دیکھنے میں کوئی شک نہ ہوگا اگر تم سے ہو سکے کہ سورج طلوع ہونے سے پہلے کی نماز (فجر کی نماز) اور غروب آفتاب سے پہلے کی نماز (عصر کی نماز) سے نہ تھکو تو ان کو ادا کیا کرو۔

پھر آپ نے یہ آیت کریمہ پڑھی۔

وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا۔ (۱)	اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح بیان کرو طلوعِ آفتاب سے پہلے اور غروب سے پہلے۔

صحیح بخاری و مسلم میں یہ حدیث بیان ہوتی ہے۔ (۲)

حضرت امام مسلم رحمہ اللہ نے اپنی صحیح (صحیح مسلم) میں حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت کریمہ تلاوت فرمائی۔

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ۔ (۳)	نیکی کرنے والوں کے لیے اچھا بدلہ بھی ہے اور زائد بھی۔

پھر فرمایا۔

جب جنت والے جنت میں اور دوزخ والے دوزخ میں چلے جائیں گے تو ایک نداد دینے والا پکارے گا اے اہل جنت! تمہارے لیے اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک وعدہ ہے وہ چاہتا ہے کہ اسے تم سے پورا کرے وہ کہیں گے کون سا وعدہ ہے؟ کیا ہمارے نیکیوں کے پلڑے کو بھاری نہیں کیا گیا؟ ہمارے چہروں کو سفید نہیں کیا گیا؟ کیا ہمیں جنت میں داخل اور جہنم سے بچایا نہیں گیا؟ آپ نے فرمایا پس پردہ اٹھایا جائے گا اور وہ اللہ تعالیٰ کی زیارت کریں گے تو دیدار الٰہی سے بڑھ کر انہیں کچھ نہیں ملے گا (۴)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت سے دیدار خداوندی سے متعلق حدیث مروی ہے اور یہ بہت بڑا اجر اور انتہائی درجہ کی نعمت ہے اور ہم نے جس قدر لذتوں کا ذکر کیا ہے اس نعمت کے مقابلے میں وہ سب بھول جاتی ہیں اور اہل جنت

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ طٰہٰ آیت ۱۳۰

(۲) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۱۹، مرویات ابو سعید خدری

(۳) قرآن مجید، سورۂ یونس آیت ۲۶

(۴) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۳۳۲ مرویات صہیب

جب ملاقاتِ خداوندی کا شرف حاصل کریں گے تو ان کے سرور کی کوئی انتہا نہ ہو گی بلکہ جنتی لذتوں میں سے کسی چیز کو لذتِ ملاقات سے کوئی نسبت نہیں ہم نے یہاں اختصار سے کام لیا کیوں کہ ہم یہ بات محبت، شوق اور رضا کے بیان میں تفصیلاً ذکر کر چکے ہیں پس اپنے مولیٰ کی ملاقات کے سوا کسی نعمت کی طرف بندہ متوجہ نہ ہو کیوں کہ جنت کی باقی نعمتوں میں وہ جانور بھی انسان کے ساتھ شریک ہیں جو چراگاہوں میں چرتے ہیں۔

خاتمہ ــــ رحمت خداوندی کی وسعت

ہم اس کتاب کا خاتمہ نیک فال کے طور پر رحمت خداوندی کی وسعت کے بیان پر کرتے ہیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نیک فال لینے کو پسند فرماتے تھے (۱)

اور ہمارے پاس اس قدر اعمال نہیں ہیں کہ ہمیں بخشش کی امید ہو پس ہم نیک فال لینے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا کرتے ہیں۔ اور امید رکھتے ہیں کہ دنیا اور آخرت میں ہماری عاقبت بہتر ہو جیسا کہ ہم نے کتاب کو اللہ تعالیٰ کی رحمت کے بیان پر مکمل کیا۔ ارشاد خداوندی ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاءُ۔ (۲)

بے شک اللہ تعالیٰ اس بات کو نہیں بخشے گا کہ اس کے ساتھ کوئی شریک ٹھہرایا جائے لیکن اس کے علاوہ جسے چاہے بخش دے۔

اور ارشاد خداوندی ہے۔

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ أَسْرَفُوْا عَلٰى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا إِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔

آپ فرما دیجئے اے میرے بندو! جنہوں نے اپنے نفس پر زیادتی کی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نا امید نہ ہو بے شک اللہ تعالیٰ تمام گناہوں کو بخش دے گا اور بے شک وہ بخشنے والا مہربان ہے۔

نیز ارشاد فرمایا۔

وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْءًا أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ

اور جو شخص برا عمل کرے یا اپنے نفس پر زیادتی کرے پھر

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۳۳۲ مرویات ابو ہریرہ

(۲) قرآن مجید، سورۃ النساء آیت ۴۸

(۳) قرآن مجید، سورۃ زمر آیت ۵۳

یَسْتَغْفِرِ اللّٰہَ یَجِدِ اللّٰہَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا۔ (۱) اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگے تو وہ اللہ تعالیٰ کو بخشنے والا مہربان پائے گا۔

اور ہم اللہ تعالیٰ سے قدم کی ہر پھسلن اور قلم کی ہر لغزش سے جو اس کتاب میں واقع ہوئی یا ہماری باقی کتب میں واقع ہوئی، بخشش کے طالب ہیں۔ ہم اپنے ان اقوال کے لیے بھی طالب بخشش ہیں جو ہمارے اعمال کے موافق نہیں نیز ہم نے جس علم اور دینی بصیرت کا دعویٰ اور اظہار کیا لیکن اس میں کوتاہی واقع ہوئی اس کے لیے بھی بخشش طلب کرتے ہیں اور ہم ہر اس علم اور عمل سے اللہ تعالیٰ کی بخشش کے طلب گار ہیں کہ ہم نے اس سے اسی ذات کریم کی رضا کا ارادہ کیا لیکن پھر اس میں ملاوٹ ہوگئی اور ہم ہر اس وعدے کے سلسلے میں بھی بخشش مانگتے ہیں جو وعدہ ہم نے اپنے آپ سے کیا پھر اس کو پورا کرنے میں کوتاہی ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے جو نعمت ہمیں عطا فرمائی اور ہم نے اسے گناہوں میں استعمال کیا اس کے لیے بھی بخشش طلب کرتے ہیں اور ہم بخشش کے طلب گار ہیں ہر اس واضح اشارے کے بارے میں جو ہم نے کسی کوتاہی کرنے والے کی طرف کیا جب کہ ہم خود اس میں مبتلا تھے۔ اور ہر اس خطرے کے سلسلے میں بخشش طلب کرتے ہیں جس نے ہمیں تکلف اور بناوٹ کی طرف بلایا اور ہم نے لوگوں کے لیے اس کتاب کی تحریر میں اختیار کیا یا کلام لکھنے یا تعلیم و تعلم کے سلسلے میں ہم نے تکلف سے کام لیا اور ہم اس تمام استغفار کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنے لیے، اس کتاب کا مطالعہ کرنے والے اسے لکھنے اور سننے والے کے لیے امید رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مغفرت، رحمت اور ظاہری و باطنی گناہوں سے درگزر کے ذریعے ہم پر کرم فرمائے کیوں کہ اس کا کرم عام اور رحمت وسیع ہے اور تمام مخلوق پر اس کے جُود و سخا کا فیضان ہے اور ہم اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے ایک مخلوق ہیں اس ذات کریم تک پہنچنے کا ایک ہی وسیلہ رکھتے ہیں اور وہ اس کا فضل و کرم ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّ لِلّٰہِ تَعَالٰی مِائَۃَ رَحْمَۃٍ اَنْزَلَ مِنْھَا رَحْمَۃً وَّاحِدَۃً بَیْنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّیْرِ وَالْبَھَائِمِ وَالْھَوَامِّ فَبِھَا یَتَعَاطَفُوْنَ وَبِھَا یَتَرَاحَمُوْنَ وَاَخَّرَ تِسْعًا وَّتِسْعِیْنَ رَحْمَۃً یَرْحَمُ بِھَا عِبَادَہٗ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔ (۲)

اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک سو رحمتیں ہیں جن میں سے ایک رحمت اس نے جنوں، انسانوں، پرندوں، جانوروں اور کیڑوں کوڑوں کے درمیان رکھی ہے اسی کے ذریعے وہ ایک دوسرے پر رحمت اور مہربانی کرتے ہیں اور ننانوے رحمتوں کو روک کر رکھا ہے ان کے ذریعے قیامت کے دن اپنے بندوں پر رحم فرمائے گا۔

روایات میں آتا ہے جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ عرش کے نیچے سے ایک کتاب نکالے گا جس میں یوں تحریر ہوگا۔

---

(۱) قرآن مجید، سورۂ نساء آیت ۱۱۰

(۲) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۵۶ کتاب التوبہ

إِنَّ رَحْمَتِيْ سَبَقَتْ غَضَبِيْ وَأَنَا أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ۔ بے شک میری رحمت، میرے غضب پر غالب آگئی اور میں سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہوں۔

تو اللہ تعالیٰ جنتیوں کے برابر جہنم سے نکالے گا۔ (۲)

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

قیامت کے دن اللہ تعالیٰ مسکراتے ہوئے (جیسا اس کے شایانِ شان ہے) تجلی فرمائے گا (۲) اور ارشاد فرمائے گا اے مسلمانوں کی جماعت تمہیں خوشخبری ہو میں نے تم میں سے ہر ایک کی جگہ جہنم میں یہودی یا عیسائی کو بھیج دیا ہے (۳)

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

يُشَفِّعُ اللّٰهُ تَعَالٰى آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ جَمِيْعِ ذُرِّيَّتِهٖ فِيْ مِائَةِ أَلْفِ أَلْفٍ وَعَشَرَةِ آلَافِ أَلْفٍ۔ (۴) اللہ تعالیٰ قیامت کے دن حضرت آدم علیہ السلام کی شفاعت ان کی اولاد سے ایک لاکھ اور ایک کروڑ کے بارے میں قبول فرمائے گا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اللہ تعالیٰ قیامت کے دن مومنوں سے پوچھے گا کہ کیا تمہیں میری ملاقات پسند ہے؟ وہ کہیں گے ہاں اے ہمارے رب! وہ فرمائے گا کیوں وہ جواب دیں گے ہم نے تیری طرف سے عفو و درگزر اور تیری مغفرت کی امید رکھی اللہ تعالیٰ فرمائے گا پس میں نے تمہارے لیے اپنی مغفرت کو واجب کر دیا۔ (۵)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ ذَكَرَنِيْ يَوْمًا أَوْ خَافَنِيْ فِيْ مَقَامٍ۔ (۶) اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا جس شخص نے مجھے ایک دن بھی یاد کیا یا کسی مقام پر مجھ سے ڈرا اسے جہنم سے نکال دو۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

---

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۵۶ کتاب التوبہ
(۲) کنز العمال جلد ۱۴ ص ۲۴۸ حدیث ۳۹۲۱۱
(۳) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۶۰ کتاب التوبہ
(۴) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۴۴۵ کتاب البعث
(۵) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۲۶۸ کتاب التوبہ
(۶) الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۲۶۱ کتاب التوبۃ

جب تمام جہنمی جہنم میں جمع ہو جائیں گے اور ان کے ساتھ اہل قبلہ میں سے جن کو اللہ تعالیٰ چاہے گا تو کفار، مسلمانوں سے پوچھیں گے کیا تم مسلمان نہیں تھے؟ وہ جواب دیں گے ہاں کیوں نہیں وہ پوچھیں گے تو تمہیں تمہارے اسلام نے کوئی فائدہ نہ دیا کہ تم ہمارے ساتھ جہنم میں ہو وہ کہیں گے ہم نے گناہوں کا ارتکاب کیا اسی وجہ سے ہمارا مواخذہ ہوا اللہ تعالیٰ ان کی بات سن کر فرمائے گا کہ جو لوگ اہل قبلہ (مسلمان) ہیں ان کو نکال دو پس ان کو نکال دیا جائے گا جب کفار یہ بات دیکھیں گے تو کہیں گے کاش ہم بھی مسلمان ہوتے پس ان کی طرح ہم بھی نکلتے۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت کریمہ پڑھی (۱)

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ كَانُوا مُسْلِمِينَ (۲)

بہت سے کفار (عذاب میں گرفتار ہونے کے بعد) آرزو کریں گے کہ کاش وہ مسلمان ہوتے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَللهُ اَرْحَمُ بِعَبْدِهِ الْمُؤْمِنِ مِنَ الْوَالِدَةِ الشَّفِيقَةِ بِوَلَدِهَا۔ (۳)

اللہ تعالیٰ اپنے مومن بندے پر بچے کی شفیق ماں سے بھی زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

قیامت کے دن جس شخص کی نیکیاں اس کی برائیوں سے زیادہ ہوں گی وہ بغیر حساب کے جنت میں جائے گا۔ اور جس کی نیکیاں اور برائیاں برابر برابر ہوں گی اس کا حساب آسان ہوگا پھر جنت میں داخل کیا جائے گا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت ان لوگوں کے لیے ہوگی جنہوں نے (دنیا میں) اپنے آپ کو ہلاک کیا اور ان کی پیٹھ پر بوجھ ہے۔

ایک روایت میں ہے اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا اے موسیٰ! قارون نے آپ سے مدد مانگی تو آپ نے اس کی مدد کیوں نہیں کی مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم اگر وہ مجھ سے مدد مانگتا تو میں اس کی مدد بھی کرتا اور اسے معاف بھی کر دیتا۔

حضرت سعد بن بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں قیامت کے دن دو آدمیوں کو جہنم سے نکالنے کا حکم ہوگا تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا یہ تمہارے ان اعمال کا بدلہ ہے جو تم نے آگے بھیجے اور میں بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہوں اور اللہ تعالیٰ ان کو دوبارہ جہنم میں بھیجنے کا حکم دے گا ان میں سے ایک تیز تیز چلے گا حتیٰ کہ وہ جہنم میں داخل ہو جائے گا اور

---

(۱) المستدرک للحاکم جلد ۲ ص ۲۴۲ کتاب التفسیر

(۲) قرآن مجید سورۃ الحجر آیت ۲

(۳) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۸۸۷ کتاب الادب

دوسرا دیر لگائے گا ان کو دوبارہ لانے کا حکم دیا جائے گا اور اللہ تعالیٰ ان سے ان کے اس فعل کے بارے میں پوچھے گا تو وہ جو جہنم کی طرف تیزی سے گیا ہو گا وہ کہے گا مجھے نافرمانی کے وبال سے ڈرایا گیا تو میں دوبارہ تیری ناراضگی مول لینا نہیں چاہتا اور جس نے دیر لگائی ہو گی وہ کہے گا میرا تیری ذات کے بارے میں اچھا گمان تھا کہ جب تو نے مجھے جہنم سے نکال دیا تو اب دوبارہ نہیں بھیجے گا تو اللہ تعالیٰ ان دونوں کو جنت میں جانے کا حکم دے گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

يُنَادِيْ مُنَادٍ مِنْ تَحْتِ الْعَرْشِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَا اُمَّةَ مُحَمَّدٍ اَمَّا مَا كَانَ لِيْ قِبَلَكُمْ فَقَدْ وَهَبْتُهُ لَكُمْ وَبَقِيَتِ التَّبِعَاتُ فَتَوَاهَبُوْهَا وَادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِيْ۔ (۱)

قیامت کے دن عرش کے نیچے ایک منادی آواز دے گا اے امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! سنو! میرا جو حق تمہارے ذمہ تھا وہ میں نے معاف کر دیا اب ایک دوسرے کے حقوق باقی رہ گئے تو تم ایک دوسرے کو معاف کر کے میری رحمت سے جنت میں داخل ہو جاؤ۔

ایک روایت میں ہے کہ ایک اعرابی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کو یہ آیت پڑھتے ہوئے سنا۔

وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا۔ (۲)

اور تم جہنم کے گڑھے کے کنارے پر تھے تو اس نے تمہیں اس سے بچالیا۔

اعرابی نے کہا اللہ کی قسم! وہ تمہیں اس سے نہیں بچائے گا جب کہ وہ تمہیں ڈالنا چاہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا بے سمجھ آدمی کی بات سنو کیا کہہ رہا ہے! حضرت صنابحی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ مرض الموت کی حالت میں تھے میں رو پڑا تو انہوں نے فرمایا رک جاؤ کیوں روتے ہو؟ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جو بھی حدیث سنی ہے اور اس میں تمہارے لیے بھلائی ہے وہ میں نے تم سے بیان کر دی لیکن ایک حدیث باقی رہ گئی ہیں آج ہی وہ بھی بیان کر دوں گا کیوں کہ میرا نفس گھیر لیا گیا ہے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا۔

مَنْ شَهِدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ النَّارَ۔ (۳)

جس شخص نے گواہی دی کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اللہ تعالیٰ نے اس پر جہنم کو حرام کر دیا۔

---

(۱)

(۲) قرآن مجید، سورۂ آل عمران آیت ۱۰۳

(۳) صحیح مسلم جلد اول ص ۴۳ کتاب الایمان

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالی میری امت کے ایک آدمی کو قیامت کے دن لوگوں کے سامنے لائے گا پس اس پر ننانوے رجسٹر کھولے گا ہر رجسٹر حد نگاہ تک ہوگا پھر فرمائے گا کیا تو اس میں سے کسی بات کا انکار کرتا ہے ؟ کیا میرے محافظ لکھنے والے فرشتوں نے تجھ پر ظلم کیا ؟ وہ کہے گا اے میرے رب (ظلم) نہیں کیا فرمائے گا کیا تیرے پاس کوئی عذر ہے ؟ وہ کہے گا نہیں اے میرے رب ! اللہ تعالے فرمائے گا ہاں میرے پاس تمہاری ایک نیکی ہے اور آج تم پر کوئی ظلم نہیں ہوگا پس وہ کاغذ کا ایک ٹکڑا نکالے گا جس میں کلمہ شہادت لکھا ہوا ہوگا وہ کہے گا اے میرے رب ! ان بڑے بڑے رجسٹروں کے مقابلے میں اس پرچے کی کیا حیثیت ہے اللہ تعالی فرمائے گا تجھ پر ظلم نہیں ہوگا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پس یہ رجسٹر ایک پلڑے میں اور وہ پرچہ دوسرے پلڑے میں رکھا جائے گا پس رجسٹروں والا پلڑا ہلکا اور پرچے والا پلڑا بھاری ہو جائے گا۔ پس اللہ تعالی کے نام کے ساتھ کوئی چیز وزنی نہیں ہوتی۔ (۱)

ایک طویل حدیث جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قیامت اور پل صراط کی کیفیت بیان فرمائی، کے ضمن میں فرمایا۔

اللہ تعالی فرشتوں سے فرمائے گا کہ جس کے دل میں ایک دینار کی مثل بھی بھلائی پاؤ اسے جہنم سے نکال دو پس وہ بہت سی مخلوق کو نکالیں گے پھر کہیں گے اے ہمارے رب ! تو نے جن جن لوگوں کے بارے میں فرمایا ہم نے ان میں سے کسی کو بھی نہیں چھوڑا پھر فرمائے گا واپس جاؤ جس کے دل میں نصف دینار کے برابر بھلائی پاؤ اس کو نکال دو پس وہ بہت سی مخلوق کو نکالیں گے اور کہیں گے اے ہمارے رب ! تو نے جن لوگوں کو نکالنے کا حکم دیا ہم نے ان میں سے کسی کو بھی نہیں چھوڑا اللہ تعالی پھر فرمائے گا جاؤ پس جس کے دل میں ایک ذرے کے برابر بھی بھلائی پاؤ اسے نکال دو پس وہ بہت سے لوگوں کو نکالیں گے پھر کہیں گے اے ہمارے رب ! تو نے جن لوگوں کو نکالنے کا حکم دیا ہم نے ان میں سے کسی کو بھی باقی نہیں چھوڑا۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے تھے اگر تم اس حدیث کے سلسلے میں میری تصدیق نہیں کرتے تو اگر چاہو تو یہ آیت پڑھ لو۔

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَإِنْ تَكُ حَسَنَةً يُضَاعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَدُنْهُ أَجْرًا عَظِيمًا۔ (۲)

بے شک اللہ تعالی ایک ذرے کے برابر بھی ظلم نہیں کرے گا اور اگر ایک نیکی ہوگی تو اسے بڑھا دے گا اور اپنی طرف سے بہت بڑا اجر عطا فرمائے گا۔

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۲۱۳ مرویات عبداللہ بن عمرو۔

(۲) قرآن مجید، سورۃ النساء آیت ۴۰

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا فرشتوں نے سفارش کی، نبیوں نے شفاعت کی اور مومنوں نے سفارش کی اب صرف سب سے زیادہ رحم کرنے والی ذات باقی رہ گئی ہے پس وہ اس سے ایک مٹھی بھرے گا اور جہنم سے ایسے لوگوں کو نکال دے گا جنہوں نے کبھی کوئی نیکی نہیں کی ہوگی جو کوئلہ بن چکے ہوں گے وہ ان کو جنت کے سامنے والی نہر میں ڈالے گا جس کو نہر حیات کہتے ہیں وہ اس سے اس طرح نکلیں گے جیسے سیلاب کے لائے ہوئے کوڑے کرکٹ میں سبزہ اگتا ہے کیا تم اسے نہیں دیکھتے جو پتھر اور درخت سے ملا ہوتا ہے وہ زرد اور سبز ہوتا اور جو سایہ کی طرف ہوتا ہے وہ سفید ہوتا ہے انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ایسا معلوم ہوتا ہے گویا آپ جنگل میں چرایا کرتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ موتیوں کی طرح باہر آئیں گے ان کی گردنوں میں مہریں ہوں گی اہل جنت ان کو پہچان لیں گے وہ کہیں گے یہ اللہ تعالیٰ کے آزاد کئے ہوئے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے کسی عمل کے بغیر جنت میں داخل کیا اور نہ ہی انہوں نے کوئی نیکی آگے بھیجی پھر فرمائے گا جنت میں داخل ہو جاؤ جو کچھ دیکھ رہے ہو وہ سب کچھ تمہارا ہے وہ کہیں گے یا اللہ تو نے ہمیں وہ چیز دی ہے جو تو نے کسی کو نہیں دی اللہ تعالیٰ فرمائے گا میرے پاس تمہارے لیے اس سے بھی بہتر ہے وہ کہیں گے اے ہمارے رب! اس سے بہتر کیا چیز ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا وہ میری رضا ہے جو تمہیں حاصل ہوئی ہے کبھی بھی تم پر ناراض نہیں ہوں گا (۱)

اس حدیث کو حضرت امام بخاری اور حضرت امام مسلم رحمہما اللہ نے اپنی اپنی صحیح میں نقل کیا ہے۔

حضرت امام بخاری رحمہ اللہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا ایک دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا مجھ پر تمام امتیں پیش کی گئیں کسی نبی کے ساتھ ایک شخص تھا کسی کے ساتھ دو، کسی نبی کے ساتھ کوئی بھی نہیں تھا اور کسی نبی کے ہمراہ ایک جماعت تھی پھر میں نے ایک جم غفیر دیکھا مجھے امید تھی کہ وہ میری امت ہوگی مجھے کہا گیا کہ یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم ہے پھر مجھے کہا گیا کہ دیکھئے میں نے ایک بہت بڑا اجتماع دیکھا جس نے افق کو گھیر رکھا تھا مجھے کہا گیا اسی طرح دیکھئے تو میں نے بہت بڑی جماعت دیکھی مجھ سے کہا گیا کہ یہ آپ کی امت ہے اور ان کے ساتھ ستر ہزار مزید ہیں جو کسی حساب کے بغیر جنت میں جائیں گے ـــــ اس کے بعد صحابہ کرام جدا ہو گئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لیے وضاحت نہ فرمائی صحابہ کرام کی باہم گفتگو ہوئی تو انہوں نے کہا ہم لوگ تو شرک کے ماحول میں پیدا ہوئے لیکن ہم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے تو وہ لوگ ہماری اولاد ہوگی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات پہنچی تو آپ نے فرمایا یہ وہ لوگ ہیں جو (بلا ضرورت) داغ نہیں لگواتے نہ (شرکیہ کلمات سے) دم جھاڑ کرتے ہیں اور نہ بد فالی لیتے ہیں اور وہ اپنے رب پر ہی بھروسہ کرتے ہیں۔

حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! دعا کیجئے اللہ تعالیٰ مجھے ان میں سے کردے آپ

---

(۱) صحیح مسلم جلد اول ص ۱۰۲، ۱۰۳ کتاب الایمان

نے فرمایا آپ ان میں سے ہیں پھر ایک دوسرا شخص کھڑا ہوا اور حضرت عکاشہ کی طرح عرض کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "عکاشہ تم سے سبقت لے گئے" (۱)

حضرت عمرو بن حزم انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہم سے تین دن غائب رہے آپ صرف فرض نماز کے لیے باہر تشریف لاتے پھر واپس چلے جاتے جب چوتھا دن ہوا تو آپ ہمارے پاس باہر تشریف لائے ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم آپ ہم سے رو کے گئے حتی کہ ہم نے خیال کیا شاید کوئی واقعہ پیش آگیا ہے آپ نے فرمایا اچھا واقعہ ہی پیش آیا ہے بے شک میرے رب عزوجل نے مجھ سے وعدہ فرمایا کہ وہ میری امت میں سے ستر ہزار افراد کو حساب کے بغیر جنت میں داخل کرے گا اور میں نے ان تین دنوں میں زیادہ کا سوال کیا تو میں نے اپنے رب کو بزرگی والا ہر چیز کا مالک اور کریم پایا پس اس نے مجھے ان ستر ہزار میں سے ہر ایک کے ساتھ ستر ہزار عطا فرمائے فرمایا میں نے عرض کیا اے میرے رب! میری امت اس تعداد کو پہنچے گی؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں آپ کے لیے اعراب (عربی دیہاتی) سے تعداد پوری کر دوں گا (۲)

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت جبریل علیہ السلام حرہ (پتھریلی زمین) کی جانب میرے لیے ظاہر ہوئے اور فرمایا اپنی امت کو خوشخبری دیں کہ جو شخص اس حال میں فوت ہوا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا وہ جنت میں داخل ہوگا میں نے کہا اے جبریل! اگرچہ وہ چوری کرے اگرچہ زنا کا مرتکب ہو حضرت جبریل علیہ السلام نے جواب دیا جی ہاں اگرچہ چوری کرے اگرچہ زنا کرے میں نے کہا اگرچہ چوری کرے اگرچہ زنا کرے جواب دیا اگرچہ چوری کرے اگرچہ زنا کرے میں نے کہا اگرچہ چوری کرے اگرچہ زنا کرے انہوں نے جواب دیا اگرچہ چوری کرے اگرچہ زنا کرے اگرچہ شراب پیئے۔ (۳)

(مطلب یہ ہے کہ اگرچہ یہ گناہ کبیرہ ہیں لیکن چونکہ یہ شخص مسلمان ہے لہذا اگر اللہ تعالیٰ نے اسے معاف نہ کیا تو سزا بھگتنے کے بعد وہ جنت میں چلا جائے گا کیوں کہ اہل ایمان کا ٹھکانہ جنت ہے چاہے وہ گناہ گار ہوں ۱۲ ہزاروی)

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی۔

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ۔ (۴) اور جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرے اس کے لیے دو جنت ہیں۔

---

(۱) صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۶۸ کتاب الرقاق

(۲) المعجم الکبیر للطبرانی جلد ۱۷ ص ۱۲ حدیث ۳۱۲

(۳) صحیح مسلم جلد اول ص ۶۶ کتاب الایمان

(۴) قرآن مجید، سورۂ رحمٰن آیت ۴۶

میں نے عرض کیا یا رسول اللہ اگرچہ وہ چوری کرے اگرچہ زنا کرے؟ آپ نے پھر یہی آیت پڑھی میں نے کہا اگرچہ وہ چوری کرے اگرچہ زنا کرے آپ نے پھر یہی آیت پڑھی میں نے کہا اگرچہ وہ چوری کرے اگرچہ زنا کرے یا رسول اللہ آپ نے فرمایا اگرچہ ابو درداء کی مرضی کے خلاف ہو (۱)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب قیامت کا دن ہوگا تو ہر مومن کو کسی دوسرے دین کا ایک شخص دیا جائے گا اور اس سے کہا جائے گا یہ تیرا بدلہ ہے جو دوزخ میں جائے گا (۲)

حضرت امام مسلم رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا انہوں نے اپنے والد حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے بیان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا یَمُوْتُ رَجُلٌ مُسْلِمٌ اِلَّا اَدْخَلَ اللّٰہُ تَعَالٰی مَکَانَہُ النَّارَ یَھُوْدِیًّا اَوْ نَصْرَانِیًّا۔

جو مسلمان فوت ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی جگہ کسی یہودی اور عیسائی کو جہنم میں داخل کرے گا"

حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے ان کو اللہ تعالیٰ کی قسم دیتے ہوئے پوچھا کہ کیا ان کے والد نے ان سے یہ حدیث رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے بیان کی ہے! تو انہوں نے قسم کھائی (۳)

ایک روایت میں ہے کہ ایک بچہ کسی جہاد کے موقعہ پر کھڑا تھا جس کی بولی لگائی جارہی تھی کہ کون زیادہ بولی دے گا اور وہ موسم گرما کا شدید گرم دن تھا تو خیمے کے اندر سے ایک عورت نے اسے دیکھا اور وہاں سے دوڑتی ہوئی آئی اس کے ساتھی بھی اس کے پیچھے پیچھے آئے حتیٰ کہ اس نے بچے کو لے کر اپنے سینے سے لگایا پھر خود گرم زمین پر لیٹ کر اس بچے کو اپنے پیٹ پر کر لیا اسے گرمی سے بچانے لگی (یہ دیکھ کر) لوگ رونے لگے اور اپنا کام چھوڑ کر ادھر متوجہ ہو گئے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے حتیٰ کہ وہاں کھڑے ہو گئے صحابہ کرام نے آپ کو واقعہ بتایا آپ ان کے ترس کھانے سے خوش ہوئے پھر ان کو خوشخبری دی اور فرمایا۔

کیا تمہیں اس عورت کے بچے پر رحم کھانے سے تعجب ہوا؟ انہوں نے عرض کیا جی ہاں آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تم سب پر اس سے بھی زیادہ رحم فرمانے والا ہے جس قدر یہ عورت اپنے بیٹے پر رحم کھاتی ہے (۴)

---

(۱) مسند امام احمد بن حنبل جلد ۵ ص ۱۲۶ مرویات ابوذر
(۲) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۶۰ کتاب التوبۃ
(۳) ایضاً۔
(۴) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۵۶ کتاب التوبۃ (کچھ الفاظ کی تبدیلی کے ساتھ)

چنانچہ مسلمان بہت بڑی خوشی اور عظیم بشارت کے ساتھ وہاں سے الگ ہوئے۔

تو یہ احادیث مبارکہ ہم نے امید کے بیان میں لکھ دی ہیں جو اللہ تعالیٰ کی وسیع رحمت کی خوشخبری دیتی ہیں پس ہم اللہ تعالیٰ سے امید رکھتے ہیں کہ وہ ہم سے وہ معاملہ نہ کرے جس کے ہم مستحق ہیں بلکہ اپنے شایان شان فضل و کرم فرمائے اپنے وسیع احسان اور جود و رحمت کا مظاہرہ فرمائے۔

آمین ثم آمین بجاہ نبیہ الکریم علیہ التحیۃ والتسلیم۔

الحمد للہ! سرکار دو عالم رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کے توسل، مرشد گرامی حضرت غزالی زماں علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمہ اللہ کے فیضان نظر میرے والدین رحمہما اللہ اور اساتذہ کرام زید مجدھم کی دعاؤں سے آج ۱۸ صفر المظفر ۱۴۲۰ھ مطابق ۳ جون ۱۹۹۹ء بروز جمعرات صبح پانچ بجکر پچیس منٹ پر "احیاء علوم الدین" کا اردو ترجمہ اہل سنت وجماعت کی عظیم علمی دینی درسگاہ جامعہ نظامیہ رضویہ/جامع مسجد خراسیاں اندرون لوہاری دروازہ لاہور میں مکمل ہوا ۹ ذوالحجہ ۱۴۱۵ھ کو جب حجاج کرام عرفات میں مصروف دعا تھے یہ ترجمہ شروع کیا گیا اور آج رات سید الاولیاء حضرت علی بن عثمان المعروف حضرت داتا بخش رحمہ اللہ کا عرس شروع ہو رہا ہے اور جامعہ نظامیہ رضویہ میں بغداد شریف کے امام صاحب بھی تشریف لا رہے ہیں اس مبارک موقعہ پر یہ ترجمہ اختتام پذیر ہوا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ترجمہ کے سلسلے میں میری کوتاہیوں کو معاف فرمائے اور امت مسلمہ کو اس کتاب سے بھرپور استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

محمد صدیق ہزاروی

جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

دعائے خاص

اللہ تعالیٰ حضرت امام غزالی رحمہ اللہ کی قبر پرانوار پر اپنی رحمتوں کی برسات فرمائے آمین